عکسی نو ترمیم ایڈیشن

جدید نسیم اللغات اردو

مرتبین

...تضیٰ حسین فاضل لکھنوی

...ئم رضا نسیم امروہوی

آغا محمد باقر نبیرۂ آزاد

شیخ غلام علی اینڈ سنز پبلشرز

لاہور ○ حیدر آباد ○ کراچی

جدید

نسیم اللغات (اُردو)

کامل ترین، جامع، مفصل و با اسناد لغت

جس میں

کلاسیکل اردو لٹریچر سے مسلمہ الفاظ و محاورات، روزمرہ
کے الفاظ و تلفظ، مآخذ، تذکیر و تانیث، ان کے حقیقی و
مجازی معانی، لکھنؤ اور دہلی کی ٹکسالی سندیں، مسلم الثبوت
اساتذہ کے استعمالات، قدیم و جدید محاورات و ضرب الامثال کا
سب سے بڑا اور ——— تحقیقی مجموعۂ لغت و ادب

مُرتبین

سید مرتضیٰ حسین فاضل لکھنوی ——— سید قائم رضا نسیم امروہوی
آغا محمد باقر نبیرۂ آزاد۔

ناشرین

شیخ غلام علی اینڈ سنز، پبلشرز

لاہور ——— حیدرآباد ——— کراچی

بسمہٖ سبحانہٗ ۔ حامداً و مصلیاً

ہر چیز کا ایک وطن ہوتا ہے ۔ ہر بولی کسی خاص جگہ پیدا ہوتی ہے ، جہاں کے رہنے والے اسے اپناتے ہیں ۔ اور جب وہ بولی زبان بن جاتی ہے تو بولنے والے تبدیل آب و ہوا کے لیے اسے لے کر باہر نکلتے ہیں ۔ لوگ میزبانی کرتے ہیں ، اس بولی کو جہاں کی آب ہوا راس آتی ہے وہاں رہ جاتی ہے ۔ یہاں کے رہنے والے زبان کا ذائقہ بدلنے کے لیے اسے استعمال کرتے کرتے اسی کے عادی ہو جاتے ، وہ اپنی بولی بھول جاتے ہیں اور نئی بولی ادب کی طرف قدم بڑھاتی ہے ۔ شاعر گیت رکھتے ہیں ، اہل قلم قصے قلمبند کرتے ہیں ، عورتیں کہانیاں کہتی ہیں ، دین دار وعظ میں استعمال کرتے ہیں

میں سمجھتا ہوں کہ بولی یا زبان اپنی زاد بوم ، اپنے وطن ، اپنی قوم ، اپنے بولنے والوں میں قواعد و ضبط لغات کی محتاج نہیں ہوتی ۔ ہاں زبان رعنائی حاصل کرنے اور ادبی قوت تخلیق حاصل کرنے کے بعد پاس پڑوسیوں کے لیے تعارف طلب بن جاتی ہے ۔ یہ پڑوسی مشکلات میں اہل زبان سے پوچھ پوچھ کر کے کام چلاتے ہیں ۔ پھر زبان کا ادب " ادب عالی " قسم کا مواد پیش کرتا ہے ۔ " ادب عالی " اپنی دل کشی ، اہمیت و افادیت کی بنا پر ابتدائی یا انتہائی تعلیم میں جگہ پاتا ہے ۔ مدرسے میں پہنچ کر ادب پارے کا پوسٹ مارٹم کیا جاتا ہے ، استاد جملوں کی ساخت پر بحث کرتا ہے ، شاگرد لفظوں کے معنے پوچھتا ہے ۔ اس کش مکش کے نتیجے میں گرامر " (صرف و نحو و بلاغت بیان وغیرہ) اور " لغت ناموں " کی ضرورت پیدا ہوتی ہے ۔ اس ضرورت کی بنا پر " لغت و قواعد " کے اصول ایجاد ہوتے ہیں ۔

زبان مختلف دوروں ، رنگا رنگ حالتوں ، اور گوناگوں قوموں میں رہتے رہتے بہت کچھ بدل جاتی ہے ۔ مگر اہل زبان چونکہ ان تدریجی ترقیوں کو اپنی آنکھوں سے دیکھتے رہتے ہیں ۔ اس لیے ان کے لیے زبان اجنبی نہیں بننے پاتی ۔ البتہ کبھی کبھی انھیں کچھ تلمیحیں ، کچھ محاورے ، کچھ لفظیں سمجھنے کے واسطے بڑے بوڑھوں سے رجوع کرنا پڑتی ہے ، اور یہی لوگ جب آس پاس کی آبادی میں جا کر اپنی زبان ان کے لہجے میں سنتے ہیں تو تعجب ، حیرانی ، خوشی اور رنج کے متضاد کیفیات سے متاثر ہو کر رہ جاتے ہیں ، یہ غیر اہل زبان ، لفظوں کے معنے ، استعمال اور تلفظ میں بڑی ستم ظریفیاں کرتے ہیں ۔ پھر ایک وہ درجہ آتا ہے کہ وہ اپنے نقائص دور کرنے کی فکر میں اہل زبان کی طرف رجوع کرتے ہیں اور اہل زبان ان کی رہنمائی کے لیے چھوٹے پیمانے پر اشارات و نکات بتانے لگتے ہیں ۔ یہی مختصرات بعد میں ضرورتوں کے پیش نظر طول و تفصیل حاصل کر لیتے ہیں ۔

اردو کی تاریخ کا طالب علم جانتا ہے کہ ہماری زبان " برج " کے علاقے میں رہ کر ، وہاں والوں میں [illegible] وہاں والے اہل زبان بن گئے ۔ جب یہ لوگ دکن ، بنگال اور پنجاب آئے تو اپنی بولی دوسروں کی زبانی سن کر حیران ، اور وہ ان کا لہجہ سن کر متعجب ہوئے ، اور وہی تقاضے ابھرے جن کا ذکر کر چکا ہوں ۔ چنانچہ " ملا عبد الواسع ہانسوی " جیسے حضرات نے ایک آدھ لغت لکھ کر عصری تقاضوں کو پورا کرنے کی کوشش کی ۔ " غرائب اللغات " کے مؤلف عبد الواسع ، ہریانہ کے رہنے والے ، صاحب درس و استاد تھے ، تدریسی ضرورتوں اور طالب علم مزاج لوگوں کے لیے کتابیں لکھتے تھے ۔ اور لوگ اس سے فائدہ اٹھاتے تھے ۔ مؤلف نے " غرائب اللغات " کے دیباچے میں سبب تالیف بھی یہی لکھا ہے کہ

ہر چند این ہیچ مداں را لیاقت و ترتیب دقائق صنعت تالیف نبود و لیکن کثرت الحاح جمع کثیر از احباب و قرط

اقتراح جم غفیر اولی الالباب ، باعث براں شد کہ اسمائے غیر مشہورہ ، و اشیائے موفورہ و الفاظ غیر مانوسہ ، معانی بین الانام مذکورہ را بہ عبارات واضحہ و اشارات لائحہ بیان نماید تا فائدہ آں عام و نفع آں تام باشد (منقول از مقدمہ نوادر الالفاظ ص ۴)

ظاہر ہے کہ یہ پہلی کوشش تھی جو ہر لحاظ سے معیاری نہیں ہو سکتی تھی ، مگر محققین کو موضوع ، انداز کار اور اسلوب دیکھ آگیا اور فارسی کے مشہور علامہ ، ادب کے نامور محقق ہند ، مؤلف لغات ، سراج الدین علی خان آرزو متوفی ۱۱۶۹ھ / ۱۷۵۶ء نے "غرائب" پر تنقیدی نظر کی اور خود اسے ۱۱۶۵ھ (۱۷۵۲ء) مرتب کرکے "نوادر الالفاظ" کا نام دیا۔ آرزو کا مقصد یہ تھا کہ ایک صحیح لغت نامہ تیار ہو جائے ۔ وہ "غرائب" کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

چوں در بیان معانی الفاظ تسامحے یا سقمے بہ نظر آمد ، لہذا نسخہ دریں باب بقلم آوردہ ۔ جائے کہ سہو و خطائے معلوم گردہ اشارات بدا نمودہ ، نیز آنچہ بہ تتبع ناقص ایں کمال دوست در آمد برآں افزودہ (نوادر ص ۲)

نوادر الالفاظ میں آرزو نے دعوائے زبان دانی و سخن سنجی و معیار پر ناز کیا ہے اور مضمون کی توضیح میں فخریہ انداز چھپا نہیں سکے ۔ ملا عبدالواسع اور آرزو کے عہد میں اجنبی تاجر اور بیرونی سوداگر ہندوستان میں آ چکے تھے ۔ عبدالواسع عہد اورنگ زیب عالمگیر کے آدمی ہیں اور اس زمانے میں پرتگالی ، فرانسیسی ، اور انگریز ہندوستان بھر میں پھیل چکے تھے۔ ان کی تجارتی کوٹھیاں عوام و خواص کو مال پہنچا رہی تھیں ، لین دین ، خط و کتابت ، عوام و خواص ، ملازم پیشہ اور کاروباری لوگوں ، مختلف الانواع اشخاص سے بات چیت کرنے میں انھیں دقت تھی ، اس لیے انھوں نے عوامی زبان سیکھی اور اپنے ہم وطن پردیسیوں کے لیے اصول زبان ، و معانی الفاظ و اصطلاحات لکھے اور یہ قواعد و لغت کی کتابیں ان کے مدارس اور کارخانوں میں کام آئیں ۔

فن لغت نویسی کا آغاز و عروج

(۱) ملا عبدالواسع کے بعد ۔
(۲) آرزو کی کتابیں

(۳) اسی زمانے میں یعنی آرزو کے ۳۷ برس بعد آرزو کے مشہور محسن ڈاکٹر گلکرائسٹ نے ۱۷۹۰ء ۔
(۴) پھر کپتان جوزف ٹیلر اور ولیم ہنٹر نے لغت لکھے ۔
(۵) ۱۸۲۰ء میں جوزف ٹیلر کی لغت کا دوسرا مختصر ایڈیشن ولیم کارمیکائل اسمتھ نے تیار کیا ۔
(۶) ۱۸۴۸ء میں گلیڈون [illegible] لغت شائع [illegible]
(۷) [illegible] سے متعلق [illegible] کے علاوہ "لغت جہاز رانی" کے ساتھ اصطلاحات و متعلقات لنگوٹے فوج لکھی۔
(۸) [illegible] میں جان شیکسپیر کی لغت چھپی ۔
(۹) [illegible] فرانسیسی کے علاوہ ڈاکٹر ایس ڈبلیو فیلن متوفی ۱۸۹۸ء میں چار لغت کی کتابیں لکھیں

ان غیر ملکیوں کے ساتھ ملکی علماء معاون ہوتے تھے اور کیا بعید ہے کہ مواد ان کا ہو اور ترتیب ان آقاؤں کی ہو یا ان لوگوں نے ان کی محنت خرید کر اپنے سر سہرا باندھ لیا ہو ۔ مگر یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ اردو لغت کا ذخیرہ تمام کا تمام صاحب لوگوں کا ہے ، نہیں ہمارے اہل زبان نے کچھ کم کام نہیں کیا ۔ ہمارے لکھنے والوں میں مشہور لغت نویسوں کی مختصر فہرست بھی ملاحظہ ہو

(۱) عیش کی "شمس البیان فی مصطلحات ہندوستان" تالیف ۱۱۹۶ھ / ۱۷۸۲ء ۔

(۲) منتخب غرائب اللغات۔
(۳) زبدۃ الاسماء (سنہ ھ)
(۴) سنہ ۱۲۳۲ھ میں مفتاح اللغات۔
(۵) سنہ ۱۲۵۰ھ میں محمد مہدی کی دلیل ساطع۔
(۶) نفائس اللغات (سنہ ۱۲۵۳ھ)
(۷) سنہ ۱۲۵۶ھ رشک نے نفس اللغت لکھی۔
(۸) سنہ ۱۲۶۱ھ میں اوحدالدین نے انفس النفائس لکھی۔
(۹) محبوب علی نے سنہ ۱۲۶۱ھ میں منتخب النفائس۔
(۱۰) سنہ ۱۲۸۰ھ میں رادھاکشن نے ظہیر العمل نامی کتاب لکھی۔

یہ لغت کی کتابیں سابق الذکر کتابوں سے اہم قرار پائیں کہ ان کے لکھنے والے اپنے انداز و اسالیب سے واقف تھے۔ ان میں سے بعض لوگ خود سند تھے۔ بعض نے کچھ سندیں بھی لکھ دیں۔ ان کے بعد لغتی اہمیت و وسعت و ضرورت بڑھ گئی۔ اب ادبیات قدیمہ کے لیے غیر تو غیر اپنے بھی لغت کے محتاج ہونے لگے۔ ادبی موشگافیاں بات بات پر حوالہ و سند بننے لگیں۔ متروک الفاظ و محاورات کی حقیقت بتانے والے نذر ہے۔ چنانچہ فرہنگ آصفیہ۔ امیر اللغات۔ مرتبہ داغ اور جلال کے تالیفات (نور اللغات جیسی جامع اور اہم کتابیں معرض وجود میں آئیں۔ یہ لغت الفاظ کی لسانی تحقیق، تذکیر و تانیث، معانی حقیقی و مجازی، استعمال و اسناد سے جواہر بدامان تھیں۔ اور ہر کتاب ہزاروں پر بھی تھی۔

تقسیم ملک کے بعد ہمارے وطن عزیز کے پاس چھوٹی بڑی لغتیں تھیں مگر جامع۔ سندی اور مستند لغت کمیاب یا نایاب تھے۔ کمیاب یا یں معنے کہ پرانی لکھی ہوئی چیزیں ملتی نہیں۔ اور نئی بڑی لغتیں ناپید ہیں۔ روایات روز افزوں میں۔ آئے دن ادیبوں کو لفظوں اور محاوروں کے لیے مستند لغت اور لغت میں سند و استعمال کی مثالیں ڈھونڈنا پڑتی ہیں۔

پاکستان بننے کے بعد اس قسم کا پہلا لغت نامہ نسیم اللغات کے نام چھپا۔ اس سے پہلے جناب آغا محمد باقر صاحب دہلوی نبیرۂ آزاد کی لغت اسٹینڈرڈ اردو ڈکشنری چھپ چکی تھی۔ ان دونوں کتابوں میں مختلف ضرورتوں کے پیش نظر ایک مفید پیشکش کی کوشش کی گئی تھی۔ ورنہ اکا دکا سے کہ یہ بھی کامیاب ہوئی میں نے سنہ ۱۹۶۱ء میں اپنی کوشش و کاوش کے بعد ان دونوں کتابوں کو سامنے رکھ کر پرانے لغات اور سب کتابیں اوبی شاہ پاروں سے ایک مرتب شدہ لغت کو دیکھ بھال کر ایک نئی سے کام لیتے ہوئے الفاظ، معانی و اسناد و غیرہ کو ایک کتابی شکل میں کو حذف کیا۔ بہت سی ضروریات کو سب موقع محل بکمال تمیز کیا۔

زیر نظر لغت کے خصوصیات واشارات :-

اب یہ کتاب سابقہ لغات کی جامع اور مجموعہ لغات ہے اس لیے کیونکہ اس میں حسب ذیل خصوصیات مدنظر رکھے گئے ہیں۔

(۱) لفظ کی اصل (وہ زبان جس سے وہ حاصل کی گئی ہے)
(۲) تذکیر و تانیث واحد و جمع
(۳) مشتبہ لفظوں کا تلفظ۔
(۴) توضیحی اور سندی (معیاری اور اساتذۂ مسلم الثبوت کی) مثالیں

(۵) دہلی و لکھنؤ ۔ عوام و خواص ۔ بیگماتی اور عوامی معنوں ۔ محاوروں اور اختلافات کے اشارے ۔
(۶) ولی سے حالی اور میر امن سے محمد حسین آزاد تک کے کلاسکل لٹریچر کے معنے طلب الفاظ و محاورات ۔
(۷) پیشہ ورانہ ۔ عالمانہ و حکیمانہ ، ادبی وفنی اصطلاحات کا مطلب
(۸) لغت نویسوں کے اغلاط پر مباحث کی روشنی میں نتائج بحث کے پیش نظر ترتیب و معانی میں احتیاط ۔

اب یہ لغت

- فرہنگ آصفیہ، نور اللغات ، امیر اللغات جیسے مستند لغات کے مباحث کی جامع ۔
- تقریباً اسی ہزار الفاظ و محاورات کی شارح ۔
- قابل غور اختلافات میں کار آمد و سندی درجہ رکھنے کے قابل ہے ۔

یہ تو نہیں کہا جاسکتا کہ ہماری کوشش حرف آخر ہے ۔ مگر غالب کا یہ شعر ضرور لکھوں گا ۔ کہ

نگویم ، تازہ دارم شیوۂ جادو بیاناں را
ولے ، در خویش بینم کارگر جادوے آناں را

فقط
مرتضیٰ حسین عفی عنہ
فاضل لکھنوی

اشارات کی تفصیل

اشارہ ——— تفصیل

۱ - ھ ——— ہندی

۲ - ف ——— فارسی

۳ - ع ——— عربی

۴ - انگ ——— انگریزی

۵ - ت ——— ترکی

۶ - س ——— سنسکرت

۷ - عبر ——— عبرانی

۸ - پر ——— پرتگالی

۹ - یو ——— یونانی

۱۰ - پن ——— پنجابی

لیکن لفظ کے حرکات و تلفظ و معانی میں اُردو استعمال کے علاوہ اصلی زبان کے حرکات کو قوسین میں رکھا ہے -

۱۱ - مذ ——— مذکر

۱۲ - مو ——— مؤنث

۱۳ - لک ——— لکھنؤ

۱۴ - عو ——— عورت ، بیگماتی ، یا زنانی بات -

۱۵ - عوا ——— عوام کا استعمال

۱۶ - بہ اضا ——— بہ اضافت فارسی اسی طرح - بے اضا - بے اضافت فارسی کا مخفف -

۱۷ - ——— اس نشان کے اُوپر نیچے کے الفاظ کا مطلب یہ ہے کہ بطور بدل ، مثلاً نصیب کا تارا - یعنے نصیب کا تارا ، اور نصیب کا ستارا دونوں طرح سے -

۱۸ - ( ) ——— میں لکھے ہوئے حرف یا لفظ کا مطلب یہ ہے کہ اس اضافہ کے ساتھ بھی ہے - جیسے مرچے پر جیسے سومن (مٹی) ویسے ہزار من - یعنے کچھ لوگ یا کبھی یہ محاورہ مٹی کے بغیر بھی استعمال کرتے ہیں -

۱۹ * دیکھیے ص فلاں - یعنی اس صفحے یا مذکورہ لفظ کے ذیل میں سند ملے گی -

۲۰ - مؤلف ——— نسیم امروہوی - نور ——— نور اللغات - فر ——— فرہنگ آصفیہ مراد ہے

۲۱ بعض الفاظ پر دو حرکتیں ہیں - اس کا مطلب یہ ہے کہ دونوں طرح مستعمل ہے -

حرکات

(۱) پہلے حرف پر حرکت کے بعد اگر حرکت نہ ہو تو عموماً اس سے حرفِ ساکن مراد لیا ہے۔

(۲) واوِ معروف و یائے معروف سے پہلے پیش یا زیر دیا گیا ہے سوائے اس کے کہ ی لکھی جائے۔

(۳) اگر واوٗ مجہول ہے تو پیش اور یٔ مجہول ہے تو زیر دینے کی ضرورت نہیں سمجھی۔ واوٗ مجہول کے نیچے (–) علامت بھی دی گئی ہے۔

(۴) عموماً سکون کی (؎) سے حرف یا علامت (ہ) سے دو یا اس سے زیادہ ساکن مراد لیتے ہیں۔

(ولا) ٭ آب بقا - (بہ اضا - مذ) زندگی کا وہ پانی - اَمرت - وہ پانی جسے پینے کے بعد کبھی موت نہیں آتی کہتے ہیں یہ پانی حضرت خضر علیہ السلام نے پیا ہے اور اس وجہ سے اب تک زندہ ہیں مگر بحکم خدا سے نظر نہیں آتے اور انھیں کو اس پانی کے چشمے کا پتہ اور نشان معلوم ہے ؎ (ذوق)

کہانیاں ہیں حکایات خضر و آب بقا
بقا کا ذکر ہی کیا اس جہان فانی میں

آب بگڑنا (مو) چمک جاتی رہنا - جلا نہ رہنا - دھار کند ہونا - ماند ہونا - عزت میں فرق آنا ٭ آب پاشی (بغیر اضا - مو) درختوں یا کھیتوں کو پانی دینا - چھڑکاؤ - محکمہ نہر - فریب ٭ آب پیکاں (با اضا - مو) نوک تیر کی تیزی ٭ آب تاب (بغیر اضا مو) چمک - دمک - بھڑک - رونق - روپ ٭ آب تلخ - (با اضا - مذ) شراب - آب تیغ (با اضا - مو) تلوار کی دھار - آب جاتی رہنا (مو) دھار کند ہو جانا - چمک دمک نہ رہنا - بے رونق ہو جانا - عزت پر حرف آنا - آب جاری (با اضا - مذ) وہ پانی جو زمین سے اُبلتا ہو - بہتا پانی جیسے ندی یا دریا - آب جانا چمک دمک نہ رہنا - بے رونق ہو جانا - عزت پر حرف آنا - آب جوش - (بغیر اضا - مذ) یخنی - شوربا - گوشت کا عرق - سودا وار - آب چڑھانا - (مو) جلا کرنا - اُجالنا - لوہے پر دھار رکھنا - لوہے کے اوزار تیز کرنا - دھندلے آئینہ وغیرہ کو چمکانا - سان پر رکھنا - آب چشم - (با اضا - مذ) آنسو - آب چک (با اضا - مو) مکان کے پچھواڑے چھت کا پانی ٹپکنے کی جگہ - آب حرام (با اضا - مذ) شراب - نشہ آور عرق - آب حیات / حیوان (بہ اضا - مذ) دیکھو آب بقا ؎ (ظفر)

قاتل شہید زندہ جاوید ہو گئے
آبحیات کیا ترے خنجر کی آب تھی

؎ (ذوق) جو لذت آشنائے مرگ ہوتا خضر تو ہرگز
نہ پیتا آب حیواں ڈوب مرتا آب حیواں میں

آبدار خانہ (بغیر اضا - مذ) پانی رکھنے کی جگہ - آب خضر - (با اضا - مذ) دیکھو آب بقا - آب خاصہ (با اضا) امیر اور بادشاہوں کے پینے کا پانی آب خورد (بغیر اضا - مذ) قسمت - نصیب - آب خورہ (بغیر اضا - مذ) کگر - مٹی کا گلاس ؎

آبخورے بر قند کے اِنشا کو بھیجے آپ نے
ہیں کے یہ معنی کہ اب نقشہ تمہارا جم گیا

آب خیز (با اضا - مذ) موج - لہر - آب دار (آبدار) (بغیر اضا) وہ شخص جو گھر میں پانی رکھنے اور اس کی دیکھ بھال کے انتظام پر نوکر ہو - محکمہ پی - ڈبلیو - ڈی کا ایک ملازم جو کھیتوں میں نہر کا پانی پہنچانے کی دیکھ بھال کرتا ہے - چمک دار - چمکیلا - نفیس - خوب صورت - آب و تاب والا - باڑھ دار ہتھیار - خوب چمکنے والا اور تیز ؎ (معروف)

اب یہی میری سزا ہے لے کے تیغ آبدار
مارے وہاں مجھ کو گردن جس جگہ پانی نہ ہو

آبدار خانہ (بہ ربرو بغیر اضا - مذ) وہ جگہ یا کمرہ جہاں آبدار اپنی حفاظت میں پانی کے رکھتا ہے - آبداری (بغیر اضا - مو) آبدار کی صفت - جلا - صیقل - چمک - باڑھ - رونق - صفائی - آب و تاب ؎ تعشق

چشم بد دور مرے اشکوں میں موتیوں کی سی آبداری ہے

خوبی - خوبی مضمون - لطافت - خوش بیانی ؎ (ممنون)

آبداری و روانی مصرع ممنون کی دیکھ
موج دریا ہو گئی شرمندگی سے آب آب

آب دست (بغیر اضا - مذ) رفع حاجت کے بعد پانی سے طہارت - نیز اس طہارت کا استعمال شدہ پانی - آبدیدہ (بغیر اضا) وہ شخص جس کی آنکھوں میں آنسو بھرے ہوں اور رونے کیلئے تیار ہو - جو آنسوؤں سے رو رہا ہو - غمگین اور اداس جس کی آنکھیں ڈبڈبائی ہوں - (ہونا - رہنا - کرنا) ؎ (میر حسن)

نہ چشمے ہی کچھ آبدیدہ رہے گریبان کر چاک دریا بہے

آب دینا (مذ) پانی دینا (مو) جلا دینا - اُجالنا - لوہے کو تیز کرنا آب راکد (با اضا - مذ) ٹھہرا ہوا پانی - وہ پانی جو سوت سے نہ اُبلتا ہو آب رکھوانا - (مو) باڑھ رکھوانا - سان پر چڑھوانا - لوہے کی دھار تیز کروانا ؎ (غافل)

تشنگی سے عاشقوں کا کام ہو گا ہے تمام
نیچے پر اپنے کس دن آب تو رکھوائے گا

آب رواں - بہتا پانی - جاری پانی - ایک قسم کا نہایت باریک ڈوریا - ؎

جان صاحب یہ فقط دیکھنے کا ہے کپڑا
خاک چلتا ہے یہ کیا آب رواں رہتا ہے

آب زر - (با اضا - مذ) سونے کا پانی - آب زر سے لکھنے کے قابل - ہمیشہ بطور یادگار اور اعزاز رکھنے کے قابل - آب زلال (با اضا - مذ) صاف پانی - نتھرا ہوا پانی - میٹھا - ٹھنڈا اور صاف شفاف پانی - آب زمزم (با اضا - مذ) مکہ معظمہ کے اس چشمے کا پانی جو حضرت اسمٰعیل کے ایڑیاں رگڑنے سے جاری ہوا اور اب کنوئیں کی شکل میں ہے - آب زن (بغیر اضا - مذ) ٹب - وہ برتن جس میں دوا کا پانی بھر کر مریض کو اس میں بٹھایا جائے - آبشار (بے اضا) جھرنا - چشمہ - باغات وغیرہ میں وہ جگہ جہاں بلندی سے پانی گرتا رہتا ہے - آب شور (با اضا - مذ) کھاری پانی - سمندر - آب شورہ (بغیر اضا - مذ) شورے سے ٹھنڈا کیا ہوا پانی - لیمو اور شکر کا شربت - آبکار (بغیر اضا) شربت بیچنے والا (والی) شراب بیچنے والا (والی) کلال - آبکاری (بغیر اضا - مو) کلال کا پیشہ - شراب کھینچنے یا بیچنے کا کام - شراب کا کارخانہ یا بھٹی - شراب کی تجارت کی نگرانی اور اس کا محصول وصول کرنے کا محکمہ - آب کوثر (با اضا - مذ) بہشت کی مشہور نہر یا حوض کا پانی - آب گریہ (با اضا - مذ) آنسو - آب گوں (بغیر اضا) نیلا - آسمانی - چمکیلا - آبگینہ - (بغیر اضا - مذ) شیشہ - بلور - آبگینہ فانوس (ب بغیر اضا - و بہ اضا - مذ) ولایتی کی چمنی - آب مٹ جانا (مو) موتی

کی ٹپک جاتی رہنا۔ آب مضاف (بالضا مذ) وہ پانی جس میں کچھ ملا ہو،
جو کسی چیز کا عرق۔ آب نائے (بغیر اضا مو) پانی کا وہ تنگ حصہ جو پانی
کے دو بڑے حصوں کو ملائے۔ آب ندامت (بالضا مذ) شرم کا پسینہ
آب ندیدہ موزہ نا کشیدہ۔ مثل خطرے میں مبتلا ہونے سے پہلے آہ و زاری کرنا
آب نقرہ (بالضا مذ) چاندی کا پانی۔ گلائی ہوئی چاندی۔ پارہ۔
آب نے (بغیر اضا مو) نرسنگے کی وہ نلی جس پر منہ رکھتے ہیں اور اس کا
سرا نرسنگے کے پانی میں رہتا ہے (بعض اہل لغت نے بالضا آب نے
لکھا ہے لیکن یہ غلط ہے اصل لفظ نے آب تھا اضافت مقلوب ہو کر بغیر
اضافت آب نے بن گیا) آب نیساں (بالضا مذ) فصل بہار کی پہلی
بارش جو نوروز (۲۱ مارچ) سے چالیس دن پہلے یا چالیس دن بعد ہوتی ہے
کہتے ہیں کہ اس کے قطروں سے سیپ میں موتی، بانس میں بنسلوچن،
گائے کے سینگ میں گوروچن اور کیلے میں کافور پیدا ہوتا ہے۔
آب و تاب (دیکھو آب و تاب)، آب و دانہ (مذ) قسمت کا رزق،
نصیب (اضا) کسی جگہ کے چھوڑ دینے پر حالات سے مجبور ہو جانا۔ دنیا
میں غذا سے محروم رہنا۔ موت آنا۔ روزگار کا ختم ہو جانا ؎ (ذوق)

شکر قید سے صیاد کی ہوتی ہے رہا
آب و دانہ ترا اے بلبل شیدا اٹھا

آب و رنگ (مذ) رونق۔ حسن۔ کیفیت۔ بہار۔ چمک دمک۔
رنگ روپ۔ آب و گل (مذ) فطرت۔ طینت۔ جبلت۔ خمیر۔ سرشت۔
وہ مادہ جو کسی چیز کی بناوٹ میں شامل ہو ؎ (حشمت شیخ)

سر میں تھا شور شوق دل میں تھا — عشق ہی اس کی آب و گل میں تھا

آب و نمک (مذ) نمکین کھانے کا مزہ اور ذائقہ۔ نمک مرچ کا کھانے
میں ٹھیک ہونا، حسن میں جاذبیت کی کیفیت۔ آب و ہوا (مو) موسم
ماحول اور حالات جو کسی پر اثر انداز ہوں۔ راس آنا یا موافق آ جانا۔
کسی جگہ کے موسمی حالات کا صحت پر اچھا اثر ڈالنا یا بگاڑنا (موسم کی
خرابی جس کا صحت پر برا اثر پڑے) آب ہونا: پانی کی شکل میں ہونا۔
؎ (نظیر)

سیماب جس کو کہتے ہیں سیماب یہ نہیں
دل آب ہو گیا ہے کسی ناصبور کا

(دل کا) نرم ہونا۔ کسی کی مصیبت سے متاثر ہو کر دل میں رحم پیدا ہونا۔
(دل میں) خوف اور نرمی اور تاثر پیدا ہونا۔ بعض اہل لغت نے شرمانا
اور پگھلنا کے معنی بھی لکھے ہیں لیکن اہل زبان اس معنی کے لیے "آب"
کی تکرار کے ساتھ "آب آب ہونا" استعمال کرتے ہیں۔ آبی۔ پانی میں رہنے
والا۔ پانی کے علاقے کا۔ نیلگوں ؎ اسیر

ہے حباب لب جو شرم سے پانی پانی
جب سے دیکھا ہے ترے پیرہن آبی کو

ایک قسم کی روٹی جو گھی یا تیل کے بجائے پانی لگا کر پکائی جاتی ہے۔
آبی برج (مذ) نجومیوں کے حساب کے مطابق آسمان کے بارہ برجوں میں
سے پانی کی خاصیت رکھنے والے تین برج جن کے نام سرطان، عقرب،
حوت ہیں۔ آبی حرف (مذ) علم جفر میں ح، ز،
ث، ک، و ان کی خاصیت کے اعتبار سے آبی حروف کہتے ہیں۔ آبیانہ
(بغیر اضا مذ) شہری زمین کے پانی کا محصول۔ آبیار (بغیر اضا)
کھیت وغیرہ کو پانی دینے والا، سینچنے والا۔ آبیاری (بغیر اضا)
آبیار کی صفت۔ دیکھو آبیار۔

آبا۔ (ع مذ) اَب کی جمع۔ باپ دادا، پردادا۔ آبا و اجداد (مذ)
آب و جد (عربی) کی جمع۔ باپ۔ دادا۔ کسی شخص کے بزرگان
سلف جن کی نسل سے وہ شخص ہو۔ آبائی۔ باپ دادا کی۔ جدی۔ پشتینی
آبائے علوی (مذ) سات سیارے، نو آسمان۔

آباد۔ (ف) بسا ہوا۔ پھلا پھولا۔ پُر رونق۔ خوش آئند۔ دل لگنے
کی جگہ۔ خوش و خرم۔ بھرا پُرا ؎

جو دل تھا اس میں آباد۔ تیرے ہجر میں اب
بنی ہے شکل اب اس کی اجاڑ بن کیسی

جوتی بوئی ہوئی زمین۔ خوش رہو، چین کرو ؎ (معروف)

ہو گیا حد سے زیادہ دل ویراں آباد
بس غم و یاس و الم خانہ احساں آباد

آباد رہنا۔ بسا رہنا، سلامت رہنا، ہرا بھرا رہنا، معمور رہنا۔
آباد کرنا۔ بسانا۔ بنیاد رکھنا۔ کرایہ دار رکھنا۔ بونا۔ قابل آبادی
بنانا۔ مکان بنانا۔ رونق دینا۔ آباد ہونا۔ بسنا۔ رونق آنا۔ بویا جوتا
جانا۔ کسی خالی جگہ میں آ کر رہنا۔ پھولنا پھلنا۔ آبادانی (مؤ) چہل پہل
رونق۔ بوئی جوتی ہوئی زمین۔ آبادکار (بغیر اضا) کسی غیر آباد زمین
مکانات یا کھیتی سے آباد کرنے والا۔ ایک جگہ سے ہٹ کر دوسری جگہ
جا بسنے والا۔ آبادکاری (بغیر اضا) آبادکار کی صفت۔ آباد کرنا
بسانا۔ معمور کرنا۔ رونق بخشنا۔ بنیاد رکھنا۔ کرایہ دار رکھنا۔ کسی جگہ
کو آبادی کے قابل کرنا۔ مکانات بڑھانا۔ بونا۔ جوتنا ؎ (سودا)

جوش سودا جبکہ تیرے وحشیوں کے سر چڑھا
شہر اجڑ ہو گیا آباد ویرانے کئے

آباد ہونا۔ بسنا۔ معمور ہونا۔ رہنا۔ بنیاد پڑنا۔ شہر یا گاؤں بسنا۔
رونق پر ہونا۔ بھرا پُرا ہونا۔ کاشت ہونا۔ آبادی (مؤ) بستی۔
معموری۔ گاؤں یا قصبہ۔ کسی بستی کے آدمیوں کی گنتی۔ آرام چین
خوشی۔ رونق۔ چہل پہل۔ کھیتی۔ دھوم دھام ؎ (رند)

رونقیں یار کے دم سے ہیں اور آبادی ہے
غیر کے گھر میں ہے ماتم مرے گھر شادی ہے

آبرو۔ (ف۔ بغیر اضا۔ مؤ) عزت۔ بزرگی۔ حیثیت عرفی۔
نیک نامی۔ شہرت۔ ناموس۔ عصمت۔ لاج ؎ نسیم

ہائے کس پردہ نشیں کی آبرو کا پاس تھا
اشک جو دامن پہ آیا زیر دامن آ گیا

اعتبار۔ قدر و قیمت ؎ (اثر)

اے چشم اس کے سامنے رو کر نہ ہو سبک
انسان کی آبرو جو ہے موتی کی آب ہے

موتی کی چمک دمک۔ چہرے کی چمک۔ ساکھ۔ اعتبار۔ فخر۔ عمامہ۔ پگڑی ؎ میر

لعنت آبروئے زاہد علامہ لے گیا
اک مغبچہ اتار کے عمامہ لے گیا

آبرو اتارنا رسوا کرنا۔ گالی دینا۔ کوئی ایسا کام کرنا جس سے دوسرے کی ذلت ہو۔ **آبرو بخشنا** ۔عزت دینا۔ **آبرو برباد کرنا** ۔رسوا اور بدنام ہونا۔ **آبرو بڑھانا** ۔بڑھنا۔ عزت بڑھانا یا دینا۔ عزت بڑھانا یا ہونا۔ **آبرو بنانا** بھرم قائم کرنا۔ **آبرو پانا** عزت یا شہرت حاصل کرنا۔ **آبرو جانا** عزت اترنا۔ بھرم کھو جانا۔ **آبرو پر پانی پھرنا** ۔پھیرنا۔ عزت جانا اور اترنا یا عزت اتارنا۔ ذلیل ہونا یا کرنا۔ **آبرو پیدا کرنا** ۔نام پانا۔ شہرت حاصل کرنا ؎ غالب

ہر بوالہوس نے حسن پرستی شعار کی
اب آبروئے شیوۂ اہلِ نظر گئی

آبرو خاک میں ملانا ۔بے عزت کرنا۔ اپنی عزت اپنے عمل سے کھونا۔ **آبرو خاک میں ملنا** ۔رسوا ہو جانا۔ **آبرو خراب کرنا** ۔عزت لینا۔ غیر عورت کی لاج لینا۔ **آبرو خراب ہونا** ۔غیر مرد سے منہ کالا کرنا۔ **آبرو دینا** ۔عزت دینا۔ غیر مرد سے منہ کالا کرانا۔ نیز کسی کو معزز و محترم کرنا۔ **آبرو رکھنا** ۔عزت برقرار رکھنا۔ بات کو نبا بنا ؎ (جان صاحب) موتی کی طرح رکھے خدا اس کی آبرو

آبرو رہنا ۔ساکھ رہنا۔ عزت برقرار رہنا ؎ رند

ہر دم یہی خیال یہی آرزو رہے
پاپوش سے جو سر نہ رہے آبرو رہے

آبروریزی ۔بے حرمتی۔ بے عزتی۔ **آبرو سے پیش آنا** ۔تواضع۔ عاجزی۔ انکسار اور تعظیم و تکریم سے پیش آنا ؎

آبرو سے ہر ایک پیش آیا قلسِ ماہی پہ سکہ بٹھلایا

آبرو سے ہاتھ دھو بیٹھنا یا دھونا ۔بے عزتی کا کام کرنا یا ہونا۔ آبرو سے مایوس ہو جانا۔ **آبرو کا پاس** ۔عزت کا خیال اور پاس و لحاظ۔ **آبرو کا لاگو ہونا** ۔عزت لینے کے درپے ہونا۔ **آبرو کو ڈرنا** ۔بے عزتی کا خوف ہونا ؎ قلق

اٹھا اٹھا یہ عرض کرتے ہیں خانہ زاد آبرو کو ڈرتے ہیں

آبرو کھونا ۔عزت گنوانا۔ **آبرو کے درپے ہونا** ۔کے پیچھے پڑنا۔ کسی کی عزت اتارنے کی فکر میں رہنا۔ **آبرو گنوانا** ۔ساکھ کھونا۔ عزت گنوانا۔ **آبرو گھٹانا** ۔ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا۔ **آبرو لینا** ۔عزت اتارنا۔ غیر عورت سے حرام کرنا۔ **آبرو میں بٹہ لگنا** ۔عزت میں فرق آنا۔ **آبرو ہونا** عزت ہونا۔ تعریف اور بڑائی کا چرچا ہونا ؎ امانت

آبلہ (ف۔ مذ) چھالا جیسے چیچک کا دانہ۔ پھپھولا۔ تجالہ ؎ نسیم

سینے میں سے کچھ جو آتی آواز پھوٹا کوئی آبلہ جگر کا

آبلہ پا (بغیر اضافہ) جس کے پاؤں میں چھالے پڑ گئے ہوں۔ تھکا ہوا۔ مجازاً دور کا مسافر۔ **آبلہ پائی** (بے اضافہ۔ مؤ) آبلہ پا کی صفت۔

آبلہ دل۔ (بہ اضافہ) وہ جلن اور سوزش جو کسی کے رشک و حسد کی وجہ سے دل میں پیدا ہو۔ دل کا پھپھولا۔ **آبلہ فرنگ** (بہ اضافہ) آتشک کی بیماری۔ گرمی کی پھنسیاں اور دانے وغیرہ۔ **آبلہ پڑنا** ۔چھالا ابھرنا ظاہری یا باطنی گرمی سے کسی عضو کی اوپری کھال کا تھوڑا سا پھول جانا

آ بننا (ف) بیتنا۔ مصیبت آ پڑنا۔ آ بنا ؎ جرأت

تم سے تمہارے دیکھنے پایا نہ دو گھڑی
عاشق کے جی پہ آن بنی ایک آن میں

"آ بنی سر اپنے، چھوڑ پرائی آس" (مثل) جس پر مصیبت آ پڑے یا کام ہو اسے خود فکر کرنی چاہیئے۔ سہارا تلاش کرنا ٹھیک نہیں۔

آبنوس (ف۔ بغیر اضافہ۔ مذ) ایک قسم کا درخت جس کی لکڑی کالی اور مضبوط ہوتی ہے اور پانی میں ڈوب جاتی ہے۔ نیز اس درخت کی لکڑی۔ **آبنوس کا کندہ** ۔کالا کلوٹا۔

آپ (ضمیر) خود۔ اپنے آپ۔ تم ضمیر تاکید جیسے وہ آپ، تم آپ، میں آپ۔ سدھا اور ہوش ؎ مومن

ہم تا سحر آپ میں نہیں تھے
کیا جانے رہے وہ کس کے گھر رات

تعظیم کے ساتھ مخاطب کرنے کا کلمہ۔ حضور۔ جناب۔ نیز کبھی غائب کی تعظیم کے لیئے بھی آپ کہتے ہیں ؎ ناسخ

خلق انداز ہو کیوں کر ابلیس ہے خدا آپ کی امت کی طرف

آپ آپ کرنا تعظیم سے بولنا۔ خوشامد کرنا۔ **آپ آپ کو** ۔ہر ایک اپنے آپ کو۔ اپنی اپنی ذات سے۔ **آپ آپ میں** ۔"دیکھو آپ اپ کو" ؎

عاشق جو ہوئے اس پہ ظفر کا زو دیدار
آپ آپ ہیں سب سبحہ و زنار گئے ٹوٹ

آپ اپنے حق میں کانٹے بونا ۔اپنے ہاتھوں مصیبت میں گرفتار ہونا۔ ؎ ظفر

ہمیشہ چاہتے ہیں چھیڑ اس کافر کی مژگاں سے
کانٹے حضرت دل اپنے حق میں آپ بوتے ہیں

آپ آئے بھاگ آئے ۔آپ کے آنے سے قسمت جاگ اٹھی۔ **آپ بھلے تو جگ بھلا** (مثل) جب تک اپنی حالت بہتر نہ ہو جائے آدمی اس وقت تک دوسرے کی بہتری کی فکر میں نہیں پڑتا۔ **آپ بیتی** (مؤ) اپنا ماجرا۔ اپنے اوپر گزری ہوئی بات۔ **آپ جانیں آپ کا کام جانے** ۔ہم آپ کے ذمہ دار نہیں۔ **آپ خود ڈوبے آپ مرا دے** (مثل) میں آپ سے بھی زیادہ چالاک ہوں۔ **آپ ڈوبے تو جگ ڈوبا** (مثل) جب آدمی خود ہی مصیبت میں گرفتار ہو تو اسے دوسروں کے نفع نقصان کی فکر اور پروا نہیں رہتی۔ **آپ راہ راہ ذم گیت گیت** (مثل) اس شخص کے لیئے جو بظاہر نیک ہو لیکن خفیہ طور پر عیاری کرے۔ **آپ روپ** ۔جسے کسی نے نہ پیدا کیا ہو۔ خدا۔ حضور۔ خود رائے کسی کی نہ ماننے والا۔ **آپ روپ جہاں روپ** ۔آپ جو منظور خدا ودل **آپ زندم جہاں زندم** ۔**آپ مردم جہاں مردم** ۔آپ زندہ جہاں

آپ گیلے میں سوئی مجھے سوکھے میں سلایا۔ خود تکلیف اُٹھائی مگر مجھے آرام دیا۔ **آپ میں نہ رہنا۔ آپ میں نہ ہونا۔** غصے یا خوشی میں اپنے اُوپر قابو نہ رہنا۔ ہوش میں نہ رہنا۔ بیہوش ہونا۔ **آپ ہارے بہو کو مارے** (مثل) اپنا الزام دوسرے کے سر تھوپنا۔ **آپ ہی۔** خود ہی آپ ہی آپ۔ خود بخود۔ بلا وجہ۔ **آپ ہی مارے آپ ہی چلائے** خود ہی ستائے اور خود ہی فریاد کرے۔ **آپ ہی ناک چوٹی میں گرفتار۔** (مثل) اپنے ہی معاملات سے فرصت نہیں۔ خود ہی مصیبت میں مبتلا مغرور۔ نازک مزاج۔ دماغدار۔

آپا: (ہ۔ مذ) اپنی ذات۔ خود آپ۔ اپنا سراپا (مؤ) بڑی بہن۔ **آپا تجھے سو ہر کو مجھے۔** جو خود ہی اور اپنی ہستی کو مٹا دے۔ وہی مقصد پاتا ہے۔ **آپا دھاپی** (مؤ) نفسی نفسی۔ خود غرضی۔ اپنی اپنی فکر گھبراہٹ۔ **آپا سنبھالنا۔** (مذ) بالغ ہونا۔ جوان ہونا۔ جسم کو قابو میں۔ اپنی حالت درست کرنا۔

آپڑنا: (ہ) کسی کے گھر آپڑنا۔ اچانک فوج کا حملہ ہونا۔ یکایک مصیبت نازل ہونا۔ گھر میں آپڑنا۔

آپس: (ہ) باہم ایک دوسرے کے ساتھ مل کر۔ قرابت۔ اپنایت۔ ربط ضبط۔ بھائی چارا ؎ ظفر

کیجے نہ دس میں بیٹھ کے آپس کی بات چیت
پہنچے گی دس ہزار جگہ دس کی بات چیت

آپس داری (بغیر اضا۔ مؤ) اپنایت۔ قرابت۔ رشتہ داری۔ **آپس میں۔** باہم ایک دوسرے کے ساتھ۔ رشتہ داری میں۔ **آپس میں رہنا۔** مل جل کر رہنا۔ اتفاق و اتحاد سے بسر کرنا ؎ میر حسن

وہ دن عشق کے آپس میں رہنے لگے
بہم راز دل اپنا کہنے لگے

آپس میں گرہ پڑنا۔ دلوں میں فرق پڑنا۔

آپہنچنا: (ہ) نزدیک آنا۔ منزل طے کر چکنا۔ قریب آجانا۔ تعاقب کرنے والے کو آپکڑنا۔ داخل ہونا ؎ نسیم

پیک فرخندہ فال آپہنچا پھر پیام وصال آپہنچا

انجام کو پہنچنا دن پورے ہونا۔ موت کا وقت قریب آجانا۔

آپھنسنا: (ہ) کسی ایسی جگہ میں پہنچ کر نہ نکل سکنا جہاں رکنا ناگوار ہو۔ فریب میں آنا۔ گرفتار ہونا۔ اچانک گھر جانا ؎ نظیر

آپھنسا جو کوئی اس دام گہ ہستی میں
ہاں جو دانا ہو بہت زیست سے بیزار ہوا

آپے: (ہ) (آپا بمعنی سراپا کی جمع)۔ **آپے سے باہر ہونا** غصے میں بیخود ہو جانا۔ کھل جانا۔ بپھر جانا۔ خوشی میں بے قابو ہو جانا۔ بیتاب ہونا۔ **آپے سے نکلا پڑنا۔** بے قابو ہو جانا۔ غصے میں اپنے اوپر قابو نہ رہنا۔ بری طرح کھل جانا۔ **آپے سے نکلنا۔** دیکھو آپے سے باہر ہونا۔ **آپے میں آنا۔** ہوش میں آنا۔ بہکی باتیں چھوڑنا۔ **آپے میں نہ رہنا۔** اپنے ہوش و حواس میں نہ رہنا۔ بے قابو ہو جانا۔ غصے یا خوشی میں بے خود ہو جانا۔

آپی: (ہ) آپ ہی کا مخفف۔ صرف نظم میں استعمال ہو سکتا ہے۔ نثر میں نہیں ؎ ذوق

کسی بیکس کو اے بیداد گر مارا تو کیا مارا
جو آپی مر رہا ہو اس کو گر مارا تو کیا مارا

آتا: (ہ) آنا مصدر سے ماضی تمنائی یا شرطی (مذ) قرضہ۔ **آتا تو سب ہی بھلا، تھوڑا بہت کچھ۔ جاتے تو دونوں بھلے دلدّر اور دکھ۔** یافت یا مہمانی کے موقع پر۔ **آتا جاتا۔** آنے جانے والا۔ آیندہ و روندہ مسافر آیا ہوا آئے جاتا ہو جائے۔ آنے جانے کی کوئی فکر نہیں۔ **آتا ہو تو ہاتھ سے نہ دیجئے۔ جاتا غم نہ کیجئے۔** آدمی کو مضبوط دل ہونا چاہیے۔ جو مل سکے حاصل کرے نہ ملے تو پروا نہ کرے۔

آتش: (ف۔ مؤ) آگ۔ جلن۔ سوزش۔ جلوہ۔ تجلی ؎ شہیدی

اس زلف میں رخ دیکھ کے بیہوش ہوا دل
موسیٰ کو شب تار میں آئی نظر آتش

شراب۔ مے۔ دارو ؎ ظفر

ہمیشہ باندھتے ہیں شاعر شراب کو آتش
بڑے ہی جھوٹے ہیں کہتے ہیں آب کو آتش

لکھنؤ کے ایک مشہور غزل گو شاعر خواجہ حیدر علی م ۱۲۶۳ھ

آتش بار۔ (بغیر اضا) آگ برسانے والا۔ آگ بگولا۔ ایک قسم کی بندوق۔ چقماق۔ **آتشباز** (بغیر اضا) بارود کے کھلونے بنانے والا جو رات میں آگ دکھا کر چھوڑے جاتے ہیں۔ بارود کے انار پھلجڑی وغیرہ بنانے والا۔ **آتش بازی۔** (بغیر اضا) آگ دے کر چھٹنے والے اجزا سے مرکب کھلونے جیسے انار پھلجڑی وغیرہ (چھوڑنا۔ چھوٹنا۔ بنانا۔ بننا۔ لگانا وغیرہ کے ساتھ)۔ **آتش بیان۔** (بغیر اضا) تیز گفتار۔ روانی کے ساتھ بے تکان کرنے والا۔ **آتش بے دود** (بہ اضا۔ مؤ) شراب۔ آفتاب۔ غصہ۔ **آتش پرست۔** (بغیر اضا) آگ کا پوجنے والا۔ پارسی۔ **آتش پنہاں۔** پتھر کی چنگاری۔ کینہ ؎ آتش

نشہ مے میں کھلی دشمنی دوست مجھے
آب انگور نے کی آتش پنہاں پیدا

آتش تر۔ (بہ اضا۔ مؤ) شراب۔ **آتش خانہ** (بغیر اضا۔ مذ) آتش پرستوں کی عبادت گاہ۔ **آتش خو۔** (بغیر اضا) تیز مزاج۔ غصہ ور۔ **آتش خوار۔** (ف) ایک جانور جو آگ میں رہتا ہے۔ رشوت خوار۔ **آتش دان** (بغیر اضا۔ مذ) انگیٹھی یا کسی دیوار کے اندر طاق کے وضع کا چولہا۔ انگیٹھی۔ **آتش رخ۔** (بغیر اضا) معشوق ؎ ذوق

باز آ دیکھنے سے آتش رخوں کے دل
سو بار کہہ لے سے آنکھیں دکھا چکے

آتش زبان۔ (بغیر اضا) طرار۔ بہت تیز۔ دل جلانے والا۔ ؎

پینے کی رات داخل ایام کیا نہیں
برسوں ہوئے کہاں تک لے یار آجکل

آجکل بارہ برس کی بٹیا بر مانگتی ہے۔ زمانہ برائی کی طرف بہت مائل ہے۔ سب لوگ بے شرم ہو گئے ہیں۔ آجکل بتانا یا کرنا۔ (مؤ) ٹالنا۔ جھوٹے وعدے کرنا۔ امروز فردا کرنا۔ آجکل ہونا۔ (مؤ) ٹال مٹول ہونا۔ آج کو۔ اس وقت۔ آج۔ یہ اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب یہ بھی کی کسی چیز کو تمنا یا حسرت کے طور پر ذکر کرتے ہوں۔ آج کیا جانی دنیا دیکھی۔ کسی عزیز یا دوست کے بعد مدت آنے پر بطور شکایت یہ جملہ بولتے ہیں۔ آج کے آج اور سو برس میں (مؤ) جو بات ہونے والی ہے وہ آج نہیں تو پھر کبھی ہوگی ضرور۔ آج کے مُنے کل کے سیٹھ۔ انقلاب زمانہ سے بڑے چھوٹے ہو جاتے ہیں۔ آج کے تیکھے آج ہی نہیں چلتے۔ مثل (کوشش کا نتیجہ رفتہ رفتہ برآمد ہوتا ہے۔ اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب کوئی شخص ذرا کام کا نتیجہ برآمد ہونے کی جلدی کر رہا ہو۔ آج مرے کل دوسرا دن۔ مرنے کو کہتے ہیں۔ مرنے کے بعد کوئی یاد تک نہیں کرتا۔ آج مل نہیں یا دو دم نہیں۔ آج بختاور وہ ہے کہ جان دے دوں یا لے لوں گا۔ آج میں گا ہوں یا وہ ہے۔ مقابلے یا معاملے کو ختم کر کے رہوں گا۔ آج ہے سو کل نہیں۔ آج جو حالت ہے سو ہمیشہ باقی نہیں رہے گی۔ حالات ہمیشہ بدلا کرتے ہیں ؎

آجانا: (ف) آپہنچنا۔ آنا۔ نازل ہونا۔ داخل ہونا ؎ شیفتہ

آجائے کاش موت ہی تسکین نہ ہو
ہر وقت بیقرار رہے کوئی کب تلک

آخ تھو: (ا۔مو) کھنکھار کر تھوکنے کی آواز۔ تف لعنت۔ پھٹکار ؎

اُٹھائی جو کوزی نجاست سے ٹوٹے
بیچارہ دل طرف آخ تھو آخ تھو ہے

آخ تھو کہتے ہیں۔ جب کسی چیز کے ملنے سے ناامید ہو کر کوئی شخص بات بنانے یا اپنی جھینپ مٹانے کے لئے اس میں عیب نکالتا ہے۔ اس وقت طنزاً بولتے ہیں

آختہ: (ف۔مذ) خصی۔ بدھیا۔ نامرد کیا ہوا۔ آختہ کرنا خصیے نکال کر ہیجڑا بنا دینا۔

آخر: (ف) سب سے بعد کا۔ سب سے پچھلا۔ انتہا۔ حد۔ انجام بہر حال۔ پورا۔ تمام۔ کل۔ مقدم ؎ انشا

جو دم گئے خوشی سے سو بہتر ہے
آخر تو لگا ہوا ہے مرنا جینا

ضرور۔ مناسب۔ لازم۔ واجب ؎ غالب

کچھ تو جاتے میں چاہیے آخر تا نہ دے باد زہریر آزار

تھک کر۔ ہار کر۔ پچھلے درجہ۔ مجبوراً ؎ (معروف)

کہتے تھے ہمیشہ جاؤ جاؤ آخر اک روز تو گئے ہم

آخر الامر۔ قصہ کوتاہ۔ الحاصل ؎ جرأت

بے چشم نہ خاک میں ملا دل
آخر یہ کسی کا تو لہو ہے

آخر آدمی نے کچا دودھ پیا ہے۔ غلطی انسان کی فطرت میں داخل ہے۔ آخر الامر۔ آخر کار۔ انجام کار۔ آخر بین۔ انجام پر نظر رکھنے والا۔ دور اندیش۔ آخرت (مؤ) انجام۔ جنت۔ قیامت۔ وہ عالم جہاں موت کے بعد نیک و بد اعمال کی جزا سزا ملے گی۔ آخرت سنوارنا۔ ایسے نیک کام کرنا جو مرنے کے بعد کام آئیں۔ آخر دم۔ کسی کام کے ختم ہونے کا وقت۔ موت کا وقت۔ نزع کا عالم۔ آخر زمان (مذ) قرب قیامت۔ چودھویں صدی۔ آخر زمانہ (مذ) بڑھاپا۔ قرب قیامت۔ چودھویں صدی۔ آخرش۔ بالآخر۔ آخر کار۔ آخر وقت (ظفر)

جو گیا دریائے الفت میں وہ ڈوبا آخرش
دل جو میرا تیر کر نکلا بڑا پیراک تھا

آخر کار۔ آخر کو۔ انجام کار۔ القصہ۔ الغرض۔ از بسکہ ؎ (میر تقی)

آخر کو ہے خدا بھی تو اے میاں جہاں میں
بندے کے کام کچھ کیا موقوف ہیں تمہیں پر

آخر کرنا کسی کام کو تمام کرنا۔ پورا کرنا۔ نبیڑنا۔ انجام کو پہنچانا۔ مار ڈالنا۔ قتل کرنا۔ آخر ہونا۔ کام تمام ہونا۔ پورا ہونا۔ مر جانا۔ مرنے کے قریب ہونا۔ انجام کو پہنچنا۔ ہو چکنا ؎ (سودا)

سنگی تھی جو کچھ ان میں وہ سب ہو گئی آخر

آخری: پچھلا۔ آخر کار۔ آخری بہار (مذ) خیر موسم۔ حسن کا زوال بڑھاپا۔ چہل پہل اور رونق کے ختم ہونے کا وقت۔ آخری چہار شنبہ (مذ) صفر کے مہینے کا آخری بدھ جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اس روز آنحضرت صلعم سخت بیماری کے بعد غسل صحت کر کے باہر تشریف لائے تھے۔ آخری دم۔ دیکھو آخر دم۔ آخری دیدار (مذ) مرتے وقت مریض کا دوسروں کو دیکھنا۔ مرتے وقت یا دفن کے وقت مریض کی صورت دیکھنا جس ملاقات کے بعد پھر ملاقات نہ ہو۔ آخری سواری (مؤ) جنازہ۔ آخری صحبت جس ملاقات کے بعد پھر ملاقات نہ ہو۔ آخری وقت۔ بڑھاپا۔ موت کا وقت ؎

عمر ساری تو کٹی عشق بتاں میں مومن
آخری وقت میں کیا خاک مسلماں ہوں گے

آخرین: پچھلا۔ سب سے بعد کا

آخور: (ف۔مذ) جانوروں کے گھاس چارے کی جگہ۔ طویلہ۔ اصطبل۔ آب و خور کا مخفف۔ سڑی گلی چیز۔ گھاس پات۔ ردی۔ ناکارہ۔ آخور کی بھرتی۔ نکمی اور ناکارہ چیزوں کا مجموعہ۔ بے مصرف چیزیں۔ گنواروں اور بیوقوفوں کا مجمع۔

آخون۔ آخوند (ف) اُستاد۔ معلم۔ پڑھانے والا۔ اتالیق۔ آخوند جی۔ ماسٹر ؎ (مصحفی)

بچے آخوند جی کی بستا اس طفل گل رو پر وہ کس نے بھلا جیں کو شیدہ نبانی کا

آداب : (ع - مذ) ادب کی جمع - اطوار پسندیدہ سلیقہ - طور طریقے - اصول و آئین ؎

غیرت حسن سکھا دیتی ہے آداب سکوت
وہی غنچہ پہ خود قفل حیا ہوتا ہے

اُردو میں بطور واحد استعمال ہوتا ہے ؎ (ذوق)

میں نہ تڑپا جو دم ذبح تو یہ باعث تھا
کر رہا مد نظر عشق کا آداب مجھے

بندگی تسلیم - وہ الفاظ جو خط میں القاب کے بعد اظہار نیاز مندی کے لیے لکھے جاتے ہیں ؎ (اختر)

جب کبھی چشم تصور میں خیال آتا ہے
وہی پھر پھر کے لکھتا ہوں تمہارا آداب

آداب بجا لانا۔ تسلیم کرنا۔ سلام کرنا۔ تعظیم کرنا۔ رخصت کی اجازت مانگنا - **آداب تسلیمات** (مو) ادب سے سلام کرنا۔ سلام - آداب سکھانا (مذ) تہذیب سکھانا۔ تربیت کرنا۔ **آداب شاہی** (مرکب اضافی - مذ) بادشاہوں سے بات چیت کرنے اور ملنے جلنے کے طریقے - **آداب مجلس** (محفل) (ایضاً - مذ) چار آدمیوں میں اٹھنے بیٹھنے اور بات چیت کرنے کے طور طریقے۔ **آداب و القاب** - (ایضاً - مذ) مکتوب الیہ کے مرتبے کے مطابق وہ الفاظ جو اسے مخاطب کرنے اور سلام و دعا کے طور پر خط کی ابتدا میں لکھے جاتے ہیں

آدرش : (ف - مذ) کیرکٹر - سیرت - کسی گھرانے کے وارثی اخلاق

آدم : (ع - مذ) سب سے پہلا انسان حضرت آدم علیہ السلام انسان ؎

درپئے خون میر کے نہ رہو
ہو بھی جاتا ہے جرم آدم سے

آدم بے سایہ (مرکب اضافی) آنحضرتؐ کی طرف کنایہ ہے۔ **آدم ثانی** (ایضاً) حضرت نوح علیہ السلام۔ چونکہ آپ کے زمانے میں تمام دنیا طوفان سے تباہ ہو گئی تھی اور از سرِ نو نسلیں چلیں اس لیے آپ آدم ثانی کہلاتے ہیں۔ **آدم خاکی** - (ایضاً) خاک کا پتلا انسان۔ آدمی جس کے خمیر میں مٹی شامل ہے۔ **آدم خور** - (بغیر اضافت) وہ جنگلی یا وحشی جو انسان کو کھا جاتے ہیں۔ **آدم زاد** - (بغیر اضافت) آدم کی اولاد انسان - آدم نہ آدم زاد - کسی بھی جاندار کے وجود کی نفی ظاہر کرنے کی غرض سے اس جملے کو بولتے ہیں۔ جہاں دور دور کوئی متنفس نہ ہو **آدمی** - (مذ) انسان۔ نوکر چاکر۔ قاصد۔ خاوند۔ عاقل۔ تمیز دار۔ خوش خلق سے (مذ) میں بمعنی بصورت انسان، آدمی۔ محرم کے زمانے سے باشعور تم طفل نادان ہو۔ بدتمیز (ابھی تو یہاں بھی کیا آدمی ہو) آدمی آدمی اور انتر کوئی ہیرا کوئی پتھر۔ (مثل) سب انسان ایک جیسے نہیں۔ کوئی برا ہے تو کوئی اچھا - آدمی بننا۔ تمیز سیکھنا لیاقت حاصل کرنا۔ **آدمی بنانا** - تربیت دینا - تمیز سکھانا -

آدمی پیٹ کا کتا ہے۔ روزی کے لئے آدمی در در مارا مارا پھرتا ہے۔ آدمی کا بیا کوئی پکھیرو نہیں۔ آدمی اپنی عقل و دانائی سے وہاں تک پرواز کرتا ہے۔ جہاں کوئی پرندہ پر نہیں مار سکتا۔ آدمی آدمی کا شیطان ہے۔ آدمی کو آدمی ہی بہکا کر خراب کر دیتا ہے۔ آدمی کیا جو آدمی کو نہ پہچانے۔ جسے اچھے برے کی تمیز نہ ہو وہ انسان نہیں جانور ہے۔ آدمی کی کسوٹی معاملہ ہے۔ معاملات میں سابقہ پڑنے سے آدمی کی بھلائی برائی معلوم ہوتی ہے۔ آدمی نے کچا دودھ پیا ہے۔ خطا اور غلطی انسان کے خمیر میں شامل ہے۔ آدمی ہو یا جانور؟ بالکل تمیز نہیں۔ بالکل بیوقوف ہو۔ **آدمیت** (مو) شرافت۔ عقلمندی۔ تہذیب۔ تعلیم و تربیت۔ لیاقت ادب سے (ندا)

ہے عیاں حال سگ اصحاب کہف
جانور کی آدمیت دیکھ لی

آدمیت اٹھ جانا یا اٹھنا - ادب ملحوظ نہ رہنا۔ بدتہذیب ہو جانا آدمیت پکڑنا۔ شرافت۔ اخلاق اور تہذیب حاصل کرنا آدمیت سکھانا۔ عقل و تمیز سکھانا۔ شائستہ بنانا۔ آدمیت سے گذر جانا۔ شرافت اور تہذیب کی باتیں چھوڑ دینا۔ آدمیت کے جامے میں آنا۔ بدتمیزی یا غصے کے بعد تہذیب یا متانت سے بات کرنا۔ آدمیت میں لانا۔ شائستہ بنانا۔ عقل و تمیز سکھانا

آدھ : (ہ) نصف - آدھ پاؤ آٹا چوپال میں رسوئی (مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی کم حیثیت شخص شیخی بگھارے یا اپنی حیثیت سے بڑھ کر چلے۔ آدھ سیر آٹے کے سر ہو جانا۔ گزارے کے لائق کام مل جانا۔ ایک کے ساتھ مل کر ایک وحدہ تعداد کے معنی دیتا ہے۔ **آدھا** - (مذ) نصف۔ برابر کے دو حصوں میں سے ایک۔ آدھا آدھا۔ دو حصوں میں نصف نصف کی برابر تقسیم آدھا تیتر آدھا بٹیر۔ تتر بتر۔ منتشر۔ ادھر نہ ادھر۔ رکابی مذہب دوغلا (مثل) بے جوڑ۔ برباد۔ آدھا ساجھا - (مذ) برابر کی شرکت۔ آدھا سیسی (مذ) آدھے سر کا درد۔ درد شقیقہ آدھا ہونا - دبلا ہونا۔ نصف ہونا

آدھی - آدھا کا مونث۔ آدھی آدھی۔ دو حصوں میں نصف نصف کی برابر تقسیم۔ آدھی بات۔ ذرا سی بات۔ نامکمل بات۔ آدھی بات کہنا۔ زبان رک کر رہ جانا۔ گول مول بات کہنا۔ نامکمل بات سننا۔ آدھی بات نہ پوچھنا۔ ناقدری کرنا۔ حقیر سمجھنا سے (معروف)

راستی آنکھوں میں کئی عمر ساری
پر اس نے نہ پوچھی کبھی بات آدھی

آدھی بات نہ سننا۔ کچھ نہ سننا۔ اپنے منشا کے خلاف بات پر کان نہ دھرنا - آدھی چھوڑ کے ساری پہ جاوے آدھی رہے نہ ساری پاوے (مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص میسر چیز پر قناعت نہ کر کے زیادہ کا لالچ کرے اور وہ بھی کھو بیٹھے

آرجان :- (ھ - مؤ) جین مت کی سادھو عورتیں

آرچ بِشپ :- (مذ - انگ) عیسائی مذہب کے پیشواؤں (پادریوں) کا افسر

آرد :- (ف - مذ) آٹا - چُورن -

آرڈر :- (مذ - انگ) حکم - فرمان - فرمائش - آرڈر بک - وہ رجسٹر جس پر حکم لکھ کر دفتر میں سب کے پاس بھیجا جاتا ہے - وہ کتاب جس پر کارخانے کا ایجنٹ خریداروں کی فرمائشیں لکھتا جاتا ہے - آرڈر دینا - کسی کام کا حکم دینا - کسی چیز کی فرمائش کرنا یا لکھ کر بھیجنا - آرڈر لینا - کسی چیز کے خریدنے کی فرمائش خریدار سے لینا - حکم حاصل کرنا -

آرڈِنَری :- (ڈ کا کسرہ مائل بہ یائے معروف - انگریزی) معمولی - رسمی -

آرزُو :- (ف - مؤ) تمنا - خواہش - حسرت ؎ (میر)

گرچہ کب دیکھتے ہو پر دیکھو
آرزو ہے کہ تم ادھر دیکھو

مراد - مقصد - مطلب ؎

نکل جائے دم تیرے قدموں کے نیچے
یہی دل کی حسرت یہی آرزو ہے

عرض - التجا - دعا ؎

خواہش حور ہے غافل نہ ہوس جنت کی
آرزو ہے کہ نہ ہو کچھ بھی تمنا ہم کو

حرص - لالچ - آرزو بر آنا - پوری ہونا - ارمان نکلنا - مراد پوری ہونا - آرزو خاک میں ملنا - حسرت پوری نہ ہونا - مایوس ہو جانا - آرزو کا خون ہونا - دیکھو آرزو خاک میں ملنا - آرزو کرنا - خواہش کرنا - تمنا کرنا - آرزو مند - مشتاق - تمنا اور حسرت رکھنے والا - خواہش مند ؎ (معروف)

آرزو مند ہیں یوں اس کے خریدار کئی
جیسے ہو ایک انار اور ہوں بیمار کئی

آرزو نکلنا - مراد پوری ہونا - تمنا بر آنا -

آرسی :- (ھ - مؤ) ایک آئینہ دار بڑی انگوٹھی - جسے عورتیں انگوٹھے میں پہنتی ہیں ؎

سونے کی آرسی نہیں انگشت یار میں
سورج مکھی کا پھول یہ شاخ سمن میں ہے

آرسی مصحف - شادی کی ایک رسم جس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ دولھا دلھن کو رخصت سے پہلے ایک پلنگ پر بٹھاتے ہیں اور سروں پر چادر ڈال دیتے ہیں - دلھن اپنا منہ ہاتھوں سے چھپائے ہوتی ہے اس وقت ایک عورت آئینہ اور قرآن چادر کے اندر بڑھا کر اس طرح رکھتی ہے کہ دولھا اور دلھن دونوں کے چہرے کا عکس آئینے میں پڑے - ایک عورت دلھن کے ماتھے پر ہاتھ رکھ کر اس کا منہ اٹھاتی ہے - اس طرح دونوں ایک دوسرے کا چہرہ آئینے میں دیکھ لیتے ہیں -

آرکیالوجی :- (انگ - مؤ) قدیم چیزوں کا علم - آرکیالوجیکل ڈیپارٹمنٹ - آثار قدیمہ کا محکمہ -

آرہنا :- (ھ) آپہنچنا - آپڑنا - ج (دیوار آرہی وہ بچ گیا) آباد ہونا - آبسنا - آٹھہرنا ؎ (ناسخ)

تیری مسجد میں بہک کر آرہے ہم مے پرست
زاہدا رستہ بتا دے خانۂ خمار کا

آری :- (ھ - مؤ) چھوٹا آرہ

آرے :- (ھ - مذ) آرہ کی جمع - آرے چلنا - سختی جھیلنا - دل پر تکلیف گزرنا - آرے سر پر چل گئے تو بھی مدار ہی مدار - (مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی آفت اور مصیبت کے وقت بھی اپنی ضد نہ چھوڑے -

آرے :- (ف) ہاں - آرے لے کرنا - ٹالنا - ہاں ہاں کرنا - حیلے حوالے بتانا -

آڑ :- (ھ - مؤ) پردہ - اوٹ - مدد - سہارا - ٹٹی - اولٹ - حجاب ؎ (ظفر)

کھلا نہ ہم پہ کہ کیا وہ زیب مسند ناز
چھپا کے دیکھے ہے تکیے کی آڑ میں کاغذ

آڑ پکڑنا یا لینا - سہارا پکڑنا - پناہ لینا - آڑ میں آنا - اوٹ میں چھپنا - راستے میں کھڑے ہو کر راہ روکنا - مداخلت کرنا - درمیان آنا

آڑا :- (ھ - مذ) ٹیڑھا - ترچھا - آڑا اتارنا - پتنگ کو ہوا کے رخ سے ترچھا کر کے نیچے لانا - آڑا ترچھا ہونا - بگڑنا - خفا ہونا - آڑا چڑھانا - ایک پتنگ باز کا دوسرے پتنگ باز کے پتنگ پر اپنے پتنگ کو ترچھا کر کے لے جانا - آڑا چوتالہ - (مذ) موسیقی میں ایک تال - آڑا گوڑی - (مؤ) دوسرے کی ٹانگ میں اپنی ٹانگ اڑا کر اس کا پاؤں زمین سے اکھاڑ دینا - لنگڑی مار کر گرا دینا - آڑا ہونا - ترچھا ہونا - ٹیڑھا ہونا -

آڑت :- (ھ - مذ) بیوپاریوں کا مال اترنے اور بکنے کی جگہ - دلالی - کمیشن - بکوائی - تلوائی - آڑتی - آڑتیا - ایجنٹ - گماشتہ - وہ شخص جس کے ہاں بیوپاریوں کا مال آ کر بکے اور تلے -

آڑو :- (ھ - مذ) ایک پھل کا نام - شفتالو - جو دو قسم کا نوکیلا اور چپٹا ہوتا ہے -

آڑھت - آڑھتی - آڑھتیا :- دیکھو آڑت - آڑتی - آڑتیا -

گویّے یا سوز خوان کو گلے یا ساز سے سُر میں مدد دینا۔ آس رکھنا اُمید رکھنا۔ بھروسہ رکھنا۔ آس کا نام دُنیا ہے۔ دُنیا اُمید پر قائم ہے۔ آس کرنا اُمید ظاہر کرنا۔ بھروسہ کرنا۔ آس لگانا۔ اُمید باندھنا۔ گویّے یا سوز خوان کو گلے یا ساز سے سُر میں مدد دینا۔ آس لگی ہونا۔ اُمید بندھی ہونا۔ آسرا ہونا۔ آس مُراد (مو) آل اولاد۔ دھن دولت۔ آس ہونا۔ اُمید ہونا۔ بھروسہ ہونا۔

آسا: (ف) مثل۔ مانند (ہ مو) اُمید۔ بھروسا (مذ) ایک راگ جو صبح کے وقت گایا جاتا ہے۔ آسا جیئے نراسا مرے۔ انسان اُمید کے سہارے جیتا ہے اور ناامیدی سے مرجاتا ہے۔ آسا مرے نراسا جیئے۔ اُمید پر بیٹھنے والے کی زندگی موت سے بدتر ہے۔ جو ایک دفعہ ناامید ہو جائے۔ اس کی زندگی عذاب سے نجات پاجاتی ہے۔

آسام: (مذ) ایک علاقے کا نام جو برما کے شمال مغرب اور بنگال کے جنوب میں واقع ہے۔

آسامی: (مو) اسم کی جمع۔ صحیح لفظ "اسامی" ہے۔

آسان: (ف) سہل۔ سچ۔ آسان کرنا حل کرنا۔ سہل کرنا۔ مشکل دُور کرنا۔ آسان ہونا۔ آسان کرنے کا فعل لازم۔ آسانی۔ (مو) سہولت۔ سچ پن۔ مشکل کی ضد۔

آسائش: (ف) آرام۔ سُکھ۔

آس پاس: (مذ) چاروں طرف۔ چوطرف۔ پاس پڑوس۔ اِدھر اُدھر۔ ہمسایہ۔ گرد و پیش ؎

یہ غیرت دل کا اثر ہے کہ بوالہوس

بسمل تڑپتے ہیں ترے بسمل کے آس پاس

آس پاس برسے دلی پڑی ترسے (مثل) دوسرے فائدہ اُٹھائیں اور اپنے محروم رہیں۔ آس پاس پھرنا۔ گرد گھومنا۔ صدقے ہونا۔ قربان ہونا۔

آستان۔ آستانہ: (ف۔ مذ) چوکھٹ۔ دروازہ۔ درگاہ۔ مکان اولیا کے تبرکات۔ آستاں بوس (بغیر اضافت خفہ) چوکھٹ چومنے والا۔ حاضر ہونے والا۔ غلام۔ خدمتگار۔ دربان۔ معتقد۔ آستاں بوسی (بغیر اضافت خفہ مو) چوکھٹ چومنا۔ حاضری دینا۔ غلامی۔ دربانی۔ بشرف ملاقات۔ کسی سے عقیدت مندی۔

آستین: (ف مو) قمیص، کوٹ وغیرہ کی۔ جمع آستین الثنا۔ تیار ہونا۔ مستعد ہونا۔ لڑنے کے لئے آمادہ ہو کر بڑھنا۔ آستین چڑھانا۔ سر ہونا۔ زبردستی کرنا۔ مجبور کرنا۔ جھگڑا۔ لڑائی بیان کرنا۔ آستین جھاڑنا۔ جو کچھ پاس ہو اسے پیش کرکے خالی رہ جانا۔ ترک کرنا۔ آستین چڑھانا۔ دیکھو آستین الثنا۔

آستین کا سانپ: (مذ) وہ آدمی جو دوست بن کر دُشمنی کرے ؎ (الف)

سوزن مجھ بن چین سے کیا زیر مرہم رکھ کے ہاتھ

مار ہجر آستیں میں آستیں کا سانپ ہے

آستین میں سانپ پالنا۔ دشمن کو پرورش کرنا ؎ (مصحفی)

دیتا ہے اپنے دل میں اس زلف کو جو جا

گویا کہ آستین میں وہ سانپ پالتا ہے

آسٹریا: (مذ۔ انگ) یورپ کا ایک مشہور ملک۔

آسٹریلیا: (مذ۔ انگ) ایشیا کے سب سے بڑے جزیرے کا نام جو ایک مستقل براعظم ہے۔

آسرا: (ہ۔ مذ) بھروسہ۔ اُمید۔ وسیلہ۔ ذریعہ۔ انتظار۔ توقع۔ آس۔ تکیہ ؎ (مومن)

تو فلک۔ مرگ ہم سے سب نافل۔ اب کسی کا بھی آسرا نہ رہا

اعتبار۔ اعتماد۔ یقین۔ کفیل۔ جائے پناہ۔ سہارا دینے والا۔ دستگیر۔ آسرا تکنا۔ بھروسہ کرنا۔ انتظار کرنا۔ اُمید رکھنا۔ آسرا ٹوٹنا۔ اُمید باقی نہ رہنا۔ مایوس ہونا۔ آسرا دینا۔ سہارا دینا۔ مدد دینا۔ وعدہ کرنا۔ آسرا ڈھونڈنا۔ سہارا تلاش کرنا۔ آسرا کرنا۔ آسرا لگانا۔ دیکھو آسرا تکنا۔ آسرا لینا۔ پناہ لینا۔ سہارا لینا۔ ٹیک لینا۔ آسرا ہونا۔ بھروسہ ہونا۔ سہارا ہونا ؎ (ناسخ)

ہاں آسرا ہے ساقیٔ کوثر کی ذات کا

ہے ساغر شراب وسیلہ نجات کا

آسمان: (ف۔ مذ) آس (چکی) اور مان (مانند) سے مرکب ہے۔ چکی کی مانند گول اور پھرنے والا۔ چونکہ قدیم فلسفے میں حد نگاہ کو جو نیلگوں نظر آتی ہے۔ ایک جوہر لطیف۔ گول اور گردش کرنے والا مانتے تھے۔ اس لئے یہ نام پڑا۔ فلک۔ چرخ۔ گردوں۔ سما۔ آسمان پر اُٹھنا یا اُڑنا۔ اترانا۔ غرور کرنا۔ بلند خیالات کو دماغ میں آنا۔ آسمان پر پہنچانا۔ بہت عزت دینا۔ خوشامد کرنا۔ تعریف کرنا۔ آسمان پر تھوکنا۔ بزرگوں کی مخالفت کرنا۔ آسمان پر چڑھانا۔ دیکھو آسمان پر پہنچا دینا۔ آسمان پر دماغ ہونا۔ بہت مغرور ہونا۔ خود پسند ہونا۔ بہت خود دار ہونا ؎ (امیر)

مرتے ہیں ہم تو آدم خاکی کی شان پر

اللہ رے دماغ کہ ہے آسمان پر

آسمان پر ہونا۔ بلند مرتبہ ہونا۔ دماغ دار ہونا۔ مغرور ہونا۔ خود پسند ہونا۔ آسمان پھٹ پڑنا۔ آسمان ٹوٹ پڑنا۔ آسمان ٹوٹنا۔ قہر الٰہی نازل ہونا۔ سخت مصیبت میں مبتلا ہونا۔ کسی بلا میں پھنس جانا ؎

خاک سے میری کہیں نہ یکساں ہو

مجھ پہ جو آسمان ٹوٹا ہے

آسمان جاہ (بغیر اضافت خفہ) بڑے مرتبے والا۔ عالی۔

آفیسر: (یہ معروف بہت ہلکی پڑھی جاتی ہے۔ انگ) افسر۔ سردار۔ حاکم۔

آفیشل: یہ معروف بہت ہلکی پڑھی جاتی ہے (انگ) سرکاری دفتری کسی محکمہ کی۔ عہدہ دار۔

آقا: (ف۔ مذ) مالک۔ افسر۔ جناب

آک: (ہ۔ مذ) ایک درخت جس کے مختلف علاقوں میں مختلف نام (آکھ۔ اکڑا۔ اکواڑ۔ اکوار اور مدار) لئے جاتے ہیں۔ **آک کا دوڈا** (مذ) آک کے درخت کا پھل جس میں روئی کی شکل رواں ہوتا ہے، جسے آک کی بڑھیا کہتے ہیں۔ **آک کا کیڑا آک** میں راضی ڈھاک کا ڈھاک میں۔ ہر جاندار جس جگہ سے مانوس ہے وہ اسی مقام پر خوش رہتا ہے۔ ہر چیز جس جگہ کے لیئے بنی ہے۔ وہی ٹھیک رہتی ہے۔

آکا: (مذ۔ تر) بڑا بھائی۔ بڑے بھائی یا اُس کے ہم رتبہ کے لیئے کلمۂ خطاب

آکاس: (ہ۔ مذ) آسمان۔ حدِ نگاہ۔ عناصر یا عنصر جو فضائے خالی میں بھرے ہوئے ہیں۔ آکاش یہ شین سے بھی بولا جاتا ہے۔ **آکاس بیل** (مؤ) امربیل۔ یہ زرد رنگ کے موٹے تاگے کی شکل ہوتی ہے جس درخت پر ڈال دی جائے وہ سوکھ جاتا ہے اور یہ ہری رہتی ہے۔ **آکاس پھل** (مذ) اولاد۔ بال بچے۔ **آکاس گنگا** (مؤ) کہکشاں۔ آسمان کی ندی (ہندوؤں کا روزمرہ ہے)

آکسفورڈ: (انگ۔ مذ) انگلستان کی ایک مشہور یونیورسٹی۔

آکسیجن: (انگ۔ مؤ) ایک قسم کا لطیف عنصر (گیس) جو پانی کا جزوِ اعظم ہے۔ ایک قسم کی ہوا جو پانی میں پائی جاتی ہے

آکھ: (ہ۔ مذ) آک کا درخت (دیکھو آک)، (مؤ) جنگلی درندہ جانوروں کے رہنے کی جگہ۔ چوپایوں کا مسکن۔ شیر کی کچھار۔

آکھر: (ہ۔ مذ) جنگلی جانوروں کے سونے کی جگہ۔ وہ معین جگہ جہاں نر ہرن جفتی کرتا ہے۔ **آکھری** آکھر کا ہرن

آکھر: (ہ) فاتشیہ۔ مزروعہ زمین کے چاروں سروں پر مُڑے ہوئے کانٹے جسے آدمی پکڑ کر دوڑتے ہیں

آگ: (ہ۔ مؤ) آتش۔ آنچ۔ شعلہ۔ گرمی کی شدت ؎ (انیس)

آب فلک کو تشنہ تر ستی تھی خاک پر
گویا ہوا سے آگ برستی تھی خاک پر

سوزش۔ تپش۔ گرم۔ گرم تاثیر والی کھولتا ہوا۔ جلتا ہوا۔ آتشک۔ بھوک۔ پیاس کی شدت۔ مامتا۔ خون کا جوش۔ سوز و گداز۔ عشق و محبت۔ غصہ۔ حسد۔ عداوت۔ لڑائی یا حسد۔ جلے تن۔ شعلہ مجازاً بہت سُرخ چمک دمک یا چمکیلا۔ **آگ اور بیری کو کم نہ سمجھو**۔ آگ اور دشمن چاہے کتنے ہی حقیر ہوں۔ انکی نقصان رسانی سے غافل نہیں رہنا چاہیئے۔ **آگ ببولا**۔ غضب ناک۔ غصہ سے دل تیز مزاج۔ لال سُرخ (بن جانا۔ بننا۔ ہونا) **آگ بجھانا**۔ آگ پر پانی ڈالنا۔ فساد مٹانا۔ ہوس بجھانا۔ دشمنی نکالنا۔ حسد مٹانا۔ پیاس بجھانا۔ پیٹ بھرنا۔ شہوت مٹانا۔ **آگ بجھنا**۔ آگ بجھانا کا فعل لازم۔ **آگ برسانا**۔ گولہ باری کرنا۔ گولیوں کی بوچھاڑ کرنا۔ شدید کی گرمی پہنچانا۔ **آگ برسنا**۔ آگ برسانا کا فعل لازم۔ **آگ بگولا**۔ دیکھو آگ ببولا۔ **آگ بنانا**۔ آگ سلگانا۔ برانگیختہ کرنا۔ غضبناک کرنا۔ **آگ بن جانا یا بننا**۔ غصے میں دل بھر جانا۔ غصہ بھڑک اُٹھنا ؎ (میر) عاشق تو جلا ہوا اکڑا ہے ۔ وہ آگ بنا ہوا اکڑا ہے

آگ بن دھواں کہاں۔ بغیر سبب اور وجہ کے کوئی کام نہیں ہوتا۔ **آگن بوٹ** (مذ) دخانی کشتی۔ بھاپ سے چلنے والا چھوٹا جہاز۔ **آگ بھبھوکا**۔ غصے میں سُرخ۔ حسن یا جوش شباب کی وجہ سے سُرخ۔ بہت سُرخ۔ بہت برافروختہ۔ جھلایا ہوا ؎ (ظفر)

آیا ہے کس پہ تو یوں آگ بھبھوکا بن کر
تیرے رُخسار جو لے ہو شرا خوب ہیں سُرخ

آگ بھڑکانا۔ آگ کو ہوا دے کر یا تیل ڈال کر تیز کرنا۔ لڑائی بڑھانا۔ فساد اُٹھانا۔ غصہ دلانا۔ برانگیختہ کرنا۔ عشق کے ولولے کو اور اُبھار دینا۔ پیاس کے شعلے کو مشتعل کر دینا۔ **آگ بھڑکنا**۔ آگ بھڑکانا کا فعل لازم۔ **آگ بھی نہ لگاؤں**۔ عورتیں کسی چیز سے انتہائے نفرت ظاہر کرنے کیلئے بولتی ہیں۔ **آگ پانی کا بیر**۔ (مذ) فطری مخالفت اور ضد۔ **آگ پانی کا سنجوگ**۔ دو مخالف مزاج کی چیزوں کی یکجائی۔ اجتماع ضدین۔ **آگ پانی کا کھیل**۔ جب باورچی یا حلوائی وغیرہ سے کوئی چیز ٹھیک تیار نہیں ہوتی تو اپنی خطا کو چھپانے کے لیئے کہتے ہیں کہ یہ تو آگ پانی کا کھیل ہے۔ **آگ پانی میں لگانا**۔ اصلی محاورہ پانی میں آگ لگانا ہے۔ ناممکن بات کر دکھانا۔ کمال عیاری۔ ٹھنڈے مزاج کے لوگوں کو لڑا دینا۔ **آگ پر تیل ڈالنا**۔ آگ کو اور بھڑکا دینا۔ غصے کو اور مشتعل کر دینا۔ **آگ پر لوٹنا**۔ بہت مضطرب ہونا۔ نہایت بیقراری۔ رشک و حسد سے جلنا۔ غصے سے پیچ و تاب کھانا۔ **آگ پھانکنا**۔ مبالغہ کرنا۔ جھوٹ بولنا۔ کسی کو خوش دیکھ کر جلنا۔ حسد کرنا۔ **آگ پھونس کا بیر**۔ فطری مخالفت اور ضد۔ **آگ پھونک دینا**۔ آگ کو دامن یا پنکھے وغیرہ سے ٹکا وغیرہ سے سلگا دینا۔ جلا دینا۔ جھلس دینا۔ سوزش پیدا کر دینا۔ دل جلا دینا۔ جوش بڑھا دینا ؎ (نصیر)

آشیاں جو بنایا بلبل نے
پھونک دی آگ آتش گل نے

آگ پھونکنا۔ آگ کو پنکھی یا مُنہ سے ہوا دینا۔ چغلی کھانا۔ لگائی بجھائی کرنا۔ آگ مشتعل کرنا۔ سوزش پیدا کرنا۔ بھڑکانا۔ برانگیختہ کرنا۔ عشق بڑھانا ؎ (شوق)

وہ آگ ہو گیا خدا جانے غیر نے
میری طرف سے اس کے تئیں کیا لگا دیا

آگا : (ف - مذ) سامنا۔ کپڑے کے سامنے والا حصہ۔ سینہ۔ پیشانی۔ مستقبل۔ فوج۔ **آگا بھاری ہونا** - پیٹ بڑا ہونا۔ حمل ہونا۔ **آگا پیچھا** - (مذ) لباس کا اگلا پچھلا حصہ۔ کام کی اونچ نیچ۔ کام کا انجام۔ ہر کام کی ابتدا اور انتہا۔ نشیب و فراز۔ **آگا پیچھا دیکھنا یا سوچنا** - دور اندیشی۔ شرم گاہ۔ مقام مخصوص دیکھنا ؎ (جان صاحب)

اپنے اندھے ہو نہیں دیکھتے آگا پیچھا
کسی کو کاہے کو بھانے کا تمہارا اخلاص

آگا تاکا لینا کسی کے راز معلوم کرنے کی غرض سے چھپ چھپ کر بیان لینا۔ **آگا سنبھالنا لینا** - مارنا۔ مقابل کو روکنا۔ مقابلہ کرنا۔ آگے کی فوج پر حملہ کرنا

آگاہ : (ف) خبردار۔ واقف۔ جاننے والا۔ (کرنا اور ہونا)
آگاہی خبرداری۔ واقفیت۔ علم

آگرہ : (ع - مذ) بھارت (یوپی) کا ایک شہر۔ جو دریائے جمنا کے کنارے اکبر اعظم نے آباد کیا تھا۔ جہاں شاہجہان کی بنوائی ہوئی مشہور عمارت "تاج محل" ہے جو دنیا کے عجائبات میں شمار ہوتی ہے۔

آگے : (ف) سامنے۔ آئندہ۔ ماضی میں۔ پہلے۔ مقابل۔
آگے آگے پیچھے لاہور - (مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی غلط راستے پر پڑا ہو۔ **آگے آگے** - آگے کی تاکیدی صورت۔ پیش روی میں۔ آئندہ۔ مستقبل میں۔ تھوڑے دن بعد۔ چند روز میں ؎ (میر)

ابتدائے عشق ہے روتا ہے کیا
آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا

آگے آگے رنگ لانا - مزہ چکھانا۔ سزا دلانا۔ آئندہ مشکلات کا بڑھنا۔ گل کھلانا۔ بہار دکھانا۔ **آگے آگے چلنا** - جلو میں چلنا۔ کسی کی سواری میں چلنا۔ راستہ دکھانا۔ **آگے آگے گرو پیچھے پیچھے چیلا** - جیسا تربیت کرنے والا ہوتا ہے ویسا ہی اس کا شاگرد نکلتا ہے۔ **آگے آنا** سامنے آنا۔ کسی مرد سے پردہ نہ کرنا۔ مقابلے کے لیے بڑھنا۔ پیش آنا ؎ (اسیر)

خدا خیر کا اس شوخ کو آیا میرے آگے
آیا مری تقدیر کا لکھا میرے آگے

آگے اپنت بس - فقط۔ مطلب تمام ہوا۔ بات ختم ہوئی۔ **آگے بڑھو** کسی کو آگے چلنے کا حکم۔ قصور سے معاف کرنے کے محل میں کہتے ہیں۔ سزا پانا۔ مکافات بھگتنا۔ **آگے پیچھے** - یکے بعد دیگرے۔ ایک قطار میں۔ غیر حاضری میں۔ نہ ہونے کی حالت میں۔ پیچھے بعد۔ تھوڑی مدت کے فرق سے۔ **کسی کا آگے پیچھے نہ ہونا** - لاوارث ہونا۔ بیکس و تنہا ہونا۔ **آگے جاتے گھٹنے ٹوٹیں پیچھے دیکھتے آنکھیں پھوٹیں** ایک طرح کی قسم ہے جب دونوں منظور ہو اس سے کہتے ہیں۔ نیز کسی کام سے مجبوری و معذوری کا اظہار۔ نہ جائے رفتن نہ پائے ماندن۔ **آگے خدا کا نام** دیکھو آگے آیت ؎ (میر)

آگے اسے نالہ ہے خدا کا نام
بس تو نو آسمان سے گزرا

آگے دوڑ پیچھے - ایک کام ادھورا چھوڑ کر دوسرے میں لگ جانا۔ **آگے دھر لینا یا رکھ لینا** - نشانا بنا لینا۔ سپر بنا لینا۔ گرفتار کر لینا۔ پکڑ لینا۔ **آگے دیکھنا** - سامنے کی طرف نظر اٹھانا۔ ہوشیار اور چوکس رہنا۔ **آگے سے ہوتی آئی ہے** - پہلے سے یہی دستور ہے کوئی نئی بات نہیں ؎ (جرأت)

میں ہی نہیں ذلیلِ حسن گندمی
آگے سے ہوتی آئی ہے آدم کو دیکھئے

آگے قسمت - کوشش اپنا کام ہے اب جو خدا کرے۔ جد و جہد کے بعد توکل۔ **آگے کا قدم پیچھے پڑنا** - گھبراہٹ اور اضطراب میں کچھ نہ سوجھنا۔ **آگے کنواں پیچھے کھائی** - کسی کام میں ہر طرف سے مشکل ہی مشکل۔ **آگے کو** - آئندہ کے لیے۔ **آگے ناتھ نہ پیچھے پگا** - لاوارث۔ **آگے نکل جانا** - سبقت لے جانا۔ کسی سے مقابلہ میں بڑھ جانا۔ جیت جانا ؎

تیز رو تو بھی ہے نسیم مگر مجھ سے آگے نکل کے تو نہ گئی

آگے نہ ہونا - مقابلہ نہ کرنا۔ سامنے نہ آنا۔ **آگے ہاتھ پیچھے بات** - نہایت مفلس۔ جیسے بدن چھپانے کے لیے کپڑا بھی میسر نہ ہو۔ **آگے ہونا** - آگے چلنا۔ قدم بڑھانا۔ مقابلہ کرنا۔ سامنے آنا۔ کسی مرد سے پردہ نہ کرنا۔ **آگے ہی** - پہلے ہی۔ پیشتر ہی سے ؎ (ذوق)

سرد مہری سے کسی کی آگے ہی ال سرد ہے
ہٹ تو یاں سے دھوپ لے ابر بہاراں چھوڑ کر

آگے ہی سے - پہلے ہی سے۔ ہمیشہ ہی سے

آگیا : (ف) آنا مصدر کا فعل ماضی مطلق۔ آپہنچا۔

آگیا : (ہ - مو) فرمان۔ حکم۔ اجازت۔ ارشاد۔ مرضی۔ (دینا۔ پالنا۔ پالن کرنا)

آل : (ہ - مو) پیاز کے ڈنٹھل۔ سیل۔ تری۔ سرخ رنگ کی لکڑی کا ایک درخت جس کی جڑ رنگنے کے کام آتی ہے (ع - مو) بیٹا بیٹی۔ اولاد۔ (انگ) آل۔ تمام جیسے آل پاکستان مسلم لیگ (کل پاکستان کی مسلم لیگ) **آل اولاد** - (اتباع۔ مو) بال بچے۔ **آل تمغا** (ترکی) سرخ مہر۔ زمانۂ شاہی۔ معافی یا جاگیر کی مہر شاہی۔ **آل رسول** - (ع) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیٹی (بی بی فاطمہؓ) کی اولاد۔ **آل عبا** (ع) حضرت فاطمہؓ حضرت علی علیہ السلام حضرت حسنؓ حضرت حسینؓ جنہیں رسول مقبول نے ایک عبا (کملی) میں چھپا کر ان کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا کی تھی۔

آلا : (ہ - مذ) طاق۔ ہرا۔ کچا۔ گیلا۔ تر۔ زخم کی سرخ تازگی

ے (نسیم) جو خم شمشیر ابرو کا ہوا سودا مجھے
بز خم شکل پری نہ آیا تھا کر آلا ہو گیا

یعنی کمائی ختم نہ ہونے والی بات۔ **آلا دے نوالہ** (مثل) اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب کوئی کمینہ اعلیٰ درجہ پالے مگر نفرت دور نہ ہو سکتے ہیں کہ کسی مالدار نے ایک بھکارن سے شادی کر لی تھی۔ ہزاروں قسم کی نعمتیں ہونے کے باوجود وہ کم کھاتی تھی اور روز بروز دبلی ہوتی گئی۔ سینکڑوں علاج کروائے کوئی نہ ہوا۔ ایک طبیب نے جو اس کی ذات سے واقف تھا۔ مشورہ دیا کہ گھر کے طاقوں میں جگہ جگہ کھانا رکھ دیا جائے۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا تو وہ بھکارن طاق طاق سے ایک ایک نوالہ اٹھا اٹھا کر کھاتی جاتی تھی اور "آلا (طاق) دے نوالہ" کی آواز لگاتی جاتی تھی جب اسے در در بھیک مانگنے کی عادت کے مطابق غذا ملنے لگی تو خود ہی اچھی ہو گئی۔ اسی دن سے یہ مثل مشہور ہے۔

آلا بالا: (ہ۔ مذ) ٹال مٹول۔ دم دلاسا۔ حیلہ حوالہ۔ بہانہ۔ چال۔ فریب۔ سستی۔ کاہلی۔ آلے بالے کرنا یا بتانا۔ جیسے حوالے بتانا۔ ٹال مٹول کرنا

آلاپ: (ہ۔ مو) آواز کا اتار چڑھاؤ۔ گانا۔ الاپنا۔ گانا۔ تان اڑانا

آلات: (ع۔ مذ) آلت کی جمع۔ آواز ہتھیار۔ ساز و سامان
آلاتِ حرب۔ (بہ اضافہ۔ مذ) لڑائی کے ہتھیار۔
آلاتِ کشاورزی۔ (بہ اضافہ۔ مذ) کھیتی باڑی کے اوزار۔

آلاراسی: (ہ) لاابالی۔ بے فکرا۔ بے پروا۔

آلاگانا: (مذ) رونا رونا۔ جھینکنا۔ ہندی کی ایک مشہور رزمیہ نظم۔ گانا۔

آلام: (ع۔ مذ) الم کی جمع۔ رنج و غم۔ افکار۔ پریشانیاں۔

آلان: (ہ۔ مو) ہاتھی کے باندھنے کی زنجیر

آلائش: (ف۔ مو) میل کچیل۔ گندگی۔ مواد۔ ملغوبہ اوجھ۔ آنتوں کے اندر کا بھرا ہوا فضلہ وغیرہ۔

آلپٹنا: (ہ) آکر چمٹ جانا۔ آکر پیچھے پڑنا۔ آتے ہی لڑنے جھگڑنے اور مارنے لگنا۔

آلت: (ع۔ مذ) آلہ۔ ہتھیار۔ اوزار۔ عضوِ تناسل۔

آلتی پالتی: (ہ۔ مو) چوزانو بیٹھنا (پالتی مار کر بیٹھنا یا مارنا)

آل جنجال: (ہ بغیر اضافہ۔ مذ) ڈراؤنا خواب۔

آلسی سدا روگی: (ہ) سست اور کاہل آدمی ہمیشہ بیمار رہتا ہے

آلکس۔ آلکسی: (ہ۔ مو) سستی کاہلی۔ آلکسیا سست اور کاہل شخص

آلگنا: (ہ) قریب آنا۔ پہنچنا۔ پاس آ جانا۔ (دور سے پھینکی ہوئی چیز کا) پڑ جانا

آلن: (ہ۔ مذ) بیسن یا آٹا جو ساگ پر چھڑک کر ڈالتے ہیں۔

آلنا: (ہ۔ مذ) گھونسلہ۔ آشیانہ۔ گھر

آلنگ: (ہ۔ مذ) گھوڑی کا جوانی کے جوش پر آنا۔ جوڑے کی خواہش۔ شہوت۔

آلو: (ف۔ مذ) مشہور ترکاری جو جڑ کی قسم سے ہوتی ہے

آلو بخارا: (ف۔ مذ) ایک مشہور ترش و شیریں پھل جو فالسی رنگ کا ہوتا ہے اور ایران کے شہر بخارا کی طرف منسوب ہے

آلوچہ: (ف۔ مذ) ایک مشہور ترش پھل۔ جو آلو بخارے کا ہم شکل ہوتا ہے۔

آلودگی: (مو۔ ف) آلائش۔ ناپاکی۔ ملوث ہونا۔ تعلقات دنیوی۔ **آلودہ** لتھڑا ہوا۔ ملوث۔ تعلقاتِ دنیا میں گرفتار۔ ناپاک ے (ظفر)
کلفت دل سے ہے جو آلودہ
گوہر اشک آبدار نہیں

آلودہ دامن (بغیر اضافہ) ناپاک۔ گنہگار۔ جرم میں ملوث ے
ہو گئے آلودہ دامن پاک دامن کس طرح (ذوق)
اے زلیخا چھوڑ دامن یوسفِ کنعان کا

آلودہ کرنا۔ خراب کرنا۔ سانا۔ برائی میں شامل کرنا۔

آلوشفتالو: (ف۔ مذ) لڑکوں کا ایک کھیل

آلہ: (ع۔ مذ) اوزار۔ ہتھیار۔ جمع آلات۔ آلۂ تناسل (مذ) ذکر۔ مرد کے پیشاب کا مقام۔ آلۂ حرارت (مذ) گرمی دیکھنے اور ناپنے کا آلہ۔ تھرمامیٹر یا مقیاس الحرارت۔ آلۂ کار۔ کام کا آلہ۔ ذریعہ۔ وسیلہ۔ وہ شخص جس کو اپنا مقصد شائع کرنے اور حاصل کرنے کے لئے ذریعہ اور وسیلہ بنایا جائے۔

آلی: (ہ۔ مو) تر۔ گیلی۔ نم۔ سہیلی۔ گوئیاں۔ سکھی۔ خام۔ باکرہ۔ کنواری۔

آلینا: (ہ) تعاقب میں آنے والے کا قریب پہنچ جانا۔ آ کر پکڑ لینا ے
بندہ وہ قائل ہے شہیدی تری جیالی کا
آلیا بر میں دلارام جب آرام آیا

آنڈ: (ع۔ مذ) فوطہ۔ خصیہ۔ آنڈ بڑھنا۔ فوطوں کے بڑھنے کی بیماری۔ خصیوں کا بڑھ جانا۔ ہیڈروسیل
آنڈو: خصی کی ضد۔ وہ جانور جس میں قوت تناسل موجود ہو۔ آنڈو بیل: سانڈ۔ وہ بیل جو خصی نہ ہوا ہو۔

آنڈی: (ع۔ مو) پیاز کی گٹھی

آنڈے بانڈے کھانا: (ع۔ مذ) بچھڑنا۔ اِدھر اُدھر ہٹ جانا۔ سیر گشت۔ نیز بچوں کا ایک کھیل۔ جب لڑکے اِتّا اُتّا (چیل جھول) کھیلتے ہیں تو ان کے سرگروہ اپنے اپنے ساتھیوں سے کہتے ہیں کہ جاؤ آنڈے بانڈے کھاؤ۔ وہ دور جا کر آنڈے بانڈے آنڈے بانڈے کہتے جاتے ہیں اور خوب غل مچا کر اِدھر اُدھر دوڑتے پھرتے ہیں۔ جب یہ دونوں سرگروہ آپس میں مشورہ کر لیتے ہیں تو یہ کہہ کر بلا لیتے ہیں۔ میرے میرے آڑو چیچے آؤ

آنر: (مو۔ انگ) اعزاز۔ عزت۔ بزرگی۔ آنریری: اعزازی۔ بغیر تنخواہ اور وظیفہ وغیرہ کے کام کرنے والا

آں را کہ حساب پاک است از محاسبہ چہ باک: (ف) جو قصور وار نہیں اسے ڈرنے کی کیا ضرورت ہے؟

آنریبل: (انگ) ذی عزت۔ معزز۔ صاحب اعزاز

آنسو: (ع۔ مذ) آنکھ کا پانی جو دل بھر آنے کی صورت میں نکلتا ہے۔ اشک۔ آنسو آنا: آنکھوں میں آنسو بھر آنا۔ رونا ہو جانا۔ آنسو ایک نہیں کلیجہ ٹوک ٹوک: جھوٹ موٹ کا رونا۔ بناوٹی آنسو بہانا۔ آنسوؤں سے رونا۔ جان بوجھ کر رونا ؎ (ذوق)

ابرِ تر آنسو بہانا کوئی ہم سے سیکھ جائے
برقِ مضطر تلملانا کوئی ہم سے سیکھ جائے

آنسو بھر آنا: آنکھوں میں آنسو امنڈ آنا۔ رونا آ جانا ؎ بیخود

بُرا ہو جوشِ رقت کا تحمل ہو نہیں سکتا
میں کتنا ضبط کرتا ہوں مگر آنسو بھر آتے ہیں

آنسو بھر لانا: آنکھوں میں آنسو بھر کر رونے کی شکل بنانا۔ کسی کی مصیبت دیکھ کر رونے کے قریب ہونا۔ آنسو بہنا: رونا۔ آنسو آنکھوں سے نکل کر رخساروں پر بہنا۔ آنسو پُنچھنا: رونا تھمنا۔ آس بندھنا۔ نقصان کا کچھ تدارک ہونا ؎

قدر رکھتا ہے نہایت گریۂ بیچارگی
زخم کے پُنچھتے ہیں آنسو دامنِ شمشیر سے

آنسو پونچھنا: آنکھوں کا پانی خشک کرنا۔ تسلی دینا۔ دلاسا دینا۔ آنسو پھوٹ نکلنا: آنکھوں سے یکایک آنسو بہہ پڑنا۔ آنسو پی جانا یا پینا: رونے کو روکنا۔ غم کھانا۔ صدمہ سہنا۔ ضبط کرنا۔ ؎ (وزیر)

تو نے دکھا کے ہمیں غیر کو ساغر جو دیا
ساقیا پی گئے ہم آنکھ میں آنسو بھر کر

آنسو تھمنا: رونا بند ہونا۔ آنسو ٹپکانا: رونا۔ آنسو ٹپک پڑنا: رونا آ جانا۔ آنسو بہنا ؎

کس طرح اس کو روانہ کروں ناسخ مکتوب
جائے قاصد مرے آنسو دمِ تحریر چلے

آنسو خشک ہونا: آنکھوں میں آنسو نہ رہنا۔ آنسو سوکھنا۔ آنسوؤں کی لڑی: آنسوؤں کا لگاتار سلسلہ۔ آنسو ڈبڈبانا: آنکھوں میں آنسو بھر آنا۔ آنسو ڈھال: (مو) آنکھ سے پانی برابر جاری بہنے کی بیماری۔ گھوڑے کی آنکھ سے پانی بہنے کی بیماری۔ آنسو گرانا: رونا۔ آنسو بہانا۔ ماتم کرنا۔ آنسو گر پڑنا: یکایک آنسو نکل پڑنا۔ آنسو گرنا: آنسو بہنا۔ آنسو نکل آنا۔ آنسو ٹپک پڑنا۔ آنسو نکل پڑنا: صدمہ یا خوشی سے بے اختیار آنسو بہہ پڑنا۔ آنسوؤں پیاس نہ بجھنا: ضرورت سے کم چیز ملنے سے تسلی نہ ہونا۔ آنسوؤں سے منہ دھونا: زار زار رونا۔ آٹھ آٹھ آنسو رونا۔ آنسوؤں کا تار بندھنا یا چلنا یا نہ ٹوٹنا: زار و قطار رونا۔ لگاتار رونا۔ آنسوؤں کی جھڑی: لگاتار آنسو۔ آنسوؤں کی سیل۔ آنسوؤں کا تار۔ آنسوؤں کی لڑی۔ آنسوؤں سے منہ دھونا۔ بکثرت رونا۔

آں قدح بشکست و آں ساقی نہ ماند: وہ دور جسے تم یاد کرتے ہو اب باقی نہیں رہا۔ وہ مزے اب کہاں۔

آنک: (ع) نشان۔ علامت۔ داغ۔ قیمت کی جانچ۔ تخمینہ اور اندازہ۔ آنکنا: قیمت یا وزن جانچنا۔ تخمینہ کرنا ؎

آتش رُخوں کی قیمتِ عالم کو آنکتے ہیں
بازارِ حسن والے کیا خاک چھانتے ہیں — آتش

آنکڑا: (ع۔ مذ) ہُک۔ کانٹا۔

آنکس: (ع۔ مذ) ہاتھی کو چلانے کے لیے کوچنے کی سلاخ

آنکھ: (ع۔ مو) دیدہ۔ چشم۔ نظر۔ تیور۔ بصارت۔ اشارہ۔ ایما۔ عشوہ۔ غمزہ ؎

یاد ہے اب بھی اے میاں مخلص
کہ تمہیں آنکھ سے بلاتے تھے

توجہ۔ التفات ؎ ناسخ

حسن کب ان کو نظر آتا ہے
آنکھ جن کی ہے قباحت کی طرف

امتیاز۔ اٹکل۔ شناخت۔ مہارت۔ مداخلت۔ دخل۔ واقفیت۔ جانچ ؎

جو لوگ کہ رکھتے ہیں آسیر آنکھ سخن میں
رکھتے ہیں وہ سر پر مرے دیواں کو دبا کے

آنکھ پھڑکنا - پلک یا چشم میں حرکت ہونا - آنکھ میں اختلاج سا پیدا ہونا - داہنی یا بائیں آنکھ کے خود بخود حرکت کرنے سے نیک و بد (علی الترتیب) شگون لینا ؎ امانت

الٰہی خیر پھڑکتی ہے آنکھ کیوں بائیں
غضب سے دیکھے دے دکھا کے پھرک

آنکھ پھوٹنا - چوٹ سے اندھا ہو جانا - نابینا ہونا - **آنکھ پھوٹی پیڑ گئی** - تعلق نہ رہا تو ہمدردی کیسی - **آنکھ پھوڑ ٹڈا** - سبز رنگ کا پردار کیڑا جس کی ٹانگیں لمبی اور دندانہ دار ہوتی ہیں - **آنکھ پھوڑنا** - اندھا کر دینا - **آنکھ پھیر لینا** - بے مروتی کرنا - **آنکھ ٹیڑھی کرنا** - ناراض ہونا - بے مروتی سے پیش آنا - **آنکھ جا پڑنا** - یکایک نگاہ کسی کی طرف اٹھ جانا - اتفاقیہ نظر آ جانا - **آنکھ جا لڑنا** - عشق ہونا - یکایک آنکھ پڑ جانا اور پسندیدگی سے دیکھنا - **آنکھ جمنا** - نظر ٹھہرنا - **آنکھ جھپکانا** - روشنی کی تاب نہ لا سکنا - شرمانا - بچانا - ذرا آنکھ بند کر کے سونا - ڈر سے یا رعب سے نظر نیچی کر لینا - مقابلہ نہ کر سکنا - **آنکھ جھپکنا** - آنکھ جھپکانا کا فعل لازم - **آنکھ جھکانا** - شرمانا - نظر نیچی کر لینا - **آنکھ چار نہ کرنا** - آنکھ نہ ملانا - شرمندہ ہونا - **آنکھ چار کرنا یا ہونا** - آنکھ سے آنکھ ملنا - آمنا سامنا ہونا - **آنکھ چرا جانا** - نظر بچا لینا - کترانا - **آنکھ چرا کر** - چوری چھپے سے ؎ سالک

میں ایک بار آنکھ چرا کر جو پی گیا
دیا نہ زخم دھونے کو پھر چارہ گر شراب

آنکھ چرانا - آنکھ بچانا - ٹالنا - دھیان نہ دینا - غرور یا شرم یا کراہت - آنکھ پھیر لینا - خاطر میں نہ لانا - نظر انداز کرنا - چشم پوشی کرنا ؎

لشکر کو دیا پیاس میں پانی شہ نے
تھا تشنہ ابن سعد آنکھ چرائی نہ گئی — انیس

آنکھ چمکانا - آنکھ مٹکانا - پلکیں نچانا - اترا کر دیدے مٹکانا - **آنکھ چھپانا** - شرم کرنا - چھپانا - آنکھ چرانا - **آنکھ دبا کر دیکھنا** - آنکھ کو ذرا بند کر کے دیکھنا - ایک آنکھ میں کچھ عیب ہونا - **آنکھ دکھانا** - گھور کر دیکھنا - چیں بجبیں ہونا - دھمکانا - ناراض ہونا - رمز و کنایہ - بے مروتی - **آنکھ دکھنا** - آشوب چشم - **آنکھ دھوئی دھائی** - بے شرمی - بے مروتی - **آنکھ ڈالنا** - بھانپنا - دیکھنا - سرسری دیکھنا - عشق کرنا - توجہ کرنا - تاکنا - واسطہ رکھنا - نگاہ بد سے دیکھنا ؎ جان صاحب

بیٹے کی باپ سے بنی خانم بگڑ نہ جائے
واے بہو پہ آنکھ ہوا بدشعار باپ

آنکھ ڈبڈبانا - آنسو بھر لانا - **آنکھ رکھنا** - محبت رکھنا - نظر بد سے دیکھنا - دیکھنا - آس رکھنا - **آنکھ سامنے نہ کرنا** - شرمانا - نظر نہ ملانا - رعب ماننا - **آنکھ سامنے نہ ہونا** - آنکھ سامنے نہ کرنے کا فعل لازم - **آنکھ سے آنکھ لڑنا** - آنکھیں چار ہونا - عشق پیدا ہونا - **آنکھ سے آنکھ ملانا** - آنکھیں چار کرنا - **آنکھ سے آنکھ ملنا** - آنکھیں چار ہونا - **آنکھ سے دیکھ کر کام کرنا** - دیکھ بھال اور احتیاط سے کام کرنا - **آنکھ سے دیکھنا** - خود دیکھنا - **آنکھ سے گرنا** - بے قدر ہونا - اعتبار جاتے رہنا - **آنکھ سے لہو ٹپکنا** - غصے میں آنکھوں کا سرخ ہو جانا - آنکھ سے خون گرنا - **آنکھ سینکنا** - دیدار بازی کرنا - حسینوں کو گھورنا - **آنکھ کا اندھا گانٹھ کا پورا** - مالدار بیوقوف - **آنکھ کا پانی ڈھلنا یا مرنا** - بے حیا بن جانا - **آنکھ کا پردہ** (مذ) آنکھ کے ڈھیلے کی جھلی - لاج - حیا - **آنکھ کا تارا** (مذ) بہت پیارا - **آنکھ کا تل** - پتلی - مردمک - **آنکھ کا جالا** - وہ جھلی جو آنکھ کی پتلی پر آ جاتی ہے اور بینائی کو زائل کر دیتی ہے - **آنکھ کا حجاب** (مذ) شرم و حیا - **آنکھ کا ڈھلکا** (مذ) ایک بیماری جس میں آنکھ سے پانی بہتا ہے - **آنکھ کا کاجل چرانا** - چوری کے فن میں کمال رکھنا - کمال عیار ہونا ؎ ظفر

سکھائی کس نے چوری چشم تر اشکوں کے لڑکوں کو
ہوئے یہ چور ایسے آنکھ کا کاجل چرا لیتے ہیں

آنکھ کا ڈھیلا - دیدہ - **آنکھ کا لحاظ** - شرم و حیا - مروت - **آنکھ کا لہو کی بوند ہونا** - آنکھ کا بہت سرخ ہونا - **آنکھ کا ناسور** - آنکھ کا زخم جو ہمیشہ بہتا ہے - **آنکھ کا کھلنا** - جاگنا - ہوشیار ہو جانا - حیران ہونا - عبرت ہونا - **آنکھ کھولنا** - جاگنا - ہوشیار ہونا - ہوش سنبھالنا - بچے کا پیدا ہونا - **آنکھ کی بدی دوست کے آگے** - کسی کا عیب اس کے دوست یا عزیز کے سامنے بیان کرنا - **آنکھ کی پتلی** - نہایت عزیز - مردمک چشم - آنکھ کا تارا ؎

پتلی ہو جسے آنکھ کی اپنی خیال دوست
یا تیرا حال ہے نہیں معلوم حال دوست — آتش

آنکھ کی پتلی پھرنا یا پھر جانا - مرنے کے آثار ظاہر ہونا - پتلیوں کا اوپر چڑھ جانا - **آنکھ کی ٹھنڈک** - وہ عزیز یا دوست جسے دیکھ کر آنکھیں ٹھنڈی ہوں - جی خوش ہو - **آنکھ کی حیا** - شرم اور مروت - **آنکھ کی سیل** - آنکھ سے بہنے والا پانی - مروت - **آنکھ کی کیچڑ** - وہ کثافت جو آنکھ کے کوؤں میں جمع ہو جاتی ہے - **آنکھ گاڑنا یا گڑنا** - خوب نظر جما کر دیکھنا - گھورنا - **آنکھ لال کرنا** - خفا ہونا - **آنکھ کی لجائی دھی ہوتی پرائی** - لڑکی کا رشتہ لانے والے کا پیغام سن کر جہاں لڑکی والوں نے نظر نیچی کی اور معلوم ہوا کہ رشتہ منظور ہے خاموشی سے نظر جھکانا اقرار کی نشانی ہے - **آنکھ لڑانا** - نظر بازی کرنا - عشق کرنا - تاک جھانک کرنا ؎ ظفر

اے شوخ دیدہ کہتے ہیں تیرے سے بچے کو ہم
ہے ہر کسی سے آنکھ لڑانا بہت برا

آنکھ لڑ جانا - عشق ہونا - رمز و کنایہ ہونا - **آنکھ لڑنا** - آنکھ چار ہونا - عاشق ہونا - اشارہ و کنایہ ہونا - **آنکھ لگا یا آنکھ لگا مردوا** - وہ مرد جس سے آشنائی کے بعد نکاح ہوا ہو -
؎ جان صاحب

سامنے ترمرے سے دکھائی دینے لگیں۔ آنکھوں کے آگے چاندنا ہو جانا۔ کچھ دکھائی نہ دینا۔ آنکھوں کے آگے ناک سوجھے کیا خاک۔ طنزاً کسی کی بیوقوفی ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں۔ نیز اپنے عزیزوں اور دوستوں کے قصور دکھائی نہیں دیا کرتے۔ آنکھوں کے آگے رکھنا۔ نظروں میں رکھنا۔ یعنی دیکھ بھال، نگرانی میں رکھنا۔ آنکھوں کے اندھے نام نین سکھ۔ ان اوصاف پر فخر کرنا جو حقیقت میں موجود نہ ہوں۔ آنکھوں کی پتلی۔ مردمک چشم۔ وہ سیاہ تل جو آنکھ کے بیچ میں ہوتا ہے۔ آنکھوں کا تارا۔ اولاد۔ آنکھوں کے ڈورے۔ وہ باریک باریک لال لال رگیں جو دکھائی دیتی ہیں۔ آنکھوں کے ڈھیلے۔ وہ سیاہی سپیدی اور پتلی کا مجموعہ۔ آنکھوں کی سوئیاں نکالتی رہ گئیں۔ سب کچھ ہو گیا ذرا سی کسر رہ گئی ہے۔ آنکھوں کی قسم۔ عورتوں کا [illegible] قسم کھاتی ہوں کہ جھوٹ بولوں تو آنکھیں جاتی رہیں۔ آنکھوں کے ناخن لو۔ دیکھنے کی لیاقت پیدا کرو تمہاری آنکھوں کا قصور ہے۔ آنکھوں میں۔ سب کے سامنے۔ لوگوں کی موجودگی میں۔ اشاروں میں۔ قیاس میں۔ آنکھوں میں آنا۔ تصور۔ آنکھوں میں بسنا۔ پسند آنا۔ بھانا۔ تصور ہر وقت رہنا۔ آنکھوں میں بھنگ گھلنا۔ [illegible] نشہ ہونا۔ آنکھوں میں پھرنا۔ تصور میں رہنا۔ تصور ہونا۔ ہر وقت یاد ہونا ؎ منیر

آنکھوں میں کیا پھرتے ہیں نہیں آتے ہیں رو برو
پردے پڑے ہیں دیکھنے والوں کے سامنے

آنکھوں میں تنکے چبھونا۔ کھلا ہوا ظلم کرنا۔ ضرر و نقصان پہنچانا۔ آنکھوں میں تلنا۔ نظروں میں رچنا۔ نہایت لطیف اور ہلکا ہونا۔ آنکھوں میں تیل لگانا۔ بہانا بنانا۔ حیلے حوالے بتانا۔ آنکھوں میں ٹھنڈک پڑنا۔ دل خوش ہونا۔ آنکھوں میں طراوت آنا۔ آنکھوں میں جگہ دینا۔ بہت عزیز سمجھنا۔ عزت و توقیر کرنا۔ آنکھوں میں خار ہونا۔ ناگوار گزرنا۔ کریہ المنظر اور بدصورت ہونا۔ دل میں کھٹکنا۔ آنکھوں میں خاک جھونکنا۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ آنکھوں میں خون اترنا۔ بہت غصہ آنا۔ غصے کے مارے سرخ ہو جانا۔ آنکھوں میں دم آجانا۔ جاں بلب ہونا۔ قریب مرگ ہونا۔ آنکھوں میں دنیا سیاہ ہونا۔ صدمے اور غم سے کچھ نہ سوجھنا۔ آنکھوں میں رات کٹنا۔ رات بھر جاگنا۔ رات بھر انتظار کرنا۔ صدمے اور فکر میں رات بھر نیند نہ آنا۔ آنکھوں میں رائی نون۔ جب کوئی شخص کسی بچے کو یا اور کسی حسین چیز کو دیکھے تو [illegible] نظر نہ لگ جائے۔ یہ کلمات بولتی ہیں یعنی آنکھ میں [illegible]۔ آنکھوں میں رکھنا۔ عزت و قدر کرنا۔ [illegible] عزت و محبت کرنا۔ آنکھوں میں رہنا۔ آنکھوں میں رکھنے کا [illegible]۔ آنکھوں میں سبک ہونا۔ بے قدر ہونا۔ آنکھوں میں سرسوں پھولنا۔ [illegible] جس [illegible] آنکھیں [illegible]۔ آنکھوں میں سپیدی چھانا۔ اندھا ہو جانا۔ آنکھوں میں [illegible] ہو تو [illegible] اچھے

بے حیا آنکھوں والے سے اندھا بھلا۔ آنکھوں میں کھب جانا یا کھبنا۔ بہت پسند آنا۔ آنکھوں میں کھٹکنا۔ برا لگنا۔ کسی کی صورت سے نفرت ہونا۔ کسی کو دیکھ کر جلنا۔ آنکھوں میں گھر کرنا۔ تصور میں رہنا۔ کسی کے دل میں محبت اور عزت پیدا کر لینا۔ آنکھوں میں لہو اترنا۔ دیکھو آنکھوں میں خون اترنا۔ آنکھوں میں مرچیں بھرنا۔ سونے نہ دینا۔ آنکھوں میں نون جھونکنا۔ اندھا بنانا۔ فریب دینا۔ آنکھوں میں نون رائی۔ دیکھئے آنکھوں میں رائی نون۔ نظر کے بچانے کے لیے نمک اور رائی بچے پر سے صدقہ کر کے چولھے میں جلاتی ہیں۔ آنکھوں ہی آنکھوں میں۔ آنکھوں کے اشاروں سے ؎ ظفر

آنکھوں ہی آنکھوں میں ہیں باتیں ان سے ہو جاتی
کبھی ظاہر میں کچھ باہم نہ کہتے ہیں نہ سنتے ہیں

آنکھیں آنا۔ آشوب چشم۔ آنکھوں کا دکھنا ؎ میر

عشق نے ایذائیں یہ دکھلائی ہیں
بھر گئے آنسو تو آنکھیں آئی ہیں

آنکھیں اٹ جانا۔ پتلیاں چڑھ جانا۔ زیادہ نشہ چڑھ جانا۔ مرنے کے قریب ہونا۔ آنکھیں امنڈ آنا۔ آنسوؤں کا جوش ہونا۔ آنکھیں بچھانا۔ آنے والے کی تعظیم و تکریم کرنا۔ انتظار کرنا۔ خوشامد کرنا۔ بہت اعزاز و اکرام سے پیش آنا۔ آنکھیں بدلنا۔ بے مروتی کرنا۔ وعدہ بھلا دینا۔ آنکھیں بیٹھ جانا۔ بہت کمزوری سے آنکھوں کا حلقہ چشم میں دھنس جانا۔ آنکھیں پانی ہو کر بہہ جانا۔ روتے روتے اندھا ہونا۔ آنکھیں پتھرا جانا۔ حسرت انتظار میں۔ نزع کے وقت آنکھوں کا اس طرح کھلا رہ جانا کہ کچھ نظر نہ آئے۔ روتے روتے آنسو باقی نہ رہنا۔ آنکھیں پٹ پٹانا۔ آنکھیں پر پر کرنا۔ مارنا۔ جھپکانا۔ آنکھیں پر آب ہونا۔ آنسو بھر آنا۔ آنکھیں پٹ پڑ ہو جائیں۔ آنکھیں اندھی ہوں۔ آنکھیں پھوٹ جائیں ؎

یا الٰہی جو جھوٹی قسم کھائے
دونوں آنکھیں ابھی پٹم ہو جائیں — شوق لکھنوی

آنکھیں پونچھنا۔ آنسو صاف کرنا۔ تسلی دینا۔ آنکھوں کا کیچڑ صاف کرنا۔ آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا۔ بہت غور سے یا شوق و رغبت سے دیکھنا۔ رشک و حسد یا حسرت سے گھبرا کر دیکھنا۔ آنکھیں پھٹنا۔ کمال حیرت ہونا۔ سخت صدمہ ہونا۔ رشک و حسد ہونا۔ انتظار کرنا ؎ جرأت

چار سو دیکھوں ہوں جوں آئینہ آنکھیں پھاڑ پھاڑ
تیری نظروں سے جو اوجھل وہ پری وش ہے مرا

آنکھیں پھوٹیں۔ اندھا ہو جائے۔ بددعا۔ آنکھیں پھیر لینا۔ بے مروتی کرنا۔ وعدے سے پھر جانا۔ آنکھیں پھیرے طوطے کی سی۔ باتیں کرے مینا کی سی۔ میٹھی باتیں کرنے والا دشمن [illegible]۔ آنکھیں ترسنا۔ دیکھنے کی بہت آرزو ہونا۔ آنکھیں تلووں سے ملنا۔ بہت خوشامد کرنا۔ بہت عزت و محبت کرنا۔ آنکھیں تو

اس کے درخت کا ثمر۔ **آنولے کا کھایا اور بڑے کا کہا بعد میں مزہ دیتا ہے**۔ ناگوار نصیحت کا فائدہ پیچھے معلوم ہوتا ہے۔ **آنول کٹنا**۔ سنجھے ہوئے آنولے۔ **آنولہ سار گندھک**۔ آنولے کے ہم شکل گندھک جو تاثیر میں اعلیٰ درجہ کی مانی گئی ہے۔

آنہ: (ہ۔ مذ) روپیہ کا سولھواں حصہ۔ **آنہ پائی**۔ کوڑی کوڑی۔ دام دام۔ **آنہ پائی کا حساب کرنا**۔ کفایت شعاری کرنا۔ حساب پورا کرنا۔

آنی بانی: (ہ۔ مو) چھیڑ چھاڑ۔ ہنسی ٹھٹھا۔ شرارت۔

آنی جانی: (ہ۔ مو) آنا جانا۔ بے ثبات۔ فانی ہست۔

انیس
دنیا بھی عجب سرا ہے فانی دیکھی
ہر چیز یہاں کی آنی جانی دیکھی

آوا: (ہ۔ مذ) کمہار کی بھٹی جس میں وہ مٹی کے کچے برتن پکاتا ہے۔ اینٹوں کا بھٹا۔ **آوا اُترنا**۔ برتنوں کا بھٹی سے پک کر اترنا۔ **آوا بگڑنا**۔ **آوے کا آوا بگڑنا**۔ سب جماعت کا برائی میں یکساں ہونا۔ **آوے کا آوا ٹیڑھا ہونا**۔ سارا سلسلہ غلط ہونا۔ آوے میں ناند کھوگئی۔ سفید جھوٹ۔ جو حد سے بری ہونے کے لیے ناقابل قبول عذر۔

آوا جانی: (ہ۔ مو) بے ضرورت آمد و رفت۔ اس کا استعمال اب متروک ہے۔

آواجہ: (ف۔ مذ) روزنامچہ۔ جمع خرچ کا رجسٹر۔

آوارگی: (مؤنث ف) بیکار ادھر اُدھر پھر کر وقت گنوانا۔ بدچلنی۔ بدمعاشی۔ **آوارہ**۔ بدچلن۔ بدمعاش۔ کنبہ سے دور۔ خانماں و دل۔ وطن سے بچھڑا ہوا۔ گیا گزرا۔ بھٹکا ہوا۔ ہرزہ گرد۔ کوچہ گرد۔ بے سر و سامان۔

جرأت
مرے اس رشک سے ہم تو کر جو ہے اسکے کوچے سے
پریشاں بے سر و پا غم زدہ آوارہ حیراں ہے

آوارہ پھرنا۔ واہی تباہی پھرنا۔ بیکار ادھر اُدھر مارا مارا پھرنا۔ **آوارہ گرد**۔ بدچلن۔ بدمعاش۔ بیکار ادھر اُدھر مارا مارا پھرنے والا۔ **آوارہ گردی**۔ دیکھو آوارگی۔ **آوارہ مزاج**۔ لاابالی۔ بے پروا جس کے مزاج میں بدچلنی اور بدمعاشی ہو۔ **آوارہ مزاجی**۔ آوارہ مزاج کی صفت۔ **آوارہ وطن**۔ وطن سے دور۔ مسافر۔ خانہ بدوش جس کا کہیں وطن یا گھر ور نہ ہو۔ **آوارہ وطنی**۔ آوارہ وطن کی صفت۔ **آوارہ ہونا**۔ بدچلن ہونا۔ بدمعاش ہونا۔ بیکار مارا مارا پھرنا۔

آواز: (مؤنث ف) پکار۔ صدا۔ آہٹ۔ کھڑکا۔ جھنکار۔ شہرہ۔ غلغلہ۔ اذان کا آوازہ۔

ذوق
موذن مرحبا بر وقت بولا
تیری آواز مکے اور مدینے

آواز آنا۔ صدا سنائی دینا۔ **آواز بدل جانا**۔ لہجے میں فرق آ جانا۔ کانوں کا پہلے سنی ہوئی آہٹ اور صدا میں فرق محسوس کرنا۔ **آواز بیٹھ جانا**۔ نزلہ یا بہت چلانے یا گانے میں آواز کا بھرا جانا۔ یا سُر بدن باقی نہ رہنا۔ **آواز بلند کرنا یا ہونا**۔ زور سے پکارنا یا چلا جانا۔ جوش یا غصے میں آواز کا اونچا ہونا۔ **آواز بند ہونا**۔ آواز بیٹھ جانا۔ گلے کی خراش یا اور کسی بیماری سے آواز کا منہ سے باہر نہ نکلنا۔ **آواز بھاری ہونا**۔ بھرانا۔ بیٹھنا۔ **آواز پڑ جانا**۔ گھر پڑ جانا۔ **آواز پر کان رکھنا یا دھرنا**۔ دھیان سے سننا۔ آہٹ کا انتظار کرنا۔ **آواز پر گولی لگانا**۔ اتنا نشانہ باز ہونا کہ جدھر سے شکار کی آواز آئے۔ ادھر گولی چلائے اور ٹھیک نشانہ پر لگے۔ **آواز پر لگنا**۔ کسی جانور کا مالک کی آواز بولنا۔ کسی جانور یا پرند کا انسان کی مخصوص آواز (جس کی اسے عادت ڈلوائی گئی ہے) سننے میں آنا۔ **آواز پڑنا**۔ آواز کا بھر جانا یا بیٹھ جانا۔ **آواز پھٹنا**۔ بھری بھری آواز ہو جانا جس میں رس باقی نہ رہے۔ **آواز دینا**۔ پکارنا۔ بلانا۔ کھٹکھٹانے سے بجنا۔ **آواز سگاں کم نکند رزق گدا را**۔ بدباطنی سے کسی کی روزی کم نہیں ہوتی۔ **آواز سے آواز ملنا**۔ ہم آواز ہونا۔ گانے میں ایک کے سُر سے دوسرے کا سُر ملنا۔ اس طرح کہ دونوں آوازیں ایک محسوس ہونے لگیں۔ **آواز کا پاٹ**۔ آواز کا پھیلاؤ اور گونج۔ **آواز کا اتار چڑھاؤ**۔ آواز کا کسی مضمون کی ادائی میں موقع موقع سے نیچے اونچا ہونا۔ **آواز کرنا**۔ بلانا۔ پکارنا۔ **آواز کھلنا**۔ گلے کی خرابی کے بعد صاف ہو جانا۔ آواز کا کسی مضمون کی ادائی کے وقت رفتہ رفتہ کافی بلند ہو جانا۔ **آواز ملانا**۔ آواز ملنے کا فعل متعدی۔ **آواز میں پکی لگ جانا**۔ کسی سبب سے آواز کا کھڑا نے لگنا۔ **آواز میں لوچ ہونا**۔ آواز میں نرمی یا دل کشی ہونا۔ **آواز میں حلاوت یا مٹھاس ہونا**۔ آواز میں دل کشی ہونا۔ **آواز میں نمک**۔ آواز میں درد ہونا جس سے دل پر غم کی کیفیت طاری ہو۔

آوازہ: (ف۔ مذ) شہرت۔ دھوم۔ ناموری۔ **آوازہ بلند ہونا**۔ شہرت ہونا۔ مشہور ہونا۔ **آوازہ کسنا**۔ **آوازہ مارنا**۔ **آوازے پھینکنا**۔ طعن کرنا۔ چھیڑنا۔ بنانا۔ چوٹ کرنا۔ **آوازیں**۔ آواز کی جمع۔

آواگون: (س۔ مذ) مر کر پھر جنم لینا۔ ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق روح کا ایک جسم سے نکلنے کے بعد کسی دوسرے جسم کی صورت میں جنم لینا۔ تناسخ۔

آورد: (ف۔ مو) بناوٹ۔ تصنع۔ گڑھت۔ زبردستی طبیعت میں کسی بات کو لانا۔ **آوردہ**۔ ساتھ لایا ہوا آدمی۔ اپنا رکھوایا ہوا۔ اپنی پسند سے رکھا ہوا ملازم۔ طفیلی۔

آئے تو وہ گنجفہ جلا دیتا ہے اور کہتا ہے کہ میری بازی ابتر۔ **ابتری**۔ بدنظمی۔ آوارگی۔ بربادی۔ پریشانی۔ تباہی۔ گڑبڑ۔ سراسیمگی تنخے یا تاش میں پتوں کی کم یا زیادہ تقسیم۔

اِبتِلا (ع۔ مذ) آزمایش۔ جانچنے کیلئے کسی کو مصیبت میں ڈالنا۔

اِبتِہاج: (ع مذ) خوشی سے تسلیم

گزرا ان کا ادھر جو آج ہوا کس قدر دل کو ابتہاج ہوا

اُبٹن۔ اُبٹنا: (ہ۔ مذ) وہ خوشبودار مصالحہ جو شادی کے موقع پر دلہن کے جسم پر ملا جاتا ہے اس سے جسم صاف اور ملائم ہو جاتا ہے۔ **اُبٹنا کھیلنا**۔ مانجھا بیٹھنے کے دن سے ساچق کے دن تک دلھن کی سہیلیوں کا ایک دوسرے کے اُبٹنا ملنا

اَبجد: (ع۔ مذ) الف بے۔ حروف تہجی۔ وہ آٹھ الفاظ جو عربی کے ۲۸ حروف سے ترتیب دیئے گئے ہیں ابجد ہوز حطی۔ کلمن سعفص۔ قرشت۔ ثخذ۔ ضظغ۔ یہ ۲۸ حروف جو ان کلمات میں آگئے ہیں۔ ان کے اعداد جمل یہ ہیں

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	
۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	
ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ	
۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰	

شاعر اور ادیب کسی اہم واقعے کی یادگار میں کوئی ایسا جملہ یا مصرعہ بناتے ہیں جس کے حرفوں کے اعداد مذکورۂ بالا حساب سے نکال کر انھیں جمع کیا جائے تو اس واقعے کا سن نکل آتا ہے **ابجد خواں**۔ الف بے پڑھنے والا مبتدی۔ نو آموز۔ **ابجد کا تالا** (قفل) ایک قسم کا تالا جس میں کئی چکر ہوتے ہیں اور ہر ایک پر اے بی سی۔ ڈی یا الف بے لکھی ہوتی ہیں جب انھیں گھما کر معین لفظ بناتے ہیں تو وہ کھل جاتا ہے۔ قفل ابجد

اَبخرہ: (ع۔ مذ) بخار کی جمع۔ بھاپ۔ بخارات۔ **ابخرے اُٹھنا**۔ بھاپ اٹھنا۔ دھواں نکلنا۔ **ابخرے چڑھنا** بخارات اوپر کی چڑھنا۔ اردو میں واحد بھی استعمال ہوتا ہے پست قد آدمی کا ہے کہ ہے زمین کا ابخرہ ہے۔

اَبخل: (ع) بہت بخیل۔ بہت کنجوس۔ ریبچڑ

اَبَد: (ع۔ مذ) آئندہ کی ہمیشگی جس کی کوئی حد نہ ہو۔ **اَبدالآباد**۔ آئندہ ہمیشہ ہمیشہ۔ **اَبَدی**۔ آئندہ ہمیشہ برقرار رہنے والا۔

اَبدال: (ع۔ مذ) اولیا اللہ کا وہ خاص گروہ جس پر دنیا بھر کے قیام کا انحصار ہے اور جس کے متعلق یہ کہا گیا ہے کہ یہ ہمیشہ دنیا میں کہیں نہ کہیں موجود رہتے ہیں اور جب ان میں سے ایک مرتا ہے تو دوسرا اس کی جگہ پیدا کر دیا جاتا ہے

اَبدالی: افغانوں کے ایک قبیلے کا نام

اَبر: (ف۔ مذ) بادل۔ گھٹا۔ تلوار کا جوہر سے تعلق

زندہ جاوید ہوں کیونکر نہ سب اسکے شہید
ابر رحمت ابر ہے قاتل تری تلوار کا

ابر اُٹھنا یا امنڈنا۔ بادل آنا۔ گھٹا آنا۔ **ابر بہار** (با اضافہ) بہار کا بادل۔ **ابر بہمن**۔ بھادوں کے موسم کا بادل۔ **ابر تر**۔ برسنے والا بادل۔ **ابر تنک** (با اضافہ) ہلکا بادل خفیف بادل۔ **ابر تیغ** (با اضافہ) تلوار کا جوہر۔ **ابر چھانا**۔ بادل آنا۔ گھٹا اٹھنا۔ چاروں طرف بادل کا گھر جانا۔ **ابر دریا بار**۔ (ابر با اضافہ) بہت زیادہ برسنے والا بادل۔ **ابر رحمت** (با اضافہ) بادل جو مخلوق کے لئے اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے۔ مجازاً بہت بخشش۔ **ابر سیاہ** (با اضافہ) کالی گھٹا۔ **ابر قبلہ**۔ (با اضافہ) وہ گھٹا جو سمت قبلہ سے اٹھتی ہو جس کے متعلق کہتے ہیں کہ خوب برستی ہے۔ **ابر کا ٹکڑا** (مذ) بادل کا ٹکڑا۔ **ابر کو دیکھ کر گھڑے پھوڑنا**۔ امید موہوم پر موجودہ چیز بھی کھو بیٹھنا۔ **ابر کوہسار** (با اضافہ) پہاڑ کی طرف سے اٹھنے والی گھٹا جو عموماً برستی ہے **ابر کھلنا**۔ بادلوں کا پھٹ جانا اور دور۔ آسمان کا بادلوں سے صاف ہو جانا۔ **ابر گھرنا**۔ بادل کا چاروں طرف چھا جانا۔ **ابر مُردہ** (با اضافہ) اسفنج ایک جالی سی سوراخ دار نرم چیز جو پانی کو جذب کر لیتی ہے۔ کہتے ہیں کہ یہ ایک مردہ سمندری جانور ہوتا ہے۔ **ابر نیساں** بہار کا بادل جو نوروز (۲۱ مارچ) سے چالیس دن قبل یا چالیس دن بعد برستا ہے۔ خیال ہے کہ اس کے پانی سے سیپ میں موتی۔ بانس میں بنسلوچن (تباشیر) کا سئے کے سینگ میں گلو چین اور کیلے میں کافور پیدا ہوتا ہے۔ **ابر و باد**۔ (مذ) مینہ اور آندھی۔

اَبرا: دیکھو ابرہ۔

اَبرار: (ع۔ مذ) بر کی جمع۔ نیک لوگ۔ پرہیزگار لوگ

اِبراہیم: (عبر۔ مذ) ایک پیغمبر کا نام جنہیں خلیل اللہ (اللہ کا دوست) بھی کہتے ہیں آپ کو نمرود (بادشاہ) نے آگ میں ڈلوا دیا تھا۔ مگر وہ آگ آپ کے لیے گلزار بن گئی تھی۔ خانہ کعبہ جسے طوفان نوح کے بعد آپ ہی نے دوبارہ تعمیر کیا۔ عید قربان آپ ہی کے اس واقعے کی یاد میں منائی جاتی

ہے کہ آپ نے خواب میں دیکھا تھا کہ مقام منا میں اپنے بیٹے کو ذبح کر رہے ہیں۔ چنانچہ اس خواب کی تعمیل کے لیے اپنے فرزند کو ذبح کرنے کے لیے لٹا دیا تھا۔ مگر جب چھری چلا کر آنکھوں کی پٹی کھولی تو دیکھا کہ اسمٰعیل زندہ ہیں اور ان کی جگہ دنبہ ذبح ہوا پڑا ہے۔ ہمارے رسولؐ آپ ہی کی نسل سے تھے

ابراہیم اَدہم: (ع۔ ب۔ اضا۔ مذ) ایک مشہور ولی اور درویش تھے جو بلخ کی بادشاہت چھوڑ کر فقیر ہو گئے تھے۔ ادہم آپ کے والد کا نام تھا۔ ابراہیم کی اضافت ادہم کی طرف اضافت ابنی ہے۔

اَبرص: (ع) کوڑھی۔ وہ شخص جس کے بدن پر سفید داغ ہوں

اَبرق۔ اَبرک: (ف۔ مو) ایک پرت دار اور چمکیلی چیز جو کان سے تہہ بہ تہہ پرت کی صورت میں نکلتی ہے اور آئینے کی طرح چمکدار ہوتی ہے ؎

پہنتے ہیں جو وہ جبیں پہ افشاں
چہرے پہ عیاں ہے نور کی ابرک — واجد علی شاہ

اَبرن: (ف۔ مذ) گہنا۔ زیور۔ بارہ زیور جو کان سے سر تک۔ ہاتھ، گلا، سینہ، بازو، ہاتھ، پیر کی انگلی، کمر و پیروں کی انگلی میں پہنتے ہیں۔

اَبرو: (مو۔ ف) بھوں۔ **اَبرو پر بل پڑنا:** تیوری چڑھنا۔ غصہ آنا۔ ناگواری ظاہر کرنا۔ ناراض ہونا
ابرو پر بل نہ آنا: (محاورہ) تکلیفوں میں مستقل مزاج رہنا
ابرو تاننا: غصے میں بھویں اوپر چڑھانا ؎ رشک

مرنے سے ڈراتے ہو گے تان کے ابرو
ہم جان بھی دیدیں گے اگر ارشاد کرو گے

ابرو کماں: وہ محبوب جس کے ابرو کمان کی طرح ہوں۔ خوبصورت محبوب۔ ابرو میں بل پڑنا: دیکھو ابرو پر بل پڑنا۔ ابروئے پیوستہ: (ب ا ضا) وہ بھویں جو بیچ میں ملی ہوئی ہوں۔ ابروئے فلک: (ب ا ضا) ہلال۔ پہلی رات کا چاند۔ دوج

اَبرہ: (ف۔ مذ) لحاف وغیرہ کے استر کی ضد۔ دوہرے کپڑے کے اوپر والا حصہ۔

اَبرہہ: (ع۔ مذ) قبل از اسلام حبش کا ایک بادشاہ تھا جو کعبہ کو ڈھانے کے لیے مکہ معظمہ پر ہاتھی لے کر چڑھ آیا تھا لیکن خدا کے حکم سے ابابیل پرندوں نے کنکریاں برسا کر اس کو مع ہاتھیوں کے ہلاک کر دیا۔

اَبری: (ا۔ مو) ایک قسم کا رنگین کاغذ جو کتابوں کے پٹھوں پر جلد بنانے کے بعد لگا دیا جاتا ہے

اَبریشم: (ف۔ مذ) ریشم کے کیڑے کا غلاف جس کے اندر وہ بند ہوتا ہے۔ اس غلاف کی حقیقت یہ ہوتی ہے کہ یہ کیڑا اگر سپید اپنے لعاب دہن سے تخم کے برابر لعاب اپنے جسم پر چڑھا لیتا ہے اور خود اس کے اندر رہتا ہے۔ اسی غلاف کو لوگ جوش دے کر چرخی سے ریشم نکالتے ہیں۔ اکثر دواؤں میں بھی کام آتا ہے

اِبریق: (ع۔ مذ) چھاگل۔ صراحی۔ پانی پینے کا ایک ٹونٹی دار اور دستے والا برتن۔ جھجری۔ کوزہ

اَبسنا: (ہ) سڑنا۔ بدمزہ ہونا

اَبصار: (ع۔ مذ) بصر کی جمع۔ آنکھیں

اِبطال: (ع۔ مذ) باطل کرنا۔ جھوٹ ثابت کرنا

اَبطال: (ع۔ مذ) بطل کی جمع۔ دلیر نوجوان۔ غازی

ابعادِ ثلاثہ: (ع۔ ب۔ اضا۔ مذ) لمبائی، چوڑائی اور اونچائی (یا گہرائی)

اَبکار: (ع۔ مو) بکر کی جمع۔ کنواریاں۔

اُبکائی: (ہ۔ مو) متلی۔ قے۔ وہ ہچکی جو قے سے پہلے آتی ہے جس سے محسوس ہو کہ متلی ہو رہی ہے (آنا۔ لینا) ؎ داغ

شراب ناب سے ابکائی جس کو آتی ہے
وہ کیا کرے گا الٰہی ترے طہور کی قدر

اُبل: (ہ) ابلنا مصدر سے فعل امر۔ اُبل آنا: پکتے ہوئے پانی وغیرہ کا جوش کھا کر باہر نکل آنا۔ (آنکھوں کا) آشوب کرنا (جسم وغیرہ کا) یکایک سوج جانا۔ یکایک کسی مادے کا اندر سے باہر ظاہر ہونا۔ کنوئیں، دریا وغیرہ کے پانی کا سوتے سے ایک دم بہت مقدار میں نکل پڑنا۔ خیالات کا ذہن سے پے در پے اور مسلسل پیدا ہونا۔ اُبل پڑنا: دیکھو ابل آنا۔ نیز بہت غصہ ہونا۔ کم ظرفی کی باتیں کرنا۔ اوچھے پن سے بھید نہ چھپا سکنا۔ حد سے باہر نکل پڑنا ؎ اسیر

منصور کو یہ ظرف کہاں تھا کہ ابل پڑتا
مشکل ہے شرب بادۂ مرد آزمائے عشق

اُبل جانا۔ اُبل چلنا: جوش کھا جانا۔ کم ظرفی سے کچھ کہہ اٹھنا
اُبلنا: جوش میں آنا۔ جوش کھانا۔ پکنا۔ چھلکنا۔ بہہ نکلنا۔ غرور میں آپے سے باہر ہو جانا۔

اَبلا: (ہ۔ مو) کمزور عورت۔ نازک عورت۔ ابلا پری: نازک اور خوبصورت عورت۔

آئیگا - **اپنا بالا اور پرایا ڈھینگرا - اپنا پوت پرایا ڈھینگرا** ایک ہی بات ہے۔ اپنے عزیز کی طرف داری۔ اسی پر غیر کی مخالفت **اپنا بنا لینا** - موافق کر لینا۔ ہم خیال یا ہمدرد بنا لینا۔ **اپنا بیگانہ** دوست اور دشمن ہر ایک - **اپنا پیسہ کھوٹا پرکھنے والے کا کیا دوش** - جب اپنی اولاد نالائق نکلی تو دوسرے کی کیا خطا - **اپنا بھی خدا ہے** - سب سہارے منقطع ہونے کے وقت کہتے ہیں ؎

مومن نہ سہی بوسہ پا سجدہ کریں گے!
وہ بُت ہے جو اوروں کا تو اپنا بھی خدا ہے

اپنا تن پہلے ڈھانکو۔ دوسرے کو ننگا پیچھے کہنا - پہلے اپنی برائی دور کرو پھر دوسرے کے عیب نکالنا - **اپنا توشہ اپنا بھروسہ** - اپنے ہی بھروسے پر ہر کام کرنا چاہئے - **اپنا ٹھکانا کرنا** - اپنے رہنے سہنے کھانے پینے کی جگہ خود پیدا کرنا - **اپنا ٹھیک نہیں اور کا ٹیک نہیں** - خود کر نہیں سکتے دوسرے کو کرنے نہیں دیتے - **اپنا ٹینٹ نہیں دیکھتے اور کی پھلی کو دیکھتے ہیں** - اپنے بڑے بڑے عیبوں پر نظر نہیں۔ دوسرے کا تھوڑا عیب بیان کرتے پھرتے ہیں - **اپنا رکھ پرایا چکھ** - اپنی چیز سنبھال کر محفوظ کر کے رکھ دی اور دوسرے کی چیز کھا لی - **اپنا سا مُنہ لے کر رہ جانا** - جھینپ کر رہ جانا۔ کچھ کرتے نہ بن پڑنا - **اپنا سپنا دیکھ کے** - اپنا انتظام کر کے - **اپنا سینا کرنا** - اپنے لئے کوئی تدبیر کرنا - **اپنا سر کچھ نہیں** - خاک نہیں۔ تو نے اپنا سر لیا کیا ہے - **اپنا سر پیٹو** - اپنے کئے کا خمیازہ بھگتو - **اپنا سر کھاؤ** - ہمارا مغز نہ کھاؤ۔ جو جی میں آئے کرو - **اپنا سلام ہے** - ہم پرہیز کرتے ہیں۔ ہم دور بھاگتے ہیں ؎ ذوق

جاتے ہیں اب تو کوئے بُت لالہ فام کو
اپنا تو بس سلام ہے دارالسلام کو

اپنا سوپ مجھے دے تو ہاتھوں نچوڑ - (اصلی معنی اپنا چھاج مجھے دیدے اور تو ہاتھوں سے غلہ پھٹک) خود غرض اور خود مطلب کے لئے بولتے ہیں - **اپنا سوچنا کرنا** - اپنی فکر کرنا۔ اپنا انجام سوچنا - **اپنا گلا شیخ و رکھ چھوڑئیے** - (روٹھنے کے موقع پر کہتے ہیں) اپنا کام خود سنبھالو - **اپنا کام کرو** - (ناراضی کے لہجے میں) جاؤ اپنی راہ لو - **اپنا کتا باندھو۔ ہم بھیک مانگنے سے باز آئے** - نفع نہ پہنچاؤ تو دُکھ بھی نہ دو - **اپنا کر لینا** - اپنا فدائی بنا لینا۔ قبضے میں لے آنا۔ مال مار لینا - **اپنا کیا پانا** - جیسا کر داروں کو پہنچانا جیسی کرنا ویسی بھرنا - **اپنا گوشت کھانا** - دل ہی دل میں کڑھنا - **اپنا گھر بھرنا** - کسی کا مال اپنے قبضے میں کرنا۔ اپنے ہی اپنوں کو فائدہ پہنچانا - **اپنا لال گنوا کے در در مانگیں بھیک** - اپنا مال کھو کر دوسروں کو سہارا ڈھونڈنا - **اپنا لہو پینا** - غم و غصہ کھانا۔ پیچ و تاب کھا کے رہ جانا - **اپنا ماریگا تو پھر چھاؤں میں ڈالیگا** - عزیز دکھ بھی دیگا تو رحم کے ساتھ - **اپنا مال اپنی چھاتی تلے** - اپنی چیز یا اولاد اپنے ہی پاس ٹھیک ہوتی ہے **اپنا مرن جگ کی ہنسی** - ہم تو مرلئے اور دوسرے ٹھٹھے لگا رہے ہیں - **اپنا مُنہ بنواؤ** - قابلیت پیدا کرو۔ اس قابل تو ہو جاؤ ؎ رند

مُنہ پہ مُنہ رکھا تو بولے کیا خوب
پہلے مُنہ اپنا تو بنوا لیجے آپ

اپنا مُنہ تو دیکھو - اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب کوئی اپنی حیثیت سے بڑھ کر دعویٰ کرے - **اپنا مُنہ گڑھیا میں دھو** - یہ کام تمہارے بس کا نہیں - **اپنانا** - کسی کو اپنا بنانا۔ کسی کے دل میں گھر کرنا۔ اپنی ملکیت بنانا - **اپنا نام بدل ڈالیں** - ضرور ایسا ہی ہوگا۔ اگر نہ ہو تو کچھ شرط رہی - **اپنا ہی رونا رونا** - اپنی ہی بات کہے جانا - **اپنا ہی مال لے جائے آپ ہی چور کہلائے** - نقصان بھی اور بدنامی بھی - **اپنایت** - دوستی - یگانگت

اپنی ، (ف) اپنا کا مونث - **اپنی آگ میں آپ جلنا** - حسد کرنا۔ غصہ کرنا - **اپنی اپنی** - جدا جدا ہر ایک کی - **اپنی اپنی بولی بولنا** - جدا جدا رائے ظاہر کرنا۔ ہر شخص کا الگ الگ موضوع پر بات کرنا - **اپنی اپنی پڑنا** - نفسی نفسی ہونا ہر شخص کا اپنے مطلب کی فکر میں رہنا - **اپنی اپنی ڈفلی اپنا اپنا راگ** - ہر شخص کی طبیعت اور دل اپنی جدا ہے - **اپنی اپنی قسمت** - جو جس کی قسمت کا ہے اسے ملتا ہے ؎ امیر

بُتکدہ مسجد ہے مجھ کو میخانہ
واعظا اپنی اپنی قسمت ہے

اپنی اپنی کہنا یا گانا - ہر شخص کا ایک جدا بات کہنا۔ ایک نئی رائے دینا - **اپنی اپنی گور اپنی اپنی منزل** - کوئی کسی کا ساتھ نہیں دیتا - **اپنی اصل پر جانا** - اپنی ذات اور قدر و حیثیت کے موافق کام کرنا - **اپنی ایڑی دیکھو** - عورتوں کا روزمرہ ٹوکو نہیں۔ نظر نہ لگاؤ۔ جب کوئی بے ساختہ کسی کے حسن کی تعریف کر دیتا ہے تو عورتیں اس خیال سے کہ نظر نہ لگ جائے کہتی ہیں کہ اپنی ایڑی دیکھو - **اپنی بات اپنے ہاتھ** - اپنی عزت اپنے ہی اعمال پر منحصر ہوتی ہے۔ اپنا معاملہ خود ہی ٹھیک کیا جاتا ہے **اپنی بات پر آجانا** - اپنی بات کی پچ کرنا - **اپنی بات کا ایک** - بات کا پکا۔ قول کا سچا۔ زبان کا پورا - **اپنی بیتی** - اپنے اوپر گذرے ہوئے واقعات اور حالات - **اپنی پیٹھ نہیں دکھائی دیتی** - اپنا عیب خود کو دکھائی نہیں دیتا - **اپنی تُر لگائے جانا** - اپنے ہی مطلب کی کہے جانا - **اپنی چلم بھرنے کو میرا جھونپڑا جلاتے ہو** - اپنے فائدے کے لئے مجھے برباد کرتے ہو - **اپنی چھاتی پر ہاتھ دھر کے دیکھنا** - دوسرے کا دل بھی اپنے جیسے سمجھنا - **اپنی مونچھ کٹے کے پیشاب سے منڈوا دوں** - دیکھو اپنا نام بدل ڈالیں - **اپنی رادھا کو یاد کرو** -

اُتر جانا: اوپر سے نیچے آجانا۔ دُبلا ہوجانا۔ غم اور مایوسی سے چہرے پر ہوائیاں اُڑنے لگنا۔ یہ خبر سُنتے ہی اُن کا مُنہ اُتر گیا۔

اَترسوں: (مذ) گزشتہ یا آئندہ۔ دو روز سے قبل کا دن۔ (تک)

اُترکے: گھٹ کے۔ مقابلے میں کم۔ ؎ رشک

قسم اوّل نُور تیرے عارضِ تاباں میں ہے
اس سے کم سورج میں ہے اس سے اُتر کے چاندنی

اُتر گئی لوئی پھر کیا کریگا کوئی: بے لحاظ آدمی کا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔ (یا) آ، بی مُنہ کی لوئی تو کیا کریگا کوئی

اُتران: (مذ) دیکھو اُتارن۔ **اُترن پُترن** (مذ) اُترے ہوئے پُرانے کپڑے۔ (تک)

اُترنا: (ف) متوجہ ہونا (جب پریوں کے ذکر پر اُترے تو محفل کو پرستان بنا دیا) سستا ہونا (بھاؤ اُتر گیا) ہلکا ہونا (بارش نہ ہونے سے گیہوں اُتر گیا۔ اس جگہ چڑھ جانا بھی بولتے ہیں) سن ڈھلنا۔ اعضا میں اضمحلال پیدا ہونا ؎ داغ

ڈھلا سارا بدن سانچے میں گویا
ذرا اُترا نہیں ظالم کہیں سے

نیچے آنا۔ بھرنا (آنکھوں میں خون، تھنوں میں دودھ اُترا) ذہن نہ رہنا (وقت پر بات ہی ذہن سے اُتر گئی) پھیلنا (دھوپ اُترنا) تیار ہوکر ٹوٹنا (درخت سے آج کتنے آم اُترے) حقیر ہوجانا (نگاہوں سے اُتر گیا) گھٹنا ؎ امیر

ادب جو روضۂ پُر نُور کی اجازت دے
اُتر کے چاند چراغِ مزار ہو جائے

باقی معانی کے لیے دیکھو "اُتارنا" کے تمام معانی اور استعمالات فعل لازم کی صورت میں۔

اُترنگ: (ف۔ مذ) وہ لکڑی جو دروازے میں اوپر کی طرف چوکھٹ کے بالمقابل لگائی جاتی ہے جس میں بازو کی دونوں لکڑیاں جوڑی جاتی ہیں

اُتری ہوئی: (ف) جیسے اُتری ہوئی افشاں۔ **اُتری ہوئی پاپوش**۔ بے قدر اور بے حقیقت چیز ؎

جب تعلق نہ رہا مرد سبکدوش ہے پھر
نوکری چھوڑی تو اُتری ہوئی پاپوش ہے پھر — مونس

اُتسو: (ف۔ مذ) خوشی کا عام مظاہرہ۔ جشن۔ تہوار (ہندوؤں کا روزمرہ)

اِتّصال: (ع۔ مذ) دو چیزوں کا ایک دوسرے سے ملا جوڑ۔ لگاتار۔ متواتر۔ قرب۔ نزدیکی۔

اِتّفاق: (ع۔ مذ) میل۔ دوستی۔ موقع۔ ناگاہ۔ اتحاد۔ **اِتّفاقاً:** یکایک۔ بے سان گمان۔ اتفاق سے۔ لاعلمی میں۔ **اِتّفاقات** (مذ) اتفاقی حادثات اور واقعات۔ **اِتّفاق پڑنا**۔ موقع پڑنا۔ موقع ملنا۔ **اِتّفاقِ رائے:** (یہ ایضاً) سب کی رائے کا ایک ہو۔ **اِتّفاق ہونا**۔ موقع پڑنا۔ اتحاد اور میل ہونا۔ **اِتّفاقی یا اِتّفاقیہ:** وہ بات جو اتفاق (اچانک) واقع ہوجائے۔ بلاتوقع واقع ہونے والی بات۔

اِتّقا: (ع۔ مذ) پرہیزگاری۔ زہد و تقویٰ۔

اَتقیا: (ع۔ مذ) تقی کی جمع۔ پرہیزگار لوگ۔ عابد و زاہد اشخاص

اِتّکا: (ع۔ مذ) کسی چیز پر بھروسا اور تکیہ کرنا۔

اَت گت: (ہ) بے حد۔ بے انتہا۔ حد سے زیادہ۔

اِتلاف: (ع۔ مذ) تلف کرنا۔ تلف ہونا۔

اُتّم: (ہ) عمدہ۔ شریف۔ پاک۔ **اُتّم سے اُتّم ملے اور نیچ سے نیچ، پانی سے پانی ملے اور کیچ سے کیچ**۔ جیسا کوئی ہوتا ہے ویسوں ہی سے میل جول رکھتا ہے۔ **اُتّم کھیتی مدھم بیوپار، نکھد چاکری بھیک ندار**۔ سب سے اچھا کام کھیتی ہے اس سے کم تجارت۔ بُرا ہوا نوکری سب سے بُرا بھیک مانگنا۔

اِتنا: (ہ) اس قدر۔ اس قابل۔ اس درجہ۔ یہاں تک۔ (لہجے میں سوالیہ انداز و تحقیر پیدا کرکے) اس قدر کم سامان (لہجے میں سوالیہ انداز اور حیرت پیدا کرکے) اس قدر زیادہ سامان۔ **اِتنا بھرا کہ چھلک گیا**۔ کسی بھلائی یا بُرائی یا کسی بھی کام میں اتنی افراط ہو برداشت نہ ہو یا چھپ نہ سکے۔ **اِتنا پکا کہ باسی پھیکا**۔ بات بڑھ جانے سے جھگڑا طول پکڑ گیا۔ **اِتنا سا**۔ تھوڑا سا۔ **اِتنا سارا**۔ بہت سا۔ **اِتنا سا فتنہ**۔ مکار بچہ۔ **اِتنا سا منہ نکل آیا**۔ شرمندہ ہوگیا۔ چہرہ اُتر گیا۔ دُبلا ہوگیا۔ **اِتنا کچھ**۔ بہت کم

اُتنا: (ہ) اُس قدر۔ اُس درجہ۔ وہاں تک۔ (تک)

اِتنی: (ہ) اِتنا کا مونث (لہجے میں سوالیہ اور تحقیر پیدا کرکے) اس قدر کم چیز (لہجے میں سوالیہ انداز اور حیرت پیدا کرکے) اس قدر زیادہ چیز۔ **اِتنی سی۔ اِتنی ساری۔ اِتنی سی**

اِتنی: اِتنی کچھ۔ دیکھو اِتنا سا (تک)

اَتی: (ہ) اس قدر۔ اس درجہ۔ وہاں تک (تک)

اِتنے :- اِتنا کی جمع (لہجے میں سوالیہ انداز اور تحقیر پیدا کر کے) اس قدر کم۔ (لہجے میں سوالیہ انداز اور حیرت پیدا کر کے) اس قدر زیادہ۔ اِتنے سارے۔ بہت سے۔ اِتنے سے تھوڑے سے۔ اِتنے سے اِتنا ہونا۔ چھوٹے سے بڑا ہونا۔ اِتنے کچھ۔ بہت کم۔ اِتنے کی بڑھیا نہیں جتنے کا لہنگا پھٹ گیا۔ اِتنا فائدہ نہ ہوا جتنا نقصان ہو گیا۔ اِتنے میں۔ اس عرصے میں۔ اس مقدار یا تعداد میں

اُتنے :- اُس قدر۔ اُس درجہ۔ وہاں تک

اُتو :- (ہ۔ مذ) کپڑے پر بیل بوٹے بنانے کا ٹھپہ۔ کپڑے پر ٹھپے سے بنے ہوئے بیل بوٹے۔ اُتو بنانا۔ کپڑے پر ٹھپے سے بیل بوٹے بنانا۔ مارتے مارتے برا حال کر دینا۔ بہت ناک میں دم کرنا۔ اُتو ساز۔ کپڑے پر نقش و نگار بنانے والا۔ اُتو کرنا۔ دیکھو اُتو بنانا۔ اُتو کش یا اُتو گر۔ دیکھو اُتو ساز۔ اُتو ہونا۔ کپڑے پر نقش و نگار بننا۔ پٹتے پٹتے بے حال ہو جانا۔ نشے میں بیہوش ہو جانا

اِتوار :- (ہ۔ مذ) سنیچر کے بعد کا دن۔

اِتّہام :- (ع۔ مذ) بہتان۔ تہمت لگانا۔ دینا۔ رکھنا۔

اَتھاہ :- (ہ) جس کی تھاہ نہ ہو۔ بہت گہرا۔ بہت عمیق۔

اَتھک :- (ہ) نہ تھکنے والا۔ بہت محنتی۔

اُتھلا :- (ہ۔ مذ) کم گہرا۔ کنارے کی سطح سے برائے نام گہرا۔ برتن یا دریا وغیرہ۔ چھچھورا۔ کم ظرف۔

اُتھل پُتھل :- (ہ) اُلٹ پلٹ۔ نیچے اوپر۔

اَٹ :- اَٹنا مصدر کا فعل امر۔ اَٹا اَٹ۔ بھرپور۔ بھرا ہوا۔ اَٹ جانا۔ اَٹنا۔ گرد و غبار سے بھر جانا۔ کسی بھی چیز سے پُر ہو جانا۔

اَٹاری :- (ہ۔ مو) کوٹھا۔ بالاخانہ۔ چھت۔ لاہور اور امرتسر کے درمیان ایک گاؤں جو پاکستان اور بھارت کی سرحد پر واقع ہے۔

اَٹالا :- (ہ۔ مذ) اُٹھ کھٹولا۔ گھر کا اسباب۔ خراب اور بیکار سامان۔

اِٹاوہ :- (مذ) بھارت کے صوبہ یو۔پی کا ایک شہر۔ اِٹاوے کا کاریگر۔ وہ کاریگر جو اپنے آپ کو بڑا استاد ظاہر کرے مگر پورا نہ اترے۔

اَٹّی :- الف کا زبر اس طرح ادا ہو۔ جیسے یائے مجہول سے پہلے

انگ) ایسا وکیل جو صرف مقدمہ مرتب کر کے دوسرے وکیل یا بیرسٹر کو دیدے اور خود پیروی نہ کرے۔

اَٹ سَٹ :- (ہ۔ مو) ناجائز دوستی۔ سازش۔ توڑ جوڑ۔ فریب و مکر۔ اَٹ سَٹ لڑانا۔ راز داری ہونا۔ ناجائز دوستی ہونا۔ سازش ہونا۔

اَٹک :- (ہ۔ مذ) پنجاب کے ایک مشہور دریا اور ضلع کا نام (فعل۔ مو) روک۔ مزاحمت۔ اٹکاؤ۔ جھجک۔ رکاوٹ۔ دیر۔ اٹکانا۔ الجھانا۔ روکنا۔ پھنسانا۔ معلق کرانا۔ لٹکا دینا۔ توقف کرا دینا۔ لڑانا۔ اٹکاؤ (مذ) دیکھو اٹک (فعل)۔ اٹکنا اٹکانا کا فعل لازم۔

اَٹکریس :- (ہ) بے ترتیبی سے۔ بے قاعدہ۔ بے قرینہ۔

اَٹکل :- (ہ۔ مو) اندازہ۔ قیاس۔ اٹکل باز۔ شناسا۔ جانچنے۔ تاڑنے والا۔ بھانپنے والا۔ اٹکل پچو۔ اندازہ سے۔ بے تحقیق کے۔ خیالی۔ تخمینہ۔

اَٹکن بَٹکن یا اَٹکن چَٹکن :- (ہ۔ مذ) بچوں کا ایک کھیل جس میں وہ زمین پر یا فرش وغیرہ پر اپنا ہاتھ رکھتے ہیں اور ایک بچہ سب کی انگلی سے سب کے ہاتھ کو باری باری دباتے ہوئے کہتا ہے "اٹکن بٹکن دہی چٹاخن، اگلا جھولے بگلا جھولے ساون ماس کریلا پھولے پھول کی بالیاں، باوا گئے دلی لائے سات کٹوریاں ایک کٹوری پھوٹ گئی۔ نیولے کی ٹانگ ٹوٹ گئی" جس کے ہاتھ پر بات ختم ہوتی ہے اس سے پوچھتا ہے "تو ٹھنڈا لے گا یا چھری؟" اگر وہ ٹھنڈا مانگتا ہے تو اس کا ہاتھ اٹھا کر اس کے منہ پر رکھ دیتا ہے اور کہتا ہے "تیری ماں کا پیٹ ٹھنڈا" اور اگر "چھری" مانگتا ہے تو کہتا ہے "تیری ماں بُری"

اَٹکھیلی :- (ہ۔ مو) شوخی۔ چنچل پن۔ ناز سے چلنا۔ اٹکھیلی چال۔ مستانہ چال۔ معشوقانہ چال۔ شوخی بھری رفتار۔ نئی نرالی ترنگ۔ اٹکھیلیاں سوجھنا۔ چہل کرنے کو دل چاہنا۔ اٹکھیلیاں کرنا۔ کھیلنا کودنا۔ ناز و انداز دکھانا۔ اٹکھیلیوں سے چلنا۔ ناز سے چلنا۔ اترا کر چلنا۔ خراماں خراماں چلنا۔

اَٹل :- (ہ) اپنی جگہ سے نہ ٹلنے والا۔ قائم۔ مستقل مزاج۔ مضبوط۔

اَٹلس :- (الف کا فتحہ اس طرح ادا کیا جائے جس طرح یائے مجہول سے پہلے ادا کرتے ہیں۔ مذ۔ انگ) ملکوں کے نقشوں کی کتاب۔

اَٹم :- (ہ۔ مذ) ڈھیر۔ انبار۔ تودہ۔ اٹمبر۔ بہت سا اسباب۔ بڑا کنبہ۔

اَٹنگا :- (ہ) ٹخنوں سے اونچا پاجامہ۔ اونچا کپڑا جو لمبائی

میں کم ہو۔ اٹنگی ہونا۔ اُونچا اور بدقطع ہونا۔

اَٹنگن: (ہ) ایک کانٹوں والا درخت جس کا بیج دواؤں میں استعمال ہوتا ہے اور بدن کو چھو جانے سے اس میں کھجلی ہونے لگتی ہے۔

اَٹواٹی کھٹواٹی: (ہ۔مو) کھاٹ کھٹولا اوڑھنا بچھونا۔ اَٹواٹی کھٹواٹی لے کر پڑنا۔ روٹھ کر مُنہ لپیٹ کر پڑا رہنا۔

آٹھا: (ہ۔مذ) گنجفے اور تاش کا وہ پتا جس پر آٹھ نقطے یا آٹھ لکیریں بنی ہوتی ہیں۔ اٹھارہ۔ سترہ اور ایک۔ اُنیس سے ایک کم۔ اٹھاسی۔ اسّی اور آٹھ نوّے سے دو کم۔ اٹھانوے۔ نوّے اور آٹھ سو سے دو کم۔ اٹھاون۔ پچاس اور آٹھ ساٹھ سے دو کم۔ اٹھائیس۔ بیس اور آٹھ تیس سے دو کم۔ اٹھتّر۔ ستّر اور آٹھ۔ اسّی سے دو کم۔ اٹھلاری۔ (مذ) آٹھ فیر کا طمنچہ۔ اٹھنّی۔ آٹھ آنے کا سکّہ۔ اٹھوارہ۔ آٹھ دن کی مدت۔ پورا ہفتہ۔ اٹھوانسا۔ وہ بچہ جو بجائے نو مہینے کے آٹھ مہینے میں پیدا ہو۔

اُٹھا: (ہ) اُٹھنا مصدر سے ماضی مطلق۔ اُٹھا بیٹھی (مو) گھڑی گھڑی اُٹھنا بیٹھنا۔ کان پکڑ کے جلدی جلدی اُٹھنا بیٹھنا۔ ایک قسم کی سزا ہے جو بچوں کو دی جاتی ہے۔ اُٹھا دینا۔ کسی کو صحبت سے نکال دینا۔ نیچے سے اُوپر کر دینا۔ خرچ کر دینا۔ سوتے کو جگا دینا۔ جگہ سے ہٹا دینا۔ دیوار وغیرہ بنانا یا بلند کرنا۔ گرے ہوئے کو بٹھا دینا یا کھڑا کر دینا۔ برپا کرنا۔ اُٹھا رکھنا۔ بچا رکھنا۔ پھر کے لیے ملتوی رکھنا۔ سینت کر رکھ دینا ؎ شمیم

علی اصغر چلے رن کو تو ماں نے آہ بھر بھر کر
بڑھائیں ہنسلیاں کرتے سلوکے سب اٹھا رکھے

اُٹھا لانا۔ پڑی ہوئی چیز کو اٹھا کر لے آنا۔ بیٹھے ہوئے یا لیٹے ہوئے کو بلا لینا۔ صحبت وغیرہ سے کسی کو نکال لانا۔ لے آنا۔ چرا لانا۔ اُٹھا لے جانا۔ اٹھا کر لے جانا۔ چرا کر چل دینا۔ جماعت سے جدا کر کے لے جانا۔ اُٹھا لینا۔ اُونچا کر لینا۔ چن لینا۔ خرچ میں لے آنا۔ ڈھیر میں سے الگ کر لینا۔ جھیل لینا۔ جگا لینا۔ کسی کو صحبت سے الگ کر لینا۔ جماعت سے جدا کر لینا۔ گرے ہوئے کو بٹھانا یا کھڑا کر دینا۔ ذمہ داری سے سبکدوش کرنا۔ رکھے ہوئے بوجھ کو ہاتھ میں لے لینا یا سر پر رکھ لینا۔ چرا لینا۔ اُٹھان۔ (مو) اُبھار۔ بلندی۔ ابتدا۔ آغاز۔ اُٹھان کا۔ اُونچا اُڑنے والا۔ اُٹھانا۔ بیٹھے ہوئے کو کھڑا کرنا۔ لیٹے ہوئے کو کھڑا کرنا یا بٹھانا۔ سوتے کو جگا دینا۔ اُونچا کرنا۔ جھیلنا۔ سہنا۔ ضبط و تحمل کرنا۔ اڑانا۔ نکال باہر کر دینا۔ کسی چیز کو جگہ سے ہٹا دینا۔ مار ڈالنا۔ فتنہ برپا کرنا۔ کسی کے مصرع پڑھنے کے بعد دوبارہ اسے بلند آواز سے دہرانا۔ کسی کے کلام سنانے کی ابتدا میں پوری توجہ سے سن کر اس کی تعریف کرنا۔ دیوار وغیرہ بنانا۔ چھنا۔ توجہ ہٹا لینا۔ جیسے ہاتھ اُٹھا لینا۔ تائید کرنا۔ موقوف کر دینا۔ ہٹانا۔ اُتارنا۔ رفع دفع کرنا۔ اُبھارنا۔ پکڑ لینا۔ اُٹھاؤ چولھا۔ (مذ) وہ آدمی جو آج یہاں کل وہاں۔ غیر مستقل کام۔ خانہ بدوش۔ اُٹھاؤ میرا مکنا میں گھر سنبھالوں اپنا۔ اس عورت کے لیے بولتے ہیں جو بیاہ ہوتے ہی میاں کو لے کر ساس نندوں سے الگ ہو جائے۔ اٹھاونا (مذ) مُردے کا تیجا جو مرنے سے تیسرے دن ہوتا ہے اور اس دن گھر کی مالکہ اپنے باپ کے گھر پرسہ کے لیے جاتی ہے۔ اُٹھائی گیرا (مذ) چور۔ اُچکا۔ بدمعاش۔ اُٹھ بیٹھنا۔ جاگ اُٹھنا۔ صحت پانا۔ بیہوشی سے ہوش میں آنا۔ لیٹے سے اُٹھ کر بیٹھ جانا۔ اُٹھتا بیٹھتا۔ گرتا پڑتا۔ اُٹھتا جوبن۔ آغاز شباب۔ ابتدائے جوانی میں عورت کے سینے کا اُبھار۔ اُٹھتے بیٹھتے۔ ہر وقت۔ نیز اُٹھتا بیٹھتا کی جمع۔ اُٹھتی جوانی۔ ابتدائے شباب۔ جوش جوانی کے دن۔ اُٹھتے جوتی بیٹھتے لات۔ ہر وقت کی ڈانٹ پھٹکار۔ اُٹھتی کونپل۔ دیکھو اُٹھتی جوانی۔ اُٹھ جانا۔ چلا جانا۔ رخصت ہونا۔ مر جانا۔ خرچ ہو جانا۔ خاتمہ ہو جانا۔ اُٹھک بیٹھک۔ دیکھو اُٹھا بیٹھی۔ اُٹھ کھڑا ہونا۔ یکایک کسی صحبت سے بیٹھے بیٹھے اُٹھ جانا۔ چلنے پر مستعد اور تیار ہونا۔ مرض سے صحت پانا۔ (فتنے وغیرہ کا) پیدا ہو جانا۔ اُٹھنا۔ اُٹھانا کا فعل لازم۔ اُٹھنا بیٹھنا۔ آمد و رفت۔ تعلقات۔ اٹھوانا۔ اُٹھانا کا متعدی در متعدی۔ اُٹھی پینٹھ آٹھویں دن۔ وقت کھونے کے بعد دیر تک موقع کا انتظار کرنا پڑتا ہے۔

اَٹھوارا: (ہ) ہفتہ۔ آٹھ دن۔ اٹھوارا گزرنا۔ ہفتہ گزرنا۔ اٹھوارہ نہ کٹے (کلمہ عورتوں کی دعائے موت۔

اَٹھلانا: (ہ) مٹک کر چلنا۔ ناز نخرے یا غرور سے چلنا۔

اُٹھلّو: (ہ) مختون مزاج۔ جم کر کام نہ کرنے والا۔ جسے کسی ایک جگہ قیام و قرار نہ ہو۔

اَٹی: (ہ۔مو) سوت کا لچھا۔ گیہوں یا جو کی بالوں کا گٹھا۔ اٹیا۔ اٹی کی تصغیر۔

اَٹیچ: (انگ) شامل۔ وابستہ۔ ملحق۔

اَٹیچی یا اٹیچی کیس: (انگ۔ پہلا مو دوسرا مذ) چمڑے کا چھوٹا سا بکس جس میں معمولی ضروریات کی چیزیں رکھتے ہیں۔

اَٹیرن: (ہ۔مذ) سوت کی اٹی بنانے کی چرخی۔ پہلوانوں کی اصطلاح میں ایک پیچ کا نام۔ گھوڑے کو کاوہ (چکر) دینا۔

اَڑھیرن پھیرنا ۔ گھوڑے کو کاوا دینے کا ایک خاص طریقہ ۔ اَڑھیرن کر دینا ۔ کشتی کے داؤں میں باندھ دینا ۔ پکڑا دینا ۔ دم نہ لینے دینا ۔ اڑھیرنا ۔ کاتے ہوئے سُوت کو اَڑھیرن پر لپیٹنا ۔ گھوڑے کو کاوا دینا ۔

اَڑیک :۔ (ف) سہارے کے بغیر ۔ بلا مدد ۔ بے سہارا ۔

اَڑیک :۔ (مذ ۔ اٹک) طعنہ آتشنا کرنا ۔ الفاظ میں حملہ ۔ حملہ

اَثاثُ البَیت :۔ (ع ۔ مذ) اسباب خانہ داری ۔ گھر کا سامان ۔ اَثالا ۔

اَثاثہ :۔ (ع ۔ مذ) سامان ۔ سرمایہ ۔ جوڑا ۔ جگڑیا جوڑا ۔ اسباب ۔ گھر کا کپڑا وغیرہ ۔ کل پونجی ۔

اِثبات :۔ (ع ۔ مذ) ثابت کرنا ۔ ثبوت دینا ۔

اَثر :۔ (ع ۔ مذ) نشان ۔ علامت ۔ کھوج ۔ تاثیر ۔ نتیجہ ۔ فائدہ ۔ خاصیت ۔ سرایت ۔ سایہ (کرنا ۔ ہونا) ۔ اثر پذیر ۔ (بہ اضافہ) اثر قبول کرنے والا ۔ اثر لینے والا ۔

اَثقال :۔ (ع) ثقل کی جمع ۔ بوجھ ۔ وزن ۔ گٹھریاں ۔ گٹھڑ ۔ بنڈل ۔

اَثمار :۔ (ع ۔ مذ) ثمر کی جمع ۔ پھل ۔ خوشے ۔ میوے ۔

اَثنا :۔ (ع) درمیان ۔ دوران ۔ وقفہ ۔

اِثنا عَشَر :۔ (ع) بارہ ۔ بارہ امام جنہیں شیعہ مانتے ہیں ۔ اِثنا عشری ۔ بارہ امام ماننے والے مسلمان فرقہ امامیہ کے لوگ ۔

اَثیر :۔ (ع) عالی ۔ بلند ۔ سے انیس
بھڑکی تھی آگ گنبد چرخ اثیر میں

اَثیم :۔ (ع) گنہگار ۔ خاطی ۔ قصوروار ۔

اِجابَت :۔ (مؤ) قبولیت ۔ رفع ضرورت ۔ پاخانہ ۔

اِجارَہ :۔ (مذ) ٹھیکہ ۔ چنگی کا محصول ۔ کرایہ ۔ اِجارہ ۔ اُجاڑا ۔ ٹھیکے کا کام اچھا نہیں ہوتا ۔ اجارہ دار ۔ ٹھیکیدار ۔ دعویدار ۔ اِجارہ نامہ (مذ) وہ دستاویز جو ٹھیکہ دیتے وقت لکھی جاتی ہے ۔ اِجارے دینا ۔ ٹھیکے پر دینا ۔

اُجاڑ :۔ (ف) ویران ۔ غیر آباد ۔ اجاڑنا ۔ ویران کرنا ۔ برباد کرنا ۔ اُجاڑو ۔ برباد کرنے والا ۔ کھاؤ ۔ لٹاؤ ۔ جاذ صورت (مک) بدصورت ۔ کنگھی چوٹی نہ کرنے والی لڑکی ۔

اِجازَت :۔ (ع ۔ مؤ) منظوری ۔ حکم ۔ کسی کام کے لیے بڑوں کی طرف سے مرضی کا اظہار ۔ اجازت نامہ ۔ وہ تحریر جو سند کے لیے حکومت کی طرف سے ممنوعات کی اجازت ملنے کے ساتھ دی جاتی ہے ۔ اِجازہ ۔ وہ اجازت نامہ اور سند جو علماء کی طرف سے کسی شخص کو نماز جماعت پڑھانے کی اجازت دینے کے موقع پر دیتی ہے ۔

اُجاگَر :۔ (ف) روشن ۔ ظاہر ۔ واضح ۔

اُجالا :۔ (ف ۔ مذ) روشنی ۔ اُجالا ہونا ۔ چاند ہونا ۔ دن نکلنا ۔ لُٹ جانا ۔ کچھ باقی نہ رہنا ۔ اُجالنا ۔ برتن وغیرہ چمکانا ۔ صیقل کرنا ۔ نکھارنا ۔ اُجالے کا پہرہ ۔ پچھلی رات کا پہرہ ۔

اَجانِب :۔ (ع) اجنبی کی جمع ۔ غریب لوگ ۔

اِجتماع :۔ (ع ۔ مذ) جمع ہونا ۔ اکٹھا ہونا ۔ یکجا ہونا ۔ اتفاق رائے ۔ عوام کا جلسہ ۔ نجومیوں کی اصطلاح میں آفتاب و ماہتاب کا ایک برج ایک درجے اور ایک دقیقے میں جمع ہونا ۔ اِجتماعِ ضِدّین ۔ (بہ اضافہ) دو مخالف چیزوں یا باتوں کا ایک جگہ جمع ہونا ۔ اِجتماعی ۔ مجموعی ۔ اکٹھا ۔ قومی ۔ عوامی ۔ عام لوگوں کے مفاد سے تعلق رکھنے والا ۔

اِجتناب :۔ (ع ۔ مذ) بچنا ۔ پرہیز کرنا ۔ کنارہ کشی ۔

اِجتہاد :۔ (ع ۔ مذ) کوشش کرنا ۔ غور و خوض سے کسی مسئلے کو حل کرنا ۔ قرآن ، حدیث اور علماء ماضی کے جہانگی فیصلے سے فروعی مسئلوں کو حل کرنا ۔ نئی بات پیدا کرنا ۔

اَجداد :۔ (مذ) جد کی جمع ۔ دادا ۔ پردادا وغیرہ ۔

اَجُدّھیا :۔ (اجودھیا) بھارت کے صوبہ یوپی میں ہندوؤں کا متبرک شہر جس میں اُن کے قدیم مذہبی پیشوا رہا کرتے تھے ۔

اُجڈ :۔ (ف) جاہل ۔ گنوار ۔ بیوقوف ۔

اَجر :۔ (ع ۔ مذ) صلہ ۔ انعام ۔ نیک کام کا عوض ۔ ثواب ۔

اِجرا :۔ (ع ۔ مذ) جاری کرنا ۔ شروع کرنا ۔ اجرائے ڈگری ۔ عدالت سے کسی کے اوپر ڈگری ہونا ۔ اجرائے نفیشہ ۔ عدالت سے طلبی کا حکم یا سمن جاری ہونا ۔

اَجرام :۔ (ع ۔ مذ) جرم کی جمع ۔ عالم بالا کے لطیف اجسام ۔ اجرامِ فلکی (بہ اضافہ ۔ مذ) چاند ۔ ستارے وغیرہ ۔

اُجرت: (ع مو) مزدوری قیمت (پانا ٹھہرانا لینا دینا)

اُجڑا: (ہ) ویران۔ خراب شدہ۔ خانہ خراب۔ **اُجڑا پُجڑا** برباد شدہ۔ **اُجڑ جانا** لُٹ جانا۔ ویران و تباہ ہو جانا۔ **اُجڑنا** مٹنا۔ ویران ہونا۔ (پودے وغیرہ کا) اُکھڑنا۔ پامال ہونا۔ **اُجڑے گھر کا بلینڈا** برباد شدہ گھر یا خاندان کا ایک فرد جو بچ رہا ہے۔ **اُجڑی کی اُلگ** تباہ ہوئی۔ بھی گئی

اَجزا: (ع۔ مذ) جُزو کی جمع۔ حصّے۔ ٹکڑے۔ کسی کتاب کے سولہ سولہ صفحات کے حصّے (سولہ صفحات ایک جزو کہلاتے ہیں) **اجزائے ترکیبی**۔ (ب اضا) وہ ٹکڑے یا حصّے جن سے مل کر کوئی چیز بنی ہو۔ **اجزائے متناسبہ** کسی چیز کے اجزا جو ملائے جانے کی صورت میں تناسب کے لحاظ سے ٹھیک اور موزوں ہوں اور ان میں سے کم یا بیشی نہ ہو۔

اَجساد: (ع۔ مذ) جسد کی جمع۔ بہت سے جسم۔

اَجسام: (ع۔ مذ) جسم کی جمع۔ تن۔ بدن۔ ہر طول عرض عمق رکھنے والی چیز۔

اَجگر: (س۔ مذ) وہ بڑا سانپ جو بکریاں تک نگل جاتا ہے۔ اجگر۔ اژدہا۔ **اجگر داتا**۔ جو موٹاپے کے باعث چلنے پھرنے اور کام کرنے سے معذور ہو (جیسے اژدہا) بہت بھاری۔

اَجل: (ع۔ مو) موت۔ وقت۔ مدت۔ **اجل آئی ہے**۔ تنبیہ کے موقع پر) موت آئی ہے بہت برا کام کر رہے ہو۔ **اجل رسیدہ** یا **اجل گرفتہ** جس کی موت آئی ہو موت کے چنگل میں پھنسا ہوا قریب المرگ۔ **اجل سر پر کھیلنا**۔ موت کا آ پہنچنا۔ ایسا کام کرنا جس میں موت کا اندیشہ ہو

اَجَلّ: (ع۔ ل) در اصل مشدد ہے لیکن اردو میں ساکن ہی پڑھا جاتا ہے) بزرگ ترین۔ بہت جلیل القدر۔

اُجلا: (ہ۔ مذ) سفید۔ صاف۔ **اُجلا کھانا پہننا** (اچھی غذا اور اچھا لباس استعمال کرنا۔ مالداری کی طرف اشارہ) **اُجلا منہ ہونا** سرخرو ہونا۔ بے گناہ ثابت ہونا۔ قرض ادا ہو جانا۔

اِجلاس: (ع۔ مذ) کچہری۔ دربار۔ کسی مجلس کا سالانہ یا ششماہی بڑا جلسہ۔ نشست (کرنا۔ ہونا)

اَجلاف: (ع۔ مذ) جلف کی جمع۔ رذیل۔ کمینے۔ گھٹیا طبقے کے لوگ۔

اِجلال: (ع۔ مذ) بزرگی۔ جلال۔ شان و شوکت۔ دبدبہ۔ رعب داب۔

اَجِلّہ: (ع۔ مذ) جلیل کی جمع۔ بزرگ لوگ۔ صاحب شوکت

اُجلی: (ہ۔ مو) صاف ستھری۔ تیز و طرّار۔ **اُجلی سمجھ**۔ ذہن رسا۔ بات کی تہہ کو جلد پہنچنے والا ذہن سلجھی ہوئی طبیعت۔ **اُجلی طبیعت**۔ نفاست پسند مزاج۔ سلجھی ہوئی طبیعت۔ **اُجلی گزران**۔ اچھی طرح گزارا ہونا۔ عیش۔ آرام۔ دولتمندی۔

اِجماع: (ع۔ مذ) کسی مسئلے پر اتفاق رائے۔ سب کی ایک رائے ہونا۔

اِجمال: (ع۔ مذ) اختصار۔ تحریر یا تقریر کا غیر واضح اور مختصر ہونا۔

اَجمَل: (ع) نہایت حسین۔ بہت حسین۔

اَجمیر: (ہ۔ مذ) بھارت میں راجپوتانے کا ایک مشہور شہر جہاں حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کا مزار شریف ہے۔

اَجناس: (ع۔ مؤ) جنس کی جمع۔ چیزیں۔ اشیا۔ ایک طرح کی بہت سی چیزیں۔

اَجنَبی: (ع) غیر۔ بیگانہ۔ نامانوس۔ **اَجنَبیت**۔ (مؤ) غیریت۔ بیگانگی۔ نامانوس ہونا

اَجَنٹا: (مذ) حیدرآباد دکن کے علاقے میں ایک جگہ جس کے غار مشہور ہیں۔

اَجوائن: (ہ) کاکسر اس طرح ہوا ہوگا جیسے یائے مجہول سے پہلے۔ مو) زیرے کی طرح کی مشہور چیز۔

اَجوِدھیا:۔ دیکھو اَجُدھیا

اُجُورہ: (ع۔ مذ)۔ اُجرت۔ مزدوری۔ محنتانہ۔ روزینہ

اَجہَل: (ع)۔ جاہل ترین شخص۔ بڑا جاہل

اُجھینا: (ہ۔ مذ) اوپر نیچے اپندھن کے پرت جو آگ سلگانے کے لیے چولھے میں لگاتے ہیں۔ دودھ دہی وغیرہ کی ہنڈی کے نیچے ایک بار اُپلے لگا دینا جو اس کے پک کر تیار ہونے تک کافی ہوں۔

اَجی: (ہ) اے حضرت۔ اے جناب

اُجیالی: (ہ۔ مو) گھوڑے کی اندھیاری

اَجیر: (ع) مزدور۔ اجرت پر کام کرنے والا۔ تنخواہ دار ملازم۔

اَجیرن: (ا) وہ شخص جو بار خاطر ہو جائے۔ تنگ۔ وہ بات جس سے دل اکتا جائے۔ اجیرن کو اجیران ہی مجھیلے نہیں تو سر چونٹے کیلیے طاقت دے کہ

مقابلہ طاقت ور ہی کر سکتا ہے۔ کمزور ایسا کریگا تو خود مارا جائیگا۔
اَجیرن ہونا۔ دوبھر ہونا۔ وبالِ جان ہونا۔

اُجین:۔ (مذ) بھارت کی قدیم ریاست گوالیار کے علاقے میں ہندوؤں کا ایک مقدس شہر جو راجہ بکرماجیت کا پائے تخت تھا۔

اُچاپت:۔ (ہ۔ مو) دُکان سے ماہانہ یا ہفتہ وار سودے کا اُدھار لین دین۔

اُچاٹ:۔ (ہ) بیزار۔ برداشتہ خاطر۔ اُداس۔ اُکتایا ہوا۔ اُچاٹ ہونا۔ دل ہٹ جانا۔ طبیعت کا سیر ہونا۔ اُچٹ جانا۔ اُچٹنا۔ اُچھل جانا۔ نشانہ پر نہ لگنا۔ خالی جانا۔ ہنسی و تعلق اندازی سے اُڑ جانا۔ برداشتہ خاطر ہونا۔

اَچار:۔ (ہ۔ مذ) آم۔ لیموں۔ شلجم۔ پیاز۔ مولی۔ گاجر وغیرہ کو مسالے کے ساتھ تیل یا پانی یا سرکے میں مقررہ طریقے سے ڈالنا کہ ان کا مزہ یا ذائقہ ہو جائے۔ اچار بنانا۔ مقررہ طریقے سے اچار اُٹھانا۔ کسی چیز کو ہر وقت ہاتھوں میں رکھ کر میلا یا گودڑ بنانا۔ کسی کو خوب مارنا۔ اَچار ڈالنا۔ اچار بنانے کے لئے مسالے میں رکھنا۔ بلا ضرورت کسی چیز کو دبا رکھنا۔ کام کی چیز کو بیکاری کی حالت میں رہنے دینا۔ اَچار کرنا یا نکالنا۔ بہت پیٹنا۔ بُری حالت کر دینا۔ اچاری:۔ (ہ۔ مؤ) اچار رکھنے کا برتن۔ وسط ہند میں پیدا ہونے والا ایک پھل جس کی گٹھلی کا مغز چرونجی کہلاتا ہے۔

اُچپل:۔ (ہ) چنچل۔ چالاک۔ چلبلا۔ شریر۔ شوخ۔ بیقرار۔ وہ شخص جو نچلا نہ رہے۔ اُچپلاہٹ۔ اُچپل کی صفت۔

اُچکا:۔ (ہ۔ مو) آنکھ اُڑانے کی چوری۔

اُچکّا:۔ (ہ۔ مذ) اُٹھائی گیرا۔ چور۔ جیب کترا۔ بدمعاش۔ اُچکاپن۔ چوری۔ بدمعاشی۔ اُچکانا۔ اُبھارنا۔ ہمکانا۔ بھڑکانا۔ لے بھاگنا۔ بیٹھے ہوئے کو کسی حرکت سے کھڑا کر دینا۔ اُچک لے جانا۔ اُڑا لے جانا۔ چالاکی سے لے بھاگنا۔ لے لینا۔ چھین کر لے لینا۔ غافل کر کے کوئی چیز لے بھاگنا۔ چالاکی سے کوئی چیز اُچک کر لے جانا۔ اُچکنا۔ اُچھلنا۔ بیٹھے بیٹھے اوپر کی طرف ہونے کے ارادے سے اُبھرنا۔ کودنا۔ لپک کر کوئی چیز یکایک چھین لینا۔ لے لینا۔ اوپر ہی اوپر لے لینا۔

اَچکن:۔ (ہ۔ مؤ) بٹنوں والا انگرکھا۔ پرانی وضع کی شیروانی۔ جس کی کمر میں کوئی آدھ انچ کی پٹی ہوتی اور دامن بڑے بڑے ہوتے تھے۔

اچنبھا:۔ (ہ۔ مذ) اچرج۔ اچنبھ۔ تعجب۔ تعجب کی بات۔ انوکھی بات۔ اچنبھا گزرنا یا ہونا۔ حیرت ہونا۔ تعجب ہونا۔

اَچھا:۔ (ہ۔ مذ) بُرے کی ضد۔ خوب۔ نیک۔ موزوں۔ بہتر۔ خوب صورت۔ مناسب۔ خوش خلق۔ تندرست۔ مزہ دار۔ مبارک۔ مفید۔ ٹھیک۔ موافق۔ ہاں۔ بجا۔ قابلِ تعریف۔ اچھا بھلا۔ تندرست۔ بھلا چنگا۔ صحیح سلامت۔ اچھا خاصہ۔ دیکھو اچھا بھلا۔ نیز ٹھیک۔ موزوں۔ مناسب۔ اچھا کرنا۔ تندرست کرنا۔ خوب کرنا۔ اچھا کیا خدا نے بُرا کیا بندے نے۔ کسی کے ساتھ اچھائی کی جائے تو اس کی تعریف لوگ نہیں کرتے اور اس میں کچھ نقصان ہو جائے تو الزام دیتے ہیں۔ اچھا لگنا۔ پسند آنا۔ بھلا معلوم ہونا۔ اچھا ہونا۔ تندرست ہونا۔ خوب ہونا۔ خوش خلق ہونا۔

اِچھا:۔ (ہ۔ مو) مرضی۔ خواہش۔ آرزو۔

اُچھال:۔ فعل امر۔ (اسم مؤ) بدکار عورت۔ فاحشہ عورت۔ چھنال (اچھال کے ساتھ) ؎ رنگین

کھیلتی ہے بد ادا کی چوسر
پھر کری کیا اچھال چھکا ہے

اُچھالا:۔ (ہ۔ مذ) جوش۔ اُبال۔ قے۔ پانی میں ڈوبنے کے بعد اوپر آ جانا۔ وہ رسی جس سے کڑی کا زینہ چھت سے باندھا جاتا ہے۔ باڑھ۔ اُچھالنا۔ کسی چیز کو اوپر پھینکنا۔ اُچکانا۔ شہرت دینا۔ چاولوں کو دو برتنوں میں رکھ کر زور زور سے ہلانا۔ یہاں تک کہ وہ برتنوں کی دو طرفہ چوٹ سے پاش پاش ہو کر نرم اور کھانے کے قابل ہو جائیں۔ اُچھل پڑنا۔ رنج یا خوشی سے پھڑک جانا۔ جلتے میں اوپر کی طرف اُٹھ جانا۔ کسی بہتی چیز کا تیزی میں اوپر کی طرف اُٹھتے ہوئے دہانے سے نکلنا۔ دانوں کا ایک دم سے یک وقت چڑھنا۔ شہرت ہونا۔ اُچکنا۔ کسی کے بل بوتے پر اترانا۔ اُچھلنا کودنا۔ کودنا۔ پھاندنا۔ بہت خوش ہو کر اچکنا۔

اُچھو:۔ (ہ۔ مذ) کھاتے پانی کا سانس لینے کی نلی میں چلے جانا اور اس کی وجہ سے گلے میں پھندا پڑ جانا۔ (آنا۔ لگنا۔ ہونا۔)

اچھوانی:۔ (ہ۔ مؤ) ایک قسم کی جوش دی ہوئی جو زچہ کو دی جاتی ہے۔ کاڑھا

اَچھوتا:۔ (ہ۔ مذ) بغیر چھوا۔ صاف ستھرا۔ نیا۔ پاک۔ کورا۔ نیاز نذر کا کھانا۔ اچھوتی۔ (ہ۔ مؤ) بغیر چھوئی۔ صاف ستھری۔ نئی۔ پاک۔ کوری۔ کنواری۔ نیاز نذر کی۔ اچھوتی کوکھ (مؤ) وہ عورت جس کا کوئی بچہ نہ مرا ہو۔ جمع اچھوتیاں۔ اچھوتیوں کی گلی۔ لکھنؤ کا ایک شاہی محل

اچھوں کے اچھے ہوتے ہیں:۔ نیک لوگوں کی دعا بھی نیک ہوتی ہے

اَچھی:۔ اچھا کا مؤ۔ اچھی طرح۔ خاطر خواہ۔ جیسا چاہئے ویسا۔ خوب۔ خیر و عافیت سے۔ [illegible]

کے لیے کلمۂ خطاب۔

اچھے: - اچھا کی جمع - اچھے اچھوں - بڑے بڑوں - امیروں - نامی گرامی لوگوں - اچھے بُرے میں چار انگل کا فرق ہے - اچھے کام میں بُرے کام سے زیادہ محنت نہیں پڑتی۔ اچھے دِن - خوش اقبالی کا زمانہ - وقت موافق ہونے کے دن فلاح وبہبود کا زمانہ - اچھے رہے - (سوالیہ جملے میں) طبیعت ٹھیک ہے؟ دن اچھی طرح گزرتے ہیں؟ آرام سے ہو؟ (برہمی کے لہجہ میں) جو کچھ تم کہتے ہو ہمیں اس سے اختلاف ہے۔ ہمیں یہ ناگوار ہے۔ تم نے بُرا کیا وغیرہ - اچھے ہیں پر خدا کام نہ ڈالے - ظاہر اچھے ہیں مگر باطن اچھا نہیں۔

آحاد: - (ع - اَحد کی جمع) اکائیاں ایک سے نو تک۔

اَحادِیث: - (ع - مو) حدیث کی جمع - وہ باتیں یا خبریں جن کا سلسلہ آنحضرت صلعم تک پہنچتا ہے۔

اِحاطہ: - (ع - مذ) گھیرا - گھیری ہوئی جگہ - سرکل - حد - علاقہ۔ احاطہ کرنا - گھیرا ڈالنا - گھیرا - حد بندی۔

اَحبا: (ع - مذ) حبیب کی جمع - دوست - آشنا - احباب - حبیب کی جمع - دوست - آشنا۔

اِحتباس: (ع - مذ) عورتوں کے حیض بند ہونے کی بیماری - ہوا کا بند ہونا - دم گھٹنا۔

اِحتجاج: (ع - مذ) کسی چیز کے خلاف حجت کرنا - اعتراض کی آواز بلند کرنا - کسی اقدام کی مخالفت میں شورش کرنا - پروٹسٹ کرنا۔

اِحتراز: - (ع - مذ) کسی بات سے پرہیز کرنا - بچنا - کنارہ کشی۔

اِحتراق: (ع - مذ) جلنا - گرمی کی شدت ہونا - کسی سیارے کا آفتاب کے ساتھ ایک برج میں ہونے کے باعث اس کی شعاع میں چھپ جانا۔

اِحترام: (ع - مذ) عزت و توقیر کرنا - آؤ بھگت کرنا - تعظیم و تکریم کرنا۔

اِحتشام: (ع - مذ) شان و شوکت - دبدبہ - لاؤ لشکر - ہجوم و حشم۔

اِحتضار: (ع - مذ) نزع - موت کا آنا - موت کے آثار ظاہر ہونا۔

اِحتظاظ: - (ع) حظ اٹھانا - مزہ پانا۔

اِحتلام: (ع - مذ) سوتے یا جاگتے میں منی کا نکلنا - مردوں کو نہانے کی حاجت ہونا - بد خوابی۔

اِحتمال: - (ع - مذ) گمان - شک و شبہ۔

اِحتیاج: - (ع - مو) ضرورت - حاجت۔

اِحتیاط: (ع) ہوشیاری سے اپنا بچاؤ - دور اندیشی - التزام یا نقصان سے بچنے کے لیے کسی بات سے دور ہی دور رہنا - احتیاطاً - احتیاط کے طور پر دور اندیشی سے۔ احتیاطی تدابیر - وہ تدبیریں جو اپنے بچاؤ کے لیے پہلے ہی سے کر لی جائیں۔

اَحد: (ع) ایک - اکائی - یکتا - پروردگار عالم - اَحَدُ الطرفین - اَحَدُ الفریقین - اَحَدُ المتخاصمین - دونوں فریقوں میں سے ایک - مقدمے یا جھگڑے کے دونوں گروہوں یا دونوں افراد میں سے ایک - اَحدیت - خدا کی شان یکتائی - ایک ہونا۔

اَحدی: (ل) بہت کاہل - سست - اَحدی بیل - کاہلوں کا کاہل - بڑا ہی سست۔

اَحرار: (ع - مذ) حُر کی جمع - آزاد - بے قید - شریف - بھارت کے مسلمانوں کی ایک نیم سیاسی اور مذہبی جماعت۔

اِحراز: (ع - مذ) محفوظ رکھنا - بچائے رکھنا - نگاہ رکھنا۔

اِحرام: (ع - مذ) حج کے موقع پر مقررہ جگہوں سے حج تمام ہونے تک چند جائز کاموں کو اپنے اوپر حرام کر لینا جو دینیات کی کتابوں میں تفصیل سے بتائے گئے ہیں۔ اِحرام باندھنا - حج کے موقع پر مقررہ مقام سے کپڑے اتار کر بے سلے کپڑے سے جسم ڈھانکنا - اور تمام ان جائز چیزوں کو اپنے اوپر حرام کرنے کی نیت کر لینا جو اس موقع پر حرام کر دی گئی ہیں۔

اَحزاب: (ع - مذ) حزب کی جمع - ٹولیاں - متحدہ گروہ - بہت سے لشکر - ایک سورہ کا نام - ایک جہادِ نبوی کا نام۔

اِحساس: (ع - مذ) پانچوں حواس میں کسی حس کے ذریعے کسی چیز کا دریافت ہونا - دریافت کرنا - تاثر۔

اِحسان: (ع - مذ) کسی کے ساتھ نیکی کرنا - اچھا سلوک کرنا - بھلائی کرنا - احسانات - احسان کی جمع - احسان اُٹھانا - کسی کا احسان لینا - شکر گزار بننا - کسی کا سہارا لینا یا ڈھونڈنا - احسان جتانا - جو بھلائی کسی کے ساتھ کی ہو اسے یاد دلانا - احسان رکھنا - ممنون بنانا - شکر گزار بنانا - احسانِ عظیم - (بہ اضافہ) بڑا احسان - احسان فراموش - (بغیر اضافہ) احسان کو بھول جانے والا - احسان کرنا - کسی کے ساتھ بھلائی کرنا - احسان لیجیے جہان کا نہ احسان لیجیے شاہجہان کا - امیر یا دولت مند کا احسان نہیں اٹھانا چاہیے - احسان لینا - احسان اٹھانا - احسان ماننا - کسی کے بھلائی کرنے کو یاد رکھنا - شکر گزار ہونا - احسان مند - (بغیر اضافہ) ممنون - شکر گزار - احسان شناس

(ضمیر اضافہ) احسان نہ ماننے والا۔ جو کسی کے احسان کو بھلا دے۔ احسان ہے۔ الحمد للہ۔ شکر ہے۔ مہربانی ہے۔

اَحسَن:۔ (ع) بہت نیک۔ بہت اچھا۔

اَحسَنت:۔ (ع) کلمۂ تحسین۔ آفریں۔ واہ واہ۔ شاباش۔ خوب کہا۔ مرحبا۔ کیا اچھا کلام ہے۔

اَحشا:۔ (ع۔ مذ) آنتیں۔ انتڑیاں۔

اِحصا:۔ (ع۔ مذ) خیالات کا احاطہ کرنا۔ کسی کے متعلق ساری باتیں سمیٹ کر الفاظ میں جمع کرنا۔

اِحضار:۔ (ع۔ مذ) حاضر کرنا۔ بلانا۔ زبردستی حاضر کرنا۔

اِحقاق:۔ (ع۔ مذ) کسی امر کی سچائی ثابت کرنا۔ حق کو ظاہر یا ثابت کرنا۔ حق دلانا۔

اَحقَر:۔ (ع) ناچیز۔ بندہ۔ حقیر۔ **اَحقَر العباد**۔ سب لوگوں سے زیادہ حقیر (یہ دونوں الفاظ اپنے لئے بطور انکسار بولتے اور لکھتے ہیں)

اَحکام:۔ (ع۔ مذ) حکم کی جمع۔ ہدایات۔ فرامین۔ ارشادات۔ **اَحکَم الحاکمین**۔ سب حاکموں سے زیادہ طاقت والا۔

اَحمَد:۔ (ع۔ مذ) بہت زیادہ حمد الٰہی کرنے والا۔ آنحضرت صلعم کا لقب۔

اَحمَد کی پگڑی محمود کے سر:۔ ایک کا حق دوسرے کو دے دینے کے موقع پر بولتے ہیں۔ حق تلفی۔ ناانصافی۔

اَحمَد کی داڑھی بڑی ہے یا محمود کی:۔ بے کار بحث۔ بے نتیجہ کام۔

اَحمَدی:۔ (۱) غلام احمد قادیانی کا پیرو شخص یا فرقہ (۲) سکے کا ایک سکہ جو ٹیپو سلطان کے عہد میں جاری ہوا تھا۔ احمد شاہ ابدالی کا سکہ جو اس نے دہلی میں جاری کیا تھا۔ **اَحمدیہ**۔ قادیانیوں کی جماعت جو مرزا غلام احمد قادیانی کو نبی مانتی ہے۔

اَحمَق:۔ بیوقوف۔ نادان۔ کم سمجھ والا۔ **اَحمَق الذی**۔ جاہل۔ اَحمَق۔ بہت بیوقوف۔ **اَحمَق النّاس**۔ چھٹا ہوا بیوقوف جس کی حماقت اور احمقوں سے بڑھ کر ہو۔ **اَحمَق بنانا**۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ کسی کے ساتھ ایسی چالاکی کرنا جو اس کی سمجھ میں نہ آئے۔ **اَحمَق پن**۔ حماقت۔ بیوقوفی۔

اَحناف:۔ (ع۔ حنفی کی جمع) وہ مسلمان جو امام ابو حنیفہ کے مقلد ہیں۔

اَحوال:۔ (ع۔ مذ) حال کی جمع۔ حالات۔ کیفیت۔ اُردو میں واحد مستعمل ہے۔ **اَحوال پُرسی**:۔ (ضمیر اضافہ) خیر و عافیت دریافت کرنا۔ حال پوچھنا۔

اَحوَل:۔ (ع) بھینگا۔ وہ شخص جس کی ایک یا دونوں آنکھیں ایک چیز کو دو دیکھتی ہوں۔ یہ ایک قسم کی بیماری ہوتی ہے۔

اِحیا:۔ (ع۔ مذ) زندہ کرنا۔ جلانا۔ از سر نو کسی ہوئی چیز اور باتوں میں جان ڈالنا۔ **اِحیاء العلوم**۔ حضرت امام غزالیؒ کی مشہور تصنیف۔

اَحیاناً:۔ (ع) اتفاق سے۔ کبھی کبھی۔

اَخ:۔ (ع۔ مذ) بھائی۔ ماں جایا۔ برادر۔ **اَخی**۔ میرا بھائی۔ میرے بھائی۔ **اِخوان** (مذ) اخ کی جمع۔ بھائی۔ بھائی بند۔ عزیز دوست۔ **اِخوان الزّمان**۔ زمانے والے ہم عصر۔ ہم عہد۔ معاصرین۔ **اِخوان الشّیاطین**۔ شریر اور بدمعاش لوگ۔ **اِخوان الصّفا**۔ اچھے لوگ۔ پاک دل لوگ۔ **اُخوّت**۔ بھائی چارہ۔ رابطہ۔ اتحاد۔

اَخ اَخ تھو:۔ دیکھو آخ۔ آخ تھو۔

اَخاہ:۔ کلمۂ تعجب۔ کیا خوب۔ بہت خوب۔

اَخبار:۔ (ع۔ مذ) خبر کی جمع۔ مگر اردو میں واحد استعمال کرتے ہیں۔ خبروں کا مجموعہ جو روزانہ یا بعد دار شائع ہوتا ہے۔ نیز صحیفہ۔ **اَخبارات**۔ اخبار کی جمع۔ **اَخبار نویس**۔ (ضمیر اضافہ) اخبار مرتب کرنے والا۔ ایڈیٹر۔ **اَخبار نویسی**۔ (مؤ) اخبار کی ادارت۔ ایڈیٹری۔ **اَخباری**۔ اخبار سے تعلق رکھنے والی بات۔ شیعہ مسلمانوں کا وہ فرقہ جو علماء کی تقلید کا قائل نہیں۔

اُخت:۔ (ع۔ مؤ) بہن۔

اِختتام:۔ (ع۔ مذ) خاتمہ۔ اخیر۔ انجام۔

اَختَر:۔ (ف۔ مذ) تارا۔ **اَختَر شُماری**۔ تارے گننا۔ انتظار میں جاگنا۔ **اَختَر شناس**۔ نجومی۔ جوتشی۔ ستاروں کی رفتار اور اس کے اثرات کا حساب جاننے والا۔

اِختراع:۔ (ع۔ مذ) ایجاد کرنا۔ طبیعت سے نئی بات نکالنا۔ نئی چیز ایجاد کرنا۔

اَختَر بَختَر:۔ (۱۔ مذ) گھر کا اسباب۔ سامان۔ (۲۔ مؤ) ساجھی۔ برتن۔ بھانڈا۔ (اختر بختر اکیلا بھی فقط بختر)

اِختصار: (ع - مذ) مختصر کرنا۔ خلاصہ کرنا۔ کم کرنا۔ گھٹانا۔

اِختصاص: (ع - مذ) خصوصیت۔ خصوصیت رکھنا۔ خاص کرنا۔

اِختلاج: (ع - مذ) دل دھڑکنا۔ بے چین ہونا۔ بے قرار ہونا۔ **اختلاجِ قلب** - (ا، مذ) دل دھڑکنے کی بیماری۔

اِختلاط: (ع - مذ) ملنا۔ میل جول۔ ربط ضبط۔ چھیڑ چھاڑ۔ گرم جوشی۔

اِختلاف: (ع - مذ) اتفاق کی ضد۔ خلاف ہونا۔ پھوٹ۔ بگاڑ۔ دشمنی۔ عدم ضدا۔ فرق۔ تفریق۔

اِختلال: (ع - مذ) خلل پڑنا۔ خلل ڈالنا۔ **اختلالِ حواس** - حواس میں فتور آنا۔ بدحواسی۔

اَختو بختو: (ا - مو) لکڑی کی دو پتلیاں جنہیں پتلیوں کا تماشہ کرنے والے لڑاتے ہیں۔

اَختہ: (ا) دیکھو آختہ۔

اِختیار: (ع - مذ) قدرت اور قابو۔ پسند۔ اجازت۔ حکومت کا زور۔ **اختیارات** - اختیار کی جمع۔ **اختیار کرنا** پسند کرنا۔ منظور کرنا۔ **اختیار دینا** - قبضہ دینا۔ اجازت دینا۔ **اختیار ملنا** - قبضہ ملنا۔ اجازت ملنا۔ **اختیار میں ہونا** - قابو میں ہونا۔ حکومت میں ہونا۔ **اختیاری** - اپنے بس کی۔

اَختی گھوڑی: (ا - مو) سینہ سپاٹ عورت۔ یہ عامیانہ روزمرہ ہے۔

اَخذ: (ع - مذ) لینا۔ انتخاب کرنا۔ نتیجہ نکالنا۔ چننا۔ استنباط کرنا (کرنا)۔

اِخراج: (ع - مذ) نکالنا۔ نکلنا۔ خارج کرنا۔ شہر بدر کرنا (کرنا ہونا)۔ **اِخراجات** (ا خراج کی جمع) مصارف۔ خرچے۔

اَخروٹ: (ف - مذ) ایک قسم کا میوہ جس کا چھلکا سخت ہوتا ہے اور اس کی گری کھائی جاتی ہے۔

اُخروی: (ع) آخرت سے تعلق رکھنے والی بات

اَخص: (ع) بہت زیادہ خاص۔ خاص کی تفصیل کُل

اَخضر: (ع) سبز۔ ہرا۔

اِخفا: (ع - مذ) پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔ **اخفائے واردات** - کسی سنگین جرم کو چھپانا۔

اَخفش: (ع - مذ) سلف کے ایک عالم کا نام جو علوم کو اچھی طرح حفظ کرنے کے لیے اپنے بکرے کو پکڑ کر اور اس کا کان قریب لا کر اسے سنایا کرتا تھا اور جب تک وہ "ہاں" کے انداز سے گردن نہ ہلاتا تھا۔ اس وقت تک وہ سناتا ہی رہتا۔ اس طرح اسے بار بار دہرانے سے سند خوب یاد ہو جاتا تھا۔ مگر بکرا کچھ نہ سمجھتا تھا۔ اس لیے نا سمجھ طالب علم کو طنزاً بزِ اخفش کہہ دیتے ہیں۔

اَخگر: (ف - مذ) چنگاری۔ انگارا۔

اِخلاص: (ع - مذ) دوستی۔ دل کی صفائی۔ بے ریا محبت۔ سچے دل سے اور رجوع قلب سے عبادت۔ بے غرض دوستی۔ قرآن پاک کی ایک سورت (قل ہو اللہ احد) کا نام۔ **اخلاص بڑھانا** - پیار محبت بڑھانا۔ ربط ضبط کو ترقی دینا۔ **اخلاص جوڑنا** - دوستی جوڑنا۔ محبت کرنا۔ **اِخلاص مند** - پرخلوص دوست۔ بے غرض دوست۔

اَخلاط: (ع - مذ) خلط کی جمع۔ انسانی مزاج کے چار جزو سودا۔ صفرا۔ بلغم اور خون۔ **اخلاطِ فاسدہ** - وہ خلطیں جن میں خلل واقع ہو گیا ہو۔ مزاج کو اعتدال پر رکھنے کے لیے جتنی جس خلط کی ضرورت ہے۔ اس سے کمی یا بیشی جس خلط میں پیدا ہو جائے۔

اَخلاق: (ع) خلق کی جمع۔ عادتیں۔ خصائل۔ انسانیت۔ عنایت کی مروت۔ ملنے جلنے کا مہذب طریقہ۔ وہ علم جس میں تہذیبِ نفس۔ تدبیرِ منزل اور سیاستِ مدن کے اصول بیان کئے جاتے ہیں۔ **اخلاقیات** - وہ تمام باتیں جو اخلاق سے تعلق رکھتی ہیں۔

اِخوان۔ اِخوانُ الزّماں۔ اِخوانُ الشّیاطین۔ اخوانُ الصّفا۔ اُخوت: اسی فصل میں "اَخ" کے ساتھ دیکھو

اَخی بخی: (ا - ا) ذلیل۔ بُری عورت

اَخیار: (ع - مذ) خیر کی جمع۔ بھلے لوگ۔ نیک لوگ

اَخیافی: (ع) وہ بہن بھائی جن کے باپ الگ الگ ہوں اور ماں ایک ہو۔ دو شوہروں سے ایک عورت کی اولاد آپس میں اخیافی کہلاتے ہیں

اَخیر: (ف) پچھلا۔ آخرکار۔ انجام۔ خاتمہ۔ ختم۔ قریب ختم۔ کنارہ۔ حد۔

اَدا: (ف - مو) ناز و انداز۔ ... قرینہ۔ ڈھنگ

کوشش سے ہی تکالیف دُور ہوتی ہیں (ہندی کا روزمرہ)

اَدنیٰ: (ع) کمینہ۔ چھوٹے درجے کا۔ معمولی۔ خفیف۔ اعلیٰ کی ضد

ادوار: (ع۔ مذ) دَور کی جمع۔ زمانے۔ مدتیں۔ چکر۔ عرصے۔

ادوان: (ا۔ مو) وہ رسّی جو چارپائی کی پائنتی میں اُسے کسنے کے ڈالی جاتی ہے۔ ادوائن (الک)

اَدوِیات: (ع۔ مو) دَوا کی جمع الجمع۔ دوائیں۔ اَدوِیَہ دَوا کی جمع۔

اَدھ: (ہ) آدھا کا مخفف۔ دوسرے الفاظ کے شروع آتا ہے تنہا نہیں آتا۔ آدھا۔ بوتل کا نصف۔ چھوٹی بوتل جس میں آدھی بوتل کے برابر پانی وغیرہ آئے کسی چیز مقدار یا تعداد کا نصف حصہ۔ ادھ پچھا وج کی ایک تال۔ **آدھ سیرا** (مذ) آدھے سیر کا بٹا۔ **آدھ سیری** (مو) آدھ سیرا۔ **اَدھ کچرا**۔ آدھا کچا آدھا پکا۔ **آدھ کھلا**۔ نیم شگفتہ۔ **آدھ گدرا**۔ آدھا پکا آدھا کچا۔ **اُدھ گلا**۔ کچا پکا جو پکانے میں نیم پختہ ہوا ہو۔ **اَدھ مُوا**۔ نیم جان۔ پژمردہ۔ مرجھایا ہوا۔ **اَدھنّا** (مذ) ٹکا۔ ۲ پیسے کے برابر سکہ تو اب سے کچھ پہلے تک رائج تھا۔ **آدھواڑ** (مو) جہاں سے کوئی چیز آدھوں آدھ ہو۔ **آدھورا**۔ نامکمل۔ آدھا کام۔ **اَدھی**۔ پیسے کا آٹھواں حصہ۔ نیز ایک قسم کا باریک اور سفید سوتی کپڑا۔ **آدھی آدھی پر جان دینا**۔ بہت کنجوس ہونا۔ **آدھی آدھی کا حساب**۔ ذرا ذرا سی چیز کا حساب۔ **آدھیانا**۔ آدھوں آدھ کرنا۔ دو برابر حصے کرنا۔ آدھا رہ جانا۔ **آدھی کی چول چوں**۔ دمڑی کا کھلونا۔ بہت معمولی قیمت کا۔ **آدھی کی ہانڈی بھی ٹھوک بجا کر لیتے ہیں**۔ سمجھدار آدمی معمولی کام بھی دیکھ بھال کے کرتا ہے۔ **آدھی کے نون کو جاؤں لاؤ میری پالکی**۔ ایسوں کے لیے بولتے ہیں جو ذرا سی بات میں شیخی دکھائے۔ **ادھی کے واسطے پیسے کا تیل جلانا**۔ تھوڑے فائدہ کے لئے بہت خرچ کرنا۔ **ادھیلا**۔ آدھا پیسہ۔ دھیلا۔ **ادھیلا نہ دے ادھیلی دے**۔ تھوڑے کے لیے کنجوسی کرے جس کے نتیجے میں بڑا نقصان اٹھانا پڑ جائے۔ **ادھیلی**۔ آدھا روپیہ۔ اٹھنی۔

اَدھار: (ہ۔ مذ) خوراک۔ ایسی غذا جس سے بھوک دب جائے مگر سیری نہ ہو (مستعمل نہیں)

اُدھار: (ہ۔ مذ) قرض۔ **اُدھار دیجے دشمن کیجے**۔ قرض دینے سے اکثر تقاضے کے موقع پر دوست بھی دشمن بن جاتے ہیں۔ **اُدھار کھانا**۔ قرض کھانا۔ قرض لینا۔ کسی بات پہ تُل جانا۔ **اُدھار کھانا مچھوس سے تاپنا برابر ہے**۔ قرض کھانے والے کا جلد ہی خاتمہ ہو جاتا ہے۔ **اُدھ کھائے میٹھے ہیں**۔ نئے میٹھے ہیں مستعد اور تیار ہیں۔ اُدھار کی کیا ماں مر گئی ہے۔ اُدھار تو کہیں نہ کہیں سے مل ہی جائیگا۔ **اُدھار ہونا**۔ قرض ہونا۔ قرض چڑھنا۔

اَدَھر: (ہ) بے سہارے۔ بے لاگ معلق۔ **آدھر اُٹھا لینا**۔ زمین سے اونچا کر دینا معلق کر دینا۔ **اَدھر چلنا**۔ اترا کر چلنا۔ **ادھر میں چھوڑنا**۔ بیچ ہی میں معلق چھوڑ دینا۔ ساتھ دینے کے بعد دغا دینا۔ وعدہ کر کے کہیں کا نہ رکھنا (ہندی کا روزمرہ ہے)

اِدَھر: (ہ) یہاں۔ اس طرف۔ **اِدھر اُدھر**۔ یہاں وہاں۔ آس پاس۔ اِدھر اُدھر۔ ہر طرف۔ کہیں نہ کہیں۔ **اِدھر اُدھر کی باتیں**۔ فضول اور بیکار باتیں۔ **اِدھر سے اُدھر کرنا**۔ کسی چیز کو غائب کرنا۔ چرانا۔ سرکا دینا۔ **اِدھر سے اُدھر ہونا**۔ سرک جانا۔ اپنی جگہ پر نہ رہنا۔ مخالف ہونا۔ **ادھر قبلہ قطب ادھر بی خدیجہ سودے کدھر**۔ یوں بھی مشکل وُوں بھی مشکل۔ **ادھر کا تے ادھر پلٹ جائے**۔ آزار پہنچا کر مکر جانا۔ **ادھر کنواں اُدھر کھائی**۔ ہر طرف نقصان کا اندیشہ۔ **اِدھر کی اُدھر کرنا یا لگانا**۔ چغلیاں کھانا۔ دشمنی ڈلوانا۔ **اِدھر کی دنیا اُدھر ہونا**۔ انقلاب آجانا۔ دنیا پلٹ جانا۔ **اِدھر کے نہ اُدھر کے**۔ دوست کے نہ دشمن کے۔ کہیں کے نہیں۔ **ادھر کی نہ ادھر کی یہ بلا کدھر کی**۔ اس کے لیے بولتے ہیں جو کسی قابل نہ ہو۔ **اِدھر ہاتھ لانا یا دینا**۔ خوشی کے موقع پر ہاتھ ملاتے ہوئے بولتے ہیں۔ **اِدھر یا اُدھر ہونا**۔ یکسوئی ہونا۔ جینا یا مرنا۔ جانکنی سے نجات پانا۔

اُدھر: (ہ) اس طرف۔ وہاں۔ **اُدھر ہی اُدھر**۔ صرف اسی طرف۔ باہر ہی باہر۔ بالا ہی بالا۔

اَدھک: (دکنی) بہت زیادہ ؎

طاقت کسے ہے رُخ پہ ترے کرسکے نگاہ،

خرشید سوں اَدھک ہے ترے چہرے کی جھلک

اُدھل جانا: (ہ) آوارہ اور خراب ہو جانا۔ جوشِ مستی میں آپ سے باہر ہو جانا۔

اَدہَم: (ع) دیکھو ابراہیم ادہم۔ نیز سیاہ رنگ کا گھوڑا۔ مشکی گھوڑا۔ کالا سانپ۔

اُدھم: (ہ۔ مذ) شور و غل۔ ہنگامہ۔ چیخ پکار۔ (کرنا۔ ہونا)

اَدھوڑی: (ہ۔ مو) مرا ہوا اور پکا چمڑا۔ گائے بھینس کا ادھ پکا چمڑا۔ **ادھوڑی تاننا**۔ اتنا کھانا کہ پیٹ خوب تن جائے۔

اُدھیڑنا: (ہ) ٹانکا توڑنا۔ سیون کھولنا۔ کھال اُدھیڑنا۔ تباہ اور زیر بار ہونا۔ اُدھڑنا ۔ ادھڑنا کا متعدی المتعدی۔ **اُدھیڑنا**۔ اُدھڑنے و ... ۔ **ادھیڑ بن**۔ سوچ بچار۔ تدبیر منصوبہ باندھنا اور توڑنا۔

اَدِیب: (ع) دیکھو ادب۔

اَدِیم: (ع) ایک خوشبودار چمڑا۔ مجازاً جوتا۔ سطح زمین یا آسمان۔ **اَدِیمِ یَمَنی**۔ یمن کا خوشبودار دھاری والا چمڑا۔

اَڈّا: (ہ۔ مذ) پالتو پرندوں کی بیٹھک جو لکڑی یا تیلیوں سے بنائی جاتی ہے۔ جالی کا ڈھنچا اور کاڑھنے کا ڈھانچا۔ جالی دار کپڑا بننے کا چوکٹا۔ وہ جگہ جہاں کرایہ کے تانگے وغیرہ کھڑے کئے جاتے ہیں۔ چلتا۔ ٹھگوں اور طوائفوں کے رہنے کی جگہ۔ وہ تپائی جس پر بیٹھ کر کپڑا بنتے ہیں۔ کسی خاص مقام کے لوگوں کے مستقل جماؤ کی جگہ۔ **اڈّے پر لگانا**۔ ہم خیال بنانا۔ بہکانا۔

اَڈمِشن: (مذ۔ انگ) (الف کا زیر اس طرح پڑھا جائے جیسا یائے مجہول سے پہلے ادا ہوتا ہے) داخلہ۔ اجازت۔

اَڈمنِسٹریشن: (مذ۔ انگ۔ الف اس طرح پڑھا جائے جیسا یائے مجہول سے پہلے ادا ہوتا ہے ٹ کی حرکت کسرہ وسکون کے بین بین۔ ر کے بعد یائے مجہول) انتظام حکومت۔

اَڈوا اَڈو کرنا یا ہونا: (ہ) بدنام کرنا یا ہونا۔ گو بنانا یا بننا۔ نظروں سے گرنا۔

اِڈیٹر: (انگ) اخبار یا رسالے کا مدیر۔

اَذان: (ع۔ مو) نماز کے لئے مخصوص کلمات۔ آواز دے کر لوگوں کو پکارنا۔ بانگ نماز دینا۔ (دینا کہنا)

اَذبَک: (ت) تاتاری ترکوں کے ایک قبیلے کا نام۔ احمق۔ بیوقوف۔ عیرترا

اِذعان: (ع۔ مذ) یقین کرنا۔ یقین ہونا۔ یقین۔

اَذکار: (ع۔ مذ) ذکر کی جمع۔ بیانات۔ قصّے۔ کہانیاں۔ وہ باتیں جو بیان کئے جائیں۔ دُعائیں اور وظیفے

اِذن: (ع۔ مذ) اجازت۔ حکم۔ **اِذنِ عام**۔ وہ اجازت جو سب کے لئے ہو۔

اَذہان: (ع۔ مذ) ذہن کی جمع۔ عقلیں۔

اَذِیَّت: (ع۔ مو) تکلیف۔ دُکھ۔ **اَذِیَّت دینا یا پہنچانا**۔ دُکھ دینا۔ تکلیف دینا۔

اِرابہ: (ت۔ مذ) بیل گاڑی۔ چھکڑا۔ رہڑا۔ سامان لادنے کی گاڑی۔

اِرادَت: (ع۔ مو) عقیدت مندی۔ عقیدت۔ **اِرادت مند**۔ (صفت فا) عقیدت مند۔ معتقد۔ مرید۔

اِرادَہ: (ع۔ مذ) قصد۔ عزم۔ نیّت۔ خواہش۔ منصوبہ۔ منشا۔ **اِرادہ باندھنا یا کرنا**۔ قصد کرنا۔ آہنگ کرنا۔

اَراذِل: (ع) اَرذل کی جمع۔ کم ذات۔ نیچ۔ اوچھے کمینے۔

اَرارات: (مذ) آرمینیا میں ایک پہاڑ کا نام۔ کہتے ہیں کہ حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی اس پہاڑ پر آکر ٹھہری تھی۔

اَرارا کے بیٹھ جانا: (ہ) دفعتاً گر پڑنا۔ کسی درخت یا چھت کا بیٹھ جانا۔ عمارت کا دفعتاً اس طرح گر جانا کہ اس سے بڑی آواز آئے۔

اَراروٹ: (مذ۔ انگ) ساگودانہ کی طرح جلد ہضم ہونے والا ایک اناج

اَراضی: (ع۔ مو) زمین۔ کھیت۔ ارض کی جمع۔ **اراضیات** (مو) زمینیں۔ وہ علم جو زمین کی اس کی ہیئت مجموعی سے تعلق رکھتا ہے۔ علم ترکیب زمین۔ علم طبقات الارض۔ **اراضی افتادہ** (ب اضا) غیر آباد و بے کاشت زمین۔ **اراضی بندوبستی**۔ وہ زمین جس کی ناپ وغیرہ محکمہ بندوبست یا پی ڈبلیو ڈی کی طرف سے کی جاچکی ہو۔ **اراضی جلک**۔ (بغیر اضا) وہ زمین جس میں بارش کا پانی اس کی آب پاشی کے لئے جمع کی جائے۔ **اراضی خالصہ** (ب اضا) خالص سرکاری زمین۔ **اراضی دریا برآمد**۔ (ب اضا) دریا کے ہٹ جانے سے بنی ہوئی زمین۔ سوکھے کی زمین۔ **اراضی دریا برد**۔ جو زمین دریا کی طغیانی میں ڈوب جائے۔ **اراضی سکنی**۔ (ب اضا) وہ زمین جس پر مکانات بنائے جائیں۔ **اراضی شاملات**۔ (ب اضا) مشترکہ زمین جو تقسیم نہ ہوئی ہو۔ **اراضی شور**۔ کھاری، سیم زدہ زمین۔ **اراضی لاخراج**۔ (ب اضا) وہ زمین جس کا لگان معاف ہو۔ **اراضی معافی**۔ وہ زمین جس کی مال گزاری معاف ہو۔ **اراضی منضبطہ** (ب اضا) وہ زمین جو حق سرکار ضبط ہوگئی۔ **اراضی نو تردد** (ب اضا) نئی کاشت کی ہوئی زمین۔ **اراضی وقف**۔ وہ زمین جو کسی کار خیر کے لئے وقف کی جاچکی ہو۔

اَراکین: (ع۔ مذ) رکن کی جمع الجمع۔ انجمن کے ممبر۔ حکومت کے وزرا۔ سیکرٹری وغیرہ۔ کسی جماعت کے ذمہ دار لوگ۔

اَرَب: (ہ) سو کروڑ۔ **ارب کھرب**۔ بے اندازہ۔ (ایک کھرب سو ارب کا ہوتا ہے)۔

اَرباب: (ع۔ مذ) رب کی جمع۔ صاحب۔ والی۔

مالک۔ والے۔ **ارباب دولت** (ا۔ اضا) دولت والے۔ مالدار۔ **ارباب سخن**۔ (ا۔ اضا) شاعر۔ **ارباب نشاط** (ا۔ اضا) ناچنے گانے والے۔

اَربِسی: (س۔ مو) قدیم بھارت کے راجا اندر کے دربار کی ایک پری کا نام۔ بھوت پریت کا سایہ۔ چھاتی پر پہننے کا زیور۔ روشنی۔ چمک۔ دمک۔

اَربَع: (ع) علم حساب کا ایک قاعدہ جس میں تین عدد معلوم کے ذریعے ایک عدد نامعلوم دریافت کیا جاتا ہے۔ **اَربع جیبوں کا تیوں کنبہ بیٹھا کیوں**۔ اپنی بیوقوفی سے اپنا گھر برباد کرنا اور تامل نہ ہونا۔ **اَربع عناصر** (ا۔ اضا) چاروں عنصر۔ مادے مٹی، ہوا، آگ، پانی **اربعہ متناسبہ**۔ علم حساب کا قاعدہ جس کا اوپر ذکر کیا گیا۔ **اربعین**۔ چالیسواں۔ صفر کی بیسویں تاریخ جس میں امام حسینؑ کے چہلم کی تقریب ادا کی جاتی ہے۔ چالیس۔ چلّہ۔

اَرت: (دکنی قدیم) معنے۔ مراد۔ مطلب۔ مقصد۔

اِرتِباط: (ع۔ مذ) ربط ضبط۔ تعلق۔ میل جول۔ دوستی۔ محبت

اِرتِحال: (ع۔ مذ) رحلت کرنا۔ مر جانا۔

اِرتِداد: (ع۔ مذ) مرتد ہو جانا۔ اسلام سے منحرف ہو جانا۔ مسلمان سے کافر ہو جانا۔

اِرتِعاش: (ع۔ مذ) رعشہ پڑ جانا۔ کانپنا۔

اِرتِسام: (ع۔ مذ) نقش کرنا۔ مُہر لگانا

اِرتِفاع: (ع۔ مذ) بلندی۔ ابھار۔ اونچان۔ بلند ہونا۔

اِرتِقا: (ع۔ مذ) ترقی کرنا۔ بتدریج ترقی کرنا۔ اصول ترقی۔ قوتوں یا جسمی بھاروں کی مقررہ اصول کے تحت حرکت۔

اِرتِکاب: (ع۔ مذ) کسی ارادے کو عمل میں لانا۔ گناہ یا جرم کرنا۔ **ارتکاب جرم**۔ جرم کرنا۔

اَرتھ: (ہ۔ مذ) کسی چیز کی اصل ارادہ۔ نیت۔ ارادہ۔ مطلب۔ خلاصہ (ہندی روزمرہ ہے)

اَرتھمیٹک: (یائے مجہول۔ مو) علم حساب۔ علم حساب کی کتاب

اَرتھی: (ہ۔ مو) ہندوؤں کا جنازہ۔ **ارتھی نکلے**۔ ہندو عورتوں کا روزمرہ ہے۔ ایک کوسنا ہے۔ جنازہ نکلے۔ مر جائے۔

اِرث: (ع۔ مو) ترکہ۔ میراث۔ وہ مال جو کسی کے مرنے کے بعد اس کے وارث کو ملتا ہے۔

اَرج: (ف۔ مو) قدر و قیمت۔ جوہر۔ لیاقت۔ شان و شوکت۔ عزت۔ مرتبہ۔ **ارجمند**۔ بلند مرتبہ والا۔ عزت والا۔ قدر و قیمت والا

اِرجاع: (ع۔ مذ) حاکم کے سامنے مقدمہ دائر کرنا۔ رجوع کرنا۔ **ارجاع نالش**۔ نالش دائر کرنا۔

اَرجَل: (ع) وہ گھوڑا جس کا ایک پاؤں سفید اور تین اور رنگ کے ہوں۔ یہ منحوس سمجھا جاتا ہے۔

اَرجُن: (س) بھارت کے علاقے دلی میں پانچ ہزار برس پہلے ایک خاندان آباد تھا جس کا نام تھا پانڈو۔ پانڈو خاندان میں ایک مشہور تیر انداز گزرا ہے۔ اس کا نام تھا ارجن یہ کرشن جی کا پھپیرا بھائی اور بہنوئی تھا

اَرجنٹ: انگ ج کا کسرہ اس طرح ادا کیا جائے۔ جیسے یائے مجہول سے پہلے ہے) ضروری۔ فوری

اَرحام: (ع۔ مذ) رحم کی جمع۔ بچہ دانی۔ کوکھ۔ ایک ماں کی اولاد اور اولاد کی اولاد آپس میں

اَرحَمُ الرّاحِمین: (ع) سب سے زیادہ رحم کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ

اَرد: (ہ۔ مذ) ماش۔ مشہور غلہ جو سیاہ یا ہرا ہوتا ہے۔ **ارد پر سفیدی**۔ بہت کم۔ قلیل تعداد۔ **ارد کے آٹے کی طرح اینٹھنا**۔ خواہ مخواہ اکڑنا۔ کسی کے غصے یا تکبر کے طور پر بیان کرنا

اَردابیگنی: (ت۔ مو) سپاہی عورت۔

اَرداوا: (ہ۔ مذ) موٹا پسا ہوا آٹا یا دلیا جو مویشیوں کو دیا جاتا ہے۔

اَردبیل: (ف۔ مذ) آذربائیجان کا ایک شہر۔

اِردگِرد: (ا۔ مذ) آس پاس۔ چاروں طرف

اَردَلی: (انگ) چپڑاسی جو کسی افسر کے ساتھ رہے پیادہ۔

اُردُو: (ت۔ مو) پاکستان کی مشہور قومی زبان۔ لشکری زبان جو مختلف زبانوں کے الفاظ سے مل کر بنی ہے (مذ) لشکر۔ فوج۔ فوجی کیمپ۔ **اردو بازار**۔ چھاؤنی کا بازار۔ **اُردوئے معلّیٰ**۔ فصیح اور مستند اردو جو شاہی زمانہ میں قلعۂ معلیٰ میں بولی جاتی تھی۔

اُردِی بہشت: (ف۔ مذ) ایرانیوں کا دوسرا ماہ شمسی۔ مطابق اپریل۔

اَرنڈ خربوزہ : (ہ - مذ) پپیتا - پپیتے کے درخت - اس کے پتے ارنڈ سے مشابہ ہوتے ہیں۔

اَرِنی : (ع) مجھے اپنا جلوہ دکھا دے - حضرت موسیٰ نے کوہِ طور پر اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کی تھی کہ مجھے اپنا جلوہ دکھا دے۔ جواب ملا - لن ترانی یعنی تو مجھے ہرگز نہ دیکھ سکے گا - **ارنی گو** - (بفتح الف) ارنی کی آواز لگانے والا حضرت موسیٰ علیہ السلام۔

اَرواح : (ع - مو) روح کی جمع - روحیں - اردو میں یہ لفظ بطور واحد بھی مستعمل ہے - بمعنی نیت - خواہش - **ارواح بھٹکنا** - روح کا پریشان پھرنا - اس شخص کی روح کے لیے بولتے ہیں جو دل میں کسی بات کی حسرت لے کر مر جائے - **ارواح بھرنا** - طبیعت کا سیر ہو جانا - نیت بھر جانا - **ارواح لگی رہنا** - نیت لگی رہنا۔

اَروپ : (ہ) بدشکل - بھدا (مو) بھدا پن - بدصورتی

اَروگی : (ہ) جسے کوئی بیماری نہ ہو۔

اَروی : (ہ - مو) ایک قسم کی لیس دار ترکاری جو جڑ ہوتی ہے اور اس کے پتے بڑے چوڑے پتلے ہوتے ہیں - گھیاں

اَرہ : (ف) دیکھو آرہ۔

اَرہر : (ہ - مو) ایک قسم کا چنے کے برابر غلہ جس کی دال بڑے شوق سے کھائی جاتی ہے - **ارہر کی ٹٹیا اور گجراتی تالا** - ناموزوں کام - غیر متناسب چیزوں کا میل

اَری : (ہ) عورت کے لیے حرفِ ندا - اور کم رتبے کو یا محبت میں چھوٹی بچیوں کو اس لفظ سے مخاطب کرتی ہیں۔

اَرے : مرد کے لیے حرفِ ندا - کم رتبہ مرد کو یا محبت میں چھوٹے بچوں کو اس لفظ سے مخاطب کرتے ہیں۔ نیز اس لفظ کو بولتے وقت لہجے میں تعجب وغیرہ کا انداز ہو تو یہ حرفِ تعجب کے معنی دیتا ہے - جیسے ارے یہ کیا ہوا! **ارے ترے کرنا** - بدتہذیبی سے بولنا - ایسے تیسے کرنا۔

اُریب : (ہ) آڑا ترچھا - **اریب دار پاجامہ** - آڑا پاجامہ - جس کی موہری اتنی کم چوڑی ہوتی ہے کہ پنڈلی سے چپکی ہوئی معلوم ہوتی ہے - **اریب کی باتیں** (مو) ہیر پھیر کی باتیں فریب کی باتیں - **اریب کی چال** (مو) دھوکے کی باتیں - **اَریبواں** - ترچھا - آڑا - اریبی

اَرِیب : (ع) عقلمند - دانا

اَڑ : (ہ - مو) ضد - ہٹ - بسیرا - تعلق - رکاوٹ - **اڑ بیٹھنا** - ضد کرنا - اصرار کرنا - **اَڑانا** - اٹکانا - پھنسانا - گھسیڑنا - حائل کرنا - چھیڑنا - کسی کام میں دخل دینا۔

اُڑ جانا - دیکھو اڑنا - **اَڑ کے بیٹھنا** - دھرنا دینا - اس ارادے سے بیٹھنا کہ جب تک کام پورا نہ ہوگا نہ اٹھیں گے - کسی مجمع میں اس طرح بیٹھنا کہ دو مردوں کے جسم کو دھکا لگتا ہو جسم کو جسم سے ہلا کے بیٹھنا - **اَڑنا** - اڑانا کا فعل لازم

اَڑان : (ہ - مذ) وہ لکڑی جس سے کسی گرتی چیز کو روکنے کے لیے کھڑا کریں - اڑانا - بڑے اور موٹے اڑان کو کہتے ہیں۔

اَڑیل : اڑ جانے والا - ضدی - ہٹیلا - سرکش - مال دار - **اڑیل ٹٹو** - وہ ٹٹو یا گھوڑا جو رک رک کر پریشان کرے اور مار کھا کر چلے - بدخو لفظ - ضدی آدمی - اڑیل گھوڑا بھی

اُڑ : (ہ) اڑنا مصدر سے فعل امر - **اُڑان** - پرواز - اڑنا - **اُڑانا** - پرواز کرنا - چرا لینا - لوٹ لینا - کسی خبر کی شہرت دینا - سر وغیرہ کو ایک ہی ضرب میں تن سے جدا کر دینا - کاٹ دینا - کسی کی طرز کی نقل کرنا - ٹالنا (باتوں میں اڑانا) صرف بچا کرنا - ہٹانا - نکالنا (اسے یہاں سے اڑاؤ) تیزی سے دوڑانا (گھوڑا اڑاتے ہوئے چلے گئے) لہرانا - (جھنڈا اڑانا) کھانا (بس اڑا جاؤ) الگ کر دینا (اب اس نوکر کو اڑا ہی دو) تان لگانا (خوب بھیرویں اڑائی) ہنسی میں ٹالنا - (ایسی باتیں یوں ہی اڑا دینا چاہئیں) ہلکی چیز کو نیچے سے اٹھا کر ہوا میں پھینک دینا - (خاک اڑانا - پتنگ اڑانا) حاصل کرنا (مزے اڑانا) غرور پیدا کرنا (بہت سی تعریفوں نے اسے آسمان پر اڑا دیا) غائب کرنا (چہروں کے رنگ اڑا دیے) لگانا اور مارنا (خوب جوتے اڑائے) پریشان کرنا (ان باتوں نے تو دماغ اڑا دیا) اڑاؤ (فضول خرچ) **اُڑ بھاگنا** - تیزی سے بھاگ جانا - (جھٹ سے نکل جانا) - **اُڑ جھنجھیری ساون آیا** - جب کسی چھوٹے آدمی کو اتفاقیہ دولت مل جائے اور وہ خوب مزے اڑائے تو کہتے ہیں - خوب مزے کرو - **اُڑ تا گیا** - اڑتے جانور کا نشانہ - **اُڑتی تول** - کم تولنا - **اُڑتی چڑیا کو پہچاننا** - بہت سمجھ دار اور ذہین ہونا - صورت دیکھ کر معاملے کا اندازہ کر لینا - **اُڑتی خبر** - سنی سنائی بات بے حقیقت اور غیر معتبر خبر - **اُڑ جانا** - تیزی سے غائب ہو جانا - صرف ہو جانا - جلدی سے مر جانا - نیز اڑانا کے تمام معنی فعل لازم کی صورت میں - **اُڑ جائے** - بددعا - مٹ جائے - غارت ہو - **اُڑ چلنا** - اترانا - مغرور ہونا - اپنی حیثیت سے بڑھ کر چلنا - بدچلنی اختیار کرنا - **اُڑ فاختہ** - سیدھا سادا - بیوقوف - **اُڑ کر کہاں جاؤ گے** - مجھ سے کہاں بچ کر جاؤ گے - تمہاری عیاری میرے سامنے نہیں چل سکتی - **اُڑ کے لگنا** - ایک کی بیماری دوسرے کو لگ جانا - **اُڑ گیا** - گم - متنفر - خانہ خراب - غارت شدہ - اجڑا ہوا - **اُڑنا** - اڑانا کا فعل لازم - **اُڑنا گنا** - (مو) پر والی ناگن جو اڑ کر کاٹتی ہے - بگاڑ - غصیلی عورت - **اُڑن چھو ہونا** - ہوا ہو جانا - غائب ہو جانا - کھونا - **اُڑن کھٹولا** - ہوا پر اڑنے والا تخت - ہوائی جہاز۔

اڑی اُڑی طاق پر جا بیٹھی: بات کا پھیل جانا

اَڑاڑا: (ف۔ مذ) مکان یا دیوار کے گرنے کی آواز۔ اڑاڑا کے گرنا۔ دھماکے سے مکان یا دیوار کا یکایک گرنا۔

اَڑاڑ دھم یا دھوں یا دھپ: آدمی یا کسی وزن دار چیز کے گرنے کی آواز

اُڑان جھلا: (ف۔ مذ) لڑکوں کا ایک کھیل۔ جھلا بیری۔

اُڑان گھائی بتانا: (ا) بہکانا۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔

اَڑبڑ: (ا) ناہموار۔ اونچا نیچا

اَڑبنگا: (ف۔ مذ) روک۔ آڑ۔ جھمیلا۔ بکھیڑا۔ آڑا ترچھا۔

اَڑتالیس: (ف) آٹھ اور چالیس۔ پچاس سے دو کم

اَڑتلا: (ف۔ مذ) آڑ۔ بھروسا۔ آسرا۔ حمایت۔ پناہ۔ مذ۔ بہانہ

اَڑتیس: (ف) تیس اور آٹھ۔ چالیس سے دو کم۔

اُڑد۔ اُڑد پر سفیدی: (ف) دیکھو اُرد۔ اُرد پر سفیدی

اَڑسٹھ: (ف) ساٹھ اور آٹھ۔ ستر سے دو کم۔

اُڑس لینا: (ف) اٹکا لینا۔ کھونس لینا۔ اُڑسنا۔ اٹکانا۔ کھونس لینا۔

اَڑگڑا: (ف۔ مذ) گھڑ دوڑ کا میدان۔ گھوڑوں کا اڈا۔

اَڑم: (ف۔ مذ) ڈھیر۔ انبار۔

اَڑنگا: (ف۔ مذ) پہلوانوں کی اصطلاح میں ایک داؤ کا نام جس میں حریف کی ٹانگ میں ٹانگ اڑا کے اسے گرا دیتے ہیں۔ روک۔ ٹیک۔ اڑنگا دینا۔ اڑنگے کا داؤ استعمال کرنا۔ اڑنگا لگانا۔ اچھے خاصے کام میں خرابی ڈالنا۔ رخنہ ڈالنا۔ اڑنگا مارنا دیکھو اڑنگا دینا۔ اڑنگے پر چڑھ جانا۔ زانو پر چڑھ جانا۔ دھوکے سے قابو میں لانا۔ اڑنگے پر مارنا۔ اڑنگے کے پیچ سے گرانا۔ اڑنگے کے پیچ سے دے مارنا۔

اَڑواڑ: (ف۔ مو) بھتیلی۔ ستون۔ وہ لکڑی جس سے چھت کو سہارا دیتے ہیں تاکہ گر نہ پڑے

اَڑوس پڑوس: (ف۔ مذ) پاس پڑوس۔ ہمسائگی۔

اَڑھائی: (ف) ڈھائی۔ دو اور آدھا۔

اَڑھائی چاول الگ گلانا: سب سے الگ رائے رکھنا۔

اَڑھائی چلو خون پینا: (ا) بہت دکھ دینا۔ بہت تنگ کرنا۔ بہت مارنا۔

اَڑھائی دن کا جھونپڑا: (ا۔ مذ) اجمیر شریف میں ایک مکان ہے۔ جسے ڈھائی دن کے اندر گرا کر دوسری شکل میں تبدیل کر دیا گیا تھا یا بنا دیا گیا

اَڑھائی دن کی بادشاہت: چند روزہ عیش۔ بیکن نظام سقے کی بادشاہت جس کو بادشاہ نے جان بچانے کے صلے میں حکومت دی تھی۔

اَڑھائی سو: (ف) ڈھائی سو۔ دو سو اور پچاس۔

اَڑھائی گھڑی کی موت آئے: فوراً موت آئے۔ عورتیں کا کوسنا ہے۔

اَڑھیا: (ف۔ مو) ڈھائی سیر کا بٹہ۔ نجومیوں کی اصطلاح میں زحل (سنیچر) ستارے کا ایک برج میں قیام۔

اَڑی: (ف۔ مو) مصیبت اور تکلیف کا زمانہ۔ جو سر اور جیسے کھیلنے والوں کی اصطلاح میں مشکل داؤ۔ پہلوانوں کو ایک پیچ۔ ضرورت۔

اَڑے تھڑے میں کام آنا: برے وقت میں کام آنا۔ مصیبت میں مددگار ہونا

اَڑی مار: (ف) زبردستی مانگنے والا۔ فریبی۔ دغاباز

اَڑنیچ: (ف۔ مو) کاوش۔ دشمنی۔ اعتراض۔ نقص۔ روڑا۔ اڑنیچ رکھنا۔ دشمنی رکھنا۔ اڑنیچ نکالنا۔ حجت نکالنا۔ روڑے اٹکانا۔ نقص اور عیب نکالنا۔ اعتراض کرنا۔

اَڑے وقت کا گہنا: (ف) مصیبت اور ضرورت میں کام آنے والی چیز

اَز: (ف) مرکبات میں بطور سابقہ مستعمل ہے۔ از برائے خدا۔ خدا کے لیے۔ از بس۔ بہت۔ نہایت۔ غرض۔ المختصر۔ از حد۔ حد سے زیادہ۔ بیحد۔ بہت۔ از خورداں خطا واز بزرگاں عطا۔ چھوٹے ہمیشہ غلطی کرتے ہیں اور بڑے انہیں معاف کر دیا کرتے ہیں۔ از خرس موئے بس است۔ نالائق تھوڑی سی بھلائی کرے تو بہت سمجھو۔ از خود۔ اپنے آپ۔ خود سے۔ خود بخود۔ قصداً۔ بلا امداد غیرے۔ از خود رفتگی۔ آپے سے باہر

ہونا۔ بے خودی۔ **از خود رفتہ**۔ بےخود۔ مدہوش۔ دیوانہ

از دیدہ دُور از دل دُور۔ جو آنکھوں سے اوجھل ہو اس کا خیال نہیں رہتا۔ **از راہِ شفقت یا کرم یا مہربانی**۔ (راہ بہ اضافت) مہربانی کرکے۔ **از راہِ محبت**۔ (راہ بہ اضافت) پیار کے طور پر۔ دوستی کے طور پر۔ **از سر تا پا**۔ سر سے پاؤں تک۔ بالکل۔ تمام **از سرِ نو** (سر بہ اضافت) نئے سرے سے۔ پھر سے۔ **از غیبی**۔ غیب سے۔ خدا کی طرف سے۔ نامعلوم طریقے سے۔ غیر متوقع طور پر۔ یکایک معجزہ میں۔ **از غیبی گولا**۔ حرامی بچہ۔ آسمانی بلا۔ **از غیبی دھکا** آسمانی آفت۔ **از غیبا**۔ حرامی بچہ۔ **از کار رفتہ**۔ بیکار نکما۔ نامراد۔ جو کام کے قابل نہ رہا ہو۔ **از ماست کہ بر ماست** انسان پر جو پڑتی ہے وہ اس کے کئے کا پھل ہوتی ہے۔ **از ایں سو راندہ و ازاں سو درماندہ**۔ نہ اِدھر کا نہ اُدھر کا۔ ہر طرف سے مجبور ہر طرف سے راندۂ درگاہ۔

اِزار: (ع۔ مو) پاجامہ۔ شلوار۔ **ازار بند**۔ (بغیر اضافت) کمربند یا ناڑا جو پاجامے کے نیفے میں ڈالا جاتا ہے۔ **ازار بند کی ڈھیلی**۔ بدکار۔ فاحشہ عورت۔ **ازار بند کی سچی**۔ پاک دامن عورت۔ **ازار بندی رشتہ**۔ جورو کی طرف کا رشتہ۔ **ازار میں ڈال کر پہن لیا ہے**۔ خاطر میں نہیں لاتا۔ ادب نہیں کرتا۔

اِزالہ: (ع۔ مذ) زائل کرنا۔ گندگی یا نجاست کو دور کرنا مٹانا۔ پاک کرنا۔ **ازالۂ بکارت** (بہ اضافت) کنوارپن کو توڑنا۔ کنواری عورت سے ہمبستری کرنا۔ **ازالۂ حیثیتِ عرفی** (بہ اضافت) عزت و آبرو اتارنا۔ شہرت عام بگاڑ دینا۔

اَزبر: (ف) حفظ۔ یاد۔ زبانی یاد۔

اُزبک: دیکھو اوزبک۔

اِزدِحام: (ع۔ مذ) ہجوم۔ بھیڑ بھاڑ۔

اِزدِواج: (ع۔ مذ) شادی کرنا۔ نکاح کرنا۔

اِزدِیاد: (ع۔ مذ) زیادہ ہونا۔ کثرت۔ زیادتی۔

ازرق: (ع) نیلگوں۔ نیلا۔ آسمانی۔ **ازرق چشم** (بغیر اضافت) نیلی آنکھوں والا۔ گربہ چشم۔ گنجا۔ بے مروت۔

ازکیا: (ع۔ مذ) زکی کی جمع۔ شریف۔ پرہیزگار۔ نیک لوگ۔

اَزَل: (ع۔ مو) ماضی کی ہمیشگی جس کی کوئی ابتدا کی حد نہ ہو۔ **ازلی**۔ جو ہمیشہ سے ہے۔ اللہ تعالیٰ۔

اَزمِنہ: (ع۔ مذ) زمانہ کی جمع۔ زمانے۔ موسم۔ اوقات۔ **ازمنۂ ثلاثہ**۔ تین زمانے۔ تینوں زمانے۔ ماضی۔ حال اور مستقبل۔

اَزواج: (ع۔ مو) زوجہ کی جمع۔ منکوحہ عورتیں۔ بیویاں۔ **ازواجِ مطہرات**۔ پاک بیبیاں۔ آنحضرت صلعم کی بیبیاں (مذ) زوج کی جمع۔ جوڑے۔

اَزہار: (ع۔ مذ) کلیاں۔ بے کھلے پھول۔

اَزہر: (ع) بہت روشن۔ بنی فاطمہ مصر کی قائم کردہ یونیورسٹی جس کا پورا نام جامعہ ازہر ہے۔

اَژدر: (ف۔ مذ) اژدہا۔ اجگر۔ بڑا سانپ جو بکری تک کو نگل جاتا ہے۔ **اژدرِ موسیٰ**۔ حضرت موسیٰ کے پاس ایک عصا تھا جس کو وہ زمین پر ڈالتے تھے تو حکم خدا سے اژدہا بن جاتا تھا اور فرعون نے جو جادوگر موسیٰ کو شکست دینے کے لیے بلوائے تھے۔ ان کے (رسیوں کے بنائے ہوئے) سانپوں کو نگل جاتا تھا۔

اَژدہا: (ف۔ مذ) بڑا سانپ جو جانوروں کو نگل جاتا ہے۔ اجگر۔ **اژدہائے فلک**۔ (مذ) ایک آسمانی شکل کا نام۔ **اژدہے کے منہ میں ہاتھ دینا**۔ خطرناک کام کرنا۔ **اژدہے کے منہ میں ہونا**۔ دشمن کے چنگل میں ہونا۔

اَژدھات: (ف) کانسی۔ سات دھاتوں (سونے۔ چاندی۔ تانبے۔ پیتل۔ رانگ۔ جست اور لوہے) کی مرکب دھات۔ نہایت ٹھوس اور مضبوط۔

اُس: (ہ) وہ۔ **اُسی**۔ وہی۔ اس ہی۔

اِس: (ہ) یہ۔ **اِسی**۔ یہی۔ یہ ہی۔

اَساتِذہ: (ع۔ مذ) اُستاد کی جمع معلم۔ پڑھانے والا

اَسارا: (ہ۔ مذ) ریشم کا بنا ہوا باریک ڈورا جس پر تار چڑھا کر کلابتون بناتے ہیں۔

اُسارا: (ہ۔ مذ) چھپر۔ برآمدہ۔ سائبان۔ ورانڈا۔

اَساڑھ: (ہ۔ مذ) ہندی حساب سے برسات کا پہلا اور ہندی سال کا چوتھا مہینہ جو تقریباً ماہ جون میں ہوتا ہے۔ **اساڑھ جو ڑانے برکھا ہو وے**۔ اساڑھ میں گرمی پڑے تو بارش ہوتی ہے۔ **اساڑھی**۔ اساڑھ کی فصل۔ وہ چیزیں جو اساڑھ کے مہینہ میں بوئی جاتی ہیں

اَساس:۔ (ع ۔ مو) بنیاد ۔ جڑ ۔ اساسی ۔ بنیادی ۔ اصولی ۔

اَساطیر:۔ (ع ۔ مو) قصے کہانیاں ۔ اَساطیر الاوّلین ۔ اگلے لوگوں کے قصے کہانیاں

اَساطین:۔ (ع ۔ مذ) واحد اُسطوانہ ستون ۔ کھمبے ۔

اسافِل:۔ (ع ۔ مذ) واحد اَسفل ۔ کمینے لوگ ۔ ادنیٰ ۔

اسالیب:۔ (ع ۔ مذ) اسلوب واحد ۔ طرز ۔ طریقے ۔

اسامی:۔ (ع ۔ مو) اسم کی جمع الجمع ۔ نام ۔ لوگ ۔ کسان ۔ کاشتکار ۔ گاہک ۔ یار ۔ آشنا ۔ عہدہ ۔ نوکری ۔ شخص ۔ گواہ ۔ اسامی بلاحق دخیل کاری ۔ وہ کاشتکار جو زمین پر دخل پانے کا حق نہ رکھتا ہو ۔ اسامی باز ۔ وہ عورت جو آشنا کو اپنی جیب سے کھلائے ۔ اسامی بنانا ۔ شکار کرنا ۔ اپنا مطلب نکال لینا ۔ اسامی شکمی (ا ۔ افعا) وہ کاشتکار جو کسی دوسرے کاشتکار سے زمین لے کر کاشت کے لئے لے ۔ اسامی غیر موروثی ۔ (ا ۔ افعا) وہ کاشتکار جسے دوامی کاشت کا حق حاصل نہ ہو ۔ اسامی مستقل ۔ وہ کاشتکار جو زمین پر دخل پانے کا مستحق ہو ۔ اسامی موروثی ۔ وہ کاشتکار جس کا کسی زمین پر دوامی حق کاشت ہو ۔ اسامی وار ۔ اسامیوں کے نام کی ترتیب سے ۔

اسانا:۔ (ہ) غلے کو بھوسے سے جدا کرنا ۔

اسانید:۔ (ع ۔ مو) سند کی جمع ۔ اسنادی جمع ۔ وہ کتابیں جن میں معتبر راویوں کے نام لکھے گئے ہیں ۔ مستند کتابیں

اساوری:۔ (ہ ۔ مو) ایک راگنی کا نام ۔ ریشمی باریک کپڑا جس کے تانے میں روپہلے تار اور بانے میں ریشمی تار ہوتے ہیں ۔

اَسپ:۔ (ف ۔ مذ) گھوڑا ۔ شطرنج کا ایک مہرہ ۔ اسپی طاقت ۔ گھوڑوں کی طاقت ۔ انجن وغیرہ کی طاقت جس کا اندازہ گھوڑوں کی طاقت کے لحاظ سے مقرر کیا گیا ہے

اسباب:۔ (ع ۔ مذ ۔ واحد) بمعنی سامان ۔ (جمع سبب) بمعنی وجوہ ۔ کسی کام کو کرنے یا ہونے کے سبب اور وجہیں ۔ وہ رشتے جن کی بنا پر کسی کو مرنے والے کا ترکہ دیا جاتا ہے ۔ اسباب مانع ارث (موانع ۔ افعا) وہ باتیں جن کے بعد جائز وارث ترکہ پانے سے محروم ہو جاتا ہے ۔

اس برتے پر تتا پانی:۔ (ہ) ناقابلیت پر لیاقت کا دعویٰ ۔

اسبغول:۔ (ف ۔ مذ) مشہور بیج جو دوا میں استعمال ہوتے ہیں اور جن کے بھگونے سے سفید لعاب نکلتا ہے

اس بھول کا خدا حافظ:۔ بہت بھولتے ہو ۔

اَسپ:۔ (ف ۔ مذ) گھوڑا ۔ شطرنج کا ایک مہرہ ۔

اِسپات:۔ (ف ۔ مذ) ایک قسم کا سخت لوہا ۔

اَسپتال:۔ (ا ۔ مذ) شفاخانہ (یہ انگریزی لفظ ۔ ہاسپٹل)

اِسپرٹ:۔ (مو ۔ انگ) ایک پانی جیسی دوا جو شعلہ پاتے ہی بھڑک اٹھتی ہے ۔ تیز جذبہ ۔ جوش ۔ ولولہ ۔

اِسپرنگ:۔ (مو ۔ انگ) لوہے کی زنجیر دار کمانی جس میں لچک ہوتی ہے ۔

اِسپغول:۔ دیکھو اسبغول ۔

اَسپنج:۔ (مذ ۔ انگ) دیکھو ابر مردہ ۔

اِسپند:۔ (ف ۔ مذ) کالا دانہ جو آگ پر ڈالتے ہی چٹکتا ہے ۔ عورتیں نظر بد کے دور ہونے کے لئے آگ پر جلاتی ہیں ۔

اِسپیچ:۔ (مو ۔ انگ) لیکچر ۔ تقریر ۔ وعظ ۔

اِسپیشل:۔ (انگ ۔ یائے مجہول کی آواز بہت خفیف) خاص ۔ مخصوص ۔ وہ ریل گاڑی جس میں عام مسافروں کو سوار ہونے کی اجازت نہ ہو ۔ اسپیشل کلاس مخصوص درجہ جو بنایا گیا ہو ۔ وہ قیمت کا ٹکٹ لینے پر ملتا ہے

اِسپیکر:۔ (انگ) تقریر کرنے والا ۔ مقرر ۔ کسی ملک کی قانون ساز اسمبلی کا صدر ۔

اِسپین:۔ (انگ ۔ مذ) ہسپانیہ ۔ اندلس ۔ یورپ کا ایک ملک جو صدر اسلام میں مسلمانوں نے فتح کیا تھا اور عرصے تک ان کے قبضے میں رہا ۔

اُستاد:۔ (ف ۔ مذ) ماسٹر ۔ سکھانے والا ۔ کامل ۔ ہوشیار ۔ اُستاد بیٹھے پاس کام آئے راس ۔ کسی فن میں وہی کامیاب ہوتا ہے جو اسے کسی استاد سے حاصل کرے ۔ اُستادی ۔ ہنر ۔ کمال ۔ چالاکی ۔ استانی (مو) پڑھانے

سکھانے والی - اُستاد کی بیوی - چالاک عورت

اِستادگی : (ف - مو) عضوِ تناسل کا کھڑا ہونا - مجازاً ٹھنڈے مزاج کے انسان کو جو ہر بات میں غم کھا لیتا ہو جوش آنا - اِستادہ - کھڑا ہوا شخص - نصب (جیسے خیمہ اِستادہ ہوا) قائم (دیوار اِستادہ کر دی) تنا ہوا عضوِ تناسل

اِستانبول : (ت - مو) یورپی ترکی کے دارالخلافہ کا پرانا نام قسطنطنیہ - (استنبول)

اِستبداد : (ع - مذ) ظلم و قہر کا نظام چلانا مطلق العنانی سے حکومت کرنا - رجعت پسندی - اِستبدادی نظام استبداد کا حامی - رجعت پسند - موجودہ نظام میں تبدیلی کا مخالف -

اِستبرق : (حبشی - مذ) سبز اطلس کی قسم کا ریشمی کپڑا -

اِستثنا : (ع - مذ) کسی عام حکم سے کسی فرد کو علیحدہ کر دینا - کسی قانون و آئین کے نفاذ سے کسی فرد یا افراد کو خارج اور الگ کر دینا -

اِستحالہ : (ع - مذ) شکل و صورت اور خاصیت کا بالکل بدل جانا - جیسے جل کر راکھ بن جائے

اِستحصال : (ع - مذ) حاصل کرنا - حاصل کرنے کی خواہش - اِستحصال بالجبر - زبردستی چھین لینا - زبردستی حاصل کر لینا - اِستحصالِ ناجائز - (بہ اضا) ناجائز طور پر حاصل کرنا - خلاف قانون حاصل کرنا -

اِستحقار : (ع - مذ) حقیر سمجھنا - ذلیل سمجھنا - حقارت -

اِستحقاق : (ع - مذ) حق دار ہونا - کسی بات کا حق رکھنا - اختیار رکھنا - سزاوار ہونا - مستحق ہونا - اِستحقاقِ ترکہ (بہ اضا) مرنے والے کی میراث کا حقدار ہونا - اِستحقاقِ تشخیص - (بہ اضا) جمع بندی کی جانچ پڑتال کا حق - اِستحقاقِ حفاظتِ خود اختیاری - (اِستحقاق و حفاظت بہ اضا) اپنی جان و مال کی حفاظت کا قدرتی اور پیدائشی حق - اِستحقاقِ شفع - (بہ اضا) ہمسائی کا حق جس کی بنا پر کسی کو جائداد کے متعلق حق ہوتا ہے کہ بیچنے والا کسی غیر کے ہاتھ بیچے تو نہ بیچنے دے اور قیمت دے کر خود لے لے - اِستحقاقِ شفع بر بنائے جار و خلیط - اِستحقاق بہ اضا) نالش کرنے کا قانونی حق -

اِستحکام : (ع - مذ) مضبوطی - پختگی - استقلال

اِستخارہ : (ع) اللہ سے نیکی کی توفیق مانگنا - طلبِ خیر کرنا - نیز اصطلاح میں اس موقع پر جبکہ کسی اہم معاملے میں عقل کام نہ کرے - قرآن پاک یا تسبیح کے ذریعے مقررہ طریقوں سے اشارۂ غیبی چاہنا - (کرنا یا لینا) اِستخارہ آنا یا اِستخارے کا راہ دینا - مقررہ طریقے سے استخارہ کرنے کے بعد کام کرنے کے لیے غیبی اشارہ ہونا - اِستخارہ منع آنا - کام نہ کرنے کے لیے اشارۂ غیبی ہونا -

اِستخراج : (ع) نکالنا - خارج کرنا - چھانٹنا - برآمد ہونا - نتیجہ اخذ کرنا - اصطلاح ریاضی میں بڑی رقموں میں سے چھوٹی رقمیں گھٹانا -

اِستخفاف : (ع - مذ) ہلکا سمجھنا - خفیف سمجھنا - حقارت - سبکی - شرمندگی

اِستخلاص : (ع - مذ) چھڑانے کی کوشش کرنا - خلاصی - رہائی - آزادی - چھٹکارا

اُستخوان : (ف - مذ) ہڈی - اُستخواں فروشی - (مو) مرے ہوئے باپ دادا کی بدولت خود عزت چاہنا

اِستدانت : (ع - مو) قرض کی تلاش کرنا -

اِستدراک : (ع - مذ) پانا - سمجھ حاصل کرنا - جا پکڑنا - سمجھنا - ذہن نشین کرنا

اِستدعا : (ع - مو) چاہنا - خواہش کرنا - التماس کرنا -

اِستدلال : (ع - مذ) دلیل - ثبوت - دلیل لانا -

اَستر : (ف - مذ) دوہرے یا روئی دار کپڑے کے نیچے والی تہہ -

اِستراحت : (ع - مو) آرام کرنا - آسائش و آرام - مجازاً سونا - نیند لینا

اِسترخا : (ع - مذ) ڈھیلا ہو کر لٹک پڑنا - ڈھیلا ہو جانا -

اِسترداد : (ع - مذ) رد کرنا - اِستردادِ نیلام - نیلام کو منسوخ کر دینا -

اَستر کاری : (ف - مو) دیواروں پر چونا گچ یا سیمنٹ یا مٹی اور بھوسہ لیپنا

اُسترہ : (ف - مذ) بال مونڈنے کا اوزار جس میں دستہ اور پھل لگا ہوتا ہے - اُسترہ لینا - زیر ناف کے بال مونڈنا -

اِستری : (ہ - مو) وہ لوہا جسے گرم کرکے کپڑے کی شکنیں اور سلوٹیں دور کرنے کے لیے کپڑے پر پھیرتے ہیں - بیوی - عورت - اِستری دھن - بیوی کا مال

اِستسقا : (ع - مذ) پانی مانگنا - ایک بیماری جس

میں بار بار اور زیادہ پیاس لگتی ہے۔

اِستِشہاد: (ع - مذ) ثبوت میں گواہ لانا۔ شہادت سننا یا لینا۔ گواہی دینا۔ اِستِشہاد نامہ۔ سند۔ ...

اِستِصواب: (ع - مذ) مشورہ لینا۔ رائے پوچھنا

اِستِطاعت: (ع - مو) مقدور۔ مالی بساط۔ مالی حیثیت

اِستِعارات: (ع - مذ) استعارہ کی جمع۔ اِستِعارہ کسی لفظ کو اصل معنی کی بجائے کسی اور معنی میں استعمال کرنا جبکہ ان دونوں معنوں (اصلی اور مجازی) میں تشبیہ کا تعلق ہو جیسے کسی حسین شخص کو بیٹھے دیکھ کر کہیں کہ گلاب کا پھول بیٹھا ہوا ہے۔ گلاب کے معنی مخصوص پھول کے ہیں۔ لیکن یہاں پھول کی بجائے حسین شخص مراد لیا ہے۔ پھول اور حسین شخص میں تشبیہ کا تعلق ہے۔ یعنی حسین شخص کو پھول سے (بجائے خود) تشبیہ دی گئی ہے جو قرینے سے سمجھ میں آ رہی ہے۔

اِستِعانت: (ع - مو) مدد چاہنا۔ مدد مانگنا۔

اِستِعجاب: (ع - مذ) تعجب۔ حیرانی۔ اچنبھا۔

اِستِعداد: (ع - مو) قابلیت۔ لیاقت۔ آمادگی۔

اِستِعفا: (ع - مذ) معافی چاہنا۔ نوکری سے علیحدگی کی درخواست۔

اِستِعمال: (ع - مذ) برتنا۔ عمل میں لانا۔ اِستِعمالی۔ برتا ہوا۔ پرانا۔

اِستِغاثہ: (ع - مذ) نالش کرنا۔ کسی کے خلاف فوجداری کا دعویٰ کرنا۔ داد فریاد۔

اِستِغراق: (ع - مذ) کسی خیال میں ڈوب جانا۔ محویت۔ اِستِغراقِ فصل۔ فصل کا قرض میں صرف ہو جانا۔

اِستِغفار: (ع - مو) بخشش کی دعا۔ توبہ (لوگ میں عام طور پر استغفار پڑھتے ہیں) سے تعلق

ستر بار کا ہم کرتے ہیں استغفار
مستی کی جس کی پھر اس شخص کی ذم کیا کرتے

اِستغفر اللہ - توبہ۔ جب کسی کام کے ہونے یا کرنے کے متعلق دریافت کیا جائے اور انکار میں جواب دینا ہو تو اکثر یہ کلمہ بولتے ہیں۔ کسی بات کو سن کر نفرت ظاہر کرنے کی جگہ بھی استعمال ہوتا ہے۔ نیز ... نفرت۔ اور بخشش چاہتا ہوں۔

اِستِغنا: (ع - مذ) بے نیازی۔ بے فکری۔ بے پروائی۔

دولت مندی۔

اِستِفادہ: (ع - مذ) فائدہ حاصل کرنا۔

اِستِفاضہ: (ع - مذ) فیض حاصل کرنا۔ فیض پانا۔

اِستِفتا: (مذ) مفتی سے فتویٰ (مذ) شرعی حکم دریافت کرنا۔ وہ تحریر جس میں لکھ کر فتویٰ دریافت کیا جائے

اِستِفراغ: (ع - مذ) قے ہونا۔ متلی ہونا۔ اُلٹی ہونا۔

اِستِفسار: (ع - مذ) دریافت کرنا۔ پوچھنا۔

اِستِفہام: (ع - مذ) دریافت کرنا۔ سوال کرنا۔

اِستِقالہ: (ع - مذ) کسی سے معاہدہ توڑ دینے کی درخواست کرنا۔ معاہدے کو فسخ کر دینا۔

اِستِقبال: (ع - مذ) زمانہ آئندہ۔ آگے بڑھ کر پیشوائی کرنا۔ خیر مقدم

اِستِقرا: (ع - مذ) تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا

اِستِقرار: (ع - مذ) قرار پانا۔ قائم ہونا۔ طے پانا۔ اِستِقراریہ ڈگری (مو) خاص شرطوں پر ٹھہری ہوئی ڈگری

اِستِقلال: (ع - مذ) ثابت قدمی۔ پائداری۔ صبر و تحمل۔ استقامت۔ مستقل مزاجی۔ مضبوطی۔

اِستِکبار: (ع - مذ) غرور۔ فخر۔

اِستِکشاف: (ع - مذ) کسی چیز کے اظہار کی خواہش کرنا۔ ظہور۔ وضاحت چاہنا۔

اِستِلزام: (ع - مذ) لازم کر لینا۔ ضروری بنا لینا

اِستِماع: (ع - مذ) کان لگا کر سننا۔ غور سے سننا

اِستِمالت: (ع - مو) دلجوئی کرنا۔ مائل کرنا۔ خوشامد کرنا۔

اِستِمداد: (ع - مو) مدد چاہنا۔ سہارا ڈھونڈنا

اِستِمرار: (ع - مذ) ہمیشہ رہنا۔ ہمیشگی۔ اِستِمراری۔ دوامی۔ ہمیشہ کے لئے۔ اِستِمراری بندوبست دیہاتی زمین کی وہ ناپ تول جو ہمیشہ کے لئے ہو۔ اِستِمراری پٹہ

دو پٹہ یا دستاویز جو کاشت کار کو ہمیشہ کے لیے زمین برائے کاشت دیتے وقت لکھا جائے

اِستِمزاج: (ع - مذ) مرضی دریافت کرنا - رائے معلوم کرنا - مزاج پرسی۔

اِستِناد: (ع - مذ) کسی قول وغیرہ سے سند لانا - سند میں پیش کرنا

اِستِنباط: (ع - مذ) معلوم باتوں سے کوئی نامعلوم بات اخذ کرنا - نتیجہ اخذ کرنا۔

اِستنبول: دیکھو استانبول۔

اِستِنجا: (ع - مذ) پیشاب کرنا - آبدست کرنا - پیشاب کرنے کے بعد عضو مخصوص کی تری کو سکھانے کے لیے ڈھیلا لینا یا پانی سے پاک کرنا - استنجے کا ڈھیلا (مذ) انکھا - ڈھیل

اِستِوا: (ع - مذ) برابر ہونا - برابری - برابر کرنا - خطِ استوا مشرق سے مغرب تک وہ فرضی خط جو زمین کو دو برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہے اور جو علاقے اس کی حد میں آتے ہیں ان پر سورج کی شعاعیں سیدھی پڑتی ہیں

اُستُوار: (ف) مضبوط - پائدار - صفت استواری (مو)

اَستھان: (س - مذ) مکان - جگہ - ٹھکانا۔

اِستِہزا: (ع - مذ) ہنسی اڑانا - ٹھٹھا کرنا۔

اِستِیصال: (ع - مذ) جڑ سے اکھاڑ دینا ؎ تنبیہ عشق کے ہاتھوں سے دل سے مرے صبر و قرار ہو گیا دو دن میں استیصال اس اقلیم کا

اِستِیعاب: (ع - مذ) کسی مضمون یا کتاب وغیرہ کا شروع سے آخر تک مسلسل پڑھنا بالاستیعاب - شروع سے آخر تک مسلسل۔

اِستِیلا: (ع - مذ) غلبہ - تسلّط۔

اِسٹابری: (مو - انگ) پھدانہ کی ایک قسم - ایک قسم کا درخت جس کا پھل پھدانہ سے مشابہ ہوتا ہے۔

اِسٹاف: (مذ - انگ) عملہ - محکمے کے ملازمین

اِسٹاک: (مذ - انگ) کسی دکان یا دفتر وغیرہ کا موجودہ سامان - نیز اس سامان کا جمع - اسٹاک روم وہ کمرہ جہاں اسٹاک رکھا جائے

اِسٹام - اسٹامپ: (مذ - انگ) دستاویز کا کاغذ جس کی پیشانی پر سرکاری مہر چھپی ہوئی ہوتی ہے - نیز اسٹامپ - ڈاک کا ٹکٹ

اِسٹوڈنٹ: (انگ) ڈ کا کسرہ اس طرح ادا کیا جائے جس طرح یائے مجہول سے پہلے ہوتا ہے - طالب علم

اِسٹیٹ: (مذ - انگ) ریاست - حکومت - جائداد - سلطنت -

اِسٹیج: (مذ - انگ) تھیٹر کے کھڑے ہونے کا پلیٹ فارم - صدر جلسہ کے بیٹھنے کی جگہ - کسی بھی جلسے یا تھیٹر وغیرہ کی نمایاں اور بلند جگہ - اسٹیج پر - نمایاں جگہ پر - منظر عام پر

اِسٹیشن: (مذ - انگ) ریل گاڑی ٹھہرنے کی جگہ - پولیس وغیرہ کا مستقل قیام گاہ

اِسٹیشنری: (مو - انگ) دفتری لکھنے پڑھنے کا سامان۔

اِسٹیل: (مذ - انگ) فولاد - اسٹیل بکس لوہے کا صندوق۔

اِسٹیمر: (مذ - انگ) دخانی جہاز - بڑے دریاؤں اور سمندروں میں چلنے والا جہاز جو بھاپ اور بجلی وغیرہ سے چلتا ہے۔

اِسٹیمٹ: (مذ - انگ) م کا کسرہ اس طرح ادا کیا جائے جیسا کہ یائے مجہول سے پہلے ہوتا ہے - تخمینہ - اندازہ -

اِسحاق: (عبر - مذ) حضرت ابراہیم کے بیٹے جو حضرت یعقوب کے والد تھے

اَسَد: (ع - مذ) شیر آسمان کے بارہ برجوں میں سے ایک برج جس کی شکل شیر سے مشابہ ہوتی ہے - اسد اللہ (مذ) خدا کا شیر - حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا لقب ہے ؎ رشک

تھا شیرِ نیستانِ الوہیت و وحدت
جب تو اسد اللہ ہوا نام علی کا

اَسرار: (ع - مذ) سر کی جمع - بھید - راز - خفیہ باتیں - اردو میں یہ واحد استعمال ہوتا ہے ؎ شوق

کوئی کہتا تھا ہے کوئی آزار
کوئی بولا نظر کا ہے اسرار

اِسرافِ بیجا: (ع - مذ) فضول خرچی کرنا - بیجا خرچ

اِسرافیل: (ع - مذ) ایک فرشتے کا نام جو قیامت میں صور پھونکے گا۔

اِسرائیل: (عبر - مذ) حضرت یعقوب علیہ السلام کا نام۔ اسرائیلی: اولاد بنی اسرائیل کا نام۔ یہودی۔

اَسِسٹنٹ: (ش کا کسرہ اس طرح جیسا کہ یے مجہول سے پہلے ہوتا ہے) نائب۔ مددگار۔ معاون۔

اس سے تو نکٹے کی ناک بھی نہ کٹے: کند چھری یا استرہ وغیرہ۔

اس سے لیا پورا پڑے گا: یہ بہت کم ہے اس سے کام نہیں چلے گا۔

اس سے ہاتھ دھو لو: یہ تم کو نہیں مل سکیگا۔

اُسطوخودُوس: (یو - مذ) ایک قسم کی گھاس جس کے پھول دوا کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔

اَسفَل: (ع) نیچے۔ کمینہ۔ اسفل السافلین دوزخ کے سب سے نچلے طبقہ کا نام۔ ذلیل ترین جگہ۔

اِسفَندیار: (مذ) بادشاہ گشتاسپ کے بیٹے کا نام جو نہایت طاقتور تھا اور لوگ جانتے تھے کہ اس کا جسم لوہے کی طرح مضبوط ہے۔

اِسقاط: (ع - مذ) گرانا۔ حمل کا قبل از وقت گرنا۔ اسقاطِ حمل۔ حمل کا ضائع ہو جانا۔

اَسقام: (ع - مذ) سقم کی جمع۔ عیوب۔ بیماریاں۔

اُسقُف: (ع - مذ) لاٹ پادری۔

اِس کان سُنی اس کان اڑا دی: نصیحت پر عمل نہ کیا۔ بات کی تعمیل نہ کی۔

اِس کا بھی مُنہ جھلسو: اسے بھی کچھ دے کر راضی کر دو۔

اِسکارٹ: (انگ - مذ) فوجی دستہ۔ ہمراہی پہرہ۔

اِسکاؤٹ: (انگ) خدمت خلق کے لئے ایک قسم کی رضاکارانہ تحریک کا سپاہی یا رضاکار۔ جو لڑکوں اسکولوں کے سمجھدار بچوں میں چلائی جاتی ہے۔ اس تحریک کا رضاکار خاکی وردی اور نیکر پہنتا ہے اور گلے میں ایک رومال باندھتا ہے۔ تین انگلیوں سے سلام کرتا ہے اور سلام میں چھوٹی انگلی کی پشت کو پہلا پور انگوٹھے کی سیدھی طرف والے حصے میں دبا لیتا ہے۔ اسکاؤٹنگ۔ مذکورہ بالا تحریک۔ علم الطبیعہ۔

اِسکرُو: (انگ - مذ) پیچ جو لکڑی وغیرہ میں کسا جاتا ہے۔ بوتل کے کاگ کھولنے کا پیچ۔

اِسکَندَر: (مذ) مشہور یونانی بادشاہ جس نے مقدونیہ (یونان) سے چل کر مصر، شام اور ایران کے بعد شمالی ہند کا بھی بہت سا علاقہ فتح کر لیا تھا۔ اسکندریہ: مصر کا مشہور بندرگاہ جو بحیرۂ روم کے کنارے آباد ہے اور سکندر نے آباد کیا تھا۔

اِسکوائر: (مذ - انگ) وہ لکڑی وغیرہ جو بڑھئی کے زاویہ قائمہ بنانے کے کام آتی ہے۔ مربع۔ کسی چیز کے طول و عرض کا حاصل ضرب۔

اُس کو پتھر مارے بھی موت نہیں آتی: (عو) بہت سخت جان بے غیرت ہے۔ اُس کو چیل کوے کھائیں (عو) بد دعا۔ تباہ ہو جائے مر جائے۔ اس کی جڑ پاتال میں: بہت گہری ہے۔ بس کا گانٹھ ہے۔ اُس کی چھاتی مرا ایسے جس کی ہمت پر آفرین کیجئے۔ سخاوت و بہادری کی داد دیجئے۔ اس کے دل گردے تو دیکھو۔ اس کی ہمت پر غور کرو۔ اس گھر کا باوا آدم نرالا ہے۔ گھر کے سب آدمی نکمے ہیں۔ یہ خاندان ناہنجار ہے۔

اس کوٹھی کے دھان اُس کوٹھی میں کرنا: بے فائدہ کام کرنا۔ چیزیں الٹ پلٹ کرنا۔

اُس کو چیل کووں کو دوں: عورتوں کا کوسنا۔ اس کی بوٹی بوٹی کر کے اسے چیل کووں کو کھلاؤں۔

اِسکُول: (مذ - انگ) مدرسہ۔ تعلیم گاہ۔ مکتب۔

اُس کے نام کا کتا بھی نہیں پالتے: اس کا کوئی بھی نام نہیں لیتا۔ اس نام کا کتا بھی نہیں پالتے۔

اَسلاف: (ع - مذ) سلف کی جمع۔ اگلے زمانے کے بزرگ۔ باپ دادا۔ پردادا۔

اِسلام: (ع - مذ) دینِ محمدی۔ خدائے تعالیٰ کی اطاعت۔ سرِ تسلیم جھکانا۔ اسلام قبول کرنا۔ ایمان لانا۔ مسلمان ہونا۔

اَسلِحہ: (ع - مذ) سلاح کی جمع۔ ہتھیار۔

مستعمل ہے۔ اسلحہ خانہ۔ ہتھیار خانہ۔

اُسلُوب :- (ع۔ مذ) طریقہ۔ ڈھنگ

اِسم :- (ع۔ مذ) نام۔ لقب۔ **اسما**۔ اسم کی جمع۔ **اسم اعظم** (بہ اضا) خدا تعالےٰ کے ناموں میں سب سے بڑا نام جو اسم ذات ہے۔ باقی سب نام اسمائے صفات ہیں۔ کہا گیا ہے کہ یہ نام سوائے انبیاء و اولیا کے کسی کو معلوم نہیں اور اس نام کے واسطہ سے جو دُعا کی جاتی ہے وہ ہمیشہ مقبول ہوتی ہے۔ **اسماء الرجال**۔ وہ علم جس میں احادیث کے راویوں کے صدق و کذب سے بحث ہوتی ہے اور ان کے حالات و سیرت پر روشنی ڈالی جاتی ہے۔ **اسم بامسمّےٰ** (بغیر اضا) جیسا نام ہو ویسی صفت پائی جائے۔ **اسم جلالی**۔ خدا کا وہ نام جس میں شانِ جلال کا اظہار ہو جیسے قہار جبار۔ ؎ (سحر)

نقش اعظم سے دل پُر داغ بتخانہ ہوا
میں ترا اسم جلالی پڑھ کے دیوانہ ہوا

اسم جمالی۔ خدا کا وہ نام جس میں شانِ رحمت کا اظہار ہو۔ جیسے رحمٰن و رحیم۔

اِسماعِیل :- (عبر۔ مذ) حضرت ابراہیم کے بیٹے کا نام جو بڑے جلیل القدر پیغمبر تھے۔ اور ہمارے رسول انہی کی اولاد میں سے تھے۔ **اسمٰعیلیہ**۔ ایک فرقے کا نام جو فرقہ اثنا عشری کے بارہ اماموں میں سے چھ اماموں کو مانتا ہے۔

اِس میں کچھ فی ہے :- (۱) اس میں کوئی چال ہے۔ اس میں کوئی راز ہے۔ کوئی خاندانی عیب ہے۔

اَسناد :- (ع۔ مو) سند کی جمع۔ دستاویزیں۔ سرٹیفکیٹ۔ سندیں۔

اِسناد :- (ع۔ مذ) نسبت دینا۔ سند پیش کرنا۔ مسند و مسند الیہ کا درمیانی تعلق

اَسوار :- (ف) الف زائد ہے سوار ؎ انیس

کل تیس تو اسوار تھے اور لاکھ پیادے
اِک ایک پر ایسا تھا کہ لاکھوں کو ہرا دے

اَسوانسی :- (ہ۔ مو) زمین ناپنے کا پیمانہ۔ جو کچھ انسی کا بیسواں حصّہ ہوتا ہے۔

اَسوَد :- (ع) کالا۔ سیاہ رنگ کا۔ کالا سانپ۔ حبشی۔ ایک سمندر کا نام۔ جسے بحیرہ اسود کہتے ہیں۔

اُسوَہ :- (ع۔ مذ) پیشوا۔ نمود

اِس ہاتھ دے اُس ہاتھ لے :- ہاتھوں ہاتھ بدلہ۔

اِسہال :- (ع۔ مذ) دست۔ پتلا پاخانہ۔ پاخانے کا بار بار آنا۔

اَسہَل :- (ع) نہایت آسان۔

اَسّی :- (ہ) ستر اور دس

اِسی :- (ہ) یہی۔ اس ہی۔

اُسی :- (ہ) وہی۔ اُس ہی

اَسیاف :- (ع۔ مذ) سیف کی جمع۔ تلواریں۔

اِسی برتے پر :- اسی زور اور قوت پر۔ اسی لیاقت پر۔

اَسّی برس کا جھڈّو نام میاں معصوم :- (۱) بڑھاپے میں طفلانہ مزاج۔

اِسے چھپاؤ اُسے دکھاؤ :- (۱) دونوں ہم شکل ہیں۔

اِسی دن کو :- (۱) اسی بُرے سلوک کے لیئے۔ ایسے ہی بُرے کاموں کے لیئے۔ اپنے خوردوں اور بیٹوں وغیرہ سے کوئی بدسلوکی یا بدی سرزد ہونے پر کہتے ہیں۔ کیا اسی دن کو پالا تھا۔ وغیرہ

اَسِیر :- (ع) قیدی۔ مجاز عاشق۔ نیز سید مظفر علی کا تخلص (م ۱۲۹۹ھ) جو امیر مینائی وغیرہ کے استاد اور مصحفی کے شاگرد لکھنؤ کے مستند استاد تھے۔ اُن کے اشعار لغت میں سند ہیں۔

اُسی کی جوتی اُسی کے سر :- جس کی چیز تھی۔ اُسی پر خرچ کر دی گئی۔ ہماری گرہ سے کیا گیا۔

اَسِیس :- (س۔ مو) دعائے خیر۔ (ہندو روزمرہ)

اَسیسَر :- (انگ) مشیر عدالت جو اعزازی طور پر مقرر کیا جاتا ہے۔ وہ شخص جو مقدمات فوجداری میں سشن جج کو رائے دینے کے لیئے اعزازی طور پر پبلک سے منتخب کیا جائے

اِشارات :- (ع۔ مذ) اشارہ کی جمع۔ بوعلی سینا کی ایک کتاب کا نام۔ اشارہ۔ کنایہ۔ رمز۔ ایما۔ **اشارہ پانا**۔ ایما دریافت کر لینا۔ منشا معلوم کر لینا۔ **اشارے پر چلنا**۔ کسی کی مرضی کے مطابق کام کرنا۔ احکام کی فوراً تعمیل کرنا۔ **اشارہ کرنا**۔ اشارے سے دل

کو مطلب ظاہر کر دینا۔ مجھوؔ اور کنایۃً کسی بات کو تحریر یا تقریر میں ظاہر کرنا۔ ناجائز طور پر اشارے کنائے سے باتیں کرنا۔ سٹکانا۔ بھڑکانا۔ بہکانا۔ اشارے بازی کرنا۔ اشارے سے دل کا مطلب ظاہر کرنا۔ جان صاحب

ہم میکے کو منایا کیں اشارے بازیاں
کیا ہی گُل کھیلی ہے جو آئی ہے سسرال سے

اشارے چلنا۔ اشارے بازی ہونا۔ **اشارے پر اُکانا**۔ (کسی کی تعظیم دینا) اشارہ پا کر کام کرنے لگے۔ **اشارے پر لگنا** لازم

اَش اَش کرنا: (ا - مو) حیرت - خوشی اور تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے۔ واجد علی شاہ

نوبت کی کھوریں تھیں وہ دل کش
کرتے تھے ملک بھی سن کے اش اش

اِشاعت: (ع - مو) شائع کرنا۔ خبر کا عوام میں پھیلانا۔ شائع کی ہوئی کتاب۔ شہرت دینا

اِشباع: (ع - مذ) حرکات کو اس طرح کھینچ کر پڑھنا کہ زبر سے الف۔ زیر سے ی اور پیش سے واؤ کی آواز پیدا ہو جائے۔ جیسے اچار سے آچار۔ نیز علم قافیہ میں دخیل کی حرکت کا نام اشباع ہے۔

اَشباہ: (ع - مذ) شبہ کی جمع۔ شبیہیں۔ شکلیں۔ صورتیں۔

اِشتباہ: (ع - مذ) شک شبہ ہونا۔

اِشتداد: (ع - مذ) شدت ہونا۔

اُشتُر: (ف - مذ) اونٹ۔

اِشتراک: (ع - مذ) شرکت۔ ساجھا۔ میل جول۔ **اشتراک انقلابی** - وہ اتحاد و اشتراک جو ملک کی حکومت میں انقلاب لانے کے لئے مختلف جماعتوں میں ہو جائے۔ **اشتراکی**۔ کمیونسٹ جو ملک کے سرمائے میں سب کو برابر کا حق دینے کے مدعی ہیں اور مزدوروں کی حمایت کرتے ہیں۔ **اشتراکیت**۔ کمیونزم۔ وہ تحریک جس میں ملک کے سرمائے سے سب کو برابر کا حق دینے کا ادعا کیا جاتا ہے

اِشتعال: (ع - مذ) غصہ دلانا۔ کسی کو ابھارنا (غصے کو) بھڑکانا (دینا دلانا)۔ **اشتعال طبع** (یا اشتعال) طبیعت میں جوش پیدا کرنا اور غصہ دلانا۔ **اِشتعالک** (ع - مو) چراغ کی روشنی بڑھانے کے لیے بتی اکسانا۔ وہ تنکا جس سے بتی اکسائی جائے بھڑکانا؛ بے جاب دینا (دینا کے ساتھ)

اِشتغال: (ع - مذ) مشغول ہونا۔ شغل - کام۔

اِشتِقاق: (ع - مذ) مصدر سے فعل اور اسم بنانا۔ ایک کلمے سے دوسرا کلمہ بنانا

اِشتِمال: (ع - مذ) شامل ہونا۔ حاوی۔ مشتمل ہونا

اِشتِہا: (ع - مو) کسی چیز کی خواہش۔ بھوک۔

اِشتِہار: (ع - مذ) اعلان کی غرض سے چھپا ہوا کاغذ۔ ہینڈ بل۔ **اشتہار دینا**۔ شہرت دینا۔ اشتہار کے ذریعہ عام اطلاع دینا۔ **اشتہار لگانا** کسی مقام پر اشتہار چسپاں کرنا۔ **اشتہار لگنا** لازم۔ ظفر

داغ کیا دل کو دے لگا، لگا
عشق کے گھر پہ اشتہار لگا

اِشتہاری وہ مجرم جس کے پکڑنے کے واسطے حکومت نے اشتہار دے دیا ہو

اِشتیاق: (ع - مذ) شوق - آرزو - تمنا۔

اِشٹمی: (س - مو) ہر ہندی مہینے کی آٹھویں تاریخ۔

اَشجار: (ع - مذ) شجر کی جمع۔ درخت

اَشجع: (ع) بہت بہادر۔

اَشخاص: (ع - مذ) شخص کی جمع۔ لوگ۔

اَشَد: (ع) بہت سخت - بہت شدید۔

اَشُدھ: (س) ناپاک۔ غلیظ۔

اَشَر: (ع) بہت شریر۔ **اَشرار**: شریر کی جمع۔ برے لوگ۔ شرارتی لوگ۔

اَشراف: (ع - مذ) شریف کی جمع۔ خوش خلق - عالی خاندان - نیک۔ (اچھا۔ اردو میں واحد مستعمل ہے۔ مثال کے لیے دیکھو مقولہ **اشراف پاؤں پر کمینہ سر چڑھے**۔ شریف آدمی نرمی کرتا ہے اور کمینہ اس کے جواب میں سر چڑھتا جاتا ہے

اِشراق: (ع - مذ) روشن ضمیر ہونا۔ روشن ضمیری۔ صبح تڑکا۔ وہ چار رکعت نفل جو آفتاب نکلنے کے بعد پڑھی جاتی ہے۔ **اشراقیین**۔ فلسفیوں کا وہ گروہ جو ریاضت اور تزکیہ نفس میں کمال رکھتا ہے اور کشف و کرامات سے ...

اَشرف:- (ع) نہایت شریف - بزرگ تر بلحاظ مرتبہ - اشرفُ المخلوقات - تمام مخلوقات سے بزرگ تر انسان -

اَشرفی:- (ف - مو) سونے کا سکہ جو تقریباً چھ ماشہ ہوتا ہے - گیندے کی قسم کا ایک پھول - اشرفیاں لٹیں اور کوئلوں پر مہر - فضولیات میں لاکھوں خرچ ہوں اور ضروریات میں کمی کر دی جائے -

اَشعار:- (ع - مذ) شعر کی جمع کلام منظوم -

اَشعری:- (ع - مذ) چند علماء کا لقب ابوالحسن علی بن اسمٰعیل - ابو بردہ عامر بن ابی موسیٰ - ابوالحسن علی استاد امام غزالی - اَشعریہ حکمائے اسلام کا ایک گروہ

اَشغال:- (ع - مذ) شغل کی جمع - مشغلے - کام -

اُشغلہ:- (ا - مذ) چھوڑنا - اٹھانا - نکالنا) اشغلہ - شگوفہ - فساد کی بات چپکے سے کہنا کرنا -

اَشفاق:- (ع - مذ) شفقت کی جمع - مہربانیاں - عنایتیں -

اَشقیا:- (ع - مذ) شقی کی جمع - سنگ دل - بے رحم - ظالم - بدنصیب -

اَشک:- (ف - مذ) آنسو - اشکباری (بغیر اضافہ) رونا - آنسو بہانا - اشکِ بلبل افیون کی خفیف مقدار - اشکِ شادی - آنسو جو جوشِ مسرت میں نکلیں - اشک شوئی (مو) تسلی - دلاسا - آنسو پونچھنا - نقصان کی کسی قدر تلافی - اشکِ کباب - (مذ) وہ پانی جو آگ پر رکھنے کے بعد کباب سے نکلتا ہے ؎ شعور

جس کا جگر جلے گا وہ روئے گا ناصحا
شاید نظر نہیں تجھے اشکِ کباب پر

اَشکال:- (ع - مو) شکلیں - صورتیں - اصولِ منطق کے اعتبار سے دلیلیں قائم کرنے کے چار طریقے جنہیں شکل اول - شکل دوم - شکل سوم اور شکل چہارم کہتے ہیں -

اِشکال:- (ع - مذ) دشواری - مشکل - دقت

اَشلک:- (ت - مذ) تہمت (صرف لگانا کے ساتھ)

اَشلوک:- (مذ - س) نظم - شعر

اَشنان:- (س - مذ) غسل - مذہبی نہان -

اَشوک:- (س - مذ) قدیم بھارت کا ایک مشہور راجہ -

اِشہاد:- (ع - مذ) شہادت دینا - ثبوت پیش کرنا -

اَشہب:- (ع - مذ) سبز گھوڑا - مجازاً مطلق گھوڑا

اَشیا:- (ع - مو) شے کی جمع - چیزیں

اَشیرباد:- (س - مو) دعائے خیر (ہندوؤں کا روزمرہ)

اِصابت:- (ع - مو) راہِ صواب اختیار کرنا - صحیح نتیجے پر

اَصالت:- (ع - مو) اصلیت - خاصیت - خمیر کی تاثیر - نطفے اور نسل کا اثر - اصالۃً - بذات خود - بنفس نفیس - اپنے آپ (اصالتاً الف سے لکھنا غلط ہے) - اصالت پر آ جانا - شرارت پر اتر آنا - کمینے پن پر آ جانا - خاندان کا اثر دکھانا -

اَصَح:- (ع) - بہت صحیح - صحیح تر -

اَصحاب:- (ع - مذ) صاحب کی جمع - دوست - ہم نشین - والے - (جیسے اصحاب غرض) وہ لوگ جنہوں نے بحالتِ ایمان آنحضورؐ کو دیکھا اور حضورؐ کی صحبت سے مستفیض ہوئے اصحابِ فیل - (بہ اضافہ) ابرہہ اور اس کے ساتھی - دیکھو ابرہہ اصحابِ کہف (بہ اضافہ) وہ سات یا نو اشخاص جنہوں نے اب سے ہزاروں برس پہلے دقیانوس بادشاہ کی خدائی کو تسلیم کرنے سے انکار کیا تھا - اور اس کے خوف سے پہاڑوں میں جا کر ایک غار میں چھپ گئے تھے - وہاں اتفاق سے نیند آ گئی اور غار کا دروازہ قدرت خدا سے بند ہو گیا - آنکھ کھلی تو صدہا برس گزر چکے تھے - بازار گئے - لا کر کھایا اور پھر سو رہے - اس وقت سے اب تک اسی غار میں سو رہے ہیں اور جب حکمِ خدا ہوگا - اس وقت باہر نکلیں گے - ان کے ساتھیوں میں ایک کتا بھی ہے - یہ غار دشت پامیر میں واقع ہے - ۱۹۳۱ء میں سید عبداللہ ہاشم سرحدی کمیشن کے ساتھ اس طرف گئے تھے - ان کا بیان ہے کہ سات دراز قد آدمی غار میں چادریں تانے پڑے ہیں جن کے تنفس کی جنبش برابر دیکھی جاتی ہے -

اِصدار:- (ع - مذ) صادر کرنا - صادر ہونا -

اِصرار:- (ع - مذ) ضد - ہٹ - تاکید -

اِصطِباغ: (ع ۔ مذ) رنگنا ۔ عیسائی بنانا ۔ عیسائی بناتے وقت سر پر بپتسمہ پانی چھڑکنے کی رسم (ادا کرنا / دینا)

اِصطَبل: (لاطینی سے ع) گھوڑوں کے باندھنے کی جگہ ۔ طویلہ ؎ (دبیر)

اصطبل واں تھا دوش نبی کے سوار کا
جھولا پڑا ہوا تھا جہاں شیر خوار کا

اُصطُرلاب: (یو ۔ مذ) پیتل کا وہ مدوّر آلہ جس پر آفتاب اور ستاروں کی بلندی اور بُعد دریافت کرنے کے لئے نقوش و حروف بنے ہوتے ہیں۔

اِصطِفا: (ع ۔ مذ) برگزیدگی ۔ منتخب ہونا ۔ چنا جانا۔

اِصطِلاح: (ع ۔ مو) کسی علمی یا فنی گروہ کا کسی لفظ کو اصلی معنی کی بجائے کسی خاص معنی میں استعمال کرنا۔

اَصغَر: (ع ۔ مذ) سب سے چھوٹا ۔ کم سن

اَصفَر: (ع) زرد ۔ زعفرانی۔

اَصفِہان: (مذ) ایران کا ایک مشہور شہر جہاں کی تلوار مشہور ہے ۔ مستعمل اصفہان

اَصفِیا: (ع ۔ مذ) صفی کی جمع ۔ برگزیدہ اور پہنچے ہوئے لوگ ۔ پاک باطن۔

اَصل: (ع ۔ مو) جڑ ۔ ہستی ۔ حیثیت ۔ جبلت ۔ خالص ۔ حقیقت ۔ سرمایہ ۔ نسب ۔ ذات ۔ اصلاً ۔ اصل کے اعتبار سے ۔ **اصل اصول** (ب ا ضا) جڑ ۔ بنیاد ۔ علت غائی ۔ جس غرض اور مقصد پر کسی چیز کا وجود و ہستی ہو ۔ تمام جڑوں کی جڑ ۔ **اصل خیر ہے** ۔ سلامتی سے خیریت ہے ۔ **اصیل سے خطا نہیں کم اصل سے وفا نہیں** ۔ شریف کبھی برائی نہیں کرتا ۔ اور رذیل کبھی بھلائی نہیں کرتا ۔ **اصلی حقیقی** ۔ ذاتی ۔ پیدائشی شدہ ۔ سچا پکا ۔ خالص جس میں بناوٹ اور جھوٹ نہ ہو ۔ خاص

اصلیت: (مو) واقعیت ۔ حقیقت ۔ **اُصول** ۔ اصل کی جمع نیز اردو میں بطور واحد بمعنی دستور ۔ ڈھنگ ۔ قاعدہ ۔ طریقہ (باندھنا) **اصول فقہ** (ب ا ضا) ایک علم جس میں ان قواعد سے بحث کی جاتی ہے ۔ جن کے تحت شرعی احکام قرآن و سنت وغیرہ سے استنباط کئے جاتے ہیں ۔ **اصول کلام** (ب ا ضا) علم کلام میں مسائل کو دلائل عقلی سے ثابت کرنا ۔ **اصول موضوعہ** (ب ا ضا) وضع کئے ہوئے اصول اور طریقے ۔ بنائے ہوئے قاعدے ۔ اصول [illegible] ۔ **اصولی** ۔ وہ بات جو اصول کے تحت ہو ۔ نیز وہ جو مستنبط ہو سند مجتہد کا قول ہے

اَصلاً: (ع) ہرگز ۔ کبھی ۔ مطلق۔

اِصلاح: (ع ۔ مو) درستی ۔ ترمیم ۔ درست کرنا ۔ **اصلاح بنوانا** ۔ حجامت بنوانا ۔ **اصلاح دینا** ۔ سنوارنا ۔ درست کرنا ۔ کسی کے کلام نثر و نظم کی ترمیم کرنا ۔ **اصلاح لینا** ۔ کوئی نظم یا نثر کسی سے درست کرانا ۔ **اصلاح ہونا** ۔ درستی ہو جانا ۔ کلام نثر یا نظم کا درست ہو جانا۔

اَصَم: (ع) بہرا ۔ نہ سننے والا۔

اَصمَعی: (ع ۔ مذ) عربی کا ایک مشہور ادیب ۔ ابوسعید عبد الملک بن قریب ۔ م ۲۱۶ھ / ۸۳۲ء بصرہ

اَصناف: (ع ۔ مذ) صنف کی جمع ۔ قسمیں ۔ انواع۔

اَصنام: (ع ۔ مذ) صنم کی جمع ۔ بت ۔ پتھر ۔ مجازاً معشوق سنگ دل۔

اَصوات: (ع ۔ مو) صوت کی جمع ۔ آوازیں۔

اَصیل: (ع) شریف ۔ اچھی نسل ۔ اچھی ذات والا ؎

مرد جلیل ہوں میں اللہ ذلیل اصل میں
تیغ اصیل ہوں میں لیکن زبوں دست زن ہیں (امیر)

اچھی نسل کا مرغ ۔ ذات کا پکا انسان ۔ روٹی پکانے اور اوپر کے کام پر نوکری کرنے والی عورت ۔ اصیل گھوڑا ۔ **اصیل گھوڑے کو چابک کی حاجت نہیں** ۔ غیرت دار اور ہونہار لڑکے کی نسبت اکثر کہتے ہیں کہ اسے تنبیہ کی ضرورت نہیں ۔ خود ہی شوق سے سب کام ٹھیک کرتا ہے۔

اِضافت: (ع ۔ مو) نسبت ۔ لگاؤ ۔ ایک اسم کا دوسرے اسم سے جوڑ لگاؤ جس کا اظہار زیر یا "کا" "کی" "کے" سے کیا جاتا ہے (جیسے "انقلاب نو" یا "قوم کا رجحان")

اِضافہ: (ع ۔ مذ) ترقی ۔ زیادتی ۔ **اضافی** ۔ وہ بات جو اصلی نہ ہو ۔ غیر اصلی ۔ نسبت سے۔

اُضحیٰ: (ع) قربانی ۔ اُضحیہ ۔ قربانی کا جانور۔

اُضحوکہ: (ع ۔ مذ) جس کی ہنسی اڑے۔

اَضداد: (ع ۔ مذ) ضد کی جمع ۔ ایسی متقابل چیزیں جن کا ایک وقت اور ایک جگہ پر جمع ہونا ناممکن ہو ۔ جیسے سیاہی اور سفیدی ۔ متضاد باتیں۔

اِضطِراب: (ع ۔ مذ) بے قراری ۔ بے چینی ۔ بیتابی ۔ گھبراہٹ ۔ مجازاً جلدی ۔ بوکھلاہٹ ۔

اِضطِرار: (ع ۔ مذ) بے اختیاری ۔ بیقراری ؎

رشک ہے اے کرم شعار اپنے کئے سے شرمسار
تجھ سے منے گا اضطرار تیرے گناہ گار کا

اَضعاف:- (ع) ضعف کی جمع۔ دگنا، تگنا وغیرہ۔ اَضعافاً مضاعفاً۔ دگنا تگنا۔

اَضعَف:- (ع) بہت کمزور۔ بہت نحیف۔

اَضغاثِ اَحلام:- (ع ب اضا) پریشان خواب جن کی کوئی تعبیر نہ ہو۔

اَضلاع:- (ع۔ مذ) ضلع کی جمع۔ پہلو۔ خطے ۔۔۔ ملک کے وہ حصے جو کمشنروں ۔۔۔ ہیں۔ حدود ۔۔۔ دل کے خطوط۔

اِضلال:- (ع۔ مذ) گمراہ کرنا۔

اِضمار:- (ع۔ مذ) کلام میں کسی اسم کے بجائے ضمیر لانا۔ اضمار قبل الذکر۔ اسم لانے سے پہلے ہی اس کے لیے ضمیر لے آنا۔ ذوق

باغ سے اس نے اجاڑا آشیان عندلیب
خشک دستِ ظلم ہو یا رب کہیں صیاد کا

اِضمحلال:- (ع۔ مذ) سستی۔ پژمردگی۔ کاہلی۔ کمزور ہونا۔

اِطاعت:- (ع۔ مو) فرماں برداری۔ بندگی۔ چاکری۔ پیروی

اُطاق:- (ف۔ مذ) کمرہ۔ حجرہ۔

اَطَالَ اللہُ عُمرَہٗ:- (ع) خدا اس کی عمر میں اضافہ کرے۔ یہ ایک دعائیہ القاب ہے جو خوردوں کے نام کے بعد لکھا جاتا ہے۔

اِطالیہ:- (ع۔ مذ) اٹلی جو یورپ کا ایک مشہور ملک ہے رُوم

اَطبا:- (ع۔ مذ) طبیب کی جمع۔ حکیم۔ معالج یونانی

اَطراف:- (ع۔ مذ) طرف کی جمع۔ کنارے۔

اِطریفل:- (ع۔ مذ) ایک قسم کی معجون جو یونانی طریقہ داساز سے تیار کی جاتی ہے۔ ترپھلے سے مرکب۔

اَطعمہ:- (ع۔ مذ) طعام کی جمع۔ کھانے۔ غذائیں۔

اِطفا:- (ع۔ مذ) آگ بجھانا۔ شعلہ بجھانا۔

اَطفال:- (ع۔ مذ) بچے۔ طفل کی جمع۔

اِطلاع:- (ع۔ مو) خبر۔ اعلان۔ اطلاع نامہ (بغیر اضا۔ مذ) وہ تحریر جو خبر دینے کے لیے بھیجی جاتی ہے سمن۔ نوٹس۔ پروانہ۔ حکم نامہ۔ اطلاع یابی۔ اطلاع پانا۔

اِطلاق:- (ع۔ مذ) کسی لفظ کے مفہوم کا کسی ذات پر منطبق ہونا۔ سالک

تو بھی گر لب سے خموشی میں نہ بخلے گا ہے
۔۔۔ اطلاق ہو گویائی کا

اطلاق نویس (بے اضا) حق کے اجرا و خرچ کا حساب کتاب رکھنے والا افسر۔

اَطلس:- (ع۔ مو) ایک قسم کا ریشمی چمکیلا کپڑا۔

اِطمینان:- (ع۔ مو) تسلی۔ تشفی (بیقراری کی ضد) دل جمعی۔

اِطناب:- (ع۔ مذ) کلام کو غیر ضروری طور پر طول دینا

اَطوار:- (ع۔ مذ) طور کی جمع۔ طریقے۔ وضع۔ چال چلن۔ روش۔ ڈھنگ۔

اَطہار:- (ع۔ مذ) طاہر کی جمع۔ پاک لوگ۔ اطہر بہت پاک۔ نہایت پاک۔

اَطیَب:- (ع) نہایت خوب۔ نہایت خوشبودار۔ نہایت پاک۔

اَظلال:- (ع۔ مذ) ظل کی جمع۔ سائے۔

اَظلم:- (ع) بہت ظالم۔ بہت ستانے والا۔

اِظہار:- (ع۔ مذ) ظاہر کرنا۔ ظاہر ہونا۔ وہ بیان جو عدالت کے سامنے دیا جاتا ہے۔ اظہار دینا۔ عدالت میں گواہی یا بیان دینا۔ بیان لکھوانا۔ اظہار کرنا۔ ظاہر کرنا۔ بیان کرنا۔ کہنا۔ اظہار لینا۔ شہادت لینا۔ حاکم یا کسی افسر کا اہل مقدمہ سے حالات مقدمہ دریافت کرنا اور بیان لینا۔

شحنے نے سنا پکڑ بلایا
لے کے اظہار ساتھ لایا نسیم

اظہار نویس (بے اضا) وہ پیشکار جو عدالت میں فریقین مقدمہ اور ان کے گواہوں کے بیانات قلمبند کرتا ہے۔ اظہر۔ بہت ظاہر۔ نہایت واضح۔ خوب روشن۔ صریح۔ اَظہَر مِنَ الشَّمس۔ سورج سے بھی زیادہ روشن اور نمایاں۔

اِعادہ:- (ع۔ مذ) دوہرانا۔ بار بار کرنا یا کہنا۔

اَعاظِم :- (ع - مذ) اعظم کی جمع - بہت بڑے -

اِعانَت :- (ع - مو) مدد کرنا - حمایت کرنا - امداد کرنا - سہارا دینا - مدد - اعانتِ مجرمانہ - جرم کی ترغیب یا اُس میں مدد دینا -

اِعتاق :- (ع - مذ) غلام کو آزاد کرنا -

اِعتبار :- (ع - مذ) یقین - اعتماد - ساکھ - بھروسہ - ثبات - قیام (زندگی کا کیا اعتبار) لحاظ - نظر (دولت کے اعتبار سے وہ ہم سے اچھے ہیں) اعتبار اُٹھ جانا - اعتماد نہ رہنا - ساکھ جاتی رہنا - اعتبار آنا - یقین ہونا - اعتبار رکھنا - معتبر ہونا - اعتبار کرنا - بھروسا کرنا - یقین کرنا - سچ جاننا - اعتباری - معتبر - بھروسے کے لائق -

اِعتِدال :- (ع - مذ) میانہ روی - نہ کمی نہ زیادتی -

اِعتِذار :- (ع - مذ) عذر کرنا - عذر خواہ ہونا -

اِعتِراض :- (ع - مذ) نکتہ چینی - عیب نکالنا - گرفت کرنا - اعتراض اٹھانا - اعتراض کی ابتدا کرنا - جواب دینا - اعتراض اُٹھا دینا - شبہے کا جواب دینا - اعتراض اٹھا لینا - شبہ واپس لے لینا - اعتراض اُٹھنا - لازم - اعتراض جڑنا - اعتراض جمانا - اعتراض کرنا (بے تکلفی کے موقع پر ان مصادر کے ساتھ بولتے ہیں) اعتراض کرنا - عیب نکالنا - نکتہ چینی کرنا - اعتراض نکالنا - عیب نکالنا - اعتراض ہونا - کرنا کا لازم -

اِعتِراف :- (ع - مذ) کسی امر کا اقرار کر لینا - مان لینا - تسلیم کرنا -

اِعتِصام :- (ع - مذ) تمسک کرنا - رسّی یا دامن وغیرہ کو مضبوطی سے پکڑ لینا -

اِعتِقاد :- (ع - مذ) یقین کرنا - عقیدہ رکھنا - عقیدہ - ایمان - اعتبار - اعتقاد اُٹھ جانا - عقیدہ جاتا رہنا - اعتقاد رکھنا - معتقد ہونا -

اِعتِکاف :- (ع - مذ) گوشہ نشینی - نفس کو لذاتِ دنیاوی سے باز رکھنا - مسجد میں مقررہ طریقے سے گوشہ نشین ہو جانا - اعتکاف سے نکلنا - اعتکاف ختم کرنا - اعتکاف کرنا - شرائطِ اعتکاف کے ساتھ گوشہ نشین ہونا -

اِعتِلا :- (ع - مذ) بلندی - اُونچائی -

اِعتِماد :- (ع - مذ) بھروسہ - اعتبار -

اِعتِنا :- (ع - مو) پروا کرنا - ہمدردی کرنا - شریک درد و غم ہونا - غمخواری - توجہ -

اِعجاز :- (ع - مذ) معجزہ - کرامت - کرشمہ - اعجازِ بیان (نہایت فصیح کلام والا) - وہ شخص جس کا کلام جادو کا اثر کرے - اعجاز دکھانا - معجزہ دکھانا - اعجازِ مسیحائی حضرت عیسےٰ کا معجزہ - مُردے میں جان ڈالنا - بیمار کو شفا دینا - مادر زاد اندھے اور کوڑھی کو اچھا کرنا -

اُعجُوبہ :- (ع - مذ) عجیب - انوکھا - عجیب شے -

اَعدا :- (ع - مذ) جمع عَدُو - دشمن

اَعداد :- (ع - مذ) گنتی - ہندسے - اعدادِ متبائن - وہ عدد جنہیں کوئی عدد پورا پورا تقسیم نہ کر سکے - جیسے ۵ - ۷ وغیرہ - اعدادِ متداخل - وہ عدد جنہیں کوئی عدد پورا تقسیم کر دے - جیسے ۶ - ۹ وغیرہ - اعدادِ متماثل - وہ عدد جو ایک دوسرے سے مشابہ ہوں جیسے ۲ - ۳ وغیرہ - اعدادِ متوافق - وہ عدد جو دوسرے اعداد کو پورا پورا تقسیم کر سکیں جیسے ۶ اور ۴ کو ۲ اور ۳ پورا پورا تقسیم کر دیتے ہیں - اعداد و شمار - پوری پوری گنتی -

اِعراب :- (ع - مذ) زیر زبر پیش وغیرہ

اَعراب :- (ع - مذ) عرب کی جمع - بدو عرب - عرب کے صحرانشین - اَعرابی - عرب کا بدو - گنوار - اُجڈ

اِعراض :- (ع - مذ) روگردانی کرنا

اَعراف :- (ع - مذ) دوزخ اور جنت کے مابین درمیان کی جگہ - برزخ - نہ ادھر نہ اُدھر - قرآن پاک کا ایک سورہ -

اِعزاز :- (ع - مذ) عزت پانا - رتبہ - عزت دینا -

اَعِزّہ :- (ع - مذ) عزیز کی جمع - رشتہ دار - بھائی بند -

اَعصاب :- (ع - مذ) رگ پٹھے - عصب کی جمع

اَعضا :- (ع - مذ) عضو کی جمع - جسم کے حصے - اعضا ٹوٹنا - اعضا شکنی ہونا - ؎ قدر

ہجر میں ٹوٹتے ہیں سب اعضا
پر شبِ وصل مومیائی ہے

اَعضاشکنی :- (مو) بدن ٹوٹنا - جوڑ جوڑ میں درد ہونا - بخار

کی آمد محسوس ہو۔ اعضائے رئیسہ - دل جگر اور دماغ وغیرہ جو جسم انسانی کے سردار ہیں۔

اِعطا :- (ع - مذ) عطا کرنا - دینا -

اَعظم :- (ع) بہت بڑا - بزرگ

اَعقاب :- (ع - مذ) عَقب کی جمع - آل اولاد - ورثاء - وارث - پچھلی نسلیں (اسلاف کی ضد)

اِعلا :- (ع - مذ) بلند کرنا - بلند ہونا -

اِعلام :- (ع مذ) خبر دینا - اطلاع کرنا

اَعلام :- (ع - مذ) علم کی جمع - جھنڈے - رایات -

اِعلان :- (ع - مذ) ظاہر کرنا - اطلاع دینا کسی بات کا مشہور کرنا - منادی عام پر کہنا - ڈھنڈورا پیٹنا -

اَعلَم :- (ع) کسی علم کو سب سے زیادہ جاننے والا -

اَعلٰی :- (ع) بلند تریں - بہت اونچا - سب سے اونچا - بہت بڑے مرتبے کا - اعلیٰ علیین - جنت کا بڑا درجہ

اَعَم :- (ع) بہت عام بات یا چیز - اَخص کی ضد

اَعمال :- (ع - مذ) عمل کی جمع - افعال - کام - دعائیں اور وظیفے جو شریعت کے مقرر کردہ طریقوں سے پڑھے جائیں - اعمالنامہ - (مذ اضا) وہ کتاب جس میں ملازم کی خاص خاص کارگذاری مکمل درج کرتے ہیں - انسان کے اچھے برُے کاموں کی وہ یادداشت جو کراما کاتبین فرشتے ہر وقت انسان کے داہنے بائیں شانے پر بیٹھے لکھتے ہیں اور قیامت میں اسی کی رو سے حساب کتاب ہوگا ؎ داغ

خلق کے اعمالنامے چھین لوں گا حشر میں
گر ہوا ہے ہاتھ سے قاصد کے دلبر کا جواب

اَعمام :- (ع - مذ) عم کی جمع - چچا اور پھوپھا -

اَعمٰی :- (ع) اندھا -

اَعنی :- (ع) یعنی کسی لفظ سے میری مراد یہ ہے -

اَعوان :- (ع - مذ) عون کی جمع مددگار - حامی - معاون -

اَعیان :- (ع - مذ) عین کی جمع - نمودار اشخاص اور حکام - اعیان شہر نے شرکت کی - افراد - اعیانی - سگے بہن بھائی -

اَغراض :- (ع - مذ) غرض کی جمع - مقاصد - نیتیں - ارادے

اَغذیہ :- (ع - مو) غذا کی جمع - غذائیں - کھانے

اِغراق :- (ع - مذ) بہت مبالغہ - کسی بات کو حد سے بڑھا کر ظاہر کرنا ؎ رشک

لکھتا ہے جو پستیِ جاناں کو چوبِ عود
تقصیرِ چوبِ خامہ ہے اغراق اگر ہوا

اَغلاط :- (ع - مذ) غلط کی جمع - غلطیاں - بھول چوک

اِغلاق :- (ع - مذ) کلام کو مشکل دینا - بات کو پیچیدگی کے ساتھ کہنا -

اِغلام :- (ع - مذ) لونڈے بازی - لونڈے سے بدفعلی کرنا - اغلامی - لونڈے باز - مفعول بننے والا لونڈا -

اَغلَب :- (ع) زیادہ غالب - غرور -

اَغل بَغل :- (ا - مذ) ادھر اُدھر - جلو میں - آس پاس ؎ شوق

ڈھونڈیں بھر کو دل یا جگر نہیں آیا
اَغل بَغل مجھے کوئی نظر نہیں آیا

اَغلَط :- (ع) بہت غلط - سب سے زیادہ غلط -

اِغماز :- (ع - مذ) غرور اور ناز کرنا ؎ ہجر

بلبلوں سے جل بازی کرتے ہو انداز میں
گل نظر آتے ہو تم بھولے ہوئے اغماز میں

اِغماض :- (ع - مذ) چشم پوشی - بے پروائی

اَغنیا :- (ع - مذ) غنی کی جمع - مالدار - امیر لوگ

اِغوا :- (ع - مذ) بہکانا - ورغلانا - بہکانا - ورغلا لیجانا - اغوا کرنا - ہونا

اَغیار :- (ع) غیر کی جمع - بیگانے - رقیب - دشمن - جن سے رشتہ داری یا دوستی نہ ہو

اُف :- (ع - مو) اوہ - آہ - یہ کلمہ تکلیف اور بے چینی کی حالت میں منہ سے نکلتا ہے - کسی خاص چیز کی زیادتی ظاہر کرنے کی جگہ بھی بولتے ہیں ؎ قدر

جب پڑی آنکھ لا کھ بل کھائے
اُف مزاج آتنا فتنہ کرنا رگ

اُف اُف کرنا۔ آہ آہ کرنا۔ کراہنا۔ اُف تیرا کاٹا جیے۔ نہایت مفسد اور دغا باز کی نسبت کہتے ہیں کہ تیری فتنہ پردازی سے بچنا محال ہے۔ اُف رے۔ ہائے رے اللہ رے کسی چیز کی زیادتی ظاہر کرنے کے موقع پر اظہار تعجب کے لئے۔ اُف کر دینا۔ جلا کر خاک سیاہ کر دینا۔ تباہ کر دینا۔ برباد کر دینا ع (مومن)
وہ شمع بزم نے گھر پھونک کر اُف کر دیا

اُف نہ کرنا۔ شکایت زبان پر نہ لانا۔ صبر کر کے بیٹھ رہنا۔ اُف نہ نکالنا۔ اُف نہ کرنا ... خاموش ہو جانا۔ خاک میں مل جانا۔ تباہ ہو جانا ع (معروف)
اُف کی تھی اتفاقاً گھر جل کے ہو گیا اُف

اِفادَہ:۔ (ع۔ مذ) فائدہ پہنچانا۔ فائدہ رسانی۔

اَفاضِل:۔ (ع۔ مذ) افضل کی جمع۔ عالم و فاضل لوگ بزرگ

اِفاضَہ:۔ (ع۔ مذ) فیض پہنچانا۔ فیض رسانی

اَفاغِنَہ:۔ (مذ) افغان کی جمع۔ پٹھان لوگ۔ افغانی لوگ

اِفاقَہ:۔ (ع۔ مذ) صحت۔ مرض میں فرق اور کمی۔ تخفیف۔ مصیبت سے نجات یا کسی قدر نجات۔

اُفتاد:۔ (ف۔ مو) اچانک مصیبت۔ مصیبت۔ فطری طرز۔ ڈھنگ۔ عادت۔ طبیعت کا قدرتی رجحان۔ بنیاد۔ ابتدا۔ اُفتاد پڑنا۔ یکا یک مصیبت میں آ جانا۔ اچانک حادثہ پیش آنا۔ اُفتادگی۔ مصیبت۔ گرا پڑا ہونا۔ عاجزی۔ درماندگی۔ افتاں و خیزاں۔ گرتا پڑتا۔ اُفتادہ۔ پڑی ہوئی۔ گری پڑی۔ غیر مزروعہ زمین۔ عاجز و درماندہ۔ اُفتادہ ہونا۔ اُفتاد پڑنا ع (قلق) کیسی اُفتاد ہو خدا جانے
حال تقدیر کوئی کیا جانے

اِفتِتاح:۔ (ع۔ مذ) کھولنا۔ شروع کرنا۔ کھانا۔ خوب ہضم ہونا۔ کھل کر اجابت ہونا۔ قبض کی ضد۔ افتتاحی۔ کسی چیز کے آغاز کے متعلق۔ افتتاحیہ۔ وہ تقریر یا خطبہ جو کسی چیز کا افتتاح کرتے وقت پڑھا جائے۔ اڈیٹر کا اداریہ نوٹ۔

اِفتِخار:۔ (ع۔ مذ) فخر کرنا۔ ناز کرنا۔ عزت۔ بڑائی (آپ کے ... نے سے مجھے بڑا افتخار حاصل ہوا)

اِفتِرا:۔ (ع۔ مذ) ... بہتان۔ تہمت لگانا۔ افترا پردازی۔ تہمت رکھنا۔ الزام لگانا۔ افترا جوڑنا۔ افترا کرنا۔ افترا باندھنا۔

اِفتِراق:۔ (ع۔ مذ) جدائی ڈالنا۔ جدا کر دینا۔ اختلاف اور جھگڑا۔

اَفتیمُون:۔ (ع۔ مو) آکاس بیل۔ امر بیل

اَفراتَفری:۔ (ا۔ مو) ہلچل۔ تہلکہ۔ گھبراہٹ۔ کھلبلی ع مسرور
پوچھو نہ میرے مزاج کی کچھ افراتفری سی ہو رہی ہے

اَفراد:۔ (ع۔ مذ) واحد فرد۔ اشخاص۔ لوگ

اَفراسیاب:۔ (ف۔ مذ) قدیم طوران کے ایک بہادر بادشاہ کا نام

اِفراط:۔ (ع۔ مذ) زیادتی۔ اعتدال سے بڑھ جانا۔ افراط تفریط۔ حد اعتدال سے کمی بیشی۔ غیر معتدل حالت۔

اَفروختہ:۔ (ف) جلتا ہوا۔ سلگائی اور جلائی ہوئی آگ۔ شعلہ دینے والی آگ۔ خفا۔ غضبناک۔ ناراض۔ افروختہ کرنا۔ آگ کو مشتعل کرنا۔ جلانا۔ سلگانا۔ غصہ دلانا۔ ناراض کرنا۔ افروختہ ہونا۔ افروختہ کرنا کا فعل لازم

اَفریقہ:۔ (مذ) ایک بر اعظم کا نام جو یورپ کے نیچے خط استوا کی سیدھ پر واقع ہے

اَفزائش:۔ (ف۔ مو) بڑھوتی۔ بڑھاپا۔ بیشی۔ ترقی۔ افزوں۔ زیادہ۔ افزونی۔ زیادتی۔ اندوہ

اِفساد:۔ (ع۔ مذ) فساد برپا کرنا یا کرانا۔

اَفسان:۔ (ف۔ مو) سان۔ چھری وغیرہ تیز کرنے کا آلہ

اَفسانہ:۔ (ف۔ مذ) قصہ۔ کہانی۔ مشہور۔ جھوٹی بات۔ شارٹ۔ اسٹوری۔ افسانہ چھیڑنا۔ سرگزشت بیان کرنے لگنا۔ قصہ شروع کرنا۔ افسانہ رہ جانا۔ ذکر باقی رہ جانا (سنانا۔ سننا۔ کہنا)

اَفسَر:۔ (ف) سردار۔ تاج ع سودا
کون دنیا میں آج ہے تجھ سا
مالک تخت و صاحب افسر

اَفسُردگی:۔ (ف۔ مو) اضمحلال۔ تکدر۔ مرجھانا۔ بجھنا یا بجھنا۔ افسردہ۔ مضمحل۔ مکدر۔ اداس۔ مرجھایا ہوا۔ بجھا ہوا۔ افسردہ خاطر یا افسردہ دل۔ (بغیر اضافت) رنجیدہ۔ مردہ دل اداس

اَفسَنتِین:۔ (ع۔ مو) استادو۔ ایک مشہور یونانی دوا کا نام۔

اَفسوس: (ف ۔ مذ) پچھتاوا ۔ صدمہ ۔ رنج و حسرت ۔ **افسوس آنا** ۔ تاسف ہونا ۔ قلق ہونا ۔ **افسوس دُل کرٹے ہیں** ۔ کسی شے کو دیکھ دیکھ کر ملنے پنے اور نہ بیچنے کے وقت ظرافتہً بولتے ہیں ۔ **افسوس رہ جانا** ۔ حسرت نہ نکلنا ۔ قلق باقی رہ جانا ۔ **افسوس کرنا** ۔ دل کے دکھ کو ظاہر کرنا ۔ پچھتانا ۔ **افسوسناک** ۔ افسوس کے لائق ۔ جس بات پر رنج ہو ۔ **افسوس ہونا** ۔ لازم ۔

اَفسوں: (ف ۔ مذ) جادو ۔ منتر ۔ فریب ۔ دھوکا ۔ **افسوں پھونکنا یا کرنا** ۔ جادو کرنا ۔ بہکانا ۔ **افسوں چل جانا** ۔ دام میں پھنس جانا ۔ قابو میں آ جانا ۔ **افسوں چلنا** ۔ جادو کارگر ہونا ۔ تدبیر کا با اثر ہونا ۔

اِفشا: (ع ۔ مذ) راز کو ظاہر کرنا ۔ فاش کرنا ۔

اَفشاں: (ف ۔ مونث ۔ مذ) ایک قسم کا چمک دار بُرادہ جو آرائش کے لیے دلھنوں کے ماتھے پر اور لباس پر چھڑکتے ہیں ؎ دبیر

لیلائے شب کے حسن کی دولت جو لٹ گئی
افشاں جبیں سے مہرِ درخشاں کی چھٹ گئی

افشاں اڑانا ۔ حاضرین پر افشاں ڈالنے کے لیے ہوا میں بکھیرنا ۔ **افشاں بنانا** ۔ افشاں کرنا ۔ تعیش یا گوٹے کو کتر کے اس کو بورا بنانا ۔ **افشاں جمانا** ۔ سلیقے سے پیشانی اور رخساروں پر افشاں لگانا ۔ **افشاں چننا** ۔ افشاں جمانا ۔ **افشاں چھڑانا** ۔ لگی ہوئی افشاں کو الگ کرنا ۔ **افشاں چھڑکنا** ۔ بالوں پر افشاں ڈالنا ۔ افشاں کرنا (کی کے ساتھ جیسے شہاب کی افشاں کرنا) کسی چیز پر رنگ چھڑکنا ۔ **افشاں لگانا** ۔ افشاں چننا ؎ مونس

تاروں کے ڈوبنے کی جو سیر ان کو بھا گئی
افشاں لگا لگا کے چھڑائی تمام رات

افشانی کاغذ ۔ وہ کاغذ جس پر افشاں چھڑکی گئی ہو ۔

اَفشُردہ: (ف ۔ مذ) نچوڑا ہوا رس یا شربت ۔ نچوڑا ہوا ۔ وہ شربت جس میں لیمو نچوڑ کر پیتے ہیں ۔

اَفصح: (ع) فصیح تر شخص ۔ بہت شیریں زبان ۔ بہت خوش کلام ۔

اَفضال: (ع) فضل کی جمع ، مہربانیاں بخشش ۔

اَفضل: (ع) بہت فضیلت اور بزرگی والا ۔ سب سے بزرگ ۔ **افضلیت** ۔ فضیلت اور بزرگی ۔ ترجیح ۔

اِفطار: (ع ۔ مذ) روزہ کھولنا ۔ **افطار کرنا** ۔ روزہ کھولنا ۔ **افطاری** ۔ وہ کھانے کی چیزیں جن سے روزہ کھولیں یا جو روزہ کھولنے کے لیے بنائی جائیں ۔

اَفعال: (ع ۔ مذ) فعل کی جمع ۔ کام ۔ اعمال ۔ گرامر میں مصدر سے بنے ہوئے الفاظ جن میں کوئی زمانہ پایا جائے ۔ کسی چیز کی تاثیر اور خواص ۔

اَفعی: (ع ۔ مذ) کالا ناگ ۔ سانپ ۔ نہایت موذی اور چالاک شخص ۔

اَفغان: پٹھان ۔ **افغانستان** (مذ) پٹھانوں کا ملک جو پاکستان کے صوبہ سرحد سے متصل ہے ۔

اُفق: (ع ۔ مذ) کنارہ ۔ وہ جگہ جہاں زمین و آسمان ملے ہوئے دکھائی دیتے ہیں ۔

اَفکار: (ع ۔ مذ) فکر کی جمع ۔ فکریں ۔ پریشانیاں ۔ شاعر کا کلام ۔ **افکارِ تازہ** ۔ نیا کلام ۔ نئے کہے ہوئے اشعار ۔

اَفگار: (ف) زخمی ۔ مجروح ۔ چاک چاک ۔

اِفلاس: (ع ۔ مذ) غریبی ۔ مفلسی ۔

اَفلاطون: (مذ) قدیم یونان کا مشہور حکیم اور فلسفی ۔ **افلاطون کا سالا** ۔ مغرور ۔ گھمنڈی ۔ **افلاطونی بگھارنا** ۔ لاف و گزاف ۔ ہانکنا ۔ ڈینگیں مارنا ۔ **افلاطونی پھلکے** ۔ ایک قسم کے پھلکے جو نہایت سبک ہوتے ہیں اور جلد ہضم ہو جاتے ہیں ۔

اَفلاک: (ع ۔ مذ) فلک کی جمع ۔ آسمان ۔

اَفواج: (ع ۔ مو) فوج کی جمع ۔ فوجیں ۔ لشکر ۔

اَفواہ: (ع ۔ مو) شہرت ۔ بے تحقیق خبر ۔ **افواہاً** ۔ افواہ کے طور پر ۔ **افواہ اڑانا** ۔ بے اصل بات مشہور کرنا ۔ بدنام کرنا ۔ **افواہِ عام** ۔ عام چرچا ۔

اُفوہ: (ا) تعجب اور اظہار زیادتی کے موقعہ پر بولتے ہیں ۔

اِفہام: (ع ۔ مذ) سمجھانا ۔

اَفہام: (ع ۔ مذ) فہم کی جمع ۔ عقلیں ۔ بہت سے ذہن ۔ بہت سے لوگوں کی سمجھ ۔

اَفیم: (ف ۔ مو) افیون ۔ پوست کے پھل کا جما ہوا سیاہ رس ۔ جس کو کھانے سے نشہ آ جاتا ہے اور زیادہ کھانے سے موت ۔ **افیمی** (مذ) افیم کھانے والا ۔ سست اور کاہل ۔ پینک میں پڑا رہنے والا ۔ **افیم کا انٹا** ۔ افیم کی بڑی گولی ۔ **افیم کا گدیا** ۔ بہت زیادہ اور ہر وقت افیم کی نشے میں رہنے والا ۔ **افیمن** ۔ وہ عورت جو افیم کھائے ۔ وہ عورت جو ہر وقت اونگھتی ہے ۔ کاہل

اَقسُوس:۔ (یو۔ مذ) ایک کٹیلا درخت۔ ایک۔ بوٹی۔
؎ مومن
رطوبت ایسی نظر آئی داغ لالہ میں
کہ چاک چاک حسد سے ہوا دل اقسوس

اَقَل:۔ (ع) بہت ہی کم۔ قلیل۔ حقیر۔ سب سے کم۔ (عبد اقل) اقل درجے۔ کم سے کم۔ **اَقلیت**۔ بہت کم ہونا۔ نہایت قلیل ہونا۔ وہ جماعت جس کی تعداد دوسروں سے کم ہو۔

اُقلیدِس:۔ (مذ) ایک یونانی حکیم جس نے جیومیٹری ایجاد کی اور اس نام سے ایک کتاب بھی لکھی۔

اِقلیم:۔ (ع۔ مو) ملک۔ مملکت۔ کرۂ ارض کی خشکی کا ایک بڑا حصہ جو ایک نظام میں شریک ہو۔ بعض نے اسے مذکر بھی لکھا ہے ؎ آتش
اقلیم فقر ملنے نے اُس کو کیا خراب
منحوس جغد سے بھی ہُما کا قدم ہوا

اَقمار:۔ (ع۔ مذ) قمر کی جمع۔ بہت سے چاند۔

اُقنُوم:۔ (ع۔ مذ) دیکھو اقانیم۔

اِقوا:۔ (ع۔ مذ) قافیے کا ایک عیب۔ جس میں قافیہ کا اعراب پہلے مصرعے سے مختلف ہو جائے۔

اَقوال:۔ (ع۔ مذ) قول کی جمع۔ کہی ہوئی باتیں۔ مقولے۔ کہاوتیں۔

اَقوام:۔ (ع۔ مو) قوم کی جمع۔ قومیں۔ لوگ۔ گروہ۔ مختلف ممالک کے رہنے والے

اَقویا:۔ (ع۔ مذ) قوی کی جمع۔ قوت والے لوگ۔

اِک:۔ (ہ) ایک مخفف۔ اک آگ لگ گئی۔ اک زائد ہے جو بعض اوقات بہت کے معنی دیتا ہے۔ ؎
اللہ رے گرمیاں مرے عشق کی امیر
آیا خیال دل میں تو اک آگ لگ گئی
اک اکیلا۔ تن تنہا۔ **اک بات کی بات**۔ دم بھر میں۔ **اک بار**۔ ایک مرتبہ۔ دفعتہً۔ ناگہاں۔ بے تامل۔ **اکبارگی**۔ یکایک اچانک۔ **اک بولیا**۔ وہ جو ایک ہی گانے کا ہو۔ **اک بیجا**۔ ایک قسم کی ترچھی پیڑی۔ صرف ایک بیج کا پیجا۔ **اکتارا** (مذ) ایک قسم کا ایک کپڑا جس میں ننھے ننھے سے خانے ہوتے ہیں۔
اک تالا۔ طبلے کی ایک گت۔ ساڑھے بارہ تالوں میں سے ایک تال یہ بھی ہے۔ **اک جان کا عذاب**۔ جان کے لیے مصیبت اور جنجال۔
اک جہان۔ سارا جہان۔ **اک چیز ہونا**۔ یکتا ہونا۔ نایاب ہونا۔
؎ غالب
جی میں اترائیں نہ موتی کہ ہمیں ہیں اک چیز
چاہیے پھولوں کا بھی ایک مقرر سہرا
اِک خدائی۔ سارا جہان۔ بہت لوگ۔ **اک درا** (مذ) ایک در کا دالان۔ **اک دم**۔ اک بارگی۔ **اک ذرا**۔ ذرا۔ کچھ۔ تھوڑا سا۔ حسن کلام کے لیے زائد۔ **اک ڈال**۔ وہ شے جو پوری ایک ہی چیز کی بنی ہو۔ اس میں جوڑ نہ ہو۔ یکساں۔ ایک قسم کی۔ ایک وضع کی۔ **اک ڈالا**۔ (مذ) ایک کنول کی دیوار گیری۔ ایک رخی جس کے دونوں رُخ یکساں نہ ہوں۔ **اک سار**۔ برابر۔ ہموار۔ **اک سرے سے**۔ اک طرف سے سارے کا سارا۔ تمام وکمال۔ **اک سوانگ ہے**۔ بے حقیقت ہے۔ ناپائدار ہے۔ **اک سو ہونا**۔ مطمئن ہونا۔ فیصل ہونا۔ چکنا۔ **اک عمر**۔ مدت العمر۔ بہت مدت ؏ غالب
آہ کو چاہیے اک عمر اثر ہونے تک
اک قلم۔ بالکل۔ یک لخت۔ دفعتہً۔ **اک گونہ**۔ کسی قدر۔ تھوڑا۔ **اک لخت**۔ بالکل تمام وکمال۔ **اک منزلا**۔ (مذ) وہ مکان جس پر بالاخانہ نہ ہو۔ **اک نظر**۔ ایک بار دیکھنا۔ سرسری نظر ڈالنا۔ ؎ محسن
ماہرو آئینہ پیکر ساقی اک نظر مہر کی مجھ پر ساقی
اک نہ اک طرح۔ **اک نہ اک صورت سے**۔ کسی نہ کسی تدبیر سے۔
اِکاسی۔ اسی اور ایک۔ **اکانوے**۔ نوے اور ایک۔ **اکاون**۔ پچاس اور ایک۔ **اکائی**۔ ایک سے لے کر نو تک اعداد۔ **اکتالیس**۔ چالیس اور ایک۔ **اکتیس**۔ تیس اور ایک۔ **اکسٹھ**۔ ساٹھ اور ایک۔ **اکہتر**۔ ستر اور ایک۔ **اکیس**۔ بیس اور ایک۔

اِکّا:۔ (ہ۔ مذ) ایک قسم کی چھوٹی گاڑی جس میں ایک گھوڑا جتا ہوتا ہے۔ بازو پر باندھنے کا ایک زیور۔ ایک بتی کا شمعدان۔ ایک قسم کا بھاری مگدر جو آزمائش کے لیے اکیلا اٹھایا جاتا ہے۔ تاش کھیلنے کا وہ پتا جس پر ایک پھول بنا ہوتا ہے۔

اَکابِر:۔ (ع۔ مذ) بڑے لوگ۔ اکبر کی جمع

اَکادشی:۔ (ہ۔ مو) چاند کی گیارھویں تاریخ

اَکاذِب:۔ (ع۔ مذ) کذب کی جمع۔ بہت جھوٹے۔

اَکارَت:۔ (ہ) بیکار۔ نکما۔ ضائع۔ برباد۔ (جانا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ)

اَکال:۔ (ہ۔ مذ) کال۔ خشک سالی۔

اگرئی: (۱) شاہان دلی کی ایک پلٹن کا نام۔ سپاہی مائل۔ صندلی رنگ جس کو چھیل چھبیلا ناگرموتھا وغیرہ ڈال کر رنگتے ہیں۔ رند

اگرئی ہے گمان شک ہے طلاگیری کا
رنگ لایا دوپٹا تیرا میلا ہو کر

اگری: وہ رنگ جو لہرے کشمشی کے قریب ہوتا ہے بعضوں نے اسے بسکون گاف بھی لکھا ہے۔ میر حسن

وہ پشواز اگری وہ نرگس کا ہار

بعض لوگ اسے آگ رئی پڑھتے ہیں۔ لیکن یہ غلط ہے۔ کیونکہ اگر میں یائے نسبتی لگا کر بنایا گیا ہے۔ سرمئی اور نقرئی پر قیاس درست نہیں (نسیم)

اگرم بگرم: (ہ) بے کار چیزیں۔ مہمل اور بے معنی باتیں۔ لنڈ منڈ اور ملی جلی ہوئی مختلف چیزیں۔

اگست: (مذ۔ انگ) عیسوی سنہ کا آٹھواں مہینہ۔

اگلا: (ہ) پہلے کا۔ آگے کا۔ قدیم۔ زیادہ۔ گذشتہ۔ آئندہ وہ کھانا جو رمضان میں اگلے وقت افطار کے بعد کھاتے ہیں۔ استاد۔ ہوشیار۔ چلتا ہوا۔ اگلا پچھلا۔ پہلے اور بعد کا تمام حساب کتاب۔ اگلا جنم۔ ہندوؤں کا عقیدہ ہے کہ ہر روح مرنے کے بعد پھر کسی دوسرے جسم میں آئے گی۔ اگلا کہنا ہو تو آپ چپ رہیئے۔ بات کاٹ کر بولنا بری بات ہے۔ اگلا لیکھا دے نہ بنا۔ اب کا لیکھا آگے لا۔ پچھلے کاموں کو سفارش میں لانے کے بجائے موجودہ کاموں اور لیاقت کو پیش کرنا چاہیئے۔ اگلی۔ اگلا کا مؤ۔ اگلی پچھلی۔ گذشتہ اور موجودہ کہی سنی۔

اگلے: (ہ) اگلا کی جمع۔ اگلے دفتر۔ گزری ہوئی باتیں۔ پرانی شکایات۔ اگلے کو لگی اس نہ پچھلے کو پانی بہت بد انتظامی گڑبڑ۔ اگلے نے کیا پچھلے پر آئی۔ بڑے کا قصور چھوٹے کو سزا۔ اگلے ہوئے پچھلے پچھلے ہوئے پرچان۔ لائق آدمی کی قدر گھٹا کے نالائق کو عزت دینا

اگل آنا یا پڑنا: (۱) میان سے تلوار باہر نکل پڑنا نگلی ہوئی چیز کا منہ سے باہر نکل آنا (نہایت ابھار کی جگہ) باہر نکل آنا۔ اگل اگل کے کھانا۔ جی نہ چاہنے کی حالت میں کھانا۔ اگلتی تلوار اور بسوا لگانی خصم کو مار رکھتی ہے۔ ننگی تلوار اور بدکار بیوی سے ہر وقت جان خطرے میں رہتی ہے۔ اگل دینا۔ ظاہر کر دینا۔ بتا دینا۔ قے کرنا۔ حلق تک لے لے جانے کے بعد باہر نکال دینا۔ دوسرے کا چھینا ہوا مال ناشدہ کے بعد دے دینا۔ جو کچھ دل میں شکوہ یا غصہ وغیرہ ہو صاف صاف کہہ دینا۔ اگلنا۔ متحرکہ۔ منہ سے باہر نکالنا۔ نکالنے اور پیدا کرنے کی جگہ (طوفان اگلنا) بیان کر دینا اور بھید کھولنا۔ کھایا پیا مال مجبوراً واپس کرنا۔ تلوار کا میان سے باہر نکل پڑنا۔ شعر (نسیم) وہ میاں سے اگلی ہوئی شمشیر دو پیکر

اگلا نوالہ کھانا۔ بات سے مکر جانا۔ انکار کے بعد اقرار کر لینا۔ اگل نگل کے کھانا۔ بے دلی اور عدم رغبت سے کھانا۔ اگلے تو اندھا کھائے تو کوڑھی۔ نہ کرتے بنتی ہے نہ چھوڑتے۔

اگم: (ہ۔ مذ) آئندہ زمانے کی باتیں جو نجوم سے نکالی جائیں۔ علم غیب۔ اگم باندھنا۔ آگے کا حال بتانا۔ اگم شاستر۔ علم نجوم کی کتاب۔ رمل وجفر وغیرہ کی کتاب جس سے اگلے زمانے کا حال معلوم ہو سکے۔

اگن: (ہ۔ مذ) ایک چھوٹا خوش آواز پرند۔ اگن کے پیچھے کو بچوری بتانا۔ پیچھے حوالے کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ جھوٹے بہانے اور عذر کرنا۔

اُگنا: (ہ) زمین سے نکلنا۔ سطح سے پیدا ہونا۔

اگن باد: (ہ۔ مو) گھوڑے کی ایک بیماری جس میں اس کی کھال ادھڑ جاتی ہے اور روئیں گر جاتے ہیں آتشک۔

اگنبوٹ: (ا۔ مو) اسٹیمر۔ بھاپ اور کوئلہ سے چلنے والی کشتی۔ دخانی کشتی۔

اگن چڑیا: (ہ۔ مو) آگ کا کیڑا۔ سمندر جو آتش خانے میں پیدا ہوتا ہے۔

اگنی: (س۔ مو) آگ۔

اگوا: (ہ۔ مذ) لیڈر۔ پیشوا۔ ٹیم کا کپتان۔ رستہ بتانے والا۔

اگواڑا: (ہ۔ مذ) مکان کا سامنے والا حصہ۔ داغ

مکان منحوس ہے دھڑکا ہے دشمن کا نہ لینا تم
نہ اگواڑا ہی اچھا ہے نہ پچھواڑا ہی اچھا ہے

اگھانا: (ہ) سیر ہونا۔ اپھرنا۔

اگھن: (ہ۔ مذ) ہندی سال کا نواں مہینہ

اگھنا: (ہ) ہندی اکٹھا ہونا۔ جمع ہونا۔ دیکھو اکٹھا اگھنا کا لازم

اگھوری: (ہ) شیو کا پجاری فقیر جو کسی کو نہیں مانتا اور مانگتے وقت ان کے ہاتھ میں ایک کھوپڑی ہوتی ہے۔ اگر ان کا سوال پورا نہ ہو تو اسی میں پیشاب پاخانہ بھر کر کھا جاتے ہیں۔

اَگیا بیتال :- (س - مذ) (قول بیتالی - بھوت پریت بیابان اور دلدل کے اندر رات میں دوڑتے چلتے ہوا چراغ یا شعلہ جو عموماً پرانے قبرستان یا مرگھٹ میں نظر آتا ہے اور عام لوگ اسے بھوت کہتے ہیں یہ دراصل فاسفورس ہوتا ہے ۔ سودا

پادشاہوں کی بادشاہی ہے اگیا بیتال کی دوہائی ہے

اِلّا :- (ع) لیکن ۔ مگر ۔ سوائے ۔ اِلّا اللّٰہ - کلمہ پاک کا جزو جس میں خدا کی خدائی اور توحید کا اقرار کیا گیا ہے ۔ فقیروں اور صوفیوں کا وظیفہ اور صدا ہے ۔ اِلّا اللّٰہ کرکے ۔ محنت سے ۔ زور سے ۔ ہمت کرکے ۔ اِلّا ماشاء اللّٰہ ۔ لیکن جو کچھ اللّٰہ چاہیگا (شاذ و نادر) ۔ کہیں کہیں ۔ اِلّا الّذی نہ اَلّا الّذی - نہ اِدھر کا نہ اُدھر کا ۔

اَلا :- (ع) حرف تنبیہ ۔ ہشیار ہو ۔ خبردار ۔ ؎

اَلا اے صاحبانِ عقل و ادراک

اَلا اے مالکانِ طبع چالاک

اَلابَلا :- (ا - مو) بَلا ۔ خرافات چیزیں ۔ بد بد تر ۔ کمی چیز ۔ الابلا بگردن ملا ۔ عذاب ثواب ملا کی گردن پر ملا نے اس بات سے منع ہی نہیں کیا ۔

الاپ :- (ہ - مو) نغمہ ۔ آواز کا اتار چڑھاؤ ۔ تان سُر ۔ الاپنا ۔ گانا ۔ بولنا جبکہ آواز ناگوار ہو ۔

اِلاچا :- (ہ - مذ) ایک قسم کا ریشمی دھاریدار کپڑا ۔ الاچابیگ ۔ کٹھ پتلی کے تماشے میں ایک مسخرے اور بدشکل ۔ بہت دُبلا اور سوکھا آدمی ۔

اِلاچی :- (ہ - مو) ایک خوشبودار پھل جس کے اندر خوشبودار دانے ہوتے ہیں ۔ چھوٹے کو چھوٹی الائچی اور بڑے کو بڑی الائچی کہتے ہیں ۔ بڑا بھورے رنگ کا ہوتا ہے اور چھوٹا ہلکا ہرا یا زرد سفید ۔ سبکی ۔ کیاں (جب دو عورتیں الائچی توڑکے اس کے دانے ایک دوسرے کو کھلاتی ہیں تو ایک دوسرے کو الائچی کہتی ہیں) الائچی دانہ (مذ) مٹھائی کی قسم ۔ الائچی کے دانوں کو شکر میں پرو کرکے بناتے ہیں ۔ کھیلوں یا جنگل کے دانوں کے پر دو دو دانوں کو بھی کہتے ہیں ۔ ؎ بحر

خریدار ہی ہے اس نہال لب شیریں کی دنیا میں

الائچی دانے سمجھا نہیں شکر کے بودانے ہیں

اُلار :- گاڑی میں پیچھے کی طرف بوجھ زیادہ ہونے کی وجہ سے اگلا حصہ اوپر کو اٹھ جانا ۔ الار ہونا لکھنؤ کے عوام (بلطف متکلم) کا رخش ہونا ۔ اُلارنا ۔ اچکنا

اَلاراسی :- لاابالی ۔ بے پروا (الاراسی کا کار خانہ) (مو) بے پروائی ۔ لاابالی پن ۔

اَلارم :- (مذ - انگ) گھنٹی ۔ وہ گھڑی جو گھنٹی سے بج اٹھے پہنچتی ہے گھڑی یا دام میں کی جگانے کی گھنٹی ۔

اِلاسٹک :- (انگ - مو) وہ لچک دار چیز جو کھینچنے سے بڑھ جائے اور چھوڑ دینے سے سمٹ جائے ۔ ربڑ یا ربڑ کا بنا ہوا فیتا ۔

اَلاَقارِب کالعَقارِب :- (ع) عزیزوں سے ہی زیادہ تکلیف پہنچتی ہے

اَلاَقرَبُ فَالاَقرَب :- (ع) جتنا زیادہ قریبی رشتہ دار ہوگا ۔ اتنا ہی زیادہ آدمی زیادہ اس کا خیال رکھے گا ۔

اُلالو :- (ہ) دیکھو الاؤ ۔

اُلالوں بلالوں صحنک سرکالوں :- (۱) خوشامد سے اپنا کام بنالینا ۔

اَلاَمان :- (ع - مو) پناہ ۔ رحم ۔ کبھی کثرت اور زیادتی کے اظہار کے لیے بولتے ہیں ۔ کسی بات سے تنگ آنے کی جگہ ۔ ؎ مومن

ماجرا کس سے تیغ کا تیری الامان الامان کہیں کا فر

اَلآن :- (ع) ابھی ۔ اسی وقت ۔

اَلاِنتظارُ اَشَدُّ مِنَ المَوت :- (ع) انتظار کی تکلیف موت سے بڑھ کر ہوتی ہے

الاِحتضار :- انتظار کرتے رہنے سے ایک دفعہ کی مایوسی اور محرومی اچھی ۔

اُلاگنا :- (ہ) پھلانگنا ۔ کودنا

اُلاہنا :- (ہ - مذ) شکوہ ۔ گلہ ۔ طعنہ ۔ بدنامی ۔ اُلاہنا دینا الزام دینا ۔ گلہ کرنا ۔

اَلاؤ :- (ہ - مذ) آگ کا ڈھیر ۔

اِلاؤنس :- (ان کی آواز جلی ۔ مذ ۔ انگ) بھتّا ۔ وہ رقم جو بڑھتے تنخواہ سے زائد کسی اور مد میں ملتی ہے ۔

اِلائچی :- (ہ) دیکھو الاچی

اَلباب :- (ع) عقلیں ۔ لب کی جمع ۔ مرکبات میں مستعمل ہے (اولی الالباب)

اَلبتّہ :- (ع) مگر ۔ لیکن ۔ ہاں ۔ خوب ۔ بے شک ۔ ضرور ۔

اَلبرز: (ف ۔ مذ) ایران کا ایک پہاڑ۔

اَل بَل: (ہ ۔ مذ) غرور ۔ گھمنڈ ۔ فرق ۔ صدقے ۔ قربان ۔
اَل جاؤں بل جاؤں جلوے کے بل جاؤں
یوں تو محبت کے بڑے دعوے ہیں مگر وقت پر کنارہ کاٹ جاتے ہیں۔

اَلبَم: (مذ ۔ انگ) تصویریں چپکانے کی کاپی ۔ تصویروں کی کتاب ۔ تصاویر کا مجموعہ۔

اَلبیٹ: (ہ ۔ مذ) بل ۔ مروڑ ۔ پیچ ۔

اَلبیلا: (ہ ۔ مذ) جوان رعنا ۔ چھبیلا ۔ بانکا ۔ انوکھا ۔ بھولا بھالا ۔ بے پروا ۔ بھولا معشوق ۔ آزاد طبع ۔ **البیلاپن** (مذ) بانکپن ۔ بھولاپن ۔ معشوقانہ انداز ۔ الھڑپن **البیلی** (مو) البیلا کا مونث ۔ **البیلی نے پکائی کھیر** دودھ کی جگہ ڈالا نیر ۔ بیوقوفی اور بے ڈھنگے پن نے کام بگاڑ دیا

اَلپاکا: (انگ ۔ مذ) امریکہ کا ایک جانور ۔ اسی کی اون سے بنا ہوا باریک کپڑا ۔ ایک مشہور ریشمی کپڑا سنجاب جسے الپکا بھی کہتے ہیں

اَلپین: (مو) پن ۔ بے ناکے کی سوئی ۔ کاغذ میں لگانے کی پتلی لمبی پن ۔

اَلپکا: (مذ ۔ انگ) ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۔ سنجاب ۔

اِلتِباس: (ع ۔ مذ) دو چیزوں کی یکسانیت کے باعث باہم مشتبہ ہو جانا ۔ ہم شکل ہونا ۔ شبیہ ہونا ۔

اِلتجا: (ع ۔ مو) تمنا ۔ آرزو ۔ عرض ۔ گزارش ۔ درخواست ۔ التماس ۔ منت ۔ خوشامد کرنا ۔ لے جانا ۔ ؎
زاہد بیچارا کسی نے بھی نہ اُس دلبر کے پاس
لے گیا یہ التجا میں بیشتر اکثر کے پاس

اِلتِزام: (ع ۔ مذ) کسی چیز کو لازم بنا لینا ۔ ضروری قرار دے لینا ۔

اِلتِفات: (ع ۔ مذ) توجہ ۔ مہربانی ۔ دھیان ۔ رغبت ۔

اِلتماس: (ع ۔ مذ ۔ مو) گزارش ۔ عرض (کرنا)

اَلتمش: (تر ۔ مذ) خاندان غلاماں جو ہندوستان پر حکمران رہا اس کے ایک بادشاہ شمس الدین کا لقب صحیح ہے ال تتمش

اَلتمغا: دیکھو آل تمغا

اَلتَنی: (ہ ۔ مو) ہاتھی کی گردن میں باندھنے کی رسی جس پر مہاوت رکاب کے طور پر پاؤں رکھتا ہے

اِلتوا: (ع ۔ مذ) ملتوی کرنا ۔ ملتوی ہونا ۔ ٹال دینا ۔ اٹھا رکھنا

اِلتِہاب: (ع ۔ مذ) شعلہ بھڑکنا ۔ آگ بھڑکنا ۔ پیاس کی شدت ۔ کلیجے میں آگ لگنا۔

اِلتِیام: (ع ۔ مذ) دو چیزوں کا آپس میں مل جانا ۔ زخم کا بھر جانا (پانا ۔ دینا) ۔ **التیام کرنا** ۔ میل کرنا ۔ آپس میں مل جانا

اُلٹ: (ہ) سیدھے کی مقابل سطح ۔ حریف کی بات کا توڑ ۔ اُلٹنا مصدر سے فعل امر ۔ **اُلٹ آنا** ۔ کسی چیز کا دوسری چیز پر آکر گرنا ۔ جہاں سے چلے وہیں آکر گرنا ۔ **اُلٹ پڑنا** ۔ لوٹ آنا ۔ واپس ہونا ۔ حملہ کرنا ۔ پلٹا کھانا ۔ برہم ہونا ۔ برعکس پڑنا ۔ موافق تدبیر کا خلاف نتیجہ برآمد ہونا ۔ کروٹ بدلنا ۔ اوندھا ہو جانا ۔ یکایک اُلٹا ہو کر گر جانا ۔ **اُلٹ پلٹ** (مو) تباہ ہونا ۔ برباد ہونا ۔ درہم برہم ہونا ۔ ادھر اُدھر ۔ منتشر ۔ **اُلٹ پلٹ** (مو) درہم ۔ برہم ۔ ٹیڑھا سیدھا ۔ بے ڈھنگا ۔ منتشر ۔ بے ترتیب ۔ دو بدو معاندانہ سوال و جواب (کرنا ۔ ہونا) **اُلٹ پھیر** (مذ) دو بدو معاندانہ گفتگو ۔ ایسا ڈھنگ جس سے کسی کام کے ایک خاص طریقے پر انجام پانے کا سلسلہ بندھ جائے ادھر کی چیز اُدھر اور اُدھر کی ادھر کر کے ایک ڈھنگ باندھنا (پڑنا ۔ ڈالنا) **اُلٹ جانا** ۔ ایک رخ سے دوسرے رخ ہو جانا (چارپائی اُلٹ گئی) پلٹا کھا جانا ۔ بگڑ جانا ۔ اوندھا ہو جانا ۔ برعکس ہو جانا ۔ اثر کا مخالف ہو جانا (دعا اُلٹ گئی) انقلاب آنا ۔ تہ و بالا ہو جانا ۔ (دلوں کا اُلٹ جانا) تغیر ہو جانا ۔ متضاد ہو جانا ۔ تباہ ہو جانا ۔ منعکس ہو جانا ۔ مدہوش و سرشار ہو جانا ۔ کپڑے وغیرہ کا مڑ جانا ۔ چوٹ کھا کر شکار کا لوٹ پوٹ ہو جانا ۔ مٹ جانا ۔ اُٹھ جانا ۔ (پردہ اُلٹ گیا) **اُلٹ دینا** ۔ تباہ کر دینا ۔ ع انیس ؎ ادھر سے اُدھر کر دینا (چار باتوں میں مقدمے کو اُلٹ دیا) اُٹھا دینا (گھبراہٹ میں پردہ اُلٹ دیا) چت کو پٹ کر دینا ۔ ایک رخ سے دوسرے رخ کر دینا **اُلٹ کے جواب دینا** ۔ پیام کا جواب لا کر دینا ۔ نالائق بات کے جواب میں خود بھی ویسا ہی کہہ دینا ۔ **اُلٹ کے خبر نہ لینا** ۔ توجہ نہ کرنا ۔ خبر نہ ہونا ۔ انتہا کی غفلت کرنا **اُلٹ کے کروٹ نہ لینا** ۔ اُلٹ کے خبر نہ لینا ۔ **اُلٹنا** ۔ پلٹنا ۔ اوندھا کر دینا ۔ اٹھانا ۔ ہٹانا (پردہ اُلٹنا) ایک رخ سے دوسرے رخ کر دینا ۔ ؎ نصیر
برہم نہ مہروش ہو جام شراب اُلٹے
یہ کہکشاں سے کہ دے سیخ کباب اُلٹے
مدہوش کرنا یا ہونا ۔ تہ و بالا کر دینا (صف جنگ اُلٹنا) پیچھے کو پشت اوپر کر دینا ۔ (اس کپڑے کو ادھر دو کر اُلٹ دیا جائے تو پھر نیا) گرانا ۔ ٹیک دینا ۔ دے مارنا ۔ پچھاڑنا ۔ بدلنا ۔ کچھ سے کچھ کرنا (مطلب اُلٹنا) اجاڑنا ۔ ویران کرنا (تختہ اُلٹنا) دوہرانا ۔ بار بار کہنا (باتیں اُلٹنا) انڈیلنا ۔ ایک برتن سے دوسرے برتن میں

اَلحاج: (ع) حاجی جو حج کر آیا ہو۔

اِلحاح: (ع۔ مذ) گریہ و زاری کرنا۔ گڑگڑا کر خوشامد کرنا۔

اِلحاد: (ع۔ مذ) دین سے پھرنا۔ مُلحد ہو جانا۔

اَلحاصِل: (ع) القصہ۔ الغرض۔ قصہ مختصر۔

اِلحاق: (ع۔ مذ) ایک چیز کا دوسری سے مل جانا یا ملانا۔ موجودہ شے سے کوئی اور شے ملا دینا۔

اِلحان: (ع۔ مذ) اچھی آواز سے پڑھنا یا گانا۔ اَلحان لحن کی جمع۔

اَلحَذَر: (ع) الامان۔ خدا کی پناہ۔ کسی دکھ کی کثرت ظاہر کرنے کے لیئے بھی بولتے ہیں۔

اَلحَفیظ: (ع) خدا کی پناہ۔ خوف کے موقع پر بولتے ہیں۔

اَلحق: (ع) بے شک۔ واقع میں بجا۔ درست۔ سچ تو یہ ہے

اَلحَمد: (ع۔ مو) سورۂ فاتحہ۔ قرآن کا پہلا سورہ اَلحمدُ لِلّٰہ خدا کا شکر ہے۔ مزاج پرسی کے جواب میں بھی کہتے ہیں۔

اَلخ: (ع) الیٰ آخرہٖ کا مخفف۔ جس جملے کے چند لفظوں کے بعد لکھا ہو وہ آخر تک مراد ہوتا ہے۔

اَلخالِق: (ع۔ مو) روئی دار قبا۔ جس کی آستینوں کے چاک اور پردہ کھلا ہوتا ہے۔ ؎ سحر

طرۂ خورشید ہے جس کا وہ ہے تیری دستار
کہکشاں بیل ہے جس کی تری الخالق ہے

اَلخاموشی نیم رضا: ترکیب جملہ غلط ہے مگر عوام اس معنی میں بولتے ہیں کہ کسی بات کو سن کر چپ رہ جانے سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ سننے والا اس پر راضی ساہے۔

اِلزام: (ع۔ مذ) تہمت۔ بدنامی کا دھبا۔ الزام آنا۔ قصوروار ٹھہرانا۔ الزام آنا۔ قصوروار ٹھہرانا۔ الزام اُٹھانا۔ اپنے سر بدنامی لینا۔ مورد ملامت بننا۔ الزام پانا۔ قابل ملامت ٹھہرنا۔ الزام تھوپنا۔ الزام دینا۔ الزام دھرنا الزام رکھنا۔ الزام دینا۔ خطاوار ٹھہرانا۔ کسی کے ذمے قصور قرار دینا۔ اعتراض کرنا۔ حرف رکھنا۔ بہتان جوڑنا۔ تہمت لگانا۔ الزام رکھنا۔ قصوروار ٹھہرانا۔ لگانا۔ الزام کے رقعے رکھنا۔ الزام پر الزام رکھنا۔ الزام لگانا۔ قصور عائد کرنا۔ مجرم ٹھہرانا۔ الزام لگنا۔ ملزم۔ الزام دینا۔ اپنے اوپر بدنامی لینا۔ الزام ملنا۔ الزام پانا۔

اَلسّلام علیکم: (ع) تم پر میرا سلام ہو۔ تم پر سلامتی ہو۔ اسلامی سلام کا کلمہ۔

اَلَست: (ع) روز میثاق جبکہ خدائے تعالیٰ نے روحوں سے قبل خلقت عالم کے اپنے رب ہونے کا اقرار لیا تھا۔ ؎ محسن

عالم میں وہی ہوا ہے چلتی
جو صبح الست کو چلی تھی

اَلسنا بَلسنا: (۱) عیش و راحت کرنا۔

اَلسِنہ: (ع۔ مو) لسان کی جمع۔ زبانیں

اَلسی: (ھ۔ مو) ایک پودا اور اس کے بیج کا نام۔ اس کا تیل جلانے وغیرہ کے کام آتا ہے اور بیج کی پلٹس بنا کر اکثر پھوڑے پر باندھتے ہیں۔

اَلسیٹ: (ھ۔ مو) دغا۔ چھل۔ فریب (کرنا۔ ہونا) جھگڑا۔ اُلجھاؤ۔ اڑنگا۔ وہ حرکت جو چلتے کام میں کاوش ڈال دے (لگانا) اَلسیٹیا۔ جھگڑالو۔ دغاباز۔ فریبی۔ جھگڑے میں ڈالنے والا۔ اڑنگا لگانے والا۔

اُلُش: (ت۔ مذ) پس خوردہ۔ کھانے سے بچا ہوا۔ جھوٹا کھانا۔

اِلصاق: (ع۔ مذ) چسپاں کرنا۔ ملانا۔ چپکانا۔

اَلطاف: (ع۔ مذ) لُطف کی جمع۔ مہربانیاں۔ الطاف نامہ (بغیر اضافہ) شفقت نامہ۔ خط۔

اَلعاقِل تکفیہ الاشارہ: (ع) عقلمند آدمی کو ایک اشارہ کافی ہے۔

اَلعَبد: (ع۔ مذ) بندہ ناچیز۔ فدوی۔ کسی دستاویز کے خاتمے پر اپنے دستخط کرنے سے پہلے یہ کلمہ بطور پیشانی لکھتے ہیں (آپ کے العبد کے حروف بگڑ گئے)

اَلعَطَش: (ع) ہائے پیاس۔ بہت پیاس لگی ہے۔

اَلعَظَمۃُ لِلّٰہ: (ع) کسی چیز کی کثرت یا شدت بیان کرنے کے ساتھ بولتے ہیں۔ توبہ اللہ پناہ میں رکھے۔

اَلغارون: (۱) کثرت سے۔ ازحد۔ بہت۔ بےحد۔

اَلغَرَض: (ع) القصہ۔ الحاصل۔ خلاصہ یہ ہے۔ اصل مطلب یہ ہے۔

اَلغوزا: (مذ) ایک قسم کی دوہری بانسری

توڑ ڈالنا (ستار کے تار دوہی ہاتھ میں الگ کر دیجئے) موقوف کرنا۔ بکھیرانا۔ تقسیم کرنا (ان کا حصہ الگ کر دو) بچھانٹنا۔ شناخت کرنا (اب ایسی مصنوعی چیزیں چلی ہیں کہ اصلی میں ملی رکھی ہوں تو الگ کرنا مشکل ہے) بیچ ڈالنا۔ فروخت کرنا۔ الگ کرنا۔ جگہ سے بے جگہ کرنا۔ نکال دینا۔ برخاست کرنا۔ تراشنا۔ کاٹنا (یہ شاخ بھی الگ کر دو) سرکانا (پلنگ الگ کر دو کہ راستہ ہو جائے) بچھڑا لینا۔ اکڑا لینا۔ (فورا آنکھ بچی تو چیز الگ کر دی) **الگ ہی الگ** ادھر ہی ادھر۔ الگ اکیلے۔

الگنی: (ھ۔ مؤ) وہ ڈوری جو کپڑے وغیرہ لٹکانے کے لیے باندھتے ہیں۔ **الگنی پر پردہ ڈالنے کے لائق** بہت لغو اور ردی۔ بہت بودا۔ بیکار۔

اَلَلبچھیرا: (ھ۔ مذ) اصل میں الیل بچھیرا تھا گھوڑے کا نوخیز بچہ۔ بے پروا آدمی۔ بے فکرا۔ جوان بے خبر۔ ناتجربہ کار۔ جوان۔

اَلَل ٹپ یا اَلَل ٹپّو: اٹکل پچو۔ خیالی۔

اللہ: (ع۔ مذ) خدائے تعالیٰ۔ تعجب اور حیرت کی جگہ ؎ امیر

اللہ میرے دل سے بھی پیکاں عزیز ہے

صنعت میں مبالغے کی جگہ ؎ ظفر

کہتے ہیں ملک حسن علی دیکھ کے اس کو

اللہ وہ کیں شکل و شمائل کا بشر ہے

شکوہ شکایت کی جگہ۔ نہایت فخر اور خوشی کی جگہ۔ کمال اضطراب اور مایوسی کی حالت میں (اللہ اب اپنا کوئی نہیں ہے جو پوری بات بوجھے) **اللہ اکبر** تکبیر کا لفظ۔ تعجب کی جگہ۔ شکوہ شکایت کی جگہ۔ صنعت میں کمال مبالغے کے موقع پر۔ فخر و مباہات کی جگہ ؎ ذوق

یہ نصیب اللہ اکبر لوٹنے کی جائے ہے

اللہ اللہ۔ واہ وا۔ سبحان اللہ۔ صنعت میں مبالغے کے موقع پر شکوے شکایت کے کی جگہ (مو فخرا) سلام کی جگہ بولتے ہیں ؎

نہ کہیو پھر نہ کی اللہ اللہ انشا

(مو) شناسائی۔ صاحب سلامت (ہماری کبھی ان سے اللہ اللہ تھی) چہ خوش۔ کیا خوب ؎ غالب

اب جفا سے بھی ہیں محروم ہم اللہ اللہ

عورتیں بچوں سے کہتی ہیں اللہ اللہ کر لیں یعنی نماز پڑھ لیں۔ خدا کو یاد کرنا۔ نماز پڑھنا۔ نذر کرنا۔ نذر و نیاز دینا۔ بچے کا سوم۔ **اللہ اللہ خیر سلا** فراغت ہی فراغت ہی بس۔ خاتمہ۔ **اللہ اللہ کرنا** تسبیح پڑھنا۔ عبادت کرنا۔ **اللہ اللہ کرو** جھوٹ مت بولو۔ خدا سے ڈرو۔ **اللہ آمین** (مو) بہت دعا و۔ جوڑ طلب خیر و خوبی کی دعا۔ بڑا جوچلا۔ **اللہ آمین کا**۔ بہت ناز و نعمت سے پلا ہوا۔ منت مرادوں کا پالا۔ **اللہ آمین ہونا**۔ غور پرداخت ہونا۔ **اللہ بخشے** مرحوم و مغفور۔ کسی مردے کا ذکر کرتے وقت اس کے نام سے پہلے یا بعد میں یہ کلمات کہتے ہیں۔ **اللہ بس باقی ہوس** خدا کے سوا سب فانی ہے۔ **اللہ بیلی**۔ خدا حافظ۔ اللہ نگہبان۔ **اللہ توکلی**۔ اتفاق سے۔ خدا کے بھروسے پر۔ خدا کی امداد سے خود بخود۔ بغیر کسی کوشش کے۔ **اللہ جانے**۔ معلوم نہیں۔ **اللہ حافظ**۔ اللہ بیلی۔ **اللہ دے اور بندہ لے**۔ تنخ یا خوشی کی کثرت ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں۔ **اللہ رکھو یا اللہ رکھے**۔ کسی زندہ بچے یا عزیز کا ذکر کرتے وقت عورتیں دعائیہ پر بولتی ہیں۔ خدا سلامت رکھے۔ وہ ایسا ہے۔ خدا کی مہربانی سے اس کے ہاں بہت ہے۔ **اللہ رکھے تو کون چکھے**۔ جسے خدا نہ مارنا چاہے اسے کوئی نہیں مار سکتا۔ **اللہ رے**۔ او ہو۔ بل بے۔ کسی بات کی زیادتی دکھانے کے لیے محل تعریف کے لیے بولتے ہیں۔ **اللہ سے ڈرو**۔ سچ بولو جھوٹ نہ بولو۔ **اللہ غنی**۔ کلمہ تعجب۔ واہ وا۔ سبحان اللہ۔ **اللہ کا کلام**۔ قرآن پاک۔ **اللہ کا گھر**۔ کعبہ۔ قبلہ۔ **اللہ کا نام سچا**۔ فقیروں کی صدا۔ **اللہ کا نام لو**۔ خدا خدا کرو۔ جھوٹ نہ بولو۔ صبر کرو۔ **اللہ کا نام ہے** کچھ نہیں۔ محتاج ہے۔ **اللہ کا نور**۔ داڑھی۔ نہایت خوبصورت۔ طنز بدشکل۔ **اللہ کرے**۔ کاش۔ **اللہ کی پناہ** کسی چیز کی کثرت دکھانے کے لیے بولتے ہیں۔ خدا بچائے۔ **اللہ کو پیارا ہوا**۔ موت آگئی۔ مر گیا۔ **اللہ کی دین**۔ خدا کی بخشش۔ خدا کی مہربانی۔ **اللہ کی سنوار**۔ تہذیب کے ساتھ ایک بددعا۔ **اللہ کی شان**۔ جب کوئی اپنی حیثیت سے بڑھ کر دعویٰ کرے یا اپنی حیثیت کے خلاف حرکت پائے اس وقت یہ کلمہ بولا جاتا ہے۔ **اللہ کے گھر سے پھرنا**۔ مرتے مرتے بچنا۔ نئے سرے سے پیدا ہونا۔ **اللہ لگتی**۔ انصاف کی بات۔ سچی بات۔ **اللہ لوگ**۔ فرشتہ سیرت۔ نیک۔ سیدھا سادا۔ **اللہ مارا**۔ بدنصیب۔ نگوڑا۔ **اللہ میاں** خدائے تعالیٰ۔ میاں کا لفظ تعظیماً بولتے ہیں۔ **اللہ میاں بھرے کو بھرتے ہیں**۔ اس جگہ بولتے ہیں جب ضرورت مند محروم رہ جائے اور غیر ضرورت مند کو مل جائے۔ **اللہ میاں کی بھینس**۔ ایک سیاہ رنگ کا کیڑا جو برسات میں دکھائی دیتا ہے۔ **اللہ میاں کی گائے** سیدھا سادا۔ بیوقوف۔ بھلا آدمی۔ **اللہ نگہبان**۔ اللہ حافظ۔ **اللہ نہ دکھائے**۔ کسی کی مصیبت یا دکھ کی کثرت یا شدت ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں۔ **اللہ نے ملائی جوڑی ایک اندھا ایک کوڑھی** دو ساتھیوں میں دونوں بے کار۔ **اللہ والا**۔ فقیر۔ ولی۔ خدا رسیدہ۔ **اللہ ہی اللہ ہے**۔ خدا کے سوا سب فانی ہے۔ اب کچھ باقی

نے۔ ہن کے ساتھ فعل یا ضمیر میں مُنّی (؟) ہوتی ہیں۔

آئے۔ یہ نوحہ مجالس عزا میں محرم یا چہلم وغیرہ کے خاتمے پر پڑھی جاتی ہے ؎ دوجہ

اربعین تجھے سوگوار و الوداع
آخری مجلس ہے یارو الوداع

(مذ) رمضان کے مہینے کا آخری جمعہ۔

اَلول کَلول :۔ (ﮨ۔ مو) کھیل کود مستی

اَلونا :۔ (ﮨ) پھیکا۔ بے مزہ۔ بے نمک۔

اُلُوہی : (ع) وہ چیز جو اللہ سے منسوب ہو۔ اُلُوہِیَّت۔ مو خدائی شان خدا۔ ربانیت

اِلٰہ : (ع۔ مذ) اللہ۔ معبود۔ اِلٰہُ العالمین تمام جہانوں کا مالک۔ اللہ تعالیٰ۔ اِلٰہا۔ اے اللہ۔ اِلٰہی اے میرے اللہ۔ اللہ سے تعلق رکھنے والی بات۔ اِلٰہیات (مذ) وہ علوم جو اللہ کی ذات اور صفات سے تعلق رکھتے ہیں۔ الٰہی توبہ (مو) اے اللہ میں توبہ کرتا ہوں۔ آئندہ کسی فعل کے نہ کرنے کا عہد الٰہی خرچ (مذ) بہت زیادہ خرچ۔ شاہی اخراجات۔ فضول خرچی۔ الٰہی رات (مو) شب بیداری کسی عبادت کے سلسلے میں۔ تسبیح نیاز نذر وغیرہ کے سلسلے میں۔ الٰہی کرے۔ دعائیہ ندا۔ خدا کرے۔ عورتوں کا روزمرہ۔ الٰہی کرے کہ وہ مرجائے۔ الٰہی آمین دعا کے وقت باواز بلند کہتے ہیں۔ الٰہی نعرہ (مو) جوں کی توں فرض۔ واجب۔

اِلہام : (ع۔ مذ) خدا کا کسی بات کو دل میں ڈالنا۔ القا۔ خدا کی طرف سے کسی بات کا دل میں پڑنا۔

اَلھڑ :۔ (ﮨ) نادان۔ نوعمر۔ اناڑی۔ بھولا بھالا۔ بچھیرا۔ الھڑپن۔ الھڑپنا کم سنی۔ نادانی۔ بھولا پن۔

اُلَہنا :۔ (ﮨ۔ مذ) تہمت۔ الزام۔ شکوہ۔ طعنہ۔ اُلاہنا۔ جھگڑا۔

اِلیاس :۔ (مذ) ایک مشہور پیغمبر کا نام۔ جو خدا کے حکم سے زندہ ہیں اور تری میں بھولے بھٹکے گم گشتہ مسافروں کو راستہ بتاتے ہیں۔

اِلَی الآن :۔ (ع) اب تک۔ اس وقت تک۔

اُلیچنا :۔ کنوئیں کو صاف کرنا۔

اِلیکٹ :۔ (انگ) ال تینوں کا کسرہ اس طرح ادا کیا جائے جس طرح یائے مجہول سے قبل ہوتا ہے) چنا ہوا ممبر۔

اِلکٹرک :۔ (انگ۔ مو۔ ال کا کسرہ اس طرح ادا کیا جائے جس طرح یائے مجہول سے قبل ہوتا ہے) بجلی۔ بجلی کی طاقت۔ الکٹریسٹی۔ بجلی۔ برقی طاقت۔ الکٹریشین۔ بجلی کا کام جاننے والا۔

اِلیکشن :۔ (انگ۔ مذ۔ ﮦ کا کسرہ اس طرح ادا کیا جائے جس طرح یائے مجہول سے قبل ہوتا ہے۔ ل مفتوح۔ ے خاموش) چناؤ۔ ممبروں کا انتخاب۔

اَلیل :۔ (مو) کلیل۔ اچھل کود۔ لہر۔ امنگ۔ ترنگ (مذ) بچھیرا۔ ناتجربہ کار۔

اَلیم :۔ (ع) دردناک ؎ محسن

تشکر سیر درد عذاب الیم
بلا نوشش زہر اب ماء حمیم

اُم :۔ (ع۔ مو) ماں۔ مرکبات میں مستعمل ہے۔ اُمُّ الامراض بیماریوں کی ماں نزلہ۔ اُمُّ الخبائث شراب۔ اُمُّ الصبیان۔ بچوں کی مرگی۔ اُمُّ العلوم علم صرف۔ اُمُّ القریٰ مکہ معظمہ۔ اُمُّ الکتاب۔ سورہ فاتحہ۔ الحمد۔ اُمِّ الولد۔ وہ لونڈی جس کے ہاں مالک کے نطفے سے کوئی بچہ پیدا ہوچکا ہو۔ ایسی لونڈی مالک کی وفات کے بعد خود بخود آزاد ہوجاتی ہے اور ترکے میں وارثوں کو نہیں ملتی۔ اُمّی۔ بے پڑھا لکھا شخص۔ آنحضرت کا لقب۔

اَم :۔ (ﮨ) پانی۔ دودھ پیتے بچے کی بولی۔

اَمّا : (ع) لیکن۔ مگر۔ پر۔ اَمّا بعد۔ اس کے بعد۔ بعد ازاں۔

اَمارت :۔ (ع۔ مو) امیری۔ دولت مندی۔

اَمّارہ :۔ (ع۔ مذ) سرکش نفس۔ بری بات کا حکم دینے والا نفس۔ بدکار۔

اَماکن :۔ (ع۔ مذ) مکان کی جمع امکنہ۔ اس کی جمع اماکن جگہیں (اماکن مذ)

اِمالہ : (ع۔ مذ) الف کو ی۔ کتیب اس کے قاعدے

اِمام :۔ (ع۔ مذ) پیشوا۔ رہنما۔ تسبیح کا سب سے بڑا منکہ ؎ پیش دانہ ہے تاسخ

بجائے دانہ ہے ساقی جو دانہ انگور
ہم اپنے سبحہ میں ڈالیں امام شیشے کا

پیش امام۔ لیڈر۔ خدا و رسول کی طرف سے مقرر کیا ہوا ہادی۔ امام احمد حنبل (بہ اضافت) اہل سنت کے چار اماموں میں سے ایک امام آپ دوسری صدی ہجری کے علما بغداد سے تھے۔ دس لاکھ حدیثیں زبانی یاد تھیں۔ امام بخاری اور امام مسلم آپ ہی کے شاگرد تھے۔ آپ نے امام شافعی سے علوم دینیہ حاصل کئے تھے۔ امام اعظم

(ب۔اضا) اہل سنت کے چار اماموں میں سب سے بڑے امام ابو حنیفہ نعمان بن ثابت۔ امام بارگاہ یا امام باڑہ (بغیر اضا) وہ مکان جس میں امام حسین کی مجلس عزا منعقد کرتے ہیں اور تعزیہ رکھتے ہیں۔ امامت (امو) امام کی صفت۔ امام جعفر (ب۔اضا) آپ فرقہ شیعہ کے چھٹے امام تھے۔ سلسلۂ تعلیم اور سلسلۂ نسب براہ راست علیؓ و رسولؐ سے ملتا ہے۔ علوم دینیہ و روحانیت میں آبا و اجداد کی مثل تھے۔ امام اعظم ابو حنیفہ آپ ہی کے شاگرد تھے۔ امام رازی۔ ایک مشہور مسلمان فلسفی اور عالم جن کا نام امام فخرالدین ہے اور جن کی تفسیر کبیر مشہور ہے۔ امام شافعی: (ب۔اضا) اہل سنت کے چار اماموں میں سے ایک امام۔ دوسری صدی ہجری میں پیدا ہوئے۔ امام احمد حنبل آپ کے شاگرد تھے۔ آپ کا لقب ناصر الحدیث ہے۔
امام صادق۔ (ب۔اضا) دیکھو امام جعفر۔ امام ضامن۔ آپ فرقہ شیعہ کے آٹھویں امام تھے۔ اسم مبارک علی بن موسیٰ الرضاؑ تھا۔ آپ ۱۵۳ھ میں بمقام مدینہ منورہ پیدا ہوئے۔ سلسلۂ تعلیم پشت با پشت کے ذریعے براہ راست رسول کریمؐ سے ملتا ہے۔ حضرت علی ابن ابی طالب اور فاطمۃ الزہرا کی نسل سے تھے۔ روحانی اقتدار میں اس منزل پر فائز تھے کہ حیوانوں کی ضمانت کر لیا کرتے تھے اور وہ حیوان اپنی ضمانت کو پورا کرتے تھے۔ اس لیے امام ضامن لقب ہوا۔ آپ کے نام کا پیسہ یا اور کچھ سکہ کپڑے میں لپیٹ کر مصیبت زدہ یا مسافر وغیرہ کے بازو پر باندھتے ہیں۔ یہ بازو پر بندھا ہوا روپیہ پیسہ بھی امام ضامن کہلاتا ہے (امام ضامن باندھنا)۔ امام غائب۔ (ب۔اضا) فرقہ شیعہ کے بارھویں امام حضرت مہدی آخرالزمان۔ جن کے متعلق شیعوں کا عقیدہ ہے کہ وہ پیدا ہو چکے ہیں اور بحکم خدا خضر و الیاس کی طرح غائب ہیں۔ جب مشیت الٰہی ہوگی تو ظہور کریں گے اور ساری دنیا میں اسلام پھیلائیں گے۔ امام غزالی (ب۔اضا) آپ مسلمانوں کے بڑے فقیہ، عالم فاضل، حکیم، محقق، مصنف اور صوفی تھے۔ پانچویں صدی ہجری میں پیدا ہوئے۔ حج کے سوا ہمیشہ مسجد نبوی (مدینہ) میں درس دیتے تھے۔ امام شافعی آپ کے شاگرد تھے۔ امامی۔ وہ لوگ جو کسی امام کو مانتے ہیں۔ امامیہ۔ (مذ) فرقہ شیعہ جو رسولؐ کے بعد بارہ امام مانتا ہے جن کے نام یہ ہیں۔ ۱۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔ ۲۔ امام حسنؑ۔ ۳۔ امام حسینؑ۔ ۴۔ امام زین العابدینؑ۔ ۵۔ امام محمد باقرؑ۔ ۶۔ امام جعفر صادقؑ۔ ۷۔ امام موسیٰ کاظمؑ۔ ۸۔ امام علی رضاؑ۔ ۹۔ امام محمد تقیؑ۔ ۱۰۔ امام علی نقیؑ۔ ۱۱۔ امام حسن عسکریؑ۔ ۱۲۔ امام مہدی آخرالزمان۔

امّاں: (ا۔مو) ماں۔ امّی۔ کسی لڑکے یا لڑکی کی پیدا کرنے والی۔

امّاں: (ا) حرف خطاب۔ اے امّی

اَمان: (ع۔مو) پناہ۔ امن۔ حفاظت۔ آرام و تسکین۔

(پانا۔ دینا۔ مانگنا۔ ملنا۔ ہونا)

اَمانت: (ع۔مو) سپردگی کے طور پر رکھی ہوئی چیز۔ تحویل۔ دیانتداری۔ پیمائش کا کام۔ امانت میں جو محنت ہے وہ مختاری میں کہاں۔ امانت دار (بغیر اضا) امانت کو بحفاظت رکھنے والا۔ معتبر۔ معتمد۔ امانت گزار (بغیر اضا) امانت کو بجنسہ واپس کرنے والا۔ امانت میں خیانت تو زمین بھی نہیں کرتی۔ کہتے ہیں کہ جو زمین کو امانت رکھ دیں تو زمین جوں کا توں لوٹا دیتی ہے۔ اس مناسبت میں امانت میں خیانت ہو جانے پر یہ محاورہ استعمال کرتے ہیں۔ امین۔ امانتدار۔

امانی: (ا۔مو) بے ٹھیکے کا کام۔ وہ کام جو ٹھیکے کے طور پر نہ کرایا جائے۔ امانی آبادی اور اجارا اجارا۔ امانی میں کام اچھا بنتا ہے اور ٹھیکے میں برباد ہو جاتا ہے۔

اماوس: (ہ۔مو) قمری مہینے کا آخری دن

امبیا: (ع۔مو) کیری۔ کچا آم۔

امپائر: (انگ۔ ۔ کا زیر اس طرح ادا کیا جائے جیسا یائے مجہول سے پہلے) وہ شخص جسے کرکٹ وغیرہ میں منصف اور پنچ مقرر کیا جائے۔

امپائر: (انگ۔مو۔ ۔ امپائر کی طرح ادا) شاہنشاہی سلطنت۔ راج۔

امپرر: (ا کا زیر اس طرح ادا کیا جائے جیسا یائے مجہول سے پہلے ہوتا ہے) بادشاہ۔ شہنشاہ۔

امپورٹ: (انگ۔مذ) کسی ملک کا تجارتی مال جو باہر سے آئے۔ درآمد۔

امپیریل: (انگ۔مذ) شاہی۔ بادشاہی۔ امپیریلسٹ۔ سرمایہ دار۔ امپیریلزم۔ (مذ) سرمایہ داری۔

اُمّت: (ع۔مو) جماعت۔ گروہ جو کسی پیغمبر کا تابع ہو۔ اُمّتی۔ امت کے لوگ۔ سادات کے مقابلے میں وہ لوگ جو مسلمان اور غیر سید ہیں۔ میری امت، قیامت میں سب نفسی نفسی کہیں گے۔ مگر حضورؐ امتی امتی فرمائیں گے۔ امت مرحومہ (ب۔اضا) مسلمان وہ گروہ جس پر رحم کیا گیا ہے۔

امتثال: (ع۔مذ) حکم ماننا۔ حکم بجا لانا۔

امتحان: (ع۔مذ) جانچ۔ آزمائش۔ تجربہ۔ امتحاناً آزمایا اور جانچ کے طور پر۔ جانچنے اور پرکھنے اور آزمائش کرنے کے لیے۔ امتحان پاس کرنا۔ کسی جماعت کے نصاب کو یاد کر کے امتحان میں مقررہ نمبر حاصل کرنا۔

اِمتداد :- (ع - مذ) درازی زمانہ - مدت کا کھنچنا - مدت - طول

اِمتزاج :- (ع - مذ) آمیزش کرنا یا ملانا - آمیزش ہونا یا ملنا - **اِمتزاج کیمیائی** (بہ اضا) علم کیمیا کے ذریعے چند مختلف الخواص چیزوں کو ملا کر ایک نئی چیز پیدا کرنا

اِمتلا :- (ع - مذ) ممتلی ہونا متلی - بدہضمی - پیٹ بھرا ہونا -

اِمتناع :- (ع - مذ) روک - ممانعت - منادی - منع کرنا -

اِمتنان :- (ع - مذ) احسان کرنا - کسی پر احسان رکھنا -

اِمتیاز :- (ع - مذ) فرق - شناخت - تمیز - پہچان - مرتبہ - بڑائی - ترجیح - **امتیازی** - وہ وصف جو کسی کو ہم جنسوں سے جدا اور نمایاں کرے -

اَمِٹ :- (ہ) پائدار - قائم - غیر فانی - نہ مٹنے والا -

اُمٹھنا :- (ہ) بل کھانا (یہ رسّی پر تم سے امٹھے تو مٹے)

اَمثال :- (ع - مو) مثل کی جمع - کہاوتیں (مذ) ہم صورت ہم شکل - ہمسر - **اَمثلہ** - مثال کی جمع (مذ) مثالیں

اَم جانا :- (ہ) اعضا کا بھاری ہو جانا - مجبر جانا - شل ہو جانا -

اَمجد :- ع - بزرگ - بہت بزرگ (جدِ امجد)

اَمچُور :- (ہ - مذ) کچے آم کی سوکھی ہوئی پھانکیں - آم کی کھٹائی - کچوُمر اور براوہ - سوکھا اور دبلا آدمی

اِمداد :- (ع - مو) مدد - مدد کرنا - کمک - اعانت - سہارا - سلوک (جاری) کرنا - مانگنا - **امداد باہمی** (بہ اضا) ایک دوسرے کی مدد - کسانوں اور کاروباری لوگوں کو مالی امداد پہنچانے والی ایک نیم سرکاری جماعت جسے "کوآپریٹو سوسائٹی" کہتے ہیں **اِمدادی** - وہ چیز جس کا امداد سے تعلق ہو - جو بطور امداد ہو -

اَمر :- (ع - مذ) حکم - کام - فعل - بات - معاملہ - مسئلہ - قواعد میں وہ فعل جو حکم کے معنی دے - **اَمرِ معروف** نیک کام کی ہدایت کرنا -

اَمَر :- (ہ) کبھی نہ مرنے والا - غیر فانی - امٹ - **اَمر بیل** - (مو بغیر اضا) آکاس بیل جو ہمیشہ ہری رہتی ہے اور جس پیڑ پر پھیل جاتی ہے اسے سکھا کر ختم کر دیتی ہے - **امر ہونا** - ہمیشہ زندہ رہنا - کبھی نہ مرنا -

اُمَرا :- (ع - مذ) امیر کی جمع - حاکم - رئیس - دولت مند - عمائد - ارکان سلطنت -

اَمراض :- (ع - مذ) مرض کی جمع - بیماریاں -

اَمرت :- (س - مذ) آب حیات - تریاق (دیکھو آبحیات) **امرت بانی** (بغیر اضا) میٹھی باتیں - خوش کلامی - فصیح و بلیغ کلام - **امرت دھارا** (مذ - بغیر اضا) ایک عرق جو ہاضمے کے لیے اکسیر کا حکم رکھتا ہے -

اِمرتی :- (ہ - مو) ایک مٹھائی جو ماش کے آٹے سے بنائی جاتی ہے اور شکل میں جلیبیوں سے مشابہ ہوتی ہے -

اَمرد :- (ع - مذ) نوخیز اور نابالغ لڑکا - وہ لڑکا جس کی داڑھی مونچھ نہ نکلی ہو

اَمرس :- (ہ - مذ) آم کا پکا ہوا رس جو نچوڑ کر کپڑے پر پھیلا یا اور خشک کیا ہو

اَمرود :- (ہ) ایک مشہور پھل - سفری -

امروز فردا :- (ف - مو) ٹال مٹول - صبح شام - جلد - عنقریب - آجکل

اَمرَیان :- (ہ - امرائی یان) آم کے درختوں کا جھنڈ - دہلی کے ایک باغ کا نام -

امریکن :- (انگ) امریکہ کا رہنے والا - **اَمریکہ** (مذ) ایک براعظم - نئی دنیا - جسے کولمبس نے ۱۴۹۲ء میں دریافت کیا تھا

اَمزجہ :- (ع - مذ) مزاج کی جمع طبیعتیں - مزاج

اُمَس :- (ہ - مو) وہ گرمی جو برسات میں حبس ہونے سے ہوتی ہے

اِمساک :- (ع - مذ) رکاوٹ (امساک باراں) کنجوسی - بخل - انزال میں دیر ہونا -

اِمسال :- (ف) اس سال - اب کی سال

اِمشب :- (ف) آج کی رات - اس رات -

اَمصار :- (ع) مصر کی جمع (مذ) شہر

اِمعان :- (ع - مذ) گہری نظر ڈالنا - بات کی تہہ تک پہنچنا -

اَنگ ڈھمک :- (ہ) یہ - وہ - ایرا - غیرا - فلاں فلاں - الم غلم - خراب اور نکمی

چیزیں ۔ اُمکا دُھمکا ۔ ایسا ویسا ۔ ایرا غیرا (عموماً تحقیر کی جگہ بولتے ہیں)

اِمکان :- (ع ۔ مذ) مجال ۔ طاقت ۔ مقدور ۔ مقدرت ۔ قابو ۔ اختیار ۔ عدم کی ضد ۔ عالم فانی ۔ امکانی ۔ جو ہو سکے ۔ امکان سے نسبت رکھنے والی بات ۔

اُمکا :- (ہ) اُبھرا ہوا ۔ بھرا ۔ عُمر ۔ تیر ۔ رنگ نکھرا جوبن امنگ اُٹھتے برپا ہو چلے

اَمَل :- (ع ۔ مذ) امید ۔ آرزو ۔ امل پائی کرنا ۔ نٹ پانی کرنا ۔

اِملا :- (ع ۔ مذ) رسم الخط کے مطابق لکھنا ۔ وہ عبارت جو رسم خط درست ہونے کے لیے لکھاتے ہیں ۔

اَملاک :- (ع ۔ مو) مِلک کی جمع ۔ جائداد ۔ مال و اسباب ۔ جاگیر ۔ اُردو میں واحد استعمال ہے ۔

اَمل بید :- (ہ ۔ مذ) ایک طرح کا کھٹا پھل جس کا چورن بناتے ہیں ۔

اَمل پتی :- (ہ ۔ مو) چینی ترین کی سلائی جو امل کی پتی کے برابر چوڑی ہوتی ہے ۔

اَملتاس :- (ہ ۔ مذ) ایک مشہور درخت جس کی پھلی کا گودا مسہل کی دوا میں دیا جاتا ہے ۔

اِملی :- (ہ ۔ مو) تمر ہندی ایک مشہور کھٹا پھل جس کا چھلکا نرم اور کتھئی رنگ کا ہوتا ہے ۔

اُمَم :- (ع ۔ مو) اُمت کی جمع ۔ دیکھو اُمت

اَمن :- (ع ۔ مذ) پناہ ۔ حفاظت ۔ اطمینان ۔ چین ۔ آرام ۔ سکون ۔ خیریت ۔ فساد کی ضد ۔ امن و امان ۔ حفاظت ۔ سکون ۔ بچاؤ ۔ فساد کی ضد ۔

اُمنڈنا :- (ہ) جوش پیدا ہونا ۔ یکا یک ہجوم کر کے آنا ۔ چاروں طرف سے گھر آنا ۔

اُمنگ :- (ہ ۔ مو) جوش ۔ شوق ۔ ترنگ ۔ ولولہ ۔ اُمنگ پر ۔ ترنگ میں بھرا ہوا ۔ اُمنگ کے دن ۔ اُمنگ کا زمانہ ۔ جوانی ۔ اُمنگوں پر ۔ اُمنگ پہ

اَموا :- (ہ) وہ رنگ جو آم کی رنگت سے مشابہ ہو

اَموات :- (ع ۔ مو) موتیں (میت بمعنی مُردہ اُردو میں مستعمل نہیں ۔ اس کی یہ جمع ہے)

اَمواج :- (ع ۔ مو) موج کی جمع ۔ موجیں ۔ لہریں

اَموال :- (ع ۔ مذ) مال کی جمع ۔ مال و دولت ۔ روپیہ پیسہ

اُمور :- (ع ۔ مذ) اَمر کی جمع ۔ معاملات ۔ باتیں ۔ چیزیں

اِمونیا :- (انگ ۔ مذ) چونے اور نوشادر کا مرکب

اَمونیشن :- (انگ ۔ مذ) بارود ۔ جنگ کا سامان ۔

اُمہات :- (ع ۔ مو) اُم کی جمع ۔ مائیں

اَمی :- (ہ ۔ مو) ماں ۔ امی جان ۔ پیار سے ماں کو کہتے ہیں ۔ اُمی ۔ دیکھو اُم

اُمیٹھنا :- (ہ) مروڑنا ۔ بل دینا ۔

اِمیٹیشن :- (ا کا کسرہ اس طرح ادا کیا جائے جیسا یائے مجہول سے قبل ہوتا ہے ۔ مذ ۔ انگ) مصنوعی ۔ مصنوعی جواہر ۔ نقلی

اَمی جمی :- (ہ ۔ مو) اطمینان کی حالت ۔ خیریت ۔ امن و امان ۔ بے فکری کا زمانہ ۔

اُمید :- (اُمے د ۔ اُمے د ۔ اُمی د ۔ اُم مید ۔ مو) توقع ۔ آس ۔ آرزو ۔ حمل ۔ بھروسہ ۔ امید سے ہونا ۔ عورت کا حاملہ ہونا ۔ اُمیدوار ۔ توقع رکھنے والا ۔ نوکری کی درخواست دینے والا ۔ امتحان دینے والا ۔ اُمید و بیم (مو) وہ حالت جس میں ہونے نہ ہونے دونوں باتوں کا امکان ہو ۔ ڈر اور دھڑکے کی حالت ۔

اَمیر :- (ع) بڑا آدمی ۔ دولت مند ۔ رئیس ۔ سردار ۔ امیر لشکر ۔ امیر الامرا ۔ رئیسوں کا رئیس ۔ حاکم ۔ گورنر ۔ امیر البحر ۔ دریائی فوج کا افسر ۔ امیر خسرو ۔ دلی کے مشہور شاعر جو خواجہ نظام الدین اولیا کے جانشین تھے ۔ امیر زادہ (مؤنث امیر زادی) امیر کا بیٹا ۔ سردار کا بیٹا ۔ خاندانی امیر ۔ امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا لقب ۔ مومنوں کا سردار ۔ امیر کو جان پیاری ۔ فقیر کو ایک دم بھاری ۔ امیر کو مرنا اور فقیر کو جینا ناگوار ہوتا ہے ۔ امیر کے پڑوس میں خدا فقیر بھی نہ بسے ۔ سرمایہ دار سے دور ہی رہنا چاہیئے ۔ امیری اور فقیری کی بو چالیس برس تک نہیں جاتی ۔ نسلی اور صفاتی خصوصیت مدتوں رہتی ہے ۔ امیری ۔ (مو) دولت مندی ۔ مالداری ۔ امیری کارخانہ ۔ بے گنتے اور بے قاعدہ خرچ ۔ بے پروائی سے خرچ ۔ امیر ۔ منشی امیر احمد مینائی مرحوم تخلص جن کے اشعار مشہور ہیں ۔

اَمین :- (ع) امانت ۔ معتمد ۔ بندوبست میں پیمائش کرنے والا عہدہ دار ۔ عدالت میں مال نیلام کرنے والا ۔ عدالت دیوانی میں مدیون کی جائداد قرق کرنے والا ۔

اِن : (ہ) اسم اشارہ قریب ۔ اس کی جمع ۔ ان آنکھوں سے کیا کیا نہیں دیکھا ۔ بہت کچھ دیکھ چکے ہیں ۔ بہت تجربہ ہو چکا ہے ۔ بڑی بڑی مصیبتیں جھیل چکے ہیں ۔ ان باتوں میں کیا رکھا ہے ۔ بے فائدہ باتیں ہیں ۔ ان بیچاروں نے سینگ کہاں پائی ۔ یہ اس قابل کہاں ہیں ۔ ان میں اتنی عقل کہاں ۔ ان تلوں میں تیل نہیں ۔ بے مروت ہیں پسیجتے نہیں ۔ سخاوت نہیں کرتے ہیں ۔ ان دنوں ۔ ان روزوں ۔ آجکل انھوں ۔ فاعل کے لیے آتا ہے (انھوں نے ایسا کہا تھا) انھیں ۔ مفعول کے لیے آتا ہے (انھیں کس نے بلایا) انہیں بھی لکھو ۔ یہ بھی احمق ہیں ۔ انہیں (ی معروف) حصر کی جگہ استعمال کرتے ہیں (انھیں باتوں سے میں گھبراتا ہوں) انھیں پاؤں ۔ بلا توقف ۔ بہت جلد ۔ فوراً پلٹنے کی جگہ بولتے ہیں ۔

اُن : (ہ) اسم اشارہ بعید ۔ اس کی جمع ۔ اُنھوں فاعل کے لیے (اُنھوں نے کہا ہے) اُنھیں ۔ مفعول کے لیے (اُنھیں بلاؤ) اُنھیں ۔ حصر کے لیے (اُنھیں سے کہو) ان کے جاڑے روکھ نہیں ۔ بڑے بے ایمان ہیں ۔

اَن : (س) مرکبات میں سابقہ ہے ، نہیں جیسے اَن بن ۔ نااتفاقی ۔ جھگڑا ۔ اَن پڑھ ۔ بے پڑھا لکھا ۔ اَن دیکھا ۔ جسے دیکھا نہ ہو ۔ غائب ۔ اَن کلیمنڈ (انگ ۔ وہ مال جس کا کوئی مالک نہ ہو ۔ لاوارث مال ۔ اَن کہی ۔ جو بات کہنے کے قابل نہ ہو برا بھلا ۔ وہ الفاظ توحید جو ہندو اپنے عقیدے کے مطابق مرتے وقت کہتے ہیں ۔ اَن گنا ۔ شمار سے باہر جو گنا نہ جاسکے ۔ نیز آٹھواں مہینہ ۔ اَن گنا برس ۔ آٹھواں برس ۔ اَن گنا مہینہ ۔ حمل کا آٹھواں مہینہ ۔ اَن گنت ۔ لاتعداد ۔ بیشمار ۔ بے حد ۔ اَن گھڑ ۔ بے ڈول ۔ جو گھڑا ہوا نہ ہو ۔ بے ڈھنگا ۔ اَن مل ۔ جو میل کا نہ ہو بے جوڑ ۔ (مو) ظریفانہ نظم یا نثر کے ٹکڑے ۔ اَن مول جس کا مول کوئی نہ لگا سکے قیمتی ۔ اَن ہوت ۔ (مو) روپے پیسے کا نہ ہونا ۔ غریبی ۔ مفلسی ۔ ناہوت ۔ اَن ہونی ۔ (مو) ناشدنی ۔ ناگہانی ۔

اَن (مذ) اناج ۔ کھانا پینا ۔ اَن داتا ۔ رزق دینے والا پالنے والا ۔ مالک ۔ اَن کا کیڑا ۔ انسان ۔

اَنّا : (ت ۔ مو) دودھ پلانے والی عورت ۔ دایہ ۔ انّا دادا والے ۔ غیر شریف ۔ ایسے ویسے ۔ عورتوں کی کمائی پر بسر کرنے والے ۔

اَناالحق : (ع ۔ مذ) میں خدا ہوں ۔ خدا مجھ میں موجود ہے ۔ ہمہ اوست ۔ عالم حال میں صوفیوں کا نعرہ ۔ منصور حلاج ایک بڑے صوفی تھے ۔ جو عالم محویت میں یہ کہہ اُٹھے تھے ۔ اس لیے علما کے فتوے سے سولی پر چڑھائے گئے ۔

اِنابت : (ع ۔ مو) خدا کی طرف رجوع کرنا ۔ رجوع قلب توبہ ۔

اَناپ شناپ : (ا) بے سوچے سمجھے ۔ جلدی جلدی ادھر ادھر مہمل لغو باتیں ۔

اِناث : (ع ۔ مو) عورتیں ۔ اُنثیٰ کی جمع ۔

اَناج : (ہ ۔ مذ) غلہ ۔ دانہ ۔ اناج کا کیڑا ۔ بہت کھانے والا ۔ نکما آدمی ۔ سست ۔ کاہل ۔ اناج کال نہیں راج کال ہے ۔ مہنگائی حکومت کی نااہلیت کی وجہ سے ہوتی ہے ۔

اَناجیل اَربعہ : (بہ اضا ۔ مو) چاروں انجیلیں ۔ عیسائیوں کی چاروں آسمانی کتابوں کا مجموعہ ۔ متی ، مرقس ۔ لوقا ۔ یوحنا جو کہ حضرت عیسےٰ کے حواری تھے ۔ ان چاروں کی بیان کی ہوئی آسمانی کتابیں ۔

انار : (ف ۔ مذ) ایک مشہور پھل جس کے اندر زرد جلد میں لال دانے ہوتے ہیں ۔ ایک قسم کی آتشبازی ۔ انارا ۔ سرخ آنکھوں والا کبوتر ۔ وہ کبوتر جس کی آنکھیں انار کی طرح سرخ ہوں ۔ انار دانہ ۔ اناروں کے سکھائے ہوئے دانوں کا چورن ۔ موٹا تازہ سرخ چہرہ کا آدمی ۔ اناری ۔ دیکھو انارا ۔

اَنارکِسٹ : (انگ) انتہاپسند ۔ باغی ۔ سلطنت کو تباہ کرنے کی سازش کرنے والا ۔ انارکی ۔ (مو) بغاوت ۔ سلطنت کے خلاف سازش ۔

اَنارکلی : (مو) اکبر بادشاہ کی کنیز زادی ۔ نادرہ بیگم کا عرف ۔ (مذ) لاہور کا ایک مشہور بازار جو اسی انارکلی کی نسبت سے موسوم ہے ۔

اناڑی : (ہ) ناتجربہ کار ۔ پھوہڑ ۔ بے سلیقہ ۔ ناواقف ۔ اناڑی کا سونا بارہ باٹ ۔ بے وقوف اور ناتجربہ کار ۔ اپنی چیز کی قدر نہیں کرتا ۔ اس لیے وہ غارت ہو جاتی ہے ۔

اُناسی : (ہ) ستر اور نو ۔ اسی سے ایک کم ۔

اِنّا لِلّٰہ وَاِنّا اِلَیہِ رَاجِعُون : (ع) اصل معنی ۔ ہم خدا ہی کے ہیں اور اسی کی طرف ہماری بازگشت ہوگی ۔ یہ کلام پاک کی ایک آیت ہے جو کسی مصیبت کے آنے یا کوئی کام بگڑ جانے کے موقع پر پڑھتے ہیں ۔ کسی کے مرنے کی خبر سن کر بھی پڑھی جاتی ہے ۔

اَنام : (ع ۔ مو) مخلوقات ۔ موجودات ۔ دنیا

اَنامِل : (ع ۔ مذ) انگلیوں کے پور ۔ مجازاً انگلیاں

اَنانیّت : (ع ۔ مو) غرور ۔ خودی ۔ خودسری ۔ (مولف)

خورشید ہوں کرا نا الحق میں ہے انا نیت
وگرنہ اپنے میں کچھ وصف دیکھتا ہوں میں

اَنبار:۔ (ف۔ مذ) ڈھیر۔ انبار خانہ۔ گودام ؎ ذہیں
لگا رہا ہوں مضامین نو کے پھر انبار

اَنبر:۔ (س) لباس۔ پوشاک۔

اِنبساط:۔ (ع۔ مو) خوشی۔ سرور۔

اَنبوہ:۔ (ف۔ مذ) بھیڑ۔ مجمع۔

اَنبیا:۔ (امب یا۔ ہ۔ مو) کیری۔ کچا آم۔ جس میں جالی نہ پڑی ہو۔

اَنبیا:۔ (ع۔ مذ) واحد نبیا نبی کی جمع۔ پیغمبر۔ رسول۔

اُنتالیس:۔ (ہ) تیس اور نو۔ چالیس سے ایک کم۔ اُنتالیسواں۔ جو نمبر کے لحاظ سے اڑتیس کے بعد ہو۔ اُنتالیسوں۔ انتالیس کے انتالیس

اِنتباہ:۔ (ع) خبردار کرنا۔ خبرداری۔ اطلاع۔ آگاہی۔

اِنتخاب:۔ (ع۔ مذ) چناؤ۔ چننا۔ خلاصہ۔ الیکشن۔ چنا ہوا۔ چیدہ۔ منتخب کلام۔ نظم و نثر۔

اَنتر:۔ (ہ۔ مذ) بھید۔ رازِ دل۔ ؎ ولی
کیونکہ سب سے چھپے چھپا نہ رکھوں
جان ہے دل ہے دل کا انتر ہے

اَنترا:۔ (س۔ مذ) گیت کا مستزاد ٹکڑا۔ لکڑی پھینکنے والوں کی اصطلاح میں ایک ضرب دست

اَنتربید:۔ (ہ۔ مو) دو دریاؤں کے درمیان کے درمیان کی زمین۔ دوآبہ

اَنتر منتر:۔ (ہ۔ مذ) جادو۔ ٹونا۔ ٹوٹکا۔ جھاڑ پھونک۔

اَنتڑی:۔ (ہ۔ مو) آنت کی تصغیر۔ نلا۔ انتڑیاں جلنا۔ بہت بھوک لگنا۔ انتڑی میں کروپ اور بیچ میں چھپ۔ رنگ روپ غذا سے نکلتا ہے اور زیبائش لباس سے۔ انتڑیوں کا قل ہو اللہ پڑھنا۔ بہت بھوک لگنا۔

اِنتزاع:۔ (ع۔ مذ) لباس وغیرہ کو جسم سے اتار لینا۔ انتزاع سلطنت کسی کو سلطنت سے معزول کر دینا۔

اِنتساب:۔ (ع۔ مذ) منسوب کرنا۔ کسی سے نسبت دینا۔ لگاؤ۔ نسبت۔

اِنتشار:۔ (ع۔ مذ) گھبراہٹ۔ منتشر ہونا۔ بکھرنا۔ تتر بتر ہونا۔ تردد۔ پریشانی۔ شہوت اور تحریکش

اِنتظار:۔ (ع۔ مذ) کسی کا راستہ دیکھنا۔ آسرا تکنا۔ دیکھنا۔ کرنا میں رکھنا یا برنا وغیرہ۔

اِنتظام:۔ (ع۔ مذ) بندوبست۔ ٹھیک ٹھاک۔ قاعدہ ضابطے سے۔ ترتیب۔

اِنتفاع:۔ (ع۔ مذ) نفع اٹھانا۔ منافع۔ فائدہ۔

اِنتقاض:۔ (ع۔ مذ) توڑ دینا۔ اردو میں تنہا استعمال نہیں ہوتا۔ انتقاض شرط (با اضا) شرط کو توڑ دینا۔ معاہدے سے پھر جانا۔ انتقاض معاہدہ (با اضا) معاہدے کو توڑ دینا۔

اِنتقال:۔ (ع۔ مذ) موت۔ منتقل ہونا۔ جگہ بدلنا۔ ؎ صبا
پس از فنا بھی یہی ہے جو بیقراری روح
بہشت سے نہ کہیں اور انتقال کریں

اِنتقال بہی۔ (بغیر اضا۔ مو) وہ بہی جس جائداد کے منتقل ہونے کا حال درج کیا جاتا ہے۔ انتقال جائداد (با اضا) جائداد کا ایک سے دوسرے کو ہونا۔ انتقال ذہنی (با اضا) ذہن کا ایک طرف سے ہٹ کر دوسری طرف لگ جانا۔ ذہن کو اصل نکتے کی طرف رسائی کرنا۔ انتقال کرنا یا ہونا۔ مر جانا۔

اِنتقام:۔ (ع۔ مذ) بدلہ۔ عوض لینا۔

اِنتہا:۔ (ع۔ مو) حد۔ خاتمہ۔ اخیر (کرنا۔ ہونا)۔ انتہا کا۔ پرلے سرے کا۔ حد سے زیادہ۔ انتہا لینا کسی بات کی حد کا اندازہ کرنا۔

اَنتی:۔ (ہ۔ مو) کان کے زیوروں میں نتھی کی قسم کا ایک زیور۔ انتی سار ہو کر نکلے۔ بدذات۔ کٹ کٹ کر نکلے

اُنتیس:۔ (ہ) بیس اور نو۔ تیس سے ایک کم۔ اُنتیسواں۔ جو نمبر کے لحاظ سے اٹھائیس کے بعد ہو۔ اُنتیسواں۔ انتیس کے انتیس۔

اَنٹا:۔ (ہ۔ مذ) انٹوں کی بڑی گولی کھیلنے کی بڑی گولی جو شیشے وغیرہ کی ہوتی ہے۔ بندوق کی گولی۔ بڑے میز پر کھیلنے کا گیند۔ اوپر کا کوٹھا سب سے اونچی چھت۔ انٹا چت ہونا یا انٹا غفیل ہونا۔ نشے میں مدہوش رہنا۔ بے ہوش ہو جانا۔ یہ نشہ بازوں کی اصطلاح ہے۔ انٹا چت پڑے ہیں۔ چت پڑے ہیں۔ مدہوش پڑے ہیں۔ انٹا گھر۔ انٹا کھیلنے کی جگہ۔ بلیرڈ روم۔

اِنٹر:۔ (انگ) ریل کا درمیانی درجہ جیسے انٹر کلاس بجے ہیں

اَنٹر :- (ا - مذ) کوڑا - صحیح لفظ ہنٹر ہے۔

اِنٹرپریٹ کرنا :- (انگ) ترجمانی کرنا۔ کسی کی گفتگو کا اپنے لفظوں میں مطلب ادا کرنا۔

اِنٹرمیڈیٹ :- (انگ - مذ) درمیانی درجہ - انگریزی کی تعلیم کی گیارھویں اور بارھویں جماعت

اِنٹرنس :- (انگ - مذ) (ر کا تلفظ اس طرح ادا کیا جائے۔ جیسا یائے مجہول سے قبل ہوتا ہے) دروازہ۔ داخلہ ہائی اسکولوں کی آخری (دسویں جماعت)

اِنٹرنیشنل :- (انگ) بین الاقوامی

اِنٹروڈکشن :- (انگ - مذ) تمہید۔ تعارف۔

اِنٹروڈیوس (یا ڈیوز) کرانا یا کرنا :- (انگ) پیش کرنا پہنچانا - ملاقات کرانا۔ تعارف کرانا

اَنٹ کانٹ :- (ا) اُوٹ پٹانگ - اوَل بل بے تکی جو اس نحل۔ لغو۔ یہ عوام کا روزمرہ ہے۔ بغیر "کا" بھی بولتے ہیں

اَنٹی :- (ہ - مو) ملی ہوئی انگلیوں کا درمیانی فاصلہ۔ کماؤ اٹیا گرہ۔ چھپتی (ذرا انٹی کھولو) جیب۔ **انٹی باز** انگلیوں کی گھائی میں چیز چھپا لینے والا۔ دھوکے باز۔ **انٹی پر چڑھ جانا** قابو میں آجانا۔ اپنے مطلب پر لگا لینا۔ **انٹی دینا** کشتی میں ٹانگ اڑانا۔ **انٹی لگانا** مقابل کی گردن میں ٹانگ ڈال کر اٹھا لینا۔ **انٹی کرنا** اٹیرنا۔ کسی کا مال فریب سے کھا جانا۔ **انٹی میں** پیسے میں۔ جیب میں۔ **انٹی میں آجانا** قابو میں آجانا۔

اُنثیین :- (ع) دونوں خصیے

اِنجاح :- (ع - مذ) مراد بر لانا۔ (انجاح مرام)

اَنجام :- (ف - مذ) نتیجہ یا پھل۔ انتہا۔ اخیر۔ تکمیل پورا ہونا۔ مآل۔ خاتمہ۔ **انجام بخیر ہونا** اچھا نتیجہ برآمد ہونا۔ ایمان اور نیکی پر مرنا۔ **انجام پانا** مکمل ہونا۔ نکلنا ہونا۔ خاتمے تک پہنچنا۔ **انجام دینا** تمام کرنا۔ مکمل کرنا۔ **انجام سوچنا** دور اندیشی۔ عاقبت بینی۔ کام کرنے سے پہلے اس کے نتیجے پر نظر کرنا۔ **انجام کار** (ب - ف) آخر کار۔ آخر کو۔ نتیجے میں **انجام کرنا** انجام دینا۔ **انجام ہونا** پورا ہونا۔ تمام ہونا

اَنجان :- (ہ) ناواقف۔ اجنبی

اَنجر پنجر :- (ہ - مذ) اعضا۔ ہڈی پسلی۔ جوڑ جوڑ۔ **انجر پنجر ڈھیلے کرنا یا ہونا** اعضا کو تھکا دینا یا تھکنا جوڑ جوڑ ہلا دینا یا ہل جانا۔ چور چور کر دینا یا ہو جانا

اَنجل :- (ہ) ملے ہوئے دونوں ہاتھ جیسے دعا میں ہوتے ہیں۔ غلہ اور جنس دونوں ہاتھوں میں بھر کر دینے کے موقع پر استعمال ہوتا ہے۔

اَنجم :- (ع - مذ) ستارے۔ تارے (جمع نجم)

اِنجماد :- (ع - مذ) کسی چیز کا خنکی وغیرہ سے جم جانا منجمد ہو جانا۔ ایک نقطے پر ٹھہر جانا۔ بستگی۔ جماؤ

اَنجمن :- (ف - مو) کمیٹی۔ مجلس

اَنجن :- (ہ - مذ) سرمہ۔ کاجل۔ **انجن سار** (بغیر انما) سرمہ لگی ہوئی سرمگیں **انجن سارنا** سرمہ لگانا۔ سرمہ چپسا

اِنجن :- (مذ - انگ) بھاپ کی کل۔ کل۔ ریل گاڑی کو کھینچنے والی مشین **انجن ڈرائیور** انجن کو چلانے والا۔

اَنجو :- آنجو۔ آنسو۔ جمع انجوان۔ انجھوے (مشرقی)
میرا ابر انجو ہے سورج تے نکل

اَنت :- (س) نہایت

اِنجنیر :- (انگ) (اُردو ان بین بین ی) اصول تعمیرات کا ماہر۔

اَنجیر :- (ف - مذ) گولر کی شکل کا ایک پھل۔

اِنجیل :- (ع - مو) عیسائیوں کی ایک مقدس کتاب جو حضرت عیسٰے پر نازل ہوئی تھی۔

اِنچ :- (انگ - مذ) ایک فٹ کا بارھواں حصہ۔ تین کھڑے جو کے برابر۔

اِنچارج :- (انگ) وہ شخص جو کسی محکمے یا ادارے کا پورا پورا ذمہ دار ہو۔

اَنچلاچال :- (ہ - مو) چنچل پنا۔ شوخی و شرارت۔ رشک
ع تجھ میں انچلا چال ایسی ہے کہ اڑتے ہیں ہوا س

اَنجھر :- (ہ - مذ) منتر۔ جادو۔ پڑا تاثیر بات جس کا دوسرے پر اثر پڑے طعنہ تشنا۔ طنز۔ **انجھر (پڑھ کے) مارنا** جادو کرنا۔ طعنے دینا۔ طنز کرنا

اِنحراف :- (ع - مذ) پھر جانا۔ منحرف ہو جانا۔ انکار۔ بغاوت۔ مخالفت۔ روگردانی۔ سرکشی

اِنحصار :- (ع - مذ) منحصر ہونا۔ کسی بات پر دوسری بات

نابینا گھوڑا - اندھا ہونا - بینا ہونا - گمراہ ہونا - نشے یا جلال کے جوش میں مست ہونا - دولت کے غرور میں بےخود ہونا -

اَندھڑ: (ہ - مذ) آندھی - تیز و تند ہوا -

اَندھلانا: (ہ) اندھا بنانا - دھوکا دینا - عوام کا روزمرہ ہے -

اَندھوں میں کانا راجہ: (ہ) بیوقوفوں میں نیستا عقلمند ہوشیار سمجھا جاتا ہے یا جاہلوں میں معمولی شُدبُد والا تعلیم یافتہ کہلاتا ہے -

اَندھی: (ہ - اندھا کا مؤ) اندھی پیسے کتا کھائے - بدنظمی اور بیجو بڑپن کے موقع پر بولتے ہیں - اندھی خندق بنانا - بُرا بھلا کہنا - عورتوں کا روزمرہ - جب وہ کسی کے برا کہنے کی شکایت کرتی ہیں - اندھا کہیں کا - اندھی کہیں کی - کسی کام کے خراب ہونے یا غلطی سے خطور کر جانے کے موقع تنبیہ کے طور پر بولا جاتا ہے - اندھی سرکار (مؤ) بدنظمی کی حکومت جس میں انصاف نہ ہو - بدانتظامی کی جگہ جہاں کوئی ضابطہ نہ ہو -

اَندھیارا: (ہ - مذ) تاریکی - اندھیاری - تاریکی - گھوڑے کی آنکھوں کا ٹوپ - نقاب ؎ آتش

رُخ پہ اس زلف کے پھیلنے سے ہوا دل کو یقین
چاندنی سے ہے بڑا مرتبہ اندھیاری کا

اندھیر: (مذ) قہر ستم - آفت غضب - بدانتظامی ظلم بےایمانی - کس مپرسی - سیاہ و تاریک (رنج و غم کی وجہ سے) جیسے دُنیا اندھیر ہونا - اندھیر پکارنا - ظلم کی فریاد کرنا - اندھیر اچھانا - اندھیر مچانا - اندھیر ڈھانا - کمال ظاہر کرنا - اندھیر کرنا - بےانصافی یا ظلم کرنا - اندھیر کھاتا (مذ) بےانصافی - حق تلفی - اندھیر مچانا - ظلم کرنا - لوٹ مچانا - ظلم کرنا - بیہودہ حرکتیں کرنا - اندھیر نگری چوپٹ راج - بدانتظام حکومت - لاقانونی کی بادشاہت - ظالم حکومت اور بدکار رعایا - وہ جگہ جہاں غفلت - بےپروائی اور بےضابطگی سے اندھا دھند مچی ہو - اندھیر ہونا - ظلم ہونا - کھلی ناانصافی ہونا

اَندھیرا: (ہ - مذ) تاریکی - دھند - سایہ - اندھیرا جھک آنا - تاریکی بڑھ جانا - اندھیرا چھانا - انتہائی تاریکی چھانا - اندھیر کرنا - چراغ بجھانا - روشنی دور کرنا - اندھیرا گھپ - بہت زیادہ تاریکی - اندھیری (مؤ) تاریکی - سیاہی - گھوڑے کی آنکھوں کا ٹوپ - وہ کپڑا جو ٹھگ یا رہزن منہ پر ڈال کر زنانہ مکان میں گھستے ہیں - اندھیری چھانا - ایسی تاریکی پھیلنا کہ کچھ دکھائی نہ دے - اندھیری ڈالنا - ٹھگ یا رہزن کے منہ پر کپڑا الٹنا تاکہ زنانے مکان میں جاتے وقت عورتوں کی بےپردگی نہ ہو - اندھیری دے کر آنا - بہت کالی گھٹا اٹھنا جس سے چاروں طرف اندھیرا ہو جائے - اندھیری رات - شب تاریک - اندھیری کوٹھڑی

(مؤ) تاریک کوٹھڑی - پیٹ کا اندرونی حصہ - وہ بات جس کا حال معلوم نہ ہو - اندھیری لگانا - دیکھو اندھیری ڈالنا - اندھیرے اُجالے - اوپر سویرے - وقت بےوقت - اندھیرے گھر کا اُجالا - خوب صورت اکلوتا بیٹا - فخر خاندان - اندھیرے منہ - بہت سویرے - بغیر ناشتے کے - اندھیرے اندھیرے - بہت سویرے -

اَندھے: اندھا کی جمع - اندھے کو دیا اندھے کے بھاؤں رات دن برابر ہے - ناسمجھ اور جاہل کو اچھے بُرے کی تمیز نہیں ہوتی - اندھے کی جورو کا اللہ بیلی - جس کی کی دیکھ بھال کرنے والا کوئی نہ ہو اس کی اللہ تعالیٰ حفاظت کرتا ہے - اندھے کی داد نہ فریاد - وہ جرم جو معذوری کی حالت میں سرزد ہو قابل سزا نہیں ہوتا - اندھے کی داد نہ فریاد اندھا مار بیٹھے گا - طاقت ور اور زبردست سے ڈرو - ظالم کے ظلم کا کوئی وقت نہیں - اندھے کی لاٹھی (۱) بےسہارا کا سہارا - کئی بچوں میں سے بچا ہوا ایک بچہ (۲) وہ سزا جس میں مجرم اور غیر مجرم کی تمیز نہ کی جائے - سب کے لئے یکساں ہو - اندھے کے آگے روئے اپنی آنکھیں کھوئے - جاہل کو نصیحت کرنا بےسود ہے - اندھے کے ہاتھ بٹیر لگی - کسی شخص کو اس کی حیثیت سے زیادہ چیز مل گئی - اندھے کو اندھیرے میں بڑی دور کی سوجھی - بیوقوف کو عمدہ تجویز سوجھی

اَندیشہ: (ف - مذ) خیال - ڈر - فکر - سوچ بچار - دھڑکا - اندیشہ کرنا - سوچنا - ڈرنا - اندیشہ ناک - خوفناک - ڈراؤنا -

اَنڈا: (ہ - مذ) بیضہ - پرندوں کا تخم - خصیہ - انڈا پھٹکنا - پرندے کے بچے کا انڈے سے باہر نکلنا - انڈا گندا ہونا - انڈے کی گرمی بگڑ کر خراب ہو جانا - انڈوں پر رہے - مادہ پرندہ انڈے سیتی ہے یا انڈے دینے پر ہے - اب انڈے دیا چاہتی ہے - انڈیانا - انڈے دینے کے قریب ہونا - بھینسے یا بیل وغیرہ کے خصیوں کو دبانا تاکہ وہ جلدی چلے - انڈے بچوں میں نبٹے مجبوریں - کوئی شے کہیں کی کہیں - بدنظمی - انڈے بچے (مذ) پرندوں کے انڈے اور بچے - وہ سفید سفید دانے جو تخموں کی مدد کو صاف نہ رکھنے سے کھال کے اندر پیدا ہو جاتے ہیں - انڈے سینا - پرندہ کا اپنے انڈے پر بیٹھنا - گھر میں بیکار پڑے رہنا - انڈے سیوے فاختہ اور کوّے بچے کھائیں - محنت کوئی کرے اور فائدہ کوئی اُٹھائے - انڈے کا شہزادہ - ناتجربہ کار - ناواقف - بھولا بھالا - وہ شخص جو گھر سے کبھی باہر نہ نکلا ہو - انڈے لڑانا - ایک قسم کی قمار بازی جو عہد مغلیہ میں نوروز کے دن ہوا کرتی تھی - جس کا انڈا دوسرے کے انڈے کو توڑ ڈالتا تھا - وہ جیت جاتا تھا

اَنڈکس: (انگ - مذ - ڈ کا کسرہ اس طرح ادا کیا جائے جیسے کر پائے مجہول سے پہلے ہوتا ہے) فہرست مضامین - تفصیلات کا خلاصہ - اشاریہ -

اِنڈلانا:۔ (ہ) اٹھلانا۔ شوخیاں کرنا۔

اَنڈل پڑنا:۔ (ہ) گر پڑنا (جوانی اُنڈل پڑنا)

اِنڈیا:۔ (انگ۔ مذ۔ ڈ کا کسرہ اس طرح ادا کیا جائے جیسا یائے معروف سے قبل ہوتا ہے) ہندوستان بھارت۔ اِنڈین۔ بھارت کا رہنے والا۔

اُنڈیلنا:۔ (ہ) کسی رقیق شے کو ایک برتن سے دوسرے برتن میں لینا۔ اُنڈلنا کا متعدی۔

اِنزال:۔ (ع۔ مذ) اُتارنا۔ عموماً یہ لفظ منی نکلنے کے معنی میں بولتے ہیں (ہونا)

اِنزِجار:۔ (ع۔ مذ) طبیعت کا ہٹ جانا ؎ (مصحفی)
غیر کے ساتھ دیکھ کر اس کو
کیا طبیعت کو انزجار ہوا

اِنزوا:۔ (ع۔ مذ) گوشہ نشینی۔

اَنس:۔ (پ۔ مذ) توانائی۔ طاقت۔ علم نجوم میں حصہ درجہ (سورج کے دس انس آئے)

اِنس:۔ (ع) (انس و جان بولا جاتا ہے) انسان۔

اُنس:۔ (ع۔ مذ) محبت۔ رغبت۔ مانوس ہونا۔

اَنساب:۔ (ع۔ مذ) نسب کی جمع۔ نسلیں۔ خاندان شجرے۔

اِنسان:۔ (ع۔ مذ) آدمی۔ بنی آدم۔ مہذب۔ اخلاق سے آراستہ۔ آنکھ کی پتلی ؎ ناصر
چاہیے انساں جگہ پیدا کرے دیدۂ مردم میں انساں کی طرح
انسان بنانا یا بننا یا ہونا مروّت کی تعلیم دینا یا پانا۔ تہذیب سکھانا یا سیکھنا۔ انسان کیا پکھیرو ہے۔ بہت سیر و سیاحت کرنے والا ہے۔ انسانیت۔ مروّت۔ تہذیب خو۔

اَنسب:۔ (ع) زیادہ مناسب۔ بہت ٹھیک۔

اِنسپکٹر:۔ (انگ۔ پ کا زیر اس طرح ادا کیا جائے جیسا یائے مجہول سے قبل ہوتا ہے) معائنہ کرنے والا۔ نگران۔ پولیس کا ایک عہدہ دار جو سب انسپکٹروں اور تھانے کے انچارج کا افسر ہوتا ہے۔ انسپکشن (انگ۔ مذ۔ پ کا فتحہ اس طرح ادا کیا جائے جیسا یائے مجہول سے قبل ہوتا ہے) معائنہ۔

اُنسٹھ:۔ (ہ) پچاس اور نو۔ ساٹھ سے ایک کم۔

اِنسٹی ٹیوٹ:۔ (انگ۔ مذ۔ ٹیوٹ میں ی کی حرکت پیش اور سکون کے بین بین ادا کی جائے و معروف ہے) مجلس علوم و فنون کو رواج اور ترقی دینے کا مکتب۔

اِنسٹی ٹیوشن:۔ (انگ۔ مذ۔ ٹیوشن میں ی کی پیش اور سکون کے بین بین ادا کی جائے و معروف ہے) علمی مکتب۔ اسکول۔ کالج وغیرہ۔

اِنسداد:۔ (ع۔ مذ) کسی بری بات کی روک تھام کرنا کسی برے رواج کو دور کرنا۔ دُور کرنا۔

اِنسائیکلوپیڈیا:۔ (انگ۔ مو) دائرۃ المعارف

اِنشا:۔ (ع۔ مو) دل سے کوئی مضمون پیدا کرنا۔ طرز تحریر۔ مضمون نگاری۔ قواعد میں ایسا کلام جس سے کوئی خبر معلوم نہ ہو۔ انشا پردازی (امو) مضمون نگاری۔ عبارت آرائی۔ انشائیہ۔ وہ جملہ ہے کہ جس کو کوئی خبر معلوم نہ ہو جیسے امر۔ حکم۔ ممانعت۔ سوال۔ تمنا۔ امید۔ قسم وغیرہ پائی جاتے۔

اِنشاءَ اللہ:۔ (ع) اگر خدا نے چاہا۔ زمانہ آئندہ سے متعلق جب کوئی بات کہیں تو یہ کلمہ استعمال کرتے ہیں۔

اِنشراح:۔ (ع) کھلنا۔ کشادہ ہونا۔ فرحت۔ آپ کی آمد سے انشراح خاطر ہوا۔

اَنصار:۔ (ع۔ مذ) ناصر کی جمع۔ مدد کرنے والے۔ مدینے کے وہ لوگ جو آں حضرت صلعم پر ایمان لائے تھے انصاری انصار سے نسبت رکھنے والا۔ جولاہا۔

اِنصاف:۔ (ع۔ مذ) عدل۔ صحیح فیصلہ کرنا۔ انصاف پر بٹہ لگانا (زیادتی کرنا)۔ انصاف کا خون۔ ظلم و ستم۔ انصاف کرنا۔ فیصلہ کرنا۔ جھگڑا چکانا۔

اِنصِباب:۔ (ع۔ مذ) گرنا۔ ٹپکنا کسی رقیق شے کا ؎ جان صاحب
دم بدم کر رہی ہے ابکائی ہے غضب انصباب معدے کا
انصباب نزلہ (یہ اصا) نزلہ بہنا۔ گرنا۔

اِنصرام:۔ (ع۔ مذ) انتظام۔ بندوبست۔

اِنضباط:۔ (ع۔ مذ) باقاعدگی۔ ڈسپلن۔ انضباط اوقات (یہ اضا) وقت کی تقسیم۔ دستور العمل۔ ٹائم ٹیبل۔

اِنضمام:۔ (ع۔ مذ) ایک چیز کو دوسری چیز میں ملا کر ایک کرنا۔ پیوستہ ہونا۔ پیوند ہونا۔

اِنطاکیہ:۔ (ع۔ مذ) ملک شام کا ایک شہر۔

اِنطفا:۔ (ع۔ مذ) بجھ جانا۔ افسردہ ہونا۔

اِنطباع:- (ع - مذ) نقش ہونا - چھپنا -

اِنطِباق:- (ع - مذ) منطبق ہونا - ایک بات کا دُوسری پر بالکل ٹھیک بیٹھنا -

اِنطِفا:- (ع - مذ) بجھ جانا - افسردہ ہو جانا -

اِنعام:- (ع - مذ) بخشش عطیہ - تحفہ کسی اچھے کام کا خلعت - کسی اچھے کام پر استحقاق سے زیادہ عطیہ - انعام اکرام انعام

اِنعِدام:- (ع - مذ) نیست و نابود کرنا - (ہونا)

اِنعِطاف:- (ع - مذ) کسی طرف جھکنا - مائل ہونا

اِنعِقاد:- (ع - مذ) منعقد ہونا - کسی محفل وغیرہ کا برپا ہونا -

اِنعِکاس:- (ع - مذ) عکس ڈالنا - عکس پڑنا عکس سایہ -

اِنفارمَر:- (انگ) مخبر - اطلاع دینے والا

اِنفارمیشَن:- (انگ - مو) اطلاع - خبر محکمہ اطلاعات

اَنفاس:- (ع - مذ) نفس کی جمع - سانسیں -

اِنفِراد:- (ع - مذ) تنہا ہونا - اکیلا ہونا - یکتائی - اِنفرادی - ایک سے تعلق رکھنے والا اِنفرادیت - ذاتی خصوصیت

اِنفِراغ:- (ع - مذ) فارغ ہونا فراغت پانا مطمئن ہو جانا -

اَنفُس:- (ع - مذ) نفس کی جمع - نفوس - روحیں - بہت سے آدمی -

اِنفِساخ:- (ع - مذ) معاہدے وغیرہ کا توڑ دینا فسخ کرنا -

اِنفِصال:- (ع - مذ) جدا ہونا - فیصلہ ہونا -

اِنفِعال:- (ع - مذ) شرمندگی - حیا

اِنفِکاک:- (ع - مذ) جدا ہونا - چھوڑنا - چھڑانا - الگ کرنا - اِنفکاک رَہن - روپیہ ادا کر کے گروی کی ہوئی جائداد کو چھڑانا

اِنفلوانزا:- (انگ - مذ) وبائی زکام

اِنفلواِنس:- (انگ - مذ) (اِنس کے الف کا کسرہ اس طرح ادا کیا جائے جیسا یائے مجہول سے پہلے ہوتا ہے) رسوخ - اثر - رعب - دباؤ -

اِنفَنٹری:- (انگ - مو - ف کا فتحہ اس طرح ادا ہو جیسا یائے مجہول سے قبل ہوتا ہے) پیادہ فوج پلٹن -

اِنفَنٹ کلاس:- (انگ - مو - ف کا فتحہ اس طرح ادا ہو جیسا یائے مجہول سے قبل ہوتا ہے) بالکل ابتدائی تعلیم کی جماعت - الف ب پڑھنے والے بچوں کا درجہ

اِنقِباض:- (ع - مذ) گرفتگی طبیعت کا تکدر - مزاج کی ناسازی طبیعت کا بجھا بجھا سا ہونا -

اِنقِراض:- (ع - مذ) مقررہ مدت کا ختم ہونا - پورا ہونا

اَنقَرہ:- (ع - مذ) ترکی کا دارالخلافہ - انگورہ -

اِنقِسام:- (ع - مذ) تقسیم ہونا - حصہ حصہ ہونا -

اِنقِضا:- (ع - مذ) مدت کا گزرنا - پورا ہونا - (انقضائے میعاد)

اِنقِطاع:- (ع - مذ) کٹ جانا - الگ ہو جانا - بند ہونا

اِنقِلاب:- (ع - مذ) اُلٹ پلٹ ہو جانا - تغیر و تبدل ہو جانا - گردش زمانہ - انقلاب آسمان - انقلاب دہر - انقلاب زمانہ - زمانے کی گردش - وقت کی کایا پلٹ

اِنقِیاد:- (ع - مذ) فرمانبرداری -

اِنکار:- (ع - مذ) اقرار کی ضد - کسی کام سے نہیں کر دینا - عذر کرنا - منع کرنا

اَنکاو:- (ہ - مذ) تخمینہ - قیمت وغیرہ کی جانچ

اَنکَس:- (ہ - مذ) لوہے کی سلاخ جسے ہاتھی کو چلاتے وقت اس کے سر میں چبھوتے ہیں -

اِنکِسار:- (ع - مذ) خاکساری - عاجزی -

اِنکشاف:- (ع - مذ) کسی پوشیدہ بات کا کھلنا کھولنا -

ان کلیمڈ:- (انگ) دیکھو - اَن

ان کمپلیٹ: (انگ) نامکمل۔ ادھورا۔

انکم ٹیکس: (انگ۔ مذ) وہ ٹیکس جو کسی آدمی کی آمدنی پر سرکار کی طرف سے لگایا جاتا ہے۔

انکوائی: (ہ۔ مو) جانچ۔ جانچنے کا معاوضہ۔

انکھڑی: (ہ۔ مو) پیاری آنکھ۔ چھوٹی آنکھ۔

انکھیاں: (ہ۔ مو) چھوٹی آنکھیں۔ پیاری آنکھیں۔

انگ: (ہ۔ مذ) جسم۔ بدن۔ جوڑ۔ عضو۔ **انگ لگنا**: کھانا پینا بدن کو لگنا۔ موٹا تازہ ہونا۔ تندرست ہونا۔

انگا: (ہ۔ مذ) انگرکھا۔ پرانی وضع کی شروانی۔

انگارا: (ہ۔ مذ) دہکتا ہوا شعلہ۔ نہایت سرخ چیز۔ **انگارا بننا**: غصے میں بھرنا۔ سرخ و سفید ہونا۔ **انگاروں پر لوٹنا یا لوٹنا**: تڑپانا یا تڑپنا۔ بیقرار کرنا یا ہونا۔ انتشار کرنا یا کرنا۔ **انگارے برسنا**: سخت گرمی پڑنا۔ **انگارے برسیں**: بددعا۔ غضب نازل ہو۔ **انگارے پھانکنا**: ایسا کام کرنا جس کی پاداش بڑی سخت ہو۔

انگبین: (ف۔ مذ) شہد۔

انگرکھا: (ہ۔ مذ) ایک قسم کی اچکن ۔ ع مصحفی

وہ انگرکھے تری گلکاری کے ۔۔۔ جن کی کلیوں میں بیچے ہیں کانٹے

انگریز: (پرتگا۔ مذ) انگلستان کا رہنے والا۔ فرنگی۔ **انگریزی**: انگریزوں کی بولی۔ انگریزوں سے نسبت رکھنے والی چیز۔ **انگریزی راج تن کو کپڑا نہ پیٹ کو نان** (مثل) انگریزی حکومت کی سختیوں کو بیان کرتے وقت

انگڑائی: (ہ۔ مو) ایک ہاتھ سے دوسرا ہاتھ پکڑ کر سامنے یا اوپر کو پھیلانا اور جسم کو اینٹھنا کسلمندی اتارنا۔ **انگڑائی توڑنا**: انگڑائی لیتے وقت کسی کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر اپنے جسم کا بوجھ ڈالنا (اسے وہ شخص اپنے لیے منحوس سمجھتا ہے جس کے کاندھے پر ہاتھ رکھا جاتا ہے)۔ نکما رہنا۔ بیکار رہنا۔

انگڑ کھنگڑ: (ہ۔ مذ) اسباب خانہ داری کا ٹھ کباڑ۔ پڑا ہوا ڈھیر۔ متفرق سامان۔ بیکار چیزیں۔

انگش بنگش: اول جلول۔ مہمل واہیات۔ خرافات۔ بے تکی بات۔

انگشت: (ف۔ مو) انگلی۔ **انگشتانہ**: (مذ) سیتے وقت انگلی میں پہننے کا لوہے یا پیتل کا حلقہ۔ **انگشت بدنداں** (ہونا): متحیر۔ حیران۔ دانتوں میں انگلی دبانا۔ افسوس کرنا۔ **انگشتری** (مو) انگوٹھی۔ **انگشت شہادت** (یا انگشت) کلمے کی انگلی۔ داہنے ہاتھ کے انگوٹھے کے پاس کی انگلی۔ **انگشت نما**: بدنام۔ رسوا۔ **انگشت نمائی کرنا**: عیب نکالنا۔

انگل: (انگ۔ ق۔ ف۔ مذ) ایک انگلی کی چوڑائی۔ **انگل بھر**: تھوڑا سا۔ ایک انگلی کے برابر۔

انگلانا: (بازاری لوگوں کا روزمرہ ہے) بار بار دق کرنا۔ ستانا۔ چھیڑنا۔ مقعد میں انگلی کر کے نیچے جھکانا۔

انگلستان: (مذ) انگریزوں کا وطن۔ انگلینڈ۔ **انگلش**: (مو) انگریزی۔ انگریزی زبان۔

انگلی: (ہ۔ مو) انگشت۔ **انگلی پکڑ کے پہنچا پکڑنا**: تھوڑا سہارا پا کر پورا بار ڈال دینا۔ **انگلی رکھنا**: نکتہ چینی کرنا۔ اعتراض کرنا۔ انگلی رکھ کر حروف یا الفاظ وغیرہ بتانا۔ **انگلی کرنا**: انگلانا۔ **انگلی لگانا**: چھونا۔ **انگلیاں** (مو) انگلی کی جمع۔ **انگلیاں اٹھانا یا اٹھنا**: رسوا اور بدنام کرنا یا ہونا۔ نکتہ چینی کرنا یا ہونا۔ **انگلیاں توڑنا یا چٹخانا**: انگلیوں کے جوڑ دبا کر آواز نکالنا۔ ع (امیر)

عجب ناز سے قاتل نے انگلیاں توڑیں
ہوا میں قتل چٹخنے مرے حساب بچے

انگلیاں چمکانا: انگلیاں مٹکا مٹکا کر کسی کو چڑانا۔ **انگلیاں کانوں میں دینا**: غل کی آواز سے کانوں کو بچانا۔ کسی بات کو سننا نہ چاہنا۔ **انگلیاں نچانا**: انگلیاں مٹکانا۔ **انگلیوں پر نچانا**: بہت دق کرنا۔ ہنسی اڑانا۔

انگلیٹ: (ہ۔ مو) بدن۔ جسم کی خلقی قطع۔

انگلینڈ: (مذ۔ انگ) انگلستان۔ انگریزوں کا وطن جو یورپ کا ایک مشہور جزیرہ ہے۔

انگنائی: (ہ۔ مو۔ ک) صحن۔ آنگن۔

انگوٹھا: (ہ۔ مذ) ٹھینگا۔ ہاتھ کی سب سے موٹی انگلی۔ **انگوٹھا دکھانا**: انکار کرنا۔ ٹھینگا دکھانا۔ چڑانا۔ چھیڑنا۔ **انگوٹھا چومنا**: خوشامد کرنا۔ **انگوٹھے چوسنا**: شیرخواروں اور نادانوں کے سے کام کرنا۔ **انگوٹھے باندھنا**: میت کے پاؤں کے دونوں انگوٹھے باندھ دینا۔

انگوٹھی: (ہ۔ مو) انگلی میں پہننے کا ایک زیور۔ انگشتری۔

انگوچھا: (ہ۔ مذ) ہاتھ پونچھنے کا کپڑا۔ چھوٹی لنگی۔

اَنگور: (ف۔ مذ) مشہور پھل۔ زخم کا بھراؤ۔ **انگور بندھنا**: زخم بھرنا۔ زخم اچھا ہونے پر آنا۔ **انگور پھٹنا**: بھرتے ہوئے زخم کا پھٹ جانا۔ **انگور کھٹے ہیں**: کسی چیز کے حصول میں ناکامی ہونے پر کھسیانا ہو کر کہا کرتے ہیں۔ **انگور کی ٹٹیاں** (مو) وہ لکڑیاں یا بانس جن پر انگور کی بیل چڑھاتے ہیں۔ **انگور کی باغ** (مذ) وہ باغ جہاں انگور کے درخت ہوں۔ **انگور کی بیل** (مو) انگور کی بیل جو کپڑوں پر زری سے بناتے ہیں۔ **انگور کی شراب**۔ وہ شراب جو انگور کے رس سے بنائی جاتی ہے۔

اَنگیا: (ہ۔ مو) عورتوں کی چولی۔ سینہ بند۔ محرم۔ **انگیا کا بنگلہ**۔ (مذ) انگیا کی کٹوریوں پر گوٹ کناری سے جو چھانگیں بنانا۔ اگر بارہ چھانگیں بنائیں تو اُسے انگیا کا خربوزہ کہتے ہیں اور اگر بانی پشت کا مرجال اور جلیبیوں کی طرح حلقہ نما ہو تو اُسے انگیا کا چکر کہتے ہیں۔ **انگیا کا کھڑا** (مذ) وہ بنا ہوا سوت کا ڈورا جو انگیا کی کمر اور کنٹھی میں گوٹ کے اندر ہوتا ہے۔ **انگیا کا کنٹھا**۔ **انگیا کا گھاٹ** (مذ) انگیا کا گریبان کترتے وقت **انگیا کی چڑیا** (مو) وہ سیون جو انگیا کی دونوں کٹوریوں کے بیچ میں ہوتی ہے۔ **انگیا کی خشتی یا خواسی** (مو) وہ سیون جو کٹوریوں کو آستینوں سے ملاتی ہے۔ **انگیا کی دیواریں** (مو) کٹوریوں کے نیچے کے حصے جو انگیا کے پان سے جڑتے ہیں۔ **انگیا کی کٹوریاں** (مو) انگیا کا وہ حصہ جو چھاتیوں پر ہوتا ہے۔ **انگیا کے پان**۔ (مذ) کٹوریوں میں کپڑے کا وہ چھوٹا ٹکڑا جو دیوار کے پاس ہوتا ہے (دیوار اس سے بڑے ٹکڑے کو کہتے ہیں) **انگیا کے بیچے**۔ انگیا کی آستینوں کی چوڑی گوٹ۔ **انگیا کی لہر**۔ کٹوریوں پر ٹکا ہوا مسالہ۔

اَنگیٹھی: (ہ۔ مو) آتش دان۔ جالی دار چولہا جس میں کوئلہ جلاتے ہیں۔

اَنگیز: (ف۔ مو) برداشت۔ **انگیز کرنا**۔ برداشت کرنا۔ گوارا کرنا۔ **انگیزنا**۔ جبر سہ لینا

اَنناس: (ہ۔ مذ) ایک مشہور پھل جو خربوزے سے چھوٹا لمبوترا اور خوشبودار ہوتا ہے

اُنچاس: (ہ) چالیس اور نو۔ پچاس سے ایک کم **اُنچاسواں**۔ جو نمبر کے لحاظ سے اڑتالیس کے بعد ہو۔ **اُنچاسوں**۔ اُنچاس کے اُنچاس

اَنند کے تار بجانا: (ہ) عیش و عشرت سے بسر کرنا۔ خوشی منانا۔

اَنوار: (ع۔ مذ) نور کی جمع۔ روشنیاں۔ اُجالے۔

اَنواسنا: (ہ) کورے برتن کو کھنگالنا۔ **انواسی** (مو) بیاہی ہوئی عورت۔ وہ عورت جو مرد کے پاس رہ چکی ہو۔ استعمال کی ہوئی۔ کھنگالی ہوئی۔

اَنواع: (ع۔ مو) نوع کی جمع۔ قسمیں۔ قسم قسم کی۔

اَنوپ: (ہ۔ مو) وہ چیز جو دوا کے ساتھ اس غرض سے دی جاتی ہے کہ دوا حلق سے اُتر جائے۔

اَنوٹ: (ہ۔ مذ) ایک زیور جو عموماً ہندو عورتیں پاؤں کے انگوٹھے میں پہنتی (مو) (شعر) داغ

وہ حسن وہ انداز وہ چہرا وہ پھبن اس کا
چھل بل ہے قیامت کی تو انوٹ ہے غضب کا

اَنوٹھا: (ہ) وہ کھانے کی چیز جس میں سے کسی نے کھایا نہ ہو۔ انوکھا۔ **انوٹھی بات**۔ نئی بات۔ نادر بات۔

اَنور: (ع) زیادہ روشن چمکیلا

اَنوکھا: (ہ۔ مذ) نرالا۔ عجیب و غریب۔ نادر۔ سب سے الگ۔ **انوکھی** (مو)

اُنھ: (ا۔ مو) بے پروائی اور نفرت کے اظہار کے لیے بولتے ہیں۔ کراہنے کی آواز۔ **اُونھ**۔ **اُنھ**۔

اَنہتّر: (ہ) ساٹھ اور نو۔ ستر سے ایک کم۔

اَنھوریاں: (ہ۔ مو) وہ ننھے ننھے دانے جو گرمی میں پسینے سے جسم پر نکل آتے ہیں۔

اِنہدام: (ع۔ مذ) ڈھے جانا۔ عمارت کا برباد ہونا۔ مسمار ہونا۔

اِنہزام: (ع۔ مذ) شکست کھانا۔ میدان سے بھاگ جانا۔

اِنہماک: (ع۔ مذ) مصروفیت۔ محویت۔ مشغول و منہمک ہونا۔

اَنی: (ہ۔ مو) برچھی یا تیر وغیرہ کی نوک۔ جھلکتی میں سامنے کی سیدھی چوٹ (انی کا ہاتھ لگانا)۔ **انیاں بتانا**۔ سامنے کی سیدھی چوٹ لگانا۔ **انی کا ہاتھ**۔ **انی کی چوٹ**۔ **انی کی ضرب**۔ سامنے کی سیدھی چوٹ۔ **انی کی ٹلی ہزار برس**۔ مصیبت گھڑی بھر کے لیے ٹل جائے تو گویا ہزار برس تک تسکین اور دلجمعی ہے۔

انیا ٹانک: (ہ) ٹھیک تول کو کہتے ہیں۔ جس میں ذرا بھی کمی بیشی نہ ہو۔

انیائی: (ہ) انصاف نہ کرنے والا۔ ظالم۔ شریر اور ناشائستہ بچہ (ہندوؤں کا روزمرہ)

اَنیس: (مذ) اُنس رکھنے والا۔ ہمدم۔ ساتھی۔ دوست۔ میر ببر علی لکھنؤ کے ایک مشہور مرثیہ کہنے والے شاعر

سے بنولے دور کرنا - اوٹنی ﴿مو﴾ روئی سے بنولے جدا کرنے کی چرخی - بیلنی -

اَوج ﴿ع مذ﴾ بلندی - چوٹی - مرتبہ - عروج - ترقی - دھوم دھام - **اوج موج** ﴿مو﴾ بہت اچھا ، خوشحالی ، فارغ البالی ، بلند اقبالی ﴿اوج مرزا محمد جعفر فرزند دبیر کا تخلص ، شاعر لکھنؤ میں﴾ -

اُوجڑ ﴿ہ﴾ ویران ، غیر آباد ، تباہ و برباد - **اوجڑ نگری چوپٹ راج** غیر منتظم اور ظالم حکومت کی رعایا خوش حال نہیں رہتی -

اُوجھ ﴿ہ - مذ﴾ چوپایوں کا معدہ ، پیٹ کے اندر کی آلائش - **اوجھ بھرے نہ روگ بڑھے** - کم کھانے سے بیماریاں پاس نہیں آتیں - **اوجھڑی** - اوجھ -

اُوجھڑ ﴿ہ﴾ حال کی جھڑپ - دشمن کی ڈھال پر ڈھال مارنا ﴿دینا - لگانا - لگنا - مارنا﴾ مطلق جھڑپ -

اُوجھل ﴿ہ مو﴾ آڑ - پردہ - حجاب - سامنے کی ضد -

اُوچھا ﴿ہ﴾ اوچھا ہوا وار ، کم ظرف - احسان جتانے والا - تنگ یا اوچھا لباس - نازیبا اور ہلکا - کم گہرا ﴿اوچھا زخم﴾ اوچھا برتن اُبلتا ہے - کم ظرف تھوڑے اقتدار پر اترانے لگتا ہے - **اوچھا ہاتھ** ہلکا وار جس سے کم چوٹ آئے - **اوچھی** اوچھا کا مؤ - **اوچھی پونجی خصم کو کھائے** تھوڑی رقم کے بیوپار میں کھانا ہی کھانا ہوتا ہے - **اوچھے** اوچھا کی جمع - **اوچھے کی پیت بالو کی بھیت** - کم ظرف کی دوستی کا اعتبار نہیں - **اوچھے کے گھر کا کھانا جنم جنم کا طعنہ** - کم ظرف تھوڑا احسان کرتا ہے اور اس کا طعنہ عمر بھر دیتا ، جتاتا ہے -

اُوچھن پوچھن ﴿ہ مذ﴾ جھوٹا کھانا - بچا کھچا -

اُو خویشتن گم است کرا رہبری کُند : جو شخص خود نہیں جانتا وہ دوسرے کی کیا مدد کرے گا -

اُودا : ﴿ہ﴾ سرخی مائل سیاہ رنگ ﴿مذ﴾ سرخی مائل سیاہ رنگ - ہ **اوداہٹ** سرخی مائل سیاہ رنگ ہونا - **اودی** - اودا کا مؤ -

اُود بِلاؤ : ﴿ہ - مذ﴾ بلی کی طرح کا ایک پانی کا ایک جانور - بے وقوف آدمی - **اود بلاؤ کی ڈھیری** ﴿مو﴾ وہ جھگڑا جو کبھی طے نہ ہو -

اَوَدھ : ﴿ہ - مذ﴾ بھارت کا مشہور علاقہ - جس کا صدر مقام لکھنؤ ہے -

اُودھم : ﴿ہ - مذ﴾ بڑا ہنگامہ ، چیخ و پکار ، شور و غل ، دھوم ، بہت شرارت ﴿جوتنا - مچانا﴾ ، اودھمی - جھگڑالو -

شریر - فسادی -

اُودھو کا لین نہ مادھو کا دین ﴿ہ﴾ سب جھگڑوں سے الگ - کمال بے فکرا -

اَور : ﴿ہ مو﴾ کنارا - جانب - طرف - **اور چھور** انتہا - حد - کنارا - **اور نہ چھور** - ابتدا نہ انتہا - آغاز نہ انجام -

اَور : ﴿ہ﴾ حرف عطف ﴿پانی اور ہوا﴾ پھر ؎ رشک

غرق فرعوں میں تھا مردم آبی کا کلام
اور دعوائے خدائی کرے بندہ ہو کر

؎ امیر

عذر مے سے مسلّم اور ہو واعظ
ملے وحدت بتاں نازنیں سے

کسی امر پر حیرت و استعجاب کے لیے ﴿اِم اور شاعری ، بلکہ ﴿ہاں ہاں وہ تو بہت اچھا ہے اور نہایت اچھا﴾ کیا نتیجہ ہوا اگر کسی میں ؎ امیر

جڑنے لگے منزل پہ بجوٹے واعظ اور جوش لے کوئی قرابتی بے شک اور ضرور ، زور دینے اور تاکید کے لیے ﴿جائیں اور ضرور جائیں﴾ لازمی نتیجہ ظاہر کرنے کے لیے ﴿اگر وہ یہ آئے اور میں اچھا ہوا﴾ زیادہ ﴿اتنی کافی نہیں اور عنایت کیجیے﴾ دوسرا - ؎ غالب

جاتے ہوئے کہتے ہو قیامت میں ملیں گے
کیا خوب قیامت کا ہے گویا کوئی دن اور

غیر بیگانہ - نیا - خلاف - سابق - متغیر ؎

نہ روتے ہو کہ ہنستے ہو کہ جب کے نالاں
حال آپ کا ہم دیکھتے ہیں آج کچھ اور

آگے کہو - اس کے بعد ﴿جیسے کوئی کہانی سناتے ہیں رُکے تو اس سے کہتے ہیں اور﴾ خلاف - برعکس ؎ انیس

راحت کے دن گزر گئے اب شغل اور ہے
اب یوں بسر کرو جو یتیموں کا طور ہے

طرفہ - نیا ﴿لو اور سنو﴾ علاوہ اس کے ؎ جلال

دل مرا کر کے وہ پامال چلے جاتے ہیں
اور پھر دست تاسف بھی ملے جاتے ہیں

اور آرادے سے دیکھنا بدنیتی سے دیکھنا - ارادہ بدل کر دیکھنا - **اور اور** - غیر - بیگانے - بدلے ہوئے - **اور اور باتیں** عجیب عجیب باتیں - کچھ کی کچھ باتیں - **اور اُلٹے** ... اور بات ہے - جداگانہ امر ہے - **اور بھی** - اور زیادہ - **اور بھی سننا** - یہ عجیب بات بھی سنی - **اور تو اور** ... بات ہے اور لوگوں کا تو کیا ذکر ہے - **اور سنو** ... **اور تماشہ**

تلے دیکھنا ۔ اپنے سے بڑے کا مقابلہ آ کر پڑنا ۔ **اُونٹ کٹارا** ۔ ایک خاردار گھاس جسے اُونٹ کھاتا ہے ۔ **اُونٹ کس کل بیٹھے** ۔ کیا انجام ہو ۔ **اُونٹ کی پکڑ اور عورت کے بگڑ سے خدا بچائے** ۔ اُونٹ جب بگڑ کر کسی کو پکڑتا ہے یا عورت جب بگڑ پر اتر آتی ہے تو ان دونوں کا کوئی علاج ممکن نہیں ۔ **اُونٹ کے پیٹ میں مینگنیاں کون بناتا ہے** ۔ کھلی ہوئی بات پر کسی کے تعجب کرنے پر بولتے ہیں **اُونٹ کے گلے میں بلی** ۔ اصل سے بڑھ کر معمولی چیز کی زیادہ قیمت **اونٹ کے گلے میں بیانہ** ۔ حیرت انگیز بات ۔ **اُونٹ لدے بیگاری** ۔ خواہ مخواہ مجبور کسی کا کام بڑھا دینا **اُونٹ مرا کپڑے کے سر** ۔ ایک چیز کا نقصان دوسری چیز سے پورا ۔ جیسے بزاز نے اُونٹ مرنے پر اس کی قیمت کپڑے کا بھاؤ بڑھا کر پوری کی ۔ **اُونٹ کے گلے میں بلی** ۔ فائدے تک پہنچنے کے لیے فائدے سے زیادہ نقصان کی شرط ۔ **اونٹ کے منہ میں زیرہ** ۔ بڑے کام کا تھوڑا سا معاوضہ ۔ زیادہ کی ضرورت پر تھوڑی سی چیز دینا ۔ **اُونٹ لدے بیگاری** ۔ کسی پر اندازے سے زیادہ بوجھ لاد دینے کے موقع پر بولتے ہیں **اُونٹ مکّے کی طرف بھاگتا ہے** ۔ ہر شے اپنی اصل کی طرف رجوع کرتی ہے ۔ **اُونٹ گائے** ۔ (ف) زرافہ ۔ ایک افریقی جانور جس کی گردن اونٹ کی کھال چیتے کی ۔ پیر اور کھر گائے کے سے ہوتے ہیں ۔ **اُونٹنی** ۔ اُونٹ کی مادہ ۔ سانڈنی ۔

اُونٹانا : (ف) جوش دینا ۔ کھولانا ۔ ناگوار باتیں کرکے جلانا ۔ غصہ دلانا ۔ **اُونٹنا** ۔ لازم

اُونچا : (ف ۔ مذ) بلند ۔ بڑا ۔ لمبا ۔ معزز ۔ عالی مرتبہ ۔ دولت مند ۔ کوتاہ ۔ چڑھا ہوا (کپڑا پورا دیا تھا پھر بھی درزی نے پاجامہ اونچا کر دیا) زوردار ۔ دیکھے کی ضد (اونچا سُر) افضل ۔ اعلیٰ ۔ بالا ۔ **اُونچا سُننا** ۔ بہرا ہونا ۔ کم سننا **اُونچا گھر** ۔ امیر گھرانہ ۔ شریف گھرانہ ۔ بلند مکان **اُونچا نیچا** ۔ ناہموار ۔ بلند و پست **اُونچا ہاتھ** ۔ احسان کرنے والے یا سخی کا ہاتھ ۔ **اونچائی** (مو) بلندی ۔ **اونچ نیچ** (مو) نشیب و فراز ۔ نفع نقصان ۔ برائی بھلائی ۔ اتار چڑھاؤ ۔ کسی معاملے کے تمام پہلو (بتانا ۔ دکھانا ۔ سمجھانا ۔ سمجھانا) **اُونچ نیچ ہو جانا** ۔ خرابی پڑ جانا

اُونچی ۔ اُونچا کا مو ۔ **اونچی آسامی** ۔ مال دار آدمی جس سے طلب نکلے ۔ **اُونچی دکان پھیکا پکوان** ۔ شہرت کے خلاف اصلیت ۔ بڑے گھر سے اوچھے پن کی باتیں ۔ **اُونچی ناک والا** ۔ مغرور ۔ شیخی خورا ۔ بے غیرت ۔ بہت عزت دار اور صاحب غیرت ۔ **اُونچی ناک ہونا** ۔ اقران و امثال میں عزت ہونا ۔ **اُونچے سے گرا سنبھل سکتا ہے نظروں سے گرا نہیں سنبھلتا** ۔ ذلت کے بعد عزت نہیں ملتی **اُونچے نیچے پاؤں پڑ جانا** ۔ ناہموار زمین میں پاؤں پڑنا ۔ بہک جانا ۔ عورت کا خراب اور آوارہ ہو جانا ۔

اُوند : (ف ۔ مذ) وہ رسی جس سے چیز کو اُوپر کی طرف مضبوط کھینچ کر باندھتے ہیں (باندھنا ۔ کاٹنا ۔ کھولنا وغیرہ کے ساتھ)

اوندھا : (ف) چِت ۔ مُنہ کے بل ۔ اُلٹا ۔ بیوقوف ۔ ٹیڑھا (اوندھا چلن) **اوندھا چلن** ٹیڑھی وضع ۔ **اوندھا کرنا** ۔ چِت کر دینا ۔ منہ کے بل کر دینا ۔ رشوت دے کر ملا لینا ۔ مغلوب کر لینا ۔ نشے میں بے ہوش کرنا ۔ **اوندھانا** ۔ لنڈھانا ۔ اُلٹنا ۔ پانی گرانا ۔ چِت کرنا ۔ سیدھے کو اُلٹا کرنا ۔ کسی بڑے ظرف کو چھوٹے برتن پر ڈھانکنا ۔ خالی برتن اُلٹا کر کے رکھنا **اوندھ جانا** ۔ اُلٹ جانا ۔ گر جانا ۔ اُوندھنا **اوندھی** ۔ اوندھا کا مو ۔ **اوندھی پیشانی** ۔ بیوقوف ۔ بدقسمت ۔ **اوندھی کھوپڑی** ۔ احمق ۔ بیوقوف ۔ اوندھے منہ دودھ پینا ۔ نادان اور ناسمجھ ہونا ۔ **اوندھے مُنہ شیطان کا دھکا** ۔ بددعا ۔ اُلٹ کے رہ جانا ۔ سخت نقصان اُٹھائے ۔ ناکامیاب ہو ۔ **اوندھے مُنہ گرنا** ۔ منہ کے بل گرنا ۔ ذلیل ہونا ۔ مات کھانا ۔

اُونس : (انگ ۔ مذ) قیمتی چیزیں اور دوائیں وغیرہ تولنے کا ایک وزن جو ایک پونڈ کا سولہواں حصہ ہوتا ہے ۔

اُونگھ : (ف ۔ مو) نیند کی جھپکی ۔ غنودگی ۔ نیند ۔ پینک جو افیونی کی ہوتی ہے ۔ **اونگھتا جائے موئے کی خبر لائے** ۔ سست آدمی کے لیے بولتے ہیں ۔ **اُونگھتے کو سوتے کیا دیر** ۔ جب ذرا سی غفلت برتی تو کام کو بالکل چوپٹ کر دینے کی کیا ضمانت ۔ **اُونگھنا** ۔ سونا ۔ غافل ہونا ۔ غنودگی آنا ۔ سست کام کرنا ۔

اُونہہ : (ف) بلا سے ۔ کیا پروا ۔ نیز کراہنے کی آواز ۔

اَونے پَونے : (ا) سستے داموں میں قیمت کی کمی بیشی کا لحاظ کیے بغیر ۔

اُووَر ٹائم : (اُوور ۔ انگ ۔ مذ) مقررہ سے زائد وقت ۔ وہ اجرت جو مقررہ وقت سے زائد کام کرنے پر دی جاتی ہے ۔ **اوورسیر** ۔ عمارات اور زمین کی پیمائش وغیرہ کا کام جاننے والا ایک عہدہ دار جو نگرانی ڈویژن کے تحت کام کرتا ہے ۔ **اوور کوٹ** (مذ) لمبا کوٹ جو سردی میں پہنا جاتا ہے ۔ لبادہ ۔ بارانی ۔ ڈگلا ۔ **اوور ہونا** (مذ) کرکٹ کے کھیل میں ایک بال پھینکنے والے کا وقت گزر جانا (جو سات بالیں کھلانے کے بعد گزر جاتا ہے)

اُووَلٹین : (مو ۔ انگ) کتھئی یا چاکلیٹی رنگ کی ایک اثر دوا جو گرم پانی یا دودھ میں چائے کی طرح گھول کر پی جاتی ہے ۔

اُوہ: (ا) کیا پروا ہے۔ کچھ فکر نہیں۔ اوہو جی۔ اوہ۔

اَوہام: (ع۔ مذ) وہم کی جمع۔ وسوسے۔ وہم۔ شیطانی خیالات۔

اُوہو: (ہ) آہا۔ خوب۔ کلمۂ انبساط۔ کلمۂ تعجب۔ اَہو۔ اوہو۔

اُوئی: (ا۔ مو) عورتوں کا تکیہ کلام جو یکایک کسی غیر متوقع بات کے ظہور پذیر ہونے پر بولتی ہیں۔ درد و تکلیف کے موقع پر بے ساختہ ان کے منہ سے نکل جاتا ہے۔ کبھی ناز نخرے سے بولتی ہیں۔

اَویر سَویر: (ا) وقت بے وقت۔ کبھی کسی وقت۔

اَہا: (ہ۔ مذ) کلمۂ تعجب و انبساط۔ اہاہا۔ آہا

اَہار: (ہ۔ مذ) کلف۔ اہار لگانا۔ کلف دینا

اَہالی مَوالی: (ع۔ مذ) اہل اور مولیٰ کی جمع۔ دوست احباب۔ نوکر چاکر۔

اِہانَت: (ع۔ مو) رسوا۔ بے عزتی۔ ذلت۔ حقارت۔

اِہتِدا: (ع۔ مذ) ہدایت کرنا۔ ہدایت پانا۔ راستہ بتانا۔ راستہ چلنا۔

اِہتِزاز: (ع۔ مذ) ہوا کا چلنا۔ پھولوں کا کھلنا۔ پھولنا۔ خوش ہونا

اِہتِمام: (ع۔ مذ) انتظام۔ بندوبست۔ سرانجام۔

اِہدا: (ع۔ مذ) تحفہ دینا۔ ہدیہ کرنا۔

اَہرا: (ہ۔ مذ) آگ جلانے کے لیے زیادہ ایندھن ایک خاص وضع سے تلے اوپر جوڑنے کو کہتے ہیں (الاؤ۔ لگانا۔ چننا)

اَہرام: (ع۔ مذ) ہرم کی جمع۔ مینار۔ اہرامِ مصر (بہ اضافت) مصر کے مخروط نما چوڑے مینار جو دنیا کی تاریخی عمارتوں سے قدیم ہے

اَہر پَہر: (ا۔ مو) خیریت۔ اہر پہر ہو تو ظہر پہر اٹھے۔ وقت کی آمد (ہر پہر کے ساتھ)

اَہرمن: (ف۔ مذ) دیو۔ بھوت۔ شیطان

اَہرن: (ہ۔ مذ) لوہے کی نہائی جس پر لوہار لوہا رکھ کر کوٹتے ہیں اور سنار سونا چاندی رکھ کر گھڑتے ہیں۔ سنداں۔

اَہل: (ع۔ مذ) لوگ۔ کنبہ۔ بیوی۔ لائق۔ کسی کام کی صلاحیت رکھنے والا۔ بامروت۔ مہذب۔ شائستہ۔ نیز صاحب و مالک یا والا۔ اس معنی کے لیے "اہل" کے بعد ایک اسم فارسی یا ایک اسم عربی آنا ضروری ہے جیسے اہلِ علم۔ **اہلُ اللہ**۔ اللہ والے۔ بزرگانِ دین۔ **اہلاً و سہلاً**۔ خوش آمدید جو کسی کے آنے پر کہتے ہیں۔ **اہلِ باطن**۔ (بہ اضافت) عارف باللہ۔ صاحبانِ کشف و کرامات۔ صوفی۔ **اہلِ بیت** (بہ اضافت) گھر والے۔ آنحضرتؐ کے خاندان کے لوگ یعنی حضرت فاطمہؓ، حضرت علیؓ، حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ۔ **اہلِ سنّت**۔ اہلِ سنت والجماعت سنی فرقے کے لوگ جو آنحضرتؐ کے بعد حضرت ابوبکر صدیقؓ، حضرت عمر فاروقؓ، حضرت عثمان غنیؓ اور حضرت علی شیرِ خداؓ کو بالترتیب خلیفہ مانتے ہیں۔ **اہلِ تشیع**۔ شیعہ فرقے کے لوگ جو آنحضرتؐ کے بعد حضرت علیؓ کو پہلا خلیفہ اور امام مانتے ہیں اور ان کے بعد ان کی نسل سے گیارہ فرزندوں کو ان کا جانشین اور امام خیال کرتے ہیں۔ جن کے نام یہ ہیں حضرت امام حسنؑ، حضرت امام حسینؑ، حضرت زین العابدینؑ، حضرت محمد باقرؑ، حضرت جعفر صادقؑ، حضرت موسیٰ کاظمؑ، حضرت علی رضاؑ، حضرت محمد تقیؑ، حضرت علی نقیؑ، حضرت حسن عسکریؑ، حضرت مہدی آخر الزماںؑ۔ **اہلِ حِرفہ**۔ پیشہ ور لوگ۔ **اہلِ خانہ** (بہ اضافت) خاوند۔ شوہر۔ گھر کا مالک۔ بال بچے۔ بیوی۔ **اہلِ دُنیا** (بہ اضافت) دنیادار لوگ۔ دنیا والے۔ **اہلِ دُوَل** (بہ اضافت) دولت مند اور مالدار لوگ۔ **اہلِ روزگار** (بہ اضافت) دنیا والے۔ نوکری پیشہ۔ **اہلِ زبان** (بہ اضافت) زبان کے ماہر، محاورے کے مستند لوگ۔ **اہلِ سخن** (بہ اضافت) شاعر۔ **اہلِ سنّت** دیکھو اہلِ السنّن۔ **اہلِ سیف** (بہ اضافت) فنونِ جنگ کے ماہر۔ **اہلِ شرع** (بہ اضافت) احکامِ شرع پوچھنے والے۔ شرع کے مسائل جاننے والے۔ **اہلِ صنعت**۔ دستکار۔ کاریگر۔ **اہلِ صورت** (بہ اضافت) دنیادار لوگ۔ ظاہر کو دیکھنے والے۔ ظاہر کو سب کچھ سمجھنے والے اشخاص۔ احکامِ ظاہر پر عمل کرنے والے اور روحانیت پر یقین نہ رکھنے والے لوگ۔ **اہلِ غرض** (بہ اضافت) مطلبی۔ غرض مند۔ **اہلِ قلم** (بہ اضافت) مصنف۔ شاعر۔ منشی۔ **اہلِ کار** (بہ اضافت) کارندہ۔ کچہری کا منشی۔ پیشکار۔ **اہلِ کتاب** (بہ اضافت) وہ لوگ جو تین آسمانی کتابوں توریت، زبور اور انجیل میں سے کسی ایک کے پیرو ہوں۔ **اہلِ مد**۔ کچہری اور دفترِ مال کا ایک عہدہ دار۔ **اہلِ نظر** (بہ اضافت) آنکھوں والے۔ صاحبانِ عقل و ہوش۔ جاننے اور پرکھنے والے۔ حسن پرست۔ **اہل و عیال**۔ بال بچے۔ قبیلہ کنبہ۔ **اہلِ ہُنر** (بہ اضافت) ہنرمند۔ صاحبِ فن۔

اَہلِیَت: (ع۔ مو) لیاقت۔ قابلیت۔ صلاحیت۔

شرافت۔ اَہلِیَہ (مو) بیوی۔ جورو۔

اَہلے گہلے پھرنا: اتراتے پھرنا۔ خوش خوش پھرنا۔ عورت کے لیے اہلی گہلی کہتے ہیں۔ ؎ (رنگین) پھرے کیونکر نہ اہلی گہلی بانگی
دگانا ہے حرم تمھے میاں کی

اَہَم: (ع) بہت ضروری۔ بہت مشکل

اُہُوں: (ا) نہیں۔ کسی ہوتے ہوئے کام سے روکنے کے لیے بولتے ہیں۔

اُہو ہو: (ا) کلمہ تعجب وتحسین وانبساط جو اظہار خوشی یا تعجب یا تعریف کے لیے بیساختہ بولا جاتا ہے۔

اَہِیر: (ھ) گوالا۔ گڈریا۔ اَہیرن۔ اَہیرنی۔ (مو)

اِئتِلاف: (ع مذ) میل ملاپ۔ اتحاد۔ محبت

اَئِمَّہ: (ع۔ مذ) امام کی جمع۔ پیشوایان۔

اَے یا اِے: (ع) حرف ندا۔ اکثر جگہ حسنِ کلام کے لیے ہوتا ہے اور عموماً عورتیں بولتی ہیں: اے ہٹو بھی۔ اے میں قربان۔ اے یہاں تو آؤ۔ ؎ واسیرا۔ جھک کے ملنے لگا وہ بت ہم سے
اے تیری شان کبریائی کی

اے بادِ صبا ایں ہمہ آوردۂ تست۔ یہ سارا فساد تمہارا ہی اٹھایا ہوا ہے۔ اے روشنیٔ طبع تو برمن بلا شدی۔ اس جگہ بولتے ہیں جہاں اپنی ہی ذہانت ولیاقت اپنی بربادی کا باعث ہوئی ہو۔ اے لو۔ عورتوں کا روزمرہ ہے تو دیکھو شعر۔ کبھی حسنِ کلام کے لیے زائد ہوتا ہے۔ ؎ تعلق

غرض مطلب سے بھی قسم لے لو
چپ ابھی سے میں ہوتی ہوں اے لو

اے واہ کیوں نہ ہو۔ کیا خوب (طنز کے موقع پر بولتے ہیں)
اے وائے حسرت وافسوس کی جگہ بولتے ہیں۔ اے ہاں بھولی بات یاد آجانے پر کسی بات سے نفرت اور بیزاری کے اظہار میں۔ کبھی حسنِ کلام کے لئے (عورتیں بولتی ہیں) اے ہے کلمۂ افسوس جس میں کسی قدر تعجب کا بھی شائبہ ہوتا ہے۔ اے یہی تو ہے قریب ہے۔ سامنے ہے۔ بہت نزدیک ہے

اَیاز: (مذ) سلطان محمود غزنوی کے ایک غلام کا نام جو اس کا معتمد تھا۔ کہتے ہیں کہ اس سے سلطان عشق رکھتا تھا۔ ایاز قدر خود بشناس۔ اپنی حد میں رہ کر کام کرنا چاہیے

اَیاغ: (ت۔ مذ) پیالہ۔ کٹورا۔ ساغر ؎ صبا
دل پُر داغ باغ کس کا ہے۔ دیدۂ تر ایاغ کس کا ہے

اَیال: (ف۔ مذ) گھوڑے کی گردن کے بڑے بڑے بال

اَیّام: (ع۔ مذ) یوم کی جمع۔ دن۔ زمانہ۔ حیض۔ ایامِ بِیض۔ (براضا) ہر مہینے کی وہ راتیں جن میں پورا چاند نکلتا ہے۔ ایام سے ہونا۔ حیض سے ہونا۔ کپڑوں سے ہونا۔

اَیتام: (ع۔ مذ) یتیم کی جمع۔ وہ بچے جن کی ماں یا باپ مر چکے ہوں۔

اِیتر۔ اِیترا: (ھ) خود نما۔ کم ظرف۔ اترانے والا۔ ایتر پنا۔ ایتر پن۔ ذرا سی بات میں پھر جانا۔ شیخی مارنا۔ ایتر کے گھر تیتر باہر باندھوں کہ بھیتر کہ جب کوئی چیز ہاتھ آجاتی ہے اور اترا تا پھرتا ہے تو اس موقع پر یہ مثل بولتے ہیں (بغیر یے کے استعمال کرتے ہیں)

اِئتِلاف: (ع) دیکھو اِئتلاف۔

اِیتھر: (انگ۔ مذ) ایک مادہ جو طبیعات کے ماہرین کے نزدیک خلا میں بھرا ہوا ہے۔

ایتھنز: (مذ انگ۔ تھ کا کسرہ اس طرح ادا کیا جائے جس طرح یائے مجہول سے ہوتا ہے) یونان کا پایۂ تخت

اَیٹ ہوم: (انگ۔ مذ) گھر پر۔ مکان میں۔ دعوتِ عصرانہ۔ ایٹ ہوم ہونا۔ بے تکلف ہونا۔ بے تکلفی کے ساتھ رہنا۔

اِیٹی کیٹ: (انگ۔ مذ۔ الف اور ک کا کسرہ اس طرح ادا ہو جیسا یائے مجہول سے قبل ہوتا ہے) آدابِ تہذیب۔ آدابِ مجلس۔ رواج اور دستور۔

اِیثار: (ع۔ مذ) اپنی ضرورت پر دوسرے کی ضرورت پر ترجیح دینا۔ قربانی۔ سخاوت۔

اِیجاب: قبول کرنا۔ منظور کرنا۔ اقرار۔ اقبال (کا منتظر) ادھر سے تو ایجاب اس طرف سے ہوا
ایجاب وقبول (مذ) نکاح۔ نکاح کے صیغے ادا کرنا۔ نکاح کا قول وقرار جو بوقت نکاح ہوتا ہے۔

اِیجاد: (مذ) نئی چیز بنانا۔ نئی بات پیدا کرنا (مو) ایجاد کی ہوئی چیز۔ ایجادِ بندہ اگرچہ گندہ۔ جب اپنی معمولی ایجاد کی تعریف کرتے ہیں تو اس جگہ طنزاً کہتے ہیں۔

اِیجاز: (مذ) کلام کو مختصر کرنا کہ مطلب پورا ادا ہو جائے اور لفظ کم سے کم آئیں۔

ایجنٹ: (انگ۔ ج کا کسرہ اس طرح ادا ہو جیسا یائے مجہول سے قبل ہوتا ہے) گماشتہ۔ قائم مقام

کوشش کرنا۔ ایڑی دیکھو چشم بد دور۔ تیرے منہ میں خاک۔ عورتیں اپنے کسی چہیتے کو چشم بد سے محفوظ رکھنے کے لیے مخاطب کے ٹوکنے پر یہ جملہ بولتی ہیں۔ ایڑی سے چوٹی تک۔ سر سے پاؤں تک۔ اول سے آخر تک۔

ایزد: (ف۔ مذ) اللہ تعالیٰ۔ ایزدی۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے۔ اللہ سے منسوب۔

ایسا: (ہ) اس قسم کا۔ اس شکل کا۔ اس قدر۔ اتنا۔ مانند۔ مثل۔ اس طرح۔ یوں۔ اچھائی یا برائی کی جگہ بطور مبالغہ (ایسا وقت کمبختوں سے بنتا ہے)۔ ایسا تیسا۔ تحقیر کا کلمہ جو بیشتر آزردگی میں کسی کی نسبت بولتے ہیں۔ ایسا منہ نہیں۔ اتنی ہمت نہیں۔ اتنا حوصلہ نہیں۔ ایسا کیا میٹھا ہے۔ اس میں کون سا مزہ ہے۔ ایسا نہ ہو۔ خدانخواستہ۔ ایسا ویسا۔ معمولی۔ کمی۔ بے حقیقت۔ گھٹیا۔ ایسا ویسا بھاتا نہیں خوان ملو کا آتا نہیں۔ جو میسر ہے وہ ناپسند ہے اور بڑھیا کی مقدرت نہیں۔

ایسی (کرا) اس قسم کی۔ ایسی ایسی۔ (ہوا) کلمہ تحقیر و تذلیل۔ شریفانہ گالی۔ ایسی تیسی کرنا۔ برا بھلا کہنا۔ کام کو بگاڑنا۔ ذلیل کر دینا۔ ایسی کہی کہ دھوئے نہ چھوٹے۔ نہایت موثر بات کہی۔ وہ بات کہی جس کا جواب نہیں۔ ایسی کیا قاضی کی گدھی چرائی ہے۔ ایسا کون سا جرم کیا ہے جس کا ڈر ہو۔ ایسی میں جائے۔ دوزخ یا بھاڑ میں جائے۔ ایسی ویسی۔ معمولی۔ ناز یبا۔ پریشانی کے قابل۔ تکلیف دہ۔ خرابی۔ ایسی ویسی ہونا۔ مصیبت واقع ہونا۔

ایسے۔ ایسا کی جمع۔ اس طرح۔ ایسے پر تو ایسی کا جل ڈال لیے پر کیسی۔ یوں ہی تیت لی۔ بناؤ سنگار کر لیا تو کیا خشر ڈھائے گی۔ ایسے بڑے بڑا تی آئیں لڑو جات بچے کھانے گیا ہیں۔ ذلیل لوگ۔ بات کرنے کے نا قابل۔ ایسے پڑھیں حرف۔ برے بے لطف۔ ایسے تو جیب میں پڑے رہتے ہیں۔ میں تیرے (یا ان سے) زیادہ ہوشیار ہوں۔ ایسے گئے جیسے گدھے کے سر سے سینگ۔ جانے کے بعد پتہ نشان کچھ نہ ملا۔ ایسے میں (اس حالت میں)۔ اس موقع پر۔ ایسے ہوتے تو عید بقر عید کو کام آتے۔ نکمے ہیں کسی قابل نہیں۔ ایسے ہی۔ اسی طرح بغیر کسی وجہ یا سبب کے۔ ایسے ہی بھولے ہیں۔ بھولے نہیں ہیں۔ بہت عیار ہیں۔

ایسے: (انگ۔ مذ) [illegible] جواب مضمون

ایسٹ: (انگ۔ مذ) مشرق۔ پورب۔ ایسٹ انڈیا ریلوے۔ بھارت میں شملات کلکتہ تک چلنے والی ریلوے۔ [illegible] ایسٹ انڈیا کمپنی۔ انگلستان کے [illegible] جس کی [illegible] تک بھارت پر حکومت کی اور کمپنی بہادر کہلائی۔

ایسٹر: (انگ۔ مذ) عیسائیوں کا ایک تہوار جو عموماً اپریل میں ہوتا ہے۔ یہ تہوار منانے کی وجہ یہ ہے کہ ان کے خیال میں اس روز حضرت عیسیٰ سولی چڑھائے جانے کے بعد چوتھے آسمان پر چلے گئے تھے۔

ایسر: (ہ۔ مذ) دولت۔ اردو میں تنہا مستعمل نہیں۔ ایسر آئیں دلدر جائیں۔ دولت سے دلت دور ہوتی ہے۔ ایسر سے بھینٹ نہیں دلدر سے بگاڑ۔ مالدار سے تعارف نہیں غریبوں سے نفرت ہے۔ ایسر گئے دلدر آئے۔ غریبی میں انسان پرستی برسنے لگتی ہے۔

ایسوسی ایشن: (مذ۔ انگ) کمیٹی۔ جماعت۔ انجمن۔ ساز باز۔ ملی بھگت۔

ایشور: (س۔ مذ) خدا۔ پرمیشور۔ پرماتما۔

ایشیا: (انگ۔ مذ) مشہور بر اعظم جس میں بھارت، پاکستان و عرب و ایران وغیرہ واقع ہیں۔

ایشیائی۔ ایشیا سے نسبت رکھنے والا۔

ایصال: (ع۔ مذ) پہنچانا۔ ملانا۔ وصول کرنا۔ ایصال ثواب۔ مردے کو کسی نیک کام میں ثواب پہنچانا۔

ایضاً: (ع جو اوپر آیا ہے بعینہ) ویسی۔ ویسا ہی۔ اسی طرح کا۔ ہو بہو۔ ویسا۔

ایطا: (ع۔ مذ) دو مصرعوں میں یا ایک نظم کے دو شعروں میں قافیے کی تکرار جو ناجائز ہے۔ ایطائے جلی۔ (بہ اضافہ) قافیے کی تکرار کا واضح اور نمایاں ہونا جیسے ایک جگہ تیزاب اور دوسری جگہ آب کا قافیہ۔ ایطائے خفی۔ (بہ اضافہ) قافیے کی تکرار کا غیر واضح ہونا۔ جیسے ایک جگہ دانا۔ دوسری جگہ گویا کا قافیہ کہ الف دونوں کے آخر میں فاعل ہے۔

ایفا: (ع۔ مذ) وعدہ وغیرہ پورا کرنا۔ ادا کرنا۔ ایفائے عہد یا ایفائے وعدہ۔ قول کو یا وعدے کو پورا کرنا۔

ایف اے: (انگ۔ مذ) انٹرنس کے بعد کا امتحان گیارہویں اور بارہویں جماعت

ایقان: (ع۔ مذ) یقین کرنا۔ یقین ہونا۔ یقینی طور پر جاننا۔

ایک: (ہ) واحد۔ فرد۔ (اللہ ایک ہے) دوسرا سے

تینوں کو ملائے ۔ ہو گئی ایک
ہونٹوں کو ملا کے ۔ ہو گئی ایک (گلزار نسیم)

[illegible] نہایت مبالغے کی جگہ [illegible] جان صاحب
ایک بید [illegible] ہے عشق

بندھنا۔ اتحاد و اتفاق ہونا۔ سب کا ایک ہونا۔ **ایک رنگ**۔ ہم رنگ۔ ہم مذاق۔ ہم صحبت۔ **ایک رنگ آنا ایک رنگ جانا**۔ چہرے پر خوف ظاہر ہونا۔ منہ پر ہوائیاں چھوٹنا۔ شرم سے چہرے کی رنگت بدلنا۔ ؎ (شوق)

دل جو صدمہ بڑا اُٹھاتا تھا
ایک رنگ آتا ایک جاتا تھا

ایک زبان رکھنا۔ بات کا پکا ہونا۔ **ایک زبان ہونا**۔ اتفاق رائے کرنا۔ **ایک سانچے کے ڈھلے**۔ شکل و صورت یا رفتار و گفتار، چال چلن میں ایک سے۔ **ایک سر ہزار سودا**۔ ایک انسان کے پیچھے ہزاروں بکھیڑے ہوتے ہیں۔ **ایک سے**۔ یکساں۔ **ایک سے ایک اعلیٰ**۔ سب اچھے۔ طنزاً سب بُرے۔ **ایک سے دو بھلے**۔ اتفاق سے کام جلدی اور اچھا ہوتا ہے۔ **ایک شیر مارتا ہے سولو مڑیاں کھاتی ہیں**۔ ایک کے کام کاج اور عمل سے سینکڑوں بیکاروں اور نکموں کا بھلا ہوتا ہے۔ **ایک عالم**۔ ساری دُنیا۔ یکساں حالت۔ **ایک عالم ہے**۔ عجب بہار ہے۔ طرفہ کیفیت ہے۔ نرالا جوبن ہے ؎ (سرور)

اس کا جو وصف کیجئے کم ہے
رُخِ جاناں پہ ایک عالم ہے

ایک عمر۔ ساری عمر۔ بہت مدت۔ **ایک قلم**۔ بالکل برابر۔ **ایک کرے دس بھریں**۔ ایک کی خطا سے کل جماعت کو نقصان ہوجاتا ہے۔ **ایک کو پانی اور ایک کو کیچ**۔ ناانصافی۔ **ایک کو دے رتبۂ عالی ایک کو دے کھُرپہ جالی**۔ عزت و شہرت اللہ کی مصلحت پر منحصر ہے۔ **ایک کو سائی ایک کو بدھائی** (لکھنؤ) فریب دینا۔ ایک سے کچھ وعدہ کرنا دوسرے سے کچھ۔ جھوٹ بولنا۔ پُوری مثل یہ ہے "ایک کو سائی ایک کو بدھائی۔ ایک کو بیٹا ایک کو بھائی"۔ دو شخص نسبت کا پیغام دیں اور دونوں کو صاف جواب نہ دے کر اُمیدوار رکھنا۔ ہجو ؎

اُف ری مکاری تری او ہرجائی
ایک کو سائی ایک کو ہے بدھائی

ایک کھائے ملیدا ایک کھائے بھُس۔ ایک عیش کرے دوسرا دکھ اُٹھائے۔ **ایک کی دارو (دوا) دو**۔ ایک کے مغلوب کرنے کو دو آدمی کافی ہوتے ہیں۔ اتحاد سے ہر شخص کو مغلوب کرسکتے ہیں۔ ؎ نکہت

ذوالفقار دو زباں اس شوخ کے ابرو ہیں دو
ہو دو چار ان سے نہ اے دل ایک کی دارو ہیں دو

ایک کی لاٹھی دس جنے کا بوجھ۔ ایک شخص پر پورے گھر کی ذمہ داریاں۔ **ایک گھاٹ اُتارنا**۔ بُرے بھلے سب سے ایک سا برتاؤ کرنا۔ **ایک لاٹھی سب کو ہانکنا**۔ اعلیٰ و ادنیٰ کا کچھ فرق نہ کرنا۔ **ایک لکڑی کیا جلے اور کیا اُجالا ہو**۔ تنہا آدمی کچھ نہیں کرسکتا۔ **ایک ماں باپ کا ہونا**۔ حلالی ہونا۔ ماں جائے ہونا۔ **ایک مچھلی سارے تالاب کو گندہ کرتی ہے**۔ ایک نالائق کے باعث سارے حلقے پر حرف آتا ہے۔ **ایک مرغی نو جگہ حلال نہیں ہوسکتی**۔ تھوڑی چیز بہت سی جگہ کام نہیں آسکتی۔ **ایک مُشت**۔ ایک دفعہ۔ اکٹھا۔ تمام۔ **ایک مُنہ**۔ ایک منہ ہوکر۔ ہم زبان۔ بالاتفاق۔ اتفاق رائے سے ؎

دل بھی شاکی ہے تیرا میرے ساتھ
ایک منہ اک زباں ہیں دونوں — داغ

ایک میان میں دو تلواریں۔ ایک نظام کے دو منتظم۔ ایک چیز کے دو دعویدار۔ **ایک میں ایک میرا بھائی** تیسرا انجام کنائی۔ اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب کوئی شخص اپنے ساتھ کئی طفیلیوں کو لے آئے۔ **ایک نٹ کھٹ**۔ بڑا شریر۔ **ایک نظر**۔ سرسری۔ ذرا دیکھ لینا۔ **ایک نور آدمی ہزار نور کپڑا**۔ دیکھو ایک حسن آدمی۔ **ایک نہ ایک**۔ کوئی نہ کوئی۔ **ایک نہ سُننا**۔ کہنے اور سمجھانے پر بالکل دھیان نہ دینا۔ **ایک نہ شُد دو شُد**۔ ایک نازیبا بات کے بعد دُوسری نازیبا بات۔ **ایک ہاتھ سے تالی نہیں بجتی**۔ محبت اور دشمنی دونوں طرف سے ہوتی ہے۔ ایک کے کیے نہیں ہوتی۔ **ایک ہو جانا**۔ متفق ہو جانا۔ ایکا کر لینا۔ گھل مل کر دوئی مٹ جانا۔ **ایک ہے**۔ بے مثل ہے۔ لاجواب ہے ؎ بحر

جو مُعرف کاملوں کے ہیں اگر ہوتے وہ آج
ہم کو بھی کہتے یہ کامل اپنے فن میں ایک ہے

ایکا: (ہ۔ مذ) اتحاد۔ **ایکا ایکی**۔ یکایک۔ اچانک۔ ایک دم۔

ایکٹ: (انگ۔ مذ) ضابطہ قانون۔ نیز سوانگ۔ اداکاری۔ ادائی نقل۔ **ایکٹر** (مذ) اداکار۔ ڈرامہ کرنے والا۔ **ایکٹرس**۔ (مو۔ ر کا کسرہ اس طرح جیسا یائے مجہول سے پہلے ہوتا ہے) اداکارہ۔ ڈرامہ کرنے والی۔ **ایکٹنگ**۔ اداکاری۔ ڈرامہ کھیلنا۔

ایکشن: (انگ۔ مذ) عمل۔ اقدام۔ حرکت۔ کرنا (لینا۔ میں آنا)

ایکھ: (ہ۔ مو) گنا۔ گنے کا کھیت۔

ایگری: (انگ) متفق۔ **ایگری کرنا** کسی تحریک پر رضامند ہونا۔ اتفاق رائے کرنا۔ **ایگری ہونا** کسی تحریک سے اتفاق کرنا۔ رضامند ہونا۔

ایگری کلچر: (انگ۔ مذ) کاشتکاری۔ زراعت۔ **ایگری کلچرسٹ**۔ کاشتکار۔ خود کاشت کرنے والا زمیندار۔

ایگری منٹ: (انگ۔ مذ۔ م کا کسرہ اس طرح ادا ہو۔

جیسا پائے مجہول سے پہلے ہوتا ہے) مُعاہدہ - معاہدہ نامہ -

ایل ایل ۔ بی : قانون کا امتحان جسے پاس کر کے کچہریوں میں وکالت کی جاتی ہے -

ایل - ایل - ڈی : قانون کی سب سے اعلیٰ ڈگری -

ایلاؤس : (یو - مذ) معدے اور آنتوں کا ایک مرض جس میں اوپری آنتوں کا درد ہر غذا کو قے کے ذریعے نکال دیتا ہے ۔ ؎

عجب نہیں کہ یہاں عکس میل لگے
گر ان دنوں ہو کوئی مبتلائے ایلاؤس مومن

ایلچی : (ت) قاصد - وکیل - سفیر - ایلچی گری (مو) سفارت - پیغمبری - ایلچی کو زوال نہیں - یہ ایک بین الاقوامی اصول ہے کہ ایلچی پر فریقین کی دشمنی یا عداوت کا کوئی اثر نہیں پڑتا - وہ ہر حال میں محفوظ رہتا ہے ۔ ؎ داغ

اے صبا تو پیام پہنچا دے
ایلچی کو کوئی زوال نہیں

ایلوا : (ہ - مذ) ایک درخت کا خشک کیا ہوا رس جو نہایت تلخ ہوتا ہے -

ایلومینیم : (انگ - مذ) ایک قسم کی ہلکی دھات جس کے برتن وغیرہ بنتے ہیں اور بہت سستے ہوتے ہیں -

ایما : (ع - مذ) اشارہ - منشا - ایما لینا - عندیہ لینا - منشا دریافت کرنا -

ایم آر اے ایس : (انگ) ممبر آف - ایل اکیڈمی آف سائنس - کا مخفف (سائنس کی شاہی مجلس جو لندن (برطانیہ) میں ہے کا رکن)

ایمان : (ع - مذ) یقین - عقیدہ - نیت - نیک بختی - انصاف (ایمان سے پوچھو) اعتبار و اعتماد (ایمان پر چھوڑ دیا ہے) ایمان بیچنا - ہٹ دھرمی کرنا - بے ایمانی کرنا - ناانصافی کرنا - ایمان پر چھوڑنا - کسی کی ایمانداری اور دیانت پر کسی معاملے کا فیصلہ منحصر کر دینا - ایمان دار (ہندی اضافہ) سچا - دیندار - بے ایمانی نہ کرنے والا - منصف - ایمانداری - (ہندی اضافہ - مو) ایمان دار کی صفت - ایمان ڈانواں ڈول ہونا - نیت میں فرق آنا - ایمان ساتھ جاتا ہے - مرنے کے بعد آدمی کا اعتقاد اور ایمانداری ہی کام آتے ہیں ۔ ؎ داغ

کہہ دے ایمان سے تو غیر کے گھر جانے کی
گر نقط جائے گا ایمان ہی انساں کے ساتھ

ایمان کانپنا - خدا کا خوف آنا - عبرت پکڑنا - برائی کرنے سے ڈرنا - ایمان کی کہنا - انصاف کی کہنا - سچ کہنا - خدا لگتی کہنا - ایمان لانا - مسلمان ہونا - خدا اور رسول اور ان کے احکام کا قائل ہونا - ماننا - برحق جاننا - یقین کرنا - ایمان میں فرق آنا - بے ایمان ہو جانا - نیت میں فرق آنا - بدنیتی پیدا کرنا - ایمان ہے - کامل اعتقاد و یقین ہے -

ایم او ایل : (انگ - مذ) مشرقی زبان کی سب سے اعلیٰ ڈگری جو پنجاب یونیورسٹی دیتی ہے -

ایم اے : (انگ - مذ) "ماسٹر آف آرٹ" کا مخفف - انگریزی اور دیگر علوم کی سب سے اعلیٰ ڈگری

ایم ایس سی : (انگ - مذ) "ماسٹر آف سائنس" کا مخفف - سائنس کی سب سے بڑی ڈگری -

ایم ایل اے : (انگ) ممبر آف لیجسلیٹو اسمبلی کا مخفف - مجلس وضع قوانین قانون کا رکن - مقننہ کا ممبر -

ایم ایل سی : (انگ) "ممبر آف لیجسلیٹو کونسل" کا مخفف - قانون ساز کونسل کا رکن

ایم بی : (انگ - مذ) ڈاکٹری کی ڈگری جو بی اے کے برابر ہوتی ہے -

ایمبولینس : (انگ - مذ) زخمیوں کی امداد کا عارضی مرکز -

ایم ڈی : (انگ - مذ) ڈاکٹری کی اعلیٰ ڈگری

اَیمن : (ع) محفوظ جو خطرات سے دُور ہو - نیز کوہ طور کی داہنی جانب کی وادی کا نام - جہاں حضرت موسیٰ کو خدا تعالیٰ کا جلوہ نظر آیا تھا ۔ ؎ محسن

ہر دشت ہے مثل دشت ایمن
ہر کوہ ہے مثل طور روشن

ایمن : (ہ - مو) ایک راگنی کا نام

اَیمونیا : (انگ - مذ) چونے اور نوشادر کا مرکب -

ایمونیشن : (انگ - مذ) بارود - سامان جنگ وغیرہ

اَین : (ہ - مذ) گوسفند جنس کی بانہہ - کھیری

اَیں : (ا) کلمہ تنبیہ - کلمہ تعجب - کلمہ استفہام جو بات کرنے والے کے کلام کو مکرر دریافت کرنے کے لیے بولا جاتا ہے

اِیں : (ف) اسم اشارہ - یہ ایں جانب - ہم - بدولت - ایں خانہ تمام آفتاب است - گھر کا گھر لائق ہے (کبھی انتہائے تعریف اور کبھی انتہائے مذمت میں بولتے ہیں) ایں گل دیگر شگفت - نئی اور قابل حیرت بات واقع ہونے پر کہتے ہیں - ایں و آں (مذ) حجت و دلیل - چون و چرا - ہر کس و ناکس ۔ ؎ تسلیم

بتا کر حسنِ مطلب ایں و آں کو
کروں آلودہ کیا اپنی زباں کو

ایں و آں کرنا - دلیلیں نکالنا - بحث کرنا - حجت کرنا - **ایں ہم بچۂ شتر است** - یہ بھی اسی گروہ کا ہے - یہ بھی اسی قبیلے کا ہے -

اینٹ :- (ہ - مو) چوکا - خشت - بنیاد - تخت - سونے چاندی کے بڑے بڑے ٹکڑے جو مربع و مستطیل ہوں اور حجم بھی رکھتے ہوں - **اینٹ اُلٹنا** - عورتوں کا ٹوٹکا ہے - جب کسی سے عداوت ہوتی ہے تو مسجد میں اس کا نام لے کر ایک اینٹ اُلٹ دیتی ہیں - ان کا خیال ہے کہ اس عمل سے دشمن ہلاک ہو جاتا ہے ؎ جان صاحب

رکھیں ہمسائی مرا مال چرا کے گھر میں
اینٹ اُلٹوں گی دُوگانا میں خدا کے گھر میں

اینٹ سے اینٹ بجانا - برباد کرنا - مسمار کرنا - **اینٹ کا جواب پتھر سے** - شرارت کا جواب اس سے بڑھ کر شرارت سے سخت سے سخت تر جواب - **اینٹ کی خاطر مسجد ڈھانا** - تھوڑے سے نفع کے لیے بڑا نقصان کرنا - **اینٹ کی لینی پتھر کی دینی** - سخت بات کے جواب میں اس سے زیادہ سخت کہے جانے کے موقع پر بولتے ہیں ؎ نوازش

غیر اگر ایک کہے سخت تو میں چار کہوں
اینٹ کی لینی تو پتھر کی یہاں دینی ہے

اینٹ گلانا - اینٹ پیوست کرنا - **اینٹ گلنا** - لازم -

اَینٹھ :- (ہ - مو) اکڑ - غرور - سرکشی - مروڑ - **اَینٹھ جانا** - اکڑ جانا - خفا ہو جانا - نرم چیز کا بہت سخت ہو جانا - **اَینٹھ رکھنا** - دل میں کینہ رکھنا - **اَینٹھ کر چلنا** - اترانا - غرور کرنا - **اَینٹھ لینا** - کسی کی چیز چھین کر دبا رکھنا - دھوکے سے کچھ لینا - **اَینٹھن** (مو) مروڑ - کھنچاؤ - رگوں کا کھنچنا - تشنج - بل بل پڑنا - **اَینٹھنا** - اکڑنا - غصے ہونا - بل دینا - خیانت کرنا - فریب سے لے لینا - مار لینا - دبا بیٹھنا - سکڑ جانا - سکڑنا (جاڑے میں اینٹھے پھرتے ہیں) تشنج ہونا - روٹھنا - آزردہ ہونا - گوشمالی کرنا - **اینٹھے خان** - **اینٹھے باز** - اکڑنے والا -

اَینچا تانا :- (ہ - مذ) جھگڑا - **اینچا تانی** (مو) کشاکش - لڑائی جھگڑا - **اینچا کھینچی** (مو) کشاکش - کھینچا کھینچی - ایک چیز کا دو شخصوں کا اپنی طرف کھینچنا - **اینچ تان کے** - بہ وقت بہزار مشکل - **اینچ لینا** - کھینچ لینا - نکال لینا - میدان سے باہر نکال لینا - دم لگانا - پینا (حقے کا دم دار ہونا - بہت سارا روپیہ کما لینا - **اینچنا** - کھینچنا - جذب کرنا - نیچے سے پیچ لگا کے پتنگ کو جلدی جلدی ہاتھ مار کے کاٹ دینا (اب فصحا کھینچنا ہی بولتے ہیں) **اینچن بھور گھیسن میں پڑے** - ایک آفت سے بچے تو دوسری بڑی آفت میں مبتلا ہو گئے

اینچ پینچ :- (ہ - مذ) مکر و فریب

ایندھن :- (ہ - مذ) جلانے کی لکڑی یا اُپلا وغیرہ - بیکار چیز - ناکارہ -

اَینڈنا :- (ہ) بل کرنا - غرور کرنا - اکڑنا - بدن کو تاننا - لیٹے لیٹے انگڑائیاں لینا ؎ تقی

پیارا پیارا وہ بے خبر سونا اور وہ اینڈ اینڈ کر سونا

سستی کرنا - **اینڈا اینڈا پھرنا** - اتراتے پھرنا - **اینڈ کر چلنا** - اکڑ کر چلنا - شیخی سے چلنا - **اینڈ ہونا** - ٹیڑھا ہونا - بگڑ جانا - تن جانا -

اینڈی بینڈی :- (ا) ناشائستہ بات - سخت و سست بات - **اینڈی بینڈی پڑ جانا** - کسی مشکل کا سامنا ہونا - کوئی نقصان والی بات پیش آنا - **اینڈی بینڈی چال** - مستانہ چال - **اینڈی بینڈی سنانا** - بری باتیں سنانا - گالیاں دینا ؎ شوق

بانکپن اپنا وہ دکھاتے ہیں اینڈی بینڈی مجھے سناتے ہیں

اِینڈوا :- (ہ - مذ) کپڑے یا مونجھ کا وہ گھیرا جو گھڑا یا اور کوئی چیز اٹھاتے وقت سر پر رکھ لیتے ہیں ؎ قدر بلگرامی

اینڈوا ہالۂ مہتاب بنا لاتا ہے
ڈنڈ پر خاک چڑھا دیتی ہے آندھی اول

اَینگلو انڈین :- (انگ) وہ انگریز جو ہندوستان میں پیدا ہوا اور وہیں رہنے بسنے لگا -

اَینگلو ورناکولر :- (انگ - کولر - میں واو معروف مگر اس کی آواز نہ ہونے کی شکل) وہ دیسی اسکول جس کے نصاب میں انگریزی بھی شامل ہے -

اَیوارا :- (ہ - مذ) وہ مکان جو مویشیوں کے لیے جنگل میں بناتے ہیں -

اَیوان :- (ف - مذ) محل - مکان - اسمبلی - کونسل -

اَیُوب :- (ع - مذ) ایک پیغمبر کا نام جو نہایت صابر تھے طرح طرح کی مصیبتوں میں امتحاناً مبتلا کیے گئے مگر سب میں ثابت قدم رہے -

ایوننگ پارٹی :- (انگ - مو) شام کے وقت کی دعوت - عصرانہ -

اِیہام :- (ع - مذ) کلام کی ایک معنوی صنعت جس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ شعر یا نثر میں کوئی ایسا لفظ استعمال کرتے ہیں - جس کے دو معنی ہوتے ہیں - ایک معنی قریب - دوسرے معنی بعید - شاعر یا مضمون نگار معنی بعید مراد لیتا ہے - مگر عام طور سے معنی قریب سمجھ میں آتے ہیں - لیکن دونوں معنی اس جگہ درست ہو سکتے ہیں - ظ

ایسا گڑ گیا ہے کہ کچھ جس کی حد نہیں

حد کے دو معنی ہیں انتہا اور گناہوں کی سزا۔ دونوں معنی یہاں مراد ہو سکتے ہیں۔ عام طور سے انتہا کے معنی ہی سمجھ میں آ رہے ہیں مگر شاعر نے دوسرے معنی (سزا) مراد لیے ہیں۔

ایہام تناسب (ا۔ مذ) کلام کی ایک صنعت جس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ لفظ مستعمل کے دو معنی ہوتے ہیں۔ ایک وہ جو قائل نے مراد لیے ہیں۔ دوسرے وہ جو قائل نے مراد نہیں لئے اور وہ معنی بظاہر مراد لیے بھی نہیں جا سکتے لیکن ان غیر مرادی معنی کو جملے یا شعر کے دوسرے الفاظ سے ایک قسم کی مناسبت اور لگاؤ ہوتا ہے ۔ع

بلبل کا بیٹھے بیٹھے اڑ جانا ہزار بار

ہزار کے دو معنی ہیں (۱) عدد مشہور اور یہی شاعر کی مراد ہے (۲) بلبل۔ یہ معنی مراد نہیں۔ مگر مضمون مصرع سے مناسبت خاص رکھتے ہیں

ب

ب: (مو۔ اُردو) الف ب ت کا دوسرا حرف۔ اس کے اعداد ابجد کے حساب سے ۲ ہوتے ہیں۔

با: (ف) حرف ربط۔ ساتھ۔ ہمراہ۔ مع۔ والا۔ باوجود۔ باوصف۔ **باا ثر**۔ صاحب رسوخ جو دوسروں پر اثر انداز ہو سکے۔ **بااختیار**۔ اختیار رکھنے والا۔ **بااخلاق**۔ اچھے خصائل والا۔ غمسار۔ **باادب**۔ مہذب۔ لحاظ و پاس کرنے والا۔

باادب بانصیب بے ادب بے نصیب۔ ادب کرنے والا فیض پاتا ہے اور بے ادب محروم رہ جاتا ہے۔ **باایمان**۔ ایماندار۔ صاحب ایمان۔ **باتدبیر**۔ دوراندیش۔ دانا۔ ہوشیار۔ **باتمیز**۔ تمیز والا۔ سلیقہ مند۔ **باحیا**۔ حیادار۔ شرمیلا۔ **باخبر**۔ معلومات رکھنے والا۔ ہوشیار۔ واقف۔ **باضابطہ**۔ باضابطہ۔ قاعدے اور دستور کے مطابق۔ **باقاعدہ**۔ قاعدے کے مطابق۔ اصول کے مطابق۔ **بامروت**۔ خوش اخلاق۔ انسانیت کا سلوک کرنے والا۔ **بانوا**۔ آزاد فقیروں کا ایک گروہ۔ **باوضع**۔ وضع دار۔ بھلا۔ **باوفا**۔ وفادار۔ جو کچھ کہا ہے اسے پورا کرنے والا۔ دوستی اور شناسائی کا حق ادا کرنے والا

باب: (ع۔ مذ) بابت۔ کتاب کا حصہ۔ دروازہ۔ طرح۔ قسم۔ مقصد۔ مطلب۔ مضمون۔ دربار و درگاہ۔ لائق۔ مناسب۔ ع میر

نہیں میر مستانہ صحبت کا باب

مصاحب کرو کوئی ہوشیار سا

بابا: (ف۔ مذ) باپ۔ والا۔ فقیر اور بڑھے کو بھی اس لفظ سے مخاطب کرتے ہیں جو کسی بات کو سمجھانے کے باوجود نہ سمجھتا ہو۔ نیز انگریزی کے "بے بی" (بچے) کو بگاڑ کر بھی یہ لفظ بچے کے معنی میں بولتے ہیں۔ فقیر گرہستی کے معنی بھی استعمال کرتے ہیں۔ جیسے (بابا جی)

بابت: (ف۔ مو) بارے میں۔ واسطے۔ لیے۔ متعلق۔ عوض میں۔ اجرت میں۔ معاملے میں۔ کارن۔ سبب۔

حساب کی مد۔

بابر: (ا بابر۔ ت۔ مذ) شیر ببر۔ ہندوستان کا پہلا مغل بادشاہ جو ۸۸۸ھ میں پیدا ہوا اور ۹۳۷ھ میں مرا

بابڑ: (ا۔ مو) ایک قسم کی گھاس جس کا بان بنایا جاتا ہے۔

بابک: (ف۔ مذ) ایک بادشاہ کا نام

بابل: (ع۔ مذ) بابل۔ قدیم عراق کا ایک شہر جو کوفہ کے قریب فرات کے کنارے پر تھا۔ اور جس کا تختہ الٹ دیا گیا تھا

بابل: (ا۔ مذ) باپ۔ والد (ہندی لفظ ہے جو اکثر گیتوں میں آتا ہے) (ا۔ مو) رخصتی کے وقت کا گیت۔

بابن: (انگ۔ مو) رنگین ڈوری۔ باریک بٹی۔ ایک قسم کا مہین باریک جالی کا کپڑا۔ سلائی مشین کا وہ پرزہ جس پر تاگا لپیٹ کر اندر رکھتے ہیں

بابو: (ا۔ مذ) میاں۔ منشی۔ کلرک۔ جناب

بابونہ: (ف۔ مذ) ایک بوٹی جس کے پھولوں کا تیل دردوں کو دور کرتا ہے

بابی: (ف۔ مذ) ایک نیا فرقہ جو باب کو مظہر خدا اور صاحب دین مانتا ہے۔

باپ: (ا۔ مذ) اَبا۔ والد۔ باپ بنانا۔ خوشامد کرنا۔ باپ بیٹا اور پوت لواب۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب باپ کوئی کام کرے اور بیٹا بیہودگی سے گنوائے باپ بھکاری پوت بھنڈاری۔ باپ معمولی حیثیت کا اور بیٹا فضول خرچ۔ باپ بھلا نہ بھیا سب سے بھلا روپیا۔ حضرت دولت کی تعریف میں بولتے ہیں۔ باپ پر پوت پیتا پر گھوڑا۔ بہت نہیں تو تھوڑا تھوڑا۔ ہر شخص میں اس کا خاندانی اثر تھوڑا بہت ضرور ہوتا ہے۔ باپ تک پہنچنا۔ کسی کے باپ کو برا کہنا

پاکولی دینا ۔ **باپ دادا** ۔ (مذ) خاندان کے بزرگ ۔ اسلاف ۔ **باپ دادا کی ہڈیاں** ۔ خاندانی عزت ۔ **باپ دادا کی ہڈیاں اکھڑوانا** ۔ خاندان کو پٹوانا ۔ بُرا کہلوانا ۔ **باپ رے باپ** تعجب اور خوف کے اظہار کے لیے بولتے ہیں ۔ **باپ کا موروثی** ۔ مقبوضہ ملکیت پشتینی ۔ **باپ کرے باپ پائے بیٹا کرے بیٹا پائے** ۔ ہر شخص اپنے اعمال کی سزا پاتا ہے ۔ **باپ مارے کا بیر** ۔ قدیمی عداوت ۔ پرانی دشمنی ۔ **باپ نہ دادا سات پُشت تک حرامزادہ** جس کا کوئی مربی نہ ہو ۔ وہ بدمعاش اور بدچلن ہوتا ہے ۔ **باپ نہ مارے پدڑی بیٹا تیر انداز** ۔ نامردوں اور کم ظرفوں کی اولاد جو ڈینگیں مارتی ہو ۔

بات ۔ (ہ ۔ مو) بولی ۔ بول چال ۔ زبان ۔ محاورہ ۔ مقولہ ۔ کہنا ۔ معروف

زلف رُخ پر جو چھٹی رات ہُوئی یا نہ ہُوئی
کیوں نہ کہتا تھا مری بات ہوئی یا نہ ہوئی!

رمز ۔ اشارہ ۔ عادت ۔ رسم و رواج ۔ معمول ۔ حال احوال ۔

چارہ گر جان چکے ہو تو نہ اچھا ہوگا
مجھ سے کیا پوچھتے ہو غم کے اثر کی بات ظفر

قصہ ۔ کہانی ۔ انھیں

سناؤں تمہیں بات ایک رات کی
کہ وہ رات اندھیری تھی برسات کی

فساد ۔ تذکرہ ۔ افواہ ۔ چرچا ۔ پیام منگنی ۔ سگائی ۔ جان صاحب

بنّو کی بات غیر سے کرنے کی میں نہیں
سو بار میں نے آپ سے انکار کر دیا

خوبی ۔ شغل ۔ کاروبار ۔ راز ۔ قتل ۔ کہاوت ۔ مصحفی

جلنے سے شوق دل کے سبب بچ گیا خلیل
وہ بات ہے کہ سانچ کو ہرگز نہیں ہے آنچ

دُھن ۔ طعنہ ۔ گلہ ۔ الزام ۔ عزت ۔ ساکھ ۔ نصیحت ۔ دعویٰ (جیسے چھوٹا منہ بڑی بات) نکتہ ۔ حکمت (آخر لڑکے ہو بات کو نہ سمجھے) چٹکلا ۔ لطیفہ ۔ لُطف ۔ کیفیت ۔ مزہ ۔ حالی

بلبل ہند مر گیا ہیہات
جس کی تھی بات بات میں اک بات

سوال ۔ تدبیر ۔ وجہ ۔ معاملہ ۔ ڈھکوسلا ۔ چال ۔ مکر و فریب ۔

باتوں پہ تیری بھولے ہوئے تھے پر اب یہ لوگ
حالت کو میری دیکھ کے ہشیار ہو گئے ظہور

دانائی ۔ ذہانت ۔ مومن

بات جب ہے کہ بات کو ٹالو تم

ہنر ۔ پسند ۔ منشا (دل کی بات) ضرورت ۔ حاجت ۔ ظفر

پر وہ جب اُٹھ گیا پھر کیا رہی تحریر کی بات

تمنا ۔ آرزو ۔

یہ بات جی ہی میں رہ گئی تم سے نہ مل سکے

اختلاط ۔ اخلاص ۔ محبت

سُنتا ہے مجھ سے بات پہ رہے بات کہیں اور

موقع ملی (رات گئی بات گئی) مشکل ۔ دشوار ۔ سحر

اب بھی کچھ بات نہیں ہے جو سنالو ہم کو

حوصلہ ۔ جھگڑا (بڑوں کی بڑی بات) آواز ۔ صدا (کان پڑی بات نہیں سنائی دیتی) نتیجہ ۔ فقرہ (اتنی کوشش سے کیا بات نکلی) دانستہ خیال (جتنے منہ اتنی باتیں) گپ شپ لہو و لعب (کیوں باتوں میں وقت کھوتے ہو) **بات آنا** ۔ بُرائی آنا ۔ حرف آنا ۔ سگائی آنا ۔ نسبت آنا ۔ **بات اُٹھانا** ۔ ذکر چھیڑنا ۔ بُری بات کو برداشت کرنا ۔ روایات اُٹھانا رد کلام کرنا ۔ بات کو پلٹ دینا ۔ **بات بات میں** ۔ ہر بات میں ۔ **بات بدلنا** ۔ زبان سے پھرنا ۔ سچ کہہ کر جھوٹ بولنا ۔ **بات بدلی ساکھ بدلی** ۔ وہ خلافی سے اعتبار جاتا رہتا ہے ۔ **بات بڑھانا** جھگڑا کرنا ۔ کلام کو طول دینا ۔ کسی کی بات کو ترجیح دینا ۔ **بات بڑھنا** جھگڑا پیدا ہونا ۔ **بات بڑی کرنا** ۔ کلام کی تائید کرنا ۔ گھر کے کسی بزرگ نے جو کچھ کہہ دیا ہے اُسے کر دکھانا ۔ **بات بگاڑنا** ۔ موقع کھونا ۔ کام بگاڑنا ۔ بنے بنائے کام کو خاک میں ملا دینا ۔ ساکھ کھو دینا **بات بگڑنا** ۔ بات بگاڑنا کا فعل لازم ۔ **بات بنانا** ۔ جھوٹ بولنا کامیاب بنا دینا ۔ **بات بننا** ۔ کامیاب ہونا ۔ آبرو پانا ۔ **بات پانا** ۔ مطلب سمجھنا ۔ راز معلوم ہونا ۔ عندیہ پانا ۔ **بات پر آنا** ۔ اکڑ جانا بحث کرنا ۔ کہے ہوئے کو عمل جامہ پہنانا ۔ **بات پر بات یاد آنا** ۔ ایک بات کو سُن کر بھولی ہوئی بات یاد آ جانا ۔ **بات پکڑنا** ۔ اعتراض کرنا ۔ لفظی اعتراض کرنا ۔ عیب نکالنا ۔ دبیر

صغریٰ نے کہا صاحبو کیا کرتے ہو گفتار
ایک بات پکڑ لی کہ یہ بیمار ہے بیمار

بات پکی کرنا یا ہونا ۔ اقرار مضبوط کرنا یا مضبوط ہونا ۔ **بات پلٹنا** بات بدلنا ۔ جھوٹ بولنا ۔ **بات پوچھنا** ۔ خیر خبر لینا ۔ پروا کرنا ۔ **بات پھوٹنا یا پھیلنا** ۔ بھید کھلنا ۔ راز مشہور ہو جانا ۔ **بات پیدا کرنا** ۔ نیا مضمون سوجھنا ۔ **بات پینا** ۔ درگذر کرنا ۔ بدی کو برداشت کرنا ۔ **بات تو یہ ہے** ۔ مطلب تو یہ ہے ۔ خلاصہ ۔ الغرض سگائی ہونا ۔ کسی امر کا تعین ۔ جرأت

ٹھہری کیا بات کیا منع یہ کس نے آج
کوئی شخص اس سے نہ بیچا مرے بولنے کو

بات ٹالنا ۔ سنی ان سنی کر دینا ۔ اصل بات کا جواب دینے کے بجائے کچھ اور ذکر شروع کر دینا ۔ **بات ٹھہرانا یا ٹھہرنا** ۔ نسبت قرار پانا ۔ **بات جانا** ۔ بے اعتبار ہونا ۔ **بات جو چاہے اپنی مانگ نہ پی** ۔ عزت دار لوگ کسی کا احسان نہیں اُٹھاتے ۔ **بات چبا جانا** ۔ کچھ کہتے کہتے رُک جانا ۔ بات پلٹ جانا ۔ **بات چلانا یا چلنا** ۔ ذکر چھیڑنا یا چھڑنا ۔ **بات چیت** (مو) بول چال گفتگو ۔ پیام شادی ۔ **بات دُہرانا** ۔ پہلے کہی ہوئی بات دوبارہ کہنا

بات رکھ لینا ۔ ایسا کام کرنا جس سے جاتی ہوئی آبرو رہ جائے ۔ آبرو کا کام کرنا ۔ بزرگوں کے منہ سے جو کچھ نکلا ہے یا جو کرنے کا اچھا دستور چلا آیا ہے اُسے کر دکھانا ۔ نیز بات رکھنا ۔ چھپا رکھنا ؎

نہ تھی ٹھہرنے کی اگر دل میں اپنے
تو کیوں بات رکھ کے نکلے دوسرے

بات رہنا ۔ بات رکھنا کا فعل لازم ۔ بات کا بتنگڑ بنانا یا بننا ۔ تھوڑی سی بات کا بڑھا دینا یا بڑھ جانا ۔ مبالغہ ۔ بات کا بھید (مذ) بات کی تہہ ۔ بات کا اصلی مطلب ۔ بات کا پورا سچا ۔ قول کا پکا ۔ بات کاٹنا ۔ گفتگو میں دخل دینا ۔ بیچ میں بول پڑنا ۔ بات کا دھنی ۔ جو اپنے قول کا پکا ہو ۔ کہنے کے مطابق عمل کرنے والا ۔ کہا ہوا کر دکھانے والا ۔ بات کا سر پیر نہ ہونا ۔ بے بنیاد بات ۔ ناقص اور ادھوری بات ۔ بات کا ہلکا ۔ بے اعتبار سمجھنا ۔ بات کرنا ۔ بولنا ۔ متوجہ ہونا ۔ معاملہ طے کرنا ۔ بات کرنے میں یا کہنے میں ۔ فوراً ذرا سی دیر میں ۔ بات کو آنچل میں باندھنا ۔ نصیحت کو یاد رکھنا اور اس پر عمل کرنا ۔ بات کھٹائی میں ڈالنا ۔ ٹال مٹول کرنا ۔ حیلہ حوالہ کرنا ۔ بات کھلنا ۔ بھید ظاہر ہونا ۔ بات کھونا ۔ عزت کھو دینا ۔ ساکھ میں فرق لانا ۔ بات کہی پرائی ہوئی ۔ جو بات منہ سے نکل گئی وہ نہیں چھپ سکتی ۔ بات کی بات خرافات کی خرافات ۔ اس وقت کہتے ہیں جب رنج دفع کرنے کے لئے بولتے ہیں ۔ جب دل تنگی میں کوئی ناگوار بات منہ سے نکل جائے اور دوسرے کو ناگوار ہو ۔ بات کی بات کو ۔ ذرا سی دیر کے لئے دم بھر کے واسطے ۔ بات کی بات میں ۔ ذرا سی دیر میں ۔ چٹکی بجاتے بات کی پنچ ۔ جو کچھ منہ سے نکل گیا ۔ اس پر اڑنا ۔ بات گرہ میں باندھنا ۔ نصیحت کو یاد رکھنا اور اس پر عمل کرنا ۔ بات گھڑنا ۔ بات بنانا جھوٹی بات گھڑ لینا ۔ بات لاکھ کی کرنی خاک کی ۔ شیخی بگھارنا ۔ بات لانا ۔ شادی کا پیام لانا ۔ عیب لگانا ۔ بات لگانا ۔ پیٹھ پیچھے برائی کرنا ۔ شکایت کرنا ۔ چغلیاں کھانا ۔ بات منہ پر رکھنا یا لانا ۔ کسی بات کو کہنا ۔ بات ماننا ۔ کہا ماننا ۔ راضی ہونا ۔ بات میں ۔ دم بھر میں ۔ فوراً ۔ بات میں سے بات نکالنا ۔ نئی بات ایجاد کرنا ۔ دوسرے کے قول اپنا مطلب ثابت کرنا ۔ نکتہ چینی کرنا ۔ بات میں فرق آنا ۔ ساکھ جاتی رہنا ۔ بے اعتباری ہونا ۔ قول میں پورا نہ اترنا ۔ بات میں بات نکالنا ۔ نکتہ چینی کرنا ۔ بات نہ پوچھنا ۔ بے پروائی برتنا ۔ بات نہ کرنا ۔ خاطر میں نہ لانا ۔ غرور سے پیش آنا ۔ بات نیچی ہونا ۔ حقیر ہونا ۔ ذلیل ہونا ۔ بات بے محل ہے ۔ ڈھکوسلا ہے ۔ بات ہیٹی ہونا ۔ سبکی ہونا ۔ ساکھ بگڑنا ۔

باتون:- باتونی / باتونیا (ص) بہت باتیں بنانے والا ۔ بہت بکواس کرنے والا ۔ یاوہ گو ۔ بکو ۔ بہت باتیں کرنے والا

باتوں:- بات کی جمع ۔ باتوں باتوں میں ۔ گفتگو کے دوران ۔ ذرا سی دیر میں ۔ باتوں کا جھاڑ باندھنا بہت بولنا ۔ لگاتار بولے جانا ۔ باتوں کا دھنی ۔ باتونی شخص ۔ باتوں میں اُڑانا ۔ ٹالنا ۔ باتوں میں آنا ۔ دم یا فریب میں آ جانا ۔ دھوکا کھانا ۔ ؎ شوق لکھنوی

اور آتی ہیں ایسی گھاتوں میں
میں نہ آؤں گی تیری باتوں میں

باتوں میں بہلانا یا پھسلانا ۔ باتوں سے خوش کرنا ۔ شیریں بیانی سے دم دینا ۔ باتوں میں دھر لینا ۔ قائل کرنا ۔ باتوں میں غالب آنا ۔ باتوں میں لگانا ۔ گفتگو میں مشغول کر لینا ۔ گفتگو میں کام سے غافل بنا دینا

باتھ:- (انگ ۔ مذ) غسل ۔ باتھ روم ۔ نہانے کا کمرہ ۔ غسل خانہ ۔ حمام ۔ بیت الخلا ۔ پاخانہ ۔

باتیں:- بات کی جمع ۔ باتیں بگھارنا یا بنانا ۔ شیخی مارنا ۔ جھوٹ بولنا ۔ باتیں چھانٹنا ۔ طعنے مارنا ۔ باتیں سننا ۔ برا بھلا سہنا ۔ طعنے برداشت کرنا ۔ باتیں سنانا ۔ باتیں سننے کا فعل لازم ۔ باتیں لگانا ۔ الزام لگانا ۔ عیب رکھنا ۔ باتیں ملانا ۔ باتیں بنانا ۔ ہاں میں ہاں ملانا ۔ باتیں ہی باتیں ہیں ۔ باتیں ہیں ۔ ڈھکوسلے ہیں ۔ صرف دھمکیاں ہیں ۔

باٹ:- (ہ ۔ مذ) تولنے کے بٹے ۔ رستہ ۔ سڑک ۔ باٹ کا آنا ۔ وہ آنا جو چکی پیسنے میں اردگرد جمع ہوتا ہے ۔ باٹ چلتے یا باٹ پڑے جانے ۔ واسطہ پڑنے اور ساتھ بیٹھنے سے انسان کی حقیقت معلوم ہوتی ہے ۔ باٹی (ہ) وہ روٹی جو تھوڑے رکھے بغیر آگ پر پکائی جائے

باج:- (ہ ۔ مذ) خراج ۔ لگان ۔ باج گزار (بغیر اضافت) خراج ادا کرنے والا ۔ بڑی حکومت کے ماتحت چھوٹی حکومت ۔ باج (دکھنی ۔ ہ) بغیر ؎ قطب شاہ

پیا باج پیالہ پیا جائے نا
پیا باج یک تل جیا جائے نا

سراج دلی

اس باج میرے دل میں نہیں اور مدعا
اس دل کے مدعا کو ہمارا سلام ہے

باجا:- (ہ ۔ مذ) بجنے کی چیز ۔ باجا گاجا ۔ (مذ) دھوم دھڑکا ۔

باجرا:- (ہ ۔ مذ) چھوٹے چھوٹے دانوں کا غلہ ۔ مینہ کی پھوار ۔ ننھی بوندیں ؎ مولانا آزاد

لیکن یہ باجرا سا برستا پھوار کا
ہے گا پیام ابر بہاری کے آر کا

باجی:- (ہ ۔ مو) بڑی بہن ۔ کسی عورت کو پکارنے کا اسم خطاب ۔ کرم فرماں

باچھ:- (ہ - مو) ہونٹوں کا کونہ - باچھیں آنا - ہونٹوں کے کونوں کا پک جانا - باچھیں پکنا یا پھٹنا - باچھیں کھوڑی تک آنا - اتنا ہنسنا کہ منہ بہت ہی کھل جائے - باچھیں کھل جانا یا کھلنا - ہنس دینا - مسکرانا - بہت خوش ہونا - ؎ دبیر

باچھیں کھلی جاتی تھیں محمدؐ کے وصی کی
شادی تھی عملدار حسینؑ بن علیؑ کی

باد:- (ف - مو) ہوا - بادِ آبستنی (مو - با اضا) پودوں کو سبز کرنا اور بعض درختوں میں پھل لانے والی ہوا - بادبان - (مذ - (با - اضا) وہ کپڑا جو جہازی کشتیوں میں رفتار کو تیز کرنے یا رُخ موڑنے کے لیے لگاتے ہیں - بادِ تند (مو - با اضا) تیز ہوا - جھگڑالو آدمی - بادخایہ - (مذ - بے اضا) فوطے بڑھ جانے کی بیماری - بادرفتار - (بے اضا - صفت) تیز و سبک چلنے والا - چالاک (گھوڑا) بادریہ - چھت کا روشن دان - بادِ سموم (با - اضا) گرم - زہریلی ہوا - ریگستانی لو ؎ انیس

بادِ سموم چلتی تھی صحرا میں دمبدم

بادِ صبا - (با اضا) نسیم - شمالی ہوائے سحر - بادفروش (بے اضا) باتونی - خوشامدی ؎ غالب

مجھ کو دماغِ وصفِ گل و یاسمن نہیں
میں جوں نسیم باد فروشِ چمن نہیں

بادکش - پنکھا - بادِ مخالف (مو - با اضا) جہاز یا کشتی کو پیچھے اور غلط سمت لے چلنے والی ہوا - بادنما - (بے اضا - مذ) ہوا کا رُخ بتانے والا آلہ - بادِ ہوائی - (بے اضا) اُڑتی ہوئی خبر - بے ہودہ بات -

بادام:- (ف - مذ) مشہور میوہ - بادامی (مذ) ہلکا زرد رنگ (مو) زیور رکھنے کی ڈبیہ - بادامی آنکھ - (مو) چھوٹی مگر بیضوی آنکھ -

بادخورہ:- (ف - مذ - بغیر اضا) ایک بیماری جس سے گھوڑے کے بال اُڑ جاتے ہیں - بادخورہ (مذ - بغیر اضا) ایک بیماری جس سے سر کے بال اُڑ جاتے ہیں -

بادریشہ:- (مذ - بغیر اضا) ایک گول سوراخ دار لکڑی جسے خیمے کے چوب پر رکھتے ہیں (بادریسہ)

بادشاہ:- (ف - بغیر اضا) ملک کا حاکم - راجہ - سردار - بادشاہانہ - بادشاہوں کی مانند شان و شوکت والا بادشاہ سلامت - ایک دعائیہ خطاب ہے جو فالِ نیک کے طور پر بادشاہ کا ذکر کرتے میں زبان پر لاتے ہیں - بادشاہ لوگ - بے فکرے (اسی طرح) بادشاہ ہو بادشاہ - تمہیں گھر کی کیا پروا تم تو بادشاہ لوگ ہو - بادشاہت - (مو) حکومت - راج - بادشاہی - (مو) حکومت بادشاہ سے متعلق - شاہانہ - بادشاہی کاروبار - بڑے شاندار طریقے سے - بڑی اہم مصروفیت - بادشاہی کرجانا - شان سے زندگی بسر کرنا - حکومت کر گذرنا

بادل:- (ہ - مذ) ابر - گھٹا - بادل آنا - گھٹا کا اٹھنا - ابر کا پھیلنا - بادل پھٹنا یا چھٹنا - ابر کے درمیان سے ٹکڑے ہو کر آسمان کا نظر آنا - بادل کا ہٹنا - بادل چھانا یا چڑھنا - گھٹا آنا - ابر کا آسمان پر پھیلنا - بادل دیکھ کر گھڑے پھوڑنا - اُمید پہ نقصان کر بیٹھنا - بادل گرند گرند کر آنا - ابر کا گھر گھر کر آنا بادل گرجنا - بادل کے باہم ٹکرانے کی آواز نکلنا - بادل گھرنا - بادل آنا

بادلہ:- (ہ - مذ) زری - ایک قسم کا کپڑا - جو ریشم اور چاندی کے تاروں سے بُنا جاتا ہے -

بادنجان:- (ع - مذ) بینگن -

بادہ:- (ف - مذ) شراب - پیالہ - بادہ کش - بادہ نوش - شراب پینے والا - رند - شرابی -

بادی:- (ف - مو) پھلا دینے والی - ریحی - نفاخ - سرد - تیز - بادی (عربی) ابتدا کرنے والا (اصطلاح میں) مدعی - ثالثی -

بادی النظر:- (بادیٔ نظر اور بادیٔ نظر) دیکھنے میں - ظاہرا طور پر - بظاہر -

بادیان:- (ف - مو) سونف -

بادی چور:- پکا چور - چوروں کا بادشاہ -

بادیہ:- (ف - مذ) تانبے کا بڑا پیالہ - بڑا پیالہ (ع) جنگل - بن

باڈی گارڈ:- (انگ) حفاظتی دستہ - حفاظتی ہمراہی - محافظ جو ہر وقت کسی بڑے افسر کے ساتھ رہتا ہے -

بار:- (ہ - مو) نوبت - دفعہ - مرتبہ (ف - مذ) بوجھ - اسباب - اجازت - دخل - پھل - حمل - ناگوار - ذمے داری - عدالت - دربار - بزرگ - بارِ الٰہ (با اضا) خدا کی جناب - خدائے بزرگ - بارِ الٰہا - (با اضا) اے خدائے بزرگ - بار بار - (بغیر اضا) گھڑی گھڑی - متواتر - پے درپے - باربردار - (بغیر اضا) بوجھ اُٹھانے والا - قلی - پلے دار - باربرداری - (بغیر اضا - مو) ڈھلائی چھکڑے وغیرہ کا کرایہ - بارِ خاطر - (با اضا) ناگوار - تکلیف دہ (ف) ناپسند ؎ اکبر الہ آبادی

بارِ خاطر ہو تو واعظ کا بھی ارشاد بُرا
دل کو بھا جائے تو اکبر کی خرافات اچھی

بارِ خدایا یا بارِ خدایا (با اضا) خدائے تعالیٰ - باربردار (بغیر اضا) پھل دار درخت - حاملہ - باروار - (بغیر اضا - مذ) انگور کی ٹٹی

فوج کے کوچ کے وقت بار برداری کا سامان۔ سوداگری کے سامان کی بوریاں اور صندوق۔ **بارِعام** (اضافی - مذ) عام اجازت۔ **بارکش** (بغیر اضافت) بوجھ اٹھانے والا۔ **بارگاہ** (بغیر اضافت - مو) دربار کی جگہ۔ کچہری۔ **بارِگناہ** - (با اضافت) دوسرے کا جرم۔ گناہ اپنے سر۔ دوسرے کی ذمہ داری خود لینا۔ **بارگیر** (بغیر اضافت) وہ سوار جس کا اپنا گھوڑا نہ ہو۔ لدو گھوڑا یا اونٹ **باری** - نوبت - نمبر - موقع - پھیرا۔ **باریاب** - اجازت پانے والا۔ حضوری میں آنے والا۔

ــــ نواب مرزا

دہر میں کس کو پائداری ہے
آج وہ کل ہماری باری ہے

باری باری - یکے بعد دیگرے۔ **باری دار** - چوکیدار۔ محافظ۔

بار :- (انگ - مذ) عدالت میں وکیلوں کے تقریر کرنے کی جگہ۔ بیرسٹروں اور وکیلوں کی جماعت۔ **بار ایٹ لا** بیرسٹری کا لقب۔ قانون کا ایک آخری امتحان جو ولایت میں ہوتا ہے۔ **بار روم** (مذ) بیرسٹروں اور وکیلوں کے بیٹھنے کا کمرہ۔ ان کی کلب۔

بارا :- (ہ - مذ) پانی کا چرس کھینچتے وقت کا راگ یا گیت۔ جنتری میں سے تار کھینچنا۔ بوڑھے کی مرنے کی روٹی

بارِبَر :- (انگ - مذ) حجام - نائی۔

بارات :- (ہ - مو) برات - شادی کا جلوس جو باجے وغیرہ کے ساتھ چلتا ہے۔

باراجوری :- (ہ - مو) زبردستی - دھینگا مشتی۔

باراں :- (ف - مذ) مینہ - بارش - برسنے والا۔ **بارانی** (مو) برساتی جو بارش سے بچنے کیلئے پہنتے ہیں۔ بارانی زمین

باربُد :- (ف - مذ) خسرو پرویز کے دربار کا ایک مشہور مطرب جس نے بہت سے راگ ایجاد کئے۔

بارتنگ :- (ف بغیر اضافت - مذ) ایک مشہور دوا کا نام۔

بارِد :- (ع) ٹھنڈا جس کی تاثیر ٹھنڈی ہو۔

بارِز :- (ع) آشکار - ظاہر - وہ ضمیر جو لفظوں میں موجود ہو۔

بارش :- (ف - مو) مینہ - **بارش ہونا** - مینہ برسنا کوئی چیز مسلسل اور کثرت تعداد میں کسی جگہ پھیل جانا۔

بارک :- (انگ - مو) فوج کا سپاہیوں کے مکانات - فوجی تعمیر کا ہوں کے ہوسٹل۔ **بارک ماسٹر** - فوجی مکانات کا محافظ و مہتمم

بارک اللہ :- اللہ تعالیٰ برکت دے - شاباش - واہ وا۔

بارِنده : برسنے والا۔

باروت - بارود :- (مشہور) توپ وغیرہ بھرنے کا مشہور سفوف۔

بارہ :- (ہ) دس اور دو کا عدد ۱۲۔ **بارہ ابھرن سولہ سنگھار** (مذ) عورتوں کا پورا سنگھار جس میں بارہ زیور ہوتے ہیں اور سولہ قسم کی سجاوٹیں۔ **بارہ امام** - فرقہ شیعہ کے بارہ امام جن میں گیارہ حضرت علیؓ کی نسل سے تھے۔ حضرت علیؓ۔ حضرت حسنؓ۔ حضرت حسینؓ۔ حضرت زین العابدینؓ۔ حضرت محمد باقرؓ۔ حضرت جعفر صادقؓ۔ حضرت موسیٰ کاظمؓ۔ حضرت علی رضاؓ۔ حضرت محمد تقیؓ۔ حضرت علی نقیؓ۔ حضرت حسن عسکریؓ۔ حضرت مہدی آخر الزمانؓ۔ **باٹ** - الگ الگ - تتر بتر - منتشر - حیران - پریشان - برباد - **بارہ باٹ کرنا** - برباد کرنا - بکھیرنا۔ **بارہ باٹ ہونا** - ستیاناس ہونا - بکھرنا - برباد ہونا۔ **بارہ بچے والی** - (مو) سؤر کی مادہ۔ کثیر الاولاد۔ **بارہ برس دلی میں رہے اور بھاڑ ہی جھونکا کئے** - ہنر مندوں میں رہ کر بھی ہنر نہ سیکھ سکے۔ لاکھ تہذیب سکھانے پر بھی تہذیب سے آشنا نہ ہوئے۔ **بارہ پتھر** - (مذ) چھاؤنی کی حد - جسے بارہ ستون گھیر دیتے ہیں۔ **بارہ پتھر (ات) باہر کرنا** چھاؤنی کی حد سے باہر نکال دینا۔ **بارہ خانوادے** - صوفیوں کے بارہ خاندان قادریہ۔ یوسفیہ۔ نقشبندیہ۔ صفیہ۔ عبدالرحیمیہ۔ نوریہ بخشتاریہ القادریہ۔ زاہدیہ۔ حسینیہ۔ خضرویہ۔ قلندریہ۔ **بارہ دری** - (مو) بارہ دروازوں کا مکان - باغ کے اندر یا کنارے کا ہوادار مکان جس میں بارہ یا بہت سی کھڑکیاں ہوں۔ **بارہ سنگھا** - ایک قسم کا ہرن جس کے سینگوں میں بہت سی شاخیں ہوتی ہیں۔ **بارہ گنا** - بارہ حصے۔ **بارہ ماسہ** (مذ) وہ ہندی نظم جس میں بارہ مہینوں کی کیفیت بیان کی جاتی ہے۔ **بارہ مہینے** - سال بھر ہمیشہ۔ **بارہ میں تین گئے تو رہے کیا خاک** - اگر برسات کے تین مہینوں میں بارش نہ ہوئی تو زمینداروں اور کسانوں کے پاس کچھ بھی نہیں رہتا۔ **بارہ وفات** - ربیع الاول کا مہینہ۔ ربیع الاول کے ابتدائی بارہ دن جس میں آنحضرتؐ اہل سنت کے نزدیک بیمار رہے اور وفات پائی۔ **بارہ ہاتھ کی زبان ہونا** - بہت زبان دراز اور بکو ہونا۔

بارہا :- (ف) اکثر - کئی بار - بار بار - بھارت میں سیدوں کی بارہ بستیاں جو ضلع مظفر نگر میں آباد تھیں۔ **بارہوی** : بارہ کا

بارے :- (ف) آخرکار۔

باری :- (ع - مذ) اللہ تعالیٰ - خدا - خالق - **باری تعالیٰ** (بلا اضافت) خدا سے بزرگ و برتر (۱) دیکھئے بار۔

باریک: (ف) مہین - دُبلا - پتلا - نازک - ہلکا - دقیق - مشکل - چھوٹا - **باریک بات** - لطیف بات - نکتہ - بھید - **باریک بین** - (بغیر اضا) دقیقہ رس - مبصر - تیز فہم - واقف کار - رموز دان - **باریک بینی** - (مو بغیر اضا) باریک بین کی صفت - **باریک کام** (مذ) دقیق یا نازک کام - نہایت احتیاط اور دیکھ بھال سے کرنے کا کام - دیدہ ریزی کا کام - **باریکہ** - (مذ) مو قلم - مصور یا پینٹر کا بالوں کا قلم - **باریکی** - (مو) پتلا پن - نکتہ - نزاکت - موشگافی - بھید - **باریکیاں نکالنا** - نکتہ چینی کرنا - کسی چیز کی گہرائیوں پر غور کر کے ڈھونڈ کر خوبیاں یا عیب نکالنا -

باڑھ - باڑ: (مو) دھار - نم - کنارہ - کئی بندوقوں کا ایک فائر - طغیانی - سیلاب - اُٹھان - کانٹوں کی چار دیواری - احاطہ - گھیرا - قطار - صف - آگے - زد پر - **باڑ اُڑانا** ایک ساتھ کئی بندوقوں اور توپ کا چلانا - **باڑ باندھنا** - کانٹوں وغیرہ سے احاطہ بنا دینا - **باڑ چلانا** - **باڑ چھوڑنا** - **باڑ اُڑانا** - **باڑھ رکھنا** - دھار کو تیز کرنا - **باڑ کاٹے نام ہو تلوار کا** - کام کوئی کرے نام سردار یا افسر کا ہوتا ہے - **باڑ مارنا** - باڑ اُڑانا -

باڑا: (ہ) احاطہ - کٹہرا - ڈنگل - میدان - قبرستان - خیرات -

باڑی: (ہ) باغیچہ - بائیں باغ - جائے سکونت - کپاس کا کھیت -

باڑھیا: - باڑھ رکھنے والا - اسیر

قطع کو کاٹ کے مرجائے اس قدر بے ننگ
جو باڑھیے کو ملے باڑھ کے لئے شمشیر

باز: - (ف - مذ) ایک شکاری پرند -

باز آنا: (۱) نہ کرنا - توبہ کرنا - کسی کام سے ہاتھ اُٹھانا - چھوڑ دینا - واپس آنا - **باز رکھنا** - کسی کو روک دینا - **باز رہنا** - باز آنا -

بازار: (ف - مذ) خرید و فروخت کی جگہ - دکانوں کا سلسلہ - منڈی - ہاٹ - پینٹھ - نرخ - **بازار بٹا** (بغیر اضا - مذ) کمیشن - ڈسکاونٹ - کٹوتی - منہائی - **بازار بند ہونا** - ہڑتال ہونا - دُکانیں بند ہونا - اندھا ہونا - **بازار سرد ہونا** - بے رونق ہونا - خرید و فروخت نہ ہونا - قیمت کم لگنا - **بازار کا بھاؤ** - بازاری نرخ - عام قیمت - **بازار کا چلن** - بازار کا نیا دستور یا طریقہ - **بازار کھلنا** - دکانیں کھلنا - **بازار کے بھاؤ پٹنا** - بہت پٹنا - علانیہ جوتے کھانا - **بازار کی مٹھائی** - (مو) کسبی اور فاحشہ عورت - وہ چیز جو ہر شخص قیمت دے کر لے سکے - **بازار گرم ہونا** - خوب رونق ہونا - خوب خرید و فروخت ہونا - **بازار لگانا** - دُکانیں لگا کر بیٹھنا چیزوں کو بے ترتیب پھیلانا - انبوہ ہونا - **بازار لگنا** - بھیڑ ہونا - دُکانیں لگنا - چیزوں کا بے ترتیب پھیلا ہونا - **بازار مندا ہونا** - سرد بازاری - **بازار ناپنا** - آوارہ پھرنا ؏

بیکار لوگ یاں کے بازار ناپتے ہیں

بازارو - عام بکری کی چیز - معمولی چیز - **بازاری** - بازارو - مبتذل - عامیانہ مذاق والا - متانت سے گرا ہوا - **بازاری عورت** کسبی - فاحشہ - **بازاری گپ** - **بازاری گپ** - (مو) افواہ -

بازپرس: (ف - بغیر اضا - مو) پوچھ گچھ - جواب دہی - **بازپرس کرنا** - (بغیر اضا) جواب طلب کرنا - تحقیقات کرنا - **بازخواست** - (مو - بغیر اضا) مطالبہ - **بازخواہ** - (بغیر اضا) جواب طلب کرنے والا - محاسب - **بازدعوی** (بغیر اضا - مذ) دعوی سے دست برداری - **بازدہی** - (بغیر اضا - مو) لی ہوئی چیز کی واپسی - **بازگشت** (بغیر اضا - مو) واپسی - مراجعت - **بازگیری** (بغیر اضا - مو) ضبطی - **بازنامہ** (بغیر اضا - مذ) مرضی سے دست برداری - **بازیاب** - (بغیر اضا) گمی ہوئی یا دی ہوئی چیز کو پھر سے پانا - **بازیابی** (مو) بازیاں کی صفت - **بازیافت** - (بغیر اضا - مو) بازیابی -

بازو: (ہ - مذ) کہنی سے شانے تک کا حصہ - ڈنڑ - پرندوں کا شہپر - معاون و مددگار - بھائی - دائیں بائیں کی فوج سوز خواں کا جوڑی دار جو سُر میں سُر ملاتا ہے - **بازو بند** (بغیر اضا - مذ) بازو پر پہننے کا مشہور زیور - **بازو پھڑکنا** - کسی دلی دوست سے ملنے کا شگون - **بازو ٹوٹے باز کو باز ہی لقمہ دے** - ہر جنس کو تکلیف پہنچنے پر جنس ہی مدد کرتا ہے - **بازو کی مچھلیاں** - بازو کا وہ اُبھرا ہوا گوشت جو بازو کو اِدھر اُدھر موڑنے پر مچھلی کی طرح پھڑک کر اُبھرتا ہے -

بازی: (ف - مو) کھیل - شرط - فریب - کبوتر کا پلٹیاں کھانا - تماشہ - داؤں - **بازی بازی باریش بابا ہم بازی** اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی خورد کسی بزرگ کو فریب میں لانے کی کوشش کرتا ہے - **بازی مارنا** - شرط باندھنا - داؤں لگانا - **بازیچہ** - (مذ) کھلونا کھیل - **بازی گر** - بھان متی - نٹ - فریبی - **بازی لگانا** - **بازی بدنا** - **بازی لیجانا** - جیتنا - غالب آنا - **بازی ہارنا** - شرط ہارنا - مغلوب ہونا - مات کھانا -

باس: - (ہ - مو) بو - مہک -

بااِسترضا: - (ع - ب) اِسترضا - رضامندی - خوشی سے -

بااِستشفاع: - (ع - ب - استشفاع) سفارش سے -

باسٹھ: - (ہ) ساٹھ اور دو - ستر سے آٹھ کم -

باسط :- (ع - مذ) فراخی - رزق دینے والا - اللہ تعالیٰ کا نام -

باسلیق :- (ع - مو) ایک رگ کا نام جو دل اور جگر میں سے گزرتی ہوئی ہاتھ تک آتی ہے جس کے کٹ جانے سے انسان مر جاتا ہے

باسمتی :- (ہ - مذ) ایک قسم کا لمبا اور خوشبودار چاول -

باسن :- (ہ - مذ) برتن -

باسی :- (ہ) رات کا بچا ہوا - تازہ کی ضد - باسی بچے نہ کتا کھائے - سب خرچ کر ڈالنا - کچھ نہ بچانا - باسی پھولوں کی باس نہیں پردیسی بالم تیری آس نہیں - جس طرح باسی پھولوں میں خوشبو نہیں رہتی - اسی طرح پردیسی کی محبت کا اعتبار نہیں - باسی عید (مو) عید کا دوسرا دن - باسی کڑھی کا اُبال - بعد از وقت جوش - باسی مُنہ - بغیر مُنہ دھوئے - صبح کو بغیر کچھ کھائے -

باشندہ :- (ف) رہنے والا - بسنے والا -

باصرہ :- (ع - مذ) دیکھنے کی طاقت - بینائی -

باطل :- (ع) کھوٹا - غلط - جھوٹ - بے اصل - نکما اور فضول - کفر - حق کی ضد - باطل کرنا - رد کرنا - غلط ٹھہرانا - جھٹلانا - منسوخ کرنا -

باطن :- (ع - مذ) اندرونی حصہ - دل - رُوح - باطنی - دلی - اندرونی - روحانی - باطنیہ - باطن سے منسوب - ایک قدیم سیاسی فرقہ -

باعث :- (ع - مذ) وجہ - سبب - موجب - اصل بنیاد -

باغ :- (ف - مذ) چمن - جہاں باقاعدہ بہت سے درخت لگے ہوں - باغ باڑی (بغیر اضافہ - مو) پھلواڑی - بال بچے - باغ باغ ہونا (بغیر اضافہ) بہت خوش ہونا - باغبان (بغیر اضافہ) مالی یا مالن - باغبانی - (مو) باغ کی دیکھ بھال اور پرورش کا کام - باغیچہ (مذ) چھوٹا سا باغ - باغ لگا نہیں منگتوں نے ڈیرے ڈال دیئے - کام مکمل نہیں ہوا اور ضرورت مندوں نے تنگ کرنا شروع کر دیا - باغی - سرکش - حکومت کا مخالف - باغیچہ - (مذ) چھوٹا باغ -

بافتہ :- (ف) ہاتھ کا بنا ہوا کورا کپڑا - جو خوب ٹھوک ٹھوک کر گٹھیلا بنا گیا ہو -

باقرخانی :- (ت - مو) ایک قسم کی خستہ روغنی روٹی -

باقلا :- (ف - مذ) مٹر کی قسم کی پھلیاں جو گوشت میں پکا کر کھائی جاتی ہیں -

باقی :- (ع - مو) بچی ہوئی چیز - بقیہ - قائم - پائدار - باقی جمع - (بغیر اضافہ) مطالبے کی رقم جو گذشتہ حساب میں سے باقی رہ گئی ہو - باقی دار (بغیر اضافہ) وہ شخص جس کے ذمہ کچھ روپیہ نکلے - باقی دارد - باقی پھر سہی - ابھی حساب میں کچھ اور باقی نکلتا ہے - باقی ساقی - (بغیر اضافہ - مو) بچا کھچا ع نسیم

باقی ساقی شراب دے دے

باقی ماندہ (بغیر اضافہ) بچا ہوا - باقی نام اللہ کا - اب کچھ باقی نہیں رہا - باقیات - (مو) باقی کی جمع - وہ رقمیں یا چیزیں جو باقی رہ گئی ہوں یا وصول شدہ نہ ہوں - باقیات الصالحات - (مو) وہ نیک کام اور اچھی چیزیں یا اولاد جو مرنے کے بعد یادگار چھوڑ جائے -

باک :- (ف - مذ) ڈر - خوف - تکلف -

باکرہ :- (ع - مو) کنواری - دوشیزہ -

باکھ :- (ہ - مذ) گوئے بھینس کا اُرن - کھیری - باکھڑی یا باکھلی - ایسی گائے بھینس جو بیانے بیتے دودھ دے کر رک جائے

باگ :- (ہ - مو) گھوڑے کی لگام - راس - باگ (ہ) قوارکا سرا ہے امیر

خمیدہ قد ہے جن کا نیک و بد سے جھک کے ملتے ہیں

برابر دونوں باگوں پر طلائی تیغ کستے ہیں

باگ اٹھانا - گھوڑا دوڑانا - باگ ڈال دینا - باگ چھوڑ دینا ے

وحشت جدھر جائے یہ لے جائے مجھے

ہاتھ سے باگ نہیں میں بے طاقتی میں ڈال دوں ظفر

باگ ڈور (مو) وہ رسی جو گھوڑے کی لگام میں باندھ کر سائیس اپنے ہاتھ میں رکھتا ہے - کسی کام کے جاری رکھنے کا اختیار - اختیار - باگ ڈھیلی کرنا - چشم پوشی کرنا - کسی کو اس کے فعل کا مختار بنا کر چھوڑ دینا - گھوڑے کو اس کی مرضی کے مطابق چلنے دینا - باگ لینا - گھوڑا دوڑانا - باگ مڑنا - لگام پھرنا - گھوڑے کا پھرنا - چیچک کے دانوں پر کھرنڈ بننے لگنا ے برق

چیچک کی طرح غم سے سراپا ہوں آبلہ

مڑ جائے باگ وہ جو ادھر باگ موڑ دے

باگ موڑنا - گھوڑے کی لگام سے اس کا رُخ پھیرنا - توجہ دوسری طرف منعطف کرنا - معاملے کا رُخ بدل دینا - باگ ہاتھ سے چھوٹنا - بے اختیار ہو جانا - مرتے جاتے رہنا -

باگڑ :- (ہ - مذ - باگر) ہرنوں کا گلہ - بیٹھنے کی جگہ - چراگاہ -

باگڑبلا: (ہ - مذ) باگڑ کا بلا - ہرنوں - سیاروں وغیرہ کے حملے سے کھیت کو بچانے کے لیے بیچ میں کوئی ہنڈیا اور بیت وہ کپڑا یا پھوس کا آدمی کھڑا کر دیتے ہیں کہ جانور اسے دیکھ کر ڈریں اور پودوں کو نقصان نہ پہنچائیں۔ عورتیں بچوں کو اس نام سے ڈراتی ہیں اور کہتی ہیں "اسے ہے باگڑبلا آیا" یا "آیا کرنے بجیا رو رہے ہیں"

باگھ: (ہ - مذ) شیر - چیتا - **باگھن** - باگھ کا مو - **باگھ بکری** (ہ) بچوں کا ایک کھیل

بال: (الف - مو - ب کی حرکت ضمہ اور فتحہ کے بین بین - اسی طرح الف کا تلفظ الف اور واؤ کے بین بین) گیند

بال: (ہ - مو) گیہوں وغیرہ کی بالی - اناج کا خوشہ (مذ) بچہ - بالک - رونگٹا - رُواں - اُون - دراڑ - **بال** (ف) پرندوں کے بازو کا وہ جوڑ جس کی قوت سے اڑتے ہیں - عام طور سے پر کا مفہوم سمجھا جاتا ہے ؎ مصحفی

کھل پڑا نامہ مرا اس کے پروں سے یارب
یا یہ اڑنے میں کوئی بال کبوتر ٹوٹا

بال آنا - شگاف پڑنا - ٹوٹنے سے خط پڑ جانا - **بال بکنا** - **بال اترنا** - بالوں کا از خود گرنا - مونڈن ہونا - **بال بال** - بالکل - مو بمو - ذرا ذرا - ؎ نسیم

گناہ کر کے ہُوا انفعال کیا کہنا
سقر سے بچ گئے ہم بال بال کیا کہنا

بال بال بچنا - صدمہ پہنچنے میں بال برابر کسر رہ جانا - صاف صاف بچ نکلنا - **بال بال گج موتی پرونا** - سر سے پاؤں تک بناؤ سنگار کرنا - **بال باندھا چور** - عاشق کامل جو معشوق کا پورا پورا مطیع فرمانبردار ہو - **بال باندھا غلام** - بے عذر نوکر - اشارے پر کام کرنے والا - عاشق کامل - **بال باندھا نشانہ اڑانا** - ٹھیک نشانہ مارنا - **بال بانکا ہونا** - معمولی چوٹ لگنا - خراش آنا ؎ جان

سر پھوڑ کے لہو کی بہاؤں گی ندیاں
گر بال بانکا ہوگا ابھی میرے لال کا

بال بچورنا - بال کو الگ الگ کر کے سر کی کھال دیکھنا "ذرا بال بچور کے دیکھنا تو معلوم ہوگا - کتنی جوئیں پڑی ہیں" **بال بچوں والی** (مو) کنبہ دار اور صاحب اولاد عورت - سیتلا - چیچک - **بال بچے** (مذ) اولاد - جورو - کنبہ - **بال بدھ** - (مو) لڑکپن کی عقل - **بال بدھوا** نوعمر بیوہ - **بال برابر** - نہایت باریک فرق - ذرا سا ؎ ذوق

ہے کان اس کے زلف عنبریں ہوئی
دیکھے گی تو یہ بال برابر نہ ہوئی

بال بکھیرنا - بالوں کو پریشان کرنا - ماتم کرنا - سوگ منانا - **بال بنانا** - بالوں کو سنوارنا - بالوں کو کنگھی کر کے مانگ نکالنا - بالوں کو مونڈنا - **بال بیکا نہ ہونا** - ذرا نقصان نہ پہنچنا - **بال پکنا** - بال سفید ہونا - بڑھاپا آنا - **بال پن** - (مذ) لڑکپن - بچپن - **بال توڑ** - (مذ) وہ پھوڑا جو بال ٹوٹنے سے ران میں نکل آتا ہے - **بال چُننا** - موچنے سے سفید بال اکھیڑنا - **بال چھتری** - شاہجہانی پگڑی - **بال چھڑ** (مو) ایک خوشبودار گھاس جو بالوں سے مشابہ ہوتی ہے - **بال خورا** (مذ) وہ مرض جس سے بال جھڑ جاتے ہیں - **بال رکھاؤ** (مذ) چٹائی کی اونچی نشست جس پر بیٹھ کر کھیت کی حفاظت کرتے ہیں - **بال رکھائی** - اسم معاوضہ -

بال رکھنا - پٹے یا انگریزی بال رکھنا - سر کے بال بڑھانا - **بال سفید ہونا** - بوڑھا ہونا - تجربہ کار ہونا - **بال سلجھانا** - بالوں میں کنگھی کرنا - بال سنوارنا - **بال سیدھا** - **بال صفا** - (مذ) بالوں کو استرے کی طرح اڑا دینے والا پوڈر - **بال کا کمبل بنانا** - بات کا بتنگڑ یا رائی کا پربت بنانا - **بال کترنے سے مُردہ ہلکا نہیں ہوتا** - بڑے ذخیرے میں سے تھوڑا نکال دینے میں کوئی نقصان نہیں ہوتا - **بال کمانی** (مو) گھڑی کی باریک کمانی جو بال کی مثال ہوتی ہے - **بال کھچڑی ہونا** - زیادہ بالوں میں سفیدی آنا - ؎

بال کھچڑی ہو گئے دیکھو جوانی آپ کی

بال کھڑے ہونا - ڈرنا - اندیشہ پیدا ہونا - رونگٹے کھڑے ہونا - **بال کھولنا** - ماتم کرنا - سر کی چوٹی کھولنا - **بال کی بھیڑ بنانا** - بات کو بڑھانا - مبالغہ کرنا - **بال کی کھال نکالنا** - بہت نکتہ چینی کرنا - بات بات میں باریکیاں پیدا کرنا - **بال لینا** - بڑھے ہوئے بال اتارنا - زیر ناف کے بال مونڈنا - **بال و پر نکلنا** - ہوش سنبھالنا - شریر ہو جانا - **بال ہتیا** سر گرانا - حرام چھپانے کے لیے بچے کا گلا گھونٹ دینا - **بال ہٹ** (مو) بچوں کی ضد - اڑ -

بالا: (ہ - مذ) کان میں پہننے کا مشہور زیور - بڑی بالی - ایک کیڑا جو گیہوں اور جو کے پودے کھاتا ہے - خس جس سے ٹٹیاں اور پردے وغیرہ بنتے ہیں - بچہ - لڑکا - دھوکا (ف) لمبا قد - بلند - قامت - **بالا بالا** - الگ ہی الگ - چپکے ہی چپکے - **بالا بتانا** - ٹالنا - بہانہ کرنا - **بالا پرا** (مذ) انگرکھے کے دامن کا وہ حصہ جو دوسرے دامن پر پڑا رہتا ہے (چکن کا اگلا پردہ) - اوپر کا دامن - **بالا پوش** (مذ) لحاف - پلنگ پوش - غلاف - **بالاخانہ** (مذ) اوپر کا کمرہ - کوٹھا - خوائف کا کوٹھا - **بالا دست** - زبردست - افسر - حاکم - **بالا دینا** - ٹالنا - دھوکا دینا - **بالا شاہی** - ایک سکہ - **بالا کئی** جو تقسیل کریں - **بالا نشین** - (مذ) بڑھیا چیز - اوپر بیٹھنے والا - میر مجلس ذاکر یا واعظ جو منبر پر بٹھایا جاتا ہے - **بالائی** (مو) اوپری سطح پکائے ہوئے دودھ کے اوپر کی تہ - ملائی - **بالائے طاق** ہونا - بھولنا - خیال نہ رہنا - بھلا دینا - قابل التفات نہ سمجھنا - دھیان نہ کرنا - **بالائی مزے** - (مذ) چوری چھپے کے لطف - عیش و آرام - **بالائی یافت** - (مو) تنخواہ کے علاوہ وہ آمدنی جو ملازمت کے

سلسلے میں ہو

بالاتفاق: (ع) سب کے اتفاق و اتحاد سے متفق الرائے ہو کر۔ سب سے مل کر

بالاجمال: (ع) مختصر طور پر۔ اختصار کے ساتھ۔

بالارادہ: (ع) قصداً۔ جان بوجھ کر

بالتخصیص: (ع) خصوصیت کے ساتھ۔ خاص کر۔ خصوصاً

بالتصریح: (ع) خوب واضح کر کے۔ خاص الفاظ میں شرح و بسط کے ساتھ۔

بالتفصیل: (ع) تفصیل وار۔ مفصل۔ بالاجمال کی ضد۔

تیرے مارے ہوئے شیروں کی جو کھالیں مل جائیں
پوست کندہ تری جرأت وہ کہیں بالتفصیل تسلیم

بالٹی: (ہ۔ مؤ) ڈول۔ نہانے یا بیٹھنے کا ایک پانی رکھنے کا برتن۔

بالجملہ: (ع) حاصل کلام۔ خلاصہ کلام۔

بالخصوص: (ع) خاص کر۔ خصوصاً۔

بالش: (ف۔ مذ) تکیہ۔ مسند

بالش ٹرین: بالسٹ ٹرین وہ گاڑی جو سڑک کی تعمیر کے لیے سامان ڈھوتی ہے۔

بالشت: (ف۔ مؤ) بِلَّا۔ انگوٹھے کی نوک سے چھنگلیا کی نوک تک کا فاصلہ جبکہ دونوں داہنی بائیں جب کو پھیلا دیا جائے۔ بالشتیا۔ بالشت بھر کا۔ بونا۔ چھوٹے قد کا آدمی۔

بالشوزم: (انگ۔ مؤ) روس کی اشتراکی جماعت (بالشویک) کا طرز عمل۔ بالشویک۔ روس کی اشتراکی جماعت۔ اس جماعت کا فرد۔

بالضرور: (ع) ضرور۔ البتہ۔ بلاشک۔ لازمی طور سے

بالضرورۃ: (ع) ضروری ہو کر۔ ضرورۃً۔ مجبوراً۔

بالعکس: (ع) برعکس۔ اُلٹا۔ خلاف

بالعموم: (ع) عام طور سے۔ عموماً۔

بالغ: (ع۔ مذ) وہ لڑکا جو پندرہ برس کا یا اس سے زیادہ ہو یا اس کے زیر ناف سخت بال نکل آئیں یا سوتے جاگتے میں منی نکلنے لگے۔ سیانا۔ جوان۔ سمجھ دار۔ بالغ النظر۔ بلند نظر۔ تیز فہم اور سمجھ دار۔ بالغہ (ع۔ مؤ) وہ لڑکی جو پوری نو برس کی ہو چکی ہو یا اسے ماہواری آنے لگے یا زیر ناف سخت بال نکل آئیں۔ جوان عورت۔ سیانی۔ بالغہ بالسن۔ عمر کے اعتبار سے بالغ عورت۔ بالغہ بالعلامات۔ وہ لڑکی جس کی عمر تو بلوغ کے حد سے کم ہو مگر بالغ ہونے کی علامات (حیض وغیرہ) ظاہر ہو گئی ہوں

بالفرض: (ع) فرضی طور سے۔ مان کر۔ فرض کیا

بالفعل: اس وقت۔ موجودہ حالت میں۔ فی الحال۔ خیال اور امکان کی منزل سے نکلنے کے بعد وجود کی منزل میں

بالقوۃ: (ع) اصل میں۔ حقیقت میں۔ وجود میں آنے سے پہلے۔ امکان کی منزل میں

بالک یا بالکا: (ہ۔ مذ) بچہ۔ مرید۔ چیلا۔ بالک پن (مذ) بچپن۔ لڑکپن۔ نادانی کی بات۔ بالک چوری۔ بچوں کو بھگا لے جانا

بالکل: (ع) تمام و کمال۔ سب۔ جملہ۔ کل۔ سارا

بالمشافہہ: (ع) آمنے سامنے۔ منہ در منہ

بالم یا بالما: (ہ۔ مذ) خاوند۔ عاشق۔ عورت کا محبوب

بالمقطع: (ع سے بالمقطع) بغیر بھاؤ تاؤ کے۔ چکتا۔ اکٹھا۔

بالم کھیرا: (ہ۔ مذ) بڑا کھیرا

بالمواجہہ: (ع) موجودگی میں۔ سامنے۔ رو در رو

بالمیک: (مذ) سنسکرت زبان کی مشہور کتاب رامائن کا مصنف والمیک۔

بالن: (ہ۔ مذ) ایندھن۔

بالنگو: (ہ۔ مذ) ایک دوا۔ ایک تخم کا نام جسے گرمی کے موسم میں بھگو دیتے ہیں۔ جب خوب پھول جاتا ہے تو شکر ملا کر پیتے ہیں۔ بالنگا۔

بالو: (ہ۔ مذ) ریت۔ بھاڑ کا ریتہ

بالوشاہی: (ہ۔ مؤ) ایک مشہور مٹھائی (مذ۔ ولی)

بالی: (ہ۔ مو) کان میں پہننے کا حلقہ۔ مُرکی۔ بالا کا مؤ۔ کم سن (لڑکی کے ساتھ "لڑکی بالی")

[illegible]

بالی: (ہ۔ مو) خوشہ گندم وغیرہ کا ؎ میر

کر شک کیوڑے کی بالی کا جو آنسو ڈھلکا کان پہ

بالی عمر۔ لڑکپن۔ کم سنی۔ بالی کی سوئیاں۔ گیہوں اور جو کے خوشوں کے باریک بال۔

بالیدگی: (ف۔ مو) نشو و نما۔ طبیعت کا اُبھار۔ بڑھوار۔ خوشی۔ بالیدہ۔ خوش۔ جوشش پر۔ مائل بہ نشو و نما۔

بالین: (ف۔ مو) تکیہ۔ سرہانا۔ خانہ بربادی پر بھی نہ چھوٹی سانس ہی۔ بیٹھ بستر ہو گئی تو بالیں ہو گیا۔ سرہانا (پائنتی کی ضد۔ سودا نے مذکر لکھا ہے) ؎

سودا کے جو بالیں پہ گیا شور قیامت
خدام ادب بولے ابھی آنکھ لگی ہے

بام: (ف۔ مذ) کوٹھا۔ چھت۔ بالاخانہ۔

با مسلماں اللہ اللہ با برہمن رام رام: ہر شخص سے نباہ کرنا چاہیے۔ وہ کسی مشرب سے ہو۔

بامن: (ہ۔ مذ) برہمن۔ ہندوؤں کی ایک ذات جو سب سے اونچی مانی جاتی ہے اور جس میں پنڈت ہوتے ہیں۔ بامنی۔ برہمن کی عورت۔ سانپ کی طرح اور چھپکلی کی صورت کا ایک سُرخ اور مٹیالے رنگ کا کیڑا۔

بان: (ہ۔ مذ) مونج وغیرہ کی پتلی رسی جس سے پلنگ بُنے جاتے ہیں۔ ہوائی جو آتشبازی میں چھوڑی جاتی ہے۔ نیز یہ لفظ لاحقہ بھی ہے جو فارسی میں بان اور ہندی میں وان ہے۔ اس سے اسم فاعل کے معنی پیدا ہوتے ہیں جیسے نگہبان۔ بکربان وغیرہ۔

بانا: (ہ۔ مذ) لباس۔ پوشاک۔ وہ تار جو کپڑا بُنتے وقت چوڑائی میں تانے جاتے ہیں۔ بانا باندھنا۔ تیار ہونا۔ پکا ارادہ کر لینا۔ ٹھاننا۔ لاجواب اور لاثانی ہونے کا دعویٰ کرنا۔ بانا بدلنا۔ بھیس بدلنا۔

بانات: (ا۔ مو) ایک قسم کا ملائم اُونی کپڑا جو دیکھنے میں ایسا خوبصورت معلوم ہوتا ہے جیسے اُون کو کوٹ کوٹ کر بہت بنا لیا گیا ہے۔

بانبی: (ہ۔ مو) سانپ کا بل۔ سانپ کا سوراخ۔

بانٹ: (ہ۔ مو) حصہ۔ تقسیم۔ بٹوارا۔ خارج قسمت۔ حاصل قسمت۔ دودھ دوہنے کے بعد جانوروں کے آگے ڈالنے کا چارہ وغیرہ۔ بانٹ چونٹ کر۔ دے دلا کر۔ تقسیم کر کے۔

بانٹنا۔ تقسیم کرنا۔ حصے لگانا۔

بانجھ: (ہ۔ مو) وہ عورت جس کے اولاد پیدا نہ ہو۔ بانج

باندھے ہوئے تو ہینگ کی پُڑیا، میری بیٹی کاتے تو نون لگڑی: اپنی معمولی چیز کی نہایت تعریف کر کے اُسے ٹھکانے لگانے کے موقع پر بولتے ہیں۔

باندھنا: (ہ) کسنا۔ جکڑنا۔ گرہ لگانا۔ لٹکانا۔ مقرر کرنا۔ تھامنا۔ روکنا۔ گرفتار کرنا (جادو وغیرہ کا) اثر روکنا۔ نظم کرنا۔ عبارت میں لانا۔ گھیرنا۔ ارادہ کرنا۔ الزام لگانا۔ پابند کرنا۔ نکاح یا شادی کر دینا۔ چوٹی میں بل دینا۔ ایک کا دوسرے سے جوڑ ملانا۔ (ہاتھ باندھ کر کہا) تجویز کرنا (معمول باندھنا) بنانا (لڈو باندھے) پاڑ بنانا (رستے کی دھار باندھی) اثر کھونا۔ اثر روکنا۔ بال گوندھنا۔ سر گوندھنا۔ مچان بنانا۔ تشبیہ دینا ؎ انشا

سب اس کو سرو باندھتے ہیں تو اس کو ناز باندھ
بوسے کی گر ہوس ہے تو گرد اس کے پاڑ باندھ

باندھنو: (ہ۔ مذ) الزام۔ بہتان۔ تہمت۔ بندش کی گرہیں جو بندیج کی رنگائی کے لیے رنگریز مختلف رنگوں کے ڈوروں سے باندھا کرتے ہیں۔ باندھنو باندھنا۔ الزام لگانا۔ تہمت دھرنا۔ (رنگریزوں کا مقررہ طریقے سے گرہ باندھنا)

باندی: (ہ۔ مو) لونڈی۔ خادمہ۔ باندی کے آگے باندی بیٹھ گئے نہ آندھی۔ کم ظرفوں اور نو دولتوں کے ہاں ملازم کی قدر نہیں ہوتی (لونڈی کا تابع ہے)

بانڈی: (ہ۔ مو) ڈنڈا۔ بانس کی چھڑی۔ بانڈی باز۔ لٹھ باز۔ فسادی۔ بانڈی چلنا۔ مار کٹائی ہونا۔ لٹھ چلنا۔

بانس: (ہ۔ مذ) مشہور لکڑی جو اندر سے خالی اور اوپر سے گنے کی طرح گرہ دار اور مضبوط ہوتی ہے۔ بانس پر چڑھانا۔ بدنام کرنا۔ بانس واڑی۔ بانسوں کا جنگل۔ بانسوں اُچھلنا۔ بہت خوش ہونا ؎ غیر معلوم

ایک ایک ہاتھ دونوں طرف کو جو چل گیا
نیزہ بھی اُس کمال پہ بانسوں اُچھل گیا

بانسی۔ بانس کا درخت

بانسا: (ہ۔ مذ) نتھنوں کے درمیان کی ہڈی۔ ناک کی جڑ۔ بانسا پھر جانا / بولنا۔ موت کے آثار نظر آنا۔

بانسری: (ہ۔ مو) بانسلی۔ مرلی۔ منہ سے بجانے کا ایک مشہور باجا۔ جو نے سے بنایا جاتا ہے۔

بانک: (ہ۔ مذ) چھری اور کٹار اور لوہے کی کوئی وغیرہ سے بیٹھ کر۔ لیٹ کر لڑنے کا فن۔ کمان۔ کجی

باؤ:- (ہ - مو) ہوا۔ کرۂ ہوائی۔ ریح۔ گوز۔ گٹھیا۔ جوڑوں کا درد۔ خرد ماغی۔ گھمنڈ۔ **باؤ بندی**۔ باد ہوائی باتیں۔ خیال باطل۔ فریب۔ دھوکا۔ دھوکے کی مصنوعی دلیل۔ **باؤ بھرکنا**۔ سودائی ہوجانا۔ پاگل ہوجانا۔ **باؤ بھنک**۔ (مو) بلبلہ۔ حباب۔ **باؤ سرنا**۔ گوز صادر ہونا۔ **باؤ سول**۔ بائی درد۔ **باؤ کے گھوڑے پر سوار ہونا**۔ جلد بازی کرنا۔ گھمنڈ کرنا

باؤٹا:- (ہ - مذ) جھنڈا۔ نشان۔ پھریرا۔ تشنج۔ اینٹھن۔ **باؤٹا اڑانا**۔ پھریرا لہرانا۔ نشان گاڑنا۔

باؤگولہ:- (ہ - مذ) تلی کا درد۔

باؤلا:- (ہ - مذ) پاگل خبطی۔ **باؤلی** (مو)

باؤلی:- (ہ - مو) بڑا سا سیڑھیوں والا کنواں۔ نیز پاگل عورت (ایک آلہ جس سے شکاری پرندوں کا شکار کرنا سکھاتے ہیں۔ فریب۔ چالاکی۔ **باؤلی دینا**۔ دھوکا دینا۔ شکاری پرندکو شکار کرنے پر لگانا۔ **باؤلی گھاٹ کے باؤلے پائے**۔ **باؤلی جانے کے باؤلے جائے**۔ جیسے ماں باپ ویسی اولاد۔ سبکے سب بیوقوف اور احمق۔

باؤلی دنیا:- تاش کے کھیل میں تیرہ کے تیرہ ہاتھ بنا لینا

بائی:- (ہ - مو) بیگم۔ رانی۔ اینٹھن۔ تشنج۔ ریاحی درد۔ جوڑو کا درد۔ ریح۔ دلال۔ **بائی پھرنا**۔ ریح صادر ہونا۔

بائیبل:- (مو - انگ) انجیل۔ عیسائیوں کی آسمانی کتاب

بائیس:- (ہ) بیس اور دو۔ تیس سے آٹھ کم

بائیسی:- (ا - مو) فوج جس میں بائیس صوبوں کے رسالے ہوتے اور مغل بادشاہوں کے جلوس میں رہتی تھی۔ **بائیسی ٹوٹنا**۔ (دہلی) فوج کا زور دار حملہ کرنا

بائیسکل:- (مو - انگ) سائیکل۔ دو پہیوں کی گاڑی جس کے پہیوں میں ربڑ کے ٹائر اور ٹیوب ہوتے ہیں اور گدی پر بیٹھ کر پیڈل کو پیر سے چلانے پر چلتی ہے۔ پیر گاڑی

بائیکاٹ:- (مذ - انگ) عدم تعاون کا اعلان۔ تجارتی اور معاشرتی تعلقات بالکل قطع کرنے کا اعلان۔

بائیوگرافی:- (انگ - مو - بائی اگرفی (ائی کی یائے معروف جلے نام پڑھی جائے۔ ر کے بعد الف کا تلفظ۔ الف اور واؤ کے بین بین) سوانح عمری۔

بائیں بائیں کرنا:- (ا) بیہودہ بکواس کرنا۔ فضول شور مچانا۔

بائیں ہاتھ کا کھیل:- (ا) بہت آسان کام۔ نہایت سہل کام

بایاں:- (ہ) الٹا ہاتھ۔ وہ طبلہ یا گجرا جو بائیں ہاتھ کی طرف رہتا ہے۔ وہ طبلہ جو تانبے یا مٹی کی کنڈالی پر کھال منڈھ کر بناتے ہیں۔ ؎ میر حسن

گئی بائیں کی آسماں تک گمک
اٹھا گنبد چرخ سارا دھمک

بایاں پاؤں پوجنا۔ کسی کے کمال کا اعتراف کرنا۔ کسی کو مان جانا۔ قائل ہونا

باید و شاید:- (ف) کمال تعریف کے موقع پر بولتے ہیں جیسا کہ چاہیئے ویسا ہی شاید

بایں ہمہ:- (ف) ان تمام چیزوں کے باوجود۔ ان سب چیزوں کے ہوتے ہوئے۔

ببر:- (ع - مذ) بڑا شیر۔ جس کی گردن پر بال ہوتے ہیں افریقہ کا شیر۔

ببتر:- (ا) وہ شخص جو اونٹ اور گھوڑوں وغیرہ کے بال کاٹتا ہے۔

ببرا:- (ا - مذ) وہ نیلے رنگ کا کبوتر جس کے بازوؤں پر کالی چتیاں ہوتی ہیں

ببری:- (ہ - مو) ماتھے کے بال جو عورتیں خوب صورتی کے لئے ماتھے پر چھوڑتی ہیں جو چھوٹی ہوئی لٹ۔ کاکل نیز ببرا کا مو۔ **ببریاں چھوڑنا**۔ ماتھے کے تھوڑے بال خوب صورتی کے لیے چھوڑنا۔

ببوا:- (ہ - مذ) بابو کی تصغیر۔ کھلونا۔ مٹی کا پتلا۔ خوب صورت بچہ بھولا بچہ۔

ببول:- (ہ - مذ) کیکر کا درخت جس میں لمبے لمبے کانٹے ہوتے ہیں۔ **ببول کے پیڑ بونا**۔ برے کام کرنا

ببولا:- (ہ - مذ) بگولا۔ سرد باد۔ خلا پانے سے ہوا کا چکرا کر بلند ہونا ؎ برق

خاک آلودہ جو گردش کو سراپا اٹھا
دور سے لوگ یہ سمجھے کہ ببولا اٹھا

ببی:- (ہ - مو) مینا کی قسم کی ایک چڑیا۔

ببی:- (ہ - مو) بوسہ۔ پیار۔

ببیا:- (ہ - مو) بی بی کی تصغیر۔ تاش کی ملکہ۔

ببیس:- (ہ - مو) بواسیر۔ غلام کرانے کی عادت۔ خواہ مخواہ کی خواہش۔ **ببیسیا**۔ وہ شخص جسے غلام کرانے کی عادت

بتھوا:- (ہ۔ مذ) ایک قسم کا ساگ جو عموماً گیہوں کے کھیت میں خود بخود بغیر بوئے پیدا ہو جاتا ہے۔ بتھوے کا ساگ کن ساگوں میں، بینا ساس کن ساسوں میں۔ ادنیٰ چیز کی کچھ قدر و قیمت نہیں ہوتی۔ ۔۔۔ کا رشتہ کوئی رشتہ نہیں گنا جاتا۔

بتی:- (ہ۔ مو) کپڑے یا روئی کی بنی ہوئی ڈوری جسے چراغ یا شیاف وغیرہ میں استعمال کرتے یا مہاجن پگڑی پر باندھتے ہیں۔ چٹ ۔ ے آتش

سُرخ بتی باندھے گا وہ دلستاں بالائے سر

شناف۔ لاکھ کی قلم جس سے مہر اٹھاتے ہیں۔ وہ فتیلہ جس سے توپ اڑاتے تھے۔ حیوانات کی پیٹھ والی ہڈی کے دونوں طرف کا گوشت جو نرم و لذیذ ہوتا ہے۔ میل کی ڈوری ے رشک

جب نہانے میں ہوا کیسہ تمہارے ہاتھ پر
پھسلی بتی صاف مشک چین پیشانی ہوئی

بتی اڑانا۔ نشانے باز چراغ کی بتی اڑاتے ہیں۔ نشانے کا صاف ہونا۔ ے ناسخ

گل کر دیا چراغ ہماری حیات کا
بتی اڑائی تو نے نگہ کی خدنگ سے

بتی جلانا۔ چراغ روشن کرنا۔ بتی چڑھانا۔ زخم کے اندر بتی رکھنا چراغ یا فانوس میں بتی رکھنا۔ بتی کو اوپر سرکانا۔ بتی دکھانا۔ آگ دینا۔ بندوق وغیرہ کو داغنا۔ بتی کی طاقت۔ بجلی کے لیمپ کی پاور جو موم کی بتیوں کے حساب سے مقرر کی جاتی ہے۔ بتی لگانا۔ بتی دکھانا۔ جلانا۔

بتیس:- (ہ) تیس اور دو۔ چالیس سے آٹھ کم۔ بتیس ابھرن (ہ۔ مذ) بتیس زیور۔ ا۔ سیس پھول ۲۔ کھور (ماتھے کا زیور) ۳۔ ٹیکا ۴۔ نتھ ۵۔ بالی ۶۔ پتا ۷۔ جھومر ۸۔ کرن پھول ۹۔ گھنٹہ مرکی ۱۰۔ جوہار ۱۱۔ جگنو ۱۲۔ چکلڑی ۱۳۔ چمپا کلی ۱۴۔ چندن ہار ۱۵۔ ہنگ ہار ۱۶۔ پہنچی ۱۷۔ پچھیلی (چوڑیوں کے پیچھے پہننے کا زیور) ۱۸۔ جہین منقش ۱۹۔ کنگن ۲۰۔ نونگے ۲۱۔ برے (بازو کا زیور) ۲۲۔ جوشن ۲۳۔ بازوبند ۲۴۔ آرسی ۲۵۔ انگوٹھی ۲۶۔ چھلے ۲۷۔ کردھنی ۲۸۔ کڑے ۲۹۔ پازیب ۳۰۔ جھانجھ ۳۱۔ چھڑے ۳۲۔ بچھوے۔ بتیس دانت کی بھاکا خالی نہیں جاتی۔ مظلوم کی دعا رائگاں نہیں جاتی۔ بتیس دانتوں میں زبان۔ دشمنوں سے گھر کر ضرر سے محفوظ۔ دشمنوں سے گھرا ہوا۔ بتیس دھار (مذ) ماں کا دودھ۔ بتیس دھار ہو کر نکلنا (بددعا) پھوٹ پھوٹ کر نکلنا۔ بتیس دھار میں دودھ بخشنا۔ ماں کا اپنا پلایا ہوا دودھ اولاد کو بخشنا۔ بتیسی۔ (مو) دانتوں کا چوکا۔ آدمی کے کل دانت۔ بتیسی بجنا۔ سردی کی شدت سے دانتوں کا بجنا۔ بتیسی بند ہونا۔ غش میں دانتوں کا جکڑ جانا۔ مرنے کے وقت اوپر نیچے کے دانتوں کا جکڑ جانا۔ بتیسی دکھانا۔ بے ہودہ ہنسنا۔ دانت پھاڑنا۔

بتیسا:- (ہ۔ مذ) ایک قسم کا مقوی حلوہ جو بچہ جننے کے بعد بتیس دواؤں سے بنا کر زچہ کو دیا جاتا ہے۔ وہ مسالہ جو گھوڑی کو بچہ جننے کے بعد دیتے ہیں۔ سوہن حلوے کی قسم کی ایک مٹھائی جو عموماً پنجاب میں بنتی ہے۔

بٹ:- (ہ۔ مذ) ٹکڑا۔ حصہ۔ تولنے کے اوزان (مو) بٹکن۔ شوجن۔ اوجھڑی کا موٹا موٹا گوشت کشمیریوں کی ایک ذات۔

بٹا:- (ہ۔ مذ) باٹ۔ بگھار۔ فرق۔ عیب۔ کٹوتی۔ کمی۔ کسر مسالہ پیسنے کا پتھر۔ مداریوں کے گول ڈھکنے جن میں گولیاں رکھ کر غائب کرتے ہیں۔ فصاد کا وہ لکڑی کا گولا جو خون لیتے وقت ہاتھ میں پھراتا ہے۔ ارباب نشاط کا انعام۔ بٹا باز۔ مداری شعبدہ گر۔ بٹا لگانا۔ عیب لگانا۔ کمی پوری کرنا۔ بٹا لگنا۔ عیب لگنا۔ حرف آنا۔ کمی پڑنا۔ بٹا سٹا (ہ۔ مذ) ایک قسم کی زردہ۔ سازش۔

بٹالین:- (انگ۔ مذ) پلٹن۔ پیدل فوج کے ایک ہزار سپاہیوں کی رجمنٹ۔

بٹانا:- (ہ) تقسیم کرنا۔ خیال کو پریشان کرنا

بٹائی:- (ہ۔ مو) پیداوار کی تقسیم۔ زمیندار اور کاشتکار کے درمیان۔ بٹائی پر دینا۔ آدھی پیداوار بانٹ لینے کے معاہدے پر کاشتکار کو زمین یا باغ دینا

بٹلوئی:- (ہ۔ مو) دیگچی۔

بٹمار:- (ہ۔ مذ) لٹیرا۔ ڈکیت

بٹن:- (انگ۔ مذ) بوتام جو گلے اور آستینوں وغیرہ میں گھنڈی اور تکمے کے بجائے لگاتے ہیں۔

بٹنا:- (ہ) بل دینا۔ لپیٹنا۔ تقسیم ہونا۔ حاصل کرنا۔ وصول ہونا۔ خیال کا منتشر ہونا۔ ٹل جانا۔ ے میر حسن

خواہشیں جو تھیں رو بروہ بٹ گئیں
بہانے سے ہر کام کے ہٹ گئیں

بٹنا:- (ہ۔ مذ) اُبٹنا۔ غازہ، جو دلہن کے چہرے اور جسم پر ملا جاتا ہے

بٹنی:- (ہ۔ مو) عورتوں کی چھاتیوں کا منہ جس سے بچہ دودھ پیتا ہے۔

بٹنی۔ بٹنیا:- (ہ۔ مو) پیار میں بیٹی کو کہتے ہیں

بٹوا:- (مذ) چھالیا اور الائچی وغیرہ رکھنے کا دو یا تین پرتوں والا کیسہ جو اکثر تنباکو یا پان کھانے والے لوگوں کے پاس ہوتا ہے۔ چمڑے وغیرہ کا پرس جس میں لوگ روپیہ پیسہ رکھتے ہیں۔ **بٹوا سا قد**۔ (مذ) چھوٹا اور گول قد۔ خوش اندام۔ **بٹوا سا منہ** (مذ) چھوٹا سا خوب صورت منہ

بٹوار:- (ہ) سرکاری محصول اکٹھا کرنے والا۔ اگاہی کرنے والا

بٹوارا:- (ہ)۔ مذ تقسیم۔ حصہ۔ بانٹ۔

بٹوانا: (ہ) تقسیم کرانا۔ متفرق کرانا۔ بل ڈلوانا۔

بٹورا:- (ہ۔ مذ) سوکھے اُپلوں کا ڈھیر جس میں اُپلے چُن کر باقاعدہ رکھ دئے گئے ہوں۔

بٹورن:- (ہ۔ مو) بکی بکھی چیز۔ اِدھر سے اُدھر سمیٹ کر فراہم کی ہوئی چیز۔ **بٹورنا**۔ سمیٹنا۔ اکٹھا کرنا (اُپلے وغیرہ چننا)

بٹھا رکھنا:- (ہ) لڑکی کو کنوارا رکھنا۔ شادی کے بعد سسرال نہ بھیجنا۔ بیکار رکھنا۔ زبردستی نہ جانے دینا۔

بٹھانا یا بٹھلانا:- (ہ) اکڑوں یا پالتی مار کر نشست کرانا۔ کسی پرند کو انڈوں پر چھوڑنا۔ دل نشین کرنا۔ کیل وغیرہ گاڑنا۔ نقشہ جمانا۔ ذہن میں خاکہ بنانا۔ قائم کرنا۔ بڑا بادشاہ بنانا۔ جانشین بنانا۔ گھر میں ڈالنا۔ (عورت کو گھر میں بٹھا لیا) محافظ مقرر کرنا (مال پر آدمی بٹھا دے) دوالہ نکالنا (بازار کے بھاؤ نے سوداگر کو بٹھا دیا) معمول کرنا (جیسے غم نے بٹھا دیا) مدرسے میں داخل کرنا۔ درست کر کے جمانا۔ مشق کر کے ہاتھ بٹھانا۔ کام پر لگانا۔ کام سے نکالنا۔ شادی نہ کرنا (جوان بیٹی کو کب تک بٹھا رکھے گی) سخت کرنا۔ جمانا۔ گاڑھا کرنا (جیسے پارہ بٹھانا)۔ دھنسانا۔ اندر کرنا (آنکھ بٹھا دی) مسمار کرنا۔ گرانا (مکانات بٹھا دئے) پرت پھیلانا (حساب بٹھانا)

بٹیا:- (ہ) کلاوتوں بٹنے والا (مو) ایک پگڈنڈی۔ گول چھوٹا پتھر۔ چھوٹا باٹ۔

بٹیا:- (ہ۔ مو) بیٹی کی تصغیر۔ لڑکی۔ بٹیاں جمع۔

بٹیا:- (ہ۔ مو) بٹائی۔ دیکھو بٹائی۔

بٹیر:- (ہ۔ مو) ایک چھوٹا سا مشہور پرندہ جو تیتر سے رنگ روپ میں مشابہ ہوتا ہے۔ **بٹیر باز**۔ بٹیریں پالنے اور لڑانے والا۔ **بٹیر پالنا**۔ بےکار کام کرنا۔ **بٹیر کا بندھ جانا**۔ بٹیر کا واز بٹنے کے وقت بیکلا ہو جانا۔ **بٹیر کا بکانا**۔ بٹیر کے کان میں رات کو آواز دینا۔ **بٹیریں لڑانا** (اصلی معنوں کے علاوہ) فساد ڈالنا۔

بٹے کھاتے:- ناقابل وصول مد۔ بے توجہی کی جگہ۔ جیسے میری درخواست تو بٹے کھاتے میں پڑی ہے۔

بجا:- (ف) ٹھیک۔ درست۔ بے شک مناسب۔ جگہ پر۔ ٹھکانے پر۔ مناسب موقع۔ (طنزاً) بمعنی بالکل غلط۔ نامناسب۔ غیر موزوں۔ **بجا آوری**۔ (مو) تعمیل حکم۔ انجام دینا۔ تعمیل کرنا۔ **بجا لانا**۔ **بجانا**۔ حکم کی تعمیل کرنا۔ انجام دینا۔

بجار:- (ہ۔ مذ) سانڈ۔ موٹا تازہ۔ زبردست۔

بجالا:- (ہ۔ مذ) بیجوں سے بھرا ہوا۔

بجانا:- (ہ) باجے کی آواز نکالنا۔ ٹیپے وغیرہ پر کھٹا ہوم [illegible]

بجائے:- (ف) عوض میں۔ بدلے میں۔ جگہ پر۔ قائم مقام کے طور پر

بجبجانا:- (ہ) سڑ کر بلبلے اٹھنا۔ کیڑے پڑ جانا اور ان کا حرکت کرنا۔

بجٹ:- (انگ۔ مذ) جمع خرچ کا اندازہ جو پہلے سے لگایا جاتا ہے۔

بجد ہونا:- (ا۔ ہند۔ ع) مصر ہونا۔ ضد کرنا

بجر:- (ہ۔ مذ) سخت اور بھاری پتھر۔ جواہرات۔ بجلی۔ برجیس۔ نشست بٹھا سے سودا

ہے اتنا چپنے میں بجرِ بد ذات
نہیں باقی معوبت کی ہے یہ رات۔

بجرا:- (انگ۔ ہ۔ مذ) ایک قسم کی بڑی خوشنما کشتی۔

بجر بٹو:- (ہ۔ مذ) ایک قسم کا کھلونا۔ ایک کالا جنگلی پھل

بجری:- (ہ۔ مو) سنگریزے۔ ننھے ننھے اولے۔ پھوہار۔

بجز:- (ف) سوائے۔ بغیر۔

بجلی:- (ہ۔ مو) وہ چمک جو بادلوں کی رگڑ سے پیدا ہوتی ہے۔ پھرتیلا۔ طرار۔ آم کی گٹھلی اتارنے کے بعد جو سفید گودا نکلتا ہے۔ **بجلیاں گرنا**۔ دیکھو بجلی گرنا
ع عزیز

خندہ زن موت ہے ہستی کے نگہبانوں پر
بجلیاں گرتی ہیں تہذیب کے کاشانوں پر

بجلی بسنت ۔ موسم بہار کی کڑک ۔ تیز ۔ چالاک ۔ دشمن کی بجلی ٹوٹے (بد دعا) آگ لگے ۔ جل کر بھسم ہو جائے ۔ بجلی چمکنا یا کوندنا ۔ بادل کی گرج سے چمک پیدا ہونا ہے انیس

بجلی سی کوندتی ہوئی تیغ دو سر گری

بجلی کی تلوار (مو) بجلی کی طرح تیز چلنے والی تلوار ۔ بجلی مہمان گھر میں ٹکتا نہیں ۔ خود غریب اور امیروں کو دعوت دیتا ہے ۔ بجلی گرنا بجلی کا شعلہ بادلوں سے زمین پر گرنا ۔ آفت آنا ۔ ناگہانی مصیبت آنا

بجلیاں یا بجلی کے بالے :۔ (ہ ۔ مو) ایک قسم کی جوڑی اور جڑاؤ بالیاں جو کانوں میں پہنی جاتی ہیں

بجنا :۔ (ہ) باجے کی طرح آواز نکلنا ۔ تمام ہو جانا

بُجنا :۔ (لا ۔ مذ) حیض کا لتہ حیض کی گدی ۔

بجنتری :۔ (ہ) باجا بجانے کا فن جاننے والا ۔

بجنسہٖ :۔ (ع) ہو بہو ۔ جوں کا توں ۔

بجو :۔ (ہ ۔ مذ) ایک مردار خوار جانور چھوٹی چھوٹی آنکھوں اور سکڑے منہ والا ۔

بجوانا :۔ (ہ) بجانا کا متعدی ۔

بجوانا :۔ (ہ) عامیانہ روزمرہ ۔ خوب پیٹنا اور دھننا حجامت کرنا ۔ پیٹنا کا ۔

بجوگ :۔ (س ۔ مذ) منحوس ستاروں کا اجتماع ۔ جدائی ۔ برہ ۔ مرض ۔ صدمہ ۔ حادثہ ۔ بجوگ پڑنا ۔ بچھڑنا مصیبت پڑنا سے چکت

پالا تھا اپنے لال کو میں نے کما کے بوگ
اس کی خبر نہ تھی کہ پڑ جائے گا بجوگ

بُجھانا :۔ (ہ) آگ کو ٹھنڈا کرنا ۔ دھیما کرنا ۔ اینٹ یا دھات کو گرم کر کے پانی میں ڈالنا ۔ حوصلہ توڑ دینا ۔ زہر یا تیزاب میں ڈالنا ۔ بجلی کا منقطع ہونا ۔ اشتعال کو ختم کرنا ۔ دل کی لگن پوری کرنا ۔

بُجھنا :۔ (ہ) بجھانا کا لازم ۔

بجھوتا :۔ (ہ ۔ مو) بجھارت ۔ چیستاں ۔ معما

بجھیرا :۔ (بُ جھے را ۔ ہ ۔ مذ) (تک) وہ کٹورے نما پیالہ ظرف مٹی جو کنوؤں پر چڑھاتے اور اوپر کی ناف اٹھانے کے لیے ایک ہانڈی سی ہوتی ہے (بجھرا بھی لکھتے ہیں)

بجے :۔ (ہ ۔ ہندو) فتح ۔ جیت

بجیا :۔ (ا) تو شاہین آپا ۔ باجی کی تصغیر ۔

بجیلا :۔ (لا ۔ مذ) وہ پھل جس میں بہت سے بیج ہوں ۔ بیجیلا ۔

بُچا :۔ (ہ) کان کٹا ۔ چھوٹے کانوں والا ۔ گوشت کا ٹکڑا

بچا جانا :۔ (ہ) زد پر آئے ہوئے کو چھوڑ جانا ۔ رعایت کرنا ۔ بچا کھچا (مذ) بچا ہوا سامان ۔ بقیہ ۔ بچا لانا بچھڑا لانا ۔ حفاظت سے لے آنا ۔ خرچ ۔ کر کے واپس لے آنا ۔ بچا لانا ۔ حفاظت کرنا ۔ الگ رکھنا ۔ پناہ دینا ۔ حمایت کرنا بچھیا دور رکھنا ۔ خرچ سے اٹھا رکھنا ۔ بچانے ۔ محافظ نگہبان خدا ۔ بچاؤ (مذ) حفاظت ۔ پناہ ۔ بچاؤ کرنا ۔ محفوظ رکھنے کی تدبیر کرنا ۔ بچت ۔ بقایا ۔ تجارت وغیرہ میں فائدہ اور نفع ۔ بچ رہنا ۔ باقی رہنا ۔ بچ کھیلنا ۔ اپنے آپ کو بچا کر کوئی کام کرنا ۔ بچ کے چلنا ۔ سنبھل کر چلنا ۔ احتیاط سے چلنا

بچار :۔ (ہ ۔ مو) سوچ ۔ فکر ۔ خیال ۔ دھیان ۔ بچار کرنا بچارنا ۔ سوچنا ۔ تصور کرنا ۔ حساب لگانا ۔ جانچنا ۔ تحقیق کرنا ۔

بچالی :۔ (ہ ۔ مو) وہ گھاس جو گھوڑے کے تھان پر بچھائی جاتی ہے

بچپن :۔ (ہ ۔ مذ) لڑکپن کم سنی ۔ نا سمجھی ۔ بچپن کی باتیں ۔ نادانی کی باتیں ۔ الھڑپن کی باتیں ۔ بچکانا ۔ بچوں کے پاؤں کا جوتا

بچلا :۔ (ہ ۔ مذ) منجھلا ۔ بیچ کا ۔ درمیانہ ۔ بچلی (مو) بچپن سے

بچلی سی مجھ کو بھاتی ہے کچھ کی سے کلائی کی
مہندی کو زیر کرتی ہے مُسی کی اوڑھنی

بچلنا :۔ (ہ) پھسلنا ۔ بھٹکنا ۔ مچھلنا ۔ مچلنا ۔ بدکنا ۔ دل بگڑنا (جیسے دل بچلایا ہوا) سودا اچھل ۔

بچن :۔ (س ۔ مذ) قول ۔ عہد ۔ وعدہ ۔ شگون سے

نکلتے ہیں اب تو خوشی سے بچن
نہ ہو گر خوشی تو نہیں یہ بچن میر حسن

بچن پالنا ۔ اپنے قول پر قائم رہنا ۔ قول پورا کرنا ۔ بچن دینا قول دینا ۔ زبان دینا ۔ عہد کرنا ۔ بچن لینا ۔ اقرار لینا ۔ زبان لینا ۔ بچن ہارنا ۔ ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر اقرار یا عہد کرنا ۔ بچن ماننا ۔ اطاعت کرنا ۔ حکم ہونا ۔ بات تسلیم کرنا ۔ بچن نبھانا ۔ اقرار کو پورا کرنا

بدبلا (بغیر اضا - مو) چڑیل۔ نہایت شریر۔ بدبُو (بغیر اضا - مو) سڑاند۔ بُری بو۔ بدپرہیز (بغیر اضا) بلانوش۔ پرہیز نہ کرنے والا۔ صفت۔ بدپرہیزی (مو) بدتر (بغیر اضا) بہت بُرا۔ بدتمیز (بغیر اضا) تمیز نہ رکھنے والا۔ صفت۔ بدتمیزی (مونث) بدتہذیب۔ تہذیب نہ رکھنے والا۔ صفت۔ بدتہذیبی (مو) بدجانور (بغیر اضا۔ مذ) شور۔ شریر۔ بدچلن (بغیر اضا)۔ بدمعاش۔ بُرے چلن کا۔ صفت۔ بدچلنی (مونث) بدحال (بغیر اضا) بُری حالت میں۔ خستہ حال۔ تباہ حال۔ صفت۔ بدحالی (مونث) بدحواس (بغیر اضا) جو اپنے ہوش و حواس میں نہ ہو۔ پریشان۔ صفت۔ بدحواسی (مونث) بدخط (بغیر اضا) بُرے خط والا جس کی لکھائی خراب ہو۔ صفت۔ بدخطی (مونث) بدخلق۔ بدخو (بغیر اضا) بُری عادتوں والا۔ بدمزاج۔ اکھڑ۔ صفت۔ بدخلقی۔ بدخوئی (مونث) بدخوابی (بغیر اضا - مو) سوتے میں احتلام ہو جانا۔ بے چینی میں نیند نہ آنا۔ بدخواہ۔ بُرا چاہنے والا۔ دشمن۔ صفت۔ بدخواہی (مونث) بددعا۔ (بغیر اضا - مو) کوسنا۔ بُری دعا۔ (لینا۔ دینا) بددل (بغیر اضا) ناخوش۔ بدگمان۔ دل برداشتہ۔ کبیدہ خاطر۔ صفت۔ بددلی (مونث) بددماغ (بغیر اضا) بدمزاج۔ ناک چڑھا۔ مغرور۔ صفت۔ بددماغی (مونث) بددیانت (بغیر اضا) بے ایمان۔ دغاباز۔ امانت میں خیانت کرنے والا۔ صفت۔ بددیانتی (مونث) بدذات (بغیر اضا) شریر۔ پاجی۔ کمینہ۔ صفت۔ بدذاتی (مونث) بدذہن (بغیر اضا) کُند ذہن۔ بُری سمجھ کا۔ صفت۔ بدذہنی (مونث) بدراہ (بغیر اضا) بُرے رستے پر چلنے والا۔ بدچلن۔ بدرکاب (بغیر اضا) شریر گھوڑا۔ چلتے چلتے بدکنے والا اور سوار کو تنگ کرنے والا گھوڑا۔ صفت۔ بدرکابی (مو) بدرنگ (بغیر اضا) پھیکے اور بُرے رنگ کا۔ جس کا رنگ دیدہ زیب نہ ہو۔ تاش کا وہ پتہ جو ہر رنگ بازی کا نہ ہو۔ صفت۔ بدرنگی (مو) بدرو (بغیر اضا - مو) گھر کا گندہ پانی باہر نکلنے کی موری۔ یہ لفظ اصل میں بدررو تھا۔ دیکھو بدررو۔ بدزبان۔ سخت کلام۔ گالی گلوچ بکنے والا۔ اکھڑ طبیعت کا۔ صفت۔ بدزبانی (مو) بدزیب (بغیر اضا) بھونڈا جو آنکھوں کو بھلا نہ لگے۔ صفت۔ بدزیبی (مو) بدسلوک (بغیر اضا) لوگوں سے بُرا برتاؤ کرنے والا۔ روکھا پن برتنے والا۔ صفت۔ بدسلوکی (مو)۔ بدسلیقہ (بغیر اضا) پھوہڑ جس میں بندوبست کا مادہ نہ ہو۔ بدتمیز۔ صفت۔ بدسلیقگی (مو) بدسیرت (بغیر اضا) دیکھو بدخلق۔ صفت۔ بدسیرتی (مو) بدشکل (بغیر اضا) بُری صورت کا۔ بدشگونی (بغیر اضا - مو) بدفال۔ نحوست۔ نحوست کی بات منہ سے نکالنا۔ بدصورت (بغیر اضا) بُری شکل کا۔ صفت۔ بدصورتی (مو) بدطینت (بغیر اضا) بُری فطرت کا۔ بدذات۔ بدخو۔ جس کے خمیر میں بُرائی ہو۔ جو دل کپٹ رکھے۔ صفت۔ بدطینتی (مو) بدظن (بغیر اضا) بدگمان۔ دل میں کسی طرف سے بُرا خیال رکھنے والا۔ شکی۔ بدعمل (بغیر اضا) جس کے اعمال اچھے نہ ہوں۔ جس کا انتظام بُرا ہو۔ جس نے اندھیر کر رکھا ہو۔ صفت۔ بدعملی (مو) بدعہد (بغیر اضا) بے وفا۔ وعدہ خلاف۔ صفت۔ بدعہدی (مو) بدفعلی (بغیر اضا - مو) زنا یا اغلام کرنا۔ بدکار۔ (بغیر اضا) بُرے کام کرنے والا۔ بدمعاش۔ زنا اور اغلام کرنے والا۔ صفت۔ بدکاری۔ بدکردار (بغیر اضا) جس کے افعال و اعمال بُرے ہوں۔ صفت۔ بدکرداری (مو) بدگمان (بغیر اضا) دیکھو بدظن۔ صفت۔ بدگمانی (مو) بدگوئی۔ (بغیر اضا - مو) پیٹھ پیچھے بُرا کہنا۔ غیبت۔ بدلحاظ۔ (بغیر اضا) بے شرم۔ بڑوں کا پاس ادب نہ کرنے والا۔ چھوٹوں کے سامنے بُری بات کرنے سے شرم نہ کرنے والا۔ کھلم کھلا بُرائی میں مبتلا ہونے والا۔ صفت۔ بدلحاظی (مو) بدلگام (بغیر اضا) بے ادب۔ منہ پھٹ۔ منہ زور گھوڑا۔ صفت۔ بدلگامی (مو) بدمزاج (بغیر اضا) چڑچڑا۔ غصہ ور۔ تند خو۔ صفت۔ بدمزاجی (مو) بدمزگی (بغیر اضا - مو) رنجش۔ بگاڑ۔ بدمزہ (بغیر اضا) بدذائقہ۔ بے سواد۔ بیمار۔ بدمزہ ہونا۔ طبیعت خراب ہونا۔ بے ذائقہ ہونا۔ بدمست۔ (بغیر اضا) نشے میں چور۔ بُری طرح مست۔ بہت غافل۔ بدمعاش کی صفت۔ بدمستی (مو) بدمعاش (بغیر اضا)۔ بدچلن۔ شریر۔ چور۔ آوارہ۔ صفت۔ بدمعاشی (مو) بدمعاملہ۔ (بغیر اضا)۔ بے ایمانی کرنے والا۔ بددیانت۔ معاملے کا خراب۔ جھوٹا۔ بدعہد۔ صفت۔ بدمعاملگی (مو) بدنام (بغیر اضا) رسوا۔ وہ شخص جو بُرائی میں مشہور ہو گیا ہو۔ صفت۔ بدنامی (مو) بدنصیب (بغیر اضا) دیکھو بدبخت۔ صفت۔ بدنصیبی (مو) بدنظر (بغیر اضا) بُری نظر سے دیکھنے والا۔ نفسانی خواہش کے ارادے سے دیکھنے والا۔ جس کی نظر لگ جاتی ہو۔ صفت۔ بدنظری (مو) بدنما (بغیر اضا) جو دیکھنے میں بُرا لگتا ہو۔ بھونڈا۔ عیب ناک۔ صفت۔ بدنمائی (مو) بدنیت (بغیر اضا) بُری نیت والا۔ لالچی۔ ذلیل۔ جس کی نیت کبھی نہ بھرے۔ بدکار۔ دوسرے کا مال چھیننے کا ارادہ رکھنے والا۔ صفت۔ بدنیتی (مو) بدوضع۔ (بغیر اضا) ناموزوں۔ بے ڈھنگا۔ بدچلن۔ بدخو۔ صفت۔ بدوضعی (مو) بدہضم۔ (بغیر اضا) مشکل سے ہضم ہونے والی۔ ہاضمے کو خراب کرنے والی غذا۔ صفت۔ بدہضمی (مو) بدہیئت (بغیر اضا) بدصورت۔ بدشکل۔ بدزیب۔ بھونڈا۔ بھدا۔ صفت۔ بدہیئتی (مو) بدشکل۔

بَدَا: (ع - مذ) قسمت کا لکھا۔ طے شدہ۔ نصیب۔

بِدَا: (ہ - ہندو) رخصت۔ دلہن کا میکے سے رخصت ہونا۔ بدا ہونا۔ بدائی۔ دلہن کی میکے سے رخصت۔

بَدَابَدی: (۱) شرطیہ۔ ضروری۔ تکرار۔ سے تعلق

بَدنا:۔(ہ) شرط لگانا

بَدُّو:۔(ا) عرب کے خانہ بدوش اور جنگلی لوگ

بَدُّو کرنا:۔(ا) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔

بَدَولت:۔(ف) طفیل میں۔ صدقے میں۔

بِدُون:۔(ف) بغیر۔ سوا۔ بلا۔ بن۔

بِدھ:۔(ہ۔ مو) میزان حساب کا ٹھیک بیٹھ جانا۔ بدھنا (جو بدھ گیا سو موتی) چاند۔ ڈھب۔ بات۔ رول ڈلنا۔ بدھ کھانا۔ میزان پٹنا۔ اتفاق رائے ہونا۔ بدھ ملانا۔ میزان کا مقابلہ۔ معاملہ پٹانا۔ جنم پتری یا زائچہ ملانا۔ بدھ ملنا۔ میزان درست ہونا۔ معاملہ پٹ جانا۔ زائچہ ٹھیک ہونا۔ حساب کا ٹھیک بیٹھ جانا۔

بُدھ:۔(ہ۔ مذ) جمعرات سے پہلے کا دن۔ چہار شنبہ۔ عطارد ستارہ۔ نیز گوتم بدھ جو بدھ مذہب کے بانی تھے۔

بَدھاوا:۔(ہ۔ مذ) بچے کے پیدا ہونے کا انعام۔ مبارک باد کا گیت۔ بدھائی (مو) بدھاوا۔ بدھائی دینا۔ مبارکباد کا گیت گانا۔ مبارکباد دینا۔

بَدھنا:۔(ا۔ مذ) مٹی کا ٹونٹی دار لوٹا۔ بدھنی (مو) مٹی کا ٹونٹی دار چھوٹا لوٹا۔

بُدھو:۔(ہ۔ مذ) بیوقوف۔ گدھا۔ احمق ؎ (اکبر الہ آبادی)

بدھوؤں کی نصرت گاندھی کے ساتھ ہیں
گو مشت خاک ہیں مگر آندھی کے ساتھ ہیں

بدھوا:۔(ہ۔ مو) بیوہ۔ رانڈ۔ ہندوؤں کا روزمرہ ہے۔

بُدھی:۔(ہ۔ مو) عقل۔ دانائی۔ سمجھ۔

بَدھی:۔(ہ۔ و) شادی کے دن دولہا کے پہننے کا پھولوں کا لمبا ہار۔ تلوار کا آڑا زخم۔ چھڑی یا کوڑے کا نشان جو بدن پر مارنے سے پڑ جاتا ہے۔ برسے کا کپڑا جس سے وہ گھومتا ہے۔ تانی کا چھوٹا تکا جو گلے میں ڈالتے ہیں۔

بَدھیا:۔(ہ۔ مو) خصی کیا ہوا۔ بدھیا بیٹھنا۔ دیوالہ نکل جانا۔ سراسر نقصان ہونا۔ بدھیا کرنا۔ خصی کرنا۔ نامرد بنا دینا۔ بدھیا مری تو مری آگرہ تو دیکھا۔ تھوڑی لذت کے لئے زیادہ تکلیف اور نقصان کی پروا نہ کرنا۔

بَدھیاں پڑنا۔ بدن پر مار کا نشان پڑ جانا۔ پٹتے پٹتے کھال اُدھڑ جانا۔ بدھیاں ڈالنا۔ بدھیاں پڑنا کا متعدی۔

بَدی:۔(ف۔ مو) بدی۔ کسی کے ساتھ بُرائی۔ غیبت۔ بدخواہی۔ بدی پر آنا۔ دشمنی پر کمر باندھنا۔ بُرائی پر آمادہ ہونا۔ سرکشی کرنا۔ کسی سے بُرائی کرنے پر تل جانا۔ بدی جیتنا۔ بدخواہی کرنا۔ بُرا منانا۔ بدی کرنا۔ دشمنی کرنا۔ ستانا۔ غیبت کرنا۔ کسی کے بُرائی کرنا۔

بِدیا:۔(ہ۔ مو) علم فن۔ بدیارتھی۔ طالب علم۔ بدیادان۔ عالم گیانی۔ یہ الفاظ ہندوؤں کا روزمرہ ہیں۔

بِدیس:۔(ہ۔ مذ) پردیس۔ غیر ملک۔ غیر وطن۔ بدیسی۔ غیر ملک کا۔ پردیسی۔ مسافر۔

بَدیع:۔(ع) انوکھا۔ نادر۔ عجیب۔ ایک علم کا نام جس میں کلام کی معنوی اور لفظی خوبیاں بیان کی جاتی ہیں۔

بَدیہہ:۔(ع) برجستہ۔ بغیر غور و فکر کے ٹھیک بات کہنا۔ بدیہی وہ بات جس کے لئے کسی دلیل کی حاجت نہ ہو۔ وہ بات جس کا درست ہونا بغیر غور و فکر کے سمجھ میں آئے۔ **بدیہیات** (مو) وہ باتیں جو سب کی مانی ہوئی ہیں اور کسی دلیل و ثبوت کی محتاج نہیں۔

بَڈار:۔ یہ کوئی مستقل لفظ نہیں اور عموماً "روزی" کے بعد استعمال ہوتا ہے۔ روزی بڈار۔ اس شخص کو کہتے ہیں جو آئی ہوئی روزی ٹھکرائے۔

بَڈھا:۔(ہ۔ مذ) بڑا سا گڈھا۔ بڈھا لگانا۔ کھودنے کا کام شروع کرنا۔

بُڈھا:۔(ہ۔ مذ) بوڑھا۔ بہت عمر کا۔ بڈھا پھونس۔ بہت ہی زیادہ بوڑھا۔ بڈھی۔ بوڑھی۔ بہت عمر کی۔ بڈھی گھوڑی لال لگام۔ اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب کوئی مسن بچوں کی وضع اختیار کرے۔

بِذاتہٖ:۔(ع) خود۔ اپنے آپ۔ بنفس نفیس۔

بَذل:۔(ع۔ مذ) بخشش کرنا۔ سخاوت۔ انعام دینا۔ بہت خرچ کرنا۔

بَذلہ سنج:۔(ف بفتح اول) خوش طبع۔ لطیفہ گو۔ چٹکلے چھوڑنے والا۔ صفت۔ بذلہ سنجی (بفتح اول۔ مو) بذلہ گو۔ بذلہ سنج صفت۔ بذلہ گوئی۔ (مو)

بَر:۔(اسم ف۔ مذ) خشکی۔ جنگل۔ بیابان۔ میدان۔ چیل۔ گود۔ پہلو۔ آغوش ؎ مومن

یوں جلد جائے رات کہ رہ جائے فلک گردش
برسے یدا ہو رشک قمر اسے فلک گردش

بر دولہا۔ زشتہ۔ خاوند۔ نیز دُعا اور قول و وعدہ۔ بر دینا۔ دُعا دینا۔ قول دینا۔ بر مانگنا۔ دُعا چاہنا۔ وعدہ لینا۔ لڑکی والوں کی طرف سے پیغام۔ بات چیت۔

براجمان ہونا: (ہ) تشریف رکھنا۔ تشریف لانا۔ بیٹھنا۔ (یہ ہندی کا روزمرہ ہے۔ اردو میں عموماً طنز کے موقع پر بولتے ہیں)

براجنا: (ہ۔ ا) رونق افروز ہونا۔ شان سے بیٹھنا۔ رہنا سہنا (ہندی روزمرہ۔ اردو میں عموماً طنز کے موقع پر بولتے ہیں)

برادر: (ف۔ مذ) بھائی۔ رشتہ دار۔ دوست۔ عزیز۔ برادر اخیافی (بہ اضافہ۔ مذ) وہ بھائی جن کی ماں ایک اور باپ دو ہوں۔ **برادر عینی یا حقیقی** (مذ) ایک ماں باپ کے دو بیٹے ہیں۔ برادر حقیقی دشمن مادر زاد ہے۔ سگے بھائیوں کا جھگڑا بڑا خطرناک ہوتا ہے۔ **برادر رضاعی** (بہ اضافہ۔ مذ) دودھ شریک بھائی۔ کوکا۔ **برادر زادہ** (مذ بغیر اضافہ) بھتیجا۔ **برادر زادی** (مو بغیر اضافہ) بھتیجی۔ **برادر علاتی** (مذ) سوتیلا بھائی۔ وہ بھائی جن کا باپ ایک ہو اور مائیں دو۔ **برادر نسبتی** (بہ اضافہ) سالا۔ بیوی کا بھائی۔ **برادری** (مو) رشتہ داری۔ قوم۔ ذات۔ جماعت۔

بُرادہ: (مذ) لکڑی یا لوہے وغیرہ کا چورا یا ریزہ۔ کسی چیز کا سفوف۔

بَراز: (ع۔ مذ) پاخانہ۔ میلا۔ گو۔ گوبر

برازیل: (مذ) جنوبی امریکہ کا علاقہ۔ تقریباً تمام کا تمام صحرا ہے

براعتہ الاستہلال: (ع۔ مو) کلام کی ایک معنوی خوبی جس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ تمہید میں ایسے مطالب و الفاظ لاتے ہیں جنہیں اصل مضمون میں آنے والے مطالب سے خاص مناسبت ہوتی ہے اور تمہید سنتے ہی ادیب حضرات تاڑ جاتے ہیں کہ آگے چل کر کیا مضمون آنے والا ہے

بَرِّ اعظم: (ع۔ مذ۔ بہ اضافہ) خشکی کا بڑا حصہ جس میں بہت سے ممالک ہوں۔ ایشیا۔ افریقہ۔ امریکہ۔ یورپ۔

بُراق: (ع۔ مذ) وہ خوب صورت گھوڑا (سواری) جس پر آنحضرت شب معراج سوار ہو کر عالم بالا کی سیر کے لیے تشریف لے گئے تھے

بُرّاق: (ع) چمکیلا۔ بجلی کی طرح تیز اور چالاک۔ سفید۔ روشن سے
ضیا میں شہرۂ آفاق ہو گیا اب تو
براق کا ہے کو براق ہو گیا اب تو
تسنیم

برامکہ: (مذ) برمک کی اولاد کے لوگ جو خلفائے بنی عباس کے دربار میں وزیر اور مشیر تھے۔ (برمک بلخ کے آتشکدے میں ملازم تھا۔ بعد میں مسلمان ہوا)

بُرّاں: (ف) نہایت کاٹ کرنے والا۔ بہت تیز۔ اوزار۔

بَرّانا: (ہ) سوتے میں بکنا اور بکنا۔ بے معنی گفتگو کرنا۔ بکواس۔ ہانکنا۔ فضول بڑبڑ کرنا۔

برانچ: (انگ۔ مو) کسی بڑے ادارے کی چھوٹی شاخ۔

بَرانڈہ: (انگ۔ مذ) برآمدہ۔ سائبان (صحیح انگریزی لفظ) ورانڈہ

برانڈی: (انگ۔ مو) (ب کی حرکت سکون اور کسر کی بین بین) ایک طرح کی تیز انگوری شراب۔

بَراہِمہ: (ع۔ مذ) برہمن کی جمع۔ دیکھو باہمن یا برہمن۔

بَراہین: (ع۔ مذ) جمع برہان۔ دلیلیں

بَراءت: (ع۔ مو) بری ہونا۔ بیزاری۔ چھٹکارا۔ الزام کی صفائی۔

براؤن: (انگ) (ب کی حرکت کسرہ و سکون کے بین بین) معروف جو ہمزہ مضموم کی طرح ادا کی جائے گی بھورے رنگ کا۔ گندمی رنگ کا۔ **ڈارک براؤن** تیز بھورے رنگ کا۔ **لائٹ براؤن** ہلکے بھورے رنگ کا۔

بُرائی: (ہ۔ مو) بدی۔ خرابی۔ غیبت۔ نقص۔ مذمت کا الزام۔ شرارت۔ نحوست۔

برائے: (ف) واسطے۔ لیے۔ **برائے بیت** یا حشو۔ زائد حرف۔ شعر کا وزن پورا کرنے کے لیے **برائے خدا** خدا کے واسطے۔ یہ بھی ایک طرح کی ایک قسم ہے جو مخاطب کو دی جاتی ہے۔ **برائے نام** بہت تھوڑا۔ نام کو۔ فرضی طور۔

بَرباد: (ف) تباہ۔ ویران۔ غارت۔ اجڑا ہوا۔ صفت ضائع کرنا۔ تلف (کرنا۔ ہونا) بربادی (مو)

بَرایا: (ع۔ مو) مخلوق۔ کائنات۔ دنیا۔

بَربَر: تقریباً ہزار برس پہلے کے افریقہ کا ایک علاقہ جو بالکل تباہ و برباد ہو گیا اور جہالت میں اب تک ضرب المثل ہے۔ بربر۔ شمالی افریقہ کا وہ حصہ جو مصر اور بحر اوقیانوس کے درمیان اور صحرائے اعظم کے شمال میں ہے۔ طرابلس۔ ٹیونس۔ الجیریا۔ عرب قوم جو یہاں آباد ہے

بُربُرا: (ہ۔ مذ) بھربھرا۔ خستہ۔ بربری (مو)

بُربُرانا: (ہ) کسی سفوف کو دوسری پر چھڑکنا۔ برکنا۔

بَربَری: (مو) ایک قسم کی خوب صورت بکری جو بہت اچھی سمجھی جاتی ہے۔ **بربری خانہ** بہت سی بکریوں کے بچے

کی جگہ

بَربَریت: (ع - مو) جہالت پن۔ وحشی پن۔ خلاف انسانیت کام

بَربَط: (ع - مذ) ایک باجے کا نام

بَرَت: (ہ - مذ) ہندوؤں کا روزہ۔ بَرَتی - روزہ دار ہندو۔

وِرت: (ہ - مو) آمدنی۔ جاگیر۔ حق۔ ورثہ۔ پرورش کرنے والا (ہندوؤں کا روزمرہ ہے)

بِرتا: (ہ - مذ) وہ بھروسا۔ سہارا۔ بل۔ طاقت۔ لیاقت اور حمایت جس کے اعتماد پر کوئی کام کیا جائے۔

بَرتانا: (ہ) تقسیم کرنا۔ حصہ لگانا۔ بانٹنا

بَرتاؤ: (ہ - مذ) سلوک۔ میل جول کا ڈھنگ۔ طرز عمل جو دوسروں کے ساتھ ہے (اچھا ہونا۔ برا ہونا۔ کرنا)

بَرتَر: (ف) بہتر۔ اعلیٰ۔ افضل۔ دوسرے کے مقابلے بڑھا ہوا صفت۔ برتری (مو) ترجیح۔ فوقیت۔ فضیلت

بَرتَن: (ہ - مذ) باسن۔ بھانڈا

بَرتنا: (ہ) کام میں لانا۔ استعمال کرنا۔ صرف کرنا۔ تجربہ کرنا۔ عمل میں لانا۔

بَرتھ: (انگ - مو) سیٹ جس پر ریل کے ڈبے وغیرہ میں بیٹھتے ہیں۔ پیدائش۔ جنم۔ برتھ ڈے - (مذ) سالگرہ۔ جنم دن۔ برتھ کنٹرول - زیادہ اولاد ہونے کو روکنا۔ اولاد قطع ہونے کی تدبیر کرنا۔ ضبط تولید۔

بَرٹش: (انگ) برطانیہ۔ برطانیہ سے منسوب۔ برٹش انڈیا۔ بھارت کا وہ حصہ جو انگریزی حکومت کے تحت تھا۔

بُرج: (ع - مذ) گنبد۔ آسمانی دائرے کا بارھواں حصہ۔ بُرجی۔ برج کے اوپر کا چھوٹا گول حصہ۔ جو لمبائی لیے ہوئے ہوتا ہے۔

بِرج: (مذ) بھارت کے صوبہ یو پی میں آگرہ اور متھرا کا علاقہ۔ برج بھاشا۔ وہ زبان جو اس علاقے میں اس وقت بولی جاتی تھی۔ اور پراکرت سے بہت متاثر ہوئی ہے۔

بِرج: (انگ - مذ) تاش کا ایک کھیل

بَرجیس: (ف - مذ) ایک ستارے کا نام ہے مشتری بھی کہتے ہیں اور جو چھٹے آسمان پر ہے

بَرچُن: (ہ - مذ) پیروں کا پوجن

بَرچھ: (ہ - مذ) درخت۔ پیڑ۔ روکھ

بَرچھا: (ہ - مذ) بھالا۔ نیزہ۔ بلم۔ برچھی۔ برچھے کی طرح چھوٹا بھالا۔ برچھیت۔ نیزہ بازی کے فن کا ماہر

بَرچھک: (ہ - مذ) برج عقرب۔ آسمان کا آٹھواں برج۔

بَرخوردار: (ف) بیٹے پوتے اور برخوردار لقب۔ یہ ایک دعائیہ کلمہ ہے۔ جس کے اصلی معنی ہیں زندگی سے پھل پانے والا۔ اقبال مند۔ صاحب نصیب۔ برخورداری اقبال مندی۔ نیز بیٹی اور مرد اپنے سے چھوٹی عورت کا القاب جیسے مرد دلی کا استعمال کرتے تھے مگر اب مرد عورت دونوں کے لیے برخوردار ہی لکھتے ہیں۔

بُرد: (ف - مو) شطرنج کی بازی میں جب بادشاہ اکیلا رہ جاتا ہے تو وہ بازی "برد" کہلاتی ہے اور اسے آدھی مات سمجھتے ہیں۔ برد دینا - آدھی مات دینا۔ ایک حد تک ہرا دینا۔ برد مارنا - آدھی بازی جیت لینا۔ ایک حد تک جیت ہو جانا

بَرداشت: (ف - مو) تحمل۔ سہنا۔ بردباری۔ مصائب کو جھیلنے کا مادہ۔ اُچاپت۔ مستقل طور سے سودا کسی دکاندار سے لینا اور مہینے وغیرہ پر حساب کرکے قیمت چکا دینا۔ برداشت کرنا - سہنا۔ جھیلنا۔

بَرداشتہ خاطر ہونا: (ا) اکھڑ جانا۔ اداس ہونا۔ طبیعت کا اکھڑ جانا۔ دل نہ لگنا۔ پریشان ہو جانا

بَرداطراف: (ف - اشا - مذ) چاروں طرف سے پڑا جانا

بُردبار: (ف) تحمل کرنے والا۔ حلیم۔ سنجیدہ۔ صفت۔ بردباری

بَردہ: (ف - مذ) قدیم زمانے کا غلام۔ لونڈی یا قیدی جن کی خرید و فروخت ہوتی تھی۔ بردہ فروش - غلام یا لونڈی وغیرہ بیچنے والا۔ بردہ فروشی - غلام یا لونڈی وغیرہ بیچنے کا پیشہ

بَرزَخ: (ع) آسیب و آدم کا درمیانی درجہ۔ بہشت و دوزخ کے درمیان کا حصہ جسے اعراف کہتے ہیں۔ موت اور قیامت کے درمیان کا زمانہ۔ دو متضاد چیزوں یا کیفیتوں کا درمیان

بَرزن: (ف - مذ) کوچہ۔ گلی۔ بازار۔ سڑک

بَرَس: (ہ - مذ) سال۔ بارہ مہینے کی مدت۔ برسا برس۔ تمام برس۔ ہر سال۔ برس کا برس دن - سالانہ تہوار۔ عید۔ شب برات وغیرہ سے

کیا عید کو بھی پھر کے سفر سے نہ آؤ گے
ہے ہے مجھے برس کے برس دن رلاؤ گے — تسلیم

برسوں جھلانا یا جھولنا۔ مدت تک ٹالنا یا ٹالا جانا۔ عرصہ تک امید میں رکھنا یا رہنا۔ برسویں دن سال بھر کے بعد ایک دن۔ برسی۔ مُردے کا وہ فاتحہ جو ہر سال اس کی موت کے دن ہوتا ہے۔

برسات: (ہ۔ مو) بارش کا موسم۔ اساڑھ۔ ساون۔ بھادوں کا مہینہ جو قریباً ۱۵ جون سے شروع ہو کر ۱۵ ستمبر تک رہتا ہے۔ برسات برکے ساتھ۔ برسات میں عورت کی نفسانی خواہشات جوش پر ہوتی ہیں۔ برسات میں عورت کو شوہر یاد آتا ہے۔ برساتی۔ بارانی۔ بارش میں پہننے کا لبادہ۔ برسات سے تعلق رکھنے والی چیز۔ برساتی چنٹیاں۔ (مو) وہ چھوٹی چھوٹی جو برسات کے موسم میں نکلا کرتی ہیں۔ برساتی کیڑے۔ برسات میں پیدا ہونے والے قسم قسم کے کیڑے۔ حقیقت ان میں بعض کی ٹیکے اور پر پیدا ہو جایا کرتے ہیں۔ برسانا۔ بارش آنا۔ کسی چیز کی بوچھار کرنا۔ بادلوں کی بوچھار کرنا۔ ع انیس

برسا رہا تھا آگ شب و روز آسمان
ع تیر برسائے مگر پھر بھی دلاور نہ رکا — دبیر

ے جان صاحب

جان صاحب نے سر محفل بجا کر تالیاں
خوب برسائیں رقیب روسیہ پر گالیاں

برساؤ۔ وہ بادل یا گھٹا جس کے برسنے کا یقین ہو۔ برس پڑنا یا چڑھ بیٹھ آ جانا۔ یکا یک برا بھلا کہنے لگنا۔ بہت غضب ناک ہو کر ڈانٹنا پھٹکارنا ے آرزو

عجب تماشا ہے دوستو کہ نہاں ہیں آپ میں بجلیاں
وہ سحاب لطف و کرم جو تھا مجھے دیکھتے ہی برس پڑا

برسنا۔ بارش ہونا۔ غصہ اتارنا۔ دل کا غبار نکالنا۔ نمایاں ہونا روشن ہونا ے محشر

دے رہا ہے آمد نور الٰہی کی خبر
نور جو پیہم برستا ہے در و دیوار سے

برسام: (ف۔ مذ) چھاتی کی سوجن۔ پھیپھڑوں میں پانی بھر جانا۔

برسپت: (ہ۔ مذ) مشتری ستارہ۔ جمعرات کا دن۔

بر سر فرزند آدم ہر چہ آید بگزرد: (ف) انسان پر جیسی پڑتی ہے جھیلتا ہے۔

برش: (مذ۔ انگ) دانت مانجھنے کی بالوں دار مسواک۔ بالوں کا قلم۔ کوچی۔ کپڑے کی گرد صاف کرنے کی کوچی۔

برش: (ف۔ مو) کاٹ۔ کاٹ کر تیزی۔

برشتہ: (ف) بریاں۔ بھونی ہوئی چیز۔

برشگال: (ف۔ مو) برسات۔ بہار کا موسم۔ برکھا۔

برص: (ع۔ مو) سفید کوڑھ۔ سفید دھبوں کی بیماری۔ پھلبہری۔

برف: (ف۔ مذ۔ مو) جمایا ہوا۔ ٹھنڈا پانی یا شربت اور دودھ وغیرہ۔ پالا۔ سردی سے جما ہوا پانی۔ گہر۔ نہایت سرد نہایت سفید اور اُجلا۔ برفانی۔ وہ علاقہ جہاں برف پڑتی ہے۔ برفانہ۔ گرمی میں بیٹھنے کے لیے ٹھنڈا کیا ہوا تہ خانہ۔ برف پروردہ (بغیر اضافہ) برف میں لگا کر ٹھنڈی کی ہوئی چیز۔ برف پڑنا۔ پالا پڑنا۔ برف بچھانا۔ بہت زیادہ سردی پڑنا۔ برف کی خندقی۔ وہ گڑھا جس میں برف جمع کی جاتی ہے ے قدر

پہرے چڑھے ہیں پیالے برف کے
برف کے کھتے کنویں ہیں سر بسر

برف میں لگانا۔ برف میں رکھ کر ٹھنڈا کرنا۔ برف ہو جانا یا ہونا نہایت ٹھنڈا ہونا۔ برفیا۔ برف بیچنے والا۔

برفی: (۱) ایک قسم کی کھوئے اور چینی سے بنی ہوئی سفید مٹھائی جو ٹکڑوں کی صورت میں ہوتی ہے۔

برق: (ع۔ مو) بجلی۔ تیز رفتار۔ نہایت چست۔ برقانا۔ (۱) کسی چیز میں بجلی بھرنا۔ برق دم (بغیر اضافہ) بہت تیز چال والا۔ بہت مستعد۔ برق خرام۔ برق رفتار (بغیر اضافہ) بہت تیز چلنے والا۔ برق زدہ (بغیر اضافہ) جس پر بجلی گری ہو۔ برق گرنا۔ بجلی کے شعلے کا بادل سے نکل کر زمین پر آنا اور گرنا۔ ے اقبال

رحمتیں ہیں تری اغیار کے کاشانوں پر
برق گرتی ہے تو بے چارے مسلمانوں پر

ے اوج

گردنوں پر جو چمکتی ہوئی تلوار پھری
چار سو شور ہوا برق گری برق گری

برقی۔ بجلی کی طاقت سے چلنے یا چلنے والا۔

برقع: (ع۔ مذ) نقاب۔ ایک قسم کی سلی ہوئی چادر جسے عورتیں اپنا جسم چھپانے کے لیے اوڑھتی ہیں۔ برقع اٹھانا یا اٹھنا۔ برقع الٹنا۔ منہ سے نقاب ہٹانا یا ہٹنا۔ نمایاں کرنا یا ہونا۔ بے پردہ کرنا یا ہونا۔ راز فاش کرنا یا ہونا ے دبیر

برقع جو اٹھ گیا تھا رخ آفتاب کا
پردہ تھا فاش صبح طمع نقاب کا

استدلال کرتے ہیں۔ برہان لمی منطق کی رو سے دلیل کی دوسری جس میں علت سے معلول کی طرف استدلال کیا جاتا ہے۔

برہسپت: دیکھو برسپت۔

برہم: (ف) خفا۔ ناراض۔ رنجیدہ۔ تتر بتر۔ الٹ پلٹ۔ منتشر (کرنا۔ ہونا) ؎ تسلیم

تیغ چمکا کے جو ہم فوج پہ برہم ہوں گے
سب یہ لشکر کے پرے برہم و درہم ہوں گے

صفت "برہمی" (مو)

برہمچاری: (ھ) وہ ہندو جو ہندوؤں کی مقدس کتاب وید حاصل کرنے کے لیے ترک دنیا کر کے سیاحی کرے۔ وید کا طالب علم۔ تارک الدنیا۔

برہمن: (ھ) دیکھو بامن۔

برہنہ برہنہ: (ف) ننگا۔ کھلا ؎ آتش

داخل کعبہ ہوا گتم عدم سے برہنہ
پردہ عاشق نے نہ رکھا جامہ احرام کا

برہی روٹی: (ھ ۔ مو) دال یا قیمہ بھری ہوئی روٹی

بری: (ع) جرم یا الزام سے آزاد شدہ جس کی بے گناہی ثابت ہو چکی ہو (ھ ۔ مو) ساچق کے روز دولھا کی طرف سے دلھن کے یہاں کپڑے، زیور، میوہ، مٹھائی، زنانہ پاپوش، رنگین سرہند ٹکلیاں۔ سہاگ پڑا، چھلیل، پان، ناڑے جاتے ہیں ہتھیلیوں میں شکر، چھوارے، ناریل، کشمش، بادام، سنگھاڑے، مہندی، کوزہ نبات رکھتے ہیں۔ جوڑے اور زیور واپس آتے ہیں۔ باقی چیزیں دلھن کے یہاں رہتی ہیں۔ ایک جوڑا جو سب سے اچھا ہوتا ہے دلھن کو پہنا کر رخصت کرتے ہیں یہی بری ہے (آنا۔ جانا) ؎ رنگین

میری اور میری زنانی کی ہے گڑیوں کا بیاہ
آج ساچق ہے مرے گھر سے بری جاتی ہے

بری الذمہ۔ جو کسی ذمہ داری سے الگ ہو گیا ہو جس پر جوابدہی کا بار نہ رہا ہو۔ بری کرنا۔ ملزم کو جرم ثابت نہ ہونے کی بنا پر چھوڑ دینا ذمہ داری اٹھا لینا۔ بری ہونا۔ ملزم کا جرم ثابت نہ ہونے کے باعث چھوٹنا۔ ذمہ داری ختم ہونا۔

بری: (ھ ۔ مو) ہاتھی کو روکنے کی آواز ؎ چکبست

فوجوں کو آگے بڑھنے کی راہیں جو بند تھیں
وحشت وحشت بری بری کی صدائیں بلند تھیں

بری: (ف) خشکی کا۔ خشکی سے تعلق رکھنے والا۔ بحری کی ضد۔

بری: (ھ ۔ برا کا مو) دیکھو برا۔ بری آنکھ ڈالنا۔ خراب نیت سے دیکھنا (پڑنا) ؎ شاد

سوکھ کر خار ہو سو بھیجے جو ذری آنکھوں سے
نرگس اے گل تجھے دیکھے جو بری آنکھوں سے

بری آنکھوں سے گھورنا۔ غصے سے دیکھنا ؎ رند

وہ گھورتے ہیں بری آنکھ سے پھر اب ہر بار
میں دیکھتا ہوں مقدر دکھائے گا پھر کیا

بری بات۔ نامناسب بات۔ بچوں کو کسی کام سے روکنے کے لیے تنبیہی آواز۔ بری بست۔ حرام چیز۔ سور۔ بری بست بھکانا۔ برا بھلا کہنا ؎ جان صاحب

کب میری بری بست بھکائی نہیں تو نے

بری بلا۔ آفت ؎ غالب

کہوں تجھ سے میں کہ کیا ہے　　شب غم بری بلا ہے

بری بھلی جاننا۔ نیک و بد کی تمیز ہونا۔ ہوشیار ہونا ؎ داغ

بات میری کبھی سنی ہی نہیں
جانتے وہ بری بھلی ہی نہیں

بری بنی ہے۔ بڑی سخت مصیبت پڑی ہے۔ بری خبر۔ کسی مصیبت یا پریشانی کی خبر۔ بری زبان۔ بدزبان وہ جس کی زبان تیز ہو۔ بری ساعت (گھڑی) منحوس گھڑی ؎

نکالا کارواں خط سے بھی آکر نہ لے ناسخ
مرا دل کیا بری ساعت گرا چاہ زنخداں میں

بری طرح پیش آنا۔ سختی کا برتاؤ کرنا ؎ داغ

آپ شب کو جو چھپ کے جائیں گے
ہم بری طرح پیش آئیں گے

بری سنانا۔ خلاف امید کوئی بات سنانا۔ بے ڈھب سنانا۔

برے: برا کی جمع۔ دیکھو برا۔ برے حالوں جینا۔ خرابیاں میں بسر کرنا۔ برے کی جان کا رونا۔ ظالم کی شکایت کرنا۔ ظلم و ستم پر صبر کرنا۔ برے وقت کا ساتھی۔ مصیبت میں امداد کرنے والا۔ برے دل سے۔ بے توجہی سے۔ ناخوشی۔ ناگواری۔ بدنیتی سے ؎ عاشق

بوسہ لے کر بھی کچھ بھلا نہ ہوا
تم نے کیا دیا برے دل سے

برے سے سب ڈرتے ہیں۔ شریر سے ہر ایک خوف کھاتا ہے ؎ داغ

تمہاری بد مزاجی سے ہیں کیونکر نہ خوف آئے
مثل مشہور ہے صاحب برے سے سب ہی ڈرتے ہیں

برے لچھن۔ بری عادتیں۔ برے کام۔ برے وقت کا اللہ بیلی۔

بُرے وقت کا کوئی ساتھی (ش۔ ک) مصیبت کے موقع پر خدا کے سوا کوئی مدد نہیں کرتا۔

بریاں:- بُھنا ہُوا۔ بھون کر پکایا ہُوا۔ جلا ہوا۔ بریانی۔ بُھنے ہوئے گوشت کا پلاؤ۔

بُرِیت:- (مو) اصل لفظ براءت ہے۔ دیکھو براءت

بُریٹھا:- (مذ) دھوبی

بریچ آف ٹرسٹ:- (مذ۔ انگ) معاہدے اور شرائط نامے کے خلاف کرنا۔

بَرِید:- (ع) قاصد۔ نامہ بر۔ ایلچی۔ ہرکارہ۔ ڈاکیہ

بِری گیڈ:- (انگ۔ مذ) فوج کا ایک حصّہ۔ توپ خانے اور رسالے کی فوج۔ پیدل فوج۔ **بِری گیڈیر** فوج کا افسر۔

بریچ لوڈر:- (انگ۔ مو) پچھلی جانب سے بھری جانے والی بندوق۔

بریک:- (مذ۔ انگ) وہ لوہا یا ربڑ وغیرہ جو موٹر یا کسی کل کے چلنے والے پہیے کے پاس لگا رہتا ہے اور جب اسے دباتے ہیں آ چپکتے ہیں اور جس سے گاڑی یکدم رک جاتی ہے نیز ریل کے گارڈ کے بیٹھنے کا ڈبہ جس میں گاڑی کو روکنے کے لئے بریک کا پہیہ لگا رہتا ہے۔ **بریک آف سروس** ملازمت کے دوران میں بلا تنخواہ چھٹی لینے یا اور کسی وجہ سے (چھٹی وغیرہ کے) اوّل و آخر کی سروس میں فاصلہ پڑ جانا اور خلا واقع ہونا جس کی بنیاد پر اکثر اوقات اس دن سے ملازمت کی مدت شمار ہوتی ہے جب چھٹی وغیرہ کے بعد دوبارہ کام شروع کیا گیا ہو۔

بَرِیّہ:- (ع۔ مذ۔ بریّۃ) مخلوق جمع برایا

بَڑ:- (ہ۔ مذ) برگد۔ ایک بڑے پھیلاؤ کا سایہ دار درخت۔ **بڑ تلے کا بھوت** ۔ وہ شخص جس سے پیچھا چھوٹنا مشکل ہو۔ **بڑولی** ۔ برگد کا پھل۔ نیز بڑ۔ بڑا کا مخفف اور صفتی سابقہ۔ **بڑبولا** ۔ زیادہ گو۔ بڑا بول بولنے والا۔ سی۔۔۔ **بڑبولی**۔ (مو) بڑپن، اضافہ بزرگی۔ بزرگانہ سنجیدگی اور متانت۔ بڑے لوگوں کے سے ٹھاٹھ۔ **بڑپیٹا۔ بڑپیٹو** ۔ توندل۔ بہت کھانے والا۔ بڑے پیٹ کا۔ **بڑدنتا** ۔ بڑے بڑے دانت والا۔ دانتو۔ **بڑدنتی** (مو)۔ **بڑکنا** ۔ بڑے کان والا۔ **بڑکنی**۔ (مو) **بڑھا**۔ بڑی ماں۔ تحقیراً بڑی عورت۔ **بڑبولا** ۔ شور۔ بڑے دعوے والا۔ **بڑبولی** (مو)۔ **بڑنکا** ۔ بڑی ناک والا۔ **بڑنکی** (مو) نیز (بڑ بولا۔ مو) بکواس۔ جھوٹی باتیں۔ شیخی (لگانا۔ مارنا)

بکنا) **بڑ میں آنا** ۔ جوش میں آنا۔ شیخی یا بڑائی شروع کرنا۔ ؎ بحر لکھنوی

تو بس سننے کے لئے آئیں گی فسانہ عشق
آگیا بڑ میں کسی روز جو دیوانہ عشق

بڑا:- بڑنا مصدر کا ماضی مطلق۔ داخل ہوا۔ گھسا (۲) (مذ) موتنگ یا اردو کی ہوئی گیا (صفت۔ مذ) لمبا۔ اونچا بزرگ۔ امیر۔ مربی۔ سرپرست۔ معزز۔ حاکم۔ **بڑا آبا**۔ دادا۔ بڑا چچا یعنی تایا۔ خسر۔ عوام۔ استاد اور پیر یا شیخ کو بھی کہتے ہیں۔ **بڑا استنجا**۔ (لینا۔ کرنا) پاخانہ۔ طہارت کرنا۔ آب دست کرنا۔ **بڑا آیا کہیں کا** ۔ تجھ سے۔ بکتا ہے کون بہت بڑا آدمی ہے۔ **بڑا بوڑھا** (مذ) بزرگ۔ بڑے کا۔ **بڑا بول** ۔ (مذ) شیخی اور گھمنڈ کی بات۔ **بڑا بول آگے آنا** پیش آنا۔ سامنے آنا۔ غرور کی سزا پانا ؎ داغ

مسخر کر لیا آخر کو بنگالے کے جادو نے
بڑا بول آگے آیا ہم جو بولے تھے لڑکپن میں

بڑا بول قاضی کا پیادہ وہ ایک نہ ایک دن آئے گا۔ غرور کا نتیجہ ذلت ہے ؎ ذوق

کیوں تکبر بولتا یہ بندہ محکوم القضا
گر بول رہتا قاضی کا پیادہ وہ جاتا

بڑا بیڈھب ۔ دیکھو بیڈھب۔ **بڑا بول بولنا** ۔ غرور کرنا۔ ڈینگ مارنا ؎ جلیل

چاندی کی انگوٹھی پہ جو سونے کا چڑا پھول
اک بار تو بولنے اتراکے بڑا بول

بڑاپا۔ (مذ) بزرگی۔ بڑاپن۔ عظمت۔ متانت و سنجیدگی۔ **بڑا پتھر** ہے۔ بہت ظالم ؎ ذوق

ہم بتوں کے دل کو جذب دل سے کھینچے رہیں گے
پر بڑے پتھر ہیں یہ مشکل سے کھینچے جائیں گے

بڑا چڑھ گیا۔ بہت دور چڑھ گئے ؎ امیر

بہت اونچے گئے موسیٰ تو کوہ طور تک پہنچے
بڑا چڑھ گیا میں نے کھینچے عرش پر پہنچے

بڑا تیر مارا۔ طنز سے۔ بڑا کام کیا۔ بڑی ہمت کی ؎ داغ

نہ تھی تاب اے دل تو کیوں چاہ کی
بڑا تیر مارا اگر آہ کی

بڑا جانور۔ شور۔ گھسنے۔ بیل۔ بہت بیوقوف۔ **بڑا جنگی**۔ بہت بڑا۔ وزنی۔ یہ تو بڑا جنگی تخت ہے۔ **بڑا چلّا**۔ زچہ کا چالیسویں دن نہانا ؎ عالم

جشن عشرت تھی العرم رہی
بڑے چلّے تک یہ دھوم رہی

بڑا دم گلا (مذ) سخت چالباز اور بدمعاش۔ **بڑا دن** (مذ) دیکھو بڑی

حکم دینا۔ بولنے کے ساتھ بزن کا لفظ اسم کے طور پر استعمال کرتے ہیں اور یہ مونث ہوتا ہے۔

بزور :۔ (ف) زبردستی۔ جبراً۔ چھین کر۔ دباؤ ڈال کر۔

بس :۔ (ا) ۔ اسم ۔ مذ) طاقت۔ اختیار۔ قابو۔ زور چیز کا تابع مہمل (صفت) بہت۔ صرف۔ فقط۔ کافی (۳) قائم مقام جملہ) ٹھہرو۔ دم لو۔ کافی ہے۔ چپ رہو۔ بس بس۔ ٹھہر و ٹھہرو۔ رُک جاؤ۔ بہت ہوا۔ کافی ہے۔ تقریر ختم کرو۔ اب زیادہ کی ضرورت نہیں۔ رہنے دو۔ بس چلنا۔ قابو پانا۔ اختیار ہونا۔ بس حد ہو گئی۔ انتہا ہو گئی۔ بہت بُرا ہوا۔ بہت بُرائی کر چکے۔ رہنے دو۔ ختم کرو۔ بس دیکھ لیا۔ خوب آزمایا۔ پورا حال کھل گیا۔ اب کچھ اور آزمانے کی ضرورت نہیں۔ تمہاری دوستی اور ہمدردی معلوم ہو گئی۔ بس کر۔ القصہ۔ حاصل کلام۔ غرض کہ بس میں آنا۔ قابو میں آنا۔ بس میں کرنا یا لانا۔ قابو میں لانا۔ موہنا۔ بس نہ چلنا۔ زور نہ چلنا۔ قابو نہ پانا۔ اختیار میں نہ ہونا۔

بس :۔ (انگ۔ مو) لاری۔ جو شہروں میں لوگوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچاتی ہے۔ بس میں سوار ہونا۔ کرایہ کی لاری میں بیٹھنا۔

بس :۔ (ہ۔ مذ) زہر۔ بگاڑ۔ جھگڑا۔ فساد۔ شر۔ بس اگلنا۔ زہر اگلنا۔ توہین کرنا۔ دل کی باتیں کہنا۔ بس ہونا۔ بُرائی کرنا۔ فتنہ و فساد کی بنیاد ڈالنا۔ جھگڑا کرنا۔ بُرائی کا بیج بونا۔ بس بھری (مو) زہریلی۔ فسادی۔ کپٹی۔ فتنہ انگیز۔ بس کی گانٹھ۔ زہر کی شدید۔ مفسد۔ فسادی۔ کینہ ور۔ بس گھولنا۔ فساد کی باتیں کرنا۔ زہر پھیلانا۔ زہر ہونا۔ بہت کڑوا ہونا۔

بسا اوقات :۔ (ا) اکثر۔ بہت دفعہ

بساتی :۔ (س۔ مذ۔ لگ) کنگھی۔ سوئی وغیرہ بیچنے والا۔ (م) ملا ہے۔

بسارنا :۔ (ہ) بھولنا۔ بھلانا۔

بساط :۔ (ع۔ مو) بستر۔ بچھونا۔ فرش۔ شطرنج کھیلنے کی بچھڑ۔ ؎ تسلیم

شوق شطرنج کا نہ کچھ پوچھو
ان دنوں واں بساط بچھی ہے

پونجی۔ قدرت۔ حوصلہ۔ بساط سلیمان۔ حضرت سلیمان کا تخت جو ہوا میں اڑتا تھا۔ بساط کیا ہے۔ حقیقت کیا ہے ؎ امیر

بڑا کریم ہے زاہد وہ بخش ہی دے گا
بساط کیا ہے ہم ایسے گنہگاروں کی

بساط خانہ۔ وہ بازار جہاں بساطی بیٹھتے ہیں۔ بساط کے بموجب امکان کے موافق۔ حیثیت کے مطابق۔ عمر کے حساب سے۔

بساطی :۔ (ا) مذ۔ سوئی وغیرہ بیچنے والا۔ بازار میں سر راہ دکان لگا کر بیٹھنے۔ خردہ فروش۔

بسالت :۔ (ع۔ مو) دلیری۔ بہادری۔

بسان :۔ (ف) حرف تشبیہ۔ یہ لفظ ہمیشہ اضافت کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ شعر

غازی کی تیغ تیز بسانِ نظر چلی (یعنی نظر کی طرح)

بساند :۔ (ہ۔ مو۔ مک) بد بو۔ سڑنے کی بد بو۔ بساہند۔

بسانا :۔ (ہ) آباد کرنا۔ خوشبودار کرنا۔ مہکانا۔

بسانده :۔ (ہ) بدبودار

بساہا :۔ (مذ۔ ہ) زہریلا۔

بسہری (مو) ایک زہریلی بیماری جو ہاتھ کی انگلیوں کو خراب کرتی ہے۔

بسائط :۔ (ع) بسیط کی جمع۔ وہ مادے جو مرکب نہیں۔ مجازاً عناصر اربعہ (آگ۔ پانی۔ مٹی۔ ہوا)

بست :۔ (ہ) اسباب۔ سامان۔ (ت بولنے میں نہیں آتی)

بستار :۔ (ہ۔ مذ) پھیلاؤ۔ طول کلامی۔ تفصیل۔ بات بڑھا کر کہنا (کرنا)

بستان :۔ (ف) باغ (بوستان کا مخفف و معرب)

بستر :۔ (ا۔ مذ) بچھونا۔ فرش۔ بسترا (مذ) بچھونا۔ فقیروں کا مسکن۔ بسترا لگانا۔ کسی جگہ رات بسر کرنے کیلئے بستر بچھانا۔ جم کر کسی جگہ بیٹھ جانا۔ بستر سے جیتے لگ جانا۔ مریض کا ناقابل حرکت ہونا۔ ؎ ناسخ

لگ گئی بیماری فرقت میں یہ بستر سے پیٹھ
اٹھ چلوں بالفرض میں تو ساتھ ہی بستر چلے

بستر کرنا۔ ٹھہرنا۔ قیام کرنا ؎

جی میں ہے ہو جائے اس سرو قامت پہ فقیر
بس کسی آڑ لگے تکیے میں بستر کیجیے

بچھونا بچھانا۔ رات کے سونے کا سامان کرنا۔ بسترا بچھونا۔

بستگی :۔ (ف۔ مو) قبض۔ اس چیز کا سخت ہونا جو عموماً نرم ہوتی ہو۔ تفریح نہ ہونا۔ طبیعت کا بند اور مضمحل ہو جانا۔

بستنی :۔ (ا۔ مو) پیچ سے یا ستار وغیرہ کا غلاف

بَست وکُشاد:- (ف - مو) حل وعقد - بند وبست - انتظام - طبیعت کا بند ہونا اور کھل جانا -

بَستہ:- (ف - مذ) بندھا ہوا - جما ہوا - وہ سخت چیز جو موم ہو کر گرتی ہو - کتابوں کا جزدان - بقچہ - شاعر کے کلام کا مجموعہ - وہ کپڑا جس میں مہاجن کاتا اور بات رکھتے ہیں - اسم صفت - خوشبو میں رچنا - بندھن -

بَستی:- (ہ - مو) آبادی - قصبہ - گاؤں - شہر - چہل پہل -

بَس جانا:- (ہ) آباد ہو جانا - مہک جانا - بسنا - آباد ہونا - مہکنا -

بَسَر:- (ہ - مو) گزر اوقات (کرنا - ہونا)

بِسرا:- (ہ) بھولا ہوا - بھولا کا آنج - بسرانا - بھلانا کسی بات کا خیال سے اتار دینا - یاد نہ رکھنا - بِسر جانا - بھول جانا - چوک جانا - یاد نہ رہنا - بِسرنا - بھولنا - چوکنا -

بِسرام کرنا:- (ا) آرام کرنا - ٹھہرنا - توقف کرنا -

بَسَروچشم:- (ف) منظور ہے - سر آنکھوں پر -

بَسط:- (ع - مذ) کشادگی - فراخی - تفصیل وشرح -

بِسکُٹ:- (انگ - مذ) بیکری کے تنور میں پکی ہوئی ٹکیا - جو نمکین بھی ہوتی ہے اور میٹھی بھی - اور عموماً خستہ ہوتی ہے -

بِس کھپرا:- (ہ - مذ) ایک قسم کی گھاس - ایک زہریلا کیڑا جو گرگٹ سے مشابہ ہوتا ہے -

بِسمِ اللہ:- (ع - مو) کسی کام کی ابتدا کرنے والے شخص سے کہا جائے تو (۱) آئیے تشریف لائیے - شروع کیجئے - ساتھ چلنے کے لئے (۲) تو کھڑے ہونے والے سے کہا جائے تو (۳) کہا تشریف فرمائیے - کسی جگہ پہنچنے کو یا کوئی کام کرنے کا تذکرہ ہونے کے بعد کہا جائے تو (۴) چلئے - کام شروع کیجئے - دیر کیا ضرورت ہے (۵) کچھ کہنے یا کلام سنانے کا ارادہ رکھنے والے سے کہا جائے تو (۶) فرمائیے ارشاد کیجئے - اٹھئے اور دنیا عزم رکھنے والے سے کہا جائے تو آئیے میدان میں ابھی مقابلہ کر لیجئے - نیز بچوں کو بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھانے کی رسم جس کے بعد بچوں کو مکتب میں بٹھا دیا جاتا ہے - بسم اللہ سے تمت تک - شروع سے آخر تک - بسم اللہ کا گنبد - جائے پناہ - محفوظ جگہ - جہالت - ناتجربہ کاری - ؎ ذوق

پھرتے ہیں لکھے پڑھے سڑے میں ذال جاہ کے
حلق مکتب بیٹھے ہیں گنبد میں بسم اللہ کے

بسم اللہ کرنا کسی کام کو شروع کرنا - بسم اللہ ہی غلط - ابتدا ہی غلط - پہلے ہی غلطی -

بِسمِل:- (ف - مذ) گھائل - زخمی - عاشق - تڑپنے والا - بیقرار - جس پر بسم اللہ واللہ اکبر کہہ کر چھری چلائی گئی ہو -

بُسنا:- (ہ) دیر تک رکھے رہنے سے کھانے کی چیز یا کسی چیز کا سڑ جانا -

بَسَنت:- (ہ - مو) بہار کا موسم - بہار کا گیت - بسنت پنچمی (مو) ہندوؤں کا مشہور تہوار - بسنت پھولنا - سرسوں کے پھولوں کا کھلنا - بسنت کی خبر - حقیقت حال کی اطلاع - انقلاب اور تغیرات زمانہ کی خبر - بسنتی - زرد - پیلا - زعفرانی - بسنتی پوش - زرد لباس پہننے والا - زرد پوش ؎

وہاں تو ہے زرد پوش یہاں میں ہوں زرد رنگ
واں تیرے گھر بسنت ہے یاں میرے گھر بسنت　　مومن

بِسوانسی:- (ہ - مو) بیس کچوانسی - بِسوہ کا بیسواں حصہ -

بِسورنا:- (ہ) منہ بنانا - رونے کی شکل بنانا -

بَسُولا:- (ہ - مذ) لکڑی چھیلنے کا اوزار جو کلہاڑی سے مشابہ ہوتا ہے اور کلہاڑی کے برعکس اس کی دھار چوڑائی میں ہوتی ہے -

بَسُولی:- (ہ - مو) اینٹیں گھڑنے کا اوزار جو بسولے سے چھوٹا اور مشابہ ہوتا ہے -

بِسوہ:- (ہ - مذ) بیگھے کا بیسواں حصہ - بسوہ بس کی گانٹھ - اراضی شاملات کی جزیت اکثر جھگڑے ہوتے ہیں - زمین کی ملکیت پر ہوا کرتی ہیں - بِسوہ دار - کاشتکاری کا حق رکھنے والا - دیہی زمین میں شریک

بَسیٹھ:- (ہ - مذ) قاصد - ایلچی - ثالث - چغل خور - غیبت کرنے والا -

بَسیرا:- (ہ - مذ) پرندوں کا رات کے وقت آرام کرنے کے لئے اکٹھے ہو کر پیڑوں پر بیٹھنا اور سونا - بسیرا لینا - پرندوں کا پیڑوں پر سرشام ہل پل کر گرنا اور شب باش ہونا - بسیرے کا وقت - شام کا وقت - سرشام -

بَسیط:- (ع - مذ) پھیلا ہوا - وسیع - فراخ - شعر وزن کرنے کی ایک بحر کا نام - جس کا وزن مستفعلن فاعلن چار بار ہوتا ہے -

بِسَینڈا:- (ہ) سڑا بُسا ہوا کھانا - بدبودار کھانا -

بَشارت:- (ع - مو) خوش خبری - مژدہ - الہام - غیبی آواز - القا - خواب میں خوش خبری ملنا - ...

جو مستقبل کے متعلق قرآن و حدیث میں مذکور ہو۔ (دینا۔ سنانا۔ ملنا۔ ہونا)

بَشَاش: (ع) خوش و خرم۔ مسرور۔ شگفتہ و شاداب۔ ترو تازہ۔ ہنس مکھ۔ **بَشَاشَت**۔ خوش شگفتگی۔ تروتازگی۔

بِشَپ: (انگ) عیسائیوں کا بڑا پادری۔ دینِ عیسوی کا بڑا عالم۔ فاضل۔

بَشَر: (ع۔ مذ) انسان۔ آدم زاد۔ **بَشَرِیَّت**۔ آدمی ہونا۔ انسان۔ آدم زاد ہونا۔ غلطی کا امکان۔

بَشَرطیکہ: (ف) اس شرط کے ساتھ کہ۔ اگر ایسا ہو تو۔ اگر ایسا ہوا تو۔

بُشرَہ: (ع۔ مذ) چہرہ۔ حلیہ۔ قیافہ۔ پیشانی۔ چہرے کا اتار چڑھاؤ۔ (بشرے سے بات سمجھ میں آگئی)

بِشن: (ہ۔ مذ) (ہندوؤں کا روزمرہ) وشنو۔ خدا۔ پروردگار۔ دولت دینے والا۔ **بِشنی**۔ وشنو کا ماننے والا ہندوؤں کا ایک فرقہ۔ نیز زناکار۔ بدکردار۔ رنڈی کا یار۔

بَشِیر: (ع۔ مذ) خوشخبری دینے والا۔ حضور کا لقب۔ کیونکہ آپ نے اسلام پیش کرکے نجات کی خوشخبری سنائی۔ نیز وہ پیامبر جو حضرت یعقوب کے پاس شاہ مصر کی خوشخبری اور قمیص لے کر گیا تھا۔

بَصَارَت: (ع۔ مو) آنکھوں کی روشنی۔ بینائی۔ **بصارت** زائل ہونا۔ اندھا ہو جانا۔ **بصارت کم ہونا** (گھٹنا) آنکھوں سے کم نظر آنا۔ **بَصَر**۔ آنکھ۔ نظر۔

بَصرہ: (ع۔ مذ) عراق کا ایک شہر۔

بَصَل: (ع۔ مو) پیاز۔

بَصِیر: (ع) بینا و دانا۔ دیدۂ دل سے دیکھنے والا۔ ماہر مبصر۔ اللہ تعالیٰ کا ایک نام۔ **بَصِیرَت** (مو) دانائی۔ ہوشیاری۔ دیدۂ دل کی روشنی۔ مضبوط و مستحکم رائے۔

بَصِیغہ: (ف۔ ب صیغہ) مذکر۔ شعبے میں۔ جیسے بصیغۂ دیوانی۔ دیوانی کے شعبے میں۔ طور پر۔ حیثیت سے۔ جیسے بصیغۂ راز۔ رازداری کے طور پر۔ رازداری کی حیثیت سے۔

بِضَاعَت: (ع۔ مو) سرمایہ۔ پونجی۔ کسی کی کل کائنات۔

بَط: (ع۔ مو) مشہور پرندہ جو گھروں میں پالا جاتا ہے اور پانی کو بہت پسند کرتا ہے۔ **بَطخ**۔ بط۔ بطِ مے (پرانا) شراب کی صراحی۔

بطانہ: (ع۔ مذ) پگڑی کے نیچے کا کپڑا (استر) جو ہے معنی محتاج مفلسوں کے ہوتے ہیں (؟) اہلِ دولت بندھتا ہے بے بطانہ کب حسن کا چیرا

بَطحا: (ع۔ مذ) مکۂ معظمہ کا نام۔

بَطخ: (ف۔ ا) بط۔ بطخا (مذ) بطخی (مو) بط۔ یا رود کی کچی۔

بَطَرز: (ف۔ ب طرز) اضافے کے ساتھ مستعمل ہے جیسے بطرزِ نو۔ نئے طریقے سے۔ نئے ڈھنگ پر۔

بَطَرِیق: (ف۔ ب طریق) اضافت کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ جیسے بطریقِ اسلام۔ اسلام کے طریقے اور اصول پر۔

بَطَل: (ع۔ مذ) دلیر۔ بہادر۔ غازی۔ کسی قومی یا مذہبی یا علمی جماعت کا ہیرو۔

بُطلان: (ع۔ مذ) باطل ہونا۔ جھوٹ۔ بناوٹ۔ تردید کرنا۔ مٹانا۔

بَطلِیمُوس: (یو۔ مذ) اسکندریہ کا مشہور مہندس اور نجومی جو جالینوس کا شاگرد تھا۔ سب سے پہلے اس نے رصد خانے کی بنیاد ڈالی ہے۔ جہاں سے ستاروں اور سیاروں کا مشاہدہ کیا اور زمین کا نقشہ بنایا۔ وہ مریخ میں فوت ہوا

بَطن: (ع۔ مذ) پیٹ۔ شکم۔ کوکھ۔ رحم۔ **بطناً بعد بطن** موروثی۔ پشت در پشت۔

بَطِی: (ع) دیر کرنے والا۔ سست۔ کاہل۔ **بطی الحس**۔ جس کی قوت احساس کمزور ہو۔ بہت دیر میں محسوس کرنے والا۔ **بطی السیر**۔ دھیرے دھیرے چلنے والا۔ جس کی رفتار سست ہو۔

بَعث: (ع۔ مذ) روز قیامت مردے کو زندہ کرنا۔ مردے کا زندہ ہونا۔ قیامت۔ **بعث و نشر**۔ مردوں کو زندہ کرنا اور میدانِ قیامت میں لانا۔ قیامت۔

بِعثت: (ع۔ مو) آں حضرت کا تبلیغِ حق کے لیے مقرر ہونا۔ اعلانِ رسالت پر مامور ہونا۔

بَعد: (ع) پیچھے۔ آخر۔ قبل کی ضد۔ **بعد از خرابیِ بسیار**۔ بڑی مشکل سے۔ بڑے جھمیلوں اور پریشانیوں کے بعد۔ **بعد از مرگ واویلا**۔ کسی کام کا وقت اور موقع نکل جانے کے بعد واے کرنا۔

بُعد: (ع۔ مذ) دوری۔ فاصلہ۔ فرق۔ تفاوت۔ **بُعد المشرقین**۔ (دو پر پیش پڑھنا غلط ہے) پورب اور پچھم کا فرق۔

بَعض: (ع) کوئی۔ چند۔ کسی۔ **بعضاً** کوئی۔ (ع) کوئی شخص۔ **بعض اوقات**۔ (بغیر اضافہ) کبھی کبھی۔ **بعضے**۔ کسی کسی۔ کوئی کوئی۔ چند۔

بَعِید: دور۔ فاصلے۔ **بعید الفہم**۔ یا بعید از فہم سمجھ سے دور۔ عام طور سے نہ سمجھ میں آنے والی بات۔ **بعید العقل** (بعید از عقل) عقل کے خلاف۔ لغو۔ مہمل

بَقَل :- (ع - مو) ترکاری کھانے کی سبزی - ساگ - بقول جمع -

بَقِیَّہ :- (ع ب قی یہ - مذ) بچا کھچا - باقی

بَک :- (ہ - مو) بکواس - فضول گوئی - مسلسل بولے جانا - بک بک جھک جھک (کرنا) جھگڑا ہونا - بک بک - بڑبڑ - بے معنی باتیں - بے موقع گفتگو - بکواس - زٹل - بک بک کرنا یا لگانا - خواہ مخواہ بولے جانا - بے ہودہ بکواس کرنا - بک بک کے سر کھانا - (مغز کھانا بھیجا پکانا) بہت زیادہ فضول باتیں کرنا - بک جانا - فضول بات کہہ جانا ؎

جو منہ میں یار کے آتا ہے بک جاتا ہے اسے آتش

بک لگنا - کسی بات کو بار بار کہے جانا - بڑ لگنا - بکنا - فضول باتیں کرنا - بکواس کرنا - خفا ہو کر ڈانٹنا - بکو - بہت بک بک کرنے والا - بکواس - فضول کی بڑبڑ - بے ہودہ باتیں - بکواسن - فضول بڑبڑ کرنے والی عورت - بکواسی - بکواسن کا مذ - بکی - بکو -

بُک :- (انگ - مو) کتاب - کاپی - بک پوسٹ کرنا - ڈاک سے مطبوعہ مضمون کے اوراق اس طرح بھیجنا کہ دونوں طرف کھلی ہوں - بک کرنا - سامان ریلوے پارسل سے بھیجنا - بکنگ - (مذ) سامان کا ریلوے سے بھیجنے کے لیے پارسل ہونا - بکنگ آفس (مذ) پارسل گھر - ریل کے ٹکٹ بکنے کی کھڑکی یا دفتر - بکنگ کلرک - ریل کا ٹکٹ دینے والا بابو - بک ہونا - ریل سے بھیجے والے سامان کا پارسل بننا -

بُکا :- (ع - مو) رونا - گریہ وزاری - فریاد - بکائی - بہت رونے والا - رونے کا مشتاق -

بُکّا :- (ا - مذ) گرد یا دھوئیں کا اکٹھا ہو کر نکلنا - مٹھی بھر - لپٹ - شعلہ ؎ قدر

درخت ارغواں یا ساوتی یا نخل لالہ ہے
وہ بکا نور کا بالکل ہے نخل طور کا ثانی

بکے اڑانا - غبار پھیلانا - خوشبو پھیلانا - ؎ برق

اس گل کے سامنے نہیں اڑتے [illegible]
بکے اڑا رہا ہے چمن میں گلاب کے

بکے کے بکے - بہت کثرت سے دھواں یا غبار (اڑنا - اڑانا - نکلنا) دیکھو سگریٹ پیتے ہیں کیسے بکے کے بکے اڑا رہے ہیں -

بَکارَت :- (ع - مو) لڑکی کا کنوارپن - دوشیزگی -

بَکان :- (ہ) ایک درخت جس کی پتیاں نیم کی طرح ہوتی ہیں - اسے "بکائن" بھی کہتے ہیں - (اس طرح ادا کیا جائے جیسے یائے مجہول سے قبل ہو گیا ہے)

بَکاوَل :- (ہ) باورچی - خانساماں -

بکائن :- دیکھو بکان -

بِکاؤ :- بکنے کے لیے - فروختنی -

بَکاوَلی :- (ہ - مو) بھارت کی ریاست ریواں کے قدیم راجہ میگل جوگی کی حسین و جمیل لڑکی کا نام جس کا قصہ گل بکاولی کے نام سے مشہور ہے - ایک قسم کی طشتری ؎ شعور

بنے پلیٹ اگر زہرہ طشتری ہو جائے
بکاولی جو وہ لے ہاتھ میں پری ہو جائے

بَکتَر :- (ف - مذ) لوہے کی کڑیوں کا بنا ہوا لباس جو کرتوں کے نیچے پہنتے تھے - اوپر کا کرتہ زرہ کہلاتا تھا - چھوٹی زرہ -

بِکَٹ :- خوفناک - کٹھن - بدصورت -

بُکَٹ :- (مذ) پورا چنگل - لپ - بکٹا - وہ مقدار جو ایک چنگل میں آ جائے - بکٹا بھرنا - چنگل بھرنا - بکٹا مارنا - مٹھی بھر کے لینا - نکالنا -

بِکٹ پہاڑا :- (ہ) کسر کا پہاڑہ جیسے سوایا - ڈیوڑھا وغیرہ

بَکَٹّھا :- (ہ) مزے میں کسیلا - کڑوے - میٹھے - نمکین اور پھیکے کے علاوہ ایک مزہ -

بِکر :- (ع - مذ) کنوارپن - دوشیزگی - بکر توڑنا - کنوارپن توڑنا - کنواری لڑکی سے پہلی دفعہ جماع کرنا -

بَکرا :- (ہ - مذ) بکری کا نر - بز نر - گوسفند نر - بکر قصاب بھیڑ بکری کا گوشت بیچنے والا - بکری - بکرے کی مادہ - بز مادہ - گوسفند مادہ - بکری جان سے گئی - کھانے والے کو مزہ نہ آیا - اتنی محنت کے بعد بھی کام پسند نہ آیا - بکری کرے گھاس سے یاری تو چرنے کہاں جائے - اگر شوق اور دوستوں ہی میں گزارے جائیں تو فکرِ معاش کیسے ہو - بکرے کی بولی بولنا - قے کرنا - بکری کی اولاد - حرامی - بکریوں نے دودھ دیا مینگنوں بھرا - کام ٹھیک کرکے پھر خراب کر دینا - بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی - بدکاری ایک نہ ایک دن ضرور کھل رہے گی -

بِکرَم :- (س - مذ) ایک ہندی سنہ جو بھارت کے قدیم راجہ بکرماجیت سے شروع ہوتا ہے - بکرمی - سنہ بکرم - بکرماجیت - قدیم بھارت کا ایک راجہ جو عدل و انصاف میں مشہور ہے -

بِکری :- (ہ - مو) فروخت - مال کی نکاسی -

بَکس :- (انگ - مذ) لوہے یا ٹین کا صندوق - سامان رکھنے کی پیٹی - بکسا - عوام کا روزمرہ ہے بکس -

بَکسا: (ہ - مذ) بکسا - دیکھو بکسا - نیز بکس - دیکھو بکس۔

بَکَسنا: (ہ) کلی کھلنا - غنچے کا مسکرانا ؎ آرزو

بکسے کلی تو رنگ لائے بکسے جز پھول اٹ ہی جائے
اس کا یہی بگاڑ ہے اُس کا یہی بناؤ ہے

بَکسُوا: (ہ - مذ) وہ لوہے کا کانٹا جس کے ساتھ کسی چیز کے باندھنے یا اٹکانے کے لیے حلقہ لگا رہتا ہے۔

بَکَل: (ہ - مذ) چھال - چھلکا - پوست۔

بُکَل: (ہ - مذ) بُکّی - بُکّا - دیکھو بُکّا - ایک خاص وضع سے دوپٹے اور چادر کا لپیٹ - بُکل مارنا - بُکّا مارنا - چادر وغیرہ اوڑھ کر کندھے پر خاص طور سے لپیٹنا۔

بُکَم: (ع) ابکم کی جمع - گونگے - یہ لفظ تو ناصم (بہرے) کے ساتھ استعمال ہوتا ہے - صم و بکم - بہرے اور گونگے۔

بِکنا: (ہ) فروخت ہونا - کسی کا بندہ بے دام بن جانا - بکوانا - فروخت کرانا - بکوائی - فروخت کرانے کا کمیشن یا اجرت۔

بُکنی: (ہ - مو) بُرادہ - سفوف - آٹا - چورا۔

بُکھاری: (ہ - مو) غلہ رکھنے کی کوٹھی - بکھتی۔

بکھان کرنا: (ہ) بیان کرنا - خوشامد کرنا - تعریف کرنا - وعظ کرنا (حقارۃً) گالی دینا - پوشیدہ عیب گنانا - برائی

بکھاننا: (ہ) کسی کے پوشیدہ عیب کھولنا - بار بار تفصیل سے بیان کرنا - بُرا بھلا کہنا۔

بکھر جانا: (ہ) گر پڑنا - ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا - بے ترتیب ہونا - بہت منتشر ہونا - بکھرنا - تتر بتر ہونا - پراگندہ ہونا - بکھرا ہوا اور خستہ ہونا - کسی شے کا الگ ہو جانا - گر جانا - بچھڑنا - بچھڑے ہونا - بکھیر (مو) روپیہ پیسہ جو دولھا دلہن یا مریض کے اوپر سے بانٹتے ہیں - وہ صدقہ اور نچھاور جو کسی پر پھینک کر لُٹایا جائے - بکھرنا - منتشر کرنا - تتر بتر کرنا - اِدھر اُدھر پھینک دینا - نثار کرنا۔

بکھر پکانا: (ہ) کھانڈ کا شیرہ یا قوام پکانا - کچی شکر میں سے میل نکالنا۔

بکھیڑا: (ہ - مذ) بکھیڑ - جنجال - جھگڑا - دنگا فساد - ہنگامہ - دقت - دشواری - طوالت - بہت سامان اسباب - بہت سا کام دھندا - خرابی - بکھیڑا چکانا - جھگڑا طے کرنا - اُلجھا معاملہ طے کرنا - بکھیڑا ڈالنا - اُلجھاؤ ڈالنا - کام بڑھانا - کام پھیلانا - بکھیڑا نکالنا - جھگڑا کھڑا کر دینا - دشواری اور طوالت میں پھنسا دینا - بکھیڑے میں ڈالنا - جھگڑے میں ڈالنا - اُلجھاؤ میں پھنسا دینا - طوالت میں پھنسا دینا۔

بگَیت: (ہ) بانک کا فن جاننے والا - دیکھو بانک - بگیتی (مو) بانک کا فن - (دیکھو بانک)

بگّا: (ہ) سیدھا سادہ - بھولا - بیوقوف۔

بگاڑ: (ہ - مذ) کام میں خرابی - عیب - نقص - نقصان - باہم کشیدگی - جھگڑا - نفاق - نا اتفاقی (ڈالنا - کرانا - کرنا) بگاڑنا - مٹانا - خراب کرنا - بالکل مفلس کر دینا - ضائع کرنا - فضول خرچ کر ڈالنا - ہیئت بدل دینا - توڑ پھوڑ دینا - معاملے کو خراب کر دینا - جھگڑا کرنا - بہکا کر بُرے راستے پر لگا دینا - بگاڑو - بگاڑنے والا - بگڑنا - بگاڑنا کا فعل لازم - نیز سڑ جانا - خصلت کھو دینا - کھانے کا بدمزہ ہو جانا - بچھڑنا - جھگڑا کرنا ؎

اے دل یہ کس سے بگڑی کہ آتی ہے فوج اشک
لخت جگر کی لاش کو آگے دھرے ہوئے

سودا

بگڑ بیٹھنا - خفا ہو جانا - روٹھنا - جھگڑے پر آمادہ ہونا - باغی ہو جانا - لڑ پڑنا - بگڑے دل - منچلے - نڈر - آزاد - ادھر۔

بگ ٹُٹ: (ہ) سرپٹ - بے تحاشا (دوڑ بھاگنا)

بگریلی: (ہ - مو) ایک چھوٹی سی پہاڑی چڑیا۔

بگرٹ: (ہ) ایک ننھے دانوں کا سُرخ رنگ - اناج۔

بگڑا: (ہ - مذ) جھگڑا۔

بگُل: (انگ - مذ) ترم - نفیری - نرسنگا۔

بگلا: (ہ - مذ) ایک سفید لمبی گردن والا پانی کا جانور - کلنگ - نہایت سفید - بگلا بھگت - مکار - دیکھنے میں سیدھا اور نیک - باطن میں بد۔

بگولا: (ہ - مذ) بگولا - گردباد - ہوائی گرد جو گرد کو مخروطی شکل میں اُوپر کو اُڑتی ہوئی لے جاتی ہے۔

بگھار: (ہ - مذ) وہ پیاز یا مسالہ وغیرہ جسے گھی یا تیل میں داغ کیا جائے - چھونک - بگھار لگانا - بگھارنا - گھی یا تیل میں پیاز یا لہسن وغیرہ کو داغ کرنا - فالسے - جامن یا پھلیندوں کو کسی ہنڈیا میں نمک ڈال کر سرپوش سے بند کر کے اس طرح ہلانا کہ چھلکے پھٹ جائیں اور نمک پیوست ہو جائے۔ برتنا۔

بگھرا: (ہ - مذ) چیتا - تیندوا - پلنگ۔

بگھی: (بگ گھی ہ ۔ مو) سواری کی چوپہیا گاڑی ۔ مجازاً گھوڑے کا بگا اور تانگہ ۔ ایک قسم کی بڑی مکھی جو گھوڑوں کو بہت ستاتی ہے ۔

بگھیل: (ہ ۔ مذ) تیندوا ۔ شیر ۔ چیتا ۔ بگھیلا ۔ شیر کا نوجوان بچہ ۔ راجپوتوں کی ایک قوم ۔

بگھیلنا: ۔ (ہ) چھنکنا ۔ ڈالنا ۔

بگینی: ۔ (ہ ۔ مو) وہ گائے وغیرہ جس کا دودھ کم ہو جائے ۔

بل: (ہ ۔ مذ) سوراخ جو زمین میں ہو ۔ چوہے کا بھٹا ۔ **بل ڈھونڈنا**۔ ڈر کے مارے چھپتے پھرنا ۔

بل: (انگ ۔ مذ) کئے ہوئے مصارف یا کام کی اجرت کا حساب جو وصولیابی کے لیے دیا جاتا ہے ۔ قانون کا مسودہ جو منظور ہونے کے لیے اسمبلی وغیرہ میں پیش ہوتا ہے ۔ **بل بنانا**۔ مصارف کا حساب یا اجرت کی فہرست مرتب کرنا ۔ پیش کرنا ۔ پیش ہونا ۔ پاس یا منظور کرنا یا ہونا ۔

بل: (ہ ۔ مذ) طاقت ۔ مروڑ ۔ پیچ ۔ بغض ۔ کجی ۔ فرق ۔ دوری ۔ غرور ۔ غلطی ۔ **بل بوتا**۔ زور و طاقت ۔ حمایت کا بھروسہ ۔ اکڑ ۔ ڈینگ ۔ ہمت و جرأت ۔ ڈیل ڈول ۔ **بل بل جانا** (ہ) قربان ہونا ؎ کمال

کیوں جاؤں نہ میں بل بل اس صانع قدرت کے
کافر تری زلفوں میں جس نے کہ بل ڈالا

بل بھرنا (دہلی) زور دکھانا ؎ داغ

بل انھوں نے بھی بعد مرگ بھرا
میرے مرقد کے تختے اینٹھ گئے

خفا ہونا ؎ داغ

سحر کیا چشم فسوں ساز کیا کرتی ہے
دل سے وہ زلف گرہ گیر بھی بل بھرتی ہے

ناخوش ہونا ۔ اینٹھنا ۔ اکڑنا ۔ **بل پر کودنا**۔ بھروسے پر اترانا ۔ **بل کی بات**۔ شرارت ۔ چالاکی ۔ پیچدار بات ؎ جان صاحب

کچھ بل کی بات کی ہے نہیں سیدھی تو بات ہے
کو کل سنی ہے دیکھی نہیں پیچ دار زلف

بل کی لینا۔ اترانا ۔ غرور کرنا ؎

زلف کے پیچ سے نہیں آگاہ
بل کی لیتے ہیں آپ گھر بیٹھے

بل پڑنا شکن آنا ۔ فرق آنا ۔ رنجش پیدا ہونا ۔ ناگواری ہونا ناراض ہونا ۔ ناراض ہونا ۔ حساب میں غلطی پڑنا ۔ **بل دار** (بغیر اضافہ) مڑا ہوا ۔ بٹا ہوا ۔ آڑا ترچھا ۔ **بل دینا** بٹنا ۔ مروڑنا ۔ **بل کرنا**۔ اکڑنا ۔ بغض و کینہ رکھنا ۔ زور دکھانا ۔ **بل کھانا**۔ پیچ و تاب کھانا ۔ آپ ہی آپ دل ہی دل میں گھٹنا ۔ اکڑنا ۔ **بل کھلنا**۔ پیچ دور ہونا ۔ سلجھنا ۔ غرور کا سر نیچا ہونا ۔ **بل کھولنا**۔ سلجھانا ۔ اکڑ دور کرنا ۔ **بل کی لینا**۔ اترانا ۔ بل کھانا ۔ اینٹھنا ۔ اکڑنا ۔ **بل نکالنا**۔ حساب کی میزان کا فرق دور کرنا ۔ سیدھا کرنا ۔ سزا دینا ۔ غرور دکھانا ؎ مومن

ہم نکالیں گے سن اے موج صبا بل تیرے
اس کی زلفوں کے اگر بال پریشاں ہوں گے

بل نکلنا۔ بل نکالنا کا لازم ۔

بلا: (ا ۔ مذ) برقی کا نز ۔ گول نشان جو سرکاری ملازموں کے لباس میں لگا رہتا ہے ۔ تمغا ۔ چپراس ۔ وہ فیتا جو تلوار یا خنجر کے دستے میں اس غرض سے باندھتے ہیں کہ میان سے علیحدہ نہ ہو جائے ۔

بلا: ۔ (مذ) گیند ۔ کھیلنے کی چپٹی لکڑی ۔ بیٹ ۔ تھاپی ۔

بلا: (ع) بغیر ۔ سوا ۔ **بلا اکراہ و اجبار**۔ بغیر کسی زبردستی یا دباؤ کے ۔ خوشی خاطر سے ۔ اپنی مرضی سے ۔ **بلا تامل**۔ فوراً ۔ اسی وقت ۔ بغیر تاخیر کئے ہوئے ۔ بغیر سوچ بچار کے ۔ اسی دم ۔ ابھی ۔ **بلا تردد**۔ بغیر کسی اندیشے کے ۔ بغیر فکر کے ۔ بے کشش و پیچ کے ۔ نیز وہ زمین جو ابھی جوتی نہ گئی ہو ۔ **بلا تشبیہ**۔ ہو بہو ۔ بجنسہ بالکل ۔ نعوذ باللہ ۔ جیسے ؎ بحر

بلا تشبیہ زلف یار ہے یا سطر قرآن ہے

بلا تصنع۔ بغیر بناوٹ کے ۔ سچ مچ ۔ صحیح صحیح ۔ بے ساختہ ۔ **بلا تکلف**۔ بے ساختہ ۔ بغیر بناوٹ کے ۔ اپنایت سمجھتے ہوئے ۔ **بلا توقف**۔ فوراً ۔ بغیر تاخیر کے ۔ اسی وقت ۔ ابھی ۔ بغیر رکے ہوئے ۔ **بلا شرط**۔ بغیر کسی شرط یا پابندی کے ۔ بغیر وعدہ وعید کے ۔ **بلا شک**۔ یقیناً ۔ واقعی ۔ **بلا ناغہ**۔ ہر روز ۔ متواتر ۔ **بلا واسطہ**۔ بغیر کسی اسطے اور ذریعہ کے ۔ براہ راست ۔ بے سبب ۔ ناحق ۔ **بلا وجہ**۔ ناحق خواہ مخواہ ۔

بلا: (ع ۔ مو) مصیبت ۔ دکھ ۔ چڑیل ۔ بھوتنی ۔ آسیب ۔ بہت تیز اور چالاک ۔ از حد ۔ نہایت ۔ **بلا بدتر**۔ کھانے کی بری بھلی تمام چیزیں ۔ بہت بری اور نکمی چیزیں ۔ **بلا بوغما**۔ نامہذب ۔ بیہودہ ۔ بدوضع ۔ بھونڈا ۔ خراب ۔ **بلا پیچھے لگانا**۔ مفت کی آفت مول لینا ۔ کسی وبال جان کو طفیلی بنا لینا ۔ **بلا جانے**۔ بے پروائی ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں ۔ گویا ہم نہیں جانتے ہمیں اس سے کچھ بحث نہیں ۔ **بلا چٹ**۔ وہ آدمی جو اچھی بری چیز سب کھالے ۔ صدقے اور نچھاور کا کھانا کھانے والا ۔ **بلا سے**۔ جوتی سے ۔ کچھ فکر نہیں ۔ کچھ پروا نہیں ۔ **بلا کا**۔ آفت کا پرکالا ۔ نہایت شریر ۔ نہایت تیز ۔ نہایت عیار ۔ **بلاکش**۔ مصیبت جھیلنے والا ۔ **بلا گرد**۔ **بلا گردان**۔ دوسرے کی مصیبت اپنے اوپر لینے والا ۔ جاں نثار ۔ **بلا لوں**۔ عورتوں کا روزمرہ ۔ قربان جاؤں ۔ **بلا لینا**۔ صدقے جانا ۔ نثار ہونا ۔ **بلائیں لینا**۔ عورتیں کسی بچے وغیرہ کے پیار

اور محبت کے جوش میں اپنے دونوں ہاتھوں کی مٹھیاں اس کی کنپٹیوں کے پاس لیجا کر مس کرتی ہیں اور پھر انگلیوں کے کنارے کلائی کی طرف موڑتی ہوئی اپنی طرف لاتی ہیں اور اپنی کنپٹیوں سے انگلیوں کی پشت ملا کر چٹخاتی ہیں اور " واری جاؤں ۔ قربان جاؤں ۔ صدقے " وغیرہ منہ سے کہتی جاتی ہیں ۔ اسے بلائیں لینا کہتے ہیں ۔ صدقے ہونا ۔ قربان جانا ۔

بلا بھیجنا:- (ف) کسی کو بلوانا ۔ طلب کرنا ۔ بلا لینا ۔ بلا کر لانا ۔ بلا لے آنا ۔ بلا کر ساتھ لے آنا ۔ بلانا ۔ طلب کرنا ۔ پکارنا ۔ آواز دینا ۔ بلاوا ۔ دعوت ۔ نیوتا ۔ بلائی نہ چلائی تب ڈھیمن کی بچی ۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی بغیر بلائے آ جائے اور بیجا اصرار کرے ۔ بلوانا کسی کو بھیج کر بلانا ۔ بلانے کے لئے کسی کو بھیج کر بلانا ۔ بلانے کے لیے کسی کو بھیجنا ۔

بلاٹنگ (پیپر):- (انگ ۔ مذ) جاذب جس سے حرفوں کو خشک کیا جاتا ہے ۔

بلاد:- (ع ۔ مذ) بلد کی جمع ۔ شہر ۔ ممالک ۔

بلادت:- (ع ۔ مو) کند ذہنی ۔ کم فہمی ۔

بلاغ:- (ع ۔ مذ) پیغام پہنچانا ۔

بلاغت:- (ع ۔ مو) کلام کا تمام عیوب سے پاک و صاف ہونے کے بعد مقتضائے حال اور ضرورت کے مطابق مناسب و واضح لفظوں میں ادا ہونا ۔

بلاق:- (ا ۔ مذ) ناک کا ایک زیور ۔ ننکا ۔ بلاقی ۔ وہ مرد جس نے بچپن میں بلاق پہنا ہو ۔ (یہ ایک رسم ہے وہ عورتیں جن کے بچے بچپن میں مر جاتے ہیں ۔ اپنے بچوں کو بچپن میں منتی بلاق پہنا دیا کرتی ہیں ۔)

بلاک:- (مذ ۔ انگ) کسی عمارت ۔ احاطے کا ایک حصہ مختصر حلقہ نظریے کے لوگوں کی مختصر سی جماعت ۔ جیسے نارودو ۔ لاک ۔ جیسے دھات پر لیا ہوا کسی تصویر یا تحریر کا عکس جو پریس میں چھاپنے کی غرض سے بنوایا جاتا ہے ۔

بلاکیڈ:- (انگ ۔ مذ) ناکہ بندی ۔

بلال:- (ع ۔ مذ) حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے موذن اور صحابی جو حبشی تھے ۔ نسیم

حبشی تو دریا ہے نقطہ ہے خال کا
محمد ہے اذان پہ سنکیں بلال کا

بلاند:- (ف ۔ مو) بالشت ۔ دیکھو بالشت ۔

بلاؤ:- (ف ۔ مذ) بڑا بلا ۔ گربہ بر

بلائی:- (ف ۔ مو) لکڑی کا کھٹکا جو دروازے میں اندر کی جانب سے بند کرنے کے لیے لگایا جاتا ہے اور باہر کی طرف سے بھی کھل سکتے ہیں (انگ)

بلبل:- (ف ۔ مذ اور مو) ایک خوب صورت اور گانے والی چڑیا ۔ گلدم ۔ ہزار داستان ۔ عندلیب ۔ بلبل چشم (صنیر اضا ۔ مذ) ایک قسم کا کھیس جس میں بلبل کی آنکھوں کی طرح سیاہ و سفید بوٹے ہوتے ہیں ۔

بلبلا:- (ا ۔ مذ) حباب ۔ پانی کا بلبلا ۔ ناپائیدار ۔ ناپائیدار ست

کیا بھروسہ ہے زندگانی کا
آدمی بلبلا ہے پانی کا نواب مرزا

بلبلانا:- (ف) اونٹ کا مستی میں غرغر کرنا ۔ (اور وحشت ہونا) غصے میں لال پیلا ہونا ۔ ظریف

سر پہ دستار فضیلت پاؤں میں بوٹ
بلبلاتا آرہا ہے اشتر بغداد و روم

بلبلانا:- (ف) تڑپنا ۔ چوٹ کھا کر بلکنا ۔ بے قراری سے رونا ۔ بے تاب ہونا ۔ جیسے ماں بچے کے لیے بلبلاتی ۔ بھوک سے تڑپ جانا ۔ منت وزاری کرنا ۔ گڑگڑانا ۔

بلبل جانا:- (ف) واری جانا ۔ تصدق و نثار ہونا ۔ بلبل کرنا نہایت گرمجوشی سے ۔ کمال سرگرمی سے ۔ اب متروک ہے ۔ نیز دیکھو بل ۔

بل بھکوا:- (ف) بکلی ۔ بڑھاپے میں جوانوں اور بچوں کی سی حرکتیں کرنے والا

بل بے:- (ف) واہ وا کیا کہنا ۔ شاباش ۔ مرحبا ۔ آفریں ۔ اُف رے ۔ واہ رے ۔ اللہ رے ۔ ہو آہ ۔

ذوق

بل بے وحشت اب تلک بھی شاخ آہو کی طرح
پیچ کھاتا ہے دھواں میرے چراغ گور کا

بلتوڑ:- دیکھو بال توڑ ۔

بلٹی:- (انگ ۔ مو) پارسل کے بھیجے ہوئے اسباب کی رسید اور فہرست

بلد:- (ف ۔ مذ) بیل ۔ بلدیا ۔ بیل ہنکانے والا ۔

بلدان:- (ا ۔ مذ ۔ ل کا کسرہ اس طرح ادا کیا جائے جیسے یائے معروف سے پہلے ہوتا ہے) قربانی ۔ دیوتا کے سامنے بکرا وغیرہ بھینٹ دینا (ہندوؤں کا روز مرہ ہے)

بَلدَہ: (ع - مذ) بستی - شہر - قصبہ - **بلدیہ** (مذ) شہری انتظام کا محکمہ - میونسپلٹی -

بَل رانڈ:- (ھ - مو) وہ عورت جو کم سنی میں بیوہ ہو جائے -

بَلعَم باعُور:- (مو اضا) بنی اسرائیل کے ایک عالم کا نام -

بُلَغا:- (ع) بلیغ کی جمع - وہ ادیب جن کے کلام میں بلاغت ہو - دیکھیے بلاغت -

بَلغَم:- (ع - مذ) کف - کھنکھار - چار خلطوں میں سے ایک خلط کا نام - جو غذا اگر میں اچھی طرح نہیں پکتی - اسے بلغم کہتے ہیں - **بلغمی** - بلغم پیدا کرنے والی غذا - مرطوب - وہ شخص جس کے مزاج میں بلغم بڑھ گیا ہو - موٹی سمجھ والی - کاہل اور سست -

بِلقیس:- (مو) شہر سبا کی ملکہ جو بعد میں حضرت سلیمان علیہ السلام پر ایمان لائی اور ان کے ساتھ شادی ہوئی -

بلکانا:- (ھ) بچوں کو رلانا اور تڑپانا - **بلکنا** - بلکانا کا لازم - نیز بلبلانا - دیکھو بلبلانا -

بَلکہ:- (ف) حرف ترقی و اضراب - پھر بھی - اس سے بھی بڑھ کر - اور جس پر - سوا -

بَلَلاَ:- (ھ - مذ) گاؤدی - احمق - اول جلول - بے سلیقہ - غیر مستقل مزاج -

بَلَم:- (ھ - مذ) برچھا - بھالا - **بلم بردار** - وہ ملازم جو امیروں کی سواری کے ساتھ بلم یا نیزہ یا نشان لے کر چلے -

بَلَم:- (ھ - مذ) خاوند - پتم - معشوق - بلما -

بَلنا:- (ھ - ہن) جلنا - سلگنا - چراغ روشن ہونا - شعلہ بھڑکنا - (مستعمل نہیں)

بَلَند:- (ف) اُونچا - عالی - لمبا - **بلند آواز** (بغیر اضا) اُونچی آواز والا - **بلند پرواز** (بغیر اضا) اُونچا اُڑنے والا عالی دماغ - **بلند حوصلہ** - (بغیر اضا) عالی ہمت - دل چلا - **بلند کرنا** اُونچا کرنا - اُونچا اُٹھانا - **بلند نظر** - عالی حوصلہ - فراخ دل - **بلند ہونا** - اُونچا ہونا - چڑھنا - **بلندی** (مو) اُونچائی - لمبائی -

بلنگنی:- (ھ - مو) الگنی -

بَلوا:- (ھ - مذ) ہلڑ - فساد - بغاوت - سرکشی - شور و شغب - ہلچل - کھلبلی - درہمی - برہمی - بدانتظامی - بھیڑ - ہجوم - مدول عکمی ؎ مومن

جان و دل پر لشکر آرائی تھی جوش یاس کی
اس بلوے میں شب خون تمنا ہو گیا

بلوائے عام - بہت سے آدمیوں کی سرتابی - عام لوگوں کا ہجوم - صاحب فرہنگ آصفیہ نے "بلوۂ عام" بھی لکھا ہے مگر اس کی سند نہیں ملی - ؎ انیس

نامحرموں کی بھیڑ ہے بازار شام میں
میں تنگے سر نہ جاؤں گی بلوائے عام میں

بلوان:- (ھ) زور آور - طاقت ور -

بلو بلیک:- (انگ) نیلا اور سیاہ رنگ ملا ہوا - بلو - بلے جلے نیلے اور سیاہ رنگ کی روشنائی - جو فونٹین پن وغیرہ میں بھری جاتی ہے -

بلوٹا:- (ا - مذ) بلی کا بچہ -

بِلّور:- (ف - مذ) ایک چمک دار جوہر جو کان سے نکلتا ہے - بلور کی مانند - نہایت صاف شفاف - **بلورین** - بلور کا بنا ہوا -

بَلوط:- (ف) ستیا سپاری - ایک قسم کا درخت -

بُلوغ - بلوغت:- (ع - مذ - مو) جوانی کی عمر کو پہنچنا - بالغ ہونا - دیکھو بالغ -

بِلونا:- (ھ) دودھ متھنا - متھنا - گھنگھولنا - ؎ میر

پایا نہ دل بہایا ہوا سیل عشق کا
میں پنجۂ مژہ سے سمندر بلو چکا

بلول بلول:- (ھ - مو) کسی چیز کی قلت - مانگ - کبابی - تلاش میں ہائے واویلا (پڑنا - کرنا - ہونا)

بَلونت:- (ھ) دیکھو بلوان -

بلونگڑہ:- (ھ - مذ) بلی کا بچہ (لکھ میں بفیرن و بہ تشدید لام) مستعمل ہے -

بَلہار جانا:- قربان جانا - تصدق ہونا - **بلہاری** - واری - صدقے - قربان - نثار -

بلہرا:- (ھ - مذ) پان رکھنے کا لانبا ڈبہ -

بَلی:- (ھ) طاقت ور -

بَلّی:- (ھ - مو) گڑی ہوئی لمبی لکڑی جو چھت وغیرہ میں - کڑی - دھنی - اڑوا - ٹیک - سال کے درخت کی لانبی شاخ - **بلیوں دل اُچھلنا** - بہت ڈرنا - گھبرانا - **بلیوں پانی ہونا** - بہت زیادہ پانی ہونا ؎ داغ

کیا بلیوں پانی ہے مرے دیدۂ تر میں

بلی مارنا - کشتی چلانا۔

بلی :- (ہ - مو) گربہ - ایک چھوٹا سا پالتو جانور ہے جو چوہے پکڑ پکڑ کر کھاتی اور شیر سے مشابہ ہوتی ہے۔ بلی الا تکا۔ بلی کا راستہ کاٹ کر آنا - (سے لوگ نحوست کی علامت خیال کرتے ہیں۔ مجازاً لڑنے کے ارادے سے آنا - جھگڑے پر تیار ہو کر آنا۔ بلی بھی لڑتی ہے تو منہ پر پنجہ دھر لیتی ہے - حیوان بھی لڑنے سے شرم کرتے ہیں۔ بلی نے چھیچھڑوں کی رکھوالی - بد دیانت کو غیرت بنانا - بلی کو خواب میں چھیچھڑے ہی نظر آتے ہیں۔ ہر شخص اپنے مطلب کی سوچتا ہے - بلی کی میاؤں سے ڈر لگتا ہے۔ زور دار کا رعب ہی کافی ہے - بلی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹا - خلاف توقع کام بن گیا - بلی خدا کے واسطے چوہا نہیں مارتی - ہر شخص نفع کے لئے کام کرتا ہے - بلی جب گرتی ہے تو پنجوں کے بل (بھل) ہوشیار اپنی راحت کا خیال رکھتا ہے۔ بلی کا آنکھ جانا - بلی کو بھی منہ کو مار ڈالنا - ے رشک

توڑتی ہے مرغ جان بلی ترے دروازے کی

بلی کا رونا - عورتیں منحوس سمجھتی ہیں - بلی کا گو نہ لیپنے کا نہ پوتنے کا - نکمے لوگ - بیکار آدمی - بلی کھانے کی نہیں تو پھیلانے کی ضرور - بد ذات بلا سبب نقصان پہنچاتا ہے - بلی کی میاؤں کو کون پکڑ سکتا ہے - ظالم کا خوف بڑی بہت ہوتی ہے -

بلی لوٹن :- (ہ - مذ) بالچھڑ - سنبل الطیب - ایک خوشبودار گھاس -

بلیات :- (بلی یات ع - مو) آفات - بلائیں - تفضیلات (بلیۃ کی جمع)

بلید :- (ع) کند ذہن -

بلیڈ :- (انگ - مذ) لوہے کی وہ دھاردار چھوٹی سی پتی جسے سیفٹی ریزر میں رکھ کر داڑھی وغیرہ مونڈتے ہیں۔

بلیرڈ :- (مذ - انگ) ایک کا انگریزی کھیل -

بلیغ :- (ع) وہ شاعر یا ادیب جس کے کلام میں بلاغت ہو دیکھو - بلاغت - کامل - پورا - مکمل -

بلیلہ :- (ف - مذ) بہیڑا - ایک دوا کا نام ہے جو بڑی ہڑ کی قسم میں سے ہے۔

بلینڈا :- (ہ - مذ) چھپر کی مینڈ - چھت وغیرہ کے بیچ کی بڑی کڑی -

بلیہ :- (بلی یہ ع - مو) بلا - مصیبت -

بم :- (مو) گھوڑے گاڑیوں کا بانس جس میں گھوڑا جتا جاتا ہے - گاڑی کے آگے کے ڈنڈے - غل - شور - نقارہ - راگ یا باجے کی اونچی آواز (زیر کے برخلاف) (ہندی میں) بڑائی کا سوت - بم پھوٹنا - کنویں کی تہ سے پانی ابلنا - بم بیچ مچانا - شور مچانا - دہائی دینا - بم بھادیو - مہادیو کی بے (ہندوؤں کا روزمرہ) (انگ - مذ) وہ دھماکی یا مہلک (بم) سے تیار کردہ خطرناک گولہ جس کے پھینکنے اور پھٹنے سے خوفناک دھماکے کے ساتھ آگ یا گیس نکلتی ہے۔

بمان :- (ہ میں مذ) دیوتاؤں کا اڑن کھٹولا - جس کا کہانیوں میں ذکر آتا ہے۔

بمنا :- (ہ - مذ) وہ کبوتر جس کا رنگ سرخ - زرد یا سیاہ ہو چونچ کے نیچے چند سفید پر رکھنے والا کبوتر - بمنی (مو) بمنا کی کبوتری -

بمبا :- (ا - مذ) منبع - پانی کا چشمہ - پانی کا نل -

بمبو :- (انگ - مذ) چنڈو پینے کی نے - بانس - بمبو کاٹ - موٹا تازہ - فربہ (بچوں کا روزمرہ)

بم پولس :- (ا - مذ) معروف کی آواز - بہت جلی مخفف اظہار و حرکت کے لئے (رفع حاجت کی جگہ جو چھاؤنی میں اسٹیشن وغیرہ پر ٹین کی دیواروں سے بنا دیتے ہیں۔

بمنزلہ :- (ع ب منزلہ) بجائے - بطور - بالعوض - برابر -

بموجب :- (ب موجب) مطابق - موافق -

بن :- (ع) قہوہ - کافی - ایک تخم جسے بھون کر کھاتے ہیں اور اکثر چائے کی طرح جوش دے کر پیتے ہیں -

بن :- (ہ - مذ) جنگل - بیاباں - جہاں بہت گھنے اور لمبی جان درخت ہوں - جن میں رستہ چلنا مشکل ہو جائے -

بن باس (مذ) دیس نکالا - جنگل میں رہنے کا حکم - بن باسی جنگلوں میں رہنے والا - بن بلاؤ (مذ) جنگلی بلا - بن کریلا (مذ) جنگلی کریلا جو چھوٹا اور بہت کڑوا ہوتا ہے - بن مانس (مذ) قدیم زمانے کا جنگلی آدمی - وحشی انسان -

بن :- (اسم - مذ) ابن کا مخفف بیٹا (حرف) بغیر - سوائے - بجز - بنا - بغیر - بن آئی (مو) ناگہانی موت - بن آئی مرنا - بے موت مرنا - بیٹھے بٹھائے کسی آفت میں پھنس جانا۔
بن باپ کا - یتیم - لاوارث - ے دبیر

حضرت نے کہا غیر وفا ہے کہ روز ہے
کوفے کی میں بن باپ کا شبیر ہوا ہے

بن بلائی احمق لے دوڑی صحنک - اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی پرائیویٹ صحبت میں آ بیٹھے - پھر دخل در معقولات کرنے

ے۔ **بن داموں کا غلام**: (مذ) خوشامدی۔ جی حضوری کرنے والا۔ مفت کا خادم۔ **بن مارے کی توبہ**: (مو) ناحق فریاد۔ **بن مانگے موتی ملیں مانگے ملے نہ بھیک**: اتفاقات ہیں۔ بعض اوقات بغیر کوشش کے کام بن جاتا ہے اور اکثر کوشش بھی کارگر نہیں ہوتی۔

بن آنا: قسمت کھل جانا۔ اور مطلب پورا ہونا ے تعشق
آتا احساں ہے ضعف تو بن آئے میری

مفید ہونا۔ کارگر ہونا ے ظفر
بہت تدبیر کی تنانے کے لیکن کچھ نہ بن آئی
نہ چھوٹا دل مرا پھندے سے اس زلف معنبر کے

موقع ملنا۔ مناسب۔ ممکن ہونا۔ بس چلنا ے داغ
وہ ظالم غیر کے ہمراہ بن ٹھن کر نکلتا ہے
بن آتی بھی نہیں کچھ اور اپنا جی بھی جلتا ہے

تدبیر سمجھ میں آنا ے بحر
دل رُبا سے نہ لوں دل کو تسلی کیا دوں
سخت ناچار ہوں کچھ بن نہیں آتا ہے مجھے

بن آنے کی بات ہے: موقع ملنے کی بات ہے۔ اتفاق کی بات ہے ے منیر
بوسہ نہ دینے کے لیے بنتے ہو بے دہن
جو کچھ کہو بجا ہے بن آنے کی بات ہے

بن پڑنا: بن آنا۔ بن جانا۔ تیار ہو جانا۔ آفت اور ضرورت ہونا۔ مجبوری ہونا۔ (پڑ کے ساتھ) ے غالب
میں بُلاتا تو ہوں اس کو مگر اے جذبۂ دل
اس پہ بن جائے کچھ ایسی کہ بن آئے نہ بنے

صدمے میں مبتلا ہونا ے ناسخ
بن گئی قاصد پہ یارب کیا وہاں
مر گیا کھویا گیا جاتا رہا

خوب صورت۔ مزیدار ہو جانا ے
ہاتھ ان کا لگتے کیا بن گئی دیکھو شراب
ورنہ اس سے پیشتر تھی ایک پانی سُرخ سُرخ

مالدار ہو جانا ے داغ
کہ نہیں سامان میں ہنگامۂ محشر سے آپ
دیجئے دل کو دعائیں بن گئے اس گھر کے آپ

بن بیٹھنا: کوئی شکل بنا لینا۔ زبردستی کسی ملکیت کا مدعی ہونا۔ بن سنور جانا۔ **بن کے پڑنا**: موقع کا ہاتھ آنا ے سرور
ناقہ چلا ہے نجد میں لیلیٰ کا بے مہار
مجنوں کی بن پڑے گی اگر ساربان نہ ہو

کامیابی ہونا ے غالب
درماندگی میں غالب کچھ بن پڑے تو جانوں
جب رشتہ بے گرہ تھا ناخن گرہ کشا تھا

مفید ہونا ے طلسم اُلفت
کر ہوشنگ لگا نشانے پہ تیر
اپنی بے شبہ بن پڑی تدبیر

سمجھ میں آنا ے قدر
جنوں کو کیوں چھوا تھا ہائے یہ کیا بن پڑی مجھ کو
کہ اپنے ہاتھ سے ہے آپ پر بیداد کر لینا

بن بن گئے: بناؤ کی طور سے۔ بن سنور کے۔ ہوتے ہوتے ے
بے محنتی میں روؤں کیا اگلی صحبتوں کو
بن بن کے کام ایسے لاکھوں بگڑ گئے

بَنا: (ہ۔ مذ) دُولھا۔ لاڈلا۔ بنی (مو) دلھن ے ذوق
تا بنے اور بنی میں رہے اخلاص بہم
گوندھے سورۂ اخلاص کو پڑھ کر سہرا

بِنا: (ف۔ مو) جڑ۔ بنیاد۔ وجہ۔ آغاز۔ **بنا ڈالنا**۔ بنیاد رکھنا۔ شروع کرنا۔ **بنائے دعویٰ**: دعوے کی وجہ۔ استغاثے یا نالش کا باعث (ہ) بغیر۔ سوا۔

بنا بنایا: (۱) مکمل۔ انجام تک پہنچا ہوا۔ کامیابی کے قریب ہر طرح درست۔

بنات: (ع۔ مو) بنت کی جمع۔ بیٹیاں۔ لڑکیاں۔ بنات النعش۔ ثریا ستاروں کا جھرمٹ۔ عقد ثریا۔

بنا ٹھنا: (ا۔ مذ) آراستہ۔ بنا سنورا۔ بنی ٹھنی (مو) بن ٹھن کر تیار۔ زیور اور لباس سے آراستہ۔ بننا ٹھننا۔ بناؤ سنگھار کرنا۔ اچھا لباس پہننا۔ سولہ سنگھار کرنا۔

بنادر: (ع۔ مذ) بندر کی جمع۔ بندرگاہیں۔

بنارس: (مذ) بھارت کے صوبے یو۔پی کا ایک مشہور شہر جو ہندوؤں کا بڑا تیرتھ ہے۔ بنارس کا بنا ہوا ریشمی سونے چاندی کی تاروں کی بوٹیوں وغیرہ کا کپڑا۔ بنارسی ٹھگ دلال بہت چالاک اور عیار۔

بناس پتی: (ہ۔ مو) پیڑ پودے۔ ساگ پات۔ بناسپتی گھی: مصنوعی گھی جو تیل وغیرہ سے بنایا جاتا ہے۔ ایک قسم کا ہیرا۔

بناگوش: (ف۔ مذ) کان کی لَو ے لطافت لکھنوی
عاشقوں کا دل جلاتی ہے بناگوش صنم
حسن سے کیا لو لگی ہے آتش رخسار سے

بنانا: (ہ) تیار کرنا۔ ایجاد کرنا۔ آراستہ کرنا۔ تعمیر کرنا۔ گھڑنا۔ پکانا۔ تصنیف و تالیف کرنا۔ جلد باندھنا۔ گوشت کی بوٹیاں کاٹنا۔ کسی چیز کو کاٹ چھیل کر صاف کرنا۔ اصلاح دینا۔ سنوارنا۔ تہذیب سکھانا۔ دولت مند کرنا۔ اناج کو صاف کرنا۔

اپنے آپ کو حسب ضرورت سانچے میں ڈھال لینا۔ حاصل کرنا اور کمانا (جیسے آج میں نے کپڑا بیچنے میں پانچ روپے بنا لئے) مذاق اڑانا۔

بناؤ (مذ) آرائش۔ تکلفات۔ ٹیپ ٹاپ۔ بگاڑ کی ضد۔ دوستی اور اتحاد۔ سے آتش

قتل نسیم ہوں چمن روزگار میں
گل سے بناؤ ہے نہ بگڑے خار سے بگاڑ

بناؤ سنگھار۔ بناؤ دیکھو بناؤ۔ **بناؤ کرنا**۔ سنگھار کرنا۔ سنورنا۔

بناوٹ (مو) ساخت۔ تکلف۔ تصنع۔ دکھاوا۔ بن ٹھن سازی۔ جھوٹ۔ مکر و فریب۔

بِنت :۔ (ع۔ مو) بیٹی۔ والی (جیسے بنتُ الوقت) وقت کے مطابق بن جانے والی۔

بَنَت :۔ (ف۔ مو) گوکھرو وغیرہ کی بنی ہوئی توئی۔

بنتی :۔ (ف۔ مو) منت خواہی۔ خوشامد۔ سے اندر سبھا امانت
دکھ کسی تم ایک نہ مانی بنتی کر کے ہاری

بنٹا :۔ (ف۔ مذ) پیتل کا لوٹا۔ بڑا لوٹا۔ کھانے پکانے کا برتن

بنج :۔ (ف۔ مذ) بیوپار۔ تجارت۔ رشتہ (جیسے بیٹے بیٹی کا بنج)
بنج کریں گے باٹے اور کریں گے ریس۔ بنج کیا تھا
جاٹ نے رہ گئے سو کے تیس۔ ہر شخص کو وہی کام کرنا چاہئے جو اس کے لئے موزوں ہے۔

بنجارا :۔ (ف۔ مذ) اناج کا سوداگر۔ بیوپاری گشتی سوداگر۔ **بنجارن**۔ بنجارے کی عورت۔ بنجاروں کا ذریعہ۔ مضبوط گنوارو (جیسے بنجاری لوٹ۔ بنجاری کپڑا لتا) **بنج رکی گٹ**۔ سدھا ہوا گٹ۔

بنجر :۔ (ف۔ مو) افتادہ زمین جو بوئی جوتی نہ گئی ہو۔ بیکار۔ وہ موضوع یا مصرع طرح جس میں لکھنے کی گنجائش کم ہو اور خشک ہو۔

بند :۔ (ف۔ مذ) جوڑ۔ گانٹھ۔ بندھن۔ پُشتہ جو پانی کو روکنے کے لیے باندھا جاتا ہے۔ قید۔ بیڑی۔ دو انگل چوڑے کپڑے یا فیتے کی دھجی۔ ڈورا یا سلا ہوا فیتہ خواہ انگیا کا ہو، شیروانی یا انگرکھے کا۔ سے انیس

لڑکے بھی بند کھولے ہوئے ساتھ ساتھ تھے
انگیا کے ٹھپے سے رند
کھولئے شوق سے بند انگیا کے
لپٹ کر ساتھ نہ شرمائیے آپ
نقاب کے آر سے رشک
دیکھ پر کرو جو چشم سے نازک اگر نقاب
آ درنظر ہیں بند تمہارے نقاب کے

(فارسی کا) وہ حصہ ہے جو آگ کی طرح کل وغیرہ بنا تا ہے جیسے نعل بند۔ نقشبند) اس نظم کا ایک حصہ جس کے ہر حصہ میں تین تین یا چار چار۔ پانچ پانچ یا چھ چھ (اس تک مصرع ہوں۔ جن میں آخر کا ایک یا دو چھوڑ کر باقی سب ہم قافیہ ہوں۔ (جیسے مثلث کا بند مسدس کا بند وغیرہ) کاغذ کے دو چار ورق سے نظیر

یاں تک گرا ہے مجھ کے لکھنے کے واسطے
کاغذ کا مانگتے ہیں ہر اک سے اودھار بند

بند اور بندی ۔ قید اور باندیاں۔ **بند باندھنا** ۔ پشتہ باندھنا۔ کسی کے مصرع یا شعر پر گرہ لگا کر بند کہنا۔ تدبیر کرنا۔ سے انشا

اے دور آہ و زاری بڑھے وہ بند باندھ
جا کر گلوے مرغ سحر پر کمند باندھ

بند بند ۔ ایک ایک جوڑ۔ رگ رگ۔ چپ چپ۔ افسردہ۔ **بند بند جدا کرنا** ۔ جوڑ جوڑ کاٹ ڈالنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔ **بند بند جکڑ دینا** ۔ ہر ایک عضو میں اینٹھن ہونا۔ **بند بند ڈھیلا کر دینا** ۔ تھکا دینا۔ **بند رہنا** ۔ قید رہنا۔ خاموش رہنا۔ قید رہنا۔ **بند کرنا** ۔ روکنا۔ مقفل کرنا۔ بھیڑ دینا۔ قید کرنا۔ لگام بھرنا۔ موقوف کرنا (جیسے مدرسہ بند کرنا) آنکھیں موندنا۔ چپ کرا دینا سے سیر

دم قدم میں بند کرتے ہیں ناحق مجھے لوگ
پر تو وہ بے حیا ہے کہ کہتا ذرا نہیں

بند لگانا ۔ سانپ کے کاٹے پر پٹی باندھنا یا منتر پڑھنا۔ **بند میں گرہ دینا** ۔ بند میں گرہ باندھتے ہیں کہ جب ہاتھ لگے یا نظر پڑے تو کام یاد آ جائے۔ **بند نہ ہونا** ۔ کامل ہونا۔ بے خوف ہونا سے

ہوتا ہے سب کا ایک اشارے میں فیصلہ
وہ شوخ چشم بند نہیں ہے ہزار پر

بند ہونا ۔ رکنا۔ مسدود ہونا۔ مقفل ہونا۔ بھڑا ہوا ہونا۔ کسی کام کا بازار ٹھنڈا ہونا۔ جاری نہ رہنا۔ خاموش ہونا۔ کچھ کہنے کی طاقت اور صلاحیت نہ ہونا۔ مات ہونا۔ زچ ہونا۔ آمد و رفت نہ رہنا۔ دھار کھل ہونا۔ **بند ہنسہ** ۔ گھوڑے کی ایک بیماری جس میں اس کے تمام جسم سے پسینہ ٹپکنے لگتا ہے۔

بندا :۔ (ف۔ مذ) کان کی لو میں پہننے کا ایک زیور۔ **بندا بڑھانا** ۔ منت کا بندا جو بچے کو پہنا دیتے ہیں۔ **بندا بڑھانا** ۔ منتی بندے کا نذر و نیاز کے بعد اتارنا سے بحر

مبارک ہو صاحب کو بندا بڑھانا
غلاموں کو بالا تانے سے ماش

بندر :۔ (ع۔ مذ) وہ شہر جو سمندر کے کنارے پر واقع ہو۔ اور وہاں جہاز اترتے ہوں۔ (۲) ایک مشہور جانور جو آدمی سے مشابہ ہوتا ہے۔ **بندر کا گھاؤ** ۔ وہ زخم جو کبھی اچھا نہ ہو۔ **بندر کی طرح نچانا** ۔ از حد تنگ کرنا۔ **بندر کی کیا اشنائی**

بے مروت کی کیا دوستی ۔ بندر کو ٹی ہلدی کی گرہ ۔ پنساری بن بیٹھا ۔ چھچھورے کو ذرا منہ لگایا اور وہ سر چڑھا ۔ بندر کیا جانے ادرک کا بھاؤ ۔ ناقدرا ۔ معمولی آدمی اعلیٰ درجہ کی چیز کی قدر و قیمت کیا جانے ۔ بندر کی طرح بھبکی (گھرکی) دینا ۔ جھوٹ موٹ ڈرانا ۔ ؎

سنتی ہے مرے منہ سے جب نام ترا رنگین
لے ہے مجھے آ یا وہ بندر کی طرح گھرکی

بندر کے گلے میں موتیوں کا ہار یا بندر کے ہاتھ آئینہ ناریل (نا قدرے کے پاس کسی اچھی شے کا ہونا ۔ **بندر کی ٹوپی** ۔ (صفت) وہ چیز جو ایک جگہ نہ رہ سکے ۔ **بندروں کی کونسل** ۔ بے وقوفوں کا مجمع ۔ **بندریا کے جب چوتڑ جلتے ہیں تو بچے کو دبا لیتی ہے** ۔ جب برا وقت آتا ہے تو عزیز بھی قربان کر دیا جاتا ہے ۔ **بندر ناچے اونٹ جل مرے** ۔ ایسی بات پر کڑھنا جو خود نہ کر سکے ۔ **بندرگاہ** (مو) جہاز اترنے کی جگہ ۔ بیوپار کی منڈی جو سمندر کے کنارے ہو ۔ **بندریا** (مو) بندر کی مادہ ۔ تیز کٹا ۔ گھاس ۔

بَنْدَرِی: (ہ) ایک قسم کی چھینٹ جو پہلی بندر میں تیار ہوتی تھی ۔ ایک قسم کی تلوار جو راج بندر میں تیار ہوتی تھی ۔

بَنْدِش: (ف ۔ مو) ممانعت ۔ روک ٹوک ۔ گانٹھ کا کساؤ اور گھاؤ ۔ مضمون کی تمہید اور اٹھان ۔ جملے یا شعر میں ترکیب الفاظ ۔

بُنْدکی: (ہ ۔ مو) چھوٹی سی بوند ۔ چھوٹے نقطے جو اکثر چھینٹ وغیرہ پر بنے ہوتے ہیں ۔ بیسن کی چھوٹی چھوٹی بوندیں جو تیل یا گھی میں تلی جاتی ہیں ۔ نمکین اور میٹھی دو طرح کی ہوتی ہیں ۔

بندگانِ عالی: (ف ۔ بہ اضافت ۔ مذ) کسی نواب یا رئیس یا بادشاہ وغیرہ کے ملازمان بارگاہ ۔ مراد حضور خود بدولت درخواستوں میں نواب وغیرہ کو اسی القاب سے مخاطب کرتے ہیں ۔

بَنْدَگی: (ف ۔ مو) نوکری ۔ غلامی ۔ عبادت (ملک) اپنے سے کم درجہ لوگوں کا بڑوں کو سلام جس کے جواب میں جی بندگی کہتے ہیں (طنز سے) ایسے موقع پر جب اپنی کامیابی اور دوسرا امید نہ رکھتا ہو ۔ ؎ اسیر

پھنس گئے تم نہ سہی حضرتِ دل بات بنی
بندگی آپ کو اے قبلہ حاجات مری

بندگی بجا لانا ۔ خدمت کرنا ۔ ؎ گلزار نسیم

آہستہ کہا کہو تو آؤں
فرماؤ تو بندگی بجاؤں

بندگی ہونا (کرنا) ۔ اعلان بیزاری ہے ۔ ؎ اسیر

گئے نہ سوئے حرم کسی دن نہ کام پیر مغاں سے رکھا
سلامتی ہیں اس عشق کی ہم کہ دیر سے دونوں کو بندگی کی

خفا ہونا ۔ **بندگی کرنا** ۔ عبادت کرنا ۔ **بندگی لینا** ۔ سلام کا جواب دینا (صحیح دپر زبر مستعمل زیر ہے)

بَنْدوبَسْت: (ف ۔ مذ) انتظام ۔ ضابطہ ۔ سلیقہ ۔ تدبیر ۔ زمین کی حد بندی اور انتظام محصولات کا ایک ایک محکمہ ۔

بَنْدوَڑ: (ہ ۔ مو) باندی کی تصغیر ۔ گھر کی قدیم باندی ۔ گھر میں ڈالی ہوئی عورت ۔ بد مزاج باندی ۔ کنیزک ۔

بَنْدُوق: (ف ۔ مو) مشہور ہتھیار ۔ تفنگ ۔ **بندوق کا پیالہ** ۔ توڑے دار بندوق کی وہ کٹوری جس میں سوراخ ہوتا ہے اور بارود رکھی جاتی ہے ۔ ؎ مصحفی

ظالم نہ پائے ساقی دوراں سے کام دل
بندوق کا پیالہ ہے خالی شراب سے

بندوق بھرنا ۔ بندوق میں گولی رکھنا یا بارود بھرنا ۔ **بندوق چھتیانا** ۔ بندوق کا نشانہ باندھنا ۔ **بندوق لگانا یا مارنا** ۔ بندوق کی گولی چلا دینا ۔ **بندوقچی** ۔ بندوق رکھنے والا ۔

بَنْدَہ: (ف ۔ مذ) غلام ۔ نوکر ۔ انسان ۔ فرماں بردار جب اپنے لیے استعمال کریں تو خاکسار ۔ نیاز مند ۔ **بندہ بشر ہے** ۔ انسان کی فطرت میں سہو و خطا داخل ہے ۔ **بندہ پرور** (بغیر اضافت) آقا ۔ سردار ۔ جناب ۔ حضور ۔ میاں ؎ غالب

بے نیازی حد سے گزری بندہ پرور کب تلک
ہم کہیں گے حالِ دل اور آپ فرمائیں گے کیا

بندہ زادہ یا زادی (بغیر اضافت) عاجزی کے طور پر اپنی اولاد کے لیے بولتے ہیں ۔ **بندہ نواز** ۔ (بغیر اضافت ۔ مذ) آقا ۔ حضور ۔ مالک ۔ جناب ۔

بَنْدھائی: (ہ) خلاصیوں اور قلیوں کی ایک قوم ۔ خلاصی قلی ۔

بَنْدھنا: (ہ) گرہ لگنا ۔ وابستہ ہونا ۔ پابند ہونا ۔ پھنسنا ۔ کسی بات کا دور ہونا ۔ لپٹنا جانا ۔ قید ہونا ۔ مضمون کا الفاظ میں ادا ہونا ۔ **بندھا ٹکا** ۔ نپا تلا ۔ بالکل صحیح ۔ مقرر ۔ عادت (بات) ؎ داغ

انکار ہے غرض بعد اقرار
یہ تو ہے تیری بندگی کی بات

بندھا خرچ ۔ معین آمدنی ۔ **بندھی چوٹ** ۔ مقررہ شوخی ۔ تیر نشانہ ۔ وہ انداز جس کی عادت پڑ گئی ہو ؎ امیر

ہے میل تو آغاز میں کب ہے یہ نئی چوٹ
یہ تو کھلاڑی تیری مدت سے بندھی چوٹ

بندھا خوب مار کھاتا ہے ۔ قابو میں آیا ہوا ہر کام کر سکتا ہے ۔ **بندھائی** (مو) بندش ۔ باندھنے کی اجرت ۔ **بندھنی** (ہ ۔ مو) محبت ۔ میل اور تعلق ۔ چھپر وغیرہ کی بندش ۔ دو چیزوں کو باندھ کر ایک کرنے کی رسی ۔ **بندھوانا** ۔ بندھنا کا متعدی المتعدی ۔ قید کرانا ۔ جکڑوانا ۔

کسوانا ۔ گرہ دلوانا ۔ باندھنے کا حکم دینا ۔ کوئی مضمون نظم کرانا وغیرہ ۔
بندھی بات ۔ (مو) معمول کے مطابق کارروائی ۔ **بندھی مٹھی** ۔ راز
سربستہ ۔ یک مشت ۔ اتحاد و اتفاق رکھنے والا جتھا ۔ لگا بندھا منضبط
چُپ چاپ ۔ بے خوف ؎ میر

زباں رکھ غنچہ ساں اپنے دہن میں
بندھی مٹھی چلا جا اس چمن میں

بندھی مٹھی لاکھ برابر ۔ راز فاش نہ ہونے سے ساکھ رہتی ہے
اتحاد و اتفاق سے خوب کام چلتا ہے ۔

بندھن وار :۔ پتوں یا پھولوں ، پھلے یا کاغذ وغیرہ کی وہ بیل جو
کسی خوشی کے موقع پر دروازوں وغیرہ کے
ماتھے پر باندھتے ہیں ؎ عزیز لکھنوی

وہ باب عم پر باندھا گیا ہے بندھن وار
ہے شور شادی میلاد خانۂ ذوالمن

بندی :۔ (مو) بندہ کا مونث ۔ ممانعت ۔ بندی ایک زیور جسے
عورتیں ماتھے پر پہنتی ہیں ۔ بھاٹ (مذ) قیدی ۔ اسیری ۔
بندی خانہ ۔ قید خانہ ۔

بِندی :۔ (ہ ۔ مو) صفر ۔ نقطہ ۔ وہ چھوٹا سا نشان جو ہندو
عورتیں ماتھے پر لگاتی ہیں ۔

بُندیلن :۔ (ہ ۔ مو) عطر پھلیل بیچنے والی عورت ۔ تیلن ۔ گندی
کی عورت ۔ گندن ۔

بنڈا :۔ (ہ) ایک ترکاری ۔ بڑی اروی یا گوئیوں کی شکل اور
تقریباً اسی مزے کی ہوتی ہے ۔

بنڈل :۔ (انگ) کسی چیز کا (عام طور پر کاغذ) گول بندھا ہوا
چندا ۔ گٹھری ؎ تسلیم

صرف کیا پوچھتے ہو کاغذ کا روز دس بیس بنڈل آتے ہیں

بنڈی :۔ (ہ ۔ مو) بغیر آستینوں کے چھوٹا کوٹ ۔

بنڈیری :۔ (ہ ۔ مو) وہ لانبی لکڑی جس پر چھپّر رکھتے ہیں ۔

بنڈیلا :۔ (ہ ۔ مذ) جنگلی سور ۔

بنڑا :۔ (ہ ۔ مذ) پیار میں دولھا اور نوشہ کو کہتے ہیں ۔
بنڑی ۔ دلھن ۔

بنس :۔ (ہ ۔ مذ) نسل ۔ خاندان ۔ کل گھرانہ ۔

بنسلوچن :۔ (ہ ۔ مذ) ایک سفید دوا جو بانس میں سے نکلتی
ہے ۔ طباشیر

بنسی :۔ (ہ ۔ مو) بانسری ۔ مرلی ۔ مچھلی پکڑنے کی ڈور اور
کانٹا ۔ ایک قسم کا گیہوں ۔

بنفشہ :۔ (ف ۔ مو) ایک مشہور بوٹی جو برفانی پہاڑوں پر یا
لب دریا پیدا ہوتی ہے ۔ اہل لکھنؤ اسے مذکر
بولتے ہیں ۔

بنک :۔ (انگ ۔ مذ) وہ رجسٹرڈ کمپنی یا اس کا دفتر جو
روپیہ کا لین دین کرتی ہے ۔

بنکارنا :۔ (ہ) نشہ پی کر غل مچانا ۔

بن کر بگڑنا :۔ (ہ) دولت مند ہو کر غریب ہو جانا ۔ کام بندھ کر
خراب ہو جانا ۔ نقش وغیرہ صحیح بننے کے بعد
غلط ہو جانا یا مٹ جانا ۔ بن کر کھیل بگڑنا ۔ کام کا بندھ کر
خراب ہو جانا ۔ نقش وغیرہ صحیح بننے کے بعد غلط ہو جانا یا مٹ جانا ۔
بن کر کھیل بگڑنا ۔ کام کا بندھ کر خراب ہو جانا ۔ امید بندھ کر
ناامیدی ہو جانا ۔

بنگ :۔ (ف ۔ مو) بھنگ ۔ ایک نشیلی بوٹی ۔

بنگا :۔ (ہ ۔ مذ) بانس کا ڈنڈا ۔ بمبو ۔ سونٹا ۔

بنگالی :۔ (مذ) بنگال کا رہنے والا ۔ (مو) بنگال کی بولی ۔ بنگلہ
زبان ۔ بنگالن ۔ بنگال کی عورت ۔ بنگلہ ۔ بنگال
کی بولی ۔ بنگال کا پان ۔

بنگالے کی مینا :۔ وہ بچہ جو مزے مزے سے باتیں کرے

بنگڑی :۔ (ہ ۔ مو) لاکھ کی بل دار چوڑی ۔ ایک چوڑی کا نام ۔

بنگلا :۔ (مذ ۔ انگ) چھوٹی کوٹھی ۔ انگریزی وضع کا بنا ہوا
مکان ۔ بنگلا ۔ چھپر کا چھوٹا مکان ؎ ناسخ

جتنے مٹنے لگے بہار میں بسم بنگلا شاید وہ چھانٹ کے خس کا
ایک قسم کا تیز بڑا اور موٹا پان ۔ انگیا پر چھپا نوں کی شکل کا کا
ہوا مسالا ۔ ؎ تق

مُرغ جاں کے واسطے کنج قفس یار کی انگیا کا بنگلہ ہو گیا

بنگلی :۔ (ہ ۔ مو) ایک قسم کا لڈو ۔

بُننا :۔ (ہ) تانا بانا کر کے کپڑا وغیرہ تیار کرنا ۔ پٹی سیروے میں بان
ڈال کر پلنگ تیار کرنا ۔ تاگوں سے بنیائن یا موزے
وغیرہ تیار کرنا ۔ بُناوٹ ۔ بانکل ۔ بننے کا حسن و بیج ۔ بُنوانا ۔
بننے کا متعدی ۔ بُنائی ۔ بنوائی ۔ بنوانے کی اُجرت ۔ بُنواں اُپلا
(ہ) کنڈا ۔ گائے بھینس کا وہ گوبر جو میدان ہی میں سوکھ جاتا ہے ۔
اس کی آنچ بہت تیز ہوتی ہے ۔

بننا :۔ (ہ) مکمل ہونا ۔ تصنیف و تالیف ہونا ۔ ایجاد ہونا ۔ بن سکنا
(جس طرح بنے لے آؤ) مروج پڑنا ۔ ہونا (جیسے یار شاہ

بوالعجب:- (ع) بازی گر۔ انوکھا۔ حیرانی۔ احمق۔ صفت بوالعجبی۔

بوالفضول:- (ع) بکّی۔ بکواسی۔ جو فضول میٹھا باتیں بنایا کرے۔ صفت۔ بوالفضولی۔

بوالہوس:- (ع) لالچی۔ ہوسناک۔ صفت۔ بوالہوسی۔ اس کا املا۔ بلہوس بھی درست ہے۔ بمعنی بسیار ؎ ذوق

سینے میں بوالہوس کے بھی تھا آبدار جگر
نشتر کا نام سنتے ہی مُنہ زرد پڑ گیا

بُوان:- (ہ۔ مذ) اُڑن کھٹولا۔ بمان۔

بُوانا:- (ہ) کاشت کرانا۔ کھیت وغیرہ میں بیج ڈلوانا۔ بوائی۔ کاشت نیز بیج بونے کی اُجرت۔

بِوائی:- (ہ۔ مو) سردی کے باعث جو ایڑیاں پھٹ جاتی ہیں۔ بوائی پھٹنا۔ ایڑیاں پھٹنا مصیبت پڑنا (جس کی پھٹی نہ ہو بوائی وہ کیا جانے پیر پرائی)

بُوبا:- (ہ۔ مذ) پیٹ (تحقیر کے محل پر) بوبا بھرنا۔ پیٹ بھرنا۔ (تحقیراً)

بُوبک:- (ہ۔ مذ) بوڑھا۔ پیر نابالغ۔

بُوبُو:- (ہ۔ مو) بہن۔ ملازموں کا گھر کی عورتوں سے تعظیماً خطاب۔

بُوتا:- (ہ۔ مذ) طاقت۔ قوّت۔ بل۔ قابو۔

بُوتام:- (مذ۔ انگ) بٹن۔ تکمہ۔

بوتل:- (مو۔ انگ) قرابہ۔ شیشہ۔ بڑی شیشی۔ شراب کا شیشہ۔

بُوتہ:- (مذ) اُونٹ کا بچہ (ف۔ ی) گھریا۔ مٹی کا ظرف جس میں سونا چاندی گلاتے ہیں۔

بُوٹ:- (انگ۔ مذ) ڈوری والا انگریزی جوتہ جس سے پورا پاؤں ڈھک جاتا ہے (ہ۔ مذ) ہرے چنے۔ ؎

بوٹ کی جو ڈالیاں آئیں تھیں پائیں باغ سے
سوگ جا بن کر چڑے ہے یہ مرا خرجا جیٹ — انشا

بوٹ:- (مو۔ انگ) کشتی۔ ناؤ۔

بوٹا:- (ہ۔ مذ) لکڑی کا بڑا شہتیر۔ مچھ۔ گوشت کی بڑی بوٹی۔ بوٹی (مو)

بُوٹا:- (ہ۔ مذ) پودا۔ چھوٹا سا پیڑ۔ گلکاری۔ وہ پھول جو کاغذ یا کپڑے وغیرہ پر بنا ہو۔ بوٹا سا قد۔ چھوٹا قد۔ موزوں قامت۔

بُوٹی:- دیکھو بوٹا۔

بوٹی:- دیکھو بوٹا۔ بوٹی اُتارنا یا پھیرنا۔ بوٹی کاٹنا۔ بدن سے گوشت کا ٹکڑا کاٹنا۔ چٹکی لینا۔ بوٹی بوٹی پھڑکنا۔ نہایت چلبلا اور چنچل ہونا۔ رگ رگ میں شرارت ہونا۔ بوٹی توڑنا۔ زور سے چٹکی لینا۔ بوٹی چڑھنا۔ موٹا ہونا۔ بوٹی بوٹی کا پھڑکنا۔ پُھرتی۔ غصہ آنا۔ بوٹیاں۔ بوٹی کی جمع

بوٹیاں اڑانا۔ بہت مارنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ بوٹیاں توڑنا یا نوچنا۔ بہت سزا دینا۔ بہت دق کرنا۔ طعنے دینا۔ بوٹیاں کاٹنا۔ سخت سزا دینا۔ گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر دینا۔ بہت غصہ ہونا۔ (اس معنی میں "اپنے" کے ساتھ استعمال کرتے ہیں) بوٹیاں کھانا۔ بہت فکر میں مبتلا ہونا۔ (گنوار ہی کھائے روٹیاں بیاہی کھائے بوٹیاں)

بُوجھ:- (ہ۔ مو) عقل۔ سمجھ۔ پہیلی کا جواب۔ گیند میں پھانسا دیکھ کر شگون لینا۔ اور بانٹنے والے اس کے موافق پتے مانگنا۔ بوجھ بجھول۔ (مو) پہیلیاں بوجھنے کا کھیل۔ بوجھ لینا۔ پہیلی سمجھ جانا۔ پہیلی بتا دینا۔ گنجفہ میں اپنی بازی کے موافق پتے مانگنے کو جواب کرنا۔ بوجھنا۔ دیکھو بوجھ لینا۔

بوجھ:- (ہ۔ مذ) بوجھا۔ بار۔ گٹھڑی۔ فکر۔ خیال۔ ذمہ داری۔ حمل۔ دشواری۔ قرضہ۔ فرض۔ بیگار۔ ناگواری۔ تکدر۔ اضمحلال۔ دباؤ۔ بوجھ اُتارنا۔ قرض چکانا۔ قرض ادا کرنا۔ بیگار ٹالنا۔ بار کو اُتار کر رکھ دینا۔ ذمہ داری سے سبکدوش ہونا۔ طبیعت کا تکدر رفع کرنا۔ بوجھ اُٹھانا۔ سر پر بار اُٹھا کر رکھنا۔ ذمہ داری لینا۔ خرچ اپنے ذمہ لینا۔ کام سنبھالنا۔ بوجھ بٹانا۔ غم میں شریک ہونا۔ ؎

کہتا ہوں حق بار غم ہجر سے دب کر
اتنا نہیں کوئی جو مرا بوجھ بٹائے

بھار۔ بھاری بھرکم پن۔ آدمیت۔ تمکنت۔ ؎ انشا

کیا خوش آیا یہ متقطع ہو کل ان کا کہنا
آدمی کیا وہ جسے بوجھ نہ ہو بھار نہ ہو

نحوست۔ سختی۔ بلا ؎ سودا

مرے یا آپ کوئی مار جائے — جہاں کے سر سے بوجھ و بھار جاوے

بوجھ پڑنا۔ دباؤ پڑنا۔ فکر ہونا۔ خرچ پڑنا۔ بوجھ سر پر ہونا۔ کام پورا کرنے کی فکر ہونا۔ قرض یا فرض یا ذمہ داری کا احساس ہونا ؎ میر

بارے سجدہ ادا کیا تہ تیغ — کب سے یہ بوجھ میرے سر پر تھا

بوجھ کیا جنّی کا پاٹ۔ اس شخص کے لیے بولتے ہیں جو ذکی

علم و عقل ہوتے ہوئے احمق ہو۔ **بوجھل** - بھاری۔ وزنی۔ بوجھ سے لدا ہوا۔ گرانبار ؎ گلزارِ نسیم

جب بڑھ کے ہوا نظر سے اوجھل
ہلکا ہوا پھینک پھانک بوجھل

بُوچا:- (ہ - مذ) کن کٹا چھوٹے چھوٹے کانوں والا۔ **بُوچا سب سے اونچا** - اس شخص کے لیے بولتے ہیں جو کوئی نکمی کام کر کے شیخیاں بگھارے۔ **بوچی** - (مو) کن کٹی۔ چھوٹے چھوٹے کانوں والی جس کے کانوں میں کوئی زیور نہ ہو۔ کم سن لڑکی جو کرے پہ پہنتی ہو۔

بُوچڑ:- (انگ - مذ) قصائی۔ گوشت بیچنے والا۔

بَوچھار:- (ہ - مو) مینہ کی بارش جو ہوا کے ساتھ ترچھی پڑتی ہے۔ کسی چیز کا کثرت سے گرنا ؎ انیس

دم بھر میں صفیں سافتیں بیداو گردوں کی
تھی مینہ کی طرح خاک پہ بوچھار سروں کی

بوچھار لگا دینا - زیادہ کرنا ؎ حقی

لگا دی گالیوں کی دیکھ کر مجھے بوچھار

بوچھاری - وہ سائبان جو دروازوں پر اس لیے لگاتے ہیں کہ بارش اندر نہ آئے۔

بُود:- (ف - مو) وجود۔ قیام۔ نمود و فوقیت (تمہاری نمود کیا بود کیا) ہستی ؎ شمیم

یہ کون فرض کرے واجب الوجود نہیں
بغیر آب حبابوں کی ہست و بود نہیں

بودا:- (ا - مذ) کمزور۔ بزدل۔ پھُس پھُسا (تمباکو وغیرہ) پرانا اور گلا گھُنا۔ کچا اور غیر مستقل۔ **بوداپن** کمزوری۔ بزدلی۔ **بودی** (مو) **بودی بات** - مرتبہ سے گری ہوئی بات۔ وہ بات جس کی کوئی دلیل نہ ہو۔

بُودار:- دیکھو بُو

بُودم:- احمق۔ بے وقوف۔ **بُودم بے دال** - (بلا ضا) احمق۔ اُلو۔ بے وقوف۔

بُود و باش:- (ف - مو) رہنا سہنا۔ قیام۔ سکونت۔

بُودھ:- (س - مذ) معرفت۔ علم۔ دانش (ہندوؤں کا روزمرہ ہے) ہندوؤں کا ایک مذہب جس کے بانی کا نام مہاتما گوتم بودھ تھا۔

بُور:- (ہ - مو) بھوسی۔ چوکر۔ خرابی او نقص (جیسے میں نے کہا۔ اس میں بور ملا دی ہے) **بور کے لڈو** - وہ کام جس کا کرنا نہ کرنا ایک سا ہو۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ۔ ؎ برق

لذت فراق و وصل کی دونوں میں ال کر زہر
بوسے دہانِ یار کے لڈو ہیں بور کے

بُورا:- (ہ - مذ) صاف کی ہوئی کھانڈ۔ (مذ) بُرادہ۔ سفوف۔

بورا:- (ہ - مذ) ٹاٹ یا موٹے کپڑے کا تھیلا۔ **بور (ا) (ہونا۔ کرنا)** تھکنا۔ بے کیف ہونا۔ کرنا۔ آج تو ہاشم کی باتوں نے بور کر دیا۔ غوطہ دینا۔ ڈبونا۔ بھگونا۔ شراِبور اور قلم کے بوسے کے علاوہ کہیں دیکھنے میں نہیں آیا۔ بوری (؟)

بَور:- (ہ - مذ) مور۔ آم کا پھول۔ **بورانا** - درخت میں آم کا پھول آنا۔

بَورا:- (ہ - مذ) دیوانہ۔ باؤلا۔ **بَورانا** - بدحواس ہونا۔ دیوانہ وار پھرنا۔ **بوری** - بَورا کا مؤنث نیز بمعنی بھُنے اور صاف چنے۔

بُورانی:- (ا - مو) تلے ہوئے بینگنوں کے دہی میں پڑے ہوئے قتلے۔ دہی جس میں نمک مرچ اور لہسن ملا ہو۔

بُور بُور کرنا:- (ا) ریزہ ریزہ کرنا۔ پارہ پارہ کر دینا۔

بورڈ:- (مذ - انگ) انجمن۔ مجلس۔ وہ تختہ یا لمبے کاٹھ کا جو کچھ لکھ کر دکانوں اور مکانوں وغیرہ پر لٹکایا جاتا ہے۔ گتا جو جلد میں استعمال کیا جاتا ہے۔ تختہ سیاہ جس پر کلاس میں مدرس لکھتے ہیں۔

بورڈر:- (انگ) وہ طالب علم جو کسی سکول یا کالج وغیرہ کے دارالاقامہ بورڈنگ ہاؤس میں رہتے ہوں۔ **بورڈنگ ہاؤس** (مذ - انگ) اسکولوں اور کالجوں کی طرف سے طالب علموں کے رہنے کا مکان۔ دارالاقامہ۔

بور سُہاگن:- (ہ - بغیر اضا - مو) وہ عورت جو بڑھاپے تک سہاگن رہے۔

بوریا:- (ہ - مذ) چٹائی۔ بستر۔ کباڑا۔ معمولی سامان ضیافت ؎ غالب

ہے خبر گرم ان کے آنے کی آج ہی گھر میں بوریا نہ ہوا

بوریا بندھنا سنبھالنا - کسی جگہ سے چلے جانا۔ کوچ کرنا۔

بُوڑھا:- (ہ - مذ) بُڈھا۔ بڑی عمر کا۔ **بوڑھا بالا برابر** - بچے اور بوڑھے کی عقل ایک سی ہوتی ہے۔ **بُوڑھا بونگ** (مذ) بیوقوف بوڑھا۔ پیرِ نابالغ۔ **بوڑھا چونچلا جنازے کے ساتھ** - طنزاً مرتے دم تک بناؤ سنگار نہ چھوڑنے کے موقع پر بولتے ہیں۔ **بوڑھا چونڈا** (مذ) سفید سر بڑھاپا۔ **بوڑھا چونڈا یا نخرہ ہلانا** - بڑھاپے میں انداز معشوقانہ رکھنا۔ **بوڑھا کھوسٹ** - (مذ) بہت بوڑھا جہاندیدہ۔ **بوڑھا کھپاٹ** (مذ) بہت ہی بڈھا۔ **بوڑھا گھاگ** تجربہ کار

بَونا :- (ہ - مذ) ٹھگنا - ناٹا - پستہ - کوتاہ قد - بونی (مو)

بونا :- (ہ) کھیت میں بیج ڈالنا - تخم ریزی کرنا - اٹھانا (اور پیدا) (جیسے فساد کا بیج بو دیا) بو یا نہ جوتا اللہ نے دیا پوتا - (اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی چیز بغیر محنت کے مل جائے -

بَونٹ :- (ہ - مذ) ہرا چنا - بونٹ پلاؤ - وہ پلاؤ جس میں ہرے چنے ڈالے جائیں - چھوٹا مضبوط گھوڑا -

بُوند :- (ہ - مو) قطرہ - بارش کا قطرہ - صفت - تیز تلوار کی بوند - خنجر کی بوند - بوند چوکی - حاملہ ہونے کے قریب - بوند ساون - چھوٹا ساون - ؎ حسن

ہجر کو رونا اسی آنکھوں سے دکھلاتا رہا
بوند ساون وصل کا پل مارتے جاتا رہا

بوند کا چوکا گھڑے بہا جائے - لنڈھائے - وقت گزرنے پر شرمندگی ہوتی ہے اور کام بھی نہیں ہوتا ؎

سامنے اس کے نہ رویا شوق اب ہوتا ہے کیا
بوند کا چوکا گھڑے لنڈھائے تو ہوتا ہے کیا

بوند ہو جانا (ہونا) بہت اونچا ہونا - ؎ نصیر

ہوا ہے ہم سری کرنے کو چرخ پر نکل
ہوئی ہے آج گئے یار ، ذوفنوں کی بوند

بوندیاں - بُنکی - بُنکیاں دیکھو

اشک ریزاں ہے جو یاد لب شیریں میں شعور
بوندیاں ہیں یہ مٹھائی کے شکر پارے ہیں

بوندا باندی - تھوڑی تھوڑی بارش - بوند ا بوند تالاب بھرتا ہے - تھوڑا تھوڑا ہو کر بہت جمع ہو جاتا ہے - بوند بھر - ذرا سا - ایک قطرے کی مقدار - بوند چرانا - حاملہ ہونا - بوند ساون بہت چھوٹا ساون - بوند ہونا - بہت اونچا اٹھنا - بوندی - چھوٹی بوند - بوندیں پڑنا - ہلکا ہلکا مینہ برسنا -

بُوندی :- (ہ - مو) جوار کی بالی - وہ کلی جو کھلنے کو ہو - ترکاری یا پھل کے منہ پر لگی ہوئی ٹہنی کی نوک -

بونس :- (مذ - انگ) خاص انعام جو تنخواہ کے علاوہ ملازم کو دیا جاتا ہے -

بونگا :- (مذ) کج فہم - بے محل بولنے والا - بے وقوف - اناڑی - بونگی (مو)

بونگا :- (مذ) جنس وغیرہ کا مخروطی شکل کا ڈھیر -

بوہرا :- (مذ) ایک قوم کا نام جو نومسلم خیال کی جاتی ہے - اور حضرت علیؓ سے لے کر امام جعفرؓ تک چھ اماموں کو مانتی ہے - ساہوکار - مہاجن -

بوہنی :- (ہندی - مو) دکان کھولنے پر سب سے پہلے بکری (کرنا یا ہونا)

بوئیا :- (ہ) چھوٹے سے منہ کی ٹوکری جس میں اکثر روئی کی پونیاں رکھتی ہیں -

بویام :- (مذ) گول سید ھا مرتبان -

بویتیا :- دیکھو بیبیا -

بہ :- (ف - مذ) ب کا کسرہ اس طرح ادا کیا جائے - جیسا یائے معروف سے قبل ہوتا ہے - ناک کان کا چھید - موتی -

بہا :- (ف - مذ) قیمت - مول -

بہابہا پھرنا :- (ا) بھتات ہونا - دماغ بگڑنا - ادھر ادھر ٹاپک ٹوئیاں مارنا - نشے میں یا بے حیائی پر اتر آنا - ڈانواں ڈول پھرنا ؎

ساقی نشے میں پھرتا ہوں میں تو بہا بہا
دریا ہے کچھ یہ کم نہیں موج شراب کی

بہادر :- (ف) جوانمرد - دلیر - نڈر - لڑائی کا مرغ - نیز ایک خطاب جو اعزازی طور پر دیا جاتا تھا - صفت - بہادری (مو)

بہار :- (ف - مو) نارنج کا پھول - جس سے عطر - عرق یا روغن بناتے ہیں - بسنت رت - پھول کھلنے کا موسم - رونق - خوشی - تماشا - لطف و کیفیت جیسے ع

نام خدا بہار ہے جوبن پہ یار کے

شادابی سرسبزی - عالم شباب کا زور - آغاز جوانی ؎

کرتا ہے کیوں غرور تو دو دن کے حسن پر
اُڑ جائیں گے ہوا کی طرح دن بہار کے

بہار بیچنا - پھل دار درختوں کی فصل بیچنا - بہار الاپنا - بہار راگنی گانا ؎ سحر

عجب کیا جو زہرہ الاپے بہار تعجب نہیں رعد چھیڑے ملار

بہار پر آنا - رونق پر آنا - عالم شباب کا زور ہونا - خوب پھول کھلنا - بہار لوٹنا - مزے اڑانا - عیش کرنا - کسی کے جوبن کا لطف اٹھانا - کسی چیز کی رونق کو مٹا دینا -

بُہارنا :- (ہ) جھاڑنا - صاف کرنا - جھاڑو دینا - بُہارن - (مذ) صفائی - کوڑا - بُہاری (مو) جھاڑو -

بہاگ :- (ہ - مذ) ایک مشہور راگ کا نام -

بہانا :- (ہ) لنڈھانا - پانی گرانا - جاری کرنا - پانی میں چلانا - سستا بیچنا - گنوانا - بہاؤ (مذ) پانی بہنے کا رخ - ڈھلاؤ - طغیانی -

بہانا: (ف۔ مذ) حیلہ۔ عذر۔ ظاہرداری۔ دھوکا۔ مکر۔ سبب۔ باعث (جیسے حیلے رزق۔ بہانے موت) موقع۔ محل (جیسے مدت سے کسی بہانے کی کوشش تھی) بہانہ باز۔ بہانہ جو۔ (بغیر اضافہ) حیلہ ساز۔ مکار۔ بہانہ خور۔ مکار۔ بہانہ باز۔ بہانہ ڈھونڈنا۔ موقع تاکنا۔ بہانہ کرنا۔ حیلہ حوالہ بتانا۔ ٹالنا۔

بہائم: (ع) چوپائے۔ حیوان۔ مویشی۔ درندے (بہیمہ واحد) بہیمیت۔ حیوانیت۔ سنگدلی۔ خلاف وضع فطرت۔ حیوانوں کا سا فعل۔

بہائی: (ا) ضعیف الاعتقاد لوگوں کا خیال ہے کہ ایک روح ہے جو ننھے بچوں کے کان میں کہتی ہے کہ تیری ماں مرگئی تو وہ سوتے سوتے رونے لگتا ہے اور پھر کہتی ہے کہ تیری ماں جیتی ہے تو وہ سن کر ہنس دیتا ہے (دراصل یہ خواب ہوتا ہوگا) ؎ بحر

افسوس بہائی نے بھی مجھ کو   طفلی میں نہ عشق کی خبر کی

بہبود: (ف۔ مو) بہتری۔ ترقی۔ فلاح۔ فارغ البالی۔ خیریت وعافیت۔ صفت۔ بہبودی (مو)

بہت: (ب۔بَت۔ ۵) زیادہ۔ کثیر۔ کافی۔ وسیع۔ بڑا۔ بہتات (مو) زیادتی۔ کثرت۔ کسی چیز کا بہت ہونا۔ بہت اچھا۔ بہت بہتر۔ بہت خوب۔ خیر کیا مضائقہ ہے سمجھ لوں گا۔ ؎ بحر

کبھی جو روٹھ گئے ہیں جھنجھلا کے یار کہتا ہے
میں اٹھ رہا ہوں کرو تم فغاں بہت اچھا

بہت دُور ہو۔ بہت دُور کی سوجھتے ہو۔ ظاہر کچھ ہے باطن کچھ (اب معلوم ہوا کہ آپ بہت دُور ہیں) بڑے غضب ہو۔ تمہاری باتیں کون سمجھے۔ بہت کرکے۔ اکثر۔ عموماً۔ بہت کنکوں میں ایک نال والا بکرا۔ بہت عیبوں میں ایک بھلا بھی بُرا سمجھا جاتا ہے۔ بہت ہے۔ برکت ہے۔ نہیں ہے۔ بہت ہی بہت ہے۔ بالکل نہیں ہے۔ بہتیرا۔ بہت سا۔ بکثرت۔ کافی۔

بہتان: (ف۔ مذ) تہمت۔ جھوٹا الزام۔ جوڑنا۔ دھرنا۔ رکھنا۔ لگانا۔

بہتا ہوا جوڑا: (ا) کبوتروں کا وہ جوڑا جو جلد جلد انڈے بچے دے۔

بہتر: (ف) عمدہ۔ اعلیٰ۔ اوّل درجہ کا۔ مفید۔ خوب۔ (جواب میں) بہت اچھا۔ تسلیم ہے۔ ٹھیک ہے۔ بہتری (مو) بھلائی۔ بہبودی۔ ترقی۔ فائدہ۔ عمدگی۔ خوبی۔ بہترین۔ بہت ہی عمدہ۔ سب سے اچھا۔ سب سے مفید۔

بہتّر: (ہ) ستر اور دو۔ ستّی سے آٹھ کم۔

بہتے دریا میں ہاتھ دھونا: (ا) فیاضی سے فائدہ اٹھانا۔

بہتیرا: (ا) دیکھو بہت۔

بہہ جانا: (ہ) پانی کی رو میں چلا جانا۔ پھیل جانا۔ تباہ ہو جانا۔ سوچتے سوچتے کہیں سے کہیں خیال کا جا پہنچنا۔ ٹھیک کام کرتے کرتے غلط کرنے لگنا۔ چھوڑنا چھوٹ جانا۔ چلا جانا (کہاں بہہ گیا تھا) جانور کا حمل گر جانا۔

بہجت: (ع۔ مو) خوشی۔ شادمانی۔ تازگی۔

بہدانہ: (ف) بہی کا بیج۔ جو ایک مشہور دوا ہے۔ دانۂ بہی۔

بہ درجہ: (ف) بہ درجی۔ سلسلہ وار۔ تفصیل وار۔

بہرا: (ہ۔ مذ) کم سننے والا۔ نہ سننے والا۔ بہری (مو) بہرا بھنڈ یا بہرا پتھر۔ سخت بہرا۔

بہرام: (ف) پانچویں آسمان پر ایک ستارہ۔ عراق کا ایک بادشاہ جسے گورخر کے شکار کا بہت شوق تھا اسی سے بہرام گور کہلاتا ہے۔

بہر: (ف) فارسی سابقہ۔ ہر طرح۔ جو حال۔ طور اور کیفیت کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ جس کے معنی جس طرح بن پڑے ہو سکے۔ نیز مجبوری کے مفہوم میں بھی۔ ہر حالت میں۔

بہروپ: (ہ) طرح طرح کے بھیس بدلنا۔ نقالی۔ مکر۔ دھوکا ؎ مصحفی

بہروپ ہے یہ جہاں کہ جس میں
ہر روز ہے اک نیا سا سانگ

بہروپ بدلنا۔ بھیس بدلنا۔ نیا روپ دکھانا ؎ نکہت
کبھی ہے شام کبھی صبح۔ سایہ ہے کہ دھوپ
کہ ہر گھڑی بدلتے ہے جب بہروپ

بہروپیا۔ نقال۔ سوانگی۔ رنگ رنگ کے بھیس بدلنے والا۔ مکار۔ فریبی۔ شعبدہ باز۔ ٹھگ۔ ؎ امیر

جانتا ہوں بڑا بہروپیا ہے پیر فلک
صورتیں تازہ نئی ہر روز دکھاتا ہے فلک

بہرہ: (ف۔ مذ) نصیب۔ قسمت۔ فائدہ۔ بہرہ کھلنا۔ نصیب کھلنا۔ بہرہ مند۔ بہرہ ور۔ بہرہ یاب (تینوں بغیر اضافہ) خوش قسمت۔ اقبال مند۔ کامیاب۔

بہری: (ہ۔ مو) کبوتروں وغیرہ کا شکار کرنے والا ایک پرندہ۔ نیز وہ عورت جو اونچا سنتی ہو یا نہ سنتی ہو۔

بہزاد: (مذ) شاہ اسمٰعیل کے زمانے کا ایک مشہور نقاش۔

بہشت: (ف۔ مو) باغ جنت۔ فردوس۔ مرنے کے بعد نیکوں

کے عیش و آرام سے رہنے کی جگہ۔ **بہشت کا میوہ** (مذ) انار۔ **بہشت کی قمری** (مو) ناچنے گانے والی عورت۔ زنخہ جو تالیاں بجا بجا کر ناچتا ہو۔ (عوام کا روزمرہ ہے) **بہشت کی ہوا**۔ (مو) نسیم صبح۔ معتدل ہوا۔ **بہشت میں لات مارنا**۔ نیکوں سے بدی کرنا۔ ماں باپ یا استاد سے بدسلوکی کرنا۔ اچھے بھلے عیش کو ضائع کر دینا۔ **بہشتی**۔ جس کے بہشت میں جانے کا یقین ہو۔ مرحوم۔ پانی بھرنے والا سقہ۔ (اس معنوں میں لفظ بھش تی ہے)

بہک:- (ہ) لغزش۔

بہکانا:- (ہ) ورغلانا۔ اغوا کرنا۔ راستہ بھلانا۔ دھوکا دینا۔ دھکانا۔ غلطی کرانا۔ جھوٹی امید دلانا۔ ناحق جھگڑے پر آمادہ کرنا۔ کان بھرنا۔ **بہکاوٹ**۔ فریب۔ اغوا۔ **بہکاوے یا بہکاوے میں آنا**۔ دھوکے میں آنا۔ حمایت پر اتر آنا۔

بہک چلنا:- بڑھ چلنا۔ اترانا۔ مغرور ہونا۔

بہکنا:- (ہ) گمراہ ہونا۔ بھٹکنا۔ دھوکا کھانا۔ فریب میں آنا۔ پھسلنا (جیسے ہاتھ بہکنا۔ قلم بہکنا) نشے میں کچھ کا کچھ کہنا۔ ہذیان ہو جانا۔ بخار میں بڑبڑانا۔ نیند میں باتیں کرنا۔ اترانا۔ لڑکھڑانا۔ حد سے بڑھ کر چلنا۔

بہلا:- (ہ۔ مو) وہ گائے بکری وغیرہ جو بانجھ ہو۔ بچہ نہ جنے۔

بہلانا:- (ہ) کھیل میں لگانا۔ بچے کو کیڑا پھندا کر رونے سے باز رکھنا۔ پھسلانا۔ فریب دینا۔ تسلی دینا۔ سیر تماشے وغیرہ سے دل کو خوش کرنا۔ **بہلاوا**۔ (مذ) جی کا پرچاوا۔ من کا بہلاوا۔

بہلنا:- (ہ) سیر تماشے میں جی لگ جانا۔ کسی شغل میں مشغول ہو کر غم یا صدمے سے دل کا ہٹ جانا۔ رنج و غم میں بٹ جانا۔ بچے کا لوری وغیرہ سے رونا بند کر دینا۔ بہلاوے میں آ جانا۔

بہلہ:- (ہ۔ مذ) چمڑے کا دستانہ جو باز وغیرہ کو سدھانے والے لوگ پہن کر اس پر باز کو بٹھاتے ہیں۔

بہلی:- (ہ) بیل گاڑی جو عموماً سواری کے کام آتی ہے۔

بہلیا:- (ہ۔ مذ) پرندوں کا شکاری۔ صیاد۔ ہر وقت آلاتِ شکار سے مسلح رہنے والا۔

بہم:- (ف) ایک دوسرے کے ساتھ۔ باہمدگر۔ آپس میں۔ **بہم پہنچانا یا بہم پہنچنا**۔ حاصل کرنا یا ہونا۔ میسر آنا۔ دستیاب کرنا یا ہونا۔

بہمن:- (مذ) ایرانی سال کا گیارھواں مہینہ جس میں عموماً برف گرتی ہے۔ ~ اٹھ گیا بہمن و دے کا چمنستاں سے عمل (سودا)

بہن:- (ہ۔ مو) ہمشیرہ۔ ماں جائی۔ چچا زاد۔ پھوپھی زاد۔ خالہ زاد۔ ماموں زاد لڑکی۔ اکثر عورتیں بھی آپس میں ایک دوسرے کو اس لفظ سے خطاب کرتی ہیں۔ **بہناپا**۔ عورتوں کی دوستی۔ سہیلی پن۔ **بہناپا جوڑنا**۔ سہیلی بننا یا بنانا۔

بہنا:- (ہ) جاری ہونا۔ پانی کی رو میں چلا جانا۔ پھسل جانا۔ جگہ سے ہٹ جانا۔ (جیسے لکھنے میں حرف کا دائرہ بہہ گیا) چلا جانا (کہاں بہہ گیا تھا) پھوڑا پھوٹنا۔ پگھلنا۔ غارت ہو جانا۔ کبوتروں کا کہیں سے کہیں چلا جانا۔ نرخ سے گھٹ کر بکنا۔ تلف ہونا۔ (ساری دولت یوں ہی بہہ رہی ہے) لنگرے یا کل کا پٹیا چھوڑنا۔ ڈوڈ کا ڈھیلا پڑ جانا۔ کثرت سے انڈے دینا (جانور کا) حمل گر جانا۔

بہنگی:- (ہ۔ مو) وہ بانس کی موٹی لکڑی جس کے دونوں جانب رسی باندھ کر بوجھ اٹھاتے ہیں۔

بہنوئی:- (ہ۔ مذ) بہن کا شوہر۔ دولھا بھائی۔

بہنی:- دیکھو بونگا۔ پہلی بکری۔

بہنیلی:- (ہ۔ دلی) سہیلی۔

بہو:- (ہ۔ مو) دلھن۔ بیٹے کی بیوی۔ بچے کا عضو تناسل (بچھنو) نئی بیاہی لڑکی سسرال والوں کے لئے (الک ہمترانی) **بہو رہی کنواری۔ ساس رہی لواری۔ بہو آئی بیاہی پڑگئی خواری**۔ منگنی کے بعد بہو کے کہنے تک کے ناز اٹھائے جاتے ہیں اور شادی ہونے پر ساس نندیں لڑنے جھگڑنے لگتی ہیں۔

بہوڑا:- (ہ۔ مذ) وہ کھانا جو لڑکی کو وداع کرتے وقت اس کے ساتھ کیا جاتا ہے۔

بہی:- (ف۔ مو) ایک پھل جو امرود کے مشابہ ہوتا ہے۔

بہی:- (ف۔ مو) ایک طرح کی لمبی بیاض جس میں حساب کتاب لکھا جاتا ہے۔ روزنامچہ۔ **بہی پر اتارنا یا چڑھانا**۔ روزنامچے میں درج کرنا۔ **بہی کھاتہ** (مذ) حساب کی کتاب۔ اکاونٹ بک۔

بہیا:- (ہ۔ لک۔ مو۔ بہیا) سیل۔ طغیانی کی رو ~

گریاں ہوں وہ کہ آ گئی بہیا جہاں میں
وہ آنسوؤں سے میرے سمندر اچھل گیا (تلق)

بہیر:- (ہ۔ مو) بھیڑ۔ انبوہ۔ فوج کے پیچھے جو مختلف کام کرنے والوں کا گروہ رہتا ہے۔ **بہیر بھنگا** (مذ) فوج کے شاگرد پیشہ۔

بہیڑا:- (ہ) ایک قسم کی بڑی ہڑ۔

بھاگنا - دوڑنا - لپکنا - پیٹھ دکھانا - بچنا۔ **بھگدڑ** (تک) بھگا دڑ۔ بھاگڑ۔

بھاگل پوری :- ایک قسم کا بھاگل پور (ہند) کا بنا ہوا ریشمی کپڑا۔

بھال :- (ہ - مو) تیر کی نوک - برچھی کا پھل۔

بھالا :- (ہ - مذ) برچھا - نیزہ۔

بھالو :- (ہ - مذ) ریچھ۔

بھانا :- (ہ) پسند کرنا - مرغوب ہونا - دِل میں کھبنا۔ ناسخ

بھاگئی کون سی وہ بات بتوں کی ورنہ
ذکر رکھتے ہیں کا فرنہ دیں رکھتے ہیں

بھائی توکھائی نہیں چھیکے پہ دھر اُٹھائی - دِل چاہا کیا نہیں تو چھوڑ دیا۔

بھانپنا :- (ہ) تاڑنا - بشرہ اور آثار سے پہچاننا - تاکنا۔ **بھانپو** - تاڑ جانے والا - تاڑیا - جانچو۔

بھانت :- (ہ - مو) ڈول - ڈھب - رسم - طور - طریقہ - **بھانت بھانت کا** قسم قسم کا - رنگ برنگ

بھانجا :- (بھان جا - ہ - مذ) بہن کا بیٹا - **بھانجی** - بہن کی بیٹی۔

بھانجنا :- (ہ) وٹے موڑنا - چھپے ہوئے کاغذوں کو تہ کرنا۔ بل دینا - موڑنا۔

بھانجی :- (ہ - مو) آڑ - رکھنا - چغلی - مزاحمت - **بھانجی خور** - کسی کی بھلائی میں رخنہ ڈالنے والا - چغل خور۔ بھانجی مارنا - کسی کی بھلائی ہونے میں خلل ڈالنا - چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا۔

بھانڈ :- (ہ - مذ) مسخرا - نقال - ناچنے گانے والے - جو محفلوں کاتے اور نقلیں سناتے ہیں - پیٹ کا ہلکا - **بھانڈ** دیتا ہے لوگ کہتے ہیں گاتا ہے - اس موقع پر بولتے ہیں - جب کوئی دوسرے کی مصیبت کو کھیل سمجھے۔

بھانڈا :- (ہ - مذ) مٹی کا بڑا برتن - گھڑا - مٹکا (برتن کے ساتھ) راز - بھید - **بھانڈا پھوٹنا** - افشائے راز ہونا - بھانڈا پھوڑ - افشائے راز کرنے والا - **بھانڈا پھوڑنا** - کسی کا بھید ظاہر کرنا۔

بھانمتی :- (ہ) مداری - شعبدہ باز - **بھانمتی کا پٹارا** - وہ جگہ یا گھر جہاں سے ہر قسم کی چیز نکل آئے

بھاننا :- (ہ) بل دینا - خراد پر چڑھانا - گھمانا - پھرنا -

(تسبیح بھان رہے ہیں) ورد کرنا - بار بار پڑھنا - توڑنا -

بھاوج :- (ہ - مو) بھابی - بھائی کی بیوی۔

بھاویں :- (ہ) اثر - خیال - توجہ - خبر سے جرأت

دردِ دل سن کے یہ بولا مرے بھاویں ہی نہیں
گر برا حال ہے تیرا تو بھلا مجھ سے کیا

نزدیک - حسابوں سے انشا

مرے بھاویں گلشن کو آتش لگی ہے
نظر کیا پڑے خاک کھائے تر پیو

بھاو :- (ہ - مذ) نرخ - مول - شرح - حالت کیفیت - روپ رنگ - جوہر طبع - سبھاؤ - گن - عادت - محبت - مامتا - طور طریقہ - ناز - انداز - عزت - خاطر - تواضع - **بھاؤ اترنا** - قیمت گرنا - **بھاؤ بتانا** - ناچنے میں یا اداکاری میں الفاظ سے وہ کیفیت دکھانا - جس کی نقلوں میں صورت کی گئی ہے - **بھاؤ بننا** - سودا بکنا - خریدار یا تاجر جو نرخ بولے، اس کے حسب منشا ہونا - **بھاؤ تاؤ** - مول تول (کرنا - ہونا) **بھاؤ تیز ہونا** - قیمت چڑھنا - مہنگا ہونا - **بھاؤ چڑھانا** - چڑھنا - مہنگا کرنا - ہونا - **بھاؤ نکالنا** - نرخ مقرر کرنا۔

بھائی :- (ہ - مذ) برادر - برادری کا - ہم قوم - رشتہ دار - برابر والا - **بھائی بند** - رشتہ دار - ہم قوم - ہم مذہب - رفیق - حفنت - **بھائی بندی** (مو) **بھائی چارا** - (مذ) پکی دوستی - بھائی بندی رشتہ -

بھائیں بھائیں کرنا :- غیر آباد ہونے سے خوفناک معلوم ویران ہونا -

بھبھڑ :- (ہ - مذ) بھیڑ - مجمع کا شور و غل سے سرور شیخ جی گئے آئے آیا زلزلہ
محفل زنداں میں بھبھڑ مچ گیا

بھبک :- (ہ - مو) شعلے کی بھڑک - گرم بھاپ - کسی تیز چیز کی بو یا مہک جو اس کے ایک دم نکلے ہی نکلے - **بھبکا** (ہ - مذ) عرق کھینچنے کا برتن - قرعبیق - لپٹ - حرارت جو گرم جگہ پانی ڈالنے پیدا ہو جائے - تیز اور زہری بو کی مہک - بھبکانا کا ماضی مطلق - دیکھو بھبکانا - **بھبکانا** - ایک دم سے پانی اوندھانا - بھڑکانا - غصہ دلانا - لڑائی کرنا -

بھبکنا :- خوب تیز کھولنا - بہت گرم ہونا - بھڑکنا - جھلنا - لال پیلا ہونا - غرانا۔

بھبکی :- (مو) دھمکی - گھرکی - بھبھکے کی شکل بنا کر ڈرانا - **بھبکی دینا** - ڈرانا - دھمکی دینا - **بھبکی میں آجانا** - ڈر مان جانا۔

بھبوت :- (ہ - مذ) راکھ جو فقیر جوگی اپنے بدن پر ملتے

بھچنا: (ہ) دبنا۔ پچکنا۔ سکڑنا۔ سمٹنا۔ شرمانا۔ مجبور ہونا۔ دو مضبوط چیزوں کے بیچ میں دبنا۔

بھَد: (ہ۔ مو) کسی چیز کی ریت پر گرنے کی آواز (لک) ناکامی کی بے عزتی۔

بھَدّا: (لک۔ مذ) بھونڈا۔ بدشکل۔ موٹا آدمی جو بطخ کی طرح چلے۔ سُست۔ کاہل۔ بیوقوف۔ بھدیسلا۔ بھپس۔ **بھدّی** (مو)

بھَداکا: (ہ۔ مذ) گرنے کی آواز۔ دھماکا۔ **بھداکا دینا** پٹخنا۔ دے مارنا۔

بھَدبھَد: (ہ۔ مو) موٹے آدمی یا بطخ کے چلنے کی آواز۔ پھل وغیرہ گرنے کی آواز۔

بھَدَربھَدَر: (لک) دوڑنے کی آواز۔

بھَدرا: (ہ۔ مذ) سر، مونچھوں، داڑھی اور بھوؤں کا صفایا۔ جو ہندوؤں میں کسی عزیز کی موت پر کراتے ہیں (کرانا، کرایا کرم (ہونا کرانا کے ساتھ) نیز لٹ جانا۔ منحوس گھڑی ہونا۔

بھَدَرک: (ہ۔ مو) سلیقہ۔ سگھڑپن۔ استواری۔ استقلال۔ بھرم۔ اعتبار۔ خوبی (ہندوؤں کا روزمرہ) لک۔ برکت

بھَدیسلا: (ا۔ لک) بھدا کی تصغیر۔ دیکھو بھدا۔ **بھدیسلی** (مو)

بھَر: (ہ) سارا۔ کل (دن بھر) تک (مقدور بھر) مقدار ظاہر کرنے کے لیے جیسے گز بھر۔ یہ عموماً اسم کے بعد استعمال ہوتا ہے۔ لیکن بعض لفظوں کے پہلے بھی لاتے ہیں۔ جیسے بھر مٹھی۔ یعنی مٹھی بھر۔ **بھرپور** ۔ پورا۔ مکمل۔

بھَرپانا: (ہ) سب وصول ہونا۔ باز آنا ~~ سودا

جام خالی سے جو ساقی نے مجھے ٹہکایا

میں کہا بخشیے صاحب مجھے میں بھر پایا

بھُرّا: (ہ۔ مذ) ترغیب۔ دم جھانسا۔ کبوتروں کے اڑنے اور پھرکی وغیرہ پھرنے کی آواز۔ **بھرّا دینا** ۔ جھانسا دینا۔ کبوتروں کو ایک دم اڑا دینا۔ **بھرّے پر چڑھانا** ۔ دم جھانسا دینا۔

بھَرا: (ہ) لبریز۔ پُر۔ تمام (بھرا گھر) **بھرا بھتولا** ۔ فارغ البال۔ صاحب اولاد۔ **بھرا پرا** ۔ آسودہ اولاد والا۔ **بھرا گھر** ۔ صاحب خانہ۔ **بھرا بیٹھنا** ۔ (ہونا) غصے میں ہونا۔ ناراض ہونا ~~ ذوق

دیکھا آخر کو نہ پھوڑے کی طرح پھوٹ بہنے

ہم بھرے بیٹھے تھے کیوں آپ نے چھیڑا ہم کو

بھرا بھرا گھر۔ خالی گھر۔ بدشگونی کے خیال سے اس طرح بولتے ہیں۔ (جیسے اس کے جانے سے بھرا بھرا گھر معلوم ہوتا ہے) دیکھیے بھری بھیے۔

بھُجرا: (ہ) کالے اور اس کے ہم معنی لفظ کی تاکید میں بولتے ہیں۔ جیسے سیاہ بھجرا۔

بھَرّاٹا: (ہ۔ مذ) پرندوں کے اڑنے یا پھرکی کے پھرنے کی آواز۔ خرّاٹا۔

بھَرانا: (ہ) پرندوں کا چونچ سے اپنے بچوں کو دانہ کھلانا۔ گھوڑی کو گابھن کرانا۔ پُر کرانا۔ **بھراؤ** ۔ بھرا ہوا۔

بھَراؤ: (ہ۔ مذ) گدھے وغیرہ کو پاٹنے کی مقدار۔

بھَرائی: **بھروائی** ۔ بھروانے کی اجرت۔ سقے کی مزدوری۔ زچہ کی گود بھرنے کا حق۔ دلھن کی مانگ بھرنے کا نیگ۔ گھوڑی کو گابھن کرانے کی اجرت۔

بھَر آنا: (ہ) زخم کا مندمل ہونے لگنا۔ رحم آنا (اسے دیکھ کر دل بھر آیا)

بھَرّانا: (ہ) آواز بھاری ہونا۔ گلہ بیٹھ جانا۔

بھُربھُرا: (مذ) خستہ۔ وہ چیز جس کے اجزا ملے ہونے کے باوجود باہم پیوست ہوں۔ **بھربھری** (مو)

بھُربھُرانا: (ہ) خستہ ہونا۔ کسی کی طرف مائل ہونا۔ صفت **بھربھرا ہونا** (مو) خستگی ہونا۔ **بھربھراہٹ** ۔ خستہ پن۔

بھَربھَرانا: (ہ) کم کم ورم ہونا۔ تمتمانا۔ صفت۔ **بھربھراہٹ** (مو)

بھَرَت: (مو) ایک مرکب دھات جس میں جست۔ تانبا۔ سیسہ ملا ہوا ہوتا ہے۔ **بھرتیا** (ہ) ٹھٹھیرا۔ برتن بنانے والا۔

بھَرَت: (مذ) بھارت میں اجودھیا کے ایک قدیم راجہ دسرتھ کے بیٹے کا نام۔ نیز ایک مشہور راجہ جس کے نام پر بھارت مشہور ہوا۔

بھَرَت: (مذ) اتنی چیز جتنی بھرنے کے لیے درکار ہے۔ بقدر ضرورت۔ **بھرت پورا ہونا** ۔ ضرورت کے لیے کافی ہونا۔

بھُرتا: (ہ) جھلسائے یا ابلے ہوئے بینگن یا آلو وغیرہ جنھیں گول کر یا پیس کر بگھاری ہوئی ترکاری۔ **بھرتا کر دینا** ۔ جھلس دینا کچل کر کچومر نکال دینا۔ بہت مارنا۔

بھَرتی: (ہ۔ مو) وہ چیز جو کسی چیز کے اندر بھری جائے۔ دفتر میں داخلے کا اندراج۔ تکمیل سپاہیوں اور فوجیوں کا تقرر (کرنا یا ہونا) ~~ داغ

دوزخ جگہ ثواب کی جنت عذاب کی

بھرتی کہاں کروں دل خانہ خراب کی

بھرتی کا شعر ۔ وہ شعر جس میں کوئی خاص لطف نہ ہو۔ **بھرتی کا مال** وہ مال جو بہت اچھا نہ ہو۔

بھر جانا:- پُر ہو جانا - سُن جانا - کتیا کا گابھن ہو جانا - جب گھوڑے کے ساتھ استعمال ہو تو مطلب ہے پسینہ میں ہوا لگ گئی جس سے اس کے بند بند جکڑ گئے۔

بھر دینا:- (ف) پاٹ دینا - پُر کر دینا - نقصان پورا کرنے کے لیے تاوان دینا - چکا دینا - رفو کرنا - ساں دینا۔

بھرشٹ کرنا:- (ف) ناپاک - گندہ کرنا - (ہندوؤں کا روزمرہ ہے)

بھرکس نکالنا:- (ف) مار کر پتلا حال کر دینا - چورا چورا کر دینا - تباہ کر دینا - بھرکس نکلنا - بھرکس نکالنا کا فعل لازم۔

بھر لینا:- (ف) کسی چیز سے کسی چیز کو پُر کرنا - تاوان لینا کل وصول کر لینا۔

بھرم:- (ف - مذ) ساکھ - اعتبار - گمان - دھوکا - ناموری - راز ۔ ؎

صبا نے کھول کر سر دفتر اس کی زُلفِ مشکیں کو
بھرم اک دم میں سارا نافۂ تاتار کا کھولا

بھرم باندھنا - ساکھ جمانا - بھرم جانا - ساکھ جاتی رہنا کسی پر شبہ ہونا - بھرم رکھنا یا کرنا - شک کرنا - بدگمان ہونا - بھرم کھل جانا یا کھلنا - بھید کھلنا - قلعی کھلنا - ساکھ جانا - بھرم کھول دینا - عیب کھول دینا - بھید کھول دینا - بھرم کی ٹٹی - پرانی عزت کا سہارا - عزت کی آڑ - جیسے نواب صاحب کے پاس رکھا کیا ہے ایک بھرم کی ٹٹی ہے - بھرم گنوانا - آبرو کھونا - ساکھ کھونا - بھرم نکلنا - دیکھو بھرم کھلنا۔

بھرمار:- (ف) بہتات - مسلسل اور مکرر کوئی کام (کرنا - ہونا)

بھرن:- (ف - مو) وہ زور کی بارش جو دم بھر میں جل تھل بھر دے ۔ ؎ داغ

تنگے اس نخل کے پانی بھرے بھادوں کی بھرن

بھرنا:- (ف) پُر ہونا - کامل ہونا - تھمنا - ٹوکری - کسی طرح کاٹنا - تباہ کرنا - زخم مندمل ہونا - تاوان دینا - بھگتنا - سیر ہونا - سیراب ہونا - سہنا - دکھ بھرنا - دانوں کا کثرت سے نکل آنا - آباد ہونا (مکان بھر گیا) اسامی خالی نہ رہنا - موٹا ہونا - بھرن بھرنا - خشکی کا ہونا یا سکھنے میں بھر گیا - تھکنا (چلتے چلتے ٹانگیں بھر گئیں) ادا کرنا - لگانا - بہکانا (کان بھر دیے) لادنا (بہت سارا مال بھر دیا) توپ یا بندوق کو گولی بارود سے لیس کرنا - پلیتے کا فتیلا کالی پر رکھ ڈالنا - خرچ اور مالا مال کر دینا - بجالانا - منت پوری کرنا (جیسے مسجد کا طاق بھر دیا) رنگ چڑھانا (اسی طرح جیسا اسم اس کے ساتھ آتا ہے ویسے ہی معنی پیدا ہو جاتے ہیں جیسے ڈنکا بھرنا وغیرہ)

بھرنا بھرنا:- کسی شخص کا منہ اٹھانا - منہ بھرائی یا رشوت دینا۔

تاوان ادا کرنا۔

بھروسا:- (مذ) اُمید - توکل - اعتبار - آسرا (بھروسہ لکھنا غلط ہے)

بھرے بازار میں:- عام مجمع میں - بھرے بیٹھے ہیں - بھرے ہوئے غصے - ناراضگی - رنجیدگی کی حالت میں ہیں - بھرے کو بھرنا - مالدار کو مزید دولت دینا - بھرے بھرے - (موٹے موٹے بازو - ہاتھ وغیرہ کے ساتھ)

بھری:- (ف) ایک گھاس - ساڑھے گیارہ ماشے کا وزن - نیز بھرا کا مؤنث صفت - بھری برسات - برسات کا شباب - بھری بھری - (اعضا کی صفت جیسے بھری بھری بانہیں (داڑھی) ویران - آباد ۔ ؎ میر

مسجد ایسی بھری بھری کب ہے
میکدہ اک جہان ہے گویا

بھری تھالی میں لات مارنا (لک) آرام چھوڑنا - بھری مجلس میں - بھرے مجمع - سرمحفل - بھلم کھلا۔

بھڑ:- (ف - مذ) کسی چیز کے پھٹنے کی آواز - توپ - بندوق کی آواز - گوز کی آواز - ایک دم سے چڑیاں باز نکل پڑنے کی آواز۔

بھڑ:- (ف - مو) ایک زرد رنگ کا یا زرد و سیاہ رنگ اور کسی قسم کا پر دار کیڑا جو ڈنک چبھو دیتا ہے تو عضو سوج جاتا ہے - بھڑ کا چھتا - بھڑوں کے رہنے کا جھنڈا - فسادیوں کا گروہ - بڑا فسادی - پیچھے پڑ جانے والا - بھڑ کے چھتے کو چھیڑنا:- کسی بدمزاج کو چھیڑنا - بھڑ کا چھتہ ستانا ۔ ؎

بزم میں گھیرے ہوئے آج ان کو بیٹھے تھے رقیب
بھڑ کا چھتا چھیڑ کر شامت ہماری آ گئی — داغ

بھڑا بھڑ:- (ف - مو) دو چیزوں کے مسلسل ٹکرانے کی آواز - لگاتار گوز مارنے کی آواز۔

بھڑا دینا:- (ف) مقابلہ اور لڑائی کرا دینا۔

بھڑاس:- (ف - مو) دل کا بخار - دل کا غبار - کینہ اور دشمنی - بھڑاس نکالنا - دل کا غبار نکالنا - دشمن کو صدمہ پہنچا کر دل ٹھنڈا کرنا - رو کر یا بُری بھلی سنا کر غصے اور رنج کو دور کرنا۔

بھڑانا:- (ف) ملانا - مقابل کرنا - سٹانا - لڑانا - رشوت دینا - (پانچ روپے بھڑا دیے تو کام ہوا) شرکت کرانا - کمتیا کرنا - طالب کو مطلوب سے بھڑا دینا۔

بھڑبھڑیا:- (ف) وہ شخص جو دل میں کچھ نہ رکھے گا - جو کچھ دل میں آئے کہہ ڈالے - پیٹ کا ہلکا - جسے جلد غصہ آ جائے اور جلد صاف ہو۔

بھڑبھونجا:- (ف - مذ) بھاڑ جھونکنے والا - اناج بھوننے والا۔

سیہ فام ۔ کالا کلوٹا ۔ بدشکل ۔ بھڑ بھوجن (مؤنث)

بھڑسل:۔ (ہ) پھوہڑ ۔ بے سلیقہ

بھڑک:۔ (ہ) چمک دمک ۔ ٹیپ ٹاپ ۔ رونق ۔ نمود ۔ اشتعال ۔ وحشت ۔ **بھڑک اٹھنا** مشتعل ہونا ۔ شعلہ زن ہونا ۔ غصے میں بھر جانا ۔ **بھڑکانا** ۔ آگ کو تیز کرنا ۔ بھکانا ۔ غصہ دلانا ۔ بدکانہ ۔ ڈرانا ۔ جلدی جلدی دم کھینچ کر ۔ حقے کا تمباکو جلا دینا ۔ **بھڑکنا** ۔ شعلہ زن ہونا ۔ غصہ ہونا ۔ بدکنا ۔ یکایک ڈر کر بھاگ جانا ۔ بھبکنا ۔ جلنا ۔ بخار آنا ۔ (جیسے ماتھا بھڑک رہا ہے) نس پٹھے کا تن جانا ۔ اعصاب کا کھنچنا ۔ چراغ کی لو کا تیل ختم ہونے پر یا ہوا سے تھرا کر تیز بلند ہونا ۔ ؎

بھڑکتا ہے چراغ صبح جب خاموش ہوتا ہے

بھڑکیلا ۔ چمکیلا ۔ زرق برق

بھڑکے بیٹھنا:۔ جل کر بیٹھنا ؎

تنگی محفل کی دولت بھڑ کے بیٹھا مجھ سے یار
رات اہل بزم کی کثرت کا احساں ہو گیا

بھڑنا:۔ (ہ) جڑنا ۔ جڑ جانا ۔ قریب ہونا ۔ ہٹنا ۔ مقابل ہونا ۔ گتھنا ۔ ٹکرانا ۔ دروازے کے پٹ بند ہونا ۔ بحث و تکرار کرنا ۔ تلواروں و ہتھیاروں سے لڑنا ۔ ؎ سودا

جا ہی بھڑا اس صف مژگاں سے آج
دل تو بڑا سا ہی جگر کر گیا

بھڑوا:۔ (ہ ۔ مذ) قرم ساق ۔ دیوث ۔ بھڑوا ۔ وہ شخص جو عورتوں کو مردوں سے اور مردوں کو عورتوں سے ملانے کا کام کرے ۔ صفت ۔ **بھڑوائی** مؤنث

بھس:۔ (ہ ۔ مذ) اناج کا چھلکا اور اناج کے پودوں کا چورا ۔ بھس بھروانا ۔ بہت سخت سزا دینا (پرانے زمانے میں کھال کھنچوا کر اس میں بھس بھروانے کی سزا دیتے تھے) بھس کے مول بلیدہ ۔ قیمتی چیز کوڑیوں میں ۔ بھس میں چنگی ڈال بی جمالو دور کھڑی ۔ جو شخص لڑوا کر خود الگ ہو جائے ۔ اس کے لیے بولتے ہیں

بھساکو:۔ (ہ ۔ مذ) ہلکا تمباکو ۔

بھسنڈ:۔ (ہ) نہایت موٹا ۔ بھدا آدمی ۔

بھسکنا:۔ (ہ) بھینس کی طرح کھانا ۔ بہت کھانا ۔ بہت منہ بھر کر کھانا ۔

بھسکو:۔ (ہ ۔ مو) بہت کھانے والی ۔ ہرجائی ۔ بہت جماع کرانے والی ۔

بھسم:۔ (ہ) (جل کر یا جلا کر) راکھ ۔ خاکستر (کرنا ۔ ہونا)

بھسنڈ:۔ (ہ) بہت موٹا اور بھدا آدمی ۔ بسنڈا ۔ سنڈی ۔

بھک:۔ (ہ ۔ مو) اڑ جانے والا مادہ ۔ تمباکو کے پتوں کا برادہ ۔ دراڑ (لکڑی کی بھک) بھک بھک ۔ انجن یا چمنی سے دھواں نکلنے کی آواز ۔ بھک سے اڑ جانا ۔ بارود کا آنچ پاتے ہی دفعتاً اڑ جانا ۔

بھکاری:۔ (ہ ۔ مذ) بھیک مانگنے والا ۔ منگتا ۔ بھکارن (مو)

بھگت:۔ (ہ) زاہد ۔ پارسا ۔ متقی ۔ جھاڑ پھونک کرنے والا ۔ صفت ۔ بھگتنی ۔

بھکراند:۔ (ہ ۔ مو) گھنے کے گلے ہوئے اناج کی سی بو ۔ بھکراندا ۔ جس میں بھکراند آتی ہو ۔

بھکشا:۔ (س ۔ مو) بھیک ۔ خیرات (ہندوؤں کا روزمرہ)

بھک منگا:۔ بھیک مانگنے والا ۔ منگتا ۔ کنگال ۔ بھوکا ۔ بھکا ۔

بھکنا:۔ (ہ) گھپنا ۔ سوئی یا کیل وغیرہ کا جسم میں اترنا ۔

بھکوا:۔ (ہ) مسخرا ۔ قرم ساق ۔ بھڑوا ۔ احمق ۔

بھکوسنا:۔ (ہ) اناپ شناپ کھانا ۔ نگلنا ۔

بھگا:۔ (ہ) سادہ لوح ۔ بے وقوف (لک) چورا (جیسے تل بھگا)

بھگا:۔ (ہ) لڑائی سے بھاگی ہوئی فوج ۔ مجازاً ہر بھگوڑا ۔

بھگانا:۔ دوڑانا ۔ لپکانا ۔ فرار کرنا ۔ پسپا کرنا ۔ دانت کھٹے کر دینا ۔

بھگت ۔ بھگتی:۔ (ہ) بھگت بگلا ۔ ریاکار ۔ زاہد ۔ بھگت بنانا ۔ ایسی وضع بنانا ۔ جس پر لوگ ہنسیں بھگت بننا ۔ اپنے کو نیک اور پارسا ظاہر کرنا ۔ نیک اور پارسا ہونا ۔ دھرکے باز بننا ۔ بھگت ہونا ۔ مشق پلید ہونا ۔ درگت ہونا ؎

اس بت نے اپنے گھر سے نکالے اپنے دوست
بیت الصنم میں برہمنوں کی بھگت ہوئی

بھگتیا:۔ سوانگ بنا کر رات کو ناچ رنگ دکھانے والا ۔ بہروپیوں کی سی ایک قوم جو رات کو کھیل دکھاتی ہے

بھنبھیری:- (ہ - مو) ایک تیز پرواز تیتری جو برسات میں ہوتی ہے بہت تیز دوڑنے والا لڑکا۔

بھنتو:- (ہ - مذ) بینگن سا - خایا۔

بھنٹا:- (ہ - مذ) بینگن۔

بھنڈ قدما:- بھونڈے قدم - منحوس پیرے کا آدمی ؎ رنگین

الٰہی کون بھنڈ قدما ہوا ہے مجھ پہ دیوانہ
کہ ہے میرے گلے کی طوق زنجیر آئے دن

بھنڈ:- کسی چیز کا سوکھا ہوا ڈلا - تمباکو کا بھنڈ - کھجور کا بھنڈ وغیرہ - ایک قسم کا حقہ - **بھنڈی خانہ** - وہ جگہ جہاں حقے کو سامان تیار رہتا ہے - **بھنڈا بردار** - حقہ بردار - نیز بھنڈا دیمک کا چھتہ - بھڑوں اور شہد کی مکھیوں کا گھر - **بھنڈی** (مو) ایک مشہور ترکاری -

بھنڈار:- (ہ - مذ) گودام - کوٹھا - پانی کا خزانہ -

بھنڈارا:- (ہ - مذ) فقیروں کی ضیافت - کھوپری - پیٹ - پہیلی کے ایک فارکا نام - **بھنڈار خانہ** (لک عوا) پیٹ -

بھنڈاری:- (ہ - مذ) باورچی - خانساماں - کوٹھاری -

بھنڈسال:- غلے کی کھتی - کھتا جو گرانی میں بیچنے کے لیے بھرا جائے - **بھنڈسالی** - کھتا بھرنے والا -

بھنڈ کرنا:- (ہ) توڑنا - پھوڑنا - بدنظمی پیدا کرنا - **بھنڈ ہونا** - تتر بتر ہونا - بگڑنا - درہم برہم ہونا - بھیرا کا ترجمہ - بھیرا بھنڈ -

بھنڈیلا:- (ہ) گھٹیل - بھانڈ

بھنک:- (ہ - مو) دھیمی بات - اُڑتی ہوئی بات کی آواز (پڑنا)

بھنکتی صورت:- (ہ) گھناؤنی شکل -

بھنکنا:- (ہ) مکھیوں کا بھنبھنانا اور ہجوم کرنا - سست بیٹھنا - خالی بیٹھے مکھیاں اڑانا -

بھنگ:- (ہ - مو) ایک نشہ آور بوٹی - سبزی - برباد ہی - **بھنگڑ** - بہت بھنگ پینے والا - بھنگی - **بھنگ تو نہیں کھائی (پی)** - مطلب تو نہیں ہوگئے - **بھنگ رہنا** - مست رہنا - **بھنگ کے بھاڑے میں جانا** (دلی) برباد ہونا - **بھنگ کھانا (پینا)** آسان ہو جیں دق کرتی ہیں - بڑے کام کا شروع کرنا اچھا لگتا ہے - مگر نتیجہ برا ہوتا ہے ؎

سبز رنگوں پہ لے شوق کرو رنگ تو پھر
بھنگ کا کھانا سہل ہے لیکن ہو جیں لہریں رنگ تو پھر

بھنگیا بانا (جانا) نشے میں ہونا - بدحواس ہونا - **بھنگ کرنا** - برباد کرنا - خراب کرنا - سارا مزہ ختم کر دینا - **بھنگ کے بھاڑے میں جانا** - مفت ضائع ہونا - **بھنگ ہونا** - برباد ہونا - نشہ کا کسی ناگہانی مصیبت سے اُتر جانا - سارے مزہ کا اچانک ختم ہو جانا - **بھنگن** - بھنگ پینے والی - بھنگ بیچنے والی - بھنگ پلانے والی - نیز مہترانی - **بھنگی** - بھنگن کا مذ - **بھنگیرا** - بھنگ بیچنے والا - **بھنگیر خانہ** - (مذ) بھنگ گھوٹ کر پینے کی جگہ - کسی ناکس کے مجمع کی جگہ - **بھنگڑ خانے کی گپ** (مو) بے سروپا بات - بازاری گپ - **بھنگیرن** - (مو) ساقن -

بھنگا:- (ہ - مذ) بہت ہی ننھا سا کیڑا جو برسات میں اُڑتا ہے اور اکثر گولر کے پھل میں سے بھی نکلتا ہے -

بھینگا:- (ہ - ایک) احول - وہ شخص جس کی نگاہ سیدھی نہ ہو اور ایک چیز کو دو دیکھے - ایک آنکھ دبا کر دیکھنے والا

بھنور:- (ہ - مذ) گرداب - پانی کا گھم چکر (پڑنا) **بھنور جال** (مذ) دنیا کے چکر -

بھوانی:- (ہ - مو) ہندوؤں کی ایک دیوی - چیچک -

بھوبل:- (ہ - مو) جلتی ہوئی راکھ یا خاک -

بھوپالی:- (مو) ایک راگنی کا نام - بھوپال شہر کا

بھوت:- (ہ - مذ) بدروح جو بھٹکتی پھرتی ہے شیطان پریت - نشے میں چور - چھچھوڑ جن - بدصورت - کالا بھجنگ - **بھوت اُتارنا** - کسی منتر وغیرہ سے بھوت کا اثر دور کرنا - **بھوت اُترنا** - جن اُترنا - پریت دور ہونا - غصہ ختم ہونا - **بھوت بننا** - نشے میں وحشت ہونا - غصے میں آپے سے باہر ہونا - ہمہ تن مصروف ہو (کھیل میں بھوت بن رہا ہے) مچھڑ ہونا - **بھوت چڑھنا** - جن چڑھنا - غصہ سوار ہونا - **بھوت کا پکوان** - مفت کی دولت - **بھوت ہو کر چمٹنا** - مچھڑ ہونا - سر ہو جانا - **بھوت ہونا** - غصے میں آپے سے باہر ہونا - نشے میں غافل ہونا - **بھوتنی** - بھتنی - دیکھو بھتنا - **بھوتنی والا** - چڑیل کا - ایک گالی ہے -

بھوج:- (س - مذ) کھانا - دعوت - برہمنوں کی دعوت - مسلمانوں سے پہلے بھارت کا ایک مشہور راجا - (ہندو روزمرہ)

بھوج پتر:- (س - مذ) ایک درخت کی چھال جو پتے کی طرح ہوتی ہے - اگلے زمانے میں اس پر لکھا کرتے تھے -

مو ۔ خطا ۔ **بھول کے آنا** ۔ غلطی سے چلا آنا ۔ ع

مرے مکاں پہ وہ کا رقیب کے گھر کا
کسی کا بھول کے آنا بھی یادگار رہا

بھول کے نہ کرنا ۔ بالکل نہ کرنا ۔ **بھول کے یاد کرنا** ۔ سہو سے کسی کو یاد کرنا ۔ کسی چیز کو بھلا کر پھر یاد کرنا ۔ **بھولا** ۔ (بھولا بسرا ۔ بھٹکا ۔ چوکا) کے ساتھ بطور سابقہ معنے از یاد رفتہ ۔ راہ گم کردہ ڈانواں ڈول ۔ **بھولا چیتا** ۔ خراب حافظہ

بھولا ۔ بھولا بھالا : سیدھا سادہ دل ۔ بے کپٹ ۔ بھولی سی عقل والا ۔ ناتجربہ کار ۔ اپنی برائی بھلائی میں تمیز نہ کرنے والا جس کے چہرے پر معشوقانہ نرمی اور ملائمت برستی ہو ۔ **بھولا پن** ۔ صفت ۔

بھولی : (مو) بھولا کا مونث ۔ دیکھو بھولا ۔ **بھولی بھولی باتیں** ۔ (مو) پیاری پیاری سادہ لوحی کی باتیں ۔ **بھولی بھولی صورت** ۔ پیاری صورت جس پر بھولا پن برستا ہو ۔

بھوم : (مو) زمین ۔ خلائق ۔ جگہ ۔ اقلیم ۔ وطن ۔ دیس ۔ **بھومی دھر** ۔ زمیندار ۔ پرانا باشندہ ۔ **بھومیا** ۔ ہ ۔ مذ ۔ زمیندار ۔ پرانا باشندہ ۔ وہ سانپ جس کے سر پر بال نکل آئے ہوں ۔

بھوں : (ہ ۔ مو) ابرو ۔ وہ بالوں کی جگہ جو آنکھوں کے اوپر کمان کی شکل میں ہوتی ہے ۔ **بھوں تاننا** ۔ **بھوں چڑھانا** ۔ تیوری چڑھانا ۔ ناراض ہونا ۔ رنجیدہ ہونا ۔ ناز کرنا

بھوں بھوں : (ہ ۔ مو) کُتّے کی آواز ۔ **بھوں بھوں کرنا** ۔ کُتّے کی طرح بولنا ۔ بکواس کرنا ۔ **بھوں بھوں رونا** ۔ بری ۔ ناگوار آواز سے رونا ۔

بھونپو : (ہ ۔ مذ) نرسنگا ۔ تُرئی ۔ بگل

بھونچال : (ہ ۔ مذ) زلزلہ ۔ زمین کا یکایک لرز جانا یا پھٹنا ۔ ہلا ڈولا ۔

بھونچکا : (ہ) دیکھو بھوچکا ۔

بھوندو : (ہ) سادہ لوح ۔ احمق

بھونڈا : بے ڈول ۔ بدصورت ۔ بھدا ۔ صفت ۔ **بھونڈا پن** (مذ) بدتمیزی ۔ بدتہذیبی ۔ سخن بھونڈا نخرا ۔ نازیبا ۔ شتر غمزہ (مو) **بھونڈی** ۔ **بھونڈی باتیں** ۔ بدتمیزی کی باتیں ۔ **بھونڈ پیر** لی ۔ (واو غیر ملفوظ) سبز قدم ۔ بجنڈ قدما ۔

بھونرا : (ہ ۔ مذ) ایک قسم کا سیاہ زنبور جس کی آواز بڑی گونج دار ہوتی ہے ۔ لکڑی میں چھید کرکے رہتا اور کنول کے پھول کا عاشق ہوتا ہے ۔ تہ خانہ ۔ نہایت کالی چیز ۔ **بھونرالی جامن** ۔ نہایت کالی جامن ۔

بھونری : ہ ۔ مو ۔ بالوں کا چکر جو آدمی یا گھوڑے کے جسم یا سر پر ہو ۔

بھونکانا : (ہ) چڑانا ۔ بکوانا ۔ چھیڑ کر غل مچانا (متعدی)

بھونکنا : (ہ) کُتّے کا بھوں بھوں کرنا ۔ بکواس کرنا ۔ غل مچانا ۔ چیخنا (از روئے حقارت)

بھوننا : (ہ) بریاں کرنا ۔ جھلسانا ۔ تلنا ۔ جلانا ۔ سوختہ کرنا (بندوق سے بھون دینا) طعنے دینے سے دل جلانا ۔ دق کرنا ۔ **بھونی بھانگ** ۔ (ہ ۔ ٹک) کوڑی ۔ پیسہ (نہیں کے ساتھ)

بھی : (ہ) حرف عطف و تاکید ۔ اور علاوہ زیادہ ۔ نیز

بھیّنی : (ا ۔ مذ) بھائی کا مخفف ۔ کہ مخاطب کرنے کے لیے بے تکلف دوست استعمال کرتے ہیں ۔ کبھی بڑا چھوٹا ہر شخص بولتا ہے ۔ ایسے موقع پر محبت ٹپکتی ہے ۔

بھیّا : (ا ۔ مذ) بھائی کی تصغیر

بھیانک : (ہ) ڈراونا ۔ خوفناک ۔ متوحش ۔ مہیب ۔ متحیر ۔ گھبرایا ہوا ۔ سنسان ۔ بے رونق ۔

بھیتر : (ہ) اندر ۔ میں ۔ پوشیدہ طور پر ۔ پوشیدہ ۔ **بھیتری** ۔ اندرونی ۔ باطنی ۔

بھینٹ : (س ۔ مو) ملنا ۔ بھڑنا ۔ ٹکرانا ۔ مڈ بھیڑ ۔ نذر ۔ تحفہ ۔ پیش کش ۔ سوغات ۔ قربانی ۔ صدقہ ۔ چڑھاوا ۔ **بھینٹ بکرا** ۔ منت کا بکرا ۔ **بھینٹ چڑھانا** ۔ نذر نیاز چڑھانا ۔ اولیا یا دیوتا کے نام پر کچھ دینا ۔ **بھینٹ دینا** ۔ نذر دینا ۔ نذر کرنا ۔ **بھینٹ لینا** ۔ نذر لینا ۔ مار ڈالنا ۔ جان لینا ۔ **بھینٹ ہونا** ۔ سامنا ہونا ۔ مڈ بھیڑ ہونا ۔ قربان ہونا ۔

بھیجا : (ہ ۔ مذ) دماغ ۔ سر کا گودا ۔ گُدا ۔ **بھیجا پکنا** ۔ بک بک سے دماغ میں درد ہونے لگ جانا ۔ جانور کا مغز سالن میں پکنا ۔ **بھیجا کھانا** ۔ بک بک سے دماغ پریشان کرنا ۔ جانور کا پکا ہوا مغز کھانا ۔

بھیجنا : (ہ) روانہ کرنا ۔ پہنچانا ۔ ارسال کرنا (خط بھیجا ہے) دعا یا بددعا کے طور پر کچھ کہنا (درود بھیجی ۔ لعنت بھیجی)

بھیچنا : (ہ) [illegible] ۔ دبانا ۔ کھینچنا ۔ مجبور کرنا ۔ جبر کرنا ۔ تنگ ۔ ناخوش ہونا ۔ دخل ۔ [illegible] ۔ وقت معمول بھینچنے منہ کو سکیڑ کر ذکر کا دخول نہ ہونے دینا

بھید : (ہ ۔ مذ) پوشیدہ بات ۔ راز ۔ [illegible] بات ۔ حال

بے ڈھنگا - ناموزوں - بدچلن - بدوضع - صفت - بے ڈھنگاپن
(مذ) بے راہ - گمراہ - بے جا - ناجائز (بے راہ خرچ کر دیا) بدچلن
بے ذوق - بے مزہ - پھیکا جس میں کسی چیز کے حسن سے محظوظ ہونے
کا مادہ نہ ہو - بے ربط - بے میل - بے موقع - صفت - بے ربطی -
(مو) بے رحم - سنگ دل - کٹھور - صفت - بے رحمی - (مو)
بے رُخ ہونا - بے مروّت ہونا - آنکھ نہ ملانا - تیوری چڑھانا -
ناراض ہونا - صفت - بے رُخی (مو) بے رُوپ - بے آب -
بدنما - آب دار کی ضد - بے ریا - صاف باطن - صاف دل - وُہ
شخص جو مکار نہ ہو - بے ریش یا بے ریشا - لڑکا - وہ جوان
جس کے منہ داڑھی نہ آئی ہو ؎ نسیم

بے ریش وہ طفلِ نوجواں تھا
علوا بے دود کا گماں تھا

بے ریشہ - وُہ چیز جس میں ریشے نہ ہوں - بے زبان - گونگا -
چُپ - کم گو - سوال نہ کرنے والا - مسکین - دودھ پیتا بچہ - جانور -
صفت - بے زبانی (مو) بے زر - مفلس - محتاج - صفت -
بے زری (مو) بے زوال - قائم - پائدار - ابدی - بے ساختہ
بے بناوٹ - بے ارادہ - برجستہ - فی البدیہہ - بلاتکلف - سادہ -
صفت - بے ساختگی - (مو) نیز بے ساختہ پن (مذ) بے سامانی
مفلسی - بے زری - اسباب و آلات کی احتیاج - بے سُرا - بُری
آواز سے گانے والا - جس کا سُر ٹھیک نہ ہو - بے سہرا - بے سہارا
وہ شخص جس کا کوئی وارث یا کُنبے والا نہ ہو - خود مختار - بے سروپا
حیران و پریشان - بے بنیاد بات - صفت - بے سروپائی (مو)
بے سروسامان - مفلس - بے اسباب و بے آلات - صفت -
بے سروسامانی (مو) بے سلیقہ - بے ہنر - پھوہڑ - صفت -
بے سلیقگی - (مو) بے شعور - بے تمیز - بے عقل - نادان - بیوقوف
صفت - بے شعوری (مو) بے شک - بلاشبہ - بے شبہ -
یقیناً - بے شمار - ان گنت - بہت افراط - بے صبر یا بے صبرا
مضطرب - بے چین - صبر نہ کرنے والا - صفت - بے صبری -
(مو) بے صرفہ - بے فائدہ - بے ضابطہ - بے قاعدہ -
اصول و آئین کے خلاف - صفت - بے ضابطگی - (مو)
بے طرح - بُری طرح سے - نہایت (بے طرح سر ہو رہا ہے)
وہ غزل یا نظم جو مشاعرے یا جلسے میں مصرع طرح کے خلاف پڑھی جائے
بے عدیل - بے مثال - بے نظیر - بے عزّت - ذلیل - رسوا -
بے آبرو - صفت - بے عزّتی (مو - کرنا - ہونا) بے عقل -
احمق - اُلو - نادان - صفت - بے عقلی (مو) بے عیب - پاک
و صاف - بے داغ - بے نقص - صفت - بے عیبی - (مو)
بے غرض - بے پروا - بے طلب - جس کی اپنی کوئی غرض نہ ہو -
صفت - بے غرضی (مو) بے غل و غش - بے تکلف - بے دریغ
[illegible] - چپ چاپ - بے فکری سے - افراط سے -

بے غم - مطمئن - بے فکر - مگن - خوش - بے غیرت - بے شرم -
بدتہذیب - بدچلن - صفت - بے غیرتی (مو) بے فائدہ - بے نفع
لاحاصل - ناحق - بلاوجہ - اکارت - بے فکر - وہ شخص جسے کسی قسم
کی فکر نہ ہو - بے پروا - آزاد منش - صفت - بے فکری (مو)
بے فیض - وہ شخص جس سے کسی کو فائدہ نہ پہنچے - کنجوس -
بے قابو - قابو سے باہر - اپنے بس سے باہر - خود مختار - آزاد -
خود رَو - بے قاعدہ - خلاف دستور - اصول و معمول کے خلاف
بے ترتیب - بے موقع - صفت - بے قاعدگی - (مو) بے قدرا -
وہ شخص جو کسی کمال یا ہنر کی داد نہ دے - ناشناس - ناسپاس -
صفت - بے قدری (مو) بے قرار - مضطرب - بے صبر -
بے تاب - صفت - بے قراری (مو) بے قصور - بے گناہ -
بے خطا - صفت - بے قصوری (مو) بے قیاس - اندازے سے
باہر - بے انتہا - خیال سے باہر - سمجھ سے باہر - بے قید - آزاد
کھلے بندوں - وہ شخص جو کسی بات کا پابند نہ ہو - بغیر کسی شرط کے
بے کار - نکما - ناکارہ - خراب - غیر معینہ - فضول - بے روزگار -
خالی ع بے کار مباش کچھ کیا کر
صفت - بے کاری - (مو) بے کراں - بے حد - ناپیدا کنار -
بے کس - بے یار و مددگار - محتاج - عاجز - یتیم - صفت - بے کسی
(مو) بے کل - بے تاب - بے چین - بے آرام - مضطرب - بے قرار ؎

جان بے تاب ہے جیسے بے کل برق ذوق

صفت - بے کلی - (مو) بے چینی - تکلیف - ناف ٹلنے کا ایک مرض
جو اکثر لڑکی عورتوں کو لگ جاتا ہے (یعنی ناف کا جگہ سے بے جگہ
ہو جانا) - بے کم و کاست - بغیر کمی کے بڑھے - ٹھیک ٹھیک -
جوں کا توں - بے گانہ سرگند و کے برابر (یعنی بے گانہ کا سر [illegible])
کسی کے سر کی قسم کی اہمیت گھٹانے کے لئے) - بے گناہ -
بے قصور - ناحق - بلاوجہ - بے گھرا (مذ) بے خانماں - جس کا
گھر بار نہ ہو - بے لاگ - بے غرض - بے لوث - [illegible]
طرف داری سے دور - بے لحاظ - بے شرم - گستاخ - صفت
بے لحاظی - (مو) بے لطف - بے مزہ - بے لذت - صفت -
بے لطفی (مو) بے لگام - منہ زور - سرکش - شتر بے مہار
بے لگاؤ - بے لاگ (ناخنو بے لاگ) وہ مکان جس میں چھت کے تختے
کا [illegible] نہ ہو - بے جوڑ - بے ربط - بے مات - بھتاپن - سوتیلے
بھائی یا بہن - بے مایہ - مفلس (انکسار کے طور پر) [illegible]
صفت - بے مائی (مو) بے مثال - لاجواب - لاثانی - صفت -
بے مثالی (مو) بے محابا - بے ترس - بے دھڑک - بلا تامل
بے محل - بے موقع - بے جا - نامناسب - بے مروّت - نامرد
انسانیت سے باہر - جسے کسی کا پاس و لحاظ نہ ہو - بد اخلاق - کٹھور
طوطا چشم - بے وفا ؎ شوق

اپنے طالب کی یہ محبت ہے تیری آواز بے مروّت ہے

دعویٰ کے متعلق عدالت میں دیتا ہے - **بیان دعویٰ** (با ضا) حقیقت حال جس کی بابت مقدمہ دائر کیا جائے - دعویٰ کا ثبوت - **بیان ضمنی** - وہ بیان جو اصل مطلب کے درمیان یوں ہی آجائے - **بیان کرنا** - حالت ظاہر کرنا - سرگزشت سنانا -

بیانا: (ہ) مویشی کا بچہ جننا - بیا جانا -

بیاہ: (ہ) شادی - نکاح کے بعد دلھن کی رخصت - **بیاہ پیچھے بدھاوا** (برات) وہ نکل جانے کے بعد - **بیاہ پیچھے پتّل بھاری** - بڑے خرچ کے بعد پیسا نکلنا مشکل ہوتا ہے - **بیاہ نہیں کیا براتیں تو دیکھی ہیں** - تجربے کاری کے بیان کے موقع پر بولتے ہیں - **بیاہی بیٹی کا رکھنا ہاتھی پالنے کے برابر ہے** - شادی شدہ لڑکی کو رکھنا بڑے اخراجات کا سبب ہے - **بیاہ رچانا** - شادی کی رسمیں شروع کرنا - شادی کرنا - **بیاہ لانا** - شادی کرکے دلھن کو گھر لے آنا - **بیاہ مانگنا** - شادی کی تاریخ ٹھہرانا -

بیاہا: (مذ) شادی شدہ شخص - **بیاہی** - (مو) شادی شدہ عورت - **بیاہی بیٹی پڑوسن داخل** - شادی ہو جانے پر لڑکی کا تعلق اپنے میکے سے ایسا رہ جاتا ہے - جیسا پاس پڑوس والوں کا -

بیاہتا: وہ بیوی جسے چار پنچوں کے روبرو شادی کرکے لایا گیا ہو - بیاہتا - شادی کرنا -

بی بی: - دیکھو بی -

بیپار: (ا - عوا - ب پار) سوداگری (اصل لفظ بیوہار ہے جس سے بیوپار بنا) **بیپاری** - بیوپاری - تاجر - بنجارا

بیت: (ا - مو) بید - ایک قسم کی لچک دار لکڑی جو اکثر بھوڑ کے ملکوں میں ریت کے اندر ہی اندر بڑھتی چلی جاتی ہے -

بیت: (ع - مو) شعر (مذ) گھر مسکن - **بیت الحرام** (مذ) کعبہ جس میں بعض مباحات حرام ہیں - **بیت الحزن** (مذ) رنج کا گھر - غمکدہ - وہ مکان جس میں بیٹھ کر حضرت یعقوب اپنے بیٹے یوسف کے غم میں رویا کرتے تھے - **بیت الخلا** - پاخانہ - **بیت الشرف** - (مذ) بلندی اور بزرگی کا گھر - نجومیوں کی اصطلاح میں وہ برج جس میں سات سیاروں میں سے ایک مخصوص ستارے کا داخلہ شرف اور سعادت سمجھا جاتا ہے - جیسے آفتاب کا داخلہ حمل میں وغیرہ - **بیت الصنم** (مذ) بت خانہ - مجازاً معشوق کا گھر - **بیت العتیق** - (مذ) پرانا گھر - خانہ کعبہ - **بیت العروس** - حجلہ - دلھن کے بیٹھنے کا کمرہ - **بیت الغزل** (مو) کسی غزل یا نظم کا سب سے بہتر شعر - **بیت اللہ** - خانہ کعبہ - **بیت المال** - (مذ) خزانہ شاہی - وہ مال غنیمت جس میں تمام مسلمانوں کا حق ہو - **بیت المعمور** - (مذ) ایک مسجد کا نام جو عین کعبہ کے مقابل چوتھے آسمان پر ہے - **بیت المقدس** - پاک گھر - یروشلم کا عبادت خانہ جو شام (ایشیائی روم) میں واقع ہے اور قوم یہود کا قبلہ ہے - خانہ کعبہ سے پہلے مسلمانوں کا بھی یہی قبلہ تھا - **بیت بازی** (الک) **بیت بحثی** (دلی) (ا - مو) شعروں میں بحث کرنا جس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ پہلے ایک لڑکا یا ایک فریق کوئی شعر پڑھتا ہے جس حرف پر یہ شعر ختم ہوتا ہے - دوسرے لڑکے کو اسی حرف سے شروع ہونے والا کوئی شعر پڑھنا پڑتا ہے - یہ سلسلہ جاری رہتا ہے اور جو لڑکا جواب نہ پڑھ سکے اور مقابل پڑھ دے تو جواب نہ پڑھ سکنے والے کو مات ہو جاتی ہے -

بیتنا: (ہ) گزرنا - بسر ہونا - تمام ہونا - ہو چکنا - کٹنا - گزرنا - وارد ہونا - واقع ہونا (جس پر بیتے وہی جانے) **بیتی** (مو) سرگزشت - ماجرا

بیٹ: (انگ - مذ)

بیٹ: (ہ - مو) پرندوں کا گوہ - ایک قسم کا گندھک آمیز نمک (کرنا)

بیٹا: (ہ - مذ) اپنا لڑکا - پیارا - عزیز - لاڈلا - داماد - شاگرد - پیار میں لڑکی اور پالتو جانور کو بھی کہتے ہیں - **بیٹا بنانا** - گود لینا - **بیٹا بن کر کھاتے ہیں - باپ بن کر نہیں کھاتے** - انکسار اور خدمت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں دھونس سے نہیں - دیکھئے بیٹی -

بیٹھ جانا: (ہ) کھڑا ہو جانے کے خلاف نشست کرنا (جیسے تخت پر بیٹھنا) دھنس جانا - پچک جانا - پتلی چیز میں نیچے جم جانا (گاد پانی میں بیٹھ گئی) گر پڑنا (مکان بیٹھ گیا) دھرنا دینا - ٹھیک ہونا (انگوٹھی میں نگینہ بیٹھ گیا) دیوالہ نکل جانا طاقت نہ رہنا (صدمے سے بیٹھ گیا) کاروبار چھوڑنا - خانہ نشین ہونا - گلشنی ہو جانا (چاول بیٹھ گئے) سواری پر چڑھ جانا - کسی مرد کے ساتھ نکاح کر لینا - اثر کرنا (بات دل میں بیٹھ جانا) الستنا اور منجمد ہونا (دہی دہ بیٹھ گیا) انڈے سینا - پرندوں کا جفتی کھانا - داخل ہونا (لڑکا مکتب میں بیٹھ گیا) کینڈے پر آنا (لکھنے پر ہاتھ بیٹھ گیا) ٹکر کھانا (گولی نشانے پر بیٹھ گئی) ایک جگہ رہنا اور قرار پکڑنا - (میں اس مکان میں بیٹھ گیا ہوں) **بیٹھا** - (ماضی) کھڑا کی ضد بیٹھا - **بنیا کیا سے اس کوٹھی (کوٹھری) کے دھان اس کوٹھی (کوٹھری) میں** (ہیر پھیر کر - یا) دھرے (الک) خالی آدمی سوائے وقت ضائع کرنے کے اور کیا کرے - **بیٹھ رہنا** - چھوڑ دینا - باز آنا - مایوس ہو جانا - دیر لگانا - صبر اختیار کرنا - ہمت ہارنا - ترک ملازمت کرنا - خانہ نشینی اختیار کرنا - کوشش چھوڑنا - چپ ہو رہنا ؎ ذوق

بیٹھ رہیے تو قفس سے ہمیں آرام کی جا
ہوسہ بیٹھے میں ہمیں شوق رہائی کرنا

بیٹھک: (ہ - مو - ک) بیٹھنے کا طریقہ - مردوں کے بیٹھنے کا

ایک قسم کا درخت جس کی شاخیں خمیدہ و افسردہ رہتی ہیں ؎ ذوقؔ

خوب روئے آج ہم سنسان ہاموں دیکھ کر
یاد آیا ہم کو مجنوں بید مجنوں دیکھ کر

بیدمشک - ایک مشہور درخت جس کے پھولوں کا نہایت خوشبودار عرق کھینچتا ہے۔

بیداد :- (ف - مو) ظلم و ستم۔

بیدار :- (ف) جاگتا ہوا - ہوشیار - **بیدار بخت** (بے اضا) خوش نصیب - **بیدار دل** بے اضا) ہوشیار - خبر - **بیدار مغز** - عالی دماغ - عاقل - **بےداری** (مو) جاگ - ہوشیاری

بیدک :- (س - مو) بھارت کا قدیم علم طب - ویدک

بیر :- (د - مذ) ایک قسم کا پھل جو رنگ میں عناب سے مشابہ ہوتا ہے بعض عناب کی برابر ہو بعض اس سے کچھ بڑے - **بیر گٹھلی** - بُرا بھلا (ام عو) - تنبیہ - غیر مفید (بیر گٹھلی سب ہضم) **بیری** (مو) بیر کا پیڑ

بیر :- (س) بہادر - سورما - پہلوان جن - ہمزاد و موکل - **بیر بٹھانا** یا **بیر دوڑانا** - جادو کرنا - جن یا ہمزاد کو کسی پر متعین کرنا۔

بیربر یا بیربل :- (د - مذ) زندہ مذ - پہلوان - اکبر بادشاہ کا ایک مصاحب جس کے ظرافتانہ چٹکلے آج تک مشہور ہیں۔

بیر :- (د - مذ) دشمنی - ضد - **بیر باندھنا** - دشمنی اختیار کرنا - ضد باندھنا - **بیر بسانا** - دشمنی مول لینا یا کرنا (بغض نکالنا - عداوت کا بدلہ لینا - **بیر پڑنا** - آن بن ہونا - **بیر کا رشتہ** - ضد بھاوج - دیورانی جٹھانی - ساس بہو اور سوت سوتیلوں کا رشتہ - **بیر لینا** - انتقام لینا - **بیرن** (مو) بیر رکھنے والی عورت **بیر نکالنا** - بدلہ لینا **بیری** (مذ) بیر رکھنے والا مرد۔

بیرا :- (انگ - مذ) صاحب لوگوں کا خدمتگار - پیش خدمت۔

بیراگ :- (د - مذ) نفس کشی - جوگ - فقیری - **بیراگا** - وہ ٹیڑھی لکڑی جو گشت بیراگی ٹیکا کر آرام لیتے ہیں - **بیراگ لینا** - (بیراگی بننا) **بیراگن** (مو) جوگن - فقیرنی - **بیراگی** (مذ) جوگی - درویش ؎ محسنؔ

جوگیا بیراگ لیے جو رخ لگائے ہے بھبھوت
کہ کو بیراگی ہے پربت پہ بچھائے کمبل

بیر بہوٹی :- (د - مو) ایک سرخ رنگ کا خوبصورت کیڑا جو اکثر برسات میں پیدا ہوتا ہے - نہایت سرخ۔

بیرسٹر :- (انگ) دیکھو بار ایٹ لا۔

بیرق :- (ت - مذ) فوج کا جھنڈا - نشان - علم۔

بیرن :- (د - مذ) بھائی - بھیا (پیار میں عورتیں بولتی ہیں)

بیرنگ :- (انگ) وہ خط جس پر ٹکٹ نہ لگایا جائے اور اس کا محصول ڈاک خانہ مکتوب الیہ سے وصول کرے۔

بیروزہ :- (مذ) ایک طرح کی گوند جو چیڑ کی لکڑی سے نکلتی ہے

بیرومیٹر :- (انگ - مذ) مقیاس الہوا - وہ آلہ جس سے ہوا کا زور اور دباؤ وغیرہ معلوم کرتے ہیں

بیرون :- (ف) باہر - **بیرونجات** - اپنے شہر کے باہر یا ملک کے باہر۔

بیڑا :- (د - مذ) پان کی گلوری - وہ ڈورا یا فیتہ وغیرہ جس سے تو دامن اور قبضہ باندھتے ہیں تاکہ تلوار نکل پڑے ؎

دیا تھے ہیں کب کا غذہ کا ایس خوتخوار نے بیڑا
اٹھایا ہے ہمارے قتل پر تلوار نے بیڑا ۔ نکہتؔ

بیڑا اٹھانا - عزم بالجزم کرنا کسی کام کے کرنے کے لئے شرط باندھنا - مستعد اور آمادہ ہونا ؎ ذوقؔ

گلوری پان کی غیروں کو تم کھلاتے ہو
ہمارے قتل کا بیڑا مگر اٹھاتے ہو

بیڑا ڈالنا کسی مشکل اور اہم کام کے بجا لانے کا سوال کرنا - پرانے زمانے میں رسم تھی کہ سب کو جمع کر کے خاصدان میں پان کی گلوری رکھتے تھے اور مشکل کام کا حال سناتے تھے - جو کوئی گلوری اٹھا لیتا وہی اس کام کے انجام دینے کی ذمہ داری لیتا تھا - **بیڑا کھلانا** - پان کھلا کر نسبت (منگنی) کرنا۔

بیڑا :- (مذ) کشتی جہاز - **بیڑا پار لگانا** - مشکل سے نجات دلانا - انجام تک پہنچانا - **بیڑا پار لگنا** - لازم۔

بیڑی :- (د - مو) آبنوس کے پتے میں تمباکو بھر کر بنائی ہوئی سگرٹ۔

بیڑی :- (د - مو) وہ لوہے کی زنجیر جو مجرم کے پاؤں میں ڈالتے ہیں وہ چاندی کا زیور یا سونے چاندی کی زنجیر جو مائیں باپ لاڈلے بچوں کے پاؤں میں ڈالتے ہیں - بندھن - تعلقات دنیوی - **بیڑی بڑھانا** - منت کی زنجیر وغیرہ اتارنا اور نذر نیاز کرنا - **بیڑی پڑنا** - قید ہونا - پابند ہونا - بال بچوں میں گرفتار ہونا - شادی ہونا - **بیڑی پہنانا یا لگانا** - قیدی کے پاؤں میں زنجیر ڈالنا - منت کی زنجیر پہنانا - **بیڑی کٹنا** - قید سے چھوٹنا - قطع تعلق ہونا۔

بیزار :- (ف) ناخوش - متنفر۔

بیس :- (د) دس اور دس - بیسی - زیادہ ؎ داغؔ

پر کاڑھے جاتے ہیں۔ صدقہ اور نچھاور جو شادی کے موقع پر ڈومنیوں کو دیتے ہیں۔ چیتو۔ ڈانڈ۔ بیلچہ۔ پھاوڑے کی قسم کا آلہ۔ بِسل گلے کی ایک بیماری۔ تنسل اور لائین۔ گلوں کی اُوپر کے قطار (مذ) ایک پھل جو کیتھے سے مشابہت رکھتا ہے۔ اس کا گودا میٹھا اور چپکتا ہوا ہوتا ہے۔ جسے بیج نکال کر کھاتے ہیں۔ **بیل پتّا** (مذ) شادی کے موقع کا نچھاور اور تصدق۔ **بیل بڑھنا**۔ اولاد زیادہ ہونا۔ بیل کا پھیلنا۔ **بیل بوٹا** (مذ) نقش و نگار۔ **بیل پتر** (مذ) بیل کے درخت کے پتے جو ہندو شیو جی کی پوجا میں چڑھاتے ہیں۔ **بیل پڑنا**۔ ڈومنیوں وغیرہ کو نچھاور دیا جانا۔ **بیلچہ** (ف۔ مذ) بیل۔ چھوٹا پھاوڑا جس سے اکثر باغبان روشیں بناتے ہیں۔ **بیلدار** (ف۔ مذ) راج کے ساتھ کام کرنے والا مزدور جو مٹی کھودتا اور ساتا ہے۔ وہ کپڑا جس میں بیل لگی ہو۔ **بیل دینا**۔ ڈومنیوں کو نچھاور کر دینا۔ **بیل منڈھے چڑھنا**۔ کام بننا۔ شادی کا وقت آنا ؎ سحر

ہوئے نہ ہاتھ حمائل کسی کی گردن میں
چڑھی نہ بیل منڈھے گلشن جوانی کی

بیلا: (ہ۔ مذ) چنبیلی کی قسم کا ایک پھول۔ ایک باجا جو سارنگی سے مشابہ ہوتا ہے۔ دریا کے کنارے کا جنگل۔ بیاہ شادی کے موقع کی خیرات۔ **بیلا بٹنا**۔ شادی کے موقع پر خیرات ہونا۔ لنگر تقسیم ہونا۔ داد و دہش ہونا ؎

عجب برسات کا عالم ہے بیلا روز بٹتا ہے
ہمیشہ مینہ برستا ہے یہاں دینار و درہم کا

بیلن: (ہ) لکڑی کا اوزار جس سے چپکے پر آٹے کی لوئی رکھ کر روٹی یا پوری بڑھاتے ہیں۔ وہ لوہے یا پتھر کا ڈھول جیسا گول اوزار جس سے پتھر کی سڑک ہموار کرتے ہیں۔ ارجن باجے کے اندر کا گول پرزہ جس میں گتیں بجانے کے خانے بنے ہوتے ہیں۔ **بیلنا** (ہ) مصدر۔ بیلن سے روٹی کو بڑھانا۔ (اسم۔ مذ) دیکھو بیلن۔ **بیلنی**۔ چھوٹا بیلن

بَیلہ: (ہ۔ مذ) دوآبہ۔ وہ خشکی یا ٹاپو جو دریا کے بیچ میں واقع ہو۔ دریا کے کنارے یا ٹاپو کی خودرو گھاس۔

بیلی: (ہ۔ مذ) محافظ۔ مددگار۔ ساتھی۔

بیم: (ف۔ مذ) خوف۔ اندیشہ۔ ڈر۔

بیمار: (ف) علیل۔ مریض۔ عاشق۔ **بیمار پرسی** (مو) بیمار کی عیادت۔ **بیمار پڑنا**۔ بیمار ہو کر لیٹ جانا۔ **بیمار خانہ** (مذ۔ بے اضا) ہسپتال۔ **بیماردار** (بے اضا) بیمار کا خبرگیر۔ تیمارداری کرنے والا۔ نرس۔ **بیمارداری** (مو) بیمار کی خدمت۔ نرسنگ۔ **بیماری** (مو) علالت۔ آزار۔ مرض۔ علت۔ عادت۔

بیمہ: (انگ۔ مذ) بند لفافے پر ایک کی مُہر لگا کر ڈاک خانے کی ضمانت میں دینا۔ اگر ضائع ہو یا کھل جائے تو ڈاک خانہ اتنی رقم ادا کرے جتنی اس لفافے کے اوپر لکھ دی گئی ہے۔ زندگی یا کاروبار وغیرہ کو مدت مقررہ کے لیے کسی کمپنی کی ضمانت میں دے دینا اور کمپنی کی مقررہ فیس ادا کرتے رہنا۔ اس شرط پر کہ اگر مدت مقررہ سے پہلے موت آ جائے یا کاروبار ضائع ہو جائے تو کمپنی اتنی رقم ادا کرے جتنے میں زندگی یا کاروبار کا بیمہ کرایا تھا۔ اگر زندگی کا بیمہ کرایا گیا ہے تو یہ رقم وارثوں کو مل جاتی ہے۔

بِین: (ہ۔ مو) تونبی سے بنا ہوا ایک مشہور باجا جو بیچ میں سے پھولا ہوا ہوتا ہے اور منہ سے گال پھلا پھلا کر بجاتے ہیں۔

بَین: (اسم ہ۔ مذ) عورتوں کا مُردے کے اوصاف درد ناک لہجہ میں بیان کر کے رونا پیٹنا (اسم ع۔ مذ) درمیان۔ بیچ۔ فاصلہ۔ **بَین السطور** (مذ) سطروں کے بیچ کا فاصلہ۔ **بَین بَین**: دو متضاد کیفیتوں کی درمیانی حالت۔

بَینا: (ہ۔ مذ) ایک قسم کا جھومر جو دُلہن کو پہناتے ہیں۔

بِینا: (ف) دیکھنے والا۔ بصیر۔ عقل مند۔ دور اندیش صفت۔ **بینائی** (مو)

بینٹ: (بے نٹ ہ۔ مذ) دستہ جو کلہاڑی وغیرہ میں لگاتے ہیں۔ **بین ہتھا دھتا**۔ ہتھی۔ ہتھی۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا (والی)

بینجنی: بینگن کے رنگ کا۔ اودا

بینچ: (انگ۔ مو۔ بے بھول) لمبے تختے کے بیٹھنے کی تپائی جو اکثر پرائمری سکولوں میں لڑکوں کے بیٹھنے لیے بچھاتے ہیں۔ عدالت کا اجلاس جس میں جج اور اسیسر بیٹھتے ہیں۔

بیندھنا: (ہ) چھید کرنا۔ کسی چیز کے بیچوں بیچ سوراخ کرنا۔ موتی پرونا۔ طعنے مہنے سے دل میں سوراخ کرنا۔

بَینڈ: (انگ۔ مذ) انگریزی باجا۔ انگریزی باجے والوں کا گروہ

بینڈ: (ہ۔ مذ) سرکنڈوں کا گٹھا یا مٹھا۔ **بینڈی** (مو) سرکنڈوں کا چھوٹا گٹھا۔ بالوں کی چُٹیا پر چوٹیاں۔ چھوٹا جوڑا۔ پان یا ستی کی گُچھی۔ جمع بینڈیاں۔

بینڈا: (ہ) ٹیڑھا۔ ترچھا۔ بیڑھا۔ وہ آڑی لکڑی جو دروازے کے پیچھے اس غرض سے لگا دیتے ہیں کہ دروازہ نہ کھلے۔ سخت مشکل۔ بے ڈھب۔ کج اخلاق۔ بے ڈھنگ شخص۔ **بینڈی** (مو) **بینڈی بات**۔ نازیبا بات۔ ٹیڑھی بات۔ **بینڈی کھوپڑی کا**۔ اوندھی سمجھ کا

بینگن: (ہ۔ مذ) مشہور ترکاری۔ بادنجان۔ بھنٹا۔ بتاؤں۔ عضو تناسل۔ **بینگن سے**۔ ٹھینگے سے۔ بلا سے کچھ پروا نہیں۔

طرف داری ۔ رعایت ۔ حمایت ۔ نگہبانی ۔ **پاس کرنا** ۔ طرفداری کرنا ۔ لحاظ کرنا ۔ رعایت کرنا

پاس (تابع فعل) نزدیک ۔ قریب ۔ قبضے میں ۔ تحت میں ۔ تصرّف میں ۔ قابو میں ۔ **پاس بیٹھنا** ۔ نزدیک بیٹھنا ۔ صحبت میں رہنا ۔ کیفر کردار کو پہنچنا ۔ پاداش پانا ۔ (اپنے کیے کے پاس بیٹھنے کا) **پاس بیٹھنے والا** ۔ مصاحب ۔ ہمنشیں ۔ **پاس پاس** ۔ قریب ۔ قریب ۔ تقریباً ۔ برابر برابر ۔ جڑ کر ۔ قطار میں ۔ **پاس پڑوس** ۔ آس پاس ۔ ہمسایہ ۔ **پاس جانا** ۔ کسی کے قریب جانا ۔ ہمبستر ہونا ۔ **پاس رہنا** ۔ قریب رہنا ۔ حاضر رہنا ۔ ہم خواب ہونا ۔ ہم بستر ہونا ۔ **پاس بک** (انگ ۔ مو) بنک کے حساب کی کتاب ۔ جو بنک سے ملتی ہے ۔ اور جو روپیہ جمع کرنے والے پاس رہتی ہے اور جس میں جمع کیا ہوا اور نکالا ہوا روپیہ بنک والے لکھتے ہیں

پاسا :۔ (ہ ۔ مذ) پہلو ۔ رُخ ۔ قرعہ ۔ چوسر یا جُوا کھیلنے کا ایک شش پہلو ہڈی کا ٹکڑا ۔ **پاسا اُلٹنا** ۔ دانووں کا مرضی کے خلاف آنا ۔ زمانہ کا انقلاب ۔ تدبیر کا رگر نہ ہونا ۔ **پاسا پڑنا** ۔ پاسے میں داؤں نکلنا ۔ اقبال یاور ہونا ۔ **پاسا پلٹنا** ۔ پاسا اُلٹنا ۔ **پاسا پھینکنا** ۔ قرعہ ڈالنا ۔ قسمت آزمانا ۔ نیز **پانسا** ۔

پاسبان :۔ (ف) پہرے دار ۔ چوکیدار ۔ محافظ ۔ **پاسبانی** ۔ صفت

پاستان :۔ (ف) پُرانا ۔ قدیم ۔ اگلے ۔ قدیم لوگ

پاسخ :۔ (ف ۔ مذ) جواب ۔ ؎ سائل

لب پیغام بر پہ پاسخ پیغام تھا
آج نا ممکن تھا بننا آج ہم کو کام تھا

پاسنگ :۔ (ف ۔ مذ) وہ وزن جو ترازو کی ڈنڈی برابر کرنے کے لیے رکھا جاتا ہے یا اس میں باندھا جاتا ہے ۔ **پاسنگ بھی نہیں** ۔ ذرا بھی برابر نہیں ۔

پاسی :۔ (ہ ۔ مذ) ایک قوم جو تاڑی بیچنے اور پہرہ دینے کا پیشہ کرتی ہے ۔ گھاس باندھنے کی جالی ۔ وہ پھندا جس سے گھوڑے کے پیر باندھتے ہیں (دلی) چڑی مار

پاشا :۔ (مذ) ترکی سرداروں کا لقب ۔ حاکم ۔ لارڈ ۔

پاش پاش :۔ (ف) ٹکڑے ٹکڑے ۔ دھجیاں (کرنا ۔ ہونا)

پاشنہ :۔ (ف ۔ مذ) ایڑی ۔ **پاشنہ کوب جانا** ۔ تعاقب میں جانا ۔

پاشویہ کرنا :۔ (ا) پاؤں دھونا ۔

پاک :۔ (ف) صاف ۔ ستھرا ہوا ۔ ستھرا ۔ منزّہ ۔ بے گناہ ۔ نیک ۔ بیباق ۔ محفوظ ۔ (سب جھگڑوں سے پاک) معصوم ۔ از حد ۔ نہایت (جیسے پاک بے حیا) آزاد ۔ ؎ غالب

رونے سے اور عشق میں بیباق ہوگئے
دھوئے گئے ہم ایسے کہ بس پاک ہوگئے

پاک شہدا ۔ بدوضع ۔ بدچلن ۔ جیسے " مرزا تو ایک ہی پاک شہدا تھا ۔ گھٹنوں کا گٹھ کیت تھا ۔ " (اودھ پنچ)

پاکباز :۔ بے ریا ۔ ایماندار ۔ زاہد ۔ بے گناہ ۔ صاف دل ۔ نیک نیت ۔ بے غرض ۔ پاک محبت رکھنے والا ۔ ؎ ذوق

اس بت پہ گر خدا بھی ہو عاشق تو آئے رشک
ہر چند جانتا ہوں کہ وہ پاکباز ہے

پاکدامن (مو) باعصمت ۔ عفیفہ ۔ پارسا ۔ **پاک صاف** (بے لضار) نیک ۔ اچھا ۔ نیک نیت ۔ (اچھوتا) ۔ فرشتہ خصلت ۔ صاف ستھرا ۔

پاک کرنا ۔ مذہبی شرائط کے مطابق دھو کر صاف کرنا ۔ گرد جھاڑنا ۔ اناج پھٹکنا ۔ موندنا ۔ صفایا کرنا ۔ **پاک محبت** (مو) بے غرض محبت جو نفسانی نہ ہو ۔ **پاکی یا پاکیزگی** ۔ صفائی ستھرائی ۔ پرہیزگاری ۔ طہارت ۔ **پاکیزہ** ۔ صاف ستھرا ۔ طاہر ۔ خوب صورت (پاکیزہ صورت) بے عیب ۔ بہت اعلیٰ درجے کا ذہن (پاکیزہ خیالات) **پاکی لینا** ۔ زیر ناف کے بال صاف کرنا ۔

پاکٹ :۔ (انگ ۔ مو) جیب ۔ **پاکٹ بک** ۔ جیب میں رکھنے کی نوٹ بک

پاکھ :۔ (مذ) چاند کے مہینے کا پندرھواڑہ ۔ پہلے پندرہ دن ۔ اُجالا پاکھ اور بعد کے اندھیرا پاکھ کہلاتے ہیں ۔ **پاکھا** (ہ) دیوار کا حصّہ ۔ چھت (چھجا)

پاکھر :۔ (مو) ایک قسم کی آہنی پوشاک جو زرہ کی مانند ہوتی ہے اور جنگ کے موقع پر گھوڑے یا ہاتھی کو پہناتے ہیں ۔ ؎ تعلق

افشاں نہیں ہے گیسوئے سیہ فامِ یار پر
پاکھر پڑی ہے ابلق لیل و نہار پر

پاکھنڈ :۔ (مذ) بدعت ۔ فریب ۔ ریا ۔ ظاہر داری ۔ بد ذاتی (رچھیلا) ۔ **پاکھنڈی** ۔ بدعتی ۔ مشتریہ ۔ گندم نما جو فروش ۔ چھیلا ۔ کپٹی

پاگ جوڑنا :۔ (ہ) جھولے میں آمنے سامنے بیٹھ کر ہر ایک کا ٹانگ پر ٹانگ پھیلانا اور دونوں ہاتھوں کو اٹھا کر جھولے کی رسیاں پکڑنا ۔

پاگل :۔ (ہ) دیوانہ ۔ مجنون ۔ بیوقوف ۔ پیار اور محبت کا کلمہ جیسے بچے سے کہیں ۔ (ارے پاگل بچہ ! تاکیوں سب لے لینا) بہت پریشان (مجھے پاگل بنا رکھا ہے) ۔ صفت ۔ **پاگل پن** (مذ) **پاگل خانہ** (مذ) پاگلوں کے علاج کا شفاخانہ ۔

پاگنا :۔ (ہ) میوں کو قند یا شکر میں پکا کر ان پر شکر چڑھانا ۔

چرخ کا پاؤں ہے مدت سے یونہی گردش میں
ہے بجا تُو کہے خورشید کو چھالا اپنا

پاؤں کہیں کے کہیں پڑنا - نشے یا اضطراب میں پاؤں کا بے قابو ہونا ~ شعور

بساں شوق رہ شوق میں ہے گرم روی
پڑے کہیں سے کہیں فرطِ اضطراب میں پاؤں

پاؤں کھینچ کر بیٹھنا یا پاؤں کھینچنا - آمد و رفت ترک کرنا - خانہ نشین ہونا - کوچہ گردی سے باز آنا ~ شہیدی

یہ نہ ہووے گا کہ جوں نقشِ قدم بیٹھ رہیں
کھینچ کر ہم سرِ کوئے بت بے پیر سے پاؤں

پاؤں کی آہٹ - چلنے کی آواز - چاپ ~ رند

سحر تک ہجر کی شب در کو کھولا لاکھ بار اُٹھ کر
گماں ہر مرتبہ گزرا تری پاؤں کی آہٹ کا

پاؤں کی بیڑی - وہ زنجیر جو پاؤں میں پڑی ہو - قید - پابندی - روک - بیوی - بال بچے وغیرہ - **پاؤں کی جوتی** - پاؤں کی کفش - بیوی - **پاؤں کی جوتی سر کو لگنا** - چھوٹے یا خورد کا مقابل آنا - **پاؤں کی مہندی گھسنا** - (طنزیہ) چلنے میں ٹال مٹول کرنے والا (استفہام و انکار کے ساتھ) ~

تو یہیں یہاں تک جو لاتی مہندی پاؤں کی گھس نہ جاتی ~ نسیم

پاؤں کے انگوٹھے بند ہونا - مرتے وقت پیروں کے انگوٹھے باندھے جانا ~ شعور

ہجر میں مرگ کے ساماں یہ لئے یار بندھے
میرے پاؤں کے انگوٹھے بھی کئی بار بندھے

پاؤں کی ٹھکرائی کا سر چڑھنا - ادنیٰ کا اعلیٰ کی برابری کرنا ~ امیر

گردواری عاشق کی تربت سے تو جھنجھلا کر کہا
واہ سر چڑھنے لگی پاؤں کی ٹھکرائی ہوئی

پاؤں کی چھچھوندر - ماری ماری پھرنے والی عورت کو تحقیر سے کہتے ہیں - **پاؤں کی چھیوتی کیا اونچے سے گرے گی** - ذلیل اور بے حقیقت کو کیا عروج حاصل ہوگا - **پاؤں کے نیچے آنکھیں ملنا** - بہت زیادہ چاہ کا اظہار کرنا ~ شعور

تیرے سگ در سے نہ چلے حیلۂ روباہ
شیروں کے ہیں پاؤں کے نیچے ہرن آنکھیں

پاؤں کے نیچے کی مٹی بھی ایسی نہ ہوگی - ہم نہایت خاکسار ہیں ~ میر

پاؤں کے نیچے کی مٹی بھی نہ ہوگی ہم سی
کیا کہیں عمر کو کس طور بسر ہم نے کیا

پاؤں گاڑنا - پاؤں جمانا - کسی بات پر جما رہنا - ثبات قدم ~

انتظار سرو قد میں درختوں کی طرح
میں کھڑا رہتا ہوں برسوں پاؤں پتے گاڑ کر ~ تبحج

پاؤں گڑنا - ایک جگہ کا ہو جانا - ایک جگہ قیام کرنا ~ قلق

حیرت سے گڑ گئے ہیں زمیں میں ہرن کے پاؤں

پاؤں گن گن کے رکھنا - ٹھہر ٹھہر کے چلنا ~ منیر

دُنیا سے راہ دشت عدم ہے کئی قدم
گن گن کے رکھ رہے ہیں سنین و شہور پاؤں

پاؤں گور میں لٹکائے ہونا - مرنے کے قریب ہونا ~ داغ

عیادت کو ہماری آشنا کیوں آئے بیٹھے ہیں
کہ ہم تو پاؤں اپنے گور میں لٹکائے بیٹھے ہیں

پاؤں گھسنا - زیادہ آمد و رفت سے پاؤں تھکنا - بے فائدہ چلنے کی محنت کرنا ~ راسخ

ہوں وہ مفلس جستجو میں گھس گئے ہیں میرے پاؤں
چارہ گر میرے لیے خود درد صندل ہو گیا

پاؤں لڑکھڑانا - خوف یا ضعف یا مستی کے باعث پاؤں کا نپنا - ثابت قدم نہ رہنا ~ ذوق

جھوم جھوم کر ایسے بادل آنے لگے
پاؤں توبہ کے لڑکھڑانے لگے

پاؤں لس جانا - پیر سن جانا - کیچڑ وغیرہ بھر جانا - **پاؤں لگانا** - تیرنے میں پاؤں مارنا (دہلی والے اسے لات مارنا بولتے ہیں) - **پاؤں لگنا** - قدم لینا - آداب بجا لانا - شہرت ہو جانا - کسی بات کا مشہور ہو جانا ~ جلیل

رسوائیوں سے ایک جہاں ہو گیا خبر
اور پاؤں لگ گئے کیا میرے حال کے

پاؤں مُرید - غلام - معتقد - فرمانبردار - **پاؤں من بھر کا ہونا** - پاؤں وزنی ہو جانا - **پاؤں میں بلّیاں بندھی ہونا** - بہت آوارہ اور مارے مارے پھرنا - **پاؤں میں سنیچر اتر آنا** - **پاؤں پہ سنیچر سوار ہونا** - مارے مارے اور آوارہ پھرنے کی عادت ہونا ~ قدر

پاؤں میں ہے وہ سنیچر کہ الٰہی توبہ
عشق جن بن کے چڑھا ہے تیرے پتلے پر

پاؤں میں بیڑی پڑنا - **پاؤں میں زنجیر پڑنا** - پابند ہو جانا - جورو یا بال بچوں میں پھنس جانا - **پاؤں میں جوتی نہ سر پہ ٹوپی** - نہایت غریبی اور مفلسی کی حالت میں - نہایت آوارہ گرد - **پاؤں میں سر دینا** - دیکھو پاؤں پر سر رکھنا - **پاؤں میں مہندی لگنا** - عذر ہونا - بہانہ ہونا - **پاؤں میں مہندی کے پتے پیس کر لگانا** - **پاؤں نکالنا** - اپنی حد سے باہر قدم رکھنا - خود سری اور سرکشی کرنا - بدلحاظ اور بدچلن ہونا - بہت چالاک اور ہوشیار ہونا - کسی کام سے علیحدگی اختیار کرنا - کسی بڑے کام کے کرنے سے انکار کر دینا - **پاؤں نکلنا** - بدچلنی ظاہر ہونا - آوارہ اور خود رفتہ ہو جانا ~

پاؤں بے طرح ہے اس ترک پسر کا نکلا
شام گھر آنے لگا اب ہے سحر کا نکلا

پاؤں نہ دھلوانا - خدمت اور غلامی کے قابل بھی نہ سمجھنا - فقیر اور حقیر سمجھنا ~ شہیدی

پٹاخا: (ہ ۔ مذ) ایک آتش بازی جس کے چھوڑنے سے بندوق کی طرح آواز نکلتی ہے ۔ بندوق کی ٹوپی ۔ وہ چنچل عورت جو بات بات میں بول اُٹھا کرتی ہے ۔ چالاک طرار عورت ۔ چھبیلی حسین عورت ۔ تڑاق پڑاق بولنے والی ۔ پٹاخے جمع ۔ پٹاخ کی گوٹ ۔ کی رنگ دار گوٹ ۔

پٹاخ سے بولنا: (ہ) طراری سے بولنا ۔ فوراً تڑاخ سے بولنا ۔

پٹارا: (ہ ۔ مذ) ایک قسم کا ڈھکنے دار بانس وغیرہ کا ٹوکرا ۔ پٹاری ۔ چھوٹی سرپوش دار ٹوکری ۔ ٹوکرا یا جھوری کرتی ۔ پٹاری کا خرچ ۔ شریف عورتوں کا جیب خرچ ۔ رنڈیوں کا خرچ ۔

پٹاس: (مذ ۔ انگ) ایک آتش گیر مادہ جس سے پٹاخے وغیرہ بنتے ہیں ۔

پٹاق: (مو ۔ ولی) کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز ۔ طمانچہ مارنے کی آواز ۔ پڑاق ۔ پٹاک ۔ (ہ ۔ مو) چیل گرنے کی آواز ۔ پٹ پٹخنا (پٹخنی) (آخری اودو) ۔

پٹانا: (ہ) وصول کرانا ۔ چھت ڈلوانا ۔ معاملہ ٹھیک یا فیصل کرانا ۔ باتیں کر کے اپنا ہم رائے بنانا ۔

پٹاؤ: (ہ ۔ مذ) چھت کا سامان ۔ قبر بند کرنے کے تختے ۔

پٹائی: (ہ ۔ مو) مار (اس کی خوب پٹائی ہوئی)

پٹ پٹانا: (ہ) حسرت و افسوس ۔

پٹپڑ: (ہ ۔ مو) وہ زمین جو دریا کی طغیانی سے ہر سال ڈوبتی اور خشک ہونے پر قابل زراعت ہو جاتی ہے ۔ بیابان بے آب و گیاہ ہموار ۔

پٹخارنا: (ہ) پیٹنا ۔ کوڑے لگانا ۔ پھٹکارنا ۔

پٹخنا: (پٹ خنا ۔ ہ ۔ مذ) گرانا ۔ پچھاڑنا ۔ کس کر زمین پر دے مارنے کی آواز ۔ پٹخنا دینا یا سنانا ۔ پچھاڑنا ۔ زمین پر زور سے مارنا ۔ پٹخنیاں دینا ۔ اُٹھا کر زمین پر بری طرح دے مارنا ۔ چت کرنا —— پٹخنیاں کھانا پچھاڑیں کھانا ۔

پٹخنا: (اپ ن ۔ ہ) پچھاڑنا ۔ زمین پر دے مارنا ۔ سوجن یا ورم کا کم ہو جانا ۔ پچکنا ۔

پٹر پٹر بولنا: بچوں کا صاف بولنے لگنا (غصے میں) بہت بک بک کرنا ۔

پٹڑا: (ہ ۔ مذ) تختہ زمین سے وہ ایک گز اُبھری ہوئی چیز کی جس پر عورتیں بیٹھ کر کھانا پکاتی یا نہاتی ہیں ۔ کاشت کی زمین ہموار کرنے کا بیلا ۔ دھوبیوں کا کپڑا دھونے کا تختہ ۔ پٹڑا پھیرنا ۔ پٹیلا پھیرنا ۔ دولت کا صفایا کر دینا ۔ پٹڑا کر دینا ۔ تباہ و برباد کر دینا ۔

پٹڑی: (ہ ۔ مو) چھوٹا سا تختہ ۔ باغ کی روش جس پر گھاس بو دیتے ہیں ۔ نہر کے کنارے کی سڑک ۔ کپڑے کے اوپر کی چوڑی لکیر ۔ وہ چاندی یا تانبے کی تختی جس پر تعویذ وغیرہ کھدواتے ہیں ۔ کھپریل کا کھپرا ۔ ران پٹڑی جمانا ۔ گھوڑے کی پیٹھ پر رانیں جمانا ۔ ؎

قابو میں کس کے توسن ایام آ سکا
اُس پر کوئی سوار نہ پٹڑی جما سکا

پٹس: (ہ ۔ مو) ماتم ۔ کہرام ۔ پٹس پڑنا (پڑ جانا) مرنے پر رونے پیٹنے میں کہرام برپا ہونا ۔ مجلس امام حسین میں بہت زیادہ رقت اور گریہ ہونا ۔

پٹکا: (ہ ۔ مذ) پیٹی ۔ کمر میں باندھنے کا رومال یا دوپٹہ ۔ شبیہ علم حضرت عباس کی چھڑ میں لگا ہوا مستطیل کپڑا ۔ پٹکا باندھنا ۔ کمر باندھنا ۔ کسی کام کے لئے آمادہ ہونا ۔ پٹکو پڑنا ۔ (د) متغیر ہونا ۔ رو کنا ۔

پٹکنا: (ہ) دیکھو پٹخنا

پٹکی: (ہ ۔ مو) قہر خدا ۔ غضب ۔ ناگہانی موت ۔ موت پڑنا ؎ بہار عشق

لی جھپکے سے جگر میں نے اُس کی پٹکی
لوٹا کر پڑے جان پہ تیری پٹکی

پٹکی: آٹے بیسن وغیرہ کو گوندھتے وقت کسی خشک جو بھری ہوئی میں چھوٹے چھوٹے دانے پڑ جانا ۔ پڑنا ۔ ڈالنا ۔ نیز پٹکی ڈالنا ۔ اندھا کرنا ۔

پٹم ہونا: (ہ) اندھا ہونا ۔ چوپٹ ہونا ۔

پٹن: (ہ ۔ مذ) گھاٹ ۔ آبادی ۔ بستی ۔

پٹنا: (ہ) مار کھانا ۔ سزا پانا ۔

پٹنا: (ہ) چھت کا چھایا جانا ۔ وصول ہونا ۔ قیمت ختم ہونا ۔ معاملہ طے ہونا ۔ کثرت سے ہونا ۔ (بازار آموں سے پٹ گیا) بھرنا (گڈھا پٹ گیا)

پٹو: (ہ ۔ مذ) ایک قسم کا اونی کپڑا جو کشمیر سے آتا ہے اور کشمیرا مگر چوڑائی میں کم ہوتا ہے ۔

پٹوا: (ہ ۔ مذ) زیوروں میں ریشم کے ڈورے ڈالنے والا ۔ ریشم کا کام کرنے والا ۔

پٹواری: ہ۔ مذ۔ گاؤں کی کاشت اور لگان کے متعلق تحریرم کا حساب رکھنے والا۔ ایک عہدہ دار۔

پِٹوانا: ہ۔ پٹنا کا متعدی المتعدی۔ دیکھو پٹنا۔

پٹوانا: ہ۔ مار کھلوانا۔ رلوانا۔ پچھوانا

پُٹھ: ہ۔ مؤ۔ خوشبو یا کسی چیز کا لاؤ۔ آمیزش۔ چاشنی کا نے بکری وغیرہ کی پیٹھ کا گوشت جو دُم کے اوپر ہوتا ہے۔

پُٹھا: ہ۔ جانور کا چوتڑ۔ گھوڑے کا چوتڑ۔ گھوڑا (صرف شمار تعداد کے موقع پر۔ جیسے نی پٹھا کیا لوگے)

پَٹھا: ہ۔ مذ۔ وہ جوان بکری جو بیائی نہ ہو۔ نیز پٹھا عصب۔ نیز پٹھا موٹی رگ۔ نوجوان۔ انسان یا حیوان کا نوجوان بچہ۔ گھوڑے کا بچہ۔ کبوتر کا بچہ۔ مرغ کا چوزہ۔ سانپ کا بچہ۔ اُلو کا بچہ۔ بیت نسیر

جس کے توش اُڑتے ہیں وں رو بروہ ہی کے
کیا بولے گا طوطی شکر خوار کا پٹھا

چوان پیار جیسے تیا لوکا پٹھا۔ پہلوان کا شاگرد۔ موٹا کا مذ جو تاثیر پڑاس دیتے ہیں۔ بیت عصمت

دیکھوں جو پائی پائی۔ شک سے دیوان گلابی کا
کر پٹھا ہے گل۔ حسار اس رون گلابی کا

سگے میں لمبے بال جو ادھر اُدھر چھوٹے رہتے ہیں (دیکھو پٹا) اشارۃً وغیرہ جیسے رنگ کا پٹھا۔ آنکھوں میں پٹھا سمانا آنکھوں میں سرایت کرنا۔ مزہ بننا۔ گہری دوستی اور دل میں گھر کرنا۔ پٹھے پیچ۔ لڑکے پٹھے برابر والے کو بھی اس لفظ سے پکارتے ہیں۔

پٹھان: ہ۔ مذ۔ مسلمانوں کی ایک ذات۔ سپاہی۔ جنگجو۔ تنخوار۔ ہ۔ کا۔ پٹھان کا پوت گھڑی میں اولیا گھڑی میں بھوت۔ متلون مزاج یا سخت طبیعت کا آدمی۔ ناقابل اعتبار ہوتا ہے۔

پٹھُو: ہ۔ مذ۔ مددگار۔ معاون۔ ہر وقت ساتھ رہنے والا۔ دُم پچھلا۔ ایک فرضی آدمی جو بچے کھیل میں اپنے پیٹ میں فرض کر لیتے ہیں۔ پٹھو ایک طرف چاہے لڑکے ہیں وہ دوسری طرف۔ تین دو ان میں سے ایک اپنے پیٹ میں پٹھو فرض کر لیتا ہے اور پٹاو دونوں کھیلنے کے بعد پٹھو کو دونوں کھیلتا ہے۔

پَٹھور: ہ۔ مر۔ روئی کی پھٹی۔ چوزہ۔ بکری کی بچیا۔ پٹھوری۔ پٹھورن۔

پٹی: ہ۔ مؤ۔ ٹکڑا۔ حصہ۔ زمین کا ٹکڑا۔ کاغذ یا کپڑے وغیرہ کی چوڑی دھجی۔ عصابہ جو سر پر باندھا جاتا ہے۔ گروہ۔ شرکائے کھیت۔ زمینداری کا چوتھائی حصہ۔ پلنگ کے پہلو کی لکڑی۔ بیت شوق

کوئی پٹی پہ سر پٹکنے لگا کوئی حسرت سے ہاتھ ملنے لگا

تختہ۔ گھوڑے کی لمبی دوڑ۔ بالوں کی گندھی وغیرہ سے جمائی ہوئی سطح جو پیشانی کے اِدھر اُدھر جمائی جاتی ہے۔ فریب کی ترغیب۔ خوب دی پٹی پڑھائی۔ زخم پر باندھنے کا کپڑا۔ کاغذ کی وہ دھجی جو تکرے میں آڑی ڈال دیتے ہیں۔ تشریف۔ حاشیہ۔ کنارہ۔ پٹی آنکھوں پر باندھنا۔ چشم پوشی کرنا۔ بے مروتی کرنا۔ پٹی باندھنا زخم یا آنکھ وغیرہ پر کپڑے کی دھجی باندھنا۔ پٹی پر اصفت وہ کبوتر جس کے اُڑنے کے پر گئے ہوں۔ پٹی تلے کا۔ صفت۔ حقیر ذلیل۔ بہت زیادہ قریب۔ پٹی دار گولا۔ وہ گولا جس پر دو دُور اس طرح کھینچی جائے کہ پٹیاں معلوم ہوں۔ پٹی سے لگ کے رونا۔ جو کہ مردے یا مریض کے پلنگ کی پٹی پر سر رکھ کر روتے ہیں۔ یہ پٹیے کی سے استعارہ ہے انتہائی عاجزی سے رونے کی طرف سے قلق

اِک ہمیں یار کی پٹی سے لگے روتے ہیں
ورنہ یوں ہیں اُٹھاتا ہے زمانہ نشیل

پٹی پڑھانا۔ بہکانا۔ ورغلانا۔ پٹی دار۔ گاؤں کا شریک۔ تک پٹی والی لکنیا یا تکّو۔ پٹی داری۔ مشترکہ موروثی زمین کا قبضہ پٹی دینا۔ پٹی پڑھانا۔ نیز گھوڑے کو لمبا دوڑانا۔ پٹیاں جانا بالوں کی سطح کی شکل میں ماتھے کے اِدھر اُدھر جمانا۔

پٹے: وہ درمیانہ بڑے بال جو کنگھی کی طرف جمع کیے جاتے ہیں کبھی کبھی انہیں بے ترتیب پھیلا بھی دیتے ہیں۔ پٹے چھوڑنا / پھٹنا۔ پٹوں کا پھیلانا۔

پِٹیت: ہ۔ مذ۔ پھرکی گدکے سے کھیلنے والا۔ بے وقوف۔ وہ کبوتر جو سر تا سر زرد یا سرخ یا نیلا یا کالا ہو اور اس کے گلے میں طوق ہو۔ پٹیتی۔ ہ۔ اسم صفت۔ اپنا جانے جانے والا۔ دشمنی دوستی کے مقابلے کی چیز۔ دشمنی سے ذرا کھٹ کرتے۔ صبا

خوب بخواں سے پٹیتی ہو گئی لوگ لے تو
بھر مدفن تیرے کوچے کی جو سر حد میں ہے

پٹیرا: ہ۔ مذ۔ ایک قسم کی گھاس۔ بانس کا مد۔

پٹیل: ہ۔ مذ۔ گاؤں کا سردار۔ چودھری۔

پٹیل: بٹ جانے والا۔ مار کھانے والا

پٹیلا: ہ۔ مذ۔ کھیت کی زمین ہموار کرنے کا تختہ۔ سہاگا۔ چھرا۔ ایک قسم کی گھاس۔ ایک چوڑی کشتی جس پر بستر بچھا کر بھی پالکی یا اور بڑا سامان لادا جاتا ہے۔ پٹہان

پٹیلنا: ہ۔ حاصل کرنا۔ وصول کرنا۔ کمانا۔ مارنا۔ خیر لینا۔ جیتنا۔ مغلوب کرنا۔ پٹیل ڈالنا۔ کم قیمت پر بیچ ڈالنا۔ بھر دام وصول کرنا۔ کسی کے سر منڈھنا۔ ٹھگ۔ پٹیلون (ہ۔ مؤ)

...پیتر کی آواز۔

پُٹینَن: (انگ۔ مذ) وہ مسالہ جس سے کواڑوں وغیرہ کے شیشوں میں شیشے چپکاتے ہیں۔ پیالوں کے لعاب اور انڈوں وغیرہ کی ایک جمائی ہوئی خوراک جو حلوے کی شکل ہوتی ہے۔

پُجاری: (ہ۔ مذ) بتوں کی پوجا کرنے والا۔ مندر کا مجاور۔ پوجا کرنے والا چڑھاوا لینے والا (ہندوؤں کا روز مرہ ہے) پجارن (مو)

پُجا: آباد۔ بھرا کا تابع "خدا یہ گھر بھرا پجا رکھے"

پَجاوا: (ہ۔ مذ) اینٹوں کا آوہ۔ اینٹوں کا بھٹہ (یہ لفظ پزاوہ ہے)

پُجوانا: پوجنا کا متعدی۔

پُجِوڑا: (ہ۔ مذ) پاجی کی تصغیر۔ ارذل۔ نہایت ذلیل۔ کمینہ۔ ذلیل۔ پجوڑی (مو)

پَچ: (ہ۔ مو) آڑ۔ ضد۔ ہٹ۔ حمایت۔ طرف داری تعصب۔ کوشش۔ پچ کرنا۔ آڑ کرنا۔ پاس کرنا۔ ضد کرنا ہٹ کرنا۔ تعصب کرنا۔ اپنے قول کی تائید کرنا ؎ حق

چلو بس مجھے آپ پچ نہ کرو جانتے ہیں کہ دل میں پچتے ہو

پچ مرنا۔ کوشش کر کے تھک جانا۔ (ہ۔ مذ) پانچ کا مخفف ہے جو اس سے پہلے آتا ہے۔ جیسے پنچ پھلا رانی بنی ہیں۔ نزاکت پر نازاں۔ غرور ہے۔ پنچ درہ۔ وہ دالان جس میں پانچ در ہوں۔ پنچ کلیان۔ وہ گھوڑا جس کی پیشانی اور گھٹنوں کا رنگ سارے رنگ سے الگ یا سفید ہو۔ وہ نہایت عمدہ ہوتا ہے (ایسے گھوڑے پنچ کلیان) پنچ گنا۔ پانچ حصے زائد۔ پنچ لڑی۔ ایک زیور جس میں موتی یا سونے کے تاروں کی پانچ لڑیاں ہوتی ہیں۔ پنچ لونا۔ پانچ نمک کا۔ پنچ منزلہ۔ پانچ منزلوں کا۔ (اسی طرح صد دیگر جیسے وغیرہ) پنچ رنگا۔ پانچ رنگ کا۔ پنچ میل۔ پانچ طرح کی ملی ہوئی چیز۔ پانچ متھرا کا (جیسے مٹھائی کا تھال وغیرہ)

پُچارا: (ہ۔ مذ) کوچی۔ پوتا۔ پتائی کا پھویا۔ کوٹ۔ سفیدی وغیرہ کی پتلی۔ تہہ۔ پچارا پھیرنا۔ پوتا یا کوچی پھیرنا۔ ملمع یا قلعی کرنا۔ اکسانا۔ ترغیب دینا۔ ابھارنا۔ اپنا مطلب کسی دوسرے کے دل میں جما دینا۔ اس پر باتوں سے ہلکا سا پردہ ڈال دینا۔ پچارا دینا۔ خوشامد کرنا۔ روغن لگا دینا۔

پَچاس: پانچ دہائیاں۔ چالیس اور دس۔ پچاسا۔ پچاس کی تعداد۔ پچاس کا وزن۔ پچاسوں۔ پچاس کے کئی۔ بہت سے سینکڑوں۔

پَچاسی: اسی اور پانچ۔ نوے سے پانچ کم

پَچانا: ہضم کرنا۔ گلانا۔ مال مار لینا۔ پچاؤ (مذ) ہاضمہ قوت ہضم۔ بردباری۔ برداشت۔

پَچانوے: نوے اور پانچ۔ ایک سو سے پانچ کم

پَچ پَچ: (مو) دلدل یا کیچڑ میں چلنے اور پیک تھوکنے کی آواز۔ پچ پچ کرنا۔ بار بار پیک تھوکنا۔

پَچ پَچا: (ہ) وہ اور جو کیچڑ کہ جس کا پانی خشک نہ ہوا ہو۔ (جیسے آنکھ کی پچ پچی کیچڑ)

پَچپَن: (ہ) پچاس اور پانچ۔ ساٹھ سے پانچ کم۔

پَچھتانا: (ہ) ہاتھ ملنا۔ وقت نکل جانے پر افسوس کرنا۔ پشیمان ہونا۔ کڑھنا۔ غم کھانا ؎ آتش

فنا ہو جائے گی جان ایسی وہ نازک طبیعت ہوں
دکھی کر دل مرا پچھتائے گا وہ تند خو برسوں

صفت پچھتاوا (مذ)

پَچّر: (ہ۔ مو) میخ۔ کھونٹی۔ لکڑی کی پتی جو سوراخ بند کرنے کے لیے ٹھونکتے ہیں۔ روک۔ مزاحمت جو تختے کی درزوں میں ٹھونکنے والے چمڑے کے ٹکڑے۔ پچر اڑانا۔ کرسی کی درز میں پچر ٹھونکنا۔ مزاحمت کرنا۔ مانع ہونا۔ پچر ٹھونکنا۔ بیچ درز میں پیوست کرنا۔ ٹھونک دینا۔ پچر مارنا۔ بھانجی مارنا۔ چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا۔ کسی کو معاملے سے اکھیڑنا۔

پُچکار: (ہ۔ مو) وہ آواز جو اوپر کے ہونٹ کو نیچے کے ہونٹ سے ملا کر جلد علیحدہ کر لینے سے پیدا ہوتی ہے۔ پیار کرنے اور تسلی دینے کی آواز۔ پچکارنا۔ پیار کرنا۔ تسلی دینا۔ پچکانا۔ پیار سے بولنا۔ منہ سے آواز نکال کر اور ہاتھ سے تھپک کر پیار کرنا۔ پچکاری (مو) پچکار۔ پیار کی آواز۔ پچکاری دینا۔ جانور یا بچے کو پیار کرنے کے لیے بلانا۔

پِچکاری: (ہ۔ مو) حقنہ۔ عمل۔ ایک نلی جس میں ایک ڈنڈی ہلتی اور گھسی ہوئی ہوتی ہے۔ جب اس کا منہ پانی میں ڈال کر ڈنڈی کھینچتے ہیں تو پانی اندر بھر جاتا ہے اور جب ڈنڈی دباتے ہیں تو دور تک پانی کی دھار جاتی ہے۔ ایک چھوٹی سی پچکاری شیشے کی ہوتی ہے۔ جس کا سوراخ آگے سے پتلا ہوتا ہے۔ دوسری طرف ربڑ لگی ہوتی ہے۔ منہ کو پانی میں ڈال کر ربڑ کو دباتے ہیں تو پانی شیشے کی نلی میں بھر جاتا ہے۔ پھر ربڑ دباتے ہیں تو پانی نکلتا ہے۔ اس پچکاری سے آنکھ میں دوا ڈالتے ہیں اور زخم میں دوا بھرتے ہیں۔

پِچکانا: (ف) دبانا۔ بھینچنا۔ دھنسانا۔

پِچکنا: (ف) دبنا۔ بھچنا۔ پچنا۔ سکڑنا۔ دھنسنا۔ اندر کو

گرنا۔

پچنا :- (ہ) ہضم ہونا۔ گلنا۔ تحلیل ہونا ؎ معروف

کیا کھا سکے وہ اور ملے کیا غذا تجھے
مشکل ہے جس مریض کو تیرے دوا پچے

طرف داری کرنا۔ رنج کرنا (ہر شخص اپنے ہی گھر کو پچتا ہے) کمال کوشش اور محنت کرنا (بہتیرا پچا پر کچھ نہ ہوا) ؎ معروف

قسمت میں وصل یار نہ ہوئے تو کیا حصول
مانند کوہکن کوئی گر سا لہا پچے

(رمانا۔ کھلنا (جیسے رنج کر بیٹھ رہا)۔ سمائی ہونا۔ سہار ہونا) ؎

جو پیٹ کے ہلکے ہیں پچے بات کب ان سے
روکیں تو اپھر جائے شکم اور زیادہ ذوق

پچوترا :- (ہ۔ مذ) فی صد پانچ زائد۔

پچھاڑ :- (ہ۔ مو) زمین پر بے اختیار پیٹھ کے بل گرنے کو کہتے ہیں۔ شدت غم سے زمین پر گر پڑنا۔ پچھاڑ یا پچھاڑیں کھانا۔ زمین پر حالت ماتم و غم میں بار بار اپنے آپ کو پٹکنا۔ ؎

خاک پر اک پچھاڑیں کھاتا تھا
کوئی یہ بات لب پہ لاتا تھا شوق

ناتوانی کی حالت میں گر پڑنا ؎ سودا

دیکھے ہے جب وہ توبڑہ دہقان کی طرف
کھاتا ہے دانہ گھاس کی جاگہ سدا پچھاڑ

پچھاڑ دینا یا پچھاڑنا :- (ہ) گرا دینا۔ چت کرنا۔ مات دینا۔ ہرا دینا۔ بیمار کر دینا۔ مار ڈالنا۔ تھکانا۔ عاجز کرنا۔ الٹا گرانا۔ ٹپکنا۔ کشتی دلانا ؎ آتش

زود غصہ کیا جس نے پچھاڑا دیو کو اس نے
اسے رستم کہیں گے ہم جو ایسا پہلواں ہوگا

پچھاڑی :- (ہ۔ مو) اگاڑی کی ضد۔ وہ رسی جو گھوڑے وغیرہ کے پچھلے پاؤں میں باندھتے ہیں۔ عقب۔ پیچھا۔ پیچھے۔ عقب میں۔

پچھان :- (ہ۔ مذ) پچھم۔ مغرب (جدھر سورج ڈوبتا ہے)

پچھایا :- (ہ۔ مذ) پیچھے (بعد میں) پیدا شدہ بچہ۔ پگڑے کا وہ حصہ جو پیٹھ کے پیچھے رہتا ہے۔

پچھتا :- (ہ) پانچ ہاتھ کا۔ کشیدہ قامت۔ بڑے قامت کا جوان۔

پچھتر :- (ہ) ستر اور پانچ۔ اسی سے پانچ کم۔ ۷۵

پچھڑنا :- (ہ) چت ہونا۔ گرنا۔ بیمار پڑنا۔ مات ہونا۔ ہارنا۔ پیچھے رہ جانا۔

پچھلا :- پیچھے کا۔ اخیر کا۔ رات کا اخیر حصہ۔ سحری۔ جو رمضان میں کھاتے ہیں۔ سحر کا وقت۔ پڑھا ہوا سبق۔

پچھلا پہر۔ رات دن کا اخیر چوتھا حصہ ؎ انشا

کوئی دو چھایا کہ یہ جن تھا کا فر
مجھے غصہ آتا ہے پچھلے پہر پر

پچھلے پاؤں پھرنا۔ پیچھے پیروں لوٹنا۔ ناکام واپس آنا۔ پسپا ہونا۔ پچھلی ٹکیا۔ (الک) وہ موٹی اور چھوٹی ٹکیا جو روٹی پک جانے کے بعد بچی ہوئی خشکی اور مرور وڑی کو گوندھ کر توے پر لگا کر اتارتی ہیں۔ عورتوں کے نزدیک اس ٹکیا کے کھانے سے دیر میں عقل آتی ہے (کہاوت) پچھلی ٹکیا کھائی پچھلی عقل آئی۔ پچھلی رات۔ گزشتہ شب۔ آدھی رات کے بعد کا وقت۔ پچھلی مت۔ الٹی سمجھ۔

پچھلپائی :- (ہ۔ مو) چڑیل۔ بھتنی۔ جادوگرنی۔ ڈائن۔ پچھل پیری۔

پچھلگو :- (ہ) طفیلی۔ دم چھلا۔

پچھم :- (ہ) پچھان۔ پچھمی۔ پچھم کا رہنے والا۔ پچھم جاؤ یا دکن وہی کرم کے پچھن۔ قسمت ہر جگہ ساتھ ہے۔

پچھنا :- (ہ۔ مذ) وہ اوزار جس سے بدن گود کر اوپر سے سینگی لگاتے ہیں۔ پچھنے دینا یا لگانا۔ بدن گود کر سینگی لگانا۔ ٹھپنے ٹھپنے دینا۔

پچھوا :- (ہ۔ مو) پچھم کی ہوا۔

پچھواڑا :- (ہ۔ مذ) مکان کے پیچھے کا حصہ۔

پچھوت :- (ہ۔ مو) وہ جنس جو فصل کے آخری حصے میں بوئی جائے یا پیدا ہو۔

پچھوڑنا :- غلے سے کوڑا نکالنا۔ پچھوڑ۔ پچھوڑن۔ کوڑا (مو) پچھیا (الک۔ مذ) پچھم کی ہوا۔ پچھویا (مذ۔ مو) خبر گیراں۔ پوچھنے والا۔ وارث۔

پچھیت :- (ہ) مکان کے پیچھے کی دیوار۔ ؎ نظیر

کے پچھیت آ رہے چھپر پھسل پڑا

پچی :- (ہ) تیز تک رہ بھی بہت زیادہ پچھلا ہوا۔ سٹا ہوا۔ پچر کی طرح ٹھکا ہوا۔ دھانس۔ جوڑ۔ پیوند۔ مضبوط۔ سر سے سر ملا ہوا۔ پچی کاری (مو) پتھر میں پتھر وصل کرنا۔ مرصع سازی۔ جوڑ دار فرش۔ چونے گچ کا کام۔ جڑاؤ کام۔ پچی کاری کرنا۔ اینٹ اور چونے سے خوب مضبوط اور یک جان کر دینا۔ پچی کرنا۔ پیوست کرنا۔ ٹھونک کر وصل کرنا۔ خوب پھنسا کر یک جان کر دینا۔ مضبوط کرنا۔ پچی ہونا۔ وصل ہونا۔ جوڑ مل جانا۔

پر کا قلم - پر سے بنایا ہوا لکھنے کا قلم - **پر کا کوا بنانا** - بہت مبالغہ کرنا - **پر لگنا** - جلد پہنچنا - اُڑ جانا - مشہور ہونا - اپنی حد سے بڑھنا ؎ منتظر

پھیر کر پہلو اُڑا کر ہے دل نخچیر کو
یار کی چٹکی میں آ کر پر لگے ہیں تیر کو

پر لینا - پر کترنا - **پر مارنا** - اُڑنا - پر سے طمانچہ دینا - باریاب ہونا - **پر کٹی** - جھوٹی خبر (اُڑنا - اُڑانا) **پر لگانا** - بات مشہور کرنا - بڑھانا - خوب صورت بنانا - **پر لگ جائیں تو اُڑ جاؤں** - انتہائے شوق کا بیان - **پر کیری** (ف - مو) تیر کا پر سے رنگ

بس ہو تو پر کیریوں کا پر لگا لے یک قلم
تیرے تیروں کی جگہ یہ ہے دل نخچیر میں

پر نکالنا - نئے پھلانا - اِترانا - **پر نہ مارنا** - پاس نہ پھٹکنا - پہنچنے کا مقدور نہ ہونا - **پر و بال نکالنا** - ہوش سنبھالنا - طاقت ور ہونا - فتنہ اُٹھانا ؎ نسیم

مطلوب کا سُن سمجھ کے سب حال
چاہا کہ نکالے کچھ پر و بال

پُر ۱ - (ہ - مذ) چمڑے کا وہ بڑا ڈول جس سے پانی کھینچتے اور آب پاشی کرتے ہیں (چلنا - چلانا - کھینچنا) آواز گونج - فارسی میں معنے صفت - بھرا ہوا اور کامل کے علاوہ سابقہ بھی جس کے مرکبات اُردو میں مستعمل ہیں جیسے **پُر آشوب** - فتنہ انگیز - فساد سے بھرا ہوا - **پُر پیچ** - پیچیدہ - مشکل - **پُر تکلف** - بہت آراستہ - **پُر خم** - ٹیڑھا - **پُر شور** - سخت مزاج - بہت شور کا - **پُر فضا** - وسیع - بارونق - **پُر فن** - عیار - چالاک - **پُر قلم** - جلی قلم سے لکھا ہوا - **پُر کار** - ہنرمند - بالیاقت - بہت کام کا آدمی - مضبوط کپڑا - موٹا - دبیز - **پُر گو** - بہت بولنے والا - وہ شاعر جو بہت نظم کرے - **پُر کین** - **پُر کینہ** - کینہ رکھنے والا - بد اندیش - **پُر متن** - وہ شال یا چادر جس کے بیچ میں کام بنا ہوا ہو - **پُر مغز** - مواد اور علمی ذخیرے اور تحقیق سے بھرا ہوا (مقالہ - خطبہ - کتاب وغیرہ)

پر ۱ - (ہ) (حرف) - لیکن - مگر - اُوپر - اس کا مخفف ہے - پہ ؎ ذوق

اُٹھائے سوز غم سے خط یہ خون کے دعوے کوئی غلط ہیں
کرشل قط گیر خط یہ خط ہیں ہنوز باقی ہر استخوان پر

(حرف ربط و استدراک - تاکید) تعلق مکانی کے معنوں میں "ہوا کے گھوڑے پر" نسبت اور فرق کے معنوں میں "تمہارے حال پر رونا آتا ہے" "یہاں سے لاہور تین میل پر ہے" - تعلق زمانی کے لیے "وقت پر" "دس بج کے پانچ منٹ پر" - طرف - سمت ؎ میر

تر دامنی پہ شیخ ہماری نہ جائیو
دامن نچوڑ دیں تو فرشتے وضو کریں

تعلق توصیفی کے لیے جو ان کا وضع داری پر حرف آتا ہے" وغیرہ -

سبب - علامت "بات بات پر بگڑتا ہے" تاکید ؎

نہ ہوا پر نہ ہوا میر کا انداز نصیب
گرچہ یاروں نے بہت زور غزل میں مارا ذوق

دوسرا - دور کا پر دادا - پر نانا" وغیرہ علامت مفعول کے معنوں میں - "تم پر خدا کی مار" کثرت و زیادتی - حد - انتہا ؎ داغ

شوق ہے تو منزل مقصود پر
دونوں پہنچیں سست کیا چالاک کیا!

بعد - پہلے - جیسے تین پیچھے بڑھا دو - یعنی تین کے آگے چھ رکھ دو - **پر شہر** - پردیس - غیر ممالک - وہ جگہ جو وطن نہ ہو - **پر نالہ** - اُوپر کا نالہ - کوٹھے سے گرنے والی نالی - میزاب -

پُرا ۱ - (ہ - مذ) محلہ - ٹولہ (جیسے مغل پورا)

پَرا ۱ - (ہ - مذ) قطار - غول ؎ دبیر

تسلیم کی سواروں نے گھوڑے سے ملا
اور ان میں پیدلوں کا بھی آ کر ملا پرا

پرا باندھنا - قطار جمانا - **پرا جمانا** - صف بندی کرنا -

پرات ۱ - (ہ - مو - ہندو) طاس - طشت - آٹا گوندھنے کی لگن - تھال -

پراٹھا ۱ - (ہ - مذ) ایک قسم کی پرت دار روغنی روٹی - **پراٹھا ہونا** - کسی موٹی چیز کا اس طرح دبنا یا کچلنا کہ وہ باریک ہو جائے -

پراچین ۱ - (س) قدیم عمارتیں یا چیزیں - آثار قدیمہ - صنادید -

پرارتھنا ۱ - (س - مو) التماس - منت و سماجت - دعائے مغفرت (ہندو روز مرہ ہے)

پراسپیکٹس ۱ - (انگ - مذ) تعلیمی ادارے یا کسی کمپنی وغیرہ کے ضوابط اور تفصیلی حالات کی کتاب -

پراکرت ۱ - (پرکرت - س - مو) نیچ ذات بسنسکرت کی بگڑی ہوئی عوامی بولی - بگڑی ہوئی -

پراگ ۱ - (ہ - مذ) الٰہ آباد کا پرانا نام - **پراگ وال** الٰہ آبادی برہمن -

پراگندگی ۱ - (ف - مو) انتشار - پریشانی - تشویش - **پراگندہ** - منتشر - پریشان - مضطرب -

پرال ۱ - (ہ - مو) پوال دھان کے سوکھے ہوئے پودوں کی نال -

پران ۱ - (س - مذ) سناتن دھرمیوں کی اٹھارہ کتابیں جو علم الاصنام سے تعلق ہیں ۱ -

۱ - وشنو ۲ - ناروپا ۳ - بھاگوت ۴ - گرو ۵ - پدم

کوئی قیمت و عزت نہیں۔ جب کوئی کسی کے سر کی جھوٹی قسم کھائے۔ پرایا سر قرآن کے برابر۔ جب کوئی کسی کے سر کی قسم کھائے اور دوسرا اس بات کے سچ ہونے میں شک کرے۔ یقین اور اہمیت پیدا کرنے کے لیئے۔ پرایا مال پشم برابر۔ دوسرے کے مال کی قدر نہیں ہوتی۔

پربال:- (ہ۔ مذ) روبے۔ وہ زائد پلکیں جو آنکھوں میں ہو جانے سے بڑی تکلیف دیتی ہیں۔

پربت:- (س، مذ) پہاڑ۔

پربھو:- (س۔ مذ) خدا۔ ایشور۔ مالک۔ آقا۔ (ہندوؤں کا روزمرہ ہے)

پربین:- (ہ) عاقل۔ حسین۔ کامل فن۔

پرپشہ کے برابر:- (ا) بے حقیقت۔ ناچیز۔

پرت:- (ہ۔ مو۔ مذ) جس چیز میں اوپر نیچے کئی تہیں ہوں اس کی ایک تہہ۔ پپڑی۔

پرت:- (ہ) عشق۔ پریتم کا مخفف۔ معشوق ۔ ولی دکنی

پرت کی بزم میں تا سرخ روئی مجھ کو حاصل ہو
میں سوں اپنے ساغر سے شراب زعفرانی کا

پرتاب:- (ہ۔ مذ) جمال۔ نور۔ شان ایزدی۔ مہربانی۔ طفیل (ہندوؤں کا روزمرہ)

پرتال:- (ہ۔ مو۔ ٹک) دوسری دفعہ کی تول۔ جائزہ۔ جانچ۔ پیمائش۔ مسلسل صدمہ (ڑ کے ساتھ بھی استعمال ہوتا ہے) پرتال پڑنا۔ برابر جوتے پڑنا۔ پرتالنا۔ جانچنا جانچ کے ساتھ روزمرہ ہے) دیکھئے پڑتال۔

پرتلا:- (ہ۔ مذ) تلوار کا وہ تسمہ جس میں وہ لٹکتی رہتی ہے۔ ڈواب

پرتو:- (ف، مذ) عکس۔ سایہ۔ شعاع۔ روشنی۔ پرتوا۔ پرتو۔ میر

مجلس میں رات ایک ترے پرتوے بغیر
کیا شمع کیا پتنگ ہر اک بے حضور تھا

پرتھی۔ پرتھوی:- (ہ۔ مو) زمین۔ جہان۔ دنیا۔ دنیا والے (ہندوؤں کا روزمرہ)

پرتیت:- (مو) اعتماد۔ بھروسہ

پرج:- (ہ۔ مو) ایک راگنی۔ وہ لکڑی جو گدکے میں قبضے کی جگہ لگی ہوتی ہو۔ ڈھال کا دستہ۔

پرجا:- (ہ۔ مو) اولاد۔ مخلوق۔ قوم۔ رعایا۔ کاشتکار۔ مزدور۔ ہر ایک پیشے کا آدمی جو کسی مہتر جوگی کر لیا۔

پرجاپت یا پرجاپتی۔ حاکم۔ راجہ۔ باپ۔ خویش۔ کمہار۔ (ہندوؤں کا روزمرہ)

پرچ:- (انگ۔ مو) تشتری۔ چھوٹی پلیٹ۔

پرچار:- (ہ) تبلیغ۔ اشاعت کرنا (ہندوؤں کا روزمرہ ہے)

پرخچے اڑجانا:- پرزے اڑجانا۔ پرخچے اڑنا۔ جلیل

یہی فریاد و شیون ہے تو اک دن آپ سن لیں گے
کہ پرخچے اڑ گئے چرخ کے میرے نالوں میں

پرچک:- (ہ۔ مو) پچکار۔ بچے کو اس کی خطا پر شہ دینا۔ حمایت (پانا۔ دینا۔ کرنا۔ لینا) ۔ انشا

ٹک بھی پرچک ہو اگر آپ کی جانب سے تو پھر
ابھی خم ٹھونک کے یاں دیو سے لڑ سکتے ہیں

۔ داغ

مجھ سے وہ برہم بھی ہیں بیزار بھی
اور پرچک دیتے ہیں اغیار بھی

لکھنؤ میں عام طور پر اولاد کو شہ دینے یا اس کی طرفداری کرنے کے لیئے بولتے تھے۔

پرچول:- (ہ۔ مو۔ ولی) عادت۔ دھن۔ پچھان بنان۔ "شروع شروع میں اس کو نماز روزے کی بہت پرچول تھی"۔ (توبتہ النصوح)

پرچانا یا پرچالینا:- (ہ) ہلاناوں یا جانوروں کو بلانا۔ باتوں میں لاکر قریب بٹھانا۔ جادو کے زور سے بس میں لانا۔ مائل کرنا ۔ ظفر

نہ بھیجا تو نے لکھ کر ایک پرچہ
ہمارے دل کو پرچایا تو ہوتا

پرچم:- (ف۔ مذ) جھنڈا۔ وہ کپڑا جو جھنڈے پر باندھا جاتا ہے۔ پرچم اڑانا یا لہرانا۔ جھنڈے کے کپڑے کو ہوا میں اڑانا یا اڑنا۔ کسی جگہ کو فتح کر کے قبضہ کرنا اور جھنڈا گاڑنا۔

پرچنا:- پرچانا کا فعل لازم ۔ مصحفی

کدھر جائیے اور کہاں بیٹھیے
پرچتا نہیں دل جہاں بیٹھیے

پرچون:- (ہ۔ مذ) آٹا وغیرہ کرنے کا سودا۔ پرچونیا۔ پرچون کا کاروبار کرنے والا۔

پرچہ:- (ا۔ مذ) پرزہ۔ کاغذ کا ٹکڑا۔ خط۔ خبر۔ تحریری پیغام۔ اخبار۔ رسالہ۔ ہفت روزہ وغیرہ۔ پرچہ گذرنا۔ حاکم یا بادشاہ کو کسی امر کی خبر پہنچانا ۔ تسنیم

آفت آئے گی اگر حد سے یہ چرچا گزرا
پھر رسالے کی نہیں خیر جو یہ پرچا گزرا

پرچہ لگنا۔ پرچہ گزرنا ۔ [illegible]

آتے ہیں جو صد رکھیری سے تجھ دل [illegible]

پرچہ نویس (بغیر اضافہ) وقائع نگار۔ سرکاری جاسوس۔ کارسپانڈنٹ ؎
کل انتظام پرچہ نویسوں کے ہاتھ میں
ہر وقت عشق کو تب اعمال ساتھ ہیں

پرچھا (مذ) جولاہوں کی نلی جس پر سوت لپیٹتے ہیں۔ ڈیگ۔ بڑا ڈبچو۔ بڑی اور لمبی کڑھائی کا چمچہ۔ پرچھا کرنا۔ فیصلہ کرنا۔ نمٹانا۔ چھیڑا کرنا۔ ہجوم کو ہٹانا اور کم کرنا ؎ مصحفی
حشر کے دن اک بڑا ہنگامہ تھا
آتے ہی کچھ اس نے پرچھا کر دیا

پرچھا ہونا۔ پرچھا کرنا کا فعل لازم۔

پرچھاواں
پرچھانواں
پرچھائیں
سایہ۔ صحبت کا اثر۔ عادت۔ آسیب کا اثر ؎ عشق
محفل کے شمع بزم جو یوں ہوتی ہے تمام
پرچھاواں پڑ گیا ہے کسی دل گداز کا
(پڑنا سے بھاگنا۔ ڈرنا۔ تینوں کے ساتھ محاورہ ہے) ؎ ریاض
کہاں بجلی میں یہ بیتابیاں تھیں
دل مضطر کی پرچھائیں پڑی ہے

پرچھائیں سے ڈرنا۔ پرچھائیں سے بھاگنا۔ بہت ڈرنا۔ صحبت سے بچنا ؎ جان صاحب
کوسوں سے ہی پرچھائیں سے بھاگوں میں بیگم جان کی
کھو جو نے پنیا اگر دل مانے میرا بدنصیب ؎
جب مری راہ سے گذرتے ہیں
اپنی پرچھائیں سے وہ ڈرتے ہیں داغ

پرچھائیں نہ پانا۔ بالکل غائب ہو جانا ؎
دیکھو پھر اب اگر ستاؤ گے
میری پرچھائیں تک نہ پاؤ گے

پرچھتی (پرچھت کی۔ اور پرچھ تی۔ ف۔ مو۔ کنگ، بیمنہ کے چھپر) کھپریل وغیرہ جو منڈیروں کو برسات سے محفوظ رکھنے کے لئے ڈال دیتے ہیں۔ چھان۔ ٹانڈ ؎ آتش
اس بادشاہ حسن کی منزل میں چاہیئے
بال ہما کی پرچھتی دیوار کے لئے

پرخاش (ف۔ مو) لڑائی جھگڑا۔ ان بن۔ فساد۔ پرخاش جو (بغیر اضافہ) فسادی۔ جھگڑالو۔

پرداخت (ف۔ مو) درستی و آراستگی۔ محافظت۔ پرورش۔

پرخچے (مذ۔ پرچھاں کی جمع) ٹکڑے۔ پرزے اڑانا۔ اڑنا۔ شکست دینا۔ بالکل چاک چاک کرنا۔ ہونا۔

پردادا۔ (مذ) دادا کا باپ۔ پردادی (مو) دادا کی ماں۔

پرداز (ف۔ مو۔ کنگ۔ مذ) آراستگی۔ نقاشی۔ تصویر کے خدوخال۔ اٹھان۔ مصور پرداز بھی ہو ؎ امیر
کیوں عاشقوں کے دم میں نہ ہوں پیچ و تاب
پرواز میں ہے مسودۂ زلف یار کے

آراستگی ؎ مصحفی
مو شوں کی تصویریں کھینچیں کلک قضا نے
چہرہ نہ کوئی پر ترے پرداز کا پایا

پرداز اڑانا۔ انداز سیکھنا ؎ عشق
سیکھ لے ناز جا بجا سے طرز نگاہ
رنگ رخ سے ترے پرواز اڑائے گل

پرداز کرنا۔ پھولنا۔ نقش بنانا ؎ داغ
خط سے روئے یار پہ پرواز کی
دست قدرت میں بھی کیا پرکاری

پردہ (مذ) حجاب۔ اوٹ۔ چلمن۔ گھونگٹ۔ پڑنے والے دو حصے گھر کے کا دو ولی حصہ جو چھاتی پر رہتا ہے۔ پرت۔ تہہ۔ (تہذ) جیسے پردہ کھول دیا (راز شید کی) آپ کیوں اس بات میں مجھ سے پردہ کرتے ہیں) باجہ راگوں میں سے ہر راگ ؎
صوفیوں کو وجد میں لاتا ہے نغمہ ساز کا
شبہ ہو جاتا ہے پردے سے تری آواز کا
باجوں کے وہ پردے جو شور پیدا کرتے ہیں ؎ داغ
ان بے حجابیوں کی کوئی حد نہیں رہی
پردے پہ ہاتھ رکھتے نہیں دوست کے
کولھے اور پٹھوں کے بیچ کا گوشت۔ بادبان۔ آنکھ کی پتلی کی جھلی۔ کان کی جھلی۔ مکان کی چار دیواری۔ چھپوان جو سی جوری ؎
اگئی کنڈیں گھر گیا جل میں کیا نکالیں
پردے پردے جاتے ہیں اپنے کے پاس (منشی جی)

پردہ اٹھانا۔ گھونگٹ یا نقاب الٹنا۔ چلمن کو اونچا کرنا۔ بے تکلف ہونا۔ ہمراز ہونا۔ بھید کھولنا۔ پردہ باندھنا۔ پردے کو در پر لٹکانا۔ پردے کو بیٹ دینا۔ پردہ پڑنا۔ چلمن پڑنا۔ اوٹ ہونا۔ عقل جاتی رہنا۔ اندھا ہو جانا۔ پردہ دو پکارنا۔ پردے کے پیچھے مردوں وغیرہ کو پکارنا "پردے والو۔ پردہ کرلو۔ کوٹھے پر مرد دوڑ چڑھتے ہیں" یا "پردے میں ہو جاؤ" کہتے ہیں (اکثر جب آتے ہیں) ؎
لے جاؤں جب بہشت میں میں حور وش کو میں
پہلے فرشتہ دور سے پردہ پکار دے

پردہ پھاڑنا۔ متعدی۔ پردہ چاک کرنا۔ بے پردہ ہونا۔ پردہ چھٹنا۔ پردہ دریدن۔ پردے کا کپڑا۔ کان یا آنکھ وغیرہ کی جھلی پھٹنا۔ پردہ کا شگفتہ ہو جانا۔
؎ سو

خدا نالہ نہ سنوائے کسی کو مجھ سے محزوں کا
برنگ ابر پھٹ جائیگا پردہ چشمِ گردوں کا
ے شاد

اب نہ اے ناصح ہمارا سر پھرا
پھٹ گیا بک بک سے پردہ کان کا

پردہ چاک ہونا - دیکھو پردہ پھٹنا - ے قدر

ہاتھ ہر وقت گریباں میں پڑا رہتا ہے
لٹائے اے دستِ جنوں چاک ہے سارا پردہ

پردہ پوش (بغیر اضافہ) کسی کے عیب ڈھانکنے والا - رازدار صفت - پردہ پوشی (مو) پردہ چھوڑنا - بے پردہ ہو - پردہ ڈالنا - چک چھوڑنا - پردہ چھیڑنا - سُر ملانا - نغمہ یا دھن شروع کرنا ے

ستادیئے ناقل چھیڑ دے طنبورے کے پردے
کدھر ہے غیرت جم کس طرف ہے خسرو ثانی — قدر

پردۂ دنیا - دنیا - زمانہ ے رشک

نہ رہا پردۂ دنیا میں کوئی پردہ گوش
اب جلائے گا ترا شعلۂ آواز کسے

پردہ دار (بغیر اضافہ) پردے میں بیٹھنے والی عورت - نیز دیکھو پردہ پوش - صفت - پردہ داری (مو) ے نسیم

بولی وہ بکاؤلی کہ واری — محرم کا ہے کام پردہ داری

پردہ در (بغیر اضافہ) بھانڈا پھوڑنے والا - صفت - پردہ دری (مو) پردہ ڈالنا - دیکھو پردہ چھوڑنا - پردہ ڈھانکنا - عیب چھپانا - کسی کی عیب پوشی کرنا - موت دینا - پردہ ڈھکنا - اخفائے راز کرنا - دنیا سے اٹھا لینا (اب تو خدا اس کا پردہ ڈھک لے)

پردہ رکھنا - چھپنا - سامنے نہ ہونا ع

رکھے نہ ہم سے وہ کیونکر پردہ کہ ذات باری حجاب میں ہے

بات چھپانا - رازداری کرنا - پردہ رہ جانا - بات پوری ہونا - لاج رہنا ے برق

نام عالم میں رہے بات بنے بات خدا رہ جائے
پردہ خاک میں چھپ جاؤں تو پردہ رہ جائے

پردہ فاش کرنا - بھانڈا پھوڑ دینا - ساکھ بگاڑنا - پردہ فاش ہونا - پردہ فاش کرنے کا فعل لازم - پردہ کرانا - مرد کے سامنے نہ آنے دینا - مردوں کو سامنے سے ہٹا دینا یا اوٹ روکنا - پردہ کرنا - دیکھو پردہ رکھنا - پردہ گرانا - چلمن چھوڑ دینا - پردہ گرنا - چلمن چھوٹنا - پردہ لگنا (طنزاً) بے پردہ پھرتے پھرتے پردہ کرنے لگنا - پردہ نشین (مو) غیر مرد سے چھپنے والی عورت - پردہ ہو جانا - عورتوں کا پردے میں چلا جانا - مردوں کا ہٹ جانا - پردہ ہونا - اوٹ ہونا - چھپنا - پردہ ہے - چھپنے والی عورتیں بیٹھی ہیں (ابا جان نہ آئیے - پردہ ہے) غیر مرد بیٹھا ہے (امی جان ادھر نہ آئیے پردہ ہے) کوئی ایسا موجود نہیں جس سے پردہ ہو -

(آجائیے پردہ ہے)

پردھان: (ہ) گاؤں کا مکھیا - چودھری - صدر - پردھان منتری - صدر جمہوریہ ہند -

پردے: (ا) پردہ کی جمع - نیز پردے میں - پردے بٹھانا - پردے میں بٹھانا - عورت کو مردوں سے چھپانا - پردے پردے - چوری چوری - چھپے چھپے - اندر ہی اندر - پردے کی بوبو - پردہ نشین عورت - بہت زیادہ پردہ کرنے والی نسبت طنزاً بولتے ہیں - پردے لگنا - پردوں میں بیٹھنا - پردے میں سوراخ کرنا - پردہ نشینی میں بدکاری کرنا - ٹٹی کی اوٹ شکار کھیلنا - پردے میں گردہ لگا - پردے میں رہتے ہوئے بدراہ ہونا - اور کسی پر ثابت نہ ہونے دینا -

پردیس: (ہ - مذ) بیگانہ ملک - وطن سے باہر - پردیسن (مو) اجنبی عورت - غیر وطن کی عورت - نوکری پیشہ کی عورت جس کا ایک جگہ قیام نہیں ہوتا - پردیسی (اضا) اجنبی - غیر ملک کا مسافر -

پرزہ: (ف - مذ) ٹکڑا - کاغذ کا پرچہ - کسی مشین یا کل کا کوئی جزو - شخص چالاک (جیسے بڑا چلتا پرزہ ہے) کترن - دھجی - پرزے - پرزہ کی جمع - پرزے اڑانا - ٹکڑے اڑانا - خوب مار پڑنا ے

تھی خبر گرم کہ غالب کے اڑیں گے پرزے
دیکھنے ہم بھی گئے تھے پہ تماشہ نہ ہوا

پرزے پرزے کرنا - ٹکڑے ٹکڑے کر دینا - قیمہ قیمہ کر دینا - پرزے پرزے ہونا - ٹکڑے ٹکڑے ہونا - دھجی دھجی ہونا -

پرسا: (ف - مذ) ماتم پرسی - میت کے وارثوں کے پاس جا کر اظہار غم ے خواجہ حسن

دل دلاسے کرے ہے بیقراری بیشتر
خانۂ ماتم میں جو پرسے ہے زاری بیشتر

پرسا لینا - میت کے وارث کا پرسا دینے والے کی زبان سے صبر و تسلی کی باتیں سننا - عورتوں کا منہ ڈھانک کر اس شخص کے سامنے رونا جو پرسا دینے آیا ہے -

پرساد: (ہ - مذ) دیوتاؤں پر جو چڑھاوا کیا جاتا ہے - متبرک پرشاد (ہندوؤں کا روزمرہ)

پرسال: (ا) گزشتہ سال -

پرساں: (ف) پوچھنے والا - فریاد رس - خبر گیر - پرسانِ حال (بہ اضافہ) سرگزشت پوچھنے والا - خبر گیر -

پرستار: (ف) خدمت بجا لانے والا - کسی کی پرستش کرنے والا - باندی - صفت - پرستاری (مو) -

پَرِسْتان :- (ف - مذ) پریوں اور دیوں کے رہنے کی خیالی جگہ جیسوں کا جمگھٹ - اندر کا اکھاڑا - پریوں کا اکھاڑا - پرستان کا عالم - بہشت کا سا مزہ - پرستانی ہے لطف -

پَرَسْتِش :- (ف - مو) پوجا - عبادت - تعظیم - انتہائے تعظیم ؎

پرستش کے قابل ہے تو اے کریم
کہ ہے ذات تیری غفورٌ الرحیم — میر حسن

پُرْسِش :- (ف - مو) پوچھ گچھ - بازپرس - قدر و منزلت - (کرنا یا ہونا)

پَرْسَن :- (انگ) شخص - فرد - پرسنل - ذاتی - نجی - شخصی - پرسنل اسسٹنٹ - کسی افسر کا پیش کار - پی اے - پرسنل پراپرٹی - (مو) ذاتی جائداد - شخصی ملکیت -

پَرْسُوت :- (ہ - مذ) زچہ کی بیماری - جریان آب -

پَرْسوں :- (ہ) کل کے بعد کا دن - کل سے پہلے کا دن -

پُرُش :- (ہ - مذ) آدمی - انسان - خاوند (ہندوؤں کا روزمرہ)

پَرْشاد :- (ہ) دیکھو پرساد -

پَرْکار :- (ف - مذ) دائرہ کھینچنے کا اوزار -

پُرْکار :- دیکھو پُر -

پَرْکالہ :- (مذ) ٹکڑا - چنگاری -

پَرَکھ :- (ہ - مو) کھرے کھوٹے کی پہچان - جانچ - آزمائش - پرکھانا - کسی سے کھرے کھوٹے کی شناخت کرانا - نقدی دے کر سنبھلوا دینا - پرکھنا - کھرے کھوٹے کی شناخت کرنا - پرکھ لگانا - برے بھلے میں تمیز کرنا - کسوٹی پرکسنا - تجربے میں لانا - پرکھوانا - پرکھانا کا متعدی - پرکھوائی (مو) کسوٹی پر کسوانے یا کھوٹے کھرے کی شناخت کرنے کی اجرت - پرکھیا - پرکھیا - کھرا کھوٹا پرکھنے کا ماہر -

پُرْکھا :- (ہ) بزرگ - بوڑھا آدمی - باپ دادا - کھاگ - پرکھن (مو) پرکھوں کی خبر لینا - خاندان کو برا کہنا -

پَرْگَت :- (ہ - مذ) نیل - ملاپ -

پَرْگَنہ :- (ہ - مذ) ضلع کا ایک حصہ - تعلقہ - جاگیر - پرگنہ دار - پرگنے کا افسر - پرگنات - جمع -

پَرگیری :- (ہ - مو) وہ پر جو تیر میں لگے ہوتے ہیں - پرگیری لگانا - تیر میں پر لگانا -

پَرْلا :- (ہ) پرے کا - دوسری طرف کا - اس پار کا -

پَرْلو :- (ہ - مو) نیستی - فنا - قیامت (ہندوؤں کا روزمرہ) ؎ چکبست

ہوگا پرلو جو گرا آنکھ سے ان کی آنسو
ایسی باتوں سے انھیں تم نہ رلانا ہرگز

پَرْلوک :- (ہ - مذ) ہستی سے بعد کی دنیا - عالم حقیقی -

پَرَماتما :- (ہ - مذ) خدا - ایشور (ہندوؤں کا روزمرہ)

پَرْمِٹ :- (مذ - انگ) اجازت نامہ - کسی چیز یا مال یا شخص کو ایک علاقے سے دوسرے علاقے میں لے جانے اور داخل ہونے دینے کی سرکاری سند -

پَرْمَٹّا :- (انگ - مذ) ایک قسم کا اونی سوتی کپڑا جو مرینے سے سستا ہوتا ہے -

پَرْمَل :- (ہ - مذ) خاص طریقے سے بھگو کر بھاڑ میں بھنے ہوئے چاول - گدگدے - ایک قسم کا عمدہ خوشبودار چاول -

پَرْملو :- (ہ - مذ) رقص کا وہ انداز جس میں پیروں کی گت کا جواب بیلی دکھاوے تھاپ سے دے -

پَرْمِشن :- (مو - انگ) اجازت -

پَرْنالی :- (ہ - مو) (دیکھو پر) چھوٹا پرنالہ - گھوڑے کے دونوں پٹھوں کے بیچ کا وہ گڑھا جو موٹاپے کی وجہ سے پڑ جاتا ہے - پرنالی پڑنا - گھوڑے کا تیار ہونا

پَرْنام :- (ہ - مذ نیز مو) سلام - آداب - بندگی (ہندوؤں کا روزمرہ)

پَرِنْد یا پَرِنْدہ :- (ف - مذ) چڑیا - طائر - پرندہ پر نہیں مار سکتا - واقعے کی سخت ممانعت ہے - سخت بندش ہے -

پِرِنْس :- (انگ - مذ) شہزادہ - پرنسز (س کا کسرہ اس طرح ادا ہو جیسا یائے مجہول سے تبدیل ہوتا ہے) شہزادی -

پِرِنْسِپل :- (انگ) کالج کا صدر اعلیٰ - اگر آس سے پہلے ت کی حرکت فتحہ و کسرہ کے بین بین پڑھی جائے تو جس کے معنی ہیں : کلیہ قاعدہ اور اصول -

پَرْنِیاں :- (ف - مذ) ایک قسم کا پھول دار ریشمی کپڑا ؎

لہراتا، پرنیاں وحریر سیاہ ہیں (محمد حسین آزاد)

پُروا:۔ (ف۔ مو) پُورب کی ہوا۔ **پُروائی**۔ پُورب رُخ سے آنے والی ہوا۔

پَروا:۔ (ف۔ مو) فکر۔ اندیشہ۔ التفات۔ ضرورت۔ خواہش۔ رغبت۔

پَروار:۔ (ہ۔ مذ) خاندان۔ کُنبہ (ہندوؤں کا روزمرہ)

پَرواز:۔ (ف۔ مو) اُڑان۔ رسائی۔

پَروانجات:۔ دیکھو پروانہ۔

پَروان چڑھنا:۔ (۱) پرورش پاکر سیانا۔ عمر طبعی کو پہنچنا۔ رستا بستا پھلتا پھولتا۔ پل کر مراد کو پہنچنا۔ بیاہ رچنا۔ بال بچے ہونا۔ **پروان چڑھانا**۔ پروان چڑھنا کا فعل متعدی ہے حالی

شیریں ہے پھل ان پودوں کا اور سایہ ہے گھن کا۔
سیراب کرو ان کی انھیں پروان چڑھاؤ

پَروانگی:۔ (ف۔ مو) اجازت۔ حکم۔

پَروانہ:۔ (ف۔ مذ) پتنگا۔ اجازت نامہ۔ فرمان شاہی۔ لیسنس۔ وارنٹ۔ عاشق۔ فریفتہ۔ **پروانجات**۔ شاہی فرمان جو کسی جائداد وغیرہ کے سلسلے میں ملے ہوں۔ **پروانہ راہ داری** (مذ) ایک سرحد سے دوسری سرحد میں جانے کا اجازت نامہ۔ **پروانہ وار** (بغیر اضافہ) پتنگے کی طرح بے تاب اور بے خوف ہوکر (جیسے وہ شمع سے لپٹ جاتا ہے) **پروانہ ہونا**۔ فریفتہ اور عاشق ہونا۔ **پروانے کی نقل** (مو) شاہی حکم وغیرہ کی کاپی (مذ) سالا۔ بیوی کا بھائی۔

پَرواہا:۔ (مذ۔ لک) وہ چھوٹے کول مدے کے ٹھیلے جنھیں بال بھر کر پلنگ کے پائے کو اونچا رکھنے کے لیئے استعمال کرتے ہیں۔

پَروایا:۔ (ہ۔ مذ) پروایا۔ لکڑی کے ٹکڑے جس سے پلنگ کے پائے بلند رکھے جائیں۔

پُروبیشن:۔ (انگ۔ مذ) کسی اُمیدوار ملازمت کا بغیر تنخواہ کے زمانہ اُمیدواری میں کام کرنا۔ **پروبیشنری پیریڈ**۔ اُمیدواری کا زمانہ۔

پُروپرائٹر:۔ (انگ کا کسرہ اس طرح ادا کیا جائے جیسا یائے معروف سے قبل) مالک کسی کارخانے وغیرہ کا مالک۔

پُروپوزل:۔ (انگ۔ مذ) تجویز۔ کوئی اسکیم جو کسی کے سامنے رکھی جائے۔

پُروپیگنڈا:۔ (مذ۔ انگ) (اس کا تلفظ فتحہ وکسرہ کے بیچ میں ہے) تحریک پھیلانا۔ کسی تحریک کی خوب اشاعت کرنا۔ کسی کے موافق یا خلاف باتیں پھیلانا۔ **پُروپیگنڈسٹ**۔ خوب پروپیگنڈا کرنے والا۔

پَروتا:۔ (ہ۔ مذ) پوتے کا بیٹا۔ **پَروتی** (مو) پوتے کی بیٹی۔

پُروٹسٹ:۔ (مذ۔ انگ۔ ٹ کا کسرہ اس طرح ادا کیا جائے جیسا یائے مجہول سے قبل) احتجاج۔ کسی کے حکم کے خلاف آواز بلند کرنا۔

پُروٹسٹنٹ:۔ (انگ۔ دونوں ٹ کا کسرہ اس طرح ادا کیا جائے جیسا یائے مجہول سے قبل) عیسائیوں کا ایک فرقہ جس کے مقابل فرقے کو رومن کیتھلک کہتے ہیں۔

پَروَردِگار:۔ (ف) پالنے والا۔ اللہ تعالیٰ۔

پَروَردہ:۔ (ف) پلا ہوا۔ پالا ہوا۔

پَروَرِش:۔ (ف۔ مو) پال پوس۔ تعلیم وتربیت۔ مہربانی۔ (آپ کی پرورش ہے)

پَروسنا:۔ (ہ) مہمانوں کے آگے کھانا چُننا۔ (ہندوؤں کا روزمرہ)

پُروف:۔ (مذ۔ انگ) چھاپے کی پلیٹ یا پتھر کا پہلا چھپا ہوا کاغذ جو چھپوانے والے کو غلطیاں درست کرنے کے لیئے دیا جاتا ہے۔

پُروفیسر:۔ (انگ) کالج یا یونیورسٹی کا معلم۔

پُروفیشن:۔ (انگ۔ مذ) پیشہ۔

پُروگرام:۔ (انگ۔ مذ) دستور العمل۔ کام کا خاکہ۔ کسی جلسے وغیرہ کے تمام کاموں کی ترتیب وار فہرست۔

پَروَل:۔ (ہ۔ مذ) ایک ترکاری جو گوشت میں پکا کر کھاتے ہیں یہ ترئی سے کچھ چھوٹا ہوتا ہے۔

پِرونا:۔ (ہ) سُوراخ میں دھاگا ڈالنا۔ باریک نوک میں کسی چیز کو داخل کرنا۔

پُرونوٹ:۔ (انگ۔ مذ) قانونی رسید قرض وغیرہ۔

پُروہت:۔ (ہ۔ مذ) کسی ہندو گھرانے کا لگا بندھا پنڈت۔ جو تمام رسمیں ادا کرنے کے لیئے بلایا جاتا ہے۔

پَروِیز:۔ (ف) خسرو ثانی شاہ ایران کا لقب۔

مصدر سے پہلے آکر اتفاق کے معنی دیتا ہے - **پڑا ملنا** - کسی چیز کا اتفاقاً یا افتادہ ملنا ؎

بست اب میری صورت دیکھ سکے یار ہنستا ہے
بنا مجھ کو کہہ تو نے پڑا ہے سیم بر پایا

پڑا رہنا - کاہلی دکھانا - بے حرکت رہنا - کسی کمزور یا مریض کا لیٹے رہنا ؎ رشک

پڑا رہے کوئی کب یکہ شکستہ پا کی طرح
خدا نے کیوں نہ بنایا مجھے ہوا کی طرح

بیکار بے روزگار ہونا - آج کل گھر میں پڑا رہتا ہوں - **پڑا گرا** - افتادہ - بے حقیقت (پڑی - گری - مو)

پڑا ہونا - بیمار و خستہ ہونا ؎ کاظم لکھنوی

گلا پڑا ہے مرا شب کی آہ و زاری سے
وہ جانتے ہیں کہ آرام سے رہا ہوں میں

بے احتیاطی سے کسی چیز کا رکھا ہونا -

پڑا پڑ :- پے در پے مینہ برسنے یا جوتیاں پڑنے کی آواز - تڑا تڑ کی سی آواز -

پڑاقا :- (مذ) پٹاخا - ایک قسم کی آتش بازی - کوڑے وغیرہ کی آواز - **پڑاقے کی گوٹ** (مو) رنگ برنگی گوٹ - پٹا پٹی -

پڑاو :- (ہ - مذ) لشکر یا قافلہ وغیرہ ٹھہرنے کی جگہ - **پڑاو ڈالنا** - بھاؤنی ڈالنا - رہ پڑنا - **پڑاو مارنا** - قافلے کو دن یا رات میں کسی وقت لوٹ لینا - بے توقع کوئی بڑی دولت حاصل کر لینا -

پڑپڑانا :- (ہ) دستوں کی آواز - پڑ پڑ کرنا - بلبل کا بھاگتے وقت بولنا -

پڑت :- (ہ - مو) گھر پڑتی قیمت - جس قیمت پر کوئی چیز تمام خرچ لگا کر پڑے - **پڑت پھیلانا** - معدولات پھیلانا - کل کی قیمت اجزا پر تقسیم کرنا -

پڑتا :- (ہ - مذ) شرح مالگزاری جو ہر ایک بیگھ پر برابر پھیلائی جائے - نیز پڑت -

پڑتال :- (ہ - مو) دوبارہ جانچنا - نظر ثانی - جوتیوں کی لگاتار مار - **پڑتال پڑنا** - دیکھئے پڑتال -

پڑتی :- (ہ - مو) زمین افتادہ - خالی پڑی ہوئی زمین -

پڑ جانا :- (ہ) لیٹ جانا - بیمار ہو جانا - ٹھہر جانا -

پڑ رہنا :- (ہ) لیٹ رہنا - سو رہنا ؎ میر

فقیروں کی کیا موت کیا زندگی
جگہ جس جگہ مل گئی پڑ رہے

پڑ مرنا :- مرتے دم تک ساتھ نہ چھوڑنا -

پڑنا :- (ہ مصدر اور مشتقات لاحقے کے کام آتے ہیں) گرنا - پڑاو کرنا - سونا - واقع ہونا - ٹھکنا - داخل ہونا - بیٹھنا - (گھر میں پڑنا) خالی اور بیکار رہنا - بیمار ہونا - بھروسے رہنا - (کسی کی روٹیوں پر پڑنا) آنا (روح پڑنا) وارد ہونا (مصیبت پڑنا) تعلق خاطر ہونا (بیاہ کی پڑنا) لالے پڑنا - فکر ہونا ؎

الٰہی آنکھ کس سے جا لڑی ہے
کہ دل کی جان کی کس کس کی پڑی ہے

مندرج ہونا (کھاتے میں آم پڑنا) دخیل ہونا (معاشے میں پڑنا) خالی رہنا (کئی مکان پڑے ہیں) باقی رہنا (ابھی بہت سا کام کرنے کو پڑا ہے) پڑ رہنا - مشغول و مبتلا ہونا ؎ ذوق

پڑے کتاب کے قصے میں کیا کرو دل صاف
جو دل ہو صاف بر از روضۃ الصفا سمجھو

"بجلی پڑے تم پر" بار بار - بہت زیادہ ؎ امانت

تا قفس نکہت گل لے نہ گئی باد صبا
سر کو ٹکراتے ہیں مرغ گرفتار پڑے

نمودار ہونا - موجود ہونا - نور پڑ گیا - ؎ امانت

کہ جہاں گل نظر آتے ہیں وہاں خار پڑے

چڑیوں کا جفتی کھانا - مشابہ ہونا ؎ رشک

کیوں شورش فساد کریں کوہ و دشت میں
فرہاد و قیس پر ترے عاشق پڑے نہیں

دست نگر و محتاج ہونا - گرا پڑا - دشمن ہونا ؎

تجھ کو کسی کی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو

نور نے نہ معلوم یہ کیوں لکھ دیا کہ ان معنوں میں "پڑی ہے" کے سوا کچھ استعمال نہیں ہوتی - لٹکنا - آویزاں ہونا - پڑے پڑے ہیں - بونا - چھڑکنا - کھیت میں دانہ پڑا -

پڑوا :- (ہ - مذ) پڑا - بھینس کا بچہ - پڑیا (مونث)

پڑوس :- (ہ - مذ) ہمسائگی - گھر کے آس پاس - **پڑوسن** - (مو) ہمسائی - **پڑوسی** (مذ) ہمسایہ -

پڑھا :- (ہ) تعلیم یافتہ - **پڑھا جن** (مذ) نہایت چالاک - جس کا آسیب کسی منتر سے نہ اترے ؎ نکہت

یہ پڑھا جن ہے جو چرخ پر تو نہ ہو
اس کا سایہ کوئی اترتا ہے

پڑھا گنا - عالم باعمل - **پڑھا لکھا** - تعلیم یافتہ -

پڑھا دینا :- بلا سکھا دینا یا سکھانا - سبق دینا - بہکانا - اکسانا - برائی جمانا - چغلی کھا کر بھڑکانا ؎ معروف

(بغیر اضافہ) چھچھورا ۔ گھٹیا خیالات کا ۔ **پست فطرت** (بغیر اضافہ) کم عقل کم ظرف ۔ **پست قد** (بغیر اضافہ) ٹھگنا ۔ ناٹا ۔ **پست کرنا** ۔ ہرانا ۔ ہمت توڑنا ۔ **پست و بلند** ۔ زمین و آسمان ۔ اونچا اور نیچا ۔ **پست و بلند دہر** ۔ زمانے کے نشیب و فراز ۔ دُکھ اور عیش ۔ انقلابات ۔ **پست ہمت** (بغیر اضافہ) بزدل ۔ **پست ہونا** ۔ ہارنا ۔ پیچھے رہنا ۔ تھک جانا ۔ فسخ ہونا (ارادہ پست ہوگیا) **پستی** (مو) نیچائی ۔ کمینگی ۔ تنزل ۔

پستان :- (ف) ۔ مو ۔ چھاتی ۔ چوچی ۔

پُستک :- (ہ ۔ مو) کتاب ۔ پوتھی (ہندی روزمرہ)

پستول :- (مذ ۔ انگ سے مورد) تپنچہ ۔ تمنچہ ۔ **پستولیا** ۔ صفت ۔ پستول باندھنے والا ۔

پستہ :- (ف ۔ مذ) ایک میوہ جس کا پوست بادامی اور مغز رنگ میں سرسبز کشمش کے برابر ہوتا ہے ۔
پستئی :- (ہ) پستے کے رنگ کا ۔ سبز ۔

پسر :- (ف ۔ مذ) بیٹا ۔ لڑکا ۔ **پسر خواندہ** (بغیر اضافہ) گود لیا ہوا ۔ **پسر زادہ** ۔ (بغیر اضافہ) پوتا ۔

پسرنا :- (ہ) پھیلنا ۔ دراز ہونا ۔ لیٹنا ۔ مرد کے آگے عورت کا پڑ جانا ۔ ہٹ جانا ۔ **پسر کر لیٹنا** (۔ کنا) (قرار کے بعد انکار ۔ ضد کرنا ۔

پسرہٹا :- (ہ ۔ مذ) پنساریوں کی دکانوں کا بازار ۔ پنساری کی دکان کا سامان ۔

پسلی :- (ہ ۔ مو) پہلو ۔ پہلو کی ہڈی ۔ **پسلی پھڑکنا** ۔ غیب میں خود بخود کسی بات کی خبر ہو جانا ؎
جب غیر سے ہوا وہ کہیں رات ہمکنار
یاں درد دل سے اپنی بھی پسلی پھڑک گئی

پسلی کا آزار / **دکھ** (یا عارضہ) (مذ) پسلی کا درد ۔ **پسلی چلنا** ۔ بچوں کی پسلی کا درد یا خاص عارضے کی وجہ سے تیزی سے پھڑکنا ۔

پسنا :- (ہ) آٹا ہونا ۔ کچلا جانا ۔ مصیبت میں آنا ۔ فریفتہ ہونا ۔ مٹنا ؎ آتش
پسے دل اُس کی چتوں پر ہزاروں
موئے بے ساختہ پن پر ہزاروں

پسند :- (ف) مقبول ۔ منظور نظر ۔ من بھاتا (آنا ۔ کرنا ۔ ہونا) پسندیدہ ۔ حسب دلخواہ ۔ پسند کیا ہوا ۔ **پسندہ** ۔ (ا ۔ مذ) گوشت کا کچلا اور بھنا ہوا پارچہ ۔ جمع ۔ **پسندے** ۔

پسنہاری :- (ہ ۔ مو) آٹا پیسنے والی ۔

پسو :- (ہ ۔ مذ) ایک چھوٹا سا پر دار کیڑا جو آدمی کا خون چوستا ہے ۔

پسوانا :- (ہ) پیسنا کا متعدی المتعدی ۔ **پسوائی** (مو) پسائی ۔ پیسنے کی اجرت ۔

پسیجنا :- (ہ) (گرم و سرد ہونے کے امتزاج سے) خود بخود ہاتھ پاؤں میں رطوبت پیدا ہونا ۔ دل نرمانا ۔ کنجوس کے ہاتھ سے روپیہ نکلنا ۔ رحم آنا ؎ داغ
اُن کے دروازوں کی زنجیر لگی ہو نہ کہیں
کچھ پسیجا تو ہے دربان بڑی مشکل سے

پسینا :- (ہ ۔ مذ) وہ تری جو گرمی کے باعث جسم سے نکلتی ہے ۔ **پسینا آنا** ۔ گرمی کے باعث جسم سے عرق نکلنا ۔ شرم یا غیرت سے عرق آجانا ؎ امیر
محفل یار میں اغیار کا آنا کیسا
آگیا مجھ کو پسینا جو ہوا بھی آئی

پسینا پونچھنا ۔ پسینا خشک کرنا ۔ شرمندگی مٹانا ؎ غالب
نہ ہم سمجھے نہ آپ آئے کہیں سے
پسینہ پونچھیے اپنی جبیں سے

پسینا جھاڑنا / **جھٹکنا** ۔ انگلی سے پسینہ پونچھ کر جھٹک دینا ؎ ناسخ
پسینہ اپنے ماتھے کا نہیں جھاڑا ہے انگلی سے
یہ سب بے قدر نے توڑا ہے سلک در مکنوں کو

پسینا چھوٹنا ۔ بہت زیادہ پسینا نکلنا ۔ شرمندہ ہو جانا ؎ داغ
عرق شرم میں ہم ڈوب گئے روز جزا
ہر بن مو سے ہمارے یہ پسینا چھوٹا

پسینا ہرا ہونا ۔ پسینا سوکھنا ۔ **پسینوں میں ڈوبنا** / **نہانا** ۔ زیادہ پسینہ ہونا ۔ **پسینوں پر پسینے آنا** ۔ بہت گرمی / شرمندگی کا بیان ۔ ؎ ذوق
تپ غم شمع ساں ہوتی نہ تھی کم
اور آتے تھے پسینوں پر پسینے
(بخار کی شدت کے بعد خفیف ہونے کی حالت کا بیان) ؎ جلال
بہت شرمندہ ہوں تھوڑی سی کاپی کر
پسینے پر پسینے آ رہے ہیں

پسینے (کی بوند) پر لہو گرانا ۔ بہت زیادہ جانفشانی کرنا ؎ شاد
بہایا خوں عرق ریزی پہ اس کی
پسینے پر لہو ہم نے گرایا

پسینے پسینے ہونا ۔ پسینے میں ڈوبنا ۔ شرمندہ و منفعل ہونا ۔ **پسینے پسینے کر ڈالنا** ۔ تھکا دینا ؎ شوق
سب مجھے لے دیئے کر ڈالا
سب پھٹے پسینے کر ڈالا

پسینے کی جگہ خون بہانا ۔ بہت زیادہ جانفشانی / محنت کرنا ۔ **پسینے کے تڑاڑے** ۔ پسینے کے ڈوب جیسے

"برسات کی دھوپ تو نہیں مگر حبس بلا کی ہے۔ ہوا چلتی بھی ہے تو ایسی پسینے کے شرانٹے اور ہوا کے جھونکے باری باری چلتے ہیں"
(اودھ پنچ)

پسینے میں شرابور ہونا ۔ پسینے میں غرق ہونا۔ اسی طرح پسینے میں لت پت ہونا۔ ؎ نسیم

نیساں کہہ افشانی سرکار جو دیکھے
لت پت ہو پسینے میں ندامت کے برابر

پسینے نہانا ۔ تر ہونا ؎ داغ

یا ستر دشمن سے بہت گرم تم آئے
یا راہ کی گرمی سے پسینے میں نہائے

پسی :۔ (پ سی ۔ ۵ ۔ مذ) وہ چاول جن کے دھان ابال کر خشک کئے بغیر کوٹے گئے ہوں۔

پشاچ :۔ (س ۔ مذ) بھوت ۔ دیو جن ۔ پریت۔

پشت :۔ (ف ۔ مو) پیٹھ پیچھے ۔ سہارا ۔ نسل۔ پشت بہ پشت ۔ باپ دادا سے ۔ پیڑھی سے۔ پشت پناہ (بغیر اضافت) مددگار ۔ حمایت ۔ وسیلہ ۔ رفیق ۔ پشت خار (بغیر اضافت) ہے یا ہاتھی دانت کا پنجہ جس سے پیٹھ کھجاتے ہیں۔ پشت دکھانا یا دینا ۔ بھاگ جانا ۔ مقابلے سے گریز کرنا۔

پشتارہ :۔ (ف ۔ مذ) گٹھا ۔ بوجھا ۔ ڈھیر۔

پشتک لگانا / مارنا :۔ (ف سے) گدھے یا گھوڑے یا اونٹ کا پچھلی دونوں لاتیں مارنا ؎ تسلیم

بگڑے کوئی ذرہ باگ کڑا کرکے چلو
کسی کی پشت پہ پشتک کوئی لگا کے چلا

پشتو :۔ (مو) افغانوں کی بولی (دیکھو لفظ پشتی)۔

پشتہ :۔ (ف ۔ مذ) ٹیلا ۔ تودہ ۔ پشت پناہ ۔ دیوار کی جڑ میں لگا ہوا مٹی کا ڈھیر جو اسے پانی سے بچاتا ہے۔ پانی کا بند ۔ کتاب کی جلد کا چمڑا۔ پشتہ بندی ۔ دیوار کی جڑ کو مٹی کے ڈھیر سے مضبوط کرنا ۔ دریا کا بند باندھنا۔

پشتی :۔ (ف ۔ مو) تائید ۔ حمایت ۔ سہارا ۔ محافظت ۔ گاؤ تکیہ۔ پشتیبان (مذ) سہارا دینے والا ۔ معاون ۔ لکڑی کا کندہ یا تخت وغیرہ کی پشت پر جو لگاتے ہیں مستحکم کرنے کے لئے۔

پشتینی :۔ (ف) موروثی ۔ قدیمی۔

پشم :۔ (ف ۔ مو) اون ۔ بال ۔ جھانٹ ۔ ہیچ۔ پشم پر مارنا ۔ پرواہ نہ کرنا۔ پشم کندہ نہ ہونا ۔ کچھ نہ کر سکنا ۔ پشم نہ اکھڑنا ۔ کچھ نہ ہو سکنا ۔ پشم نہ سمجھنا ۔ کچھ حقیقت نہ سمجھنا ۔ پشمینہ اونی کپڑا جیسے شال وغیرہ۔

پشو :۔ (س ۔ مذ) ڈھور ۔ ڈنگر ۔ بیوقوف۔

پشواز :۔ (ا ۔ مو) گھٹنے کی شکل کا ایک لباس جو ناچنے والی پہنتی ہے۔

پشہ :۔ (ف ۔ مذ) مچھر ۔ حقیر۔

پشی :۔ (ا ۔ مو) بچہ کا پیشاب۔

پشیمان :۔ (ف) صفت۔ شرمندہ ۔ پچھتانے والا (کرنا ۔ ہونا) پشیمانی (مو)

پطرس :۔ (لاطینی ۔ مذ) حضرت عیسیٰ کے بارہ حواریوں میں سے ایک حواری ۔ اردو مزاح نگار ۔ احمد شاہ بخاری کا تخلص۔

پف :۔ (مو) پھونک ۔ پھونک مارنا۔

پکا :۔ (۱) پختہ (ہانڈی یا پھل کا پکا ہوا ہونا) ۔ تجربہ کار ۔ کامل ۔ مستحکم ۔ جوش دیا ہوا ۔ پیپ بھرا ہوا زخم ۔ اینٹ یا چونے کی عمارت ۔ خالص (پکا سونا) پچاسی روپے وزن کا پکا سیر ۔ قول و قرار ۔ مستحکم (پکا ارادہ) مسودے کی ضد (جیسا پکا کھاتہ) بھروسے کے قابل (پکا گھر) (مذ) ۔ دلیر ۔ شوخ دیدہ ۔ پکا بال ۔ سفید بال ۔ پکا پان ۔ عمر رسیدہ ۔ تجربہ کار ۔ پکا پکایا ۔ بنا بنایا تیار ۔ پکا پوڑھا ۔ مضبوط ۔ پکا پھوڑا ۔ وہ پھوڑا جس میں پیپ پڑ گئی ہو درد و غم سے بھرا ہوا ۔ پکا پیسا ۔ بڑا ہوشیار اور تجربہ کار ۔ پکا چٹھا (مذ) پکا کھاتہ ۔ سالانہ حساب کی فرد ۔ پکا رنگ ۔ وہ رنگ جو دھونے سے نہ چھوٹے ؎ نسیم

مہندی مرے خون کی مل
پکے رنگوں میں ہے یہی رنگ

کھلتا رنگ ۔ چہرے کے بیان کرتے وقت "ذرا پکے رنگ کا چہرہ ہے" پکا کرنا ۔ آمادہ کرنا ۔ پختہ کرنا ۔ بل دے کر خوب مضبوط کرنا ۔ ذہن نشین کرنا (جیسے سبق پکا کر لیا) پکا گانا ۔ استادی گانا ۔ پکا ہونا ۔ معاملہ پختہ ہونا ۔ سخت دل ہونا ۔ بستی خوب یاد ہونا ۔ آمادہ ہونا۔

پکار :۔ (۵ ۔ مو) آواز ۔ غل شور ۔ بلاوا ۔ خواہش ۔ مانگ ۔ نالش ۔ استغاثہ ۔ فریاد ۔ دہائی ؎ انیس

کہتے تھے جو جواں بھی ان سے دو چار تھی
فوجوں میں بھی یہی ہر سو پکار تھی

پکار اٹھنا ۔ یکایک آواز دینا ۔ بے ارادہ منہ سے نکلنا ۔ پکار پڑ رہی ہے ۔ شہرت ہے ؎ امیر

زمانہ بھر میں پڑی ہے پکار حاتم کی
دیا ہے جس نے کہ حاتم کو اس کا نام نہیں

تلاش ہو رہی ہے۔ **پکار دینا** - بلوا دینا - آواز لگانا - جتا دینا - ؎

پڑتے ہے سیکھے شیوہ مردانگی کوئی
جب قصہ خواں کو آئے تو چلے پکار کے — ذوق

پکار کے کھلم کھلا - جتلا کے - **پکارنا** - بلانا - چلانا - پکار لگانا - آواز لگانا - رٹنا - بھیک کی آواز لگانا - بیچنے کی آواز لگانا - فریاد کرنا - پکار لگنا (لازم)۔

پکانا: (ف) پختہ کرنا (آگ سے یا پال میں) مواد کو قابل اخراج کرنا - معاملے کو تکمیل کی حد پر لے آنا - **پکاؤ** (مذ) پختگی - تیاری - **پکائی** (مو) پکاؤ - پکانے کی اُجرت -

پکپن: (ا) پکاپن کا مخفف - صفت - تجربے کاری عقلمندی -
تم نے دیکھا ہو گا پکپن میر کا
ہم کو آیا نظر وہ خام سب

پکپنا: (لک) پختگی ۔ رشک
بچپنے میں اس نے سیکھا پک پنا
بھولا بھولا ہو کے گھونا ہو گیا

پکچر: (انگ - مو) تصویر - سینما - **پکچر دیکھنا** - تصویر کو دیکھنا - سینما دیکھنا - **پکچر کھنچوانا** - فوٹو کھنچوانا - **پکچر ہاؤس** - (مذ) سینما گھر - وہ جگہ جہاں بہت سی تصویریں ہوں یا تصویریں دکھائی جائیں -

پکرَوانا: پکارنا کا متعدی المتعدی - آواز دلوانا -

پکڑ: (ف مو) گرفت - پکار میں چلی - کشتی - **پکڑانا** - حوالے کرنا - گرفتار کرنا - **پکڑ لانا** - زبردستی بلوا لینا - گرفتار کر کے منگوانا - **پکڑ دھکڑ** (مو) مجرموں کی گرفتاری - عام گرفتاری - پکڑ کرنا - کشتی لڑنا - **پکڑ لانا** - گرفتار کر لانا - حریف کو قابو میں لے آنا - **پکڑنا** - تھامنا - گرفتار کرنا - پھنسانا - (غلطی کی) گرفت کرنا - روکنا (زبان نہیں پکڑی جاتی) انجام پر پہنچانا (رات پکڑنا) برابر آنا - (سبق میں پکڑنا) بھینا (گلا پکڑنا) ہونا - لگنا (عرصہ پکڑنا) دوا قوں پر جوڑنا - کھوج لگا لینا (چوری پکڑنا) اختیار کرنا (رنگ پکڑنا) غلبہ کرنا (بخار نے پکڑ لیا) جمنا - پیوست ہونا - سہارا دینا (ہاتھ پکڑنا) **پکڑوانا** - گرفتار کرانا - پھنسوانا - پکڑنے میں سہارا دینا - حوالے کرنا - تھمانا - مٹھی میں دینا -

پکنا: (ف) پختہ ہونا - (آگ پر یا پال میں) تیار ہونا - بالغ ہونا - گدرانا - پیپ پڑنا - بال سفید ہونا - مٹی کے برتنوں کا آوے پر چڑھ کر تیار ہونا - چوسر کی نرد کا سب گھروں کو طے کر کے اپنے گھر میں آنا - قیمت ٹھہرنا - معاملہ طے ہونا -

پکنک: (انگ - مو) وہ دعوت جس میں دوست احباب کسی باغ وغیرہ میں بے تکلفی سے جمع ہوں اور کھائیں پکائیں -

پکوان: (ف - مذ) تلی ہوئی چیز جیسے پوریاں وغیرہ -

پکوانا: (ف) کھانا تیار کرانا - معاملہ تیار کرانا - **پکوائی** (مو) پکوانے کی اُجرت -

پکوڑا: (ف - مذ) بڑی پھلکی - بڑی پکوڑی - خوب پکا ہوا (جیسے پکوڑا بیر) گول اور خوب پھولا ہوا (جیسے پکوڑا سی ناک) **پکوڑی** (مو) پھلکی - بڑی پکوڑی - بیسن یا دال وغیرہ کی وہ نمکین چیز جو تلنے سے پھول جاتی ہے - **پکوڑے** - پکوڑا کی جمع - پکوڑا یا پکوڑی تلنا - پکتے ہوئے گھی یا تیل میں یہ چیزیں پکانا -

پکھا: (ف - مذ) دیوار کا ایک کنارہ جو دوسری دیوار سے ملا ہو - کھمبا - ستون -

پکھال: (ف - مو) دیکھو پخال - **پکھال پٹیا** - دیکھو - پخال پٹیا -

پکھاوج: (ف - مو) ایک قسم کی ڈھولک - مردنگ **پکھاوجی** پکھاوج بجانے والا -

پکھراج: (ف - مذ) زرد رنگ کا ایک قیمتی جواہر -

پکھوا: (ف - مذ) بغل - آغوش (ماں کے پکھوے کی بیٹی ہے)

پکھیرو: (ف - مذ) طائر - پرند - مجازاً آدمی کیونکہ ہر جگہ جا سکتا ہے (آدمی جیسا پکھیرو کوئی نہیں)

پکّی: (ف) پکا کی تانیث - دیکھو پکا - **پکی بات** یقینی اور تجربے کارانہ بات ؎ بحر
پکی باتوں میں بھی خامی کا اثر ہے بال بال
آدمی خاطی ہے پر وُہ ہے کچے شیر کا

پکی بولی - سمجھ دار بچے یا شہریوں کی زبان - **پکی بیری کے بیر کھانے والا** - کاہل - بے محنت کے کھانے والا - حرام خور - **پکی پکائی** - تیار کھانے والا - حرام خور - مفت خور - **پکی پوڑھی** - طے شدہ بات (کرنا - ہونا) **پکی پیداوار** - وہ پیداوار جو کاشتکاری کے مصارف دے کر بچے - **پکی ڈیوڑھی** - زرگری ہوشیار عورت - **پکی تول** - صحیح تول - **پکی زبان** - پکی بولی - **پکی عمر** - جوان -

پگڑ: (ف) پگڑی کا اسم مکبّر - بڑا عمامہ - کبھی تمسخر کے طور پر عام عمامے کو کہتے ہیں -

پکے کولر کوے کو نیند کیسے آئے: اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی لالچی کسی اُمید کے بندھنے پر صبر نہ کر سکے -

پگ: (ف - مذ) پاؤں - پیر - قدم - عموماً گیتوں میں آتا ہے -

گو نیم نان پہ کی ہے قناعت ہلال نے
اس کی پلاؤ کی پہ رکابی نہیں گئی

پَل پُس کر :- (مو) پرورش پا کر۔

پِل پڑنا :- (ف) دفعتہً بہتوں کا مل کر ٹوٹ پڑنا۔ بھیڑ کا کسی طرف متوجہ ہونا۔

پِلپِلا :- (ف۔ مذ) پچپچا۔ لچلچا۔ اندر سے گھلا ہوا۔ چپل چپلی۔ (مو) پلپلانا۔ اندر سے ملائم کر کے گھلانا (جیسے آم پلپلانا) صفت۔ پلپلاہٹ۔ (مو) پلپلی ٹھیکری۔ قرض بہت استعمال کی ہوئی قرض۔

پُلپُلا :- (ف) کھوکھلا۔ اندر سے خالی۔ پُپلی۔ (مو) پُلپُلانا۔ منہ میں پوپلوں کی طرح گھلانا۔ صفت۔ پُلپُلاہٹ (مو)

پَلتھی :- (لک۔ مو) پالتی۔ چوکڑی (مارنا کے ساتھ)

پلٹ :- (پیش کے ساتھ) اُلٹ کا تابع مہمل۔ اُلٹ پلٹ۔ اُلٹے پلٹے (زبر کے ساتھ) واپس بلانے کی آواز (عوام) روزمرہ مبالغہ جیسے پلٹ آنا۔ واپس آنا۔ پلٹانا۔ واپس کرنا۔ پلٹ پڑنا۔ ایک طرف سے دوسری طرف ہو جانا۔ کسی پر غصہ کرنا ~ شاد

مجھ کو سنا کے غیر کے اوپر پلٹ پڑو
پلٹو جو گفتگو میں زبان اور کی طرف

پلٹ جانا۔ واپس ہو جانا۔ برگشتہ ہو جانا۔ دگرگوں ہو جانا۔ انکار کر جانا۔ پلٹ چلنا۔ لوٹ چلنا۔ پیٹھ کے نہ دیکھنا۔ خبر نہ لینا۔ متوجہ نہ ہونا۔ پلٹنیوں کو (لک) واپسی میں۔ آپ کی کراچی سے پلٹنیوں کو ملتان میں بھی ہو لینا۔ پلٹے کھانا۔ حالت بدلنا ~

کھائے گردش کی دنیا نے بہت سے پلٹے
آپ پر کوئی بھی عالم کبھی طاری نہ ہوا

پلٹا :- (ف۔ مذ) معاوضہ۔ کفگیر جس سے پوری وغیرہ توے پر پلٹتے ہیں۔ گردش۔ پلٹا کا ہی خلق۔ پلٹا کھانا۔ برگشتہ ہو جانا۔ پلٹی کھانا۔ ایک حال سے دوسرے حال کو پلٹنا۔ سر نیچے پاؤں اوپر ہو جانا ~ ظفر

مت ہنسو دیکھ کے تدبیر کو پلٹی کھاتے
دیر لگتی نہیں تدبیر کو پلٹی کھاتے

پُلٹِس :- (مذ۔ انگ) پلٹری۔ لئی یا السی وغیرہ جو پکا کر مواد پکانے کے لیے پھوڑے پر باندھتے ہیں۔

پَلٹن :- (مو۔ فرنچ سے ماخوذ) پیادہ فوج کا دستہ۔ گروہ ~

تیار رہتی ہیں صف مژگاں کی پلٹنیں
رُخسار یار ہے کہ جزیرہ فرنگ کا
آتش

پَلٹنا :- (ف) اُلٹنا۔ لوٹنا۔ انکار کرنا۔ دیکھو اُلٹنا۔

پِلچنا :- (ف) گتھنا۔ پلٹنا۔ سر ہونا۔ پورا زور لگا دینا۔

پَلڑا :- (ف۔ مذ) ترازو کا پلا۔ دوپلڑی ٹوپی کا ایک حصہ (پَڑلا اور پلّہ)

پلستر :- (مذ۔ انگ سے ماخوذ) کہگل۔ گچکاری۔ لیپ۔ ضماد۔ پلستر بگاڑنا۔ ہیئت بگاڑنا۔ پیتھن نکالنا۔

پَلک :- (ف۔ مو) آنکھ کے بال۔ مژہ۔ دم۔ آن۔ لمحہ۔ ذرا۔ ~

مجھ کو وہ کہتے ہیں دامن جھٹک کر سونے دے
بے ادب چھوڑ دے بس ایک پلک سونے دے
رنگین

پلک پیٹا۔ وہ مریض جو بار بار آنکھ جھپکائے۔ چندھا۔ پلک جھپکانا۔ مژہ کو جنبش دینا۔ سونا۔ پلک جھپکنا۔ مژہ کو جنبش کرنا۔ نہایت قلیل زمانہ ہونا۔ ذرا آنکھ لگنا۔ پلک دریا۔ نہایت سخی۔ پلک سے پلک لگنا (لگانا) سونے کے لیے آنکھیں بند کرنا۔ سونا۔ آرام کرنا ~ ذوق

شام سے حال ہے یہ صبح تلک
نہیں لگتی مری پلک سے پلک

پلک لگنا۔ جھپکی لینا۔ پلک مارنا۔ آنکھ سے اشارہ کرنا۔ پلک مارتے۔ منٹوں میں۔ پلک نواز (بغیر اضا) دم میں نہال کر دینے والا۔ اللہ تعالیٰ کی صفت۔ پلک نہ پسیجنا۔ آنسو نہ آنا۔ رحم نہ آنا ~

تو چشم گریہ اُس سے اے دود آہ مت رکھ
کیا دخل ہے کہیں جو اس کی پلک پسیجے

پلک نہ لگنا۔ نیند نہ آنا۔ انتظار یا اضطراب میں جاگنا۔ پلکوں سے زمین جھاڑنا۔ کمال عقیدت رکھنا۔ نہایت تابعداری کرنا ~

ہمچشموں نے چتون اس کی تاڑی
پلکوں سے زمین بن کی جھاڑی
نسیم

پلکوں سے نمک چننا۔ نمک سر آنکھوں پر چڑھانا۔ پلکیں بچھانا۔ تعظیم کرنا۔ اُردو میں جس شعر کی بنا پر پلک بچھانا لکھا گیا ہے۔ اس میں تصرف محاورہ ہے۔ پلکیں پٹ پٹانا۔ پلکوں کو جلدی جلدی مارنا۔ پلکیں ٹانکنا۔ آنکھیں سی دینا۔ مرغ کے لیے یا شکرے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ پلکیں چڑھنا۔ حد سے زیادہ تکلیف کے موقع پر جب آنسو نہ نکلیں ~ جان صاحب

کیا جو رونا ہی موقوف چڑھ گئیں پلکیں
برستا مینہ نہیں کیونکر نہ ہوں یہ جان خراب

پلکیں کترنا (لک) نظر بد سے بچانے کے لیے (بچوں کی) پلکوں کے بال کترنا ~ رشید

نظر کے خوف سے کتری گئی ہیں وہاں پلکیں
مری رگ رگ سے یاں ٹوٹے ہوئے نشتر نکلتے ہیں

پلکیں گرنا۔ آنکھوں سے بال ٹوٹ ٹوٹ کر گرنا۔ چندھا ہو جانا۔

پَلکا :- (ا) ابلق کبوتر۔ سیاہ و سفید۔ خواہ زرد و سفید۔ خواہ سرخ و سفید۔ خواہ سبز و سفید)

پَمپ: (انگ - مذ) ہوا بھرنے کی پچکاری - پانی کی پچکاری - پانی اٹھانے اور پھینکنے کی کل -

پَمفلٹ: (انگ مذ - پ کا فتحہ اور ل کا کسرہ اس طرح ادا ہو جائے جیسا یائے مجہول سے قبل) چھوٹا سا رسالہ یا کتاب جو عموماً کسی مقصد کی اشاعت کے لیے چھاپا جاتا ہے -

پَمَن گیہوں: - ایک قسم کا مضبوط اور کٹھیا گندم -

پِن: (انگ - مو - پ کا کسرہ اس طرح ادا کیا جائے جیسا یائے معروف سے قبل) گھنڈی دار سوئی - **پِن کرنا** - ٹیپی کرنا (مذ - کسرہ اس طرح ادا کیا جائے جیسا یائے مجہول سے قبل) قلم

پُن: - (ھ - مذ) نیک کام - خیرات (ہندوؤں کا روزمرہ)

پَن: - (ھ) پانی - پان اور پانچ کا مخفف - ایک سابقہ - **پَن بٹّا** - وہ ڈبا جس میں پان رکھتے ہیں - **پَن بھتّا** - کھتّی - اُبلے ہوئے پھیکے چاول - **پَن چکّی** - آٹا پیسنے کی چکّی (جو پانی سے چلے) **پَن چھلا** - دم چھلا - دنبالہ - پتنگ کی دُم - **پچھلگو** - خوشامدی - **پَن ڈبّا** - غوطہ خور - پانی کا بھوت - غوطہ مارنے والی چڑیا کا نام (پن ڈبی - مو) **پَنسال** (مو) پیاو - سبیل **پنسوئی** - چھوٹی کشتی - **پنسیری** - پانچ سیر کا وزن - **پَن کال** - بارش کا قحط - پنیا کال - **پَن کپڑا** - پانی کا بھیگا وہ کپڑا جو زخم پر باندھتے ہیں - **پَن کُٹّی** - وہ چھوٹا ہاون دستہ یا کھرل جس میں پوپلے آدمی پان کوٹ کر کھاتے ہیں - لاحقہ (پنا) مصدر و صفت کے معنے دیتا ہے جیسے بچپنا - پکّاپن - بھولاپن وغیرہ

پَنّا: - (ھ - مذ) ایک ہرے رنگ کا جواہر - املی یا کیری کا گاڑھا شربت - کاغذ کا ورق - جوتے کے اوپر کا چمڑا - ورق کتاب - پتلی اور مستطیل چیز - کپڑے کی چوڑائی -

پَناہ: - (ف - مو) حمایت - سہارا - بچنے کا ٹھکانا - بچاؤ - **پناہ بخدا** - (بغیر اضا) اللہ بچائے - اظہارِ کثرت کے لیے بھی آتا ہے - **پناہ دینا** - حفاظت میں لینا - **پناہ گاہ** - (بغیر اضا) امن کا ٹھکانا - **پناہ گیر** (بغیر اضا) پناہ لینے والا - پناہ جو - **پناہ لینا** - جائے حفاظت میں پہنچنا - **پناہ مانگنا** - کسی سے دُور بھاگنا - دوہائی مانگنا -

پُنبہ: (پنبانف - مذ) روئی - کپاس - **پنبہ بگوش** - بے خبر - بہرا - **پنبہ دانہ** (مذ) بنولا - **پنبہ دوز** - روئی کے کپڑے سینے والا - **پنبہ دہن** - کم سخن - **پنبئی** - روئی دار دوتہہ کا کپڑا -

پَنپنا: (ھ) سرسبز ہونا - بوٹی چڑھنا - ترقی کرنا - تنا غیں نکلنا - بڑھنا - پھلنا پھولنا -

پَنتھ: - (ھ - مذ) راستہ - طریقہ (ایک پنتھ دو کاج) فرقہ - ملت -

پنتھی - مسافر -

پَنتھ ڈھیلے کرنا / پَنتھر بگاڑنا: - مارتے مارتے پلیتھن نکالنا (انگ) حواس پریشان کرنا -

پَنتھی پورنا: - (ھ) آلتی پالتی مار کر بیٹھنا -

پَنج: (ف) پانچ - ایک اوپر چار - **پنجاب** (مذ) متحدہ ہندوستان کا ایک صوبہ جس پانچ دریا ستلج - بیاس - راوی - چناب اور جہلم بہتے تھے - **پنج آیت** (بغیر اضا - مو) قرآن پاک کی سورتیں جو فاتحہ وغیرہ میں پڑھی جاتی ہیں - **پنج تن** (بغیر اضا مذ) اسلام کی پانچ متبرک شخصیتیں - رسول مقبول صلعم - حضرت علی علیہ السلام - حضرت فاطمہ علیہا السلام - حضرت حسن اور حضرت حسین **پنج روزہ** (بغیر اضا) چند روزہ - کوئی دن کا - **پنج شاخہ** (بغیر اضا - مذ) بتّے روشن کرنے کا لوہے کا پنجہ - غیر ضروری اور ضعیف شرط **پنج شنبہ** (بغیر اضا - مذ) جمعرات - **پنج عیب** - (بغیر اضا - مذ) انسان کے پانچ نقص - (دیکھو پنج عیب شرعی) گھوڑے کے پانچ عیب - شتری - کری - شب کور - کہنہ لنگ - منہ زور - **پنج عیب شرعی** چوری - زنا - جوا - شراب - جھوٹ - **پنج گوشہ** - (بغیر اضا) پانچ کونے کا - **پنج گوشیا** (مک) پانچ کونوں والی ٹوپی - جسے شرفائے لکھنؤ پہنتے تھے - **پنج نوبت** (بغیر اضا) وہ پانچ وقتی نوبت جو شاہی عمارات میں بجا کرتی تھی - نیز نماز پنجگانہ

پَنجَر: - (ھ - مذ) پسلی - ڈھانچہ -

پِنجرہ: (ھ - مذ) پرندوں کے رکھنے کا تیلیوں کا گھر - **پنجری** چھوٹا سا پنجرہ -

پَنجُم: - (ف) پانچواں - نیز ایک بٹا پانچ -

پَنجوں کے بل چلنا: - (ا) اترا کر چلنا - زمین پر پاؤں رکھنا

پَنجہ: (ف - مذ) ہاتھ پاؤں کی پانچ انگلیاں - پانچ سے منسوب - لپ مٹھی بھر - جوتے کا اگلا حصہ - ہتھیلی سمیت پانچوں انگلیاں - مہتر کے میلا صاف کرنے کا آلہ - پٹھے کے اوپر کا گوشت - ایک قسم کا گوشت جو حریف کی انگلیوں میں اپنی انگلیاں ڈال کر کیا جاتا ہے - دھات کا ہاتھ جو علم میں لگاتے ہیں - وہ جگہ جہاں کسی بزرگ کے پنجہ کی علامت ہو (جیسے دہلی کا پنجہ شریف) **پنجہ پھیرنا** - ہاتھ پھیرنا - ہاتھ موڑنا - غالب آنا - **پنجہ کرنا** - انگلیوں میں انگلیاں ڈال کر زور کرنا - **پنجہ کش** - پنجہ لڑانے والا - وہ لوہے کا پنجہ جس میں انگلیاں ڈال کر پنجہ کشی کی مشق بڑھاتے ہیں - گوشت خوار پرندہ جیسے باز وغیرہ **پنجہ لے جانا** -

حریف کا پنجہ موڑ دینا - پنجہ مارنا - جھپٹ مارنا - پنجہ موڑنا - پنجہ پھیرنا - پنجی (مو) پنج شاخہ - پنجے جھاڑ کر پیچھے پڑنا - سارے کام چھوڑ کر کسی امر یا شخص کے سر ہو جانا - پنجے جھاڑ کر لپٹنا - بہت مسر ہونا ؎ انشا

زلف میں یک دست شانہ بے ناخن کا ڈر کر
پنجۂ خورشید سے لپٹا ہے اپنے پنجے جھاڑ کر

پنجیری :- (مو) ایک خوراک جو آٹے کو گھی میں بھون کر قوام پکانے سے بنتی ہے -

پنچ :- (مذ) پنچایت میں بیٹھ کر فیصلہ کرنے والا - دو چار آدمی جو جھگڑا چکانے میں حصہ لیں - **پنچایت** (مو) ثالثی - ثالثوں کی جماعت - بے فائدہ ہجوم کرنا - **پنچایت نامہ** - (پنچ نامہ مذ) ثالث مقرر کرنے کی تحریر - پنچوں کا تحریری فیصلہ - **پنچایتی** - پنچایت کی طرف منسوب - ساجھے کا - **پنچایتی سالا** - (مذ) گالی ہے ہر شخص کا سالا - فاحشہ کا بھائی - **پنچایتی فیصلہ یا پنچ فیصلہ** - پنچوں کا کیا ہوا فیصلہ - **پنچ کہیں بلی تو بلی ہی سہی** - جو سب کی رائے ہو اس سے اتفاق کرنا چاہیے - **پنچ مل خدا اور پنچ** - چار آدمیوں کی مرضی سے کام کرنا خدا کی مرضی کے مطابق ہے - **پنچوں کا کہا سر آنکھوں پر پرنالہ یہیں گرے گا** - اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو لاکھ سمجھانے پر بھی ہٹ نہ چھوڑے - کہتے ہیں کہ ایک پڑوسی نے اپنے پڑوسی کے خلاف پنچوں میں فریاد کی کہ اس کے گھر کا پرنالہ ہمارے یہاں گرتا اور ہمارے مکان کو نقصان پہنچاتا ہے - پنچایت نے اس کو سمجھایا اور یہ بھی کہا کہ وہ پرنالہ کا رخ موڑ دے در جو خرچ ہو وہ ہم بھر دیں گے - اس نے یہ کہاوت سب کے جواب میں کہی - جس کو سن کر سب شرمندہ اور غصے میں پلٹ آئے - **پنچوں مل کیجے کاج ہارے جیتے آئے نہ لاج** - جو کام صلاح مشورے سے کیا جاتا ہے اس میں ناکامی پر شماتت ہمسایہ نہیں سننا پڑتی -

پنچال :- (ہ) بیٹھک -

پنچ کرنا :- (ہنگ سے ماخوذ) کا غذوں میں سوراخ کر کے نتھی کرنا -

پنچم :- (ہ - مذ) راگ کے سُروں میں سے پانچواں سُر - بم -

پنچھی :- (ہ مو) پالکی کی پانچویں آواز خواہ وہ باہر یا گھر کی ہو خواہ ندھیری پاکھ ہو (دیکھو پاکھ)

پنچھی :- (ہ - مذ) پنچھی - پرندہ

پند :- (ف - مذ) نصیحت - نیک مشورہ -

پندار :- (ف - مذ) خیال - غرور - تکبر - تصور ؎

سرکشی کرتا ہے کیا کیا اپنی ہستی پر حباب
دیکھنا اک دم میں یہ پندار کیا تھا کیا ہوا

پندرہ :- (ہ) دس اور پانچ کم - بیس سے پانچ کم -

پنڈ :- (مذ) آٹے کی گھڑی - جسم - گول چیز - گولہ - ٹکڑا - **پنڈ چھٹنا** - پیچھا چھٹنا - **پنڈ چھڑانا** - پیچھا چھڑانا - **پنڈ چھوڑنا** - پیچھا چھوڑنا - **پنڈ روگ** (مذ) جلدی امراض جیسے امراض (دق وغیرہ) **پنڈ کھجور** (مو) ترکھجور - رطب

پنڈا :- (ہ - مذ) بڑی گٹھڑی - تمباکو کا پنڈا - ڈورے کا گولہ - ایک جسم - عورت کا اندام نہانی - سر کو چھوڑ کر باقی جسم - **پنڈا اچھوتا ہونا** - باعصمت - باکرہ ہونا ؎ امیر

کہ شوق سے کہتی ہے یہ عصمت اس کی
کہ اچھوتا مرا پنڈا ہے نہ چھو تو اس کو

پنڈا پھیکا ہونا - جلد بخار ہونا - کسل مند ہونا ؎ شوق

کچھ عجب حال میرے جی کا ہے
دیکھو پنڈا ابھی سے پھیکا ہے

پنڈا جلنا - بخار ہونا - بخار کا تیز ہونا - **پنڈا دھونا** - غسل کرنا - ایک اسر چھوڑ کر سر کی طرح سے نہانا - **پنڈ دھلانا** - نہلانا - **پنڈا کورا ہونا** - باکرہ ہونا ؎ تعشق

ہے یہ انواہی اس کو ڈر کیا ہے
تو نہ جا تیرا کورا پنڈا ہے

پنڈا :- (ہ - مذ) ہندو کا مجاور - پروہت - برہمنوں کی ایک قوم -

پنڈارا :- (ہ - مذ) مرہٹہ - غارت گر - ڈکیت - ٹھگوں کی ایک قوم -

پنڈال :- (ہ - مذ) بڑا سا شامیانہ جس کے نیچے چاروں طرف تنبو لگا کر گھیر دیتے ہیں اور جو بڑے جلسوں کے لیے بنایا جاتا ہے -

پنڈت :- (ہ - مذ) ہندوؤں کا مذہبی عالم - پڑھے لکھے شخص کی ہندوؤں کا ایک تعظیمی خطاب - جوتشی - پروہت - مندر کا مجاور - **پنڈتائن** (مو) پنڈت کی بیوی - **پنڈتائی** (مو) پنڈت کا پیشہ -

پنڈخی :- ایک قسم کی فاختہ

پنڈک :- ایک قسم کی فاختہ -

پنڈول :- بلال اور ڈول (محسن مونث لکھتے ہیں) (دل - مذ ہ)

ایک سفید مٹی جسے دیواروں پر لیپتے ہیں اور پانی پڑنے سے خوشبو دیتی ہے۔ شاید اسی کو فارسی میں "گِلِ حمام" کہتے ہیں۔

پنڈولم:۔ (پِنڈُلم) (مذ) کلاک۔ گھڑی کی لٹکن۔

پنڈلی:۔ (ہ۔ مو) ساق۔ ٹانگ کا وہ حصہ جو ٹخنے اور گھٹنے کے بیچ میں ہے۔

پینس:۔ (ا۔ مو) پالکی۔ دیکھو پالکی ؎ بحر

پینس جو ان کی ہی سڑک پر تڑپ گئی اپنی جان مضطر
ہوئے بیخود کہ نام لے کر بلا تامل پکار اُٹھے

پنس:۔ (انگ۔ مذ۔ پ کا فتحہ اس طرح ادا کیا جائے جیسا یائے مجہول سے قبل) ولایت کا ایک سکہ جو تقریباً ہمارے ایک آنے کے برابر ہوتا ہے۔

پنسارہٹا:۔ (ہ۔ مذ) پنساری کا سودا۔ پنساری کی دکان۔ پنساریوں کا بازار۔ **پنساری**۔ پنسارے کا سامان بیچنے والا۔

پنسل:۔ (انگ۔ مو۔ پ کا کسرہ اس طرح ادا کیا جائے۔ جیسا یائے مجہول سے قبل) سُرمے کا قلم جس سے لکیریں کھینچتے ہیں اور مسودہ لکھتے ہیں۔

پنشن:۔ (انگ۔ مو۔ پ کا فتحہ اس طرح ادا کیا جائے۔ جیسا یائے مجہول سے قبل ہوتا ہے) وہ تنخواہ کا جزو جو ملازمت ختم ہونے کے بعد بڑھاپے میں گھر بیٹھے دیا جاتا ہے۔ **پنشنر**۔ وہ شخص جس کی پنشن ہو گئی ہو۔

پنکھ:۔ (مذ) پرندوں کے بازو۔ پر۔ **پنکھ پسارنا**۔ پر پھیلانا۔ دوپٹے کو یا چادر کو اس طرح اوڑھنا کہ ایک دامن لٹکتا رہے۔

پنکھا:۔ (مذ) بادکش۔ بادزن۔ ہوا کرنے کا آلہ (ہاتھ کا ہو۔ چھت کا یا بجلی کا) **پنکھا جھلنا۔ کرنا**۔ ہلانا۔ بادزن کو حرکت دینا۔ **پنکھا چلانا**۔ بجلی کے پنکھے کا سوئچ دبانا۔ **پنکھا چلنا**۔ بجلی کے پنکھے کا گھومنا۔ **پنکھا کھینچنا**۔ چھت کے فرشی پنکھے کی ڈوری کو حرکت دینا ؎ سحر

اُن کی خدمت میں شب وصل گزاری ہم نے
پنچی کرتے کبھی بیٹھے کبھی پنکھا کھینچا

پنکھیا (مو) چھوٹا پنکھا (لک۔ ہ) ایک چھوٹا پنکھا جو چراغوں پر گرتا ہے۔ **پنکھے لگ جانا**۔ دل دھڑکنا۔ دل کا بیتاب و بیقرار ہونا ؎ تسنیم

دیکھا ہے شب جو خواب میں اک گلعذار کو
پنکھے لگے ہوئے ہیں دل بے قرار کو

پنکھڑی:۔ (ہ۔ مو) پھول کی پتی ؎ میر

نازکی اُس کے لب کی مت پوچھو
پنکھڑی اِک گلاب کی سی ہے

پنکی:۔ (ا) افیم کے نشے میں جھونٹے کھانے والا بست اور کاہل۔ نیز جراثیم کش دوا کا نام۔

پنگا:۔ (ہ) وہ شخص جس کے پاؤں میں لنگی ہو۔ پاؤں پھرا۔

پنگل:۔ (س) ہندی علم عروض۔

پنگوڑا:۔ (ہ۔ مذ) گہوارہ۔ جھولا۔

پنگھٹ:۔ (ہ۔ مذ) پانی بھرنے کا گھاٹ۔

پُننا:۔ (ہ) برا بھلا کہنا۔ بڑوں کے عیب ظاہر کرنا۔ بکھان کرنا۔ پنوانا متعدی۔

پننا:۔ (ہ) روئی اوٹنا۔ دُھنا۔ پنوانا۔ متعدی

پنواڑا:۔ (ہ۔ مذ۔ لک۔ عو) لمبا قصہ۔ طولانی بات۔ "اُنھوں نے ایک پنواڑا کہہ کر میرے سامنے بیوی کو سمجھا دیا"

پنواڑی:۔ (ہ۔ مذ۔ دلی) پان بیچنے والا (عام) وہ جگہ جہاں پان پیدا ہوتے ہیں۔

پنھانا:۔ کپڑا جسم میں ڈالنا۔ زیور پہنانا۔ اصلی لفظ پہنانا ہے مگر شعراء نے اس طرح بھی نظم کیا ہے ؎ دبیر

پھر ننھا سا کرتہ علی اصغر کو پنھایا
شانہ بھی کیا آنکھوں میں سُرمہ بھی لگایا

پنہانا:۔ (ہ) تھنوں کو دودھ دوہنے کے لیے پانی لگانا۔

پنھیارا:۔ (ہ۔ مذ) پانی بھرنے والا (مو) **پنھیاری**۔

پنی:۔ (ہ۔ مو) رانگ یا پیتل کا پتلا ورق۔ چاندی یا رنگ کے پالش کا ٹکڑا یا کاغذ۔ (ایک قسم کا گھاس (پتا کا مو)

پنیا:۔ (ہ) پانی کا رہنے والا (پنیا سانپ) **پنیا سوت**۔ وہ تالاب جس میں سوت سے پانی آتا ہو۔ **پنیانا**۔ رسنے کے قابل ہونا۔ پانی پڑجانا۔ پانی چھوڑ دینا۔ آب پاشی کرنا۔

پنیر:۔ (ف۔ مذ) ایک نمکین خورا ک جو ٹکڑے ہوئے دودھ یا دودھ پھاڑ کر اسے جمانے سے بنتی ہے۔ **پنیر جمانا**۔ قالب میں پنیر کو رکھ کر ٹکیہ بنانا۔ اپنا حق یا دعویٰ جمانا۔ **پنیر چٹانا**۔ بیٹے کو پنیر کھلا کر مانوس کرنا۔ خوشامد کرنا۔ **پنیر کے ساتھ خشکہ** ... کیا پی راو لو۔ اپنا کام کرو۔ **پنیر مایہ**۔ جما ہوا دودھ جو حیوان کے

پوچھا پاچھی۔ (مو) تفتیش۔ خال دکھانا۔

پوچھن:۔ (پوں چھن) ۔ مذ۔ لک۔ پوچھن) بقیہ۔ بچا کھچا جو برتن پوچھنے سے نکلے (مو) نجاست یا میل کچیل پوچھنے کا پھیچڑا۔ صفائی۔

پوچھنا:۔ ہ دریافت کرنا۔ چھان بین کرنا۔ سوال کرنا ؎
پوچھا کہ سبب کیا قسمت (نسیم) پوچھا کہ طلب کیا قناعت
خیر و عافیت معلوم کرنا۔ قدر و منزلت معلوم کرنا ؎
کون پوچھے ہے تجھے میری قضا بعد مرے
کس کے پہلو میں تو بیٹھے گی سوا بعد مرے
توجہ و التفات کرنا۔ خبر گیری کرنا۔ بلانا۔ اجازت لینا۔ مشورہ لینا۔ سوال کرنا۔ بازپرس کرنا ؎ امیر
دل سی شے لے کے اب تو نکلے ہیں
پوچھ لے گا کوئی کہیں نہ کہیں

پوچھنا گچھنا ۔ دونوں تابع مہمل۔ پوچھنے والا۔ خبر گیرا۔ پاچھنا

پوچھو دن کی کہے رات کی۔ زمین کی کہے آسمان کی:۔ بے تکی باتیں کرنے والا۔ گھبرایا ہوا۔ سوال کچھ ہو جواب کچھ سے عالم
ایسے لوگوں سے کیا کرے کوئی بات
پوچھیے دن کی تو بتائیں رات
؎ شاد
اُف یہ دل ہے یاد میں اس لامکاں کی
پوچھو زمین کی تو میں کہوں آسمان کی

پوچھوانا۔ (پچھوانا) متعدی المتعدی۔

پود:۔ (ہ۔ مو) (بوم) ۔ بوٹے جو ایک جگہ کثیر تعداد میں بوئے گئے ہوں کر اُگنے پر اُکھاڑ کر دوسری جگہ پھیلا کر لگائے جائیں۔ اولاد کثیر ذریات۔ جیسے نئی پود۔ پود جمانا یا لگانا۔ ایک جگہ سے چھوٹے چھوٹے پودے اُکھاڑ کر دوسری جگہ لگانا۔

پودا:۔ (مذ) نیا پیڑ۔ پود سے بڑا ہوتا ہے۔ پودا لگانا چھوٹا پیڑ ایک جگہ سے اُکھاڑ کر دوسری جگہ لگانا۔

پودنا:۔ (مذ۔ ہ) ایک چھوٹا سا پرند جو پدڑی سے مشابہ ہوتا ہے۔ پودنا سا۔ چھوٹا سا۔

پودینہ:۔ (مذ) ایک قسم کی تیز خوشبودار سبزی جسے چٹنی وغیرہ میں ڈالتے ہیں۔

پوڈر:۔ (انگ۔ مذ) بُرادہ۔ سفوف۔ منہ پر ملنے کا خوشبودار سفیدہ۔

پور:۔ اُنگلی کا جوڑ۔ گنے یا بانس کی گرہ۔ پور پور۔ اُنگلی کی ہر ایک پور ؎ ظفر
کرتا ہے بند بند جدا اپنے خشک گر اس لب شکر کی یاد ظفر پور پور کو

پور:۔ (لاحقہ) شہروں اور مقامات کے بنانے کا لاحقہ جیسے خیر پور۔ کیمبل پور۔

پورا:۔ (ہ۔ مذ) سرکنڈے کا ٹکڑا۔ ایک گرہ سے دوسری گرہ تک۔ گول لکڑی کا ٹکڑا جسے بچے ڈھلوان جگہ پر لڑھکا کر کھیلتے ہیں۔

پورا:۔ (ہ) کامل۔ مکمل۔ ٹھیک۔ کل۔ لبالب۔ تجربہ کار۔ بالغ۔ پکا۔ کافی۔ وفادار ؎ نظیر
پورے ہیں وہی مرد جو ہر حال میں خوش ہیں
(اسم مذ) برتا۔ بل۔ وسیلہ ؎ مومن
کچھ جینے کا بھی دیکھ لے آہ ٹھکانا
کس پورے پہ تو لیتی ہے تاثیر دعا قرض
پورا اُترنا۔ تول میں کامل ہونا۔ آزمائش میں کامیاب ہونا۔ پورا پڑنا۔ کافی ہونا۔ فراغت سے گزرنا۔ پورا ڈالنا۔ انجام کو پہنچانا۔ نباہنا۔ گزارہ کرنا۔ پورا ہونا۔ کامل ہونا۔ ٹھیک اترنا۔ اُمید بر آنا۔ مر جانا۔ ہو چکنا۔

پورب:۔ (ہ۔ مذ) مشرق۔ سورج نکلنے کی سمت۔ پوربی۔ مشرقی حصہ کا رہنے والا۔ ایک راگنی جو قبل از مغرب گائی جاتی ہے۔ پوربیا۔ (و دبا کر پڑھی جائے) پورب کا باشندہ۔

پورٹ:۔ (انگ۔ مذ) بندرگاہ۔ جہاز کا اسٹیشن۔ پورٹ ٹرسٹ۔ (مذ) بندرگاہوں کے انتظام کی مجلس۔

پورٹ وائن:۔ (انگ۔ مو) ایک قسم کی شراب۔

پورٹر:۔ (انگ۔ مذ) مزدور۔ قلی۔

پورن:۔ (ہ۔ مو) بھرپور۔ کامل۔ سارا۔ پورا۔ پورن ماشی۔ چاند پورا نظر آنے کی تاریخ۔ چاند کے بیٹھنے کی چودہویں تاریخ۔

پوروا:۔ (ہ) پورب کی مشرقی ہوا۔ پروا۔

پورہ:۔ (و پڑھنے میں نہیں آتی) بستی کے نام کے بعد آبادی کے معنی میں آتا ہے جیسے مغل پورہ۔ دھرم پورہ۔

پوری:۔ (ہ۔ مو) سرکنڈے۔ بانس یا گنے کا وہ حصہ جو دو گرہوں کے درمیان ہوتا ہے۔

پوری:۔ (ہ۔ مو) تلی ہوئی ٹکیا۔ نیز پورا کی تانیث۔ تمام۔ سب۔ پوری پڑنا۔ پوری ڈالنا۔ دیکھو پورا پڑنا۔ پورا ڈالنا۔ پوری نہ پڑنا۔ گزارہ نہ ہونا۔ کافی نہ ہونا۔ پورے دن۔ حمل کا آخری مہینہ۔ ولادت کے دن قریب آنا۔

پوڑا:۔ (ہ۔ مذ) گلگلا۔

پُونگا : (ہ - مذ) سیب کا ٹکڑا۔

پُونگا : (ہ - مذ) بانس کی پوری نلی۔ پاؤں کی نلی۔ موٹا بانس جیسے لاٹھی پونگا۔

پُونگی : (ہ - مو) ایک تونبے کا باجہ جسے اکثر سپیرے منہ سے بجاتے پھرا کرتے ہیں۔

پُونی : (ہ - مو) روئی کی بتی جو کاتنے کے لیے پتلی سلائی پر بنائی جاتی ہے۔

پُوِیا : (ہ - مذ) گھوڑے کی چال تیز سرپٹ۔ پوئیوں جانا - سرپٹ جانا - تیز دوڑتی جانا۔

پہ : (ہ - حرف) پر کا مخفف یعنی - مگر - اوپر - پر۔

پہاڑ : (ہ - مذ) پربت پتھر کا لمبا چوڑا اور اونچا ٹیلا - بڑا لمبا - دوبھر - دشوار ؎ دبیر

باقی ہے تو، تو گلشن ہستی اُجاڑ ہے
گر کوہ ہے تو جان بچانا پہاڑ ہے

پہاڑ اٹھانا - اہم کام کرنا - پہاڑ ٹالنا - مصیبت دور کرنا۔ ؎ شوق

کس میں دم تھا بچا لاتا کون
پانی کا پہاڑ ٹالتا کون

پہاڑ ٹلنا - لازم - مصیبت دور ہونا - پہاڑ کا اپنی جگہ سے ہٹنا۔ ؎

ہزار سر مرے پائے ثبات پر صدقے
اگر پہاڑ بھی ہوتے تو آج ٹل جاتے

پہاڑ ٹوٹ پڑنا - ناگہانی بلا - مصیبت آ پڑنا ؎ داغ

غم کا پہاڑ ٹوٹ پڑا میری جان پر
لیکن نہ حرف شکایت زبان پر

پہاڑ ڈھانا - مصیبت ڈھانا ؎ بحر

فلک کے وہ پہاڑ ڈھائے لاکھ ستم کرے ستائے
شکوہ زبان پہ نہ لائے بحر وہ بردبار ہے

پہاڑ ٹوٹنا / ٹوٹ پڑنا : سخت مصیبت نازل ہونا - پہاڑ ساون (مذ) بہت بڑا دن - گرمی کا دن - روز مصیبت ؎ قدسی

شب فراق تو جوں توں کٹی بنالہ و آہ
یہ دن پہاڑ سا کیونکر کٹے مرے اللہ

پہاڑ سے ٹکر لینا - زبردست سے مقابلہ کرنا - پہاڑ سی راتیں (مو) شادی کی راتیں - مصیبت کی راتیں - ہجر کی راتیں ؎ سجاد

کس طرح کوئی ہے گذریں گی
ہجر کی یہ پہاڑ سی راتیں

پہاڑ کاٹنا - دشوار کام کرنا - مصیبت ٹالنا - پہاڑ کو کھودنا۔

پہاڑ کا دامن - (مذ) ترائی - پہاڑ کے نیچے کا میدان - پہاڑ کٹنا - مشکل حل ہونا - مصیبت دور ہونا ؎ جلال

کیا کہیے کیونکر اس شب غم کو کیا بسر
کس طرح یہ پہاڑ کٹا کچھ نہ پوچھیے

پہاڑ کے تلے دبنا / نیچے دب جانا : ذمے داری برداشت کرنا - مجبور ہونا - جب اونٹ پہاڑ تلے دبتا ہے تو سارا بلبلانا نکل جاتا ہے ؎

اُٹھو کے ناز اپنے جب چھیڑ چھاڑ کی
ہم ناتواں دب گئے نیچے پہاڑ کے

پہاڑ کے پتھر ڈھونا - بہت زحمت اٹھانا - پہاڑ کی چوٹی (مو) پہاڑ کا سب سے اوپر کا حصہ - پہاڑ کی ڈانک - (مو) سلسلہ کوہ پہاڑ کی گھاٹی (مو) پہاڑ کی دو دیواروں کے درمیان راستہ - درہ - پہاڑ گرنا - اچانک مصیبت آنا - پہاڑ گزرنا - (جیسے) معلوم ہونا - دوبھر ہونا ؎ حکمت

ہر گھڑی گزرے ہے کیا اے سنگ دل تجھ بن پہاڑ
آہ کے گھٹنے سے بھی کٹتا نہیں یہ دن پہاڑ

پہاڑ والی (مو) ماتا - چیچک - پہاڑ ہو جانا / پہاڑ ہونا - دشوار ہو جانا یا ہونا۔

پَہاڑا : (ہ - مذ) ایک سے بیس تک کے ضرب دیے والے وہ عدد جو بچوں کو زبانی یاد کرا دیے جاتے ہیں۔

پَہاڑوا : (ہ) بچوں کے ایک کھیل کا نام جسے "آنی پانی" بھی کہتے ہیں۔

پَہاڑی : (ہ) پہاڑ کا رہنے والا - پہاڑ سے منسوب (مو) چھوٹا پہاڑ - ٹیلا - پہاڑی کوا - ایک طرح کا کوا جو نہایت سیاہ ہوتا ہے - اس کے گلے پر بھی سیاہی کا طوق نہیں ہوتا - پہاڑیا - ایک نیپالی - پہرہ دینے والا - پہاڑیا کا سپاہی - پہاڑیے میت کس کے بھات کھایا اور چلے - اس شخص کے لیے بولتے ہیں جو اپنا مطلب پورا ہوتے ہی چلتا بنے۔

پَہَر : (ہ - مذ) دن کا چوتھا حصہ - گھڑی ۳ گھنٹے۔

پَہرا : (ہ - مذ) حفاظت - چوکی - نگہبانی ؎ نسیم

دروازوں پہ دیووں کا تھا پہرہ
بچو کے خبر وہ تھی نہ تھا کھڑا

پہرے دار - سنتری (جیسے پہرا بدلا ہے) سپاہیوں کا - پہرا بدلنا - سپاہیوں کی ڈیوٹی بدلنا - پہرا اٹھانا - ... سخت نگرانی کرنا - پہرا بیٹھنا - تعینات ہونا - ... کا پہرا لگ جانا - پہرا دینا - حفاظت کرنا - چوکسی کرنا - پہرے دار - سنتری - چوکیدار - پاسبان - پہرے میں دینا - حراست میں

پھاٹک دار - قید خانے یا حوالات کا نگہبان۔

پھُار :- (پھُوآر - ہ - مو - نک) چھوٹی چھوٹی بُوندیں - ترشح (پڑنا)

پھاڑ کھانا :- (ہ) کاٹ کھانا۔ بھنبھوڑ لینا۔ خستہ کرنا۔ پھاڑ کھانے کو دوڑنا۔ کاٹنے کو دوڑنا۔ نہایت جھلانا۔ پھاڑ کھاؤ - درندہ۔ پھاڑ کھانے والا۔ غضیل۔ جلاد۔

پھاڑنا :- (ہ) چیرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ شق کرنا۔ بھنبھوڑنا۔ چاک کرنا۔ بیونتنا۔ کسی عرق یا دودھ وغیرہ کا پانی سے کسی لاگ کا جدا کرنا۔ پھیلانا (مُنہ پھاڑنا) ناراض کرنا۔ فرق ڈالنا (دل پھاڑنا) پھاڑے کھانا - بہت زیادہ وحشت زدہ ہونا ؎ قلق لکھنوی

بے یار پھاڑے کھایا کیا گھر تمام رات
ہر دم رہا نگاہ میں اژدر تمام رات

پھاگ :- (ہ - مذ) پھولی۔ ہولی کے کھیل تماشے - رنگ گلال۔ عبیر وغیرہ۔ اڑانے کا کھیل ؎ ناسخ

اشک خونیں رنگ نالہ راگ ہے
واہ کیا خوش رنگ اب کا پھاگ ہے

پھاگ کھیلنا - ہولی کھیلنا۔ عیش اُڑانا۔

پھاگُن :- (ہ - مذ) ہندی سال کا گیارھواں مہینہ۔ جس میں گرمی کی آمد شروع ہوتی ہے

پھال / پھالی :- (ہ - مو) ہل میں لگانے کا نوک دار آلہ جو زمین کھود کر اُلٹتا ہے۔

پھاندنا :- ہ جست کرنا۔ چھلانگ مارنا۔ اُلانگنا۔

پھاندی :- (ہ - مو) گنّوں کا بوجھ - گٹھا۔

پھانس :- (ہ - مو) لکڑی کا ریشہ یا بانس یا بان وغیرہ کا کانٹا۔ جو جسم میں گڑ کر ٹوٹ جائے - بچے ہوئے سخت گھی کا ناخن میں گھس جانا - پھانس چبھنا۔ لگنا - لکڑی۔ بانس یا بان کا ریشہ جسم میں گڑ جانا۔ ہر وقت آزار کی خلش ہونا۔ پھانس کھٹکنا۔ پھانس کا تکلیف دینا۔ دل میں دشمنی کا بے چین کرنا۔ پھانس نکالنا۔ جسم سے ہڈی وغیرہ کے چبھے ہوئے ریشے کو باہر لانا۔ خلش دُور کرنا۔ پھانس نکلنا - جسم سے لکڑی وغیرہ کا چبھا ہوا ریشہ نکلنا خلش دُور ہونا ؎ رند

اب اس حزہ کا دل سے خلش دُور ہوگیا
وہ پھانس جو دل میں چبھی تھی نکل گئی

پھانسنا :- گرفتار کرنا۔ گھیرنا - فریب میں لانا - کنویں میں ڈال ڈالنا - قابو میں لانا۔ بس میں کرنا ؎ شوق

دِل ملایا کہیں - کہیں توڑا
ایک کو پھانسا ایک کو جوڑا

پھانس لانا / لینا - دھوکے سے لے آنا۔ گھیر لانا۔ پکڑ کر لے آنا۔

پھانسی :- (مو) پھندا۔ موت کی سزا جو پھندے سے آدمی کا گلا گھونٹ کر دی جاتی ہے - وہ گڑا ہوا ستون وغیرہ جس پر چڑھ کر آدمی کے گلے میں پھندا ڈالتے ہیں اور لٹکا دیتے ہیں۔ پھانسی پانا - پھندے کے ذریعے سزائے موت پانا۔ پھانسی دینا - پھندے کے ذریعے سزائے موت دینا۔ پھانسی کھڑی کرنا - سزا کے لیے پھانسی تیار ہونا۔ پھانسی کی ٹکٹکی۔ لکڑی کا وہ کھمبا جس پر پھانسی دینے کا پھندا لگا ہوتا ہے۔ پھانسی لگنا - ہونا - پھندا لگنا۔ سزائے موت ملنا۔

پھانک :- (ہ - مو) قاش۔ پھل وغیرہ کا تراشا ہوا ٹکڑا۔ سنگترے وغیرہ کا قدرتی ٹکڑا (پھانکی) عوام کا روزمرہ۔

پھانکنا :- (ہ) سفوف وغیرہ کو ہتھیلی پر رکھ کر پھنکی لگانا۔ بہت دُور پیدل چلنا (میلوں خاک پھانکتے ہوئے یہاں پہنچے ہیں)

پھاوڑا :- (ہ - مذ) مٹی کھودنے کا اوزار۔ کستی۔ بیلچہ - پھاوڑا بجانا - مکان ڈھانا۔ پھاوڑا سے دانت - لمبے لمبے بدنما دانت۔ پھاوڑی (مو) چھوٹا پھاوڑا۔ ڈنڈ پیلتے وقت ہاتھ رکھنے کی لکڑی۔ لید وغیرہ ہٹانے کی لکڑی۔ جس میں آگے تختہ لگا ہوتا ہے۔ بیساکھی۔ پھاوڑے کے نام گل صفا نہیں جانتے - جاہل مطلق ہیں۔

پھاہا / پھایا :- (ہ - مذ) وہ گول کٹا ہوا کپڑا جس پر مرہم لگا کر زخم پر چپکاتے ہیں -

پھَبتا :- (ہ) موزوں - مناسب - زیب۔ پھبتی (مو) ایسی بات جو کسی پر پھب کر رہ جائے۔ جچتی ہوئی بات - ہنسی کی بات جو کسی پر چپکتی ہو۔ مزاحیہ تشبیہ استعارہ ؎ آتش

روئے گل پر دیکھ کر شبنم کو کہتا ہے وہ گل
کیا ہی پھبتی ہے یہ کیڑا لگ گیا بات میں

پھبتی اڑانا - ہنسی اڑانا۔ پھبتی سوجھنا - تضحیک اور برمحل طنزیہ بات یا تشبیہ سمجھ میں آنا ؎ رشک

صاف تنویر و صفا سے یہی پھبتی سوجھی
چشم عالم ہیں وہ آئینہ گزا تو دونوں

پھبتی ہونا - مکمل تشبیہ ہونا۔ تشبیہ کا برمحل جم جانا - وجہ شبہ کا بالکل صحیح ہونا ؎ رشک

گھر کی چھت بجر میں جو اک آئینہ ہے اے گل تر
پھبتی اس پر یہ ہوئی ہے کہ ہے دریا اُلٹا

پھبتی کہنا - کسی پر چپکتی ہوئی بات کہہ کر ہنسی اڑانا۔ ؎

پھسکنا: (ہ) غلے وغیرہ کو چھاج سے صاف کر۔ جا نکلنا۔ مانوس ہونا۔ حاضر ہونا۔ ؎ سودا

سوپ سی داڑھی لگا کر شیخ جی
گر اوقات آ پھسکتے ہیں یہاں

آمد و رفت کرنا۔ جھونکے سے ہوا آنا۔ ؎ سحر

ہر ایک جیال کا دامن صبا پھسکتی ہے
کبھی ادھر جو میری خاک جا پھسکتی ہے

پھسکی: (ہ۔ مو) وہ گانٹھیں جو کسی خشک چیز کو گھولنے میں پڑ جاتی ہیں۔ خون یا پیپ کا دھبا جو کھنکھار یا ابابت کے ساتھ آتا ہے۔ ایک قسم کی چھوٹی چڑیا۔

پھسکی: (ہ۔ مو) چڑی ماروں کا ٹوکرے کی طرح بنا ہوا پنجرا۔ جس میں وہ چڑیاں پکڑ پکڑ کر بند کرتے ہیں۔ کھٹکا جو میوہ دار درختوں میں پرندوں کو اڑانے کے لیے باندھ دیتے ہیں۔

پھٹنا: (ہ) شق ہونا۔ شگافتہ ہونا (زمین پھٹ گئی) ٹکڑے ہونا۔ (کپڑے پھٹ گئے) تڑخنا (پاؤں پھٹ گئے) اجڑنا جدا ہونا (دل پھٹ گیا) بیزار ہونا (دل پھٹ گیا)

پھٹی پھٹی باتیں (مو) بے جوڑ باتیں۔ بھاری آواز۔ جاگتے۔
پھٹی ہوئی آواز: گلشنہ چھوٹنے یا زیادہ چیخنے میں بے قابو آواز۔ ملال ظاہر ہو۔ **پھٹے پھٹے دیدے** - (مذ۔ ک) وہ آنکھیں جن کے کونے چوڑے ہوں۔ خواہ کسی زخم سے یا پیدائشی ؎ سحر

کہاں یہ آنکھ کہاں وہ پھٹے پھٹے دیدے
ہرن چکارہ ہے کیا رتبہ جانور کے لیے

پھٹے حالوں (سے) غربت و مفلسی میں ؎ شاد

لعل گدڑی کا مثالِ گل پھٹے حالوں میں ہوں

؎ منیر

بوسیدہ ہو گئی میں لنگیاں جب سے
پھرتی ہے بر شکل پھٹے حالوں سے

پھٹے میں پاؤں اڑانا / دینا - بے وجہ دخل دینا۔ دوسرے کے کام میں ہاتھ ڈالنا۔

پھٹیل: (ہ) فرد۔ اکیلا۔ تنہا (جیسے غیر شادی شدہ کو کہیں۔ پھٹیل آدمی ہے)

پھد پھدانا: (ہ) بہت سے دانوں کا دفعتہ نکل آنا۔ درخت میں کثرت سے شاخیں پھوٹنا۔

پھدلک: جوش آبال کے بعد کسی چیز کا کسی قدر پکنا۔

پھدکنا: (ہ) مینڈک کی طرح اچھلنا۔ جست بھرنا۔ لپ لپانا۔

پھدکی: (ہ۔ مو) ایودنے کی مانند ایک چڑیا جو درختوں میں پھدکتی پھرتی ہے۔ پھدکی مارنا۔ جست مارنا۔ چھلانگ مارنا۔

پھڈا: (ہ) وہ شخص جس کے دونوں پیروں میں کجی ہو اور چلتے وقت آڑے ترچھے پاؤں رکھے۔

پھڈی: (ہ۔ مو) وہ جوتا جس میں ایڑی نہ ہو۔ وہ جوتا جس کی ایڑیاں دبا دی گئی ہوں۔

پھر: (ہ۔ مو) پرندے اور بارود کے اڑنے کی آواز۔ پھر سے اڑ جانا۔ تیزی سے اڑ جانا۔

پھر: (ہ) دوبارہ۔ اس کے بعد۔ تب۔ تو۔ مکرر۔ ضرور۔ پھرے گھوڑے نہیں سے۔ اس آدمی کی نسبت بولتے ہیں جو بات کہتے ہی مکر جائے۔ **پھر بیٹھنا**۔ مخالفت ہو جانا۔ **پھر پڑنا**۔ غصہ میں کسی طرف روئے سخن کرنا ؎ رشک

لطف غرام و الفت ماہ آڑے آ گئی
کب کے نہیں تو پھر پڑے ہوتے چکور پر

پھر سے - دوبارہ - از سر نو - **پھر پھر کے** بار بار پلٹ پلٹ کر (دیکھنا کے ساتھ بھی استعمال ہوتا ہے اور بڑے لطیف معنی پیدا کرتا ہے۔ ؎ سحر

سب ہیں کوٹھے پہ شب ماہ میں اک یار نہیں
آج پھر پھر کے نہیں دیکھے جانے والے

؎ قدر

دیکھتا رہتا ہوں پھر پھر کے ہوا گلشن کی
پتا کھڑکا تو میں سمجھا کہ وہ آیا صیاد

؎ آتش

نکلتی کس طرح ہے جان مضطر دیکھتے جاؤ
ہمارے پاس سے جاؤ تو پھر کر دیکھتے جاؤ

پھر کہو - تنبیہ کے موقع پر۔ یعنی دیکھو تو کیا ہوتا ہے۔ مکرر کہو مت

کرتے تو ہو سوال امیر اس سے حشر میں
اور اس کو گر جواب نہ آیا تو پھر کہو؟

پھر نہ دیکھنا بے پروائی ظاہر کرنا / بیزاری ؎ آتش

جاتے ہیں کوئے یار سے ہم لیے ہو کے تنگ
کعبہ بھی ہو تو پھر کے نہ اک بار دیکھیے

واپس نہ آنا - میاں جیا دن سے نا ہو رہے۔ پھر کر گھر کی صورت بھی نہ دیکھی (مرآۃ العروس)

پھر مانگو: [illegible] ہیں آگے جو دو۔ برکت ہے۔ موجود نہیں ؎ نسیم

[illegible]

پھراٹا: (ہ) [illegible] اڑنے کی آواز۔

پھرانا: (ہ) [illegible]

پُھس پُھسا: (ا) پھوس کی مانند۔ نرم۔ ڈھیلا۔ کمزور۔ بودا۔ بے مزہ (جیسے پھس پھسا مضمون) پھس پھسا کر بیٹھ جانا۔ کچھ دیوار وغیرہ کا سیم کے اثر سے گر جانا۔ پھس پھسانا۔ کانا پھوسی کرنا۔

پِھسَڈّی: (ا) پیچھے رہا ہوا۔ کٹھسیل (میری کی ضد)

پُھسَر پُھسَر: (ا۔ مو) کھسر پھسر۔ چپکے چپکے باتیں کرنا۔

پھسکڑا مار کر بیٹھنا: بدتمیزی سے زمین پر آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔

پُھسکی: (ا۔ مو) گوز بے صدا۔

پِھسلانا: (ف) پھسلنا کا متعدی۔

پُھسلانا: (ف) بہلانا۔ بہکانا۔ بتا دینا۔ ترغیب دینا۔ پھسلاوا۔ دم بتا۔ فریب۔ دھوکا۔ بہکاوا۔ بہلاوا۔

پِھسلن: (ف۔ مو) لغزش۔ رپٹن۔ رپٹنی زمین۔

پِھسلنا: (ف) رپٹنا۔ لغزش کرنا۔ راغب ہونا۔ چوکنا۔

کیا بلا کوئے بتاں کی بھی ہے چکنی مٹی
قدم زاہد صد سالہ پھسلتے دیکھا

نیز وہ جگہ جس پر سے پھسل جائیں۔ پھسلنا پتھر۔ رپٹواں پتھر۔ وہ پتھر جس کے اوپر لڑکے چڑھ کر پھسلا کرتے ہیں۔

میں کہاں سنگ در یار سے مل جاؤں گا
کیا وہ پتھر ہے پھسلنا کہ پھسل جاؤں گا

پھک: (ا۔ مو) کسی چیز کے ایک دم اڑنے یا نکلنے یا جلنے کی آواز۔ پھک دے۔ پھک سے فی۔ پھک سے۔ دفعتہً۔ یکبارگی۔ ترت۔ پھٹ سے۔

پَھکَڑ: (ف) ہزل۔ گالی گلوچ۔ وہ فحش بات جو بازاریوں میں ہوا کرتی ہے۔ پھکڑ باز۔ پھکڑ بولنے والا۔ گالی گلوچ میں مقابلہ کرنے والا۔ ہنسی سے ہنسی اور ریزی سے بڑی گالی ہر وقت حریف کے لیے تصنیف کرنے والا۔ پھکڑ لڑانا۔ گالی گلوچ لڑانا۔ ایک سے ایک فحش گالی گھڑنا۔ پھکڑ ہونا۔ فحشیات میں مقابلہ ہونا۔ فحش مذاق ہونا۔ کمینوں کی سی لڑائیاں ہونا۔

پُھکنا: (ف۔ اسم۔ مذ) جانوروں کے پیشاب کی تھیلی۔ پھکنا جلنا۔ آگ لگنا۔ حسد کرنا۔ آتش غم میں جلنا۔ سوزش ہونا۔ روپیہ برباد ہونا۔

پُھکنی: (ف۔ مو) دھونکنی۔ چولھے میں۔ ہوا میں۔ پھونکنے کی نلکی۔

پُھکوڑیات: (ع و م کا روز مرہ) ہزلیات۔ پھکڑ بازی۔ فضولیات۔

پَھکَیت: (ف) لکڑی پھری گدکے کا ماہر۔ بہت چالاک شخص۔ صفت پھکیتی (مو) پھری گدکے کا ایک فن۔

پَھگوا: (ف۔ مذ) ہولی کا انعام۔ وہ گڑ کی بھیلی جو پھاگ کے انعام میں شامل کرنے والی عورتوں کو دی جاتی ہے۔

پُھل: (ہن۔ مذ) پھول (سنسکرت پھلم) اردو ہندی میں یہ سابقہ جو پھولا اور پھول جیسا کے معنی دیتا ہے۔ اس کے مرکبات مستعملہ یہ ہیں۔ پھلپھلا۔ پھولا ہوا۔ پھس اڈھا۔ کم ظرف۔ پھلجھڑی (ایک قسم کی آتشبازی جسے جلانے سے پھول جھڑتے ہیں۔ فتنہ پرداز۔ پھلرواسا۔ پھول کے مانند۔ نازک بچہ۔ پھلیرا۔ وہ کبوتر جس کے سر پھول ہو۔ پھلکاری۔ گلکاری۔ پھول بوٹے کا کام۔ چادر یا کپڑا جس پر پھول کڑھے ہوں۔ نسیم

ہے وہ نخل چمن حسن یہ ہیں پھول اس کے
جسم محبوب میں کرتہ نہیں پھلکاری کا

پھلواری (ا مو) (ف کے ساتھ دلی) باغیچہ۔ پھولوں کی کیاری۔ بال بچے

پَھل: (ف۔ مذ) ثمر۔ میوہ۔ نتیجہ۔ دھار والے اوزار کا کاٹنے والا حصہ۔ امیر

ہمارے بعد ہو گا زخم کھانے کا مزہ کس کو
لگے گا کوڑیوں کے مول قاتل پھل کٹاری کا

فائدہ۔ نفع۔ اجر۔ انعام۔ ہل کی پھال۔ ہل کا وہ آہنی حصہ جس سے زمین کھدتی ہے۔ حاصل قسمت۔ پھل آنا۔ درخت میں میوہ یا پھل لگنا۔ پھل پانا۔ نتیجہ پانا۔ اپنے کیے کے پاس بیٹھنا۔ بدلہ ملنا بھوگنا پانا۔ آتش

پھل پائے گا نہ عشق سے ابرو ئے یار کے
اے دل ہے ایسی تیغ سے چشم کرم غلط

پھل پھلاری (ا مو) مختلف میوے۔ پھل اور ترکاریاں وغیرہ۔ پھل نیا کرنا۔ کسی نئے پھل پر نذر دینا۔ کہ پہلی مرتبہ کھایا جائے۔ راسخ

ادھر اپنی آنکھوں سے لگالوں چوم کر تل کو
نیا کرتا ہوں تیرے ہاتھ سے پھل تیرے خنجر کا

پُھلا: (ف۔ مذ) آنکھ کا ٹینٹ۔ وہ چیز جو پھول کر پھول کی مانند ہو جائے (جیسے بھنی ہوئی مکئی) پھلا پڑنا۔ چیچک وغیرہ سے آنکھ میں ٹینٹ ہو جانا۔

پَھلا پُھولا: (ف) سرسبز۔ صاحب نصیب۔ بھاگوان۔ دولت مند۔

پُھلا سرا: (ف۔ مذ) دم فریب۔ بہلاوا۔ پھلا سرے میں

لیں اور ہاتھوں پر چھو گئیں ؎

تجھ سے رنگیں وہ پھوا پھولے

جو سہیلی مری ڈبلی سی نیئر ہو

پھُوٹ:۔ (ھ۔ مو) نا اتفاقی۔ بگاڑ۔ دشمنی۔ ایک قسم کا خربوزہ جس کی جلد شق ہو کر گودا بکھر جاتا ہے۔ فوٹ کا تابع۔ ٹوٹی پھوٹی وغیرہ۔ **پھوٹ آنا**۔ نکل آنا۔ کلا نکلنا۔ **پھوٹ بہنا**۔ زور زور سے رو پڑنا۔ زار زار رونا۔ خوب آنسوؤں سے رونا۔ ؎

دیکھا آخر کو نہ پھوڑے کی طرح پھوٹ بہے

ہم بھرے بیٹھے تھے کیوں آپ نے چھیڑا ہم کو

بھید کھول دینا۔ کینہ اور کپٹ ظاہر کر دینا۔ **پھوڑا پھوٹ کر** مواد جاری ہونا۔ پانی کا دیوار وغیرہ توڑ کر نکل جانا۔ **پھوٹ پڑنا**۔ نفاق ہونا۔ زمین سے یکایک سوت نکل پڑنا۔ **پھوٹ پھٹک رہنا**۔ اَن بن رہنا۔ جدائی اور علیحدگی رہنا۔ **پھوٹ پھوٹ کر رونا**۔ زار و قطار رونا۔ ؎

وہ آنکھیں جو روئیں بہت پھوٹ پھوٹ

کے توڑ کر موتی بھرے کوٹ کوٹ میر حسن

پھوٹ ڈالنا۔ نا اتفاقی کرانا۔ جدائی کرانا۔ **پھوٹ سا کھل جانا**۔ دوپارہ ہونا۔ خشکی سے بکھر جانا۔ **پھوٹ کر رونا**۔ بے اختیار رونا۔ بہت رونا۔ ؎

یہ کون پھوٹ کے رویا کہ درد کی آواز

رچی ہوئی جو پہاڑوں کی آبشار میں ہے انشا

پھوٹ نکلنا۔ بیج کا زمین کو توڑ کر اُگ آنا۔ جسم پر کسی اندرونی خرابی سے پھنسیاں نکلنا۔ پانی بہہ نکلنا۔ رسنے لگنا۔ ٹپک پڑنا ؎

پھوٹ کر روئی ہے ایسی کون چشم گریہ ناک

پھوٹ نکلا ہے جو پانی ہر در و دیوار سے انشا

پھوٹنا۔ زمین توڑ کر بیج کا اُگنا۔ کونپل نکلنا۔ پھوٹ کی طرح بکھرنا۔ مواد نکلنا۔ جذام ہونا۔ پھنسیاں نکلنا۔ ظاہر ہونا۔ جھلکنا ؎

نزاکت اُس گلے کی دیدنی ہے

کہ سُرخی پھوٹ نکلی رنگ پان کی

شاخ نکلنا۔ ترشنا پھٹنا۔ پانی کا کھد بدا جانا۔ خوشبو کا پھیلنا۔ مشتہر ہونا۔ بھید کھلنا۔ خاموشی کو توڑنا (مُنہ سے تو پھوٹو) بہہ نکلنا۔ اندھا ہو جانا۔ دوسرے سے جا ملنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ خون نکلنا (سر پھوٹنا) ایک طرف سے دوسری طرف نکل جانا (سیاہی پھوٹنا) **پھوٹی**۔ ٹوٹی ہوئی شکستہ چیز۔ ٹوٹی کا تابع۔ **پھوٹی آنکھ کا تارا**۔ $\frac{\text{تارا}}{\text{دیدہ}}$ کئی اولادوں میں ایک بیٹا جو زندہ رہا ہو۔ **پھوٹے مُنہ سے**۔ بڑے مُنہ سے بات نہ کرنے کے قابل مُنہ سے ؎ انشا

ایک بوسہ ہم نے مانگا رو رو کر وہ بھی

پھوٹے مُنہ سے یہ نہ نکلا یہ جاؤ شاہ جی

پھوٹی نظروں یا دیدوں نہ بھانا۔ ذرا نہ بھانا۔ بالکل نہ سہانا ؎

چھینکا رستی تنزلوں کا سایہ ملکاؤں میں طرح

پھوٹی نظروں چاند تاں بھاتا نہیں مجھ مریضے راحت

پھُوٹک:۔ (ھ۔ مو) جوتشیوں کی اصطلاح میں وہ چیز جو ریزہ ریزہ ہو جائے۔

پھُوڑ:۔ (لک، پھوڑ (دلی) پھوہڑ۔ بے سلیقہ۔ اپاہج

پھُوڑا:۔ (ھ۔ مذ) دُنبل۔ بڑی پھنسی۔ بہت تکلیف دہ خیال۔ بہت آزار رساں اولاد۔ **پھوڑا پھوٹنا**۔ دُنبل کا پک کر ٹوٹنا اور مواد نکلنا۔ **پھوڑا ٹپکنا**۔ پھوڑے کے مادّے کا پکنا۔ ٹیس ہونا ؎ صبا

سوزش دل سے ہے اُف اُف شب تنہائی میں

ہائے رہ رہ کے ٹپکتا ہے یہ پھوڑا کیا کیا

پھوڑا چھیڑنا۔ نشتر لگانا یا کسی چیز سے دبانا۔ چھونا۔ **پھوڑا رِسنا**۔ تھوڑا تھوڑا مواد آنا ؎ صبا

وہ اشکبار ہوں پھوڑا جو دل کا رستا ہے

پھوٹا بنتا ہے چشم پُر آب کا چھالا

پھوڑا لپکنا (لک) ٹپکنا ؎ عاشق

کیمر رشک سے پکتا ہے دل جلتا ہے حسرت سے

ادھر پھوڑا لپکتا ہے ادھر شعلہ لپکتا ہے

پھوڑا نکلنا۔ دُنبل نکلنا۔ **پھوڑے کا مُنہ**۔ وہ جگہ جہاں سے دانہ پھوٹے۔

پھوڑنا:۔ (ھ) توڑنا۔ سوراخ کرنا۔ ظاہر کرنا۔ زخمی کرنا (سر پھوڑنا) بُرا سلوک کرنا (قسمت پھوڑ دی)

پھُوس:۔ (ھ۔ مذ) چھپر بنانے کی لمبی گھاس۔ گھاس۔ بہت بوڑھا۔ جلد جل جانے والا (پھوس تمباکو)

پھُوسڑا:۔ (ھ۔ لک۔ مذ) ریشم یا سوت کے کپڑے کا ریشہ۔ نکما جس کا جینے کا کوئی اعتبار نہ ہو (مو)

پھُوک:۔ (ھ۔ مذ) فضلہ جو کسی چیز کا رس نچوڑنے کے بعد بچے۔ خالی۔ بے وزن۔ کھوکھلا۔ بیٹھا۔ بدذائقہ۔ اُبالا۔

پھوکٹ:۔ (ھ۔ لک) مُفت۔ **پھوکٹ کا** $\frac{\text{کا}}{\text{میں}}$۔ مُفت $\frac{\text{کا}}{\text{میں}}$۔ بغیر خرچ کے۔

پھُول:۔ (ھ۔ مذ) کھلی ہوئی کلی۔ پھنکا۔ چنگاری۔ نقش و نگار۔ کانسی دھات ؎ ماہی

ساغر یاقوت توڑے کیوں نہ خورشید فلک

ہے کٹورا ہاتھ میں اس مہ جبیں کے پھول کا

حیض (دیکھو پھول آنا) مُردے کا تیجا ؎ سحر

کہا اس شوخ پری سے نہ رکھے کان میں پھول

آج ہیں تیرے دوانے کے بیابان میں پھول

کوڑھ کے سفید دھبے۔ برص۔ گرمی شراب ؎ نسیم

جھوم کر ابر اُٹھا رحمت باری آئی

آج تو پھول پیو فصل بہار آئی

؎ داغؔ

گل رہا ہے پھولوں کے کانٹے میں جو بن
دیکھنا تول کر وہ کچھ نہ کچھ دل کے برابر لے چلا

؎ امیرؔ

رحم کر اس دل پر داغ پڑے الفت مژگاں
کانٹوں میں نہ کھینچ اس کو جو پھولوں میں تلا ہو

پھولے پھلے :- (دُعا) سرسبز و شاداب - با اولاد اور بامراد ہو

پھونٹ :- (ہ - مو) ایک قسم کا خربوزہ جس کی جلد شق ہو کر گودا بکھر جاتا ہے - پھوٹ -

پھونس :- (ہ) دیکھو پھوس -

پھونسڑا :- (ہ - لک) دیکھو پھوسڑا -

پھونک :- (ہ - مو) وہ ہوا جو منہ سے نکالیں - سانس - تیر کا سوفار - پھوکس - بیج سے خالی - جواہرات کے لیے استعمال کرتے ہیں - **پھونک پھونک کر قدم رکھنا** - کمال احتیاط سے چلنا - ڈرتے ڈرتے کچھ کرنا ؎ بحرؔ

یہ چاہیے کہ رکھیں قدم پھونک پھونک کر
چیونٹی بھی اپنے پاؤں کے نیچے نہ پائے رنج

پھونک دینا - جلا دینا - خاک کر دینا - بھگا دینا حقے کا پانی منہ سے پھونک کر نکالنا - مشتہر کر دینا (جیسے پھونک دینا) - دو پیر پڑھ کر دم کرنا - دل جلا دینا - **پھونک سرک جانا** - جیسے بول جانا - ہوش و حواس اڑ جانا - گھبرا جانا - ڈر جانا - **پھونک مارنا** - زور کے ساتھ منہ سے ہوا کو چھوڑنا - بجھانا - جادو کرنا - سلگانا - **پھونک نکل جانا** - دم نکل جانا - مر جانا - **پھونکنا** - دیکھو پھونک دینا - نیز سنکھ بجانا - صور کی آواز نکالنا -

پھوہا :- (ہ - مذ) روئی کا ذرا سا ٹکڑا جسے بھگو کر ننھے بچے کے منہ میں پانی چواتے ہیں یا کان میں رکھتے ہیں - گالے کا ذرا سا ٹکڑا -

پھوہڑ :- (ہ) سگھڑ کی ضد - بے سلیقہ - بے ہنر - خانہ داری سے بالکل ناواقف عورت - **پھوہڑپن** (مذ)

پھوئی :- (ہ) کھمی کا پھول جو ناؤ کے وقت اوپر آ جاتا ہے -

پھوہیاں :- پھوار - کم از کم اور ننھی ننھی بوندیں - پھونیاں پھوئیاں - قطرہ قطرہ (جیسے پھوئیاں پھوئیاں پانی آ رہا ہے) ذرا ذرا - تھوڑا تھوڑا -

پھوئیوں پھوئیوں پھوئیوں :- (لک) (پھوئیاں) دیکھو پھوئیاں -

پھوئیاں - پھوئیاں ؎ اسمٰعیل

یونہی پھوئیوں پھوئیوں بھرے جھیل تال

پھویا :- دیکھیے پھوہا -

پھیپھڑا :- (ہ - مذ) سینے کے اندر کا وہ عضو جس سے خون صاف ہوتا ہے اور جس سے سانس لی جاتی ہے - **پھیپھڑا جلانا** - کسی کی بے حد خیر خواہی کرنا - **پھیپھڑی** (ہ - دلی) پپڑی - ہونٹوں کی خشکی - **پپڑی بندھ جانا** - گرمی کی شدت سے لبوں پر پپڑی آ جانا - **پھیپھڑی پھولنا** (لک) چلتے چلتے یا دوڑتے دوڑتے ہانپنے لگنا - بہت تھک جانا - جیسے "یہاں تو دوڑتے دوڑتے پھیپھڑی پھول گئی"

پھیلٹا :- (ہ - مذ) بے تکی بندھی ہوئی پگڑی - اب تک دو زمرے میں داخل ہے ؎ میر حسنؔ

طرحدار کی سر پر پھیلٹا سجا

پھینٹنا :- (ہ) متھنا - ہاتھ یا انگلی یا چمچے سے گیلی چیز کے اجزا کو خوب ملانا -

پھیر :- (ہ - مذ) چکر - موڑ - فاصلہ - انقلاب - راستے کی کجی - چال (خدا نمیوں کے پھیر سے بچائے) الجھاؤ - دقت - فرق - فکر - دھکڑ پکڑ - دائرہ - گردش (قسمت کا پھیر) ٹھیک اندازہ اور تخمینہ (ایسا پھیر ڈال دیا ہے کہ سب کام چل رہا ہے) سلسلہ - **پھیر باندھنا** - سلسلہ باندھنا - تسلسل ڈالنا - پگڑی باندھنا - پھیر بدل - الٹا پلٹی - ادل بدل ؎ بحرؔ

اس دل کے عوض مانگے تقدیر سے پتھر
کیا کیجے موقع نہیں اب پھیر بدل کا

پھیر بندھنا - کسی معمولی کام کا دور بندھنا - سلسلہ پڑ جانا - **پھیر پڑنا** - چکر پڑنا - کسی معمولی کام کا دور بندھنا - فرق و تفاوت ہونا - **پھیر پھار** - (مو) ہیرا پھیری - الٹ پلٹ - پیچ - فریب - **پھیر دینا** - واپس کر دینا - رخ بدل دینا - پکا کر دینا - چکر دینا - **پھیر ڈالنا** - دیکھو پھیر باندھنا - **پھیر لینا** - واپس کر لینا - **پھیر میں آنا** - گمراہ کرنا - مصیبت میں پھنسانا - **پھیرنا** - گھمانا - واپس کرنا - رخ بدلنا - گھوڑے وغیرہ کو آگے پیچھے موڑنا - پوتنا - جمع کرنا - الٹنا پلٹنا - دوہرانا (سبق پھیرنا) منتقل کرنا - ہاتھ [illegible] - [illegible] کرنا - ٹیلا پھیرنا

پھیرا :- (ہ - مذ) گشت - چکر - طواف - [illegible] - دائرہ - شادی کے بعد دلہن کا اپنے میکے جا کر دولہا سمیت مہمان ہونے جانے کی رسم - **پھیرا پھیری** - ہیرا پھیری - لینا اور پھیرو واپس کرنا - **پھیرا لگانا** - گشت لگانا - دورہ کرنا - [illegible] جا کر پھر آنا

پھیری :- (ہ - مو) طواف - چکر - خردہ فروش کی گشت - پھیرا - گشتی دوکان - مقررہ حلقہ پر دورہ - **پھیری پھیرنا** - [illegible] بھیک مانگتے پھرنا - گشت لگانا - دورہ کرنا - گھر گھر [illegible]

پیار نکالنا - حسرت نکالنا - چاؤ نکالنا - ؎ جرات

میں جو لپٹا تو خفا ہو کے سٹے گئے وہ
واروں ہاتھوں کو ترے آج ہی سب پیار نکال

پیارا: - لاڈلا فرزند - دوست عزیز رشتہ دار - جس پر پیار آئے - خوب صورت - قابل قدر - معشوق ؎ جرات

آہ کیونکر نہ جدا ہم سے وہ پیارا ہوتا
وہ نہیں ہم ہیں کہ جس سے وہ ہمارا ہوتا

پیاروں پیٹی: (مو) وہ عورت جس کے عزیز مر گئے ہوں ایک بددعا پیاروں موئی - کم بخت - بدنصیب - ؎ دبیر

میں پیاروں موئی کاہے کو ہونے لگی زینب

پیاری پیاری باتیں: (مو) میٹھی میٹھی باتیں - بھولی بھالی باتیں -

پیاز: (ہ - مو) گنٹھی - ایک پودے کی بودار اور گانٹھ والی مشہور جڑ جو سالن میں ڈالی جاتی ہے اور دال وغیرہ کے ساتھ کچی بھی کھائی جاتی ہے - **پیاز کے چھلکے اتارنا** (ادھیڑ کے رکھ دینا) حقیقت بیان کرنا - بری بھلی سنانا - **پیازی** - پیاز کے رنگ کی سرخی - نیز ایک قسم کو نہایت قیمتی اور خوش رنگ لعل -

پیاس: (ہ - مو) تشنگی - پانی پینے کی خواہش - تمنا - لگن - **پیاس بھڑکنا** (بھڑک اٹھنا) پیاس کی شدت ہونا ؎ انیس

بھڑکے جو بہت پیاس تو اشکوں سے بجھانا

پیاس کا چسکا - بار بار پیاس لگنے کی حالت - پیاس کا چٹخارا ؎

جلائیں گی مرا دل سرد مہریاں تیری
کہ برف کھانے سے ہوتا ہے پیاس کا چسکا — جلیل

پیاسا کنوئیں کے پاس جاتا ہے کنواں پیاسے کے پاس نہیں آتا - خواہش مند یا ضرورت مند کو حاجت بر آری کے پاس جانا چاہیے - **پیاس بجھانا** تشنگی دور کرنا - پانی پی کر یا پلا کر تسلی پانا یا دینا - خواہش پوری کرنا - لگن مٹانا - **پیاس لگنا** - پانی کی خواہش ہونا تشنگی ہونا - **پیاس مارنا** - پانی کی خواہش کو روکنا - تشنگی برداشت کرنا - **پیاس مرنا** - پیاس بجھنا - پیاس خود بخود دور ہونا (شاعر تلوار کی تعریف میں کہتا ہے) ؎ نسیم

پانی پیے تھی وو شش : الیاس کی طرح
پیتے ہی فوج مرنے لگی پیاس کی طرح

پیاسا تشنہ - خواہش مند - مشتاق - آرزو مند -

پیال: (ہ - مذ) دھان کا بھس جسے اکثر غریب آدمی جاڑوں میں بچھا کر سوتے ہیں - پرال -

پیالہ: (ف - مذ) کاسہ - کٹورا - توپ یا بندوق میں رنجک رکھنے کی جگہ - بھیک کا ٹھیکرا - سوم کا فاتحہ - عرس - **پیالہ بجنا** - دور دورہ ہونا - ترقی ہونا - جلترنگ کے پیالوں کا بجنا - **پیالہ بھرنا** پیالے کا پر ہونا - عمر آخر ہونا - **پیالہ بہنا** - اسقاط ہونا - حمل گرنا - **پیالہ پینا** - بھنگ یا شراب پینا - مرید ہونا - **پیالہ چڑھانا** - جلدی سے گھبراہٹ وغیرہ میں پیالہ پی جانا - مست ہو جانا ؎ آتش

سنتا ہے کون نالہ و فریاد عندلیب
مدہوش ہے چمن میں پیالہ چڑھائے گل

پیالہ لبریز ہو (جا) نا - زندگی ختم ہو جانا ؎ داغ

انتظار مے و ساغر ہو کہاں تک ساقی
کہیں لبریز نہ ہو جائے پیالہ اپنا

پیالہ ہونا - سوم یا فاتحہ یا ضیافت یا عرس ہونا - دنیا سے گزر جانا (آزادوں اور پیٹے بازوں کی زبان میں) دعوت ہونا - **پیالی** (مو) چھوٹا پیالہ -

پیام: (ف - مذ) پیغام - سندیسا - پیام سلام - زبانی بات چیت دوسرے کی معرفت سوال جواب یا خط و کتابت - **پیامبر** قاصد - ایلچی - سفیر - **پیامی** - پیام لے جانے والا -

پیانو: (انگ - مذ) ایک قسم کا انگریزی باجا جو ہارمونیم کی قسم سے ہوتا ہے - **پیانسٹ** - پیانو بجانے والا -

پیاؤ: (ہ - مذ) پانی پینے کی جگہ - سبیل

پے: (ف - مذ) پٹھا - عصب - تانت - وہ جو غلیل یا کمان پر لپٹتے ہیں - پیچھے - واسطے - پاؤں -

پی پیا: (ہ - مذ) پریتم - پیارا - معشوق - شوہر - **پیا جسے چاہے وہی سہاگن** جس پر حاکم یا محبوب کی نظر عنایت ہو وہی کامیاب ہے -

پیپ: (ہ - مو) مواد - راد - **پیپ پڑنا** - زخم کا پکنا - **پیپ ڈالنا** - زخم پکانا - ؎ رند

ڈال دی پیپ کلیجے میں غم فرقت نے
غور کرتے ہو تو کر لو جگر افگاروں کی

پیپا: (ا - مذ) لکڑی یا ٹین کا ڈھول جیسا ظرف -

پیپر: (انگ - مذ) کاغذ - پرزہ - پرچہ - اخبار - گزٹ - **پیپر ویٹ** (مذ) وزن جو کاغذوں پر رکھ دیا جاتا ہے تاکہ وہ ہوا سے نہ اڑیں -

پیپل: (ہ - مذ) ایک بڑا سایہ دار درخت جس کے پتے پان سے مشابہ ہوتے ہیں اور ہندو اسے متبرک مان کر پوجتے ہیں - ایک دوا جو دراصل کسی درخت کا پھل ہے فلفل دراز - **پیپلی** پیپل کا پھل -

پیپلا: (ہ - مذ) تلوار کی نوک - تلوار کی انی -

خوراک سے کم دینا۔ بھوکا مارنا۔ **پیٹ کا دھندا** (مذ) محنت مزدوری۔ فکر معاش۔ **پیٹ کا کتا**۔ (مذ) نہایت لالچی۔ کھانے پر جان دینے والا۔ بندۂ شکم۔ **پیٹ کا کھایا کوئی نہیں دیکھتا من کا پہنا سب دیکھتے ہیں**۔ کھانے سے زیادہ کپڑوں کو اچھا ہونا چاہیے۔ **پیٹ کا ہلکا**۔ وہ شخص جسے بات نہ پچے۔ اوچھا۔ کم ظرف ؎ نصیر

تصور ترے فوارہ اتنا پیٹ کا ہلکا ہے
بات جو کچھ دل میں تھی تیرے زباں پر آ گئی

پیٹ کو دھوکا دینا۔ بھوکا رہنا۔ **پیٹ کی آنچ**۔ (مو) الفت مادری۔ ماں کی محبت۔ اولاد۔ بال بچے۔ بھوک۔ اشتہا۔ **پیٹ کی بات** (مو) پوشیدہ بھید۔ مخفی بات۔ **پیٹ کے بال** (مذ) وہ جو بچے کے سر پر شکم کے اندر ہی نکل آتے ہیں۔ **پیٹ کے لیے** تلاش معاش میں۔ **پیٹ کی مار دینا**۔ عداوتاً یا سزا کے طور پر بھوکا رکھنا۔ **پیٹ کے آگے کون جانے**۔ دل کا حال کسے معلوم۔ **پیٹ گرانا**۔ علامت حمل۔ **پیٹ گرنا**۔ حمل جاتا رہنا۔ اسقاط حمل۔ **پیٹ گڑگڑانا**۔ پیٹ میں قراقر ہونا۔ بدہضمی۔ حبس ریاح۔ **پیٹ لگ جانا**۔ بھوک کے باعث پیٹ کا اندر کو دھنس جانا۔ **پیٹ مارنا**۔ خوراک سے کم کھانا۔ نفس کشی کرنا۔ خودکشی کرنا ؎ ناسخ

نظر آیا جو پیٹ ساقی کا
شیشے نے اپنا [illegible] پیٹ

پیٹ مرانی۔ وہ عورت جو پیٹ [illegible] بدکاری کرے۔ **پیٹ مسوسنا**۔ دیکھو پیٹ کاٹنا۔ **پیٹ میں آنت نہ منہ میں دانت**۔ بوڑھا پھونس۔ **پیٹ میں انگارے بھرنا**۔ حرام کا مال کھانا۔ **پیٹ میں بات (نہ) رکھنا**۔ راز کی بات (نہ) چھپانا۔ **پیٹ میں بل پڑنا**۔ ہنستے ہنستے پیٹ کا دہرا ہو جانا۔ **پیٹ میں بیٹھنا**۔ دل میں گھسنا۔ بھید لینا۔ مطلب کے لیے دوستی کرنا۔ **پیٹ میں پاؤں ہونا**۔ پوشیدہ گن ہونا۔ مکار ہونا۔ **پیٹ میں بچھو**۔ دیکھو بچھو۔ پیٹ پڑا اچھارا تو کودنے لگا بچارا۔ فراغت ملتے ہی شرارت سوجھنے لگی۔ **پیٹ میں پڑنا**۔ کھانے کو ملنا۔ روٹی ملنا۔ **پیٹ میں چوہوں کا قلابازیاں کھانا**۔ بھوک کی شدت سے بے قرار ہونا۔ **پیٹ میں چوہے چھوٹنا یا دوڑنا**۔ خون سے تشویش ہونا۔ بھوک سے بے قرار ہونا۔ **پیٹ میں چیونٹے کی گرہ ہونا**۔ نہایت کم خوراک ہونا۔ بے کھائے جینا۔ **پیٹ میں داڑھی ہونا**۔ بچپن میں عقل مندی کی باتیں کرنا۔ **پیٹ میں روٹی پڑنا**۔ پیٹ بھرے کا شرارت پر آمادہ ہونا۔ **پیٹ میں سانس نہ سمانا**۔ اصل معنوں کے علاوہ انتہائی گھبراہٹ۔ خوف یا دوڑنے کے بعد کی حالت کا بیان۔ **پیٹ میں کھلبلی پڑنا**۔ گھبراہٹ۔ پریشانی ہونا۔ **پیٹ میں [illegible] بھرے ہونا**۔ بچپن میں شریر و چالاک ہونا۔ **پیٹ میں ہول سی اٹھنا**۔ گھبرانا۔ بہت پریشان ہونا۔ **پیٹ میں پاؤں نکالنا**۔ شریر ہونا۔ بدخو ہونا۔ **پیٹ میں گڑبڑ ہونا**۔ بدہضمی ہونا۔ **پیٹ میں گھسنا**۔ دیکھو پیٹ میں بیٹھنا۔ **پیٹ میں گھوڑے دوڑنا**۔ بدہضمی ہونا۔ قراقر ہونا۔ **پیٹ والی** (مو) حاملہ۔ کھانے پینے کی نیت۔ **پیٹ بڑبڑانا**۔ پیٹ میں قراقر ہونا۔ **پیٹ ہے یا بے ایمان کی قبر**۔ بہت بڑے پیٹ والے۔ **پیٹ ہے یا عمرو عیار کی زنبیل**۔ مثل۔ اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو الابلا سب چٹ کر جائے اور بہت کھائے۔ **پیٹ ہے یا چمڑے کی کھال**۔ پیٹ یا عمرو عیار کی زنبیل ؎ داغ

خم کے خم پی گئے ہیں اک حضرت
پیٹ ہے یا کھال چمڑے کی

پیٹ:۔ (ہ) پیٹنا کا امر جو سابقے اور لاحقے کے طور پر استعمال ہے۔ پیٹ پیٹ کر۔ مار مار کر۔ بڑی مشکل سے۔ **پیٹ ڈالنا**۔ ایک دم سے بہت مارنا۔ **پیٹک پیٹا** (لک۔ مو) نوحہ۔ ماتم۔ کہرام۔ آفت۔ قیامت۔

پیٹا:۔ (ہ۔ مذ) گولائی۔ دور۔ کنکوے کی ڈور کا جھول۔ (توڑنا۔ کاٹنا۔ چھوڑنا) تقریباً۔ تخمیناً۔ دریا کا پاٹ۔ دریا کے بہنے کا راستہ۔ تفصیل حساب جو ایک مد کے اندر لکھی جائے۔ حیوانات کی اوجھڑی۔ کتاب کا متن۔ فاصلہ۔ **پیٹے میں ڈالنا**۔ جھول میں کنکیا یا کنکوے کو گرا دینا ؎

کنکوا اک کموڑے نے پیٹے میں ڈال کر
لے جان میری کاٹ دی کل مانگ [illegible]

پیٹرن:۔ (انگ) مربی۔ سرپرست۔

پیٹل:۔ (ہ) بڑے پیٹ والا۔ توندل۔

پیٹنا:۔ (ہ) مارنا۔ کچلنا۔ ماتم کرنا۔ رونا۔ کسی کا مرا پیٹنا ؎ شوق

آنکھیں پھوٹیں جو عمر بھر دیکھے
ہم کو پیٹے اگر ادھر دیکھے

سخت محنت کرنا۔ حاصل کرنا (چار پانچ روپے پیٹ لیتا ہے) سرزنش کرنا۔ اندیشہ کرنا۔ فکر کرنا (اسی دن کو پیٹتے تھے) چھیکنا چونا کرنا۔

پیٹنٹ:۔ (انگ۔ ٹ کا کسرہ اس طرح ادا کیا جائے جیسا یائے مجہول سے قبل) رجسٹری شدہ۔ سند یافتہ۔ مستند۔

پیٹو:۔ بہت کھانے والا۔ بسیار خور۔

پیٹھ:۔ (ہ۔ مو) پشت۔ حمایت۔ مدد۔ سہارا۔ پناہ۔ پیچھے۔ ہر چیز کے اوپر کا حصہ۔ بیرون۔ **پیٹھ پر کا** (مذ) وہ بچہ جو کسی بچے کے بعد پیدا ہو۔ جیسے بچے کی پیٹھ پر کا کہلاتا ہے۔ **پیٹھ پر ہاتھ پھیرنا**۔ شاباش دینا۔ ہمت بندھانا۔ **پیٹھ پر ہونا**۔

پچکش: (ا - مذ) پیچ کھولنے کا آلہ۔

پیچوان: (ا) ایک قسم کا حقہ جس کا نیچہ ڈنڈا اور لمبا نیچہ جست کے تار اور پیچوان پتر وغیرہ سے بناتے ہیں۔

پیچھا: (ہ - مذ) پچھلا حصہ۔ پشت۔ عقب۔ پیروی۔ تعاقب۔ **پیچھا بھاری ہونا**۔ پس پشت۔ دشمن ہونا۔ بعد میں مشکل درپیش آنا۔ (پیادہ کا پیچھا بھاری ہوتا ہے) مخالف کا قوی پشت ہونا۔ **پیچھا پکڑنا**۔ سر ہونا۔ آزار کے درپے ہونا۔ ہر وقت ساتھ رہنا۔ **پیچھا چھڑانا**۔ تعاقب کرنا۔ دق کرنا۔ درپے ہونا۔ سر ہونا۔ **پیچھا نہ چھوڑنا**۔ ساتھ نہ چھوڑنا۔ سر ہونا۔ جان کو آنا۔ ہمزاد کی طرح ساتھ رہنا۔ درپے آزار رہنا۔

پیچھے: بعد میں۔ عقب میں۔ غیر حاضری میں۔ پھر۔ وجہ سے۔ (آپ کے پیچھے یہ سب کچھ سننا پڑا) ہر ایک۔ فی آدمی (پیچھے چار قدم) پچھلی طرف۔ اس کے بعد مرنے کے بعد۔ **پیچھے پڑنا**۔ لپٹنا۔ سر ہونا۔ ستانا۔ دق کرنا۔ دشمنی کرنا۔ بار بار تقاضا۔ سوالی چاہنا۔ **پیچھے پیچھے**۔ تھوڑی دیر بعد۔ عنقریب۔ ساتھ ساتھ۔ ساتھ لگا ہوا۔ **پیچھے ڈالنا**۔ تعاقب کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔ پیچھے چھوڑنا۔ تھوڑا تھوڑا بچا کر جمع کرنا۔ موخر کرنا۔ **پیچھے سے**۔ پشت سے۔ بعد ازاں۔ تھوڑی دیر بعد۔ **پیچھے لگا دینا**۔ مخالفت پر تیار کرنا۔ ؎

ہو گئی نجات یہ تدبیر بن پڑی
ناصح کو ہم نے غیر کے پیچھے لگا دیا

پیچھے لگنا۔ ساتھ ہونا۔ پیچھے پڑنا۔ سر پڑنا۔ **پیچھے ہو لینا**۔ پیروی کرنا۔

پیچیدگی: (ف) لپیٹ۔ مروڑ۔ بکھیڑا۔ الجھاؤ۔ دشواری۔ پیچیدہ۔ لپٹا ہوا۔ مشکل بات۔

پیخانہ: (ا - مذ) بیت الخلا۔ فضلہ۔ میلا۔ براز۔ **پیخانہ خطا ہونا**۔ اچانک۔ خوف سے اجابت ہونا۔ بہت ڈرنا۔ ناصر کو دیکھ کر اس کا پیخانہ خطا ہوتا ہے۔

پیدا: (ف) ظاہر۔ موجود۔ جنا ہوا۔ زائیدہ۔ آمدنی۔ کمائی۔ ایجاد۔ اختراع۔ **پیدا کرنا**۔ موجود کرنا۔ جننا۔ کمانا۔ بہم پہنچانا۔ کہیں نہ کہیں سے لانا۔ ایجاد کرنا۔ **پیداوار**۔ (مو) زراعت۔ فصل۔ آمدنی۔ محاصل۔ وہ چیز جو کھیت یا باغ میں پیدا ہو۔ **پیدا ہونا**۔ ظاہر ہونا۔ دنیا میں آنا۔ حاصل ہونا۔ **پیدائش**۔ (مو) جنم۔ خلقت۔ **پیدائشی**۔ فطری۔ خلقی۔ قدرتی۔

پے درپے: (ف) متواتر۔ لگاتار۔ اوپر تلے۔ یکے بعد دیگرے۔ ایک کے بعد ایک۔

پیدل: (ا) پیادہ۔ وہ شخص جو سوار نہ ہو۔ شطرنج کا وہ ادنیٰ مہرہ جو ہمیشہ سیدھا چلتا اور آڑا مارتا ہے۔ پیادوں کا لشکر۔ **پیدل اور سوار کا کیا ساتھ**۔ امیر اور غریب کا کیا مقابلہ۔

پیڈ: (انگ - مذ) خط لکھنے کے کاغذ کی کاپی جو اکثر اپنے نام کی چھپوائی جاتی ہے۔ گتے کا وہ زیر مشق جس پر کاغذ رکھ کر لکھتے ہیں اور اس میں اوپر کی طرف جاذب لگا ہوتا ہے۔

پیڈ: (پے ڈ - انگ) (ا) ادا کردہ۔ وہ رقم یا محصول وغیرہ جو ادا کر دیا گیا ہو۔

پیڈل: (انگ - مذ) بائیسکل۔ پیانو اور سینے کی مشین وغیرہ کا ایک پرزہ جسے پاؤں سے چلاتے ہیں۔

پیر: (ہ - مذ) قدم۔ پاؤں۔ نشان قدم۔ وہ جگہ جہاں اناج دائیں چلا کر دانے الگ کرتے ہیں۔ کھلیان۔ حیض جاری رہنے کی بیماری۔ **پیر چھوٹنا**۔ حیض کا معمول زیادہ جاری ہونا۔

پیر: (ف - مذ) عمر رسیدہ۔ معمر۔ بوڑھا۔ ہادی۔ رہنما۔ مرشد۔ ولی۔ بزرگ۔ طنزاً شریروں کا استاد۔ حرام زادہ۔ چالاک۔ **پیراں نمی پرند و مریداں مے پرانند**۔ کمال کی شہرت بغیر اشاعت کے نہیں ہوتی۔ **پیر بھچڑی**۔ ایک فرضی پیر جسے ہیجڑے مانتے ہیں۔ **پیر بھچڑی کی کڑھائی**۔ پیر بھچڑی یا بھچڑی کی نیاز (کھانا۔ کھلانا۔ کرنا) اس سے ان کے عقیدے کے مطابق بچہ جننا آسان ہوتا ہے۔ نیز مختلف حوائج پر قسم کے لیے یہ کڑاہیاں پکاتے ہیں۔ **پیر تو آپ درماندہ شفاعت کس کی کریں**۔ جو خود محتاج ہے۔ وہ دوسروں کو کیا نفع پہنچائے گا۔ **پیر خرابات**۔ ساقی نیز کامل ولی و مرشد۔ **پیر دیدار کا کونڈا**۔ ایک فرضی پیر کی نذر (ماننا۔ کرنا) (لذت عشق)

کوئی بولی آئے جو مہ لقا
تو کونڈا کروں پیر دیدار کا

پیرزادہ (مذ) مرشد کا بیٹا۔ وہ شخص جس کے ہاں پیری مریدی ہوتی ہو۔ **پیر شو بیاموز**۔ انسان کو ہمیشہ سیکھنے کی کوشش کرنا چاہیے۔ کبھی اپنے آپ کو ماہر و کامل نہیں سمجھنا چاہیے۔

پیر فرتوت (مذ) بہت بوڑھا۔ **پیر کے نیزے**۔ کسی پیر کے جھنڈے یا نشان تعظیم۔ متقدمین کے کلام میں مستعمل تھا میر حسن گلزار ارم میں کہتے ہیں ؎

وہ نیزے تھے کہ یا قد بتاں تھے
کہ سجدے میں جن کے سب انس و جاں تھے
وہ چھڑیاں تھیں کہ تھیں مژگاں دلدار
وہ لگتے پیر کے نیزے نمودار

پیر کی چولی۔ طنزاً۔ بہت بڑے آدمی۔ کچھ بھی نہیں۔ **پیر مغاں**۔ آتش پرستوں کا پیشوا۔ گرو گھنٹال۔ میکدہ۔ شراب بیچنے والا۔ رندوں کا پیشرو۔ **پیر نابالغ**۔ وہ بوڑھا جو بچوں کی سی باتیں کرے۔ **پیر و مرشد**۔ [illegible]

پچیس: (مذ - انگ ا لکڑا - حصہ -

پیسا: (مذ) تانبے کا وہ سکہ جو تین پائی میں چلتا ہے - روپے کا چونسٹھواں حصہ - مال و زر - دولت - **پیسا اٹھانا** - روپیہ صرف کرنا - **پیسا اٹھنا / اُڑنا** - روپیہ خرچ ہونا - ضائع ہونا اسی طرح (پھینکنا - اٹھانا - اڑانا - پھونکنا - ڈبونا - متعدی) **پیسا ٹھیکری کر دینا** - بے حساب - بے پروائی سے خرچ کرنا - **پیسا پیسا جوڑنا** محنت - جزرسی اور کفایت شعاری سے پس انداز کرنا - **پیسا پیسا کما یا چپنی بھر اٹھا یا** - مشکلوں سے جمع کیا اور بے دریغ خرچ کیا - **پیسا چلنا** - کھرا پیسا کسی کو دے دینا - قرض یا لگان کے پیسے وصول ہونا - **پیسا ختم بکھرا ہضم** - (بچوں سے) مزے دار بات ختم - **پیسا دھو کر اٹھانا** (دلی) دھو کر پیسے کو رکھنا کہ اگر مراد پوری ہو گئی تو اسے اٹھا کر مشکل کشا کی نذر کی جائے اور بچوں کو شیرینی کھلائی جائے گی یا کسی غریب کو دیا جائیگا - **پیسا ڈوبنا** نقصان ہونا - وصولی کی امید نہ ہونا - دولت برباد ہونا - **پیسا کھانا** کسی خاص غرض سے جمع شدہ دولت کو خرچ کرنا (کروانا) ؎ ظفر

ہمیشہ کرتا ہوں داغوں سے دل کی آرائش
مرا تو پیسا ظفر اس مکاں نے کھایا

پیسا گانٹھ کا بیٹا پیٹ کا - اپنے بیٹے اور پیسے کے علاوہ کسی پر بھروسہ نہیں کرنا چاہیے - **پیسا نہیں پاس تو کیونکر سو نگھیں باس** - (مثل) دولت کے بغیر کچھ نہیں ہوتا - **پیسے بھر کی بوٹی کٹوا دو** - زبان کٹوا دو (بد عہدی کرنے والے سے) **پیسے پر رکھ کے بوٹیاں اڑانا / کاٹنا** - (عو) حد سے زیادہ تکلیف - بہت زیادہ سزا دینا ؎ شوق

تیری پیسے پہ بوٹیاں کاٹوں
چیل کوؤں کو بیٹھ کر باٹوں

پیسے پیسے کو حیران - غریب - تنگ دست (ہونا - کرنا) **پیسے دھڑی / کے تیری** سستی - ارزاں - **پیسے کا میت** - لالچی - خود غرض - **پیسے کے تین دھیلے بھنانا** - کفایت شعاری کرنا - کنجوس ہونا - **پیسے کی جگہ دھیلا اٹھانا** - (روزمرہ) جزرسی کرنا - **پیسے کی خرابی** - (ہونا - کرنا) دولت ضائع - **پیسے والا** - دولت مند - امیر

پیس پاس ، منہاج مرے ، کرامت محمد جھنڈے کو -

محنت کوئی کرے اور اس کا صلہ کوئی اور پائے - **پیس ڈالنا** - ریزہ ریزہ کر دینا - تباہ کر دینا - تباہ کر دینا - بہت تکلیف دینا - **پیس لوں تو پیٹوں** - یعنی روزی کی فکر مردے کے ماتم سے مقدم ہے - **پیس مارنا** - ستا مارنا - بہت ستانا - دق کرنا - **پیس موئی ، پکا موئی ، آئے لوٹے کھا گئے** - ایک محنت کرتے کرتے مرا جاتا ہے دوسروں کو کھانے کے سوا کچھ فکر نہیں -

پیسنا: (ف) ریزہ ریزہ کرنا - سفوف کرنا - رگڑنا - گھسنا - سخت محنت یا مصیبت سے کام انجام دینا - سخت تنگ پہنچانا -

پیسنجر: (انگ - مذ) مسافر - ریل کا مسافر - **پیسنجر ٹرین** (مو) مسافر گاڑی - وہ ریل جو ہر سٹیشن پر رکتی ہے -

پیش: (ف) آگے - سامنے - پہلے - قبل - آئندہ - ضمہ وہ علامت جو کسی حرف کے اوپر نصف واو کی شکل میں بناتے ہیں تسبیح کا حرامی دار اوپر کا دانہ - انگرکھے یا شیروانی وغیرہ کا آگے کا حصہ - **پیش آنا** - ظہور میں آنا - برا یا بھلا سلوک کرنا - **پیش بند** (بغیر اضا - مذ) ازار بند - وہ چمڑا یا نواڑ وغیرہ جو گھوڑے کی پوزی اور تنگ کے بیچ میں گردن جھکی رہنے کی غرض سے باندھتے ہیں **پیش امام** - (مذ) پیش نماز - تسبیح کا امام -

پیش بندی: (بغیر اضا - مو) دور اندیشی - پہلے سے کسی بات کی تدبیر کرنا - **پیش بینی** - (بغیر اضا - مو) مآل اندیشی - دور اندیشی - **پیش پا افتادہ** - نہایت معمولی بات - **پیش جانا یا چلنا** - قابو چلنا - کارگر ہونا - **پیش خدمت** - (بغیر اضا - مذ) خدمت گار (مو) خادمہ - ماما - **پیش خیمہ** - (بغیر اضا - مذ) وہ خیمہ جو امرا کے لیے ان کے پہنچنے سے پہلے نصب ہوتا ہے - فوج کا وہ سامان جو کوچ سے پہلے بھیجا جاتا ہے ؎ وزیر

باغ کو جاتے گا ابر سیاہ مست اٹھا
پیش خیمہ تو روانہ ہوا سرکار کا آج

کسی امر کے ظہور میں آنے کی علامت - تمہید - ہرکارہ - مقدمۃ الجیش ہراول - **پیش دست** - (بغیر اضا - مذ) اسسٹنٹ - نائب - پیش کار - **پیش دستی کرنا** - سبقت کرنا - حملہ کرنا ؎

وصول دعتا اس سراپا ناز کا شیوہ نہیں
ہم ہی کر بیٹھے تھے غالب پیش دستی ایک دن

پیش رفت (بغیر اضا - مذ) آگے آگے چلنے والا - **پیش قبض** - (بغیر اضا - مذ) خنجر - چھرا - کٹار - **پیش قدمی** - (بغیر اضا - مو) بڑھ کے کام کرنا - سبقت - حملہ - چڑھائی - دلیری - جرأت - **پیش کار** (بغیر اضا) نائب منشی - پیشی میں رہنے والا کلرک - **پیش کش** - (مذ) نذر - تحفہ - ہدیہ - بھینٹ - **پیش کرنا** - سامنے کرنا - حاضر کرنا - آگے رکھنا - دینا - **پیش گاہ** - (مو - بغیر اضا) سامنے - روبرو - **پیش لے جانا** - جیتنا - **پیش و پس** - تردد - فکر - **پیش کرنا** - سامنے کرنا - حاضر کرنا - آگے رکھنا - **پیش نظر** - (بہ اضا) نگاہ کے سامنے - **پیش نماز** (بغیر اضا - مذ) امام جماعت - **پیش نہاد** - (بغیر اضا - مذ) مد نظر - ارادہ - **پیشوا** - رہبر - پیشما امام - بھارت کے مرہٹوں کا مورث اعلیٰ - **پیشوائی** (مو) استقبال

پیشاب: (ف - مذ) بول - موت - **پیشاب بند ہونا** - موت بند ہونا - نہایت ڈرنا - **پیشاب خطا ہونا** -

پیہم نگری کی راہ خیر دلی
کوئی پاتا نہیں ہزار افسوس

پَیمان:- (ف - مذ) عہد۔ قسم۔ شرط۔ وعدہ۔

پَیمانہ:- (ف - مذ) جام شراب۔ گلاس ناپنے کا آلہ۔ پلڑا۔ ترازو۔ بکیل پٹری جس سے ناپتے ہیں۔

پَیمائش:- (ف - مو) عموماً ہر قسم کی ناپ اور خصوصاً زمین کی ناپ۔

پَیمبر:- (ف - مذ) دیکھو "پیغمبر"

پَیمک:- (ہ - مو) ایک قسم کا سنہری گوٹا جو کلابتوں سے بنایا جاتا ہے۔ لیس

پَیں:- (ہ - مو) سارس کی طرح ایک پرندہ جو کسی دریا آتر نے یا سوکھنے پر چھپ بکانے آتا ہے۔ اس کا تیل جسم توڑے بغیر دوسری طرف سے بہہ جاتا ہے۔ باریک آواز۔ باجے یا نفیری کی آواز۔ **پیں بولنا**۔ عاجز ہونا۔ تنگ آنا۔

پَینا:- (ہ) تیز۔ بڑاں۔ نوک دار۔ (مذ) چھوٹا سا ڈنڈا جس میں ایک طرف چھوٹی سی کیل لگی ہوتی ہے۔ جسے بیل گاڑی والا بیلوں کے پٹھے میں چبھو کر انہیں ہنکاتا ہے۔ ہاتھی کا آنکس

پینا:- (ہ) رقیق چیز کا حلق کے اندر اتارنا۔ شراب نوشی کرنا۔ حقے کا دم لگانا۔ چوسنا۔ جذب کرنا۔ جھیلنا۔

پَینتالیس:- (ہ) پانچ اوپر چالیس۔

پَینتیس:- (ہ) پانچ اوپر تیس۔

پَینٹھ:- (ہ - مو) آٹھویں روز کا بازار۔ روز بازار۔ ہاٹ۔

پیندا:- (ہ - مذ) تلا۔ برتن کا نچلا حصہ۔ **پیندی** (ہ - مو) تلی۔ توپ یا بندوق کی کوٹھی۔ گاجر یا مولی وغیرہ کی جڑ۔ برتن کا نچلا حصہ۔ **پیندے کا ہلکا**۔ بات کا کچا۔ غیر مستقل مزاج **پیندے کے بل بیٹھنا**۔ چوتڑوں کے بل بیٹھنا۔ ڈوبنا۔ غرق ہونا۔ تھک جانا۔ دیوالہ نکلنا۔ گھبرا جانا۔ بدحواس ہونا۔

پَینڈلم:- (انگ - مذ) دیوار کے گھنٹے کا لٹکن یا لنگر۔

پینڈی:- (ہ - مو) ایک قسم کا لڈو جو بھنے ہوئے میدے گھی اور شکر سے بنائے جاتے اور نکاح وغیرہ سے پہلے دلہا بانٹتا ہے۔

پینس:- (پی نس - ہ - مو) پالکی - دیکھو پالکی۔

پَینسٹھ:- (ہ) پانچ اوپر ساٹھ۔

پینک:- (ہ - مو) افیون کی اونگھ۔ نشہ کی غنودگی۔ تغافل۔ **پینک سے چونکنا**۔ ذرا دیر کو ہوش میں آنا۔ ہوشیار ہونا۔ نشے سے سنبھلنا ؎ ظریف

تو ہم سے بہادر یا ہم تجھ سے بہادر ہیں
پینک سے ذرا چونکیں پھر تجھ کو بتا دیں گے

پینک میں آنا۔ نشہ کی غنودگی میں آنا۔ اونگھنا۔

پی نکالنا:- (ا) نقص نکالنا۔ ی نکالنا ؎ رشک

شک یہ ساقی سے ہے جائے گا جو میخانوں میں
پی نکالے گا کسی طرح کی پیمانوں میں

پینگ:- (ہ - مو) جھولے کا لمبا جھونٹا جو کھڑے ہو کر لیتے ہیں۔ جھولے کی رسی۔ **پینگ بڑھانا**۔ بہت لمبا جھونٹا لینا۔ کسی سے بہت میل جول بڑھانا۔

پَیوست:- (ف) ملا ہوا۔ جڑا ہوا۔ پلایا ہوا۔ رگ و پے میں اترا ہوا۔ **پیوست کرنا**۔ ملانا۔ مضبوط کرنا۔ خشک کرنا۔ ایک جان کرنا۔ **پیوست ہونا**۔ مل جانا۔ ایک جان ہو جانا۔ مضبوط یا مستحکم ہونا۔ جذب ہونا۔ سرایت کرنا۔ رگ و پے میں اتر جانا۔

پَیوستہ:- (ف) ملا ہوا۔ ملحق۔ ایک جان۔ ہمیشہ۔ مدام

پیوسی:- (ہ - مو) بچہ ہونے کے بعد کا دودھ جو دو دن بعد تک آتا ہے۔ عورتوں کا وہ دودھ جو بچہ پیٹ میں آنے کے بعد آئے۔

پیون:- (انگ) کسی دفتر کا ہرکارہ۔ چپراسی۔

پَیوَند:- (ف - مذ) ربط۔ رشتہ۔ لگاؤ۔ پیوند دار۔ وہ کپڑا جس میں پھٹنے کی وجہ سے جوڑ لگا ہو۔ **پیوند زمین** (ہونا۔ کرنا) کبھی مرنے میں اور مرنے کی سختی بیان کرتے وقت کہتے ہیں۔ "کشتہ پیوند زمین نہ کر دیا ہو تو سہی" **پیوند میں پیوند** (مل جانا۔ جڑ جانا)۔ خاندان سے خاندان ملنا۔ دولہا دولہن کا خاندانی طور پر ایک طرح کا ہونا۔ **پیوند لگانا**۔ جوڑ لگانا۔ جوڑ لگانا۔ کاٹنا۔ ایک درخت کی شاخ کو دوسرے درخت کی شاخ میں ملانا۔ جو شت جوڑ ملانا۔ **پیوندی**۔ پیوند لگایا ہوا۔ وہ درخت جس میں پیوند لگایا ہو۔ قلمی پیوند والے۔ درخت کا پھل دوغلا۔ دو رنگا۔ **پیوندی مونچھیں** (ا - مو) وہ حلقہ نما مونچھیں جنہیں بانکے آدمی اکثر گالوں سے چپکا لیتے ہیں۔

پیہم:- (ف) لگاتار۔ متواتر۔ پے در پے۔

پیہو: (مذ) پپتو۔

پیئے دودھ اور کھائے مال: (ا) اس شخص کے لیے بولتے ہیں جو عیش و عشرت میں زندگی بسر کرے

ت

ت: (تے۔ مو) اردو ا ب ت کا چوتھا حرف۔ اس کے اعداد ابجد کے حساب سے چار سو ہوتے ہیں۔ نیز زبر کے ساتھ "ترا" تیں کا مخفف جو ملنے کا کام دیتا ہے جیسے تا ہی تیجھلا

تا: ایک پیارا کلمہ ہے جو اوٹ میں چھپ کر اور پھر سر نکال کر بچوں سے کہا جاتا ہے جس کے معنی ہوتے ہیں (دیکھو مجھ کو) یہ ہیں جس سے بچے خوش ہوتے ہیں۔ نیز فارسی اسموں کے شروع میں تک اور جب تک کے معنی دیتا ہے جیسے "تاچند" اردو کے متقدمین تنہا بھی اس معنی میں استعمال کرتے تھے۔ ؎ شاہی

ان سے میرے بنا زے پر آیا نہ جائے گا
تا پہلے اذن عام سنایا نہ جائے گا

کبھی پہلے اس پیٹے کے معنی دیتا ہے (تاکہ) "سم" کے شروع میں "تو" کے معنی دیتا ہے (تاہم۔ تو بھی) اور عدد کے ساتھ "بل" کے معنی میں آتا ہے (دوتا۔ بلدار) کبھی مخفف شمار اور عدد کے معنی دیتا ہے (یکتا) **تا بہ حیات**۔ جیتے جی۔ عمر بھر۔ زندگی بھر **تا بکجا** **تا بہ زیست**

کہاں تک۔ کب تک ؎ سید

تابکے دوں صبر دل کو کب تک چپکا رہوں
یاد بھی آوے کہیں تم کو قسم کھائی ہوئی

تا بمقدور۔ جہاں تک ممکن ہو۔ حتی الامکان **تا تریاق از عراق آوردہ شود۔ مار گزیدہ مردہ شود**۔ وقت گزر جانے پر تدبیر ہوئی تو کس کام کی۔ انتظار کرنے میں مقصد ختم ہو جائے گا۔ **تا چند**۔ کب تک۔ **تا حال**۔ اس وقت تک۔ اب تک۔ **تا کہ**۔ کیونکہ۔ اس لیے کہ۔ **تا مرد سخن نگفتہ باشد۔ عیب و ہنرش نہفتہ باشد**۔ جب تک آدمی سے سابقہ نہ پڑے اس کا عیب و ہنر نہیں کھلتا۔ **تاہم**۔ پھر بھی۔ اس پر بھی۔

تاب: (ف۔ مو) روشنی۔ چمک۔ گرمی۔ پیچ۔ خم۔ طاقت۔ مجال۔ برداشت۔ رنج و محنت۔ آب۔ جلا ؎ ظفر

ہے سوا الماس سے بھی تیرے دانتوں کی چمک
آب رکھتا ہے وہ۔ شہوار ایسی کا ہے کو

(محاورہ میں) **تاب نہ لانا**۔ برداشت نہ کر سکنا۔ گھبرا جانا۔ **تاب و تواں** (مو) مجال۔ قدرت **تاب و طاقت**۔ حوصلہ۔ صبر و قرار۔

تاباں: (ف) چمک دار۔ روشن۔

تابدان: (ف۔ مذ۔ بغیر اضافہ) روشن دان۔ وہ بڑا سوراخ جو مکان میں روشنی کے لیے بنایا جاتا ہے

تابڑ توڑ: (ا۔) متواتر۔ لگاتار۔ پیہم۔ اوپر تلے۔

تابستان: (ف۔ مذ) گرمی۔ موسم گرما

تابش: (ف۔ مو) حرارت۔ گرمی۔ تپش۔ چمک۔ روشنی

تابع: (ع) ماتحت۔ مطیع۔ فرمانبردار۔ پابند۔ ملازم۔ نوکر (کرنا۔ ہونا) **تابعدار**۔ عام طور پر مطیع و فرمانبردار کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ **تابع مہمل**۔ وہ بے معنی لفظ جو کسی بامعنی لفظ کے بعد زبان زد ہو۔ جیسے روٹی ووٹی۔ پانی وانی۔ دوٹی۔ وانی۔ **تابعداری** (مو) فرمانبرداری۔ ماتحت نوکری۔ ملازمت (کرنا)

تابعی: (ع) وہ شخص جس نے اصحاب رسول اللہ کو دیکھا ہو۔ جمع۔ تابعین۔

تابندہ: (ف) چمکتا ہوا۔ روشن۔

تابوت: (ع۔ مذ) وہ صندوق جس میں مردے کی لاش رکھتے ہیں۔ جنازہ۔ وہ شبیہ جنازہ جو کسی امام کی شہادت یا محرم میں نکالی جاتی ہے اور شیعہ اس کے ساتھ ماتم کرتے ہیں۔ (اٹھانا۔ نکالنا۔ بڑھانا۔ سپرد کرنا)

تابیدہ: (ف) بٹا ہوا۔ بل کھایا ہوا۔ روشن۔ تاباں۔ درخشاں۔

تاپ: (ہ۔ مذ۔ مو) حرارت۔ گرمی۔ تاپ۔ تاپ۔ بخار۔ **تاپ تلی** (بغیر اضافہ۔ مو) وہ مرض حال کے سبب تلی کا بڑھ جانا۔

تاپنا: (ہ) گرمی پہنچانا۔ سینکنا۔ گرم ہونا۔

تاتار: (ف) ترک و مغل نسل کی ایک قوم۔ ملک جس کی طرف مشک و خوشبو کی نسبت دی جاتی ہے۔ سند دیکھیے۔ آ۔

تاتا تھئی: (ہ۔ مو) اس لفظ کو گانے بجانے والے تال پرکھنے کے لیے زبان اور بھیلیں سے ادا کرتے ہیں

تَأَثُّر:- (ع - مذ) اثر قبول کرنا - اثر لینا

تَأثِیر:- (ع - مو) اثر کرنا - نتیجہ - پھل - نشان - اثر - خاصیت - عمل - گُن (کرنا - ہونا)

تَاج:- (ف - مذ) شاہی ٹوپی - پروں کا طرہ - کلغی - گنجفے کا ایک رنگ - مرغ وغیرہ کے سر کا کیس - **تاج پوشی** (بغیر اضافہ - مو) تاج پہننا - سر پر تاج رکھنے کی رسم - **تاج خروس** (بہ اضافہ - مذ) مرغ کے سر کی کلغی - ایک قسم کا سرخ پھول **تاجدار** (بغیر اضافہ) بادشاہ - صاحب تاج - تاج والا - **تاج رکھنا** - بادشاہ بننا - تاج پہننا - **تاجور** - بادشاہ - صاحب تاج -

تَاجِر:- (ع) سوداگر - تجارت کرنے والا - بیوپاری -

تَاجُو:- (ہ) بھائی کے ساتھ بدسلوکی کرنے والی عورت - بے رحم عورت - ایک برادرکش عورت کا نام -

تَاخت:- (ف - مو) لوٹ - غارت - دھاوا - حملہ - **تاخت و تاراج کرنا** - برباد کرنا - تباہ کرنا - لوٹ لینا -

تَأَخُّر:- (ع - مذ) کسی کام کو مؤخر کرنا - دیر کرنا -

تَأخِیر:- (ع - مو) وقفہ - ڈھیل - دیر (کرنا - ہونا) ؎

کہتے کہتے مر گیا بیمار انتظار
تاخیر ہو گئی آنکھیں تاخیر ہو گئی   بیانؔ یزدانی

تَأدِیب:- (ع - مو) تنبیہ - چشم نمائی - ادب سکھانا -

تَأَذِّی:- (ع - مو) ایذا اٹھانا - دل کو تکلیف پہنچنا -

تَار:- (ف - مذ) تاگا - کسی دھات کا لمبا - باریک اور گول ڈورا - سیاہ - بال ؎ واجد علی شاہ

نہ کچھ رشک کا رتبہ نہ بہار تھا
کرتا تار گیسو کا ہر تار تھا

تانا بانا - سلسلہ - قوام کا جیب - پارہ (جیسے تار تار) - تاگا (خطوط پرونے کا تار) وہ خبر جو تار برقی کے ذریعے سے آئے - اندھیرا - تاریکی - چھلا - انگوٹھی - **تار آنا** - تار برقی پر خبر آنا - **تار باجا** - **راگ پوچھا** - آدمی نے بات کی اور اس کا حال کھلا - **تار باندھنا** - کسی کام کا سلسلہ باندھنا - پے در پے کرنا ؎ تسلیم

کچھ نہیں کام بم و زیر کی آوازوں کا
تار باندھے یہاں تکبیر کی آوازوں کا

تار بتار (تار بے تار کا مخفف) پریشان - منتشر - **تار تار کرنا** - کپڑا ٹکڑے ٹکڑے کرنا - پھاڑنا - **تار توڑ** (مذ) کار چوبی کام ایک قسم کا سوئی کا کام جو کپڑے پر ہوتا ہے - **تار ٹوٹنا** - سلسلہ نہ رہنا - کسی ہوتے ہوئے کام کا رک جانا - **تار دبکنا** - سنہری روپہلی تاروں کو کوٹ کر گوٹے کے لیے چوڑا کرنا - **تار دیکھنا** - پکی چاشنی کو چمچے میں اٹھا کر دیکھنا کہ تار پڑنے لگا یا نہیں (یہ چاشنی تیار ہونے کی علامت ہے) **تارکش** - (بغیر اضافہ - مذ) سونے چاندی کے تاروں کو جنتری میں کھینچ کر لمبا اور باریک کرنے والا - **تارکشی** (مو) صنعت - **تار گھر** (مذ) تار برقی کا دفتر - ٹیلیگراف آفس - وہ جگہ جہاں سے تار برقی کی خبر روانہ کی جاتی ہے - **تار نکالنا** کپڑے میں سے تاگے نکالنا - سراغ نکالنا - باریک اور مہین سوزن بننا - **تار و پود** (مذ) تانا بانا -

تَارَا:- (ہ - مذ) ستارا - آنکھ کی پتلی - نہایت بلند یا دور کی چیز جو ذرا سی معلوم ہو - ؎ ذوقؔ

مرتبہ پست اوج رفعت سے ہمارا ہو گیا
آفتاب اتنا ہوا اونچا کہ تارا ہو گیا

ننھے ننھے چمکتے ہوئے کیڑے سے جو دماغی کمزوری کے باعث آنکھ کے سامنے نظر آتے ہیں اور آنکھیں بند کرنے پر بھی دکھائی دیتے رہتے ہیں **تارا ٹوٹنا** - شہاب ثاقب کا گرنا - کسی شرارے کا آسمان سے نیچے گرنا - **تارا ڈوبنا** - تارے کا چھپ جانا - برسات میں جو ستاروں میں ایک طرح کی لرزش سی پائی جاتی ہے اسے بھی تارا ڈوبنا کہتے ہیں اور اس سے بارش کا شگون لیتے ہیں ؎ نصیر

خال رخ جبکہ پسینے میں تمہارا ڈوبا
جوش بارش ہو نہ کس وجہ کہ تارا ڈوبا

تارا سی آنکھیں ہو جانا - آنکھوں کا آشوب بالکل دور ہو جانا - **تارا منڈل** (مذ) تاروں کا حلقہ یا منڈل - ایک قسم کی آتشبازی - **تارا ہو جانا** - نہایت بلند اور اونچا ہو جانا - آسمان سے لگ جانا - نہایت تہ میں ہو جانا (دیکھیے - تار - تارے)

تَارَاج:- (ف - مذ) لوٹ - غارت - غارت گری (کرنا - ہونا)

تَارپیڈو:- (انگ - مذ) سنگاری شکل کا ایک آلہ جنگ جس کے اندر آتش گیر مادہ ہوتا ہے یہ سمندر کی لڑائی میں دشمن کے جہاز کو نقصان پہنچاتا ہے

تَارپِین:- (انگ - مذ) گندہ بیروزہ - **تارپین کا تیل** (ا - مذ) گندہ بیروزے کا نکالا ہوا تیل

تَارِک:- (ع) چھوڑنے والا - ترک کرنے والا -

تَارِکُ الدُّنیَا:- (ع) وہ شخص جس نے دنیا کو چھوڑ دیا ہو - پرہیزگار - خلوت نشین - **تارک الصلوٰۃ** بے نماز - نماز ترک کرنے والا -

ہیں ہے نفیس لکھنوی

آئی تھی صدا صاف گرکتے جو مجھے تا سے
صدقے ترے لے تیں شب و روز کے پیاسے

تاسی :- (تَ اَس سی - ع) پیروی کرنا - پیروی -

تاسف :- (ع - مذ) افسوس - حسرت - پچھتاوا - کڑھنا -

تاسیس :- (ع - مو) بنیاد رکھنا - مضبوط کرنا - علم عروض کی اصطلاح میں الف ساکن جس کے اور روی کے درمیان ایک حرف متحرک واسطہ ہو جیسے حامل اور شامل کا الف -

تاش :- (ف - مذ) ایک قسم کا زری کا کپڑا جس کا تانا ریشم کا اور بانا بادلے کا ہوتا ہے - زربفت - بادلہ - گنجفے کی قسم کا ایک کھیل - **تاش بادلہ** : تاش ہی کا نام - زربفت ہے

پہن کے جامہ پر زر نہ پھول گل کی طرح
یہ تاش بادلہ خواجہ غلام مال نہیں — جرأت

تشت - جھنڈے خانے والیوں نے جھنڈا تازہ کر کے زردچوبی زیرانداز بچھا چاندی کے تاش میں لگا دیا" (بزم آخر)
تاش پر موج کا بخیہ : بے جوڑ بات

تاشہ :- (ا - مذ) ایک قسم کا دف جسے گلے میں ڈال کر دونوں ہاتھوں سے بجاتے ہیں

تاغیر :- تغیر کے معنوں میں مستعمل تھا - ہے

اس ضد پہ تو چل ہاں نگہیں سے ملوں گی
تاغیر تو کر دیکھو جاگیر ہماری

تافتہ :- (ف - مذ) ایک قسم کا چمکیلا ریشمی کپڑا - سفید رنگ کا چتکبرا گھوڑا یا کبوتر

تاقی :- (تا - قی - ت - مذ) وہ گھوڑا جس کی دونوں آنکھیں ایک رنگ کی نہ ہوں - یہ نحوست کی نشانی ہے - ایک قسم کی ٹوپی -

تاک :- (ف - مذ) انگور کی بیل - انگور (مو) تکا - ٹکٹکی - گھات - کمین - انتظار - نشست - نشانہ - تلاش ہے

یوں طبیعت اپنی جو کسی پہ لگی ہوئی
نظروں کی جیسے تاک کسی پر لگی ہوئی

تاک باندھنا - برابر دیکھے جانا - ٹکٹکی باندھنا - **تاک جھانک** (مو) دیکھ بھال - جستجو - نظر بازی - **تاک رکھنا** (ہ - ا) گھات میں لگے رہنا - تاک رکھنا - **تاک کر مارنا** - نشست باندھ کر نشانہ لگانا -
تاک لگانا - گھات لگانا - نظر رکھنا - تاک میں رہنا - انتظار کرنا - **تاک میں رہنا** - وقت کا انتظار کرنا - منتظر رہنا - **تاکنا** (ہ - مو) ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا - جھانکنا - چھپ کر دیکھنا - تاڑنا - بھانپنا - نشانہ باندھنا - انتظار کرنا - تکی (... تاک لگانا)

تاکید :- (ع - مو) اصرار - ضد - ہٹ - تقاضا - کوشش - بار بار کہنا - زور دینا - **تاکیداً** - نہایت اصرار سے - زور ڈال کر - **تاکیدی حکم** (مذ) ضروری حکم - سخت تقاضا -

تاگا :- (ہ - مذ) ڈورا - سوت - **تاگا ڈالنا** - لحاف یا رضائی میں گھندے ڈالنا - سینا - سوئی میں تاگا پرونا -

تاگڑی :- (ہ - مو) تاگے کا بنا ہوا ڈورا جو لنگوٹی الجھانے کے لیے کمر میں باندھتے ہیں - مجازاً لنگوٹی - ہندو عورتوں کا ایک جیتی نما زیور جو کمر میں بیلٹ کی طرح پہنتی ہیں - **تاگڑی بندھوا** بالکل مفلس بنا دینا (تگڑی)

تال :- (ہ - مذ) تالاب - چشمہ - عینک کا ہر ایک شیشہ - راگ کے سُر کو ضبط کرنے کے لیے ہاتھ پر ہاتھ مارنا ہے

راحت کے لیے رنج خدا نے کیا پیدا
یہ تال بنایا ہے میاں ایک ہی سُر کا

(مو) پیتل کی دو چھوٹی کٹوریاں جو طبلے یا ڈھولک کے ساتھ بجاتے ہیں - جھنجھیرے کی جوڑی - **تال پڑنا** - طبلے یا تھالی کا کسی سُر کو ختم کرنا ہے میر حسن

عجب تال پڑتی تھی انداز سے
کہ بیکل تھی ہر تال آواز سے

تال ٹھوکنا - خم ٹھوکنا - لڑنے کی تیاری کرنا - **تال دینا** - اصول نغمہ کے ضبط اور وزن پر لانے کے لیے تالی بجانا - **تال بے تال** - سُر بے سُر - موقع بے موقع - **تال سے تال ہونا** - بے موقع تان لینا - **تال میل** (ہ - مذ) موافقت - میل جول - ربط ضبط - حسب موقع - قرینے سے - موزونیت ہے اوج

یہی ہے غل کہ سواروں کا تال میل بھی ہے
فرس ابھی جو تنے ہیں تو کچھ کلیں بھی ہے

تال میل کھانا - موافقت ہونا - جوڑ ہونا - ستارہ ملنا -

تالا :- (ہ - مذ) قفل جو دروازے وغیرہ میں ڈال کر بند کیا جاتا ہے - **تالا توڑنا** : قفل توڑنا - قفل توڑنے کا جرم کرنا - **تالا کنجی** : قفل و کلید - **تالا لگانا** - تالے کو کنڈی میں ڈال کر بند کرنا - **تالا لگنا** - تالا بند کرنا (چڑھنا - لگوانا - پڑنا - ڈالنا)

تالاب :- (ہ - مذ) آب گیر - بہت لمبا چوڑا حوض - وہ لمبا چوڑا نشیب جس میں برسات کا پانی بھر جاتا ہے -

تالم :- (ع - مذ) دکھ پانا - رنج و الم کا اثر لینا -

تال مکھانا :- (ہ - مذ) ایک قسم کی جڑی بوٹی جو اندر سے کھوکھلی ہوتی ہے - ہندی میں لالو بھی کہتے ہیں

تالو :- (ہ - مذ) دہان کے اوپر کی سطح - زبان کے اوپر کی چھت - **تالو اٹھانا** - دایہ کا پیدا ہونے والے بچے کے تالو کو دبا کر درست کرنا اور بچہ پر لانا - **تالو سے زبان نہ لگنا** - چپ نہ رہنا - بکے جانا ہے مومن

(دیتا) تلاش ہے۔ **تانبے کا چراغ** - وہ پیسا جو راہِ خدا میں صرف کیا جائے۔ ے معروف

مشترک روشن رہے تیرا چراغ
دے اگر سائل کو تانبے کا چراغ

تانے تشنے (مذ - روزمرہ) طعن و تشنیع۔

تانت: (ا - مو) گائے بھینس کے پٹھوں کے تاروں کا بنا ہوا سوت جو کمان میں یا دُھنیے کی دُھنکی میں لگایا جاتا ہے۔ نیز اسی کا بنا ہوا سارنگی وغیرہ کا تار۔ **تانت باجی** (اور راگ) پایا - قرینے سے مطلب پہچان لیا۔

تانتا: (د - مذ) قطار۔ سلسلہ۔ آنے جانے کا سلسلہ۔ **تانتا بندھنا** (یا) بندھ جانا۔ تانتے کو لگانا۔ سلسلہ ہونا۔ **تانتی** (مو) اولاد - نطفہ۔ بال بچے۔

تان ترور: (ا - مذ) طعنہ مہنہ۔ اشارہ کنایہ۔ بطریق تضحیک۔

تانتری: (د - مو) تانت کی تصغیر۔ نہایت دُبلا پتلا شخص۔ منحنی شخص۔

تانتوا: (د - مذ) آنت اُترنے کی بیماری۔ فتق۔

تانسنا: (د) جھڑکنا۔ مارنا۔ خوراک سے کر دینا۔ کھینچ کر روٹی دینا (بچہ روتا ہے۔ اس بیچ ماں تانس کر روٹی دیتی ہے)۔ برا کہنا۔ بدسلوکی کرنا۔ چشم نمائی کرنا۔ ڈانٹ سختی کرنا۔ جبر کرنا۔ ے رنگین

گو مجھے تانسے گی باجی تیرے کارن لے دوا
میں نہیں کرنے کی تجھ کو شور میٹھ سوئے بھا

تانس تانس کے رکھنا - سختی اور جبر کرنا۔ ے آرزو

چاہ میں جس کو پھانس کے رکھا
اس کو پھر تانس تانس کے رکھا

تان سین: (مذ) ایک مشہور برہمن۔ فن موسیقی کے اُستاد کا نام جو شہنشاہ اکبر کے دربار کا گویّا تھا اور $\frac{۹۹۶ھ}{۱۵۸۸ء}$ میں فوت ہوا۔

تان کے: کھینچ کر۔ زور سے۔ جماکر۔ بھر کر (دسترخوان سے خوب پیٹ تان کے اُٹھا)

تانگا: (ا - مذ) گھوڑے سے کھنچنے والی مشہور گاڑی جو عموماً سب شہروں میں چلتی ہے۔

تاننا: (د) کپڑے کو کھینچ کر پھیلانا (شامیانہ تاننا - قنات تاننی) جھول دور کرنا۔ مارنے کے لیے اُٹھانا (گھونسا تان لیا) قید کرنا (دو برس کو تان دیا) اُبھارنا۔ مشتعل کرنا۔ کسی کو مرنے کے لیے آمادہ کر دینا (اچھی طرح تان دیا ہے) بھیجنا۔ روانہ کرنا (خط تاننا۔ اسسید جا گھڑا کر) کسی کی طرف کو رُخ کر کے کھڑا کرنا۔

ے آتش

جیل دلاوقت ہے سینے کے سپر کرنے کا
برچھیاں تانے ہوئے ہیں صفِ مژگاں تیار

تانیث: (ع - مذ) تذکیر کی ضد۔ مؤنث ہونا۔

تاوا: (د - مذ) چکر۔ کبوتروں کا مکان کے گرد اُڑنا (دینا - لگانا)

تاوان: (ف - مذ) جرمانہ۔ ڈنڈ۔ عوض۔ قصاص۔ کفارہ (دینا - بھرنا)

تاوَلا: (د - مذ) مضطرب۔ جلد باز۔ تاولا سو باولا - جلد باز دیوانہ ہوتا ہے۔

تاویل: (ع - مو) شرح بیان۔ حیلۂ شرعی۔ عذر بے جا۔ بچاؤ کا بہانہ۔

تاہم: (ف) تو بھی۔ پھر بھی۔ اس پر بھی۔

تائب: (ع - مذ) توبہ کرنے والا۔ گناہ سے باز آنے کا عہد کرنے والا۔

تاؤ: (تا او - د - مذ) تایا - باپ کا بڑا بھائی۔

تاؤ: (د - مذ - تانا کا حاصل مصدر) گرمی کسی دھات کو آگ میں پھلانا یا چرخ دینا۔ غصہ۔ بل۔ پیچ دینا۔ پیچ۔ طاقت۔ زور۔ کاغذ کا تختہ۔ ترام۔ **تاؤ آنا** - کسی دھات کا تپانے سے سرخ ہو جانا۔ پگھل کر چرخ کی جانا۔ جوش کھانا۔ چاشنی پکنے پر آنا۔ غصہ آنا۔ **تاؤ بند** - (مذ) کیمیا گروں کی اصطلاح میں وہ دوا جس کے اثر سے چاندی یا سونے کا چرخ دینے پر بھی کھوٹ ظاہر نہ ہو۔ **تاؤ بھاؤ** بہت کر۔ ذرا سا کسی قدر۔ **تاؤ پیچ** - پیچ و تاب۔ غم و غصہ۔ **تاؤ دینا** - تپانا۔ چرخ دینا۔ آنچ دینا۔ بل دینا۔ مونچھوں کو مروڑنا۔ **تاؤ کھانا** - سرخ ہو جانا۔ جوش کھانا۔ چرخ کھانا۔ چاشنی یا قوام کا حل ہو جانا۔ گرم ہو کر ٹھنڈا ہو جانا۔ اینٹھنا۔ پگھلنا۔ رقیق ہونا۔ کشتے کا آنچ کھا جانا۔ بل کھانا۔ ے نظیر

ذرا سی بات میں اک دم کے بیچ لیویں کھاؤ
ہر ایک مونچھ پہ تیری جو تاؤ کھاتی ہے

تائی: (د - مو) باپ کے بڑے بھائی کی بیوی۔ بڑی چچی۔

تائید: (ع - مو) تقویت۔ حمایت۔ مدد۔ طرف داری۔ رعایت۔ استحکام دعویٰ کی دستاویز۔ **تائید کرنا** - ساتھ دینا۔ حمایت کرنا۔ **تائید کلام** (بہ اضافہ - مذ) کسی کے قول کی تصدیق۔ سخن پروری۔ بات کی پچ۔ **تائیدی شہادت** - (مو) وہ گواہی جو کسی کے بیان کی تائید کرے۔

کی چیزیں ۔ برکت حاصل کرنے کی مقدس چیزیں ۔ بزرگانِ دین کی یادگاریں
سے دبیر

نبی کا خود علی کی حسام لے آؤ
تبرکات رسول انام لے آؤ

تبرکاً و تیمناً :- (ع) برکت حاصل کرنے کے لیے مبارک اور متبرک جان کر ۔

تبرید :- (ع ۔ مو) ٹھنڈائی پینا ۔ ٹھنڈی دوا ۔ ٹھنڈائی

تبسم :- (مذ) مسکراہٹ ۔ ایسی ہنسی جس میں ہونٹ نہ کھلیں ۔ مسکرانا (کرنا)

تبصرہ :- (مذ) تنقید ۔ ریویو ۔ توضیح ۔ نثر و نظم کے محاسن و معائب پر نظر ڈالنا ۔

تبع تابعین :- (ع ۔ جمع ۔ مذ) وہ مسلمان جنھوں نے تابعین کو دیکھا یا ان سے ملے تھے ۔ دیکھو تابعین ۔

تبعیت :- (ع ۔ مو) متابعت ۔ اتباع ۔ پیروی ۔ تقلید ۔ تبعیت میں ہونا کسی شخص یا چیز کے ساتھ رہنے کی وجہ سے ۔ اس شخص یا چیز کے احکام ، ساتھ رہنے والی شے پر بھی لگائے جانا ۔ جیسے بچہ بلوغ سے پہلے کسی مذہب میں نہیں ہوتا مگر ماں یا باپ کے ساتھ رہنے کی وجہ سے اُن کے مذہب گنا جاتا ہے

تبغیض :- (ع ۔ مو) دشمنی ڈال دینا ۔ بغض پیدا کرانا ۔

تبلیغ :- (ع ۔ مو) پہنچانا ۔ احکام شرعی کو پہنچانا ۔ کسی مقصد کی اشاعت کرنا ۔

تبنی ۔ تبنیت :- (ع ۔ مو) متبنیٰ بنانا ۔ لے پالک بنانا ۔ گود لینا ۔

تبیان :- (ع ۔ مذ) وضاحت کرنا ۔ بیان کرنا ۔ واضح ہونا ۔

تپ :- (ف ۔ مذ) بخار ۔ حرارت ۔ گرمی ۔ **تپ اُترنا** ۔ بخار دھیما ہونا ۔ بخار کم ہونا ۔ **تپ چڑھنا** ۔ بخار کا جسم پر ظاہر ہونا ۔ بدن گرم ہونا ۔ **تپخالہ** ۔ دیکھو "تبخالہ" ۔ **تپ دق** ۔ جس میں مریض کے پھیپھڑے خراب ہو جاتے ہیں ۔ **تپ لرزہ** ۔ بخار جس کے چڑھتے ہوئے سردی لگے اور کپکپی آئے ۔ **تپ موت جانا** ۔ بخار اتر جانے کے بعد ہونٹوں پر تبخالہ نکل آتا ہے ۔ **تپ نوبت** (بالغا ۔ مو) باری کا بخار ۔

تپاک :- (ف ۔ مذ) بے قراری ۔ گرمجوشی ۔ آؤ بھگت ۔ اخلاص محبت سے ناسخ

تیرے جلانے کو اے سنگدل صنم ہم نے
کی اور صاحب سے تپاک کیا

تپاں :- (ف) گرم ۔ تڑپنے والا ۔ جلنے والا ۔

تپانا :- (ہ) گرم کرنا ۔ سونے چاندی کو تاؤ دینا ۔ دل جلانے کی باتیں کرنا ۔ شراب کو آگ کی لو پر رکھ کر خالص و غیر خالص دیکھنا ۔

تپائی :- (مو) تین پایوں کی چوکی ۔ ٹپی ۔ چھوٹی میز ۔

تپتڑ :- (پن ۔ مو) ٹاٹ کی گدی جس پر ساہوکار بیٹھتے ہیں ۔

تپسیا ۔ تپشیا :- (ہ ۔ مو) عبادت ۔ بندگی ۔ دھیان گیان ۔ (ہندوؤں کا روزمرہ)

تپش :- (ف ۔ مو) گرمی ۔ حرارت ۔ تمازتِ آفتاب ۔ بیقراری ۔ اضطراب ۔ سوزش ۔ لپک ۔

تپک :- (ہ ۔ مو) پکے ہوئے زخم کی ٹیس ۔
سے اثر لکھنوی

گو عیش و طرب کے تھے مہیا ساماں
دُکھتی ہوئی دل کی رگ تپکتی ہی رہی

پکھون ۔ ہول ۔ تپکنا ۔ زخم میں ٹیس اُٹھنا ۔ ہولیں اُٹھنا ۔

تپنا :- (ہ) جلنا ۔ بھیگنا ۔ ناگواری ۔ غصے سے جل بھن جانا ۔ دھونی رمانا ۔

تپنچہ :- (ف ۔ مذ) پستول ۔

تپی ۔ تپسی :- (ہ ۔ مذ) عابد ۔ تپسیا کرنے والا ۔ (ہندوؤں کا روزمرہ)

تپیدہ :- (ف) تپایا ہوا ۔ مضطرب ۔ تڑپا ہوا ۔ لوٹا ہوا ۔ (جیسے خوں تپیدہ ۔ خون میں تڑپا اور لوٹا ہوا) ۔

تت :- (س ۔ مذ) لب لباب ۔ ست ۔ نچوڑ ۔ انجام ۔ سرشتہ ۔ خدا تعالیٰ کی معرفت

تتا :- (پن) تیز مزاج ۔ شجاع ۔ تتا توا ۔ گرم توا ۔ (لڑکا) تتا ہونا ۔ گرم ہونا ۔ غضب ناک ہونا ۔

تتبع :- (ع ۔ مذ) تقلید ۔ پیروی ۔ تلاش و تجسس ۔ نقل سے

ابر اکثر اس برس برسا کیا
کیا تتبع دیدۂ تر کا کیا — ذوق

تتر بتر :- (ا) الگ الگ ۔ جدا جدا ۔ پراگندہ ۔ منتشر ۔

تتری :- (ف) آتاری ۔

تتڑی :- (ہ ۔ مو) جل جوگنی تیز مزاج عورت ۔ نہایت بخیل عورت ۔ وہ عورت جو بچوں پر خرچ کرنے سے بھی جلے ۔

تتق :- (ف) پردہ ۔ خیمہ ۔ کسی چیز کی عارضی اوٹ (اٹھنا ۔ پڑنا) ۔
سے فصاحت لکھنوی

بجلی سوائے نجف سے گرد کیا تجلی عشق
بن گیا سرمہ جناں میں جا کے چشم حور کا

تتلانا :- (ھ) زبان کا لکنت کرنا - رُک رُک کر بات کرنا ؎
بیٹا کے وہ تتلا کے پکاری یہ بار بار
اماں بیبا تو کہتی ہے بابا کی میں نثار — دبیر

تتلی :- (ھ - مو) بھنبیری - تیتری - مجازاً وہ حسین عورت جو رنگین کپڑے پہنے ہو -

تتمبا :- (ا - مذ) جھگڑا - بکھیڑا - دقت دشواری -

تتمہ :- (ع - مذ) بقیہ - بچا ہوا ضمیمہ - مضمون کا بقیہ حصہ جو پہلے لکھنے سے رہ گیا تھا - تتمہ بیان تحریری (مذ) تحریری بیان کا ضمیمہ جو عدالت میں داخل کیا جائے - تتمہ وصیت نامہ - (مذ) وصیت نامے کی وضاحتی دستاویز جس میں پہلے مطالب کی توضیح یا ترمیم و اضافہ کیا جائے -

تتو تھمبو :- (ا - مو) روک تھام - دم دلاسا - بیچ بچاؤ - بہلاوا - پھسلاوا -

تتہرا :- (مذ) پانی گرم کرنے کا گھڑا - ٹھرا - گاگر - مجازاً کالا - کھوٹا شخص -

تتی / تتئی :- (ھ - مو) چھوٹا سا لوٹا جس سے بچے پانی پیتے ہیں -

تتیا :- (ھ - مذ) بھڑ - ایک قسم کا ڈنک مارنے والا زرد تیز کیڑا اور زرد رنگ کا کیڑا جو چھتا بنا کر سینکڑوں کی تعداد میں ایک جگہ رہتا ہے - تیز - چالاک - بچر تتیا - ذہین -

تتیا مرچ :- (ھ - مو) ایک قسم کی چھوٹی سی نہایت تیز مرچ جو زرد رنگ کی ہوتی ہے -

تٹ :- (ھ - مذ) ساحل - کنارہ - یہ لفظ عموماً گیتوں میں استعمال ہوتا ہے -

تثلیث :- (ع - مو) تین حصوں میں تقسیم کرنا - عیسائی مذہب کے مطابق خدا کی وحدانیت کی تین شاخیں جن میں ایک ہی ماہیت - قدرت اور ہمیشگی ہے یعنی باپ (اللہ) بیٹا (یسوع) اور روح القدس - نجومیوں کی اصطلاح میں قمر و سعد ستارے کے درمیان درجات کے حساب کے مطابق تیسرا درجہ

تثنیہ :- (ع - مذ) دوگنا - دو کرنا - لفظ کی وہ صورت یا وہ صیغہ جس سے دو سمجھے جائیں - جیسے زوجین - طرفین و شاعر قرآن اور محمد دونوں کے گھوڑوں کی یکجائی کی تعریف میں کہتا ہے ؎ دبیر
[illegible]
ضمیر تثنیہ دونوں کی بے جا سا گیا ہے

تج :- (ھ - مذ) ایک درخت کی مشہور چھال - نیز دیکھیے تجنا -

تجار :- (ع - مذ) تاجر کی جمع - سوداگر -

تجارب :- (ع - مذ) تجربہ کرنا - باہم تجربہ کرنا -

تجارت :- (ع - مو) سوداگری - بیوپار - تجارتی مال (مذ) سوداگری کا سامان -

تجاری :- (ا - مو) تیسرے دن کی باری سے چڑھنے والا بخار -

تجاوز :- (ع - مذ) اپنی حد سے نکل جانا - الگنا - انحراف (کرنا - ہونا)

تجاہل :- (ع - مذ) عمداً انجان بننا - دانستہ چشم پوشی کرنا -

تجاہل عارفانہ :- (ع - ب - اضا - مذ) جان بوجھ کر انجان بننا - نثر و نظم کی ایک خوبی جس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ موصوف کی صفت (خوبی یا برائی) بیان کرتے ہوئے تمیز نہ ہونے یعنی عدم واقفیت اور حیرانی ظاہر کرتے ہیں جیسے ؎ ظفر
بوئے گل ، باد سحر ، ماہ لقا تو کون ہے
صبر و قرار لے چلا سچ تو بتا تو کون ہے

تجدد :- (ع - مذ) نیا ہونا - ایسے تغیرات کرنا جن سے کوئی چیز بالکل نئی ہو جائے - بدعت -

تجدید :- (ع - مو) نئے سرے سے کام شروع کرنا - قدیم شے کو نئے سانچے میں ڈھالنا -

تجربہ :- (ع - مذ) آزمائش - امتحان - خود آزمایا ہوا - سائنس کا عمل - سائنس کے اصول کی آزمائش یا امتحان - وہ انسانی معلومات جو قوت حافظہ و قیاس کے باہم ملنے سے پیدا ہوتی ہے - مشاہدہ میں آئی ہو بات - تجربہ کار (صفت) واقف کار - ہوشیار - کام کو آزمائے ہوئے - ماہر صفت -
تجربہ کاری (مو)

تجرد :- (ع - مذ) انسان کا تنہا اور غیر شادی شدہ ہونا - تنہائی - آزادی - ترک دنیا -

تجرید :- (ع - مو) تنہائی - علیحدگی - خلوت گزینی - ہر شے کو ترکیب و اجزا سے مبرا ہونے کی منزل (جیسے خدا کی ذات) شاعر نعت میں کہتا ہے ؎ مؤلف
ظاہر میں اک رنگ سے توحید بنایا
باطن میں مگر تو تجرید بنایا
نثر و نظم کی ایک خوبی اور صنعت -

تجزی :- (ع - مو) تمام اجزا کو الگ الگ کرنا - [illegible]

تجزیہ: (ع - مذ) کسی شے کے اجزا الگ الگ کر کے دکھانا۔ مسئلے کے ہر جزو سے جدا جدا بحث کرنا۔ معاملے کے تمام پہلو الگ الگ واضح کرنا۔ بات کے ہر جزو کی حقیقت دریافت کرنا۔

تجسس: (ع - مذ) تلاش۔ جستجو۔ کھوج۔

تجلا: (ع - مذ) اصل میں تجلی تھا۔ فارسی والوں نے تجلا بنا لیا۔ جیسے تماشی سے تماشا اور تمنی سے تمنا بنا لیا گیا۔ دیکھو "تجلی"۔ ع دبیر

پیشانی حضور علی کو دیکھیے
بندے میں کبریا کے تجلا کو دیکھیے

تجلی: (ع - مو) پردہ ہٹنا۔ ظاہر ہونا۔ جلوہ نظر آنا۔ چمک۔ روشنی۔ جھلک۔ پرتو۔

تجمل: (ع - مذ) زیب و زینت۔ شان و شوکت۔ دھوم دھام۔ تزک و احتشام۔ ٹھاٹ باٹ۔

تجنا: (ہ) کسی کے لیے سب کچھ نثار کرنا۔ چھوڑنا۔ ترک کرنا۔ دست بردار ہونا۔ لا دعویٰ ہونا۔ تج دینا (چکنا) ست

رنے وسے کا لہو اور ان کو بچا چھوڑ دے
تج دیا جس کے لیے سب کچھ اسے کیا چھوڑ دے — آرزو

تجنیس: (ع - مو) ایک جنس ہونا۔ ہم جنس ہونا۔ اصطلاح علم بدیع میں دو لفظوں کو تلفظ میں مشابہ اور معنی میں مختلف ہونا۔ جیسے مار (ضرب) اور مار (سانپ) ع

مار تیرے ہاتھ میں ہے اس کو مار

یا حروف میں یکساں اور حرکات و معانی میں مختلف ہونا۔ جیسے سیر اور سیر ع کا سیر ہو کے سیر چمن اور چل بسے

تجوید: (ع - مو) حروف کو ان کے مخارج سے ادا کر کے پڑھنا۔ قرأت کا علم۔

تجویز: (ع - مو) رائے۔ تدبیر۔ فیصلہ۔ تصفیہ۔ انتظام۔ بندوبست (دونوں میں ہزار روپیہ کی تجویز کر دی) غور۔ فکر۔ سوچ بچار (تجویز کرنا۔ ہونا)۔ تجویز اخیر یا آخر: آخر فیصلہ۔ تجویز ثانی: نظر ثانی کے بعد مقدمے کا فیصلہ۔ اپیل کا فیصلہ۔ تجویز انفرادی: واقعات کی رو سے مقدمے کا فیصلہ۔ تجویز ضمنی: عارضی حکم جو دوران مقدمہ حالات کی نوعیت کے اعتبار سے کیا جاتا ہے۔ تجویزنا (اُ) (فیصلہ کرنا) مقرر کرنا۔ اندازہ لگانا۔ اس کے مشتقات مستعمل ہیں۔ تجویز یک طرفہ: وہ فیصلہ جو ایک فریق کی غیر حاضری کے باعث دوسرے فریق کے بیانات پر کر دیا جائے۔

تجھ: (ہ ضمیر واحد حاضر) "تو" کی بدلی ہوئی حالت۔ جن سے پر کو، تک وغیرہ کے ساتھ تو کو تجھ سے بدل دیتے ہیں۔ تجھ سے: تیری ذات سے۔ تجھ سے پھرے تو خدا سے پھرے۔ تجھ سے وفا کروں تو کافر ہوں سے تمام

کیا عہد تم نے یہ اب ورد کیا ہے
جو تجھ سے پھرے تو پھرے وہ خدا سے

تجھ سے تو جا شہر ویرانہ میں بھی پانی نہ بھرواؤں: کسی سے نفرت ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں۔ تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو: جو شخص خواہ مخواہ دخل در معقولات کرے اس کی نسبت بولتے ہیں اور یہ اشارہ ہوتا ہے کہ خود اس کے معاملات قابل اصلاح ہیں۔ تجھ مجھ: اپنا بیگانہ۔ ہر کس و ناکس۔ تجھے: تجھ کو۔

تجہیز: (ع) مردے کو دفن کرنے کے لیے تیار کرنا۔ مردے کے غسل و کفن کا انتظام کرنا۔ گور گڑھا کرنا۔ غسل دے کر کفن میں لپیٹنا۔ تجہیز و تکفین کرنا: مردے کے کفن دفن کا انتظام کرنا۔

تخارج: (ع - مذ) مسلمانوں کے علم میراث (تقسیم ترکہ) کی ایک اصطلاح۔ چند وارثوں میں سے کسی کا مال متروکہ میں کچھ لے کر سارے مال سے دست بردار ہو جانا۔

تحالف: (ع - مذ) فریقین مقدمہ کا باہم حلف اٹھانا۔

تحائف: (ع - مذ) تحفہ کی جمع۔ ہدیے۔ نذرانے۔ نادر چیزیں۔ سوغاتیں۔

تحت: (ع - مذ) نیچے۔ قبضہ۔ اختیار۔ تصرف۔ تحتانی: تحت سے تعلق رکھنے والی چیز۔ وہ حرف جس کے نیچے نقطہ ہو۔ ابتدائی یا نیچے کی جماعت۔ تحت الثریٰ (مو) پاتال۔ زمین کا سب سے نچلا حصہ۔ تحت اللفظ: حرف بحرف لفظی ترجمہ۔ (مذ) ترنم کے بغیر نظم پڑھنا۔ تحتا: بیک جنبش دو گوش۔ تحت و تصرف میں لانا: قبضے میں لانا۔ کام میں لانا۔

تحذیر: (ع - مو) ڈرانا۔ قواعد میں وہ کلمہ جو خوف یا اور کسی شے کی جلدی میں پورے جملے کے بجائے بولا جاتا ہے (تاکہ پورا جملہ ادا کرنے میں تاخیر کام کو نہ بگاڑ دے) جیسے کسی شخص سے جو اپنی طرف چلا آ رہا ہو اور پیچھے آنے والی سائیکل سے ٹکرا جانا چاہتا ہو۔ گھبرائی ہوئی آواز میں کہا جائے۔ ارے بائیں یا سائیکل سائیکل۔

تحریر: (ع - مو) لکھنا لکھائی۔ دستاویز۔ نوشتہ۔ عبارت۔ مضمون۔ لکھنے کا ڈھنگ۔ چٹھی۔ خط و کتابت۔ وہ باریک خط جو نقوش و تصاویر پر کھینچ دیتے ہیں۔ گوٹہ وغیرہ کی تحریری جو سنجاف کے نیچے لگاتے ہیں۔ اقلیدس میں علم اشکال۔ لکھائی کی تحریر۔ داڑھی کا خط جو گال اور گلے پر بنتا ہے۔ شرع کی اصطلاح میں غلام آزاد کرنا۔ تحریر اجازتی (ایضاً - مو) مقروض اور قرض خواہ کے درمیان اس مطلب کا اقرار نامہ کہ موخر الذکر اپنا دعویٰ ملتوی رکھ کر مقدم الذکر کو اس کی رائے کے مطابق کاروبار جاری رکھنے کی اجازت دے۔ تحریر ٹھہری (ایضاً - مو) وہ عبارت جو کسی کاغذ کی پشت

ہے۔ وہ تخت جس پر برات میں لونڈے ناچتے ہوئے نکلا کرتے تھے ؎

ہزاروں تمامی کے تخت رواں
اور اہلِ نشاط اُن پہ جلوہ کناں — میر حسن

اُڑن کھٹولا ؎

بس سلیماں کا جنازہ بنا — کچھ جو تخت رواں بلند ہوا

آج کل ہوائی جہاز مراد ہوتا ہے۔ **تختِ سلیماں** (مذ) وہ تخت جس پر حضرت سلیمان علیہ السلام بیٹھ کر اُڑا کرتے تھے۔ ایک پہاڑ جو علاقہ کشمیر میں ہے۔ لوگوں کا خیال ہے کہ یہاں تخت سلیماں ٹھہرا تھا۔ **تختِ طاؤس**:- (بہ اضا۔ مذ) شاہجہان بادشاہ کا چھ کروڑ روپے کی لاگت سے بنوایا ہوا تخت جسے ۱۱۵۱ہجری میں نادر شاہ دہلی کی لوٹ میں دہلی سے ایران لے گیا تھا۔ **تخت کا تختہ ہونا**۔ بادشاہی کا جاتے رہنا۔ سلطنت کا تباہ ہو جانا۔ **تخت کی رات**۔ (مو) بیاہ کی رات۔ شبِ زفاف ؎ جان صاحب

سچ ہے دُنیا میں جو کنواری ہے
تخت کی رات اس پہ بھاری ہے

تخت گاہ (مو) دارالخلافہ۔ دارالسلطنت۔ راجدھانی **تخت نشینی**۔ (مو) راج گدی پر جلوس کرنا۔ تختِ سلطنت پر بیٹھنا۔ **تخت یا تختہ**۔ کامیابی یا موت۔

تختہ:- (ف۔ مذ) پٹڑا۔ لکڑی کا مسطح ٹکڑا۔ کاغذ کا تاؤ۔ قطعہ زمین۔ خطہ۔ وہ لکڑی کی تپائی جس پر مُردے کو نہلاتے ہیں۔ بورڈ۔ اشتہار لگانے کا لکڑی کا ٹکڑا۔ کیاری۔ چھوٹا سا باغ کا ٹکڑا۔ تابوت۔ **تختہ اُلٹنا**۔ آباد جگہ کا ویران و برباد ہونا۔ شہر اُجڑنا۔ تباہی۔ **تختہ بندی** (بغیر اضا۔ مو) لکڑی کے تختوں کا فرش یا دیوار بنانا۔ کیاریوں کا باقرینہ ہونا۔ **تختہ پل** (بغیر اضا۔ مذ) وہ پل جو قلعے کی خندق پر بناتے ہیں۔ کہ اُسے جب چاہیں اپنی طرف کھینچ لیں۔ وہ لکڑی جو کم چوڑی نہر وغیرہ پر دوسری طرف جانے کے لیے رکھ لیتے ہیں۔ **تختۂ تابوت** (بہ اضا۔ مذ) وہ تختہ یا صندوق جس پر مُردے کو لے جاتے ہیں۔ آرتھی۔ **تختۂ مشق** (بہ اضا۔ مذ) وہ تختی جس پر لڑکے لکھنے کی مشق کرتے ہیں۔ لوح۔ وہ چیز جو رات دن استعمال میں آئے۔ وہ آدمی جسے سب لوگ چھیڑیں یا تنگ کریں۔ **تختۂ سیاہ**۔ (بہ اضا۔ مذ) بلیک بورڈ۔ لکڑی کا وہ چوکور ٹکڑا جس پر چاک سے لکھتے ہیں۔ **تختۂ نرد** (بہ اضا۔ مذ) لکڑی کا وہ چوکور ٹکڑا جس پر مہرے رکھ کر کھیلتے ہیں۔ **تختہ ہو جانا**۔ اکڑ جانا۔ سخت ہو جانا۔

تختی (ا۔ مو) تخت کی تانیث۔ چھوٹا تختہ۔ لوح۔ تختۂ مشق۔ تانبے۔ چاندی یا عقیق یا کسی اور چیز کا وہ نقشین کھدا ہوا ٹکڑا جو بچوں کے گلے میں نظرِ بد سے بچانے کیلئے ڈال دیتے ہیں۔ چھاتی۔ سینہ۔ ؎ جان صاحب

تختی تیری اگر بھلی ہے
تو سلے مجھ میں چھب مری ڈھلی ہے

چھب۔ وضع۔ انداز جسم۔ جامہ زیبی۔ کبوتر کا چوڑا سینہ۔ خوشخطی میں لکھے جانے والا معین حرف یا حروف جیسے آج کی وصلی پر ج یا ی کی تختی لکھوں گا۔ **تختیاں پڑنا**۔ تختی سے مارنا ؎ عاشق

مشق تیرے نام کی تھی بھول جاتے تھے سبق
تختیاں پڑتی تھیں طفلی میں اسی باعث ہمیں

تختی پر تختی میاں جی (ماسٹر صاحب / مولوی صاحب) کی آئی کم بختی:- مقولہ۔ لڑکے تختی پر تختی لکھنا منحوس جانتے ہیں اور اس وقت یہ جملہ کہتے ہیں۔ نیز بچوں کا ایک شور مچانے کا نعرہ۔

تخرجہ:- (ع۔ مذ) کسی حرف۔ لفظ یا فقرے کے اعداد گھٹا کر مادۂ تاریخ کو ٹھیک اور مطلوبہ عدد نکالنے کے لیے اور اس گھٹانے کی طرف اسی جملے یا مصرعے میں اشارہ کر دینا جو مادۂ تاریخ کے طور پر کہا گیا ہے۔ جیسے مولانا روم نے شہادت امام حسین ۶۰ھ کی تاریخ کہی۔ جس کا مفہوم یہ ہے کہ اسمِ ذات (اللہ) سے آہ نکلی "جب اللہ سے دونوں الف اور ہ کو نکال دیں گے تو دو لام بچیں گے۔ جن کے اعداد (۳۰ + ۳۰ = ۶۰) ہوتے ہیں۔

تخریب:- (ع۔ مو) خراب کرنا۔ برباد کرنا۔ ایسی تحریک چلانا جس کے نتائج تباہ کن ہوں۔

تخریج:- (ع۔ مو) خارج کرنا۔ نکالنا۔

تخصیص:- (ع۔ مو) خصوصیت۔ خاص کرنا۔

تخطیہ:- (ع۔ مذ) غلطی پکڑنا۔ غلطی کرنا۔

تخفیف:- (ع۔ مو) کم کرنا۔ کمی کرنا۔ سبک کرنا۔ مرتبے سے گرانا۔ ملازم کو موقوف کرنا۔ **تخفیفِ جمع**۔ لگان میں کمی کرنا (کرنا۔ ہونا) **تخفیف میں آنا**۔ کم کیے جانے والے ملازموں کی فہرست میں آجانا۔ ملازمت سے بسلسلۂ تخفیف ملازمین کا برطرف ہونا۔

تخلخل:- (ع۔ مذ) کھوکھلا پن۔ اصطلاحِ فلسفہ میں کسی جسم کا بڑھ کر گھٹنا۔

تخلص:- (ع۔ مذ) شاعر کا وہ مختصر نام جو وہ اشعار میں لکھتا ہے۔

تخلف:- (ع) وعدہ خلافی۔

تخلیط:- (ع۔ مو) کلام میں حق کے ساتھ باطل کو مخلوط کرنا۔ خلط ملط کر دینا۔

تَخْلِیل: (ع) شرع کی اصطلاح میں وضو کے وقت داڑھی کے بالوں میں انگلیاں ڈالنا۔

تَخْلِیہ: (ع۔ مذ) خلوت۔ تنہائی۔ خالی کر دینا۔

تُخْم: (فا۔ مذ) بیج۔ (مذ) گٹھلی۔ اولاد۔ نسل۔ نطفہ۔ تخم بالنگو۔ (با اضا۔ مذ) ایک تخم بالنگا کسی کا بیج جو فالودے وغیرہ میں ڈالا جاتا ہے۔ تخم تاثیر صحبت کا اثر۔ (مثل) نطفہ اور صحبت اثر کئے بغیر نہیں رہتے۔ تخم حرام (با اضا) حرام زادہ۔ تخم ریحان (با اضا) ریحان کے بیج۔ تخم ریزی (با اضا۔ مو) بوائی۔ بیج بونا۔ تخم کتان (با اضا مذ) السی کا بیج۔ سن کا بیج۔

تُخْمَہ: (ف۔ مذ) ایک قسم کی ستے جو بدہضمی اور غذا کے فساد سے ہوتی ہے (ہیضے کی طرح اخلاط کے فساد سے نہیں)

تُخْمَہ نکلنا: (ا) کبوتر کے جسم پر پھنسیوں اور مسوں کا نکلنا۔

تَخْمِیناً: اندازے سے۔ قیاس سے۔ قریب قریب۔ کم و بیش۔ تخمینہ (مذ) اندازہ۔ اسٹیمیٹ۔

تَخْوِیف: (ع۔ مذ) خوف دلانا۔ ڈرانا۔ دھمکی دینا۔ تخویف مجرمانہ (با اضا۔ مذ) ناجائز دھمکی۔ مجرمی سے ڈرانا۔

تَخَیُّل، تَخْیِیل: (ع۔ مو۔ مذ) خیال۔ چند معلوم باتوں کو ذہن میں جمع کر کے ان کے امتزاج سے نکالا ہوا ایک نیا خیال۔ قوت متخیلہ۔ معلوم باتوں سے غیر معلوم خیال پیدا کرنے کی قوت۔

تَدَابِیر: (ع۔ مو) تدبیر کی جمع۔ تدبیریں۔ کوششیں۔ بندوبست۔ منصوبے۔

تَدَاخُل: (ع۔ مذ) ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ ایک چیز کا دوسرے چیز میں گھسنا اور رہنا۔ تداخل فصلین۔ دو فصلوں کا درمیانی زمانہ جب ایک جاری ہو دوسری آ رہی ہو۔

تَدَارُک: (ع۔ مذ) گم شدہ اور ضائع شدہ کی تلافی۔ نقصان کا بھگتان۔ پاداش۔ بدلہ۔ انسداد۔ پیش بندی۔ تدبیر۔ بندوبست۔ سزا۔ علاج۔ تدارک کرنا۔ سزا دینا۔ تلافی کرنا۔ بندوبست کرنا۔ نقصان کا بھگتان کرنا۔ علاج کرنا۔ تدارک ہونا۔ تدارک کرنا کا فعل لازم۔

تَدَبُّر: (ع۔ مذ) کام کے انجام پر غور کرنا۔ دور اندیشی۔ تدبیر (مو) کسی کام کی ابتدا و انتہا سوچنا۔ علاج۔ چارہ۔ سوچ بچار۔ فکر و اندیشہ۔ کوشش۔ سعی۔ تجویز۔ بندوبست۔ منصوبہ۔ [illegible] ذکر کیوں لکھا ہے؟

؎ غالب

جس زخم کی ہو سکتی ہو تدبیر رفو کی
لکھ دیجیو یا رب اسے قسمت میں عدو کی

تدابیر: جمع۔ تدبیر منزل (با اضا۔ مو) طریقہ خانہ داری۔ خانگی معاملات میں کفایت شعاری۔ گھر کے بندوبست۔ فلسفے کا ایک اصطلاح۔

تَدْرِیج: (ع۔ مو) آہستہ آہستہ ہونا۔ کام کا درجہ بدرجہ ہونا۔

تَدْرِیس: (ع۔ مو) تعلیم دینا۔ پڑھانا۔

تَدْفِین: (ع۔ مو) دفن کرنا۔ زمین میں دبانا۔

تَدْقِیق: (ع۔ مو) غور و فکر سے کسی مسئلے کو دیکھنا۔ بال کی کھال نکالنا۔

تَدْوِیر: (ع۔ مو) دائرے کی شکل میں ہونا۔ دائرہ بنانا۔

تَدْوِین: (ع۔ مو) تالیف کرنا۔ جمع کرنا۔ باقاعدہ کتابی صورت میں لانا۔

تِدھارا: (ع۔ مذ) تین دھاروں کا ملاپ۔ وہ جگہ جہاں تین دریا ملتے ہوں۔

تَدَیُّن: (ع۔ مذ) دینداری۔ پرہیزگاری۔ دیانتداری۔

تَذَبْذُب: (ع۔ مذ) شک و شبہ۔ تردد ہونا۔ دو دلا ہونا۔ دھکڑ پکڑ۔ دُبدا ہونا۔

تَذْکَار: (اردو تلفظ تذکار۔ ع۔ مذ) بیان کرنا۔ بیان۔

تَذْکِرَہ: (ع۔ مذ) ذکر۔ یادداشت۔ بیان۔ یادگار۔ چرچا۔ افواہ۔ سرگزشت۔ سوانح عمری۔ تذکرہ چلنا۔ ذکر ہونا ؎

کو پہنچے گئے ہیں جہاں تدبیر سے
تذکرہ میرا وہاں کیوں کر چلے

تذکرہ چھیڑنا / چھڑنا: ذکر شروع کرنا / ہونا ؎ داغ

پند گو تیری سنوں کیا بس ہجوم شوق میں
چھیڑنا یہ تذکرہ اس وقت جب فرصت میں ہوں

تَذْکِیر: (ع۔ مو) مذکر ہونا۔ نر ہونا۔

تَذَلُّل: (ع۔ مذ) عاجزی کرنا۔ اپنے آپ کو حقیر سمجھنا۔ خوشامد۔

تَذْلِیل: (ع۔ مو) ذلیل کرنا۔ حقیر کرنا۔

کو دُور کرنا ؎ جرأت

اب تو آنکھیں نیلی پیلی کر جتاتا ہے وہ شوخ
بزم میں تو چشمِ حیرت سے نہ دیکھا کر ہمیں

تَرَدُّد:- (ع - مذ) آمد و رفت - سوچ بچار - فکر - اندیشہ - مذبذب - زمین میں ہل چلانا ؎ انیس

بھلا تردد بے جا سے اس میں کیا حاصل
اُٹھا چکے ہیں زمیندار جن زمینوں کو

تَرَدُّدِ ناجائز:(مذ) خلافِ قانون کاشت -

تَرْدِید:- (ع - مو) رد کرنا - منسوخ کرنا - کسی بات کی صداقت کے خلاف کچھ کہنا - یہ لفظ اُردو میں عربی کے مادہ "رد" سے بنا لیا گیا ہے - عربی میں اس کا کوئی وجود نہیں)

تَرَس:- (ف - مذ) ڈر - خوف - دہشت -

تَرَس:- (ہ - مذ) رحم - دیا - خوفِ خدا - ترس کھانا - (ہ) رحم کرنا - دیا کرنا -

تَرسا:- (ف - مذ) نصرانی - آتش پرست معشوق -

تَرسا تَرسا کر دینا:- (۱) شوق دلا دلا کر تھوڑا تھوڑا سا دینا - تکلیف دینے کے لیے تھوڑا تھوڑا کر کے دینا - ترسا ترسا کر مارنا - بار بار تکلیف دے دے کر جان دینا - للچا للچا کر نہ دینا - دکھانا مگر نہ دینا -

تَرسان:- (ف) خائف - خوف زدہ - ڈرتا ہوا -

تَرسانا:- (ہ) للچانا - اُمید دلا کر محروم رکھنا - ہوتے ہوئے ضرورت میں نہ دینا - پھڑکانا - بلکانا - خواہش اور ضرورت سے کم دینا - پیاسا مارنا - دہکانا - شوق میں مارنا ؎

نہ تو ساد دینا آتا ہے نہ دل بہلانا آتا ہے
تجھے اے کافر ترسا فقط ترسانا آتا ہے

تَرسنا:- (ہ) کسی چیز کا بہت ضرورت مند ہونا - ایسی چیز کی اُمید باندھنا جو ہاتھ نہ آسکے - محتاج ہونا - تنگ ہونا - (کوڑی کوڑی کو ترستا ہے) کمال آرزو مند ہونا - پھڑکنا ؎ شہید کی

انھیں گو کر بارھواں سال ہے دلے مجھ سے یہ ابھی قال ہے
ابھی تو ترس ابھی تو ترس ابھی تو ترس ابھی تو ترس

تِرسُول:- (ہ - مذ) لوہے کا سہ شاخہ بھالا جو پھینک کر مارا جائے - تیر سہ شعبہ - لوہے کا وہ سہ شاخہ جو اکثر دیوی کے بھون پر کھڑا رہتا ہے -

تَرسِیل:- (ع - مو) ارسال - بھیجنا -

تُرش:- (ف) کھٹا - ناراض - ناخوش - چڑچڑا - ترش رو - (بغیر اضافہ - مذ) ناراض - ناخوش - چڑچڑا - متعفن - مکدر -

تُرشائی (مو) کھٹاس - کھٹائی - ترشی - کھٹاس - ناراضگی -

تَرَشُّح:- (ع - مو) بوند بوند ٹپکنا - تقاطر - آثار سے ظاہر و نمایاں - ترشح ہونا - ٹپکنا - آثار سے ظاہر ہونا - باتوں سے پایا جانا - شکل سے ٹپکنا - (مذ - لک)

تَرَشن:- (ا - مو) وہ ٹکڑا جو کسی چیز کو تراشنے میں گرے -

تَرَشنا:- (ا) چاقو یا چھری وغیرہ سے کٹنا - قلم ہونا -

تَرشِیح:- وہ ایہام جس میں قریب معنی کے مناسبات کا کلام میں ذکر کیا جائے ؎ میر

کعبے میں جاں بلب تھے ہم دُوریِ بتاں سے
آئے ہیں پھر کے یارو اب کی خدا کے ہاں سے

اس شعر میں "خدا کے یہاں سے پھر آنا" محاورہ ہے - جس کے دو معنی ہیں (۱) مرتے مرتے بچنا (۲) کعبے سے واپس آنا - یہاں دوسرے معنی مراد ہیں - اسی کو "ایہام مرشحہ" کہتے ہیں -

تَرَصُّد:- (ع - مذ) آس - اُمید -

تَرصِیع:- (ع - مو) مرصع کرنا - جڑاؤ بنانا - اشعار کی ایک صنعت جس میں مصرعوں کے الفاظ بالترتیب ہم وزن یا ہم قافیہ ہوتے ہیں ؎ بہار نو بہ نو بخشی چمن بندِ ازل قدرت نے
بہ نورِ گلِ بہ جانِ دل بہ تابِ گل بہ رنگِ تر مولف

تَرغِیب:- (ع - مو) رغبت دلانا - لالچ دلانا - شوق (اُکسانا) - ترغیب دینا - لالچ دینا - رغبت دلانا - ابھارنا -

تَرفان:- (ا - مذ) ایک نکوئی لکڑی کی ڈبی جس سے بندوق کی نالی اندر سے صاف کی جاتی ہے -

تَرَفُّع:- (ع - مذ) غرور - بلند ہونے کا شوق - برتری -

تَرَفُّہ:- (ع - مذ) خوش حالی - فارغ البالی -

تَرَقّی:- (ع - مو) اُوپر چڑھنا - بلندی ہونا - افزائش - اضافہ - بڑھوتی - ترقی پانا - عہدہ بڑھنا - درجہ بڑھنا - اگلی جماعت میں پہنچنا - دولت کا اضافہ ہونا - ترقی دینا - تنخواہ یا درجہ بڑھانا - اگلی جماعت بھیجنا - دولت کو بڑھانا - حالت کو بہتر بنانا - ترقی کرنا - گذشتہ حالت سے بہتر حالت میں پہنچنا - عہدہ - درجہ - جماعت وغیرہ کا بڑھنا - پہلے کے مقابل میں زیادتی ہونا (مرض ترقی کر گیا) ترقی ہونا - ترقی کرنا - فعل لازم -

تَرقِیم:- (ع - مو) تحریر - نوشت - لکھنا -

تُرک :- (مذ) (۱) ایک مسلمان جو حضرت نوح کے بیٹے یافث کی اولاد سے ہیں۔ معشوق۔ سپاہی۔ ہندو ترکستان۔ گاؤں میں بعض مسلمان کے معنوں میں بھی استعمال کیا گیا ہے۔ **ترک تازی** (صفت) (فا - مو) لوٹ مار۔ حملہ۔ غدر۔ دھاوا۔ تاخت و تاراج۔ **ترکمان** ترکوں کی ایک قوم۔ **ترکن** - ترک عورت۔ سپاہی کی بیوی۔ **ترکنی**- سپاہی عورت۔ وہ عورت جو شاہی محل کے زنان خانے کی ڈیوڑھی پر پہرہ دیتی ہے۔

تَرک :- (ع - مذ) چھوڑنا۔ درگزر۔ فروگذاشت۔ بھول۔ چوک۔ سہو (۱- مو) وہ کلمہ جس کے زیرِ نظر صفحے کا اگلا صفحہ شروع ہوتا ہے اور وہ کلمہ زیرِ نظر صفحے کے آخر میں لکھا جاتا ہے اگلا صفحہ۔ ہر شکیں دیکھتا ہوں آج بتاتا ہوں کتاب

ترک اک اک لفظ کی وہ دوہرتی نہیں

ترک ادب (با اضا - مذ) بے ادبی۔ گستاخی۔ جسارت۔ **ترک دنیا**۔ دنیاداری اور عیش و عشرت سے قطع تعلق۔ زہد۔ اعتکاف۔ **ترک سلطنت** (با اضا - مذ) حکومت سے دست بردار ہونا۔ تخت چھوڑنا۔ سلطنت کو خیرباد کہنا۔ **ترک وطن** (با اضا - مذ) مہاجرت۔ ہجرت کرنا۔ اپنا دیس چھوڑ دینا۔ **ترک اولیٰ**۔ قابلِ عمل حکم پر عمل نہ کرنا۔

ترکاری :- (۱- مو) بھاجی۔ ساگ۔ پات۔ سبزی۔ پھل۔ میوے

ترکٹا :- (ہ - مذ) سونٹھ۔ پیپل اور مرچ کا سفوف جو وید لوگ ہاضمہ کے لیے بناتے ہیں۔

ترکش :- (ف - مذ) تیر رکھنے کا خول۔ تیردان۔

ترکہ :- (ع - مذ) ورثہ۔ میراث۔ متوفی کی جائداد۔ **ترکۂ پدری** (مذ) باپ کا چھوڑا ہوا مال اسباب۔

ترکی :- (مو) ترکوں کی بولی۔ مردانگی۔ بہادری (مذ) ترکستان کے کمیت کا گھوڑا۔ ترکستان یا روم کا باشندہ۔ **ترکی بہ ترکی** جواب دینا۔ سختی کا جواب سختی سے دینا۔ **ترکی تمام ہونا**۔ گھمنڈ جاتا رہنا۔ غرور ٹوٹنا۔ ساری بہادری تمام ہو جانا ؎ امیر

اے ترک تو بھی اب نہ کرے گا کسی کو قتل

میں کیا تمام ہوں تری ترکی تمام ہے

ترکیب :- (ع - مو) کئی چیزوں کو ملا کر ایک چیز بنانا۔ مرکب بنانا۔ بناوٹ۔ ساخت۔ ڈھنگ۔ طور۔ کسی چیز کے بنانے کا کوئی خاص طریقہ۔ تدبیر۔ علاج۔ جملے کے اجزا کی بندش۔ **ترکیب بند** - (مذ) دیکھو ترجیع بند۔ ترکیب بند اور ترجیع بند میں اتنا فرق ہے کہ ترکیب بند کے ہر بند کا آخری شعر مختلف ہوتا ہے۔ ایک ہی شعر ہر بند کے آخر میں بار بار نہیں آتا۔ **ترکیب دینا**۔ مختلف اجزا کو ملا کر ایک خاص طرز پیدا کرنا۔ **ترکیب سے چلنا**۔ کفایت شعاری برتنا۔ خاص اصول پر کاربند رہنا۔

ترلوک :- (س - مذ) دیکھو تربھون۔

تُرم :- (ہ - مذ) ایک قسم کا باجا۔ بگل۔ تُرئی۔ منہ سے بجانے کا وہ باجا جو فوج میں بجایا جاتا ہے۔

ترمتی :- (ہ - مو) باز یا شکرے وغیرہ کی قسم کا ایک شکاری پرندہ۔

ترمرا :- (ہ - مذ) چمکنی کی چنگیاں جو چمکتے پانی یا دھوپ پر نظر آتی ہیں۔ وہ تارا جو تیسرے پہر یا کمزوری کے باعث آنکھ کے سامنے اُڑتا ہوا نظر آتا ہے۔ **ترمرے** - جمع

ترمیم :- (ع - مو) اصلاح۔ درستی۔ تغیر و تبدل۔

ترنا :- (ہ) پانی پر تیرنا۔ پانی کے اوپر آنا ؎ نظیر

جو ڈوبی حسرتیں تھیں دل میں سب ہی دم نکلیں ترنے

مزے عیش و طرب لذت کے یوں لوٹ کر گرنے

ادنیٰ مرتبے سے اعلیٰ مرتبے پر پہنچنا۔ ابھرنا ؎ نظیر

ہزاروں آشنائے عشق نام آور ہیں عالم میں

بہت سے ترگئے ڈوبے بہت دریائے الفت کے

مراد کو پہنچنا۔ کامیاب ہونا۔ نجات پانا ؎ رشک

بحرِ ہستی سے کنارہ کرنے میں ترجائیں گے

لے ابھی ڈوبے ہوؤں سے آشنائی خوب ہے

گزرنا۔ عبور کرنا۔ پار ہونا۔

ترنج :- (ف - مذ) چکوترا۔ ایک قسم کا بڑا میوہ جو کھٹے اور نارنگی کے پیوند سے پیدا کیا گیا ہے۔ کارچوبی کام کے پان رنگ برنگ کے ٹکڑے جو اکثر شال وغیرہ کے کونوں پر لگا دیتے ہیں۔

ترنجبین :- (ف - مو) ایک قسم کی قدرتی شکر جو اونٹ کٹارے کے کانٹوں پر شبنم کی طرح گر کر جم جاتی ہے۔ افشردہ پھلوں میں شکر ملا کر پیتے ہیں۔

ترنگ :- (ف - مو) تیر کے چھوٹنے کی آواز۔ ساز بجاتے وقت انگلی کی صدا۔ **جلترنگ**۔ موج۔ لہر۔ امنگ۔ جوش۔ سنک۔ خیال۔ دھیان۔ وہم۔ خام خیالی۔ شیخی۔ تعلّی۔ لاف و گزاف ؎ ناسخ

توڑ کے ٹکڑے شیشہ و ساغر ہو ساقیا

یہ بھی اک اپنے نشے کی ترنگ ہے

ترانگ :- (ہ - مذ) گھوڑا۔ غازی۔ مرد

ترنم :- (ع - مذ) گانا۔ گنگنانا۔

تروتا :- (ہ - مذ) چیل کا شکار کھیلنے والی پھندے کی ڈور۔

کی وہ علامتی چھوٹی سی لکڑی جو پانی پر رہتی ہے۔

تَرویج: (ع - مو) رواج دینا - اشاعت کرنا

تِرویدی: (ھ - مذ) تین وید جاننے والا - وہ برہمن جس نے تین وید پڑھے ہوں۔

تُرہی: (ھ - مو) بگل - ترم - ایک قسم کی نفیری -

تُرئی: (ھ - مذ) ایک ترکاری جسے عوام توری کہتے ہیں۔ **ترئی کا سا پھول** (مذ) ترئی کے زرد پھول کی مانند جس کی زردی آنکھوں کو خوش نما معلوم ہوتی ہے۔ یعنی وہ کام جو دیکھنے میں بہت آسانی اور مزے مزے سے ہو جائے مگر حقیقتاً کافی اہم ہو۔

تَری: (ا - مو) رطوبت - نمی - خشکی کے خلاف - سمندر۔

تِری: (ا) تیری کا مخفف جو نظم میں استعمال ہوتا ہے۔ ؎ نفیس

تری نظر کی حفاظت کے سات پردے ہیں
یہ بے حیا ہے کہ پھر بھی اسے حجاب نہیں

تِریا چلتر: (ھ - مذ) عورتوں کی چال بازی - مکر و فریب۔

تِریا راج: (ھ - مذ) عورتوں کا زور یا حکومت۔

تِریا ہٹ: (ھ - مو) عورت کی ضد - عورت کی آڑ۔

تِریاق: (ف - مذ) زہر مہرہ - زہر کو مارنے والی دوائی۔

تِریاک: (ف - مذ) دیکھو تریاق -

تِری بِری: (ا) جدا جدا - منتشر - تتر بتر۔

تَریڑا: (ھ - مذ) پانی کی دھار جو کسی اونچی جگہ سے پڑے پانی کا دھار باندھ کر ڈالنا - **تریڑا دینا** - پانی چھڑکنا - پانی کا دھار باندھ کر ڈالنا۔ ؎

وفور سے حالت غش کی ہے آنکھ کو لے ساقی
شراب پرتگالی کے دیے منہ پر تریڑے جا

تَریز: (ت - مو) کرتے کے چوڑے منہ کی کلی جو چونفلے کے نیچے پڑتی ہے۔

تڑ: (ھ - مذ) تھپڑ کی آواز - صدمے یا ضرب کی آواز۔

تڑا بھڑی: (ا - مو) جلدی - شتابی - موت کی گرم بازاری

پے در پے مرنا (پڑنا - ہونا)

تڑا پڑ: (ا) متواتر - پے در پے - فوراً - کسی بات کا فوراً بلا توقف جواب دینا۔

تڑا تڑ: (ا - مو) لگاتار مارنے کی آواز - مینہ کی بڑی بڑی بوندیں پڑنے کی آواز

تڑاخا: (ا - مذ) کسی چیز کے تڑخنے کی آواز - مٹی کی ہانڈی چولھے کی گرمی سے تڑخ جانے کی آواز - نیز تڑاق (دیکھو تڑاقا)

تڑاق: (ا - مذ) کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز - چٹاخ - چوٹنے، مارنے کی آواز۔ ؎ ظفر

نہ کیجے ہم سے بہت گفتگو تڑاق پڑاق
وگرنہ ہووے گی پھر دو بدو تڑاق پڑاق

چٹاچٹ، چٹاخ چٹاخ - نازک چیز ٹوٹنے کی آواز ؎ ظفر

ذرا بھی سینہ صد چاک میں جو تڑپا دل
تو ٹوٹ جائیں گے تار رفو تڑاق پڑاق

سڑا سڑ کوڑے پڑنے کی آواز ؎ ظفر

سزا ہے دل کی اگر اس کو باندھ کر زلفیں
لگائیں کوڑے ترے روبرو تڑاق پڑاق

دوبدو - منہ در منہ - بے باکانہ - نڈر ہو کر - شوخ - چلبلا ؎

ظفر مزاج تو شوخی پسند ہے اپنا
تو چاہتا ہے کوئی خوبرو تڑاق پڑاق

تَڑاقا: (ا - مذ) کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز - بوسے کی آواز - چٹاخا - کڑاکا - حقے کا دم لگانے کی آواز - چٹخارا - زور - تیز - امساک باراں کا زمانہ - کمی - قحط - حسن خداداد - تڑاقا بیتنا - فاقہ گزرنا - **تڑاقا کھانا** - کمی ہونا - ٹوٹا ہونا - **تڑاقے کا** - مزیدار - لذیذ - خوش ذائقہ - بھڑکیلا - چمکیلا - شدت کا - زور کا (تڑاقے کا مینہ)

تُڑانا: (ھ) علیحدہ کرنا - چھڑانا - توڑ ڈالنا - روپیہ بھنانا - قیمت میں کمی کرانا - پھل کو پیڑ سے اتروانا - **تڑائی** (مو) توڑنے کی اجرت - روپیہ خوردہ کرنے کا بٹہ۔

تَڑانا: (ھ - مذ) ورم کے باعث جسم پھٹنے لگنا - زخم کو چونے لگنا۔

تَڑپ: (ھ - مو) بے قراری - پھڑک - تپش - گرمی - اچھل کود - کلاہٹ - پھرتی - گرمجوشی (مضمون کی تڑپ) کودنا اور جلدی جلدی چمکنا (بجلی کی تڑپ) **تڑپانا** - پھڑکانا - تڑپانا - بے قرار کرنا - کدانا - **تڑپن**: (مو) تڑپ - **تڑپنا** - پھڑکنا - بے قرار ہونا - تلملانا - حرکت - اچھلنا - کودنا - جان توڑنا - ہاتھ پاؤں دست و پے مارنا - کمال شدت تپ [illegible]

تڑپیڑ: (ا) دیکھو تڑا پڑ -

تڑتڑ :- (ا - مو) بندوق یا پٹاخوں کی آواز - مٹی کے برتن ٹوٹ جانے کی آواز -

تڑخ تڑخ نور برستا ہے :- (ا) بدصورت کو تمسخر کے طور پر کہا جاتا ہے -

تڑخنا / تڑقنا :- (ا) زخم کا پھٹنا کھل جانا کسی چیز میں پھٹ کر درار یا بال پڑ جانا - بگڑ کر بولنا - تڑق کر جواب دینا - جھلا کر بولنا - بگڑ کر جواب دینا -

تڑکا :- (ا - مذ) صبح - فجر - سویرا - علی الصباح - تڑکا ہونا - فجر ہونا - سویرا ہونا - صدمہ و ماغی کے باعث آنکھوں کے سامنے تارے نظر آنا - بے مدار رکھنا - پٹنا صفایا ہونا کچھ نہ رہنا - تڑکنا - دیکھو تڑخنا -

تڑنا :- (ہ) ٹوٹنا - توڑا جانا ؎ بحر

ہم پڑے ہوئے اس سے نہ چھوٹے نہ بڑے پھول
آنکھوں میں تلا یار ترازو میں تڑپے پھول

تڑی :- (ہ - مو) مار - ضرب - دھونس - نقصان - خسارہ - دم فریب ؎ طالب

دنیا کیسی کہاں کی مہر و الفت ہے
گر یا روں کی یہ بھی اک تڑی ہے

تڑی دینا - دھونس دینا پٹی دینا - بھڑا دینا - احمق بنانا -

تڑیانا :- (ہ) پر کٹے ہوئے پرندے کا اڑ جانا -

تڑیڑا :- (ہ) دیکھو "تریڑا" کم مستعمل -

تزک :- (ت - مو) انتظام - ترتیب - روزنامچہ شاہی - دھوم دھڑکا - شان و شوکت - ٹھاٹ -

تزکیہ :- (ع - مذ) دل کو پاک کرنا نفس کی صفائی کرنا - پاک و صاف کرنا -

تزلزل :- (ع - مذ) زلزلہ - لرزش - جنبش - ہلچل - گڑبڑ - ارادے یا بیان میں تغیر

تزویج :- (ع - مو) شادی کرنا - شادی - نکاح -

تزویر :- (ع - مو) مکر - فریب -

تزئین :- (ع - مو) آرائش - زیب و زینت -

تس :- (ہ) یہ - اس - وہ - اس پرانی اردو ہے - آج کل صرف بلحاظ تس پر ہی کہتے ہیں جس تس کا ؎ میر

حیرانی ہے یہ آئینہ کس کا ہے

تس پر - اس پر - باوجود یہ - اس کو چھوڑ کر -

تس :- (ہ - مذ) ریشہ ... بانس وغیرہ کے اوپر سے اترے اور اس کا چھلکا -

تسالا :- (ا - مذ) تین برس کا - سہ سالہ -

تسامح :- (ع - مذ) اس طرح بیان کرنا کہ مطلب صاف ظاہر نہ ہو - بھول چوک اور چشم پوشی سے غلطی ہونا (کرنا معاف کرنا)

تساہل :- (ع - مذ) سستی - غفلت - بے پرواہی -

تسبی :- تسبیح ؎ شاہ مبارک آبرو

یہ شیخ کیا برہمن جب عاشقی میں آئے
تسبی کرے فراموش زنار بھول جائے

تسبیح :- (ع - مذ) سو دانوں کی مالا - سمرنی - ورد - وظیفہ (اپنے تو اپنے نام کی تسبیح ہو گئی) سبحان اللہ پڑھنا - اللہ کو یاد کرنا - ایک پودا جس کا بیج تسبیح کے گولے دانے کے مشابہ اور پھول جیسا سرخ ہوتا ہے ؎ نسیم

شب معراج ملک نے گل تسبیح ہے
لگ خیر نے پڑھی خیر دوا کی تسبیح

تسبیح پھیرنا :- (ہ) مالا جپنا - خدا کو یاد کرنا - **تسبیح خواں** (یعنی خدا) تسبیح پھیرنے والا - عبادت کرنے والا -

تسخیر :- (ع - مو) فرمانبردار بنانا - تابع کرنا - ملک فتح کرنا - قابو میں لانا - جن یا پری کو قید کرنا - کسی کے دل کو اپنی طرف کھینچ لینا روحانیت کا عمل - حاضرات کا علم -

تسطیر :- (ع - مو) تحریر کرنا - لکھنا

تسکین :- (ع - مو) آرام دینا - تسلی تشفی دینا - اطمینان - فاقہ - آرام - تندرستی -

تسلا :- (ا - مذ) تانبے یا پیتل وغیرہ کا طشت - پرات -

تسلسل :- (ع - مذ) سلسلہ بندی - لڑی - روانی - مسلسل اور متواتر ہونا -

تسلط :- (ع - مذ) حکومت - غلبہ - قبضہ - دخل -

تسلی :- (ع - مو) طمانیت - خاطر جمع - دلاسا - اطمینان - خوشی -

تسلیم :- (مو) سلام کرنا - ماننا - قبول کرنا - بندگی - آداب - راضی برضائے الٰہی ہونا - **تسلیمات** (مو) تسلیم کی جمع - آداب - بندگی - **تسلیم کرنا** - ماننا - قبول کرنا - آداب بجا لانا -

بڑے کو سلام کرنا۔

تسمہ: (ف۔ مذ) چمڑے کا لمبا کترا۔ تسمہ تمام۔ تسمے سے ... تسمہ لگا رہنا۔ کسر باقی رہنا ؎

زخمی نہیں جو ہمت مرہم اٹھائیے
تلوار کب وہ کھائی کہ تسمہ لگا رہا — رشک

تسمہ گلے کا باندھنا۔ فقیر کا مرید ہونا۔ قلندر ہونا۔ تسمہ کھینچنا: ایک خاص طریقے سے گلا گھونٹ کر مارنا۔ پھانسی دینا۔ تسمہ لگا نہ رکھنا: صاف گردن اڑا دینا۔ دونوں کو ایک دوسرے سے لگا نہ رکھنا۔

تسمیہ: (ع۔ مذ) نام رکھنا۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم کہنا۔ تسمیہ خوانی: بسم اللہ کی تقریب۔ (دیکھو بسم اللہ)

تسنن: (ع۔ مذ) سنی ہو جانا۔

تسنیم: (ع۔ مو) بہشت کی ایک نہر۔

تسو: (ہ۔ مذ) ڈیڑھ انچ۔ گز کا چوبیسواں حصہ۔

تسوانسی: (ہ۔ مو) بسوانسی کا بیسواں حصہ۔ کچوانسی۔

تسوید: (ع۔ مو) لکھنا۔ سیاہ کرنا۔

تسہیل: (ع۔ مو) آسان کرنا۔ سہل کرنا۔

تشابہ: (ع۔ مذ) مشابہت۔ دو چیزوں کا باہم شبیہ ہونا۔

تشبیب: (ع۔ مو) قصیدے کی تمہید جس میں شاعر حالات [illegible] تاثیر و تاثر اور گردش روزگار وغیرہ کے مضامین لکھتا ہے۔

تشبیہ: (ع۔ مو) مشابہت۔ تمثیل۔ ایک چیز کو دوسری چیز سے مثال دینا۔

تشت: (ف۔ مذ) طشت۔ پرات۔ تانبے کا بڑا لگن۔ تشت از بام ہونا: مشہور ہونا۔ مشتہر ہونا۔ [illegible] بھانڈا پھوٹنا۔ تشت چوکی ... اور وہ تشت جو [illegible] میں رکھا جاتا ہے۔

تشتت: (ع۔ مذ) پراگندگی۔ پریشانی۔ بے ایمانی۔

تشتری: (ہ۔ مو) چھوٹی رکابی۔ پینے کی پیالی کی پرچ۔

تشخص: (ع۔ مذ) امتیاز۔ شخصیت۔ ہستی۔

تشخیص: (ع۔ مو) فرق پہچاننا۔ جانچ۔ تحقیق۔ جانچ کر معین کرنا۔

تشدد: (ع۔ مذ) سختی۔ زیادتی۔ جبر۔

تشدید: (ع۔ مو) ایک جنس کے دو حرفوں کو ایک سمجھنا اور دو پڑھنا۔ جیسے حق، اُمّ۔ حرف مشدد کی علامت ّ

تشرع: (ع۔ مذ) شرع کی پابندی۔

تشریح: (ع۔ مو) کھول کھول کر بیان کرنا۔ شرح کرنا۔ تفصیل و تفسیر۔ وضاحت۔ جسم کی بناوٹ کا بیان۔

تشریف: (ع۔ مو) بزرگی۔ شرف۔ عزت۔ تشریف آوری۔ تشریف لانا ؎

آتا نہیں جو یار تو آنے سے فائدہ
تشریف آوری اجل سود مند ہے — رشک

تشریف ارزانی فرمانا: بزرگی بخشنا۔ کسی بزرگ کا گھر آنا۔ تشریف رکھنا: بیٹھنا۔ ٹھہرنا۔ قیام کرنا۔ تشریف لانا: کسی بڑے کا آنا۔ تشریف لے جانا: رخصت ہونا۔ سدھارنا۔ تشریف لے چلنا: چلنا۔ چلنے کی درخواست ؎ آتش

جلسے سے بار بار یہی مرا شوق وصل ہے
تشریف اب تو [illegible] یاد لے چلے

تشفی: (ع۔ مو) تسلی۔ تسکین۔ دل جمعی۔

تشکیک: (ع۔ مذ) شک ڈالنا۔ شک۔

تشنا: (ا۔ مذ) طعنہ۔ کنایہ۔

تشنج: (ع۔ مذ) اعصاب جسمانی کا کھچنے لگنا۔ رگوں میں اینٹھن پیدا ہونا۔

تشنگی: (ف۔ مو) پیاس۔ عطش۔

تشنہ: (ف) پیاسا۔ خواہش مند۔ ضرورت مند۔ تشنہ خون: جانی دشمن۔ خون کا پیاسا۔ تشنہ لب: بہت پیاسا۔ نہایت ضرورت مند۔

تشنیع: (ع۔ مو) طعنہ۔ ملامت۔ برا بھلا کہنا۔

تشویش: (ع۔ مو) پریشانی۔ گھبراہٹ۔ سوچ۔ فکر۔

تشویق: (ع۔ مو) شوق دلانا۔ اکسانا۔

نظم و نثر کی ایک صنعت جس میں ایسے الفاظ یکجا لاتے ہیں۔ جن کے معنی باہم ایک دوسرے کی ضد ہوتے ہیں۔

تَضحِیک:۔ (ع۔ مو) ہنسی اڑانا۔ ذلت۔ رسوائی۔ توہین۔

تَضَرُّع:۔ (ع۔ مذ) گریہ و زاری۔ رونا پیٹنا۔ منت۔ خوشامد۔

تَضعِیف:۔ (ع) دوچند کرنا۔ دگنا کرنا۔

تَضمِین:۔ (ع۔ مو) ملانا۔ شامل کرنا۔ شاعری کی اصطلاح میں دوسرے کے شعر پر مصرعے باندھنا۔

تَضیِیع:۔ (ع۔ مو) ضائع کرنا (اصل عربی لفظ تضییع بروزن تفصیل ہے) **تضییع اوقات**۔ (مو) وقت گنوانا۔ عمر رائگاں کرنا۔ بیکار کام کرنا۔

تَطَابُق:۔ (ع۔ مذ) مطابقت۔ مشابہت۔ نثر و نظم کی ایک صنعت کلام میں ایسے الفاظ لانا جن کے معنی ایک دوسرے سے مشابہت رکھتے ہوں۔ جیسے ؎ انیس

جب تک یہ چمک مہر کے پرتو سے نہ جائے
اقلیم سخن میرے قلمرو سے نہ جائے

تَطَاوُل:۔ (ع۔ مذ) دست درازی کرنا۔ ظلم کرنا۔

تَطبِیق:۔ (ع۔ مو) مطابقت۔ موافقت۔ برابری (قول و فعل میں تطبیق ہونا چاہیئے) نیز نثر و نظم کی ایک صنعت۔ تطابق۔ دیکھو تطابق۔

تَطوِیل:۔ (ع۔ مو) بات کو طول دینا۔ کلام کو بیکار بڑھانا۔

تَطہِیر:۔ (ع۔ مو) پاک کرنا۔

تَظَلُّم:۔ (ع۔ مذ) ظلم سے فریاد کرنا۔ فریاد۔ ؎ امیر

اثر نالہ و اثروں سے تعجب کیا ہے
تیغ بن جائے مرا دست تظلم مجھ کو

تَعَارُض:۔ (ع۔ مذ) ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔ جھگڑنا۔

تَعَارُف:۔ (ع۔ مذ) شناسائی۔ جان پہچان۔ واقفیت۔ ایک دوسرے کو پہچاننا

تَعَاقُب:۔ (ع۔ مذ) پیچھا کرنا۔ پیچھے جانا۔

تَعَالیٰ:۔ (ع) اللہ کے نام کے بعد آتا ہے (وہ بزرگ و برتر ہے) بلند۔ برتر۔ عالی مرتبہ۔ بزرگ۔ تمام دنیا سے بلند و بالاتر۔ تعالی اللہ۔ کلمہ تعجب جو تعریف۔ حیرت سبحان اللہ واہ واہ کے موقع پر بولا جاتا ہے۔

تَعَاوُن:۔ (ع۔ مذ) ایک دوسرے کی مدد کرنا

تَعَب:۔ (ع۔ مذ) رنج۔ دکھ۔ تکلیف۔ محنت مشقت ؎ بحر

کس روز غم نہ تھا مجھے کس شب تعب نہ تھا

تَعَبُّد:۔ (ع۔ مذ) بندگی کرنا۔ عبادت کرنا۔

تَعبِیر:۔ (ع۔ مو) خیال کو عبارت میں لانا۔ خواب کا مطلب بتانا۔

تَعبِیَہ:۔ (ع۔ مذ) آراستہ کرنا۔ جڑ دینا۔ چھپانا۔ کسی چیز کا کسی چیز میں اس طرح مل جانا کہ معلوم نہ ہو۔

تَعَجُّب:۔ (ع۔ مذ) اچنبھا۔ انوکھا پن۔ حیرت میں پڑنا۔

تَعجِیل:۔ (ع۔ مو) جلدی۔ شتابی۔ عجلت۔

تَعدَاد:۔ (ع۔ مو) گنتی۔ شمار۔ مقدار۔ اندازہ۔ تخمینہ

تَعَدُّد:۔ (ع) گنتی میں زیادہ ہونا۔ متعدد ہونا۔ کئی۔ تعدد ازدواج (مذ) کئی بیویاں کرنا۔

تَعَدِّی:۔ (ع۔ مو) حد سے تجاوز کرنا۔ ظلم و ستم۔

تَعدِیل:۔ (ع۔ مو) کسی چیز کو دوسری کے برابر کرنا۔ درست کرنا۔ **تعدیل ارکان**۔ (مو) ارکان نماز کا آہستہ آہستہ ٹھیک ٹھیک ادا کرنا۔

تَعدِیَہ:۔ (ع۔ مذ) فعل لازم کو متعدی کرنا۔

تَعَرُّض:۔ (ع۔ مذ) حائل ہونا۔ روکنا۔ مزاحمت کرنا۔ ؎

گلا بے خطا کاٹ کر رکھ دیا کسی نے تعرض نہ ان سے کیا (تسلیم)

تَعرِیب:۔ (ع۔ مو) کسی غیر زبان کے لفظ کو عربی بنا لینا۔ جیسے پیل سے فیل۔

تَعرِیض:۔ (ع۔ مو) کنایہ۔ اشارہ میں کسی کو چوٹ کرنا۔

تَعرِیف:۔ (ع۔ مو) پہچان۔ بیان۔ تشریح۔ مدح۔ خوبیوں کا بیان۔ **تعریف کرتے منہ سوکھنا** ہے۔ جتنی تعریف کے لئے الفاظ نہیں ملتے۔ تعریف کرتے کرتے منہ خشک ہونا۔ بہت پسند کرنا۔ خوشامد کرنا۔

تَعزِیَت:- (ع - مو) ماتم پرسی - مُردے کے پسماندوں سے اظہارِ ہمدردی -

تَعزِیر:- (ع - مو) سزا - گوشمالی - تنبیہ کرنا - ڈانٹنا - تعزیراتِ پاکستان (مو) پاکستان کے قانونِ فوجداری کا مجموعہ -

تَعزِیَہ:- (ع - مذ) حضرت امام حسین علیہ السلام کی تربت کی نقل جو محرم میں بطور یادگار کاغذ اور بانس وغیرہ سے بناتے ہیں - تعزیہ اٹھانا - تعزیہ کو امام باڑہ یا تعزیہ خانہ سے گشت کرانے یا دفن کرنے کے لیے لے جانا - تعزیہ اُٹھنا تعزیہ اٹھانے کا فعل لازم - تعزیہ ٹھنڈا ہونا - تعزیہ کا دفن ہونا - تعزیہ دار - وہ شخص جو تعزیہ نکالے یا رکھے - صفت - تعزیہ داری (مو) تعزیہ رکھنا - تعزیہ بنا کر امام باڑے میں رکھ دینا اور عزاداری کرنا - تعزیہ نکالنا - تعزیہ اٹھانا -

تَعَشُّق:- (ع - مذ) عاشقی کرنا - چاہ - عشق - شوق - آرزو - میر مظفر احمد صاحب کا تخلص جو غزل مرثیہ کے استاد تھے -

تَعَصُّب:- (ع - مذ) بیجا حمایت - مذہب یا نسل یا وطن ایک ہونے کی وجہ کسی کی طرف داری -

تَعَطُّل:- (ع - مذ) بیکاری - التوا -

تَعطِیل:- (ع - مو) چھٹی - بیکاری کا دن -

تَعظِیم:- (ع - مو) بڑا جاننا - بزرگی - عظمت - عزت - آؤ بھگت - تعظیم دینا - کھڑے ہو کر عزت کرنا - سلامی دے کر یا خیر مقدم کرنا - تعظیم کو اٹھنا - عزت کرنا - آداب بجا لانا -

تَعَفُّن:- (ع - مذ) سڑاند - بدبو -

تَعقِیب:- (ع - مو) نماز پڑھنے کے بعد وظیفہ کے لیے بیٹھنا وہ دعائیں جو نماز کے بعد پڑھی جائیں - رشک

مانگتا ہوں یہ دعا اے رشک ہر تعقیب میں
روضۂ شبیر میں پاؤں جماعت کی نماز

تَعقِید:- (ع) شعر میں لفظوں کو اس طرح آگے پیچھے کرنا کہ کہیں کا لفظ کہیں جا پہنچے اور مطلب واضح نہ ہو نیز مضمون و مفہوم کو اس طرح ادا کرنا کہ اچھی طرح وضاحت نہ ہو اور مطلب گنجلک ہو کر رہ جائے - مسرور

تعقید کلام میں جہاں ہوتی ہے
سامع کی طبیعت پہ گراں ہوتی ہے

تَعَلُّق:- (ع - مذ) علاقہ - لگاؤ - مناسبت - ربط میل - رشتہ - میلان - رجحان - سروکار - واسطہ - (۲) ملازمت - خدمت

تَعَلُّقَہ:- (ا - مذ) علاقہ - جائداد - جاگیر - ملکیت - تعلقداری (مو) تعلقہ دار یا جاگیردار ہونا -

تَعَلُّم:- (ع - مذ) علم حاصل کرنا -

تَعَلِّی:- (ع - مو) شیخی - ڈینگ - تعلی پہ آنا - شیخی بگھارنا - صبا

تھسب آنہ تعلی پہ گرا کر مجھ کو
جام توڑا کر فلک سے کوئی اختر توڑا

تعلی کی لینا - بڑائی جتانا - شیخی بگھارنا -

تَعلِیق:- (ع - مو) لٹکانا - کسی چیز کو دوسری چیز پر معلق اور موقوف کرنا - ایک قسم کا خط جسے خواجہ تاج الدین سلمانی نے وضع کیا - تعلیقہ - مال و اسباب کی ضبطی اور قرقی - شرف

مر گئے جانباز ان کے کشت و خوں اب ہو چکا
بند تعلیقے میں شمشیر و سپر ہونے کو ہے

تَعلِیم:- (ع - مو) سکھانا - ہدایت کرنا - ناچنے گانے کی مشق کرنا - گھوڑے کو سدھانا - تعلیم پانا - تربیت پانا - ہدایت پانا - ناچنا اور گانا سیکھنا - تعلیم دینا - ناچ گانا سکھانا - پڑھنا لکھنا سکھانا - تعلیم لینا - گانا بجانا سیکھنا - اچھا سیکھنا - خبیر

صدائے نغمہ سرایانِ باغ حسن کی زاغ سے
اتری ہے زہرہ بھی بیٹھ کو تعلیم

تَعَمُّق:- (ع - مذ) غور کرنا - تہ کو پہنچنا -

تَعمِیر:- (ع - مو) عمارت - نئے سرے سے عمارت بنوانا مرمت کرانا - غلط قوم کا کام - تخریب کی ضد -

تَعمِیل:- (ع - مو) عمل کرنا - عمل میں لانا - حکم پورا کرنا - فرمانبرداری خدمت گزاری - تعمیلِ معاہدہ - (مو) (۲) کی تعمیل عہدنامہ کو پورا کرنا -

تَعمِیَہ:- (ع - مو) عام کرنا - تعمیہ - مادۂ تاریخ میں جتنے اعداد کی کمی ہو وہ کسی حرف یا لفظ یا مصرعے کے عددوں سے پورا کر دینا - یہ کمی اس طرح پوری کی جاتی ہے کہ سیفن معلوم ہوتی ہے اور اس میں عیب ہے

تَعَوُّذ:- (ع - مذ) اعوذ باللہ کہنا - شیطان سے خدا کی پناہ مانگنا -

تَعوِیذ:- (مذ) دعا یا کوئی آیت لکھ کر گلے میں ڈالنا یا بازو پر باندھنا - حرز - نقش - لوحِ مزار - قبر کا پتھر - تعویذ چاٹنا - ذہن بڑھنے کے لیے کسی بزرگ کی لکھی ہوئی تختی پر لکھی ہوئی دعا آیت وغیرہ دھو کر زبان سے چاٹنا - ذوق

عشق کے مکتب میں ہو فن و سب سے تیز ذہن
تیس دن چاہیے اگر تعویذ میری گور کا

تعویذ و حرز کر پینا - تعویذ یا نقش کو رکابی پر زعفران سے لکھ کر دھو کر پینا اور دھووَن پینا۔ **تعویذ کرنا** - تعویذ کسی کو لکھ کر دینا نیز تعویذ کی طرح حرز جاں بنا کر رکھنا ؎ انشا

یوں نہ انشا کرے تعویذ بھر ہیسے خط کو
جس میں محفوظ ہو اس طرہ طرار کے بول

تعویذ لحد (ا - ام) قبر مزار۔ قبر کا پتھر جو سرہانے نصب ہوتا ہے **تعویذ و طومار** - گنڈا تعویذ - ٹونکا جادو کرنا۔ **تعویذیا** - ایک کبوتر جس کے گلے میں سفید پر اس طرح ہوتے ہیں جیسے تعویذ۔ **تعویذ کی گلوری** - (مو) پان کا مربع بیڑا - چوکھونٹا بیڑا۔

تعویق : (ع - مو) تعطیل - دیر - تساہل - لیت و لعل

تعہد : (ع - مذ) اقرار نامہ - عہد نامہ - **تعہد دار** اقرار کرنے والا - پٹے دار۔

تعیش : (ع - مذ) عیش کرنا یا سامان عیش مہیا کرنا۔

تعین : (ع - مذ) تقرر - مخصوص کرنا - معین کرنا۔ تصوف کی اصطلاح میں موجودات میں تشخیص اور فرق کرنا ؎ سودا

پردے کو تعین کے در دل سے اٹھا دے
کھلتا ہے ابھی پل میں طلسمات جہاں کا

تعینات - موجودات عالم میں امتیازات ؎

ہجر و دیر و حرم کو مٹا چکا ہوں
تعینات کی حد سے گزر گیا ہوں

تعیناتی (مو) تقرر۔

تغار : (ف - مذ) مٹی کا کونڈا یا ناند - وہ گڑھا جو گارا اور چونا بگھونے کے لیے بناتے ہیں۔ **تغاری** (مو) آٹا گوندھنے کا کونڈا۔

تغافل : (ع - مذ) غفلت - جان بوجھ کر غفلت - بے اتفاقی - بے پروائی - سستی - تساہل - **تغافل شعار** بے پروا - لا پروا - غفلت کیش

تغایر : (ع - مذ) ایک دوسرے سے غیر ہونا - فرق -

تغذیہ : (ع - مذ) غذا دینا - غذا - خورش -

تغزل : (ع - مذ) غزل گوئی - عشق کے مضامین - اثر و تاثیر کے ساتھ نظم کرنا - غزلیت - غزل کے صنف کا تیکھا پن

تغلب : (ع - مذ) غبن - خیانت - تصرف بیجا

تغما جما بٹھانا - سکہ بٹھانا - رعب بٹھانا - تحکم جتانا -

تغیر : (ع - مذ) تبدیل حالت - پلٹنا - پہلی حالت سے دوسری حالت میں جانا - انقلاب -

تغییر : (ع - مو) بدل دینا ؎ مؤلف

میری تغییر رنگ کو مت دیکھ
تجھ کو اپنی نظر نہ ہو جائے

تف : (ف - مو) بخارات - بھاپ - دھواں - گرمی ؎

ہو جائیں پتلیاں نہ یہ آنسو تو ے کی بوند
گر کام کر گئی تف دل چشم تر تلک ؎ مصحفی

تُف : (ف - مذ و مو) تھو - لعنت و ملامت - کلمہ نفرین۔ تف ہے تیری اوقات پر - تیرے اطوار پہ لعنت ہے - **تف نہ کرنا** - پروا نہ کرنا ؎ ذوق

قاروں کا خزانہ ہو تو ہم تف نہیں کرتے

تفاخر : (ع - مذ) ڈینگ مارنا - فخر جتانا۔

تفاریق : (ع - مو) تفریق کی جمع - جدائیاں - فرق - کئی دفعہ کرکے -

تفاسیر : (ع - مذ) تفسیر کی جمع - واحد تفسیر

تفاصیل : (ع - مذ و مو) تفصیلات - واحد تفصیل

تفاوت : (ع - مذ) فاصلہ - دوری - فرق - جدائی -

تفاول : (تفاؤل - ع - مذ) فال لینا - نیک شگون لینا - (کرنا - لینا) ؎ تعلق

بلا شک دونوں رخسار منور جو میں کے اک دن
تفاول یہ لیا ہے ہم نے تیرے مصحف رخ سے

تفتہ : (ف) جلا بھنا - عاشق - آزردہ - **تفتہ جگر** سوختہ جگر - دل جلا - آتش عشق سے جلا ہوا - آزردہ - ہمناک - دیا عشق - غمگین -

تفتیح : (ع) مسامات کا کھلنا - خوب ہاضمہ ہونا - (تخمص کی ضد)

تفتیش : (ع - مو) کوشش - جستجو - جانچ پڑتال - کھوج - سراغ - سرسری تحقیقات - پوچھ گچھ - دریافت -

تفحص : (ع - مذ) دیکھو تفتیش -

تَقَاطُر:- (ع - مذ) بوندا باندی - پے در پے -

تَقَاطُع:- (مذ) باہم منقطع ہونا - کٹنا - ایک دوسری کو منقطع کرنا - کاٹنا - ؎ محسن

لا خط نسخ میں گر ہو تو کہوں اک نکتہ
لام الف کا وہ تقاطع ہے کہ صل علیٰ

تَقَاوِی:- (ع - مو) وہ روپیہ جو سرکار کی طرف سے زراعت کے لیے بطور امداد زمیندار کو قرض دیا جاتا ہے نیز وہ رقم جو کسی کاروبار کے محکمہ آبادکاری یا اور کسی محکمہ سے قرض دی جاتی ہے -

تَقَاوِیم:- (ع - مو) تقویم کی جمع - جنتریاں -

تَقبِیل:- (ع - مو) چومنا - بوسہ لینا -

تَقَدُّس:- (ع - مذ) پاک ہونا - متبرک ہونا - زہد و تقویٰ -

تَقَدُّم:- (ع) آگے بڑھنا - ترجیح - مقدم ہونا - تقدمہ - پیش کرنا - پیش ہونا - تقدمۃ الجیش - پیشوائے لشکر -

تَقدِیر:- (ع - مو) قسمت - مقسوم - وہ اندازۂ قدرت یا فطرت جو حق تعالیٰ نے روز ازل سے ہر شے کے لیے مقرر کیا ہے - نصیب - تقدیر آزمانا - قسمت کے بھروسے پر کوئی کام آنا - مقدر کو دیکھنا - تقدیر آزمائی - تقدیر آزمانا - تقدیر اُلٹنا یا بگڑنا یا پلٹنا - بداقبالی ہونا - مقدر کا برگشتہ ہونا - حالات موافق نہ رہنا - تقدیر پھرنا - اقبال نہ رہنا - با اقبال ہونا - بھلے دن آنا - (متضاد معنی میں آتا ہے) تقدیر پھوٹ جانا - تقدیر کا بگڑ جانا - بُری جگہ شادی ہونا - تقدیر جاگنا یا چمکنا - وقت کا موافق ہونا - بھلے دن آنا - اقبال کا ساتھ دینا - تقدیر کا بدا - نصیبوں کا لکھا - جو کچھ قسمت میں لکھا ہو - تقدیر کا بل - واژونی قسمت - قسمت کا پھیر - مقدر کا بگاڑ - تقدیر کا پلٹا کھانا یا قسمت کا کچھ سے کچھ (بُری سے اچھی اور اچھی سے بُری) ہو جانا ؎ ظفر

نہ ہنسو دیکھ کے تدبیر کو پلٹے کھاتے
دیر لگتی نہیں تقدیر کو پلٹے کھاتے

تقدیر کا دامن پکڑنا - اپنا کام خدا کے سپرد کرنا - تقدیر کا دکھانا - آنے والی مصیبتوں کا آنا ؎

کیا کیا ان آنکھوں نے نہیں دیکھا ہے اے صبا
کیا کیا دکھاتی ہے ابھی تقدیر دیکھیے

تقدیر کا سکندر - بہت خوش قسمت و کامیاب - تقدیر کو رونا - قسمت کو بُرا بھلا کہنا - اظہار افسوس کرنا ؎ روح[؟]

اس انجمن ناز کی کیا بات ہے غالب
ہم بھی گئے تھے اور تری تقدیر کو رو آئے

تقدیر کو سونپنا - قسمت پر بھروسہ کرنا ؎

کشادِ کار ہم نے پنجۂ تقدیر کو سونپا
خرد کے تیز ناخن ناخنِ انگشت پا سمجھے

تقدیر کھل جانا - خوش قسمت ہو جانا - شادی ہو جانا - تقدیر کے ہاتھ بات ہے - قسمت پر دارومدار ہے - تقدیر کا سو جانا - نصیبے کا غافل ہو جانا - حالات کا موافق نہ رہنا - تقدیر کا کھیل (مذ) قسمت کے کرشمے - تقدیر کے کارخانے - تقدیر کا لکھا (مذ) نوشتۂ ازلی - مشیت ایزدی - تقدیر کا ہیٹا - (مذ) بدنصیب - بدبخت - تقدیر لڑنا - قسمت کا سازگار ہونا - تقدیر کا موافق ہونا - تقدیر والا - خوش نصیب - تقدیری یا تقدیری امر - ہونی - ہونے والی بات - وہ بات جس میں تدبیر کو دخل نہ ہو -

تَقدِیس:- (ع - مو) پاکیزگی - مجازاً زہد و تقویٰ -

تَقدِیم:- (ع - مو) پیش قدمی - پہل - فوقیت - ترجیح - پیش کرنا (تقدیم - مراسیم - عبودیت)

تَقَرُّب:- (ع - مذ) نزدیکی - قربت -

تَقَرُّر:- (ع - مذ) تعیین - ملازمت کا مقرر ہونا -

تَقرِیب:- (ع - مو) ذریعہ - باعث - سبب - اصطلاح منطق میں تمہید یا تقریر کو اس طرح ادا کرنا کہ دلیل یا نتیجہ ذہن میں آ جائے - ؎ غالب

نہ دُنیا سے گر پائی بھی فرصت سر اُٹھانے کی
فلک کا دیکھنا تقریب تیرے یاد آنے کی

شادی بیاہ - اجتماع کا باعث - موقع محل (ان سے ملاقات کی کی یہ تقریب ہوئی) سفارش - ذکر - وہ ذکر جو کسی کی ملاقات کرانے سے پہلے کسی سے کیا جائے (قزلباش صاحب نے اس مؤثر پیرائے میں میری تقریب کی کہ وزیر اعظم میرے مشتاق ہو گئے) تقریباً - تخمیناً - قریب قریب - تقریبات - موقع و محل - اس میں اجتماع کے اسباب -

تَقرِیر:- (ع - مو) بیان - ذکر - مباحثہ - حجت - لیکچر - بات چیت - تقریر جھاڑنا یا چھانٹنا - زوروں میں بڑھ چڑھ کر باتیں کرنا - تقریر کر دینا - تقریر ملانا - بحث کرنا - دلیل لانا - "زبردستی جواب پر جواب دیے جانا" (لک) جھوٹے کا بڑے سے دو بدو کرنا (ج - یہ لڑکی تو اپنی تقریر ملا کر لی کسی سے نہیں ڈرتی)

تقریر کا لچھا بندھ جانا - تقریر کا دلچسپ اور بالکل مسلسل ہونا۔ ؎

ان کی خاموشی میں تو عالم ہے اک تصویر کا
اور جب کی بات لچھا بندھ گیا تقریر کا

تقریر کرنا - بیان کرنا - بیان کرنا - بحث کرنا - لیکچر دینا - **تقریر لانا** - بحث پیش کرنا - بحث کرنا - ؎ صبا

کل کی طرح سے آج بھی لڑنے کا قصد ہے
دستے ہیں آپ پھر وہی تقریر دیکھئے

تقریری - تحریری کے خلاف - زبانی - **تقریریا** - جھگڑا لو - حجتی - باتونی - **تقریریں پھنسنا** - مکمل طور پر اپنی باتیں کرنا - جس سے کوئی بھی بحث کر سکے ؎

بات پھر خوب ہی تقریریں پھنسیں گی شب میں
تم بھی گویا ہو ستمگر بھی - نیند ہی ہو

تقریظ :- (ع - مو) ریویو - کسی کتاب یا تحریر پر رائے دینا جیسے ساتھی یا دوست کی تعریف -

تقسیم :- (ع - مو) بانٹ - قسمت - حساب کا وہ قاعدہ جس میں ایک عدد کو دوسرے عدد پر بانٹتے ہیں - **تقسیم کرنا** - بانٹنا - تقسیم کے قاعدے سے سوال نکالنا - **تقسیم نامہ** (اسے اضافہ - مذ) وہ تحریر جس میں تقسیم جائداد کی تفصیل لکھی ہو - **تقسیم ہونا** - بٹنا - حصہ ہونا - حصہ رسدی بٹنا -

تقصیر :- (ع - مو) خطا - قصور - گناہ - جرم - کوتاہی - **تقصیر وار** - قصوروار - مجرم - گنہگار -

تقطیر :- (ع - مو) بوند بوند ٹپکانا یا ٹپکنا - ٹپکا دینا - عرق کا بوند بوند کر کے آنا - جیسے ابال جوشانہ - نقطہ -

تقطیع :- (ع - مو) ٹکڑے ٹکڑے کرنا - علم عروض کی اصطلاح میں بیت کے متحرک اور ساکن حرفوں کو وہ حصے جن میں حرفوں کو ایک سے ملاتا سکتے ہیں - کتاب یا کاپی وغیرہ کا سائز - ؎

باغ میں تقطیع اس سرو رواں کی دیکھ کر
شعر و مصرع مری نظروں میں ہموزوں ہوا — ناسخ

تقلید :- (ع - مو) نقل - پیروی - کسی کے قدم بقدم چلنا ؎

کیونکر نہ ہوں میں اسیر خوش گو
تقلید نہاں ہے مصحفی کی

تقلیل :- (ع - مو) کم کرنا -

تقویٰ :- (ع - مذ) پرہیزگاری - خدا کا خوف کرنا -

تقویت :- (ع - مو) طاقت - زور - مدد - تسکین - سہارا - تسلی -

تقویم :- (ع - مو) جنتری - پترا - وہ کتاب جس میں سال بھر کی تاریخیں - ستاروں کے مقامات اور کہیں

وغیرہ کا ذکر ہوتا ہے ؎ رشک

اس تقویم کو آیا خیال تاریخ یار
بگڑے تقویم میں سب چاند گہن کھل گئے

تقویم پارینہ - (مو) پرانی جنتری - بیکار چیز - کنایہ کے طور پر بے کار چیز -

تقی :- (ع) خدا سے ڈرنے والا - پرہیزگار - اہل تشیع کے بارہ اماموں میں نویں امام کا لقب

تقید :- (ع - مذ) پابندی - تاکید - تنبیہ - روک ٹوک - اردو میں بعض لوگ اسے "تقید" لکھتے ہیں -

تقیہ :- (ع) کسی کے خوف سے بات کو دل میں رکھنا اور بیان نہ کرنا - خطرے سے بچنے کے لیے اپنا مذہب ظاہر نہ کرنا - جان و مال کی عزت یا مومن کو ظالم کے شر سے بچانے کے لیے ایسا دروغ مصلحت آمیز جس سے وہ مومن خطرے سے نکل جائے مگر کسی دوسرے بندۂ خدا کو نقصان نہ پہنچے -

تک :- (ہ - اسم - مو) بڑی ترازو جو زمین پر نصب کی جاتی ہے (حرف) ظاہر کرنے کے لیے (اب کہاں تک بیکار رہیں) بھی (آ تک نہ سکے) یا میں نزدیک (اس تک رسائی مشکل ہے) فاصلہ ظاہر کرنے کے لیے (لاہور سے کراچی تک)

تک :- (ہ - مذ - مو) قافیہ - سجع - وہ بات جو اپنی طرف سے لگائی جائے - **تک بندی** (مو) قافیہ بندی - تک سے تک ملانا - **تک جوڑنا** - بے تکے قافیے ملانا -

تکا :- (ہ - مذ) گوشت کا ٹکڑا - بوٹی - ٹکڑا - زیرہ - تودہ شدہ جیسے گوشت کا تکا آنا - نقل کرتے ہوئے بچے جیسے منگل کے دن گوشت کا تکا بچوں پر تصدق کر کے چیلوں کو کھلانے کے تکا - کباب تکا - چھڑا - تکا بوٹی کرنا - (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا - بانٹ دینا - تقسیم کرنا - تکا نوچنا - چھینا جھپٹی ہونی بات کہہ دینا -

تکا :- (ا - مذ) وہ تیر جس میں پھال نہ ہو - وہ تیر جس میں نوک کے بجائے گھنڈی ہوتی ہے ؎ بحر

کس طرح سوراخ ہو سینہ کسی بے پیر کا
تیر تکا ہے ہماری آہ بے تاثیر کا

سیدھا (جب دیکھو تکا سی بیٹھی ہے) (اٹکل پچو تیر چلانا) آپ ہنسے شکاری اور تم گرو گے - اور یہ تمہاری آڑ میں سے چلنے والے تکا سا - تیر سا سیدھا - تکا سی داڑھی - وہ بڑی داڑھی جو نیچے پر نہ ہو - تکا فضیحتی - (اور آو) - میں میں - تو تو میں میں - جھگڑا - تکرار -

تکالیف :- (ع - مذ) تکلیف کی جمع - تکلیفیں -

تکان :- (ف - مو) تھکن - ماندگی - سستی - کوفت - اضمحلال -

وغیرہ کی تہ میں نیچے بیٹھ جاتی ہے - **تل دھار اوپر دھار** - یا **تل دھار** دھار موسلا دھار برسنا - زوروں کی بارش ہونا - موسلا دھار برسنا -
تل کرنا - جیسے بازی میں کوڑی چھپا لینا - غائب کر دینا - چرا لینا
تل نظرا - وہ شخص جو نظر نیچی رکھے - وہ نظر جو چھپکے چپکے دیکھے - صفت
تل نظری - **تلنا** - کڑاہی میں گھی گرم کر کے کچھ پکانا - **تلوانا** - تلنا کا متعدی -

تِل: (د - مذ) ایک قسم کا سیاہ تخم جس سے تیل نکلتا ہے - (۲) وہ سیاہ نکتہ جو جسم پر ہوتا ہے - کالا نکتہ - آنکھ کی پتلی :
تل اوٹ پہاڑ اوٹ - بہت آسان ہے نہایت سہل ہے ؎

ہے مثل تل اوٹ ہوتا ہے پہاڑ
آنکھ باہم ہوتے ہی دل جل گیا — جلیل

تل برابر - ذرہ بھر - ذرا سا - قلیل - **تل بندھنا** - آفتاب کی شعاع کا آتشی شیشے سے نکل کر کسی چیز پر تل کی شکل میں پڑنا - **تل بھر** - ذرا سا - خفیف - **تل بھر لہو پہاڑ بھر محبت** - اس وقت بولتے ہیں - جب اپنا کوئی دور کا عزیز دوست سے زیادہ کام آئے - **تل بھگا** (مذ) وہ کٹے ہوئے تل جن میں کی نالی ہوتی ہے - **تل پھولی آنا** - (مو) چور کا آنا - **تل کا حساب** - معمولی معمولی چیز کی باز پرس -
تل بیلنا - تلوں کو کولہو میں ڈال کر تیل نکالنا - **تل چاٹنا** - مسلمان عورتوں میں ایک رسم ہے کہ وہ وداع کے وقت دلہن کے ہاتھ میں کالے تل رکھ کر دولہا سے چٹواتی ہیں - **تل چاولی داڑھی** (مو) کھچڑی داڑھی - وہ داڑھی جس میں آدھے کالے اور آدھے سفید بال ہوں - **تل چٹا** - (مذ) ایک قسم کا جھینگر - **تل چور بجر چور** - جو تھوڑی چوری کرے گا - وہ بہت بھی کرے گا - **تل دھرنے کی جگہ نہ ہونا** - بالکل جگہ نہ ہونا ؎

ماشاء اللہ چشم بد دور انیس
مجلس میں جگہ نہیں ہے تل دھرنے کی

تل شکری - (۱ - مو) تل اور شکر کی حلوا سے بنی ہوئی شیرنی - گزک - **تل کٹ** - دیکھو **تل بھگا** - **تل کی اوجھل پہاڑ** - ذرا سے پردے میں کسی بڑی بھاری بات کا پوشیدہ ہونا - ظاہر میں مشکل باطن میں آسان ہونا - **تلوں میں سے تیل نکالنا** - کفایت شعاری کا سلیقہ دکھانا -

تَلا: (۱ - مذ) جوتی کے نیچے کا حصہ - پیندا - **تلا دینا** - ہانڈی یا پتیلی کے نیچے گیلی مٹی چڑھانا - تاکہ آگ سے کسی قدر محفوظ رہے - **تلا لگانا** - جوتے کے پیٹے میں نیچے کا حصہ سینا - **تلا ملی** (ک - مو) بےچینی - گھبراہٹ - جلدی

تُلا: (۱ - مذ) ترازو - ایک برج میزان - ساتویں راس - **تلا دان** (مذ) ایک طرح کی خیرات جس میں سونا - چاول اور قیمتی چیزیں اپنے برابر تول کر صدقہ کر دیتے ہیں - **تلا بیٹھا ہونا** - آمادہ ہونا - **تلا ہونا** - جوش اور رغبت کے ساتھ آمادہ ہونا - اپنی خواہش سے تیار ہونا - **تلا رہنا** - آمادہ اور تیار رہنا -

تِلا: ۲- (ا - مذ) زریں تار - گوٹہ کناری - پگڑی کا زریں سرا -

جھاڑ - **تلا کو دان کرنا** - طعنے دینا - دق کرنا - تکلیف دینا -

تَلامِلی: (ا - مو) بےقراری - اضطراب -

تَلاجی: (مو) سبزی - ترکاری -

تِلادانی: (ا - مو) سوئی دھاگا رکھنے کا چھوٹا سا جزدان

تَلازُمہ: (ک - تلازِما - ع - مذ) مضمون کی رعایت سے ایسے الفاظ کا استعمال کرنا جو مضمون سے خاص مناسبت رکھتے ہوں -

تَلاش: (ت - مو) سعی - کوشش - جستجو - کھوج - تحقیقات - **تلاش معاش** (مو) فکر روزی - ملازمت وغیرہ ڈھونڈنا - **تلاشی** - ڈھونڈنے والا - **تلاشی لینا** - کسی جگہ چوری کی چیز کو ڈھونڈنا - جھاڑ لینا -

تَلاطُم: (ع - مذ) موج - لہر - جھاڑ لینا - پانی کے تھپیڑے - جوش - ولولہ (اک میں) شور و غل - شور گریہ اور جھگڑے کے معنوں میں مستعمل ہے (ہونا - پڑنا کے ساتھ) ؎ امیر

قیامت ہے بندھی ہے ذبح کے دم آنکھ پریٔ
رہا دل میں تلاطم حسرت دیدار قاتل کا

تَلافی: (ع - مو) عوض - پاداش - بدلہ - تدارک - **تلافی مافات** - (مو) ضائع شدہ امر کا معاوضہ

تَلامذہ - تلامیذ: (ع) تلمیذ کی جمع - طالب علم - شاگرد

تُلانا: (د) وزن کرانا - برابر کرانا (تلنا کا متعدی) **تلائی** - وزن کرانے یا وزن کرنے کی اجرت - نیز تول

تَلانا: تلتے ہوئے گھی یا تیل میں کسی چیز کو پکوانا - حاصل مصدر - **تلائی** - نیز تلوانے کی اجرت -

تِلاوا: (ا - مذ) فوج کا وہ دستہ جو رات کو لشکر گاہ یا شہر کی حفاظت کے لئے گشت کرے - (اصل لفظ دیکھیے طلایہ)

تُلاوا: (د - مذ) گاڑی کی وہ لکڑی جس پر اس کا تمام بوجھ ٹکا رہتا ہے -

تِلاوَت: (ع - مو) قرآن شریف پڑھنا -

تَلاوَ: (ا - مذ) تالاب - جوہڑ -

تَلائی: (د) مشعل کو کپی سے تیل پلانا - تلنے کا چھوٹا سا برتن - شادی سے دو ایک دن پہلے دلہن کے تیل لگانے کی رسم (آج تلائی - کل سہاگ - پرسوں برات)

تلبیس:- (ع - مو) فریب - دھوکا - تلبیس بگڑ (مذ - مو - بڑھانا) شکل بدل کر جانا - تلبیس لباس (مذ و مو) دھوکا دینے کے لیے لباس تبدیل کرنا -

تلتلی:- (ا - مو) بلندی سے گرنے والی پانی کی دھار - تلتلی چلنا - دست آنا - بار بار دست آنا -

تلچھنا:- (ہ) بے چین ہونا - تڑپنا - بے تاب ہونا -

تلچھوں تلچھوں کرنا:- (ا) بے آباد پھرنا - نچلا نہ بیٹھنا - مضطربانہ کوئی کام کرنا -

تلخ:- (ف) کڑوا - بدمزہ - بدذائقہ - کھاری - ناگوار - ناپسند - جس میں مرچ تیز ہو - ناگوار - اجیرن (زندگی تلخ ہے) تلخ ابرو - بددماغ - تلخاب (مذ) کڑوا پانی - آنسو -

ے جعفر علی خاں اثر

تلخ ہے گو بے شہد و شکر تو نہیں
لب تشنگی عشق ہے کوثر تو نہیں

تلخ ابرو - بددماغ - تلخ زبان - بدزبان آدمی - تلخ کام - ناگوار مقصد والا - بدکار - تلخ گفتار - بدزبان - تلخ گوئی - (مو) تلخ زبانی - کھری بات کہہ دینا جو مخاطب کے لیے ناگوار ہو - تلخ و ترش - دُنیا کی محنت و مشقت - تلخ ہونا - کڑوا ہونا - ناگوار ہونا - ناخوش ہونا ے عاشق

تلخ ہو جاتے ہو اگر ہم میری آدھی بات پہ
پھنو بالی نیم کا تیکا نکالو ناک سے

تلخہ - صفرے کی زیادتی - پت - تلخی - کڑواہٹ - سختی (جیسے تلخی مرگ) تلخانا (ا) تلخی دُنیا - برسات کے دن ہیں - جہاں ذرا دیر ہوئی آنسے میں سُرسُریاں پیدا ہو جاتی ہیں - تلخانے لگتا ہے -
(بنات النعش)

تلخیص:- (ع - مو) خلاصہ کرنا - خلاصہ -

تلذذ:- (ع - مو) لذت - مزہ - ذائقہ - لطف -

تلڑا:- (ہ - مذ) تین لڑی کا ہار - تلڑی (مو)

تلسی:- (ہ - مو) ایک پودا جسے ہندو لوگ پوجتے ہیں - ناز بو - ایک عورت جس پر کرشن جی عاشق تھے - اور انھوں نے اُسے پودا بنا دیا تھا - ایک مشہور ہندو شاعر - گلے میں پہننے کا ایک زیور - تلسی دانہ (مذ) ایک زیور -

تلطف:- (ع - مذ) مہربانی - عنایت -

تلگراف:- (انگ سے مفرس - مذ) تار کی خبر -

تلف:- (ع) ضائع - برباد - ہلاک - فنا -

تلفظ:- (ع - مذ) لفظ کا مُنہ سے ادا کرنا - لہجہ (ادا ہونا - ادا کرنا - کرنا)

تلقین:- (ع - مو) تعلیم دینا - سمجھانا - نصیحت - موعظت - ایک دعا جو مُردے کو قبر میں اُتارنے کے بعد شیعہ مذہب کے لوگ پڑھتے ہیں اور اس وقت مُردے کے شانے ہلائے جاتے ہیں ے شرف

آ کے جب تلقین اس پری رو نے پڑھی
یوسف اُترے قبر میں شانہ ہلانے کے لیے

تلک:- (س - مذ) قشقہ - وہ نشان جو بعض ہندو صندل یا سیندور وغیرہ سے ماتھے پر لگاتے ہیں - پیشواز - ایک قسم کی زنانہ پوشاک جو پہلے زمانے میں عورتیں پہنتی تھیں - ٹکت - ایک طلائی زیور جو ماتھے پر پہنا جاتا ہے - ٹیکا - وہ روپیہ جو شادی سے پہلے دلہن کا باپ دولھا کے گھر بھیجتا ہے - ہندو راجہ کی گدی نشینی کی رسم - تلک دھارن کرنا دھارنا :- (ہ) ٹیکا لگانا - تلک دھاری - (صفت ہ - مذ) وہ شخص جو روز قشقہ لگائے - تلک دھاری راجہ - وہ راجہ جو کسی راجہ کو گدی نشینی کی رسم کرائے - بڑا راجہ - تلک کرنا - تخت پر بٹھانا - شادی کرنا - رخصت کرنا -

تلکی:- (ا - مو) دھار - خون - پانی - تیل وغیرہ سیال چیزوں کی دھار (بندھنا)

تلمذ:- (ع - مذ) شاگردی -

تلملانا:- (ہ - مو) مضطرب ہونا - بے قرار ہونا - تڑپنا - گھبرانا -

تلمیح:- (ع - مو) کسی قصہ وغیرہ کی طرف کلام میں اشارہ کرنا -

تلمیذ:- (ع) شاگرد -

تلنا:- (ہ) وزن کیا جانا - کسی کام پر آمادہ ہونا - اٹل ہونا - (ہاتھ تلے بر سے ہیں) مخرفہ کرنا (اب تم بہت تلنے لگے ہو) چکی کے وندانوں کو کھردرا کرنا -

تلنا:- (ہ) کڑاہی میں گھی یا تیل گرم کرکے کچھ پکانا -

تلنگ:- (ہ - مو) ایک راگنی کا نام - ایک علاقہ جو تلنگانہ (مدراس) بھی کہلاتا ہے - تلنگا (مذ) تلنگانہ کا رہنے والا - وہ سپاہی جسے انگریزی پوشاک پہنائی جاتی ہے (ابتدا میں انگریزوں نے مقام تلنگ (مدراس) سے فوج بھرتی کرکے انگریزی وردی پہنائی تھی) ایک قسم کا کنکوا - بدتہذیب -

تلنگنی (ہ - مو) ایک قسم کی شیرینی جو نہایت پتلی شیشے کی شکل کی بنائی جاتی ہے

تلوا (ہ - مذ) ایڑی اور پنجے کے بیچ کا حصہ۔ پاؤں کے نیچے کا حصہ۔ **تلوا کھجلانا** - کف پا میں خارش ہونا۔ سفر کا شگون ہونا ع ذوق

مژدہ اے دشت پھر تلوا مرا کھجلانے ہے

تلوا نہ لگنا - ایک جگہ جم کر نہ بیٹھنا۔ ایک جگہ نہ ٹھہرنا۔

تِلوا (ہ - مذ) تل کے لڈو۔

تلوار (ف - مو) تیغ۔ سیف۔ شمشیر۔ ایک قسم کا قوس نما آہنی ہتھیار۔ **تلوار آزمانا** - ضرب شمشیر کا امتحان کرنا۔ **تلوار آبی ہونا** - (دیکھو آبی) **تلوار اگلی پڑنا** - تلوار نکل پڑنا۔ قتل پر آمادگی ہے رند

بے طرح ابروے قاتل کے اشارے ہیں ادھر
اگلی پڑتی ہے یہ تلوار خدا خیر کرے

تلوار باندھنا - تلوار کو کمر میں لگانا۔ **تلوار برسنا** - لڑائی۔ تلوار پڑنا۔ متواتر شمشیر زنی ہونا۔ **تلوار بند** - وہ شخص جو ہر وقت تلوار باندھے رہے۔ **تلوار بندھنا** - تلوار باندھنا کا لازم۔ **تلوار پٹ پڑنا** - تلوار کا ہاتھ خالی جانا۔ تلوار کا اوندھا پڑنا۔ **تلوار پر تال چھٹنا** - دو آدمی ننگی تلوار دونوں طرف سے مضبوط پکڑتے ہیں۔ ایک شخص تو ناچتا ہے اور دوسرا ہاتھ پر بہت سا کپڑا لپیٹ کر اُس کو پکڑتا ہے۔ ناچنے والا ان دونوں آدمیوں کے شانوں پر ہاتھ رکھ کر اُچکتا ہے اور تلوار کی دھار پر اپنے تلووں کو جنبش دیتا ہے۔ اور تال پر گھنگھرو بجاتا ہے ے

ابروے یار کا سر میں ہے جنوں کے سودا
رقص یہ لوگ کیا کرتے ہیں تلواروں پر آتش

تلوار پر ہاتھ دھرنا - تلوار مارنے کے ارادے سے قبضے پر ہاتھ رکھنا۔ تلوار کی قسم کھانا۔ تلوار کا کاٹ کرنا۔ **تلوار توپٹ پڑی میں کاٹ کر گیا** - اشکل بڑے سے تو نہ ہو سکا چھوٹے نے کر دکھایا۔ **تلوار تولنا** - تلوار کو ہاتھ میں اُٹھا کر پرکھنا۔ کر اور تو اپڑے۔ مارنے کے لئے تلوار اُٹھانا ع انیس

بھاگا کوئی تو رہ گئے تلوار تول کے

تلوار تیر جانا - تلوار کا کسی چیز میں اُتر جانا۔ آر پار ہو جانا ے قدر

انداز ناز و قہر سے تم نے نگاہ کی
تلوار دل میں تیر گئی ہے تراہ کی

تلوار جڑنا - تلوار کی چوٹ جمانا ے شعور

گر سر اٹھائے کوئی چھنکیت اُس کے روبرو
دکھلا کے ہٹ کئی جڑے تلوار پاؤں میں

تلوار چلنا - جنگ ہونا۔ لڑائی ہونا۔ کشت و خون ہونا۔ **تلوار چمکانا** - برہنہ تلوار دکھانا۔ **تلوار چھوڑنا** - تلوار مارنا

ے رشک

جس پر اُس نے چھوڑ دی تلوار مجھ پر پڑ گئی
تیر مارا جس طرف آیا مرے دل کی طرف

تلوار حمائل کرنا یا **رکھنا** - پہلو میں تلوار باندھنا ے عاشق

گردن میں میرے ہاتھ نہ پڑ جائیں وصل میں
رکھے ہو مجھ سے تیغ حمائل تمام رات

تلوار دکھانا - قتل کی دھمکی دینا ے ناسخ

ہجر میں بجلی کی تلوار دکھاتی ہے مجھے
نظر آتے ہیں ترے ابروے خمدار گھٹا

تلوار زیب کرنا - کمر سے تلوار کا باندھنا۔ **تلوار سے پانی جدا نہیں ہوتا** - خاندانی اور فطری وصف کسی طرح دُور نہیں ہوتا ے ناسخ

بحر وحدت میں ہوں میں گو سر کٹا مثل حباب
جوب کیا تلوار سے پانی جدا ہوتا نہیں

تلوار عرش پر جھولنا - ایک قسم کی تعلّی۔ بہادری اور تیغ زنی کی شہرت ہونا ے ناسخ

جھولتی ہے عرش پر تلوار کس قاتل کی آج
ہے تصور دل میں کس کے ابروئے خمدار کا

تلوار سونتنا - تلوار کھینچنا۔ قتل کا ارادہ کرنا۔ **تلوار کا ابر یا بچھالا** - (مذ) وہ نشان جو تلوار کے پھل پر ابر یا آبلے کی طرح نمایاں ہو۔ تلوار کے جوہر۔ **تلوار کا پانی** - چمک اور تیزی ے آتش

سینکڑوں تشنۂ دیدار ہیں معلوم نہیں
کس کی قسمت کا ہے پانی تری تلوار کے پاس

تلوار کا پانی پلانا - قتل کرنا ے امیر

تیغ کا پانی پلایا سب کو اُس سفاک نے
تشنہ لب ہم ایک دریا کے کنارے رہ گئے

تلوار کا بیٹھا - جوڑی دھار ے بحر

ازل سے قاتلوں کو نقش خوبی سے ہے محرومی
کسی تلوار کے پیٹھے پہ اترو ہو نہیں سکتا

تلوار کا پھل - وہ حصہ جس پر باڑھ ہوتی ہے ے آتش

پھول جو ہے اپنے گلشن کا سپر کا پھول ہے
ہر شجر اس باغ میں لایا ہے پھل تلوار کا

تلوار کا دھنی - بہادر ے ناسخ

مارا ہے سینکڑوں کو
قاتل تلوار کا دھنی ہے

تلوار کا دونوں باگوں سے کسنا - اچھی تلوار کو کھینچ کر دونوں سرے ملانا ے منیر

خوبی شمشیر ابرو کا تماشہ دیکھئے
دونو باگوں آپ کی تلوار کستی ہیٹھ ہی

عشق ہے آنکھوں کو تلووں سے تجھے ملنے کا
پائنتی یار کی ہے میرا سرہانہ شب وصل

تلووں سے لگنا۔ بے قرار ہونا۔ مضطرب و فکرمند ہونا۔ **تلووں سے لگنا سر میں بجھنا**۔ سر سے پاؤں تک غصے میں جلنا۔ **تلووں کا کچا**۔ جلد تھک جانے والا۔ **تلووں میں سے لہو اترنا**۔ زیادہ مسافت طے کرنا۔

تلوے : (ہ) تلوا کی جمع۔ **تلوے تلے**۔ تلوے کے نیچے۔ پامال۔ **تلوے چاٹنا**۔ نہایت خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔ **تلوے چھلنی ہو جانا**۔ کسی کام کے لیے نہایت دوڑ دھوپ کرنا۔ **تلوے دھو دھو کر پینا**۔ نہایت اطاعت اور فرمانبرداری کرنا۔ کمال قدردانی کرنا۔ **تلوے سہلانا**۔ دیکھو "تلوے چاٹنا"۔ نیز بہلانا پھسلانا۔ **تلوے کھجانا یا کھجلانا**۔ دیکھو "تلوا کھجانا"۔ **تلوے گرم کرنا**۔ رشوت دینا۔ **تلوے ملنا**۔ تلوے کی مالش کرنا۔

تلی : (ہ۔ مو) پیندا۔ پیندی

تلی : (ہ۔ مو) پیٹ کے اندر ایک عضو جس میں سودا پیدا ہوتا ہے اور معدے کے بائیں جانب واقع ہے۔ طحال۔ نیز تل جس کا تیل نکالتے ہیں۔

تلی : (ہ۔ مو) جلاہے کی کوچی

تلے : (ہ) اوپر کی ضد۔ نیچے۔ زیر۔ ماتحت۔ **تلے اوپر**۔ تہ و بالا۔ زیر و زبر۔ اوپر نیچے۔ پے در پے۔ لگاتار۔ ایک کے اوپر ایک۔ یکے بعد دیگرے۔ **تلے اوپر کے**۔ دو بچے جو ایک دوسرے کے بے واسطہ پیدا ہوں۔ **تلے اوپر ہونا**۔ تہ و بالا ہونا۔ درہم برہم ہونا۔ **تلے پڑنا**۔ نیچے لیٹنا۔ آگے پڑنا۔ زمین پر سونا۔ **تلے کا سانس تلے اوپر کا اوپر رہنا**۔ حیران و دم بخود رہنا۔ ہکا بکا رہنا۔ **تلے کے دانت تلے اوپر کے اوپر رہ گئے**۔ منہ کھلے کا کھلا رہ گیا۔ **تلے کی دنیا (یا زمین) اوپر ہونا**۔ انقلاب عظیم واقع ہونا ؎ میر حسن

لب بام کثرت جو یکسر ہوئی
تلے کی زمین ساری اوپر ہوئی

تلیا : (ہ۔ مو) چھوٹا تالاب۔ تلاؤ کی تصغیر۔

تلیٹی : (ہ۔ مو) تلا۔ پیندا۔ دامن کوہ۔ پچا زمین۔ نواحی اطراف۔

تلیچا : (ہ۔ مذ) محراب سے اوپر کا حصہ۔

تلے دانی : دیکھو تلادانی۔ ؎ رنگین

دور کر باجی کے سینے کو ملائی نہ سہی
پہلے تو یہ مری اطلس کی تلے دانی سہی

تلیر : (ہ) ایک چھوٹا سا پرندہ جس کا گوشت نہایت لذیذ ہوتا ہے۔ ابلقہ۔

تلیین : (ع ہے اصل تفعیل کے وزن پر ہے۔ لیکن تلفظ تَ لیِین۔ مو) نرم کرنا۔ چھوٹا مسہل دینا۔

تلینچا : (ای۔ مذ) معماروں کی اصطلاح میں چھت کی اونچان۔

تلیندو : (ہ) فرمانبردار۔ مغلوب۔

تم : (ہ) ضمیر مخاطب۔ تو کی جمع۔ تعظیماً واحد کو بھی کہتے ہیں۔ **تم جانو**۔ تم ذمہ دار ہو۔ تمہیں واقف ہو۔ تم سمجھو۔ جیسے گویا۔ ؎ ذوق

گر آپ کی پھرے جیتے جی کعبے کے سفر سے
تم جانو پھرے شیخ جی اللہ کے گھر سے

تم ڈال ڈال تو میں پات پات۔ میں تمہاری باتیں خوب سمجھتا ہوں۔ **تم روٹھے ہم چھوٹے**۔ عورتیں ناخوشی سے بے پروائی ظاہر کرنے کو کہتی ہیں۔ **تم سے اللہ کی پناہ**۔ تمہاری بدذاتیوں سے خدا بچائے۔ **تم سے بچھڑے تو خدا سے بچھڑے**۔ سخت قسم کھاتے اور عہد واثق کرتے ہوئے بولتے ہیں۔ **تم کاٹو ناک کا پانی میں نہ چھوڑوں اپنی بانی**۔ ضدی عورت کی نسبت کہتے ہیں۔ چاہے جیسی سزا دو۔ میں اپنی عادت سے باز نہ آؤں گی۔ **تم نے اڑائیں ہم نے بھون بھون کھائیں**۔ ہم تمہارے بھی استاد ہیں۔ تمہاری چال میں نہیں آ سکتے۔ **تم نے کہا اور میں نے مان لیا**۔ تمہاری بات کا مجھے اعتبار نہیں۔ **تم ہم کو بلاؤ گے تو کیا کھلاؤ گے۔ ہمارے گھر آؤ گے تو کیا لاؤ گے**۔ اس خودغرض کے متعلق بولتے ہیں جو ہر طرح اپنا ہی مطلب نکالنے کی سوچے۔

تماثل : (ع۔ مذ) مشابہ ہونا۔

تماثیل : (ع۔ مذ۔ مو) تمثال کی جمع۔ فرمان شاہی۔ تصویریں۔

تماچہ : (ف۔ مذ) طمانچہ۔ تھپڑ۔

تماخو : (مذ) تمباکو کے معنی میں عوام بولتے ہیں۔

تمادی : (ع۔ مو) وہ میعاد جس کے گزرنے سے نالش کا اختیار نہ رہے۔

تمارض : (ع۔ مذ) بیماری کا بہانہ کرنا۔ بیمار بننا۔

شان و شوکت ۔ برداشت ۔ قوت ؎ غالب

نگاہ بے محابا چاہتا ہوں
تغافل ہائے تمکیں آزما کیا

تَمَلُّق:۔ (ع ۔ مذ) چاپلوسی ۔ خوشامد ۔

تَمْلِیک:۔ (ع ۔ مو) کسی کو کسی چیز کا مالک بنانا ۔ **تملیک نامہ** (مذ) مالک بنانے کی تحریر ۔ وصیت نامے کے سوا ہر تحریر ۔ جس کے ذریعے سے کسی کو منقولہ یا غیر منقولہ جائداد کا مالک بنایا گیا ہو ۔

تُمَن:۔ (ت ۔ مذ) رسالہ ۔ پلٹن ۔ سو سواروں کا دستہ ؎

صف مژگاں کی جنبش کا کیا اقبال نے کشتہ
شہیدوں کے ہوئے سالار جب تم سے تمن بگڑا آتش

نیز ایک طلائی سکہ ۔ **تمن باندھنا** ۔ فوج جمع کرنا ۔ **تمن دار** ۔ رسالدار ۔

تَمَنّا:۔ (ع ۔ مو) خواہش ۔ درخواست ۔ آرزو ۔ شوق ۔ اشتیاق ۔

تَمَنْچَہ:۔ (ا ۔ مذ) پستول ۔ اٹھنا ۔ چلانا) نیز چھوٹا سا معشوق ۔

تَمَوُّج:۔ (ع ۔ مذ) لہریں اٹھنا ۔ تحریک ۔ جوش ۔ تلاطم ۔

تَمُّوز:۔ (مذ) رومیوں کا ایک مہینہ جو جولائی یا اساڑھ کے مطابق ہوتا ہے ۔ گرمی کی شدت ۔

تَمَوُّل:۔ (ع ۔ مذ) دولت مندی ۔ مالداری ۔

تُمْھارا:۔ (ہ ۔ ضمیر مضاف الیہ) تم سب کا ۔ آپ کا ۔ تیرا ۔ **تمھارا سر** ۔ **تمھارا کلیجہ** ۔ کلمۂ نفرین ۔ جب کوئی شخص کسی کے مزاج کے خلاف کوئی بات کہتا ہے یا پوچھتا ہے تو اس کے جواب میں یہ لفظ کہا جاتا ہے ۔ **تمھارا سر قرآن** ۔ قسم ہے ۔ **تمھارا مال سو ہمارا مال اور ہمارا مال سو ہیں نہیں** ۔ خود غرض آدمی کی نسبت کہتے ہیں جو دوسرے کا مال تو لے لے اور اپنی باری جس کر مال نہ دے ۔ **تمھارے لڑکے بھی کبھی پاؤں یا گھٹنوں چلیں گے** ۔ تمھارا مزاج بھی کبھی راستی پر آئے ۔ تم بھی کبھی سچ بولو گے ۔ **تمھارے منہ کا نوالہ ہمارے پیٹ کا اوجھل** ۔ تمھاری ادنیٰ امداد ہمارے لیے کافی ہے ۔ **تمھارے منہ میں خاک** ۔ اس سے کہتے ہیں جو کسی کا برا چاہے یا حیثیت سے زیادہ مانگے ۔ **تمھارے منہ میں گھی شکر** ۔ خوش خبری سنانے والے سے کہتے ہیں ۔ خدا تمھارا کہنا راس لائے ۔

تَمْھِید:۔ (ع ۔ مو) کسی مضمون کی اٹھان ۔ کسی بات کی تقریب ۔ دیباچہ ۔ آغاز ۔ عنوان ۔ مقدمہ ۔ **تمہید اٹھانا** ۔ کسی مضمون یا کسی بات کی تقریب کرنا ۔ ابتدا کرنا ۔

تَمِیز:۔ (ع ۔ مو) تہذیب ۔ برے بھلے کی شناخت ۔ پہچان ۔ فرق ۔ جانچ ۔ عقل ۔ شعور ۔ ادب ۔ قاعدہ ۔ **تمیز دار** ۔ ذی شعور ۔ لائق ۔ ہوشیار نیز تمیز

تُمھیں:۔ (ہ) (یائے مجہول سے) تم کو ؎ غالب

مجھ سے پوچھو تمھیں خبر کیا ہے
آم کے آگے نیشکر کیا ہے

تُمھِیں:۔ (ہ یائے معروف سے) تم ہی کی بجائے بولتے ہیں ۔ ؎ غالب

ہر ایک بات پہ کہتے ہو تم کہ تو کیا ہے
تمھیں کہو کہ یہ انداز گفتگو کیا ہے

تمھیں تم ۔ ہر جگہ تمھارا ہی دور دورہ ۔ **تمھیں جانو گے** ۔ تمھارے حق میں اچھا نہ ہوگا ۔ سخت سزا پاؤ گے ؎ داغ

اب کی کچھ منہ سے نکالا تو تمھیں جانو گے
داغ پھر مجھ کو نہ کہنا جو برا بھلا کہوں

تَن:۔ (ف ۔ مذ) جسم ۔ بدن ۔ پنڈا ۔ **تن آسان** ۔ آرام طلب ۔ تن پرور ۔ **تن آسانی** ۔ (مو) آرام طلبی ۔ سہل انگاری ۔ آسائش جسمانی تکلیف سے بچنا ۔ **تناور** ۔ موٹا ۔ مضبوط ۔ تن و توش والا ۔ فربہ ۔ **تن بدن** ۔ تمام بدن ۔ **تن بدن اولا ہونا** ۔ جسم کا بہت زیادہ سرد ہونا ۔ ؎ داغ

دیکھتا ہے نبض کیا مرنے کی تو لے چارہ گر
دم کہاں ہے مجھ میں اولا ہو گیا ہے تن بدن

تن بدن پھونک دینا ۔ بدن میں بہت زیادہ حرارت پیدا کر دینا ۔ ؎ ناسخ

تن بدن پھونک دیا ہے شب فرقت نے مرا
کیا عجب ہے کہ مرے جسم سے بستر جل جائے

تن بدن کا ہوش نہیں / **کی خبر نہیں** ۔ انتہائی معروفیت ہے ۔ ضروریات کی بھی خبر نہیں ۔ **تن بدن میں آگ لگنا** / **پھکنا** ۔ بے حد مشتعل ہونا ۔ بہت زیادہ غصہ آنا ؎ داغ

اس بے وفا کے شکوے سے بے چین ہو گیا
پیغامبر کے آگ لگی تن بدن میں کیا

تن بہ تقدیر ۔ جب تدبیر بیکار ہو جاتی ہے اور مجبور ہو کر تقدیر پر چھوڑ دیتے ہیں ۔ **تن پرست** ۔ وہ شخص جو ہمیشہ کھانے پینے اور عیش و عشرت میں لگا رہے ۔ **تن پرور** ۔ خود غرض ۔ آرام طلب ۔ **تن پیٹ کا مزا** ۔ (مو) اچھا کھانا پہننے کا شوق ؎ میر

ایسے تن پیٹ مزے پر خاک
جس سے کٹ جائے سات پشت کی ناک

تن تازہ قلندر راجہ ۔ تن پرور کی نسبت بولتے ہیں ۔ **تن تنہا** ۔ اکیلا ۔ واحد ۔ **تندرست** ۔ بھلا چنگا ۔ صحیح و سالم ۔ **تندرستی** ۔ (مو) صحت ۔ سلامتی ۔ **تندرستی ہزار نعمت ہے** ۔ سب سے

تن تن:- (ک - مو) ستار اور تنبورہ وغیرہ کی آواز۔ تنتنانا۔ ستار یا سارنگی کے تار بجانا۔ تنتنی (مو) چھوٹا ستار۔ سارنگی۔ دوتالی اور بچوں کا ایک کھلونا جس میں سارنگی کی مانند تار لگا ہوتا ہے۔

تنتنا:- (ا - مذ) کرّوفر۔ دبدبہ۔ حکومت۔ تحکّم۔ غصہ۔ غرور۔ تنتنا پینا۔ اترانا۔ ناک بھوں چڑھانا۔ تنتنے باز۔ مغرور۔ نازک دماغ۔ تنتنانا۔ غصّے میں ہونا۔ کرّوفر ہونا دکھانا۔ تنتناہٹ (مو) سوجن۔ تکلیف جو ورم کی وجہ سے ہو۔

تنٹا:- (مذ) جھگڑا۔ فساد۔

تن جانا:- (ا) خفا ہو جانا۔ سینہ تان لینا۔

تنجیم:- (ع - مو) ستارہ شناسی۔ علم نجوم کے قواعد کے مطابق سعد و نحس ساعتوں کا دریافت کرنا۔

تنخواہ:- (ف - مو) مشاہرہ۔ طلب۔ درماہہ۔ تنخواہ دار۔ تنخواہ پانے والا۔ ملازم۔ نوکر۔ ملک اشاہی پنشن پانے والا۔ شہزادہ۔ نواب۔ "اب وہ زمانہ آگیا کہ بڑے بڑے شہزادے اور تنخواہ دار ٹھوکریں کھاتے ہیں"۔

تند:- (ف) تیز۔ جھلّا۔ خونخوار۔ غضب ناک۔ غصیلی۔ سخت۔ کڑا۔ تلخ۔ کڑوا۔ تند خو۔ بدمزاج۔ بدخو۔ چڑچڑا۔ تند رفتار۔ تیز رفتار۔ تند مزاج۔ دیکھو "تند خو"۔ تندی۔ تیزی۔ سختی۔ غصہ۔ شہوت میں ذکر کا کھڑا ہونا۔

تندور:- (ا - مذ) روٹی لگانے کا تندور بھٹی۔ گلخن (تنّور صحیح لفظ ہے) تندور بھرنا (یا بجھانا) پیٹ بھرنا۔ اچھا برا کھانا۔ تندور جھونکنا۔ تندور گرم کرنا۔ بھٹیارے کا کام کرنا۔

تندیل:- (ا) بڑے پیٹ والا۔ فربہ۔

تنزّل:- (ع - مذ) پستی۔ زوال۔ درجہ ٹوٹنا۔

تنزّہ:- (ع - مذ) عیب سے دور ہونا۔ تنزّہات۔ بے عیبی۔ خوبیاں۔ سیرباغ۔ تنزیب۔ دیکھو تن (تن زیب)

تنزیل:- (ع - مو) نازل کرنا۔ اتارنا۔ قرآن مجید۔

تنزیہ:- (ع - مذ) عیب سے پاک کرنا۔ صاف کرنا۔ اخلاط فاسدہ کو دور کرنا۔

تنسیخ:- (ع - مو) منسوخ کرنا۔ باطل کرنا۔ رد کرنا۔

تنصیف:- (ع - مو) برابر کے دو ٹکڑے کرنا۔ دو برابر حصوں میں تقسیم کرنا۔

تنظیم:- (ع - مو) انتظام کرنا۔ منظم کرنا۔ جماعت کو ایک اصول کے تحت چلانا۔ معاملات کی درستی کرنا۔

تنعّم:- (ع - مذ) ناز و نعمت سے زندگی بسر کرنا۔

تنغّص:- (ع - مذ) طبیعت کا مکدّر

تنفّر:- (ع - مذ) نفرت۔ بیزاری۔

تنفّس:- (ع - مذ) سانس لینا۔ دم لینا یا ہانپنا۔ سانس پھولنے کی بیماری۔

تنقیح:- (ع - مو) کسی چیز کو عیوب اور زائد باتوں سے پاک و صاف کرنا۔ خالص کرنا۔ تحقیق۔ تفتیش۔ کھوج۔ تجسس۔ تنقیح امورِ تصفیہ طلب (مو) فیصلہ طلب اور نزاعی امور کی صفائی اور وضاحت۔

تنقید:- (ع - مو) پرکھنا۔ جانچ۔ ریویو۔ کلام کے عیوب و محاسن پرکھنا۔

تنقیص:- (ع - مو) کم کرنا۔ نقصان۔ کمی۔ اعتراض۔ کسی کے لیے اس کی حیثیت سے کم الفاظ استعمال کرنا۔

تنقیہ:- (ع - مذ) آنتوں کو صاف کرنا۔ جلاب لینا۔ صاف کرنا (جیسے تنقیۂ دماغ)

تنک:- (ک - ع و ا) تھوڑا۔ ذرا سا۔ چھوٹا۔

تُنک:- (ف) کمزور۔ نازک۔ لطیف۔ اوچھا۔ بے حقیقت۔ تنک ظرف۔ کم ظرف۔ کمینہ۔ تنک دل۔ تھوڑے دل کا۔ وہ شخص جسے بات نہ پچے۔ چھچھورا۔ تنک مزاج۔ کرودھی۔ چڑچڑا۔ بدخو۔ تنکا (مذ) گھاس کا پھانس یا گالا۔ تنکا اتارنا۔ خفیف احسان کرنا ؎ نفیس

راضی ہوں کوئی فرق جو خنجر سے آتا ہے
لیکن کوئی تنکا نہ مرے سر سے اتارے

تنکا اتارنے کا احسان ماننا۔ ذرا سے احسان کو بہت بڑا ماننا۔ تنکا ادھر ادھر نہ ہونا۔ ذرا سی بے ترتیبی نہ ہونا۔ تنکا توڑنا۔ خفیف کام کرنا۔ تنکا دانتوں میں لینا یا پکڑنا۔ یا منہ میں لینا۔ عاجزی کرنا۔ جان بخشی چاہنا ؎ نسیم

بر تیر بھاگنے کا ارادہ کیے ہوئے
سو فار منہ میں تیر کا تنکا لیے ہوئے

تنکا سا توڑنا۔ دو ٹوک جواب دینا۔ تنکا نہ رہنا۔ ایسا لٹنا کہ کچھ نہ رہے۔ تنکا ہو جانا۔ نہایت دبلا ہو جانا۔

تنکنا:- (ا) ناراض ہونا۔ بگڑنا۔ جھلّانا۔ بپھرا ہونا۔

"تو میں یہ کیے دیتا ہوں" زائد واو معروف کے دیکھو "تُو" نیز "تو" بمعنی تھہ جیسے تو در تو - "تھہ پر تھہ" **تو بات ہے** - تعریف کے لائق ہے - ؎ نصیر

پھر کیا مزہ جو ڈھونڈ نکالیں عدم میں ہم
اپنا دہن جو آپ بتاؤ تو بات ہے

تو بھی (تُ بھی اور تو بھی) باوجودیکہ - پھر بھی - تاہم - **تو سہی** - (تُ سہی - تو سہی زیادہ) بالضرور - شرطیہ - بے شک - دیکھ تو - یقیناً - بھبکوں کا - دیکھ لینا ؎ ناسخ

روئے ناسخ اپنے مُنہ پر رکھ کے داماں تو سہی
اب کی یاں پائے نہ اک تار گریباں تو سہی

تو کیا - پھر کیا نقصان ہے کیا قباحت ہے ؎ ناسخ

محروم مر دن نہ نکلی او مے کی حسرت تو کیا
لے گئی صرصر فلک تک وہ مشتِ خاک کو

تو کیا ہوا - بے سود ہوا - کچھ نہیں ہوا - **تو کیا ہوتا** - کچھ نہ ہوتا - کچھ نقصان نہ ہوتا - کس ضرورت میں ہوتا - کون سے ہوتا ؎ غالب

نہ تھا کچھ تو خدا تھا کچھ نہ ہوتا تو خدا ہوتا
ڈبویا مجھ کو ہونے نے نہ ہوتا میں تو کیا ہوتا

تُو : (ہ) ضمیر واحد حاضر - حرف خطاب جو ادنیٰ یا کم درجے والے کی نسبت بولا جاتا ہے - **تو بھی رانی میں بھی رانی کون بھرے پنگھٹ پر پانی** - جب ادنیٰ والے کو برابری کا دعویٰ ہو یا جہاں سب کام سے جی چرائیں اس موقع پر بولتے ہیں - **تو تڑاق کرنا** - بد زبانی اور گالم گلوج کرنا - **تو تکار** (مو) گالم گلوج - **تو تو میں میں** - (مو) گالم گلوج - جھگڑا - لڑنا - تکرار - حجت - **تو چاہے میرے جائے کو میں چاہوں تیرے کھاٹ کے پائے کو** - اگر تم میری اولاد کو چاہو گی تو میں تمہاری چارپائی کے پائے تک سے محبت رکھوں گی - **تو چل میں چل** - چلنے کا تانتا بندھنا - بھگدڑ ہونا - **تو چھوئی کہ موئی** - نزاکت کا بیان - بہت نازک - **تو ڈال ڈال تو میں پات پات** - میں تجھ سے بھی زیادہ ہوشیار ہوں - **تو کو نہ بھناؤں تیرا بھیا اور بلاؤں** - ایسے کنجوسوں کی نسبت کہتے ہیں جو روپے کو بہت عزیز رکھیں اور بالکل خرچ نہ کریں - **تو کو نہ مو کو - چولھے میں جھونکو** - چیز کو ایسا برباد کرنا کہ کسی کے کام کی نہ رہے - **تو کہے** - تم یہ سمجھو - گویا کہ - حرف تشبیہ کی بجہ - اب متروک ہے -
توا جلنا - توے کو چولھے پر بہت گرم ہونا - بغیر روٹی کے ہونا -
تو کہے سو سچ ہے بدھی، تو کہے سو سچ - جب کوئی شخص خلاف قیاس گپ مارے تو لوگوں پر تھو دھر کے کہتے ہیں - **تو کیا ہے** - تیری ہستی کیا ہے ؎ غالب

ہر ایک بات پہ کہتے ہو تم کہ تو کیا ہے
تمہیں کہو کہ یہ انداز گفتگو کیا ہے

تو مجھ کو میں تجھ کو - تو میرا ساتھ دے گا میں تیرا ساتھ دوں گا -
تو میری گور کھود میں گاڑ آؤں تجھ کو - جو برائی کی نیت اوروں کے لیے کی جائے وہ اپنے ہی سامنے آجاتی ہے - **تو نے کہی اور میں نے مانی** - میں کسی طرح باور نہیں کر سکتا - **تو ہی تو ہے** - (اللہ تعالیٰ کے لیے) تیرے علاوہ سب فانی ہیں -

توا : (ہ - مذ) لوہے کا وہ گول ظرف جس پر روٹی پکاتے ہیں - ٹھیکرے کا ٹکڑا جسے تنباکو کے اوپر رکھ کر چلم بھرتے ہیں - نہایت کالا - بہت سیاہ - **توا جلنا** - توے کا چولھے پر بہت گرم ہونا - بغیر روٹی کے ہونا - **توا چڑھنا** - توے کا چولھے پر رکھا جانا ؎ منیر

دل جلنے لگا عہدِ جوانی جو چلا
گھر میں چڑھتا ہے مسافر کے توا آخرِ شب

توا بجنا - بچے پیدا ہونے پر توا بجانا (نیز دیکھیے تھالی بجنا) **توا سر سے باندھنا** - مضبوط کرنا - اپنی حفاظت کرنا - لڑنے کو تیار ہونا - **توا ہنسنا** - جب جلتے توے کے نیچے بہت سا کاجل جمع ہو کر کسی وقت ذرا ذرا سی روشنی کے ذرات چمکنے لگیں - اس حالت کو عورتیں توے کا ہنسنا کہتی ہیں اور اسے شادی اور رزق کی افزونی کا شگون سمجھتی ہیں دیکھیے توے

توّاب : (ع) توبہ منظور کرنے والا - خدائے تعالیٰ - بہت توبہ کرنے والا -

توابع : (ع - مذ) تابع کی جمع - پیرو - ملازم - ماتحت - مجازاً اثرات و نتائج ؎

یہ عصر تو یہ جلوۂ آزادی اکرم
سب انقلاب ہی کے توابع ہیں بیش و کم

تواتُر : (ع - مذ) پے در پے - برابر - لگاتار -

توارُد : (ع - مذ) دو شاعروں کا ایک ہی مضمون باندھنا ایک ہی بیت یا مصرع دو شاعروں کے ذہن میں آنا -

تواری : (ہ - مذ) برہمنوں کا ایک فرقہ جو تین وید پڑھ سکتا تھا -

تواریخ : (ع - مو) تاریخ کی جمع - مہینے کے دن - زمانے کے گزشتہ واقعات کا علم - قصے - تذکرے - کہانیاں - داستانیں - اُردو میں بمعنی تاریخ مستعمل ہے ؎ سحر

عشق کہنہ ہے حسینوں کی تواریخ ہوں میں
شعر کی بات مری قصہ طلب ہوتی ہے

توازُن : (ع - مذ) ہم وزن ہونا - برابر ہونا - تناسب -

تواضُع : (ع - مو) عاجزی - انکساری - خاطر - آؤ بھگت - مذ - بھینٹ - دعوت - ضیافت - **تواضع کر ڈالنا** - (مو) جھوٹی خاطر مدارت - ظاہرداری کی آؤ بھگت - **تواضع کرنا** - عاجزی سے پیش آنا - خوش اخلاقی سے پیش آنا - خاطر مدارات کرنا - نذر کرنا -

ہونا - گھبرا جانا - تھکا ماندہ ہونا - **توتے پڑھانا** - ناسمجھ کو پڑھانا - **توتے کی سی آنکھیں پھیرنا** - **توتے کی طرح آنکھیں بدلنا** - بے مروت ہو جانا - **توتے کی طرح پڑھنا یا یاد کرنا** - بے سمجھے بوجھے پڑھنا - بے سمجھے بوجھے یاد کرنا -

توتیا:- (مذ) نیلا تھوتھا - سُرمہ کا پتھر جسے باریک پیس کر آنکھوں میں لگاتے ہیں -

تَوتیا:- (مذ) تہمت - الزام (باندھنا - جوڑنا عربی توطیہ اُردو سے بنایا گیا ہے) ؎ رند

افترا کرنے میں طوفاں ہے وہ شوخ ظریف
توتیا تازہ کوئی اور نہ مجھ پر باندھے

؎ امانت

تری آنکھوں میں سُرمہ کب لگا ہے
بندھا مجھ پر یہ ناحق توتیا ہے

توتیا (طوفان) باندھنا (اُٹھانا - جوڑنا) - تہمت لگانا ؎ رنگین

تیر جوڑتی ہے کیا کیا خلق جی لگا نا بلائے جان ہُوا

توثیق:- (ع - مو) مضبوطی - پختگی - استحکام - زبان یا تحریر سے کسی بات کی تصدیق کرنا ؎ تسلیم

غیروں کے ساتھ عہد کی توثیق ہو گئی
تیری زباں سے ہمیں تصدیق ہو گئی

توجہ:- (ع - مو) کسی کی طرف مُنہ کرنا - رجحان - رغبت - خیال - لحاظ - مہربانی - عنایت - **توجہ باطن** (مو) دلی رجوع - دلی توجہ -

توجیہ:- (ع - مو) وجہ بیان کرنا - باعث بتانا - سبب کا اظہار - حیلہ - قافیے میں ردی ساکن کے ماقبل کی حرکت - **توجیہ نویس** - حیلہ لکھنے والا -

توحش:- (ع - مذ) وحشت - نفرت -

توحید:- (ع - مو) خدا کو ایک ماننا - خدا کے ایک ہونے پر یقین کرنا -

تودہ:- (ف - مذ) انبار - ڈھیر - وہ مٹی کا ٹیلہ جس پر نشانہ بازی کی مشق کی جائے - ؎ وزیر

نشانہ بعد مُردن بھی رہا میں تیر قاتل کا
بنایا کرتے ہیں ناوک فگن تودہ مری گِل کا

بکثرت بہت زیادہ - **تودۂ طوفان** (باندھنا - مذ) بہت الزام - الزام لگانے والا آدمی - فسادی - شریر - مکّار -

تودیع:- (ع - مو) رخصت کرنا - سپرد کرنا - سونپنا -

تُور:- (ہ - مذ) ایک قسم کا غلہ جس کی دال پکاتے ہیں - وہ رسّی جو بیل وغیرہ کے گرد پردہ نہ اُڑنے کی غرض سے باندھتے ہیں - جالی کی پوشش جو پالکی یا بہلی پر ڈالتے ہیں -

تَورات:- (عبر - مو) وہ آسمانی کتاب جو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی -

تَورُّع:- (ع - مذ) پرہیزگاری -

تَورہ:- (ت - مذ) شرع - سنت - قانون - رسم - وہ قانون جو چنگیز خاں نے وضع کیے تھے - مختلف کھانوں کے خوان جو امیروں میں شادی کے موقع پر کچھ روز پیشتر تقسیم کیے جاتے ہیں ؎ انشا

اُنکے خوان میں بھیجا نہ کیجیے کچھ چیز
خدا کے واسطے ہرگز نہ لیجیے تورے

غرور - گھمنڈ - ناز نخرہ - عزت - رُتبہ - **تورہ بندی** (مو) شادی سے پیشتر مختلف قسم کے کھانوں کی رکابیاں اور کشتریاں مع خوان بھیجنے کی تقریب جو امیر لوگ مناتے ہیں - **تورہ پوش** - (مذ) خوان پوش - **تورہ پیچی** - (مو - عنزا) نخرت کرنے والی مغرور عورت - شیخی باز عورت - ظاہرا پابند شرع بننے والی عورت - **تورہ توڑنا** - غرور کم کرنا - غرور مٹانا - **تورہ جتانا** - نخرا کرنا - غرور کرنا - دکھاوے کی پرہیزگاری جتانا - **تورہ لگنا** - نخرا لگنا - **تورے والی** - مغرور عورت (عنزا) پابند شرع عورت - پرہیزگار عورت -

تُوری:- (ہ - ہن - مو) ایک قسم کی ترکاری - تُرئی -

تَوریت:- (عبر - مو) وہ آسمانی کتاب جو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر اُتری تھی - تورات -

توڑ:- ہ - مذ - داؤں پیچ کا دفعیہ - جواب - رد - دریا کے بہاؤ کا زور ؎ بحر

ڈوبتا ہے توڑ کے پانی میں دم تیراک کا

دہی کا پانی - دہی کا توڑ - انتہا اور چاہ ؎ شرف

اُڑ کے آتا ہے کہاں سے آکے پڑتا ہے کہاں
اُف رے توڑ اللہ رے چاہ قضا کے تیر کا

چیز کی قیمت کا فیصلہ - چکوتا ؎ عاشق

جان دے کر بھی بوسہ ہم لیں گے
اس کی قیمت کا کرے دلبر توڑ

بندوق کی گولی یا تیر کو توڑنے کی قوت - زور یا طاقت - علاج - چارہ - دفعیہ - پانی کی نالی کاٹ کر کھیت میں آب پاشی - پتنگ کی ڈور کا ایک دھاگا (ڈور کا ایک توڑ کٹ گیا) خاتمہ - ختم ہونا ؎ صبا

وطن بنالینا ؎ ناصر

نہ آبادی میں جی بہلا نہ گلشن میں ہوا بھائی
کیا آخر توطن ہم نے آکر دشت مجنوں میں

توطِیَہ:- (مذ) (الزام) بہتان (تو تیا) نیز مدعا کی تمہید - شعر میں قافیے کی تکرار -

توغُّل:- (ع - مذ) کسی کام میں بہت لگا رہنا - پوری مشق کرنا دھن -

تُوفان:- (ا - مذ) شور و غوغا - دریا کی شورش - الزام - بہتان - **توفان شیطان** (مذ) جھوٹ - بہتان -

توفِیر:- (ع - مو) زیادتی - بچت - فائدہ -

توفِیق:- (ع - مو) خدا تعالیٰ کا بندہ کی خواہش کے موافق نیک اسباب بہم پہنچانا - ہدایت - رہنمائی - خدا کی مہربانی اور مدد - ہمت - طاقت - حوصلہ - استطاعت -

توَقُّع:- (ع - مو) اُمید - بھروسہ - آس - آرزو -

توَقُّف:- (ع - مذ) دیر - وقفہ - صبر - تامل - ڈھیل -

توقِیر:- (ع - مو) عزت - حرمت - تعظیم و تکریم -

توقِیع:- (ع - مو) شاہی فرمان - شاہی دستخط - شاہی مُہر

توَکُّل:- (ع - مذ) خدا پر بھروسہ کرنا - **توکل پر بیٹھنا** - خدا پر بھروسہ رکھ کے بیٹھنا - سارے کام خدا پر چھوڑ کر بیکار بیٹھنا -

تول:- (ہ - مو) وزن - جانچ - انداز - مقررہ وزن - **تول لینا** - تولنا - وزن کرنا - آزمالینا - جانچ لینا - لیاقت اور قابلیت کی جانچ کرنا - امتحان کرنا - تلوار کو ہاتھ میں جانچنا - محبت کی آزمایش کرنا - بات کو اچھی طرح سمجھنا -

تولا:- (ہ - مذ) بارہ ماشے کا وزن ۹۶ رتی کا بٹہ - **تولا بھر کی آرسی - نانی بولی فارسی** - تھوڑا سا سلوک کرکے بہت سا احسان جتانے کے موقع پر بولتے ہیں - **تولہ ماشہ** - وہ مریض یا نازک مزاج آدمی جو دم بھر میں کچھ ہو جائے - غیر مستقل مزاج - متلون مزاج -

تَوَلّا:- (ع - مذ) محبت - دوستی - فرقہ امامیہ کے نزدیک اہل بیت کی محبت جو قرآن پاک کی طرح جزو ایمان ہے ؎ رشک

تیرے بدخواہ کا دشمن ہوں ترے دوست کا دوست
اور مفہوم تولا و تبرا کیا ہے

تَوَلّائی (مذ) محبت رکھنے والا - اہل تشیع جو تولا سے اہل بیت کو جزو ایمان سمجھتے ہیں -

توَلُّد:- (ع - مذ) پیدائش - پیدا ہونا -

تولنا:- (ہ - مذ) وزن کرنا - اندازہ کرنا - جانچنا - لیاقت کا امتحان کرنا - بھرپور وار کرنے کی غرض سے تلوار اُٹھا کر اُٹھا کر پوری طرح قابو میں کرنا - محبت کا حال جانچنا - ظاہر سے باطن کا پتہ چلانا (نظر میں تولنا) **تولواں** (تلواں) وزنی بھاری جیسے تولواں جوڑا -

تولہ:- (ہ) دیکھو "تولا"

تولیا:- (لا - مذ) دست مال - رومال - انگوچھا - وہ کپڑا جس سے ہاتھ اور بدن پونچھیں -

تولِیت:- (ع - مو) کسی وقف جائداد کا متولی بنانا - کسی نابالغ کی جائداد کا نگران اور ولی بنانا - مطلق حاکم اور ولی بنانا -

تولِید:- (ع - مذ) پیدا ہونا - پیدا کرنا -

تومار:- (مذ) وہ خطوط جو جمع کرکے پڑھنے کے لیے ایک سے چپکا دیتے ہیں - کاغذات کی کثیر تعداد - **تومار باندھنا** - چھوٹی سی بات کو طول دینا - بڑھانا -

تومان:- (ف - مذ) دیکھو "تمن" ایرانی سکہ -

تومڑی:- (ہ - مو) چھوٹا تونبا - سوکھے ہوئے تونبے کی چھاگل - کشکول - ایک قسم کی آتشبازی - گھڑیال کی کھوپڑی - مٹی کی یا تربوز کے چھلکے کی قندیل جس پر چھلنی منڈھ کر چراغ رکھتے ہیں -

تومنا:- (ہ) روا روا جدا کرنا ؎ قلق لکھنوی

اک ماہ وش کے تیغ ہلالی کا کشتہ ہوں
زخموں میں میرے صرف کتاں بھر دو تو م کے

روئی کو ہاتھوں سے کاتنے کے لیے کھولنا - کتنا دُھننا - دست مالی کرنا - عیب کھولنا - قلعی کھولنا - **تومنا سُوت** (مذ) بہت باریک اور عمدہ کتا ہوا سُوت جو انگلیوں سے توم کر بعد میں کاتا جاتا ہے -

تونبا:- (ہ - مذ) ایک قسم کا کدو جسے اندر سے خالی کرکے کشکول یا چھاگل وغیرہ بناتے ہیں - **تونبی** (مو) چھوٹا سا تونبا **تونبی ہاتھ میں لینا** - فقیری لینا - جوگی بننا -

تونبڑا:- (ہ - مذ) ایک قسم کا باجا جس کی ترکیب طنبورہ ہے - **تونبڑی** - چھوٹا کدو - وہ بین جو سپیرے بجاتے ہیں -

تونْد:- (ہ - مو) بڑا پیٹ - **تونْدل** - بڑا پیٹو - بڑھے

پیٹ والا - توندی - تاقی -

توَنس: (ف - مو) وہ پیاس جو کسی طرح نہ بجھے - **توَنسنا**: آفتاب کی گرمی کے مارے پیاس اور تشنگی کا بڑھ جانا۔ ع۔ انیس

تونسے ہوئے سمند زباں میں نکالے ہیں

توَہُّم: (ع - مذ) وہم - وسواس - شک -

توَہین: (ع - مو) اہانت - حقارت - بے عزتی - توہین عدالت (مو) عدالت کی بے عزتی - عدالت کی شان کے خلاف کوئی لفظ عدالت میں کہنا۔

توئی - توِئی: (ا) ایک قسم کے کپڑے پر - بنی ہوئی بیل جو عورتیں اکثر دوپٹوں اور رضائیوں وغیرہ پر لگاتی ہیں - " ایک دن تمہارے دوپٹے میں بیگی توئی ٹانک رہی تھیں " (توبتہ)

توے کی بوند: (مو) ضرورت سے بہت کم چیز - غیر تسلی بخش یا پائدار نہ رہنا - ہونے والی

توے کی تیری ہاتھ کی میری: دوسرے کی جلدی کا اظہار کرنے کے موقع پر بولتے ہیں - بہت فائدہ تیرا - تھوڑا میرا۔

تہ: (ف - مو) نیچے ع۔ امیر

لب کوثر بھی چلے گا تہ طوبیٰ ساغر

فی - پیندی - تھاہ - انتہا - پرت ع۔ امیر

بوسی کو یہ پڑھی تھی کہ برق جمال تھی

الٹی تہ اُلٹ گئی تھی تمہاری نقاب کی

نکتہ - باریکی - رمز (ہم بات کی تہ کو پہنچ گئے) تہمت - سطح - زمین (جیسے سمندر کی تہ) جھلک - باریک اور پتلا ورق ع۔ مومن

رنگ رفتہ نے جھلک دکھلائی نکتہ پر اُس کے مرغی کی تہ سی آئی

کسی گہری جگہ یا چیز کا وہ مقام جہاں پاؤں یا ہاتھ قائم ہو (کنوئیں کی تہ - دریا کی تہ) - تہ بازار (ب اضافہ بے اضا - مو) بازار کی زمین - تہ پاتھ - تہ بازاری (بے اضا - مو) وہ محصول جو فٹ پاتھ پر بیٹھنے والے دکانداروں سے لیا جاتا ہے - تہ بہ تہ - جیتی در جیتی - ایک پرت کے نیچے دوسرا پرت - تہ بند (بے اضا - مذ) لنگوٹی - تہ بندی (بے اضا - مو) کتاب کی جزو بندی - تہ پانا - اصل حقیقت معلوم کر لینا - تہ پوشی (بے اضا - مو) وہ کپڑا جو پتلون یا ساڑھی کے نیچے پہنا جاتا ہے - تہ پیچ (بے اضا - مذ) پگڑی کے نیچے کا کپڑا - تہ توڑنا - خوب کھانا - تہ تیغ کرنا - (بے اضا) تلوار سے قتل - تہ توڑنا - دوا الٹ کرنا - تہ جمانا - اوپر تلے رکھنا - تہ خانہ - (بے اضا - مذ) وہ مکان جو گرمی میں رہنے کے لیے مکان کے نیچے بنایا جائے - تہ دار (بے اضا) مشکل - پہلو دار - تہ درز - (بے اضا) نیا کپڑا - وہ کپڑا جس کی تہ نہ ٹوٹی ہو -

تہ دل سے - (با اضا) خلوص کے ساتھ - تہ دیگی (بے اضا) نیچے کا کھانا جس میں روغن زیادہ ہو - تہ دینا - جلا بخشنا - ڈبونا اور پرتے رکھنا - تہ کا سچا - (صفت) وہ کبوتر جو اپنا گھر نہ بھولے - تہ کرنا - کپڑے کو تہ در تہ سے لپیٹنا - قصہ کوتاہ کرنا - فیصلہ کرنا - چھوڑنا ع

لے دل اس دور میں ایسی نہیں اُلفت کوئی

ترک اس قصے کو اب ذکرِ وفا رہنے دے - امیر

تہ کو پہنچنا - حقیقت کو پہنچنا - تہ کی بات - گُر کی بات - تہ لگانا - کپڑے کی تہیں کرنا - تہ مارنا - نر کے ساتھ مادہ کو دینا - گھوڑے کا پیاس سے بیمار ہونا - تہ نال (ف - بے اضا) لوہے کا گول حلقہ جو تلوار کے قبضے کے نیچے لگا رہتا ہے - نیام کا وہ حصہ جہاں تلوار کا پہلو رہتا ہے - تہ نشان (ف) وہ تلوار جس کے قبضے پر چاندی سونے سے نقش و نگار بنا کر قبضے کے ساتھ آب کیا گیا ہو ع۔ شعور

طلائے رُخ بڑھا حسن تیغ ابرو کا

جو قبضہ چاہیں تو ہم کہہ تہ نشاں دیکھیں

تہ نشین - (بے اضا - مو) تلچھٹ - تہ نہیں ٹوٹی - کپڑا بالکل نیا ہے - تہ و بالا - زیر و زبر - الٹ پلٹ کرنا ہونا - تہ ہاتھی رکھ چھوڑنا - احتیاط سے رکھنا - صرف میں نہ لانا -

تہاں: (ف) (جہاں تہاں) وہاں - اس جگہ -

تہانا: (ف - لک) تہ کرنا -

تہائی: (ف - مو) تیسرا حصہ - ثلث

تہتر: (ف) تین اور ستر - اسی سے سات کم - تہتر کے بھول کو پہنچنا - ستیاناس ہونا - تباہ ہو جانا -

تہتک: (ا - مذ) رسوائی - پردہ دری - بے عزتی -

تہجد: (ع - مو) نمازِ شب جو نصف شب سے آخر شب تک پڑھی جاتی ہے

تہجی: (ع - مو) ہجے کرنا - حروف مفرد کا پڑھنا -

تہدید: (ع - مو) دھمکی - گھڑکی - سرزنش - تنبیہ

تہدیہ: (ع - مذ) ہدیہ پیش کرنا - ہدیہ دینا -

تہذیب: (ع - مو) انسانیت - خوش اخلاقی - شائستگی - سوسائٹی کے اصول اور رسم و رواج - تہذیب اخلاق - (با اضا) اخلاق کی درستی - تہذیب یافتہ (بے اضا) مہذب - شائستہ - تربیت یافتہ - خوش اخلاق -

تہرا:- (ہ - مذ) تگنا - سہ چند - تین تہ کا - تین طرح کا - تین لڑوں کا - **تہرانا** - تیسری دفعہ کوئی کام کرنا (مو) (تہری)

تہری:- (ا - مو) چاول جو بڑیاں یا آلو ڈال کر پکائے جاتے ہیں اور ہلدی کا رنگ دیا جاتا ہے -

تہس نہس:- (ا - تہ و بالا - تباہ و برباد کرنا - ناس - غارت (مو) خانہ خراب - وہ عورت جس کا کہیں ٹھکانا نہ ہو

تہلکہ:- (ع - مذ) شور و غوغا - کھلبلی (پڑنا - مچانا - ہونا)

ظفر

اگر ہم روکتے یارو نہ اپنی اشکباری کو
جہاں میں تہلکہ یہ دیکھ کر برسات پڑ جاتا

تہلیل:- (ع - مو) لا الٰہ الّا اللہ کہنا -

تہمت:- (ع - مو) الزام - بہتان - افترا - جھوٹا عیب لگانا - (تراشنا - جوڑنا - دھرنا - دینا - رکھنا - لگانا)

درد

تہمتیں چند اپنے ذمے دھر چلے
کس لئے آئے تھے ہم کیا کر چلے

رنگین

ہر ایک جوڑتی ہے مجھ پہ تہمتیں لاکھوں
کہے ہے مجھ کو ہر اک ہے اسے کسی کا غم

عارف

ہے جان لینے میں یکتا ادائے دلبر بھی
لگا نہ دے کوئی تہمت کہیں قضا پر بھی

تہمت کا گھر - تہمت کی ٹٹی - وہ جگہ جہاں بدنامی کا اندیشہ ہو - **تہمت لے مرنا** - کسی پر جھوٹا الزام لگا کر موت آنا -

تہمتن:- (ف - مذ) رستم کا لقب جو ایران کا مشہور پہلوان تھا - یہ ضرب تہمتن سے اٹھائی نہیں جاتی

تہمد:- (ا - مذ) تہ بند -

تہنیت:- (ع - مو) مبارکباد دینا - مبارک باد - **تہنیت نامہ** (بغیر اضا - مذ) مبارک باد کا خط -

تہنید:- (ا - مو) کسی غیر زبان کے لفظ کو کچھ تغیر کر کے انھیں معنی میں یا معنی بھی بدل کر اُردو بنا لینا - جیسے فارسی کابل سے ڈھول عربی الفاظ تقریظ سے اقرا التقریظ -

تہوار:- (ہ - مذ) خوشی کی تقریب - سالانہ رسم کا دن جو برسوں سے چلا آتا ہے - میلے کا دن -

تہور:- (ع - مذ) بہادری - شجاعت - انیس

بجز اذان بس میدان تہور تھا کُفر

تہی:- (ف) خالی جو بھرا نہ ہو - **تہی دست** - مفلس - نادار (صفت) - **تہی دستی** - (مو) **تہی گاہ** (بغیر اضا مو) کو - سرین سے اوپر اور پہلو سے نیچے کی جگہ - **تہی مغز** (بغیر اضا) احمق -

تہیج:- (ع - مذ) ہیجان - شہوت کا غلبہ -

تہیہ:- (ع - مذ) آمادگی - تیاری -

تھا:- (ہ) ماضی بعید کی علامت -

تھاپ:- (ہ - مو) تھپیڑا - تمانچہ - طبلے کی آواز جو دونوں ہاتھوں کی پوری انگلیوں کی ضرب سے نکلتی ہے - تھپکی - (اس معنی میں شیر اور پہلوان کے لیے مخصوص ہے) **تھاپ پڑنا** - طبلہ بجانے والے کا ہاتھ طبلے پر قاعدے سے پڑنا - **تھاپ لگنا** - تھاپ پڑنا - میر حسن

لگی تھاپ طبلوں کی مردنگ کی
صدا اونچی ہونے لگی چنگ کی

تھاپ مارنا - شیر کا طمانچہ مارنا - پہلوانوں کا ہاتھ پر تھپکی دینا - **تھاپا** (مذ) چوپائے کے پاؤں کا نشان - ہاتھ کا پورا نشان - **تھاپنا** - گوبر پاتھنا - اُپلے بنانا - **تھاپنا کی پوجا** (ہ) ہنود سدی پر ہاتھ کی خاص پوجا - **تھاپی** (مو) اپلے تھاپنے کی آواز - کمہار کا اوزار جس سے وہ برتن گھڑتا ہے - چھت کوٹنے کا چوبی آلہ - گیند کھیلنے کا بیٹ -

تھال:- (مذ) پیتل یا کانسی کا طشت - سینی - بڑا خوان (مو) وہ میٹھے چاول جو بی بی کی نذر کے لیے پکائے جاتے ہیں - **تھالا** (مذ) تھال - درختوں کے گرد پانی دینے کا گڑھا یا نالی - وہ گڑھا جس میں درخت لگایا جائے - وہ مٹی کا ڈھیر جو درخت کے گرد لگاتے ہیں - **تھالی** (مو) تھال کی تصغیر - چھوٹی رکابی - تشتری - **تھالی بجانا** - سانپ کے کاٹے ہوئے کے آگے تھالی بجا کر منتر پڑھنا - ہندوانہ رسم - بچے کا خوف نکالنے یا کسی اور مقصد سے لڑکا پیدا ہونے پر تھالی اور لڑکی پیدا ہونے پر توا بجاتے ہیں - یعنی لڑکا کمانے کھلانے اور لڑکی پکانے ریندھنے کے لیے ہے - **تھالی بھرنا** - کثرت سے ہجوم ہونا - بھاری ازدحام ہونا - بہاں سے باہر انبوہ ہونا - **تھالی پھوٹی تو پھوٹی جھنکار تو سنی** مثل - بے غیرت کا رسوائی کے بعد بھی شرمندہ نہ ہونا - مطلب کے لیے تھوڑے نقصان کی پروا نہیں کی جاتی - **تھالی پھینکو تو زمین پر نہ گرے** - سخت ہجوم ظاہر ہونے کے موقع پر بولتے ہیں - **تھالی جوڑ** (مو) اکٹھا مع تھالی کے - **تھالی کا بینگن** - وہ شخص جو لالچ یا لیچ کے باعث

ودم) والوں سے آگے ہوتی ہے۔ ردّی اور معمولی چیز۔

تھرکنا:- (ھ) ناچنا۔ اعضا کا حرکت کرنا۔ پھڑکنا۔

تھرمامیٹر:- (انگ۔ مذ) مقیاس الحرارت۔ حرارت ناپنے کا آلہ جو چھوٹے سے قلم کے برابر ہوتا ہے اور زبان کے نیچے اور بغل میں رکھنے کے بعد جب نکالتے ہیں تو پتہ چلتا ہے کہ جسم میں کتنی حرارت ہے۔ ؎ ظریف لکھ

نبض ہی دیکھی نہ بیمار کی حالت دیکھی
تھرمامیٹر سے مسیحا نے حرارت دیکھی

تھرنا:- (ھ) پانی کی تہ میں گرد و غبار بیٹھ جانا۔ میل کچیل سے پانی کا صاف ہونا۔

تھڑچیا:- (ھ) کم حوصلہ۔ پست ہمت ؎ صبا

کیا جان زاہدوں کی جو اُلفت کا نام لیں
ان تھڑچیوں کے خاک کبھی دل بڑھے نہیں

تھُڑوِلا:- (مذ) تنگ دل۔ کنجوس۔ کم حوصلہ۔ بزدل۔ نامرد۔

تھُڑم تھُڑا کرنا:- (ا) لعنت ملامت کرنا۔ تھو تھو کرنا۔

تھُڑی:- (ھ۔ مو) نفریں۔ لعنت۔ تُف۔ تھُڑی تھُڑی ہونا۔ رسوائی ہونا۔ لعنت ملامت ہونا۔

تھَکّا:- (ھ۔ مذ) کوئی جمی ہوئی چیز۔ ڈلا۔ ڈھیلا۔ جما ہوا دہی۔ ڈھیر۔ چاندی سونا جو پگھل کر منجمد ہو گیا ہو۔

تھَکا:- (ھ) ماندہ۔ عاجز۔ سُست۔ ناچار۔ تھکا اونٹ سرائے کو دیکھتا ہے۔ ناچار آدمی سہارا ڈھونڈتا ہے۔ تھکا بیل (مذ) سُست آدمی۔ مجہول آدمی۔ کام چور۔ حیلہ جو۔ تھکا مارنا۔ دق کر دینا۔ بہت ڈرانا۔ جی چھڑا دینا۔ تیرا دینا۔ عاجز کر دینا۔ چیں بلوانا۔ تھکا ماندہ سُست۔ عاجز۔ تکان کا مارا ہوا۔ ؎ امیر

سوتے کیا ہیں پڑے ہیں بیچے ہیں
تھکے ماندے غریب منزل کے

تھکانا۔ ماندہ کرنا۔ ہرانا۔ عاجز کرنا۔ سخت محنت لینا۔ دق کرنا۔ تھکاوٹ (مو) تھکن۔

تھَک تھَک:- (ا) تر۔ گیلا۔

تھُکتھُکانا:- (ا) نظر بد سے بچنے کے لئے یا کسی بری بیماری کا نام لینے پر عورتوں کا تھو تھو کرنا۔

تھُکم تھُکّا:- (ا۔ مو) فضیحتی۔ کالم گلوچ۔ لڑائی بھڑائی۔

تھکن:- (ھ۔ مو) کوفت۔ ماندگی۔ تکان۔

تھک کر چور ہونا:- (ا) تھکن سے جوڑ جوڑ دُکھنے لگنا۔ تھکنا۔ محنت سے ماندہ ہونا۔ شل ہونا۔ عاجز ہونا۔ ناتواں ہونا۔ سُست ہونا۔ مایوس ہونا۔ کام سے جاتا رہنا۔ ہمت ہارنا۔ بُوڑھا ہونا۔

تھُکوانا:- (ھ) بے عزت کرانا۔ ذلیل کرانا۔

تھُکیل:- (ھ۔ مو) قابل نفرت عورت۔ تھکیل ماری۔ بے غیرت عورت۔

تھِگلی:- (ھ۔ مو) پیوند۔ جوڑ۔ ٹِکلی۔ کپڑے کا ٹکڑا۔ ذرا سی جگہ یا مکان۔ جھونپڑا۔ تھگلی لگانا۔ پیوند لگانا۔ کپڑے میں جوڑ لگانا۔ جہاں پہنچ نہ سکے وہاں کی خبر لانا۔ تیزی کھانا۔ ؎ رنگین

وہ کرو جو چرخ میں بھُول کے لگائے تھگلی
ایسی عیاری سی اک مجھ کو ہے درکار بھیل

تھَل:- (ھ۔ مذ) جگہ۔ مقام۔ مضبوط اور خشک زمین (ریگستان) شیر کے رہنے کی جگہ۔ مقیش کے پھول ؎ سحر

ٹوپی پہ عجب جلوہ ہے مقیش کے تھل کا

تھل بیڑا (مذ) ناؤ یا جہاز کے ٹھہرنے کی جگہ۔ پتہ۔ سراغ۔ ٹھکانا۔ تھل بیڑا لگنا۔ ٹھکانے لگنا۔ ساحل مراد پر پہنچنا۔ تھل بیڑا نہ لگنا۔ سہارا نہ ملنا۔ ٹھکانا نہ لگنا۔

تھَل تھَل:- (ا) ڈھیلا۔ نرم پلپلا۔ موٹا بھیس۔ تھلتھلانا۔ موٹاپے کے مارے جسم کا ہلنا۔ مٹی یا ریت یا کسی دوسری چیز کا پانی کی رطوبت کی وجہ سے ہلنا۔

تھَلی:- (ھ۔ مو) ریگستان کی زمین جس میں آدمی دھنس جائے۔

تھَلیا:- (ھ۔ مو) مٹی کی تھالی۔

تھَلیاں دھرنا / رکھنا:- دانت نکلنے سے پہلے بچوں کے مسوڑوں کا پھولنا۔

تھَم:- (مذ) کھمبا۔ ستون۔ پیل پایہ۔ درخت کا تنہ۔ ایک قسم کی مٹھائی جو ہندو عورتیں مندروں پر چڑھاتی ہیں۔ تھم جانا۔ ٹھہر جانا۔ تھم ہو جانا۔ پاؤں کا بہت پھول جانا۔

تھَما دینا:- (ا) حوالے کر دینا۔ روک دینا۔ تھما رہنا۔ قائم رہنا۔ رُکا رہنا۔ تھمانا۔ روکنا۔ باز رکھنا۔ ملتوی کرنا۔ ٹھہرانا۔ دینا۔ پکڑانا۔

تھمڑا:- (ھ) موٹا جسم۔ دُم تھم (مذ) ستون۔ وہ نشان جو ستون

کے مانند ہو۔

تھمنا: (ہ) رُکنا۔ ٹھہرنا۔ صبر کرنا۔ چپ رہنا (ذرا تھم جائیے کر لینے دو)

تھن: (ہ۔ مذ) گائے بھینس۔ بکری وغیرہ کے پستان۔ دودھی۔ **تھن تُوڑ** (ہ) وہ بچہ جس نے پوری میعاد تک ماں کا دودھ نہ پیا ہو۔ **تھن تلے کا دودھ**۔ خالص دودھ۔

تھنی: (ہ۔ مو) گھوڑے کی ایک بیماری جس سے اس کی کھال میں کیڑے پڑ جاتے ہیں۔

تھنیلا: (ہ۔ مذ) دودھ پیتے بچے کی ماں کی چھاتیاں سوج جانا۔

تھو: (ہ۔ مو) تھوکنے کی آواز۔ تف۔ لعنت۔ **تھو تھو** (مو) بار بار تھوکنے کی آواز۔ تف۔ لعنت۔ فرج۔ خدا نہ کرے۔ **تھو تو تھدا** (مو) جب کوئی لڑکا کھیل یا کسی شرط میں ہارنے لگتا ہے اور اسے کوئی عذر پیش ہو سکتے تو وہ یہ لفظ کہہ دیتا ہے یعنی اب کی نہیں ہے ایک دفعہ اور کھیلوں گا۔ **تھو تھو کرنا**۔ نفرت کرنا۔ نفرین کرنا۔ **تھو تھو ہونا**۔ بدنامی ہونا۔ رسوائی ہونا۔

تھوا: (ہ۔ مذ) چکنی مٹی کا تودہ (تھیرا) نکما آدمی۔

تھوبڑا: (ہ۔ مذ) حقارۃً۔ منہ۔ تھوتھنی۔ **تھوبڑ تھابڑ**۔ بے ڈول ناک نقشے کا آدمی۔ **تھوبڑا سُجانا**۔ روٹھنا۔ خفا ہونا۔ برا ماننا۔

تھوپ تھاپ کر دینا: (ہ) دفع دفع کر دینا۔ مٹا دینا۔ دبا دینا۔

تھوپنا: (ہ) ڈھیری لگانا۔ اکٹھا کرنا۔ لیپنا۔ کسی کے ذمے ڈالنا (الزام وغیرہ) موٹی موٹی اپلا سی روٹی پکا دینا۔ کسی کا کسی چیز کی موٹی موٹی تہہ لگانا۔

تھوترا: (ہ) کترا ہوا۔ نکما۔ خراب۔

تھوتنا۔ تھوتنی: (ہ۔ مذ۔ مو) گھوڑے کا منہ۔ ریچھ یا سور کا منہ۔ ہر جانور کا منہ۔ حقارۃً آدمی کا منہ۔ **تھوتھنی پھلانا**۔ منہ بنانا۔ ناراض ہونا۔ روٹھنا۔ خفا ہونا۔

تھوتھا: (ہ۔ مذ) کھوکھلا۔ اندر سے خالی۔ کُند (جیسے تھوتھا تیر) بے پھل۔ بیکار۔ لغو۔ دم کٹا سانپ۔ نیلا تھوتھا۔ (مو) تھوتھی۔ **تھوتھا چنا باجے گھنا**۔ نالائق آدمی بہت شیخی بگھارتا ہے۔ **تھوتھی بات**۔ لغو بات۔ بے معنی بات۔ **تھوتھے پیروں سے اڑانا**۔ سخت تکلیف دینا۔ سزا دے سخت دینا۔ اپنی تحریر سے حوالہ کرنا۔ **تھوتھن**۔ تھوتھنی۔ دیکھو تھوتھنا۔ تھوتھنی۔

تھورنا: (ہ) حقارت آمیز۔ نکما۔ تھرنت۔

تھوڑا: (ہ) کم۔ قلیل۔ ذرا سا۔ خفیف۔ **تھوڑا بہت**۔ کم و بیش۔ کسی قدر۔ تھوڑا۔ **تھوڑا تھوڑا ہونا**۔ خفیف ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ **تھوڑا ہی**۔ ہرگز نہیں۔ بالکل نہیں۔ جیسے وہ تھوڑا ہی گئے تھے۔ **تھوڑا کریں غازی بہت کریں ڈفالی** (مثل) محمد رسا میں کوئی صفت بڑے نام ہو اور صاحب ناس پر چڑھا دیں۔ "تھوڑی سی رہ گئی ہے" (کنایۃً) بقیہ زندگی سے

کس زندگی کے واسطے دنیا کی جستجو
تھوڑی سی رہ گئی ہے بہت سی گذر گئی
— حسرت

تھوک: (ہ۔ مذ) ڈھیر۔ انبار۔ اکٹھا۔ یکمشت۔ نقدی۔ روکڑ۔ حصہ پتی۔ (یہ اس زمیندار کی پٹی نہیں ہے بڑا تھوک ہے) گروہ۔ جتھا۔ وہ مقام جہاں کئی سرحدیں ملیں۔ تعداد۔ اندازہ۔ پٹہ۔ سند۔ **تھوک بست** (مو) پیمائش کرکے حد باندھنا۔ حد بندی۔ **تھوک بندی** (مو) اقرار نامہ جو گاؤں کے برابر تقسیم کرنے پر لکھا جاتا ہے۔ **تھوک دار** (مذ) کسی گروہ کا سردار۔ پیشوا۔ اکٹھا بیچنے والا۔ **تھوک فروش**۔ یکمشت بیچنے والا۔ اکٹھا مال فروخت کرنے والا۔ بڑا سوداگر۔

تھوک: (ہ۔ مذ) منہ کا لعاب۔ کف۔ رال۔ **تھوک بلونا**۔ بیہودہ بکنا۔ بے فائدہ باتیں کرنا۔ **تھوک دینا چھوڑ دینا**۔ نفرت کرنا۔ **تھوک کر چاٹنا**۔ اقرار سے پھر جانا۔ کچھ دے کر واپس لے لینا۔

شعور

شیریں لبوں کی بات کا مطلق نہیں قرار
کچھ دے کر چاٹتے ہیں یہ بد عہد تھوک کے

تھوک لگا کر (تھوک کر) **چھوڑنا**۔ ذلیل کرکے چھوڑنا۔ بے عزت کرکے چھوڑنا۔ **تھوک لگا کر رکھنا**۔ بڑی حفاظت سے رکھنا۔ جوڑ جوڑ کر رکھنا۔ کنجوسی سے جمع کرنا۔ **تھوک لگانا**۔ ذک پہنچانا۔ شکست دینا۔ نقصان پہنچانا۔ ایک قسم کی گالی۔ **تھوکنا**۔ لعاب دہن کو پھینکنا۔ برا بھلا کہنا۔ لعنت ملامت کرنا۔ ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا۔ **تھوک ہے**۔ لعنت ہے۔ تف ہے۔

تھولی: (ہ۔ مو) دلیا۔ میٹھا دلیا۔

تھونی: (ہ۔ مو) ستون۔ کھمبا۔ (ڈ اواڑ لگانا)

تھوہر: (ہ۔ مذ) ایک قسم کا خاردار زہریلا درخت جس میں سے دودھ بھی نکلتا ہے۔

تھئی: (ہ۔ مو) روٹیوں کا ڈھیر۔ کپڑوں کا تہہ بہ تہہ رکھنا۔ ہوا تختہ۔ **تھئی تھئی** (ہ۔ مو) تال۔ سم۔ تال۔ تیجے

گانے کی آواز۔

تھیئیٹر: (انگ۔ مذ) تماشہ گاہ۔ ناچ گھر۔ ناٹک۔

تھیلا: (ہ۔ مذ) بڑی تھیلی۔ تھیلا کرنا۔ بڑی تھیلی توڑ کر رکھ دینا۔ تھیلی (مو) کیسہ۔ جیب۔ توڑا۔ چھوٹا تھیلا۔ کھتیلیا۔ تھیلی کی تصغیر۔

تھینکس: (مذ۔ انگ) شکریہ۔ بہت بہت شکریہ۔ تھینک یو۔ اظہار شکریہ کے لیے بولتے ہیں۔ آپ کا شکریہ۔

تھیوا: (ہ۔ مذ) انگوٹھی کا نگ۔ تھیوا کھودنا۔ نگینے پر کچھ کندہ کرنا۔

تھیوری: (انگ۔ مو) مسئلہ۔ خیال۔ اصول۔

تئی: (ہ۔ مو) کڑاہی۔ چوڑی کڑاہی جس میں شامی کباب تلتے ہیں۔ وہ چوڑے پیندے کی کڑاہی جس میں حلوائی جلیبیاں بناتے ہیں۔

تئیں: (ا) اگلے زمانے میں "کو تک لیے" کے معنی میں بولا جاتا تھا۔ ؎ میر

پہنچا جو آپ کو تو میں پہنچا خدا کے تئیں
معلوم اب ہوا کہ بہت میں بھی دور تھا

آج کل اس طرح نہیں بولتے۔ البتہ اہل لکھنؤ کا روزمرہ ہے اور "اپنے آپ" کے بجائے "اپنے تئیں" بولتے ہیں۔

تیا: (ہ۔ مذ) گنجفے کا پتہ جس پر تین نقطے بنے ہوئے ہوتے ہیں۔ چوسر کا وہ داؤں جسے تین کانے کہتے ہیں۔ تیا پانچا کرنا۔ کسی چیز کے حصے تقسیم کرنا۔ بانٹنا۔ بکھیر ڈالنا۔

تیار: (ع) مستعد۔ موجود۔ آمادہ۔ پورا۔ مکمل۔ موٹا تازہ۔ بالغ۔ تیار کرنا۔ پیش کرنا۔ درست کرنا۔ موجود کرنا۔ پکانا۔ سدھانا۔ موٹا تازہ کرنا۔ پورا کرنا۔ بنانا۔ کسنا۔ جوتنا۔ تیار ہونا۔ آمادہ ہونا۔ موٹا تازہ ہونا۔ پک چکنا۔ عمارت کا ختم ہونا۔ تیاری (مو) آمادگی۔ مستعدی۔ موجودگی۔ درستی۔ ترتیب۔ شان و شوکت۔ دھوم دھام۔ آرائش کا سامان۔ فربہی۔ موٹائی۔

تیاگنا: (ہ) ایثار کرنا۔ دیکھو ایثار۔

تیپچی: (ہ۔ مو) کچی سیون۔ کھڑی سلائی۔ تیپچی کا نکاح۔ کچا نکاح جس میں فوراً طلاق کی نوبت آ جائے۔

تینتالیس: (ہ) تینتالیس۔ تین اوپر چالیس۔ پچاس سے سات کم۔

تیتر: (ہ۔ مذ) ایک قسم کا پرندہ جسے اکثر شوقین لڑانے کے لیے پالتے ہیں اور کھانے میں بھی آتا ہے۔ دُرّاج تیہو۔ تیتر کے منہ کھچی۔ فیصلہ ثالث کے ہاتھ پر جو وہ کہہ دیگا وہی ہوگا۔ تیز تیتر کی آواز سے جبکہ وہ داہنے ہاتھ پر بولے۔ چور مال ملنے کا شگون لیتے ہیں۔

تیتری: (ہ۔ مو) تیتر کی تانیث۔ تیتر کی مادہ۔ ایک قسم کی بھنبیری۔

تی تی: (ا۔ مو) مرغی مرغ کے بلانے کی آواز۔ تینتیس۔ تینتیس۔ تین اوپر تیس۔ چالیس سے سات کم۔

تیج: (ہ۔ مو) تیسری تاریخ۔ ہندوؤں کا تہوار جو ساون سُدی تیج کو ہوتا ہے اور جس میں بہنوں اور بیٹیوں کو اپنے گھر بلاتے ہیں۔ تیج تہوار (مذ) ہر تہوار۔ عید بقرعید۔ تیجا۔ (ا۔ مذ) تیسرا۔ تحہ سوم۔ پھول ہونا۔ دیکھو پھول۔ تیج پات (مذ) ایک خوشبودار پتا۔

تیجی: (ا) تیز۔ شوخ۔ تیز مرچ۔ خام پارہ۔ زبان دراز۔ بے حیا۔ عورت فتنہ پرداز۔

تیر: (ف۔ مذ) (۱) خدنگ۔ ناوک۔ پیکان۔ ایک قسم کا نوکدار آلہ جنگ جو کمان میں رکھ کر چھوڑا جاتا ہے۔ تیر انداز (مذ) تیر چلانے والا سپاہی۔ قدر انداز۔ کمان دار۔ ؎ منیر

ترچھی نظروں سے نہ دیکھو عاشق دلگیر کو
کیسے تیر انداز ہو سیدھا تو کر لو تیر کو

تیر اندازی (مو) تیر چلانا۔ ناوک افگنی۔ کمان داری۔ تیر بہدف۔ ٹھیک نشانے پر۔ بے خطا۔ سریع التاثیر۔ تیر بیٹھ جانا۔ تیر بیٹھنا۔ نشانے پر لگ جانا۔ ؎ داغ

نالے رہ جاتے ہیں رک رک کے مرے سینے میں
تیر بیٹھا ہے ترا حلق کا درباں ہو کر

تیر پھینکنا۔ ناوک چلانا۔ بان مارنا۔ ناوک افگنی کرنا۔ موثر تدبیر کرنا۔ تیر تکوں پر گزران کرنا۔ در بدر پھر کر گزارہ کرنا۔ ادھر ادھر کی موہوم امیدوں پر گزران کرنا۔ تیر جوڑنا۔ تیر کمان میں رکھنا۔ تیر مارنے کی تیاری کرنا۔ ؎ شرف

تم خدنگ آ و پچھے ناوک مژگاں کبھی
اسی نے تاکا ہے تم کو جگر سے کیا طلب

تیر چلانا۔ تیر چھوڑنا۔ تیر پھینکنا۔ کوئی بڑا کام کرنا۔ تیر سا لگنا۔ نہایت برا معلوم ہونا۔ تیر کی مانند چبھنا۔ تیر چھوٹنا۔ کمان سے تیر کا نکلنا۔ ؎ آتش

سامنا شوق شہادت نے کیا جیسے ہی تیر
جب کھینچی شمشیر تو میں نے گردن جھکا دیا

تیردان۔ ترکش (مذ) تیر ڈوبنا۔ تیر ترازو ہو کے رہ جانا۔ تیر کا کسی جسم میں اتر جانا۔ ؎ داغ

ہمارے دل پہ لگائیں تر وہ خدنگ نگاہ
یہ تیر ڈوب کے رہ جائے گا نشانے میں

تیر سحر - صبح کاذب کی روشنی - صبح کی آہ پر سوز۔ **تیر سر کرنا** - تیر چلانا۔ **تیر سہ پہلو** - وہ تیر جس کی نوک میں تین پہل ہوتے ہیں۔
تیر قضا - قضا کا حملہ۔ امیر

ہے نگہ تیر ادا تیر بلا تیر قضا
دل سے پہلو میں مرے تیر سہ پہلو ہیں

تیر کا خطا ہونا - نشانے پر نہ لگنا۔ **تیر کمان سے نکلنا** - تیر کا کمان سے چھوٹ کر چلنا - موقع ہاتھ سے نکل جانا۔ **تیر کو سے تیر** کوسے اڑنے یا جھولنے کی آواز - بھاگ کوسے بھاگ تیری طرف تیر جیسا۔ **تیر کھانا** - تیر کا زخم کھانا۔ **تیر کی طرح سیدھا** - تیر جیسا سیدھا اور سیدھا جانا۔ **تیر لگانا** - تیر مارنا۔ **تیر لگنا** - تیر کا نشانے پر پہنچنا۔ **تیر مارنا** - کسی کو تیر کا نشانہ بنانا - کوئی بڑا یا عجیب کام کرنا۔
تیر تفنگوں میں دینا - نہایت تنگ کرنا - جان شکنجے میں دینا۔
تیروں سے چھلنا - تیروں سے سخت زخمی ہونا - جسم پر بہت تیر پڑنا۔
تیروں کا دستہ - بہت سے تیروں کا مجموعہ۔ شرف

اس کے ترکش سے کیا تیروں کے دستے نے ترقی
مجھ جگر کے پاس ترے مجھ دل کے قریب

تیروں کا مینہ برسانا - کثرت سے تیر چلانا۔ **تیروں کی بارش** - ہر طرف سے تیر پڑنا۔ **تیر ہدف** - (بہ اضافہ) کامیاب - منزل مقصود پر پہنچنے والا۔ شرف

گذر جاتا ہے جو دل سے خدا ہی بڑا آتا ہے
اگر تیر ہدف تیر دعا ہوتا تو کیا ہوتا

تیر ہوائی - (بہ اضافہ) وہ تیر جو ہوا کے رخ چھوڑیں اور اس کا کوئی نشانہ مقرر نہ ہو - فضول بے کار۔ **تیر ہو جانا** - غائب ہو جانا - تیر کی طرح بھاگ جانا۔

تیر : (ف) گزارا ہوا۔ **تیر کرنا** - گزر بسر کرنا۔ **تیر ہو جانا** - گزران ہو جانا - بسر ہو جانا۔

تیرا : (ف) کلمہ خطاب - چھوٹے یا اونے کے لیے - خدا کے لیے۔ **تیرا میرا کرنا** - کسی چیز کی بابت جھگڑنا - غیریت ظاہر کرنا۔ **تیرا میرا منہ** - دوسروں کا آسرا۔ **تیرا نور اٹھ جائے** - دعائے بد - تیرے چہرے پر نور نہ رہے۔ **تیرا دب جاتا ہے** - تیری میری - اپنے بیگانے کی۔

تیراک : (ف) شناور - پیراک - تیرنے والا۔ **تیراک ہی ڈوبتا ہے** - تیرنے والا ہی ڈوبے گا - جو پانی میں اترتا ہی نہیں - وہ ڈوبے گا کس طرح - گرتے ہیں شہسوار ہی میدان جنگ میں۔ **تیرائی** - (مو) تیرنے کا فن - شناوری۔

تیرتھ : (ہ - مذ) گھاٹ - دریا کا کنارہ - ہندوؤں کی پاک جگہ - مقدس مقام جو دریا کے کنارے پر واقع ہو۔
تیرتھ یاترا (مو) تیرتھ کی زیارت۔

تیر جانا - (ہ) تیرنا - دیکھو تیرنا۔

تیرگی : (ف - مو) اندھیرا - دھندلاپن - کدورت۔ **تیرہ** - کالا - سیاہ - تاریک۔

تیرنا : (ہ) پیرنا - کسی کام میں کامل ہونا - جیسے لکڑی اور تیر ہڈی کے گوشت میں چھری وغیرہ اتر جانا۔

ہے لئے یار حالی الفت مژگاں سے دیدنی
کیسی جگہ میں تیر گئی یہ سناں دیکھو صبا

گولی کا جسم کے پار ہو جانا (کلیجے کی چھتی پہ گولی بیٹھی تو اندر ہی اندر بجلی دل تک چھپی گئی - نذیر احمد) ماہر کامل ہونا - پانی پر تیرتا دکھائی دینا - اکثر ادیبوں نے صرف بے جانوں کے لیے تیرنا استعمال کیا ہے۔ انیس

روئے ہیں فرقت شہ عالی جناب میں
نرگس کے پھول تیر رہے ہیں گلاب میں

تیرہ : (ہ) تین اور دس - بیس سے سات کم۔ **تیرہ تیزی** (مذ) صفر کے مہینے کے پہلے تیرہ دن جن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سخت بیمار پڑے تھے اور اسی وجہ سے یہ ایام نحوس کہے جاتے ہیں۔ **تیر چوال** (مذ) تیرھویں نمبر والا۔ **تیرھویں** (مو) ہندوؤں کی ایک رسم کے مطابق تیرھویں دن مردے کا سوگ چھوڑنے اور کاروبار جاری کرنے کی رسم۔ **تیرھویں تیرھویں**۔

تیز : (ف) دھار والا - برّاں - نوک دار - تند - تلخ - جلد - شتاب - ذہین - ہوشیار - چالاک - غضب ناک - بدمزاج - ظالم - جلد چلنے والا - شوخ - شریر - شدید - سخت - بڑی تیز بارش ہوئی - غالب (تیز خوشبو) گراں - مہنگا - سرگرم - مستعد - گرم - تیز - حد سے زیادہ - دور بین - باریک بین (جیسے تیز نظر) زور میں کاٹ کرنے والا۔ **تیز پرواز** - تیزی سے اڑنے والا - گرم پرواز۔ **تیز دستی** (مو) جلد جلد ہاتھ چلانا - چالاکی سے کام کرنا۔ **تیز رفتار** - جلد چلنے والا - چست و چالاک - مضبوط۔ **تیز طبع** - ذکی - ذہین۔ **تیز فہم** - وہ شخص جو جلد سمجھ لے۔ **تیز قلم** - وہ شخص جو جلدی جلدی لکھ لے - زود نویس۔ **تیز کرنا** - دھار رکھنا - دھار تیز کرنا - تند کرنا - طاقت یا قوت بڑھانا - خفا کرنا - چھیڑنا - غصہ دلانا۔ **تیز گام** - جلد چلنے والا۔ **تیز گوش** - ذرا سی آواز جلد سننے والا۔ **تیز مزاج** - غصیل - تند مزاج - غضبناک۔ **تیزاب** - (مذ) نہایت تند عرق جو چیز کو جلا دیتا ہے - ایک قسم کا کیمیائی مرکب نہایت ترش - ایسڈ۔ **تیزی** (مو) تندی - تلخی - کڑواہٹ - غضبناکی - گرم مزاجی - سختی - حدت - گرمی - چالاکی - حدت - گرانی - مہنگا پن - خواہش - ضرورت - گھنے والی دوا کا اثر۔

تیس : (ہ) دس اور بیس - بیس دن - تیسوں دن۔

ہمیشہ ۔ روزمرہ ۔ آئے دن ۔ تمام ماہ **تیس مار خان** (مذ) طنزاً بہت بہادری جتانے والے کو کہتے ہیں ۔ **تیس مار خان بنے پھرتے ہیں** ۔ بڑے بہادر بنے پھرتے ہیں ۔ بہت اکڑفوں کرتے ہیں ۔ **تیسواں** ۔ تیس نمبر کا ۔ تیس کے تیس ۔

تیسا :- (ھ ۔ مذ) ویسا ۔ اس طرح کا (جیسے کو تیسا)

تیسرا :- (۱) تین سے نسبت رکھنے والا ۔ جس کا نمبر دو کے بعد ہو ۔ **تیسرا آنکھوں میں ٹھیکرا** ۔ مثل میاں بیوی باپ بیٹے یا دو دوستوں میں تیسرے آدمی کا دخل سخت ناگوار ہوتا ہے ۔ **تیسرا پہر** ۔ دوپہر کے بعد کا پہر ۔ **تیسری** ۔ تیسرے درجے کی ۔ مہینے کی تین تاریخ ۔ ؎ آتش

تاریخ تیسری کا مگر چاند یار ہے
جس کو نظر پڑا اسے اندوہ و غم ہوا

تیسرے ۔ تین کی تعداد ظاہر کرتے ہیں ۔ **تیسرے فاقے مردار بھی حلال** ۔ مجبوری میں روا نا روا نہیں دیکھا جاتا ۔

تیسی :- (ھ ۔ مو) ایک کلمہ دشنام ۔ ایسی تیسی ۔

تیشہ :- (ف ۔ مذ) بسولا ۔ لکڑی یا اینٹ پتھر گھڑنے کا آوزار ۔

تیغ :- (ف ۔ مو) شمشیر ۔ تلوار ۔ خنجر ۔ **تیغ بازی** ۔ تلواروں سے بازی چلانا ۔ بانک پٹا ۔ **تیغ بردار** ۔ وہ شخص جو ننگی تلوار لے سواری کے ساتھ چلے ۔ **تیغ بکف** ۔ تلوار چلانے پر آمادہ ؎ عمر

تھا تیغ بکف لخت دل حیدرِ کرار　　دبیر

تیغ بے پناہ ۔ وہ تلوار جس کی کاٹ توڑ دی گئی ہو جس سے کوئی نہ بچے ؎

مجال تھی جو کوئی روکتا زمانے میں
ہم اپنے دم سے تیغ بے پناہ رہے

تیغ جوہری ۔ بھاری تلوار ۔ **تیغ دو دستی** ۔ **تیغ دو دم** ۔ وہ جس میں دونوں طرف دھار ہو ۔ **تیغ دو زبان** ۔ وہ تلوار جس کے دو پھل ہوں ۔ حضرت علی کی تلوار ۔ **تیغ زن** ۔ تلوار باندھنے والا ۔ تلوار چلانے والا ۔ **تیغ ستم** ۔ ظلم و ستم کا رواج ۔ **تیغ فلک** ۔ ظالم آسمان ۔ آفتاب کی تیز کرنیں ۔ مریخ ستارہ ۔ **تیغ کوہ** ۔ پہاڑ کی چوٹی ۔ ؎ سودا

سنگ نے دیتہ آئینہ کیا ہے پیدا
تیغ کہسار ہوئی بسکہ ہوائے صیقل

تیغ و کفن باندھ کے جانا ۔ لڑنے مرنے پر آمادہ ہو کر نکلنا ۔ **تیغ ہندی** ۔ ہندوستان کی بنی ہوئی تلوار جو بہت اچھی ہوتی ہے ۔ **تیغ ہلالی** ۔ وہ تلوار جو شکل ہلال کے خمیدہ ہوتی ہے ۔ ؎ رشک

کھینچے جو یار تیغ ہلالی تو کیجے شکر یہ
اپنے نصیبے میں یہ دعائے ہلال ہے

تیغا (ف ۔ مذ) چھوٹی چوڑی تلوار ۔ محراب یا دروازے کی بندش کی اینٹ پتھر ۔ کشتی کا ایک داؤں ۔ **تیغا کرنا** ۔ کسی سوراخ یا محراب یا دروازے کی بندش کا اینٹ پتھر ۔ کشتی کا ایک داؤں ۔ **تیغا کرنا** ۔ کسی سوراخ یا دروازے یا محراب کو اینٹ پتھروں سے بند کر دینا ۔

تیقن :- (ع ۔ مذ) یقین ۔ اعتبار ۔

تیکھا :- (ھ) نوک دار ۔ دھار دار ۔ دل میں بیٹھنے والا (مو) تیغ ۔ کڑوا ۔ تندمزاج ۔ غصیلی ۔ اچھا ۔ عمدہ ۔ وضع دار ۔ طرحدار ۔ سجیلا ۔ تیز زبان ۔ طرار ۔ چالاک ۔ جوانی میں سرشار ۔ خوب صورت اور جوان معشوق ۔ **تیکھی** (مو) ترچھی ۔ ٹیڑھی ۔ بانکی ۔ البیلی ۔ رعنا ۔ دھیمی ۔ نرم ۔

تیل :- (ھ ۔ مذ) وہ چربیلا جوہر جو دانوں ۔ پھولوں یا کسی اور چیز سے نکلتا ہے ۔ مٹی کا تیل جو زمین سے نکلتا ہے ۔ **تیل پانی کا گلاس** ۔ کنول ۔ وہ گلاس جس میں پانی اور تیل بھر کر روشنی کرتے ہیں ۔ **تیل پانی پر چڑھانا / ڈالنا** ۔ **تیل چلاؤ کرنا** ۔ پانی پر تیل ڈالنا کہ بادل کھل جائیں (عام ساحلی باشندوں کا عقیدہ و ایک رسم) **تیل چپکیل** ۔ تیل وغیرہ نیز تیل چپل ۔ (مذ) وہ تیل اور تیل وغیرہ جو دولہا کے ہاں سے دلہن کے لیے شادی سے چند روز پیشتر بھیجا جاتا ہے ۔ **تیل تلوں ہی سے نکلتا ہے** ۔ ہر چیز کا خرچ اسی میں سے نکالا اور اسی پر ڈالا جاتا ہے ۔ **تیل توا تمباکو** (لک) تین منحوس چیزیں جن کا نام لینا گھر سے باہر نکلنے کے وقت برا مانا ہے کبھی کبھی مذاق کرنے کے لیے بھی کہتے ہیں ۔ **تیل توا کالا** ۔ ایسا کالا جیسے توے کی سیاہی ۔ تیل میں جلا ہوا ۔ نہایت کالا ۔ **تیل جل چکا** ۔ روح تحلیل ہوگئی ۔ ست نکل گیا ۔ رس کس جاتا رہا ۔ پونجی سرمایہ نہیں رہا ۔ **تیل چڑھانا** ۔ ہندوؤں کی ایک رسم جسے تیل بان کرنا یا مائیوں بٹھانا کہتے ہیں ۔ اس میں دولہا دولھن کے سر اور کندھے ہاتھ پاؤں میں تیل اور ہلدی ملی جاتی ہے ۔ **تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو** ۔ زمانے کی حالت دیکھو دنیا کا رنگ روپ دیکھو ۔ ہر کام خوب دیکھ بھال کے کرنا چاہیے ۔ **تیل نکالنا** ۔ تیل چیرنا ۔ تیل ملنا ۔ تیل سے چپڑنا ۔ سر میں تیل ڈالنا ۔ **تیل ہاتھ میں ڈالنا** ۔ اگلے زمانے میں دستور تھا کہ جب کوئی شخص کسی بات سے منکر ہوتا تھا تو وہ اپنی سچائی کے ثبوت میں جلتے تیل میں ہاتھ ڈال کر کہہ دیا کرتا تھا کہ اگر میں سچا ہوں تو ہاتھ نہ جلے گا اور اگر جھوٹا ہوں تو جل جائے گا ۔ چونکہ آگ کا کام جلانا ہے اس لئے اکثر چور ڈر کے مارے اس قسم کا نام لیتے ہی اقرار کر لیا کرتے تھے ؎ (امیر)

کس سے پوچھوں کہ مرا ہے دل نازلفوں کے بیچ
ایک شانہ تھا تو وہ بھی تیل میں ڈالے ہے ہاتھ

تیل نکالنا ۔ کسی چیز میں سے روغن نکالنا ۔ تل وغیرہ پیلنا ۔ ثمرت

تیہا: (تے ہا - ہ - مذ) غصہ - جوش - تیہا آنا (دکھانا) غصہ آنا - دکھانا ~ انشا

مفت میں کل کھا کے تیہا آپ ناحق لڑ پڑے
نرگستان سے جو میری آنکھیں لڑیاں باغ میں

تینترا: (ہ - مذ) لڑکا جو کسی کے ہاں تین لڑکیوں کے بعد پیدا ہو - تینتری - وہ لڑکی جو کسی کے ہاں تین لڑکوں کے بعد پیدا ہو -

تیلند: (ہ - مذ) ایک صحرائی درخت کی لکڑی جو جلنے میں چٹختی ہے -

تیندوہ: (ہ - مذ) ایک قسم کا پھل -

تیندوا: (ہ - مذ) مشہور درندہ چیتا - باگھ -

تیور: (ف - مذ) بینائی - روشنی چشم (جیسے آنکھ کے تیور چل گئے) نظر - چتون - صورت اور نگاہ کا انداز - تیور آنا - آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا ~ امیر

کب آنکھ اُٹھاتا ہوں کہ آتے نہیں تیور
کب بیٹھ کے اُٹھتا ہوں کہ چکر نہیں آتا

تیور بجھا دینا - غصہ فرو کر دینا - دعویٰ اور غرور مٹا دینا - تیور بجھنا - لازم - تیور بدل جانا - بے مروت ہو جانا - انداز نگاہ بدل جانا - تیور بدلنا - قہر کی نگاہ سے دیکھنا - تیور بگڑے نظر آنا - نگاہ بد معلوم ہونا - تیور بگڑ جانا - پتلیاں پھر جانا - علامت مرگ پیدا ہونا - پہلی سی نظر نہ رہنا - تیور پر بل آنا - غصہ ظاہر ہونا - تیور پر میل آنا - ناخوشی ظاہر ہونا - تیور پہچاننا - تیلنے میں مزاج شناخت کرنا - تیور تاڑ جانا - نگاہ سے نیکی یا بدی کے ارادے کو پہچان جانا - تیور جلنا - آنکھوں میں روشنی نہ رہنا - چکا چوند لگنا - تیور دیکھنا - طبیعت کا رنگ دیکھنا - تیور میلے - تیور - انداز نگاہ سے کدورت ظاہر ہونا - تیورانا - چکرانا - آنکھوں کے سامنے کسی صدمے کے باعث اندھیرا آ جانا -

تیورس: (ا - مذ) گزرا ہوا تیسرا برس - اس کو تیرس سال بھی کہتے ہیں -

تیوری: (ہ - مو) نظر - چتون نگاہ - تیوری بدلنا - تیوری چڑھانا - تیوری میں بل ڈالنا - چیں بجبیں ہونا - غصے ہونا - تیوری چڑھنا - تیوری میں بل پڑنا - ماتھے پر شکن پڑنا - آزردہ ہونا - تیوری کا بل کھانا - رنجش مٹانا

تیوہار: (ہ - مذ) عید - میلہ - جشن سالانہ جو رسم کے طور پر منایا جاتا ہے - تیوہاری (مو) تیوہار کا انعام - عیدی -

تیہو: (ف - مذ) تیتر کی قسم کا ایک چھوٹا سا پرندہ - گوا -

تیئیس: (ا) (تے ای س) تین اوپر بیس - تیس سے سات کم -

ٹ

ٹ: (ٹے - مو) اُردو ا ب ت کا پانچواں حرف - اس کے عدد ابجد کے حساب سے چار سو ہوتے ہیں -

ٹابر: (ہ - مو) چھوٹی سی جھیل - چھوٹا سا گھر - چھوٹا سا خاندان - کنبہ - چھوکرے کے معنی میں بھی بعض جگہ بولا جاتا ہے - بقول زرپ ب میں پہلے چار معنے میں مستعمل تھا "ٹبر" اسی سے ہے - لڑکے اور چھوکرے کے معنوں میں - دا ڈی ہے - اردو میں اس کا استعمال نہیں ہے -

ٹاپ: (ہ - مو) گھوڑے کے سُم کا حصہ - گھوڑے کے اگلے پاؤں کی ضرب جو چلتے وقت نکلتی ہے (مارنا) ~ نفیس

ٹاپ ماری تو دھمک پائے سماک تک پہنچی
پتلیاں جھاڑیں تو گرد اڑ کے فلک تک پہنچی

مچھلیاں پکڑنے کا جال جس سے کہ پانی کے تالاب سے مچھلیاں پکڑتے ہیں - پلنگ کے پائے کا گردہ - ڈولی کے ٹنے کا وہ حصہ جو چوڑا ہوتا ہے - گھدر کا آخری موٹا حصہ - جو جس سے کہ اُپلے بناتے ہیں - ٹاپ دار - آگے سے چوڑا پیچھے سے پتلا - موٹے سر کا

ٹاپا: (ہ - مذ) مرغ اور مرغیوں کو بند کرنے کا سرپوش - بڑی وسیع کاوا - ایک گھڑی کا ٹوٹ - ایک قسم کی کشتی - ٹاپا توڑ نکل جانا - صاف نکل جانا - بے لاگ چل دینا -

ٹاپا ٹوییا: (ہ - مو) تلاش - جستجو - ٹاپا ٹوئی کرنا - ڈھونڈنا - چھان مارنا - بچے مکان کی مرمت کرنا - ٹاپتا پھرنا - بھٹکتا پھرنا - حیران ہونا - ٹاپتا رہ جانا - انتظار میں رہ جانا - امید میں رہ جانا - ٹاپنا - گھوڑے کا دوڑ کے وقت زمین پر پاؤں مارنا - دوانگی سے طلب کرنا - کسی چیز کی تلاش میں حیران و پریشان پھرنا - پھاندنا - اچکنا - (وہ دیواریں ٹاپتا ہے)

ٹاپی: (ہ - مو) ایک قسم کا اُگرا - سوتی ریشمی کپڑا -

ٹاپو: (ہ - مذ) جزیرہ - وہ خشک زمین جو چاروں طرف پانی سے گھری ہو -

ٹاٹ: (ہ - مذ) سن کی بنی ہوئی کپڑے جیسی چیز جس کی

ٹانکے : (ہ) ٹانکا کی جمع۔ ٹانکے اُدھڑنا۔ سلائی کھلنا۔ قدر و قیمت معدوم کرنا۔ ٹانکے اُدھیڑنا۔ سیون کھولنا۔ سلائی اُدھیڑنا۔ حقیقت کھولنا۔ راز فاش کرنا۔ ٹانکے ٹوٹنا۔ کپڑے یا زخم کی سیون کو ٹوٹ جانا۔ سلے ہوئے کپڑے کا پرانا ہو جانا۔ ٹانکے دینا یا لگانا۔ زخم یا کپڑے وغیرہ کا سینا۔ ٹانکے ڈھیلے ہو جانا یا ہونا۔ بدحواس ہونا۔ ارادے میں سستی یا کمزوری آنا۔ ٹانکے کھلنا۔ سیون اُدھیڑنا۔ راز فاش ہونا۔ ٹانکے مارنا۔ موٹی سیون سینا۔ جلد جلد سینا۔

ٹانگ : (ہ۔ مو) ران کی جڑ سے پاؤں تک کا حصہ۔ پاؤں اور اس کے اوپر کا پنڈلی تک کا حصہ۔ نیز دخل و مزاحمت (جیسے ٹانگ اڑانا) ٹانگ اُٹھا کر موتنا۔ کتّے کی طرح موتنا۔ بدتمیزی سے۔ ٹانگ اڑانا۔ ٹانگ پکڑ کے یا لنگڑی مار کے حریف کو چت گرا دینا۔ ٹانگ اڑانا۔ کسی کی بات یا کام میں دخل دینا۔ دخل در معقولات کرنا۔ ٹانگ برابر چھوکرا سا۔ ٹانگ پسار کے سونا۔ بے فکر ہو کر سونا۔ ٹانگ تلے سے نکالنا۔ کسی کو مغلوب اور عاجز کرنا۔ نیچا دکھانا۔ ٹانگ تلے سے نکل جانا۔ ہار ماننا۔ عاجز ہونا۔ مطیع ہونا۔ ٹانگ توڑ کے بیٹھنا۔ جم کے بیٹھنا۔ ٹانگ توڑنا۔ بیکار کرنا۔ کسی کام کا نہ رکھنا۔ خراب کرنا۔ (حق تو یہ کسی کی ٹانگ توڑتے ہو)۔ ٹانگ دینا۔ لٹکا دینا۔ پھانسی پر چڑھا دینا۔ سولی دینا۔ ٹانگ سے ٹانگ باندھ کر بٹھانا۔ اپنے پاس سے نہ ہلنے دینا۔ مٹھوں میں بٹھانا۔ ٹانگ لینا۔ پکڑنا۔ کاٹنے کو دوڑنا۔

دیوانہ ہو گیا ہے سگ کوئے یار بھی
لیتا ہے ٹانگ بڑھ کے ہر اک خیر خواہ کی

دیکھتے ہی سر ہونا ۔ ظریف لکھنوی

چپ چاپ چھپا بیٹھا ہے وہ عرش کے نیچے
اے دست دعا ٹانگ تو لے بڑھ کے ٹرگی

نیچے پڑنا۔ ٹانگ نیچی کرنا۔ ٹانگوں میں منہ ڈال کے چولھے کے آگے نام لینا۔ کسی کو جلد بلانے کا ایک ٹوٹکا ۔ جان صاحب

یہ ٹوٹکا کیا ٹانگوں میں اپنا ڈال کے منہ
گئی میں چولھے کے آگے انھیں پکار آئی

ٹانگیں اُٹھانا۔ جماع کرنا۔ ٹانگیں پسار کے سونا۔ بے فکر سونا۔ ٹانگیں توڑنا۔ خوب دوڑانا۔ پھرانا۔ دوڑانا۔ حیران و پریشان کرنا۔ ٹانگیں رہ جانا۔ کسی مرض سے ٹانگوں کا بیکار ہو جانا۔ تھک جانا۔ ٹانگیں لینا۔ جماع کا قصد کرنا۔

ٹانگن : (ہ۔ مذ) پہاڑی ٹٹو۔

ٹانگنا : (ہ) لٹکانا۔ پھانسی پر چڑھانا۔ آویزاں کرنا۔

ٹائپ : (مذ۔ انگ) چھاپے کے ڈھلے ہوئے حروف۔ انداز۔ وضع قطع۔ ڈھب۔ ٹائپ رائٹر (مذ) وہ مشین جس سے دفتروں وغیرہ میں ٹائپ کرتے ہیں۔ ٹائپ کیس (مذ) وہ صندوق جس میں چھاپہ خانے کے حروف وغیرہ رکھتے ہیں۔ ٹائپسٹ۔ ٹائپ کرنے والا۔ وہ شخص جو ٹائپ کرنا جانتا ہو۔

ٹائیٹل : (مذ۔ انگ) سرورق۔ کتاب کا پہلا ورق جس پر اس کا نام لکھا ہوتا ہے۔ خطاب جو سرکار کی طرف سے ملا ہو۔

ٹائر : (مذ۔ انگ) موٹر۔ بائیسکل وغیرہ کے پہیوں پر لگانے کا ربڑ جس کے اندر ٹیوب ہوتا ہے۔

ٹائم : (انگ۔ مذ) وقت۔ ٹائم پیس (مذ) بڑی گھڑی جو میز پر یا طاق پر رکھی رہتی ہے۔ ٹائم ٹیبل (مذ) تقسیم اوقات کا نقشہ۔ نظام الاوقات۔

ٹاؤن : (مذ۔ انگ) قصبہ۔ شہر۔ ٹاؤن ڈیوٹی (مو) چنگی کا محصول۔ اجارہ۔ ٹاؤن ہال (مذ) میونسپل کمشنروں وغیرہ کے اجلاس کرنے کا مقام۔ میونسپلٹی یا ڈسٹرکٹ بورڈ یا پنچایتی مکان یا ایوان عام۔

ٹائی : (مو۔ انگ) وہ نشت (صلیبی شکل کا) فیتا جو سوٹ کے ساتھ گلے میں زینت کے لیے باندھتے ہیں۔

ٹائیں ٹائیں : (ہ۔ مو) طوطے کی آواز۔ بکواس۔ ٹائیں ٹائیں فش۔ بکواس بہت اور نتیجہ کچھ بھی نہیں۔

ٹائیں ٹوئیں : چند برائے نام۔ کچھ تھوڑی سی ٹائیں ٹوئیں کسی کے لوگ ہو کے پڑے رہے۔

ٹب : (انگ۔ مذ) لوہے یا لکڑی کا بڑا سا برتن جس میں بیٹھ کر نہاتے ہیں۔

ٹبا : (ہ۔ مذ) اونچی جگہ۔ ٹیلا۔ ع ۔ غالب

ٹیلا ٹبا کوہ کی ہندی پہاڑ

ٹبر : (ہ۔ مذ) خاندان۔ کنبہ۔ قبیلہ۔ گرہستی کا سامان۔ بیچے کا اتنا مال کا بوجھ۔ شاید ٹابر اور ٹبر ٹبا کی ہندی شکل ہے۔ مقام (جیسے ہونا۔ بڑھنا) جان صاحب ۔

بچتی پڑی کی ہے آس لگے اسے باجی
جن کے صدقے میں سارا مرا ٹبر چلتا

ٹپ : (ہ۔ مو) بگھی وغیرہ کا سائبان جو دھوپ یا مینہ کے وقت کھول لیتے ہیں۔ ٹپکنے کی آواز۔ گرنے کی آواز۔ پیچے کی دو تہوں میں سے ایک تہ۔ ٹپا ٹپ (مو) بوندیں گرنے کی آواز۔ ٹپ ٹپ (مو) آنسوؤں کے لگاتار گرنے کی آواز۔ بوندوں کے لگاتار گرنے کی آواز۔ ٹپ جانا۔ کود جانا۔ پھاند جانا۔ ٹپ سے بول اٹھنا۔ بے پوچھے جھٹ بول اٹھنا۔

ٹپا : (ہ۔ مذ) فاصلہ۔ زد۔ بندوق کی گولی جانے کی حد جہاں وہ پہنچ کر پڑے۔ ایک قسم کا راگ۔ پیٹنے سے۔

بنا لیتے ہیں - ۵ - وہ چوبی چار دیواری جس پر انگور کی بیل چڑھاتے ہیں - شکار کھیلنے کی آڑ جو شکاری لوگ اپنے ساتھ رکھتے ہیں - مجازاً لمبی داڑھی - **ٹٹی بندھنا** - مجمع ہو جانا - ؎ رشک

بے طرح بندھنے لگی حیرتیوں کی ٹٹی
آئنے دیکھنے دیکھے تری تصویر کے

ٹٹی جانا - پاخانے جانا - جائے ضرور جانا - **ٹٹی کا آئینہ** (مذ) ایک قسم کا پتلا قلعی دار شیشہ - **ٹٹی کترنا** - درختوں کی باڑ کتر کے برابر کرنا - **ٹٹی کی آڑ یا اوٹ یا اوجھل شکار کھیلنا** - در پردہ عیب کرنا - چھپ کر کام کرنا - **ٹٹی لگانا** - حق ڈالنا - بھیڑ کرنا - ہجوم کرنا - آڑ کرنا - **ٹٹی کھڑی کرنا** - **ٹٹی میں چھید کرنا** - حجاب اٹھانا - کھیل کھیلنا - فاحشہ ہو جانا - **ٹٹیا** (مو) ٹٹی کی تصغیر - چھوٹی ٹٹی -

ٹیٹری :- (ہ - مو) ایک پرند جس کی آواز سے یہ نام رکھا گیا - ایک کھلونا جس کے چکر دینے سے یہ آواز نکلتی ہے - ٹیٹری سے آسمان نہیں اٹھتا - کمزور ناتوان ہے (تم سے) اتنا بڑا کام نہیں ہو سکتا -

ٹچا :- (ا - مذ - لک) اوچھا - کم ظرف - چھچھورا - لچا - شہدا - کمینہ - بیہودہ - اوباش - ٹچی (مو)

ٹچاے دیدے کھلنا :- (ا) پوری پوری آنکھوں کا کھلا ہونا -

ٹخ ٹخ :- (ا - مو) (تحقیراً) گھوڑے ، گدھے کو چلانے کی آواز - بک بک - تکرار - **ٹخ ٹخ کرنا** - دھیرے دھیرے سستی سے کوئی کام کرنا -

ٹخر ٹخر :- (ا - مو) بوڑھوں کی سی چال - آہستہ چال -

ٹخنا :- (ا - مذ) وہ اٹھی ہوئی ہڈی جو ایڑی سے اوپر ہوتی ہے - پاؤں کا گٹا -

ٹڈا :- (ہ - مذ) ایک قسم کا پردار کیڑا جو گھاس اور آک کے درخت پر ہوتا ہے - پتلا دبلا آدمی - **ٹڈی** - (مو) ملخ - ٹیڑی - ایک قسم کا پردار کیڑا جو بیک وقت کروڑوں کی تعداد میں آتا ہے اور کھڑی کھیتی کو چاٹ جاتا ہے - **ٹڈی دل** - (مذ) ٹڈیوں کا ہجوم - نہایت بھیڑ بھاڑ - ؎ جان صاحب

میلا سارا سڑک کو لوٹ گیا ٹڈی دل کی طرح گنوار گرے

ٹر :- (ہ - مو) مینڈک کی آواز - بیہودہ بات - ضد - ہٹ - عید کے بعد کا میلہ - شیخی - خودستائی - **ٹرواس** - (مو) بیہودہ بکواس - **ٹرواسن** (مو) بکواسی عورت - **ٹرواسی** - بکواسی آدمی - **ٹر ہانکنا** - بکواس کرنا - شیخی مارنا - **ٹر ٹر** (مو) بک بک - جھک جھک - گستاخی - مینڈک کی آواز -

ٹرا :- (ہ) اکھڑ - بدمزاج - شوخ - بشریر - سخت کلام (مو) ٹری - **ٹراپن** (مذ) اکھڑپن - بدمزاجی - **ٹرانا** - سخت کلامی کرنا - گستاخی کرنا - بڑبڑانا - مینڈک کا بولنا -

ٹرا :- (ہ - مذ) دانہ - بارود کا دانہ - چھوٹا سا سنگریزہ - چھوٹا کنکر - سپاری کا چھوٹا سا ریزہ - **ٹرا اناج** - باجرا موٹھ - جوار وغیرہ -

ٹرالی :- (انگ - مو) وہ ٹھیلا یا گاڑی جو ریل گاڑی کی سڑک پر چلاتے ہیں -

ٹرانسپورٹ :- (انگ - مذ) سامان حمل ونقل - لاری - اونٹ گاڑی - ٹرک - تانگہ وغیرہ جو مسافروں اور سامان کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائے -

ٹرائیسکل :- (انگ - مو) تین پہیوں کی گاڑی جو پاؤں سے چلاتے ہیں -

ٹربنگا :- (ہ) ٹیڑھا - بانکا - ترچھا - خمیدہ -

ٹرپھس :- (ا - مو) شرارت - بدمزاجی - اکھڑپن - (کرنا - لانا)

ٹرٹرانا :- (ہ - لک) بک بک کرنا - تحقیراً کسی کے غصہ کی تعبیر - جھینگر کا بولنا -

ٹرخانا :- (ا) ٹالنا - بے دل سے کام کرنا - بہانہ کرنا - بالا کرنا -

ٹرخل :- (ا - مو) ذلیل اور بیہودہ عورت - بے تمیز اور نالائق عورت - بے وقوف - فاحشہ - بدکار - زانیہ - حرام زادی -

ٹرخو :- (ا - مو) بڑھی - مبتذل عورت - ناپائدار - پوچ اور تھوڑی چیز -

ٹرکانا :- دیکھیے "ٹرخانا"

ٹرن :- (مو - مذ - انگ) باری - نوبت -

ٹرنک :- (مذ - انگ) لوہے وغیرہ کا ہلکا صندوق -

ٹرنک کال :- (انگ - فتح ہا ل بکسرہ) کسی دور جگہ ٹیلیفون کرنا -

ٹرو :- (مذ) مینڈک - ایک کھلونا جس پر چبلی منڈھ کر بجاتے ہیں -

ٹروکاپی :- (انگ - مو) کسی چیز کی ہو بہو نقل -

ٹریٹر :- (مذ - انگ) باغی - نمک حرام - دغا باز - بے وفا شخص -

ٹریڈ :- (انگ - مو) تجارت - سوداگری - **ٹریڈ مارک** -

ٹنگڑی :- (ہ - مو) ٹانگ کی تصغیر۔

ٹنگار :- (ہ - مو) تھوڑا تھوڑا کھانا۔ ٹھونگنا۔ ٹنگارنا۔ نوک یا چونچ مارنا۔ تھوڑا تھوڑا کھانا۔

ٹنگنا :- (ہ) ٹنگنا۔ پھانسی پر چڑھنا۔

ٹنہایا :- (ہ - مذ) جادوگر۔ ٹونا کرنے والا۔ ٹنہائی۔ ساحرہ۔ جادوگر عورت ~ جان

کس طرح کوں سوت پہیلیا پائی کی ہیں جان
ٹنہائی نہیں پاس کوئی پیر نہیں ہے

ٹوپ :- (ہ - مذ) بڑی ٹوپی۔ روئی دار ٹوپی جو اکثر جاڑوں میں پہنتے ہیں۔ خود۔ وہ لوہے کی ٹوپی جو لڑائی کے وقت پہن لیتے ہیں۔ غلاف۔ پوشش۔ انگشتانہ۔

ٹوپا :- (ہ - مذ) ٹوپ کی ٹوپ بیز ٹانکا۔ سیون۔ ٹوپا بھرنا۔ سینا۔ ٹانکا لگانا۔ ٹانکا بھرنا۔

ٹوپی :- (ہ - مو) کلاہ جو سر پر پہنتے ہیں۔ بندوق کا پٹاخا۔ وہ تھیلی جو شکاری جانور کے منہ پر چڑھاتے ہیں ~ وزیر

وہ بدگماں ہوں کو خط کے بند کی آنکھیں
چڑھائی باز کی ٹوپی سے کبوتر پر

حشفہ۔ ذکر کی سپاری۔ پھل کے اوپر کا خول۔ ٹوپی اتارنا۔ ٹوپی کو سر سے ہٹانا۔ آبرو لینا۔ عزت بگاڑنا۔ تھکا قیمت زیادہ دینا۔ دغا سے مال لینا۔ ٹوپی اترنا۔ لڑکی کا بالغ ہونا۔ ٹوپی اچھالنا۔ وجد کرنا۔ خوشی کرنا۔ ٹوپی اچھلنا۔ لازم۔ ٹوپی بدلنا۔ کسی کو بھائی بنانا۔ ٹوپی سے بھی مشورہ کرنا چاہیئے۔ بے مشورہ کوئی کام نہیں کرنا چاہئے۔ ٹوپی والا۔ دلی آشنا۔ معشوق۔ سپاہی ~ میر

کوئی عاشق نظر نہیں آتا
ٹوپی والوں نے قتل عام کیا

ٹوٹ :- (ہ - مو) چھوٹ۔ شکستگی۔ وہ عبارت یا بچا ہوا فقرہ جو حاشیہ پر لکھ دیتے ہیں۔ تکملہ۔ ٹوٹ پڑنا۔ ہمہ تن متوجہ ہو کر کسی کام میں لگ جانا۔ حملہ کرنا۔ دھاوا کرنا۔ مصیبت یا آفت نازل ہونا۔ گرنا پڑنا ~ داغ

نہیں ہے آہ شب ہجر گر فلک افگن
ہمیں پہ ٹوٹ پڑے مرغ ناگہاں کی طرح

ٹوٹ پھوٹ۔ (مو) ٹوٹن پھوٹن۔ چورا۔ چھانٹ ریزہ۔ ریزگی۔ ٹوٹنا پھوٹنا۔ ٹوٹ پھوٹ کر ملنا۔ ریزہ ریزہ ہو کر آمیزہ ہونا۔ ایک جان ہو کر ملنا۔ ٹوٹ پھوٹ کر برسنا۔ شدت سے بارش ہونا۔ موسلا دھار مینہ پڑنا۔ ٹوٹ جانا۔ شکستہ ہو جانا۔ پھوٹ جانا۔ علیحدہ ہو جانا۔ جدا ہو جانا۔ کنوئیں میں پانی کم ہونا۔ کمی ہو جانا۔ دشمن پر جانا۔ ٹوٹ کر گرنا۔ چاروں طرف سے گرنا۔ ہجوم کر کے حملہ کرنا۔

ٹوٹا :- (ہ) شکستہ۔ ناقص۔ خستہ۔ تھکا ہوا۔ بے زر۔ مفلس۔ ٹوٹی۔ (مو) ٹوٹا پھوٹا۔ شکستہ۔ ناقص۔

ٹوٹا :- (ہ - مذ) نقصان۔ خسارہ۔ کمی۔ توڑا (اس شے کا توڑ نہیں ہے) محاورہ۔ ہر جانا (اٹھانا، پڑنا، سہنا) ایک قسم کی آتشبازی۔ ٹوٹا اٹھانا۔ خسارہ اٹھانا۔ نقصان اٹھانا۔ ٹوٹا بھرنا یا دینا۔ تاوان بھرنا۔ نقصان پورا کرنا۔ ٹوٹا پڑنا۔ کمی ہونا۔ توڑا ہونا۔ نقصان ہونا۔ خسارہ ہونا۔

ٹوٹرو :- (ہ - مذ) ایک قسم کا پرندہ جو فاختہ سے چھوٹا اور دُبلا پتلا ہوتا ہے۔ بھنگ کا پھوک (فضلہ) ٹوٹرو سا دم۔ اکیلا دم۔ تن تنہا۔ ایک۔ (ٹوٹرو ٹوں)

ٹوٹکا :- (ٹونا) طلسم۔ سحر۔ ٹوٹکا کرنا۔ جادو یا ٹونا کرنا۔ ٹوٹکا کرنے آنا۔ جلد آ کر جلد چلے جانا۔ کھڑے کھڑے آنا۔ ٹوٹکا ہونا۔ جادو ہونا۔ کسی بات کا جلدی سے ہونا۔ ٹوٹکوں سے گابھیں نہیں ملتی ہیں۔ معمولی تدبیروں سے بڑے کام نہیں ہوتے۔ ٹوٹکے ہائی (مو) وہ عورت جو ہر بچے پر جادو ٹونا کرتی پھرے۔

ٹوٹل :- (انگ - مذ) میزان۔

ٹوٹن :- (ہ - مو) کسی چیز کا ٹوٹا ہوا حصہ۔ چورا۔ آن بن کے بعد میل جول کی بندش۔ (جیسے ان سے ہماری ٹوٹن ہو گئی یعنی نہ کوئی ہمارا ان کے ہاں جاتا ہے نہ ان کا ہمارے ہاں آتا ہے) (مذ۔ واؤ مجہول سے) لڑائی کے مرغ کی چونچ۔

ٹوٹنا :- (ہ) ٹکڑے ہونا۔ شکستہ ہونا۔ کسی پر ہجوم کرنا۔ گرنا۔ جھکنا۔ (گوشت پر چیلیں ٹوٹ پڑیں) جدا ہونا۔ الگ ہونا۔ گروہ کا مخالف سے مل جانا۔ کم ہونا (نہر کا پانی ٹوٹ گیا) پھوٹنا۔ (دیوار کی جڑ میں نالی کا پانی ٹوٹتا) توڑا ہونا۔ کمی ہونا۔ کمزور و ناتواں ہونا ~ بحر

رزق سے محروم رازق نے نہ رکھا شکر ہے
گوشت پر چیلے گرے ٹوٹے جو ہم خوراک ہے

مفلس ہونا۔ اعضا شکنی ہونا۔ پھل اترنا (شہتوت ٹوٹنا) تقاضا میں پڑنا (آنے روپے ٹوٹتے رہے) وارد ہونا (غم ٹوٹنا) پھٹنا۔ پیٹ پڑنے وہ سوراخ جس سے ٹوٹیں کان) زیر بار ہونا۔ جنس کی قیمت کم ہونا۔ ہجوم ہونا۔ رفاقت سے علیحدگی اختیار کرنا۔ فاسد و باطل ہو جانا (روزہ ٹوٹنا۔ وضو ٹوٹنا) ٹوٹنا پھوٹنا۔ شکستہ ہونا۔ مسلم نہ رہنا۔ ٹوٹے بال کھونسنا۔ کنگھی میں جو سر کے بال ٹوٹ کر رہ گئے ہیں۔ انھیں دیوار وغیرہ میں رکھنا۔ ٹوٹی بانہہ گل جند رہے۔ اپنی خراب چیز کو بھی سر چڑھانا۔ اپنے غریب اور معذور بھائی کا بوجھ اٹھانا۔ ٹوٹے پڑنا۔ ایک پر ایک کا گرنا۔ بڑے شوق سے کسی کی طرف بڑھنا ~ زند

ہو گیا ہے حسن کا پھر تیز بازار ان دنوں
ٹوٹے ہی پڑتے ہیں یوسف پہ خریدار ان دنوں

ٹوہ میں رہنا ۔ تلاش میں رہنا ۔ عیب جوئی کے درپے رہنا ۔ ٹوہا ٹوہی ۔ (مو) چھان بین ۔ دیکھ بھال ۔ تلاش تجسس ۔ ٹوہنا ۔ ڈھونڈنا ۔ تلاش کرنا ۔ کھوج لگانا ۔ ٹوہیا ۔ مخبر ۔ جاسوس ۔ تلاش کرنے والا ۔ خبر رساں ۔

ٹوئیاں :- (ٹُئیاں ۔ (۔ مذ) ننھا سا ۔ بونا ۔ ایک قسم کا چھوٹا توتا (ٹوئیاں خوب پڑھتا ہے)

ٹہاؤں ٹہاؤں :- بچے کے رونے کی آواز ۔

ٹہل :- (ہ ۔ مو) خدمتگاری ۔ خدمتگزاری ۔ بندگی ۔ غلامی ۔ چہل قدمی ۔ ٹہلا دینا ۔ غائب کر دینا ۔ ٹالنا ۔ بہلانا ۔ دفع کرنا ۔ موقوف کرنا ۔ خارج کرنا ۔ ٹہلانا ۔ گھوڑے کو چہل قدمی کرانا ۔ ٹالنا ۔ بہلانا ۔ سیر کرانا ۔ ٹہل جانا ۔ کہیں سے چلا جانا ۔ مر جانا ۔ ٹہلنا ۔ آہستہ آہستہ پھرنا ۔ گشت لگانا ۔ جدا ہونا ۔ چلا جانا ۔ (تم تو یہاں سے ٹہلو) مرنا ۔ ہلنا ۔ ہوا کھانا ۔ ٹہلنی ۔ (مو) لونڈی ۔ باندی ۔ خادمہ ۔ ٹہلوا ۔ پیش خدمت ۔ اوپر کے کام کرنے والا ملازم ۔ ٹہلوانا ۔ ٹہلنا کا متعدی نیز نکالنا ۔

بوجھ رکھوا کر ٹہلوایا گیا شب میں سبک
یوں وہاں سے ہو کے تا صد بار یاب آیا گیا رشک

ٹہنا :- (ہ ۔ مذ) موٹی اور بڑی شاخ ۔

ٹہوکا :- (ہ ۔ مذ ۔ ٹ ڈ کا) اشارہ جو انگلی یا بازو سے چھیڑ کر کیا جائے ۔ ٹہوکا دینا ۔ انگلی مار کر چھپا ہوا اشارہ کرنا ۔ آگاہ کرنا ۔ ہوشیار کرنا ۔ جگانا ۔ بیدار کرنا ۔ جلال

یہ وہ کم بخت ہے سونے نہ دیگا وصل کی شب بھی
ٹہوکے اضطراب قلب ہم کو رات بھر دے گا

ٹہوکنا ۔ ٹہوکا دینا ۔

ٹہوں :- (ہ ۔ مو) نئے پیدا ہوئے بچے کے رونے کی آواز ۔

ٹھا :- (ہ ۔ مو) جگہ ۔ مکان ۔ مقام ۔ مدھم آواز ۔ دھیتے دن سے نصف آواز کو ٹھا کہتے ہیں ۔

ٹھاٹ :- (ہ ۔ ٹھاٹھ بھی لکھا جاتا ہے ۔ مذ) بانس کا چوکٹا ۔ ڈھانچہ ۔ فیشن ۔ ڈھنگ ۔ ناز و انداز

ع صبا

مہندی مل کر پاؤں میں اس ٹھاٹھ سے پھرنا نہ تھا

آرائش ۔ تجمل ۔ زیب و زینت ۔ موریوں اور بانک بنوٹ والوں کا پینترا ۔ سامان سواری ۔ دھوم دھام ۔ کبوتروں کا خوشی میں پروں کو پھڑ پھڑانا ۔ مرغ کا پر پھلا کر اذان دینا ۔ ستار کی کھونٹی کو درست کرنا ۔ مرغ کا مرغ سے لڑنے کو بڑھتے وقت کا انداز ۔ ساز و سامان ۔ تکلف ۔ ٹھاٹ باٹ سے رہنا ۔ شان و شوکت اور آن بان سے رہنا ۔ ٹھاٹ باندھنا ۔ ٹھاٹھ باندھنا پینترے سے کھڑا ہونا ۔ شان و شوکت دکھانا ۔ ٹھاٹ بدلنا ۔ نیا انداز بدلنا ۔ نیا لباس پہننا ۔ پینترا بدلنا ۔ انیس

بڑھ کر بھکیت ٹھاٹھ بدلتا نہیں کوئی
اس وقت پہلوان نکلتا نہیں کوئی

ٹھاٹ پڑا رہ جانا ۔ مجبوری کا وقت آ جانا ۔ ناکام ہونا ۔ ع نظیر

سب ٹھاٹھ پڑا رہ جائے گا جب لاد چلے گا بنجارا

ٹھاٹ پھیلانا ۔ کسی کام کی درستی کا سامان پیدا کرنا ۔ ٹھاٹ مارنا ۔ پرندہ کا پرواز کے وقت بال و پر پھڑ پھڑانا ۔ ٹھاٹھیں مارنا ۔ دریا کی لہروں کا زور و شور سے بہنا ۔

ٹھاٹر :- (ہ ۔ مذ) ڈھانچہ ۔ ٹٹی ۔ جعفری ۔ کبوتروں اور ابابیل کے مرغوں کے رہنے کا جال ۔ کبوتر خانہ ۔ روشنی کرنے کی ٹٹی جو اکثر شادی یا دیوالی کے موقع پر بنائی جاتی ہے ۔ ٹھاٹر بندی ۔ (مو) روشنی کی ٹٹیوں کا باندھنا ۔ ٹھٹھری (مو) نفس کو ڈھانچہ جو ٹھاٹر سے چھوٹا ہو ۔

ٹھاری :- (ہ ۔ مو) لاٹھی جو کلائی گھیکنے والے لڑائی میں ایک دوسرے کے سر پر مارتے ہیں ۔

ٹھاکر :- (ہ ۔ مذ) دیوتا ۔ دیوتا کی مورت ۔ سوامی ۔ مالک ۔ خداوند ۔ سردار ۔ زمیندار ۔ راجپوت ۔ چھتری ۔ نائی ۔ مالدار ۔ دولت مند ۔ ایک عزت کا لفظ جیسے حضرت ۔ جناب ۔ ٹھاکر دوارہ (مذ) وہ جگہ جہاں ٹھاکر جی (رامچندر جی یا کرشن) کی مورت رہتی ہے ۔ ٹھاکر سیوا (مو) دیوتا کی پرستش ۔ وہ جاگیر یا زمین جو مندر کے لیے وقف ہے چھٹی ہو ۔

ٹھالی :- خالی ۔ بیکار ۔ بے روزگار ۔ ٹھالی بنیا تولے باٹ ۔ بیکاری میں نکمے کام کرنا ۔

ٹھاں :- (ہ ۔ مو) بندوق کی آواز ۔ ٹھاں ٹھاں ۔ بندوق کی آواز ۔

ٹھانسا :- (ہ ۔ ٹھانسنا) خوب دبا دبا کے بھرنا ۔ گھسیڑنا ۔ دخل کرنا ۔ ٹھانس بھرنا ۔

ٹھاننا :- (ہ) پکا ارادہ کرنا ۔ منصوبہ باندھنا ۔

ٹھاؤں :- (ہ ۔ مو) جگہ ۔ ٹھکانا ۔ منزل ۔ سودا

بڑی نزدیک ان سے جب وہ ٹھاؤں
جھڑکس کا کہ پھر آگے دھرے پاؤں

ٹھائیں :- (ہ ۔ مو) بندوق کی آواز ۔ ٹھائیں ٹھائیں ہونا ۔ گولی چلنا ۔ حجت اور جھگڑا ہونا ۔

ٹھپا :- (ہ ۔ مذ) چھاپ ۔ نقش ۔ سکہ ۔ مہر ۔ نقش کرنے کا آلہ ۔ چھاپنے کا آلہ ۔ سانچا ۔ ایک قسم کا چوڑا منقش پلے کا ہوا گوٹہ ۔ لیس ۔ ٹھپا لگانا ۔ سکہ لگانا ۔ نقش کرنا ۔

ٹھٹ :- (ہ ۔ مذ) ہجوم ۔ بھیڑ ۔ انبوہ ۔ اجتماع ۔ ٹھٹ کے

ٹھٹ: گروہ کے گروہ۔ بھیڑ بھاڑ۔

ٹھٹک: (ا۔ مو) حاصل مصدر۔ بھونچکے ہونے کی کیفیت۔ ٹھٹکنا: بھچکے بچے حیرت یا خوف سے رک جانا۔ رکنا۔ ٹھہرنا۔ اٹک ہونا۔ ٹھٹک کر چلنا۔ چونکنے ہو رہو کر گزرنا۔ ؏ ش۔

پھر وہ بے وحشت میں رہ رہ ان تن تنہا
پرچھائیں بھی چلتی ہے ڈری مجھ سے ٹھٹک کر

ٹھٹھا: (ا۔ مذ) ہنسی۔ مذاق۔ تمسخر۔ ظرافت۔ تضحیک۔ مسخرا پن۔ نہایت آسان اور سہل کام۔ ٹھٹھا اڑانا: ہنسی کرنا۔ ذلیل کرنا۔ مسخرہ بنانا۔ ٹھٹھا لگانا: کھل کر ہنسنا۔ قہقہہ مارنا۔ چھیڑنا۔ ہنسی اڑانا۔ ٹھٹھے بازی: (مو) ہنسی۔ تمسخر۔ ٹھٹھے میں اڑانا: مسخرا بنانا۔ تضحیک کرنا۔

ٹھٹھرنا: (ف) سردی سے اینٹھنا۔ اکڑنا۔ سرد ہونا۔ سردی کے مارے سن اور بے حس و حرکت ہونا۔ درخت یا پودے یا انسان وغیرہ کا بڑھنے سے رک جانا۔ سکڑنا۔ مرجھانا۔ کانپنا۔ چپنا۔

ٹھٹھول: (ا۔ مذ) ظریف۔ خوش طبع۔ مسخرہ۔ ظرافت۔ ہنسی۔ مذاق۔

ٹھٹھیرا: (ا۔ مذ) پیتل۔ کانسی۔ تانبے کے برتن بنانے اور بیچنے والا۔ کسیرا۔ جو ایسا ہو سکے گی جوری ٹھٹھیرے ٹھٹھیرے بدلائی۔ برابر کے ہم پیشہ و ہم پلہ۔ برابر۔ آدمیوں کا معاملہ۔

ٹھڈا: (ا۔ مذ) پتنگ یا کنکوے کے بیچ کی پڑی تیلی جیسی بیٹھ کی ہڈی۔ ریڑھ کی ہڈی۔ ٹھڈا ٹوٹی: (مو) کبڑی وہ عورت جس کی کمر جھک گئی ہو۔

ٹھڈی: (ا۔ مو) ٹھوڑی۔ ذقن۔ زنخدان۔ بھنے ہوئے اناج کا وہ دانہ جو کھلا یا خستہ نہ ہوا ہو۔
ٹھڈی پکڑنا یا ٹھڈی میں ہاتھ دینا: منت سماجت کرنا۔
ٹھڈی کے نیچے ہاتھ رکھنا: متعجب و حیران ہونا۔
ٹھڈی پر ہاتھ دھر کے بیٹھنا: فکر مند ہونا۔

ٹھر: (ا۔ مو) ٹھنڈ۔ پالا۔ خنکی۔ نہایت سردی۔

ٹھرا: (ا۔ مذ) دیسی اور خراب شراب۔ گنے کی گھٹیا اور سستی شراب۔ گھٹیا کے بند۔ ایک قسم کا ٹھرا ہوتا۔ وہ چیٹ جو اچھی طرح پکی نہ ہو۔

ٹھس: (ف) کند اور سست آدمی۔ وہ کھوٹا روپیہ جس میں جھنکار نہ ہو۔ کودن۔ کند ذہن۔ ٹھوس۔ پتنگ کے نیچے ڈور کے کٹنے پر بہہ نہ ہونا۔ (مو) بندوق کی آواز۔

ٹھسا: (ا۔ مذ) غرور۔ دماغ۔ گھمنڈ۔ ٹھاٹھ۔ زیب و زینت۔ خاص انداز۔ نقش۔ ٹھپا۔ چھاپا۔ سانچا۔

ٹھسک: (ا۔ مو) بھڑک۔ شان و شوکت۔ ناز و انداز۔ خرام ناز۔ کھانسی کی آواز۔ ضرب۔

ٹھسکا: (ا۔ مذ) کھانسی کی آواز۔ دھسک۔ ٹھسکنا: مٹی کے برتن میں ٹھیس سے دراڑ پڑ جانا۔ گر دینا۔ دھسکنا۔

ٹھسکنا: (ف) بچوں کا بے آواز سے رونا۔ ٹھسکی۔ گوز جس میں خفیف آواز نکلے۔

ٹھسنا: (ف) آب رواں کا کسی جگہ جمع ہونا (یعنی پانی ٹھس گیا) رک جانا۔ اڑ جانا۔ اچھی طرح سے بھر جانا۔ ٹھسا ٹھس: کچاکھچ۔ خوب بھرا ہوا۔ لبریز۔ لبالب۔ گھٹا ہوا (جمع ہونا)

ٹھسنا: (ف) ایک چیز کا دوسری چیز میں بمشکل سمانا۔ گھسنا۔ بھرنا۔ گھسڑنا۔

ٹھسی: (ا۔ مو) گلے کا ایک زیور جس میں کڑیاں اور گھنگرو ہوتے ہیں۔

ٹھکانا: (ا۔ مذ) جگہ۔ مقام۔ پتہ۔ نشان۔ گھر۔ منزل۔ رشتہ داری۔ اعتبار۔ بھروسا۔ بھاؤ۔ مرکز۔ موقع۔ جائے وقوع۔ بچاؤ۔ برف۔ حد۔ انتہا۔ ؏ امیر

کچھ ٹھکانا ہے آزادی کا　　آ ٹھہرا ہوں زندگانی کا

سقا۔ ٹھٹیرے وغیرہ کی بند جگہ جہاں وہ کام کرتے ہوں۔
ٹھکانا کرنا: بیاہ کرنا۔ بیاہنا۔ نوکر کرانا۔ بندوبست کرنا۔ ٹھہرنے کے لئے جگہ اور موقع نکالنا۔ جگہ کرنا۔ ؏ مومن

تو کہاں جائے گی کچھ اپنا ٹھکانا کر لے
ہم تو کل خواب عدم میں شب ہجراں ہوں گے

ٹھکانا لگانا: پتا لگانا۔ سراغ لگانا۔ ٹھکانے سے پکانا۔ چندہ کسی بڑے کے مرنے پر دکر کر کمین وغیرہ کو روپے تقسیم کرنا۔
ٹھکانے سے لگانا: مناسب موقع پر پہنچانا۔
ٹھکانے سے لگنا: مناسب موقع پر پہنچ جانا۔ ؏ کمال

اس کے نزدیک جہاں رو کے ٹھکانے سے لگے
ٹھنڈ پڑی ہو کو دتیں یا و صبا دیتے دے

ٹھکانے کا آدمی: (مذ) ہوشیار آدمی۔ عقلمند آدمی۔ بھلا مانس۔
ٹھکانے کی بات: (مو) معقول بات۔ ٹھیک بات۔
ٹھکانے لگانا: مطمئن کرنا۔ تسلی دینا۔ کامیاب کرنا۔ مار ڈالنا۔ خرچ کر دینا۔ کسی کام کو پورا کر دینا۔ (محنت ٹھکانے لگا دی) بیاہ کر دینا۔ موقع پر خرچ کرنا۔ نوکر کرا دینا۔ پہنچانا۔
ٹھکانے لگنا: مراد کو پہنچنا۔ کامیابی حاصل ہونا۔ کام آنا۔ ضائع ہونا۔ مرنا۔ تمام ہونا۔ مارا جانا۔

ٹھک ٹھک: (مو) لڑائی جھگڑا۔ بک بک۔

ٹھکرا : (ہ - مو - مذ) ٹھیکرا -

ٹھکرانا : (ہ) ٹھوکر مارنا - روندنا - پامال کرنا - رد کردینا - ترک کرنا -

ٹھکرانی : (ٹھَک - رَا - نی - ہ - مو) ٹھاکر کی بیٹی یا بیوی - راجا یا بیسا جی وغیرہ کی عورتیں - آقا کی زن کی بیوی -

ٹھکرائی : (ہ - مو) سرداری - راج - حکومت - امیری - دولت مندی -

ٹھکری : (ہ - مو) چھوٹا ٹھیکرا - ٹھیکری -

ٹھکنا : (ہ) گڑنا - اندر گھسنا - پٹنا - سزا پانا - چھیڑنا - شکست کھانا - نقصان اٹھانا - قید خانے میں جانا - ٹھکوانا - ٹھکنا کا متعدی - نیز فرج میں گھسوانا -

ٹھگ : (ہ - مذ) ٹھگنے والا - دغاباز - چور - مکار - فریبی - رہزن - قزاق - ایک قوم جس کا پیشہ مسافروں کو زہر - بھنگ - پھانسی دے کر مار ڈالنا اور ہر طرح لوٹ لینا تھا - بٹ مار - ٹھگن گش - **ٹھگ لینا** - دھوکا دینا - جل دے کر مال لے لینا - **ٹھگائی** (مو) فریب - دھوکا - رہزنی - **ٹھگ بدیا** : مکاری - دغابازی اور ٹھگنے کی چالیں - **ٹھگا جانا** - دھوکا کھانا - جل میں آنا - **ٹھگ لانا** - دھوکا دے کر لے آنا - بچرا لانا - رہزنی کرلانا - جل دے کر کم داموں میں خریدنا - **ٹھگنا** - فریب دینا - کسی چیز کو کم داموں میں خرید لینا - چوری کرنا - **ٹھگنی** (مو) ٹھگ کی جورو - قزاقنی - ٹھگنے والی - مکارہ - کٹنی - دلالہ - **ٹھگوانا** - فریب دلوانا - کم داموں کی چیز کو زیادہ میں دلوا دینا - **ٹھگی** - (مو) قزاقی - رہزنی - ٹھگ کا پیشہ - ایک محکمہ جو ٹھگوں کا انسداد کرتا ہے - اور انھیں پکڑتا ہے - محکمہ گیرائی - **ٹھگیا** - (مذ) فریبی - رہزن -

ٹھلیا : (ہ - مو) مٹی کا چھوٹا گھڑا -

ٹھمری : (ہ - مو) ایک قسم کا چھوٹا سا گیت - **ٹھمری اڑانا** - ٹھمری گانا -

ٹھمک : (ہ - مو) ناز و انداز کی رفتار - ناچنے کی چال - **ٹھمک ٹھمک کر** - مٹک مٹک کر - خرامِ ناز سے آہستہ آہستہ چال سے - **ٹھمک چال** (مو) رفتارِ معشوقانہ - خرامِ ناز - **ٹھمکنا** - چھوٹا پستہ قد - ٹھگنا - **ٹھمکنا** - خرام کرنا - ناز و انداز سے پیر رکھ کے چلنا - **ٹھمکی** - (مو) جھٹکا - کنکوے کی ڈور کو ہوا پر قائم رکھنے کے لیے جھٹکے سے ہلانا -

ٹھناکا : (ہ - مذ) کسی بجنے والی چیز کی آواز جو دوسری کڑی چیز کی ٹھیس لگنے سے ہوتی ہے -

ٹھنٹھ : (ہ - مذ) سوکھی ہوئی درخت - ہاتھ کٹا ہوا - ٹھنٹھا (دیکھو منڈ)

ٹھن ٹھن : (ہ - مو) گھڑی - گھڑیال یا گھنٹے کی آواز - ٹن ٹن - **ٹھن ٹھن گوپال** (مذ) بے وقوف - مورکھ - ناسمجھ - کچھ نہیں - ہیچ - خالی - **ٹھنٹھنانا** - **ٹھن بجنا** : ٹھن ٹھن کرنا - ڈھونڈنا - کسی جگہ موجود ہو کر رہنے آنا - ٹھنٹھنا بجنا (جیسے پتیلیاں ٹھنٹھنا رہی ہیں)

ٹھنڈ : (ہ - مو) سردی - خنکی - گرمی کا نہ ہونا - **ٹھنڈا** - سرد - خنک - بارد - خاموش - چپ - نامرد - ہیجڑا - مخنث - سست - کاہل - سُست - بُردبار - بے نفس - رحم دل - بخت سنگدل - **ٹھنڈا پڑ جانا** - سرد ہونا - خنک ہونا - مرجانا - غصے کا دھیما ہونا - سست و بے رونق ہونا ؎ جگر

گرمیِ رخسارِ کا نور ٹھنڈا پڑ گیا
جل کے زلفوں سے دھوئیں کی شکل نیلا پڑ گیا

ٹھنڈا رکھنا - خوش رکھنا - کسی قسم کا رنج یا ضرر نہ آنے دینا - آرام سے رکھنا - **ٹھنڈا سانس** - (مذ) آہ سرد - آہ - **ٹھنڈا کر کے کھانا** - جلتے ہوئے کھانے کی گرمی کم کر کے کھانا - سوچ سمجھ کر اور تدبیر سے کوئی کام کرنا - **ٹھنڈا لوہا گرم لوہے کو کاٹتا ہے** - (ہ) حلیم اور بردبار آدمی تند مزاج پر غالب آتا ہے - **ٹھنڈا ملمع** - (مذ) وہ ملمع جو آگ کی مدد کے بغیر تیزاب کی لاگ یا برقی قوت سے چڑھایا جاتا ہے - **ٹھنڈا ہونا** - سرد ہونا - خنک ہونا - گرمی کا کسی چیز سے نکل جانا - غصے کا دھیما ہونا - مرجانا - جان نکلنا - بجھنا - افسردہ ہونا - دل ٹوٹ جانا - غرق ہونا - خوش ہونا - آرام پانا ؎ نسیم

حال جل بھن کیا کہوں میں
داماد کو لا تو ٹھنڈی ہوں میں

کسی متبرک چیز کا ٹوٹنا یا دفن ہونا (تعزیہ ٹھنڈا ہوگیا) ختم ہونا - خرید و فروخت کم ہونا - بے رونق اور آزاد ہونا - مارا جانا - شہید ہونا - کسی متبرک چیز کا گرنا (قرآن ٹھنڈا ہوگیا) شکستہ ہونا - ٹوٹنا (چوڑیاں ٹھنڈی ہوگئیں) متعدد دل ٹھنڈا ہونا (کلیجہ ٹھنڈا ہوگیا) کسی دشمن کو تکلیف سے دل خوش ہونا - بستانا - تازہ دم ہونا ؎ آتش

سایۂ دامن جلا دیں ٹھنڈا ہوں
شغل سخت ہے پشتارہ بہت بھاری ہے

ٹھنڈائی - (ہ - مو) تبرید - وہ دوا جو گرمی کے دفعیہ کے لیے پی جائے - مطلق دوا - بھنگ - سبزی - (اس نسخے میں تخفیف سے ٹھنڈائی)

ٹھنڈک (ہ - مو) سردی - خنکی - خوشی - آرام - تسلی - **ٹھنڈک پڑنا** - جس یا سوزش یا گرمی کا رفع ہونا - دل کو آرام ہونا - قرار آنا - کسی فساد - فتنہ یا خرابی وغیرہ کا کم ہونا - غصہ فرو ہونا - دشمنی جلتے رہنا - تسلی ہونا - آرام دینا - صبر آنا - دشمن کا سزا پانا - **ٹھنڈی** - سرد - خنک - بارد - خوش و خرم - بامراد -

(دروازہ ٹھوکنا) عرضی دینا (نالش ٹھوکنا) جڑنا لگانا (نعل ٹھوکنا)

ٹھُونٹھ :- (ہ - مذ) شاخوں اور پتوں کے بغیر درخت کا تنہ - ٹھونٹھا - لمبی خشک لکڑی جتّے کی سیدی نے

ٹھُوں ٹھاں :- (ہ - مو) بار بار کھانسنے کی آواز -

ٹھُونس ٹھانس :- (ہ - مو) کسی چیز کا کسی چیز میں دبا کر بھرنا - کلام میں بھرتی کے الفاظ لانا - ٹھونسنا - دبا کر بھرنا - خوب زور سے بھرنا - گھسیڑنا - نگلنا - بہت کھانا - زبردستی کھلانا -

ٹھُونگ :- (ہ - مو) منقار - چونچ - چونچ سے مارنا -

ٹھَہاکا :- (مذ - ہ - ہندو) قہقہہ -

ٹھَہرانا :- (ٹھیرانا - ہ) روکنا - تھامنا - منصوبہ باندھنا - منجمد کرنا - قائم کرنا - مکان میں اتارنا - تجویز کرنا - (بات ٹھہرانا) قیمت چکانا - بھاؤ تاؤ کرنا - لڑکے یا لڑکی کا رشتہ طے کرنا - تاریخ مقرر کرنا - قرارداد کرنا ؎ جرات

درد دوری سے کہاں تک تڑپیں
کہیں ملنے کی بھی ٹھہرائیے گا

ٹھہراؤ - (لک - ٹھیراؤ - مذ) قیام - ٹھہرنا - وقفہ - قرارداد - ٹھہرنا - رکنا - قیام کرنا - برقرار رہنا - ثابت قدم رہنا - طے ہونا - قرار پانا - جمنا (پارہ ٹھہر گیا) نزدکش ہونا - اترنا - تاریخ مقرر ہونا - قیمت چکنا - دیر لگانا - دیرپا اور مضبوط ہونا - (یہ ٹوپی بہت ٹھہری) غم کھانا - صبر کرنا (ٹھہرو جلدی کیا ہے) قرار پکڑنا (نطفہ ٹھہرنا) تشفی ہونا - پیچھے بیٹھ جانا - کوئی کام کرتے کرتے رک جانا - اضطراب کم ہونا - (اس معنی میں دل کے ساتھ) جلتا رہنا (اس معنی میں چراغ کے ساتھ) ؎ سحر

جلا کی رات دل آہوں کی آندھی
چراغ داغ بھی اُس دن نہ ٹھہرا

رگوں کا جوڑ میں نہ ٹوٹنا - خرچ نہ ہونا ؎

ہمارے ہاتھ میں اب کب درم ٹھہرے

نوبت آنا ؎ داغ

ایسا تو نہ ہو حشر میں بھی کھلا ٹھہرے
تو اپنی خطا پر کبھی قائل نہیں ہوتا

ٹھہری ہے ۔ طے شدہ ہے -

ٹھِیا :- (ہ - مذ) اردو - جگہ - گدی - دکاندار کے بیٹھنے کی جگہ - کسی شخص کے ٹھہرنا بیٹھنے کی جگہ -

ٹھیٹ :- (ہ - ٹھیٹھ) خالص - اصلی (ٹھیٹ گنوار) (ٹھیٹ اردو) زبان جس میں اور کسی کی آمیزش نہ ہو (ٹھیٹ اردو)

ٹھی ٹھی :- (ہ - مو) بیہودہ پن سے ہنسنے کی آواز -

ٹھیس :- (ہ - مو) صدمہ خفیف جو شیشے یا دُکھتے ہوئے عضو کو کسی سخت چیز کی ٹکر سے پہنچے (لگنا کے ساتھ) ؎

خیالِ خاطرِ احباب چاہیے ہر دم
انیسؔ ٹھیس نہ لگ جائے آبگینوں کو

ٹھیسرا (ہ - مذ) طعن طنز کی باتیں -

ٹھیک :- (ہ) درست - بجا - موزوں - جوں کا توں - چست - پورا پورا - جیسا چاہیے - بالتحقیق (ٹھیک یہی بات ہے) مستقل مستقیم - مقرر (ٹھیک وقت پر آگیا) شایاں - چسپاں - عین موقع پر - باقاعدہ - ہموار - پورا - کامل (وزن میں ٹھیک) (مذ) پتہ - سراغ (اس کا کیا ٹھیک) وقت (موت کا کچھ ٹھیک نہیں) ٹھور ٹھکانا (اس کا بھی ٹھیک لگا دو) اعتبار (ان کی بات کا ٹھیک نہیں) (مو) وہ سنی کا برتن جس میں نقیر وغیرہ آگ بھر کر دباتے ہیں - ٹھیک آنا - کپڑے یا جوتے وغیرہ کا موزوں ہونا - عین وقت پر آنا - ٹھیک بنانا - سزا دینا - مارنا پیٹنا - درست کرنا - کسی کام کے لائق کرنا - عاجز کرنا - تنگ کرنا - ذلیل کرنا - ٹھیک ٹھاک - ہر طرح درست - لیس - تیار - ٹھیک ٹھور - مناسب جگہ (اس گھر میں کسی چیز کا ٹھیک ٹھور ہی نہیں جہاں چاہا پھینک دیا) ٹھیک ٹھیک - سچ سچ - بے کم و کاست - تقریباً - قریب قریب -

ٹھیپک :- (ہ - مو) ٹیک - ڈاٹ - ڈلا - پیندی - جوتے کی ایڑی - تلوار کی نال لکڑی اور نلکے کا ابھار - وہ چیز جس سے لکڑی یا آتشبازی کے انار کے پھولوں کے کلوں کے سوراخ بند کرتے ہیں - ٹھیک نکل جانا - پیندی ٹوٹ جانا - گھبرا جانا - سٹ پٹا جانا -

ٹھیکا :- (ٹھیکہ - ہ - مذ) اجارہ - نشستگاہ - ٹھہرنے کی جگہ - بیٹھک - طبلہ یا ڈھولک بجانے کی ایک خاص طرز (اس معنی میں بجانا اور لگانا بولتے ہیں) ٹھیکا بجانا - گونے والوں کے ساتھ ڈھولک - طبلہ اس طرح بجانا کہ ان کی آواز کو سہارا ملے - ٹھیکا بھرنا - گھوڑے کا اچھلنا کودنا - ٹھیکا بھینٹ :- (مو) نذرانہ جو ٹھیکا ملنے پر دینے والے کے نذر کر دیا جائے - ٹھیکا لینا - اجارہ لینا - کسی میعاد کے لیے کسی چیز کا حق استعمال یا حق پیدائش لینا - ذمہ داری لینا - (میں نے تمہاری تعلیم کا ٹھیکا نہیں لیا) ٹھیکے دار - اجارہ دار - جس نے ٹھیکا لیا ہو -

ٹھیکرا :- (ہ - مو) مٹی کے برتن کا ٹکڑا - ناریل کے سخت پوست کا ٹکڑا (انکسار یا حقارتاً) مکان - جائداد ٹھیکرا پھوڑنا - تہمت لگانا - ٹھیکری (ہ - مو) ٹھیکرا کی تصغیر

ٹیڑھی کھیر: (مو) مشکل کام۔ ٹیڑھی نگاہ۔ ٹیڑھی نظر۔ قہر کی نگاہ۔ ٹیڑھے آزردہ۔ برگشتہ۔ برہم۔ ٹیڑھے توے کی روٹی۔ بڑا مشکل کام۔

ٹیڑی: (ہ۔ مو) ٹڈی۔ ایک اُڑنے والا کیڑا جو گُڑ کے پانی میں پیدا ہوتا ہے۔

ٹیس: (ہ۔ مو) درد۔ جسم کی تکلیف۔ ہول۔ کتاب کی سلائی۔ ٹیس اُٹھنا۔ درد اُٹھنا۔ زخم۔ پھوڑے میں ہول اُٹھنا۔ ٹیسنا۔ میٹھا میٹھا درد ہونا۔ ٹپکنا۔

ٹیسو: (ہ۔ مذ) ڈھاک کا پھول۔ ڈھاک کا درخت جس کا پھول جس میں سے زرد رنگ نکلتا ہے۔ ایک کھیل جس میں بچے دسہرے کے موقع پر ایک مورت کا سر بنا کر راتوں کو لیے ہوئے گاتے پھرتے ہیں اور دسہرے کے دن آ کے توڑ پھوڑ ڈالتے ہیں۔ ٹیسو کا گیت۔ ٹیسو بنانا۔ ٹیسو کا سوانگ بنا کر نکالنا۔ ہنسی (اڑانا)۔

ٹیک: (ہ) کھمبا۔ تھم۔ پشتی۔ سہارا۔ کسی چیز کو کسی چیز پر سیدھا کھڑا کرنا۔

ٹیک: (ہ۔ مو) جانوروں کی پیشانی۔

ٹیکا: (ہ۔ مذ) قشقہ۔ صندل یا سیندور وغیرہ کی پیشانی پر نشان۔ ایک زیور جو عورتیں ماتھے پر پہنتی ہیں۔ ایک رسم جو ہندوؤں میں منگنی یا بیاہ کے موقع پر ادا کی جاتی ہے۔ چیچک وغیرہ کے اندر دوا پہنچانا۔ علامت سرداری۔ خصوصیت کا نشان۔ دھبا۔ داغ۔ راج تلک۔ گدی پر بٹھانے کی رسم۔ وہ نشان یا تلک جو ہندوؤں میں جاتر ا جاتے وقت شگون نیک سمجھ کر لگا دیتے ہیں۔ ٹیکے کا۔ مخصوص۔ نرالا۔ انوکھا۔ خصوصیت رکھنے والا۔ حقدار۔ (تجھ تمہیں تو ٹیکے کے نہیں ہو جواب مجھ سے لو)

ٹیکرا: (ٹے۔ کَ۔ رَ۔ ہ۔ مذ۔ ٹک) سطح ٹیلا۔ پہاڑ کی ڈھلوان۔

ٹیکس: (انگ۔ مذ) محصول۔

ٹیکسی: (انگ۔ مو) کرایہ کی موٹر کار۔

ٹیکسٹ بک: (انگ۔ مو) درسی کتاب۔ وہ کتاب جو کسی جماعت کے نصاب کے لیے مقرر کی جائے۔ ٹیکسٹ بک کمیٹی۔ وہ جماعت جو درسی کتابیں مقرر کرنے پر متعین ہو۔

ٹیکن: (ہ۔ مو) آڑ۔ ڈاٹ۔ سہارا۔ ٹیک۔ ٹیکنا۔ ٹکانا۔ رکھنا۔ سہارا لینا۔ گھٹنوں پر لگانا۔ بازی پر رکھنا۔

ٹیکنیکل: (ٹیک نی کل۔ انگ) اصطلاحی بات۔ صنعتی۔ ٹیکنیکل اسکول۔ (مذ) صنعتی تعلیم کا مدرسہ۔

ٹیلا: (ہ۔ مذ) تودہ۔ چھوٹی پہاڑی۔

ٹیلر: (انگ۔ مذ) درزی۔ ٹیلر ماسٹر۔ اُستاد درزی۔

ٹیلیفون: (انگ۔ مذ) برقی طاقت کا وہ آلہ جس کے ذریعہ سے دُور دراز فاصلے سے بات چیت کر سکتے ہیں۔

ٹیلیگراف: (انگ۔ مذ) تار برقی۔ تار پر خبر بھیجنے کا آلہ۔ ٹیلیگرام (مذ) وہ خبر جو تار کے ذریعہ سے آئی یا گئی ہو۔

ٹیم: (ہ۔ مذ) بتی کا گل۔ چراغ کی بتی کا وہ اگلا حصہ جو بالکل جل کر سیاہ ہو جائے۔ (انگ۔ مو) کسی کھیل کے کھلاڑیوں کی منظم جماعت۔ جس میں ہر کھیل کی جداگانہ مقررہ تعداد کے مطابق کھلاڑی ہوتے ہیں۔

ٹیم ٹام: دیکھو ٹیپ ٹاپ ؎ جان صاحب

کرو وہ کام کہ جس سے ہو عاقبت کی سنوار
دو روزہ ہے یہ بوا ٹیم ٹام کی دُنیا

ٹین: (انگ۔ مذ) ایک سفید نرم دھات۔ لوہے کے پتلے پتلے قلعی دار تختے۔ ٹین کا برتن یا ڈبا۔

ٹیں: (ہ۔ مو) طوطے کی وہ آواز جو بلی کے دفعتہً دبا لینے سے نکلتی ہے۔ ٹیں ٹیں۔ طوطے کی متواتر آواز۔ بات۔ بیہودہ بات۔ بکواس۔ بک بک۔ ٹیں ٹیں کرنا۔ طوطے کی طرح مہملات بولنا۔ بڑبڑانا۔ بکنا۔ ٹیں ہونا۔ (حقارتاً) طوطے کی طرح مرنا۔ مر کر رہ جانا۔ مر جانا۔

ٹینٹ: (ہ۔ مذ) کریل کا پھل۔ آنکھ کا ٹھلا۔ آنکھ کا ڈھیر (ابھرا ہوا) (بن) دانہ جو کریل کے پھل کے برابر ہوتا ہے۔ کپاس کا ڈوڈا۔ روئی کا پھل۔

ٹینٹوا: (ہ۔ مذ) گلا۔ حلق۔ نرخرا۔ ٹینٹوا دبانا۔ گلا گھونٹنا۔ گردن دبانا۔ سخت تقاضا کرنا۔

ٹینٹی: (ہ۔ مو) ایک جنگلی پھل۔

ٹینس: (مذ۔ انگ) جو دو پارٹیوں کے درمیان قد آدم اونچائی پر کھمبوں میں جال تان کر ربڑ کے گیند اور تانت سے بنے ہوئے بیضاوی بلّے سے کھیلا جاتا ہے۔

ٹینک: (انگ۔ مذ) پہیوں کے بغیر چلنے والی ایک قسم کی مسلح موٹر کار۔

ٹینی: (ٹے نی۔ ہ۔ مذ) چھوٹے قد کی مرغیوں کی نسل۔ دو رخی۔ مرغی۔ پست قد۔ بونا۔ ٹھنگنا۔

ثِقَل:- (مذ) بوجھ - وزن - گرانی - الفاظ کا غیر فصیح ہونا - ثِقلِ سماعت - (مذ) کم سُننے کی بیماری - بہرا پن - گراں گوشی -

ثَقَلَین:- (مذ) دونوں جہان - انسان اور جن - زمین آسمان - دُنیا و عقبیٰ - اہلِ تشیّع کے نزدیک کتابِ خدا اور آلِ رسول -

ثِقَہ:- مردِ معتبر - معتمد آدمی جس کے قول و فعل پر اعتماد ہو - ثقات جمع - ثِقہ بدمعاش - وہ شخص جو پرہیزگاروں کی سی شکل بنا کر بدمعاشی کرے - مقطع صورت بدمعاش -

ثَقِیل:- بھاری - وزنی - بوجھل - دیر ہضم - غیر فصیح لفظ -

ثُلاثی:- تین حرفوں کا مجموعہ - ثُلث - (مذ) تیسرا حصہ - ایک تہائی $\frac{1}{3}$ (اکثر سکون ل سے بھی بولتے ہیں)

ثُمَّ:- پھر - بعد (جیسے نسیم امروہوی ثُمّ خیرپوری) ثُمّ باللہ قسم کی تاکید کے لئے سحر

ثُمّ باللہ ابھی سب سے کنارا ہو جائے
چھوڑ دیں گھر ترا کوچہ ہمیں پیارا ہو جائے

ثِمار:- (مذ) ثمر کی جمع - پھل - ثمر - ثمرہ - (مذ) پھل - میوہ - پیداوار - حاصل - فائدہ - اولاد - مال و دولت - انجام - بدلہ - عوض - نتیجہ -

ثُمُن:- (مذ) آٹھواں حصہ $\frac{1}{8}$ (اکثر سکون م سے بھی بولتے ہیں)

ثَمَن:- (مذ) قیمت - اُجرت - مول - ثمین - قیمتی - گرانبہا -

ثَنا:- (مو) مدح - تعریف - توصیف - حمد - ثنا خوان - ثنا گر - ثنا گو - تعریف کرنے والا - مداح سے داغ

داغ مداح و ثنا خواں و ثنا گر تیرا
اس دُعا پہ تیری کرتا ہے بس اب ختم سخن

ثَواب:- (مذ) اچھا بدلہ - نیک کام کی جزا - نیکی کا بدلہ جو عاقبت میں ملے گا - بھلائی - نیکی - ثواب بخشنا - اپنے نیک کام کا صلہ دوسرے کو ہبہ کرنا - فاتحہ درود کا ثواب کسی مُردے کو بخشنا - ثواب کمانا - نیکی کا کام کرنا - بھلائی حاصل کرنا - ثواب لوٹنا - ثواب کمانا - ثواب لینا - ثواب پانا - ثواب حاصل کرنا سے انشاء

یہ عجیب ماجرا ہے کہ بروزِ عیدِ قرباں
وہی ذبح بھی کرے ہے وہی لے ثواب اُلٹا

ثواب نہ عذاب کر توتی مفت میں - مثل بے فائدہ کام - عبث محنت -

ثَوابِت:- (مذ) وہ ستارے جو گردش نہیں کرتے ایک جگہ قائم رہنے والے ستارے -

ثَور:- (مذ) بیل - نرگاؤ - برکھ - آسمان کا دوسرا برج جو بشکل گاؤ نر قرار دیا گیا ہے - ایک غار کا نام جس میں آنحضرت مکہ سے ہجرت کرنے کے بعد مقیم ہوئے تھے -

ثَیِّبَہ:- (مو) بیاہی ہوئی عورت خاوند زندہ ہو یا مر گیا ہو -

ج

ج:- (مذ) اُردو اب ت کا ساتواں حرف - ابجد کے حساب سے اس کے اعداد ۳ ہوتے ہیں -

ج - جلّ جلالہ - اللہ یا اس کے دوسرے اسماء کے ساتھ لکھتے ہیں جس کا مطلب ہے اس کی شان بلند ہے -

جا:- (مو - ف) جگہ - مقام - ٹھکانا - موقع سے انیس

اور دیکھے گا بھی تو ہے آپ کے کہنے کی بھی جا

جا بجا - ہر جگہ - ہر موقع پر - ہر مقام پر - جگہ جگہ - جا بے جا - موقع بے موقع - درست - نادرست - بُرا بھلا - جا بے جا کہنا - بُرا بھلا کہنا - جا ضرور - (مذ) بیت الخلا - پاخانہ - جانشین - ولی عہد - قائم مقام - نائب - صفت - جانشینی - (مو) جا نماز (مو) مصلے - نماز پڑھنے کا فرش -

جا:- (ہ) جانا سے امر - بعض الفاظ کے ساتھ مل کر جیسے - جا اُترنا - فروکش ہونا - پہنچ جانا - جا بھڑنا - سامنا کرنا - مقابلہ کرنا - روبرو ہونا سے مصحفی

تنہا ہی جا بھڑا صفِ مژگان یار سے

جا بھی - جاؤ بھی - بیزاری اور نفرت ظاہر کرنے کا کلمہ - جا پڑنا - یکبارگی کہیں پہنچنا - یکایک جا کر حملہ آور ہونا - جا پہنچنا - جا کر موجود ہو جانا - پہنچ جانا - (کہاں سے کہاں جا پہنچے) جا پھنسنا - فریب میں آ جانا - جا کر پھنس جانا اور نہ نکل سکنا - جا چکنا - چلے جانا - طنزاً کہیں نہیں جائیں گے (بس اب ہم کراچی جا چکے) جا دھمکنا - پہنچ جانا - جا پہنچنا - جا رہنا - کہیں جا کر ٹھہر جانا - جا گرنا - جا کر گر پڑنا - خراب لوگوں سے تعلق کرنا (تم بھی کہاں کمینوں میں جا گرے) جا لگنا - پہنچ جانا - ٹھہر جانا - کسی جگہ پہنچ کر سہارے سے ٹھہر جانا - کشتی کنارے سے جا لگی - جا لینا - گرفتار کرنا - پیچھے سے بڑھ کر کسی کو جا پکڑنا - جا ملنا - جا کر مل جانا - سازش کرنا - جا نکلنا - اتفاقاً کہیں جانا - بے ارادہ پہنچ جانا -

ے چمن میں جا نکلتا ہوں جو بے اس نورِ خنت کے
عرق وہ آتش گل لاتی ہے تارِ جنم کا ۔ آتش

جاب: (انگ - مذ) اسامی - خدمت - متفرق کام جو اِدھر اُدھر سے اُجرت پر انجام دینے کے لئے ملا ہو۔

جابر: (ع) جبر کرنے والا - ظالم - خودسر - خود مختار - اختیار - نقصان پہنچانے والا۔

جاپ: (ہ) ہندوؤں کا وظیفہ - مالا پھیرنا۔

جاپان: (مذ) چین کے شمال مشرق کی طرف ایک جزیرہ۔

جاتا رہنا: (ہ) کھویا جانا - گم ہو جانا - بالکل دُور ہو جانا - باقی نہ رہنا - اسقاط ہونا - مر جانا (آج اس کا ایک لڑکا جاتا رہا) جایا کرنا (مہینہ بھر روزانہ دفتر جاتا رہا)

جاترا: (ہ) ہندوؤں کا تیرتھ کو جانا اور اپنے متبرک مقامات کی زیارت کرنا - ہندوؤں کا مذہبی تہوار۔ جاتری - تیرتھ کو جانے والا ہندو مسافر۔

جاتی دُنیا دیکھی: (ہ) جب کوئی مدت کے بعد ملنے آئے یا شرمندہ ہو تو کہتے ہیں ے دبیر
نبض بیمار جواں رشکِ مسیحا دیکھی
آہ کیا آپ نے جاتی ہوئی دُنیا دیکھی

جاتے جاتے: (ہ) جانے کے وقت چلتے چلتے ے دبیر
مجھ کو آواز تو تا تا کی سناتے جاتے
اور اک داغ نیا دے گئے جاتے جاتے
رفتہ رفتہ - ع شاد
نقش تا خشک جائے گی جاتے جاتے

جاٹ: (ہ - مذ) ایک ہندو قوم کا نام - اجڈ اور اکھڑ آدمی - جاٹ کی بیٹی برہمن کے گھر آئی - ادنیٰ ہو کر بڑی عزت پانا - جاٹ مرا تب جانیے جب تیرھویں ہو جائے - بدذات شخص گو معدوم ہو جائے پھر بھی اس کی شرارت کا اندیشہ رہتا ہے۔

جاٹھ: (ہ - مذ) کولھو یا گنا پیلنے کی مشین کا دھرا۔

جاجَت: (ہ - مو) جسم کی تختی جو بچوں کو پڑھائی لکھائی جاتی ہے - ج جاجب جت

جاجم: (ت - مو) چھپا ہوا فرش - ایک قسم کا کپڑا جس پر بیل بوٹے چھاپ کر فرش بناتے ہیں (ایضاً بکسر جیم)

جاجوتی: (ہ - مو) ایک راگنی۔

جادُو: (ف - مذ) ٹونا - سحر - منتر - افسوں - طلسم - جادو اُترنا - جادو کا اثر دُور ہونا - بہکانے کا اثر زائل ہونا - جادو اُلٹ جانا - جادو کا یا تدبیر کا مخالف اثر ہونا - جادو بیان - (بغیر اضافت) جس کا بیان دل پر بہت اثر کرے - جادو جگانا - تعویذ یا منتر کے اثر کو آزما کر دیکھنا - جادو کرنے سے پہلے اس کی آزمائش کرنا - سحر کو عمل میں لانا - جادو چلانا - سحر کرنا - افسوں کرنا - جادو چلنا - جادو چلانا - جادو کا پتلا - اس انسان یا حیوان کی صورت جس پر جادو کرنے کے لیے اس کی صورت جادوگر بناتے ہیں - معشوق جو عاشقوں کو نگاہ پُر اثر سے تسخیر کر لیتا ہے - نیز جادوگر - جادوگر (مذ) جادو کرنے والا - ساحر - افسوں ساز - جادوگرنی - (مو) جادو کرنے والی عورت - ساحرہ - مجازاً حسینہ معشوقہ - جادوگری (مو) ساحری - سحرکاری - جادو وہ جو سر پر چڑھ کر بولے - تدبیر وہی جو کارگر ہو جائے اور جس کو حریف بھی مانے۔

جادَہ: (ع - مذ) وہ پتلا سا راستہ جو لوگوں کی آمد و رفت سے جنگل میں پڑ جاتا ہے - ڈگر - لیک۔

جاذِب: (ع) جذب کرنے والا - چوسنے والا - کشش کرنے والا (مذ) بلاٹنگ پیپر - سیاہی چوس - جاذبہ - ایک قوت جو اعضا میں موجود ہے اور اپنے مناسب و موافق مادّہ کو جذب کرتی ہے - جذب کرنے والی قوت۔

جار: (ع - مذ) پڑوسی - ہمسایہ - زیر یا کسرہ دینے والا - حرف - حرف ربط۔

جارجٹ: (مو - انگ) ایک قسم کا باریک ریشمی کپڑا جس کے دوپٹے بنائے جاتے ہیں۔

جارُوب: (ف - مو) جھاڑو - بہاری - جاروب کش - (بغیر اضافت) جھاڑو دینے والا - خاکروب۔

جاری: (ع) رواں - بہتا ہوا - پانی چلتا ہوا (کلام) جاری ہونا - رواں ہونا - بہنا - مسلسل زبان پر آنا ے داغ
جب تلک زباں ہے منہ میں جاری ہو نام تیرا
نافذ ہونا (اب تو روز نئے نئے حکم جاری ہوتے ہیں) ڈگری پر عمل درآمد کی کارروائی ہونا - (دو دفعہ ڈگری جاری ہوئی مگر روپیہ وصول نہیں ہو سکا) پہلے سے قائم ہو چکنا (ہمیشہ سے یہ طریقہ جاری ہے)

جارِیَہ: (ع - مو) لونڈی - باندی - نیز مسلسل (صدقہ جاریہ)

جاڑا: (ہ - مذ) سردی کا موسم - مطلق سردی - خنکی - ٹھنڈ - جاڑا چڑھنا - سردی لگنا - تپ لرزہ کا اثر کرنا - جاڑا پڑنا - موسمی سردی کا زور ہونا - جاڑا کھانا - سردی کھانا - سردی کا اثر کر جانا - جاڑا لگنا - سردی محسوس ہونا - جاڑے - (مذ) جاڑوں کی فصل - جاڑے کا تپ چڑھنا - جوڑی آنا - تپ لرزہ - ڈر سے کانپنا - جاڑے کی چاندنی - بے لطف بہار ے جان صاحب

مفلس کی ہے جوانی یہ جاڑے کی چاندنی
بد تر ہے سو بڑھاپے سے اپنا شباب اب

جازِم: (ا - تک - مو) جاجم - پھول دار چھپی ہوئی چاندنی -

جاسُوس: (ع) مخبر - بھیدی - خفیہ نویس - جاسوسی: (مو) مخبری - خفیہ نویسی - جاسوسی لینا - سُن گُن لینا -

جاکِٹ: - (انگ - مذ) کُرتی - واسکٹ - نیم آستین -

جاکر: (ہ - مذ) پسند ناپسند کے اقرار پر کسی چیز کو خریدنا - جاکڑبہی (مو) روکڑبہی کے خلاف - وہ بہی جس میں شرطی بکری کی یادداشت لکھی جائے -

جاکھن: (ہ - مو) لکڑی جس پر کنوئیں میں اینٹوں کی بنیاد رکھتے ہیں -

جاکی ہنڈی واکی منڈی: (ل) جو دیتا ہے اس کی اطاعت کی جاتی ہے - جس کا کھائیں گے اُسی کا گائیں گے -

جاگ: (ہ - مو) شب بیداری ع انیس
یہ جاگ کبھی سوتا تھا یاں ادھر لشکر نہ تھی
وہ کھٹی چیز جس سے دُودھ جس میں وہ کھٹی ہوتی ہے جو جگا دیتی ہے (اس کُنڑی میں جاگ نہیں ہے) جاگ اُٹھنا - پڑنا - جانا - سوتے سے اٹھ بیٹھنا - چونک پڑنا - جاگتی جوت (مو) ظاہر او . روشن کرامت کا معجزہ - جاگتے رہنا - بیدار رہنا - نہ سونا - چوکیدار کی آواز جاگتے رہو -

جاگتے کی کٹیا سوتے کا کٹرا: ہوشیار کا فائدہ اور غافل کا نقصان -

جاگنا: (ہ) بیدار ہونا - نیند اُچٹنا - ہوشیار ہونا (متنبہ ہونا) جاگے گا سو پاوے گا - سووے گا سو کھووے گا - ہوشیاری میں کامیابی اور غفلت میں ناکامی ہے -

جاگہ: - (ہ - مو) جگہ (اُردو میں متروک)

جاگی: - (ہ - مو) بندوق کا فتیلہ -

جاگیر: (ف - مو) وہ قطعہ زمین یا گاؤں جو بادشاہوں اور نوابوں کی طرف سے دیا جائے - زمینداری - جاگیردار - (صفت) جاگیر کا مالک - جاگیر تعلقہ دار - زمیندار -

جال: (ہ - مذ) پیڑ و درخت ع ذوق
ہو جائے گا جو تیر اگر تھا یہ دام زلف
تربت پہ اس کی جال کا پاسے کا پیڑ تو
دام - پھندا - مکر - فریب - دھوکا - حلقے دار - سوراخدار - چیز شبکہ - جال بچھانا - دام پھیلانا - مکر و فریب کا ڈھنگ ڈالنا - جال پھیلانا - دیکھو "جال بچھانا" ع رشک
مرغ دل اپنا پھنسا میں نہیں تا بو چلتا
جال پھیلائے ہوئے بیٹھے ہیں صیاد عبث
جال پھینکنا - مچھلیاں پکڑنے کے لیے دریا میں جال ڈالنا - فریب کا ڈھنگ ڈالنا - جال تاننا - کسی کو پھنسانے کے لیے فریب کرنا - جال دار - پھندے دار - حلقے دار - جالی کا - جال ڈالنا - جال بچھانا - فریبی کارروائی کرنا - جال دریا میں ڈالنا - جال کرچ - (مو) پٹی اور تلوار - جال لگانا - کسی پرند کو پکڑنے کے لیے جال کھڑا کرنا - جال مارنا - جال کے ذریعے کوئی چرند پکڑنا - فریب دینا - فریب میں لانا ع مجرم
دل لیا گیسوؤں نے اُڑا کر جال مجھ پر طیور نے مارا
جال میں پھنسانا - کسی شکار کو دام میں یا انسان کو فریب میں لانا - جال میں شکار پڑنا - دقت میں ڈالنا - جالیا - فریبی - چالباز جالا (ہ - مذ) وہ سفید اور کاغذ سی جھلی جو مکڑی اپنے لعاب دہن سے بناتی ہے - وہ سفید پردہ یا جھلی جو آنکھ میں پیدا ہو جاتی ہے - جالی (مو) تاروں سے بنا ہوا سوراخدار کپڑا - کشیدہ - وہ کڑھا ہوا کپڑا جس میں بہت سے خانے بنے ہوتے ہیں - وہ پردہ جو آم کی کیری میں گٹھلی پڑنے سے پیدا ہوتا ہے اور بعد میں اسی کی گٹھلی بن جاتی ہے - وہ برقع یا جھلی جس میں بچہ لپٹا ہوا پیدا ہوتا ہے - جالی = نقاب - بنا ہوا پردہ جو منہ یا سینے پر ڈال لیتے ہیں - وہ چھینکا جو مویشیوں کے منہ پر لگا دیتے ہیں - رسی یا بان سے بنی ہوئی جال کی صورت کی چیز جس میں گھاس وغیرہ بھر کر لے جاتے ہیں - جعلی - فریبی - دغا باز - بنایا ہوا اصلی کی ضد - مصنوعی پتھر یا لکڑی کا ٹکڑا جس میں خانے ترچھے ہوئے ہیں - لوہے کے تاروں کی بنی ہوئی چادر جو عمارتوں میں لگتے ہیں - اینٹوں کی خانہ دار چنائی جس میں آر پار بہت سے سوراخ بنائے جاتے ہیں - وہ ڈورا جس کو لٹو پر لپیٹ دیتے ہیں - جھنجری - جالی کاڑھنا یا نکالنا - کپڑے پر جالی کا کام کرنا - کپڑے وغیرہ پر کچھ کام بنانا - جالی لوٹ (مذ - انگ) ایک قسم کا باریک خانہ دار کپڑا -

جالے لینا: - (ا) مارا مارا پھرنا - کرنے کرنے کی تلاش لینا -

جالینُوس: (مذ) یُونان کا ایک مشہور حکیم جو فن طبابت میں تمام حکمائے یونان پر سبقت لے گیا تھا

جام: (ف - مذ) پیالہ - گلاس - ساغر - پیمانہ - شراب پینے کا برتن - خراسان کا ایک مشہور شہر - جہاں مولانا جامی ایک مشہور شاعر گزرے ہیں - جام پیما - (بغیر اضافہ) شراب خوار - صفت - جام پیمائی (مو) جام جم یا جام جمشید (مذ) جمشید

ہونا ۔ جان پر آسمان ٹوٹنا ۔ اچانک مصیبت میں آ جانا ۔ سخت
آفت میں پھنسنا ۔ جان پر بننا ۔ جان خطرے میں ہونا ۔ نہایت
تکلیف میں ہونا ۔ جان پر کھیلنا ۔ جان کو جوکھوں میں ڈالنا ۔ اپنے
آپ کو ہلاکت میں مبتلا کرنا ۔ جان پر نوبت آنا ۔ جان خطرے
میں ہونا ۔ شدید آفت میں پھنسنا ۔ جان پڑنا ۔ انڈے کے یا پیٹ
کے بچے میں روح پیدا ہونا ۔ ترو تازہ ہونا ۔ ہرا ہونا ۔ کلیجہ ٹھنڈا
ہونا ۔ خوشی ہونا ۔ بیماری سے پنپنا ۔ کمزوری دور ہونا ۔ کسی قدر روپے
پاس ہونا ۔ آسودہ ہو جانا ۔ رونق آ جانا ۔ ؎ رشک

زیب کرنے سے گویا پڑ گئی کپڑے میں جان
مرتبہ تیرے پہننے سے بڑھا پوشاک کا

جان تصدق کرنا ۔ دوسرے کو بچانے کے لیے اپنی جان پر کھیل جانا ۔
جان نثار کرنا ۔ جان توڑ کرنا ۔ ہمہ تن مصروف ہو کر کام کرنا ۔ کوشش
بلیغ کرنا ۔ جانِ جاں (بہ اضافہ) بہت پیارا معشوق ۔ جان جانا ۔
مر جانا ۔ عاشق ہونا ۔ واقف ہو جانا ۔ بیحد مضطرب ہونا ۔ گھبرائے جانا ۔
جان جوکھوں ۔ (مو) جانی اور مالی خطرہ ۔ جان چرانا ۔ کسی کام
سے جی چرانا ۔ پہلوتہی کرنا ۔ گریز کرنا ۔ جان چھڑکنا ۔ (ول ۔ عو)
جان دینا ۔ عاشق ہونا ۔ فریفتہ ہونا ۔ جان چھوڑنا ۔ پیچھا چھوڑنا ۔
جان چھوٹنا ۔ نجات ملنا ۔ جان دار ۔ ذی روح ۔ حیوان ۔ طاقتور ۔
مضبوط ۔ قوی ۔ چالاک ۔ پھرتیلا ۔ امیر ۔ قابل نشو و نما ۔ جان دریغ
کرنا ۔ جان پیاری کرنا ۔ ؎ رنگین

میں تو اس سے نہ کروں جان دریغ
اور قیامت ہے وہ ترسائے مجھے

جان دوبھر ہونا ۔ زندگی کا ناگوار ہونا ۔ زندگی سے بیزار ہونا ۔
جان دینا ۔ مرنا ۔ جان سونپنا ۔ جان نثار کرنا ۔ جان فدا کرنا ۔ نہایت
تنگ کرنا ۔ جلانا ۔ زندگی بخشنا ۔ خودکشی کرنا ۔ ؎

اپنے سر کو پھوڑ کر اب جان شیریں کیوں نہ دوں
بیستوں پر مجھ کو تا تیشہ کوہ کن یاد آ گیا

(کسی پر جان دینا کہیں تو) پیار کرنا ۔ حد سے زیادہ چاہنا ۔ جان ستان ۔
جان لینے والا ۔ جانسوز ۔ جان سن سے ہو گئی ۔ سہم جانا ۔ جان
سوکھنا ۔ دل کڑھنا ۔ جان سولی پر ہونا ۔ جان خطرے میں رہنا ۔
بہت مصیبت میں پھنسا ہونا ۔ کسی بات کا دھڑکا ہونا ۔ جان سے بیزار
ہونا ۔ جان سے تنگ ہونا ۔ موت کا خواہاں ہونا ۔ زندگی سے بیزار
ہونا ۔ جان سے جانا ۔ مر جانا ۔ جان سے دور ۔ خدا محفوظ رکھے ۔
یہ جملہ اس وقت کہتے ہیں ۔ جب کسی کے بارے میں بدشگونی ذکر کرنا ہو ؎

پوچھے وہ حال جو میرا تو یہ بڑھ کر کہنا
ہے بہت جان سے بے چین تری جان سے دور ۔ رنگین

جان سے نکلنے لگنا ۔ ایسی تکلیف ہونا جیسے جان نکلتی ہے ۔ جان
سے ہاتھ اٹھانا ۔ زندگی سے مایوس ہونا ۔ مرنے پر آمادہ ہو جانا ۔
جان عشق ہونا ۔ کسی پر فریفتہ ہونا ۔ جان فزا ۔ خوشی بڑھانے والا ۔
جان فشانی کرنا ۔ سخت محنت و مشقت کرنا ۔ جان توڑ کر کوشش
کرنا ۔ جان کا بیری یا (لاگو) ۔ جانی دشمن ۔ بدخواہ ۔ حاسد ۔
جان کا ٹکڑا (مذ) معشوق ۔ جگر پارا ۔ جان کا جنجال (مذ)
وبال جان ۔ دوبھر ۔ گراں خاطر ۔ جان کا روگ یا عذاب زندگی
کو بے لطف کرنے والا ۔ عیش و آرام میں مخل ہونے والا ۔ جان کا
عذاب (مذ) جان کا جنجال ۔ جان کا کھٹکا ۔ ہلاکت کا اندیشہ ۔
جان کا کیا بھروسہ ۔ زندگی کا کیا اعتبار ۔ جاں کاہ ۔ جان گھلانے
والا (حادثہ جانکاہ) صفت ۔ جاں کاہی (مو) جان کا لاگو ہونا ۔
قتل کے درپے ہونا ۔ کسی کے پیچھے پڑنا ۔ جان کا لیوا ۔ جان کا
دشمن ۔ جان کام آنا ۔ کسی کی خدمت میں جان جانا ۔ جان کنی مو
نزع ۔ موت کے وقت سانس اکھڑنا ۔ دم توڑنے کی حالت ۔ عذاب ۔
اذیت ۔ جان کو آ جانا ۔ بہت غصہ ہونا ۔ جان کو جان نہ
سمجھنا ۔ محنت و مشقت کرنا ۔ جان کو رونا ۔ بددعا ۔ کسی سے دکھ
اٹھا کر اسے بددعا دینا ۔ جان کو کلپانا ۔ دیکھو جان کو رونا ؎

میں پیٹتی ہوں تری جان کو اب آٹھ پہر
تو چھوا چھو کیا کرتا ہے پڑا دھن سے ؎ جان صاحب

جان کھانا ۔ تنگ کرنا ۔ بار بار مانگنا ۔ تکلیف دینا ۔ جان کھپانا ۔
فکر کرنا ۔ بہت مشقت اٹھانا ۔ جان کھونا ۔ ہلاک ہونا ۔ جان دینا ۔
مرنا ۔ جان کی امان ۔ مو معافی ۔ عفو ۔ رہائی ۔ جان بخشی ۔ جان
کے برابر ۔ نہایت عزیز ۔ جان کی پڑی ہے ۔ جان کے لالے
پڑے ہیں ۔ جان جانے کی فکر ہے ۔ جان کے پیچھے پڑنا ۔ بری طرح
دشمن ہونا ۔ جان لیوا ہونا ؎ امیر

لپٹ کر سوتی ہے روز اس سے چوٹی
یہ میری جان کے پیچھے پڑی ہے

جان کے پیچھے عذاب لگانا ۔ جھگڑا ۔ جان کے لالے پڑنا ۔
بچنے کی امید نہ رہنا ۔ ؎ رنگین

دل کو بیٹھا جو وہ بے پروا لے
پڑ گئے جان کے مجھ کو لالے

جان گداز ۔ جان گھلانے والا ۔ جان لینے والا ۔ جانگداز آواز ۔
وہ آواز جس میں درد بھرا ہو ۔ صفت ۔ جانگدازی مو جان گلانا ۔
جان گھلانا ۔ فکر و تردد کرنا ۔ جان گھلنا ۔ فکر و تردد سے جان کا
مضمحل ہونا ۔ جان کوفت میں ہونا ۔ جان گنوانا ۔ جان کھونا ۔
جان لبوں پر آنا ۔ قریب مرگ ہونا ۔ بہت دق ہو جانا ۔ جان
لڑانا ۔ دل سے کوشش کرنا ۔ جان دینے پر مستعد ہونا ۔ جان
لہرانا ۔ طبیعت کا مائل ہونا ۔ جان لینا ۔ ہلاک کرنا ۔ مارنا ۔ تنگ
کرنا ۔ دق کرنا ۔ (تم نے تو مٹھائی کے لیے ہماری جان لے لی) پہچان
لینا ۔ واقف ہو جانا ۔ جان لیوا ۔ جان کا خواہاں ۔ دشمن ۔
جان مارنا ۔ نہایت محنت و مشقت کرنا ۔ جانکاہی کرنا ۔ بہت
کوشش کرنا ۔ جان میں جان آنا ۔ تسلی پانا ۔ تسکین ہونا ۔ خوشی

حاصل ہونا ۔ جمعیت میں تازگی ہونا ۔ **جاں نثار** ۔ جان فدا کرنے والا ۔ وہ شخص جو اپنی جان کو کسی کے لئے عزیز نہ رکھے ۔ جان باز (صفت) **جاں نثاری** (مو) **جان نکلنا** ۔ دم نکلنا ۔ مرنا ۔ ہلاک ہونا ۔ کسی پر عشق ہونا ۔ دم خشک ہونا ۔ دہشت ہونا ۔ ناگوار ہونا ۔ **جان نواز** ۔ جان کی نوازش کرنے والا ۔ معشوق ۔ نیز جان کا پیدا کرنے والا اللہ تعالیٰ ۔ **جان وارنا** ۔ جان قربان کرنا ۔ **جانور** (مذ) حیوان ۔ جاندار ۔ ذی روح ۔ کیڑا مکوڑا ۔ چوپایہ ۔ چرند ۔ درند ۔ پرند ۔ پکھیرو ۔ گھوڑا ۔ وحشی ۔ غیر مانوس ۔ احمق ۔ بے وقوف ۔ **جان ہار** ۔ جان دینے ۔ جان پر کھیلنے والا ۔ جس کی باتوں سے پتہ چلتا ہو کہ یہ بچنے کا نہیں ۔ **جان ہلکان کرنا** ۔ تھکانا ۔ ستانا ۔ تکلیف پہنچانا ۔ دق کرنا ۔ **جان ہے تو جہان ہے** ۔ زندگی ہی کے ساتھ دُنیا کا لطف ہے ۔ **جانی** ۔ پیارا ۔ معشوق ۔ پیارے ۔ بابا ۔ اماں وغیرہ کے بعد بڑھا کر بولتے ہیں (بابا جانی وغیرہ) **جانی دشمن** ۔ وہ دشمن جو جان کا لاگو ہو ۔ **جانی دوست** ۔ دلی دوست ۔

جانا :- (ف) سدھارنا ۔ رخصت ہونا ۔ چلنا ۔ گزرنا ۔ مرنا ۔ جُدا ہونا ۔ علیحدہ ہونا ۔ پہنچنا ۔ داخل ہونا ۔ دُور ہونا ۔ (وہ وہاں گئے) ضائع ہونا ۔ کھو جانا ۔ (کسی کی عزت گئی تھا را کیا گیا) گرنا ۔ اُترنا ۔ خیال کرنا ۔ پروا کرنا ۔ بُرا ماننا سے شعر

مرے تغافل پہ نہ جاؤ کہیں
ہنسانا کہیں ہے رُلانا کہیں

سرکنا (جیسے جاؤ) ختم ہونا (جیسے مر جانا) ٹوٹ جانا شعر

ہر دم یہی کلام ہے میری کمر گئی

ٹل جانا ۔ شعر

اچھا ہوا کہ جی کی بلا جان پر گئی

جانے دو ۔ درگزر کرو ۔ غصہ کو تھوکو ۔ **جانے دینا** ۔ جانے کی اجازت دینا ۔ پروا نہ کرنا ۔ درگزر کرنا ۔ بات کو بھُول جانا ۔ اندر داخل ہونے دینا ۔ **جاؤ بھی** ۔ تم سے کچھ نہیں ہو سکتا ۔ جلیل

جاؤ بھی گردن نہ میری کٹ سکی
مفت اپنا ہاتھ بھی جھوٹا کیا

جاؤ بیٹھو ۔ اپنا کام کرو ۔ رہنے دو ۔ **جاؤ خشکہ کھاؤ** ۔ تمہارا ایسا منہ نہیں کہ یہ چیز ملے ۔ **چاہے لاکھ رہے ساکھ** ۔ چاہے لاکھوں کا نقصان ہو مگر بھرم اور عزت پر آنچ نہ آنا چاہیئے ۔

جانا بوجھا :- (ہ ۔ مذ) جس سے اچھی طرح واقفیت ہو ۔ **جانی بوجھی** (مو)

جانب :- (ع ۔ مو) پہلو ۔ طرف ۔ رُخ ۔ سمت ۔ **جانب دار** ۔ طرف دار ۔ حمایتی ۔ **جانب داری** (مو) طرف داری ۔ ساتھ ۔ حمایت ۔ پچ ۔ **جانب کار** ۔ جاننے بوجھنے والا ۔ **جانبین** ۔ فریقین ۔ طرفین ۔ دونوں طرف کے لوگ ۔

جانت :- (جاتا ۔ ہ ۔ مذ) آل اولاد (جو رو نہ جاتا)

(اللہ میاں سے ناتا)

جانچ :- (ہ ۔ مو) اندازہ ۔ قیاس ۔ تخمینہ ۔ آزمائش ۔ امتحان ۔ پڑتال ۔ اٹکل ۔ پرکھ ۔ شناخت ۔ ٹھیک تشخیص ۔ **جانچنا** ۔ پرکھنا ۔ آزمانا ۔ تخمینہ کرنا ۔ اندازہ کرنا ۔ تولنا ۔ تاڑنا ۔ معلوم کرنا ۔ تشخیص کرنا ۔

جانگ ۔ جانگھ :- (ہ ۔ مو) زانو ۔ ران ۔ ران کا وہ حصہ جو دُھڑ سے متصل رہتا ہے ۔ **جانگیا** (مو) گھٹنا ۔ گھٹنوں تک کا پاجامہ ۔

جانگل :- (ہ ۔ مذ) مچھلی کھانے والا ایک پرند ۔ تیتر ۔

جانگلو :- (ہ) وحشی جنگلی ۔ اُجڈ ۔ احمق ۔ بے وقوف ۔

جانگھ ۔ جانگیا :- دیکھو جانگ ۔

جاننا :- (ہ) آگاہ ہونا ۔ واقف ہونا ۔ آشنا ہونا ۔ پہچاننا ۔ معلوم کرنا ۔ تمیز کرنا ۔ سمجھنا ۔ ذمہ دار ہونا ۔ چھوڑ (جانا گیا تو تم جانو گے) ماننا ۔ تسلیم کرنا سے

سمجھتے ہے تو داغ کو رند زاہد
مگر رند اس کو ولی جانتے ہیں

اعتبار کرنا ۔ بھروسہ کرنا (وہ یہ کوئی نے گر ہم تو تمھیں جانتے ہیں) قائل ہونا شعر

بوسہ اگر دیا ہے گالی نہ دو تو جانیں

جانے :- (ہ) گویا ۔ فرض کرو (جانو ہم بادشاہ ہیں اور تم وزیر) خبر نہیں ۔ کیا معلوم (جانے کون لے گیا) پروا نہیں ۔ فکر نہیں (میری بلا پوش جانے) اکثر والے اس موقع پر نہ جانے بولتے ہیں ۔

جاوتری :- (ہ ۔ مو) جائفل کا پھول

جاوداں :- (ف) ہمیشہ ۔ **جاودانی** ۔ ہمیشہ سے ہمیشہ رہنے والا ۔ ہمیشگی ۔ **جاوید** ۔ مدام ہمیشہ سدا ۔ ازل سے ابد تک ۔

جاہ :- (ف) رُتبہ ۔ مرتبہ ۔ عزت ۔ درجہ ۔ منصب ۔ شرف ۔ بزرگی ۔ جلال ۔ شان ۔ عظمت ۔ بعض لوگ اسے مؤنث بھی بولتے ہیں ۔ **جاہ و جلال** (مذ) شان و شوکت ۔ لاؤ لشکر ۔ ٹھاٹ ۔ **جاہ و منزلت یا جاہ و منصب** ۔ اوّل (مو) دوم (مذ) قدر و منزلت رُتبہ ۔ مرتبہ ۔

جاہل :- (ع) اَن پڑھ ۔ بے علم ۔ وحشی ۔ اجڈ ۔ بے ادب ۔ گستاخ ۔ نادان ۔ **جاہلیت** ۔ جاہل ہونا ۔ نیز وہ زمانہ جو اسلام سے پہلے تھا ۔

جائی جوہی :- (ہ ۔ مو) ایک قسم کی چنبیلی (ایک قسم کی آتش بازی)

جائداد: (ف - مو) ملکیت - مال و اسباب - جاگیر - سرمایہ - پیداوار - **جائدادِ آبائی** مو باپ دادا کی جاگیر - موروثی ملکیت - **جائدادِ غیر منقولہ** (مو) وہ جائداد جو ایک جگہ سے دُوسری جگہ نہ لے جا سکیں - زمین - مکان وغیرہ - **جائدادِ منقولہ** - وہ ملکیت جو ایک جگہ سے دُوسری جگہ لے جا سکیں - جیسے روپیہ پیسہ - گھر کا سامان وغیرہ -

جائز: (ع) مطابق شرع - مُباح - حلال - قانون کے مطابق - روا - بجا - درست - مناسب - **جائز رکھنا** - ماننا - منظور کرنا - تسلیم کرنا - روا سمجھنا - روا رکھنا - **جائزہ** (مذ) جانچ - حاضری - گنتی - شمار - سرسری امتحان - وہ نشان جو جانچ کا مقابلہ کرنے کے وقت کاغذات میں بنایا جائے - **جائزہ دینا** - حساب کتاب دینا - جانچ کرانا - سنبھلانا - **جائزہ دیکھنا** - جانچ کر لینا - آزمائش کر لینا - ؎

بس ہو گیا دفتر غلامی نام و نسب کا
لاکھوں تھے تو ... لیا جائزہ سب کا — انیس

جائزہ لینا - موجودات لینا - جانچ پڑتال - حاضری لینا (فوجی اصطلاح) -

جائے: (ف - مو) جگہ - مقام - ٹھور ٹھکانا - گنجائش موقع - ؎ فلک

لکھنؤ اے لکھنؤ حسرت ہے تیری دائے ہے
مر گیا والی ترا اب ڈوبنے کی جائے ہے

جائے اُستاد خالی ست - جب کسی کارروائی کا نقص ظاہر ہو اور دوسرے شخص کی لئے سے اس کی اصلاح ہو جائے تو اس جگہ یہ کہاوت بولتے ہیں - **جائے تنگ است و مرداں بسیار** - جگہ تنگ اور بیٹھنے والے بہت - **جائے دم زدن** - دم مارنے کا موقع - گلے شکوے کا محل - ؎ انیس

شہ نے کہا کہ اس میں نہیں جائے دم زدن
بیٹا یہی ہے مصلحت ربِّ ذو المنن

جائے ضرور (مذ) پاخانہ - بیت الخلا - **جائے گاہ** یا **جاگہ** مقام - جگہ - **جائے ماجرا** (مو) جرم واقع ہونے کی جگہ -

جائے پھل: - (ھ - مذ) جوز - ایک پھل -

جایا: - (ھ - مذ) بیٹا - پسر - فرزند ؎ انیس

یہ کہہ کے جو سرکا اسداللہ کا جایا آئیں

جائی (مو) بیٹی

جب: - (ھ) جس وقت - درحالیکہ - تب (حرفِ شرط بھی ہے اور اسم موصول بھی) **جب اوڑھ لی لوئی تو کیا کرے گا کوئی** - بے حیا کو کسی کا پاس ولحاظ نہیں ہوتا - **جب بارہ اُترے تو جوں مار دی** - یہ موقع پر بولتے ہیں - جب کوئی شخص اپنی ضرورت میں بہت لڑاو وعدہ کرتے اور کام نکل جانے پر اس کا ذرہ

خطرہ نہ ہو - **جب تک** - تاوقتیکہ - جس وقت تک - **جب تک بچہ روتا نہیں ماں دودھ نہیں دیتی** - بے طلب کچھ نہیں ملتا - **جب تک جینا تب تک سینا** عمر بھر دکھ بھرنا اور کمانا - **جب تک دم ہے تب تک غم ہے** - غم اور فکر جان کے ساتھ ہیں - **جب تک رکابی میں بھات میرا تیرا ساتھ** - جب تک گرہ میں پیسہ ہے سینکڑوں میں دوست بنے ہیں - **جب تک سانس تب تک آس** - مرتے دم تک اُمیدیں رہتی ہیں - **جب تو** - اس لئے تو - پھر تو - جبکہ - جس وقت ؎ عالم

جبکہ ہونٹوں پہ اس کے دم آیا

(آج کل "جبکہ" کی جگہ بولتے ہیں) **جب سر سے آتار لی پھر کیا غم** - جب اپنی آبرو نہیں رہی تو پھر دُوسرے کی کیا فکر - **جب کا لیا دو بہا اب کا لیا دیکھو آ** - پچھلی بات کا ذکر چھوڑ دو - موجودہ حالات کو دیکھو - **جب گھر میں زور ہوتا ہے تب ہی مدار میاں مٹا دیتے ہیں** - بغیر محنت کے کچھ نہیں ملتا - **جب کہیں جا کے** بڑی وقت سے - ؎ بحر

برسوں گھورا ہے روئے تاباں کو
جب کہیں جا کے آنکھ ٹھہری ہے

جب لگی چاٹ تو سوجھی حلوائی کی ہٹ - چسکا لگ جائے تو پھر چھوٹنا مشکل ہے - **جب نہ تب** - وقت بے وقت - وقتاً فوقتاً - ہر روز - بار بار - اکثر - ہمیشہ - **جب ہاتھ میں لیا کانسا تو روٹیوں کا کیا سانسا** - بے عزتی اختیار کر لی تو پھر کسی بات کی فکر نہ رہی - **جب ہم جانتے** - لطف تو جب تھا - **جبھی** - جب ہی کا مخفف - اُسی وقت - اس کے بعد ؎ عالم

مطلب دل ابھی ابھی کیجے
فرقِ تعمیل ہو جبھی کیجے

جبھی تو - اسی لئے - اسی لیے تو -

جبّار: (ع) جبر یا سختی کرنے والا - زبردست - ظالم - بزرگ - اللہ تعالیٰ کا ایک نام -

جبد - جبدا: - (ا) سُست - بھدا - بھاری - سخت -

جبر: (ع - مذ) سختی - بے رحمی - زبردستی - ظلم - ستم - دباؤ - حساب میں کسروں کا اختصار - **جبراً** - زبردستی سے - مجبور کر کے - ظلم سے - **جبراً قہراً** - چار و ناچار - مجبوری سے - **جبر اٹھانا** - سختی جھیلنا - دُکھ سہنا - **جبر کرنا** - سختی کرنا - دبانا - تنگ کرنا - ستانا - **جبر و تعدی** مو ظلم و ستم - جور و جفا - زبردستی - **جبر و مقابلہ** - (مذ) فنِ ریاضی کی ایک شاخ جس میں علامات و حروف کے ذریعہ سے عمل کیا جاتا ہے اور معلوم مقداروں کے وسیلے سے نامعلوم مقداریں دریافت کی جاتی ہیں - **جبریہ** - زبردستی سے نیز ایک اسلامی فرقہ جس کے عقیدے میں انسان قابل مجبور ہے - جس کے اختیار میں

کچھ نہیں۔

جَبَرُوت: (ع۔ مذ) عظمت۔ عظمت وجلال الٰہی۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے صفات اور وحدت۔ تمیز۔

جَبرَئیل۔ جبرِیل: (عب۔ مذ) چار مقرب فرشتوں میں سے ایک فرشتہ جو وحی لاتا تھا۔ جسے رُوح الامین بھی کہتے ہیں۔

جَبڑا: منہ کے اندر اُوپر اور نیچے کا حصہ جو غذا کھانے میں حرکت کرتا ہے۔

جَبَل: (ع۔ مذ) پہاڑ۔ جمع "جبال"۔

جِبِلَّت: (ع۔ مو) سرشت۔ فطرت۔ اصل جبیت۔ جِبِلّی۔ فطری۔ خلقی۔ پیدائشی۔ قدرتی۔ طبعی۔ اصلی۔

جُبُن: (ع۔ مذ) بزدلی۔ کم ہمتی۔ وہ سفید مادہ جو دودھ پھاڑ کر نکالتے ہیں۔ (ماءالجبن)

جَبُّو: (ہ۔ مو) زبان۔ عموماً بچوں کے واسطے مستعمل ہے۔ اور غصّے کے موقع پر بولتے ہیں (میرے سامنے اس مُردار کو ماں کہا تو جبو پکڑ کے کاٹ ڈالوں گی۔ نذیر احمد)

جُبَّہ: (ع۔ مذ) چوغہ۔ جامہ۔ ایک قسم کی روئی دار ڈھیلی پوشاک جو عالم لوگ پہنتے ہیں۔ دیکھو دست درازی۔

جَبہَہ: (ع۔ مذ) ماتھا۔ پیشانی۔ جبین۔ جبہہ سا۔ منت کرنے والا۔ سجدہ کرنے والا۔ خوشامد کرنے والا۔ ادب سے جھک کر حاضر ہونے والا۔ صفت۔ جبہہ سائی (مو)

جَبھا: (ہ۔ مذ) جبڑا۔ ہمت۔ حوصلہ (ان کے سامنے کسی کو اتنا جبھا نہ تھا کہ گھر میں آ جائے)

جِبیا: (ہ۔ مو) زبان۔ دیکھو جبو۔ جیب کی تصغیر۔

جَبِیں: (ف۔ مو) ماتھا۔ پیشانی۔

جَپ: (ہ۔ مو) ہندوؤں کا ورد۔ وظیفہ جو مالا پر کرتے ہیں۔ جادو۔ منتر۔ افسوں۔ جپ کرانا۔ کسی مطلب یا مردہ یا بیمار کی تندرستی کے لیے منتر پڑھوانا یا پوجا پاٹ کرانا۔ جپا کرنا۔ بار بار کہنا۔ بار بار پڑھنا یا ذکر کرنا۔ مالا پھیرنا۔ جپ مالا۔ مرد پوجا کرنے کی مالا۔ سمرنی۔ جپنا۔ مالا پھیرنا۔ خدائے تعالیٰ کا نام لینا۔ رٹنا۔ بار بار کہنا۔ ورد کرنا۔

جتانا: (ہ) خبردار کرنا۔ ہوشیار کرنا۔ بتانا۔ فہمائش کرنا۔ یاد دلانا۔ ریا کرنا۔ اشارہ کرنا۔

جِتانا: (ہ) ہرانا کی ضد۔ غالب کرانا۔ بازی دلوانا۔

جُتانا: (ہ) جوتنا کا متعدی۔ جتاؤ۔ جوتنے کے قابل۔

جُتائی (مو) کھیت کا جوتنا۔

جِتلانا: (ہ) دیکھو جتانا۔ ڈھنگ۔

جَتَن: (ہ) تدبیر۔ بندوبست۔ ڈھنگ۔ کرتوت۔ بہانہ۔ مکروفریب کوشش۔ ؎ جان صاحب

تعویذ نقش چلہ کشی ٹوٹکے فسوں
بندے تو ہم نے تیرے ہزاروں جتن کیے

جِتنا: (ہ) جس قدر۔ جو کچھ (اسم موصول ہے جس میں شرط کے معنی بھی پائے جاتے ہیں۔ اجزا میں۔ اتنا لاتے ہیں) جیسے جتنا چھانو اتنا ہی کرکرا۔ جتنا زیادہ وہ کم رہے۔ اتنا ہی زیادہ نقص نکلے گا۔ جتنا چھوٹا اتنا ہی کھوٹا۔ دیکھنے میں چھوٹا اور اصلیت میں بڑا شریر اور چالاک۔ جتنا گڑ ڈالو اتنا ہی میٹھا ہوتا ہے۔ جتنا گڑ ڈالو یا جتنی محنت اتنا ہی کام اچھا ہوگا۔ جتنی (مو) جتنے (جمع) جتنی چادر ہو اتنے ہی پاؤں پھیلاؤ۔ گنجائش و حیثیت کے مطابق کام کرو۔ جتنی دیگ اتنی کھرچن۔ جتنا خرچ ہوگا اس کے مطابق ذائقہ ہوگا۔ جیسا گھر ہوگا ویسی ہی خرچ ہوگی جتنا گڑ ڈالو گے اتنا ہی میٹھا ہوگا۔ جتنے منہ اتنے ہی غم۔ جتنا زیادہ لاؤ لشکر ساتھ ہوگا اتنا ہی زیادہ فکریں لاحق ہوں گی۔ جتنے منہ اتنی باتیں۔ ہر ایک اپنی سمجھ کے مطابق کہتا ہے۔

جُتنا: (ہ) بیلوں وغیرہ کو ہل یا گاڑی میں جتنا۔ کام میں بہت مشغول ہونا۔ کھیت کا جوتا جانا۔ جتوانا۔ جوتنا کا متعدی۔ جتوانا۔ جینا کا متعدی کامیاب کرانا۔

جَتّھا: (ہ۔ مذ) گروہ۔ جماعت۔ انبوہ۔ بھیڑ۔ ہجوم۔ مجمع۔ ایکا۔ اتفاق۔ جب لفظ جمع کے ساتھ استعمال کریں تو پونجی کے معنی دیتا ہے اور مونث ہوتا ہے (سب جمع جتھہ ختم ہو گئی) جتھا باندھنا۔ جماعت باندھنا۔ متفق ہونا۔ ایکا کرنا۔

جُتیانا: (ہ) جوتیاں مارنا۔ پیٹنا۔ مارنا۔

جَٹ: (پن) جاٹ کا مخفف۔ جٹ۔ ان پڑھ۔

جُٹ: (ہ۔ مو) جوڑا۔ جفت۔ جوڑ۔ وہ متحد و متفق آدمی یا چیزیں۔ ہمسر۔ ثانی۔ نظیر۔ ایکا۔ جٹ ملنا۔ ہم خیال ہو جانا۔ ہم زبان ہو جانا۔

جَٹا: (ہ۔ مو) گندھے ہوئے بال۔ چوٹی۔ لٹ۔ لمبے لمبے بال۔ رستا۔ بڑی رسی۔ بڑی داڑھی۔ جڑ۔ ؎

برگد کی جٹائیں بال اس کے
زنبور سیاہ خال اس کے
تسیم

جٹا دھاری۔ لمبے بالوں والا۔ وہ شخص جس کے بالوں کی بڑی بڑی لٹیں ہوں۔ ہندو فقیر (مذ) زعفران

جُٹانا: (ہ۔ متعدی) جُٹ جانا۔ جُٹنا۔ بھڑنا۔ بھڑنا۔ گتھنا۔ ملنا۔ پیوند ہونا۔ چمٹنا۔ سازش کرنا۔ گتھنا۔ چمٹنا۔ لپٹنا۔ ہمبستر ہونا۔ مجامعت کرنا۔ سر ہونا۔ پیچھے

جُٹوارا: (ع۔ مذ) جاٹوں کے رہنے کی جگہ۔ جاٹوں کا محلہ۔ جاٹوں کا علاقہ۔

جِٹھانی: (ہ) شوہر کے بڑے بھائی کی بیوی۔

جُٹھ دینا: (ہ) جھوٹی باتیں بنانا۔ ؎ جان صاحب

چاہیے جُٹھ دے کے سقّے سے کوئی پانی پیے
اِک کٹورا دے نہ وہ پانی کا بے کوڑی لیے

جُٹی: (ہ۔ مؤ) سوکھی تمباکو کی گڈّی۔ بنڈل۔ روٹیوں کی تھّی۔ اوپر تلے رکھے ہوئے روپے پیسے یا نوٹ وغیرہ۔ پاس پاس ملی ہوئی پیوستہ۔ جُٹی بھویں (مؤ) ابروئے پیوستہ۔ جڑواں بھویں۔ ؎ آتش

عاشقوں سے اپنے وہ جُٹی بھویں ٹیڑھی ہوئیں
اہلِ قبلہ سے پھرا مُنہ کعبے کی محراب کا

جُثّہ: (ع۔ مذ) تن بدن۔ جسم۔ جسامت۔

جج: (انگ) فیصلہ کرنے والا۔ عدالت کا ایک عہدہ دار جو منصف سے بالاتر ہوتا ہے۔ ججی: جج کا عہدہ اور جج کی کچہری۔

ججمان: (ہ) وہ شخص جس سے نائی وغیرہ پرت کا استحقاق رکھیں۔ ججمانی (مؤ) وہ روپیہ جو ججمان دے۔ وہ جگہ جہاں [illegible] ہو۔

ججّا: (ہ۔ عو) زچہ کا بگاڑا ہوا۔ وہ عورت جس کے ہاں بچہ پیدا ہو۔

جچا تُلا: (ہ) ٹھیک۔ درست۔ آزمایا ہوا۔ تولی ہوئی چیز۔ جچی تُلی (مؤ) جچنا۔ آزمایا جانا۔ قیمت کا اندازہ ہونا۔ قیمت لگنا۔ وقعت ہونا۔ یقین کو پہنچنا۔ ذہن نشین ہونا۔ ثابت ہونا۔

جحیم: (ع۔ مذ) دوزخ ؎ امیر

ہم مست اپنی دھن میں تھے کیا جانے حشر میں
کس سمت کو جِنان کدھر کو جحیم تھا

جَد: (ع۔ مذ) دادا۔ باپ کا باپ۔ اجداد کا واحد۔ جدّہ کا مذکر۔ جدِ امجد۔ بزرگ دادا۔ تعظیماً دادا کو کہتے ہیں۔ اکثر حضرت آدم مراد ہوتے ہیں ؎ امیر

چھٹے کیا ہم سے شوقِ حسنِ گندم گوں کہ گندم پر
ہمارے جدِ امجد چھوڑ کر خلدِ بریں نکلے

جدّی۔ ایک دادا کی اولاد۔ موروثی۔

جِدّ: (ع۔ مؤ) محنت۔ سعی۔ کوشش۔ دوڑ دھوپ۔ پیروی۔ جانفشانی۔ جدّ و جہد (مؤ) سعی۔ کوشش۔ محنت۔ مشقت۔

جُدا: (ف) الگ۔ علیحدہ۔ نرالا۔ مختلف۔ بچھڑا ہوا۔ جُدا جُدا۔ الگ الگ۔ علیحدہ علیحدہ۔ ایک ایک کرکے۔ تفصیل وار۔ جُدا کرنا۔ الگ کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ ہٹانا۔ کاٹنا۔ توڑنا۔ نفاق ڈالنا۔ بیچ ڈالنا۔ بچھڑانا۔ (کسی کو کسی سے) جُداگانہ۔ الگ الگ۔ ایک طرف۔ منفرداً۔ جُدائی (مؤ) علیحدگی۔ تفرقہ۔ مفارقت۔ جُدی (مؤ) صفت ؎ رند

طرزِ پوشاک جُدی سب سے نرالا انداز
سارے گہنوں سے اس شوخ کا زیور بہتر

جِدّت: (ع۔ مؤ) نیاپن۔ تازگی۔

جِدال: (ع۔ مؤ) جنگ۔ لڑائی۔

جَدَل: (ع۔ مؤ) لڑائی۔ جنگ۔ معرکہ۔ کارزار۔ خصومت۔ دشمنی۔ جدلیت۔ بحث و مناظرہ۔ زبردستی کی دلیلیں لانا۔

جَدوار: (ع۔ مؤ) نربسی۔ زہر دور کرنے والی ایک جڑ۔

جَدوَل: (ع۔ مذ) وہ خط جو صفحے کے اردگرد تحریر کے باہر سرخ یا سیاہ کھینچا جائے۔ فہرست۔ فرد۔

جَدّہ: (ع۔ مذ) عرب کا مشہور شہر۔ جد کا مؤنث۔ دادی۔

جِدھر: (ہ) جس طرف۔ جہاں۔ جس جگہ۔ جس مقام پر (اسم موصول ہے جس میں شرط کے معنی پائے جاتے ہیں۔ جزا میں ادھر لاتے ہیں) جدھر تدھر۔ جہاں تہاں۔ یہاں وہاں۔ جدھر جلتا دیکھیں اُدھر تاپیں۔ چالاک اور زمانہ ساز کی نسبت بولتے ہیں۔ جہاں فائدے کی اُمید دیکھتا ہے، اُسی طرف دوڑتا ہے۔ جدھر رب اُدھر سب۔ جدھر مولا اُدھر خادم۔ جو مالک کی مرضی وہی اپنی۔ جدھر سینگ سمایا۔ جدھر جانے کا رخ ملا۔ جدھر مُنہ اُٹھ گیا۔ جدھر مولا اُدھر آصف الدولہ۔ جس پر خدا مہربان اُس پر سب مہربان۔

جَدی: (ع) وہ آسمانی برج جو بُز غالہ کی شکل کا ہے اُسے ہندی میں مکر کہتے ہیں۔ نیز ایک ستارہ جو قطب شمالی کے قریب ہے۔ زمین کا ایک فرضی دائرہ جو خط استوا کے متوازی ۲۳½ درجے کے فاصلے پر جنوب کی طرف واقع ہے۔

جَدید: (ع) نیا۔ تازہ۔ کل کا۔

جُذام: (ع - مذ) کوڑھ - ایک بیماری جو خون کے بگاڑ سے پیدا ہوتی اور ہاتھ پاؤں کی انگلیاں گرا دیتی ہے - جذامی - کوڑھی - مجذوم -

جَذب: (ع - مذ) کشش - کھنچاؤ - چوسنا - جذب کرنا - وہ بیخودی جو فقیروں اور اہل اللہ پر طاری ہوتی ہے - جذب کرنا - چوسنا - کھینچنا - مائل کرنا - اپنی طرف کھینچنا - جذب مقناطیسی - مقناطیس پتھر کی سی کشش - جذبہ - (مذ) جوش - دلی کشش - دلی ولولہ - شوق - سچی توجہ - غصہ - غضب - جذبات - جمع -

جَذر: (ع - مذ) جس عدد کو اسی عدد سے ضرب دیں اُسے جذر اور اس کے حاصل ضرب کو مجذور کہتے ہیں -

جَر: (ع - مذ) کشش - کھنچاؤ - زیر کسرہ - جر ثقیل - (مذ) وہ علم یا آلہ جس کے وسیلے سے بھاری بوجھ آسانی اٹھا لیں - کرین - بوجھ اٹھانے کی ترکیب - نیز دشوار کام -

جُرّا: (ف - مذ) ایک قسم کا شکرا - باز نر -

جُراب: (ا - مو) موزہ -

جُرأت: (ع - مو) دلیری - مردانگی - چالاکی - شجاعت - بہادری - بے باکی -

جَراثیم: (ع - مذ) وہ چھوٹے کیڑے جو ہر چیز میں موجود ہوتے ہیں اور نظر نہیں آتے - جو طرح طرح کی بیماری پھیلاتے ہیں

جَرّاح: (ع - مذ) جراحت کا علاج کرنے والا - چیرا لگانے والا - نشتار - سرجن - جراحی - جراح کا مؤنث ؎

عشق میں جراحی کرا اپنے دل کا آپ نے
ہے بنایا جانِ صاحب جان کے پھوڑا ابھی

جراحت (مو) زخم - گھاؤ - جراحی - (مو) نشتاروی - زخم کے علاج کا پیشہ - ڈاکٹری - چیر پھاڑ - سرجری -

جَرّار: (ع) بہت بھاری (لشکر) انبوہ کثیر - بہادر - سورما - دلاور - جنگجو -

جَرائد: (ع - مذ) جریدہ کی جمع - اخبارات -

جَرائم: (ع - مذ) جریمہ کی جمع - بہت جرم - گناہ - خطائیں -

جَرح: (ع - مذ) زخم - گھاؤ - (مو) وہ سوالات جو فریق ثانی کی طرف سے گواہ کی صداقت جانچنے کے لیے کیے جائیں - بحث - رد و قدح - جرح کرنا - دخل کرنا - رد و قدح کرنا - بحث کرنا - جرح کے سوالات - گواہ یا فریق سے وکیل کے وہ سوالات جو اس کے بیان کو مجروح کرنے کے لئے کئے جائیں - جرح کا استعمال ہے

جَرَس: (ف - مذ) گھنٹہ - گھڑیال - درا -

جُرعہ: (ع - مذ) گھونٹ -

جَرگہ: (ف - مذ) گروہ

جِرم: (ع - مذ) وجود - جسم - تن - بدن - لطیف یا معدنی اجسام - اجرام کرہ - جرم قمر - چمکنے کا جسمانی عیب -

جُرم: (ع - مذ) قصور - خطا - جرمانہ - (مذ) ڈنڈ - تاوان - مالی سزا (بھرنا - دینا - کرنا - لینا - ہونا)

جَرمَن: (انگ) جرمنی کا باشندہ - (مو) جرمنی کی زبان - جرمنی کا بنا ہوا - جرمن سلور (مو) ایک سفید مرکب دھات - جرمنی - فرانس کے شمال میں ایک ملک -

جَرنَل: (مذ - انگ) روزنامچہ - روزانہ اخبار - جرنلسٹ - اخبار نویس -

جَروا: (ھ - مو) جورو کی تصغیر - بیوی - لگائی -

جُرَّہ: (ف - مذ) باز کا نر -

جَری: دلیر - بہادر - سورما - دل چلا - شجاع -

جَرَیان: (ع - مذ) پانی کا بہاؤ - روانی - ایک مرض جس میں منی پتلی ہو جاتی ہے اور جلد جلد انزال ہونے لگتا ہے

جَریب: (ا - مو) ایک خاص پیمانہ جس سے زمین ناپی جاتی ہے - تقریباً ساٹھ گز کی زنجیر جو بیس گٹھے کی ہوتی ہے - عصا - چوب - چاندی کی خول چڑھی ہوئی لکڑی جو چوبداروں کے پاس ہوتی تھی - بادشاہی جلوس میں ہاتھی کے پیچھے ریشم کی ڈوری پڑی ہوتی تھی - دربان اسے ہاتھ پکڑتا جاتا تھا - جب کوس پورا ہو جاتا - دربان ایک جھنڈی لے کر بادشاہ کو مجرا کرتا - جس سے یہ مراد ہوتی تھی کہ کوس بھر سواری آئی - اس ریشم کی ڈوری کو جریب کہتے تھے - جریب ڈالنا - جریب سے زمین کی پیمائش کرنا - جریب کش - (مذ) وہ شخص جو جریب کھینچے - پیمائش کرنے والا - زمین ناپنے والا -

جَریدَتَین: (ع - مو) وہ دو ہری چھوٹی شاخیں جن پر روئی لپیٹ کر مردے کے کفن میں مردے کی دونوں بغلوں کی طرف رکھتے ہیں -

جَریدہ: (ع - مذ) اخبار - حساب کا دفتر - اکیلا - تنہا - ماہانہ رسالہ یا ہفتہ وار گزٹ -

جَڑ: (ھ - مو) بیخ - بن - اصل - بنیاد - جڑ اول -

جڑ اُکھیڑنا - بیخ کنی کرنا - بنیاد اکھیڑنا - مٹانا - نیست و نابود کرنا - **جڑ بنیاد سے** - جڑ سے - بالکل سرے ہی سے - **جڑ پتال تک پہنچ گئی ہے** - بہت مضبوط ہوگیا ہے - **جڑ پکڑنا** - جمنا - مستحکم و مضبوط ہونا - **جڑ پیڑ** - **جڑ مول** (مذ) بیخ و بن - اوپر سے لے کر جڑ تک - **جڑ پیڑ سے اُکھاڑنا یا کھود کر پھینکنا** - نیست و نابود کرنا - مٹانا - اُجاڑنا - بنیاد سے اُکھاڑنا - **جڑ جمانا** - بنیاد ڈالنا - نصب کرنا - ٹھہرانا - قائم کرنا - **جڑ سے بیر پتوں سے یاری** - بزرگوں سے دشمنی - اولاد سے اخلاص - افراد سے خلوص - جماعت سے دشمنی - **جڑ سے اکھاڑنا یا اکھیڑنا** - درخت کو جڑ سمیت زمین سے الگ کرنا - معدوم کردینا - **جڑ کاٹنا** - نیست و نابود کرنا - استیصال کرنا -

جڑاول :- (ھ - مو) جاڑوں کے کپڑے - گرم کپڑے -

جڑاؤ :- (ھ - مذ) مرصع - جواہرات سے جڑا ہوا - **جڑائی** - (مو) جواہرات جڑوانے کی اُجرت -

جُڑائی :- (ھ - مو) کسی چیز کو جڑوانے کی مزدوری -

جڑنا :- (ھ) کسی چیز کا کسی چیز میں بٹھانا - پچی کرنا - نگینہ جڑنا - جوڑنا - ملانا - (چول جڑنا) مارنا - لگانا (ڈھول جڑنا) بدگوئی کرنا - شکایت کرنا - لگان بھرنا - نالش کرنا - دعویٰ کرنا -

جُڑنا :- (ھ) جڑنا - ملنا - پیوند ہونا - چپکنا - چسپاں ہونا - پیوست ہونا - شامل ہونا - شریک ہونا - مجامعت کرنا - مباشرت کرنا - جمع ہونا - اکٹھا ہونا - میسر ہونا - حاصل ہونا (روٹی کپڑا نہیں جڑتا تو شادی کیوں کی) جتنا - گاڑی وغیرہ میں گھوڑے یا بیل کا ملنا -

جُڑواں :- (ھ) ایک ماں کے دو بچے جو اکٹھے پیدا ہوں - دو چیزیں جو آپس میں ملی ہوئی ہوں -

جڑی :- (ھ - مو) جڑ - وہ دوا جو کسی درخت کی جڑ ہو - مرچ کند کی جڑ جو سانپ کے کاٹے پر تریاق کا اثر رکھتی ہے - **جڑی بوٹی** (مو) وہ جڑیں اور پتے وغیرہ جو دواؤں میں کام آئیں -

جڑیا :- (ھ) مرصع ساز - زیور میں جواہرات جڑنے والا -

جڑ میٹھا یا جڑیلا :- (ھ) وہ مولی یا شلغم جس میں جڑیں نکل کر سختی آگئی ہو - جڑ میٹھی جڑیلی (مو)

جُز :- (ع) بدون - علاوہ - ماسوا - باستثنا - قطع نظر - ان معنی میں بیشتر "بجز" استعمال کرتے ہیں - کاغذ یا کتاب کے سولہ صفحوں کا مجموعہ - پان - ٹکڑا - حصہ - **جُزبندی** - (مو) کتاب کے ہر جز کو الگ الگ سی کر یکجا کر کے جلد بنانا - **جزدان** (مذ) وہ بستہ جس میں کتاب رکھی جائے - **جزرس** - کفایت شعار - کم خرچ کرنے والا - بخیل - کنجوس - نکتہ رس - ذہین - ذکی - **جزرسی** (مو) تھوڑے تھوڑے خرچ کو بھی گوارا نہ کرنا - کفایت شعاری - بخیلی - کنجوسی - **جُزوکل** - بالکل تمام و کمال - سرتاسر - پورے کا پورا - سب کا سب ساری کائنات -

جزا :- (ع - مو) بدلہ - صلہ - انتقام - ثواب - **جزاک اللہ** - خدا تجھے نیک صلہ دے - شاباش - مرحبا - طنزاً - صد رحمت سے امیر

پڑھا جاتا نہیں ہے دلربا خط
جزاک اللہ لکھا ہے نیا خط

جزائر :- (ع - مذ) جزیرہ کی جمع - ٹاپو (مو) ایک قسم کی بڑی بندوق -

جزبز :- (ف) ناراض - آزردہ - **جزبز ہونا** - افسردہ ہونا - آزردہ ہونا -

جزر :- (ع - مذ) بھاٹا - سمندر کے پانی کا اتار - **جزر و مد** - (مذ) جوار بھاٹا - چاند کی کشش کے سبب سمندر کا اتار چڑھاؤ -

جزع :- (ع - مو) بے صبری - بے قراری - **جزع فزع** - گریہ وزاری -

جزم :- (ع - مذ) مضبوط - پکا - مصمم (عزم بالجزم) حرف کو ساکن کرنا - حرف ساکن کی علامت -

جُزو :- (ع - مذ) پارہ - ٹکڑا - حصہ - پارہ - ۱۶ صفحہ یا ۸ ورق کا مجموعہ - **جزو بدن ہونا** - کسی چیز کا خوب ہضم ہو کر خون میں شامل ہو جانا - انگ لگنا - **جزو لایتجزیٰ** - (مذ) کسی چیز کا وہ آخری ننھا سا حصہ جس کی پھر تقسیم نہ ہوسکے - ایٹم - رشک

وجہ تفاخر دہن تنگ اسے یہ ہے
مفہوم جزو لایتجزیٰ سمجھ گیا

جُزو لاینفک - وہ حصہ جو علیحدہ نہ ہوسکے - **جُزوی** - **جزئی** - ذرا سا - تھوڑا سا - خال خال - ہزار میں ایک کے برابر - قلیل - **جزویات** - **جزئیات** - (مذ) افراد - فروعات - چھوٹے چھوٹے امور -

جزیرہ :- (ع - مذ) ٹاپو - وہ زمین جو سمندر یا دریا کے بیچ میں اس طرح واقع ہو کہ اس کے چاروں طرف پانی محیط ہو - **جزیرہ نما** - خشکی کا وہ قطعہ جس کے تین طرف پانی اور ایک طرف خشکی ہو -

جزیہ :- (ع) خراج - محصول - وہ ٹیکس جو نوشیرواں کے وقت میں فوجی خدمت سے بچنے والوں سے لیا جاتا تھا - اسلام کی حکومت میں جو ٹیکس غیر مسلم لوگوں سے بطور معاوضہ نگہبانی لیا جائے

حسن کا ذکر کیا ہم نے مطیع اسلام
بوسۂ خال لیا جزیہ لیا کافر سے
آتش

جَس ۔ (ہ ۔ مذ) ہوری ۔ شہرت ۔ آبرو ۔ عزت ۔ ساکھ ۔ اعتبار ۔ بڑائی ۔ نیک نامی ۔ ثواب ۔ نیکی ۔ استعداد ۔ لیاقت ۔ گن ۔ وصف ۔ اثر ۔ تاثیر ۔ حکیم صاحب کے ہاتھ میں جس نہیں (طاقت ۔ قدرت) ۔ ہم ؎

مرے جس پر نہ چار آنسو بہائے اس نے مرنے پر
ہوا ثابت کہ پانی بہہ گیا چشم مروت کا

ذاتی جوہر ؎ جان صاحب

جس نہیں دیکھا کسی نامرد کی تلوار میں

جِس ۔ (ہ) (وہ ۔ جو ۔ اس) جوڑ ۔ جس برتن میں کھائیں اسی میں چھید کریں ۔ جس ڈالی پر بیٹھیں اسی کی جڑ کاٹیں ۔ محسن کش ۔ نمک حرام کی نسبت بولتے ہیں ۔ جس پایا ۔ جس کے پاس حق ؎

جس پاس عصا ہوئے موسیٰ نہیں تھے — انیس

جس پر ۔ آخر ۔ بعد ازاں ۔ پھر بھی ۔ جس تس ۔ ہر ایک ۔ ہر کس و ناکس ۔ ادنیٰ و اعلیٰ ۔ برا بھلا ۔ ہر ضرورہ ۔ ہر درجے کا ۔ ؎ میر

نرم نگاہی کرکے سے جس تس کا
پھرتی ہے یہ آشنے کس کا

جس تن لگے وہی جانے ۔ جس پر پڑتی ہے وہی تکلیف کا احساس کرسکتا ہے ۔ جس تس ۔ ہر شخص ہر چیز ۔ جس دن چھٹی بتاسے بڑے تھے ۔ خواب کی انتہائی حالت اور تنگی کا اظہار کرنے کے لئے کسی چیز کا پتہ ان لفظوں میں بتاتے ہیں ۔ جس راہ نہ چلنا اس کے کوس کیا گننا ۔ جس بات سے غرض نہیں اس کی فکر بیکار ہے ۔ جس رکابی میں کھانا اسی میں چھید کرنا ۔ چپنی بھر پانی میں ڈوب مر ۔ جس سے فائدہ حاصل کرے اسی کو نقصان پہنچائے ۔ جس طرح ہو سکے ۔ ہر طرح اور ہر طریق سے ۔ ضرور بالضرور ۔ جس قدر ۔ جتنا ۔ جس کا بنیا یار اس کو دشمن کیا درکار ۔ بنیئے کی مطلب پرستی مشہور ہے ۔ بنیئے جیسے کی دوستی کے بعد دشمنی کی ضرورت نہیں ۔ وہ خود ہی تباہ ہوگا ۔ جس کا دے اس کا لیجئے ۔ خرچ کے بغیر کچھ نہیں بنتا ۔ جس کا کام اسی کو چھاجے اور کرے تو ٹھینگا باجے ۔ جو جس کام کو کرسکتا اور کرتا ہے وہی کرسکتا ہے ۔ جس کا کھائیے اس کا پانی اس کی پیچھے گاوانی ۔ جس سے فائدہ پہنچے اس کی تعریف کی ہی جاتی ہے ۔ جس کو رکھے سائیاں مار سکے نہ کوئی ۔ جسے خدا بچائے اسے کون مار سکتا ہے ۔ جس کے پاؤں نہ جائے بوائی وہ کیا جانے پیر پرائی ۔ جس کو خود تکلیف نہیں پہنچی وہ دوسرے کی تکلیف کو کیا سمجھے گا ۔ جس کی بھینس اس کی دیگ ۔ زبردست کمزور کی جس چیز پر چاہے قبضہ کرلے ۔ مال زر زبردست کا ہوتا ہے ۔ جس کی دیگ اس کی تیغ ۔ تیغ کے سب مال ہوتے ہیں ۔ جو کوئی دادو دہش کرتا ہے اس کو سب چاہتے ہیں ۔ جس کی گود میں بیٹھنا اسی کی داڑھی کھسوٹنا ۔ محسن کشی کرنا ۔ جس کی لاٹھی اس کی بھینس ۔ زبردست ہو جو چاہے چھین لے ۔ جس کے پاس نہیں پیسا وہ بھلا مانس کیسا ۔ ساری عزت روپیہ لگی ہے ۔ جس کے پیشے میں پان وہ بڑا شیطان ۔ مثل گاڑیبان ۔ فیلبان وغیرہ شرارتی ہوتے ہیں ۔ جس کے چار بھیا ماریں دھول چھین لیں روپیا ۔ جس کے ساتھی زیادہ ہوں اس کا بہت رعب ہوتا ہے ۔ جس کے سر پہ ہتھیار اس کا کیا اعتبار ۔ سینگ والے جانور کا کچھ بھروسہ نہیں ۔ جس کے بچے چوری کی وہی کہے ہے چور ۔ جس کی خاطر بدنام ہوتے وہی فراموش کرتا ہے ۔ احسان فراموشی کی حد ۔ جس کے منہ میں چاول ہوتے ہیں وہی چبا چبا کر باتیں کرتا ہے ۔ جس کے دولت ہوتی ہے وہی اتراتا ہے ۔ جس کے گھر میں گھر ہوتا ہے ۔ وہی اطمینان کی باتیں کرتا ہے ۔ جس کے ہاتھ ڈوئی اس کا سب کوئی ۔ جس کے ہاتھ میں اختیار ہو ۔ سب اسی کے ہو جاتے ہیں ۔ جس نے اپنی پگڑی اتاری وہ دوسرے کی اتارتے کب ڈرتا ہے ۔ جسے اپنی عزت کی کی پروا نہیں ۔ اسے دوسروں کو بے عزت کرنے میں کیا تامل ہوسکتا ہے ۔ جس نے بیٹی دی اس نے کیا رکھا ۔ اولاد سے زیادہ کوئی چیز پیاری نہیں ۔ جس نے اولاد دے دی ۔ اس نے جانو سب کچھ دے دیا ۔ مفلس مدعا نے کی نسبت بولتے ہیں ۔ جس نے کوڑا دیا وہ گھوڑا بھی دے گا ۔ جس خدا نے تھوڑا دیا ہے بہت بھی وہی دے گا ۔ جس ہانڈی میں کھائیں اسی میں چھید کریں ۔ محسن کش کی نسبت بولتے ہیں ۔ جسے پیا چاہے وہی سہاگن ۔ جسے شوہر پسند کرے وہی سب سے اچھا ۔ ؎ جان صاحب

حسن ہے جسے چاہے پیا وہ سہاگن
وہ بہتر سے بہتر ہیں بدتر سے بدتر

جَسارَت ۔ (ع ۔ مو) دلیری ۔ بے باکی ۔ اپنی حد سے بڑھ کر شوخی کی جرأت ۔

جَسامَت ۔ (ع ۔ مو) جسیم ہونا ۔ موٹاپا ۔ فربہی ۔ عرض ۔ طول ۔ عمق ۔ حجم ۔

جَسْت ۔ (ہ ۔ مذ) ایک دھات ۔ جستہ ۔ (ف ۔ مو) چھلانگ ۔ قلانچ ۔ چوکڑی ۔ کود پھاند ۔ (بھرنا ۔ کرنا ۔ لگانا ۔ مارنا) جست و خیز ۔ اچھل کود ۔ چوکڑی ۔

جُستجُو ۔ (ف ۔ مو) تلاش ۔ تجسس ۔ ڈھونڈیا ۔

جَستہ جَستہ ۔ (ف) کہیں کہیں ۔ کہیں سے کہیں ۔

جَسٹِس ۔ (انگ) جج ۔ اعلیٰ جج ۔

جَسَد ۔ (ع ۔ مذ) جسم ۔ تن ۔

جِسْم ۔ (ع ۔ مذ) بدن ۔ تن ۔ طول و عرض ۔ عمق رکھنے والی شے ۔ جسمانی ۔ بدنی ۔ جسمی ۔ جسم کے متعلق ۔ مادی ۔

جسمی۔ جسمانی۔ جسم سے متعلق۔ شخصی۔ نفسی۔ ذاتی۔ جسیم۔ موٹا۔

جسولنی: (ا۔ مو) چوب دارنی۔ وہ عورت جو شاہی محل میں خبر پہنچاتی ہے۔

جشن: (ف۔ مذ) خوشی کی محفل۔ خوشی۔ عیش۔ عید کا جلسہ یا ہجوم۔ جشن اڑانا۔ مزہ اڑانا۔ لطف اٹھانا۔ عیش کرنا۔ جشن منانا۔ خوشی منانا۔ ناچ و رنگ اور عیش و نشاط میں مشغول ہونا۔

جعد: (ع۔ مو) گھنگر والے بال۔ بالوں کی لٹ۔ چوٹی ؎

یاد جب وہ جعد مشکیں آ گئی
دل میں اک ناگن تھی جو لہرا گئی — نوازش

جعفری: (ع) زرد گیندے کا پھول۔ مطلق زرد۔ گل اشرفی۔ ٹھاٹر۔ ٹٹی۔ لکڑی یا لوہے کا جال۔ کھرا سونا۔ ایک قسم کا حقہ جو فرش پر نہیں گرتا۔ فرقہ شیعہ امامیہ جو حضرت جعفر صادق کو چھٹا امام مانتا ہے۔

جعل: (ع) نقلی چیز کو اصل چیز ظاہر کرنا۔ مکر و فریب۔ دھوکہ۔ جھوٹ۔ بناوٹ۔ تلبیس و تبدیل۔ جعلی بنانا یا کرنا۔ جھوٹا کاغذ یا دستخط بنانا۔ جھوٹا مقدمہ کھڑا کرنا۔ جعل ساز۔ فریبی۔ دھوکا دینے والا۔ منتقی۔ شریر۔ بدمعاش۔ صفت۔ جعل سازی۔ (مو) دھوکا۔ جعلی۔ مصنوعی۔ نقلی چیز۔ جھوٹا سکہ۔ جھوٹے دستخط۔ فریبی۔ مکار۔ دغاباز۔ جعلی دستاویز۔ بناوٹی دستاویز۔ جعلیا۔ وہ باز۔ جعل بنانے والا۔

جعرات: (ف۔ مذ) دیکھو۔

جغرافیہ: (ع۔ مذ) وہ علم جس میں زمین کی خشکی اور تری کی طبعی تقسیم بیان کی جاتی ہے۔ جغرافیائی۔ جغرافیے سے تعلق رکھنے والی۔ جغرافیائی امتیاز۔ وہ فرق جو دو شخصوں میں ان کا وطن مختلف ہونے کی وجہ سے کیا جائے۔ وطنی یا صوبائی تعصب۔

جفا: (ع۔ مو) ظلم ستم۔ زیادتی۔ جفا پیشہ۔ جفا جو۔ جفا کار۔ جفا گستر۔ ظالم۔ ستمگار۔ مجازاً معشوق۔ جفا کفا۔ (مو) جور و ظلم۔ سختی و مصیبت۔ جفا کفا اٹھانا۔ مصیبت اور سختی اٹھانا۔ ظلم و ستم سہنا۔ جفاکش۔ سختی جھیلنے والا۔ محنتی۔ زحمت کش۔ صفت۔ جفاکشی (مو)

جفت: (ف۔ مذ) جوڑا۔ جوڑ۔ وہ عدد جو دو برابر حصوں میں تقسیم ہو جائے۔ ہمسر۔ ثانی۔ جورو۔ جوتی کا جوڑا۔ جفت سازی۔ جھیرا بجانا۔ ؎ رشک

ایک ساز نہیں یا تمہاری چھیڑ چھاڑ
فی الحقیقت جفت سازی میں تم ایسی طاق ہو

جفتنگ: (ف۔ مذ) چکو (چکوری کا جوڑا) ؎ آتش

شب فرقت ہو غنقا یا الٰہی روز محشر تک
جدا ہو وے نہ جفتنگ کی طرح سرخاب کا جوڑا

جفتہ: (ف۔ مذ) شکن۔ سلوٹ۔ بال جو اکثر جواہرات میں ہوتا ہے۔ دراڑ۔ شگاف۔ درز۔ داغ۔ دھبا۔ جفتے پڑنا۔ دھلے ہوئے کپڑے کے تاگے جا بجا سے سمٹ کر گچھا سا بن جانا۔

جفتی: (ف۔ مو) نر و مادہ کا باہم ملنا۔ نر کا مادہ پر چڑھنا۔ جفتی کھانا۔ کرنا۔ جانوروں کا جفت ہونا۔ نر کا مادہ پر چڑھنا۔

جفر: (ع۔ مذ) غیب کے حالات معلوم کرنے کا ایک علم۔

جق جق: (ف۔ مو) بے معنی شور و غوغا۔

جکڑ بند: (ہ) کسا ہوا۔ مضبوط اور تنگ بندھا ہوا (مذ) گٹھیا کا مرض۔ روک۔ جکڑ جانا۔ اکڑنا۔ اینٹھ جانا۔ سخت ہو جانا (بچھاتی جکڑ گئی) کس کر باندھا جانا۔ جکڑنا۔ کھینچ کر باندھنا۔ کسنا۔ مشکیں باندھنا۔ اکڑنا۔ اینٹھنا۔ سخت ہو جانا۔

جگ: (ہ۔ مذ) دنیا۔ جہان۔ مخلوق۔ خلقت۔ لوگ۔ راجاؤں کا ایک جشن جو سب میں زبردست راجہ کیا کرتے تھے۔ جگ بیتی۔ دنیا جہان کی سرگزشت۔ جگ کی ماں جہان کی خالہ۔ وہ عورت جو گھر گھر پھرتی ہو۔ جگ ہنسائی۔ بدنامی۔ رسوائی۔ (مذ۔ انگ) میز پر پانی رکھنے کا برتن۔ ہینڈل والی صراحی جس کا منہ کھلا ہو اور اسی میں ایک طرف نالی سی بنی ہوتی ہے جس سے پانی انڈیلتے ہیں۔

جگ: (س۔ مذ) ہندوستان والوں کے چار فرض کے ہوئے زمانوں میں سے ایک زمانہ (یعنی ست جگ۔ تریتا جگ۔ دواپر جگ۔ کل جگ) مدت۔ عمر۔ عرصہ۔ قرن۔ چوسر کے کھیل میں دو نردوں کا ایک ہی خانہ میں اکٹھا بیٹھنا۔ پیڑھی۔ پشت۔ ہمیشہ۔ سدا۔ دوڑا۔ جو گوٹ بننے والا یا جولاہا تاروں کے جدا رکھنے کی غرض سے تانے میں ڈال دیتا ہے۔ جگ پھوٹنا اور زردوئی۔ نا اتفاقی سے شیرازہ ابتر ہو جاتا ہے۔ جگ پھوڑنا۔ جگ توڑنا۔ چوسر کی دو گوٹوں کو جدا جدا کر دینا۔ پھوٹ ڈلوا دینا۔ جگ چھوٹنا جگ ٹوٹنا۔ لازم۔ جگ ٹوٹنا اور نرد ماری گئی۔ دیکھو جگ پھوٹنا اور الو۔ جگ جگ۔ سدا۔ ہمیشہ۔ مدام۔ دعا کے موقع پر عورتیں بولتی ہیں۔ جگ جگ جیو۔

جگادری: (ہ) الگ ٹلے۔ بہت پرانا اور قد آور انسان یا حیوان (جیسے جگادری بندر)

جگالی: (ہ۔ مو) حیوانات کا اپنے چارے کو معدے میں سے نکال کر منہ میں چبانا۔ (کرنا)

آبداری۔

جگنا: ۔ جاگنا (عوام کا روزمرہ ہے)

جگنو: (مذ) کرم شب تاب۔ ایک اڑنے والا کیڑا جس کے جسم سے رات کے وقت روشنی ٹمٹماتی ہے۔ گلے کا ایک زیور۔

سر کا ڈوپٹہ شب کو جو گردن کے پاس سے
جگنو کی طرح یار کا جگنو چمک گیا ۔ زند

جگنی (مو) عورتوں کے گلے میں پہننے کا ایک زیور۔ ایک مشہور پنجابی گیت۔

جگہ: (ف۔ مو) ٹھکانا۔ مقام۔ موقع۔ گنجائش۔ وسعت۔ سمائی۔ خدمت۔ عہدہ و منصب۔ نوکری۔ علاقہ۔ بجائے۔ بمثل مانند۔ جگہ جگہ۔ سب جگہ۔ کسی جگہ۔ ہر ایک جگہ۔ جگہ چھوڑنا۔ مقام چھوڑنا۔ بیٹھنے اٹھنے کا فکر میں سفیدی چھوڑ دینا۔ ہٹنا۔ سرکنا۔ نوکری یا علاقہ چھوڑنا۔ جگہ دینا۔ ٹھہرانا۔ بٹھانا۔ عہدہ دینا۔ نوکری رکھنا۔ زمین دینا۔ رہنے کو مکان دینا۔ جگہ رکھنا یا رہنا۔ گنجائش رکھنا یا رہنا۔ جگہ ہے۔ درست۔ ٹھیک۔ بجا۔ قابل تسلیم۔ موقع ہے۔ برمحل۔ جگہ ملنا۔ موقع۔ گنجائش۔ نوکری ملنا۔ جگہ ہونا۔ موقع۔ سمائی۔ نوکری ہونا۔

جگی جگی: (ف) ٹھنڈی میں ہاتھ لگا کر کچھ سوال کرتے یا سمائی مانگتے وقت کا کلمہ۔ عورتیں مباشرت میں لذت کے وقت کہتی ہیں۔ بہ ہے ۔ رنگین

ہے ہے جگی جگی میری اس بات کو تو مان
گرمی کے مارے ناک میں آئی ہے مری جان

جگہر: (ف۔ مو) جاگ۔ بیداری۔

جل: (مذ) پانی۔ جل پان۔ مذ ناشتہ۔ تھوڑا سا کھانا پینا۔ (کرنا) جل پری۔ سمندری حیوان جس کا اوپری حصہ سینے تک عورتوں کا اور نچلا حصہ مچھلی کے نچلے حصے کی طرح ہوتا ہے۔ جل ترنگ (مو) ایک طرح کا باجا جو پیالوں میں پانی بھر کر تیلیوں سے بجایا جاتا ہے۔ جل ترئی۔ جل توری (مو) مچھلی۔ ماہی۔ جل تھل۔ خشکی جو پانی سے ڈھک جاتی ہے۔ مجازاً۔ بحر و بر۔ جل تھل ایک ہونا۔ کثرت سے بارش ہونا۔ زمین اور پانی کا ایک ہونا۔ جل تھل بھر دینا۔ بہت زیادہ پانی کا برسنا۔ جمع ہونا ۔ امیر

اک آن میں جب بھر دے جل تھل کرم بہما
واقف تری رحمت سے کیا سب کو گھٹانے

جل جوگنی (مو) جونک۔ جل بلا۔ چڑچڑی۔ جلا تن۔ بدمزاج۔ جلکالا (مذ) جونک۔ جل ککڑ (ف۔ مذ) آبی کوا۔ جلکھر۔ وہ محصول جو دیہات کے تالابوں پر لیا جاتا ہے۔ جل ککڑ۔ مذ مرغ آبی۔ پانی کا پرند۔ جل کی مچھلی جل ہی میں بھلی۔ ہر شخص کا گزارا میں ہوتا ہے جو اس کی اصلی جگہ یا مرکز ہو۔ جل مانس۔ مرد آبی ایک قسم کا انسان نما بندر جو پانی میں پایا جاتا ہے۔

جل: (ف۔ مذ) فریب۔ دھوکا۔ دم جھانسا۔ دغا۔ مکر۔ جل باز۔ فریبی۔ دم باز۔ عیار۔ دھوکا دینے والا۔ حیلہ باز۔ جل دینا۔ دھوکا دینا۔ دم جھانسہ دینا۔ جل میں آنا۔ دھوکا کھانا۔ دم فریب میں آنا۔

جلا: (ع۔ مو) صیقل۔ صفائی۔ آب۔ چمک دمک۔ رونق۔ زنگ اتار کر چمکانا اور صفائی کرنا۔ جلا دینا کرنا۔ رونق دینا۔ چمکانا۔ اجالنا۔ صیقل کرنا۔ مانجھنا۔ جلا ساز یا جلا کار۔ صیقل گر۔ اجالنے والا۔

جلاب: (ع) اسہال۔ دست آور۔ دوا دست (دینا، لینا) نیز جلاب دینا۔ سزا دینے کے معنی میں بھی آتا ہے۔

جلاجل: (ع۔ مذ) جھانجھ۔ دف۔ دائرہ۔

جلا جھل / جلا جھلی: (ا) صفت۔ چمکدار ہونا ۔ آرزو

تاروں کو دیکھتے ہیں سب اور دیکھتا ہوں میں
آئی کہاں سے یہ چمک کس کی ہے یہ جلا جھلی

جلاد: (ع۔ مذ) کھال ادھیڑنے والا۔ کوڑے لگانے والا۔ گردن مارنے والا۔ قاتل۔ بے رحم۔ بے درد۔ ظالم۔ تند مزاج۔ غصیل معشوق۔ جلادنی (مو) صفت۔ جلادی (مو) بے رحمی۔ بے دردی۔ جلاد فلک۔ مذ مریخ یا منگل کا ستارہ۔ اصطلاح نجوم میں قتل و جنگ کا تعلق اسی سے ہے۔

جلادت: (ع۔ مو) بہادری۔ شجاعت۔ جوانمردی۔ چستی۔ چالاکی۔ پھرتی۔

جلال: (ع۔ مذ) بزرگی۔ عظمت۔ بڑائی۔ شان و شوکت۔ رعب داب۔ غصہ۔

جلالت: بزرگی۔ عظمت۔ جلالی۔ جلال کی طرف منسوب۔ خدا کی وہ صفتیں جن میں شان غضب کا اظہار ہو۔ درویشوں کا ایک طریقہ اور سلسلہ جو سید جلال بخاری رحمۃ اللہ علیہ سے منسوب ہے۔ کل شمسی مہینے۔ بعض کے نزدیک ماہ فروردین سے مراد ہے۔ صاحب جلال۔ جلال والا۔ وہ دعا یا عمل یا نقش جس میں خدا کی شان قہاری ظاہر ہونے کے خواہش ہو ۔ بحر

چھین ابرو نے دکھایا الٹی سیفی کا اثر
یار کا نقش جمالی تھی جلالی ہو گیا

خوفناک۔ غضبناک۔ ہیبت ناک۔ جلالیہ۔ سید جلال بخاری کا ماننے والا الفقیر۔

جلامیری: (ا۔ مذ) لڑکوں کا ایک کھیل۔ جسے اڑان جھلا بھی کہتے ہیں۔

جلانا: (ف) آگ لگانا۔ آگ سلگانا۔ بھڑکانا۔ غصہ دلانا۔

دھات کو کشتہ کرنا۔ چھیڑنا۔ رشک دلانا۔ دق کرنا۔ ستانا۔ دوسرے کو حرکات ناپسندیدہ یا بے ہودہ باتوں سے آزردہ کرنا ؎ ناسخ

مرے جلانے کو اسے سنگدل منہ پھر نے
اک اور صاحب قطرے سے تپاک کیا

جل اُٹھنا۔ یکایک جلنے لگنا۔ دفعتہً جلنے لگنا۔ جل بجھنا۔ جل کر خاک ہو جانا۔ نہایت رنجیدہ ہونا۔ جلا بھنا (کا)۔ آزردہ۔ رنجیدہ خاطر۔ مشتعل۔ تند مزاج۔ جلی بھنی (مو) جلاپا۔ رنج و غم۔ ملال۔ رشک وحسد۔ جلن۔ سوت یا اسی طرح کے اشخاص کا حسد۔ ایک کا نام۔ جلا تن۔ بدمزاج۔ جھلّا۔ تیز مزاج۔ حاسد۔ جلے تن (مف) جلا جلا کر خاک سیاہ کرنا۔ بہت دق کرنا۔ تنگ کرنا۔ غم پر غم دینا۔ اندرونی کوفت دے دے کر ستانا۔ جلبلانا۔ غصہ کرنا۔ جل بھن کر بیٹھ رہنا۔ ناامید ہو کر جگر مسوس کر بیٹھ رہنا۔ جل پکنا۔ بیزار ہو جانا ؎ رشک

عشق بستان و دوق سے جل چکے ہیں ایسے ہم
باغ جنت میں ڈھیں گے نام سیب و انار کا

جلتا توا (مذ) وہ توا جو چولہے پر خوب گرم ہو گیا ہو۔ جلتو اہی (جل تراتی مو) فساد۔ جھگڑا۔ حسد کی جلن۔ نفاق ؎ ذوق

بلتواتی نہ پڑی یار میں اور یاروں میں
سینکڑوں خاک کیے ہم نے جلا کر تعوید

جلتی آگ۔ لڑائی۔ جل جانا۔ آگ لگ جانا۔ نہایت ناراض ہونا۔ چڑ جانا۔ پیچ و تاب کھانا۔ بہت حسد کرنا۔ درخت کا مرجھا جانا۔ جل جلانا۔ جلتے ہونا۔ صفت۔ جھلاہٹ (مو) جل ککڑا (مذ) جلے تن۔ مغلوب الغضب (مک) جل ککڑی (مو) جل کر تنکا۔ راکھ یا کوئلہ ہو جانا۔ نہایت ناگوار گزرنے کی جگہ بولتے ہیں۔ جل کر خاک (راکھ) ہو جانا۔ کسی امر سے سخت ناراض ہونا۔ جل کر کباب ہونا۔ نہایت ناخوش ہونا۔ جل گیا۔ کم بخت۔ بدنصیب۔ نگوڑا۔ جل مرنا۔ رشک وحسد میں جل کر کباب ہو جانا۔ دوسرے کی بھلائی کو نہ دیکھ سکنا۔ جلن (مو) سوزش۔ تپک۔ حسد۔ کینہ۔ رشک۔ دشمنی۔ غصہ۔ جلنا۔ آگ لگنا۔ سلگنا۔ روشن ہونا۔ مشتعل ہونا۔ جلنا بھننا۔ بھننا۔ داغ لگنا۔ خاکستر ہو جانا۔ راکھ ہو جانا۔ حسد یا رشک کرنا۔ سوزش ہونا۔ تپکنا۔ مرچ یا تیز چیز سے زبان کا جھلسنا۔ چوٹ ہونا۔ کبیدہ خاطر ہونا۔ ناراض ہونا۔ دل آزردہ ہونا۔ رنج اٹھانا۔ شکستہ دل ہونا۔ رنج و غم میں گھلنا۔ پودوں وغیرہ کا مرجھانا۔ جلنا بھننا۔ آزردہ ہونا۔ رشک وحسد سے پیچ و تاب کھانا۔ جلنا کٹنا۔ جلنا۔ جلے پاؤں کی بی۔ گھر گھر پھرنے والی عورت۔ جلے پر نون چھڑکنا۔ ستائے کو ستانا۔ رنج پر رنج دینا۔ جلے پھپھولے پھوڑنا۔ پھوڑنا۔ شکایتوں سے دل کا غبار نکالنا یا نکلنا ؎ غالب

کیے آگے پیش جائے خاک
پھوڑا ہے جلے پھپھولے تاک

جلے تن۔ دیکھو جلا تن۔ جلی کٹی (مو) رشک وحسد کی گفتگو طعن آمیز باتیں ؎ مشیر

جلی کٹی مرے استاد سے کرے جو کوئی
تو پھونک دوں شاعری میں خوشہ چینوں کو

جلی کٹی رکھنا۔ ان بن رکھنا۔ جلی کٹی کرنا۔ طعن آمیز باتیں سنانا۔ جلی کٹی کہنا۔ برا کہنا۔ بدی کرنا۔ جلے کو جلانا۔ رنجیدہ کو اور رنج دینا۔

جِلانا: (ف) زندہ کرنا۔ روح ڈالنا۔ تازگی بخشنا۔ سرسبز کرنا۔ موت سے بچانا۔ مرنے نہ دینا۔ دھات کو کشتہ کرنے کے بعد اس کی اصلی حالت پر لے آنا۔

جلا وطن: (ف) دیس نکالا۔ ہجرت۔ گھربار یا دیس سے نکالا ہوا۔ شہر بدر کرنا۔ ہونا۔ صفت جلا وطنی (مو)

جُلاہا: (ف۔ مذ) جامہ باف۔ کپڑا بننے والا۔ پارچہ باف۔ پانی کا ایک کیڑا۔ احمق۔ بیوقوف۔ نادان۔ جلاہن (مو) جلاہے کی سی داڑھی۔ نوک دار چھوٹی سی داڑھی۔ جلاہے کی عقل گدی میں ہوتی ہے۔ جلاہے نہایت کم عقل ہوتے ہیں۔ جلاہے کی مسخری ماں بہن کے ساتھ۔ سفلہ آدمی بزرگوں کے ساتھ مسخرہ پن کرتا ہے۔

جَلب: (ع۔ مذ) حاصل کرنا۔ جلب منفعت۔ (مذ) نفع حاصل کرنا

جل تو جلال تو آئی بلا کو ٹال تو: (ا) کسی آفت یا مصیبت کے وقت پڑھتے ہیں۔ طنزاً اس شخص کے آنے کے موقع پر بھی بولتے ہیں جس سے جان چھڑانا مقصود ہو۔

جَلّ جَلالہ: (ع) اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر اس کے نام کے ساتھ بولتے ہیں۔ بڑھی ہے اس کی عظمت اور جلالت۔ اس کا مخفف نشان ہے ج

جلجلانا۔ جلجلاہٹ: (ف) دیکھو جھلانا۔

جِلد: (ع۔ مو) کھال۔ چمڑا۔ پوست۔ کتاب کا پٹھا۔ کتاب کی جزبندی اور سلائی وغیرہ۔ کتاب۔ جلد کتاب۔ جلد ساز۔ جلد گر۔ کتاب کی جلد بنانے والا۔ جلدی۔ کھال سے تعلق رکھنے والی بیماری وغیرہ۔

جَلد: (ف) فوراً۔ بلا توقف۔ جھٹ پٹ۔ جلد باز۔ جلدی کرنے والا۔ بے موقع جلدی کرنے والا۔ جلدی (مو) شتابی۔ سرعت۔ پھرتی۔ گھبراہٹ۔ جلدی پڑنا۔ کسی کام کی گھبراہٹ ہونا۔ جلدی کا مارا۔ جلد باز۔ جلدی کام شیطان کا۔ جلدی میں کام بگڑ جاتا ہے۔ جلدی مچانا۔ جلدی کرنا۔

جلدو: (ت۔ مذ) صلہ۔ انعام۔ نیک بدلہ۔

جَلسَہ: (ع - مذ) نشست - اجلاس - ملاقات - محفل - مجلس - انجمن - مجمع - جمگھٹا - ضیافت - دعوت - مہمانی - محفل رقص و سرود - نماز میں پہلا سجدہ کر کے بیٹھنا - جلسۂ استراحت - نماز میں دوسرا سجدہ کر کے بیٹھنا -

جَلَق: (ع - مذ) ہاتھ کی مدد سے منی نکالنا (لگانا - مارنا) - جَلَقی - وہ شخص جسے جلق کی عادت ہو -

جَلَن - جَلنا - جَلنا بَلنا: - دیکھو جلانا -

جُلنا: - ملنا کے ساتھ بطور تابع مہمل استعمال کیا جاتا ہے - ملنا جلنا - ملاقات کرنا -

جَلَندھر - جَلَندر: - (ہ - مذ) استسقا کی بیماری -

جِلَو: (ت - مو) باگ - لگام - کوتل - گھوڑا جو سواری کے ساتھ کوتل ہو - خدم حشم وغیرہ - ہمراہی - ہمرکابی ؎

حاضر ہے مرے توسن وحشت کی جلو میں
باندھے ہوئے کہسار بھی دامن کو کمر سے — ذوق

جِلَوخانہ (مذ) صحن - آنگن - چوک - ڈیوڑھی - وہ میدان جو شاہی دروازے کے سامنے ہو - جِلَودار - وہ شخص جو گھوڑے کی باگ پکڑ کر ساتھ چلے - جِلَوریز - سبک عنانی - ہلکی باگ سے گھوڑا دوڑاتے ہوئے ؎ محسن

مانند بہار فرحت انگیز — جنت کی طرف چلا جلوریز

جَلوَت: - (ع - مو) خلوت کی ضد - مجمع - جہاں تنہائی نہ ہو -

جُلُوس: (ع - مذ) تخت نشینی - شاہانہ حشم - امیروں - حاکموں - قومی پیشواؤں اور بادشاہوں کی سواری کسی خاص موقع پر بہت سے لوگوں کا کسی مقصد کا مظاہرہ کرنے کے لیے بازاروں وغیرہ میں سے گزرنا - ساز و سامان - کر و فر -

جَلوں کو جلانا: - دیکھو جلانا -

جَلوَہ: - (ف - مذ) نمودار ہونا - دیدار کرنا - نظارہ - سامنے - تجلی - نور - آرسی مصحف - دکھانے کی رسم - جلوہ دکھانا - کسی خاص طرز سے اپنے آپ کو ظاہر کرنا - نظارہ دینا - سج دھج دکھانا - نظر آنا - ظاہر ہونا ؎

الغرض شام نے جلوہ جو دکھایا ہم کو
مژدۂ وصل مقدر نے سنایا ہم کو

جلوہ گر ہونا - ظاہر ہونا - نمودار ہونا - بادشاہوں کا تشریف فرما ہونا -

جَلی: - (ع) روشن - ظاہر - واضح - موٹا لکھا ہوا -

جَلیبا: - (جلے با - مذ - ہن - ہ) شہوت - قوت - بڑی جلیبی - جَلیبی (ہ - مو) ایک قسم کی مٹھائی جو کڑاہی میں تل کر شیرے میں ڈبوئی جاتی ہے - جلے پاؤں کی بلی - جلے پر نمک چھڑکنا - جلے پھپھولے پھوڑنا - جلے تن - دیکھو جلانا -

جَلیبِری: - (ہ - مو) لوہاروں کی ناند جس میں لوہے کو ٹھنڈا کرتے ہیں -

جَلیس: - (ع - مذ) مصاحب - ساتھی - رفیق - ساتھ اٹھنے بیٹھنے والا -

جَلی کَٹی: - دیکھو جلانا -

جَلیل: - (ع) بزرگ - اعلیٰ - افضل - خدا کا صفاتی نام - جلیل القدر - بڑے رتبہ کا - معزز - عالی مرتبہ -

جَم: (ف - ہ) بڑا بادشاہ جب یہ لفظ نگین - وحش و طیر - دیو - پری - انگوٹھی وغیرہ کے ساتھ استعمال ہو تو حضرت سلیمانؑ مراد ہوتے ہیں اور جب جام - بزم جشن - شراب - پیالہ وغیرہ کے ساتھ بولا جائے تو جمشید بادشاہ ایران مراد ہوتا ہے اور جب آئینہ اور سد وغیرہ وغیرہ کے ساتھ آئے تو شاہ اسکندر مراد لیا جاتا ہے - ہندوؤں کے روزمرہ میں موت کا فرشتہ - نیز وہ آدمی جس کے پاس آنا بھی ناگوار ہو -

جَم بیٹھنا - جَم جانا: - دیکھو جمانا - جم جاہ - جمشید بادشاہ کے رتبے والا - بڑا سخی - جم دوت - مذ - ملک الموت - موت کا فرشتہ - جم راج - (مذ) جم لوک کا بادشاہ - پاتال کا راجہ - جم کا سندیسہ - (مذ) موت کا پیغام - جم ہو جانا - موت کی طرح نہ ٹلنا - پیچھا نہ چھوڑنا -

جَمادات: - (ع - مذ) غیر ذی روح اشیا - بے جان چیزیں - جیسے دھات - پتھر - پہاڑ وغیرہ -

جُمادی الاخریٰ یا جمادی الثانیہ - ہجری سال کا چھٹا مہینہ - جُمادی الاولیٰ (مذ) اسلامی سال کا پانچواں قمری مہینہ -

جِمار: - (ع - مذ) حاجیوں کا حج میں مقررہ مقام پر سنگریزے پھینکنا ؎ محسن

گرتے ہوئے ٹوٹ کر ستارے
ہیں رمی جمار کے اشارے

جِماع: - (ع - مو) مباشرت - مجامعت - مرد کا عورت سے صحبت کرنا -

جَماعَت: - (ع - مو) گروہ - جتھا - اجتماع - ہجوم - بھیڑ - فریق - فرقہ - مجلس - سبھا - سلسلہ - زمرہ - بڑا درجہ - رتبہ (جیسے مدرسے کی جماعت یا جماعت امرا) نماز کی جماعت - جماعت سے کرامات ہے - اتفاق سے سب مشکلیں حل ہو جاتی ہیں -

بولتے ہیں۔ جب بہت جلد پھوٹ پڑ جائے۔

جَمعِیَت:- (ع - مو) اکٹھا ہونا۔ گروہ۔ جگھٹا۔ بھیڑ بھاڑ۔ اطمینان۔ فوج۔ لشکر۔ تسلی۔ ؏ انیس

جمعیت اعدا کو پریشان کر آئی

جمعیتِ خاطر (مو) تسلی۔ تشفی۔ اطمینان دل۔ بے فکری

جَمِّ غفیر:- (ع - مذ) انبوہِ کثیر۔ بھاری ہجوم۔

جَمگھَٹ:- (ہ - مذ) اس کو "جمگھٹا" بھی بولتے ہیں۔ انبوہ ہجوم۔ کثیر مجمع۔ بڑی دیوالی کی آخری رات (کو جواریوں کا ہجوم)۔

جَمَل:- (ع - مذ) اونٹ۔ شتر۔ ناقہ۔ ایک لڑائی کا نام جو حضرت علیؓ اور بی بی عائشہؓ سے ہوئی تھی۔

جُمَّل:- (ع - مذ) حُرُفِ ابجد کے اعداد کا حساب جس سے مادۂ تاریخ نکلتے ہیں۔

جُملگی:- (ف - مو) عمومیت۔ تمامی۔ کُل۔ سب۔ میزان۔ جُملہ۔ تمام۔ سب۔ میزان۔ کُل (مذ) کلموں کا مجموعہ۔ فقرہ۔ کلام۔ جملۂ معترضہ (مذ) وہ زائد فقرہ جو درمیان کلام آ جائے۔ اور اس کے کرنے سے مطلب فوت نہ ہوتا ہو۔ بات میں بات۔ خارج از بحث ذکر۔

جَمنا

جَمن:- (ہ) ایک دریا کا نام جو بھارت میں دہلی۔ آگرہ۔ الہ آباد۔ متھرا وغیرہ میں بہتا ہے۔ جمنا۔ بستہ ہونا۔ دیکھو جمانا۔

جَمناسٹِک:- (انگ - مو) ورزشی کھیل۔ اُچھل کود۔

جَموٹ:- (ہ - مو) کنوئیں کی بنیاد۔ کنوئیں کی بنیاد رکھنے کی رسم۔

جَموگا:- (ہ - مذ) مرگی۔ ایک مرض جس میں منہ سے کف نکلتا ہے اور آدمی بے قابو ہو کر گر پڑتا ہے۔

جَموگدار:- (ہ - مذ) قرقی کا پیادہ۔ قرق امین۔

جُمہور:- (ج جُمور - ع - مذ) عوام۔ سب لوگ۔

جُمہوری سلطنت:- (ا - مو) وہ سلطنت جس میں بادشاہ مطلق العنان نہ ہو بلکہ رعایا میں سے ہر قسم کے لوگ شریک حکومت ہوں۔

جَمیع:- (ع) سب۔ سارے۔ تمام۔

جَمیل:- (ع - مذ) خوب صورت۔ حسین۔ نیک (مو) جمیلہ حسینہ۔ شکیلہ۔ خوب صورت عورت۔

جَن:- (ہ - مذ) شخص۔ متنفس۔ جنا (ہ - مذ) مرد۔ جنا ہوا۔ جنی۔ عورت۔ جنی ہوئی۔

جِن:- (ہ) جس کی جمع۔ تعظیم کے موقع پر اکثر و بیشتر واحد کے لیے بھی مستعمل ہے۔ (ع - اسم - مذ) وہ مخلوق جو آگ سے پیدا کی گئی ہے۔ بھوت۔ پریت وغیرہ۔ غصہ (اس پر تو ہر وقت جن سوار رہتا ہے) مضبوط۔ مستقل مزاج۔ ثابت قدم (کام کرنے میں تو جن ہے) ضدی۔ جِنّات (مذ) جن کی جمع (عربی قاعدے سے جنہ جمع ہے) جن اتارنا۔ آسیب کا اثر دور کرنا۔ جن اترنا۔ فعل لازم۔ جن جھاڑنا۔ آسیب دفع کرنے کا منتر پڑھنا ؎

محتسب کو ہو گیا آسیب جو توڑا ہے خم

جو تیوں سے میکشو جن آج جھاڑا چاہیے — ناسخ

جن چڑھنا۔ آسیب کا عمل ہونا۔ سخت غصہ آنا۔ جھلانا۔ خبط ہونا۔ سودا ہونا۔ جن سوار ہونا۔ خبط رہنا۔ دھن رہنا۔ جن شیشے میں اتارنا۔ جن کو قابو میں کرنا۔ شریر یا ضدی کو ڈھنگ پر لانا۔ جن کا سایہ۔ آسیب کا اثر۔ جِنّی۔ جن کو تسخیر کرنے کا عمل پڑھنے والا۔ سیانا۔ جِنّی خط یا تحریر۔ وہ خط جو گھسیٹ ہونے کی وجہ سے پڑھا نہ جائے۔ لکھنؤ والے اسے "جناتی خط" کہتے ہیں۔ جِنّیہ۔ جن کا مونث۔

جَناب:- (ع) حضرت قبلہ۔ حضور۔ آپ۔ جنابِ اقدس۔ حضور والا۔ عالی جناب۔ جنابِ عالی۔ عالی جناب۔ خداوند نعمت۔

جَنابَت:- (ع - مو) سوتے یا جاگتے منی نکلنے کی وجہ سے غسل کی ضرورت پیدا ہونا۔ ناپاکی۔

جَنازہ:- (ع - مذ) لاش۔ مردہ جسم۔ مردے کا تابوت۔ ارتھی۔ جنازہ اٹھانا۔ جنازہ کو دفن کے لئے لے جانا۔ جنازہ دیکھے۔ سخت قسم یعنی ہمیں مرا ہوا دیکھے۔ جو یہ بات کرے۔ جنازہ رواں (مذ) گھوڑا۔ جنازہ نکلے۔ بددعا۔ مرے۔ مر جائے۔ جنازے کی نماز۔ وہ نماز جو مسلمان جنازے پر دفن سے پہلے پڑھتے ہیں۔

جِناں:- (ع - مذ) جنت۔ بہشت ؎ امیر

جناں لاکھ آراستہ ہو مگر

مدینے کے گلشن کو پاتا نہیں

زیادہ تر ادیبوں نے اس کو مونث مانا ہے۔

جَنانا:- (ہ) دائی کا عورت کے پیٹ میں سے بچے کے باہر نکلنے میں مدد دینا۔ جَنائی۔ (مو) جنانے والی عورت۔ دائی۔ جنانے کی اُجرت۔

جُنُب:- (ع - مذ) جو شخص جنابت سے نجس ہو۔ دیکھو جنابت۔

جُنبان:- (ف) ہلنے والا جنبش (مو) حرکت - گردش - جنابن چیل کی طرح کا شکاری جانور - جنبش دینا - ہلانا - جھنجھوڑنا -

جُنبہ:- (ع - مذ) طرف داری - رعایت - حمایت - جنبہ داری - طرفداری - حمایت -

جَنَّت:- (ع - مو) باغ - بہشت - جمع جنّات - جنت نصیب کرے - مُردے کے حق میں دعائے خیر - خدا بہشت دے - جنتی - مرحوم - بہشتی - سیدھا سادہ -

جَنتر:- (ہ - مذ) آلہ - اوزار - جو تقیل کی کل - ایک قسم کا باجا - ٹوٹکا - تعویذ - منتر - ایک برتن جس سے روغنی وغیرہ نکالا جاتا ہے - جنتر منتر - شعبدہ بازی - نظر بندی - جادوگری - فریب دہی - رصدگاہ - وہ اونچی مکان جس میں نجومی لوگ بیٹھ کر ستاروں کی گردش معلوم کرتے ہیں - جنتری (مو) ایک اوزار جس میں بہت سے چھید ہوتے ہیں اور اس میں تار ڈال کر کھینچ کے باریک کرتے ہیں - تقویم - جنتر (مذ) شعبدہ باز - جادوگر - جنتری میں کھینچنا - تار کو جنتری میں ڈال کر پتلا یا باریک کرنا - جنتری کرنا (و) - سے ذوق

دل ہے بیماری کہ گویا ہر رگ تن کے سبب
جنتری میں تار کھنچے ہے دہاں تنگ

جنٹلمین:- (مذ - انگ) شریف آدمی - بھلا مانس -

جَنجال:- (ہ - مذ) بکھیڑا - مفت کی مصیبت - مشکل - پریشانی - جنجال میں پڑنا یا پھنسنا - مصیبت میں گرفتار ہونا - عذاب میں پڑنا - مشکل میں پڑنا - جنجالی - بکھیڑیا - جھگڑالو - مزاحم -

جَنجنا:- دیکھو جھنجنا -

جَندرے ڈِھیلے ہونا:- (ہ) سُست ہونا - کاہل ہونا - کام کرنے کو جی نہ چاہنا -

جِندڑی:- (ہ - مو) جان کی تصغیر جس میں تحقیر کے معنی مضمر ہیں - زندگی - جان - جندڑی پر ستم توڑنا - بہت ظلم و ستم کرنا - جندڑی کا وبال پڑنا - جان کا صبر پڑنا - جندڑی گنوانا - جان دینا سے جان صاحب

دل خان پہ لال سی جندڑی گنواؤں کیا نوج

جَنڈ:- (ہ - مذ) ایک جنگلی درخت جسے سانگر بھی کہتے ہیں اس کی پھلیوں کا اچار ڈالتے ہیں -

جَنرل:- (انگ) عام - اکثر - عالی درجہ (جیسے گورنر جنرل) فوج کا اعلیٰ افسر - جنرل پوسٹ آفس (مذ) بڑا ڈاک خانہ -

جِنس:- (ع - مو) چیز - شے - اسباب - سودا - سوداگری کا اسباب - قسم - جماعت - اناج کا غلہ - پیداوار - زیور - گہنے وغیرہ - تذکیر و تانیث - منطق کے اعتبار سے وہ کلی جس کے تحت بہت سی نوعیں ہوں - یعنی وہ عام نام جس کے تحت کئی اور عام نام ہوں جیسے کتاب کہ اس کے تحت ادب کی کتاب - حساب کی کتاب - نحو کی کتاب اور ایسے ہی بہت سے نام ہیں جو ایک قسم کی کئی چیزوں کے لیے بولے جاتے ہیں - جنس خانہ (مذ) گودام - جنس وار - قسم وار - تفصیل وار - وہ نقشہ جو پٹواری کاشت شدہ جنسوں کے متعلق ہر فصل پر تحصیل میں داخل کرتے ہیں - جنسیت (مو) ہم قسم ہونا - ایک نسل کا ہونا - یکساں ہونا -

جنکشن:- (انگ - مذ) وہ مقام جہاں ریل کی دو یا زیادہ شاخیں کرتی ہوں - دو شاخوں کے ملنے کی جگہ -

جُنگ:- (ہ - مذ) چھوٹا شتارہ - کشتی - بیاض " اُن کی غزلوں کے جنگ پر نظر پڑی " (آب حیات ہوتا) جوش - دھن - محویت -

جَنگ:- (ف - مو) لڑائی - معرکہ - رزم - عداوت - کینہ - دشمنی - مخالفت - اَن بن - جنگ آزمودہ - دلیر آدمی جس نے لڑائیاں دیکھی ہوں - جنگاشتی (مو) مارکٹائی - دھینگا مشتی - جنگ جو - لڑاکا - جھگڑالو - تکراری - جنگ زرگری (مو) جھوٹ موٹ کی لڑائی - وہ مصلحت کی لڑائی جو دشمن کو دھوکا دینے کے لیے کی جائے - سازشی لڑائی - جنگ سر کرنا - لڑائی جیتنا - جنگاہ (مو) میدان جنگ - جنگ کرنا - لڑنا - جھگڑنا - جنگ و جدل (مو) لڑائی جھگڑا -

جنگل:- (ف - مذ) میدان - جھاڑی - ریگستان - غیر آباد ویران جگہ - چراگاہ - چرپایوں کے چرنے کی زمین - بادشاہی شکارگاہ - درختوں کی کثرت کا مقام - جنگل جانا (دیہات میں جہاں پاخانے نہ بنے ہوں) پٹی جانا - پاخانے جانا - جنگل جلیبی (مو) خشک پاخانہ - جنگل کا تیتر - سخت ڈرپوک - جنگل میں منگل ہونا - ویرانے میں آبادی یا رونق ہونا - ویرانے میں عیش و عشرت کا سامان ہونا - جنگل میں مور ناچا کس نے دیکھا - وطن سے دور کوئی بڑا کام کیا تو اس کا حظ و لطف گھر والے اٹھانے سے محروم رہتے ہیں - جنگل ہو جانا - بستی کا ویران ہو جانا - جنگلی - وحشی - صحرائی - خودرو - قدرتی - اُجاڑ - ناشائستہ - بے تمیز - نامانوس - بھڑکنے والا - ع رشک

پنجرہ صیاد سے جنگلی کبوتر اُڑ گیا

جنگلی سوّر (مذ) خوک صحرائی - بعض عورتیں صرف جنگلی یا جنگل والا بھی بولتے رہتی ہیں - موٹا اور بدصورت آدمی -

جنگلا:- (ہ - مذ) جنگلہ - گھنا جنگل - ویرانہ - اُجاڑ - غیر آباد جگہ - کٹہرا - ٹٹی - چار دیواری - وہ لکڑی یا لوہے کی سلاخیں جو چمن وغیرہ کے گرد لگا دیتے ہیں - جالی - دوپٹے وغیرہ

پر گوٹے کناری کا حاشیہ ۔ مختلف رنگوں کے بیل بوٹے ۔ ایک جن ۔

جنگی :- (ف ۔ مذ) سپاہی ۔ لشکری ۔ شجاع ۔ بہادر ۔ دلیر (لڑاکا) جنگ ۔ فوجی ۔ ملٹری کا (جیسے جنگی قانون) بڑا ۔ عظیم ۔ وسیع ۔ طویل ۔ **جنگی بیڑا** (مذ) سامان جنگ اور بحری فوج سے لدے ہوئے جہاز ۔ بحری فوج ۔ **جنگی پرنالہ** ۔ خفی پرنالے کی ضد ۔ وہ پرنالہ جس کی دھار دور جا کے گرے ۔ **جنگی جہاز** ۔ مذ لڑائی کا جہاز ۔ لڑائی کے سامان کا جہاز ۔ بہت بڑا جہاز ۔ **جنگی فوج** (مو) لڑنے والی فوج ۔ بڑی فوج ۔ **جنگی لاٹ** ۔ سپہ سالار ۔ کمانڈر انچیف ۔ فوج کا سب بڑا افسر ۔ لارڈ ۔

جنم :- (ہ ۔ مذ) پیدائش ۔ ہندؤوں کے نزدیک روح کا ایک جسم سے نکلنے کے بعد دوسرے جسم میں جانا ۔ زندگی ۔ عادت ؎

غرق کر دے شب و روز بتوں کے غم میں
بحر تیرا ہے جنم مردم دریائی کا

جنم اشٹمی ۔ بھادوں کے اندھیرے پاکھ کا آٹھواں دن جس دن کرشن جی نے جنم لیا تھا ۔ کرشن جی کی سالگرہ کا دن ۔ **جنم اندھا** ۔ (مذ) پیدائشی اندھا ۔ مادر زاد اندھا ۔ **جنم بگاڑنا** ۔ زندگی بگاڑنا ۔ گناہ میں زندگی بسر کرنا ۔ عادت بگاڑنا ۔ دھرم بگاڑنا ۔ ایمان بگاڑنا ۔ **جنم بگڑنا** ۔ زندگی برباد ہونا ۔ بے دین ہونا ۔ ایمان میں فرق آنا ۔ **جنم بھر** ۔ عمر بھر ۔ **جنم پترا** (مذ) یا **جنم پتری** (مو) زائچہ ۔ تقویم ۔ وہ کاغذ جو بچے کی پیدائش کے وقت ستاروں کی چال کو دیکھ کر نجومی احکام کے مطابق تیار کیا جاتا ہے اور جس سے بچے کی عمر و عادات وغیرہ کا تخمینہ لگایا جاتا ہے ۔ **جنم پٹا** ۔ (مذ) عمر کا اقرار نامہ ۔ **جنم جلا** (مذ) پیدائشی ۔ بدنصیب ۔ منحوس ۔ بدبخت ۔ بے چارہ ۔ مصیبت زدہ ۔ مو **جنم جلی** ۔ **جنم جنم** ۔ ہمیشہ ۔ سدا ۔ نت ۔ **جنم دن** (مذ) یوم پیدائش ۔ روز ولادت ۔ سالگرہ کا دن ۔ **جنم ڈبونا** ۔ تبدیل مذہب کرنا ۔ گناہ کرنا ۔ **جنم روگی** ۔ دائم المرض ۔ سدا کا روگی ۔ پیدائشی روگی ۔ **جنم سدھرنا** ۔ اچھی حالت ہونا ۔ **جنم کنڈلی** (مو) یوم پیدائش کا مختصر زائچہ ۔ جنم پتری ۔ **جنم کے اندھے نام نین سکھ** ۔ نا قابلیت میں قابلیت کا دعوی کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں ۔ **جنم لینا** ۔ پیدا ہونا ۔ تناسخ ۔ آواگون جو ہندوؤں کا عقیدہ ہے ۔ **جنم میں تھوکنا** ۔ ذات پیدا ور لعنت ملامت کرنا ۔ سخت عیب لگانا ۔ **جنم نہ دیکھا بوریا سپنے آئی کھاٹ** ۔ مفلسی میں بڑے آدمیوں کی ریس کرنے کے موقع پر بولتے ہیں ۔ **جنمی** ۔ پیدائشی ۔

جننا :- (ہ) پیدا کرنا ۔ پیٹ سے بچہ نکلنا ۔

جن فیکٹری :- (انگ ۔ مو) روئی سے بنولے الگ کرنے کی مشین اور کارخانہ ۔

جنواسا :- (ہ ۔ مذ) دلہن کے گھر کی وہ جگہ جہاں دولہا اور برات ٹھہرائی جائے ۔

جنوانسا :- (ہ ۔ مذ) ایک خار دار پودا جسے اکثر اونٹ کھاتا ہے اور موسم گرما میں لوگ خس کی بجائے ٹٹیوں میں لگاتے ہیں ۔

جنوائی :- (ہن ۔ مذ) داماد ۔ بیٹی کا خاوند ۔

جنوب :- (ع ۔ مذ) گوشہ ۔ شمال کی مقابل سمت ۔ دکھن ۔

جنوری :- (انگ ۔ مذ) سن عیسوی کا پہلا مہینہ ۔

جنون :- (ع ۔ مذ) دیوانگی ۔ سودا ۔ باؤلا پن ۔ خبط ۔ غصہ ۔ طیش ۔ غلط کام کی دھن ۔ عشق ۔ **جنون اچھلنا** ۔ خبط ہونا ۔ جنون کا دورہ ہونا ۔ کسی چیز کی انتہائی دھن ہونا ۔ **جنون چڑھنا** ۔ پاگل ہونا ۔ دیوانہ ہونا ۔ غصہ چڑھنا ۔ طیش آنا ۔ **جنونی** ۔ پاگل ۔ دیوانہ ۔ خبطی ۔ سفاک ۔ غصیل ۔

جنھیں :- (ہ) جن کو ۔

جنی :- دیکھو جن ۔

جنی :- دیکھو جن ۔

جنیا :- (ا) جانی کی تصغیر ۔ جان من ۔ بہت پیارا ۔

جنید :- (ع ۔ مذ) ایک بزرگ صوفی جو بغداد کے رہنے والے تھے ۔ فرقہ جنیدیہ انھیں کی طرف منسوب ہے ۔

جنین :- (ع ۔ مذ) وہ بچہ جو رحم مادر میں ہو ۔ پیٹ کا بچہ ۔ (بحذف ۱) ۔

جنیئو :- (ہ ۔ مذ) زنار ۔ وہ بٹا ہوا دھاگہ جسے اکثر برہمن لوگ گلے اور کمر میں اڑا ڈالے رہتے ہیں ۔ وہ آڑی یا سیدھی لکیر یا بال جو جواہرات وغیرہ میں نظر آئے ۔ **جنیئو کا ہاتھ** ۔ (مذ) پٹے یا تیغ بازی کی وہ ضرب جو حریف کے سینہ پر آڑی ہو کر لگے ۔ (لگانا ۔ مارنا) ؎ شعور

کافر نے جو لگایا جنیئو کا ایک ہاتھ
وہ زخم تازہ غیرت زنار ہو گیا

جو :- (ف ۔ مو) ندی ۔ نہر ۔

جو :- (ع ۔ مذ) آسمان اور زمین کے بیچ کا فاصلہ ۔ ہوا یا خلا ۔

جو :- (ہ) جو شخص ۔ جو چیز ۔ اگر ۔ بشرطیکہ (جو تم آ سکے تو یہ کام ہو جائے گا) ؎ نسیم

اس عہد سے کے لائق جو گر میں تو دی ۔۔۔

حل کرنا ۔ خط کے جواب میں خط لکھنا ۔ بات کے جواب میں بات کرنا ۔ تردید کرنا ۔ بات رد کرنا ۔ موقوف کرنا ۔ برطرف کرنا ۔ چھوڑنا ۔ ترک کرنا ۔ گستاخی یا بے ادبی سے بات کرنا ۔ نہ ماننا ۔ انکار کرنا ۔ جوابدہ ہونا ۔ ذمہ دار ہونا (تمھیں اس بات کا جواب دینا ہوگا) مقابلے میں کچھ کہنا ۔ بیکار ہو جانا (ہاتھ پاؤں نے جواب دے دیا) **جوابِ سوال** ۔ بحث مناظرہ ۔ حجت ۔ تکرار ۔ **جوابِ شافی** (مذ) تسلی بخش جواب ۔ پورا جواب ۔ **جوابِ صاف** (مذ) بالکل انکار ۔ انکارِ مطلق ۔ **جوابِ طلب** ۔ قابلِ بازپرس ۔ رسید طلب ۔ مشکوک ۔ قابلِ دریافت ۔ وہ بات یا خط جس کا جواب تاکیداً مانگا گیا ہو ۔ **جواب طلب کرنا** ۔ بازپرس کرنا ۔ وجہ دریافت کرنا ۔ سبب پوچھنا ۔ **جوابِ قطعی** (مذ) پورا پورا جواب ۔ انکارِ مطلق ۔ **جواب ملنا** ۔ انکار ہونا ۔ موقوف ہونا ۔ برطرف ہونا ۔ مکافات ملنا ۔ بدلہ ملنا ۔
جواب ہونا ۔ بیکار ہونا ۔ موقوف ہونا ۔ جوڑ ہونا ۔ مقابل ہونا ۔ **جوابی** ۔ وہ شخص جو سوزخوانی یا گانے میں مرثیے یا گیت کا پہلا مصرع ہر بند کے تمام ہونے پر پڑھے ۔ مقابل نظیر ۔ مدِ مقابل ۔ مخالف ۔ جھگڑالو ۔ حجتی ۔ وہ خط جس میں جواب دینے کے لئے ٹکٹ بھی رکھ کر بھیجا جائے ۔

جَواد :- (ع) سخی ۔ داتا ۔ خدائے تعالیٰ کا نام ۔

جَوار :- (ع ۔ مذ) پڑوس ۔ ہمسائگی ۔ قرب (جوارِ رحمت میں جگہ پائے)

جُوار :- (ہ ۔ مو) ایک قسم کا اناج ۔ کمی ۔ سمندر کا اُتار ۔ جزر ۔ جوار بھاٹا ۔ مذ جزر و مد ۔ سمندر کا اتار چڑھاؤ جو چاند کی کشش سے ہوتا ہے ۔

جَوارِح :- (ع ۔ مذ) آدمی اور شکاری جانور کے ہاتھ پاؤں ۔ زبان اور دوسرے اعضا ۔

جَوارِش :- (ع ۔ مو) قوام میں پکی ہوئی ایک قسم کی خوش ذائقہ اور ہاضم و مقوی معدہ ہوتی ہے ۔

جُواری :- (۱) جوا کھیلنے والا ۔ قمارباز ۔ **جواری ڈھنڈاری** ۔ بداطوار ۔ لُچا ۔ شہدا ۔ بدمعاش ۔

جَواری :- (ہ ۔ مو) ایک دوڑا جو ستار یا طنبور کے اوپر بندھا ہوتا ہے اور سُروں کو اونچا کرنا اسی پر موقوف ہے ۔

جَواز :- (ع ۔ مذ) جائز ہونا ۔ اجازت ۔

جُواسا :- دیکھو جنواسا ۔

جَواسِیس :- (ع ۔ مذ) جاسوس کی جمع ۔ بہت سے جاسوس ۔

جُوالا :- (ہ ۔ مذ) شعلہ ۔ لپٹ ۔ آگ ۔ **جوالا مُکھی** (مذ) کوہِ آتش فشاں وہ پہاڑ جس کے دہانے سے آگ کے شعلے نکلتے ہوں ۔

جَوّالہ :- (ہ ۔ مذ) بھڑکتا ہوا ۔ جولانی کرتا ہوا ؎ انیس

گرداب پر تھا شعلۂ جوالہ کا گماں
انگارے تھے حباب تو پانی شرر فشاں

جَوامِع :- (ع ۔ مذ) جامع کی جمع ۔ تمام ۔ کل ۔ وہ کلام جس کے الفاظ کم اور مطالب کثیر ہوں ۔

جَوان :- (ف) نوعمر ۔ نوخیز ۔ مضبوط ۔ قوی ۔ نیا ۔ تازہ ۔ بہادر ۔ دلیر ۔ سیانا ۔ سپاہی ۔ لڑکا ۔ چھوکرا ۔ بالغ ۔ بالغ ۔ **جوان بخت** ۔ جوان نصیبے والا ۔ اقبال مند ۔ خوش نصیب ۔ بختاور ۔ **جوانِ جہان** (پر اضافہ) خوب جوان ۔ پوری جوانی پر ۔ **جواں سال** ۔ نیا جوان ۔ تازہ جوانی پر ۔ **جواں سالی** (مو) نوعمری ۔ **جواں صالح** ۔ نیک چلن جوان ۔ پرہیزگار جوان ۔ جوانی میں گناہ سے بچنے والا ۔ **جواں عید** ۔ وہ عید جس کا چاند انتیسویں کو نظر آئے ۔ **جواں مرد** ۔ سخی ۔ فیاض ۔ عالی ہمت ۔ بلند حوصلہ ۔ اولوالعزم ۔ شجاع ۔ بہادر ۔ دل چلا ۔ سورما ۔ صفت ۔ **جواں مردی** (مو) جواں مرگ یا جوانا مرگ ۔ **جواں مرنے** ۔ بڑھاپے سے پہلے ہی مر جانے والا ۔ **جوانی** (مو) شباب ۔ **جوانی اُٹھنا** ۔ جوانی کا شروع ہونا ۔ **جوانی چڑھنا** ۔ شباب کا زوروں پر ہونا ۔ **جوانی دیوانی** ۔ جوانی میں آدمی دیوانہ ہوتا ہے ۔ دیوانوں کی طرح کچھ نشیب و فراز نہیں سوچتا ۔ **جوانی ڈھلنا** ۔ جوانی کا اترنا ۔ جوبن کا عالم نہ رہنا ۔ **جوانی کا سکھ دیکھے** (نیک دعا) اپنی جوانی کا سکھ نصیب ہو ۔ **جوانی کا عالم** ۔ مذ حالتِ جوانی ۔ جوانی کے دن ۔ جوانی کا ابھار ۔ **جوانی کی اُمنگ** ۔ (مو) ولولہ جوانی کی ترنگ ۔ جوشِ جوانی ۔ **جوانی کی نیند** (مو) گہری نیند جو عموماً جوانی ہی میں آتی ہے ؎ نسیم

نہ سائیاں نہ کوئی چاندنی بچھائی ہے
یہ جان دے کے جوانی کی نیند آئی ہے

جَوانِب :- (ع ۔ مذ) اطراف ۔ طرفین (جانب کی جمع)

جَواہِر :- (ع ۔ مذ) قیمتی پتھر ۔ گوہر ۔ لعل ۔ یاقوت ۔ ہیرا وغیرہ (جوہر کی جمع) **جواہرات** ۔ (مذ) جوہر کی جمع الجمع ۔ **جواہر خانہ** (مذ) وہ بادشاہی مکان جہاں جواہرات رکھے جاتے ہیں ۔ توشہ خانہ ۔ **جواہر نگار** ۔ مرصع ۔ جڑاؤ ۔ خوش خط ۔ خوش رقم ۔ **جواہر میں تولنا** ۔ بہت قدر و قیمت کرنا ؎ انیس

یہ مرثیہ تو لیں گے جواہر میں سخن سنج

جُوبلی :- (جُب لی ۔ انگ ۔ مو) وہ جشن جو کوئی جماعت یا قوم یا حکومت اپنی پچیس سالہ یا پچاس سالہ یا ساٹھ سالہ یادگار کے طور پر مناتی ہے ۔ پچیس سالہ جوبلی کو سلور جوبلی (چاندی کی جوبلی) پچاس سالہ کو گولڈن جوبلی (سونے کی جوبلی) اور ساٹھ سالہ کو ڈائمنڈ جوبلی (ہیرے کی جوبلی) کہتے ہیں ۔

جوتش:- (س - مو) علم نجوم - **جوتشی** - نجومی۔

جوتنا:- (ہ) گھوڑے یا بیلوں کو گاڑی میں لگانا - جوا رکھنا - ساز ڈالنا - ساتھ لگانا - ہمراہ کرنا - مصروف کرنا - (جیسے کام میں جوتنا) ہل چلانا - بچانا - (جیسے اودھم جوتنا) راضی کرنا اپنی مرضی پر لے آنا (آج ان کو بھی جوت لیا) **جوتنا بونا** - زمین میں ہل چلانا - تخم ریزی کرنا - **جوتاؤ** - جوتنے کے قابل - قابل کاشت زمین - **جوتائی** مو زمین کو جوتنا یا جوتنے کی اُجرت -

جوٹ:- (مذ) جوڑا - جفت - ہمسر - برابر کا - ہم پلہ - نظیر - ساتھی - ہم جولی و رفیق - ہم قد - ہم شکل - بیلوں کی جوڑی جو ہل میں جوتی جاتی ہے - **جوٹ باندھنا** - ہم قد یا ہم عمر سے جوڑا لگانا - جوڑا ملانا - لگانا - **جوٹیا** - مددگار کنویں کے بیل ہانکنے والا۔

جُوٹ:- (انگ) سن - سن کا پودا -

جُوجُو:- (ا - مذ) ایک فرضی ڈراونی چیز جس سے بچوں کو ڈراتے ہیں - ہر ہیبت ناک اور مہیب شخص -

جُوجھنا:- (ہ) لڑنا - جنگ کرنا - مارپیٹ کرنا - ہتیار سنبھالنا۔

جُود:- (ع - مذ) کرم بخشش - سخاوت -

جَوَدت:- (ع - مو) ذکاوت - تیز فہمی فراست - طبیعت کی تیزی

جودھا:- (ع - مذ) بہادر - شجاع - غازی - پہلوان -

جوڈیشَل:- (جُ ڈِی شَل - انگ) حاکمانہ - عدالتی - صیغۂ فوجداری سے تعلق رکھنے والی بات

جَور:- (ع - مذ) ظلم ستم - زبردستی - بے رحمی -

جُورُو:- (ہ - مو) زوجہ - بیوی - اہلیہ - غیر عورت کے لیے ایک قسم کی گالی - **جورو خصم کی لڑائی دودھ کی سی ملائی** - میاں بیوی کی شکر رنجی میں بھی ایک لطف ہوتا ہے - **جورو کا بھائی** مذ سالا - غیر کے لیے ایک قسم کی گالی - **جورو کا مرید** - زن مرید - بیوی کا فرمانبردار - بیوی کے اشاروں پر چلنے والا - **جورو نہ جاتا اللہ میاں سے ناتا** - مجرد شخص کی نسبت جس کے آل اولاد نہ ہو - بولتے ہیں (یہاں جاتا کا تلفظ جاتا ہے)

جوڑ:- (ہ - مذ) گانٹھ - پور - گرہ - جھال - ٹانکا - ستاروں کا میل - تقدیری امر - میزان - داؤں پیچ ؎

ظفر ہم جو پیچھے نصیبوں کے ہوتے
یہ کیوں جوڑ ہم پر رقیبوں کے ہوتے

تہمت - بہتان - مثبت (یعنی منفی کے خلاف) جمع دو چیزیں جو جڑ کر اور ہم سلسلہ ہوں - ایک قسم کی جھلی - تال میل ؎ امیر

بہت مل جلتی ہے دونوں کی رنگت
سلامت رہے جوڑ مسّی کا

سیون - سلائی - ایک قسم کے چھلّے - پہلوان کا مقابلہ (کشتی میں برابر کے جوڑ ہوں تو مزہ ہے) اس معنی میں دہلی والے مونث بولتے ہیں - ہمسر - برابر کا - اعضا کا جوڑ یعنی بند - کپڑے یا حرفوں کے پیوند - مرثیہ خوانوں اور گویوں کی ہم جماعت - **جوڑ باز** - مفتری - چالاک - **جوڑ باندھنا** - کشتی کے لیے دو برابر کے پہلوانوں کا مقرر کرنا جوڑ لگانا - **جوڑ بٹھانا** - پہلوان ... جوڑ ... **جوڑ بند** - (مذ) بندش - جوڑ - عضو - **جوڑ بندھنا** - کسی کام پر دو آدمیوں کا مقرر ہونا - دو پہلوانوں کا کشتی کے واسطے طے ہونا - تدبیریں ہونا - **جوڑ پھڑکنا** - ایک مرغ کا دوسرے مرغ سے یا ایک بٹیر کا دوسرے بٹیر سے لڑانا - **جوڑ توڑ** (مذ) ساز باز - بہتان - بے اصل بات - فریب - چال - تدبیر - ترکیب - **جوڑ توڑ کرنا** - تدبیر کرنا - تجویز کرنا - فریب کرنا - کسی کے خلاف سازش کرنا - **جوڑ جوڑ** (مذ) ہر عضو - ہر بند - بند بند - **جوڑ جوڑ کے دھرنا** - بڑی محنت اور زحمت سے روپیہ جمع کرنا - **جوڑ جوڑ کے مر جانا** کنجوسی سے جمع کرنا - دولت سے فائدہ نہ اٹھانا (حسرت کے موقع پر) **جوڑ چلنا** - تدبیر کارگر ہونا - چال چلنا **جوڑ کا** - برابر کا - مقابل کا - **جوڑ لگانا** - جوڑ باندھنا - میزان کرنا - گانٹھنا - پیوند لگانا -

جوڑا:- (مذ) جفت - دو چیزیں - ہمسر - ہمتا - میاں بیوی - نر مادہ - مقابل کا - برابر کا - ساتھی - ہمراہی - سر سے پاؤں تک کی پوری پوشاک - دونوں جوتے - دوسرا ثانی - **جوڑا بڑھانا** - پوشاک اتارنا - کپڑے اتار کر رکھنا - **جوڑا بنا رہے** میاں بیوی سلامت رہیں - خدا دونوں بھائیوں کو سلامت رکھے کوئی سے دو آدمیوں کو اکٹھا دیکھ کر فقیروں کی دعا - **جوڑا بنانا** - گھونٹی چاندی یا کھوٹا سونا بنانا - پوری پوشاک تیار کرنا - جوتا بنانا جوڑاں تیار کرنا - **جوڑا لگانا** - نر کو مادہ سے جفت کرنا -

جُوڑا:- (ہ - مذ) سر کے بالوں کی جٹا - بالوں کی وہ گانٹھ جو عورتیں اکٹھا کر کے سر کے پیچھے یعنی گدی پر گُندھے رہتی ہیں - مونج کی بٹی ہوئی رسّی - بلبل کی کلغی یا چوٹی - پگڑی کا پچھلا حصہ - **جوڑا باندھنا** بالوں کو اکٹھا کر کے سر کے پیچھے گرہ دے لینا - **جوڑا کھولنا** - بالوں کی جٹا کھولنا - **جوڑنا** - ملانا - گانٹھنا - پیوند کرنا - ٹوٹی ہوئی چیز کو ملانا - اکٹھا کرنا - جمع کرنا - میزان دینا - جمع لگانا - بچا بچا کر رکھنا - پس انداز کرنا حساب لگانا - شمار کرنا - بنانا - تصنیف کرنا - گیت جوڑنا - جوتنا - ساز ڈالنا - دوستی کرنا - یارانہ گانٹھنا (ایک سے جوڑی ایک سے توڑی) گرہ دینا - باندھنا - گرہ دینا - ... بنانا - منسلک کرنا - شامل کرنا - لگانا - دھرنا (بہتان جوڑنا) بند دوڑنی

جَولاں کرنا:- کُودانا ۔ دوڑانا ۔ گھوڑا دوڑانا ع ادہیں برچھے ملاکے فوج نے جولاں کیے سمند ۔ کاوہ دینا ۔ جولانگاہ (مو) گھوڑ دوڑ کی جگہ ۔ جولانی ۔ گھوڑے کی دوڑ ۔ تیزی ۔ چالاکی ۔ جلدی ۔ تیز رفتاری ۔ چستی ۔ پھرتی ۔ اُمنگ ولولہ ۔ طبیعت کی روانی ۔ تیز فہمی ۔ فراست ۔ ذکاوت ۔

جُولائی:- (انگ ۔ مذ) سن عیسوی کا ساتواں مہینہ ۔

جُون:- (انگ ۔ مذ) سن عیسوی کا چھٹا مہینہ ۔ (س ۔ مو) جنم پیدائش ۔ ولادت ۔ قالب ۔ جشن ۔ آواگون ۔ زمانہ ۔ وقت ۔ عرصہ ۔ جون بدلنا / پلٹنا ۔ چولا ۔ قالب ۔ حالت ۔ نقشہ بدلنا ۔ جون پوری کرنا ۔ دن گزارنا ۔ زندگی بسر کرنا ۔ جون (ف حرف تشبیہ) مانند ۔ مثل (اب نہیں استعمال کرتے) جوں توں کرکے ۔ کسی نہ کسی طرح ۔ کسی نہ کسی ڈھب سے ۔ بمشکل ۔ تمام ۔ بڑی مشکل سے ۔ جُوں جُوں ۔ جس قدر ۔ جہاں تک ۔ جب تک ۔ جُوں کا تُوں ۔ جُوں کی تُوں ۔ ویسے کا ویسا ہی ۔ بجنسہٖ ۔ اصلی حالت اور اصلی ہیئت پر ۔ تمام ۔ پُورا ۔ کامل ۔ جُوں ہی / جُونہیں ۔ جیسے ہی ۔ جس وقت ۔ جس وقت بھی ۔ (ہ ۔ مو) ایک کیڑا جو جسم کے گندہ رہنے یا میل کے باعث سر کے بالوں یا کپڑوں میں پیدا ہو جاتا ہے ۔ جُوں پڑنا ۔ جوں کا سر یا کپڑوں میں پیدا ہو جانا ۔ جُوں کی چال (مو) نہایت سُست رفتار ۔ بہت آہستہ چال ۔ جُوں کے مارنے گدڑی نہیں چھوڑی جاتی ۔ ادنےٰ تکلیف کے لیے بڑا نقصان نہیں کیا کرتے ۔ جُوں مُونہا ۔ غریب صُورت ۔ پاکھنڈی ۔ جوئیں دیکھنا ۔ سر کے بالوں یا کپڑوں سے جوئیں چُننا ۔ جوئیں مارنا ۔ ناخن یا کسی سخت چیز پر رکھ کر جوئیں مارنا ۔ وقت ضائع کرنا ۔ دیر لگانا ۔ نحوست پھیلانا ۔

جَون:- (ہ) جس ۔ جو کوئی ۔ جو ۔ جَونسا ۔ جو کوئی ۔ جو شخص ۔ جو کچھ ۔ عام طور پر جون ۔ کون اور جونسا کونسا کے جواب میں بولتے ہیں (کون سی مٹھائی لاؤں ؟ جون سی پسند ہو)

جُونا:- (ہ ۔ مذ) گھاس یا بان کی رسی جو برتن مانجھنے کے کام آتی ہے ۔ گھاس کی رسی جس سے لکڑیوں یا گھاس وغیرہ کا گٹھا باندھتے ہیں ۔

جَونا:- (ہ ۔ مو) دعوت ۔ شادی ۔ جیمانی (ہندوؤں کا روزمرہ ہے)

جَونپور کا قاضی:- (مذ) احمق ۔ نادان ۔

جَونرے بھَونرے میں پلنا:- ناز و نعمت ۔ لاڈ پیار میں پرورش پانا ۔

جونک:- (ہ ۔ مو) وہ پانی کا کیڑا جو خون فاسد نکالنے کے لیے آدمی کے جسم پر لگاتے ہیں (لگانا ۔ لگوانا) جونکیں ۔ جمع ۔ جونک ہو کے لپٹنا یا چمٹنا ۔ اس طرح چمٹنا کہ پیچھا چھوٹنا مشکل ہو ۔ جونکیں لگوانا ۔ جونک کو جسم کا خون فاسد چُسوانا ۔

جُونی:- (ہ ۔ مو) ترازو کی رسی ۔ جس کو ڈنڈی میں دونوں طرف باندھتے اور اسی میں پلڑے لٹکاتے ہیں ۔

جُونیئر:- (انگ) چھوٹا ۔ ادنےٰ ۔ جو رتبے ۔ مدت اور تنخواہ وغیرہ کے لحاظ سے موخر ہو ۔

جُوہار:- (ہ ۔ مذ) ٹھاکروں کا سلام ۔ جینیوں کا باہم سلام ۔

جَوہَر:- (ع ۔ مذ) قیمتی پتھر (جیسے ہیرا وغیرہ) لُبِّ لباب ۔ وہ شے جو بذات خود قائم ہو اور اپنے پائے جانے میں کسی دوسرے جسم وغیرہ کی محتاج نہ ہو ۔ رنگ وغیرہ کی مثل نہ ہو جو وجود میں جسم کا محتاج ہے ۔ تلوار یا فولاد کے وہ نقوش اور چمک جن سے اس کی عمدگی ظاہر ہوتی ہے ۔ تلوار کی آب و تاب ۔ خاصیت ۔ خوبی ۔ کمال ۔ ہُنر ۔ لیاقت ۔ استعداد ۔ پردہ ۔ حقیقت (جیسے جوہر کھلنا) چالاکی ۔ کاریستانی ۔ آئینے کی آب و تاب اور تڑپ ۔ کسی چیز کا نچوڑ ۔ وہ لکیریں جو اچھی لکڑی میں نمایاں ہوتی ہیں ۔ جوہر اُڑانا ۔ کسی خاص ترکیب سے کسی چیز کے اجزائے لطیف جُدا کرنا ۔ جوہر دار ۔ صاحب جوہر ۔ چمک دار ۔ تلوار ۔ عمدہ جوہر رکھنے والی لکڑی ۔ جوہر دکھانا ۔ ہُنر دکھانا ۔ لیاقت اور فضیلت ظاہر کرنا ۔ شرافت دکھانا ۔ چالاکی دکھانا ۔ خباثت فطری ظاہر کرنا ۔ جوہر فرد (مذ ۔ ب اضافہ) جوہر یکتا ۔ بے نظیر ۔ یکتائے زمانہ ۔ جوہر کرنا ۔ خودکشی کرنا ۔ اپنے آپ کو مار ڈالنا ۔ ننگ و ناموس بچانے کے لیے عورتوں کا جلتی آگ میں کُود کر ہلاک ہو جانا ۔ اس کا قدیم زمانے میں ہندوؤں میں رواج تھا ۔ جوہر کھلنا یا کھُل جانا ۔ ہنر ظاہر ہونا ۔ خوبی اور عمدگی کا نمایاں ہونا ۔ قلعی کھُل جانا ۔ بھید ظاہر ہو جانا ۔ جوہَری ۔ جوہر فروش ۔ پرکھنے والا ۔ ہنر شناس ۔

جَوہَڑ:- (ہ ۔ مذ) بارانی تالاب ۔ جھیل ۔

جُوہی:- (ہ ۔ مو) ایک قسم کی چنبیلی ۔ ایک طرح کی آتشبازی ۔ جس میں بہت سے پھول نکلتے ہیں ۔ ایک قسم کا کیڑا جو کھیتی کو لگ جاتا ہے ۔

جُوئبار:- (ف ۔ مذ) وہ بڑی نہر جو کئی نہروں سے مل کر بنتی ہو ۔ وہ مقام جہاں بہت سی نہریں ہوں ۔

جُوئندہ:- (ف) ڈھونڈنے والا ۔ تلاش کرنے والا ۔ جوئندہ یابندہ ۔ جو ڈھونڈتا ہے پاتا ہے ۔ کوشش کا پھل ملتا ہے ۔

جُوئے شیر:- (ف ۔ مو) دودھ کی نہر جو فرہاد نے شیریں کے لیے بیستوں پہاڑ کاٹ کر نکالی تھی ۔ ع غالب

جَہل :- (ع - مذ) نادانی - ناواقفیت - جہالت ؎ رشک

ہو جاتے ہیں دانستہ صغائر بھی کبائر
اس علم سے تو جَہلِ مسائل بہت اچھا

جُہلا (ع) جاہل کی جمع - جَہلِ مُرکّب - ایک مرضِ نفس جس میں انسان علم نہ ہونے کے باوجود اور یہ بھی جاننے کے باوجود کہ وہ علم نہیں رکھتا اپنے آپ کو عالم خیال کرتا ہے - جہلی - سفیہ - احمق - اُجڈ -

جَہنَّم :- (عب - مذ) دوزخ - وہ مقام جہاں گنہگار حشر کے بعد رکھے جائیں گے اور ہمیشہ آگ میں جلیں گے - جہنم میں پڑے جہنم میں جائے - نہایت تنفر اور بیزاری کے موقع پر بولتے ہیں جہنمی - دوزخی دوزخ میں جانے کے کام کرنے والا -

جَہُول :- (ع) اجہل - بہت نادان - گم نام -

جَہیز :- (ف - مذ) وہ اسباب جو لڑکیوں کو شادی کے وقت میکے سے دیا جاتا ہے - جہیز میں آنا - میکے سے ملنا - وہ چیز جس پر اپنا دعویٰ ہو -

جھابا :- (ہ - مذ) گھی یا تیل رکھنے کا چمڑی ٹونٹی والا برتن - چمڑے کا وہ گول خوان جس میں آٹا چھانتے ہیں - جھاڑ جو روشنی کے لیے مکانوں میں لٹکاتے ہیں - لکڑی کی ٹوکری - تنگ منہ کی ٹوکری ؎ رشک

میں نے مضمونِ لبِ شیریں کا جب چاہا صلہ
نقل تا دے چاند مصری چرخ جھابا ہو گیا

جھابَڑ :- (ہ - مو) دلدل - وہ زمین جہاں دلدل ہو - جھابڑ جھلا - ڈھیلا ڈھالا - (جھابڑ جھلا کرتہ کیوں پہنا ہے)

جھاڑ :- (ہ - مذ) جھنکار - کانٹوں کا درخت - وہ چھوٹا درخت جس میں شاخیں اور پتے بکثرت ہوں - جھڑبیری کا سوکھا ہوا درخت - بلور یا آبگینہ کا فانوس جو امیروں کے مکانوں میں روشنی اور زیبائش کے لیے لٹکایا جاتا ہے - ایک قسم کی آتش بازی پنج شاخہ مشعل - باتوں کا سلسلہ جو دیر تک رہے - ؎ محسن

نظر آنے لگی اک سرو چراغاں کی بہار
جھاڑ میں باتوں کے گویا کہ لگائے ہیں کنول

جھگڑا جنجال - جھاڑ باندھنا - تار باندھنا - لگاتار کچھ کہے جانا - جھاڑ بسانا - لڑائی مول لینا - جھگڑا خریدنا - جھاڑ بوٹے - (مذ) بیل بوٹے - جھاڑ پہاڑ - مذ بات کا بتنگڑ - خارج از بحث مضمون - جھاڑ پھونک (مو - ہ) کرنا - ہونا کے علاوہ خود جھاڑنا - پھونکنا - کے مشتقات ؎ ظریف لکھنوی

عشق جن بن کے جو لپٹا تو نہ چھوٹا مجھ سے
کسی پری خواں نے نہیں آن کے جھاڑا پھونکا

جھاڑ جھنکار (مذ) نہایت گھنا اور خاردار پودا - بہت شاخوں کا درخت - گھاس پھوس - کوڑا کرکٹ - جھاڑ سے چھوٹا پہاڑ میں اٹکا - ایک آفت سے بچا تو دوسری میں پھنس گیا - جھاڑ تکا ازار بند (مذ) ایک قسم کا ازار بند جس کے بڑے بڑے پھندنے ہوتے ہیں - جھاڑ کا کانٹا (مذ) جھاڑی کا کانٹا - لڑاکا - جنگجو - وہ شخص جس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو - جھاڑ کے پر نکالنا - کثرت سے پر نکالنا - جھاڑ جھنکاڑ (مذ) جنگل - ویرانہ - جھاڑ ہو کر لپٹنا - جھاڑی کی طرح لپٹنا - اس طرح چمٹنا کہ پیچھا چھڑانا مشکل ہو -

جھاڑا :- (ہ - مذ) تلاشی - تجسس - کوڑا کرکٹ - جھاڑا پھرنا - پاخانہ پھرنا - جھاڑا باقی (مو) بالکل بیباق - بچا کھچا - جھاڑا لینا - تلاشی لینا -

جھاڑ پھونکی یا جھاڑ پھونک :- (مو) منتر - وہ دعا جس سے دفیہ سحر کریں -

جھاڑ پونچھ :- (ہ) جھاڑنا - پونچھنا - صفائی - جھاڑ پونچھ برابر کیا - کھائی ڈالا -

جھاڑ دینا :- (ہ) صاف کرنا - برتن وغیرہ سے اس طرح دینا کہ کچھ نہ بچے - مارنا (آج میں نے اس پر ایک ہاتھ جھاڑ دیا) نکالنا (تمہارا سارا غصہ جھاڑ دوں گا)

جھاڑ لینا :- (ہ) صاف کر لینا - بہار لینا - برتن وغیرہ سے کسی چیز کا اس طرح لینا کہ کچھ نہ بچے - آسانی سے وصول کر لینا -

جھاڑن :- (ہ) جھاڑنے کا کپڑا - تولیہ - صفائی - وہ چیز جو جھاڑنے سے نکلے (مو) چھیتی - جھاڑن پونچھن (مذ) وہ چیز جو جھاڑنے سے نکلے - کنایتہً آخری بچہ - جھاڑنا - صاف کرنا - گرد و غبار صاف کرنا - جھاڑ دینا - پونچھنا - جھٹکنا - پھٹکنا - پیڑ میں پھل گرانا - توڑنا - مارنا - لگانا - تلوار کا ہاتھ جھاڑنا - چھوڑنا - فیر کرنا - بندوق جھاڑنا - کنگھی کرنا - بال صاف کرنا - (سر جھاڑنا) دم کرنا - دعا سے مرض دور کرنا - پھونکنا - چقماق سے آگ پیدا کرنا - پیدا کرانا - گریز کرنا - سرزنش کرنا - ٹھیک بنانا ؎ شوق

سلطاں نے غبار اس کا تاڑا
دامن کی طرح سے خوب جھاڑا

جھاڑنا جھٹکنا :- (ہ) گرد و غبار صاف کرنا - جھاڑ و بہار دینا - جو کچھ کسی کے پاس سے بچے اس کو لے لینا - جھاڑو (مو) جاروب - بہاری - جھاڑو پھرنا - بربادی ہونا - کچھ نہ رہنا - جھاڑو پھیر دینا یا پھیرنا - صفایا کرنا - کچھ باقی نہ رہنا - اجاڑنا - برباد کرنا - لوٹ لینا - جھاڑو تارا - (مذ) دم دار ستارا - دنبالہ دار ستارا - جھاڑو دبانا - عورتوں کا خیال ہے کہ ایسا کرنے سے آمدنی رک جاتی ہے - جھاڑو دینا - جھاڑو سے صفائی کرنا - چوری کر کے گھر صاف کر دینا - سب چٹ کر جانا - قدم بد یا نحوست سے کسی کا گھر اجاڑ دینا - جھاڑو مارنا

مُتنفر ظاہر کرنے کے لیے عورتیں بولتی ہیں ۔ جھاڑی (مو) جھوٹا ۔ خاردار ۔ درختوں کی جگہ ۔ جھڑبیری کے درخت ۔ جھاڑی بوٹی کا بیر (مذ) چھوٹے چھوٹے سُرخ جنگلی بیر ۔

جھاگ: (ہ ۔ مذ) کف ۔ پھین ۔ وہ سفید سفید بلبلے جو پانی کے اُبال اور آدمی کے مُنہ سے نکلا کرتے ہیں ۔
جھاگ ڈالنا ۔ کف لانا ۔ غصے کے مارے مُنہ سے تھوک اُڑانا ۔

جھال: (ہ ۔ مو) جھل ۔ ٹانکہ ۔ دھات کا جوڑ ۔ بڑا اور چوڑا ٹوکرا ۔ موج ۔ ترنگ ۔ تلاطم ۔ جھل ۔ آل ۔ خواہش جماع جو عورتوں کو ہو ۔ مرچ وغیرہ کی تیزی ۔

جھالا: (ہ ۔ مذ) وہ زور کا مینہ جو ایک دفعہ خوب برس کر جلدی ختم ہو جائے ۔ عورتوں کے کانوں کا ایک خاص زیور جو صرف موتیوں کی چند در چند لڑیاں ہوتی ہیں ۔

جھالر: (ہ ۔ مو) ابریشم یا ریشم کے تار یا سوت کے دھاگے میں پروئے ہوئے موتی جو بالش کے بٹے دوپٹے ۔ رومال ۔ مسند ۔ چھپرکھٹ وغیرہ کے گرد لگاتے ہیں ۔ سیتے ہوئے کپڑے کے کنارے ۔
جھالردار ۔ وہ چیز جس میں جھالر لگی ہوئی ہو ۔

جھالرا: (ہ ۔ مذ) پکی باؤلی ۔ بڑا کنواں ۔ گنوار ۔ (ہندو) عورتوں کا وہ زیور جس میں روپے پروتی ہیں اور ہیکل کی طرح پہنتی ہیں ۔ جھرنا ۔

جھالنا: (ہ) دھات کے برتن میں ٹانکہ لگانا ۔ زیور میں جوڑ لگانا ۔ پانی وغیرہ کو برف یا شورے میں لگا کر ٹھنڈا کرنا ۔

جھام: (ہ ۔ مذ) ایک قسم کا پھاوڑا جو اکثر کنوئیں کی کھدائی کے کھودنے میں کام آتا ہے یا لوہے کا چرس جس کو رسی سے باندھ کر کنوئیں سے مٹی نکالتے ہیں ۔

جھامر: (ہ ۔ مذ) سوئیاں اور تکلے تیز کرنے کی سلی ۔

جھانپ: (ہ ۔ مو) اونس کا بڑا خوان پوش ۔ بانس کا ٹوکرا ۔ چوکھٹ کے تلے کا چھوٹا سا سائبان ۔ لکڑی کا چوڑا اور بڑا ایک تختہ جو چھت پاٹنے کے کام آتا ہے ۔ پردہ ۔ حجاب ۔

جھانپنا: (ہ) ڈھانکنا ۔ غلاف چڑھانا ۔ کپڑے وغیرہ سے چھپانا ۔

جھانبو: (ہ ۔ مو) ایک چڑیا کا نام جس کو دھوبن کہتے ہیں ۔ چھنال ۔ فاحشہ ۔

جھانٹ: (ہ ۔ مو) زیر ناف کے بال (کنایۃً) کم حقیقت آدمی ۔ ادنیٰ اور بے حقیقت چیز ۔ جھانٹ برابر ۔ ذرا سا ۔ بہت چھوٹا ۔ بے حقیقت ۔ جھانٹ کی جھلی ۔ نہایت ہی کم حیثیت ۔ جھانٹیں اکھاڑنا ۔ بیہودہ کد و کاوش کرنا ۔ جھانٹیں مونڈنا ۔ زیر ناف کے بال صاف کرنا ۔

جھانجھ: (ہ ۔ مذ) جھانجی ۔ پیتل کی دو بھری بھری تشتریاں جن میں سوراخ کر کے ڈوری ڈالتے ہیں اور دونوں ہاتھوں میں لے کر انھیں ڈھول کے ساتھ بجاتے ہیں ۔ بقراط ۔ انیس

شُن کر دہل کا شور کلیجے دہلتے تھے
تھرائے جھانجھ بھی کف افسوس ملتے تھے

(مو) غصہ ۔ جھنجھل ۔ کسی چیز کی بیحد خواہش (تب کوئی جھانجھ) جھنجھلانا جس سے غم و غصہ ظاہر ہو ۔ سنّی یا کوئے نکالنے میں جو پہلو دار خار ہو جاتے ہیں ۔ جھانجھ لانا ۔ تکرار کرنا ۔ جھگڑنا ۔ لڑنا (اکثر جھانج لکھتے ہیں)

جھانجن: (ہ ۔ مو) ایک قسم کا پاؤں کا زیور ۔ پایل ۔

جھانجی: (ہ ۔ مو) ہندو لڑکیوں کا ایک کھیل جو ٹیسوں کے دنوں میں ہوتا ہے ۔ ہانڈی میں سوراخ کر کے اس میں چراغ جلا کر سر پر لیے گاتی پھرتی ہیں ۔ وہ گیت جو جھانجی والیاں گاتی ہیں ۔

جھانجھیں: (ہ ۔ مو) ایک قسم کا پاؤں کا زیور ۔

جھانسا: (ہ ۔ مذ) دھوکا ۔ حیلہ ۔ پٹی ۔ چھل ۔ جھانسا بتانا یا دینا ۔ دھوکا دینا ۔ بتا دینا ۔ ظریف

نہ تو وعدہ ان کا سچا نہ مجھے یقین اس کا
وہ بتا رہے بتا تو میں ٹرے رہا ہوں جھانسے

جھانسیا ۔ دم باز ۔ فریبی ۔ جھانسے میں آنا ۔ دھوکے میں آنا ۔ فریب میں آنا ۔

جھانک: (ہ ۔ مو) تاک ۔ دیدہ و نظر ۔ تاک نظر ۔ جھانک تاک ۔ دیدہ و نظر سے دیکھنا ۔ خیال ۔ غور ۔ تدبیر ۔ جھانکا جھونکی (مو) تاک جھانک ۔ جھانکنا ۔ کسی آڑ سے منہ نکال کر دیکھنا ۔ دیوار کے روزن سے دیکھنا ۔ گھڑی بھر کے لیے آنا (اب تو دنوں تم جھانکتے بھی نہیں) جھانکی (مو) دید ۔ نظارہ ۔ نمائش ۔ تماشا ۔ سوانگ ۔ سوراخ جس سے جھانکا جائے ۔ جھلک ۔ رنگین

تاکی میری کی علامت ہے ایسی
کرتوں تک ہی ہیں کہ نشے کے جھانکی

جھانکڑ: (ہ ۔ مذ) خاردار درخت ۔ جھاڑ کے درخت کا خشک کرہ ۔ جس میں کچھ شاخیں ہوں ۔ دبلا پتلا آدمی ۔ (کنایۃً)

جھانوال: (ہ ۔ مذ) وہ کھردری اینٹ جس سے پاؤں یا اور کسی جگہ کا میل مل کر اتارتے ہیں ۔

جھانولی: (ہ ۔ مو) آنکھ کا اشارہ ۔ معشوق کی ناز بھری گردش چشم ۔ سحر

واہ ری ترک پلک واہ ری گرما گری
ظلم کی جھانولیاں اور ستم کی چتون

چھل ۔ فریب ۔ جھانسا ۔ جھانولی باز ۔ نخرے باز ۔ چھلے باز ۔

جھانولی دینا - آنکھ کی جھپکی دینا - غمزہ کرنا - آنکھ سے اشارہ کرنا - جھانسا دینا

جھاؤ: (ہ - مذ) ایک قسم کا درخت جو دریا کے کنارے ہوتا ہے اور اس سے ٹوکرے ٹوکریاں بنتے ہیں -

جھائیں: (ہ - مو) داغ - دھبے جو منہ پر ہوں - جمع جھائیاں - کلف - چہرے کے دھبے ۔ مصحفی

بیوی سے شاد ہیں کر کرے پھر مقابلہ
اوّل مٹائے ماہ فلک منہ کی جھائیاں

جھائیاں پڑنا - چہرے پر کلف پڑنا - منہ پر داغ دھبے پڑنا -

جھائیں: (ہ - مو) عکس - سایہ - وہ عکس جو شیشے یا کسی اور چمک دار چیز کو سورج کے مقابل کرنے سے پڑے - چہرے کے سیاہ دھبے - جھائیاں - چاند کے دھبے - جھائیں چھپا نہ جلدی سے جھلک دکھا کر چھپ جانا - دھوکا - وہم - فریب -

جھائیں جھائیں: (مو) تکرار - حجت - جھائیں جھائیں ہونا - فضول کی بک بک کرنا - لڑائی دنگا - فساد ہونا ۔ آرزو

اس کی گلی میں آ کے آرزو - اب جنہیں گے کیا!
اس سے ہو چاہے تو تکرار اس سے ہو چاہے جھائیں جھائیں

جھائیں مائیں: (ہ - مو) بچوں کا ایک کھیل جس میں چکر پھیری لیتے جاتے ہیں اور جھائیں مائیں کووں کی برات کہتے ہیں -

جھبا: (ہ - مذ) پھندنا - گچھا - آویزہ -

جھبرا: (ہ - مذ) بڑے بڑے بالوں کا کتا - مجازاً بڑے بالوں بالوں والا آدمی جس نے لمبے لمبے بال بڑھا رکھے ہوں -

جھبیا: (ہ - مو) ایک قسم کا زیور - چھوٹا جھبا -

جھپ: (ہ) جلدی - فوراً - فی الفور - بلا توقف جھپا جھپ جلدی جلدی - جھپ جھپ - جھٹ پٹ - جلد جلد - جھپ کھانا - پتنگ یا کنکوے کا بلندی کے بل گرنا جھپاک (مو) جلدی سے - تیزی سے - جھپاک جھپاک - جلد جلد لپک کر جھپاک سے - جلدی سے - ترت پھرت - جھپاکا - جلدی سے کوئی کام کرنا - جلدی - شتابی -

جھپان: (ہ - مذ) ایک قسم کی عماری یا پالکی جس کا عموماً پہاڑوں پر رواج ہے - جھپانی - جھپان کا اٹھانے والا - کہار مزدور -

جھپانا: (ہ) پتنگ کو الٹ جانا - جھپ کھانا

جھپانا: (ہ) شرمندہ کرنا

جھپٹ: (ہ - مو) زد - دوڑ - زقند - چھلانگ جھپٹ لینا - جلدی سے چھین کر کوئی چیز لے لینا - حملہ - جست - جھپٹا مارنا - جنگل مارنا - چیل کا جلدی سے حملہ کر کے کسی چیز کو پنجوں میں لے جانا - جھپٹانا - جلدی سے دوڑنا جھپٹنا - حملہ کرنا - دوڑنا - جھپٹنا - ہاتھ مارنا - جھپک -

جھپک: (ہ - مو) حیا - شرم - پلکوں کا کھلنا اور بند ہونا - جھپکنا - آنکھوں کا بند ہونا - شرمندہ ہونا - ڈرنا - نیند آ جانا - غنودگی - جھپکی (مو) نیند - غنودگی - ذرا کی ذرا - صورت دکھانا - جھلک -

جھپیٹ: (ہ - مو) دوڑ - دھکا - صدمہ - جن و پری کا سایہ - جھپیٹ کھانا - ہلکی چوٹ کھانا - دھکا لگنا ۔ رند

ہر گام پہ ڈگمگاتا ہے قدم راہ وفا میں
کھائے ہے جھپیٹ ایسی کہ سنبھلا نہیں جاتا

جھپیٹ میں آنا - دوڑتے ہوئے کسی آدمی - جانور یا شے کی جھپیٹ میں آ جانا - دھکا لگنا - بھوت پریت کے سائے میں آنا - جھپیٹا (مذ) آسیب - جن پری - جادو کا اثر - جھپیٹ - جھپیٹے میں آنا - بھوت پریت کا سایہ ہونا - ضرب لگ جانا - صدمہ پہنچ جانا - تلوار کا وار تھا تو کسی اور پر مگر وہ جھپیٹے میں آ گیا - جھپیٹے میں لانا - قابو میں لانا ۔ امیر

فتنۂ محشر کو دیکھے تو کہے زلف سے آنکھ
لا جھپیٹے میں اسے دیر نہ کر دوڑ جھپیٹ

جہت: (ع - مو) طرف - جانب - سمت - وجہ - سبب - باعث -

جھٹ: (ہ) فوراً - دفعتہً - بہت جلد - جھٹ پٹ - بہت جلد - جلد تر - ترت پھرت -

جھٹال دینا: (ہ) جھوٹا کر دینا - تھوڑا سا کھا لینا (حلوے کو جھٹال دیجیے تو سب کو بانٹ دیجیے) جھٹال لینا - چکھ لینا (منہ کے ساتھ استعمال کرتے ہیں) جھٹالنا - جھٹلانا - جھوٹا بنانا - کسی چیز کو چکھ کر یا کھا کر اچھوتا نہ رکھنا -

جھٹ پٹا: (ہ - مذ) صبح یا شام کی تاریکی - دونوں وقت ملنے کا سماں - آفتاب کے غروب ہونے کا وقت -

جھٹک: (ہ - مو) جھٹکن - جھٹک جانا - دبلا ہو جانا ۔ رند

بیمار دونوں اک مرض عشق کے ہوئے
وہ ان سے یار ادھر میں جھٹک گیا

جھٹک لینا - چھین لینا - دبا بیٹھنا

جھٹکا: (مذ) دھکا - صدمہ - مصیبت - آفت - دورہ

جو تر فصل یک شاخ سے لگا ہے۔

جھڑوس ۱-(ہ - مذ) بوڑھا - بوبک - بے حمیت - بے غیرت۔

جھڑی: (ہ - مو) وہ مینہ جو بجلی اور کڑک کے بغیر آہستہ آہستہ متواتر برسے - آنسوؤں کا تار (بندھنا - لگنا)

جھڑیل ۱-(ہ) بوڑھا - بچر۔

جھک: (ہ - مو) جنون - دیوانگی - ہذیان - بکواس - بڑ بک بک - غصہ - تیز اجلا - چمک دار۔ جھکنا - بے ہودہ بکنا - یاوہ گوئی کرنا - لغو باتیں کرنا - برا کام کرنا۔ جھکی - بہت بکنے والا - ضدی - مجنون۔

جھک جھک: (ہ - مو) جھگڑا - تکرار - بک بک۔

جھکا جھک: (ہ) تاباں - دمکتا ہوا - چمکیلا - صاف شفاف - اجل۔

جھکانا: (ہ) مغالطہ دینا - پھرانا - دکھانا۔ (جیسے گھر جھکانا)

جھکانا: (ہ) حیران کرنا - ستانا - ہیرا پھیری کرنا - ٹال مٹول کرنا - جھکائی دینا - مغالطہ دینا - دوڑ میں پیچھے کر حریف کو آگے کرکے کسی طرف نکل جانا۔

جھکانا: (ہ) خمیدہ کرنا - نیچا کرنا - سرنگوں کرنا۔ جھکاؤ (مذ) جھکاوٹ - خمیدگی - رجحان - توجہ۔ جھکاوٹ (مو) خمیدگی - جھکاؤ۔ جھک پڑنا - کسی طرف مائل ہونا - متوجہ ہونا۔ جھک جانا۔ جھک کر سلام کرنا - طنز سے سلام کرنا - شرارت میں استادانہ۔ جھک کر ملنا - عجز و انکسار سے ملنا - فروتنی سے پیش آنا۔

جھکرا: (ہ - مذ) بڑا آبخورہ - منہ کھلا پانی کا برتن۔

جھکڑ: (ہ - مذ) ہوائے تند - طوفان باد۔ جھکڑ چلنا - تند ہوا کا چلنا - تیز ہوا کا طوفان

جھک جھور جھیلنا: (ہ) دھینگا مشتی - چھینا جھپٹ - توڑا مروڑی - نوچا نوچی (کنایتہ)

ن انشا: سینتیں جھیلنا سے انشا

بری چاہت کو کیا کھو بیٹھا جب تک جھک جھورے جھیلنے کو

دو گانا پڑ جانے تک ایسی تمہاری انکھیلیاں کھیلنے کو

جھکنا: (ہ) خمیدہ ہونا - نیچا ہونا - بل کھانا - فروتنی سے پیش آنا - متواضع ہونا - نیند سے آنکھ جھکی پڑنا - متوجہ ہونا - مائل ہونا۔ ع انیس

جھکے ... پر بھی جھکے وہ خونخوار

صرف ہونا - خرچ ہونا - گرنا - پڑنا - تقسیم کرنا - وزن میں زائد ہونا - شرمندہ احسان ہونا۔

جھکندن: (ہ - مو) جھک جھک - تکرار - عذاب جان۔

جھکور: (ہ - مو) ہوا کی لہر - نقصان - خسارہ - شامت - آفت

جھکوڑا: (ہ - مذ) تیز ہوا کا جھونکا - پانی کی زوردار لہر۔

جھکولا: (ہ - مذ) لہر - ترنگ - موج - پانی کا زور سے آنا - غوطہ - ڈبکی۔ جھکولنا - ہاتھ ڈال کر پانی ہلانا - جھلانا - غوطہ لگانا - جھولانا۔ ع داغ

ساقی نہ میرے دل کو جلا آتش تر سے

شورے میں صراحی کو جھکولا نہیں جاتا

جھکولے کھانا - غوطے کھانا - کبھی پانی میں ڈوبنا کبھی ابھرنا - زمانے کا گرم و سرد آزمانا - ٹھوکریں کھانا۔

جھگڑا: (ہ - مذ) دنگا - فساد - بحث - تکرار - حجت - بکھیڑا - قضیہ - خرخشہ۔ جھگڑا پاک ہونا یا چکنا - فساد رفع ہونا - فیصلہ ہونا - مرجانا۔ جھگڑا چکانا - فیصلہ کرنا - قضیہ فیصل کرنا - رفع فساد کرنا - قرض ادا کرنا - مار ڈالنا - دنیا کے تعلقات ختم کرنا۔ ع امانت

جھگڑا چکائے لیتے ہیں آج اپنا غیر سے

یا ہم رہیں زمانے میں یا مدعی رہے

جھگڑالو - لڑاکا - فسادی - شریر - حجتی - تکراری - مفسد۔ جھگڑنا - لڑنا - فساد کرنا - دنگا کرنا - حجت کرنا - تکرار کرنا - مباحثہ کرنا۔

جھل: (ہ - مو) غصہ - خفگی - کدورت - طیش - ضد ع جعفر علی خان اثر

کدورت رہے گی نہ آپس کی آن بن

مزاجوں کی جھل جائے گی رفتہ رفتہ

رشک - حسد - جلن - عورت کی خواہش جماع - شہوت کی زیادتی - مرچ وغیرہ کی تیزی۔ جھل ہایا - غصہ ور - بد مزاج - شہوت پرست ع

کون ہے کس لیے جو شخص رنگین

لگ ہے میرا اس کو جھل ہانے سے عشق

جھل ہائی (مو) چھنال - غصیل

جھلا: (ہ - مذ) بد مزاج - جھل ہایا - جھلی - جھل ہائی

جھلابور: (ہ) ازرق برق - تاباں - چمک - دمکتا - چمکیلا - چمک دار - طوفان - طغیانی

دامن میں کچھ رکھنے کے لئے لگاتے ہیں قبضہ۔ قابو۔ اختیار (جیسے جیب میں ٹکا نہیں) جیب خرچ (مذ) وہ بالائی خرچ جو روزمرہ کے لیئے رکھا جائے۔ **جیب کترا** (مذ) اُچکا۔ وہ بدمعاش جو جیب کتر کر دام نکالے۔ اُچکا۔ **جیب گھڑی**۔ مو) وہ چھوٹی گھڑی جو جیب میں رکھی جائے۔ پاکٹ واچ۔ جیب میں پڑے ہیں یا پڑے رہتے ہیں۔ خاطر میں نہیں لاتا کوئی وقعت نہیں رکھتے۔ **جیبی رومال** - چھوٹا رومال جو جیب میں رکھا جاتا ہے۔

جیب۔ جیبھ: (ہ۔ مو) زبان۔ **جیب چلنا** - زبان چلنا۔ منہ چلنا۔ بہت باتیں کرنا۔ بہت کھانا (جیسے جیب چلے ستر بلا ٹلے) **جیب نکالنا** - زبان نکالنا۔ زبان کھینچنا۔ گرمی کے مارے زبان نکالنا۔ بیہودہ پن سے بات کرنا۔

جیت: (ہ۔ مو) فتح۔ کامیابی۔ فائدہ۔ برتری۔ **جیت لینا** - فتح کرنا۔ لے لینا ے آرزو

کس کی نبھی ہے ایک سی آج ہے جو یہ کل کہاں
تو سہی جیت لوں تمہیں میں یونہی ہار کے

جیتا: (ہ۔ مذ) زندہ۔ جاندار۔ زیادہ جیسا (ذرا جیتا کپڑا بچا رہو) **جیتا جاگتا** - زندہ۔ صحیح سلامت۔ تندرست۔ **جیت جھوٹ** - کھلا جھوٹ۔ **جیتا چمڑا** - جاندار گوشت۔ **جیتا رہنا** - زندہ رہنا۔ **جیتا سو ہارا۔ ہارا سو مر گیا** - مقدمہ بازی کے لیے کہتے ہیں کہ اس میں جو جیتا ہے اس کا اتنا خرچ ہو جاتا ہے کہ ہار جانے کی برابر ہے اور جو ہار جاتا ہے وہ تو بالکل مر جاتا ہے۔ **جیتا لہو** - تازہ خون۔ تازہ خون جو جسم سے نکلے۔ **جیتا ناخن** - وہ ناخن جو کاٹنے کے قابل نہ ہو۔ گوشت سے چمٹا ہوا ہو۔ **جیتے جی** - زندگی بھر۔ عمر بھر۔ زندگی میں۔ **جیتے جی مر جانا** - تباہ ہو جانا۔ **جیتے جی مٹی میں ملنا** - عاجزی اور انکساری کی جگہ۔ **جیتی جاگتی** - دیکھو جیتا جاگتا۔ **جیتے کا چارہ** - وہ زندہ کیڑا جو مچھلی کے شکار کے لیے شست میں باندھ دیتے ہیں۔ **جیتی مکھی نگلنا** - جان بوجھ کر نقصان اٹھانا یا آفت میں پڑنا۔ **جیتے موئے** - مرنے کے بعد اور زندگی میں۔

جیتنا: - فتح کرنا۔ غالب آنا۔

جیٹھ: (ہ۔ مذ) خاوند کا بڑا بھائی۔ ہندی سال کا دوسرا مہینہ جو ۱۵ مئی سے ۱۵ جون تک ہوتا ہے۔ بہت سی اوپر نیچے رکھی ہوئی روٹیاں۔ اوپر نیچے رکھے ہوئے برتن۔ آخوش۔ **جیٹھ کی جیٹھ** - تھپی کی تھپی روٹیاں۔

جیٹھا: (ہ) وہ بچہ جو سب سے پہلے پیدا ہوا ہو۔ جیٹھ کے مہینے کی پیدائش (مو) جیٹھی

جیٹھانی: (ج جٹھانی ہ۔ مو) جیٹھ کی بیوی۔ خاوند کے بڑے بھائی کی بیوی۔

جیجا: (ہ۔ مذ) بہنوئی۔ بہن کا خاوند (ہندوؤں کا روزمرہ) ہے **جیجی** (مو) بہن۔ ہمشیرہ۔ خواہر۔ بچوں کی پستان چھاتی۔ **جیجی پینا** - دودھ پینا۔

جیحون: (ف) ایک مشہور دریا جو بلخ کے قریب ہے ے

موت سے پہلے ہی مر جا پھر تو بیڑا پار ہے
جسم جب بے جان ہوا کشتی ہے جیحوں ہوا — وزیر

جیّد: (ج جید۔ ع) خوب کھرا۔ نیک۔ عمدہ۔ طاقت ور۔ زبردست۔ **جید الکیموس** مراد بہترین جزو بدن ے

ہضم کا اس قدر معدے نے پہنچایا بہم
جید الکیموس ہے جو حلق سے اتری غذا — ذوق

جیسا: (ہ) جس طرح جس طرح کا۔ یہ اسم موصول ہے جس میں معنی شرط بھی پائے جاتے ہیں۔ اس لئے جواب میں ویسا آتا ہے (جیسا کرو گے ویسا سنو گے) **جیسا** بمعنی جس طرح کا۔ جس قسم کا۔ **جیسا چاہو** - جس قسم کا مطلوب ہو۔ حسب خواہش۔ **جیسا چاہیئے** - حسب دلخواہ۔ قابل تعریف۔ قرار واقعی۔ **جیسا دیس ویسا بھیس** - جہاں رہیں وہیں کے اوضاع و اطوار بھی اختیار کرنے چاہئیں۔ **جیسا راجہ ویسی پرجا** - رعیت اپنے بادشاہ کے روش کی پیروی کرتی ہے۔ **جیسا کرو گے ویسا بھرو گے** - بدی کا بدلہ بدا اور نیکی کا نیک ملے گا۔ **جیسا کہ** - جس طرح کہ۔ مو) حسب مطابق۔ **جیسا منہ ویسا تھپڑ** - **جیسی ذات ویسی بات** جو شخص جس لائق ہو اس سے ویسا ہی سلوک ہونا چاہیئے۔ **جیسی** جیسا کا مونث۔ **جیسی روح ویسے فرشتے** - جس طرح کا نیک یا بد آدمی ہوتا ہے۔ ویسی ہی اس کی خواہش اور حالتیں ہوتی ہیں ے

ہے جیسی روح ویسے فرشتے مثل یہ ہے
واعظ ہی پوچھتے رہیں زہاد کا مزاج — قدر

جیسی کرنی ویسی بھرنی - مثل جیسا کام کرو گے ویسا نتیجہ پاؤ گے۔ **جیسے** - جیسا کی جمع۔ **جیسے بنے** - جس طرح ہو سکے۔ **جیسے پیا گھر رہے ویسے رہے بدیس** - نکھٹو آدمی کا پاس رہنا اور پردیس میں جانا برابر ہے۔ **جیسے کا تیسا** - بعینہ جوں کا توں۔ ہو بہو۔ **جیسے کو تیسا** - شریر کو اس کا بھی استاد مل جاتا ہے۔ ہر فرعونے را موسی۔ برے کو برا ہی جواب دینا چاہیئے۔

جیش: (ج ع۔ مذ) لشکر۔ جیوش جمع۔

جیغہ: (ت۔ مذ) ایک مرصع زیور۔ جو پگڑی میں باندھا جاتا ہے۔ کلغی

جیگر۔ جیگھر: (ہ۔ مو) پانی کا گھڑا۔ گھلیا۔

جیگڑ بھرنا۔ بیگمات عمدہ میں رسم تھی کہ جب روزہ کشائی کرتی یا ولادت ہوتی تو ان کو ایک طشت اور بدھنی میں دودھ بھر کر سہرے بدھنی اور لدے میاں کی نذر دیتی تھیں۔ ہندو عورتوں کے یہاں رسم ہے کہ وہ بیٹے کے بیچنے میں برہمنوں کے یہاں ثواب کے لئے پانی بھرتی ہیں۔ اسے جیگڑ بھرنا کہتے ہیں۔

جیل:۔ (جے ل۔ مذ۔ انگ) قید خانہ۔ قید۔ جیل خانہ۔ قید خانہ۔ جیلر۔ حاکم قید خانہ۔ داروغہ زندان جیب۔

جیلی:۔ (ہ۔ مو) گھاس اکٹھی کرنے کا سہ شاخہ آلہ جس سے بھس وغیرہ آسانی سے سرکایا جا سکتا ہے۔

جیلی: (جے لی۔ انگ۔ مو) ایک قسم کی لیسدار غذا جو گوشت پودوں اور اکثر پھلوں سے بناتے ہیں۔

جین یا جینی:۔ (ہ) جین کا ماننے والا۔ ہندوؤں کا ایک مذہب جو وید وں کو نہیں مانتا۔

جینا:۔ (ہ) زندہ وسلامت رہنا۔ زندگی بسر کرنا۔

جینے کے لالے پڑنا۔ جینے کی آس نہ رہنا۔

جیو:۔ (س۔ مذ) جان۔ زندہ جانور۔ روح۔ معشوق۔ جیو آتما (مو) جان۔ روح (ہندوؤں کا مذہب)

جیوٹ:۔ (ہ) جی دار۔ بہادر۔ دلیر۔ شجاع ہو بہادری۔ شجاعت۔

جیوری:۔ (انگ۔ مو) اس قانون کے عہدے کی آواز خطہ ور سکون کے بیچ میں پنچوں کی عدالت۔ مجلس جو ان مقدمہ ہر جج کے ساتھ کام کرتی ہے اور جس کی رائے سے اتفاق یا اختلاف جج کی رائے پر منحصر ہے۔

جیوڑا:۔ (ہ۔ مذ) جی کی تصغیر۔ جی۔ دل۔ جان۔ معشوق۔ دلبر۔ جانی (جانا۔ دہلنا۔ نکلنا کے ساتھ)

جیومیٹری:۔ (انگ۔ مو) علم ریاضی کی ایک شاخ۔ اقلیدس۔ مساحت

جیون:۔ (ہ۔ مذ) زندگی۔

چ

چ:۔ (چے۔ مو) اردو ابجد کا آٹھواں حرف۔ اس کے اعداد ابجد کے حساب سے تین ہوتے ہیں۔

چاب:۔ (ہ۔ مو) دھوئے گیلے چاول اور شکر جو کسی عزیز کے مرنے والے کے پیسوں میں لگا کر بھیجے جاتے ہیں۔

چابک:۔ (ف) چست و چالاک۔ پھرتیلا۔ تیز۔ مذ) تازیانہ۔ کوڑا۔ ہنٹر۔ کوڑا۔ چابک دست۔ وہ شخص جو ہاتھ کے کام میں چالاک ہو۔ پھرتیلا۔ چابک سوار۔ (مذ) گھوڑا پھیرنے اور سدھانے والا۔ گھوڑے پر خوب چڑھنے والا۔ صفت۔ چابک سواری (مو) چابکی (مو) چستی۔ چالاکی۔ تیزی

چابنا:۔ (ہ) کسی چیز کو دانتوں سے کچلنا جیسے چبا ڈالتے ہیں۔

چابی:۔ (مو) کنجی۔ کلید۔ تالی۔ کام کو جوش یا تحریک پیدا کرنے کا ذریعہ (ان کی چابی یہ ہے کہ فلاں شخص سے کھڑادو) (چمکال میں چابی دی یا چوسے سپے)

چاپ:۔ (ہ۔ مو) پاؤں کی آہٹ۔ دبنا۔ پاؤں کی آواز (انگ۔ مذ) گوشت کا خاص طرح سے بھنا ہوا ٹکڑا۔ چاپڑ۔ بغدا۔

چاپٹ:۔ (ہ۔ مو) پٹے کے دو ٹکڑے جھٹکنے سے رہ جاتے ہیں۔ پسے ہوئے اناج کی بھوسی۔ چوکر۔

چاتر تو بیری بھلا مورکھ بھلا نہ میت:۔ (ہ) دانا دشمن نادان دوست سے بہتر ہے۔

چاپلوس:۔ (ف) خوشامدی۔ چاپلوسی (مو) خوشامد۔ بے جا تعریف کرنا۔

چاٹ:۔ (ہ۔ مو) چاٹنے کا مزہ۔ چسکا۔ عادت۔ لپکا۔ لت۔ شوق۔ وہ مزے دار چیز جو زبان کا ذائقہ درست کرنے کے لیے کھائیں۔ گزک۔ چٹپٹی چٹنی اور دہی وغیرہ کی پھلکیاں یا مصالحہ دار چنے آلو وغیرہ۔ چاٹ پر لگانا۔ کسی کو مزہ سے آگاہ کرنا۔ رفتہ رفتہ عادت ڈالنا۔ چاٹ پڑنا۔ مزہ پڑنا۔ چسکا پڑنا ؎ جمیل

دیکھئے ہر آن کے اب تسکین ہے بیمار کی
چاٹ سی کچھ پڑ گئی ہے شربت دیدار کی

چاٹ جانا۔ زبان سے چاٹ کر سب صاف کر دینا۔ سب کچھ ہڑپ کر جانا۔ چاٹ دینا۔ ڈھیل دینا۔ چاٹ لگنا۔ مزہ پڑنا۔ چسکا پڑنا۔ عادت پڑنا۔ شوق لگنا۔ چاٹنا۔ کسی رقیق چیز کو زبان سے اٹھانا۔ مزہ لینا ؎ تسنیم

جلوہ پکارتا ہے کہ نور خدا یہ ہے
یوسف بھی ہونٹ چاٹتے ہیں مزا یہ ہے

چاٹی: (مو) دودھ کی ہانڈی۔ چاٹیا۔ وہ شخص جو کسی چیز کی لذت پائے ہوئے ہو۔

چاچا:۔ (ہ۔ مذ) چچا۔ باپ کا بھائی۔ چاچی (مو) ہندوؤں کا روزمرہ

چادر:۔ (ف۔ مو) پڑا۔ چوڑا اور موٹا کپڑا۔ پھولوں کی

دہ روا جو مزاروں پر چڑھائی جاتی ہے۔ پانی کی چوڑی دھار۔ لوہے وغیرہ کے چوڑے چوڑے پترے۔ شالی چادر۔ **چادر اُتارنا**۔ عورت کو بے پردہ کرنا۔ عزت اُتارنا۔ **چادر پڑنا**۔ پوشیدہ ہونا۔ **چادر تان کر سونا**۔ بے فکر ہو کر سونا۔ اطمینان سے زندگی بسر کرنا۔ **چادر چڑھانا**۔ کپڑے یا پھولوں کی چادر کسی بزرگ کے مزار پر ڈالنا۔ **چادر چھپول** (امذ) بچوں کا ایک کھیل۔ لڑکے دو تھوک میں بٹ جاتے ہیں۔ پھر ایک تھوک والے اپنی طرف کے کسی لڑکے کو چادر میں چھپا دیتے ہیں۔ دُوسرے تھوک والوں سے اس کا نام پوچھتے ہیں۔ اگر ٹھیک بتا دیا تو وہ اسے چور بنا کر لے جاتے ہیں اور اس تھوک کے سب لڑکے اس تھوک کی پیٹھیاں لیتے ہیں جس کا یہ لڑکا ہوتا ہے۔ **چادر دیکھ کر پاؤں پھیلانا**۔ بساط کے مطابق کام کرنا۔ **چادر ڈالنا یا اُڑھانا**۔ چادر اُڑھا دینا۔ بیوہ کے ساتھ شادی کرنا۔ **چادر سے باہر پاؤں پھیلانا**۔ اپنی حد یا بساط سے باہر قدم رکھنا۔ **چادر ہلانا**۔ لڑائی کی حالت میں مغلوب سپاہ کا پناہ چاہنا۔ فریاد کرنا۔ ع نسیم

ڈر سے اُڑے تھے ہوش ہر اک پہلوان کے
چادر ہلا رہے تھے پھریرے نشان کے

چادر سے تھوڑی پیر پسارے بہت۔ آمدنی کم خرچ زیادہ۔ **چادرا** (مذ) بڑی چادر۔ بڑا اور چوڑا دو پاٹ کا دوپٹہ۔ چھوٹی چاندنی۔

چار (ف) تین اور ایک۔ پانچ سے ایک کم۔ **چار آدمی** (مذ) پنچ۔ دو چار بھلے مانس۔ **چار آنکھ**۔ دیکھو آنکھ چار کرنا یا ہونا۔ **چار آنکھیں کرنا**۔ سامنے آنا۔ مقابل ہونا۔ آنکھوں سے آنکھیں لڑنا۔ **چار آنکھیں ہونا**۔ زیادہ ماہر و تجربہ کار ہونا۔ "میاں ہم سے کیا باتیں بناتے ہو۔ کسی کی دو آنکھیں ہوں گی تو ہماری چار ہیں"۔ **چار آئینہ** (ف۔ مذ) ایک طرح کا جنگی لباس جس کی شکل یوں ہوتی ہے کہ شوکے کی طرح فولاد کی چار تختیاں جن پر مخمل وغیرہ منڈھ دی جاتی ہے اور انہیں سینے اور پیٹھ کی حفاظت کے لیے پہنتے ہیں۔ **چار ابرو** معشوق جس کا سبزہ آغاز ہو۔ **چار ابرو کا صفایا** (مذ) سر۔ بھوؤں۔ مونچھوں اور داڑھی کا منڈوا دینا۔ **چار اجساد یا چار ارکان** (مذ) چار عنصر۔ خاک۔ باد۔ آب۔ آتش۔ **چار انگل کا پرچہ یا پرزہ** (مذ) چھوٹا سا پرچہ۔ رقعہ۔ خط۔ **چار انگلیاں سر پر نہ رکھنا**۔ سلام تک نہ کرنا۔ سلام نہ کرنا۔ **چار باغ** (مذ) وہ شالی رومال جس کے چاروں گوشوں پر چار رنگ کے گل بوٹے بنے یا کڑھے ہوتے ہیں۔ اس نام کے تین باغوں کا پتہ ہے۔ ایک اصفہان ایک دہلی اور ایک لکھنؤ میں جسے آصف الدولہ نے بنوایا تھا۔ اب بڑا اسٹیشن ہے جسے چار باغ کا اسٹیشن کہتے ہیں۔ **چار بالشتیہ** (ف۔ مذ) ماہیروں کا وہ پشت

تکیہ جو عام طور سے چار بالشت کا ہوتا ہے۔ مسند ع بحر

خاک میں وہ چار بالشت حکومت مل گیا
چار تختوں کے تلے دا لیے کیکاؤس ہے

چار بند (مذ) پشت کا بیچ اوپر اور چپ و راست کا حصہ۔ ہر ایک جوڑ ہر ایک عضو ع عاشق

حیراں ہوں سلاح انہیں کیوں پسند ہے
چار آئینہ سے صاف کہیں چار بند ہے

چار بند کی فصدیں لینا۔ وہ فصد لینا جس میں پشت کے چاروں طرف کی رگوں کا خون نکل جائے۔ **چار بیتی**۔ رباعی۔ **چار بیسی** (عو) اسی۔ "یہ آم چار بیسی ہیں"۔ **چار پارچے کا خلعت** وہ خلعت جس میں چار قیمتی کپڑے دیئے جائیں۔ **چار بیت** (مذ) چار مصرعوں کے بند کی نظم جس میں سوز عشق فراق کے مضامین ہوتے ہیں اور باغوں میں دائرہ بجا کر گائی جاتی ہے۔ **چارپائی** (عو) پلنگ۔ پلنگڑی۔ **چارپائی پر پڑنا**۔ چارپائی پر لیٹنا۔ بیمار ہونا۔ صاحب فراش ہونا۔ **چارپائی سے پیٹھ لگنا**۔ کھاٹ پر پڑے پڑے پیٹھ میں زخم ہو جانا۔ بیمار کا بہت کمزور ہو جانا۔ **چارپائی کے بان توڑنا**۔ ہر وقت پلنگ پر پڑے رہنا۔ کاہل اور سست ہونا۔ **چارپائی میں کان ہونا** (لک) چارپائی کے سیرو پٹیوں کے سروں کا آڑا ہو جانا۔ یعنی خلقوں میں تناسب نہ رہنا۔ ٹیڑھا ہو جانا۔ نیز سیل کی وجہ سے چارپائی کا اکڑ جانا۔ **چارپائی والا** (عو) شخص۔ **چار پہر دن** (رات) پورا دن (رات)۔ **چار پیسے کے لئے** معمولی رقم کے لئے۔ **چار پایہ** (مذ) چوپایہ۔ چار پاؤں والا جانور۔ ڈھور ڈنگر۔ **چار پایہ ہونا** (ظرافۃً) جورو والا ہونا۔ عیالدار ہونا۔ **چار پیسے** (مذ) زر دولت۔ **چار پیسے والا**۔ مالدار۔ **چار تار**۔ چار جوڑے۔ چار کپڑے۔ چار گہنے۔ چار زیور۔ **چار تال** (مذ) ہر تالہ۔ طبلہ بجانے میں ایک تال۔ **چار تخم** (مذ) ریحان۔ اسبغول۔ بالنگے اور خرفہ کے بیج۔ **چار تکبیر** (عو) نماز جنازہ جو مسلمان مردے پر پڑھی جاتی ہے۔ **چار تُک**۔ چار قدم۔ چار ٹوک۔ چار ٹکڑے والا۔ **چار چابک**۔ **چار جامہ** (مذ) زین کی طرح کی وہ پوشش جسے گھوڑے پر ڈال کر سوار ہوتے ہیں۔ صرف تہبند باندھے ہوئے اور کل بدن ننگا۔ **چار جامہ کسنا**۔ گھوڑے پر زین رکھنا۔ کسی کام کے لئے مستعد اور تیار ہونا۔ **چار جانی**۔ فاحشہ عورت۔ کسبی۔ **چار چالے** (مذ) ہندوؤں کی ایک رسم جس کے مطابق بیاہ کے بعد چار دفعہ دولہا دولہن کو ایک ایک مرتبہ مہمان بلاتے اور کچھ نقدی اور کھانا وغیرہ ساتھ کر دیتے ہیں۔ **چار چاند لگانا**۔ مرتبہ اور عزت بڑھانا۔ آنکھوں پر بٹھانا۔ **چار چاند لگنا**۔ عزت بڑھنا۔ عالی رتبہ ہونا۔ حسن کا دوبالا ہونا۔ **چار چشم**۔ بے مروّت۔ طوطا چشم۔ **چار چوٹ کی مار دینا**۔ خوب مارنا۔ ہاتھ پیر

لکڑی۔ کوڑے سے مارنا۔ **چار حرف بھیجنا**۔ لعنت بھیجنا۔
چار خانہ (مذ) ایک قسم کا لکیر دار کپڑا جس کی لکیروں سے چار خانے
پیدا ہوں۔ **چار دانگ**۔ چاروں طرف۔ تمام عالم۔ دنیا کی
چاروں سمتیں۔ **چار دن**۔ چند روز۔ تھوڑے دن۔
چار دن کی بادشاہی۔ چند روزہ عیش یا بہار۔ **چار
دن کی بہار** (مو) ناپائدار حسن۔ چند روزہ رونق۔ ناپائداری۔
چار دن کی چاندنی (مو) چند روزہ عیش و آرام۔ چند دن کی
دولت۔ ناپائدار حسن۔ **چار دن کی چاندنی پھر اندھیری
رات**۔ جیسے چاندنی چند رات میں پھر اندھیرا ہو جاتا ہے اسی
طرح عیش و آرام بھی ناپائدار ہے ؎ مولف

ہر کمال را زوال آخر مسلم بات ہے
چار دن کی چاندنی اور پھر اندھیری رات ہے

چار دہ۔ چودہ۔ پندرہ سے ایک کم۔ **چار دہم**۔ چودہ۔
چار دہ معصوم۔ فرقہ امامیہ کے عقیدے کے مطابق رسول کریم
بی بی فاطمہؓ اور بارہ امام جو گناہ اور عیب سے بری ہیں ؎

پھر اُن کا حال خلق کو معلوم ہو گیا
چاروں پہ لطف چار دہ معصوم ہو گیا

چار دیوار (مذ) کسی رقبے یا احاطے کے چاروں طرف کی دیواریں
چار دیواری (مو) شہر پناہ۔ فصیل۔ گھر کا احاطہ۔ **چار زانو
بیٹھنا**۔ امیرانہ نشست سے بیٹھنا۔ آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔
چار سالہ (صفا) چار برس کا جانور۔ چار دانت کا۔ **چار سو
بیس** (مو) جعل سازی۔ **چار شنبہ** (مذ) چہار شنبہ۔ بدھ۔ اربعا
چار طرف۔ چار سو۔ چار دانگ۔ ہر طرف و ہر جانب۔
چار عنصر (مذ) وہ چاروں اصلی جز جن سے وجود ذات کی ظاہری صورت
نمایاں ہوئی۔ آگ۔ مٹی۔ پانی۔ ہوا۔ **چار قل** (مذ) قرآن شریف
کے آخری سیپارے کی چار سورتیں جو "قل" کے لفظ سے شروع ہوتی
ہیں یعنی سورۂ کافرون۔ سورۂ اخلاص۔ سورۂ فلق۔ سورۂ ناس۔
چار کانے (۱)۔ (مذ) چوسر کی اصطلاح میں پانسے کا اس طرح گرنا
کہ ایک میں دو نقطے اور دو میں ایک ایک نقطہ آئے۔ **چار کھونٹ**
(مو) دیکھو "چار طرف"۔ **چار کے کاندھے پر جانا** (۲)۔ مر کر
تابوت میں جانا۔ جنازے میں لیٹنا۔ مرنا۔ **چار گام یا چار
گام** (صفا) تیز چلنے والا گھوڑا۔ تیز رفتار جواد۔ **چار گوشے
کا آدمی**۔ بہادر۔ جیوٹ۔ **چار گنا**۔ چار چند۔ چوگنا۔ **چار
مذہب** (مذ) اہل سنت و جماعت کے چار فرقے یعنی حنفی۔ حنبلی۔
شافعی۔ مالکی۔ **چار مغز** (مذ) مغز خربوزہ۔ مغز کدو۔ مغز خیارین۔
مغز بادام جو اکثر دواؤں اور ٹھنڈائیوں میں استعمال کئے جاتے
ہیں۔ **چار منزل** (مو) صوفیوں کی اصطلاح میں قرب الٰہی کے چار
درجے شریعت۔ طریقت۔ معرفت اور حقیقت۔ **چار موج یا
چار موجہ**۔ بھنور۔ چو طرفہ سیلاب ؎ دبیر

تیغ کی آب سے خشکی میں یہ قلزم دیکھو
چار موجے میں پھنسی فوج کا تلاطم دیکھو

چار میخا کرنا (۱)۔ متعد (کسی جانور کے چاروں پیروں کو باندھنا
یا اس میں میخیں لگا دینا کہ اسے سزا دیں۔ **چار میں بیٹھنا**۔ محفل
میں غیروں تک بیٹھنا ؎ رنگین

چار میں بیٹھ کے ہنس لیتی ہوں رو منہ میں بھی
جی میں خوش ہوتی ہوں ہر دم کی ملاقات سے کم

چار میں رسوا کرنا۔ غیروں میں ذلیل کرنا ؎ جلیل

میرے نالوں پہ ابھی ہنستے تو ہو
پھر کہو گے چار میں رسوا کیا

چار میں ہانڈی بکنا۔ بات پر چہ میگوئیاں ہونا۔ راز کھل
جانا۔ **چار ہاتھ**۔ اندازے کی پیمائش ظاہر کرنے کے لئے ؎

اونچا ہوا لاکھ تاڑ سے بھی سرو چار ہاتھ
رتبہ بلند ہے تیرے قد کا ہزار ہاتھ ؎ آتش

چار ہاتھ پاؤں ہونا۔ قوت و امکان ہونا "آخر تمہارے بھی
تو چار ہاتھ پاؤں ہیں۔ کماؤ کھاؤ" "چار ہاتھ پاؤں سب کے
ہیں"۔ قوت پر گھمنڈ کرنے والے کے جواب میں۔ **چار ہاتھ
کی زبان ہونا**۔ زبان دراز ہونا ؎ جان صاحب

خدا کے سامنے بھی چار ہاتھ کی ہوگی
نگوڑی تیری قیامت میں یہ زبان ہوگی

چاروں چولوں سے برابر ہونا۔ مزاج ٹھیک اور طبیعت
خوش ہونا۔ **چاروں خانے چت ہونا**۔ چاروں شانے چت
ہونا۔ **چاروں مت**۔ علم موسیقی کے چار بڑے راگوں سے

مائل موسیقی ایسا کہ اداکر دیتا
کبھی بارہ مقام اور کبھی چاروں مت ؎ ذوق

چار یار (مذ) حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے
چار خلیفہ یعنی حضرت ابوبکرؓ حضرت عمرؓ حضرت عثمانؓ حضرت
علی کرم اللہ وجہہ۔

چارا:- (ہ- مذ) گھاس۔ چری وغیرہ جو چوپایوں کو دی
جاتی ہے۔ **چارج** (انگ- مذ) سپردگی۔ سامان
جو تحویل میں ہو۔ **چارج دینا یا لینا**۔ وہ سامان جو سپردگی میں ہے
دینا یا لینا۔ **چارج کرنا یا ہونا**۔ قیمت کرایہ پر لینا یا دینا۔

چاروں:- (ہ) بہ چہار۔ چار کے چار۔ **چاروں شانے
چت گرنا**۔ بالکل بچھ جانا۔ بحث میں بند
ہونا یا ہار جانا۔

چاروناچار:- (ف) مجبوراً۔ جبراً۔ زبردستی

چارہ:- (ف- مذ) علاج۔ تدبیر۔ مدد۔ انجام۔ نیز دوا گھاس
وغیرہ جو جانوروں کو کھلائی جاتی ہے۔ **چارہ جوئی**

چاندنی مار گئی جو دل مجروح کو رات
عکس انداز یہ کس کا رُخ پُر نور ہُوا

چاندنی کو سو پینا: جب کسی کو زخم لگتا یا فصد کھلتی یا جونکیں لگتی ہیں یا عورت کے یہاں بچہ پیدا ہوتا ہے اور اس کے لیٹنے کی جگہ چاندنی آتی ہے تو ٹوٹکے کے طور پر سات پولے جلا کر ایک آدمی کو گواہ کرتے ہیں اور کہتے ہیں "ہم نے یہ زخم تیرے سپرد کیا" دُوسرا آدمی کہتا ہے "میں گواہ ہوا" (شاید اس کی وجہ چاندنی کی مرطوب تاثیر ہے) ؎ شاد

وہ جلّاد انتہا کا بدگمان ہے
نہ مجھ زخمی کو سونپو چاندنی کو

چاند ہونا - رویت ہلال ہونا - اُنتیسویں یا تیسویں کو ہلال کا نظر آنا -

چاندہ: (ف) حد بندی کا وہ نشان جس سے گاؤں یا کھیتوں کی حدیں مقرر ہوتی ہیں۔

چاندی: (ف - مو) نقرہ - سیم - ایک سفید دھات جس سے روپیہ اور زیور وغیرہ بنایا جاتا ہے - مال - نفع - فائدہ - چاندی کا پہیرا / پھیرا - (ف - مذ) اقبال کا زمانہ ؎ جان صاحب

سنتے تھے چاندی کا پہیرا جو کو اس سر کی قسم
میرے گھر لائی نگوڑی نحس سونے کا قدم

چاندی کا تار - وہ تار جو چاندی سے کھینچا جاتا ہے - حقارۃً نقرئی زیور - چاندی کا ورق - چاندی کا بہت باریک پتر جسے دواؤں میں کھاتے یا مٹھائی پر خوبصورتی کے لیے لگاتے ہیں - چاندی کر دینا - تپ کو کاجلا کر راکھ کر دینا - ایسا دم لگانا کہ سلفہ جل کر راکھ ہو جائے - چاندی کی جوتی (مو) رشوت ؎ سحر

چاہیئے چاندی کی جوتی سر کش کے لیے
تا بہ احسان سے کبھی سر نہ اٹھانے پائے

چاندی کی ریت نہیں سونے کی توفیق نہیں - کچھ نہ دینے کا بہانہ - کچھ نہیں دیں گے - چاندی ہونا - جل کر راکھ ہو جانا - کامیابی ہونا - بہت فائدہ ہونا -

چانس: (انگ - مذ) موقع - نمبر - باری -

چانس: (مذ - انگ) تاش کے پتّوں کا ایک کھیل -

چانڈو: (ف) چنڈو -

چانسلر: (انگ - مذ) یونیورسٹی کا عہدہ دار -

چانک: (ف - مذ) مہر - ٹھپّا - وہ ٹھاپی جس پر حروف کھُدے ہوئے ہوتے ہیں اور اس سے کھلیان پر ٹھپّا لگا دیتے ہیں -

چانگلا: بھلا چنگا - تندرست - طاقتور - تیز - چالاک - خوش حال گھوڑوں کا ایک رنگ -

چاول: (ف - مذ) برنج - ایک سفید غلّہ - وہ ریزہ یا گری جو کسی نباتات یا غلّے سے نکالی جائے - (جیسے کنگنی کے چاول - دھنیے کے چاول وغیرہ) رتی کا آٹھواں حصّہ - چاول چبوانا - مشتبہ لوگوں سے چوری کا مال برآمد کرنے کی ترکیب (ایسے لوگوں کو کچھ پڑھ کر چاول چبواتے تھے اور ان سے کہتے تھے کہ چوری کی ہے تو مُنہ سے چوری کا آٹا اُڑنے لگے گا)

چاہ: (ف - مذ) کنواں - چاہِ بابل (مذ) شہر بابل کا ایک کنواں جس میں کہتے ہیں کہ ہاروت ماروت دو فرشتے قید ہیں (یہ شہر قدیم عراق میں تھا اب برباد ہو چکا ہے) چاہِ ذقن یا چاہِ زنخداں (مذ) ٹھوڑی کا گڑھا - چاہِ زر - مکر و فریب - چاہِ سیماب - پارے کی کان کے قریب ایک کنواں کھودتے ہیں جس میں پارہ جمع ہوتا ہے - چاہِ غبغب - وہ گڑھا جو بعض لوگوں کی باچھوں کے پاس پڑتا ہے - یہ حسن سمجھا جاتا ہے - چاہ کن را چاہ در پیش - جو دوسروں کی بُرائی چاہتا ہے خود اس بُرائی میں گرفتار ہو جاتا ہے - چاہِ نخشب (مذ) وہ کنواں جس سے حکیم ابن مقنع نے ایک مصنوعی چاند نکالا تھا جو چار فرسنگ تک روشنی پہنچاتا تھا - چاہِ یوسف (مذ) وہ کنواں جس میں حضرت یوسف علیہ السلام کو اُن کے بھائیوں نے پھینکا تھا - نواحِ شام میں طبریہ کے قریب واقع ہے -

چاہ: (ف - مو) خواہش - ضرورت - طلب - دوستی - محبت - عشق - چاہت (مو) خواہش - رغبت - طلب - عشق - محبت - پیار - چاہت کی نوکری کیجیے ان چاہت کا نام نہ لیجیے - قدر دان کی خدمت تک میں قباحت نہیں - وہ قدردان کے پاس نہیں کھسکنا چاہیے - چاہنا - خواہش کرنا - طلب کرنا - پیار کرنا - محبت کرنا - قصد کرنا - ارادہ کرنا (میں نے ...) چاہنے کے نام سے گدھی کھیت کھانا چھوڑ دیتی ہے - جس سے عشق ہو - اگر اسے عشق کا پتہ چل جائے تو غرور سے پیش آنے لگتا ہے - چاہو - اگر تمہاری مرضی ہو تو ... اگر تمہارا دل چاہے خود اچھا ہو یہ لے لو چاہے وہ) چاہے ادھر کی دُنیا اُدھر ہو جائے - کتنا ہی انقلاب آ جائے پروا نہیں - چاہیے سو ہو - کچھ ہونے دو جو ہو سو ہو - چاہیتا - والا - محبوب - چاہتی - پیاری - وہ دل پسند عورت - چاہیے - (بادشاہ یہ انشا پڑھے جیسا چاہیے)

بڑھائی اور پکائی جائے۔

چپاتی سا پیٹ:- (ا - مذ) پتلا اور کمر سے لگا ہوا پیٹ۔

چپانا:- شرمندہ کرنا۔ شرمانا۔ شرم دلانا۔

چپت:- (ھ - مو) چانٹا۔ دھول جو سر پر ماری جائے (رسید کرنا۔ لگانا۔ مارنا) چپت باز۔ چپتیں لڑنے والی عورت۔

چپٹا:- (ھ) چوڑا چکلا۔ پچکا اور بیٹھا ہوا۔ وہ شخص جس کی ناک بیٹھی ہوئی ہو۔ بندوق کی گولی یا کوئی گول شے جو دباؤ سے چوڑی ہو گئی ہو۔ **چپٹی**۔ چپٹا کا مؤنث۔ تیز طبقا زنی۔ (ایک عورت کا کوئی چیز عضو تناسل کی جگہ باندھ کر دوسری عورت سے جماع کرنا۔ (لڑنا اور کھیلنا کے ساتھ) ؎ رنگین

بڑھ ہے چپٹی سے پر تری خاطر
پڑ گیا ہے یہ خواہ مخواہ کا شوق

چپٹانا:- (ھ) لپٹا لینا۔ چپکا دینا۔ چپٹنا۔ لپٹنا۔ چپکنا۔

چپچپا:- (ھ) لیس دار۔ چیپ دار۔ چپکنے والا۔ چپچپانا۔ چپکنا۔ لیس دار ہونا۔ چپچپاہٹ۔ (مو) لیس۔ چپک۔ چیپ۔ چپک۔

چپخ - چپک:- (ھ - مو) ایک قسم کی ابابیل۔ دُبلا پتلا۔ چپخ سا منہ نکل آنا۔ منہ کا نُت جانا۔ بہت دُبلا ہو جانا۔

چپراس:- (ھ - مو) چپراسی ہونے کا تمغہ جو پیٹی یا پٹکے میں پیتل کا کھدا ہوا لگایا جاتا ہے۔ چوڑی دھجی جو کرتے میں مونڈھے پر ڈالی جاتی ہے۔ چوڑی گوٹ۔ کشتی کا ایک داؤں (مارنا کے ساتھ) **چپراسی**۔ ہرکارہ۔ سپاہی۔ پیادہ۔ وہ شخص جس کے چپراس پڑی ہو۔

چپر مزاحم ہے:- زبردستی لپٹا۔ ناحق دھینگا دھینگی کرتا ہے۔

چپڑا:- (ھ - مو) صاف کی ہوئی عمدہ لاکھ۔ عمدہ لاکھ۔

چپڑا:- (ھ) وہ شخص جس کی آنکھوں میں ہر وقت کیچڑ بھری ہے۔ (مو) چپڑی۔

چپڑ چپڑ:- (ھ - مو) کتے کے کھانے یا پینے کی آواز۔ وہ آواز جو کتے کے پانی پینے میں نکلتی ہے۔

چپڑ خندی:- (ا - مو) ہرزہ گرد۔ بازاری عورت۔ سفلی عورت۔

چپڑ غٹو:- (ا) اسیر۔ گرفتار۔ (اگر یوں بس نہ چلا تو نشہ پلا کے چپڑ غٹو کیا)

چپڑ قناتیا:- (ا) خوشامدی۔ کمینہ۔ عاشق بے زر۔

چپڑنا:- (ا) چکنانا۔ چرب کرنا۔ روٹی پر گھی لگانا۔ پالش کرنا۔ کسی چیز پر روغن ملنا۔ عیب چھپانا۔ خوشامد کرنا۔ **چپڑی**۔ گھی لگائی ہوئی۔ روغنی۔ وہ روٹی جس پر گھی چپڑا ہو۔ **چپڑی اور دو دو**۔ اچھی بھی اور بہت سی۔ **چپڑی چکنی**۔ خوشامدانہ۔

چپقلش:- (ت - مو) لڑائی جھگڑا۔ تکرار۔ انبوہ۔ بھیڑ بھاڑ۔ ؎ اختر

ایک تم اور لاکھ غمزہ و ناز
بزم میں چپقلش بپا کی ہے

بعض لوگ اس کے لام پر فتحہ پڑھتے ہیں ؎ داغ

ہوئی لڑکوں میں چپقلش کیا کیا
رہی آپس میں کشمکش کیا کیا

چپک:- (ھ - مو) چپچپاہٹ۔ لیس۔ چیپ۔ چپک ہونا۔ ہیٹی میٹھا درد ہونا۔ رات سے پیٹ میں چپک ہو رہی ہے۔ **چپکانا**۔ کسی لیس دار چیز سے جوڑنا۔ چسپاں کرنا۔ نوکری سے لگانا۔ کسی کام میں لگا دینا۔ تعلق پیدا کر دینا۔ **چپک جانا**۔ لیس دار چیز سے جڑ جانا۔ چسپاں ہو جانا۔ نوکری سے لگ جانا۔ لپٹ جانا۔ آشنائی ہو جانا۔

چپکا:- (ھ - مذ) خاموش۔ بار جو منہ بند کئے بیٹھا رہے۔ چپ۔ شریر۔ چپکی (مو)

چپکن:- (ا - مو) ایک قسم کا انگرکھا جو پرانے زمانے میں پہنتے تھے۔ اس کی آستین آگے کو نکلی رہتی تھی۔ گریبان ہوتا تھا نہ بغلوں کے نیچے سلائی سلائی۔ چپکن چھوانا۔ چپکن کی آستینوں پر امی کے پیچھے سے شکنیں ڈلوانا ؎

پہنی ہے چنوا کے چپکن یار نے
جو مرا مضمون ہے وہ چیرہ ہے
ناسخ

چپل:- (ھ - مو) ایک قسم کا سلیپر۔

چپنی:- (ھ - مذ) سرپوش۔ ہنڈی کا ڈھکن۔ چپنی (مو) ہانڈی کی سرپوش۔ ڈھکن۔ گھٹنے کی ہڈی۔ چپنی بھر پانی میں ڈوب مرنا۔ کمال شرمندہ۔ شرم اور غیرت دلانے کے لئے بولتے ہیں۔ چپنی چاٹ کر گزران کرنا۔ نہایت قناعت اور صبر سے گزارا کرنا۔

چپنا:- (ھ) شرمندہ ہونا۔ جھینپنا۔

چپو:- (ھ - مذ) ناؤ چلانے کا ڈنڈا (مارنا)

ہو۔ تُرت۔ یکایک۔ ناگاہ۔ دفعتہً۔ **چٹ پٹ ہونا**۔ یکایک مر جانا۔ ناگہانی موت ہو جانا۔ **چٹ پٹ**۔ اُنگلیوں کے چٹخنے یا کالے دانے وغیرہ کے جلنے کی آواز۔ چوڑیوں کے ٹوٹنے کی آواز۔ **چٹ پٹ بلائیں لینا**۔ فرطِ محبت سے دونوں ہاتھوں سے اس طرح سے بلا گرداں ہو تا کر اُنگلیوں سے چٹخنے کی متواتر آواز نکلے (دیکھو بلائیں لینا)

چٹ کر جانا:۔ (۱) سب کھا جانا۔ پی جانا۔ ہضم کر جانا۔ مار لینا۔ **چٹ کرنا**۔ رغبت سے کھانا کھا جانا۔ دولت تباہ کرنا۔ **چٹ منگنی پٹ بیاہ**۔ فوری تجویز کا نتیجہ جلد ہی ظاہر ہونا۔

چِٹ:۔ (مو) کپڑے یا کاغذ کی دھجی۔ کاغذ کا پرچہ یا پرچی جو کہ بوتل یا ادویات کی شیشیوں وغیرہ پر لگائی جاتی ہے۔ ورزش کرنے والوں کا لنگوٹ۔

چٹا:۔ (مذ) چیلا۔ شاگرد۔ پاٹ شالا کا طالب علم۔ اینٹوں کا ڈھیر۔ کمان کا غلہ جو دفعہ کم مشقی سے اس کے قبضے پر پڑے۔ الزام۔

چِٹا:۔ (ف) سفید۔ اُجلا۔ گورا۔ برف کی مانند (مذ) روپیہ چاندی کا سکہ۔

چُٹاپٹی:۔ (ف۔ مو) مارا مار۔ دھڑا دھڑی۔ مرت پرمرت۔ ایک قسم کا ریشمی کا کھیل **چٹاپٹی پڑنا**۔ کثرت سے موتیں ہونا۔ **چٹاپٹی کی گوٹ**۔ مختلف رنگ کا حاشیہ۔ **چٹاچٹ** (مو) پے در پے اُنگلیوں کے چٹخنے کی آواز۔ **چٹاچٹ بلائیں لینا**۔ دیکھو چٹ پٹ بلائیں لینا ؎ ظفر

زلفوں کی ہمیں لیتے چٹاچٹ ہی بلائیں

چُٹاخ:۔ چانٹے یا لکڑی کے ٹوٹنے یا اُنگلی کے چٹخنے کی آواز۔ چٹاخ پٹاخ۔ تڑاق پڑاق۔ تڑاتڑ چٹاخا۔ چٹاکا (مذ) وہ آواز جو نرم لکڑی کے ٹوٹنے یا بلائیں لینے سے پیدا ہو۔ شدت۔ کثرت۔ جیسے چٹاخ کی گرمی۔

چٹان:۔ (ف۔ مو) بڑی سِل۔ بڑا اور چوڑا پتھر۔ پتھریلی زمین۔

چٹانا:۔ (ف) بچے یا بیمار کو شہد وغیرہ ذرا ذرا کر کے کھلانا۔ رشوت دینا (طنزاً) کسی کو بہت مال دیتے رہنا۔ لوہے کو پتھر یا سان پر رگڑنا۔

چٹائی:۔ (ف۔ مو) بوریا۔ صف۔ گھاس یا کھجور کے پتوں کا فرش۔

چُٹ پُٹ:۔ (ف) متفرق خرچ۔ کم قیمت دوائیں جو تجربہ کار بیماروں اور بچوں کو دیتی ہیں۔ **چٹ پٹ ہو جانا**۔ متفرقات میں خرچ ہو جانا۔

چٹ پٹا:۔ (ا) خوب نمک مرچ اور کھٹائی پڑا ہوا اور مزے دار۔ چٹکیلا۔ دہلی چ کو زبر بولتے ہیں۔

چٹخارا:۔ (ا۔ مذ) وہ آواز جو زبان اور تالو سے کسی خوش ذائقہ چیز کا مزہ لینا سے نکلتی ہے۔ **چٹخارے بھرنا**۔ کسی خوش ذائقہ چیز کا مزہ لینا۔ خوب مزہ لینا۔ **چٹخارے کا** (مذ) تیز نمک مرچ کا چٹ پٹا۔ **چٹخارے لینا**۔ مزے لینا۔

چٹخانا۔ **چٹکانا**:۔ اُنگلیوں یا اور کسی چیز کی چٹ چٹ آواز نکالنا۔ کسی چیز کو پتھر یا دیوار پر مار کر اچٹانا۔ الگ کرنا۔ جدا کرنا۔ چھوڑ نا۔ دوری۔ چٹخاری (؟) اترفانا۔ توڑنا۔ ہٹخ جانا۔ اَن بن ہونا۔ دل میں میل آ جانا۔ فوراً جدا ہونا۔ چلا جانا ؎ ذوق

غنچے سے یہ کہہ دو کہ چٹخ جائے چمن سے

بگڑ جانا۔ اَن بن ہونا۔ (چند روز سے دونوں میں چٹخ گئی ہے) دراڑ پڑ جانا۔

چٹخنا:۔ (ا) ٹوٹنا۔ تڑخنا۔ پھیکا پڑنا۔ سخت چیز پر گر کر اُچٹنا۔ آگ پر کسی چیز کا جل کر آواز دینا۔ خفا ہونا۔ علیحدگی اختیار کرنا۔ چل دینا۔ کلی کھلنا۔ پھول کھلنا۔ اُنگلیوں کا آواز دینا۔

چٹخنا:۔ (ا۔ مذ) چانٹا لگانا (دلّی) ؎ ذوق

غنچہ بنت ترے آگے ہے جو گستاخی سے
چٹخنا منہ پہ وہی بادِ سحر دیتی ہے

چٹخنی (مو) دروازے کو روکنے کی۔ وہ کل جو پرندے پکڑنے کے لیے پنجرے میں لگاتے ہیں۔

چٹر پٹر:۔ (ا۔ ک) متفرق۔

چٹر پٹر:۔ (ا۔ مو) بھاڑ میں چنوں کے کھلنے کی آواز **چٹر پٹر بولنا**۔ بےباکی کے ساتھ جلدی جلدی باتیں کرنا۔ گستاخی اور بے شرمی سے بے باکانہ باتیں کرنا۔

چٹک:۔ (ف۔ مو) ٹوٹنے کی آواز۔ چٹ۔ کلی کے کھلنے کی آواز۔ پھرتی۔ جلدی۔ تیزی۔ **چٹک جانا**۔ تڑاق جانا۔ بال پڑ جانا۔ پھوٹ جانا (جیسے کھوپڑی چٹک گئی) کلی کا کھل جانا۔ **چٹک مٹک** مو غرور۔ نخوت۔ ناز۔ نخرا۔ کروفر ؎ جان صاحب

سو میں نہیں فروغ نہ پایا کسی نے بھی
بیٹھیں چٹک مٹک کے برابر ہمارے پاس

چٹک مٹک سے بیٹھنا۔ بن سنور کے بیٹھنا۔ ناز و انداز سے بیٹھنا۔ **چٹک مٹک سے چلنا**۔ اترا کر چلنا۔ ناز و انداز سے چلنا۔

چٹکا:۔ (ف۔ مذ) چاٹ۔ مزہ۔ زبان کا چسکا۔ چٹخارا

چِھٹّا بانٹنا - تنخواہ یا مزدوری تقسیم کرنا۔ **چِھٹّا باندھنا** - جمع خرچ کی فہرست تیار کرنا - لین دین اور موجودہ اسباب کی فہرست بنانا - تخمینہ کرنا۔ **چِھٹّا بٹنا** - تنخواہ یا مزدوری تقسیم ہونا۔

چِٹّھی :- (مو) خط - مراسلہ - رقعہ - لاٹری وغیرہ کا ٹکٹ - سند - سرٹیفکیٹ - ہنڈی - چک - قرعہ - وہ کاغذ کا پرزہ جس پر قیمت وغیرہ لکھ کر تھان میں رکھ دیتے ہیں۔ **چِٹّھی پڑنا** - کسی چیز پر قرعہ پڑنا - لاٹری پڑنا۔ **چِٹّھی رساں** (مذ) ڈاکیا - نامہ برکارہ۔ **چِٹّھی کرنا** - کسی کے نام ہنڈی کرنا - ہنڈی لکھنا۔ **چِٹّھی نہ پروانہ مار کھائیں ملک بیگانہ** - حکومت کی بدنظمی کے باعث بدمعاشوں کی لوٹ مار۔

چَٹّی :- (ہ - مو) ڈنڈ - جرمانہ - تاوان - نقصان - ضرر - خسارہ - وہ نقدی جو کسی کو بھر دی جائے۔ **چَٹّی بھرنا** - تاوان دینا - ڈنڈ بھگتنا - نقصان اٹھانا - جرمانہ دینا - زبردستی کی وجہ سے کچھ دینا۔

چِٹّی :- (ہ - مو) گوری چیز - سفید چیز - لال کی مادہ (گوری کا تابع)

چُٹیا :- (ہ - مو) چوٹی - چوٹی کی تحقیر - وہ چند بال جو بچے کے سر پر منّت مان کر رکھ چھوڑتے ہیں۔ چُٹیاں

چُٹیانا :- (ہ) زخم دینا - کاٹنا - زخمی کرنا - گھائل کرنا۔ چُٹیلا چٹیایا ہوا - زخم رسیدہ - زخمی - گھائل - مجروح۔

چِٹّے بَٹّے :- (ا - مذ) چھوٹے بچوں کے ایک قسم کے کھلونے جس میں چٹّے اور لٹو پڑتے ہوتے ہیں - وہ چھوٹی چھوٹی گولی اور گولیاں جو مداری لوگ اپنی ہتھیلی میں تماشا دکھانے کے لئے رکھتے ہیں۔ **چِٹّے بٹّے لڑانا** - شعبدہ بازی دکھانا - لگائی بجھائی کرنا۔

چَٹیل :- (ہ) وہ میدان جہاں کوئی سایہ دار درخت نہ ہو - وہ کبوتر جو مختلف مقامات سے دانہ کھا آتا ہو اور اکثر وہیں جاتا رہتا ہو - لالچی۔

چُٹیل - چُٹیلا :- (ہ) چوٹ کھایا ہوا - زخم کھایا ہوا - صدمہ پہنچا ہوا۔

چِچّی :- (ا - مو) ننھے بچوں کی زبان میں جو صاف الفاظ ادا نہ کر سکتے ہوں - مٹھائی - شیرینی وغیرہ۔

چَچا :- (ہ - مذ) باپ کا بھائی - عمّو - باپ کا چھوٹا بھائی - بزرگ - استاد۔ **چچا بنانا** - ٹھیک بنانا - درست کرنا - معقول سزا دینا۔ **چچازاد بھائی** مذ چچیرا بھائی - باپ کے بھائی کا بیٹا۔

چِچڑی :- (ہ - مو) ایک قسم کا خون پینے والا کیڑا جو اکثر کتّے - گائے - بھینس وغیرہ کے جسم سے چمٹا رہتا ہے۔ **چچڑی ہو کر چمٹنا** - پیچھا نہ چھوڑنا - بسر ہونا۔

چِچکارنا :- (ہ) پیار کرنا - پچکارنا۔ **چچکاری** (مو) پیار کی آواز - چمکاری۔

چِچوڑنا :- (ہ) چوسنا - بچے کا چھاتیاں چوسنا - گوشت یا ہڈی کو چوسنا۔

چَچی :- (ہ - مو) زوجہ عم - چچا کی بیوی۔ **چچیا ساس** - خاوند کی چچی - بیوی کی چچی۔

چَچیرا :- (ہ - مذ) چچا زاد - عموزاد۔ **چچیری** (مو)

چَچینڈا :- (ہ - مذ) ککڑی کی شکل کی ایک لمبی ترکاری۔

چَخ :- (ا - مو) جھگڑا - تکرار - فساد جو بغیر زد و کوب کے ہو۔ **چخ چلنا** - چخاچخ (مو) لڑائی میں تلواریں مارنے کی آواز - چخ چخ - لفظی تکرار - جھک جھک۔ **چخ چخول** - لڑائی کے ہتھیاروں کے بولنے کی آواز۔ **چخے** - کلمۂ نفرت - چلو دور ہو - ہٹو۔ **چخیا** - جھگڑالو - بلی۔

چَخ چَخ :- (ا - مو) دو چپٹی لکڑیوں کی جوڑی جو اکثر لوگ ایک ایک ہاتھ میں جوڑی ملا کر بجاتے ہیں - ایک قسم کا خنجر۔

چَخوانا :- (ا) چیخنا کا متعدی۔

چُداس :- (ہ - مو) عورت کی خواہش جماع - شہوت۔ **چُدانا** - عورت کا مرد سے جماع کرانا - چُدنا - لازم۔

چُدَر :- (ا - مو) چادر کا مخفف۔ **چدریا** مو چادر کی تصغیر۔

چُدو :- (ہ - مو) فاحشہ عورت۔ **چُدوانا** - کسی عورت کا مرد سے مجامعت کرانا۔

چَڈّا :- (ا - مذ) مسخرا آدمی۔ **چڈّا گلخیرو** - نقل مجلس - مسخرا۔

چُڈّو :- (ہ) فاحشہ - قحبہ - چھنال۔

چَڈھا :- (ہ) ران کے اوپر کا جوڑ - بن ران۔

چَڈھی :- (ہ - مو) پیٹھ کی سواری۔ **چڈھی چڑھانا** - پیٹھ پر لینا - پیٹھ کی سواری دینا۔ **چڈھی چڑھنا** - لازم۔ **چڈھی دینا** - پیٹھ کی سواری - انعام کرانا - واقف کرانا۔ **چڈھی لینا** - پیٹھ کی سواری لینا - انعام کرانا۔

چَڑ :- (ہ - مو) کپڑا پھٹنے کی آواز - **چَڑ** - وہ جگہ جہاں دریا میں ریت جم جاتی ہے - بڑا چولہا - چوپایوں کے لیے ہاضم دوا۔

چُڑ (ہ - مو) سوکھے ہوئے پتوں کے مڑنے یا دفعتہً ٹوٹنے کی آواز - چُڑ مُڑ ہونا - سوکھی ہوئی چیز کا ٹوٹ کر چورا چورا ہو جانا - جھریاں پڑ جانا - مرجھا کر چھوٹا سا ہو جانا (انسان یا حیوان کے لئے) سوکھا جس کے بدن میں ہڈیاں ہی ہڈیاں رہ گئی ہوں -

چرا کارے کند عاقل کہ باز آید پشیمانی (ف) - عقلمند کو ایسا کام نہیں کرنا چاہیے - جس کا نتیجہ ندامت ہو -

چَرّاٹا :- (ا - مذ) کاغذ یا کپڑا پھٹنے کی آواز -

چراغ :- (ف - مذ) وہ ظرف جس میں تیل اور بتی ڈال کر روشن کریں - لمپ - شمع - بتی - بیٹا - فرزند - رونق - روشنی - گھوڑے کا پچھلے پاؤں کے بل کھڑا ہونا - چراغ پا یا چراغ بتی کرنا - روشنی کا سامان کرنا - چراغ جلانا - چراغ بجھانا یا بڑھانا - چراغ ٹھنڈا کرنا - چراغ بجھانا یا بڑھانا - لازم - چراغ بحری - اندھیرے میں مینار جس پر سمندر میں جہازوں کو دور سے رستہ ملنے کے لئے روشنی کرتے ہیں - چراغ پا (دن) ہونا - گھوڑے کا پچھلے پاؤں پر کھڑا ہونا - اکڑنا - نہ جمنا - کھڑا نہ ہونا - خفا ہونا - الف ہونا ــ جان صاحب

یاں جو حال غم دل ہجراں سے کیا
چراغ پا ہوئے دشمن کے ماجرے سے چرخ

چراغ تربت - چراغ جو قبر پر جلایا جائے - چراغ تلے اندھیرا - جو شخص دوسروں کو فیض پہنچائے اور اپنوں کو محروم رکھے - چراغ جلنا - چراغ روشن ہونا - فروغ ہونا - چراغ جلے - شام کے وقت - شام ہوتے - چراغ خاموش کرنا (بجھانا) - روشنی گل کر دینا - چراغ دان (فا - مذ) فتیلہ سوز - دیوٹ - چراغ دکھانا - روشنی دکھانا - چراغ روشن کرنا - دیا جلانا - چراغ رہے (دعا) خانہ آباد رہے - مرادیں بر آئیں - چراغ زیر داماں - بجھانا - مردہ - مرا ہوا ــ عزیز

تھی جو گل سے بہار عزیزی سے شمع بالیں
آج وہ شمعیں چراغ زیر داماں ہو گئیں

چراغ سحری - صبح کا چراغ جو بجھنے کے قریب ہوتا ہے - بہت بوڑھا - قریب مرگ ــ نسیم

ہر چند کہ دنیا کی محبت سے بری ہوں
یوں اُس نے جلایا کہ چراغ سحری ہوں

چراغ سے پھول جھڑنا - چراغ کا گل فشاں ہونا - چراغ جلنے میں جو تیل ٹپکتے ہیں اسے چراغ سے پھول جھڑنا کہتے ہیں اور خوشی کا شگون سمجھتے ہیں - چراغ سے چراغ جلتا ہے - ایک کو دوسرے سے فائدہ پہنچتا ہے - چراغ کا ہنسنا - دیکھو چراغ سے پھول جھڑنا - چراغ گل - دیکھو چراغ سحری - چراغ کے نیچے اندھیرا - دیکھو چراغ تلے اندھیرا - چراغ گل پگڑی غائب - آنکھ بچی اور مال غائب (دیکھئے تو لیا) چراغ گل ہونا - چراغ بجھ جانا - بے کام ہو جانا - نسل باقی نہ رہنا - مقابلے میں فروغ نہ پا سکنا - چراغ گور - چراغ مزار - وہ چراغ جو قبر پر جلایا جائے - چراغ لے کر ڈھونڈنا - کمال محنت اور تجسس سے تلاش کرنا - چراغ میں بتی پڑنا - شام کا وقت ہونا - چراغ جلنا - چراغاں (فا) فقیروں کی اصطلاح - ایک پیسہ - چراغاں (مذ) روشنی - دیپ مالا - بہت سے چراغوں کا جلنا ــ محشر

اللہ اللہ آمد نور الٰہی کا یہ فیض
شام سے پہلے ہی ہر گھر میں چراغاں ہو گیا

چراغی (مو) وہ نقدی جو کسی بزرگ کے مزار یا مسجد پر چراغ جلانے کے لئے یا نذر دینے والے بزرگ کو دی جائے - نذرانہ - بخشش ــ لطافت لکھنوی

ہماری ذات سے کیا عاشقوں کا نام روشن ہے
زرگل کی چراغی قبر بلبل پر چڑھاتے ہیں

چراگاہ :- (مو) جانوروں کے چرانے کی جگہ - سبزہ زار -
چرانا :- گھاس کھلانا - جانوروں کو جنگل میں لیجا کر سبزہ کھلانا - احمق بنانا - فریب دینا - دھوکا دینا - چرائی (مو) چرانے کی اجرت - جانوروں کے چرنے کی جگہ - ہرا میدان -

چِرانا :- (ہ) لکڑی کٹوانا - پھوڑے وغیرہ کو چیر دلانا - چرائی (مو) چیرنے کی اجرت -

چَرانا :- (ہ) زخم کا تر ہونا - زخم کا چٹنا (طنزاً) پیدا ہونا - (آپ نے یہ شوق چرایا ہے)

چُرانا :- چوری کرنا - سرقہ کرنا - چھپانا - بچنا - چوسنا - جذب کرنا - سوکھنا (گوند چرانا)

چرائند - چراہند :- (مو) چمڑے - بال - روغن یا ہڈی وغیرہ کے جلنے کی بدبو - چرائندہ - چرائندہ بسا ہوا - بد مزاج آدمی -

چِراِتا :- (مذ) ایک قسم کی کڑوی ٹہنیاں جو مصفی خون اور قاطع سودا ہوتی ہیں -

چرب :- (ف) چکنا - فربہ - موٹا جسیم - چرب زبان - چکنی چپڑی باتیں کرنے والا - تیز زبان لسّان ــ آتش

رات کٹ جاتی ہے باتیں وہی سنتے سنتے
شمع محفل صنم چرب زباں ہے کہ جو تھی

خوش آمدی - چاپلوس - فریبی -

چرباک / چربانک:- (ا) چالاک - عیّار - شوخ - بیباک - تیز - ہوشیار - چربانک دیدہ - نڈر عورت - شوخ چشم ؎ جان صاحب

پھر دیدے ہیں چربانک تمہارے کئی دن سے

چربہ:- (ف - مذ) خاکہ - کاغذ کو چرب کر کے، چیز کے نقش یا تصویر پر رکھ کر ہو بہو اتار - دودھ کے اوپر کی بالائی - چربہ اتارنا - ہو بہو نقش اتارنا - خاکہ کھانا - انداز اڑانا - ڈھنگ سیکھنا - چربہ ہونا - مثال ہونا ؎

شرف مہر نبوت کو ملا ہے دوش اقدس سے
برائے نام چربہ ہے جس کا مہر سلیمانی — آسیر

چربی:- (ا - مو) چکنائی - روغن - ایک سفید مادہ جو خون اور رطوبت سے پیدا ہوتا ہے -

چرپرا:- (ا) تیز - تند - چٹ پٹا - چرپری مو - چرپرانا - ٹیس مارنا - زخم کا خشکی کے باعث تڑخنا - چرچیں لگنا - صفت - چرپراہٹ (مو)

چرپوز:- (ا) لغو - بیہودہ - لچر -

چرتر:- (س - مذ) چھل بل - چالبازی - عورتوں کا مکر و فریب

چرٹ:- (ا - مذ) سگار -

چرجانا:- (ھ) کھانا - رگ رگ میں سرایت کر جانا - (انھیں مغربی وضع چر گئی) سبزہ روئیدہ چبا جانا

چرچ:- (انگ - مذ) کلیسا - گرجا - عیسائیوں کا معبد -

چرچا:- (ھ - مذ) تذکرہ - گفتگو - شہرہ - صلاح - (پھیلنا - ہونا - کرنا)

چرچینا:- (ھ - مذ) بھونا ہوا غلہ جسے غریب کھاتے ہیں -

چرچٹا:- (ھ - مذ) ایک خاردار پودا جس کی بالیں اکثر چمٹ جاتی ہیں -

چرچر:- (ھ - مو) نئی جوتی کی آواز - لکڑی ٹوٹنے کی آواز - چرچرانا - درد کرنا - سوزش کرنا - چٹکنا - لکڑی کا ٹوٹ کر آواز دینا - چارپائی وغیرہ کا بولنا - صفت - چرچراہٹ (مو) تنک مزاجی -

چرچر:- (ھ - مو) تیتر کی آواز -

چرچنا:- (ھ) سمجھ جانا - پہچان لینا -

چرخ:- (ف - مذ) آسمان پھرنے والا پہیا - چرخی - دوری - گردش - ایک آلہ جس پر برتن چڑھا کر صاف کرتے ہیں - وہ لکڑی جس پر ریشم یا اونی کپڑا چڑھا کر درست کرتے ہیں - کمہار کا چاک - ایک قسم کا باز - نگوڑ کھا - بھنڈولا - چرخ انداز - کماندار - تیر انداز - چرخ پوجا (مو) ایک ہندو تماشا اور رسم جس میں زمین پر ایک کھمبا گاڑ کے اس میں ایک رسی لٹکاتے ہیں اور پوجا کرنے والے آدمی کی پیٹھ میں لوہے کے کانٹے لگا کر اس رسی میں باندھ کر خوب چرخ دیتے ہیں اور پھراتے ہیں ؎ ناسخ

منہ سوئے چرخ دنی رکھتے ہیں جو گردش میں
چرخ پوجا کا دکھاتے ہیں تماشا مجھ کو

چرخ چڑھانا - ظروف مسٹی وغیرہ کو خراد پر چڑھانا - تلوار کو سان پر چڑھانا - چرخ چلنا - کنوئیں کی چرخی کا رسی کی حرکت سے چلنا - چرخ چوں (مو) گاڑی یا کنوئیں یا چرخے وغیرہ کے چلنے کی آواز - دھیمی آواز - آہستہ چال - چرخ کھانا - گردش کرنا - گھومنا - تاؤ کھانا - دھات کا پگھل کر پانی ہو جانا - چرخ مارنا - دوری حرکت کرنا -

چرغل:- (ا) بڈھا کھوسٹ

چرخہ:- (ا - مذ) سوت کاتنے کا آلہ - پہیا - کھٹیلا - ایک قسم کا ناچ - وہ مرد یا عورت جس کے بڑھاپے کے باعث انجر پنجر ڈھیلے ہو گئے ہوں - پرانی اور کمزور گاڑی - چرخہ پونی کرنا (مو) چرخہ کاتنا - چرخہ کات گزر کرنا - چرخہ کاتنا - سوت کاتنا - چرخے کے ذریعے سے تاگے بنانا - چرخہ ہو جانا - ضعیف اور لاغر ہو جانا - پیر و نحیف ہونا - انجر پنجر ڈھیلے ہو جانا - چرخے کی مال - وہ موٹا ڈورا جو چرخے میں پٹے کا کام دیتا ہے اور تکلے کو گھماتا ہے - دبلا - کمزور - خستہ حال شخص -

چرخی:- (ا - مو) اوٹنی - روئی کو صاف کرنے کا اوزار - ایک قسم کی آتشبازی جو پرت پرت کے گرتی ہے - گاڑی - چاک - پانی کھینچنے کا پہیہ - بادلہ لپیٹنے کا اوزار - جس پر ڈورے لپیٹتے ہیں - ایک خوبصورت آلہ جس پر کنکوے کی ڈور لپیٹتے ہیں - پھرکی - چرخی بنانا (ک - مو) بہت کام کرانا - بہت چکر دینا - (اسی طرح کرنا - ہونا کے ساتھ)

چرز:- (مذ) ایک قسم کا جنگلی پرندہ -

چرس:- (ھ - مذ) ایک قسم کی نشے والی چیز جسے تمباکو کی طرح پیتے ہیں - چمڑے کا بنا ہوا بڑا ڈول جو موٹ یا آب پاشی زمین کے کام آتا ہے - چرسیا (ھ - مذ) چرس پینے والا - چرس چلانے اور کھینچنے والا -

چڑا :- (ہ - مذ) کُنجشک نر - چڑیا کا نر -

چڑ بڑ :- (ہ - مو) بڑبڑ - بکواس - **چڑ بڑ - چڑ بڑ کرنا** - بک بک کرنا - بڑبڑانا -

چڑچڑا :- (ہ) - بدخو - تنگ مزاج - بداخلاق - وہ شخص جس کا مزاج بیماری یا مفلسی یا کسی اور باعث سے بگڑا ہوا ہو - **چڑچڑانا** - جلتے ہوئے تیل یا روغن میں سے پانی کا آواز دینا - جلد غصے میں آجانا - خفت - **چڑچڑاہٹ** - (مو) حاصل مصدر -

چڑوے :- (ہ) گیلے کُٹے ہوئے چاولوں کو بھون کر بنایا ہوا چبینہ -

چڑھ :- (ہ - مو) اونچی زمین - **چڑھ آنا** - حملہ کرنا - چڑھائی کرنا - **چڑھا اوپری** - لاگ ڈانٹ - **چڑھا جانا** - پڑوانی جانا - **چڑھا دینا** - مغرور کر دینا - عزت دینا - لگا دینا (جیسے لگام چڑھا دو) گراں کر دینا (قیمت چڑھا دینا) سوار کر دینا - **چڑھانا** - نیچے سے اوپر لے جانا - (۱) سوار کرانا (گاڑی پر چڑھانا) پینا - نوش کرنا - بلند کرنا - اونچا کرنا (کنکوا چڑھانا) لگانا - جوڑنا - سینا (پیوند چڑھانا) شیرینی وغیرہ کسی بزرگ کے مزار پر لا کر رکھنا - ذمہ لینا - اوپر لینا (قرض چڑھانا) تعریف میں مبالغہ کرنا - **چڑھاؤ** - کشتی کو کرایہ لینے والا - **چڑھاؤ** مذ طغیانی - جوش - بلند راستہ جس پر چڑھ کر جانا پڑے - اتار کی ضد ؎ آتش

طریق عشق میں اے دل عصائے آہ ہے شرط
کہیں چڑھاؤ کہیں جا اتار راہ میں ہے

ترقی - زیادتی - عروج - دریا کا وہ رُخ جدھر سے پانی آتا ہو وہ روپیہ جو کار بچر چڑھا رکھیں - **چڑھاؤ اتار** - پانی کی طغیانی اور اتار - جوار بھاٹا - **چڑھاوا** (مذ) نذر - بھینٹ - وہ زیور جو منگنی یا برات کے روز دلہن کو دولہا والوں کی طرف سے پہنایا جاتا ہے - بڑھاوا - دم - **چڑھاؤ بڑھاؤ دینا** - تعریف کر کے آسمان پر چڑھانا - **چڑھائی** (مو) بلندی - اونچائی - حملہ - دھاوا - یورش - **چڑھ بنیا** - بن آنا - حسب مراد ہونا - **چڑھتا** - ترقی کرتا ہوا - زوروں پر آیا ہوا - جوش پر آیا ہوا (چڑھتا چاند - چڑھتی جوانی) **چڑھتے اترتے** - کسی قدر - کم و بیش ؎ امیر

ہیں دونوں ایک ہی سے پر ذرا اترتے چڑھتے ہیں

چڑھتی جوانی - آغاز شباب - **چڑھتے چاند** - مہینے کا ابتدائی حصہ - **چڑھنا** - نیچے سے اوپر جانا - اُٹھنا - اُبھرنا - ترقی کرنا - اُڑنا - طغیانی پر آنا - حملہ کرنا - مہنگا ہونا - آواز کا بلند ہونا - کسا جانا - کھینچ جانا (طاسہ چڑھنا - آستین کا کلائی اور بازو پر چڑھنا) بچھونا (سانس چڑھنا - قربانی ہونا - نذر ہونا - سوار ہونا (گاڑی میں چڑھنا) لٹکایا جانا (پھانسی پر چڑھنا) عشق ہونا (ذمہ چڑھنا) ذمہ ہونا (تنخواہ چڑھنا) درج ہونا (رجسٹر میں نام چڑھنا) نشہ کا اثر کرنا (تمباکو چڑھنا) پکنے کو رکھا جانا (ہانڈی چڑھنا) کچہری میں جانا (کچہری چڑھنا) چھپنا (نظر پر چڑھنا) بدن میں آنا (بچھا ہوا چڑھنا) لڑنے کو جانا ؎ شمیم

ہاں حضرت عباس علی رن پہ چڑھے ہیں

اکھڑی ہوئی ہڈی جگہ پر آ جانا - جلوس کے ساتھ نکلنا (برات چڑھنا) ترتیب رکھنا - اچھی طرح اثر کرنا (رنگ چڑھنا) شدت سے ہونا (بخار چڑھنا) روانہ ہونا - لانا (اناج بھارت کو چڑھتا ہے) قابو ہونا - اثر ہونا (جن چڑھنا) بقایا میں ہونا (تنخواہ چڑھنا)

چڑھ مار گولر پکے - پورا قابو حاصل ہے - مطلب حاصل ہے

چڑھواں - اونچی ایڑی کا جوتا - **چڑھوانا** - چڑھانا کا متعدی المتعدی - **چڑھی بارگاہ** (مو) کمال عروج - بہت بلند مرتبہ -

چڑھی گنگا اترنا - بڑا کام کرنا ؎ ناسخ

اشک حسرت بہ گئے وقت وداع جاناں
کہ مرے گھر سے جو نکلا چڑھی گنگا اترا

چڑھے چاند - مہینے کا شروع - **چڑھے چاک چاہے سو بنا لو** - اختیار کے وقت سب کچھ ہوتا ہے - **چڑھی ہونا** - زور کا نشہ ہونا - کسی بات کا دل میں جما ہونا ؎ امیر

موسیٰ کو یہ چڑھی کہ برق جمال تھی
اک تہ اتر گئی تھی تمہارے نقاب کی

چڑھیت (مذ) سواری لینے والا - شہسوار - **چڑھنیا** - وہ شخص جو دوسرے کے گھوڑے پر نوکر ہو - **چڑھی کھانا** - کبوتر صیدی کے کبوتروں میں بار بار جاتا ہے تو اس کے جانے کو چڑھی کھانا کہتے ہیں -

چڑی :- (ہ - مو) لات - وہ لات جو کسی بھاگتے کے ماری جائے - **چڑی مارنا یا چڑی دینا** - اُچھل کر لات مارنا -

چڑی :- (ہ - مو) چڑیا - پرند - **چڑی مار** - پرند پکڑنے والا - چڑیاں پکڑنے والا صیاد - **چڑی مار ٹولہ** - طرح طرح کے جانور بیچنے کی جگہ - **چڑیا** - کنجشک مادہ - پرند - کرتی کا چڑ بلا - انگیا کی وہ سیون جس سے کٹوریاں ملی رہتی ہیں - چھپر کے ستون یا کہاروں کی لاٹھی پر جو سہارے کے لیے ایک لکڑی کا آڑا ٹکڑا سوراخ کر کے لگا دیتے ہیں - بیٹھنے میں آزار بند ڈالنے کی جگہ - پردار گیند - **چڑیا چُن گن** (مو) پرند - طیور - **چڑیا خانہ** (مذ) چڑیا گھر - وہ مکان جہاں طرح طرح کے پرندے رکھے جائیں - **چڑیا کا چڑیا والا** (ایک کھیل) اجی - **چڑیا کا دودھ** - عنقا چیز - ناممکن بات

چکر میں آنا۔ گردش میں آنا۔ مصیبت میں پھنسنا۔ چکر میں ڈالنا۔ مصیبت اور سختی میں مبتلا کرنا۔ ہوش بھلانا۔ راستہ بھلانا۔ چکر کھانا۔ سر گھومنا۔ گھبرانا۔ بکا بکا رہ جانا۔ گردش کھانا۔ مصیبت میں پڑنا۔ تعلیف میں پڑنا۔ غش کھانا۔ چکرا دینا۔ پریشان کرنا۔ چکر مکر۔ دغا فریب۔ بہانہ۔ دم جھانسا۔ چکر مکر دیکھنا۔ اِدھر اُدھر دیکھنا۔ چکر مکر لگانا۔ حیلہ حوالہ بتانا۔

چکریا: (ہ۔ مذ) نوکری پیشہ۔ حاضر باش۔

چکرّی: (ہ۔ مو) ایک قسم کی زرد لکڑی جس کی اکثر کنگھیاں بنتی ہیں۔

چکلس: (ہ) بلبل کا اڈا۔ پرندوں کو بٹھانے کی لکڑی۔

چکلا: (ہ) چوڑا۔ فراخ۔ گول مذ دانہ دلنے کی چکی۔ چکی کا پاٹ۔ لکڑی کا گول تختہ۔ چاندی۔ جاگیر علاقہ۔ صوبہ۔ رنڈیوں کے رہنے کا محلہ۔ پوریاں بیلنے کا پتھر یا لکڑی۔ چکلا بندی۔ بندوبست۔ چکلے دار۔ عہدیدار۔ جاگیردار۔ رنڈیوں کے محلے کا چودھری۔ چکلی (مو) چرخی۔ صندل رگڑنے کا چھوٹا سا گول پتھر۔

چکما: (ا۔ مذ) فریب۔ دھوکا۔ دم۔ ضرر۔ نقصان۔ ایک قسم کا کھیل۔ تمغہ میں حرکے پتے کو نہ پھینک کر چور بنانا۔ چکما دینا۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ ضرر پہنچانا۔ چکما کھانا۔ حریف سے دھوکا کھانا۔ فریب میں آجانا۔

چکماق۔ چکمک: (مو) دیکھو "چقماق"

چکن: (مو ز۔ چکین سے مو) ایک قسم کا کشیدہ۔ سوزن کاری۔ سوئی کے کام۔ سوئی کے بنائے ہوئے پھول بوٹوں والا کپڑا۔ چکن دوز (مو) کپڑے پر چکن بنانے والا۔ چکن دوزی (مو) چکن بنانے کا کام۔ چکن کاڑھنا۔ کپڑے پر مہین اور نازک کام کرنا۔ تاگے سے چھید کر چھوٹی چھوٹی پتیاں بنانا۔ ؎ تعشق

بہار گلشن داغ جنوں ہے دید کے قابل
چکن کاڑھی ہے وحشت نے ہمارے تن کی پر

چکن: (انگ۔ مذ) چوزہ۔ مرغی کا بچہ۔ مرغ۔ مجازاً مرغ کا سالن۔

چکنا: (ہ) چرب۔ روغنی۔ چربی دار۔ موٹا۔ فربہ۔ صاف ستھرا۔ چمکدار۔ خوب صورت۔ رونق دار۔ چکنا چپڑا۔ خوش پوشاک۔ خوش لباس۔ صاف ستھرا۔ چکنا دیکھ پھسل پڑے۔ دولت دیکھ کر ریجھ گئے۔ خوبصورت دیکھ کر مر گئے۔ چکنا گھڑا (مذ) بے حیا۔ بے غیرت۔ بے شرم جس پر نصیحت اثر نہ کرے۔ چکنا گھڑا بوند پڑی ڈھل گئی۔ بے غیرت پر کتنی ہی لعنت ملامت ہو پھر بھی اثر نہیں ہوتا۔ چکنا منہ پیٹ خالی۔ منہ پر رونق اور پیٹ بھوکا۔ چکنا منہ سب چاٹتے ہیں۔ خوش حال کی سب جگہ عزت ہوتی ہے۔ چکنے گھڑے پر بوند نہیں ٹھہرتی۔ بے عزت شرمندہ نہیں ہوتا۔ چکنانا۔ کسی چیز پر روغن لگانا۔ چکناوٹ۔ چکناہٹ (مو) چکنائی۔ صفائی۔ چمک۔ خوب صورتی۔ (چکناوٹ فصیح نہیں ہوتے) چکنائی۔ چربی۔ روغنیت۔ چکنی۔ چربی دار۔ روغنی۔ پھسلنی۔ پیسلا۔ چکنی باتیں۔ خوشامدی باتیں۔ دلفریب باتیں۔ چکنی چپڑی باتیں۔ خوشامدانہ باتیں۔ خوش آیند گفتگو۔ چکنی ڈلی۔ ایک قسم کی چھالیا جسے دودھ میں پکا کر خشک کرتے ہیں۔ چکنی مٹی۔ ایک قسم کی مٹی جو لیپنے میں کام آتی ہے۔ چکنیا۔ بانکا چھیل چھبیلا۔

چکنا: (ہ) کسی فعل کے اتمام کے لئے امر کے صیغے کے بعد اضافہ کرتے ہیں جیسے آچکے۔ جا چکا۔ ہو چکی۔ بجا۔ ٹھہرنا۔ حساب بے باک ہونا۔ جھگڑا ختم ہونا۔

چکنا چور: (۔) ریزہ ریزہ۔ ٹکڑے ٹکڑے (کرنا۔ ہونا)

چکو: (مذ۔ مو) چھوٹا چاقو۔ چاقو۔

چکوا: (ہ۔ مذ) کھٹیک۔

چکوا چکوی: (ہ) دو آبی پرندے (سرخاب نر و مادہ) جو اکثر دریا کے کنارے رہتے ہیں۔ دن بھر تو جوڑا ساتھ پھرتا ہے رات کو کہتے ہیں کہ ایک جدا جدا ہو جاتا ہے۔

چکوتا: (ہ۔ مذ) فیصلہ۔ نرخ کا تصفیہ۔ بے باقی ؎ داغ

چلو دے تھوڑی سی نہ کر اے میفروش آنا
چکوتا اب کئے دیتے ہیں تیرا پانی آنے سے

چکوتا: (ہ۔ مذ) ایک مرض جو اکثر گھٹنے کے نیچے پھنسیوں کی شکل میں نمایاں ہوتا ہے اور اس سے تمام ٹانگیں پھٹتی جاتی ہیں۔

چکوترا: (ہ۔ مذ) ایک پھل جو ترنج اور نارنج سے پیوند کر کے بنایا گیا ہے۔

چکور: (ہ۔ مذ) پہاڑی تیتر کی قسم کا ایک خوشنما پرندہ جس کی چونچ پنجے سرخ اور گلے میں طوق ہوتا ہے یہ چاند کا عاشق ہے

چکھا دینا: (ہ) چکھا دینا۔ سزا دینا (مزہ کے ساتھ) چکھا چکھی کرنا۔ تھوڑا سا چکھ لینا۔ ذرا سا

کھا لینا - چکھانا - چکھنا کا متعدی - چاشنی دکھانا - ذائقہ دکھانا - کھلانا - مارنا (دو بید چکھائے) سزا دینا (مزہ چکھانا)
چکھ ڈالنا - کھا ڈالنا - بالکل کھا جانا - روپیہ اڑا دینا ؎

دل کی خوشی کی خاطر چکھ ڈال مال دحسن کو — نظیر

چکھنا - مزہ لینا - چاشنی دیکھنا - ذرا سا کھانا - لذت اٹھانا - ذائقہ دیکھنا - کھانا نوش کرنا (اپنا رکھ پرایا چکھ) سزا پانا -
چکھوتیاں (مو) مزیدار کھانے - لذیذ کھانے - چٹورپن - چٹخارے - **چکھی** (مو) چاٹ - کوئی چیز تھوڑی سی کھا - کسی کا مال کھا جانا - چڑیوں کا دانہ کھانا -

چکلی :- (ہ - مو) پھرکی - لکڑی کا ایک گول کھلونا جسے بچے اکثر پھراتے ہیں - گول - مدور - **چکلی آڑو** (مذ) گول آڑو - شفتالو -

چکی :- (ہ - مو) آسیا - آٹا پیسنے یا دانہ دلنے کا آلہ - گھٹنے کی ہڈی - **چکی پیسنا** - **چکی چلانا** - آٹا پیسنا - مصیبت جھیلنا - کسی کام کو عرصے تک کیے جانا - **چکی جھونا** - آٹا پیسنا - دکھڑا بیان کرنا - **چکی رہانہ** - چکی کو کھردرا کرانا - **چکی کا پاٹ** (مذ) چکی کا ہر حصہ - زبردست کا دباؤ -

چکی پکی :- (مو) بچوں کی زبان میں کسی چیز کا ختم ہو جانا -

چکیدہ :- (ف) ٹپکا ہوا - متقطر -

چگدڑھیا :- دیکھو چگدڑھیا -

چگانا :- (ہ) پرندوں کو دانہ کھلانا - **چگائی** (مو) دانہ چرانے کی اجرت - **چگنا** - پرندوں کا دانہ چن چن کر کھانا -

چگل :- ترکستان کا ایک شہر جس کے باشندے نہایت حسین ہوتے ہیں ؎ مؤلف

نہ دیر میں نہ صنم خانۂ چگل میں ہے
نگاہیں ڈھونڈتی ہیں اور نظر کے تل میں ہے

چگونگی :- (ف - مو) کیفیت -

چل :- (ہ - مو) خارش - کھجلی - شہوت - بے کلی - بیقراری - ہاتھ پاؤں کا برابر حرکت کرتے رہنا - **چل اٹھنا** - کھجلی ہونا - شہوت ہونا - **چل مٹانا** - کھجانا - خواہش مٹانا - **چل ہائی** - مست عورت - شوخ و شریر عورت -

چل :- (ہ) کلمہ تنفر - ہٹ - دور ہو - نیز کلمہ اختلاط جو انتہائی گرمجوشی سے زبان پر لاتے ہیں - **چل چپل** - بے جگہ - بے موقع (مو) غلطی - خطا - علیحدگی - جدائی - جنبش - ابتری (مجلس میں چل چپل پڑ گئی) **چل بسنا** - مرنا - دنیا سے چلا جانا -

چل بے - یہ کلمہ نفرت ظاہر کرنے کے زبان پر لاتے ہیں ؎

اگر کچھ حرف مطلب اس پری رو سے میں کہتا ہوں
تو وہ منہ پھیر کر کہتا ہے چل بے تجھ کو سودا ہے — جرأت

چل پڑنا - روانہ ہونا - **چل پھر** - چالاکی - گردش - تلوار کی گردش - **چل جانا** - مسک جانا - پھٹ جانا - بسر ہونا - گزر جانا - ان بن ہو جانا - کارگر ہو جانا - کام دینا (کپڑا شاید سال بھر چل جائے) **چل چخ** - **چل تجھے** - **چل دور** - ہٹ دور ہو - چلا جا - **چل چلاؤ** (مذ) روا روی - چلا چلی - سفر کوچ ؏ منتشر

ہاں چلے اب دور ساقی لگ رہا ہے چل چلاؤ

چل دینا - کافور ہو جانا - فوت ہو جانا - **چل کھڑا ہونا** - بیٹھے بیٹھے اک بارگی کھڑا ہو جانا اور معاً چل دینا - **چل نکلنا** - رواں ہونا - جاری ہو جانا (نہر سے بہت نالے چل نکلے) روانہ ہو جانا ؎

دل سے کچھ کے آہ سرد کے ساتھ
ٹھنڈے ٹھنڈے چلے تو چل نکلے — آتش

کسی کام کے قابل ہو جانا - پڑھنے لکھنے کے قابل ہو جانا - اترا جانا - چالاک ہو جانا - بے تکلف اور گستاخ ہو جانا ؎ غالب

میں انھیں چھیڑوں اور کچھ نہ کہیں
چل نکلتے اگر پیے ہوتے

سبقت لے جانا (وہ تم سے تحریر میں چل نکلے ہیں) ترقی کر جانا - (کچھ دن میں میرا کام چل نکلے گا) **چل نہ سکوں میرا الگدان نام** - طاقت سے زیادہ دعوی کرنے والے بچے کی نسبت بولتے ہیں -
چل نہ سکوں میرے بارہ نخرے - بے محنت کیسے حقدار -
چل ہوا بچے - رخصت ہو - ہوا کھا - چلتا پھرتا نظر آ -

چل پون :- شور و غل - بچوں کا مل کر چیخنا پکارنا -

چلا :- (ہ - مذ) کلابتونی بنا ہوا سرا جو پگڑی کے اول اور آخر ہوتا ہے - وہ تمیری اور ملائم سینی روئی جو آٹا چھلا کر کے گرھائی میں مل جاتی ہے - پوٹا - کمان کے گوشے پر چڑھانے کا چھلا -

چلا چلی :- (ہ - مو) روا روی - کل چل - سفر کا تہیہ اور شور - موت کی گرم بازاری -

چلانا :- (ہ) چیخنا - غل مچانا - پکارنا - رونا - فریاد کرنا - غصہ کرنا - صفت - **چلاہٹ** (مو)

چلانا :- ہانکنا - روانہ کرنا - جاری کرنا - بہانا - بندوق یا تیر - کاروبار جاری کرنا - گھسیٹنا (جیسے بندوق کی نلی ... گز چلانا) ہلانا - حرکت دینا - ڈوئی چلانا - پھانڈنا - پیٹروں کے تاروں کو جدا جدا کر دینا - پھیلانا - شور و غل دینا - استعمال کرنا - کام میں لانا - کھوٹا روپیہ چلانا - نکالنا - رخصت کرنا -

چلاؤ :- (ف - مذ) گوشت کے بغیر [illegible] خشکہ

چَلنی:- (مو) چھلنی

چُلّو:- (ہ - مذ) ہاتھ کی اس طرح اس طرح اوک جیسی جس میں پانی یا کوئی اور پتلی چیز لی جا سکے - تھوڑا جیسے چلو بھر پانی - چلو میں سمندر نہ آنا - کوزے میں سمندر کا نہ سمانا - ؎
اس بحر میں وہ نام بڑا ہے آوے سو کیونکر
چلو میں سمندر نہیں آتا ہے کسی ڈھنگ

چُلّو میں اُلّو ہونا - ذرا سی تند شراب یا تیز بھنگ میں مدہوش ہو جانا - **چلوؤں** - بہت زیادہ - **چلوؤں رونا** - کثرت سے رونا - زار زار رونا - **چلوؤں لہو پینا** - بہت سا لہو پینا - خوب مارنا - ستانا

چَلوا:- (ہ - مو) ایک قسم کی مچھلی -

چَلوا:- (ہ - مذ) ایک قسم کی جوں -

چَلوانا:- (ہ) چلنا کا متعدی المتعدی -

چِلوانا:- چلانا کا متعدی -

چِلوانس:- (ہ - مو) چلاہٹ - اُم الصبیان کی بیماری میں بچے کی چلاہٹ (لگنا)

چِلوَن:- (مو) چلمن ؎ رنگین
تو اک جالی کے پیچھے سے دبا چلوں کے اندر سے
بچا کر آنکھ سب کی شوق سے تو تکو بیٹھے ہیں

چِلّہ:- (مذ) چالیس دن کا عرصہ - چالیس روز کا زمانہ چالیس روز کا عمل - مکان جس میں کسی بزرگ نے چلہ کشی کی ہو - زچہ کا چالیسویں دن نہانا - کمان کی تانت - وہ تاگا جو کسی مراد کے پورا ہونے کی نیت مان کر کسی متبرک مقام پر باندھا جائے (باندھنا) **چلہ چڑھانا** - تانت کو تان کر کمان کے اوپر لگانا - تیر کو تانت میں رکھنا - **چلہ کھینچنا** - عمل پڑھنا - **چلے کا جاڑا** - موسم سرما میں چالیس دن کی سخت سردی جو پوس ماگھ میں پڑتی ہے -

چِلّھڑ:- (ہ - مو) جوں -

چِلّھوا:- (ہ - مو) چیل کے بلانے کی آواز -

چِلّھور:- (لک) چیلوں کے بلانے کی آواز جیسے انڈے بچے والی چیل چلھور -

چلیپا:- (ف - مو) عیسائی کثر ایک صلیب سونے یا چاندی کی بنوا کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی یادتازہ کرنے کیلئے گلے میں (لٹکا) تے ہیں - کیونکہ ان کے خیال کے مطابق حضرت عیسیٰ کو سولی دی گئی تھی اسی علیب کو چیپا کہتے ہیں - **چلی چلی بی ماکھو آ میں بھیجتے بھیجتے** بات کہاں تک پہنچ گئی - لڑکوں کا ایک کھیل - **چلے چلنا** - برابر چلے جانا - کہیں نہ ٹھہرنا - **چلیے** - جائیے - ہمراہ آئیے - بس چلو کی جگہ تعظیمی لفظ -

چَرم:- (ہ - مذ) چام کا مخفف - چمڑا - چرم - **چم خم** - چمک دمک ؎ نفیس
کلی میں بھی ایسی کبھی چم خم نہیں دیکھی

چَماچَم:- (ہ) چمکدار - **چماچم کرنا** - خوب چمکنا ؎ سحر
ہو رہی تیغ سے پرتو سے باغ جہان
کیا چماچم کر رہے ہیں اپنے بہت کے مکان

چَمار:- (ہ - مذ) چمڑا بنانے والا - موچی - چرم دوز - چمڑا بیچنے والا - جوتیاں بیچنے یا گانٹھنے والا - کمینہ - سفلہ - پاجی - **چمار چودس** - (مو) چماروں کی عید کم ذاتی کے باعث چند روزہ خوش حالی پر اترانا - کم ظرف - **چمار کا نام جگ جیون** - برعکس نہند نام زنگی کافور - ادنیٰ کو اعلیٰ سمجھنا - **چمار کو چمڑے کا سکہ** - جیسا آدمی ویسا انعام - **چمار کو عرش پر بھی بیگار** - غریب کی ہر جگہ کم بختی ہے - **چمارن** - چمار کی بیوی - **بیر بدل گئے** کا وہ پھول جس کا زیرہ بدرنگ ہو -

چَمالی:- (ہ - مذ) شراب پلانے والا ساقی -

چُمبک:- (ف - مذ) مقناطیس - چمک -

چَمپا:- (ہ - مو) ایک قسم کا درخت جس کا پھول سفیدی لیے ہوئے زرد رنگ کا ہوتا ہے ؎ داغ
دل کی کلی نہ تجھ سے کبھی لے صبا کھلی
چمپا کھلی گلاب کھلا موتیا کھلی
چمپا کلی (مو) گلے کا زیور جس کے دانے چمپا پھول سے مشابہ ہوتے ہیں -

چمپت بننا / ہونا:- (ہ) بھاگ جانا - چل دینا - رفوچکر ہو جانا

چمپو:- (ہ - مو) بڑی کشتی

چمپئی:- (ہ) سنہری - سونے یا چمپا کی سی رنگت کا -

چمٹا:- (ہ - مذ) دست پناہ - آگ پکڑنے کا آلہ - چمٹی (مو) چھوٹا چمٹا -

چمٹانا:- (ہ) چسپاں کرنا - چپکانا - پیچھے لگنا - بٹھانا -

چَندَن:- (مذ) صندل - صندل کی لکڑی - ہندوؤں کے ماتھے پر لگی ہوئی صندل کا نشان -

چَندوا:- (ہ - مذ) ٹوپی کے اوپر کا حصہ - گول ٹوپی کے اوپر کا گردہ

چَندہ:- (ا - مذ) وہ روپیہ جو مختلف آدمیوں سے لے کر کسی کام کے لئے جمع کیا جاوے -

چُندھا:- (ہ) وہ شخص جس کی آنکھیں روشنی نہ دیکھ سکیں - سیل کی بیماری والا - خیرہ چشم -

چُندھیانا:- (ہ) تیز روشنی کے باعث آنکھیں جھپکنا - آنکھوں کی کمزوری کے سبب آنکھیں بند سی کر کے دیکھنا - حیرت زدہ ہونا - گھبرا جانا -

چندی:- (ا - مو) ذرا ذرا - معنی در معنی - باریکی (جیسے ہندی کی چندی کیجئے!)

چَندماری:- (ہ - مو) ایک پرند جس کی چونچ - گردن اور پاؤں لمبے ہوتے ہیں اور چونچ کے نیچے ایک تھیلی ہوتی ہے -

چَندے:- (ا) کچھ دیر - کچھ روز - کچھ مدت ؎

پھر اپنے مرنے والے سے یہ کہہ لو

ذرا آپ اور ابھی چندے ٹھہر جائیں — جلال

چندے آفتاب چندے ماہتاب: حسن اور جمال میں سورج اور چاند کے برابر - بہت خوب صورت -

چُندیا:- (ہ - مو) سر - کھوپری - چھوٹی سی روٹی - بچے ہوئے آٹے کی ٹکیا - روٹی پکاتے وقت بیچ میں جو ٹکیہ سی رہ جاتی ہے - چندیا پر بال نہ چھوڑنا - سر کے بال تک نہ رکھنا - (ف) لوٹ کر لے جانا - چندیا پر سوار ہو جانا - سر پر مسلط ہونا - بری طرح پیچھے پڑنا - چندیا سے پرے ہٹ (عو - متروک) دور ہو ؎ رنگین

میری چندیا سے پرے ہٹ کے بکو کرنا

میں نے یہ بات کہی ہے تجھے سو بار اصیل

چمن سے ہٹ - سر کے اوپر سے الگ جا کر کھڑا ہو - چندیا کھجانا - سر کھجانا - جوتیاں کھانے کو جی چاہنا - چندیا مونڈنا - سر مونڈنا - لوٹ کر لینا - عورت کو سر مونڈنے کی سزا دینا -

چن دینا:- (ہ) ترتیب دینا - انتخاب کرنا - بند کر دینا - ہو کا چن دو) تعمیر کر دینا - چن لینا - چھانٹ لینا - چن ڈالنا - نکال ڈالنا -

چَنڈال:- (ہ) نیچ - کمینہ - ادنیٰ ذات کا آدمی - بد نصیب - بد بخت - بخیل - کنجوس - ممسک - چنڈال بال - (مذ) وہ بڑا بال جو ماتھے پر نکل آتا ہے لوگ اسے منحوس جانتے ہیں -

چنڈالنی (مو) کمینی - سفلی - ضدن -

چَنڈاول:- (ہ - مذ) لشکر کی آخری فوج - سنتری - چوکیدار - پاسبان - پہرے والا -

چَنڈو:- (ہ - مذ) چانڈو - ایک قسم کا نشہ جو افیون کو پانی میں پکا کر بنایا جاتا ہے اور تمباکو کی طرح پیا جاتا ہے - چنڈو باز - چنڈو پینے کا عادی - زرد رنگ کا آدمی -

چُنڈول:- (ہ - مذ) ایک خوش آواز چڑیا - بد ہیئت اور بے ہنگم آدمی - تنکھیال - ایک زنانہ سواری جسے کہار اٹھاتے ہیں - مٹی کا ایک کھلونا -

چُنری:- (ہ - مو) رنگ برنگ کا دوپٹا -

چَنَک:- (ہ - مو) ایک قسم کا درد جو کمر میں نکلتی ہے - کمر کا جھٹکا -

چنک:- (ہ - مو) قطرہ قطرہ کر کے پیشاب ہونا - سلس البول - پیشاب کی سوزش -

چَنگ:- (ہ) ایک قسم کا کنکوا جسے رات کو غبارے کی طرح ایک قندیل روشن کر کے اڑاتے ہیں - دہلی والے مؤنث بولتے ہیں ؎ ظفر

ہوا بلند فلک پر ہے میرا شعلۂ آہ

ہوا پہ چنگ نہیں ہے کے یہ چراغ اڑی

لکھنؤ والے مذکر بولتے ہیں ؎ منیر

کھیل میں تیرے تعلی و تجلی دیکھی

بن گیا چودھویں کا چاند اگر چنگ اڑا

مونگھنے کی ایک بازی - ایک قسم کا باجا جو ستار کی قسم کا ہے -

چَنگا:- (ہن) اچھا - تندرست - سورما - طاقت ور - بھلا کا تابع ہے - چنگا بنانا - حیران کرنا - عاجز کرنا - سزا دینا - چنگا ہے مگر ننگا - مالدار ہے مگر کنجوس ہے - بہت جز رس -

چنگاری:- (ہ - مو) آگ کا شرارہ - ایسی بات جو لوگوں کی رنجش اور فساد کا باعث ہو - چنگاری جھڑنا - آگ سے پھول جھڑنا - چنگاری چھوڑنا - ایسی بات کرنا جس سے لوگوں کو رنج ہو - فتنہ انگیزی کرنا - چنگاری ڈالنا - آگ لگانا - فساد کرنا - جھگڑا اٹھانا - چنگاریاں چھوٹنا - آگ کے شرارے نکلنا - آگ کی لپٹیں اٹھنا - کمال جلال اور غصے کا ظاہر ہونا - خونخواری برسنا (مونچھوں سے چنگاریاں چھوٹنا زیادہ بولتے ہیں)

چَنگال:- (ف - مذ) درندوں اور شکاری پرندوں کا پنجہ -

چنگل:- (ہ - مذ) آدمی یا جانور کا پنجہ - مٹھی - ہاتھ -

چنگنا :- (ہ - مذ) مرغی کا بچہ - چوزہ -

چنگھاڑ :- (ہ - مو) ہاتھی کی آواز - فریاد و فغاں کی بلند آواز - **چنگھاڑ مارنا** - مہیب آواز نکالنا - ہاتھی یا دیو کا چیخنا - **چنگھاڑنا** - ہاتھی کا گرجنا - دہاڑنا - مور کا بولنا - آدمی کا چیخنا - بعض نے دیو - شیر اور بادل کی آواز مہیب کے معنی میں لکھا ہے ؎ انشا

سن غرش نعرہ اپنا - ہے عدو تو چیز کیا
کیا ہے وحشت بھاگ جائے دیو بھی چنگھاڑ کر

چنگھوٹیاں :- (ہ) بچوں یا نئے سیکھنے والوں کے ٹیڑھے بنے ہوئے حروف

چنگی :- (ا - مو) چٹکی بھر - شہری محصول جو باہر سے مال آنے پر لگایا جاتا ہے - ٹیکس - اجارہ -

چنگیر :- (ا - مو) پھول رکھنے کا برتن - پھولوں کی ٹوکری - خوان کا سرپوش - آٹے کے پیڑے کا تھوڑا سا پھیلاؤ - تم بڑے بناؤ میں چنگیر اور قرجہان چپاتی ڈالتی جائیں - **چنگیری** (مو) روٹیوں کی ٹوکری - ایک قسم کی چھیلی ہوئی بیٹھک دار ٹوکری -

چننا :- (ہ) اکٹھا کرنا - جمع کرنا (سارا سامان ایک جگہ چن دو) عمارت اٹھانا - دیوار بنانا - ترتیب دینا - سلیقے سے رکھنا - چگنا - دانہ اٹھانا - کپڑے میں چنٹ ڈالنا - پھٹکنا - صاف کرنا (اناج چننا) اخذ کرنا - پسند کرنا - انتخاب کرنا ؎

آرائشوں میں کسی کی ہم نے
افشاں کی چمبن کو چن لیا ہے جلال

چنیدہ (مذ) منتخب - چنا ہوا - اچھے سے اچھا -

چننگ :- (ہ - مو) پیشاب کی سوزش - پیشاب کرتے کی جلن -

چنوال :- (ہ) چنا ہوا - گندے میدان سے چنا ہوا گوبر -

چنوانا :- (ہ) ہونا - اکٹھا کرنا - سمٹوانا - چنت ڈلوانا -

چنوٹی :- (ہ - مو) پان کا چونا رکھنے کا برتن -

چنور :- (ہ - مذ) مورچھل - چونری - وہ بالوں کا گچھا جس سے مکھیاں اڑاتے ہیں -

چنی :- (ہ - مو) چھوٹا سا سرخ رنگ یا قوت کا ٹکڑا - لاڑی - **چنی منی** - مو - بچوں کی زبان میں بہت چھوٹی سی -

چنیا :- (ہ - مو) چھوٹا موتی ؎ رنگین

بند پاجامہ کی چنیا میں ثریا کی چمک
وہ پری زاد دھریں اور بناوٹ خاصی

چنیا لطخ (مو) ایک قسم کی چھوٹی بطخ - **چنیا بیگم** (مو) افیون - **چنیا گوند** (مذ) ڈھاک کا گوند - **چنیں چناں کرنا** - حیل و حجت کرنا - مین میکھ نکالنا -

چو کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی :- اس موقع پر بولتے ہیں جبکہ کوئی ایسا شخص جس سے نیکی کی توقع ہو مگر بدی کرے

چو :- (ہ - مذ) چار - مرکبات میں مستعمل ہے - **چوا** - گنجفے اور تاش کا وہ ورق جس پر چار نقطے ہوں - چار چیزوں کی ڈھیر یا ڈھیریاں - **چوالیس** - چالیس اور چار - پچاس سے چھ کم - **چوبا** (مذ) چار ویدوں کا عالم برہمن - **چوبارا** (مذ) کوٹھا کے مکان کے اوپر کا وہ کمرہ جس کے چار دروازے یا چاروں طرف کھڑکیاں ہوتی ہیں - **چوبارے ہو جانا** - ہر طرح فائدہ ہونا - **چوبائی** (مو) چوطرفی ہوا - چاروں طرف کی ہوا - **چوبائی ہوا چلا دو** - نہایت عقلمندی اور عیاری سے کوئی تعجب انگیز تدبیر کرکے کامیاب ہو جاؤ - **چوبچا** (مذ) چھوٹا حوض جس میں چاروں کا گندا پانی آتا ہو - مجازاً ہر گندے پانی کا حوض - وہ چھوٹا حوض جس میں روپیہ وغیرہ جمع کیا جاتا تھا - **چوبچہ دنا** - موٹا بنا کر - **چوبرسی** (مو) مردے کی ایک رسم جو چار سال کے بعد اکثر ہندوؤں میں ادا کی جاتی ہے - **چوبغلا** (مذ) چوغے یا انگرکھے کے بغل کے نیچے کا حصہ - **چوبندی** (مو) نعل بندی - خراج - **چوبندی باندھنا** - نعل بندی کرنا - **چوبندی جکڑنا یا کسنا** - مجرم کے ہاتھ پاؤں باندھنا - **چوبولا** (مذ) ہندی زبان کا گیت - چار مصرعوں کا گیت - **چوبیس** - بیس اور چار - تیس سے چھ کم - **چوبیسا** - چوبیس گاؤں کا پرگنہ - ایک قسم کا نقش - **چوپال** (مو) وہ مکان جس میں ہر طرف کے آدمی آکر بیٹھتے ہوں - **چوپالا** (مذ) دیکھو چوپہلا - **چوپائی** (مو) ہندی کی رباعی - چار مصرعوں کی نظم - **چوپایہ** - جانور - گدھا - بیل وغیرہ - **چوپایہ ہو گیا** - بیاہ ہو گیا - گھر والا ہو گیا - **چوپٹ** - چار دروازے کھلے ہوئے - کھلا ہوا - فراخ - نابینا - اندھا - جاہل مطلق - تباہ - برباد - ویران - **چوپٹ کرنا** - اجاڑنا - ویران کرنا - لوٹنا - غارت کرنا - **چوپڑ** (مو) چوسر - نرد بازی - پچیسی - چوسر کی بساط جو چہار سر اور چہار گوشہ ہوتی ہے - چوسر کا وہ کپڑا جس پر گوٹیں کھیلتے ہیں (بچھنا) ؎ رشک

تو حکم نکالے تو کچھے اور ہی چوپڑ
پانسے اسے ابھی قرعۂ رمال بدل دے

چوپڑ کا بازار (مذ) چار رستوں کا بازار - وہ بازار جس کے چاروں طرف دکانیں ہوں - چار سو - چار بازار - چوپہلا -

ایک قسم کا ڈولا - مجازاً جنازہ   ناسخ

شک مجھ کو جنازے کا ہے چوپہلے پر
بھائی میں لحد بستر میں جب پایا گھر

چَوپھلا - چار پھل کا وہ چاقو جس میں چار پھل ہوں - چار پہیوں کی گاڑی - چوتارا (مذ) چار تار کا بنا ہوا کپڑا - ایک قسم کا باجا - چوتالا (مذ) طبلہ بجانے کا ایک طریق - چوتہ - چار تہوں کا - چوتھ (مو) چوتھا حصہ - ہر پاکھ کی چوتھی تاریخ - ایک قسم کا خراج جو مرہٹے لیتے تھے - چوتھا - چہارم - جس کا نمبر اور نمبروں تین کے بعد ہو - چوتھائی (مو) چہارم - چوتھا حصہ - رُبع - چوتھی (مو) چوتھے کی تانیث - ساچق کے چوتھے یا کبھی کبھی تیسرے روز بعد کی رسم جس میں دلہن مع دولہا اپنے میکے آتی ہے - چوتھی کا جوڑا - وہ بھاری لباس جو دلہن کو ساچق کے دن چوتھی کے روز دلہن کے گھر جا کر سبز ترکاریوں اور میووں سے لڑنا - سخت لڑائی کرنا - تمسخر آمیز استعارہ - چوتھے پانچویں - گاہ بگاہ - کبھی کبھی - بھولے چوکے - چوتہی (مو) ایک قسم کا سوتی بستر جسے چار تہہ کر کے بچھاتے ہیں - چوتھیا (مذ) چوتھے روز کا بخار - نمبردار - زمیندار - چوچند - چار چند - چوگنا - چوحدی (مو) چاروں حدیں - حد بندی کی چو طرفہ دیوار - چودانی (مو) کان کا ایک زیور جس میں موتی کے چار دانے لگے ہوتے ہیں - چودس (مو) چاند کی چودھویں تاریخ - ہندی مہینے کے ہر پاکھ کی چودھویں تاریخ - چودہ - دس اور چار - بیس سے چھ کم - چودہ طبق - سات طبقے زمین اور ساتوں طبق آسمان سے

آنکھوں کو کھول اگر تو دیدہ دل کا ہے بھوکا
چودہ طبق سے باہر نعمت نہیں ہے کوئی   آتش

چودہ طبق روشن ہونا - عقل اور فراست بڑھ جانا - چودہ معصوم - فرقہ امامیہ کے نزدیک رسول کریم، حضرت فاطمہ اور بارہ امام مل کر چودہ ایسے افراد ہیں جن سے کوئی گناہ کبھی سرزد نہیں ہوا - چودھواں - چودہ سے نسبت رکھنے والا - چودھویں نمبر کا - چودھویں رات (مو) مہینے کی وہ رات جس میں چاند پورا ہوتا ہے - شب چہاردہم - چودھویں رات کا چاند (مذ) پورن ماشی کا چاند - ماہ کامل - بدر - نہایت خوب صورت - چوراسی - اسی اور چار - نوے سے چھ کم - گھنگروؤں کا ہار جو بیلوں کی گردن میں ڈالا جاتا ہے - ایک قسم کا ہار زیور جھانجن   سے

صید گر ہو جائے گی محفل کسی کے رقص سے
لوہے کے پنجرے میں چوراسی کے اندر بولتے   بحر

چوراسی بھوگنا - کیے کی سزا پانا - چوراہا (مذ) وہ جگہ جہاں سے چاروں طرف ایک ایک راستہ جاتا ہو - چورس - ہموار - سطح - مربع - چوکور - چورس کرنا - ہموار کرنا - مربع بنانا - چوکور کرنا - صاف کرنا - چورسائی (مو) ہمواری - سطح ہونا -

چَورنگ (مذ) بکرے یا مینڈھے کی نلیاں کاٹ کر پیٹ پر رکھتے پھر دونوں طرف سے رسّا باندھ کر لٹکاتے اور نلیوں پر تلوار آزماتے ہیں یا وہ اصل تلوار اور ہاتھ صاف کرنے کا ایسا نشانہ جس پر تلوار آسانی سے چل سکے - وہ چیز جس پر ہاتھ صاف کریں - ضرب شمشیر کی ایک قسم - ایک وار میں تلوار سے چار ٹکڑے کرنا - تلوار کی مشق - تلوار کا وار   انیس

ہر ہاتھ میں گردش تھی نئی رنگ نیا تھا
گھوڑوں کے بھی ٹکڑوں سے چورنگ بنا تھا

چورنگ اڑانا یا کاٹنا - تلوار کے ایک ہاتھ میں چار ٹکڑے کرنا - تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا - چورنگ اڑا دی - برباد کر دیا - مصیبت پر مصیبت پہنچائی - چوسٹھ یا چونسٹھ - ساٹھ اور چار - ستر سے چھ کم - چوسر (مو) نرد بازی - پچیسی - بساط جس پر گوٹیں رکھی جاتی ہیں - چوسر (لکھنؤ اور دہلی) خواص اور چوپڑ عوام کو استعمال ہے - چوسر باز - چوسر کا کھلاڑی - نرد باز - چوک - مربع میدان - انگنائی - صحن - وہ بڑا بازار جس میں چار راستے آ کر ملتے ہوں - چوکا - (۱) آگے کے چار دانتوں کی لڑی - مربع پتھر - سنگ مرمری مربع سل - ہندوؤں کے روٹی پکانے اور کھانے کا مقام - چار یکساں چیزیں جو باہم پیوستہ اور برابر کی ہوں جیسے گنجفہ کا چوکا - ایک قسم کا موٹا کپڑا جس سے مکان کا فرش بناتے ہیں - ایک قسم کا برتن - ایک چہارہ چار مربع تخت جو ایک جگہ ملا کر بچھائے جائیں - اس طرح ہر طرف سے دو شمار میں آئیں - چار رومال جڑے ہوئے ہوں - بڑی مربع اینٹ - نیز بڑی اینٹ جو ۹ انچ لمبی اور ۴ انچ چوڑی ہوتی ہے - چوکڑی (مو) ہرن کی قلانچ - زقند - چھلانگ - چار گھوڑوں کی بگھی - ایک زیور - حد بندی - چوکڑی بھرنا - ہرن کا قلانچیں مارنا - چھلانگ مارنا - اڑنا - کسی کا بہت تیز دوڑتے ہوئے جانا - چوکڑی بھول جانا - ہٹ پٹا جانا - گھبرا جانا - ہوش و حواس اڑ جانا - تیزی جاتی رہنا - چوکس - ہوشیار - خبردار - چوکنا - تول میں پورا - ٹھیک - چوکس رہنا - خبردار رہنا - ہوشیار رہنا - نگہبان رہنا - چوکسی (مو) خبرداری - ہشیاری - احتیاط - چوکیداری - چوکنا - ہوشیار - خبردار - بیدار مغز - باخبر - دور اندیش - متوحش - وہ حیوان جو غیر مانوس ہونے کی وجہ سے ادھر ادھر گھبرا کر دیکھے - چوکور - مربع - چوکس - طرفہ - نہایت موٹا آدمی - چوکھٹ (مو) دروازے کی چار لکڑیاں جن میں پٹ لگائے جاتے ہیں - چوکھٹ نہ جھانکنا - کبھی نہ آنا - کسی کے گھر نہ جانا - چوکھٹا (مذ) آئینہ کا گھر - وہ چار لکڑیوں کا فریم جس میں آئینہ جڑا جاتا ہے - ڈھانچا - تصویر یا نظم وغیرہ کا فریم - چوکھونٹ - چاروں طرف - دنیا - عالم - ہر طرف - ہر سمت - چوکھونٹا - چہار گوشہ - چہار

پہلو ۔ مربع ۔ **چوگڈا** (مذ) وہ مقام جہاں گاؤں کی حدیں ملیں ۔ چار لشکروں کا کیمپ ۔ **چوگڈی** (مو) بانس کی تیلی چھڑیوں کا آلہ جس سے بلبل وغیرہ پکڑتے ہیں ۔ **چوگرد** ۔ گرداگرد ۔ چاروں طرف ۔ **چوگلا** (مذ) چار پنکھڑی کا پھول ۔ **چوگنا** ۔ چار چند ۔ **چوگوشیا** (مو) چار گوشے کی ٹوپی (مذ) ترکی گھوڑا ۔ **چوگھڑا** ۔ چار خانوں کا سونے یا چاندی یا تانبے وغیرہ کا بکس ۔ سانچق کی آرائش کی وہ تھلی جو ایک ٹٹی پر چار چار میوے وغیرہ سے بھری ہوئی رکھی جاتی ہیں ۔ سفید بڑی الائچی ۔ **چوماس** ۔ **چوماسہ** (مذ) برسات کے چار مہینے ۔ برسات ۔ **چومکھ** (مو) چار بتی کا چراغ ۔ وہ چراغ جس کے چاروں طرف بتیاں روشن کی جائیں ۔ **چومکھا** ۔ چار منہ کا ۔ چار بتی کا چراغ ۔ پٹا بازی کا وہ ہاتھ جو چاروں طرف اس طرح پھرایا جائے کہ کسی طرح سے حریف قابو نہ پا سکے ۔ وہ پھکیت جو اکیلا چار کو جواب دے ۔ صفت ۔ **چومکھی** (مو) چومکھی ہندوؤں کی ایک دیوی ۔ ایک درخت کا بیج ۔ **چومکھی لڑنا** ۔ **چومنزلا** ۔ چار منزل کا ایک مکان ۔ وہ اونچا مکان جس کے اوپر تک چار درجے ہوں ۔ **چومیخا** (مو) ایک قسم کی سزا جس میں چار میخیں گاڑ کر مجرم کے ہاتھ پاؤں رسیوں سے ان کے ساتھ باندھ دیے جاتے تھے ۔ **چومیخا کرنا** ۔ چت یا اوندھا ڈال کر چاروں ہاتھ پاؤں باندھ کر سخت سزا دینا ۔ **چوّن** ۔ پچاس اور چار ساٹھ سے چھ کم ۔ **چوّنتیس** ۔ تیس اور چار ۔ چالیس سے چھ کم ۔ **چوّنی** (مو) روپے کی چوتھا حصہ ۔ چار آنے ۔ وہ چاندی یا نکل کا سکہ جو چوتھائی روپے میں چلے ۔ چوتھا حصہ ۔ **چوّنی والے** ۔ عوام کا انعام ۔ گنوار گروش ۔ **چوہتر** ۔ ستر اور چار ۔ اسی سے چھ کم ۔ **چوہٹا** (مذ) چوک ۔ وہ بازار جس کے چاروں طرف راستہ ہو ۔ وہ جگہ جہاں چار دکانیں ہوں ۔ **چوہرا** (مذ) چارتہ کا (مو) **چوہری** ۔

چُوا: (مذ) ایک کھانے کی چیز جو ترشیوں سے بناتی ہیں ۔ ارگجا ۔ خوشبو کی چیز (جیسے صندل کا چُوا) پانی کی سوت جھیلی دال کا چھلکا ۔ **چواچندن** (مذ) ایک قسم کا کبوتر ۔

چُوانا: (ہ) نچوڑنا ۔ ٹپکانا ۔ ے افسوس

نزع میں افسوس لائی کس جگہ اپنی قضا
جس جگہ پانی بھی تک منہ میں چوانا منع ہے

چُواؤ: (ہ ۔ مذ) رساؤ ۔ ٹپکاؤ ۔ تعجب ۔ بدنامی کی باتیں ۔ ایسی تکرار یا چرچا جس سے بدنامی ہو ۔

چوب: (ف ۔ مو) لکڑی ۔ کندہ ۔ سونٹا ۔ آنکھ کی چوٹ شامیانہ یا ڈیرے کی لکڑی ۔ باجہ بجانے کی لکڑی ۔ **چوب چینی** ۔ ایک مشہور دوا ۔ گل عباسی کی جڑ ۔ **چوب دار** ۔ شاہی درباروں کا نقیب ۔ عصا بردار جس کے ہاتھ میں چاندی سے منڈھا ہوا عصا ہوتا ہے ۔ **چوب دستی** (مو) ہاتھ کی لکڑی ۔ چھڑی (سند کے لئے دیکھئے غراق) **چوبی** لکڑی کا بنا ہوا ۔ **چوبی دار نقش و نگار** (مذ) لکڑی پر کھدے ہوئے بیل بوٹے ۔ لکڑی پر کھدائی کا کام ۔ **چوبین** ۔ لکڑی کا ۔

چوبا: (ہ ۔ مذ) سیخ ۔ کھونٹا ۔ کیل ۔ ایک قسم کے میٹھے چاول جس میں میوہ وغیرہ ملا کر شادی میں بھیجتے ہیں ۔ تورہ جس میں سات پکی ہوئی ترکاریاں اور مختلف طرح کے کھانے ہوتے ہیں ۔ سات سہاگنوں کے ساتھ زچہ تھوڑا تھوڑا سا چکھ لیتی ہے ۔ جسے چوبا چکھنا کہتے ہیں ۔

چوبے: (ہ ۔ بھارت میں) متھرا کا برہمن جو کھانے میں بڑا چنٹ ہوتا ہے ۔ **چوبے گئے تھے چھبے بننے دوبے ہو آئے** ۔ ترقی کی خواہش میں تنزل ہونے کی جگہ ۔

چوپان: (ف ۔ مذ) گڈریا ۔ چرواہا ۔ **چوپانی** ۔ (مو) چرواہے کا کام ۔

چُوت: (ہ) فرج ۔ عورت کی شرمگاہ ۔ **چُوتیا** ۔ احمق ۔ بے وقوف ۔ **چُوتیا شہید** ۔ وہ شخص جو کثرت سے جماع کرتا ہو ۔ **چُوت مرانی** (مو) گالی ۔ فاحشہ زانیہ ۔ قحبہ ۔

چُوتڑ: (ہ ۔ مذ) کولا ۔ پٹھا ۔ سُرین ۔ **چوتڑ بجانا** ۔ خوش ہونا ۔ بغلیں بجانا ۔ **چوتڑ پیٹنا یا پیٹ لینا** ۔ بہت افسوس کرنا ۔ نہایت خوش ہونا ۔ **چوتڑ دکھانا** ۔ پیٹھ دکھانا ۔ بھاگ جانا ۔ بے شرمی سے بھاگنا ۔ **چوتڑوں پر پیاز کترنا** ۔ سامنے دھوکا دینا ۔ فریب دینا ے سودا

اپنا منتظم کی جب سنو آواز کترین آقا کے چوتڑوں پر پیاز

چوتڑوں پر پیاز کتروانا ۔ دھوکا دینا ۔ **چوتا لگوانا** **چوتڑوں پر کھانا** ۔ نہایت بے عزتی سے شکست کھانا ۔ بے غیرتی کی مار کھانا ۔ **چوتڑوں سے کان کاٹنا** ۔ **چوتڑوں سے سپاری توڑنا** ۔ انوکھی بات کرنا ۔ **چوتڑوں کا لہو مرنا** ۔ جم کر بیٹھنے کی عادت ہو جانا ۔ **چوتڑوں کے بل گرنا** ۔ اوندھا گرنا ۔ **چوتڑوں کے رستے نکلنا** ۔ دست کے ذریعہ خارج ہونا ۔ بڑی طرح برآمد ہونا ۔ متعدی بھی مستعمل ہے **چوتڑوں میں دکھ دا دینا** ۔ بہت پریشان کرنا ۔

چوٹ: (ہ ۔ مو) ضرب ۔ مار ۔ دکھ ۔ تکلیف ۔ حربہ ۔ حملہ ۔ طعن ۔ طنز ۔ عشق ۔ محبت کا صدمہ ۔ خواہش ۔ آرزو ۔ جوڑ ۔ مقابل ے آتش

اے آسمان کھائیں گے آیا جو بام پر
پیدا کیا ہے ہم نے بھی شمس و قمر کی چوٹ

دار ۔ گھات ۔ چال ے تسلیم

جو چوٹ ہے اے دل تری خالی نہیں جاتی
آخر کو وہی کی جو سنبھالی نہیں جاتی

چُوسنا: (ہ) جذب کرنا۔ سوکھنا۔ دُودھ پینا۔ نچوڑنا۔ عرق نکالنا۔ ہونٹوں سے دبا کر کشی شے کا مزہ لینا۔ اس طرح کہ دانت نہ لگے **چُوس ڈالنا**۔ بالکل چوس لینا۔ پُوری طرح جذب کرلینا۔ **چُوس لینا** - دیکھو چُوسنا۔ چُوسنی دیکھو چُسنی۔

چُوغہ: (ت چُغہ۔ مذ) عبا۔ لبادہ۔ جُبّہ۔ ایک قسم کا لباس۔

چُوک: (ہ۔ مو) کڑوی ؎ رنگین

لائی ہے دوا تو مری خاطر جو بنا کر
کھائی نہیں جاتی وہ یہ چوک ہے دائی

بھول ؎ رنگین

ساتھ اس کو نہیں لائی مرے پاس تلک ہائے
تو سوچ لے جی ہے تری چوک ہے دائی

بھول۔ خطا۔ قصور۔ ایک قسم کا کھٹا ساگ۔ ترش۔ بہت کھٹا۔ چُوکا مذ ایک قسم کا کھٹا ساگ۔

چُوکر: (ہ۔ مذ) گیہوں کے آٹے کی بھوسی۔

چُوکنا: (ہ) بھولنا۔ غلطی کرنا۔ خطا کرنا۔ نشانے پر نہ بیٹھنا۔ نشانہ نہ لگنا۔

چوکھا: (ہ) خالص کھرا۔ اصل۔ صاف۔ اچھا۔ خوب۔ عمدہ۔ نادر۔ پسندیدہ۔

چوکی: (ہ۔ مو) چھوٹا تخت۔ کرسی۔ پہرہ۔ پاسبانی۔ نشست۔ پڑاؤ۔ خدمت۔ نیاز۔ نذر۔ فاتحہ۔ موکل۔ جادو۔ ٹونہ۔ قوالوں کا گروہ۔ گلے کا ایک طلائی زیور۔ باورچیوں۔ رکاب داروں کا گروہ۔ نوبت بجانے والوں کی نوبت کا وقت۔ شاہی محل میں شب باشی کی ڈیوٹی (مثاب پیشاب گھر (حضور جوکی پر ہیں) چوکی بٹھانا۔ پہرا بٹھانا۔ نگہبانی کرنا۔ جادو کرنا۔ موکل بٹھانا۔ چوکی بھرنا۔ نوچندی جمعرات کو قبرستان میں جا کر دعا مانگنا۔ گھر میں یا کسی قبر پر قوالی کرانا ؎ امانت

چوکیاں درگاہ میں بھرتے ہو بہر وصل غیر
آپ کے دل کی مرادیں مجھ پہ روشن ہوگئیں

نذر و نیاز دینا۔ دیو کے استھان پر جا کر بھینٹ چڑھانا۔ باری باری سے پہرہ دینا۔ **چوکی بیٹھنا**۔ پہرہ ہونا ؎ آرزو

رن میں گھوڑا جوڑا تے ہوئے پیچھے تنہا پس
چوکیاں گھاٹ پہ بیٹھی تھیں رُکا تھا پانی

چوکیدار۔ پاسبان۔ محافظ۔ نگہبان۔ نگران۔ **چوکیدارہ** مذ نیز پاسبانی۔ چوکیداروں کی تنخواہ۔ **چوکیداری** (مو) چوکیدار کا پیشہ۔ نگہبان کا کام۔ نگہبانی۔ چوکیدارا۔

چُوگا: (ہ۔ مذ) پرندوں کی غذا۔ دانہ۔

چَوگان: (ف۔ مذ) گیند کا بلّا۔ وہ ڈنڈا جو سر کی طرف سے کُبڑا ہو۔ گلی کا ڈنڈا۔ چوب نقارہ۔ ایک قسم کی گیند کا کھیل۔ گھوڑے پر چڑھ کر دوڑنے کا کھیل پولو۔ **چوگانی**۔ وہ گھوڑا جو چوگان بازی میں خوب دوڑے۔

چوگڑا: (ہ۔ مذ) خرگوش۔

چُول: (ہ۔ مو) وہ چھید جس میں کواڑ پھرتا ہے۔ لکڑی کا وہ سرا جو دوسری لکڑی میں داخل کیا جائے۔ **چول بیٹھ جانا**۔ ٹھیک کے مطابق ہونا۔ متفق ہونا۔ برچھل جانا۔ **چولیں ڈھیلی کرنا یا ہونا**۔ مارتے مارتے یا دوڑاتے دوڑاتے نڈھال کر دینا۔

چولا: (ہ۔ مذ) جسم۔ قالب۔ ایک قسم کی پوشاک جو دولھن کو برات کے روز پہناتے ہیں۔ لباس۔ حلیہ جیسے **چولا بدلنا**۔ قالب بدلنا۔ ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا۔ **چولا چھوڑنا**۔ قالب چھوڑنا۔ مرنا۔ انتقال کرنا۔

چَولائی: (ہ۔ مو) ایک قسم کا ساگ۔

چُولھا: (ہ۔ مذ) آتش دان۔ آگ کے جلنے کی جگہ۔ ہنڈیا پکنے کی جگہ۔ **چولھا پھونکنا** (محاورۃ) فقر سے چولھا گرم کرنا۔ آگ سلگا کر روٹی پکانا۔ **چولھے آگ نہ گھڑے پانی**۔ نہایت افلاس۔ **چولھے میں پڑے یا چولھے میں جائے**۔ آگ لگے۔ خاک میں جلے۔ ہمیں اس سے کچھ سروکار نہیں بلا سے ؎ رنگین

چولھے میں جائے الفت لگ جائے اس کو لوکا
جس واسطے بری ہے دلگیر میری باجی

چولی: (ہ۔ مو) انگرکھے کے دامن سے اوپر کا حصہ۔ اوپر کے دھڑ کا حصہ۔ **چولی دامن کا ساتھ**۔ لازمی ساتھ قدیمی ساتھ۔ وہ آدمی یا چیزیں جو ہمیشہ ایک دوسرے کے ساتھ رہیں۔

چُوما چاٹی: (ہ۔ مو) بوس و کنار۔ ناز و نیاز۔ اختلاط۔ **چومتے ہی گال کاٹنا**۔ ابتدا کرتے ہی نقصان پہنچانا۔ **چوم چاٹ کے چھوڑنا**۔ اپنے قابو اور تصرف سے باہر چیز کو بوسہ دے کر اس کے حصول کے خیال سے باز آنا۔ سلام کرنا۔ ہاتھ اٹھانا۔ کام نکال کر چھوڑنا۔

چُومنا: (ہ) بوسہ دینا۔ کسی بزرگ کے مزار کو ادباً منہ لگانا۔ بوسہ لینا۔ پیار کرنا۔ چمکارنا۔ ادباً تعظیم دینا۔

چُومنا چاٹنا - چُومنا - پیار کرنا - خوشامد کرنا - للو پتو کرنا - تعظیم کرنا -

چُون: (ہ - مذ) آٹا - چُون کا بھی حاکم برابر ہوتا ہے ادنیٰ با اختیار سے ڈرنا چاہیئے - چون کر ڈالنا - پیس ڈالنا - چوں ہو جانا - گل جانا - آٹا ہو جانا -

چُوں: (ہ - مو) آواز گونہ - چڑیے وغیرہ کی آواز - آواز خفیف جو کسی چیز سے نکلے - تکرار و حجت - **چُوں چاں** (مو) پرندوں کے بچوں کی آواز - **چوں چوں** (مو) چڑیوں کی آواز - نئے جوتے کی آواز - ایک کھلونا جو کھینچنے سے اس طرح آواز نکالتا ہے - **چوں نہ کرنا** - اف نہ کرنا - چپ چاپ کوئی کام کر دینا - انکار نہ کرنا - جواب نہ دینا - خاموش رہنا - **چُوں و چرا** (مذ) حیلہ بہانہ - اگر مگر - بحث - تکرار -

چونا: (ہ) رِسنا - ٹپکنا - پھل کا پک کر آپ سے آپ زمین پر گرنا - حیض کا خون آنا (اسم - مذ) قلعی - سفیدی - وہ پتھر یا کنکر جو کولوں میں پکا لیا جائے اور بجھے پکے سفید ہو جائے - چٹے کا پکا ہوا پتھر جو پانی میں بجھا کر پان میں لگایا اور کھایا جاتا ہے - نیز وہ مند کھانا سن (کھتا چونا) **چونا پھرنا** - دیوار پر چونے کی قلعی ہونا - **چونا پھیرنا** - سفیدی - **چونا لگانا یا لگنا** - پانی میں چونا لگانا یا لگنا - کسی کو زک دینا یا زک پہنچنا **چونے والیاں** - چونے پڑنیاں وہ ڈومنیاں جو بچہ پیدا ہونے کے موقع پر آتی ہیں - خاص قسم کی گانے والی عورتیں - جواب تقریبا نہیں ہیں - **چونے پڑنی** - چونے والی - ؎ میرحسن

لگا کہنی چونے پڑنی تمام
کہاں تک میں لوں خدمتگاروں کے نام

چُونپ: (ہ - مو) شوق - چاؤ - اشتہا -
چونپ کیا ہو جو کسی سے کوئی ہر روز ملے
چاہیئے ہفتہ میں دل سوز سے دل سوز ملے
خواہش - امنگ - بڑھاوا - سونے کی پیں جو دانت میں لگائی جاتی ہے - ضد - ہٹ - عداوت - **چونپ لگانا** - ابھارنا - ورغلانا -

چُونتیس: (ہ) تیس اور چار - چالیس سے چھ کم -

چونچ: (ہ - مو) منقار - پرندوں کا منہ - نوک - لب - باتوں کی طراری - **چونچ سنبھالو** - زبان روکو بد زبانی نہ کرو - چپ رہو - **چونچ مارنا** - ٹھونگ مارنا - بیہودہ بکنا - واہی تباہی زبان سے نکالنا -

چونچال: (ہ) ہوشیار - چالاک - مستعد - دانا -

چَوندھ: (ہ - مو) چُندھیا - خیرگی چشم - **چوندھیانا** آنکھوں کا چمک دار چیز کو دیکھ کر خیرہ ہو جانا ؎ ناسخ

وہ رنگ خور جب رخسار ناز پال کھول دیتا ہے
ملائک اپنی آنکھیں چوندھیا کر بند کرتے ہیں

حیرت زدہ ہونا - گھبرا جانا - حواس باختہ ہونا -

چونڈا: (ہ - مذ) عورتوں کے سر کے بالوں کا گچھا جنہیں یکجا کر کے سر پر باندھ لیتی ہیں - **چونڈا دھوپ میں سفید نہیں کیا** - (عورت) ناتجربہ کار نہیں **چونڈے پر ڈولا اچھلنا** - سوکن کا آنا -

چُونَر: (چنبر) (ہ - مو) رنگ برنگ کا رنگا ہوا دوپٹا چنبری (مو)

چُونری: (ہ - مو) موچھل - مگس راں - کھجور کی ٹہنی جس میں لگے ہوئے پتے کو لوہے کے کنگھے سے باریک اور جدا کر دیا جاتا ہے - سودے والے اس سے مکھیاں جھلتے ہیں - نیز بالوں کا جھونٹا جھونٹ - **چونری نکل گیا** چھوٹی طرح گھٹنی اور لمبی داڑھی کا تمسخر -

چونک: (ہ) وحشت - بھڑک - جھجک - **چونکانا** - ہوشیار کرنا - جگانا - **چونک اٹھنا** - دفعتہً گھبرا کر جاگ اٹھنا - چونکنا ہو جانا - بدک جانا - گھبرا جانا - متعجب ہونا - **چونک پڑنا** - یکایک خواب سے بیدار ہونا - غفلت سے ہوشیار ہونا - **چونکنا** - سوتے سوتے جاگ اٹھنا - بیدار ہونا - گھبرانا - ہکا بکا ہونا - حیرت ہونا -

چُونکہ: (ف) کیونکہ - اس لیے کہ - اس واسطے کہ -

چونگا: (ہ - مذ) خوشامد - چاپلوسی - فریب - بانس کا نل - **چونگے باز** - جو چرب زبانی سے چیزیں لینے کا عادی ہو -

چونگلا: (ہ - مذ) نول دار بانس یا ٹین وغیرہ کا ڈبہ جس میں کاغذات موڑ کر رکھ لیتے ہیں -

چونی: (ہ - مو) دال کا برادہ - وہ موٹا موٹا آٹا جو دال دلنے میں نکلتا ہے - **چونی بھوسی کھا کر گزر کرنا** - تنگی سے اوقات بسر کرنا - **چونی بھی کہے مجھے گھی سے کھاؤ** - ادنیٰ بھی بڑوں کی برابری کرنے لگا -

چُوہا: (ا) موش - ناک کا سوکھا ہوا میل - **پانی میں شیر ہوا آدمی** - **چوہا بل میں سماتا نہیں - دُم سے باندھا چھاج** - اپنی تو گزر ہوتی نہیں - دوسروں کا بوجھ بھی سر پر اٹھا لیا - **چوہا کنی** (مو) ایک گھاس جس کی پتیاں چوہے کے کان کی مانند ہوتی ہیں - **چوہان** (مذ) سورج بنسی راجپوتوں کی ایک ذات -

لگا دینا ؎ جعفر علی خاں

اب بے مزہ ہوٹنے کا لے دل دینے لگا ہے چہکا پانی

چہکا لگنا ۔ آگ سے بدن کا جل جانا ۔

چہکارنا :۔ (ہ) چہچہانا ۔ چہچہہ کرنا (لکھنؤ میں چہچہانا بولتے ہیں)

چہکنا :۔ (ہ) نواسنجی کرنا ۔ چہچہانا ۔ خوش الحانی کرنا ؎

صدا میں پنکھڑیاں جیسے پھول میں

بلبل چہک رہا تھا ریاض رسول میں انیس

چہل :۔ (ہ ۔ مو) ہنسی ۔ خوش مزاجی ۔ ٹھٹھول ۔ **چہل باز** ۔ ظریف ۔ مسخرا ۔

چہل :۔ (ف) چالیس ۔ **چہل ابدال** ۔ چالیس تن جو برکت دنیا میں کہیں نہ کہیں موجود ہوتے ہیں اور جب ایک مرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی جگہ دوسرا پیدا کر دیتا ہے ۔ دنیا انہیں کی برکت سے قائم ہے ۔ ایک قسم کے فقیر جو دہکتے انگاروں پر لوٹتے لوٹتے آگ بجھا دیتے ہیں ؎ امیر

ہر روز لوٹتا ہے یہ داغوں سے آگ پر

دل ہجر یار میں چہل ابدال ہو گیا

چہل چراغ ۔ ایک قسم کا بڑا جھاڑ جس میں چالیس چراغ ہوتے ہیں اور وہ فرش پر رکھا جاتا ہے ۔ **چہل قدمی** (مو) ٹہلنا ۔ ہوا کھانا ۔ سیر گشت کرنا ۔ تفریح طبع کے لئے چلنا ۔ **چہل کاف** ایک دعا کا نام جس میں چالیس کاف ہیں ۔

چہلا :۔ (ہ ۔ مذ) کیچڑ کی زمین ۔ پانی اور دلدل کی زمین ۔ گیلا (بچے نے موت موت کے بچھونا چہلا کر دیا) **چہلے کی بھینس** ۔ موٹا آدمی جسے چلنا دشوار ہو ۔ بھولا آدمی ۔

چہل پہل :۔ (ہ ۔ مو) رونق ۔ آبادی ؎ امیر

وہ جو اٹھتے ہیں فتنے کہتے ہیں

ہے تمہیں سے چہل پہل بیٹھو

خوشی ۔ خرمی ۔ زندہ دلی ۔ مزاح ۔ خوش طبعی ۔ ہنسی ۔ ٹھٹھا ۔

چہلم :۔ (ف) چالیسواں ۔ چالیس سے منسوب ۔ حضرت شہدائے کربلا کا چالیسواں ۔ مردے کے چالیس دن کے بعد کا فاتحہ ؎ ذوق

عبث جاں منتظر ہونٹوں پہ ہے وہ شوخ کب آیا

اگر چہلم کو بھی آیا تو ہم سمجھیں گے اب آیا

چہیتا :۔ (ہ ۔ مذ) چاہیتا ۔ پیارا ۔ محبوب ۔ عزیز ۔ (مو) چہیتی ۔

چہیر :۔ (ہ ۔ مذ) لال قسم کا ایک چھوٹا پرند ۔

(اردو ہندی حرف اس طرح بولا جائے کہ آخر میں ہ نہ نکلے)

چھ :۔ (مجہول نکلے) پانچ اور ایک ۔ دس سے چار کم ۔ **چھ بندکیا** مذ ایک زہریلا جانور جس کی پشت پر چھ بندکیاں ہوتی ہیں ۔ اسے "چھ بندا" بھی کہتے ہیں ۔ **چھبیس** بیس اور چھ ۔ تیس سے چار کم ۔ **چھ ماہی** ۔ مردے کا فاتحہ جو چھٹے مہینے ہوتا ہے ؎ غالب

رسم ہے مردے کی چھ ماہی ایک

خلق کا ہے اسی چلن پہ مدار

چھیاسٹھ ۔ ساٹھ اور چھ ۔ ستر سے چار کم ۔ **چھیاسی** ۔ اسی اور چھ ۔ نوے سے چار کم ۔ **چھیالیس** ۔ چالیس اور چھ ۔ پچاس سے چار کم ۔ **چھیانوے** ۔ نوے اور چھ سو سے چار کم ۔ **چھہتر** ۔ ستر اور چھ ۔ اسی سے چار کم ۔

چھاپ :۔ (ہ ۔ مو) مہر ۔ ٹھپا ۔ نشان ۔ علامت ۔

چھاپہ :۔ (ہ ۔ مذ) مہر ۔ ٹھپا ۔ وہ نشان جو ہندو تیرتھوں میں جا کر اپنے بازوؤں اور کندھوں پر گدواتے ۔ چھاپنے کا آلہ ۔ مطبوعہ ۔ چھپا ہوا ۔ تجارت کے مال کا وہ نشان جو محصول لے لینے کی علامت ہے ۔ نقشہ ۔ صورت ۔ تصویر ۔ سانچہ ڈھالنے کا ظرف ۔ چاک ۔ کھلیان پر ٹھپہ لگانے کا آلہ ۔ مطبع ۔ چھاپہ خانہ ۔ چھپائی ۔ چھاپنے یا چھپنے کا انداز ۔ **چھاپا مارنا** ۔ شب خون مارنا ۔ رات کو غنیم پر چڑھ کر قتل عام کرنا ۔ **چھاپنا** ۔ مہر لگانا ۔ نقش کرنا ۔ طبع کرنا ۔ شائع کرنا ۔ مشہور کرنا ۔ بیاہ کی رسم میں دیواروں کو صندل اور رنگ کے نشانوں سے آراستہ کرنا ۔ **چھاپے خانہ** (مذ) مطبع ۔ کتابوں کے چھاپنے کا کارخانہ ۔ **چھاپے خانے والا** (مذ) مالک مطبع ۔ چھاپہ خانے کا مالک ۔ منتظم مطبع ۔

چھاتا :۔ (ہ ۔ مذ) چھتری ۔ چھتر ۔ بڑا سینہ ۔ سینہ کشادہ ۔ **چھاتم چھاتا** ۔ سینے کو سینے سے کوٹنا ۔ ایک کنکوے کا دوسرے سے لڑانا ۔ **چھاتی** (مو) سینہ ۔ پستان ۔ جرأت ۔ حوصلہ ۔ دل ۔ استقلال ۔ مضبوطی ۔ سخاوت ۔ **چھاتی بھر آنا** ۔ آنسو بھر آنا ۔ چھاتی کا گوشت سے پر ہو جانا ۔ رحم آنا ۔ ترس آنا ۔ چھاتی میں ناوری محبت کے باعث دودھ اتر آنا ۔ **چھاتی بھر جانا** ۔ گھوڑے کے سینے میں خون کا اکٹھا ہو جانا ۔ **چھاتی پر بال ہونا** ۔ سینے پر بالوں کا ہونا ۔ شجاعت ۔ رحم دلی ۔ مردانگی اور مروت کا ہونا ۔ **چھاتی پر پتھر رکھنا** ۔ صبر کرنا ۔ سخت دلی اختیار کرنا ۔ **چھاتی پر چڑھ کر دھائی چلو لہو پینا** ۔ سخت سزا دینا ۔ جان سے مار ڈالنا ۔ **چھاتی پر دھر کے لے جانا** ۔ مال و دولت کو اپنے ساتھ قبر میں لے جانا ۔ **چھاتی پر سانپ پھر جانا** ۔ رشک آنا ۔ افسوس آنا ۔ حسرت

آنا ۔ رنج و صدمہ گزرنا ۔ رشک آنا ۔ **چھاتی پر سل دھرنا** ۔ آدمی کو لٹا کر اس کے سینے پر بوجھ رکھ دینا ۔ پرانے زمانے میں مجرموں کو اس قسم کی سزا دی جاتی تھی ۔ صبر کرنا ۔ **چھاتی پر مونگ دلنا** ۔ رشک دلانا ۔ آتش غیرت سے جلانا ۔ بیوی کے سامنے دوسری عورت لا کے گھر میں رکھنا ۔ **چھاتی پک جانا** ۔ چوچی میں زخم ہو جانا ۔ عاجز ہو جانا ۔ تکلیف سہتے سہتے عاجز آ جانا ۔ **چھاتی پکڑ کر رہ جانا** ۔ دل ہی دل میں غم و افسوس کرکے بیٹھ رہنا ۔ کسی رنج پر افسوس کرنا ۔ **چھاتی پھٹنا** ۔ سینے کا شق ہونا ۔ دل پر صدمہ عظیم گزرنا ۔ رشک و حسد ہونا ۔ **چھاتی پیٹنا** ۔ سینہ کوبی کرنا ۔ ماتم کرکے رونا پیٹنا ۔ بہت رنج و افسوس کرنا ۔ **چھاتی تلے رکھنا** ۔ پاس رکھنا ۔ جان کے برابر رکھنا ۔ اپنی بغل میں رکھنا ۔ اپنے ساتھ رکھنا ۔ **چھاتی ٹھکنا** ۔ بھروسہ ہونا ۔ یقین ہونا ۔ ہمت ہونا ۔ **چھاتی ٹھنڈی کرنا** ۔ دل خوش کرنا ۔ دشمنی نکال کر خوش ہونا ۔ دل ٹھنڈا ہونا ۔ **چھاتی جلانا** ۔ دل جلانا ۔ رنج دینا ۔ رشک و حسد کرنا ۔ **چھاتی جلنا** ۔ سینے میں سوزش ہونا ۔ بدہضمی سے جلی ہوئی ڈکار آنا ۔ حسد یا رشک یا غم سے دل جلنا ۔ **چھاتی چھننا یا چھن جانا** ۔ غم یا صدموں کے باعث سینے کا پر داغ اور دل کا پاش پاش ہو جانا ۔ **چھاتی دبانا** ۔ بچے کا دودھ پینا ۔ **چھاتی دھڑکنا** ۔ دل کا تپنا ۔ خوف کھانا ۔ دل پر صدمہ گزرنا ۔ **چھاتی دینا** ۔ بچے کو دودھ پلانا ۔ **چھاتی سراہنا** ۔ بہادری اور تحمل کی تعریف کرنا ۔ توصیف کرنا ۔ آفرین کہنا ۔ سودا ؎

اے لالہ گو فلک نے دیئے تجھ کو چار داغ
چھاتی مری سراہ کہ اک دل ہزار داغ

چھاتی سے لگانا ۔ جوش محبت کے باعث سینے سے چمٹانا ۔ پیار کرنا ۔ گلے سے لگانا ۔ تسلی دینا ۔ دلاسا دینا ۔ **چھاتی کا ابھار** ۔ (مذ) بلوغ کے باعث عورت کی چھاتیوں کا اوپر کو ابھرنا ۔ **چھاتی کا پتھر یا پہاڑ** ۔ (مذ) گراں دل ۔ بار خاطر ۔ خلاف طبع ۔ سوہان روح ۔ جوان بن بیاہی بیٹی یا لڑکی جس کا خرچ ماں باپ کے سر پر ہو ۔ ہر قسم کا بار ۔ غم و فکر ۔ **چھاتی کا پھوڑا** ۔ (مذ) جان کا عذاب ۔ بار خاطر ۔ **چھاتی کا جم** ۔ (مذ) جان تلف کرنے والا ۔ فرشتۂ موت ۔ ناگوار طبع ۔ بار خاطر ۔ وہ ناگوار طبع ہی جو پاس سے نہ ٹلے ۔ ڈھیٹ ۔ **چھاتی کرنا** ۔ دلیری دکھانا ۔ **چھاتی کوٹنا** ۔ سینہ کوبی کرنا ۔ ماتم کرنا ۔ کسی کی دولت دیکھ کر رشک کے مارے چھاتی پیٹنا ۔ **چھاتی کے کواڑ** ۔ (مذ) سینے کے دونوں پہلو ۔ **چھاتی کے کواڑ کھولنا** ۔ سینہ چاک کرنا ۔ آئینۂ دل کو زنگ کدورت سے پاک کرنا ۔ خلوص سے ملنا ۔ **چھاتی سلنا** ۔ **چھاتی مروڑنا** ۔ **چھاتی ملنا** ۔ **چھاتی مسوسنا** ۔ افسوس کرنا ۔ دل پکڑ کر رہ جانا ۔ صدمہ دینا ۔ دل دکھانا ۔

چھاتی میں گھونسا مار کر رہ جانا ۔ دیکھو چھاتی پکڑ کے رہ جانا ۔ **چھاتی نکال کر چلنا** ۔ سینہ ابھار کر چلنا ۔ اکڑ کر چلنا ۔ اترا کر چلنا ۔

چھاج :۔ (ہ ۔ مذ) غلہ پھٹکنے کے اوزار ۔ غلہ افشاں ۔ بگھی کے آگے کا وہ حصہ جس کے پیچھے کوچوان کے پاؤں اور اوپر گھوڑے کی راس رہتی ہے ۔ **چھاج بولا تو بولا چھلنی بھی بولی جس میں بہتر چھید** ۔ (چھاج تو بولے چھلنی بھی بولے جس میں بہتر سو چھید) عیب دار یا ادنیٰ بے عیب یا اعلیٰ کی کیا برابری کرے گا ۔ **چھاج سی داڑھی** ۔ بڑی اور چوڑی داڑھی ۔ **چھاج میں ڈال کر چھلنی میں اڑانا** ۔ الٹا کام کرنا ۔ کسی کو رسوا کرنا ۔ بات کا بتنگڑ بنانا ۔ **چھاجوں برسنا** ۔ کثرت سے بارش ہونا ۔ موسلا دھار مینہ برسنا ؎

چھاجوں برس کے ابر کا چھالا نکل گیا

چھاجوں پانی پڑ گیا ۔ بہت مینہ برسا ۔ بڑی شرمندگی کھائی ۔

چھاچھ :۔ (ہ ۔ مو) وہ سفید پانی جو دہی کو بلو کر مکھن نکالنے کے بعد باقی رہ جاتا ہے ۔ مٹھا ۔ لسی ۔ وہ ترش سفید لسی جو دودھ کو آنٹنے میں نیچے بیٹھ جاتی ہے ۔ **چھاچھ چھننے لگی** ۔ بات یا کام بگڑ گیا ۔

چھاگل :۔ (ہ ۔ مو) مشکیزہ ۔ چھوٹی سی مشک ۔ بھاگل ۔ مٹی کا وہ برتن جس میں اکثر مسافر پانی بھر لیتے ہیں ۔ جھانجن ۔ پیروں کا ایک زیور جو جھانجھ کی طرح منقش ہوتا ہے اور بیچ میں غنچے سے ہوتے ہیں ۔ نصرت ؎

الٹی آج چھاگل پہن کر کون آیا ہے
کہ چونکا سبزۂ خوابیدہ بھی گور غریباں کا

چھال :۔ (ہ ۔ مو) پوست ۔ بکل ۔ درخت کے اوپر کا پوست ۔ چھلکا ۔ اولوں کی بوچھار ۔

چھالا :۔ (ہ ۔ مذ) آبلہ ۔ پھپھولا ۔ وہ داغ جو [illegible] پھپھولے وغیرہ میں ہو جاتا ہے ۔ وہ نشان جو بیل کی پیٹھ پر بیٹھنے کی وجہ سے پڑ جاتا ہے ۔

چھالیا :۔ (ہ ۔ مو) سپاری ۔ ڈلی ۔

چھاں :۔ (ہ ۔ مو) سایہ ۔ چھاؤں

چھان بنان ۔ چھان بین ۔ چھان پھٹک :۔ (ہ ۔ مو) تحقیقات ۔ تجسس ۔ دیکھ بھال ۔ کھوج ۔ **چھان پر چھپر نہیں** ۔ مفلس ۔ تہی دست ۔ **چھان ڈالنا ۔ چھان مارنا** ۔ ڈھونڈ لینا ۔ تلاش کر لینا ۔ کسی کی جستجو میں چپے چپے دیکھ ڈالنا نیز چھان ڈالنا ۔ مینہ کا ڈالنا ۔ چھلنی کر دینا ۔

چھانا: (ہ) چھت بنانا۔ سایہ کرنا۔ چھپر بنانا (لازم) پھیلنا (بادل چھانا) غالب ہونا۔ طاری ہونا (غم چھانا)۔

چھانٹ: (ہ۔ مو) فضلہ۔ ریزگی۔ چھیچھڑے جو گوشت صاف کرنے کے بعد رہ جاتے ہیں۔ کترن انتخاب۔ کتر بیونت۔ کتر بیونت کا اندازہ۔ چھانٹن۔ مو وہ چیز جو چھانٹنے کے بعد بچ رہے۔ کترن۔ فضلہ۔ چھانٹا ہوا چھنٹو۔ چھانٹی

چھانٹی: (ا۔ ہ۔ مو) تخفیف (ہونا۔ کرنا کے ساتھ) دفتر میں چھانٹی ہو رہی ہے۔ چھنٹائی۔ حاصل مصدر نیز چھانٹنے کی مزدوری۔

چھانٹنا: ہ۔ چننا۔ انتخاب کرنا۔ اخذ کرنا۔ پسند کرنا۔ کاٹنا۔ تراشنا۔ سر کے بال کترنا۔ صاف کرنا۔ مواد خارج کرنا۔ مختصر کرنا۔ گوشت کے ٹکڑے کرنا۔ الگ کرنا۔ زیبائش کے واسطے کم کرنا۔ کپڑے کو اس طرح دھونا کہ اس کا میل بالکل نکل جائے۔ چرب زبانی کرنا (قابلیت چھانٹنا۔ منطق چھانٹنا)

چھانڈنا: ہ۔ چھوڑنا ؎ اندر سبھا

آئی ہوں سبھا میں چھانڈ کے گھر
کو ہو کی نہیں مجھے آج گھیر

چھاننا: ہ۔ چھلنی سے آٹا نکالنا۔ صاف کرنا۔ نتھارنا (دوا چھان کر پیو) جانچنا۔ پرکھنا۔ چھال ڈالنا۔ تحقیقات کرنا۔ کھوج لگانا۔ ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔ تیروں سے بدن چھلنی کر دینا ؎ مؤلف

بھلا تو فرض یہ ہے کہ دل شہ کا صاف ہو
تیروں سے چھان دیں گے خطا تو معاف ہو

کپڑے میں چھید۔ سوراخ کر دینا۔ بیج کو کھیت میں بونے کے لیے ہاتھوں سے بکھیرنا۔ (دیکھو خاک چھاننا)

چھاؤں: (ا۔ مو) سایہ۔ چھاں۔ پرچھاواں۔ دو شغول یا چیزوں کی اوٹ میں بہت کرنا۔ روشنی (تاروں کی چھاؤں)

چھاؤنی: (ا۔ مو) چھاؤں کرنے کی چیز۔ کھپریل۔ لشکرگاہ۔ کیمپ۔ سپاہیوں کی بارکیں۔ چھاؤنی چھانا یا ڈالنا۔ مسکن بنا لینا۔ مقام کرنا۔ کیمپ ڈالنا۔ فوج رکھنا۔ چھاؤنی کرنا۔ ڈیرہ ڈالنا۔

چھائی: (ہ۔ مو) اخلاط کی گرمی سے منہ پر پھیلی ہوئی سیاہی۔

چھائیں مائیں: (ا) یہ کلمہ عورتیں کسی بچے سے بچنے کے موقع پر بولتی ہیں۔ خدا بچائے۔ دور ہی رکھے۔ چھائیں مائیں (مو) بچوں کا ایک کھیل جو چکر لگا کر کھیلا جاتا ہے۔

چھایا: (س۔ مو) سایہ۔ چھاؤں۔

چھب: (ہ۔ مو) آرائش۔ زیب۔ زینت۔ ناز و انداز۔ معشوقانہ انداز۔ خوبصورتی۔ تناسب اعضا۔ انداز جسم۔ چھب تختی (مو) سینے اور جسم کی خوبصورتی۔ گات اور جسامت کی خوش وضعی ؎ افسوس

اپنی چھب تختی جست دور سے دکھلاتے ہو
ڈر لگ جاؤ گے کیوں ہمیں ترساتے ہو

چھب گھڑی میں اور صورت طباق میں۔ عزت عمدہ ہونے سے اور رنگ روپ عمدہ غذا سے ہے۔ چھبیلا۔ خوش وضع وجیہ۔ حسین و جمیل۔ رنگیلا۔

چھبڑا: (مذ) ٹوکرا۔ چھابا۔ چھبڑی (مو)

چھبتی: (ہ۔ مو) (دلالوں کی اصطلاح میں) چھبیس

چھپ: (ہ۔ مو) پانی میں پیر یا ہاتھ مارنے کی آواز۔ چپ چھپ (مو) پانی پر ہاتھ مارنے کی آواز۔ پانی کے منہ پر ڈالنے کی آواز۔ چھپ کر کی سبزی۔ درزی کے بند۔ سنار کی کھٹائی۔ ٹالم ٹول اور بہانے ہیں۔ چھپاکا۔ پانی کے منہ پر ڈالنے کی آواز۔ چھپاکا

چھپا: ہ۔ مذ پوشیدہ۔ مخفی۔ نامعلوم۔ چھپا رستم یا چھپے رستم (مذ) جس کا کمال چھپا ہو۔ جس کی شرارت چھپی ہو۔ چھپا رکھنا۔ پوشیدہ رکھنا۔ چھپانا۔ ڈھانپنا۔ پوشیدہ کرنا۔ ڈھانکنا۔ پردہ کرنا۔ چھپاؤ۔ پوشیدگی

چھپٹی: (ہ) (کسرہ یائے مجہول کی طرف مائل۔ مو) لکڑی کی وہ چھپٹی جو کام بنانے میں ناقص نکلتی ہے۔ پتلا۔ دبلا۔ لاغر۔

چھپر: (ہ۔ مذ) وہ سائبان جو پھوس سے ڈالا جائے۔ پھوس کی چھت۔ بوجھ۔ بھار۔ برساتی پانی کا گڑھا۔ بڑی داڑھی۔ سو دو سو کبوتروں کا اڑتا ہوا غول۔ چھپر اٹھا لیا۔ بہت شور مچایا۔ چھپر بند۔ سائبان بچھانے والا۔ چھپر بنانے والا۔ چھپر پر پھوس نہ ہونا۔ نہایت مفلس ہونا۔ از حد تنگ حال اور تنگ دست ہونا۔ چھپر پر پھوس نہیں دروازے پر نقارہ۔ مفلس اور کنگال ہو کر اپنی نمود و بڑائی دکھانا۔ چھپر پر رکھنا۔ الگ کرنا۔ چھوڑ دینا۔ خیال میں نہ لانا۔ طاق پر رکھنا۔ چھپر پھاڑ کر دینا۔ غیب سے دینا۔ گھر بیٹھے دولت دینا۔ چھپر رکھنا۔ بار احسان رکھنا۔ بھاری احسان کرنا۔ بوجھ رکھنا۔ الزام رکھنا۔

علیحدہ ہونا - جدا ہونا - چلنا - روانہ ہونا - چپکی ہوئی چیز کا کھلنا - (ٹکٹ چپکا ہوا چھٹنا) نجات پانا - گردی چیز کا رنگ سے چھوٹنا -

چھٹنکی :- (ہ - مو) پانچ تولے کا باٹ -

چھٹوانا :- چھٹنا کا متعدی المتعدی -

چھٹوتی :- (ہ - مو) رعایت - تخفیف -

چھٹولا :- (ہ - مذ) وہ لباس جو عورتیں بچہ پیدا ہونے کے زمانہ میں پہنتی ہیں -

چھٹھ :- (ہ - مو) ہندی مہینے کے ہر پاکھ کی چھٹی تاریخ -

چھٹی :- (ہ) چھ سے نسبت رکھنے والا (مو) بچہ ہونے کے چھ روز بعد کی رسم - وہ سامان جو بچے کی چھٹی کے دن زچہ کے میکے سے آتا ہے (ماشاءاللہ دلھن کے ماں باپ نے چھٹی اچھی بھیجی ہے) چھٹی کا دودھ یاد آنا - مصیبت میں آرام وعیش گزشتہ کا یاد آنا - نہایت مصیبت میں گھر جانا چھٹی کا دودھ یا کھایا پیا نکلنا - سارا عیش و آرام جاتا رہنا - چھٹی کا راجا - امیر - خوشحال - بطور مذاق مفلس بانکا چھٹی کے پوتڑے اب تک نہیں سوکھے - بچہ اور ناتجربہ کار ہے - چھٹی نہ ستوانسا امیر الامرا کا نواسہ - بے حقیقت اور اس پر ترنگ - چھٹی نہانا - بچہ ہونے کے چھ دن بعد کا غسل - چھٹے چھ ماسے - کبھی کبھی - شاذ و نادر -

چھٹی[1] :- (ہ - مو) تعطیل - رخصت - فرصت - اجازت - برطرفی - چھٹکارا - نقالوں کا چٹکلہ یا لطیفہ جیسے دو چار چھٹیاں کہہ لو پھر رخصت - چھٹی ملنا - فراغت پانا - رخصت ملنا - موقوف ہونا - برخاست ہونا -

چھٹیا :- (ہ - مذ) ایک قسم کا نمک -

چھجا :- (ہ - مذ) وہ آگے بڑھا ہوا چھت کا حصہ جو بارش کی حفاظت یا دھوپ کے بچاؤ کے لئے ہوتا ہے -

چھجانا :- (ہ) چھجنا کا متعدی کم کرنا -

چھچڑا :- (ہ - مذ) گوشت کا نکما حصہ لگا چھچھڑا

چھچکارنا :- (ہ) سیٹی بجا کر کتے کو پیچھے لگانا -

چھچھلا :- (ہ) کم گہرا - وہ ظرف جو بہت کم گہرا ہو چھچھلی - کم گہری تشتری - گول ٹھیکری جسے زور سے پانی میں مارتے ہیں اور جب تک قوت کا اثر باقی رہتا ہے پانی میں نہیں ڈوبتی - چھچھلتی ہوئی - دوسری چیز کو چھوکر گزرتی ہوئی - سرسری چھچھلنا - کسی چیز کا دوسری کے اوپر سے چھوتے ہوئے گزر جانا

چھچھو :- (ہ - مذ) بچوں کی زبان میں پیشاب -

چھچھورا :- (ہ - مذ) بچوں کی سی عادت والا - کمینہ - سفلہ - پیٹ کا ہلکا - کم ظرف - چھچھوراپن یا چھچھورپن (مذ) سفلہ پن - کمینہ پن - کم ظرفی -

چھچھوندر :- (ہ - مو) ایک قسم کا چوہا جو رات کو نکلتا ہے اور اس کے جسم سے بدبو آتی ہے ایک قسم کی آتشبازی - وہ عورت جو ادھر ادھر لڑائی کراتی پھرے چھچھوندر چھوڑنا - آتشبازی کی چھچھوندر کو آگ لگانا - شگوفہ چھوڑنا - نئی بات اختراع کر کے بیان کرنا - لڑائی کرا دینا چھچھوندر کے سر میں چنبیلی کا تیل - برے کے پاس اچھی چیز

چھچھی :- (ہ - مو) بچوں کا پیشاب یا پانی -

چھدا :- (ہ - مذ) الزام - تہمت - بہتان - گلہ - شکوہ - بار احسان - چھدا اتارنا - گلہ شکوہ اتارنا - سر سے بوجھ اتارنا - جلد آ کر چلا جانا - چھدا دھرنا - رکھنا - الزام دینا - بہتان دینا ؎ تنق

ک ذرا لاؤ رکھ کے کچھ چھدا
تم سے لے گی عوض ضرور اپنا

چھدام :- (ہ - مذ) دمڑی -

چھدرا :- (ہ - مذ) چھدرا - چھیددار - فرق فرق سے جیسے چھدرے بال - چھدرا کر چلنا - ٹانگیں کھول کر چلنا - چلنے میں ٹانگوں کو فرق سے رکھ کر چلنا

چھدنا :- (ہ) سوراخ ہونا - چھبنا

چھدے مدے :- (ہ - مذ) ایک پیار کا کلمہ جو ماں بچے کو صدقے قربان کی جگہ کہتی ہے -

چھرا :- (ہ - مذ) چھوٹی چھوٹی گولیوں کی کرلی جو بندوق میں رکھ کر چھوڑتے ہیں - سنگریزہ وہ کنکر جو گھنگروؤں وغیرہ میں ڈالتے ہیں - چھرا چلنا - سنگریزوں کی بوچھاڑ ہونا - گولیوں اور آوازوں کا متواتر ہونا - چھرا کھانا - چھرے کی چوٹ دکھانا

چھرا :- (ہ - مذ) بڑا چاقو - چھوٹی تلوار -

چھیڑنا:- (ف) چھلکا اُتارنا - اناج صاف کرنا -

چھری:- (ف - مو) لمبا چاقو جو بند نہ ہو سکے - چھوٹا چھرا - بڑا چاقو - **چھری بند بھائی** (مذ) قصائی - بوچڑ - **چھری کا جلی نہ کٹاری کی** نقصان دہ چیزیں سب بُری ہیں - **چھری بھونک دینا** - چھری گھسیڑنا - چھری مارنا - سخت نقصان پہنچانا - **چھری پڑھنا** - جادو کی معلوم کرنا یا کسی کو نقصان پہنچانے کے لئے چھری پر کچھ دعا میں پڑھنا - خاص قسم کا عمل کرنا - **چھری پھیرنا** - ذبح کرنا - قتل کرنا - جان سے مارنا - تکلیف دینا - ظلم کرنا - کسی کا حق غصب کرنا یا کرانا - **چھری تلے دم لینا** - تکلیف سہنا - مصیبت برداشت کرنا - صبر و قرار لینا - تامل کرنا ؎ شوق

آنے جاتے ہیں لوگ شہر دو تو

جلدی کیا ہے چھری تلے دم لو

چھری تیز کرنا - چھری پر دھار رکھنا - ظلم و ستم کرنا - **چھری چلنا** - چھریوں سے مار کٹائی ہونا - آپس میں لڑنا - کسی کو صدمہ پہنچنا - **چھری دکھانا یا دینا** - ذبح کرنا - قتل کرنا - **چھری کٹاری** (مو) بھائی دشمنی - سخت تکرار - کشاکشی - وہ لڑائی جھگڑا جس میں ہتھیاروں کی نوبت پہنچے - لڑنے پر آمادہ - لڑنے جھگڑنے والا - **چھری کٹاری ہونا** - سخت دشمنی ہونا - لڑائی جھگڑے کی باتیں ہونا - **چھری مارنا** - چھری بھونکنا - خنجر مارنا - زخمی کرنا - بری بات کہنا - ناگوار بات کہنا - **چھریوں کا غسل دینا** قتل کرنا - لہولہان کرنا -

چھریرا:- (ف) دبلا پتلا - ہلکا پھلکا - لمبا اور اکہرا بدن (مو) چھریری -

چھڑ:- (ف - مو) پتلا اور لمبا بانس - نیزہ - علم کی چوب - نیزے کی چوب - وہ چھڑ یا لمبا بانس جس سے آم توڑتے ہیں یا جس سے چیل کو شکار کرتے ہیں -

چھڑا:- (ف) تنہا - اکیلا - مذ ایک قسم کا پاؤں کا کڑا - پاؤں کی چوڑی -

چھڑانا:- (ف) رہا کرنا - آزاد کرنا - جدا کرنا - علیحدہ کرنا - ترک کرانا - دودھ چھڑانا - موقوف کرانا - کھونا - (پیچھا چھڑانا) **چھڑائی** (مو) رہائی کا معاوضہ - جرمانہ - وہ دام جو شکاری اپنے جانور دیتے وقت لیتا ہے - وہ نقدی جو چڑیمار کو پرندوں کے آزاد کرنے کے لئے دی جاتی ہے -

چھڑک کر بیچتا ہے:- اپنی چیز کی جھوٹی تعریف کرتا ہے -

چھڑکاؤ:- (ف - مذ) پانی وغیرہ کا زمین پر چھڑکنا - **چھڑکائی** (مو) پانی چھڑکنے کی اجرت - **چھڑکنا** - ترشح کرنا - زمین وغیرہ پر تھوڑا تھوڑا پانی ڈال کر اسے تر کرنا - تصدق کرنا جیسے جان چھڑکنا - رنگ ڈالنا - **چھڑکوانا** چھڑکنا کا متعدی المتعدی -

چھڑنا:- شروع کرنا - آغاز ہونا (ذکر چھڑنا) - بجنا (ستار چھڑنا)

چھڑنا:- غلہ کو کوٹ کر صاف کرنا - اوکھلی میں غلہ کوٹنا -

چھڑنگ چڑھ گئی:- ضد ہو گئی -

چھڑوانا:- رہا کرنا - جدا کرنا -

چھڑی:- (مو) پتلی لکڑی - بید - قمچی - وہ جھنڈی جو کسی بزرگ کے نام کی بنائی جائے - چوتھی کھیلنے کی پھولوں کی چھڑی - گوکھرو اور چنکی وغیرہ کی سیدھی دھجی جو عورتیں اکثر پاجامے وغیرہ میں ٹانکتی ہیں - تنہا - اکیلی - **چھڑی سواری** مذ ایک بیٹی دو دو کوشش - تنہا -

چھڑے:- (مذ) پاؤں کا ایک زیور -

چھڑے چھٹانک:- دم نقد - تنہا - خالی - بے اسباب و سامان -

چھڑیلا:- (ف - مذ) ایک خوشبودار دوا -

چھڑیوں کا میلا:- (مذ) وہ میلا جو بزرگ کی جھنڈیوں کے جلوس سے کیا جاتا ہے - جیسے مدار کی چھڑیاں -

چھک:- چھکنا کا امر -

چھکا چھک:- بھرا ہوا - سیر - مدہوش - سیراب - مست - **چھکا دینا** - سیر کر دینا - مستغنی و بے پروا کر دینا - **چھکانا** - بھر دینا - کھلانا - سیر کرنا - خوب شراب پلانا - کھلا پلا کے آسودہ کر دینا ؎ ناسخ

چھکا دل میں تجھے رندوں کو تو چھکائے جا

یہی ہے جام مے ہر دم کلام شیشے کا

چھکڑا:- (مذ) کسی کے سر پر تمہ کھول کر چپت کرنا - **چھکڑا** (مذ) اسباب لادنے کی بڑی گاڑی - وہ چیز جس کے انجر پنجر ڈھیلے ہوں (ہو جانا)

چھکنا:- (ف) دل بھر کے کھا پی لینا -

چھلکے پہ چھکا سہنا:- مصیبت پہ مصیبت پڑنا -

آنسوؤں کا پی کے پانی کھولتا
آرزو چھلکے پہ چھنکا سے چھکا

چھلکے پیچھے بھول جانا - ہوش و حواس جاتے رہنا۔

چھل بل :- (ہ) دھوکا ۔ ؎ رنگین

قسم اس سر کی ہوں میں سیدھی سادی
نہیں آتا مجھے چھل بل سے اخلاص

(اب متروک ہے)

چھل آنا :- دھوکا دے آنا ۔ ؎ افسوس

دل اڑا لائے سینکڑوں تم تو
ایک عالم کو جا کے چھل آئے

چھکے چھوٹنا :- گھبرا جانا ۔ حواس باختہ ہو جانا۔

چھل :- (ہ - مو) دیوار کا کوئی ٹکڑا جو گر پڑا ہو۔ (مذ) فریب ۔ دھوکا ۔ عیاری (کرنا) **چھل بتا** یا **چھل بتے** (مذ) فریب ۔ دم ۔ دھوکا ۔ **چھل بل** کو دیکھو ۔ **چھل بتا** نیز شوخی ۔ چالاکی ۔ ؎ نفیس

پھرتے ہوئے یوں آج تلک کل نہیں دیکھی
کل تھا کہ چھلاوے ہیں یہ چھل بل نہیں دیکھی

چھل جانا - ڈر جانا (بھوت پریت یا کسی نامعلوم شے سے جو تاریکی میں نظر آئے)

چھلا :- (ہ - مذ) حلقہ ۔ کنڈلی ۔ کڑا ۔ انگشتری ۔ سونے یا چاندی کا حلقہ انگلی میں پہنا جاتا ہے ۔ وہ نشان جو کلابتوں یا ریشم سے گول گول بنائے جاتے ہیں ۔ ایک قسم کا پنجابی گیت ۔ کنوئیں کی وہ دیوار جو ایک طرف سے پختہ اور دوسری جانب سے کچی ہو ۔ وہ تیل کے چند قطرے جو کسی بوتل میں خوشبو وغیرہ کا عرق بھر کر اسے بچانے اور محفوظ رکھنے کے خیال سے ڈال دیتے ہیں ۔ **چھلا پڑنا** ۔ پانی کا چھو ہو جانا ۔ **چھلا چڑھانا** ۔ فاحشہ عورتوں کا مقام مخصوص میں غرض خاص سے چھلا رکھنا ۔ **چھلا چھنگل** (مذ) شوخ طبع لوگوں کا ایک کھیل ہے کہ ایک کا چھلا اتار کر کسی کی مٹھی میں چھپا کر مٹھیاں بند کر لیتے ہیں ۔ جو شخص چھلے والی مٹھی پکڑ لیتا یا اس کی طرف اشارہ کرتا ہے اس کا چھلا ہو جاتا ہے ۔ **چھلا دھو کر اٹھانا** ۔ منت کا چھلا پاک کر کے تاکہ کامیابی پر کسی حق کو دیا جائے ۔ **چھلے کا گل** ۔ وہ داغ جو معشوق کے دیے ہوئے چھلے کو آگ میں گرم کر کے لگایا جائے۔

چھلانگ :- (ہ - مذ) جست ۔ زقند ۔ چوکڑی ۔ پھلانگ ۔

چھلاوا :- (ہ - مذ) چھل دینے والا ۔ آسیب ۔ غول بیابانی ۔ وہ روشنی جو رات کو اکثر برسات میں کسی جنگل یا قبرستان میں چلتی پھرتی نظر آتی ہے ۔ ناسفور س نیز جسے ایک جگہ قرار نہ ہو ۔ چلبلا ۔ شوخ ۔

چھلبدار :- (۱) ایک قسم کے ڈوم جو اکثر دائرہ بجا کر پیروں کے گیت گاتے ہیں ۔ بگڑ کا (۲) انھیں نہیں آتا ۔

چھل پلانا :- (ہ) بازار میں کھڑے ہو کر کٹورے بجا بجا کر پانی پلانا ۔ ؎ نکہت

کہیں چھل پلا تا تھا سقا سبیل
کہ تھا دوش پر مشک سے ڈول

چھلچھل :- (ہ - مو) زور سے موتنے کی آواز ۔ **چھلچھلا** ۔ پانی چھوڑ ۔ **چھلچھل موتنا** ۔ پیشاب کرنے کی آواز ۔ **چھلچھلا آدمی** ۔ کم ظرف ۔ **چھل چھل موتنا** ۔ زور سے پیشاب کرنا ۔

چھلک :- (ہ - مو) پانی کا لبالب ہو کر گرنا ۔ **چھلکانا** ۔ بھری ہوئی چیز کو حرکت دے کر گرانا ۔ **چھلکتا ہوا** ۔ لبریز ۔ بھرا ہوا ۔ **چھلکنا** ۔ رقیق چیز کا لبالب ہو کر بہنا ۔ تھوڑی سی جاہ و دولت پر غرور کرنا ۔

چھلکا :- (ہ - مذ) پھل یا میوے کی پوست ۔

چھلکنا :- (ہ) عورت کا موتنا ۔ بغیر ارادہ خوف یا کسی اور وجہ سے موت نکل جانا ۔ **چھلکیوں موتنا** ۔ چلوؤں موتنا ۔ ڈر کے مارے بہت سا پیشاب نکل جانا ۔ از حد رعب میں آنا ۔ فرمان بردار ہونا ۔ عاجز آنا ۔

چھلنا :- (ہ) فریب دینا ۔ دھوکا دینا ۔ پھسلانا ۔ ؎

دلفریبی کے بدل آتے ہیں سو رنگ ان کو
آدمی کیا ہیں چھلاوے کو چھلا کرتے ہیں ؎ بحر

نیز بھوت پریت یا کسی نامعلوم شے سے جو تاریکی میں نظر آئے ڈر جانا (اسم مذ) بڑی چھلنی ۔

چھلنا :- (ہ) کسی چیز کا پوست اتر جانا ۔ کھال ادھڑ جانا ۔ رگڑ لگنا ۔

چھلنی :- (ہ - مو) غربال ۔ آٹا چھاننے کا آلہ ۔ **چھلنی میں ڈال چھاج میں اڑانا** ۔ رسوا کرنا ۔ ذرا سی برائی بڑھا کر بیان کرنا ۔ **چھلنی ہو جانا** ۔ سوراخ سوراخ ہو جانا ۔ تیروں سے بندھ جانا ۔

چھلو :- (ہ) بے وقوف ۔ طفلانہ لڑکپن کا ۔

چھلوری :- (مو) وہ چھالا جو انگلی یا کبھی ناخن کے اندر ہو جاتا ہے اور بغیر چیرا دیے اچھا نہیں ہوتا ۔ ؎ رنگین

چھوپا (مذ) تری جس سے دیوار کا رخنہ بند کرتے ہیں۔ چھوپنا۔ گیلی مٹی سے دیوار وغیرہ کے سوراخوں کا بھرنا۔ کچی دیوار کی مرمت کرنا۔

چھوت:۔ (ہ۔ مو) ناپاک آدمی کا سایہ۔ پلیدی پر چھاواں (اتارنا۔ جھاڑنا) ناپاکی۔ نجاست (کرنا یا ہونا) متعدی بیماری۔ **چھوت چھات** (مو) متعدی بیماری سے دور رہنا اور بچنا۔ **چھوت جھاڑنا**۔ پلید کا سایہ جھاڑ پھونک سے دفع کرنا۔

چھوٹ:۔ (ہ۔ مو) رہائی۔ آزادی۔ فرصت۔ چھٹکارا۔ کمی۔ تخفیف۔ قیمت میں کمی۔ بے تکلفانہ جھگڑا۔ گالی گفتا۔ طلاق۔ مستثنے۔ وہ مقام جہاں سے کبوتروں کے چھوٹنے کی شرط ہو۔ عکس۔ چمک۔ پرتو۔ **چھوٹ پڑنا**۔ عکس پڑنا ؎ امیر

فلک پر عقد ثریا نہ عقد پروین ہے
پڑی ہے چھوٹ اسی آبدار سہرے کی

چھوٹ لڑنا۔ فن چوب بازی کے کسی کامل شخص سے بہت سے آدمیوں کا ہتھیاروں کے ساتھ مقابلہ کرنا اور اس کا سب کو جواب دینا ؎ ذوق

نگاہ ناز اس کی عاشق سے چھوٹ کس کس مزے سے لڑتی ہے

باہم کھلی کھلی گالیاں دینا۔ **چھوٹ ہونا**۔ فرصت ہونا۔ وقت ملنا۔ پھکڑ ہونا۔ بے تکلفانہ مزاج ہونا۔ چوب بازی میں بے قید ہو کر پھری گدکوں سے لڑنا۔

چھوٹا:۔ کوتاہ۔ تنگ۔ خرد۔ قد یا عمر میں کم۔ کمتر۔ کہتر۔ تھوڑا۔ کمینہ۔ ہیچ۔ کم۔ قلیل۔ ادنیٰ۔ اعلیٰ کا نقیض۔ **چھوٹا سب سے کھوٹا**۔ چھوٹے قد کا آدمی بڑا شریر ہوتا ہے۔ **چھوٹا صاحب** مذ بڑے افسر سے چھوٹا افسر۔ اعلیٰ افسر کا نائب۔ **چھوٹا منہ بڑی بات**۔ اپنی لیاقت سے زیادہ بات کرنا۔ حوصلہ سے بڑھ کر بات کرنا۔

چھوٹتے ہی:۔ فوراً۔ اسی وقت۔ **چھوٹنا**۔ دیکھو چھٹنا۔ بیر کھلنا۔ رسی تڑانا۔ گھوڑے کا گھوڑی پر چڑھنا۔ چاند کا گہن سے نکلنا۔ بچنا (تمہارے منہ سے چھوٹنا مشکل ہے)

چھوٹی الائچی:۔ (مو) سفید الائچی۔ ہیل خورد۔ **چھوٹی امت** (مو) کمینے آدمی۔ نیچ لوگ۔ **چھوٹی سی بچیا بہت ہی رسیا**۔ خطا تھوڑی سزا بہت۔

چھوٹے گاؤں سے ناتا کیا:۔ جس جگہ تعلق ہی نہ رہا۔ پھر اس کے معاملات سے کیا واسطہ!

چھوچھک:۔ (مو) زچہ خانے کی ایک رسم۔ چھچھی۔

چھوچھو:۔ (ا۔ مو) بچوں کا گو دھونے والی عورت۔ ہمراہ لونڈی جو ساتھ کھیلی ہو ؎ رنگین

ننھے سے کلیجے کو کیا اس کے ہوا لوگو
کچھ دنوں رہتی ہے دل گیر مری چھوچھو

دایہ۔ کھلائی۔ **چھوچھو بتا دی**۔ ناکام ٹال دیا۔ ٹال دیا۔ بہانہ کر دیا۔

چھورا:۔ (ہ۔ مذ) چھوکرا۔ نوکر کا لڑکا۔

چھوڑ آنا:۔ (ہ) دیکھو چھڑانا۔ **چھوڑ آنا**۔ کسی چیز کو کسی جگہ چھوڑ کر آپ چلے آنا ؎ ناسخ

بیقراری دشت غربت میں ہمارے ساتھ ہے
چھوڑ آئے کوچۂ جاناں میں ہم آرام کو

کسی جگہ کو چھوڑ کر دوسری جگہ چلے آنا۔

چھوڑنا:۔ (ہ) نجات دینا۔ بخشنا۔ معاف کرنا (قرضہ چھوڑ دیا) فیر کرنا۔ بندوق چلانا۔ آتشبازی کو شتابہ دکھانا۔ بچانا۔ محفوظ رکھنا (رگ چھوڑ کر کاٹنا) داغ فشت کرنا۔ استعفیٰ دینا۔ طلاق دینا۔ قطع تعلق کرنا۔ ہجرت کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ جھٹکنا (جیسے دامن چھوڑنا) مارنا (ہاتھ چھوڑنا) مکان خالی کرنا۔ لڑھکانا۔ جاری کرنا (نہر کا پانی چھوڑ دیا) نرکو مادہ پر ڈالنا۔ رہا کر دینا۔ بجنسہٖ باقی رکھنا ؎ ناسخ

غم نے چکھتے ہی مرا خون جگر چھوڑ دیا

ترک کرنا۔ کسی شے پر ہاتھ ڈال دینا۔ تنبیہ و سزا سے درگذر کرنا۔ کسی چیز یا بات سے باز آنا۔ شکاری جانور کو دوسرے جانور پر جھپٹانا۔ سامان یا وارث کی موجودگی میں مرنا (اتنا روپیہ چھوڑ گئے اور اتنے وارث) فتنہ پردازی کرنا۔ انوکھی بات کہنا (شگوفہ چھوڑنا) کسی پر کوئی بات اٹھا رکھنا (خدا پر چھوڑنا) **چھوڑ بلی چوہا لنڈورا ہی بھلا**۔ مجھے تم سے جو نقصان پہنچا سو پہنچا اب میری جان چھوڑ دو۔

چھوکرا:۔ (ہ۔ مذ) لڑکا۔ ملازم لڑکا۔ نادان۔ ناتجربہ کار۔

چھوکری:۔ (ہ۔ مو) چھوری۔ لڑکی۔ کنیز۔ خادمہ۔

چھولداری:۔ (ا۔ مو) سپاہیوں کے رہنے کا ایک چھوٹا سا جھونپڑا۔ چھوٹا خیمہ۔

چھولنا:۔ (ہ) چھلکا اتارنا۔ کسی بند خول میں سے نکالنا۔

چھولنی:۔ (ہ۔ مو) کھرپی۔

چھونا:۔ (ہ) مس کرنا۔ ہاتھ لگانا۔ چھیڑنا۔ ٹونا کرنا۔

میں لینا (اولاد پیچھے کسی وقت چھوٹی بھی نہیں) چھو نہ جانا: بالکل نہ ہونا ۔ تعشق

تر کر تو چھو نہیں گیا ہے وقوف
دوستی کر کسی پہ بے موقوف

چھونچھا:۔ (ہ) ہر خالی چیز ۔ شغل ۔ چھونچھی (مو) نرکل کی نلی ۔ سوئیوں کی نلی ۔

چھونک:۔ (ہ ۔ مذ) بگھار ۔ داغ ۔ چھونکنا ۔ بگھارنا ۔ گھی داغ کرنا ۔

چھوئی مُوئی:۔ (ہ ۔ مو) ایک قسم کی بوٹی جس کے پتّے آدمی کے ہاتھ لگنے بلکہ سایہ تک پڑنے سے مرجھا جاتے ہیں ۔ بہت نازک مزاج ۔

چھپی:۔ (ہ ۔ مو) ایک پرندہ ۔

چھی:۔ (ہ ۔ مو) حرف تنفر ۔ تف ۔ تھو تھو ۔ برا ۔ نجس ۔ خراب ۔ چھینکنے کی آواز ۔ چھی چھی (مو) بچّے کا پاخانہ ۔ گو براز ۔ براکر تنفر ۔

چھیپ:۔ (ہ ۔ مو) چھائیں ۔ دھبّا ۔ داغ ۔ وہ کالے سفید دھبّے جو فساد خون سے منہ پر پڑ جاتے ہیں ایک قسم کی بیوہ ۔ مچھلیاں پکڑنے کی چھڑی ۔

چھیپی:۔ (ہ) کپڑا چھاپنے والا ۔ وہ کپڑا بندھی چھڑی جس سے کبوتر اڑاتے ہیں ۔ مچھے پی ۔

چھیتنا:۔ (ہ) مارنا ۔ پیٹنا (متعدی)

چھیج:۔ (ہ ۔ مو) کمی ۔ نقصان ۔ وہ کمی جو کسی چیز کے بار بار اٹھانے رکھنے سے ہو جاتی ہے ۔ چھیج جانا ۔ کان کے چھید کا پھٹ جانا ۔ چھیجنا ۔ بار بار اٹھانے رکھنے اور سوکھنے سے کمی ہونا ۔

چھیچھڑا:۔ (ہ ۔ مذ) دیکھو چھیچھڑا ۔

چھید:۔ (ہ ۔ مذ) سوراخ ۔ رخنہ ۔ گڑھا ۔ بل ۔ چھیدنا ۔ سوراخ کرنا ۔ چھیدی مرلی خوب بجتی ہے ۔ بیچارہ دو بے شرکت کام اپنی پسند کا ہوتا ہے ۔

چھیر:۔ (ہ ۔ مو) آدمیوں کی کمی ۔ ہجوم کا زوال ۔

چھیڑ:۔ (ہ ۔ مو) دل لگی ۔ چھیڑ خانی ۔ مخالفت ۔ فساد ۔ چڑ چڑانے کی بات ۔ نشتر زنی ۔ کسی بات کی حرکت ۔ کاوش ۔ آزار دہی ۔ اشتعال طبع ۔ چھیڑ چھاڑ (مو) ہنسی ۔ مذاق ۔ طعن تعریض ۔ تحریک ۔ ابتدا شرارت کی ۔ چھیڑ خانی (مو) دل لگی ۔ ٹھٹھا ۔ تحول ۔ کاوش ۔ اشتعال طبع ۔ چھیڑنا ۔ چھونا ۔ ہاتھ لگانا ۔ گدگدانا ۔ بجانا ۔ چڑانا ۔ اشتعال دینا ۔ گھوڑا کو ایڑ لگانا ۔ مذاق کرنا ۔ ٹھٹھا کرنا ۔ ذکر کرنا ۔ کوئی بات یاد دلانا ۔ ستانا ۔ دق کرنا ۔ جتانا ۔ کاوش کرنا ۔ آتش

چھیڑا ہے میں نے جا کے برہمن کو دیر میں
لی ہے قسم بتوں سے خدا کے کبیر کی

نشتر لگانا ۔ زخم کو چیر لگانا ۔ باجا بجانا ۔ ارادہ کرنا ۔ گا دینا ۔ چھیڑ نکالنا ۔ چڑ نکالنا ۔ طعنہ زنی کرنا ۔ داغ

نکالی چھیڑ کر مجھ سے سر بزم
سمجھ تو چھیڑ ہدو ہے اور میں ہوں

چھیل:۔ (ہ ۔ مذ) خوش پوشاک آدمی ۔ رنگیلا آدمی ۔ بانکا جوان ۔ چھیل چھبیلا (مذ) ایک قسم کی خوشبودار گھاس جس سے کپڑے رکھتے ہیں ۔ رنگیلا آدمی چھبیلا ۔ چھیلا ۔ جو اچھا لباس پہن کر بنا ٹھنا رہے (مذکر و مونث دونوں کے لئے) چھیلا پھرے گلی گلی جیب میں نہیں کھل کی ڈلی ۔ اندر کچھ نہیں مگر دکھاوا بڑوں کا ۔

چھیلن:۔ (ہ ۔ مو) تراشہ ۔ جو کچھ چھیلنے سے بچے چھیلنا ۔ پوست اتارنا ۔ کھرچنا ۔ خراش کرنا ۔ حرف اڑانا ۔ چھیل کرنا ۔

چھیمی:۔ (ہ ۔ مو) پھلی ۔

چھینا جھپٹی چھین جھپٹ یا چھینا جھانی۔ ایک دوسرے سے چھیننا ۔ جلدی سے کوئی چیز دوسرے سے اچک لینا ۔

چھینٹ:۔ (ہ ۔ مو) بوند ۔ قطرہ ۔ ایک قسم کے بیل بوٹے دار کپڑا ۔ رنگین چھپا ہوا کپڑا ۔ داغ ۔ دھبّا ۔

چھینٹا:۔ (ہ ۔ مذ) پانی کا پلو ۔ ہلکی بارش ۔ خفیف سا مینہ فریب ۔ دھوکا ۔ طرح یا چندوہ ایک دم طنز کا جو کی ۔ چھینٹا دینا ۔ کسی پر چھڑ کر پانی وغیرہ چھڑکنا ۔ بیہوش کے مرجھانے پر سوکھنے کے پانی کا چھینٹے پر چھڑکنا ۔ فریب دینا ۔ لگی دینا ۔ طعنہ دینا ۔ چھینٹا کھانا ۔ فریب میں آنا ۔ تعشق

اب ہیں کہتے ہیں شب وہ یا یہ کب جاتے ہیں روز
تم بھی چھینٹا کھا گئے شاید کسی پیر زن کا

چھینٹے دینا ۔ فریب دینا ۔ باتیں بنانا ۔ بہکانا ۔

چھینک:۔ (ہ ۔ مو) عطسہ ۔ وہ آواز جو ناک سے حالت زکام یا کسی مرض سر سے باعث تحریک منہ کھل جاتا ہے اور آنکھیں بند ہو جاتی ہیں ۔ چھینکتے ہی ناک کٹنا خطا ہوتے ہی سزا ملنا (کٹوانا) متعدی ۔ چھینکنا ۔ مصدر

چھینکا:۔ (ہ ۔ مذ) دہ جالی یا رسّی جو کھانا وغیرہ رکھنے کے

بے چھت میں لٹکا دیتے ہیں۔ وہ جالی جو چوپایوں کے منہ پر لگا دیتے ہیں۔

چھین لینا یا چھیننا:۔ (ہ) زبردستی لینا۔ غصب کرنا۔ جھپٹا مارنا۔

چھیوا:۔ (ہ۔ مذ) ایک قسم کا میٹھا دہی۔

چھینی:۔ (ہ۔ مو) ٹانکی۔ لوہا کاٹنے کا اوزار۔ نمک برف کاٹنے کے آلہ کو بھی کہتے ہیں۔

چیاں:۔ (ہ۔ مذ) املی کا بیج۔ چیاں سا یا چیاں سی۔ چھوٹا سا یا چھوٹی سی۔

چیپ:۔ (ہ۔ مذ) لیس۔ لاسا۔ چپکنے والی چیز۔ زخم کی پیپ۔ رطوبت جو اکثر پکے ہوئے آموں سے نکلتی ہے۔ چیپ دار۔ لیس دار۔ چپکتا ہوا۔

چیپ:۔ (ا۔ مذ) چینی یا تام چینی کے برتن کی کرچ۔ ادرزاں اور غلیظ

چیپڑ:۔ (ہ۔ مذ) آنکھ کا میل کچیل۔ وہ رطوبت جو آنکھ سے نکلے اور غلیظ ہو۔

چیپی:۔ (ہ۔ مو) کاغذ کی دھجی جو چپکائی جائے۔

چیت:۔ (ہ۔ مذ) ہندی سال کا پہلا مہینہ۔

چیتا:۔ (چن۔ ہ۔ مذ) ذہن۔ حافظہ۔

چیتا:۔ (ہ۔ مذ) شیر کی قسم کا ایک درندہ جس کی کمر پتلی اور جسم پر چتیاں ہوتی ہیں

چیتل:۔ (ہ۔ مذ) ایک قسم کا ہرن۔ ایک قسم کا سانپ جو ابلق اور موٹا ہوتا ہے۔

چیتنا:۔ (ہ۔ مذ) ہوشیار ہونا۔ جاگنا۔ چراغ کا تیز ہونا۔ ہوش میں آنا۔ یاد کرنا۔ چونک اٹھنا

صبح پیری شام ہونے آئی تیر   تو نہ چیتا اور بہت دن کم رہا

سے حالی

ماجرا ہوگا ہمارا عبرت اوروں کے لیے
چیت جائیں گے بہت سن کر ہماری داستاں

چیتھڑا:۔ (ہ۔ مذ) کپڑے کا ٹکڑا۔ لتہ۔ چیتھڑے لگنا۔ مفلسی کے مارے ثابت کپڑے نہیں ملنا۔

چیٹک:۔ (ہ۔ مو) لگن۔ دھن۔ لے۔ شوق۔

چیچا:۔ (ہ۔ مذ) فرج کے اندر کا ابھرا ہوا گوشت۔

چیچڑی:۔ (ہ۔ مو) کیڑا جو کتے۔ گائے۔ بھینس وغیرہ کے بدن میں چمٹ جاتا ہے۔

چیچک:۔ (ت۔ مو) سیتلا۔ ماتا۔ چیچک رو۔ وہ شخص جس کے چہرے پر سیتلا کے نشان ہوں۔ چیچک اور کسی نکل کر رہتی ہے۔ دونوں کے نکلنے کا یقین ہے۔

چیخ:۔ (ہ۔ مو) شور و فریاد جو حالت خوف یا تکلیف میں زبان سے نکلے۔ چنگھاڑ۔ زور کی آواز۔ درد کی آواز۔ غل۔ شور۔ چیخ اٹھنا۔ چلا اٹھنا۔ گھبرا جانا۔ عاجز آجانا۔ چیخم چاخ مچنا۔ پکار پڑنا۔ شور و غل ہونا۔ نالہ و بکا کرنا۔ چیخم دھاڑ مچانا۔ دھوم مچانا۔ ہنگامہ برپا کرنا۔ چیخنا۔ شور کرنا۔ چلانا۔ نالہ و فغاں کرنا۔ پکارنا۔

چیدہ:۔ (ف) چنا ہوا۔ انتخاب ہوا۔ منتخب۔ چیدہ چیدہ۔ اچھے اچھے۔ عمدہ۔

چیر:۔ (ہ۔ مو) شگاف۔ زخم۔ دھجی۔ کپڑے کی پٹی۔ کترن۔ درز۔ چیر آنا۔ شگاف ہو جانا۔ چیر جانا۔ زخم آجانا۔ شق ہو جانا۔ چیر پھاڑ (مو) عمل جراحی۔

چیرا:۔ (مذ) شگاف۔ زخم۔ ایک قسم کی منقش پگڑی۔ پگڑ۔ دوشیزگی۔ چیرا اتارنا۔ (رنڈیوں کی اصطلاح) ازالہ بکارت کرنا۔ کنوارپن اتارنا۔ بے عزت کرنا۔ عزت لینا۔ چیرا بند۔ دوشیزہ۔ باکرہ۔ کنواری۔ چیرا دینا یا لگانا۔ شگاف دینا۔ زخم لگانا۔ نشتر مارنا۔

چیرز:۔ (انگ۔ مذ) ہرے۔ نعرہ ہائے آفرین۔ واہ واہ۔ خوشی یا تعریف کی تالیاں بجنا۔

چیرمین:۔ (انگ) امیر مجلس۔ صدر جلسہ۔ پریذیڈنٹ۔

چیرنا:۔ (ہ) پھاڑنا۔ ٹکڑے کرنا۔ شگاف دینا۔ تراشنا۔ کاٹنا (تختے چیرنا)

چیرو:۔ (ہ۔ مذ) سرخ رنگ کا ایک کچا سوت جو ولایت سے آتا ہے۔

چیرہ:۔ (ف) ہونا۔ غلبہ پانا۔ چیرہ دست۔ غالب۔ زبردست۔ چیرہ دستی (مو) زبردستی۔ قوت۔ غلبہ

چیری:۔ (ہ۔ مو) باندی۔ کنیز۔ چھوکری سے رنگین

آنکھ رنگین یہ تری پڑتی ہے سب مجھ کو یقین
تیری باندی نہیں تو اس کی ہے چیری باندی

چیڑ:۔ (ہ۔ مذ) ایک اونچے قد کا درخت۔ دیودار کی قسم کا درخت جس کے تختے عموماً پارسل بھیجنے کے بکسوں میں لگائے جاتے ہیں۔

چیز:۔ (ف۔ مو) شے۔ اسباب۔ جنس۔ زیور۔ تماشا۔

پڑھایا جاتا ہے۔

چینگنا:- (ہ) آہستہ آہستہ۔ تھوڑا تھوڑا کھانا۔

چینگی پوٹے:- (ا۔ مذ) چڑیا کے چھوٹے چھوٹے بچّے۔ مجازاً چھوٹے چھوٹے بہت سے بچّوں کو بھی کہتے ہیں جیسے اپنے چینگی پوٹے سنبھالو انھوں نے تو آفت مچا رکھی ہے۔

چینہ دان:- (ا۔ مذ) مرغ کا پوٹا۔

چینی:- (ا۔ مو) سفید بُورا۔ چین کی مٹی کا برتن۔ چین کا رہنے والا۔ شکر

چیولی:- (ہ۔ مو) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

چیونٹا:- (ہ۔ مذ) چینٹا۔ چیونٹی (مو) چینٹی۔ **چیونٹیاں لگنا**۔ دھوپ کی تیزی یا خون کی حدّت کے بدن میں مرچیں سی لگنا۔ **چیونٹی کی آواز عرش تک**۔ غریب کی آہ با اثر ہوتی ہے **چیونٹی کے پر نکلے**۔ شامت کے دن یا موت کا وقت قریب یا **چیونٹی کو موت کا ریلا**۔ کمزور کو ذرا سا صدمہ۔ **چیونٹی کے گھر ماتم**۔ کمزور ہمیشہ مصیبت میں رہتا ہے۔ **چیونٹے کی گرہ پیٹ میں ہونا**۔ نہایت کم خوراک ہونا۔ **پھول سونگھ کر جینا**۔ **چیونٹیوں بھرا کباب** (مذ) جھگڑے کی چیز۔ مصیبت کا گھر۔ وہ شوہر جس کی پہلی بیوی سے اولاد ہو۔

ح

ح:- (مو) اُردو ا ب ت کا نواں حرف۔ اس کے اعداد ابجد کے حساب سے آٹھ ہوتے ہیں۔

کلمات مندرجہ عربی ہیں

حاتم:- (ع۔ مذ) عرب کا ایک مشہور سخی جو قبیلہ طے سے ہوا ہے۔ سخی۔ کریم۔ بلند حوصلہ شخص ؎

شبلی ان کی دیکھ کر ہے بے استغنا مجھے
بیرنیل اس عہد کے ہیں کم از حاتم نہیں

حاتم کی گور پر لات مارنا۔ حاتم سے بڑھ کر سخاوت کرنا (طنزاً) بخیل سے اتفاقیہ سخاوت ہو جانا۔

حاجب:- (ع) نگہبان۔ ڈیوڑھی کا محافظ۔ پاسبان۔ داروغہ محل سرا۔

حاجت:- (ع۔ مو) خواہش۔ ضرورت۔ مطلب۔ اُمید۔ آرزو۔ **حاجت رفع کرنا**۔ مطلب نکالنا۔ ضرورت پوری کرنا۔ پاخانے جانا۔ بیت الخلا جانا۔ **حاجتِ مشاطہ نیست روئے دلآرام را**۔ حقیقی وصف کو نمایش اور تصنع کی ضرورت نہیں۔ **حاجت مند**۔ خواہش مند۔ محتاج۔ غرض مند۔ تنگ حال۔ مفلس۔ **حاجتی**۔ وہ برتن جس میں بیمار چارپائی پر پڑے پڑے پیشاب کر لیتا ہے یا امیروں کے پلنگ کے پاس بوقت شب رکھی جاتی ہے۔ ضرورت مند۔ مراد خواہ۔

حاجی:- (مذ) وہ شخص جو کعبۃ اللہ کا حج کر آیا ہو (اصل عربی لفظ 'حاج' ہے)

حادث:- نیا۔ نئی چیز جو پہلے نہ ہو۔ فنا ہونے والا۔ فانی۔ **حادثہ**۔ سانحہ۔ مصیبت۔ واردات۔ صدمہ۔ واقعہ۔ گردشِ زمانہ۔ **حادثہ ڈالنا**۔ مصیبت ڈالنا ؏ انیس

پھولوں پہ عجب حادثہ تقدیر نے ڈالا

حادّہ:- (مذ) زاویہ قائمہ سے چھوٹا زاویہ۔

حاذق:- دانا۔ کامل۔ اپنے فن میں یکتا۔

حارّ:- گرمی کرنے والا جس کی تاثیر گرم ہو۔

حارج:- (مذ) مزاحم۔ مانع۔

حارُونی:- (ا) سرکش۔ شریر (موئے حارونی نے میری کبھی نہیں مانی)

حاسِد:- (مذ) حسد کرنے والا۔ بدخواہ۔ ترقی سے جلنے والا

حاسّہ:- محسوس کرنے کی قوت۔ جمع حواس۔

حاشا:- (ف) انکار کرنے کے وقت بطور قسم بولتے ہیں نہیں ہرگز نہیں ؏ محسن

نہیں سرکار یہ سلطان حبش کی حاشا

حاش باللہ۔ حاشا للہ۔ حاشا و کلّا۔ یہ سب لفظ بھی انکار کی تاکید کے لئے بولے جاتے ہیں (کیا حکام ظلم و جبر سے کام لیتے ہیں؟ حاشا و کلّا یعنی ہرگز نہیں) **حاش للہ**۔ یعنی ہم نے

کبھی ایسا نہیں۔

حاشیہ: (مذ) کنارہ۔ گوٹ۔ سنجاف۔ شرح یا نوٹ جو کسی کتاب کے متن سے باہر ہو۔ حاشیہ چڑھانا گوٹ لگانا۔ نئے سرے سے سنجاف لگانا۔ کسی کتاب پر شرح یا تفسیر لکھنا۔ اپنی طرف سے کسی بات کو بڑھا کر بیان کرنا۔ حاشیہ چھوڑنا لکھتے وقت چاروں طرف کاغذ پر خالی جگہ چھوڑنا۔ حاشیہ لکھنا۔ حاشیہ چڑھانا۔ سبقت لے جانا۔ اضافہ کرنا ؎ شعور

سخت جانی پر لکھا اوراق مرنے حاشیہ
کاسۂ سر بھی مجھے سنگ فلاخن ہو گیا

حاشیہ نشین (مذ) مصاحب۔ پاس یا نزدیک بیٹھنے والا۔ حاشیے کا گواہ (مذ) وہ شخص جس نے بطور گواہ کسی دستاویز کے کنارے پر دستخط کئے ہوں۔

حاصل: (مذ) کسی چیز کا نتیجہ۔ پیداوار۔ آمدنی۔ منافع۔ فائدہ۔ نتیجہ۔ پھل۔ مطلب۔ خلاصہ۔ ذکر۔ جوڑ۔ حاصل تفریق (مذ) وہ عدد جو منہائی کے بعد باقی رہے۔ حاصل تقسیم (مذ) خارج قسمت۔ وہ عدد جو بڑے عدد کو چھوٹے عدد سے تقسیم کرنے پر حاصل ہو۔ حاصل جمع (مذ) میزان۔ مجموعہ۔ وہ عدد جو جمع کرنے سے پیدا ہو۔ حاصل ضرب مذ وہ عدد جو ضرب دینے سے حاصل ہو۔ حاصل کرنا۔ پانا۔ بہم پہنچانا۔ کمانا۔ پیدا کرنا۔ جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ حاصل کلام۔ القصہ۔ الغرض۔ خلاصہ کلام۔ حاصل مصدر۔ مصدر کے معنوں کی کیفیت یا اثر (گھبرانا کا حاصل مصدر۔ گھبراہٹ۔ ہنسنا کا ہنسی وغیرہ) حاصل نہ حصول۔ بے فائدہ۔ کام نہ کاج۔

حاضر: موجود۔ تیار۔ آمادہ۔ سامنے۔ مخاطب۔ حاضر باشی (مو) موجودگی۔ حاضری۔ ہر وقت حاضری۔ حاضر جواب۔ فی البدیہ جواب دینے والا۔ بات سنتے ہی معقول جواب دینے والا۔ حاضر رہنا موجود رہنا۔ کھڑا رہنا۔ حاضر ضامنی (مو) کسی شخص کو عدالت میں پیشی کے وقت حاضر کر دینے کی ضمانت۔ حاضر کرنا۔ موجود کرنا۔ لانا۔ بلانا۔ پیش کرنا۔ حاضر میں حجت نہیں۔ جو موجود ہے نذر ہے۔ حاضر ناظر۔ موجود اور دیکھنے والا۔ حاضر ہونا۔ موجود ہونا۔ آنا۔ سامنے آنا۔ حاضرات (مو) جن بھوت وغیرہ کے جمع کرنے کا جلسہ جو اکثر عامل کیا کرتے ہیں (ذکر ہونا) ؎ جان صاحب

جب سے مجھ کو سانپ کا ہے خلل
رات دن حاضرات ہوتی ہے

حاضری (مو) موجودگی۔ وہ کھانا یا نقد روپیہ جو میت والوں کو رشتہ داروں کی طرف سے دیا جاوے۔ صبح کا ناشتہ۔ کباب شیر مال۔ حلوہ وغیرہ جس پر علم دار کربلا حضرت عباس کا فاتحہ دیتے ہیں۔ حاضری اصالتاً (مو) خود عدالت میں حاضر ہونا۔ حاضری دینا۔ موجودات دینا۔ متوفی کے گھر والوں کو کچھ کھانا یا نقدی دینا۔ صبح کا ناشتہ دینا۔ حاضری لینا۔ گنتی کرنا۔ نام پکارنا۔

حاطہ: (ا۔ مذ) دیواروں سے گھری ہوئی جگہ (اصل لفظ احاطہ ہے)

حافظ: (مذ) نگہبان۔ حفاظت کرنے والا۔ پاسبان۔ وہ شخص جسے قرآن شریف از بر یاد ہو۔ اندھوں کا لقب۔ اندھا۔ حافظ حقیقی (مذ) خدا۔ حافظہ۔ یاد رکھنے کی قوت۔ یاد۔

حاکم: حکومت کرنے والا۔ سردار۔ فرمانروا۔ بادشاہ۔ آقا۔ مالک۔ زمیندار۔ نمبردار۔ حاکم اعلیٰ۔ حاکم بالا۔ اعلیٰ حاکم یا بڑا حاکم۔ حاکم، چنوں کا برا ہوتا ہے۔ حاکم کتنا ہی نرم ہو مگر زبردست ہوتا ہے۔ حاکم کی آنکھیں نہیں ہوتی کان ہوتے ہیں۔ افسر خوشامدیوں کی باتوں پر عمل کرتے ہیں خود نہیں سوچتے۔ حاکم کے تین ٹھگنے کے نو۔ چپڑاسی کا حق افسر سے زیادہ ہے کہ روز سابقہ پڑتا ہے۔ حاکم ہارے منہ پر مارے۔ افسر کی ہار بھی جیت ہے۔ حاکم وقت۔ اس وقت کا حاکم۔ موجودہ فرمانروا۔ حاکمانہ حاکم کے طور پر۔ حاکم کی مانند۔

حال: (مذ) زمانۂ موجودہ۔ اس وقت کا زمانہ۔ حالت۔ کیفیت۔ حیثیت۔ طور طریق۔ ذکر۔ احوال۔ دم۔ طاقت۔ فی الحال۔ اس وقت۔ وجد کی کیفیت۔ مجذوب ہونے کی کیفیت۔ حال آبادی (مو) جو زمین ابھی مزروعہ بنائی گئی ہو۔ جو آبادی ابھی ہوئی ہو۔ حال آنا۔ راگ سن کر وجد آنا۔ معرفت کے اشعار سن کر بے خود ہونا اور جھوم جانا۔ حال آنکہ۔ باوجودیکہ۔ درحالیکہ۔ حال سے بے حال ہونا۔ اچھی حالت سے بری حالت ہونا۔ حیثیت بگڑنا۔ حال وقال۔ بے خودی۔ بیان عشق ؎ رشک

حال دل رو کے اس سے کہہ دینا
یہی اے شیخ حال و قال رہا

حال کا نہ قال کا، دونی پیچھے دال کا۔ نکمے کی نسبت بولتے ہیں۔ حال گیا احوال گیا، دل کا خیال نہ گیا۔ حشمت گئی دولت گئی مگر عادت نہ چھوٹی۔ حال میں قال ڈالتی ہیں مُوسل۔ بے محل دخل در معقولات کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔ حالات۔ مذ حال کی جمع

حالت: (مو) گت (عشق کرتے کرتے اب اس حالت پر پہنچے) درجہ۔ کیفیت۔ جان۔ طاقت۔ ؎ شوق

حالت نہیں کچھ مرے بدن میں
میں ہوں کہ نہیں ہوں پیرہن میں
وجد و مستی ے صبا
بے خود ہو جا میری صورت لے صوفی یہ حالت کیسی

حالتِ موجود :- اس وقت کی حالت - موجودہ کیفیت **حالتِ نزع** - جاں کنی کا عالم - دم توڑنے کی کیفیت - **حالی** - سکّہ رائج الوقت - **حالی موالی** - ہم نشین - ساتھی - ہم صحبت

حامِد :- حمد کرنے والا - تعریف کرنے والا -

حامِض :- ترش - کھٹا -

حامِل :- (مذ) بوجھ اٹھانے والا - کوئی چیز اٹھانے والا - پہنچانے والا (جیسے حامل رقعہ - میت اور متبع) (جیسے شرح حامل متن) لانے والا (جیسے حامل وحی) **حاملہ** (مو) پیٹ والی عورت - وہ عورت جس کے پیٹ میں بچہ ہو -

حامی :- (مذ) حمایتی - مددگار - نگہبان - **حامی کار** - کسی کام کی حمایت کرنے والا - حمایتی - اقرار کرنے والا مددگار -

حاوی :- گھیرنے والا - قابو کرنے والا (یہ کلرک اپنے افسر پر حاوی ہے) کسی فن میں کامل - ماہر

حائل :- بیچ میں آنے والا - باز رکھنے والا - مانع - آڑ - روک -

حُب :- (مو) محبت - اُنس - پیار - دوستی - آشنائی شوق - آرزو ے دبیر
آتش سے بغض حب لگے خاک شفا کی ہے
ٹوٹے موافق آب و ہوا کربلا کی ہے

حُب الوطن - وطن کی محبت - **حُب کا عمل** (مذ) وہ دعا یا عمل جس کے ذریعے سے باہم محبت و الفت پیدا ہو -

حَب :- (مذ) گولی - دانہ - بیج - تخم

حَباب :- (مذ) پانی کا بلبلہ - ایک زیور جو ہاتھ میں پہنتے ہیں - شیشے کے گولے جو مکانوں میں آرائش کے لیے لٹکاتے ہیں - روشنی کے بار یک کنول - ناپائدار چیز -

حَبّذا :- (مو) کلمۂ تحسین و آفرین ے مومن
پڑھ کوئی وہ غزل کہ عدا بھی حبذا حبذا کہیں سن کر

حَبس :- (مذ) قید - بند - قید خانہ - انقباض - حبس ہوا کا بند ہونا - **حبس بیجا** (مذ) حبس ناجائز - زبردستی کسی شخص کو بند کرنا - **حبس دوام** (مذ) دمہ - ضیق النفس - ہندو فقیروں کا سانس روک کر بیٹھے رہنے کی مشق کرنا - **حبسِ دوام** (مذ) عمر قید -

حبش :- (مذ) حبشیوں کا ملک زنگبار - سوڈان - افریقہ وغیرہ - **حبشن** (مو) حبش کی رہنے والی عورت - شاہی محل کی چوکیدارنی - کالی کلوٹی - **حبشی** (مذ) حبش کا رہنے والا - کالا آدمی سیاہ - کالا کلوٹا - **حبشی حلوا سوہن** (مذ) ایک قسم کا سیاہ حلوا -

حَبلُ المَتین :- (مو) مضبوط رسّی - محکم وسیلہ معتبر ذریعہ ے امیر
ہر گنہ سے پاک کر دیتی ہے حب اہل بیت
اس سے بہتر خلق کو حبل المتیں ملتی نہیں

حَبلُ الوَرِید :- (مو) شاہ رگ -

حُبُوب :- (مذ) دانے - گولیاں

حَبّہ :- (مذ) دانہ - غلہ - رتی - ذرا - **حبہ بھر** - رتی بھر - ذرا سا -

حَبیب :- (مذ) دوست - پیارا - محبوب معشوق -

حتّیٰ :- یہاں تک - اس قدر - جب تک - جس قدر - حد یہ ہے کہ ے تعشق
حتیٰ کہ امت نہیں کفار کے لیے
قدرت ہے آل احمد مختار کے لیے

حتّی الامکان - **حتّی المقدور** - **حتّی الوسع** - تا مقدور - جہاں تک ہو سکے - جس حد تک ممکن ہو - **حتمی** - مستقل - مضبوط - مصمم -

حج :- (مذ) ایام مقررہ میں مکۂ معظمہ جا کر کعبے کا طواف و دیگر عبادات بجا لانا - **حجِ اکبر** - لوگوں میں مشہور ہے کہ جمعہ کے دن حج ہو تو حج اکبر ہے - لیکن یہ غلط ہے - شرع کی رو سے وہ حج جو مقررہ وقت پر ادا کیا جائے - حج اکبر ہے اور عمرہ وغیرہ کو حج اصغر کہتے ہیں - **حج کا حج بنج کا بنج** (مثل) نیک کام بھی اور نفع بھی - **حج کا سا ارادہ ہے** - معمولی سا خیال ہے -

حِجاب :- (مذ) پردہ - آڑ - چھپن - حیا - شرم - لحاظ **حجاب اٹھنا** - **حجاب ٹوٹنا** - پردہ اٹھنا - روک نہ رہنا - شرم دور ہونا - **حجاب آنا** - شرم آنا **حجاب کرنا** - پردہ کرنا - شرم لحاظ کرنا

حُجّاج :- (مذ) حاج کی جمع - حاجی لوگ -

حَجّام :- (فا ذکر) مونڈنے والا۔ سر تراش۔ بال مونڈنے والا۔ حجام کے آگے سب کا سر جھکتا ہے۔ یعنی ہر شخص کو مجبوراً کرنے پڑتے ہیں۔ **حجامت** (مو) سر مونڈنا۔ بال کاٹنا۔ داڑھی مونڈنا۔ حجام کو ہمیشہ حقانی۔ درستی سے داغ

دیکھئے داڑھی کی کیا گت ہو گئی
شیخ صاحب کی حجامت ہو گئی

حجامت بنانا۔ سر مونڈنا۔ لوٹنا۔ ٹھگنا۔ **حجامت بننا**۔ سر منڈانا۔ لٹنا۔ حجامت کرنا۔ لوٹنا۔

حُجُب :- (مذ) حجاب کی جمع۔ پردے۔

حَجْب :- (مذ) ورثے سے محرومی۔

حُجَّت :- (مو) بحث۔ تکرار۔ جھگڑا۔ دلیل۔ **حجت کرنا** تکرار کرنا۔ بحث کرنا۔ لڑنا۔ جھگڑنا۔ نزاع کرنا۔ **حجت نکالنا** اعتراض کرنا۔ **حجتی**۔ تکراری۔ جھگڑالو۔ **حجتی لا آتی**۔ جھگڑالو بُرا ہے۔

حَجَر :- (مذ) پتھر۔ **حجر اسود** (مذ) سنگ سیاہ جو کعبہ کی دیوار میں لگا ہوا ہے اور تمام اہل اسلام اسے متبرک سمجھ کر بوسہ دیتے ہیں۔ کیونکہ یہ حضرت آدم کی یادگار ہے۔

حُجرہ :- (مذ) کوٹھری۔ وہ خلوت خانہ جس میں بیٹھ کر عبادت کی جاتی ہے۔ مسجد کا کمرہ۔ **حجرا۔ حجرا جی**۔ تنہائی۔ یکتائی کے ساتھ عزت۔

حَجْم :- (مذ) موٹائی۔ ضخامت۔ جسامت۔

حَد :- (مو) کنارہ۔ سرحد۔ انتہا۔ تمہارے غصّے کی کوئی حد نہیں۔ (اقلیدس کے مقررہ اصول) وہ سزا جو شریعت اسلامی کے مطابق دی جائے۔ مقررہ مقام جہاں تک جاتا ہو۔ احاطہ۔ باڑہ۔ **حد باندھنا یا حد بست کرنا**۔ سرحد مقرر کرنا۔ حد بندی کرنا۔ **حدِ بلوغ** (مو) بالغ ہونے کی عمر۔ **حدِ بلوغ کو پہنچنا**۔ بالغ ہونا۔ جوان ہونا۔ **حد جاری کرنا** شرعی سزا دینا۔ **حد سے بڑھنا**۔ اپنی جگہ سے باہر قدم رکھنا۔ حیثیت سے بڑھ کر چلنا۔ **حد سے بڑھ کر**۔ بہت۔ بے انتہا۔ **حد سے زیادہ**۔ نہایت۔ از حد۔ **حدِ فاصل** وہ چیز دو چیزوں کو جدا کرنے والی چیز۔

حَداثتِ سن :- (مو) نوجوانی۔ بچپن۔ لڑکپن۔

حَدّاد :- لوہار۔ جیل کا داروغہ

حِدّت :- (مو) تندی۔ تیزی۔ گرمی۔ سحر

حدتِ بادہ آتش غضب برقی ہے
ہر پیالی انھیں بتحالہ لب ہوتی ہے

حَدَث :- (مذ) وضو ٹوٹ جانا۔

حَدَقہ :- (مذ) آنکھ کا حلقہ۔

حُدُوث :- (مذ) نیا پیدا ہونا (قدم کی ضد)

حُدُود :- حد کی جمع (اکثر میں مذکر ولی میں مونث) **حدودِ اربعہ**۔ چاروں سمتیں۔ شمال۔ جنوب۔ مشرق۔ مغرب۔ **حدودِ شرعی**۔ شرعی سزائیں۔

حَدِیث :- (مو) بات۔ نئی بات۔ رسول مقبول کے قول اور ان کے فعل کی خبر۔ بیان۔ ذکر۔

وہ کہ حدیث شوق ادا کی
آگ پہ روغن تھی تمنا کی

توڑنا۔ **حدیث سمجھنا**۔ اگلی کو سمجھنا۔ **حدیث کھینچنا**۔ توبہ کرنا۔ عہد کرنا۔

حَدِید :- (مذ) لوہا۔

حَدِیقہ :- (مذ) چار دیواری کا باغ۔ محدود چمن۔ حدائق جمع۔ میر

اس حدیقے کے عیش پر مت جا
مے نہیں ہے ایاغ میں گل کے

حَذاقت :- (مو) زیرکی۔ دانائی۔ مہارت۔

حَذَر :- (مذ) پرہیز۔ اجتناب۔ انکار۔

حَذف :- (مذ) لفظ سے حرف یا عبارت سے لفظ گرا دینا (جیسے بیچارہ سے بچارہ)

حُر :- (مذ) آزاد۔ **حریت**۔ آزادی۔ جو کسی کا غلام اور پابند نہ ہو۔

حَرارت :- (مو) گرمی۔ حدت۔ جوش۔ تپش۔ غصہ۔ کرودھ۔ بخار۔ **حرارتِ دینی** مذہبی۔ **حرارتِ غریزی** (مو) اصلی حرارت۔ وہ فطری حرارت جس پر آدمی کی زندگی کا مدار ہے۔ **حرارہ** (مذ) جوش۔ گرمی۔ جذبہ شوق یا غصے کا غلبہ۔ تیزی۔ تندی۔

عرق کے سے شرارے ہر بن مو سے نکلتے ہیں
حرارت کا تپ فرقت کی یہ پہلا حرارا ہے

حرارہ لانا - غصہ دکھانا - گرم ہونا - تیز ہونا - غصے سے پیش آنا - **حرارہ لینا** - جوش دکھانا - جذبہ دکھانا - تیزی دکھانا

ــــ نہ کیونکہ شیخ کو پھر کہیے شیخ سندو آج
دیا جو داغ کسی نے تو کیا حرارے لیے ــــ جرأت

حِراسَت :- (مو) نگرانی - نگہبانی - حوالات - **حراست میں رہنا** - نگہبانی میں رہنا - حوالات میں رہنا -

حَرّاف :- تیز - چالاک - شوخ دیدہ - معشوق چالاک عورت - **حرّافہ** (مک) حراف (عو) گالی -

حَرام :- ناروا - ناجائز - خلاف شرع - غیر مباح - ناپاک - نجس - پلید (مذ) افعال بد - زنا - بدکاری - **حرام چالیس گھر لے کر ڈوبتا ہے** - بدکاری کا اثر دُور دُور تک پہنچتا ہے - **حرام خور** (مذ) مردار خوار - رشوت خوار - نمک حرام - مفت خوار - بے وفا - بے دید - **حرام خوری** (مو) نمک حرامی - بدذاتی - بے وفائی - **حرام زادہ یا حرام کا** (مذ) ولد الزنا - شریر - بدذات - **حرام زادی** (مو) وہ عورت جو بے نکاحی ماں سے پیدا ہوئی ہو - شریر - چالاک - فتنہ پرداز - **حرام زادے کی رسی دراز ہے** - بدکار جلدی نہیں مرتا - بدکاری کی سزا ملتی ہے مگر دیر میں - **حرام کار** (مذ) زانی - بدکار - **حرام کاری** (مو) زنا - بدکاری - **حرام کا مال** (مذ) رشوت یا حرام کی کمائی - مال مفت - **حرام کا مال گلے میں آ نکلے** - ناجائز کمائی بُری طرح ضائع ہوتی ہے - **حرام کر دینا** - تلخ کر دینا - ناگوار کر دینا - **حرام کرنا** - زنا کرنا - بدکاری کرنا - **حرام کوٹھے پر پکارتا ہے** - بُری بات خود بخود مشہور ہو جاتی ہے - **حرام موت مرنا** - خودکشی کرنا - زہر یا کسی اور مہلک چیز سے جان دینا - **حرام مغز** - ریڑھ اور پیٹھ کے مہروں کا گودا - **حرام ہونا** - ناجائز ہونا - دشوار ہونا (اس مصیبت سے زندگی حرام ہو گئی ہے) - **حرامی** - شریر - بدذات - حرام کا جنا ہوا - ولد الزنا - **حرامی پِلّا** - حرام کا بچہ - حرام کا جنا - بدذات - شریر - فسادی (گالی)

حَرب :- (مو) جنگ - لڑائی -

حِربا :- (مذ) گرگٹ -

حَربہ :- (مذ) لڑائی کا ہتھیار - حملہ - دھاوا - جست - جھپٹنا - **حربہ کرنا** - حملہ کرنا - مارنے کا ارادہ کرنا - **حربے ضربے** - ہر گھڑی - گھڑی گھڑی - بار بار -

حَرَج :- (مذ) نقصان - ضرر - تضیع اوقات - دیر - کمی

وقفہ ــــ انیس
آپ کی جان سے دور آئی اگر میری قضا
نہ حرج کیجیے گا میرے لیے منزل کا

حَرَج مَرَج - دیکھو "ہرج مرج" بڑی ح سے غلط ہے -

حِرز :- (مذ) جائے پناہ - تعویذ - جنتر

حِرص :- (مو) طمع - لالچ - خواہش - رغبت - ہوس - **حرصا حرصی** - اوروں کی دیکھا دیکھی کوئی کام کرنے لگنا -

حَرف :- (مذ) الف ب ت - بات - سخن - کلمہ - لفظ
شکوے کا مگر حرف زباں پر نہیں آیا ــــ انیس
نقص - عیب - طنز - وہ کلمہ جس کے معنی دوسرے لفظ کے بغیر سمجھ میں نہ آئیں - **حرف آنا** - کچھ لکھنا پڑھنا آنا - الزام آنا - عیب لگانا - **حرف اُٹھانا** - حرف کو اس طرح چھیلنا کہ نشان باقی نہ رہے - مبتدیوں کا حرف نکالنا - **حرف اُٹھنا** - حرف کا مٹ جانا - مبتدی کو حرف کی شناخت ہونا (اب تو کچھ کچھ آپ کے بچے سے حرف اُٹھنے لگے) **حرف بحرف** - لفظ بلفظ - حرفاً حرفاً - **حرف بنانا** - حرفوں کو درست چھاپے کے پتھر پر حرف درست کرنا - **حرف کھودنا** - جعل کرنا - خط میں تبدیلی کرنا - **حرف پکڑنا** - غلطی پکڑنا - ٹوکنا - عیب پکڑنا - نکتہ چینی کرنا - **حرف شناس** - ابجد خواں - حروف تہجی کو پہچاننے والا - **حرف گیری** - نکتہ چینی - عیب گیری - **حرف لانا** - عیب رکھنا - الزام دھرنا - **حرف نہ اُٹھ سکنا** - مبتدی سے پڑھا نہ جانا - پڑھ نہ سکنا -

حِرفَت :- (مو) کسب - پیشہ - کارگری - حرفہ - ہنر - فن - علم - چالاکی - عیاری - مکاری - **حِرفہ** (مذ) پیشہ - کسب - کاریگری - صنعت - ہنر -

حُرقَت :- (مو) جلن - سوزش -

حَرَکات :- لکھنؤ میں مذکر - دہلی میں مونث (جنبش - چال - رفتار - دھڑکن - تڑپ - اضطراب - زیر و زبر اور پیش - کام - فعل - کردار - نامناسب بات - بیجا کام - تقصیر - قصور - جرم - خطا - پاپ - گناہ - سفر - کوچ - آمد و رفت - **حرکت دینا** - ہلانا - جنبش دینا - زیر زبر پیش دینا - **حرکت کرنا** - ہلنا جلنا - قصور کرنا - خطا کرنا - نقصان کرنا - ہرج کرنا - دیر کرنا - کوئی ایسا کام کرنا جو شان کے خلاف ہو - **حرکت ہونا** - ہلنا - قصور ہونا - دیر

حَرَم :- (مذ) کعبہ کی چاردیواری - احاطہ - شریفوں کا زنان خانہ - شریفوں کے گھر کی عورتیں (مو) بیوی

منکوحہ - وہ کنیز جس سے صحبت کی گئی ہو - لونڈی - باندی خادمہ - حرم سرا نے - بیگموں اور حرموں کے رہنے کا مقام - زنان خانہ - حرمین شریفین مذ کعبہ اور جناب رسالتمآب کا روضہ مبارک -

حِرمان :- (مذ) محرومی - ناامیدی

حُرمت :- (مو) عزت - آبرو - بڑائی - عظمت - حرام ہو (مذہب کی رو سے) بگاڑنا - گستاخی کرنا - حُرمت والا - عزت والا - معزز - شریف - معتبر دیانتدار -

حَرمزدگی :- (مو) شرارت - بدذاتی - شوخی -

حُروف :- حرف کی جمع -

حُرّیت :- مو دیکھو حُر -

حَریر :- (مذ) ابریشم - ریشمی کپڑا -

حَریرہ :- (مذ) ایک میٹھی پینے کی چیز جو میدے کو شکر میں گھول کر پتلی پکائی جاتی ہے -

حَریص :- لالچی - طامع - حاسد - پیٹو - کھاؤ - دیکھا دیکھی کام کرنے والا -

حَریف :- ہم پیشہ - دشمن - بدخواہ - چالاک ہوشیار - جب دو شخص باہم لڑیں تو ایک دوسرے کا حریف کہلاتا ہے -

حَریم :- (مذ) گھر کی چاردیواری - خانہ کعبہ کا گرداگرد - گھر - مکان ۔ تسلیم

سب اُس کا طواف کر رہے ہیں ۔ یہ گھر ہے حریم ناز کس کا

حِزب :- (مذ) جتھا - گروہ - ورد کا حصہ (دلائل الخیرات کا پہلا حزب ختم ہو گیا) حزبُ الاحرار - مذ آزادوں کی جماعت - لبرل پارٹی - حزبُ العمّال مذ مزدوروں کی جماعت - لیبر پارٹی - حزبُ المستبدین - مذ قدامت پسند جماعت - کنزرویٹو پارٹی - حزبُ اللہ مذ اللہ والوں کی جماعت - مومنین -

حَزم :- (مذ) مآل اندیشی - احتیاط مستعدی - خبرداری -

حُزن :- (مذ) رنج و ملال -

حَزین :- (مذ) غمگین - حزین آواز - دردناک آواز -

حِس :- (مو) حواس کا واحد - قوت ادراک ۔ تسلیم

بُت بنایا آئینہ رو نے مجھے
دیکھ کر صورت کو حس جاتی رہی

جنبش و حرکت -

حِساب :- (مذ) گنتی - شمار - میزان - بوا ۔

کسی حساب میں جب ہم نہیں تو روزِ حساب
ہمارے جرم و گنہ کا حساب کیا ہو گا ۔ اختر

علم ریاضی - سیاق - نرخ - بھاؤ - قیمت (کس حساب سے دوگے) قاعدہ - ڈھنگ - طور - طرح - معاملہ ۔ صبا

آیا جو موسم گل تو یہ حساب ہو گا
ہم ہوں گے یار ہو گا جام شراب ہو گا

لین دین (ہمارا حساب اسی دکاندار سے رہتا ہے) رائے سمجھ (میں نے اپنے حساب سے یہ بات کہی) حساب بیباق کرنا - لین دین کا فیصلہ کرنا - قرضہ ادا کرنا - اگلا پچھلا چکا کر فارغ ہونا - حساب جو جو بخشش سو سو - حساب میں ذرا سی بھی مروت نہیں ہونا چاہئے - حساب جوڑنا - میزان دینا - جمع کرنا - متفرق رقموں کو یکجا کرنا - حساب جوں کا توں کنبہ ڈوبا کیوں - اوسط کا حساب تو ٹھیک ہے - پھر یہ مصیبت اور بے حسابی کیوں ہے - میزان - ایک حساب داں لے دریا کے کنارے اور بیچ کے پانی کی اوسط نکالی اور خیال کیا کہ اتنی گہرائی میں ڈوب نہیں سکتے - مگر جب خاندان ڈوب گیا تو آپ نے کہا سرے پر یہ مصرع فرمایا - حساب دار - بنک یا کسی دکان میں حساب رکھنے والا - حساب دوستاں در دل - دوستوں کے سلوک کا حساب نہیں ہوا کرتا - حساب دینا - حساب سمجھانا - حساب کا چارج دینا - رقم ادا کرنا (ان کا حساب دے دیا یا نہیں) حساب رکھنا - لین دین رکھنا - درج فہرست کرنا - آشنائی رکھنا - ربط رکھنا - حساب کتاب (مذ) لین دین - ربط ضبط - میل جول - حساب لگانا - حساب پھیلانا - آشنائی کرنا - نوکری کرنا - ٹھکانا لگانا - سازش کرنا - حساب میں جمع کرنا - بہی کھاتے میں درج کرنا - کھاتے میں چڑھانا - حسابوں - رائے میں (ان کے حسابوں یہ بات ہونے والی نہیں) حسابی - حساب دان حساب کی بات - قاعدے کی بات -

حُسّاد :- (مذ) حاسد کی جمع -

حَسّاس :- بہت محسوس کرنے والا - بہت سریع الحس -

حُسام :- (مو) تلوار - شمشیر براں -

حَسّان (مذ) حضرت حسان بن ثابت انصاریؓ جو عرب کے مشہور شاعر اور مداحِ رسولؐ تھے۔

حَسَب :- بموجب - موافق - مطابق - حسبِ اتفاق اتفاقی - ناگہاں - ناگاہ - حسبِ ارشاد - حسب الحکم - کہنے کے مطابق - حسب الامر - حکم کے مطابق - حسبِ توفیق - اپنی بساط اور حیثیت کے مطابق - حسبِ حال - موقع اور حال کے مطابق - حسبِ دلخواہ - حسبِ ذیل - نیچے لکھے ہوئے کے مطابق - حسبِ فرمائش - کہنے کے مطابق - حسبِ مراد - حسبِ منشا - خواہش اور آرزو کے مطابق - حسبِ معمول - دستور کے مطابق معمولی طور سے - حسبِ مقدرت - بساط اور حیثیت کے مطابق - حسبِ منشا - خواہش اور ارادے کے موافق - حسبِ مراد -

حَسَب :- (مذ) نسل - سلسلہ خاندان - ماں کی طرف کا سلسلہ - حسب نسب (مذ) ماں باپ کا خاندانی سلسلہ سلسلۂ خاندان -

حَسَد :- (مذ) جلن - رشک - کسی کی نعمت کا زوال چاہنا - (بدخواہی کرنا - رکھنا - ہونا)

حَسرَت :- (مو) افسوس - پشیمانی - آرزو - ارمان - شوق - (آنا - بر آنا - برسنا - پوری ہونا - ٹپکنا - رکھنا - رہنا - کرنا - لے جانا - نکالنا - نکلنا) حسرت بھرا - ارمان - شوقین -

حَسَن :- نیک - خوب صورت ع انیس

رکھتی ہے کہاں خلعت قبائے حسن ایسی

نیکی - خوبصورتی (مذ) حضرت علیؓ کے بڑے بیٹے کا نام جنھیں فرقہ امامیہ کے لوگ دوسرا امام مانتے ہیں - حسنات (مذ) حسنہ کی جمع نیکیاں - حسنہ (مذ) نیکی - حسنی - امام حسنؓ کی اولاد - حسن (مذ) خوبی - عمدگی - بھلائی - خوشنمائی - دلربائی - خوبصورتی - جمال - جوبن - رونق - بہار - حسنِ انتظام (مذ) خوبی انتظام - خوش انتظامی - حسنِ تدبیر (مذ) خوش تدبیری - اچھی تدبیر و مشورہ - حسنِ تعلیل - کلام کی ایک خوبی جس میں شاعر ایک واقعی اور حقیقی بات کا ایک دلچسپ خیالی سبب بیان کرتا ہے جیسے ؎ انیس

پیاسی جو تھی سپاہِ خدا تین رات کی

ساحل سے سر ٹپکتی تھیں موجیں فرات کی

حسن دان (مذ) چھوٹا پان دان - ننھی سی پٹاری - حسن ڈھلنا - حسن میں زوال آنا - حسن صبیح (مذ) بدن کا سرخ و سفید رنگ ہونا - گورا رنگ - حسن طلب (مذ) عمدہ اشارات و پاکیزہ کنایات سے کسی چیز کا مانگنا - حسن ظن (مذ) گمان نیک - حسن محفل (مذ) محفل کی رونق - حسن مطلع (مذ) غزل یا قصیدے کا دوسرا مطلع حسین - حسن الاخلاق صورت - شکیل - منور - حسین صورت - شکیل - جمیل -

حسین (مذ) حضرت علیؓ کے چھوٹے بیٹے سید الشہدا کا اسم مبارک جنھوں نے ۱۰ محرم ۶۱ھ کو میدان کربلا میں شہادت پائی - ہر سال محرم میں ان کی یاد تازہ کی جاتی ہے - حسینی بند (مذ) چاندی کے وہ دو چھلے جو روز عاشورہ بچوں کے ہاتھ میں پہناتے ہیں اور ان کے درمیان چاندی کی ایک زنجیر ہوتی ہے - حسینہ - (مو) خوب صورت عورت -

حَشر :- (مذ) قیامت - روزِ حساب - شور و غل - غوغا - فتنہ - آفت - حشر برپا کرنا - آفت ڈھانا - فساد اٹھانا - اودھم مچانا - حشر توڑنا - نہایت خفا ہونا - آفت ڈھانا - اودھم مچانا - حشرات (مذ) چھوٹے چھوٹے کیڑے جو اکثر زمین میں سوراخ کر کے رہتے یا برسات میں پیدا ہو جاتے ہیں - حشرات الارض (مذ) زمین میں بل بنا کر رہنے والے کیڑے مکوڑے - برساتی کیڑے - حشری - گھوڑے کا ایک عیب - گھوڑا - وہ گھوڑا جو اور گھوڑوں کے ساتھ مل کر بدنے حشری باغی (مذ) وہ ... دوں کی دیکھا دیکھی بغاوت کرنے کھڑا ہو جائے - اتفاقی سرکش -

حَشفہ :- (مذ) آلۂ تناسل کی سپاری - سرِ ذکر -

حَشَم :- (مذ) نوکر چاکر - خدمتگار لوگ

حَشمَت :- (مو) دبدبہ - بزرگی - ... لشکر - شان و شوکت - نوکر چاکر - خادموں کا انبوہ -

حَشو :- (مذ) بھرتی - زائد کلام - بے ضرورت لفظ کی زیادتی -

حَشِیش :- (مو) سوکھی گھاس - بھنگ کے سوکھے پتے - حشیشین - بھنگ پینے والے ایک گروہ کا نام جو بھنگ پیتے ہیں - قرامطۂ سندھ -

حِصار :- (مذ) احاطہ - گھیرا - چار دیواری - شہر پناہ - قلعہ - وہ خط جو جن وغیرہ کو قابو میں کرنے کا عمل پڑھنے والے کچھ دعائیں پڑھ کر اپنے گرد کھینچتے ہیں تاکہ عمل کے دوران میں انھیں موکل آزار نہ پہنچا سکے - حصار باندھنا - قلعہ باندھنا - چاروں طرف سے گھیر ڈالنا - جن وغیرہ کا عمل پڑھتے وقت خاص دعائیں پڑھ کر اپنے گرد حلقہ بنانا -

حَصر :- (مذ) انحصار - احاطہ -

حِصَص :- (مذ) حصہ کی جمع -

حِصن :- (مذ) قلعہ - جائے پناہ - حصن حصین (مذ)

حُصُول :- (مذ) حاصل ہونا - حاصل کرنا - حاصل - فائدہ وغیرہ

زینب کو فاطمہ کے مناقب حصول ہیں
یہ (ع) اپنے وقت کی گویا بتول ہیں

حِصّہ :- (مذ) ٹکڑا - بانٹ - تقسیم - جزو - بھاگ - درجہ - مرتبہ - جزو کتاب - علاقہ - سر رشتہ - مخصوص شے -

ناز ہو یا دلبری افسوں ہو یا جادوگری
سب کو قدرت نے تری چتون کا حصہ کر دیا　　جلیل

حصہ بخرہ - کھانے پینے کی چیز کا حصہ - میل ملاپ - حصہ تہائی - اتنا برابر تن کیوں لائی - حق تھوڑا مطالبہ زیادہ کا - حصہ داری (امو) زمین کی بٹائی - شرکت - ساجھا (ہونا - کرنا - رکھنا) ایسے تعلقات جن کی بناء پر تحفے تحائف لئے دیے جاتے ہیں - (ع) "ہمیں ہم سے تو تھے داری ہمیشہ سے ہے" حصہ رسد جتنا جتنا جس کے حصے میں آئے - تقسیم کے موافق - بانٹ کے موافق -

حَصِیر :- (مذ) چٹائی - بوریا -

حَصِین :- محکم - مضبوط - استوار

حَضَر :- (مذ) سفر کی ضد - کسی ایک جگہ کا قیام -

حَضَرات :- (مذ) حضرت کی جمع - مجمع سے خطاب کرنے کا لفظ - نیز چند بزرگوں کا ایک ساتھ نام لینا ہو تو ان کا القاب - حضرت (مذ) جناب - حضور - قبلہ - تعظیم و عزت کا لقب - رسول مقبول محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم - دینی پیشواؤں کے نام کے شروع میں حرف تعظیم - شریر - چالاک (آپ بھی بڑے حضرت ہیں) کسی مرد سے مخاطب ہونے کا کلمہ (حضرت ذرا سنیے تو سہی) حضرت سلامت (مذ) حضور عالی - جناب عالی - قبلہ - پیارا - دوست - یہ لفظ تعظیماً اور طنزاً برابر والوں کے ساتھ بھی بولا جاتا ہے - حضرت فاطمہؓ کی جھاڑو پھرے (دعا) تباہ ہو جائے - کوئی نہ رہے - کچھ نہ رہے -

حُضُور :- (مذ) حاضری - موجودگی - حاضر باشی　　امیر

ہے نزدیکی کہ جس سے ہوتا ہے قرب حاصل
غائب جو آپ سے ہو پائے حضور تیرا

جناب - حضرت - قبلہ - خداوند - دربار - مجلس - اجلاس - روبرو - سامنے - حضور والا (مذ) جناب عالی - حضور پر نور - حضوری (امو) حاضری - قربت - نزدیکی - بادشاہی - دربار یا اجلاس -

حَضِیض :- (مذ) پستی - گڑھا - سند کے لئے دیکھیے [illegible]

حَظ :- (مذ) لطف - مزہ - انبساط - خوشی - لذت - فائدہ - بہرہ مندی - بختاوری - حظ اٹھانا - مزے اڑانا - لطف اٹھانا - لذت پانا - عیش کرنا - خوشی منانا - حظ نفسانی (مذ) حیوانی خوشی - حظوظ (مذ) حظ کی جمع

حَف نظر :- چشم بد دور - جب کسی چیز کی تعریف کرتے ہیں تو یہ لفظ بولتے ہیں - یعنی نظر نہ لگے　　غالب

صبر آزما وہ اُن کی نگاہیں کہ حف نظر

حُفّاظ :- (مذ) حافظ کی جمع - نگہبانی کرنے والے - وہ لوگ جنھیں کلام پاک زبانی یاد ہو -

حِفاظَت :- (امو) نگرانی - پاسبانی - بچاؤ - سلامتی - حفاظت خود اختیاری (امو) وہ حفاظت جو ضرر سے بچنے کے لئے کی جائے -

حِفظ :- ازبر - زبانی (مذ) پاس - لحاظ - ادب - حفاظت - حفظ امن (مذ) قائم رکھنا - حفظ پڑھنا - بے دیکھے پڑھنا - حفظ صحت (مذ) تندرستی کی محافظت - صحت کا قیام اور بچاؤ - حفظ ماتقدم (مذ) پہلے سے کسی امر کی پیش بندی کرنا - وہ بچاؤ جو پہلے سے کیا جائے - حفظ مراتب (مذ) ادب کا پاس - مرتبے کا لحاظ - حفیظ (مذ) محافظ - نگہبان - اللہ تعالیٰ کا نام -

حَق :- (مذ) خدا - اللہ - سچ - صدق - درست - بجا - ٹھیک - ثابت - قائم - فرض - ذمہ داری - جائز - مباح - انصاف - صلہ - بدلہ - معاوضہ - حصہ - مزدوری - انعام - جس وقت جان کے ساتھ بولیں تو وہاں مرنا کے معنی ہوں گے (جان حق ہونا) شان - نسبت - بابت - لیے (تمہارے حق میں) حق آسائش (مذ) آسائش کا وہ حق جس کے رو سے کسی کا کوئی ہمسایہ اپنی ملک یا زمین پر کوئی ایسا فعل نہیں کر سکتا جس سے دوسرے کے آرام میں خلل پڑے - حق آسائش موجبہ (ع - ف - مذ) وہ حق جس کے رو سے کسی کی ملک یا زمین پر کوئی فعل کیا جا سکتا ہے - حق ادا کرنا - فرض ادا کرنا - نوکری یا خدمت یا کوئی کام بجا لانا - جیسا چاہیے ویسا کرنا - حق از جارج نالش (مذ) نالش اور استغاثہ دائر کرنے کا حق - حق السعی - حق محنت - محنت کی اجرت - کوشش کی فیس - حق اللہ پاک ذات اللہ - خدا برحق ہے اور اس کی ذات پاک ہے - حق بجانب ہے - سزاوار ہے - سچائی اور حق پر ہے - حق پرست - خدا پرست - خدا کو ماننے والا - عبادت گزار - سچا آدمی جو تابع حق ہو - حق پر لڑنا - سچ کے لیے لڑنا - استحقاق پر جھگڑا کرنا - حق تعالیٰ (مذ)

خدائے بزرگ و برتر - **حق تلفی** (مو) بے انصافی - **حق مارنا** - **حق ثابت کرنا** - دعوے کا ثبوت پہنچانا - استحقاق کا تسلیم کرانا - **حق حق کہنا** - خدا کا نام لینا - توبہ کرنا - انصاف کرنا - بہت بھوک لگنے کی جگہ - **حق حیران رہنا** - ہکا بکا رہنا - **حق رہ جانا** - حیران رہ جانا - **حق رسی** (مو) انصاف - عدل - **حق سرکار** (مذ) خراج - مالگذاری - **حق سرہ** - اللہ کی ذات حق ہے - عارفوں کا نعرہ (انیس نے طائروں کی آواز کے لیئے استعارہ کیا ہے)(صاحب نور کو غلط فہمی ہے) ؎

وہ قمریوں کا چار طرف سرو کا ہجوم
کوکو کا شور نالۂ حق سرہ کی دھوم

حق شفع (مذ) ملحق جائداد خریدنے کا استحقاق - **حق شناس** - قدردان - منصف - **حق سے راضی خدا ہے** - سچائی سے خدا بھی خوش ہوتا ہے - **حق کو حلال کر ایک دن میں ہزار کر** - نیکی زیادہ سے زیادہ کرو - **حق گذار** - حق ادا کرنے والا - محسن - **حق گو** - سچی بات کہنے والا - انصاف پسند - **حق مرور** - راستہ چلنے کا حق - **حقیقت امر** - اصل بات - **حق میں** - بارے میں - موافق - **حق ناحق** - بلاوجہ - خواہ مخواہ - **حق نمک ادا ہونا** - نمک خواری اور ملازمت کا فرض ادا ہونا - **حق ہونا** - صحیح ہونا - حصہ ہونا - استحقاق ہونا - انصاف ہونا - **حقا** - سچ سچ - انصاف کے طور پر - حق کے طور پر - **حقا حق ہے** - درست ہے - خدا کی قسم ؎ درد

مقدور ہمیں کیا تیرے وصفوں کے رقم کا
حقا کہ خداوندہے تو لوح و قلم کا

حقانی - حق سے منسوب - **حقانیت** (مو) سچائی - حق کی طرف منسوب ہونا -

حِقارت

(مو) خفت - سبکی - ذلت - بے عزتی - **حقارت کی نظر سے دیکھنا** - دوسرے کو ذلیل و خوار سمجھ کر کم توجہی کرنا - خاطر میں نہ لانا - ذلیل سمجھنا -

حَقائق

: - (مذ) حقیقت کی جمع - دیکھو حقیقت -

حُقنہ

: - (مذ) کسی دوا کی بتی یا پچکاری جو پاخانہ لانے کے لیئے مقعد میں چڑھائی جائے - **حقنہ کرنا** - مقعد میں پچکاری یا بتی چڑھانا - جس سے پاخانہ آجائے -

حُقوق

: - (مذ) حق کی جمع - حصے - استحقاق -

حُقّہ

: - (مذ) جواہرات رکھنے کی ڈبیا - ڈبا ؎ رند

بوئے عطر آئی دماغ جاں معطر ہو گیا
زلفیں تیری کیا کھلیں حقے کھلے عطار کے

قلیان - وہ پیندی میں لگا ہوا نل جس میں تمباکو بھر کر پیتے ہیں - **حقہ باز** (مذ) بھان متی - بازی گر - مداری - بہت حقہ پینے والا - **حقہ بھرنا** - چلم پر آگ رکھ کر حقہ تیار کرنا - حقے پر آگ رکھنا - **حقہ پانی بند کر دینا** - ذات یا برادری سے خارج کر دینا - **حقہ تازہ کرنا** - حقے کا پانی بدلنا اور نیچے وغیرہ کو تر کرنا -

حَقِیّت

: - (مو) حق ملکیت - جائداد -

حَقیر

: - چھوٹا - ادنیٰ - ذلیل و خوار - دبلا - اوچھا - بیقدر - خفیف - سبک - **حقیر جاننا یا سمجھنا** - بے قدر جاننا - قدر نہ کرنا -

حَقیقت

: - (مو) اصلیت - ماہیت - اصل - جڑ - بنیاد - کیفیت حال - صداقت - سچ - بساط - حیثیت - ماجرا - سرگذشت - **حقیقت کھل جانا** - بھید ظاہر ہو جانا - حال معلوم ہو جانا - **حقیقتہً** - واقعی - دراصل - **حقیقی** - اصلی - سگا - اپنا - سگی - اپنی -

حَک

: - (مذ) کسی چیز کو کسی چیز سے کھرچ کر دور کرنا - اور چھیلنا - مٹانا -

حَکّاک

: - (مذ) حروف کھودنے والا - مہرکن - نگینہ ساز -

حُکّام

: - (مذ) حاکم کی جمع - دیکھو حاکم -

حِکایت

: - (مو) کہانی - داستان - قصہ - بات - **حکایتہً** - بطور ذکر - بسبیل تذکرہ - **حکایتی** - حجتی - بات بات پر بحث کرنے والا - **حکایتیں کرنا** - حجتیں کرنا - دلیلیں چھانٹنا -

حَکَم

: - ثالث - پنچ - فیصلہ کرنے والا -

حِکَم

: - (مذ) حکمت کی جمع - حکمتیں - دانائی کی باتیں -

حُکم

: - (مذ) فرمان - ارشاد - فتویٰ - شرعی فیصلہ - حکومت - فرمانروائی - اجازت - پروانگی - تاش میں کالے رنگ کے پان کا نشان - **حکم کا یکا** جو تاش کے کھیل میں سب سے پہلے پھینکا جاتا ہے - **حکم جبری** - **حکم قسمتی** - سلسلہ (یہ بھی ایسا ہی حکم میں داخل ہے) - **حکم امتناعی** (مذ) ممانعت کا حکم - **حکم انداز** (مذ) ٹھیک نشانہ لگانے والا - نشانہ بازی کا ماہر - **حکم انفساخ** (مذ) کسی سابق حکم کو منسوخ کرنے کا آرڈر - **حکم بردار** - فرمانبردار - حکم ماننے والا - **حکم جاری کرنا** - حکم صادر کرنا - اشتہار دینا - ڈونڈی پٹوانا - **حکم حاکم مرگِ مفاجات** - حاکم کا حکم قہر

جبراً ماننا ہی پڑتا ہے۔ حکم چلانا۔ حکم دینا۔ سختی کرنا۔ حکم دینا۔ ارشاد فرمانا۔ کام کے لیے فرمانا۔ فتویٰ دینا۔ فیصلہ کرنا۔ اشتہار دینا۔ اجازت دینا۔ **حکمران** (مذ) فرماں روا۔ بادشاہ۔ **حکمرانی** (مو) فرماں روائی۔ حکومت۔ سلطنت۔ بادشاہی۔ **حکم ظہری** (مو) وہ حکم جو کسی رپورٹ یا کاغذ کی پشت پر لکھا جائے۔ **حکم قطعی** (مذ) حکم ناطق۔ آخیر فیصلہ۔ **حکم کرنا**۔ حکم چلانا۔ فرمانا۔ ارشاد کرنا۔ اجازت دینا۔ سختی کرنا۔ **حکم گشتی** (مذ) سرکلر۔ وہ حکم جو سب جگہ بھیجا جائے۔ **حکم لگانا**۔ پختہ رائے ظاہر کرنا۔ پہلے سے کسی کام کے نتیجے کا فیصلہ کر دینا۔ داغ

کسی کی لاش نے میں تصویر حضرت ناصح
لکھے دیتے ہیں ہم حکم یہ مری ہوگی

حکم مطلق (مذ) حکم قطعی۔ عام حکم۔ **حکم ناطق** (مذ) قطعی حکم۔ **حکم نامہ** (مذ) تحریری حکم۔ فرمان۔ وہ حکم جو کسی حاکم با اختیار کی طرف سے جاری ہو۔ **حکمی** بے چوک۔ ٹھیک۔ نشانے پر۔ ہمیشہ۔ بشرطیکہ۔ ضروری۔ **حکمی دوا**۔ مجرب اور سریع الاثر دوا۔ **حکمی بندہ**۔ فرمانبردار بندہ۔

حُکَما :- (مذ) حکیم کی جمع۔ دیکھو حکیم۔

حِکمت :- (مو) تدبیر۔ چال۔ ترکیب۔ گُر۔ مطلب۔ ڈھنگ۔ غرض (اپنی حکمت چھپاتا ہے اصل) دانائی۔ علاج۔ معالجہ۔ طبابت۔ **حکمت سے**۔ احتیاط سے۔ عاقبت اندیشی سے۔ ترکیب سے۔ **حکمت عملی**۔ وہ علم جس میں معاشیات کے حال سے بحث کی جاتی ہے۔ پولیٹکس (مو) تدبیر۔ چالاکی۔ فطرت۔ ہوشیاری۔ پالیسی۔ ملکی تدبیر۔ دور اندیشی۔ تدبیر۔ **حکمت کرنا**۔ طبابت کرنا۔ ڈاکٹری کا پیشہ کرنا۔ دانائی کرنا۔ تدبیر کرنا۔ **حکمت مدنی** (مو) شہری انتظام کے قوانین۔ انتظام شہری۔ **حکمتی**۔ فلسفی۔ فیلسوف۔ ہوشیار۔ چالاک۔

حکومت :- (مو) فرمانروائی۔ حکمرانی۔ سلطنت۔ راج۔ سختی۔ جبر۔ زبردستی۔ اختیار۔ **حکومت آزاد** (مو) خود مختار حکومت۔ **حکومت آمرانہ**۔ شخصی حکومت۔ **حکومت جمہوری** (مو) رعایا کی حکومت۔ وہ حکومت جس میں کوئی بادشاہ نہ ہو۔ بلکہ ایک شخص کو پریذیڈنٹ بنا کر خود رعایا سب کچھ کرے۔ **حکومت شخصی** (مو) شخصی حکومت۔ شاہی حکومت جس میں بادشاہ خود مختار ہو کہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

حکیم :- (مذ) عقلمند۔ ہوشیار۔ طبیب۔ محقق۔ ڈاکٹر۔ **حکیم اوروں کی دوا کرے اپنی نہ کرے**۔ دوا کی بد مزگی سے بچتا ہے۔ خود را فضیحت دیگراں را نصیحت اوروں کو بتائے اور خود نہ کرے۔ **حکیم کو تاروے سے لاج**۔ پیشے ور اپنے پیشے سے شرم کرے گا تو پچھتائے اور نقصان اٹھائے گا۔ **حکیمی**۔ طبابت۔ ڈاکٹری۔

حَل :- (مذ) کسی مسئلے کی حقیقت کا انکشاف۔ مشکل کام کو آسان کرنا۔ کھلنا۔ تحلیل ہونا۔ حساب کا سوال نکالنا۔ **حل کاری**۔ سونا چاندی کو گھول کر کے پھول پتی یا دیگر نقوش بنانا۔ **حل کرنا**۔ سلجھانا۔ کھولنا۔ آسان کرنا۔ اجزا علیحدہ کرنا۔ پیسنا۔ ملانا۔ حساب کا سوال نکالنا۔ معما یا پہیلی بوجھنا۔ **حل و عقد** (مذ) انتظام۔ ادھیڑبن۔

حَلّاج :- (مذ) دھنیا۔ مشہور صوفی منصور کا لقب۔

حَلال :- مباح۔ جائز۔ درست۔ ذبح کیا ہوا۔ ذبیحہ۔ شرع کے موافق۔ **حلال تھوڑا حرام بہت**۔ جائز اور پاک مال کم اور ناجائز بہت۔ یا آمدنی میں برکت اور پچھلی میں خسارہ۔ ان معنوں میں حلال میں حرکت حرام میں برکت مستعمل ہے۔ **حلال خور**۔ خاکروب۔ مہتر۔ بھنگی۔ **حلال زادہ**۔ شریف۔ **حلال کا**۔ وہ بچہ جو نکاحی بیوی سے ہو۔ جائز طریقے سے حاصل کیا ہوا۔ **حلال کر کے کھانا**۔ جائز طور پر کھانا۔ **حلال کرنا**۔ ذبح کرنا۔ شریعت۔ **حلال چھری پھیرنا**۔ کاٹنا۔ قتل کرنا۔ مارنا۔ پیٹنا۔ بہت تکلیف دینا۔ **حلال میں حرکت حرام میں برکت**۔ الٹی بات۔ زمانے کی پھیری۔ **حلالی**۔ نکاحی عورت کی اولاد۔

حَلاوت :- (مو) مٹھاس۔ شیرینی۔ لذت۔ ذائقہ۔ مزہ۔ آرام۔ راحت۔ سحر

جب جدائی کی حلاوت پہ کرتے ہیں بیان
ذائقہ ہونٹوں کو مل جاتا ہے شکر و شیر کا

حَلَب :- (مذ) ایشیائی روم کا ایک شہر جہاں کے آئینے بہت مشہور ہیں۔

حِلّت :- (مو) حلال ہونا۔ جائز ہونا۔

حلجان :- (مو) شادی کے بعد گھر کی بی بی کا سب مہمانوں سے پیسے جمع کر کے پوریاں تیرہ ساگ پکانا اور سب کو تقسیم کرنا۔ سحر

پھر نئے سر سے ذرا مجھ کو تم مہماں کرو
ہو چکی گڑیوں کی شادی اب تو حلجاں کرو

حَلف :- (مذ) قسم۔ عہد و پیمان۔ **حلف اٹھانا**۔ قسم کھانا۔ قرآن اٹھانا۔ مذہبی کتاب کی قسم کھانا۔ **حلف دروغی** (مو) جھوٹی قسم کھانا۔ **حلفاً** از روئے قسم۔

حَلق: (مذ) گلا ۔ ٹینٹوا ۔ ناڑ ۔ گردن ۔ مُنہ ۔ زبان ۔ حلق بند کرنا ۔ خاموش کرنا ۔ بولنے نہ دینا ۔ حلق پر چھری پھیرنا ۔ ذبح کرنا ۔ حلال کرنا ۔ جبر کرنا ۔ ظلم کرنا ۔ کسی کا حق مارنا ۔ حلق تک بھرنا ۔ بہت زیادہ کھا لینا ۔ حلق خشک ہو جانا ۔ بہت چیخنا ۔ گلا سوکھ جانا ۔ ۔ ۔ پیاس لگنا ۔ حلق دبانا ۔ گلا گھونٹنا ۔ زبردستی کرنا ۔ بات کہنے سے روکنا ۔ حلق سے اترنا ۔ گلے کے نیچے جانا ۔ گوارا ہونا ۔ حلق کا بند ہو جانا ۔ کھانا پینا یا بولنا بند ہو جانا ۔ مریض کا جان بلب ہونا ۔ حلق کا دربان (عو) وہ شخص جو کوئی چیز کھانے نہ دے یا جب کھانے بیٹھیں وہ آ دھمکے ؎ مصحفی

پینے دیتے ہیں کسے خونِ جگر
نالے دربان مرے حلق کے ہیں

حلق کا کوا لٹک آنا ۔ ایک بیماری جس میں تالو کے آخر کا گوشت حلق کے سرے پر آ جاتا ہے ۔ حلق میں پانی ٹپکانا ۔ مدد کرنا ۔ خبر لینا ۔ حلق میں پانی ٹپکانے والا ۔ وارث ۔ خبر گیرا (نہ رہے ۔ بددعا ۔ سب مر جائیں) حلق کا نہ تالو کا یہ مال میاں لالو کا ۔ کھایا نہ پیا یونہی ضائع کیا ۔ حلق میں نوالہ پھنسنا ۔ کسی عمدہ چیز کے کھاتے وقت اپنے بچے یا دوست کا یاد آنا ۔

حُلقوم: (مذ) حلق ۔ گلو ۔ ٹینٹوا ۔ ٹینٹوے کے نیچے کا گردھا ۔

حَلقہ: (مذ) کڑا ۔ لوہے یا لکڑی کا گول کنڈا ۔ کنڈی کا گھر ۔ تکمہ ۔ علاقہ ۔ ضلع ۔ احاطہ ۔ عہد حکومت ۔ گھیرا (و ۔ ف کا حلقہ) کسی خاص کے لوگوں کا دائرہ ۔ مجمع یا مجلس مشاعرہ وغیرہ میں بیٹھنے والوں کا دور ۔ حلقہ باندھنا ۔ چاروں طرف کھڑے ہو کر گھیر لینا ۔ گھیرا ڈالنا ۔ حلقہ بگوش ۔ غلام ۔ فرمانبردار ۔ حلقہ ڈالنا ۔ گھیرا ڈالنا ۔ حصار باندھنا ۔ چاروں طرف سے روک دینا ۔ حلقے کا ماتم ۔ (ہونا ۔ کرنا) حلقہ بنا کر بائیں ہاتھ کو برابر والے کی کمر کے داہنے پہلو رکھنا ۔ اور سب آہستہ آہستہ جھک کر سینہ زنی کرنا ۔ یہ ماتم بڑا ہوتا ہے ۔

حِلم: ۔ (مذ) برداشت ۔ بردباری ۔ تحمل ۔

حَلوا: ۔ وہ میٹھی غذا جو میدے یا روے کو گھی میں بھون کر قوام میں پکانے سے بنتی ہے ۔ اس طرح گاجر ۔ چنے کی دال وغیرہ کا بھی حلوا بنایا جاتا ہے ۔ تر چیز ۔ ملائم چیز ۔ حلوا خاتون (۔ مو) حلوا خور بیگم ۔ اختو بختو ۔ وہ کاٹھ کی پتلیاں جنہیں کپڑے پہنا کر بچوں کے آگے انگلیوں سے نچاتے ہیں ۔ حلوا خوردن را روئے باید ۔ عزت کے لیے لیاقت چاہیے ۔ حلوا سمجھنا ۔ ناچیز سمجھنا ۔ کمزور جاننا ۔ کسی کام کو آسان اور سہل جاننا ۔ حلوا کھائیے ۔ ایک سخت قسم ہے ۔ مردہ دیکھے جو ایسے کرے ۔ حلوا نکل جانا ۔ بدحالی ہونا ۔ پتلا حال ہو جانا ۔ حلوائی ۔ حلوا فروش ۔ مٹھائی بنانے اور بیچنے والا ۔ حلوائی دیوانہ ہوگا تو پھر پھر لڈو اپنے ہی کو ماریگا ۔ پاگل پن میں بھی اپنا خیال رہتا ہے ۔ حد سے زیادہ غرض کا بندہ اور بہت ہوشیار ہے ۔ حلوائی کی دکان اور دادا جی کا فاتحہ ۔ پرائے مال کو اپنا سمجھ کر صرف میں لانے یا غیر کا مال بے دریغ خرچ کرنے کے موقع پر بولتے ہیں ۔ حلوائے بے دُود (مذ) شیریں میوے ۔ حلوائے مرگ (مذ) بھتی ۔ حاضری ۔ حلوائے مغزی (مذ) ایک قسم کا حلوا جس میں کثرت سے مغز بادام اور پستے ڈالے جاتے ہیں ۔ حلوائے مقراضی (مذ) ایک قسم کا حلوا جس میں بہت باریک میوے کتر کر ڈالتے ہیں ۔ حلوے مانڈے سے کام ۔ اپنا بھلا چاہیے کوئی مرے یا جیے ۔

حَلوان: (د ۔ مذ) بھیڑ یا بکری کا بچہ جو دودھ پیتا ہو اور گھاس نہ کھاتا ہو ۔ ملائم گوشت ۔ نرم گوشت جو پکتے میں گل جائے ۔

حُلُول: (مذ) ایک چیز کا دوسری میں اس طرح داخل ہو جانا کہ دونوں میں تمیز نہ ہو سکے ۔

حُلّہ: ۔ (مذ) جامہ ۔ جبہ ۔ یمن کی پوشاک ۔ چادر ۔ بہشتی لباس ۔

حَلیف: ۔ (مذ) معاہدہ کرنے والوں میں کا ہر فریق ۔

حَلیم: ۔ بردبار ۔ متحمل مزاج ۔ نرم ۔ ملائم (مذ) ایک قسم کا کھانا جو گیہوں ۔ چاول ۔ چنے وغیرہ سات اناج ۔ چاروں دالیں ۔ گوشت اور گرم مصالحہ وغیرہ مصالحہ وغیرہ ڈال کر اکثر محرم میں شہدائے کربلا کے فاتحہ کے لیے پکایا جاتا ہے ۔

حُلیہ: ۔ (مذ) صورت ۔ خد و خال جو شناخت کے لیے لکھے جائیں ؎ نوازش

مجمع حشر میں چھپنا ہے محال
ہیں لے لکھ رکھا ہے حُلیہ تیرا

حُلیہ بنانا / بگاڑنا ۔ حالت بگاڑنا / بدلنا ۔ سزا دینا ۔

حِمار: ۔ (مذ) گدھا ۔ احمق ۔

حماقت: (مو) نادانی ۔ بے وقوفی ۔ احمق

حَمّال: (مذ) بوجھ اٹھانے والا ۔ مزدور ۔ باربردار ۔ حمّالہ (مو) بوجھ اٹھانے والی ۔ نیز وہ مشین

جو بڑے بڑے بوجھ ریل کی لائنوں وغیرہ پر سے اُٹھا لیتی ہے۔

حَمّام:- (مذ) گرمابہ - نہانے کی جگہ - حمام کرنا - نہانا - غسل کرنا - حمام کی کنگی (مو) وہ چیز جو ہر شخص کے استعمال میں آئے - حمام میں سب ننگے - اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جس میں اکثر آدمی مبتلا ہوں - حمامی - نہلانے والا - غسل کرانے والا - حجام -

حَمائِل:- گلے میں ترچھا پڑکا ڈالنا - عورتوں کے گلے میں پہننے کا ایک زیور - چھوٹی تقطیع کا قرآن شریف گلے میں پڑی ہوئی ہے۔ انیس

قرآن بھی تیغیں بھی گلوں میں تھیں حمائل

حِمایَت:- (مو) طرف داری - نگہبانی (کرنا - لینا) حمایتی - طرف دار - معاون - مددگار - حامی - حمایتی کا ٹٹو - دوسرے کے بل پر کودنے والا - کسی کی مدد پر کام کرنے والا - حمایتی کی گھوڑی عراقی کے لات مارتی ہے - جس کا کوئی مددگار ہوتا ہے وہ ادنیٰ ہو کر بھی بڑوں کا سامنا کر بیٹھتا ہے (یا حمیت کی گدھی عراقی کے لات)

حَمد:- (مو) خدا کی تعریف -

حَمرا:- سرخ رنگ کی - حمرت - سرخی -

حُمق:- (مذ) نادانی - بے وقوفی -

حَمل:- (مذ) بوجھ - بار - بچہ جو پیٹ میں ہو - حمل استقاط ہونا - پیٹ گرنا - قبل از وقت بچہ تولد ہونا -

حَمَل:- (مذ) آسمان پر پہلا برج - جب آفتاب برج حمل میں ہوتا ہے تو بہار آتی ہے ۔ نسیم

ساقیا روز سے بدلا ہے دورِ انقلاب
تو بھی شیشے سے دکھا برج حمل میں آفتاب

حَملہ:- (مذ) چڑھائی - ہلّہ - یورش - ضرب - وار - چوٹ - حملہ آور - چڑھ کر آنے والا - حملہ کرنے والا - حملہ کرنا - دھاوا کرنا - یورش کرنا - ہلّہ کرنا - چوٹ کرنا - وار کرنا -

حُموضَت:- (مو) ترشی - کھٹائی -

حَمِیَّت:- (مو) غیرت - شرم -

حَمید:- تعریف کی ہوئی شے - خوب - اللہ تعالیٰ کا ایک نام - حمیدہ (مو) آپ کے خصائل حمیدہ کہاں

تک بیان کیے جائیں۔

حَمیم:- (مذ) گرم - دوست - رشتہ دار -

حِنا:- (مو) مہندی - حنا بندی (مو) مسلمانوں کی ایک رسم جو شادی میں ساچق سے ایک روز پیشتر عمل میں آتی ہے - اور اسے مہندی کہتے ہیں - حنا کا جوڑ - ہاتھ میں وہ سفید جگہ جہاں مہندی نہ لگی ہو - حنائی - مہندی سے رچا ہوا - زردی لیے ہوئے سرخ رنگ - رچی ہوئی مہندی کے رنگ کا - حنائی کاغذ - ایک قسم کا کاغذ جس کا رنگ رچی ہوئی مہندی کے ہلکے اور پھیکے رنگ سے مشابہ ہوتا ہے۔

حَنبَلی:- سنی مسلمانوں کا وہ گروہ جو اہل سنت کے چوتھے امام حنبل کا پیرو ہے - اس فرقے کا ایک فرد -

حَنجَرہ:- (مذ) نرخرہ - حلق - گلا -

حَنظَل:- (مذ) اندرائن کا پھل -

حَنفی:- سنی مسلمانوں کی وہ جماعت جو اہل سنت کے امام اعظم حضرت ابو حنیفہ کی پیرو ہے۔

حَنوط:- (مذ) چند خوشبودار چیزوں کا مرکب جو مُردے کو غسل دینے کے بعد ملتے ہیں -

حَوّا:- (مو) بابا آدم کی بیوی - سب آدمیوں کی ماں اور چھوٹے بچوں کو ڈرانے کے لیے جوجو کی جگہ بولتے ہیں - مگر اس کا لگا ہوا پھرتی وہ ہے - ہوّا -

حَواجِب:- (مذ) حاجب کی جمع - دربان -

حَوادِث:- (مذ) حادثہ کی جمع - حادثے - مصیبتیں -

حَواری:- (مذ) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اصحاب - حضرت مسیح کے شاگرد - مددگار - دوست - مصاحب (اچھے معنوں میں نہیں بولا جاتا)

حَواس:- (مذ) حاسہ کی جمع - وہ دس قوتیں جو حس کرتی ہیں پانچ ظاہری اور پانچ باطنی - ہوش - اوسان - عقل - سمجھ - خبر (آنا - اڑنا - اُڑنا - جانا) سے ناسخ

حواس و ہوش اڑیں کیوں دیکھ کر اس کو
وہ یوسف آئے تو ہوگا رواں رواں اپنا

حواس باختہ - بے اوسان - گھبرایا ہوا - مخبوط الحواس - حواس پکڑنا - ہوش میں آنا - حواس خمسہ - پانچوں حواس ظاہری باصرہ (آنکھ) سامعہ (کان) شامّہ (دماغ - ناک) لامسہ (ہاتھ) ذائقہ (زبان) حواس میں آکر بات کرو - جب کوئی بہکی

بات کرے تو اسے متنبہ کرنے کے لیے کہتے ہیں۔ حواسوں پر صدقہ دینا۔ ہوش درست کرنا۔ عقل کی خبر لینا۔ عقل کے ناخن لینا۔

حَواشی:- (مذ) حاشیہ کی جمع۔ حاشیے۔

حَواصِل:- (مو) ایک سفید آبی پرند جس کا پوٹا اور آگے نکلا ہوا ہوتا ہے۔

حَوالات:- (مو) قید۔ حراست۔ نگرانی۔ وہ مکان جس میں مجرم تفتیش مقدمہ تک نظر بند رکھے جاتے ہیں۔ حوالات کرنا۔ حوالات میں دینا۔ قید کرنا۔ نظر بند کرنا۔

حَوالہ:- (مذ) سپردگی۔ تحویل۔ پتہ۔ نشان۔ حیلہ۔ کے ساتھ ٹال مٹول ے تسنیم

میں جانتی تھی وقت پہ تم کام آؤ گے
یہ کیا خبر تھی حیلے حوالے بتاؤ گے

حوالدار۔ وہ عہدہ دار سپاہی جس کی سپردگی میں کچھ آدمی ہوں۔ چند سپاہیوں کا سردار۔ حوالے کرنا۔ سپرد کر دینا۔

حَوالی:- (مذ) نواح۔ گرد۔ آس پاس۔ حوالی موالی۔ ساتھی۔ دوست۔ ہمراہی۔

حَوائج:- (مذ) حاجت کی جمع۔ حوائجِ ضروری۔ پیشاب پیخانے کی حاجت۔

حُوت:- (مو) بڑی مچھلی (مذ) آسمان کا بارھواں برج۔

حُور:- گوری چٹی سیاہ بالوں اور سیاہ پتلیوں کی عورت بہشتی عورت۔ نہایت خوب صورت پری تمثال عورت۔ کبھی معشوق کے معنی میں بھی آتا ہے۔ اس وقت مذکر ہوتا ہے۔ حُورِ عین۔ جنت کی سفید رنگ۔ سیاہ بال اور بڑی آنکھوں والی عورت۔ حُور العین ے محسن

جلو میں غلمان روشن جبیں   صراحی و ساغر لیے حورِ عیں

حور کا بچہ۔ نہایت خوب صورت۔ پریزاد۔

حَوصلہ:- (مذ) مقدور۔ ہمت۔ جرأت۔ دلیری۔ دل۔ ارمان۔ (آرزو پورا ہونا۔ نکالنا۔ نکلنا۔ رکھنا۔ کرنا)

حَوض:- (مذ) تالاب۔ پانی جمع کرنے کی پکی بنی ہوئی جگہ۔ حاشیے کی اندرونی جگہ۔ حوض بھرے فوارہ چھوٹے۔ آمدنی ہو تو خرچ بھی ہو۔ حَوضہ (مذ) ہاتھی کی عماری ہودج۔ ہودہ۔

حَونق:- (مو۔ و۔ ع) احمق۔ کم عقل۔

حَویلی:- (مو) چار دیواری کا مکان۔ محلسرا۔ بڑا اور پختہ مکان۔ گھر۔ خانہ۔

حَیّ:- (ع) زندہ۔ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔

حَیا:- (مو) لاج۔ شرم۔ حجاب۔ غیرت۔ لحاظ۔ حیادار۔ غیرت مند۔ لحاظ والا۔ حیا آنکھوں سے دھو ڈالنا۔ دیدہ دلیل ہو جانا۔ حیا والا اپنی حیا سے ڈرا۔ بے حیا نے جانا مجھ سے ڈرا۔ پاجی سے اچھا برتاؤ اسے شیر کرتا ہے۔

حَیات:- (مو) زندگی۔ جان۔ حیاتِ مستعار۔ چند روزہ زندگی۔ عارضی۔

حَیاتِین:- (ع۔ مو) وٹامین۔ غذا کے حیات بخش جوہر۔ تحلیل کے لحاظ سے حیاتین دو طرح کی ہیں پہلی وہ جو پانی میں حل ہو جاتی ہے۔ دوسری وہ جو روغن یا چربی میں حل ہونے کے قابل ہیں۔ پہلی میں وٹامن بی اور سی دوسری میں اے ڈی اور ای۔

حَیثیت:- (مو) بساط۔ مقدرت۔ مالیت۔ عزت آبرو۔ حیثیتِ عرفی (مو) مانی ہوئی عزت۔ ساکھ۔ اعتبار۔

حَیدَر:- (مذ) حضرت علیؓ کا لقب۔

حَیران:- ہکا بکا۔ متحیر۔ حیرت زدہ۔ پریشان۔ متعجب۔ حیرت۔ اچنبھا۔ تعجب۔ حیرت زدہ۔ بھونچکا۔

حَیص بَیص:- (مو) شور و غوغا۔ لڑائی جھگڑا۔ تکرار۔ تردد۔

حَیز:- (مذ) ہر چیز کا اصلی مرجع و مرکز۔ حد و مکان۔ (حیزِ بیان سے باہر ہے)

حِیز:- مخنث۔

حَیض:- (مذ) وہ خون جو عورتوں کو ہر مہینے آتا ہے۔ کپڑے۔ ایامِ ماہواری۔ حیض کا لتہ (مذ) حیض کی گدی نہایت ذلیل۔ بے قدر۔ قابلِ نفرت۔ حیض کا بچہ (مذ) حرامی۔ حرام۔ ولد الزنا۔ شریر۔ حرام زادہ۔

حیطہ:- (مذ) احاطہ۔ چار دیواری۔

حَیف:- (مذ) دریغ۔ افسوس۔ ہائے ے میر

کھیل بچوں کا سمجھتے تھے محبت کے تئیں
ہے بڑا حیف ہمیں اپنی بھی نادانی کا

حِیَل:- (ع۔ مذ) حیلہ کی جمع۔ حیل حجت۔ تکرار۔ جھگڑا۔ حیلہ (مذ) بہانہ۔ مکر و فریب۔ دھوکا۔ روزگار۔

دام - ڈوری (بڑے لڑکے کو بھی کہیں حیلے سے لگا دو) حیلہ باز۔ حیلہ ساز - حیلہ گر - مکار - فریبی - دغاباز - کام چور۔ حیلہ حوالہ (مذ) ٹال مٹول، لیت و لعل - آلا بالا - حیلہ کرنا - بہانہ کرنا - فریب کرنا - روزگار کرنا - حیلے رزق بہانے موت - رزق اور موت دونوں کو ذرا سا بہانہ چاہیے - اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص ادنیٰ سی بیماری سے مرجائے یا کسی کو تھوڑی سی کوشش سے بہت سا رزق مل جائے۔

حینِ حیات (مو) تمام عمر - عمر بھر - جیتے جی۔

حیوان: (مذ) جاندار - نادان - بیوقوف - وحشی - حیوانِ مطلق (مذ) جانور - بے سلیقہ - حیوانِ ناطق (مذ) آدمی - انسان - حیوانی - انسانی کے خلاف - شہوانی - نفسانی - حیوانیت (مو) وحشت - نادانی - بے شرمی - بے حیائی - بے وقوفی۔

خ

خ: (خے - مو) اُردو اب ت کا دسواں حرف - اس کے اعداد ابجد کے حساب سے چھ سو ہوتے ہیں۔

خاتم: (ع - مذ) ختم کرنے والا - اخیر یا انجام کو پہنچانے والا۔ خاتم الانبیا (مذ) تمام نبیوں کی نبوت ختم کرنے والے آخری پیغمبر حضرت محمد صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم - خاتمہ (مذ) انجام - اخیر - نتیجہ - موت - انتقال - وہ عبارت جو اختتام کتاب پر لکھی جائے - خاتمہ بالخیر (مذ) انجام نیک - اخیر وقت ایمان کی سلامتی اور دینداری کے ساتھ گزرنے کی دعا - خاتمہ بخیر ہونا - انجام بخیر ہونا ؎ انیس

جب خاتمہ بخیر ہوا فوج شاہ کا

خاتمہ ہونا - انجام کو پہنچنا - تمام ہو جانا - مرجانا - فوت ہونا۔

خاتَم: (ع - مو) انگوٹھی - مہر - چھاپ - خاتم - آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا لقب - اس مناسبت سے کہ آپ کی پشت مبارک پر مہر نبوت تھی - خاتم بندی یا خاتم کاری (مو) ہاتھی دانت - اونٹ کی ہڈی یا لکڑی وغیرہ پر گلکاری - خاتمِ سلیمان (مذ) حضرت سلیمان کی انگوٹھی جس پر اسم اعظم کندہ تھا اور اس کی برکت سے تمام مخلوقات (جن و انس و وحوش و طیور) آپ کے پیرو تھے ؎ محسن

خاتم پہ لکھے ہوئے سلیماں　　نقش تسخیر جن و انساں

خاتون: (ت) امیر گھر کی عورت کا لقب - بیگم - ملکہ - بی بی - بیوی - امیرزادی - خاتونِ جنت - جنت کی شہزادی حضرت فاطمہ علیہا السلام کا لقب جو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی صاحبزادی اور حضرت علیؑ کی زوجہ تھیں - خاتونِ عرب (مو) الکعبہ - بیت اللہ - خواتین جمع۔

خادِم: (ع - مذ) خدمت کرنے والا - نوکر چاکر - خدمتگار - کسی درگاہ یا معبد کی خدمت کرنے والا - مجاور - متکلم اپنے لیے (کسرِ نفس سے) کہتا ہے ؎ انیس

خادم کو کوئی امن کی اب جا نہیں رہی

خادمِ درگاہ (مذ) مجاور - ملازم آستانہ۔

خار: (ف - مذ) کانٹا - پھانس - مرغ کے پاؤں کا کانٹا - حسد - رشک - داڑھی کے بال - ناگوار - دوبھر ؎ شوق

وہاں میرا جلنا ہے قاضی کو خار
لہو پی کے دم لیں جو ہو اختیار

خاربست - خاربند - کانٹوں کی باڑھ - خارپشت (مذ) ساہی - ایک قسم کا کانٹوں والا جانور جو اکثر جنگل میں رہتا ہے - جنگلی خاردار چوہا - بیٹھے بٹھانے کا آہنی آلہ - خار خار (مذ) بے چینی - پریشانی - بیکلی - خفت رنج - حسد یا رشک - خاردار - کانٹوں والا - ڈاڑھی والا - خار کھانا - حسد کرنا - جلنا - دشمنی کرنا - خار گزرنا یا لگنا یا ہونا - کھٹکنا - ناگوار ہونا - خاروخس (مذ) کوڑا کرکٹ۔

خارا: (ف - مذ) سخت پتھر - نیلا پتھر - خارا شگاف - پتھر میں شگاف ڈالنے والا۔

خارِج: (ع) نکالا ہوا - علیحدہ - خارج از اختیار - اختیار سے باہر - خارج از بحث - حد سماعت سے باہر - خارج از عقل - عقل کے خلاف - احمق - گاؤدی - خارج قسمت (مذ) وہ عدد جو مقسوم کو مقسوم علیہ پر تقسیم کرنے سے حاصل ہو - حاصل قسمت - خارج کرنا - نکالنا - باہر کرنا - علیحدہ کرنا - مقدمے کو قابل سماعت نہ سمجھنا - خارج ہونا - نکلنا - باہر ہونا - جدا ہونا - مقدمے کا ڈسمس ہونا - خارجہ (مذ) باہر کا - داخلے کی ضد - خارجی (جیسے زاویہ خارجہ) خارجی (مذ) بے ایمان - دین ایمان سے نکلا ہوا - مسلمانوں کا وہ فرقہ جو حضرت علیؑ کو خلیفہ برحق نہیں مانتا۔

خارِش
خارِشت: (ف - مو) کھجلی - کھاج - ایک سوداوی مرض جس سے تمام جسم چھل جاتا اور کھجلاتا ہے - خارشی - کھجلی والا - وہ شخص جسے خارش ہو - خارشی کتیا مخمل کی جھول - بدصورت خوش پوشاک

آدمی -

خارقِ عادات :- (ع - مذ) عادتوں کے خلاف - معجزے اور کرامات -

خازِن :- (ع) خزانچی

خاستائی :- (ا - مذ) کبوتر کا ایک رنگ -

خاشاک :- (ف - مذ) کوڑا کرکٹ -

خاص :- (ع) مخصوص - نِج کا - ذاتی - اپنا - صرف - فقط - (یہ خاص آپ کی عنایت ہے) عُمدہ - منتخب - ٹھیک ٹھیک (جیسے یہ خاص اُردو ہے) مرغوب - پیارا - چاہیتا - خاص بازار - شاہی بازار - وہ بازار جو بادشاہ کے دَرِ دولت کے سامنے ہو - خاص بَردار (مذ) ایک قسم کے سپاہی جو امرائے سلطنت کی سواری کے آگے کندھوں پر بندوقیں رکھ کر چلتے تھے - بندوقچی سپاہی - خاص تحصیل (مو) وہ تحصیل جس میں حاکمِ ضلع یا حاکمِ صوبہ کا اجلاس ہوتا ہے - خاص تراش (مذ) امیروں کا حجام - بادشاہ اور امیروں کی حجامت بنانے والا - خاص دان (مذ) گلوریوں کے رکھنے کا ظرف جو گنبد نما ہوتا ہے - گلوری دان - خاص کر - بالخصوص - خصوصاً - خاصگی (مذ) بادشاہ اور امراء کا مصاحب - رسالدار - خزانچی (مو) مالک کی مدخولہ لونڈی - ہر عُمدہ چیز - خاص نویس - ذاتی منشی - نِج کا منشی - پرائیویٹ سیکرٹری - خاص و عام (مذ) چھوٹے بڑے - امیر و غریب - تمام - سب - خاصا (مذ) خوب اچھا - موزوں - خوش نما - بُرا نہ بھلا - درمیانی - متوسط - خاصہ (مذ) بادشاہوں یا امیروں کا کھانا یا اُن کی سواری کا گھوڑا - ایک قسم کا کپڑا جو سفید سوت کا ہوتا ہے - خاصی - اچھی - عُمدہ - بُری نہ بھلی - متوسط درجے کی - امرا و حکام کی مخصوص بندوق (مو) زناخی -

خاصَّہ :- (ع - مذ) عادت - خصلت - خصوصیت - خو - طبیعت - معنیٰ - خاصیت (مو) مزاج - طبیعت - خصلت - عادت - اثر - تاثیر -

خاطِر :- (ع - مو) وہ جو دل میں گزرے - دل - مَن - دھیان - (وہ کسی کو خاطر میں نہیں لاتا) قصد - ارادہ - مرضی - خوشی - پاس و لحاظ - تواضع - آؤ بھگت - طبیعت - مزاج ؎

پھندے میں مگر خاطرِ آزار نہ ہوئی امیر

لیے - واسطے - پاسداری - طرف داری - خاطر آشفتہ - پریشاں خاطر - خاطر آزردہ - رنجیدہ - ناراض - دل آزردہ - ملول - کبیدہ خاطر - خاطر جمع (مو) دل جمعی - اطمینان - تسلی - تسکین - خاطر خواہ - موافق طبع - حسبِ دلخواہ - خاطر داری (مو) تواضع - مدارات - مہمان نوازی - خاطر میں نہ لانا - خیال نہ کرنا - عزت نہ کرنا - بات نہ پوچھنا - خاطر نشان ہونا - اطمینان ہونا - تسکین ہونا - خاطر جمع ہونا - دل میں بیٹھ جانا -

خاطِف :- (ع) اچک لے جانے والا (جیسے برقِ خاطف)

خاطی :- (ع) بالارادہ خطا کرنے والا - گنہ گار -

خاقان :- (ف - مذ) سلطان - بڑا بادشاہ - چین اور ترکستان کے بادشاہوں کا لقب -

خاک :- (ف - مو) مٹی - دھول - گرد - راکھ - خاکستر - زمین - ہیچ - بے وقعت - کچھ نہیں - بالکل نہیں - کیا - کس طرح - کس لیے ؎ آتش

تا حال وہ غبارِ دلِ یار ہے سو ہے
خاطر سے اپنی دور ہو گردِ ملال خاک

مٹی - خمیر ؎ انیس

جنگل وہی بھایا تمھیں تھی خاک جہاں کی

کچھ ؎ غالب

میخانۂ جگر میں یہاں خاک بھی نہیں

خاک اڑانا - گرد اڑانا - بدنام کرنا - آوارہ پھرنا - سوگ کرنا - خاک اڑاتے پھرنا - تباہ آوارہ پھرتے - خاک انداز (مذ) کوڑا ڈالنے کا برتن - خاک بازی (مو) کھیل کود - خاک برسنا - ریت اڑانا - ویرانی برسنا - خاک بسر - پریشان حال - خراب و خستہ - سوگوار - خاک پا (مو) پاؤں کے نیچے کی مٹی - خاک پاک - کربلا کی مٹی - قبر امام حسینؑ کا غبار یا مٹی - خاک پھانکنا - آوارہ پھرنا - جھوٹ بولنا - خاک پتھر - کیا - کچھ بھی نہیں ؎ ہم دکھائیں یار کا جلوہ ادھر آئیں کلیم

طور سے وہ پھر سے کیا خاک پتھر دیکھ کر

خاک تودہ (مذ) بچوں کا کھیل - مٹی کا تودہ جو نشانہ بازی کی مشق کے لیے بناتے ہیں - خاک تودہ بنا دیا - جو بُرائی ہوئی میرے سر تھوپ دی - خاک چاٹ کر بات کہنا - عجز و انکسار کرکے کچھ کہنا - دعوے کی بات عجز کے ساتھ ظاہر کرنا ؎ رنگین

کرتی ہے ڈومنی بنا کر کا سری جہان
بگڑے خاک چاٹ کے وان کان ڈومنی

خاک چھاننا - نہایت تلاش کرنا - آوارہ پھرنا - تباہ و برباد ہونا - خاک دان (مذ) مٹی اور کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ - دنیا - خاک دھول (مو) کچھ نہیں - خاک ڈالنا - دبانا - چھپانا - توجہ نہ کرنا - خیال نہ کرنا - خاک روب (مذ) جاروب کش - مہتر - بھنگی - حلال خور - خاک سار - مٹی میں ملا ہوا - عاجز -

اظہار فروتنی کے لیے کہتے ہیں - خاکساری (مؤ) عجز - وانکسار - عاجزی - غریبی - خاک سیاہ ہو جانا - جل کر راکھ ہو جانا - تباہ و برباد ہو جانا - خاک سے پاک کرنا - ذلیل سے عزیز - حقارت سے سربلندی تک پہنچانا - خاک شفا (مؤ) شفا بخشنے اور تندرست کرنے والی مٹی - شہدائے کربلا کے مدفن کی مٹی - خاک کا پتلا (مذ) آدمی - مشت خاک - خاک کا پیوند ہونا - زمین میں دفن ہونا - خاک میں ملنا - خاک کرنا - جلا کر راکھ کرنا - اڑ جانا - تباہ کرنا - خاک سے ڈالنا - اپنے مطلب کے لیے (ہا) کسی کے ہاں جانا - خاک میں ملانا - برباد کر ڈالنا - اجاڑنا - خراب کرنا - ناپید کرنا - پامال کرنا - خاک میں مل جائے - مر جائے - دفن ہو جائے - خاک ہٹے - خشکی کا وہ تنگ قطعہ جو دو بڑے خشکی کے قطعات کو ملائے - خاک نہ دھول بکائن کے پھول - نکما اور بیکار ہے [illegible] ہے اور کچھ بھی نہیں - خاک نہیں - کچھ نہیں - ذرا نہیں - خاکستر (مذ) راکھ - جلی ہوئی چیز کی بھبوت - خاکش بدہن - اس کے منہ میں خاک - کسی نے کوئی بری بات کہی تو اس کے متعلق کہتے ہیں اس کا شگون نہ ہو - خاکم بدہن - میرے منہ میں خاک - جب اپنے منہ سے کوئی بدشگونی کی یا بری بات نکل جائے تو کہتے ہیں - خاکی - خاک کی پیدائش - خاک آلودہ - مٹیالا - خاک کے رنگ کا کپڑا - مٹیلے رنگ کی وردی (مذ) فقیروں کا ایک فرقہ جو خاکی شاہ کا پیرو ہے - خاکی انڈا (مذ) وہ انڈا جو مرغی جفتی کے بغیر خاک میں لوٹ کر دے - ہوائی -

خاکشی (ف - مؤ) خاکستر - خوب کلاں - ایک خودرو گھاس کا بیج - اُردو میں یہ مستعمل ہے -

خاکہ (ف - مذ) بچال - چاک سے نقشہ وغیرہ کا نشان اتار - ڈھانچا - نقشہ - چربہ - ڈول - مسودہ جو درست کیا جائے یا لفظوں میں درج کر لیا جائے - **خاکہ** اتارنا - مسودہ کرنا - کچا نقشہ بنانا - کسی کی روش پیدا کرنا - خاکہ اڑانا - نقل اتارنا - نقشہ کھینچنا - بدنام کرنا - نام اچھالنا - ڈھنگ اڑانا - سو کسکت - خاکہ کھینچنا - نشان ڈالنا - مسودہ کرنا - خاکہ اڑانا - کسی کی تصویر لفظوں میں ادا کر دینا -

خاگینہ (ف - مذ) پکے ہوئے انڈے - انڈوں کا سالن - تلے ہوئے انڈے اور کتری ہوئی پیاز ملا کر قیمہ کی طرح پکایا ہوا سالن -

خال (ع - مذ) وہ قدرتی سیاہ نقطہ جو چہرے یا جسم پر ہوتا ہے - دو رنگا کبوتر - سفیدی کے ساتھ اور رنگ ملا ہوا کبوتر - کاجل کا وہ نشان جو زنانی خاص لنظر بد کے دفعیہ کے لئے چہرہ پر لگا لیتے ہیں (ع) ماموں - خالو - خال خال جو بڑھا مشہ ہوا - ہر چیز حد سے بڑھ کر دنا

ہو جاتی ہے - خال خال - کم کم - اکا دکا - بعض بعض - کوئی کوئی ے شمیم

وہ رُخ پہ بیشمار سی بال خال خال
وہ ریش خال خال کہ گنتی کا بال بال

خالا (لہ) (ع - مؤ) خالو کی بیوی - ماں کی بہن - خالا (ابچی) - خالا زاد بھائی - خالہ کا بیٹا یا لڑکی - خالہ (جی) کا گھر - (ایسے - نہیں جیسے سمجھا ہے) آسان کام - اپنی جگہ - خالہ علمی وال بکائی دھلہ علی - مہمان داری نہ کی - خالہ کا بھتیجا - کسی شخص کو خاص کر خالہ زاد بھائی کو حقارت سے کہتے ہیں - (ع) " خاک پڑے اس مدرس پر میاں کون خالہ کا بھتیجا لگتا ہے " (ادب داستان) خالہ کا دم اور کوا اڑوں کی جوڑی - تنہائی - کس مپرسی کا عالم -

خالص (ع) وہ چیز جس میں میل نہ ہو - کھرا (خالص گھی) - خالصہ - سرکاری زمین جس میں کسی اور کا حق نہ ہو - سکھ - ذی عزت سردار - خالصے لگنا - ضبط ہونا - ضائع ہونا - برباد ہونا -

خالق (ع - مذ) پیدا کرنے والا - خدا -

خالو (مذ) خالہ کا خاوند - ماں کی بہن کا شوہر - خالہ (مؤ) ماں کی بہن - خالہ جایا - خالہ کا بیٹا - خالہ زاد - خالہ جی کا گھر نہیں - آسان کام نہیں - معمولی بات نہیں - خالہ زاد - خالہ کی اولاد - خالہ کی غل بچی - حقارۃً خالہ کی بیٹی -

خالی (ع) بھرا کی ضد - کھوکھلا - صرف - محض - اکیلا - تنہا - بے کار - نکما - بے روزگار - غیر مقبوضہ - غیر آباد - سونا - چاند کا گیارھواں مہینہ - ذی قعدہ ے

کھینچتے ہی تیغ جلوۂ مہتاب ماند تھا
تیغ اک حرف نیا رہی خالی کا چاند تھا ے شمیم

فارغ - بے مشغلہ (اس وقت تم خالی ہو ہمارا تھوڑا سا کام کر دو) خالی پھرنا - محروم واپس جانا یا آنا - خالی پیٹ - نہار منہ - خالی پیٹ گناری مارنا - بھوک کی حالت میں لڑنا - خالی جانا - نشانے پر نہ بیٹھنا - بندوق کا خطا کرنا - گولی نہ لگنا - بے نتیجہ ہونا - ناغہ ہونا - بے اثر ہونا - خالی خربطی پوری فضیحتی - جب جیب میں کچھ نہیں ہوتا تو ذلت ہی ہوتی ہے - خالی خولی - خالی - بلا سبب - بیکار - ے ظریف

مری آہوں کی توپوں کا وہ خالی خولی سر ہونا
وہ ان کا ڈاٹ صاحب کی طرح غیروں کے گھر ہونا

خالی دینا - حریف کی ضرب بچا جانا - **خالی سے بیگار بھلی** - بیکار بیٹھنے سے کسی کا کام مفت کرنا اچھا - **خالی کا چاند یا مہینا** - (مذ) ماہ ذی قعدہ - **خالی گھر دیوانی بیوی** - بے خیال بے عصمت گھر والی سے خطرہ ہے - **خالی ہاتھ** - مفلس - نادار - بہت غریب - **خالی ہاتھ آنا، جانا پھر** - بغیر لیے دیے آنا، جانا پھرنا - ج "لو بھلا اپنے بچوں کو خالی ہاتھ دیکھنے کیسے آؤں" "محمدی بیگم"

سے دل پر داغ عاشق نے چلا اُن کے کوچے میں
ندامت ہوگی! خالی ہاتھ کیا پہلے بھل جائے

خام :- (ف) کچا - ناپختہ - کمزور - ناتجربہ کار - بند - سربستہ (جیسے منہ خام کرنا) خالص - کھرا - (جیسے سیم خام)

خام پارہ - چھنال - فاحشہ (مو) ایک قسم کی چھوٹی توپ - **خام خیالی** (مو) غلط گمان - جھوٹا خیال - وہم - **خام کار** - غلط کار - گنہ گار - **خام کرنا** - بند کرنا - آٹا لگا کر ہانڈی کا منہ بند کرنا - **خام کو کام سکھا لیتا ہے** - ناواقف آدمی تجربے سے مشاق ہو جاتا ہے - **خامی** (مو) نقص - کمی - ناتجربہ کاری -

خاموش :- چپ - ساکت - مجازاً فکر مند - **خاموشی** - (مو) سکوت -

خامہ :- (ف - مذ) قلم - کلک - **خامہ فرسا** - لکھنے والا - **خامہ فرسائی** (مو) لکھنا -

خان :- (ت - مذ) سردار - پٹھانوں کا لقب - **خان بہادر یا خان صاحب** - وہ عزت کا خطاب جو سرکار کی طرف سے کسی خاص عہدے کے لحاظ سے دیا جاتا تھا - **خانخاناں** - مغلیہ حکومت میں سپہ سالار کا لقب ہوتا تھا عموماً بیرام خاں اور اس کے بیٹے عبد الرحیم خاں کے لیے مستعمل ہے - **خانخاناں کھانے میں بطانہ** - اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی شخص پوشیدہ طریق سے کسی پر احسان کرے (خانخاناں جب کسی ضرورت مند کو کھانا بھیجتا تھا تو اس میں روپیہ یا اشرفی چھپا دیتا تھا)

خاندان :- (ف - مذ) گھرانا - نسل - قبیلہ - کنبہ - **خاندانی** - نسبی - عمدہ نسل کا - قدیمی شریف -

خانساماں :- (ف - مذ) گھر کا سامان کرنے والا - میر ساماں - داروغہ - کھانا پکانے والا - خدمتگار -

خانقاہ :- (ت - مو) درویشوں اور مشائخ کے رہنے کی جگہ -

خانگی :- (ف) گھریلو - گھر کا - نجی کا - ذاتی - خاص اپنا - پوشیدہ طور پر پیشہ کرنے والی برقعہ پوش عورت - **خانگی جھگڑا** (مذ) خانگی فساد - آپس کا جھگڑا -

خانم :- (ت - مو) اعلیٰ خاندان کی عورتوں کا لقب - امیر زادی - بیوی - وہ عورت جو قوم کی پٹھانی ہو -

خانوادہ :- (ف - مذ) خاندان - مشائخ یا درویشوں کا وہ خاندان جس سے انھیں توسل ہو - فقرا کا سلسلہ -

خانماں :- (ف - مذ) گھر کا اسباب - اثاث البیت - **خانماں خراب** - تباہ و برباد آدمی - برگشتہ -

خانہ :- (ف - مذ) گھر - مکان - کبوتروں یا مرغیوں کے رہنے کا دڑبہ - کابک - صندوقچہ کے اندر کا گھر - شطرنج کے مہرے کا گھر - پیٹ یا شکم (خانہ کا فرق یا خانہ کا ایک ہونا یعنی ماں کے پیٹ کا ایک ہونا) **خانہ آباد و دولت زیادہ** - دعا - دولت وافر اور گھر بھرا رہے - نیز تم اپنے گھر خوش رہو ہم اپنے گھر خوش - **خانہ باغ** (مذ) مکان کے اندر کا باغ - **خانہ بدوش** - آوارہ - پریشان - وہ شخص جو ایک جگہ گھر بسا کر نہ رہے - وہ قوم یا آدمی جن کا خاص کوئی ٹھکانا ہو - **خانہ بر انداز** - گھر بار اجاڑ دینے والا (کنایتہً) معشوق سے

گل پھینکے ہے غیروں کی طرف اور ثمر بھی
اے خانہ بر انداز چمن کچھ تو ادھر بھی
"سودا"

خانہ بربادی (مو) بیوی کا مر جانا - گھر یا خاندان کی تباہی - **خانہ پُری** (مو) سرکاری مقررہ نقشوں کو پُر کرنا - نقشہ بھرنا - صرف فرض ادا کرنے کے لیے کوئی کام کرنا - **خانہ تلاشی** (مو) کوئی چیز ڈھونڈنے کے لیے سارا اسباب الٹ پلٹ کر دینا - گھر کی تلاشی - **خانہ جنگی** (مو) گھر کی لڑائی - آپس کی لڑائی - دنگا فساد - جھگڑا - **خانہ خدا** (مذ) عبادت گاہ - مسجد وغیرہ - **خانہ خراب** (مذ) رنڈوا شخص جس کی بیوی مر چکی ہو - اجڑا ہوا - تباہ و برباد - آوارہ گرد - بدوضع - ہرجائی - **خانہ خمار** (مذ) شراب خانہ - میخانہ - بھٹی - **خانہ داری** (مو) گھر کے معاملات - گھر کا کام کاج - گرہستی - **خانہ زاد** (مذ) گھر کا پیدا شدہ غلام - لونڈی کا بچہ - پرستار زادہ - **خانہ ساز** - گھر کی بنی ہوئی چیز - **خانہ کوچ** - گھر بھر کے ساتھ سفر - **خانہ نشین** - گھر میں بیٹھنے والا - گوشہ نشین - بیکار معطل -

خاور :- (ف - مذ) مشرق - پورب - بعض دفعہ مغرب کے معنی میں بھی بولتے ہیں -

خاوِند :- (ا - مذ) آقا - مالک - شوہر - گھر والا - پتی - **خاوند کرنا** - عورت کا خود کسی سے بیاہ کر لینا - **خاوندی** (مو) بندہ نوازی - پرورش - عنایت -

خائف :- (ع) ڈرنے والا - ڈرپوک - ترساں -

خائن :- (ع) بددیانت - خیانت کرنے والا -

خایہ :- (ف - مذ) مرغ کا انڈا - خصیہ - فوطہ - عضو تناسل -

خباثت :- (ع - مو) پلیدی - ناپاکی - گندگی - بدباطنی - شرارت - **خبث** (مذ) پلیدی - گندگی

خدا کو ایک دن منہ دکھانا ہے۔ مرنا ہے۔ اچھائی یا بُرائی کرتے وقت۔ خدا کو کیا جواب دوگے۔ عمل بد سے روکنے کے لیے۔ تنبیہ کے موقع پر۔ خدا کو کیا منہ دکھاؤگے قیامت میں اپنے اعمال بد کے ساتھ کیسے جاؤگے۔ روزِ جزا کا خیال کرو۔ خدا دیتا ہے تو چھپر پھاڑ کر دیتا ہے۔ خدا چاہتا ہے تو بے سبب بھی دے دیتا ہے۔ خدا دے کھانے کو بلا جائے کمانے کو۔ مُفت ملے تو محنت کیوں کریں۔ کاہلوں کی کہاوت یا ان پر طنز۔ خدارا۔ خدا کے لیے۔ خدا رسیدہ۔ نیک۔ پرہیزگار۔ ولی۔ خدا رکھے۔ جب کسی زندہ شخص کا ذکر کرتے یا اپنے کسی عزیز کی نسبت میں کسی سے بیان کرتے ہیں تو اول یہ لفظ زبان پر لاتے ہیں کہ خدا اسے زندہ رکھے۔ خدا درمیان ہونا۔ خدا کا فیصلہ کرنا۔ خدا کی مرضی سے ہونا ؎ آتش

صورت کوئی صفائی کی اب اے صنم نہیں

جب تک ہمارے تیرے خدا درمیاں نہ ہوتا

خدا سر پر دو سینگ دے وہ بھی سہے جاتے ہیں جو بھی مصیبت آتی ہے وہ بھگتنا پڑتی ہے۔ خدا سلامت رکھے۔ (دعا) خدا جیتا رکھے۔ بعض اوقات طنزاً بھی کہا جاتا ہے جہاں مدح کی بجائے مذمت کرنا ہو۔ لہجے سے معنی کا فرق ظاہر ہوتا ہے۔ خدا سمجھے۔ خدا اسے سزا یا بدلہ دے۔ خدا سے پھرنا۔ کافر ہونا۔ خدا سے ڈرو۔ خدا کا خوف کرو۔ توبہ کرو۔ بُرے کاموں سے باز آؤ۔ ایسی بات مت کہو۔ ایسا کام نہ کرو۔ خدا سے لو لگنا۔ خدا کی طرف دھیان بندھنا۔ حالت نزع میں ہونا۔ خدا شکر خورے کو شکر ہی دیتا ہے۔ خدا ہر شخص کو اس کے حوصلے کے مطابق دے دیتا ہے۔ خدا شناس۔ خدا کو پہچاننے والا۔ نیک۔ بزرگ۔ اللہ والا۔ خدا قد دیکھ کے جامہ قطع کرتا ہے۔ خدا جسے جو دیکھتا ہے وہ اس کے لیے بالکل ٹھیک ہوتا ہے۔ خدا جسے شوہر دیتا ہے وہ دونوں کے مزاج موافق۔ خدا کا دیا سر پر۔ ہر حالت میں صبر و شکر کرنا چاہیے۔ نیز چاند کی ہیلی ہے۔ یعنی خدا کا چراغ سر پر ہے۔ خدا غارت کرے (دعائے بد) خدا تباہ کرے۔ خدا کھو دے۔ خدا کا قہر ٹوٹے۔ خدا کا غضب نازل ہو۔ خدا کا کارخانہ (مذ) دنیا کا انتظام۔ خدا کا گھر۔ خانۂ خدا۔ مسجد۔ خدا کا نام لو۔ اللہ اللہ کرو۔ سچ بولو۔ انصاف کرو۔ خدا کی باتیں خدا ہی جانے۔ خدائی صنعتوں کو کون سمجھ سکتا ہے۔ خدا کی باتیں ہیں۔ محل تعجب ہے اللہ کی شان ہے۔ خدا کے پاس جانا۔ مرنا۔ انتقال کرنا۔ خدا کی پناہ۔ معاذ اللہ۔ خدا بچائے۔ تعجب در اظہار کثرت کے موقع پر بھی بولتے ہیں۔ خدا کی دین (مو) خدا کی عنایت بخشش الٰہی۔ خدا کی راہ کا سودا (مذ) کسی کا کام خدا کی خوشنودی کے لیے پورا کرنا۔ ثواب کا کام۔ خدا کی سنوار۔ خدا تجھے عقل دے۔ تجھے خدا سمجھے۔ خدا سزا دے۔ خدا کی مرضی (مذ) اللہ کی مصلحت۔ صدمے۔ موت یا غم کے وقت کلمۂ افسوس۔ خدا کے حوالے (ملک) خدا حافظ۔ رخصت کرتے وقت کی دعا۔ خدا کے گھر جانا۔ مرنا۔ انتقال کرنا۔ خدا کے گھر سے پھرنا۔ مرتے مرتے بچنا۔ سخت مہلک بیماری سے نجات پانا۔ خدا کی لاٹھی میں آواز نہیں ہوتی۔ خدا فوراً سزا نہیں دیتا۔ یکایک اس کا عذاب نازل ہو جاتا ہے۔ جبکہ بندہ غفلت میں پڑا ہوتا ہے۔ خدا کی مار۔ خدا کا غضب۔ غیب کی سزا۔ خدا گنجے کو ناخن نہ دے (کہ اپنا گنج کھجائے) خدا کم حوصلہ اور کم ظرف آدمی کو ذی اختیار نہ کرے۔ خدا لڑائی رات کرے بچھڑائی نہ کرے۔ غم فراق کی مصیبت میدان جنگ سے بھی زیادہ سخت ہے۔ خدا لگتی کہنا۔ سچ کہنا۔ انصاف کی کہنا۔ طرف داری نہ کرنا۔ خدا پر یا چھوڑے۔ کچھ ہی ہو ہرچہ بادا باد۔ خدا معلوم۔ نہ جانے اللہ جانے ؎ شاد

اسیر جسم ہوں میعاد قید لا معلوم

یہ کس گناہ کی پاداش ہے خدا معلوم

خدا مہربان تو جگ مہربان۔ خدا کی عنایت ہو تو سبھی خیرخواہ بن جاتے ہیں۔ جدھر رب ادھر سب۔ خدا نخواستہ۔ خدا نہ کرے۔ خدا ایسا نہ کرے۔ لوح۔ مبادا۔ ایسا نہ ہو۔ خدا نخواستہ۔ خدا واسطے۔ بے سبب۔ ناحق۔ خدا واسطے کا بیر یا دشمنی (مو) ناحق کی دشمنی۔ بغض للّٰہی۔ خدا ہی خدا ہے۔ مشکل ہے امید نہیں شاید۔ خدا ہے۔ خدا حافظ ہے ؎ انیس

ہم پانی پئیں وہ نہ پئیں شرم کی جا ہے

حیوان نہ پیاسے رہیں بچوں کا خدا ہے

خُداوَند: (ف۔ مذ) مالک۔ صاحب۔ آقا۔ خداوند زادہ۔ صاحب زادہ۔ رئیس کا بیٹا۔

خُدائی: (ف۔ مو) دُنیا۔ خلق اللہ۔ خدائی خوار (مذ) آوارہ۔ خانہ خراب۔ ذلیل و رسوا۔ زمانہ بھر کا آوارہ۔ خدائی خوار گدھے سوار۔ خراب و خستہ۔ آوارہ و سرگرداں۔ خدائی رات (مو) رت جگا جس میں نذر نیاز کی جاتی ہے۔ خدائی کا جھوٹا۔ زمانے کا جھوٹا۔ فریبی۔ دغاباز۔ خدائی کا دعویٰ کرنا۔ غرور کرنا۔ تکبر کرنا۔ خدائی (بھر) کا فوجدار۔ بڑا لڑاکو۔ ہر معاملہ میں دخل دینے والا۔ خدایا۔ اے خدا۔ یا الٰہی۔ خدا یاد آنا۔ کمال مصیبت میں گرفتار ہونا۔ شان خدا کا جلوہ نظر آنا۔

خُدّام: (ع۔ مذ) خادم کی جمع۔ خدمت کرنے والے ملازمین

خُدایگاں: (ف۔ مذ) خداوند۔ مالک۔ آقا۔ شہنشاہ۔

خَدع: (ع - مذ) فریب دینا -

خُدکا: (ا) ُخشکا - بھنگ گھوٹنے کا آلہ -

خَدَم: (ع - مذ) خادم کی جمع - نوکر چاکر ؎ رشک
خوبی و ناز و ادا مانع خلوت ٹھہرے
جب وہ تنہا بھی رہے با خدم و چشم رہے

خِدَمات: (ع - مو) خدمت کی جمع - کارگزاریاں -
خدمت (مو) نوکری - چاکری - کار متعلقہ
سامنے - روبرو - پاس - خدمت سے عظمت ہے -
محنت و مشقت سے کامیابی ہوا کرتی ہے - کارگزاری سے مرتبہ
ملتا ہے - خدمتگار - خادم - نوکر - خدمتی - خدمتگاری -
(مو) نوکری پیشہ - ملازمت - خدمت گزار - خدمت ادا کرنے
والا - کارگزار - ملازم - خدمت منصبی (مو) فرض منصبی - کام متعلقہ
خدمتی - ٹہلوا - نوکر -

خَدنگ: (ف - مو) ایک قسم کا چھوٹا تیر - مطلق
تیر -

خَدیجہ: (ع - مو) رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی
پہلی بیوی -

خِدیو: (ف - مذ) خداوند - مصر کے بادشاہ کا لقب
- مطلق بادشاہ -

خذ ما صفا دع ما کدر: (ع) کسی مجموعے میں جو اچھا
ہو وہ اختیار کرو - جو
برا ہو اسے چھوڑ دو ؎ ذوق
مجھے آتا ہے رشک اس رند سے تا شام پر ساقی
نہ جو دع ما کدر رہ جائے نہ جو خذ ما صفا سمجھے

خَر: (ف - مذ) گدھا - خرِ دجال (مذ) دجال کی سواری کا وہ
گدھا جس پر وہ سوار ہو کر خروج کرے گا - خر خوش
نہ خاوند خوش - نالائق اور نکما آدمی ہے - خر دماغ - خارج
از عقل - بے وقوف - خرِ عیسےٰ - حضرت عیسےٰ علیہ السلام کا گدھا
جس پر سوار ہو کر آپ آتے جاتے تھے - (مثل) خرِ عیسےٰ اگر بمکہ رود
چوں بیاید ہنوز خر باشد - تربیت سے نااہل کی اصلاح
نہیں ہوسکتی - خرمستی (مذ) بدمستی - متوالا - نادمست
بے پروا - خرمستی (مو) گدھے کی سی مستی - شہوت پرستی - کود
پھاند - خروار (مذ) گدھے کا بوجھ -

خَراب: (ف) ویران - تباہ - برباد - اجڑا ہوا - ضائع
- بکار - برا - نکما - خستہ - پریشان -
خراب حال - پریشان - بدحال - خراب خستہ اناج سستا -
نہایت تباہ حال اور مفلس آدمی - خراب کرنا - برباد کرنا - اجاڑنا -
بگاڑنا - نکما کرنا - ویران کرنا - پریشان کرنا - زنا کرنا - کسی غیر
عورت سے فعل کرنا - خراب ہونا - برباد ہونا - اجڑنا - تنگ
ہونا - بگڑنا - حیران ہونا - پریشان ہونا - کسی کے ساتھ فعل بد
ہونا - مفت کا سفر ہونا جس میں مطلب بر نہ آئے - آوارہ ہونا -
بدچلن ہونا - خرابی (مو) تباہی - بربادی - مشکل - دقت - برائی
بدی - بگاڑ - خرابی کا دوڑنا - خرابی کے لچھن - خرابات -
(مو) جوئے خانہ - شراب خانہ - فحش کاری کا اڈا - بت خانہ -
خراباتی (مذ) شراب خور - جواری ؎ مؤلف
بادہ نوشی پہ نہ حرمت پہ نظر جاتی ہے
یہ خرابی بھی نہ سوجھی کہ خراباتی ہے
خرابہ (مذ) ویران مکان - کھنڈر - مجاز آقید خانہ ؎ نسیم
خرابے میں یہ عسرت گذرتی ہیں !
تمہاری لونڈی گھٹ گھٹ کے مرتی ہے بابا

خَرّاٹا: (ا - مذ) وہ آواز جو اکثر بلغمی مزاجوں کے حلق سے
سوتے وقت نکلتی ہے - خر خر - خرّاٹے لینا -
سونے میں خر خر کرنا - بے خبر ہو کر سونا -

خِراج: (ع - مذ) زمین کا محصول - خراج گزار (مذ) ماتحت
نواب یا بادشاہ - باج گزار -

خَراد: (ف - مذ) ایک آلہ جس سے لکڑی یا لوہا چھیل کر
درست، صاف اور گول بنایا جاتا ہے - خراد
پر چڑھنا یا اترنا - تیز - شوخ - لکڑی یا لوہے کا خراد پر
چڑھ کر صاف ہونا - ٹکسالی ہونا - چھیلنا - تجربہ کار ہونا - زمانے
کا سرد و گرم دیکھنا - خرادی - خراد کا کام کرنے والا -
خرادی مرادی - خود غرض - مطلبی -

خَراش: (ف - مو) بعض کے نزدیک مذ) رگڑ - چھلی

خَراطین: (ع - مذ) کیچوا جو پیٹ میں پڑ جاتا ہے اور چونے
کے ساتھ نکلتا ہے -

خُرافات: (ع - مو) بیہودہ باتیں - ہنسی کی باتیں - گالی
گلوچ - خرافات بکنا - گالی گلوچ کرنا -
واہی تباہی بکنا - مسخراپن کرنا -

خِرام: (ف - مذ) رفتار - ناز - وہ چال جو مٹک مٹک کر چلی
جائے - ناز و انداز کی ملائم اور نرم چال - خراماں
خراماں چلنا - مٹک کر چلنا - ناز و انداز سے چلنا - آہستہ آہستہ
چلنا - ناز دکھانا -

خُرانٹ: - تجربہ کار - بوڑھا -

خَرْبُزہ - خَرْبُوزہ: (ص - ف - مذ) ایک بڑا اور شیریں
مشہور پھل - خربوزہ چھری پر

گرے تو خربوزے کا ضرر - کمزور کی ہر طرح شامت ہے - خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے - صحبت کا بہت اثر ہوتا ہے - خربوزہ چاہے دھوپ کو - آم چاہے مینہ - ناری چاہے زور کو ، بالک چاہے نہہ - ہر ایک کو کوئی خاص چیز پسند ہے -

خُرجی :- (ف - مو) جھولا - زنبیل - وہ تھیلا جو ٹٹو کی پیٹھ پر ضروری اسباب کے لیے باندھ دیتے ہیں -

خَرچ :- (ف - مذ) صرف - آمد کی ضد - لاگت - روپیہ - زر - خرچ اٹھانا - صرف برداشت کرنا - خرچ بالائی - اُوپر کا خرچ - خرچ دینا - صرف کے لیے روپیہ دینا - مزدوری دینا - روزینہ دینا - خرچ روزمرّہ - مذ روزانہ خرچ - روز کا حساب - خرچنا - صرف کرنا - روپیہ اُٹھانا - خرچ کرنا - خرچہ (مذ) مقدمے کا صرف - لاگت صرف - (دینا - دلانا - پانا) خرچہ دلانا - از روئے انصاف مدعی یا مدعا علیہ کو ہارنے والے فریق سے جیتنے والے کو مصارف مقدمہ دلانا - خرچی (مو) زنا کی اُجرت - جان صاحب

زر دار ہوئیں خرچیوں میں مال کما کے

خَرچَنگ :- (ف - مذ) کیکڑا -

خَرخَر :- (ف - مو) خراٹے کی آواز - وہ آواز جو سوتے میں آدمی کے منہ سے آواز نکلتی ہے - وہ آواز جو گلا کٹنے کے وقت مقتول کے حلق بریدہ سے نکلتی ہے -

خُرخُر :- (مو) بلی کی آواز جو اکثر خود بخود نکلتی رہتی ہے -

خَرخَرا :- (ا) کھریرا - وہ آلہ جس سے گھوڑے کو کھجاتے ہیں -

خَرخَشہ :- (ف - مذ) لڑائی - جھگڑا - دنگا - فساد -

خُرد :- (ف) چھوٹا - کم عمر - خُردبین (مو) چھوٹی چیز کو بڑا دکھانے والا شیشہ - خُردسال - کم عمر - کم سن بچہ - خُردسالی (مو) بچپن - لڑکپن - کم سنی -

خِرَد :- (ف - مو) عقل - دانائی - سمجھ - خِردمند - دانشمند - دانا - عقل والا - خِردمندی (مو) عقلمندی - دانائی -

خُرداد :- (ف - مذ) شمسی سال کا تیسرا مہینہ -

خَردَل :- (ع - مو) رائی -

خُردہ :- (ف - مذ) ٹکڑا - پارچہ - ریزہ - بھوسی - جھڑن - ریزہ - ریزگاری - بیع و فروخت - خُردہ بین (مذ) عیب جو - نکتہ چیں - باریک بین - خُردہ فروش (مذ) بساطی - پرچون بیچنے والا - پھیری کر کے بیچنے والا - خُردہ کرنا - روپیہ بھنانا - فروخت کرنا - خُردہ گیری (مو) عیب گیری - نکتہ چینی - عیب جوئی -

خِرس :- (ف - مذ) ریچھ -

خُرطوم :- (ع - مو) ہاتھی کی سونڈ ؎ انیس

قرنا جو ایک دیو نے مُنہ سے لگائی تھی
خرطوم فیل مست نے گویا اُٹھائی تھی

خَرِف :- (ع) بوڑھا کھوسٹ - وہ شخص جو پیرانہ سالی سے بدحواس ہوگیا ہو -

خُرفہ :- (ف - مذ) ایک تخم ہے جو اکثر ٹھنڈائی میں ڈالتے اور سبزی کا ساگ بھی پکاتے ہیں -

خَرقِ عادت :- (ع - مذ) عادت اور قانون قدرت کے خلاف انوکھی بات - کرامت او معجزہ - خرق والتیام - فلسفے کی اصطلاح - پھٹنا اور پھر باہم ملنا - قدیم فلسفیوں نے جرم آسمان کی بحث میں اس کے خرق والتیام سے بھی بحث کی ہے -

خِرقہ :- (ع - مذ) پیوند لگا ہوا کپڑا - گدڑی - درویشوں کا لباس - خرقہ پوش - درویش - صوفی - خرقہ پہنانا / پہننا - کسی مرشد کا خلافت دینا (پانا)

خَرگاہ :- (ف - مو) بہت بڑا خیمہ - خیمہ شاہی -

خَرگوش :- (ف - مذ) گدھے کے سے کان والا چھوٹا سا جانور جسے بعض شوقین خوبصورتی کے لیے پال لیتے ہیں - بہت تیز دوڑتا ہے - مجازاً ہر تیز دوڑنے والا -

خُرّم :- (ف) خوش - شادماں - شاداب - سرسبز - تر و تازہ - خُرّمی مو تازگی - خوشی -

خُرما :- (ف - مذ) چھوہارا - کھجور - ایک قسم کی مٹھائی -

خِرمَن :- (ف - مذ) غلّے کا انبار جس میں سے بھُس نہ نکالا گیا ہو - کھلیان -

خَرمُہرہ :- (ف - مذ) کوڑی (ایک خرمہرہ بھی پاس نہیں ہے)

خُروج :- (ع) نکلنا - باہر آنا - حملہ - شورش - فتنہ - حکومت وقت کے خلاف بغاوت -

خُروس :- (ف - مذ) مرغا ؎ ناسخ

جزوی تتمہ

(بقیہ الفاظ)

حصہ ردیف میں حسب ذیل الفاظ کتابت کی غلطی سے رہ گئے تھے۔ لہٰذا بطور تتمہ شامل کئے جاتے ہیں۔

خرخر۔ (ا) خرخر۔ خراٹوں کی آواز۔
خراٹ۔ (ا) کھوسٹ۔ (ف) اصل میں صحیح لفظ خرانٹ ہے۔ لیکن بعض لوگ خراٹ بولتے ہیں۔
خرقہ۔ (ف) پشمینہ۔ کمبل۔ پوستین کا کپڑا۔ اس کی پگڑی باندھتے تھے۔
خز۔ (ف) خزمین کا مخفف۔ دیکھئے خزمین۔
خزاں دیدہ۔ خزاں رسیدہ۔ بے رونق۔ پت جھڑ۔ مایوس۔
خزیدن۔ (ف) بمعنی آہستہ چلنا۔ اس سے خزاں بمعنی پت جھڑ کا موسم۔ موسم بہار کا برعکس۔
خس۔ (ف۔ مذ) سوکھی گھاس۔ کوڑا کرکٹ۔ خاشاک۔ ایک خوشبودار گھاس کی جڑ۔ گرمی کے موسم میں جس کی ٹٹیاں بنتی ہیں۔
خسّ۔ (ع) کم درجہ۔ کمینہ۔ نالائق۔ کنجوس۔ حقیر۔
خس پوش۔ (ف) وہ چیز جو گھاس پھوس کے نیچے چھپا دی جائے۔
خس خانہ۔ خس کی ٹٹیوں سے گھرا ہوا مکان۔ جہاں خس کی ٹٹیاں چاروں طرف لگی ہوں۔
خس کم جہاں پاک۔ (ضرب المثل) نالائق آدمی کے کہیں چلے جانے یا مر جانے پر کہا جاتا ہے۔
خس کی ٹٹی۔ خس کی جڑوں سے بنا ہوا پردہ یا ٹٹی۔
خس و خاشاک۔ (ف) گھاس۔ کوڑا کرکٹ۔ بے کار۔ تنکے وغیرہ۔
خسارت۔ (ع) گھاٹا۔ نقصان۔ زیاں۔ گمراہی۔
خسارتِ جنگ۔ (ف) تاوان جنگ۔ لڑائی کا تاوان۔
خسارہ۔ (ع۔ مذ) نقصان۔ گھاٹا۔
خسارہ اٹھانا۔ نقصان اٹھانا۔
خسارہ دینا۔ تاوان دینا۔ بدلہ چکانا۔
خساست۔ (ع۔ مؤ) بخل۔ کنجوسی۔
خسان۔ (ف) کمینے لوگ۔
خسائت۔ (ع) کمینہ پن۔ چھچھورا پن۔ بخل۔
خساندن۔ (ف) مجروح کرنا۔ زخمی کرنا۔
خسانہ۔ (ف۔ مذ) پانی میں ملا کر چھان کر پینے کی دوا۔
خسیدن۔ (ف) ...
خشت۔ (ف)

خستہ خانہ۔ (ف) شفاخانہ۔ ہسپتال۔
خستگی۔ (ف۔ مؤ) شکستگی۔ تھکاوٹ۔ بدحالی۔ افلاس۔ تنگ دستی۔ مفلسی۔
خستن۔ (ف) زخمی ہونا۔ زخمی کرنا۔
خستہ۔ (ف۔ صفت) بدحال۔ ایک قسم کی گری جو بادام کی گری جیسی ملائم ہوتی ہے جیسے کی تلی ہوئی ٹکیاں۔ تھکا ہوا۔ سست۔
خستہ جگر۔ خستہ حال۔ خستہ دل۔ خستہ رو۔ پریشان۔ رنجیدہ۔ دل شکستہ۔
خسر۔ (ف۔ مذ) سسر۔ شوہر یا بیوی کا باپ۔
خسران۔ (ع۔ مذ) نقصان۔ گھاٹا۔
خسر پورہ۔ سسر کا بیٹا۔ بیوی کا بھائی۔ سالا۔
خسرو۔ (ف۔ مذ) خوبصورت۔ ہرمز کا بیٹا۔ نوشیرواں کا پوتا۔ جو شیریں کا عاشق تھا۔ خواجہ ابوالحسن امیر خسرو ہندی اور فارسی کے مشہور شاعر کا تخلص۔
خسروانہ۔ (ف۔ صفت) شاہانہ۔ بادشاہانہ۔ بادشاہی طریقے سے۔
خسروی۔ (ف۔ صفت) بادشاہی۔ خسرو سے منسوب۔
خسرہ۔ (ا۔ مذ) گاؤں کے کھیتوں کی فہرست۔ جس میں کھیت کا رقبہ۔ کاشتکار کا نام۔ قسم زمین اور جنس درج ہوتی ہے۔ ایک بیماری۔ کھسرہ (ہندی)
خسرہ آبادی۔ گاؤں کے مکانات۔ مالکوں کی فہرست۔
خسک۔ (ف۔ مذ) کوڑا کرکٹ۔ خس و خاشاک۔ خاردار جھاڑی۔ گوکھرو۔ لوہے کے کانٹے جو دشمن کے راستے میں بچھا دیئے جاتے ہیں۔
خسک۔ (ف) گوکھرو کا پھول۔
خسک دانہ۔ (ف) گوکھرو کے بیج۔
خسوف۔ (ع۔ مذ) چاند گرہن۔
خسی۔ (ا) دیکھئے آختہ۔ بدھیا۔
خسیر۔ (ع) نقصان اٹھانے والا۔
خسیس۔ (ع۔ صفت) کمینہ۔ کنجوس۔ تنگ دل۔
خش۔ (ف) سانس۔ خوشدامن۔
خشائیدن۔ (ف) دانتوں سے کاٹنا۔

خِشت۔ (ف۔ مو) اینٹ۔ چوکا۔
خِشت ریز۔ (ف) اینٹیں پاتھنے والا۔
خِشت زن۔ (ف) اینٹیں پاتھنے والا۔
خش خش۔ (ف) سرسراہٹ۔
خِشتک۔ (ف۔ مو) رومالی۔ میانی۔ درمیانی۔
خِشت اندازی۔ اینٹیں پھینکنا۔ اینٹیں مارنا۔
خِشت بازی۔ اینٹیں برسانا۔ پتھر پھینک کر مارنا۔
خِشتک۔ (ف۔ مو) چھوٹی اینٹ۔ چوبغلہ۔ میانی۔ چڑیا۔
سنگھاڑا۔ گھٹنے کی چپنی (ہڈی)
خَشخاش۔ (ف۔ مو) پوست کے دانے۔ افیون کے بیج۔ چاول کا آٹھواں حصہ۔
خَشخش برابر۔ بہت کم۔
خَشَف۔ (ع) اچکنا۔ لپٹنا۔ پتھر پر سر دے مارنا۔ معلوم کرنا۔ آواز حرکت۔ نرم زمین۔
خُشک۔ سوکھا۔ روکھا۔ کج اخلاق۔ بے لطف۔ بد مزہ۔ بخیل۔
خُشک بیلو۔ (ف) بخیل۔ کنجوس۔
خُشک دماغ۔ خشک مغز۔ بے مروت۔ دیوانوں جیسا۔ پاگل مجنوں۔ سودائی۔ کم سمجھ۔ بے وقوف۔
خُشک رگ۔ (ف) شریف النسل۔ کھرا۔ اصل۔ خاندانی۔ نجیب
خُشک سال۔ (ف) قحط کا برس۔
خُشک سالی۔ قحط۔ کال۔ سوکھا۔ امساک باراں۔
خُشک و تر۔ اچھا برا۔ نیک و بد۔ (تمام دنیا)
خُشک ہونا۔ سوکھنا۔ مرجانا۔ بغیر دودھ کے ہونا۔ روکھا ہونا پھیکے۔ بارش ہونا۔

خُشک عنان۔ (ف) سرکش گھوڑا۔ منہ زور گھوڑا۔
خُشک مغز۔ (ف) دیوانہ۔ پاگل۔
خُشک مغزی۔ (ف) دیوانگی۔ جنون۔
خُشک دماغی۔ (ف) پاگل پن۔ دیوانگی۔ جنون۔
خُشکہ۔ (ف۔ مذ) اُبلے ہوئے چاول۔
خُشکہ کھاؤ۔ جب کوئی بے جا خواہش کرتا ہے تو کہتے ہیں خشکہ کھاؤ (جاؤ رخصت ہو)
خُشکہ کھاؤ پنیر کے ساتھ۔ (ضرب المثل) اپنا راستہ لو۔ چلو جاؤ۔ شو۔ خود کھاؤ خود مزے سے کھاؤ۔ بے محل بات کرنے کا یہ جواب ہوتا ہے۔ اس لیے پنیر اور خشکہ بے میل چیزوں کو اکٹھا کر دیا ہے۔
خُشکی۔ (ف۔ مو) سوکھا پن۔ نمی نہ ہونا۔ یبوست۔ روکھا پن۔ قحط۔ وہ میل جو خشکی سے سر میں ہوتا ہے۔
خُشکیدہ۔ (ف۔ صفت) سوکھا۔ خشک۔
خَشم۔ غصہ۔ غضب۔ طیش۔ عتاب۔
خَشم آلود۔ غصے سے بھرا ہوا۔ غضب ناک۔
خَشمگین۔ (ف) غصے میں۔ خفگی یا ناراضگی کی حالت میں۔ غصے میں بھرا ہوا۔ بپھرا ہوا۔
خَشم ناک۔ (ف) غصیلا۔ غصے میں بھرا ہوا۔ ڈراونا۔
خُشن۔ (ف) ٹاٹ۔ پلاس۔ بورا۔
خُشنو۔ (ف) ساس۔ خوشدامن۔
خُشوع۔ (ع۔ مذ) عاجزی۔ گڑگڑانا۔
خُشونت۔ سختی۔ تلخی۔ دشمنی۔ عداوت۔ نفرت۔
خَشیت۔ (ع۔ مو) خوف۔ ڈر۔

ردیف "خ" ص "صفحہ ۲۲۳ سے ملاحظہ فرمائیے

وصل کی شب غل مؤذن نے مچایا قبل صبح
کیا خروس بے محل میرا اذاں پیدا ہوا

خُرُوش : (ف - مذ) شور - غل -

خَرِید : (ف - مو) مول - قیمت - خریدی ہوئی - مول لی ہوئی - **خرید و فروخت** (مو) لین دین - بیع و شرا - لینا - بیچنا - **خرید کے مول** (مذ) اصل قیمت جس پر کوئی چیز خریدی جائے - **خریدار** (مذ) گاہک - مول لینے والا - طلب گار - خواہاں - عاشق - عزیز - محبت کرنے والا - صفت - **خریداری** (مو) خرید لینا - مول لینا - اپنے ذمے لینا یہ کیا آزار خرید لیا - **خریدنا** - مول لینا -

خَرِیطَہ : (ع - مذ) تھیلی - کیسہ - وہ تھیلی جس میں سرکاری حکم امیروں کے نام بھیجا کرتے تھے خریطی (مو) چھوٹی تھیلی - بٹے دانی -

خَرِیف : (ع - مو) ساونی - وہ فصل جس میں جوار - مکئی وغیرہ پیدا ہوتی ہے - اساڑھ سے کاتک تک کا زمانہ -

خُزادہ - خوزادہ : (ف - مذ) خواجہ زادہ کا مخفف - سردار - صاحب زادہ - ع انیس
اسوار ہوا جب وہ دو عالم کا خزادہ

خُزادی - خوزادی (مو) شہزادی -

خِزاں : (ف - مو) پت جھڑ - وہ موسم جس میں درختوں کے پتے زرد ہو کر جھڑ جاتے ہیں - سردیوں کا موسم - بے رونقی - زوال - **خزاں آنا** - موسم بہار کا جانا - زوال آنا - حسن نہ رہنا -

خَزانچی : (ف - مذ) تحویل دار - خزانہ میں روپیہ کا ذمہ دار - **خزانہ** - وہ جگہ جہاں روپیہ جمع رہے - بنک - ذخیرہ - گودام - پانی کے ذخیرے کی جگہ - روپیہ - مال - دولت - بندوق -
؎ جلیل
چھپنے خاطر خوشی سے کھل گیا آپ کیا آئے خزانہ مل گیا
بندوق اور توپ کی وہ جگہ جہاں بارود رہتی ہے - **خزانہ عامرہ** - بھرا ہوا خزانہ - **خزائن** (مذ) جمع - **خزینہ** (مذ) خزانہ - مخزن -

خَزَف : (ف - مو) ٹھیکری -

خَصائل : (ع - لکھنؤ میں مذکر - دہلی میں مؤنث) خصلت کی جمع - خصلتیں - عادتیں - **خصلت** (مو) خو - عادت -

خَصْم : (ع - مذ) دشمن - بدخواہ (خصم جمع) - مالک - آقا - شوہر - خاوند - عورتیں اس معنی میں خ م حرفوں کو زبر پڑھتی ہیں - جان صاحب

خصم کا مال تو ہی یاد رکھ لے رنڈی
ہمیں تو لاکھ کا گھر خاک کر نہیں آتا جان صاحب

خصم پیٹی یا خصم روئی (مو) بد زبان - بیوہ - ایک قسم کا کوسنا ہے کہ وہ اپنے خاوند کا ماتم کرے - **خصم جورو کی لڑائی** کسی کو نہ بھائی - گھر کی تباہی کسی کو بھی پسند نہیں - **خصم کو کھائے بھیا کا گیت گائے** - کسی سے فائدہ ہو تعریف و محبت کسی سے - **خصم کرنا** - آپ خاوند کر لینا - اپنا بیاہ آپ کر لینا - **خصم کیا برا کیا - کر کے چھوڑ دیا بلکہ اس سے برا کیا** - یا تو غلطی کر کے ایسی کی اور پھر اس کو بہت برا کیا یا ایک سے اٹھ کر اس سے برا عیب موجود ہے - **خصم کیا سکھ بسنے کو یا بیٹی سے لگ کر رونے کو** - ہر کام فائدہ کے لیے کیا جاتا ہے - **خصم مار کر ستی ہوئی** - دغا کرنے کے بعد میں ظاہری افسوس کرنے کے موقع پر بولتے ہیں - **خصموں جلی** (مو) وہ عورت جس نے خاوند کا سکھ نہ دیکھا ہو - مصیبت کی ماری -

خُصُوص : (ع - مذ) خاص - خاص کر - خاص ہو - **خصوصیت** - **خصوصاً** - خاص کر - علی الخصوص - **خصوصیت** (مو) خاص ہونا - خاص بات - دوستی - ذاتی تعلق - خاص وصف خوبی یا برائی -

خُصُومات : (ع) خصومت کی جمع - **خصومت** (مو) عداوت - دشمنی - کینہ - جھگڑا - فساد -

خَصِی : (ا - مذ) وہ جانور جس کے خصیے نکال دیئے گئے ہوں - آختہ - نامرد - نخنہ - ہیجڑا - مخنث - خواجہ سرا - وہ شخص جس میں قوت رجولیت نہ ہو (مثل ... کو کہتے ہیں) **خصی پرنالہ** (مذ) وہ پرنالہ جس کا پانی دیوار سے لگ کر گرے - **خصیہ** (مذ) فوطہ - بیضہ - خایہ - **خصیہ برداری** - خصیے سہلانا - خوشامد کرنا - **خصیوں میں تانت باندھ دینا** - سخت سزا دینا -

خِضاب : (ع - مذ) رنگ اور گلگونہ - خاص کر مہندی وسمہ جو داڑھی پر لگایا جاتا ہے - سفوف یا عرق جس کے استعمال سے بال کالے ہو جاتے ہیں -

خِضَر : (ع - مذ) ایک پیغمبر کا نام جنہوں نے آب حیات پیا ہے اور ہمیشہ زندہ رہیں گے - کسی نہ کسی روپ میں بھولے بھٹکوں کو راستہ بتا جاتے ہیں - خشکی اور تری پر مقرر سمجھے ہیں - **خضر اور خِضر** - دونوں طرح یہ نام بولا جاتا ہے -

؎ وہ زندہ ہم ہیں کہ ہیں روشناس خلق اے خضر
نہ تم کہ چور بنے عمر جاوداں کے لیے غالب

؎ تعشق
خضر راہ رضا مل گیا اللہ اللہ
شہ سے ملتے ہی خدا مل گیا اللہ اللہ

خضر ملے - مراد حاصل ہوئی - پورے رہنما مل گئے - کام بن گیا

خُضُوع (ع - مذ) دل کا عاجزی کرنا - پُر رقت دل کی کامل توجّہ (دیکھو خشوع)

خَط (ع) نشان (پڑنا کے ساتھ) ؎ جان صاحب
نہ پتا در کے برابر پڑے تلوار کا خط
نامہ، مکتوب (آنا - بھیجنا - لکھنا - لکھانا) نیا سبزہ جو رُخساروں پر اُگے - ؎ رشک
بڑھ گئی خط سے زینت رُخِ یار
لکیر جس میں طول ہو ، عرض و عُمق نہ ہو - مجازاً ہر لکیر - ہاتھ کی لکھائی - مرادِ خط - اندازِ تحریر - حجامت - وہ اصلاح جو داڑھی کتروانے کے بعد حجام سے بنوائی جاتی ہے - **خطِ آزادی** (مذ) وہ نوشتہ جو غلام کو آزاد کرتے وقت لکھ دیتے ہیں - رہائی کی سند - **خط آنا** (نکلنا) سبزہ آغاز ہونا - رُخساروں پر داڑھی کا نمودار ہونا - جیتنی آنا - **خطِ استوا** (مذ) وہ فرضی خط جو زمین کے دو برابر حصے کرتا ہے اور اس پر آفتاب پہنچنے سے رات دن برابر ہو جاتے ہیں - یہ خط مشرق سے مغرب تک فرض کیا گیا ہے - **خط پھر آیا** - داڑھی نکل آئی - نوجوانی ہے - **خط بنانا** - حجامت بنانا - رُخساروں کے بال مونڈنا - **خطِ پیشانی** - نوشتۂ تقدیر - **خط تراش** حجام - **خطِ توأم** (توامان) (ف) ایک قسم کی لکھاوٹ جس میں دو صفحوں پر عبارت کو تحریر کرتے ہیں - ایک صفحہ میں اوپر کے دائرے دوسرے پر نیچے کے پھر دونوں کو ملا کر پڑھتے ہیں ؎ ذوق
خط توام سے لکھو گور پہ تاریخِ وفات
کہ رہے وصل کی تا مرگ تمنا ہم کو
خطِ جدی (مذ) وہ خط جو خطِ استوا سے ۲۳½ درجہ جنوب کی طرف واقع ہے - جب آفتاب اس پر پہنچتا ہے تو شمال کی طرف دن چھوٹا رات بڑی ہو جاتی ہے اور وہاں سردی زیادہ پڑنے لگتی ہے - **خط رکھنا** (رکھوانا) داڑھی رکھنا - خط نہ بنوانا ؎ آتش
خط کو رکھوا کر نہ کر اندھیر اے خورشید رو
تیرہ شب ہے روشنی جب روز روشن میں نہیں
خطِ ریحان - ابنِ مقلہ کے ایجاد کردہ خطوط میں سے ایک خط جسے خطِ گلزار بھی کہتے ہیں جس میں حروف کے پیٹ میں پھول اور بیلیں بناتے ہیں - **خطِ سبز** (ف) سبزۂ خط - داڑھی مونچھوں کے پہلے بال جو روشن معلوم ہوتے ہیں جو سفید رو اور خوب صورت چہروں پر اچھا معلوم ہوتا ہے ؎ لطافت
کرے گی زلف پیدا خطِ سبز ان گورے گالوں پر
نہیں کچھ دیر لگتی زہر انبی کا چھلک جانے
خطِ سرطان (مذ) وہ خط جو خطِ استوا سے ۲۳½ درجے شمال کی طرف واقع ہے - جب آفتاب ادھر جاتا ہے تو وہاں گرمی اور خطِ جدی کی طرف سردی شروع ہو جاتی ہے - **خطِ سرمہ** - دنبالۂ چشم، سُرمہ کا نشان - **خط سنورنا** - لکھاوٹ کا اچھا ہونا - خوش خطی آنا - **خطِ شعاع** - سورج کی کرنیں - **خطِ شکستہ** - ایک قسم کی تحریر جو نستعلیق کے برخلاف گھسیٹ کر لکھی جاتی ہے - **خطِ عمودی** - وہ کھڑی لکیر جو برابر کے دو زاویے پیدا کرنے - سیدھا خط - **خطِ غبار** - (چاروں با ضا) ایک قسم کا خط جو دو الگ الگ کاغذوں پر لکھا جاتا ہے - دونوں کاغذوں کو ملاؤ تو حروف پڑھے جاتے ہیں - ورنہ ایک غبار سا معلوم ہوتا ہے اور پڑھنے میں نہیں آتا ؎ شبیر خان
مرنے کے بعد بھی تو کدورت نہیں گئی
تاریخ مرگ لکھتے ہیں خطِ غبار میں
خطِ غلامی لکھنا (لکھ دینا) - فرمانبرداری و شکست کا اقرار کرنا - (متعدی کا بھی شامل ہے) ؎ آتش
حسن نے خطِ غلامی لکھ دیا یار کو
کل سے گالوں پر نہیں سبزے کا یہ آغاز ہے
خط کتابت (ہونا - کرنا - بگڑنا) (مو) مراسلت ؎ سحر
خط کتابت ہوئی موقوف کہ اب خط آیا
فی الحقیقت وہ لکھیں گے کسی صورت نامہ
خط کترنا - قینچی سے داڑھی مونچھوں کے بال کاٹنا ؎ ناسخ
خط کترتا ہے ترا اے شمع رو حجام آج
خط کش - وہ سودا جو بیچنے والے کو پھر واپس نہ ہو سکے - جاکڑ کی ضد - نیز مسطر جس سے لکیر کھینچتے ہیں - **خطِ متوازی** (مذ) وہ دو خط کہ انھیں جہاں تک چاہیں کھینچتے چلے جائیں مگر وہ آپس میں نہ ملیں - **خطِ محور** - زمین کا وہ فرضی خط جو اس کے مرکز سے گزر کر محیط کے دونوں طرف پہنچتا ہے اور جس کے گرد زمین روزانہ گردش کرتی ہے (محور کے دونوں سرے قطبین کہلاتے ہیں - **خطِ مستقیم** مذ سیدھا خط - سیدھی لکیر - **خطِ مشکین** سبزۂ خط - **خطِ منحنی** (مذ) ٹیڑھا خط - **خطِ نستعلیق** (مذ) وہ ایرانی خط جو خطِ نسخ اور تعلیق سے ملا کر نکالا گیا ہے اور اردو میں بھی وہی رائج ہے - **خطِ نسخ** (مذ) عربی کا موجودہ خط جو قدیم بھدے خطوں کو منسوخ کر کے نکالا گیا تھا - **خطوط** - خط کی جمع - **خطوطِ وحدانی** (مذ) بریکٹ جس کی شکل یہ ہوتی ہے ( )
خطّی - خط کی طرف منسوب - لکیر کی طرح سیدھا - ایک قسم کا نیزہ ؎ انیس
ہے طول اس نیزۂ خطی کا اشارا
کرتی ہے کماں تیر سعادت کا اشارا

خَطا (ع - مو) قصور - تقصیر - گناہ - جرم - غلطی - سہو - (مذ) ختن کے قریب ایک شہر جہاں سے مشک آتا ہے - **خطاکار** - گنہگار - **خطاوار** - قصوروار - تقصیروار - مجرم - **خطا ہونا** - بھول جانا - جرم ہونا - قصور ہونا - بے ارادہ نکلنا - (جیسے پیشاب خطا ہو گیا) **خطائے بزرگاں خطا است** -

بزرگوں پر اعتراض کرنا بے ادبی ہے۔ **خطایا**۔ خطیئہ کی جمع۔ غلطیاں۔

خطاب: (ع۔ مذ) کسی کے روبرو متوجہ ہو کر کلام کرنا۔ گفتگو۔ تعریفی لقب جو حکام کی طرف سے دیا جائے۔ طنزاً برا نام رکھنے کو بھی کہتے ہیں ؎ امیر
کہتے ہیں مست رند سودائی — خوب ہم کو خطاب ہوتے ہیں
خطابت: (مو) تقریر۔ خطبہ پڑھنا۔

خطاط: (ع) خوشنویس۔

خطبہ: (ع۔ مذ) وہ تعریف یا حمد و نعت یا وعظ و نصیحت جو لوگوں کو مخاطب کر کے سنائی جائے۔ ایڈریس۔ کتاب کا دیباچہ۔ سبب تالیف۔ نماز جمعہ و عیدین میں حمد و نعت۔ وعظ و نصیحت اور بادشاہ وقت کی تعریف سنانا۔ **خطبہ پڑھا جانا**۔ حمد و نعت یا وعظ و نصیحت وغیرہ کا سنایا جانا۔ کسی بادشاہ کا نام اس کی حکومت کو تسلیم کر کے خطبے میں داخل کرنا۔ بادشاہ مانا جانا۔

خطر۔ خطرہ: (ع۔ مذ) خوف۔ اندیشہ۔ آفت۔ دشواری۔ **خطرے میں ڈالنا**۔ جوکھوں میں ڈالنا۔ ہلاکت میں ڈالنا۔ آفت میں پھنسانا۔ **خطرے میں نہ لانا**۔ خاطر میں نہ لانا۔ حقیر سمجھنا۔ کسی امر کا خیال نہ کرنا۔ وقعت نہ جاننا۔

خطمی: (ع۔ مو) گل خیرو۔

خطہ: (ع۔ مذ) زمین کا گھرا ہوا حصہ۔ ملک کا قطعہ۔ ملک۔ سرزمین۔ کشمیر۔

خطیب: (ع) خطبہ پڑھنے والا۔ وعظ سنانے والا۔ مخاطب کرنے والا۔

خطیر: (ع) کثیر۔ بہت۔ نہایت۔

خفا: (مو) پوشیدگی۔ پوشیدہ ہونا۔ خفا (صفت) غضبناک۔ ناراض۔ آزردہ۔ **خفا ہونا**۔ ناراض ہونا۔ آزردہ ہونا۔ برہم ہونا۔ صفت۔ **خفگی** (مو)

خفاش: (ع۔ مذ) چمگادڑ۔

خفت: (ع۔ مو) سبکی۔ ہلکا پن۔ ذلت۔ شرم۔ خجالت۔ **خفت اٹھانا**۔ شرمندہ ہونا۔ خجالت اٹھانا۔

ختان: (ف۔ مو) ایک قسم کا جبہ۔ زرہ۔

خفتہ: سویا ہوا۔ غافل۔ خفتہ را خفتہ کے کند بیدار۔ غافل غافل کی اصلاح نہیں کر سکتا۔

خفقان: (ع۔ مذ) دل کا دھڑکنا۔ ایک بیماری جس میں دل کی حرکت بڑھ جاتی ہے۔ جنون۔ سودا۔ گھبراہٹ۔ وحشت۔ مالیخولیا۔ توہمات۔

خفی: (ع) پوشیدہ۔ مخفی۔ باریک خط۔ جلی کی ضد۔

خفیف: (ع) ہلکا۔ سبک۔ اوچھا۔ کم ظرف۔ ذلیل۔ رسوا۔ بے قدر۔ بے حقیقت۔ کم۔ تھوڑا۔ عروض کی ایک بحر کا نام۔ **خفیف ہونا**۔ ذلیل ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ کم ہونا۔ ہلکا ہونا۔ **خفیفہ** (مو) وہ عدالت جس میں زر نقد کے چھوٹے چھوٹے مطالبات کا فیصلہ ہو۔

خفیہ: (ع) پوشیدہ۔ در پردہ۔ چھپا ہوا۔ **خفیہ پولیس** (مذ) وہ محکمہ جس کے سراغرسانی یعنی در پردہ خبر لگانے اور رپورٹ کرنے کا کام سپرد ہے۔ **خفیہ خبر** (مو) پوشیدہ خبر۔ **خفیہ نویس**۔ جاسوس۔ مخبر۔ پوشیدہ خبر دینے والا۔

خلا: (ع۔ مذ) خالی جگہ۔ جوف۔ غار۔ **خلا ملا**۔ میل جول۔ دوستی۔

خلاص: (ع۔ مذ) آزاد۔ چھوٹا ہوا۔ **خلاص ہونا**۔ پیچھا چھوٹنے سے فراغت ہونا۔ **خلاصی** (مو) رہائی۔ آزادی۔ خیرات دینے والے۔ ریل یا جہاز وغیرہ کے قلی۔

خلاصہ: (ع) چیدہ۔ چنا ہوا۔ اختصار۔ منتخب۔ **خلاصہ کرنا**۔ صاف صاف صراحت سے کہہ دینا۔ **خلاصہ یہ ہے**۔ مجمل۔ مطلب یہ ہے۔

خلاف: (ع) اُلٹا۔ ناموافق۔ برعکس (مذ) جھوٹ۔ اختلاف مخالف۔ **خلاف بیانی**۔ جھوٹ بیان کرنا۔ **خلاف دستور**۔ رواج کے خلاف۔ **خلاف محاورہ** غیر فصیح۔ وہ عبارت یا زبان جو معتبر و مستند نہ ہو۔ **خلاف سمجھنا**۔ جھوٹ خیال کرنا۔ برعکس جاننا۔ **خلاف شرع**۔ قانون محمدی کے خلاف۔ شریعت کے برعکس۔ **خلاف طبع**۔ طبیعت کے برعکس۔ مزاج کے ناموافق۔ **خلاف عدالت**۔ پیش نماز یا عالم دین کا ایسا فعل کو بازاری کرتے ہوں جیسے بازار میں روٹی کھانا وغیرہ۔ **خلاف عقل**۔ دانشمندی کے برعکس۔ بعید از عقل۔ **خلاف قیاس**۔ ناممکن۔ عقل کے خلاف۔ **خلاف کہنا**۔ جھوٹ بولنا۔ ناموافق بات کہنا۔ **خلاف ورزی** (مو) خلاف کرنا۔ اصول کو توڑنا (آپ نے قانون کے خلاف ورزی کی)۔ **خلاف وضع**۔ رسم و رواج کے خلاف۔ **خلاف وضع فطری**۔ اغلام۔ لونڈے بازی۔ **خلاف ہونا**۔ دشمن ہونا۔ مخالف ہونا۔ برعکس ہونا۔

خلافت: (ع۔ مو) نیابت۔ خلیفہ کا عہدہ۔ مشائخ یا نبی کی جانشینی۔ شاہی مسلمان سلاطین کی حکومت

خلافتِ راشدہ۔ رسول کریمؐ کی وفات سے حضرت علیؓ کی شہادت تک کی مسلم حکومت۔ خلافتِ عباسیہ۔ بنی عباس کے زمانہ کی حکومت۔

خَلّاق: (ع۔ مذ) بہت پیدا کرنے والا۔ خدائے تعالیٰ۔

خِلال: (ع۔ مذ نیز مو) دانت کریدنے کا آلہ۔ گنجفے میں بازی دینا۔ خلال دینا۔ گنجفے میں مات دینا۔ خلال کرنا۔ تنکے وغیرہ سے دانت صاف کرنا۔

خَلائق: (ع۔ مو) مخلوق۔ خلقت۔ بہت سے لوگ۔

خُلّت: (ع۔ مو) دوستی۔ محبت۔

خَلجان: (ف۔ مذ) فکر۔ تردد۔ اندیشہ۔ وسواس۔ خلش۔

خَلخال: (ع۔ مو) پازیب

خَلخَل۔ خَلخلا: (ا) ڈھیلا ڈھالا۔

خَلخُول: (ا) ڈھیلا ڈھالا۔

خُلد: (ع۔ مذ) جنت۔ بہشت۔ فردوس۔ خُلد آشیاں: بہشت میں سکونت رکھنے والا۔ بہشتی۔ جنتی۔ تعظیماً بڑے بڑے متوفی نوابوں یا بزرگوں کو کہتے ہیں۔ خلدِ بریں (مذ) فردوسِ اعلیٰ۔ جنت کا سب سے اونچا طبقہ

خَلِش: (ف۔ مو) کھٹک۔ چبھن۔ جھگڑا۔ مناقشہ۔ الجھن (آتش نے مذکر لکھا ہے۔ دیکھیے "پھانس نکلنا")

خِلط: (ع۔ مذ) اخلاطِ اربعہ یعنی صفرا، سودا، خون، بلغم میں سے ہر ایک کو خلط کہتے ہیں۔ مزاج سے
سبزہ روی کی جو میں الفت میں آزاری ہوا
خلط صفرا یاں تلک بگڑا کہ زنگاری ہوا — معروف

خَلطِ مَبحث: (ع) بحث کو کہیں سے کہیں پہنچا دینا۔ بے فائدہ الجھاؤ۔ خلط ملط۔ گڈ مڈ۔ درہم برہم۔ خُلطہ (مذ) میل جول ؎ امیر
تب اس بہشتی رو سے یہ خلطہ بہم کیا
جب برسوں ہم نے سورۂ یوسف کو دم کیا

خُلع: (ع۔ مذ) عورت کا مہر کے عوض طلاق لینا۔

خِلعت: (ع۔ مذ) جوڑا یا کپڑا جو بادشاہوں یا امیروں کی طرف سے انعام دیا جائے۔ کم از کم تین کپڑوں کا عطیہ۔ خلعت پہنانا یا دینا۔ عطیہ پوشاک دے کر عزت بڑھانا۔ پوشاک عطا فرمانا۔ انعام دینا۔ خلعت ملنا۔ کپڑا یا پوشاک انعام میں ملنا۔

خَلَف: (ع۔ مذ) نیک لڑکا۔ سعادت مند بیٹا۔ بیٹا۔ خَلَفُ الصّدق (مذ) فرمانبردار بیٹا۔ سچا وارث۔

خُلَفا: (ع۔ مذ) خلیفہ کی جمع۔ خلفائے راشدین۔ رسول اللہ کے چار خلفا حضرت ابوبکرؓ حضرت عمرؓ حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ۔

خُلق: (ع۔ مذ) عادت۔ نیک عادت۔ اچھا برتاؤ۔ خوش مزاجی۔ ملنساری۔ خلقِ محمدی۔ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق۔ بے مثل اخلاق۔ خلق والا (مذ) بااخلاق۔ خوش خلق۔ ملنسار۔

خَلق: (ع۔ مو) پیدا کرنا یا ہونا۔ دنیا کے لوگ۔ مخلوق۔ خلق کا حلق کس نے بند کیا ہے۔ لوگوں کی زبان کوئی نہیں روک سکتا۔ خِلقت (مو) پیدائش۔ فطرت۔ سرشت۔ خمیر۔ خلقی۔ پیدائشی۔ فطری۔

خَلَل: (ع۔ مذ) رخنہ۔ سوراخ۔ درز۔ فتور۔ بگاڑ۔ بدہضمی۔ پیٹ کی خرابی۔ جن و پری کا آسیب۔ بیماری۔ دکھ۔ روگ۔ خلل آنا۔ فتور پڑنا۔ فرق آنا۔ رخنہ پڑنا۔ خلل انداز۔ فسادی۔ جھگڑالو۔ فتنہ پرداز۔ مزاحم۔ خرابی پیدا کرنے والا۔ خللِ دماغ (مذ) دماغ کا فتور۔ مالیخولیا۔ سودا۔ دیوانگی۔ جنون

خُلُو: (ع۔ مذ) خالی ہونا (خلوئے معدہ)

خِلو: (ا) احمق۔ مسخرا۔

خَلوَت: (ع۔ مو) تنہائی۔ علیحدگی۔ خالی جگہ۔ تنہائی کی جگہ۔ سونے کا کمرہ۔ خوابگاہ۔ پوشیدگی۔ (خلوت میں یہ بات کہی) خلوت کرنا۔ عورت سے ہمبستر ہونا۔ تنہا ہونا۔ خلوت کے وقت۔ تنہائی میں۔ علیحدگی میں۔ بوقتِ ملاقات۔ ہم صحبت ہونے کے وقت۔ بوقتِ ملاقات۔ خلوت گاہ (مو) تنہائی کی جگہ۔ خلوت گزیں۔ خلوت نشیں۔ تنہائی میں بیٹھنے والا۔

خُلود: (ع۔ مذ) ہمیشگی۔

خُلوص: (ع۔ مذ) سچی دوستی۔ صادق محبت۔ سچائی۔ صفائی۔ خلوصِ نیت (مذ) پاک نیتی۔ خالص نیتی۔

خَلیا ساس: (ا ۔ مو) ساس کی بہن۔

خَلیتا: (ا ۔ مذ) تھیلا۔ تھیلی۔ خریطہ۔

خَلیج: (ف ۔ مو) وہ قطعۂ آب جو تین طرف خشکی سے محیط ہو اور ایک طرف سمندر سے ملی ہو۔ دو فریق کے اتحاد میں رکاوٹ اور مانع (اب اتفاق مشکل ہے کیونکہ ان کے درمیان بڑی خلیج حائل ہو گئی ہے)

خَلیرا بھائی: (ا ۔ مذ) خالہ جایا۔ ماں کی بہن کا بیٹا۔

خَلیطہ: (خریطہ ع کا مورد) (مذ) لمبا کرتا۔ تھیلا۔ زر ریت سے کھا ہے۔ بیوی۔ خلیطی۔ بیوی۔

خَلیفہ: (ع ۔ مذ) پیغمبر کا نائب۔ قائم مقام۔ نائب بادشاہ۔ میاں جی جو مکتب میں بچوں کو پڑھاتے ہیں۔ ذوق

مکتب بیع ازل کا ہے خلیفہ انسان
پھر کرے کون اگر یہ ہی خلافت نہ کرے

رنائی۔ درزی۔ موچی۔

خَلیق: (ع) خوش خلق۔ اچھے برتاؤ والا۔ خوش مزاج۔ ملنسار۔

خَلیل: (ع) سچا دوست۔ حضرت ابراہیم کا لقب (خلیل اللہ)

خَم: (ف ۔ مذ) ٹیڑھ۔ کجی۔ جھکاؤ۔ ترچھاپن ۔ امیر

تیغ خمدار جو باندھی ہے تو تن کر نہ چلو
چاہیے تیغ قد میں بھی خم تھوڑا سا

خم ٹھونکنا۔ ڈنڈوں یا بازوؤں پر ہاتھ اس طرح مارنا کہ حریف جان لے۔ اب یہ کشتی کو تیار ہے۔ لڑنے پر یا کشتی پر مستعد ہو جانا۔ خم دار۔ ٹیڑھا۔ ترچھا۔ جھکا ہوا۔ خم عیسیٰ۔ رنگریز کا ظرف جس میں ایک ہی رنگ سے حضرت عیسیٰ نے کئی رنگ کے کپڑے رنگ کر معجزہ دکھایا۔ خم و چم (مذ) عزم تاز۔ رفتار زمانہ۔

خُم: (ف ۔ مذ) شراب کا مٹکا یا مٹکا۔ وہ پتے جن کو کھیلنے والے تقسیم کے وقت چھپا کر رکھ لیتے ہیں اور بعد تقسیم ایک ایک کر کے نکالتے ہیں۔ یہ لفظ واحد کے طور پر مستعمل ہے (خم میں سب پتے خراب نکلے کیا اچھا خم اٹھا) خم افلاطون۔ وہ مٹکا جس میں افلاطون کو اس کے کہنے سے بند کیا۔ خم خانہ (مذ) شراب خانہ۔ بے خانہ۔ خرابات۔ وہ جگہ جہاں شراب کھینچی یا کشید کی جاتی ہے۔ خمکدہ (مذ) شراب خانہ

خَمّار: (ع) شراب بیچنے والا۔ بہت شراب پینے والا۔

خُمار: (ع ۔ مذ) نشہ۔ سرور۔ شراب کی مستی۔ نشہ اترنے کی کسل۔ نیند کا زور۔ غنودگی۔ خمار آلودہ۔ متوالا۔ مست۔ نشے میں چور۔ مخمور۔ خمار توڑنا۔ نشے کے اتار کی تکلیف رفع کرنے کو پھر تھوڑی سی پی لینا ۔ ناسخ

توڑوں بھلا میں فرقت ساقی میں کیا خمار
سر پھوڑوں آج طاق سے بوتل اتار کے

خُماسی: (ع) پانچ حرفوں کا لفظ۔

خَمر: (ع ۔ مو) شراب۔

خُمرا: (ا ۔ مذ) مسلمان فقیروں کا فرقہ جس کا پیشہ اکثر بکریاں بیچنا یا میلے تماشوں میں مانگنا ہے۔ چٹائی بننے والا گروہ۔ کہار۔ خمری (مو)

خُمس: (ع) پانچ۔ چار اور ایک خمس۔ پانچواں حصہ۔ شریعت کی رو سے مال کا وہ پانچواں حصہ جو مستحقین کو دیا جاتا ہے۔ مخمس (مذ) وہ نظم جس میں پانچ پانچ مصرعوں کا بند ہو۔

خَموش: (ف) خاموش کا مخفف۔ چپ۔ چپکا۔ خموشی (مو) خاموشی کا مخفف۔ چپ۔ چپ ہونے کی حالت۔ فکر و تردد کی حالت۔

خُمول: (ع ۔ مذ) گمنامی۔

خَمیازہ: (ف ۔ مذ) انگڑائی۔ مکافات۔ بدلہ۔ رنج۔ تکلیف۔ افسوس۔ پشیمانی۔ خمیازہ اٹھانا یا بھرنا یا بھگتنا۔ پاداش بھگتنا۔ کیے کی سزا بھگتنا۔ شرمندہ ہونا۔ ذلیل ہونا۔ نقصان اٹھانا۔ خمیازہ کھینچنا۔ رنج اٹھانا۔ پشیمان ہونا۔

خَمیدہ: (ف) ٹیڑھا۔ جھکا ہوا۔ کبڑا۔

خَمیر: (ع ۔ مذ) گندھے ہوئے آٹے کو سڑا کر پھلانا۔ اٹھانا۔ اٹھار کھنا۔ سرشت۔ فطرت۔ طبیعت۔ مٹی۔ جسم کی مٹی۔ خمیر اٹھنا۔ گندھے آٹے کا پھول بن جانا۔ بجائے آپ جو میدے میں ہوں شریک آنسو ۔ امیر

یقیں ہے روز قیامت تک نہ اٹھے خمیر

خمیر میں ہونا۔ فطرت میں ہونا۔ سرشت میں ہونا۔ خمیرہ (مذ) مصری یا کھانڈ میں پکائی ہوئی دوا (خمیرہ بنفشہ۔ خمیرۂ گاؤزبان) ایک قسم کا خوشبودار پینے کا تمباکو۔ خمیری (مو) وہ روٹی جو خمیر اٹھا کر پکاتے ہیں۔

خُنا: (ا) بے وقوف مرد۔ بدمزاج عورت۔ مسخری عورت۔ تیز و طرار۔ خنا بکنا۔ اترانا۔ تکبر کرنا۔ خنا ہونا۔

مغرور ہونا -

خَنازیر : (ع - مذ) خنزیر کی جمع - سور - گلٹیاں جو گردن میں ہو جاتی ہیں - کنٹھ مالا -

خَنّاس : (ع) رُوحِ بد - وسوسے ڈالنے اور بہکانے والی

خُناق : (ع - مذ) گلے کی ایک بیماری -

خُنثیٰ : (ع - مذ) وہ شخص جس میں مرد اور عورت دونوں کی علامتیں پائی جائیں -

خَنجر : (ف - مذ) ایک مشہور ہتھیار - بچھوا - تلوار - ایک قسم کا چھرا - کٹار (باندھنا کے ساتھ) ؎ رشک

عاشق کا کام تیغ نگہ سے تمام ہے
خنجر نہ باندھیے مری گردن کے واسطے

خنجر بیگ (مذ) ایک خطرناک پھوڑا جو اکثر پیٹھ کے پیچھے ہونے کے سبب دکھائی نہیں دیتا - خنجری (مو) چھوٹی دف - گلبدن اور مشروع (کپڑوں) کے خط ؎ رند

جو شرارت اس میں ہے کب ہے کسی انسان میں
خنجری نے گلبدن کی چٹکیاں لیں ران میں

خَندق : (ف - مو) کھائی - گڑھا - کھوہ

خَندَہ : (ف - مذ) ہنسی - خندۂ برق - بجلی کا کوندنا - خندہ پیشانی - خندہ رو - ہنس مکھ - خندۂ جام - خندۂ ساغر - خندۂ مے - خندۂ شراب - خندۂ صہبا - خندۂ شیشہ - خندۂ صراحی - خندۂ مینا - (مذ) قلقل کی آواز جو انڈیلنے میں صراحی سے نکلتی ہے - خندہ سوگندہ - پستہ قد فسادی ہوتا ہے - خندہ ریش - وہ شخص جس پر لوگ ہنسیں -

خِندی : (ا - مو) بے ہودہ ہنسنے والی عورت - فاحشہ - بدکار عورت ؎ رنگین

بس کر چکیں وہ بھی خندیاں اوباش
مرد کی آپ تھی انہیں بھی تلاش

خِنزیر : (ع - مذ) جنگلی سور - سُور -

خِنصَر : (ع - مو) سب سے چھوٹی انگلی - چھنگلیا -

خُنک : (ف) سرد - ٹھنڈا - خنکی (مو) سردی - ٹھنڈک - برودت -

خِنگ : (ف - مذ) نقرا گھوڑا -

خِنگا : (ا) موٹا تازہ - ہٹا کٹا مسٹنڈا - جوان -

غِنا : (ف - مذ) راگ - نغمہ - سرود (مو) ڈومنی - میراثن - غنا گر - گویا - مطرب - غنا گری (مو) گویا ہونا - گانے کا پیشہ -

خُو : (ف - مو) عادت - خصلت - خو بُو (مو) عادت خصلت - چال چلن - رنگ ڈھنگ - خوگیر - وہ گدی جو گھوڑے کی زین کے نیچے رکھتے ہیں - خوگیر کی بھرتی (مو) کما اسباب یا آدمی وغیرہ - خوئے بد را بہانۂ بسیار - کام کرنے کی نیت نہ ہو تو بہت سے بہانے بنائے جاتے ہیں -

خواب : (ف - مذ) وہ بات جو انسان نیند میں دیکھے - نیند - خواب آلودہ - نیند میں بھرا ہوا - خواب پریشان - (مذ) ڈراونا خواب - بے آرامی کی نیند - خواب خرگوش (مذ) مدہوشی - بے خبری - خواب غفلت - تغافل - خرگوش کی سی نیند - خواب دیکھنا - سوتے میں کچھ دیکھنا - خواب کی باتیں (مو) خیالی باتیں - بے اصل باتیں - خواب گاہ (مو) سونے کا کمرہ - خلوت گاہ - خواب و خیال (مذ) بے اصل باتیں - بھولی ہوئی بات - وہم و گمان -

خواتین : (ف - مو) خاتون کی جمع - عورتیں - بیگمات -

خواجگان : (ف - مذ) خواجہ کی جمع - خواجہ (مذ) سردار آقا - توران میں سادات کا لقب اور ہند و پاک میں وہ شخص جس کی ماں سیدانی اور باپ شیخ ہو - وہ شخص جو پیدائش ہی سے عضو تناسل نہ رکھتا ہو - خواجہ تاش - ایک آقا کے دو نوکر - خواجہ سرا (مذ) وہ غلام جو نامرد ہو اور گھر میں آ جا سکے - ہیجڑا - نامرد - خواجگی مندین - خواجہ معین الدین کا چاند یا مہینا - (مذ) چھٹا قمری مہینہ - جمادی الاُخریٰ -

خوار : (خار - ف) آوارہ - سرگرداں - پریشان - ذلیل - رسوا - بے اعتبار - نیز کھانے والا (جیسے سود خوار) خواری (مو) ذلت -

خُوار : (خ - آر - ع) بھینس - گائے کی آواز - خوار عجل - گائے کے بچے کی آواز - اُمت موسیٰ میں سے ایک شخص کی بنائی ہوئی گائے کی آواز - لغو اور ناقابل توجہ صدا - ؎

کیونکر اسے تا سیخ خوار عجل دشمن ہو نہ خوار
کیسے ہوسکتی کا علی شیر خدا با رون ہوا

خَوارِج : خارجہ اور خارجی کی جمع -

خَوارِق : (مذ) خارق کی جمع - کرامت - معجزے -

خواست گار: (ف۔ مذ) طلب گار۔ اُمیدوار۔ خواستگاری (مو) درخواست۔ خواہش۔ تمنا۔

خواص: (ع۔ مذ) عوام کا مقابل۔ خاص خاص لوگ۔ خاصیتیں (اس دوا کے خواص بتایئے) اثر۔ کیفیت۔ تاثیر ؎

ادھر مخلوق میں شامل ادھر اللہ سے واصل
خواص اس برزخِ کبریٰ میں ہے حرفِ مشدد کا

(مو) امیروں کی لونڈیاں۔ خدمتگار۔ ہم صحبت۔ جلیس۔ مصاحب
خواصی (مو) خدمتگاری۔ ملازمت۔ مصاحبت۔ ہمنشینی۔ ہودج کے پیچھے کی وہ جگہ جہاں امیروں اور رئیسوں کی سواری کے وقت اعلیٰ درجے کا ملازم بیٹھتا ہے۔ عماری کی پچھلی بیٹھک۔ خواصی میں بیٹھنا۔ کسی بادشاہ یا امیر کے پیچھے سواری میں بیٹھنا۔ خواصیں (مو) وہ ملازم یا مصاحب عورتیں جو امیرزادیوں کے ساتھ رہتی ہیں۔

خوان: (ف۔ مذ) بڑی سینی۔ کھانا لانے اور لے جانے کا برتن۔ چنگیر۔ تھال۔ طشت۔ طباق۔ دسترخوان۔ خوان بڑا خوان پوش دیکھ بڑا ڈھول کے دیکھو تو آدھا بڑ نکلا یا خوانِ پاک خوانِ پوش پاک کھول کے دیکھو تو خاک ہی خاک۔ ظاہر آراستہ۔ باطن خراب۔ خوان پوش (مذ) خوان کے ڈھکنے کا کپڑا۔ خوانِ سامان (مذ) خانساماں۔ خوانِ کرم یا خوانِ یغما (مذ) عام لنگر۔ خوانِ نعمت (مذ) لذیذ تر کھانوں کا خوان۔

خوانچہ: (ف۔ مذ) چھوٹا خوان یا سینی۔ تھال ؎ آتش
زنی یا خنتہ کبھی خوانچے سے قسمت کے
بچے جو حلق میں میں وہ نوالا کیا کرتا

وہ سینی کی رکابی جس میں فرنی جمائی جاتی ہے ؎ امیر
تاشبانوں کی جگہ داغ زباں حالوں کے
کر نئے لخت جگر خوانچے تھالوں کے

وہ خوان جس میں کچی پکی چیزیں رکھ کے پھیری والے بیچتے ہیں۔ بیچنے والے کو خوانچے والا کہتے ہیں۔ خوانچہ اٹھانا یا لگانا۔ تھال میں رکھ کر بیچتے پھرنا۔

خواندگی: (ف۔ مو) پڑھائی۔ پڑھنا۔ خواندہ۔ پڑھا ہوا۔ پڑھا لکھا۔ بلایا ہوا۔

خوانین: (ف۔ مذ) خان کی جمع۔

خواہ: (ف۔ حرف تردید یا کے معنے میں (کتاب دو خواہ قیمت) "خواہ" دو جملوں پر آتا ہے۔ دوسرے میں خواہ یا "یا" ہوتا ہے (خواہ مانو خواہ نہ مانو ہم کہیں گے ضرور) مساوات کے لیے بھی آتا ہے (خواہ یہ لو خواہ وہ) چاہنے والا کے معنوں میں یک لاحقہ خیرخواہ۔ جیسے نیکخواہ۔ خواہاں۔ چاہنے والا۔ طالب۔ خواہشمند۔

خواہ مخواہ۔ مجبوری سے۔ ناچار۔ بیکار۔ مفت۔ خواہی نخواہی خواہ مخواہ ؎

ہوا تجھ کو کیا ہے جو خواہی نخواہی
بکا کرتا ہے مجھ سے واہی تباہی انشا۔

خواہر: (ف۔ مو) بہن۔ ہمشیرہ۔

خواہش: (ف۔ مو) آرزو۔ تمنا۔ ارمان۔ رغبت۔ شوق۔ مرضی۔ مطلب۔ مدعا۔ مراد۔ خواہش مارنا۔ تمنا کو ضبط کرنا۔ خواہشمند۔ آرزومند۔ طالب۔ شائق۔

خوب: (ف۔ صفت) عمدہ۔ اچھا۔ خوب صورت۔ شکیل۔ حسین۔ نفیس۔ زیبا۔ پسندیدہ (اردو محاورات و امثال کا سابقہ۔ بہت زیادہ کے معنے دیتا ہے۔ جیسے "خوب آؤ بھگت ہوئی۔ خوب خبر لی وغیرہ) خوب خبر لی۔ اچھا بھی نہیں۔ بہت مارا۔ بہت غصہ کیا۔ بڑی مدد کی۔ خوب دو ردبک کی۔ اچھی طرح ڈانٹا۔ خوب رو۔ شکیل۔ حسین۔ پاکیزہ چہرہ۔ خوب صورت۔ حسین۔ شکیل۔ خوبصورتی (مو) حسن و جمال۔ خوشنمائی۔

خوبانی: (ف۔ مو) سوکھے زرد آلو۔ ایک میوہ۔

خوبکلاں: (ف۔ مو) ایک بیج جو مزاج کا سرد ہوتا ہے۔ خاکسی۔

خوبی: (ف۔ مو) عمدگی۔ بھلائی۔ خوبصورتی۔ حسن۔ بڑائی۔ شرف۔ ترجیح۔ فوقیت۔ جوہر۔ گن۔

خونخیانا: بھبکی دینا۔ گھڑکنا (بندر خونخیاتا ہے) ناراض ہونا (خونخیاتے کیوں ہو)

خود: (ف۔ مذ) لوہے کی ٹوپی جو لڑائی کے وقت پہن لیتے ہیں۔

خود: آپ۔ بذاتِ خود۔ خودآرائی (مو) اپنے آپ کو بنانا سنوارنا۔ خودنمائی۔ بناؤ سنگار۔ خود بخود۔ از خود۔ آپ ہی آپ۔ بے کہے۔ بے بلائے۔ خود بدولت حضور۔ عالی جناب۔ آپ۔ بذاتِ خاص ؎ رشک

بارے اب تشریف لایا خود بدولت کا خیال
خانۂ دل کو بجا کہتا ہے دولت خانہ آج

خودبین۔ مغرور۔ گھمنڈی۔ متکبر۔ خودبینی (مو) غرور۔ تکبر۔ خود پرست۔ مغرور۔ متکبر۔ خودپرستی (مو) خودبینی۔ غرور۔ تکبر۔ خودپسند۔ اپنے آپ کو بہتر سمجھنے والا۔ دوسرے کی رائے پر نہ چلنے والا۔ خود رائے خودپسندی (مو) خودرائی۔ سرکشی۔ خوددار۔ رکھ رکھاؤ ضبط کرنے والا۔ صابر۔ حرکات لغو سے محفوظ رہنے والا۔ خودداری (مو) رکھ رکھاؤ۔ ضبط۔ حرکات لغو سے دور رہنا۔

خود رائے - اپنی رائے پر چلنے والا۔ کسی کی نہ ماننے والا۔ **خود رفتہ** - آپے سے باہر - بے خود - بے خبر - **خود رفتگی** (مو) بے خودی - مدہوشی - بے خبری - **خود رَو** - اپنے آپ اُگا ہُوا - بغیر سیکھے ہوئے کسی کام کا کرنے والا - **خود ستائی** (مو) اپنی آپ تعریف - اپنے مُنہ میاں مٹھو - **خود سر** - سرکش - ضدی - ہٹیلا - **خود سری** (مو) سرکشی - ضد - ہٹ - **خود غرض** - وہ شخص جو اپنی غرض کا یار ہو - **خود غرضی** (مو) خود مطلبی - آپا دھاپی - **خود فضیحت** - اس جگہ بولتے ہیں جہاں کوئی شخص آپ تو بُرا کام کرے اور دوسروں کو مانع ہو (خود فضیحت ہیں اوروں کو نصیحت کریں) فارسی میں خود را فضیحت دیگراں را نصیحت بولتے ہیں - **خود کاشت** (مو) وہ زمین جسے مالک خود بوتے جوتے - وہ شخص جو اپنی زمین آپ ہی بوئے - **خود کردہ را علاج نیست** - اپنے کیے کا علاج نہیں - **خود کشی** مو اپنے آپ کو مار ڈالنا - **خود مختاری** (مو) آزادی - خود سری - با اختیاری - ذی اختیاری - **خود نما** - مغرور - متکبر - شیخی خورا - **خود نمائی** (مو) شیخی - خود پسندی - نمود - **خودی** (مو) خود مختاری - خود سری - خود غرضی - خود بینی - غرور - تکبر - انانیت (اب اردو میں اپنی ذات اپنی ہستی اور خود داری کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے - علامہ اقبال کے اشعار میں عموماً یہی معنی مراد ہوتے ہیں) خودی اور خدائی میں بیر ہے - غرور خدا کو پسند نہیں -

خور : (ف - مذ) خورشید کا مخفف - سورج - تھوڑا سا کھانا - قوت لایموت - **خورندہ** - کھانے والا - **خورد برد** چیز ندم کرنا - اکھاڑ لینا - مُفت برباد کر دینا - **خور د نوش** (مو) کھانا پینا - دانہ پانی -

خوراک : (ف - مو) کھانے کی چیز - کھانا - غذا - روزینہ - راتب - چارہ - جانوروں کی خاص غذا - سفر خرچ - بھتہ - رسد - **خوراکی** (مو) روزینہ - وظیفہ - کھانے پینے کی چیز -

خُرد : (ف) چھوٹا - خُرد -

خورد بُرد : (ف - مو) کھانا اڑانا - غبن - خیانت - بیجا تصرف (کرنا - ہونا) **خوردنی** (مو) کھانے کی چیز - خورش - خوردہ - دیکھو خرد -

خورش : (ف - مو) کھانا - خوراک -

خورشید : (ف - مذ) سورج - آفتاب - شمس -

خوش : (ف) مگن - مسرور - شاداں - چنگا - تندرست - راضی - شاداب - سرسبز - تر و تازہ - بامراد - مقصود ور - عُمدہ - اچھا - **خوشا** - بہت خوش ؎ امیر

خوشا بخت وہ رنج ویں آ کے ہم کو
نہ پوچھے کوئی شادمانی ہماری

خوش آب - آب دار - **خوش آمدید** - استقبال کے الفاظ - خیر مقدم - **خوش آیند** - بھلا لگنے والا - **خوش اسلوب** - خوش وضع - خوش طرز - خوش قطع - **خوش اسلوبی** - خوش اسلوبی - اچھا ڈھنگ اور طرز طریقہ - **خوش اقبال** - اقبال مند - خوش نصیب - **خوش الحان** - اچھی آواز والا - خوش گلو - سریلا - **خوش الحانی** (مو) خوش آوازی - نغمہ سرائی - **خوش انتظامی** (مو) عمدہ بندوبست - خوش نظمی - **خوش باش** - آزاد - بے فکر - وہ شخص جو دوسری جگہ اقامت اختیار کرے - **خوشبو** (مو) مہک - **خوشبودار** - معطر - خوشبو والا - **خوش بیان** - خوش تقریر - خوش کلام - شیریں گفتار - **خوش بیانی** (مو) خوش گفتاری - فصاحت - **خوش پوشاک** - خوش لباس - عمدہ پوشاک پہننے والا - سفید پوش - **خوش تقریر** - عمدہ تقریر والا - خوش بیان - خوش گفتار - **خوش حال** - خوش قسمت - خوش نصیب - مال دار - آسودہ - **خوش خبری** (مو) مژدہ - نوید - بشارت - **خوش خرام** - آہستہ چلنے والا - خوش رفتار - محبوب - **خوش خرامی** - دل پسند رفتار - **خوش خط** - عمدہ لکھا ہُوا - خوش نویس - عمدہ لکھنے والا - **خوش خلق** - اچھی خصلت والا - بامروت - خلیق - خندہ رو - **خوش خواں** - وہ طالب علم جو وظیفہ خوار نہ ہو - **خوش خوان** کا سودا - اپنی مرضی کا کام - **خوش خوراک** - عمدہ اور لذیذ کھانا کھانے والا - **خوش خیال** - عمدہ خیالات والا - عالی خیال (مصنف یا شاعر) **خوش دامن** (مو) ساس - **خوشدل** - شادماں - مگن - بشاش - **خوش ذائقہ** - لذیذ - مزے دار - خوش مزہ - **خوش رنگ** - شوخ رنگ - پسندیدہ رنگ والا - **خوش رہو** - دعا ؎

خوش رہو تم کو اگر قدر ہماری کچھ نہیں
ڈھونڈ لیں گے ابھی ہم بھی کوئی سرکار نئی ناسخ

خوش رہیے - طنز سے بے پروائی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں ؎

کچھ بھی تو پروا نہیں ناصح کہ اب
خوش رہے بے جا جو خفا ہو گیا رشک

خوش سلیقہ - سگھڑ - اچھے سلیقے والا - مہذب - تربیت یافتہ - **خوش طالع** - نیک نصیب - قسمت کا دھنی - اچھی تقدیر والا - **خوش طبع** - زندہ دل - ظریف - **خوش طبعی** (مو) ظرافت - دل لگی - ہنسی مذاق - زندہ دلی - **خوش طینت** - نیک خصلت - **خوش عناں** - فرمانبردار گھوڑا جو اشارے پر کام کرے - **خوش عیار** - کھرا ؎ انیس

زرگر کی مدح و قدح کا کیا اعتبار ہے
کہہ دے گی پھیک پر کہ طلا خوش عیار ہے

خوش غلاف - وہ تلوار جو ذرا سے اشارے میں غلاف سے نکل آئے - (ا ز ا ر بند کی ڈھیلی) - وہ عورت جس کو کسی سے انکار نہ ہو - **تنگ دہن تنگ** - **خوش فعلی** صفت - مذاق چہل (ہجاو رکے لئے بھی مستعمل ہے) ؎ سحر

خوش فعلیوں میں آئے اگر چاندنی میں یار
کوٹھے پہ چڑھ کے چاند کی کرنیں اچھال بچے

خوش فکر - خوش خیال - اچھے شعر کہنے والا - **خوش قلم** - عمدہ لکھنے والا - خوش نویس - **خوش کرنا** - راضی کرنا - مسرور کرنا - تسلی دینا - تسکین دینا - **خوش گپ ہے** - خوش اخلاق ہے - **خوش گپیاں** (مو) ہنسی مذاق کی باتیں - **خوش گزران** - اچھی طرح گزر اوقات کرنے والا - **خوش گلو** - دیکھو خوش الحان - **خوش گو** - شیریں بیان - **خوش گوار** - مزیدار - لذیذ - وہ چیز جس کے کھانے سے طبیعت خوش ہو - **خوش لباس** - دیکھو خوش پوشاک - **خوش منظر** - خوب صورت - **خوش مذاق** - با مذاق - طبع سلیم رکھنے والا - **خوش نصیب** - صاحب نصیب - بختاور - خوش قسمت - **خوش نصیبی** مو خوش قسمتی - خوش اقبالی - **خوش نما** - موزوں - دلچسپ - زیبا - خوش منظر - **خوشنمائی** مو زینت - بھڑک - زیبائش - **خوشنود** - خوشی - راضی - **خوشنودی** (مو) خوشی - رضامندی - **خوشنویس** - عمدہ لکھنے والا - خوش خط - خوش رقم - **خوش نہاد** - نیک طینت - **خوش و خرم** - شاداں و فرحاں - دلشاد - **خوش وقت** - شاد - خورسند - خوش حال - آسودہ حال - **خوش وقتی** - خوشی - آرام - آسودہ حالی - خوش نصیبی - **خوشی** - سرور - انبساط - شادی - خوشی خوشی ؎ آتش

بہار گلستاں کی ہے آمد آمد　　خوشی پھرتے ہیں باغباں کیسے کیسے

؎ انیس

جو کہتے تھے عباس وہی کرتے تھے نوشاہ
بشاش تھے حضرت تو خوشی اکبر ذیجاہ

رضی بحر نصیب

جو شہ کی رضا میں وہی میری خوشی ہے

خوشی خوشی - **خوشی سے** - نہایت اشتیاق کے ساتھ بسر و چشم - رضامندی سے - مشتاقانہ - **خوشی سے کھلے جانا** - انتہائی شادمانی میں بے سبب ظاہری مسکرانا - **خوشی کا دن** کی گھڑی - عید - ولادت کی ساعت - **خوشی کرنا** - **خوشی منانا** - خوش ہونا - شادی منانا -

خوشامد : (ف - مو) چاپلوسی - جھوٹی تعریف - للو پتو - خوشامد درآمد - چاپلوسی - خوشامد کرنا - خوشامد سے آمد ہے - خوشامد سے فائدہ ہوتا ہے - **خوشامدی** (مو) چاپلوسی - جھوٹی تعریفیں کرنے والا

خوشہ : (ف - مذ) گچھا (انگور کا خوشہ) - اناج کی بالی - **خوشہ چیں** - گرے ہوئے خوشے چننے والا - فیض حاصل کرنے والا ؎ انیس

لگا رہا ہوں مضامین نو کے پھر انبار
خبر کرو مرے خرمن کے خوشہ چینوں کو

خوض : (ع - مذ) فکر - سوچ - غور -

خوف : (ع - مذ) ڈر - اندیشہ - وحشت - ہراس - **خوف کھانا** - ڈرنا - **خوفناک** - ڈر سے بھرا ہوا - بھیانک - ڈراونا -

خوک : (ف - مذ) سور -

خوگیر : (ف) دیکھو خو -

خول : (ا - مذ) نیام - میان - اوپر کا غلاف - چھلکا - ؎ مولف

باقی وہی تھی صدق کی قیمت نہ حق کا مول
غائب ہوا تھا مغز فقط رہ گیا تھا خول

خول چڑھانا - غلاف چڑھانا - **خولدار** - وہ چیز جس کے بیچ کا حصہ خالی ہو -

خولنجان : (مذ) پان کی جڑ -

خون : (ف - مذ) لہو - قتل - ہلاکت - **خون آلودہ** - لہو میں بھرا ہوا - لہولہان - **خون آنکھوں میں اترنا** - غصے کے مارے آنکھوں کا سرخ ہو جانا - غصہ آنا - کسی کو دیکھ کر غضبناک ہو جانا - **خونبار** - لہو برسانے والا - وہ تلوار جس سے خون ٹپک رہا ہو - **خون بگڑنا** - خون کا خراب ہو جانا - خون میں فساد آنا - کوڑھ یا جذام ہونا - **خوں بہا** - (ف) دیت - وہ رقم جو مقتول کے عوض لی یا دی جاتی ہے ؎

کہا یا کیا ہے میں ضامن ادھر دیکھ
شہیدان نگہ کا خوں بہا کیا　　غالب

خون بہانا - مارنا - قتل کرنا - **خون نکالنا** - **خون گرانا** - **خون پانی ایک کرنا** - خون کو پانی کی طرح بہانا (میں سر ٹیک کر لہولہان کر دوں گی اور تمہارا اپنا خون پانی ایک نہ کر دوں تو میرا نام نہیں) **خون پانی ہونا** - بہت تکلیف پہنچنا - **خون پینا** - خون چوسنا - لہو نوش کرنا - مارنا - قتل کرنا - ذبح کرنا - **خون تھوکنا** - لہو کی قے کرنا - سخت صدمہ برداشت کرنا -

سِل ہو جانا ۔ **خونِ جگر پینا** ۔ غم و غصہ ضبط کرنا ۔ سخت مصیبت اُٹھانا ۔ **خونِ جگر کھانا** ۔ سخت محنت سے کوئی کام کرنا ۔ رنج اُٹھانا ؎ آتش

دل سے یہ دمِ فکر ہے قول اپنی زبان کا
بے خونِ جگر کھائے نہیں لطف بیان کا

خُون چاٹنا (تلوار کے لیے) خون آلودہ ہونا ۔ **خون چٹانا** ۔ تلوار یا چھری کو لہو میں بھرنا ۔ **خون چکاں** جس سے لہو ٹپک رہا ہو ۔ **خون چھپنا** (چھپانا) قتل چھپنا چھپانا ؎

قریب ہے یارو روزِ محشر چھپے گا کشتوں کا خون کیونکر
جو چُپ رہے گی زبانِ خنجر لہو پکارے گا آستیں کا

خون چھلکنا ۔ (چھلک آنا) گوشت سے خون کا اُبھر کر جلد پر دکھائی دینے لگنا ۔ نکلنے کے قریب ہونا ۔ **خون خرابا** ۔ جنگ جدل ۔ کشت و خون ۔ خونریزی ۔ مار دھاڑ ۔ **خون خچر** ۔ (لک ۔ عوا) خون خرابا ۔ قتل و غارت ۔ **خون خشک ہونا** ۔ خوف یا رنج سے دُبلا ہو جانا ۔ خوف چھانا ۔ چپ ہو جانا ۔ **خونخوار** ۔ ظالم ۔ جلاد ۔ خون پینے والا ۔ غصے میں بھرا ہوا ۔ **خونخواری** (مو) ظلم و ستم ۔ **خونِ دل پینا** ۔ غم و غصہ میں گھٹنا ۔ نہایت افسوس کرنا ۔ پیچ و تاب کھانا ۔ **خون رُلانا / رونا** ۔ خون کے آنسو رُلانا / رونا ؎ آتش

مثلِ گل ہنس کے کسی روز دل خوش کر دو
خوں رلاتی ہے ہمیں غنچہ دہانی تیری

؎ ذوق

زخم میرا ہے وہ ایذا دوست خوں رونے لگے
منہ سے گر جرّاح کے سن پائے نام انگور کا

خُوں ریز ۔ خوں بہانے والا ۔ قاتل ۔ ایسی جنگ جس میں بہت کشت و خون ہو ۔ **خوں ریزی** (مو) جنگ و جدل ۔ کشت و خون ۔ گھمسان ۔ جنگ ۔ لڑائی ۔ **خون سر چڑھنا یا سر پر سوار ہونا** ۔ کسی کے مارنے اور قتل کرنے پر آمادہ ہونا ۔ خونی کا اپنی زندگی سے ہاتھ دھو کر دوسرے کے پیچھے پڑنا ۔ **خون سفید ہونا** ۔ اُلفت و محبت نہ رکھنا ۔ بے مہری ۔ **خون سُوکھ جانا** ۔ بہت ڈر جانا ۔ فکر سے خون کا کم ہو جانا ۔ **خون ہلکا ہونا** ۔ کمزور دل ۔ کسی کو ذبح ہوتے نہ دیکھ سکنے کی قوت ؎ جلیل

صحنِ چمن میں ذبح نہ کر عندلیب کو
اے باغباں خوں ہے ہلکا گلاب کا

خون کا پیاسا ۔ جانی دشمن ۔ جان کا لاگو ۔ تشنۂ خون ۔ **خون کا جوش** ۔ (مذ) خاندانی محبت ۔ رشتہ داری کا جوش ۔ **خون کا دورہ** ۔ (مذ) جسم میں خون کا گردش کرنا ۔ **خون کا عوض** ۔ (مذ) قصاص ۔ جان کے بدلے جان ۔ **خون کبوتر** ۔ نہایت سُرخ ۔ کبوتر کے خون کی مانند لال ۔

شراب سُرخ ۔ **خون کرنا** ۔ مارنا ۔ قتل کرنا ۔ جان لینا ۔ **خون کی بُو آنا** ۔ دشمنی کے آثار پائے جانا ۔ **خون کی چادر** ۔ خون جو چوڑائی میں پھیل کر نکلے ؎ جلیل

پردہ پوشی کے رہیں محتاج کیوں تیرے شہید
خون کی چادر جو پھیلے گی کفن ہو جائے گا

خون گردن پر سوار ہونا ۔ دیکھو خون سر چڑھنا ۔ **خون گرفتہ** (مذ) اجل رسیدہ ۔ اجل گرفتہ ؎ سودا

کہتا ہے نگہ سے یہ ترا گوشۂ ابرو
دیکھے جو کوئی خون گرفتہ تو لگا لا

خون لگا کے شہیدوں میں داخل ۔ ادنیٰ سے بڑے درجہ کا طالب ۔ **خون لینا** ۔ فصد کھولنا ۔ **خون منہ کو لگنا** مزہ پڑ جانا ۔ **خونناب** ۔ **خونابہ** ۔ خون کے آنسو ۔ پانی ملا ہوا خون ۔ لال سُرخ ۔ وہ خون جو حالت رنج و غم یا محنت و مشقت میں آنسو بن کر یا پسینہ بن کر نکلے ؎ ناسخ

تیری محفل میں جو پاسِ راز پوشی تھا مجھے
مثلِ رنگِ گل رواں آنکھوں سے یاں خونابہ تھا

خون ہونا ۔ قتل ہونا ۔ مارا جانا ۔ رنجیدہ ہونا ۔ **خونی** قاتل ۔ سفاک ۔ وہ شخص جس نے کسی کو مار ڈالا ہو ۔ جلاد ۔ ظالم ۔ **خونی دست** (مذ) لہو کے دست ۔ اسہال ۔ **خونی پیچش** ۔ **خونین** ۔ خون آلود ۔ سُرخ ۔ لال ۔ خون سے نسبت رکھنے والا نیز خونی ۔ **خونین جگر** ۔ عاشق ۔

خوید :۔ (ف ۔ مو) ہرے جَو یا گیہوں جو گھوڑے کو کھلاتے ہیں (خود)

خویش :۔ (ف ۔ مذ) داماد ۔ بیٹی کا شوہر ۔

خہے :۔ (ف) کلمۂ تحسین ۔ واہ وا ۔ مرحبا ۔ آفرین ۔

خیابان :۔ (ف ۔ مذ) کیاری ۔ روش باغ کا راستہ ۔

خیار :۔ (ع ۔ مذ) کھیرا ۔ ککڑی ۔ **خیارین** ۔ یہ دونوں چیزیں کھیرا ۔ ککڑی

خیاط :۔ (ع ۔ مذ) درزی ۔ کپڑے سینے والا ۔ خیاط ۔ سوئی ؎ رشک

ممکن نہیں جو بگڑے کہیں سے لباسِ یار
حیران ہو بصیرتِ چشمِ خیاط سے

خیاطت (مو) کپڑا سینا ۔

خیال :۔ (ع ۔ مذ) تصور ۔ وہم ۔ گمان ۔ وہ صورت جو آدمی بیداری میں تصور کرے یا خواب میں دیکھے ۔ فکر ۔ اندیشہ ۔ سوچ بچار ۔ سمجھ بوجھ ۔ رائے ۔

(آپ بھی اپنا خیال ظاہر کریں) غور و خوض (آپ نے اصل معاملہ پر خیال نہیں فرمایا) معنی۔ مضمون (شاعر نے بڑا اچھا خیال باندھا ہے) منشا۔ ارادہ۔ توجہ۔ التفات۔ پاس۔ لحاظ (آپ کے خیال سے کسی نے اختلاف نہیں کیا) وہم گمان (یہ آپ کا خیال ہی خیال ہے) ایک راگ کا نام۔ گانا کے ساتھ **خیال باطل** (مذ) جھوٹا خیال۔ غیر ممکن الوقوع بات کا خیال۔ **خیال باندھنا** - دل یا ذہن میں کوئی بات پیدا کرنا۔ منصوبہ باندھنا۔ تصور کرنا۔ مضمون نظم کرنا۔ **خیال بندی** (مو) خیالات۔ خیالی تصویر۔ **خیال پر چڑھنا** - یاد رہنا۔ ذہن نشین ہونا۔ ہر وقت خیال رہنا۔ **خیال پڑنا** - خیال ہونا۔ یاد آنا۔ **خیال خام** (مذ) کچا خیال۔ بیہودہ خیال۔ وہ خیال جس کے پورا ہونے کی امید نہ ہو۔ **خیال رکھنا** - یاد رکھنا۔ **خیال فاسد** (مذ) برا خیال۔ ناقص خیال۔ بے ہودہ خیال۔ فتنہ برپا کرنے والا خیال۔ **خیال کرنا** - سوچنا۔ فکر کرنا۔ تصور کرنا۔ قیاس کرنا۔ منصوبہ باندھنا۔ تجویز کرنا۔ غور کرنا۔ پروا کرنا۔ لحاظ کرنا۔ رعایت کرنا۔ توجہ کرنا۔ **خیال میں نہ لانا** - توجہ نہ کرنا۔ لحاظ نہ کرنا۔ دھیان میں نہ لانا۔ **خیال نہ رہنا** - یاد نہ رہنا۔ دھیان نہ رہنا۔ فراموش ہونا۔ **خیال نہ لانا** - وسوسہ نہ کرنا (میری خاموشی سے آپ کوئی اور خیال نہ لائیں) **خیالات** (مذ) خیال کی جمع۔ تصورات۔ **خیالی** - وہمی۔ قیاسی۔ تخیلی۔ **خیالی پلاؤ پکانا** - ایسی باتیں تصور کرنا جو ممکن الوقوع نہ ہوں ۔ مرتاض

رہی نہ قوت احساس خوش مذاقوں میں
پکا رہے ہیں خیالی پلاؤ فاقوں میں

خیانت (ع - مو) غبن۔ تغلب۔ بے ایمانی۔ چوری۔ بددیانتی۔ **خیانت کرنا** - غبن کرنا۔ تغلب کرنا۔ ہاتھ مارنا۔ امانت میں تصرف کرنا۔ **خیانت مجرمانہ** - (مو) قانون کے خلاف خیانت کرنا۔ وہ خیانت جو سرکاری جرم میں داخل ہو۔ سرکاری غبن۔

خیر (ع - مو) نیکی۔ بھلائی۔ بہتری (اسی میں خیر ہے کہ یہاں سے چل دو) برکت۔ بڑھوتری (حرام مال میں خیر برکت نہیں) اکابر کے واسطے۔ اچھا۔ سلام ہوا کی جگہ بھی۔ خیر جی اور خیر صاحب بھی کہتے ہیں۔ ٹھیک۔ بجا یا درست۔ سلامتی۔ تندرستی۔ عافیت (اپنی خیر و عافیت بھیجتے رہو) کیا مضائقہ ہے ۔ امیر

زاہد و تم کو جتاں ہم کو دیر یا پسند
خیر جاؤ تم ادھر کو ہم ادھر جاتے ہیں

جنگل کے لیے (خیر سمجھا جائیگا) **خیر الامور اوسطہا** - ہر کام میں افراط و تفریط سے درمیانی راہ اختیار کرنا بہتر ہے۔ ۔ سحر

خیر الامور اوسطہا پہ عمل کیا
رکھا قدم جو راہ توسط کے درمیاں

خیر اندیش - خیر خواہ۔ وہ شخص جو کسی کی بھلائی چاہتا رہے۔ نیک خواہ۔ **خیر باد کہنا** - رخصت کرنا۔ رخصت ہونا۔ کسی کام یا جگہ کو ترک کرنا۔ **خیر باشد** - خیر تو ہے۔ خیر ہے۔ اتفاقاً عادتاً اور شکایت دوستانہ کے موقع پر بھی بولتے ہیں۔ **خیر باشد** - آج کیسے (ادھر) قدم رنجہ فرمایا۔ **خیر برکت** (مو) برکت (گھر کی خیر برکت بیگم کے دم سے تھی) **خیر چاہنا** - بھلائی یا سلامتی چاہنا۔ عافیت چاہنا۔ **خیر خبر** (مو) خیریت۔ خیر و عافیت۔ مزاج پرسی۔ **خیر سے** - خیر و عافیت کے ساتھ۔ (طنزاً) ماشاءاللہ (خیر سے آپ کو اب تک سبق نہیں ہوا) **خیر سے کہنا** - سلامتی سے بسر ہونا۔ **خیر گزرنا یا خیر ہونا** - آفت سے بچنا۔ ناگہانی صدمہ یا حادثہ سے جان بچنا۔ **خیر مانگنا** - سلامتی چاہنا۔ بھلائی چاہنا۔ توبہ کرنا۔ مغفرت چاہنا (خیر مانگو ہوش میں آؤ) فال بد نکلنے کے موقع پر بھی بولتے ہیں ۔ صبا

ساتھ چھوڑوں میں تمہارا یہ نہیں ممکن ہے
خیر مانگو کہیں ہوتے ہیں وفادار جدا

خیر محض (مو) سراسر خیر۔ ہمہ تن خیر۔ سراپا نیکی۔ (از سرتاپا) بھلائی۔ **خیر مقدم** (مذ) وہ کلمہ جو کسی بزرگ یا عالی مرتبہ شخص کے آنے کے وقت کہا جاتا ہے۔ خوش آمدید۔ آپ کا آنا مبارک۔ بہت اچھے آئے۔ **خیر منانا** - بھلائی چاہنا۔ سلامتی چاہنا۔ دعائے نیک کرنا۔ **خیر و عافیت** (مو) خیر سلا۔ خیریت۔ سلامتی۔ تندرستی۔ **خیر ہے۔ خیر تو ہے** - جب کوئی خلاف وقت آئے یا اس سے اس کے حال کے مطابق حرکت نہ ہو تو بطور تعجب پوچھتے ہیں۔ خیر تو ہے! اچھے تو ہو۔ یعنی اچھے ہوتے تو ایسی بات نہ کرتے۔ وہ بطور جواب کہتا ہے۔ ہاں خیر ہے۔

خیرات (ع - مو) صدقہ۔ تصدق۔ بھیک دی جائے۔ **خیرات خانہ** (مذ) محتاج خانہ۔ لنگر خانہ۔ **خیرات داخل** - خیرات کی مانند (جو کچھ گیا خیرات داخل ہے) **خیرات دینا** - خدا کی راہ میں دینا۔ صدقہ کرنا۔ مفت دینا۔ **خیراتی** - خیرات سے منسوب۔ زکوٰۃ کی۔ مفت کی (خیراتی ہسپتال۔ خیراتی مال)

خیرگی (ف - مو) بے حیائی۔ ڈھٹائی (اس لڑکے میں خیرگی اور شرارت اور لڑکوں سے زیادہ ہے) چکاچوند (سورج کی طرف نظر اٹھانے میں آنکھوں میں خیرگی پیدا ہو گئی) **خیرہ** - تاریک (برق روشنی سے آنکھیں خیرہ ہو گئیں) بے حیا۔ بے باک۔ **خیرہ چشم** - بے حیا۔ شوخ چشم۔ **خیرہ سر** - آوارہ گرد۔ بے باک۔ **خیرہ سری** - آوارگی۔ بے باکی۔ سرکشی۔

خیرو : (مذ) خطمی ۔

خیریت : (ف ۔ مو) نیکی ۔ بھلائی ۔ تندرستی ۔ سلامتی ۔ صحت ۔ عافیت ۔

خیز : (ف ۔ خے ۔ مذ) (جیسے گھوڑے کو خیز کرنا) مرکبات میں پیدا کرنے والا (یہ بستی مردم خیز ہے ۔ یہ واقعہ آفت خیز ہے) خیزی یا خیزش (مو) شہوت ۔ ذکر کی استادگی ۔

خیفا : (ع ۔ مو) نظم یا نثر میں ایک لفظ نکتہ دار اور دوسرا بے نقطہ لانا ۔ یہ کلام کی ایک لفظی صنعت ہے ۔

خیل : (ع ۔ مذ) جماعت ۔ گروہ ؎ ذوق

قلقلہ اندر محفل مستاں ، وجد میں خیل بادہ پرستاں

نغمہ طرازاں بار بدآسا ، چنگ نوازاں ششکل نکیسا

خیلا : (خیلہ سے مورد) لغو ۔ پھوہڑ ۔ بیہودہ ۔ احمق ۔ بے وقوف ۔ خیلا پانجا (مو) لغو اور بیہودہ عورت جسے اپنی سدھ بدھ نہ ہو ۔ خیلا پن (مذ) بے سلیقگی ۔ بے ذوقی ؎ رنگین

مجھ کو بھاتا ہے تیرا خیلا پن

واہ کیا خوب یہ البیلا پن

خیلے : (ف) بہت زیادہ ۔ پرانے زمانے میں بولتے تھے (اس وقت تمہارا جانا خیلے دشوار ہے)

خیمہ : (ف ۔ مذ) ڈیرا ۔ تنبو ۔ خرگاہ ۔ خیمہ دوز ۔ تنبو سینے اور بنانے والا ۔ خیمہ گاہ (مو) کیمپ ۔ لشکر گاہ ۔ لشکر یا قافلے کا پڑاؤ ۔ کسی کا پڑاؤ (مانع لفظ خے ۔ م)

د

د : (مذ) اردو ا ب ت کا گیارھواں حرف ۔ اس کے اعداد ابجد کے حساب سے چار ہوتے ہیں ۔

داب : (ہ ۔ مو) بوجھ ۔ زور ۔ چھاپہ خانے کی اصطلاح میں کاغذ کا ایک رخ سے ایک بار چھپنا ۔ ایک دفعہ کل سے نکلنا (ف) قاعدہ ۔ آداب ۔ دستور (آداب محفل) ۔ داب بیٹھنا ۔ رعب جمنا ۔ کسی کی چیز زبردستی دبا بیٹھنا ۔ داب بیٹھ جانا ۔ رعب قائم ہو جانا ۔ داب بیجا ۔ ناجائز دباؤ جبر رعب ۔ دبدبہ ۔ داب چوک مو جب چھاپتے وقت کسی کاغذ کا کوئی حصہ پلیٹ کے اوپر ٹھیک نہ بیٹھنے سے خالی رہ جائے ۔ اسے داب چوک کہتے ہیں کہ داب چوک گئی ۔ داب دینا ۔ گاڑ دینا ۔ دبا دینا ۔ دفن کر دینا ۔ داب رکھنا ۔ زد بیٹھ مار لینا ۔ کوئی چیز روک رکھنا ۔ داب سلطنت (مذ) حکومت کے طریقے سلطنت کے قواعد ۔ آداب سلطنت ۔ داب صحبت (مذ) اہل مجلس کا ڈھنگ ۔ علم مجلس ۔ تہذیب ۔ شائستگی ۔ داب لینا ۔ دبوچ لینا ۔ قابو میں لے آنا ۔ زیر کر لینا ۔ مجبور کرنا ۔ مال مار لینا ۔ دابنا (ہ) کسی چیز کو ہاتھوں کے زور سے نیچے بٹھانا ۔ چپی کرنا ۔ جسم دبانا ۔ گاڑنا ۔ دفن کرنا ۔ دبوچنا ۔ بھینچنا ۔ مال مارنا ۔ (تم نے میرے پاؤں دابے ۔ میں نے تمہارے پیسے دابے (غالب) داب ناجائز ۔ بیجا دباؤ ۔ زبردستی ۔

داتا : (ہ ۔ مذ) دینے والا ۔ سخی ۔ فیاض ۔ رازق ۔ خدا ۔ [illegible] ۔ سائیں ؎

[illegible] کرے تخیل مجھ جھر مرے

[illegible] مکھی چوس ۔ کنجوسوں کی کثرت ہے

داتا دے بھنڈاری کا پیٹ پھوٹے ۔ کوئی دے اور کوئی جلے ۔ داتا کی ناؤ پہاڑ چڑھے ۔ سخی کی مشکلات آسان ہوتی ہیں ۔ داتا کے تین گن دے ۔ دلوائے ۔ دے کے چھین لے ۔ خدا جو چاہے سو کرے ۔

داخل : (ع) اندر آنے والا ۔ پہنچنے والا ۔ شامل ۔ محق ؎

دو بارہ ہم کو کبھی بھول کر نہ خط لکھنا

یہ شرط ہے مرے خط کے جواب میں داخل ذوق

برابر ۔ مساوی (یہ بھی مہمانوں میں داخل ہیں ۔ رات دن باہر رہتے ہیں کبھی آ گئے تو آ گئے) داخل خارج ۔ ایک کا نام دوسرے کے بجائے سرکاری کاغذات میں ملکیت کے طور پر لکھا جانا ۔ داخل دفتر ۔ مثل میں شامل نامنظور (کرنا ۔ ہونا) داخل کرنا اندر کرنا ۔ گھسیڑنا ۔ شامل کرنا ۔ ملانا ۔ سپرد کرنا ۔ سونپنا ۔ سرکاری خزانہ میں روپیہ جمع کرنا ۔ نام لکھوانا ۔ درج کرانا ۔ بھرتی ۔ نوکر رکھنا ۔ داخلہ (مذ) کسی مقام مکان مرتبے یا درجے میں شامل ہونا ۔ سپردگی ۔ حوالگی ۔ داخل کرنے کی فیس ۔ داخل ہونے کی اجازت اور پروانہ ۔ ملک کے وہ معاملات جو اندرون ملک کے انتظام سے تعلق رکھتے ہوں جیسے پولیس وغیرہ ۔ داخلی اندرونی خارجی کی ضد ۔ کسی ملک کا اندرونی مسئلہ ۔

داد : (ف ۔ ہ ۔ مذ) وہ پھنسیوں کے چھتے جو فساد خون کے باعث ہو جاتے ہیں اور ان میں کھجانے سے لطف آتا ہے (ف) عدل و انصاف کلام یا کمال کی تعریف (دینا ملنا کے ساتھ) داد پانا ۔ انصاف کو پہنچنا ۔ تعریف کا مستحق ہونا ۔ داد چاہنا ۔

انصاف کا خواہاں ہونا۔ تعریف چاہنا۔ **دادخواہ** (مذ) فریادی۔ مستغیث۔ مدعی۔ **دادخواہی** (مو) استغاثہ۔ نالش۔ فریاد۔ دعویٰ۔ **داددہی**۔ **دادگستری** (مو) انصاف کرنا۔ داد دینا۔ داد سننا ؎ جان صاحب

رات دن کرتی ہوں درگاہ میں میں کی فریاد
بیچی بندی کی کو خدا جلد کہیں ہووے داد

داد دینا۔ انصاف کرنا۔ عدل کرنا۔ تحسین و آفرین کرنا۔ **دادرسی** (مو) انصاف۔ حق رسی۔ **داد فریاد** (مو) داویلا۔ استغاثہ۔ نالش۔ عدل و انصاف۔ **داد کو پہنچنا**۔ انصاف پانا۔ دوسرے کا ٹھیک انصاف کرنا۔ اپنے ہنر کا کمال کی داد پانا۔ صلہ پانا۔ **داد لینا**۔ کسی سے اپنے کمال یا ہنر کی تعریف کرانا۔ انصاف چاہنا۔ **داد نہ فریاد**۔ بے انصافی ہیں بیکسی: ذہیر

خون کسی کا کوئی کرے واں داد نہیں فریاد نہیں ؎ ذہیر

دادنی۔ وہ چیز جو دینے کے لائق ہو۔ **دادودہش** (مو) خیر خیرات۔ فیاضی۔ سخاوت۔ **دادوستد** (مو) لین دین۔ باہمی حساب کتاب۔ معاملہ۔

دادا
(ہ۔ مذ) باپ کا باپ۔ جد۔ بڑی قدر والا بوڑھا۔ استاد۔ گرو ؎ جان صاحب

کے جو وجد میں آکر بڑا بھلا محتاج
جو سننے والے ہیں وہ بے حیا کے دادا ہیں

دادی
(ہ۔ مو) باپ کی ماں۔ دادا کی بیوی۔ تعظیماً ہر بوڑھی عورت۔ بڑی استانی

دادار
(ف) منصف۔ عادل۔ اللہ تعالیٰ۔

دادرا
(ہ۔ مذ) ایک قسم کا گیت۔ چھوٹی لے کا گیت۔ ایک پوربی گانا جس کے راگ تک ہیں۔

دار
(ف۔ مو) سولی۔ وہ لکڑی جسے زمین میں سیخ کی طرح گاڑ کر مجرم کی جان لیا کرتے تھے۔ پھانسی۔ (مذ) گھر۔ محلہ۔ جگہ۔ مقام (مرکبات عربی میں سے فارسی میں سے لاحقہ کی صورت رکھنے والا جیسے جمعدار) **داربست** (مو) لکڑی وغیرہ کی باندھیں جن پر کھڑے ہو کر معمار کام کرتے ہیں۔ انگور یا کسی بیل کے چڑھانے کو۔ **دار پر چڑھانا**۔ سولی پر چڑھانا۔ سولی دینا۔ **دارالاقامہ** (مذ) بورڈنگ ہاؤس۔ ہوسٹل۔ **دارالامارہ** (مذ) دارالخلافہ۔ پایہ تخت۔ صدر مقام کسی حکومت کے حاکم اعلیٰ کے رہنے کا مقام۔ **دارالامن** (مذ) امن کا گھر۔ وہ ملک جہاں کے لوگ اوروں سے لڑتے ہوں۔ **دارالبقا یا دارالآخرت** (مذ) قائم رہنے والا جہان۔ دوسرا جہان۔ جہاں موت نہیں۔ عقبیٰ۔ **دارالجزا** (مذ) عالم آخرت۔ جہاں برے بھلے کاموں کا بدلہ ملے گا۔ **دارالحرب** (مذ) لڑائی کا گھر۔ ایسا ملک جہاں کفار کی عملداری ہو اور مسلمانوں کے احکام مذہب میں مداخلت کی جائے۔ **دارالحکومت** دارالخلافہ۔ **دارالسلطنت** (مذ) راجدھانی۔ پایہ تخت۔ صدر مقام۔ **دارالسلام** (مذ) بہشت۔ **دارالشفا** (مذ) شفاخانہ۔ بیمارخانہ۔ **دارالضرب** (مو) ٹکسال۔ **دارالعلوم** (مذ) مدرسہ۔ کالج۔ یونیورسٹی۔ **دارالعمل** (مذ) وہ جگہ جہاں عمل کا کھرا کھوٹا بدلہ ملتا ہے۔ **دارالمکافات** (مذ) دنیا ؎

اس دار مکافات میں سن اسے غافل
بیداد کرے گا تو آج کل پائے گا ؎ حالی

دارالنعیم (مذ) بہشت۔

دارا
(ف۔ مذ) ایک مشہور بادشاہ ایران جو سکندر کے ساتھ لڑ کر مارا گیا تھا۔ ہر بادشاہ۔

داراب
(ف۔ مذ) قدیم ایران کے بہمن بادشاہ کا بیٹا

دارابی
(ا۔ مو) توپ کھینچنے کی رسی۔

دارائی
(ف۔ مو) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔ جسے دریائی کہتے ہیں۔ حکومت۔ خدائی۔

دارچینی
(ف۔ مو) ایک درخت اور اس کی چھال جو خوشبودار ہوتی ہے۔

دارو
(ف۔ مو) دوا۔ شراب۔ مے۔ دوا۔ لیکن یہ معنی میں "دوا دارو" بولتے ہیں۔ بعض نے تنہا بھی استعمال کیا ہے ؎ رند

خاک پا اس غیرت خورشید کے چہرے پہ مل
تجھ کو دارو نے کلف کیا اے قمر حق نہیں

دارو درمن (مذ) علاج معالجہ۔ **داروئے بیہوشی** (مو) وہ دوا جسے سونگھا کر بے ہوش کر دیتے ہیں۔ کلوروفارم۔

داروغہ
(ت) پولیس سب انسپکٹر۔ تھانے دار (مذ) محافظ۔ نگران۔ کسی کام کا اہتمام کرنے والا کسی جماعت کا سردار جیسے داروغہ صفائی۔ داروغہ بیگار وغیرہ۔ **داروغائی**۔ تھانے داری۔ محافظت۔ انتظام۔ نگہبانی۔

داروگیر
(ف۔ مو) پکڑ دھکڑ۔ مواخذہ۔ پرسش ؎

چلا ہے کوچہ گیسو کو دل مرا خوش خوش
خبر نہیں کہ وہاں دار و گیر ہوتی ہے ؎ اختر

جنگ۔ معرکہ۔ **دارومدار** (ف۔ مذ) انحصار۔ ٹھہراؤ۔ قرارداد۔ دارومدار ہو گئی صلح صفائی ہو گئی۔

داری
(ف۔ مو) لونڈی جو لڑائی میں ہاتھ آئی ہو۔ کنیز۔ باندی۔ حرم۔

دارین :- (ع - مذ) دونوں جہان - دُنیا و عُقبیٰ -

داڑھ :- (ہ - مو) دیکھو (ڈاڑھ)

داس :- (ہ - مذ) غلام - خادم - چاکر - (ف) درانتی - گھاس - کھیتی کاٹنے کا ہلالی شکل کا آلہ - گیہوں اور جَو کی بالیوں کی مونچھیں ؎ ناسخ

مزرعۂ عمر کو ہر بار درو کرتا ہے
ماہِ نو اس کے سوا کیا ہے اگر داس نہیں

داسا :- (ہ - مذ) وہ لکڑی کا ٹکڑا یا لمبی سل جسے دیوار پر رکھ کر اوپر سے کڑیاں ڈالتے یا ستونوں کے نیچے خواہ اُوپر دھر رکھ کر لگاتے ہیں - گھاس وغیرہ کاٹنے کی درانتی -

داستان :- (ف - مو) قصہ - کہانی - حکایت - روایت - نقل - طویل قصہ - لمبی کہانی - داستان گو (مذ) وہ شخص جس کا پیشہ امیروں کو قصہ سنانے کا ہو - قصہ خواں -

داستانہ :- (ف - مذ) دستانہ - ہاتھ کی پوشش جو عموماً سردیوں میں پہنتے ہیں - وہ چمڑا جسے میر شکار اپنے ہاتھ میں شکاری پرند کے بٹھانے کے لیے پہنتے ہیں کہ اس کے پنجے نہ چبھیں -

داشت :- (ف - مو) نگرانی - خبرگیری - داشت کرنا - خبرگیری کرنا - داشتہ - رکھا ہوا (مو) ناجائز بیوی - داشتہ آید بکار - رکھی ہوئی چیز کبھی نہ کبھی کام آ ہی جاتی ہے -

داعی :- (ع) بلانے والا - دُعا کرنے والا - سبب - ذریعہ - محرک (آپ کا نہ آنا اس کا داعی ہوا کہ خط لکھا جاسکے) داعیہ (مذ) اجارہ - زور - دعویٰ -

داغ :- (ف - مذ) (فصیح الملک نواب مرزا خان دہلوی کا تخلص جن کے اشعار سند کے طور پر لائے گئے ہیں) دھبا - نشان - چھائیں - کلنک کا ٹیکہ - عیب - جلے کا نشان - زخم - ناسور - رنج - صدمہ (جیسے داغِ مفارقت - داغِ ہجر) کسی عزیز کے مرنے کا غم - رشک - حسد - داغ اُبھرنا - صدمہ تازہ ہونا - داغ اُٹھانا - رنج اُٹھانا - صدمہ اُٹھانا - داغ بیل - (مو) وہ نشان جو سڑک یا روش کھودنے کے لیے بیلچہ یا پھاوڑے سے ڈالتے ہیں - علیٰ ہذا نشان عمارت جو معمار زمین پر لگاتے ہیں (پڑنا - ڈالنا - لگانا) کسی کام کی بنیاد رکھنا - کسی کام کی تمہید ہونا ؎ محسن

لگائی فنا نے یہاں داغ بیل ۔ عدم کو چلی آب و آتش کی ریل

داغ جگر (مذ) زخمِ دل - زخمِ جگر - اولاد کے مرنے کا صدمہ - داغ دار - داغی - وہ چیز جس میں دھبے ہوں - وہ پھل جو کہیں کہیں سے گل گیا ہو - داغ دینا - رنج دینا - صدمہ دینا - جلانا - جھلسا دینا - کسی چیز کو گرم کرکے اس کا نشان ڈالنا - بندوق چلانا - داغ کھانا - صدمہ اُٹھانا - رنج اُٹھانا - داغ لگانا - جلانا - عیب لگانا - بدنام کرنا - بدنما نشان ڈالنا - داغ لگنا - جلنا - جل جانا - عیب لگنا - بدنامی آنا - بدنما نشان پڑنا - دیگچی وغیرہ میں کھانا جل جانا - داغنا - چرکا دینا - گرم لوہے سے نشان ڈالنا - توپ یا بندوق چھوڑنا - توپ سر کرنا - آتشبازی چھڑانا - داغ نکلے - (کوسنا) - پھوٹ نکلے - جل کر نکلے ؎ جان صاحب

اب نہ سوؤں گی تمھارے ساتھ اور کوسوں گی یہ
داغ نکلے اس کے جس کو بھیجے کمخواب ہو

داغ ہونا - گھبرا ہونا - رنج ہونا - صدمہ ہونا - جل کر زخمی ہونا ؎ داغ

داغ سینے ہوتے ہیں گل کھاتے ہیں زخمی ترے
گرم بازار ان دنوں ہے مرہم کافور کا

داغی :- (ف) داغدار - جلایا ہوا - عیب دار - سزا یافتہ - شرمندہ - احسان مند -

دافع :- (ع) دفع کرنے والا - دافعہ - وہ قوت جو انسان کے جسم میں غذا کا خون بننے کے بعد فضلے کو نکال دیتی ہے -

داکھ :- (ہ - مو) منقّہ - سوکھا انگور -

دال :- (ہ - مو) دلے ہوئے چنے - مونگ - ارد وغیرہ جو سالن کے طور پر پکائے جاتے ہیں - کھرنڈ - انڈے کی زردی - آتشی شیشے کا وہ عکس جس سے آگ لگتی ہے - پرند کے انڈے سے جب بچہ نکلتا ہے تو چونچ کے دونوں طرف زردی ہوتی ہے اس زردی کو دال کہتے ہیں - نیز (لفظ عربی) دلالت کرنے والا - دلیل - ثبوت (یہ حماقت اس پر دال ہے کہ تم ابھی پورے تجربہ کار نہیں) دال بندھنا - کھرنڈ بندھنا - انگور بندھنا - آتشی شیشے کا عکس پڑنا - دال چپاتی (مو) دال روٹی - بچوں کے ڈرانے کا ایک فرضی نام - دال جُتّی ہونا - دو منگنوں کا باہم لپٹ کر زمین پر گر پڑنا - باہم پٹنا - گتھم گتھا ہونا - دال دلیا (مذ) غریبانہ خوراک - غریبوں کا سا کھانا - کچھ نہ کچھ - تھوڑا بہت - کوشش کیے جاؤ بہت نہیں تو دال دلیا ہو ہی رہے گا - دال روٹی - (مو) غریبانہ خورش - اوسط درجے کی وجہ معاش - دال روٹی سے خوش - کھاتا پیتا - آسودہ حال - دال روٹی کھائے ڈنڈا پڑے تو پہاڑ میں جائے - کفایت شعاری سے بسر

کرے اور نقصان کی پروا نہ کرے۔ **دال گلنا**۔ دال کا گھل مل کر پک جانا۔ باریاب ہونا۔ مراد کو پہنچنا۔ کامیاب ہونا۔ داؤں چلنا۔ ؎

اپنے سوا رقیب کی کب دال گلتی ہے
باتیں بنائے لاکھ وہ شیخی بگھار کے — عشق

دال میں کالا۔ کچھ نہ کچھ عیب ہے۔ کچھ شک ہے۔ کچھ شبہ ہے۔ بدگمانی ہے۔ **دال نہ گلنا**۔ دیکھو دال گلنا۔

دالان:۔ (فا۔ مذ) کمرے کے سامنے کا برآمدہ جس میں دروازے نہیں ہوتے۔ **دالان در دالان** (فا۔ مذ) دوہرا دالان۔ آگے پیچھے دو برابر کے دالان۔

دام (ع) ہمیشہ رہا۔ ہمیشہ رہے۔ اردو میں اکیلا استعمال نہیں ہوتا۔ بلکہ دام ظلہ۔ دام لطفہ کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ یہ القاب ہوتا ہے جو خطوں اور عرضیوں میں صاحب کے بعد لکھا جاتا ہے (والد صاحب قبلہ دام اقبالہ)

دام ظلہ۔ آپ کا سایہ ہمیشہ برقرار رہے۔ **دام لطفہ**۔ آپ کی عنایت ہمیشہ باقی رہے۔

دام:۔ (ہ) قیمت۔ نرخ۔ نقدی۔ کوڑی۔ **دام اٹھانا**۔ دام خرچ کرنا ؎ داغ

متاعِ دل جو ہو بیکار کیوں نہ ہو وقت
کہ دام اٹھانے پڑے جنس نارواکے لیے

دام اٹھنا۔ کسی چیز کا بک جانا۔ قیمت یا لاگت کا حاصل ہونا۔ **دام بھر پانا**۔ قیمت یا لاگت کا وصول ہو جانا۔ حساب بیباق ہونا۔ روپیہ وصول ہونا۔ **دام بھرنا**۔ تاوان دینا۔ **دام پٹ جانا**۔ قیمت طے ہو جانا۔ قیمت وصول ہونا ؎ منیر

کھا کھا کے غوطے پار رہے یا اور مراد
ڈوبی ہوئی تھی جنس مگر دام پٹ گئے

دام چکانا۔ نرخ مقرر کرنا۔ قیمت طے کرنا۔ قیمت ادا کرنا۔ **دام دام**۔ کوڑی کوڑی۔ پیسہ پیسہ۔ **دام دینا**۔ قیمت دینا۔ مول ادا کرنا۔ روپیہ دینا۔ **دام کھرے کرنا**۔ چیز بیچ کر نقدی لینا۔ **دامے درمے قدمے سخنے**۔ روپے پیسے۔ ہاتھ پاؤں یا زبانی امداد کے موقع پر بولتے ہیں۔ **دام** (ف) جال۔ پھندا۔ گھاس کھانے والا صحرائی چوپایہ جیسے دد و دام۔ عہد سلاطین کے مناصب و خوارج ملک میں روپے کا چالیسواں یا پچیسواں حصہ۔ دداوں کے قول میں پختہ دام ۲۰ یا ۲ ماشے کا سکہ ؎ اسیر

کریں مقابلہ اغیار میں مسائل کا
گھروں کے سامنے کب کہتے دام بچھتے ہیں

دام بچھانا۔ شکار کے پھنسانے کا جال بچھانا۔ دغا کرنا۔ **دام میں آنا**۔ فریب میں آنا۔ **دام میں پھنسنا**۔ گرفتار ہونا۔ جال میں آنا۔ **دام میں لانا**۔ جال میں پھنسانا۔ بس میں کرنا۔ مکر و فریب میں لانا۔ **دام بار**۔ صیاد ؎ صبا

بنائے گیسوؤں کو تم تو دام یار بنے
ہمارا طائرِ دل مفت میں شکار ہوا

داموں ڈھیر یا داؤں ڈھیر۔ یا مال کمایا یا جان دی۔

داماد:۔ (ف۔ مذ) جنوائی۔ بیٹی کا خاوند۔

دامان، دامن:۔ (ف۔ مذ) آنچل۔ انگرکھے وغیرہ کا وہ حصہ جو لٹکتا رہتا ہے۔ گریبان کا مقابل۔ کسی چیز کا نچلا (دامن صحرا) پہاڑ کے نیچے کی زمین (دامن کوہ) طرف کا دائرہ۔ **دامن اٹک جانا**۔ پھنس جانا۔ گرفتار ہو جانا۔ مائل ہو جانا ؎ عاشق

کیونکر بیان لطافت پوشاک یار ہو
مخمل کے فرش خواب میں دامن اٹک گیا

دامن اٹھا کر چلنا۔ آنچل سنبھال کر چلنا۔ **دامن سمیٹ کر چلنا**۔ آنچل اونچا ہونا۔ **دامن پر فرشتے نماز پڑھیں**۔ اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب کسی شخص کی نیکی اور پاک دامنی کی بہت زیادہ تعریف کرنا مقصود ہو۔ **دامن پکڑنا**۔ مانگنا۔ روکنا۔ باز رکھنا۔ پناہ لینا۔ حمایت میں آنا۔ حفاظت کرنا۔ **دامن پھیلانا**۔ گودی پھیلانا۔ دعا مانگنا۔ خدا سے التجا کرنا۔ بھیک مانگنا۔ **دامن تر ہونا**۔ گنہگار ہونا۔ قصوروار ہونا۔ **دامن تلے چھپانا یا ڈھانکنا یا ڈھکنا**۔ اپنی پناہ میں لینا۔ سائے میں لینا۔ بیٹی دینا۔ بیٹی کا بیاہ کر دینا۔ پرورش کرنا۔ پالنا۔ **دامن جھاڑنا**۔ دامن سے گرد و غبار جھاڑنا۔ تعلقات سے آزاد ہونا۔ خالی ہاتھ ہونا۔ **دامن جھٹک لینا**۔ جھٹکا دے کر دامن چھڑا لینا۔ انکار کرنا۔ الگ ہو جانا۔ پیچھا چھڑا لینا۔ **دامن چلنا**۔ دامن کا چاک ہونا ؎ جلیل

چلا دامن ادھر سے اس طرف سے آستیں گئی

دامن چھڑانا۔ پیچھا چھڑانا۔ بھاگنا۔ بری الذمہ ہونا۔ دامن واز چھوٹا پنکھا۔ بیشتر زخم کے لیے مستعمل ہے۔ **دامن سے لگنا یا لگنا**۔ کسی کے سائے میں ہونا۔ پناہ لینا۔ **دامن کوہ** (مذ) پہاڑ کے پاس۔ پہاڑ کا نچلا وسیع میدان۔ **دامن گیر**۔ دامن پکڑنے والا۔ مزاحم۔ حمایت چاہنے والا۔ مستغیث۔ بازپرس کرنے والا (اگر ایسا نہ کیا تو حشر میں دامن گیر ہوں گا) **دامنی** (مث) وہ چوڑا کپڑا جو گھوڑے کے پیچھے پر دامنوں کو لپٹنے سے بچانے کے لیے پڑا رہتا ہے۔ زین پوش۔ ایک پاٹ کی ایک چادر جو عورت کے جنازے پر ڈالتے ہیں۔ اوڑھنی۔ **داموں کا روٹھا باتوں سے نہیں منتا**۔ روپے کا کام روپے ہی سے چلتا ہے۔

دان:۔ (ہ۔ مذ) زکوٰۃ۔ صدقہ۔ خیرات۔ بھیک (مرکبات میں) گھر۔ جگہ۔ مکان۔ خانہ۔ مقام جیسے شمع دان آتش دان۔ جمعدان۔ نمکدان۔ اگالدان۔ پاندان (اون عزکے

سابقہ لاحقہ) جاننے والا جیسے نکتہ داں۔ زباں داں۔ **دانی** - (مرکبات میں) جگہ، مقام وغیرہ کے معنی دیتا ہے اور چھوٹی چیز کے لیے بولا جاتا ہے۔ جیسے سرمہ دانی۔ نمے دانی وغیرہ **دان پن** (مذ) خیر خیرات۔ صدقہ وغیرہ۔ **دان دہیز** (مذ) وہ سامان جو دلھن کو ماں کے گھر سے دیا جائے۔ جہیز۔

دانا:- (ف) دانشمند۔ ہوشیار۔ **دانایاں جمع** - **دانا بینا** - عاقل و ہوشیار۔ تجربہ کار و کار آزمودہ۔ **دانائی** مو عقلمندی۔ ہوشیاری۔ دانش مندی۔ زیرکی۔ تیز فہمی۔

دانت:- (ہ۔ مذ) دندان۔ چبانے کاٹنے کے عضو۔ میل رغبت (اس خبر کی پر مدت سے ان کا دانت تھا) کنگھی اور چاقو کے دندانے۔ **دانت اکھاڑنا / اکھیڑنا** - دانتوں کو مسوڑوں میں سے نکال لینا۔ **دانت بٹھا دینا** - عاجز کر دینا۔ **دانت بجانا** - دانتوں سے آواز نکالنا۔ **دانت بجنا** - دانتوں کا نہایت سردی کے باعث باہم ٹکرا کر آواز دینا۔ **دانت بنانا** - ہڈی یا سیپ کے مصنوعی دانت گھڑنا۔ مصنوعی دانت لگانا۔ **دانت بنوانا** - مصنوعی دانت لگوانا۔ **دانت بیٹھ جانا یا بیٹھنا** - حالت غشی یا مرض صرع میں دانتوں کا جکڑ جانا۔ دانت بستہ ہو جانا۔ دانت کا کھال میں گڑ جانا۔ **دانت / دانتوں پر میل نہ ہونا** - نہایت مفلس اور قلاش ہونا۔ کوڑی پاس نہ ہونا۔ **دانت پنجے تیز کرنا** - کھانے کی تیاری کرنا۔ **دانت پیسنا** - چبانا۔ دانت کچکچانا۔ نہایت غصے میں ہونا۔ جھلانا۔ **دانت تلے انگلی دبانا** - افسوس کرنا۔ حیرت میں ہونا۔ **دانت تلے ہونٹ دبانا** - غصہ کرنا۔ **دانت توڑنا** - دانت نکال لینا۔ دانت اکھاڑنا۔ عاجز کرنا۔ کام کا نہ رکھنا۔ **دانت تھے تو چنے نہ تھے۔ چنے ملے تو دانت نہیں** - بے وقت آرزو بر آنے پر بولتے ہیں۔ **دانت ٹوٹنا** - دانت کا گر جانا۔ دودھ کے دانت نکل جانا۔ بڑھاپے میں دانت جھڑ جانا۔ **دانت ٹوٹے کھر گھسے پیٹھ بوجھ نہ لے۔ ایسے بوڑھے کو کون باندھ بھس دے** - جب آدمی ضعیف اور بوڑھا ہو جاتا ہے تو خدا کے سوا اس کا ساتھ کوئی نہیں دیتا۔ **دانت دکھانا** - معقول جواب نہ ہونے کی صورت میں ہنس دینا۔ بے حیائی سے دانت نکالنا۔ **دانت دیکھنا** - حیوانات کی عمر شناخت کرنا۔ **دانت رکھنا** - خواہش رکھنا۔ بدلہ لینے کا ارادہ رکھنا۔ رغبت رکھنا۔ **دانت سلسلانا** - دانتوں میں خفیف کھجلی ہو کر درد ہونا۔ **دانت سے دانت بجنا** - نہایت سردی کے باعث بدن میں لرزہ پڑ کر دانتوں کا باہم ٹکرانا۔ نہایت جاڑا لگنا۔ **دانت کاٹی روٹی (کھاتے ہیں)** - نہایت اتحاد و ارتباط۔ غایت درجہ کی محبت (ہے)۔ **دانت کلکٹانا یا کچکچانا** - سخت خفا ہونا۔ غصے سے دانت پیسنا۔ **دانت کڑانا** - سوتے میں دانتوں کا آواز دینا۔ **دانت کریدنے کو تنکا نہ رہنا** - بالکل لٹ جانا۔ مال و اسباب پر جھاڑو پھر جانا۔ **دانت کرکرے ہونا** - غبار آلود چیز کھانے سے دانتوں میں تکلیف اور ایک خاص کیفیت پیدا ہونا۔ عاجز ہونا۔ زک اٹھانا۔ **دانت کڑکڑانا** - سردی سے دانتوں کا بجنا۔ سوتے میں دانت کرانا۔ **دانت کھٹے کرنا** - ہمت توڑنا۔ عاجز کرنا۔ سخت جواب دینا۔ **دانت کھٹے ہو جانا** - دانتوں کا ترشی کے باعث کام نہ دے سکنا۔ عاجز ہو جانا۔ ہار جانا۔ جی چھوٹ جانا۔ **دانت گھنگنی** - وہ گھنگنیاں جو بچے کے دانت نکلتے وقت تقسیم ہوتی ہیں۔ **دانت مارنا** - کاٹنے کے لیے دانت نکالنا۔ بھانجی مارنا۔ **دانت نکالنا** - دانت نکالنا۔ پھوٹ سے نکل آنا (جوتی نے دانت نکال دیے) بچے کے دانت نمایاں ہونا۔ عجز ظاہر کرنا۔ منت سماجت کرنا۔ بے موقع ہنسنا۔ بے ہودہ طریقہ سے ہنسنا۔ خوف یا شرم سے منہ کھول دینا۔ **دانت نکوسنا** - درندے کا غصے یا عاجزی سے دانت نکالنا۔

دانتوں میں انگلی کاٹنا - افسوس کرنا۔ متحیر ہونا۔ **دانتوں پر ہونا** - بچے کے دانت نکلنے کے قریب ہونا۔ **دانتوں سے اٹھانا** - بہت کنجوس ہونا۔ **دانتوں سے نہیں کھلتا** - بہت مشکل ہے۔ **دانتوں سے ہاتھ کاٹنا** - کمال افسوس ظاہر کرنا۔ **دانتوں میں انگلی دینا یا دبانا** - حیرت اور افسوس ظاہر کرنا۔ حسرت ظاہر کرنا۔ کسی کام سے باز رکھنا۔ ع انیس

دانتوں سے انگلی داب کے ماں نے کہا کہ ہا!

حیرت اور تعجب ظاہر کرنا۔ **دانتوں میں داڑھیاں دبانا** - غیظ میں ہونا۔ ع انیس

دانتوں میں دلیران عرب داڑھیاں دابے

دانتوں میں تنکا لینا یا پکڑنا - عاجزی کرنا۔ جان کی پناہ اور امان چاہنا۔ **دانتوں میں زبان کی طرح ہونا** - دشمنوں میں گھر کر سلامت رہنا۔ دشمنوں میں گھرا ہونا۔

دانتا:- (ہ۔ مذ) دندانہ۔ خار۔ کنگھی یا پہیے کا دندانہ۔ **دانتے پڑ جانا** - دندانے پڑ جانا۔ دھار گر جانا۔ **دانتا کلکل** - آفت۔ قیامت۔ لڑائی جھگڑا۔ آئے دن کا جھگڑا۔ ع نکہت

در دندان ہے مبتلا دل ہے!
مجھ میں اور دل میں دانتا کلکل ہے

دانتوا:- (ہ۔ مذ) جھگڑے کے پیچھے چھپنے کی وہ جگہ جہاں سب رکھتے ہیں۔

دانتی:- (ہ۔ مو) بتیسی۔ دانتوں کا چوکا۔ درانتی

لگاتے ہی موم ہو جاتا - **داؤدی** (مذ) ایک زرد اور سفید رنگ کا پھول جسے گل داؤدی بھی کہتے ہیں - سفید گیہوں (شاہ عالم کے عہد میں داؤد خان ایک قسم کا سفید گیہوں مصر سے ہندوستان لایا تھا) ؎ آتش

خوش الحان تا ارکش مجھ سا نہ ہوگا باغ عالم میں
غذا میری دو دانۂ گندم داؤد خانی ہے

داؤں:- (ا - مذ) قوس کی شکل کا ایک چھرا جو گورکھوں کے پاس ہوتا ہے - ہنسیا - باری - وار - نوبت - گھات - موقع - قابو - بازی - چال - مکر - فریب - کشتی کا پیچ - پانسہ - قرعہ - وہ چیز جو قماربازی میں شرط کی علامت کا نشان ظاہر کرنے کے لیے رکھ دیتے ہیں - وہ چیز جو بازی جیتنے پر حریف سے لیتے ہیں - **داؤں پر چڑھنا** - قابو پر چڑھنا - بس میں آنا - **داؤں پر رکھنا** - بازی لگانا - شرط پر رکھنا - کشتی کا پیچ کرنا - **داؤں پڑنا** - حسب مراد پانسہ پڑنا - بازی آنا - موقع ملنا - **داؤں پھینکنا** - پانسا پھینکنا - بازی کی کوڑیاں پھینکنا - تدبیر کرنا - **داؤں پیچ** (مذ) کر و فریب - دم جھانسا - کشتی یا بازی کے ڈھنگ اور قاعدے - **داؤں تاکنا** - گھات لگانا - موقع دیکھنا - تاک لگانا - **داؤں دینا** - فریب دینا - **داؤں کھیلنا** - جل دینا - دھوکا دینا - گھات لگانا - **داؤں لگانا** - گھات لگانا - موقع دیکھنا - قابو پانا - بازی لگانا - شرط بدنا - **داؤں لگنا** - موقع ملنا - غالب آنے کا موقع ملنا - **داؤں میں آنا** - فریب سے قابو میں آجانا - بس میں ہو جانا - داؤں میں پھنس جانا -

دائی:- (ا - مو) دایہ - قابلہ - جنانے کا فن جاننے والی عورت - انا - دودھ پلانے والی - خادمہ - اولاد کے بارے میں کوئی بری بات کہتے ہوئے ماں اپنے لیے یہ لفظ استعمال کرتی ہے ج آدائی بندی کا جی ماندا ہے - علاج ہو رہا ہے - یعنی لڑکا بیمار ہے **دائی جانے اپنی بلائی** - ہر شخص اپنی تکلیف کو خود ہی اچھی طرح محسوس کرتا ہے - **دائی جنائی** (مو) دایہ گری - بچہ جنانے کا فن - **دائی دائی تیرے ساتوں بھائی** - آنکھ مچولی کے کھیل کا ایک فقرہ - **دائی دوا والے** - ادنی قوم کے ملازم - وہ لوگ جو حسب نسب میں کمتر رکھتے ہوں اور شرافت کا دعوی کریں - **دائی سے پیٹ چھپانا** - واقف راز سے بات چھپانا - **دائی سے پیٹ نہیں چھپتا** - محرم راز اور واقف کار سے بھید پوشیدہ نہیں رہتا ؎ جرأت

رقیب کیوں نہ ہو محرم تمہارا اے صاحب
مثل ہے پیٹ کہیں چھپ سکا ہے دائی سے

دائی کے سر پھول پان - ہر قسم کا الزام بیچارے غریب کے سر تھوپ دیا جاتا ہے - نفع کی ہر بات دائی کے ذمہ ہوتی ہے -

دائیں (مو) توپ یا بندوق کے متواتر چھوٹنے کی آواز - دائیں دائیں - بیلوں کو کھلیان پر گاہنے کے لیے چلانا - **دائیں چلانا** - اناج گاہنا - کھلیان پر دانہ بالوں سے نکالنے کے لیے بیلوں کو چلانا -

دائیں:- (ا) داہنی جانب - سیدھے ہاتھ کی طرف - **دائیں بائیں** - چپ و راست - اِدھر اُدھر - **دائیں بائیں دیکھنا** - اِدھر اُدھر دیکھنا - ہوشیار اور چوکس رہنا - **دائیں بائیں دے کر نکل جانا** - دھوکا دے کر نکل بھاگنا - **دائیں بائیں کر دینا** - چھپا دینا - غائب کر دینا - **دائیں بائیں کے ہیں** - برابر کے ہیں - **دایاں** (مذ) داہنا - راست - **دایاں بولنا** - تیتر کا داہنی طرف بولنا - یہ چوروں کے نزدیک اچھا شگون ہے -

دایہ:- (مو) بچے کی پرورش کرنے والی انا - کھلائی - خادمہ - ماما - **دایہ گری** (مو) جنائی کا فن - دایہ کا پیشہ -

دُب:- (ع - مذ) ریچھ - **دُبِّ اصغر - دُبِّ اکبر** (مذ) قطب شمالی کے قریب چند ستاروں سے ترکیب پا کر جو ریچھ کی سی دو صورتیں بن گئی ہیں تو ان میں سے چھوٹی کو دُبِّ اصغر اور بڑی کو دُبِّ اکبر کہتے ہیں (بنات النعش انھیں کا نام ہے)

دَبا:- (ھ - مذ) درخت کی شاخ جس کو کاٹ کر قلم کے لیے زمین میں لگا دیتے ہیں (لگانا) گھات - غوطہ - ڈبکی - **دبا مارنا** - گھات لگانا مستعمل نہیں -

دَب آنا:- (ھ) آگے بڑھ آنا - بڑھ آنا - کسی قدر داب دینے لگنا - **دبا بیٹھنا** - قبضہ کر لینا - زبردستی مال مار لینا - دبوچ لینا - **دبا جانا** - مغلوب ہوئے جانا ؎ داغ

اللہ اللہ رے گرانباری غم بعد فنا
کہ مری خاک سے آندھی بھی دبی جاتی ہے

دبا ڈالنا - کسی بات کو چھپا دینا - کچل ڈالنا - **دبا دبایا** - دبا ہوا - **دبا دینا** - فرو کر دینا - روک دینا - **دبا رہنا** - کسی چیز کی آڑ میں چھپا رہنا - مغلوب رہنا - **دبا کر** - حکومت سے - جبر سے - چھپا کر - داب کر - **دبا لینا** - مغلوب کر لینا - **دبانا** - گاڑنا - دفن کرنا - زمین میں چھپانا - نیچی زمین کے اندر رکھنا - پرایا حق مارنا - بھینچنا - دبوچنا - عاجز کرنا - تنگ کرنا - مغلوب کرنا - زور ڈالنا - **دباؤ ڈالنا** - بھینچ کرنا - مشت مالی کرنا - کسی چیز کو زور سے اندر بھرنا - برتن وغیرہ میں ٹھونسنا - چھپانا - مخفی کرنا - (جیسے بات دبانا) راکھ سے آگ چھپانا - کم کرنا ؎

وہ خریدار ہی دل کے نہ ہوئے کیا کیجے
ہم بھی کچھ دیتے کچھ ان کو بھی دبا ہی دیتے
داغ

دباؤ - بوجھ - (او ر واؤ مجہول کے ساتھ) غلبہ - زور (پڑنا)

(مو) دھتکار، لعنت۔ ملامت۔ جھڑکی۔ ہتک کے ساتھ۔ دُتکارنا۔ جھڑکنا۔ دھتکارنا۔ گھڑکنا۔ لعنت ملامت کرنا۔ ؎

کوئی بھونکے ناحق جو کتے کی طرح
تو دتکار دیجے اُسے کہہ کے دُت — آتشا

دُتُو: (ہ۔ مو) وہ دوہرا روئی دار کپڑا جو بچوں کے سینے کی حفاظت کے لیے بطور صدری بنایا جاتا ہے۔

دَتُون: (ہ۔ مو) مسواک۔ دانت صاف کرنے کا برش۔

دَجّال: (ع۔ مذ) ایک شخص کا نام جو مسلمانوں کے عقائد کے مطابق قیامت سے کچھ پیشتر (اور فرقہ امامیہ کے عقیدے کے مطابق ظہورِ امام مہدیؑ سے پیشتر) خروج کریگا۔ اور لوگوں کو گمراہی میں ڈالے گا۔ جھوٹا۔ کاذب۔ یک چشم کو بھی کہتے ہیں۔

دِجلہ: (ع۔ مذ) عراق کا مشہور دریا۔

دُخان: (ع۔ مذ) دھواں۔ بخار۔ سٹیم۔ **دُخانی**۔ دھوئیں کا۔ وہ چیز جو بھاپ یا دھوئیں کے زور سے چلے۔

دُخت: (ف۔ مو) دختر کا مخفف۔ بیٹی۔ یہ لفظ اردو میں عموماً تنہا مستعمل نہیں۔ **دختِ رز** شراب کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے ؎

دختِ رز کھینچ کے ہوش اڑاتی ہے
اور ابھی خیر سے شباب نہیں

دُختر (مو) لڑکی۔ بیٹی۔ جیسے۔ **دخترِ ربیبہ** (مو) سوتیلی بیٹی۔ پالی ہوئی لڑکی۔ **دخترِ رز** (مو) انگوری شراب۔ شراب۔

دَخل: (عوام۔ دَخَل ع۔ مذ) رسائی (اسے اُن کے مزاج میں دخل ہے) قبضہ۔ امکان جیسے سحر ؎

نکلیں اس پیچ سے بے ترکِ محبت کیا دخل

دست اندازی۔ مزاحمت۔ مہارت۔ واقفیت۔ ادنیٰ شدبد۔ مجال جیسے ذوق ؎

قاتل سے دخل کیا ہے کہ جانبر ہو اپنا ہوش

آمدنی۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ خرچ کے ساتھ بولا جائے (دخل و خرچ)۔ **دخل بیجا** (مذ) بے اجازت کسی کے مکان کے اندر چلے جانا۔ کسی کی ملکیت پر قبضہ کر لینا۔ **دخل پانا**۔ گزر ہونا۔ راہ پانا۔ پہنچ ہونا۔ زمین پر قبضہ پانا۔ **دخل در معقولات**۔ مذ کسی بات میں خواہ مخواہ دخل دینا۔ بیچ میں بولنا۔ **دخل دہانی**۔ مو قبضہ دلانا۔ قابض کرانا۔ **دخل دینا**۔ بیچ میں بولنا۔ دست اندازی کرنا۔ سدِّ راہ ہونا۔ مکان وغیرہ کا قبضہ دینا۔ **دخل کرنا** قبضہ کرنا۔ **دخل نامہ** (مذ) قبضے کی سند یا پروانہ دخلیابی۔ قابض ہونے کا سرکاری حکم۔ **دخل یابی** (مو) باریابی۔ پہنچ۔ رسائی۔ قبضہ۔ تصرف۔

دَخمہ: (ف۔ مذ) مُردوں کو دفن کرنے کا تہہ خانہ۔ صندوق جس میں مُردے کو سونپتے ہیں۔ مجازاً مقبرہ۔

دُخُول: (ع۔ مذ) گھسنا۔ اندر جانا (کرنا۔ ہونا)

دَخیل: (ع) دخل دینے والا۔ قابض۔ جس کی رسائی ہو۔ جو مداخلت کرے۔ عروض کی اصطلاح میں وہ حرف جو روی اور الف تاسیس کے درمیان ہو (جیسے شامل کا میم)۔ **دخیل کار**۔ کام کاج میں دخل دینے والا۔ صلاح کار۔ قبضے کا حق رکھنے والا کاشتکار۔

دَد: (ف۔ مذ) درندہ۔ پھاڑنے والا جانور۔ **دد و دام**۔ درندے اور دوسرے جانور۔ **ددا** (مو) وہ عورت جو بچوں کی پرورش کے لیے نوکر ہو۔ کھلائی۔

دَوَری: (ہ۔ مو) کچا اناج۔ خاص کر جو۔

دَدوڑا: (ہ۔ مذ) وہ چوڑا دانہ یا کھال کا قدرے ابھار جو مچھروں کے کاٹنے یا جوشش خون یا پتی اچھلنے سے جسم پر نمایاں ہو۔

دُدھار: (ہ۔ مو) دودھ دینے والی گائے یا بھینس وغیرہ۔ **دُدھاری گائے کی دولاتیں بھلی** محسن یا مفید چیز کی دو ایک بری باتیں بھی سہہ لی جاتی ہیں (مکھیں دو جیلی)

دُدھڑ: (ہ۔ مو) دو طرفہ کارروائی۔ تذبذب۔

دُدھی: (ہ۔ مو) شیر گیاہ۔ ایک بوٹی جس کے توڑنے سے دودھ نکلتا ہے۔ ایک قسم کا سفید اور سرخ پتہ دار پتھر جس کی سلیں مکانوں میں لگتی ہیں۔

دَدھیال: (ہ۔ مذ و مو) دادا کا گھر۔ دادا کا کنبہ۔

دُدھیل۔ دُدھیلن (ہ۔ مو) دودھار۔ سبزی کو برسات نے ہرا کیا ہے کہ ددھیلن بکریوں کے لیے خوب چارہ جمع ہو گیا۔ دودھ دینے والا جانور (نک)

دَدیا خسر: (ا) بیوی کا دادا۔ خصم کا دادا۔ **ددیا ساس**۔ بیوی کی دادی۔ شوہر کی دادی۔

دُر: (کلمۂ تحقیر) دور ہو۔ ہٹ۔ نکل۔ **دُر دُر۔ دُر دُر پھٹ پھٹ** مو لعنت۔ ملامت۔ تھڑی تھڑی۔ ؎

دیکھ لے اس در پہ جب کہتا ہے یہ دُر دُر مجھے
کوئی بندہ اے خدا ہو دیدۂ دربان میں — صحیب

دُر دُرانا - نکال دینا ؎ شعور

دیا انعام سب کو دُر دُرایا یار نے مجھ کو

دُر دُر کرنا - نکال دینا - نفرت کرنا - دُر مُوئے (عو) ہٹ
لعنت - سرزنش کے لیے "دُر مُوئی" - دُر ہو - دفع ہو - چل ہٹ

دُر: (ع - مذ) موتی - کان میں پہننے کا زیور (بالک) بچوں کے کان
کا بالا - دُر افشاں - موتی بکھیرنے والا - خوش
بیاں - دُر افشانی - موتی بکھیرنا - خوش بیانی - دُر دانہ (مذ)
گوشوارہ جس میں ایک موتی ہوتا ہے - بُرکی - دُرِ خوش آب -
(مذ) نہایت آب دار موتی یا عمدہ شعر - دُرِ شہوار (مذ) بادشاہوں
کے قابل موتی - بہت بڑا موتی - دُرِ ناسفتہ (مذ) ان چھیدا موتی
دوشیزہ - کنواری - دُرِ نایاب - بے مثل موتی - فرزند -
دُرِ نجف (مذ) سفید و شفاف - بلور جیسا پتھر جس میں بال
معلوم ہوتے ہیں - ان بالوں کو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی طرف
منسوب کرکے پتھر کی قدر کرتے ہیں - عجیب - شریف ؎ ذوق

کہیں شاہ نجف کے عشق میں دل میرا ڈوبا تھا
کہ ہے دُرِ نجف ہو کر چمکتا دیم میرا

دُرِ یتیم (مذ) وہ موتی کا بڑا دانہ جو سیپی کے اندر سے اکیلا ہی
نکلے - قیمتی موتی - دُرِ یک دانہ - دُرِ یتیم - دُرِ یم -

دَر: (ف - مذ) نرخ - قیمت - بھاؤ (مو) قدر - عزت آبرو
؎ نظیر

یہ مفلسی وہ شے ہے کہ جس گھر میں بھر گئی
پھر جتنے گھر ہیں سب میں اسی گھر کی دَر گئی

(ف - مذ) دروازہ - دہلیز - چوکھٹ - دربان - چوکیدار -
سنتری - دَربدر - آوارہ - سرگشتہ - ہر ایک کے دروازے
اور گھر پر جانے اور پھرنے والا - دَربست - بالکل - تمام -
دَر دَر - دربدر - گھر گھر - ہر دروازے اور ہر گھر پر - دَر
دَر مارا پھرنا - آوارہ و سرگرداں پھرنا - تباہ و برباد پھرنا -
خراب و خستہ پھرنا - دَر دَر مانگنا - ہر گھر پر بھیک مانگنا
ہر دروازے پر سوال کرنا - دریچہ - کھڑکی - دَر (مرکبات
میں) پھاڑنے والے کے معنی دیتا ہے - جیسے "اژدر" - دَر
اژدر سے کو چیرنے والا - دَر (حرف ربط) میں - اندر - بیچ -
[illegible] - مکرر الفاظ کے درمیان کثرت کے معنی دیتا ہے
(جیسے صحرا در صحرا) فارسی اسما کے شروع میں کہیں تحسین
کلام کے لیے آتا ہے اور کہیں "میں" وغیرہ کے معنی دیتا ہے
دَرآمد (مو) اندر آنا - وہ مال جو کسی اور ملک سے آئے -
درآمد برآمد (مو) آمد و رفت - آنا اور جانا - دَر آمد
برآمد کے دن - موسم بدلنے کے دن - دَر آنا - پہنچنا -
داخل ہونا - کسی چیز کا کسی کے اندر سمانا -
؎ لطافت

سینکڑوں تیر نظر جب تیرے در آئیں گے
زخم خوردہ دل مشتاق کے بھر آئیں گے

درانداز (مذ) دو آدمیوں کے درمیان لڑائی کرا دینے والا -
چغل خور - بدگو ؎ امیر

صحبت آخر کو بگڑتی ہے سخن سازی سے
کیا درانداز بھی اک بات بنا لیتے ہیں

دراندازی (مو) بدگوئی - چغل خوری - درباب (مذ) بابت -
نسبت - مقدمہ - معاملہ - سبب - باعث - دربارہ - درباب -
درپردہ - پیٹھ پیچھے - غائبانہ - خفیہ - پوشیدہ - اشارے
کنائے سے - درپے - پیچھے - عقب میں - لاگو - گھات میں
درپے ہونا - پیچھا کرنا - تعاقب کرنا - سراغ لگانا - سر ہونا
درپیش - آگے - سامنے - روبرو - اگلی یہ واقعہ درپیش آیا
درپیش کرنا - سامنے کرنا - آگے رکھنا - پیش کرنا -
درحقیقت - فی الواقع - بے شک - بے شبہ - دراصل -
حقیقت میں - اصل میں - درخور - لائق - سزاوار - مثال
آپ کو ان کے مزاج میں بہت بڑا درخور ہے - درصورت -
بحالت - بشرطیکہ - درعمل کوش ہرچہ خواہی پوش (مثل)
چاہیے پوشاک چاہے کیسی ہو - درکار - ضروری - مطلوب -
درکار خیر حاجت ہیچ استخارہ نیست - نیک کام میں دیر
نہ کرنا چاہیے - درکنار - ایک طرف - علیحدہ - جدا - علاوہ -
درگزر (مو) معافی - چشم پوشی - معاف کرنا (کرنا - ہونا)
درگزرے - چھوڑا - باز آئے - درگور - قبر میں جائے -
مرے - غارت ہو - منہ نہ دکھا - دُور ہو ؎ ذوق

بعد مُردن آ چکے رونے کو تُو کر گور دور
بیٹھے جی ہی گئے ہو صورت تری درگور دور

درماہہ (مذ) تنخواہ - ماہوار طلب - ماہانہ - درمیان (مذ)
بیچ - وسط - اندر - درمیانی - بیچ کا - متوسط - اندرونی
ثالث - درہم برہم - تہ و بالا - الٹ پلٹ - گڈ مڈ - منتشر
(ہونا - کرنا) درہم ہونا - غصہ کرنا - دریافت (مو)
پہچان - تحقیق - جستجو - سمجھ - تفتیش - دریں صورت - اس
صورت میں - اس حالت میں -

دَرا: (ف - مذ) جرس - گھنٹی - اردو میں مرکبات کے
ساتھ بمعنی دروازہ مستعمل ہے (اکبر درا - سہ درا)

دَراڑ: (ہ - مو) درز - شگاف - رخنہ - دھار -

دراز: (ف) لمبا - طویل (ا - مو) الماری یا میز کا باہر
کھینچنے والا خانہ - دراز دست - ظالم -
دراز قد - لمبے قد کا - قد آور - دراز گوش - بڑے
بڑے کانوں والا - خر گوش - گدھا - دراز ہونا -

لمبا ہونا - لیٹنا - استراحت فرمانا - درازی (مو) طوالت - لمبائی - بڑا ہونا -

دَرّاں :- (ف) پھاڑنے والا -

دَرّانا :- (ہ) بے دھڑک - بے خوف و خطر - بلا اجازت -

دَرانتی :- (ہ - مو) گھاس کاٹنے کا ایک اوزار - درانتی پڑنا - کھیتوں میں کٹائی شروع ہونا -

دُرّانی :- پٹھانوں کے ایک گروہ کا نام -

دَراہِم :- (ع - مذ) درہم کی جمع -

دِرایَت :- (ع - مو) عقل - دانش - تصدیق (اس خبر کی درایت بھی کر لی ہے) ایک علم کا نام جس میں روایت کی پرکھ کے اصول سے بحث کی جاتی ہے -

دَربا :- (ا - مذ) ڈھابلی - دیکھو ڑبا -

دَربار :- (ف - مذ) آستانہ - بارگاہ - امیروں یا بادشاہوں کی محفل جشن - کچہری - حاضری - حاضر باشی ؎

عشق کا قصہ کہیں گے ہم حضورِ شاہِ حسن
وقتِ شب دربار گر اپنا مقرر ہو گیا — آتش

دربار باندھنا - رشوت دے کر کام نکالنا - دربارداری (مو) حاضر باشی - کسی کے ہاں خوشامد کے لیے جانا - دربار کرنا - امراء و حکام کا بیٹھ کر سلام لینا - عدالت کرنا - اجلاس کرنا - مصاحبت کرنا - دربار لگنا - ملازموں اور مجرائیوں اور مصاحبوں کا مجمع اکٹھا ہونا - بھیڑ لگنا - درباری - وہ لوگ جن کو دربار میں جگہ ملے - مصاحب - ندیم - ہمنشین - دربار سے نسبت رکھنے والا -

دَربہشت :- (ا - مو) ایک قسم کی مٹھائی -

دَرپَن :- (ہ - مو) چھوٹا آئینہ - آرسی - (درپنی)

دَرج :- (ع - مذ) لکھنا - رجسٹر میں چڑھانا - فہرست میں داخل کرنا - (کرنا - ہونا کے ساتھ)

دُرج :- (ف - مذ) صندوقچہ - ڈبہ - زیور یا جواہرات کا ڈبا ؎

تیرے دانتوں پہ تصدق ہیں دُرِ انجم بھی
ہمسرِ دُرج دہن دُرج گہر کیا ہو گا -

دَرجَن :- (ا - مو) بارہ کا مجموعہ - ایک جنس کی بارہ چیزیں -

دَرجہ :- (ع - مذ) پایہ - رُتبہ - عہدہ - منصب - کمرہ - مکان - کا حصہ - منزل - ثانیہ - دقیقہ - بار - نوبت - دفعہ - جماعت - کلاس - حالت - کیفیت (بیچارہ اس درجے کو پہنچ گیا) عزت - وقر (آپ کو خدا نے بڑا درجہ دیا ہے) درجہ بدرجہ - سیڑھی بہ سیڑھی - رفتہ رفتہ - علی قدر مراتب - درجہ توڑنا - جماعت ختم کرنا - عہدہ یا مرتبہ گھٹانا - درجہ وار - سلسلہ وار - رُتبہ کے موافق - ترتیب کے ساتھ -

دَرخت :- (ف - مذ) پیڑ - شجر - نہال - بوٹا -

دُرَخشاں :- (ف) روشن - چمکدار - چمکیلا (عوام دَرَخشاں)

دَرخواست :- (ف - مو) خواہش - عرضداشت - عرضی - التماس - گزارش - عرض - آرزو - تمنا - درخواست دینا یا کرنا - عرضی دینا - کسی چیز کے لینے کی تمنا ظاہر کرنا - سوال کرنا -

دُرد :- (ف - مو) تلچھٹ ؎ میر

ساقیا دُردِ مے صاف نہیں بیٹھ گئی
شربتی ڈاک تھی یہ زیرِ نگیں بیٹھ گئی

دَرد :- (مذ) دکھ - تکلیف - رحم - ترس - افسوس - دریغ - افسوس - ٹیس - ہوک - سوز و گداز - درد آمیز - دردناک - سوز و گداز والا - مؤثر - رقت انگیز - درد آنا - افسوس ہونا - دریغ ہونا - ترس آنا - رحم ہونا - درد اٹھنا - ہوک اٹھنا - ٹیس پڑنا - درد انگیز - رقت انگیز - جانگداز - دل پر اثر کرنے والا - درد بٹانا - شریکِ غم ہونا ؎

عاشق اک گل کا ہوں جاتا ہوں چمن میں میں بھی
اس توقع پہ کہ کچھ درد بٹائے بلبل

دردِ دل (مذ) غم و رنج - دلی صدمہ - دردِ زہ (مذ) بچہ ہونے کا درد - جننے کا درد - دردِ سر (مذ) سر کا درد - دردسری - بلاوجہ کی زحمت اور مصیبت - درد شریک - شریکِ درد - ہمدرد - دردمند - دکھ کا ساتھی - غمخوار - غمگسار - درد کرنا - ہمدردی کرنا - تکلیف ہونا - درد لگنا - درد ہونا - بچہ جننے کا درد شروع ہونا - دَردمَند - غمخوار - رحم دل - صاحبِ درد - دردمندی (مو) غمخواری - رحم دلی - ترس -

دَردا :- (ف) افسوس - آہ - ہائے -

دَردَرا :- (ہ) موٹا موٹا پسا یا کُٹا ہوا - جو کوب - دانہ دار - (مو) درردری -

دَرز :- (ا - مو) دراز - شگاف - جھری -

دَرزَن :- (ا - مو) کپڑا سینے والی - درزی کی بیوی - ورزی (ا - مذ) خیاط - سینے والا - درزی کی سوئی کبھی ٹاٹ میں کبھی کمخواب میں - انسان کی حالت یکساں نہیں رہتی

دَرس :- (ع - مذ) سبق - وعظ و پند - درس دینا - پڑھانا - سبق دینا - درس کہنا - وعظ کہنا - نصیحت کرنا - درس تدریس (مذ) پڑھنا - پڑھانا -

دُرُست :- (ف) ٹھیک - صحیح - بجا - موزوں - تندرست - چست - چنگا - مہذب - دُرست بنانا - ٹھیک کر دینا - گوشمالی کرنا - دُرُست فرمانا - صحیح کرنا - دُرست کرنا - ٹھیک بنانا - سدھارنا - سنوارنا - گوشمالی کرنا - ادب دینا - دُرستی (مو) اصلاح - ترمیم - گوشمالی - صحت - مرمت -

دُرُشت :- (ف) سخت - کھردرا - تند - تیز - دُرُشتی (مو) سختی - بے رخی - بدخلقی - ناہمواری -

دَرشَن :- (ہ - مذ) نظارہ - دیدار - زیارت - ملاقات - (دینا - ہونا) درشنی ہنڈی مو وہ ہنڈی جس کا روپیہ دیکھتے ہی مل جائے -

دِرَع :- (ع - مذ) زرہ بکتر - دِرَع پوش - زرہ بکتر پہنے ہوئے

دَرعَہ :- (ع - مذ) کپڑا یا زمین ناپنے کا آلہ -

دَرَک :- (ع - مو) دریافت - واقفیت - عقل - تمیز - سمجھ -

دَرکانا :- (ا) بال ڈالنا -

دَرگاہ :- (ف - مو) چوکھٹ - آستانہ - دربار شاہی - خدا کا دربار - حضوری سے جلال

نہ چھوٹی بندگی ہم سے بتوں کی چاہ میں تیری
الٰہی شکر ادا اس کا ہو کیا درگاہ میں تیری

خانقاہ - کسی بزرگ کا مزار - روضہ -

دُرگت :- (ا - مو) پتلا حال - بری قطع جو گستاخی یا دست درازی سے بنا دی جائے - بری گت (بنانا - کرنا) ؎

بزم رنداں میں شیخ آئے تو
کیسی دُرگت بنائی جاتی ہے صفدر

دَرگُزَر :- (ف - مو) معافی - چشم پوشی - نظر انداز کرنا - (کرنا - ہونا)

دِرَم - دِرہَم :- (ع - مذ) ایک چاندی کا عربی سکہ مثل چونی کے ۳ ۱/۲ ماشے کا وزن - درہم بغلی - ہتھیلی کی گہرائی کے برابر حلقہ - اس ناپ کی عرض حقہ میں ضرورت پڑتی ہے بعض علماء انگوٹھے کے ناخن بھر کے حصے کو کہتے ہیں -

دَرمان :- (ف - مذ) علاج معالجہ - دوادارو - چارہ کار -

دَرماندگی :- (ف - مو) ناچاری - مجبوری - بدحالی - درماندہ عاجز - مجبور - بیکس - تھکا ماندہ (درمن دہ)

دُرمُٹ :- (ہ - مذ) کنکر کوٹنے کا آلہ -

دَرِندَہ :- (ف) چیرنے پھاڑنے والا جانور (شیر چیتا وغیرہ)

دِرَنگ :- (ف - مو) دیر - تاخیر - توقف -

دِرَو :- (ف - مذ) فصل کا کاٹنا - کٹائی (کرنا یا ہونا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے - سند کے لیے دیکھیے "داس")

دَروبَست :- (ف) بالکل - تمام - انتظام -

دَروازَہ :- (ف - مذ) ڈیوڑھی - پھاٹک - دَرپٹ - دروازہ بھیڑنا - پٹ بند کرنا - دروازہ کھولنا - کواڑ کھولنا - کنڈی کھولنا - دروازے کی مٹی لے ڈالنا - پھیرے کرنا - بار بار آنا جانا کثرت سے آنا (دَروازہ)

دُرُود :- (ف - مذ) وہ دعا جو رسول مقبول کا نام آنے ہی طلب رحمت کے طور پر پڑھی جاتی ہے - اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّد —— جب خدا کی طرف درود بھیجنے کی نسبت ہو تو اس کے معنی ہوتے ہیں محمد و آل محمد پر رحمت نازل کرنا (پڑھنا - بھیجنا)

دَروغ :- (ف - مذ) کذب - جھوٹ - بہتان - دروغ برگردن راوی - اس وقت بولتے ہیں جب بیان کرنے والا سچ یا جھوٹ ہونے کی ذمہ داری سے بری ہونا چاہتا ہے - سچ اور جھوٹ کو وہ جانے جس سے میں نے سنا ہے - دروغ حلفی (مو) جھوٹی قسم جو عدالت میں کھائی جائے - دروغ گو (مذ) جھوٹا - کاذب - دروغ گو را حافظہ نباشد - جھوٹے کو بات یاد نہیں رہا کرتی - کچھ کا کچھ کہنے لگتا ہے - دروغ گوئی (مو) کذب - جھوٹ کہنا - دروغ گو را بر روئے تو اس وقت بولتے ہیں جب کوئی صریح جھوٹ کہے - دروغ مصلحت آمیز بہ از راستی فتنہ انگیز - جس جھوٹ سے فساد رک جائے وہ فساد ڈالنے والے سچ سے بہتر ہے -

دَرُوں :- (ف - مذ) دل - باطن - اندر (جیسے دروں پردہ) درونا - وہ زخم یا پھوڑا جس کا منہ اندر کی طرف ہو - جب آبلہ چھل کر یا کسی اور طرح بیٹھ جاتا ہے تو کہتے ہیں درونا ہو گیا

دَروِیش :- (ف - مذ) فقیر - گدا - سائل - خدا رسیدہ - غریب - مسکین - درویشانہ - فقیرانہ - غریبانہ

درویشی (مو) فقیری۔ مسکینی۔

دُرّہ:۔ (ف۔ مذ) چمڑے کا چابک۔ تازیانہ۔ کوڑا۔ چمڑے کا وہ تسمہ جس سے شرعی سزا دی جائے ؎ دبیر

گو شمر کا دُرّہ مرے دل دار پر اُٹھے
پر ہاتھ نہ میرا کسی ناچار پر اُٹھے

دَرّہ:۔ (ع۔ مذ) گھاٹی۔ دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ۔

دَرِی:۔ (ا۔ مو) شطرنجی۔ بٹے ہوئے موٹے سوت کا بستر یا فرش۔

دَریا:۔ (ف۔ مذ) بحر۔ ندی۔ پانی کی وہ دھار جو پہاڑ یا جھیل سے نکل کر خشکی پر بہتی ہوئی کسی دوسرے دریا سمندر میں جا ملے۔ دریا بر آمد (مو) وہ زمین جو دریا ہٹ جانے سے نکل آئی ہو۔ دریا برد (مو) وہ زمین جو دریا کی طغیانی سے ڈوب گئی یا بہ گئی ہو۔ دریا برد کرنا یا ہونا: دریا میں ڈبونا یا ڈوبنا۔ برباد کرنا یا ہونا۔ دریا پر جانا اور پیاسے آنا۔ اس بدقسمت کی نسبت بولتے ہیں جو فیض کی جگہ سے فیض نہ پا سکے اور محروم رہے۔ دریا چڑھنا۔ دریا کا طغیانی پر آنا۔ چڑھاؤ ہونا۔ دریا دل۔ فیاض۔ سخی۔ دریا دلی (مو) سخاوت۔ فیاضی۔ دریا کوزے میں بند کرنا۔ کسی بہت بڑے مضمون کو تھوڑے سے لفظوں میں بیان کر دینا۔ ناممکن یا مشکل کام کرنا۔ دریا میں رہنا اور مگرمچھ سے بیر۔ اپنے افسر یا بزرگ سے بگاڑ کرنا۔ دریا میں عریضہ ڈالنا۔ اللہ تعالےٰ کے نام حضرت خضرؑ یا امام مہدی کے ذریعے درخواست لکھ کر دریا میں مخصوص دعا پڑھنے کے بعد ڈالنا ؎ ناسخ

یوں قلزمِ اشک میں ہے نامہ میرا
دیتے ہیں عریضہ جس طرح دریا میں

دریا کا پھیر کس نے دیکھا۔ عقل مند کی بات سمجھنا مشکل ہے۔ دریائی۔ دریا سے نسبت رکھنے والی شے۔ بحری۔ آبی۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔ پتنگ کو دور تک ہوا میں لے جا کر چھوڑنا ؎ نکہت

تو مرے خدا کو رقیبوں نے اڑایا جوں پتنگ
لیک دستِ غیر سے لینا تھا دریائی کا کیا

دریائی آدمی (مذ) جل مانس۔ آدمی کی صورت کا بحری جانور۔ دریا میں رہنے والا آدمی۔ دریائی گھوڑا (مذ) دریا میں رہنے والا وہ جانور جس کا جثہ گھوڑے سے مشابہ ہوتا ہے۔ دریائی ناریل (مذ) سمندری ناریل۔ ایک دوا۔ دریائے شور۔ (مذ) سمندر۔ کالا پانی۔

دَریبا:۔ (ہ۔ مذ) پانوں کا بازار۔ پنواڑیوں کا محلہ۔

دَریدہ:۔ (ف) پھٹا ہوا۔ دریدہ دہن۔ منہ پھٹ۔ گستاخ۔

دَریتی:۔ (ہ۔ مو) چھوٹی چکی جس میں دانہ ریزہ ریزہ ہو جاتا ہے۔ (درے تی)

دَریچہ:۔ (ف) دیکھو در۔ (دری چا)

دَریخانہ:۔ (ا۔ مذ) درگاہ۔ بادشاہوں کا دربار۔

دَریز:۔ (ا۔ مو) ایک قسم کی باریک چھینٹ جس کے ڈوپٹے بنتے ہیں۔

دَریس:۔ (ا) ایک قسم کی چھینٹ جو ململ پر ہو۔ دریسی کرنا۔ زمین کو ہموار کرنا۔

دریغ:۔ (ف۔ مذ) افسوس۔ حسرت۔ غم۔ پچھتاوا۔ تامل۔ بخل۔ مضائقہ۔

دَریوزہ:۔ (ف۔ مذ) بھیک۔ گدائی۔ دریوزہ گر۔ (مذ) فقیر۔ گداگر۔ بھک منگا۔ دریوزہ گری۔ (مو) بھیک مانگنا۔ گداگری۔

دَڑاڑ:۔ (ہ۔ مو) دیکھو دراڑ۔

دَڑبا:۔ (ا۔ مذ) کبوتروں یا مرغیوں کا گھر۔ کابک۔ ڈربے۔ ڈربے کرنا۔ مرغیوں کو آواز دے کر ڈربے میں بند کر دینا۔

دُڑبڑانا:۔ (ا) جھوم جھوم کر اترانا۔ ڈر کر گھبرا دینا۔ جھڑکنا۔ دبانا۔ مغلوب کرنا۔ الزام کی باتوں سے کسی کو عاجز کرنا۔

دُڑنگے لگانا:۔ (ا) کودنا۔ آوارہ پھرنا۔ اچھلتے کودتے پھرنا۔

دَڑوکنا:۔ (ہ) شیر کا بولنا۔ چنگھاڑنا۔ سانڈ کا بولنا۔

دَڑھ منڈا:۔ (ا) داڑھی منڈانے والا۔

دَڑھیل۔ دَڑھیالا:۔ (ا) بڑی داڑھی والا۔

دَڑیڑا:۔ (ہ۔ دڑےڑا۔ مذ) زور کا مینہ۔ دریا کے بہاؤ کا زور ؎ جعفر علی خاں اثر لکھنوی

معاذ اللہ یہ خونی دڑیڑے
کہ خود انسانیت زیر و زبر ہے

دُزد:۔ (ف) چور۔ دُزد حنا۔ (مذ) وہ سفیدی جو مہندی لگانے میں چھوٹ جاتی ہے۔ مہندی کا چور۔ دُزدی (مو) چوری۔ سرقہ۔ دُزدیدہ نظر۔ کن انکھیوں سے دیکھنا۔

دَس :(ھ) نو اور ایک۔ پانچ دو۔ پانچ۔ دس آنے دس گئے۔ دُنیا میں ایک آتا ہے ایک جاتا ہے۔ آنے جانے کا سلسلہ برابر لگا رہتا ہے ؎ داغ

مہماں سرائے دہر میں دس آئے دس گئے

دس باتیں سنانا۔ برا بھلا کہنا۔ دس بیس۔ چند۔ دس پانچ۔ چند ؎ جلال

دس پانچ بڑھ گئے کبھی دو چار گھٹ گئے

دس کماتے تھے بیس کھاتے تھے۔ برسات بعد گھر کو آئے تھے۔ بڑے فراخ، دولت مند۔ بے فکرے فضول خرچ تھے۔ دس طرح کی باتیں۔ مختلف قسم کی باتیں۔ دس دینا گئے۔ دس دلاویں گے۔ دس کا دینا ہی کیا۔ دینا نہ لینا باتوں میں خاطر جمع کردی۔ دس کے دو کہنا۔ زیادہ تعداد کو بہت کم ظاہر کرنا۔ ؎ داغ

دس کے دو کہتے ہیں جب لیتے ہیں بوسے اُن کے

بھول پر ڈال دیا کرتے ہیں گن گن کر

دس کی لاٹھی ایک جنے کا بوجھ۔ سب مل کر سوال کریں تو ایک کی حاجت رفع ہو جاتی ہے۔ دس گز یا ہاتھ کی زبان۔ بہت زبان دراز۔ دس گھرا۔ لڑکیوں کا ایک کھیل۔ دس گھر مانگنا۔ اِدھر اُدھر بھیک مانگنا۔ دس میں۔ مجمع میں۔ دس نکٹوں میں ایک ناک والا بھی نکو ہو جاتا ہے۔ بے غیرتوں میں غیرت والے کی فضیحت ہے۔ دسواں (مذ) میت کا فاتحہ جو مرنے سے دسویں دن ہوتا ہے۔ نیز جس کا نمبر ۹ کے بعد ہو۔ دسوں۔ دس کے دس۔ دسوں انگلیاں دسوں چراغ۔ بڑی ہنرمند۔

دِسا۔ دِشا :(ھ۔ مو) حال۔ حالت۔

(ہندی روزمرہ)

دَساتیر :(ف۔ مذ) دستور کی جمع۔ قاعدے۔ قانون۔ وزیر۔ پارسیوں کی مذہبی کتاب کا نام۔

دِساشُول :(ھ۔ مذ) رجال الغیب۔ دو غائب وجود جو دُنیا کے دائرے میں حرکت کرتے رہتے ہیں اور جس طرف وہ واقع ہوں اُدھر اُن دنوں احکام نجوم کے مطابق سفر کرنا منحوس سمجھا جاتا ہے۔

دِساوَر :(ھ۔ مذ) پردیس۔ باہر کا سوداگری کا مال۔ وہ جگہ جہاں ہر چیز با فراط فروخت کے لیے جمع کی جائے۔ دساور چڑھانا۔ سوداگری کے مال کا دوسرے ملک کو روانہ ہونا۔ مال بھیجنا۔ دساوری۔ ایک قسم کا عمدہ پان۔ دیس سے باہر جانے والا مال۔ ایک قسم کا کبوتر۔ دساوری مال (مذ) باہر جانے والا۔ سوداگری کا مال۔

دِسینا :(ھ) دس پنا۔ (مذ) چمٹا۔ آگ پکڑنے کا آلہ۔

دَست :(ف۔ مذ) ہاتھ۔ پنجہ۔ قدرت۔ طاقت۔ قابو۔ نوبت۔ دفعہ۔ سر دست۔ پتلا پاخانہ۔ اسہال۔ عدد۔ تعداد (ایک دست جزو۔ دو دست باز) چوپائے کے اگلے پاؤں میں سے ہر ایک۔ جب یک کے ساتھ بولیں تو سر سے پاؤں تک یا سراپا کے معنی ہوتے ہیں (جیسے یکدست خلعت) دست آموز۔ جو سدھا ہوا۔ پالتو۔ پالو۔ دست آیا۔ بدہضمی۔ دست آور۔ دست لانے والی چیز۔ دست آویز یا دستاویز (مو) قبالہ۔ تمسک۔ نوشتہ۔ عہدنامہ۔ دست انداز۔ مخل۔ مزاحم۔ دست اندازی (مو) ہاتھ ڈالنا۔ مداخلت کرنا۔ مخالفت کرنا۔ دست بدست۔ ہاتھوں ہاتھ۔ جلد ؎ غالب

سلطنت دست بدست آئی ہے

جام جم خاتم جمشید نہیں

دست بخیر۔ ہاتھ پیر کی چوٹ کا ذکر کرتے ہوئے خواہ اپنی پرانی چوٹ ہو یا دوسرے کی (اپنے ہی گلے میں میاں زخمی ہوئے تو کیسے سخت، دست بخیر گلے کی پھنسی پر گولی بیٹھی۔ (توبۃ النصوح)

دست برد (مو) لوٹ۔ خیانت۔ تصرف بیجا۔ دست بردار ہونا۔ ہاتھ اُٹھانا۔ باز آنا۔ چھوڑنا۔ دست بستہ۔ ہاتھ باندھ کر۔ ہاتھ جوڑ کر۔ دست اُلٹی۔ مذ۔ پتلی۔ کپڑا سینے پرونے کی چھوٹی سی گٹھری۔ دست بند (ف۔ مذ) کلائی کا ایک زیور جس میں موتی یا جواہرات ہوتے ہیں ؎ ظفر

جو خط لکھا تو بھیج دے یار اپنے ہاتھ کا

تو اوں دست بند نگار اپنے ہاتھ کا

دست بند جنگ (مو) امانت یا گرو۔ دست بوس ہونا۔ تسلیم بجا لانا۔ ہاتھ چومنا۔ دست بیعت ہونا۔ مرید ہونا۔ کسی کے ہاتھ پر بیعت کرنا۔ دست پاچہ ہونا۔ سٹ پٹانا۔ دست پاک (مذ) رومال۔ تولیہ۔ دست چالاک۔ چور۔ وہ شخص جسے چوری کا چسکا ہو۔ آنکھ بچا کر چرا لینے والا۔ دست خط دستخط (مذ) اپنے ہاتھ کا لکھا۔ اپنے ہاتھ کی علامت یا نشانی۔ (جمع) دستخط کے لیے (جس پر ہاتھ کے دستخط ہوں۔ دست خورد۔ دہان خورد۔ اب سب کام اپنے ہاتھ سے کرو۔ دست دراز۔ جو ہر کسی کو مارے پیٹے۔ نڈر۔ ظالم۔ دست درازی۔ مار پیٹ۔ ظلم۔ دسترس (مذ) پہنچ۔ رسائی۔ توانگری۔ حیثیت۔ بساط۔ بعض لوگ مونث بھی بولتے ہیں ؎

قدموں تک اس کے ہوئی دسترس

تا دست افسوس تھی ملی امیر

دست شفا (مذ) صحت بخشنے والا ہاتھ۔ دست غیب۔ وہ آمدنی جو کسی ظاہری وسیلے کے بغیر غیب سے حاصل ہو۔ دست فروش (مذ) چیزیں ہاتھ میں لے کر بیچنے والا شخص۔ خوردہ فروش۔

دَستِ قدرت (مذ) قابو - اختیار - مقدور - بس - **دَستکار** - کاریگر - وہ شخص جس کے ہاتھ میں کوئی ہنر ہو - **دستکاری** (مو) کاریگری - ہاتھ کا کام - نجاری - آہنگری وغیرہ جو تمام کام ہاتھ سے کرنے کے ہیں - **دَستِ گاہ** (مو) قدرت - مہارت - مقدور - **دَستِ گرداں** - بغیر تحریر کے قرضہ - زبانی اقرار پر اُدھار - وہ رقم جو چکر کھاتی رہے - ایک دوسرے کو دی جانے والی رقم - ج (اب تک نطرہ دست گرداں دیا) **دَستِ گیر** (مذ) معاون - مددگار - حمایت - پناہ - **دَست لگنا** - دست چھوٹنا متواتر دست آنا - **دَستِ مال** (مذ) ہاتھ کا رومال - جیبی رومال - **دَستِ نگر** - دوسرے کا محتاج مفلس - **دست دگریباں ہونا** - گتھم گتھا ہونا - لڑنا - لپٹ جانا - **دَستِ یاب** - بہم پہنچے الا میسر - حاصل - وصول - **دَستِ یاب ہونا** - بہم پہنچنا - حاصل ہونا - ہاتھ لگنا - ملنا -

دستار: (ف - مو) پگڑی - عمامہ - سرپیچ - **دَستار بند** - (مذ) پگڑی باندھنے والا - **دَستار بندی** - کسی بزرگ کی نیابت کی رسم جس میں نائب کے پگڑی بندھی جاتی ہے - **دَستارِ فضیلت** (مو) عمامہ فضیلت - وہ پگڑی جو پڑھنے لکھنے کے بعد کامل ہو جانے پر بندھا کرتی تھی -

دَستانہ: (ف) اسلحہ جنگ میں ایک لوہے کی چیز بھی جسے (لڑائی) میں ہاتھوں پر پہنتے تھے تاکہ کہنیوں تک زخم سے محفوظ رہیں -

دَستَرخوان: (ف - مذ) کھانا کھانے کی چادر یا کپڑا - میز کی چادر - **دسترخوان بچھانا** - دسترخوان کو کھولنا اور پھیلانا - دعوت کرنا - مہمان بلانا - **دسترخوان بڑھانا** - **دسترخوان** اُٹھانا یا سمیٹنا (کھانا کھانے کے بعد) **دسترخوان کا توبہ توبہ کرنا** - جب دسترخوان پر کھانا چنا رکھا ہو اور کوئی نہ بیٹھے تو اس وقت یہ کہا جاتا ہے - **دَسترخوان کرنا** - نذر نیاز کرنا سے بحر

یار نے تجھ کو کھلایا اپنے ساتھ

بحر اب گھر چل کے دسترخوان کر

دَسترخوان کی بلی - **دَسترخوان کی مکھی** (مو) ہر وقت دسترخوان پر شریک ہو کر کھانے والے اکھٹے - **دَسترخوان نہ بچھانا ایک عیب بچھانا سو عیب** - دعوت نہ کرنا (کوئی کام کرنا) عیب ہے لیکن پھر اس کے لوازم کا ٹھیک رکھنا ہزار طعنوں کا سبب ہے -

دَستک: (ف - مو) تالی - ہاتھ پر ہاتھ مارنا - دروازہ کھٹکھٹانا - بلانا - محصول (باندھنا کے ساتھ)

پروانہ راہداری - نکاسی کی چٹھی - قرقی سے شعر

کب حسن کے عامل کی نہ دستک ہوئی مجھ پر

کب محکمۂ عشق سے اعلام نہ آیا

دستک آنا - قرقی آنا - **دستک باندھنا** - بے فائدہ خرچ لگا لینا - **دستک پیادہ** (مذ) وہ چپراسی جو مال گزاری وصول کرنے، قرقی کرنے اور سمن یا وارنٹ کی تعمیل کرنے جاتا ہے - **دستک دینا** - تالی بجانا - کنڈی کھٹکھٹانا - **دستک لگانا** - ٹیکس لگانا - محصول لگانا -

دستور: (ف) رسم رواج - معمول - طرز - روش - عادت - قانون - قاعدہ - فیس - کمیشن نیز وزیر شعر

دستور کی سزا ہوئی دستور سے سوا امیر

دستور العمل (مذ) کسی انجمن یا جماعت وغیرہ کے قوانین و قواعد - **دستور باندھنا** - عادت ڈالنا - معمول باندھنا -

دستوری: (ا - مو) کمیشن - دلالی - فیس - **دستوری کا نکل گیا** - سزا پالی -

دَستہ: (ف - مذ) چھری یا تلوار وغیرہ کا قبضہ - کسی بھی چیز کا ہینڈل - فوج کا ایک حصہ - گلدستہ - ایک قسم کی گھنڈی جو اکثر قبا پر لگاتے ہیں - سنجاف - حاشیہ (دستا) کاغذ کے چوبیس یا پچیس تختوں کا مجموعہ - کھرل کا موسل - **دستی** (مو) مشعل - فتیلہ - ہاتھ کا شمعدان - چھوٹا قبضہ - کشتی کا ایک داؤں جو ہاتھ سے کیا جاتا ہے - چھوٹا سا قلمدان جو ہاتھ میں رہے - ہاتھ میں رکھنے کی کوئی بھی چیز - **دستیاں پھونکنا** - مشعلیں جلانا -

دُسراکے: (ا) پھر - مکرر (دُسرا کے کہے) **دُسرا کے بولنا** - پہلے کہے ہوئے کے خلاف کہنا -

دُسمال: (ا - مذ) برتن صاف کرنے کی صافی - رومال -

دِسمبر: (انگ - مذ) انگریزی سال کا آخری مہینہ جو ۳۱ دن کا ہوتا ہے -

دَسوکھا: (ﮨ - مذ) پرندوں کا پر پرواز -

دَسہرہ: (ﮨ - مذ) اسوج مہینے کی دسویں تاریخ کا بڑا بھاری تہوار - جس میں ہندو پوجا وغیرہ کرتے اور تہوار مناتے ہیں -

دشت: (ف - مذ) جنگل - صحرا - بیابان - میدان - **دشت پیما** - جنگل بیاباں میں پھرنے والا - **دشت پیمائی** (مو) جنگلوں میں پھرنا - **دشت نوَرد** - جنگلوں میں پھرنے والا - **دشت نوردی** (مو) جنگل اور بیاباں میں در بدر پھرنا -

دُشٹ: (ﮨ) بدذات - شریر - ظالم - بے رحم - بدکار (ہندی)

دشمن: (ف) مخالف - بیری - بدخواہ - حریف - رقیب - **دشمن اگر قوی است نگہبان قوی تر است** - دشمن سخت ہے تو کیا ڈر ہے - اللہ نگہبان ہے جو اس سے بھی

کسی سے زیادہ قوی ہے۔ **دشمن جانی** - جان کا لاگو - جان کا لیوا - دشمن قاتل - **دشمن چراغ پا (ڈال)** - ٹھوکر لگتے وقت عورتیں دُعا دیتی ہیں - **دشمن چہ کند چو مہربان باشد دوست** - خدا مہربان ہے تو دشمن کی کیا فکر - **دشمن زیر پا (پاؤں، شیر)** گویا یہ فقرہ ٹھوکر لگتی یا چھینکنے کے وقت کہا جاتا ہے - **دشمن سوئے نہ سونے دے** - دشمن نہ آپ بیٹھتا ہے نہ دوسرے کو بیٹھنے دیتا ہے - **دشمن نتواں حقیر و بیچارہ شمرد** - دشمن چاہے کمزور ہو مگر اس سے بھی ڈرنا چاہیے - **دشمن کو بھی خدا نصیب نہ کرے** - خدا سب کو محفوظ رکھے - یہ دُکھ کسی کو نہ ہو ؎ تسلیم

کہتے ہیں مرے دوست مرا حال دیکھ کر
دشمن کو بھی خدا نہ کرے مبتلائے رنج

دشمن کے کان بہرے - خدانخواستہ کی جگہ بولتے ہیں - **دشمن مذبح ہو** (دشمن مذبح کو لے جاتے ہیں) **دشمن کی آنکھ کیوں گئے** - اپنا دوست گروی تھا - دوست کی خاطر تو بات بھی گوارا کرنی پڑتی ہے - **دشمنوں کے منہ کالے ہوں** - دشمنوں کی مراد بر آئی - **دشمنی** (مو) بیر - عداوت - بدخواہی - **دشمنی نکالنا** - دشمن کو تکلیف دینا - دشمن سے بدلہ لینا -

دُشنام: (ف - مو) گالی گلوچ - دہلی والے اُستادوں نے مذکر اور اساتذۂ لکھنؤ نے مؤنث کہا ہے -

ردیف کئے ۔ ؎ ظفر

ہوس بوسہ اگر کھینچ نہ لاتی ہم کو
کاہے کو سُننے کو دشنام کسو کے آتے

دشنہ: (ف - مذ) خنجر - کٹاری -

دُشوار: (ف) مشکل - دوبھر - **دشواری** (مو) مشکل - سختی - دقت -

دُعا: (ع - مو) خُدا سے درخواست - التجا (کرنا - مانگنا) ورد - وظیفہ (پڑھنا) مناجات - مغفرت کی طلب - **دُعا اُلٹنا** - دعا کا مخالف اثر ہونا - **دُعا چلنا** - دُعا کا اثر ہونا - مراد بر آنا - **دُعا سلام** (مذ) میل جول - آن بن کی ضد (آج کل ان سے دُعا سلام ہے) **دُعائے خیر** - جناب الٰہی میں کسی کے لیے نیکی کی دعا - مجلس یا محفل میلاد کے خاتمے پر یہ فقرہ کہتے ہیں جس سے مقصود مجلس کا اختتام اور خدا سے دعا کرنا دونوں معنی مراد ہوتے ہیں - **دُعا دو سمدھانوں کو نہیں پھرتی دو دو دانوں کو** - جن کے سہارے گذرتی ہے ان کو دُعا دو - **دُعائیہ** - دُعا سے نسبت رکھنے والی بات - وہ شعر یا فقرہ جس میں دُعا ہو -

دعوت: (ع - مو) کھانے کے واسطے بُلانا - طلبی - کسی عمل (ورد) کو تعداد معینہ کے مطابق پڑھنا - ؎ آتش

آہ کا اپنی نتیجہ نہیں کبھی رات جلا
عمل حُب کی بہت ہم نے بھی دعوت دی ہے

دعوت اسلام - اسلام لانے یا مسلمان ہونے کی درخواست - **دعوتِ جنگ** - لڑائی کا چیلنج - **دعوت سمرقند** - تکلف کا کھانا - **دعوتِ شیراز** - بے تکلفی کی دعوت - **دعوت قبول کرنا** - ضیافت منظور کرنا - **دعوت کے لیے** - دوسرے کے یہاں کا کھانا - **دعوتِ ولیمہ** - وہ دعوت جو شادی یا نکاح کے بعد دی جاتی ہے -

دعویٰ: (ع - مذ) درخواست - خواہش - مطالبہ - مانگ - نالش - استحقاق - غرور ؎ تعشق

دی ستمگر کو صدا کہ تو تیرا کہا ہوا
دعویٰ اسی سپاہ پہ تھا گیسو یہ کیا ہوا

غیر واقع کو اپنی طرف منسوب کرنا - **دعویٰ اُٹھنا** - دعویٰ کا جواب ہونا ؎ شعور

ہوتی جو کسر بیٹھے اُٹھتے جو نظر آتے
دعویٰ یہ وسیلوں سے مری جان نہ کٹنے کو

دعویٰ پیش جانا - دعویٰ میں کامیاب ہونا - **دعویٰ جمانا** - دلیل قائم کرنا - ملکیت ظاہر کرنا - قبضہ جمانا - حق ظاہر کرنا - **دعویدار** - مدعی - غیر واقع کمال کو اپنی طرف منسوب کرنے والا - **دعویٰ کرنا** - مطالبہ کرنا - نالش کرنا - غیر واقع کمال کو اپنی طرف منسوب کرنا -

دغا: (ف - مو) دھوکا - دم - جھانسا (دینا - کرنا) **دغاباز** - دھوکا دینے والا - مکار - جعل ساز - فریبی -

دغابازی (مو) مکاری - جعل سازی - بے ایمانی -

دَغدَغا: (ا - مذ) ایک قسم کی چھوٹی قندیل - کنول - روشنی - چمکتا ہوا - دمکتا ہوا - **دغدغانا** - چمکنا - روشن ہونا - سُرخ ہونا - دمکنا - **دغدغاہٹ** (مو) چمک دمک - سُرخی - تمتماہٹ -

دَغدَغہ: (ف - مذ) اندیشہ - ڈر - دھڑکا ؎ نسیم

تھا شام سے دغدغہ سحر کا
دھڑکا ہی لگا رہا جگر کا

دَغَل: (ع - مذ) حیلہ - مکر - ملاوٹ - **دغل فصل** - دھوکا دہی - مکاری -

دَغنا: (ا) بندوق یا آتشبازی کا چھوٹنا - سر ہونا - کسی کا داغی ہونا - داغ لگنا -

دَغیلا: (ا) داغدار - دھبے دار - چوٹ لگا ہوا پھل - گرا ہوا پھل جس میں داغ پڑ جاتے ہیں - سڑا ہوا پھل - عیب دار -

دَف: (ع - مذ) ڈفلی - ایک چوتھائی حلقہ جس کا منہ ایک طرف کھال سے منڈھا ہوتا ہے اور ہاتھ سے بجایا جاتا ہے

اور بعض میں جھانج بھی لگا دیتے ہیں۔ زہر۔ جوش۔ چڑھاؤ۔ زور۔ غصّہ۔ پِتّا۔ **دف مرنا**۔ زہر کا دُور ہونا۔ جوش کم ہونا۔ تیزی دفع ہونا۔ غصّہ کم ہونا۔ پِتّا مرنا۔ **دف نواز**۔ دف بجانے والا۔ **دفالی**۔ ایک فرقہ جو دف بجانے کا پیشہ کرتا ہے۔

دفاتر:- (ع - ف) دفتر کی جمع۔

دفان:- (ا - مذ) دُور۔ **دفان ہونا**۔ دفع ہونا۔ نکلنا۔ منہ کالا کرنا (جیسے چلو دفان ہو)

دَفائن:- (ع) دفینہ کی جمع۔ خزانے جو زمین میں گڑے ہوئے ہوں۔

دَفتر:- (ع - یو - مذ) مجموعہ حساب وغیرہ۔ کچہری کے کاغذات کا مجموعہ۔ طومار۔ بڑا بھاری خط۔ لمبی کہانی۔ محکمہ۔ آفس۔ **دفتر اُلٹنا**۔ شور و شر کرنا۔ تلاش کرنا۔ **دفتر برہم ہونا**۔ کاغذات کا بے ترتیب ہونا۔ بالکل اُلٹ پلٹ ہو جانا۔ رونق اور بہار ختم ہو جانا۔ **دفتر تہ کرنا**۔ دفتر ختم کرنا۔ مختصر کرنا۔ **دفتر چڑھانا**۔ مشہور کرنا۔ شہرت دینا۔ ؎

یا رب نہ مدعی پہ کھُلے مدعائے خط
فقرے میں آ کے یار نہ دفتر چڑھائے خط — بحر

دفتر کے دفتر۔ بہت سی کتابیں۔ **دفتر کھول دیا**۔ حقیقت بھید ظاہر کر دیا۔ **دفتر گاؤ خورد ہونا**۔ تمام کارخانہ درہم برہم ہونا۔ **دفتری**۔ دفتر درست کرنے والا۔ جلد بنانے والا۔

دَفتی:- (ا - مو) کاغذ رکھنے کا پٹھا۔ مقوّٰی۔ فائل رکھنے کا گتّا۔

دَفر قلّیہ:- (ا - مذ) خراب پکا ہوا قلیہ۔

دَفع:- (ع - مذ) دُور کرنا۔ ہٹانا۔ **دفع الوقتی** (مو) وقت گزاری۔ ٹال مٹول۔ **دفع دخل کرنا**۔ اعتراض سے پہلے ہی اس کا جواب دے دینا۔ **دفع دخل**۔ سوال مخفف کر کے جواب ایسے لفظوں میں دے دینا کہ اس سے سوال بھی مخاطب کی سمجھ میں آ جائے۔ **دفع کرنا**۔ (بہ سکون دوم) ہٹانا۔ دُور کرنا۔ زائل کرنا۔ قصّہ ختم کرنا۔ **دفع ہونا** (بفتح دوم) ہونا۔ جاتا رہنا۔ چلا جانا۔ رخصت ہونا۔ نکلنا۔ **دفعتہً**۔ یکایک۔ یکبارگی۔ فوراً۔ اچانک۔ ناگہاں (دفعتاً الف کے ساتھ لکھنا غلط ہے) **دفعیہ** مذ تدارک۔ علاج۔ روکنے کی تدبیر۔

دَفعہ:- (مو) ایک بار۔ باری۔ نوبت۔ قانون۔ مضمون کا ٹکڑا جو مفہوم کے لحاظ سے عبارات کے شروع میں ڈالتے ہیں) درجہ۔ زمرہ۔ جماعت۔

دفعہ دار - دفعدار:- (مذ) سپاہیوں کے چھوٹے سے گروہ کا سردار۔

دُفن:- (مذ) زمین میں چھپانا۔ گاڑنا۔ تجہیز و تکفین۔ دفنانا مُردے کا قبر میں لانا۔ **دفن کرنا**۔ (مذ) زمین میں چھپانا۔ گاڑنا۔ تجہیز و تکفین کرنا۔

دَفینہ:- (مذ) جمع دفائن۔ دیکھو دفائن۔

دِق:- (ع - مو) تپ کہنہ جس کے ساتھ معمولی سی کھانسی بھی ہوتی ہے۔ آخر انسان اسی میں گھل کر مر جاتا ہے۔ تنگ۔ عاجز۔ آزردہ۔ ناخوش (آنا۔ کرنا۔ ہونا)

دقائق:- (ع - مذ) دقیقہ کی جمع۔ باریکیاں۔ نکتے۔

دِقت:- (ع - مو) مشکل۔ دشواری۔ تنگی۔ تکلیف۔ **دقت میں پڑنا**۔ مشکل یا صعوبت میں گرفتار ہونا۔ مصیبت میں پھنسنا۔

دَقیانوس:- (مذ) ایک ظالم اور بُت پرست بادشاہ فارس کا نام۔ جس کے خوف سے اصحاب کہف اپنا شہر چھوڑ کر پہاڑ کے غار میں جا چھپے تھے۔ **دقیانوسی** (صفت) بہت پُرانا۔ **دقیانوسی خیال** (مذ) پُرانا خیال۔ بہت پُرانی اور از کار رفتہ رسم۔ حال کے تجربہ اور تہذیب کے خلاف۔

دقیق:- (ع) باریک بات۔ نازک۔ مشکل مضمون۔

دقیقہ:- (ع - مذ) لمحہ۔ کسر (میں نے کوشش کو دقیقہ نہیں اٹھا رکھا) **دقیقہ رس**۔ نکتہ رس۔ زیرک۔ باریک بین۔

دُکان:- (ف - مو) ہاٹ۔ سودا بیچنے کی جگہ۔ **دکان بڑھانا**۔ دُکان بند کرنا۔ **دُکان چلنا**۔ خوب بکری ہونا۔ گرم بازاری ہونا۔ **دُکان کھولنا کرنا یا لگانا**۔ چیزوں کو پھیلا کر بیٹھنا۔ بیچنے کی چیزیں کسی جگہ چننا۔

دُکڑا:- (ھ - مذ) دمڑی۔ چھدام۔

دُکڑی:- (ھ - مو) دُکی۔ دو کا پتّا۔ دو گھوڑوں کی بگھی۔ ؎ سحر

تار شعاع تسمے ہیں کھچے ہیں نُور کے
بادِ سحر کے جھونکے ہیں دُکڑی کی گھوڑیاں

دُکھ:- (ھ - مذ) درد۔ تکلیف۔ رنج۔ عذاب۔ مرض۔ بیماری۔ مصیبت۔ بلا۔ **دُکھ بٹانا**۔ شریک غم ہونا۔ غمخواری کرنا۔ **دُکھ بھرنا یا بھگتنا**۔ مصیبت اُٹھانا۔ تکلیف سہنا۔ **دُکھ بھریں بی فاختہ اور کوّے انڈے کھائیں**۔ تکلیف کوئی اُٹھائے اور نفع کوئی حاصل کرے۔ **دُکھ درد کا شریک**۔ رنج و غم کا ساتھی۔ شریک رنج و درد۔ **دُکھ درد میں شریک**

دل آپ آپ ہونا - دل کا نرم ہونا - دِل آرام - دل کو آرام دینے والا - پیارا - معشوق - دِل آزار - دل دکھانے والا - ظالم - دل آزاری (مو) ظلم - ستم - ایذا رسانی - دِل آزردہ ناراض - رنجیدہ - دل آزمانا - حوصلے کی جانچ کرنا - دِل آگاہ - دانا - ہوشیار - بیدار دِل - دل آنا یا آجانا - دِل مائل ہو جانا - عاشق ہو جانا - دلاور - بہادر - شجاع - سورما - جوانمرد - دِل چلا - دلاوری (مو) شجاعت - بہادری - جوانمردی جرأت - دلیری - دل آویز - دل پسند - دِل کو اچھا لگنے والا - دِل آہن ہونا - دِل کا سخت ہونا - دِل آئینہ ہونا - دِل پر نیک و بد کا خود بخود ظاہر ہو جانا - دل ہر کدورت سے پاک صاف ہونا - دل اُٹکنا - عشق و محبت ہونا - دِل اُلجھنا - دل اُٹھ جانا یا اُٹھنا - جی اُچاٹ جانا - جی نہ لگنا - سیر کو جی چاہنا - ؎ ناتوانی سے غمِ ہجر کی ایسے بیٹھے

اُٹھے دنیا سے مگر دل نہ ہمارا اُٹھا برق

دِل اُچاٹ ہونا - جی اُکتانا - دل بیزار ہونا - دل افروز - دِل کو روشن کرنے والا (نظم دل افروز) دِل افگار - زخمی دل والا - غمگین - دل اُلٹنا - دیوانہ ہونا - پاگل ہونا - دل گھبرانا - دِل اُلجھنا - عاشق ہو جانا - بیزار ہونا - اُکتانا - دل اُمنڈنا - دِل بھر آنا - رونے کے قریب ہونا - دِل ایک ہونا - اتحاد ہونا - دِل باغ باغ ہونا - نہایت خوش ہونا - بہت شاد ہونا - دِل باندھنا - دل کو مائل کرلینا - ؎ ذوق

ترے جوڑے کے کھلنے نے مرا دل دلستان باندھا

دِل بُجھنا - طبیعت کا افسردہ ہونا - دِل بُجھا جاتا ہے - فریفتہ ہوا جاتا ہے ؎ صبا

صورت محراب کعبہ ابروئے خمدار ہے

دِل بُجھا جاتا ہے زاہد کا یہ قبلہ دیکھ کر

دِل بحال کرنا - کدورت دور کرنا - اضمحلال دور کرنا - دلبر معشوق - دلرُبا - دِل بُرا ہونا - ناراض ہونا - نفرت ہونا - دِل برداشتہ ہونا - بیزار ہونا - دل اُچٹنا - طبیعت کا ہٹ جانا - دل برمانا - رنج دینا - دل بڑھانا - ہمت بندھانا - دلیر کرنا - حوصلہ بڑھانا - دِل بڑھنا - بڑھ جانا - حوصلہ بڑھنا - ہمت کا زیادہ ہونا - دِل بستگی (مو) دل کا علاقہ - دل لگنا - جی بہلانا - دِل بکھرنا - افسردہ خاطر ہونا - دلبند - پیارا - بیٹا - پوتا - دل بند ہونا - انقباضِ خاطر ہونا - دم رُکنا - دل گھٹنا - دل بھاری کرنا - رنج کرنا - غم کرنا - دل بھینچنا - دل کا ڈرنا - تلملانا - دِل بھر آنا - غمگین ہونے سے آنکھوں میں آنسو آجانا - دل بھر بھر آنا - لالچ کرنا - شوق پیدا ہونا - دل بھر جانا - دل بھرنا - سیر ہونا - دل بھر دینا - ملنگائی بھلائی سے کسی کا دل پھیر دینا - دل بھر کے - جی بھر کے اچھی طرح - دل بھر آنا - دِل اُمنڈ آنا - کسی کا دل مَن کر رونے لگنا - دِل بہلانا - دل کو سیر تماشے میں مصروف کرنا - دوسری طرف دِل لگنا - دل بیٹھ جانا - ہمت ٹوٹ جانا - خوش نہ رہنا - دل پارہ پارہ (پاش پاش) ہونا - روحانی صدمہ ہونا - دل پانا - عندیہ معلوم کرنا - ترجیح دیکھنا - رُخ دیکھنا - حوصلہ ہونا ؎ انیس

اور دُنیا میں کسی ماں نے یہ دن پایا ہے

آپ دولہا سا بنا کر انھیں بھرایا ہے

دل پانی کرنا - دل نرم کرنا - دل بیتاب کرنا - دل پائمال کرنا - فریفتہ کرنا - دل پتھر کرلینا - دل کو سخت کرلینا - بے رُخی اختیار کرنا - دلپذیر - دل کو اچھا لگنے والا - دلآویز - دل پر بار ہونا گزرنا - گراں گزرنا - دکھ ہونا - دِل پر پتھر رکھ لینا - دل سخت کرلینا - صبر کرلینا - دل پر پہاڑ گرنا - اچانک روحانی صدمہ پہنچانا - دل پر چڑھنا - دل کا مائل ہونا ؎ داغ

ایسی باتوں سے کیوں نہ دل پر چڑھے

دل لگی کے ہیں سینکڑوں چرچے

دل پر چوٹ کھانا - دل پہ صدمہ اُٹھانا - تاثیر حسن سے یکایک دل میں عشق پیدا ہونا - دِل پر چھا جانا - دِل پر اثر کرنا - دل پر چھری کا پھرنا - صدمہ دینا - دل پہ داغ ہونا - صدمہ ہونا - رشک و حسد ہونا - دل پر رکھ لیا - دل پر رکھ لی - ارادہ کرلیا - ہمت کرلی - دل پر سانپ لوٹنا - افسوس آنا - حسد ہونا - پچھتاوا آنا - جلنا - دل پر قفل لگانا - دِل کا راز پوشیدہ رکھنا - دل پر کندہ ہونا - دل میں اُتر جانا - دِل پر کھیلنا - ایسا کام کرنا جس سے ہلاکت کا اندیشہ ہو - دل پر کیا گزری - دِل کو کس قدر صدمہ ہوا - دل پر گھونسا پڑنا - اچانک کسی بات کا صدمہ ہونا - دل پر لکھ لینا - دل پر نقش کرلینا - دل پر مہر کر دینا - دل کو ایسا سخت کر دینا کہ اس پر اثر نہ ہو (کافروں کے دل پر ان کی کور باطنی نے مہر کر دی) دل پر میل آنا - دل کو ناگوار گزرنا - دل پر رنج آنا - دل پر نقش ہونا - کسی بات کا دل میں جم جانا - خوب یاد رہ جانا - دِل پر ہاتھ رکھے پھرنا - بیتاب نہ پھرنا - دل پکڑے پھرنا - بے چین پھرنا - دِل لُبھانا - دلدادہ ہونا - فریفتہ ہونا - دِل پسند - مرغوب - پسندیدہ - دِل پسیجنا - دل نرم ہونا - ترس کھانا - سلوک کرنا - دل پکا کرنا - دل مضبوط کرنا - ہمت کرنا - دل پکانا - چھیڑنا - تنگ کرنا - ستانا - دِل پک جانا - صدموں یا سخت کلامیوں سے دل اُکتا جانا - دل پکڑا جانا - دل میں شبہ گزرنا - ماتھا ٹھنکنا - دل پکڑ کر یا تھام کر بیٹھ جانا - ہائے کرکے بیٹھ جانا - صدمے کے مارے بول نہ سکنا - دِل کو مسوس کر رہ جانا - دل پکڑ لینا - کسی صدمے یا رنج کی تاب نہ لانا - بیتاب ہو جانا - دل پکڑے پھرنا - بےتاب اور مضطرب

پھٹنا - دل پک کے پھوڑا ہونا - دل کا صدمے سہتے سہتے صدمہ برداشت کرنے کے قابل نہ رہنا - دل پگھلنا - دل کا نرم ہونا - ترس آنا - رحم آنا - دل پھاڑنا - دل کو بیزار کرنا - طبیعت ہٹا دینا - متنفر کر دینا - دل پہاڑ ہے - عالی ہمت ہے ۔ ذوق

ہے سخاوت سے بشر فرمانروائے خشک و تر
دست ارباب کرم دریا ہے دل ان کا پہاڑ

دل پھٹنا - دل بیزار ہونا - طبیعت کا ہٹ جانا - دل پھرنا - دل بیزار ہونا - متنفر ہونا - دل پھیرنا - دل بیزار کرنا - نفرت دلانا - سیر کرنا - بدظن کر دینا - دل پھیکا ہو جانا - کسی چیز سے دل ہٹ جانا - توجہ نہ رہنا - خیال جاتا رہنا ۔ آتش

پھر یہ دو تیر آرائش سے کیوں دل ہو گیا پھیکا
نہ وہ لب پر ملتا ہے نہ وہ ماتھے پر افشاں ہے

دل پیچھے پڑنا - دل کا دوسری طرف لگنا - دل بہلنا - دل پسینا - فریفتہ کرنا - دل تازہ ہونا - فرحت ہونا - دل خوش ہونا - دل تپکنا - دل کا بے چین ہونا - دل تڑپنا - دل لوٹنا - دل بے قرار رہنا - کسی کے دیکھنے یا ملنے کی بے حد خواہش کرنا - دل تلملانا - دل بے قرار ہونا - دل تلے اوپر ہونا - دل گھبرانا - مضطرب ہونا - دل تنگ - ملول - ناخوش - کنجوس - دل تنگ ہونا - بخیل ہونا - دل کا پریشان ہونا - عاجز ہونا - دل توڑنا - ناامید ہونا - خاطر شکنی کرنا - دل کو کسی چیز سے بے تعلق کرنا - دل تولنا - دل کی آزمائش کرنا - دل تو انگر ہونا - دل میں افلاس کا رنج نہ ہونا - دل میں خوب سخاوت کی خواہش ہونا - دل تھامنا - دل کی بے قراری دور کرنا - اضطراب سے دل بے قابو ہونے لگنا - دل تہ و بالا کرنا - دل کا قرار کھو دینا - دل تھرتھرانا - خوف سے دل کانپنا - دل تھوڑا ہونا - ہمت ٹوٹ جانا - دل ٹٹولنا - مرضی دریافت کرنا - دل ٹھنڈا رکھنا - خوش رکھنا - سہارے اور پر امید حالت میں رکھنا ۔ شعور

کرم جوشی سے مرے دل کو وہ ٹھنڈا رکھے
سرد مہری سے نکالا ہے جلانا کیسا

دل ٹھوکنا - اطمینان کر لینا - دل ٹھہرنا - دل کو سکون ہونا - دل ٹھکانے لگنا یا ہونا - دل ٹھہرنا - اطمینان ہونا - یکسوئی ہونا - تسلی ہونا - ڈھارس بندھنا - دل ٹکنا - دل قوی ہونا - کسی کام کے لیے ہمت بندھنا - دل جلا - عاشق - فریفتہ - دل سوختہ - دل جل کر کباب ہونا - سخت رنج یا صدمہ ہونا - حسد سے جلنا - دل جلنا - دل کڑھنا - رشک، غصہ یا عداوت کا جوش - دل جمعی (ع) بے فکری - اطمینان - تسلی - ڈھارس - دل جمنا - دل لگنا - توجہ ہونا - جی لگنا - کسی کام میں جی نہ اکتانا - دلجو - پیارا - محبوب - خوبصورت جیسے قد دلجو - دل جوئی (ف) دل داری - تسکین - تسلی - تالیف قلوب - دل جھکنا - دل کا مائل ہونا -

دل چھمانا - دل کو وجد میں لانا - دل چار چار ہاتھ اچھلنا - دل کا کمال بیتاب ہونا (خوف و وحشت سے) ۔ تسنیم

اوچھا سا اک لگا جو دیا ایک بار ہاتھ
بودے کا دل اچھلنے لگا چار چار ہاتھ

دل چاک کرنا - دل کو صدمہ پہنچانا - دل چاہتا ہے - دل میں آرزو ہے - دل چاہیے - ہمت اور حوصلہ درکار ہے - دل چرانا - کسی کام سے پہلو تہی کرنا - جی چھپانا - پردے ہی پردے میں دلدادہ کر لینا - دلچسپ - دل پسند - خوبصورت - خوش نما - دل لبھانے والا - دل چلا - دلیر - بہادر - جوانمرد - فیاض - سخی - داتا - ذی ہمت - دیوانہ - پاگل - دل چلنا - خواہش ہونا - مائل ہونا - دیوانہ یا پاگل ہونا - دل چور - کم ہمت - دل چھپانا - پہلو تہی کرنا - دل چھوٹ جانا - ہمت ٹوٹ جانا - دل چھین لینا - عاشق بنا لینا - دل چیر کر دکھانا - رازِ دل ظاہر کرنا - دل کی اصلی حالت ظاہر کرنا - دل حاضر ہونا - طبیعت کا درست ہونا - دل ٹھکانے ہونا - دل خاک ہونا - شگفتگی جاتی رہنا - دل خالی کرنا - غم و غصہ نکال دینا - دل خراش - رنج پہنچانے والا - جانکاہ ۔ ذوق

دل خراش اور ہے طاقت وہ دل سے کچھ اور
کہ نہ موتی بھی ہیرا ہو نہ ہیرا گوہر

دل خستہ - رنجیدہ - غم رسیدہ - آفت زدہ - مصیبت زدہ - دکھیا - دل خواہ - مرضی پسندیدگی - دل پسند - پسندیدہ - دل خوش کرنا - راضی کرنا - دل کو رجھانا - دل خون ہونا - غم و غصہ میں مبتلا ہونا - دل خون ہو کے بہہ جانا - اشک جاری رہنا - دلدادہ - عاشق - فریفتہ - دلدار - پیارا - دلبر - معشوق - دلداری (ف) تسلی - تسکین - ہمدردی - غمخواری - دل دریا ہونا - سخی ہونا - دل دکھانا - رنج و غم - صدمہ پہنچانا - دل کڑھانا - دل دوڑنا - کسی بات کو بے اختیار چاہنا - دلدوز - دل پر اثر کرنے والا - پسندیدہ - مطبوع طبع - دل دو نیم ہونا - دل پر چوٹ لگنا ۔ شعور

کیونکر نہ دل حریف سخن کا دو نیم ہو

دل دھڑکنا - دل لرزنا - دل کانپنا - خوف و اضطراب سے دھڑکے پیدا ہونا - دل دھک دھک کرنا - بیماری یا ڈر یا بیقراری سے دل کا تیزی سے حرکت کرنا - بیتاب ہونا - دل دھک سے ہو جانا - دفعتاً صدمہ ہونا - ناگہانی صدمہ سے دل پر چوٹ لگنا - دل دھکڑ پکڑ کرنا - دل کا اندیشہ کرنا - جھجکنا - پس و پیش کرنا - خوف کھانا - دل دہلنا - خوف کھانا - ڈرنا - دل دھڑکنا ۔ جان صاحب

جوں جوں وہ دن ڈھلا ڈھلتا تھا
میری چھاتی میں دل دہلتا تھا

دل دہی (مو) تسلی۔ تشفی۔ دلجوئی۔ ڈھارس۔ دلاسا۔ **دل دیکھنا**۔ آزمانا۔ عندیہ لینا۔ منشا دریافت کرنا۔ مرضی ٹٹولنا۔ **دل دینا**۔ کسی پر عاشق ہو جانا۔ کسی جگہ دل بھنسا دینا۔ **دل ڈانواں ڈول ہونا**۔ دل کا بے اختیار رہنا۔ دل پر قابو نہ ہونا۔ **دل ڈوبنا**۔ ضعف یا ناتوانی کے مارے دل کا گرا پڑنا۔ غشی طاری ہونا۔ **دل ذرا سا ہونا**۔ دل میں برداشت کی طاقت نہ ہونا۔ **دل ربا**۔ دلبر۔ معشوق۔ دل لے جانے والا۔ **دل ربائی** مو۔ دلبری۔ معشوقی۔ **دل رچنا**۔ مانوس ہونا۔ **دل رُکنا**۔ دل کا آزردہ ہونا۔ دل کا رنجیدہ ہونا۔ منقبض ہونا۔ **دل رکھ لینا**۔ **دل رکھنا**۔ دلداری اور پاس خاطر کرنا۔ بات مان لینا۔ آرزو پوری کرنا۔ امید بر لانا۔ تسلی دینا۔ حوصلہ رکھنا ؎ انیس

ٹ دل ہے تمیز حق و باطل نہیں رکھتا

تو بیٹے تن و توش کا کچھ دل نہیں رکھتا

دل رندھنا۔ غمگین ہونا۔ **دل روشن ہونا**۔ دل کا نور عرفاں سے منور ہونا ؎ جلیل

مجھے کیا عشق و محبت کا فر ۔۔۔ حال روشن ہو دل ہو جب بیش

دل روندنا۔ دل پامال کرنا۔ **دل ریش**۔ دل افگار۔ عاشق۔ **دل زدہ**۔ غم زدہ۔ غم رسیدہ۔ **دل زندگی سے سرد ہو جانا**۔ دل کا زندگی سے بیزار ہونا۔ **دل زندگی سے بگڑنا**۔ مایوس ہونا۔ **دل زندہ ہو جانا**۔ دل تازہ ہونا۔ دل خوش ہونا۔ دل پر فرحت چھانا۔ **دلستان**۔ دلربا۔ دلکش۔ **دل سخت کر لینا**۔ بے رحم ہو جانا۔ **دل سرد ہو جانا**۔ ولولہ اور جوش جاتا رہنا۔ **دل سلگنا**۔ دل میں غم یا حسد ہونا۔ **دل کو سمجھانا**۔ دل کو تسکین دینا۔ **دل سنبھالنا**۔ بے قرار دل کو قرار دینے کی تدبیر کرنا۔ ہمت کرنا۔ **دل سوختہ**۔ دل جلا۔ **دلسوز** مذ دردمند۔ درد انگیز۔ دل گداز۔ رقت انگیز۔ خیرخواہ۔ غمخوار ؎ نسیم

کس کو دلسوز سمجھتے تھے تم اے بے پروا تو

تو وہ کافور ہوئی شمع سحر دیکھ لیا

دلسوزی مو دردمندی۔ ہمدردی۔ خیرخواہی۔ **دل سے اتارنا یا گرانا**۔ نظروں سے گرانا۔ بے وقعت کرنا۔ **دل سے اترنا یا گرنا**۔ دل کو پسند نہ آنا۔ نظروں سے گرنا۔ حقیر ہونا۔ **دل سے اٹھا دینا**۔ کسی کام کا ارادہ ترک کر دینا۔ **دل سے باتیں کرنا**۔ دل کو مخاطب کر کے کچھ کہنا۔ دل ہی دل میں سوچتے رہنا۔ **دل سے بخار نکلنا**۔ دل کی کدورت دور ہونا۔ **دل سے پوچھنا**۔ سخت تکلیف کا حال معلوم کرنا۔ ناقابل بیان مصیبت گزرنا ؎ غالب

کوئی میرے دل سے پوچھے تیرے تیر نیم کش کو

دل سے خدا آگاہ ہے۔ کمال بیقراری اور اضطراب ظاہر کرنے کے لیے۔ **دل سے دل ملنا**۔ دو شخصوں میں کمال اتحاد ہونا۔ **دل سے دل کو راہ ہوتی ہے**۔ محبت دونوں طرف سے ہوتی ہے۔ **دل سے دھواں اٹھنا**۔ **دل سے آہ نکلنا**۔ **دل سے صاف ہونا**۔ دل صفائی ہونا۔ **دل سے غبار نکلنا**۔ ملال نہ رہنا۔ **دل سے کانٹا نکلنا**۔ خلش اور ختم ہونا ؎

مرگئی سوت مگر غم نہیں بھولا مجھ کو

جانِ صاحب نہ کبھی دل سے یہ کانٹا نکلا

دل سے لاگ ہونا۔ دل سے تعلق ہونا۔ **دل سے لگی ہونا**۔ دل کو کسی امر کا انتہائی خیال ہونا۔ فکر ہونا۔ دھن ہونا۔ **دل سے لگی ہونا**۔ بہت زیادہ خیال ہونا ؎ لطافت

مشکل سے گذر آپ کے کوچے میں ہوا ہے

جان اپنی یہیں دیکھئے کیا دل سے لگی ہے

دل سے لگی ہے۔ دل پر چوٹ ہے۔ **دل سے مل جانا**۔ دل کدورت دور ہو جانا۔ اتحاد ہو جانا۔ **دل سے نہ ہو**۔ دل سے نہ سہی ؎ ناسخ

مجھ میں عدو میں تم سے بھی کچھ بڑھ کے پیار ہے

دل سے نہ ہو وہ نام کو تم پہ نثار ہے

دل سیاہ ہو جانا۔ خدا سے نہ ڈرنا۔ **دل سینے میں الجھنا**۔ دل گھبرانا۔ **دلِ شاد**۔ خوش دل۔ خوش و خرم۔ **دل شکستہ**۔ رنجیدہ۔ دل آزردہ۔ **دل شکن**۔ ناراض کرنے والا۔ ہمت توڑنے والا۔ **دل شکنی** مو کسی کے دل کو آزردہ اور رنجیدہ کرنا۔ **دل توڑنا**۔ **دل شگفتہ ہونا**۔ دل کا بشاش ہونا۔ **دل شیر ہونا**۔ دل کا قوی ہونا ؎ نفیس

دل نے کہا کہ اب یہ لعین زیر ہو گیا

شیر خدا کے لال کا دل شیر ہو گیا

دل صاف ہونا۔ دل سے کدورت اور ملال کا رفع ہونا۔ **دل غنی ہونا**۔ دل کا تونگر ہونا۔ **دلفروز**۔ دل کو روشن کرنے والا۔ **دلفروش**۔ عاشق ؎ شاد

خرید لے جو ستمگر ہو جان کا گاہک

وہ دلفروش ہیں ارزاں دکان رکھتے ہیں

دلفریب۔ دل کو فریفتہ کرنے والا۔ دل کو فریب دینے والا۔ **دلفگار**۔ دل ریش۔ بزدل۔ **دل کا بخار نکلنا**۔ جوش دل کا سرد ہو جانا۔ دل کی بھڑاس دور ہونا۔ **دل کا بودا**۔ پست ہمت کم حوصلہ۔ **دل کا بولنا**۔ دل کا گواہی دینا۔ **دل دھڑکنا**۔ **دل کا پس و پیش کرنا**۔ کسی کام کے کرنے نہ کرنے میں جھجکنا۔ **دل کا ٹکڑا**۔ بہت پیارا۔ لخت جگر۔ **دل کا خریدار**۔ **دل کا گاہک**۔ معشوق۔ **دل کا دو دو ہاتھ اچھلنا**۔ نہایت بیقرار و مضطرب ہونا۔ **دل کا غبار**۔ دل کی کدورت۔ **دل کا کانٹا**۔ دل کا کانٹا نکلنا۔ دل کی خلش نکلنا۔ **دل کا کچا**۔ بودا۔ کم ہمت۔ **دل کا کچھ اور ہی نقشہ ہے**۔ دل گھبراتا ہے۔ دل پریشان ہے۔ **دل کا کرارا**۔ دل کا مضبوط۔ **دل کا کڑا**۔ دل کا مضبوط۔

دکھا کر چاندنی میں سبزۂ دریا
دلِ عاشق کو لہرایا تو ہوتا

(لازم) دل میں اُمنگ پیدا ہونا - دل لہو ہو جانا - دل پر بڑا صدمہ ہونا - دِل لینا - کسی کا دل اپنی طرف مائل کر لینا - عاشق بنا لینا - عندیہ لینا - منشا دریافت کرنا - دل مارنا - نفسانی خواہشوں سے دل کو روکنا - دل مُٹھی میں لینا - دل پر قابو پانا - دِل مٹی ہونا - دل میں اُمنگ نہ رہنا - دِل مچل جانا - کسی چیز کے لیے دل کا ہٹ کرنا - دل مر جانا - دِل کا مردہ ہونا - تمام خواہشوں سے مُنہ موڑ لینا - افسردہ ہو جانا - بے دل ہو جانا - دل مسوس کر رہ جانا - دِل پکڑ کر رہ جانا - کسی صدمے کے باعث چُپ کا چُپ رہ جانا - دل مسوسنا - دل ہی دل میں رنج و غم ضبط کرنا - دِل مشبک ہو جانا - دل میں سوراخ ہو جانا - رنج و غم کے تیروں سے چھلنی ہو جانا - دل مکدر ہونا - دل میں ملال ہونا - دل میں صفائی نہ رہنا - دل ملا نہ بہناپا - وہ باہمی رشتہ جو سہیلیاں آپس میں جوڑ لیتی ہیں - دِل ملانا - راہ و رسم پیدا کرنا - میل جول پیدا کرنا - دِل ملنا - کسی سے ایک جان دو قالب ہو جانا - دل ملنا - دل پامال کرنا - رنج پہنچانا (لازم) دل کا بیحد مشتاق ہونا - دل ملول - رنجیدہ و غمگین - دل موہ لینا - کسی کا دل اپنی طرف مائل کر لینا - دل میلا کرنا - دِل کو غمگین اور اداس کرنا - دل پر غم لانا - دل کو متفکر بنانا

دل میں - باطن میں جو زبان سے نہ ہو (جیسے دل میں کوسنا)

دل میں آگ بھری رہنا - دل میں کمال غصہ و حسد ــ امیر

آگ سے دل میں پسِ مرگ بھری رہتی ہے
گھاس کب تربتِ عاشق کی ہری رہتی ہے

دل میں آگ لگانا - دل کو ستانا - رنج دینا - دل میں آگ لگنا - سوز و گداز عشق پیدا ہونا - دل میں آگئی - خیال پیدا ہو گیا - کوئی بات ذہن میں پیدا ہوئی - دل میں آنا - خیال گزرنا - دِل میں اتارنا - ذہن نشین کرنا - دل میں اتر آنا - دل میں بس جانا - ذہن نشین ہونا - دل میں اُترنا - دل میں سما جانا - دل میں اینٹھ رکھنا - بغض و عداوت رکھنا - دل میں باتیں بھری ہیں - دل گلے شکووں سے پُر ہے - دل میں عداوت بھری ہے - دل میں بٹھانا - ذہن نشین کرنا - دل میں بخار ہونا - کدورت ہونا - دل میں بسنا - دل میں کسی کا تص[illegible]قت رہنا - دل سے کسی کا خیال دور نہ ہونا - دل میں بل ڈالنا - دل میں فرق ڈالنا - دل میں فساد ڈالنا - دل میں بل رکھنا - بغض و عداوت رکھنا - دل میں بچھنا - نادم ہونا - دِلتنگ ہونا - دل میں پس جانا - فریفتہ ہونا - عاشق ہونا - دِل میں پلٹ جانا - کچھ کہہ کے دل میں اس کے خلاف نیت کر لینا - دل میں پھپھولے پڑنا - دل میں ضبط کی وجہ سے جلن ہونا -

ــ انیس

سینے میں لگی آگ پڑے دل میں پھپھولے
اماں کے مگر خوف سے ہم کچھ نہیں بولے

دل میں پھرنا - ہر وقت خیال میں رہنا - دل میں تو سمجھو - کبھی شرمایا تو کرو - دل میں تامل تو ہو - دل میں جانا - اندرونی طور پر واقف ہونا - دل میں چبھنا - دل پر اثر کرنا - نہایت پسندیدہ اور خوشنما ہونا - پسند آنا - دل میں چٹکیاں لینا - طعنے مارنا - در پردہ دکھانا - دل میں اثر کرنا - دل میں چور بیٹھنا - دل میں فرق پڑنا - بدگمانی ہونا - دل میں خلش رکھنا - بغض رکھنا - کینہ رکھنا - دل میں ڈالنا - کسی بات کا دل میں پیدا کرنا - القا کرنا - دل میں راہ کرنا - کسی کے دل میں جگہ کرنا - دل میں بیٹھنا - دل میں رُکاوٹ ہونا - دل میں آزردگی ہونا - دل میں رکھنا - ظاہر نہ کرنا - پوشیدہ رکھنا - بُرائی کی گرہ باندھنا - دل کی نہ کہنا - دل میں زہر بھرا ہونا - کسی کے لیے دل میں بدی ہونا - دل میں سمائی ہونا - کسی بات کا دل میں عزم بالجزم ہونا - دل میں سمجھنا - غور کرنا - دل میں سوراخ پڑنا یا ہو جانا - طعن و تشنیع سن کر ضبط کرنے کے موقع پر - دل میں غبار آنا - دل میں کدورت پیدا ہونا - دل میں شبہ پڑنا - دل سے اعتبار اُٹھنا - شکر رنجی ہونا - دل میں بل پڑنا - دل میں کانٹا سا کھٹکنا - ناگوار گزرنا - بارِ خاطر ہونا - دل میں کپٹ ہونا - دل میں کینہ اور دشمنی ہونا - دل میں کٹنا - شرمندہ ہونا - دل میں کھبنا - دل میں بیٹھنا - دل میں اثر کرنا - دل کے اندر بیٹھنا - دل میں کھٹک جانا - دل میں اثر کر جانا - دل میں کیا کہیں گے - بُرا کہیں گے - دل میں گدگدی کرنا (ہونا) - کسی سے شرارت کرنا - شوخی کرنے کو دل چاہنا - دل میں گڑ جانا - دل میں بیٹھ جانا - پسند آ جانا - دل میں گھر کرنا - دل میں رسائی کرنا - خصوصیت پیدا کرنا - اخلاص بہم پہنچانا - ربط بڑھانا - دوست بنانا - ہمدرد و غمخوار بنانا - دل میں گھون لگنا - دل پر اچانک صدمہ ہونا - دل میں لگن لگانا - دل میں جوش پیدا کرنا - دل میں لہر آنا - دل میں اُمنگ پیدا ہونا - دل میں لیے جانا - کینہ رکھ کر دل میں [illegible] - دل میں لیے رہنا - ضبط کرنا - زبان سے نہ کہنا - دل میں ناسور ہونا (ڈالنا) بہت زیادہ تکلیف دینا (ہونا) دل میں نیکی ڈالنا (عو) دل کو نیکی کی طرف متوجہ کرنا - دل میں ہے - ارادہ ہے - خیال ہے - دلنشین - دل میں بیٹھ جانے والا - مؤثر - دلنشین ہونا - دل میں جمنا - دل میں بیٹھنا - دلنواز - دل کو تسلی دینے والا دوست - دلنوازی (مو) تسلی - دل نہاد - جس بات پر دل مائل ہو - دل والا (مذ) سخی - فیاض - بہادر - دلیر - سورما - دل و جان سے - سر آنکھوں سے - نہایت خوشی سے

شوق سے - بخوشی - نہایت - از حد - **دل ہاتھ میں لینا** اپنا مطیع و فرمانبردار بنانا - تسلی دینا - **دل ہارنا** - ہمت ہارنا - **دل ہٹ جانا** طبیعت کا ناراض ہو جانا - رغبت نہ رہنا - **دل تازہ ہونا** - دل ہلکا ہونا - رونے دھونے سے دل کی پریشانی کم ہونا - **دل ہلنا** - خوف یا دہشت سے دل کا کانپ جانا - دل لرز جانا - **دل ہوا ہو جانا** - دل کا ہیبت سے گھبرا جانا - **دل ہی جانتا ہے** زبان سے کہہ نہیں سکتے - **دل ہی دل میں** - اندر ہی اندر - چپکے چپکے - **دلی** - خالص - گہرا (جیسے دلی دوست)

دُلار :- (ہ - مذ) پیار - لاڈ - محبت - **دلارا** (مذ) پیارا - عزیز - دُلارو - **دُلاری** (مو) پیاری - لاڈلی - معشوقہ -

دِلاسا :- (ہ - مذ) تسلی - تشفی - تسکین - تقویت - **دلاسا دینا** تسلی دینا - ہمت بندھانا - جی بڑھانا (سنتے سنتے کانا) -

دَلّاک :- (ع - مذ) حمام میں بدن ملنے والا اور کیسہ کرنے والا -

دَلّال :- (ع - مذ) سودا کرانے والا - آڑتیا - بھڑوا - کُٹنا - **دلّالہ** (مو) کٹنی - **دلّالی** (مو) آڑھت - دلال کا پیشہ - دستوری - بکوائی کا حق - کٹناپا -

دَلالت :- (ع - مو) ہدایت - رہنمائی - نشان - علامت - پتا - دلیل - ثبوت - رعب - شان (ارشاد کے ساتھ)

دِلانا :- (ہ) دلوانا - شرارت کرانا - پیدا کرانا (تم نے اپنی شرارت سے ان کو غصہ میں لادیا)

دِلاوَر :- (ف) بہادر - شجاع -

دُلائی :- (ہ - مو) دُہری چادر - روئی کے بغیر دوہری رضائی - اگر میں بھی دو تہی چادر کو کہتے ہیں اور موٹی دو تہی کو دُہر - لطافت

بناوی جب دلائی اس نے پوچھا بام پر آکر
نہیں بھی دُور سے چھپا گل معلوم ہوتی ہے

دَلائل :- (ع - مو) دلیل کی جمع - دلیلیں -

دُلیا :- (ہ - مذ) وہ لڑائی کا پرندہ جسے اور پرندوں سے بھڑوا کر دلیر بناتے ہیں - دبیل

دُلتی :- (ا - مو) جانور کا پچھلی دو لاتیں اٹھا کر مارنا - (چلانا - مارنا)

دَلدابیشگیر :- (ا - مذ) چھوٹا سا مگیر جو پلنگ یا چھپرکھٹ کے آگے لگایا جاتا ہے

دَلِدّر :- (ہ - مذ) افلاس - محتاجی - نحوست - تنگ حالی - **دلدر دُور ہونا** - افلاس یا نحوست کا جاتے رہنا - تنگ حالی کا خوش حالی سے بدل جانا - دلدر بھی سنتا ہے -

دُلدُل :- (ع - مذ) وہ سیاہی مائل سفید گھوڑا جو حاکم اسکندریہ مقوقس نے رسول صلعم کی خدمت میں بطور نذرانہ بھیجا - اور آپ نے حضرت علی کو عطا فرما دیا - **دلدل سوار** (مذ) حضرت علیؓ کا لقب - **دُلدُل نکالنا** - اہل تشیع میں دستور ہے کہ وہ ایام محرم میں ایک گھوڑے کے ساتھ ماتم کرتے ہوئے نکلتے ہیں - اس گھوڑے کے اوپر پگڑی - تیر - شمشیر اور ڈھال لگی ہوئی ہوتی ہے اور ایک سفید کپڑے پر سرخ چھینٹے خون کی علامت کے لیے چھڑک دیتے ہیں جس سے یہ مراد ہوتی ہے کہ یہ اس غریب کی یادگار ہے - جس کا سوار ان دنوں میں شہید ہوا تھا - اور یہ گھوڑا اسی طرح خون میں آلودہ لٹے گھر آیا تھا -

دَلدَل :- (ہ - مو) کیچڑ - دھسان - **دَلدَل میں پھنسنا** - کیچڑ میں پھنسنا - مشکل میں پڑنا -

دَلق :- (ف - مو) گُدڑی - پہننے کا لباس جو اکثر صوفی درویش پہنتے ہیں - **دلق پوش** (مذ) گدڑی پہننے والا - درویش - صوفی -

دَلکھنا :- (ہ) بات کاٹنا - اعتراض کرنا - منع کرنا - انکار کرنا - نامنظور کرنا - احسان کرکے جتانا -

دَلکی :- (ہ - مو) گھوڑے کی تیز چال جس میں وہ اچھل اچھل کر چلتا ہے -

دُلمہ :- (ت - مو) ایک قسم کا سالن جو بیگن اور گاجر میں قیمہ اور پنیر ملا کر پکاتے ہیں -

دَلنا :- (ہ) موٹا موٹا پیسنا - دردرا کرنا - دال بنانا - باتیں بنانا - کسی کو تباہ کرنا - برباد کرنا - دل مارنا - پیس ڈالنا - مَسل ڈالنا - رَوندنا - پامال کر دینا -

دَلو :- (ع - مو) ڈول - آسمان کے گیارھواں برج -

دِلوانا :- (ہ) دِلانا کا متعدی المتعدی - **دلوائی** (مو) دلانے کی اجرت -

دلو کا د(س) سیرا :- (مذ) بیجا دخل دینے والا شخص -

دلّی دُور ہے :- (ا) منزل مقصود دور ہے - **دلّی (ورا) دکھانا** - بچوں کو بغل میں ہاتھ دے کر یا دونوں ہاتھوں سے کان دبا کر بہت اونچا اٹھانا - جس سے وہ خوش ہوں - دلی کی بیٹی مٹی خراب - گرمی پچھوں میں تو باہر جائیے - دلی والیوں کو بیکار دلی میں ہے - وہ ہمیں نہیں - دلی کی دل والی منہ چکنا پیٹ خالی - وضع دار ہے اور غریب - دلی میں رہ کر بھاڑ ہی جھونکا کیے - نالائق ہی رہے کمال والوں کے پاس بیٹھے - پھر بھی کوئی گن نہ پیدا کیا - **دلی وال** - دہلوی - دلی کی وضع کا

دَلیا: (ا - مذ) دلا ہُوا اناج خواہ پکا ہو یا کچا - ج - دال دلیا جو نصیب تھا وہ رکھ دیا"

دِلے پنج: (ا - مذ) عُمر سے ڈھلا ہُوا گھوڑا -

دِلیر: (ف - مذ) نڈر - بے خوف - جری - بہادر - چالاک - دلیرانہ - بے باکانہ - جوانمردی سے - گستاخانہ جراُت سے - دلیری (مو) بے خوفی - شجاعت - بہادری - دلاوری - جراُت - چالاکی - مضبوطی -

دَلیل: (ع - مو) حجت - وجہ - ثبوت - دلیل پیش کرنا - ثبوت دینا - دلیل کرنا - بحث یا حجت کرنا - دلیل لانا - حجت پیش کرنا - ثبوت دینا - دلیلیں کرنا - حجت کرنا -

دَلیل: (دلیے ل - مو) فوجی سپاہیوں کی وہ سزا جس میں اُن کا اسباب اور ہتھیار کمر پر باندھ کر کچھ وقت ٹہلاتے یا قواعد کراتے ہیں - دلیل بولنا - کمر پر باندھنے یا ٹہلنے یا قواعد کرنے کی سزا ملنا -

دَلینتی: (ہ - مو) دانہ دلنے کی چکی -

دَم: (ع - مذ) خون - لہو (ف) جان - رُوح - زندگی - حیات - سانس - پھونک (ہ) دھوکا - مکر - فریب - ذات - نفس - حقے کا کش - دھاردار ہتھیار کی باڑھ - دم پخت - لمحہ - پل - لحظہ - طاقت - قوت - وقت ؎ مومن

دم بسمل یہ کس کے خوف سے ہم پی گئے آنسو
کہ ہر زخم جگر سے خون کا دریا نکل آیا

دم آب - پانی کا گھونٹ - دم آخر ہو جانا - مرجانا - دم اٹکنا - دل و جاں سے کسی چیز کو چاہنا - سانس رُکنا - نزع کی حالت کا طولانی ہونا ؎ امیر

چمن سے خانۂ صیاد تک زندہ نہ پہنچوں گا
کہ دم اٹکا ہے نرگس میں جاں اٹکی ہے لالے میں

دم الٹنا - دل گھبرانا - سانس کا سینے میں رُکنا - نزع کے وقت دم اکھڑنا - دم احتضار (مذ) نزع کا وقت - دم باز (مذ) فریبی - مکار - جھوٹا - حیلہ ساز - دم بخود - خاموش - چپ - انگشت بدنداں - متحیر - دم بدم - گھڑی گھڑی - ہر وقت - برابر - ہر لحظہ - دم بند کرنا - خوف کے مارے بات نہ نکلنے دینا - سانس روکنا - دم بولانا - جی گھبرانا - دم بھر - ذرا - پل بھر - ایک لحظہ - دم بھر آنا - سانس پھولنا - دم بھرانا - پہلوانوں کا شاگردوں کے ساتھ زور کرکے انہیں تھکانا - کبوتر کے پوٹے میں ہوا بھرنا - دم بھر کو - لمحہ بھر کو - ذراسی دیر کے لیے - دم بھر میں - کھڑے کھڑے ذرا سی دیر میں - دم بھر میں کچھ ، دم بھر میں کچھ - متلون مزاج - قدم قدم پر بدلنے والا - دم بھرنا - سانس پھولنا - سانس چڑھنا - محبت کا دعویٰ کرنا - کسی بات کا مدعی ہونا - دم پخت (مذ) دیگ یا تنور کی بھاپ روک کر یا مُنہ بند کرکے پکایا ہوا کھانا - دم پخت ہو کر رہ گیا - ناخوش ہو کر - دل ہی دل میں کھول کر چپ ہو گیا - دم پر آنا - کھانے کی تیاری پر آنا - پک جانے کے قریب ہونا - دم پر بن جانا - جان پر آ بننا - ہلاکت کے قریب پہنچنا - دم پھڑکنا - بیتاب اور مضطرب ہونا - جی پھڑکنا - جی لوٹ پوٹ ہو جانا - دم پھولنا - سانس چڑھنا - سانس نہ سمانا - دم پھونکنا - رُوح ڈالنا - جسم میں جان ڈالنا - دم تمانچا (مذ) ایک طرح کی ہندوستانی تلوار - پیش قبض - صاحب نور اللغات نے تمانچا لکھا ہے - حالانکہ وزیر کے دیوان طبع اوّل میں طمانچہ طبع ہے - اگرچہ صحیح دونوں طرح ہے

جان جائے گی دریچہ ان کا تینا ہو گیا
شوق نظارہ میں ہر دم دم طمانچا ہو گیا

دم توڑنا - جان کنی کے وقت سانس اکھڑنا - مرنا - جان دینا - دم تیغ (مذ) تلوار کی کاٹ - تیزی یا دھار - دم تیغ پر راہ ہونا - ہلاکت کا خطرہ ہونا ؎ انیس

لغزش یہاں خطا ہے تسلی یہاں گناہ
ہشیار اے قدم کہ دم تیغ پر ہے راہ

دم ٹوٹنا - سانس اکھڑنا - جان کنی کی حالت میں ہونا - مرتا جیسے والے یا تیرنے والے کی سانس پھولنا - دم ٹھہرنا - سانس جمنا - سانس کا قرار پکڑنا - تسلی اور تسکین پانا - دم جھانسا دینا - دھوکا دینا - فریب دینا - چال کرنا - دم چرانا - اپنے آپ کو مردہ ظاہر کرنے کے لیے سانس روک لینا - کسی کام کے کرنے سے پہلوتہی کرنا - دم چڑھنا - سانس چڑھنا - ہانپنا - دم چند - چند لمحے - دم چھوڑ دینا - مرجانا - دم خشک ہونا - خوف سے دم فنا ہونا - رعب غالب ہونا - دم خفا کرنا - ناخوش کرنا - رنج دینا (ہونا) دم گھٹنا - سانس رُکنا ؎

عشق میں یہ ہے کہ دم میرا خفا ہوتا ہے
گھونٹتا ہے جو کوئی مست گلا مینا کا ناسخ

دم خم - تاب و طاقت - زور و قوت - مضبوطی - تلوار کی دھار اور کمیدگی ؎ انیس

موجود بھی ہر غول میں اور سب سے جدا بھی
دم خم بھی لگاوٹ بھی صفائی بھی ادا بھی

اوسان - حواس - دم داعیہ - دعویٰ - حوصلہ - دم درود نہیں - طاقت نہیں (ملک عوام) ؎ سرور

اب عیادت کو آئے سود نہیں
دم آخر ہے دم درود نہیں

دم دم کی - گھنٹہ منٹ کی ؎ داغ

کربلا سے شام تک دم دم کی جاتی تھی خبر
جابجا تھے ڈاک پر سب خط رساں بیٹھے ہوئے

پیرو - دُم بگڑی بھیڑ کے وار ہوئے نہ پار - ناچیز کا سہارا پکڑنے سے کچھ نہیں بنتا - دُم چپنور کرنا - گھوڑے وغیرہ کا دم اٹھا کر چلنا ؎ اوج

یوں دم چپنور کیے ہوئے رَن سے نکل گیا
طاؤس بھاگ کر چمن چمن سے نکل گیا

دُم چھلّا (مذ) دنبالہ - چھبّا - پچھلگو - مچھی - ساز کا وہ تسمہ جو گھوڑے کی دُم کے نیچے رہتا ہے - **دُم دار** - پونچھ والا - دُنبالہ دار - **دم دار تارہ** (مذ) ستارۂ دُنبالہ دار جسے جھاڑو بھی کہتے ہیں - (مثال کے لیے دیکھو دنبالہ) **دم دبا کر** - پیچھے سے - **دم دبا کر بھاگنا** - ڈر کے مارے بھاگ جانا - **دم ریز (ی)** (ص) وہ جو موسم سے پہلے یا بعد میں پھل توڑنے کے بعد آتے ہیں - **دم سُم سے اچھا** - (عام مویشی کی تعریف میں کہتے ہیں) دم سے سُم تک یکساں اچھا ہے - **دُمش بر داشتم مادہ بر آمد** - جب کسی کی قلعی کھل جائے اور ساکھ جاتی رہے اس وقت بولتے ہیں - **دُم کے ساتھ پیچھے پھرنا رہنا** - ساتھ ساتھ ؎ ظریف

ہمیشہ نا قہ لیلیٰ کی دم کے ساتھ رہے
جناب قیس کو کچھ سدھ نہیں تھی گھر در کی

دُم میں نمدا (پتنگ) باندھ کے چھوڑ دینا - گدھے کو تکلیف دینے کا ایک طریقہ - بچوں سے مزاحیہ طور پر کہتے ہیں - اسی طرح دم میں نمدا (پتنگ) باندھنا بھی بولتے ہیں ؎ انشا

دوں دم میں نمدا باندھ کے اسے چاندنی کو سونپ
رکھے اتر کچ جو کہ امام اُم کے ساتھ

دُم میں گھسنا - خوشامد میں رہنا پیچھے لگا رہنا - **دم ہلانا** - کتے کا خوشامد کی علامت ظاہر کرنا - خوشامد کرنا -

دَمادَم - (ف) پے در پے - متواتر ؎ شعور

یقیں ہُوا جگر و دل نہیں رہے باقی
میاں اشک دَما دَم لہُو نہیں آتا

دماغ - (ع - مذ) مغز - بھیجا - غرور - تکبر - گھمنڈ - عقل - دانائی - سمجھ - فہم - تاب - برداشت ؎

غم فراق میں تکلیف باغ نہ دو
مجھے دماغ نہیں خندہ ہائے بیجا کا غالب

ہوش - حواس - **دماغ آسمان پر یا دماغ اور ہونا** - مغرور ہونا - **دماغ پریشان کرنا** - اوسان اڑانا - حواس باختہ کرنا - طبیعت مکدر کرنا - **دماغ ٹھیک کر دوں گا** (کرنا ہونا وغیرہ) سزا دوں گا - خبر لوں گا - خوب سیدھا کر دوں گا - **دماغ جھڑنا** - غرور دور ہونا - **دماغ چاٹنا** - مغز کھانا - بکواس کرنا - **دماغ چٹ** - بکواسی - بکّی - **دماغ چڑھ جانا** - ضیا غرور ہونا - **دماغ جل جانا** - سڑی ہونا - **دماغ چوٹتے** آسمان پر ہونا - اترانا - مغرور ہونا - گھمنڈ ہونا - **دماغ چوٹنا** - مغرور - خود پسند - **دماغ خالی کرنا (ہونا)** - سمجھنا سمجھانا - بہت بک بک کرنا - **دماغ خشک ہونا** - دماغ میں تازگی نہ رہنا ؎ مثل ساغر خشک نا سخ کا دماغ

بے شراب ارغوانی ہو گیا

دماغدار - ذہین - مغرور - **دماغ رکھنا** - مغرور ہونا - متکبر ہونا - طاقت رکھنا (اس معنی میں سلب کے ساتھ مستعمل ہے) **دماغ روشن** (مذ) ناس - دہلاس - نسوار - **دماغ ساتویں فلک پر ہونا** - آسمان پر دماغ ہونا - مغرور ہونا - **دماغ سڑنا** - دماغ کا بدبو سے پریشان ہونا - **دماغ سوزی** (مث) دماغی محنت - **دماغ عرش پر** - غرور - گھمنڈ - **دماغ کا خلل** - سودا - جنون - **دماغ کچھ اور ہونا** - اترانا ؎ جان صاحب

جان صاحب کا ابھی ہو گیا کچھ اور دماغ
جب سے جانے لگے دربار میں شہزادوں کے

دماغ کرنا - اترانا - خاطر میں نہ لانا - **دماغ کو چڑھ جانا** - تمباکو وغیرہ کا اثر دماغ کو پہنچنا جس سے وہ چکرا جائے - **دماغ کو گرمی چڑھ جانا** - کمال غرور ہونا - اترانا - سڑی ہو جانا - **دماغ کھانا** - **دماغ کی گرمی اتارنا** - گھمنڈ مٹانا - جوش کو ٹھنڈا کرنا - **دماغ کی لینا** - غرور کرنا - **دماغ کے کیڑے جھڑ جانا** - سمجھاتے سمجھاتے بکتے بکتے پریشان ہو جانا - **دماغ لڑنا** - کوئی چیز نظر میں نہ سمانا - بدحواس ہونا - **دماغ میں اور بو ہونا** - دماغ میں دوسری دھن ہونا - **دماغ میں بو سمانا** - دماغ میں کوئی دھن ہونا ؎ آتش

کیا چمن شگفتہ ہیں کیا بہار آئی ہے
کیا دماغ بلبل میں بوئے گُل سمائی ہے

دماغ میں خلل ہونا - **دماغ میں فرق آنا** - عقل میں فتور پڑنا - مالیخولیا ہونا - سڑی ہونا - **دماغ میں ہوا بھر جانا** - دماغ میں کوئی دھن سما جانا - **دماغ نکل جانا** - غرور جاتا رہنا - **دماغ نہ ملنا** - نہایت متکبر ہونا - غرور سے کسی طرف متوجہ نہ ہونا - **دماغ نہ ہونا** - برداشت نہ ہونا ؎ غالب

مجھ کو دماغ وصف گل و یاسمن نہیں

دماغ ہونا - غرور ہونا - تمکنت ہونا - **دماغی** - دماغ سے نسبت رکھنے والا - ذہنی - مغرور - دماغ والا -

دَمامہ - (ف - مذ) نقارہ - دھونسا - چہل پہل -

دَماں - (ف) تیز چلنے والا جیسے پیل دماں -

دَمانا - (۱) تلوار کو چمکانا - اس کی چنگی وغیرہ کی جانچ کے لیے - دیکھیے دمنا

دمانک: (ف ـ مو) گھوڑے پر بیٹھ کر چلانے والی ایک قسم کی نازک بندوق ـ قرابین ـ

دُمچی: (مو) دیکھو دُم ـ (دم چہ ـ فارسی ہے)

دَمدمہ: (ف ـ مذ) وہ مورچہ جو لڑائی کے وقت تھیلوں میں مٹی بھر کر بنا لیتے ہیں ـ مصنوعی قلعہ ـ دھس ـ

دَمڑک ـ دَمڑکا: (ہ ـ مذ) چمڑے کا وہ گول ٹکڑا جو ٹیکے میں لگاتے ہیں ـ

دَمڑی چا: (ہ ـ مذ) دمڑی میں بکنے والا پتنگ ـ دمڑی ـ دمڑی (مو) پیسے کا چوتھا حصہ ـ چھدام ـ کم قیمت ـ ٹکے بکے ـ دمڑی کی بڑھیا ٹکا سر منڈائی یا دمڑی کی مُرغی ٹکا مشکائی یا دمڑی کی روٹی ٹکا دھنکوائی ـ اصل قیمت کم اور خرچ زیادہ ـ وہ چیز جس پر قیمت سے زیادہ خرچ بیٹھے ـ دمڑی کے تین تین ـ نہایت سستے ـ کوڑیوں کے مول ـ دمڑی کی دال بوا پتلی نہ ہو ـ معمولی سا کام اور اتنی شرطیں ـ دمڑی کی ہنڈیا گئی کتے کی ذات پہچانی گئی ـ نقصان تو ہوا مگر آدمی کو آزما لیا گیا ـ دمڑی کی ہنڈی لیتے ہیں تو اسے بھی ٹھونک کر بجا لیتے ہیں ـ ہر کام سوچ سمجھ کر کرنا چاہیے ـ دمڑی نہ جائے چمڑی جائے ـ بڑا بخیل ہے اپنا نقصان سہتا ہے کوڑی خرچ نہیں کرتا ـ دمڑے (مذ) دام ـ روپے (حقارتاً) دمڑے خرچنا ـ دام لگا کر مول لینا (جیسے کون سے تم نے مجھ پر دمڑے خرچے تھے) دمڑے کرنا ـ بیچ کر نقد روپیہ کر لینا ـ

دَمک: (ہ ـ مو) چمک ـ درخشندگی ـ تمتماہٹ ـ چہرے یا سونے کی چمک سے غالب

رُخ روشن کی چمک گوہر غلطاں کی دمک
کیوں نہ دکھلائے فروغ مہ و اختر سہرا

دَمکلا: (ا ـ مذ) پانی چڑھانے کی کل ـ پچکاری ـ دخانی کل ـ

دَمکنا: (ہ) چمکنا ـ جھلکنا ـ تاباں ہونا ـ جواہرات وغیرہ کے لیے بیشتر بولتے ہیں ـ

دُمَل: (ع ـ مذ) دیکھو دُنبل ـ

دم مدار: (ا) شاہ مدار کے فقیروں کا نعرہ ـ عورتیں بچوں کو ہنسی میں ڈرانے کے لیے کہتی ہیں (دم مدار ہونا ـ کرنا)

دَمن: (ہ ـ مو) نل کی معشوقہ ـ جو ہندوستان کے ایک راجہ کی بیٹی تھی ـ ان کا قصہ فیضی نے لکھا ہے جو مثنوی نل دمن کے نام سے مشہور تھی ـ اس کا شوہر راستے جوئے میں [illegible]

دَمنا: چمکنا دمکنا سے ذہین

چمکی کہیں کسی پہ کسی جا دمی کہیں
فوجوں میں ابتری تھی کہیں بر ہمی کہیں

چلنا ـ لوہے کا ملائم ہونا ـ مڑ جانا ـ دہرا ہونا ـ تلوار کا جھکنا ـ سے ـ انیس

کیوں ٹوٹ گئے مورچے کیوں صف نہیں جمتی
شمشیر نئی جو ہے وہ ہرگز نہیں دمتی

دَمہ: (ف ـ مذ) سانس کا روگ ـ ضیق النفس

دَمی: (ہ ـ مو) چھوٹی سی گڑگڑی ـ ایک قسم کا چھوٹا حقہ ـ

دَن: (ہ ـ مو) توپ بندوق کے چھوٹنے کی آواز ـ تڑاق ـ دن سے ـ تڑاق سے ـ ریاض

وہ گولی تو یہ وہ دن سے اڑا لائی
غضب گولی نشانے پہ پڑی ہے

دَنا دَن ـ توپ بندوق کی متواتر آواز ـ چوٹ یا ضرب پڑنے کی پے در پے آواز ـ

دِن: (ہ ـ مذ) روز ـ یوم ـ صبح ـ تڑکا ـ فجر ـ زمانہ ـ دور ـ وقت ـ طالع ـ نصیب ـ اس معنی میں بطور جمع مستعمل ہے ـ جرأت

کب ہوئی اس سے ملاقات میں یہ پوچھوں ہوں
ذرا تو دیکھو منجم مرے ستارے دن

رسم ـ رت ـ ساعت ـ دِن آنا ـ وقت مقررہ کا آنا ـ دن چڑھنا ـ موسم آنا ـ حیض آنا (آخر کے دونوں معنوں میں بطور جمع مستعمل ہے) دن بدن ـ روز بروز ـ ہر روز ـ روز مرہ ـ رفتہ رفتہ ـ دن بھاری ہونا یا دہنا ـ سختی کے دن آنا ـ تنگدستی ہونا ـ دن بھر ـ تمام دن ـ دن بھرنا ـ مصیبت آنا ـ برا وقت آنا ـ زمانہ ہونا ـ پورہ ہونا ـ دن پڑے ہیں ـ زمانہ باقی ہے ـ دن پکڑنا ـ دن پلٹنا ـ دن پہاڑ ہونا ـ دن کا بہت بڑا ہونا ـ مصیبت کی وجہ سے دن کا دو بھر ہونا ـ دن پورے کرنا ـ مصیبت کے دن کاٹنا ـ مر کر جوں توں کر کے پورا کرنا ـ دن پھرنا ـ اچھے دن آنا ـ نحوست اور تنگی کا دور ہونا ـ دن تیر کرنا ـ دن گزارنا ـ دن ٹلنا ـ حیض کا مقررہ دنوں میں نہ آنا ـ دن ختم ہونا ـ دن چڑھنا ـ آفتاب کا بلند ہونا ـ صبح کا وقت گزرنا ـ دن چھپے ـ سورج چھپنے پر ـ آفتاب کے بند ہو جانے پر ـ دن دکھانا ـ خوشی کا وقت نصیب ہونا ـ سے ـ اختر شاہ اودھ

خالق نے یہ دن تمہیں دکھایا
دام غم و رنج سے چھڑایا

دن دکھلوانا ـ دن دکھانا کا متعدی ـ تاریخ معلوم کرنا ـ نجومی سے ستارہ معلوم کرانا ـ دن دونا رات چوگنا ـ زیادہ سے زیادہ

ترقی کا اظہار ہوتا ہے ۔ دن رات سولی پر گذرنا ۔ خطرے میں دن گذارنا ۔ بے چین رہنا ؎ داغ

کیا کہوں گذرے ہیں دن رات مجھے سولی پر
جب سمایا ہے کسی کا تیر دل جو دل میں

دن ڈھلنا ۔ دن ختم ہونے پر آنا ۔ دن چھپنا ۔ آفتاب غروب ہونا ۔ شام ہونا ۔ دن دہاڑے ۔ دن دوپہر ۔ روز روشن میں ۔ سب کے سامنے ۔ کھلے خزانے ۔ علانیہ ؎ وزیر

زلفوں نے دل کو چھین لیا رُخ کی دید میں
لوٹا ہے دن دہاڑے یہ اندھیر ہو گیا

دن دوپہر صبح ہو جانا ۔ عقل زائل ہو جانا (گھبراہٹ اور پریشانی سے) دن دیکھنا ۔ روز بد کا سامنا ہونا ۔ نوبت پہنچنا ۔ دن دیکھا نہ رات ۔ وقت بے وقت کا لحاظ نہیں ۔ دن ڈھلنا ۔ دن گذرنا ۔ دن گھٹنا ۔ دن ڈھلے ۔ دوپہر کے بعد ۔ دن رات ۔ شب و روز ۔ ہر وقت ۔ دن رہے ۔ وہ وقت جب تھوڑا سا دن باقی ہو ۔ دن سدھارنا ۔ زمانہ ختم ہونا ؎ محر

تم داتوں کے لوٹنے کا نہیں   عمر یہ ہے کہ عیش کے سدھارے دن

دن سن ۔ مذ سن و سال ۔ دن سے ۔ قبل از غروب دن چھپنے سے پہلے ۔ سر شام ۔ دن سے اتر جانا ۔ گھوڑے کی جوانی ڈھل جانا ۔ دن سیدھے ہونا ۔ بھلے دن آنا ۔ اقبال یاور ہونا ۔ دن صاف گذر جانا ۔ برسات کے موسم میں پانی نہ برسنا ۔ فاقہ سے دن کٹنا ؎ ناسخ

تین دن اسے چرخ فلک جب گذر جاتے ہیں صاف
تب کہیں ملتا ہے روٹی کا کنارا چاند کو

دن عید رات شب برات ۔ رات دن عیش و نشاط میں گذرنا ۔ دن قرار پانا ۔ تاریخ مقرر ہونا ۔ عام طور سے (شادی کے لیے) دن قریب آنا ۔ خاص رسم یا موت کا زمانہ قریب ہونا ۔ ج (شعر مردے دمی خبر لیتی ہوں تیرے دن قریب آگئے ہیں) ؎ ناسخ

کرنے لگے ہیں برگ خزاں شورش جنوں
شاید قریب آنے ولا دن بہار کے

دن کاٹنا ۔ مصیبت سے بسر کرنا ۔ دن بھرنا ۔ دن پورے کرنا ۔ دن کٹنا ۔ دن بسر ہونا ۔ دن گذرنا ۔ دن کو اُونا اُونی رات کو چرخہ لونی ۔ بے وقت اور بے موقع کام ۔ دن کو اوپٹ نظر نہیں آتا ۔ اندھا ہے ۔ کم عقل ہے ۔ دن کو تارے دکھانا ۔ صدمہ دماغی پہنچانا جس سے آنکھوں کے آگے ترمرے سے آجائیں ۔ دن کو دن رات کو رات نہ جاننا ۔ کسی کام میں رات یا دن کی پروا نہ کرنا ۔ خوب محنت کرنا ۔ دن کو رات کہنا (ماننا) اُلٹی بات کہنا صاف اور صحیح بات میں شبہ کرنا ؎ اوج

کیوں نخشہ تعلق کی تو اس میں نہیں کچھ بات
اس نے کہا دن کو جو رات تھی کرامات

صدمے گئی کہہ سکتا ہے "دن کو بھی کوئی رات"
حق یہ ہے کہ بے مثل تھا جرات میں وہ خوش ذات

دن کھنچنا ۔ دن چھینا ؎ رند

زندگی تلخ نہ اپنے پرستاروں کی
دن بہت زیست کے لئے مجھ کے یار کھینچی

دن کی پوچھی رات کی بتائی ۔ سوال کچھ جواب کچھ ؎ رند

کچھ ہے گاہ کوئی بات کی تو اس ڈھب کی
دن کی پوچھی جو کسی نے تو بتائی شب کی

دن گننا ۔ انتظار کرنا ۔ دن گنوانا ۔ بے ہودہ وقت کھونا ۔ عمر گذارنا ۔ دن گیا کہ رات ۔ ہر وقت موقع ہے ۔ دن گئے ۔ موقع گذر گیا ۔ دولت و کامرانی اور خوش اقبالی کا وقت گذر گیا ۔ دن لٹک جانا ۔ دن کا ڈھل جانا ۔ شام کا وقت قریب آنا ۔ دن لگنا ۔ (اترانا) گھمنڈ کرنا ۔ بڑھ کر چلنا ۔ وقفہ ہونا ۔ عرصہ لگنا ۔ دن منانا (سالانہ) یادگار منانا ۔ جشن یا غم میں جلسے اور جلوس نکالنا ۔ دن کی تمنا کرنا ۔ دن کو تارے نظر آنا ۔ بد حواس ہو جانا ۔ دنوں ۔ دن کی جمع ۔ ایام ۔ گھوڑے یا چوپائے کی عمر (یہ گھوڑا دنوں میں کتنا ہے) دنوں سے اتر جانا ۔ عمر سے ڈھلنا ۔ جوانی کا گذر جانا ۔ دنوں کا پھیر ۔ گردش زمانہ ۔ ایام عیش کا گھٹنا بڑھنا ۔ دنوں کو دنا دینا ۔ دنوں کو دھکے دینا ۔ مصیبت کے دنوں کو جوں توں کر کے ٹالنا اور گذارنا ۔ دنوں کی شامت ۔ بدنصیبی ۔ طالع کی نارسائی ؎ رشک

یہ کا ہلی نہیں میرے دنوں کی شامت ہے
کہ صبح سے وہ چلے آتے آتے شام کریں

دن ہی نہیں ۔ شام ہو گئی ہے ۔ دن ہو گئے ۔ زمانہ ہو گیا ۔ دن ہونا ۔ صبح ہونا ۔ کسی اچانک افتاد سے ہوشیار ہونا ۔ دن یاد ہونا ۔ زمانہ نہ بھولنا ؎ اختر شاہ اودھ

ہستی تھی کبھی نہ کھلکھلا کے   دن یاد ہے دلی کی جفا کے

دَنّا : (مذ) موٹا مضبوط ۔ لمبا ۔ بڑا ۔ بھدا ۔ موٹی لکڑی ۔ ڈنڈا ۔ دَنّا بیل ۔ قوی ہیکل ۔ زبردست ۔ دَنّا سیٹھ ۔ مغرور ۔ موٹا سیٹھ ۔ زبردست ۔

دُنّاب ۔ موٹا ۔ سوجا ہوا ۔ فربہ ۔ کپا ۔

دَنانیر (مذ) دینار کی جمع ۔ اشرفیاں ۔

دَنائیت : (ع ۔ مو) کمینگی ۔ کمینہ پن ۔

دُنبالہ : مذ دُم ۔ پیچھا ۔ وہ سُرمے کی لکیر جو آنکھ کے کونے سے آگے تک بڑھی ہوئی خوب صورتی کے لیے چھوڑ دیتے ہیں ۔ (کھینچنا کے ساتھ) تلفظ ۔ دُم بالہ

ے کھینچ کر سرے کا دنبالہ دکھائی مجھے آنکھ
پھرتی ہے کوکب دمدار کی جھاڑو دل میں ۔ امیر
کشتی یا جہاز کا پچھلا حصہ ۔ ستارۂ دمدار کی دم ۔ جھاڑو ۔
دنبالہ دار ۔ دمدار ۔ پچھے دار ۔

دُنبل :- (ف ۔ مذ) پھوڑا ۔ دملدار پھوڑا (مخفف دُم بل ۔ دُمل)

دُنبہ :- (ف ۔ مذ) ایک قسم کا مینڈھا جس کی دم چوڑی اور موٹی ہوتی ہے (مخفف دم با)

دَنت :- (ہ ۔ مذ) دانت کا مخفف تنہا استعمال نہیں ہوتا ۔ دنت کھودنی (مو) خلال ۔ دنتیلا ۔ بڑے بڑے دانتوں والا ۔ ہاتھی یا آدمی وغیرہ ۔ دندانہ دار ۔

دُند :- (ہ ۔ مذ) بڑا نقارہ ۔ دمامہ ۔ دھونسا ۔ غل ۔ شور ۔ اندھیرا ۔ ظلم وستم ۔ دُند مچانا ۔ شور وغل مچانا ۔ اندھیر کرنا ۔ ظلم ڈھانا ۔

دَندان :- (ف ۔ مذ) دانت ۔ دندان شکن جواب ایسا جواب دینا جس کا جواب نہ بن پڑے ۔ منہ توڑ جواب ۔ دندان مصری ۔ ایک قسم کی ولایتی مٹھائی جس کی شاخیں سی بنی ہوتی ہیں ۔ دندان نما ۔ نمایاں ۔ ظاہر ۔ آشکارا (خندۂ دندان نما)

دَندانہ :- (ا ۔ مذ) آرے کا خار ۔ دانتا ۔ چھری یا چاقو کی قطار میں دانت ہو جاتے ہیں ۔ اس دانت کو دندانہ کہتے ہیں (ڈالنا ۔ پڑنا کے ساتھ) وہ چیز جو دانتوں سے مشابہ ہو جیسے سین کا دندانہ ۔ ہر چیز کا کنگرہ ے رشک

صاف ہے ہر گوہر دندان یار
ہر در شہوار میں دندانہ ہے

وہ متعدد شگاف جو کنگھی کے دونوں جانب ہوتے ہیں ۔

دَندنانا :- (ا) خوشی منانا ۔ مزے اڑانا ۔ عیش کرنا ۔ تیز چلنا ۔

دُنکا :- (ہ ۔ مذ) دانہ ۔ اناج کا دانہ (دانہ کے ساتھ استعمال کرتے ہیں)

دَنگ :- (ہ) حیران ۔ متحیر ۔ متعجب ۔ ششدر ۔ دنگ رہنا حیران رہنا ۔ متعجب رہنا ۔ متحیر رہنا ۔

دَنگا :- (ہ ۔ مذ) لڑائی ۔ جھگڑا ۔ فساد ۔ بلوہ ۔ ہنگامہ ۔ شور ۔ شرارت ۔ بدذاتی ۔

دَنگل :- (ہ ۔ مذ) کشتی لڑنے کی جگہ ۔ اکھاڑا ۔ بھیڑ ۔ مجمع ۔ انبوہ ۔ ایک قسم کی بڑی کرسی جس پر کئی آدمی بیٹھ سکتے ہیں ۔ ایک قسم کے تعزیہ کا جلوس جس میں عوام تعزیہ کے ساتھ یزید کی جنگ کا منظر سامنے لانے کے خیال سے پٹہ بازی کرتے ہوئے چلتے ہیں ۔ دنگل باندھنا ۔ لوگوں کا حلقہ باندھنا ۔ کشتی کے واسطے جمع کرنا ۔ دنگل لڑنا ۔ کشتی لڑنا ۔ دنگل میں اترنا ۔ اکھاڑے میں کشتی یا پٹہ بازی کے واسطے آنا ۔ دنگئی ۔ لڑاکا ۔ جنگجو ۔ شریر ۔ بدذات ۔

دِلوندھا :- (ہ ۔ مذ) ایک مرض جس میں دن کو کم دکھائی دیتا ہے ۔ لکھنؤ میں "دلوندھی" بولتے ہیں ۔

دَنی :- ع کمینہ ۔ پاجی ۔ سفلہ ۔ دنیا ۔ چرخ اور فلک کی نسبت بھی کہتے ہیں ے شعر

گھر اس کا بگاڑا وہ ظالم جس کی بنی ہے
اک دانے پہ گر جائے یہ دنیا وہ دنی ہے

دُنیا :- (ف ۔ مو) جہان ۔ عالم ۔ دُنیا کے لوگ ۔ دولت ۔ روپیہ پیسہ ۔ لالچ ۔ دُنیا ادھر ادھر ہو گئی ۔ انقلاب عظیم ہو گیا ۔ دُنیا (آنکھوں میں) اندھیر ہونا ۔ دُنیا تیرہ و تار ہونا ۔ غضب ہونا ے سحر

کچھ نہیں سوجھتا ہو جاتی ہے دُنیا اندھیر
دن تو دن رات جدائی کی غضب ہوتی ہے

دُنیا بامید قائم ۔ انسان امید ہی پر زندگی بسر کرتا ہے ۔ دُنیا بھر ساری دُنیا ۔ دُنیا بھر کی آخور ۔ نکمی اور ناقص چیز ۔ دُنیا بھر کی باتیں ۔ فضول باتیں ۔ دُنیا بھر کے جتن ۔ سب طرح کی تدبیریں ۔ دُنیا بھر کی خاک چھاننا ۔ کمال جستجو کرنا ۔ دُنیا پرست دُنیادار ۔ دنیا جہان ۔ ساری دُنیا ۔ دُنیا چھاننا ۔ کمال جستجو کرنا ے

چھان لی دُنیا تو یہ کہہ کے ہوا عزلت گزیں
مل ہی جائیں گے اگر ہوں گے مری تقدیر کے

دنیادار ۔ تعلقات دنیوی میں پھرا ہوا آدمی ۔ دُنیاداری (مو) دُنیا کے تعلقات ۔ عنساری ۔ کنبہ ۔ رشتہ ۔ خانہ داری ۔ بال بچے ۔ دُنیا دیکھنا ۔ تجربہ کار ہونا ۔ دُنیا زمانہ (مو) ایک دُنیا کے بہت سے لوگ ۔ ج (دنیا زمانہ وہاں آیا تم ہی مدد دیجئے ۔ یا وہاں دُنیا زمانے کی باتیں ہوئیں مگر اصل بات رہ گئی) دنیاساز ۔ ظاہرداری کرنے والا ۔ دُنیاسازی مو ظاہرداری کی باتیں ۔ ظاہرداری ۔ نمائش ۔ بناوٹ ۔ دُنیا سے اٹھ جانا ۔ جانا ۔ چلنا ۔ سدھارنا ۔ کوچ کرنا ۔ گذر جانا ۔ مرجانا ۔ دنیا سے اڑانا ۔ ناپید کردینا ۔ دُنیا سے الگ ہونا ۔ دل اٹھانا ۔ دل اٹھنا ۔ دور بھاگنا ۔ دُنیاوی تعلقات چھوڑ دینا ۔ تارک الدنیا ہو جانا ۔ دُنیا سے دل سرد ہو جانا ۔ امنگ باقی نہ رہنا ۔ دُنیا سے نام اٹھے ۔ (بددعا) مٹ جائے ۔ مرجائے ۔ دُنیا سے ہاتھ دھونا ۔ دنیاوی معاملات سے دست بردار ہو جانا ۔ دُنیا کی ترقی سے مایوس ہونا ۔ دُنیا غرض کی ہے ۔ مطلب نکل جانے پر کوئی کسی کو نہیں پوچھتا ۔ دُنیا کو ابھی کیا دیکھا ہے ۔ کم عمر ہے ۔ ناتجربہ کار ہے ۔ دُنیا کو ٹھینگے (انگوٹھے) مارنا ۔ دُنیا کو حقیر سمجھنا ے یار دُنیا کو لات بیٹھے ہیں (انشا) دھو کے عقبیٰ سے ہاتھ بیٹھے ہیں
۔ دُنیا کے ۔ بے حد لڑائی ۔ تماشے جھگڑے ۔ رولے وغیرہ کے ساتھ

دُنیا کی آنکھوں میں - دُنیا والوں کی نظر میں - دُنیا کی ٹھوکریں کھانا - مارا مارا پھرنا - دُنیا کے عیب - سینکڑوں عیب - دُنیا کے کُتّے - دُنیاوی دولتوں کے حریص - دُنیا کی - ہر قسم کی افراط کے ساتھ (دُنیا کی دولتیں ان کے ہاں موجود ہیں) دنیا کی ہوا - دُنیا کی رسم - دُنیا کا دستور - دُنیا کی ہوا لگنا - دنیا کا اثر ہونا - دُنیاوی خواہشوں کا ہونا - دُنیا کا مزہ پڑنا - دُنیا میں آنا - دُنیا کے پردے سے اُٹھ جانا - جہاں سے گزر جانا - دُنیا پر نہ رہنا - مرجانا - دُنیا گزرنا - سینکڑوں لوگوں کا سامنے سے گزرنا ؎

دوسرا کوئی تجھ سا نہ دیکھا زہے پیشِ نظر اک دنیا گزری

دُنیا لیجیے مکر سے روٹی کھائیے شکر سے - دُنیا میں مکّار کو مزہ مزہ ہی ہے - دُنیا مردہ پسند ہے - اکثر لوگ مرے ہوؤں کی زیادہ قدر کرتے ہیں - دُنیا میں آنا - پیدا ہونا - دُنیا میں نام رہ جانا - یادگار باقی رہنا - شہرت کو چھوڑ مرنا - دنیا و مافیہا - سارا عالم اور جو کچھ اس میں ہے - دُنیاوی - دُنیوی - دینی کی ضد - دُنیا سے منسوب - دُنیا کا - دنیا ہو اور تم ہو - جب دُنیا رہے تم رہو ؎

غالب بھی گر نہ ہو تو کچھ ایسا ضرر نہیں
دُنیا ہو یا رب اور مرا بادشاہ ہو

دُنیائے دنی - دُنیائے دُوں - کمینی دُنیا - کسی کے ساتھ اچھا سلوک نہ کرنے والی دُنیا -

دُو ف ایک اور ایک کا مجموعہ - دوآبہ (مذ) دو دریاؤں کے بیچ کی زمین - دوآتشہ - دو دفعہ کھنچی ہوئی تیز و تند شراب یا کوئی اور عرق - دوآشیانہ مذ دو کمروں کا ڈیرا - دو آنسو - تھوڑے سے آنسو - کچھ آنسو ڈالنا - گرانا - رونا - بہانا - دو آنکھوں سے چار آنکھوں کا ہونا (کرنا - دینا) ؎ جان صاحب

اس کے قربان جو دو آنکھوں سے چار آنکھیں دیں
کرتی مشہور ہوں آتو کی دُعا سے پیدا

دو اسپہ مذ دو گھوڑوں کی جوت کی سواری - بہت تیزی سے جانا ؎ منیر

دو اسپہ چلیں ظلمت و نُور باہم
مہ و مہر بھُولیں مشارق مغارب

دو انگل کی - بالشت بھر کا (چھوٹا) - دو انگلیاں - ذرا سا (منجن کا جل مسّی کے لیے) دوانی (مو) دو آنے کا سکّہ - روپے کا آٹھواں حصّہ - دو ایک - چند - تھوڑے - قلیل - دو باتوں میں - چند فقروں میں - دو باتیں - چند باتیں - دوبارہ - دوسری مرتبہ - مکرر - پھر - دوباز (مذ - واؤ نہ پڑھیے) دو رنگے بازو کا کبوتر یا کنکوا - وہ کبوتر جس کے دونوں بازوؤں کے پر سفید ہوں - دوبالا - دونا - دوچند - دوبدو - آمنے سامنے - دوبدو ہونا - مقابل ہونا - تکرار ہونا - دوبلدا (مذ) دو بیلوں کا چھکڑا - دوبلدی (مو) دو بیلوں کی گاڑی - دو بول (ایک عو) نکاح - لڑکی کا سادہ اور غریبانہ نکاح (کرنا - ہونا وغیرہ) مختصر سی بات - دوبھیا (مذ) دو رخا - رکابی مذہب - منافق - دوپارہ - پھٹا ہوا - چاک چاک - دوپائے پر چڑھنا (چڑھانا) داڑھی کو بیچ سے دو حصّے کرکے اوپر کو چڑھنا، چڑھانا (ایک سپاہیانہ وضع تھی) دوپائے کا تعویذ - ایک مثلث نقش جس میں نو خانے ہوتے ہیں - نیچے کے تین خانوں کو بھرتے اور ایک چھوڑتے جاتے ہیں - دوپائے کی رفتار - دوپایہ نقش کے بھرنے کا طریقہ ؎ بحر

ہر ایک نقش قدم میں ہے نقش حُب کا اثر
دوپائے کی ہے یہ رفتار تیری چال میں

دوپایہ - دو ٹانگوں کا - دو پاؤں کا - دوپٹا (مذ) اوڑھنی - پٹکا - کمر بند - دوپٹا بدلنا - بہنا پا جوڑنا - سہیلی بنانا - دوپٹے کو اتار کر دوسرا دوپٹا اوڑھنا - دوپٹا تان کے سونا - بے فکری سے سونا - دوپٹا ڈھلنا - دوپٹا اپنی جگہ سے سرکنا - دوپٹا ہلانا - صلح کرنے کی خواہش ظاہر کرنے کے لیے جنگ میں چادر ہلانا - دوپٹیا (مذ) وہ کبوتر جس کے پٹھے پر سفیدی مائل پر ہوں - وہ کنکوا جس کے مڈھے پر سفید چیت ہو - (مو) چھوٹا دوپٹا - دوپشتہ کرنا - کاغذ کو ایک رُخ سے چھاپ کر دوسرے رُخ سے چھاپنا - دوپلڑی (مو) دو پلڑوں کی چھوٹی ٹوپی - باریک کپڑے کی ٹوپی جو سر سے چپکی رہتی ہے - دوپلکا (مذ) ایک قسم کا نگینہ - ایک قسم کا کبوتر - ایک قسم کا پتنگ - دوپنکھی (مو) ایک وضع کی دو ہرے خانے کی جالی جس کی اکثر عورتیں کرتیاں بناتے ہیں - دوپہرا - دوپٹکا - دوپہر (مو) دن کے بارہ بجے کا وقت - نیمروز - نیز ایک پہر کا رونا - دوپہر بجنا - بارہ بجنا - دوپہر کی توپ چھوٹنا - دوپہر ڈھلنا - زوال کا وقت ہونا - دن ڈھلنا - دوپہریا (مذ) ایک قسم کا پھول جو اکثر دوپہر کو کھلا کرتا ہے (ایک - عو) دوپہر کی تصغیر (یہ جلتی دوپہریا میں کہاں چلے) دوپیازا (مذ) ترکاری کے بجائے گوشت جس میں بہت سی پیاز ڈالی جاتی ہے گویا پیاز ہی ترکاری کی جگہ ہوتی ہے - دو پیسے کا آدمی - معمولی اور بے وقار شخص - دو پیسے کمانا - روپیہ کمانا - دو پیسے اللہ کے نام اُٹھانا - کچھ خیرات کرنا - دوتا - ٹیڑھا - ٹیڑا - منحنی - خمیدہ - دوتارا (مذ) ایک قسم کی چھوٹی سی سارنگی جس میں دو تار ہوتے ہیں - دوتہی (مو) ایک موٹا کپڑا جو بستر کی بجائے دوہرا بچھایا جاتا ہے - دوتین - چند (دو تین کتابیں اٹھالاؤ) دو ٹکریں مارنا - جلدی جلدی نماز پڑھنا - دو دو ٹکڑے بات - دو ٹوک بات

دو ٹکڑے بات کہتی ہے کس منصفی کے ساتھ
رستم بھی ہو تو کہتی ہے منہ پر کھری کھری

دو ٹوک - دو پارہ - **دو ٹوک بات** - صاف صاف بات جس میں لگی لپٹی نہ ہو - **دو ٹوک جواب دینا** - صاف انکار کر دینا - صاف مختصر جواب دینا - **دو جی سے ہونا** - حاملہ ہونا - پیٹ سے ہونا۔ **دو چار ہونا** - مقابل ہونا - چار آنکھیں ہونا - **دو چت** - **دو چتا** - دو دلا - دبدھا - پریشانی - **دو چشمی** - بڑے کھلوٹ (جیسے) تصویر جس میں پورے چہرے کا عکس ہوتا ہے - **دو چند** - دونا - دگنا - دوہرا - **دو چنداں** - دو چند سے لطافت

بوسے لینے سے ترا حسن دو چنداں ہوگا
اور یہ چاند سے رخسار نکھر جائیں گے

دو چوبہ (مذ) دو چوب کا خیمہ - خیمہ - **دو چوبوں کے بیچ بُرے پستے ہیں** - اتفاق ادنیٰ کو اعلیٰ کر دیتا ہے - **دو چھریاں ایک میان میں نہیں رہتیں** - دو حریفوں کا ایک جگہ گزر کرنا مشکل ہے - **دو حرف** - تف - تھوڑا سا مضمون - **دو حرف بھیجنا** - تف کرنا - لعنت بھیجنا - سے دیکھیں

بھیجتی ہوں میں دوگانا کی اکڑ پہ دو حرف
اس نے جا کر کبھی صورت بھی نہ دکھلائی پھر

دو خصمی (مو) وہ عورت جس نے دوسرا بیاہ کیا ہو - دو خصم والی۔ **دو دستہ خلال** (مذ) تاش کے کھیل میں دو آدمیوں کو ایک بازی میں خلال دینا - **دو دستی** (مو) کشتی کا ایک پیچ جس میں دونوں ہاتھوں سے حریف کو گھسیٹ لاتے ہیں - **دو دلا** - شکی - وہمی - دوسواسی - مذبذب - **دو دل راضی کیا کرے گا قاضی** - دونوں فریق کو خوش رکھنا قاضی کے بس کی بات نہیں - **دو دل ملنا** - میل جول - محبت ہونا - (ع تمہاری باتوں نے گھر میں دو دل مشکل کر دیا) **دو دل یک شوند بشکنند کوہ را** - اتحاد ہر مشکل کو حل کر دیتا ہے - **دو دن کا مہمان** - فانی - ناپائدار - مرنے کے قریب - **دو دن کی بہار** (مو) تھوڑے دنوں کی رونق - **دو دن کی چاندنی پھر اندھیری رات ہے** - (مو) چند روزہ حسن بے ثبات دولت - **دو دو باتیں** (مو) تھوڑے سوال و جواب - صاف صاف باتیں - اتمام حجت - **دو دو دانے کو پھرنا** - ایک ایک ٹکڑے کو محتاج پھرنا - بھیک مانگتے پھرنا - **دو دو ہاتھ اچھلنا** - نہایت بے تاب و بے قرار ہونا - مضطرب الحال ہونا - **دو دو ہاتھ اٹھنا** - تھوڑا اسہال آنا - **دو دو چونچیں (نوکیں) ہونا (لڑنا)** - معمولی جھڑپ - سخت کلامی ہونا - **دو دھارا** - دوہری باڑھ کا خنجر - وہ جگہ جہاں سے دریا کی دو شاخیں ہوں - ایک قسم کا تھوہڑ جس کی دوہری شاخ ہوتی ہے - **دو دھاری تلوار** - وہ سیدھی تلوار جس کی دونوں طرف باڑھ ہو - صاف گو - (مذ) دو دستی سیف - **دو راہا** (مذ) وہ جگہ جہاں سے دو راستے نکلتے ہوں۔

دو رُخا - دو رویہ - دو جیبیا - دو رنگا - منافق - وہ شخص جو دونوں طرف ہو - **دو رسا** (مذ) خمیرہ ملا ہوا تمباکو - دو قسم کا ملا ہوا تمباکو - **دو رگا** (مذ) وہ آدمی جس کے ماں باپ دو قوم کے ہوں - دوغلا - **دو رنگا** - دو رنگ کا - دو جیبیا منافق - **دو رنگی** (مو) مغایرت - بیگانگی - مکاری - دو مختلف حالتیں ہونا - **دو رویہ** - دو رُخا - دو رنگا - دو طرفہ - منافق - **دو زانو بیٹھنا** - گھٹنوں کے بل بیٹھنا - ادب سے بیٹھنا - **دو سار ہونا** - تیر یا نیزے کا بدن سے پار ہو جانا - تیر کا ترازو ہونا - **دو سالہ** - دو برس کا (مو) دو برس کی شراب - وہ زمین جو دو برس بوئی گئی ہو - **دو سائی** (مو) دو فصلی - وہ زمین جس میں دو فصلیں ہوں - وہ زمین جس کے نیچے سخت مٹی اور اوپر ریت ہو - **دو سخنے** - امیر خسرو کی ایجاد کردہ پہیلیوں کی گرہیں (ع گوشت کیوں نہ کھایا - ڈوم کیوں نہ گایا؟ گلا نہ تھا) **دو سر ملنا (ملوانا)** نکاح کرنا - ہونا - **دو سرا** - دونوں جہان - **دو سے تین بھلے** - کئی آدمیوں کا ہونا اچھا ہے - **دو سوتی** (مو) دوہرے سوت کا بنا ہوا کپڑا - **دو سیری** (مو) دو سیر کا باٹ - **دو کوڑی کا** - بے آبرو - بے قیمت (آدمی، بات، ذات - پوچھنا کے ساتھ) **دو شاخہ** (مذ) دو شاخوں کی لکڑی یا درخت - دو شمعوں کا شمع دان - جھاڑنے کی لکڑی جس میں دو شاخیں ہوتی ہیں - **دو شالہ** (مذ) شالی چادر - جوڑا - **دو شالہ میں لپیٹ کر لگانا** - در پردہ ذلیل کرنا - عمدہ الفاظ میں ہجو کرنا - **دو طرفہ** - دو رویہ - دونوں طرف - دونوں طرف سے - **دو شنبہ** (مذ) پیر کا دن - سوموار - **دو عالم** - دونوں جہان دنیا و عقبیٰ - **دو عملہ** (مذ) وہ چیز یا مکان جو دو آدمیوں کی ملکیت میں ہو - دو شخصوں کی حکومت سے - آتش

غم صیاد و فکر باغباں ہے
دو عملے میں ہمارا آشیاں ہے

دو عملی (مو) بد انتظامی - اختلاف رائے - ایک جگہ دو کی حکومتیں - وہ شخص جو دو مخالف خیالات کا مؤید ہو - کبھی یہ کبھی وہ - **دو غزلہ** (مذ) ایک ہی بحر اور ردیف و قافیہ میں دو غزلیں - سترہ شعر کے بعد دوسرے مطلع سے غزل - **دو فصلی** (مو) دو موسمی - وہ درخت جو فصل میں دو پھل دے - وہ زمین جو سال میں دو بار بوئی جائے - **دو کرنا** - دو ٹکڑے کرنا - دو حصے کرنا - **دو کوڑی کی بات یا آبرو کرنا** - ذلیل کر دینا - عزت بگاڑ دینا - **دوگاڑا** - دیکھو دوگاڑ - **دوگاڑا مارنا** - ایک ہی دفعہ دو گولیاں بھر کر چلانا - **دوگانہ** (مذ) جڑواں یا دوہری چیز - نماز کی دو رکعتیں - نماز شکرانہ - ... کی نماز - **دو گھڑی کا تڑکا** (مذ) صبح کا ذبہ - تڑکا - سورج نکلنے کا وقت۔

دو گھڑی کی بے حیائی۔ سارے دن کا ادھار۔ تھوڑی سی بے مروّتی سے بہت سے جھگڑے کے لیے آرام ہو جاتا ہے۔
دولتّی (مو) چوپائے کا دونوں ٹانگیں اُٹھا کر لات مارنا۔
دولڑا (مذ) دو لڑ کا ہار۔ دوہرا بٹا ہُوا تاگا۔ دو لگائے دو مل بچے۔ دو جُوتے مارے جائیں۔ ناقابل فراموش سزا دی جائے ؎ داغ

اے شیخ جو بتائے مئے عشق کو حرام
ایسے کے دو لگائیے بھگو کر شراب میں

دومنزلہ (مذ) دو درجے کا مکان۔ دو ملّا میں مرغی حرام۔ ضدم ضدا میں سراسر نقصان۔ دو مُنہ ہنس لینا۔ تھوڑا سا ہنس لینا ؎ جان صاحب

چار میں بیٹھ کے ہنس لیتی ہوں دو منہ میں بھی
جی میں خوش ہوتی ہوں ہر دم کی ملاقات سے کم

دو میں تیسرا آنکھوں میں ٹھیکرا۔ اجنبی شخص صحبت میں مخل لذت ہوتا ہے۔ دونوں۔ ہر دو۔ دونوں آنکھیں برابر ہیں۔ دونوں فریقوں میں کسی کو ترجیح نہیں۔ دونوں باگیں کسنا۔ تلوار کا دونوں جانب سے آبدار ہونا۔ دونوں ٹانگوں میں سر کو دینا۔ سزا دینا۔ تھکیک بنانا۔ دونوں جہان سے کھونا۔ دین کا رکھنا نہ دُنیا کا۔ دونوں طرف۔ ہر دو جانب۔ دونوں وقت ملنا۔ سورج ڈوبنا۔ روشنی نہ اندھیرا۔ جھٹ پٹا۔ دونوں وقت ملے۔ شام کے وقت مغرب کے وقت۔ جھٹ پٹے میں۔ دونوں ہاتھوں سے تالی بجتی ہے۔ جب تک دونوں فریق نہ چاہیں لڑائی نہیں ہوتی۔ دونوں ہاتھوں سے سلام کرنا۔ نہایت نفرت ظاہر کرنا۔ شرارت یا بدی میں استاد ماننا۔ کسی کی چالاکی کو مان جانا۔ نیز نہایت تعظیم کرنا۔ دونوں ہاتھوں سے کلیجہ تھامنا۔ بہت ضبط کرنا۔ یکایک گھبرا جانا۔ دو ہاتھ کا کلیجہ۔ بڑا حوصلہ۔ بڑی ہمّت۔ دو ورقی (مو) دو ورق کی کتاب۔ چھوٹی کتاب۔ فرج۔ قبل۔ دو ورقی کا سبق پڑھنا۔ جماع کرنا۔ دوہاجن۔ (مو) بیوہ عورت جس نے دوسرا نکاح کر لیا ہو۔ دوہاجو۔ دوسری عورت والا خاوند۔ وہ رنڈوا جس نے دوسری شادی کی ہو۔ دوہتڑ (مذ) دونوں ہاتھوں کی ضرب جو اکثر عورتیں بچوں کے سر یا پیٹھ پر زور سے دے مارتی ہیں۔ دوہرہ (مو) دوہری چادر۔ دولائی۔ وہ اراضی جس میں دو فصلیں ہوں۔ دریا کی قدم تہ۔ دوہرا ہند دلائی۔ ہندی بیت۔ خمیدہ دو تہ کا۔ دو ہو جانا۔ دو ٹکڑے ہو جانا۔ قتل ہو جانا۔ ؎ اوج

فساد اسی کا یہ سب ہے ابھی فرد ہو جائے
کہیں شمشیر برہنہ تیغ دو دم سے دو ہو جائے

دوئی (مو) وحدت کے علاوہ دو سمجھنا۔ خدا کا کسی کو شریک بنانا۔ شرکت۔ غیریت۔ دوئی ڈالنا۔ لڑائی کرا دینا۔ اَن بن کرا دینا۔ دوئی کا پردہ اُٹھ جانا۔ غیریت مٹ جانا۔ ؎

اُٹھ گیا دل سے دوئی کا پردہ
چھپ کے اب آپ کہاں جائیے گا صبا

دُوّا:۔ (ہ۔ مذ) تاش کا وہ پتّا جس میں دو نشان ہوں۔ دُگی۔ قمار بازی کے ایک داؤ کا نام۔

دَوَا:۔ (ف۔ مو) درماں۔ علاج۔ معالجہ (کرنا۔ ہونا) دوا بنانا۔ ترکیب کے مطابق دوا چھان پیس کر تیار کرنا۔ ع۔ انیس

ہر صبح میں پی لوں گی دوا آپ بنا کر

دواخانہ (مذ) شفاخانہ۔ وہ کمرہ یا الماری جس میں دوائیں رہتی ہیں۔ دوا دارو (مو) علاج معالجہ۔ تیمار داری۔ دوا درمن (مو) دوا دارو۔ علاج معالجہ۔ دوا کو نہ ملنا۔ کسی چیز کا بالکل دستیاب نہ ہونا۔ ذرا نہ ملنا۔ دوا لگنا۔ زخم پر دوا رکھنا۔ دوا کا اثر ہونا۔ مرہم وغیرہ کا زخم میں جلن ڈالنا۔ دوائی (مو) علاج۔ دوا ؎ بحر

مرض منتظر ہی جائے اگر آئے اجل
مجھ کو گھر لے گئے آنکھوں کی دوائی ہو جائے

دَوَاب:۔ (ع۔ مذ) چوپائے۔ حیوان۔ مویشی۔ جمع دابّہ۔

دَوَات:۔ (ع۔ مو) لکھنے کی سیاہی رکھنے کا ظرف۔

دُوَادَشی:۔ (ہ۔ مو) اجالے پاکھ کی بارھویں تاریخ۔

دَوادَو دَوِش:۔ (ف۔ مو) دوڑ دھوپ۔ کوشش۔

دَوّار:۔ (ع) بہت گردش کرنے والا۔ دَورہ کرنے والا۔

دُوار:۔ (ہ۔ مذ۔ ہندو) دروازہ۔ آستانہ۔ چوکھٹ

دُوازدَہ:۔ (ف) بارہ۔ دس اور دو۔ دوازدہ امام۔ دیکھو بارہ امام۔ دوازدہم۔ بارھواں۔ بارھواں حصہ۔ دوازدہ ماہی رخصت مل گئی۔ برطرف ہو گئے۔

دَوَال:۔ (ف۔ مذ) تسمہ۔ رکاب کا تسمہ۔ نقارے کا تسمہ۔

دِوال:۔ (ا) دینے والا۔ دِوال نہیں ہے۔ نادہندہ ہے۔ لے کر دینے والا نہیں۔

دِوالا: (ہ ۔ مذ) ادائے قرض کی استطاعت نہ رہنا۔ خسارہ اور ٹوٹا ہونا۔ **دِوالا نکالنا** ۔ ساہوکاروں اور بڑے لین دین والوں کا اپنے مفلس ہو جانے کا اعلان کر دینا۔ جس کے بعد وہ دوسروں کے روپے کی ادائیگی کے ذمہ دار نہیں رہتے ۔ زیرِ بار کرنا۔ مفلس بنا دینا ۔ **دِوالیا** ۔ نادار۔ مفلس جو دوالہ نکلنے کا اعلان کر چکا ہو۔

دِوالی: (ہ ۔ مو) ہندوؤں کا ایک مشہور تہوار جس میں چراغاں کرتے ہیں ۔ **دِوالی بھرنا** ۔ ہ دوالی کی پوجا کرنا۔ مٹھائی وغیرہ چڑھانا۔ سے بحر

دِوالی اس نے بھری جان پوچ ہم سمجھے
چراغ گور ہمارا دیا ہے جگمٹ کا

دِوالی کی کُلھیا ۔ مٹی کا ایک گول رنگین برتن جسے لڑکیاں ذات کے لوگ دوالی کی تہواری مانگتے ہیں

دِوالیں: (ا ۔ مو) انگیا کی کٹوریوں کے نیچے کے ریخے ۔

دَوام: (ع ۔ مذ) ہمیشگی ۔ ہمیشہ ۔ سدا ۔ نت ۔ دوامی ۔ ہمیشہ کے لیے ۔ دائمی ۔ **دوامی بندوبست** ۔ مذ ۔ زمین کا انتظام اور ناپ تول جو سرکار کی طرف سے مستقل طور پر کر دیا جائے ۔

دَوال: (ف) دوڑتا ہوا ۔ بھاگتا ہوا

دَواوِین: (ع ۔ مذ) دیوان کی جمع ۔ اشعار کے مجموعے ۔

دَوائر: (ع ۔ مذ) دائرہ کی جمع ۔ دیکھو دائرہ ۔

دُوب: (ہ ۔ مو) ایک قسم کی باریک ۔ نرم اور عمدہ گھاس ۔

ع
ہے کیسی نظر فریب و مرغوب
نازک نازک ہری ہری دوب عزیز

دُوبھر: (ہ) مشکل ۔ سخت ۔ ناگوار ۔ بارِ خاطر

دُوت: (ہ ۔ مذ) قاصد ۔ ایلچی ۔ سفیر ۔ فرشتہ ۔ چغل خور ۔ دُوتی ۔ چغل خور عورت ۔ کٹنی ۔

دُوت دُبَک: (واؤ غیر ملفوظی ۔ دُت ۔ ا ۔ مو) لعنت ۔ ملامت ۔ پھٹکار ۔ دھتکار ۔

دُوج: (ہ ۔ مو) ہندی مہینے کی دوسری اور سترھویں تاریخ ۔ رویتِ ہلال ۔ عموماً ہندی مہینے کی دوسری تاریخ کو ہوتی ہے ۔

دُوجا: (ہ ۔ مذ) مرنے کا دوسرے دن کا تمہ (ہندو)

دوخت: (ف ۔ مو) سلائی ۔ سیون ۔

دُود: (ف ۔ مذ) دھواں ۔ دُخان ۔ بھاپ ۔ کنایۃً آہ ۔ **دُودی** ۔ وہ شخص جس کی چال اتنی کمزور ہو گئی ہو کہ تلاش کرنے پر نہ ملے ۔ **دودکش** (مذ) چمنی ۔ دھواں نکلنے کا سوراخ ۔

دُودہ: (ف ۔ مذ) کا جل ۔ خاندان ۔

دُودھ: (دُود ۔ ہ ۔ مذ) شیر ۔ درخت یا کسی چیز کا سفید عرق (جیسے آکڑے کا دودھ) **دودھ اُترنا** ۔ دودھ پلاتے وقت چھاتیوں میں دودھ بھر آنا ۔ **دودھ اُگلنا** ۔ چھوٹے بچے کا دودھ ڈالنا ۔ دودھ کی قے کرنا ۔ **دودھ اور چھاچھ دونوں سفید ہوتے ہیں پر ایک سے نہیں ہوتے** ۔ ہر بات کے لیے تمیز ضروری ہے ۔ **دودھ بچا کر** ۔ بشرط بچا کر ۔ **دودھ بخشنا** ۔ ماں کا اولاد کو اپنے دودھ پلانے کا حق معاف کرنا ۔ **دودھ بڑھانا** ۔ بچے کا دودھ چھڑانا ۔ **دودھ بھائی** (مذ) برادرِ رضاعی ۔ دودھ شریک بھائی ۔ کوکا ۔ **دودھ بھر آنا** ۔ بچے کی محبت کے باعث ماں کی چھاتیوں میں دودھ اُترنا ۔ **دودھ بھری کٹوریاں** (مو) دودھ بھری چھاتیاں ۔ **دودھ بہنیں** (مو) دو الگ الگ والدین کی لڑکیاں جنہوں نے ایک ہی ماں کا دودھ پیا ہو ۔ **دودھ بھی پیارا پوت بھی پیارا** قسم کس کی کھاؤں ۔ اس وقت کہتے ہیں جب دو فریق یا دو کاموں میں کسی کو چھوڑا نہ جا سکے ۔ **دودھ پڑنا** ۔ اناج میں رس پڑنا ۔ **دودھ پلانا** ۔ بچے کو دودھ دینا ۔ چھاتی پر منہ ڈال دینا ۔ دودھ کسی کو پینے کے لیے دینا ۔ **دودھ پلائی** (مو) دایہ ۔ انا ۔ وہ لڑکی جو دولھا کو دلھن کے گھر سے سانچق کے روز آتی ہے یا دلھن کے رشتہ دار اس نام سے دیتے ہیں ۔ وہ نقدی جو دولھا گھر چڑھی کے وقت اپنی ماں کو دودھ پلانے کے عوض میں دیتا ہے ۔ **دودھ پوت** (مذ) دھن ۔ دولت ۔ مال اولاد ۔ **دودھ پوت والی** (مو) آل اولاد اور دھن دولت والی ۔ صاحب نصیب ۔ **دودھ پھاڑنا** ۔ کسی دوا کے ذریعے دودھ کا پانی الگ کرنا ۔ **دودھ پھٹنا** ۔ دودھ کا بدمزہ ہو کر پانی اور دہی بن جانا ۔ **دودھ پیتا بچہ** (مذ) گود کا بچہ ۔ شیر خوار ۔ بھولا ۔ ناتجربہ کار ۔ ناسمجھ ۔ نادان ۔ **دودھ پیتے روپے** (مذ) کھرے کھرے روپے ۔ دودھ کی طرح سفید سفید روپے ۔ وہ روپے جو مع منافع کے ملیں ۔ **دودھ چڑھانا یا چڑھ جانا** ۔ گائے بھینس کا دوہتے وقت تھنوں میں سے دودھ اوپر کو چڑھا جانا ۔ **دودھ چڑھنا** ۔ دودھ خشک ہونا ۔ دودھ جذب ہونا ۔ چھاتیوں کا دودھ سے

تن جانا - دُودھ چھٹنا یا چھڑانا - دیکھو دُودھ بڑھانا - دُودھ دوہنا - دُودھ جانور کے تھن سے نکالنا - دُودھ دِیا مینگنیوں بھرا - جب کوئی اچھی چیز دے اور اس میں کوئی عیب ہو۔ دُودھ دیکھنا - دودھ کو پرکھ کر دیکھنا کہ وہ خالص ہے یا ناخالص - دُودھ دینا - دودھیل ہونا - دُودھ پلانا - دُودھ نہ پچنا - طنزاً بیکار آدمی سے کہتے ہیں کیا گھٹیا پڑے دُودھ دیتے ہو) دُودھ سا - نہایت سفید - دودھ کی مانند - دُودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ہے - ایک چیز سے ڈرا ہوا ہر چیز سے احتیاط برتتا ہے - دُودھ کا دُودھ پانی کا پانی - پورا پورا انصاف کھرا کھوٹا الگ الگ - دُودھ کا سا اُبال (مذ) وہ غصہ یا جوش جو ایک دفعہ آکر اتر جائے - دودھ کی بو مُنہ سے آنا - بچہ اور ناتجربہ کار ہونا - دُودھ کی مکھی نکال کر پھینک دینا - کسی کو دخیل اور قرابتی ہونے کے باوجود بالکل بے دخل کر دینا - دودھ کی مکھی (مو) وہ مکھی جو دُودھ میں گر پڑے اور اسے نکال کر پھینک دیں۔ وہ شخص جو دخیل ہونے کے بعد جماعت سے خارج کر دیا گیا ہو - دُودھ کے دانت (مذ) وہ دائم دانت جو شیر خوارگی کے زمانہ میں نکلتے ہیں - دودھ کے دانت نہ ٹوٹنا - کم عمر و صغیر سن ہونا - دودھ ماں (مو) انّا - دُودھ سہری (مو) ایک قسم کا ریشمی کپڑا - دودھ مُوت کرنا - بچے کی خدمت اور پرورش کرنا - دُودھ میں کی مکھی کسی نے نہ چکھی - نالائق سے کسی کو محبت نہیں - دودھ والی (مو) گوالن - شیر فروش - وہ عورت جو بچے کو دودھ پلاتی ہو - زچہ - دودھوں نہاؤ پوتوں پھلو (دعا) ہمیشہ دولت اور اولاد میں کھیلتی رہو - دودھیا - دُودھ - پُر از شیر - سفید (جیسے دودھیا کتھا) کچا - ہرا - سبز (دودھیا سنگھاڑا) (مذ) ایک قسم کا پتھر - ایک قسم کا نرم حلوہ سوہن جس میں دودھ ڈال کر نرم کر لیتے ہیں (مو) دُودھ میں ملی ہوئی بھنگ - دودھیا کھوکھرا - ایک قسم کا کبوتر - دودھیل (دیکھو دودھیل) دودھیل گائے کی لاتیں بھی بھلی - جس سے فائدہ پہنچتا ہے اس کی کڑی بات بھی سہنی پڑتی ہے

دودھادھاری :- بڑا باہمت -

دَور :- (ف - مذ) چرخ - گردش - چکر - کسی چیز کا دَورہ کرتے کرتے اپنی ہی جگہ پر پلٹ آنا - چال - روش - رفتار - حکومت - سلطنت - قرآن شریف کا وقت مقررہ پر پڑھنا - گردش - ساغر - حاشیہ - کنارہ - گھیرا - باری - نوبت - پھیلاؤ (زخم کا دَور) گرداگرد - زمانہ - عرصہ - انقلاب - تغیر و تبدل - دَورا دَور یا دَور دَورہ (مذ) حکومت - اقبال - اختیار - عمل - دخل - دَور کرنا - دو یا زیادہ شخصوں کا بیٹھ کر باری باری سے ایک دوسرے کو حفظ قرآن مجید سُنانا - حافظ کا قرآن شریف اس غرض سے پڑھنا کہ بھول نہ جائے - مقررہ وقت پر قرآن پڑھنا - گردش کرنا - گھومنا - دَور ہونا - زمانہ ہونا - گردش ہونا - قرآن کا دور ہونا -

دُور :- (ف) بعید - فاصلے پر - علیحدہ - الگ - جُدا - (کلمۂ نفرت) ہٹ - سرک - چل - دُور از حال - اب سے دُور - دور از کار - بیکار - دُور افتادہ - جو دُور ہو یا توجہ سے محروم ہو - دور اندیش - دُور کی بات سوچنے والا - ہوشیار - آگا پیچھا سوچ کر چلنے والا - دُور اندیشی (مو) دور بینی - عقلمندی - دانائی - سوچ سمجھ کر کام کرنا - دُور باش - دُور ہو - بادشاہوں کے آگے چوبدار یہ کلمہ کہا کرتے تھے - ایک دوشاخہ نیزہ جو بادشاہوں کی سواری کے آگے لے کر چلتے تھے۔ دبیر

پیہم جو دبدبے کی سزا دور باش ہے
افسرِ رہ ہوش میں نہ کوئی خیلتاش ہے

دُور بھاگنا - الگ رہنا - پاس نہ پھٹکنا - نفرت کرنا - وحشت پکڑنا - دُور بین - دُور اندیش - دُور یا فاصلے کی چیز کو دیکھنے والا - بیشتر نگاہ کی صفت کے طور پر مستعمل ہے (نگاہِ دُور بین) (مو بہ اعلان نون) دور کی چیز دیکھنے کا شیشہ یا آلہ - دُور پار - خدا نہ کرے - نصیب اعدا - زوج - جان صاحب

زہر کر دیتی ہے کھانے کو لڑ کر مجھ سے روز
آج سے میں ساتھ کھانا اس کے کھاؤں دور پار

دُور پہنچنا - بہت دُور نکل جانا - درجۂ کمال کو پہنچنا - بلند پروازی کرنا - شہرت ہونا - بڑوں کو گالی دینا - دور اندیشی کرنا - دُور کی سوچنا - دُور دراز - بہت فاصلے پر - بہت دُور - کالے کوسوں - دُور دست - وہ جگہ جہاں پہنچنا دشوار ہو - نہایت دُور - دُور دفان - غائب - دُور (کرنا - ہونا) دُور دفان کالا مُنہ - عورتوں کا حقارت آمیز کلمہ - اظہار نفرت کرنے اور دُور کرنے کو کہتی ہیں - دُور دُور (کلمۂ نفرت) چل ہٹ - دُور ہو - دُور دُور پہنچنا - دُور کے مقامات پر چلے جانا - نظر سے غائب ہونا - بلند پروازی کرنا - وسیع نظر ہونا - شہرت ہونا - دور رہنا - الگ رہنا - جُدا رہنا - دُور کا رشتہ (مذ) دُور کی رشتہ داری - دُور کا واسطہ - دُور کا مضمون - مضمون عالی (سوجھنا) دُور کرنا - الگ کرنا - کاٹنا - خارج کرنا - جُدا کرنا - ہٹانا - درگذر کرنا - باز آنا - غائب کرنا - آنکھوں سے علیحدہ کرنا - موقوف کرنا - نوکری سے برطرف کرنا - فروخت کرنا - بیچنا - رد کرنا - کاٹنا - منسوخ کرنا - دُور پھینکنا یا پھینکنا - الگ رہنا

نخوت و غرور کرنا۔ **دُور کی بات** (مو) نکتہ۔ باریکی ؎

دل تنگی ہے یہ ترقی شعور کی
کہتا ہوں بات پر وہ وحشت میں دُور کی

دُور کی سُوجھنا۔ کوئی نکتہ ذہن میں آنا۔ دور اندیش ہونا۔ **دُور کی کوڑی لانا**۔ باریک بینی کرنا۔ دُور کی بات سوچنا۔ **دُور کی کہنا**۔ نہایت بھلی بات کہنا۔ سمجھ سے باہر بات کہنا۔ **دُور کی ہانکنا**۔ گپ ہانکنا۔ شیخی بگھارنا۔ لیاقت سے بڑھ کر دعویٰ کرنا۔ **دُور کے ڈھول سہانے** (مو) دُور کی سنی ہوئی تعریف بہ جبر و سہ ٹھیک نہیں۔ پاس جاؤ تو کھوکھلی نکلے۔ **دُور کیوں جاؤ**۔ اس موقع پر کہتے ہیں۔ جہاں پاس کی مثال موجود ہو۔ **دُور ہو** (کلمۂ نفرت) ہٹ۔ سرک۔ منہ نہ دکھا۔ **دُور ہونا**۔ علیحدہ ہونا۔ جدا ہونا۔ فاصلے پر ہونا۔ نہایت سنجیدہ اور سمجھ دار ہونا۔ نہایت شریر اور بدذات ہونا۔ سرکنا۔ نظر سے غائب ہونا۔ **دُور ہی سے سلام**۔ انتہائی بیزاری اور نفرت۔ **دُوری** (مو) بعد۔ فاصلہ۔ تفاوت۔

دَوران: (ف۔ مذ) گردش۔ چکر۔ زمانہ۔ وقت۔ عمر۔ دورہ۔ انقلاب۔ **دورانِ سر** (مذ) سر گھومنا۔ سر کا چکر۔ دردِ سر۔

دَورہ: (ع۔ مذ) گردش۔ چکر۔ باری۔ نوبت۔ (کسی مرض کی) گشت۔ حکام یا افسروں کا اپنے علاقہ کو دیکھنا۔ شراب کا دَور۔ **دَورہ کرنا**۔ چکر لگانا۔ حکام کا اپنے ضلع یا علاقہ دیکھنے کے لیے جانا۔

دَوری: (ا۔ مو) چھوٹی ٹوکری۔

دَوڑ: (ہ۔ مو) حملہ۔ دھاوا۔ چڑھائی۔ وہ سپاہی جو مجرم کو گرفتار کرنے کے لیے آئیں (آج ان کے یہاں یکایک دوڑ آگئی) پہنچ۔ رسائی (ملا کی دوڑ مسجد تک) کوشش۔ جدوجہد۔ **دوڑا آنا**۔ جلدی قدم اٹھاتے ہوئے آنا۔ **دوڑا جانا**۔ دوڑ کر جانا۔ **دوڑا دوڑی**۔ بھاگا بھاگ۔ **دوڑاک**۔ بہت دوڑنے والا۔ **دوڑانا**۔ بھگانا۔ ہنکانا۔ جلد بھیجنا۔ لگانا۔ چپکانا (جیسے نور میں دنیاں دوڑانا) محنت کرانا۔ حیران کرنا۔ پھرانا۔ خیال کو کسی طرف متوجہ کرنا (خیال دوڑانا)۔ **دوڑ بھاگ** (ہ) کوشش کرنا۔ ہونا) اسی طرح **دوڑ دھوپ**۔ **دوڑ بھیجنا**۔ ملزم کو گرفتار کرنے کے لیے پولیس بھیجنا۔ **دوڑ پڑنا**۔ یکایک کسی طرف جلدی جلدی چل پڑنا۔ جمع ہو جانا (ان کے آنے کی خبر سن کر سینکڑوں دوڑ پڑے) جلدی کرنا ؎ شوق

دوڑ پڑنا قصور ہے اس میں
صبر کرنا ضرور ہے اس میں

دوڑ جانا۔ پھیل جانا۔ منتشر ہو جانا۔ سرایت کر جانا۔ (سرخی بہ رنگ دوڑ گئی) رواج پا جانا۔ مشہور ہونا (ذرسی دیر میں یہ خبر شہر بھر میں دوڑ گئی) **دوڑ چلنا**۔ دوڑ کر چلنا۔ **دوڑ چلے نہ گر پڑے**۔ حد اعتدال سے بڑھو گے نقصان ہوگا۔ **دوڑ دوڑ یا دوڑ کے جانا**۔ گھڑی گھڑی جانا۔ جلد جلد جانا۔ **دوڑ دھوپ** (مو) کوشش و جستجو۔ دوا دوش۔ محنت و مشقت۔ **دوڑ کر چلنا**۔ بھاگ کر چلنا۔ بے سوچے کوئی کام جلد کرنے پر تیار ہونا۔ **دوڑ مارنا**۔ دھاوا کرنا۔ یکایک حملہ آور ہونا۔ لمبا سفر کرنا۔ نہایت کوشش اور دوڑ دھوپ کرنا۔ **دوڑنا**۔ بھاگنا۔ لپکنا۔ پھیلنا۔ پھیلنا (چاروں طرف سبزہ دوڑ رہا ہے) محنت کرنا۔ دوڑ دھوپ میں حیران ہونا۔ پھرنا۔ خیال کا ادھر ادھر جانا۔ **دوڑنا دھوپنا**۔ کوشش اور سعی کرنا۔

دوزخ: (ف۔ مذ) جہنم۔ پیٹ۔ شکم ؎ مؤلف

نہ خوف حشر نہ حاجت خدا سے ڈرنے کی
انہیں تو فکر ہے دوزخ کو اپنے بھرنے کی

دوزخ کا کندہ (مذ) سخت گنہگار ؎ نسیم

سانچے میں ظلمتوں کے ستمگر ڈھلا ہوا
چہرہ ہے یا کہ کندۂ دوزخ جلا ہوا

دوزخ میں گھر بنانا (کرنا) برے کام کرنا۔ **دوزخ کا ایندھن**۔ بدکار۔ **دوزخی**۔ جہنمی۔ پاپی۔

دوس: (ہ۔ مذ) الزام۔ قصور۔ عیب۔ **دوس دینا**۔ الزام لگانا۔ قصوروار قرار دینا۔ عیب لگانا۔

دوست: (ف) یار۔ آشنا۔ خیر خواہ۔ محبوب۔ **دوستانہ**۔ یاری۔ دوستی۔ محبت۔ یارانہ۔ **دوست بننا**۔ اپنے افعال و حرکات سے اپنے آپ کو دوست ثابت کرنا۔ **دوست دار**۔ خیر خواہ۔ ہمراز۔ مشفق۔ **دوستداری** (مو) خیر خواہی۔ دوستی۔ **دوست رکھنا**۔ کسی چیز کو بہت عزیز سمجھنا۔ **دوستی** (مو) دوستانہ۔ یارانہ۔ پیار۔ محبت۔ آشنائی۔ اتحاد۔ **دوستی کا دم بھرنا یا مارنا**۔ دوستی کا دعویٰ کرنا۔ دوست ہونے کا بیڑا اٹھانا۔ دوستی کا حق جتانا۔

دُوسرا: (ہ) جس کا نمبر ایک کے بعد ہو۔ دوم۔ ثانی۔ اور دیگر۔ اجنبی۔ غیر۔ مقابل۔ برابر کا۔ **دوسری** (مو) **دوسری ماں** (مو) سوتیلی ماں۔ **دوسریا**۔ دوسرا۔ شریک۔

دوش: (ہ۔ مذ) دیکھو دوس نیز (ف) شانہ۔ کندھا۔ گزری ہوئی رات۔ **دوش بدوش**۔ کندھے سے کندھا ملا کر۔ اتفاق کے ساتھ۔ برابر برابر۔

دوشیزگی: (ف۔ مو) کنوارپن۔ چیز بند ہونا۔ **دوشیزہ**

(مو) چیرا بند لڑکی۔ کنواری۔ بن بیاہی۔

دوشینہ: (ف) پچھلی رات کا۔ ؎ غالب
وہ بادۂ دوشینہ کی سرمستیاں کہاں

دوغ: (ف۔ مو) مسکا نکلا ہوا دودھ۔ چھاچھ۔ راتا۔

دوغلا: (ا) دونسلا۔ وہ شخص جس کے ماں باپ ایک قوم کے نہ ہوں۔ کم اصل۔ کمینہ۔ کم ذات۔ **دوغلی**۔ (مو) **دوغلی بات** (مو) دورخی بات۔ وہ بات جو صاف اور ایک رخی نہ ہو۔

دوک: (ھ۔ مذ) دو سال کا بچھڑا۔

دُوکان: دیکھو دُکان۔

دوکھنا: (ھ) بُرے کام سے منع کرنا۔ اعتراض کرنا۔ بات کاٹنا۔ ؎ انشا
مجھ کو دوکھا جو کسی نے تو وہ بولے اے واہ
ایک میرا ہے وہ لاکھوں کے برابر عاشق

دُوَل: (ع۔ مذ) دولت کی جمع۔

دَولامولا: (ا) بڑی ہمت والا۔ سخی۔ نیک بھولا۔

دَولاب: (ع۔ مذ) رہٹ۔ چرخ۔ ؎ میر
آبرو چاہ کی کھو بیٹھے ہیں عشاق ذقن
سر پٹکتا ہے کنوئیں جھانک کے دولاب اپنا

دَولت: (ع۔ مو) اقبال۔ نصیبہ۔ فتح مندی۔ مال۔ زر۔ نقدی۔ سلطنت۔ حکومت۔ طاقت (جیسے دولت پاکستان) اولاد۔ بیٹا۔ بیٹی۔ ؎ اسیر
جب دولت علی کو قضا لوٹ جائے گی
فرزند فاطمہ کی کمر ٹوٹ جائے گی
اکثر امرا کی چیزوں کے ساتھ بطور تعظیم استعمال کرتے ہیں۔ جیسے درِ دولت۔ دامن دولت وغیرہ۔ **دولت اڑانا**۔ مال برباد کرنا۔ **دولت برسنا**۔ روپے پیسے کی افراط ہونا۔ ؎ رشک
برسے دولت تیرے گھر دن رات ساون کی طرح
دولتِ بیدار۔ مفید دولت۔ ؎ داغ
اس کا منہ دیکھتے ہی خواب میں ہم چونک اٹھے
اپنے ہاتھ آئی ہوئی دولت بیدار گئی
دولت خانہ یا دولت سرا۔ (اول مذکر دوم مونث) محل سرا۔ تعظیماً بادشاہوں یا امیروں کے رہنے کا مکان۔ **دولتِ دارین**۔ دونوں جہان کی دولت۔ **دولت گڑی ہونا**۔ پوشیدہ طور پر دولت ہونا۔ **دولت مند**۔ مال دار۔ روپے پیسے والا۔ امیر۔ **دولت مندی** (مو) امیری۔

دُولھا: (ا۔ مذ) نوشہ۔ بنا۔ **دولھا بھائی** (مذ) بہنوئی۔ بہن کا شوہر۔ **دولھا دلھن مل گئے جھوٹی پڑی برات** (مثل) دوست دوست ایک ہو گئے۔ درمیانی منت میں بُرے بنے۔ **دُولھا مرے یا دلھن نائی کو اپنے ٹکے سے کام**۔ مطلبی کو اپنے مطلب کی فکر ہوتی ہے۔ دوسرے کی پرواہ نہیں۔

دوم۔ دُوُمیں: (ف) دوسرا۔ ثانی۔ دیگر۔

دُون: (ھ۔ مو) لاف۔ گزاف۔ شیخی۔ الاپ۔ اونچے سُر کی آواز یا تیز گت۔ پہاڑی کھیتی (جیسے دیرہ دون) کمینہ۔ ادنیٰ۔ پاجی۔ **دون کی لینا**۔ اکڑنا۔ شیخی بگھارنا۔ اترانا۔ ڈینگ مارنا۔ ؎ تلق
ہوا اکثر میں جب وہ مسکرائے دون کی لے کر
بنی موج تبسم تیغ برق لن ترانی کا
(ف) رسوا۔ حقیر۔ زیر۔ نیچے جیسے گردون دون۔ دُنی اس رقم کی دُنی رقم جو قمار باز ہار جیت کے لیے مقرر کرتے ہیں۔

دَول: (ھ۔ مو) آگ۔ شعلہ۔ لو۔ وہ آگ جو جنگلوں کی پتاور میں اس غرض سے لگاتے ہیں کہ درختوں میں قوت نمو پیدا ہو۔ ؎ میر
شعلہ افشانی نہیں یہ کچھ نئی اس آہ سے
دول لگی ہے ایسی ایسی بھی کہ سارا بن جلا
(آج کل "آگ لگی" بولتے ہیں) پیاس۔ تشنگی۔ گرمی۔ حدت۔ حرارت۔ سوزش۔ جلن۔ جوش۔ ولولہ۔ شہوت (اب پیاس گرمی اور جوش کے معنی میں نہیں بولتے۔ قدیم لٹریچر میں ملتا ہے)

دُونا: (ھ) دُگنا۔ دوچند۔ بیش۔ زیادہ۔ دُہرا۔ ڈبل۔ **دونا دون**۔ چار چند۔ چوگنا۔

دَونا: (ھ۔ مذ) پتوں کا پیالہ جیسے "ماما نے دہی کا دونا نکال اصغری کے ہاتھ میں دیا" (مراۃ العروس) نیاز کی شیرینی جو پتوں میں لائی جاتی ہے۔ چٹخاروں کی چیزیں جو دونوں میں بکتی ہیں۔ **دونا چڑھانا**۔ پھول اور شیرینی کا دونا مزار پر چڑھانا۔ **دونا ماننا**۔ نیاز ماننا۔ نذر ماننا۔ شیرینی ماننا۔ **دونا مَرْوا** (ا۔ مذ) ایک قسم کی گھاس خوشبودار۔ **دُونا ہو جانا**۔ تلوار یا نیچے کا دوہرا ہو جانا۔ خمیدہ ہو جانا۔ ؎
جان شیریں ہم نے کس سختی سے دی
نیمچہ قاتل کا دونا ہو گیا

دُونگڑا: (ھ۔ مذ) برسات کے شروع کی بارش جو خوب

دہش: (ف ۔ مو) بخشش (عموماً داد کے ساتھ استعمال کرتے ہیں ۔ داد و دہش)

دہشت: (ف ۔ مو) ڈر ۔ خوف (سمانا ۔ کھانا ۔ لگنا) ۔ دہشت انگیز ۔ ڈراونا ۔ ہیبت ناک ۔ دہشت زدہ ۔ ڈرا سہما ہوا ۔ دہشتناک ۔ دہشت انگیز ۔

دہقان: (ف) گنوار ۔ کسان ۔ دہقانی ۔ گاؤں والا ۔ دیہاتی ۔ اُجڈ ۔ گنوار ۔ دہقانیت (مو)

دہکانا: (ہ) خوب سلگانا ۔ جلانا ۔ دہکنا ۔ آگ کا بھڑکنا ۔ آگ روشن ہونا ۔ بھڑکنا (دہکتا انگارا ۔ دہکتی آگ) بدن کا بخار ۔ بخار سے جلنا ۔ تلملانا ۔

دہل: (ع ۔ مذ) ڈھول ۔ نقارہ ۔ شمیم

ہر اک دل دہل کے بڑے داغ سے گیا
نقاروں کے بدن پہ فقط پوست رہ گیا

دہل: (ہ ۔ مو) تردد ۔ گھبراہٹ ۔ دہلانا ۔ دہلنا کا متعدی ۔ دیکھو دہلنا ۔ دہل پڑنا ۔ دہل جانا ۔ خوف کھانا ۔ میں آ جانا ۔ دہلنا ۔ دیکھو دہلنا ۔ دہلنا ۔ ڈرنا ۔ خوف کھانا ۔ کا جنبش میں آنا یا شق ہونا ۔

دہلا: (ہ ۔ مذ) تاش یا گنجفے کا وہ پتا جس میں دس نشان ہوتے ہیں ۔

دہلی: (مو) بعض عوام دہلیز کے معنی میں بولتے ہیں ۔ شاہجہان آباد ۔ دلی

دہلیز: دہلیز چومنا ۔ قدمبوس ہونا ۔ کا کتا (مذ) مفت خورا ۔ دہلیز کی مٹی ڈالنا ۔ متواتر تقاضا کرنا ۔ دہلیز نانگھنا لانگھنا یا اُلانگھنا ۔ دروازے سے باہر قدم رکھنا ۔ ایک گھر سے دوسرے گھر جانا ۔ دہلیز نہ جھانکنا ۔ دروازے تک نہ آنا ۔ پردے میں رہنا ۔

دہم: (ف) دسواں حصہ ۔ دسواں نمبر محرم کی دسویں تاریخ ۔ عشرۂ محرم

دہن: (ف ۔ مذ) دہان کا مخفف ۔ منہ ۔ دہن تیغ ۔ (مذ) تلوار کی دھار ۔ شمیم

دہن تیغ پہ گویا کہ دہن سو اترا

دہن دریدہ ۔ منہ پھٹ ۔ دہن زخم ۔ زخم کے شگاف ۔ دہن سگ بہ لقمہ دوختہ بہ ۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی شخص کو اس کی ایذا سے بچنے کے لیے کچھ دے دیں ۔

دہنی: (ہ ۔ مو) وہ برتن جس میں دودھ رکھتے ہیں ۔

دُہنیت: (ع ۔ مو) چکنا ہونا ۔ چکناہٹ ۔

دَہی: (ہ ۔ مذ) جما ہوا دودھ ۔ دہی بڑے (مذ) ایک قسم کا کھانا ۔ دہی میں ماش کی دال کے تلے ہوئے بڑے ڈال کر بناتے ہیں ۔ دہی دہی کرنا ۔ کسی امر پوشیدہ کا جا بجا اظہار کرتے پھرنا ۔ دہی مچھلی ۔ جس وقت کوئی گھر سے بارادہ سفر نکلتا ہے ۔ تو عورتیں شگون نیک سمجھ کر یہ کلمہ زبان پر لاتی ہیں ۔ دَہینڈی ۔ مٹی کا برتن ۔

دَہے: (ہ) محرم کے دس دن تعزیے

دَہیز: (ا ۔ مذ ۔ ع) جہیز

دَھا: (ہ ۔ مذ) ترانہ ۔ پہلا سر ۔ دائی ۔ انّا ۔ دودھ پلانے والی ۔ ہندی اُردو کا حرف تہجی ۔

دَھابا: (ہ ۔ مذ) کچی چھت ۔ وہ مکان جو اناڑیوں نے چنا ہو ۔

دَھابلی: (ہ ۔ مو) کبوتروں کے رہنے کا ڈربہ

دَھات: (ہ ۔ مو) وہ کان سے نکلا ہوا جوہر جس میں پگھلنے کی صلاحیت ہو ۔ جیسے سونا چاندی تانبا وغیرہ ۔ وہ سفید رطوبت جو پیشاب میں آتی ہے اور انسان کو کمزور کرتی ہے ۔

دَھار: (ہ ۔ مو) لکیر ۔ خط کسی رقیق چیز کی تلی ۔ باڑھ ۔ تلوار وغیرہ کی آب ۔ پانی کا بہاؤ ۔ دریا کی وہ جگہ جہاں پانی زور سے بہتا ہو ۔ دھار باندھنا ۔ سحر یا افسوں کے زور سے دھار والے ہتھیار کو معطل کر دینا ۔ دھار پر مارنا ۔ پیشاب کی دھار پر کرنا ۔ خیال میں لانا ۔ کچھ پروا نہ کرنا ۔ حقیر سمجھنا ۔ دھار کھونا ۔ زور سے دھار نکلنا ۔ دھار دار ۔ تیز باڑھ والا ۔ دھار دھورا (مذ) چشمے کے جاری ہونے سے بنی ہوئی حد ۔ دھار رکھنا ۔ ہتھیار کو تیز کرنا ۔ باڑھ رکھنا ۔ دھار مارنا ۔ پیشاب کرنا ۔ دھار نکالنا ۔ دودھ دوہنا ۔ دودھ نکالنا ۔

دَھارا: (ہ ۔ مذ) دریا کی وسط کی روانی آب ۔ دریا جاری ہونے کی جگہ ۔ ناسخ

بحر کو نسبت بھلا کیا چشم دریا بار سے
ایک دم رونے کنارے پر جو ہم ۔ دھارا ہوا

دھارم دھار رونا ۔ دھاروں دھار رونا ۔ بہت زیادہ رونا ۔ ایسا رونا کہ تار نہ ٹوٹے ۔

دَھارمِک:- (ہ) ہندوؤں کا روزمرہ۔ مذہبی۔ مذہب سے تعلق رکھنے والی بات

دھارَن:- (ہ۔مو) ہاتھیوں کی ایک دوا کا نام۔ دھارنا پانی کی تلی ڈالنا۔ کسی عضو پر گرم پانی کی دھار ڈالنا

دُھارِی:- (ہ۔مو) لکیر۔ خط۔ سید ھا خط۔ دھاری دار وہ کپڑا یا چیز جس پر سیدھی سیدھی لکیریں ہوں۔

دَھاڑ:- (ہ۔مو) اُردو میں مار دھاڑ کی ترکیب میں مستعمل ہے۔ دھاڑ (مذ) مجمع ؎

زاہد مجمع سے ہم رندوں کے یاں بھاگے تو کیا
جائے کوثر پر یونہی دھاڑے کا دھاڑ لیجایے

دھاڑا مارنا۔ دھاوا کرنا۔ حملہ کرنا۔ دھاڑ کی دھاڑ۔ کثرت اور انبوہ۔ دیکھیے دھاڑ۔

دَھاک:- (ہ۔مو) رعب داب۔ دھوم۔ شہرہ۔ غلغلہ۔ ڈر۔ خوف و دہشت (باندھنا۔ بندھنا۔ بیٹھنا۔ بٹھانا۔ جمنا۔ جمانا۔ پڑنا)

دَھاگا:- (ہ۔مذ) تاگا۔ کچے سوت کا ڈورا۔ دھاگا پرونا۔ سوئی کے ناکے میں تاگا ڈالنا۔ دھاگا دینا فریب دینا۔ دھوکا دینا ؎ قلق

پھندے میں بتوں کے نہ مسلمان کوئی آئے
دھاگے جو نہ دے رشتۂ زنار محبت

دَھام:- (ہ) اُردو میں دھوم کے ساتھ بطور تابع مستعمل ہے۔ دھوم دھام۔ تنہا۔ ہندو۔ دھوپ

دَھامَن:- (ہ۔مو) ۱۔ ایک قسم کا لمبا سانپ جو اکثر گائے بھینس کی ٹانگوں کو جکڑ کر دودھ پی جاتا ہے۔ ایک قسم کا بانس جس کی کمان اور غلیل وغیرہ بناتے ہیں۔ ایک قسم کی عمدہ گھاس

دَھان:- (ہ۔مو) توپ کی آواز۔ بندوق کی آواز۔

دھان:- (ہ۔مذ) چھلکوں سمیت چاول۔ چاولوں کا پودا۔

دَھانا:- مدد مانگنا ؎ رنگین

تیری وہ ذات ہے واری کہ تجھ کو جو دھائے
جو بنچ ہوئے لڑکے وہ وہ بچے قوام

دَھان پان:- (ہ) دبلا پتلا۔ نازک اندام ؎ جگر

سینہ ٹوٹے ہوئے دلوں کا نہ لے
تو یونہی دھان پان ہے پیارے

- **دھانی**۔ ہلکا سبز۔ دھان بونے کے قابل زمین۔ ایک قسم کا چاول۔

دھاندل:- (ہ۔مو) بے ایمانی۔ مکر۔ فریب۔ جھگڑا۔ فتنہ۔ حجت۔ تکرار۔ دھاندلی (مو) امر واجبی کو چھپانا۔ بے ایمانی۔

دَھانس:- (ہ۔مو) سوکھے تمباکو یا مرچ وغیرہ کی تیز بو جس سے چھینکیں آنے لگیں۔ دھانسنا گھوڑے کا کھانسنا۔ زمین میں دھسا دینا۔ دھانسی (مو) گھوڑے کی کھانسی۔

دَھانک:- (ہ۔مذ) کماندار۔ تیرانداز۔ ایک پہاڑی قوم۔ وہ سپاہی جو ہر وقت تیر کمان سے لیس ہے۔

دَھاوا:- (ہ۔مذ) یورش۔ چڑھائی۔ ہلا۔ حملہ۔ دھاوا کرنا۔ چڑھائی کرنا۔ حملہ کرنا۔ دھاوا مارنا۔ بڑا لمبا سفر طے کرنا۔ بڑھتے چلے جانا۔ دھاؤ دھاؤ کرم کا لکھا سو پاؤ۔ بڑا محنت کرو مگر قسمت کا لکھا ملتا ہے۔

دھائیں:- (ہ۔مو) توپ کی آواز۔ دھوں دھائیں دھائیں (مو) توپوں بندوقوں کی متواتر آواز۔ دھائیں دھائیں کرنا۔ چائیں چائیں کرنا۔ شور مچانا۔ اپنی کہے جانا۔ دوسرے کی نہ سننا (دھائیں دھائیں کیے جاتے ہو دوسرے کی بھی تو سنو) دھائیں سے۔ دن سے۔ دھوں سے۔

دَھبّا:- (ہ۔مذ) داغ۔ نشان۔ ٹیکا۔ عیب۔ بیجا تہمت۔ (پڑنا۔ لگنا۔ ڈالنا۔ لگانا) دھبا دینا دھبا نمایاں کرنا۔

دَھب دَھب:- (ہ۔مو) بھدے آدمی کے پاؤں کی آواز۔ موٹے آدمی کے چلنے کی آواز۔

دَھبلا:- (ہ۔مذ) عورتوں کا ڈھیلا ڈھالا تہ بند۔ لہنگا۔ گھگرا۔ بے قطع ڈھیلا پاجامہ۔

دَھپ:- (ہ۔مذ) تھپیڑ۔ دھول۔ خسارہ۔ دھپا (مذ) دھپ۔ دھپنا۔ دھپ مارنا۔

دھپا۔ (ہ۔دینا۔ لگانا۔ مارنا) نقصان۔ دھپاڑ کا (دوڑ کا تابع) دوڑ۔ دھپیانا۔ چانٹے مارنا۔ دھپے جانا۔ دھپوں سے مارا جانا۔

دَھت:- (ہ۔مو) لت۔ عادت۔ خراب عادت۔ دھن۔ ہاتھی کے چلانے اور ہمت دلانے کی آواز۔ ؎ چکبست

دَھسک: (ہ - مو) کھانسی۔ خفیف کھانسی۔ دھسکا (ہ - مذ) کھانسی۔ دھانس۔

دَھسنا (دھنسنا): (ہ) پھنسنا۔ دلدل میں گھسنا۔ زمین کا اندر کی طرف جانا۔ گھس جانا۔ نظم: شیر کی طرح جری دھس گئے تلواروں میں

دَھک: (ہ - مو) چھوٹی جوں۔ حیران۔ **دھک دھک** (مو) دل کی دھڑکن۔ گھبراہٹ۔ **دھک دھک کرنا**۔ دل دھڑکنا۔ تڑپنا۔ بیقرار ہونا۔ **دھک دھکا** (مذ) دل کی دھڑکن۔ اختلاج قلب۔ **دھک سے رہ جانا**۔ متحیر ہو جانا۔ حیرت زدہ ہو جانا۔

دَھکّا: (ہ - مذ) صدمہ۔ ہچکولا۔ نقصان۔ ضرر۔ آفت۔ بلا۔ **دھکا پڑنا**۔ صدمہ پہنچنا۔ **دھکا پیل** (مو) دھکم دھکا۔ ریلا پیلی۔ **دھکا پیلی کرنا**۔ دھکیلنا۔ ریلنا۔ **دھکا کھانا**۔ صدمہ اٹھانا۔ نقصان اٹھانا۔ **دھکم دھکا** (مذ) آپس کی ریل پیل جو بھیڑ میں ہوتی ہے۔ **دھکے دینا**۔ گردنی دے کر نکال دینا۔ **دھکے کھاتے پھرنا**۔ مارے مارے پھرنا۔

دُھکڑ پکڑ: (ہ - مو) دھک دھک۔ بیقراری۔ گھبراہٹ۔ تردد۔ امید و بیم۔ خوف و رجا۔ تذبذب۔ پس و پیش۔

دَھکیانا: (ہ) دھکا دینا۔

دَھکیلنا: (ہ) ریلنا۔ ٹھیلنا۔ دھکا دینا۔ ڈھکیلنا۔

دُھگدگی: (ہ - مو) دیکھو دُگدگی۔

دَھگڑا: (ہ - مذ) شوہر۔ یار۔ آشنا۔ عاشق

کیا خوب ہوا یہ طرفہ جھگڑا چھینا تو نہیں کسی کا دھگڑا

دُھلانا: (ہ) دھونا کا متعدی۔ **دھلائی** (مو) کپڑے دھونے کی اجرت۔ دھلوائی۔ **دھلنا**۔ دھویا ہوا۔ **دھلوانا**۔ دھلانا۔ **دھلے دھلائے**۔ دھوئے ہوئے۔ **دھلی**۔ دھوئی ہوئی۔

دَھلدَھل: (ہ) خون وغیرہ کا زیادہ بہنا۔ جس سے آواز نکلے۔

دُھلینڈی: (ہ - مو) ہولی کا دوسرا دن۔

دَھم: (ہ - مو) گرنے کی آواز۔ دھماکا۔ کودنے کی آواز۔ **دھم سے**۔ زور سے۔ دھم کے ساتھ۔ انشا

دیوار پھاندنے میں دیکھو گے کام میرا
جب دھم سے آ کہوں گا صاحب سلام میرا

دھما چوکڑی (مو) اچھل کود۔ ہنگامہ۔ دھوم۔ شورش۔ بچوں کا اچھلنا۔ **دھما دھم** (مو) کودنے اور گرنے کی آواز۔ زمین پر زور سے پاؤں مارنے کی آواز۔ **دھماکا** (مذ) کودنے کی آواز۔ زمین پر زور سے پاؤں مارنے کی آواز۔ [illegible] توپ لادنے کی۔

دُھمال: (ہ - مو) کود پھاند۔ اچھل کود۔ قلندر فقیروں کا کودنا۔ شور و غل۔ دھوم دھام۔ ایک قسم کا راگ۔ **دھمال کھیلنا / مچانا**۔ اچھلنا۔ کودنا۔ قلندروں کا سنگی دکھانا۔ اثر خسروی

آٹھ پہر دھمال مچاتا پیٹ کا ہلکا اترا پانی

دھمالیہ (مذ) دھمال کرنے والا فقیر۔ آگ میں کودنے والا فقیر۔

دَھمک: (ہ - مو) پاؤں کی آواز (سند کے لیے دیکھئے پ)۔ آہٹ۔ وہ صدمہ جو سخت آواز سے دل و دماغ کو پہنچے۔ خفیف درد۔ **دھمکانا**۔ ڈرانا۔ خوف دلانا۔ ڈانٹنا۔ سرزنش کرنا۔ **دھمکنا**۔ خفیف درد سر ہونا۔ کوئی چیز کوٹنا۔ یکایک کہیں پہنچ جانا۔ **دھمکی** (مو) گھرکی۔ تنبیہ۔ **دھمکی دینا**۔ ڈرانا۔ دھمکانا۔ [1]

دُھملا: (ہ - مذ) دُھندلا۔

دَھموکا: (ہ - مذ) گھونسا۔ دُھمکا [2]

دُھن: (ہ - مو) راگ کی آواز۔ تصور۔ [illegible] شوق۔ لگن۔ سرگرمی۔ [illegible] گانے کی طرز۔ **دھن باندھنا**۔ [illegible] **دھن بندھنا**۔ لازم۔ [illegible] خیال بندھنا۔ **دھن لگنا**۔ دھیان لگنا۔ [illegible] ہونا۔ **دھن سے کوئی دھرم کھوئے کوئی**۔ پھوٹی گوری کی حالت

دَھن: (ہ - مذ) مال۔ دولت۔ جائداد۔ برج قوس۔ منطقۃ البروج۔ توپ کی آواز۔ نصیب۔ طالع۔ **دھن بھاگ**۔ خوش قسمتی کی جگہ۔ طنزاً بدقسمتی کی جگہ۔ **دھن ہے**۔ آفرین ہے (طنزاً) یہ کیا کیا۔

دُھنّا: (ہ - مذ) دُھنیا۔ روئی دھنکنے والا۔

دُھننا: (ہ) روئی صاف کرنا۔ دھنکنا۔ مارنا۔ پیٹنا (آج اسے خوب دھن دیا) [illegible]

[1] دھمکا: [illegible] کٹنے کا [illegible] [2] دھمکا۔ گھونسا

جیسے سردھنا۔ سرزنش

دَھنا :- (ہ) دیکھو دھرنا۔ (کا ایک تلفظ ناک)

دَھنا سری :- (ہ۔ مو) مالکوس کی ایک راگنی۔ کشتی کا ایک داؤں۔ **دَھنا سیٹھ** ۔ دھنی۔ مالدار دولت مند مفلس۔ سرکش۔ شہ زور۔

دَھنتر :- (ہ) مالدار۔ دولت مند۔ زبردست۔ زورآور سرکش۔ **دَھنتری نکل جانا** شیخی اور غرور مٹ جانا۔

دُھند :- (ہ۔ مذ) ایک مرض جس سے آنکھوں کی روشنی میں فرق آ جاتا ہے۔ **دھند** ۔ اندھا کے ساتھ بولا جاتا ہے۔ اندھا دھند۔

دَھندا :- (ہ۔ مذ) کام کاج۔ کاروبار۔ مصروفیت پیشہ۔ ہنر۔

دُھندلا :- (ہ) ایک رنگ کا نقش بے نور۔ گدلا۔ مدھم کم چمک کا۔ غیر شفاف۔ **دھندلا دکھائی دینا** ۔ کم نظر آنا۔ صاف نظر نہ آنا۔

دُھندلانا :- (ہ) دھندلی کرنا۔

دُھندلکا :- (ہ۔ مذ) صبح الصباح۔ جب کچھ تاریکی باقی ہو۔ نور کا تڑکا۔

دُھندلے :- (ہ۔ مذ) گرد و غبار۔ جیسے دھوکے

دَھنک :- (ہ۔ مو) قوس قزح۔ وہ رنگیلی کمان جو آسمان پر نظر آتی ہے۔ پتلا گوٹا۔ ایک قسم کی اوڑھنی۔

دَھن کُٹی :- (ہ۔ مو) دھان کوٹنے کی اوکھلی اور موسل ایک چھوٹا کیڑا۔ وہ شخص جو بہت چلاتا رہے۔ **دھن کٹی کرنا** ۔ دھانوں کو کوٹ کر چاول نکالنا۔ خوب پیٹنا۔ پیٹھ نکالنا۔

دُھنکنا :- روئی صاف کرنا۔ بری طرح مارنا۔ **دُھنکی** ۔ (مو) روئی دھننے کی کمان

دَھنی :- (ہ) مالدار۔ دولت مند۔ صاحب اقبال۔ خوش نصیب۔ استاد کامل۔ کسی فن میں پوری پوری واقفیت رکھنے والا۔ کسی چیز کو حد کمال تک انجام دینے والا۔ [illegible] و دھنی۔

دُھنکی :- (ہ۔ مو) شہتیر۔ کڑی۔

دَھنیا :- (ہ۔ مذ) کشنیز۔ **دھنیے کی کھوپڑی میں پانی** پلانا۔ دشوار کام کا حکم دینا۔

دُھنیا :- (ہ) روئی دھننے والا۔ نداف۔

دَھو :- (ہ۔ مذ) ایک قسم کا درخت جس کی لکڑی کھڑ بنانے کے کام آتی ہے۔

دُھواں :- (دھنواں۔ ہ۔ مذ) دود۔ دخان۔ دھ۔ کثیف بخارات جو کسی چیز کے جلانے سے بہ رنگ سیاہ اوپر کو جاتے ہیں۔ **دھواں بکھیر دیا** ۔ ہرا دیا۔ لاچار کر دیا۔ **دھنوانا** ۔ کسی چیز میں دھوئیں کی بو یا سیاہی آ جانا۔ **دھواں اٹھنا** ۔ دھواں نکلنا۔ آتش نکلنا دھواں جانا۔ دھرانا۔ **دھواں چھوڑنا** ۔ سگرٹ حقے یا انجن کے دھوئیں کو کسی طرف پھینکنا۔ **دھواں دھار** صاف سیاہ۔ نہایت کالا۔ پرجوش (دھواں دھار تقریر)۔ **دھواں دھار برسنا** ۔ زور سے برسنا۔ جھم جھم مینہ برسنا۔ جھما جھم مینہ پڑنا۔ **دھواں دھار ہونا** ۔ نہایت تاریکی چھا جانا۔ گھٹا ٹوپ اندھیرا ہو جانا۔ **دھواں دینا** کسی چیز کے جلنے سے دھواں نکلنا۔ **دھواں رمنا** ۔ دھواں بھرنا (نیز دیکھو دھوئیں)۔ **دھواں گھٹنا** ۔ کسی بند مکان میں دھواں جمع ہو جانا۔ **دھواں نکلنا** ۔ سلگنا۔ **جلنا** ۔ دھواں اٹھنا۔ **دھوانسا** ۔ وہ کھانا جس میں دھواں رچ گیا ہو۔

دھوبَن :- (ہ۔ مو) دھوبی کی بیوی۔ کپڑے دھونے والی عورت۔ ایک چڑیا۔ **دھوبی** (مذ) کپڑے دھونے والا۔ **دھوبی پاٹ** (مذ) کشتی کی ایک پیچ جس میں حریف کو کمر لاد کر پٹخ مارتے ہیں۔ دھوبی کے کپڑا دھونے کی سل۔ تختہ۔ **دھوبی سے بس نہ چلے گدھیا کے کان کاٹے** ۔ زبردست پر زور نہ چلا تو کمزور کو دبایا۔ **دھوبی کا چھیلا** ۔ پرائے مال اڑانے والا۔ **دھوبی چھیلا** ایک اچھلا ایک میلا۔ [illegible] وضع کا آدمی۔ بے جوڑ بنئے اور اجلے کپڑے پہننے والا۔ **دھوبی کا کتا نہ گھر کا نہ گھاٹ کا** ۔ شخص نکما اور بے کار آدمی۔ **دھوبی کے گھر پڑا چور وہ کیا لیے اور کسی کے** [illegible] نقصان ہوتا۔

دُھوپ :- (ہ۔ مو) سورج کی روشنی۔ سورج کی گرمی۔ **دھوپ چڑھنا** ۔ دن چڑھنا۔ [illegible] نکلنا۔ **دھوپ چھاں یا دھوپ چھاؤں** ۔ [illegible] اور سایہ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس میں سایہ پڑتا ہے۔ [illegible]
تھا فرش ہر شجر کے تلے دھوپ چھاؤں کا
آخر [illegible] آرزو
چھاؤں اسی کی ڈھونڈے جس کی سب پہ ہے چھایا

دھوپ دان یا دھوپ دانی (اوّل مذکر دوم مونث) وہ ظرف جس میں آگ رکھ کر خوشبودار چیزیں ڈال کر جلاتے ہیں۔ **دھوپ دینا یا دکھانا** - دھوپ میں سکھانا یا خشک کرنا۔ دھوپ میں رکھنا۔ **دھوپ گھڑی** (مو) ایک قسم کی گھڑی جس پر سورج کی روشنی پڑنے اور سائے کے گھٹنے بڑھنے سے وقت معلوم کرتے تھے۔ **دھوپ میں بال یا سر یا چونڈا سفید کرنا** - بڑھاپے تک تجربہ کار نہ ہونا۔ **دھوپ میں جِنواڑوں گا** - کونڈے میں سر دوں گا۔ بچوں کو مزاحیہ تنبیہ۔ **دھوپ نکلنا** - آفتاب کا افق یا ابر سے نمایاں ہونا۔ سورج نکلنا

دُھوت : (ہ) کتے کے جھنانے کی آواز۔ جیسے دُور ہو۔ ہٹ۔

دَھوتَر : (ہ۔ مو) ایک دیسی موٹا چھد را کپڑا

دُھوتو : (ہ۔ مذ) ترم۔ بگل۔ تری وغیرہ جو منہ سے بجاتے ہیں

دھوتی (ہ۔ مو) ساڑی۔ لمبی باریک تہ بند۔ **دھوتی بندہ** - دھوتی باندھنے والا۔ بنیا۔ بقال۔

دھوڑا اِبل گیا : طاقت ختم ہو گئی۔ پہلی کی سی حالت نہیں۔

دھور : (ہ۔ مذ) ایک قسم کی فاختہ

دُھورا : (ہ۔ مذ) ایک قسم کی پسی ہوئی خشک دوا جو زخم پر چھڑکی جاتی ہے۔

دُھورے : (ف) قریب۔ پاس۔ نزدیک متصل۔

دُھوسنا : (ہ) ٹھونسنا۔ ٹھانسنا۔

دھوک (ہ۔ مو) کلابتون بٹنے کی سلائی۔ **دھوکا** (مذ) فریب۔ حیلہ۔ مکر۔ دغا۔ چھل۔ مغالطہ۔ غلط فہمی۔ **دھوکا اٹھانا** - دھوکا کھانا۔ **دھوکا دھڑی** (مو) فریب بازی۔ حلف دروغی۔ **دھوکا کھانا** - فریب میں آنا۔ غلطی میں پڑنا۔ غلطی کرنا۔ **دھوکے باز** - فریبی۔ دم باز۔ مکار۔ دغاباز۔ **دھوکے کی ٹٹی** (مو) وہ ٹٹی جس کی اوٹ میں شکاری بیٹھتے ہیں۔ دکھاوے کی چیز۔ فریب میں لانے والی چیز۔ ظاہری چیز۔

دھول (ہ۔ مو) گرد۔ خاک۔ ریگ۔ ریت۔ راکھ۔ **دھول اڑانا** - گرد اڑانا۔ بدنام کرنا۔ [illegible] کوشش کرنا۔ خرچ کر ڈالنا۔ **دھول جھاڑنا** - ناک جھاڑنا۔ زدوکوب کرنا۔ **دھول کی رسی بٹنا** - ناممکن بات کی کوشش۔ بے فائدہ محنت کرنا۔ **دھول کی لٹھ لگانا** - جھوٹ بولنا

دَھول : (ہ۔ مو) چھاپا۔ تھپڑ۔ نقصان۔ خسارہ۔ جوار کا ہرا پتا جسے گنے کی طرح چوستے ہیں۔ بخت کی مُنافظہ فاختہ۔ **دھول جڑنا** - تھپڑ مارنا۔ **دھول دھپا** (مذ) چپا تی چٹول۔ ایک دوسرے کے سر پر تھپڑ مارنا۔ **دھول کھانا** - چانٹا کھانا۔ **دھول لگنا** - چانٹا لگنا۔ خسارہ ہونا۔ نقصان ہونا۔

دَھولا : (ہ) سفید رنگ (گنوار) **دھولا پڑنا** - زرد پڑنا۔ **دھولاپن** (ہ۔ لی) سفیدی

دھولبا پیر - ایک فرضی پیر جس کی دوکھیل میں قسم کی تے ہیں۔ **دھولیا پوت** - لڑکوں کا کھیل کہ ایک کو مزم بناتے ہیں۔ وہ اپنی برات کے لیے دوسرے کی ہتھیلی میں مٹی رکھوا کر اپنی مٹی میں تنکا کر رکھتا ہے پھر اسے منہ سے اٹھانے کی کوشش کرتا ہے۔ وہ لڑکا اس کے منہ میں مٹی بھر دیتا ہے۔

دُھوم : (ہ۔ مو) شور۔ غل۔ ہنگامہ۔ شہرت۔ اعلٰی افواہ۔ خبر۔ ایک قسم کا زمین کا کام۔ **دھوم دھام** - **دھوم دھڑکا** - شان و شوکت۔ طمطراق۔ بھیڑ بھاڑ۔ زور شور۔ ریل پیل۔ غل شور۔ آواز۔ غلغلہ۔ چرچا۔ شہرہ۔ ہنگامہ (اٹھنا۔ پڑنا۔ ڈالنا۔ کرنا۔ مچانا۔ مچنا۔ ہونا) **دھوم سے** - کر و فر۔ باجے گاجے سے۔ تزک و احتشام سے۔

دُھوما : (ہ۔ مذ) ایک قسم کا کبوتر

دَھومک دھیا : (ہ۔ مو) غل شور۔ دھوم۔ ہنگامہ۔

دَھول : (ہ۔ مو) کھانسنے کی آواز۔ **دھول دھول کرنا** - بار بار کھانسنا

دُھول : (ہ۔ مو) بندوق یا توپ کی آواز۔ **دھول دھول** (مو) بندوق یا توپ کی لگاتار آواز۔ **دھول دھول کا** - زور کا بخار یا درد کی [illegible]

دُھون : (ہ۔ مذ) بیس سیر کا وزن۔ آدھا من

دُھونا : (ہ۔ مذ) رال۔ ایک قسم کا گوند جو آگ کو بہت جلد قبول کرتا ہے۔ ایک قسم کا روغن جو کشتی کے بیچ لگا دیتے ہیں تاکہ پانی اثر نہ کرے۔

دھونا : (ہ) پانی سے صاف کرنا۔ زائل کرنا (کسی بات کو دل سے دھو ڈالنا)

دُھونتال: (ہ) مو۔ جلدی کام کرنے والی۔ کام میں ہوشیار۔

دَھونس: (ہ) مو۔ دھمکی۔ تہدید۔ دم جھانسا۔ دھوکا۔ دَھونس دینا۔ دھمکی دینا۔ فریب دینا۔

دَھونسا: (ہ۔ مذ) بڑا نقارہ۔ دَھونسا کھانا۔ سر پھرنا۔ شامت آنا۔

دَھونسیا: (ہ) مکار۔ فریبی۔ دغاباز۔

دَھونک: (ہ۔ مو) دل کی گرمی کے باعث پیاس کی شدت۔ دَھونکنی (مو) دیکھو دھونک۔ دَھونکنا۔ آگ پھونکنا۔ دھونکنی سے آگ پھونکنا۔ دھونکنی مو۔ آگ پھونکنے کا آلہ۔ وہ نکال جس سے لوہار آگ دھونکتے ہیں۔ دھونکنی لگنا۔ سانس پھولنا۔ دم پھولنا۔

دُھونی: (ہ۔ مو) کسی چیز کو جلا کر دھواں اٹھانا۔ ہندو فقیروں کی آگ کا ڈھیر۔ وہ دھواں جو کسی خوشبودار چیز کے جلنے سے نکلے۔ دھونی جگانا یا رمانا یا لگانا۔ کسی جگہ آگ جلا کر جوگیوں کی طرح ہو بیٹھنا۔ فقیر ہو بیٹھنا ؂

یہیں اب تو دھونی رما اے جنوں
در پہ بیٹھے آنکھیں جما اے جنوں ؂ شوق آتش

زاہدو عرش اعظم کا ہے آو جھکاتی کو
در فریادرس پہ چل کے اب دھونی رمانی ہے

دُھووَن: (ہ۔ مذ) دھلی ہوئی چیز کا پانی۔ وہ پانی جس میں کوئی چیز دھوئی گئی ہو۔

دھوئیں اڑانا: (ہ) جلا کر خاک سیاہ کر دینا۔ تباہ و برباد کرنا۔ دھوئیں اڑنا۔ لازم ؂

دھوئیں اڑیں تو غضب ہو وہ غارت گر بھی بڑے ؂ دبیر

دھوئیں کے بادل اڑانا۔ حقے کے کش لگاکر منہ سے بہت سا دھواں نکالنا۔ بے سروپا خبریں مشہور کرنا۔

دھویا دھایا: (ہ) مذ۔ صاف ستھرا۔ بے غیرت۔ بے شرم۔ سادہ لوح۔ پاک صاف۔ دھویا دیدہ۔ بے لحاظ۔ بے شرم۔ بے حیا۔ شوخ چشم۔

دِھی: (ہ۔ س۔ مو) بیٹی۔ دختر۔

دھیان: (ہ۔ مذ) خیال۔ تصور۔ مراقبہ۔ لحاظ۔ دھیان۔ توجہ۔ دھیان بٹانا۔ توجہ کسی دوسری طرف کرنا۔ دھیان دینا یا لگانا۔ توجہ کرنا۔ کسی کام کو دل لگا کر کرنا۔ دھیان سے۔ توجہ سے۔ خیال سے۔ دھیان سے اترنا۔ یاد نہ رہنا۔ بھول جانا۔ دھیان کرنا۔ توجہ کرنا۔ خیال کرنا۔ سوچنا۔ سمجھنا۔ دھیان لگنا۔ خیال ہونا۔ توجہ ہونا۔ دھیان میں آنا۔ خیال میں آنا۔ ذہن پر چڑھنا۔ دھیان میں نہ لانا۔ خیال میں نہ لانا۔ توجہ نہ کرنا۔ دھیانی۔ خدا سے لو لگانے والا۔ صاحب تصور۔ گیانی۔ دھیانی (اپنے گھرانے کی لڑکی اور اس کی اولاد۔

دھیجو: (ہ) پہلی بیوی کے مرنے پر دوسرا نکاح کرنے والا۔ (آلنک) دوہاجو۔

دِھیرا: (ہ) وحشی جانور جو رام ہو گیا ہو۔ وہ شخص جس کا غصہ اتر گیا ہو۔ دھیرا کرنا۔ وحشی کو رام کرنا۔ نرم باتوں سے کسی کا غصہ اتارنا۔

دِھیرَج: (ہ۔ مو) صبر۔ استقلال۔ استقامت۔ تشفی۔

دِھیرے دِھیرے: (ہ) آہستہ۔ بہلے بہلے۔ دھیمے دھیمے۔ درجہ بدرجہ۔

دھیلا: (ہ۔ مذ) آدھا پیسہ۔ ادھیلا۔

دھیلی: (ہ۔ مو) نصف روپیہ۔ اٹھنی۔

دِھیما: (ہ) آہستہ۔ (نرم مزاج آدمی) سست۔ مدھم۔ مثلاً آواز یا چال وغیرہ۔ دھیمی ہو ؂ تسلیم

وہ گل ہے محو خواب نہ بلبل
ذرا دھیمی رہے آواز بلبل

دھیما کرنا۔ زور گھٹانا۔ نرم کرنا۔ غصہ فرو کرنا۔ ٹھنڈا کرنا۔

دِھیمر: (ہ۔ مذ) مچھوا۔ کہار۔ کالا کلوٹا۔

دِھیں دھوکر اللہ میاں کے نوکر: (ہ) آزاد۔ خودسر۔ دھیں دھوکڑی۔ (مو) زبردستی۔

دِھینگ۔ دِھینگا: (ہ) مشٹنڈا۔ موٹا۔ طاقتور۔ ڈھینگرا۔ دھینگ کی تصغیر۔ دھینگا دھینگی (مو) زبردستی۔ جبر سے۔ بزور۔ دھینگا مشتی (مو) ہاتھاپائی۔ کشتی۔ گھونسے مکے کی لڑائی۔

دھینور: (ہ) دیکھو دھیمر۔

دِھیوت: (ہ۔ مذ) سات سُروں میں سے ایک سُر۔

دی: (ف۔ مذ) گزرا ہوا کل (الامس) ؂ غالب

فرد او ذی کا نشہ دم یک زدمٹ گیا
تم کیا گئے کہ ہم پہ قیامت گزر گئی

دے: (ف - مذ) دسواں شمسی مہینہ جس میں خزاں ہوتی ہے۔ سودا
اُٹھ گیا بہمن و دے کا چمنستان سے عمل

دے پٹکنا - کوئی شے زور سے اُٹھا کر پٹک دینا۔ دے دھواں دھوں - کسی کو پیٹ ڈالنے کی آواز - دے دے پٹکنا - لگا تار کوئی چیز اُٹھا اُٹھا کر پٹکنا - دے دے مارنا - لگاتار کسی چیز کو پٹکنا - دے دینا۔ دے ڈالنا - کسی کو کوئی چیز مفت دے دینا - دے مارنا - پٹک دینا - پھینک دینا - زمین پر پٹک دینا -

دیا: (ہ - مذ) چراغ - دیا بتی - چراغ جلانا۔ دیا سلائی - چراغ جلانے کی تیلی - جس کے سرے پر مسالہ لگا ہوتا ہے - وہ عورت جو لڑائی کی آگ لگاتی پھرے -

دیا: (ہ) بخشا ہوا - دیا ہوا - جمع داغ
سب کچھ ہمارے پاس ہے اللہ کا دیا

دیا کھانا - کسی کی امداد سے گذر اوقات کرنا - دیا لیا (مذ) خدا کی راہ پر دیا ہوا - بھلائی (جیسے کچھ دیا لیا ہی آڑے آتا) دیا لیا آڑے آنا - خیر خیرات کا کام آنا - دیا لیا آگے آنا - خیر خیرات کے باعث کسی مصیبت سے بچ جانا - دیے کا چراغ نہیں بڑھتا - جود و بخشش ہمیشہ باقی رہتی ہے - دیے کی روشنی محشر تک ہے - خیر خیرات کرنے والے کا نام ہمیشہ زندہ رہتا ہے - خیر خیرات قیامت میں کام آتی ہے -

دَیا: (ہ - مو) بخشش - ہمدردی - مہربانی

دِیار: (ع - مذ) ملک - شہر - عیاں
نہ کوئی دوست نہ یار ہے مرا ساتھ لوگوں پہ بار ہے
مرا کوئی گھر نہ دیار ہے میں شکستہ رہگذر سے خوش
ایک قسم کی عمارتی لکڑی - دیودار -

دیارا: (ا - مذ) وہ زمین جو دریا کے ہٹ جانے سے نکل آئے - دریا برآمد -

دَیافوزا: (یو - مذ) خشخاش کا شربت

دَیالو: - بہت سخی (ہندوؤں کا روزمرہ)

دیانت: (ع - مذ) ایمانداری - راستی - صدق - امانت - دیانت دار - ایمان دار - سچا - صادق - امین - دیانت داری (مو) ایمانداری - صداقت -

دیبا: (ف - مذ) ایک باریک اور نقش والا ریشمی کپڑا - اطلس -

دیباچہ: (ف - مذ) مقدمۂ کتاب - تمہید

دیبی: (ہ - مو) ملکہ - رانی - دیوی (ہندوؤں کا روزمرہ ہے)

دیپ: (ہ - مذ) جزیرہ - ٹاپو - برّ اعظم (سنسکرت دیپ) نیز چراغ - دیپ مالا مو چراغوں کی قطار -

دیپک: (ہ - مذ) ایک راگ جس کے اثر سے کہتے ہیں کہ آگ لگ جاتی ہے - ایک قسم کی آتش بازی

دیت: (ع - مو) خوں بہا - شرعی طور پر خون کے عوض میں جرمانہ (لینا - دینا - پہنچنا) سے قلق
قاتل پہ میرے میری پہنچتی نہیں دیت
گلگیر نے دیا ہے کبھی خوں بہائے شمع

دیتا بھولے نہ لیتا: (ا) سیدھا اور صاف معاملہ۔

دیجور: (ف) اندھیری رات - اندھیرا -

دید: (ف - مو) دیدار - نظارہ - نگاہ - نظر - دید شنید وہ جس سے واقفیت ہو - واقفیت - دید نہ شنید - دیکھا نہ سنا - انوکھا - نایاب -

دیدار: (ف - مذ) جلوہ - درشن - نظارہ - صورت - چہرہ (کرنا - ہونا - دیکھنا - پانا) دیدار بازی - (مو) نظارہ بازی - تاک جھانک -

دیدان: (ع - مذ) کیڑا - غالب
افسوس کہ دیدان کا کیا رزق فلک نے
جن لوگوں کی تھی در خور عقد گہر انگشت

دیدہ: (ف - مذ) آنکھ - آنکھ کا ڈھیلا - دلیری - جرأت - بے باکی - اسیر
لڑتی ہے آنکھ اس سے ڈرتی نہیں ہے
ذرا دیدہ دیکھے کوئی آرسی کا

دیدہ بازی (مو) نظر بازی - دیدہ بڑا ہے - ڈھیٹ ہے - دیدہ بہہ جانا - دیدے کا بیٹھ جانا - دیدہ پھٹ جانا - حیرت سے دیکھتا جانا - نڈر اور بے باک ہو جانا - دیدہ پھٹی - بڑی بڑی بھونڈی آنکھوں والی - بے شرم

جو صدر رندوں کا دیکھا چاہیے

دیکھا دیکھی - ریس کرکے - **دیکھا کرے** - خوبصورتی کی تعریف میں بولتے ہیں - جس کے دیکھنے سے جی کبھی سیر نہ ہو. **دیکھا کیا ہے** - کم تجربہ - کم سن ہے - **دیکھا نہ بھالا - صدقے گئی خالہ** - خواہ مخواہ کی تعریف - **دیکھا نہ سنا** - لاثانی - انوکھا - آنکھوں دیکھا نہ کانوں سنا - **دیکھا نہیں** کبھی دیکھنے کا اتفاق نہیں ہوا - **دیکھتا کیا ہے** - کیا سوچتا ہے - **دیکھتے دیکھتے** - آنکھوں کے سامنے - روبرو. **دیکھتے رہ جانا** - قابو نہ چلنا - حیرت میں رہ جانا - سکتے میں آ جانا - **دیکھتے ہی** - نظر ڈالتے ہی - فوراً نگاہ کے ساتھ - **دیکھتی آنکھوں جیتی مکھی نہیں نگلی جاتی** - سمجھنے بوجھنے کے بعد غلطی نہیں کی جاتی - **دیکھنا** - معائنہ کرنا - ملاحظہ کرنا. خیال رکھنا - (بازار جاتے ہو دیکھنا ایسا کپڑا کہیں ہے یا نہیں) خیال کرنا - غور کرنا (دنیا کا رنگ دیکھو تو حقیقت معلوم ہو) ڈھونڈنا (ادھر ادھر دیکھتا ہوں پتہ نہیں چلتا) آزمانا - امتحان کرنا ؎ شعور

ہوئے بیمار ہم پوچھا نہ تو نے دیکھنا کیسا
تری مہر و محبت ہم نے بس اے یار دیکھی ہے

خبردار ہونا - ہوشیار رہنا (دیکھو آئندہ ایسی خطا نہ ہو) لحاظ کرنا - خیال کرنا (اپنی طرف دیکھو اس کی باتوں پر نہ جاؤ) سوچنا سمجھنا (دیکھ کر بات کرو) کرنا (مطالعہ دیکھا ہو تو سبق پڑھو) پانا ؎

جسے سہل سمجھتے تھے دشوار دیکھا (شعور)

بدلہ لینا (دیکھا جائے گا) برداشت کرنا (ابھی کیا پوچھتے ہو سینکڑوں مصیبتیں ان دو برس میں دیکھیں) پڑھنا - مطالعہ کرنا ؎ داغ

افسوس کہ فرصت میں کبھی غور سے تم نے
افسانۂ ارباب وفا کو نہیں دیکھا

حرف تاکید و تنبیہ (دیکھنا کسی کو خبر نہ ہو) **دیکھنے کو نہیں** - کمیاب ہے نایاب ہے - **دیکھو ایڑی میں گو** (دیکھو اپنی ایڑی میں گو) کسی کو نیچے کی تعریف کرتے ہوئے ٹوکنا جس سے نظر نہیں لگتی - **دیکھو دیکھو** - خبردار - ہوشیار - **دیکھی پیر تیری کرامات** - اصل حال کھل گیا - مجبوری ظاہر ہو گئی **دیکھیے** - دیکھا چاہیے - خدا جانے - واللہ اعلم - **دیکھیے اونٹ کس کروٹ (کل) بیٹھتا ہے** - خدا جانے نتیجہ کیا نکلے - **دیکھیں** - آزمانے کی جگہ بولتے ہیں - نیز معلوم کی جگہ تذبذب ظاہر کرنے کے واسطے بھی استعمال کرتے ہیں۔

دیگ: (ف - مو) کھانا پکانے کا بڑا تانبے کا برتن - **دیگ کھڑکنا** (دلی) دیگیں کھنکنا - دیگیں چڑھنا - بڑی دعوت کا انتظام ہونا - بہت سی دیگوں کا پکنا - **دیگ کی کھرچن بھی بہت ہے** - بہت کا تھوڑا بھی بہت ہے - **دیگچہ** (مذ) چھوٹی دیگ - پتیلا - **دیگچی** (مو) پتیلی - **دیگ میں سے ایک ہی چاول دیکھتے ہیں** - ایک سے سب کی جانچ ہو جاتی ہے -

دیگر: - (ف - مذ) دوسرا - اور۔

دیمک: (ا - مو) ایک قسم کی سفید چیونٹی جو اکثر لکڑی کتاب وغیرہ چاٹ کر خاک کر دیتی ہے - **دیمک کے سے دانت** - نہایت تیز دانت - **دیمک کے** کسی چیز میں دیمک کا پیدا ہو جانا (دیونک)

دِین: - (ف - مذ) مذہب - ملت - ایمان - دھرم - عاقبت - آخرت - **دین پناہ** - حامی دین - **دیندار** - متقی - پرہیزگار - پابند شرع - **دینداری** (مو) اتقا - پرہیزگاری - پابندی شریعت - **دین دنیا سے جانا** - دونوں جہان کے نقصان اٹھانا - **دین و دنیا کی خبر نہیں** - بے فکر - بے ہوش ہے - **دین دنیا کی فکر** - جہان کا غم - دونوں عالموں کے معاملات کی فکر ؎

دین دنیا کی عبث فکر ہے تجھ کو ناسخ
وہی ہوگا جو ارادہ ہے ترے مولا کا

دینی - دین سے نسبت رکھنے والی بات - **دینیات** دین کے مسائل - مسائل کی کتاب -

دَین: - (ع - مذ) قرض - ادھار۔

دین: (ہ - مو) بخشش - عطیہ - احسان و کرم (خدا کی دین) **دین دار** (مذ) قرض دار - مقروض - **دینا** - بخشنا - عطا کرنا - حوالے کرنا - سونپنا - جدا کرنا - بیچنا - مقرر کرنا (دس روپیہ ماہوار دیتے ہیں) نذر کرنا - پیش کرنا - جننا - بچے نکالنا - (بلی نے بچے دیے) چپاتی کرنا - مارنا (یہ سنتے ہی اس نے ایک چانٹا دیا) اسے منہ ڈالنا لگانا (جیسے تعذیر دینا) بند کرنا (زنجیر دینا) مرکبات میں بمعنی تکمیل کار جیسے کر دینا - بھر دینا وغیرہ (مذ) قرض ؎

دینا نہیں ہے آپ کے کچھ قیدگاہ کا

دینا آنا (دلی) اجارہ ہونا - **دینا پڑنا** - (ج - متعدیہ ہو) کہ سرکار کو رقم دینی آئی - (اجتہاد) **دین پانا** - وہ رقم جو کسی کے ذمے ہو - **دین دلانا** - داد و دہش - **دین دہرانا** - مقروض و مغلوب ہونا - **دین لینا** - داد و دہش - جس قدر بڑا **دینے کے نام پر لنڈی تہیں ہے** - بہت کنجوس ہے **دینے کے نام پر کوڑی بھی نہیں دیتے** - بخیل کی حد -

ڈ

ڈ: (مذ) اردو اب ت کا دسواں حرف۔ اس کے اعداد بحساب ابجد چار ہوتے ہیں۔

ڈاب:- (ھ) ایک قسم کی لمبی گھاس جس کا بان بٹا جاتا ہے۔ ڈابھ۔ کچا ناریل۔ پرتلا۔ چمڑے کا کمربند جس کے حلقے میں تلوار لٹکاتے ہیں ؎ نزاکت

آپ کی نازک کمر سے یہ لچک سیکھے ہے
اور کچھ دن ڈاب میں تلوار رہنے دیجیے

ڈابر:- (ھ۔ مو) جھیل۔ نشیب جہاں پانی اکٹھا ہوتا ہے۔ چھوٹا تالاب

ڈابک:- (ھ۔ مذ) کنویں کا تازہ پانی۔

ڈاٹ:- (ھ۔ مو) کاگ جس سے بوتل کا منہ بند کرتے ہیں۔ محراب۔ محراب کے بیچ کا پتھر۔ بغیر کڑی کی چھت جو اینٹوں کی ڈاٹ کھڑی کرکے چونے یا سیمنٹ سے بنائی جاتی ہے۔

ڈاٹ کر بھرنا:- (ھ) ٹھونس کر بھرنا۔ داب داب کر بھرنا۔ منہ تک بھرنا۔ **ڈاٹ لگانا۔** روکنا۔ بند کرنا۔ محراب بنانا۔ چونے کی چھت بنانا۔ **ڈاٹنا۔** روکنا۔ بند کرنا۔ ڈاٹ بند کرنا۔ ٹھونسنا۔ ٹھوس ٹھوس کے بھرنا۔ پہننا (مزے سے شیروانی ڈاٹے ہوئے بیٹھے ہیں)

ڈار:- (ھ۔ مو) پرندوں کا پرا۔ جانوروں کا جھنڈ ؎

ہرنوں کی ڈار بھاگ چلی شیر آگیا دبیر

ڈارلنگ:- (انگ) پیارا۔ پیاری۔

ڈارون:- (انگ) ایک مشہور عالم طبیعات، سیاح اور فلسفی جو اصول ارتقا کا موجد تھا۔ وہ کہتا تھا کہ انسان پہلے بندر تھا۔ پھر اس سے ترقی کرتے کرتے آدمی بن گیا۔

ڈاڑھ:- (ھ۔ مو) جبڑے کے موٹے دانت جن سے غذا چبائی جاتی ہے۔ **ڈاڑھ چھڑ جانا۔** ڈاڑھ گرنا۔ **ڈاڑھ گرم ہونا۔** کچھ کمانا۔ رشوت ملنا۔ **ڈاڑھ نہ لگنا۔** بے چبائے نگل جانا۔

ڈاڑھا:- (مذ) لمبی اور بھاری ڈاڑھی۔

ڈاڑھی:- (ھ۔ مو) ٹھوڑی اور رخسارے کے بال۔ بڑی بڑی پیپل کی جٹائیں۔ بکٹے کے بیٹے۔ **ڈاڑھی پیٹ میں ہونا۔** چھوٹی سی عمر میں بڑوں کی سی باتیں کرنا۔ کمسنی میں عقلمند ہونا۔ **ڈاڑھی پیشاب سے منڈوا دوں گا۔** شرط کے موقع پر کہتے ہیں کہ اگر میرا دعویٰ غلط نکلا تو ایسا کر دوں گا۔ **ڈاڑھی چیر جانا۔** ڈاڑھی کے دونوں طرف کے بالوں کو رخسار پر چڑھانا۔ **ڈاڑھی چھوڑنا۔** ڈاڑھی بڑھانا۔ **ڈاڑھی رکھنا۔** ڈاڑھی منڈوانے کو ترک کرنا۔ **ڈاڑھی کا ایک ایک بال کرنا۔** ڈاڑھی نوچنا۔ عزت بگاڑنا۔ **ڈاڑھیں مار مار کر رونا۔** دیکھو دھاڑیں مار مار کر رونا۔ **ڈاڑھی کا بچہ۔** ڈاڑھی کے وہ بال جو نیچے والے ہونٹ سے اگتے ہیں۔

ڈاک:- (ھ۔ مو) چٹھی رساں کا محکمہ۔ سفر کے لیے گھوڑے یا پالکی وغیرہ کا سلسلہ وار انتظام۔ سواریوں کا دس دس بیس بیس میل کے بعد لگا تار سلسلہ۔ خط وغیرہ جو کہیں سے آئے۔ کسی چیز کا مسلسل آنا۔ قے جو لگاتار منہ سے آئے ؎

کیا چیوں میں ہجر ساقی میں کہ رک جاتی ہے ڈاک
بس کہ میرا ہی شیشے کا گلو ہو جائے گا بحر

ڈاک آنا۔ متواتر خبر آنا۔ خطوط آنا۔ **ڈاک بٹھانا۔** ہرکاروں کی آمد و رفت کا سلسلہ دور دور تک قائم کرنا۔ **ڈاک بند کرنا۔** سلسلہ رسل و رسائل ختم کرنا۔ **ڈاک بنگلہ** (مذ) مسافروں کے ٹھہرنے کا مکان جو سرکار کی طرف سے مقرر ہو۔ سرکاری مسافر خانہ۔ **ڈاک بولنا۔** نیلام کی بولی دینا۔ **ڈاک چوکی** (مو) وہ جگہ جہاں چٹھیوں کا تھیلا ایک ہرکارہ دوسرے ہرکارے کو دے یا مسافروں کے گھوڑے کی بدلی ہو۔ **ڈاک خانہ** (مذ) ڈاک لے جانے والا گھوڑا۔ تیز رفتار آدمی۔ بہت چلنے والا آدمی۔ **ڈاک گاڑی** (مو) وہ ریل گاڑی جس میں ڈاک جاتی ہے اور اس کی رفتار بہت تیز ہوتی ہے۔ **ڈاک لگنا۔** متواتر قے ہونا۔ خبر یا ہرکاروں کا لگاتار آنا۔ **ڈاک والا** (مذ) ڈاکیہ۔ ہرکارہ۔ **ڈاکیا۔** چٹھی رساں۔

ڈاکا:- (ھ۔ مذ) ڈاکوؤں کا حملہ۔ قزاقوں کا دھاوا۔ جبر سے لوگوں کا مال کر چوری کرنا۔ **ڈاکا ڈالنا یا مارنا۔** لوٹنا۔ زبردستی چھیننا۔ **ڈاکو۔** لٹیرا۔ قزاق۔ راہزن۔ دھاڑا مارنے والا۔

ڈاکٹر:- (انگ) ایلوپیتھک یا ہومیوپیتھک طب سے علاج کرنے والا۔ کسی فن میں مہارت کی ڈگری حاصل کرنے والا۔

ڈاکن:- (ھ۔ مو) جادو ٹونا کرنے والی [illegible]

منٹوں کے نشان بنے ہوتے ہیں اور اس پر سوئیاں گھومتی ہیں۔

ڈائمنڈ:- (انگ - مذ - ء کا کسرہ مائل بیائے معروف - م کا کسرہ بیائے مجہول) ہیرا - الماس - تاش کی ایک بازی **ڈائمنڈ جوبلی** - دیکھو جوبلی

ڈائن:- (ہ - مو) ساحرہ - جادوگرنی - کلیجہ کھانے والی عورت - بدصورت اور ڈراؤنی شکل کی عورت - **ڈائن بھی دس گھر چھوڑ کر کھاتی ہے** - ظالم کو بھی محلے اور پڑوسیوں کا کچھ لحاظ ہوتا ہے - **ڈائن کھائے تو منہ لال نہ کھائے تو منہ لال** - ظالم ظلم کرے یا نہ کرے ہر طرح بدنام ہوتا ہے -

ڈائنامیٹ:- (انگ - مذ) ایک قسم کی بارود -

ڈائننگ ہال:- (انگ - مذ) کھانا کھانے کا کمرہ -

ڈب:- (ہ - مو) جیب - کیسہ - قابو - قبضہ - کپڑے بنانے کا گھیرا - گردن (ڈب پکڑ کے لے لوں گا)

ڈبا:- (مذ) بڑی ڈبیا - پسلی کا عارضہ جو اکثر بچوں کو ہو جاتا ہے

ڈباؤ:- (ہ) ڈبو دینے کے قابل پانی جو کافی گہرا ہو - ڈبو دینے والا پانی (ان معنوں میں بواو معروف)

ڈبڈبانا:- (ہ) آنکھوں میں آنسو بھر آنا

ڈبرا:- (ہ - مذ) پانی یا خون جمع ہونے کی جگہ - لہو کا تھکا

ڈبکا:- (ہ - مذ) وہ پانی جو کنویں سے کھینچ کر اسی وقت پییں - خوف - اندیشہ - خطرہ (ان معنی میں بہت کم لوگوں نے استعمال کیا ہے)

ڈبکی:- (ہ - مو) غوطہ - پانی میں سر دبانا (دینا - کھانا - مار لگانا)

ڈبل:- (انگ) دوچند - دگنا - دہرا - موٹا - فربہ - شاہی زمانے کا ایک سکہ جیسے **ڈبل روٹی** (مو) نان پاؤ - وہ خمیری روٹی جو بیکری کے تنور میں بنائی جاتی ہے - **ڈبل کوچ** (مذ) جلد جلد چلنا - دگنی منزل - دگنا سفر

ڈبونا:- (ہ) غوطہ دینا - غرق کرنا - تباہ کرنا - برباد کرنا - بگاڑنا - بنی بات بگاڑنا

ڈبی:- (ہ - مو) چھوٹی ڈبیا - چھوٹی ڈبیا - تیل ڈال کر جلانے کی ڈبی - **ڈبیا** (مو) چھوٹا ڈبا -

ڈپارٹمنٹ:- (انگ - مذ - م کا کسرہ مائل بیائے مجہول) محکمہ - سررشتہ -

ڈپازٹ:- (انگ - مو) امانت - جمع (کرنا - ہونا)

ڈپٹ:- (ہ - مو) گھوڑے کی دوڑ - جست - حملہ - تیز رفتاری - دوڑ - دھمکی - **ڈپٹانا** - پویہ دوڑانا - گھوڑا دوڑانا - **ڈپٹنا** - دوڑنا - تیز جانا - دھمکانا - غصہ ظاہر کرنا - نعرہ مارنا - حملہ کرنا

ڈپٹی:- (انگ) نائب - کسی افسر کا نائب

ڈپلوما:- (انگ - مذ) سند - دستاویز -

ڈپلومیسی:- (انگ - مو) معاملہ کی حکمت عملی - جوڑ توڑ

ڈپو:- (ہ) بہت بڑا - بہت موٹا -

ڈپو:- (انگ - مذ) کوٹھی - تجارت گاہ - غلے وغیرہ کی سرکاری دکان -

ڈپوٹیشن:- (انگ - مذ) وفد - وہ نمائندہ جماعت جو کسی خاص کام کرنے کے لیے مقرر کر کے بھیجی جائے - وفد - وہ عہدہ دار جو ایک محکمے سے دوسرے محکمے کو یا کسی ماتحت حکومت کو عارضی طور پر کام کرنے کے لیے دیا جائے - اسے بھی کہتے ہیں کہ ڈپوٹیشن پر بھیجا گیا ہے -

ڈٹ جانا:- (ہ) حریف کے مقابل جم کر کھڑا ہو جانا - خوب پیٹ بھر کر کھانا - **ڈٹ کر کھانا** - خوب سیر ہو کر کھانا - جم کر کھانا - **ڈٹنا** - جرأت اور دلاوری سے کسی جگہ جمنا - ٹھہرنا - رکنا - مقابلہ کرنا - دیر تک ٹھہرے رہنا - خوب ڈٹ کر کھانا - ڈاٹ لگنا - بند ہونا - **ڈٹے رہنا** - جمے رہنا - جگہ سے نہ ہٹنا -

ڈٹھ بند:- (ہ) جادوگر - کچھ کا کچھ کر دکھانے والا -

ڈٹھون:- (ہ - مذ) دیوالی کے بعد بارھویں دن کا تہوار

ڈٹھیارا:- (ڈٹھ بارا - ہ - مذ) آنکھوں والا - بینا - **ڈٹھیاری** (مو) آنکھوں والی عورت - ایک منتر کی ٹکیلی جو بہت جلد بوجھ لی جاتی ہے -

ڈر:- (ہ - مذ) خوف - اندیشہ - خطرہ - **ڈرا دینا** - ڈر سیدہ کرنا - **ڈرانا** - دھمکانا - خوف دلانا - **ڈرائی** - **ڈراؤنی** - خوفناک - بھیانک - **ڈراوا** (مذ) دھمکی - خوف - دہشت - دھمکانا - **ڈرپوکن** - **ڈرپوکنی** - **ڈرپوک** - بزدل

ڈکر:- (ہ - مذ) بوڑھا - پیر فرتوت - **ڈکریا** - بہت بوڑھی عورت

ڈکرانا:- (ہ) کراہنا - بلانا - گائے بھینس وغیرہ کا دردناک انداز سے بولنا -

ڈکشنری:- (انگ - مو) کتاب لغت -

ڈکوت:- (ہ - مذ) ایک ہندو قوم جس کے افراد باپ کی طرف سے برہمن اور ماں کی طرف سے گوالے ہوتے ہیں -

ڈکوسنا:- (ہ) پینا - گھٹکنا (مختار وہ بولتے ہیں) ڈھکوسنا -

ڈکیت:- (ہ) لٹیرا - راہزن - ڈاکو - **ڈکیتی** - (مو) قزاقی - راہزنی - لوٹ مار - چار سے زیادہ آدمیوں کا مل کر سرقہ کرنا -

ڈگ:- (ہ - مذ) قدم - لمبا قدم - دو قدم کے بیچ کا فاصلہ جو چلنے میں ہوتا ہے - **ڈگ بھرنا** - قدم اٹھانا - قدم رکھنا - **ڈگ رسید کرنا** - لات مارنا -

ڈگا:- (ہ) دبلے اور چھوٹے پاؤں کا گھوڑا -

ڈگانا:- ڈگ کا متعدی - **ڈگڈگا کے پانی پینا** - ایک دم میں بہت سا پانی پینا - بڑے بڑے گھونٹ لینا ؎

حضرت کے سامنے جو پیا ڈگڈگا کے آب (انیس)

ڈگڈگی:- (ہ - مو) بندر والوں کی ڈفلی (بجانا کے ساتھ) ڈھنڈورا (پیٹنا کے ساتھ)

ڈگر:- (ہ - مو) راستہ - سڑک - راہ - روش - طریقہ - **ڈگر ڈگر کرنا** - کمزوری سے کانپتے لگنا (آنکھیں چار دن کے بخار میں ڈگر ڈگر کرنے لگیں)

ڈگرا:- (ہ - مذ) بانس کی ٹوکری -

ڈگری:- (انگ - مو) اعلیٰ امتحان کی سند (بی اے وغیرہ کی سند) درجہ - منزل - مرحلہ (ان کا پارہ آخری ڈگری پر ہے) مدعا علیہ کی ذات اور سامان سے مدعی کا روپیہ زبردستی وصول کرنے کا سرکاری حکم (پانا - ملنا - ہونا - جاری ہونا - جاری کرنا) **ڈگری دار** - وہ شخص جس نے مقروض پر ڈگری حاصل کی ہو

ڈگمگ:- (ہ) لرزتا ہوا - ڈگمگاتا ہوا - کانپتا ہوا - لرزاں - **ڈگمگانا** - لڑکھڑانا - کانپنا - لرزنا - ہلنا - ضعف و ناتوانی سے کھڑے رہنے کی طاقت باقی نہ رہنا - **ڈگنا** - جگہ سے بے جگہ ہونا - سرکنا - ہٹنا - ہلنا - **ڈگمگانا** - محسوس کر بیٹھے گرنا

ڈگن:- (ہ - مو) بانس کی پتلی اور لمبی چھڑ جس کے ایک سرے پر ایک سرا ڈور کا اور ڈور کے دوسرے پر لوہے کا کانٹا باندھتے ہیں - کانٹے سے کچھ دور ہٹ کر ڈور میں ایک چھوٹی نرکل باندھ دیتے ہیں جو پانی پر تیرتی رہتی ہے اور اس سے مچھلی کا شکار کھیلتے ہیں - اسے بنسی ڈگن کہتے ہیں ؎ بحر

دل مردمان آپ کے ہو جائیں گے شکار

جس دن ترے مژہ کی ڈگن دلربا بنی

ڈگی:- (ہ - مو) ڈھنڈورا - اعلان (پٹنا اور پیٹنا کے ساتھ)

ڈل:- (ہ - مذ) دستہ - گروہ - دولت کشمیر کی مشہور جھیل - کند ذہن -

ڈلا:- (ہ - مذ) ڈھیلا - بڑا ٹکڑا (سونے کا ڈلا) **ڈلا سا بھیگ گیا** - ذرا میں خفا ہو گیا - **ڈلے** - ڈلا کی جمع - نیز غصے اور جھلاہٹ کے موقع پر "کچھ نہیں" کے معنی میں بولتے ہیں جیسے کوئی بچہ بار بار پوچھ رہا ہے کہ یہ کیا ہے؟ اور کسی وجہ سے اسے بتانا نہیں چاہتے تو جھلا کر کہتے ہیں "ڈلے"

ڈلانا:- (ہ) جنبش دینا - پھرانا - حیران کرنا - ہچکولے دینا - (جیسے جھولے کو ڈلانا)

ڈلاؤ:- (مذ) غلاظت پڑنے کی جگہ - گھورا - **ڈلاؤ کی گاڑی** - مہتروں کی وہ گاڑی جس پر غلاظت وغیرہ لادتے ہیں -

ڈلک:- (ہ - مو) سونے اور کندن کی چمک دمک جو تھوڑی جو صاف شفاف چیز میں ہوتی ہے ؎ رشک

در نجف میں بال ہے الماس میں ڈلک

تیرے صفائے ساعد و بازو کے سامنے

ڈلنا:- (ہ) پڑنا - گرنا (اب تک ہانڈی میں گوشت نہیں ڈلا)

ڈلی:- (ہ - مو) چھالیا - منجمد چیز کا ٹکڑا - کسی مٹھائی کا ٹکڑا -

ڈلیا:- (ہ - مو) چھوٹی ٹوکری -

ڈلیوری:- (انگ - مو) وضع حمل - بولنے کے وقت الفاظ کی ادائی - تفویض - تقسیم (جیسے ڈاک کی ڈلیوری)

ڈم:- (انگ) گونگا (ڈف اینڈ ڈم اسکول)

ڈمرو:- (ہ - مذ) ایک قسم کی ڈگڈگی

ڈنٹھل:- (ہ - مذ) پودے کی وہ شاخ جس میں پھول آتا ہے -

نہ ہونا۔ نیست و نابود ہونا۔ ع جرأت

رسم اُلفت ہی اٹھی یہ کہیں جائے ڈوب

تباہ و برباد ہونا۔ نقصان ہونا۔ ذلیل ہونا۔ گیا گزرا ہونا۔ بری جگہ جنگہ یا بُرے خاندان سے پالا پڑنا۔ کسی چیز میں کامل طور سے گھس جانا۔ ع

ڈوبی جو بغل میں تو کمر کاٹ کے نکلی ۔ اور ع

کسی گروہ میں گھس کر چھپ جانا۔ ع تعشق

ڈوبی ستم میں ڈوب کے لی تیغ میان سے

پسینے میں غرق ہو جانا۔ کسی خیال میں محو ہو جانا۔ نشے میں چُور ہونا۔ **ڈوبے کنورا پنے گھڑیال**۔ خطا کسی کی سزا کسی کو۔ **ڈوبی ہوئی اسامی**۔ وہ قرضدار جس سے رقم وصول نہ ہوسکے ع غالب

وصل سے ہاتھ دھو بیٹھے اے آرزو خرامی

دل جوش گریہ میں ہے ڈوبی ہوئی اسامی

ڈوبی ہوئی رقم ہری ہونا۔ ایسی رقم مل جانا۔ جس کے ہاتھ آنے کی کوئی امید نہ ہو۔

ڈوپٹا: (ا۔ مذ۔ کک) ڈوپٹہ۔ (دو پاٹ کی اوڑھنی)

ڈوڈا: (ہ۔ مذ) خول۔ وہ چیز جس کے اندر بیج رہتے ہیں۔ (پوست کا ڈوڈا)

ڈور: (ہ۔ مو) دھاگا۔ رشتہ۔ سوت کی باریک بٹی ہوئی تاگا جس پر پتنگ اڑاتے یا مچھلی کا شکار کرتے ہیں۔

غالب زبروست ع بحر

خود بخود دل کو پہنچتی ہے خبر محبوب کی

برق پر بھی یہ الفت کا رشتہ ڈور ہے

ڈور آس اور امید ع سحر

نہ بچی آنکھیں اب اس قاتل سے لڑتا ہے پتنگ

ڈور کی فرمائشیں ہیں یہ بھی سب پر ڈور ہے

ڈور پر لگانا۔ سدھانا۔ ہلانا۔ ڈھب پر ڈالنا۔ **ڈور پر مانجھا دینا**۔ ڈور پر مسالا چڑھانا۔ **ڈور سلجھانا**۔ الجھی ہوئی ڈور کے پھندے نکالنا۔ **ڈور لگنا**۔ لگن۔ خیال میں غرق ہونا۔ **ڈور ہونا**۔ عاشق ہونا۔ مائل ہونا۔ غالب کرنا۔

ڈورا: (ہ۔ مذ) دھاگا۔ بٹا ہوا دھاگا۔ خط لکیر۔ (ڈورا ڈال کر مکان تقسیم کرلو) آنکھ کی رگیں۔ آنکھ کی رگوں کی سرخی (اس کی آنکھ میں ڈورے پڑتے ہیں) آنکھ کی باڑھ ع رشک

ہو۔ ڈھال تم کو بتا میں جو گلعذار

ڈورے میں تیغ کے کوندھوں سہرے کے پھول

کنوا جس میں ڈنڈی لگی ہوتی ہے اور جس سے ڈوری پانی بھلتے یا گھی ڈالتے۔ گرم گھی کو پینے والے ڈولوں میں ڈالنے کو بھی ڈورا کہتے ہیں (چاول ڈورا دے کرا تے۔ نو) کسی کو بہ نظر محبت دیکھ کر مائل کرنا ع برق

ثابت اے رشک قمر ڈورا تمہارا ہوگیا

رشتۂ شمع تجلی آشکارا ہوگیا

وہ خط جو سُرمہ آلود سلائی سے آنکھوں میں کھینچتے ہیں۔ گردن بانہہ، ران اور کمر کی ناپ کا ڈورا۔ ناچنے والوں کی گردن کی جنبش۔ جال دام فریب۔ وہ تاگا جس سے کڑاہی کے کبابوں یا گوشتوں کو باندھ دیتے ہیں۔ **ڈورا بچھانا**۔ ڈورا مروڑنا۔ **ڈورا ڈالنا**۔ دام محبت میں پھنسانا۔ روئی دار کپڑے میں ٹانکے ڈالنا۔ سہرے کا دنبالہ بنانا۔ **ڈورے کترنا**۔ سرنے سے ڈلی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔

ڈورو: (ہ۔ مذ) ایک قسم کا باجا۔ ڈگڈگی۔

ڈوری: (ہ۔ مو) پتلی رسی۔ پانی بھرنے کی رسی۔ خیمے کی رسی۔ طناب۔ رشتہ وغیرہ کا بٹا ہوا ڈورا جو اکثر جو تہیں املیا وغیرہ کے مرے پڑا اٹھتی ہیں۔ وہ رسی جس سے پتنگ کی جاود کسی جاتی ہے (کھینچنا یا کھینچنے کے ساتھ) تجربہ۔ زمین ناپنے کی رسی۔ علاقہ۔ آٹا رکھنے یا دودھ ڈالنے کا کٹورا۔ وہ ٹینہ جس سے کاغذات باندھتے ہیں۔ **ڈوری ڈھیلی چھوڑنا**۔ کسی کی طرف سے غافل ہو جانا۔ دباؤ نہ رکھنا۔

ڈوریا: (ہ۔ مذ) ایک قسم کا دھاری دار باریک کپڑا۔ شکاری کتوں کو محفوظ یا سدھانے والا آدمی۔

ڈوک: (ہ۔ مو) حیوانات کی ایک بیماری جو پھیپھڑے میں ہو جاتی ہے۔

ڈوکر: (ہ۔ مذ) بوڑھا۔ بوکیہ (مو) بڑھیا۔

ڈوکنا: (ہ) بہت سا پینا۔ چوسنا۔ قے کرنا۔ (بیشتر کتوں کے واسطے مستعمل ہے)

ڈوگر: (ہ۔ مذ) ایک ذات کا نام۔ **ڈوگرا** (مذ) راجپوتوں کی قوم جو پنجاب کی شمالی پہاڑیوں میں رہتی ہے۔

ڈول: (ہ۔ مذ) کنوئیں سے پانی بھرنے کا برتن (آبی ظرف)۔ ڈول پر کا دانہ ہے۔ مفت اور بے محنت کا مال ہے۔ **ڈولچی**۔ چھوٹا ڈول۔

ڈول: (ہ۔ مذ) ڈھنگ۔ وضع۔ صورت۔ خصلت۔ ڈھانچہ۔ طرح سے انشا

کیجے اقرار کچھ ایسا کہ پھر انکار نہ ہو

یعنی آپس میں کسی ڈول کا تکرار نہ ہو

اونچی حد یا باڑھ جو کیاریوں اور کھیتوں میں بنا دی جاتی ہے۔ **ڈول پر لانا**۔ ڈھب پر لانا۔ اپنے کام کا بنانا۔ **ڈول ڈالنا**۔ ڈھنچر ڈالنا۔ بنیاد قائم کرنا۔ موقع نکالنا۔ ڈھب نکالنا۔ **ڈولا**۔ کھیت کی باڑھ۔ مینڈھ۔ کھیت کی چار دیواری۔ خراج کا تخمینہ۔

ڈھاک کے تین پات - ہمیشہ مفلس و نادار - ہمیشہ ایک حال پر رہنے والا - وہ شخص جو اپنی بات پر اڑا رہے - اور قائل نہ ہو۔

ڈھاکا:- (مذ) مشرقی بنگال کا مشہور شہر - یہاں کی ململ اور جامدانی مشہور ہے - **ڈھاکا پائن** (مو) ڈھاکے کا بنا ہوا ایک قسم کا کپڑا۔

ڈھال:- (ہ - مو) نشیب - پستی - ڈھالو - سپر - تلوار - تیر وغیرہ کے روکنے کا آلہ - **ڈھال کا پھول** - وہ پھول جو ڈھال میں لگے رہتے ہیں کہ تلوار وہاں پڑ کر اچٹ جائے - **ڈھال کا پھول سونگھنا** - مارا جانا - **ڈھالنا** - دھات کو پگھلا کر قالب میں ڈالنا - سانچے بنانا - فروخت کرنا۔ ع شاد

لوکوڑیوں کے مولوں یہ مال ڈھالتے ہیں

کسی پر طنز کرنا - ماند کرنا۔ ع فصاحت لکھنوی

کہتے سے کیسی ہوتی ہے جو بات بزم میں
غیروں پہ ڈھال دیتے ہیں تم کو سنا کے ہم

ڈھانا:- (ہ) گرانا - مکان توڑنا - مٹانا - (جیسے غرور ڈھانا) برباد کرنا - برپا کرنا (ستم ڈھانا)

ڈھانپنا:- (ہ) ڈھانکنا - چھپانا۔

ڈھانچ:- (ہ - مذ) بے بنے پلنگ یا کرسی وغیرہ کا چوکھٹا - خاکہ - قالب۔

ڈھانڈا:- (ہ - مذ) بوڑھا بیل۔

ڈھانڈنا:- (ہ - مذ) جوان کبوتر۔

ڈھانکنا:- (ہ) ڈھانپنا - چھپانا - ڈھکنا - پردہ ڈالنا - اوڑھنا - (سر ڈھانکو)

ڈھائی:- (ہ) دو اور آدھا - وہ حد جسے دوڑ میں چھوتے ہیں - **ڈھائی پیڑ بکائن کے میاں باغ میں** - ادنیٰ حالت پر بڑے مرتبے کی خواہش - **ڈھائی چلو لہو پی جاؤں** - عورتیں حالت غضب میں کہتی ہیں - **ڈھائی دن کی بادشاہت کرنا** - دولھا بننا - نوشہ بننا - چند روزہ حکومت کرنا - تھوڑے دنوں عروج پر رہنا - **ڈھائی گھڑی کی آنا** - جھٹ پٹ مرجانا - **ڈھائی چھونا** - چھوتے ہی پہلے جانا۔

ڈھائیں:- (ہ - مو) لکڑیوں کا ٹھاٹھر جس پر بیل چڑھائے جاتے ہیں۔

ڈھب:- (ہ - مذ) ڈھنگ - طور - طریقہ - روش - چسکا - عادت - پسند - **ڈھب بننا** - موقع ہاتھ آنا - **ڈھب پر چڑھانا یا لگانا** - دم میں لانا - قابو میں لانا - اپنے مطلب کا بنانا - **ڈھب پر چڑھنا** - جتنے چڑھنا - قابو میں آنا - بس میں آنا - **ڈھب ڈالنا** - عادت ڈالنا - موقع نکالنا - **ڈھب ڈھب** - (مو) ڈھول کی آواز - **ڈھب ڈھب قلیہ** (مذ) پتلا اور بہت سے شوربے کا بے مزہ سالن - **ڈھب سے** - مناسب طریقہ سے - **ڈھب کو ڈھب** - بےڈھب - **ڈھب کی چیز** - پسند کے قابل - **ڈھب لگ جانا** - موقع مل جانا - **ڈھب ہونا** - انداز اور مشق ہونا۔ ع قلق

دیکھنا قسمت کی خوبی نیم جان میں رہ گیا
ذبح کرنے کا نہ کچھ ڈھب تھا مرے جلاد کو

ڈھبڈھبانا:- (ہ) تیرنے میں ہاتھ پاؤں مارنا۔

ڈھبری:- (ہ - مو) پیچ کے اوپر کا لوہا جو اس کے نکل جانے کے اندیشے سے کستے ہیں۔

ڈھبس:- (ہ) بدقطع جانور - ڈھبوس - موٹا - بھدا۔

ڈھبلی:- (ہ - مو) لوہے کا سوراخ دار ٹکڑا - جو اس غرض سے پیچ لگا دیتے ہیں کہ جڑ نہ (؟)

ڈھپ:- (ہ - مذ) دف - ڈھپالی (مذ) ڈفالی - ڈپلی - دف بجانے والا - **ڈھپڈ پانا** - ڈھول پر ہاتھ مارنا۔

ڈھٹ:- (ہ) مضبوط کپڑا - سنگین کپڑا۔

ڈھپنا:- (ہ) ڈھکنا - چھپانا (مذ) ڈھکن

ڈھپو:- (ہ) بڑا موٹا - ڈھپو شاہی - بہت موٹا تازہ۔

ڈھٹائی:- (ہ - مو) بے شرمی - بے حیائی - ہٹ - ضد - ستے ابانت

میں نے کہا جو ان سے کہ غیروں کے تم ہو دوست
کہنے لگے ڈھٹائی سے اچھا تو یوں سہی

گستاخی - بے ادبی۔

ڈھٹ بندی:- (ہ - مو) نظر بندی - جادو وغیرہ سے نظر کو متاثر کرنا

ڈھینگڑا:- (ہ) موٹا تازہ آدمی - مسٹنڈا۔

ڈھچر:- (ہ - مذ) کسی چیز کی درستی کا سامان (پھیلانا) - الگڑ کھنگڑ - کاٹ - کباڑ۔

ڈھڈو:- (ہ - مو) بوڑھی عورت - زن کہن سال - بے شرم عورت - ایک قسم کی چڑیا۔

ڈھڈھر:- (ہ - مذ) پرندوں کے پر ٹھنے کی جگہ۔

ڈھڈی:- (ہ - مو) حقے کے اوپر کی جڑی - ایک قسم کا حقہ۔

کی زبان (کنا۔ مو) بدزبان۔ **ڈیڑھ حاشیے کی جوتی** ۔ وہ کفش جس کے پنّے پر بہت کام ہو۔

ڈِیفنس :۔ (انگ) دیکھو ڈفنس۔

ڈِیگ :۔ (ہ۔ مذ) آگ کا اُونچا شعلہ۔

ڈِیل :۔ (ہ۔ مذ) جسم۔ جُثّہ۔ کاٹھی۔ قد و قامت۔ جسامت۔ پاؤں کی انگلیوں کی وہ گانٹھ جو جوتی کی رگڑ سے ہو جاتی ہے۔ **ڈیل ڈول** مذ قد و قامت کی ہیئت مجموعی

جس نے دیکھا ہو ڈیل ڈول اس کا
سرو و شمشاد کو وہ کیا دیکھے
رضا

ڈِیلی گیٹ :۔ (انگ۔ مذ) سفیر۔ ایلچی۔ مختار۔ وکیل۔ نمائندہ۔ مندوب

ڈیم :۔ (انگ) گالی۔ پاجی۔ **ڈیم فُول** ۔ پاجی۔ گدھا۔ احمق۔

ڈیمرج :۔ (انگ۔ مذ۔ ر کا کسرہ مال بیائے مجہول) ریلوے جہاز کی مدد کے اندر سے وقت مقررہ کے اندر مال وصول نہ کرنے کا جرمانہ۔

ڈیمی آفیشل :۔ (انگ) نیم سرکاری۔

ڈیمیج :۔ (مذ۔ انگ) نقصان۔ خسارہ۔ ٹوٹ پھوٹ۔

ڈینٹسٹ :۔ (انگ) دندان ساز۔ دانتوں کے امراض کا ماہر۔

ڈِینگ :۔ (ہ۔ مو) شیخی۔ بڑائی۔ تعلّی۔ **ڈینگ کی لینا** ۔ **ڈینگ مارنا یا ہانکنا** ۔ اترانا۔ شیخی بگھارنا۔ ڈینگیا مذ شیخی خورا۔ بڑبولا۔ لاف زن۔

ڈِیو :۔ (انگ۔ مذ) واجب الادا۔ کسی کے ذمّے لازم ہونا۔ ومناسب حال (جیسے ڈیو ریسپکٹ)

ڈیوٹی :۔ (انگ۔ مو) فرض۔ فرض منصبی۔ چنگی کا محصول۔ رسوم۔

ڈیوڑھا :۔ (ہ۔ مذ) ایک اور آدھا۔ یک و نیم۔ ریل کا ڈیوڑھا درجہ۔ انٹر کلاس۔ **ڈیوڑھی** (مو ڈ کے بعد ی معروف) **ڈیوڑھا لیکھا برابر ہونا** ۔ حساب بیباق ہونا۔

ڈیوڑھی :۔ (ڈ کے بعد ے مجہول) دہلیز۔ آستانہ۔ درگاہ۔ پٹا ہوا دروازہ۔ **ڈیوڑھی دار** ۔ دربان۔ پہرے دار۔ حاجب۔

ڈیہ :۔ (ہ۔ مذ) گھنڈروں کا ٹیلا۔

ذ

ذ :۔ (مذ) اُردو ابجد کا نیرھواں حرف۔ اس کے اعداد ابجد کے حساب سے سات سو ہوتے ہیں

ذات :۔ (ع۔ مو) حقیقت و ماہیت۔ ذم (سب عزیز تمہاری ذات پر ہوا ہے) قوم۔ حیثیت۔ وقعت۔ جو زند

پیش ازیں خاک کے پتلے کی کوئی ذات نہ تھی

صفات کا مقابل یعنی محض وجود۔ اوصاف سے قطع نظر کر کے عزت آبرو (جیسے مال بچا ہے ذات نہیں بچی) **ذات الجنب** (مذ) پسلی کا درد۔ **ذات الرّقاع** ۔ ایک جنگ کا استعارہ جو مع پرچوں پر انصل کرد اور پر الافضل مدت کر۔ تحو کر لیتا ہے۔ نماز پڑھنے کے اس کا نام طریقہ مقرر ہے۔ **ذات الصّدر** (مذ) سینے کا درد۔ ورم سینہ۔ **ذات پات** (مو) ذات۔ گوت۔ سلسلۂ ذات۔ **ذات پات نہ پوچھے کوئی ہر کو بھجے سو ہر کا ہو** ۔ اگر اچھے ہوں تو ذات کوئی نہیں پوچھتا۔ **ذات پر جانا** ۔ اپنی فطری جبلّت کے مطابق کرنے لگنا۔ **ذات رات** ۔ حسب و نسب۔ **ذات سے** ۔ وجہ سے۔ دم سے۔ **ذات شریف** ۔ بڑے حضرت۔ چالاک اور استاد۔ شریر۔ بدذات۔ مفسدہ بیباک۔ **ذات کی بیجی ذات میں جاتی ہے** ۔ فطرت اور اصل نسل کا خیال ضرور رہتا ہے۔ **ذات میں بٹا لگنا** ۔ خاندان میں فرق آنا۔ نسل میں عیب لگنا۔ **ذات میں ملانا** ۔ برادری میں شامل کرنا۔ **ذات ونت بذات وتی** ۔ خاندانی۔ شریف۔ **ذاتی** ۔ اصلی۔ حقیقی۔ اپنا۔ نج کا۔ **ذاتی جوہر** (مذ) وہ ہنر جو کسی میں بذات خود موجود ہو۔

ذاکر :۔ (ع۔ مذ) وہ شخص جو منبر پر بیٹھ کر مرثیہ پڑھے یا تقریر میں ذکر فضائل و مصائب محمد و آل و اصحاب محمد سنائے۔

ذائقہ :۔ (ع۔ مذ) مزہ۔ لذّت۔ چکھنے کی قوت۔ لطف۔ چسکا۔ **ذائقہ پڑنا** ۔ چسکا پڑنا۔ **ذائقہ چکھانا** ۔ مزہ چکھا دینا۔ **ذائقہ دار** ۔ ترش مزہ۔ لذیذ۔ مزے دار۔ خوشگوار۔

ذبح :۔ (ع۔ مذ) گلے پر چھری پھیرنا یا پھرنا۔ گلا کاٹنا یا کٹنا۔ شرعی طور پر حلال کرنا یا ہونا۔ ذکر تا ہونا۔ **ذبیح اللّٰہ** ۔ حضرت اسمٰعیل کا لقب۔ **ذبیحہ** ۔ شرعی طور پر ذبح کیا ہوا جانور۔

ذخیرہ :۔ (ع۔ مذ) خزانہ۔ گنجینہ۔ گودام۔ اسٹاک۔ وہ جگہ جہاں ذخیرہ رکھتے ہیں۔ ع آتش

چمن میں گُل کی گو ہے کب سے انشاء مسیر، باغ میں پیچھے ذخیرہ سے صنوبر سنگ دل

ذَنْب: (ع - مذ) گناہ - **ذنوب** - جمع۔

ذُو: (ع) مرکبات میں استعمال ہوتا ہے اور صاحب یا والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے "ذوالاحترام" - عزت و احترام والا شخص (ذو کے بعد "و" الف غیر ملفوظ ہے) مثلاً مشق کہتے ہیں یہ بھی ہے امام ذوالاحترام

ذُوبَحرَین - دو بحروں میں پڑھی جانے والی نظم - **ذُوارْبعۃ الاضلاع** (مو) تعمیر میں چو ضلعوں کی شکل - **ذواضعاف اقل** (مذ) جب ایک عدد کئی عددوں پر پورا تقسیم ہو اور ان سے چھوٹا کوئی عدد ایسا نہ ہو کہ ان عددوں پر پورا تقسیم ہوتا ہو تو ایسے عدد کو ذواضعاف اقل کہتے ہیں۔ **ذوالجلال** (مذ) اللہ تعالیٰ کا ایک نام (اور کسی کے لیے استعمال نہیں کر سکتے)

ذُوالجَناح: (ع - مذ) امام حسینؑ کا گھوڑا (جس کی شبیہ محرم میں نکالتے ہیں) - **ذوالفقار** (مو) وہ تلوار جو حضرت علیؑ کو رسولؐ سے ملی تھی۔ اس تلوار کی پشت مہرے کی پشت کی طرح میدھی تھی (فقار ریڑھ کی ہڈیوں کو کہتے ہیں) اس لیے یہ نام ہوا۔ بعض لوگوں نے غلطی سے دو زبانیں ہونے کو وجہ تسمیہ سمجھ رکھی ہے۔ **ذوالقرنین** (مذ) ذوالقرنین کے معنی ہیں وہ شخص جس کے شانے پر دو گیسو ہوں سکندر کا لقب ہے جو مشرق سے مغرب تک گیا تھا بعض کہتے ہیں کہ اس کے شانے پر دو گیسو تھے بعض کہتے ہیں کہ ذوالقرنین جس کا ذکر قرآن میں ہے وہ اور تھا اور اسی نے سد سکندری چین میں تعمیر کرائی تھی۔

ذوفنون - بہت سے فن جاننے والا۔ بہت سے ہنروں سے واقف ہرفن مولا - چالباز - فریبی - مکار - عیار - **ذومعنیین** - وہ بات جس کے دو پہلو یا دو معنی نکلتے ہوں (اس معنی میں ذومعنی کہنا غلط ہے)

ذَوق: (ع - مذ) لطف - مزہ - طبع سلیم - محمد ابراہیم دہلوی کا تخلص جن کے شاعر استاد ہیں۔ **ذوقِ سلیم** (مذ) کسی چیز سے لطف اندوز ہونے یا اچھے سمجھنے کا صحیح ملکہ۔

ذَوِی: (ع) مرکبات میں استعمال ہوتا ہے اور "ذو" کے معنی دیتا ہے۔ **ذوی الارحام** - وہ رشتہ دار جو ترکے کے مستحق نہیں - **ذوی الفرائض** - وہ رشتہ دار جن کا ترکہ مقرر ہے - **ذوی القربیٰ** - ایک خاندان کے ہم جدی لوگ (ذوی میں "ی" لکھی جاتی ہے پڑھنے میں نہیں آتی)

ذِہانت (ع - مو) ذہن کی تیزی - فوراً سمجھ جانے کا ملکہ

ذَہَب (ع - مذ) سونا - زر - **ذہبیات** - سونے کی بنی ہوئی چیزیں۔

ذِہن: (ع - مذ) زیرکی - دانائی - ادراک کی قوت - سمجھ - طبیعت کی تیزی - **ذہن سے اتر جانا** - بھول جانا - **ذہن سے اپجنا** - نئی بات پیدا کرنا - **ذہن کند ہونا** - غبی ہونا کسی بات کا خیال میں آنا اور کہنے کی کوشش کرنا - مگر تھکن تھکن کی وجہ سے ادا نہ ہونا - **ذہن لڑانا** - غور کرنا - **ذہن لڑنا** - خیال کی رسائی ہونا - **ذہن میں بیٹھنا** - سمجھ میں آنا - **ذہن نشین کرنا** - سمجھانا - ذہن میں اتار دینا - **ذہین** - وہ شخص جس کا ذہن تیز ہو۔

ذُہُول: (ع - مذ) بھول جانا - غفلت (عجائبات کا ذہول و قبول)

ذِی: (ع) مرکبات میں استعمال ہوتا ہے اور (ذو کی طرح) صاحب اور والا کے معنی دیتا ہے - **ذی آبرو** - آبرو والا - **ذی اختیار** - صاحب اختیار - **ذی استعداد** - لائق - قابل - **ذی الحجہ** - حج والا مہینہ - چاند کا بارھواں مہینہ - **ذی جاہ** - صاحب مرتبہ - **ذی حرمت** - عزت دار - حرمت کا مستحق - **ذی حق** - حق دار - **ذی حشم** - صاحب حشمت - **ذی حیات** - جان دار - **ذی قعدہ** - بیٹھ رہنے والا مہینہ - جس میں عرب جنگ جائز نہیں سمجھتے - چاند کا گیارھواں مہینہ - **ذی کمال** - صاحب کمال - **ذی وجاہت** - وجاہت والا - **ذی وقار** - معزز - صاحب ثروت - **ذی ہوش** - ہوش دار - سمجھ والا - ذی شعور۔

ذِیابِیطِس: (یونانی سے معرب - مو) ایک خطرناک بیماری جس میں آدمی کو ہر وقت پیاس لگی رہتی ہے اور جب پانی پیتا ہے تو سیراب نہیں ہوتا - اور فوراً پیشاب نکلتا ہے اسے سلس البول کہنا غلط ہے کیونکہ اس میں بلا ارادہ پیشاب نکل جاتا ہے۔

ذَیل: (ع - مذ) نیچے درج کیے گئے (یہ روپیہ بتفصیل ذیل ادا کرو) علاقہ - متعلقہ (تمہارے ذیل کے سب لوگوں نے نقصان اٹھایا) گروہ - زمرہ (یہ بھی اسی ذیل میں ہے) واسطہ - آڑ (نواب کے ذیل کا ایک آدمی نوکر نہیں ہو سکا) **ذیل دار** - وہ سرکاری عہدہ دار جس کے ماتحت چند گاؤں قصبے ہوں - **ذیل میں** - تحت میں - نیچے - سلسلے میں (اسی ذیل میں یہ بھی سنو)

ذَیلاً: (ع) صفحے کے نیچے ذیل میں - ضمناً - لیکن فصحائے اردو کے یہاں اس لفظ کا استعمال نہیں دیکھا گیا (اگرچہ فارسی میں اب عام طور پر مستعمل ہے)

کر دیا تونے خفا مجھ سے مرے انشا کو
یہ تری راج کرے شوخ مزاجی باجی

راج کمار (مذ) راجا کا بیٹا۔ **راج کماری** (مو) شہزادی
راج کوی (مذ) ملک الشعرا۔ دربار شاہی کا شاعر۔
راج گدی (مو) شاہی تخت۔ مسند حکومت۔
راج گرو (مذ) راجہ کا پیر۔ مرشد۔ **راج گھاٹ** (مذ) بادشاہ کے نہانے کا گھاٹ۔ بڑا گھاٹ۔ **راج گری یا راج گیری**۔ (مو) معماری۔ **راج لٹ جانا**۔ شوہر کا مرجانا۔ **راج مزدور**۔ (مذ) معمار اور اس کے ساتھ گارا اٹھانے والا قلی۔ **راج ہٹ** (مو) بادشاہ کی ضد۔ **راج ہنس** (مذ) بڑی مرغابی۔ قاز۔

راجا:۔ (ہ۔ مذ) بادشاہ۔ سخی۔ فیاض۔ بھولا بھالا۔ دولتمند۔ ہندو بڑا جاگیردار۔ بعض مسلمان جاگیرداروں کو بھی خطاب ہوتا تھا۔ راجپوت راجا **اندر کا اکھاڑا** (مذ) ایک مشہور ہندو راجہ کی محفل رقص۔ خوب صورت عورتوں کا جمگھٹا۔ **راجا راج پرجا سکھی**۔ جہاں کا راجا اچھا وہاں کی رعایا خوش۔ **راجا رکھے رانی کھائے**۔ کماتا کوئی ہے کھاتا کوئی ہے۔ **راجا روٹھے گا اپنی نگری لے گا**۔ مالک بہت کرے گا موقوف کر دے گا۔ **راجا کا پرچانا اور سانپ کا کھلانا برابر ہے**۔ بادشاہوں کی صحبت میں بڑا خطرہ ہے۔ **راجا کا دوجا بکری کا تیجا خراب ہے**۔ کہ تخت اور دودھ سے محروم رہتا ہے۔ **راجہ کے گھر آئی رانی کہلائی**۔ جب کسی غریب کی بیٹی کسی امیر کے ہاں بیاہی جائے اس کی نسبت بولتے ہیں۔ **راجہ کے گھر موتیوں کا کال**۔ جس لیاقت کا آدمی ہے۔ اس کے پاس ویسا سامان نہ ہو۔ افراط کی جگہ اس چیز کا میسر نہ آنا۔ **راجہ کیا جانے بھوک کی سہار**۔ مالدار سے بھوک نہیں روکی جا سکتی۔

راجح:۔ (ع) فائق۔ غالب۔

راجع:۔ (ع) پھرنے والا۔ رجوع کرنے والا۔ محسن

ہیں کس سے مضاف یہ عجائب راجع ہے کدھر ضمیر غائب

راجھ:۔ (ہ۔ مذ) لکڑی کے اندر کا پختہ حصہ۔ کپڑے بننے، بڑھئی اور راج وغیرہ کے اوزار۔ دندانہ دار کنگھی۔

راحت:۔ (ع۔ مو) سکھ۔ چین۔ **راحت جان**۔ دل کو خوش کرنے والی چیز۔ بیشتر اولاد۔ بیوی اور معشوق کے لیے بولتے ہیں۔

راحلہ:۔ (ع۔ مذ) سواری کا جانور نر ہو یا مادہ (زاد و راحلہ)

راحم:۔ (ع) رحم کرنے والا۔

راد:۔ (ہ۔ مو) پیپ۔ زخم کا پکا ہوا زرد پانی ف سنی۔

رادھا:۔ (ہ۔ مو) کرشن جی کی محبوبہ کا نام۔ **رادھا کو یاد کرو**۔ دیکھو اپنی رادھا کو یاد کرو۔

راڑ:۔ (ہ۔ مو) جھگڑا۔ فساد۔ بچوں کی ہٹ۔ مچلنا۔ **راڑ بڑھانا**۔ قصہ بڑھانا۔ **راڑیا**۔ ضدی بچہ۔ ضدی فقیر۔

راز:۔ (ف۔ مذ) پوشیدہ بات۔ بھید۔ **راز دار** بھیدی واقف کار۔ **راز داری** (مو) بھید چھپانا۔ اخفائے راز۔ **راز سربستہ**۔ ایسا راز جو کسی پر ظاہر نہ ہو۔ **راز فاش کرنا**۔ بھید کو ظاہر کرنا۔ **راز و نیاز** (مذ) لطف و محبت کے اشارے کنائے۔

رازق:۔ (ع۔ مذ) پروردگار۔ روزی پہنچانے والا۔ **رازقہ** (مذ) رزق۔ روزی۔

راس:۔ (ع۔ مذ) سر۔ سردار۔ اصل عجز رشک

راس مطلب ہے کہ سر کبر سے رکھنا خالی

خشکی کا وہ قطعہ جو دور تک پانی میں چلا گیا ہو۔ **راس کماری**۔ زاویے کا سر۔ زاویے کی نوک۔ **راس الرئیس**۔ رئیسوں کا سردار۔ **راس المال** (مذ) اصل۔ پونجی۔ تجارت کا سرمایہ۔
راس (ف۔ مذ) بوجھ اٹھانے اور دودھ دینے والے جانوروں کی تعداد کے ساتھ (چار راس گائے۔ دو راس گھوڑے) مبارک۔ سازگار (یہ کام مجھے راس نہیں آیا) دایاں۔ حسن

رحمت کے لباس میں چھپے دو راس

آسمان کے بارہ برجوں میں سے ہر ایک کو راس کہتے ہیں۔
راس (س۔ مو) طالع۔ نسیم

کتنا تھی غرض کہ راس اس کی
پوری نہ ہوئی یہ آس اس کی

بال: ڈور۔ بڑی لگام۔ بے صاف کیے ہوئے اناج کا ڈھیر (اٹھانا کے ساتھ) کھیل۔ ناچ۔ تماشا۔ **راس آنا**۔ موافق ہونا۔ موثر ہونا۔ مبارک ہونا۔ **راس بیٹھانا**۔ گود لینا۔ متبنٰی بنانا۔ **راس لانا**۔ مبارک کرنا۔ **راس ملنا**۔ دو شخصوں کا طالع یکساں ہونا۔ **راس نہ آنا یا نہ ہونا**۔ نامبارک ہونا۔ ناموافق ہونا۔ **راس نہیں**۔ مبارک نہیں۔ موافق نہیں۔

راست:۔ (ف) سیدھا۔ درست۔ بجا۔ موافق۔ سازگار۔ دایاں۔ **راست آنا**۔ سچا۔ دیانت دار۔ **راست بازی** (مو) سچائی۔ ایمانداری۔ **راست گو**۔ سچ۔ صاف گو۔ **راستی** (مو) سچائی۔ **راستی سے**۔ نرمی سے۔
راستہ:۔ (ف۔ مذ) سڑک۔ باٹ۔ رسم۔ قاعدہ طریقہ

دیکھ لیا تجھ کو اسی راہ سے

راہ بتانا - ہدایت کرنا - نکال دینا - دھوکا دینا - راہ بر - رہنما - پیشوا - راہ پر آنا - نیک بننا - درست ہونا - قابو میں آنا - راہ پر لانا - اصلاح کرنا - اپنے ڈھب پر لانا - رہبری کرنا - نیک بنانا - راہ پر لگانا - اپنے طریقے پر ڈال لینا - اپنے موافق بنا لینا - راہ پیدا کرنا - ملاقات بہم پہنچانا - جان پہچان حاصل کرنا - میل جول بڑھانا - راہ پیما - راہرو - راستہ چلنے والا - راہ تکنا - انتظار کرنا - منتظر رہنا - راہ چلتا (مذ) مسافر - راہ رو - راہ چلتی (مو) - راہ چلتوں کا پلہ پکڑنا - مسافروں کا دامن پکڑنا - بے وجہ لڑنا - بہت لڑاکا ہونا - راہ چلنا - سفر کرنا - ڈھنگ اختیار کرنا - راہ چلے یا پاس لیے جب جانیے - آدمی سفر اور پڑوس میں رہ کر پہچانا جاتا ہے - راہ خرچ - سفر خرچ - راہ دار - سڑک کا محافظ - سڑک کا محصول لینے والا - راہ داری (مو) راستے کا محصول - راہ داری کا پروانہ (مذ) وہ تحریر جو کسی شخص کو حکومت کی طرف سے کسی ممنوع راستے سے یا غیر ملک سے گزرنے کی اجازت کے سلسلے میں دی جائے - راہ دکھانا یا دکھلانا - راستہ بتانا - انتظار کرانا - راہ دیکھنا - انتظار کرنا - آسرا کرنا - راہ دینا - کسی کے گزرنے کے لیے راستہ چھوڑنا - مال یا اشتہارے کا اجازت دینا - راہ ڈالنا - طریقہ نکالنا - عادت پکڑنا - راہ راہ - سیدھے راستے - راہ راہ سے - واجبی طور سے - ٹھیک ٹھیک - راہ راہ کی باتیں - معقول باتیں - واجب باتیں - راہ رکھنا - ربط رکھنا - دوستی رکھنا - باہم مصالحت رکھنا - راہ رو - مسافر - راہ روش - چال چلن - راہ روکنا - راستہ روکنا - مانع ہونا - راہ و ریت (مو) رسم - رواج - انداز - راہزن - ڈاکو - لٹیرا - بٹ مار - راہ زنی (مو) قزاقی - راہ ماری - راہ سے یا راہ سر - معقول طریقے پر - انصاف سے - راہ سے بے راہ ہونا - سیدھا راستہ چھوڑ کر ٹیڑھا راستہ اختیار کرنا - بدراہ ہو جانا - راہ سے جا لگنا - ٹھکانے پر پہنچنا - راہ سے چلنا - مناسب برتاؤ کرنا - وضعداری سے نباہ کرنا - راہ طے کرنا - راستہ چلنا - راہ غلط کرنا - غلط راستے پر چلنا - راہ فرار لینا (اضافت) بھاگنا - راہ کا پیچ - راستے کی مشکل - راہ کاٹنا - ایک راہ چھوڑ کر دوسری راہ چلنا - راہ چلتے کے راستے سے نکل جانا - راہ چلنے میں مانع ہونا - مسافت طے کرنا - مسافت ترکے نکل جانا - راستہ چھوڑ کر دوسرے راستے سے چلے جانا ؎ عرج

مرے گھر کی راہ کتر کر نکلتا ہے وہ ماہ
دیتی ہے فرقت کی شب اب بھی بار جلنی

راہ کھلنا - راستہ طے ہونا - راہ کرنا - راہ و رسم پیدا کرنا - دوستی پیدا کرنا - رسائی کرنا - راہ کھوٹی کرنا - چلنے میں دیر کرنا - حرج کرنا - کسی کا کام بگاڑنا - راہ کھوٹی ہونا - دیر لگنا - حرج واقع ہونا - راہ کی بات (مو) انصاف کی بات - اچھی بات - راہ گزر (مو) سڑک - عام راستہ - راہ گیر - مسافر - راہ لگانا - راستہ بتانا - کسی راستے پر ڈالنا - ڈھنگ پر ڈالنا - راہ لگنا - رستہ پکڑنا - پیرو ہونا - اپنا کام کرنا ؎ انشا

نہ چھیڑ اے نکہت باد بہاری راہ لگ اپنی
تجھے اٹکھیلیاں سوجھی ہیں ہم بیزار بیٹھے ہیں

راہ لینا - چلتا بننا - چل دینا - اپنا کام کرنا - راہ مار - رہزن - لٹیرا - راہ مارنا - لوٹنا - راہزنی کرنا - راہ ماری (مو) رہزنی - غارت گری - راہ ملنا - رستہ ملنا - راہ پانا - راہ میں آنکھیں بچھانا - انتہائی تواضع کرنا - راہ میں بکھیڑ ہونا - راستے میں جھگڑا یا پریشانی ہونا - راہ میں رہ جانا - ساتھ چھوڑنا - راہ میں قدم مارنا - چلنا - راہ میں کانٹے بچھانا - راستہ یا طریقہ مشکل بنانا - راہ میں لینا - منزل سے پہلے کسی سے جا ملنا - استقبال کرنا - راہ میں ہونا - راستے میں ہونا - راہ ناپنا - جلد آ کر چلے جانا - راستے کو ناپنا - راہ نجات - چھٹکارے کا ڈھنگ یا اس کا ذریعہ - راہ نکالنا - راستہ نکالنا - تجویز نکالنا - تدبیر کرنا - یا راہ کا نکلنا - راہ نکلنا - سڑک نکلنا - سبب پیدا ہونا - تدبیر نکلنا - ملاقات ہونا - رسائی ہونا - راہ نما - رہبر - راستہ دکھانے والا - راہ نمائی (مو) رہبری - راہ وار (مذ) قدم باز گھوڑا - راہ و ربط یا راہ و رسم (مذ) میل جول - واقفیت - تعلقات (مو) ربط - راہ ہونا - محبت ہونا - میل ملاپ ہونا -

راہب :- (ع - مذ) گوشہ نشین - پادری - تارک الدنیا - عیسائی -

راہن :- (ع - مذ) جس کے پاس کوئی چیز رہن رکھی گئی ہو -

راہی :- (ا) راہ گیر - مسافر -

رائے :- (ف - مو) عقل - تدبیر - تجویز - قیاس - مشورہ - خیال - رائے دینا - تدبیر بتانا - مشورہ دینا - رائے زنی (مو) کسی امر کی نسبت اپنا خیال ظاہر کرنا - رائے لگانا - قیاس کرنا - جانچنا - رائے لینا - مشورہ لینا - تجویز پوچھنا - رائے (ہ - مذ) ہندو راجہ - سردار - رائے بہادر - ہندوؤں کا ایک خطاب جو حکومت کی طرف سے ملتا تھا - رائے بیل - ایک قسم کا چنبیلی سے ملتا جلتا پھول اور اس کا پودا - رائے جامن (ہ) بڑی جامن - پھلیندا - رائے مینا کی چوڑیاں - ایک قسم کی عمدہ چوڑیاں -

رائی :- (ہ - مو) ایک قسم کی سرسوں - رائی اتارنا یا جلانا - نظر بد سے بچانے کے لیے رائی سر پر سے اتار کر

جلانا - **رائی بھر** - ذرا سا - بہت تھوڑا - **رائی بھر ناتا** - اور گاڑی بھر آشنائی - معمولی سی رشتے داری بہت ہوتی ہے - **رائی سے پربت ہونا** - نہایت چھوٹے سے بہت بڑا ہونا - **رائی کائی** - ریزہ ریزہ - پارہ پارہ - **رائی کائی کرنا** - ریزہ ریزہ کرنا - **رائی کائی ہو جانا** - ریزہ ریزہ ہو جانا - گل جانا - **رائی نون** ترے دیدوں میں چشم بد دور -

رائتا:- (ہ - مذ) ایک قسم کی ترکاری جو جوش دیے ہوئے کدو اور دہی سے تیار کی جاتی ہے - **رائتا بنانا** - کسی ترکاری کو کدوکش کے بعد اُبال کر یا اُبالنے کے بعد حل کر دہی اور مسالہ ملا کر روٹی سے کھانے کے قابل بنانا - خوب مارنا - کچومر نکالنا - **رائتا کرنا** - بھرتا کرنا - مار مار کر بُرا حال کرنا -

رائٹ:- (انگ) ٹھیک - دُرست مذ حق - استحقاق -

رائیٹر:- (انگ) لکھنے والا - مُصنّف -

رائج:- (ع) وہ چیز جو جاری ہو - دستور کے مطابق - عام - رسمی - **رائج الوقت** - جو حال ہی میں جاری کیا گیا ہو - چلتا ہوا سکہ - **رائج کرنا** - رواج دینا - **رائج ہونا** - مروّج ہونا - جاری -

رائحہ:- (ع - مذ) خوشبو -

رائفل:- (انگ - مو) ایک قسم کی کارتوسی بندوق

رائگان:- (ف) مفت - بیکار - اکارت - **رائگان جانا یا ہونا** - برباد ہونا - کھویا جانا -

رائل:- (انگ) شریف - شاہی -

رایت:- (ع - مذ) جھنڈا - علم ؎ غالب

مہر کانپا چرخ چکر کھا گیا   بادشہ کا رایت لشکر کھلا

رایات - جمع

رُب:- (ع - مذ) پکایا ہوا انگور وغیرہ کا گاڑھا عرق جو جما لیا جائے -

رَب:- (ع - مذ) پرورش کرنے والا - خداوند تعالیٰ - مالک - **رَبُّ العالمین** (مذ) کل جہان کا پالنے والا - خدا - **رَبُّ الارباب** - تمام پرورش کرنے والوں کا پروردگار - **ربّانی** - رب کی طرف نسبت رکھنے والی چیز - **رَبِّ یَسِّر و تَمِّم بالخیر** - اے اللہ آسان کر اور خاتمے تک پہنچا - کسی کتاب وغیرہ کو شروع کرتے وقت پڑھتے ہیں ؎

ہر گام مری زباں پہ جاری ہے رات   رَبِّ یسّر ہے اور تمّم بالخیر

رَبّا:- (ا - مذ) ایک قسم کا چھکڑا -

رُبا:- (ف) (لاحقہ) چھیننے والا (جیسے دلرُبا - کہربا)

رِبا:- (ع - مذ) سود - **رِبا خوار** - سُود کھانے والا - سُود لینے والا -

رَباب:- (ع - مذ) ایک قسم کی سارنگی -

رَباط:- (ع - مو) مسافر خانہ -

رُباعی:- (ع - مو) چار مصرعوں کی نظم - جو مخصوص ۲۴ اوزان میں سے کسی وزن میں کہی جاتی ہے اور اس کے پہلے دوسرے اور چوتھے مصرعے میں قافیہ ضروری ہے - رُباعیات - جمع

رَبانا:- (ا - مذ) ایک قسم کی دف جسے دفالی بجاتے ہیں -

رَبدَہ:- (ا - مذ) وہ کیچڑ جو پانی کے بہاؤ سے ہو جاتی ہے -

رَبَڑ:- (انگ - مذ) کاغذ سے پنسل وغیرہ کے حرف مٹانے والی ایک والی ایک چیز جو ایک درخت کے گوند سے بنتی ہے - رَبَڑ (ا - مو) مسافت بعید کا بے فائدہ طے کرنا - بے فائدہ کی محنت - ؎ چلے آؤ لگوں کے قافلے رہے اب جنوں کے ہم ارتھے پڑے اپنے پاؤں میں آبلے تو بھلا ہوا کہ ربڑ گئی انشا

رَبَڑ پڑنا - مُفت کی محنت پڑنا - بے فائدہ تھکنا - **ربڑ مارنا** - بے حصول مطلب کسی جگہ جا کر ٹھہرنا -

رَبڑ:- (ہ - مذ) قصاب -

رَبڑی:- (ہ - مو) دودھ کو گاڑھا کر کے بناتے ہیں - (دلی)

رَبط:- (ع - مذ) تعلق - بندش - لگاؤ - علاقہ - میل ملاپ - دوستی - ؎ برق

تعجب کی جگہ ہے ربط شہباز و کبوتر کا

مشق - مہارت - تناسب - نسبت - **ربط بڑھانا** - دوستی بڑھانا - مشق بڑھانا - **ربط ضبط** (مذ) میل ملاپ - آمد و رفت - **ربط ہونا** - دوستی قائم ہونا - عادی ہونا -

رُبع:- (ع - مذ) چوتھا حصہ ¼ - **رُبع مسکون** مذ دُنیا کا چوتھائی آباد حصہ -

رَبُودگی:- (ف - مو) غفلت جو بیمار کو ہوتی ہے -

رَبیب:- (ع - مذ) پالا ہوا لڑکا - سوتیلا لڑکا - ربیبہ (مو)

رَبیع:- (ع - مذ) موسمِ بہار - گیہوں کی فصل - رَبیع الآخر یا رَبیع الثانی - مذ عربی سال کا چوتھا مہینہ - رَبیع الاوّل - عربی سال کا تیسرا مہینہ -

رَپ:- (ا - مو) تیز چلنے میں پاؤں کی رفتار - رَپ رَپ (مو) چلنے میں پاؤں کی آواز - وہ آواز جو کھینچنے سے کوئی چیز جلدی اور روانی سے ہوتی ہے -

رَپٹ یا رپٹن:- (ا - مو) پھسلن - پھسلاہٹ - رپٹ - رپٹنا یا پھسلنا - رپٹنا - لازم -

رَپَٹ:- (انگ - مو) کسی جرم یا واقعہ کی وہ اطلاع جو پولیس کو دی جائے - رَپٹ دینا - رپورٹ کرنا - اطلاع دینا - جاسوسی کرنا (کہنا - کرنا - لکھوانا)

رپورٹ:- (انگ - مو) اطلاع - خبر - اطلاع دینا - رپٹ

رُپَلی:- (ا - مو) روپے کی تصغیر -

رُپہلی یا رُپہلا:- (ہ) روپے کے رنگ کا - چاندی کے رنگ کا -

رُت:- (ہ - مو) ہر چیز کا زمانہ - فصل - موسم - رُت آنا - موسم آنا - بہار آنا - رت بدلنا یا پلٹنا - موسم تبدیل ہونا - موسم پلٹنا سے آرزو

رُت پلٹے آسماں بدلے آنسو نہیں تھمنے کے
ساون کی جھڑی ہے یہ بادوں یہ چھایا ہے

رُت کڑی ہونا - موسم سخت اور نقصان رساں ہونا سے
رشک سقف بام کو اسے بحر مینہ کے ساتھ
اب کے یہ رُت کر دی تھی ہمارے مکان پر

رَت جگا:- (ہ - مذ) خوشی یا عبادت میں رات بھر جاگنا - رت جگا ماننا - منت ماننا کہ مراد پوری ہونے پر رت جگا کریں گے -

رَتا:- (ہ - مذ) ایک کیڑا جو گیہوں اور جو کے پودوں کو لگ جاتا ہے -

رَتالو:- (ہ - مذ) ایک قسم کی اروی کے مشابہ ترکاری -

رِتائی:- (ہ - مو) ریتنے کی اُجرت - ریتنا -

رُتبہ:- (ع - مذ) پایہ - منزلت - درجہ - مرتبہ - عہدہ - عزت - رُتبہ بڑھانا - مرتبہ بڑھانا - ترقی دینا - رُتبہ پانا - مرتبہ حاصل کرنا - عزت حاصل کرنا - رُتبہ گھٹانا - نظروں سے گرانا - بے وقعتی کرنا -

رَتن:- (ہ - مذ) قیمتی پتھر - جواہر - آنکھ کی پتلی - لعلِ بیش بہا - جڑن - شدہ چیز - رتن جڑاؤ - جواہرات سے جڑا ہوا - رتن جوت (مو) ایک دوا کا نام -

رِتنا:- ریتی سے ریتا جانا - سارنگی بجنا - رِتوانا - ریتی سے صاف کرانا -

رَتوندا:- (مذ) آنکھ کی ایک بیماری جس کے باعث رات کو نظر نہیں آتا - شب کوری - رَتوندا آنا - رات کو دکھائی نہ دینا - رَتوندیا - رَتوندے کا مریض - شب کور - رتوندی (تانیث میں) رتوندا -

رَتھ:- (ہ - مذ و مو) ایک قسم کی دیسی برجی نما گاڑی جس کے چار پہیے ہوتے ہے - رَتھ بان (مذ) رتھ چلانے والا -

رَتی:- (ہ - مو) ماشے کا آٹھواں حصہ - مقدار قلیل ظاہر کرنے کے لیے استعمال میں ہے - قسمت - تقدیر سے جاپر صاحب

ستارہ جان میری آج کل ہے زور پر رتی

رتی بھر - ذرا سا - رتی بھر ناتہ گاڑی بھر آشنائی - قرابت دور دراز کی بہت سی دوستی سے بہتر ہے - رتی جاگنا یا چمکنا - اختیار جاگنا - تقدیر کھلنا - بخت کا چمکنا - رتی رتی - ذرا ذرا - رتی ریزہ مفصل - رتی سامنے آنا - اقبال سامنے آنا -

رِتیلا:- (مذ) ریت والا ہوا - رتیلی (مو)

رَٹ:- (ہ - مو) کسی بات کا بار بار کہے جانا - رَٹ لگنا - ہر وقت کسی کام کا دھیان - اصرار ہونا - پیچھے پڑنا - ایک ہی بات کو بار بار کہنا - رَٹنا - بار بار دہرانا - زبانی یاد کرنا - کسی کا ذکر بار بار کرنا - مسلسل طلب - رٹو - رٹ کر یاد کرنے والا -

رَج:- (ہ - مو) ہوا کا ریتا - بالو - ریت - حیض - دلیل - پھولوں کا زیرہ - رَج بہنا - راج بہنا - نہر کی چھوٹی شاخ -

رِجا:- (ع - مذ) اُمید - آس -

رَجا بجا:- (ف - مذ) آباد - بھرا پرا -

رِجال:- (ع - مذ) لوگ - رِجالُ الغیب (مذ) غیب کے آدمی - مردانِ غیب -

رِجالا:- (ا - مذ) کمینہ - رجالی (مو)

رَجَب:- (ع - مذ) ہجری سال کا ساتواں مہینہ -

رُجحان:- (ع - مذ) میلان - توجہ - طبیعت کا جھکاؤ -

رَجَز:- (ع - مذ) وہ اشعار جو حریف کے سامنے میدانِ جنگ میں اپنا رعب جمانے کے لیے پڑھے جاتے تھے -

رجز پڑھا کہ غلام شہ جلیل ہوں میں
عقیل کیوں نہ ہوں مسلم بن عقیل ہوں میں — تشیم

عروض کی ایک بحر کا نام ۔ (مو)

رَجِسٹَر :۔ (انگ ۔ مذ) دفتری یادداشتوں کی کتاب ۔ رجسٹرار ۔ دستاویزات کی رجسٹری کرنے والا ۔ رجسٹرڈ ۔ سرکاری کتاب میں درج کرایا ہوا نام وغیرہ ۔ وہ خط جس کی رجسٹری ڈاک خانہ میں کرا کے رسید لے لی گئی ہو ۔ رجسٹری (مو) محکمہ ڈاک کے رجسٹر میں زیادہ محصول دے کر خط کو درج کرانا اور رسید لینا ۔ دستاویز کو قانون نافذ الوقت کی رو سے محکمہ رجسٹرار میں اندراج کرا کے مکمل ہونا ۔ رجسٹری شدہ ۔ وہ خط یا دستاویز جس کی رجسٹری ہو گئی ہو ۔ رجسٹریشن (مذ) دستاویز کی رجسٹری کرانا ۔

رَجْعَت :۔ (ع ۔ مذ) واپسی ۔ شوہر کا اپنی مطلقہ بیوی کی طرف رجوع کرنا ۔ چاند سورج کے سوا اور کسی سیارے کا اپنی معمولی گردش سے پھرنا ۔ کسی جلالی عمل کی شرائط میں غلطی ہو جانے سے پاگل ہو جانا ۔ فضول بکنا (تجھے تو ایک بات کی رجعت ہو گئی ہے) فرقہ شیعہ کے عقیدے سے قرب قیامت میں انبیائے اولی العزم کا دوبارہ ظاہر ہونا ۔ رَجعت قہقری (مو) اُلٹے پاؤں پھرنا ۔ سابقہ حالت کی طرف لوٹنا ۔ رجعت ہونا ۔ کسی جلالی عمل میں ڈراؤنی شکلوں کا نظر آنا ۔

رِجلے رَجلے :۔ (ا ۔ مذ) کمینے

رَجماً بالغیب :۔ (ع) اٹکل سے ۔ بے سوچے سمجھے ۔

رَجمنٹ :۔ (انگ ۔ مو) آٹھ سو یا ہزار جوانوں کا دستہ ۔ پلٹن ۔

رَجْنا :۔ (ہ ۔ بن) سیر ہونا (رج کے کھاؤ)

رَجواڑا :۔ (ہ ۔ مذ) ہندو راجہ کی عملداری ۔

رُجُوع :۔ ع ۔ مو) لوٹنا ۔ جھکنا ۔ مائل ہونا ۔ بعض نے مذکر استعمال کیا ہے ۔ — ناسخ

ایسا طبیب کون ہے اسے گل کہ بار بار
تجھ سے رجوع نرگس بیمار نے کیا

رُجوع قلب ۔ دلی توجہ ۔ رُجوع کرنا ۔ کسی طبیب کا علاج شروع کرنا ۔ کسی طرف مخاطب ہونا ۔ کسی طرف پلٹ جانا ۔ عدالت میں دائر کرنا ۔ رجوع ہونا ۔ متوجہ ہونا ۔ مشغت ہونا ۔ گرویدہ ہونا ۔

رُجُولَت ۔ رُجولیت :۔ (ع ۔ مو) مردمی ۔ قوت باہ ۔

رُجُوم :۔ (ع ۔ مذ) وہ ستارے جن سے شیطان بھگائے جاتے ہیں ۔ ٹوٹے ہوئے ستارے

رِجھانا :۔ (ہ) خوش کرنا ۔ لبھانا ۔ فریفتہ کرنا ۔ رِجھنا ۔ خوش ہونا ۔ (اس جگہ بیشتر ریجھنا استعمال کرتے ہیں)

رُچ :۔ (ہ ۔ مو) خواہش ۔ رغبت ۔ خوشی (رچ ۔ ایک گھر بیچے تو سب گھر رچے) (ادبی) رُچنا ۔ خواہشمند ہونا ۔ لذت پانا ۔ مالوف ہونا (دل کے ساتھ) ؎

دل کسی سے نہیں رُچتا رنگیں
خونے بد اپنی سے ناراض ہوں میں

شادیانا ۔ انعام ۔ جو کسی شادی کے گیت گانے پر ڈومنیوں کو ملتا ہے ۔

رَچانا :۔ (ہ) مقرر کرنا ۔ پھیلانا (شادی رچانا ، مہندی ہاتھ سے رنگین کرنا ۔ خوشبودار کرنا ۔ کوئی بے کام شان کے ساتھ کرنا (ڈھونگ رچانا) رچاوٹ (مو) مہندی سے رچنے کی شوخی ۔ رچنا پچنا ۔ خوشگوار ۔ ہضم ہونے والا ۔ رچتی پچتی (مو) رَچنا ۔ کھانا ہضم ہونا ۔ ایک شے کی خوشبو کا دوسری شے میں سرایت کرنا ۔ مہندی کا رنگ لانا ۔ شادی کا پھیلنا ۔ جزو بدن ہونا ۔ رَچ کر کھانا ۔ رغبت سے کھانا ۔ رچنی مہندی (مو) وہ مہندی جو اچھا رنگ دے ۔

رح :۔ رحمۃ اللہ علیہ کا مخفف ۔ مرحوم کے معنی دیتا ہے ۔

رِحل :۔ (ع ۔ مو) قرآن شریف پڑھنے کی لکڑی کی گھوڑی ۔

رِحلَت :۔ (ع ۔ مو) کوچ ۔ موت ۔ رحلت کرنا ۔ کوچ کرنا ۔ مرنا ۔

رِحم :۔ (ع ۔ مذ) بچہ دان ۔ عموماً مرکبات میں مستعمل ہے اور قرابت کے معنی میں بولا جاتا ہے (صلۂ رحم) وہ چاولوں کا کچا حلوہ جو خوشی کی تقریب میں عورتیں اللہ کے واسطے بناتی ہیں ؎

دائی کر بیا رحم کروں بے نیاز کا
رہ جائے پیٹ مجھ کو جو صدقہ رحیم کا — جان صاحب

رَحم :۔ (ع ۔ مذ) مہربانی ۔ بخشش ۔ ہمدردی ۔ ترس ۔ رحم کرنا ۔ ترس کرنا ۔ رحم دل ۔ نرم دل ۔ ہمدرد ۔ رقیق القلب ۔ رحم کرنا یا کھانا ۔ ہمدردی کرنا ۔ ترس کھانا ۔ رحمان ۔ مہربانی کرنے والا ۔ خدا ۔

رَحمت :۔ (ع ۔ مو) مہربانی ۔ کرم ۔ بارش ۔ درود و سلام ۔ رحمت برسنا ۔ کثرت سے رحمت کا نازل ہونا ۔ رحمت خدا کی ۔ شاباش ۔ آفرین ؎

اسد اس جفا پر بتوں سے وفا کی
مرے شیر شاباش رحمت خدا کی

رَحمۃ للعالمین ۔ رسول کریم جو دنیا میں اللہ کی رحمت بنا کر

رَدلاکھنڈنا:- (ا - مذ) حقیر - نکما - خراب -

رَدواخدوا:- (ا) خراب - سفلہ - کمینہ -

رَدِی:- بغیر تشدید دال خراب - ناقص - نکما - ناکارہ -

ے محسن

ردی جب ہوا پرچہ الکتاب   کھلا دفتر امتحانِ حساب

رَدّی:- (ا بہ تشدید دال - عربی بے تشدید) نکما (مو) ناقص اور خراب شدہ کاغذ - ردّی کر دینا - بیکار کر دینا -

ردیف:- (ع - مو) وہ لفظ جو غزل یا قصیدہ کے اخیر میں قافیہ کے پیچھے بار بار آئے - سب سے بعد کی فوج - حروف تہجی کی ترتیب جو دیوان یا لغت کی ترتیب میں استعمال کی جاتی ہے (جیسے زیر نظر لغت میں یہ ”ر“ کی ردیف چل رہی ہے) ردیف باندھنا - کسی ردیف میں نظم کہنا - ردیف چمکنا - نظم میں ردیف کی وجہ سے لطف اور مزہ پیدا ہو جانا - ردیف وار حروف تہجی کی ترتیب سے -

رِذالہ:- (ع - مذ) کمینہ - لُچّہ - کم ذات - شریر - رذال پن (مذ) پاجی پن - کمینہ پن - رذالے کا لٹھ - بے شرم بے باک آدمی - رذالے کی جورو کو سدا طلاق - کم ظرف کی دوستی کا کوئی بھروسہ نہیں کرنا چاہیے - رذالے کے ناخن ہوئے - کمینہ صاحبِ اختیار ہوا -

رَذِیل:- (ع) سفلہ - کمینہ - کم ذات - رذیل کی دونا اشراف کی سو - کمینے کی دو گالیاں بھی اشراف کی سو گالیوں سے بڑھ کر ہوتی ہیں - رذیلوں کی دوستی پانی کی لکیر - شریفوں کی دوستی پتھر کی لکیر - کمینوں کی بات کا بھروسہ نہیں کرنا چاہیے -

رِڑیانا:- (ہ) گڑگڑانا ے انشا

پھر ہجر پہ جو اُن کو مصر پا رہے ہیں ہم
ٹھوڑی میں ہاتھ ڈال کے رِڑیا رہے ہیں ہم

رِڑکنا:- (ہ) کھٹکنا - چبھنا (آنکھ میں کچھ رڑک ہے)

رَز:- (ف - مذ) انگور کا درخت - انگور - (اسی لیے شراب کو دخترِ رز کہتے ہیں)

رَزّاق:- (ع - مذ) رزق دینے والا - خدائے تعالیٰ - رزّاقی (مو) رزق پہنچانے کی نشانی -

رِزق:- (ع - مذ) روزی - خوراک - اناج - رزق پہنچانا - روزی پہنچانا - خوراک مہیا کرنا - رزق کا کیڑا (مذ) اناج کمانے والا - انسان - آدمی -

رَزائی:- (ا - مو) رُوئی دار دلائی - ہلکا لحاف - رضائی دیکھیے -

رِزَرْوِڈ:- (انگ) وہ چیز جو کسی کے لیے مخصوص کر دی گئی ہو

رِزَلٹ:- (انگ - مذ) امتحان کا نتیجہ - انجام -

رَزم:- (ف - مو) لڑائی - معرکہ - رزمگاہ (مو) لڑائی کا میدان - رَزمیہ - لڑائی کا بیان - جنگ نامہ منظوم -

رِزُولیوشن:- (انگ - مذ) تجویز - قرارداد -

رِزِیڈنٹ:- (انگ - مذ) شاہی نمایندہ جو تحت یا متوسل میں نگرانی کے لیے رہے - باشندہ - رزیڈنسی (مو) رزیڈنٹ کے رہنے کی جگہ -

رَس:- (ہ - مذ) عرق - نچوڑ - شیرہ - ذائقہ - شیرینی - پتلی چیز - کسی چیز کا جوہر یا ست جو پتلا ہو - لوچ - (اصطلاح رقص میں) جذبات کی حرکاتی شکل جسے جمالیاتی طور پر اس طرح ترتیب سے ظاہر کیا جائے کہ دیکھنے والے اپنے جذبات کو اپنے آئینے میں دیکھنے لگیں - رس نو قسموں کا ہے:

(۱) شانتی (۲) شرنگارا (۳) رودرا (۴) ویرا (۵) اوبھاشا (۶) بھیا (۷) کرونا (۸) رودھ بھوتا (حیرت انگیز) (۹) بھیانکا -

آواز کی نرمی یا شیرینی (اس کی آواز میں بڑا رس ہے) نشیلاپن (آنکھوں کا رس) رس اترنا - گھوڑے کے سر سے مواد کا پانی نکلنا - رس بھری - شیریں - مزے دار نشیلی - ایک پھل جو ذرا کھٹا ہوتا ہے - رس پڑنا - اناج میں دودھ پڑنا - رس ٹپکنا - بہت ہی زیادہ رس ہونا - جوشِ جوانی سے بھرپور ہونا - رس گھولنا - میٹھی میٹھی باتیں کرنا - رس لینا - رس چوسنا - رس میں بس ملا دیا - خوشی میں رنج پیدا کر دیا -

رَسا:- پہنچنے والا - بلند چڑھنے والا - دور جانے والا (آواز) کامل (زلفِ رسا) رسائی (مو) پہنچ - باریابی - دخل (پانا - پیدا کرنا - ہونا)

رَسّا:- (ہ - مذ) موٹی رسّی - رسّ بٹا - رسی بٹنے والا -

رِسالت:- (ع - مو) پیغامبری - ایلچی گری - رسالتمآب - آنحضرت صلعم -

رِسالدار:- (ا - مذ) ایک فوجی رسالہ کا افسر -

رِسالہ:- (ع - مذ) چھوٹی کتاب - ہزار یا آٹھ سو سوار دل کا دستہ -

رُسوا :- (ف) ذلیل، خوار۔ بدنام۔ رُسوا کرنا۔ ذلیل کرنا۔ بدنام کرنا۔ رسوا ہونا۔ بے عزت ہونا۔ خوار ہونا۔ رُسوائی (مو) ذلت۔ بدنامی۔

رَسَوت :- (ہ ا مو) ایک کڑوی دوا کا نام۔

رُسُوخ :- (ع - مذ) رسائی۔ مداخلت۔ اعتبار۔ اثر

رَسُول :- (ع - مذ) خدا کی طرف سے مخلوق کی رہبری کے لیے بھیجا ہوا ہادی جو کتاب لائے۔ قاصد۔ نامہ بر۔ رسُول زادی۔ سیدانی۔ جنابِ فاطمۃ زہرا۔ رسُول شاہی۔ ایک فرقے کے آزاد فقیر۔ رسول شاہی ڈاڑھی۔ وہ ڈاڑھی جو صرف ٹھوڈی کے نیچے سے لمبی ہو۔ رسول شاہیوں کی ڈاڑھی۔

رَسُولی :- (ا - مو) گلٹی۔ گرہ۔ ایک قسم کی بتوڑی۔

رُسُوم :- (ع - مذ) رسم بمعنی رواج کی جمع۔ شادی بیاہ کی رسمیں (مو) سرکاری خرچ کی فیس۔ نذرانہ۔ حق زمینداری۔ رسُوم عدالت (مو) سرکاری خرچہ۔ کورٹ فیس۔

رَسوئی :- (ہ - مو) کھانا پکانے کی جگہ۔ کھانا۔ رسوئی بنانا۔ کھانا تیار کرنا۔ روٹی پکانا۔ رسوئیا۔ کھانا پکانے والا (ہندوؤں کا روزمرہ ہے)

رَسّی :- (ہ - مو) موٹی ڈوری۔ سو فٹ کا لمبا پیمانہ۔ لمبی عمر۔ رسّی بٹنا۔ رسّی کو بل دے کر تیار کرنا۔ رسّی جل گئی پر بل نہیں گیا۔ باوجود تنبیہ اور سزا کے بدعادت نہ گئی۔ تباہ ہونے پر بھی اکڑ باقی ہے۔ رسّی دراز کرنا۔ ڈھیل دینا۔ چشم پوشی کرنا۔ مہلت دینا۔ رسّی دراز ہونا۔ مہلت ملنا۔ ڈھیل ہونا۔ ظالم یا بد کی عمر طویل ہو جانا۔ رسّی ڈھیلی چھوڑنا۔ مہلت دینا۔ اپنی مرضی پر چھوڑنا۔ رسّی کا سانپ بنانا۔ چھوٹی سی بات کو بڑھانا۔ بہتان جوڑنا۔ غلط بات کو بڑھانا۔ رسّیاں تڑانا۔ آزادی چاہنا۔ سخت گرفت سے بھاگنے کی کوشش کرنا۔ ؎ بحر

گو رسّیاں تڑاؤں، ہاں محال ہے
دہری کمند ہو کے وہ زلف دوتا لگی

رَسِید :- (ف - مو) رسائی۔ دخل۔ کسی چیز کے ملنے کا تحریری اقرار۔ پتہ۔ خبر۔ رسید دینا۔ وصولیابی کا کاغذ مہیا دینا۔ رسید کا ٹکٹ۔ وہ ٹکٹ جو رسید پر چسپاں کیا جاتا ہے۔ رسید کرنا۔ مارنا۔ رسید نہ دینا۔ پتا نہ دینا۔ سراغ نہ بتانا۔ رسیدہ۔ پختگی کی حد پر پہنچا ہوا۔ اجل یا میوہ کمال پر پہنچا ہوا (عمر رسیدہ)۔ بمعنی (اجل رسیدہ)۔ رسیدہ بود بلائے ولے بخیر گذشت۔ اس وقت بولتے ہیں جب انسان کسی آگہانی مصیبت سے بچ جائے۔

رَسِیلا :- (ہ) عراق دار۔ رس بھرا۔ بانکا۔ خوش وضع۔ خوش طبع۔ حسین۔ رسیلی (مو) رسیلی آنکھیں (مو) مخمور آنکھیں۔ مست آنکھیں۔ رسیلے نین۔ رسیلی بولی۔ دلوں میں تاثیر کرنے والی آواز۔ بچوں عورتوں یا بعض لڑکوں کی دلکش آواز۔

رِسِیوَر :- (انگ) وہ شخص جس کے سپرد عدالتی حکم سے دیہات کی تحصیل وصول کرنا اور حساب داخل کرنا کیا جائے۔ ٹیلی فون کا وہ حصّہ جسے گھنٹی بجنے کے بعد اٹھا کر کان سے لگاتے اور پیغام سنتے ہیں۔

رِشتہ :- (ف - مذ) ناتا۔ قرابت۔ اپنایت۔ خاندان۔ پاؤں کی بیماری۔ نسبت۔ شادی کا پیغام (آنا اور ملے ہونا کے ساتھ) رشتۂ آواز۔ مسلسل آواز۔ رشتہ برپا۔ پاؤں میں ڈور بندھا ہوا۔ رشتۂ تاک (مذ) انگور کی بیلیں۔ رشتۂ جان (مذ) سانس چلنے کا سلسلہ۔ رشتہ جوڑنا۔ نکاح کرنا۔ نسب کا سلسلہ ملانا۔ رشتہ دار۔ قرابت دار۔ بنے کا آدمی۔ گوتی۔ رشتہ داری (مو) قرابت داری۔ برادری۔ رشتہ ناتا (مذ) میل جول۔ قرابت داری۔

رَشحَہ :- (ع - مذ) ٹپکنا۔ پانی جو کسی جگہ سے ٹپکے۔ چھنا۔

رُشد :- (ع - مذ) ہوش سنبھالنا (وہ سن رشد کو پہنچ کر بے تمیز ہوگیا) ہدایت پانا ؎ امیر

دربار سید الشہدا میں جگہ ملی
پہنچا حد کمال کو رُشد اس رشید کا

رَشک :- (ع) غیرت (رشک حور) یہ خواہش کہ جو چیز دوسرے کے پاس ہے ہمیں بھی مل جائے مگر اس کے پاس بھی رہے۔ حسد۔ جلن۔ میرا وسطی شاگرد ناسخ کا تخلص۔

رِشوَت :- (ع - مو) ناجائز نذرانہ۔ رشوت خور۔ رشوت کھانے والا۔ رشوت دینا۔ ناجائز فائدہ اُٹھانے کے لیے حاکم کو نذرانہ دینا۔ رشوت ستانی۔ حاکم کا ناجائز طریقے پر اس شخص سے جس کا کام پڑے روپیہ لینا۔ رشوت کھانا یا لینا۔ ناجائز روپیہ کسی ناانصافی کے لیے لینا۔

رِشی :- (ہ - مذ) سادھو۔ درویش۔ خدا رسیدہ۔

رَشِید :- (ع) سیدھے راستے پر چلنے والا۔ ہدایت یافتہ۔ تربیت یافتہ۔ شاگرد رشید۔

رُصاص :- (ع - مذ) سیسہ (قلم رصاص)

رَصَدگاہ :- (ف - مو) وہ مینار جس سے تاروں کے حالات دیکھے جاتے ہیں۔

رُفت رُوب:- (ف - مو) صفائی ۔ رشک

صاف کرتے کرتے ہم نے کھو دیا دل کا نشاں
مل گیا مٹی میں گھر افراطِ رفت و روب سے

رُفت وگُزَشت:- (ف) گیا گزرا - درگزر (کرنا یا ہونا)

رَفتہ رَفتہ:- (ف) آہستہ آہستہ - بتدریج -

رَفرَف:- (ع - مذ) ایک مخصوص سواری کا نام جس پر پیغمبر اسلام علیہ السلام معراج میں براق کے ذریعے آسمانوں پر پہنچنے کے بعد سوار ہوئے تھے -

رِفض:- (ع - مذ) سردار کو چھوڑنا - رافضی ہونا -

رَفع:- (ع) بلند کرنا (رفعِ یدین) نکالنا - دور کرنا (رفعِ حاجت) - غمزہ - پیش - رَفع دَفع کرنا - قصے کو ختم کرنا - جانے دینا - معاف کرنا - جھگڑا مٹانا - رَفعِ شر رفعِ فساد (مذ) جھگڑا دور کرنا - فساد مٹانا - رَفعِ یَدَین (مذ) نماز میں تکبیر کے لیے دونوں ہاتھ اٹھانا -

رِفعَت:- (ع - مو) برتری - اوج - بلندی -

رِفق:- (ع - مو) نرمی - رِفق و مدارا - تواضع - مہربانی کا برتاؤ - رُفقا مذ رفیق کی جمع - ساتھی - احباب -

رَفَل:- (مو - ا) ایک قسم کا باریک کپڑا جیسے باریک ململ - ایک قسم کی کارتوسی بندوق - رفل پڑنا - اچانک صدمہ پڑنا ۔ صبا

بغیر یار میں گلگشت میں ہلاک ہوا
رفل پڑی جو کوئی غنچہ باغ میں چٹکا

رَفو:- (ف - مذ) پھٹے کپڑوں کو تاگوں سے بھرنا - رفو چکر میں آنا - کسی عجیب چیز کو دیکھ کر حیران ہو جانا - مصیبت میں پھنس جانا - رفو چکر ہونا - بھاگ جانا - لاپتہ ہو جانا - سرگرداں ہونا - رفو کرنا - کپڑے کی پھٹن کو تاگوں سے بھرنا - رفوگر - رفو کرنے والا - رفوگری - رفو کرنے کا پیشہ -

رَفیع:- (ع) بلند - رفیع الشان - رفیع المنزلت - بڑے مرتبے والا -

رَفیدہ:- (ف - مذ) تنور میں روٹی لگانے کی گدی - گول اور بڑی وضع کی پگڑی -

رَفیق:- (ع - مذ) ساتھی - دلی دوست - ہم نشین - خیر خواہ -

رَقابت:- (ع - مذ) ایک معشوق کا دوسرا چاہنے والا ہونا - چشمک - وہ دشمنی جو ہمسری یا ہم پیشہ ہونے کی وجہ سے ہو - رقابت کی آگ (مو) وہ دشمنی جو رقابت کی وجہ سے ہو - رقابت ہونا - چشمک ہونا -

رَقّاص:- (ع - مذ) ناچنے والا - رقص کرنے والا - رقاصہ (مو) - رقاصِ فلک - زہرہ -

رَقبہ:- (ع - مذ) زمین کے طول و عرض کا حاصل ضرب - احاطہ -

رِقّت:- (ع - مو) رونا - دل بھر آنا - کسی کا پتلا ہونا - کسی چیز کا پتلا ہونا - رقت آنا یا ہونا - دل بھر آنا - رونا -

رَقص:- (ع - مذ) ناچ - جسم کی حرکات و سکنات کو ایک ضابطہ ترنم اور ترتیب کے ماتحت لانا تاکہ اعضاء و جوارح کی مشاقانہ حرکتوں سے ایسی منظم فضا پیدا ہو جائے - جیسے نظامِ شمسی کی ترکیب ہے - تحرکنا - رقصِ بسمل - زخمی کا تڑپنا - ہاتھ پاؤں مارنا - رقصِ طاؤس (مذ) مور کا ناچ - ایک خاص قسم کا ناچ - رقص و سرود (مذ) ناچ رنگ گانا بجانا - رقص و غنا - ناچ گانا ۔ امیر

روز تجویز ہوئی رقص و غنا کی محفل
نام اس بزم کا رکھا گیا عشرت منزل

رقصاں - رقص کرنے والا -

رَقطا:- (ع - مو) کلام کی ایک لفظی خوبی جس میں کسی فقرے یا شعر میں ایک حرف منقوط اور ایک غیر منقوط لاتے ہیں -

رُقعہ:- (ع - مذ) کپڑے یا کاغذ کا ٹکڑا - چھوٹا خط - وہ کاغذ جو پیامِ نسبت کے موقع پر حسب نسب لکھ کر لڑکی کے گھر بھیجتے ہیں - کسی تقریب یا شادی میں بلانے کا دعوت نامہ - پیوند - تھگلی ۔ منیر

مضمون خط میں رقعہ و دلق گدا کے ہیں

رُقعہ آنا - نسبت کا خط آنا - شادی کی درخواست آنا - خط آنا - رُقعات - رقعہ کی جمع -

رَقم:- (ع - مو) روپوں کے مخصوص نشان یا ہندسے تحریر - نشان جو تحریر میں بناتے ہیں ۔ داغ

سب کہیں کاتب اعمال رقم بھول گئے

جواہر - مرصع - کل تعداد (ہزار روپے کی رقم ماری گئی) قسم - جنس - ڈھنگ - طرز - طور - مال - دولت - قیمتی چیز لکھنا (اس نے سب کیفیت رقم کر دی ہے) - رقم سائر (۱) وہ روپیہ جو زمیندار کو لگان کے علاوہ نالے - تالاب - جنگلی یا سنگھاڑوں سے ملے -

رقم کرنا۔ لکھنا۔ نقش کرنا۔ رقم وار۔ تفصیل وار۔

رَقیب:۔ (ع۔ ا) جن دو شخصوں میں رقابت ہو۔ دیکھو رقابت۔

رَقیق:۔ (ع۔ ا) پتلا۔ پانی سا۔ نرم۔ **رقیق القلب**۔ رحم دل۔ ترس کھانے والا۔

رَقیمہ:۔ (ع۔ مذ) مکتوب۔ رقعہ۔ نوشتہ۔

رِکاب:۔ (ع۔ مو) گھوڑے پر چڑھنے کا آہنی حلقہ۔ بادشاہوں اور حکام کی سواری کا گھوڑا۔ لمبا سا پشت دار پیالہ۔ وہ لفظ جو ہر صفحے کے نیچے لکھتے ہیں تاکہ اگلے ورق کی عبارت کا جوڑ مل جائے۔ **رکاب دار** (مذ) گھوڑے پر چڑھنے والا نوکر۔ اعلیٰ درجہ کا باورچی۔ **رکاب دوال** (مو) رکاب کا چمڑا۔ **رکاب میں**۔ ہمراہ۔

رَکابی:۔ (ا۔ مو) طشتری۔ تھالی۔ چھوٹا طباق۔ **رکابی سا منہ**۔ چوڑا منہ۔ طباق سا چہرہ۔ **رکابی مذہب**۔ زمانہ ساز۔ ابن الوقت۔ جو کبھی ادھر ہو کبھی ادھر یا دونوں طرف ہو۔ **رکابی میں جب تک بھات میرا تیرا ساتھ**۔ غرض کے بندے سے۔ جب تک دولت ہے دوست ہے۔

رَکاکت:۔ (ع۔ مو) سفلہ پن۔ چھچھورا پن۔ پستی و بے عزتی۔

رُکاؤ:۔ (ہ۔ مذ) روک۔ توقف۔ رنجش۔ مزاحمت۔ **رکاوٹ** (مو) کشیدگی۔ ٹھہراؤ۔ کدورت۔

رِکشا:۔ تین پہیوں کی گاڑی جو سائیکل کے پہیوں سے بنی ہے۔

رَکعت:۔ (ع۔ مو) نماز کا اتنا حصہ جس میں ایک رکوع بھی آجائے۔ **رکعات** جمع۔

رُکنا:۔ (ہ) ٹھہرنا۔ دم لینا (وہ چلتے چلتے رک گئے) کسی امر سے باز رہنا۔ (وہ پولیس کو دیکھ کر مارتے مارتے رک گیا) کشیدہ ہونا۔ کھنچنا (تم مجھ سے کیوں رکے ہو) کسی چیز کا کسی برتن وغیرہ سے نکلنے میں آہستہ آہستہ نکلنا (اس لوٹے سے رک رک کر پانی نکلتا ہے) پس و پیش کرنا۔ بند ہونا۔ مسدود ہونا۔ ادھورا رہنا۔ ناتمام رہنا ؎ غالب

زخم گر دب گیا لہو نہ تھما ۔ کام گر رک گیا روا نہ ہوا

رکوانا۔ روکنا کا متعدی المتعدی۔

رُکوع:۔ (ع۔ مذ) نماز میں گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر عاجزی سے جھکنا۔

رکھا رکھایا:۔ (ا) رکھا ہوا۔ باسی۔ **رکھا رہنا** کسی جگہ سے رکھی ہوئی چیز کا نہ اٹھایا جانا۔

رکھانا۔ رکھوا دینا۔

رِکھب:۔ (ہ۔ مذ) ایک سُر کا نام۔

رکھ پت رکھا پت:۔ (ہ) عزت کرو عزت پاؤ۔ اچھا سلوک کرو۔ تم سے بھی جواب میں اچھا سلوک ہوگا۔

رکھ چھوڑنا:۔ (ہ) جمع رکھنا۔ رکھ دینا۔ دھر دینا۔ چھوڑ دینا۔ ہار مان کر ہتھیار ڈال دینا۔ **رکھ رکھاؤ** (مذ) خاطر داری۔ دیکھ بھال۔ اپنی عزت کا خیال۔

رکھ کر کہنا:۔ کسی پر ڈال کر بات کہنا۔ **رکھ لینا**۔ لے لینا اپنے ساتھ۔ زور پر رکھنا۔ متواتر وار کرنا۔ **رکھنا**۔ دھرنا۔ ٹکانا۔ بچانا۔ خبرداری کرنا۔ (خدا رکھے تو کون چکھے) جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ قبضے میں رکھنا۔ پاس رکھنا۔ عائد کرنا (الزام رکھنا) ملتوی کرنا۔ موقوف رکھنا (یہ کام کل پر رکھو) دفن کرنا۔ قبر میں اتارنا۔ رہن کرنا۔ لگا دینا (زخم پر پھایا رکھ دو) لانا۔ پیش کرنا (کتاب آگے رکھو) ڈالنا۔ مقرر بنانا۔ صحبت کرنا۔ دینا۔ تابع ہو جانا۔ روک۔ ٹھہرانا۔ قیمت مقرر کرنا۔ تعزیہ بنا کر گھر یا عزا خانے میں رکھنا۔ لازم رکھنا۔ بچے نکلنے کے لیے انڈوں کو قاعدہ سے رکھنا۔ بھینٹ چڑھانا۔ نذر کرنا۔ سونپنا۔ سپرد کرنا۔ شرط بدنا۔ کسی برتن میں کوئی چیز ڈالنا۔ پرورش کرنا۔ پالنا (جانور رکھنا) قبول کرنا (اس نے میرا تحفہ رکھ لیا) کرنا (آرزو رکھنا) تصرف میں لانا ؎ درد

اگرچہ دختر رز سے ہے محتسب در پے
جو ہو سو ہو جائے اب تو یار رکھتے ہیں

چرانا۔ خیانت کرنا۔ ترک کرنا ؎ صبا

دوست ادھر تو رکھتے نہیں ہیں ساغر
مغرب سے یاں نمایاں جب آفتاب ہوگا

رکھوالا (مذ) حفاظت کرنے والا۔ نگہبان۔ **رکھوالی** (مو) حفاظت۔ پاسبانی۔ چوکیداری۔ **رکھوانا**۔ رکھنا کا متعدی المتعدی۔ نیز چھین لینا (پچاس روپے اسی وقت رکھوا لیجیے) واپس لینا ؎

جو دیا تو نے وہ آخر ہم سے سب رکھوا لیا ۔ خالی

رکھی ہے۔ نہیں ہے۔ ختم ہو گئی۔

رُکھانی:۔ (ہ۔ مو) لکڑی کھودنے کا اوزار۔ نہانی۔

رُکھائی:۔ (ہ۔ مو) روکھا پن۔ بے توجہی۔ بد اخلاقی۔ انکار۔ **رکھائی کرنا**۔ بے مروتی کرنا۔ بد مزاجی کرنا۔ **رکھائی کی لینا**۔ رکھائی کرنا۔

رَکیک:۔ (ع) کمینہ۔ کمزور۔ ذلیل۔ ادنیٰ۔ ناچیز

رَکین :- (ع) استوار۔ مضبوط (رکن رکین)

رَگ :- (ف - مو) جسم میں خون کی نالیاں۔ نس۔ نبض۔ آنکھ کا ڈورا۔ پھول یا پتے کو ریشہ۔ اصل۔ ذات۔ تما تاکا۔ دودھ پلانے والی عورت کا اثر۔ رگ اُبھرنا۔ نس کا پھولنا۔ کسی کام کے کرنے کی اُمنگ اٹھنا۔ رگ اُترنا۔ غدود اُترنا۔ غصہ کم ہونا۔ آنت اُترنا۔ رگ پٹھے سے واقف ہونا۔ عادت خصلت سے آگاہ ہونا۔ ذات پات سے واقف ہونا۔ رگ پھڑکنا۔ ماتھا ٹھنکنا۔ شدنی امر سے واقف ہونا۔ شرارت کرنے پر آمادہ ہونا۔ رگ میں حرکت ہونا۔ رگ جاں (مو) شریان۔ شاہ رگ۔ رگ چڑھنا۔ ہٹ کرنا۔ مچلنا۔ رگ دار۔ ریشہ دار۔ رگ دبنا۔ غرض اٹکنا۔ قابو ہونا۔ دباؤ ہونا۔ رگ رگ سے واقف ہونا۔ کسی کی فطرت یا پوری کیفیت کا علم ہونا۔ رگ رگ میں۔ گوشت پوست کے ہر رگ اور ریشے میں۔ رگ زن۔ فصد کھولنے والا۔ جراح۔ رگ غیرت یا رگ حمیت (مو) جوش غیرت۔ مروت اور ہمدردی کا جوش۔ رگ کھڑی ہونا۔ رگ پھڑکنا۔ رگ گردن (مو) گردن کے پاس کی دو رگیں۔ شہ رگ۔ رگ وپے میں سمانا۔ ہر رگ میں اثر کرنا۔ خمیر کا جزو بن جانا۔ رگ و ریشہ (مذ) رگ پٹھا۔ گوشت پوست۔ خو بو۔ عادت۔ خصلت۔ ذات۔ بنیاد۔ رگ و ریشہ میں پڑنا۔ گھٹی میں پڑنا۔ خمیر میں داخل ہونا۔ رگیں مرنا۔ رگوں میں طاقت نہ رہنا۔ نامرد ہوجانا۔ جوش نہ رہنا۔ احساس باقی نہ رہنا۔ رگیں نکل آنا۔ بہت دبلا ہوجانا۔

رگڑ :- (ہ - مو) چھلن۔ ہلکا سا زخم۔ رگڑ دینا۔ گھس دینا۔ غرور مٹا دینا۔ رگڑ لگنا۔ کھرنچ لگنا۔ چھل جانا۔ رگڑ کھانا۔ گھسا کھانا۔ ٹکرانا۔

رگڑا :- (ہ - مذ) گھسا۔ خراش۔ پینا۔ بھنگ گھوٹنا۔ ایک پتنگ کی ڈور سے دوسرے کی ڈور کو کاٹنے کا نشان۔ جو ڈور پر پڑجاتا ہے۔ رگڑا جھگڑا (مذ) لڑائی جھگڑا۔ ٹنٹا۔ رگڑا دینا۔ گھسا دینا۔ دھوکا دینا۔

رگڑنا :- (ہ) گھسنا۔ ملنا۔ مانجھنا۔ گھوٹنا (بھنگ رگڑنا) آہستہ ملنا۔ حیران کرنا۔

رَگی :- (ا) ضدی۔

رگید رگا دکر :- (ا) گھیر گھار کر۔ مار پیٹ کر۔ رگیدنا۔ کھدیڑنا۔ گھیر کر بھگانا۔ پیچھا کرنا۔

رگیل :- (ہ - مذ) وہ کبوتر جو دانہ چگ کر اڑجائیں۔ ہرجائی مرد۔ مسل چیز۔ رگیلا۔ شریر۔ وہ کپڑا جس کا تانا بانا اُبھرا ہوا ہو۔ موٹی رگوں کا پان۔ وہ گوشت جسے صاف نہ کیا گیا ہو۔

رَلا :- (ہن - مذ) ملاوٹ۔ بکھیڑا۔ مغالطہ۔ بھول (پڑنا - ڈالنا)۔ مل جانا۔

رَلا مِلا :- (ہن) ملا جلا۔ رلا مل جانا۔ مخلوط ہوجانا۔ کمال اتحاد ہوجانا۔

رُلانا :- (ہ) رونا کا متعدی۔ کسی کو کوئی روحانی یا جسمانی صدمہ پہنچا کر تنگ کردینا۔

رُلنا :- (ہن) رولنا کا لازم۔ خاک میں رل جانا۔ تباہ ہونا۔ رلنا کھلنا۔ رلنا۔ قریب مرگ ہونا۔

رُلوانا :- (ہ) رُلانا۔ ع۔ انیس

فرمایا نہ رُلواؤ مجھ سوختہ جاں کو

تلوار درست کرنا۔

رَم :- (انگ - مو) گڑ کی شراب۔

رِم :- (انگ - مذ) کاغذ کے بیس دستوں کا بنڈل۔ پانسو یا چار سو اسی تختوں کا گٹھا۔

رَم :- (ف - مذ) وحشت۔ گریز۔ نفرت (کرنا کے ساتھ) رم بھول جانا۔ چوکڑی بھول جانا۔ رم خوردہ۔ رم زدہ۔ بھاگا ہوا۔ وحشت زدہ۔

رَمّال :- (ع) علم رمل کا جاننے والا۔ جوتشی۔

رُمال :- (ا - مذ) منہ پونچھنے کا کپڑا۔ رومال

رُمّان :- (ع - مذ) انار۔ رمّانی۔ رمان سے منسوب۔ انار کے رنگ کا۔

رَمانا :- (ہ) سما دینا۔ (خدا نے تمہاری محبت میرے دل میں رمائی) اختیار کرنا (جوگ لینا) گھمانا۔ پھیرا۔ گم کرنا۔

رمتا جوگی :- (ہ - مذ) پھرتا پھرتا جوگی۔ درویش۔

رِم جھم :- (ہ) بارش کی ہلکی آواز۔ رم جھم برسنا۔ زور سے مینہ برسنا۔

رَمد :- (ع - مذ) آنکھ کی بیماری کا نام جس سے آنکھیں سرخ رہتی ہیں۔

رَمز :- (ع - مو) اشارہ (لب آبرو سے ہو یا اور کسی طرح) ایما۔ کنایہ۔ پیچ واردات۔ راز۔ نکتہ۔ باریکی۔ نوک جھونک۔ طعنے۔ علامت۔ نشان (قرآن پاک کے رموز وقف) مخفی بات۔ پوشیدہ بات ع۔ میر حسن

یہ آپس میں رمزوں کی باتیں ہوئیں

رنگ (ف - مذ) رنگت - روپ (اس کا رنگ کالا ہے) طرز - روش - انداز ع داغ

گل ہے رنگین ہو، میں اپنے رنگ کا دیوانہ ہوں

گانا کھیل کود (ناچ رنگ) وہ چیز جس سے رنگتے ہیں - حال احوال - کیفیت (کیسے آج کل کیا رنگ ہے) بہار - رونق - خوب صورتی ع

تیغ نگاہ یار بھی آج رنگ ہے امانت

سماں ع امانت

صحن چمن میں راگ کا سرمست رنگ ہے

مانند - نظیر ع داغ

اس چمن میں گو برنگ سبزہ بیگانہ ہوں

روغن - وارنش - خوشی - خوشحالی - لطف - مزہ ع شوق

ہو رنگ جو تو یہ آج ٹوٹ لے

دستور - رسم - قاعدہ - قسم ع رشک

بہزاد رنگ کے گل کھا سے چار دن کے لیے

تماشا - سیر ع

عاشق کو دکھاتی ہے عجب رنگ جوانی

ہنسی - مذاق - چہل - بجنے کی آٹھوں بازیوں کا نام - ہمسر - جوڑ - شغل ع امانت

راگ کے رنگ میں سب رات گنوا دیتے ہیں

خمار نشہ - قوت (اب اس معاملے نے رنگ پکڑا ہے) مکر و حیلہ (رنگ گانٹھنا) برتاؤ (باپ بیٹے دونوں کا ایک رنگ ہے)

رنگ اداس ہونا - چہرہ اترنا - غم کا اثر ظاہر ہونا - **رنگ اڑنا یا اڑ جانا** - چہرے کا بے رونق ہونا - منتشر ہو جانا - **رنگ افشانی یا رنگ پاشی کرنا** (مو) رنگ چھڑکنا - رنگ کھیلنے کی رسم جو شادی کے موقع پر ہوتی ہے - **رنگ اکھڑنا** - مزہ کرکرا ہونا - بے رونقی ہونا - سماں نہ رہنا - **رنگ آمیزی** (مو) رنگ کا کام - گلکاری - نقاشی - اپنی طرف سے ملا کر کچھ بات کہنا - **رنگ آنا یا چڑھنا** - رونق پر آنا - دوسرے کے اثر کو قبول کرنا - ہم رنگ ہونا - **رنگ بدلنا** - حالت بدلنا - نیلا پیلا ہونا - **رنگ برنگ** - بچترنگا - طرح طرح کے رنگ کا - **رنگ بگڑنا** - بے رونقی ہونا - بدرنگ ہونا - حال خراب ہونا - **رنگ بندھنا** - رونق پکڑنا - سماں بندھنا - اثر جمنا - **رنگ بجھے** - رانگے سے برتن وغیرہ بنانے والا - **رنگ بھرنا** - رنگین بنانا - تصویر میں رنگ بھرنا - **رنگ بھنگ ہونا** - لطف خراب ہونا - کھنڈت پڑنا - **رنگ بے رنگ ہونا** - حال بے حال ہونا - سماں نہ رہنا - **رنگ پر آنا** - رونق پکڑنا - بہار پر آنا - **رنگ پھوٹنا یا پھیلنا** - رونق پر آنا - رنگین ہونا - چمکنا - ابھاری پیدا ہونا - پختگی آنے لگنا ع

نگہ رنگین نے تیری اے آتش

کیسے کیسے کیے ہیں پیدا رنگ

رنگ پھوٹنا - رنگ ظاہر ہونا - رنگ جھلکنا - **رنگ پھیکا پڑنا** یا ہونا - رونق کم ہونا - بے مزہ ہونا - ماند پڑنا - دوسرے کے مقابلے میں اثر نہ ہونا - **رنگ ٹپکنا** - رنگ کی تراوش کرنا - خاص حالت ظاہر ہونا ع آتش

مثل شفق چرخ وہ بت آئے لب بام

رنگ اثر اس نالۂ شبگیر سے ٹپکے

رنگ جل جانا - غم یا غصے وغیرہ سے رنگ سانولا ہونا - **رنگ جمانا** - بات کی بنیاد ڈالنا - اثر قائم کرنا - رسوخ پیدا کرنا - رونق دینا - **رنگ جمنا** - رونق بڑھنا - فروغ پانا - سماں بندھنا - رنگ آنا - رنگ قائم ہونا - اعتبار پیدا ہونا - نظروں میں بھلا لگنا - بات کی بنیاد پڑنا - رسائی پیدا ہونا - **رنگ چڑھانا** - رنگ دینا - روغن دینا - مخمور کرنا - سماں باندھنا - اپنا سا بنانا - وارنش کرنا - **رنگ چمکنا** - نکھرنا - روپ آنا - شہرت بڑھنا - **رنگ چمکانا** - جلا کرنا - رونق دینا - شہرت بڑھانا - **رنگ چوکھا آنا** - رنگ نکھر آنا - **رنگ چھا جانا** - اثر یا رنگ کا کسی مقام پر محیط ہونا - **رنگ چوکھا ہونا** - رنگ کا شوخ ہونا - **رنگ چھڑکنا** - رنگ کے چھینٹے دینا - ہولی کھیلنا - **رنگ دار** - رنگین - آب و تاب والا - **رنگ دکھانا یا دکھلانا** - کیفیت دکھانا - لطف دکھانا - طرز دکھانا - اثر ظاہر کرنا - خلاف توقع ضعیف وہ کام کرنا (اس نے تو اختیار پاتے ہی خوب رنگ دکھائے) نیرنگی دکھانا ع منیر

آسماں رنگ دکھاتا ہے نئے

رنگ دگرگوں ہونا/کرنا - حالات بدلے ہونا (بدلنا) **رنگ دینا** - رنگنا - مزہ دینا - مالا مال کرنا - **رنگ ڈھنگ** (مذ) چال چلن - برتاؤ - حالت - **رنگ ڈھنگ دیکھنا** - چال چلن دیکھنا - بھاؤ دیکھنا - **رنگ رچانا** - شادی رچانا - رنگین کرنا - **رنگ رچنا** - رنگ کا خوب اثر کرنا - گہرا رنگ آنا - **رنگ رس** (مذ) گانے بجانے کی خوشی - سکھ چین - **رنگ رسیا** (مذ) عیش کا بندہ - رنگیلا - **رنگ رلیاں** (مو) کھیل تماشہ - ٹھٹھا - ترکتیں (کرنا - منانا) **رنگ روپ و جوبن** (مذ) چمک دمک - چہرہ مہرہ - **رنگ روپ نکالنا** - نکھرنا - جوبن نکالنا - **رنگریز** - کپڑے رنگنے والا - **رنگ زرد ہونا** - رنگ فق پڑنا - خون خشک ہو جانا - بیماری سے چہرے پر نقاہت آنا - **رنگ سازی** (مو) وارنش کرنا - رنگ بھرنے کا کام - **رنگ سرخ ہونا** - گلابی رنگ ہونا - غصہ آنا - خوشی ہونا - **رنگ سفید ہونا** - رنگ اڑ جانا - ڈر جانا - خوف کھانا - بیماری سے نقاہت آ جانا - **رنگ شکستہ** - پریشان حلیہ - منہ پر ہوائیاں اڑنے کی حالت - **رنگ شوخ ہونا/کرنا** - رنگ تیز ہونا (کرنا) **رنگ فق ہونا یا ہو جانا** - رنگ اڑنا - چہرہ اترنا - شرم یا خوف یا حیرت وغیرہ سے چہرے کا سفید پڑ جانا - **رنگ کا پکا ہونا** - دھلنے سے رنگ خراب نہ ہونا - **رنگ کا کچا** - پختہ رنگ نہ ہونا - **رنگ کٹنا** - دھلنے سے رنگ کا زائل ہونا - **رنگ کرنا** - رنگنا - رنگ چڑھانا

رنگ کندن ہونا ۔ چہرے کا رنگ کھلنا ۔ سنہرا رنگ ہونا ؎

دھوپ میں جب یار کا رنگ کندن ہو گیا
جب عرق آیا اُسے روغن کھینچا اکسیر کا

رنگ کھلنا ۔ رنگ میں چمک دمک پیدا ہونا ۔ رنگ کا صاف ہونا ۔
رنگ کھیلنا یا ڈالنا ۔ خوشی یا شادی میں ایک دوسرے پر رنگ چھڑکنا ۔ رنگ لانا ۔ رنگین ہونا ۔ بُرائی کرنا ۔ گل کھلانا ۔ فتنہ برپا کرنا ۔ روپ بھرنا ۔ تازہ گل کھلانا ۔ مزہ نکلنا ۔ رنگ لینا ۔ اپنا سا کر لینا ۔ ہم رنگ بنانا ۔ رنگین کرنا ۔ رنگ مارنا ۔ نرد مارنا یا جیتنا ۔ بازی لے جانا ؎ آبرو

کھیلی تھی رات چوسر گویا ہوا تھا پیارا
ہار سے رقیب سارے ہم نے ہی رنگ مارا

رنگ محل (مذ) خوشی کا گھر ۔ سجا ہوا مکان ۔ رنگ مٹانا ۔ بے رونق بنانا ۔ رنگ مٹنا ۔ روپ نہ رہنا ۔ رنگ مچنا ۔ سماں ہونا ؎

سحر سے شام تک مچتا تھا یہ رنگ
تن نازک تھا اس کا مورد سنگ
سودا

رنگ ملنا ۔ انداز یکساں ہونا ۔ رنگ میں بھنگ ہونا ۔ مزے میں کھنڈت پڑنا ۔ لطف نہ رہنا ۔ رنگ میں ڈوبنا ۔ عیش میں غرق ہونا ۔ شراب معرفت سے مست ہونا ۔ کسی کے ہم رنگ ہو جانا ۔
رنگ نکالنا ۔ جوبن نکالنا ۔ گورا ہونا ۔ خوشنما اور خوب صورت ہونا ۔ طرز نکالنا ۔ کسی چہرے سے رنگ پیدا کرنا ۔ رنگ نکھرنا (لازم) رنگ نکھرنا ۔ رنگ کا صاف ہونا ۔ منہ پر رونق آنا ۔ رنگا رنگ گوناگوں ۔ رنگ برنگ ۔ مختلف رنگوں کا ۔ رنگا ہوا ۔ رنگین ۔ عاشق باخبر ۔ کسی کا ہم رنگ ۔ رنگائی (مؤ) رنگنے کے بعد رنگ کی کیفیت ۔ رنگ چھوڑ رنگ ۔

رنگت :- (مؤ) رنگ روپ ۔ حالت ۔ رنگت آنا ۔ رنگا جانا ۔ رنگ پکڑنا ۔ کسی میدے کا شباب پر آنا ۔ رنگت اتارنا ۔ حالت اور نقل اتارنا ؎ رشک

مردم دیدۂ عاشق ہیں عجب صورت گر
نظر آئی تری صورت کہ اتاری رنگت

رنگت اڑ جانا ۔ رنگ اُڑ جانا ۔ ڈرنا ۔ شرمندہ ہونا ۔ رنگ بدلنا ۔ بچھڑنا ۔ بچھوڑنا ۔ شوخ ہونا ۔ غیر ہونا ۔ کھلنا ۔ لال ہو نکلنا ۔ رنگت سفید ہونا ۔ رنگ سفید ہونا ۔

رنگترا :- (مذ) سنترا ۔ بڑی اور میٹھی نارنگی ۔

رنگروٹ :- انگ ۔ مذ ۔ نیا بھرتی کیا ہوا سپاہی ۔ نیا بھرتی ۔

رنگنا :- (ا) رنگ چڑھانا ۔ اپنا سا بنانا ۔ بات بنانا (تم خوب رنگتے ہو) رنگوانا یا رنگانا ۔ رنگنے کا متعدی ۔ رنگوائی (مؤ) رنگ

کرانے کی اجرت ۔ رنگائی ۔ رنگیلا ۔ بانکا ۔ عیاش ۔ زندہ دل ۔ وضع دار ۔ رنگین ۔ رنگدار ۔ رنگیلا ۔ کھلاڑی کیا ہوا سعادت یار کا تخلص (اجوی) جن کے اشعار کتاب میں سند ہیں ۔ رنگین ادا ۔ طرحدار ۔ اچھی اداؤں والا معشوق ۔ رنگین غزل ۔ وہ دلکش غزل ۔ رنگین مزاج ۔ خوش طبع ۔ زندہ دل ۔ ہنس مکھ ۔ رنگینی (مؤ) بھڑک ۔ خوش مزاجی ۔ بانکپن ۔ کلام میں شوخی ۔

رو :- روانا سے امر ۔ رو آنا ۔ رو کر آنا ۔ اپنی کہہ کر آنا ۔ لیکن بےمعنی مذ و سے فصاحت

خوش ہونا کہاں جبکہ نصیبوں میں ہو رونا
ہر شمع صفت محفل شادی میں رو آئے

روانسا ہو جانا ۔ ناراض ہونا ۔ رونے کی سی صورت بن جانا ۔
رو بیٹھنا ۔ نا امید ہونا ۔ کھو بیٹھنا ۔ ضائع کر دینا ۔ رو پڑنا ۔ رونے لگنا ۔ رو پیٹ کر بیٹھ رہنا ۔ صبر کر لینا ؎ انشا

کہاں صبر و تحمل آہ ننگ و نام کیا شے ہے
میاں رو پیٹ کر ان سب کو ہم اک بار بیٹھے ہیں

رو تی پیشانی یا صورت ۔ وہ شخص جس کے چہرے سے ہر وقت غمگینی ٹپکتی ہو ۔ روتے پھرنا ۔ فریاد کرتے پھرنا ۔ شکوہ کرتے پھرنا ۔ رونے کیوں ہو کیا صورت ہی ایسی ہے ۔ اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو ہر وقت روتی صورت بنائے رہے ۔ رو دینا ۔ رونا ۔ عاجز ہونا ۔ دب جانا ۔ ہمت ہار جانا ۔ اپنی دھن میں بڑنے لگنا ۔ خفا ہونے لگنا ۔ ڈرانا ۔ برداشت نہ کر سکنا ۔ رو ڈالنا ۔ آنسو بہا دینا ۔ رو رو کے ۔ نہایت دقت سے ۔ بمشکل ۔ بڑی مصیبت سے ۔ رو کر اٹھنا ۔ نہایت رنج و یاس میں رو دینا اور اٹھ کھڑے ہونا ۔ رو کے دل خالی کرنا ۔ رو کر دل کو تسکین دینا ۔ دل کی بھڑاس نکالنا ؎ امیر

کثرت رنج سے جو رو کے نہ کر دل خالی
یہ بھرا گھر نہ اُجاڑ اس کو بسا رہنے دے

رونا ۔ آنسو بہانا ۔ شکایت کرنا ۔ گلہ کرنا ۔ غم کرنا ۔ سوگ کرنا ۔ شور کرنا ۔ فریاد کرنا ۔ افسوس کرنا ۔ کڑھنا ۔ تلف شدہ چیز کو یاد کرنا ۔ ذکر چھیڑنا ۔ چرچا ہونا ؎ جرات

بہایا جب مری آنکھوں نے دریا ۔ تو اس رونے کا کیا رونا نہ ہوگا
پچتانا ۔ صدمہ اٹھانا ۔ دکھ بیان کرنا (دکھڑا رونا) رونے کی شکل بنانا ۔ بُری طرح پڑھنا یا بھدی اور بھونڈی آواز سے بولنا ۔ (جیسے کسی بُری آواز میں پڑھنے والے سے کہا جائے چلو بس دیکھے) (مذ) شکوہ ۔ گلہ ۔ گریہ وزاری ۔ افسوس ۔ ماتم و نوحہ ۔ غم ؎

مجھ کو رونا ہے خندۂ گل کا
خوش

صدمہ و کلفت ۔ وہ بچہ جو بہت رونے والا ہو ۔ رونا پڑا ہے ۔ طرہ ہے ؎ شق

غم دوزخ نہ شادی خلد کی کچھ شرم عصیاں سے
مجھے رونا پڑا ہے خندۂ صبح قیامت کا

روتی (مونث کے لیے) رونا دھونا - رونا -

رَو:- (ا - مو) پانی کا بہاؤ - دھارا - جوشش - ولولہ - بھیڑ - انبوہ - دُھن - خیال (میں اپنی رو میں چلا جا رہا تھا) رَو میں آئے تو آنے دو - جو چیز خود سے مل جائے - اُسے وصول کرنا چاہیے - رَو (مرکبات میں) چلنے والا (جیسے راہرو - گرم رو)

رُو:- (ف - مذ) مُنہ - چہرہ - صورت - شکل - رُخسار (جیسے راہ رو) (مو) بنیاد - باعث - وجہ - سبب (اس کاغذ کی روسے بیان غلط ہے) ابرو - آگا (اس کپڑے کی رو پشت یکساں نہیں) سطح - بساط (روئے زمین) توجہ - میلان -

ع کیوں تیری زلف کو ہے روئے عداوت مجھ سے ہشک

روبراہ - اصلاح کی ہوا - درست - رُوبرو - مقابل - سامنے - آگے - روبصحت - صحت کی طرف مائل - مریض جو اچھا ہونے لگے - روبقفا - سر جھکائے ہوئے - روبکاری (مو) مقدمہ کی کارروائی - پیشی - روبکار (مذ) پروانہ - فیصلہ - سرکلر - رُوپاک (مذ) رومال - رُوپوش ہونا - چھپنا - فرار ہونا - مخفی ہونا - رُو دار - خوبصورت - جوان - رُو رعایت (مو) طرف داری - لحاظ - پیچ - رُوسیاہ - ذلیل - نالائق - روسیاہ ہونا - ذلیل ہونا - بدنام ہونا - رُوسیاہی (مو) بدنامی - ذلت - روشناس - واقف کار - جان پہچان - روشناسی (مو) واقفیت - جان پہچان - رُوکار (مو) اگلا حصہ - سامنے کا حصہ - رُوکش - مقابل - ہمسر - حریف - رُوکش ہونا - مقابل ہونا - سامنے آنا - رُوگرداں ہونا - مُنہ پھیرنے والا - ناراض - منحرف - ناخوش (مذ) وہ کپڑا جس کا رو اور پشت یکساں ہو - بے داغ - روگردانی (مو) مُنہ پھیرنا - انحراف کرنا - رومال (مذ) مُنہ پونچھنے کا کپڑا - وہ اونی یا سوتی کپڑا جو کمر پر اوڑھا جاتا ہے - تلوار کا پھل سے تعلق

خون تو ہر دم رواں کرتا ہے او خونریز خلق
زخم دامن دار کیا رومال ہے تلوار کا

رومال آدھا تھان - رومال بڑے کام کی چیز ہے - رومال پر رومال بھگونا - اس قدر رونا کہ رومال تر ہو جائیں - رومال سے رومال بدلنا - بھائی چارہ کرنا - گاڑھی دوستی ہونا - رومال ملنا - خلعت میں رومال عطا ہونا - رومال ہونا - انعام میں خلعت یا پارچہ ملنا - شادی میں خانم کو بہت عمدہ دوشالہ رومال ہوا تھا (امراؤ جان) رومالی (مو) لڑکیوں کے اوڑھنے کا چھوٹا دوپٹہ - میانی کا کپڑا - وہ تین گوشوں کا کپڑا جو پہلوان ورزش کرتے وقت باندھ لیتے ہیں - گلوبند - وہ رومال جو عورتیں سر سے باندھ لیتی ہیں - مگدر کی ایک قسم کی ورزش - رومالی سویاں - بہت باریک سویاں - رونمائی (مو) وہ نقدی جو خاوند کے رشتہ دار دلہن کو اس کا چہرہ دیکھ کر دیتے ہیں - (مذ) مُنہ دکھائی - روئے زمین سطح زمین - روئے سخن - اشارہ یا مخاطبہ سے غالب

روئے سخن کسی طرف ہو تو روسیاہ
کہتا ہوں سچ کہ جھوٹ کی عادت نہیں مجھے

روئے کتابی (مذ) کسی قدر لمبا چہرہ -

رَوا:- (ا - مذ) سوجی - بارود کا دانہ - چاندی سونے کا ذرہ - ریت کا ذرہ - مصری یا گھی کا دانہ - پازیب کا گھنگرو - روئے دار - سونے اور گھی کی صفت - دانے دار - رَوا (ف) جائز - ٹھیک - رَوا جاننا یا رَوا سمجھنا - جائز سمجھنا - رَوادار - کسی فعل کو گوارا کرنے والا - روادار نہ ہونا - کسی فعل کو گوارا اور پسند نہ کرنا - رواداری (مو) کسی فعل کا دوسرے کی رعایت سے جائز رکھنا - منظور کر لینا - روا ہونا - کام چلنا - کام کا درست ہونا - روا (لاحقہ) پورا کرنے والا (جیسے حاجت روا) جاری اور نافذ کرنے والا (فرمانروا)

رِواج:- (ا - مذ) دستور - رسم - چلن - قاعدہ - رواج پانا یا پکڑنا یا پڑنا - کسی بات کا عام طور سے جاری ہونا - چلن پڑنا - برتاؤ میں آنا - رواج دینا - رسم ڈالنا - معمول باندھنا - شائع کرنا - رِواجِ مُلک - ملک کا چلن - عرف عام -

رَواروی:- (ف - مو) سرسری - جلدی - بھاگا بھاگ - (ہونا)

رُواسا:- (ا) دیکھو روانسا -

رِواق:- (ع - مذ) مکان کا چھجا - سائبان - بڑا کمرہ - گیلری - ہے لطافت

بجھ بجھ گیا ادب سے جو میں لا غرو فقیر
دھوکا ہوا رواقِ علیٰ میں حصیر کا

رُواں:- (ف - مذ) رونگٹا - جسم کے باریک بال - رواں بدلنا - جانور کے پرانے بال اتر کر نئے بال اُگنا - رُواں رُواں کانپنا - تمام جسم کانپنا - خوف کا غالب - رواں میلا نہ ہونا - بال بیکا نہ ہونا - کوئی صدمہ یا رنج نہ پہنچنا -

رَواں:- (ف) جاری - چلنے والا (آبِ رَواں) تیز (تیغ رواں) منجھا ہوا - مشق پر چڑھا ہوا (یہ فقرہ مجھیں بہت رواں ہے) معنی کے بغیر کسی کتاب کا سبق پڑھنا - بغیر سمجھے کے پڑھنا - موجودہ - فی الحال (سالِ رواں) رَواں پڑھنا - بلا سمجھے پڑھنا - بغیر معنی عبارت پڑھنا - رَواں کرنا - مشق کو جاری کرنا - تیز کرنا - چلانا -

رُوانسا:- (ا) دیکھو رونا -

رَوانگی:- (ف - مو) ارسال - بھیجنا - روانہ ہونا - چالان - روانہ - جانے والا - روانہ کرنا - بھیجنا - رخصت کرنا

متنفر ہونا۔ روح بھٹکنا۔ کسی چیز کے دیکھنے یا ملنے کی بیحد خواہش پیدا ہونا۔ جان کا جسم سے نکلنے کے بعد اِدھر اُدھر ماری ماری پھرنا۔ رُوح پرواز کرنا۔ جان نکلنا۔ خوف سے دم نکلنا۔ رُعب غالب ہونا۔ رُوح پرور۔ رُوح افزا۔ رُوح پڑنا۔ جسم میں جان پڑنا۔ رُوح پگھلنا (گھلنا)۔ سخت اندرونی دُکھ ہونا۔ رُوح پھڑکنا۔ رُوح کا بیتاب ہونا۔ کمال تفریح ہونا۔ رُوح پھونکنا۔ جان ڈالنا۔ رُوح تازہ کرنا۔ خوش کر دینا۔ رُوح ترسنا۔ انتہائی خواہش ہونا ؎ امیر

وطن کے دیکھنے کو رُوح مدت سے ترستی ہے

رُوح تڑپنا۔ بہت بے قرار ہونا۔ رُوح تھرانا۔ دیکھو کانپنا۔ رُوح خوش ہونا (کرنا) مرنے والے کے لیے نیک کام۔ فاتحہ۔ خیرات کرنا۔ رُوح دوڑنا۔ کسی چیز کا طلبگار ہونا۔ خواہشمند ہونا ؎

داغ کھانے تے مزہ ایسا دیا ہے عشق میں
دوڑتی ہے رُوح اس پر جس ثمر میں داغ ہے

رُوح ڈالنا۔ جان ڈالنا۔ رُوح رواں۔ جلنے والی رُوح۔ وہ شخص یا چیز جس پر کسی کام کا دار و مدار ہو۔ رُوح قبض کرنا۔ موت کے فرشتے کا جسم انسان سے رُوح نکالنا۔ رُوح قبض ہونا۔ لازم نیز بہت خوف ہونا۔ رُوح کانپنا یا تھرانا۔ خوف یا رعب سے جان نکلنا۔ دل لرزنا۔ رُوح کھنچنا یا نکلنا۔ جوہر نکلنا۔ مر جانا۔ جان پر بننا۔ رُوح کو گھر سے نکالنا۔ مرنے کے بعد کچھ رسمیں ادا کرنا کہ رُوح گھر میں نہ رہے (ہندو خیالات) رُوح ملنا۔ دل محبت ہونا۔ رُوح نکالنا۔ جان کھینچنا۔ ست نکالنا۔ رُوحانی۔ باطنی۔ غیر جسمانی۔ اندرونی۔ رُوح سے نسبت رکھنے والا۔ پاک صاف۔ رُوحی فداک۔ میں قربان۔

رود:۔ (مذ) نہر۔ نالہ ؎ میر

رونے کا جوش ایسا آنکھوں کو ہے جیسے
جیسے ہو رود کوئی برسات میں اُبلتا

رودبار۔ وہ مقام جہاں بہت سی نہریں جاری ہوں۔ بڑی نہر۔

رُوداد:۔ (ف۔ مو) حقیقت حال۔ کسی نظام کا جمع خرچ۔ رُودادِ مقدمہ (مو) مقدمہ کی مثل یا کارروائی۔

رُودہ:۔ (ف۔ مذ) آنت۔ آنتڑی۔

روڈ:۔ (انگ۔ مو) سڑک۔ شارع عام۔

روڑا:۔ (ہ۔ مذ) اینٹ یا پتھر کا ٹکڑا۔ ٹھوکروں میں آنے والا۔ قدیم باشندہ۔ مویشیوں کا ایک مرض۔ روڑا اٹکنا۔ رکاوٹ پڑنا (اٹکانا۔ متعدی)

روڑھا:۔ (ہ) وہ چیز جس میں مزا بھٹ اور لوچ نہ ہو۔ کھردرا۔ وہ بچہ جس میں بھولاپن نہ ہو۔ روڑھاپن (مذ) کھردراپن۔ روڑھی باتیں۔ خشک باتیں۔ جن میں رنگینی اور شوخی نہ ہو ؎ رند

روڑھی روڑھی نہ کیجیے باتیں ایکی تو بھولی بھولی صورت ہے

روڑی:۔ (ہ۔ مو) پتھر کے ٹکڑے جو فرش کو پختہ کرنے کے لیے بچھاتے ہیں۔ روڑی کوٹنا۔ پتھر توڑنا۔

روز:۔ (ف۔ مذ) دن۔ یوم۔ وقت۔ زمانہ۔ آئے دن ہمیشہ۔ روز افزوں۔ دن بدن۔ زیادہ۔ روزانہ ترقی۔ روزِ امید و بیم۔ قیامت۔ روزانہ۔ ہر روز۔ روزینہ۔ روز بازار (مذ) رونق۔ گرم بازاری ؎ راسخ

سارے محشر تھیں تم بھے روز بازار تھا زیبائی کا

روزِ بد (مذ) روزِ سیاہ۔ بدقسمتی مصیبت اور بدحالی کا دن۔ روز بٹنا۔ مزدوری یا روزینہ تقسیم ہونا۔ روز بروز۔ مسلسل پے در پے۔ ہر روز۔ آئے دن۔ روزِ پسین۔ عمر کا آخری دن۔ قیامت کا دن۔ روزِ جزا۔ روزِ حشر۔ روزِ حساب۔ روزِ قیامت۔ روزِ شمار۔ قیامت کا دن جس میں نیک و بد اعمال کا بدلہ ملے گا۔ روز روز۔ آئے دن ہمیشہ۔ روز روشن۔ مذ صبح۔ دن ؎ عزیز

روز روشن کر دیا بیمارِ غم نے رات کو
جذب ہو کر رہ گئی شب نالۂ شبگیر میں

روزِ سیہ (مذ) مصیبت کا دن۔ غم و اندوہ کا زمانہ۔ روزِ سیہ لانا۔ آفت میں مبتلا کر دینا۔ روزِ بد دکھانا۔ روز کا۔ ہر روز کا۔ ہر وقت کا۔ روزانہ کنواں کھودنا روز پانی پینا۔ روز کنواں کھودنا۔ روزگار (مذ) زمانہ (جیسے روزگار) نوکری۔ چاکری۔ پیشہ۔ شغل۔ روزگار اور دشمن بار بار نہیں ملتے۔ کام ملے تو موقع کو غنیمت سمجھنا چاہیے۔ روزگار پیشہ۔ نوکری چاکری کا پیشہ کرنے والا۔ روزگار چمکنا یا نکلنا۔ مزدوری چلنا۔ بکری ہونا۔ نوکری ہونا۔ روزگار حمام کی لنگی ہے۔ نوکری کا بھروسہ نہیں۔ روزگار کرنا۔ نوکری کرنا۔ کام کرنا۔ تجارت کرنا۔ روزمرہ۔ ہر روز۔ بلاناغہ۔ تکیۂ کلام۔ اہل زبان کی بول چال۔ روزنامچہ۔ ہر روز کا حساب اور حالات لکھنے کی کتاب۔ ڈائری۔ روز و شب (مذ) رات دن۔ ہمیشہ۔ روزِ ولادت (مذ) پیدا ہونے کا دن۔ سالگرہ۔ روزینہ روز کا خرچ۔ یومیہ۔ وظیفہ۔ پنشن۔ تنخواہ۔ جو رقم کسی کو ہر روز اجرت یا مزدوری میں ملے (دیکھیے روزی)

روزن:۔ (ف۔ مذ) چھید۔ سوراخ۔ روشن دان۔ شگاف۔

روزہ:۔ (ف۔ مذ) صبح سے شام تک کھانے پینے اور جماع وغیرہ سے اسلام کے بتائے ہوئے اصول کے مطابق رکنا۔ فاقہ (آئی تو روزی نہیں تو روزہ) روزہ توڑنا۔ روزے میں وقت سے پہلے کچھ کھا پی لینا یا کوئی عمل خلاف احکام کرنا جس سے روزہ

رُوکھ :- (ہ - مذ) درخت - روکھ چڑھا - بندر -

رُوکھا :- (ہ) سُوکھا - سادہ - بے مزہ - پھیکا - بے نمک کا - بے سالن کا - بغیر چکنائی کا - اکھڑ - ترش رُو - کج خلق - رُوکھا پھیکا - آزردہ - بدمزہ - رُوکھا جواب صاف انکار - روکھا سُوکھا - بغیر نمک مرچ کا - بُرا بھلا - بے سالن کا - روکھا سوکھا کھا کر گزارہ کرنا - تنگ دستی میں گزر کرنا - روکھا ہونا - بدمزاج ہونا - اکھڑ ہونا - روکھائی (مو) بدمزاجی - روکھا پن - سرد مہری - روکھی (مو) رُوکھی روٹی - بے سالن کی روٹی - رُوکھی رُوکھی باتیں - وہ باتیں جن سے رنجش ظاہر ہو -

؎ پڑتی نہیں کانوں میں مزے کی باتیں
اب سُنتے ہیں تجھ سے روکھی روکھی باتیں — تنیر

رُوکھی سُوکھی - بُری اور خراب غذا - روکھے سوکھے ٹکڑے غریبانہ کھانا

روگ :- (ہ - مذ) دُکھ - بیماری - بکھیڑا - عذاب جان - روگ آنا - جانوروں میں بیماری پھیلنا - روگ بسانا یا پالنا یا لگا دینا - بکھیڑے میں پڑنا - دشمن بنا لینا - کسی بُری چیز کا عادی ہو جانا - کوئی مرض پیچھے لگا لینا - جھگڑا لگا لینا - روگ کاٹنا یا الگ کرنا - راڑ کاٹنا - مصیبت سے بچنا - مفت کے جنجال سے جان چھڑانا - روگ کا گھر (مذ) بیماری لانے والی اشیاء - بیماری کا سبب - روگ کی جڑ (مو) روگ کا گھر - روگ لانا - فیل مچانا - جھگڑا کرنا - روگ لگنا یا لگ جانا - بیماری کا پیچھے پڑ جانا - بیمار ہونا - کوئی ناپسندیدہ عادت پڑ جانا - کوئی جھگڑا پیچھے لگ جانا - روگ لگانا - متعدی - روگ ہے - جھگڑا ہے - مصیبت ہے - روگی یا روگیا - بیمار - دُکھی - جھگڑالو - کوڑھی - دائم المرض -

رول :- (انگ - مذ) دفتر کی فہرست میں حسب مدارج ملازمین وغیرہ کے نمبروار نام درج ہوں - فرد یادداشت -

رُول :- (انگ - مذ) قاعدہ - قانون - حاشیے کی لکیر لکیر ڈالنے کا گول ڈنڈا -

رَولا :- (ہن - مذ) رولا - شور غل - لڑائی - فساد - ہل چل - بلوہ - مجمع جو باارادہ فساد ہو - رولا ڈالنا یا مچانا - شور مچانا - بلوہ کرنا (پنجاب)

رولا :- (ا - مذ) وہ گول چمڑا وغیرہ چڑھا ہوا ڈنڈا جو پریس کی مشین میں ہوتا ہے جس پر پریس کا بڈ چلتا ہے -

رُولر :- (انگ - مذ) خط کھینچنے کا چپٹا ٹکڑا - پیمانہ - نیز کسی جگہ کا حکمران -

رولن :- (ا - مو) پھٹکن - جو چیز رولنے کے بعد رہ جائے - رولنا - چھانٹنا - پھٹکنا - جمع کرنا - صاف کرنا - رندہ کرنا - چننا - کمانا - فائدہ حاصل کرنا - (آج کل خوب روپیہ رول رہا ہے)

رُوم :- (مذ - انگ) کمرہ -

رُومال :- دیکھو رو -

رومٹا :- (ا - مذ) بدن کا رونگٹا -

رومن :- (انگ - مو) انگریزی حروف میں اردو لکھنا - رومن کیتھولک (مذ) رومن خط - رومن کیتھولک (مذ) عیسائیوں کا فرقہ جو مسیح اور مریم کے بت کی پرستش کرتا ہے -

رونا :- دیکھو رو -

رونا :- (ہ - مذ) گھنگرو یا جھانجھ کے اندر کے دانے جو بجتے ہیں - رَوتا یا رَوتہ (مذ) اودھ کا ہر کام کاج کرنے والا نوکر جو دروازہ پر رہتا ہے - مال کی روانگی کا پرچہ -

رَوند :- (ا - مو) رات کا گشت (انگریزی راونڈ سے بنا لیا گیا ہے) ؎ سحر

وہ روندوں کا پھرنا وہ میلے کی دھوم
تماشائیوں کا سڑک پر ہجوم

روندگشتی (مو) رات کا گشت - رُوند - باغ کے اردگرد کا جنگلا -

رَوند ڈالنا :- (ہ) پامال کرنا - کھود ڈالنا - کچل ڈالنا - روندن (مو) پامالی - پاؤں کے کچلا جانا - روندن میں آنا - روندا جانا - پس جانا - پامال ہونا - روندنا - کھندلنا - پامال کرنا -

رُوں رُوں :- (ہ مو) بچے کے رونے کی آواز - کھانسنے کی آواز - کسی ساز کی آواز - رُوں رُوں ریں ریں - رُوں - رُوں -

رَونق :- (ف - مو) خوبصورتی - چمک - تازگی - چہل پہل - لطف - آرائش - بہار - کیفیت - رَونق افروز یا رونق افزا - رونق بڑھانے والا - رَونق افروز ہونا یا رونق افزا ہونا - کسی بزرگ یا سردار کا تشریف لانا - رونق آجانا - آب و تاب پیدا ہو جانا - چمک ظاہر ہو جانا - رونق بازار - مشہور - رَونق دار - چمکیلا - خوبصورت - رونق محفل - صاحب شان و شوکت - حقہ (مو) پاندان -

رونگٹا :- (ہ - مذ) آدمی کے بدن نرم بال - باریک بال جو مسامات میں ہوتے ہیں - چھوٹے چھوٹے ریشے جو پشمینہ میں ہوتے ہیں - داڑھی مونچھ کے وہ بال جو ابتدا میں نمایاں ہوتے ہیں - رونگٹا رونگٹا دُعا دیتا ہے - شکریہ ادا کرنے کے واسطے کہتے ہیں - رونگٹا میلا ہونا - صدمہ پہنچنا -

رونگٹے کھڑے ہونا۔ سردی یا خوف سے جسم کے رونگٹے کھڑے ہو جانا۔ ڈرنا۔ کانپنا۔ رونگٹے نکلنا۔ خط کا رواں نمودار ہونا۔

رُوہَت: (مو) نرمی۔ تازگی۔ چہرے کی رونق۔
؎ قلق لکھنوی
عجب شے ہے خوشی بھی حسن کے وصل یار کا مژدہ
مریض کے ہجر کے چہرے پہ روہت آ ہی جاتی ہے
روہت پھر جانا۔ چہرے یا جسم پر نرمی۔ تازگی اور رونق آ جانا۔

روہانسا: دیکھو روانسا۔ رُہانسا۔ رونی صورت

رَوہَٹا: (ہ۔ مذ) روئی کا بازار۔

رُوہَڑ: (ہ۔ مذ) موٹا دھاگا۔ بدصورت اور بھدا آدمی۔

روہُو: (ہ۔ مذ) ایک قسم کی مچھلی۔

رُوئی: (ہ۔ مو) صاف کی ہوئی کپاس۔ ملائم۔ نرم۔ رُوئی تُومنا۔ روئی کو صاف کرنا۔ تار تار کرنا۔ روئی دار۔ وہ کپڑا جس میں روئی بھری ہوئی ہو۔ روئی دھننا یا دھنکنا۔ روئی کو تانت سے صاف کرنا۔ نیز روئیں جدا کرنا۔ روئی سا۔ نہایت نرم۔ روئی کا پہل۔ دھنکی ہوئی روئی کا کسی قدر حصہ جو ہاتھ سے بڑا کیا گیا ہو۔ روئی دوئی۔ دہری گرمی روئی اور ساتھ لیٹنے والے کی گرمی سے ؎ بحر
یاد آتے ہیں مزے رُوئی دوئی کے مجھ کو
پھر بغل گرم ہو پھر مخمل سرما آئے
روئی کا کبوتر۔ لڑکے کھیل میں روئی کے گلے اڑاتے ہیں وہ اس کو روئی کا کبوتر کہتے ہیں۔ روئی کا گالا۔ دھنکی ہوئی روئی کا کچھ حصہ جو جوڑ کے تر کر لیا گیا ہو۔ نہایت سفید اور ملائم چیز نہایت ہلکی اور سبک چیز۔ روئی کے بھلاوے میں کپاس مت بھیجو۔ بھلائی کے بدلے برائی نہ کرو۔ روئی کی طرح توم ڈالنا یا دھنک ڈالنا۔ خوب خبر لینا۔ دھجیاں اڑانا۔

روئیدگی: (ف۔ مو) اگنا۔ نشو و نما۔

روئیں کھڑے ہونا: رونگٹے کھڑے ہونا۔ بُری یاد لگنا۔

روئیں تن: (ف) سخت جسم والا۔ نہایت ہی مضبوط آدمی۔

رَوِی: (ع۔ مذ) وہ حرف جو سب سے پیچھے قافیے میں ہوتا ہے۔

رُؤیا: (ع۔ مذ) خواب۔ جو کچھ خواب میں دیکھا جائے

رؤیائے صادقہ (مذ) سچا خواب۔ الہامی خواب۔

رُویَت: (ع۔ مو) صورت نظر آنا۔ دیدار۔ نظارہ۔ چاند ہونا۔ رویت ہلال۔ چاند نظر آنا۔ چاند کا پہلے دن کا نظارہ۔

رِویو: (انگ۔ مذ) کسی کلام یا کتاب پر اظہار خیال کرنا۔

رَوَیّہ: (ا۔ مذ) چال چلن۔ برتاؤ۔ دستور۔ ڈھنگ۔

رَہ: (ف) راہ کا مخفف۔ راستہ۔

رِہا کرنا: (ا) چھوڑنا۔ آزاد کرنا۔ بری کرنا۔ رہائی (مو) خلاصی۔ آزادی۔ چھٹکارا۔ رہائی دینا۔ آزادی دینا۔ چھوڑنا۔

رَہا سَہا: (ا۔ مذ) بچا کھچا۔ باقی رہا ہوا۔ رشتے ناتے کا۔ مددگار۔ حامی۔ رہی سہی۔ (مو)

رَہنا: (ہ) چکی یا سِل کو کھردرا کرنا۔

رِہائش: (ف۔ مو) سکونت۔ قیام۔ ٹھکانا۔

رَہاؤ: (ہ) پڑاؤ۔

رُہبان: (ع۔ مذ) عیسائی زاہد۔ رُہبانیت (مو) نصاریٰ کے عابدوں کا ترک لذت کے ساتھ پرہیزگاری کرنا۔

رَہبَر: (ف) راہ نما۔ ہادی۔ رہبری (مو) رہنمائی

رہ پڑنا: (ہ) قیام پذیر ہونا۔

رَہَٹ: (ہ۔ مذ) کنوئیں سے پانی نکالنے کا چرخ۔ ہرٹ۔ ہنڈولا۔ رہٹی (مو) چھوٹا رہٹ۔ کچھ معمول باندھنا۔ معمول مقرر کرنا۔ رہٹی چلانا۔ قسط پر دینا۔ ایک رقم بہ قسطات ادا کرنا۔ چرخی چلانا۔

رَہٹا: (ہ۔ مذ) چرخہ۔

رہ جانا: (ہ) ٹھہر جانا۔ رہ پڑنا۔ رک جانا۔ تامل کرنا۔ کسی چیز کا چھوٹ جانا۔ باقی رہنا۔ بچ رہنا۔ باز رہنا۔ کسی کام سے ناکامیاب رہنا (وہ اس سال امتحان میں رہ گیا) کسی ایک مقام سے دوسرے مقام کو نہ جا سکنا (وہ یہیں رہ گئے) کوئی چیز جال پڑی ہو وہاں سے اس کا نہ اٹھایا جانا۔ چوکنا۔ خطا کرنا۔ کسی کام میں کمی کرنا ؎ برق
نہیں ممکن کہ کسی چال میں بندہ رہ جائے

ہار جانا - عاجز ہونا - ہاتھ پاؤں یا دھڑ شل ہو جانا - رحم میں ٹھہرنا - قرار پانا (پیٹ رہ جانا) ؛ اپنے مقام پر عالمِ حیرت میں بے خود ہو جانا - رہ تو سہی - ٹھہر ذرا رہ - ٹھہر جا (دھمکی دینے کے لیے) رہتی دُنیا تک - ہمیشہ - رہ رہ کر - بار بار - گھڑی گھڑی

رَہ چولا :- (ہ - مذ) خوشامد -

رَہڑُو :- (ہ - مذ) ایک قسم کا چھکڑا - بہلی - بچوں کا کھڑا ہو کر چلنا سکھانے کی گاڑی - گڈولنا -

رَہ زَن :- (ف) لٹیرا - قزاق - ڈاکو - رہزنی (مو) ڈکیتی - قزاقی - بٹ ماری -

رَہَس :- (س - مذ) ایک قسم کا ناچ - کرشن جی اور گوپیوں کا ایک طرح کا ڈرامہ -

رَہکلا :- (ہ - مذ) چھوٹی توپ - توپ رکھنے کی گاڑی - بہلی -

رَہگُزر :- (ف - مذ) راستہ - سڑک -

رِہن :- (ف - مذ) گرو - کفالت - رہن نامہ (مذ) تمسک - کفالت نامہ - رہین - گروی رکھی ہوئی شے - مرہون - احسان مند -

رہنا :- (ہ) ٹھہرنا - بسنا - قیام کرنا - چھوٹنا - باقی بچنا - پائدار ہونا - دیرپا ہونا - برقرار رہنا - یکساں زندگی بسر کرنا - کھڑا رہنا - قائم رہنا - بے حس و حرکت ہو جانا - باز رہنا (سے کے ساتھ) گزر بسر ہونا (کہو اچھی طرح رہے) گنا جانا - حساب میں آنا (تم سے الگ ہو کر ہم کہیں کے نہ رہے) ملتوی ہونا - ادا نہ ہونا - عورت کا مرد کے پاس رہنا - ٹھے پانا ؎ راسخ

سخت جانی کے سبب میں ہی خطاوار رہا

تھمنا - صبر کرنا - کوئی کام لازمی طور پر کرنے کے موقع پر ؎ داغ

قسم ہے تم کو گردن پر چھُری تم پھیر کر رہنا

مبتلا رہنا (میں کے ساتھ) ؎ داغ

کہیں تو اس بکھیڑے میں نہ لے بیداد گر رہنا

رُک رہنا - ٹھہر جانا - نصیب نہ ہونا ؎ اشرف

کیا قیامت ہے ہوئی آج بھی دیدار رہا

رہنا سہنا - گزر بسر کرنا - رہنے بھی دو - بات بنانے کی ضرورت نہیں اب بات نہ بناؤ - رہنے دینا - رکھ چھوڑنا (اپنی کتاب رہنے دو) پیچھا چھوڑنا - ہاتھ نہ لگانا - جانے دینا - رہے نام اللہ کا - خدا کے سوا سب فانی ہیں - کسی کے مرنے یا رتبے وغیرہ کے زوال کے وقت بولتے ہیں - رہیں جھونپڑوں میں خواب دیکھیں محلوں کا - غربت میں امیرانہ خیالات -

رَہنُما :- راہبر - ہادی - راستہ دکھانے والا - رہنمائی - (مو) راہبری - راستہ دکھانا -

رَہوار :- (ف - مذ) گھوڑا -

رؤُف :- (ع - مذ) بہت شفقت کرنے والا - اللہ تعالیٰ کا نام -

رَئی :- (ہ - مو) دودھ بلونے کا آلہ - مدھانی - بلونی - رَئی پھیرنا یا چلانا - دودھ بلونا -

رَئیس :- (ع) سردار - فرمانروا - مالدار - رئیس زادہ - (مذ) رئیس کا بیٹا - رئیس زادی (مو)

رے :- (ہ) ایک وحشت - اللہ رے - اُف رے - کے ساتھ ندا اور تعجب کے معنی میں بولا جاتا ہے -

رے واو زبر رو ہونا - دفع ہونا - روانہ ہونا -

رِیا :- (ع - مو) دورُخی - ظاہرداری - دکھاوا - ریاکار - منافق - زمانہ ساز - ریاکاری (مو) مکاری - دکھاوے کے کام کرنا -

رِیاح :- (ع - مو) جمع ریح کی - معدے کی ہوا - بائی - گوز -

رِیاحین :- (ع - مذ) خوشبودار پھول - پھُول - ریحان کی جمع - دیکھو ریحان -

رِیاسَت :- (ع - مو) سرداری - حکومت - وہ حکومت جو بڑی حکومت کے تحت کسی نواب یا راجے کے تحت ہو - ریاستِ جمہوری مو جمہوری حکومت - عوام کی حکومت -

رِیاض :- (ع - مذ) جمع روضہ کی بہت سے باغ (۱) محنت مشقت - ریاض کر کے کمانا - محنت مشقت کر کے کمانا -

رِیاضَت :- (ع - مو) نفس کُشی - زُہد - محنت مشقت - ورزش - مزدوری - پیشہ وری - دیدہ ریزی - ریاضت کش - سختی جھیلنے والا - محنتی -

رِیاضی :- (ع - مو) ایک علم کا نام - جس میں ہندسہ - حساب - نجوم - موسیقی - جبر و مقابلہ اور جر اثقال شامل ہیں - ریاضی داں - ریاضی جاننے والا -

رَیب :- (ع - مذ) شک و شبہ -

رَیت یا رِیتا :- (اول مو دوم مذ) ریگ - بالو - ریت آنا - پیشاب میں آنا - ریت کے ذرے گننا - فضول کام کرنا - ریتے کا پیشاب - وہ کام جس کا کوئی اثر مرتب نہ ہو - وہ احسان جس پر احسان مندی نہ ہو - ریتیلا - بھوڑا کرکرا

رِیت :- (ہ - مو) طور طریقہ - قانون - قاعدہ - رسم و رواج - دستور - ریت رسم مذ شادی بیاہ کی رسمیں

ریگ رواں (ف ـ مذ) اُڑنے والی ریت ـ بھُر بھُری ریت ـ غبار ؎

ریگ رواں بنا پسِ مردن غبار قیس
وحشت کا میری رہ گیا چرچا جہاں میں — تعلق

ریگ ماہی (ف ـ مو) ریت کی مچھلی ـ گوہ کی مانند ـ ایک جانور ـ ریگمال ـ شیشے کا کاغذ جس سے دھات وغیرہ صاف کرتے ہیں ـ ریگستان (مذ) ریت کا ملک ـ ریت کا میدان ـ

ریل :- (انگ ـ مذ) لوہے کی سڑک جس پر انجن چلتا ہے ـ ریل گاڑی ـ ٹرین ـ ریلوے (انگ ـ مو) ریل کی سڑک ـ

ریل :- (انگ ـ مذ) چرخی جس پر سُوت لپٹا ہوا ہو ـ پیچک ـ چرخ ـ مانجھا ـ مساوی ڈور ـ

ریلا :- (ا ـ مذ) رَو ـ طغیانی ـ دھکا ـ دھار ـ بڑا مجمع جو چل پھر رہا ہو ـ ریل پیل (مو) دھکم دھکا ـ کثرت اور بہتات ـ ریل پیل کرنا ـ ڈھیر کرنا ـ کثرت سے بھر دینا ـ ایک دوسرے کو دھکیلنا ـ ریل پیل ہونا ـ بہتات ہونا ـ کثرت ہونا ـ ہجوم ہونا ـ ریلم ریلا ـ ریل پیل ـ ریلنا ـ دھکیلنا ـ پیچھے سے آگے کو بڑھانا ـ

ریم :- (ف ـ مو) ریپ ـ پکا ہوا مواد ـ ریمی بواسیر (مو) بواسیر کی وہ قسم جس میں سفید مواد یا پیپ آتی ہو ـ

ریمارک :- (انگ ـ مذ) کسی چیز پر رائے یا اظہار خیال ـ نوٹ جو کسی چیز کے متعلق اپنی رائے ظاہر کرنے کے لیے لکھا جائے ـ (یائے معروف زیر پڑھنے کے برابر)

ریمائنڈر :- (انگ ـ مذ) یاد دہانی ـ دوبارہ تقاضا ـ

ریمیا :- (ع ـ مو) ایک علم ـ جس کے عمل سے آدمی جہاں چاہے جا سکتا ہے ـ

رَین :- (ہ ـ مو) رات ـ شب ـ رَین بسیرا (مذ) رات کاٹنا ـ رات گزارنے کی جگہ ـ

رینٹ :- (ہ ـ مذ) ناک کا سفید لیس دار مادہ ـ

ریندھا پھیلانا :- جھگڑا پیدا کرنا ـ

ریندھنا :- پکانا ـ اُبالنا ـ کھانا تیار کرنا (پکانا کے ساتھ بولتے ہیں ـ پکانا ـ ریندھنا)

رَیندی :- (ہ ـ مو) بیجوں کا مجموعہ جو خربزے کے تراشنے سے نکلتا ہے ـ خراب اور چھوٹا خربزہ ـ ریندی (مو) اِرنڈ کا بیج ـ

ریں ریں :- (ہ ـ مو) بچوں کے رونے کی آواز ـ ریں ریں کرنا ـ بچوں کی طرح ـ بُری آواز سے گانا ـ

رینکنا :- (ہ) گدھے کا بولنا ـ گدھے کی بولی بولنا ـ

رینگ :- (ہ ـ مو) ایک قسم کا باریک کپڑا ـ تن زیب ـ

رینگنا :- (ہ) آہستہ چلنا ـ گھسٹنا ـ جوں کی چال ـ

رینگنی :- (ہ ـ مو) ایک درد کا نام ـ عرق النساء ـ

رَینی :- وہ سدھا ہوا پرند جو رات کو بولے ـ رینی بلبل (مذ) تمام رات بولنے والا پرندہ ـ

رَینی :- (ہ ـ مو) کسم کے کپڑے کو پانی میں رکھ کر پانی کے نیچے سے رنگ چڑھانا ـ چھوٹی دیوار جو قلعے کے گرد بنا دیتے ہیں اور اس میں چھوٹے چھوٹے سوراخ رکھتے ہیں ـ رینی ٹپکنا ـ کسم سے رنگ ٹپکنا ـ رینی چڑھانا ـ بھیگے ہوئے کسم کو رنگ نکالنے کے لیے کپڑے میں رکھ کر ٹپکانا ـ رینی چڑھنا ـ لازم ـ

ریوڑ :- (ہ ـ مذ) بکریوں کا گلہ ـ ریوڑ کا ریوڑ اُلٹا یا سیدھا ـ بے عقل کا کام ہر طرح سے ٹھیک ہے ـ

ریوڑی :- (ہ ـ مو) ایک قسم کی مٹھائی جو شکر کی ٹکیوں پر تل جما کر بنائی جاتی ہے ـ قطب ریوڑی کے پھیر میں آنا یا پڑنا ـ لالچ میں آ کر آفت میں پھنسنا ـ گردش میں آنا ـ ریوڑیاں سی بٹ جانا ـ فوراً خرچ ہو جانا ـ

ریوَل :- (ہ ـ مذ) خانگی کبوتروں کا جنگل میں جا کر چگنا ـ ریولیا ـ کبوتر خانگی جو صحرا میں جا کر دانا کھا کر واپس آئے ـ

ریوند چینی :- (ہ ـ مو) ایک دوا کا نام ـ

ریہہ :- (رے ہ ـ ہندی ـ ریہ ـ ہ ـ ف ـ مو) ایک قسم کا شورہ دار ریتا جو شکر صاف کرنے اور کپڑا دھونے کے کام آتا ہے ـ

ریہڑ :- (ہ ـ مذ) بنجر اراضی ـ جس میں ریہہ ہو ـ

ریہو :- (ا ـ مو) روہو مچھلی ـ

ز

ز: (۔ ز) اردو میں اب ت کا سولھواں حرف اس کے عدد ابجد کے حساب سے سات ہوتے ہیں

زاج سفید: (ف۔ مو) پھٹکری۔

زاجر: (ع) جھڑکنے والا۔

زاد: (ف۔ مذ) مرکبات میں سابقہ و لاحقہ جیسے زادبوم (مو) جائے پیدائش۔ وطن۔ شہزادہ۔ بڑھیا کا لڑکا۔ مونث کے لیے۔ زادی جیسے خوزادی (ع) زاد (مذ) توشہ راہ۔ یہ بھی مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے زادِ راہ۔ سفرخرچ۔ توشہ راہ۔ زادِ سفر۔ زادِ راہ۔ زادِ عقبےٰ۔ وہ عمل جو آخرت میں کام آئے ۔ ذوق

خدا ہر طرح سے بخش دے گا رونے والوں کو
کہ ہرگز زاد عقبیٰ کچھ مہیا ہو نہیں سکتا

زار: (مذ) شاہانِ روس کا قدیم لقب۔ زارِ روس۔ زارینہ۔ ملکہ۔ زاران (مذ) کسی شے کے پائے جانے یا کثرت سے پائے جانے کی جگہ جیسے لالہ زار۔ سبزہ زار۔ لالے کے پھول اور سبزے کے بکثرت ہونے کا مقام۔ زار نحیف (تن زار، کاہل، عاشق زار) رنج و غم اٹھانے والا۔ ذوق
ریشے کی طرح سے دردِ دنداں کا ہے تیرے نزار
سائل ہے کوچۂ گیسو آبدار کا ذوق

زار زار رونا۔ زار و قطار رونا۔ بہت آنسو بہانا۔ اتنا رونا کہ آنسوؤں کا تار بندھ جائے۔ **زار و نزار**۔ دُبلا پتلا۔ کمزور و ضعیف۔ **زار و نزار رونا**۔ زار زار رونا۔ جان صاحب

اور لے کر چلے وہاں سے کہار
روتی جاتی تھی میں تو زار و نزار

زارنالی۔ فریاد و غم۔ قدر
بے شک وہ ہوتے راضی ناحق تھی زارنالی

زاری (مو) گریہ۔ رونا پیٹنا۔ انکسار عاجزی دیکھی

زاغ: (ف۔ مذ) کوا۔ کاگ۔ **زاغ کمان**۔ کمان کے گوشے کی نوک ۔ ذوق
کہے ہے مرغ دل اے کاش میں زاغ کماں ہوتا
کہ ہر شاخ پر اس کی میرا آشیاں ہوتا

موسیقی کا ایک راگ۔

زال: (ف) بوڑھا۔ سفید بالوں والا۔ بڑھا پھونس (مذ) رستم کا باپ جس کے بال پیدائشی سفید تھے۔ زال دنیا۔

دنیا جس کی عمر کسی کو معلوم نہیں۔

زانو: (ف۔ مذ) پاؤں۔ گھٹنا۔ ران۔ پنڈ۔ **زانو بدلنا**۔ نشست میں اوپر کا زانو نیچے اور نیچے کا اوپر رکھنا

زانو بہ زانو۔ زانو سے زانو ملا کر۔ برابر برابر۔ **زانو پوش** (مذ) وہ کپڑا جو کھانا کھاتے وقت گھٹنوں پر ڈال لیتے ہیں۔ تاکہ جو کچھ کھانے سے گرے اسی پر رہے۔ **زانو پر سر جھکانا**۔ فکرمند ہونا سوچنا۔ **زانو پر سر ہونا**۔ متفکر ہونا ۔ ناسخ

فکر سے میں نہیں خالی غم جاناں میں کبھی
کبھی زانو پہ مرا سر ہے گریباں ہے کبھی

زانو پر ہاتھ مارنا۔ تعجب یا افسوس کرنا ۔ سودا

بیٹھنے ہیں ہمارے کو گرد کر چل پڑے
زانو پہ ہاتھ مار کے مجنوں اچھل پڑے

زانو بیٹھنا۔ افسوس یا رنج و الم کی حالت کا اظہار کرنا۔ **زانو توڑنا**۔ ادب سے بیٹھنا۔ **زانو تہ کرنا**۔ زانو دبانا۔ **زانو دبا کے**۔ پاس بھڑ کے بہت قریب۔

زانی: (ع۔ مذ) زناکار۔ **زانیہ** (مو) حرام کار عورت۔

زاویہ: (ع۔ مذ) کونہ۔ گوشہ۔ اقلیدس میں مخالف سمتوں سے دو مستقیم خطوں کے ایک نقطے پر ملنے سے جو کونہ پیدا ہو اسے زاویہ کہتے ہیں۔

زاہد: (ع۔ مذ) پرہیزگار۔ دُنیا سے الگ رہ کر خدا کی عبادت کرنے والا۔ **زاہد خشک**۔ وہ زاہد جسے دُنیا کی کسی بات کا احساس اور ذوق نہ ہو ۔ مولف

زاہد خشک کا جینا بھی کوئی جینا ہے
نہ نہیں جوش نہیں سوز نہیں ساز نہیں

زائچہ: (ف۔ مذ) جنم پترا۔ کنڈلی۔ وہ کاغذ جو نجومی لوگ بچہ کی پیدائش کے وقت بناتے ہیں۔ رمل کی شکلیں جو رمال قرعہ ڈال کر بناتے ہیں۔

زائد: (ع) زیادہ۔ فضول۔ بچا ہوا۔ بڑھا ہوا۔

زائر: (ع۔ مذ) زیارت کرنے والا۔ رسول کریم یا آئمۂ اطہار یا کربلا کی زیارت کرنے والا۔

زائل: (ع) دُور ہونے والا۔

زائیدہ: (ف) جنا ہوا۔ پیدا کیا ہوا۔ یہ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے "نوزائیدہ"

زُبان: (ف ۔ مؤ ۔ ذ ۔ مو) جیبھ ۔ بول چال ۔ روزمرّہ و محاورہ ۔ بولی ۔ قرار ۔ قول ۔ وعدہ ۔ بیان کرنے کا انداز ۔ بدزبانی ؎ سحر

کہیں منہ کی بکھوا دے گی یہ زبان

زبان آبِ کوثر سے دھوئی ہونا ۔ زبان (کلام) کا پاکیزہ ہونا ۔ **زبان آشنا ہونا** ۔ زبان کا خوگر ہونا ۔ بول چال سے واقف ہونا ۔ زبان آور شاعر ۔ فصیح البیان ۔ **زبان اُلٹنا** ۔ زبان سے مقصود کے مطابق بات نکلنا ۔ بولنے پر قادر ہونا ۔ زبان بدلنا ۔ اقرار سے پھر جانا ۔ **زبان اولا ہونا** ۔ زبان اینٹھ جانا ؎ سودا

تو گرم جا تا نہیں ہے اب بولا   ہو گئی ہے زبان بھی اولا

زبان اینٹھنا ۔ زبان لڑکھڑانا ۔ **زبان بڑھنا** ۔ بدزبانی کا زیادہ ہونا ۔ **زبان بدلنا یا پلٹنا یا پھرنا** ۔ کہہ کر نہ کرنا ۔ اقرار سے پھرنا ۔ **زبان بگاڑنا** ۔ زبان کو خراب کرنا ۔ زبان کو بیہودہ الفاظ سے آلودہ کرنا ۔ خلاف روزمرّہ الفاظ استعمال کرنا ۔ **زبان بگڑنا** ۔ زبان کا گندہ ہونا ۔ گالی گفتار کی عادت ہونا ۔ خلاف روزمرّہ استعمال ہونا ۔ **زبان بند** (مذ) وہ تعویذ جو دشمنوں کی زبان روکنے کے لیے لکھا جائے ۔ **زبان بند کرنا** ۔ بولنے سے رُکنا یا روکنا ۔ خاموش ہونا یا کرنا ۔ بولنے نہ دینا ۔ تعویذ سے دشمن کی زبان اپنے خلاف نہ چلنے دینا ۔ **زبان بند ہونا** ۔ بولنے یا بات کرنے سے عاجز ہونا ۔ خاموش ہونا ؎ ناسخ

زباں ہوتی نہیں حل جرس بند

کسی کے سامنے رعب کے مارے بات نہ کر سکنا ۔ زبان اینٹھ جانا ۔ جادو یا تعویذ کے زور سے کسی کے خلاف کچھ نہ کہہ سکنا ۔ مر جانا ۔ **زبان بندی** (مو) جبر یا جادو سے زبان بند کر دینا ۔ عدالت میں اظہار یا بیان کا قلمبند ہونا ۔ خاموشی ۔ سکوت ۔ خاموش کرنا ۔ **زبان پر چھٹی کا دودھ آنا** ۔ بہکنا ۔ **زبان پر چڑھ جانا یا چڑھنا** ۔ زبانی یاد ہونا ۔ تکیۂ کلام ہونا ۔ بولنے کی مشق ہونا ۔ زبان پر حرف لانا (نہ آنا) شکایت کرنا (نہ کرنا) ۔ **زبان پر دھرنا یا رکھنا** ۔ چکھنا ۔ زبان لگا کر دیکھنا ۔ تھوڑا سا کھانا ۔ **زبان پر لانا** ۔ بیان کرنا ۔ منہ سے کہنا ۔ **زبان پکڑنا** ۔ بات کہنے سے روکنا ۔ بات ٹوکنا ۔ بیچ میں بول پڑنا ۔ بات کی گرفت کرنا ۔ نکتہ چینی کرنا ۔ (زبان پر) **زبان پلٹنا** ۔ زبان بدلنا ۔ وعدے پر قائم رہنا ۔ **زبان پر مُہر ہونا** ۔ کچھ نہ بولنا ۔ **زبان پھوٹنا** ۔ بولنا ۔ زبان نکالنا ۔ زبان کو حرکت کرنا ۔ ہلانا ۔ **زبان تراشنا** ۔ زبان کو شستہ بنانا ۔ **زبان تڑاق پڑاق** (تڑاتڑ) چلنا ۔ جلد جلد بولنا ۔ طراری اور بے باکی سے کچھ کہے جانا ۔ **زبان تمت لانا** ۔ کچھ نہ بولنا ۔ **زبان تلے زبان ہونا** ۔ ایک بات پر قائم نہ رہنا ۔ حسب موقع ہونا ۔ ؎ نکہت

نہیں سخن کا ترے مجھ کو اعتبار اے گل
برنگ غنچہ زباں ہے تری زباں کے تلے

زبان تھامو ۔ چپ رہو ۔ **زبان تھکنا** ۔ زیادہ باتیں کر کے چپ ہو جانا ۔ **زبان ٹوٹنا** ۔ بچے کی زبان سے لفظ نکلنے لگنا ۔ **زبان جھڑ پڑے** ۔ بددعا ہے (زبان جل جائے ۔ بددعا) ۔ **زبان چاٹنا** ۔ مزے دار چیز کھا کر دیر تک مزے لیتے رہنا ۔ **زبان چار ہاتھ کی** ۔ بہت بولنے والے کی نسبت کہتے ہیں ۔ **زبان چرب ہونا** ۔ زبان تیز ہونا ۔ **زبان چلنا** ۔ زبان کا جلد جلد حرکت کرنا ۔ کھانا نوش کرنا ۔ گالیاں دینا ۔ **زبان حال سے کہنا** ۔ حالت موجودہ اور صورت وجود سے بولے بغیر ظاہر کرنا ۔ **زبان خراب کرنا** ۔ گالیاں دینا یا بکنا ۔ **زبان خشک ہونا** ۔ بہت پیاسا ہونا ۔ بہت تعریف کرنا ۔ **زبان خلق نقارۂ خدا** جو بات مشہور عالم ہو ۔ وہ اکثر سچ نکلتی ہے ۔ **زبان داب کے یا دبا کے کچھ کہنا** ۔ چپکے سے کچھ کہنا ۔ دبی زبان سے بولنا ۔ **زبان دان** (مذ) کسی زبان کا ماہر ۔ کسی زبان کو بخوبی جاننے والا ۔ **زبان دانی** مو کسی زبان سے بخوبی واقفیت اور اس کا کمال ۔ **زبان دراز** ۔ زیادہ گو ۔ گستاخ بے باک ۔ دلیر ۔ منہ پھٹ ۔ بدکلام ۔ **زبان درازی** (مو) بےہودہ گوئی ۔ گستاخی ۔ بدکلامی ۔ فحش بیانی ۔ بدزبانی ۔ **زبان دینا** ۔ قول ہارنا ۔ اقرار کرنا ۔ عہد کرنا ۔ وعدہ کرنا ۔ **زبان روکنا** ۔ بُرا کہنے سے منع کرنا ۔ خاموش کرنا ۔ کہتے کہتے رُک جانا ۔ **زبان زد** ۔ مشہور ۔ ہر ایک کی زبان پر ؎ تسیر

ہر شہر میں ہوئی ہے یہ داستاں زباں زد

زبان سنبھال کر بات کرنا یا بولنا ۔ منہ کو لگام دے کر بولنا ۔ بیہودہ بکواس سے دُور رہنا ۔ **زبان سنبھالنا** ۔ خاموش رہنا ۔ چپ رہنا ۔ زبان کو قابو میں رکھنا ۔ **زبان سنبھالو** ۔ بیہودہ نہ بکو ۔ بدزبانی نہ کرو ۔ **زبان سوکھنا** ۔ پیاس کے مارے زبان خشک ہونا ۔ زبان کا عاجز ہونا ۔ اکثر پیار اور محبت سے کسی کا ذکر کرتا (اسے نہیں دیکھتے کہ ہر وقت بھائی بھائی کہتے زبان سوکھتی ہے) ۔ **زبان سے بیٹا بیٹی پرائے ہوتے ہیں** ۔ مثل ، عہد اور زبان بڑی چیز ہے ۔ **زبان سے پھول جھڑنا** ۔ شیریں زبان ۔ لطیفہ گو ہونا (طنزاً) اُلٹے معنی ۔ **زبان زبان سے لڑانا** ۔ مساس کرنا ؎ ناسخ

جب لڑائیں وصل میں ہم لااُنسم
نادان ہے تو گو تیری زبان میں زور ہے

زبان سے خندق پار ۔ شیخی ہی شیخی ہے ۔ کچھ کر نہیں سکتے ۔ **زبان سینا** ۔ چپ رہنا ۔ بات روکنا ۔ **زبان سے نکالنا** ۔ زبان پر لانا ۔ بیان کرنا ۔ کہنا ۔ تلفظ کرنا ۔ **زبان شمع** ۔ چراغ کی لو ۔ **زبان شیریں ملک گیری ، زبان ٹیڑھی ملک بانکا** ۔ میٹھی زبان سے سب اپنے ہو جاتے ہیں ۔ بدزبانی سے اپنے بھی بیگانے بن جاتے ہیں ۔ **زبان شیشہ** (مو) بول کے منہ سے

عرق یا شربت وغیرہ نگلتے وقت بند ہو جانی والی دھار۔ ؎

مری صدا جو دہن سے دبی دبی نکلے
زباں شیشے سے قُل قُل بنی بنی نکلے

زبان فر فر چلنا۔ بہت تیزی سے زبان کا چلنا۔ **زبان کا قاصر ہونا**۔ زبان کا عاجز ہونا۔ **زبان قلم ہونا**۔ زبان کٹنا۔ **زبان قینچی کی چلنا**۔ لگاتار بولے جانا۔ فرفر زبان چلنا۔ **زبان کا پیچھے کھینچنا**۔ مکرنا۔ **زبان کا پھوہڑ**۔ بدزبان۔ زبان دراز۔ **زبان کا تڑتڑ یا تڑاق پڑاق چلنا**۔ جلد جلد بولنا۔ باتوں کا تار باندھ دینا۔ **زبان کا تانکا ٹوٹ جانا**۔ بدزبان ہو جانا۔ بچے کا دیر کے بعد بولنے لگنا۔ (زبان کا تانکا: ایک طرح کا مرض زبان) **زبان کا چٹورا**۔ ہر وقت اور مزے دار چیزوں کا لالچی۔ **زبان کا چسکا** مذ زبان کا مزہ۔ مزے دار چیزوں کے کھانے کی عادت۔ **زبان کا میٹھا** مذ شیریں کلام۔ میٹھی چھری۔ خوشامدی۔ **زبان کرنا**۔ بدکلامی سے پیش آنا۔ برا بھلا کہنا۔ **زبان کند ہو جانی ہے**۔ الک۔ ع۔ زبان تھکی جاتی ہے۔ بولنے کا موقع نہیں ملتا۔ **زبان کو کوڑے لگیں**۔ جو شخص بات کا جواب نہ دے اس کی نسبت یہ فقرہ بولتے ہیں۔ **زبان کو لگام دو**۔ چپ رہو۔ سوچ سمجھ کر بات کرو۔ **زبان کو منہ میں رکھنا**۔ زبان کو قابو میں رکھنا۔ **زبان کھلوانا**۔ بدزبانی میں دلیر کرنا۔ چھپی ہوئی بات ظاہر کرنے کا موقع پیدا کرنا۔ **زبان کھولنا**۔ برا بھلا کہنا۔ جھڑکنا۔ کچھ کہنا ؎ قدر

سمجھے کے یہ مرغابیوں کے صورت کبک دری
مار کر اک قہقہہ اس رنگ سے کھولی زباں

جو منہ میں آئے سو کہہ دینا۔ عیب نکالنا۔ اعتراض کرنا۔ زبان درازی کرنا۔ شکوہ کرنا۔ گلہ کرنا۔ بات کو بڑھا کر کہنا۔ کلام کو طول دینا۔ گویائی حاصل کرنا۔ ؎ ناسخ

کھول دیتا ہوں زباں میں گنگ مادر زاد کی

گویائی کی قوت حاصل کرنا۔ (ف کرنا) ؎ امانت

دو رہے تیرا گونگی کب کھول سکتی ہے زباں

زبان کھینچنا۔ زبان کاٹنے کی سزا دینا۔ گدی کے پیچھے سے زبان نکالنا۔ **زبان کے آگے خندق نہیں**۔ کوئی کسی کی زبان بند نہیں کر سکتا اور زبان کے آگے کھائی خندق برابر ہے۔ زبان ہلنے میں آزاد ہے جو منہ میں آئے بک جائے۔ **زبان کے نیچے زبان ہونا**۔ بد عہد ہونا ؎

رنگین تری زبان کے نیچے ہے زبان
مطلق تری بات میں نہیں ہے یک رنگ

زبان کے چٹخارے لینا۔ نہایت لطیف اور خوش ذائقہ چیزیں کھا کر زبان کو چاٹنا۔ **زبان کے مزے لینا**۔ وہ مزہ سے لطف ہونا۔ **زبان کیلنا**۔ (فسوں یا منتر سے) کسی کا منہ بند کر دینا۔ **زبان گھس جانا**۔ کہتے کہتے زبان کا تھک جانا۔ **زبان گیری**۔ جاسوسی کرنا۔ اعتراض کرنا۔ زبان کہنے سے عاجز کرنا۔ **زبان لڑکھڑانا**۔ زبان کا لغزش یا لکنت کرنا۔ خوف یا رعب کے مارے زبان کا قابو میں نہ رہنا۔ **زبان لڑانا**۔ دو بدو کرنا۔ **زبان مروڑنا** (دلی) زبان لینا۔ **زبان لگانا**۔ گستاخی سے بات چیت کرنا۔ **زبان منہ میں رکھنا**۔ گویائی کی قدرت رکھنا۔ **زبان موٹی پڑ جانا**۔ زبان کا ورم کرنا۔ قابل فکر ہونا۔ **زبان میں بھر رگ نہ ہونا**۔ عہد کی پابندی نہ ہونا۔ **زبان میں سانپ کاٹے**۔ بددعا (عو) **زبان میں فرق ہونا**۔ بد عہد ہونا۔ **زبان میں کانٹے پڑنا**۔ پیاس کی زیادتی کے سبب زبان کا خشک اور کھردرا ہونا ؎ ناسخ

رشک آہی پڑ گئے کانٹے زباں میں پیاس سے

زبان میں کھجلی ہونا۔ زبان کا لڑنے کو تڑپنا۔ گالیاں دینے کو جی چاہنا۔ **زبان میں کیڑے پڑ جائیں**۔ بددعا۔ **زبان میں لگام نہیں**۔ بدزبان اور زبان دراز ہونا۔ **زبان نہیں رکتی**۔ زبان نہیں رکتی۔ چپ نہیں رہتا ہے ؎

آہ و فغاں ہی کرتا رہا تو تو مصحفی
تیری زباں نے ایک دم لے تو نہ کر رہی

زبان نکالنا۔ دیکھو زبان کھینچنا۔ تیز زبانی درازی کرنا۔ بدزبانی کرنا۔ چلنا۔ بے ہودہ باتیں منہ سے نکالنا۔ **زبان نکل یا نکل پڑنا**۔ نہایت تشنگی یا کسی صدمہ کے باعث زبان کا منہ سے باہر آ جانا۔ **زبان ہارنا**۔ قول ہارنا۔ اقرار کرنا۔ وعدہ کرنا۔ **زبان ہلانا**۔ بولنا۔ بات کرنا۔ کہنا۔ سوال کرنا۔ مانگنا۔

زبانی۔ تقریری۔ منہ سے کہی ہوئی (زبانی پیغام) روایتی۔ منقول۔ ظاہری۔ منہ دیکھے کی۔ حفظ۔ ازبر۔ **زبانی امتحان** (مذ) وہ امتحان جس میں جواب لکھوایا نہ جائے۔ **زبانی باتیں**۔ آمنے سامنے بات چیت۔ بیکار باتیں۔ **زبانی پڑھنا**۔ بے دیکھے پڑھنا۔ ازبر پڑھنا۔ حفظ پڑھنا۔ **زبانی یاد**۔ **زبانی جمع خرچ** (مذ) باتیں ہی باتیں۔ خیالی پلاؤ۔ **زبانی جمع خرچ کرنا**۔ صرف باتیں ہی باتیں بنانا۔ خیالی پلاؤ پکانا ؎

کھلا کب مدعا اس کے بیاں سے
زبانی خرچ تھا خالی زباں سے — داغ

زبانہ: (ع - مذ) شعلہ۔ لَو۔ آگ کی لپٹ۔ وہ چھوٹا سا زبان کی شکل کا حصہ جو چھٹے کے بیچ میں ہوتا ہے۔ **زبانۂ آتش** (ف صفت) شعلہ ور ؎

ہیں آہ زبانہ کش جو بھڑکیں باندھے ہے اپنی حصار آتش

زبدہ: (ع - مذ) چیدہ۔ منتخب۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے **زبدۂ کائنات**۔ منتخب کائنات۔ آنحضرت۔

زبر: (ف - مذ) فتحہ۔ طاقت ور۔ زور آور۔ بوجھل۔ گراں۔ غالب۔ **زبر ہونا**۔ غالب ہونا۔ طاقت

یا زمان میں زیادہ ہونا۔ **زبردست**۔ غالب۔ طاقت ور۔ قوی
جابر۔ ظالم۔ **زبردست سب کا جنوائی**۔ **زبردست کی**
سب خاطر کرتے ہیں۔ **زبردست کا ٹھینگا سر پر**۔ **زبردست**
سے زور نہیں چلتا۔ اس کی ماننی ہی پڑتی ہے۔ **زبردست کی**
جورو سب کی دادی۔ زبردست کے ساتھی کی بھی سب دعا کی
مانتے ہیں۔ **زبردست کے جیں ہیوے**۔ زبردست ہی غالب رہتا ہے
زبردست مارے اور رونے نہ دے۔ ظالم کے آگے بس
نہیں چلتا۔ **زبردستی**۔ جبر۔ زیادتی۔ ظلم۔ بالجبر۔ ناحق۔
زبردستی کرنا۔ جبر کرنا۔ زیادتی کرنا۔ بالجبر کوئی کام لینا۔

زَبَرجَد:۔ (ع ۔ مذ) ایک قسم کا زمرد۔ پنا۔

زِبَس:۔ (ف) بہت ۔ آتش

اک بوٹے سے قد کا ہے زبس نقش جو بیٹھا
دل رنگ دکھاتا ہے عقیق شجری کا

دیکھو ازبس۔

زَبُور:۔ (عبر ۔ مو) الہامی کتاب جو حضرت داؤد پر نازل ہوئی۔

زَبُوں: (ف) خراب۔ تباہ۔ نحس۔ منحوس۔ مادہ کبوتر جو بد رنگ اور لاغر ہو۔ وہ عورت جو ضعیف اور بدقطع ہو۔

زَٹَل:۔ (ا ۔ مو) لغو اور بے ہودہ بات۔ بڑ۔ جھک ۔
تاثیر جذب مستوں کی ہر ہر غزل میں ہے
اعجاز بڑ میں ہے تو کرامت زٹل میں ہے ۔ قلق

بے اصل۔ مبالغہ (مارنا۔ ہانکنا) **زٹل قافیے** (مذ) بے اصل باتیں۔
بے تکی باتیں ۔ صفدر
باتیں واعظ بہت بناتا ہے ۔ کیا زٹل قافیے اڑاتا ہے
زٹلی۔ گپ ہانکنے والا۔ **زٹلیا**۔ پوچ باتیں کرنے والا۔ بے معنی
طول دینے والا۔ **زٹیل**۔ بے کار چیز یا آدمی ۔ ظریف
شاعروں نے دیا کیا اسے زٹیل بھی ۔ میرے دیوان کی آدھ آنہ جو قیمت بھی

زُجاج:۔ (ع ۔ مذ) کانچ۔ آبگینہ۔ شیشہ۔

زَجر: (ع ۔ مذ) سرزنش۔ دھمکی جھڑکی۔ **زجر و توبیخ** (مر)
ڈانٹ ڈپٹ۔ لعنت ملامت

زِچ: (ا) عاجز۔ تنگ۔ مجبور۔ بے بس (مو) شطرنج کے بادشاہ
کا کوئی گھر نہ رہے اور کوئی مہرہ بھی نہ چل سکتا ہو۔ اس
وقت کہتے ہیں کہ بازی زچ ہو گئی۔ بادشاہ زچ ہو گیا۔

زَچہ: (ف ۔ مو) وہ عورت جس نے ابھی بچہ جنا ہو۔ **زچہ خانہ**
(مذ) زچہ جس جگہ بچہ جنے۔ **زچہ گیریاں** (مو) زچہ خانے
کے گیت۔

زِحاف:۔ (ع ۔ مذ) عروض کی بحروں کے ارکان کا تغیر
زحافات۔ جمع۔

زُحَل:۔ (ع ۔ مذ) وہ ستارہ جو ساتویں آسمان پر نہایت سست
اور نحس خیال کیا جاتا ہے۔ سنیچر۔

زَحمت:۔ (ع ۔ مو) دکھ درد۔ تکلیف۔ رنج۔ محنت مشقت۔
مصیبت۔ سختی (اٹھانا) **زحمت دینا**۔ بلانا
یا خود جا کر اپنے کسی کام کے لیے کہنا۔ **زحمت کرنا**۔ آنا۔ **زحمت
ہونا**۔ خفیف ہونا۔ **زحمت ہوئی**۔ آنے والے سے جب کہ اس
کا کام پورا نہ ہو تو آداب معاشرت کے تحت یہ جملہ کہتے ہیں۔

زَحِیر:۔ (ع ۔ مو) پیچش کا مرض۔

زَخّار:۔ (ع) موجیں مارنے والا۔ (دریائے زخار)

زَخم:۔ (ع ۔ مذ) گھاؤ۔ ناسور (پڑنا۔ پکنا۔ لگنا) نقصان۔
خسارہ۔ **زخم آلا ہونا**۔ زخم تازہ ہونا۔ **زخم
اٹھانا**۔ زخم لگنا۔ زخم کی تکلیف برداشت کرنا ۔ اسیر
ہزار زخم جگر پر اٹھائے بلبل نے
دیا ہزار دہن سے جواب خندۂ گل
زخم باندھنا۔ زخم پر پٹی باندھنا۔ **زخم بھر (جا) نا**۔ گھاؤ کا
اچھا ہو کر برابر ہو جانا۔ نقصان کی تلافی ہو جانا۔ نقصان کا عوض ملنا
زخم چرانا۔ زخم میں خشکی کی وجہ سے درد ہونا۔ **زخم خشک
ہونا**۔ زخم پر کھرنڈ بندھنا۔ **زخم پر نمک چھڑکنا** (چھڑکنا) تکلیف میں
تکلیف اور دکھ میں دکھ دینا۔ جلے کو جلانا۔ مرے کو مارنا۔ **زخمدار**
زخمی۔ **زخم دامن دار**۔ بڑا زخم ۔ قلق مثنوی
او ٹک کب کس قدر دشیریں ہے تیر آب تیغ
حاجت بخیہ نہیں ہے زخم دامن دار کو
زخم دینا۔ زخمی کرنا۔ مجروح کرنا۔ نقصان پہنچانا۔ صدمہ پہنچانا۔
زخم کاری۔ گہرا زخم۔ **زخم کھانا**۔ زخم اٹھانا۔ مجروح ہونا۔
نقصان اٹھانا۔ صدمہ اٹھانا۔ **زخم کے انگور**۔ کھرنڈ ۔
فصل گل آتے ہی ہو جائیں گے از خود رفتہ
بندھتے جاتے ہیں مرے زخم کے انگور جیسے ۔ قلق
زخم ہرا کرنا۔ زخم تازہ کرنا۔ صدمہ پہنچانا یا رنج دلانا۔
زخم ہرا ہو جانا۔ گھاؤ کا تازہ ہو جانا۔ گزشتہ صدمے یا
جانے کا یاد آ جانا۔ **زخمی**۔ چوٹ کھایا ہوا۔ عاشق۔

زَخمَہ:۔ (ع ۔ مذ) ساز بجانے کا آلہ۔ مضراب۔ نقارے
کی چوب۔ ستار کا انگشتانہ

زَد:۔ (ف ۔ مو) نشانہ۔ ضرب۔ چوٹ۔ صدمہ۔ نشانے کا
نشانے پر ہونا۔ نقصان۔ ضرر۔ **زد پر چڑھنا یا ہونا**۔ ٹھیک
نشانے پر ہونا۔ **زد پڑنا**۔ نقصان ہونا۔ خسارہ ہونا۔ **زدوکوب**

(مو) مارپیٹ - جوتی پیزار - ہاتھاپائی - مارکٹائی - زدہ - مارا ہُوا - مرکبات میں مستعمل ہے جیسے حسرت زدہ - غم زدہ وغیرہ -

زر: (ف - مذ) سونا - دھن - دولت - روپیہ پیسہ - مال و متاع - پھول کے اندر کا زرد زرد ریزہ - اس معنی میں مرکبًا یا اضافت مستعمل ہے ۔ ؎ نسیم

پہنچے کے زرِ گل جمع یہ کس کا ہرا ہے
نسیمِ گشت میں ہے بلبلوں کا پہرا ہے

زر اصل: (مذ) وہ روپیہ جو ابتداءً کام میں لگایا جائے - زر افشاں: اس کاغذ کو کہتے ہیں جس پر سونے کے ورق ریزہ ریزہ کرکے چھڑکے ہوں - چمک دار - روپیہ لٹانا - زرباف: (مذ) تاروں کا بنا ہوا کمخواب - زربافی: سنہرا بنا ہُوا - زربفت: (مذ) کمخواب - زری - دیبا - ایک قسم کا کپڑا جو کلابتوں سے بُنا جاتا ہے - زربل نذر زرِ بل - نذر روپیہ - طاقت - زربیعانہ: (مذ) وہ روپیہ جو مال کی بیع پختہ کرنے کے بعد پیشگی دیا جائے - زرپاک عیار - کھرا سونا - زرتار - وہ چیز جو سونے کے تاروں سے بنی ہو - زر توفیر: (مذ) بہت روپیہ - فاضل روپیہ - زر ثمن: (مذ) قیمت کا روپیہ - زر جعفری - خالص سونا - زر چھنکنا: روپیہ کا چھن چھن بولنا ۔ ؎ منیر

کیسے تن میں چھنکتا ہے زر داغِ جنوں
مال ہوا اضطرابِ دل جو افزوں ہو گیا

زر خرید - روپیہ دے کر خریدا ہوا - ذاتی خریدا ہوا - زرخیز - وہ زمین جو منافع دینے والی ہو - شاداب - سیراب - زردار - مالدار - دولت مند - امیر - زردوز: (مذ) وہ شخص جو زردوزی کا کام کرے - کارچوب - زردوزی: (مو) کارچوبی - کامدانی - زر دوست - روپے کو عزیز رکھنے والا - بخیل - طامع - لالچی - زر ڈگری: (مذ) وہ رقم جس کی ڈگری ہوئی ہو - ڈگری کا روپیہ - زر رہن: (مذ) وہ روپیہ جس کے عوض کوئی شے گروی ہو - زر سرخ: (مذ) زرِ خالص - سونا - اشرفی - زر سفید: (مذ) چاندی - نقرہ - روپیہ - زر ضمانتی - ضمانت کا روپیہ - زر قلب: (مذ) کھوٹا سونا - ناقص سونا - کھوٹا سکہ - زر کا جوتا: (طرہ) رشوت - زر کامل عیار - کھرا سونا - زر کھنچتا ہے - روپیہ برستا ہے ۔ ؎ ظفر

زردیِ رنگِ رخِ زرد سے زر کھنچتا ہے

زرکش - وہ شخص جو سونے یا چاندی کے تاروں سے کلابتون بناتا ہے - وہ کپڑا جس کا تار بانا نقرہ سے بنا ہو - زرکوب - چاندی سونا کوٹ کر ورق بنانے والا - زرکوبی: (مو) سونے چاندی کے ورق بنانا - زرگر - سنار - زرگری: (مو) سنار کا کام - سنار کا پیشہ - ایک خاص قسم کی بولی یا زبان جس میں ایک یا دو حرف کے بعد بیچ میں "ز" لا کر بولتے ہیں (بتانے کے ساتھ) ناکشی

جنگ - جھوٹ موٹ کی لڑائی - زرِ گل: (مذ) پھول کے اندر کا زیرہ - زرِ مالگذاری: (مذ) زمین کا سرکاری محصول - مالیہ - زرِ ناب - خالص سونا - زرنگار - وہ چیز جس پر سنہرا کام کیا ہو - زر نیست عشق ٹیں ٹیں - مفلسی میں محبت کا مزہ نہیں - نقدی - قابل وصول روپیہ - زری: (مو) سونے چاندی کے تاروں کا بنا ہوا کپڑا (اگر تار چاندی کے ہوں تو ان پر سنہرا ملمع ہو) - زریں کلاہ - بادشاہ جس کے سر پر سونے کا تاج ہو - سورج -

زراعت: (اث - مو) کھیتی - کھیتی کرنا - کاشتکاری - زراعت پیشہ - کسان - زمیندار - کاشتکار - زراعت کرنا - بونا - جوتنا - کھیتی باڑی کرنا - کاشتکاری کرنا -

زرافہ: (ف - مذ) ایک لمبی گردن کا جنگلی جانور - شترگاؤ -

زرد: (ف) پیلا - سنہرا - زرد آلو: (مذ) خوبانی - ایک قسم کا زرد آلو جو اکثر پہاڑوں میں ہوتا ہے - زرد پڑنا - خوف - دہشت یا کسی مرض کے سبب چہرے وغیرہ کا زرد پڑ جانا - زرد چوب: (مو) ہلدی - زرد رو - ہراساں - ترساں - بے حیا - شرمندہ - زرد روئی: (مو) شرمندگی - زردہ - زرد رنگ کا گھوڑا - زرد رنگ کے میٹھے چاول - مزعفر - پان کے ساتھ کھانے کا تمباکو - زرد کوڑی - زردہ - تیتریوں کا کبوتر - زردہ پھسکنا - وہ بدمزہ خشک تمباکو کھانا - زرد ہو جانا - طول مرض سے یا کسی صدمے یا شرم یا خوف سے پیلا پڑ جانا ۔ ؎

ہو گیا کیوں زرد تو سنکے گیا بھول
ہے زمانے کا عجب اے یار رنگ

زردی: (مو) پیلا رنگ - پیلاہٹ - انڈے کی زردی - اشرفی - پھول کے اندر کا ریزہ

زردشت: (مذ) ایران کا ایک شخص جسے حضرت ابراہیم بھی کہتے ہیں - اس نے نبوت کا دعویٰ کیا اور مذہب آتش پرستی نکالا - جس کی کتاب کو مجوسی وحی الہامی خیال کرتے ہیں۔

زردک: (ف - مو) گاجر -

زرغل: (ا) لاغر - حقیر - ناکارہ -

زرق برق: (ف) شان شوکت - کر و فر - طمطراق - بھڑکیلا -

زرنیخ: (ف - مذ) ہڑتال -

زرہ: (ع - مو) جوشن - بکتر - لڑائی کی ایک پوشاک جو

لوہے کی کڑیوں سے بنی ہوتی ہے - **زِرہ پوش** مذ وہ شخص جو زرہ بکتر پہنے ہوئے ہو -

زِڑ :- (ا - مو) دیوانوں کی سی باتیں - بے فائدہ باتیں - رٹ ؎ عاشق

کچھ کیسے وہی بس اک زڑ ہے نفرت ہے مجھے یہ میری چڑ ہے

زڑی - بکواسی - یاوہ گو -

زِشت رُو :- (ف) بڑا بدشکل - بھونڈا - زِشت رو - بدشکل - بُری صورت والا -

زَعفَران :- (مو) کیسر - ایک قسم کا خوشبودار زرد رنگ کا پھول - اس کے کھیت کے متعلق لوگوں کا خیال ہے کہ آدمی وہاں جاکر بغیر ہنسے نہیں رہتا - زعفران زار وہ مقام جہاں زعفران کثرت سے ہو - وہ مقام جہاں جاکر ہنسی آئے - وہ مقام جہاں زرد رنگ کثرت سے ہو - زعفران کا کھیت - دیکھو زعفران - زعفرانی - زعفران کے رنگ کا - زرد ؎ واجد علی شاہ

جوڑے بنتے گلوں کے زعفرانی اپنا بھی لباس ارغوانی

زَعم :- (ع - مذ) ظن - گمان (جیسے زعم باطل) غرور ؎

ہے جلے زعم نو جوانی کا بیچ اس کو کیا غم ہے ناتوانی کا

زُعَما :- (ع مذ) زعیم کی جمع - لیڈر - رہنما سردار - زعیم (مذ) سردار - لیڈر - رہنما -

زَغال :- (ع - مذ) کوئلہ جو روشن نہ ہو - کوئلہ -

زَغَن :- (ف - مذ) چیل - میر نے مونث استعمال کیا ہے ؎

زغن ان بنوں میں نہ پائی گئی نہ مقتول کی لاش اُٹھائی گئی

زغند کا مخفف ؎ شاد

ہوں وہ سرگرداں نہ گردش سے کبھی فرصت ملے

سر لگا چھونے اگر پاؤں زغن میں رہ گیا

زَغَند :- (ف - مو) جست - چھلانگ - چوکڑی - کود پھاند (بھرنا کے ساتھ)

زِفاف :- (ع - مذ) دلھن کی اپنی دولھا کے گھر روانگی - ہمبستری - سہاگ کی رات -

زَفیل :- (ا - مو) سیٹی - وہ آواز جو منہ میں اُنگلی رکھ کر نکالتے ہیں (دینا کے ساتھ) یہ عربی لفظ زفیر سے بنا لیا گیا ہے - زفیلنا - سیٹی بجانا ؎ انشا

اپنے کوٹھے پہ کچھ اس ڈھب سے زفیلا کہ مری

لے گیا جان (زرا) ایک کبوتر والا

زَقَند :- (ف - مو) دیکھو زغند -

زَقّوم :- (ع - مذ) تھوہڑ -

زَک :- (ا - مو) سُبکی - خفت - ذلت - شرمندگی - ہار - شکست - خسارہ (اُٹھانا - پانا - کھانا - دینا) زکیں اُٹھانا - چوٹیں کھانا - نقصان برداشت کرنا ؎

کیا کیا زکیں اُٹھاتے ہیں اہل دل کے ہاتھ سے

وہ مے پرست ہوں میں جہاں خراب میں ؎ حقی

زُکام :- (ع - مذ) نزلہ - وہ سردی کی بیماری جس میں ناک بہے - زکام بگڑنا - نزلہ کے پانی کا رُک جانا - نزلہ بند ہو جانا -

زَکاوت :- (ع - مو) نیکی - پاکیزگی -

زَکَرِیا :- (مذ) ایک مشہور پیغمبر جو آرے سے چیر دیے گئے تھے -

زَکوٰۃ :- (ع - مو) مال کا وہ حصہ جو شریعت محمدی کے اصول کے مطابق مستحقین کو دیا جائے - کسی اسم یا دعا کا معینہ تعداد میں ان پابندیوں کے ساتھ پڑھنا جو عاملوں نے مقرر کی ہیں - اسی طرح نقش لکھنے کی بھی زکوٰۃ دیتے ہیں -

زَکی :- (ع) پاک - نیک -

زُلال :- (ع - مذ) صاف اور شیریں پانی - دوا وغیرہ کا نتھرا ہوا پانی -

زَلزَلہ :- (ع - مذ) زمین کا کانپنا - بھونچال (آنا - چڑھ جانا) ؎ ذوق

دیوانہ ترا قید سے ہستی کے جو چھوٹا

چڑھ جائے گا اک زلزلہ صحرائے عدم کو

زلزلہ برپا ہونا یا پڑ جانا - ہلچل پڑ جانا - کھلبلی پڑ جانا -

زُلف :- (ف - مو) بالوں کی لٹ جو کنپٹی کے پاس لٹکتی ہے - کاکل - گیسو - زلفیں چھوڑنا - رکھنا - لٹکنا - زلفوں کا دراز ہوکر پاؤں کی طرف آویزاں ہونا

زَلو(ک) (ف - مو) جونک -

زَلّہ :- (ف - مذ) پس خوردہ - بچا ہوا کھانا - اُردو میں تنہا نہیں بولتے - مرکبات میں بولا جاتا ہے جیسے زلہ خوار - زلہ رُبا - بچا کھچا کھانے والا - نیز خوشہ چیں -

زُلیخا :- (مو) عزیز مصر کی بیوی جو حضرت یوسف پر عاشق ہوئی تھی - شوہر کی وفات کے بعد بڑھاپے میں حضرت سے شادی ہوئی -

زِمام :- (ع - مو) باگ - نکیل -

زماں: (ع - مذ) وقت عموماً ط‌ور میں استعمال ہوتا ہے جیسے رستم زماں - اپنے وقت کا رستم - **زمانہ** (مذ) وقت - عرصہ - مُدّت - وقفہ - میعاد - موسم - رُت - فصل (جاڑے کا زمانہ) عہد - (راج) - حکومت - جگ - قرن - دَور - گردشِ دُنیا - عالم (زمانہ اس کو مانتا ہے) لوگ - مخلوق ؎ امیر

دولت ہے جس کے پاس اسی کا ہے زمانہ ہے

دَور دَورہ ؎ شعر

آج اس کا زمانہ ہے تو کل اس کا زمانہ

زمانہ آنکھوں سے گزرنا - بہت تجربہ ہونا - زمانہ اُلٹ پلٹ ہونا - انقلاب ہونا - زمانہ اُلٹ جانا - انقلاب ہونا - دُنیا تباہ ہونا - زمانہ اُمنڈنا - بہت زیادہ مجمع ہونا - زمانہ ایک رنگ پر نہیں رہتا - دُنیا رنگ بدلتی ہے - زمانہ بسر ہونا - وقت گزرنا - زمانہ بھر - تمام دُنیا - زمانہ پھر جانا - لوگوں کا کسی کے خلاف اور دشمن ہو جانا - زمانے کا اُلٹ جانا - زمانہ بدل جانا - زمانہ جاہلیت - اسلام سے پہلے کا زمانہ عرب - زمانہ چھرے ہونا - تجربے کار ہونا (دو) ؎ شاد

خوش خط دکھا کے ہمیں کیا چھوڑتیں گے

مثلِ خضر ہیں ہم بھی زمانہ چھرے ہوئے

زمانہ چھاننا - بہت ڈھونڈنا - زمانہ دیکھنا - دُنیا کو دیکھنا - تجربہ حاصل کرنا - زمانہ ساز - مطلب کا یار - خود غرض - ہوا کا رُخ دیکھ کر چلنے والا - زمانہ سازی - خوشامد - فرمانبرداری - دُنیاداری - بناوٹ - مکاری - زمانے سے اُٹھنا - مرنا - کمیاب - ناپید ہونا - زمانے کا رُخ دیکھنا - عوام کی توجہ دیکھنا - زمانے کا رونا - ہر ایک کا غم کرنا - زمانے کا زمانہ - سب کے سب - زمانے کا فرصت دینا - پریشانیوں سے مہلت پانا - زمانے کا کروٹ لینا - انقلاب ہونا - زمانے کا ورق اُلٹ جانا - زمانہ بدل جانا - زمانہ کا لہو سفید ہونا - دُنیا کی محبت جاتی رہنا - لوگوں کا بے مروّت ہو جانا - زمانے کی آب و ہوا بدلنا - انقلاب زمانہ - زمانے کی راہ - دُنیا کی رسم - زمانے کے موافق - دستور کے مطابق - زمانے کی ہوا مخالف (برخلاف) ہونا - دُنیا کا مخالف ہونا - زمانے کی ہوا پھرنا - دُنیا کا مخالف ہونا - زمانے کی ہوا دیکھنا - لوگوں کی خواہش دیکھنا - زمانے کی ہوا لگنا - زندہ رہنا - تجربہ ہونا - زمانہ موافق ہونا - طالع کا یاور اور اقبال کا سازگار ہونا - زمانیان - زمانے کے لوگ ؎ اوج

گو ہے جوشِ طلب اور جانتے نہیں کب تک

یہ شکوہ ہائے زماں و زمانیاں کب تک

زمن - صحیح -

زمرّد: (ف - مذ) ایک سبز رنگ کا قیمتی پتھر - سبز پنا - زمردی - سبز - ہرا - زمرد کے رنگ کا -

زُمرہ: (ع - مذ) جماعت - گروہ -

زمزم: (ع - مذ) بیت اللہ کے پاس ایک کنواں - اس کنوئیں کا پانی ؎ تسلیم

سلام لکھتا ہوں میں حرم میں قلم سے زمزم ٹپک رہا ہے

زمزمہ: (ف - مذ) نغمہ - ترانہ - زمزمہ پرداز (پیرا، خوان، سنج) گیت گانے والا - صفت - زمزمہ پردازی، پیرائی، خوانی، سنجی (مو)

زمستان: (ف - مذ) موسم سرما - جاڑا - سردی کا زمانہ -

زمہریر: (ع - مذ) سخت جاڑا - نہایت سردی - کرہ ہوا کا وہ طبقہ جو نہایت سرد ہے -

زمین: (ف - مو) وہ خاکی کرہ جس پر ہم لوگ رہتے بستے ہیں - سطح زمین - غزل کی ردیف - قافیہ اور وزن وغیرہ - دُنیا جہان - تختہ - خطہ - ولایت - ملک - خاک - مٹی - دھول - ہر عطر کا مادہ (جیسے صندل کی زمین) (اکثر) کپڑے کی اصل سطح (اس کپڑے کی زمین سُرخ ہے) زمین کا ٹکڑا - زمین آسمان ایک کر دینا - زمین آسمان سر پر اُٹھانا - شور کرنا - چھان مارنا - ڈھونڈ مارنا - زمین آسمان پر ٹکنا نہ ہونا - دُنیا تنگ ہونا - بے تکی بات کی صفت ؎ ذوق

ان کے باتوں میں ان کو لائیں جو حرفِ مطلب کا کچھ زباں پر

تو ایسی کہہ دیں ٹھکانا جس کا نہ ہے زمیں پر نہ آسماں پر

زمین آسمان جھانکنا - دربدر پھرنا - دیوانہ بننا - زمین آسمان چھاننا - بہت ڈھونڈنا - زمین آسمان ملانا - مبالغہ کرنا ؎ داغ

نشیب و فراز ان کو سمجھائے کیا کیا

ملائے زمیں آسماں کیسے کیسے

زمین آسمان کا فرق (مذ) بہت زیادہ فرق - اختلاف عظیم - زمین آسمان کے قلابے ملانا - جھوٹی سچی باتیں بنانا - شیخی مارنا - ڈینگ مارنا - زمین آسمان میں پتہ نہیں - ناپید ہے - زمین اُٹھنا - زمین کا ٹکڑے پر جانا - زمین کا پیدا ہونا - زمین بلند ہونا - غزل کی بحر کا سخت اور دشوار ہونا - زمین بوس ہونا - آستانہ بوسی کرنا - حاضر خدمت ہونا - زمین بیٹھنا - زمین کا نیچے دب جانا - زمین دھنسنا - زمین پاؤں کے نیچے سے نکلنا (سرکنا) - برا وقت ہونا - انتہائی حیران ہونا - زمین پلنگ ہے اس پر چھپنے اور جو وغیرہ میں کثرت سے شعر کہے گئے ہیں - زمین پکی سے لگ رہی ہے - کسی راستے میں زیادہ آتے جاتے رہنے کی وجہ سے راہ دُور تک معلوم ہو رہی ہے - زمین پر پاؤں نہ ٹکنا - نہایت اترانا - زمین پر پاؤں نہ رکھنا - گھوڑے کا دوڑ کر چھپنا

میں مشتاق ہونا - **زمین پست ہونا** نشیب ہونا - غزل کی بحر کا اچھا نہ ہونا - **زمین پکڑنا** جم کر بیٹھنا جم جانا کسی جگہ مستقل طور سے رہ پڑنا - **زمین پھٹ جائے اور میں سما جاؤں** - نہایت شرمندگی اور زندگی سے بیزار ہو جانے کے موقع پر بولتے ہیں - ناگہانی آفت آجائے - **زمین اور پر تلے ہونا** - بڑی ہنگامہ ہونا - **زمین ٹھنڈی ہونا** - ردیف قافیے کا سست ہونا - **زمین ٹل جائے اور یہ نہ ٹلے** - ایسی مصیبت جو کسی طرح نہ رُک سکے - وہ حکم جو لازمی پورا ہو کر رہے - وہ شخص جو کسی طرح جنبش نہ کرے - **زمین جھکانا** - آوارہ پھرنا ؎ صبا

درد و غم نے زمیں جھکائی چھوڑا مجھے خاک میں ملا کر

زمین خالصہ (مو) بادشاہی زمین - **زمیندار** کاشت کی زمین کا مالک - **زمیندارا** (مذ) دیہات - حق زمینداری - **زمینداری** - زمیندار کی عورت - **زمینداری** - جاگیر داری - **زمینداری دوب کی جڑ ہے** - زمینداری بڑی مضبوط چیز ہے - **زمین دکھانا** (دکھلانا) - پٹکنا - گرا دینا - دے مارنا - نیچا دکھانا - پچھاڑنا - **زمین دوز** - زمین کے برابر وہ کنواں جس کی منڈیریں نہ ہوں - زمین میں نہاں - زمین میں دھنسا ہوا - وہ خیمہ جس کے چاروں طرف کا کپڑا زمین میں دبا دیتے ہیں - زمین کے اندر بنی ہوئی سرنگ یا تہ خانہ - **زمین دیکھنا** - تھے کرنا - الٹی کرنا - نیچا دیکھنا - شرمندگی اٹھانا ذلیل ہونا - دفن ہونا - زمین کا معائنہ کرنا - **زمین سخت ہے آسمان دور ہے** - بے بسی کے مقام پر بولتے ہیں جہاں خودکشی کرنے کو جی چاہے - **زمین آسمان سر پر اٹھانا** - بہت شور کرنا - **زمین سست ہونا** - زمین ٹھنڈی ہونا - **زمین سہل ہونا** - ردیف قافیے کا آسان ہونا - **زمین سے آنکھ لگنا** - راستہ دیکھنا ؎ نصیر

جوں نقشِ پا زمیں سے آنکھ اپنی لگ رہی ہے
شاید سراغ پاؤں یاراں رفتگاں کا

زمین سے پیٹھ نہ لگنا - قرار نہ پانا - **زمین شگفتہ ہونا** - ردیف اور قافیہ کا اچھا ہونا - **زمین طرح کرنا** - مصرعہ طرح دینا - **زمین غیر مزروعہ** (مو) بنجر اور افتادہ زمین - وہ زمین جس میں زراعت نہ کی گئی ہو - **زمین کا پاؤں پکڑنا** - کسی جگہ زیادہ عرصے تک رہ جانا - **زمین کا پاؤں تلے سے سرک جانا یا نکل جانا** - کسی حادثے یا صدمے کی خبر سن کر سخت پریشان ہو جانا - حواس کا ٹھکانے نہ رہنا - بے حواسی کے باعث پاؤں کا ڈگمگا جانا - **زمین کا پیوند ہو** - ڈعائے بد - مر جائے - زمین میں گڑ جائے - **زمین کا پیوند ہونا** - خاک میں مل جانا - ناپید ہونا - مر جانا - **زمین کا تختہ الٹ جانا** - انقلاب عظیم ہو جانا - **زمین کا کھا جانا** (لینا) - کسی دفن شدہ چیز کو گلا دینا - غائب ہو جانا - **زمین کا نہ آسمان کا** - ادھر کا نہ ادھر کا - **زمین کو آسمان کر دینا** - پست کو بلند کرنا - **زمین کے برابر ہونا** - خاک ہونا - خاکساری کرنا ؎ آتش

گوشِ عارف میں یہ گورستان سے آتی ہے صدا
آسماں ہے وہ زمیں کے جو برابر ہو گیا

زمین کی طنابیں کھینچنا - مسافت کم ہو جانا - **زمین گھس جانا** - زمین کو نقصان پہنچنا - (الشیرہ) **زمین کا گز** - ہمیشہ سفر اور سیاحت میں رہنے والا - **زمین کا گز بننا یا ہو جانا** - سیاحی اور جہاں گردی کرنا - دُنیا کو چھان مارنا - ؎ انیس

گز بن گیا تھا راہ و جہاں کی زمین کا

زمین کند - بندے کی سی جڑ جس کی ترکاری پکا کر کھاتے ہیں - **زمین کھا گئی کہ آسمان** - جب کوئی چیز دفعتہً غائب ہو جاتی ہے تو اس کی نسبت کہتے ہیں - **زمین کی پوچھنا آسمان کی کہنا** - سوال کچھ جواب کچھ - **زمین گرم ہونا** - بحر - ردیف - قافیے کا چست ہونا - **زمین مزروعہ** (مو) کوری ہوئی زمین - **زمین مزروعہ** (مو) بوئی جتی ہوئی زمین - زراعت شدہ زمین - **زمین میں ٹھکانا نہ آسمان میں** - بے خانماں ہیں - **زمین میں سمانا** - **زمین میں گڑنا** - شرم یا غیرت کے مارے زمین میں گڑ جانے کی آرزو کرنا - **زمین میں گاڑنا** - زمین میں دفن کرنا - غصے میں ڈانٹنے کے موقع پر کہتے ہیں - زمین میں گاڑ دوں گا یعنی بہت ماروں گا - **زمین میں گڑ جانا** - **زمین میں دھنس جانا** - نہایت شرمندہ ہونا - شرم کے مارے پانی پانی ہو جانا - **زمین ناپنا** - راہ نوردی کرنا - **زمین نکالنا** - غزل کے لیے ردیف - قافیہ - وزن تلاش کرنا - **زمین و زماں** (مذ) تمام زمانہ - **زمین گیر** (یا رنگ) - زمین سے لگ کر چلنے والا - ؎ اوج

ان موجوں سے پابستۂ زنجیر ہیں دونوں
کس طرح خراماں ہوں زمیں گیر ہیں دونوں

زَن

زَن :- (مو) عورت ؎ جان صاحب

مکار زنوں سے بُوا اللہ بچائے

زوجہ (جیسے زن مرید) مرکبات میں مارنے والا - (جیسے تیغ زن) کرنے والا (جیسے برہم زن) وہ جس پر چوٹ پڑے جیسے (قطع زن) **زن مدخولہ** - گھر میں ڈالی ہوئی عورت جس کے ساتھ باقاعدہ رسم کے مطابق شادی نہ ہوئی ہو - **زن مرید** (مذ) جورو کا غلام - عورت کے کہے پر چلنے اور اس کا حکم ماننے والا - **زنِ منکوحہ** (مو) نکاحی بیوی - وہ عورت جس کے ساتھ نکاح ہوا ہو - بیاہتا بیوی - **زن زن اور زن سے** - تلوار کے زنانے سے چلنے کی آواز - کسی چیز کے تیزی سے نکل جانے کی آواز - گاڑی زن زن کرتی نکل گئی ؎ ظفر

زن سے کبھی اس سمت کبھی سن سے ادھر تھی ؎ تعشیق

زنا

زِنا :- (ع - مذ) حرام - بدکاری - کسی کی جورو یا مملوکہ یا غیر عورت سے صحبت کرنا - **زنا بالجبر** (مذ) کسی عورت سے اس کی مرضی کے بغیر زبردستی حرام کاری کرنا - **زنا کار** - حرام کار - زانی - بدکار - فاجر - **زنا کاری** (مو) حرام کاری - بدکاری -

زَنگولہ:- (ف - مذ) جرس - گھنٹا - گھنگرو - تال -

زَنگی:- (ف) زنگبار کا باشندہ - حبشی - **زنگی ہڑ** (مو) کالی ہڑ بلیلہ سیاہ -

زِنہار:- (ف - مو) تاکید نفی کے لیے ع دبیر

صغرا نے کہا کوئی کسی کا نہیں زنہار

اثبات کی تاکید کے لیے ؎ غالب

اے تازہ واردان بساط ہوائے دل
زنہار اگر تمھیں ہوس ناؤ نوش ہے

زُوّار:- (ع - مذ) زائر کی جمع - زیارت کرنے والے - زبر کے ساتھ کربلا کی زیارت کرنے والا - قابل عزت - دین دار -

زَوال:- (ع - مذ) کمی - گھٹاؤ - اُتار - تنزل - ترقی کا جاتا رہنا - **زوال کا وقت** (مذ) دوپہر کے بعد کا وقت - **زوالِ ماہ** (مذ) چاند کا کامل ہونے کے بعد گھٹنا - چودھویں رات کے بعد -

زَوائد:- (ع - مذ) زائد کی جمع - فضول اور بحث سے خارج باتیں -

زَوج:- (ع - مذ) جوڑا - جفت - خاوند - وہ عدد جو کسر کے بغیر نصف ہو سکے - **زوجُ الزّوج** (مذ) وہ عدد جو دو پر تقسیم ہو کر پھر دو پر بٹ سکے - **زَوجُ الفرد** (مذ) وہ عدد جو جفت اور طاق دونوں پر بٹ سکے جیسے ۲۲ (۲ پر بھی بٹ سکتا ہے اور تین پر بھی) **زوجہ** (مو) جورو - بیوی - **زوجۂ مُطلّقہ** (مو) طلاق دی ہوئی عورت - **زوجۂ منکوحہ** (مو) جس بیوی کے ساتھ عقد ہوا ہو - **زوجۂ معصر** (مو) سوکن - **زوجیت** (مو) میاں بیوی کا رشتہ عقد - عموماً شوہر بیوی کے لیے کہتا ہے کہ وہ میری زوجیت میں ہے - **زوجیت میں لانا** - جورو بنانا - نکاح میں لانا - عقد کرنا - **زوجین** (مذ) میاں بیوی - جوڑا -

زُود:- (ف) جلد - شتاب - عموماً ترکیب میں مستعمل ہے - جیسے جلدی گھل مل جانے والا - **زود آشنا** - بہت جلد یار بن جانے والا - **زود رس یا زود فہم** - تیز فہم - بات کی تہ کو جلد پہنچنے والا - **زود رنج** - (ف - صفت) نازک مزاج - جلدی ناراض ہو جانے والا - ؎ عزیز

ڈرتا ہوں دل کا حال بیان تم سے کیا کروں
تم ایسے زود رنج کا ہے اعتبار کیا

زود گو - جلدی شعر کہنے والا - **زود نویس** - جلد جلد لکھنے والا -

زُور:- (ع - مذ) دغا - فریب - مکر -

؎ نظیر

شیطان بھی آدمی ہے جو کرتا ہے مکر و زور
اور ہادی رہنما ہے سو وہ بھی آدمی

زور:- (ف - مذ) بل - طاقت - توانائی - قوت - قابو - اختیار - بس - غلبہ - زیادتی - کثرت - افراط - شدت ؎

یہ زور آتش رنگ حنا نے گرمی کی
تری ہتھیلی کا دل صورت سپند ہوا آتش

قیامت - غضب - بیڈھب - عجیب و غریب - انوکھا ؎ ناسخ

غیر کو نامہ ہے سر نامہ مرے نام کا ہے
مہرباں زور یہ تم نے ستم ایجاد کیا

خوب اچھا - عمدہ ؎ جرات

یار کا آستاں پایا ہے زور دل نے مکان پایا ہے

ظلم و ستم - سختی - حکم - حکومت - جبر - کوشش - سعی (اس جگہ کے لیے بڑا زور لگایا) وہ سہارا جو ایک مہرے یا پیادے کو دوسرے مہرے یا پیادے سے ہوتا ہے - سہارا - حمایت ع قلق

کرتے ہیں ہم گناہ بھی رحمت کے زور پر

زور آزمانا - طاقت آزمائی کرنا - طاقت دکھانا - زور دکھانا - **زور آزمائی** (مو) طاقت آزمائی - کشتی - بل دکھانا - **زوراً زوری** (مو) زبردستی - **زور آنا** - طاقت بڑھنا - توانا ہونا - **زور آور** - طاقت ور - قوی - پہلوان - **زور آوری** (مو) طاقت - توانائی - زبردستی - **زور یا زور سے** - اپنی طاقت سے - اپنی محنت و مشقت سے - **زور باندھنا** - قوت پکڑنا - **زور بل** - قوت - **زور پر** - کمال پر - انتہا پر - اخیر درجے پر - بر سر ترقی - **زور پڑنا** - بوجھ پڑنا - دباؤ پڑنا - طاقت صرف ہونا - زیادہ محنت پڑنا - مجبور کیا جانا - دبایا جانا - **زور پہنچنا** - مدد پہنچانا ؎

پہنچا کمک لشکر یاراں سے ہے یہ زور
ہر نالے کی ہے دشت میں دریا پہ چڑھائی ذوق

زور توڑنا - قوت - تکبر - خیال باطل توڑنا - **زور جتانا یا دکھانا** - حکومت دکھانا - دباؤ ڈالنا - طاقت ظاہر کرنا - **زور چلانا** - حکومت چلانا - زبردستی یا رعب سے کوئی کام لینا - **زور چلنا** - بس چلنا - حکم چلنا - قابو چلنا - اختیار چلنا - **زور دار** - طاقت ور - توانا - قوی - **زور دینا** - دباؤ ڈالنا - بوجھ ڈالنا - مدد دینا - حمایت کرنا - مجبور کرنا - ناچار کرنا - کسی لفظ کو زیادہ آواز سے ادا کرنا - شطرنج کے پیادے یا مہرے کو دوسرے پیادے یا مہرے کا سہارا دینا - **زور ڈالنا** - دبانا - مجبور کرنا - تنگ کرنا - دباؤ ڈالنا - کسی طرف زیادہ طاقت دکھانا - **زور ڈھ جانا** - غرور جاتا رہنا ع

یہاں سام کا زور بل ڈھ گیا

(شاہ - کیا گیا - دہ گیا کی زمین میں) **زور سے** - طاقت سے - تیزی سے - جلدی سے - سختی سے - بمشکل - بشدت - بکثرت -

مرتا - کوئی بُرا کام کیے بغیر سزا کا کھٹکا نہیں ہوتا - زہر جانا یا ہونا - بُرا ہونا - باعثِ تکلیف ہونا - تلخ ہونا - نمک زیادہ ہو جانا - زہر ہے - سم قاتل ہے - آزار رساں ہے - بے لطف ہے - تلخ ہے - زہریلا - زہر سے بھرا ہوا - نہایت شر انگیز - زہریلی (مو)

زہرا :- (ع - مو) حضرت فاطمہؓ کا لقب - روشن -

زُہرہ :- (ع - مو) ایک ستارہ جو تیسرے آسمان پہ ہے قدیم شہر بابل کی ایک خوبصورت عورت جس پر ہاروت ماروت دو فرشتے عاشق ہو کر مبتلائے عذاب الٰہی ہو گئے تھے - زہرہ جبیں - زہرہ کی سی پیشانی والا - ماہ پیکر - خوبصورت

ے کنعانِ محمد کے حسینوں کا سفر ہے
خورشید لقا زہرہ جبینوں کا سفر ہے — انیس

زَہرہ :- (ف - مذ) پتّا - ایک اندرونی عضو جس میں زرد اور نیلے رنگ کا تلخ پانی بھرا ہوا ہوتا ہے - دلیری - مردانگی - ہمت - حوصلہ - زہرہ آب ہونا - خوف زدہ ہونا - حوصلہ پست ہونا - زہرہ پھٹنا - جی دھڑکنا - حسد سے جلنا -

زہے :- (ف) واہ وا - شاباش - کلمۂ تحسین (اردو میں تنہا استعمال نہیں کرتے) زہے نصیب - خوش نصیبی - خوش اقبالی ے داغ

یہ اور کوئے یار کا چکر زہے نصیب
لیتے ہیں اپنے پاؤں کی اکثر بلائیں ہم

زی :- (ع - مذ) حیثیت عرفی (زیارت جناب کے زی کے خلاف ہے) لباس

زیاد :- (ع) زیادہ ے تعشق

شہ بولے عین یہ مرے دل کی مراد ہے
جینا ہے شاق مرگ کی حسرت زیاد ہے

زیادت (مو) کلمے میں ایک دو حرف بڑھا دینا - (جیسے بھیڑ چال سے بھیڑیا چال) زیادتی - بڑھانا - اضافہ کرنا - زیادتی (مو) کثرت - افراط - بہتات - ظلم - سختی - زبردستی - زیادتی کرنا - جبر کرنا - سختی کرنا - زبردستی کرنا - زیادہ - افزوں - بہت - بیشی - زیادہ بریں - اس سے زیادہ - زیادہ تر - بیشتر - بہت زیادہ - زیادہ حدِ ادب - عرضی یا عریضہ کے آخر میں لکھ دیا کرتے ہیں یعنی زیادہ لکھنے سے ادب مانع ہے - زیادہ خیریت ہے - (خاتمۂ خط) باقی خیریت ہے - زیادہ ستانی (مو) زیادہ طلبی - سرکاری اجازت یا معمول سے زیادہ لینا - زیادہ سے زیادہ - بہت سے بہت - حد درجے کا - زیادہ کرنا - بڑھانا - پیٹ سے زیادہ کرنا - دسترخوان اٹھانا - زیادہ گو - فضول گو - جھوٹا - بات کو بڑھا کر کہنے والا - زیادہ گوئی (مو) فضول باتیں کرنا - باتوں میں مبالغہ کرنا - زیادہ

برکت ہے - بہت ہے - نہیں ہے - جب کسی فقیر کو جواب دینا ہوتا ہے تو ردِ سوال کے لیے یہ فقرہ زبان پر لاتے ہیں -

زِیارت :- (ع - مذ) کسی متبرک مقام یا مزار یا آدمی کو دیکھنا - زیارت پڑھنا - وہ سلام جو دور سے نبی یا ولی وغیرہ کے مزار کی سمت انگلی اٹھا کر پڑھا جاتا ہے - زیارت کرنا - کسی مقدس مزار یا بزرگ کا نظارہ کرنا - بزرگ سے ملنا - زیارت گاہ (مو) مقدس جگہ - متبرک مقام - جہاں لوگ زیارت کے لیے آتے ہوں -

زِیاں :- (ف - مذ) نقصان - خسارہ - ضرر - ع غالب

دوستی ناداں کی ہے جی کا زیاں ہو جائیگا

زیاں کار - نقصان دینے یا پہنچانے والا -

زیب :- (ع - مو) آرائش - زیبائش - خوشنمائی - رونق - زیب تن کرنا - کسی چیز کو جسم پر آراستہ کرنا - پہننا - زیب دینا - بھلا لگنا - کھلنا - موزوں ہونا - خوشنما ہونا - زیب و زینت (مو) بناؤ سنگار - آرائش و زیبائش - آراستگی - سجاوٹ - زیبا - زیب دینے والا - بھلا - خوشنما - آراستہ - خوبصورت - موزوں - لائق - مناسب - زیبائش (مو) زینت - آرائش - خوشنمائی - سجاوٹ - زیبائی - خوبی - خوشنمائی -

زِیبق :- (ع - مذ) پارہ - سیماب -

زیپلن :- (مذ - انگ) ہوائی جہاز کے جرمن موجد کا نام - اس کا ایجاد کیا ہوا جہاز -

زَیتون :- (ع - مذ) ایک میوہ جس سے تیل نکلتے ہیں -

زیٹ :- (ا - مو) بکواس (اڑانا کے ساتھ) زیٹک - عجیب سا جھوٹ - نیز بے حیا آدمی -

زَید :- (ع) ایک فرضی نام جو فلاں کی جگہ مستعمل ہے - (زید - عمرو بکر)

زِیر :- (ف - مو) دھیمی آواز - نیچا سُر - زیر و بم (مذ) نیچا اور اونچا سُر -

زیر :- (ف - مذ) جر - کسرہ - وہ چھوٹی سی آڑی لکیر جو حرف کے نیچے دیتے ہیں - نیچے - کمزور - کم طاقت -

زیر انداز (مذ) وہ کپڑا یا ٹاٹ وغیرہ جو حقے کے نیچے پانی وغیرہ کی حفاظت کے لیے رکھتے ہیں - زیر بار - بوجھ میں دبا ہوا - مقروض - قرض دار جس پر بہت سا خرچ پڑا ہو - زیر بار ہونا - قرض کے نیچے دبنا - مقروض ہونا - خرچ پڑنا - زیر باری (مو) قرض داری - خرچے کا بوجھ - زیر بند (مذ) گھوڑے کا تنگ - وہ تسمہ جو گھوڑے کے پیٹ کے نیچے باندھا جاتا ہے - زیر پائی (مو) جپیر - زیر تجویز - کسی معاملے کا غور یا سوچ بچار کے دور میں ہونا - زیر جامہ - وہ

کپڑا جو چار جامے کے نیچے گھوڑے کی پشت پر ڈالتے ہیں۔ **زیرحراست** حوالات میں بند۔ پولیس کی نگرانی میں۔ **زیرحکومت** ۔ بتحت حکومت۔ زیر فرمان۔ **زیردست** ۔ ماتحت۔ عاجز۔ کمزور۔ مغلوب۔ **زیرسایہ** ۔ حمایت میں۔ پناہ میں۔ پردوں میں۔ قریب۔ پاس

ع مسجد کے زیرسایہ خرابات چاہیے ۔ غالب

زیرکرنا ۔ مغلوب کرنا۔ فتح کرنا۔ پچھاڑنا۔ **زیرلب** ۔ ہونٹوں ہونٹوں میں۔ پوشیدہ۔ آہستہ سے۔ **زیرمشق** ۔ وہ چیز یا وصلی جسے تختی کی مشق کرتے وقت کاغذ کے نیچے رکھ لیتے ہیں ۔ امیر

کہتے ہیں سنگ در پہ مرے بھوسے تا کجا

کچھ زیر مشق یہ بیٔے خط جبیں نہیں

زیرنگیں (ہ اضا) مطیع۔ قابو میں۔ **زیروزبر** ۔ کسرہ و فتحہ۔ تہ و بالا۔ درہم برہم۔ الٹ پلٹ۔ **زیروزبرکرنا** ۔ تہ و بالا کرنا۔ تباہ و برباد کرنا۔ الٹ پلٹ کرنا۔ **زیروں سے شیر ہوتے ہیں** ۔ ادنیٰ سے اعلیٰ۔ کمزور سے طاقتور اور بچے ہی جوان ہوتے ہیں۔ **زیریں** ۔ نیچے کا ۔

زیرک: (ف) (ص) دانش مند۔ ہوشیار۔ **زیرکی** (مو) دانائی۔ دانش مندی۔ تیز فہمی۔

زیرہ: (ف۔ مذ) ایک خوشبودار بیج جو اکثر گرم مصالحے میں پڑتا ہے۔ پھول کے اندر باریک باریک دانے زرد بھی۔

زیست: (ف۔ مو) زندگی۔ حیات۔ **زیست کا حظ اٹھانا** ۔ زندگی سے لطف اندوز ہونا۔ آرام سے زندگی بسر ہونا۔ **زیست بھاری ہونا** ۔ زندگی تلخ ہونا۔ **زیست حرام ہونا** ۔ زندگی ناگوار ہونا۔ **زیست سے خفا یا بیزار** ۔ جسے زندگی دوبھر ہو۔ **زیست کے دن بھرنا** ۔ زندگی کے دن پورے کرنا۔ موت کا زمانہ قریب ہونا ۔ اوج

اک قول ہے کہ دن زیست کے بھرتا ہے یہ گھوڑا

بانی کی طرف رخ نہیں کرتا ہے یہ گھوڑا

زیل: (ا۔ مو) لڑکیوں کی آواز سے مشابہ آواز۔ تیکھی آواز

زین: (ف۔ مذ) چار جامہ۔ جو گھوڑے پر کسا جاتا ہے۔ **زین پوش** مذ زین کے اوپر ڈالنے کا کپڑا۔ **زین کسنا یا کھینچنا** ۔ گھوڑے پر کاٹھی کسنا۔

زین: (ع۔ مذ) سنگار۔ آراستہ کرنا۔ یہ ہمیشہ زیب کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۔ تسلیم

تازہ کی طرح خلق کی یہ زیب و زین ہیں

حسن حسن پکارا رہا ہے حسین ہیں

زین خاں (مذ) عورتوں کا ایک فرضی جن۔

زینت: (ع۔ مو) دیکھو زیب۔ زیب و زینت میں یہ فرق ہے کہ زینت کا لفظ ان چیزوں کے لیے بولا جاتا ہے جن سے انسان اپنی یا اپنی ذات سے تعلق رکھنے والی چیزوں کے لیے بولا جاتا ہے۔ جن سے انسان اپنی یا اپنی ذات سے تعلق رکھنے والی چیزوں کی آرائستگی کرتا ہے۔ **زینت بخشنا یا دینا** ۔ سجانا۔ رونق دینا۔ مزین کرنا۔

زین زیپٹ: (ا۔ مو) بکواس۔

زینہ: (فا) سیڑھی۔

زینہار: (ف) دیکھو زنہار۔

زیور: (ف۔ مذ) گہنا پاتا۔ زیب و زینت۔ بناؤ سنگار۔ پھولوں کا زیور۔ **زیورات** مذ زیور کی جمع۔ **زیور بڑھانا** ۔ زیور اتارنا ۔ بحر

بڑھاؤ زیور گل آکے میرے پھولوں میں

زیورتوڑنا ۔ شوہر کے مرنے پر لاش کے پاس گہنا توڑنا کی ایک رسم ۔ صبا

یار نے آکے مری لاش پہ زیور توڑا

باندھا آنسوؤں کا رشتہ گہر توڑا

ہوا ہیں لدا ہونا (رہنا) بہت زیور پہنے ہونا (رہنا)

ژ

ژ: (ژے۔ مو) اردو ابجد کا سترھواں حرف۔ سات عدد لد۔ خاص فارسی حرف ہے۔ تمام کلمات فارسی۔

ژاژ: (ف) بیہودہ گو۔ **ژاژخائی** (مو) بیہودہ گوئی۔ بکواس۔

ژالہ: (ف۔ مذ) اولا۔ **ژالہ باری** (مو) اولے پڑنا۔ **ژالہ زدگی** (مو) اولوں کی بارش۔ اولوں سے فصل کو نقصان۔ **ژرف:** (ف) گہرا

ژولیدگی: (ف۔ مو) انتشار۔ درہمی برہمی۔ **ژولیدہ** ۔ درہم برہم۔ پریشان۔ **ژولیدہ مو** بکھرے ہوئے بال۔ الجھے ہوئے بال۔ بکھرے یا الجھے ہوئے بالوں والا۔

ژیاں: ۔ خشمناک۔ غضبناک ع شیر ژیاں شکار پچھاڑ کے ۔ دبیر

س

س (سین - مذ) ابت کا اٹھارھواں حرف - اس کے عدد ساٹھ ہوتے ہیں -

س (بحیا) مبالغہ اور لاحقہ - خوب اور رنگ کے معنی دیتا ہے جیسے سڈول - سگند اور آخر میں آ کر معنی مصدری پیدا کر دیتا ہے جیسے مٹھاس کھٹاس -

سا: (ف - ۵) حرف تشبیہ - مثل - مانند جیسے تم سا - افراط اور کثرت ظاہر کرنے کے لیے آتا ہے (جیسے اندھیر سا اندھیر ہے) گویا کے معنی دیتا ہے ؎ وزیر

میں آبدیدہ حال جو دل سے کہا گیا
نالہ سا ایک سوئے بیاباں بھی گیا

سا بدن کا امر جو اسموں کے آخر میں آتا ہے (جیسے سُرمہ سا) نیز سا آواز کا نام جو سُر سے پہلے نکلتی ہے (سارے گاما پادھانی) کبھی حسن کلام کے لیے زائد ہوتا ہے ؎ محسن

چھوٹا سا وہ قرس فرشتہ ہیکل
کھیت اس کا بہشت حسلد جنگل

سائر: (۵ - مذ) بارہ سنگا - بار سنگا یا ہرن کا چمڑہ نقب لگانے کا آلہ - سنگتراشوں اور روغن گروں کا اوزار (سایل) ۶ - تمام - جاری - رائج مگر وائر کے ساتھ (دائر و سائر)

سابع: - (ع) ساتواں حصہ -

سابق (ع) پہلا - پُرانا - سبقت لے جانے والا - سابقاً پہلے اوّل دفعہ - قبل ازیں - سابق الذکر جس کا پہلے ذکر ہو چکا ہو - مذکورہ بالا - سابق دستور - پہلے کے موافق - قدیم دستور یا رسم کے مطابق - سابق میں - گزشتہ زمانے میں - سابقہ - واسطہ - معاملہ - وہ حرف جو کسی اسم کے پہلے آ کر معنوں پر اثر کرے جیسے کذب کو کاف لگا - سابقہ پڑنا کسی سے واسطہ یا کام پڑنا

سابُو دانہ (۵ - مذ) ساگو دانہ - ایک قسم کی خوراک

سابُونی (۵ - مو) ایک سفید لمبی اور گول مٹھائی کا نام ہے -

سات (۵) چھ اور ایک کا مجموعہ - سات بھائی - ایک قسم کی چھوٹی چڑیاں جو اکثر ساتھ رہتی ہیں - سات پانچ (مو) چالاکی - مکر - حیلہ - بہانہ - سات پارچے کا خلعت ایک قسم کا شاہی خلعت - دیکھو خلعت - سات پانچ مل جیسے کاج ہارے جیتے نہ آوے لاج - مثل مشہور ... مل کرنے سے شرمندگی سے نجات ملتی ہے -

سات پانچ کرنا - حجت کرنا - جھگڑا اٹھانا - بیجا عذر پیش کرنا - فریب کرنا - سات پانچ کی لاٹھی ایک جنے کا بوجھ - کئی آدمیوں کی مدد سے کام پورا ہو جاتا ہے - سات پانچ لانا - الجھنا حجت کرنا - سات پردوں میں رکھنا - نہایت احتیاط سے رکھنا - کمال حفاظت کرنا - سات پردے لگنا - اس عورت کے لیے طنزاً کہتے ہیں جو پہلے بے پردہ پھرتی ہو اور مالدار ہونے کے بعد پردے میں بیٹھنے لگے (آنکھ کی سات جھلیاں) سات پشت (مو) سات پیڑھی - اخیر کی سات پشتیں - تمام نسل - تمام خاندان - سات پشت کی ناک کاٹنا - خاندان کی آبرو کھو دینا - سات توؤں سے منہ کالا کرنا - نہایت ذلیل کرنا - سات توؤں کی سیاہی منہ کو لگنا - بہت بدنام ہونا - سات جہنم - جہنم کے سات طبقے - سات خط - ہفت اقلیم - جام جم کے خطوط - نیز اقسام تحریر حروف عربی ثلث، محقق، توقیع، ریحان، رقاع، نسخ، تعلیق - سات دریا درمیان - نوج - خدا نہ کرے - سات دھار ہو کر نکلنا - کھایا پیا تے یا دست کے ذریعہ نکل جانا - علم موسیقی کے سات سُر (سا رے گا ما پا دھا نی) سات سمندر (دریا) - دنیا کے کل بحر اعظم - مسلمانوں کے نزدیک بحیرہ شام، قلزم، عرب، ہند، عمان، فارس، اسود - ہندوؤں کے نزدیک نمک، دودھ، گھی، دہی، شراب، گنے کا رس، شہد - لڑکوں کا ایک کھیل جس میں زمین پر سات لمبے خانے بناتے ہیں - پھر دور سے ان میں ٹھیکرے کے ٹیل پھینک کر ایک پیر سے پھاندتے جاتے اور انگوٹھے سے ٹیل کو کھسکا کر باہر لاتے ہیں - سات سُر - کھرج - رکھب - گندھار - مدھم - پنچم - دھیوت - نکھاد - سات سکھی کا پی - ایک زرد چڑیا جو سات بھائی کے ساتھ رہتی ہیں - سات سمندر پار (مو) بہت دُور - سات سنگار (مذ) عورتوں کی سات آرائشیں یعنی سُرمہ لگانا، سر گوندھنا، زیور پہننا، چوڑیاں پہننا (ہندوؤں میں سولہ سنگار مشہور ہیں) - سات سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی - بہت سے پاپ کرنے کے بعد نیک کام کا ارادہ کیا - سات سہیلیوں کا جھمکا (مذ) چھوٹے چھوٹے سات ستاروں کا گچھا جو اکثر جاڑے کے موسم میں آسمان پر نظر آتا ہے - عقد پروین - ثریا ستارے - سات پھیرے - سات پھیرے آگ کے گرد جو ہندوؤں میں عقد کے وقت دیتے ہیں - سات قرآن درمیان - نوج - خدا نہ کرے - سات گھر بھیک مانگنا - در در بھیک مانگنا - سات ماموں کا بھانجا - کنبے کا لاڈلا - ساتواں - سات سے نسبت رکھنے والا جو چھ ماہ کے بعد کا ہو - ساتوں - پورے سات - سات کے سات - ساتویں - سات کے متعلق -

ساتاردوہن (۵) چند منتر جو کسی کو آزار پہنچانے کے

جو - بے ہنری - سادہ کورا - بغیر رنگ - صاف دل - بے ہنر - بے سلیقہ - بھولاپن - سیدھا سادہ - بے وقوف - خالص بے میل - بے نقش و نگار - بغیر ترکاری کا گوشت - خالی عجز - برقی

مثل اطلس ہر فلک آرزو سے سادہ ہو گیا

سادہ پن (مذ) سیدھا پن - بھولاپن - بے وقوفی - سادہ رُو - جس کے داڑھی مونچھ نہ نکلی ہو - سادہ دل - بے کینہ - صاف دل - بے وقوف - بھولا بھالا - سیدھا - سادہ طور - وہ شخص جو اوّل سے آخر تک ایک وضع پر رہے - بے ٹیپ ٹاپ - بے تکلف - سادہ کار - وہ دستکار جو سونے چاندی پر نقش اور نفیس کام بنائے - سادہ کاری (مو) سونے چاندی پر نفیس نقش کام کرنا - سادہ لوح - بھولا بھالا سیدھا - بے وقوف - سادہ لوحی (مو) سادگی - سیدھا پن - بے وقوفی - سادہ مزاج جس کی طبیعت میں تکلف نہ ہو - سادہ وضع - دیکھو سادہ طور - سادی پتنگ کی وہ ڈور جس پر مانجھا نہ ہو - بھولی بھالی - بے تکلف نادانی - کوری نقش و نگار اور بناوٹ سے خالی - سادی جگہ - وہ جگہ جہاں کاغذ میں کچھ نہ لکھا ہو - سادی خو - معمولی عادت ؎ مومن

جو دیے اچھے دل اسے بلا میں ڈالیں

ان سادہ رُخوں کی یہ تو سادہ خو ہے

سادی زبان - بے بناوٹ کی زبان - سادے دن - وہ زمانہ جب برسات نہ ہو - وہ زمانہ جب کوئی تقریب تہوار نہ ہو - سادے کپڑے وہ کپڑے جن میں رنگت اور شوخی نہ ہو -

سادھ:- (ہ - مذ) پرہیزگار - نیک - مہاتما - ولی - فقیر - (ہندوؤں کا روز مرہ) سادھنی (مو) سادھو کی عورت - نیک پارسا - سادھوؤں کا ایک آل - گیا " دیکھو سادھو" سادھو بچہ - مکار - چالاک - فریبی - ایک کشمیری قوم کا نام جو سادھوؤں کے لباس میں اپنی عیاریوں سے لوگوں کو دھوکہ دیتے ہیں -

سادھنا:- (ہ) سنبھالنا - روکنا (دل پھینکتا ہوں تم سادھ لینا) اختیار کرنا (چپ سادھنا) مشق و مزاولت کرنا (جیسے یہ منتر تم نے سادھ لیا) بچانا - مانوس کرنا - ایسا روکنا کہ ادھر ادھر جھکے نہیں (بائیسکل پر جسم سادھنا ضروری ہے)

سار:- (ف) اونٹ (ساربان) سر (گھوں سار) مثل مانند (خاکسار) جگہ (نمک سار) کثرت کے معنی میں (کوہسار - شاخسار) صاحب - والا - خداوند (شرمسار) سار جاننا - گن جاننا - قدر پہچاننا - (فارسی لاحقہ ہے اور ہندی اسم مفرد)

سارا:- (ہ) تمام - سب کا سب - پورا - خالص - سارا ہیرا - کل کا کل (ان دنوں نہ تھی کہ مجھے سارا ہیرا نگل جائیں) سارا جہان سر پر اٹھالینا - بہت شور کرنا - بہت خفا ہونا - سارا دھن جاتا دیکھیے تو آدھا دیجے بانٹ - کل کا نقصان ہوتا ہو تو جتنا بھی ہو تھوڑے نقصان پر بس کرنا چاہیے - سارا زمانہ سب لوگ - بہت سے لوگ - سارا کھیل تقدیر کا ہے - نوشتہ تقدیر پورا ہو کر رہتا ہے - سارا گاؤں جل گیا کانے منکھے پانی دے - سب کچھ برباد ہونے پر اقبال کی تمنا -

ساربان:- (ف - مذ) اونٹ چلانے والا - سانڈنی سوار -

سارٹیفکٹ:- (انگ - مذ) سند - کارگذاری یا خوشنودی کی چٹھی -

سارجنٹ:- (انگ - مذ) گوروں کو سکھانے والا - حوالدار - داروغہ -

سارس:- (ف - مذ) کلنگ - کونج - قاز - سارس کی جیسی جوڑی - ہر دم اور ہر وقت ساتھ رہنے والا جوڑا کے مانند -

ساوتری:- (ہ) ایک زیور کا نام - جسے سراسری بھی کہتے ہیں (دیکھو سراسری)

سارق:- (ع - مذ) چور -

سارنگ:- (ہ - مذ) دیپک کی ایک راگنی - شہد کی مکھی - سارنگی (مو) ایک ستار کی قسم کا باجا - سارنگیا سارنگ یا سارنگی بجانے والا - سارنگی چلنے لگی - رونے لگا -

ساری:- (ہ - مو) عورتوں کے اوڑھنے کی لنگی - نیز دیکھو سارا - ساری خدائی - کل مخلوقات - عام لوگ - ساری خدائی ایک طرف جورو کا بھائی ایک طرف - یہ مثال زن مریدوں کی نسبت بولی جاتی ہے - ساری خدائی کا جھوٹا - بہت جھوٹ بولنے والا - ساری خدائی کا دماغ کھٹس رہا - مغرور ہونے کی جگہ بولتے ہیں - ساری خدائی کا کام - بڑی کرامت - ساری خدائی کی باتیں آنا - بہت سلیقہ ہونا - ساری دیگ میں ایک ہی چاول دیکھتے ہیں - سب کا حال معلوم کرنے کے لیے ایک ہی کافی ہے - ساری رات ممیائی اور ایک بچہ بیائی - محنت بہت اور فائدہ کم - ساری زلیخا پڑھی اور یہ نہ معلوم ہوا کہ زلیخا مرد تھی یا عورت - کچھ نہ سمجھنے والے کی نسبت بولتے ہیں - ساری عمر بھاڑ ہی جھونکا - بے فائدہ کام کیے - سارے جہان کا چھٹا ہوا - بڑا چالاک - عیار - سارے جہان کا تھوکنا - سب لوگوں کا برا کہنا - سارے دھڑ کی سوئی نکالے تو کوئی نہیں، آنکھ کی سوئی نکالے تو سب کوئی - محنت کرنے والے کو تو کچھ نہ ملے اور ذرا سا ہاتھ لگانے والا سب کچھ پائے (کہا) - سارے دن اونی اونی رات کو چرخا پونی - بے وقت کام کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں - سارے شہر میں اونٹ بدنام - ہر شخص بدنام ہو جاتے - ہر شخص اسے سر تھوپی جاتی ہے -

سارھو:- (ہ - مذ) سالی کا شوہر - ہم زلف -

سال بھر میں سخی سوم برابر۔ سخی کی سخاوت اور کنجوس کی پریشانیاں مال نہیں چھوڑتیں۔ سال بھر۔ تمام سال۔ سال پیوستہ۔ پیوستہ برس کے سال۔ پچھلے سے پچھلے برس۔ سال خوردہ۔ پرانا۔ بوڑھا۔ تجربہ کار۔ سال شمسی (مذ) وہ سال جس کا حساب سورج کی چال پر ہو۔ سالِ عیسوی۔ وہ سال جو حضرت عیسےٰ کی طرف منسوب ہے۔ سال فصلی (مذ) لگان یا خراج وصول کرنے کا سال۔ وہ سال جس کا حساب فصلوں پر ہو۔ سال قمری (مذ) وہ سال جس کا شمار چاند کی رفتار پر ہو۔ سالِ کبیسہ (مذ) لوند کا برس۔ وہ برس جو تین سال کے بعد تیرہ مہینہ کا آتا ہے۔ سال گرہ (مو) وہ دھاگا جس میں بچہ کی عمر شمار کرنے کے لیے سال بسال گرہ لگاتے جاتے ہیں عمر کا سال پورا ہونے کا دن جشن پیدائش۔ سالِ گزشتہ پچھلا سال۔ سالِ ہجری۔ وہ سال جو آنحضرتؐ کی ہجرت (مکے سے مدینے جانا) سے شروع ہوتا ہے۔ سالانہ۔ برس کا دن۔ سال بسال۔ سالہ (مرکبات میں) سال سے نسبت رکھنے والا۔ جیسے دوسالہ سہا لہا سال۔ مدتوں۔ برسوں۔ سالینہ۔ سالانہ ملنے والی رقم۔ وظیفہ۔

سالا:۔ (ہ۔ مذ) بیوی کا بھائی (۲) مکان۔ ایک سخت گالی۔ سالی (مو) سالی آدھی بنالی۔ سلہج آدھی جوئے (عو) بیوی کی بہن اور بھاوج سے بے تکلفی کا رشتہ ہی ہے۔

سالار:۔ (ف۔ مذ) رہنما۔ کپتان۔ سالارِ جنگ (مذ) سپہ سالار فوجی افسر۔ سالا۔ سالارِ قافلہ (مذ) قافلہ کا سردار۔ سالارِ قوم (مذ) قوم کا سردار۔ چودھری۔ لیڈر۔

سالِک:۔ (ع۔ مذ) راہ رو۔ شریعت کی پابندی کرنے والا۔ صوفی جو تقرب الٰہی کا خواہش مند ہو۔

سالِم:۔ (ع) صحیح سلامت۔ کامل۔ پورا۔ تندرست۔ محفوظ جو ٹوٹا ہوا نہ ہو۔

سالَن:۔ (ہ۔ مذ) ترکاری قلیہ پکا ہوا گوشت وغیرہ۔

سالنا:۔ (ہ) برمانا۔ لکڑی میں چھید کرنا۔ چول کھودنا تکلیف دینا۔

سالوتری:۔ (ہ) چوپایوں کا علاج کرنے والا۔

سالُوس:۔ (ف) وہ شخص جو ظاہری وضع سے لوگوں کو دھوکا دے۔ رنگا سیار۔ مکار۔

سام:۔ (مذ) حضرت نوحؑ کے بیٹے کا نام۔ رستم پہلوان کے دادا کا نام۔ مرکبات میں وہ ورم جو بدن پر ہوجاتا ہے جیسے سرسام۔

سامان:۔ (ف۔ مذ) اسباب۔ تیاری۔ بندوبست۔ اوزار۔ مسالہ (جنگ کا سامان) آثار۔ علامات ؎
گر کبھی وصل کا سامان نظر آیا ہم کو — شعور

سامان باندھنا۔ تیاریاں ہونا ڈھنگ پڑنا۔ سامانِ عیش (مذ) آرام اور راحت کا سامان۔ سامان کرنا۔ انتظام کرنا۔ تیاری۔

سامُدرِک:۔ (ہ) وہ علم جس کے ذریعہ ہاتھ پاؤں کی لکیریں دیکھ کر انسان کی زندگی کے حالات معلوم کرتے ہیں۔

سامِری:۔ (مذ) ایک مشہور جادوگر کا نام جس نے حضرت موسیٰ کے زمانے میں جادو کا ایک بچھڑا بنا کر لوگوں کو گمراہ کیا تھا۔ سامری فن۔ بہت بڑا جادوگر۔ اپنے فن کا استاد۔

سامِع:۔ (ع۔ مذ) سننے والا۔ سامعہ (مو) وہ قوت جس کے ذریعے آوازوں کو سنتے ہیں۔

سامنا:۔ (ہ۔ مذ) مقابلہ۔ آنکھوں کا چار ہونا۔ جنگ۔ آگا۔ برابری۔ گستاخی۔ ملاقات۔ سامنا بندھنا۔ خیال جمنا ؎ رشک

سامنا محرابِ ابرو کا بندھا سجدے میں
عمر بھر میں آج میں نے باطہارت کی نماز

سامنا پڑنا۔ مقابلہ ہونا۔ سامنا روکنا۔ سامنے آکر کھڑے ہونا۔ بیچ میں حائل ہونا (سامنے آنا۔ بلانا۔ جانا۔ ٹھہرنا۔ کرنا۔ دھرنا۔ پڑنا۔ ہونا وغیرہ کے ساتھ) سامنا کرنا یا ہونا۔ گستاخی کرنا۔ برابری کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ ملاقات ہونا۔ پردہ نہ رہنا۔ سامنے آنا۔ روبرو ہونا۔ منہ دکھانا۔ سامنے پڑنا۔ آگے آنا۔ مقابل ہونا۔ روکنے کو کھڑا ہوجانا۔ سامنے کا مضمون۔ بدیہی بات۔ عام و مروج یا افتادہ مضمون۔ سامنے کرنا۔ پردہ اٹھانا۔ روبرو کرنا۔ سامنے کی باتیں (مو) موجودگی کا ذکر۔ آسان باتیں۔ سامنے کی چوٹ۔ مقابلے کی مار۔ سامنے وار۔ سامنے۔ مقابلے میں۔ سیدھ میں۔ سامنے ہونا۔ مقابل ہونا۔ پردہ اٹھنا۔ دعوتِ جنگ دینا۔ گستاخی سے پیش آنا۔

سامی:۔ (ع) بلند۔ عالی۔ کسی اسم کے بعد القاب میں استعمال کرتے ہیں۔ ؎ رشک

کہاں آزاد ہوکر جایئے سرکارِ سامی سے

سان:۔ (ف) (نون غنہ سے) مثل۔ مانند ؎ ناسخ

سایہ ساں خونِ سیہ بھی چلے جلاد کے ساتھ
اعلان کے ساتھ۔ سان (ہ۔ مو) باڑھ رکھنے کا پتھر۔ ؎ ناسخ

تیغ نگہ کو چاہیے سان آفتاب کی

دھار۔ باڑھ۔ جنگلی بط کی ایک قسم۔ ذبح کیے ہوئے جانور کے وہ اعضا جن سے کباب بناتے ہیں (ہ۔ مذ) اسنا۔ سارے شہر میں سان ہوگیا۔ مرکبات میں بھی یہی معنی دیتا ہے (جیسے سنسان) صفت تیز کرنے والا۔ زنگ دور کرنے والا ؎ ناسخ

انصاف پہ زنگ لگ رہا تھا
اس کے لیے سان ہے وزارت

سان چڑھانا۔ رکھنا۔ لگانا۔ سان چڑھانا۔ سان دھرنا۔ ہتھیار تیز کرنا۔

سانبھر: (ہ۔ مو) جے پور (ہند) کی ایک جھیل جس میں ہر چیز نمک بن جاتی ہے۔ اس پانی کو روک کر جمع کر لیتے ہیں تو جم کر سفید نمک بن جاتا ہے۔ نمک۔ سانبھر میں پڑا اور گلا۔ صحبت بد کا اثر ہوتا ہے۔ سانبھر میں جائے اور کھائے نہ۔ فائدے کی جگہ جائے اور فائدہ نہ اٹھائے۔ سانبھر میں نمک کا ٹوٹا۔ راجہ کے گھر موتیوں کا کال۔

سانپ: (ہ۔ مذ) ناگ۔ ایک زہریلا کیڑا۔ سانپ اتارنا۔ سانپ کا زہر دفع کرنا۔ سانپ بچھو سمجھنا۔ موذی اور قابل احتیاط سمجھنا۔ (ع) ہم تو تمہارے پیسوں کو سانپ بچھو سمجھے ہیں۔ سانپ چھاتی پر پھرنا یا لوٹنا۔ نہایت تکلیف ہونا۔ نہایت بے تاب ہونا۔ سانپ سا لہرانا۔ سانپ کی طرح لہر لینا۔ نہایت صدمہ ہونا۔ رشک ہونا۔ اضطراب ہونا۔ سانپ سب جگہ ٹیڑھا چلتا ہے اپنے بل میں سیدھا چلتا ہے۔ برا آدمی سب جگہ برائی کرتا ہے مگر اپنے گھر والوں سے بدی نہیں کرتا۔ سانپ سونگھ جانا۔ سانپ ڈس جانا۔ سانپ کے زہر سے بے ہوش ہو جانا یا خاموش ہو جانا۔ ڈر سے چپ ہو جانا۔ سانپ کا بچہ۔ سپولیا۔ جیسا باپ ویسی اولاد۔ سانپ کا پاؤں دیکھنا۔ ناممکن بات کرنا یا دیکھنا۔ سانپ کا پھوڑا۔ ایک قسم کا [illegible] جو کھمبی کی طرح ابھرا ہوتا ہے۔ سانپ کی چھتری۔ ایک برساتی نبات جسے کھمبی کہتے ہیں۔ سانپ کا کاٹا رسی سے ڈرتا ہے۔ دودھ کا جلا چھاچھ کو پھونک پھونک کر پیتا ہے۔ سانپ کا من (مذ) سانپ کا دل جس کے متعلق عوام کا خیال ہے کہ سانپ کے رات میں نکلتا ہے اور وہ چاند کی طرح چمکتا ہے۔ سانپ اس سے اندھیری راتوں میں دیکھتا ہے۔ سانپ کھلانا۔ سانپ کو جادو یا منتر کے زور سے تسخیر کرنا۔ کسی کے سر پر منتر کے زور سے سانپ کی [illegible] ہونا۔ خطرناک کام کرنا۔ ایسے شخص سے میل جول کرنا جس سے ہر وقت خطرہ ہو۔ سانپ کے پاؤں پیٹ میں ہوتے ہیں۔ فتنہ انگیز کی فتنہ پردازی ظاہر نہیں ہوتی۔ سانپ کی طرح زمین پکڑنا۔ پوری مضبوط گرفت ہونا۔ سانپ کیلنا۔ دعا یا منتر سے سانپ کو کسی جگہ کا پابند کرنا یا کاٹنے سے باز رکھنا۔ سانپ کی لکیر۔ سانپ کے چلنے کا نشان۔ سانپ کے منہ میں۔ معرض خطر میں۔ جان جوکھوں میں۔ سانپ کے منہ میں چھچھوندر۔ نگلے تو اندھا اگلے تو کوڑھی۔ ہر طرح سے نقصان ہی نقصان۔ سانپ کے بچے کو بچھو۔ نہایت زہریلا بچہ۔ زہریلا آدمی۔ سانپ مرے اور لاٹھی نہ ٹوٹے۔ کام نکل آئے نقصان نہ ہو۔ سانپ نکل گیا لکیر پیٹا کرو۔ موقع نکل گیا اب پچھتایا کرو۔ سانپ نے نہیں کاٹا۔ نشہ نہیں ہے بہت سے

بھولا ہوں یاد زلف کو رنج کے خیال میں
دن کاٹتا ہوں سانپ نے کاٹا نہیں مجھے

سانپ والا (مذ) سپیرا۔ سانپن (مو) ناگن۔ ایک بھونری جو بعض آدمیوں کی پیٹھ پر ہوتی ہے اور نحوس خیال کی جاتی ہے۔

سانٹا: (ہ۔ مذ) چابک۔ کوڑا۔ سونٹا۔

سانٹ گانٹھ: (ہ۔ مو) سازش۔ سانٹ لینا یا سانٹنا۔ اپنی طرف کرنا۔ سازش کرنا۔ گانٹھنا۔ سانٹھ گانٹھ ہے۔ معاہدہ یا سازش ہے۔

سانجھ: (ہ۔ مو) شام کا وقت۔ سانجھ سویرے (مو) شام صبح کسی وقت۔

سانچ: (ہ۔ مذ) سچائی۔ سانچ کو آنچ نہیں۔ سچائی کو کوئی خطرہ نہیں۔

سانچا: (ہ۔ مذ) ڈھانچا۔ قالب۔ سانچے میں ڈھلنا۔ خوب صورت بننا۔ سانچے میں ڈھالنا۔ قالب میں کوئی چیز بنانا۔ خوب صورت بنانا۔

سانحہ: (ع۔ مذ) دل کا دہلنے والی بات۔ حادثہ۔ بری خبر۔ بری بات ۔ میر

صاحب اور مجھے یہ دل کا جانا
عجب اک سانحہ سا ہو گیا ہے

سانڈ: (ہ۔ مذ) بجار جو گو جفتی کرنے کے لیے رکھا جائے۔ وہ بیل جو کسی دیوتا کے نام پر آزاد کر دیا گیا ہو۔ موٹا تازہ۔ عیاش۔

سانڈا: (ہ۔ مذ) ایک قسم کا جانور۔ جس کا تیل دواؤں میں استعمال کیا جاتا ہے۔

سانڈنی: (ہ۔ مو) تیز چلنے والی اونٹنی۔ سانڈنی سوار۔ وہ پیغامبر جو تیز رفتار اونٹنی پر خبر لے جاتے تھے۔

سانس: (ہ۔ کب ہ۔ دلی مذ) نفس۔ پھونک۔ دم۔ بھاپ۔ معمولی [illegible] ہوا نکلنے کی جگہ [illegible]۔ سانس چڑھنا۔ سانس اکھڑنا۔ دم رکنا۔ قریب مرگ ہونا۔ سانس مشکل سے آنا۔ سانس اکھڑنا۔ سانس کے نظام میں فرق آنا۔ سانس کا قابو سے باہر ہونا۔ سانس کا سلسلہ ٹوٹنا۔ سانس پانا۔ موقع اور مہلت پانا۔ سانس پھولنا۔ دم چڑھنا۔ دمہ کا مرض ہونا۔ سانس ٹوٹنا۔ دم ٹوٹنا۔ سانس ٹھہرانا۔ دم لینا۔ سانس روکنا۔ سانس چڑھنا۔ دم پھولنا۔ تھک جانا۔ سانس چلنا۔ زندہ رہنا۔ سانس رکنا۔ دم بند ہونا۔ سانس تنگی کرنا۔ سانس کا روگ (مذ) دمہ۔ سانس کھینچنا۔ زور سے سانس لینا۔ ضبط کرنا۔ شکوہ کرنا۔ اس معنی میں [illegible] کے مستعمل

ہے۔ سانس لینا۔ سانس اوپر کی طرف کھینچنا اور چھوڑنا۔ سانس لینے کی فرصت۔ تھوڑی سی فرصت۔ سانس نہ لینا۔ اُف نہ کرنا۔ چُپ رہنا ؎ شوق

شام سے تا صبح وہ سوئیں تو آہیں کھینچ لوں
سانس گنی ہیں صبح سے تا شام لے سکتا نہیں

جلد مرجانا۔ دم نہ لینا۔ نہ ٹھہرنا۔ سانس دیکھنا۔ نازک حال۔ بیمار کی حالت دیکھنا۔ موت کی علامت دیکھنا۔ سانس ڈکار نہ لینا۔ چپکے سے ہضم کر جانا۔ سانس نہ نکالنا۔ دم نہ مارنا۔ اُف نہ کرنا۔ چپ سادھنا۔ برداشت نہ کرنا۔

سانسا:- (ہ۔ مذ) فکر۔ اندیشہ۔ خطرہ۔ سوچ بچار۔ (ذرا ذراسی بات پر گرفت کبھی دانا کلکل کبھی سانسا کبھی چھیڑ چھاڑ)۔ سانسا چڑھنا۔ فکر دامنگیر ہونا۔

سانسی:- (ہ۔ مذ) مشہور خانہ بدوش جرائم پیشہ لوگ۔

سانگ:- (ہ۔ مذ) برچھی۔ نیزہ۔ بھالا۔ آنکس۔

سانگڑی:- (ہ۔ مؤ) زنجیر۔ ایک قسم کا عورتوں کا زیور۔ مضبوط۔ چست۔

سانگ / سوانگ:- (مذ) بھیس۔ رُوپ بھرنا۔ نقل اتارنا۔ کھیل۔ تماشا۔ رام لیلا۔ مضحکہ۔ مسخرہ ؏ حالی

یہ دین ہے یا دین کا ہے سانگ بتاؤ

کرتب۔ فریب۔ شعبدہ۔ سانگ بنانا۔ روپ بھرنا۔ مسخرہ کرنا۔ سانگ بھرنا۔ روپ بھرنا۔ مسخراپن کرنا۔ بھگل لوٹنا۔ سانگ لانا۔ فیشن کرنا۔ جھگڑا نکالنا۔ روپ بھرنا۔ سانگ لچانا۔ کھیل تماشا کرنا۔ مسخراپن کرنا۔ سانگی۔ سانگ بھرنے والا۔ نیز بیل گاڑی کے آگے کا وہ حصہ جس میں لکڑیاں باندھی جاتی ہیں اور ان پر گاڑیبان بیٹھتا ہے۔

سان گمان:- (ا۔ مذ) وہم و خیال۔ سان نہ گمان۔ دفعتہً۔ یکایک۔

ساننا:- (ہ۔ ف) گوندھنا۔ بھر لینا۔ آلودہ کرنا۔ شریک کرنا۔ شریکِ جرم کرنا۔

سانوال:- (ہ۔ مذ) ایک قسم کا چاول۔

سانولا:- (ہ) گیہوں کے رنگ کا۔ کالے اور گورے رنگ کے درمیان کا رنگ۔ سانولا سلونا۔ نمکین۔ حسین۔ سانولا ہو جانا یا سنولا جانا۔ رنگ سیاہی مائل ہو جانا ؏ تسلیم

سنولا گیا تھا رنگ یہ سانئے کا حال تھا

سانولی صورت۔ نمکین صورت۔ کالا رنگ۔ سبزہ رنگ۔ گندمی رنگ۔

سانی:- (ا۔ مؤ) گائے وغیرہ کا وہ چارہ جو دودھ کی زیادتی کے لیے دیا جائے۔ کھلی وغیرہ ملا ہوا بھوسا۔

ساون:- (ہ۔ مذ) پندرہ جولائی سے پندرہ اگست تک کا زمانہ۔ ہندی سن کا چوتھا مہینہ۔ برسات کا مہینہ۔

ساون بھادوں (مذ) برسات کا پہلا اور دوسرا مہینہ۔ کثرت کی بارش۔ دھوپ اور بارش دونوں۔ وہ مکان جس میں چاروں طرف جالیاں لگی ہوں۔ اس میں دھوپ کے وقت مطلع ابر آلود نظر آئے۔ دھوپ چھاؤں۔ ساون بھادوں کا ملنا۔ جس روز ساون ختم ہو کر بھادوں شروع ہوتا ہے۔ اس روز بڑے زور کی بارش شروع ہوتی ہے۔ ساون کے اندھے کو ہرا سوجھے۔ غریبی میں امیری کا حوصلہ باقی رہتا ہے۔ ساون کی جھڑن (مؤ) وہ زور کی بارش جو ساون میں ہوتی ہے ؏ جوش گریہ ہے کہ ساون کی جھڑن پڑتی ہے۔ داغ۔ ساون کی جھڑی (مؤ) مینہ لگا تار برسنا۔ ساون ہرے نہ بھادوں سوکھے۔ ہر حالت میں یکساں رہنا۔ ساون کے گیت (مذ) وہ گیت جو برسات میں گائے جاتے ہیں۔ ساونی (مؤ) وہ چھ مہینے جن میں جوار۔ باجرہ۔ تل وغیرہ پیدا ہوتے ہیں۔

ساونت:- (ہ۔ مذ) دلیر۔ بہادر۔ شجاع ؏ انیس

ساونتوں کو پسپا کیا جراروں کو مارا

ساونٹا:- (ہ) مستعد۔ آمادہ۔ ایک جگہ جمع۔

ساہ:- (ہ۔ مذ) بیوپاری۔ سیٹھ۔ دکاندار۔ صراف۔ مالدار۔ عزت دار۔ بھلا مانس۔ شریف۔ کھرا۔ دیانت دار۔ ساہ پن یا ساہوپن (مذ) سوداگری۔ شرافت۔ ساہ جوگ۔ ہنڈی جس کا روپیہ کھرے گھاٹ مل جائے۔ ساہ گنی۔ گائے یا بھینس کو بھی برکتی۔ ساہ کے سوائے کم بخت کے ڈوبنے۔ فائدہ اٹھانے والا ہی زیادہ نقصان اُٹھاتا ہے۔

ساہا:- (ہ۔ مذ) (ہندوؤں کا روزمرہ) ہندوؤں کے شادی کے دن۔ شگن۔ سہاگ۔ سمان۔ کھیتی کاٹنے کا وقت۔ ساہا چھنا۔ بہت سے بیاہ شادی ہونا۔

ساہل / ساہول:- (ہ۔ مذ) گنیا کے علاوہ ایک ڈوری جس میں پتھر لٹکا ہوتا ہے۔ شاقول۔ پنال۔ لٹکن۔ وہ ڈورا جس سے راج معمار دیوار کی سیدھ دیکھتے ہیں۔

ساہوکار:- (ہ۔ مذ) بنیا۔ لین دین کرنے والا۔ سود خور۔ تاجر۔ ایماندار (چوری کر کے ساہوکار بنتے ہیں)۔ مہاجن۔ ساہوکارا (مذ) لین دین کی جگہ۔ صرافہ۔ ساہوکاری (مؤ) تجارت۔ بیوپار۔ لین دین۔ صرافی۔ کھرا پن۔

ساہی:- (ہ۔ مذ) ایک خاردار جانور جس کو سیہ بھی کہتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ جہاں اس کا کانٹا گاڑ دیں وہاں نااتفاقی

ہو جاتی ہے۔

سائبان: (ف - مذ) وہ چھپر یا ٹین وغیرہ جو دھوپ اور دیوار سے بچنے کے لیے مکان کے سامنے ڈال دیتے ہیں۔

سائر: (ع - مو) چلتی۔ تمام۔ کل۔ دسائر محوقات آپ کی طبع سے اچھے پھرنے والا۔ ان معنی میں۔ سائر و دائر۔ ذکر ہوتے ہیں۔ سائر خرچ (مذ) دفتروں کا بالائی خرچ۔ متفرقات۔

سائیس: (ا - مذ) گھوڑے کی دیکھ بھال کرنے والا۔

سائیسی: (ا - مو) گھوڑے کی رکھوالی اور دیکھ بھال۔ سائیسی علم دریاؤ۔ ہر علم و فن میں خاص راز ہوتے ہیں۔

سائل: (ع - مذ) مانگنے والا۔ پوچھنے والا۔ دعویٰ کرنے والا۔ امیدوار۔ درخواست دینے والا۔

سائن بورڈ: (انگ - مذ) پتے نشان کا وہ تختہ جو دکانوں یا کارخانوں پر عام گذرگاہ کی طرف لگا دیتے ہیں۔ مجازاً لمبی داڑھی کو بھی کہتے ہیں۔

سائی: (ا - مذ) وہ رقم جو مزدور یا کاریگر کو بطور آغاز کار دی جاتی ہے۔ سائی بدائی۔ وہ رقم جو بیچنے والے کو پیشگی دی جائے۔ سائی دینا۔ بیعانہ دینا۔

سائیکل: (انگ - مو) دو پہیوں کی گاڑی جس کی گدی پر بیٹھ کر پیڈل پر پاؤں رکھتے ہیں اور انھیں پاؤں سے چلاتے ہیں۔ گاڑی چلنے لگتی ہے اور جب تک پاؤں چلتے رہیں نہیں گرتی۔

سائیں: (ا - مذ) درویش۔ خداشناس۔ گدا۔ بھکاری۔ قبروں کے مجاور ؎ ناسخ

کیا ہمیں مجھ سے سائیں کنڈی سوٹا چھوڑ کر

مالک۔ آقا۔ سائیں بابا۔ سائیں داتا۔ سائیں مولا۔ فقیروں کو مخاطب کرنے کے وقت۔ سائیں کا دربار (مذ) دربار خداوندی۔ خدا کی بارگاہ۔ سائیں سائیں (ہیائے مجہول) (مو) ہوا کی سنسناہٹ۔ سائیں سائیں کرنا۔ ہوا کو سنسنانا۔ جنگل میں ہوا چلنے پر پتوں سے بجنا ایک قسم کی آواز نکلنا۔ خصوصاً رات کے وقت ؎ انیس

وہ دشت ہولناک جو کرتا تھا سائیں سائیں

ویرانی اور وحشت برستا ؎ آزاد

خلقت خدا کی سوتی ہے غافل پڑی ہوئی

اور رات سائیں سائیں ہے کرتی ڈری ہوئی

سایا: (ا - مذ) عورتوں کا گھیر دار لباس۔ لہنگا۔ گھگرا۔

سایہ: (ف - مذ) چھاؤں۔ پناہ۔ حمایت۔ جن کا اثر صحبت کا اثر۔ تصویر کا شیڈ ؎

بجز اوزنگ جہاں کا نہ تماشائی ہو

جن کا سایہ ہے بتا ان میں وہ تصویریں ہیں

سایہ اترنا۔ جن وغیرہ کا اثر زائل ہونا۔ سایہ اٹھنا۔ وجود نہ رہنا ؎ انیس

میں دھوپ میں ہوں جب سے اٹھا آپ کا سایہ

سایہ پروردہ (ف - ا - مذ) پالا۔ پیارا۔ خانہ زاد غلام۔ سایہ پڑنا۔ صحبت کا اثر ہونا۔ سایہ پسنا۔ مجبور ہونا۔ سایہ چھٹنا۔ دور رہنا ؎ صبا

کسی نے معرکۂ عشق میں جو ساتھ دیا

ہمارا سایہ رہا ہم سے تیر بھر چھٹکا

سایۂ خدا (مذ) بادشاہ۔ خدا کی حمایت۔ سایہ دار۔ چھاؤں دار۔ سایہ ڈالنا۔ عنایت کرنا۔ فیض پہنچانا۔ اثر ڈالنا۔ سایہ ڈھلنا۔ چھاؤں اترنا۔ دن ڈھلنا۔ دوپہر کے بعد کا وقت۔ سایہ رہنا۔ سر پر کسی مربی کا ہونا۔ سایہ ہونا۔ عنایت ہونا۔ آسیب ہونا۔ صحبت کا اثر ہونا۔ سایے کے آ جانا۔ کسی کی پناہ میں آنا۔ سائے سے بھاگنا یا بھڑکنا۔ صورت سے بھاگنا۔ نفرت کرنا۔ بچنا۔ سائے میں آنا۔ سایہ دار جگہ میں آنا۔ پناہ میں آنا۔ آسیب ہونا۔ سائے میں بیٹھنا۔ پناہ رہنا۔ چھاؤں میں بیٹھنا۔

سب: (ا) تمام۔ ہر قسم کا۔ پورا۔ عام۔ مشترک۔ بالکل سراسر۔ عام لوگ (سب ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے ہیں) سب جگہ۔ ہر جگہ۔ سب جھوٹ۔ بالکل غلط۔ سب چیز کی لہر بہر۔ ہر چیز کی افراط۔ سب دن چنگے تہوار کے دن نگے۔ جو شخص وقت پر ضرورت کی چیز استعمال نہ کر سکے۔ سب دن خدا کے۔ سعادت و نحوست کسی دن پر منحصر نہیں۔ سب دھان بائیس پسیری۔ برے بھلے ادنیٰ اعلیٰ سب سے یکساں برتاؤ۔ سب سمیت۔ سب کے ساتھ۔ مل ملا کر۔ سب سے بھلی چپ۔ خاموشی ساری باتوں سے اچھی۔ سب طرح سے چاکر۔ ہر خدمت کے لیے موجود اور تیار۔ سب کا۔ عام لوگوں کا۔ ہر ایک کا۔ سب کا بھلا ہو بابا رہے۔ دعا۔ اللہ سب کو خوش رکھے۔ عموماً کام ہو جانے کے موقع پر بولتے ہیں۔ سب کا سب۔ تمام کا تمام۔ سب کتے کاشی گئے تو ہنڈیا کس نے چاٹی۔ سب نیک ہیں تو یہ شرارت کس نے کی۔ سب کچھ۔ ہر ایک شے۔ سب کچھ ہو ہوا کر۔ سب کو ایک لاٹھی ہانکنا۔ سب کے ساتھ بھلا کا کام تب ایک جیسا برتاؤ کرنا۔ سب کو ایک آنکھ دیکھنا۔ ہر ایک کو برابر سمجھنا۔ سب کہنے کی باتیں ہیں۔ فضول اور دکھاوے کی باتیں۔ سب کوئی (مذ) ہر آدمی۔ سب کے داتا رام۔ خدا سب کا رازق ہے۔ سب کے دیکھتے۔ ہر ایک آدمی کی موجودگی میں۔ سب گنوں پورا۔ لائق۔ ہوشیار۔

سب گنوں پوری کوئی نہ کھولنڈوری - چالاک اور عیار عورت ہے - سب ہاتھ لیے بیٹھے ہیں - دستر خوان پر بیٹھے انتظار کر رہے ہیں - سبھی - سب ہی کا مخفف -

سَب: (ع - مذ) گالی - سَبّ و شتم کرنا - گالم گلوچ کرنا - گالیاں دینا - برا بھلا کہنا

سَب انجنیئر: (انگ - مذ) نائب انجنیئر - سب انسپکٹر - تھانے دار - انسپکٹر کا نائب - سب اوورسیر - اوورسیر (پیمائش کرنے والے) کا نائب - سب آفس - بڑے دفتر کا ماتحت دفتر (لفظ میں الف کی حرکت فتحہ و ضمہ کے بین بین) سب پوسٹ ماسٹر - وہ پوسٹ ماسٹر جس کے تحت میں سب پوسٹ آفس ہو - سب ڈویژن - ضلع کا (یا بڑے ڈویژن کا) ایک حصہ - سب رجسٹرار - دستاویزات کی رجسٹری کرنے والے کا نائب -

سَبا: ملکہ بلقیس کے شہر کا نام جن کو حضرت سلیمان علیہ السلام نے مع تخت طلب کیا تھا اور اس کے بعد آنحضرت سے ان کی شادی ہوئی تھی

سَبابہ: (ع - مو) کلمے کی انگلی -

سِباق: (ع - مذ) سیاق کے ساتھ مستعمل ہے - اور مضمون کے ربط اور ڈھنگ وغیرہ کے معنی دیتا ہے - (ابھی صاحبزادے سیاق و سباق سے واقف نہیں - دفتر کی ملازمت کیونکر کریں گے)

سَبَب: (ع - مذ) وجہ - ذریعہ - حجت - دلیل - اصطلاح علم عروض میں دو حرفی لفظ - نیز دیکھیے اسباب -

سُبحان: (ع) تمام عیبوں سے پاک - پاک - اللہ تعالیٰ کا نام - سُبحان اللہ - کلمۂ تعجب (سُبحان اللہ کیا شیخی بگھاری ہے) کلمۂ تحسین و آفرین (سُبحان اللہ کیا شعر کہا ہے) خوشی یا فرطِ لذت میں بھی یہ کلمہ زبان پر آتا ہے - سُبحان تیری قدرت - وہ تیری آواز - مقام تعجب اور تضحیک میں بھی بولتے ہیں ؎

سُبحان تیری قدرت ہر بات میں ہے حضرت
معشوق بے دہن کو کیا خوش بیاں بنایا ! سحر

سُبحانی - خدائے تعالیٰ سے منسوب (جیسے ظل سُبحانی)

سُبحہ: (ع - مو) تسبیح - مالا -

سَبَد: (ف - مو) ٹوکرا - ٹوکری - ڈالی مذ کی (عموماً مرکبات میں بولتے ہیں جیسے گل سبد)

سَبز: (ف) صفت - ہرا - کچا - سبزانِ چمن - درخت - سبز باغ دکھانا - جھوٹا وعدہ کرنا - بے اصل باتوں کا اظہار کرنا - فریب دینا - سبز بخت - خوش قسمت - نیک بخت - سبز پا (ف - صفت) منحوس - بدنصیب - سبز پری - ایک پری - ہرا لباس پہننے والی عورت - اِندر سبھا کا ایک کردار - سبز پوش - زاہد - سبز لباس والا - ماتمی - سبز چوڑا - ایک قسم کا کبوتر جس کے سبز پروں کے بیچ میں سفید پر ہوتے ہیں - سبز پیشانی - صورت میں اچھا - سبز شیرازی - ایک قسم کا کبوتر - سبز فام - ہرا - معشوق ؎

خزاں میں بھی نہیں اُڑتا جو مرغِ حسن بہار
اسیرِ دام خطِ سبز فام ہوتا ہے رشک

سبز گھوڑا - بھنگ - سبزوار - ایک قسم کا مرغ جس کے سر پر چوٹی اور دو مغز ہوں - ایران کے ایک شہر کا نام - سبز قدم - منحوس - بدنصیب - سبز ہونا - ہرا بھرا ہونا - تر و تازہ ہونا - بھرپور ہونا - سبزہ - تر و تازگی - گھاس - ہریالی - وہ سفید گھوڑا جو سیاہی مائل ہو - سبز بھنگ - نیل کنٹھ - زمردی رنگ - ایک قسم کا آم - ایک قسم کا خربوزہ - ایک طرح کا بُندا ؎ مصحفی

یاد آتا ہے یہ کس کے کان کا سبزہ مجھے

وہ سبزی جو داڑھی مونچھوں کے نئے بال نکلنے سے چہرہ پر نمایاں ہوتی ہے - سبزہ آغاز - نوخیز - نوجوان - سبزہ آنا - چہرے پر سبزہ نمودار ہونا - سبزۂ بیگانہ (مذ) خود رو سبزہ - وہ سبزہ جو بے بوئے اُگے - سبزہ رنگ - گندمی رنگ - دلربا - سبزہ روندنا - گھاس پر پھرنا - سیر کرنا - سبزہ زار (مذ) ہری بھری زمین - سبزۂ شمشیر - جوہرِ شمشیر - سبزہ لہلہانا - گھاس یا سبز پودوں کا لہرانا -

سَبزی: (ف - مو) ترکاری - کچے ہونے کی علامت - بھنگ - سبز رنگت - اصیل - تلوار کی جوہر کی رنگت - سبزی پینا - بھنگ پینا - سبزی چھاننا - بھنگ گھونٹنا - سبزی فروش - ترکاری بیچنے والا - کنجڑا - سبزی گھوٹنا - بھنگ گھونٹنا - سبزی گھوٹنا - بھنگ گھوٹنا - سبزی منڈی - مو میوہ اور ترکاری فروخت ہونے کی جگہ -

سِبط: (عبر - مذ) لڑکے یا بیٹی کی اولاد - کنبہ - سبطین (امام حسن اور امام حسین) -

سَبع: (ع) سات - چھ اور ایک کا مجموعہ - سبع سیارہ - (مذ) سات ستارے جو گردش کرتے ہیں -

سبع مثانی - سورہ فاتحہ جس میں سات آیتیں ہیں -

سَبَق: (ف - مذ) کتاب کا وہ حصہ جو ہر روز آگے پڑھا جائے - نصیحت - سزا - عبرت - سبق بھول جانا - یاد کی ہوئی چیز فراموش کرنا - سبق پڑھانا یا پڑھنا - تعلیم دینا - سیکھنا - سبق دیکھنا - مطالعہ کرنا - سبق دینا - نصیحت دینا - پڑھانا - سزا دینا - سبق رواں ہونا - سبق اچھی طرح یاد ہونا - سبق لینا - پڑھنا - نصیحت حاصل کرنا - عبرت حاصل کرنا - سبق ہونا - سبق ختم ہونا - عبرت حاصل ہونا - تنبیہ ہونا

سَبقت: (ع - مو - ب پر فتحہ اور سکون دونوں طرح) آگے بڑھنا - سبقت کرنا - ابتدا کرنا - پہل کرنا -

فوجی پیشہ۔ سپاہی کا کام۔ سپاہی (مذ) کانسٹیبل۔ فوجی۔ پیرری کی سپاہیانہ۔ دلیرانہ۔ بہادرانہ۔

سِپَر: (ف۔ مؤ) ڈھال۔ آڑ۔ پناہ۔ حفاظت۔ **سپر انداختہ**۔ جو اپنا عجز ظاہر کر دے۔ ۔ داغ

عجز رخ انیس
گر دوں سپر انداختہ تھا سامنے اس کے

سپر چھینکنا یا ڈالنا: ہتھیار ڈالنا۔ مغلوب ہونا۔ نڈھال ہونا۔ **سپر ہونا**۔ آڑ ہونا۔ بچاؤ بننا۔ کسی کو بچانے کے لیے بیچ میں آ جانا۔

سُپُرد کرنا: (ا) دے دینا۔ سونپنا۔ حوالے کرنا۔ حفاظت میں دے دینا۔ حراست میں دینا۔ **سپرد ہونا**۔ حوالے میں ہونا۔ سونپا جانا۔ حراست میں حفاظت میں ہونا۔ **سپردگی** (مؤ)

سُپَردائی: (ا۔ مذ) سازندہ۔ ڈوم جو ناچنے والی کے ساتھ طبلہ بجاتا ہے۔

سُپرنٹنڈنٹ: (انگ) ضلع کی پولیس کا بڑا افسر۔ بعض اور محکموں کے بڑے افسر کا عہدہ۔

سُپریم کورٹ: (انگ۔ مؤ) اعلیٰ عدالت۔ شاہی عدالت۔

سَپڑ سَپڑ: (ا۔ مؤ) بے تمیزی سے کھانے کی آواز۔

سَپڑنا: (ا) تمام ہونا۔ نبڑنا۔

سِپِستان: (ف۔ مذ) لسوڑا۔

سُپنا: (ھ۔ مذ) خواب۔ سوتے میں جو کچھ نظر آئے۔

سِپَند: (ف۔ مذ) کالا دانہ۔ اسپند۔

سَپُوت: (ھ۔ مذ) نیک بخت بیٹا۔ ماں باپ کا فرمانبردار لڑکا۔

سَپُولیا: (ھ۔ مذ) سانپ کا بچہ۔

سِپہ: (ف) سپہ۔ سپاہ کا مخفف۔ دیکھو سپاہ۔

سِپہر: (ف) آسمان۔ آکاش۔

سَپید: (ف) چٹا۔ سفید۔ گورا۔ بے لکھا سادہ۔ خوف زدہ۔ جس کا رنگ اڑ گیا ہو۔ ۔ امیر

دستم پہ زال کہے گماں سب کو جہاں میں
ایسا ہے تیرے رعب سے اے شجر سپید

سپید پڑ جانا: خوف زدہ ہو جانا۔ رنگ اڑ جانا۔ **سپید پلکا**۔ ایک رنگ قسم کا کبوتر (نیز سفید دیکھیے) **سپید و سیاہ**۔ سارا اعمال کا اختیار۔ برائی بھلائی۔ نشیب و فراز۔ **سپیدہ** (مذ) چہرہ پھونکا ہوا ہونا۔ تلعی۔ صبح کی روشنی۔ چہرے پر ملنے کا پوڈر۔ تصویروں میں بھرنے کا سفید رنگ۔ **سپیدی** (مؤ) تلعی۔ سفیدی۔ روشنی۔ صباحت۔ انڈے کے اندر کا پتلا پانی۔ **سپیدی آنا**۔ بڑھاپا آنا۔ بال سفید ہونا۔

سَپیرا: (ھ۔ مذ) سانپ والا۔ وہ شخص جو سانپ کا تماشہ دکھاتا ہے۔

سَت: (ھ۔ مذ) زور۔ طاقت۔ جوہر (لیموں کا ست) ٹھیک پاک دامنی۔ ایمان۔ سچ۔ سات کا مخفف (جیسے ست نجا) **ست بچن** (مذ) سچی بات۔ **ست بچن کا نوکر ہونا**۔ بات کی جو نوکر ہونا۔ نہایت خوشامدی ہونا۔ **ست بجھڑا** (ھ) ملا جلا۔ بدو تحو۔ وہ سالن جس میں کئی سبزیاں ڈالی جائیں۔ **ست پوتی** (ھ) سات اولاد کی ماں۔ کثیر الاولاد۔ بزرگ عورت۔ **ست جگ**۔ سچائی اور ایمانداری کا زمانہ۔ دنیا کے چار دوروں جو ہندوؤں کے ہاں مقرر ہیں ان میں سب سے بہتر دور۔ **ست چڑھنا**۔ ستی ہونے کا جوش بھرنا۔ مرنے پر مستعد ہونا۔ ولولہ پیدا ہونا۔ **ست چھوڑنا**۔ ہمت ہارنا۔ جی چھوڑنا۔ **ست خصمی**۔ وہ عورت جو بہت سے خصم کر چکی ہو۔ **ست سیتا**۔ پارسا عورت۔ ستونتی۔ پاک دامن عورت۔ **ست لڑا** (مذ) ایک زیور جس میں سات لڑیں ہوتی ہیں۔ **ست گت** (مؤ) بڑی گت۔ **ست ماسا**۔ وہ رسم جو حمل کے ساتویں مہینے ہوتی ہے۔ نیز سات مہینے کے حمل کا بچہ۔ **ست ہی ست پر جان ہونا**۔ ع۔ نک۔ کمزوری سے جان خطرہ ہونا۔ دم آخر کا ہونا۔ **ست نجا** (مذ) سات جنس کا اناج دوغلا۔ **ست نکل جانا**۔ قوت زائل ہونا۔ دم نہ رہنا۔ مال و دولت جاتے رہنا۔ **ست وانسا** (مذ) وہ بچہ جو حمل کے ساتویں مہینے پیدا ہو۔ **ست ونتی**۔ پاک دامن عورت۔ **ستا** (مذ) تاش کا وہ پتا جس پر سات علامتیں ہوں۔ اینٹ وغیرہ کی بوٹی بچیسی کی سات چت کوڑیاں۔

سَتّار: (ع) پردہ پوش۔ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔

سِتار: (ا۔ مذ مرکب سہ تار) ایک مشہور باجا۔ **ستار اتارنا**۔ ستار کے تار ڈھیلے کرنا۔ **ستار باز**۔ ستار بجانے والا۔ **ستاری بولنا**۔ ستاری بجنا۔ **ستاری کے بول**۔ ستاری کی آواز۔ ۔ بحر

تیری باتوں سے کب اچھے ہیں ستاری کے بول
تیرے ہونٹوں سے مضیرے بھی خوش آواز ہیں

ستاریا۔ ستار نواز۔ ستاری۔ چھوٹا ستار۔

تشدد ہونا۔ **ستم ٹوٹے** :۔(بددعا) آفت آئے۔ غضب پڑے۔ **ستم جوتنا** (مو) ظلم کرنا۔ **ستم دیدہ** مظلوم۔ آفت رسیدہ۔ **ستم رسیدہ** یا **ستم زدہ**۔ **ستم ڈھانا** ظلم کرنا۔ تشدد کرنا۔ غضب کرنا۔ کوئی بڑا کام کرنا۔ **ستم شعار** جس کو ظلم کرنے کی عادت ہو گئی ہو۔ **ستم ظریف** ظرافت میں بڑا ظلم کرنے والا۔ مذاق مذاق میں ظلم کرنے والا۔ **ستم ظریفی** (مو) ہنسی ہنسی میں ظلم ہونا۔ **ستم کرنا** ظلم کرنا۔ کوئی بات کرنا۔ کوئی عجیب افسوس کا مرکرنا۔ غضب کرنا۔ غضب ڈھانا۔ عجیب کا کام کرنا۔ **ستم گار** یا **ستم گر** تکلیف پہنچانے والا۔ ظلم کرنے والا۔ **ستم ہونا**۔ غضب ہونا۔ ظلم ہونا۔ افسوس ہونا۔ نہایت چالاک ہونا۔ (وہ بھی ستم ہے)

ستمبر :۔(مذ) انگریزی سال کا نواں مہینہ۔

سُتنا :۔(ہ) نچڑنا۔ سمٹنا۔ کھچنا۔ صاف ہو جانا۔ نُچ جانا۔ (سب پتے سُت گئے)

سُتنا :۔(ا) بچوں کا پاجامہ۔

ستو :۔(ہ۔ مذ) بھنے ہوئے اناج کا آٹا۔ جس کو عام لوگ موسم گرما میں ٹھنڈک کے لیے پیتے ہیں۔ **ستو باندھ کے پیچھے پڑنا**۔ عیش و آرام کو چھوڑ کر کسی کام کے پیچھے پڑنا۔ لگاتار اور مسلسل محنت کرنا۔ **ستو گھولنا** ستوؤں میں پانی ڈال کر گھولنا۔ بیکار بات کرنا۔

سُتواں :۔(ا) ستی ہوئی نازک کھچی ہوئی پتلی (ستواں ناک)

سُتوانا :۔(ہ) صاف کرانا (دری ستوانا) نلوانا (پیٹ ستوانا) پچکوانا (پیٹ ستوانا)

سَتوانسا :۔(ہ۔ مذ) سات مہینے کے حمل کا بچہ۔

ستودہ :۔(ف) قابل تعریف۔ ترکیب میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے ستودہ کار۔ ستودہ صفات۔

سُتون :۔(ف۔ مذ) کھمبا۔ پیل پایہ۔ **ستونی** (مو) (دیکھو ست)

ستّہ :۔(ع۔ مذ) حساب کا ایک قاعدہ

ستھرا :۔ صاف۔ پاکیزہ۔ **ستھرا شاہی** ستھرا شاہ کے پیرو فقیر **ستھرائی** (مو) نفاست۔ خوش سلیقگی صفائی (دینا کے ساتھ) جھاڑو۔ **ستھرائی پھرنا**۔ صفائی ہونا۔ بالکل کچھ نہ رہنا۔ **ستھری**۔ ستھرا کا مونث۔ **ستھری آواز**۔ صاف اور دلکش آواز۔ **ستھری زبان**۔ سادہ اور بے تکلف روزمرہ۔

ستھراؤ :۔(ہ۔ مذ) بھتراؤ۔ ڈھیر۔ قتل عام۔ تباہی۔ **ستھراؤ کرنا**۔ کشتوں کے ڈھیر لگانا۔ اینٹ سے اینٹ بجانا۔ صفایا ہونا۔ **ستھرائی پھرنا**۔ صفائی ہونا۔ کچھ نہ رہنا۔

ستھنا :۔(ہ۔ مذ) پاجامہ۔ گوشت و شکر قند کا سالن۔ (لکھ میں عو ستھنا)

ستی :۔(ہ) وہ عورت جو محبت کے باعث شوہر کی لاش کے ساتھ جل جائے۔ یہ زمانہ قدیم کے ہندوؤں میں رسم تھی۔ **ستی ہونا**۔ شوہر کی چتا میں زندہ جلنا۔ جل کر جان دینا۔

ستیاناس :۔(ہ۔ مذ) ناس۔ بالکل تباہی۔ **ستیاناس جانا** یا **ہونا**۔ لٹنا۔ پھوٹنا۔ خراب ہونا۔ تباہ و برباد ہونا۔ **ستیاناس کرنا** یا **کھونا**۔ تباہ و برباد کرنا۔ خراب کرنا۔ آوارہ کرنا۔ **ستیاناسی**۔ برباد کرنے والا (مو) ایک خاردار درخت۔ **ستیاناسی کی جڑ**۔ بربادی کی بنیاد۔ تباہی اور بربادی کا باعث۔

ستیز :۔(ف۔ مذ) جنگ۔ **ستیزہ کار**۔ لڑنے والا۔ لڑاکو۔ معشوق

ستیہ گرہ :۔(س۔ مو۔ ستیہ شدہ) ایجی ٹیشن۔ پُرامن تحریک بلا

سَٹ :۔(ہ۔ مو) سازش۔ تدبیر۔ ڈھب۔ **سٹ لڑانا**۔ گانٹھنا۔ رابطہ پیدا کرنا۔

سیٹ :۔(انگ۔ مذ کسرہ یائے مجہول کی طرف مائل) کسی چیز کا مکمل مجموعہ۔

سُٹ :۔(سے کے ساتھ مستعمل ہے) سُٹ سے۔ فوراً۔ جلدی سے (بندوق لے جاؤ اور آؤ میں بچھ کر سٹ مارو)

سٹّا :۔(ہ۔ مذ) ایک خاص قسم کا جوا۔

سٹّا بٹّا :۔(ہ۔ مذ) میل ملاپ۔ سازباز (لڑانا)

سٹاسٹ :۔(ا۔ مو) لگاتار کوڑے مارنے کی آواز۔ تیز جلدی سے۔

سٹاک :۔(ا۔ مو) چھڑی مارنے کی آواز۔ سٹاکا۔ شاک۔

سٹپٹاتے پھرنا :۔(ا) گھبرائے ہوئے پھرنا۔ حیران پھرنا۔ **سٹپٹا جانا**۔ گھبرا جانا۔ حواس درست نہ رہنا۔ **سٹ پٹانا**۔ گھبرانا۔ حیران ہونا۔ بھونچکا رہ جانا۔

سٹر پٹر :۔(ا۔ مو) چھوٹے چھوٹے کام۔ متفرقات۔ تباہی۔ **سٹر پٹر کرنا**۔ متفرقات میں وقت کھو دینا۔ **سٹر پٹر لگانا**۔ بکھیڑا پھیلانا۔ الٹے سیدھے کام کرتے پھرنا۔ **سٹر پٹر ہونا**۔ بیکار ہونا۔

ظریف

پھر کہیں گے ظریف کوئی غزل طرح گریاں سٹر پٹر ہوئی

وفادار - بے میل - کھرا (سچا گوٹا) مخلص - بے کپٹ - بے ریا - سچا بیوپار - صحیح اور ایماندارانہ تجارت - کھرا حساب - **سچا پن** (مذ) ایمانداری - صداقت - وفاداری - راست گوئی - **سچا جوڑ چلنا** - کامیاب چکمہ دینا - **سچا جوڑا** - وہ لباس یا جوتا یا چوڑیاں جس پر اصل سونے یا چاندی کے تاروں کا کام ہو - **سچا گانا** - اصول و استادی کا گانا - **سچا موتی** (مذ) کھرا اور قیمتی موتی جو سیپ سے نکلا ہو - **سچا ناتا** (مذ) لین دین کا کھرا - دیانت دار - **سچائی** (مو) راستی - دیانت - اصلی ہونا - **سچل** - جھوٹ کا نقیض - بالکل درست - **سچی** - صادق - بے کھوٹ - اصلی - **سچی تول** (مو) پوری تول - ٹھیک (مو) پوری تول - **سچی بات** - موقع کی بات - **سچے مرگئے جھوٹوں کو موت بھی نہیں** - سچے نقصان اٹھاتے ہیں - جھوٹوں کا بال بیکا نہیں ہوتا -

سچیت :- (س) ہوشیار - سچیتی -

سحاب :- (ع - مذ) بادل - بدلی - گھٹا -

سَحبان :- (ع - مذ) عرب کا مشہور فصیح و بلیغ خطیب ع دبیر

سحبان مرا طفل دبستان سخن ہے

سِحر :- (ع - مذ) جادو - ٹونا - طلسم - **سحر آمیز** - مرغوب - **سحر بیان** - جس کی تقریر یا نظم پُر تاثیر ہو - اچھی اور موثر تقریر کرنے والا - موثر اشعار کہنے والا - **سحر چلنا** - دیکھو جادو چلنا - **سحرِ حلال** - کلام فصیح و پُر تاثیر - **سحرِ سامری** (مذ) وہ جادو جس کے ذریعہ سونا چاندی کا بولتا ہوا بچھڑا سامری جادوگر نے بنایا تھا - نہایت پُر اثر جادو - **سحر کرنا** - جادو کرنا - گرویدہ بنا لینا -

سَحَر (مو) صبح کا وقت - سویرا - **سحر گہی** - **سحر آنا** - صبح ہونا - **سحر پکڑنا** - صبح تک باقی یا زندہ رہنا - **سحر خیز یا** - چور - وہ شخص جو صبح کو پڑی پڑائی چیز لے بھاگے - **سحر خنداں** - صبح کی طرح ہنستا ہوا - خوش - **سحر خیز** - صبح سویرے اٹھنے والا - **سحر دم** - علی الصباح - **سحرگاہ** - علی الصباح - **سحر گہی** - **سحری** مو وہ کھانا جو دن کو روزہ رکھنے کے لیے رات کے آخری حصّہ میں کھاتے ہیں -

سحق کرنا :- کھرل کرنا - کھرل میں پیس کر ریزہ ریزہ کرنا - چٹنی کرنا -

سخاوت :- (ع) فیاضی - بخشش -

سخت :- (ف) ٹھوس - گراں - از حد - بہت مشکل (یہ کام سخت ہے) مضبوط - بے رحم (ان کا مزاج سخت ہے) بہت بڑا ع

سخت کافر تھا جس نے پہلے میر مذہب عشق اختیار کیا

تنگی کرنے والا - (نمبر دینے میں بہت سخت ہے) منحوس (سخت دن) تیز (سخت دھوپ) **سخت بات** - کڑی اور ناگوار بات - **سخت جان** - بے رحم - نہایت جفاکش - بہت مصیبت برداشت کرنے والا جس کی جان بہت مشکل سے نکلے - **سخت جانی** (مو) بے حیائی کی زندگی - جفاکشی - **سخت دلی** (مو) سنگ دلی - بے رحمی - **سخت دن** (مذ) مصیبت کے دن - **سخت زمین** - وہ زمین جو نرم نہ ہو - بحر - قافیے اور ردیف کا مشکل ہونا - **سخت سست کہنا** - برا بھلا کہنا - **سخت کلامی** (مو) بدزبانی - گستاخی - **سخت گوئی** (مو) بدزبانی - **سخت گھڑی** (مو) مشکل کا وقت - منحوس وقت - **سخت گیر** - ظالم - **سخت گیری** (مو) سختی کرنا - **سخت لگام** - سرکش گھوڑا - **سخت مشکل پڑنا** - **سخت دشواری پیش آنا** -

سختی :- (مو) نرمی کی ضد - کڑا پن - دشواری - ظلم - سخت گیری - استقلال - بے رحمی - سنگ دلی - مصیبت - افلاس - بد مزاجی - اکھڑ پن - کمال - تاکید (بڑی سختی سے مسل طلب کی ہے) تنبیہ - ڈانٹ - **سختی کرنا** - ستانا - ظلم کرنا - **سختیاں** جمع (اٹھانا - جھیلنا - برداشت کرنا - سہنا وغیرہ -

سُخَن (ف - مذ - خ اور س پر زبر اور پیش دونوں صحیح) بات چیت - قول - اقرار - سَخُن روایت - شعر - نظم - مقولہ - **سخن آرا** (ف) باتونی - ادیب - شاعر - **سخن پرور** - بات کی پچ کرنے والا - بات کا پکا - **سخن پروری کرنا** - ہٹ دھرمی کرنا - اپنی بات پر اڑنا - **سخن تکیہ** (مذ) تکیہ کلام - کسی لفظ کو بار بار موقع بے موقع استعمال کرنے کی عادت - **سخن چین** (مذ) چغل خور - لُترا - عیب نکالنے والا - **سخن چینی** (مو) چغل خوری - لُترا پن - **سخن دان** - **سخن سنج** - **سخن ور** - شعر کہنے والا - شاعر - **سخن دانی** یا **سخن وری** (مو) خوش بیانی - شاعری - **سخن دینا** - اقرار کرنا - قول دینا - **سخن ڈالنا** - کسی امر کی سفارش کرنا - **سخن رس** یا **سخن فہم** - بات کی تہ کو پہنچنے والا - بات کو سمجھنے والا - **سخن ساز** (مذ) بہت باتیں بنانے والا - **سخن سرسبز ہونا** - باتوں میں جیتنا - چشمین گوئی یا سفارش کے مطابق کام ہو جانا - سفارش کا سرخروئی ہونا - **سخن شناس** - باتوں کا پرکھنے والا - قدردان - شعر و سخن - **سخن طراز** - شاعر - **سخن کا پورا** - بات کا پکا - قول کا سچا - **سخن کوتاہ** - القصہ - الحاصل - **سخن گرم** - رنگین بات - **سخن گستر** - شاعر - **سخن گو** - شاعر - **سخن لب پر لانا** - کچھ کہنا ع انیس

جو دل میں ہے وہ لب پہ سخن لا نہیں سکتے

سخن مرداں جاں دارد - مردوں کی بات پکّی ہوتی ہے -

سَخی :- خدا کی راہ پر بہت خرچ کرنے والا - فیاض - سخی داتا - فیاض - بہت بڑا سخی - **سخی سے سوم بھلا جو ترت دے جواب** - انتظار میں رکھنے سے انکار بہتر ہے - **سخی کا بیڑا پار ہے** - بخشش کرنے والے کے لیے کوئی کام دشوار نہیں - **سخی کے مال پر پڑے اور سوم کی جان پر** - سخی کی بلا مال سے ٹل جاتی ہے - مگر سوم جان دے

دیتا ہے۔ مال نہیں دیتا۔

سَدّ: (مذ) مانع ۔ روکنے والا ۔ رکاوٹ (مو) دیوار۔ **سدِ باب** (مذ) کسی بات کی قطعی روک (کرنا ۔ ہونا) **سدِ راہ ہونا**۔ مانع ہونا۔ مخل ہونا۔ **سدِ رمق** (ف) تھوڑی سی چیز سے داغ

نزع میں آ ذرا اس کو تصدق کر دیں
جان ایک سدِ رمق ہم نے بچا رکھی ہے

سدِ سکندر (مو) ذوالقرنین کی بنائی ہوئی ایک مضبوط دیوار جو چینی ترکستان میں واقع ہے ۔ **سدِ یاجوج** مضبوط دیوار۔ وہ دیوار جو یاجوج کو روکنے کے لیے بنائی گئی۔

سَدا: ہمیشہ ۔ **سدا برت** (مذ) ہر روز کی خیرات ۔ لنگر ۔ **سدا بہار** ۔ وہ گھاس جو اپنی آخری عمر تک ہری بھری رہتی ہے ۔ ہمیشہ سرسبز رہنے والا ۔ **سدا پھل** ۔ وہ درخت جو ہمیشہ پھلوں سے لدا رہے ۔ **سدا سہاگ** (مذ) ایک قسم کا پھول ۔ **سدا سہاگن** (مو) ایک قسم کی چڑیا ۔ بیاہی عورت ۔ **سدا کا روگی** ۔ دائم المرض ۔ **سدا کسی کی نہیں رہی** ۔ ہمیشہ کسی کا زمانہ موافق نہیں رہا ۔ **سدا گلاب** ۔ ایک قسم کا گلاب جو بارہ مہینے پھلتا ہے ۔ **سدا ناؤ کاغذ کی بہتی نہیں** ۔ فریب ہمیشہ نہیں چلتا ۔

سِدرَہ: (ع ۔ مذ) سدرۃ المنتہیٰ ۔ آسمانوں پر وہ مقام جو حضرت جبرئیل کی پرواز کی آخری حد ہے ۔ تسلیم

قوی ہے روح ایں سے بھی اک مرتبہ ہے
وہ تھک کے رہ گئے سدرہ پہ منتہا یہ ہے

سُدُس: (ع ۔ مذ) چھٹا حصہ۔

سُدَّہ: (ہ ۔ مذ) گانٹھ ۔ فضلے کی گرہ جو آنتوں یا رگوں میں پڑ جاتی ہے اور بڑی مشکل سے نکالا نہیں نکلتی ہے۔

سُدھ: (ہ ۔ مو) قوت حافظہ ۔ آگاہی ۔ ہوش ۔ خبر ۔ ع

ادھر کی سدھ بھی ذرا اسے پیامبر لینا داغ

علم ۔ واقفیت ۔ دھیان ۔ ہوشیاری ۔ چوکسی ۔ توجہ ۔ غور ۔ فکر ۔ التفات ۔ تدبر ۔ **سدھ بھولنا** ۔ حواس باختہ ہونا ۔ خبر نہ رہنا ۔ **سدھ رکھنا** ۔ خبر رکھنا ۔ **سدھ سنبھالنا** ۔ ہوش سنبھالنا ۔

کیونکر ترک مے کریں کچھ آج کے مے کش نہیں
ہم نے مے خانے میں آ کر سدھ سنبھالی محتسب سوداؔ

سدھ لینا ۔ خبر لینا ۔ خبرگیری رکھنا ۔ **سدھ ہونا** ۔ خیال ہونا ۔ دھیان ہونا ۔ ہوش ہونا ۔ **سدھ بدھ** (مو) عقل و شعور ۔ تمیز ۔ ہوش ۔ **سدھ بدھ لینا** ۔ خبرگیری کرنا ۔ **سدھ بدھ نہ رہنا** ۔ کچھ خبر نہ ہونا ۔

سِدھ: (ہ) ٹھیک ۔ پکا ۔ مکمل ۔ **سدھ کرنا** ۔ جادو منتر میں کمال حاصل کرنا ۔ پاک کرنا ۔ جیا وڑالی گھیلی ۔ حاصل کرنا ۔ **سدھ ہونا** ۔ مراد حاصل کرنا ۔ **سدھیاں بھرنا** (مذ) کسی سمت سیدھے چل کھڑے ہونا ۔ (ع) یکایک دل جو گھبرایا تو گھر کی سدھیاں بھریں (مضامین شرر)

سُدھارنا: (ہ) درست کرنا ۔ ٹھیک کرنا ۔ سزا دینا ۔ **سدھرنا** ۔ آراستہ بنانا ۔ لازم ۔

سِدھارنا: (ہ) روانہ ہونا ۔ چلے جانا ۔ مرجانا ۔

سَدھانا: (ہ) جانور کو مانوس کرنا ۔ جانور کو کسی راہ پر لگانا ۔ جانور کی تعلیم و تربیت ۔ **سدھا سدھایا** ۔ تربیت یافتہ ۔ ناسخ

شب وصال مؤذن ہوا جو مرغ سحر
سدھے سدھائے ہیں یہ جانور اذان کے لیے

سدھنا ۔ لازم ۔ **سدھوانا** ۔ سدھانا کا متعدی المتعدی ۔

سُدی: (ہ) ہندی مہینے کا دوسرا پاکھ ۔ چاند اترتا زمانہ ۔

سَدے: (ا) شدا ۔ بعض دیہاتوں میں علم امام حسین کو کہتے ہیں ۔

سَدیا: (ہ ۔ مو) لال کی ۔۔۔ ۔

سُدیش: (ہ ۔ مذ) ملک ۔ وطن ۔

سِڈول: (ہ) خوشنما ۔ ڈیل ڈول کا ۔ خوب صورت اور خوش وضع ۔

سُر: (ہ ۔ مذ) بڑی نرسنگی ۔ ہندی اور سنسکرت کے حروف علت ۔ وہ سانس جو ناک سے نکلے ۔ گانے کے علم کا موضوع ۔ راگ ۔ آواز ۔ **سر بندیا** (مو) آواز باراگ وغیرہ جمانا ۔ سُر ڈالنا ۔ **سُر گھٹنا یا بڑھنا** ۔ سُر کی آواز کا اونچا نیچا ہونا ۔ **سُر ملانا** ۔ آواز ملانا ۔ **سُر ملنا** ۔ آواز ملنا ۔ تال میل ہونا ۔ **سُریلا** ۔ خوش گلو ۔ خوش آواز ۔

سِر: (ع ۔ مذ) بھید ۔ راز ۔ **سرِ الست** ۔ دیکھو الست ۔ **سرِ خفی** ۔ پوشیدہ راز ۔ **سر و علن** ۔ پوشیدہ اور کھلم کھلا ۔ ع رشک

گفتگوئے عشق ہے سر و علن درکار ہے

سَر: (ف ۔ مذ) کھوپڑی (سر منڈانا) گردن تک کا حصہ (سر کاٹ ڈالا) کسی چیز کا بالائی حصہ ۔ چوٹی ۔ سرکوبنا عنوان پیشانی ۔ ع محسن

سرِ فرمان خدا کا خط طغرا کیجے

کسی چیز کا کنارہ (سرِ آغاز ۔ سرانجام ۔ خواہش) ۔۔۔ ابتدا ۔ اول ۔ شروع (از سرِ نو) اسامان کا مرادف (سروسامان)

از سر تا پا غرق ۔ شرابور ۔ سر سے اونچا پانی ۔ وہ شخص جو کسی کیفیت
میں محو ہو ۔ وہ چیز جو کسی رنگ میں ڈوبی ہو ۔ **سر ڈھانکنا** ۔ سر
پر کپڑا ڈالنا ۔ بکارت زائل کرنا ۔ **سر ڈھکی** (مو) بیاہ ۔ شب
زفاف ۔ **سر رنگنا یا لال کرنا** ۔ سر پھوڑنا ۔ سر سے خون بہانا ۔
سر رہنا ۔ سر سلامت رہنا ۔ دن رات کوشش میں رہنا ۔
کسی کام یا شخص کے پیچھے پڑے رہنا ۔ **سر زندگی** (بانضا) خیال
و ہوس بقا ۔ **سر سراٹ ہو رہا ہے** ۔ تدبیر ۔ بات چیت ہو
رہی ہے کام ہونے کو ہے ۔ **سر سفید ہونا** ۔ بڑھاپے کا آجانا ۔
سر سکھانا ۔ بھیگے بالوں کو خشک کرنا ۔ **سر سلامت رہنا** ۔
جان کا باقی رہنا ۔ **سر سہرا ہونا یا رہنا** ۔ کسی پر کسی کام کا موقوف
ہونا ۔ کامیابی کا تمغا ملنا (کسی بات کا سہرا کسی کے سر ہونا یا
رہنا بولا جاتا ہے) **سر سہلانا** ۔ چمکارنا ۔ خوشامد کرنا ۔ **سر سہلا کر**
بھیجا کھانا ۔ دوستی کے پردے میں نقصان پہنچانا ۔ **سر سے**
اتارنا ۔ (عو ۔ لک) صدقہ کرنا ۔ **سر سے بلا ٹالنا** ۔ [illegible]
کو کسی تدبیر سے دور کرنا ۔ مجبوری سے کوئی کام کرنا ۔ بیگار ٹالنا ۔
سر سے بوجھ اتارنا یا ٹالنا ۔ قرضہ اتارنا ۔ بچوں کے بیاہ
شادی سے فارغ ہونا ۔ وقت گزاری کے لیے کوئی کام کر دینا ۔
سر سے بوجھ اترنا ۔ قرض ادا ہونا ۔ بال بچوں کی شادی سے
فارغ ہونا ۔ کسی ضروری کام کا پورا ہونا ۔ **سر سے بوجھ**
باندھنا ۔ بے فائدہ خرچ اپنے ذمے لینا ۔ **سر سے بیگار**
ٹالنا ۔ کوئی کام بے دلی سے کرنا ۔ پاپ کاٹنا ۔ **سر سے پانی گذر**
جانا ۔ سر سے اونچا پانی ہو جانا ۔ صبر کی طاقت نہ رہنا ۔ ناقابل
برداشت بار پڑنا ۔ **سر سے پاؤں تک** ۔ چوٹی سے ایڑی تک
سر سے پاؤں تک آگ لگنا ۔ غصے میں لال پیلا ہو جانا ۔ **سر سے**
پٹک جانا ۔ اپنی بلا دوسرے کے سر منڈھ جانا ۔ بددلی سے
واپس کر دینا ۔ **سر سے تنکا اتارنے کا احسان** ۔ تھوڑا احسان ۔
سر سے جن اتارنا ۔ آسیب اتارنا ۔ دھن یا غصہ فرو کرنا ۔ ضد
پر سزا دینا ۔ **سر سے چلنا** ۔ تعظیم یا شوق سے چلنا ۔ **سر سے حاضر**
بخوشی تیار ۔ **سر سے سایہ اترنا** ۔ (اتارنا ۔ اتروانا) جن یا
آسیب کا اترنا ۔ **سر سے سایہ اٹھنا** ۔ بزرگ کا مر جانا ۔ **سر**
سے کفن باندھنا ۔ جان کی پروا نہ کرنا ۔ مرنے کی تیاری کرنا ۔
؎ آج میں سر سے کفن باندھے ہوئے جاتا ہوں واں غالب
عذر میرے قتل کرنے میں وہ لائیں گے کیا
سر سے کنارہ کرنا ۔ جان کی پروا نہ کرنا ۔ **سر سے کنواں کھودنا** ۔
بڑی محنت یا کٹھن کام کی کوشش کرنا ۔ **سر سے کھیلنا** ۔ سر پر
جن یا بھوت آنا ۔ آسیب زدہ کا سر ہلا ہلا کر کچھ کہنا ۔ **سر سے**
گزرنا ۔ مرنا ۔ زندگی سے دست بردار ہونا ۔ **سر سے لگانا** ۔
تعظیم بجا لانا ۔ محبت کرنا ۔ **سر دے مارنا** ۔ غم یا غصے سے سر
پٹک دینا ۔ **سر سے سر جوڑنا** ۔ اکٹھا ہونا ۔ متفق ہونا ۔ صلاح

کرنا ۔ **سر سے سروالا ہے** ۔ سردار کی وجہ سے انتظام ہے ۔
سر سے لگنا ۔ نہایت غصہ آنا ۔ آگ بگولا ہونا ۔ بیحد ناگوار ہونا ۔
سر سے مارنا ۔ ناپسندیدگی سے کسی چیز کو واپس کرنا ۔ خفگی
سے اٹھا کر پھینک دینا ۔ بے فائدہ ذمہ ڈالنا ۔ **سر سینگ**
ہونا ۔ کسی خاص علامت کا پایا جانا ۔ **سر فدا کرنا** ۔ جان
قربان کرنا ؎ دبیر

کیا رحیمی ہے کہ غصہ نہیں آتا ہے ذرا
کیا کریمی ہے کہ سر کرتے ہیں امت پہ فدا

سر کا بوجھ اترنا ۔ فراغت یا سبکدوشی حاصل کرنا ۔ ایفائے
وعدہ کرنا ۔ **سر کاٹنا یا اتارنا** ۔ سر جدا کرنا ۔ قتل کرنا ۔ **سر کا**
بوجھ ٹالنا یا ڈالنا ۔ بے دلی سے کوئی کام کرنا ۔ **سر کا بوجھ**
پیروں پر آتا ہے ۔ بڑوں کا اثر چھوٹوں پر ہوتا ہے ۔ **سر کا**
چھتا اتارنا ۔ زبردستی کا احسان اتارنا ۔ **سر کالا منہ بالا** ۔
جوانی میں چہرہ شاندار ہوتا ہے ۔ **سر کا نہ پاؤں کا** ۔ بے سر و پا ۔
بے ساز و سامان ۔ **سر کٹنا** ۔ سر قلم ہونا ۔ ہلاک ہونا ۔ **سر کرنا** ۔ فتح
کرنا ع سر کرے کی سپہ شوق مری ملک وصال نصیر
شروع کرنا ؎ غالب

جبکہ میں کرتا ہوں اپنا شکوۂ ضعف دماغ
سر کرے ہے وہ حدیثِ زلف عنبر بار دوست

چھوڑنا ۔ فیر کرنا ۔ **سر اندر گھسیڑنا** (دیوار میں سر کردوں گا) گلے
منڈھنا ۔ زبردستی دینا ۔ ذمے کرنا ۔ ذمہ داریاں بنانا ۔ جھگڑا
لڑوا دینا (تم نے ناحق اسے میرے سر کر دیا) **سر کو آنا** ۔ پیچھے پڑنا ۔
لگانے کو دوڑنا ۔ **سر کو بتانا** ۔ تلوار یا لاٹھی اور پینترے سے سر
کی چوٹ کا اشارہ کرنا ؎ اوج

بڑکا رصفت رخش کو کاوے پہ لگا کر
اک وار سر شانہ کیا سر کو بتا کر

سر کو بکھیرنا ۔ سر کے بالوں کو پریشان کرنا ۔ وحشت ظاہر کرنا ۔
سر کو دُھننا ۔ دیکھو سر دُھننا ۔ **سر کھا** ۔ کلمۂ تنفر ۔ چل دور
ہو ۔ یہ لفظ اپنا کے ساتھ مستعمل ہوتا ہے ۔ **سر کھانا** ۔ دماغ
پریشان کرنا ۔ بے ہودہ بکواس کرنا ۔ **سر کھپانا** ۔ کسی امر میں
انتہائی فکر اور تندہی کرنا ۔ **سر کھجانا** ۔ مار کھانے کو دل چاہنا ۔
کم بختی کرنا ۔ **سر کھجانے کی فرصت نہیں** (کا وقت) ۔ بالکل وقت ۔ تھوڑا سا
بھی موقع ۔ چھٹی نہیں ۔ **سر کھلا** ۔ ایک رسم اور محفل جس میں بیاہی
دلھن کو دوسرے دن نہلا کر پوشاک بدلتی اور زنانی گاتی ہیں ۔ **سر**
کھولنا ۔ سر ننگا کرنا ۔ گندھے جوڑے بال کھولنا ۔ **سر کے بل چلنا** ۔
انتہائی تعظیم کے لیے سر کو پاؤں بنا کر راستہ طے کرنا ۔ **سر کے**
ساتھ ہے ۔ دم کے ساتھ ہے ۔ تمام عمر ساتھ لگا ہوا ہے ۔
سر کھینچنا ۔ سرکشی یا طول ہونا ۔ **سر کے بل جانا** ۔ ادب سے جانا ۔
؎ ذوق

سرخوش - شراب سے مست - خوش حال - سرخیل - قوم کا سردار - سردرخت - درختوں کا ٹیکس - سردست - ابھی فی الحال - لگے ہاتھوں - فوراً - سردفتر - ہیڈ کلرک - اہلکاروں کا افسر - سرڈوب - بہت گہرائی - سرراہ - راستہ میں - سررشتہ (مذ) تدبیر - مقصود - مطلب - دستور - شعبہ - رواج - محکمہ - دفتر - سرزدہ - بے خبر - سرزمین (مو) ولایت ملک - سرزنش - ملامت - سرزنی - کوشش - بہت جدوجہد - سرزور - طاقت ور - سینہ زور - سرکش - سرزوری (مو) بے حیائی - قصور پر شرمندگی کی بجائے سرکشی - سرسام (مذ) ایک دماغی مرض جس میں دماغ پر ورم آجاتا ہے - یہ شدید بخار کی حالت میں ہوتا ہے - سرسبز - ہرا بھرا - کامیاب - خوش و خرم (کرنا - ہونا) سرشار - مست - نشے میں چور - لبریز - سرشام (مو) شام کے وقت - سورج ڈوبتے وقت - سرصدقے - پروا نہیں - بلا سے - سرفراز - معزز - اقبال مند - اعلیٰ - سرخرو - سرفرازی (مو) بزرگی - عزت - اقبال مندی - سرفروش جانباز - سر دینے کے لیے تیار - بہادر - سرقفلی (دلی) وہ کرایہ جو مکاندار پیشگی لیتے اور مجرا نہیں دیتے تھے - سرگردہ - سردار - جماعت کا اگوا - سرکشی (مو) نافرمانی - بغاوت - سرکوبی (مو) بغاوت فرمانی - سرکوبی (مو) سر کچلنا - سزا دینا - سرگزار - جان باز - سرگذشت (مو) گزرا ہوا واقعہ - تذکرہ - ماجرا - سرگران - برگشتہ دل - ناراض - خفتہ ور - متکبر - مست مخمور - سرگرانی (مو) کشیدگی - افسوس خمار - رنجیدگی - سر کا بھاری ہونا - خفگی - سرگردان - حیران و پریشان - سرگردانی (مو) آوارگی - جھگڑا بکھیڑا - پریشانی - سرگرم - مستعد - تیز - آمادہ - مصروف - سر (کو) گرم کرنا - ہوش و حواس پریشان کرنا ؎ ذوق

اے صبا نکہت گل لے کے چمن سے پھر جا
کیا کروں سر کو مرے کرتی ہے یہ خوشبو گرم

سرگرمی (مو) گرم جوشی - بڑی کوشش - مستعدی - سرگروہ - سردار کسی جماعت کا سردار - سرگشتگی (مو) آوارگی - پریشانی - حیرانی - سرگشتہ - بھٹکا ہوا - پریشان - حیران - سرگوشی (مو) غیبت کانا پھوسی - چغلی - بدی - سرمایہ - پونجی - سرمست - نہایت متوالا - نشے میں چور - سرمشق - ابتدا - وہ تحریر جسے سامنے رکھ کر نقش بالکل صاف اور خوشخط کرتے ہیں - سرمغز (مو) بکواس بک بک - سرنگونی (مو) الٹا ہونا - بدبخت - سرمو ذرا - خفیف - سرمو - بال کی نوک کے برابر - بہت ذرا - سرنامہ (مذ) مکتوب الیہ کا پتہ جو شروع خط میں لکھا ہو - عنوان کسی تحریر کی سرخی - سرنشے - نفیری - سرنگوں - سر جھکائے ہوئے - شرمندہ - سرنو - نئے سرے سے - سرنوشت (مو) تقدیر کا لکھا - مقسوم - سرورق (مذ) ٹائیٹل پیج - سروسامان (مذ) ضروری اسباب - سروکار (مذ) غرض - مطلب - بحث - واسطہ - علاقہ لگاؤ -

سِرا :- (ا - مذ) کنارا - ابتدا - اخیر - سرے سے شروع سے - کل -

سَرا :- (ف - مو) گھر - مسافروں کے اترنے کی جگہ (اردو فارسی کا لاحقہ) جیسے خواجہ سرا - حرم سرا - دیکھیے سرائے -

سَراب :- (ع - مذ و مو) ریت جس پر گرمی کے موسم میں دھوپ کے وقت پانی کا دھوکا ہوتا ہے - بلا شرحوکا -

سَراپا :- (ف) مجسم سر سے پیر تک (مذ) وہ نظم جس میں حصۂ جسمانی کی تعریف لکھی جائے -

سَراپردہ :- (ف - مذ) گھر کی چار دیواری - وہ اونچی قنات جو خیمہ کے گرداگرد چار دیواری کا کام دیتی ہے - مجازاً - امیروں اور شاہوں کا خیمہ -

سِراج :- (ع - مذ) چراغ - دیوا -

سَراچہ :- (ف - مذ) بانس کا بڑا خیمہ - چھوٹا گھر - سراچے کا بانس - بہت لمبا - طویل القامت -

سَراسَر :- (ف) اول سے آخر تک - سب کا سب -

سَراسَری :- (ا) جلدی سے (مو) دلہن کا ایک زیور ؎

یہاں سر ان سے خاک جو سب دشت و در کی تھی
گویا سراسری یہ عروس زمین کی تھی — دبیر

سَراسیمگی :- (ف - مو) حیرانی - پریشانی - اضطراب گھبراہٹ -

سُراغ :- (ف - مذ) کھوج - پتہ - نشان کرنا (پانا - لگانا - لینا - ملنا کے ساتھ) سُراغ رساں - پتہ لگانے والا - کھوجی - سُراغ رسانی (مو) کھوج نکالنا - سُراغی جاسوس کھوجی -

سُراگائے :- (ا - مو) پہاڑی گائے جس کی دم کی چنور بنائی جاتی ہیں -

سِرانا :- متبرک چیزوں کو دریا میں دفن کرنا یا بہانا (سِرانا - لگ)

سَراندیپ :- (مذ) جزیرہ لنکا یا سیلون میں ایک پہاڑی کا نام جو اچھی سیرگاہ اور قابل دید مقام ہے

سَراہنا :- (ہ) تعریف کرنا - قدر کرنا - خوشامد کرنا ؎

ستم شعار - جفا پیشہ بے مروت ہے
سراہیے مگر ان کو جو تجھ کو پیار کریں — مذ

کواڑ کی بالائی چول رہتی ہے۔

سَرْدَہ:- (ف - مذ) ایک قسم کا نہایت شیریں خربزہ۔

سَرْدَئی:- (ا) گہرا سبز رنگ۔

سرزد ہونا:- (ا) ظاہر ہونا - واقع ہونا - بیشتر خطا یا ناپسندیدہ فعل کے لیے مستعمل ہے (گناہ سرزد ہوا)

سِرِس:- (ہ - مذ) ایک درخت کا نام جسے پنجابی میں شرینہہ کہتے ہیں ؎ ذوق

بے روانی اس شجر کے واسطے تازہ خزاں
پتے نچکر رہ گئیں خالی سرس کی تیلیاں

سَرسام:- (یو) دماغ کا ورم - تیز بخارات کا سر پہ چڑھ جانا - **سرسامی** - سرسام کا بیمار - دیوانہ -

سَرسُتی:- (ہ - مو) ایک دریا کا نام جو الہ آباد (بھارت) میں ہے - زبان - راگ - علم و ہنر کی دیوی کا نام - بیک گنی -

سَرسَر:- (ہ - مو) سانپ یا ہوا چلنے کی آواز - تیز چلتی ہوئی ہر چیز کے لیے مستعمل ہے (دیکھتی کیا ہوں کہ سرسر زمین نیچے سے نکلی جاتی ہے - نذیر احمد) **سرسرانا** - ہوا کا آہستہ آہستہ چلنا - رینگنا - درختوں پہ روپ آنا - ہلکی سانس آنا - ہوا کی وجہ سے پتوں کا رگڑ کے آواز دینا - بصفت **سرسراہٹ**

سُرسُرانا:- (ہ) سردی سے کانپنا - سُسیانا -

سُرسُری:- (ہ - مو) ایک قسم کا سرخ کیڑا جو اناج میں پیدا ہو جاتا ہے - **سرسری لگنا** - اناج میں سرسری پیدا ہونا - **سرسری** (ا - مو) سرسری - معمولی - کل طور پر بے فکر و تامل - عدالت خفیفہ - **سرسری اختیارات** - بغیر تحقیقات کے حکم نافذ کرنے کے اختیارات - **سرسری طور پر** - آسان طریقے پر معمولی طور پر - **سرسری نظر کرنا** - سرسری نظر سے دیکھنا - جلدی سے دیکھنا - **سرسری نالش** - عدالت خفیفہ کا مقدمہ -

سرسوں:- (ہ - مو) ایک قسم کا تل جس سے تیل نکالا جاتا ہے - **سرسوں پھولنا** - سرسوں کے کھیتوں کا پھولنا سماں ہونا - زردی چھا جانا ؎ لطافت

سرسوں ہماری آنکھ میں پھولا جنوں بڑھا
دیکھے جو زرد زرد بھولوں کے دل میں گل

سَرِشت:- (ف - مو) خلقت - فطرت - پیدائشی عادت - خو - مزاج - **سرشت میں ہونا** - گھٹی میں ہونا - اصلیت میں ہونا -

سَرِشتہ:- (ف - مذ) دیکھو سر -

سِرِشک:- (ف بکسر ہر دو - رائج بفتح اول - مذ) آنسو - **سرشک باراں** - مینہ کے قطرے -

سَرَطان:- (ع - مذ) ایک آبی کیڑا جو مینڈک سے چھوٹا اور مکڑی کے مشابہ ہوتا ہے - آسمان کا چوتھا برج - ایک پھوڑے کا نام اور اس میں سرخ و سبز رگیں سرطان کی طرح نظر آتی ہیں - کیکڑا -

سُرعت:- (ع - مو) جلدی - تیزی - پھرتی - تھوڑے وقت میں کسی کام کو جلدی انجام دینا - بخلاف عجلت کے کہ اس میں قبل از وقت کام انجام دیا جاتا ہے -

سَرغنہ:- (ف - مذ) سرگروہ - مفسدوں کا سردار -

سُرفہ:- (ف - مذ) کھانسی -

سَرِقہ:- (ع - مذ) چوری - دوسرے کے مضمون یا کلام کو اپنے کلام میں شامل کر لینا - **سرقہ بالجبر** (مذ) زبردستی - چوری - ڈاکہ -

سَرکار:- (ف - مو) دربار شاہی - عدالت - ریاست - حکومت - حضور - جناب - شرفا اور امرا کا گھر (یہ سامان کس سرکار میں لے جاؤ گی) معشوق ؎ وزیر

باغ کو جائیے گا ابر سیہ مست اٹھا
پیش خیمہ تو روانہ ہوا سرکار کا آج

سرکار چمکنا - دربار کا پُر رونق ہونا - **سرکار دربار چڑھنا** - مقدمہ بازی کرنا - نالش کرنا - **سرکار دو عالم** - آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم - **سرکار دکھانا** - مقدمہ دائر کرنا - **سرکاری** - حاکم کا - حکومت کا - **سرکاری اسامی** (مو) گورنمنٹی ملازمت - **سرکاری اہل کار** - (بے اضا) گورنمنٹ کا ملازم - **سرکاری عملداری** - اسٹیٹ ایریا -

سَرکانا:- (ہ) کھسکانا - چھپا دینا - بے خبری میں دوسرے کا مال کسی کو دے دینا - کسی کام کی تاریخ آگے بڑھا بڑھا دینا - رشوت میں دینا (دو روپے سرکا دیے اور کام بن گیا)

سَرکس:- (مذ - انگ) ورزشوں اور زور آزمائیوں کے کرتبوں کا تماشہ -

سَرکلر:- (انگ - مذ) گشتی حکم - وہ حکم جس میں کسی امر کے متعلق کچھ ہدایتیں لکھ کر جابجا بھیجا جاتا ہے -

سَرکل:- (انگ - مذ) خاص حکموں کے نفاذ کا دائرہ - حلقہ خاص - حلقہ خیال - حلقہ اثر -

سَرکنڈا:- (ہ - مذ) نرکل نما پھونس کے اندر کی لکڑی جس ...

سَرکنا:- سرکانا کا لازم -

سِکَنجبین: (ف - مو) سکنجبین - لیموں کا شربت - سرکے کا شربت جو قوام سے بنایا گیا ہو ؎ ظفر

میری دوا تو شربت دیدار یار ہے
نسخے میں کیوں طبیب نے سکنجبین لکھی

سِرکہ: (ف - مو) وہ ترش ہو ارس جس کا خمیر اٹھایا گیا ہو - سرکہ پیشانی / جبین - بے دماغ - ترشرو - تیوری چڑھے ہوئے ؎ شعور

تمہاری سرکہ پیشانی سے وہ انت ہے کھٹے ہوئے
نہ جرأت پائی کچھ کہنے کی جب چین جبیں دیکھی

سِرکی: (ہ) تیلیوں کی ٹٹی جو بارش سے بچاؤ کے لیے استعمال کی جاتی ہے - سرکی بنانے کی پال -

سُرگ: (س - مذ) جنت - آسمان (ہندوؤں کا روزمرہ ہے) سرگباشی - جنت میں بسنے والا - مرحوم - سرگباشی ہونا - انتقال کرنا -

سَرگین: (ف - مذ) گوبر - حیوان کا فضلہ -

سَرما: (ف - مذ) سردی کا موسم - سردی - سرمائی - جڑاول - جاڑے کا -

سَرمد: (ع) ہمیشہ رہنے والا - اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام ؎

زہے عطا و زہے لطف خالق سرمد — اوج

سُرمہ: (ت - مذ) ایک قسم کا سیاہ چمک دار پتھر جس کو باریک پیس کر آنکھوں میں لگاتے ہیں - سُرمہ آلود - وہ آنکھیں جن میں سرمہ لگا ہو - سُرمۂ آواز - وہ چیز جو آواز بیٹھ جانے کا باعث ہو (سرمہ کھانے سے آواز بیٹھ جاتی ہے) ؎

تاریکی شب سرمۂ آواز تھی گویا — تسلیم

سرمہ بنانا - سرمہ تیار کرنا - بہت باریک کرنا - سرمہ بھری آنکھیں جن میں سرمہ لگا ہو - سرمہ پھیلنا - سرمے کا آنکھوں سے باہر نکل جانا - سرمۂ چشم - آنکھوں کی ٹھنڈک - بہت پیارا - بہت عزیز ؎

سرمۂ چشم عزیزاں نہ بنا میں سے چرخ
کیا بنا خاک غبار دل احباب بنا — ذوق

سرمہ دانی (مذ) سرمہ رکھنے کا چھوٹا برتن - سرمہ دانی (مو) - سرمہ در گلو - چپ - خاموش - سرمہ در گلو ہونا - خاموش ہونا - بول نہ سکنا - سرمۂ دنبالہ دار (بانسا) کوروں سے نکلا ہوا سرمہ - سرمہ دینا - سرمہ لگانا - سرمہ کھانا - سرمہ ڈالنا یا لگانا - سرمہ لگانا - سرمہ ڈھلکنا - سرمہ پھیل جانا - سرمہ سا - سرمہ کی طرح - سرمہ لگی آنکھ - سرمۂ سلیمانی - وہ جادو کا سرمہ جس کو لگانے والا سب کچھ دیکھ سکے - سرمہ کرنا - نہایت باریک پیسنا - سرمہ کھا بیٹھنا - خاموشی اختیار کر بیٹھنا -

سرمگین - سرمہ لگی ہوئی آنکھیں - سرمہ لگانا - آنکھوں میں سرمہ ڈالنا - سرمہ ہونا - نہایت باریک ہونا - سرمہ کی تحریر / دور - سرمہ کی لکیر جو آنکھوں کے اندر کھینچتے ہیں - سرمے کا قلم جس سے دو تحریر ہیں، دستانی کی ضرورت نہیں ہوتی - سرمئی - نیلا - سرخی لیے ہوئے رنگ -

سُرنا: (ف - مو) نفیری - سرنا - کوفی ہونا - گرزدہ - بھرپہ نکلنا - خارج ہونا -

سُرنگ: (ہ - مو) زمین کے نیچے کا بنایا ہوا راستہ - لگانا - گھوڑے کے ساتھ) ایک خاص قسم کا گولا جسے پانی میں دبا دیتے ہیں - جب دشمن وہاں سے گزرتا ہے تو گولا دباؤ سے پھٹ جاتا ہے - لال سُرخ - اچھے رنگ کا خوش رنگ (مذ) لال تیلیاں یا لاکھی رنگ کا گھوڑا - سرنگ اڑانا - زمین میں بارود بھر کر اسے شعلہ دکھانا - سرنگ گھوڑا - تیز دوڑنا - سرنگ لگانا - زمین کے نیچے کھود کر راستہ بنانا - نقب لگانا - خبر لگانا - اندر ہی اندر کھوج لگانا - جڑ کھودنا - دغا کرنا - سرنگیں بچھانا - زمین یا پانی میں پھٹنے والے گولے چھپانا - سرنگی - سرنگ لگانے والا - سراغ رساں -

سَرو: (ف - مذ) ایک سیدھے مخروطی خوشنما درخت کا نام جس پر نہ خزاں اثر کرتی ہے نہ بہار - سروِ آزاد (مذ) سرو کا درخت - سروِ بالا - سرو قامت - محبوب - سروِ چراغاں (مذ) ایک قسم کا روشنی کا جھاڑ جو سرو کے درخت کی مانند ہوتا ہے - سروِ نازنین - سروِ خراماں - سروِ رواں - محبوب - معشوق - سرو سہی (مذ) وہ سرو جس کی شاخیں نہایت سیدھی نکلی ہوں - یعنی معشوق - سیدھا قد - سرو قامت - خوب صورت اور لمبا جوان - سرو قد اٹھنا - سیدھا اٹھنا - تعظیم کے لیے اٹھنا - سروِ ناز (مذ) وہ سرو کا نیا پودا جس کی شاخیں ایک دوسرے کی طرف جھکی ہوں - مراد معشوق -

سَرواہا: (ہ - مذ) (مو - الف) انتظام - جو سرے سرے ا ہے -

سَرَوتا: (ا - مذ) چھالیہ ترنے - ڈلیاں کاٹنے کا اوزار - سروتی (مو) چھوٹا سروتا -

سَرود: (ف - مذ) گیت - نغمہ - راگ - ایک قسم کا باجا - سرود بستان یا دو یا میدان - مخاطب کو اس کے مطلب کی بات یا دو لا دینا جس میں وہ محو ہو کر رہ جائے - جو اس کا محبوب مشغلہ ہو -

سَرور: (ف - مذ) سردار - مرثیوں میں امام حسینؑ - سرورِ کائنات - آنحضرت صلعم -

سُرُور: (ف - مذ) خوشی - فرحت - لطف - انگیز نشہ - سرور جمنا یا گھٹنا یا ہونا - خمار ہونا -

نشہ ہونا - آنکھوں میں سُرخی جھلکنا -

سَرْوِس: (انگ - مو) ملازمت - نوکری - **سروش** (مذ) فرشتہ - غیبی سفیر - **سُروشِ غیب** (مذ) آسمانی آواز - ہاتف غیبی -

سَرُوہی: (ہ - مو) ایک مشہور قصبہ کا نام جو مارواڑ (بجارت) میں کوہ آبو کے پاس ہے - وہاں کی تلوار بہت اچھی اور سیدھی ہوتی ہے - فولاد کی سیدھی تلوار جس کی نوک دو دھاری ہوتی ہے -

سرہانا: (ہ - مذ) وہ رخ جس طرف تکیہ رکھ کر لیٹتے ہیں - ؎ آتش

عشق ہے آنکھوں کو تلووں سے مجھے ملنے کا
پائنتی یار کی ہو میرا سرہانا شب وصل

سَرہَنگ: (ف - مذ) فوج کا سردار - پہلوان - سپاہی - دلچلا -

سِری: (ہ - مو) ذبح کی ہوئی بکری وغیرہ کا سر - **سری پائے** - ذبح کئے ہوئے بکری وغیرہ کے سر اور پائے اور ان کا سالن - **سری کھیل** (ہ - مذ) ناریل - **سری ٹیک** - عاجزی - التماس کرنا - کشتی کا ایک پیچ جس میں سر ٹیک کر الٹے کھڑے ہو جاتے ہیں - **سری راگ** - ایک راگ - **سری صاف** - ایک قسم کی تن زیب - ململ -

سَرِی: (س - مذ) نیزے کا گز لوہے کا وہ ڈنڈا جس میں پیکان لگایا جاتا ہے ؎ ناسخ

لکھتا ہوں وصف مژگاں ، ترکش ہوا قلمدان
نوک قلم ہے پیکان ، نالے قلم سری ہے

سَرِیر: (ع - مذ) شاہی گدی - تخت - مسند - **سریر آرا** - تخت پر بیٹھنے والا بادشاہ

سُرِیش: (ف - مذ) ایک چیپ دار چیز کا نام -

سَرِیع: (ع) جلدی کرنے والا - تیز (مو) عروض کی ایک بحر کا نام - **سَرِیعُ التّاثیر** - جلد اثر کرنے والا - **سَرِیعُ الزّوال** - جلد زائل ہونے والا - **سریعُ الفہم** - جلد سمجھنے والا - **سریعُ الہضم** - جلد ہضم ہونے والا -

سُرِیلا: (ہ) خوش گلو -

سُرِین: (ف - مذ) چوتڑ - پٹھا -

سِیڑ: (ہ - مو) دیوانگی - باؤلاپن - **سِیڑا** - باؤلا کے ساتھ بولا جاتا ہے - **سِیڑا باؤلا** - دیوانہ - پاگل احمق - **سِیڑ بِلّا** - **سِیڑ بِلّا** - اول جلول - **سِیڑ پن** - **سِیڑ پنا** - دیوانہ - دیوانگی - خبط - **سِیڑ چھوٹنا** - **سِیڑ لگنا** - سودا اچھلنا - خبط ہونا - **سِیڑنا** - دیوانی - پاگل - **سِیڑی** - دیوانہ - پاگل - **سِیڑی سلطان** - دیوانہ اور مجنون ؎ جان صاحب

زرد جوڑا تم جو پہنو گی بنے گی زعفران
دم کرے گی ناک میں رنڈی سیڑی سلطان تو

سِیڑی ہے - پاگل بلطف پر ہے - **سِیڑن** - دیوانی

سَڑا: سڑاند والا - سڑا ہوا - **سڑانا** - خمیر اٹھانا - رکھ چھوڑنا - خراب کرنا - **سڑاند** (مو) بدبو - **سڑاند اٹھنا** - آنا - سڑنے کی بو آنا - **سڑاندا** - سڑا ہوا - بدبودار - **سَڑاسَڑ** - کوڑے یا چھڑی کے متواتر مارنے کی آواز - **سَڑاک** (مو) چابک مارنے کی آواز - **سڑاک سے** - جلد سے - تیزی سے - **سڑپ** -

سُڑَپ: (ہ - مو) کسی پتلی چیز کے پینے کی آواز - **سڑپا** لگانا یا مارنا - پتلی چیز کو جلد جلد پینا - چسکی مارنا - **سڑپنا** یا **سُڑپنا** - **سڑکنا** پینا - چسکنا - **سڑپ گیا** - چٹ کر گیا - **سُڑ سُڑ** - **سڑ سڑ** - حقہ پینے کی آواز - حقے کی آواز - **سُڑ سُڑی** - ایک چھوٹا سا حقہ

سَڑک: (ا - مو) عام راستہ - **سڑک بننا** - کسی چیز سے راستے کی تعمیر ہونا - **سڑک چھڑکنا** - سڑک پر پانی چھڑکنا - **سڑک کاٹنا** - سڑک نکالنا - **سڑک نکلنا** - نئی سڑک بننا -

سُڑکنا: (ہ) نگل جانا - ہپ کر جانا - ناک کی غلاظت سانس سے اوپر کی طرف کھینچنا - نس کو ناک میں رکھ کر کھینچنا -

سَڑنا: (ہ) خراب ہونا - بدبودار ہونا - خمیر اٹھنا -

سَڑیل: (ہ) گندا - میلا کچیلا - سڑاند - غلیظ - عیب دار - ہٹی -

سَزا: (ف - مو) برائی کا تنبیہ بدلہ - گوشمالی - جرمانہ - قید - **سزا پانا** - کئے کو بھگتنا - تاوان بھرنا - جیل جانا - **سزا دینا** - مارنا - پیٹنا - تاوان کرنا - جیل بھیجنا - **سزا ملنا** - پٹنا - جیل بھیجا جانا - جرمانہ ہونا - **سزاوار** - مناسب لائق - قابل - مبارک (یہ تجھ ہی کے سزاوار ہے) (مو) **سزاواری** - مستحق ہونا - قابل ہونا - سزا کے لائق ہونا - **سزایاب** - سزا پانے والا - **سزا یافتہ** - سزا پایا ہوا - **سزائے بدنی** - جسمانی سزا - زدوکوب - **سزائے تازیانہ** (مو) کوڑے کی سزا - **سزائے سنگین** (مو) سخت سزا - **سزائے قتل** یا موت - وہ سزا جس میں جان لی جائے یا پھانسی دی جائے

سَزاوَل: (ت) سرکاری روپیہ وصول کرنے والا - **سزاولی**

سفارش کی ہو (یہ امیدوار وزیر صاحب کا سفارشی ہے)
سفارشی ٹٹو - وہ آدمی جو بے ہنر ہو مگر سفارش سے مامور ہوا ہو۔
سفارشی چٹھی - وہ خط جس میں کسی سفارش کی گئی ہو۔

سَفّاک :- (ع) خونی - بے رحم۔ سَفّاکی (مو) بے رحمی
بے دردی - خونریزی۔

سِفال :- (ع - مو) ٹھیکری - مٹی کا برتن ؎ غالب

اور بازار سے لے آئے اگر ٹوٹ گیا
جامِ جم سے تو مرا جامِ سفال اچھا ہے

سَفاہت :- (ع) بے وقوفی - گدھا پن۔

سِفت :- (ف) موٹا کپڑا - سفت بھی ہو مفت بھی ہو بڑے پہننے کا بھی - مالِ مفت کے لیے عمدہ ہونے کی آرزو۔

سَفَر :- (ع - مذ) مسافرت - سیاحت - دنیا سے کوچ - سفرِ آخرت - موت ؎

شعور کچھ سفرِ آخرت میں کام آئے
دعائے خیر جو ممکن ہو یار لیتا جا

سفر اور سقر میں ایک نقطے کا فرق ہے - سفر بھی عذاب ہے۔ سفر خرچ (مذ) راستے کا خرچ - الاؤنس - سفر کردہ - تجربہ کار - جہاندیدہ - سفر کرنا - سیاحی کرنا - کوچ کرنا - مرنا - سفرنامہ (مذ) سفر کا روزنامچہ - کسی کے سفر کے قلمبند حالات - سفری - مسافر - سفر سے منسوب (جیسے سفری لباس)

سَفَردائی :- (ا - مذ) سپردائی - سازندے - طبلچی - ناچنے والی کے ساتھ طبلہ بجانے والے۔

سَفَرمینا :- (انگ - سیپرس اینڈ مائنرس کی تحریف - مذ) پلٹن کا وہ دستہ جو سرنگ لگانے اور کھودنے کے لیے مقرر کیا جاتا ہے۔

سُفرہ :- (ع - مذ) دسترخوان - توشہ دان (مقعد - عورتیں اب بھی سفرہ بچھ سینی اسی معنی میں بولتی ہیں)

سَفری :- (ا - مو) امرود۔

سَفک :- (ع) بہانا - سفکِ دم - خون بہانا ؎ تیر

میں جواں تو ہے درمیاں شمشیر ہے
سفکِ دم میں میرے اب کیا دیر ہے

سُفل :- (ع - مو) اچوک - گھوکھل (سنترے کا سُفل) سُفل دان (مذ) ایک برتن جو ہڈی وغیرہ کے لیے دسترخوان پر رکھا جاتا ہے۔

سِفلگی :- (ف - مو) کمینہ پن - اوچھا پن - سِفلہ - کمینہ - چھچھورا - سفلہ پرور (مذ) کمینوں کی پرورش کرنے والا - سفلہ پن - (مذ) کمینگی - ذلیل پن - سفلی - کم درجہ کا - ذلیل۔

سفلی جادو / سفلی عمل (مذ) وہ منتر یا جادو جس میں شیاطین یا روحانیاتِ ارضی سے (سوائے خدا کے) مدد طلب کی جائے۔

سِفنہ :- (ف - مذ) مچھلی یا گوہ کے پیسے اور چھلکے

سفوف :- (ع - مذ) پسی کٹی ہوئی دوا - چورن - پھنکی

سُفَید :- (ف) سپید - گورا - اجلا - گنجفے کی ایک رنگ کا نام ؎

جو کھیل میں لب و دنداں دکھائے گنجفے کے
سفید و سرخ کی بازی کو بھی غلام کرے — رشک

سفید پڑ جانا - خوف یا غم یا بیماری سے خون خشک ہو جانا۔ سفید پلکا - ایک قسم کا سفیدی مائل کبوتر - سفید پوش - اجلا رہنے والا - بھلا مانس - سفید کاغذ - وہ کاغذ جس پر کچھ لکھا ہوا نہ ہو - سفید کرنا - بہت صاف دھونا - اجالنا - تانبے کو سنکھیا کی مدد سے جوڑا بنانے کے لیے چاندی کی رنگت میں لانا۔ روپیہ (مجھے سو سفید دلواؤ) سفید مٹی - کھریا - چاک - سفید و سیاہ (مذ) نیکی - بدی - برائی - بھلائی - کل عالم - کل انتظامات کا اختیار ؎ مؤلف

دعوے پہ چشمِ شاہ کے پتلی گواہ ہے
قبضے میں آپ ہی کے سفید و سیاہ ہے

سفیدہ (مذ) پکے ہوئے جست کا پھول - ایک قسم کا آم - ایک قسم کا خربوزہ - سفیدا - سفید رنگ کا مسالا ؎ فصاحت

کھینچوں اک نقشہ علیؑ کے روضۂ پر نور کا
ہاتھ اگر آئے سفیدا خلد کے حور کا

سفید ہونا - خون نہ رہنا - خوف یا ڈر چھا جانا - بہت بوڑھا ہونا - سفیدی - سپیدی چٹاپن - انڈے کی سفیدی - قلعی - صبح کی روشنی - سفیدی آنا - بڑھاپا آنا - سفیدی پھرنا - مکان پر قلعی ہونا - سفیدی پھیرنا یا کرنا - دیواروں پر قلعی کرنا۔

سَفیر :- (ع - مذ) ایلچی - وکیل (دیکھو سفارت)

سَفینہ :- (ع - مذ) ناؤ - کشتی - نوٹ بک - یادداشت کی بیاض (علم سینہ و علم سفینہ یعنی یادداشت اور کتابی علم - اطلاعی حکم) سَفیہ : (ع) بے وقوف - احمق۔

سَقّا :- (ا - مذ) پانی لانے والا - پنہارا - بھشتی - سقائی کرنا - پانی پلانا - سقے کا پیشہ کرنا - سقے کی بادشاہی (مو) محاورہ - تھوڑے دن کی حکومت۔

سَقاوہ / سقابہ :- (ع - مذ) پانی کا خزانہ - چھوٹا سا حوض

سَقَر :- (ع - مذ) دوزخ - جہنم (ج - سقر مقر زادہ)

سَقَط :- (ع - مذ) چوپایہ کی موت (ہونا) سقطی نامہ وہ رجسٹر جس میں فوج کے مرے ہوئے گھوڑے درج کئے جاتے ہیں۔

سَقف :- (ع - مو) مکان کی چھت - سائبان - سقفِ مدار - آسمان۔

سُقم :- (ع - مذ) عیب - نقص - خرابی - سُقم نکالنا عیب نکالنا - سقیم - خراب - بیمار۔

سَقمُونیا :- (یو - مذ) ایک نہایت کڑوا گوند جو سبزی اور زردی مائل ہوتا ہے - محمودہ۔

سَقن یا سَقنی :- (ا) پانی بھرنے والی - پنیہاری - سقے کی جورو۔

سَقَنقُور :- (ع - مذ) ایک مچھلی جو گوہ سے مشابہ ہوتی ہے - ریگ ماہی۔

سُقُوط :- (ع - مذ) گر پڑنا - خطا کرنا - کسی حرف کا وزن یا بحر کے خلاف ہونا - بھول جاتی رہنا (سقوط اشتہا)

سقیفہ بندی :- الگ بستان بیہودہ مشورہ سے

حکم خدا سے حق ہے ادھر ہے جدھر علی
کیا غم سقیفہ بندی جم غفیرہ کا — رشک

سَکّا :- (ہ - مذ) کشتی کے پیچھے کی چوب۔

سَکارا :- (ہ - مذ) وہ فیس جو ہنڈی کی بابت دی جائے - سکارنا - ہنڈی کا روپیہ ادا کرنا۔

سُکّان :- (ع - مذ) ساکن کی جمع - باشندے - پتوار - کشتی کا دنبالہ۔

سَکَت :- (ہ - مو) دم - طاقت - قوت۔

سکتر :- (انگ - سکرٹری کی بگڑی) ناظم جماعت یا میونسپٹی وغیرہ کا سکرٹری۔

سکتہ :- (ع - مذ) ایک دماغی مرض جس میں مردہ کی طرح حس و حرکت نہیں رہتی - مرگی - مرض بے ہوشی - شعر کا ناموزوں ہونا - سکتہ پڑنا - شعر کا وزن ٹوٹنا - کسی حرف یا لفظ کا بحر سے جدا ہونا - سکتے ڈالنا - متعدی

چڑھا کے تیوری سکتے نہ ڈالیے حضرت
کہا جواب ہے مطلع تمہارے ابرو کا — بحر

سکتے کا عالم - بے خبر اور بے ہوشی کی نوبت - خاموشی کا عالم - سکتہ ہونا - غش آنا - حیرت ہونا - شعر کا کسی لفظ کی بیشی سے ناموزوں ہونا۔

سُکڑا :- (ا - مذ) خشک - سکڑا ہوا - سُکڑی (مو)

سُکر :- (ہ - مذ) ایک نہایت چمکدار ستارہ جمعہ - سُکروار جمعہ

سُکر :- (ہ) (مرکبات میں) دادا کا - سکردادا - سکرنانا (پردادا کے بھی باپ)

سُکر :- ع - مذ - بے ہوشی - نشہ - شراب کی مستی

سَکَرات :- (ع - مو) (جمع سکرۃ کی - مگر اردو میں واحد مستعمل ہے) موت کی سختی - جانکنی۔

سکرانت :- (س - مو) آفتاب کا ایک برج سے دوسرے برج میں جانا - سورج کا پھرنا - سنکرانت

سکر سُروا بولنا :- (ا) ٹھیک تلفظ ادا نہ کرنا - جاہل ہونا - گنوار ہونا۔

سکریٹری :- (انگ) ناظم جماعت - میونسپٹی وغیرہ کا ناظم - سکتر۔

سُکڑا :- (ہ) بھنچا اور سمٹا ہوا - خشک ہو کر جھریاں پڑا ہوا - سکڑ جانا - سکڑنا - کھچ کر سمٹ جانا - خشک ہو کر جھریاں پڑ جانا - دھل کر تنگ ہو جانا - جاڑے میں ٹھٹھرنا - ٹھٹھن پڑنا - سمٹے پڑنا

سکڑ سکڑ کرنا :- (ا) خرچ کرنے میں کنجوسی کرنا

سِکشا :- (ہ - مو) تعلیم - تربیت - نصیحت (ہندوؤں کا روزمرہ ہے)

سَکنا :- (ہ) تنہا مستعمل نہیں - مرکبات افعال میں استعمال ہوتا ہے - ممکن ہونا - امکان میں ہونا - طاقت میں ہونا - قابل و قادر ہونا - اختیار میں ہونا (کرسکنا، پڑھ سکنا، آ سکنا، کھا سکنا وغیرہ)

سِکنا :- (ہ) آگ پر سینکا جانا - پختہ ہونا - بھننا - تپنا (کب تک دھوپ میں بیٹھے رہیں گے) اکثر لوگ اسے سنکنا پڑھتے ہیں۔

سَکَنات :- (ع) افعال و حرکات کی مجموعی کیفیت (آپ کے حرکات و سکنات سے سب حال ظاہر ہو گیا)

سِکنجبین :- (ع - مو) لیموں کا شربت - سرکے کا شربت جو قوام میں پکا ہوا ہو - سکندر - خوش قسمت - سکندر ایک مشہور رومی بادشاہ کا نام جو عیسیٰ سے سو تین سو سال پہلے فوت ہوا۔ اس نے ہندوستان اور چین کا کچھ حصہ فتح کیا تھا۔ آئینہ اسی کی ایجاد ہے۔ سکندریہ (مذ) مصر کے ایک مشہور شہر کا نام جس کو سکندر رومی نے بسایا تھا - سکندری - گھوڑے کی ٹھوکر (کھانا) — نسیم

سمند چرخ گرا بار بار تھرا کے
قمر کا آئینہ توڑا سکندری کھا کے

سِکَنڈ :- (انگ - مذ) منٹ کا ساٹھواں حصہ۔ پل۔ لمحہ۔

سَکَنی :- (ا - مو) مکانات کی جائداد۔

سُکُوت :- (ع - مذ) خاموشی۔ چُپ۔ سکوت کرنا۔ خاموشی اختیار کرنا۔ چُپ ہونا۔ نیم راضی ہونا۔

سِکورہ :- (ا - مذ) مٹی کا چوڑا اور کسی قدر گہرا برتن۔ چھوٹے کو سکوری کہتے ہیں۔

سِکوڑنا :- (ہ) ہاتھ یا پاؤں سمیٹ لینا۔ اس کی جگہ سکیڑنا فصیح ہے۔

سُکُون :- (ع - مذ) آرام۔ ٹھہراؤ۔ آسودگی۔ حرف ساکن کی مقررہ علامت۔

سُکُونت :- (ع - مو) رہنے کی جگہ۔ قیام۔ سکونت پذیر ہونا۔ رہ پڑنا۔ بسنا۔

سِکھ :- گرو نانک کے پیرو۔ وہ قوم جو گرو نانک صاحب کو مانتی اور ان کے گرنتھ پر چلتی ہے اس قوم کے لوگوں کی داڑھیاں لمبی لمبی اور سر کے بال عورتوں کے سے ہوتے ہیں۔ سکھا شاہی۔ افراتفری۔ بدنظمی۔

سِکّہ :- (مذ) ڈھلا ہوا۔ دھات کا سرکاری نشان زدہ ٹکڑا۔ روپیہ پیسا وغیرہ۔ حکم۔ حکومت۔ تحکم۔ رعب وداب ؎ بحر

ہمارے داغ کا سکّہ ہے ہفت کشور میں
گڑا ہے عرش پہ جھنڈا ہمارے نالوں کا

سکہ بٹھانا۔ رعب وداب اور اثر قائم کرنا۔ سکہ بنانا۔ سکہ ڈھالنا۔ چوری سے سکہ بنانا۔ سکہ بیٹھنا۔ حکم جاری ہونا۔ دھاک بیٹھنا۔ سکہ چلانا۔ سکہ جاری کرنا۔ روپیہ چلانا۔ سکہ چہرہ شاہی (مذ) وہ روپیہ پیسہ جس پر بادشاہ کا چہرہ ہو۔ سکہ جالی (مذ) موجودہ سکہ۔ سکہ زن۔ سکہ ڈھالنے والا۔ سکہ قلب۔ جھوٹا سکہ۔ بناوٹی سکہ۔ سکہ لگانا۔ روپیہ پیسہ بنانا۔ سکّے پڑے ہونا۔ رعب اور اثر ہوتا ہے۔ ؎ شیر خدا کے نام کے سکّے پڑے ہوئے انیس

سُکھ :- (ہ - مذ) راحت۔ آرام۔ تندرستی۔ سکھ پانا۔ آرام پانا۔ چین سے رہنا۔ سکھ تلا۔ چمڑے کا وہ ٹکڑا جو جوتی کے اندر رکھتے ہیں۔ پا تابہ۔ سکھ دکھ۔ رنج وراحت۔ سکھ دکھ کا شریک۔ ہمدرد۔ سچا دوست۔ سکھ دیکھنا۔ آرام پانا۔ سکھ درشن۔ ایک بوٹی جس کا عرق کان میں ڈالتے ہیں۔ سکھ سے رہنا۔ آرام سے رہنا۔ سکھ کرنا۔ آرام کرنا۔ سونا۔ چین سے رہنا۔ سکھ نیند (مو) چین کی نیند۔ آرام کی نیند۔ سکھی۔ خوش۔ سکھیا۔ آرام سے رہنے والا۔ سکھی رہنا۔ آرام سے رہنا۔ خوش رہنا۔ سکھی رہو۔ (ہندو) بالاگن کا جواب۔

سُکھانا :- (ہ) خشک کرنا۔ بھائے رکھنا۔

سُکھلا

سِکھانا :- (ہ) تعلیم دینا۔ بستانا۔ بہکانا۔ سکھانا پڑھانا۔ بہکانا۔ بدگمان کرنا۔ سکھائے پوت دربار نہیں جاتے یا کچہری نہیں چڑھتے۔ دوسرے کے بھروسے کام ٹھیک نہیں ہوتا۔ سکھائے میں آنا۔ کسی کے کہنے میں آنا۔

سِکھلا

سُکھپال :- (ہ - مذ) پالکی۔ ڈولا۔ جس میں امیروں کی عورتیں سوار ہوتی ہیں۔

سَکھی :- (ہ - مو) مددگار سہیلی۔ ہیجڑا۔ سدا سہاگ فقیروں کا گروہ جو زنانہ لباس پہنتا ہے۔

سُکیڑ :- (ہ - مو) بچاؤ۔ کنجوسی۔ سکیڑ کرنا۔ بخل کرنا۔ کنجوسی کرنا۔ سکیڑنا۔ سکڑنا کا متعدی دیکھو سکڑنا۔

سَگ :- (ف - مذ) کُتا۔ سگ بازاری (مذ) عام کتا جو پالتو نہ ہو۔ ذلیل آدمی۔ سگ باش برادر خورد مباش۔ چھوٹے کو بہر حال بڑے کی تابعداری کرنی پڑتی ہے۔ سگ بان۔ کتے کا محافظ۔ سگ تازی (مذ) شکاری کتا جو عربی نسل سے ہو۔ سگ دُنیا۔ دُنیا کا طالب لالچی۔ سگ دیوانہ (مذ) باؤلا کتا۔ بھاڑ کھانے کو دوڑنے والا۔ سگ زرد برادر شغال۔ چور کا بھائی گرہ کٹ۔ جیسا ویسا۔

سَگا :- (ہ) ایک ماں باپ کا۔ حقیقی۔ سگا بھائی (مذ) حقیقی بھائی۔ سگی (مو) حقیقی۔ سگارت (مو) رشتہ ناطہ۔ اپنایت۔ سگاوٹ (مو) سگارت۔ رشتہ۔ یگانگی۔ سگائی (مو) منگنی۔ نسبت۔ سگائی کرنا۔ منگنی کرنا۔ رشتہ کرنا۔ سگائی ہونا۔ نسبت ہونا۔ سگوتر سگوترا۔ قریبی رشتہ دار ہم جدی۔ سگوتری (مو)

سِگار :- (انگ - مذ) چروٹ۔ بیڑی کی شکل سے ملتی جلتی چیز جو بڑی اور موٹی ہوتی ہے اور پی جاتی ہے۔

سِگنل :- (انگ - مذ) لوہے کے ستون میں نکلا ہوا تختہ۔ جو اسٹیشنوں کے قریب لگا رہتا ہے اس تختے کا گرا ہونا اس بات کی علامت ہے کہ ریل کو اسٹیشن پر آنے کی اجازت ہے۔ جب گرا ہوا نہ ہو تو ریل رک جاتی ہے اور اسٹیشن پر نہیں آتی۔

سُگھڑ :- (ہ) خوش سلیقہ۔ ہنرمند۔ تجربہ کار۔ سگھڑاپا (مذ) سگھڑپن۔ خوش سلیقگی۔ سگھڑپن یا سگھڑائی

(پہلا مذ دوسرا مو) دانائی۔ چترائی۔ حسن سلیقہ۔

سِل (ع۔ مو) مہلک مرض جس میں پھیپھڑوں کے زخم کے باعث خون آکر سوکھ کر آدمی مر جاتا ہے۔ مسالا پیسنے کا چوڑا پتھر۔ **سل بٹا** (مذ) مسالا پیسنے کا چوڑا پتھر اور اوپر سے گھسنے کا چھوٹا ٹکڑا۔

سَلاجیت (۵۔ مذ) پہاڑ کا بودار مادہ جو پتھر سے خود بخود ٹپکتا ہے۔

سِلاح (ع۔ مذ) لڑنے کے ہتھیار۔ **سلاح بند**۔ ہتھیار بند۔ مسلح۔ **سلاح خانہ** (مذ) ہتھیاروں کا کمرہ۔ میگزین۔ **سلاح ساز**۔ ہتھیار بنانے والا۔ **سلاح شور**۔ ہتھیار بند۔

سَلاخ (ا۔ مو) نخود ڈیڑھ بالشت بے کا پتلا گول ٹکڑا جو لمبا ہو۔

سُلا دینا (۵) جسم دبا کر۔ ہلا کر۔ تھپک تھپک کر آنکھیں بند کر سلانا۔ دفن کرنا۔ مار ڈالنا۔

سُلا رکھنا (۵) مار ڈالنا ے امیر

وہ نشہ بھری آنکھیں فتنہ ہیں کہ جادو ہیں
کتنوں کو لٹا رکھا کتنوں کو سُلا رکھا

سَلاسَت (ع۔ مو) روانی۔ نرمی۔ سادگی۔ کلام کا ثقیل لفظوں سے پاک ہونا۔ آسانی سے پڑھا جانا۔ سادگی۔ صفائی۔ **سلاست زبان** (مو) نرم گفتاری۔ زبان کی روانی اور سادگی۔ شیریں گفتاری۔

سَلاسِل (ع۔ مو) جمع سلسلہ کی گر اردو میں بجود مفرد مستعمل ہے۔ زنجیریں۔ بیڑیاں۔

سَلاطِین (ع۔ مذ) سلطان کی جمع۔ بہت سے بادشاہ۔ پہلے بادشاہوں کی اولاد۔ شاہزادگان کے بھائی بند۔

سَلام (ع۔ مذ) تسلیم کرنا۔ بندگی۔ کورنش (کہنا۔ کرنا) کے ساتھ) رخصت۔ خدا حافظ کی جگہ ے داغ

اے عشق رخصت اے ہوش و آرزو سلام

معاف رکھیے۔ بازآیا کی جگہ ے جان صاحب

لوں میں تو چیز فقط نستی لٹانے کے لیے
ایسے توڑے کو سلام آئے ہیں تو خوان عبث

نماز کا سلام۔ ناامیدی اور مایوسی کے موقع پر بھی آتا ہے ے

دریار ہو یا نہ ہو غرض کیا
اپنا تو سلام ہو چکا اب مصحفی

ایک قسم کی مدحیہ نظم جو غزل کے طرز پر ہوتی ہے اور جس میں معرکۂ کربلا اور شہدائے کربلا کے مضامین بیشتر ہوتے ہیں الزام دینے کے لیے بھی سلام کہتے ہیں ے مومن

بندگی کو ہم گئی آخر ہیں نہ کہتا تھا کیونکہ مرا
پنے کا سلام ے رشک

سلام لیتا ہے اس ٹھاٹھ سے وہ قاتل خلق
بے کلا بانکا کا جب جب سلام ہوتا ہے

وہ رقم جو دولھا کو سلامی میں دی جاتی ہے۔ **سلام پہنچنا**۔ سلام کا پیغام پہنچنا۔ **سلام پھیرنا**۔ نماز کو ختم کرتے وقت مقررہ طریقے سے سلام ادا کرنا۔ **سلام پیغام یا سلام پیغام**۔ رشتہ کی چھیڑ چھاڑ۔ بات چیت۔ **سلام روستائی بے غرض نیست**۔ غرض سے آیا اور کسی وجہ سے سلام کیا ہے۔ **سلام دینا**۔ سلام کہنا۔ رخصت کرنا۔ حاکم کا کسی ماتحت کو بلانا۔ (جانا) **سلام دو معنی** (مذ بلاؤ) اور بھی کسی تحفے کو قبول کرتے وقت لانے والے سے کہتے ہیں جس سے مراد شکریہ ہوتا ہے۔ دولھا کو سلامی کی رقم دینا۔ **سلام علیک** (مو) تسلیم۔ بندگی۔ ملاقات شناسائی (میری ان کی دور کی سلام علیک ہے) **سلام علیکم**۔ آنے یا جانے کے وقت مسلمان یہ الفاظ بولتے ہیں اور سننے والا وعلیکم السلام کہتا ہے۔ **سلام قبول ہونا**۔ دربار میں داخلے کی اجازت ملنا۔ **سلام کرائی** (مو) وہ رقم جو دولھا کو رخصت کرتے وقت دلھن کے رشتہ دار دیتے ہیں۔ **سلام کر (کے) چلنا**۔ ناراضگی سے رخصت ہونا۔ **سلام کرنا**۔ آداب بجالانا۔ سلام علیک کہنا۔ ماتھے پر ہاتھ رکھ کر تسلیم یا آداب کہنا۔ ترک کرنا۔ چھوڑ دینا ے

تھی۔ تاب ستم تو حضرت دل
عاشقی کو سلام کرنا تھا داغ

استادی۔ بڑائی۔ چالاکی وغیرہ کا قائل ہونا ے امیر

پردہ اٹھاتے جب وہ دیدار عام کرتے
آئینہ جو خبر کرتے تو ہم سلام کرتے

رخصت ہونا۔ خیرباد کہنا۔ الزام دینا ے جلیل

پیام ان کا جو آیا کہ ہم نہیں آتے
تو اٹھ کے درد جگر نے مجھے سلام کیا

سلام لینا۔ سلام قبول کرنا۔ **سلام ہونا**۔ ملاقات ہونا۔ سامنے ہونا۔ **سلام ہے**۔ معاف رکھیے۔

سَلامَت (ع) ہر ایک بلا سے بچا ہوا۔ ٹھیک۔ سالم۔ تندرست۔ **سلامت روی اختیار کرنا**۔ نیک چلن ہونا۔ اپنی حد سے بڑھ کر چلنا۔ اعتدال سے چلنا۔ **سلامت رہنا**۔ زندہ رہنا۔ تروتازہ و برقرار رہنا۔ **سلامتی** (مو) بچاؤ۔ خیریت۔ صحت۔ **سلامتی پڑھنا**۔ دعا۔ زندگی پڑھنا۔ **سلامتی ہے** (مو) تندرستی ہے۔ طنزاً۔ ماشاءاللہ کی جگہ اعتراض اور نکتہ چینی اور تنبیہ کے طور پر ے نسیم

بگڑے غم کو دیکھ کے تیور یہ طور ہیں
اب تو سلامتی سے زیادہ سے ہی اور ہیں

سلامتی کا جام پینا - جام صحت نوش کرنا -

سَلامی :- (۱) ہتھیاروں کو جھکا کر سلام کرنا - دلہن کے رشتہ داروں کا دولہا کو (رخصت کے وقت) نقدی دینا - یہ رسم بھی سلامی کہلاتی ہے - **سلامی** (اُتارنا) لینا - کسی بادشاہ یا حاکم کے لیے توپوں بندوقوں وغیرہ سے اظہار تعظیم کرنا -

سُلانا :- (ف) جسم دبا کر - ہلا کر یا تھپک تھپک کر سُلا دینا - دفن کرنا - مار ڈالنا -

سِلائی :- (ا - مو) سلوانے کی اُجرت - سیون - ٹانکا -

سَلائی :- (ف - مو) سُرمہ لگانے کا اوزار اور پتلی سلاخ - پیشاب لانے کا ایک آلہ جسے عضو تناسل کے سوراخ میں گھسیڑتے ہیں - گوٹا بُننے کا کانٹا - **سلائی پھیرنا** - گرم سلائی سے اندھا کرنا - آنکھیں پھوڑنا - زخم کو صاف کرنے کے لیے سلائی پھیرنا - **سلائیاں پھیرنا** - اندھا کرنا -

سَلب :- (ع) چھین لینا (سلب اختیارات) جذب کرنا - (سلب مرض کرنا)

سِلپٹ :- (ا) ہموار - گھسا ہوا - نپٹ اندھا - وہ سکہ جس کے نقوش مٹ گئے ہوں -

سِلپچی :- (ترکی سے ماخوذ - مو) چلمچی -

سُلٹنا :- (ا) سلجھنا - نپٹنا - باہم طے کرنا

سُلجھا/سُلجھایا :- (ا) تجربہ کار - خراٹ - پختہ - جو الجھا ہوا نہ ہو

سُلجھانا :- حل کر لینا - باریک اور پیچیدہ مسائل کا فیصلہ کرنا - توضیح کرنا - پیچیدہ معاملہ طے کرنا - **سُلجھنا** حل ہونا - آسان ہونا - مقدمہ فیصلہ ہونا - **سُلجھی ہوئی بات** صاف اور واضح بات

سِلَح :- (ع - مذ) ہتھیار - **سلح پوش** - ہتھیار بند - ہتھیار سے آراستہ - **سلح خانہ** - میگزین - ہتھیاروں کا کمرہ -

سَلخ :- (ف - مو) چاند رات - قمری مہینے کا آخری دن - **سَلَس البول** ایک مرض ہے جس میں پیشاب بار بار اور قطرہ قطرہ آتا ہے - چنک پیشاب

سَلسَلانا :- (ا) نرم نرم کھجلی ہونا (جیسے ہتھیلی کا سلسلانا پھوڑے کا سلسلانا) گدگدی ہونا - کیڑے کا پیٹ کے بل چلنا - خفیف پسینہ آنا - بھیگی ہوئی خشک چیزوں کی تری نکل کر ٹپکنا شروع ہونا - عفونت - **سلسلاہٹ** (مو) سلسلی - سرسری

سِلسِلہ :- (ع - مذ) زنجیر - قطار - خاندان - شجرہ - ترتیب تعلق - واسطہ - دوستی کا سلسلہ - ملازمت - (جیسے اس محکمے سے خزانے سے میرا سلسلہ ہو گیا ہے) **سلسلہ بندی** (مو) صف بندی - قطار بندی - **سلسلہ جاری کرنا** - کسی کام کو ہمیشہ کے لیے شروع کرنا - **سلسلہ جاری ہونا** - کسی کام کا متواتر یا لگاتار ہونا - **سلسلہ جنبانی** - تحریک - **سلسلہ چلنا** - نسل چلنا - کسی بات کا تسلسل ہوتے رہنا - **سلسلہ وار** - ترتیب وار - درجہ وار - **سلسلہ ہونا** - ربط ضبط ہونا -

سُلطان :- (مذ) بادشاہ - راجہ - شاہزادہ - **سلطانہ** (مو) ملکہ - رانی - شہزادی - **سلطانی** بادشاہی - گورنمنٹ - **سلطانی بانات** - ایک قسم کی قیمتی رومی بانات - **سلطانی بلبل** - سیاہ چوٹی اور سرخی مائل پروں کی بلبل - **سلطنت** (مو) راج - بادشاہی - عملداری - **سلطنت بیٹھنا** - عملداری ہونا (رج - تم لوگ اپنی جانیں لے کر نکل جاؤ - جب سلطنت بیٹھے گی دیکھا جاوے گا) (بنات النعش) **سلطنت متحدہ** امریکہ کے وہ صوبے جن کو جنگل کاٹ کر آبادی کے بعد مرکز سے ملایا گیا - **سلطنت جمہوری** (مو) قوم کی حکومت - **سلطنت شخصی** وہ حکومت جس میں بادشاہ خود مختار اور آزاد ہو - **سلطان جی** - نظام الدین اولیا کا مزار دہلی

سَلَف :- (ع) اگلے زمانے والے - گذشتہ بزرگ - آباؤ اجداد - **سلف سے** - پہلے سے - پچھلے لوگوں سے -

سُلَف :- (ا - مذ) تابع سودا - یہ لفظ تنہا نہیں بولا جاتا صرف "سودا" کے ساتھ بولتے ہیں - سودا سلف -

سُلفا :- (ا - مذ) بھر بھرا کر کے چلم میں بھرا ہوا تمباکو - چرس - بغیر توے کے بھری ہوئی چلم - **سلفا اڑانا** - سلفا بھر کے پینا - خاک سیاہ کر دینا - چرس پینا - **سلفا کر ڈالنا** - راکھ کر دینا - اڑا دینا - خرچ کر دینا - راکھ کرنا - **سلفا ہونا** - جل کر خاک ہونا - برباد ہونا - مرنا -

سِلفچی :- (ت - مو) چلمچی - ہاتھ دھونے کا برتن -

سِلک :- (ع - مو) ہار - موتیوں کی لڑی - رشتہ - دھاگا - رشتہ مروارید - ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ پرونا - نظم - سلسلہ - قطار - ایک مشہور ریشمی کپڑا -

سَلَگ :- (ف) لگاتار - برابر - (ایک سلگ دھجی اُتار دو - پورا کامل - سالم -

سُلگانا :- (ف) آگ روشن کرنا - آگ جلانا - بنائے فساد ڈالنا - حقے کو پی کر اس قابل کرنا کہ دھواں نکلنے لگے - **سلگنا** - جلنا - دھواں نکلنا - غم یا غصہ میں اندر ہی اندر بھسم ہونا - رشک حسد ہونا - حقے کا دھواں نکلنا (دیکھیے قلیاں کش)

سَلَم :- (ع - مو) کسی چیز کی پیشگی قیمت دے دینی تاکہ تیار ہونے پر وہ جنس لے لیں۔ جیسے زمینداروں کو غلہ پر پیشگی قیمت دے۔ اردو میں لفظ تنہا مستعمل نہیں۔ صرف بیع سلم بولتے ہیں۔

سَلما :- (ا) سونے یا چاندی کے ایک قسم کا چمکدار تار جو اکثر جوتیوں اور پوشاک میں ٹانکے جاتے ہیں۔ سلمے ستارے کی ٹوپی (مو) کامدار ٹوپی۔

سَلَّمنا :- (ع) اچھا ہم نے مان لیا۔ بفرض محال۔

سَلَّمہٗ :- (ع) اللہ اسے سلامت رکھے۔ پیار سے بزرگ خورد کے نام کے ساتھ دعائیہ جملہ سلمہ لکھتے ہیں۔

سِلنا :- (ہ) سیا جانا۔ سلائی۔ سینے کی اجرت یا انداز۔ سِلوانا۔ سلانا۔ ٹانکے لگوانا۔

سَلو :- (ہ - مذ) جوتی اور موزوں کی سلائی میں استعمال ہونے والا چمڑا۔ سَلو کی سلائی۔ چمڑے کی سلائی۔

سَلوانا :- (ہ) لکڑی میں دوسری لکڑی بٹھانے کے لیے سوراخ کرانا۔ جیسے پلنگ کے پائے سلوانا۔ سلوائی (مو) چھید یا سوراخ کرانے کی مزدوری۔

سَلوتری :- (ہ) گھوڑوں اور چوپایوں کا علاج کرنے والا۔

سِلوَٹ :- (ہ - مو) شکن۔ جھری۔ چنٹ۔ سلوٹ پڑنا۔ شکن پڑنا۔

سُلوک :- (ع - مذ) برتاؤ۔ عمل۔ رویہ۔ حق کی تلاش۔ بھلائی۔ نیکی۔ خیرخواہی۔ امداد۔ سلوک سے پیش آنا۔ محبت اور پیار سے پیش آنا۔ سلوک سے رہنا۔ اتفاق سے رہنا۔ مل کر رہنا۔ سلوک کرنا۔ خیرخواہی کرنا۔ نیکی کرنا۔ امداد کرنا۔ سلوک کرانا۔ صلح کرانا۔ ملاپ کرانا۔ دلوانا۔

سَلونا :- (ہ - مذ) نمکین۔ چٹ پٹا۔ گندمی۔ سَلونی (مو) نمکین۔ مزے دار۔ گندمی۔

سَلہج :- (ہ - مو) سالے کی بیوی۔

سِلہٹ :- (ہ - مو) ایک قسم کی نارنگی جو بنگال کے شہر سلہٹ میں پیدا ہوتی ہے۔

سِلی :- (ہ - مو) استرا وغیرہ تیز کرنے کا چھوٹا پتھر۔ دو پتھر کے پتھر کا تختہ۔ مرغابی کی قسم کا ایک آبی پرندہ

نہ سِلی نے تشنگی نہ سمرتاب ہے
تمام دن کے لو ہوئے سرخ آب ہے — میر

(بغیر تشدید) بھو سا لگا تالی۔

سِلیپر :- (انگ - مو) چپل۔ ہلکی جوتی جو گھروں میں پہنتے ہیں۔ وہ لکڑی جو ریل کی پٹری کے نیچے بچھاتے ہیں۔ پیسے کا آہنی حلقہ۔

سِلیٹ :- (انگ - مذ) پتھر کی تختی جس پر مسالے کے قلم سے لکھتے ہیں۔ **سَلیس** :- رواں۔ عام فہم۔ سیدھی سادی زبان جس میں ثقیل الفاظ نہ ہوں۔

سَلیقہ :- (ع - مذ) تہذیب۔ علم مجلس۔ تمیز۔ ہنر۔ لیاقت۔ سنجیدگی۔ سلیقہ دار۔ سلیقہ شعار۔ سلیقہ مند۔ تمیزدار۔ سنجیدہ۔ سلیقے کی گفتگو۔ تہذیب سے بات چیت (مو) سلیقۂ مجلس۔ اٹھنے بیٹھنے کا شریفانہ انداز۔

سَلیمو :- (ا - ولی) ہندو یا کا فرضی نام۔ شرتی۔ بدسلیقہ عورت۔ (ع سلیم بن سید ہے)

سَلیم :- (ع) ساده دل۔ حلیم۔ بردبار۔ صحیح جیسے عقل سلیم سلیم الطبع۔ نرم دل۔ نرم خو۔ دوراندیش۔ سیدھا سلیم شاہی۔ ایک قسم کی خوبصورت اور نازک جوتیاں۔

سُلیمان :- (ع - مذ) ایک مشہور پیغمبر کا نام۔ جن کے تابع پری اور جن تھے۔ سُلیمانی۔ ایک قسم کا دو رنگ سیاہ و سفید پتھر۔ ایک قسم کا نمک جسے سلیمانی نمک کہتے ہیں۔ ایک قسم کا شیشہ۔ ایک سرمہ جسے عملیوں کے کردار لگاتے ہیں اور اس سے ان کو کوئی نہیں دیکھتا مگر وہ سب کو دیکھتے ہیں۔ مخاطب آفاقی زیر

— اسیر

رگ جاں تک نظر آتی ہے وجاہت سے مانی
نقاہت سے ہوئے ہیں ہم کے مرے سینے تک

سَم :- (ہ - مذ) آواز۔ تال (ادھینے کے ساتھ)

— شاد

نہ چھٹنے میں بھی یہ ہے بس کی گرہ
زہر دینے کو یہ دیتا ستم رہا

(مذ) زہر قاتل۔ بس۔ سمّ الفار (مذ) چوہوں کا زہر۔ سنکھیا۔ زہریلا پتھر۔ سنبل کھار۔ سمّ قاتل۔ زہر قاتل۔ جلد کام تمام کرنے والا۔ سمّیت (مو) زہریلا پن۔ زہر کا اثر۔

سُم :- (ف - مذ) گھوڑے یا چوپائے کے کھر۔ سُم لینا۔ گھوڑے کا ٹھوکر لینا

—

وہ ادھر شاہ رہے اسے سمجھی دشت محبت کی
لوہم لیتا ہے مرکب جس زمیں پر کیا تا قدموں کا

سَما :- (ع - مذ) آسمان۔ سماوات۔ جمع۔ سماء سے تا بہ سمک۔ اوپر کے طبقہ سے نیچے کے طبقہ تک۔ سماوی۔ آسمانی۔ اوپری۔ غیبی۔

سَماج :- (ہ - مذ) گروہ۔ سبھا۔ تہذیب۔ معاشرہ۔

سَماجانا :- (ہ) پورا ہونا۔ کسی جگہ آجانا۔ اندر پہنچنا (تیر ہڈی میں سما گیا) گھر کرنا۔ مذ نظر ہونا۔

(آج دل میں کیا سما گئی ہے) رچنا۔ بسنا (جو سما جاتا) پسند آنا۔ (نظروں میں سما جانا)

سَماجَت :- (ع - مو) خوشامد۔ منت۔ چاپلوسی۔

سَماجی :- (ا) متعلق بہ سماج۔ سوشل

سَماچار :- (ھ - مذ) خبر۔ اطلاع۔ حالت۔ روایت۔

سِماع :- (ع - مذ) کانا سننا۔ محفل سماع۔ **سَماعت** :- (ع مو) شنوائی۔ سنوائی۔ سننے کی قوت سماعت کرنا۔ سننا۔ توجہ کرنا۔ کان لگانا۔ سماعت کے قابل۔ سننے کے لائق۔ وہ مقدمہ جو قانوناً کسی عدالت کی توجہ کے قابل اور اختیارات کے اندر ہو۔ سماعت میں فرق۔ گراں گوشی۔ بہراپن۔ سماعی۔ سنی سنائی۔ سنا ہوا۔ روایتی۔ وہ لفظ جو قاعدہ صرف کے تو خلاف مگر اہل زبان کے موافق ہو۔

سُماق :- (ف - مذ) ایک قسم کا پتھر جو زرجونا میں پیدا ہوتا ہے۔ چمک چمک۔ اس کے برتن میں دودھ گرم کرنے سے ابلتا ہی رہتا ہے۔ سماقی۔ آنکھوں الا بیچا کھا ہو کا

سَماں :- (ھ - مذ) زمانہ۔ وقت۔ منظر۔ ؎ میر حسن

عجب وقت ہے اور عجب ہے سماں
کرے دو گھڑی آکے مجرا یہاں

موقع۔ محل ؎ میر

مرے باعث اب شور و فغاں ہو
ابھی کیا جانیے یاں کیا سماں ہے

رُت۔ موسم۔ فصل (بسنت سماں) سال۔ برس۔ کیفیت۔ بہار۔ رونق ؎ امیر

خط میں کیا ہے سماں پسینے پر

تماشا۔ نظارہ۔ سیر۔ منظر۔ سماں باندھنا۔ رنگ جمانا۔ لطف پیدا کرنا۔ ہوبہو تصویر کھینچ دینا۔ سماں بدل جانا۔ کیفیت بدل جانا۔ سماں بندھنا۔ راگ یا ناچ کی کیفیت سے یا کلام کی تاثیر سے اہل محفل کا محو ہو جانا۔ رنگ جمنا۔ سماں چھانا۔ کسی کیفیت کو طاری ہونا۔ سماں دکھانا۔ عالم دکھانا ؎

نہا کے یار نے بالوں کو جب نچوڑا ہے
دکھا دیا ہے سماں موتیوں کے جھالوں کا ؎ بحر

سَمانا :- دیکھو سما جانا۔ سمائی (مو) گنجائش۔ بردباری۔

سَماوار :- (ف - مذ) وہ دھات کا گول ظرف جس کے بیچ میں چمنی ہوتی ہے اور چمنی کے چاروں طرف گول حلقے میں پانی بھرا رہتا ہے۔ نیچے آگ جلانے کا خانہ بنا ہوتا ہے۔ اس میں پانی گرم کرتے ہیں۔ سماور تیار ہونا۔ سماور بن جانا۔ سماور کے پانی کا کھولنے لگنا۔

سَمبت :- (ھ - مذ) ہندی سال جو راجہ بکرماجیت کا چلایا ہوا ہے اور چیت سے شروع ہوتا ہے۔

سَمبندھ :- (ھ - مذ) ہندوؤں کا روزمرہ۔ رشتہ۔ رسم۔ ناطہ۔ برادری۔ سمبندھی۔ سمدھی۔ رشتہ دار۔

سَمپُٹ :- (ھ - مذ) وہ برتن جس میں دوائیں رکھ کر اور منہ بند کر کے مہوس (کیمیاگر) نرم نرم آنچ پر رکھتے ہیں ؎ بحر

وہ مہوس ہوں جو بکھے رُخ بھی سمجھوں سیمیا
میرے سمپٹ سے کوئی پارے کا جو ہر اڑ گیا

سَمت :- (ع بالفتح - ھ - ا - بکسر - مو) جانب۔ طرف۔ رُخ۔

سِمٹ آنا :- (۱) اکٹھا ہو جانا۔ یکجا ہونا۔ سکڑ جانا۔ سمٹ جانا۔ سکڑ جانا۔ کم ہو جانا۔ اکٹھا ہونا۔ سمٹنا۔ اکٹھا ہونا۔ مرجانا۔ دست کش ہونا۔ سکڑنا۔ کام کا گر جانا۔ ترتیب میں آجانا۔ بس میں آجانا (اتنے دنوں کی محنت میں اب کام سمٹا ہے)

سِمٹی :- (ھ - مو) ایک قسم کا کپڑا جس کی بناوٹ کھیس کی سی ہوتی ہے۔

سَمجھ :- (ھ - مو) عقل۔ فہم۔ دانائی۔ بوجھ۔ سمجھ آنا لازم۔ ہوش سنبھالنا۔ بچہ کا بڑا ہونا۔ عقل آنا۔ آنکھیں کھلنا۔ سمجھ بوجھ کر۔ جان بوجھ کر۔ سوچ سمجھ کر۔ سمجھ بوجھ لینا۔ سمجھ لینا۔ حساب کتاب صاف کر لینا۔ سمجھ پر پتھر پڑیں۔ یہ سمجھ غارت ہو۔ کسی کی بے وقوفی پر بولتے ہیں۔ سمجھ دار۔ باہوش لڑکا۔ برے بھلے کو جاننے والا۔ عقلمند۔ سمجھ کا پھیر۔ ناسمجھی۔ سمجھ میں آنا۔ خیال میں آنا۔ سمجھنا۔ سمجھا اور رہوا۔ اس ضد کے لیے بولتے ہیں جو بات کسی طرح نہ سمجھے۔ سمجھانا۔ ذہن میں اتارنا۔ بتلانا۔ جتلانا۔ نصیحت کرنا۔ سمجھانا بجھانا۔ عقل دینا۔ اونچ نیچ بتانا۔

سَمجھنا :- (ھ لازم) جاننا۔ واقف ہونا (میں تمھاری باتیں خوب سمجھتا ہوں) ذہن میں کوئی بات لانا۔ خیال کرنا ؎ داغ

غم کریں عشق میں غم خوار دل و جاں سمجھا

سیکھنا۔ حاصل کرنا (مطلب استاد سے سمجھ) دل میں ٹھہرنا۔ قرار دینا۔ ٹھاننا ؎ امیر

بخشا مجھے خالق نے فرشتوں سے یہ کہہ کر
جرم اس نے کیے ہیں مجھے غفار سمجھ کر

ذہن نشین ہونا۔ ماننا تسلیم کرنا۔ قبول کرنا (ہم تھک گئے گر وہ کسی طرح نہیں سمجھتا) ہوشیار ہونا۔ مستعد ہونا۔ (سمجھ کے قدم رکھنا خطرناک ہے) سوچنا۔ فکر کرنا (سمجھ کر مطلب بتاؤ) معنی اور مطلب ذہن میں آنا (متعدی) بھگتنا۔ لینا (اس کے دام مرے ہاتھ سے سمجھ لینا) بدلا لینا (سے کے ساتھ) ؎

سمجھیں گے ہم بھی اس بت نا آشنا سے داغ
گر ایک بار اور خدا نے ملا دیا

مارنا۔ پیٹنا۔ باز پرس کرنا (اس کو آنے دو میں ایسا سمجھوں گا کہ عمر بھر یاد کرے) سمجھوتا: مذ آپس میں سمجھ کر کوئی فیصلہ اور تصفیہ۔ سمجھنے والے کی موت۔ عقل مند ہی کو تکلیف ہوتی ہے۔ طنزاً خبردار مانتا نہیں۔ سمجھے۔ خیال میں آیا۔ دیکھا۔ سوجھ آیا۔ سمجھے تو پتھر کا ہو جائے۔ دیکھو سمجھ اور پتھر ہوا۔ سمجھ والی۔ سمجھ دار۔

سمدھن: (ہ۔ مو) دولھا یا دلھن کی ماں۔ آپس میں ایک دوسرے کی سمدھن کہلاتے ہیں۔ سمدھی (مذ) دولھا یا دلھن کا باپ باہم سمدھی کہلاتے ہیں۔ سمدھیانہ (مذ) بیٹے یا بیٹی کی سسرال۔

سمرن: (ہ۔ مو) جوہر کی مالا۔ موتیوں کی مالا۔ ایک قسم کا بازو کا زیور۔ سمرن جپنا۔ مالا جپنا۔

سمع: (ع۔ مذ) گوش کان۔ سماعت۔ سمع خراشی (مو) دماغ چٹی۔ کان کھانا۔

سمک: (ع۔ مو) مچھلی۔ کرۂ زمین کا نچلا حصہ۔

سمن: (ف۔ مو) چنبیلی۔ سمن اندام۔ گورا چٹا آدمی معشوق۔ نازک بدن۔

سمن: (انگ۔ مذ) پروانۂ طلبی۔ طلبی کے لیے عدالت کا حکم نامہ۔ سمن جاری کرنا۔ قانون کے موافق طلب کرنا۔ سمن کی تعمیل (مو) سمن کا اس شخص کے پاس پہنچ جانا جس کی طلبی ہے۔

سمند: (ف۔ مذ) بادامی رنگ کا گھوڑا۔ گھوڑا۔ سمند اٹھانا۔ جولاں کرنا۔ گھوڑا تیز کرنا۔ سمند چمکانا۔ گھوڑے کو چھیڑنا۔ اچھالنا۔ سمند چھیڑنا۔ ایڑ دینا۔ سمند ناز کو اک اور تازیانہ ہوا۔ ناز و ادا کے لیے ایک اور بہانہ ہوا۔

سمندر: (ف۔ مذ) ایک آتشی چوہا جو آتش کدے میں پیدا ہوتا ہے۔ اور وہیں رہتا ہے اگر نکلے تو مر جائے ؎

رزق دونوں ہی کو پہنچاتا ہے وہ روزی رساں
آگ میں رہتی ہے ماہی اور سمندر آگ میں

[illegible] دریائے اعظم۔ ساگر جس میں بڑے بڑے جہاز چلتے ہیں۔ سمندر بلونا۔ نہایت تلاش و جستجو کرنا۔ سمندر بہانا۔ علمی نکتے بیان کرنا۔ سمندر پار اتارنا۔ کالے پانی بھیجنا۔ انگریزوں کے عہد کی ایک سزا۔ سمندر پھل (مذ) ایک قسم کا پھل۔ سمندر جھاگ (مذ) سمندر پھین۔ کف دریا جو کناروں پر جم کر خشک ہو جاتا ہے۔ سمندر سوکھ۔ ایک دوا۔ سمندر سوکھے کو دریا گیا۔ بچے سوئے دار کو چھوڑنے کا نتیجہ کیا حاصل۔

سمندر کھار (مذ) سنکھیا۔ ہڑتال۔ سمندر میں رہ کر مگرمچھ سے بیر۔ ایک جگہ رہ کر وہاں کے سربراہ سے مخالفت (نقصان دہ ہے) سمندری۔ سمندر سے متعلق (جیسے سمندری سفر۔ سمندری جنگ)

سمنک: (ہ۔ مو) گیہوں کی گری۔ پھوٹنے والا اناج۔ وہ اناج جس میں انکھوے نکل رہے ہوں۔

سموچا: (ا) کامل۔ تمام۔ سارا۔

سمور: (ف۔ مذ) لومڑی کی قسم کے ایک جانور کی نہایت قیمتی سرخ رنگ کی کھال جو کسی قدر سیاہی مائل ہوتی ہے۔ جس کو جوڑ کر پوستین بناتے ہیں۔

سموسا: (ا۔ مذ) ایک قسم کی تلی ہوئی تکونی شکل کی مشہور چیز۔ دوہرا کیا ہوا سہ گوشہ کپڑا۔ خشت۔ وہ خشت جو کلام پاک کی جلد کی چوڑائی کے آگے ورق کھلنے کی جانب لگا رہتا ہے۔ جسے قرآن پڑھنے کے بعد نشان کے طور پر اندر کی طرف موڑ دیتے ہیں۔

سموم: (ع۔ مو) گرم ہوا۔ زہریلی ہوا۔ نیز بضم اول سم بمعنی زہر کی جمع۔

سمونا: (ہ) ٹھنڈا اور گرم پانی ملانا۔ سمویا ہوا۔ نیم گرم۔ گنگنا۔ شیر گرم۔ دوغلا۔ جمع۔ مخلوط النسل۔

سمے: (ہ) وقت۔ موسم۔ سماں کی جمع۔

سمیت: (ا) ہمراہ۔ باہم۔ شامل۔ اکٹھا ؎

انتہا عشق حقیقی کی یہی ہے اے رشک
تم جہاں آئے ہو دیکھا ہے تمہیں باہمیت

سمیٹنا سمیٹی: (ا۔ مو) فراہم کرنا۔ دولت جمع کرنا۔ سمیٹ لینا۔ بیٹنا۔ فراہم کرنا۔ جمع کرنا۔ تنگ کرنا۔ سکیڑنا۔ سنبھالنا (جیسے دامن سمیٹ) انجام کو پہنچانا (جیسے سارا کام سمیٹ لیا)

سمیع: (ع) بہت سننے والا۔ اللہ تعالیٰ کا نام۔

سن: (ا۔ مذ) سنہ۔ سال ؎ علیٰ ہجر

کھلا یہ ہم سے سن مبعوث احمد کا

سَن (مو) ایک پودا۔ جُوٹ جس کی چھال سے رسّی بناتے ہیں اور بوریاں وغیرہ اسی کی سَستی سے تیار کی جاتی ہیں۔ کسی چیز کے زور سے نکل جانے کی آواز (سَن سے گولی نکل گئی) سَن سَن (مو) ہوا کی سنسناہٹ۔ تلوار چلنے کی آواز ؎ نفیس

سَن ہو گئے چلتی ہوئی سَن سَن جو ادھر آئی

سَن سے۔ جلدی سے۔ زنّاٹے سے۔ **سَن سے جی ہو جانا۔** سَن سے طبیعت ہونا۔ کسی بات سے روح کو صدمہ پہنچنا۔ سَن سے نکل جانا۔ جلدی سے نکل جانا۔ زنّاٹے سے نکل جانا۔ سنسناہٹ کی آواز کے ساتھ نکلنا۔

سِن: (ا۔ مذ) عمر۔ سال۔ عمر کی مقدار۔ سِنِ بلوغ یا بلوغت یا تمیز (مذ) جوانی کی عمر۔ سِن ڈھل جانا۔ شباب پر زوال آنا۔ سِن سے اتر جانا۔ سِن رسیدہ۔ بوڑھا۔ پیر۔ سِنِ رُشد (مذ) سمجھ داری آ جانے کی عمر۔ سِنِ شعور (مذ) سمجھ کی عمر۔ جوانی کی عمر۔ (جمع سنین)

سُن: (ہ۔ اسم صفت) بے حس و حرکت (بیٹھے بیٹھے پاؤں سُن ہو گئے) خاموش۔ چپ چاپ۔ حیران ؎ ناسخ

سُن پڑے رہتے ہیں بے یار اندھیرے میں ہم

سُن کرنا۔ بے حس و حرکت کرنا۔ جھٹکا مارنا۔ **سُن ہونا یا ہو جانا۔** بے حس و حرکت ہو جانا۔ ٹھٹھر جانا۔ متحیر ہو جانا۔

سُن: (ہ) کلمۂ تنبیہ (سُننا کا امر) دھمکانے اور خبردار کرنے کے لیے بولتے ہیں۔ اس معنی میں سُن۔ سُنو۔ سُنو جی تینوں طرح مستعمل ہے۔ سُن پانا۔ سُن لینا۔ واقف ہو جانا۔ کسی بات کا کان گو ہوش لینا۔ سُن پڑنا۔ سنائی دینا ؎ قدر کرتے ہیں مور سن پڑتا نہیں

سُن رکھنا۔ خبردار ہو جانا۔ سُن سُنا۔ سُن چکنا۔ سُن کے پی جانا۔ بُرائی بھلائی سن کے جواب نہ دینا۔ سُن گُن (مو) خفیہ خبر بھید۔ اڑتی خبر۔ ناقابلِ اعتبار خبر۔ در پردہ کسی کا راز سُننا۔ راز کی بات چھپ کر کہنا۔ سُن لینا۔ کان میں آواز پڑنا۔ قبول کرنا (خدا نے میری فریاد سن لی) سُنی اَن سُنی کر دینا۔ کسی بات کو سُن کر ٹال دینا۔ سُنا بیٹھنا۔ بُرا بھلا کہہ بیٹھنا۔ سُنا جاتا ہے۔ لوگ کہتے ہیں۔ شہرت ہے۔ سُنا دینا۔ کہہ دینا۔ مطلع کر دینا۔ سُنا سُنایا۔ سماعی۔ دوسروں سے سنا ہوا۔ سُنانا۔ کان میں ڈالنا۔ کہنا۔ آگاہ کرنا۔ جتانا۔ گالیاں دینا۔ بُرا بھلا کہنا ؎ داغ

کوئی پارسا جب الجھتا ہے کچھ سناتا ہے پیر مغاں صاف صاف

آواز کسنا۔ طعنہ دینا ؎ نظیر

جاتے ہیں طوائف کے تو جھٹے ہیں سنانے
کیا آئے ہو حضرت ہمیں قرآن پڑھانے

قرآن شریف لوگوں کے سامنے یا تراویح میں پڑھنا۔ کسی کے روبرو گانا۔ کسی کے روبرو شعر پڑھنا۔ سُنا نہیں جاتا۔ سُننے کی تاب نہیں ہے۔ سنائی پڑنا۔ سنائی دینا۔ سنسنانا۔

سُننا: کانوں سے آواز کو معلوم و محسوس کرنا۔ توجہ کرنا۔ فریاد کو پہنچنا۔ بُرا بھلا سننا۔ (ایک کہو گے دس سنو گے) مقدمے کی سماعت کرنا۔ کسی کا کہنا سننا۔ شعر سننا۔ ماننا ؎ واعظ وعظ کی مجلس میں آ ہیں تھا بہت

کچھ اگر ہوش میں ہوتا تمہاری سنتا

سننے کے ساتھ۔ سنتے ہی فوراً۔ سننے میں آنا۔ گوش گزار ہونا۔ سُنتی سُنائی خاک نہیں۔ بہت بے کہی۔ لاپروا ہے۔ سُنو تو سہی۔ ٹھہرو۔ صبر کرو۔ سُنی اَن سُنی کرنا۔ سُن کر ٹال دینا۔ سُنی سُنائی۔ یاد۔ ہوائی بات۔ سُنی سُنائی بات۔ سماعی بات۔ ناقابلِ اعتبار بات۔ افواہ۔ سنیے۔ سنو تعظیم کے موقع پر۔ کہا مانو ؎ امیر

سنیے مری نہ دیجیے بوسہ رقیب کو
ایسا نہ ہو اٹھے کہیں سیب ذقن میں داغ

سَنا: (ع۔ مو) ایک دوا کا نام جو اسہال کے لیے دیتے ہیں۔

سَنّاٹا: (ہ۔ مذ) ہوا یا بازوؤں کے چلنے کی آواز۔ ہوا یا بارش کی وحشت ناک آواز۔ پرندے کے زور سے اڑنے کی آواز۔ کوئی وحشت ناک سناٹا جس سے آدمی ڈر سے حیرت۔ سکتے کا عالم۔ ہو کا عالم۔ جگہ کا آدمیوں سے خالی ہونا۔ سناٹا آنا۔ ہکا بکا رہ جانا۔ ڈر جانا۔ غشی طاری ہو جانا۔ سناٹا بیٹھنا۔ چپ ہونا۔ سناٹا گذر جانا۔ حیران رہ جانا۔ خوف سے چپ۔ سناٹے سے برسنا۔ زور سے برسنا۔ موسلا دھار برسنا۔ سناٹے کی ہوا۔ زور کی ہوا۔ سناٹے میں آنا یا رہ جانا۔ حیران رہ جانا۔ سہم جانا۔

سُنار: (ہ) زرگر۔ زیور بنانے والا۔ سُنار کی کھٹائی اور درزی کے بند۔ (فرضی بہانہ) سُنار اور درزی وقت پر کام نہ کرنے کا عذر کرتے ہیں کہ کھٹائی تیار نہیں تھی یا کپڑے میں بند نہیں تھے۔ ویسے تیار رہے یہ سب عذر فرضی ہوتے ہیں) سُنار بچّا (مذ) وہ بازار جہاں سُنار بکثرت بیٹھتے ہوں۔ سُناری (مو) زرگر کی بیوی۔

سِنان: (ع۔ مو) بھالا۔ برچھی۔ تیر کی نوک۔

سُنانا: دیکھو سُن۔

سَنّانا: (ہ) بے فکر سونا۔ خرّاٹے لینا۔ سائیں سائیں کی آواز دینا۔ سُنائی یا سناونی (مو) موت کی خبر۔ سنائی آنا۔ مرنے کی خبر آنا۔ سنائی جانا۔ تعزیت

ماتم پرسی کے لیے جانا۔ سُنائی یا سُنوائی (مو) فریاد رسی پہنچی۔ دخل۔

سُنبُل: (ف۔ مذ) ایک خوشبودار بوٹا جس کی بالیں گندھی چوٹی کی طرح خوبصورت ہوتی ہیں۔ جٹاماسی۔ ایران کا ایک رنگین خوشبودار پھول۔ پر سیاوشاں۔ سنبل الطیب (مو) بالچھڑ۔ سُنبلہ (مذ) خوشہ۔ خوشۂ گندم یا جو وغیرہ۔ گیہوں یا جو کی بال۔ آسمان کا چھٹا برج۔

سَنبُوسہ: (ف۔ مذ) سموسا۔

سُنبہ: (ہ۔ مذ) سوراخ کرنے کا آلہ۔ توپ میں یا آتشبازی میں بارود ڈال کر اوپر سے ٹھوکنے اور بھرنے کی آواز

سَنبھالا: (ہ۔ مذ) وہ افاقہ جو مریض کو مرنے سے پیشتر ہوتا ہے۔ سنبھالا لینا۔ مرنے سے پہلے صحت کا ظاہر ہونا۔ سنبھالنا۔ تھامنا۔ روکنا۔ مدد کرنا (تم نے عزت پڑے سنبھال لی) نادرست چیز کو درست کرنا (بس کرو طبیعت کو سنبھالو) گرنے نہ دینا۔ قابو میں رکھنا (زبان سنبھالو) اٹھانا۔ سینہ زوری سنبھالو) مرض بڑھنے نہ دینا۔ قرض (تلوار سنبھالا) اٹھانا (وہ لکڑی سنبھال کر چلتا ہوا)۔ تھمنا (درد پیٹ سنبھالا) تم کرنا (گھر سنبھالنا)۔ سنبھالو (مذ) ایک درخت کا نام۔ سنبھل سنبھل کر بچ بچ کر۔ تکلف سے۔ ٹھہر ٹھہر کر۔ رکنے سے سنبھلنا یا سنبھل جانا۔ رکنا۔ گرنے سے بچنا۔ خبردار ہونا۔ افاقہ ہونا۔ راہ پر آ پہنچنا۔ چال چلن درست ہونا۔ پھسلنے گرنے سے بچنا۔ سستانا۔ اصلاح قبول کرنا۔ گھر سنبھلنا (بگڑی ہوئی چیز کو درست ہو جانا) برداشت ہونا۔ اٹھنا (بوجھ سنبھلنا) ہوشیار ہونا۔ مستعد ہونا۔

شعر: سنبھل کر ذرا نامۂ تیز دم

عبرت پکڑنا۔ تنبیہ ہونا۔ شعر۔ درد

دنیا سے چل چلاؤ کا رستہ سنبھل کے چل

بچنا۔ محفوظ ہونا۔ سنبھلنے دے۔ دم لینے دے۔ صبر کر۔ سنبھلنے نہ دینا۔ ہوش نہ لینے دینا۔ شکست دینا۔ سنبھلو ہوشیار و آمادہ ہو۔ سُن پانا۔ دیکھو سُن۔

سَپیرا: (ہ۔ مذ) سانپ پکڑنے والا۔ ایک قوم۔ سانپ کا تماشا کرنے والا۔

سَنت: (ہ۔ مذ) سادھو۔ جوگی۔ عابد۔ پرہیزگار۔ سنت آدمی ہے۔ سیدھا سادھا۔ بھولا بھالا آدمی۔

سُنّت: (ع۔ مذ) پیغمبروں کا طریقہ۔ وہ کام جس کو آنحضرت نے بلا تاکید حکم دیا یا کسی کو کرتے دیکھ کر منع نہیں فرمایا۔ پیغمبر صاحب کا قدم۔ سنت آبائی (مو) باپ دادا کی رسم۔ سنت کرنا۔ ختنہ کرنا۔ مسلمان کرنا۔ سنت ہونا۔ ختنہ کرنا۔ رسم ختنہ ادا ہونا۔

سَنتَرا یا سَنگتَرا: (ہ۔ مذ) نارنگی۔ ایک پھل جو نارنگی سے مشابہ ہوتا ہے۔

سَنتَری: (انگ۔ مذ) پہرہ دینے والا چوکیدار۔ سپاہی۔

سَنتوش: (ہ۔ مذ) اطمینان۔ دلجمعی۔ سنتوشی۔ صابر۔ مطمئن (ہندوؤں کا روز مرہ ہے)

سَنٹی: (ہ۔ مث) چھوٹی چھڑی۔ وہ چھڑی جس سے استاد سزا دیتے ہیں۔ پتلی شاخ۔ قمچی۔

سَنجاب: (ف۔ مذ) ایک جانور جو ترکستان میں ہوتا ہے اور اس کی نرم ریشم دار کھال سے پوستین بنتے ہیں۔

سَنجاف: (ف۔ مو) جھالر۔ لمبی اور آڑی گوٹ۔ سنجاف لگانا۔ گوٹ لگانا۔ حاشیہ لگانا۔ سنجافی۔ وہ کپڑا جس کے گرداگرد چوڑی گوٹ لگی ہو۔ کنارہ دار۔ سنجافی گنجا۔ وہ گنجا جس کے سر کے چاروں طرف بال رہ گئے ہوں اور بیچ میں سے سر گنجا ہو۔

سَنجوگ: (ہ۔ مذ) میل ملاپ۔ دوستی۔ ملاقات۔ دو چیزوں کا ملنا۔ قران السعدین۔

سَنجھلا: (ہ۔ مذ) منجھلے سے چھوٹا لڑکا۔ سنجھلی (مو) منجھلی سے چھوٹی لڑکی۔

سَنجیدگی: (ف۔ مو) متانت۔ بھاری بھرکم پن۔ سنجیدہ۔ متین۔ بھاری بھرکم شخص۔ مہذب۔ جانچ کر تخمینہ لگانے والا ہے۔ داغ

تیر جب بیٹھا مرے دل میں ترازو ہو گیا

اس سے یہ ثابت ہوا قاتل بہت سنجیدہ ہے

سِنچائی: (ہ۔ مو) کھیتی کو سینچنا۔ سینچنے کی اجرت۔

سَنَد: (ع۔ مو) نظیر۔ ثبوت۔ کاغذ۔ سرٹیفکٹ۔ توثیق۔ دستاویز۔ اجازت نامہ۔ معتمد و مستند۔ سند جاننا۔ اعتبار کرنا۔ صحیح جاننا۔ سند دینا۔ ثبوت دینا۔ نظیر دینا۔ سند پکڑنا (دلی) دلیل لینا۔ دینا۔ سند گردانا۔ سند ماننا۔ معتبر و مستند کرنا۔ مثال و نظیر میں پیش کرنا۔ سند کارگزاری (مو) کارگزاری خدمت و لیاقت کا سرٹیفکیٹ۔ سند لانا۔ مثال دینا۔ ثبوت پہنچانا۔ سند لیاقت یا فضیلت (مو) ہنر و لیاقت کا سرٹیفکیٹ۔ سند مانگنا۔ ثبوت چاہنا۔ سند معافی (مو) معافی کی جاگیر کا ثبوت۔ جاگیر کی معافی کا پروانہ۔ سند وراثت (مو) وارث تسلیم ہونے کا سرکاری ثبوت۔ سند یافتہ۔ پاس شدہ جس کے پاس کسی امر کا ثبوت ہو۔ چالچلن۔ سنداً۔ سند کے طور پر۔ نظیراً۔

سِندان: (ف۔ مو) لوہے کا وہ مربع ٹکڑا جس پر رکھ کر زرگر کوٹتے ہیں (ہندی میں نہائی اور فارسی میں زبر)

سُندر:- (ف) خوب صورت - حسین - خوش نما - سُندری (مو) خوب صورت عورت - ایک قسم کی لکڑی جس کے جہاز بنتے ہیں - ستار کا ایک پرزہ جس سے سُر ملاتے اور اُتار چڑھاؤ کرتے ہیں -

سَندلا:- (ف - مذ) ایک قسم کی پختہ کہگل جو کچی عمارتوں میں زمین پر کی جاتی ہے -

سَندلی:- (ف) لکڑی کی وہ چیز جس پر جوتے اور کپڑے رکھے جاتے ہیں ؎ ناسخ

کپڑے تمہارے میلے کسی نے جو رکھ دیے
صندل سی آج ہو گئی ہے سندلی میں بو

سِندھ:- (مذ) پاکستان کا ایک سابقہ صوبہ نیز ایک دریا - بھیرویں راگ کی ایک راگنی -

سَندھلی:- (ف - مو) ایک قسم کی سیڑھی جس میں چاروں طرف سے چڑھ سکتے ہیں - دیکھنے میں یہ میز کی طرح چوکور ہوتی ہے -

سَندِلیا:- (ف - مذ) پیغام - خبر -

سَنڈ:- (ف) موٹا - زور آور - ہٹا کٹا - توانا آدمی - تنہا استعمال نہیں - سنڈا - موٹا آدمی - قوی ہیکل - سنڈ منڈ بولتے ہیں - سنڈی منڈی (مو)

سَنڈاس:- (ف - مذ) پاخانہ جو اُونچی جگہ پر ہو اور نیچے صاف کیا جاتا ہو - موری -

سَنڈاسی:- (ف - مو) گرم لوہا پکڑنے کا آلہ -

سَنڈیکیٹ:- (انگ - مو) سر رشتہ تعلیم کی کمیٹی -

سَنسار:- (ف - مذ) دُنیا - جہان - جگت - عالم -

سُنسان:- (ف) ویران - اُجاڑ - غیر آباد - خوفناک - بھیانک - وہ جگہ جہاں اُداسی چھائی ہو - اور کہیں کوئی بولتا چالتا نہ ہو - سنسان پڑا رہنا - اُجاڑ اور غیر آباد رہنا - سنسان کرنا - ویران کرنا - سونا کرنا - سنسان ہونا - اُجاڑ ہونا - خالی ہونا -

سَنسکرت:- بھارت کے ہندوؤں کی قدیم زبان جسے وہ دیوتاؤں کی زبان مانتے ہیں - پاک زبان -

سَنسنانا:- (ف) سنسنانا - سن سن کرنا - ضعف یا خوف یا سستی کے باعث ایک خاص کیفیت ہاتھ پاؤں میں پیدا ہو جانا - خوف زدہ ہو جانا - سناٹے میں آ جانا - کسی چیز کا زناٹے سے گذر جانا - وہ آواز نکلنا جو مٹی کے کورے برتن میں پہلی دفعہ پانی ڈالنے سے نکلتی ہے - گوشت وغیرہ پکنے یا کھولنے سے پہلے کی آواز نکلنا - صفت - سَنسناہٹ (مو) سَنسنی (مو) خوف یا سناٹے میں آ جانے کی کیفیت - سنسنی چھوٹنا - ضعف کی کیفیت طاری ہونا - بدن میں سنسناہٹ ہونا -

سَنسی:- (ف - مو) گول حلقے کی شکل کا بھجنے دار کانٹا - جس کے دو پھل ہوتے ہیں اور اس سے گرم پتیلی کو پکڑ کر چولہے پر سے اتارتے ہیں - سنسی سے زبان کھینچنا - بدزبانی کی سخت سزا - تنبیہی کلمات -

سِنک:- (ف) رینٹ - ناک کی غلاظت - سنکنا - ناک سے غلاظت نکالنا - ناک کا اگلا حصہ انگوٹھے اور اس کے برابر کی انگلی سے کسی قدر دبا کر ناک سے سانس کو باہر کی طرف کھینچنا جس سے غلاظت نکل جائے -

سَنک:- (ف - مو) خبط - جنون - خفیف ہوا چلنا - سنک آنا - جنون اُچھلنا - سنک لینا - مجنونانہ کام کرنا - سنکنا - دھیمی دھیمی ہوا چلنا -

سَنکار دینا / نا:- (ا) آنکھ مارنا - اشارے سے کچھ کہنا - ؎ امانت

شاید چمن میں آتا ہے ہنستا ہوا وہ گل
سنکارتی ہے غنچوں کو باد بہار کچھ

اُکسانا - اُبھارنا - پیچھے لگا دینا -

سَنکانا:- (ف) سنکارنا ؎ قدر

نرگسوں نے یاد کو پھر آنکھ دی باد نے بادل کو سنکایا اُدھر

سَنکرانت:- (س - مو) سورج کے ایک برج سے دوسرے برج میں جانے کا دن - پہلی تاریخ ہندوؤں کا وہ تہوار جو ماگھ - بیساکھ اور ساون کی سنکرانت کو ہوتا ہے -

سَنکلپ:- (س - مذ) خیر خیرات - وقف (ہندوؤں کا روزمرہ) سنکلپ برت (مذ) وہ پُن جو برہمن کو کیا جائے -

سِنکنا:- (ف) آگ سے گرمی پہنچائی جانا - کسی کپڑے یا روئی کو دہکتی آگ سے گرم کر کے جسم پر رکھنا - سنکوانا متعدی ؎

درد دل روئی ہے نہ سنکوانا
آگ ہے اس طرف کے پہلو میں شرف

سِنکونا:- (انگ - مو) کونین کا درخت - دیسی کونین -

سَنکھ:- (س) ناقوس - نرسنگا - جسے ہندو دیوتاؤں کے سامنے بجاتے ہیں (پھنکنا پھونکنا - بجانا) سو کروڑ کی تعداد

سَنکھنی:- (ف - مو) عورت کی ایک قسم - جس کے بال لمبے - قد دراز - جسم چھریرا اور مزاج چڑچڑا ہوتا

سَنکھیا:- (ہ - مو) ایک زہریلا پتھر - سم الفار - ہر وہ چیز جو قاتل اور مضر ہو -

سَنگ :- (ہ) ساتھ -

سَنگ :- (ف - مذ) پتھر - بوجھ - وقار - وزن - گرانی - **سنگ آستان** (مذ) دہلیز کا پتھر - دروازہ کا پتھر - **سنگ اسود** (مذ) وہ سیاہ پتھر جو کعبے میں نصب ہے اور حج کے موقع پر مسلمان بوسہ دیتے ہیں - **سنگ آمد و سخت آمد** - بہت سخت اور بڑا کام یا وقت پڑا ہے یا دری آپڑی - **سنگ پشت** (ف - مذ) کچھوا - **سنگ تراش** - پتھر کاٹنے اور بنانے والا - **سنگ تراشی** (مو) پتھر تراشنے کا پیشہ - بت تراشی - **سنگ جراحت** (ف - مذ) سیل کھری - **سنگ خارا** (مذ) ایک قسم کا سخت نیلگوں پتھر - **سنگ دل** (ف - صفا) سخت دل والا - بے رحم - ظالم - **سنگ دانہ** (مذ) پرندہ کا پوٹا - **سنگ راہ** (مذ) وہ پتھر جو راستہ میں پڑا ہو اور آنے جانے والوں کو تکلیف دے - مانع - رکاوٹ - **سنگ ریزہ** - (مذ) کنکر - روڑی - بجری - پتھر کا چھوٹا سا ریزہ یا ٹکڑا - **سنگسار کرنا** - شرعی سزا - کسی کو پتھروں سے کام تمام کرنا - یہ سزا زانی مرد یا عورت کو دی جاتی ہے - **سنگساری** (مو) وہ سزا جو آدمی کو کمر تک گڑھے میں گاڑ کر پتھر مار کر دی جائے - سنگ باری - **سنگ ساز** (مذ) وہ شخص جو چھاپے کے پتھر پر ٹوٹے پھوٹے اور اڑے ہوئے حروف جیل چھال کرتا اور داغ دھبے مٹا کر اسے صاف کرتا ہے - **سنگ ستارہ** - ایک زرد پتھر جس کے اجزا ریت کی طرح چمکتے ہیں - **سنگ سرمہ** - سیاہ پتھر جس سے سرمہ بناتے ہیں - **سنگ سلیمانی** (مذ) وہ سیاہ و سفید پتھر جس کی دوریاں تسبیح ڈالتے ہیں - **سنگ سماق** (مذ) سخت پتھر - **سنگ سینہ** - گراں خاطر - دل کا بوجھ - **سنگ شجری** (مو) ایک قسم کا عقیق جس میں درختوں کے قدرتی نقش بنے ہوتے ہیں - **سنگ فلاں** - وہ پتھر جو بچے دیوانوں پر پھینکا کرتے ہیں - **سنگ فلاخن** - گوپھن کا پتھر - پرانے زمانے کا گولا جسے دشمن پر لے سے پھینکے میں رکھ کر پھینکتے تھے - **سنگلاخ** (مذ) پتھریلی زمین - دشوار - سخت ؎

زمین شعر جو ہر چند سنگلاخ شعور
قدم جو رکھتے ہیں مشاق چل نکلتے ہیں

سنگ لرزان (مذ) ایک قسم کا پتھر جو ہلانے سے لچک کر چیز دل کی طرح لرزتا ہے - **سنگ لوح** (مذ) قبر کا وہ پتھر جس پر مرنے کی طرف تاریخ وفات کھود کر لگاتے ہیں - تعویذ قبر - **سنگ ماہی** (مذ) وہ سخت و سفید پتھر جو مچھلی کے سر میں نکلتا ہے - **سنگ مثانہ** (مذ) پتھری جو آدمی کے پیشاب گاہ میں پیدا ہو جاتی ہے - **سنگ مرمر** (ف - مذ) سفید اور نہایت چکنا پتھر - **سنگ مزار** (ف - مذ) قبر کا تعویذ - **سنگ مقناطیس** (مذ) لوہا کھینچنے والا پتھر - **سنگ موسیٰ** - ایک سیاہ خوش نما چکنا پتھر - **سنگ یشب** (مذ) سبزی مائل قیمتی پتھر جسے گھس کر اکثر دل کے امراض میں پیتے ہیں - **سنگین** - پتھر کا بنا ہوا - پتھر کی عمارت - بھاری - مضبوط - سخت - دیرپا - **سنگین** (مو) ایک ہتھیار جو اکثر بندوق پر چڑھاتے ہیں - نیز (سنگین پکڑنا) **سنگین جرم** - سخت سزا کے قابل جرم - **سنگینی** - بھاری پن -

سِنگار :- (ہ - مذ) زیب و زینت - بناؤ - **سنگار دان** (ہ - ف - مذ) وہ ظرف جس میں عورتیں سامان آرائش سرمہ مسی وغیرہ رکھتی ہیں - **سنگار کرنا** - بناؤ کرنا - بننا سنورنا - **سنگار میز** وہ میز جس پر سامان آرائش رہتا ہے -

سَنگت :- (ہ - مو) زندگی کے ساتھ کے ساتھ رہے ؎

ادھر اور ادھر رکھے کاندھے پہ ہاتھ
چلی تا پتی کوئی سنگت کے ساتھ

میر حسن
سوز خواں اور گویے کے ساز و - ہم صحبت - ہم جنس (اچھی سنگت بری سنگت) **سنگتی** - رفیق - ساتھی

سَنگتَرہ:- (ہ - مذ) دیوار جو لڑائی کے وقت پر بطور مورچہ بناتے ہیں - کانٹوں کی باڑ جو حفاظت کے لیے لگائی جاتی ہے - دمدمہ - مورچہ - کھائی - خندق - **سنگترا** - سنترہ - بڑی اور میٹھی نارنگی -

سَنگرہنی :- (ہ - مو) بدہضمی - دستوں کا آنا -

سِنگل :- عوام اس طرح بولتے ہیں - دیکھو سنگل -

سَنگم :- (ہ - مذ) جہاں دو مختلف دریا ملیں -

سَنگوا دینا :- (ہ) اٹھا کر احتیاط سے رکھ دینا - **سنگوا لینا** - قابو میں کر لینا - مار رکھنا - **سنگوانا** - سنگوا دینا - سنگوا لینا -

سِنگوٹی :- (ہ - مو) وہ خول جو سینگوں پر خوب صورتی کے لیے چڑھاتے ہیں - نیز ہرن کا چھوٹا سا سینگ - ہرن کے سینگوں کا ہتھیار جس سے پٹے باز کھیلتے ہیں - حیوانات کے فروخت کرنے کا محصول -

سِنگوڑی :- (ہ - مو) وہ شام جو سینگ پر چڑھاتے ہیں -

سَنگھ :- (ہ - مذ) شیر - آسمان کا پانچواں برج - اسد

کے بیلوں کے ماتھے پر لٹکانے کو چاندی یا سونے کا ایک زیور۔ بہادر۔ سورما۔ سکھوں۔ چھتریوں۔ راجپوتوں کا عام خطاب۔

سِنگھاڑا:۔ (ہ۔ مذ) پانی کا ایک مشہور کانٹے دار پھل۔ تکونا بیٹا ہوا رومال **سنگھاڑا مچھلی** (مو) ایک قسم کی خاردار مچھلی۔

سِنگھاسَن:۔ (س۔ مذ) راج گدی۔ شاہی تخت۔ سنگھاسن پر بیٹھانا۔ گدی پر بٹھانا۔

سُنگھانا:۔ (ہ) کسی قسم کی خوشبو دوسرے کی ناک میں دینا۔

سَنگی:۔ (ہ۔ مو) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس میں سوت ملا ہوتا ہے۔ ساتھی

سَمُکھ:۔ (ہ) مقابل۔ روبرو۔ اب سِن جگہ سر مکھ بولتے ہیں۔

سُنَن:۔ (ع) سُنت کی جمع دیکھو سُنت۔

سُننا:۔ دیکھو سُن۔

سَنوار:۔ (ہ۔ مو) بگاڑ کی ضد۔ درستی۔ چھٹکارے

میری چھوچھو کو ہے علی کی سنوار
قہر ہے وہ اُسے نبی کی مار — رنگین

سنوارنا۔ ترتیب سے لگانا۔ اصلاح دینا۔ ترتیب سے لگانا۔ مہذب بنانا۔ آراستہ کرنا۔ زینت دینا۔ سُدھارنا۔ راہ پر لانا **سنورنا** سنوارنا کا لازم۔

سَنہ:۔ (مذ) دیکھو سن۔

سُنہرِی:۔ (ا) سونے کے رنگ کا زرد۔ طلائی رنگ۔

سَنی:۔ (ا۔ مو) باریک اور ملائم قسم کا سن جو گدوں میں بھرتے ہیں۔

سُنّی:۔ (ع) مسلمانوں کا وہ فرقہ جو حضور کے بعد حضرت ابوبکر، عمر، حضرت عثمان غنی اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو بالترتیب خلیفہ مانتا ہے۔

سَنیاس:۔ (ہ۔ مذ) فقیری۔ جوگ۔ قطع تعلق دنیا **سنیاسی**۔ دنیا سے الگ رہنے والا جوگی۔ فقیر۔ ہندو فقیروں کا ایک فرقہ۔

سَنیچر:۔ (ہ۔ مذ) ایک نہایت نحست رفتار اور منحوس ستارہ جسے زحل کہتے ہیں۔ جمعہ کے بعد کا دن شنبہ۔ نحوست ادبار۔ بدنصیبی۔ **سنیچر آنا**۔ نحوست آنا۔ بری گھڑی آنا **سنیچر اُترنا**۔ بدنصیبی دور ہونا **سنیچر سوار ہونا**۔ بہت برا چکر میں گرفتار ہونا **سِنین**۔ سن کی جمع۔ سال

سُو:۔ (ف۔ مو) سمت۔ جانب

سو:۔ (ہ) اُس کو اور وہ کی جگہ ع انشا

جو کچھ کہ عرض کی ہے سو کر دکھاؤں گا میں

اس لیے کیونکہ۔ کے معنی میں ؎

ہم جو کہتے تھے کہ نادان ہیں جو دل دیتے تھے
دیکھیں تو چھین لے دل ہم سے وہ کون ایسا ہے

؎ درد

سو اب اک مختی کے ہے زیر قدم سرا اپنا
سچ کہا ہے کہ بڑے بول کا سر نیچا ہے

کلام مابعد کو کلام سابق سے مربوط کرنے کے لیے کبھی جزا کی جزا میں ع داغ

یہ سب حضرت کی خوبی جو یہ کچھ ہیں سو حضرت ہیں

الگ کے ساتھ مل کر "سوالگ" مزید آں کے معنی دیتا ہے۔ سو۔ سونا کا فعل امر بھی ہے جو مختلف مصدروں کے ساتھ مل کر نئے معنی دیتا ہے (دیکھو سونا)

سَو:۔ (ہ) دس دہائیاں۔ ایک سیکڑا۔ **سو بات کی ایک بات**۔ تجربے کی بات۔ عمدہ بات۔ القصہ۔ خلاصہ۔ الحاصل۔ **سو باتیں سنانا**۔ گالیاں دینا۔ **سو بید نہ اک نوید** ہزار نصیحتیں ایک طرف اور ڈنڈا ایک طرف۔ **سو بیٹ نہ ایک لٹھیٹ**۔ لٹھ باز کے مقابلے میں پٹے باز کی حقیقت نہیں **سو بسوے**۔ ضرور بالضرور یقینا۔ **سو پچاس**۔ متعدد۔ چند **سو جان سے عاشق ہونا**۔ نہایت فریفتہ ہونا۔ مر مٹنا۔ **سو جان سے صدقے**۔ ہر طرح سے قربان۔ **سو جان سے قربان یا نثار ہونا**۔ اپنی جان کو سو سو بار وارنا۔ بہت زیادہ محبت کرنا **سو جتن کیے**۔ ہر چند تدبیریں کیں۔ لاکھ لاکھ مکر و فریب کیے **سو حیلے ہزار بہانے**۔ بے شمار تدبیریں کام نہ کرنے والے کے لیے ہر طرح انکار ممکن ہے **سو در ہے**۔ زیادتی غلط۔ **سو دن چور کی تو ایک دن ساہ کا**۔ جھوٹے کا جھوٹ۔ مکار کی مکاری ایک نہ ایک دن کھل کر رہتی ہے۔ **سو دو سو میں** بہت سے لوگوں میں۔ **سو دوا نہ ایک لوا**۔ لوے کا گوشت دوا سے بہتر ہے۔ **سو دوست سو دشمن**۔ عقلمند ہر حال میں ہوشیار رہتا ہے۔ غافل نہ رہو۔ **سو سنار کی ایک لوہار کی**۔ کمزور سو چوٹیں زبردست کی ایک چوٹ کے برابر بھی نہیں ہوتی۔ زبردست کی سینکڑوں کوششیں زبردست کے ایک اشارے سے بھی کم ہیں۔ **سو سنانا** بہت برا بھلا کہنا۔ **سو سو**۔ بہت بہت۔ بکثرت۔ نہایت

جاری رہنا۔ سوالات (مذ۔ جمع سوال) کی۔ سوالات تحریری (مذ) وہ لکھے ہوئے سوالات جن کا جواب لکھوا کر لیا جائے۔ سوالاتِ زبانی (مذ) وہ سوال جو زبانی معلوم کئے جائیں (زبانی امتحان)

سُوامی :- (مذ) (مفتوح اور اس کا تلفظ واؤ اور ہمزہ کے بین بین) آقا۔ شوہر۔ بادشاہ۔ گرو۔ پیر۔ جوگی۔ حضور۔

سُوانا :- (ہ۔ مذ) حد بندی کرنا۔ ___ سرحد۔ سوانا بندی کرنا

سَوانح :- (ع) تذکیر و تانیث میں اختلاف ہے۔ سانحہ کی جمع۔ سرگذشت۔ زندگی کا حال۔ سوانح عمری۔ کسی شخص کی زندگی کے حالات۔ تذکرہ۔ سوانح نگار۔ واقعات کا لکھنے والا۔ نامہ نگار۔

سُوانگ :- (ہ۔ مذ) سانگ دیکھیے۔ بہروپ ___ قلق

نیا ہولی میں دیکھا رنگ اب کی جور قاتل کا
لہو سے رنگ کھیلا اور نکالا سوانگ بسمل کا

سوائے :- حرف استثنا۔ علاوہ۔ بجز۔

سَوَبرڈ :- (ہ۔ مذ) میل کا سونا چاندی۔

سوبھا :- (ہ۔ مو) آرائش۔ آراستگی۔ زیب

سوپ :- (مذ۔ انگ) صابن۔

سُوپ :- (انگ۔ مذ) شوربا۔ یخنی (اُردو) اناج پھٹکنے کا چھاج۔ پانی سینچنے کا ٹوکرا۔ سُوپ تو سُوپ چھلنی کیا بولے جس میں بہتر چھید۔ کسی بے تعلق پست درجے والے کے دخل دیتے وقت بولتے ہیں۔ سوپ سی داڑھی۔ بڑی داڑھی جو لمبی ہو اور چوڑی بھی۔

سوت :- (ہ۔ مو) وہ پانی جو زمین سے اُبلے۔ پانی کا چشمہ نکلنے کی جگہ (پھوٹنا۔ نکلنا) سوت جاری ہونا۔ چشمہ جاری ہونا۔ سوت نکلنا۔ چشمہ جاری ہونا۔

سُوت :- (ہ۔ مذ) کچا دھاگا۔ معماروں کا ڈورا جس سے سیدھ دیکھتے ہیں۔ وہ خط جو شہتیر پر اس لیے بناتے ہیں کہ وہیں سے کاٹیں۔ رشتہ۔ وہ باریک آنکا جو اکثر بیل سے اُترنے والی ترکاریوں میں ہوتا ہے۔ وہ خط جو لسینیا پر ہوتا ہے۔ سُوت اٹیرنا۔ (اٹیرن پر سوت چڑھانا)۔ سُوت باندھنا۔ سیدھا خط ڈالنا۔ سیدھا باندھنا۔ سوت کی انٹی یوسف کی خریداری۔ جو معمولی زیادہ، و بساط تھوڑی۔ سوت کے بنولے ہو جانا۔ بنا بنایا کام بگڑ جانا۔ سوت نہ کپاس جلاہے سے لٹھم لٹھا جس امر کا سامان بھی نہ ہو اس کے متعلق خواہ مخواہ کی بحث۔

سَوت یا سَوتن :- (ہ۔ مو) سوکن۔ وہ بیوی جو پہلی بیوی پر لائی جائے۔ سوت بھلی سوتیلا بُرا۔ بہ نسبت سوکن کے اس کی اولاد زیادہ دشمن ہوتی ہے۔ سوتاپا مذ سوکنوں کی دشمنی۔ سوتاپا دینا۔ دشمنی کرنا۔ نقصان پہنچانا ___ جان

مجھے تو دینے کو سوتاپا لائے تھے باندی
ملاؤں خاک میں اس نوبہار کی صورت

سوتیاڈاہ (مو) سوتوں کا باہمی رشک و حسد۔ سوتیلا۔ سوت کا۔ سوکن کا بچہ۔ سوتیلی (مو) سوتیلا باپ (مذ) ماں کا دوسرا شوہر۔ سوتیلا بھائی مذ وہ بھائی جو اور ماں سے ہو بیتیائی۔ سوتیلا بیٹا۔ دوسرے شوہر یا دوسری بی بی کا بیٹا۔

سُوتنا :- (ہ) نچوڑنا۔ صاف کرنا۔ میان سے تلوار کھینچنا۔ ہاتھ کو کسی چیز پر اس طرح پھیرنا کہ ہاتھ اُوپر سے ہر بار نیچے آئے (پیٹ سوتنا) کلپ چڑھانا (مانجھا سوتنا) کسونا (شاخ کے پتے سُوتنا) چوسنا۔ جذب کرنا (پسینہ سوتنا)

سُتوان چہرہ :- کسی قدر نازک۔ خوب صورت لمبا چہرہ۔ ستوان ناک۔ پتلی کسی قدر لمبی ناک۔

___ بینی تری جوں الف عیاں ہے   رنگین
تو میری بھی ناک ستوان ہے

سوتی :- (ہ۔ مو) وہ چھوٹی شاخ یا کھالی جو کسی دریا سے پھوٹ کر نکلی ہو۔

سوتے :- (ہ) سوتی بھیڑیں جگانا۔ پُرانے جھگڑے تازہ کرنا۔ سوتے جاگتے۔ ہر وقت ہر حالت میں۔ سوتے جاگتے منہ دیکھنا۔ ہر وقت نظر رکھنا۔ سوتے فتنے جگانا۔ سوتی بھیڑیں جگانا۔ سوتے کا منہ کتا چاٹے بل کو کسی بات کی خبر نہیں ہوتی۔ سوتے لڑکے کا منہ چوما نہ ماں خوش نہ باپ خوش۔ بغیر اطلاع کے نیکی کرنا رائگاں ہے۔ سوتے مردے جگانا۔ قیامت برپا کرنا۔ شور و شر کرنا۔ ہنگامہ کرنا ___ مومن

گر خواب میں آن کر جگایا   سوتے مردے جگائیں گے ہم

سوتے نصیب جاگنا۔ اقبال یاور ہونا۔ بخت خفتہ بیدار ہونا

سُوٹ :- (انگ۔ مذ) جوڑا جس میں ایک ہی رنگ کا پتلون اور کوٹ ہو۔

سُوجا :- (ہ۔ مذ) بڑا سُوا جس سے بوری سیتے ہیں۔ برما۔

سُوجا پھولا :- (ہ۔ مذ) منہ پھلائے۔ خفا خفا۔ سوجی پھولی (مو) سُوج جانا۔ سُوج آنا۔ سوج کر پتا

ختم ہو جانا - بہت سوج جانا - بہت ورم آجانا - **سوجن** (مو) ورم - پھولن - **سوجن اترنا** - ورم کا کم ہونا - **سوجن چڑھنا** - ورم بڑھنا - **سوجن ہونا** - ورم ہونا - **سوجنا** - ورم ہونا - غصّے یا بدمزاجی سے منہ پھلائے رکھنا - **سوجنا پھولنا** - جسم کا سڑ کر سوج جانا - غصّے سے رنجیدہ ہونا -

سوجانا: دیکھو سونا -

سوجھ: (ہ - مو) سمجھ - نظر - **سوجھ بوجھ** (مو) عقل و فہم - دور اندیشی - **سوجھ پڑنا** - دکھائی دینا - سمجھ میں آنا - **سوجھا کرنا** - سمجھ میں آئی ہوئی بات پر عمل کرنا - **سوجھتا نہیں** دکھائی نہیں دیتا - سمجھ میں نہیں آتا - **سوجھنا** - نظر آنا - ذہن میں آنا - تیز ہونا - دھن ہونا - ع قدر

تم کو خوب سوجھا ہے آدم آج کل

آتا ہے معلوم ہوتا ع

تغیر اب سوجھتا ہے ہم کو وصل یار کا ہونا

مشغلہ ہوتا ہے امیر

یہاں تو ہے آنکھوں میں اندھیر بنیا وہاں ان کو سرمہ سی سوجھتی ہے

معلوم ہوتا ع امیر

بڑے کو بھی بھی بڑی سوجھتی ہے

فکر پڑنا - **سوجھی** - دھن پیدا ہوئی - جی میں خیال سمایا - نئی بات سمجھ میں آئی ہے مولف

شنائے شہ نجوں بخشش کی یہ تدبیر سجھی ہے

عجب تدبیر سوجھی ہے مری تقدیر بھی ہے

سوجی: (ہ - مو) رَوا - گیہوں کی گری جس کا حلوہ بنتا ہے -

سوچ: (ہ - مذ) فکر - اندیشہ - تردد - رنج و غم - غور - تذبذب - سوچنا - فکر ہونا ہے امیر

ذکر حشر آتا ہے قاتل تو یہ سوچ آتا ہے

ہائے اس روز مجھے کیسی ندامت ہوگی

سوچ بچار (مذ) سوچ سمجھ - دیکھ بھال - غور و فکر - **سوچ سانچ کے** - سوچ سمجھ کے - **سوچ سمجھ کے** - غور و فکر سے - ہوش و حواس سے - **سوچ کرنا** - فکر کرنا - غم کھانا - **سوچ لینا** - سمجھ لینا - فیصلہ کرنا - **سوچ مٹانا** - غم دور کرنا - **سوچ میں بیٹھنا** - خیال میں مصروف ہونا - دھن بندھنا - **سوچ میں رہنا** - فکر میں رہنا - کسی خیال میں محو رہنا - **سوچنا** - غور و فکر کرنا - خیال کرنا - دانست میں کرنا -

سوخت: (ف - مو) سوزش - جلن - جلا ہوا - (مذ) رد - **سوخت کرنا** - جلانا - ضبط کرنا - منسوخ کرنا - رد کرنا - **سوخت ہونا** - جلنا - ضبط ہونا - رد ہونا - **سوختگی** (مو) جلن - تکلیف - رنج - کلفت - **سوختنی** - جلنے کے قابل - جلانے کے لائق - **سوختہ** - جلا ہوا - جلا بھنا - اندوہگین - بدنصیب - **سوختہ** (لک) کوئلہ

سود: (ف - مذ) نقصان کی ضد - فائدہ - منافع - بہتری - بھلائی - ثمرہ - بیاج - **سود بٹا** (مذ) نفع نقصان (مہاجن) بیاج - **سود پر دینا** - بیاج پر روپیہ چلانا - **سود پر لینا** - بیاج پر روپیہ لینا - **سود خوار** - بیاج کھانے والا - **سود در سود** (مذ) بیاج پر بیاج - جب سود ادا نہ کیا جائے اور سود کی رقم اصل میں جمع کر کے میزان پر سود چلایا جائے - **سود کھانا** - بیاج پر روپیہ چلانا - **سود لگانا** - بیاج لگانا - **سود مند** - فائدہ مند - **سودی** - سود پر لیا ہوا -

سودا: (ع - مذ) چار خلطوں میں سے سیاہ خلط کا نام - جس کی زیادتی سے خون خراب ہو جاتا ہے - جنون - پاگل پن - (ف) خیال - دھن - خرید و فروخت - معاملت - **سودا اچھلنا** - جنون ہونا - **سودا بنانا یا کرنا** - بھاؤ ٹھہرانا - معاملہ طے کرنا - **سودا بننا** - **سودا ہو جانا** - **سودا پٹنا** - معاملہ طے ہو جانا - قیمت ٹھہرنا - **سودا پٹنا** - بھاؤ چکنا - نرخ ٹھہر جانا - معاملہ طے ہو جانا - **سودا ٹھہرنا** - نرخ طے ہو جانا - معاملہ پکا ہو جانا - **سودا خریدنا** - کوئی چیز خرید لانا - **سودا لانا** - کوئی چیز خرید کر لانا - **سودا سلف** - کھانے پینے کی چیز - بازار کا سامان - **سودا کرنا** - خرید و فروخت کرنا - قیمت ٹھہرانا - **سودا لینا** - کوئی چیز خریدنا - **سودا ہو جانا** - بھاؤ ٹھہر جانا - جنون ہو جانا - **سودا ہونا** - لین دین ہونا - خبط ہونا - دھن ہونا - کسی کی طرف دل لگنا - **سوداگر** - تاجر - بیوپاری - مہاجن - **سوداگر بچہ** - تاجر یا بیوپاری کا بیٹا یا بیٹی جو خود بھی تاجر ہو - **سوداگری** - بیوپار سے تعلق رکھنے والا - مہاجنی - تجارت کا کاروبار - **سوداگری کرنا** - تجارت کرنا - کاروبار کرنا - **سودائی** - دیوانہ - پاگل - بے وقوف آدمی - جسے دھن ہو - عاشق - **سودائی بنانا** - دیوانہ اور باولا بنانا - ٹکٹکے چھوڑنا - شیدا بنانا - **سودائے خام** (ف) غلط خیال ہے رشک

پختہ کاران عشق روئے زمیں تیرا سودائے خام رکھتے ہیں

سوداوی صفت - منسوب بہ خلط سودا - وہ آدمی جس کے مزاج میں خلط سودا بڑھی ہوئی ہو - **سودائی مزاج** (مذ) وہ شخص یا مزاج جس میں خلط سودا غالب ہو - جنونی -

سودہ: (ف) بُرادہ - سودۂ الماس - الماس تراشی کے ریزے -

سوڈا: (انگ - مذ) دھات کا کھار - سفید دھاتی مادے کا نام - **سوڈا واٹر** - وہ پانی جو کل کے ذریعہ سوڈے کی ملاوٹ سے تیار کیا جائے - **سوڈے کا جوش** - وقتی جوش - **سوڈے کی بوتلیں چلنا** - بہت سے آدمیوں کا ایک دوسرے کو سوڈے

کی بوٹیں مارنا - خطرناک فساد ہونا -

سُور: (ھ - مذ) بہادر آدمی - پہلوان آدمی - سُوربیر - بڑا بہادر سورما ہے ناسخ

گو محتسب آیا ہے مگر شیشے میں سرکش
ہوتی نہیں خم معرکے میں سُور کی گردن

سور ماچنا بھاڑ (کو) نہیں پھوڑتا - زور آور و عزت دار ضعیف و ذلیل کو دکھ نہیں دیتا -

سُوَر: (ھ - مذ) ایک مشہور ناپاک جانور - شریر - ایک گالی - کلمۂ غیظ و غضب - سور کے برابر ہے - حرام ہے - سُوَرنی - سور کا مو - نیز طنزاً بہت زیادہ بچے دینے والی عورت -

سُوراخ: (ف - مذ) چھید - روزن - مُنہ - پرنالہ - گھر (جیسے چوہے کا سُوراخ) سُوراخ دار - روزن دار - سُوراخ کرنا - بیندھنا - چھیدنا -

سُوَرت: (ع - مو) کلام مجید کے ایک سو چودہ حصّوں میں سے ہر حصّہ -

سُورت: ہندوستان کا ایک شہر جو بندرگاہ بھی ہے - سُورتی - سورت کا رہنے - تیز تمباکو (جس سے سُرتی بنا)

سُورٹھ: - (ھ - مو) ایک راگنی -

سُورج: (ھ - مذ) آفتاب - دھوپ - سُورج چھپنا - سُورج کا غروب ہونا - سُورج ڈوبتے یا ڈھلتے سُورج چھپتے وقت - سُورج ڈوبنا - سُورج کا چھپنا - شام ہونا - سُورج سنسار - دُنیا جہاں کہیں بھی آفتاب کی روشنی پہنچے - سُورج کو چراغ دکھانا - دانا کو دانائی کی بات بتانا - سُورج کی کرن مو سُورج کی چمک یا روشنی - سورج گرہن یا گہن (مذ) سُورج اور زمین کے درمیان چاند کے حائل ہو جانے سے سُورج کا بے نور نظر آنا - سُورج مکھی (مو) ایک قسم کے زرد رنگ کا پھول جو آفتاب کے ساتھ اپنا رُخ بدلتا جاتا ہے - ایک قسم کا پنکھا جو طاؤس کی کھلی ہوئی دُم سے مشابہ ہوتا ہے -

سُورما: - (ھ) دیکھیے سور -

سُورداس: (ھ - اسم) سارسوت برہمن ولد رام داس برہمن - دہلی کے موضع سیہی میں پندرہ سو چالیس کے لگ بھگ پیدا ہوا - نابینا تھا - تان سین کا معاصر کرشن چندر کی تعریف کے بھجن گاتا اور کہتا تھا - بڑا شاعر اور گویا - "مدھا" آفتاب پرست

سُورنجان: - (ع - مو) ایک دوا کا نام -

سُورَہ: - (ع - مذ) قرآن کی سورت - ۱۱۴ حصّوں میں سے ہر ایک حصّۂ قرآن -

سوز: - (ف - مذ) جلن - دُکھ - رنج - غم - ملامت - وہ اشعار جو مرثیہ خواں لے کے ساتھ پڑھتے ہیں - وہ چار یا چھ مصرعے جو مرثیہ خوان اپنی خواندگی کی ابتدا میں پڑھتے ہیں ؎

کچھ میں شاعر تو نہیں مصحفی ہوں مرثیہ خواں
سوز پڑھ پڑھ کے مجنوں کو رُلا جاتا ہوں

سوزش (مو) جلن - سوز خوان - لے میں گا کر مرثیہ پڑھنے والا - سوز خوانی مو مرثیہ خوانی سوز و گداز - رنج آمیز حالت -

سوزاک: - (ف) جس میں پیشاب کی نالی کے اندر زخم پڑ جاتا ہے اور بڑی تکلیف ہوتی ہے -

سوزن: - (ف - مو) سوئی - کپڑا سینے کا آلہ - سوزن زدہ - چھلنی کی مانند سوراخ دار - سوزنِ ساعت گھڑی کی سوئی ؎ شاد

پاؤں نے سوزنِ ساعت کی ہے پائی گردش

سوزن عیسیٰ - وہ سُوئی جو حضرت عیسیٰ کے دامن میں اُلجھی ہوئی فلک چہارم تک چلی گئی تھی - سوزن کاری (مو) سوئی کا کام - سوزنی مو ایک قسم کا سوئی سے پھول بیل بنایا ہوا بستر - اسی قسم کا ایک فرش - سوئی کا کام کیا ہوا امیرانہ لباس -

سُوس: - (ع - مو) مُلٹھی - اُردو میں تنہا استعمال نہیں کرتے - اصل السّوس - رُبُ السّوس بولتے ہیں - اصل السّوس - ملٹھی کی جڑ - رب السّوس - ملٹھی کا ست -

سوسائٹی: - (انگ - مو) سبھا - سماج - مجلس - صحبت - میل جول - انجمن (سُسائی ٹی)

سُوسمار: - (ف - مذ) گوہ - ایک مشہور جانور کا نام -

سَوسَن: - (ف - مو) ایک آسمانی رنگ کا پھول - اسے زبان سے تشبیہ دیتے ہیں - سوسنی - نیلگوں آسمانی -

سُوسُو کرنا: - جاڑا لگنا - جاڑے کے مارے کانپنا -

سُوسی: - (ھ - مو) رنگین - دھاریدار سوتی کپڑا -

سَوغات: - (ت - مو) وہ چیز جو سفر سے دوستوں کے لیے بطور ہدیہ لائیں - تحفہ - انوکھی چیز -

سُوفار: - (ف - مذ) سوئی کا ناکہ - تیر کی چٹکی - تیر کا وہ سوراخ جو تیر میں (جس طرف سے کمان میں رکھتے ہیں) اس جانب ہوتا ہے اور اسے چلاتے وقت چلّے میں اٹکا کر چھوڑتے ہیں ؎ قلق

یہ تمنا ہے لب جاں بخش ہو گر کوئی تیر، لوں میں اُس زخم سے بوسہ لبِ سوفار کا

سولی پر بھی نیند آتی ہے - نیند وہ بُری بلا ہے کہ جان جوکھوں کی جگہ پر بھی آئے بغیر نہیں رہتی - سولی پر چڑھانا - پھانسی دینا - سخت دُکھ دینا - سولی دینا - پھانسی دینا - سولی ہونا پھانسی ہونا - عذاب ہونا -

سُوم :- (ف) بخیل - کنجوس - تنگ دِل - سوم کے گھر میں کُتا پڑا جائے نہ جانے دے - بخیل کے ملازم نہ خود فائدہ اور نہ دوسروں کو اُٹھانے دیں (سوم کا کُتا جائے نہ جانے دے)

سُوم :- (ف) تیسرا - جس کا نمبر دو کے بعد ہو - مُردے کا تیجا - پھُول (سوم - عو - سوم - ف)

سوموار :- (ہ - مذ) پیر کا دن - دوشنبہ -

سونا :- (ہ - مذ) ایک نہایت قیمتی - وزنی سنہری دھات - زر طلا - اچھا - کثرت زیور - سونا اچھالتے چلے جاؤ - حُسن انتظام اور امن و امان ظاہر کرنے کے موقع پر بولا جاتا ہے - سونا جانے کسے آدمی جانے بسے - آزمائے بغیر کسی کی حقیقت سمجھ نہیں آتی - سونا جھونا (مذ) طلا - جھونا صرف سونا کے ساتھ تابع مہمل کے ساتھ بولا جاتا ہے - سونا چھوئے مٹی ہوتا ہے - نہایت بدبختی اور بداقبالی کی نسبت بولتے ہیں - سونا چاندی (مو) مال و دولت - روپیہ پیسہ - سونا کسنا - کسوٹی پر گھس کر سونے کا حال معلوم کرنا - سونا سگند - صاف کیا ہوا سونا - حسب نسب کا اچھا - گناہوں سے پاک صاف - سونا لے کے مٹی نہ دینا - نہایت ناو بند ہونا - ہاتھ کا جھوٹا ہونا - سونا مکھی - ایک قسم کا پتھر - ایک دوا - سونے جھونے میں لدا رہنا - بہت زیور پہننا - سونے سے گھڑائی مہنگی - دمڑی کی بڑھیا ٹکا سر منڈائی کا - سونے کا پانی (مذ) وہ پانی جس میں سونا گلایا گیا ہو - وہ پانی جس میں سونے سے بجھاؤ دیا گیا ہو - سونے کا طمع - سونے کا توڑا - زنجیر طلائی - سونے کا گھر مٹی ہو جانا - بنا بنایا گھر تباہ ہو جانا - سونے کا نوالہ (مذ) تر مال - روغن کھانا - تر لقمہ - سونے کا وَرق - سونے کے باریک باریک پتر جو دوائیوں میں پڑتے ہیں - سونے کی تول - بہت کھنچی ہوئی ناکم توک ناپ - سونے کی چڑیا (مو) مالدار - دولت مند - قیمتی چیز - دَولت - سونے کی چڑیا ہاتھ آنا - مال دار کا قابو میں آنا - سونے کی چڑیا ہاتھ سے نکل جانا - عمدہ کام کا بگڑ جانا - کسی امیر کا قابو سے نکل جانا - آئی مراد کا جاتے رہنا - سونے کی کٹاری کوئی پیٹ میں نہیں مارتا - لالچ کے لیے جان نہیں دیتے - سونے کے بھاؤ - بہت گراں - سونے کے برابر / مول - قیمتی - سونے کے سہرے بیاہ ہو - دُعا - بڑے گھر میں شادی ہو - سونے کے کانٹے میں تولنا - بہت کم وزن ہونا - بہت پسند ہونا - سونے کی مار دینا - روپے سے رام کرنا -

سونے کے محل اُٹھانا / کھڑے کرنا - بہت روپیہ ہونا - سونے میں پیلی موتیوں میں سفید - بہت زیور پہنے ہوئے - سونے میں سُہاگہ - ایک خوبی میں دوسری خوبی - زینت اور جلا کا باعث -

سونا :- (ہ) جاگنے کی ضد - آرام کرنا - قیلولہ کرنا - ہم بستر ہونا - ہاتھ یا پاؤں کا سُن ہو جانا - سونا حرام کرنا - نیند اُڑا دینا - سونا حرام ہونا - لازم - سو اُٹھ کے مُنہ دیکھنا - صبح کو اُٹھ کر پہلے پہل کسی کا مُنہ دیکھنا - مبارک اور سوم کا مُنہ دیکھنا منحوس خیال کیا جاتا ہے - سو اُٹھنا - جاگ پڑنا - سو کر اُٹھنا - سو جانا - نیند آجانا - سُن ہو جانا - خون کی حرکت بند ہو جانا ؎ آتش

سوئے مقصود سے یوں رکھتی ہے غفلت مجھے دُور
جیسے سو جانے سے ہو جاتے ہیں بیکار قدم

سو رہنا - سونا - سویا اور چوکا - غافل ہوا اور نقصان اُٹھایا - سویا ہوا نصیب - بخت خفتہ -

سُونا :- (ہ - مذ) خالی - اُجڑا ہوا - سنسان - غیر محفوظ - ویران - سُونی (مو) سُونا گھر بھڑوں کا راج - جب لائق نہیں رہتے تو ناا ہلوں کی بن آتی ہے - سُونا ہو جانا - بے رونق ہو جانا - ویران ہو جانا -

سَونپنا :- (ہ) سپرد کرنا - چارج دینا - امانتہ رکھنا - مُردے کو ایک مدت معینہ کے لیے محفوظ رکھنا -

سونٹا :- (ہ - مذ) مارنے کی لکڑی - ڈنڈا - کوڑا - سونٹا ہاتھ - (مذ) عورتوں کے خالی ہاتھ جن میں چوڑیاں وغیرہ نہ ہوں - سونٹے بردار (مذ) چوبدار - سونٹے پڑنا - ڈنڈوں سے پٹنا - لاٹھیاں پڑنا -

سونٹھ :- (ہ - مو) سُوکھی ادرک - سونٹھ بسانا - حاملہ کے کھانے کا کوئی سامان لینا - سونٹھ پنجیری (مو) زچہ کی ایک عُمدہ خوراک - سونٹھ کی ناس لینا یا سونٹھ کے لڈو کھانا - گھنی سادھنا - برداشت کرنا - چپ سادھنا - سونٹھ ہو رہنا - چُپ ہو جانا - سونٹھیا - بخیل - سونٹھیا صراف - (مذ) طنزاً - بڑا بھاری مہاجن - قابل اعتبار ساہوکار -

سوندھا :- (ہ) کوری مٹی یا کورے برتن کی سی خوشبو والا - آگ کے اندر بھنا ہوا پھل - ایک مرکب خوشبو کا مسالا جس سے بال دھوتے ہیں - سوندھا پن (مذ) کورے برتن یا تازہ بھنے ہوئے چنوں کی خوشبو - سوندھی مو جس چیز میں سوندھا پن ہو - ریہ جس میں دھوبی کپڑے بھگو کر نیل کاٹتے ہیں - کپڑے بھگونے کی بڑی ناند - پکی گچری چھوٹی قسم کی چھوٹ -

سُونڈ :- (ہ - مو) ہاتھی کی لمبی ناک - خرطوم - سُونڈ والا - ہاتھی -

کرنا۔ ذریعہ کرنا۔ نوکر رکھوانا۔ گذر بسر کا اطمینان کر لینا۔ سہارا لینا۔ پناہ لینا۔ کسی چیز پر ٹکنا۔ سہارا ہونا۔ تقویت ہونا۔

سُہاگ:۔ (ہ۔ مذ) شوہر کی زندگی کا زمانہ (تیرا سہاگ بنا رہے) شوہر بیوی کی خوشگوار موافقت۔ لاڈ پیار۔ ایک قسم کا گیت۔ وہ تمام زیورات اور زینت کی چیزیں جو عورتیں سہاگن ہونے کی حالت میں پہنتی ہیں۔ **سُہاگ اُتارنا**۔ بیوہ بنانا۔ رنڈ سالہ پہنانا۔ **سہاگ اُترنا**۔ بیوہ ہو جانا۔ شوہر کا مر جانا۔ ہتھ چوڑیاں اُترنا۔ **سُہاگ بھری**۔ خاوند کے سکھ اور گھر کے عیش و عشرت میں خوش۔ **سُہاگ بھاگ** (مذ) شوہر کا پیار اور محبت۔ خاطر مدارت۔ **سُہاگ بھاگ ارزانی چولھے آگ نہ گھڑے پانی**۔ خاطر مدارات تو حد سے زیادہ مگر لینا دینا خاک نہیں۔ **سُہاگ پٹارا** (مذ) زیور وغیرہ کا ڈبہ جو دولھا والوں کی طرف سے دیا جائے۔ **سُہاگ پُڑا**۔ کاغذ کا وہ خوشنما پُڑا جس میں خوشبو کی تیرہ چیزیں ہوں۔ **سُہاگ رات**۔ بیاہ کی پہلی رات۔ تخت کی رات۔ **سُہاگ سیج** (مو) جہیز کا وہ پلنگ جو لڑکی والے دیتے ہیں۔ **سُہاگ کا عطر** (مذ) خاص قسم کا عطر جو شادی کے دن ملا جاتا ہے۔ **سُہاگ گہرا ہونا**۔ بیوی اور شوہر میں نہایت پیار اور اخلاص ہونا۔ **سہاگن** (مو) خاوند والی عورت۔ **سُہاگن کا بچہ پچھواڑے کھیلتا ہے**۔ خاوند زندہ ہو تو بہت بچے پیدا ہو سکتے ہیں (اس لیے بچے کے مرنے کو غم نہیں کرنا چاہیے) **سہاگ گھوڑی**۔ شادی کے گیت جو دولھن کی تعریف میں دولھا کے یہاں گائے جاتے ہیں۔

سُہاگا:۔ (ہ۔ مذ) ایک قسم کی پہاڑی کھار جو سونا چاندی گلانے کے کام آتا ہے۔ کھیت کو ہموار کرنے کا پٹرا۔

سُہال:۔ (ہ۔ مذ) ایک قسم کی خستہ تلی ہوئی روٹی۔ سہالی مو۔ پوری۔ کچوری۔ چپاتی سسرال کی کمائیاں۔

سہالک:۔ (ہ۔ ل سے۔ مو) ہندوؤں کے بیاہ کا زمانہ۔ اچھی لگن۔ مبارک دن۔ اچھے دن آنا۔ (چمکنا) ؎ آرزو

رُت پلٹنے کا پتہ دیتی ہے ہر کھلتی کلی
ہاں چلو چاہت کے متوالو! سہالک آ گئی

سِہام:۔ (ع۔ مذ) حصے ٹکڑے۔ تیر۔ ناوک۔

سہاؤنا:۔ (ہ) مرغوب۔ اچھی معلوم دینے والا۔ خوبصورت۔ دل پسند۔ مفرح طبع۔ **سُہانا وقت** (مذ) دل کو خوش کرنے والا وقت۔ **سُہانا** (مصدر لازم) بھانا۔ پیارا لگنا۔ بھلا لگنا ہونا۔ **سُہانا سایہ ڈھلنا**۔ جھٹ پٹے کا وقت۔ دونوں وقت ملنا۔

سَہایت:۔ (ہ۔ مذ) مددگار۔ حمایتی۔

سَہاوَل:۔ (ہ۔ مذ) معماروں کا آلہ جس سے دیواروں اور عمارت کی سیدھ دریافت کرتے ہیں۔

سَہتا سَہتا:۔ مذ سہارنے کے قابل۔ ٹکٹکی سہتی سہتی (مو)

سَہج:۔ (ہ) آسان۔ آہستہ۔ سہج سہج یا سہج سے۔ آہستہ آہستہ۔ دھیرے دھیرے۔ سہولت سے۔ سہج میں۔ آہستگی میں۔ نرمی میں۔

سِہرا:۔ (ہ۔ مذ) پھولوں یا موتیوں کی وہ لڑیاں جو دولھا دولھن کے سر سے منہ پر لٹکائی جاتی ہیں۔ **سِہرا باندھنا**۔ دولھا بننا۔ بہنوئی یا بہن کا نیگ لینے کے لیے سہرے کو سالے یا بھائی کے سر پر رکھنا۔ **سہرا بند ھائی** (مو) سہرا باندھنے کا نیگ۔ **سہرا دکھانا**۔ بیاہ رچوانا۔ شادی دکھانا۔ **سہرا دیکھنا**۔ بیاہ دیکھنا۔ شادی رچانا۔ **سہرا سر ہونا**۔ دیکھو سر سہرا۔ **سہرا گوندھنا**۔ پھول پرو کر سہرا بنانا۔ **سہرے جلوے کی مو** بیاہتا بیوی۔ **سہرے کے پھول کھلنا**۔ بیاہ کا وقت آنا۔ **سہرے کی لڑی ٹوٹنا**۔ فال بد ہونا۔

سِہرانا:۔ (ہ) متقدس چیز کو دریا میں سیرانا۔ ڈالنا۔

سَہل:۔ (ع) نرم و ہموار زمین۔ آسان۔ سہج۔ **سَہل انگار** کاہل۔ بہانہ خو۔ **سہل انگاری** (مو) سستی۔ کاہلی۔ بہانہ جوئی۔ **سہل کرنا**۔ آسان کرنا۔ **سَہل ممتنع**۔ اتنا سہل اور آسان جس سے زیادہ آسان کہنا دشوار ہو۔

سَہلانا:۔ (ہ) گدگدانا۔ آہستہ آہستہ رگڑنا۔ خوشامد کرنا۔ پچکارنا۔ تھپکنا۔ جسم پر آہستہ آہستہ ہاتھ پھیرنا۔

سَہم:۔ (ف۔ مذ) خوف۔ ڈر۔ ہیبت۔ **سہم جانا**۔ ڈر جانا۔ رعب میں آ جانا۔ **سَہم چڑھنا**۔ خوف زدہ ہونا۔ خوف چھانا۔ **سہما**۔ خوف زدہ۔ ڈرا ہوا۔ **چپ سہما سہما**۔ خوف زدہ۔ چپ چپ۔ **سہمانا**۔ ڈرانا۔ خوف دلانا۔ **سہمنا**۔ ڈرنا۔ خوف کھانا۔ ہیبت زدہ ہونا۔ **سہمگین۔ سہمناک**۔ ڈراونا۔ خوفناک۔

سَہم:۔ (ع۔ مذ) حصہ۔ سہیم۔ حصے دار۔ شریک۔

سَہم:۔ (ع۔ مذ) حصہ۔ نصیب۔ ترکہ و میراث میں شرعی حق۔

سَہیم:۔ (ع) حصے دار۔ شریک۔

سَہنا:۔ جھیلنا۔ برداشت کرنا۔ گوارا کرنا۔ ٹالنا۔

سَہو:۔ (ع۔ مذ) بھول۔ چوک۔ غفلت۔ فراموشی۔ غلطی

سِیار: (ہ - مذ) ایک جانور جسے گیدڑ بھی کہتے ہیں - سیار بولنا - اتنی رات گذر جانا کہ سیار بولنے لگیں - سیار بولتے ہیں - ویرانہ ہے - سیار سنگی - سیار کی گڑیا - سیار کی ہڈیوں کا ڈھانچا - سیار کی لاٹھی - عرض التماس -

سَیّار: (ع - مذ) تیز چلنے والا - گھومنے والا - سیارہ (مذ) گردش کرنے والا ستارہ -

سِیاسَت: (ع - مو) شخصی و ملکی حالات و تعلقات کی دیکھ بھال اور مناسب اقدام - ملک کی حفاظت و نگرانی - ملک کا بندوبست - تنبیہ - رعب و داب - دھمکی - مکاری - سیاست مدن (مو) شہری انتظام کرنا - سیاسی - ملکی معاملات و انتظامات سے تعلق رکھنے والی بات -

سِیاق: (ع - مذ) حساب - حساب کے قاعدے مضمون کا طرز - ڈھنگ - قرینہ - سیاق عبارت یا کلام - کہنے بولنے کا ڈھنگ - طرز کلام (سیاق عبارت سے ظاہر ہے کہ آپ کو دوسری طرف رجحان ہے)

سَیّال: (ع) رواں - بہنے والی - لچک دار

سَیّاں: (ہ - مذ) (گیتوں میں معشوق) سائیں - خاوند - شوہر - سیاں بھئے کوتوال اب ڈر کاہے کا - جب اپنا آدمی حاکم یا صاحب اختیار ہے تو پھر کس بات کا ڈر -

سَیّان پَت: (ہ - مو) ہوشیاری - عیاری - چترائی - سیان پن (مذ) چالاکی - دانائی - دھوکہ - چھلی - سیانا - بالغ - سمجھ دار - تجربہ کار - چالاک - چھلیا - طبیب - بڑی عمر کا جادوگر، عامل، تعویذ کرنے والا، حکیم، بید - سیانا کوا گو کھاتا ہے - زیادہ ہوشیار سے اکثر خطا ہوتی ہے -

سِیاہ: (ف) کالا - شوم - بد - نحس - سیاہ باطن - (مذ) ریاکار - مکار - بد باطن کپٹی - منافق - سیاہ بخت - بدنصیب - بری قسمت والا - سیاہ پوش - ماتمی لباس والا - سوگ والا - سیاہ تالو - وہ گھوڑا جس کا منہ کالا ہو - سیاہ خانہ - ویران گھر - ماتمی گھر - سیاہ دل - بے رحم - ظالم - گنہ گار - سیاہ رو - کالا - کلوٹا - بے عزت شرمندہ - بدنام - سیاہ زبان (مذ) جس کی بد دعا یا کوسنا جلد لگ جاتا ہو - سیاہ سفید کرنا - جو چاہنا سو کرنا - برے بھلے کا اختیار ہونا - سیاہ طالع - بدقسمت - منحوس - سیاہ فام - کالا - سیاہ رنگ - سیاہ کار - بدکار - پاپی - برے کام کا عادی - سیاہ کاری (مو) گنہ گاری - بدکاری - سیاہ گوش - ایک درندہ کتے سے چھوٹا، بلی سے تیز رفتار شکاری جانور - بن بلاؤ - سیاہ مست - نشے میں چور - نہایت متوالا -

سیاہ مستی (مو) بے ہوشی - بدمستی - سیاہ ہونا - کالا ہونا - بہت لکھا جانا - سیاہی مو کالک - کالی روشنائی - کاجل - دھبا - سیاہی چٹ - جاذب - بلاٹنگ پیپر -

سِیاہہ: (ا - مذ) بہی - روزنامچہ - کھاتہ - حساب کی کتاب - کچا روزنامچہ جس میں روزمرہ کا خرچ اور آمد درج ہو - سیاہہ بہی - روزمرہ کے خرچ کی کتاب - سیاہہ بہی دکھانا - جائزہ دینا - فوج کی کثرت ظاہر کرنا - سیاہہ موجودات - اسٹاک بک - روکڑ کا رجسٹر - سیاہہ کرنا / ہونا - رجسٹر میں لکھنا - سیاہہ نویس - روزمرہ کا حساب لکھنے والا - کھاتے پر چڑھانے والا

سیب: (ف - مذ) بہی کی قسم کا ایک لذیذ اور مشہور میوہ جس کا رنگ سبز، سرخ و زرد ہوتا ہے - سیب آفتابی - (مذ) سیب - سیب زنخدان (مذ) چھوٹی خوشنما اور خوب صورت ٹھوڑی -

سِیپ: (ا - پن سپ - سپی - پراکرت سے سپی اردو) سیپی - ایک دریائی کیڑا جس کے پیٹ سے موتی نکلتے ہیں اور جسے جلا کر چونا بھی بناتے ہیں - پرندوں کا ایک مرض - تیلی گنٹھی کا نام - سیپی نام (مذ) نہایت پتلی گنٹھی کا نام - سیپی سا منہ نکل آنا - گال پچک جانا - منہ کی ہڈیاں نکل آنا -

سِیت: (ہ - مو) پسینہ جو گرمی کے موسم میں انسان کی ہتھیلی اور تلوے سے نکلتا ہے -

سِیتا: (ہ - مو) سری رام چندر جی کی رانی کا نام - پاکدامن - سیتا پھل (مذ) شریفہ - گول کدو -

سِیتَل پاٹی: (ہ - مو) ایک قسم کی چٹائی جو ٹھنڈی اور چکنی ہوتی ہے -

سِیتلا: (ہ - مو) چیچک - ایک دیوی کا نام - ٹھنڈی - سیتلا کا کھاجا - کمسن بچے جو اکثر سیتلا کا شکار ہو جاتے ہیں - سیتلا منہ داغ - وہ شخص جس کے منہ پر چیچک کے نشان ہوں -

سِیٹ: (انگ - مو) ایک آدمی کے بیٹھنے کے قابل جگہ -

سیٹھ: (ہ - مذ) دولت مند - مہاجن - صراف - تھوک دار - ایک عزت کا خطاب جو بڑے تاجروں کے لیے بولا جاتا ہے - سیٹھانی مو

سِیٹھا: (ہ) بے مزہ - پھیکا - بے نمک مرچ کا - سیٹھا پن (مذ) پھیکا پن - بے نمکی - سیٹھی (مو) بے مزہ - پھیکی - بے نمک مرچ کی -

سِیٹی: (ہ - مو) منہ کی باریک آواز - پرندوں کی آواز - وہ چھوٹا سا آلہ جسے منہ میں رکھ کر بجاتے ہیں - وِسل

سیٹی بجانا۔ منہ کے اندر دو انگلیاں رکھ کر آواز نکالنا۔ ہونٹوں سے باریک آواز نکالنا۔ منہ سے وہ چھوٹا سا آلہ بجانا جس میں سے باریک آواز نکلتی ہے۔ سیٹی دینا/بجانا۔ سیٹی کے ذریعہ بلانا۔

سیج: (ہ۔ مو) بچھونا۔ چادر۔ ...۔ سیج بچھانا۔ بستر درست کرنا۔ سیج بند (مذ) پلنگ کی ڈوریاں۔ چادر باندھنے کی ڈوریاں۔ سیج چڑھنا۔ پلنگ پر قدم رکھنا۔ سیج بچھانا۔ بستر بچھانا۔ درست کرنا۔ بچھونے پر پھول وغیرہ رکھنا۔ سیج سنوارنا۔ بستر آراستہ کرنا یا بچھانا۔ سیج گاڑی (مو) پہیوں والی گاڑی۔ سیجیں (مو) جمع (سیج) کی۔

سینچنا: (ہ) کھیتی کو پانی دینا۔ آب پاشی کرنا۔ سنچائی (اچھلی) (مو) سینچنے کا کام۔ سینچنے کی اجرت۔

سیخ: (ف۔ مو) کباب بنانے کی لوہے کی سلاخ۔ سیخ پا ہونا۔ گھوڑے کا پچھلے دو پاؤں پر کھڑا ہو جانا۔ سیخ پر لگانا۔ کباب لگانا۔ کباب بنانا۔ سیخچہ (مذ) تصغیر (سیخ) چھوٹی سلاخ۔ سیخیا کباب (مذ) سیخ پر بھونے ہوئے کباب۔ تکہ۔ سیخ کے کباب۔

سید: (مخفف سیّد۔ ع۔ مذ) امام۔ پیشوا۔ سردار۔ حضرت فاطمہؓ کی اولاد۔ سید کی مدح (جیسے اس کے سر سید آتے ہیں) سید سنی نہیں کا بچے کی کنی نہیں (مثل مشہور ہے) سید الشہدا۔ امام حسینؓ۔ سید زادہ (مذ) سید کی اولاد سادات کے خاندان کا۔ سیدانی (مو) سید کی بیوی۔ سیدی کی گائے۔ سالار مسعود کے نام کی قربانی۔

سیدھ: (ہ۔ مو) ٹیڑھ کا نقیض۔ سیدھا پن۔ سامنے نشانہ پر۔ سادگی۔ سیدھ باندھنا۔ نشانہ باندھنا۔ سیدھ میں۔ ایک خط میں۔ سامنے۔ سیدھا جس میں ٹیڑھا پن نہ ہو۔ راست۔ صاف دل۔ بھولا بھالا۔ سیدھا آنا۔ مقابلہ پر آنا۔ مارنے کو تیار ہو جانا۔ براہ راست آنا۔ سامنے سے آنا۔ اِدھر اُدھر بھٹکتے ہوئے نہ آنا۔ سیدھا بنانا۔ سیدھے راستہ پر ڈالنا۔ ادب سکھانا۔ درست کرنا۔ بغیر کجی کے بنانا۔ ٹیڑھ نکالنا۔ گوشمالی کرنا۔ سزا دینا۔ سیدھا بننا۔ ٹیڑھ نکل جانا۔ درست ہونا۔ راستے پر آنا۔ سیدھا بنا دینا۔ بل نکال دینا۔ درست کرنا۔ مارنا۔ سیدھا تیر سا۔ بالکل سیدھا۔ سیدھا جواب۔ وہ جواب جو پیچیدہ الفاظ میں نہ ہو۔ سیدھا راستہ۔ آسان طریقہ۔ آسان رستہ۔ سیدھا رہنا۔ موافق رہنا۔ مہربان رہنا۔ سیدھا سا۔ غریب سا۔ بے کپٹ۔ سیدھا سادا یا سیدھا سادھا۔ بھولا بھالا معاف اور بے کپٹ آدمی۔ سیدھا کرنا۔ درست کرنا۔ مارنا۔ راہ راست پر لانا۔ سیدھا گھر خدا کا۔ اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو بے عزت ہو یا کسی کے پاس کوئی مدد کر جائے اور دق کرے یا ہو ناکامیابی کی حالت میں خدا کو یاد کرے۔ شاد

بتوں سے جو پھرا کعبے کو تو کیا
مثل سچ ہے کہ سیدھا گھر خدا کا

سیدھا ہونا۔ درست ہونا۔ راہ پر آنا۔ سیدھا ہاتھ (مذ) داہنا ہاتھ۔ سیدھے دن ہونا۔ اقبال کا زمانہ ہونا۔ سیدھے سبھاؤ۔ سیدھے پن سے۔ سادگی سے۔ سیدھے منہ بات نہ کرنا۔ غرور یا گھمنڈ سے متوجہ نہ ہونا۔ سیدھی۔ راست۔ ٹھیک۔ بھولی۔ سیدھی آنکھ (مو) نظر لطف و کرم۔ سیدھی آنکھوں بات نہ کرنا۔ بے رخی کرنا۔ سیدھی آنکھوں دینا۔ خوشی خوشی دے دینا۔ سیدھی انگلیوں گھی نہیں نکلتا۔ سختی کے بغیر کام نہیں چلتا۔ سیدھی بات۔ صاف اور معقول بات۔ سیدھی چال چلنا۔ سیدھے راستے چلنا۔ سیدھی راہ (مو) سیدھا راستہ۔ ٹھیک راستہ۔ سیدھی سادی۔ بے عقل۔ بھولی بھالی۔ آسان۔ سیدھی سنانا۔ کھری کھری سنانا۔ صاف صاف سنانا۔ سیدھی سیدھی زبان۔ صاف بولی۔ سیدھی سیف۔ ایک طرح کی تلوار۔ سیدھی تلوار۔ سیدھی طرح۔ آہستگی سے۔ نرمی سے۔ ڈھنگ سے۔ ترتیب سے۔ شرافت سے۔ تہذیب سے۔ ملائمت سے۔ صاف (سیدھی بات کرو) سیدھی کہنا۔ صاف کہنا۔ بے لاگ کہنا۔ کھری کہنا۔ نرمی سے کہنا۔ سیدھی گالی۔ صاف گالی جو پردے میں نہیں۔ سیدھی لکیر۔ خط مستقیم۔ سیدھی نظر رکھنا۔ مہربانی کی نظر رکھنا۔ سیدھیاں سنانا۔ صاف صاف کہنا۔ گالیاں سنانا۔

سیر: (ع۔ مو) ہوا خوری۔ تفریح۔ چلنا۔ پھرنا۔ تماشا۔ کیفیت۔ نظارہ۔ مزہ۔ لطف۔ بہار۔ کتاب دیکھنا جیسی مذاق (اس کو چھیڑنے سے عجب سیر ہوئی) سیر دیکھنا۔ تماشا دیکھنا۔ کیفیت حاصل کرنا۔ سیر سپاٹا۔ گھومنا پھرنا۔ بلا مقصد چلنا پھرنا۔ سیر کرنا۔ تماشا دیکھنا۔ سیاحت کرنا۔ سفر کرنا۔ ہوا خوری کرنا۔ پھرنا۔ مطالعہ کرنا۔ سیرگاہ (مو) تماشے کی جگہ۔ سیر و تفریح کی جگہ۔ سیر ہونا۔ مزہ آنا۔ لطف آنا۔

سیر: (ے۔ د۔ ف) پیٹ بھرا ہوا۔ بے پروا۔ سیر چشم۔ صابر۔ قانع۔ مال و دولت سے بے پروا۔ سخی۔ حوصلے والا۔ فیاض۔ صفت۔ سیر چشمی (مو) سیر حاصل۔ زرخیز (جس کی پیداوار کی اراضی) مکمل۔ پوری پوری (سیر حاصل بحث) سیر خور۔ بہت زیادہ کھانے والا۔ سیر خوری صفت سے تعلق

بہت کم کھاتے کھاتے اک نہ اک دن جان جائے گی
ضرر رکھتا ہے اے دلبر نتیجہ سیر خوری کا

سیر ہونا۔ چھکنا۔ آسودہ ہونا۔ پیٹ بھرنا۔ بیزار ہونا۔ دل بھر جانا۔ مستغنی ہونا۔ سیری (مو) جی بھرنا۔ پیٹ بھرنا۔ نیت بھرنا۔ بے نیازی (ہونا کے ساتھ)

(ہ - مذ) سولہ چھٹانک یا اسی روپے کی مقدار کا خاص وزن - سیر بھر ایک سیر کے برابر - سیر کو سوا سیر - زبردست سے زبردست بھی ہوتا ہے - سیر کی ہانڈی میں سوا سیر پڑا اور اُبلی - کم ظرف ذرا بھی بڑھا اور چھلکا - سیر میں پن سیری کا دھوکا - تھوڑے سرمائے میں بڑی چوری - سیر میں پونی بھی نہیں - جتنی ضرورت ہے اس سے کم بھی نہیں - سیروں لہو بڑھنا - بیحد خوشی اور سرور ہونا - خوشی کی افراط میں سُرخی دوڑ جانا -

سِیَر: (ع - مذ) عادتیں - سیرتیں - علم سیر - تاریخ و شخصیت نامے - جمع سیرۃ - سیرو تاریخ - تاریخ

سِیر: (ہ - مو) وہ زمین جو مالک یا موروثی اسامی کے زیر کاشت ہو -

سیراب: (سے راب - ف) صفت - پانی سے بھرا ہوا - بھرپور - بھولا پھلا - سیراب کرنا - پیاس بجھانا - پانی دینا - سیراب ہونا - پیاس بجھنا - خوب پانی دینا - سیرابی (مو) تر و تازگی - شادابی -

سیرت: (مو) عادت - ذاتی جوہر - طریقہ - سوانح حیات - سیرتی - سیرت کے اعتبار سے -

سیروا: (مذ) جھنگ یا چا - پانی کے سر ہونے یا مٹی کی ٹکڑی - بٹی

سیڑھی: (مو) زینہ - ذریعہ - درجہ - سیڑھی سیڑھی چڑھنا - درجہ بدرجہ ترقی کرنا - آہستہ آہستہ چڑھنا یا ترقی کرنا - سیڑھیاں مو جمع سیڑھی کی

سیزن: (انگ - مذ) رت - موسم - کسی کام یا چیز کے خاص دن -

سیس: (ہ - مذ) کھوپڑی - سر سے اندر سیما امانت

سونے کا بنا ہے سیس مکٹ
روپے کے تخت پہ بیٹھ نہ ڈور

سیس پھول (ہ - مذ) سر پر پہننے بالوں میں رکھنے کا ایک زیور (پھول) جسے ہندنیاں عام طور سے استعمال کرتی ہیں -

سیسہ: (ہ - مذ) ایک دھات - سیسہ پلانا - وزنی اور مضبوط کرنا - سیسے کی دیوار - مضبوط - رکاوٹ - بہادر و ثابت قدم فوج -

سَیف: (ع - مو) تلوار - سیف زبان - تیز زبان - علی شہور سیفہ مذ کا مذ کاٹنے کا ایک آلہ - تلوار کا ایک ٹکڑا - سیفی (مو) وہ اسم جلال جو کسی دشمن کے دفعیہ کے لیے خاص ترکیب سے پڑھتے ہیں - جب یہ اسم الٹا اپنی ہی تباہی کا باعث ہوتا ہے تو اسے سیفی اُلٹنا کہتے ہیں -

ع انیس

خون عدو سے کھیت کبھی یوں سینچا نہ تھا
سیفی اُلٹ پڑی کبھی چلہ کھنچا نہ تھا

سیف تو پٹ پڑی تھی مگر سیمہ کام کر گیا - جو کام بڑے سے نہ ہو سکا اسے چھوٹے نے کر لیا - سیف (انگ) مضبوط تجوری -

سینک: (سے ک - مذ) گرم کرکے ٹکور لینا - تکڑا -

سیک: سیک (سینک) پہنچنا - سینکنے سے حرارت پہنچنا - سینکتے پھرنا - رفع تکلیف کے لیے مدد ڈھونڈتے پھرنا (بیمار کوئی وار چل گیا تو پھر سینکتے پھرو گے)

سیکنا: آگ پر گرم کرنا - گرم پانی کا تریڑا دینا - روٹی پکانا - (دو روٹیاں ہماری بھی سینک دیا کرو) بھوننا -

سینکنا: (کباب سینکنا) انگاروں پر لال کرنا -

سینکڑا: (ہ) سو فیصدی - سینکڑوں - کثرت ظاہر کرنے کے لیے (سینکڑوں گھڑے پانی پڑ گئے)

سینکڑوں سنانا - بہت برا بھلا کہنا - سینکڑوں سننا - الزام - سینکڑوں گھڑے پانی پڑ جانا - کمال ندامت ہونا - شرم سے آب آب ہونا -

سیکھا پڑھا: (ہ - مذ) تعلیم یافتہ - ہوشیار - سیکھا سکھایا - ہوشیار - تعلیم یافتہ - چالاک - سیکھی سکھائی (مو) سیکھنا - تعلیم پانا - پڑھنا - تجربہ حاصل کرنا - عبرت پکڑنا (آدمی کچھ ٹھوکر کھا کے سیکھتا ہے) دوسرے کی عادت اختیار کرنا -

سَیل: (ف - مو) پانی کا بہاؤ - طغیانی - لہر - طوفان - سیلاب - سیل دوڑنا - پانی کی رو کا تیزی سے کسی طرف چلنا - سیلاب (مذ) چڑھتا پانی کا ریلا - دریا - ندی کا پانی بڑھنا چڑھنا - پھیلنا - سیلاب آنا - آفت ہونا - طغیانی آنا - سیلابی - سیلاب کا -

سِیل: (ہ - مو) تری - رطوبت - شرم و حیا - لحاظ (آنکھوں میں سیل ہونا) اطفال کی مونچھوں کے بال - سیلی کا کونڈا (مذ) وہ نیاز جو لڑکوں کی مسیں بھیگنے کی خوشی میں ہوتی ہے - سیل جانا - سیلنا - تری کا اثر کسی چیز میں پہنچنا - سیلن (مو) نمی - تری -

سیلا: (ہ - مذ) ریشمی چادرا - سر سے باندھنے کا ریشمی عمامہ - ایک قسم کا ابلا ہوا چاول -

سَیلان: (ع - مذ) پانی یا خون کا جاری ہونا - سیلان الرحم عورتوں کی پانی آنے کی بیماری -

سیلانی: (ہ) آوارہ - پھرنے والا - سیاح - سیر و تفریح - سیلانی جیوڑا (مذ) موجی جو ایک جگہ نہ ٹھہرے - سیلانی فقیر - سیر کرنے والا فقیر - جہاں گشت فقیر

سیل کا گولا: (ہ - مذ) ایک قسم کا آہنی گولا جس کے اندر بارود یا چھوٹے چھوٹے ہتھیار بارود کے ساتھ بھر کر توپ کے ذریعے چلائے جاتے ہیں۔ جب یہ گولا سرخ ہو جاتا ہے تو وہ نفتہ اندر کی بارود میں آگ لگ کر پھٹ جاتا ہے۔

سیلکھری: (ہ - مو) سنگ جراحت۔

سیلی: (سے لی - ہ - مو) ریشم یا تاگوں کی سیاہ ڈوری۔ جو اکثر جوگی گلے میں ڈالتے ہیں۔ انسان کے پیٹ اور سینے پر بالوں کی سیدھی لکیر جو تول میں ہوتی ہے (ف) طمانچہ جو انگلیاں سیدھی کر کے مارا جائے۔

سیم: (سے م - ہ - مو) ایک قسم کی ترکاری جس کی پھلیاں بیل میں لگتی ہیں۔

سیم: (ف - مو) چاندی۔ روپیہ پیسہ۔ سیم اندام - گورا۔ چٹا بدن۔ خوبصورت۔ گورا۔

سیماب: (ف - مذ) پارہ۔ سیماب خاصیت۔ بے قرار۔ لاثبات۔ سیماب مارنا۔ پارے کی رطوبت خشک کرنا۔ سیماب وار۔ پارے کی طرح۔ بے قرار۔ سیمابی۔ منسوب بہ سیماب۔ ایک قسم کا کبوتر۔

سیمرغ: (ف - مذ) ایک بہت بڑے پرند کا نام۔ عنقا کو بھی کہتے ہیں۔

سیمل: (ہ - مذ) سیمل کا پودا۔ سیمل کی روئی (مو) ایک قسم کی نہایت نرم روئی۔

سیمیا: (ع - مو) علم جس کے ذریعے روحوں کو ادھر سے ادھر کرتے ہیں یا وہمی چیزوں کو دکھانے کا علم۔

سین: (انگ - مذ) وہ پردہ جو تماشا کا ہیولا تھیٹروں میں ڈالا جاتا ہے۔ منظر۔ سماں۔ ع: عزیز
اٹھ اب زمانے کو بھی اور رنگ سے پیاری
ذرا تو دیکھ کے یہ سین رنگ ہے پیاری

سین: (ہ - مذ) آنکھ کا اشارہ۔ سین چلانا یا مارنا۔ آنکھ مارنا۔

سینا: (ہ) ٹانکا بھرنا۔ رفو کرنا۔ سیون۔ سلائی (اس کو سینا مجھے پسند نہیں) سینا پرونا۔ درست کرنا۔ ٹانکا بھرنا۔ کپڑوں کو پہننے کے قابل بنانے کا کام۔

سینا: (ع - مذ) شام کے ملک میں ایک پہاڑ جسے طور سینا کہتے ہیں۔ اسی پہاڑی پر حضرت موسیٰ کو تجلی ربانی ہوئی تھی۔ اور یہیں خدائے تعالیٰ سے ہم کلام ہوئے تھے۔ ع: دبیر
طور سینا ہے حکیم اللہ منبر ہے انیس

سینا: (سے نا - ہ) بچے نکالنے کے لیے پرندوں کا انڈوں پر بیٹھنا۔

سینا: (ہ - مو) فوج۔ لشکر۔ سیناپتی (مذ) فوج کا کمانڈر۔ سپہ سالار۔

سینتالیس: (ہ) چالیس اور سات کا مجموعہ (۴۷) ایک کم اڑتالیس۔

سینتنا: (ہ) حفاظت سے رکھنا۔ جوڑنا۔ سینت سینت کے۔ بچا بچا کے (عو - مگ)

سینتیس: (ہ) صفت۔ سات اور تیس۔ چالیس سے تین کم۔ ۳۷

سینٹھا: (ہ - مذ) کچا نرکل۔ ایک قسم کی پتاور جس کے قلم بھی بنائے جاتے ہیں اور چھپر وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے۔

سینچنا: (ہ) پانی دینا۔ درختوں اور کھیتوں کی آبپاشی کرنا۔

سیندور: (ہ - مذ) ایک رنگ جسے ہندو عورتیں مانگ میں بھرتی ہیں اور یہ سہاگ کی نشانی ہے۔ سونے پر لگانے سے سونا چمک جاتا ہے۔ سیندور رکھانا۔ آواز بند ہونا۔ سرمہ کھانا۔ سیندور کھلانا۔ آواز بند کرنا۔ سیندوریا (ہ) سیندور کے رنگ کا۔ ایک آم کا نام۔

سیندھ: (ہ - مو) نقب۔ کول۔ سیندھ لگانا۔ دیوار میں نقب لگانا۔ سیندھ کٹ جانا۔ نقب کے ذریعے چوری ہونا۔ سیندھیا۔ ایک قسم کا کبوتر۔ سیندھی۔ کھجور کا رس۔ ایک کیف آور شربت۔

سیندھا: (ہ - مذ) پہاڑی نمک کانی نمک خواہ گلابی ہو یا سفید۔

سینری: منظر۔ تصویر یا صبح و شام وغیرہ کے خاکے۔

سینک: (ہ - مو) جھاڑو کی تیلی۔ تنور کا گز۔ سینک سلائی۔ دبلا پتلا۔ سینک مان۔ کمزور۔ ع: آرزو
چاہت کا بوجھ جی میں ہے دیکھیں کون اٹھائے
وہ دھان پان سا ہے تو میں سینک مان سا

سینکنا: دیکھو سیک۔

سینگ: (ہ - مذ) چوپاؤں کے سینگ۔ شاخ حیوان۔ خاص علامت (کیا گھٹنوں کے سر سینگ ہوتے ہیں) سینگ سمانا۔ گزر دیکھنا۔ موقع پانا۔ پناہ ملنا۔ سینگ کٹا کر بچھڑوں میں شامل ہونا۔ چھوٹوں میں چھوٹا بن جانا۔ بڑا ہوتے ہوئے چھوٹوں کی صحبت میں بیٹھنا۔ سینگ مارنا۔ سینگ سے حملہ کرنا۔ سینگ نکلنا۔ شاخ کا ظاہر ہونا۔ جوانی پر آنا۔ سنگوٹی۔ سینگ کی آستین۔ چھوٹا سینگ پیتل کا خول جو سینگوں کی نوکوں پر چڑھا دیتے ہیں۔ سینگی (مو) وہ سوراخ

کی ہو اسینگ جس سے گرمی چوستے ہیں یا پچھنے لگاتے ہیں۔ ایک قسم کی مچھلی سینگیاں پچھوا(نا) یا لگانا پچھنے لگانا۔

سینگیا :- (ہ) دھاری دار (ج سینگیا مشرو وغیرہ)

سینگڑا :- (ہ - س) بارود رکھنے کی سینگ۔ سینگ کا باجا۔ سینگڑی۔ ببول کی پھلی۔

سِنگی :- سینگی۔ دیکھیے سینگ۔

سِینَہ :- (مذ) چھاتی۔ پیٹ کے اوپر اور گردن کے نیچے کا حصہ۔ سینہ ابھار کر چلنا۔ اکڑ کر چلنا۔ سینہ بند (مذ) انگیا۔ گھوڑے کی پیٹی۔ بچوں کے کپڑوں کو رال سے بچانے والا کپڑا۔ سینہ بہ سینہ۔ سلسلے وار۔ سینوں میں وہ بات جو خاندان میں ایک دوسرے کی بتائی ہوئی برابر چلی آئے۔ وہ بات جو نسلاً بعد نسلاً ہوتی آئے۔ سینے پر سل دھرنا۔ صبر کرنا۔ برداشت کرنا۔ سینہ پھٹنا۔ برداشت نہ کر سکنا۔ سخت صدمہ ہونا۔ سینہ پیٹنا۔ ماتم کرنا۔ چھاتی پیٹنا۔ سینہ جلنا۔ دل پر صدمہ ہونا۔ کھانے کے اچھی طرح ہضم نہ ہونے سے بخارات کا سینے میں جمع ہونا۔ سینہ چاک ہونا۔ چھاتی پھٹنا۔ صدمہ سے چھاتی کا پھٹا جانا۔ سینہ زن (مذ) محرم میں ماتم کرنے والا۔ سینہ زوری (مو) زبردستی۔ دھینگا مشتی۔ سینہ زوری کرنا۔ سرکشی کرنا۔ سرزوری کرنا۔ سینہ زور۔ زبردست۔ سرکش۔ سینہ سپر۔ مقابل۔ سینہ سامنے کرکے۔ سینے کو سپر بنائے ہوئے۔ کسی کو حملے سے بچانے کے لیے۔ اس کے سامنے کھڑا ہو جانے والا۔ اور اپنے سینہ پر وار لینے والا۔ سینہ سپر رہنا۔ ڈٹے رہنا۔ مقابلہ کے لیے تیار رہنا۔ سینہ سپر ہونا۔ مقابل ہونا۔ جما رہنا۔ آفت و بلا کا نشانہ ہونا۔ سینہ صاف۔ صاف دل۔ سینہ کاوی (مو) مصیبت۔ سخت محنت۔ سینہ کوبی یا سینہ زنی (مو) چھاتی پیٹنا۔ ماتم کرنا۔ سینہ کوٹنا۔ ماتم کرنا۔ چھاتی پیٹنا۔ سینہ کھول دینا۔ سینہ کاٹنا۔ گریباں چاک کرنا۔ سینے پر پتھر رکھنا۔ سخت غم برداشت۔ سینے پر سانپ لوٹنا۔ بڑا صدمہ گذرنا۔ بہت حسرت و افسوس کرنا۔ سینے پر تکے مارنا۔ دکھ دینا۔ دل آزاری کرنا۔ سینے پر ہاتھ دھرنا۔ دل کو تسلی دینا۔ صدمہ پر دل کو تھامنا۔ سینے سے لگانا۔ پیار کرنا۔ اظہار محبت کرنا۔ گلے سے پٹانا۔ سینے میں سانس سمانا۔ آرام کرنا۔ گھبراہٹ ختم ہونا۔ سینے میں سانس نہ سمانا۔ ہول آنا۔ گھبرا جانا۔

سِینی :- (ف۔ مو) لوہے۔ تانبے یا پیتل کا خوان۔

سِیُو :- (ہ - مذ) (س ے) سوتوں سے موٹا پکوان جو چنے کے آٹے سے بنتا ہے۔ نمکین اور میٹھا بھی ہوتا ہے۔

سیوا :- (ہ۔ مو) خدمت۔ ٹہل۔ حفاظت۔ نوکری۔ پوجا۔ سیوک۔ خدمت گار۔ پجاری۔ سیوا کرنا۔ خدمت کرنا۔ نوکری کرنا۔ پوجا۔

سیوتی :- (ہ۔ مو) ایک قسم کا سفید گلاب۔ نسترن ~

مارا پڑا ہوں دیکھ کے اک سیوتی سا رنگ
لازم جسے یہ تن کو ہے نسترن کی شاخ — آتش

سیوَن :- (ہ - مو) سلائی۔ سیون بٹھانا۔ ادھڑی سیون جمانا۔

سیونگ بینک :- (انگ - مذ) ڈاک خانے کا وہ شعبہ جس میں بچت کا روپیہ امانتاً جمع کیا جاتا ہے۔ نیز بینک کا ایک شعبہ جس میں روپیہ رکھا جاتا ہے۔

سیہہ یا سیہی :- (ہ) دیکھو ساہی ~ ذوق

جس کے سبب لڑائی ہے وہ آدمی نہیں
کانٹا ہے گھر میں سیہ کا پاگل کنیز کا

سِیَہ بخت :- (ف) بدنصیب۔ ابھاگا۔ بدقسمت ~ قلق

وہ سیہ بخت ہوں سائے سے مرے دن ہو سیاہ
آنکھیں دکھلاتی ہے مجھ کو شب دیجور عبث

(دیکھیے سیاہ)
سیہ روز۔ مصیبت کا مارا۔ پریشان۔

ش

ش : (شین ۔ مذ) اردو ابجد کا انیسواں حرف۔ اس کے اعداد ابجد کے حساب سے تین سو ہوتے ہیں۔

شاب : (ع - مذ) جوان شیخ کے ساتھ بطور لاحقہ۔ ؎ اختر

اور امتحان بغیر تو یہ آپ کا غلام ہے
قائل نہیں ہے قید کسی شیخ و شاب کا

شاباش : (ف) کلمۂ تحسین و آفرین۔ خوش رہو۔ واہ وا۔ مرحبا۔ کیا کہنا۔ کبھی دعا کے معنی میں بھی بولتے ہیں (شاباش بیٹا جیتے رہو) کبھی طنز کے معنی میں بھی بولتے ہیں (شاباش ہے آفریں کیا خوب باپ دادا کا نام روشن کیا) شاباشی (مو) آفرین و تحسین۔ شاباشی دینا۔ مرحبا کہنا۔ پیٹھ ٹھونکنا۔ شابش۔ شابشی (مو) شاباش اور شاباشی کا مخفف۔

شاپ : (انگ ۔ مو) کارخانہ۔ دکان۔ شاپ کیپر۔ دکان دار۔

شاپور : (ف ۔ مذ) ایک مصور کا نام جو خسرو پرویز (قدیم ایران کے بادشاہ کا ملازم تھا) اور شیریں کی تصویر کھینچ کر لایا تھا۔ شاہان ساسان میں دوسرا بادشاہ جس نے روم کو فتح کیا تھا۔ ایک مشہور پہلوان کا نام۔

شاخ : (ف ۔ مو) ٹہنی۔ ڈالی (اچھوا کے ساتھ) سینگ۔ ؎ ذوق

رہتی ہے کشمکش میں پس از مرگ پر جفا
آخر کو زیر از دہ کئی کرگدن کی شاخ

وہ چھوٹی نہر جو کسی نہر سے نکالی جائے۔ نسل۔ اولاد (مخدوم صاحب کی شاخ یہاں بھی موجود ہے) پارہ۔ ٹکڑا (جلیبی کی شاخ) حصہ۔ جزو (یہ اسی کالج کی شاخ ہے) عیب۔ نقص ؎ نسیم

بھتیا مرے ہرن میں نہ شاخیں نکالیے

کمان کی لکڑی ؎ ذوق

ٹوٹی کمان دلبر ناوک فگن کی شاخ

کسی چیز کی نسبت جو کسی کی طرف کی جائے۔ پیچ۔ جھگڑا۔ انوکھی بات۔ ہنر۔ خوبی۔ عمدگی۔ ؎

شاخ ہے کیا سرو میں طرہ ہے کیا شمشاد میں

ایک قسم کا بارود رکھنے کا ظرف جسے کمر میں باندھتے ہیں۔ صابونی اور نبی قسم کی مٹھائی۔ ایک قلم کو شاخ کہتے ہیں۔ **شاخ آہو** (مو) ہرن کا سینگ۔ انوکھی بات۔ **شاخچہ** (مذ) چھوٹی شاخ۔ تہمت۔ افترا۔ **شاخچہ بندی** (ف) درخت میں قلم۔ افترا۔ بہتان لگانا۔ **شاخدار**۔ ٹہنی دار۔ سینگ والا۔ **شاخ در شاخ**۔ پیچ در پیچ۔ بات میں بات نکلی ہوا۔ گوناگوں۔ **شاخ پوریا** (مو) ارو کا وہ حصہ جو پنجی سے نکل کر دوسری طرف چلا جائے۔ **شاخ زعفران**۔ عمدہ اور انوکھی بات۔ **شاخسار** (مذ) وہ جگہ جہاں کثرت سے درخت ہوں۔ نیز ٹہنی۔ گو اس معنی میں مونث ہے ؎ نسیم

ہر شاخسار پھولوں سے لد کر دلھن بنی

شاخ لگانا۔ تہمت لگانا۔ کسی کی طرف کسی مزید بات کو منسوب کرنا۔ پخ لگانا۔ **شاخ لگنا**۔ تہمت لگنا۔ کوئی مزید بات منسوب ہونا۔ عیب ہونا ؎ انیس

تحمل ہو کہ قرار ہو نہیں یا بد مزگی ہے
ہر شے میں غرض ایک نہ ایک شاخ لگی ہے

کوئی سبب یا عمدگی کی وجہ کسی شے میں موجود ہونا۔ **شاخ نبات**۔ کوزے کی وہ لکڑی جو کوزہ بنانے کے واسطے اس کے آبخورے میں لگا دیتے ہیں۔ **شاخ نکالنا**۔ سینگ نکالنا۔ ٹہنی نکالنا۔ عیب نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ شاخ نکالنا۔ نئی بات پیدا کرنا۔ **شاخ نکلنا**۔ (لازم) **شاخیں کھنچوانا**۔ شاخیں لگوانا۔ سینگیاں کھنچوانا۔ **شاخیں لگانا**۔ سینگیاں لگانا ؎ ذوق

شاخیں بھی گر لگائیں تو لے کر ہرن کی شاخ

قلمیں لگانا۔ درخت کی ٹہنیاں بونا۔ **شاخیں نکالنا**۔ عیب جوئی کرنا۔ حجت کرنا۔ تکرار کرنا ؎ جان صاحب

میں نہ بولی نکالیں شاخیں لاکھ ‏ ‏ میرے گل پاؤں پہ ہزار کرے

شاخسانہ : (ف ۔ مذ) حجت۔ تکرار۔ جھگڑا۔ بحث دلیل

؎ شاخسانہ کون سا میں نے نکالا تھا جو آج
بات بھر زلفوں کو مجھ پر پیچ و تاب آیا کیا ‏ رشک

رخنہ۔ عیب ؎ آتش

نہ زلف یار کا خاک بھی کر سکا مالی
ہر اک بال میں کیا کیا نہ شاخسانہ ہوا

بدگمانی ؎ سوز

کب دیا دل میں تیری زلفوں کو
یہ بھی لوگوں کا شاخسانہ ہے

ڈھکوسلا۔ دام فریب ؎ میر

مشک و سنبل کہاں وہ زلف کہاں
شاعروں کے یہ شاخسانے ہیں

بات کے پہلو۔ پیچ۔ خود نمائی ؎ بحر

ہر ایک پیچ میں ہے پائے بندی عاشق
ہے زلف یار بھی اک شاخسانۂ زنجیر

شاخسانہ پیدا ہونا۔ فتنہ برپا ہونا۔ عیب نکلنا۔ شاخسانہ کھڑا کرنا۔ جھگڑا نکالنا۔ رخنہ ڈالنا۔ فتنہ برپا کرنا۔ شاخسانہ کھڑا ہونا۔ لازم۔ شاخسانہ نکالنا۔ شاخسانے نکالنا۔ حجت کرنا۔ تکرار کرنا۔ جھگڑا نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ شاخسانہ نکلنا۔ شاخسانے نکلنا۔ فتنے برپا ہونا۔ جھگڑا نکلنا۔ حجت و تکرار ہونا۔ نکتہ چینی ہونا۔ (لازم)۔

شاد: (ف) خوش و خرم۔ پُر (جیسے شاداب) شاد باش کلمۂ تحسین و آفرین کلمۂ دعائیہ ؎

اے شاد باش اے شرف اللہ دے جواب
قاتل کے منہ کو چوم لیا رو بروئے تیغ

شاد باید زیستن ناشاد باید زیستن۔ زندگی سے بیزاری کے لیے مستعمل ہے۔

شاداب۔ تروتازہ۔ سرسبز۔ سیراب۔ ہرا بھرا۔ شادابی (مو) سیرابی۔ تروتازگی۔ شادان۔ خوش و خرم۔ خوش حال۔ خوش وقت (ہونا) شادکام۔ خوشحال۔ کامیاب۔ صفت۔ شادکامی (مو) شادمان۔ خوش و خرم۔ صفت۔ شادمانی (مو)

شادی: (ف۔ مو) جشن۔ بیاہ کی رسم۔ شادی خانہ آبادی۔ بیاہ جس سے گھر آباد ہوگا۔ شادی رچانا۔ بیاہ رچانا۔ خوشی کرنا۔ جشن کرنا۔ شادی مرگ۔ وہ موت جو بہت سی خوشی کے باعث واقع ہو۔ شادی مرگ ہو جانا۔ بہت زیادہ خوشی میں یکایک دم سے ایک دم موت آجانا۔ شادی ہونا۔ بیاہ ہونا۔ خوشی ہونا۔ شادیانہ (مذ) خوشی کا باجہ جو شادی میں بجتی ہے۔ خوشی کے گیت (ہونا) کے ساتھ، مبارک باد ؎ داغ

شادیانہ جو دیا نالہ و شیون نے دیا
جب ملاقات کو ناشاد کی ناشاد آیا

شاذ: (ع۔ مذ) نادر۔ کم۔ انوکھا۔ شاذونادر۔ کبھی کبھی۔ اتفاقی۔ گاہے گاہے۔

شارب: (ع) پینے والا۔ شراب پینے والا۔ بہت کم مستعمل ہے۔

شارٹ ہینڈ: (انگ۔ مذ) عبارت کو اختصار کے ساتھ حروف کی ان خاص شکلوں میں لکھنا جو مقرر ہیں۔

شارح: (ع) شرح کرنے والا۔ شرح لکھنے والا۔

شارع: (ع۔ مذ) شریعت لانے والا۔ پیغمبر۔ شارع اسلام۔ رسالت مآب صلعم۔ شارع عام (مذ) عام راستہ۔

شاستر: (س۔ مذ) قاعدہ۔ آئین۔ قانون علم۔ سنسکرت ویدیا مذہبی کتاب۔ شاستری (مذ) شاستر جاننے والا۔ پنڈت۔ عالم۔

شاشہ: (ا۔ مذ) پیشاب۔ عورتیں بچوں کو پیشاب کرانے میں کچھ اس سے ملتی جلتی آوازیں نکالا کرتی ہیں۔

جو اس سے ماخوذ ہیں۔

شاطر: (ع۔ مذ) حیلہ کرنے والا۔ چالاک۔

شاعر: (ع۔ مذ) شعر کہنے والا۔ شاعرِ غرّا (مذ) (باضافت) استاد شعرا۔ اعلے درجہ کا شاعر۔ شاعرانہ باتیں مبالغہ آمیز گفتگو۔ شاعرہ مو۔ شعر گو عورت۔ شاعری (مو) شعرگوئی۔ مبالغہ آمیزی (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)

شاغل: (ع) کسی کام میں متوجہ رہنے والا ؎ شمیم

عندلیبان جنان عباسؑ کو ہے شغل سیر
بار ہوئے گا نہ کچھ آگے اس شاغل کے گل

شافع: (ع۔ مذ) سفارش کرنے والا۔ آنحضرت صلعم جو شافع روز جزا ہیں۔

شافعی: (ع) اہل سنت کے چار اماموں میں سے ایک جن کا نام محمد بن ادریس تھا اور اپنے جد شافع بن سائب کی وجہ سے شافعی کہلاتے تھے نیز ان کے پیرووں کا لقب۔

شافہ: (ا۔ مذ) روئی کی وہ بتی جو دوا میں تر کر کے زخم میں رکھی جائے۔ دوا جو دُبر میں پاخانہ نکل کرانے کے لیے رکھی جاتی ہے (دینا۔ لینا کے ساتھ)

شافی: (ع) شفا دینے والا۔ تسکین بخش۔ شافی جواب (مذ) پورا جواب۔ ایسا جواب جس سے اطمینان ہو جائے۔ شافی حقیقی یا مطلق (باضافت۔ مذ) اصلی شفا دینے والا خدائے تعالیٰ۔

شاق: (ع) سخت۔ اجیرن۔ کٹھن۔ ناگوار۔ دوبھر۔ شاق گزرنا۔ دوبھر ہونا۔ برا لگنا۔ جی دکھنا۔ شاق ہونا۔ ناگوار خاطر ہونا۔ شاقہ۔ دشوار۔ مشکل۔ سخت۔ (محنت شاقہ)

شاکر: (ع) شکر کرنے والا۔ احسان ماننے والا۔ شاکر کو شکر موذی کو ٹکر۔ صابر و قناعت پیشہ کو آرام اور لالچی کو دکھ رہتا ہے۔

شاکی: (ع) شکایت کرنے والا۔ گلہ کرنے والا۔

شاگرد: (ف۔ مذ) سیکھنے والا۔ طالب علم۔ نوکر۔ مرید۔ شاگردانہ ف۔ وہ روپیہ جو استاد حق شاگردی یا شاگرد انعام کے طور پر دے۔ استادانہ کا مقابل۔ شاگرد پیشہ۔ اہل کار۔ نوکر چاکر۔ شاگرد رشید۔ لائق شاگرد۔ شاگرد کرنا۔ شاگردوں کے زمرے میں داخل کرنا۔ شاگرد ہونا۔ کسی کو استاد بنانا۔ شیرینی رکھنا۔ شاگردی (مو) استادی کی ضد۔ خدمت۔ شاگردی کرنا۔ کسی سے کام سیکھنا۔ تعلیم پانا۔

شان میں بٹہ لگنا: عزت میں فرق آنا۔ شان میں جھنکتے آنا: ذلت محسوس کرنا ؎ رند

مر چکا ہوں یوں کلپتے ہو عبث میرے لئے
آئیے اب تو اگر جھنکتے نہ آئیں شان میں

شان نکلنا۔ (اد) ظاہر ہونا۔ نیش نکلنا۔ شانِ نزول (مذ) اترنے کا سبب۔ قرآنی آیت کے اترنے کا موقع۔ شان و شوکت (مو) رعب داب۔ کر و فر۔

شانت: (ا) مطمئن۔ صابر۔ ضابط۔ جس کا غیظ و غضب دور ہو چکا ہو۔ شانتی (مو) صبر و سکون۔ ضبط۔ اطمینان (ہندوؤں کا روزمرہ) امن

شانزدہم: (ف) سولھواں جس کا نمبر پندرہ کے بعد ہو۔

شانہ: (ف۔ مذ) کنگھی۔ مونڈھا۔ کھوا۔ کرتے وغیرہ کا وہ حصہ جو شانے پر رہتا ہے۔ شانہ بین (مذ) فال لینے والا۔ شگون بتانے والا۔ ایران میں بکری کے شانے پر تعویذ لکھ کر فال نکالتے ہیں ؎ مصحفی

الجھا ہے کس کی زلف پریشاں میں دل مرا
اے شانہ بین سمجھ کے ذرا شانہ دیکھنا

شانہ اترنا / اکھڑنا۔ شانے کی ہڈی کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔ شانہ پھڑکنا۔ مونڈھا پھڑکنا جس سے دوست کی ملاقات کا شگون لیتے ہیں۔ شانہ سے شانہ چھلنا۔ بھیڑ ہونا۔ کثرت سے لوگوں کا جمع ہونا۔ شانہ ہلانا۔ پہلو ہلا کر جگانا۔ مونڈھا ہلانا۔ تلقین پڑھنا۔

شاہ: (ف) آقا۔ بادشاہ۔ سید۔ فقیر۔ نوشاہ۔ شطرنج کی ایک گوٹ۔ تاش اور گنجفے کا میر۔ وہ جو اپنے فن میں دوسروں سے ممتاز ہو۔ جیسے شاہ زور (شہزور) بڑا جیسے شاہراہ۔ شاہ باز (مذ) وہ بچہ جو دولھا کے آگے گھوڑے پر بیٹھا کرتا ہے۔ شاہ برہنہ (ا) عورتوں کا فرضی جن۔ شاہ بلوط (مذ) ایک پھل کا نام جو شیریں ہوتا ہے۔ شاہ بیت۔ نظم کا بہترین شعر۔ شاہترہ (مذ) ایک دوائی۔ پت پاپڑہ۔ شاہ خانم (مذ) بڑے گھرانے کی عورت۔ شاہ دانہ۔ تخم بھنگ۔ شاہ دریا۔ ایک جن جو پریوں کا پیارا اور شاہ سکندر کا چھوٹا۔ شاہ دَرَہ (مذ) وہ آبادی جو شاہی محلات کے نیچے واقع ہو۔ شاہ راہ (مذ) بڑا راستہ۔ عام راستہ۔ شاہزادگی (مو) شہزادہ کی خوردسالی کا زمانہ۔ طفلانہ تکبر۔ شاہزادہ (مذ) بادشاہ بیٹا۔ امیر۔ شاہزادی (مو) بادشاہ کی بیٹی۔ امیر عورت۔ شاہِ زناں۔ یزدجرد کی لڑکی کا نام جو ازواج امام حسینؑ میں تھیں۔ شاہ سوار (مذ) بڑا سوار۔ خوب سواری جاننے والا۔ شاہ صفا۔ عورتوں کے ایک پیر۔ شاہ عباس۔ امام حسینؑ کے سوتیلے بھائی جنہوں نے میدان کربلا میں فوج یزید کا بڑی بہادری سے مقابلہ کیا اور امام حسینؑ کے پیاسے بچوں کو پانی پلانے کے لیے مشک لے کر نہر پر گئے اور وہ میں شہید ہوگئے۔ شاہ عباس کا علم ٹوٹے (بد دعا) یعنی حضرت عباس کی مار پڑے۔ شاہ گام (مذ) تیز قدم۔ گھوڑے کی ایک چال۔ شاہ مرداں (مذ) حضرت علی کا لقب۔ شاہ مرداں کی لالڑیاں (ادبی) گاجریں۔ شاہ مشرق۔ سورج۔ شاہ مغرب۔ پہلی کا چاند۔ شاہ نشین یا شہ نشین (مو) بادشاہ کے بیٹھنے کی جگہ۔ اونچی جگہ۔ بساط زرنگار۔ دالان کے اندر کا اونچا دالان جس کے چھوٹے چھوٹے در ہوتے ہیں۔ شاہ وار۔ صفت۔ بادشاہوں کے لائق عمدہ اور نفیس چیز۔ شاہانہ۔ شاہی بادشاہوں کے لائق۔ شاہانہ جوڑا (مذ) دولھا کا جوڑا۔ سرخ پوشاک۔ شاہانہ مزاج۔ نازک مزاج۔ شاہانہ وقت۔ شام کا وقت۔ شاہنشاہ (مذ) بادشاہوں کا بادشاہ۔ شاہنشاہی (مو) سلطنت۔ حکومت۔ شاہنشاہی کرنا۔ بادشاہی کرنا۔ عیش کرنا۔ شاہی۔ بادشاہت۔ حکومت۔

شاہد: (ع۔ مذ) گواہ۔ حاضر۔ محبوب۔ شاہد باز (مذ) حسین لڑکوں یا عورتوں سے رغبت رکھنے والا عاشق۔ شاہد بازار۔ بازاری اور کسبی عورت۔ ہرجائی معشوق۔ شاہدی (مو) گواہی ؎ تعلق

دیتی ہے صبح و شام شفق آج شاہدی
ثابت ہے بے گناہوں کا خون آسماں پر

شاہین: (ف۔ مذ) سفید رنگ کا شکاری پرندہ۔ ترازو کی موٹھ۔ کانٹے کی سوئی۔

شایان: (ف) قابل۔ موزوں۔ زیبا۔ لائق۔ شایاں ہونا۔ زیبا ہونا۔ لائق ہونا۔ مناسب ہونا۔

شائبہ: (ع۔ مذ) غیر خالص۔ شک۔ ملاوٹ۔ شائبہ ہونا۔ شک ہونا۔ شبہ ہونا۔

شائستگی: (ف۔ مو) تہذیب۔ درستی۔ آدمیت۔ بھلمنساہٹ۔ شائستہ۔ مہذب۔ سلیقہ مند۔ سزاوار۔ اہل۔ تعلیم یافتہ۔ خوش خلق۔ تربیت یافتہ۔

شائع: (ع) آشکارا۔ چھپا ہوا۔ مشہور کیا ہوا۔ شائع کرنا۔ چھاپ کر مشتہر کرنا۔ پھیلا دینا۔ شائع ہونا۔ جاری ہونا۔ چھپنا۔ پھیلنا۔ آشکارا ہونا۔ (شایع)

شائق: (ع) شوق رکھنے والا۔ خواہش مند

شائگاں: (ف) بیگار۔ شاہانہ کام۔ وہ قافیہ جس میں ایطائے جلی ہو۔ دیکھو ایطا۔

شاید: (ف) باید۔ ممکن۔ غالباً حرف شک ہے۔ شاید و باید: جیسا کہ چاہیے ہر طرح سے اچھا (ف شاید اور باید کے معنی پر بھی)

شَب :- (ع - مو) پھٹکڑی۔

شَب :- (ف - مو) رات - دن کا نقیض - رین - شب اسریٰ - معراج کی رات ؎ محسن

شب اسریٰ میں تجلی رُخ انور کی
پڑ گئی گردن رفرف میں سنہری ہیکل

شب افروز - چاند - جگنو - شبا شب - راتوں رات - تمام رات - شبانہ روز - شب و روز - ہر وقت - شبانگاہ - رات کے وقت - شب باش - رات گزارنے والا - جو رات بھر کے لیے مقیم ہو - شب باش ہونا - رات کو ٹھہرنا - شب بخیر گذشت کی جگہ بولتے ہیں - یعنی رات خیر و عافیت سے گزرے - نیز صبح کے متعلق کسی کام کے کرنے کی فکر کرتے وقت بھی یہ کلمہ بولتے ہیں اور اس وقت یہ تقریباً انشاء اللہ کے محل پر صرف ہوتا ہے یعنی اگر رات خیریت سے گزری تو ایسا کریں گے - شب برات (ف - نیز - بہ اضافہ) شعبان کی پندرھویں رات مسلمانوں کا تہوار - اس رات میں عمر کا حساب اور تقسیم رزق کا کام ہوتا ہے - نیز اسی شب میں امام مہدیؑ کی پیدائش مانی جاتی ہے - اس رات کو متبرک سمجھتے ہیں اور خوشی کے اظہار کے لیے آتشبازی چھڑاتے ہیں۔ ؎

کیوں ہیں اشک اپنے پھلجھڑی کی طرح
شب فرقت شب برات نہیں ناسخ

بغیر اضافت بھی مستعمل ہے - ایسی حالت میں علم ہوتا ہے - معنی سے بحث نہیں ہوتی ؎ ظفر

آئی ہے شب برات بڑی دھوم دھام سے

شب برات کا چاند (بے اضافہ) شب برات کا مہینہ - شعبان۔ شب بیدار - رات کو اٹھ کر عبادت کرنے والا - عابد - شب بیداری (مو) رات بھر عبادت کرنا اور جاگنا - شب بیداری کرنا - رت جگا کرنا - رات بھر جاگتے رہنا - تمام رات کوئی محفل قائم رکھنا - رات بھر عبادت کرنا - شب تار یا شب تاریک - اندھیری رات - شب چراغ (مذ) کہتے ہیں کہ دریائی گائے جب چرنے نکلتی ہے تو سانپ کی طرح ایک چیز اگلتی ہے اور جب چر چکتی ہے تو اس روشن چیز کو کھا جاتی ہے - یہی شب چراغ لعل ہے - جگنو - وہ لعل جو رات کو روشنی دے - شب خوابی (مو) رات کو پہن کر سونے کے کپڑے - شب خوانی (مو) رات کو سنائی جانے والی داستان - شب خون (مذ) رات کا حملہ - شب خون لانا یا شب خون مارنا - رات کو حملہ کرنا ؎

کسی پہ شب خون لانے کا کچھ نہیں کھٹکا امیر
تیغ گل کیوں قرمزی وہ شوخ ، رنگ لاتا ہے رنگ

شب خیز - رات کو جاگنے والا - شب بیدار عموماً آہ کی صفت میں مستعمل ہے - آہ شب خیز مجھ مسرور

آہ شب خیز مجھے اور بھی رسوا کرتی

شب خیزی (مو) شب بیداری - عبادت شب - شب دیز (ف - مذ) کالے رنگ کا شبدیز گھوڑا - شب دیجور (ف) تاریک رات ؎ آنکھیں دکھلاتی ہے مجھ کو شب دیجور بہت قلق

شب دیگ (مو) ایک خاص قسم کی ترکاری جو شلغم اور گوشت وغیرہ سے رات بھر میں تیار کی جاتی ہے - شب رنگ (ف - مذ) سیاہ (سیاہ رنگ کا) کالا گھوڑا - شب رو - رات کو چلنے والا - چور - کوتوال - شب زفاف - ہم بستری کی رات - شب زندہ دار - رات بھر عبادت کرنے یا جاگنے والا ؎ امیر

کیوں نہ تا صبح تک سے شام سے شب زندہ دار شمع
ہے کس کے شوق میں ہمہ تن انتظار شمع

شب شہادت (مو) محرم کی دسویں رات جو امام حسینؑ نے عبادت میں بسر کی اور صبح شہید ہوئے - شب عاشورہ - دسویں محرم کی رات - بہت غم کی رات - شب قدر (مو) عظمت رات - مرتبہ والی رات - مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ ہر سال ایک شب ایسی ہوتی ہے جس میں مقدرات تقسیم کیے جاتے ہیں - اس کی تعیین میں اختلاف ہے ۵ شعبان - ۲۳ رمضان اور ۲۷ رمضان یا شیعہ عقیدے سے ۱۹ - ۲۱ - ۲۳ رمضان کی شبیں شب قدر کہلاتی ہیں - ان راتوں میں شب بھر قرآن خوانی اور عبادت کی جاتی ہے - شب کور - وہ شخص جس کو رات میں دکھائی نہ دیتا ہو - شب کوری (مو) اندھی کی ایک مرض کا نام - شب گرد - کوتوال - چور - شب گشت - رات کو گھومنے والا - شب گوں - کالا - شب گیر - سحری کے وقت چلنے والا آخر شب کا - شب ماتم - غم کی رات - شب بیداری - رخصت امام حسینؑ ؎ امیر

داغ حسرت ہے ترے غمناک کے سینے میں یوں
جس طرح جلتا ہے کوئی شب ماتم چراغ

شب ماندہ - باسی - شب وصال - محبوب معشوق کو ملنے کی رات - بیاہ کرنے کی رات - شب وصل - دوست کو ملنے کی رات - شب زفاف - شب ماہ یا شب ماہتاب (مو) چاندنی رات - شب یلدا (مو) اندھیری رات - شبیں - ۱۹ - ۲۰ - ۲۱ رمضان کی راتیں - ۱۹ کی شب میں حضرت علیؑ نے سجدے میں تلوار کھائی اور ۲۱ کی شب میں شہید ہوئے - شبینہ (مو) رات کا پکا ہوا کھانا - باسی - شب بیداری - دیکھیے صفحہ ۶۰۰

شَباب :- (ع - مذ) جوانی - تیس سے چالیس برس تک کا زمانہ - ترقی کا زمانہ - بہار اور رونق کا زمانہ - شباب اہل جنت - حدیث میں ہے کہ حسنؑ و حسینؑ جوانان جنت کے سردار ہوں گے - اس جملے سے حدیث مذکورہ کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔

شَبان :- (ف - مذ) چرواہا - گڈریا - شبانی - چرواہا۔

شَبَاہَت: (ع ـ مو) بدن اور شکل کی مطابقت۔ صورت و شکل میں ایک ہونا

شَبَد:۔ (ہ ـ مذ) ہندوؤں کا روز مرہ ہے۔ لفظ۔ کلمہ

شَبَّر و شَبِیر: (عبرا) حضرت ہارون کے صاحبزادوں کا نام۔ حضور کے نواسوں کے نام۔ بڑے نواسے کا نام حسن اور شبر اور چھوٹے نواسے حسین اور شبیر کہلاتے ہیں۔

شَبَکا:۔ (ا ـ مذ) وہ شگاف جو کپڑے یا دیوار میں ہو سے

ایسا چھٹا ہے دل کہ شبکے ہیں جا بجا
کچھ اس میں جان بھی ہے لیے کیا رفو کریں ۔ شرف

شَبِسْتَان:۔ (ف ـ مذ) امیروں کے سونے کی جگہ تنہائی کی جگہ۔

شَبَکَہ: (ع ـ مذ) لوہے یا جست وغیرہ کے تاروں کا جال جو لکڑی میں بندھا ہوا ہو مشبک نہ ہو۔ بڑا سوراخ۔

شَبْنَم: (ف ـ مو) وہ نمی رات جو رات کو ہوا میں درختوں وغیرہ پر ٹپکتے ہیں۔ اوس۔ شبنمی (مو) مسہری وہ کپڑا جو اوس سے بچنے کے لیے پلنگ پر نصب کیا جاتا ہے۔ مچھر دانی۔

شَبْبُو:۔ (ف ـ مو) ایک قسم کا سفید اور خوشبودار پھول۔

شُبَہ: (ع ـ مذ) التباس۔ وہ حالت جس میں یقین نہ حاصل ہو۔ شبہ اٹھانا۔ شک دور کرنا۔ شبہ کرنا۔ بدگمانی کرنا۔ شک کرنا۔ شبہ مٹانا یا نکالنا۔ شک رفع کرنا۔ شبہ ہونا۔ دھوکا ہونا۔ شک ہونا۔

شَبِینَہ: (ف ـ ا) تراویح میں ختم قرآن۔ رات کا شبینہ مدرسہ۔ رات کا اسکول۔ دیکھیے شب

شَبِیہ: (ع ـ مو) مانند۔ ہم شکل تصویر (تصویر کھینچنا کے ساتھ) مشابہت۔ شبیہیں۔ تابوت۔ ذوالجناح وغیرہ جو شیعہ محرم میں نکالتے ہیں۔

شَپ:۔ (ا ـ مو) قمچی یا تلوار مارنے کی آواز۔ ع انیس

شپ سے جو پڑی سر پہ تو سن سے نکل آئی

شپ شپ۔ جلد جلد۔ تیر چلانے کی آواز۔ تلواروں کی پیہم آواز۔ شپا شپ (مو) چپڑ چپڑ چاٹنے کی آواز۔ پانی کے اندر جانے یا پھینکنے کی آواز۔ پیہم پیکان و تیر کی آواز۔ جلد جلد کوئی کام کرنا (شپا شپ سب چیزیں تیار کر ڈالو) کوئی چکلدار چیز پے درپے مارنے یا چلانے کی آواز

شَپَرَہ:۔ (ف ـ مذ) چمگادڑ۔ شپرہ چشم۔ صفت۔ چمگادڑ کی طرح سورج کی روشنی میں آنکھیں بند کرنے والا۔ وہ شخص جو صاف اور واضح چیز کو تعصب کی وجہ سے نہ دیکھے۔

شَپَّر و شَپِّیر:۔ دیکھو شبر و شبیر۔

شَپّے لڑانا:۔ (ا) چپس لگانا۔ تدبیر کرنا (عوا)

شِتَا:۔ (ع ـ مذ) جاڑے کا موسم۔

شِتَاب:۔ (ف) جلد۔ فوراً۔ جھٹ پٹ۔ شتاب کار۔ پھرتیلا۔ جلدباز۔ شتابی (مو) جلدی تیزی۔ گھبراہٹ (کرنا۔ میں پڑنا) جلدی سے ظفر

حضرت دل واں کے جانے کی شتابی میں پڑے
ہائے یہ بیٹھے بٹھائے کس خرابی میں پڑے

شِتَابَا:۔ (ا ـ مذ) وہ کاغذ یا تاگا جسے بارود میں تر کرکے بٹتے ہیں اور آتشبازی کے فیتے کی جگہ استعمال کرتے ہیں۔ شتابا لگانا۔ آتشبازی میں فلیتہ لگانا۔ شتابا چھوڑنا۔ فساد کرا دینا

شَتَّا (ح) (شطاح کی تارید) بدکار عورت۔ جان نے ایک جگہ بغیر ح کے لکھا ہے۔ رنگین نے ح کے ساتھ اپنے فرہنگ میں بھی تحریر کیا ہے۔ راحت نے ۔ ہ سے لکھا ہے۔ رنگین کے دو شعر فرہنگ میں ہیں سے بھی ہیں دیکھو شطاح۔ الف میں شتا سے جان

ایک ہی شتا ہے باجی مغلی بھابی کی بہو
موٹے موٹے کیا لگانے طوفان دو
ے رنگین
یوں تو چپ چاپ ہے سن گن ہے پڑے مغلانی
ایک شتاح ہے یہ میری نانی باندی
ے راحت
بڑی شتاہ ہیں بی ڈرتے ان مجروں کے دیدوں سے
چلی ہیں گھورنے مردوں کو حیلہ ہے زیارت کا

شُتُر:۔ (ف ـ دونوں مضموم ـ مذ) اونٹ
ے رنگین
میاں ہیں حضرت واعظ کو کر سمجھتا ہوں
جو کچھ وہ کہتے ہیں گوز شتر سمجھتا ہوں

شتربان۔ اونٹ کو چلانے والا۔ اونٹ کا محافظ۔ شتر بے مہار آزاد آدمی۔ آوارہ۔ وحشی۔ شترخانہ (مذ) اونٹوں کا طویلہ۔ شتر سوار۔ سانڈنی سوار۔ چٹھیاں پہنچانے والا قاصد۔ شتر غمزہ (مذ) دھوکا۔ فریب۔ چالاکی۔ شرارت۔

شتر غمزے اٹھانا - بے جا نخرے اٹھانا - شتر کینہ - وہ شخص جس کے دل کا کینہ کبھی دور نہ ہو - سخت دشمن - شتر گاو زرافہ - شتر گربہ - دو نا موافق چیزیں (اصطلاح شعرا) ایک ہی چیز کے واحد اور جمع یا تعظیم و تحقیر کے الفاظ ایک ساتھ استعمال کرنا ہے وزیر

آئیو دامن اٹھائے مدفن عشاق پر
ہاتھ لے جائے نہ کوئی تیرا دامن کی طرف

شتر مرغ مذ ایک بڑا پرند جو صورت میں اونٹ کی طرح ہوتا ہے - شتر نال (مو) ایک قسم کی چھوٹی توپ - زنبورک - شتری گندمی (شتری بانات) نقارہ جو اونٹ پر رکھا جاتا ہے - اونٹ کے بالوں کا (شتری کا بغہ) شتری رنگ - بادامی رنگ - اونٹ کے بالوں کا سا رنگ -

شتم :- (ع) گالی - سب کے ساتھ سب و شتم

شجاع : (ع) دلیر - بہادر - شجاعت (مو) دلیری - مردانگی - بہادری -

شجر : (ع - مذ) درخت - پیڑ - شجرہ (مذ) نسب نامہ - سلسلۂ نسب - وہ کاغذ جس میں باپ دادا کے نام ترتیب وار لکھے ہوں - کھیت کا نقشہ - رباعی کے اوزان کا ترتیب وار نقشہ - شجر کلیم - شجر طور جس پر حضرت موسیٰ نے نور خداوندی دیکھا تھا - شجرہ و قلہ - (مذ) پیروں کا شجرہ اور ٹوپی جو تبرک کے طور پر مریدوں کو دی جاتی ہے - بچھونا بستر بوریا بدھنا - شجرہ و قلہ اٹھانا - بوریا بدھنا سنبھالنا -

شحم : (ع - مو) چربی - شحیم - موٹا تازہ - یہ تنہا مستعمل نہیں - لحیم کے ساتھ بولتے ہیں - (لحیم شحیم)

شحنہ : (ف - مذ) کوتوال - شہر کا انتظام کرنے والا - کھیت کے فصل کا محافظ - چوکیدار -

شخص : (ع - مذ) آدمی کا جسم - آدمی (ایک کے ساتھ) فرد - یکتا ہے

کیوں داغ کا نام آتے ہی نفرت ہوئی تم کو
اک شخص ہے وہ تم اسے کہتے ہو کیا ہو

شخص ثالث - پنچ - سرپنچ - شخص غیر - اجنبی - شخصی - ایک ہی سے نسبت رکھنے والا - جیسے شخصی حکومت - وہ حکومت جس میں تنہا بادشاہ کو تمام اختیارات حاصل ہوں - شخصیت (مو) عزت و وقار - شیخی - غرور - ان کی ساری شخصیت نکل گئی - باعزت - بڑے کردار یا شہرت کا مالک انسان - شخصیت جتانا - اترانا - بڑائی دکھانا - (ی مشدد اور تشدید دونوں طرح تلفظ ہے)

شد : (ف - مو) کام کی ابتدا و آغاز - جیشتر جنگ کی ابتدا کے لیے بولا جاتا ہے - شیر تا مچی کی لڑائی مرغ و بالی در

یہ بھی نہیں تو لنگوٹے ہی کی شد سہی - شد آمد (مو) میل جول - راہ و رسم ہے اوج

ہم شد آمد و گفت و شنید سے باز آئے
وہ ہم ایسے دوستوں کی باز دید سے باز آئے

شد بد (مو) تھوڑی سی واقفیت یا مہارت - حرف شناسی - شدنی - ہونے والی بات - اتفاقی آفت - شدنی بات - ہونے والی - اتفاقیہ بات - موت ہے صبا

شدنی امر میں یہ وہم و گماں کیا معنی
موت کے نام سے اتنا خفقان کیا معنی

شد ہو جانا - مقابلے کی شرطیں طے ہو جانا - شدہ و شدہ رفتہ رفتہ - درجہ بدرجہ - شد بد پیدا کرنا - تھوڑی سی قابلیت پیدا کرنا -

شد : (ع - مو) تشدید وہ علامت جس کے لکھنے سے ایک حرف کو دو مرتبہ پڑھتے ہیں (ّ) کھینچنا -

شدا : (ف - مذ) علم - جھنڈا - چاندی کا پنجہ ایک لکڑی پر لگاتے اور وہاں سبز کپڑے باندھتے ہیں (شدا نکلنا) شدے نکالنا - محرم کے علم نکالنا -

شداد :- (مذ) مصر و روم کے ایک مشہور بادشاہ کا نام جس نے خدائی کا دعویٰ کیا تھا اور جنت کے نام سے ایک باغ تیار کرایا تھا جو باغ ارم کے نام سے مشہور ہے -

شدائد :- (ع - مذ) تکلیفیں - سختیاں - شدیدہ - واحد -

شدت : (ع - مو) سختی - تکلیف - زور و قوت (شدت کا بخار) کثرت - زیادتی (بارش کی شدت) تیزی و جوش (آپ کو ہر معاملے میں شدت کیوں ہو جاتی ہے) زبردستی - جبر - شدت سے - زور سے - سختی سے - کثرت سے - شدت کا - زور کا - بہت سا - سخت -

شد و مد : (ع - مو) دھوم دھام - تکلف - ٹھاٹ - زور شور - شان و شوکت - شد و مد سے یا شد و مد کے ساتھ - زور شور سے - عبارت میں زور ثابت کرکے -

شدید :- (ع) سخت - کٹھن - بہت زور کا - بہت زیادہ - شدید العمل - کام میں سختی کرنے والا - شدید العداوت - وہ شخص جو دشمنی کرنے میں سخت ہو -

شر : (ع - مذ - مو) بدی - کھوٹ - جھگڑا - شرارت - فساد - خرابی - شر اٹھانا یا کرنا - جھگڑا اٹھانا - فساد برپا کرنا - شر اڑ جانا - جھگڑا مٹ جانا - شر بڑھنا - جھگڑا بڑھنا - شر انگیز - شریر - مفسد - شر کرنا - جھگڑا فساد کرنا - شری - جھگڑالو - فسادی -

شِرا :۔ (ع ۔ مو) خریداری ۔ بیع کی ضد ۔ اُردو میں بمعنی بیع مستعمل ہے (بیع و شراء ۔ خرید و فروخت)

شراب :۔ (ع ۔ مو) نشہ پیدا کرنے والا عرق ۔ دارو ۔ شرابِ ارغوانی ۔ سرخ شراب ۔ شراب اُڑنا ۔ شراب کا خوب پیا جانا ۔ شرابِ پرتگالی (مو) عمدہ شراب ۔ پرتگال کی بنی ہوئی شراب جس کو پورٹ وائن کہتے ہیں ۔ شراب پینا ۔ مے پینا ۔ مے کشی کرنا ۔ شراب چلنا ۔ کسی مجمع میں دیر تک شراب اُڑنا ۔ شراب خانہ (مذ) شراب بکنے کی جگہ ۔ شراب پینے کی جگہ ۔ شراب خوار (مذ) شراب پینے والا ۔ شراب خواری (مو) مے نوشی ۔ شراب پینا ۔ شرابِ طہور ۔ وہ پاک شراب جو بہشت میں ملے گی ؎ غالب

زاہد نہ خود پیو نہ کسی کو پلا سکو
کیا بات ہے تمہاری شرابِ طہور کی

شرابِ دو آتشہ (مو) دو مرتبہ کھنچی ہوئی شراب ۔ شرابا طہورا ۔ وہ پاک شراب جو بہشت میں ملے گی ۔ شرابی ۔ شراب پینے والا ۔ جسے شراب کی عادت ہو ۔ شرابور ۔ تربتر ۔ بہت بھیگا ہوا ۔

شَرّاٹا :۔ (ا ۔ مذ) ہوا کا سناٹا ۔ زور کی آواز ۔ زناٹا ۔ زور سے مینہ برسنے کی آواز ۔

شَرارہ :۔ (ع ۔ مذ) چنگاری ۔ پتنگا ۔

شَرارت :۔ (ع ۔ مذ) شیطنت ۔ ایذا رسانی ۔ بدنیتی ۔ شوخی ۔ بدزبانی ۔ شرارت کرنا ۔ دنگا کرنا ۔ شوخی کرنا ۔ برائی کرنا ۔ بدی کرنا ۔ شرارتاً ۔ شرارت سے شرارتی ۔ شریر ۔

شَرافت :۔ (ع ۔ مو) بھلمنسائی ۔ آدمیت ۔

شِراکت :۔ (ع ۔ مو) ساجھا ۔ حصہ داری (فصحا اس لفظ کے بجائے شرکت بولتے ہیں) شراکت کرنا ۔ ساجھا کرنا ۔ پتی ڈالنا ۔

شَرائط :۔ (ع ۔ مو ۔ مذ) جمع شرط ۔ شرطیں ۔ قیدیں

شَرائع :۔ (ع ۔ مذ و مو) شریعت کی جمع ۔ مسائل شریعت شرعیہ

شَرائین :۔ (ع ۔ مو) جمع شریان ۔ تمام جسم میں خون پہنچانے والی رگیں ۔

شُرب :۔ (ع ۔ مذ) پینا ؎ صبا

شرب مے جام گل سے یاد آیا ہوئی توبہ شکن بہار چمن

شرب الیہود ۔ پوشیدہ شراب پینا ؎ داغ

توبہ کا در کھلا ہے ذکر چھپ کے میکشی
اے شیخ یہ طریقہ شرب الیہود ہے

شَربت :۔ (ع ۔ مذ) مصری یا قند میں پکا ہوا کسی چیز کا عرق و شربتِ عناب ۔ پانی میں گھولی ہوئی شکر یا قند وغیرہ ۔ شربت پلانا ۔ قند کا شکر کا شربت پینا ۔ نکاح یا شادی کی بات پکی ہونا ۔ نکاح ہونا ۔ شربت پلائی (مو) وہ رقم جو شربت پلانے کی رسم کے موقع پر دولہا اور اس کے رشتہ دار تھالی میں ڈالتے ہیں ۔ وہ انعام جو شربت پلائی کے موقع پر نائی یا میراثی کو دیا جاتا ہے ۔ شربت کے پیالے پر نکاح پڑھانا ۔ نہایت سادگی سے نکاح کرنا ۔ شربت کے سے گھونٹ ۔ نہایت میٹھی ۔ نہایت میٹھا ۔ نہایت خوشگوار ۔ شربت کے سے گھونٹ سمجھ کر پینا ۔ کسی کڑوی بات کو شربت کی طرح پی جانا ۔ شربتی (مذ) ہلکا زرد سرخی مائل رنگ ۔ میٹھا لیمو ۔ باریک اور عمدہ کپڑا ۔ رس کا بھرا ہوا ۔ ترش مائل بہ شیرینی فالسہ ۔

شُربہ :۔ (ع ۔ مذ) ایک قسم کی چھوٹی مشک ۔ صراحی ؎ اثیج

ہر ایک خیمے میں رکھے ہوئے تھے نام بنام
بکھالیں چھاگلیں شربے سبو صراحی جام

شَرح :۔ (ع ۔ مو) کسی چیز کو دل کھول کر بیان کرنا ۔ تفسیر ۔ کسی کتاب کا حل ۔ نرخ ۔ بھاؤ ۔ شرحِ آبپاشی (مو) نہر کے پانی کے محصول کا نرخ ۔ شرح بندی (مو) نرخ کی فہرست ۔ شرحِ ذیل ۔ نیچے لکھی ہوئی تفصیل ۔ شرحِ سود (مو) سود کا نرخ ۔ شرح کرنا ۔ تفسیر کرنا ۔ کھول کر بیان کرنا ۔ کسی کتاب کا حل لکھنا ۔ شرح لکھنا ۔ تفسیر لکھنا ۔ تفصیل سے لکھنا ۔ حل لکھنا ۔ شرحِ لگان (مو) زمین کی پڑتی ۔ لگان کا نرخ ۔

شَرَر :۔ (ع ۔ مو) چنگاری ۔ پتنگا ۔ شرربار ۔ چنگاریاں برسانے والا ۔ شررفشاں ۔ چنگاریاں اُڑانے والا ۔

شَرط :۔ (ع ۔ مو) قول و قرار ۔ بازی ۔ قاعدہ دستور ۔ (شرطِ انصاف یہ ہے) لازم ؎ داغ

حضرت زاہد ہر اک نشے کی عادت شرط ہے
ضرور ایسا ہی ہوگا کی جگہ ؎ انیس
ہے شرط کہ اس تیز زبانی کی سزا دوں
دوزخ کے زبانے سے زبانوں کو جلا دوں

شرط ادا ہونا ۔ لازمی کام کا ہو جانا ۔ شرط باندھ کر (بدھ کے) سونا ۔ بے سدھ سونا ۔ غافل سونا ۔ (شرط ٹھہرانا ۔ بجا لانا وغیرہ کے ساتھ) شرط باندھنا یا بدنا ۔ قول و قرار کرنا ۔ بازی لگانا ۔ شرط کرنا یا لگانا ۔ شرط باندھنا ۔ قید لگانا ۔ شرطی ۔ قرار

کرکے مشروط - کسی شرط پر (یہ سودا شرطی دیا ہے ناپسند ہو تو پھیر دینا) مشروط - بے شک یقیناً

؎ تھا اب جان سے وہ تو بندی بھے گی شرطی

شرطیہ (مذ) وہ جملہ جو شرط و جزا سے مل کر بنے - از روئے شرط - مشروط - (وہ آج شرطیہ جائیں گے)

شرع (ع - مو) وہ سیدھا راستہ جس پر خدائے تعالیٰ نے چلنے کا حکم دیا - قانون اسلام - دین - مذہب

شرعاً و عرفاً - (ع) شریعت و رسم کے موافق ؎ سحر

ہمسائیگی کے شرعاً و عرفاً حقوق ہیں

اس پہ یہ طرہ ہے کہ تدبیر میں ہیں مدعا خواں

شرع پر چلنا - احکام اسلامی کے مطابق عمل کرنا - **شرع توڑنا** (قانون توڑنا) - **شرع** (پر چلنا - پابند ہونا - والی - والا - شخص) شرع کے خلاف کرنا - قانون اسلام کے خلاف کرنا - مذہب کے خلاف کرنا - **شرع محمدی** - قانون اسلام - **شرع محمدی نکاح پڑھنا** - اسلامی نکاح پڑھنا - سادہ سی رسم نکاح - **شرع میں رخنہ ڈالنا** - بدعت کرنا - مذہبی امور میں کوئی تصرف کرنا - **شرع میں کیا شرم** - وہ جو بات کہ کہنے میں کچھ لحاظ نہیں کرنا چاہیے - **شرعاً** - شرع کے مطابق - **شرعاً جائز ہونا** - قانون اسلام کے مطابق جائز ہونا - **شرعی** - شرع کے قانون کے مطابق - شرع پر چلنے والا - **شرعی پاجامہ** - ٹخنوں سے اونچا پاجامہ - نیز وہ پاجامہ جس کے پائنچے نہ زیادہ تنگ ہوں نہ چوڑے - **شرعی داڑھی** - اتنی داڑھی جو دور سے نظر آئے - کم سے کم ایک مٹھی (داڑھی) سخت داڑھی کے بیچ میں بھی بولتے ہیں - **شرعی قسم** - وہ قسم جو قانون اسلام کے موافق "واللہ" کہہ کر قسم کھائی جاوے - **شرعی قلتبان** - نکاح پڑھنے والا (عو)

شرف (ع - مذ) بزرگی - ترجیح - خوبی - بھلائی - کسی سیارے کا اپنے برج میں آنا - عزت - افتخار (شرف خدمت) **شرف رکھنا** - فوقیت رکھنا - برتر ہونا - **شرف لے جانا** - فوقیت میں لے جانا - بڑھ جانا - **شرف یاب ہونا** - عزت حاصل کرنا - ملاقات کی عزت پانا - **شرف ہونا** - عزت ہونا - عزت بڑھنا - کسی ستارے کا اپنے برج میں داخل ہونا -

شرفا (ع - مذ) شریف کی جمع - بھلے مانس لوگ - معزز - عالی خاندان - مہذب لوگ -

شرق (ع - مذ) سورج نکلنے کی جگہ - پورب - **شرق سے غرب تک** - پورب سے پچھم تک - **شرقی** - شرق سے نسبت رکھنے والا - پورب کا باشندہ - **شرقی علوم** (مذ) وہ علوم جو ایشیا میں جاری ہیں -

شرک (ع - مذ) کسی کو خدا کا شریک ٹھہرانا - کسی اور کا شریک کرنا - **شرک جلی** - کھلا کفر -

شرک خفی - ایسا عمل کرنا جس سے کفر لازم آتا ہے ؎

خدا کا اور نبی کا حق کہنا

یہی شرک خفی شرک جلی ہے — ظریف

شرکا (ع - مذ) شریک کی جمع - شریک - حصہ دار - ساجھی - **شرکت** (مو) اشتراک - پتی - حصہ داری - ہمراہی - **شرکیت**

شرم (ع - مو) لاج - لحاظ - حیا - خیال و پاس - شرماشرمی - حجاب - **شرم و لحاظ** ؎

وصل کی رات نہیں خوب یہ شرماشرمی

شرم و لحاظ کے دباؤ میں مروت کے باعث (جی تو نہیں چاہتا تھا - شرماشرمی اقرار کر لیا) **شرمانا** - نادم ہونا - خفیف ہونا - پاس و لحاظ سے آنکھ نہ اٹھنا - **شرمادینا** - **شرمالو** - بہت شرمانے والا - شرمیلا - **شرم حضوری** - آنکھ دیکھے کی مروت - آنکھ چار ہونے کا پاس و لحاظ - **شرم رکھنا** - بات بنی رکھنا - لاج رکھنا - **شرم رہ جانا** - عزت قائم رہنا - آبرو بنی رہنا - **شرمسار** - شرمندہ (آنا - ہونا) **شرم سے پانی پانی ہونا** - شرمندگی سے پانی پانی ہونا - بہت شرمندہ ہونا - **شرم سے ڈوب مرنا** - غیرت کھا کے پسینے پسینے ہو رہ جانا - **شرم سے کٹنا** - بہت شرمندہ ہونا - لجانا - **شرم سے گٹھری ہو جانا** - شرمندگی سے گم ہو جانا - **شرم سے منہ نہ دکھانا** - شرم کی وجہ سے روپوش ہونا ؎ ناسخ

منہ آپ کو دکھا نہیں سکتا ہے شرم سے

اس واسطے ہے پیٹھ ادھر آفتاب کی

شرم سے گڑنا - نہایت شرمندہ ہونا - **شرم شرم میں کام ہو جانا** - مروت ہی مروت میں کام تمام ہو جانا - **شرم کرنا** - حیا کرنا - لحاظ کرنا - شرمانا - **شرم کی بات ہے** - کلمہ تحقیر غیرت اور افسوس کا مقام - **شرم کی لینا** - **شرم کرنا** ؎

شرم کی سب سے وہ خورشید لقا لیتا ہے

آئینہ دیکھ کے چہرے کو چھپا لیتا ہے — امیر

شرم کے مارے - غیرت سے - **شرمگاہ** (مو) وہ مقام جس کا چھپانا مرد و عورت کے لیے ضروری ہے - عورت کا ستر - **شرمناک** (ف) شرم کے قابل - **شرمندگی** (مو) خجالت - ندامت - بے شرمی - لاج - **شرمندگی اٹھانا** - ندامت اٹھانا - رسوا ہونا - **شرمندہ** - شرمسار - ممنون - **شرمندۂ احسان** - احسان کی وجہ سے دبا ہوا - **شرمندہ صورت** - وہ شخص جس کے چہرے سے شرمندگی ٹپکے - **شرمندہ کرنا** - شرمسار کرنا - شرم دلانا - ممنون کرنا - **شرمندہ ہونا** - نادم ہونا - ممنون ہونا - **شرمیلا** - شرمانے والا - حیادار - **شرمگیں** - شرمندہ -

شروا (ا - مذ) شوربا - **شروا چٹ** - کھانے پینے کے لالچ سے دوستی کرنے والا - زمانہ ساز -

شُرُوط: (ع - مو) شرط کی جمع - عہد و پیمان - پابندیاں - اقرار - قیدیں -

شُرُوع: (ع - مذ) ابتدا - پہل - آغاز - اُٹھان - شروعات (مو) ابتدا - پہل - آغاز - شروع سے - اوّل دن سے - ابتدا سے - شروع کرنا - کسی کام کی ابتدا یا پہل کرنا - بنیاد ڈالنا - شروع ہونا - ابتدا ہونا - بنیاد پڑنا -

شِری: - (ہ) جناب - حضور (ہندوؤں کا روزمرہ ہے)

شَرَیان: (ع - مو) وہ چھوٹی رگیں جو ہر ایک رگ کے نیچے ہوتی ہیں اور ان میں خون سے زیادہ رُوح ہوتی ہے -

شَرِیر: - (ع) فساد اُٹھانے والا - فتنہ برپا کرنے والا - شرارتی

شَرِیعَت: - (ع - مو) قانونِ اسلام - مذہبی قانون -

شَرِیف: (ع) مہذب طبقے کا - اعلیٰ خاندان - خطاب کے موقع پر تعظیمی کلمہ (جیسے مزاج شریف) بھلا مانس - پاک و مقدس (کعبہ شریف) جمع اشراف اور شرفا - شریف و رذیل - ادنیٰ و اعلیٰ - نیک و بد -

شَرِیفَہ: (ا - مذ) ایک پھل جس میں گودے کے اندر سیاہ رنگ کے بیسیوں دانے ہوتے ہیں -

شَرِیک: (ع) ساجھی - حصہ دار - شامل - مددگار (وہ ہر حال میں میرا شریک ہے) نظیر (خدا کا کوئی شریک نہیں) شریکِ جرم - جرم میں شریک - شریکِ حال - دُکھ درد میں ساتھ دینے والا - شریکِ رنج و راحت - دُکھ اور آرام کا ساتھی - شریک رہنا - شامل رہنا - ساتھ رہنا - شریک کرنا - شامل کرنا - حصہ دار کرنا - شریکِ شکمی - وہ شخص جسے کسی کسان نے زراعت میں شریک کر لیا ہو اور اس کے نام زمیندار کا پٹہ نہ ہو - شریک ہونا - شامل ہونا - حصہ دار ہونا - ضمیمہ بننا -

شَڑَپا: (ہ - مذ) سڑپا - چسکی - ایک ہی دفعہ پی جانا - شڑپا لگانا - سڑپا مارنا - شڑپے لگانا - ایک ہی دفعہ پی جانا - چسکی لگانا - ایک دم پی جانا - سڑپا - قسیح -

شِسْت: (ف - مو) ہدف - نشانہ - سیدھ - مچھلی پکڑنے کی - لمبی ڈور جس کے ایک سرے میں کانٹا اور دوسرا سرا لمبے بانس سے بندھا اور لپٹا ہوتا ہے - قدر

یا فلک نے شست ڈالی سوئے ماہیٔ زمیں

وہ پُرزہ جسے درزی اور تیر انداز انگلی میں پہن لیتے ہیں - شست باندھنا یا لگانا - سیدھ باندھنا - نشانہ درست کرنا - شست و شو کرنا - نہانا - دھونا - جسم کو پانی سے پاک و صاف کرنا دھونا -

شُستہ - مہذب - پاک صاف - مانجھا ہوا - شستہ زبان - صاف - روزمرہ - سلیس گفتگو -

شُش: - (ف - مذ) پھیپھڑا -

شَش: (ف) چھ - پانچ اور ایک - شش پہلو - چھ کونے کا - شش جہت - وہ چھ سمتیں داہنے بائیں - آگے پیچھے اُوپر نیچے - کل عالم - شش عید کے روزے - (مذ) عید رمضان کے بعد کے چھ روزے - ششم - چھٹا جس کا نمبر پانچ کے بعد ہو - شش ماہی - چھ مہینے - چھ مہینے کا - آدھا سال - شش و پنج (مذ) فکر - پریشانی - ادھیڑ بن - تردد - شش و پنج میں پڑنا - ادھیڑ بن میں رہنا - فکر اور تردد میں پڑنا -

شَشْدَر: - (ف) حیران - پریشان (ہونا - رہنا) ششدر رہنا - حیران اور ہکا بکا رہنا - حیران زدہ رہنا - ششدر ہو جانا - حیران و پریشان ہو جانا - ششدر ہونا - حیران ہونا - ہکا بکا ہونا -

شُشْکار (ی): (ا - مو) شش کہہ کر کتے کو شکار پر دوڑانا - شُشکار بتانا یا شُشکارنا - کتے کو شکار پر دوڑانے کے لیے شش کہنا - بچے کو مُتانا -

شَصْت: - (ف) ساٹھ - پچاس اور دس - اُردو میں تنہا مستعمل نہیں - ترکیب میں بولا جاتا ہے - جیسے شصت سالہ -

شَط: - (ع - مو) دریا یا نالہ کے معنی

گریں شہید ترے کس خط زمین کے تلے
جب اُن کے خون کی بہتی ہو شط زمین کے تلے

شَطْرَنج: (ع - مو) ایک امیرانہ مشہور کھیل کا نام ہے جس میں چھ مہرے (رخ - اسپ - فیل - پیادہ - فرزین - شاہ) ہوتے ہیں - شطرنج باز - شاطر - شطرنج کا کھلاڑی - شطرنج بازی (مو) شطرنج کھیلنا - شطرنجی (مو) چوخانہ دو رنگی فرش موٹا سوتی فرش - شطرنج کھیلنے والا -

شِعَار: (ع - مذ) عادت - طور طریقہ - چال (بد شعار) دستور (ہمارا ہمیشہ سے یہ شعار رہا ہے)

شُعَاع: - (ع - مو) چمک - سورج کی کرن - تلوار وغیرہ کی چھوٹ -

شَعْبَان: (ع - مذ) عربی سال کا آٹھواں مہینہ - شب برات کا چاند - شعبانی - شب برات کا حلوہ -

شُعْبَدَہ: - (ف - مذ) دھوکا بازی - جادو منتر - نظر بندی - شعبدہ اُٹھانا - نئی بات دکھانا - شگوفہ چھوڑنا -

شُعْبَدہ باز - جو حیرت میں ڈالنے والے کرتب دکھائے -

بازی گر - دھوکے باز - نظر بندی کرنے والا - شعبدہ بازی - (مؤ) دھوکے بازی - چالاکی - نظر بندی - شعبدہ دکھانا - بہروپ بدل کر تماشا دکھانا - نیرنگیاں دکھانا - نظر بندی کرنا -

شُعْبَہ: (ع - مذ) ٹکڑا - حصہ - شاخ - محکمہ - ڈپارٹمنٹ

شِعْر: (ع - مذ) وہ موزوں کلام جو قافیہ دار اور بارادہ کہا گیا ہو - شعر بنانا (دلی) شعر کہنا - نظم کرنا (لکھ) شعر میں اصلاح دینا - شعر تر (مذ) عمدہ شعر - پُر لطف شعر - شعر خوانی (مؤ) شعر پڑھنا - شعر ڈھلنا - شعر موزوں ہونا - آمد ہونا - شعر کہنا - شعر تصنیف کرنا - نظم لکھنا - شعر گوئی (مؤ) شاعری - شعر و سخن - شاعری - شاعری کا مذاق - شعرا (مذ) جمع شاعر کی -

شَعْشَعَہ: (ع - مذ) چمک - آفتاب کی شعاع -

شُعْلَہ: (ع - مذ) لپٹ - آنچ - بھڑک - لَو - شعلہ اٹھنا - لپٹ اٹھنا - آگ بھڑکنا - لَو اٹھنا - شعلہ مجبور کا ہونا - برافروختہ ہونا - آگ ہونا - شعلہ زبان - تیز بیان مقرر - جوشیلی باتیں کرنے والا - شعلۂ تاک - انگوری شراب - شعلہ جوّالہ (مذ) گردا گرد پھرنے والا شعلہ - بنیٹی کا چکر - شعلہ خُو - غضب ناک - بد مزاج - شعلہ رُو (مذ) نہایت خوبصورت اور حسین - سرخ و سفید چہرے والا - رشک گلشن کے

اور پھولوں کی لے باغباں خبر
اک شعلہ رو نے آگ لگا دی گلاب میں

شُعُور: (ع - مذ) سمجھ - تمیز - عقل - سلیقہ - امتیاز - شعور پکڑنا - تمیز حاصل کرنا - ہوش سنبھالنا - شعور دار صفت - سمجھ دار - ہوشیار -

شَغَال: (ف - مذ) گیدڑ - شغالی (مذ) ایک قسم کا انگور جسے گیدڑ بہت کھاتے ہیں -

شَغَب: (ع - مذ) شور و غل اردو میں تنہا نہیں بولا جاتا - شور کے ساتھ ملا کر بولتے ہیں (شور و شغب)

شَغَف: (ع - مذ) کمال دلچسپی - بے انتہا رغبت - ہمہ تن مشغولیت - (میں ادبیات میں آپ کا شغف دیکھ کر بہت خوش ہوا)

شُغْل: (ع - مذ) کام - دھندا - پیشہ - مشغلہ - تفریح - جمع اشغال - شغل کرنا - اپنے آپ کو کسی کام میں مصروف کرنا - تھوڑا تھوڑا میوہ یا پھل کھانا - حقہ وغیرہ پی کر وقت کاٹنا -

شِفَا: (ع - مؤ) صحت - تندرستی - شیخ بو علی سینا کی ایک کتاب - شفا پانا - بیماری سے اٹھنا - شفا خانہ (مذ) بیماروں کے علاج کی جگہ - اسپتال - شفا دینا - مریض کو اچھا کرنا - صحت بخشنا -

شَفَاعَت: (ع) گناہوں کی معافی کی سفارش جو حضرت سے مخصوص ہے - مجازاً ان کی آل پاک کی طرف بھی انتساب کرتے ہیں - دبیر

کیوں بی بی تم کو باپ کی قربت قبول ہے
محشر میں لڑکیوں کی شفاعت قبول ہے

شَفَّاف: (ع) نہایت صاف اور اُجلا - بہت زیادہ سفید

شَفْتَالُو: (ف - مذ) بڑا آڑو - شفتالور - کبوتر کا ایک رنگ -

شَفتَل: (ا - مذ) بے ہودہ - نالائق - بدکار عورت سے

شفتلیں یوں چڑھیں نظروں میں تمہاری گوئیاں
اور مجھے اس طرح آتاری جاؤں - رنگین

شُفْعَہ: (ع - مذ) وہ حق جو گھر یا زمین کی ہمسائیگی یا شرکت سے حاصل ہوتی ہے -

شَفَق: (ع - مؤ) صبح اور شام کے وقت افق پر سرخی کا ظاہر ہونا - شفق کا ٹکڑا - سرخ و سفید نہایت خوب صورت - شفق کھلنا - شفق پھولنا -

شَفْقَت: (ع) مہربانی - پیار - رحم - بزرگانہ عنایت - شفقت کرنا - مہربانی کرنا - پیار کرنا - رحم کرنا (شفقت بھی رائج و صحیح)

شَفُوقَہ: (ا - مذ) شگوفہ کا بگاڑا ہوا ہے - بمعنی شگوفہ چھوڑنے کے معنی میں - شفوقہ چھوڑنا استعمال ہوتا ہے -

شَفَوی: (ع) وہ حرف جن کا مخرج لب ہیں - ا ب م و ف -

شَفِیع: (ع - مذ) سفارش کرنے والا - گناہوں کی سفارش کرنے والا - آنحضرت - نیز شفعہ کا حق رکھنے والا - حضرت محمد صلعم کا لقب - شفیع جار - ہمسائیگی کی بنا پر شفعہ کا حق دار - شفیع خلیط - شرکت کی بنا پر شفعہ کا حق دار - شفیع محشر (مذ) قیامت میں شفاعت کرنے والا - حضرت محمد صلعم کا لقب -

شَفِیق: (ع - مذ) مہربانی کرنے والا - ہمدرد - دوست -

شَق: (ع) پھٹا ہوا - شگاف پڑا ہوا - شق القمر (مذ) چاند کے دو ٹکڑے نظر آنے کا معجزہ جو آنحضرت نے دکھایا تھا - انیس

بے جبرئیل کار قضا و قدر کروں
انگلی کے اک اشارے سے شق القمر کروں

شِق:- (ع - مو) آدھا ٹکڑا - حصّہ (آپ نے صرف ایک شق پر بحث کی) طرف - جانب (مکان کی ایک شق غیر محفوظ ہے) قسم - صنف - شگاف (آپ کی مزدوروں کے آنے کے وقت توپ کے دہرے پر بیٹھیں اور آپ ہی پردے کی شق نکالی)

شَقاوَت:- (ع - مو) بدبختی - سنگدلی کے معنی میں بھی مستعمل ہے ع
تیر بچے کر لگا یا یہ شقاوت دیکھو دبیر

شُقّہ:- (ع - مذ) شاہی خط - رقعہ - علم کا پھریرا ع انیس
شقّہ کوئی جھک جائے نہ جھونکے سے ہوا کے

شَقی:- (ع) بدنصیب - سنگدل کے معنی میں بھی لکھا ہے ع دبیر
پیاسی ہوں تین روز کی کر رحم اے شقی

شَقیقہ:- (ع - مذ) آدھے سر کا درد - اردو میں درد کے ساتھ آتا ہے (دردِ شقیقہ)

شَک:- (ع) شبہ - وسواس - شک آنا - شبہ پڑنا ع
جلاد کو شک آتا ہے تقصیر میں میری آتش
شک پڑنا - شبہ پڑنا - گمان ہونا - شک جانا - شبہ ہونا - شبہ دور ہونا ع محو
اب تو تمھیں یقین ہوا آپ شک گیا
شک ڈالنا - شک و شبہ پیدا کرنا - وسواس ڈالنا - شک رفع کرنا یا نکالنا یا مٹانا - شبہ دور کرنا - شکّی - ڈانواں ڈول - جس کا دل ایک طرف نہ ہو - وہمی آدمی -

شِکار:- (ع - مذ) حیوان کے مارنے کا ارادہ - مارا ہوا حیوان - حیوان کو تفریحِ طبع یا گوشت کے لیے مارنا - پھنسے اور بچے میں آیا ہوا ع اوج
چلا تھا بھاگ کے بیچ ہی اس کو گھیرا ہے
ادھر نہ آئیے گا شکار میرا ہے
سونے کی چڑیا! بڑے دنوں کے بعد ایک شکار ملا ہے مفت کا مال - وکیلوں کا موکل (وکالت نامہ پر دستخط ہوگئے - بڑی مشکل سے شکار پھنسا ہے) شکار آنا - شکار ہاتھ آنا - شکار پھنسنا - شکار بند (مذ) گھوڑے پر شکار لٹکانے کا ایک تسمہ - فتراک - شکار کرنا - حیوان مارنا - پرندہ مارنا - قابو میں لانا - کر لے لوٹ لینا - پھنسانا - شکار کو جانا - شکار کھیلنے کے لیے جانا - شکار کھیلنا - جال پھینکنا - جانوروں کو مارنا یا پکڑنا - مفت کا مال حاصل کرنے کی تدبیریں کرنا - شکاری ٹٹی - ایک چھوٹی ٹٹی جسے بچھانے اور شکار کو پکڑنے کے لیے استعمال کرتے ہیں - مجازاً داڑھی - شکار کے وقت کتیا ہگانا کی - عین وقت پر کام کرنا - مل جانا - شکار گاہ (مو) شکار کھیلنے کی جگہ - شکار مارنا - شکار کرنا - قابو میں لانا - پھنسانا - شکار ہاتھ لگنا - شکار کو پانا - حسبِ خواہش مراد حاصل ہونا - شکار ہونا - کسی جانور یا حیوان یا جانور کا مارا جانا - قابو میں آنا - شکاری - شکار کرنے والا - شکاری جانور - شکار کرنے والا جانور - شکاری کتّا مذ شکار پکڑنے والا کتّا -

شِکایَت:- (ع - مو) گلہ - شکوہ - بیماری - تکلیف - دُکھڑا - غیبت - شکایت رفع کرنا - تکلیف دور کرنا - کام بنا دینا - اس بات کی تلافی کرنا جو شکوے گلے کا باعث ہو - شکایت کرنا - برائی کرنا - گلہ کرنا - فریاد کرنا - غیبت کرنا - شکایت ہونا - شکوہ ہونا - گلہ ہونا - دل میں رنج و غبار ہونا -

شکتی:- (ہ - مو) زور - بل - قدرت (ہندو)

شُکر:- (ع - مذ) احسان ماننا - نعمت پر احسان ظاہر کرنا - خدا کا شکر ہے - کی جگہ ع ذوق
شکر پردے ہی میں اس بت کو خدا نے رکھا
شکر بجا لانا - احسان ماننا - شکر ادا کرنا - شکر شکوہ رہ جانا - احسان یا ظلم - نیکی یا بدی کی یاد رہ جانا ع ناسخ
شکر شکوہ ہے تو رہ جائے گا اے ناسخ بھی
دوست دشمن کا وجود اک دن عدم ہو جائیگا
شکر صد شکر - بہت بہت شکر - شکر کرکے - صبر کرکے - شکر کرنا - احسان ماننا - راضی بہ رضا ہونا - شکر گزار - ممنون - شاکر - احسان مند - شکر گزاری (مو) حق پہچاننا - احسان مندی - شکرانہ (مذ) شکریہ - وہ رقم جو کامیابی کے بعد یا کام انجام پانے کے بعد کسی کو اجرت کے علاوہ دی جائے - شکرانہ ادا کرنا یا کرانا - زبانی شکریہ - شکرانہ دینا - شکریہ کے ساتھ کچھ نذر کرنا - شکریہ - کسی کے احسان پر زبان سے اظہارِ احسان مندی کے لیے یہ کلمہ استعمال کرتے ہیں -

شَکَر:- (ف - مو) کھانڈ - چینی - بورا - مصری - بعض اودیوں نے "شکّر" (بہ تشدید کاف) ع
کیا لبالب ہے تیرے تنگ دہن میں شکّر
دیکھیو مجھ کو بھی اے طفلِ حسین تھوڑی سی ذوق
شکر پارہ (مذ) ایک مٹھائی کی جو شکل مربع پارہ پارہ ہوتی ہے - شکر تری - سفید شکر ع ذوق
ہنگامِ بوسہ گرم جو وہ اک ذرہ کی ہوئے
شکر سے لب پسینے سے شکر تری ہوئے
شکر خند - مسکرانا - تبسم - شکر خوابی - میٹھی نیند - شکر خورا (مذ) تر مال کھانے والا - ایک پرند جس کو میٹھے سے رغبت ہے - شکر خورے کو خدا شکر دیتا ہے - اچھے کو اچھا نتیجہ ملتا ہے - اسی طرح شکر خورے کو شکر اور موذی کو ٹکر - شکر ریز - شیریں کلام - شکر سے منہ بھرنا - خوش خبری

کے شکریے میں مٹھائی کھلانا ۔ منہ میٹھا کرنا ۔ انعام دینا۔ **شکر رنجی** (مو) دو دوستوں کی باہمی رنجش ۔ اَن بن ۔ کدورت ۔ **شکرقند** (مذ) ایک قسم کی میٹھی جڑ جو زمین کے اندر ہوتی ہے ۔ **شکرلب** ۔ میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا ۔ محبوب ۔ **شکرانہ** (مذ) کھانڈ چاول اور گھی کا بنا ہوا خاص کھانا ۔ **شکریں** (ف) شیریں (تشدید کے ساتھ)

شکرم :- (ا ۔ مو) چار پہیوں کی گھوڑا گاڑی ۔

شکرہ :- (ف ۔ مذ) باز کی طرح کا ایک شکاری پرندہ ۔ **شکرہ پالنا** ۔ باز یا خرچ سر پر لینا ۔ بیماری یا جھنجھٹ مول لینا ۔

شکست :- (ف ۔ مو) ٹوٹ پھوٹ ۔ ہار ۔ **شکست بند** ۔ ایک قسم کا چھاپا جو کھلتا اور بند ہوتا ہے ۔ وہ گول نشان جس کے بیچ میں سفید ہو ۔ ؎ ہجر

رنگ حنا سے پس گئیں شاید کہ انگلیاں
چھلّے شکست بند کے ہیں پوروں پہ

شکست دینا ۔ ہرانا ۔ **شکست کھانا** ۔ ہارنا ۔ **شکست ہونا** ۔ ہار ہونا ۔ مات ہونا ۔ **شکست توبہ** ۔ توبہ توڑنا یا توڑنا ۔ شراب چھوڑ کر پھر پینے لگنا ۔ **شکست شیشہ** ۔ وہ آواز جو شیشہ ٹوٹنے سے نکلتی ہے ۔ **شکست فاش** (مو) نہایت بری ہار ۔ کھلی ہار ۔ **شکست فاش** ۔ **شکست فاحش** ۔ **شکست قیمت** ۔ قیمت کا نیچے سے کم ہو جانا ۔ **شکست وریخت** ۔ ٹوٹ پھوٹ ۔ نقصان ۔ **شکستگی** ۔ خستگی ۔ ٹوٹ پھوٹ ۔ **شکستہ** ۔ ٹوٹا ہوا ۔ بکھرا ہوا ۔ **شکستہ بال** ۔ **شکستہ بازو** ۔ بے قوت ۔ بےکس ۔ **شکستہ پا** ۔ چلنے سے معذور ۔ **شکستہ حال** ۔ زدہ حال ۔ پریشان حال ۔ **شکستہ حالی** ۔ پریشانی کی حالت ۔ پراگندگی ۔ **شکستہ خاطر** ۔ غم کا مارا ہوا ۔ ملول ۔ غمگین ۔ **شکستہ خط** ۔ (مذ) وہ خط جو گھسیٹ کر لکھا جائے ۔

شکل :- (ع ۔ مو) چہرہ ۔ صورت (شکل چڑیلوں کی مزاج پریوں کا) مشابہ ۔ مثل ؎ جرات

شکل غربال نہ پڑ جائیں قبر میں سوراخ
رنگ ڈھنگ ۔ طور طریق ؎ جرات
کسی شکل اب نظر آتا نہیں اس کا نظر آنا

نوع قسم (اب تو ملنے کی شکل بھی نہیں ہوتی) نقشہ ۔ ڈھانچا ۔ (آپ نے مکان کی شکل اچھی تجویز کی ہے) تدبیر ۔ موقع (روزگار کی کوئی شکل نہیں نکلی) حالت گت ؎ داغ

حیرت سے ترے دیکھنے والے کی ہے یہ شکل
جس شخص نے دیوار کو دیکھا اسے دیکھا

بناوٹ ۔ وہ نقش جو ۔ ناؤں کے توڑنے پر ہوتے ہیں ۔ وہ سطح جو ایک حد یا کئی حدوں سے محدود ہو ۔ مشابہت ۔ **شکل بدلنا** ۔ وضع قطع تبدیل کرنا ۔ **شکل بگاڑنا** ۔ صورت بگاڑنا ۔ خراب کرنا ۔ **شکل بنانا** ۔ روپ دھارنا ۔ نقل کرنا ۔ چہرہ بنانا ۔ **شکل پکڑنا** ۔ صورت وضع اختیار کرنا ۔ بن جانا ۔ **شکل تو دیکھو** ۔ صورت تو دیکھو ۔ حوصلہ وہمت تو دیکھو ۔ **شکل چڑیلوں کی مزاج پریوں کا** ۔ بدصورتی پر غرور ۔ **شکل دیکھا کرے** ۔ حیران ہو جائے ۔ **شکل سے بیزار ہونا** ۔ نفرت ہونا ۔ دیکھنے کو جی نہ چاہنا ۔ **شکل ظاہر معلوم ہونا** ۔ نفرت ہونا ۔ **شکل کا کہنا** ۔ صورت سے معلوم ہونا (بتانا) **شکل شباہت** ۔ **شکل صورت** ۔ وضع قطع ۔ **شکل نکالنا** ۔ تدبیر سوچنا ۔ جوڑ توڑ نکالنا ۔ **شکل نکلنا** ۔ خوبصورت ہونا ۔ تدبیر نکلنا ۔ موقع نکلنا ۔ **شکل وشمائل** (مو) رنگ روپ ۔ خوب صورتی ۔ حلیہ ۔

شکم :- (ف) پیٹ ۔ **شکم پرور** ۔ پیٹو ۔ بہت کھانے والا ۔ **شکم سیر** ۔ پیٹ بھرا ہوا ۔ چھکا ہوا ۔ **شکم سیر ہو کر کھانا** ۔ پیٹ بھر کر کھانا ۔ شکمی جانور کے پیٹ کی کھال جس سے پوستین بناتے ہیں ۔ پرخور ۔ مادر زاد ۔ پیدائشی ۔ بچے کا اندرونی (شکمی شریک) **نیز شکمی کاشتکار** ۔ وہ کاشتکار جو اصلی کاشتکار سے لے کر جوتے اور خود زمیندار نے اس کے نام پٹہ نہ لکھا ہو ۔ **شکمی کرایہ دار** ۔ وہ کرایہ دار جو اصل کرایہ دار ہو اور کرایہ نامہ اس کے نام نہ ہو ۔

شکن :- (ف ۔ مو) سلوٹ ۔ جھری ۔ بل (سابقہ میں توڑنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے بت شکن ۔ بت توڑنے والا ۔ **شکن پڑنا** ۔ سلوٹ پڑنا ۔ بل پڑنا ۔ **شکن ڈالنا** ۔ نشان ڈالنا ۔ تہ کرنا ۔ سلوٹ ڈالنا ۔

شکنجہ :- (مذ) جلد سازوں کا ایک اوزار جس میں کتاب کو دبا کر پشتے کے علاوہ باقی اطراف کے ورق برابر کرنے کے لیے سیفے سے کاٹتے ہیں ۔ روئی دبانے کی کل ۔ کولھو پیلنے کو آلہ ایذا ۔ دکھ ۔ عذاب ۔ پرانے زمانوں میں مجرموں کو سزا دینے کی ایک کل ؎ منیر

سزا دے اسے جنوں کی بے اطاعت عقل کی میں نے
شکنجہ چاہیے میرے لیے چاک گریباں کو

شکنجے میں کھنچوانا ۔ کولھو میں پروانا ۔ کل کے ذریعہ سخت عذاب دلوانا ۔ **شکنجے میں کھینچنا** ۔ سزا دینا ۔ سخت عذاب دینا ۔ تنگ کرنا ۔

شکور :- (ع) بہت شکر کرنے والا ؎ رشک

شکر خدا کہ عشق بتاں میں شکور ہوں

شکوک :- (مذ) شک کی جمع ۔ دیکھو شک ۔

شِکوہ:- (ع - مذ) گلہ - شکایت -

شِکوہ:- (ف - دونو مضموم مذ - مو) شان و شوکت - دبدبہ - شان - بعض اُستادوں نے مونث لکھا ہے ؎

ہر جا فرس شکوہ دکھاتا تھا طور کی
بجلی قدم قدم پہ چمکتی تھی نُور کی — انیس

شکیب یا شکیبائی:- (ف - مذ) صبر - بردباری - تحمل -

شکیل:- (ع - ف) خوب صورت - خوش وضع - شکیلہ (مو) - حسینہ - خوب صورت - جمیلہ -

شِگاف:- (ف - مذ) چیرا - دراڑ - جھری - وہ خط جو قلم میں ڈالتے ہیں - شگاف پڑنا - پھٹ جانا - شگاف دینا یا لگانا - قلم کو چیرنا - زخم کو نشتر لگانا -

شِگرف:- (ف) زیبا - عجب - خوب - عجیب - بزرگ - ؎ اثر لکھنوی

معلوم نہیں کون ہوں اور کیا ہوں میں
فطرت کا شگرف اک معما ہوں میں

شِگفت:- (ف - مو) تفریح ع رشک

صحبت ہم جنس سے ہر اک کو ہوتی ہے شگفت

شگفتہ - خوش ع شرف

بسورتے تھے چمن میں غنچے شگفت ہونا نہ جانتے تھے

حیرت - تعجب -

شگفتگی:- (ف - مو) پھول کا کھلنا - خوشی - فرحت - سرسبزی - شادابی - شگفتہ - کھلا ہوا - خوش - فرحت دینے والا - شگفتہ بحر (مو) چلتی ہوئی اچھی بحر یا وزن - شگفتہ پیشانی - ہنس مکھ - شگفتہ خاطر - خوش دل - بشاش - شگفتہ رو - ہنس مکھ - خندہ پیشانی -

شگن:- (ف - مذ) نیک فال - شگون -

شگوفہ:- (ف - مذ) بغیر کھلا ہوا پھول - کلی - طرہ - انوکھی بات کا ظہور ؎ شمیم

یہ تلون نہ کوئی حاکم کو فرش لے
پھر بہار آئے اگر وہ یہ شگوفہ سُن لے

شگوفہ پھوٹنا - انوکھی بات ہونا - پھول کھلنا - فتنہ اُٹھنا - شگوفہ چھوڑنا - نئی بات دل سے بنا کر بیان کرنا - فتنہ اُٹھانا - شگوفہ دکھانا - کوئی عجیب معاملہ پیش کرنا ؎ بحر

تخم اُلفت نے شگوفہ یہ دکھایا مجھ کو
دشت پر خار کے کانٹوں پہ لٹایا مجھ کو

شگوفہ کاری - گل کاری ؎ (نسیم لکھنوی)

ہر شاخ میں ہے شگوفہ کاری ثمرہ ہے قلم کا حمد باری

شگوفہ کھلنا - گل کا کھلنا - انوکھی بات کا پیش آنا - فتنہ برپا ہونا - شگوفہ کھلانا - انوکھی بات کرنا - فتنہ اُٹھنا - پھول کھلانا - شگوفہ لانا - آفت لانا - عجیب کرنا - فتنہ برپا کرنا - شگوفے نکالنا - عیب نکالنا - شگوفہ ہاتھ آنا - ہنسی اور تفریح کی بات مل جانا -

شگون:- (سنسکرت - فارسی اور ترکی تینوں زبانوں میں ہے - فرق یہ ہے کہ سں میں مرکب اور باقی میں مفرد ہے - اس لیے قیاس یہ ہے کہ اصل میں سں ہو - مذ) فال - فال نیک - نیک - شگون کرنا - نسبت نانا کرنا - کسی نیک گھڑی میں کوئی ... کرنا - پہل کرنا - شگون لینا - فال لینا - اچھی گھڑی دیکھنا - شگون منانا - فال لینا - اچھی گھڑی کا خیال کرنا - شگون ہونا - اچھی فال نکلنا - منگنی ہونا - شگونیا - فال لینے والا - شگون لینے والا -

شَل:- (ع) تھکا ماندہ - بے حس و حرکت - جس کے ہاتھ پاؤں رہ گئے ہوں - شل ہو جانا - ہاتھ پاؤں کا سُست اور بے حرکت ہو جانا -

شلجم:- (ف - مذ) ایک مشہور ترکاری - شلغم - شلجمی آنکھیں (مو) بڑی بڑی آنکھیں - شلک یا شلق (مو) توپوں کی باڑ - جو کسی تقریب میں چھوڑی جائے - شلک اڑانا - باڑ چھوڑنا - بندوقیں سر کرنا - گپ اڑانا - گوز مارنا -

شلنگ:- (انگ - مذ) ایک وزن - پونڈ کا بیسواں حصہ

شلنگ:- (ف - بہ کسر ہر دو) جست - تڑپ - زغند - شلنگ بھرنا - چوکڑی بھرنا - چھلانگ مارنا - شلنگیں بھرنا - چھلانگیں مارنا -

شلنگا:- (ا - مذ) دُور دُور کا ٹانکا ؎ ناسخ

تیر رہا ہے کھڑا وہ بُت شنگ اب ہیں
جس نے نہ دیکھے ہوں سو دیکھے شلنگے یہ ہیں

شلنگے بھرنا - بڑے بڑے ٹانکے بھرنا - موٹی سلائی سِلنے

شلوار:- (ف - مذ) خاص وضع کا ڈھیلا پاجامہ - جس کے پائنچے کم چوڑے اور گھیرا بڑا ہوتا ہے -

شلوکہ:- (ا - مذ) ایک قسم کی بنڈی جو کمر تک ہوتی ہے اور آستینیں کہنی تک - روئی دار آدھی آستینوں کی مرزئی -

شُلہ:- (ف - مذ) پتلی کھچڑی - گوشت کے شوربے میں ہریسے کی طرح پکے ہوئے چاول -

شلیتہ:- (ا - مذ) ٹاٹ کا بڑا تھیلا - شلیتے میں رنج لشکر

میں شیخ - دونوں فساد میں برابر ہیں -

شماتت: (ع - مو) کسی کے نقصان پر خوش ہونا (نقصان مایہ و شماتت ہمسایہ)

شمار: (ف - مذ) گنتی - حساب - کسی زمرے میں شامل کرنا - شمار دانے - وہ دانے جو تسبیح میں بیش کے ہیں دس کی تعداد میں پڑے ہوتے ہیں - ان سے تسبیحوں کی تعداد کا شمار ہوتا ہے - شمار سے باہر - گنتی سے باہر - بے شمار - حد سے زیادہ - شمار کرنا - گننا - جانچنا - شمار کنندہ - گننے والا - کسر میں اوپر کا عدد (جیسے ۳/۴ میں ۳) شمار میں نہ لانا - کچھ نہ ماننا - کچھ نہ سمجھنا - شمار میں ہونا - شمار میں ہونا - قابل توجہ ہونا - شمار نہ رہنا - بے شمار ہونا - شماری - (مرکبات میں) گننا - جیسے نفس شماری -

شمال: (ع - مذ) اتر - قطب شمالی - شمال رویہ - وہ مکان جس کا رخ اتر کی جانب ہو - شمالی منسوب بہ شمال -

شمامہ: (ع - مذ) وہ خوشبو جسے سونگھ کر بے ہوش کو ہوش آجاتا ہے -

شمائل: (ع - مذ) عادتیں - سیرتیں - اردو میں شکل کے ساتھ استعمال ہوتا ہے اور صورت کے معنی دیتا ہے (شکل شمائل)

شمر: (ع - مذ) یزید کے سپہ سالار کا نام - جس نے امام حسین کو سر کاٹا تھا - ظالم - ایک گالی -

شمس: (ع - مذ) سورج - شمسہ - مذ - کلس کا سنہری چاند - تسبیح کے بیچ دانے جن میں دونوں ناگوں کو ملا کر پرویا جاتا ہے - اور انھیں تسبیح کا امام بھی کہتے ہیں - شمسی - منسوب بہ شمس - آفتابی - شمشاہی تنخواہ یا رخصت جو شاہی زمانے میں دی جاتی تھی - الشرفی سے بھی صاحب

بلی مہر نساء ہی میں شمشاہی کی شمسی
اک سال میں ہیں دیکھتی دوبار گھر اپنا

شمشاد: (ف - مذ) سرو کی قسم کا اچھے قد کا ایک درخت -

شمشیر: (ف - مو) گنجفے کی ایک بازی - تلوار - بعض شعرا نے یائے مجہول و معروف دونوں طرح سے نظم کیا ہے (یائے معروف سے) امیر

عاشق ابرو کی یوں تصویر کھینچ
اے مصور حلق پر شمشیر کھینچ

(یائے مجہول سے) انیس

اب معرکہ آراستہ و تباہ ہوتے ہو دو شیر
قبضے میں ہے جس کے اسداللہ کی شمشیر

شمشیر بدست (ف) صاف کار - لڑنے مرنے پر تیار - شمشیر کف - لڑاکا - شمشیر تولنا - تلوار ہاتھ میں لینا - تلوار تو شمشیر دم - تلوار کی باڑھ رکھنے والا - بحر

کیا ابھی دن ہی میں اس محبوب کے نام خدا
باڑھ پر تیغ ہے تو شمشیر دم ہو جائے گا

شمشیر علم کرنا - تلوار اٹھانا - شمشیر کا اچھلنا - تلوار کا نیام سے نکلے پڑنا - شمشیر کا کھیت - تلوار کا پھیلا - جوکر خالم ہیں وہ ہرگز پھولتے پھلتے نہیں
سبز ہوتے کھیت دیکھا ہے کبھی شمشیر کا - سودا

شمع: (ع - مو) موم کی بتی - چربی کی بتی - چراغ - شمع ایمن (ف) تجلی طور - شمع ٹھنڈی کرنا - شمع بڑھانا - شمع دریا میں ڈالنا - شمع جلی کرنا - عورت کے لیے شمع جلانا - شمع چڑھانا - مزار و مقبرہ پر شمع روشن کرنے کی منت پوری کرنا - شمع خاموش ہو جانا - بجھ جانا - شمع دان (مذ) وہ چیز جس میں موم بتی لگا کر جلاتے ہیں - بتی دان - ڈیوٹ جس پر چراغ رکھتے ہیں - شمع رو - نورانی چہرے والا - معشوق - شمع سحری (مو) جلد گل ہو جانے والی بتی - مرنے کے قریب - شمع کا چور - وہ شگاف جو شمع کی لو کے قریب کھڑی میں پڑ جاتا اور اس سے پگھلے قطرے گرتے ہیں - ناسخ

ہر عمل جو ہیں وہ باز آتے نہیں تقریر سے
چور کو پروا نہیں گو ہے مثال دار شمع

شمع کا رو و پشت برابر ہے - صاف باطن ہر طرح یکساں ہے - شمع مردہ (مو) بجھا ہوا چراغ - بجھی ہوئی بتی - انیس

پھر وہ زندگی ہوئی قضا میرے لیے
شمع کشتہ ہوں فنا میں ہے بقا میرے لیے

شملہ: (ع - مذ) پگڑی کا دنبالہ یا سرا - سر پر باندھنے یا کندھوں پر ڈالنے کی شال - شملہ بمقدار علم - جتنا علم ہو اسی کی مناسبت سے دعویٰ زیبا ہے -

شمول: (ع - مذ) شامل ہونا - شامل کرنا - شمولیت - شامل ہونا - شرکت - ی بلا تشدید بھی -

شمہ: (ع - مذ) تھوڑی مقدار - ذرا کم - شمہ بھر - ذرہ بھر -

شمیم: (ع - مو) خوشبو - لپٹ - مہک - معطر ہوا -

شنا: (ف - مذ) پانی میں پیرنا - شناور - پیرنے والا - شناوری (مو) پیرنا -

شناخت: (ف - مو) پہچان - واقفیت - تمیز - شناسائی - شناخت کرنا - پہچاننا - تمیز کرنا -

شناس: ف لاحقہ ہے اور پہچاننے کے معنی دیتا ہے (جیسے رتبہ شناس) شناسا - پہچاننے اور پرکھنے والا - شناسائی (مو) جان پہچان - واقفیت - تعارف

شَنبَہ: (ف - مذ) ہفتہ کا دن۔ سنیچر۔

شَنجَرف: (معرب - ف) ایک سرخ رنگ کی دھات جو گندھک اور پارے کی آمیزش سے تیار ہوتی ہے۔ اسے شنگرف بھی کہتے ہیں۔ **شنجرفی یا شنگرفی** - سرخ رنگ کا۔

شَنگ: (ف) شوخ۔ ظریف۔ شوخ کے ساتھ مستعمل ہے (شوخ و شنگ)

شُنِید: (ف) سنا ہوا۔ دید کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ (دید شنید و دید و شنید) **شنیدہ** - سنی سنائی بات۔ سنی ہوئی بات۔ امیر

میں نے اس سے یہ کہا تم پہ جو کرتے ہو بیاں
دیدہ ہے یا کہ شنیدہ ہے یقیں ہے کہ گماں

شَنِیع: (ع - مذ) خراب بات۔ برا کام (فعل شنیع) **شنیعہ** - اسی معنی میں ہے اور ان الفاظ کے ساتھ آتا ہے جو جمع ہوں جیسے افعال شنیعہ۔

شُو: (انگ - مذ) جوتا - ڈوری دار جوتا۔

شو: (انگ - مذ) نمائش۔ دکھاوا۔ نمائشداری۔ **شو روم** - (مذ) وہ کمرہ جہاں تاجر نمونے کا مال دکھانے کے لیے سجاتے ہیں۔ چیزیں دکھانے کا کمرہ۔

شِو: (ہ - مذ) ہندوؤں کے تین دیوتاؤں میں سے ایک کا نام۔ جو فنا کرنے کا کام انجام دیتا ہے۔ **شِوراتری** (مو) ہندوؤں کا ایک بڑا تیوہار۔

شَوّال: (ع - مذ) عربی سال کا دسواں مہینہ۔ عید کا مہینہ۔

شِوالا: (ہ - مذ) مندر۔ بت خانہ۔ شیوجی کا مندر۔ صبا

خاک اس صنم کے کوچے کی اکسیر ہو گئی
کیسا مرے جنوں نے شوالا اٹھا لیا

شَواہد: (ع - مذ) ثبوت۔ مثالیں۔ گواہ (شاہد کی جمع)

شُوب: (مذ) دھلائی۔ دھوب۔ **شوب کھانا/پڑنا** - ایک بار دھویا جانا۔ دھوپ پڑنا۔ (واو مجہول کے ساتھ فارسی میں دستار کے معنی میں ش کے ساتھ عربی میں ملانا)

شُوخ: (ف) طرار۔ بے باک۔ شریر۔ دل لگی باز۔ تیز رنگ۔ نڈر۔ **شوخ چشم یا شوخ دیدہ** - بے حیا۔ بے شرم۔ ڈھیٹ۔ **شوخ رنگ** - تیز رنگ۔ گہرا رنگ۔ **شوخ چشمی** (مو) شرارت۔ بے باکی۔ بے حیائی۔ گستاخی۔ **شوخی** (مو) شرارت۔ دنگا۔ چلبلا پن۔ بے ادبی۔ گستاخی۔ رنگ کی تیزی۔ اضطراب۔ داغ

شوخی سے ٹھہرتی نہیں قاتل کی نظر آج
یہ برق نظر دیکھیے گرتی ہے کدھر آج

شُودَر: (ہ - مذ) خدمتی لوگ۔ نیچ ذات۔ (ہندوؤں کا روزمرہ)

شور: (ف - مذ) غل غپاڑا۔ زور کی آواز۔ رولا۔ دھوم۔ شہرت۔ کھاری۔ کھاری نمک۔ عشق۔ ولولہ (مرکبات میں) رکھنے والا جیسے سلطشور۔ **شور بخت** - کم نصیب۔ **شور پڑنا** - غل ہونا۔ خفگی ہونا۔ **شور پشت** - سرکش۔ باغی۔ جھگڑالو۔ **شور زمین** - کلر۔ بنجر۔ **شور کرنا** - غل کرنا۔ خفگی کرنا۔ **شور لگنا** - کھاد کا اثر ہونا۔ **شور مچانا** - غل مچانا۔ رنجیدہ ہونا۔ **شور و شر** (مذ) جھگڑا۔ دنگا۔ بلوہ۔ **شور ہونا** - غل ہونا۔ خفگی ہونا۔ دھوم ہونا۔ شہرت ہونا۔ **شوریت** (مو) کھاری پن۔ **شورے میں جھلانا/جھلنا** - شورے کے پانی میں صراحی رکھ کر پانی ٹھنڈا کرنا۔

شورابہ: (ف - مذ) کھاری پانی۔ ظفر

دیا جو عشق نے شورابۂ سرشک ہمیں
تو نوش جاں اسے ہم نے بن دو غم کیا

شوربا: (ا - مذ) پکے ہوئے گوشت کا پانی۔ پتلا سالن۔ **شوربا پتلا ہو گیا** - بہت صدمہ پہنچا۔

شور بور: (ا) تر بتر۔ بہت بھیگا ہوا۔

شورِش: (ف - مو) شور و غوغا۔ فساد۔ بلوہ۔ کھلبلی۔ آشفتگی۔ پریشانی۔ ہنگامہ۔ فساد اٹھنا۔ **شورش برپا کرنا** - بغاوت پھیلانا۔ کھلبلی مچانا۔ بغاوت پھیلانا۔

شورہ: (ف - مذ) ایک قسم کا کھار جو اکثر بارود بنانے اور پانی ٹھنڈا کرنے کے کام آتا ہے۔ **شورہ پشت** - جھگڑالو۔ نافرمان۔ **شورہ پشتی** (مو) دھینگا دھینگی۔ ہاتھا پائی لڑائی۔ جنگ جوئی۔ سرکشی۔ **شورے کا پانی** - شورے میں ٹھنڈا کیا ہوا پانی۔ **شورے کی پتلی** - (مو) نہایت گوری چٹی۔ **شورے کی قلفی** (مو) نہایت گوری عورت۔

شوروا: (ا - لفظ گفتگو کے علاوہ وہ تلفظ شوربا بھی) شوربا۔ سالن۔ مجازاً پسینہ (نکلنا) **شوروا نکالنا** - بدحال کرنا۔ باقی نہ چھوڑنا۔ اتنا دوڑانا کہ پسینہ آ جائے۔

شَہادَت :- (ع - مو) گواہی - راہِ خدا میں مارا جانا - توحید اور رسالت کا سچے دل سے اقرار - **شہادت دینا** - گواہی دینا - **شہادت لینا** - بیان لینا - گواہی لینا - **شہادت ہونا** - گواہی ہونا - راہِ خدا میں مارا جانا - شہید ہونا - **شہادت کی رات** - شبِ عاشورہ - امام حسینؑ کی شہادت جس رات کی صبح کو ہوئی - **شہادت نامہ** - وہ کتاب جس میں حضرت امام حسینؑ کی شہادت کے واقعات درج ہوں - کفن میں بھی کلمۂ شہادت اور اسلام و ایمان کے متعلق چند مومنین کی تصدیق لکھا کر کفن میں رکھتے ہیں - یہ بھی شہادت نامہ ہے ~~ اسیر

ہو شہادت نامہ بھی میرے کفن میں بعد مرگ
یہ قبالہ ہو ریاضِ خلد کی تمہید کا

شَہامَت :- (ع - مو) بزرگی - دلیری - شجاعت -

شَہانَہ :- (ف) شاہانہ - بادشاہوں جیسا - شادی کا جوڑا - ایک قسم کی گت - **شہانہ جوڑا** (مذ) بہت بھاری جوڑا - شادی کا جوڑا - **شہانی چوڑیاں** (مو) عمدہ چوڑیاں - دلھنوں کی چوڑیاں - **شہانی مہندی** (مو) شوخ رنگ کی مہندی جو دلھنوں کے لگائی جاتی ہے - **شہانہ وقت** - سہانا وقت ~~

اے صبحِ وصل وقت شہانہ ہے اے صنم
للہ بھیرویں کی کوئی آن چھیڑئیے ~~ امانت

شَہد :- مذ وہ میٹھا شیرہ جو نہال مکھیاں جمع کرتی ہیں - انگبین - نہایت شیریں - شہد، سہاگا، گھی، مری دھات کا جی - ان تینوں چیزوں سے د ت جاندار ہوتی ہے - (اصطلاح کیمیا گراں) **شہد گھولنا (گھلنا)** شیریں کلامی کرنا - **شہد کی چھری** (مو) وہ شخص جو ظاہر میں نہایت میٹھا اور خلیق ہو مگر پوشیدہ دکھ اور نقصان پہنچانے والا ہو - دوست نما دشمن - **شہد کی مکھی** (مو) شہد بنانے والی مکھی - وہ شخص جو اپنی غرض کے لیے ہر جگہ جم جائے - لالچی - **شہد لگا کر چاٹو** طنزاً جس چیز کا کار آمد ہونا یا نہ ہونا برابر ہو تو اس کی نسبت یہ کہا جاتا ہے - **شہد لگا کر الگ ہو جانا** - فساد کروا کے الگ ہو جانا -

شُہَدا :- (ع - مذ) شہید کی جمع - راہ حق میں مارے جانے والے لوگ -

شُہدا :- (ا - مذ) بدمعاش - لنگاڑا - اوباش - چال چلن کا خراب - وہ فرقہ جو سر و پا برہنہ و بیکار پھرتا ہے (لکھنؤ) شادی میں جہیز اور مردوں کا جنازہ اٹھاتا - شادی وغیرہ کی تقریبوں میں بھانڈوں کی طرح مانگتے ہیں - **شہدے سیٹی** - آوارہ (ایک طرف کو شہدے جھکتے سلفے کے دم مارتے ہیں - آرائش محفل)

شُہدی (مو) **شہدپنا** (مذ) لُچا پن - لنگاڑا پن - بدمعاشی کرنا - دنگا کرنا -

شَہر :- (ف - مذ) قصبہ سے بڑی آبادی - بلدہ - **شہر آباد کرنا** - بستی بسانا - **شہر آشوب** (مذ) کسی شہر کے اجڑنے یا برباد ہونے کا نظم میں ذکر یا ماتم کرنا - **شہر امنڈ (آنا)** بہت مجمع ہونا - **شہربانو** (مو) شہر کی امیر زادی - یزدجرد شاہ ایران کی بیٹی اور امام حسینؑ کی حرم محترم کا نام - **شہر بدر کرنا** - کسی جرم یا گناہ کی وجہ سے دیس نکالا کرنا - جلاوطن کرنا - **شہر پناہ** (مو) شہر کی چار دیواری - **شہر خبرہ** - شہر بھر کی خبریں رکھنے والا - مجھوٹا - **شہر خموشاں** (مذ) وہ جگہ جہاں مردے دفن ہوں - قبرستان و مرگھٹ - **شہر شملہ** - وہ جگہ جہاں انصاف نہ ہو - اندھیر نگری - **شہر کی دائی** (مو) وہ شخص جو سارے شہر کی بھلائیاں برائیاں جانتا ہو - جاسوس - **شہر کے صدقے ہونا** - شہر کے چکر لگانا - **شہر میں اونٹ بدنام** جیسے اسی آدمی کی شامت آیا کرتی ہے جو عیب میں مشہور ہو - **شہری** شہر کا - دیہاتی کی ضد - **شہریار** (مذ) بادشاہ - راجہ - **شہریت** (مو) شہری ہونے کا حق - حق رعایا - علم تمدن -

شُہرت :- (ع - مو) دھوم دھام - ناموری - چرچا - افواہ - رسوائی - بدنامی ~~ داغ

ہم بھی رسوا ہو چکے ان کی بھی شہرت ہو چکی

شہرت اڑنا - شہرت پھیلنا - چرچا ہونا - **شہرت پانا** - نیک نامی حاصل کرنا - مشہور ہونا - **شہرت پیدا کرنا** - ناموری حاصل کرنا - **شہرت دینا** - مشہور کرنا - ڈونڈی پیٹنا - بدنام کرنا - **شہرت ہونا** - دھوم دھام ہونا - نام ہونا -

شُہرَہ :- (ع - مذ) شہرت - دھوم - آوازہ - **شہرۂ آفاق** - تمام زمانے میں مشہور - شہرہ ور - مشہور - **شہرہ ہونا** - مشہور ہونا - نام ہونا -

شَہ کار :- (ف) بہترین نمونہ - **شہ کارہ** - بدکارہ بدزبان عورت -

شَہلا :- (ع - مو) سیاہ و سرخ آنکھ - ایک قسم کی نرگس جس کا پھول سیاہ ہوتا ہے - آنکھ کو اسی سے تشبیہ دیتے ہیں -

شَہنائی :- (ع - مو) نفیری - قرنا - قرنا بجانے والا ~~ شمیم

قرنا ہی جب چھنگی ہو تو شہنائی کیا کریں
طاسوں پہ ہے وہ گوفت کہ برسوں سنکا کریں

شہنشاہ یا **شہنشہ** (مذ) بڑا بادشاہ - مہاراج - **شہنشاہیت** مو بادشاہی - امپیریل ازم -

شَہوَت :- (ع - مذ) خواہش جماع - **شہوت انگیز** -

خواہش جماع کو ابھارنے والا۔ **شہوت پرست**۔ عیاش۔ نفس پرست۔ تماش بین۔ **شہوانی**۔ شہوت کی طرف منسوب۔

شُہُود: (ع۔ مذ) تمام موجودات میں حق ہی حق نظر آنا۔ نیز مطلق وجود ؎

ان سب کو جس دلیل سے ثابت شہود ہے
روشن اُسی سے ذات خدا کا وجود ہے

شُہُور:۔ (ع۔ مذ) مہینے (شہر کی جمع) ؎ رشک

ایک ایک آن روز قیامت سے بڑھ گئی
فرقت میں طول عمر سنین و شہور دیکھ

شَہِید: (ع) حق پر جان دینے والا (جیسے شہید کربلا) نیز قربان خدا۔ عاشق (جیسے شہید ناز) ؎ داغ

ہو اُجو خون کے چھینٹوں سے پیرا تن گلزار
ترے شہید کا لاشہ بہار سے اُٹھا

شہید کرنا۔ قتل کرنا۔ مارنا۔ **شہید ہونا**۔ راہِ خدا میں مارا جانا۔ قتل ہونا۔ مارا جانا۔ عاشق ہونا۔ ضائع ہونا (جی پیالے شہید ہو گئے) **شہیدی تربوز** (مذ) نہایت لال تربوز جس کے چھلکے تک سرخی ہوتی ہے۔

شِیَاف: (ع۔ مذ) وہ دوائیں جو بتی کے ساتھ جسم کے سوراخ میں رکھی جائیں (جیسے بچے کو شیاف دے دو۔ پاخانہ ہو جائے گا)

شے: (ع۔ مو) چیز۔ بست۔ اسباب (جیسے مٹھائی بھی کیا شے ہے جس کے لیے آتا مجھے) برکت۔ رونق (اس کی آمدنی میں کچھ شے نہیں) جیسے شرعی (اشتعال) نیز **شے دینا**۔ ابھارنا۔ اکسانا۔ بھڑکانا۔ **شے لطیف**۔ عقل (ان کے ہاں شے لطیف کی بہت قلت ہے) **شے متنازع**۔ جس چیز پر جھگڑا ہو۔ **شے ملنا**۔ مدد ملنا۔ اشتعال ملنا۔

شَیَاطِین: (ع۔ مذ) شیطان کی جمع **شیاطین الانس** بہکانے والا انسان۔

شَیب:۔ (ع۔ مذ) بڑھاپا ؎ مولّف

ہم صورت شباب زلیخا ہے ان کا شیب
کس نے یہ کہہ دیا ہے کہ پیری ہزار عیب

شِیٹ:۔ (انگ۔ مذ) کاغذ کا تختہ۔ چادر۔

شیخ: (ع۔ مذ) بزرگ۔ سردار۔ اسی سال کا بوڑھا۔ شرعی کا ناصح۔ **شیخ جی**۔ شیخ صاحب۔ تعظیم و تحقیر ہے ؎ (نذیر آبادی) ظفر علی ظفر

شیخ جی ملا پہ لعنت بھیجئے کا فر ہے وہ
آئیے ہم آپ کچھ اسلام کی باتیں کریں

شیخ الاسلام۔ اسلام کا بڑا مذہبی پیشوا۔ **شیخ دو مدون** بارش روکنے کا ٹونا کرنے کے لیے ایک کپڑے کا گڈا بنا کر پانی میں لٹکا دیتے ہیں ؎ سودا

کبھی کہتا تھا یارو تیل چلاؤ
کبھی کہتا تھا شیخ دو مدون بناؤ

شیخ الرئیس۔ بوعلی سینا کا لقب۔ **شیخ الشیوخ** (مذ) علماء و فضلاء کا سرگروہ۔ **شیخ چلی** (مذ) بے وقوف۔ سودائی۔ احمق۔ بڑبولا۔ **شیخ چلی کا منصوبہ**۔ خیالی پلاؤ۔ وہمی منصوبہ۔ **شیخ سدو** (مذ) عورتوں کا ایک وہمی جن۔ **شیخ کیا جانے صابن کا بھاؤ**۔ جس چیز سے کسی کو کچھ تعلق نہ ہو۔ وہ اس کی حقیقت کو کیا بتا سکتا ہے۔ **شیخ نجدی**۔ شیطان کا لقب ہے (جو نجد کے ایک شیخ کی صورت میں کفار کو شب ہجرت رسول کے قتل کی تدبیر بتانے آیا تھا) **شیخ نے کچھوے کو بھی دعا دی ہے**۔ شیخ بڑا مکار ہوتا ہے۔ **شیخ وقت** (مذ) اپنے زمانے کا بہت بڑا عالم **شیخانی** شیخ کی عورت۔ شان شیخ۔ **شیخڑا** (مذ) شیخ کو تحقیر سے کہتے ہیں۔ **شیخوخت** (ع۔ مو) پچاس کے بعد آخر عمر تک کا زمانہ۔ **شیخ و شباب**۔ بوڑھے اور جوان سب لوگ۔ **شیخی** (ا۔ مو) ڈینگ۔ گھمنڈ۔ **شیخی اور تین کانے**۔ بے تکا دکھاوا۔ **شیخی باز**۔ **شیخی خورا**۔ ڈینگیں مارنے والا۔ گھمنڈ کرنے والا۔ **شیخی بگھارنا**۔ اترانا۔ بزرگی کا اظہار کرنا۔ ڈینگ مارنا۔ **شیخی جتانا**۔ اپنی بڑائی ظاہر کرنا۔ **شیخی جھڑنا**۔ غرور ڈھینا۔ نیچا دیکھنا۔ **شیخی کرنا**۔ بڑائی ظاہر کرنا۔ اترانا۔ **شیخی کرکری ہو جانا**۔ غرور ختم ہونا (عوام) ؎ شوق لکھ

کان میں ان کے یہ جو پڑ جائے
ساری شیخی ابھی کھسک جائے

شیخی مارنا۔ ڈینگ مارنا۔ اترانا۔ **شیخی میں آنا**۔ اترانا۔ پھولنا۔ **شیخی نکلنا**۔ **شیخی جھڑنا**۔ نیچا دیکھنا۔

شیڈ:۔ (مذ) سایہ۔ تصویر کا تاریک پہلو۔

شَیدا: (ف۔ مذ) عشق میں ڈوبا ہوا۔ دیوانہ۔ **شیدائی**۔ فریفتہ ہونے والا۔

شیدی:۔ (مذ) حبشی۔

شیر: (ف۔ مذ) دودھ۔ **شیر برنج**۔ دودھ میں پکے ہوئے پتلے چاول۔ کھیر۔ **شیر خوار**۔ دودھ پیتا بچہ۔ **شیر گرم**۔ نیم گرم۔ **شیر مادر** (مذ) ماں کا دودھ۔ حلال و مباح چیز۔ **شیرمال** (مو) میدے کی ایک قسم کی خمیری روغنی روٹی جسے پکانے میں دودھ کا چھینٹا دیتے ہیں۔

شیر و شکر ہونا۔ گھل مل جانا۔ ایک ہونا۔

شیر: (ف۔ مذ) مشہور درندہ۔ بہادر آدمی۔ نڈر۔ **شیر آبی** (مذ) گھڑیال۔ مگرمچھ۔ **شیر افگن**۔ دلیر شجاع۔ **شیر ببر** (مذ) ایک قسم کا بہت بڑا افریقہ کا شیر۔ **شیر بچہ**۔ وہ لڑکا جس کی عمر کم ہو۔ **شیر برفین**۔ برف کا شیر۔ بچوں کا کھیل۔ اس سے گھوڑے کو ڈراتے ہیں۔

مری افسردہ حالی گر ہو جنس آرائے دل مردی
عجب کیا شیر برفین ہو اگر شیر علم میرا

شیر بکری (مذ) بچوں کا ایک کھیل جو لکیریں کھینچ کر کھیلا جاتا ہے اس میں دو گوٹوں کو شیر اور باقی کو بکری کہتے ہیں۔ **شیر بکری ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں**۔ عدل و انصاف کی تعریف میں کہتے ہیں۔ طاقت ور آدمی کمزور کو تکلیف نہیں پہنچاتا۔ بہت اچھا انتظام ہے۔ **شیر خدا** (مذ) حضرت علیؑ کا لقب۔ **شیر دل**۔ دلیر بہادر۔ نڈر۔ **شیر دہاں** (مذ) شیر کا چہرہ جو اکثر ظروف اور جوتوں وغیرہ کے دہانوں پر بنا دیتے ہیں۔ وہ مکان جو دروازے کی طرف سے کم چوڑا اور پیچھے کی جانب زیادہ چوڑا ہو۔ بُرا مکان۔ سونے کے کڑے جن کے سروں پر شیر کا چہرہ بنا ہوتا ہے (مو) ایک قسم کی بندوق۔ **شیر رہنا**۔ زبر رہنا۔ باہمت رہنا۔ **شیر زیاں**۔ نڈر۔ شیر۔ بہادر۔ **شیر شاہ کی داڑھی بڑی یا سلیم شاہ کی**۔ تکرار لفظی کے لیے بولتے ہیں۔ **شیر قالی یا شیر قالین**۔ مذ بزدل۔ شیر کی وہ تصویر جو قالین پر بنی ہوئی ہو۔ **شیر کا ایک ہی بھلا**۔ بہادر ولی یا اچھے لوگوں کا ایک بچہ ہی کافی ہوا کرتا ہے۔ **شیر کا بال کھلانا** (مذ) شیر کی مونچھ کا بال کھلانے سے آدمی فوراً مرجاتا ہے۔ زہر قاتل ہے۔ ذوق

کھاؤں میں جیرا جو اس دن کیونکہ دل کڑے نہ ہو
جو رگ جاں ہے وہ مجھ کو شیر کا سا بال ہے

شیر کا برقع۔ خرقہ نعمت (یونکہ سلسلہ فقر حضرت شیر خدا کی طرف منسوب ہے) **شیر کا کان**۔ بھنگ چھاننے کی صافی۔ **شیر کا منہ چوم کر بنا بچہ کھانا**۔ زبردست کو چھیڑ کر نقصان اٹھانا۔ **شیر کا منہ جھلسانا**۔ شیر کی مونچھ جلانا۔ زہر کھانے والا مرجاتا ہے۔ **شیر کو للکارنا**۔ بہادر کو چھیڑنا۔ **شیر کو ڈانٹنا**۔ **شیر کھائے (تو) منہ لال نہ کھائے (تو) منہ لال**۔ بدنام کرے تو بدنام۔ نہ کرے تو بدنام۔ **شیر کے برقع میں چھیچھڑے کھاتے ہیں**۔ شان و شوکت کے بعد معمولی زندگی بسر کرتے ہیں (مذمت میں) **شیر کی بولی بولنا**۔ قے کرنا۔ **شیر کے منہ سے شکار چھیننا**۔ زبردست سے کچھ چھین لینا۔ **شیر کے منہ میں جانا**۔ خطرے میں پڑنا۔ **شیرستان**۔ بہادر شیر۔ **شیروں سے شکار اور کتوں سے بڑے ہاتھ نہیں آتے**۔ بلا لڑے زور آور سے بس نہیں چلتا۔ **شیروں کے منہ چڑھنا**۔ بہادروں کے سامنے ہوتا ہے یعنی آنا۔ **شیر کرنا**۔ دلیر کرنا۔ اکسانا۔ **شیر کی خالہ**۔ بلی۔ **شیر مارنا**۔ بہادری کا کام کرنا۔ **شیر مرد**۔ بہادر۔ جواں مرد۔ دل چلا۔ **شیر مردی**۔ بہادری۔ شجاعت۔ **شیری**۔ شیر کا بچہ۔ **شیر یزداں**۔ خدا کا شیر۔ حضرت علیؑ کا لقب۔

شیرازہ: (ف۔ مذ) انتظام۔ سلسلہ۔ بندش۔ مصحفی

جو بلتا تار کوئی مجھ کو اس زلف معنبر کا
تو ہوتا باعث شیرازہ ان اجزائے ابتر کا

شیرازہ بندی (مو) کتاب کی سلائی۔ جز بندی۔ بکھرے اجزا کو مجتمع کرنا۔ **شیرازہ بکھرنا**۔ ابتری پڑنا۔ **شیرازہ کھلنا یا ٹوٹنا**۔ سلائی کھل جانا۔ انتظام کا قائم نہ رہنا۔ تتر بتر ہو جانا۔

شیرازی: (ف) شیراز (مشہور شہر ایران) کی طرف منسوب۔ ایک قسم کا عمدہ کبوتر۔

شیرنی: (ا) شیرنی۔ مٹھائی میٹھی چیز۔

شیرہ: (ف) پتلا گڑ جو تمباکو میں ڈالا جاتا ہے۔ بہت میٹھا قوام۔ عرق جو کسی چیز کو پیس کر نکالا جائے (جیسے شیرۂ بادام)

شیریں: (ف) میٹھا۔ خوشگوار۔ عزیز (جیسے جان شیریں) نرم۔ خوشگوار (کلام شیریں) فرہاد کی معشوقہ کا نام۔ **شیریں ادا**۔ جس کی ادائیں دل پسند ہوں۔ **شیریں بیان**۔ خوش بیان۔ **شیریں زبان**۔ **شیریں سخن**۔ **شیریں کلام**۔ شیریں نفس۔ شیریں مقال۔ خوش گفتار۔ فصیح۔ **شیریں شمائل**۔ خوش خلق۔ **شیریں کار**۔ مسخرہ۔ **شیریں لب**۔ شیریں کلام۔ **شیرینی**۔ مٹھائی۔ **شیرینی رکھنا**۔ مٹھائی پیش کرکے شاگرد ہونا۔

شیشم: (ا۔ مذ) ایک قسم کی بڑی مضبوط لکڑی (اس کا درخت) ہال۔

شیش محل: (ا۔ مذ) وہ مکان جس میں چاروں طرف شیشے لگے ہوں۔ **شیش محل کا کتا**۔ سودائی۔ پاگل۔ گھبرایا ہوا۔ بوکھلایا ہوا۔ در و دیوار سے لڑنے والا۔ کی

شیشہ: (ف۔ مذ) آئینہ۔ کانچ۔ وہ ظرف جس میں شربت وغیرہ رکھا جائے۔ **شیشہ آلات**۔ سامان روشنی و آلات آرائش جھاڑ فانوس وغیرہ سے تعلق

جھاڑ سازوں سے کہہ دو جلد آئیں
شیشہ آلات سب لگا جائیں

شیشہ باز۔ شعبدہ باز۔ **شیشہ باشد**۔ نازک چیز شیشہ بادشاہوں کے لیے ہے۔ **شیشہ چبانا**۔ جھوٹی قسم کا کفارہ سمجھتے ہیں۔

راسخ

ساقیا پی کے جیا جاؤں گا خالی شیشے
یہ مری جھوٹی قسم کے لیے گنہگار رہے ہیں

شیشہ دکھانا - نائیوں کی قدیم رسم، برات یا تیوہار کے موقع پر شیشہ دکھا کر انعام لینا۔ شیشہ دکھائی (مؤ) شیشہ دکھانے کا انعام دینا۔ شیشہ ساعت (مذ) ریت گھڑی۔ شیشہ گر - آئینہ بنانے والا۔ شیشے کے برتن بنانے والا۔ شیشی (مؤ) چھوٹی بوتل۔ دوا رکھنے کا چھوٹا شیشہ۔ شیشی سنگھانا - بے ہوشی کی دوا سنگھانا۔ چونے اور نوسادر کی شیشی سنگھانا۔

شیشے کا بال - وہ صدمہ جو دور نہ ہو سکے۔ شیشے کا رونا - تھوڑی بین۔ شیشے کا دیو (مذ) شراب۔ شیشے کی ہچکیاں - صراحی کی قلقل۔ شیشے میں اتارنا - بس میں کر لینا۔ قبضہ کرنا۔ اپنی طرف مائل کر لینا۔ شیشے میں اترنا - قابو میں آنا۔ نرم ہونا۔ شیشے میں اترنا - قابو میں آنا - نرم ہونا۔ شیشے میں اتروانا - جادو کے زور سے جن بھوت کو بوتل میں بند کروانا۔ شیشے میں ڈھالنا - مطیع کرنا۔

شیطان: (ع) ابلیس - نافرمانی کرنے والا۔ شریر۔ کھوٹا۔ فسادی۔ بہکانے والا۔ بدخواہ۔ غصہ۔ جھگڑا۔ فساد۔ شیطان اترنا - غصہ اترنا۔ شیطان اٹھانا - (دلی) شور و غل کرنا۔ بہتان لگانا۔ شیطان اچھلنا - شرارت سوجھنا۔ شیطان چوکڑی (مؤ) شریروں کا گروہ۔ شیطان سر پر چڑھنا - غصہ یا ضد چڑھنا۔ بدی کا سر پر سوار ہونا۔ شیطان سوار ہونا - غصہ چڑھنا۔ بدی پر آنا۔ ضد چڑھنا۔ شیطان سے زیادہ مشہور - بڑا نامی۔ شیطان طوفان اللہ نگہبان - جھوٹی تہمت سے خدا بچائے۔ شیطان کا پناہ مانگنا - کسی کے کمال شریر ہونے کے موقع پر بولتے ہیں۔ شیطان کا کان میں پھونک دینا - بہکا دینا۔ مغرور بنا دینا۔ شیطان کا درخت (مذ) شیطان کی داڑھ۔ شیطان کا شیرہ - تیز نشہ [illegible]۔ شیطان کا لشکر (مذ) شیطان کی فوج - لڑکے بچے۔ شیطان کی آنت (مؤ) بہت زیادہ دراز بات - آگ دینے والا فتنہ۔ شیطان کی خالہ (مؤ) لڑائی کرا دینے والی عورت۔ شیطان کی گُڈّی - مکڑی کے جالے کا دوڑ جو فضا میں اڑتا ہے۔ شیطان کے کان بہرے - (اس) کوئی بری بات سنتے یا کہتے وقت کہہ دیتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ شیطان اسے سن کر تشہیر نہ کرے۔ شیطان کے کان کاٹنا - بہت زیادہ شریر ہونا۔ شیطان مجسم - بہت ذہنی اور شریر آدمی۔ فسادی۔

شیطان نے لڑکوں سے پناہ مانگی - لڑکوں کی شرارت بہت زیادہ ہے۔ شیطان ہر جگہ موجود - برے کام یا فساد کے مواقع ہر وقت ممکن ہیں۔ شیطان ہو جانا - شریر ہو جانا۔ شیطان ہونا - فسادی ہونا۔ شریر ہونا۔ شیطانی (مؤ) شرارت۔ دغا۔ شیطانی لشکر (مذ) فتنے برپا کرنے والے شریروں کا گروہ۔ شیطانی حرکت (مؤ) نامناسب حرکت۔ شرارت۔ شیطانی وسوسہ (مذ) باطل خیال۔ شیطنت (مؤ) شرارت۔ شوخی۔ فتنہ فساد۔

شیعہ: (ع - مذ) دوستوں کا گروہ۔ مسلمانوں کا ایک فرقہ جو رسول مقبول کے بعد حضرت علی کو پہلا خلیفہ مانتا ہے اور ان کے بعد ان کی اولاد سے گیارہ اور اماموں کا قائل ہے جن میں سے آخری امام مہدی ہیں۔

شیفتہ: (ف) عاشق - مدہوش۔ پریشان۔ شیفتہ ہونا - فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔ شیفتگی (مؤ) مدہوشی۔ پریشانی۔

شین قاف درست نہ ہونا: (۱) زبان کا تلفظ درست اور صحیح نہ ہونا (۲) وہ اردو میں بہت کمزور تھا۔ حرفوں کا تلفظ صحیح نہیں ہوتا تھا۔ شین قاف تک ٹھیک نہ تھا - شریف زادہ۔

شیوا: (۱) فصیح و بلیغ - تنہا مستعمل نہیں۔ شیوا زبان - فصیح و بلیغ - تیز زبان آدمی۔ شیوا بیان - خوش بیان۔

شیوخ: (ع - مذ) شیخ کی جمع۔ بوڑھے۔ اساتذہ۔ مشائخ۔

شیوع: (ع - مذ) اشاعت - آشکارا - پھیلنا (اس امر کا شیوع کسی کی طرف ہوا)۔

شیون: (ف - مذ) نالہ و فریاد۔ امیر

کچھ اس درد سے عشق میں کوئی رویا
[illegible] اٹھا اس سے شیون کسی کا

شیون: (ع - مذ) عادات - (مؤ) خبریں۔ جمع شان۔

شیوہ: (ف - مذ) ڈھنگ - طریقہ - عادت - دستور۔ جیسے شریفوں کا یہ شیوہ نہیں کہ کمزور کو ستائیں۔ نیز دیکھیے "شیوا"۔

ص

ص:- (صُواد - مذ - ع) بعضوں کے نزدیک مونث - اُردو اب ت کا دوسرا حرف - اِس کے اعداد ابجد کے حساب سے نوّے ہوتے ہیں - تقریباً تمام مفردات عربی الاصل ہیں -

ﺻ:- (صاد - مذ) صحیح - صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم - صلوات اللہ وسلامہ علیہ، علیہا کا اشارہ - تصدیق شدہ - شاہی فرمان پر نقل مطابق اصل - دعوت ناموں کے فہرست میں نام کے آگے لکھنے کے معنے ہیں - اطلاع ہوئی - کاغذ اشعار پر معنے ہیں - شعر صحیح یا اچھا - باموقع و پسندیدہ ہے (مو) خوبصورت آنکھ کا حلقہ ؎ دیا شنکر

صاد آنکھوں کی دیکھ کر پسر کی
بینائی کے چہرے پر نظر کی

صابِر:- صبر کرنے والا - صدمے یا مصیبت پر خاموش رہنے والا -

صابُن:- (مذ) کپڑا اور بدن وغیرہ صاف کرنے کی ایک مشہور چیز - صابون کا مخفف - صابن دانی (مو) وہ ظرف جس میں صابن رکھتے ہیں - صابن سامنے میں گھلنا - منہ بدمزہ ہونا - منہ کا مزہ پھیکا میٹھا ہونا - صابن سامنے ہونا پھیکا پھیکا بدذائقہ منہ ہونا - صابن کے مول - بے شمار جوتیاں پڑنا -

؎ جب پڑنے لگیں ادھر سے صابن کے مول
سونے کی طرح سے تب کیا خوب گڑھا رنگین

صابن میں کا تار - بے تعلق اور آزاد (دنیا میں ایسے رہے جیسے صابن میں تار) ؎ شعور

کرے گا جامۂ عریاں تنی کو صاف کم میں
تمھارا پیچ بھی ہے برش میں تار صابن کا

صابُون - صابن -

صاحِب:- (ع - بکسر ح - رائج - بالفتح و کسرہ - مذ) مالک (جیسے صاحب تخت) والا (جیسے صاحب علم) کو تعظیم - مغربی تہذیب کے ہر شخص کا لقب (ابھی صاحب دفتر سے نہیں آئے) جناب یا حضور یا آپ کی جگہ بے تکلفی میں بولتے ہیں (صاحب یہ تو کیجیے) شوہر زوجہ کو اور زوجہ شوہر کو بھی اسی کلمے سے مخاطب کرتے ہیں ؎ انیس

صاحب میرے بچوں سے خبردار خبردار

صاحبِ اختیار - آزاد - خود مختار - صاحبِ اخلاق - رحمی عادت والا - خمسار - صاحبِ بستہ - مرثیہ سوز - نوحہ پڑھنے والا - صاحبِ زبان (بہ اضا) مادری زبان والا - عام طور سے اہل دہلی و لکھنؤ کو کہتے ہیں - صاحبُ الزمان (مذ) حضرت محمد بن حسن عسکری علیہ السلام کا لقب جو فرقہ امامیہ کے بارھویں امام ہیں - صاحبِ اقبال - اچھے نصیب والا - خوش قسمت - بھاگوان - صاحب بہادر (بے اضا) مغربی تہذیب کے ہر جنٹلمین ایسل کا عام لقب - صاحبِ تخت و تاج - بادشاہ - تاج شاہی کا مالک - صاحبِ تدبیر (با ضا) ہوشیار - تجربہ کار - صاحبِ تمیز (با ضا) دانش مند - تمیزدار - عقل و ہوش والا - صاحبِ جاگیر و جائداد (با ضا) جاگیر والا - جائداد والا - زمیندار - صاحبِ جمال (با ضا) خوبصورت - حسین - گورا چٹا - صاحبِ حیثیت باضا عزت والا - دولت مند (باضا) صاحب خانہ (باضا) گھر والا - میزبان - صاحبِ دل (باضا) خدا کو پہچاننے والا - دین دار - دانش مند - صاحبِ دماغ - متکبر - مغرور - صاحب ذوق یا مذاق (باضا) شوقین - رنگین مزاج - عارف کامل - صاحبِ رائے - (مذ) وزیر - مدبر - صاحب زادہ - امیر زادہ - لڑکا - شریف کا بچہ - صاحب زادہ پن (مذ) بچپن نادانی - صاحبِ سجادہ - سجادہ نشین - پیر - صاحب سلامت (بے اضا مو) جان پہچان - رسمی ملاقات - رسمی سلام - صاحب سلامت ہونا - ملاقات ہونا - شناسائی ہونا - رسمی سلام ہونا - صاحبِ سلیقہ - تمیزدار - ہنرمند - صاحبِ ظرف - عالی ہمت - صاحبِ عالم (با ضا - مذ) دہلی کے شہزادوں کا لقب - صاحبِ فراش - وہ بیمار جو بستر سے نہ اُٹھ سکے - مطلق بیمار - صاحبِ قائم مال میراث - مجبور مالک کے سامنے مال لٹ رہا ہے - صاحبِ قدرت - ہر طرح کی قدرت رکھنے والا - صاحبِ قران - وہ شخص جس کی پیدائش کے وقت زحل اور مشتری ایک برج میں ہوں - ایسا آدمی بڑا اقبال مند ہوتا ہے - کہتے ہیں کہ قائد اعظم بھی بہت صاحبقران تھے - صاحبِ قرانی حکومت ؎

تم کروں صاحب قرانی جب تلک
ہے طلسم روز و شب کا در کھلا غالب

صاحبِ کمال - ماہر - کامل - نظیر - اُستاد - صاحب لولاک - رسالت مآب صلعم - صاحبِ مقدور - مال دار - دولت مند - صاحبِ من - جناب من - مہربان من - صاحب لوگ - انگریز - صاحبِ نسبت - خدارسیدہ - کامل - ولی - صاحبِ نصیب - خوش قسمت - صاحبِ نظر - دانا - دوراندیش - صاحبان - صاحب کی جمع - مجمع سے خطاب کا لفظ - صاحبو - صاحبان - صاحبہ (مو) صاحب کی تانیث - صاحبی (مو) حکومت - نفیس - صاحبی کرنا - حکومت کرنا - دماغ کرنا -

صاد:- (ص کا تلفظ اور علامت ع - مذ) غیر آرین حرف قرانی نفیف

کے تیسویں سورے کا نام - صاد کرنا کسی چیز کی عمدگی یا خوبی کو تسلیم کرنا - قبول کرنا - صاد ہونا - منظور ہونا - پسند ہونا - صاد ہے - خوبی تسلیم ہے ؎ شوق

خدا جانے لکھا کیا کچھ نہیں یاد ہے
اب اس طغرے پہ مرا صاد ہے

صادر :- نافذ و جاری ہونے والا - نکلنے والا - صادر کرنا - جاری کرنا - نافذ کرنا - صادر و وارد - آیا گیا - مہمان - مسافر - صادر ہونا - نافذ ہونا - جاری ہونا - خارج ہونا (جیسے ریح صادر ہوئی)

صادق :- سچا - راستباز - مخلص - چسپاں (فلاں شخص پر یہ مثل صادق ہے) - ظاہر - آشکارا (صبح صادق) پکا وفادار (یار صادق) خالص (اشتہائے صادق) صادق الاعتقاد - سچے عقیدے والا - صادق القول - بات کا پورا - وعدے کا سچا - صادق آنا - ٹھیک ہونا - موزوں ہونا - درست ہونا -

صاعقہ :- (مذ) بجلی جو زمین پر گرے ؎ انیس

اک صاعقہ گرتے ہوئے جو دور سے دیکھی
گو کسی نے اس نور کو تھا طور سے دیکھا

صاعقہ بار - بجلیاں گرانے والا -

صاف :- بے میل - خالص - کورا - بے داغ - اجلا ؎ رشک

منہ صاف ہے تیرا مہ کامل میں کلف ہے

وہ چیز جس میں آلودگی نہ ہو - ایک سہل - سلیس - بے تکلف (عبارت صاف ہے - اس کا مطلب صاف ہے) ہموار - برابر (ٹیلہ کھود ڈالنے سے میدان صاف ہو گیا) چکنا - ہوبہو ؎ غنی

صاف بلبل کے چہکنے کی صدا آتی ہے

بے کپٹ - بے کینہ (ان کا دل میری طرف سے صاف نہیں) بالکل قطعی (صاف انکار کرنا) واضح اور خوشخط - ٹھیک سمت - یقینی (افواہیں بہت سی اڑتی ہیں مگر صاف خبر نہیں ملتی) بے غبار (مطلع صاف تھا پھر بھی چاند نظر نہیں آیا) علی الاعلان ؎ داغ

نگاہیں صاف کہتی ہیں کہ دیکھیں وہ مکرتے ہیں

ظاہر - صریح - بے لوث ؎ ذوق

دیکھا جہاں سے صاف ہیں اہل صفا چلے
کسی کی طرف داری نہ کرنے والا ؎ جلیل

میل جول ان سے کسی سے جو نہ تھا مجھے کیوں
صاف بنتے تھے مگر آنکھ لڑائی نہ گئی

ستھرا ہوا - چھنا ہوا - صاف اڑا لانا - اس طرح اڑا لانا کہ کسی کو خبر بھی نہ ہو - صاف انکار کرنا - مکر جانا - بالکل نہ ماننا -

صاف بات (مو) کھری بات - بے لاگ بات - صاف باطن - صاف دل - بے کینہ - صاف بچنا - بالکل بے جرم ثابت ہونا - بری ہونا - صاف پڑھنا - بغیر رکے صحیح پڑھنا - صاف جواب دینا - بالکل انکار کرنا - دو ٹوک جواب دینا - صاف چھوٹنا - الزام سے بالکل بری ہونا - صاف دیدہ ہونا - بے شرم و بے غیرت ہونا - صاف رہنا - اُجلا رہنا - پاک رہنا - صاف شعر - اچھا - رواں - سلیس اور صحیح شعر - صاف شفاف - آئینے کی طرح صاف - بالکل صاف - صاف صاف - کھری کھری - کھلم کھلا - صاف سنانا - کھری کھری - کھلم کھلا کہنا - صاف کرنا - پاک کر دینا - دھونا - پونچھنا - جلا کرنا - جھاڑ دینا - چٹ کرنا - ختم کر دینا - صاف لوٹنا - بالکل لوٹ لینا - صفایا کرنا - صاف نکل جانا - بے لاگ نکل جانا - صاف نہ کہنا - کسی بات کو صحیح بیان نہ کرنا - صاف ہونا - صفائی ہونا - کدورت دور ہونا - جاری ہونا (راستہ صاف ہے) صفایا ہونا - مسمار - منہدم - بے باقی ہونا - سودہ کی نقل ہونا - منہدم ہونا ؎

ہوں کیوں نہ سیل اشک سے میرے مکاں صاف - مروج

ہموار ہو جانا - میل کچیل دور ہونا - بات کا سلیس اور بے تکلف ہونا - نقل عام ہونا - جنگل کا کٹ جانا - بادل اور غبار کا دور ہونا (آسمان صاف ہونا) تحریر میں صفائی آ جانا - کسی آدمی کو باقی نہ رہنا - ختم ہو جانا ؎ انیس

جو صف پہ صف بڑھی صاف ہو گئی

صافہ :- (ا - مذ) سر سے باندھنے کا دوپٹہ - صافہ باندھنا - پگڑی باندھنا -

صافی :- (ا - مو) چھاننے کا کپڑا - چھاننی - بے ریا - جیسے صوفی صافی - صافی نامہ - راضی نامہ -

صالح :- نیک - اچھا - پرہیزگار - ایک پیغمبر کا نام - صالحہ - (مو) پاک دامن بی بی - نیک عورت -

صامت :- خاموش - چپ چاپ - نہ بولنے والا (قرآن صامت)

صانع :- (مذ) بنانے والا - پیدا کرنے والا - کاریگر - صانع حقیقی - خدائے تعالیٰ - صانع قدرت (مذ) دنیا کو پیدا کرنے والا - خدائے تعالیٰ - صانع مطلق - بغیر کسی مادے اور سامان کے بنانے والا - اللہ تعالیٰ -

صائب :- رسا - ٹھیک - درست - جیسے تیر - صائب الرائے - درست رائے رکھنے والا - بات کی تہ کو پہنچنے والا - صائم (مذ) روزہ دار - صائم الدہر - ہمیشہ روزہ رکھنے والا - صائم النہار - دن میں روزے رہنے والا -

صبا :- (مو) وزیر علی صبا لکھنوی - شاگرد آتش - جن کے اشعار

اس لغت میں بطور سند لائے گئے ہیں - پُروا ہوا - پچھلی رات کی ہوا - ہوا - صباخرام - صبادم - تیز رو گھوڑا -

صَبَاح:- (مو) تڑکا - سویرا -

صَبَاحَت:- (مو) گورا پن - خوب صورتی - وہ گورا رنگ جو مائل بہ زردی ہو -

صَبَّاغ:- (مذ) رنگنے والا - رنگریز -

صُبح:- (مو) سویرا - تڑکا - نمازِ فجر (صبح عمر بھر نہیں پڑھی کیونکہ آنکھ ہی نہیں کھلتی) صبح آنا - صبح کے وقت آنا - صبح کا وقت قریب ہونا - صبح اٹھ کر منہ دیکھنا - جس سے فال نیک لیتے ہیں - صبحِ ازل - بے شام کی صبح - صبحِ الست - (مذ) روزِ ازل - دیکھیے الست - صبحِ امید - عیش کی صبح - صبحِ بنارس - بنارس میں صبح کے وقت ہندو عورتیں بکثرت جمنا میں اشنان کرنے آتی ہیں جس کی وجہ سے رعنائیاں برستی ہیں - صبحِ پیری - بڑھاپا - بالوں کی سفیدی - صبح دم - صبح سویرے - صبح خیز - بہت سویرے جاگنے والا - صبح تک کروٹ نہ لینا - بے خبر سونا

ترپ ترپ کے رات کی فرقت کے سخت تکیے سے

دو ایسے سوئے کہ پھر صبح تک نہ لی کروٹ (تلق)

صبح خیزیا - سویرے اٹھنے والا - چور جو صبح کو چوری کرے - صبح روشن ہونا - سفید سحر کھلنا - صبحِ رستخیز - (مو) قیامت - صبح شام بتانا یا کرنا - ٹال مٹول کرنا - حیلہ بہانہ کرنا - صبحِ صادق - وہ روشنی جو رات ختم ہونے پر ظاہر ہوتی ہے - اور پھر بڑھتی جاتی ہے - صبح کا بھولا شام کو گھر آئے تو اسے بھولا نہیں کہتے - اگر آدمی برے کاموں سے متنبہ ہو کر آخر میں بھی توبہ کرے تو غنیمت ہے - صبح کا تارا (مذ) وہ تارا جو صبح کے وقت زیادہ چمکتا ہے - صبحِ کاذب - وہ روشنی جو پچھلے پہر ظاہر ہوتی ہے اور پھر غائب ہو جاتی ہے - صبح کرنا - رات گزارنا - ان حال رہنا - صبح کس کا منہ دیکھا تھا - جب کوئی کام بگڑ جائے تو کہتے ہیں - صبح کا پوچھنا تو شام کی کہنا - حواس کھانے ہونا - صبح کی تجلی - سویرے سویرے کی پہلی جھلک - صبح کی توپ چلنا - صبح ہونا - پہلے زمانے میں توپ چھوٹا کرتی تھی جیسے نوبت بجتی تھی - سے تعلق

تعمیل شب وصل دم رخصت کی

صبح کی توپ کو بھی آپ نے چلنے نہ دیا

صبح و شام ہونا - حالت نازک ہونا - نالنا - صبحِ مراد - خوشی کی صبح - کامیابی کی صبح - صبح نام نہیں لیتے - منحوس نام ہے - صبح ہونا - پو پھٹنا - دن نکل آنا - خاتمہ ہونا - صبح ہوئی چڑیا چہکی - رات گزرنے سے انتہائی خوشی کا بیان

صَبر:- (مذ) کسی صدمے یا حادثے پر خاموشی اختیار کرنا - شکیب - بردباری - سمائی - تحمل - توقف (ذرا صبر کرو) وہ مصیبت جو کسی کا دل دکھانے کی پاداش میں نازل ہو (میرا صبر پڑا ہے) نفس کو روکنا - تسلی - اطمینان (آخر صبر آ گیا) صبر آنا - قرار آنا - تسلی ہونا - صبر پڑنا - ستانے کی مصیبت یا وبال میں گرفتار ہونا - صبر سمیٹنا - کسی کو ستا کر یا تکلیف پہنچا کر اپنے آپ کو گنہ گار کرنا یا عذاب میں پھنسانا - بد دعا لینا - صبر کرنا - ناامید ہو جانا - سہنا - چپ رہنا - توقف و تامل کرنا - قناعت کرنا - صبر کی سل - صبر کی سل سے استفادہ کرتے ہیں - صبر کی داد خدا کے ہاتھ ہے - صبر کرنے والوں کا خدا ہی انصاف کرتا ہے - صبر لینا - بد دعا لینا - صبر نہ ہونا - کسی خواہش کو ضبط نہ ہونا - صبر اور شکر کرنا - تکلیف کی حالت میں خدا کا شکر بجا لانا - کسی مصیبت یا بلا پر چپ ہو رہنا - صبر ہونا - سہارا ہونا - قناعت ہونا - اطمینان ہونا - تسلی ہونا - تامل و توقف ہونا -

صِبغَۃُ اللّٰہ:- (جملہ قرآنی) خوفِ خدا - رنگ دین - اللہ کا رنگ (ج - شاید ایسا وقت آئے نہ اس کے دل میں صبغۃ اللہ اٹھانے کی قابلیت باقی نہ رہے)

صَبُوحی:- (مو) صبح کی شراب - صبوحی کش - شرابی - صبح کو شراب پینے والا -

صَبِیح:- (مذ) خوب صورت - گورا چٹا - ملیح کا مقابل -

صَبِی:- (مذ) بچہ - لڑکا - صبیان جمع - صبیہ (مو) لڑکی

صَحَابہ:- (مذ) صاحب کی جمع - آنحضرت کے رفقا اور پاس اٹھنے بیٹھنے والے مسلمان - صحابی - آنحضرت کا ایک رفیق - صحابیہ (مو)

صِحَاح:- علم حدیث کی چھ کتابیں جو صحاح ستہ کہلاتی ہیں - بخاری - مسلم - ترمذی - سنن ابو داؤد - سنن ابن ماجہ - سنن نسائی -

صَحَّاف:- (مذ) جلد ساز -

صَحَافَت:- (مو) اخبار سے متعلق کام - اخبار نویسی - صحافی - بر نسبت اخبار سے متعلق شخص - صحافت والا -

صَحَائِف:- (مذ) جمع صحیفہ - کتابیں - رسالے - اخبارات - آسمانی صحیفے

صُحبَت:- (مو) رفاقت - دوستی - ربط ضبط - مجلس - میل جول - ہمبستری - خلوت - صحبت اٹھانا - پاس رہ کر تعلیم و تربیت پانا - پاس رہنا - صحبت برا (مذ) ہونا

دوستی نبھنا۔ صحبت برآری: میل جول ہونا۔ دوستی نبھنا۔ صحبت برتنا۔ دوستی کرنا۔ پاس رہ کر فائدہ اٹھانا۔ صحبت برخاست ہونا: مجلس اٹھنا۔ دوستوں کی مجلس برخاست ہونا۔ صحبت برہم ہونا: جلسہ تتر بتر ہونا۔ صحبت بگڑنا۔ ناچاقی ہو جانا۔ اَن بَن ہو جانا۔ صحبت بننا۔ دوستی کا نباہ ہونا۔ صحبت پانا۔ صحبت اٹھانا۔ پاس اٹھنا بیٹھنا۔ تعلیم و تربیت پانا۔ صحبت دیکھنا۔ صحبت اٹھانا۔ تہذیب حاصل کرنا۔ صحبت راس آنا۔ دوستی کا مبارک اور ٹھیک ہونا۔ صحبت رکھنا۔ پاس بیٹھنا اٹھنا۔ صحبت کا اثر ہونا۔ پاس اٹھنے بیٹھنے کی تاثیر ہونا۔ صحبت کرنا۔ ہمبستری کرنا۔ صحبت گرم ہونا۔ یکجائی کے مزے اڑنا۔ جلسہ گرم ہونا۔ صحبت نہ رہنا۔ اٹھنے بیٹھنے کا موقع نہ رہنا۔ صحبت یافتہ۔ کسی درویش یا پیر کی صحبت سے فائدہ اٹھائے ہوئے۔ آداب مجلس سے واقف۔ بزرگوں کے پاس اٹھے بیٹھے ہوئے۔

صحبتی۔ ہم نشین۔ مصاحب۔

صِحَّت: (مو) تندرستی۔ درستی۔ شفا۔ فائدہ۔ عیب غلطی سے پاک ہونا۔ تصحیح کرنا۔ صحیح کرنا۔ عیب سے پاک کرنا۔ صحت بخش۔ تندرستی بخشنے والا۔ شفا دینے والا۔ صحت پانا۔ اچھا ہونا۔ تندرست ہونا۔ صحت خانہ (مذ) طہارت خانہ۔ (قدیم لفظ ہے) صحت نامہ (مذ) تندرستی کا سارٹیفکیٹ۔ شفا پانے کا سرٹیفکیٹ۔ فہرست اغلاط جو کسی کتاب کے آخر میں لگائی جاتی ہے۔ غلط نامہ۔

صَحرا: (مذ) جنگل۔ چٹیل میدان۔ صحرا گرد۔ صحرا نورد۔ جنگلوں میں پھرنے والا۔ مسافر۔ صحرائی۔ جنگلی۔ مجازاً پاگل۔

صَحن: (مذ) گھر کا چوک۔ آنگن۔ رقبہ۔ ایک قسم کا عمدہ ریشمی کپڑا۔ صحن چمن۔ صحن گلشن (مذ) باغ کا تختہ۔ صحنچی (مو) وہ چھوٹے چھوٹے کمرے جو گھر یا دالان کے اطراف میں بنا دیتے ہیں۔

صَحنک: (مو) چھوٹا طباق۔ رکابی۔ حضرت فاطمہؓ کی نیاز۔ اس نیاز کے کھانے کو بھی صحنک کہتے ہیں۔ اس نیاز کو پاک۔ پاک دامن سیدانیاں چکھتی ہیں۔ صحنک کرنا۔ حضرت فاطمہؓ کی نیاز دلوانا۔

صَحیح: ٹھیک۔ درست۔ پورا۔ تندرست۔ علم عروض کی وہ بحر جو زحاف وغیرہ سے پاک و صاف ہو۔ وہ حدیث جو درست مانی گئی ہو۔ وہ لفظ جس میں حرف علت (ا۔ و۔ ی) نہ ہو۔ سالم۔ صحیح العقل۔ عقل کا پورا۔ صحیح المزاج۔ تندرست بھلا چنگا۔ صحیح النسب۔ باپ دادا کی طرف سے بے عیب۔ شریف۔ صحیح سالم یا صحیح سلامت رہنا۔ جیتا جاگتا۔ زندہ اور تندرست رہنا (اردو میں صحیح سالم اور صحیح سلامت بولتے ہیں) صحیح کرنا۔ اصلاح دینا۔ غلطی نکالنا۔ تصدیق کرنا۔ دستخط کرنا۔ درج حساب کر لینا۔ لگانا۔ مارنا (جیسے دماغ صحیح کرنا) کھرے کرنا (تھوڑی دیر میں پانچ روپے صحیح کر لیے) گوری سے پکا کرنا۔ تحقیق کرنا۔ صحیح گئے سلامت آئے۔ جیسے گئے تھے ویسے ہی واپس آ گئے۔ (آپ تو لڑنے گئے تھے، جب ہی تو صحیح گئے تھے۔ سلامت آئے) صحیح ہونا۔ غلطی نہ نکلنا۔ تندرست ہونا۔ ٹھیک ہونا۔ تصدیق ہونا۔ پکا ہونا۔ سیاہے پر چڑھنا۔

صَحیفہ: (مذ) کتاب کا لکھا ہوا ورق۔ اخبار۔ خط (جیسے صحیفۂ سماوی [illegible]) صحیفۂ آسمانی (مذ) آسمانی کتاب۔ وہ کتاب جو خدا کی طرف سے نازل ہوئی ہو۔

صَد: (ف) سو۔ ایک سو۔ مرکبات میں مستعمل ہے۔ صد آفرین۔ کلمۂ تحسین۔ شاباش۔ کیا کہنا۔ مرحبا۔ طنزاً ذلت کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے (شاباش ہے۔ صد رحمت ہے۔ خوب باپ دادا کا نام اچھالا) صد برگ یا برگ (مذ) وہ پھول جس کی پنکھڑیاں بکثرت ہوں جیسے ہزارہ۔ گیندا۔ صد پا۔ کنکھجورا۔ صد پارہ۔ چاک چاک۔ صد چراغ۔ روشنی کا چوبی یا آہنی ستون۔ سرو چراغاں۔ چراغاں کی جگہ۔ صد در صد۔ ہزاروں لاکھوں۔ ایک قسم کا نقش۔ صد شکر۔ خدا کا شکر ہے۔ خیریت گزری۔ اچھا ہے۔ صدہا صد ہزار۔ کثرت ظاہر کرنے کے لیے۔ صدی (مو) سیکڑا۔ سو برس کا زمانہ۔ (صدی عورت کا لفظ ہے)

صَدا: (مو) آواز۔ آہٹ۔ فقیر کی آواز۔ صدا بلند کرنا۔ چلا کر بولنا۔ صدا دینا۔ فقیر کا آواز لگانا۔ سوال کرنا۔ بلانا۔ آواز دینا۔ صدا لگا دینا۔ آواز لگانا۔ بھیک مانگنا۔ صدا نکلنا۔ آواز نکلنا۔

صِدارَت: (مو) کسی جلسے یا انجمن کا صدر نشین ہونا۔ شاہی کے زمانے کا ایک عہدہ۔ وزارت عظمیٰ۔

صِداقَت: (مو) سچائی۔ خلوص۔ وفاداری۔ ثبوت۔ تصدیق۔ گواہی۔

صَدر: (مذ) سینہ۔ چھاتی۔ سامنے کا رخ۔ مکان کا صحن۔ اعلیٰ مقام۔ جہاں اعلیٰ ترین شخص کو بٹھاتے ہیں۔ میر مجلس۔ دارالخلافہ۔ ہیڈ کوارٹر۔ علم عروض شعر کے مصرع اول کا پہلا رکن۔ فوج کے رہنے کا مقام بالا (جیسے صدر جمع صدور) الصدر اعظم۔ وزیر اعظم۔ جمہوری حکومت کا سب سے بڑا سردار۔ صدر اعلیٰ۔ شاہی میں دیوانی کورٹ کے ججوں کا افسر۔ چیف جسٹس۔ صدر بازار (مذ) چھاؤنی کا بڑا بازار۔ صدر نشین۔ چیئرمین۔ میر مجلس۔ صدرا۔ صدرالدین کی ایک کتاب فلسفہ جو جرجانی کی کتابوں میں سے ہے۔ صدرا پڑھ کر بھی احمق ہی رہے۔ فلسفہ منطق پڑھ کر بھی عقل نہیں آئی۔ صدر ہر جا کہ نشیند صدر است۔ لائق آدمی جہاں بیٹھ جائے وہیں اس کی قدر ہوتی ہے۔ صدر الصدور۔ قاضی۔ اسلامی قانون کا جج۔ صدری (مو) واسکٹ۔ سینہ بند۔ مرزئی۔ روئی دار بے آستین شلوکہ۔

صَدَف: (مو) سیپی - سمندر گھونگا جس میں سے موتی نکلتا ہے ایک قسم کا چھوٹا پیالہ جس میں شراب پیتے ہیں۔

صِدْق: (مذ) سچائی - خلوص - صدقِ دل سے - صاف دل سے - صدقِ نیت سے - خلوص سے -

صَدَقَہ: (و بسکونِ عام تلفظ - بفتح - اصل لغت عرب) منیر

رَدِّ بلا ہوئی صدقہ کیوں نہ دیں حضور
خیرات آپ کرنے لگے ہم کو گاڑ کے

خیرات - وہ کھانا جو کسی کے صدقہ سے اتار کر چوراہے پر رکھوا دیں خدا کی راہ میں قربانی - طفیل - بدولت جلال

بلا ٹلتی ہے بخشش سے بہا - اے چشمِ تر آنسو
ہے کچھ دامن خالی کر صدقہ روئے انگلین کا

صدقہ اتارنا / دینا - خیرات کرنا - کسی چیز کو سر کے گرد پھرا کر اللہ واسطے دے دینا - صدقہ جاریہ - وقف - ہمیشہ رہنے والی خیرات - صدقہ ملنا - مفت میں ملنا - کسی سے بچی ہوئی چیز ملنا - صدقہ سلاّ (مذ) خیرات جو سلامتی کی شکرگزاری میں دیں - صدقہ سلاّ دینا - خیرات دینا - صدقہ ملنا - صدقے کی چیز ملنا - صدقے - واری - قربان سوز

دم بدم اُس کی آن کے صدقے
اس البیلے جوان کے صدقے

طنز سے بھی کہتے ہیں داغ

ہم کو کوچے سے تمہارے نہ اٹھائے اللہ
صدقے ہیں خلد کے کچھ ہم تو یہیں اچھے ہیں

صدقے جانا - قربان ہونا - واری ہونا - صدقے کرنا - قربان کرنا - نثار کرنا - صدقے رواں - قربان گردن - صدقے کے کھانے (مذ) وہ پیسے جو رات کو بیمار کے سرہانے رکھ کر صبح کو فقرا پر تقسیم کر دیے جائیں یا مسافر کے واپس آنے پر تقسیم کیے جائیں - صدقے قربان ہونا - واری جانا - بہت زیادہ اظہارِ محبت کرنے کا جملہ ہو۔

صَدْمَہ: (مذ) دھکا - ٹکر - تکلیف - چوٹ - رنج - غم - حادثہ - نقصان - مصیبت - صدمہ اٹھانا - نقصان اٹھانا - رنج اٹھانا - صدمہ پہنچانا - رنج پہنچانا - دکھ دینا - نقصان کرنا - صدمۂ جانکاہ (مذ) جان کو گھلانے والا حادثہ - صدمہ سہنا - صدمہ اٹھانا - غم سہنا - مصیبت اٹھانا - صدمہ گزرنا - رنج گزرنا - حادثہ پیش آنا - صدمہ ہونا - رنج پہنچنا - غم ہونا (جھیلنا - بھگتنا وغیرہ کے ساتھ)

صُدُور: (مذ) صادر ہونا - پہنچنا (صدور والا نامہ سے عزت ہوئی) نافذ و جاری ہونا (صدورِ حکم) صدر کی جمع سینے - چھاتیاں -

صَدِیق: دوست (واحد اور جمع دونوں کے لیے) مستعمل ہے - (اس کی جمع ہے اَصْدِقَاء)

صِدِّیق: نہایت سچا - حضرت ابوبکر کا لقب - حضرت علی کا لقب - صدیقہ - نہایت سچی - حضرت فاطمہ بنت رسول کا لقب - حضرت عائشہ کا لقب - حضرت مریم کا لقب -

صُراح: (مو) خالص - عربی لغت کی مشہور کتاب -

صَرَاحَت: (مو) تشریح - آشکارا ہونا - وضاحت - صراحت کرنا - کھول کر کہنا - تشریح کرنا صراحتہً - کھلم کھلا - ظاہرا -

صُراحِی: (ف - مو) پانی یا شراب رکھنے کا لمبی گردن کا برتن - جھجری - بوتل - لانبا اور خوشنما - صراحی دار گردن (مو) لمبی اور خوشنما معشوق کی گردن - صراحی دار گھنگرو یا موتی - صراحی کی شکل کی دونوں چیزیں -

صِراط: (مو) ایک پل کا نام جو دوزخ پر قائم ہوگا - بال سے زیادہ باریک - تلوار سے زیادہ تیز ہوگا اسیر

رکھنا سمجھ سمجھ کے قدم چاہیے یہاں
دنیا نہیں ہے صراط ہے اِلم الورود کی

راستہ ع اوج

شرعِ مبیں، صراطِ رسول قدیر ہے

صراطِ مستقیم - صفت - سیدھا راستہ -

صَرَّاف: (مذ) سونا چاندی پرکھنے والا - روپیہ پرکھنے والا - روپے پیسے کا لین دین کرنے والا - صراف کے سے لگے - وہ مال جو پڑا رہے جب چاہیں بیچ لیں - صرافہ (مذ) وہ بازار جہاں صرافوں کی دکانیں بکثرت ہوں - صرافی - بینک - کوٹھی - صرافہ کھولنا - نقدی یا ہنڈی کا لین دین کرنا - صرافی کی دکان کھولنا - صرافی (مو) صراف کا پیشہ - روپے پیسے کا کاروبار - خوردہ کرائی -

صَرصَر: (مو) آندھی - تیز ہوا مونس

فرفر ہوا نفس کی جو نتھنوں سے آتی تھی
صرصر بھی مثلِ گردِ قدم سر کی جاتی تھی

صَرَع: (مو) ایک مرض - مرگی کا نام -

صِرف: - خالص - اکیلا - محض - فقط -

صَرف: (مو) حروف و حرکات کے اَدل بدل اور ہیر پھیر معلوم کرنے کا علم - صیغوں کی گردان (مذ) خرچ - مصروف ع دبیر

مومن وہ ہیں جو اُن کی محبت میں صرف ہیں
بسر (عمر اسی حالت میں صرف ہوئی)

صرف کرنا ۔ صرف کرنا ۔ خرچ کرنا ۔ اُٹھانا ۔ **صرف میں آنا** ۔ کام میں آنا ۔ استعمال کیا جانا ۔ **صرف ہونا** ۔ خرچ ہونا ۔ **صرفہ** مذ خرچہ ۔ کفایت شعاری ۔ کنجوسی ۔ دریغ ۔ تامل ؎ داغ

دکھلائے جو وہ گرز تو کا صرفہ نہ ہو دیتے ہیں
جو مرنے کے نہیں تامل تو کیا مجھ کے قابل ہوں

صرفہ کرنا ۔ کفایت شعاری کرنا ۔ کنجوسی کرنا ۔ خرچ کرنا ۔ تامل کرنا ۔ دریغ کرنا ۔

صُرّہ
:۔ (مذ) تھیلی ۔ توڑا ۔ ہمیانی ۔

صَرِیح
:۔ ظاہر طور پر ۔ علانیہ ۔ **صریحاً** کھلم کھلا ۔ ظاہرا ۔

صَرِیر
:۔ (مو) قلم چلنے کی آواز ۔ سند کے لئے دیکھئے (۲) بھندیت

صَعب
:۔ سخت ۔ ناگوار ۔ تکلیف دہ ۔ دشوار ۔ **صعوبت** ۔ (مو) سختی ۔ دشواری ۔ مشکل ۔

صُعُود
:۔ (مذ) اوپر چڑھنا ۔ کسی عدد کو کئی دفعہ فی نفسہ ضرب دینا ۔ **صعود کرنا** ۔ اوپر چڑھنا (بخارات دماغ کی طرف صعود کر گئے)

صِغار
:۔ (مذ) صغیر کی جمع ۔ چھوٹے لڑکے ۔ چھوٹی لڑکیاں ۔ **صغار و کبار** ۔ سب چھوٹے بڑے ؎ اوج

ہے خوف سے ندا یہ صغار و کبار کی
آمد ہے بدر میں شہ دُلدُل سوار کی

صِغَر
:۔ (مذ) چھوٹائی ۔ خردی ۔ چھوٹاپن ۔ **صغر سن** ۔ کم عمر ۔ نابالغ ۔ **صغر سنی** (مو) کم عمری ۔ نابالغی ۔ **صغریٰ** (مو) چھوٹی لڑکی ۔ سب سے چھوٹی چیز ۔ **صغیر** ۔ چھوٹا ۔ **صغیر سن** ۔ کم عمر ۔ نابالغ ۔ **صغیر و کبیر** (مذ) چھوٹے بڑے ۔ ادنیٰ و اعلیٰ ۔ دو دعائیں ۔ جوشن صغیر و جوشن کبیر ۔ **صغیرہ** (مو) چھوٹی ۔ گناہ مذکر ہے مگر اس کی صفت میں صغیرہ (مو) مستعمل ہے (گناہ صغیرہ گناہِ صغیرہ)

صَف
:۔ (مو) پرا ۔ قطار (باندھنا ۔ جمانا ۔ چیرنا ۔ پھاڑنا) صف اور قطار کی جگہ فرش (دسترخوان کی صف خراب ہو گئی) بوریا ۔ چٹائی (صف بچھا دو) **صف آرا ہونا** ۔ مقابلے کے لیے فوج کا پرا جما کر کھڑے ہونا ۔ **صف آرائی** مو قطار بندی ۔ **صف آرائی کرنا** ۔ پرا بندی کرنا ۔ جنگ آزمائی کرنا ۔ **صف اُلٹ جانا** ۔ لڑائی میں صف کا تتر بتر ہونا ۔ مجلس درہم و برہم ہونا ۔ **صف باندھنا یا جمانا** ۔ قطار باندھ کر کھڑا ہونا یا بیٹھنا ۔ **صف بچھانا** ۔ چٹائی کا فرش کرنا ۔ مجلس کا انتظام کرنا ۔ مجلس غم ہونا ۔ **صف بستہ** ۔ قطار باندھے ہوئے ۔ تیار ۔ آراستہ ۔ **صف بصف** ۔ صف سے صف ملا کر ۔ ہر صف میں ۔ **صف روشن کرنا** ۔ مجلس ۔ مرادے میں رونق کرنا ۔ **صف شکن** ۔ بہادر ۔ **صف شکنی** صف بندی کی لشکر کشی ۔ **صف ماتم** (مو) وہ فرش جس پر ماتم کرنے والے آکر بیٹھیں ۔ **صف نعال** (مو) وہ جگہ جہاں جوتا اتار کر داخل مجلس ہوتے ہیں ۔ **صف ہیجا** (مو) صف جنگ ۔ لڑنے والوں کی قطار ۔ **صفیں صاف کرنا** ۔ لشکر کی قطاروں کو قتل کرنا ۔ **صفوف** ۔ صف کی جمع ۔ دہلی والے اساتذہ نے مونث استعمال کیا ہے ۔ لکھنؤ والے مذکر بولتے ہیں ؎ اوج

صفوف کفر و دکھایش تیغ جم نہ سکے
ہوا کے سامنے جس طرح خاک تھم نہ سکے

صَفا
:۔ (مو) صفائی ۔ پاکیزگی ؎ اسیر

چشم موسیٰ سے صفائے ید بیضا دیکھی
صاف ؎ نسیر
صفا آج جھوٹے پیالے ہوئے ہیں

بے لاگ ۔ بے رعایت ۔ مکہ معظمہ کی ایک پہاڑی کا نام جو مروہ پہاڑی کے قریب ہے ۔ حاجی ان دونوں پہاڑوں کے درمیان دوڑتے ہیں اور "سعی" کہتے ہیں ۔ **صفا چٹ کرنا** ۔ بالکل صاف کر ڈالنا ۔ **صفا چٹ میدان** ۔ بے آب و گیاہ ویرانہ ۔ خالی ۔ ویران جگہ ۔ **صفا صفا** ۔ بالکل صاف ۔ ویران ۔ برباد ۔ **صفا صفا کرنا** ۔ **صفایا کرنا** ۔ برباد کرنا ۔ **صفا کہنا** ۔ لگی لپٹی نہ رکھنا ۔ کھری کہنا ۔

صِفات
:۔ (مو) جمع صفت کی ۔ بھلائیاں ۔ برائیاں ۔ **صفاتِ ذاتی** ۔ وہ خوبیاں جو انسان کی اپنی ذات میں ہوں ۔ **صفاتی** ۔ صفات سے منسوب ۔ عارضی ۔

صَفائی
:۔ (مو) پاکیزگی ۔ سچائی ۔ سادگی ۔ جھاڑ پونچھ ہوا ہی (اس مکان کی صفائی میں کیا خرچ ہوا) بے گناہی ۔ بریت (آپ کی صفائی ثابت ہے) وہ گواہی جو ملزم کی تائید میں ہو ۔ ملاپ ۔ صلح (دونوں میں صفائی ہو گئی) کھرا پن ۔ صداقت ۔ بیباقی (معاملے میں صفائی ضروری ہے) حساب کی باقی چکتا ۔ بے شرمی ۔ بے حیائی ؎ اسیر

غصہ دکھلاتے ہو اُلٹا مجھے دھمکاتے ہو
اس صفائی کا ہوں قائل نہیں شرماتے ہو

تردید ؎ داغ

تسلی کرتی ہے گفتگو اُن کی
بات میں بات کی صفائی ہے

باڑھ کی تیزی ۔ بیزاری (دیکھئے "دم خم") کانٹ چھانٹ (درختوں کی صفائی) قطع و قمع ۔ بربادی ۔ تباہی

(ایسی ہی فضول خرچیوں سے گھر کی صفائی ہو گئی) گھر دلدّر نکالنا۔ ہموار کرنا۔ جلا (جیسے آئینے کی صفائی) خاتمہ۔ بالکل نہ رہنا۔ پھرتی۔ چالاکی جیسے انیس

کاٹی زرہ دکھا کے صفائی نکل گئی

نیک نیتی۔ میل کچیل اور غلاظت نکال دینا۔ صفائی بتانا۔ صاف انکار کر دینا۔ ٹالنا۔ صاف جواب دے دینا۔ صفائی کر دینا۔ جھاڑ پونچھ دینا۔ فیصلہ کر دینا۔ اڑا دینا۔ اجاڑ دینا۔ بھگتان کر دینا۔ **صفائی کا ہاتھ**۔ وہ ضرب جو تسمہ تک نہ لگا رکھے۔ صفائی کرنا۔ صاف کرنا۔ برباد کرنا۔ لوٹنا۔ مار ڈالنا۔ بھگانا۔ چمکانا۔ صرف کرنا۔ **صفائی ہونا**۔ لازم۔ صفایا بولنا یا کرنا۔ نیست و نابود کر دینا۔ فنا دینا۔ صفایا ہونا۔ کام تمام ہونا۔ خاتمہ ہونا۔

صِفَت :- (مو) تعریف۔ خوبی۔ برائی۔ خاصیت۔ قواعد میں وہ کلمہ جو اسم کی خوبی، برائی، کیفیت ظاہر کرے۔

صَفحہ :- (مذ) ورق کا ایک طرف کا رخ۔ پھیلاؤ۔ پٹا۔ **صفحۂ ہستی** - دنیا۔ روئے زمین۔ صفحۂ ہستی سے نام و نشان مٹانا۔ دنیا سے نیست و نابود کر دینا۔ بالکل نیست کر دینا۔

صَفَر :- (مذ) محرم کے بعد کا مہینہ۔ اس مہینے کا چاند دیکھ کر آئینہ دیکھتے ہیں۔

صِفر :- (مذ) نقطہ۔ نقطے کا نشان جیسے ناسخ

دانت چمک کے صفر حسن ہوئے یہ
دولت بے حساب ہے عارض

صَفرا :- (مذ) پت۔ بدن کی خلطوں میں سے زرد ایک خلط کا نام۔ صفراوی۔ پت والا۔ صفرا والا۔ صفراوی مزاج (مذ) تیز مزاج۔ جس مزاج میں صفراویت زیادہ ہو۔

صَفو پہ نادری چڑھانا :- (ف) چھیلنے والے کو بغیر تول کے نادری چڑھانا۔ صفو دینا۔ ۔۔۔ دینا۔ ایک ایک پتہ جیت لینا۔

صُفوف :- (مذ) جمع صف کی۔ قطاریں۔
(دیکھو صف)

صَفَوی :- (مذ) ایران کے شاہی خاندان کا نام جو شاہ صفی سے منسوب ہے۔ یہ ایک کامل فقیر تھے۔

صَفی :- پاک۔ برگزیدہ۔ حضرت آدم کا لقب۔ علی نقی صفی لکھنوی۔ دور آخر کے مسلم الثبوت استاد و شاعر متوفی ۱۹۵۰ء ان کے اشعار بطور سند لکھے گئے ہیں۔ صفی اللہ۔ حضرت آدم علیہ السلام کا لقب۔

صَفیر :- (مو) پرندوں کی آواز۔ سیٹی۔

صفیل :- (ا) عورتیں فصیل کو کہتی ہیں۔

صَقلی گر :- (ف) صیقل کرنے والا۔ صیقل گر۔ یہی صحیح ہے اور اسی سے بگڑ کر صقلی گر بنا ہے۔

صَلا :- (مو) آواز۔ دعوت عام جیسے غالب

کون ہوتا ہے حریف مے مرد افگن عشق
ہے مکرر لب ساقی پہ صلا میرے بعد

صلائے عام۔ عام دعوت۔ عام ضیافت۔

صَلابت :- (مو) سختی۔ مضبوطی۔ بے جا سختی (رائے کی صلابت سے یہ نقصان پہنچا)

صَلاح :- (مو) نیکی۔ بھلائی۔ مشورہ۔ تجویز۔ ارادہ۔ منصوبہ۔ مناسب۔ موزوں۔ **صلاح بتانا یا دینا**۔ رائے دینا۔ کوئی صورت پیدا کرنا۔ ڈھنگ بتانا۔ تدبیر بتانا۔ **صلاح پر چلنا**۔ مشورہ ماننا۔ کسی کی رائے پر عمل کرنا۔ **صلاح پوچھنا**۔ مشورہ لینا۔ رائے لینا۔ **صلاح ٹھیرنا**۔ تجویز قرار پانا۔ ارادہ ہونا۔ **صلاح دید**۔ تجویز۔ **صلاح دینا**۔ مشورہ دینا۔ رائے دینا۔ تجویز بتانا۔ **صلاح سمرقندی**۔ خورش خلق سے بڑا۔ جھوٹی آؤ بھگت۔ **صلاح کار**۔ صلاح کار۔ مشورہ یا رائے دینے والا۔ زاہد۔ متقی۔ (بالضم) کام کی درستی۔ **صلاح کرنا**۔ مشورہ کرنا۔ تدبیر سوچنا۔ **صلاح لینا**۔ مشورہ لینا۔ رائے لینا۔ **صلاح وقت**۔ وقت کے مناسب۔ قرین مصلحت۔ **صلاح و مشورہ** (مذ) تدبیر و تجویز۔ مشورہ۔

صَلاحیت :- (مو) سمجھ۔ لیاقت۔ قابلیت۔ استعداد۔ کام کرنے کا مادہ۔ **صلاحیت پر آنا**۔ درستی پر آنا۔ ٹھیک ہونا۔ مرض کا قابل اصلاح ہونا۔ **صلاحیت رکھنا**۔ کسی بات کی سمجھ رکھنا یا لائق ہونا۔

صُلب :- (مذ) نسل۔ پشت۔ نطفہ۔ صلبی۔ حقیقی۔ نسلی۔ سگا۔

صُلح :- (مو) ملاپ۔ اتحاد۔ صفائی۔ **صلح دوست**۔ وہ شخص جو جھگڑے فساد کو پسند نہ کرنا۔ صلح کل۔ **صلح کرانا**۔ باہمی کدورت دور کرانا۔ ملاپ کرانا۔ **صلح کرنا**۔ ملاپ کرنا۔ مل جانا۔ **صلح کل**۔ ملاپ کرنا۔ مل جانا۔ **صلح کل** جو تمام لوگوں سے یکساں برتاؤ رکھتا ہو یا پسند کرتا ہو۔ سب کے ساتھ آشتی کا برتاؤ کرنا۔ **صلح نامہ** (مذ) راضی نامہ۔ صلح کا معاہدہ۔

صُلحا :- (مذ) صالح کی جمع۔ نیک لوگ۔

صُلصُل :- (مو) فاختہ۔

صَلِّ علیٰ : (مو) اس موقعے پر بولتے ہیں۔ جب کوئی اچھی چیز نظر آئے یا اچھی بات قابلِ تعریف ہو۔ واہ واہ۔ سبحان اللہ۔ صلِّ علیٰ کہنا۔ درود پڑھنا۔ عمدہ چیز کو دیکھ کر واہ واہ کرنا۔ داد دینا۔

صَلعَم : صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا مخفف۔ یعنی نبی کریمؐ پر اور ان کی آلِ پاک پر خدا کا درود اور سلام ہو۔

صَلَوات : (مو) درود۔ خدائی رحمت جمع ادعیٰ

بھیجا ہے صلوات (پڑھو پڑھو) ان پر

کسی چیز سے دست بردار ہونا۔ یا آنا (اس معنی میں "کر" ساکن پڑھا جاتا ہے) ؎ ظفر

دل بتوں کو دے کے دیں کا دھیان بھی جاتا رہا
دیں کو صلوات بے ایمان بھی جاتا رہا

لعن طعن۔ برا بھلا۔ گالی ؎

اٹھیں گے یار کی ٹھوکر سے بے چلو تشریف
نہیں تو پھر کوئی صلوات سن کے جاتے ہو

صلواتیں سنانا۔ برا بھلا کہنا۔ گالیاں دینا ؎ میر

پڑھتا تھا میں تو تسبیح لیے ہاتھ میں درود
شیخ آ کے مجھ کو آ کے وہ ناحق سنا گیا

درود پڑھنے کی فرمائش۔

صَلوٰۃ : (ل یہ زیر۔ و خاموش (مو) نماز (عموم وصلوٰۃ)

صِلَہ : (مذ) انعام۔ اکرام۔ بدلہ (کارگزاری کا صلہ) صلہ دینا۔ انعام دینا۔ بدلہ دینا۔ مزدوری یا اجرت دینا۔ صلۂ رحم۔ خویش واقربا سے محبت کا سلوک۔ صلہ ملنا۔ اچھی کارگزاری کا انعام ملنا۔ بدلہ ملنا۔

صَلّی اللہُ عَلَیہِ وآلہٖ وَسَلَّم : آنحضرتؐ کے نام کے ساتھ یا نام مبارک کے بعد یہ کلمات تحریر و تقریر میں ادا کیے جاتے ہیں جس کے معنی ہیں۔ ان پر اور ان کی آلِ پاک پر خدا کی رحمت اور سلام ہو۔

صَلِیب : (مو) سولی۔ عیسوی رہبانیت کی خاص علامت ✝ جو سونے چاندی وغیرہ سے بنا کر عیسائی اپنے پاس رکھتے ہیں۔ صلیبی۔ نصاریٰ۔ مسلمانوں کی وہ لڑائیاں جو عیسائیوں سے ہوئیں۔

صُمّ بُکم : اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو کسی بات کا جواب نہ دے۔ لال۔ نام چڑیا کی آواز ؎ ذوق

لعلِ لب و دندانِ صنم کا دل نے جب سے خیال کیا
صم بکم کہ کے ہے گویا ہم نے زباں کو لال کیا

صَمَد : بے نیاز۔ اللہ تعالیٰ کا نام۔ صمدیتِ اللہ تعالیٰ کی شان بے نیازی۔ جلال و قدس کی منزل۔

صَمصَام : (مو) تیز تلوار۔ تلوار۔

صَمغ : (مذ) گوند

صَمِیم : خالص سچے (جیسے صمیم قلب سے) پکا۔ مضبوط۔ مستحکم (جیسے عزم صمیم)

صَنادِید : (مذ) بزرگ لوگ۔ سردار۔ عظیم ہستیاں (صنادید قوم) صندید کی جمع۔

صَنّاع : (مذ) بہت بڑا کاریگر۔ ہنرمند۔ صناعت (مو) کاریگری۔ دستکاری۔ جمع صنائع۔ صنائع بدائع۔ نظم یا کلام کی وہ لفظی یا معنوی خوبیاں جو اس کا حسن بڑھانے کے لیے پیدا کی جاتی ہیں۔

صَندَل : (مذ) چندن۔ ایک قسم کی مشہور خوشبودار لکڑی۔ جو بے رنگ ہوتی ہے اور گھس کر ماتھے پر لگانے سے دردِ سر جاتا رہتا ہے۔ ہندو پنڈت بطورِ رسم اسے ماتھے پر لگاتے ہیں۔ صندل کی لکڑی کو نہیں جلاتے۔ ہندو کوئی تکلیف نہیں دیتا۔ صندل گھسنا۔ صندل کی لکڑی کو پتھر پر رگڑنا۔ صندل لگانا۔ صندل کی لکڑی پتھر پر گھس کر پیشانی پر ملنا۔ صندل کا پھاہا۔ وہ کپڑا جو گھسے ہوئے صندل میں تر کر کے سوزش قلب مٹانے کے لیے دل پر رکھتے ہیں۔ صندل کے چھاپے منہ کو لگے۔ سرخرو ہوئی (طنز) ذلت حاصل ہوئی۔ صندل کی سی تختی۔ صاف و خوب صورت چیز۔

صَندَلی : (ف۔ مذ) زرد۔ سرخی مائل بھورا۔ کرسی۔ ایک قسم کی تپائی جس پر چڑھ کر اونچی دیواروں پر سفیدی وغیرہ کرتے ہیں۔ ہمزہ (مسندلی دیکھیے)

صَندُوق : (مذ) بکس۔ چوبی کا یا لکڑی کا یا چمڑے کا بکس جس میں روپے رکھتے ہیں ؎ نقش

جان دی ہے دیکھ کر جس کی سرا کی ٹھوکر
ہو مرا صندوق بھی چوبِ نہال طور کا

صندوق آنا۔ جنازہ اٹھانے والوں کا آنا۔ صندوقِ بیل ف بختی کا ہونا۔ صندوق میں بند کر کے رکھنا۔ چھپا کر رکھنا۔ حفاظت سے رکھنا۔ صندوقچہ (مذ) چھوٹا بکس۔ صندوقچی۔ صندوقچہ کی تصغیر۔ چھوٹا سا بکس۔ صندوقی۔ صندوق کی شکل کا (جیسے صندوقی قبر)

صُنع : (مو) کاریگری۔ صنعت۔ دستکاری۔ ہنر۔ کام (کلام میں کوئی لفظی یا معنوی خوبی) صنعت پروردگار (مو) خدائے تعالیٰ کے عجیب و غریب کام۔ قدرت کی کاریگری۔

صِنف : (مو) قسم۔ جنس۔ نوع۔ اصناف۔ جمع۔

صَنَم: (مذ) بُت ۔ پتھر کی مُورت ۔ پیارا ۔ معشوق ۔ **صَنَم آمد** ۔ صَنَم کا کھیل ۔ ایک کھیل جو ہم عمر کھیلتے ہیں اس کی صُورت یہ ہے کہ دَور ہ میں بیٹھ کر سیدھے ہاتھ کی طرف ایک کہتا ہے "صنم آمد" دُوسرا کہتا ہے "از احمد نگر" (۲) کجا میرود ۔ (۴) بہ آگرہ (۵) بر چہ سوار است ؟ (۶) اشتر (۷) چہ می نوشد ؟ (۸) آب (۹) چہ می سراید (۱۰) ایمن کلیان (۱۱) یا دوادہ (۱۲) آرے ۔ پھر شعر پڑھتے ہیں اور اسی طرح سوال جواب ہوتے ہیں ۔ جو لاجواب رہے وہ مات کھائے اور جانور کی بولی یا تھپّڑ دینا پڑے ۔ **صَنَم خانہ یا صَنَم کدہ** (مذ) مندر ۔ بُت خانہ ۔ **صَنَم کدۂ چین** (مذ) چین کا مشہور بت خانہ ۔

صَنَوبَر: (مذ) ایک قسم کا سرو جو نہایت سیدھا قد رکھتا ہے معشوق کے قد اور خرام کو تشبیہ دیتے ہیں ۔

صَوَاب: (مذ) دُرست ۔ درستی (جواب با صواب) **صَوَاب اندیش** ۔ بہتری سوچنے والا معقول بات سوچنے والا ۔ **صَوابدید** (مو) صلاح مشورہ ۔

صَوب: (مذ) جانب ۔ طرف ۔ راستہ ۔

صُوبَجَات: (ف ۔ مذ) صوبہ کی جمع ۔ بہت سے صُوبے ۔

صُوبَہ: (ف ۔ مذ) سلطنت کا وہ حصہ جس میں کئی پرگنے اور ضلعے شامل ہوں ۔ **صُوبہ دار** (مذ) شاہی میں صوبے کے حاکم ، گورنر کو کہتے تھے ۔ اب پیادہ سپاہ کا ایک عہدے دار افسر ۔ **صُوبہ داری** (مو) صوبیدار کا عہدہ ۔

صَوت: (مذ) آواز ۔ صدا ۔ اس کی جمع ہے اصوات ۔

صُور: وہ آواز جو روزِ قیامت اسرافیل (فرشتہ) بلند کرے گا ۔ اسے صُور پھونکنا کہتے ہیں ۔

صُوَر: (مو) صورت کی جمع ۔ صُورتیں جیسے "صُوَرِ مرئیات" ان چیزوں کی صورتیں جو نظر آتی ہیں ۔

صُورَت: (مو) پیکر ۔ شکل (صورت چڑیلوں کی مزاج پریوں کا) تصویر ۔ حالت گت ۔ کیفیت (زمانہ ایک صورت پر نہیں رہتا) طرح ۔ وضع ۔ طور ۔ ڈھنگ سے واغ

تمھارے لب کے آگے خندۂ گل کا یہ نقشہ ہے
کہ جیسے صُورت کوئی بد شکل آ تولے حسیں بن کر

تدبیر تجویز ۔ موقع ۔ محل ع

اب تو کچھ سوز سے بجھنے کی نکالو صُورت

مانند مثل ع مشرف

سانس آئے گی تو اُڑ جاؤں گا بو کی صُورت

اندازہ ۔ قرینہ ۔ آثار (علاج بہت ہوا مگر ابھی تک آرام کی صورت نظر نہیں آتی) وضع قطع ۔ لباس ۔ بھیس ۔ بت پتھر کی مُورت ع رِند

ٹوٹے بھی مسجد بنی مسمار بت خانہ ہُوا
جب تو اک صُورت بھی تھی اب صاف ویرانہ ہُوا

شغل ۔ مشغلہ (بیکار پڑے پڑے دم گھبراتا ہے ۔ جی لگنے کی کوئی نہ کوئی صورت ہونا چاہیئے) **صورتاً** ۔ صورت کے اعتبار سے ۔ **صُورت آشنا** ۔ جانا پہچانا ۔ روشناس ۔ **صُورت آشنا ہونا** ۔ جان پہچان ہونا ۔ واقف ہونا ۔ **صُورت اُترنا** تصویر کھینچنا ۔ چہرے کا رنگ اُترنا ۔ دُبلا ہو جانا ۔ **صُورت بدلنا** ۔ بھیس بدلنا ۔ مُنہ بگاڑنا ۔ **صُورت بگاڑنا** ۔ شکل خراب کرنا ۔ بدنما کرنا ۔ ناخوشی ظاہر کرنا ۔ **صُورت بنانا** ۔ مُنہ بنانا ۔ مُنہ چڑانا ۔ تصویر بنانا ۔ وضع اختیار کرنا ۔ خاکہ ڈالنا ۔ **صُورت بند** ۔ نقاش ۔ مصوّر ۔ **صُورت پر پھٹکار برسنا** ۔ بے رونق و قابل نفرت ہونا ۔ اسی طرح **صُورت پر جھاڑو پھرنا** ۔ نیز ناپید ہونا ۔ **صُورت پرست** (مذ) ظاہر پر مرنے والا ۔ بُت پرست ۔ **صُورت پکڑنا** ۔ واقع ہونا ۔ شکل اختیار کرنا ۔ **صُورت ٹھہرنا** ۔ تدبیر ہونا ۔ **صُورت چڑیلوں کی مزاج پریوں کا** ۔ بدصورتی پر عالی دماغی اور نازک مزاجی ۔ **صُورت حال** مو ظاہری حالت یا روداد ۔ **صُورت حرام** ۔ وہ چیز جو دیکھنے میں اچھی اور ذائقہ میں بُری ہو ۔ دھوکے کی ٹٹی ۔ ظاہر اچھا اور باطن خراب ۔ **صُورت دار** ۔ خوب صُورت ۔ شکیل ۔ **صُورت دکھانا** ۔ چہرہ دکھانا ۔ سامنے آنا ۔ **صُورت دیکھتے رہ جانا** ۔ حیرت کرنا ۔ **صُورت زہر لگنا** ۔ نفرت ہونا ۔ **صُورت سے برسنا** ۔ صورت سے ظاہر ہونا ۔ **صُورت سے بھاگنا** یا جلنا ۔ نفرت کرنا ۔ ڈرنا ۔ صورت سے بیزار رہنا ۔ نفرت کرنا ۔ **صُورت سوال ہے** ۔ حالت اور قیافے سے محتاج معلوم ہوتا ہے ۔ **صُورت شکل والا** ۔ طرح دار ۔ حسین ۔ **صُورت طباق میں چھپ گُھڑی میں** ۔ ظاہر میں سادہ مگر بڑا رنگیلا ۔ بظاہر عام آدمی مگر در حقیقت بہت بڑا گُرو ۔ **صُورت کرنا** ۔ تدبیر یا ذریعہ کرنا ۔ **صُورت کو ترس جانا** ۔ دیکھنے یا ملاقات کو ترس جانا ۔ **صُورت کھٹکنا** ۔ صورت دیکھنا ناگوار ہونا ۔ **صُورت گر** مصوّر ۔ **صُورت نکل آنا** یا **نکلنا** ۔ تدبیر بن پڑنا ۔ حسین ہو جانا ۔ **صُورت نہ پہچاننا** ۔ اجنبی بننا ۔ **صُورت نہیں چھپتی** ۔ انداز سے معلوم ہو گیا ۔ **صُورت نکالنا** ۔ ڈھنگ نکالنا ۔ خوب صُورتی پر آنا ۔ **صُورت نہ شکل بھاڑ سے نکل** ۔ بدصورت آدمی کی نسبت طنزاً کہا جاتا ہے ۔

صُوری: مادی ۔ ظاہری ۔ معنوی ۔

صُوف: (مذ) اُون ۔ ریشۂ قلم ۔ وہ کپڑا جو دوات میں ڈالا

جائے - وہ کپڑا جسے زخم میں بھرتے ہیں - سند دیکھیے زمنا مرہم ۲۹ کا ملنے کا پانا - صُوف پوش (فا) درویش - صوفی - صوف ڈالنا - دوات میں کپڑا ڈالنا - صُوفی (فا) کمل پوش - پرہیزگار - غیر حق کو دل سے نکال دینے والا - صُوفیانہ وضع (مو) سیدھی سادی وضع - بالکل سادہ پن - صُوفی صافی - کامل صوفی پارسا - صوفِ مرہم - گہرے زخم کے مرہم کی بتیاں ؎ تعشق

دستِ وحشت سے ہمارا ٹوٹ کر مرتا رجیب
صوفِ مرہم بہرِ ناسورِ جگر ہو نے لگا

صَولَت :- (مو) دبدبہ - حملہ - رعب و ہیبت -

صَوم :- (فا) روزہ - برت - صَومِ وصال - روزے پر روزہ - صَوم و صلوٰۃ (مو) نماز روزہ - صوم و صلوٰۃ کا پابند ہونا - نماز روزے کا پابند ہونا -

صَومَعہ :- (اردو والے م کو زیر دیتے ہیں - فا) مطلق عبادت خانے کے لیے بھی استعمال ہوا ہے ؎

عشق رسوائی طلب نے مجھ کو سرگرداں کیا
کیا خرابی سر پہ لایا صومعہ ویراں کیا — تیر

صَہبا :- (مو) سرخ شراب - سفید انگور کی شراب

صَیّاد :- شکاری - چڑی مار - ماہی گیر - مجازاً معشوق - صَیادِ اجل (فا) موت کا فرشتہ -

صِیانت :- (مو) نگہبانی - حفاظت -

صَیحہ :- (فا) سخت آواز - بلند آواز - ہمہمہ - گھوڑے کی آواز جو منزل پر کامیاب پہنچنے کی حالت میں ہوتی ہے ؎

صیحہ یہ تھا کہ لطف کیا کردگار نے
چلنا سکھا دیا ہے مجھے ذوالفقار نے — تعشق

صَید :- (فا) شکار - صَید افگن - صَید انداز - شکار کرنے والا - صَید بدنا - شرط لگانا - شرط بدنا - صَیدِ حرم (فا) حرم کے جانور جن کا شکار حرام ہے - صَید کرنا - شکار کرنا - پھنسانا - فریفتہ کرنا - صَید گاہ (مو) شکار کی جگہ - صَیدی (فا) وہ شخص جو کبوتر بازی پتنگ بازی بٹیر بازی میں دوسرے شخص کا مقابل ہو - حریف - مقابل - دشمن ؎ داغ

وائے قسمت اب نہ آئے گا نہ لائے گا جواب
لے چلا خط بھی تو صیدی کا کبوتر لے چلا

صِیغہ :- (فا) فعل کی مختلف صورتیں جو فاعل کی جنس - تعداد اور حالت کی وجہ سے بدلتی ہے - شعبہ - محکمہ - فرقہ - شیعہ کا نکاح جس میں صیغہ ایجاب و قبول پڑھا جاتا ہے - صِیغہ پڑھانا - ایجاب و قبول کرانا - صِیغہ گردانا - فعل گردانی کرنا - تمام صیغے پڑھنا رٹنا -

صَیقَل :- (مو) جلا - صفائی - صَیقل کرنا - آب دینا - چمکانا - جلا کرنا - صَیقل گر - جلا کرنے والا - ہتھیار صاف کرنے اور سان چڑھانے والا -

ض

ض :- (فا) اردو ابجد کا اکیسواں حرف - اس کے عدد ابجد کے حساب سے آٹھ سو ہوتے ہیں - تمام الفاظ عربی الاصل ہیں -

ضابِطہ :- ہوشیاری سے حفاظت میں رکھنے والا - تحمل - بردبار - قاعدے کا پابند - مستقل مزاج - ضابِطہ (فا) قانون بندوبست - ہر شئے کو اس کی حد کے مطابق نگاہ رکھنا - ضابطہ برتنا یا ضابطے پر چلنا - قانون پر چلنا - قاعدے کی پابندی کرنا - ضابطہ دیوانی (فا) مالی قانون - ضابطہ فوجداری (فا) فوجداری قانون - فتنہ انگیزی یا ناجائز امور کے انسداد کا دستور العمل - ضابطہ مالی - (فا) خراج - خراج یا مالگذاری کا قانون -

ضاحِک :- (فا) ہنسنے والا - مجازاً ہجو کہنے والا - ظریف -

ضال :- گمراہ - جمع ضالین (آموار کی طرح) مؤلف

آیت کی طرح چرخ سے اتری زمیں پہ
مد کی طرح کھنچی ہیں یہی ضالین پہ

ضامِن :- (فا) ذمہ دار - بیچ میں پڑنے والا - حقے کے نیچے کی دو نلوں کے جوڑ پر لگنے والی چھوٹی پچیسی جو آگے سے خوب مضبوط کس دی جاتی ہے - وہ چیز جس سے دو دو حصے جڑتے ہیں - وہ چیز جس کے بغیر دوسری چیز نہ رکے (ضامن کے بغیر حب کا زور رکھو گے الجھائے گا) ضامِن دار - وہ شخص جو ضامن پیش کرے - ضامِن دینا - کسی شخص کو ذمہ دار بنانا یا ذمہ دار بیچ پیش کرنا ؎ انیس

کھینچے ہوئے ہے ہاتھ میں تو تیغ جفا کو
ڈر لگتا ہے تجھ سے نہیں ضامن ہے خدا کو

ضامن ہونا - کفیل ہونا - بیچ میں پڑنا - **ضامنی** - ذمہ داری - کفالت - ضامنی میں دینا - سپردگی میں دینا -

ضائع :- اکارت - برباد - بے فائدہ - رائگاں - کھویا ہوا - ضائع کرنا - برباد کرنا - تلف کرنا - ضائع ہونا - برباد ہونا - مرنا -

ضبط :- (مذ) جوش کو روکنا - تحمل - برداشت - انتظام - ڈسپلن (نظم و ضبط سے کام خوب ہوتا ہے) سرکاری قبضے میں لانا - ضبط کرنا - روکنا - قابو میں کر لینا - جائداد کو بحق سرکار لے لینا - کسی چیز کو لے کر اپنے پاس روک لینا - تلخ بات کا جواب نہ دینا - آنسو نہ گرنے دینا - ہنسی یا گریے کو روکنا - تحمل سے کام لینا - ضبط ہونا - لازم - **ضبطی** (مو) قرقی - بحق سرکار کسی کی ملکیت پر قبضہ - ضبطی میں آنا - چھین جانا - قرق ہونا -

ضحاک :- (مذ) ایک ظالم بادشاہ کا نام جس کے کندھے پر دو سانپ تھے جنہیں روزانہ دو آدمیوں کا بھیجا کھلایا جاتا تھا - جب لوگ اس کے ظلم سے عاجز آ گئے تو فریدوں نے اسے قتل کر کے ایران کو ظلم سے نجات دلائی -

ضحک :- (مو) آواز کے ساتھ ہنسنا - کھل کھلا کر ہنسنا -

ضحےٰ :- عید کے ساتھ مستعمل ہے - **عید الضحیٰ** - وہ عید جس میں نماز پڑھ کر قربانی کرتے ہیں - صحیح ہے - عید الاضحےٰ

ضخامت :- (مو) جسامت - حجم - لمبائی - چوڑائی اور موٹائی -

ضخیم :- موٹی - حجم رکھنے والی -

ضد :- (مو) اُن باتوں کا باہمی تعلق اور وہ دو چیزیں جو یکجا جمع نہ ہو سکیں مگر یہ ممکن ہو کہ دونوں نہ پائی جائیں جیسے سیاہی و سفیدی کہ یہ دونوں ایک جگہ جمع تو نہیں ہو سکتیں - مگر یہ ہو سکتا ہے کہ نہ سیاہی نہ سفیدی بلکہ سُرخی ہو - اس قسم کی دو چیزیں جو یکجا جمع بھی نہ ہو سکیں اور دونوں میں ایک نہ ایک کا پایا جانا بھی ضروری ہو - (جیسے دن رات) یا ہم ایک دوسرے کی نقیض کہلاتی ہیں - لیکن کبھی کبھی ضد اس معنی میں بھی استعمال کرتے ہیں - ضد (معانی) خلاف - برعکس نقیض (نیکی کی ضد بدی) کینہ - دشمنی ے

اس کے الطاف تو ہیں عام شہیدی سب پر
تجھ سے کیا ضد تھی اگر تو کسی قابل ہوتا

ہٹ - سینہ زوری - اصرار - ضد آنا - ہٹ چڑھنا - تنگی پڑنا - ضد باندھنا - ہٹ کرنا - دشمنی باندھنا - ٹھٹنا - ضد پر آنا - مخالفت پر کمر باندھنا - ضد پوری کرنا - اپنی بات پوری کرنا - ضد پیش جانا - ضد میں جیتنا - ضد پوری ہونا - ضد چڑھنا - ہٹ چڑھنا - اپنی بات پر اڑ جانا - ضد دلانا - ضد پر اکسانا - ضد رکھنا - کینہ - مخالفت رکھنا - کہنا ماننا - ضد کرنا - اپنی بات پر اڑ جانا - اصرار کرنا - تکرار کرنا - ضد نکالنا - دشمنی چھیڑ نکالنا ے رشک

پرانے نامہ بروں نے بھی یہ تم سے ضد نکالی ہے
نئے پیغام لاتے ہیں نئی تقریر کرتے ہیں

ضدم ضدا - ایک دوسرے سے ضد باندھنا - **ضدی** - ہٹی - ہیکڑ - بدمزاج - **ضدن** - (مو) ضدی عورت -

ضرار :- (مو) ایک مسجد کا نام جو مدینے میں منافقوں نے بنائی تھی اور وہاں بیٹھ کر آنحضرتؐ کے خلاف سازشیں کیا کرتے تھے - آخر اسے حضورؐ کے حکم سے ڈھا دیا گیا -

ضرب :- (مو) مار - دھکا - چوٹ - صدمہ - ٹھپا - مہر (جیسے ضرب سکہ) توپ کی گنتی ظاہر کرنے کا لفظ - جیسے پانچ ضرب توپ - تلوار کا وار - علم حساب کا ایک قاعدہ جس میں عدد کی کئی گنا کیا جاتا ہے - علم عروض میں شعر کا آخری رُکن - ضرر - نقصان (یہ آخری ضرب ایسی پڑی کہ سارا کاروبار فیل ہو گیا) زبان دل سے اللہ اللہ کرنا - بیان کرنا - مثال کے طور پر بیان (ضرب المثل) **ضرب المثل** (مو) کہاوت - مثال کے طور پر بیان کرنا - مثل کی طرح مشہور ے داغ

ضرب المثل جہاں میں وہ دل بے مثال ہوا

ضرب المثل ہونا - شہرت پانا - کہاوت کی طرح مشہور ہونا - ضرب آنا - چوٹ آنا - ضرب دینا - عدد کو گُنا کرنا - نقصان پہنچانا - ضرب شدید (مو) سخت چوٹ - ضرب لگانا - چوٹ لگانا - کوٹنا - **ضرب مرکب** (مو) روپے آنے پائی کو کسی خاص عدد میں ضرب دینا - **ضرب مفرد** - سادہ ضرب - گنا کرنا -

ضربت :- (مو) کسی ہتھیار کی چوٹ - زد - مار - تلوار یا ہاتھ کی چوٹ یا وار ے

نہیں رکھتی فغاں قیس ضربت تازیانے کی
شُتر غمزے کرے لیلیٰ نہ کیوں کر چڑھ کے محمل میں

ضرر :- (مذ) نقصان - دُکھ - چوٹ - ضرر پہنچانا - نقصان پہنچانا - صدمہ پہنچانا - **ضرر جسمانی** (مذ) جسمانی تکلیف - **ضرر خفیف** (مذ) تھوڑا سا نقصان - **ضرر رسانی** (مو) دُکھ پہنچانا - **ضرر شدید** (مذ) بھاری نقصان -

ضرغام :- شیر - درندہ - **ضرغام فلک** - برج اسد ے

یہ رعب تھا غیظ اُسے جو آتا
ضرغام فلک بھی کانپ جاتا — واجد علی شاہ

ضرغام کردگار - حضرت علیؓ کا لقب -

ضَرُور :- ناگزیر۔ واجب۔ لازم۔ درکار۔ فرض (ضرر ا) ہرگز نہیں (آپ وہاں ضرور گئے) ضرور ضرور، ضرور بالضرور۔ تاکید کے لیے۔

ضَرُورَت :- (مو) احتیاج۔ خواہش۔ کمی۔ ضرورت پڑنا یا ہونا۔ حاجت پیش آنا۔ موقع پڑنا۔ ضرورت کے موقع پر گدھے کو باپ بناتے ہیں۔ کہ وقت مجبوری سب کچھ کراتی ہے۔ ضرورت ماری جانا۔ مجبوری نہ ہونا۔ (اے واشدہ دوشیزہ مطلق کوئی عیب نہیں تھا تو شادی میں آنے کی کیا ضرورت ماری جاتی تھی) ضرورت مند۔ خواہش مند۔ مفلس۔ حاجت مند۔ ضرورۃً۔ ناچار ہوکر۔ از روئے ضرورت۔ ضروری۔ لازمی۔ مجبوری۔ واجبی۔ تاکیدی۔ ضروریات (مذ) ضرورت کی چیزیں یا روزمرہ کے معمولی کام۔ پیشاب۔ پاخانہ وغیرہ۔

ضَرِیح :- (مو) ایک قسم کا تعزیہ جو مربع کوٹھی کے اندر کا ہوتا ہے۔ مسہری جو قبر پر لگا دیتے ہیں۔ ستا سخ

نظر آتی ضریح حضرت شبیر ڈبے کی
زیادہ سیم و زر سے ہوگئی توقیر ڈبے کی

ضِعف :- دگنا۔ دوچند۔

ضُعف :- (مذ) کمزوری۔ بےہوشی۔ ضعف آنا۔ غش ہونا۔ کمزوری ہونا۔ کمزور ہونا۔ ضعف جگر (مذ) جگر کی قوت جاذبہ کم ہو جانا۔ جگر کا کمزور ہو جانا۔ ضعف دل (مذ) دل کی کمزوری۔ ضعف معدہ۔ معدے کی کمزوری۔

ضَعِیف :- ناتواں۔ کمزور۔ بوڑھا۔ ضعیف العقل۔ کم عقل۔ بےوقوف۔ ضعیف ہونا۔ کمزور ہونا۔ بڈھا ہونا۔ ضعیفی (مو) کمزوری۔ بڑھاپا۔ ضعیف الاعتقاد۔ جس کے اعتقاد میں کوئی پختگی نہ ہو جو بغیر دلیل کے ہر ایک بات کا عقیدت مند ہو جائے۔ ضعیف الایمان۔ جس کا ایمان کمزور ہو۔

ضَغطَہ :- (مذ) سختی۔ تنگی۔ مشقت۔ کش مکش۔ مصحفی

کہتا ہوں منہ میں جس کا وہ رکھتا ہے منہ مرا
ضغطے میں کام ہے دل اُمیدوار کا

ضغطے میں پڑنا۔ کش مکش میں پڑنا۔ ضغطے میں ہونا۔ کش مکش میں مبتلا ہونا۔

ضَلَالَت :- (مو) گمراہی۔ کجروی۔

ضِلَع :- (مذ) خط۔ لکیر (مربع چار ضلعوں سے مرکب ہوتا ہے) صوبے کا وہ حصہ جس کے ماتحت کئی تحصیلیں ہوں۔ رعایت لفظی۔ جگت۔ ذومعنین بات۔ آخری تینوں معنوں میں ل پر فتح پڑھتے ہیں۔ ذوق

خلاف ہم ادب مانتے ہیں جو مانیں
ضلع کو رنگ سخن جانتے ہیں جو جانیں

ضلع بولنا۔ جگت کے ساتھ گفتگو کرنا۔ رعایت لفظی کو مدنظر رکھ کر بولنا۔ ضلعدار (مذ) نہر کا افسر۔ مالگزاری وصول کرنے والا افسر۔ گاؤں کا کارندہ۔

ضَم :- (مذ) پیش کی حرکت کا نام (مو) اسے ضمہ بھی کہتے ہیں۔ ضم کرنا۔ ملانا۔ شامل کرنا (یہ گاؤں اس تحصیل میں ضم ہوگیا۔ یہ ریاست پاکستان میں ضم نہیں ہوگی) ضم ہونا۔ لازم۔

ضِمَاد :- (مذ) وہ لیپ جس کا ورم کو ڈھاہو۔ لیپڑی۔ ضماد کرنا۔ لیپ کرنا۔

ضَمَانَت :- (مو) ذمہ داری۔ کفالت۔ ضمانت دینا۔ ذمہ دار ہونا۔ بیچ میں پڑنا۔ ضمانت میں دینا۔ کسی کو ضامن کے طور پر پیش کرنا۔ کوئی چیز بطور ضمانت منتقل کرنا۔ ضمانت نامہ (مذ) تحریری ضمانت۔ ضمانتی۔ کفیل۔ ذمہ دار۔ ضامن۔

ضَمَائِر :- (مو) ضمیر کی جمع۔ ضمیریں (اہل لکھنؤ مذکر بولتے ہیں)

ضِمن :- (مذ) تنہا استعمال نہیں ہوتا 'میں' کے ساتھ استعمال کرتے ہیں۔ ضمن میں۔ ساتھ۔ شمولیت۔ شرکت (شادی کے ضمن میں کپڑا بھی تیار ہوگئیں۔ آپ بھی جانے دشمنوں کے ضمن میں ہیں) ب۔ دفعہ۔ فصل۔ مضمون۔ فقرہ۔ ضمناً۔ اشارۃً۔ کنایۃً۔ سلسلے میں (کہنا تو کچھ اور ہے مگر ضمناً یہ بھی کہہ دوں)

ضَمَّہ :- (مذ) پیش کی حرکت (مو) ضم

ضَمِیر :- (مذ) دل۔ بھید۔ جو کچھ دل میں گزرے (مو) وہ مختصر لفظ جو اسم ظاہر کے قائم مقام ہو۔ ضمیر بیچنا۔ ضمیر راجع ہونا یا کرنا۔ اسم ضمیر کا اسم ظاہر یا غائب کی طرف رجوع۔

ضَمِیمَہ :- (مذ) کسی مضمون یا بات کا تتمہ۔ بقیہ۔ تکملہ۔ جز۔ جو اصل مکمل ہونے کے بعد آخر میں بڑھایا جائے۔ اخبار کی وہ اشاعت جو مقررہ اشاعت کے علاوہ کسی خاص ضرورت کے تحت ہو۔

ضَو :- (مو) روشنی۔ آفتاب کی روشنی۔ چمک۔ ضوفشاں۔ منور۔ روشن۔

ضَوَابِط :- (مذ) ضابطہ کی جمع۔ قوانین۔

ضِیَا :- (مو) روشنی۔ آفتاب کی روشنی۔ معدنیات کی شعاع۔

رونق ع انیس
سینے کا ہے سرور ضیا چشم تر کی ہے

ضِیافت : (مو) کھانا کھلانا ۔ دعوت مہمانی ۔ ضیافت خانہ مہمان سرا ۔ ضیافت کرنا ۔ دعوت کرنا ۔ کھانا کھلانا ۔

ضَیغَم : (مذ) پھاڑنے والا شیر ۔ شیر ببر ۔ بہادر ۔

ضَیف : (مذ) مہمان ۔

ضِیق : (مو) تنگی ۔ دشواری ۔ ضِیقُ النَّفس (مذ) سانس کا تنگی سے آنا جانا ۔ دم گھٹنا ۔ دمہ ۔ ضیق میں آنا ۔ تنگ آنا ۔ عاجز آنا ۔ مشکل میں پھنسنا ۔ ضیق میں پڑنا ۔ مشکل ہونا ۔ کمال پریشانی ہونا ۔ ضیق میں رہنا ۔ عاجز ہونا ۔ ضیق میں ہونا ۔ سخت تنگ ہونا ۔ مشکل میں پھنسنا ۔

ط

ط : (مو) اُردو اب ت کا بائیسواں حرف ۔ اس کے اعداد ابجد کے حساب سے نو اور کلمات عربی الاصل ہوتے ہیں ۔

طَابَقَ النَّعلُ بِالنَّعل : اس جگہ بولتے ہیں ۔ جہاں ایک چیز دوسری کے بالکل مطابق ہو ۔

طاری : غالب ہو جانے والی کیفیت ۔ اچانک آ پڑنے والی حالت ۔ چھا جانے والی کیفیت (رعب طاری ہو گیا ۔ غش طاری ہو گیا)

طاس : لگن ۔ بڑا طباق ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۔ طاس بازی ۔ (مو) ایک کھیل ہے کہ طشت تر کو لکڑی پر طرح طرح سے کر ہوا میں پھینکتے ہیں اور آتے ہوئے کو اس لکڑی پر لے لیتے ہیں ۔ طاس کلیان ۔ وہ تھال جو فرش کے پانی اور چلم کے گل گرنے کے لیے فرشی کے نیچے رکھتے ہیں ۔ ذوق

طاس قلیاں میں دکھا ہے اس نے ابر مردہ کو
ڈوب مر دو دو کے تو ، سے ابر بہمن آب میں

طاسہ : (مذ) تاشہ ۔ ایک گہرا طباق جس پر کھال منڈھی ہوتی ہے اور اسے گلے میں لٹکا کر دو چھوٹی لکڑیوں سے بجاتے ہیں ۔

طاعت : (مو) فرمانبرداری ۔ بندگی ۔ عبادت ۔

طاعُون : (مذ) ایک مہلک وبائی مرض کا نام ۔ طاغی (مذ) باغی ۔ سرکش ۔ مالک کا نافرمان ۔

طاق : (مذ) محراب دار ذات جو چیزیں رکھنے کے لیے دیوار میں بناتے ہیں ۔ جفت کا نقیض (ایک تین پانچ سات وغیرہ) فرد لاثانی (وہ اپنے فن میں طاق ہے) طاق ابرو ۔ بھوؤں کی کمان ۔ کمان نما ابرو ۔ ابرو کا محراب سے استعارہ کرتے ہیں ۔ طاق بھرنا ۔ مسجد یا کسی مزار کے طاق میں چراغ جلا کر پھول بتاشے وغیرہ چڑھانا ۔ طاق پر دھرنا یا رکھنا ۔ اٹھا رکھنا ۔ باز آنا ۔ ترک کرنا ۔ بھول جانا ۔ طاق پر رکھا رہنا ۔ بیکار ہونا ۔ بے اثر ہونا ۔ نکما اور ناکارہ ہونا ۔ طاق پر رہنا ۔ کسی چیز کا بے کار رہنا ۔ بے تعلق رہنا ۔ طاق جفت (مذ) ایک قسم کا جوا ۔ مٹھی میں کوئی چیز چھپا کر پوچھتے ہیں طاق ہے کہ جفت ۔ طاقچہ ۔ چھوٹا طاق ۔ طاق کرنا ۔ یکتا رہنا ۔ یگانہ بنانا ۔ طاق نسیاں پر رکھنا ۔ بھلا دینا ۔ یاد نہ رہنا ۔ طاق ہونا ۔ یگانہ ہونا ۔ یکتا ہونا ۔ کسی کام میں نہایت ہوشیار ہونا ۔

طاقت : (مو) زور ۔ توانائی ۔ تاب ۔ حوصلہ ۔ مجال ۔ بساط ۔ قابلیت ۔ استعداد ۔ سمائی ۔ ظرف ۔ سلطنت ۔ حکومت ۔ جمعیت ۔ عوام کی تائید ۔ طاقت آزمائی (مو) زور آزمانا ۔ زور دکھانا ۔ طاقت آزمائی کرنا ۔ زور کرنا ۔ زور لگانا ۔ طاقت جسمانی یا بدنی (مو) جسم کا زور ۔ طاقت طاق ہونا ۔ تمام قوت کا زائل ہونا ۔ طاقت کا جواب دینا ۔ طاقت نہ رہنا ۔ طاقت کرنا ۔ زور آزمانا ۔ طاقت ور ۔ زور والا ۔ توانا ۔ پہلوان ۔ حاکم ۔ جس کے ساتھ عوام ہوں ۔

طاقہ : (مذ) اونی یا ریشمی کپڑے کا تھان ۔ تھان کپڑے کا عدد ظاہر کرنے کے لیے اسی طرح مستعمل ہے جس طرح ہاتھی کے لیے زنجیر ۔ طاقی (مو) ایک قسم کی لمبی ٹوپی ۔ کلاہ ۔ وہ گھوڑا جس کی ایک آنکھ چھوٹی اور ایک بڑی ہو ۔ یہ منحوس ہوتا ہے ع تسلیم

یہ فن میں طاق تو شبدیز چرخ طاقی ہے
طاقی کچھ نہ رکھے باقی (مثل) عیب دار (طاقی) گھوڑا منحوس ہوتا ہے ۔ طاقیہ (ف) طاقی ٹوپی ۔

طالب : (مذ) طلب گار ۔ ڈھونڈنے والا ۔ طالب دیدار ۔ دیکھنے کا خواہش مند ۔ مشتاق ۔ طالب زر ۔ لالچی ۔ دولت کا خواہاں ۔ طالب عقبیٰ (مذ) عقبیٰ کا طلب گار ۔ دیندار ۔ پارسا ۔ طالب علم (مذ) علم کا حاصل کرنے والا ۔ متعلم ۔ طالب علمی (مو) علم سیکھنے کا کام ۔ شاگردی ۔ طالب و مطلوب ۔

(ف) عاشق و معشوق

طالع: (ف) نصیب۔ طلوع ہونے والا۔ نکلنے والا۔ منہ۔ برج طالع ہوا۔ وہ برج یا درجہ جو کسی کی ولادت یا سوال پوچھنے کے وقت افق مشرق سے نمودار ہوتا ہو۔ طالع بیدار۔ خوش قسمتی۔ معشوق سے شرف

اُس پری رو سے ملاقات ہوئی رویا میں
خواب میں مجھ سے مرا طالع بیدار ملا

طالع جگانا۔ طالع جاگنا کا متعدی خوش نصیب کرنا۔ طالع چمکنا۔ مقدر یاور ہونا۔ طالع خوابیدہ۔ سویا ہوا نصیب۔ طالع شناس۔ منجم۔ جوتشی۔ نجوم سے حالات بتانے والا۔ طالع کا گھر۔ بارہ درجوں میں سے وہ درجہ جہاں سائل یا مولود کا طالع ہو۔ طالع لڑنا۔ قسمت سے قسمت مل جانا ؎ امیر

اقبال سکندر سے مرے لڑ گئے طالع
جس دن ہوئیں اس آئینہ رخسار سے باتیں

طالع مند۔ قسمت والا۔ صاحب نصیب۔ طالع ور۔ خوش نصیب

طاعات: ۔ طاعت کی جمع۔ عبادتیں ؎ میر

آپ پوچھیے نہ عرضہ طاعات کے تئیں
حسن قبول کیا ہے مناجات کے تئیں

طامع: ۔ طمع کرنے والا۔ حریص۔ لالچی۔

طاؤس: (مذ) ایک خوش نما و خوش رنگ پرند کا نام جو برسات میں مست ہو کر دم پھیلا کر ناچتا ہے۔ ایک ایرانی ساز۔ طاؤس آسمان۔ آسمان کو طاؤس سے تشبیہ دیتے ہیں۔ طاؤسی رقص (مو) ایک قسم کا ناچ جو مور کے ناچ کے مشابہ ہوتا ہے۔

طاہر: ۔ پاک صاف۔ نجس کی ضد

طاہری: (ا) ۔ ایک تہری۔ (مو) ایک قسم کی کھچڑی جو چاولوں اور بڑیوں کو ملا کر جلدی تیار کرتے ہیں۔

طائر: (مذ) اڑنے والا۔ پرند۔ مرغ۔ طائر رنگ۔ رنگ کو طائر سے استعارہ کرتے ہیں ؎ شعور

طائر رنگ کر جو ہیں گمنام
وہ لکیریں کف حنائی کی

طائر روح۔ روح کو طائر سے استعارہ کرتے ہیں۔ طائر سدرہ۔ طائر عرش۔ طائر قدس۔ جبرئیل فرشتہ۔ طائر قبلہ نما۔ قطب نما جس سے قبلہ کا رخ معلوم ہوتا ہے۔

طائفہ: (مذ) ناچنے گانے والوں یا والیوں کا گروہ۔ طائفہ بلانا۔ ناچنے گانے والیوں کو بلانا۔ طائفہ نچانا۔ ناچ کرانا۔

طائی: عرب قبیلہ طے سے نسبت رکھنے والا۔ اردو میں حاتم کے نام کے ساتھ مخصوص ہے (حاتم طائی)

طب: (مو) یونانی طریق علاج۔ علم علاج۔ علاج کا علم۔ علاج۔ طب روحانی (مو) روح کی اصلاح کرنے کے اصول (علم الاخلاق۔ تصوف وغیرہ) طبابت (مو) علاج معالجہ۔ طبی۔ متعلق بہ طب۔ ڈاکٹری سے تعلق رکھنے والی بات۔ طبی امداد۔ ڈاکٹری مدد۔ طبیب۔ حکیم۔ ڈاکٹر۔ طبیب حاذق۔ بہت تجربہ کار اور ماہر حکیم۔

طباخ: ۔ (مذ) باورچی۔ کھانا پکانے والا۔

طباشیر: ۔ (مو) ایک دوا کا نام۔ بنسلوچن۔

طباع: ۔ ذکی۔ ذہین۔ طباعی (مو) ذکاوت۔ ذہانت۔

طباق: (مذ) بڑی رکابی۔ تھالی۔ طباق سا منہ (مذ) چوڑا چکلا چہرہ۔ چپٹا چہرہ۔ طباق کتا۔ مفت خورا۔

طبائع: ۔ (مو۔ مذ) جمع طبیعت کی۔ طبیعتیں۔

طبع: (مو) مزاج۔ فطرت۔ خصلت۔ طبع آزمائی (مو) طبیعت کی رسائی کا امتحان۔ فکر سخن۔ طبع آزمائی کرنا۔ شعر کہنا۔ طبیعت کو آزمانا۔ طبع رسا (ف) (مو) تیز ذہن۔ طبع رواں۔ ذکی۔ طبع زاد۔ طبیعت سے نکالا ہوا۔ ایجاد۔ طبع کرنا۔ چھاپنا۔ طبع ہونا۔ چھپنا۔ شائع ہونا۔ طبعی۔ ذاتی۔ فطری۔ ایک فن کا نام جس میں اجسام کے تغیر و تبدل اور خواص سے بحث کی جاتی ہے۔ بعض لوگ طبعی کی جگہ طبیعی بھی بولتے ہیں اور یہ بھی درست ہے ؎ ذوق

اے شمع تیری عمر طبیعی ہے ایک رات
ہنس کر گزار یا اسے رو کر گزار دے

طبعی جغرافیہ (مذ) وہ جغرافیہ جس میں کرۂ ارض کے طبعی تغیرات سے بحث کی جاتی ہے۔

طبق: (مذ) تھالی۔ بڑی رکابی۔ چپٹی چیز۔ طبقہ۔ تختہ۔ صفحہ۔ ورق۔ گھوڑے کی ایک بیماری جس میں اس کی ناف کے گرد ورم ہو جاتا ہے۔ درجہ۔ منزل۔ ایک قسم کی نیاز ؎

خوش کس کو نصیب صاحب تحسین سی نیاز کی ہو
نہر پہنچے تو پریوں میں طبق حوروں میں جھمک ہو ؎ ہجر

طبقات: مذ جمع طبقہ کی۔ طبقہ (مذ) درجہ۔ تہ۔ پردہ۔ گروہ۔ مرتبہ۔ منزل۔ طبقہ الٹ جانا۔ ملک یا دولت و گروہوں کا جانا۔ تہس نہس ہو جانا۔

طبل: (مذ) بڑا ڈھول۔ ڈھپلی (مذ) طبل بجانے والا۔ طبلہ

(مذ) ایک قسم کا ایک رُخہ ڈھول - ڈبا - طبلہ بجنا یا کھڑکنا - طبلے کی آواز نکلنا یا آنا - طبلے پر تھاپ پڑنا - طبلہ بجنا - طبلیا - طبلہ بجانے والا -

طَبلَق :- (ت - مو) وہ کاغذ جو اخبار وغیرہ کے گول بنڈل پر اس کے بند رکھنے کے لیے لگایا جاتا ہے - دو رُخ سے کھلا ہوا پیکٹ - کاغذوں کا مٹھا - تیدک - وہ دفتر جس میں سپاہیوں کا حلیہ قلمبند ہوتا تھا ع انیس

طبلقیں کتنی تھیں چہرہ نظری ہوتا تھا

طَبلی :- (ا - مو) ایک قسم کی تھیلی جس میں بندوق کی گولیاں رکھ کر کمر میں باندھتے ہیں -

طَبیعَت :- (مو) مزاج - عادت - خاصیت - فطرت - طبیعت اُبھرنا - اُمنگ پیدا ہونا - طبیعت اُتھل پتھل ہونا - دل بے قرار ہونا - طبیعت اُچھلنا - جوش پیدا ہونا ؎ ناسخ

جب اُچھلتی ہے طبیعت بہر مضمون بلند
طائر سدرہ کے آجاتے ہیں شہپر ہاتھ میں

طبیعت اعتدال پر آنا - مزاج ٹھیک ہونا - طبیعت اکھڑنا - جی نہ لگنا - طبیعت اُلٹ جانا - مزاج بدلنا - دماغ خراب ہونا - طبیعت اُلجھنا - دل گھبرانا - دل پریشان ہونا - طبیعت آنا - دل آنا - مائل ہونا - عاشق ہونا - طبیعت بحال ہونا - طبیعت ٹھیک ہونا - مرض میں کمی ہونا - طبیعت بُری ہونا - بد طینت ہونا - طبیعت میں کمی ہونا - طبیعت بڑھی ہونا - طبیعت میں جولانی ہونا - طبیعت بگڑنا - متلی ہونا - بیمار ہونا - طبیعت بھر بھرانا - جی چاہنا - طبیعت پانی ہونا - مزاج و ذہن میں روانی ہونا - طبیعت بھر جانا - دل اُکتا جانا - دل بھر جانا - طبیعت پر زور ڈالنا - توجہ کرنا - دل پر بوجھ ڈالنا - طبیعت پھرنا - بیزار ہونا - جی اُکتانا - طبیعت پہچاننا - مزاج شناس ہونا - طبیعت پھسلنا - فریفتہ ہونا - طبیعت ٹھہر (جا) نا - آرام آنا - سکون پانا - طبیعت ٹھکانے لگنا (آجانا) - سزا ملنا - مزاج کا یکسو ہونا - طبیعت پھیکی پھیکی ہونا - طبیعت علیل ہونا - جی خراب ہونا - طبیعت ثانیہ - (مو) وہ عادت جو مزاج کا حکم پیدا کرے - طبیعت جلنا - دکھ ہونا - طبیعت جمنا - دل لگنا - طبیعت جوان ہونا - جذبات میں زور ہونا - طبیعت چالاک ہونا - تیز طبع ہونا - طبیعت چلنا - خواہش پیدا ہونا - طبیعت کا رواں ہونا - طبیعت رندھنا - افسردہ ہونا - طبیعت رنگ پر آنا - طبیعت میں اُمنگ ہونا - طبیعت رواں ہونا - غور و فکر میں طبیعت نہ رُکنا - طبیعت خفا کرنا - دل آزردہ کرنا - طبیعت دار - زود فہم - شوخ - طبیعت رُکنا - دل کا کسی کام سے باز رہنا - طبیعت روشن ہونا - تیز طبع - بلند خیال ہونا - طبیعت سنبھالنا - ضبط و تحمل سے کام لینا - طبیعت سنبھلنا - بیمار کا مزاج درستی پر آنا - طبیعت سَن سے ہونا - ڈر جانا - طبیعت سے - جی سے - ایجاد سے - طبیعت شگفتہ ہونا - دل بشاش ہونا - طبیعت شناس - طبیعت کا حاذق - مزاج شناس - طبیعت شوخ ہونا - طبیعت میں چلبلا پن اور رنگین ہونا - طبیعت قابو سے جانا (میں رہنا) - بے (با) قرار ہونا - طبیعت کا رنگ - حال - انداز مزاج - طبیعت کا قبول کرنا - پسند مزاج ہونا - طبیعت کا لال اُگلنا - رنگین اشعار کہنا - طبیعت کا لہرانا - مست ہونا - اُمنگ پیدا ہونا - طبیعت کا مالش کرنا - جی متلانا - نفرت کرنا - طبیعت کھلنا - طبیعت کا رواں ہونا ؎ آتش

کیا چیز ہے عبارت رنگین میں شرح شوق
خط کی طرح طبیعت بستہ اگر کھلی!

طبیعت گدگدانا - دل چاہنا - طبیعت گروانا - دل موڑنا - خیالات بدلنا - طبیعت لڑنا (لڑانا) - بات کی تہ کو پہنچنا - دل لگنا - ذہن لڑنا - طبیعت گھبرانا - پریشان ہونا - طبیعت لگنا - دل لگنا - مائل ہونا - متوجہ ہونا - طبیعت مستی ہونا - دل مرجھانا - طبیعت کا مرجھانا - طبیعت مچلنا - بے قرار ہونا - مائل ہونا - طبیعت مر دل ہونا - اُمنگ نہ ہونا - طبیعت ملنا - مزاج موافق ہونا - طبیعت موزوں ہونا - شعر و سخن کے لیے طبیعت کا تعلق ہونا - طبیعت میں بل ہونا - مزاج میں خرابی ہونا - طبیعت میں جولانی ہونا - اُمنگ ہونا - طبیعت ہار جانا - ہمت ٹوٹ جانا - طبیعت ہاتھ سے جاتی رہنا - دل کا بے قابو ہونا - طبیعت ہٹ جانا - نفرت ہونا - طبیعت ہونا - پسند ہونا - جی میں آنا -

طَپاں :- (ف) تڑپنے والا - اُردو میں ت سے لکھنا اولیٰ ہے

طَپِش :- (ف - مو) صحیح تپش ہے - دیکھو تپش -

طَپَنچہ :- (ف - مذ) طمنچہ - پستول -

طِحال :- (ع - مو) تلی - ایک عضو کا نام جو جگر کے قریب ہے ؎ رشک

ایذا اُٹھائی کرکے محبت کے حوصلے
عشاق کو طحال ہوئی دل بڑھے نہیں

طَرار :- (ع) زبان دراز - چالاک - شوخ - جیب کترا - اُچکا ؎ منیر

زلف بتاں کے ساتھ بندھے شاعروں کے ہاتھ
طراروں میں شمار ہوئے ایسے لُٹ گئے

طرار قرار - تیز زبان - چلبلا - عیار - طراری - چالاکی

تیزی۔ شوخی۔ چلبلاہٹ۔ زبان درازی۔ اُچکاپن۔

طَرَارَا: (عربی الاصل۔ ا۔ مذ۔ ت سے لکھنا خلاف احتیاط ہے۔ تفصیلی معنی "ترارا" صفحہ ۲۶۰ پر لکھے گئے) چوکڑی۔ چھلانگ۔ گھوڑے کی سبک اور تیز رفتاری۔ **طرارا بھرنا:** تیزی دکھانا۔ تیز تیز بڑھنا۔ گھوڑے کا زقندیں بھرنا۔ سرپٹ دوڑنا۔ تیز بھاگنا ؎ بحر

ہجر میں رات ہو گئی اونٹ کی — وصل میں بھر گیا طرارے ہی

طِرَاز: (ف۔ مذ) نقش و نگار۔ زینت (مرکبات میں) آراستہ کرنے والا (جیسے بدعت طراز)

طَرَاوَت: (ا۔ مؤ) تر و تازگی۔ ٹھنڈک۔ تری۔ **طراوت آنا:** تازگی آنا۔ ٹھنڈک پڑنا۔ **طراوت بخشنا:** تازگی یا فرحت بخشنا۔

طَرَب: (ع۔ مؤ) خوشی۔ فرحت۔ اُمنگ۔ **طرب افزا۔ طرب خیز۔ طرب سنج۔ طرب فزا:** فرحت بخشنے والا۔ نشاط بڑھانے والا۔

طَرَح: (مؤ) طرز (نکالنا اور کرنا کے ساتھ) جیسے آخر میں تین طرح کے تو بانکے ہیں۔ بنیاد۔ جڑ (اس معنی میں "ر" ساکن ہے) ؎ رند

چمن میں آمد ہے خزاں کی
بحث بلبل نے طرح آشیاں کی

وضع۔ انداز۔ طرز (با فتح ا) ؎ مومن

یہ کس نے تیری طرح نکالی — معشوق ہے آپ کی نرالی
کی عشق میں بیکسوں نے بھی آہ دے ؎ حسن
اس طرح سے تنے وہ بیکل — چھپے رہیں کا تباں جمال

حالت۔ گت (مار مار کے بری طرح بنا دی) مانند و مثل۔ (اس معنی میں مفتوح و ساکن دونوں طرح سے بولتے ہیں) وہ مصرع یا غزل یا اور کوئی نظم کہنے کے لیے دیا جائے (اس معنی میں فتح مستعمل ہے) **طرح اُڑانا:** طرز حاصل کرنا۔ وضع سیکھ لینا۔ ہو بہو نقل اتارنا۔ **طرح بڑھنا:** مصرع طرح پر غزل پڑھنا۔ وضع دار۔ خوب صورت۔ **طرح داری:** وضعداری۔ خوبصورتی۔ **طرح دکھانا:** ناز و انداز دکھانا۔ **طرح دینا یا دے دینا:** ٹالنا۔ درگزر کرنا۔ چشم پوشی کرنا۔ **طرح ڈالنا:** بنیاد ڈالنا۔ نئی بات شروع کرنا۔ **طرح کرنا:** مشاعرے کے لیے مصرع معین کرنا۔ **طرحی غزل:** طرح میں کہی ہوئی غزل۔ **طرحیں نکالنا:** طرزیں بنانا۔ مصرع کے لیے طرح تجویز کرنا۔

طَرْز: (ف۔ مؤ و مذ) روش۔ طریقہ۔ ہیئت۔ خو خصلت۔ **طرز اُڑانا:** ڈھنگ اڑانا۔ **طرز تحریر یا طرز عبارت:** لکھنے کی روش۔ مضمون نگاری کا طریقہ۔ **طرز کلام:** انداز گفتگو۔ **طرز لے اڑنا:** کسی کی روش اڑا لینا۔ ہو بہو نقل کرنے لگنا۔

طَرَف: (ع۔ مؤ) کنارہ (گاڑی آتے ہی ایک طرف ہو جاؤ) جانب۔ پاسداری۔ **طرف اوّل:** مقدمے کا مدعی یا مستغیث۔ **طرف ثانی:** فریق ثانی۔ مدعا علیہ۔ **طرف دار:** حمایتی۔ مددگار۔ کسی فریق کا آدمی۔ **طرف داری کرنا:** پاسداری۔ حمایت۔ لحاظ۔ **طرف ہونا:** مقابل ہونا ؎ غالب

زنہار نہ ہونا طرف ان بے ادبوں کے

طرف دار ہونا: حمایتی ہونا۔ **طرفین:** دونوں جانب۔ مدعی و مدعا علیہ دونوں فریق۔

طُرْفَگی: (ا۔ مؤ) عمدگی۔ خوبی۔ **طُرفہ:** نیا۔ نادر۔ عجیب۔ **طرفہ تر:** انوکھا۔ عجیب تر۔ **طرفہ تماشا** (مذ) عجیب و غریب کھیل۔ عمدہ سیر۔ **طرفہ گل پھولنا:** نئی بات ظاہر ہونا۔ **طرفہ ماجرا** (مذ) عجیب واقعہ۔ تعجب کی بات۔ **طرفہ معجون** (مذ) عجیب آدمی۔ احمق۔ **طرفہ یہ ہے:** عجیب بات یہ ہے۔ حیرت ہے۔

طَرْفَةُ العَین: پلک جھپکاتے۔ دم بھر۔ لمحہ بھر۔ ذرا سی دیر۔

طَرَقُوا: (مذ) نقیبوں کی صدا۔ ہٹ جاؤ۔ راستہ دو۔ سواری آتی ہے۔ جگہ چھوڑ دو ؎ انیس

تا دور منکا یا سرور گردوں رکاب نے
دی بڑھ کے طرقوا کی صدا شیخ و شاب نے

طُرَّہ: (مذ) زلف۔ کاکل۔ سر کے بل کھاتے ہوئے بال۔ سر کے بالوں کی لٹ ؎ قدر

طرۂ گیسو ترا طرۂ مری دستار کا

مقیش کے تاروں کا گچھا جو پگڑی کے اوپر لگاتے ہیں ؎ ذوق

سر پہ طرہ ہے مزین تو گلے میں بدھی

ٹوپی کا پھندنا جو لٹکتا رہتا ہے۔ جانور کے سر کی چوٹی۔ پھندنا۔ گچھا۔ بھنگ۔ سبزی (پینا چڑھانا کے ساتھ) وہ بھنگ کا گھونٹ جو اس کا پیالہ چڑھانے کے بعد پیتے ہیں ؎ صبا

فقیر مست ہیں ہر وقت کیفیت میں رہتے ہیں
کبھی طرہ ہے سبزی کا کبھی ڈولا ہے افیون کا

انوکھی بات۔ بھلائی۔ خوبی ؎ داغ

کون سی خوبی نہیں تیرے قد آزاد میں
شاخ گل ہے سرو میں طرہ ہے کیا شمشاد میں

اس کا استعمال اس چیز کے لیے ہے جس میں زیادتی ہو۔ سبز نازک شاخیں جو درخت سے نکلتی ہیں اور نیچے کی طرف جھکتی ہیں۔ ایک قسم کا سرخ و زرد پھول جسے گل طرہ کہتے ہیں۔ بڑھ کر سبقت لے جانے والا۔ غالب ؎ داغ

زاہد کا عمامہ ہو کہ ہو شیخ کی دستار
ان دونوں پہ طرہ ہے مرا دامن تر آج

انوکھا۔ عجیب۔ طرّہ پینا۔ بھنگ پینا۔ طرّہ جمانا۔ رعب جمانا۔ تحکم کرنا۔ طرّہ چڑھانا۔ بھنگ پینا۔ طرّہ بام۔ طرّہ دالان۔ چھجا۔ طرّہ دستار۔ مقیش کے تاروں کی جھالر جو پگڑی پر لگاتے ہیں۔ طرّہ طرار۔ معشوق کی کاکلیں۔ طرّے کا جال۔ جالی کاڑھنے کا ایک خاکہ۔ طرّہ کرنا۔ تیز کرنا۔ چمکانا۔ بڑھانا ؎

طرّہ اسے جو حُسن دلآزار نے کیا
اندھیر گیسوئے سیہ یار نے کیا — آتش

طرّہ لگانا۔ اضافہ کرنا۔ طرّہ ہونا۔ بات پر حاشیہ چڑھنا۔ فائق ہونا۔ انوکھا ہونا۔

طَرِیق:۔ (مذ) راستہ۔ مذہب۔ طرز۔ فیشن۔ ڈھنگ۔ طریقت (مو) راہ۔ مذہب۔ علم تصوف۔ تزکیہ باطن۔

طَرِیقہ:۔ (مذ) ڈھنگ۔ راستہ۔ ڈھب۔ قاعدہ۔ ترکیب۔ طریقہ بتانا۔ کسی کام کرنے کا ڈھنگ بتانا۔ طریقہ برتنا۔ کسی قاعدے پر چلنا۔ برتاؤ کرنا۔

طَشت:۔ (ف۔ مذ) بڑا طباق۔ تسلا۔ تھال۔ لگن۔ طشت از بام۔ سب پر آشکار۔ مشہور۔ ظاہر۔ طشت از بام ہونا۔ سب پر ظاہر ہونا۔ بھانڈا پھوٹنا۔ طشت چوکی۔ (مو) پیشاب کرنے کی چوکی اور وہ برتن جو اس کے نیچے رکھتے ہیں۔ طشت چوکی رکھنا۔ لگانا۔ مریض کے قریب ہگنے موتنے کے لیے چوکی اور طشت رکھنا۔ طشتری (مو) چھوٹی رکابی۔ تشتری۔

طَعام:۔ (مذ) کھانا۔ کھانے پینے کی چیزیں۔ طعمہ (مذ) روزی۔ کھاجا۔ لقمہ۔ طعمہ ہونا۔ لقمہ ہونا۔ کھاجا ہونا۔

طَعن:۔ (مذ) طنز۔ عیب گیری۔ طعنہ۔ بولی ٹھولی۔ طعن توڑ۔ طعنہ مہنہ۔ طعن تشنیع مذ لعنت۔ ملامت۔ چھیڑ چھاڑ۔ طعن توڑنا۔ طنز کرنا۔ طعنہ دینا۔ طعن کرنا۔ آوازہ کسنا۔

طَعنہ:۔ (مذ) آوازہ۔ توازہ (دینا۔ سُنانا کے ساتھ) طعنہ تشنہ۔ لعنت۔ ملامت۔ طعن۔ بُرا بھلا۔ طعنہ تشنہ دینا۔ طعنہ دینا۔ چبھتی ہوئی بات کہنا۔ طعنہ دینا۔ ملامت کرنا۔ بولی مارنا۔ طعنہ زن۔ طعنہ مارنے والا۔ بات مارنے والا۔ طعنہ زنی۔ چھیڑ چھاڑ۔ طعنہ مارنا۔ عیب گیری۔ طعنہ زنی کرنا۔ چھیڑ چھاڑ کرنا۔ طعنے دینا۔ طعنہ مارنا۔ چھیڑنا۔ چبھتی ہوئی بات کہنا۔ عیب نکالنا۔ طعنہ مہنہ (مذ) طعنہ۔ چھیڑ چھاڑ۔ آوازہ کسنا۔ طعنے (مذ) طعنہ کی جمع۔ طعنے دینے۔ عیب گیری کرنا۔ چھیڑنا۔ چبھتی بات کہنا۔ طعنے سُنانا۔ بُرا بھلا کہنا۔ چھیڑنا۔ چبھتی باتیں کہنا۔ طعنے مہنے مذ طعنے۔ آوازے۔ طعنے مہنے دینا۔ آوازے کسنا۔ طعنے دینا۔

طُغرا:۔ (ت۔ مذ) خطِ پیچیدہ جس میں نئے نئے ڈیزائن سے نام و دستخط بنائے جاتے ہیں۔ مُہروں پر اسی خط سے نام کندہ ہوتے ہیں۔ طغرا کش۔ طغرا نویس۔ طغرا بنانے والا۔

طُغیان:۔ (مذ) زیادتی۔ ظلم۔ طغیانی (مو) دریا کے کنارے کا چڑھاؤ۔ بغاوت۔ سرکشی۔ طغیانی آنا۔ طوفان آنا۔ طوفان اُٹھنا۔ افزونی ہونا۔ طغیانی پر آنا۔ دریا میں پانی بڑھنا ؎ ذوق

اے طوفان جو ترے قہر کا طغیانی پر
کشتی نوح بھی اعدا کو ہو گرداب صفت

طِفل:۔ (مذ) لڑکا۔ دودھ پیتا۔ طفلِ چمن (مذ) باغ کا سبزہ اور پھولوں کی کلیاں۔ طفلِ اشک۔ آنسو۔ طفلِ شیر خوار۔ دودھ پیتا بچہ۔ طفلِ مکتب۔ مبتدی۔ سیکھنے والا۔ ناتجربہ کار۔ طفلی یا طفولیت (مو) لڑکپن۔ کم عمری۔

طُفَیل:۔ (مذ) ذریعہ۔ وسیلہ۔ تصدق۔ طفیلی۔ بن بلایا مہمان۔ پچھلگو۔ طفیلیاں۔ طفیلی۔ بن بلائی مہمانیاں۔

طِلا:۔ (ء سے معرب۔ مذ) سونا۔ ایک خاص قسم کا تیل جو عضو پر مالش کرتے ہیں۔ طلا دوز۔ جس چیز پر طلائی کام ہو۔ طلا ساز۔ کیمیا گر۔ طلا کار۔ طلا باف۔ وہ چیز جس پر سونے کے نقش و نگار بنے ہوں۔ طلا کاری۔ سونے کا کام بنانا۔ سونے کا کام۔ طلا کوب۔ وہ شخص جو سونے کا ورق بناتا ہے۔ طلائی۔ سونے کا۔ سنہرا۔ زرد رنگ۔ طلائے دست افشار۔ خسرو پرویز کے خزانے میں ایک قسم کا کندن تھا جو ہاتھ سے دب جاتا تھا۔ ؎

آم کو دیکھتا اگر اک بار
پھینک دیتا طلائے دست افشار — غالب

طُلّاب:۔ (مذ) جمع طالب کی۔ طالب علم۔ مبتدی۔

طَلاق:۔ (مو) عورت کا قیدِ نکاح سے آزاد ہونا۔ بعض اساتذہ نے مذکر بھی لکھا ہے ؎ دبیر

اللہ نے وارث ہمیں حیدر کا کیا ہے
دُنیا کو طلاق اپنے بزرگوں نے دیا ہے

طلاق دینا۔ قانون یا مذہب کے موافق بیوی کو آزاد کرنا۔ طلاقن (مو) طلاق یافتہ عورت۔ طلاق نامہ۔ طلاق حاصل ہونے کی سند۔

طَلاقت:۔ (مو) چرب زبانی۔ تیز زبانی۔

طَلایہ:۔ (ف۔ مذ۔ رائج طلایا) رات کو جو کسی کے لیے گشت لگانے والا گروہ۔ طلایا پھرنا یا کرنا۔ شہر یا لشکر کے گرد رات میں گشت لگانا (نیز دیکھیے طلاوہ صفحہ ۲۰۴)

طَلَب:۔ تلاش۔ جستجو۔ مانگ۔ خواہش۔ لت۔ دُھت۔

پسند کرے - ظرافت کا پُتلا - ظریف - ظرافت کا پہلو - دل لگی کا انداز - ظرافت کی پوٹ - ظرافت کا پُتلا -

ظَرف :- (مذ) برتن - حوصلہ - گنجائش - سمائی - وہ اسم جو جگہ یا وقت کے معنی دے - ظرفِ آفتاب - (مذ) شراب کا پیالہ ~ تسلیم

بجز ساقی ہیں کسے ہیں یاد اسباب شراب
طاق نسیاں میں کہیں رکھا ہے ظرفِ آفتاب

ظرفِ زمان (مذ) وہ اسم جس میں زمانہ یا وقت پایا جائے - جیسے دوپہر - ظرفِ مکان - وہ اسم جو کسی جگہ کو ظاہر کرے جیسے باغ - ظرفیت (مو) ظرف ہونا - ظروف (مذ) ظرف کی جمع - ظرف پیدا کرنا - حوصلہ پیدا کرنا - ظرف دیکھنا - حوصلہ دیکھنا - سمائی دیکھنا -

دیتے ہیں بادہ ظرفِ قدح خوار دیکھ کر

ظرف عالی ہونا - حوصلہ بڑا ہونا - ظرف لبریز ہونا - عمر آخر ہونا -

ظَرِیف :- سید مقبول حسین ظریف مصنفی لکھنوی کے چھوٹے بھائی جن کی زبان اور مزاحیہ شاعری کی عظمت مسلّم ہے - کتاب میں ان کے اشعار سنداً پیش کیے گئے ہیں - دل لگی باز - مسخرا - امیروں کا دل بہلانے والا مصاحب - ظریف طبع - ہنس مکھ - ظریفانہ - صفت -

ظَفَر :- (مو) فتح - جیت - کامیابی - بہادر شاہ کا تخلص جن کے شعر سند ہیں - ظفر پانا - فتح پانا - ظفر تکیہ (مذ) ایک قسم کی لکڑی جو سہارے کے لیے فقیر لوگ رکھتے ہیں - ظفر جنگ (مذ) ایک فوجی خطاب - ظفر موج - ظفر پیکر - ظفر آیہ جو اکثر فتح پاتا ہو - ظفر یابی (مو) فتح یابی -

ظِل :- (مذ) سایہ - ظلِ اللہ - خدا کا سایہ - بادشاہ - ظلِ الٰہی - ظلِ سبحانی (مذ) خدا کا سایہ - بادشاہ - ظلِ حمایت (مو) پناہ کا سایہ - پناہ کا دامن - پناہ کی جگہ - ظلِ ظلیل ہمیشہ رہنے والا سایہ - ظلِ ہما - ہما کا سایہ - کہتے ہیں - اس کا سایہ جس پر پڑے - اسے بادشاہت مل جائے -

ظُلم :- (مذ) بے رحمی - زیادتی - زبردستی - کمزور کو ستانا - آفت - مصیبت - ظلم اٹھانا - ستم برداشت کرنا - ظلم پالنا - ستم کو پسند کرنا - ظلم پر ظلم - بہت ظلم - ظلم پرور - ظالم - معشوق - ظلم پیشہ - ظلم توڑنا - تکلیف دینا - ظلم کرنا - آفت ڈھانا - ظلم ٹوٹنا - مصیبت پڑنا - ظلم جھیلنا - ظلم برداشت کرنا - ظلم ڈھانا - ظلم توڑنا - ظلم رسیدہ - مظلوم - ظلم سا ظلم - بہت ظلم - ظلم سہنا - ظلم جھیلنا - ظلم شعار - ظالم - ظلم کا پھل - ظلم کا انجام اور نتیجہ - ظلم کرنا - ستانا - جبر کرنا - نقصان پہنچانا - ظلمہ - ظلم کی شدت ہو ~ سحر

ظلم و لطف و کرم سے متاذی کیا ہوں
میوے کھانے کے لیے دانت نہیں آدم میں

ظُلمی - ظالم - شریر - ظلّام - سخت ظلم کرنے والا -

ظُلُمات :- (مو) جمع ظلمت کی - اندھیریاں - تاریکیاں - وہ تاریکیاں جو سکندر کو آبِ حیات کی تلاش میں ملی تھیں -

ظُلمانی :- تاریک - تاریکی سے نسبت رکھنے والا ~ مومن

دوری اپنی نہیں ہے مانع فیض
مہر کو کیا حجاب ظلمانی

ظُلمَت :- (مو) تاریکی - سیاہی - اندھیرا - ظلمت آباد (مذ) مقام - تاریک - دنیا - ظلمت پھیلنا - تاریکی بڑھنا - سیاہی کا گھرنا - ظلمت جانا - سیاہی دور ہونا - ظلمت چھانا - تاریکی پھیلنا - ظلمت سرا (مو) دنیا - ظلمت کدہ (مذ) جہاں بہت اندھیرا ہو - دنیا - ظلمت خانہ - ظلمت کدہ - دنیا - قبر -

ظَن :- (مذ) شبہ - گمان - خیال - رائے - ظنِ باطل - گمان بے اصل - ظنِ بد - برا گمان - ظنِ غالب (مذ) قوی گمان - احتمال کامل - ظنِ فاسد (مذ) گمان بد - ظنی خیال - قیاسی -

ظِہار :- (مذ) مرد کا اپنی عورت سے یہ کہنا کہ تیری پشت اب میرے لیے ماں بہن کی مثل ہے - اس کے احکام علم فقہ میں دیکھیے -

ظُہر :- دوپہر ڈھلنے کا وقت - تیسرا پہر - دوپہر کی نماز - ظہرین - ظہر اور عصر کی نماز -

ظَہری :- وہ بیان جو عدالت عرضی دعویٰ کی پشت پر قلمبند کرتی ہے -

ظُہُور :- ظاہر ہونا - نمائش - ظاہر - وجود - اظہار ~

ظہور باغ جہاں خود ظہور یاری ہے
نمائشی فقط آنکھوں کی پردہ داری ہے ~ شمیم

ظہور بنانے کا دعویٰ - بنائے مخاصمت پیدا ہونا - ظہور پانا - ظاہر ہونا - ظہور کرنا - ظاہر ہونا - ظہور میں آنا - کسی امر کا ظاہر ہونا - ظہور میں لانا - کسی امر کا ظاہر کرنا - کوئی بات وقوع میں لانا - ظہور ہونا - ظاہر ہونا - ظہورا (مذ) رونق (یہ سب تمہارے ہی دم کا ظہورا ہے)

ظَہِیر :- مددگار - دوست - پشت پناہ -

ع

ع: (مذ) اُردو ب ت کا چوبیسواں حرف۔ اس کے عدد ابجد کے حساب سے ستر ہوتے ہیں۔ مندرجہ الفاظ عربی سے لیے گئے ہیں۔

عَابِد:۔ (مذ) عبادت کرنے والا۔ پرہیزگار۔ عابدہ (مو)

عَاج:۔ (مذ) ہاتھی دانت۔

عَاجِز:۔ کمزور۔ ناتواں۔ مجبور۔ بے بس۔ غریب۔ مسکین۔ تنگ۔ دق۔ عاجز آنا۔ تنگ آنا۔ مایوس ہونا۔ بے حال ہونا۔ عاجز کرنا۔ تنگ کرنا۔ دق کرنا۔ مجبور کرنا۔ دبیر کرنا۔ عاجز ہونا۔ تنگ ہونا۔ دق ہونا۔ مجبور ہونا۔ تھکنا۔ عاجزی۔ انکسار۔ منت سماجت۔ عاجزی کرنا۔ منت سماجت۔ عاجزی کرنا۔ منت سماجت کرنا۔ ہاتھ جوڑنا۔

عاجِل:۔ جلد باز۔ جلد (اللہ تعالےٰ شفائے عاجل مرحمت فرمائے)

عاد:۔ (مذ) وہ عدد جو ایک عدد معلوم کو پورا تقسیم کرے۔ (2) قدیم کی ایک قوم کا نام جس پر عذاب نازل ہوا تھا۔
عادِ اعظم مذ وہ بڑے سے بڑا عدد جو دو یا زیادہ سے زیادہ عدد کو پورا پورا تقسیم کر دے۔

عَادَات:۔ (مو) جمع عادت کی۔ لکھنؤ میں مذکر۔ دہلی میں مونث۔ عادَت (مو) خو۔ خصلت۔ طبیعت۔ رسم۔ ریت۔ قاعدہ۔ طلب (شراب کی عادت نے اس وقت بیکار کر رکھی ہے) عادت بگاڑنا۔ بری باتوں کا عادی بنانا۔ زیادہ چاؤ چوچلے کرنا۔ عادت پڑنا۔ عادی ہونا۔ خو پڑ جانا۔ عادت ڈالنا۔ عادی ہونا۔ عادت چھوٹنا۔ عادت کا ترک ہونا۔ عادت کرنا۔ کسی بات کو خوگر کرنا۔ عادت طبیعت ثانیہ ہے۔ عادت بھی فطرت کی طرح انسان سے نہیں چھوٹتی۔ عادت ہونا۔ خصلت ہونا۔ طلب ہونا۔ لت ہونا۔ عادۃً۔ عادت سے۔ عموماً۔ عادی۔ خوگر۔ وہ شخص جسے کسی قسم کی عادت پڑ گئی ہو۔

عادِل:۔ منصف۔ انصاف کرنے والا۔

عار:۔ (مو) شرم۔ غیرت۔ عار آنا۔ شرم کرنا۔ لاج ہونا۔ عار سمجھنا۔ اپنے لیے عیب سمجھنا۔ عار کرنا۔ غیرت کرنا۔ شرم کرنا۔ گریز کرنا۔ نسیم

تم کو آتے تھے ٹیلی موت بھی آتی نہیں
آپ کی آزردگی سے ہم سے سب نے عار کی

عَارِض:۔ (مذ) رخسارہ۔ گال۔ پیش آنے والا۔ لاحق ہونے والا۔ عارض ہونا۔ لاحق ہونا۔ پیش آنا۔
عارضہ (مذ) مرض۔ بیماری۔ عوارض۔ جمع۔ عارضی۔ چند روزہ۔ اتفاقیہ۔ مستعار۔

عَارِف:۔ (مذ) پہچاننے والا۔ خداشناس۔ عارفانہ۔ خداشناسوں کی طرح عارف سے منسوب۔

عارِی:۔ ننگا۔ خالی۔ معذور۔ مجبور (وہ اس کام میں عاری ہے) زچ۔ دق (میں اس کام سے عاری ہو گیا) سادہ شعر جو نہ تجنیس ہو اور نہ رنگین۔ عاری آجانا۔ تنگ آجانا۔ دق آجانا۔ تھک جانا۔ عاری ہو جانا۔ تنگ آجانا۔ تھک جانا۔

عَارِیت:۔ (مو) اُدھار۔ قرض۔ عاریتہً۔ بطور قرض چند روز کے لیے عاریتہ دینا۔ مانگے پر دینا۔ چند روز کے لیے مستعار دینا۔ عاریتہً لینا۔ مانگے پر لینا۔ مستعار لینا۔ اُدھار لینا۔ عاریتی۔ اُدھار مانگی ہوئی۔ عارضی۔

عَازِم:۔ قصد کرنے والا۔ ارادہ کرنے والا۔

عاشِر:۔ دسواں حصہ۔ جس کا نمبر نو کے بعد ہو۔

عاشِق:۔ (مذ) فریفتہ۔ چاہنے والا۔ شیدا۔ محبت میں غرق۔ بے فکر۔ کسی سے متاثر ہو کر اس کا قائل ہونا

جب تک بہار رہتی ہے رہتا ہے مست تو
عاشق ہیں اے نسیم تو تری عقل و ہوش کے

عاشق مزاج۔ زندہ دل۔ رنگیلا۔ عاشق معشوق۔ ایک نگینے کے دو مختلف نگینے۔ نگ۔ نگ کا حلقہ۔ خندی حلقہ۔ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ مفتون ہونا۔ عاشقانہ۔ عاشق کے مطلب کی۔ عاشق کی طرح۔ عشق کے مضمون کا (عاشقانہ غزل) عاشقی (مو) عشق۔ محبت۔ عاشقی خالہ جی کا گھر نہیں۔ عشق آسان کام نہیں۔

عاشُورا:۔ (مذ) محرم کی دسویں تاریخ جس میں امام حسین شہید ہوئے۔

عاصی:۔ نافرمان۔ گنہ گار۔ مجرم۔ انکسار اپنے نام کے ساتھ لکھتے ہیں۔

عاطِر: عطر والا۔ خوشبودار۔ نیک نہاد۔ پاکیزہ نفیس (خاطر عاطر)

عاطِفَت:- (مو) مہربانی - عنایت - توجہ - شفقت -

عافِیَت:- (مو) صحت - سلامتی - بھلائی - خیریت - نیک - عافیت تنگ کرنا - عیش و آرام میں خلل ڈالنا - آرام نہ لینے دینا - عافیت تنگ ہونا - رنج ہونا - دق ہونا -

عاق:- نافرمان - ماں باپ سے سرکش - عاق کرنا - اولاد کو نافرمانی کے باعث ورثہ سے محروم کرنا - فرزندی سے نکال دینا - عاق ہونا - ورثے سے محروم ہونا - اولاد سے خارج ہونا - عاق نامہ (مذ) فرزندی یا ورثہ سے اولاد کو محروم کرنے کی دستاویز -

عاقِبَت:- (مو) انجام - نتیجہ - آخرت ؎ میر

اب تو آرام سے گزرتی ہے
عاقبت کی خبر خدا جانے

آخرکار - آخر ؎ میر

اے مجنو اس قدر جفا ہم پر
عاقبت بندۂ خدا ہیں ہم

عاقبت اندیش - انجام کو سوچنے والا - ہوشیار - دانا - عاقبت بخشوانا - خطا معاف کرانا - عاقبت بخیر ہونا - انجام اچھا ہونا - عاقبت بگاڑنا - عاقبت انجام خراب کرنا - آخرت خراب کرنا - برے کام کرنا - عذاب کا مستحق بننا - عاقبت کا توشہ - (مذ) دوسری دنیا کا وسیلہ - نیک اعمال - عاقبت کار - بالآخر - انجام کار - عاقبت کے بورئیے سمیٹنا - بہت دن تک جینا - مدت تک جینا - عاقبت خراب کرنا - عاقبت گندی کرنا - عقبےٰ خراب کرنا - برے کام کرنا - عاقبت کا (عاقبتی) جوڑا - وہ جوڑا جو مردے کے ثواب کے لیے خیرات کرتے ہیں -

عاقِل:- عقل والا - عقلمند - دانا - عاقلانہ - عقلمندی کا

عاکِف:- اعتکاف کرنے والا - اسلام کے طریقے پر گوشے میں بیٹھ کر عبادت کرنے والا -

عالِم:- جاننے والا - صاحب علم - پڑھا لکھا - عالم الغیب - (مذ) خدا - غیب کا علم جاننے والا - عالم باعمل - عالم جو علم پر بھی عمل کرتا ہو -

عالَم:- (مذ) جہان - زمانہ (اُن کی ایک عالم میں شہرت ہے) دنیا - انواع مخلوقات ؎ ذوق

جس طرف تو ہوگا اک عالم اُدھر ہو جائے گا
کثرت ؎ داغ

کیا نئے دوستوں سے بگڑی آج
دشمنوں کا کچھ اور عالم ہے

طور - طریقہ - ڈھنگ ؎

کل عجب عالم سے اس کوچے میں جرأت تھا پڑا
ہاتھ اک سینے پہ تھا اور دوسرا سر کے تلے

کیفیت - لطف ؎ آباد

گریاں وہ ہیں کہ بعد فنا بھی برنگ ابر
عالم ہے دوش باد پہ اپنے غبار کا

بہار - روپ - رونق ؎ آتش

بہار آئی ہے عالم ہے گل و نسرین و سوسن پر

مانند - نظیر (عالم تصویر یعنی تصویر کی مانند) عالم ارواح (مذ) روحوں کا جہان (اس دنیا سے پہلے جب تمام روحیں علم باری میں تھیں - عالم آرا - جہان آرا - دنیا کا سجانے والا - عالم اسباب (مذ) یہ دنیا جو اسباب پر مبنی ہے - عالم افروز - دنیا کا روشن کرنے والا - عالم امر - زمانہ قبل خلقت - عالم بالا (مذ) عالم علوی - آسمان - عرش - جنت وغیرہ - عالم برزخ - مقام ارواح جو جنت اور دوزخ کے درمیان ہے - عالم پناہ - بادشاہ - دنیا کی حفاظت کرنے والا - عالم پھر جانا - دنیا مخالف ہو جانا - عالم جاوید - آخرت - عالم خاک - دنیا - عالم جبروت (مذ) صفات خدا کا مرتبہ - عالم دکھانا - حسن دکھانا - رونق دینا - عالم دگرگوں ہونا - نقشہ بدل جانا - عالم دوست - دنیا بھر کا دوست معشوق - عالم رویا - خواب کی حالت - عالم سفلی - دنیا - عالم سوز - ظالم - معشوق - عالم شہود - منزل مشاہدہ - عالم صغیر - جسم انسانی - عالم غیب (مذ) جہان ثانی - دنیا - عالم قدس - عالم جبروت - جنت - عالم کبیر - کل عالم - عالم کون و فساد - دنیا جو بنتی بگڑتی رہتی ہے - عالم گیر - جہان کو فتح کرنے والا - تمام جہان میں پھیلا اور چھایا ہوا ؎ مؤلف

ایک حلقے میں صدا سمٹی تری تقریر کی
کیا یہی تبلیغ ہے اسلام عالمگیر کی

عالم لاہوت (مذ) خدا کی ذات کا عالم - وہ مقام جہاں سالک فنا فی اللہ ہو جاتا ہے - عالم مثال (مذ) خیالی دنیا - مثالی دنیا - عالم معقول - ذہنیات و معقولات - عالم معنی - عقلیات و الہیات کی دنیا - عالم ملکوت (مذ) فرشتوں کی دنیا - عالم میں مشہور ہونا - شہرۂ آفاق ہونا - عالم ناسوت (مذ) دنیا جو فانی - عالم وجود (مذ) عالم ہستی - زندگی کا عالم - عالم ہیولائی - عالم اجسام - عالمیان - عالم کے رہنے والے

عالی:- اونچا - بلند - بلند مرتبے والا - عالی تبار - عالی خاندان والا - عالی جاہ - بلند مرتبہ - عالی جناب - بلند مرتبہ والا - حضور - عالی خاندان - اچھے خاندان کا - اونچے گھرانے کا - عالی دماغ - سوجھ بوجھ والا - عقلمند - عالی شان - بلند مرتبہ والا - شاندار - بہت بڑا - عالی ظرف - عالی حوصلہ

بیت الشرف خاص سے نکلے شہِ ابرار
روتے ہوئے ڈیوڑھی پہ گئے حضرتِ اطہار

عَتیق :- پُرانا۔ کہنہ۔ اُردو میں تنہا استعمال نہیں کرتے۔ بیتِ عتیق۔ کعبہ۔

عَجَائِب :- (مذ) عجیب کی جمع۔ تعجب انگیز چیزیں۔ اُردو میں عموماً واحد بولتے ہیں ؎ مشرف

عجائب معرکہ ہے امتحان سے عشق و اُلفت کا
وہ شمشیر آزماتے ہیں یہاں دل آزماتا ہے

عجائب خانہ (مذ) عجائب گھر۔ جہاں عجائب و غرائب جمع کئے گئے ہوں۔ عجائبات (مذ) عجائب کی جمع

عَجَب :- انوکھا۔ نادر (عجب نقشہ ہے) طرفہ۔ نیا اچنبے میں ڈالنے والا (یہ دیکھتے ہی اُن کا عجب حال ہوگیا) (مذ) تعجب ؎ امیر

جائیں گے ہم رِندیوں فردوس میں
اہلِ تقوی کو عجب ہو جائے گا

دور۔ بعید (کچھ عجب نہیں کہ وہ آج ہی آجائیں) عجب چیز۔ انوکھی چیز۔ مسخرہ۔ بے اکل۔ ناسمجھ۔ بے وقوف تم بھی عجب چیز ہو معمولی بات نہیں سمجھتے۔ چالاک۔ عجب حال ہے۔ انوکھا حال ہے۔ عجب ذاتِ شریف ہیں۔ بڑے بدذات ہیں عجب کیا۔ کچھ تعجب نہیں۔ عجب معصوم ہیں۔ نہایت احمق ہیں۔ عجب نہیں۔ تعجب نہیں۔ ممکن ہے۔

عُجب :- (مذ) غرور۔ تکبر۔ خود بینی ؎ سودا

عجب نادان ہیں جن کو ہے عجب تاجِ سلطانی

عَجز :- (مذ) عاجزی۔ ناچاری۔ شکست۔ انکسار۔ منت سماجت گڑگڑانا۔ فروتنی۔ عجز کرنا۔ انکسار کرنا۔ عاجزی کرنا۔ منت کرنا۔ عجز ہونا۔ قدرت نہ ہونا (عوام ج کو کسور پڑھتے ہیں)

عُجلت :- (مو) جلدی۔ تیزی۔ پھرتی (دیکھو سرعت)

عَجَم :- (مذ) ملک ایران و توران۔ ایرانی۔ عجمی۔ ایرانی

عُجُوبہ :- (مذ) عجیب چیز۔ نایاب چیز۔ انوکھی بات۔

عَجِیب :- انوکھی۔ نادر۔ تعجب انگیز۔ طرفہ۔ عجیب حال ہونا۔ کیفیت دگرگوں ہونا۔ مستقل مزاجی نہ ہونا۔ بُرا حال ہونا۔ عجیب غریب۔ عجوبہ۔ انوکھا۔ نرالا۔ قابلِ حیرت۔ بہت اچھا۔ بہت بڑا۔

عَدالت :- (مو) کچہری۔ انصاف۔ ایک سے زائد بیویوں کے حقوق میں مساوات کا برتاؤ۔ پیش نماز کا خلافِ مروت امور نہ کرنا بھی عدالت کہلاتا ہے۔ عدالتاً۔ انصاف سے۔ عدالتاً عدالتی۔ (ع) مقدمے بازی۔ عدالت چڑھنا۔ کچہری چڑھنا۔ مقدمہ کرنا۔ عدالتِ خفیفہ (مو) وہ عدالت جس میں قرضہ وغیرہ کے چھوٹے مقدمات طے ہوتے ہیں۔ عدالتِ دیوانی (مو) وہ عدالت جس میں زمین اور لین دین کے مقدمات ہوتے ہیں۔ عدالتِ فوجداری (مو) وہ عدالت جہاں مار پیٹ چوری اور قتل وغیرہ کے مقدمات ہوتے ہیں۔ عدالتِ عالیہ (مو) ہائی کورٹ۔ عدالت کرنا۔ انصاف کرنا۔ اجلاس کرنا۔ عدالت کے کتے۔ عدالت کے وہ ملازمین جو لوگوں سے جبراً رشوت لیتے ہیں اور رشوت نہ دو تو کتے کی طرح پھاڑنے کو دوڑتے ہیں۔ عدالتِ مجاز۔ وہ عدالت جسے سماعتِ مقدمہ کا پورا اختیار قانوناً حاصل ہو۔ عدالتی۔ عدالت کا منسوب بہ عدالت۔ عدالتی کارروائی۔ قانونی چارہ جوئی۔

عَداوَت :- (مو) دشمنی۔ عناد۔ کینہ۔ عداوت رکھنا۔ دشمنی رکھنا۔ بیر رکھنا۔ عداوتِ قلبی۔ دلی دشمنی۔ عداوت نکالنا۔ دشمنی نکالنا۔ بدلہ لینا۔ عداوتی۔ دشمن۔ عداوت رکھنے والا۔

عِدّت :- (مو) وہ مدت جو طلاق یا شوہر کی وفات کے بعد عورت کو گھر بیٹھ کر گزارنی پڑتی ہے۔ مطلقہ کے لیے تین ماہ۔ بیوہ کے لیے چار ماہ۔ حاملہ کے لیے وضعِ حمل تک مدت مقرر ہے۔ عدت میں بیٹھنا۔ شوہر سے علیحدہ ہونے کے بعد کا شرعی وقت پورا کرنا۔

عَدَد :- (مذ) گنتی۔ شمار۔ ہندسہ۔ رقم۔ درزیوں کی اصطلاح میں ہر لباس کو ایک عدد کہتے ہیں۔ عددِ صحیح۔ وہ عدد جس میں کسر نہ ہو۔

عَدل :- (مذ) انصاف۔ ٹھیک ٹھیک فیصلہ۔ عدل کرنا۔ انصاف کرنا۔ فیصلہ کرنا۔ دادرسی کرنا۔ عدل گستر۔ منصف۔ عادل۔ عدل گستری (مو) انصاف۔ دادرسی۔

عَدَم :- (مذ) نہ ہونا۔ نیستی۔ وجود کی ضد۔ عدم آباد۔ مرنے کے بعد کا عالم۔ عدم استطاعت۔ قدرت نہ ہونا۔ مفلسی۔ عدم پیروی (مو) تاریخ پیشی پر کچہری سے غیر حاضری مقدمے کی پیروی نہ کرنا۔ عدم تعمیل۔ سمن کا اس شخص کے پاس نہ پہنچنا جس کے نام جاری ہوا۔ عدم توجہی (مو) بے پروائی غفلت۔ بے توجہی۔ عدم ثبوت (مذ) ثبوت کا نہ ہونا۔ عدم فرصت۔ فرصت کا نہ ہونا۔ مہلت نہ ہونا۔ عدم کی راہ لینا۔ مرجانا۔ عدم موجودگی (مو) غیر حاضری۔ عدم واقفیت۔ (مو) لاعلمی۔ ناواقفیت۔ عدم وجود ... ہے۔ ہونا نہ ہونا یکساں ہے۔ نکما ہے۔

عَدَن :- (مذ) حدودِ یمن میں ایک شہر جہاں کے مونگے مشہور

ہیں (واز عدن) بہشت کے باغات۔

عَدُو :- دشمن۔ مخالف۔ رقیب۔ حریف۔

عُدُول :- (مذ) روگردانی کرنا۔ منہ پھیرنا۔ عدول حکم۔ (مذ) نافرمان۔ باغی۔ عدول حکمی (مو) نافرمانی سرکشی۔ عدول حکمی کرنا۔ نافرمانی کرنا۔ بغاوت کرنا۔

عَدِیم :- نایاب۔ نا۔ ناپید۔ مرکب ہوکر مستعمل ہے عدیم الفرصت۔ جسے مطلق مہلت نہ ہو۔ عدیم المثال۔ جس کی مثال نہ ہو۔ بے مثل۔ عدیم الوجود۔ نایاب۔ کمیاب۔

عَدِیل :- برابر۔ نظیر۔ مرکب ہوکر مستعمل ہے۔ (بے عدیل)

عذاب :- (مذ) گناہ کی سزا ۔ داغ

زاہد مزہ تو جب ہے عذاب و ثواب کا
دوزخ میں بادہ کش نہ ہوں جنت میں تو نہ ہو

اذیت۔ دکھ ۔ مومن

رات بھر جان پر عذاب رہا ماہ کی طرح اضطراب رہا

دقت۔ دشواری۔ جھگڑا بکھیڑا (کام کا ذمہ دار کر کے مجھے تم نے عذاب میں ڈال دیا) روگ۔ علت ۔

جنوں ہے جب سے مجھے شور ہے حسینوں میں
ہمیں جلیل سے بڑھ کر کوئی عذاب نہیں

آنسوؤں سے امیر بیں رسوا ایسے لڑکے عذاب ہوتے ہیں

عذاب اٹھانا۔ تکلیف برداشت کرنا۔ عذاب ثواب گردن پر لینا (کسی ذمہ داری ہونے کے لیے۔ مواخذہ داری کے سر۔ (مذ) گناہ و ثواب۔ نیکی۔ بدی۔ برائی۔ بھلائی۔ عذاب جان جی کا جنجال۔ جان کا وبال۔ عذاب جھیلنا۔ دکھ اٹھانا۔ عذاب دیکھنا۔ دکھ دیکھنا۔ مصیبتوں کا سامنا کرنا۔ عذاب رہنا۔ مشکل یا قرض وغیرہ میں رہنا۔ عذاب سے نکلنا چھوٹنا مصیبت سے نجات پانا۔ عذاب قبر۔ (امذ) قبر کی تکلیف۔ ناقابل بیان دکھ۔ عذاب کے فرشتے۔ پریشان کرنے والے بچے۔ عذاب لانا۔ پریشانی کی بات کرنا۔ عذاب مول لینا۔ خواہ مخواہ مصیبت میں پڑنا۔ عذاب میں پڑنا۔ مصیبت میں گرفتار ہونا۔ دقت میں پڑنا۔ عذاب نازل ہونا۔ خدا کا قہر نازل ہونا۔ عذاب ہونا۔ بلا ہونا۔ جنجال ہونا۔

عِذار :- (مذ) عارض۔ رخسار۔ چہرہ۔ عموماً ترکیب میں استعمال کرتے ہیں (گل عذار) بعض نے تنہا بھی استعمال کیا ہے ۔ ناسخ

دھوپ میں دھوپ ہو سے گل رخ دیکھو آئینے میں عذار اپنا

عَذبُ البیان :- شیریں کلام۔ فصیح و بلیغ

عُذر :- (مذ) بہانہ۔ حیلہ۔ حجت۔ دلیل۔ اعتراض۔ گرفت (آپ کی یہ شرط بھی پوری ہو گئی اب کتاب دینے میں کیا عذر ہے) معافی۔ انکار۔ عذر بارد۔ ناقابل قبول عذر۔ عذر بیجا۔ (مذ) وہ عذر جو قابل قبول نہ ہو۔ عذر پیش کرنا۔ حجت پیش کرنا۔ گریز کرنا۔ عذر خواہی (مو) ذم پرسی معذرت۔ عذر خواہی کرنا۔ تعزیت ادا کرنا۔ افسوس کا اظہار کرنا۔ عذر دار (مو) دعویٰ اعتراض۔ عذر کرنا۔ اعتراض کرنا۔ بحث کرنا۔ دعویدار ہونا۔ عذر معذرت۔ منت سماجت۔ معافی۔ عذر معذرت کرنا۔ معافی مانگنا۔ منت کرنا۔ عذر معقول۔ ٹھیک عذر۔ عذر لنگ (اپامذ) عذر بارد۔ ناقابل یقین معذرت کی وجہ سے امیر

ہر شب کو آنے میں کرتی ہے عذر لنگ
کیا جانتی نہیں ہے ہمارا مزار شمع

عذر نہ ہونا۔ انکار نہ ہونا۔ اعتراض نہ ہونا۔

عُذُوبت :- (مو) لذت۔ شیرینی۔ خوش مزگی ۔ امیر

تم زبانی سے کیا کام سخن میں ہم کو زرا
جان شیریں سے سوا اس میں عذوبت کی ہے

عِراق :- عرب کا مشہور علاقہ۔ موسیقی کا ایک راگ جسے صبح کے وقت گاتے ہیں۔ عراقی۔ عراق کا رہنے والا۔ عراق کا گھوڑا۔ عربی گھوڑا۔ خر عراقی سے بس نہ چلا گدھی کے کان اینٹھے۔ ظالم سے بس نہ چلا کمزور کو دبا لیا۔

عرائض :- (مو) عریضہ کی جمع۔ عرضیاں۔ درخواستیں۔

عَرَب :- ایک ملک۔ عجم کی ضد۔ عرب کا باشندہ۔ عربستان (مذ) ملک عرب۔ عربی عرب کا۔ زبان عرب۔ عربی گھوڑا۔ عربی باجہ۔ تاشہ

عَربَدہ :- (مذ) جنگ۔ جھگڑا فساد۔ عربدہ جو۔ فسادی۔ جھگڑالو۔ لڑاکا۔

عُرس :- (مذ) مرشدوں کے سالانہ فاتحہ کی رسم۔ فاتحہ و سماع کا جلسہ (کرنا۔ ہونا)

عَرش :- (مذ) مادیات و فلکیات کے حدود سے بالاتر ایک منزل جہاں مقرب فرشتوں کے علاوہ صرف آنحضرت شب معراج کو پہنچے۔ عرش آشیاں۔ مرحوم۔ اکبر کا لقب اسی طرح منزل و مکاں کے ساتھ بڑے مرنے والوں کے لقب ہوتے ہیں۔ عرش پر جھنڈا گاڑنا۔ اپنے نزدیک بڑا کام کرنا (جیسے یہ فتح ہمارے نام ہے۔ ہم نے عرش پر جھنڈا گاڑ لیا ہے۔ باغ و بہار)

نقرا آپس میں بولتے ہیں۔

عِشوَہ :- (مذ) ناز و ادا - غمزہ - کرشمہ - عشوہ پرداز - ناز کرنے والا - مراد معشوق (عشوے - (لاحقہ) گر - ساز - کار بھی انھیں معنوں میں)

عَصَا :- (مذ) لاٹھی - چھڑی - عصا بردار - مذ چوبدار جو امیروں یا بادشاہوں کے ساتھ ساتھ چلتے ہیں -
عصائے پیر (ی) (مذ) بوڑھے کی لکڑی - بڑھاپے کا سہارا - بوڑھے کا لڑکا - عصائے پیر بجائے پیر - بڈھے کی لکڑی اس کا رہبر ہے - عصائے موسیٰ (مذ) حضرت موسیٰ کے ہاتھ کی لکڑی جس میں یہ معجزہ تھا کہ ساحروں کے مقابلے میں جب اُسے زمین پر ڈالتے تھے تو اژدھا بن جاتا تھا

عِصَابَہ :- (مذ) عورتوں کے سر سے باندھنے کا کپڑا - زنانے کفن کا ایک پارچہ -

عُصَارَہ :- (مذ) افشردہ - نچوڑا ہوا پانی - شیرہ -

عَصَب :- (مذ) پٹھا - اعصاب - جمع

عَصَبِیَت :- (مو) تعصب اور بےجا طرف داری کے معنی میں مستعمل ہے -

عَصر :- (مذ) روزگار - زمانہ - وقت - دن کا اخیر حصہ - اخیر حصہ - روزہ کی نماز -

عِصمَت :- (مو) پاک دامنی - بے گناہی - ایسی پاک دامنی کہ ابتدائے خلقت سے مرتے دم تک کوئی گناہ نہ کیا ہو -
عصمت بی بی از بے چادری - اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص مجبوری سے نیک کام کرے یا مجبور ہونے کے باعث گناہ نہ کر سکے - عصمت فروش - رنڈی - بدکار عورت - عصمت فروشی - زناکاری - بدکاری -
(کرنا - کرانا - ہونا کے ساتھ)

عِصیَان :- (مذ) گناہ - پاپ - نافرمانی -

عُضو :- (مذ) بدن کا حصہ - اعضا - جمع - عضو تناسل - ذکر - مرد کا عضو خاص - عضو عضو - ہر عضو (تلفظ عُض و)

عَطَا :- (مو) انعام - بخشش - فیض - عطیہ - عطا کرنا - بخشنا - مرحمت کرنا - عطائے تو بہ لقائے تو - آپ کا دیا آپ ہی کے اوپر تصدق ہے - جب کسی کی دی ہوئی چیز ناپسند ہو تو ان الفاظ سے واپس کرتے ہیں - عطائی - وہ فن کار جو ادھر اُدھر سے سن سنا کر فن کا مدعی ہے اور باقاعدہ سیکھا نہ ہو - اناڑی - عطایا - جمع عطیہ -

عَطَّار :- (مذ) عطر فروش - دوا فروش - عطار کا شیشہ - اور مداری کا پٹارا - یعنی عطار کی بوتل اور مداری کے پٹارے کا اعتبار نہیں - بعض بے ایمان عطار ایک ہی بوتل سے ہر قسم کا شربت دے دیتے ہیں - جس طرح مداری ایک ہی پٹارے سے سینکڑوں کھیل دکھا دیتا ہے - عطار کا شیشہ ڈوم کا گلا - رنگا رنگی میں دونوں برابر - عطاروں کا بازار گرم ہے - بیماری پھیلی ہوئی ہے - وبا ہے -

عُطَارِد :- (مذ) بدھ - ایک سیارہ جو آفتاب سے بہت قریب ہے - اسے منشی فلک کہتے ہیں - ۸۸ دن میں دورہ ختم کرتا ہے - (فرہنگ آصفیہ نے ع پر فتحہ لکھا ہے)

عِطر :- (مذ) خوشبودار جوہر - لب لباب - خلاصہ - عطردان - عطر رکھنے کا بکس - عطر کھینچنا / نکالنا - ست نکالنا - جوہر نکالنا - عطر لگانا یا ملنا - کپڑوں کو عطر لگانا - معطر کرنا - عطر پان کی تواضع کرنا - خاطر داری کرنا - مہمان کی باقاعدہ عزت اور خاطر کرنا - عطریات (مذ) عطر کی جمع (خلاف قاعدہ)

عَطسَہ :- (مذ) چھینک -

عَطَش :- (مو) پیاس - تشنگی ؎ اوج

عطش بجھا نہیں سکتا اگرچہ آب میں ہے
بحر ہوا نہیں کچھ کاسۂ حباب میں ہے

عَطف :- دو چیزوں کے درمیان حرف عطف (و - اور وغیرہ) لا کر دونوں کو ایک حکم میں شامل کرنا (صبح و شام ایک حال رہتا ہے) واو یا اور وغیرہ سے پہلے لفظ کو معطوف علیہ اور بعد والے لفظ کو معطوف کہتے ہیں -

عَطُوفَت :- (مو) مہربانی - عنایت - نوازش -

عَطِیَّہ :- (مذ) عطا - بخشش - انعام - عطایا - جمع -

عِظَام :- عظیم کی جمع - بڑے - بزرگ - کلاں - بعضوں نے اسے عظام بھی لکھا ہے (عظام عربی میں واحد ہے مگر اردو والوں نے اسے جمع کے طور پر استعمال کیا ہے) ؎

میں ایک فقیر فی سبیل انجام
تم لوگ ہو سب امیر عظام — واجد علی شاہ

عُظَمَا :- عظیم کی جمع - بڑے لوگ -

عَظَمَت :- (مو) بڑائی - بزرگی - شان - بڑائی ؎ داغ

انھیں لوگوں کے آنے سے تو میخانے کی عظمت ہے
قدم تو شیخ کے تشریف لائے بادہ خواروں میں

کا معطل ہونا ۔ عقل نہ رہنا ۔ حواس خبط ہو جانا ۔ **عقلِ کل** عقل کامل ۔ مشیرِ خاص ۔ مختارِ کل ۔ حضرت محمدؐ اور حضرت جبرئیل کو بھی کہتے ہیں ۔ **عقل کے پیچھے ڈنڈا لیے پھرنا** ۔ مسلسل بے وقوفی کے کام کرنا ۔ **عقل کے طوطے اُڑنا** ۔ اوسان خطا ہونا ۔ گھبرا جانا ۔ **عقل کے گھوڑے دوڑانا** ۔ عقل لڑانا ۔ غور کرنا ۔ منصوبے باندھنا ۔ **عقل کی پڑیا** ۔ بڑی تیز ۔ چالاک ۔ ہوشیار عورت ۔ **عقل کی مار** (مو) بے وقوف ۔ عقل کی پھٹکار ۔ **عقل کے ناخن لو** ۔ عقل کی مرمت کراؤ ۔ ہوش کرو ۔ **عقل گدّی میں ہے** ۔ احمق ہے ۔ **عقل ماری جانا** ۔ سمجھ اوندھی ہو جانا ۔ **عقلِ مجرّد** ۔ عقولِ عشرہ میں سے ایک ۔ **عقل میں فتور آنا** ۔ عقل خراب ہونا ۔ **عقلا** (مذ) عاقل کی جمع ۔ **عقلاً** ۔ عقل کی رو سے ۔ **عقل مند** ۔ عقل والا ۔ ہوشیار ۔ **عقل مند کی دم** ۔ بے وقوف ۔ **عقل مند کی دُور بلا** ۔ بے وقوف کی نسبت کہتے ہیں ۔ **عقلمندی** (مو) دانائی ۔ ہوشیاری ۔ **عقلی** ۔ عقل سے منسوب یا متعلق ۔ **عقلی گدا** ۔ اٹکل قیاس ۔ **عقلیہ** ۔ قیاس سے ۔ **عقول** ۔ عقل کی جمع ۔ **عقولِ عشرہ** (مذ) دس فرشتے ۔ حکما کے نزدیک خدا نے ایک فرشتہ پیدا کیا ۔ جس نے دوسرا فرشتہ اور پہلا آسمان بنایا ۔ دوسرے نے تیسرا فرشتہ اور دوسرا آسمان بنایا ۔ اسی طرح نو آسمان اور دس فرشتے پیدا کیے ۔ دسویں نے تمام عالم کو خلق کیا ۔

عُقوبت :- (ع ۔ مو) عذاب ۔

عَقِیل :- (مذ) عاقل ۔ **عقیلہ** (مو)

عَقِیدت :- (مو) اعتقاد ۔ ارادت ۔ ایمان ۔ دل کا بھروسا ۔ **عقیدت مند** ۔ معتقد ۔ ارادت مند ۔ **عقیدہ** (مذ) اعتقاد ۔ ایمان (رکھنا ۔ ہونا)

عَقِیق :- (مذ) ایک سُرخ رنگ کا پتھر جس سے ہونٹوں کو تشبیہ دیا کرتے ہیں ۔ **عقیق البحر** (مذ) مونگا ۔ موتی ۔ **عقیقِ جگری** ۔ ایک قیمتی عقیق ۔ **جگر** (انیس)

دیکھے سے عقیقِ جگری کا بھی ہو دل خون

عقیقِ شجری ۔ ایک قسم کا عقیق جس پر صورتیں منعکس ہوتی ہیں ۔

عَقِیقہ :- (مذ) بچوں کے پیٹ کے بال مونڈنے کی رسم ۔ مونڈن ۔ اس تقریب پر قربانی بھی کی جاتی ہے ۔

عُقیم یا عَقِیمہ :- (مو) بانجھ عورت جس کے ہاں بچہ نہ ہوتا ہو ۔

عَکس :- (مذ) پرتو ۔ سایہ ۔ پرچھائیں (آئینے کا عکس) اُلٹا ہوا لفظ (جیسے رُوح عکس ہے حور کا) عداوت ۔ ضد ۔ رشک

عکس سے کہتے ہیں یہ قلبی عداوت دیکھیے
مجھ کو مارا حور نے جس دم کہا آرام رُوح

فوٹو ۔ تصویر ۔ متضاد ۔ صورت یا عسرت ۔ بالکل مختلف و متضاد ۔ (وہ اپنے بھائی کا بالکل عکس ہے) **عکس پڑنا** ۔ سایہ پڑنا ۔ اثر ہونا ۔ پرچھائیں پڑنا ۔ **عکس کھینچنا یا اُتار لینا** ۔ تصویر کھینچنا ۔ فوٹو اُتارنا ۔ **عکس ہونا** ۔ ضبط ہونا ۔ ایک جیسا نہ ہونا ۔ **عکسی** ۔ عکس سے منسوب ۔ جیسے عکسی تصویر

عَلا :- خداوند تعالیٰ کے نام کے ساتھ جَل کے بعد بولا جاتا ہے ۔ خداوند تعالیٰ جل و علا (معنی جو بلند ہے) **علا شانہ** جس کی شان بلند ہے ۔

عَلّاتی :- سوتیلا بھائی ۔ سوتیلی بہن ۔

عِلاج :- (مذ) چارہ ۔ تدبیر ۔ دفعیہ ۔ بیماری کی دوا دارو ۔ سزا ۔ پاداش ۔ **علاج کرنا** ۔ معالجہ کرنا ۔ تدبیر کرنا ۔ ٹھیک بنانا ۔ سزا دینا ۔ **علاج کو ڈھونڈھے نہ ملنا** ۔ نہایت کمیاب ہونا ۔ دوا کو نہ ملنا ۔ **علاج معالجہ** (مذ) دوا دارو ۔

عِلاقہ :- (مذ) تعلق ۔ لگاؤ ۔ دوستی ۔ ربط ضبط ۔ نوکری ۔ ملازمت ۔ ضلع ۔ حلقہ ۔ تعلقہ ۔ ملکیت ۔ جاگیر ۔ تحت ۔ حکومت ۔ حدود ۔ سرحد ۔ **علاقہ اُٹھ جانا** ۔ تعلق جاتے رہنا ۔ لگاؤ نہ رہنا ۔ **علاقہ چھٹنا** ۔ رشتہ ختم ہونا ۔ علاقے کا کورٹ آف وارڈس سے نکلنا ۔ **علاقہ دار** (مذ) رشتہ دار ۔ حلقہ یا ضلع کا حاکم ۔ **علاقہ رکھنا** ۔ تعلق رکھنا ۔ واسطہ رکھنا ۔ **علاقے سے باہر** ۔ حدود و اراضی سے باہر ۔ **علاقے میں** ۔ سرحد میں ۔ **علاقہ ہونا** ۔ تعلق ہونا ۔ جاگیر ہونا ۔ رشک

جب سے پایا بوسۂ آویزۂ گوشِ بُتاں
یہ خوشی مجھ کو ہوئی گویا علاقہ ہو گیا

عَلالت :- (مو) بیماری ۔ روگ ۔

عَلّام :- (مذ) صیغہ مبالغہ ۔ بہت جاننے والا ۔ نہایت عالم ۔ **علّامہ** مو نہایت چالاک اور مکار عورت ۔ (مذ) بہت بڑا عالم ۔ نہایت دانا اور مردِ فاضل ۔ طنزاً مکار آدمی ۔ **علامۂ دہر یا علامۃ الدہر** (مذ) اپنے زمانے کا بڑا فاضل ۔ بہت بڑا عالم ۔ نہایت ہوشیار ۔ طنزاً مکار ۔ چالاک عورت ۔

عَلامات :- (مو ۔ مذ) علامت کی جمع ۔ نشانات ۔ آثار ۔

عَلامَت :- (مو) نشان ۔ مارک ۔ پتہ ۔ سراغ ۔ اشارہ ۔ چھاپ ۔ بیبل ۔ پہچان ۔

عَلانِیَہ :- کھلم کھلا ۔ ظاہراً ۔ سب کے سامنے ۔ **علانیہ کہنا** ۔ کھلم کھلا کہنا ۔ ڈنکے کی چوٹ کہنا ۔

پیدائش کا علم ۔ **علم مناظر** (مذ) وہ علم جس میں روشنی اور شعاع کا اثر ۔ نور اور طاقت ۔ شفاف اجسام کے وسیلہ سے ظاہر ہو ۔ **علم منطق** (مذ) وہ علم جو آدمی کو ذہن اور خیالات کی خطاؤں سے محفوظ رکھے ۔ **علم موسیقی** (مذ) گانے بجانے کا علم ۔ میوزک ۔ **علم نباتات** (مذ) جڑی بوٹیوں درختوں اور پودوں کی تحقیق کا علم ۔ باٹنی ۔ **علم نجوم** ۔ ستاروں کی گردش اور اس کے اثرات کا علم ۔ **علم ہندسہ** (مذ) وہ علم جس سے اشیا کی شکلوں اور مقداروں کی واقفیت حاصل ہو ۔ **علم ہیئت** (مذ) وہ علم جس میں اجرام فلکی سے بحث کی جاتی ہے ۔ **علما** (مذ) عالم کی جمع ۔ پڑھے لکھے لوگ ۔ **علمی** ۔ علم کے متعلق علم سے منسوب ۔ **علمیت** (مو) علم ہونا ۔ قابلیت ۔ **علمیت بگھارنا** ۔ علم میں شیخی دکھانا ۔ علم جتانا ۔ موقع بے موقع اپنی علمیت کا اظہار کرنا ۔ (دکھانا ۔ جتانا ۔ ہونا کے ساتھ) علمیت میں ی مشدد و غیر مشدد دونوں مستعمل ہیں

عَلَن :- آشکارا ۔ ظاہر ۔ تنہا استعمال نہیں ہوتا ۔ سِرّ و علن بولتے ہیں ۔

عُلُو :- (مذ) اونچائی ۔ بلندی ۔ برتری ؎ غالب

ہا دشاہ کا نام لیتا ہے خطیب ٭ اب علوِ پایۂ منبر کھلا

عُلُوفہ :- (مذ) خوراک ۔ کھانا ۔ وظیفہ ۔ روزی ۔ چارہ ۔

عُلُوم :- (مذ) علم کی جمع ۔ علم ۔ ہنر ۔ فن ۔ **علوم جدیدہ** (مذ) وہ علم جو زمانہ حال میں ایجاد ہوئے ۔ **علوم رسمی** ۔ دیکھیے علوم متعارفہ ۔ **علوم قدیمہ** (مذ) وہ علم جو پچھلے زمانے سے چلے آتے ہیں ۔ **علوم متعارفہ** (مذ) وہ علم جو عام طور سے پڑھائے جاتے ہوں ۔ علوم مروجہ ۔ **علوم مشرقی** (مذ) مشرقی ملکوں کے علم ۔ وہ علم جو ایشیا میں رائج ہیں ۔ **علوم مغربی** (مذ) مغربی ملکوں کے علم ۔ وہ علم جو یورپ وغیرہ میں رائج ہیں ۔

عَلَوِی :- (مذ) حضرت علیؓ کی اولاد ۔ جو حضرت فاطمہؓ سے نہ ہو (حضرت فاطمہؓ کی اولاد سید کہلاتی ہے)

عُلْوِی :- آسمانی ۔ **علوی عمل** ۔ جو فرشتوں یا اسمائے الٰہی کے ذریعہ سے کیا جائے (سفلی کی ضد)

عَلی :- (مذ) حق تعالیٰ کا نام ۔ پیغمبر اسلام کے چچا زاد بھائی اور داماد کا نام حضرت علیؓ جنھیں اہل سنت چوتھا خلیفہ اور شیعہ پہلا امام مانتے ہیں ۔ **علی بند** (مذ) کلائی پر باندھنے کا ایک زیور ۔ کشتی کے ایک پیچ کا نام ۔ جادو کا اثر رکھنے والا تعویذ ۔ **علی علی** (مذ) ایک فقرہ ہے جو جنگ کے موقع پر حضرت علیؓ سے مدد مانگنے کے واسطے بولتے ہیں ۔ تلوار اٹھاتے وقت بھاری بازی کے وقت ۔ کوئی بھی وزنی یا بھاری چیز اٹھاتے وقت یہ کلمہ زبان پر جاری ہوتا ہے ؎ راسخ

نہیں چھپتے ہیں وہ ابرو علی حق کرتے
مددگار تجھ نہیں ذوالفقار کے قابل

علی غول ۔ مسلح پیادوں کا گروہ ۔ **علی کی تیغ کا پھل ٹوٹے** پڑے ۔ بددعا ہے ؎ استاد

مرحب روش بہار میں توڑے جو پھول اگر
ٹوٹے علی کی تیغ کا پھل باغباں پر

علی کی کمان ۔ دھنک ۔ **علی کی مار** ۔ بددعا ۔ حضرت علی الیشہ ۔ **علی مدد** ۔ اونٹنی کے ایک فن کا نام ۔ جواب سلام جو فقیروں کی طرف سے ہوتا ہے ۔ **علی مدد دینا** ۔ تلوار کا ایک پینترا کہ جس میں دو تین ہو کر ایک تیغ جھوٹی اور دونوں پاؤں لگا کر حریف پر وار کرتے ہیں

اردو میں تنہا معنی نہیں دیتا ۔ مرکبات میں مستعمل ہے

عَلے :- **علی الاتصال** ۔ متواتر ۔ لگاتار ۔ **علی الاجمال** ۔ مجملاً مختصر طور پر ۔ **علی الاطلاق** ۔ بے قید ۔ بلاشرط ۔ مطلق ۔ **علی التواتر** ۔ لگاتار ۔ پے در پے ۔ متواتر ۔ **علے الحساب** ۔ چلتے ہوئے حساب میں ۔ پیشگی طور پر ۔ **علے الحساب دینا** ۔ بغیر کسی حساب میں لگائے ہوئے اس سمجھوتے پر کہ بروقت حساب شامل حساب کر لیا جائے گا ۔ **علے الخصوص** ۔ خاص کر ۔ خصوصاً ۔ **علے الدوام** ۔ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ۔ **علے الصباح** ۔ بہت سویرے تڑکے ہی ۔ **علے العموم** ۔ عموماً ۔ عام طور پر ۔ **علی حالہ** ۔ اپنی پچھلی حالت پر ۔ **علی رؤس الاشہاد** ۔ **علی الاعلان** ۔ گواہوں کے روبرو ۔ سب کے سامنے ۔ **علی قدر مراتب** ۔ حسب مرتبہ حیثیت یا مرتبے کے مطابق ۔ **علےٰ ہذا القیاس** ۔ اس قیاس پر اسی طرح ۔

عَلیحَدگی :- (ف) جدائی ۔ تنہا ۔ پہلوتہی ۔

عَلیحَدہ :- (اصل علاحدہ) جدا ۔ الگ ۔ **علیحدہ کرنا** ۔ الگ کرنا ۔ موقوف ۔ برطرف ۔ چھانٹنا ۔ بیچنا ۔ (ہونا)

عُلیا :- (مو) بہت بلند ۔ تنہا استعمال نہیں ہوتا ۔ علیا حضرت ۔

عَلَیک سَلیک :- (ا ۔ مو) معمولی ملاقات ۔ صاحب سلامت (کرنا ہونا کے ساتھ)

عَلَیکَ السّلام / **عَلَیکُم السّلام** : ۔ سلام علیکم کا جواب ۔ تم پر بھی سلام ہو

عَلِیل :- بیمار ۔ کمزور ۔ دکھیا ۔ روگی ۔ **علیل ہونا** ۔ بیمار ہونا ۔ **علیل کی رائے** ۔ **علیل** ۔ بیمار کی رائے ۔ ناقص

عَلیم :- جاننے والا ۔ دانا ۔ اللہ تعالیٰ کا نام ۔

حد۔ عہد ؎ ذوق

کون سنتا ہے تری زلف میں دل کی فریاد
کہ مسلماں کو ہے کافر کے عمل میں مارا

ساعت۔ وقت (تین کے عمل میں میری آنکھ کھلی) منتر۔ افسون۔ اسم جلالی ہو یا جمالی ؎ ذوق

تاثیر محبت عجب اک حُب کا عمل ہے

شیافہ۔ پچکاری۔ انیما۔ **عمل اُٹھنا**۔ قبضہ ختم ہونا۔ حکومت اُٹھ جانا۔ **عمل بیٹھنا**۔ حکومت ہونا۔ قبضہ ہونا۔ **عمل پانی**۔ (مذ) نشہ پانی۔ افیون وغیرہ کو پانی میں گھول کر پینا۔ **عمل پانی کرنا**۔ مقررہ وقت پر نشہ کرنا۔ **عمل پڑھنا**۔ منتر پڑھنا۔ اسم پڑھنا۔ **عمل جراحی** (مذ) چیر پھاڑ۔ اپریشن۔ **عمل جراحی کرنا**۔ اپریشن کرنا۔ چیر پھاڑ کرنا۔ **عمل چلنا**۔ منتر یا جادو کا اثر ہونا۔ **عمل دار** (مذ) حاکم۔ عامل۔ **عمل داری** (مو) راج۔ حکومت۔ علاقہ۔ اختیار۔ **عمل دخل** (مذ) حکومت۔ قبضہ۔ اختیار۔ **عمل درآمد** (مذ) کارروائی۔ ضابطہ۔ تعمیل۔ **عمل درآمد کرنا**۔ کارروائی کرنا۔ برتاؤ میں لانا۔ **عمل درآمد ہونا**۔ تعمیل ہونا۔ عمل ہونا۔ **عمل دینا**۔ شافہ دینا۔ **عمل کرنا**۔ کاربند ہونا۔ تعمیل کرنا۔ بجالانا۔ اثر کرنا۔ کسی اسم یا دعا کا کسی خاص غرض سے پڑھنا۔ **عمل ہونا**۔ قبضہ دخل ہونا۔ اثر ہونا۔ کاربند ہونا۔ وقت ہونا (تین کا عمل تھا جب میں جاگا) شافہ ہونا۔

عَمَلہ:۔ (مذ) عامل کی جمع۔ اہلکار۔ کچہری کے لوگ۔ مکان کا ملبہ۔ **عملہ دخلہ کرنا** (مذ) قبضہ کرنا۔ عمل دخل کرنا۔ **عملہ دخلہ ہونا**۔ قبضہ ہونا۔ دخل ہونا۔ **عملہ فعلہ** (مذ) کسی دفتر یا محکمہ کے ملازم۔ کارکن لوگ۔ **عملی**۔ صفت عمل سے منسوب (حکمت عملی) معمولی۔ روزمرہ کے استعمال کی۔

عَمُود:۔ (مذ) کھمبا۔ ستون۔ وہ خط مستقیم جو دوسرے خط مستقیم پر قائم ہو کر باہم برابر زاویے پیدا کرے۔ گرز۔ **عمود ڈالنا**۔ کسی سیدھے خط پر عمود قائم کرنا۔ **عمود وار**۔ سیدھا۔ عمود کی طرح۔

عُمُوم:۔ سب کو گھیرے ہوئے۔ سب کے لیے عام ہونا۔ بلا شرط و قید سب کے لیے۔ **عموماً**۔ عام طور پر۔ اکثر۔ اکثر دفعہ۔

عَمِیق:۔ گہرا۔ اگم۔ اتھاہ۔ غور کامل ؎ اوج

خندق تھی گرد تا کہ مخالف نہ آ سکے
لشکر عمیق جس کے عمق کو نہ پا سکے

عَمِیم:۔ عام۔ سب پر حاوی (خلق عمیم)

عَنا:۔ (مذ) مشقت۔ دکھ۔ تکلیف۔

عُنّاب:۔ (مذ) ایک میوہ کا نام۔ ولایتی بیر۔ **عُنّابی**۔ عناب سے منسوب۔ عناب کی مانند سرخ۔ سرخ مائل بہ سیاہی۔

عِناد:۔ (مذ) لڑائی۔ سرکشی۔ ہٹ۔ ضد۔ دشمنی۔ کینہ۔

عَنادِل:۔ (مذ) عندلیب کی جمع۔ بلبلیں۔

عَناصِر:۔ (مذ) عنصر کی جمع۔ اصلی جزو۔ مادہ۔ **عناصر اربعہ**۔ خاک۔ باد۔ آتش۔ آب۔

عِنان:۔ (مو) باگ۔ ڈور۔ لگام۔ اختیار۔ سررشتہ

؎ ہاتھوں سے صبر کی بھی عنان چھوٹ جائے گی
مر جائیں گے حسین کمر ٹوٹ جائے گی انیس

عنان تاب۔ اشارے پر چلنے والا گھوڑا۔ **عنان حکومت ہاتھ میں لینا**۔ حکومت سنبھالنا۔

عِنایات:۔ (مو) عنایت کی جمع۔ مہربانیاں۔ **عنایت**۔ (مو) مہربانی۔ لطف۔ فیض۔ بخشش۔ توجہ۔ التفات۔ **عنایت فرما**۔ دوست۔ مہربان۔ **عنایت کرنا**۔ دینا۔ بخشنا۔ **عنایت نامہ** (مذ) خط۔ **عنایت ہو**۔ پھر پڑھیے (کیا خوب مطلع ہے پھر عنایت ہو)

عِنَب:۔ (مذ) انگور۔ کشمش۔ **عنب الثعلب** (مو) مکوہ۔

عَنبَر:۔ (مذ) ایک قسم کی خوشبودار چیز جو موم کی طرح پگھل جاتی ہے اور اس کا رنگ سیاہ ہوتا ہے۔ **عنبر آلود**۔ **عنبر بار**۔ خوشبودار۔ **عنبر اشہب** (بہ اضافہ۔ مذ) سیاہ رنگ کا عنبر۔ **عنبر بیں**۔ عنبر میں بسا ہوا۔ عنبر کے رنگ کا۔

عِند:۔ نزدیک۔ مرکبات میں مستعمل ہے۔ **عند الاستفسار**۔ **عند التحقیقات**۔ پوچھتے یا تحقیق کرتے وقت۔ **عند الطلب**۔ مانگنے کے وقت۔ مطالبہ کے وقت۔ **عند الضرورت**۔ ضرورت کے وقت۔ **عند الملاقات**۔ ملاقات کے وقت۔ **عند الناس**۔ لوگوں کے نزدیک۔ لوگوں کے خیال میں۔ **عند الوقوع**۔ واقع ہونے کے وقت۔

عِندِیَہ:۔ (۱۔ مذ) رائے۔ منشا۔ منصوبہ (پانا۔ پایا جانا۔ کھلنا۔ لینا)

عَندَلیب:۔ (مو) بلبل۔ ہزار داستان۔

عُنصُر:۔ (مذ) اصلی جزو۔ مادہ۔ اصل۔ بنیاد۔ **عناصر** جمع دیکھو عناصر۔

عُنفُوان:۔ (مذ) آغاز شباب۔ ابتدا۔ ج **عنفوان شباب**۔

ابتدائے جوانی۔

عَنقا:۔ (مذ) ایک پرندہ جو نام کو ہے لیکن جسم کو نہیں۔ نایاب۔ نادر الوجود۔ معدوم۔ ناپید۔ عنقا ہونا۔ کم ہونا۔ گم ہونا۔

عَنقَرِیب:۔ جلد۔ فوراً۔ کوئی گھڑی میں۔ کوئی دن میں۔ میر انیس نے ایک جگہ قرب مکانی کے معنی میں بھی لکھا ہے۔ لیکن یہ استعمال رائج نہیں ہے ؎

سر بار دوش ہے ہمیں رخصت کرو بہن
اب عنقریب خیمۂ عصمت میں تیغ زن

عَنکَبُوت:۔ (مو) مکڑی۔ قرآن مجید کا انتیسواں سورہ۔

عنوان:۔ (مذ) سبیل۔ طرح۔ طور۔ ڈھنگ ؎ ذوق

دیکھو قسمت کا لکھا اس نے پڑھا خط سو بار
دھیان پر میرا نہ مضمون کسی عنوان چڑھا

تمہید (عنوان سے اصل مطلب کھل گیا) سرنامہ ؎ ظفر

بھیجتے تھے خط ہمیں پہلے وہ جس عنوان سے
اب تو اک مدت سے وہ عنوان بھی جاتا رہا

عِنِّین:۔ (مذ) نامرد۔ جو عورت کے کام کا نہ ہو۔

عَوارِض:۔ (مو) عارضہ کی جمع بیماریاں پیش آنے والی باتیں۔ ناگریز حالات و واقعات۔

عَواطِف:۔ (مو و مذ) عاطفت کی جمع۔ مہربانیاں۔

عَواقِب:۔ (مذ) عاقبت کی جمع۔ کاموں کا انجام۔

عَوام:۔ (مذ) عامہ کی جمع۔ عام لوگ۔ رعایا۔ بازاری آدمی۔ عوام الناس۔ مذ عام لوگ۔ تمام آدمی۔

عَوامِل:۔ (مذ) جمع عامل اور عاملہ کی۔ عمل کرنے والے۔ وہ الفاظ جن کے عبارت میں آنے سے ان کے ماقبل یا مابعد کی حالت یا صورت میں تغیر ہو جاتا ہے۔

عُوج بن عُوق:۔ (مذ) ایک بہت لمبے شخص کا نام جو حضرت آدم کے وقت پیدا ہوا اور حضرت موسیٰ کے زمانے تک زندہ رہا۔ کہتے ہیں کہ طوفان نوح کا پانی اس کی کمر تک پہنچا تھا۔ بڑے احمق آدمی کو کہتے ہیں۔ نیز طولانی بات کو بھی بعض نے اس کا نام عوج بن عنق لکھا ہے۔ مگر صحیح بن عوق ہی ہے ؎

بات ان کی چلی ہی جاتی ہے
ہے مگر عوج بن عنق کی ٹانگ — میر

عَود:۔ (مذ) واپسی۔ لوٹنا۔ پھرنا۔ عود کرنا۔ لوٹ آنا۔ پھر آجانا۔ واپس آجانا۔

عُود:۔ (مذ) ایک قسم کی سیاہ خوش بودار لکڑی۔ ایک باجے کا نام جسے بربط بھی کہتے ہیں۔ عُود خام (مذ) عود خالص۔ عُود سوز (مذ) عود جلانے کا ظرف۔

عُور:۔ (مذ) برہنہ۔ ننگا ؎ آتش

عور رہتے ہیں تصور سے شب ہجر میں گرم
روئے روشن یار کا ہے یادگار آفتاب

عَورات:۔ (مو) عورت کی جمع۔

عَورَت:۔ بیوی۔ زن۔ جسم میں چھپانے کا مقام۔ ستر عورت (شرم گاہ چھپانا) عَورَت ذات (مو) عورت کی جنس۔ عورت (بیگم صاحبہ عشری عورت ذات دوانے کا انتظام کیونکر کریں) عورت کی عقل گدی پیچھے۔ عورت دیر میں سمجھتی ہے۔ عورت بے وقوف ہوتی ہے۔ عورت کی ناک نہ ہوتی تو گو کھاتی۔ عورت بے وقوف ہے۔ عورت مانی (مک) عورت ذات۔

عِوَض:۔ (مذ) بدل۔ معاوضہ۔ اجر۔ تاوان۔ قائم مقام۔ سزا۔ عذاب۔ عِوض لینا۔ بدلا لینا۔ کئے کی سزا دینا۔ عِوض معاوضہ یا مُعاوضہ (مذ) ادل بدل۔ ایک چیز لے کر دوسری دینا۔ عِوض معاوضہ گلہ ندارد۔ جس کا بدلہ ہو سکتا ہے۔ اس کی شکایت کیا۔ جس چیز کا بدلہ دے دیا اس کا احسان کیسا۔ عِوض میں۔ بدلے میں۔ انتقام میں۔ عِوضانہ (مذ) عوض۔ معاوضہ۔ کام کی اجرت۔ عِوضی۔ قائم مقام۔ قائم مقامی۔ عِوضی دینا۔ اپنی جگہ کوئی دوسرا آدمی دے کر آپ رخصت لینا۔ عِوضی کرنا۔ قائم مقامی کرنا۔ دوسرے کا کام کرنا۔

عَوعَو:۔ (مذ) کتے کی آواز۔ عف عف ؎ منشی محمد عباس

جو اپ کے کتے عوعو فریاد کرتے تھے
یہ سگ نہ کچھ سمجھتے تھے بیداد کرتے تھے

عَون:۔ (مذ) یاری۔ مدد ؎ شمیم

عون خدا بھی عون فلک احتشام پر
پڑھتے تھے سب درود محمدؐ کے نام پر

عَہد:۔ (مذ) وقت۔ زمانہ۔ قول۔ قرار۔ قسم۔ سلطنت کا زمانہ۔ سلطنت۔ پابندی جو عائد کر لی ہو۔ وعدہ۔ عہد باندھنا۔ عہد کرنا۔ قول قرار کرنا۔ عہد توڑنا۔ قول و قرار پر قائم نہ رہنا۔ عہد ٹوٹنا۔ قرار جاتے رہنا۔ پابندی نہ رہنا۔ عہدِ حکومت (مذ) سلطنت کا زمانہ۔ راج۔

عہد شکن :- اپنے قول و قرار پر نہ رہنے والا - **عہد شکنی** (مو) وعدہ خلافی - اقرار کے برخلاف کرنا - **عہد کرانا یا لینا** - اقرار لینا - قسم کھلانا - **عہد کر لینا** - شرط باندھ لینا - پکا ارادہ کر لینا چھوڑ دینا - قول و قرار کر لینا - وعدہ کر لینا - **عہد کرنا** - اقرار کرنا - وعدہ کرنا - نہ کرنے کی قسم کھانا - **عہد نامہ** (مذ) وہ کاغذ جو قول و قرار کے وثوق کے واسطے لکھا جائے - **عہدِ واثق** - پکا عہد - **عہد و پیمان** (مذ) قول و قرار - اقرار - ہر دو کا وعدہ - قسما قسمی - **عہد و پیمان توڑنا** - قول و قرار پر قائم نہ رہنا -

عُہدَہ :- (مذ) منصب - مرتبہ - افسری - ذمہ - درجہ ؎

عہدہ لڑکوں کا بھی کیا تم کو جنوں نے بخشا
بحر تنکوں کے عوض چنتے ہو کنکر پتھر

نیگ - وہ چیزیں جو تقریبات میں رشتہ داروں کو دی جاتی ہیں - **عہدہ برآ ہونا** - فرض ادا کرنا - اثر پورا کرنا - **عہدہ برآئی** - مو فرض کی ادائی - فرض سے سبکدوشی - غلبہ حاصل کرنا ؎

رنج و غم و اندوہ کے نرغے میں ہوں یارب
کس کس سے اکیلا میں کروں عہدہ برآئی رند

عہدہ پانا - درجہ پانا - افسری حاصل کرنا - **عہدہ دار** - افسر - عہدے والا - **عہدے سے باہر آنا** - کسی کام کی ذمہ داری کو پورا کر کے اس سے سبکدوش ہونا ؎ غالب

عہدے سے مدحِ ناز کے باہر نہ آسکا
گر اک ادا ہو تو اُسے اپنی قضا کہوں

عِیادت :- (مو) بیمار کی مزاج پرسی - **عیادت کرنا** - بیمار کو پوچھنا - مزاج پرسی کرنا - **عیادت کو جانا** - بیمار کی خیریت پوچھنے جانا -

عَیَاذاً باللہ :- خدا کی پناہ - معاذاللہ ع غالب

کس قدر ہرزہ سرا ہوں کہ عیاذاً باللہ

عِیار :- (مذ) سونے چاندی کا کانٹا - کسوٹی - کھرا ہونا - ؎ سکۂ شہ کا ہوا ہے روشناس
اب عیارِ آبروئے زر کھلا غالب

عَیَّار :- مکار - فریبی - ٹھگ - چالاک - ہوشیار - **عیاری** - (مو) فریب - دغا - چالاکی - دھوکا بازی -

عَیَّاش :- تماش بین - اوباش - رنڈی باز - **عیاشی** - تماش بینی - نفس پرستی - اوباشی -

عَیَال :- عیال (مذ) بیوی بچے - بال بچے - **عیال دار** - بال بچے والا - کنبے والا - **عیال داری میں پھنسنا** - بال بچوں کے بکھیڑے میں گرفتار ہونا - خانہ داری کے جھگڑوں میں گھرنا -

عِیَاں :- آنکھوں دیکھا - ظاہر - کھلا ہوا - **عیاں را چہ بیاں** - جو بات ظاہر ہے - کہنے سننے کی محتاج نہیں - **عیاں کرنا** - ظاہر کرنا - کھول دینا - **عیاں ہونا** - ظاہر ہونا - کھلنا - معلوم ہونا -

عَیب :- (مذ) نقص - بُرائی - داغ - دھبا - کسر - خرابی - **عیب اُچھالنا** - عیب کو مشہور کرنا - **عیب کھجانا** - چھپے ہوئے عیب ظاہر کرنا - **عیب بیں** - **عیب پر** نظر ڈالنے والا - عیب ڈھونڈنے والا - **عیب پوش** - دوسروں کا عیب چھپانے والا - **عیب تراش** - عیب بیں - **عیب تھپنا** - الزام لگنا - **عیب جاننا** - برا جاننا - برا خیال کرنا - **عیب جو** - نقص یا عیب نکالنے والا - **عیب چھپانا** - پردہ پوشی کرنا - خطا قصور چھپانا - **عیب بینی** - **عیب جوئی** - **عیب دار** - عیبی - جس میں کوئی عیب ہو - **عیب ڈھکنا** - کمزوری غلطی چھپانا (متعدی بھی) عیب سے بری یا پاک ہونا - **بےعیب ہونا** - بے نقص ہونا - عیب بھی کرنے کو ہنر چاہیے - ہنرمندی ہے جو عیب کیا جائے وہ چھپا رہتا ہے اور عیب نہیں معلوم ہوتا - **عیب کھلنا** - عیب ظاہر ہونا - **عیب کوئی** - عیب بیان کرنا - **عیب گیری کرنا** - نقص نکالنا - **عیب لانا** - شرارت کرنے لگنا - **عیب لگانا** - الزام دھرنا - کلنک لگانا - بدنام کرنا - **عیب نکالنا** - نقص ظاہر کرنا - برائی نکالنا - **عیب و ثواب** - صحیح اور غلط - **عیبی** - داغی - کھوٹا - شریر - بدذات - (جانور کے لیے) مریض - روگی -

عِید :- (مو) مسلمانوں کے جشن کا روز جو رمضان کے بعد یکم شوال کو ہوتا ہے - خوشی کا تہوار - نہایت خوشی -

عید اضحیٰ یا عید قربان (مو) مسلمانوں کا وہ تہوار جس میں قربانیاں اور حج کرتے ہیں - **بقر عید** - **عیدالضحیٰ** - دسویں ذی الحجہ کی عید - **عید شجاع** - (بہ اضافہ انوریت) نوروز - **عیدالفطر** (مو) رمضان سے فراغت کی عید - عید - **عیدِ غدیر** - غدیر خم ایک موضع کا نام ہے جو مکہ مدینہ کے مابین واقع ہے - حضور نے حجۃ الوداع سے واپسی میں یہاں منزل فرمائی اور حضرت علی کی شان میں من کنت مولاہ فھٰذا علی مولاہ ارشاد فرمایا - مذہب امامیہ والے اس جملہ کو حضرت علی کے خلیفہ رسول ہونے کی دلیل سمجھتے اور ۱۸ ذی الحجہ کو جبکہ آنحضرت نے غدیر خم میں یہ اعلان کیا تھا جشن مناتے ہیں - **عید کا چاند** (مذ) رمضان کے بعد کا چاند - شوال کا مہینہ - وہ شخص جسے مدت کے بعد انتظار اور حالت اشتیاق میں دیکھیں - **عید کا چاند نکلنا** - اس دوست کا نظر آ جانا جس کا مدت سے اشتیاق ہو - **عید کا چاند ہو جانا** - بہت آرزو اور اشتیاق کے بعد ملنا - بہت کم نظر آنا - **عید کے پیچھے ٹر** - وقت گزر جانے

سے چھپا ہوا - نیست نابود - غارت کا مارا - تباہ شدہ - خانہ خراب - اُجڑا - عورتیں بے زاری میں یہ کلمہ زبان پر لاتی ہیں غارت کرنا - تباہ کرنا - برباد کرنا - اکارت کھونا - تلف کرنا - فنا کرنا - غارت گر (مذ) لٹیرا - قزاق - غارت گری (مو) لوٹ مار - لوٹ کھسوٹ - غارت گیا دیکھو غارت کا مارا - غارت ہو - (بددعا) اُجڑ جائے - فنا ہو جائے - تباہ ہو غارت ہونا - تباہ ہونا - اینٹ سے اینٹ بجنا - ضائع ہونا - دُنیا سے جاتے رہنا - رُخصت ہونا - غارتی (مو) غارت کا مارا -

غازہ :- (ف - مذ) ایک قسم کا خوشبودار سرخ پوڈر یا سفوف جو عورتیں سُرخی کے واسطے رُخساروں پر ملتی ہیں ؎ اسیر

اللہ رے انقلاب جہاں پلید کا خونِ حسین غازہ ہے روئے یزید کا

غازی :- (ع - مذ) کافروں سے لڑنے والا مسلمان فاتح - بہادر - بادشاہوں کا خطاب - غازی مرد - مذ بہادر آدمی - گھوڑے کا خطاب - غازی میاں سُلطان محمود غزنوی کے بھانجے مسعود میاں غازی کا خطاب - جن کے نام کی چھڑیاں کھڑی کر کے بہرائچ میں میلہ لگتا ہے -

غاشیہ :- (ع - مذ) وہ کپڑا جو چار جامہ کے اُوپر ڈالتے ہیں - غاشیہ بردار - سائیس - خدمت گار - فرماں بردار -

غاصب :- (ع) جبراً دوسرے کا مال لینے والا - زبردستی کسی کی چیز دبا بیٹھنے والا -

غافر :- گناہ بخشنے والا - اُردو میں تنہا مستعمل نہیں - غافر الذنوب - اللہ تعالے -

غافل :- (ع) بے خبر - بے فکر - بے پروا - بے سُرت جو سو رہا ہو - جو مست ہو -

غالب :- (ع) غلبہ پانے والا - شکست دینے والا - زبردست - اکثر (وہ غالب اوقات باہر ہی رہتے ہیں) سبقت لے جانے والا - غالب آنا - غلبہ کرنا - جیتنا - سبقت لے جانا - زیر کرنا - غالب رہنا - چھا جانا - بڑھ چلنا - غالب ہے - یقین ہے - گمان ہے - غالباً - یقیناً - گمان ہے - شاید - (غالب مرزا محمد اسد اللہ خان م ۱۸۶۹ء کا تخلص)

غالی :- (ع) حد سے گزرنے والا - مدح میں بہت مبالغہ کرنے والا - ایک فرقہ جو حضرت علی کو حضورؐ سے بڑھاتا ہے (نعوذ باللہ)

غالیچہ :- (ف - مذ) ایک قسم کی گلکاری کیا ہوا فرش - قالین

غائب :- (ع) جو موجود نہ ہو - غیر حاضر - چھپا ہوا - ایک کی شطرنج - غائب باز (مذ) وہ شخص جو بساط کے سامنے بیٹھ کر شطرنج نہ کھیلے - پشت کر کے کھیلے - مہارت دکھانے کے لیے - غائب غلہ - بالکل غائب - تلپٹ - غائب غلہ کرنا - کر دینا - تلپٹ کر دینا - چھپا دینا - غائب کرنا - غائب غلہ ہونا - تلپٹ ہو جانا - غائب ہونا - غائب کرنا - چھپانا - پوشیدہ کرنا - چرانا - غائب کھیلنا - بن دیکھے شطرنج کی چالیں چلنے والا - غائب ہونا - پوشیدہ ہونا - چھپنا - چوری جانا - حاضر نہ ہونا - موجود نہ ہونا - غائبانہ - غیر حاضری میں - پیٹھ پیچھے (ذکر بِن کر بغیر دیکھے) وہ شطرنج جو غائب باز کھیلتے ہیں - دیکھو غائب باز -

غایت :- (ع) غرض - مطلب (ان کے آنے کی غرض و غایت کیا ہے) انتہا - انجام ؎ سالک

جور و ستم کی اُن کے جو غایت نہیں رہی
یاں بھی مری وفا کی نہایت نہیں رہی

غایت درجہ - اخیر درجہ - انتہائی -

غائر :- (ع) گہرا - وسیع (نظرِ غائر سے معلوم ہوتا ہے کہ مُنہ میں کچھ اور بات ہے)

غائی :- (ع) دیکھو علت غائی -

غُبار :- (ع - مذ) گرد - دُھول - کدورت - رنج - دشمنی - تیرگی - خیرگی - نیز خطِ غبار (دیکھو خطِ غبار) غبار اُٹھنا - آندھی اُٹھنا - گرد کا بلند ہونا - غبار آلود - گرد میں بھرا ہوا - غبار آنا - کدورت آنا - رنج آنا - میل آنا - غبار بڑھنا - کدورت زیادہ کرنا - غبار بیٹھنا - دل میں کدورت - اڑی ہوئی خاک جم جانا - غبار رکھنا - رنجش رکھنا - غبار خاطر مذ دل کا رنج - دل کا ملال - رنجش - غبار نکالنا - کدورت نکالنا - دشمنی کا بدلہ لینا - دل کا بخار نکالنا ؎ داغ

بیان سوزِ جگر پر یہ آپ گھبرائے
نکالنا ابھی دل کا غبار باقی ہے

غبار ہونا - فضا میں گرد - دل میں رنجش - آنکھوں میں دھندلا پن ہونا -

غُبارا :- (ایک - غُبّ بارا - ا - مذ) ایک قسم کی ہوا میں اُڑانے کی آتشبازی - ہوا میں اڑانے کا بیلون ؎

اُڑے گا گنبدِ افلاک بن کے غبارا
جو میری آہ جہاں سوز کا دھواں پہنچا ﴿ بحر

غَبغَب :- (ع - مو) ٹھوڑی کے نیچے لٹکا ہوا گوشت جو خوب صورتی میں داخل ہے ؎ آتش

ایک کو ایک سے پاتا ہوں میں یاں بالادست
زیرِ لب ہے جو ذقن زیرِ ذقن غبغب ہے

غِبطہ :- (ع - مذ) کسی کے مال یا کمائی پر اس کے زوال

کی خواہش کے بغیر رشک کرنا۔ (جیسے آپ کے صبر و سکون پر غبطہ ہوتا ہے)

غَبن:۔ (غَبَن ۔ ع ۔ مذ) سپرد کئے ہوئے مال کی چوری۔ خیانت۔ غبن کرنا ۔ چڑھ۔ خیانت کرنا۔

غَبِی:۔ (ع) کم عقل۔ کُند ذہن جس کا حافظہ درست نہ ہو۔

غَپ:۔ (ا ۔ مو) جھوٹی اور شیخی کی بات ۔ کثرت ۔ جلدی سے حلق وغیرہ میں اُترنے کی آواز۔ غپ اُڑانا۔ جھوٹی باتیں ہانکنا۔ غپ شپ ۔ اِدھر اُدھر کی فضول باتیں۔ باتیں ۔ غپ شپ اُڑانا ۔ اِدھر اُدھر کی باتیں کرنا۔ غپا غپ ۔ متواتر ۔ پے در پے ۔ کثرت سے ۔ کسی نرم چیز کے اندر جانے کی آواز ۔ غپا (مذ) دھوکا ۔ فریب ۔ اُڑتے ہوئے پتنگ کی ڈور ۔ اس کے چھٹ جانے پر تیزی سے کھینچنا۔ غپی ۔ جھوٹا ۔ لپاڑیا ۔ شیخی خورا۔

غتر بود:۔ (ع تر ۔ بود ۔ مذ) غلط ملط کرنا ۔ ملا جُلا دینا ۔ برباد کرنا ۔ گڑبڑ اور گندمند کرنا (کرنا ۔ ہونا کے ساتھ لازم)

غٹ:۔ (ا ۔ مذ) گروہ ۔ جتھا ۔ ہجوم ۔ گھونٹ یا حلق میں اُترنے کی آواز ۔ غٹ پٹ ہونا ۔ لڑائی میں گتھ جانا۔ غٹ غٹ پینا ۔ اس طرح پینا کہ حلق کے اندر سے آواز آئے۔ بغیر گھونٹ لئے پینا ۔ غٹا غٹ ۔ صراحی سے پانی نکلنے کی آواز۔ جسے قلقل کہتے ہیں ۔ متواتر پینے کی آواز ۔ غٹر غٹر پینا ۔ غٹ غٹ پینا ۔ مزے لے لے کر پینا ۔ غٹر غٹر دیکھنا ۔ مزے سے بے جھجکے دیکھنا ۔ غٹر غٹر سُننا ۔ مزے لے لے کر سننا ۔ غٹر غوں ۔ غٹ غوں ۔ کبوتر کے کوکنے کی آواز ۔ غٹک جانا ۔ نگل جانا ۔ جلدی سے کھا پی لینا۔

غچ:۔ (ا ۔ مو) تلوار کے گوشت کے اندر گھسنے کی یا کیچڑ میں کسی کے چلنے کی آواز ۔ غچا غچ (مو) تلوار کے گوشت میں گھسنے کی یا کیچڑ میں کسی کے چلنے کی آواز ۔ غچاکا (مو) گوشت میں چھری گھسنے کی آواز۔

غچا:۔ (ا ۔ مذ) دھوکا دینا ۔ کھانا) کیچڑ میں گھسنے یا دلدل میں چلنے کی آواز ۔ جماع کی آواز ۔ غچا دینا (عوام) دھوکا دینے سے غریب

دشمن نہ ترا کبھی تجھے غچا دے
اللہ سخاوت کا صلہ سچا دے

غچ غچ:۔ (ا ۔ مو) اژدحام ۔ کچا کچ۔

غچلی:۔ (ا) میلا ۔ گندا ۔ وہ آدمی جو اپنے جسم کی صفائی نہ رکھے۔

غَدّار:۔ بے وفا ۔ مفسد ۔ باغی ۔ نمک حرام ۔ جب شہر کی صفت ہو تو وسیع کے معنی (یہ شہر غدار ہے۔ ایک گوشے سے دوسرے گوشے تک دو دن میں بھی نہیں جا سکتے ہو)

غَدَر:۔ (ع ۔ مذ) سنہ ۱۸۵۷ء کا جہاد آزادی ۔ بے وفائی۔ بغاوت ۔ ہل چل ۔ کھلبلی ۔ بلوہ ۔ ہنگامہ ۔ غدر پڑنا ۔ بغاوت ہونا ۔ بڑا ہنگامہ ہونا ۔ غدر کرنا یا مچانا ۔ فساد اُٹھانا ۔ غل مچانا۔ بغاوت کرنا ۔ غدر کی بات ۔ بہت پرانی بات۔

غُدُود:۔ (ع ۔ مذ) گلٹی ۔ گوشت کے اندر کی گرہ۔

غَدِیر:۔ (ع ۔ مذ) تالاب ۔ جوہڑ ۔ جھیل ۔ غدیر خم ۔ دیکھو عید غدیر۔

غِذا:۔ (ع ۔ مؤ) خوراک جس سے بدن کی پرورش ہوتی ہے۔ غذا لگنا ۔ غذا کا جزو بدن ہونا ۔ غذائے ثقیل (مو) وہ خوراک جو دیر میں ہضم ہو ۔ غذائے لطیف (مو) وہ خوراک جو جلد ہضم ہو ۔ ہلکی خوراک۔

غَرّا:۔ (ع) اصلی لفظ غرّہ ۔ مشہور جنید (آپ شاعر غرّا ہیں۔ دُور دُور آپ کی شہرت ہے) کبھی غنزا بھی بولتے ہیں۔

غُراب:۔ (ع ۔ مذ) کوّا ۔ غراب البین ۔ عرب کا خیال ہے کہ جن مکانوں پر یہ کوّا بولتا ہے ۔ وہاں کے لوگ ایک دوسرے سے جدا ہو جاتے ہیں ؎ منیر

پڑے ہیں گورے کالے ہند میں باہم غضب آیا
غراب البین کے سائے سے پھیلی ہے یہ ویرانی

غَرارَہ:۔ (ف ۔ مذ) حلق میں پانی ڈال کر کلی کرنا جس سے غرغر کی آواز نکلے ۔ ڈھیلے پائنچوں کا پاجامہ۔ غرارہ کرنا ۔ حلق میں پانی ڈال کر غرغر کرنا ۔ کلی کرنا۔

غُرّاں:۔ (ف) شور کرنے والا ۔ دہاڑنے والا ۔ چنگھاڑنے والا ۔ خونخوار درندہ ۔ غضب ناک ۔ غرّانا ۔ غصے کی آواز نکالنا ۔ چنگھاڑنا ۔ غصے سے چیخنا۔

غَرائِب:۔ (ع ۔ مذ) غریب (یعنی انوکھی) کی جمع عجیب و نادر چیزیں۔

غَرْب:۔ (ع ۔ مذ) مغرب ۔ پچھم ۔ غربی ۔ پچھم سے منسوب۔

غُرَبا:۔ (ع ۔ مذ) غریب کی جمع ۔ پردیسی لوگ ۔ غریب ۔ محتاج ۔ کنگال ۔ مفلس۔

غِربال:۔ (ع ۔ مو) آٹا چھاننے کا برتن ۔ چھلنی ؎ امیر

یہ تیرے تیز نے پست و بلند کو چھانا
زمیں ہے خانۂ زنبور آسمان غربال

غُربَت : (ع - مو) مسافرت - غریبی - انکسار - بھولا پن - غُربت زدہ - وطن سے دُور -

غُرّش : (ف) غرّانا - بعضوں نے اسے بغیر تشدید بھی لکھا ہے ؎ اوج

زبسکہ بند تھی نو دس برس سے اس کی خورش
سو ایک لقمہ جو بہم ہوئے سب اس کی غرش

غَرَض : (ع - مذ) مقصد - مطلب - حاجت - قصہ مختصر - حاصل کلام - ارادہ - خواہش - پروا - ضرورت - غرض آشنا - غرض کا یار - غرضی - خود مطلبی - غرض اٹکنا - ضرورت وابستہ ہونا - غرض باؤلی ہوتی ہے - مطلب آدمی کو دیوانہ اور بے وقوف بنا دیتا ہے - غرض رکھنا - مطلب رکھنا - اُمید رکھنا - غرض (کا) باؤلا اپنی گاوے (مثل) حاجت مند کو اپنی ہی دھن رہتی ہے - غرض پڑنا - ضرورت ہونا - دل چاہنا - غرض ڈالنا - غرض اٹکانا - ؎

انشا خیال محض ہے ہرگز نہ بھولیو
ہرگز کسی کے ساتھ نہ ڈالے خدا غرض

غرض جتانا - ضرورت سے مطلع کرنا - غرض کا بندہ - غرض مند - مطلبی - بے مروت - وقتی دوست - غرض کا سودا - مجبوری کا کام - غرض کا معاملہ - غرض کے لیے گدھے کو باپ بنانا پڑتا ہے - مجبوری میں سب کچھ کرنا پڑتا ہے - غرض ہونا - مطلب ہونا - غرضکہ - مختصر یہ ہے کہ - غرض کا یار - غرض آشنا - غرض مند - حاجت رکھنے والا - خواہش مند - غرض نکالنا - مطلب پورا کرنا - کام نکالنا - غرضی - غرض والا - حاجت مند - لالچی -

غَرغَرہ : (ع - مذ) غرارہ (کلی کے معنی میں)

غُرفِش : (ا - مو) کتے - شیر بلی کی غصے میں بھری ہوئی آواز جو ایک دوسرے سے مقابلہ کے وقت نکلتی ہے - زبان کی تکرار - لایعنی گفتگو - غیر آمیز باتیں - دھمکی - غرفش کرنا - لانا - دھمکانا - تکرار کرنا -

غُرفہ : (ع - مذ) دریچہ - کھڑکی - جھروکہ - غرفہ کی بات (مو) خفیہ بات - پوشیدہ بات -

غَرَق : (ع - مذ) ڈوبا ہوا - نہایت محو - نشے میں چور - کمر پانی - نہایت محو - غرقی (مو) پانی میں ڈوبی ہوئی زمین - سیلاب - ایک قسم کی کمر پوری لنگوٹی - ایک قسم کا خود - غرقی میں آنا - سیلاب میں ڈوب جانا -

غُروب : (ع - مذ) چاند یا سورج کا چھپنا -

غُرور : (ع - مذ) فخر - گھمنڈ - گمان - مان - غرور آنا - تکبر آنا - غرور ڈھانا - غرور مٹا دینا - غرور ڈھے جانا - تکبر اور نخوت کا سر جھک جانا ؎ بحر

ایک دن ڈھے جائے گا تیرا غرور اے باغبان
جڑ سے گل بوٹے اکھڑ جائیں گے بے بنیاد

غرور کرنا - اترانا - فخر کرنا - ناز کرنا -

غُرّہ : (ع - مذ) ہر قمری مہینے کی پہلی تاریخ - جس کام کو روز یا معمولاً کرتے ہوں - اس کو نہ کرنا - فاقہ - غرہ بتانا - ٹال جانا - غرہ دینا - ناغہ کرنا ؎ منیر

دیکھے تجلی ابدی الظہور اگر
غرہ نہ دے زلیخا کو پھر ایک بار چاند

فاقہ کرنا - غرہ کرنا - ناغہ کرنا - فاقہ کرنا -

غِرّہ : (ف) غرور - گھمنڈ - ناز - بعض لوگ اسے الف سے لکھتے ہیں - لیکن یہ غلط ہے ؎ ذوق

جی میں ہے اپنے غرہ جوہر کو توڑ دوں

اگر الف سے ہوتا تو "غرائے جوہر" نظم کیا جاتا - غرہ توڑنا - زک دے کر کسی کا غرور زائل کرنا - غرہ ڈھینا - غرور مٹ جانا - نیچا دیکھنا - غرہ کرنا - غرے میں آنا - اترانا - غرور کرنا - غرہ مٹنا - غرہ ڈھینا - غرہ ہونا - ناز ہونا - گھمنڈ ہونا - فخر ہونا - غرے ڈبے (اس کا غین مضموم بولا جاتا ہے) دھمکی - ڈرانا (دکھانا کے ساتھ) جیسے یہ غرے ڈبے کسی اور کو دکھایئے -

غَرِیب : (ع - مذ) مسافر - پردیسی - عجیب - انوکھا - مسکین - عاجز - کنگال - غریب آزار (ف) ظالم - غریب کو جب میسر آئے امیر کو جب بھوک لگے - غریب کی خواہش خواہش ہی کیا غربت بیچ میں پڑتی ہے - کنجوس سے مال ختم ہوا جاتا ہے - غریب حرام زادہ بہت شریر مسکین صورت - غریب مسو - غریبوں کا بیا روکھا سوکھا - غریب الوطن (مذ) مسافر - پردیسی - بے گھر - غریب پرور - غریبوں کی پرورش کرنے والا - غریب خانہ - اپنے مکان کی نسبت انکسار سے بولتے ہیں - غریب زادہ مسافر زادہ - حرام زادہ - غریب غربا (مذ) محتاج - کنگال - بھوکے ننگے - غریب کی جورو سب کی بھابی (مثل) - غربت میں آدمی کی عزت نہیں ہوتی - غریب نے روزے رکھے تو دن بڑے ہوئے - مصیبت پر مصیبت آتی ہے - غریب کی ہر طرح شامت ہے - غریب کو اچھے وقت بھی برا وقت پیش آتی ہیں - غریب نواز - غریب پرور - غریبی (مو) مسافرت - ناداری - مفلسی - عاجزی - محتاجی - غریبی آٹا - برے دن آنا - مفلس ہونا - وہ تین دلچسپ کہ وقت آئے جب غریب تیرے تین نام - جھوٹا - بانی - بے ایمان - غریب کی جوانی کڑی کی

ناک پر ہونا - بات بات پر غصہ آنا - ذرا ذرا سی بات پر بگڑنا - غصہ مارنا - خفگی کو ضبط کرنا - غصہ مرنا - لازم - غصہ نکالنا - دل کا بخار نکالنا - بدلہ لے کر دل ٹھنڈا کرنا - غصہ ور - بدمزاج - غصے سے بھوت ہونا - غصے کے مارے اپنے سے باہر ہوجانا - غصے سے لال ہوجانا - غصے کا جن - غصہ (چڑھنا - اترنا - اتارنا کے ساتھ) غصے کی آنکھ - وہ نظر جس سے غصہ ظاہر ہو - کڑی نگاہ - غصیل - غصیلا - بدمزاج - مغلوب الغضب - غصے میں آگ رہنا - غصے میں بھرا رہنا - غصے میں بوٹیاں کاٹنا - غصے میں بھر کر جسم کی دانتوں سے بوٹیاں کاٹنا - نہایت غصے میں آنا - غصے میں بھر جانا یا لال ہونا - غصے کے مارے آپے سے باہر ہونا - غصے ہونا - ناراض ہونا - خفا ہونا -

غَضَب :- (ع - مذ) قہر - غصہ - آفت - بلا - مصیبت ع اسیر

وہ غضب میں نہیں آئے یہ غضب اور بھی ہے

نہایت بے جا بات (تمہارے ہوتے کسی اور سے مانگوں تو بڑا غضب ہے) لعنت - مار (تجھ پر خدا کا غضب پڑے) اندھیر - زبردستی - ظلم (بڑا غضب ہے کہ چوروں کا کچھ انتظام نہیں ہوتا) ستم - گرفت ~ مصحفی

گر ایک غصہ ہو تو کرے کوئی گوارا

رفتار غضب ہے تیری گفتار غضب ہے

مبالغے کے لیے (اس بچے کا حافظہ غضب ہے) بااثر - کارگر ~

ہوتا ہے سپند ایک ہی آواز میں آخر

کیا سوختہ جانوں کی بھی فریاد غضب ہے ذوق

مجبوری اور افسوس ظاہر کرنے کے لیے ع رند

غضب یہ ہے کہ سمجھتا نہیں زبان صیاد

آفت کا پرکالہ - فتنہ برپا کرنے والا (غضب کی چال ہے) نہایت دشوار - نہایت ناگوار - کمال مشکل (یہ غضب ہے کہ تم بھی چھوڑ دوں) حیرت اور تعجب ظاہر کرنے کے لیے (یہ غضب کیا کہ آگ میں کود پڑا) ناراض - خفا - رنجیدہ ~ ذوق

اللہ کرے خیر مرے شیشۂ دل کی

پھر آج وہ مست مئے بیداد غضب ہے

عجیب - انوکھا ع ذوق

آنکھوں کو تمہاری یہ فسوں یاد غضب ہے

خوبی میں یکتا - کمال حسین ع ذوق

ہم جس پہ ہیں عاشق وہ پریزاد غضب ہے

ضرر رساں - بہت بڑا (مفلسی میں اولاد کی کثرت غضب ہے) افراط ظاہر کرنے کے لیے ع صبا

یہ دل میں غضب سما گیا روح رواں سبز رنگ

غضب آلودہ - غصہ میں بھرا ہوا - غضب الٰہی (مذ) خدائی قہر - آسمانی مصیبت - غضب آنا - آفت آنا - کم بختی آنا - غضب بنی ہے - بری بنی ہے - بے ڈھب بنی ہے - غضب پڑنا - آفت آنا - خدائی قہر میں گرفتار ہونا - غضب توڑنا - فساد برپا کرنا - آفت ڈھانا - غضب ٹوٹنا - آفت آنا - شامت آنا - غضب جوتنا (لک - عو) ہنگامہ - شور کرنا - آفت ڈھانا - غضب خدا کا - کلمۂ تنفر - نفرت اور تعجب کے موقع پر بولتے ہیں جیسے غضب خدا کا کوئی ایسا بھی کام کرتا ہے - غضب ڈھانا - نہایت ظلم کرنا - فساد مچانا - کوئی انوکھا کام کرنا - غضب کا بنا ہوا - آفت کا پرکالا - نہایت مکار - غضب کا سامنا - فتنے کا مقابلہ - آفت کا سامنا - غضب کرنا - ظلم کرنا - آفت برپا کرنا - کوئی نامناسب کام کرنا - انوکھی بات کرنا - عجیب کام کرنا - اندھیر کرنا - شور مچانا - غضب کی - تعریف کے قابل - بیان سے باہر - بے ڈھب - غضب لانا - آفت لانا - مصیبت لانا - غضب میں پڑنا یا گرفتار ہونا یا آجانا - آفت میں پڑنا - بپتا میں پھنسنا - غضب نازل ہونا - کوئی آفت یا مصیبت آنا - خفگی ہونا - عتاب ہونا - غضبناک - غصے میں بھرا ہوا - خفا - برہم (کرنا - ہونا) غضبناک کرنا - برافروختہ کرنا - بھڑکانا - غصہ دلانا - غضبناک ہونا - آگ بگولا ہونا - غضب ہونا - غصے ہونا - خفا ہونا - بھڑکنا - کام بگڑنا - نہایت حسین ہونا - کسی ایسے امر کا واقعہ ہونا جو موجب نقصان ہو - تعریف میں مبالغہ کے لیے ع امانت

جوانی میں غضب ہوگا جو آفت ہے لڑکپن میں

غضب ہے - آفت ہے - ستم ہے - اندھیر ہے - غضب کا ہے - غضبن (مو) بے ڈھب عورت - نہایت ہوشیار اور چالاک عورت - مردم آزار عورت - غضبی مذ غصیل - بدمزاج - ظالم - بے ڈھب - دلیر - ستمگر - غضبی آنا - آفت آنا - غضبی باندی - وہ باندی جو زیر عتاب ہو - غضبی خانہ - غصہ - غضب - قہر - عتاب - غضبی خانہ اتارنا - غضبناک ہونا - آفت لانا - غصہ ہونا - غضبی خانہ اترنا - عتاب نازل ہونا - قہر ٹوٹنا - آفت آنا - (ادھر باہمہ تنگ ہوا ادھر نوکر چاکروں پر غضبی خانہ اترا)

غَضَنفَر :- (ع - مذ) شیر ببر - جری - بہادر - غضنفری - بہادری

~ غضنفری کی نمائش آغاز پہ تمامی ہے

کہ اس جناب کا عباس نام نامی ہے اوج

غَف :- (ا) موٹا - وہ کپڑا جو خوب ٹھوک کر بنا گیا ہو -

غَفّار :- (ع) بہت بخشنے والا - خدا تعالیٰ کا صفاتی نام -

غُفران : (ع - مذ) آمرزش - تنہا مستعمل نہیں - غفران مآب - مرحوم و مغفور - مرنے والے کے نام سے پہلے لکھتے ہیں -

غَفلت : (ع - مو) بے توجہی - بھول چوک - بے پروائی - بے ہوشی - نیند - **غفلت پیشہ** - غافل - بے خبر - **غفلت زدہ** - نہایت غافل اور بے خبر - **غفلت شعار** - غفلت برتنے والا - غفلت کرنے والا - **غفلت کا پردہ اُٹھ جانا** - ہوش میں آنا - باخبر ہونا - **غفلت کا پردہ پڑ جانا** - بے خبر اور مدہوش ہونا - **غفلت کرنا** - خبر نہ لینا - بے پروائی کرنا - بھولنا - **غفلت ہونا** - بھول ہونا - چوک جانا - **غفور** - خطا بخشنے والا - خدائے تعالیٰ کا صفاتی نام - **غفور الرحیم** - بخشنے اور کرم کرنے والا - خدائے تعالیٰ -

غَفیر : (ع) بہت انبوہ - بھیڑ - ہمیشہ جم کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (جم غفیر)

غُل : (ف - مذ) شور - غوغا - واویلا - دھوم - **غل برپا ہونا** - شور مچنا - غوغا ہونا - **غل غپاڑا** (مذ) شور و غل - واویلا مچانا - **غل کرنا یا مچانا** - چیخنا چلانا - شور کرنا - **غل ہونا** - شور ہونا - دھوم ہونا -

غِلاظت : (ع - مو) ناپاکی - گندگی - نجاست - میل کچیل -

غِلاف : (ع - مذ) تکیہ یا کسی چیز کے اوپر کا کپڑا - تلوار کی میان - خشخشے کے اوپر کی کھال جو ختنہ میں کاٹی جاتی ہے - جزدان - کعبے کی پوشش : غلاف کعبہ - خول - **غلاف اتارنا** - **غلاف بدلنا** - **غلاف بدلا جانا** - **غلافی** - مٹھائی پر شیرہ چڑھانا - پاگنا - **غلافی آنکھ** (مو) مبہوتری اور بھیگی ہوئی آنکھ - وہ آنکھ جو پپوٹوں سے ڈھکی ہوئی ہو -

غُلام : (ع - مذ) اپنے لیے کلمۂ عجز و انکسار - نیاز مند - بندہ - اس کے ایک بیٹے کا نام - زر خرید نوکر - خادم - نوکر - مطیع فرمان - **غلام بنانا** - مطیع بنانا - نوکر بنانا - **غلام بے درم یا بے دام** - بے داموں کا غلام - ادنیٰ غلام - **غلام زر خرید** - دام دے کر لیا ہوا غلام - بردہ جس کا قدیم زمانے میں رواج تھا - **غلام کا غلام** - لونڈی بچہ - ادنیٰ غلام - **غلام کرنا** - تابع کرنا - مطیع کرنا - **غلام گردش** (مو) حرم سرا اور دیوان کے بیچ کی دیوار - پردے کی دیوار - **غلام مال** (مذ) وہ چیز جو مدتوں غلام کی طرح کام دے - **غلام مول لینا** - بطور غلام خریدنا - کسی شخص سے اس کے فرض منصبی سے زیادہ کام لیں تو وہ بھی کہتا ہے کہ غلام مول لیا ہے - **غلام ہونا** - چاکر ہونا - تابعدار ہونا - **غلامی** (مو) بندگی - اطاعت - نوکری - **غلامی اختیار کرنا** - خدمتی ہونا - غلام بننا - **غلامی کا خط لکھ دینا** - غلام ہو جانے کا عہد و پیمان کرنا - **غلامی میں دینا** - خدمت میں دینا - بخش کرنے کے واسطے دینا - **غلامی میں قبول کرنا** - ملک یا خدمت کے لیے - دامادی کے واسطے لے لینا -

غَلَبہ : (ع - مذ) زبردستی - حملہ - زور (غم و اندوہ کا غلبہ) زیادتی (یہ مسئلہ غلبہ لانے سے طے ہوا) جیت - فوقیت - سبقت - غالب نے بسکون لام بھی لکھا ہے -

ہے ہوا غلبہ میسر کبھی کسی پہ مجھے
کہ جو شریک ہو میرا شریک غالب ہے

غلبہ پانا - فتح پانا - جیتنا - غالب ہونا - **غلبۂ رائے** (بہ اتفاق - موں) رائے کی زیادتی - کثرت آراء - **غلبہ کرنا** - غالب آنا - حملہ کرنا - فتح کرنا - **غلبہ ہونا** - کثرت ہونا - فتح ہونا -

غَلَت : (ع - مو) حساب کی بھول چوک - سہو :

وقت حساب کثرت اغیار وصل میں
کہتے ہیں بات ٹال کے گنتی غلت ہوئی

اس غزل کے قافیے مغفرت - لغت وغیرہ ہیں -

غَلَط : (ع) جو صحیح نہ ہو - جھوٹ - خلاف - **غلط العام** (مذ) وہ غلطی جسے سب لغیر یا عام لوگ استعمال کریں اور کلام زبان بالاتفاق اسے صحیح مان کر محاورے اور شعر و سخن میں لائیں - **غلط العوام** (مذ) وہ غلطی جو جاہل اور بازاری اشخاص اپنی جہالت اور بے علمی کے سبب کرتے ہیں اور ان کی وہ بات قابل سند نہیں سمجھی جاتی - **غلط بردار** (مذ) کاغذ چھیلنے کا اوزار جس سے غلط حرف اڑا کر صحیح بناتے ہیں - **غلط بیانی** - خلاف واقعہ بیان کرنا - **غلط بین** - بھینگا یا تیر یا گولی جو نشانے پر نہ لگے - **غلط ٹھہرانا** - غلط ثابت کرنا - جھوٹا قرار دینا - **غلط در غلط** - وہ غلطی جو کسی دوسری غلطی کا نتیجہ ہو - **غلط سمجھنا** - خلاف واقع سمجھنا - کچھ کا کچھ سمجھنا - **غلط فہمی** (مو) کج فہمی - کم فہمی - غلط سمجھنے کا باعث - اتفاقی غلطی - **غلط نامہ** (مذ) صحت نامہ - غلطیوں کی فہرست جو کتاب وغیرہ کے آخر میں لگاتے ہیں - **غلطی** (مو) بھول چوک - خطا - نادرستی - دھوکا - **غلطی پڑنا یا غلطی میں پڑنا** - بھول جانا - چوک پڑنا - **غلطی کرنا یا کھانا** - بھولنا - چوکنا - دھوکا کھانا - **غلطیاں** (مو) غلطی کی جمع - **غلطیاں نکالنا** - نقص نکالنا - تصحیح کرنا -

غَلطان : (ف) لوٹتا ہوا - پیچ کھاتا ہوا - چمکتا ہوا - (گوہر غلطاں) **غلطاں و پیچاں** - پیچ و تاب میں - فکر میں - سوچ بچار میں - متفکر - **غلطاں پیچاں رہنا** - متفکر رہنا - سوچ بچار رہنا -

غَلطہ : (ع - مذ) ایک قسم کا موٹا کپڑا - تلوار کی میان جو چمڑے کی ہو - ایک قسم کی محراب دار چٹائی جو اس

غرض سے بناتے ہیں کہ پانی نہ ٹھہرے ۔

غَلَطَک :۔ (ف ۔ مو) گاڑی کی دھری ۔ وہ سوراخ دار لکڑی ۔ جسے کنوئیں پر چرخی کی جگہ لگاتے ہیں ۔

غِلَظ ۔ غلظت :۔ (ع ۔ مذ ۔ مو) گاڑھاپن (قارورے میں اب تک غلظ پایا جاتا ہے)

غُلغَلَہ :۔ (ع ۔ مذ) غل ۔ شور ۔ بڑ ۔ دھاک دھوم ۔ شہرت ۔

غَلَک :۔ (ت ۔ مو) وہ ظرف جس میں بکری اور محصول وغیرہ کی آمدنی ڈالتے رہتے ہیں ۔ غلہ ۔ گلہ ۔ وہ ظرف جو چندے وغیرہ کی آمد جمع کرنے کے لیے رکھا رہتا ہے ۔

غِلمان :۔ (ع ۔ مذ) غلام کی جمع ۔ نوخیز لڑکے جو اہل جنت کی خدمت کے لیے ہوں گے ۔

غُلَمَٹا :۔ (ا ۔ مذ) غلام کی تصغیر ۔ زرخرید خادم ۔ تاشی کا غلام ۔

غُلُو :۔ (ع ۔ مذ) مبالغہ کی ایک قسم جس میں متکلم کا مدعا حسب عقل وعادت محال ہو ۔ کسی بات میں بیحد اصرار ۔ کسی خیال میں بے حد مشغول (آج کل انہیں سیاسیات میں غلو ہے)

غُلُولہ :۔ (ع ۔ مذ) گولی ۔ غلہ جو غلیل میں چلاتے ہیں ۔

غُلَّہ :۔ (ف ۔ مذ) مٹی کی گولی جو غلیل میں رکھ کر چلاتے ہیں ۔ غلانی آنکھیں ۔ بڑی اور گول آنکھیں ۔ غلہ مارنا ۔ نشانہ لگانا ۔

غَلَّہ :۔ (ع ۔ مذ) اناج ۔ دانہ دنکا ۔ بکری رکھنے کا صندوقچہ ۔ گلہ ۔ غلک ۔ گولک ۔ وہ قیمت جو دن بھر کی بکری سے وصول ہو ۔ وہ گرے ہوئے آم جو باغ والے چن کر ایک جگہ جمع کرتے ہیں ۔ غلہ بھرنا یا ڈالنا ۔ اناج کا ذخیرہ بھرنا ۔ گودام بھرنا غلہ فروش ۔ اناج بیچنے والا ۔ غلئی ۔ وہ لگان جو غلے کی صورت میں دیا جائے ۔

غَلِیظ :۔ (ع) گاڑھا ۔ کثیف ۔ موٹا ۔ دبیز ۔ گہرا (جیسے ابر غلیظ)

غُلیل :۔ (ا ۔ مو) دو تانت کی کمان جس سے غلہ مارتے ہیں ۔ غلیل اتارنا ۔ غلیل کا تسمہ ڈھیلا کرنا ۔ غلیل باز یا غلیلچی ۔ وہ شخص جسے غلیل چلانے کی مشق ہو ۔ غلیل چلانا چھوڑنا ۔ مارنا یا لگانا ۔ غلہ کا نشانہ مارنا ۔

غَم :۔ (ع ۔ مذ) دکھ ۔ درد ۔ سوگ ۔ ماتم ۔ افسوس ۔ فکر ۔ پروا (اگر سر کھلا ہے تو کچھ غم نہیں) غم اٹھانا ۔ غم برداشت کرنا ۔ غم انگیز ۔ غم پیدا کرنے والی بات ۔ غم پالنا ۔ بکھیڑا اپنے سر لینا ۔ غم پرست ۔ غم پرور ۔ جو شخص غمناک ہوتا ہے ۔ غم خانہ اندوہ ۔ غم کا گھر ۔ ماتم کدہ ۔ غم خوار ۔ دوسرے کا غم کھانے والا ۔ دکھ درد کا ساتھی ۔ غم خواری (مو) ہمدردی ۔ دردمندی ۔ غم خور ۔ متحمل ۔ بردبار ۔ غم دیدہ ۔ دکھی ۔ مصیبت کا مارا ۔ غم رسیدہ یا غم زدہ ۔ دیکھو غم دیدہ ۔ غم غلط ۔ مذ وہ چیز یا شخص یا امر جس سے غم بٹے ۔ غم غلط کرنا ۔ دل بہلانا ۔ غم بھلانا ۔ غم غلط ہونا ۔ جی بہلنا ۔ غم کدہ ۔ دیکھو غم ۔ غم کرنا ۔ رنج کرنا ۔ ماتم کرنا ۔ سوگ کرنا ۔ فکر کرنا ۔ غم کھانا ۔ دکھ اٹھانا ۔ کڑھنا ۔ ہمدردی کرنا ۔ برداشت کرنا ۔ چپ رہنا ۔ غصہ ضبط کرنا ۔ درگذر کرنا ۔ غم گسار ۔ غم کھانے والا ۔ ہمدرد ۔ دلی دوست ۔ بیمار کی خبر گیری کرنے والا ۔ غم گساری (مو) ہمدردی ۔ غمگین ۔ دلگیر ۔ دکھی ۔ دردمند ۔ اداس ۔ غمگین کرنا ۔ رنجیدہ کرنا ۔ آزردہ کرنا ۔ غمگین ہونا ۔ اداس ہونا ۔ آزردہ ۔ غمگینی (مو) رنج ۔ اندوہ ۔ اداسی غمناک ۔ دیکھو غمگین پر ۔ غم نہیں ۔ پروا نہیں ۔ غم نداری بز بخر ۔ اس وقت بولتے ہیں ۔ جب کوئی شخص خواہ مخواہ کوئی ایسا کام کر بیٹھے جس میں فکر و تردد کرنا پڑے ۔ غمی ۔ غمناک نیز موت ۔ غمی ہو جانا ۔ موت ہو جانا ؎ محسن مرا غصہ آتش سستی ہو گئی جہنم کے گھر میں غمی ہو گئی

غَمّاز :۔ (ع) اطلاع کرنے والا ۔ آنکھ مارنے والا ۔ چغل خور ۔ غمازی (مو) چغل خوری ۔ بدگوئی ۔ آنکھوں کا اشارہ کرنا ۔ غمازی کرنا ۔ حال ظاہر کرنا ۔

غَمزَہ :۔ (ع ۔ مذ) چشم و ابرو کا اشارہ ۔ ناز ۔ نخرہ معشوقانہ ادا ۔ غمزہ اٹھانا ۔ نازبرداری کرنا ۔ غمزہ جتانا یا دکھانا ۔ نخرہ دکھانا ۔ ناز دکھانا ۔ ادائیں دکھانا ۔ غمزہ کرنا ۔ غمزے کی لینا ۔ ناز عشوہ کرنا ۔

غِنا :۔ (ع ۔ مو) دولت مندی ۔ بے پروائی ۔ بے نیازی مذ نغمہ ۔ راگ ۔ گیت ۔

غَنائم :۔ (ع ۔ مذ) غنیمت کی جمع ۔ لوٹ کا مال ۔ وہ مال جو حملہ آور کفار سے چھینا جائے (تقسیم غنائم کا دستور کوئی نیا دستور نہ تھا)

غُنچَہ :۔ (ف ۔ مذ) بند کلی ۔ بن کھلا پھول ۔ نہایت آباد ۔ گنجان ۔ جمگھٹ ۔ ہجوم ؎ اسیر

سنا ہے جب سے ان کو شوق ہے پھولوں کے زیور کا

گلی میں یار کی رہتا ہے غنچہ پھولوں کا

مجازاً دہن معشوق ۔ غنچہ چٹخنا یا چٹکنا ۔ کلی کا کھل جانا یا کھلنا ۔ غنچہ دہاں یا غنچہ دہن (مذ) چھوٹے سے منہ والا ۔ ننھے سے منہ والا معشوق ۔ غنچۂ ناشگفتہ (مذ) بند کلی ۔ بن کھلا پھول ۔ کنواری ۔ غنچۂ نوخیز ۔ تازہ کلی ۔ بچہ ۔

غُنڈا :۔ (ع ۔ مذ) لچا ۔ بدمعاش ۔ بدچلن ۔ گنڈا ۔

غُنڈی (مو) (غیر فصیح ہے گنڈ بہتر)

غُنغُنا :- (ا۔ مذ) ناک میں بولنے والا۔ **غُنغُنانا** ۔ ناک میں بولنا۔ دل بہلانے کے لیے دھیمے سُروں میں گانا۔ **غُنغُنی** (مو) ناک میں بولنے والی عورت (جیسے عجب غُنغُنی غُنغُنی لڑکا ہے)

غُنُودگی :- (ف۔ مو) نیند۔ اُونگھ۔ خمار۔

غُنّہ :- (ف۔ مذ) ناک آواز۔ وہ نون جس کی آواز ناک سے نکلے۔

غنی :- (ع) دولت مند۔ امیر۔ بے نیاز۔ مستغنی۔ اللہ تعالیٰ کا نام۔

غَنِیم :- (ع) دشمن۔ حریف۔ **غنیم چڑھ آنا** ۔ دشمن کا ملک پر چڑھ آنا۔

غَنِیمت :- (ع۔ مو) لُوٹ کا مال۔ وہ مال جو حملہ آور کفار سے چھینا جائے۔ مفت۔ برابر مفت کی مانند۔ قدر کرنے کے لائق ہے میر

سخن مشتاق عالم ہے ہمارا غنیمت ہے جہاں میں دم ہمارا

غنیمت جاننا یا سمجھنا ۔ قدر کرنا۔ عزت کرنا۔ بہتر جاننا۔ **غنیمت ہونا** ۔ مفت کے برابر ہونا۔ قدر کرنے کے قابل ہونا۔ **غنیمت ہے** ۔ بہتر ہے۔ شکر کا مقام ہے۔

غوّاص :- (ع۔ مذ) غوطہ لگانے والا۔ ڈبکیا۔ کسی دھات کے اندر سرایت کرنے والا۔ **غوّاصی** (مو) غوطہ خوری۔ ڈبکی لگانا۔ دھات میں سرایت کرنا۔

غوامض :- (ع۔ مذ) غامض کی جمع۔ چھپی ہوئی باتیں۔ بھید۔ باریکیاں۔ نکتے۔ باریک معنی ہے ذوق

آگاہ یہ غوامض علم خدا سے ہے
مختص یہ بندہ بندگی کبریا سے ہے

غوت میں ہونا :- چکر میں ہونا ہے آرزو

نکلی باندھے رکتے ہیں ہیں ان غوتیں ہوں
کہیں کمانے بیٹے چکر نہ یہ خطرہ پانی۔

غَوث :- (ع۔ مذ) فریاد کو پہنچنے والا۔ ولایت کا ایک درجہ جس پر پہنچ کر انسان کے تمام عضا جدا جدا (جسمانیت سے بالاتر ہو کر) اللہ تعالیٰ کی یاد میں مصروف رہتے ہیں۔

غَور :- (ع۔ مذ۔ مو) تامل۔ خبر گیری۔ پرداخت ع داغ

اچھا مرا علاج کیا میری غور کی

غور پرداخت (مو) خبر گیری۔ پالن۔ خیال۔ پرورش۔ **غور سے دیکھنا** ۔ توجہ سے دیکھنا۔ گہری نظر ڈالنا۔ **غور طلب** ۔ سوچ بچار کرنے کے لائق۔ **غور کرنا** ۔ فکر کرنا۔ سوچنا۔ توجہ کرنا۔ علاج معالجہ کرنا۔ خبر گیری کرنا۔ دیکھیے بیپ ڈالنا۔ زندگو شو صفحہ ۶۲۳۔

غُور :- (مذ) افغانستان اور قندھار کے قریب ایک مشہور مقام۔ **غوری** ۔ غور سے منسوب۔ غور کا رہنے والا۔ ایک قسم کی چینی کی رکابی جو زہر پڑنے سے چٹک جاتی ہے۔ نانبے کی کنگورے دار رکابی۔ چھوٹی رکابی۔

غوزہ :- (ف۔ مذ) کبوتروں کا ایک رنگ۔ **غوزیں لڑانا** ۔ گپیں ہانکنا۔ لغو اور بے ہودہ بکنا۔

غوطہ :- (ف۔ مذ) اڑتے کنکوے کا اوپر سے نیچے آنا۔ غشی۔ حیرت۔ سکوت کا عالم۔ پسینے کی شدت کے لیے بھی مستعمل ہے (پسینے کے غوطے پر غوطے چلے آ رہے ہیں) **غوطہ دینا** ۔ اڑتے کنکوے کو جھکانا۔ کام کے دوران کچھ مدت غائب رہنا۔ **غوطہ لگانا** ۔ پوشیدہ رہنا۔ کسی خیال میں محو ہونا۔ ڈبکی لگانا۔ **غوطہ مارنا** ۔ ڈبکی لگانا۔ اڑتے کنکوے کا اوپر سے نیچے آنا۔ **غوطہ میں آنا** ۔ بے ہوش ہونا۔ **غوطہ چادرہ** (مذ) بازار ایک اڑتے پتنگ کو دوسرے اڑتے پتنگ پر ڈالنا اور بچا لینا۔ **غوطم غاطہ** (مذ) تیراکوں کا ایک دوسرے کو غوطہ دے کر کھیلنا۔ ڈبکی۔ پانی میں ڈوبنا۔ چہتی۔ ہاتھ پاؤں یا کپڑے کو پانی میں ڈبو کر نکالتے رہنا۔ **غوطہ خور** ۔ ڈبکی لگانے والا۔ ڈبکیا۔ ایک پرندے کا نام۔ جل کوا۔ **غوطہ دینا** ۔ ڈبونا۔ ڈبکی دینا۔ تر کرنا۔ عیسائی بنا کر بپتسمہ دینا۔ دھوکا دینا۔ ناغہ کرنا۔ نجس چیز کو پانی میں ڈال کر پاک کرنا۔ **غوطہ کھانا** ۔ غرق ہونا۔ ڈوبنا۔ بے اختیاری سے غوطہ لگانا۔ بھولنا۔ بیچ میں چھوڑ جانا۔ دھوکا کھانا۔ **غوطہ مارنا** ۔ ڈبکی مارنا۔ غائب رہنا۔ فکر کرنا۔ سوچنا۔ **غوطے میں آنا** ۔ فکر میں محو ہو جانا۔ **غوطے میں پڑا رہنا** ۔ چپ چاپ بے حس و حرکت پڑا رہنا۔ **غوطے میں ہونا** ۔ فکر میں محو ہونا۔

غَوغا :- (ف۔ مذ) غل۔ شور۔ ہلڑ۔ **غوغا کرنا** ۔ شور کرنا۔ **غوغائی** ۔ شور کرنے والا۔ غل مچانے والا۔ واہی۔ بے ہودہ۔ بے سلیقہ۔ جھوٹا۔ دروغ گو۔

غُول :- (ع۔ مذ) چھلاوا۔ آگیا بیتال۔ بھوت پریت۔ **غول بیابان** ۔ **غول بیابانی** ۔ غول سے شعر

رات بھر دشت میں پھرتا ہے جو تو یوں بھرتا
تیرا وحشی بھی مگر غول بیابانی ہے

وحشی۔ جاہل۔

غول :- (ف۔ مذ) انبوہ۔ بھیڑ۔ جمعیت۔ گروہ۔ دیکھیے دم خم۔ **غول باندھنا** ۔ مجمع کرنا۔ ٹولی بنانا۔

غوں غاں :- (ا - مو) دودھ پیتے بچوں کے بولنے کی آواز - شیر خوار بچوں کی بات چیت - **غوں غاں کرنا** - ننھے بچوں کا ہوں ہاں کرنا - **غوں غوں** (مو) کبوتر کبوتری کے آگے غوں غوں کرتا ہے - کبوتر کی آواز -

غیاث :- (ع - مو) فریاد - فریاد رس - فریاد رسی -

غیب :- (ع - مذ) غیر حاضری - پوشیدگی - پوشیدہ - عالمِ غیب - **غیب دان** - پوشیدہ حال جاننے والا - خدائے تعالیٰ - **غیب کی خبر** - آئندہ واقعات کی خبر - **غیبانی** - گالی ہے - حرامزادی (مو) فساد کرانے والی عورت -

غَیبت :- (ع - مو) پیچھے - غیر حاضری - غیر موجودگی - **غیبت امام** - فرقہ شیعہ کے عقیدے میں بارھویں امام حضرت مہدی بہت عرصہ ہوا پیدا ہو چکے ہیں - اور حضرت خضر کی طرح غائب ہیں - ان کے غیب ہونے کو "غیبت امام" کہتے ہیں -

غِیبت :- (ع - مو) پیٹھ پیچھے بُرائی کسی کا سچا عیب اس کے پیچھے بیان کرنا - **غیبت کرنا** - پیٹھ پیچھے بُرا کہنا - پیٹھ پیچھے کسی کا عیب سنانا - لیکن نقرہ میں "پیچھے" کی قید نہیں -

غیر :- (ع) اجنبی - رقیب - دوسرا (اپنی ذات کے سوا) حرفِ نفی کی جگہ (جیسے غیر آباد) سوائے کی جگہ - وہ لوگوں (اس کی حالت غیر ہے) **غیر آباد** - ویران - اُجاڑ - جہاں آبادی نہ ہو - **غیر اختیاری** - مجبوری کی - بے اختیاری کی - **غیر حاضر** - جو حاضر نہ ہو - غائب - **غیر حاضری** (مو) ناموجودگی - ناغہ - **غیر حالت میں ہو جانا** - جان کنی کی نوبت پہنچنا - حال بے حال ہونا - بدحال ہونا - **غیر علاقہ** (عو - بے اضا) دوسرا ملک - **غیر ذٰلک** - (ع) اس کے علاوہ - **غیر کی آگ میں جلنا یا کودنا** - دوسرے کی مصیبت میں پڑنا - **غیر کی بدشگونی کے لیے اپنی ناک کٹانا** - مخالف کے تھوڑے نقصان کے لیے اپنا بڑا نقصان کرنا - **غیر متحد** - جن میں اتحاد نہ ہو - **غیر معتمد** - وہ سلطنتیں یا اشخاص جن میں باہم کوئی معاہدہ نہ ہو - **غیر ذمہ دار** - **غیر معین** - وہ جو معین نہ ہو - **غیر متناہی** - بے انتہا جس کی انتہا نہ ہو - **غیر مجاز** - وہ جسے کسی کام کا اختیار نہ ہو - **غیر محدود** - بے شمار - جس کی حد نہ ہو - **غیر مزروعہ** - وہ زمین جو جوتی نہ گئی ہو - **غیر مستعمل** - استعمال میں نہ آیا ہوا - کورا - اچھوتا - **غیر شخص** - اجنبی - **غیر مشروط** - بلا شرط جو شرط نہ کیا گیا ہو - **غیر معتبر** - بے اعتبار - جس پر بھروسہ نہ ہو - **غیر مکمل** - ناتمام - ادھورا - ناقص - **غیر ممکن** - دشوار - محال - ناممکن - **غیر مناسب** - نامناسب - بے جا - ناجائز - **غیر منقولہ** - قائم جو ایک جگہ سے دوسری جگہ نہ جا سکے - **غیر منکوحہ** - جس عورت سے نکاح نہ ہوا ہو - **غیر موروثی** - جو ورثہ میں آئی ہو -

غیرت :- (ع - مو) رشک (غیرت خور) شرم - حمایت - **غیرت آنا** - شرم آنا - **غیرت اُڑا دینا** - بے حیا ہو جانا - **غیرت رکھنا** - شرم والا ہونا - **غیرت سے کٹ جانا یا جانا** - شرم سے جان دے دینا - نہایت شرمندہ ہونا - **غیرت کا تقاضا** - شرم و حیا کا مقتضیٰ - **غیرت کرنا** - شرم کرنا - حیا کرنا - **غیرت کا مارا** - شرم و لحاظ کا پابند - **غیرت کھانا** - شرمانا - لجانا - شرمندہ ہونا - **غیرت مند** - غیرت والا - ناک والا - شرم والا -

غیریت :- (ع - مو) اجنبیت - بیگانگی - دوئی - **غیریت برتنا یا کھانا** - دوئی رکھنا - غیر سمجھنا -

غیظ :- (ع - مذ) غصہ - کرودھ - قہر - **غیظ و غضب** - (مذ) قہر و غضب - غصہ کرودھ -

غین :- (ع - مذ) حروف تہجی میں ایک حرف (غ)

غیں پیں لانا :- (ا) تکرار کرنا - جھگڑا کرنا - **غیں غیں کرنا** - منت سماجت کرنا - کسی سے مغلوب ہونا - **غین ہونا** - نشے میں چور ہونا ہے سائل

ہر ایک رند جو غین ہے نشے میں اے ساقی
آ ملی تھی کیا کوئی دارو ئے خواب شیشے میں

غیور :- (ع) بہت غیرت کرنے والا - غیرت دار - نازک مزاج -

ے عشق غیور تاب کدورت نہ لا سکا
میرا رقیب اُن کی قسم تک نہ کہہ سکا
فاضل لکھنوی

ف

ف :- (مؤ) اُردو ا ب ت کا چھبیسواں حرف۔ اس کے اعداد ابجد کے حساب سے اسّی ہوتے ہیں۔

فاتح :- (ع۔ مذ) لڑائی فتح کرنے والا۔ جیتنے والا۔ کھولنے والا۔

فاتحہ :- (ع۔ مذ و مؤ) سورۃ الحمد۔ مردے کی روح کے واسطے آیات سورۃ فاتحہ وغیرہ پڑھنا۔ کھانے پر نیاز دینا۔ مایوس ہوجانا۔ اُمید منقطع کرنا ۔ نسیم دہلوی

مذاقِ خدمتِ صیاد مدت میں ہوا ہم کو
مبارک ہو قفس اب فاتحہ پڑھیے رہائی کا

فاتحہ خیر (مذ) فاتحہ ۔ انیس

بس فاتحہ خیر پڑھا با دلِ غمناک

فاتحہ دینا ۔ نیاز دینا۔ مردے کی روح کو سورۃ حمد و قل و درود پڑھ کر ثواب پہنچانا۔ فاتحہ دلانا۔ دلوانا۔ متعدی۔ فاتحہ نہ درود مر گئے مردود۔ ایسے بے اولاد کے مرنے پر بولتے ہیں۔ جس کی شرارتوں اور چلبلاہٹوں سے لوگ ناراض رہتے ہوں۔ فاتحہ نہ درود کھا گئے مردود۔ کسی چیز کے وقتِ ضائع ہونے پر بولتے ہیں۔ فاتحہ نہ درود کھانے کو موجود یعنی کام چور۔ محنت کے وقت غائب مطلب کے وقت موجود۔

فاتر :- (ع) سُست۔ تنہا مستعمل نہیں۔ فاترالعقل جس کی عقل میں فتور ہو۔

فاجر :- (ع۔ مذ) بدکار۔ بدچلن۔ فاجرہ (مؤ) بدکار عورت۔ فاحشہ۔

فاحش :- (ع) شرمناک۔ ڈوب مرنے کے قابل جیسے شکست فاحش۔ فاحشہ (مؤ) بدکار عورت۔ بیسوا۔

فاختہ :- (ف۔ مؤ) ایک قسم کا پرندہ۔ قمری اور کبوتر سے ملتا جلتا پرندہ۔ فاختہ اڑانا۔ عیش منانا۔ ہوئے آدمی کے چلن پر شرارت سے کوئی پھبتی ہوئی چیز رکھنا۔ نکمے کام کرنا۔ فاختئی (مؤ) خاکی۔ خاکستری۔

فاخر :- (ع) عمدہ تحفہ۔ نادر و بیش قیمت۔ فاخرہ۔ عمدہ قیمتی۔ بڑھیا (خلعت فاخرہ)

فارخطی :- (ف۔ مؤ) دیکھو فارغ خطی۔ دیکھو فارغ خطی۔

فارس :- (ع۔ مذ) شہسوار (سند دیکھیے نمبر ۳۰۰) فارس (مذ) ملک ایران۔ فارسی (مؤ) ملک ایران کی زبان۔ ملک فارس سے منسوب۔ فارسی بگھارنا۔ بے موقع بے محل۔ فارسی بولنا۔ بے موقع ایسی بات کرنا جسے دوسرے نہ سمجھیں۔ فارسی بولنا۔ فارسی میں بات کرنا۔ ایسی بولی بولنا جسے دوسرے نہ سمجھ سکیں۔ فارسی داں یا فارسی خواں۔ فارسی جاننے والا یا فارسی پڑھنے والا۔ فارسی کی ٹانگ توڑنا۔ ٹوٹی پھوٹی فارسی بولنا۔ کچی پکی فارسی بولنا۔ فارسی وارسی وارسی کا مہمل ہے۔

فارغ :- (ع) آسودہ۔ آزاد۔ کام سے نچنت۔ فارغ البال۔ آسودہ حال۔ خوش حال۔ بے فکر۔ آزاد۔ فارغ البالی (مؤ) خوش حالی۔ بے فکری۔ آسودگی۔ فارغ البال ہونا۔ آسودہ ہونا۔ بے فکر ہونا۔ خوش حال ہونا۔ فارغ البال۔ خوش حال۔ بے فکر۔ فارغ خطی (مؤ) بے باکی کی رسید۔ دست برداری کی تحریر۔ طلاق نامہ (فارغ خطی دینا) فارغ ہونا۔ چھٹکارا پانا۔ چھٹی ملنا۔ فراغت ہو چکنا۔

فارق :- (ع) فرق کرنے والا۔

فارم :- (انگ۔ مذ) خانہ پُری کے لیے چھپا ہوا کاغذ۔ نمونہ۔ وہ قطعہ اراضی جو کاشت کے لیے مخصوص کیا جائے (کھولنا کے ساتھ)

فارن :- (انگ کا کسرہ مائل بیائے مجہول) بیرونی۔ غیر ملک سے تعلق رکھنے والی۔

فاروق :- (ع) فرق کرنے والا (مذ) حضرت عمرؓ کا لقب۔ فرقہ امامیہ کے نزدیک حضرت علیؓ کا لقب۔ ایک قسم کا تیزاب جس سے سونے چاندی کا کھوٹا کھرا پرکھتے ہیں۔ ایک تریاق کا نام۔

فاسٹ :- (انگ) تیز۔ تیز چلنے والا (ہماری گھڑی پانچ منٹ فاسٹ ہے)

فاسد :- (ع) خراب کرنے والا (خون فاسد) فاسد کرنا۔ زہریلا کرنا۔ خراب کرنا۔ فاسد ہونا۔ زہریلا ہونا۔ خراب ہونا۔ بگڑ جانا (غذا فاسد ہوگئی)

فاسق :- (ع۔ مذ) بدچلن۔ زناکار۔ گنہ گار۔ کھلم کھلا گناہ کرنے والا۔ فاسقہ (مؤ)

فاش :- (ع) ظاہر۔ کھلا۔ فاش غلطی کرنا۔ ایسی بھاری غلطی کرنا جسے سب جانتے ہوں۔ موٹی غلطی کرنا۔ فاش کرنا۔ بھید کھولنا۔ ظاہر کرنا۔ فاش ہونا۔ بھید ظاہر ہونا۔

فاصل :- (ع) جدا کرنے والا۔ فرق کرنے والا (حدِ فاصل) فاصلہ مذ دُوری۔ مسافت۔ میدان۔

فاصلے پر ۔ دُور ۔ الگ ۔

فاضل :- (ع) زیادہ ۔ فضول ۔ حساب سے زیادہ (آپ کی دی ہوئی رقم سے دس روپے فاضل خرچ ہو گئے) فضول ۔ نکما ۔ بے کار (یہاں سب لوگ کام میں مصروف ہیں کوئی فاضل نہیں جسے بھیجا جائے) عالم ۔ دانا ۔ **فاضل اجل** ۔ فاضل بزرگ ۔ بہت بڑا فاضل ۔ **فاضل باقی نکالنا** ۔ وصول شدہ رقم حساب میں جمع کر کے کمی بیشی نکالنا ۔ **فاضل نکلنا یا ہونا** (اپنی طرف) حساب طے ہو کر دوسرے کا اپنے ذمہ نکلنا ۔ (دوسرے کی طرف) حساب طے ہو کر اپنا دوسرے کے ذمہ نکلنا ۔ **فاضلات** (ف) فاضل رقم ۔ سیلاب کی وجہ سے نہر یا کنویں کا پانی ۔

فاطمہ :- (ع ۔ مو) حضرت علیؓ کی زوجہ محترمہ کا نام جو رسول کریمؐ کی بیٹی تھیں ۔

فَاعتَبِرُوا یَا اُولِی الاَبصَار :- (آیۂ قرآن) سمجھنے والو ۔ عبرت حاصل کرو ۔

فاعل :- (ع ۔ مذ) کسی کام کے کرنے والا ۔ اقدام کرنے والا ۔ **فاعل حقیقی** (مذ) خدائے تعالیٰ ۔ **فاعل مختار** ۔ وہ کام کرنے والا جسے اپنے کام پر اختیار حاصل ہو ۔ **فاعلی** ۔ فاعل سے منسوب ۔ **فاعلیت** ۔ فاعل ہونا ۔

فافہم :- (ع) پس غور کرو اور سمجھو ۔ اکثر کلیہ اصول لکھنے کے بعد جزئیات سے بحث نہیں کرتے اور یہ مختصر کلمہ لکھ دیتے ہیں ۔

فاقہ :- (ع) بھوکا رہنا ۔ **فاقہ زدہ** ۔ بھوکوں کا مارا ۔ بھوکا ۔ کنگال ۔ **فاقہ شکنی** ۔ فاقہ توڑنا ۔ فاقے میں کچھ کھانا ۔ عاشورہ محرم کو فرقہ امامیہ کے لوگ صبح سے شہادت امام حسینؑ کے وقت تک (عصر تک) کچھ نہیں کھاتے ۔ اس کا نام بھی فاقہ شکنی ہے ۔ (کل میرے ہاں فاقہ شکنی میں آئے گا) **فاقہ کرنا** ۔ بھوکا رہنا ۔ بیماری یا مفلسی کی بنا پر کھانا نہ کھانا ۔ **فاقہ کش** ۔ بھوکا رہنے والا ۔ مفلس ۔ کنگال ۔ **فاقہ کشی** ۔ (مو) بھوکا رہنا ۔ بھوک کی مصیبت ۔ **فاقہ مست** ۔ افلاس میں خوش رہنے والا ۔ تنگی میں مگن رہنے والا ۔ **فاقہ مستی** (مو) خوش رہنے کی غریبی میں رنگ رلیاں ۔ افلاس میں بے فکری ۔ **فاقہ ہونا** ۔ بھوکا رہنا ۔ کچھ کھانے کو نہ ۔ **فاقہ ہونا** ۔ خالی پیٹ رہ بھوکا ہونا ۔ **فاقوں پر فاقے گذرنا یا ہونا** ۔ کئی کئی وقت مسلسل بھوکا رہنا ۔ **فاقوں کا لوٹا یا مارا** ۔ وہ شخص جو متواتر فاقوں سے نہایت دبلا ہو گیا ہو ۔

فال :- (ع ۔ مو) شگون ۔ اچھا شگون ۔ **فال آنا** ۔ **فال بد** (مو) بُری فال ۔ بدشگونی ۔ **فال دیکھنا یا کھولنا** ۔ کلام پاک یا دیوان حافظ یا کسی فالنامہ سے مقررہ طریقے پر فال نکالنا ۔ **فال زبان یا فال قرآن** ۔ غور تو اس کی دعا ۔ زبان کی بات بڑی تاثیر رکھتی ہے ۔ **فال ظفرا** ۔ وہ فال جس میں قرآن مجید کے کسی صفحے کی ابتدا میں بسم اللہ یا خدا کا نام نکل آئے یہ بہت مبارک فال ہے ۔ **فال کھلوانا** ۔ غیب کی بات ۔ کتاب اللہ یا فالناموں سے دیکھنا ۔ **فال کی کوڑیاں ملا کو حلال** ۔ محنت کی مزدوری کا حق ہے ۔ **فال گوش** (مو) راہ چلتے میں آدمیوں کی باتوں سے اپنے مطلب کے موافق شگون لینا ۔ **فال لینا** شگون لینا ۔ **فال نامہ** (مذ) وہ کتاب جس سے شگون بتلاتے ہیں **فال نکالنا** ۔ منہ سے کوئی بدشگونی کی بات نکالنا ۔ **فال دیکھنا** ۔ **فال نکلنا** ۔ فالنامے یا کتاب اللہ سے اپنے مطلب کے موافق بات نکلنا ۔ **فال نیک** (مو) اچھا شگون ۔

فالتو :- (ا) حاجت سے زیادہ ۔ ضرورت سے زائد ۔ بیکار ۔ نکما ۔

فالج :- (ع ۔ مذ) ادھرنگ ۔ جسم کے کسی عضو کا ڈھیلا ہو کر سُن پڑ جانا ۔ **فالج گرنا** ۔ ادھرنگ کی بیماری ہونا ۔ بدن کا سُست اور ڈھیلا پڑ جانا ۔ (پانچ ہو جانا) ۔

فالسہ :- (ف ۔ مذ) ایک مشہور پھل کا نام جو چھوٹا سیاہی مائل اور ترش ہوتا ہے ۔ **فالسئی یا فالسائی** ۔ ایک قسم کا اُودا رنگ ۔ بینگنی ۔

فالودہ :- (ف ۔ مذ) پکا اور جما ہوا نشاستہ جو شربت کے ذریعہ سے گرمی میں پیتے ہیں ۔ **فالودہ کھانے دانت ٹوٹے تو بلا سے** ۔ اگر بھلائی میں بھی بُرائی ہو تو گوارا کرو ۔

فالیز :- (ف ۔ مو) خربوزوں کا کھیت ۔ تربوز کا کھیت ۔ ککڑی کا کھیت ۔

فام :- (ف ۔ مذ) رنگ ۔ مانند شبیہ (سیاہ فام ۔ لالہ فام)

فانوس :- (ف) ایک قسم کا چراغ دان ۔ ایک قسم کا شمعدان ۔ **فانوس خیال یا فانوس خیالی** (مذ) وہ قندیل جس کے اندر ہاتھی گھوڑے وغیرہ کا چکر بنا کر لگا دیتے ہیں ۔

فانہ :- (ف ۔ مذ) ایک چپٹی لکڑی جس کے ذریعہ سے لکڑی کی دراز بڑھاتے ہیں ۔ پھانہ ۔ **فانہ لگانا** ۔ لکڑی کو زیادہ پھاڑنے کے لیے اس میں ایک لکڑی ٹھونس دینا ۔

فانی :- (ع) فنا ہونے والا ۔ مٹنے والا ۔ مرنے والا ۔ ناپائدار نہایت بوڑھا شخص ۔ فائدہ نتیجہ حاصل (ایسی گفتگو سے کچھ فائدہ نہیں) وصف ۔ خوبی ۔ اثر (اس دوا کا کیا فائدہ ہے) نفع ۔ آمدنی ۔ غرض یا مطلب ۔ واسطہ (مجھ کو فائدہ جوان سے ملیں) افاقہ ۔ آرام (اب روز بروز فائدہ ہوتا جاتا ہے) بہتری ۔ بھلائی (میں تمہارے ہی فائدہ کے لیے کہتا ہوں) **فائدہ اٹھانا** ۔ نفع پانا ۔ فیض حاصل کرنا ۔ **فائدہ کرنا** ۔ مفید پڑنا ۔ کارگر ہونا ۔ نفع دینا ۔ **فائدہ مند**

منفید - کارگر - فائدہ ہونا - نفع ہونا - افاقہ ہونا - حاصل ہونا۔ بے جا ظرف داری سے کیا فائدہ ہوا۔

فائر :- (انگ - مذ) آگ - توپ یا بندوق کا فیر - فائر بریگیڈ - آگ بجھانے کا عملہ۔

فائز :- (ع) کامیاب - پہنچنے والا (وہ آپ کی وجہ سے اس شرف پر فائز ہوا) فائز المرام - مراد پانے والا۔

فائق :- (ع) فوق رکھنے والا - بلند مرتبہ والا - اعلیٰ بڑھا ہوا۔

فائل :- (انگ - مذ) وہ کاغذ جو بالترتیب رکھے جائیں جیسے اخبار کا فائل - خطوں کا فائل - فائل کرنا - مسل میں شامل کرنا۔

فائن :- (مذ - انگ) جرمانہ

فبہا :- (ع) بہت بہتر - بہت خوب - ہم اس پر راضی ہیں (اگر ہندوستان نے نہروں کا پانی کھول دیا فبہا ورنہ جنگ ہوگی)

فتا :- (ع - مذ) جوان - شجاع۔

فتاح :- (ع) اللہ تعالیٰ جو اپنی مخلوق پر رحمت کے دروازے کھولتا ہے - کھولنے والا ۔ ع محشر

فتح خیبر سے بہت فتاح خیبر ہو گیا

فتان :- (ع) اصلی معنی فتنہ اٹھانے والا - اردو میں چشم محبوب کے لیے مستعمل ہے - قیامت زا۔

فتاوی :- (ع - مذ) فتویٰ کی جمع - مذہبی احکام جو مفتی نے دیے ہوں۔

فتح :- (ع - مو) جیت - ظفر (مذ) حروف کی ایک حرکت کا نام - جس کو زبر کہتے ہیں - فتح الباب - فتح باب (مذ) ابتدا - آغاز ۔ ے رشک

سائش دربان کلید قفل نومیدی ہوئی
کھل گیا دروازہ اس کا روز فتح الباب ہے

(مو) کشائش و آسودگی ۔ ے منیر

بسم اللہ ہے تو مصحف اسلام کو
باغ جنت کے لیے تو ہے کلید فتح باب

فتح پانا - ظفریاب - جیتنا - فتح پیچ (مذ) عورتوں کے بالوں کی ایک قسم کی گندھاوٹ - پگڑی باندھنے کا ایک خاص ڈھنگ - ایک قسم کے حقہ کا پیچہ - فتح اللہ کے ہاتھ ہے مار مار تو کیے جاؤ - کوشش کرو اللہ کامیاب کرے گا - فتح خاں (مذ) مسخرا - بہادر - شجاع - جیسے رمضان - فتح کا ڈنکا یا نقارہ بجانا - جیت کا اعلان کرنا - فتح کرنا - غالب آنا - سر کرنا - فتح مند - غالب - جیتنے والا - فتح نامہ (مذ) وہ تحریر جو کسی فتح کی خوشی اور اس کے حالات

میں لکھی جائے - خواہ نظم ہو خواہ نثر - فتح ہونا - جیت ہونا - بے ہونا - فتحہ (مذ) حروف کی ایک حرکت کا نام - زبر - فتح یاب - مظفر - منصور - فتح مند - فتح یاب ہونا - کامیاب ہونا - جیتنا - فتح یابی (مو) جیت - غلبہ - ظفر۔

فتراک :- (ف - مذ) وہ تسمہ چمڑے کے تسمے جو زین کے ساتھ شکار یا ضروری سامان باندھنے کے لیے رکھے ہوتے ہیں۔

فتق :- (ف - مذ) ایک مرض کا نام جس میں فوطے پھول کر کپا ہو جاتے ہیں۔

فتنہ :- (ع - مذ) ہنگامہ - جھگڑا - فساد - بغاوت - غضب کا شوخ - ایک قسم کے عطر کا نام ۔ ے نسیم

عطر ہے اتنا ہی سوا جس کا شرف جتنا ہے
اے نسیم اپنے لیے عطر میں بھی فتنہ ہے

فتنہ اٹھانا - ہنگامہ برپا کرنا - فساد ڈالنا - غل مچانا۔ فتنہ اٹھنا - قیامت برپا ہونا - دنگا ہونا - فساد ہونا۔ فتنہ انگیز یا فتنہ پرداز - فسادی - جھگڑالو - آگ لگاؤ۔ فتنہ جگانا - ہنگامہ کرنا - فساد کی کوشش کرنا - فتنہ جہاں یا فتنہ عالم - دنیا میں شر برپا کرنے والا - معشوق - فتنہ خوابیدہ - برائی دبی ہوئی - سوتی راڑ - فتنہ زا - آفت اٹھانے والا - شور برپا کرنے والا - فتنی - (مو) فتنہ اٹھانے والی عورت - چالاک عورت - جھگڑالو عورت - تفاعہ۔

فتوح :- (ع - مو) جمع فتح کی - کشائش - نعمتیں - کشادگیاں - مفت کی آمدنی - بالائی یافت - فتوحات (مو) فتوح کی جمع اور فتح کی جمع الجمع - فتوحی (مو) بے آستینوں کی چھوٹی جو کمر تک ہوتی ہے اور جسے مرد پہنتے ہیں - مردانہ شلوکہ

فتور :- (مذ) سستی - خرابی - خلل (فتور عقل - فتور ہضم) شرارت - فساد ۔ ے نسیم

میرا تو نہیں قصور ہے کچھ   شاید اس کا فتور ہے کچھ

فتور آنا - خرابی پیدا ہونا - خلل آنا - نقص نکلنا - فتور اٹھانا - برپا کرنا یا کرانا - فساد اٹھانا - ہنگامہ برپا کرنا - فتنہ اٹھانا۔ فتور ڈالنا - خلل ڈالنا - نقص پیدا کرنا - جھگڑا لگانا - فتور عقل (مذ) عقل کی کمزوری - سترا بہترا پن - فتور ہضم (مذ) بدہضمی۔

فتوے :- (ع - مذ) شرع کا حکم - شرعی فیصلہ جو مفتی نے دیا ہو - فتوی دینا - شرعی حکم لگانا - مفتی کا شرع کے مطابق حکم دینا - فتوی لینا - مفتی سے شرعی حکم حاصل کرنا۔

فتیل سوز :- (فا - مذ) ڈیوٹ - شمع دان - فتیلہ (مذ) بتی - پلیتہ - بتی جو چراغ میں ڈالی جاتی ہے - زخم میں رکھنے کی بتی ۔ ے ناسخ

یہ فتیلہ ہے داغِ حسرت کا شمع بے یار انجمن میں نہیں

توپ یا بندوق کا توڑا - وہ بٹا ہوا ڈورا جو انگرکھوں وغیرہ میں دے کر اوپر سے سی دیتے ہیں۔ تعویذ کی بتی جس کی دھونی دی جاتی ہے۔ فتیلہ داغنا - ماتش کرنا - فتیلہ ناک میں دینا - دق کرنا۔

فَتّین :- چالاک - عیار -

فُٹ :- (انگ - مذ) پاؤں - قدم - بارہ انچ کا پیمانہ۔

فِٹ :- (انگ) جسم کے مطابق - درست (آنا - ہونا)

فِٹَر :- (انگ - مذ) مشین کے پرزوں کو ان کی جگہ پر لگانے والا مستری

فِٹَن :- (انگ - مو) ایک قسم کی چار پہیوں کی بگھی۔

فُٹ نوٹ :- (انگ - مذ) وہ شرح جو حاشیہ کتاب پر لکھی جائے۔

فُجّار :- (ع - مذ) فاجر کی جمع - دیکھو فاجر۔

فَجر :- (ع - مو) نور کا تڑکا - آخر شب کی سفیدی - صبح کی نماز۔ فجر ہونا - صبح ہونا - آنکھیں کھلنا - غفلت دور ہونا (جیسے ماں اس بچے سے جو دیر میں اٹھے اور آنکھیں کھولے کہے کیوں کیسے اٹھے - کیا فجر ہو گئی)

فُجُور :- (ع - مذ) گناہ - بدکاری - بدچلنی۔

فُحش :- بے ہودہ باتیں - قابل شرم بات - ننگ پن - بے حیائی کی باتیں۔ فحش بکنا - گالیاں دینا - گندی باتیں کرنا۔ فحش کلامی مو گندی اور بے ہودہ باتیں - فحش کلامی کرنا - گندی اور لغو باتیں کرنا - گالیاں دینا۔

فَحوا :- (ع - مذ) طرز کلام - ڈھنگ - انداز (فحوائے کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ناراض ہیں)

فُحُول :- (ع - مذ) فحل کی جمع - جید عالم - فضلا۔

فَخر :- (ع - مذ) بزرگی - شرف - شیخی - غرور - گھمنڈ - فخراً - فخر سے - شیخی سے - فخر جاننا یا سمجھنا - عزت سمجھنا - بزرگی یا خوبی کو باعث خیال کرنا - فخر خاندان - وہ شخص جس کے خاندان کو بزرگی اور عزت حاصل ہو - فخر نسب - ذات کی بڑائی - فخر کرنا - اترانا - ناز کرنا - شیخی کرنا - بڑائی مارنا - فخریہ - ناز کے طور پر - فخر کی رو سے - فخری - ایک انگور کا نام

فَخنہ فقیر :- (ا) بہت کنگال ہے - فتو فقیر -

فَخیم :- (ع) بزرگ - بلند قدر - صاحب مرتبہ -

فِدا :- (ع) قربان - عاشق - فریفتہ - فدا کرنا - قربان کرنا - وارنا - نچھاور کرنا - فدا ہونا - قربان ہونا - واری جانا - بلہاری جانا - عاشق ہونا - فدائی - سر فدا کرنے والا - جانباز - عاشق - فدوی - اردو کی درخواستوں میں یہ لفظ بجائے بندۂ خاکسار لکھا جاتا ہے۔

فِدیہ :- (ع - مذ) صدقہ - کفارہ - قربانی جو کسی بلا کے دور ہونے کے لیے کی جائے - خون کا بدلہ جو نقد یا جائداد کی صورت میں دیں - عید الفطر کا فطرہ -

فَر :- (ف - مذ) شان شوکت - بھڑک - رعب - دبدبہ (کروفر) (مو) اڑنے کی آواز - فر سے - پھر سے - جلدی سے - (چڑیا فر سے اڑ گئی) فر فر - جلد جلد - فراٹے کے ساتھ بولنے یا پڑھنے کے لیے - دوڑنے کاٹنے اور بولنے کے لیے مستعمل ہے جیسے رف رف ہمارا وال جیسے زباں چلتی ہے فر فر مؤلف
فر فر اڑا دینا - جلد جلد کاٹ ڈالنا - فر فر باتیں کرنا - جلد جلد بولنا - فر فر پڑھنا - بے اٹکے جلدی جلدی پڑھنا - فر فر ہوا آنا - تیز ہوا کے جھونکے آنا - فر فری (مو) دو شخص آپس میں اس طرح گفتگو کریں کہ ہر لفظ کے ہر حرف کے بعد "ف" اضافہ کرتے جائیں - تاکہ دوسرا نہ سمجھ سکے تو اس بولی کو فر فری کہتے ہیں -

فُرات :- (ع - مذ) ایک دریا کا نام (مو) ایک نہر کا نام جس کے کنارے روزِ عاشورا امام حسینؓ پیاسے شہید ہوئے۔

فَرّاٹا :- (ا - مذ) جانور کے اڑنے کی آواز - سند کے لیے دیکھیے تیلی ص ۳۰۰ یا ہوا کے طمانچوں کی صدا - جلدی پڑھنا - بولنا یا لٹنا - ہوا کا سناٹا - فراٹے بھرنا یا بلنا - جلدی جلدی پڑھنا یا سنانا - خوب دوڑنا - جھنڈے یا پھریرے کا ہوا میں لہرانا - فراٹے کے ساتھ - تیزی سے - جلد جلد -

فَراخ :- (ف) چوڑا - وسیع - کشادہ - فراخ آستین - سخی - جوانمرد - فراخ ابرو - کھلی چتون کا آدمی ہنس مکھ - فراخ پیشانی - چوڑی پیشانی کا - بڑے ماتھے والا - فراخ چشمی مو عالی ہمتی - بلند حوصلہ ہونا - فراخ حوصلہ - بڑے حوصلہ والا - بلند ہمت والا - فراخ دامن - فراخ دست - مال دار - فراخ کرنا - چوڑا کرنا - ڈھیلا کرنا - فراخی (مو) چوڑائی - پھیلاؤ - خوش حالی - آسودگی - گھوڑے کا تنگ

فَراخور :- (ف) شائستہ - سزاوار - مناسب (فراخورِ حال)

فُرادیٰ : (ع فرد کی جمع) تنہا - اکیلے - ایک ایک - وہ نماز جو باجماعت نہ ہو الگ پڑھی جائے -

فِرار : (ع - مذ) بھاگن - بھاگ جانا - فرار کرنا - جنگ سے بھاگ جانا - فِراری - بھاگ جانے والا بھگوڑا وہ مجرم جو گرفتاری کے خوف سے بھاگ جائے -

فَرّار : (ع) بہت بھاگنے والا - جنگ سے منہ پھیرا کر چل دینے والا - بھگوڑا ۔ شمیم

میدان میں ایک سید ابرار رہ گئے
فرّار سب جدا ہوئے کرّار رہ گئے

(کیمیا گروں کی اصطلاح میں) پارہ - سیماب -

فَراز : (ف) بلند - مع "آتی ہے ندی فراز کوہ سے گاتی ہوئی"

فِراست : (ع - مو) دانائی - تیز فہمی -

فَرّاش : (ف) فرش بچھانے والا - جھاڑو دینے والا - خیمہ کوٹنے والا - ایک درخت کا نام جو صنوبر یا شمشاد سے مشابہ ہوتا ہے - فرّاش خانہ (مذ) توشہ خانہ - توشک خانہ - فرّاشی (مو) فرّاش کا کام - فرش فروش بچھانا - فرّاشی پنکھا (مذ) چھت میں لگانے کا دستی یا بڑا پنکھا - فرّاشی سلام (مذ) وہ سلام جس کے جھکنے میں فرش تک سر پہنچ جائے -

فَراغ : (ع - مذ) نجات - فراغت - آسودگی - فارغ البالی (مو) بے فکری - آسودگی - فراغ خاطر - فراغ خاطر یا دل (مذ) دلجمعی - اطمینان - بے فکری -

فَراغت : (ع - مو) فرصت - مہلت - خلاصی - چھٹکارا ۔ ؎

دم لبوں پر ہے بہت دیر نہیں آئیے جلد فراغت ہوگی

بے فکری - آرام - پیخانہ - فراغت پانا - فرصت پانا - چھٹکارا پانا - خالی ہونا - جھگڑا چکنا - فراغت سے بیٹھنا - نچنت اور بے فکر ہونا - آرام سے بیٹھنا - کام سے نپٹ کر بیٹھنا - فراغت کرنا - چھٹکارا پانا - فرصت پانا - پاخانہ پھرنا - فراغت والا - خوش حال -

فِراق : (ع - مذ) جُدائی - ہجر محبوب - فکر - خیال - دُھن - تاک (کہیے آپ کس فراق میں ہیں) فراموش - بھولا ہوا - یاد سے اترا ہوا (مذ) وہ چھل جو جڑواں ہو - لڑکیوں کا ایک کھیل - جب وہ کسی کو جڑواں چھل دیتی ہیں اور وہ چھل ہاتھ میں لیتے ہی "یاد" نہیں کہہ دیتا تو اس کو وہ چھل دو سو کی تعداد بھیا دینے پڑتے ہیں ۔ رشک

خود اپنی ہمیں بھول گئی "یاد" تو کیسی
بجھ دے کے جو بولا وہ ہے بڑا وہ فراموش

فراموش ہوتا ۔ منیر

بھول جانے کی نہ پھر ہم سے شکایت کرنا
کس سے بدلے ہو فراموش ذرا یاد رہے

فراموش خانہ (ف - مذ) فری میسن لاج - ایک خاص عقیدے کے لوگ جو باہم اتحاد اور ہمدردی کا دم بھرتے ہیں - مگر ان کے متعلق کسی کو کچھ معلوم نہیں کہ کیا کرتے ہیں اور کیا مقصد ہے ان کی انجمنیں جگہ جگہ موجود ہیں - اہل ایران نے اسی لیے ان کی لاج کا نام فراموش خانہ رکھا ہے - فراموش کار - وہ شخص جو اپنے کام میں بھول جائے بھلکڑ - فراموش کاری مو بھول جانے کی عادت - فراموش کرنا - بھولنا - بسارنا - چت سے اتارنا - فراموشی (مو) بھول چوک - فراموشیں مو گھوڑے کی ایک بیماری کا نام - جس میں دو ہڈیاں اس کی ناک میں نکل آتی ہیں (نکلنا - نکالنا - نکلوانا کے ساتھ)

فَرامین : (ف - مذ) فرمان کی جمع - شاہی قبالے -

فرانس : (انگ - مذ) یورپ کے ایک ملک کا نام - فرانسیس - فرانس کا باشندہ (مو) ملک فرانس کی زبان -

فَراواں : (ف) بہت - بکثرت - وافر - فراوانی (مو) کثرت - بہتات - زیادتی -

فَراہم : (ف) اکٹھا - جمع (کرنا - ہونا) فراہمی (مو) جمع کرنا - اکٹھا کرنا -

فَرائض : (ع - مذ) فریضہ کی جمع - وہ کام جن کا کرنا ضروری ہو - لازمی کام - میراث کے علم کا نام - فرائض پنجگانہ - پانچوں وقت کی نمازیں - فرائض منصبی - وہ (مو) ذمہ داری کا کام جن کا کسی عہدے کے لیے ضروری ہو -

فَربہ : (ف) موٹا - تنومند - سنڈ منڈ - فربہ اندام - موٹے جسم کا - فربہی (مو) موٹاپا -

فَرتوت : (ف) بہت بوڑھا جس کی عقل زائل ہو گئی ہو - ستر ابہترا -

فَرج : (ع) عورت کا اندام نہانی -

فَرجام : (ف) انجام - عاقبت - اُردو میں تنہا مستعمل نہیں (بدفرجام - نافرجام)

فَرح : (ع - مو) خوشی - شادمانی - فرحت - شادی - فرحاں - شاداں - خوش - مگن - فرحت (مو) خوشی - شادمانی (ملنا - حاصل ہونا - ہونا) فرحت افزا - خوشی بخشنے والا - تازگی بخش - فرحت بخش - خوشی بڑھانے والا -

فَرُّخ: (ف) مُبارک ۔ زیبا ۔ **فرخ تبار** ۔ اچھے گھرانے کا ۔ اعلیٰ خاندان کا ۔

فرخندہ: (ف) مُبارک ۔ **فرخندہ بخت یا طالع** ۔ خوش نصیب ۔ خوش قسمت ۔ بھاگوان ۔ **فرخندہ پے** ۔ جس کے قدم مُبارک ہوں ۔ **فرخندہ خو** ۔ نیک خصلت ۔ **فرخندہ فال** ۔ خوش نصیب

فرد: (ع) یکتا ۔ بے مثل (وہ اس کام میں فرد ہے) مذ تن واحد ۔ ایک شخص (میں تنہا اور کام بہت آپ ہی بتائیں کہ ایک فرد ۔ اس کام کیسے کر سکتا ہے) لکھنے کا ورق (تمہاری بیاض میں کوئی ایک فرد اچھا نہیں) ایک خوش آواز پرندہ کا نام ۔ ایک قسم کا لقا کبوتر ۔ پرندوں کی تعداد ظاہر کرنے کے لیے (ایک فرد طوطا) (مو) وہ تنہا شعر جو شاعر نے ایک ہی کہا ۔ کسی حساب کتاب کا وہ کاغذ جس پر کل حساب درج ہو ۔ وہ کاغذ جس پر دعوتوں میں مہمانوں کے نام لکھتے ہیں ۔ رضائی کا ابرہ ۔ چادر ۔ شال ۔ اعمال کی فہرست جو فرشتے لکھتے ہوں ۔

شعر
لکھوں جو حدتِ دوزخ کتاب جل جائے
عجب نہیں مری فردِ حساب جل جائے — شمیم

فرداً فرداً ۔ جدا جدا ۔ الگ الگ ۔ **فرد باطل** ۔ بیکار چیز ۔ **فرد باقیات** ۔ بقایا حساب کی فہرست ۔ **فرد البشر** ۔ شخص واحد ۔ **فرد پر صاد کرنا** ۔ دعوت کی فہرست پر اطلاع یابی کا نشان بنانا ۔ **فرد جرم** (مو) فرد قرارداد جرم جو حاکم مرتب کرتا ہے ۔ **فرد فرد** ۔ ایک ایک ۔ علیحدہ علیحدہ ۔ **فردی** (ا) سونے چاندی کے تاروں سے کپڑے پر بنی ہوئی ٹکیاں ۔ فردان جمع (بتنا بنانا)

فَردا: (ف) کل ۔ دوسرا روز ۔ مو قیامت کا دن

فردوس: (ع ۔ مذ) جنت ۔ بہشت ۔ **فردوس بریں** ۔ جنت کا اعلیٰ طبقہ ۔ **فردوس مکانی** وہ مردہ شخص جس کا گھر فردوس میں متوقع ہو ۔ بابر بادشاہ کا لقب ۔ **فردوس منزلت** ۔ جنت میں رہنے والا مرحوم ۔ **فردوسی** (مذ) مشہور فارسی شاعر ابوالقاسم منصور طوسی کا تخلص جس نے شاہنامہ لکھا تھا اور ۴۱۱ھ میں وفات پائی ۔

فرزانگی: (ف ۔ مو) دانائی ۔ عقلمندی ۔ **فرزانہ** ۔ دانا ۔ عقلمند ۔

فرزند: (ف ۔ مذ) بیٹا ۔ اولاد ۔ **فرزند ارجمند** (مذ) لائق بیٹا ۔ ہونہار بیٹا ۔ سپوت ۔ **فرزند بنانا** ۔ گود لینا ۔ بیٹا بنانا ۔ **فرزند خلف** (مذ) نیک لڑکا ۔ باپ کا نام کرنے والا بیٹا ۔ **فرزند ناخلف** (مذ) نالائق لڑکا ۔ باپ کو بدنام کرنے والا لڑکا ۔ **فرزندی** (مو) باپ بیٹے کا رشتہ ۔ **فرزندی میں لینا** ۔ گود لینا ۔ بیٹا بنانا ۔ داماد بنانا ۔

فرزول: بندوق کی چانپ کا ایک پرزہ ۔

فرزیں: (ف ۔ مذ) شطرنج کا وزیر ۔ **فرزیں بنانا** ۔ شطرنج میں پیادہ کو وزیر کے درجے تک پہنچانا ۔ **فرزیں بند** (مذ) جب پیادہ فرزیں کے زور پر بیٹھا ہو تو اُسے فرزیں بند کہتے ہیں ۔

فرس: (ع) گھوڑا ۔ گھوڑی ۔

فرسا: (ف) مرکبات میں مستعمل ہے ۔ **جان فرسا** ۔ جان کو صدمہ پہنچانے والا ۔ **روح فرسا** ۔ روح کو اذیت دینے والا ۔

فرستادہ: (ف) بھیجا ہوا ۔ قاصد ۔ ایلچی ۔

فرسٹ: (انگ) پہلا ۔ اوّل ۔ اگلا ۔ مقدم ۔ یکم ۔

فرسخ: (ع ۔ مذ) کوس ۔ تقریباً تین میل کا فاصلہ (دو ہزار گز فی میل کے حساب سے) چھ کلومیٹر

فرسنگ: (ف ۔ مذ) دیکھو فرسخ ۔

فرسودہ: کہنہ ۔ پرانا ۔ گیا گزرا (جیسے فرسودہ خیال) **فرسودہ حال** خستہ حال ۔ تباہ حال ۔

فرش: (ف ۔ مذ) بچھونا ۔ بچھانے کی چیز ۔ زمین ۔ زمین کی سطح ۔ چونے سے بنی ہوئی زمین ۔ اینٹوں کی زمین ۔ **فرش بچھانا** ۔ بستر یا اور کوئی فرش پلنگ پر یا زمین پر پھیلانا ۔ **فرش خاک** ۔ زمین ۔ **فرش راہ** ۔ کمال عاجزی سے آنے والے کے استقبال اپنے لیے کہتے ہیں ۔ شعر جلال

حضور لائیں تو تشریف فرش راہ ہوں میں

فرش سے عرش تک ۔ زمین سے آسمان تک ۔ **فرش فروش** (مذ) فرش وغیرہ ۔ ہر قسم کا بچھونا ۔ **فرش کرنا** ۔ بستر بچھانا ۔ چونے اور اینٹوں سے فرش بنانا ۔ مار کر بچھا دینا ۔ مار کر زمین پر گرا دینا ۔ **فرش ہونا** ۔ گر پڑنا ۔ بساط بچھنا ۔ چونے کی تہ جمنا ۔ **فرشی** ۔ فرش کا ۔ چوڑے پیندے کا حقہ ۔

فرشتگان: (ف ۔ مذ) فرشتہ کی جمع ۔ **فرشتہ** ۔ خدا کا نورانی قاصد ۔ **فرشتوں کو خبر نہ ہونا** ۔ بالکل بے خبر نہ ہونا ۔ کسی کا واقف ہونا ۔ **فرشتوں کے پر جلنا** ۔ کسی جگہ تک جانے کی مجال نہ ہونا ۔ جلال یا خوف کے باعث جانے کی تاب نہ ہونا ۔ حوصلہ نہ ہونا ۔ **فرشتوں سے پر کترنا** ۔ فرشتوں سے سبقت لے جانا ۔ **فرشتوں کی نہ سننا** ۔ کسی کو خاطر میں نہ لانا ۔ نہایت سرکش ہونا ۔ **فرشتوں میں ملنا** ۔ معصوم بچوں کا

پاک آدمیوں کا مرکز فرشتوں کا درجہ پانا۔ **فرشتہ خصال۔ فرشتہ خو**۔ نہایت مقدس۔ پاک۔ بھولا بھالا۔ **فرشتہ پر نہیں مارتا**۔ کوئی غیر اور اجنبی کسی طرح نہیں جا سکتا۔ نہایت روک ٹوک ہے۔ **فرشتہ نشاں**۔ نہایت رعب و داب کا آدمی۔ **فرشتے نے گھر دیکھ لیا ہے**۔ اس وقت بولتے ہیں جب پے در پے کئی موتیں ہوں۔ دشمن نے گھر دیکھ لیا ہے۔ بڑا چسکا پڑ جانے کے موقع پر۔ **فرشتے نظر آنا یا دکھائی دینا**۔ موت کا نظر آنا۔ مرنے کا وقت قریب آنا۔ **فرشتے کا کان میں پھونکنا**۔ خفیہ طور پر معلوم ہونا۔ **فرشتے کا کہہ جانا**۔ کوئی بات بغیر اطلاع معلوم ہو جانا۔ **فرشتے کی دال نہیں گلتی**۔ کسی کی رسائی نہیں ہوتی ع جان صاحب

وہ یک دن تھا کہ میرے آگے فرشتے کی نہ گلی دال گلتی

فرشتے واقف نہیں۔ مخفی الاعلم ہوں۔

فُرصت: (ع ۔ مو) موقع۔ مہلت۔ فراغت۔ چھٹکارا۔ چھٹی۔ اطمینان۔ **فرصت پانا**۔ موقع پانا۔ چھٹکارا پانا۔ چھٹی ملنا۔ فراغت حاصل ہونا۔ **فرصت دینا**۔ مہلت دینا۔ وقت دینا۔ **فرصت ملنا**۔ مہلت ملنا۔ چھٹکارا ملنا۔ موقع ملنا۔ **فرصت میں**۔ خالی وقت میں۔ تنہائی میں۔ **فرصت ہونا**۔ مہلت ہونا۔ فارغ ہونا۔

فرض: (ع ۔ مذ) خدا کا حکم۔ شرعی حکم۔ ضروری امر۔ بار۔ ڈیوٹی۔ ذمہ داری۔ مانا ہوا۔ تسلیم ہوا۔ **نکاح فرض اتارنا**۔ فرض کو ادا کرنا۔ (لڑکے کی شادی کیا کی ہے فرض اتارا ہے) **فرض ادا کرنا**۔ خدا کا حکم بجا لانا۔ خدمت ادا کرنا۔ ڈیوٹی پوری کرنا۔ **فرض پڑھنا**۔ لازم اور واجب رکعتوں کو ادا کر دینا۔ نماز پڑھنا۔ **فرض ساقط ہونا**۔ فرض اتر جانا۔ فرض نہ رہنا۔ **فرض کردم**۔ مان لو۔ ذرا سی دیر کے لیے تسلیم کر لیا ہے۔ بحر

حال پرستی تمہیں بیمار کی لازم تھی ضرور

فرض کردم مری آئی ہوئی کیا ٹل جاتی

فرض کر کے۔ قرار دے کے۔ بے ضرورت کوشش کر کے۔ **فرض کرو**۔ ذرا سی دیر کے لیے مان لو۔ **فرض کرنا**۔ تسلیم کرنا۔ ماننا۔ قبول کرنا۔ کسی بات کو بے ثبوت ماننا۔ **فرض محال**۔ ایک ناممکن بات کو محض فرض کر لینا۔ **فرض ہونا یا ہو جانا**۔ واجب ہونا۔ لازم ہونا۔ ذمہ ہونا۔ **فرضاً**۔ بالفرض مانا کہ۔ **فرضی**۔ بنا ہوا۔ بے اصل۔ مصنوعی۔ خیالی۔ نقلی۔ نام کو۔ برائے نام۔ **فرضیت** (مو) فرض ہونا۔

فرط: (ع ۔ مذ) زیادتی۔ کثرت۔ افراط۔ جیسے فرط شوق۔ فرط محبت۔ ے اشک

ہاتھ قاتل کا گریباں تک پہنچ سکتا نہیں

اور فرط شوق سے ہاں تم دامن دار کا

فَرع: (ع ۔ مو) شاخ۔ ٹہنی۔ وہ مسئلہ جو اصول پر مبنی نہ ہو۔

فِرعون: (ع ۔ مذ) مصر کا مشہور بادشاہ جو خدائی کا دعوے کرتا تھا۔ متکبر۔ مغرور۔ نافرمان۔ سرکش۔ **فرعون بے ساماں**۔ وہ شخص جو مقدرت نہ ہونے پر بھی اتراتے۔ مغرور۔ گھمنڈی۔ شیخی باز۔ متکبر۔ **فرعونیت** (مو) سرکشی۔ غرور۔

فَرغُل: (مو ۔ مذ) روئی دار جبہ۔ جاڑے کا لباس۔ کپڑا جو بچوں کو پہناتے تھے اور جس پر ٹوپی بھی لگی ہوتی تھی۔

فَرفَر: (ف) تیز۔ جلدی جلدی۔ اڑا دینا۔ باتیں کرنا۔ (پڑھنا۔ ہوا آنا۔ یاد ہونا کے ساتھ) **فرفری**۔ ایک قسم کی خاص بولی جس میں ہر لفظ کے آخر میں فر بڑھا دیتے ہیں۔ (دیکھیے فر)

فَرفَرمائش: (مو) فرمائش وغیرہ۔ وہ فرمائشیں جو زیر دستوں سے کی جائیں۔ تقدرانہ اور زائد جو محکموں اور ضرورت مندوں سے ملے (صرف فرمائش کے علاوہ چار سو روپے تنخواہ کے ملتے ہیں)

فَرفَند: (ف ۔ مذ) مکر۔ حیلہ۔ **فرفندی** (مو) مکر کرنا۔ مکاری۔

فَرق: (ع ۔ مذ) جدائی۔ علیحدگی۔ فاصلہ۔ دوری (تم دونوں ذرا فرق سے بیٹھو) اختلاف (دونوں چیزوں میں بڑا فرق ہے) سر کے بالوں کی مانگ۔ سر۔ ع غالب

واں وہ فرق ناز محو بالش کمخواب تھا

تمیز۔ شناخت۔ دوئی۔ بیگانگی۔ غیریت ے سحر

چاہے کا کیا ہمارے برابر تمہیں رقیب

ہے یار دو گھر عشق و محبت میں فرق ہے

خلل۔ کمی۔ نقصان ے سحر

بیگار نامے صورت بلبل کٹے آ کیا

کس سے کہیں گلوں کی سماعت میں فرق ہے

فرق آ جانا۔ پہلی سی بات نہ رہنا۔ تھوڑا نہ رہنا (لوگوں میں فرق آ گیا ہے) نسل خراب ہو جانا۔ **فرق پڑنا**۔ اختلاف ہونا۔ میل دکھانا۔ **فرق سے**۔ فاصلے سے۔ ہٹ کر۔ پرے۔ **فرق کرنا**۔ جدا کرنا۔ تمیز کرنا۔ الگ کرنا۔ **فرق نکالنا**۔ غلطی نکالنا۔ اختلاف دور کرنا۔ **فرق ہونا**۔ اختلاف ہونا۔ تفاوت۔ جدائی ہونا۔

فُرقان: (ع ۔ مذ) حق اور باطل میں فرق کرنے والا۔ قرآن پاک۔

فُرقت :- (مو) جُدائی - ہجر - علیحدگی -

فَرقَدان فَرقَدین :- (مذ) ان بلند ستاروں کے نام جو قطب شمالی کے پاس ہیں اور شام سے صبح تک نمایاں رہتے ہیں اور مسافروں کے لیے رہنما ہیں -

سیارے ہیں رکاب ہمایوں سے بہرہ ور
ہیں سر سے فرقدین جلو میں اِدھر اُدھر ۔ اَنج

فِرقہ :- (ع - مذ) قوم - گروہ - جماعت ٹولی -

فَرلانگ :- (انگ - مذ) میل کا آٹھواں حصہ -

فَرلو :- (انگ - مو) وطن جانے کی لمبی رخصت -

فَرم :- (انگ - مو) کارخانہ - کاروبار کی کوٹھی -

فَرما :- (- مذ) ایک جزو جو چھاپا خانے میں چھپنے کے لیے رکھا ہو یا چھپ کر تیار ہو جائے تو کہتے ہیں کہ ایک ...ہ چھپ گیا - ایک باقی ہے - فرما موڑنا - فرمے کے کاغذ کو جس ...ں کئی صفحات ہوتے ہیں موڑ کر کتابی صورت میں بنانا -

فَرمان :- (ف - مذ) شاہی حکم - بادشاہ کا قبالہ - پروانہ - سند شاہی - فرمان بردار حکم ماننے والا - ملازم - فرمان برداری (مو) اطاعت حکم ماننا - فرمان برداری کرنا - تابعداری کرنا - حکم ماننا - فرمان بھیجنا حکم بھیجنا - پروانہ بھیجنا ...رمان پذیر (مذ) فرماں بردار - تابعدار - فرمان روا - حاکم - ...دشاہ - فرماں روائی مو حکمرانی - حکومت - بادشاہی - ...مان صادر کرنا - حکم جاری کرنا - فرمانا - حکم دینا - بولنا - ...نا (مذ) فرماؤ تو قبالہ منگوا دوں - یعنی آپ جانے مکان پر قبضہ کے نہ بیٹھئے - جب کسی کا بیٹھنا نہایت ناگوار ہوتا ہے اس ...ت بولتے ہیں -

فَرمائش :- (ف - مو) وہ طلب یا حاجت یا کام جو کسی کے سامنے بطور حکم یا واجب التعمیل قرار دے کر پیش کیا ...ئے - عموماً حاکموں کی طرف سے فرمائش ہوتی ہے یا بچوں کی طرف ...ے نازبرداری کے لیے - طنزاً ایسے جا حکم کے لیے بھی بولتے ہیں ...ب صاحبزادے کی فرمائش ہے کہ موٹر منگوا کر دیجئے) ...مائشی - حکم کے موافق - فرمائش کی ہوئی - کہہ کے منگوائی ...یا - بنوائی ہوئی - عمدہ و نفیس - کثرت کے لیے (آجکل فرمائشی ...ہ پڑ رہی ہے) جوتوں کی مار - مغلظ گالیاں (کھانا - پڑنا لگانا ساتھ)

ست راحت

خانگی کسبی نہیں میں رتھ کا پردہ چھوڑ دو
کھاؤ گے فرمائشی ہر پلپلا ہو جائے گا

فرمائشی سُنانا - فحش گالیاں دینا - فرنٹات (مو) جمع

فَرنٹ ہو جانا :- (ا) سرکش ہو جانا - باغی ہو جانا - رنجیدہ ہو جانا - بگڑ جانا -

فِرنچ :- (انگ) فرانس کا باشندہ - فرانس کی زبان -

فِرنگ :- انگریز - فرنگی - یورپ - فرنگستان (مذ) یورپ - ولایت - فرنگن (مو) انگریز عورت -

فرنگی (مذ) انگریز - یورپین - فرنگی بچہ (مذ) انگریز بچہ - وہ بچہ جو یورپ میں پیدا ہو - فرنگی محل - لکھنؤ کا ایک مشہور پرانا محلہ جہاں علمار رہتے ہیں - اسی سے چوک ملحق ہے جو کسبیوں کا مرکز ہے - اسی وجہ سے بعض خانگیاں اس محلے میں بھی رہتی ہیں - بعض شعرائے لکھنؤ نے اس سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے فرنگی محل چوک کے معنی میں نظم کیا ہے ۔ قلق

لپکا پڑا ہے حُسن پرستی کا کس قدر
جب دیکھیے قلق کو فرنگی محل میں ہے

فِرنی :- (ف - مو) ایک قسم کی کھیر -

فَرو :- (ف) نیچے - زیر - فروتر - بہت کم - بہت نیچے - فروتن - عاجز - مسکین - خاکسار - فروتنی (مو) عاجزی - مسکینی - تواضع - خاکساری - فرو کرنا - بجھانا - مٹانا - (غصہ فرو کرنا) آگ ... دبانا - کم کرنا (غصہ فرو کرنا) فروکش - مقیم - ... - فروگذاشت (مو) بھول تقصیر غفلت - فرومایگی (مو) مجبوری - تنگ دستی - کمزوری - فرو ہونا - دبنا - نیچے بیٹھنا - بجھنا - دور ہونا -

فُروٹ :- (انگ - مذ) پھل - میوہ -

فَروٹ :- (ا) گھوڑے کو سرپٹ دوڑانا - پویہ دوڑانا - فروٹ اُڑانا - گھوڑے کو سرپٹ دوڑانا - فروٹ جانا - سرپٹ جانا - تیز جانا -

فَروخت :- (ف - مو) بکری - بیع - فروخت کرنا بیچنا - فروخت ہونا - بکنا -

فَرودگاہ :- (ف - مو) اُترنے کی جگہ - ٹھہرنے کی جگہ -

فَروری :- (انگ - مذ) عیسوی سال کے دوسرے مہینے کا نام

فَروز :- (ف) فارسی لاحقہ جیسے دلفروز - دل کو روشن کرنے والی چیز -

فروش: (ف - مرکبات میں لاحقہ) بیچنے والا - جیسے میوہ فروش - سبزی فروش وغیرہ -

فروع: (ع - مذ) فرع کی جمع - شاخیں - ٹہنیاں - وہ باتیں جو اصول نہ ہوں - **فروعات** - اصول کی ضد - وہ باتیں جن پر کسی کا دار و مدار نہ ہو - شاخیں پھوٹنے - **فروعی** - فروع سے تعلق رکھنے والی بات - ضمنی

فروغ: (ف - مذ) روشنی - چمک - سرافرازی - رونق ؎

فلک پہ مہر نے پیدا بہت فروغ کیا
پر اس کے رُخ سے جو دعویٰ کیا دروغ کیا — ظفر

سبقت - ترجیح ؎ جان

تم اکیلے پانچ بھائی ہیں مرے چھوٹی تیرے
سچ ہے اس لئے پہ رکھتے ہیں مرے جو فروغ

فروغ پانا - رونق پانا - نام پانا - عزت پانا - **فروغ دینا** - ترقی دینا - چمکانا - رونق دینا -

فروہی: (ا - مو) دستوری - بٹا - کمیشن - وہ حقوق جو بہت سا سودا لینے والے ملازم کو دکاندار سے ملتے ہیں - عطا - ؎ اوج

جری کے ہاتھ میں چھوٹی سی اک سروہی تھی
سلاح خانہ قدرت کی وہ فروہی تھی

فرہاد: (ف - مذ) شیریں کا عاشق جس نے کوہ بے ستون کو شیریں کی خوشنودی نے اس غرض سے کاٹ کر نہر بنائی تھی کہ چراگاہ سے بکریوں کا دودھ آسانی کے ساتھ بس نہر کے ذریعے شیریں کے محل تک پہنچ جایا کرے (اس نہر کو جوئے شیر کہتے ہیں)

فرہنگ: (ف - مو) کتاب لغات - ڈکشنری - مشکل الفاظ کی فہرست جو کتابوں کے آخر میں لگی رہتی ہے - علم و عقل -

فری: (انگ) آزاد - بے روک ٹوک - مفت - بلا قیمت -

فریاد: (ف - مو) شور و غل - دہائی - مظلوموں کی آہ و زاری - نالش - دادخواہی - **فریادرس** - فریاد کو پہنچنے والا - دہائی سننے والا - انصاف کرنے والا - **فریادرسی** - مو - دادرسی - انصاف دہی - **فریاد کرنا** - غل مچانا - شور کرنا - نالش کرنا - انصاف چاہنا - **فریاد کو پہنچنا** - فریادرسی - انصاف کرنا - **فریاد لانا** - کسی کے ظلم سے تنگ آ کر شکایت کرنا - داد کو آنا - **فریادی** - دعوے دار - مدعی -

فریب: (ف - مذ) دغا - مکر - حیلہ - چھل - چالاکی - شعبدہ - طلسم - محض دھوکا (مرکبات میں) لبھانے والا - جیسے دلفریب - **فریب دینا یا کرنا** - دھوکا دینا - دغا کرنا - چالاکی کرنا - **فریب میں آنا** - دھوکا دینا - جھانسے میں آنا - **فریب دہی** (مو) دغابازی - ٹھگی - **فریبی یا فریبیا** - ٹھگ - مکار - دھوکے باز -

فرید: (ع) جس کا کوئی ثانی نہ ہو - یکتا - بے نظیر - بابا فرید گنج شکر کا نام جن کا توشہ مشہور ہے ؎ امیر

بک بک کے روز کھاتے ہیں واعظ مراد مانع
نکلے ہیں شاید اس کو بھی توشہ فرید کا

فرید بوٹی (مو) ایک سرد اور لیسدار بوٹی جس سے پانی جم جاتا ہے -

فریدون: (ف - مذ) فارس کے ایک مشہور بادشاہ کا نام جس نے ظالم ضحاک کو قتل کر کے ایران میں امن قائم کیا تھا -

فریفتہ: (ف) دھوکا کھایا ہوا - فریب میں آیا ہوا - عاشق - مفتون - **فریفتہ کرنا** - لبھانا - عاشق بنانا - **فریفتہ ہونا** - عاشق ہونا - مفتون ہونا -

فریق: (ع - مذ) گروہ - جماعت - فرقہ - مدعی یا مدعا علیہ - **فریق اول** - مدعی اور اس کے گواہ - **فریق ثانی** - مدعا علیہ کی جماعت - **فریقین** - طرفین - دونوں فریق - مدعی اور مدعا علیہ -

فریم: (انگ - مذ) قالب - ڈھانچ - چوکٹا - حلقہ - گھیرا (بنانا - لگانا)

فزا: (ف لا فارسی لاحقہ جس کے مرکب اردو میں مستعمل ہیں) زیادہ کرنے والا (جان فزا - رونق فزا وغیرہ)

فزع: (ع - مو) خوف - دہشت - اضطراب - اردو میں تنہا مستعمل نہیں - جزع کے ساتھ ملا کر بولتے ہیں جیسے جزع فزع

فزوں: (ف) زیادہ بڑھا ہوا - **فزونی** (مو) کثرت - زیادتی -

فساد: (ع - مذ) تباہی - خرابی - بگاڑ - لڑائی - جھگڑا - شرارت - **فساد اٹھانا** - برپا کرنا - کرنا یا مچانا - دنگا کرنا - جھگڑا کرنا - غدر مچانا - فتنہ کھڑا کرنا - **فساد پھیلانا** - خرابی پھیلانا - **فساد خون** - خون کا بگاڑ - خون کی بیماری - سوداویت - **فساد کی جڑ** - **فساد کی گانٹھ** (مو) جھگڑے کی بنیاد - لڑائی کا گھر - فساد پیدا کرنے والا - **فسادی** - فساد برپا کرنے والا - جھگڑالو - آگ لگاؤ -

فسانہ: (ف - مذ) گھڑا ہوا قصہ - بنائی ہوئی کہانی - ماجرا - وہ حکایت جو کہانی سے بڑی اور داستان سے چھوٹی ہو اور اس کی بنیاد محض تخیل پر نہ ہو - درد بھری کہانی ؎

ہر چند فرصت تو کہوں تم سے فسانہ ہوا
مختصر یہ ہے کہ دشمن ہے زمانہ ہوا — شمیم

فسخ :- (ع - مذ) ارادہ بدل دینا - رائے پھیرنا - رائے پلٹنا - نکاح باطل کرنا - معاہدہ توڑنا (کرنا - ہونا) فسخ عزیمت مذ ارادہ توڑنا - نیت بدلنا -

فسردگی :- (ف) دیکھو افسردگی -

فسق :- (ع - مذ) نافرمانی - حکم عدولی - بدکاری - گناہ - جرم - فسوق :- (ع - مذ) کمرا - بدکاری - گناہ - جرم - فسوق (فاسق) فسق - جرم -

فسوں :- (ف - مذ) منتر - جادو - ٹونا ؎ مؤلف

تری فسون و فسانہ یہ دُنیا ہے اسباب کا کارخانہ

(ف - مذ) قبر کا مُردے کو بھینچنا - جو نیکوں کے لیے آرام دہ اور بدوں کے لیے باعث عذاب ہوتا ہے -

بھینچنا ؎ نسیم

وبائے گردن مارد پکارے یہ عباس
فشار دو بیں خلف بوتراب دیتے ہیں

فشار قبر (ف) قبر کی تنگی - قبر کا عذاب -

فشردہ :- (ف) نچوڑا ہوا - عرق نکالا ہوا (مذ) عرق - رس -

فصاحت :- (ع - مو) غلط اور غیر مانوس ترکیبوں ثقیل اور مشکل لفظوں سے کلام کا پاک ہونا - خوش کلامی - خوش بیانی ؏ انیس

نمک خوان تکلم ہے فصاحت میری

فصّاد :- (ع - مذ) فصد کھولنے والا - جرّاح - فصد (مو) رگ سے خون لینا - خون نکالنا - فصد لینا یا فصد میں لینا - رگ سے خون نکلوانا - جنون یا سودا کا علاج کرنا -

فصل :- (ع - مو) موسم - رُت - کتاب کا حصہ - باب - دو چیزوں کے درمیان کا فاصلہ - جدائی - فرق - پردہ - اوٹ - پیداوار (اس سال گیہوں کی فصل اچھی ہے) وَصل کے ساتھ دھوکا اور فریب (وصل فصل) فصل استادہ (مو) کھڑی کھیتی فصل بگڑنا - آب و ہوا خراب ہونا - پیداوار خراب ہونا متعدی میں مستعمل ہے ؎ رشک

تیری گلگشت کی گرمی نے بگاڑی یہ فصل
چیچک اوراق گل تر کو سراپا نکلی

فصل بہار (مو) بہار کا موسم - بسنت رُت - فصل خریف (مو) برس کے پہلے چھ مہینے - ساونی - فصل ربیع (مو) وہ موسم جس میں پھول کھلتے ہیں - بسنت رُت - بہار - فصلی - فصل سے متعلق - موسمی - فصلی بخار - وہ موسمی بخار جو تبدیل فصلوں سے ہو ؎

یکایک اُٹھے تپ غم کی کس طرح ایذا
کبھی ہوئے نہیں فصلی بخار سے واقف ؎ قلق

فصلی کوا (مذ) وہ پہاڑی کوا جو سردیوں میں اکثر آجاتا ہے بالکل سیاہ ہوتا ہے - فصلی میوہ (مذ) جو کسی خاص موسم میں پیدا ہو - فصول (مذ) فصل کی جمع - فصولِ اربعہ (مذ) برس کی چار رُتیں - جاڑا - گرمی - بہار - خزاں -

فصیح :- خوش کلام - شیریں زبان - جس کے کلام میں فصاحت ہو (دیکھو فصاحت)

فصیل :- (مو) شہر کی چار دیواری فصیل باہر - بارہ پتھر باہر - شہر کی چار دیواری اور حد سے باہر -

فضا :- (ع - مو) زمین کی فراخی - کھلا ہوا میدان - بہار - کیفیت - رونق - جگہ کی وسعت - اس معنی میں (مذ) بھی آیا ہے ؎ جلال

جب تن پہ کوئی زخم لگا بولے شاہ دین
شکر خدا کو اور فضائے دہن رہا

فضا کا مقام (مذ) بہار کا مقام - پُرلطف جگہ -

فضائل :- (ع - مذ) فضیلت کی جمع - اعلیٰ رُتبے - کمالات - جوہر - فضائل اربعہ (مذ) چار خوبیاں حکمت - شجاعت - عفت - عدالت -

فضل :- (ع - مذ) زیادتی - بہتات (اس کی جمع فضول) عطا بخشش (اس کی جمع افضال) - رحم - مہربانی - عنایت - بزرگی - فضیلت - فضلِ الٰہی (مذ) خدا کی مہربانی - خدا کی عنایت - فضل خدا شاملِ حال ہونا - خدا کی مہربانی ہونا - فضل کرنا - رحم کرنا - مہربانی - شفا بخشنا - آرام دینا - فضل مولیٰ - ندا - فقیروں کی صدا - خوش رکھے - خدا کی عنایت ہے - فضل ہے - خیریت ہے - خیر کو جواب نفی -

فضلا :- (ع - مذ) فاضل کی جمع - علما -

فضلات :- (ع - مذ) فضلہ کی جمع - فضلہ (مذ) پھوک - بول - براز - چھڑک - پلیدی (کبھی بچے کھچے کے معنی میں بولتے ہیں)

فضول :- (ع) بے فائدہ - بیکار - نکما - فالتو - فضول خرچ - آمدنی سے زیادہ خرچ کرنے والا - بے موقع خرچ کرنے والا - فضول خرچی (مو) بے موقع خرچ - فضول خرچی کرنا - بیکار خرچ کرنا - بے اندازہ خرچ کرنا - فضول گو - (مذ) باتونی - بکواسی - بکی - فضول ہونا - ضرورت سے زیادہ ہونا - نکما اور لاحاصل - فضولی - زیادہ گو - بے ہودہ آدمی - وہ شخص جو غیر ضروری کام کرے -

فضیتا :- (ا - مذ) فضیحت - بیکار کا جھگڑا جو باعث رسوائی

جو ۔ **فضیحتا اڑانا** ۔ رسوا کرنا ۔ فضیحت کرنا ۔ **فضیحتی** (مو) فضیحت ۔ **فضیحتی کرنا** ۔ ذلیل کرنا ۔ لتے لینا ۔ کرنا ۔ جھگڑنا ۔ **فضیحتانی** ۔ بہت فضیحت کرنے والی عورت ۔ **فضیحت** (ع ۔ مو) بدنامی ۔ رسوائی ۔ **فضیحت کرنا** ۔ بدنام کرنا ۔ رسوا کرنا ۔ لڑنا ۔ جھگڑنا ۔ جھڑکنا ۔ **فضیحت ہونا** ۔ بدنامی ہونا ۔ رسوائی ہونا ۔ جھگڑا ہونا ۔ **فضیحتی** (مذ) لڑائی ۔ جھگڑا ۔ دنگا فساد ۔ **فضیحتی کرنا** ۔ بدنام کرنا ۔ جھگڑنا ۔ بدنام کرنا ۔ جھگڑنا ۔ ڈانٹنا ۔ دھمکانا ۔ **فضیحتیاں کرنا** ۔ برا بھلا کہنا ۔ ڈانٹنا ۔ دھمکانا ۔

فضیلت: (ع ۔ مو) بزرگی ۔ بڑائی ۔ عمدگی ۔ خوبی ۔ بہتری ۔ ترجیح ۔ **فضیلت کا تمغا** (مذ) وہ انعام یا تمغا جو کسی علمی یا فنی مقابلے میں یا سبقت کی سند میں دیا جائے ۔ **فضیلت کی پگڑی باندھنا** ۔ دیکھو دستار فضیلت ۔ **فضیلت کا وقت** ۔ وہ وقت جس میں کسی فرض عبادت کا ادا کرنا زیادہ افضل ہے ۔ **فضیلت لے جانا** ۔ سبقت لے جانا ۔

فطانت: (ع ۔ مو) دانائی ۔ عقل ۔ ہوشیاری ۔

فطر: (ع ۔ مذ) روزہ کھولنا ۔ افطار ۔ عید الفطر ۔ فطرہ ۔ وہ (خیرات) جو عید الفطر میں دیا جاتا ہے قیمت در فطرہ

فطرت: (ع ۔ مو) قدرتی مادہ ۔ پیدائشی وصف ۔ وہ بات جو خمیر میں ہو ۔ دانائی ۔ چالاکی ۔ سازش (یہ چوری دونوں کی فطرت سے ہوئی) **فطرت کرنا** ۔ چالاکی کرنا ۔ چال چلنا ۔ **فطرت لڑانا** ۔ سازش کرنا ۔ دھوکا دینا ۔ چالاکی کرنا ۔ **فطرتی** ۔ پیدائشی ۔ خلقی ۔ قدرتی ۔ شوخ ۔ چالاک ۔ فتنہ پرداز ۔

فطیری: (ع ۔ مو) (روٹی) تازہ گندھا آٹا ۔ چپاتی ۔ نان فطیری ۔

فطین: (ع) دانا ۔ زیرک ۔

فعل: (ع ۔ مذ) کام ۔ وہ کلمہ جس میں تینوں زمانوں میں سے کوئی زمانہ پایا جائے ۔ عمل ۔ بے جا حرکت ۔ جیسی ۔ **فعل جائز** (مذ) وہ کام جو شرعاً یا اخلاقاً روا ہو ۔ **فعل شنیع** (مذ) کرتوت ۔ شرمناک فعل ۔ **فعل ضمانتی** آئندہ کے لیے نیک چال چلن کی ضمانت ۔ **فعل کرنا** ۔ کوئی کام یا حرکت کرنا ۔ عمل کرنا ۔ **فعل کرانا** ۔ برا کام کرنا ۔ **فعل لازم** (مذ) وہ فعل جو صرف فاعل ہی پر تمام ہو جائے اور مفعول کو نہ چاہے ۔ **فعل متعدی** (مذ) وہ فعل جس میں مفعول کے رکھنے کا اختیار ہے ۔ **فعل معروف یا معلوم** (مذ) فعل جس کا فاعل معلوم ہو ۔ **فعل ناقص** (مذ) وہ فعل جس کو فعلیت کے معنی کی تکمیل کے لیے کسی صفت کی ضرورت ہو جیسے ہونا ۔ کہ اس سے کوئی بات اس وقت تک سمجھ میں نہیں آتی ۔ جب تک اس کے ساتھ ایک صفت (مشتق) مثلاً

ہونا ۔ ناقص ہونا ۔ اچھا ہونا ۔ برا ہونا (نہ ملائی جائے) ۔ **فعلاً** عملاً یا فعل کی رو سے ۔ **فعلی** ۔ فعل کے متعلق ۔ کام کا ۔

فغان: (ف ۔ مو) دہائی ۔ شور ۔ واویلا ۔ فریاد ۔

فغفور: (ف ۔ مذ) چین کے بادشاہوں کا لقب ۔

ففرو ہونا: (ا) ہوا ہونا ۔ رفو چکر ہونا ۔

فق: (ف) خوف یا حیرت کے سبب چہرے کی رنگت کا بدل جانا ۔ ہکا بکا ۔ متعجب ۔ حیران پریشان ۔ **فق پڑ جانا** ہو جانا یا ہونا ۔ خوف یا حیرت سے چہرے کا رنگ اڑ جانا ۔ ہوائیاں اڑنے لگنا ۔ **فق فق** ۔ حیران پریشان ۔ ہوائیاں سی اڑتی ہوئی ۔ بے رونق ۔

فقدان: (ع ۔ مذ) نہ ہونا ۔ (آجکل بازار میں فلاں چیز کا فقدان ہے یعنی نہیں ہے)

فقر: (ع ۔ مذ) محتاجی ۔ درویشی ۔ **فقر و فاقہ** (مذ) تنگی ترشی ۔ بھوک پیاس ۔ غریبی ۔ **فقرا** ۔ (مذ) فقیر کی جمع (دیکھو فقیر)

فقرہ: (ع ۔ مذ) جملے کا کوئی حصہ ۔ جملہ ۔ جھانسا ۔ فریب ۔ **فقروں میں آنا** ۔ باتوں میں آنا ۔ دم فریب میں آنا ۔ **فقرہ باز** ۔ چالباز ۔ دھوکے باز ۔ فریبی ۔ **فقرہ بتانا** ۔ جھانسا دینا ۔ کوئی جھوٹی بات گھڑنا ۔ گپ اڑانا ۔ دھوکا دینا ۔ **فقرہ بنانا** ۔ جملہ صحیح کرنا ۔ **فقرہ جڑنا** ۔ چبھتی ہوئی بات ۔ جھوٹ ۔ طنز ۔ چبھتی کہنا ۔ **فقرہ چل جانا** ۔ چٹکلہ ۔ نکتہ ۔ بہانہ کامیاب ہو جانا ۔ **فقرہ دینا** ۔ جھانسہ دینا ۔ چال چلنا ۔ **فقرہ رواں ہونا** ۔ جملے درست ہونا ۔ چال یا مکر کی کامیابی یا مہارت ہونا ۔ **فقرہ کرنا** ۔ فریب کی بات کہہ کر کسی کو فریب میں لانا ۔ **فقرہ ہونا** ۔ چال چلنا ۔ **فقروں پر چڑھنا** ۔ جھانسے میں آنا ۔ **فقروں میں اڑانا** ۔ دھوکے فریب سے بہلانا ۔ **فقرے** ۔ فقرہ کی جمع (مذ) **فقرے آنا** ۔ آوازے کسنا ۔ **فقرے بازی** (مو) چالاکی چٹکلے ۔ گپ بازی ۔ **فقرے بازیاں کرنا** ۔ باتیں بنانا ۔ چالیں چلنا ۔ **فقرے بنانا** ۔ لفظوں کو جوڑ کر جملے بنانا ۔ دل سے باتیں گھڑنا ۔ **فقرے بندی** (مو) تک بندی ۔ فقرے جوڑنا ۔ **فقرے تراشنا** ۔ جھانسے دینا ۔ جھوٹی باتیں کرنا ۔ **فقرے چرب بولنا** ۔ جھوٹی تعریف کرنا ۔ **فقرے ڈھالنا** ۔ سننا یا کہنا ۔ طعنہ دینا ۔ چبھتی ہوئی کہنا ۔ **فقرے سے** ۔ چالبازی سے ۔

فقط: (ع) صرف ۔ تنہا ۔ اکیلا ۔ نرا ۔ بس ۔ کافی ۔ خاتمہ ۔ تمام شد ۔

فِقہ: (ع - مو) شرعی احکام کا علم - علمِ دین - **فُقَہا** (مذ) فقیہ کی جمع - علمِ دین کے جاننے والے - **فِقہی** - فقہ سے منسوب -

فَقیر: (ع - مذ) گدا - بھکاری - بھک منگا - نادار - غریب - خدا پرست - تارک الدّنیا - خاکسار - بندۂ ناچیز - **فقیر اپنی کملی میں مست ہے** - غریب تھوڑے ہی سامان میں خوش ہے - **فقیر بننا** - **فقیری لینا** - مفلس ہونا - امام حسین کے نام پر محرم میں فقیروں کا سا لباس پہن کر مانگنا - **فقیر بنا دینا یا کر دینا** - غریب بنا دینا - کنگال کر دینا - لوٹ لینا - **فقیر جاہل شیطان کا گھوڑا** - جاہل فقیر گمراہ اور شیطان کا ساتھی ہے - **فقیر خانہ** (مذ) خاکساری سے اپنے گھر کو کہتے ہیں - **فقیر (نی) کا پوت چلن امیروں (احمدیوں) کا** - غریب ہو کر وضع امیرانہ - **فقیر کو کمل دوشالہ** - غریب صابر ہوتا ہے - **فقیر کی صدا** (مو) فقیر کے مانگنے کی آواز - **فقیر کی صورت سوال ہے** - محتاج کی صورت ہی سے اس کی ضرورت ظاہر ہو جاتی ہے - **فقیر ہو جانا** - جوگ لے لینا - نادار ہو جانا - محتاج ہو جانا - **فقیرانہ** - محتاجوں اور درویشوں کی مانند - درویشانہ - **فقیرنی** (مو) بھیک مانگنے والی عورت - کنگلی - **فقیری** (مو) گدائی - درویشی - غریبی - کنگلاپن - ترکِ دُنیا - فقیر سے متعلق بات - **فقیری کا بانا** - لباس - فقیر - **فقیری شیر کا برقع ہے** - فقیری بہت بڑا پردہ ہے - اس میں بڑے بڑے کامل نکل آتے ہیں - **فقیری لٹکا** (مذ) سہل نسخہ - چھو منتر - آسان تدبیر - **فقیری لینا** - فقیر ہو جانا - دُنیا کو ترک دینا -

فَک: (ع - مو) ایک سابقہ چھوٹنا کے معنی دیتا ہے - (فکِ رہن ہو گیا - گروی چیز چھوڑی گئی) **فکِ اضافت** (مذ) اضافت کی علامت نہ پڑھنا (جیسے صاحبِ دل کے بجائے صاحب دل) **فکُّ الرّہن** (مذ) رہن کی ہوئی چیز کو چھوڑانا -

فِکر: (ع - مو - لک - مذ - دِلّی) سوچ بچار - اندیشہ - تردّد - دغدغہ - احتمال - دھیان ع اسیر

فکر ہے ان کو متاعِ حسن کے نیلام کی

غم و رنج (بیماری کی خبر سن کر فکر پیدا ہوئی) غور - تامل - مضمون اور تصنیف کرنا - پروا - حاجت (تمھیں روٹی کی فکر نہیں) تدبیر (تم اپنی فکر آپ کر لو) **فکر آ پڑنا** - اچانک الجھن یا قابلِ توجہ - **فکر لگنا** - تدبیر نکلنا - **فکر دوڑانا** - سوچنا - غور کرنا - **فکر کرنا** - شعر کہنے کے لیے غور کرنا - تدبیر کرنا - غم کرنا - تردد کرنا - **فکرِ معاش یا معیشت** (مذ) روزی کمانے کی فکر اور تدبیر - **فکر مند** - غمگین - متردّد - **فکر مندی** (مو) فکر - خیال - سوچ بچار - **فکر میں ڈوبنا** - سوچنے میں محو ہونا - فکر میں گھل جانا - نڈھال ہو جانا - **فکر میں ہونا** - تدبیر سوچنا - غمگین ہونا - تاک میں ہونا - **فکر ہونا** - خیال ہونا - اندیشہ ہونا - رنج و غم ہونا - تدبیر میں لگا ہونا -

فِگار: (ف) صفت - زخمی - گھائل - آزردہ جیسے دلفگار - عاشق - **فگار کرنا** - زخمی کرنا - گھائل کرنا - **فگار ہونا** - زخمی ہونا -

فَلاح: (ع - مو) نجات - بھلائی - سلامتی - **فلاحِ دارین** (مو) دونوں جہان میں بھلائی دینا - دنیا اور عقبیٰ کی بھلائی - **فلاح کو پہنچنا** - بھلائی حاصل کرنا - نیکی کمانا - مراد کو پہنچنا - پھل پانا -

فَلاحَت: (ع - مو) زراعت - کھیتی باڑی -

فَلاخَن: (ف - مو) گوپیا - گوپھن - رسّی کا آلہ جس میں پتھر یا ڈھیلا رکھ کر پھینکتے ہیں ؎ رشک

گردشِ تیرے موحدوں کی کھیل کچھ نہیں

سارے بتوں کو سنگِ فلاخن بنائیں گے

فِلاسفر: (انگ) فلسفی - حکیم - حقیقت - موجودات سے بقدرِ طاقتِ بشری واقفیت حاصل کرنے والا -

فَلاسِفہ: (ع - مذ) فلسفی کی جمع - ایک معجون کا نام -

فَلاطُون: (ع - مذ) یونان کا ایک نہایت مشہور حکیم افلاطون - دیکھو افلاطون -

فَلاکَت: (ع - مو) مفلسی - غریبی - ناداری - **فلاکت زدہ** - مصیبت کا مارا - بدنصیب - کنگال - **فلاکتی** - بہت کم مصیبت زدگی -

فَلاں: (ع - مذ) وہ شخص یا چیز جو ذہن میں ہو (فلاں چیز لاؤ) آمکا ڈھمکا - عمرو زید - کوئی ایک - کوئی آدمی - **فلانا** (مذ) فلاں شخص - وہ - وہ آدمی - **فلانی** (مو) فلاں عورت - امکی ڈھمکی - **فلانے کی ماں نے خصم کیا بہت بُرا کیا - کرکے چھوڑ دیا اور بھی بُرا کیا** - اس موقع پر بولتے ہیں - جب کوئی شخص ایک غلطی کی اصلاح میں اس غلطی کو غلطی کی حالت میں چھوڑ کر اس سے اپنی جان چھڑا لے -

فَلان: (ا - مو) عورت کا اندامِ نہانی - **فلان اُگلنا** - فحش گالیاں دینا - **فلان کرنا** - زنا کرنا - **فلان میں تھوکنا** - رسوا کرنا - لعنت ملامت کرنا -

فِلٹر: (انگ - مذ) پانی صاف کرنے کا آلہ - پانی رکھنے کا ایک خاص قسم کا سماو جس میں ٹونٹی ہوتی ہے -

فِلزات: (ع - مو) فلز کی جمع - دھاتیں -

فَوَاکِہ :- (ع - مذ) فاکہہ کی جمع میوے - **فواکہات** (مذ) فواکہ کی جمع - پھل پھلاری -

فَوَائِد :- (ع - مذ) فائدہ کی جمع -

فَوت :- (ع) نیست - معدوم - **فوت ہونا** مرنا - جاتا رہنا (شرط فوت ہو گئی) **فوتی پیدائشی کا دفتر** - جہاں پیدا ہونے یا مرنے والے کے تفصیلات لکھے جاتے ہیں (مذ) **فوتی فراری** - مرنے یا بھاگ جانے کی رپورٹ -

فوٹو :- (انگ - مذ) تصویر - لیا ہوا عکس - **فوٹوگرافر** تصویر کھینچنے والا

فَوج :- (ع - مو) گروہ - جتھا - بھیڑ - لشکر - **فوج بحری** (مو) جنگی جہازوں کا بیڑا - سمندر میں جنگ کرنے والی فوج - **فوج بری** (مو) خشکی کی فوج - وہ فوج جو زمین پر لڑے **فوج بھرتی کرنا** - رنگروٹ بھرنا - سپاہی نوکر رکھنا - **فوج چڑھنا** - لشکر کا حملہ کرنا - **فوجدار** (مذ) فوج کا افسر - کوتوال - تھانیدار - **فوجداری** (مو) مجسٹریٹی - وہ عدالت جہاں لڑائی جھگڑوں کے مقدمے طے ہوتے ہیں - لڑائی - دنگا - **فوجداری کا عہدہ** فوجداری سپرد کرنا - کسی ملزم کو ماتحت عدالت سے کڑی سزا کے لیے سشن میں بھیجنا - **فوجداری کرنا** - دنگا فساد کرنا - **فوج کشی** (مو) چڑھائی - دھاوا - حملہ - **فوج کشی کرنا** - دھاوا کرنا - چڑھائی کرنا (دو کہاوتیں :- (۱) فوج کا آگا برابر پیچھا بھاری ہوتا ہے (۲) فوج کی اگاڑی آندھی کی پچھاڑی) **فوجی** - فوج سے متعلق - لشکری -

فَوراً :- (ف) جلدی سے - جھٹ پٹ - اُسی وقت -

فَوز :- (ع - مذ) کامیابی - مقصد کو پہنچنا - **فوزِ عظیم** - بڑی کامیابی -

فَوطَہ :- (ع - مذ) خصیہ - خراج - **فوطہ جھٹکنا** - خصیے کا بڑھنا یا اپنی جگہ سے ہٹ جانا - **فوطہ دار** (مذ) خزانچی - رد کریا -

فَوق :- (ع - مذ) بلندی - اونچائی - سبقت - ترجیح - جیسے کرسی پر اس زمین متعلق کو فوق ہے **فوق البھڑک** (غلط العام) بھڑکیلا - چمک دار - **فوق العادت** - انسانی حد سے باہر - **فوق رکھنا** - شرف رکھنا - بڑھ کر ہونا - **فوق لے جانا** - سبقت لے جانا - ترجیح رکھنا - بڑھ جانا - **فوقانی** - اوپر کا - اوپر والا - جس کے اوپر نقطہ ہو -

فَوقِیَّت :- (مو) ترجیح - شرف - **فوقیت رکھنا** - بڑھ کر ہونا - برتر ہونا - **فوقیت لے جانا** سبقت لے جانا - بڑھ جانا -

فَولاد :- (ع - مذ) ایک قسم کا نہایت سخت لوہا - پولاد - بہت سخت کڑا - مضبوط جیسے **فولاد کا دل** - نہایت سخت دل - **فولادی** - بہت مضبوط - فولاد کا بنا ہوا (مو) بلم کی چھڑ - بھالے کی لکڑی - نیزے کا بانس -

فُوں :- (ا - مو) سانپ کی پھنکار - ذوق

دہ مار فلک کا کہکشاں نام ہے جس کا
کیا دخل جو بل کھا کے کرے فوں مرے آگے

فِہرِست :- (ف - مو) چیزوں کی تفصیل کی فرد - لسٹ - سیاہہ -

فَہم :- (ع - مذ) سمجھ - عقل - دانائی - **فہم ناقص** - ناقص رائے - ناقص عقل - اپنے لیے انکسار کے طور پر بولتے ہیں -

فَہمائِش :- (ف - مو) ہدایت - نصیحت - تنبیہ - **فہمائش کرنا** - سمجھانا - ہدایت کرنا - آگاہ کرنا - تنبیہ کرنا - **فہمید** (مو) سمجھ - عقل - رائے -

فَہُوَالمُراد :- (ع) ترخیر نصیحت ہے - یہی اصل مقصد ہے - مضائقہ نہیں -

فَہِیم :- (ع) دانا - سمجھ دار - ہوشیار -

فی :- (ع - مو) نقص - کمی - غلطی - عیب - کھوٹ (رہ جانا - نکالنا - نکلنا - ہونا کے ساتھ) (مرکبات میں) ہر ایک شخص یا چیز کے لیے - جیسے فی کس - فی من - فی صدی - عربی کے اسماء جو اردو میں مستعمل ہیں - ان سے پہلے آ کر میں کے طور پر اور اسی طرح روابط کے معنی دیتا ہے جیسے **فی الاصل** - اصل میں - **فی البدیہہ** - بے سوچے - فوراً - **فی الجملہ** - متقدمین کے ہاں حاصل کلام اور القصہ کے معنی میں اور آج کل کسی قدر کے معنی میں (اب مرض میں فی الجملہ کمی ہے) **فی الحال** - اب - اس وقت - بردست - **فی الحقیقت** - درحقیقت - واقعی - بے شک - **فی الفور** - فوراً - ترت - جلدی - **فی المثل** - تمثیل کے طور پر - بالفرض - **فی النار** (دعائے بد) دوزخ میں پڑے جہنم میں جائے - **فی النار والسقر ہو جانا** - دوزخ کی آگ میں پڑنا جل جانا - **فی النار ہونا** - کافر یا ظالم کا جہنم میں جانا - ذبح ہونا - **فی الواقع** - **فی الحقیقت** - دراصل - **فی الوقت** - فوراً - اسی وقت - **فی امان اللہ** - خدا حافظ - اللہ بیلی (رخصت ہوتے وقت بولتے ہیں) **فی زمانہ** - ان دنوں - آج کل - ہمارے زمانے میں - **فی سبیل اللہ** - خدا کی راہ میں - خدا کے نام پر - **فی سبیل اللہ کر دینا** - وقف کر دینا - خدا کے نام پر چھوڑ دینا - **فی مابین** - دونوں کے بیچ میں - دونوں میں - آپس میں - **فی مابینی و بین اللہ** - میرے اور اللہ کے درمیان - **فی نفسہ**

اپنی ذات سے - بجائے خود -

فیاض :- (ع) بہت خیرات کرنے والا - بڑا سخی - بڑا داتا - فیاض ہونا - سخی ہونا - فیاضی (مو) سخاوت - خیرات - بخشش - فیاضی کرنا - سخاوت کرنا - بخشش کرنا -

فیتا :- (پرتگا - مذ) ڈوری کی پٹی - وہ پٹی جس سے پیمائش کرتے ہیں - ریشمی یا سوتی کپڑے کی پٹی -

فیر :- (ا - مذ) بندوق یا توپ سر کرنا - فیر اڑانا - بندوق یا توپ چلانا - فیر اڑنا - بندوق یا توپ کا چلنا - سر ہونا - فیر کرنا - سر کرنا - بندوق یا توپ چلانا - فیر ہونا - توپ دغنا - بندوق چلنا -

فیروز :- (ف) صفت - ایک فارسی سابقہ - فیروز بخت - فیروز مند - خوش نصیب - کامیاب -

فیروزہ :- (ف - مذ) ایک مشہور جواہر کا نام ہے جس کا رنگ زنگاری یا آسمانی ہوتا ہے - فیروزی - فیروزے کے رنگ کا نیلا - فیروزئی -

فیرینی :- دیکھو فرنی -

فیس :- (ا - مو) رسوم - اجرت - محنتانہ - (انگ - فی)

فیشن :- (انگ - مذ) ڈول شکل (اس فیشن کی اچکن بھی بھی لاؤ) طور طریق (آپ بھی عجب فیشن کے آدمی ہیں) صورت شکل - ساخت بناوٹ - کپڑے کی تراش خراش کج دھج - کاریگری - صنعت (عجیب فیشن کا ظرف بنایا ہے جس میں تین رنگ کی دستیاں بیک وقت رہتی ہیں) پہناوا - لباس - دستور - رواج - چال چلن - نمونہ - فیشن بدلنا - رسم بدلنا - وضع تبدیل ہونا - نئی وضع کا رواج پانا - فیشن کرنا - بناؤ سنگار کرنا - فیشن ہونا - رواج ہونا - رسم پڑنا -

فیصل :- (ع - مذ) فیصلہ - تصفیہ - فیصل کرنا - جھگڑا چکانا - طے کرنا - فیصل ہونا - طے ہونا - فیصلہ ہونا - چکنا - فیصلہ (مذ) تصفیہ (ٹھہرنا - کرنا - ہونا) قائم - فیصلہ ٹھہرنا - تصفیہ قرار پانا - نبیڑا ہونا - فیصلہ لکھنا (پرچے ساتھ) فیصلے کو کسی پر منحصر کرنا - فیصلہ کرنا - جھگڑا چکانا - برباد کرنا - فیصلہ ہونا - طے ہونا - ختم ہونا - تصفیہ ہونا -

فیض :- (ع - مذ) نفع - فائدہ - بھلائی - فیض پہنچانا - فائدہ پہنچانا - نفع پہنچانا - بھلائی کرنا - سخاوت کرنا - فیض پہنچنا - کسی کی ذات سے فائدہ ہونا - فیض رساں - فیض پہنچانے والا - سخی - دوسروں سے بھلائی کرنے والا - فیض عام (مذ) عام لوگوں کا فائدہ - عام سلوک - فیضیاب - فیض حاصل کرنے والا -

فیضان :- (ع) فیض پہنچانا - نفع پہنچانا - فیض رسانی - برکت - خیر

دو باتوں میں تسخیر کیا سارے جہان کو
کچھ اور نہ تھی بات یہ فیضان سخن تھا

فیل :- (انگ) ناکامیاب - پیچھے رہا ہوا (کرنا - ہونا)

فیل :- (ا - مذ) فریب - شرارت - مکر - فیل کرنا - مکر کرنا - پاکھنڈ کرنا - ہٹ کرنا - فیل لانا - فساد کرنا - مکر کرنا - بدذاتی کرنا - فیل مچانا - پاکھنڈ کرنا - ضد کرنا - مکر کرنا - پاکھنڈ کرنا - ہٹ کرنا - فیل لانا - فساد کرنا - مکر کرنا - بدذاتی کرنا - فیل مچانا - پاکھنڈ کرنا - ضد کرنا - مکر کرنا - ہٹ کرنا - فیل بازی (مو) مکاری - فریبی - فیل بایا فیلیا - مکار - فریبی - اوباش - حیلہ گر -

فیل :- (ع - مذ) ہاتھی - شطرنج کے ایک مہرے کا نام - فیل بان (مذ) ہاتھی وان - مہاوت - فیل پا (مذ) ایک نامراد مرض جس میں پاؤں سوج کر ہاتھی کے پاؤں کی طرح ہو جاتے ہیں - فیل پایہ (مذ) عجم - عرب - منارہ - لاٹھ - فیل خانہ (مذ) ہاتھیوں کا طویلہ - فیل مرغ (مذ) پیرو - سراج الدین آرزو نے لکھا ہے کہ قطعے میں یہ جانور ہے - مور کی طرح خوب صورت مگر دم بھی نہیں ہوتی - اس کی سونڈ رنگ بدلتی رہتی ہے - فیلہ (مذ) ایک مہرے کا نام -

فیلسوف :- (ع - مذ) حکیم - دانش مند - عالم - پنڈت - طرار - فریبی - دغا باز - فیلسوفی (مو) مکاری - چالاکی -

فیلی :- (انگ - مو) کنبہ - قبیلہ - بال بچے -

ق

ق :- (ع - مذ) اُردو اب ت کا ستائیسواں حرف - ابجد کے حساب سے اس کے اعداد سو ہوتے ہیں -

قاآن :- ایران کے مغل بادشاہ کا خطاب - بادشاہ -

قاب :- (ت - مو) بڑی رکابی - **قابِ قلم** (مو) قلمدان ؎ رشک

تم کو خط لکھنے میں کھلتا ہے قلمدان آپ ہی
کیا کریں قابِ قلم پر نہیں قابو اپنا

قابَ قوسین :- (ع - مذ) دو کمان کا فاصلہ - دو ہاتھ کا فاصلہ - جو آنحضرت کو شبِ معراج مقام قرب سے باقی رہا - قُربِ الٰہی -

قابِض :- (ع - مذ) قبضہ کرنے والا (جیسے مکان پر قابض ہے) نکالنے والا (قابضِ ارواح) وہ چیز جو قبض پیدا کر دے - **قابضِ اَرواح** (مذ) رُوح قبض کرنے والا فرشتہ - موت کا فرشتہ - **قابض ہو بیٹھنا** - مخالفانہ قبضہ کر لینا - مالک ہو بیٹھنا - **قابض حینِ حیات** - اصطلاح دکلا وغیرہ میں زندگی بھر کی مِلکیت - **قابضِ مشتکی** - رمیانی قابض -

قابِل :- ہنرمند - اہل - ہوشیار آدمی - دانا - استعداد رکھنے والا - لکھا پڑھا - عالم - لائق - **قابلِ التفات** - توجہ کرنے کے لائق - دھیان دینے کے لائق - **قابلِ تسلیم** - قبول کرنے اور ماننے کے لائق - **قابل کرنا** - ہنرمند بنانا - لائق کرنا - ہنرمند بنانا - کامل کرنا - پڑھانا لکھانا - **قابل ہونا** - لائق ہونا - ہوشیار اور تجربہ کار ہونا -

قابِلہ :- (مو) ہوشیار عورت - بچہ جنانے والی عورت -

قابلیت :- (مو) لیاقت - شائستگی - دانائی - سمجھ - مادہ - استعداد - **قابلیت پیدا کرنا** - لیاقت پیدا کرنا - استعداد بہم پہنچانا -

قابُو :- (ف - مذ) موقع - بس - اختیار - **قابو پانا** - قدرت پانا - اختیار پانا - موقع پانا - **قابو پر چڑھنا یا قابو چڑھنا** - بس میں آنا - داؤں پر چڑھنا - ہتھے چڑھنا - **قابو چلانا** - حکم چلانا - قدرت دکھانا - **قابو چلنا** - اختیار ہونا - بس میں ہو جانا - **قابو سے باہر ہونا** - بس کا نہ ہونا - آپ میں نہ رہنا - قدرت نہ ہونا - **قابو سے نکل جانا یا جانا** - اختیار سے باہر ہو جانا - آپے میں نہ رہنا - داؤں سے نکل جانا - **قابو میں نہ ہونا** - بس کا نہ ہونا - اختیار کا نہ ہونا - **قابو کرنا** - بس میں کرنا - اختیار میں کرنا - داؤں میں لانا - **قابو میں ہونا** - بس میں ہونا - اختیار میں ہونا - **قابو ہونا** - اختیار ہونا - بس ہونا - موقع ہونا -

قابُوچی :- (ت - مذ) دربان - کمینہ - خود غرض - حرامزادہ - مفسد (اس موئے قابوچی کو پوچھتا ہی کون ہے)

قاتِل :- (ع - مذ) قتل کرنے والا - خونی - جلاد - ہلاک کرنے والا (زہر قاتل) معشوق -

قادِر :- (ع) توانا - زورآور - اختیار والا - قدرت رکھنے والا - طاقت رکھنے والا - خدائے تعالیٰ کا صفاتی نام - **قادر انداز** (مذ) ٹھیک نشانہ والا - نشانچی - **قادر دست** - نشانہ باز - **قادرِ مطلق** (مذ) پوری پوری قدرت والا - خدائے تعالیٰ - **قادری** (مو) ایک قسم کا سینہ بند -

قارُورَہ :- (ع) ایک قسم کی سفید شیشی جس میں پیشاب بھر کر حکیم کو دکھاتے ہیں - پیشاب - بارود کی کپی جس میں آگ لگا کر دشمن کی طرف پھینکتے ہیں - برچھی یا تیر کا پھل - **قارورہ دیکھنے والا** - (تحقیراً) طبیب حکیم - **قارورہ ملنا** - اتحاد ہونا - طبیعت ملنا - موافقت ہونا -

قارُون :- ایک مشہور مالدار شخص جو نہایت کنجوس تھا - حضرت موسیٰ کی بددعا سے زمین میں مع اپنے خزانوں کے دھنس گیا ؎

زیرِ زمیں سے آتا ہے جو گُل سو زر بکف
قاروں نے راستے میں لٹایا خزانہ کیا

(مجازاً) ہر بخیل - **قارُون کا خزانہ** (مذ) بہت مال خزانہ -

قاری :- (ع - مذ) وہ شخص جو علمِ قرأت سے واقف ہو اور کلام پاک قرأت سے پڑھتا ہو -

قاز :- (ت - مو) ایک مشہور پرند کا نام - جمع قازیں -

قاسِم :- (ع - مذ) تقسیم کرنے والا - بانٹنے والا - **قاسم محروم** - بانٹنے والا - خود حصے سے محروم رہتا ہے - نیز قاسم امام حسن کے صاحبزادے کا نام جو کربلا میں شہید ہوئے -

قاش :- (ت - مو) پھانک - ٹکڑا - **قاش زین** (مو) زین کے آگے اور پیچھے کے حصے جو قاش کے مشابہ ہوتے ہیں - **قاش قاش کرنا** - ٹکڑے ٹکڑے کرنا - پھانک پھانک کرنا -

قاصِد :- (ع - مذ) ارادہ کرنے والا - ہرکارہ - ایلچی -

قاصِر :- (ع) کوتاہی کرنے والا - مجبور -

قاضی:- (مذ) جھگڑا چکانے والا - نکاح پڑھنے والا - قاضی الحاجات (مذ) حاجت روا کرنے والا - خدائے تعالیٰ - قاضی القضاۃ (مذ) چیف جسٹس - قاضی مدعو کو اور راضی - زیادہ جھگڑا نہیں ذرا دیر میں صلح ہو جائے گی - قاضی بچھاڑنا قاضی کی اولاد - بھنگڑوں کی زبان میں اس نس کو کہتے ہیں جو بھنگ میں ہوتا ہے اور بھنگ پیتے وقت گلے میں اٹکتا ہے - قاضی جی اپنا آگا تو ڈھانکو پیچھے کسی کو نصیحت کرنا - سب کو پہلے اپنا اخلاق درست کرنے کی ضرورت ہے - قاضی جی بہتیرا ہرائیں میں مانتا ہی نہیں - اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو اپنی ضد پر اڑا رہے اور کسی طرح نہ مانے - قاضی جی کیوں دبلے شہر کے اندیشے سے - ناحق دوسروں کے لیے فکر کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں - قاضی جی کے گھر کے چوہے بھی سیانے - سیانے لوگوں کے بچے بھی سیانے ہوتے ہیں - قاضی جی کا پیادہ گھوڑے سوار - حاکم کا چپراسی بھی بڑی حکومت جتاتا ہے - قاضی جی کی مسواک - سب سے اہم اور ایک چیز - قاضی جی کی لونڈی مری سارا شہر آیا - قاضی جی مرے کوئی نہ آیا - جیتے جی سب کی خاطر ہوتی ہے - قاضی فلک (مذ) مشتری ستارہ - قاضی کے گھر میں ناٹا (مثل) عقل مند کی تعجب خیز حرکت - قاضی جی کی داڑھی تبرک میں گئی - اچھی چیز مفت میں تباہ ہو گئی - قاضی کی مرغی - بلا وجہ کا قرض - تاوان (ایک مرتبہ کسی غریب نے کسی قاضی کی ضرورت دیکھ کر مرغی دی - دفتر والوں نے رجسٹر میں مرغی اس کے نام لکھ لی - اب جو نیا قاضی آتا - مرغی اسی سے منگاتا اور پہلے کی طرح قیمت نہ دار دو) قاضی و قصائی و قصاب و قالو نگوڑے چیز - یہ چاروں قاف ڈرنے کے قابل اور بڑے خطرناک ہیں - قاضی کچھ نہ کرے گا - کوئی مزاحم نہ ہوگا - کچھ قباحت نہ ہوگی - قاضی نیاؤ نہ کرے گا تو گھر نہ آنے دے گی - اگر قاضی نہ ہوا تو کچھ نقصان بھی نہیں ہے -

قاطبتہ:- (ع) سراسر - بالکل (اس نے دونوں گھروں کا جانا قاطبتہ موقوف کر دیا - نذیر احمد)

قاطع:- (ع) قطع کرنے والا - دور کرنے والا (لیموں قاطع صفرا ہے) لاجواب کرنے والا (دلیل قاطع)

قاعدہ:- (ع - مذ) اصول - بنیاد (آپ کی گفتگو بے قاعدہ ہے) دستور - ریت - آئین (آپ کو یہاں کا قاعدہ معلوم نہیں) طرز - ڈھنگ - عادت - خصلت (اس جانور کا یہی قاعدہ ہے) وہ کتاب جس میں حرف تہجی اور ان کے مرکبات درج ہوتے ہیں (بچے کو اردو کا قاعدہ منگا دو) ترتیب - قرینہ - اسلوب (ان کو اتنی عمر تک بیٹھو قاعدے سے بیٹھو) وہ شکل جس پر مثلث یا شکل متوازی الاضلاع واقع ہو - گز (حساب کا قاعدہ) قاعدہ باندھنا - دستور ٹھہرانا - قانون باندھنا - گز مقرر کرنا - عادت ڈالنا - قاعدہ جاری کرنا - قانون جاری کرنا - دستور باندھنا - قاعدہ دان - رسم و رواج سے واقف - مجلس کے علم سے واقف - قاعدے سے لگانا - ٹھیک طرح سے رکھنا - ترتیب سے رکھنا - قاعدے کا پابند ہونا - قانون پر چلنا - اصول پر چلنا - قاعدہ کلیہ (مذ) عام قاعدہ - گز - اصول - قاعدہ کی بات ہے - عام بات ہے - عام دستور ہے -

قاف:- (مذ) اردو حروف تہجی کا ستائیسواں حرف جو ترکی اور فارسی میں بھی داخل ہے - ایک پہاڑ کا نام - قاف سے تا قاف - تمام دنیا - قاف کی پریاں - حسین عورتیں -

قافلہ:- (ع - مذ) مسافروں یا تاجروں کا گروہ - مسافروں کی جماعت - قافلہ سردار - قافلے کا سردار -

قافیہ:- (ع - مذ) چند حروف و حرکات کا مجموعہ جس کی تکرار مختلف الفاظ کے ساتھ شعر کے آخر میں پائی جائے - وہ لفظ جو لفظاً مختلف ہو (جیسے دل اور منزل) یا معناً (جیسے برات بمعنی نجات اور برات بمعنی جلوس شادی) وہ علم جس میں قافیے کے اصول و قواعد بتائے جاتے ہیں - قافیہ باندھنا - لازم - قافیہ بندی یا قافیہ پیمائی - مراد شعر کے مضمون سے غرض نہ رکھ کر صرف تک جوڑ دینا - تک بندی - قافیہ تنگ کرنا - گفتگو میں عاجز کر دینا - دوسرے شخص کے واسطے مقابلے کی صورت میں کوئی قافیہ نہ چھوڑنا - تنگ کرنا - عاجز کرنا - قافیہ تنگ ہونا - قافیہ نہ ملنا - گفتگو میں عاجز آنا - تنگ آنا - دق ہونا - قافیہ ملانا - تک سے تک ملانا - تک جوڑنا - پیدا کرنا -

قاق:- (ت - مذ) سوکھا ہوا گوشت - نہایت دبلا - لاغر - قاق ہونا - سوکھ کر کانٹا ہو جانا - سوکھ کر چوبا ہونا -

قاقا:- (مذ) کوؤں کی آواز -

قاقم:- (ت - مذ) ایک قسم کا نیولا جس کی پشم نہایت سفید اور ملائم ہوتی ہے اور اس سے پوستین بناتے ہیں -

قال:- (ع - مذ) گفتگو - بات چیت - قول - قال قال - شدہ شدہ - قال مقال (مو) بحث و تکرار - قال و قیل (مو) تکرار - حجت - بحث -

قالب:- (ع - مذ) سانچا - ڈھانچا - جھینٹ چھپنے کا چھاپا - تن بدن (قالب خاکی) قالب بدلنا - چولا بدلنا - دوسرا جسم اختیار کرنا -

قالی یا قالین :- (ف - مذ) غالیچہ - ایک قسم کا بچھونا -

قامت :- (ع - مذ - مو) ڈیل - جسم -

قاں :- (ا - مو) بطخ کی آواز - قاں قاں کرنا - بطخ کا بولنا - شور مچانا -

قانع :- (ع) تھوڑی چیز پر قناعت کرنے والا - قانع ہونا - کم پر راضی ہونا - قناعت پسند ہونا -

قانون :- (ع - مذ) قاعدہ - دستور - ضابطہ - شیخ بوعلی سینا کی کتاب طب - قانون پر چلنا - ضابطے کا پابند ہونا - ضابطے کے موافق کارروائی کرنا - قانون بگھارنا - قانون چھانٹنا - خواہ مخواہ حجت نکالنا - دلیلیں کرنا - قانون دان (مذ) وہ شخص جو قانون سے واقف ہو - قانون دانی (مو) قانون کی واقفیت - قانون دلوانی (مو) سرکاری ضابطہ جو لین دین کے متعلق ہو - قانون گو (مذ) پٹواری سے بالاتر ایک عہدہ - قانون گوئی (مو) قانون گو کا عہدہ - قانون مال (مذ) زمین کے لگان اور مال کا ضابطہ - قانوناً - قانون کی رو سے - قانونی - قانون جاننے والا - جھگڑالو - حجتی - قانونیا - حجتی - جھگڑالو -

قاہرہ :- (ع) غالب - زبردست - جنت عربی جمع کے ساتھ -

؎ تھی فوج قاہرہ کی وہ کثرت کہ الحذر — انیس

مصر کا دارالخلافہ -

قاہ قاہ ہنسنا :- (ا) ٹھٹھے مار کر ہنسنا - ٹھٹھے مارنا - ؎ نہ کچھ سبب نہ جہت قاہ قاہ کرتے ہو
تمہاری خوش مجھے آتی یہ قاہ قاہ نہیں

قائزہ :- (ف - مذ) لگام - قائزہ کرنا - گھوڑے کے منہ میں دہانہ چڑھا کر لگام کے تسمے کو دم سے باندھ دینا -

قائل :- (ع) مان جانے والا - تسلیم کرنے والا - لاجواب ہونے والا - قائل کرنا یا قائل معقول کرنا - لاجواب کرنا - جھوٹا ثابت کرنا - کسی شخص سے اس کی خطا منوانا - قائل ہونا - ماننا - اپنی خطا کو تسلیم کرنا -

قائم :- (ع) کھڑا - سیدھا - مضبوط - پائدار - برقرار - شطرنج میں حریفوں کا برابر رہنا - قائم اٹھنا - شطرنج میں برابر کی بازی رہنا - قائم النار (مذ) آگ میں ٹھہرایا ہوا پارہ - قائم انداز - اپنی بازی کو قائم اور برقرار رکھنے والا - نشانہ باز - قائم بالذات - وہ چیز جو بذات خود قائم اور مطلق ہو - آزاد - مختار - قائم بالغیر - وہ چیز جو دوسرے کے سہارے پر قائم ہو - قائم رکھنا - موجود رکھنا - برقرار رکھنا - بدستور رکھنا - جوں کا توں رکھنا - قائم رہنا - برقرار رہنا - جاری رہنا - ثابت قدم رہنا - قائم کرنا - بنیاد رکھنا - جڑ قائم کرنا - بنانا - تعمیر کرنا - حد بندی کرنا - مستقل کرنا - پکا کرنا - مضبوط کرنا - قائم مزاج - ثابت قدم - بات کا پورا - قائم مزاجی - استقلال - مضبوطی - ثابت قدمی - قائم مقام (مذ) دوسرے کی جگہ کام کرنے والا - وکیل - خلیفہ - نائب - عوضی - قائم مقام ہونا - عوضی پر ہونا - نائب ہونا - وکیل ہونا - قائم مقامی مو - نیابت - وکالت - عوضی - قائم ہونا - مستحکم ہونا - نصب ہونا - بنا پڑنا - ٹھہرنا -

قائمہ :- (مذ) نوے درجے کا زاویہ -

قاؤں قاؤں :- (ا - مو) کوے کی بولی -

قبا :- (ع - مو) ایک قسم کا کھلا ہوا جامہ - روئی دار سینہ کشادہ جامہ - قبا کرنا - چاک کرنا - قبا ہونا - چاک ہونا - پارہ پارہ ہونا -

قباحت :- (ع - مو) برائی - نقص - عیب - (نکالنا - نکلنا - ہونا)

قبالہ :- (ع - مذ) (فارسی میں قبالہ بفتح ہے) تمسک - بیعانہ - مکان کا کاغذ یا سند جس سے ملکیت ثابت ہو - ضمانت نامہ - قبالہ لکھوانا - قبضہ کرنا - گھر کا مالک بن جانا - قبالہ لینا - کسی مکان یا جاگیر یا جائداد پر قبضہ کرنا - قبالہ نویس - وہ شخص جس کا پیشہ تمسک اور بیعناموں کا لکھنا ہو - قبالۂ نیلام (مذ) وہ ملکیت کی سند جو نیلام کرنے والے کی طرف سے ملے - قبالے (مذ) قبالہ کی جمع - قبالے آگے دھرنا - مکانات کا قبضہ دینا - گھر بار حوالے کرنا - قبالے لے ڈالنا - قبضہ کر لینا - قابو پا لینا - عاجز کر دینا - قبالے لے لینا - قبضہ جما لینا - مالک بن بیٹھنا - قبالے میں لانا - ملکیت بیع کرنا - قبضہ دینا ؎ رشک

یارب یہ کس کے کس کے قبالے میں لائے گا
واعظ بہشت کے لیے پھرتا ہے چند باغ

قبائل :- (ع - مذ) قبیلہ کی جمع - بال بچے - گھر کے لوگ - افغانستان و پاک کی سرحد کے لوگ -

قبح :- برائی - نقص - عیب (حسن و قبح تجربے سے معلوم ہوتا ہے)

قبر :- (ع - مو) وہ گڑھا جس میں مردے کو دفن کرتے ہیں - قبر بننا - دفن ہونا - مدفن تیار ہونا - قبر بنوانا - مدفن تعمیر کرانا - قبر بنانا - مدفن بنانا - مار ڈالنا - دبانا -

قبر پر قبر نہیں ہوتی - قرض پر قرض نہیں ملتا - **قبر سلامی** (ا۔ مو) وہ قیمت جو مالک زمین کو اس کی ملکیت میں قبر بنانے کے عوض دی جاتی ہے - **قبر کا تعویذ** (مذ) وہ پتھر جو قبر پر لگاتے ہیں - **قبر کا تعویذ بننا** - محبت کے باعث کسی کی قبر پر پڑا رہنا - **قبر کا منہ جھانک کر آنا** - مرمر کر بچنا - خدا خدا کر کے تندرست ہونا - **قبر کھود کر لانا** - جہاں ہو وہاں سے لانا - پاتال سے ڈھونڈ کر لانا - **قبر کھود کر نکال لانا** - زمین کے اندر ڈھونڈنا - **قبر کھودنا** - مردے کے واسطے کھودنا - مارتے پیٹتے جان نکال ڈالنا - اپنی بربادی اور موت کے سامان کرنا - **قبر کے مُردے اکھاڑنا** - پرانے جھگڑے نکالنا - **قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھنا** - مرنے کو تیار ہونا - بہت بوڑھا ہونا - **قبر میں بیٹھے نہ لگنا** - مرنے کے بعد بھی چین نہ ہونا - **قبر میں بھی ساتھ لے جانا** - ہمیشہ یاد رکھنا - **قبر میں کیڑے پڑیں** - بددعا - **قبر سے اٹھا لینا** - قبر سے نکال کر سزا دینا - **قبر میں بھی نہ چھوڑنا** - **قبر سے نکل کر آنا** - بیماری یا رنج و غم سے کسی کی صورت ڈراؤنی ہو جاتی ہے تو کہتے ہیں - **قبرستان** (مذ) وہ جگہ جہاں مردے دفن ہوتے ہیں -

قَبض: (ع - مذ) دبوچ - سمیٹ - قابو - بس - معدے کی آڑ - دل کی گرفتگی - عروض میں ایک زحاف کا نام جس میں رکن کا پانچواں حرف ساکن گرا دیتے ہیں - **قبض الوصول** (مذ) ملازموں کی تنخواہ دینے میں رسید کا رجسٹر - **قبض بالجبر** (مذ) زبردستی قبضہ کر لینا - ناجائز طور سے مالک بن جانا - **قبض کرنا** - سمیٹنا - اکٹھا کرنا - (روح کے لیے) نکالنا - کھینچنا - **قبض و بسط** - دل کا یادِ خدا کی طرف متوجہ ہونا اور پھر منہمک ہو جانا -

قَبضہ: (مذ) تلوار کی موٹھ - دستہ - پنجہ - دخل - مداخلت - تصرف - قابو - اختیار - لوہے کا وہ ٹکڑا جس سے کواڑ یا صندوق وغیرہ کے دو حصوں کو ملا ہوا رکھتے ہیں - مرے آدمی کا بازو - **قبضہ اٹھانا** - بے دخل کرنا - بے اختیار کرنا - **قبضہ اٹھنا** - دخل اٹھنا - اختیار میں نہ رہنا - **قبضہ پانا** - دخل پانا - قابو پانا - **قبضے پر ہاتھ ڈالنا** - تلوار سونتنے کے لیے موٹھ پر ہاتھ لے جانا - دوسرے شخص کی تلوار کا قبضہ پکڑ لینا - **قبضے پر ہاتھ رکھنا** - کسی کو قتل کرنے کے واسطے تلوار کی موٹھ پر ہاتھ ڈالنا -
قبضہ کرنا - دخل کرنا - چھین لینا - مالک بن بیٹھنا -
قبضہ ہونا - دخل ہونا - تصرف ہونا - حکومت ہونا -
قبضے میں آنا - قابو میں آنا - بس میں آنا - ہتھے چڑھنا -
قبضے میں رہنا - قابو میں رہنا - پاس رہنا - کہنے میں رہنا -
قبضے میں کر لینا - قابو یا بس میں کر لینا - ہتھیا لینا -

قُبُل: (ع - مو) عورت کا اندام نہانی - بھگ - بر -

قَبل: (ع) پہلے - آگے - اوّل - **قبل از آنکہ** - پہلے اس سے کہ - **قبل ازیں** - اس سے پہلے -

قِبلہ: (ع - مذ) کعبہ - وہ سمت جدھر نماز پڑھتے وقت رُخ کریں - تعظیم کا کلمہ - حضرت - جناب - طنزاً بڑا چالاک - **قبلہ آنا** - تعظیماً سب کے لیے واجب التعظیم - **قبلۂ حاجات** (مذ) دوسروں کی ضرورتوں کو پورا کرنے والا - **قبلہ رُو** - جس کا منہ قبلے کی طرف ہو - قبلہ کی سمت - **قبلۂ عالم** - جہان کا بزرگ - بادشاہوں یا باپ کے لیے کلمۂ خطاب - **قبلۂ کونین** (مذ) دین اور دنیا کے بزرگ - والد - دادا اور چچا کے لیے - **قبلے کی طرف منہ پھرنا** - ایمان دار ہونا - کہتے ہیں کہ مرتے وقت مومن کا منہ قبلے کی طرف ہو جاتا ہے - **قبلہ گاہ** (مذ) قبلہ کی جگہ - باپ کے لیے مستعمل ہے - طنزاً - بزرگ - حاجی - **قبلہ نما** (مذ) قطب نما جس سے قبلہ کی سمت معلوم ہوتی ہے - **قبلہ و کعبہ** (مذ) عزت اور تعظیم کا کلمہ جو باپ دادا اور علمائے دین وغیرہ کو لکھا جاتا ہے -

قُبور: (ع - مذ) قبر کی جمع - گھوڑے کی کاٹھی میں پستول رکھنے کی جگہ -

قبول: (ع - مذ) تسلیم - منظور - پسند - **قبول صورت** - خوب صورت - حسین - **قبول کرنا** - ماننا - منظور کرنا - پسند کرنا - حامی بھرنا - **قبول ہونا** - منظور ہونا - مانا جانا -

قبولنا: (ا) منظور کرنا - اقبال کرنا - پسند کرنا - قلق:

کس نے رندوں کے سوا اس کو قبولا ساقی
دخترِ رز کی کہیں سے نہ کبھی بات آئی

قبولی (مو) ایک قسم کا پلاؤ - **قبولیت** (مو) قبول کرنا - منظوری - اقرار نامہ - راضی نامہ -

قُبّہ: (ع - مذ) برج - کلس - کنگرہ - گنبد -

قبیح: (ع) بدصورت - نازیبا - معیوب - شرم کے قابل - مذموم فعل

قبیل: (ع) قسم - جنس - (جو کل کے وعظ کا موضوع تھا - میری یہ بات بھی اسی قبیل سے ہے)

قبیلہ: (ع - مذ) گروہ - ایک دادا کی اولاد - خاندان - فرقہ - بیوی - **قبیلہ پرور** - اپنے کنبہ کو فائدہ پہنچانے والا -

قِتال: (ع - مو) ہتھیاروں کی لڑائی - خونریزی - **قتّال** - بہت کارزار کرنے والا - بہت قتل کرنے والا - **قتّالہ** - قتل کرنے والی - معشوقہ - **قتل** (مذ) خون کرنا

جان سے مار ڈالنا۔ **قتلِ عام** (مذ) عام لوگوں کو بغیر تمیز کئے جان سے مار ڈالنا۔ عام خونریزی۔ **قتلِ عام کرنا**۔ جو سامنے آئے اُسے مار ڈالنا۔ **قتلِ عام ہونا**۔ عام خونریزی ہونا **قتلِ عمد**۔ (مذ) جان بوجھ کر مار ڈالنا۔ **قتل کا بیڑا اُٹھانا**۔ کسی کے مارنے کا عہد کرنا۔ خون کرنے کی قسم کھانا۔ **قتل گاہ** (مو) قتل کرنے کی جگہ۔

قتلا:۔ (ا۔ مذ) پھانک۔ ٹکڑا۔ **قتلے کرنا**۔ ٹکڑے کرنا۔ **قتلے ہونا**۔ ٹکڑے ہونا۔

قتی:۔ (ت۔ مو۔ تُت تی) انگوٹھی کی پٹاری۔ ڈبیا۔

قتیل:۔ (ع) مقتول۔ شہید ؎ ذوق

ترے قتیل بتاتے نہیں تجھے قتال
جب ان سے پوچھو اجل کا ہی نام لیتے ہیں

قحبہ:۔ (ع۔ مو) فاحشہ عورت۔ رنڈی۔ بدکار عورت۔ **قحبہ خانہ** (مذ) بدکاری کا اڈا۔ فاحشہ عورتوں کے رہنے کا گھر یا محلہ۔

قحط:۔ (ع۔ مذ) کال۔ خشک سالی۔ کمیابی۔ **قحط پڑنا**۔ کمی ہونا۔ کال پڑنا۔ **قحط زدہ**۔ کال کا مارا۔ بھوکا۔ کنگلا۔ **قحط ہو جانا**۔ کمیابی ہونا۔ گرانی ہونا۔

قد:۔ (ع۔ مذ) قامت۔ جسم کی لمبائی۔ **قدِ آدم** (مذ) آدمی کے قد کے برابر۔ قریباً چھ فٹ۔ **قد آور**۔ لمبے قد کا لمبا۔ **قد کشی**۔ سرکشی کی طرح مقابلہ قد کرنا۔ اترانا ؎ رند

قدکشی کرکے صنم تجھ سے ہوا ہے یہ ذلیل
اوس سی پڑ گئی ہے سروِ گلستانی پر

قد نکالنا۔ بچے کا بڑھنا۔ **قد نکلنا**۔ لمبا ہونا۔ بڑا ہونا۔ **قد و قامت**۔ (مذ) جسم۔ جسامت۔

قدامت:۔ (ع۔ مو) کہنگی۔ پرانا پن۔ اگلا زمانہ۔ ہمیشگی (جیسے اللہ تعالٰے کی قدامت)

قدح:۔ (ع۔ مذ) بڑا پیالہ۔ شراب کا پیالہ۔ جرعہ۔ **قدح آشام**۔ **قدح کش**۔ **قدح پیما**۔ **قدح خوار**۔ **قدح کش**۔ **قدح نوش**۔ شراب خوار۔ شرابی۔ **قدح کی خیر منانا**۔ اپنی بھلائی چاہنا۔

قدح:۔ (ع۔ مذ۔ عام طور پر د۔ کو زبر پڑھتے ہیں) دعوٰی توڑنا۔ غلط ٹھہرانا۔ تردید کرنا (مدح کی ضد) عیب چینی کرنا۔ برا کہنا۔ "سند دیکھیے خوش عیار"

قدر:۔ (ع۔ مو) تقدیرِ الٰہی۔ فرمان۔ حکم (قضا و قدر سے کس کا زور چلتا ہے) مقدار (پانی اس قدر کم ہو گیا) **قدر انداز**۔ وہ شخص جس کا تیر ٹھیک نشانہ پر بیٹھے ؎ قلق

رُخ طائرِ مژگاں کا سوئے طائرِ دل ہے
جوڑے ہوئے ہے تیر قضا وہ قدر انداز

قدر:۔ (ع۔ مو) عزت۔ بزرگی۔ توقیر۔ مرتبہ۔ درجہ۔ اندازہ۔ مقدار۔ برابر۔ یکساں۔ مثل (اگر ان کو مالِ خیریت میں سے ان کی خواہش بقدر دیا جائے تو خوش ہوتے ہیں) **قدر اُٹھ جانا**۔ قدر و منزلت جاتی رہنا۔ **قدر پوچھنا**۔ مرتبہ دریافت کرنا۔ **قدرِ جوہر شاہ داند یا بداند جوہری** (اہلِ کمال کے قدر دان خاص خاص ہوتے ہیں) **قدر دان**۔ قدر جاننے والا۔ عزت کرنے والا۔ سرپرست۔ مربی۔ **قدر دانی** (مو) کسی کے ہنر کی قدر کرنا۔ کمال کی داد دینا۔ **قدر رکھنا**۔ عزت رکھنا۔ وقعت رکھنا۔ **قدر سمجھنا**۔ عزت اور مرتبہ پہچاننا۔ **قدرِ عافیت** (بے اضافہ۔ مو) اطمینان سے بسر کرنے کی قدر۔ **قدرِ عافیت کھلنا**۔ مزہ چکھنا۔ **قدر کرنا**۔ عزت کرنا۔ گن ماننا۔ **قدر و قیمت**۔ منزلت۔ وقعت۔ **قدر و منزلت** (مو) عزت۔ آبرو۔ توجہ۔ منصب۔ بزرگی۔ **قدرے**۔ تھوڑا سا۔ **قدریہ**۔ ایک فرقہ جو قضا و قدر کا منکر ہے۔

قدرت:۔ (ع۔ مو) طاقت۔ زور۔ حوصلہ۔ ہمت۔ اختیار۔ خدائی طاقت۔ خدائے تعالٰے کی شان۔ **قدرت پانا**۔ طاقت پانا۔ قابو حاصل کرنا۔ **قدرتِ خدا**۔ خدا کی شان۔ حیرت اور تعجب کی جگہ بولتے ہیں۔ **قدرت رکھنا**۔ زور رکھنا۔ اختیار رکھنا۔ لائق ہونا۔ **قدرتِ کاملہ** (مو) پوری پوری طاقت۔ **قدرت کے کارخانے یا کھیل**۔ خدا کی قدرت کے تماشے یا کرشمے۔ **قدرتی**۔ خلقی۔ اصلی۔ قدرت سے منسوب۔ پیدائش (قدرتی رنگ)

قدری کرنا:۔ (ا) کوشش کرنا۔ اصرار کرنا۔ دباؤ ڈالنا۔ (تم نے بہتیری قدری کی۔ پر وہ بچہ نہیں پڑھا) **قدری ہو جائے**۔ حاشا وکلا کی جگہ بولتے ہیں (قدری ہو جائے میں نہ آؤں گی) (دلی)

قدس:۔ (ع) پاک۔ پاکیزگی۔ بیت المقدس۔ جبریل کا نام۔ **رُوح القُدس**۔ مقدس۔ متبرک۔ پاک۔ **قدس سرہ**۔ متبرک و مقدس متوفی بزرگوں کے نام کے بعد بجائے رحمۃ اللہ علیہ کے لکھتے ہیں۔ **قدسی**۔ پاک۔ پاکیزہ فرشتہ۔ ولی اللہ۔ جیسے قدسی صفات۔

قدغن:۔ (ت۔ مو) روک ٹوک۔ منادی۔

قدم:۔ (ع۔ مذ) ہمیشگی۔ پرانا پن ؎ شمیم

حدوثِ ازل پر قدم کا گمان ہو خبر دے اگر مبتدائے محمد

قدم [ع - مذ] پاؤں - پیر - وہ فاصلہ جو چلتے وقت ایک پاؤں سے دوسرے پاؤں تک ہو - رفتار - چال - پاؤں کا نقش - موجودگی - ذات - دم (یہاں کی ساری رونق آپ کے قدم سے ہے) گھوڑے کی ایک چال - ایک سایہ دار درخت - ع بحر

قدم کا پیڑ جو میرے مزار پر پیدا

کسی کے آنے کا شگون (بہو کا قدم ہمارے گھر میں مبارک ہوا) **قدم اٹھا کر جانا یا چلنا یا قدم اٹھانا** - پاؤں اٹھا کر چلنا - جلد جلد چلنا - **قدم اٹھانا - قدم اٹھائے چلنا** - تیزی سے چلا جانا - **قدم اٹھ جانا** - بھاگ جانا - فرار ہونا - **قدم اٹھنا** - پاؤں اٹھنا - چلنا - حرکت کرنا - **قدم اکھڑنا** کھڑا نہ رہ سکنا - چل نہ سکنا - **قدم باز** - جلد جلد چلنے والا - تیز رفتار - **قدم باہر نکالنا** - کسی حد سے باہر جانا - **قدم بقدم چلنا** - پیروی کرنا - کسی کا چال چلن اختیار کرنا - ساتھ ساتھ چلنا - **قدم برداشتہ** - پاؤں اٹھائے ہوئے تیزی سے بھاگا بھاگ - **قدم بڑھانا یا آگے رکھنا** - آگے بڑھنا - حد سے بڑھنا - جلدی جلدی چلنا - ترقی کرنا - مداخلت کرنا - **قدم بوس ہونا** - پاؤں چومنا - پاؤں پڑنا - **قدم بوسی** (اور پاؤں چومنا) کسی بزرگ کی خدمت میں حاضر ہونا - **قدم بھاری ہونا** - کسی شخص کا کہیں پڑنا مبارک ہونا - منحوس ہونا - **قدم پر قدم رکھنا** - پیروی کرنا - کسی کی عادت اور روش اختیار کرنا - **قدم پکڑنا** - کسی کے پیروں کو عظمت ظاہر کرنے کے لیے پکڑنا - روکنا ع

زمین کوچہ جاناں قدم پکڑتی ہے
جو قصد کرتے ہیں وحشت سے ہم نکلنے کو — ناسخ

قدم پھر کے - کبوتروں کی اصطلاح میں - [illegible] - **قدم پھسلنا** - پاؤں ڈگمگانا - استقلال میں فرق آنا - نیت بدلنا - **قدم پھونک کے رکھنا** - احتیاط کرنا - **قدم پھیرے آنا** - مرنے سے پیشتر اخیر مرتبہ کسی جگہ پر جانا - **قدم ٹکنا** - قرار لینا - ثابت قدم ہونا - **قدم جمانا** - ڈٹ کر کھڑا ہونا - جم کر رہنا - **قدم چومنا یا چھونا** - پاؤں چومنا - **قدم درمیان ہونا** - واسطہ ہونا - دخل دینا - [illegible] - **قدم درویشاں رد بلا** (جملہ) فقرا، اللہ والوں کی وجہ سے مصیبتیں دور ہوتی ہیں - **قدم دکھانا** - چال دکھانا - رفتار کا امتحان دینا - چلتے پھرتے نظر آنا - **قدم دیکھنا** - بزرگ کی خدمت میں حاضر ہونا - زیارت کرنا ع میر

جو بے اختیاری یہی ہے تو قاصد
ہمیں آئے ان کے قدم دیکھتے ہیں

قدم ڈگنا - قدم کو لغزش ہونا - **قدم رسول** (پ - اشا) وہ جگہ جہاں قدم مبارک کا نشان رکھا ہو - **قدم رکھنا** - پاؤں رکھنا - دخل دینا - پاؤں اڑانا - کسی کام کے کرنے کا دعویٰ کرنا - کسی کام میں پڑنا - کسی جگہ جانا - کسی جگہ آنا - کسی جگہ پاؤں لگانا - **قدم رنجہ فرمانا** - تشریف لانا - کسی کے گھر تک جانے کی تکلیف کرنا - **قدم سے لگنا** - پناہ دینا - کسی بلند مرتبہ کے پاس رہنا - **قدم قدم** - قریب قریب - **قدم قدم جانا یا چلنا** - آہستہ آہستہ چلنا - [illegible] - **قدم کو ہاتھ لگانا** - پاؤں چھونا - خوشامد کرنا - عاجزی کرنا - **قدم کھوٹا ہونا** - منحوس ہونا - **قدم کے ساتھ** - ہمراہ (بزرگ کے لیے) **قدم گاڑ کر بیٹھنا** - جم کر بیٹھنا - پیچھا قدم نہ لینا - **قدم گاڑنا** - جم کر بیٹھنا - پاؤں جمانا - **قدم گن گن کے رکھنا** - آہستہ آہستہ چلنا - بہت احتیاط کرنا - **قدم لڑکھڑانا** - قدموں میں لغزش پیدا ہونا - ثابت قدم نہ رہنا - **قدم لگنا** - کسی کی حفاظت یا پناہ میں رہنا - گھوڑے کو چلنا آجانا - قدم بوسی کرنا - **قدم لینا** - پاؤں چھونا - پاؤں چومنا - [illegible] - خوشامد کرنا - استقبال کرنا - **قدم مارنا** - کوشش کرنا - پیروی کرنا - کسی کام میں پڑنا - تیز جانا - **قدم مار کر جانا** - دوڑ کر جانا - جلدی جانا - **قدم ملانا** - بالکل سیدھ میں برابر کھڑے ہونا - پاؤں میں ایک ساتھ چلنا - **قدم نکالنا** - گھوڑے کو چال سکھانا - گھوڑے کو سدھانا - **قدم نہ پڑنا** - چل نہ سکنا - پاؤں نہ اٹھنا - **قدم نہ چھوڑنا** - ہمراہی یا ساتھ اور رفاقت نہ چھوڑنا - **قدموں پر گرنا** - عاجزی کرنا - پابوسی کرنا - **قدموں سے لپٹنا** - منت کرنا - پیروں کو پکڑ لینا - نہ جانے دینا ع فصاحت

گلشن سے دم صبح نہیں جانے نہ دے گی
لپٹی ہوئی قدموں سے نسیم سحری ہے

قدموں سے لگنا - پاؤں چومنا - فدا ہونا - ماتحت رہنا - **قدموں سے لگے رہنا** - ہر وقت پاس رہنا - **قدموں کو چھوڑنا** - جدا ہونا - علیحدہ رہنا - **قدموں کی برکت یا بدولت** - آپ کی وجہ سے تشریف آوری کے سبب سے - **قدموں کی قسم** - بزرگ یا قابل عزت سے - آپ کی قسم (جیسے سر کی قسم بولتے ہیں) ع امیر

ہم نشینوں کا یہ کہنا انہیں قدموں کی قسم

قدموں لگی بلا - ہر ساتھ رہنے والی مصیبت - **قدموں میں** [illegible] ع داغ

ڈر گیا گھر سے جاتے ہی عاشق
تیرے قدموں میں دم دیا کہ نہیں

قدموں میں بچھا جانا - آنے والے کے خیر مقدم میں کمال عاجزی اور تواضع کے لیے بولتے ہیں - **قدمچہ** (مذ) پاخانے کے اندر کا پایہ جس پر پاؤں رکھ کر بیٹھتے ہیں -

قدوس :- (ع - مذ) تمام عیبوں سے پاک - اللہ تعالیٰ

قُدُوم :- (ع - مذ) آنا ۔ بجز

قدوم یار سے روشن سیاہ خانہ ہُوا
ہر ایک نقش کف پا چراغ خانہ ہُوا

قدوم مَیمنت لزوم - ایسا آنا جس سے برکت ہو۔

قَدِیر :- (ع) قدرت والا - خدائے تعالیٰ کا نام -

قَدِیم :- (ع) پُرانا - اگلے زمانہ کا - نیز اللہ تعالیٰ کا نام - قدیم سے - ہمیشہ سے - زمانۂ سابق سے - قدیمی - پُرانا - ہمیشہ کا - سدا کا (جیسے قدیمی نوکر)

قَرَابَت :- (ع - مو) رشتہ داری - ناتہ - قرابت پیدا کرنا - رشتہ نکالنا - قرابت ٹھہرنا رشتۂ عروسی طے ہونا - قرابت دار (مذ) رشتہ دار - عزیز - قرابت داری مو رشتہ داری - ناتہ - قرابتی رشتے کا - ناتے کا -

قَرَابَہ :- (ف - مذ) عرق رکھنے کا بڑا شیشہ - صراحی - قرابے کھلنا - خوشبو پھیلنا سے تعلق

وا ہے نسیم خندہ سے وہ غنچۂ دہن
یا کھل گیا ہے کوئی قرابہ گلاب کا

قرابے بہنا یا ڈھلنا - عطر یا عرق کا زیادتی کے ساتھ ضائع کرنا بہت خوشبو پھیلانا -

قَرَابِین :- (ت - مو) چھوٹے مُنہ کی چھوٹی بندوق -

قِرَأت :- (ع - مو) پڑھنا - حرفوں کا صحیح مخرج سے ادا کرنا -

قَرَار :- (ع - مذ) آرام - ٹھہراؤ - صبر - سکون - قیام - قول قرار - عہد

ع ذوق

وہ جو ہم میں تم میں قرار تھا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

قرار آنا - چین پڑنا - جی ٹھہرنا - قرار پانا - ٹھہرنا - مقرر ہونا - قول قرار ہونا - قرارداد (مو) عہد و پیمان - قول و قرار - شرط - فیصلہ - رزولیوشن - قرارداد جرم (مو) مجرم پر ضابطے کا حکم لگایا جانا - قرار دینا - ٹھہرانا - مقرر کرنا - تجویز کرنا - قرار کرنا - عہد کرنا - قرار لینا - ٹھہرنا - قرار ہونا - چین - اطمینان ہونا - قرار واقعی - معقول - بخوبی - پوری - کامل - (اُسے قرار واقعی سزا ملی) قرار و مدار (مذ) عہد و پیمان - قول و قرار - بچن -

قَرَاقِر :- (ع - مذ) قرقرہ کی جمع - پیٹ کے بولنے کی آواز - قراقر ہونا - پیٹ میں قرقر کی آواز آنا - پیٹ خراب ہونا - (پیٹ میں دیر سے قراقر ہو رہا ہے)

قِرَان :- (ع - مذ) آفتاب کے علاوہ کوئی سے دو ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا - قِرَانُ السَّعدین (مذ) دو اچھے ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا - نیک گھڑی - دو شریف اور لیاقت مندوں کی باہم شادی -

قُرآن :- (قُ - رَان اور قرآن - ع - مذ) خدا کا کلام - مسلمانوں کی مقدس کتاب - قرآن اٹھانا یا قرآن پر ہاتھ دھرنا یا رکھنا - قرآن شریف کو ہاتھ میں لے کر قسم کھانا - قرآن بیچ میں دینا - قرآن کو واسطہ بنانا - قرآن سر پر رکھ دوں گا - قسم لینے یا بیچ کھلوانے کی دھمکی سے تعلق

تم نے غیروں کو دیئے اپنے مصحف رخ کے بوسے
جھوٹ بولو گے تو رکھ دوں گا میں قرآں سر پہ

قرآن پر مہر کرنا - عہد لکھنا - قرآن پہ قرآن رکھنے میں کیا مضائقہ ہم قوم میں شادی کرنا کوئی عیب نہیں - قرآن ٹھنڈا کرنا - قرآن کو زمین پر گرا دینا - قرآن کا ہاتھ سے چھوٹ کر گرنا - قرآن ٹھنڈا ہونا - قرآن کا زمین پر گرنا - قرآن درمیان دینا - قرآن کا واسطہ دینا - قسم کھا کر وعدہ کرنا - قرآن درمیان ہونا - قرآن مجید کو ضامن قرار دینا - قرآن پر اقرار کرنا - قرآن سر پر رکھنا - دیکھو قرآن اٹھانا - قرآن کا جامہ پہننا - اپنے آپ کو نہایت پارسا اور نیک صادق بنانا - قرآن کا دَور کرنا - (دو حافظوں یا ناظرہ خوانوں کا) باہم باری باری سے ایک دوسرے کو قرآن سُنانا - بجائے خود قرآن پڑھنا - قرآن کی قسم کھانا - کلام خدا کی قسم کھانا - قرآن کی مار (مو) بددعا قرآن کی پھٹکار پڑے - قرآن کی ہوا دینا - بیمار کے مُنہ پر قرآن کے اوراق کو اس طرح کھولنا بند کرنا کہ اس سے ہوا نکلے - برکت و شفا کے لیے - قرآن گروانا - قرآن شریف کو بند کر کے رکھنا - قرآن میں نام نکلوانا - کسی بچے کا نام قرآن سے دیکھ کر رکھنا - قرآن ہدیہ کرنا - قرآن شریف فروخت کرنا -

قَرَائِن :- (ع - مذ) قرینے کی جمع - انداز -

قَرَاوَل :- (ت - مذ) بندوق سے شکار کھیلنے والا - وہ فوج جو لڑائی سے پیشتر دشمن کے حالات سے باخبر ہونے کے لیے آگے جاتی ہے -

قُرب :- (ع - مذ) پاس - نزدیکی - رشتہ داری - قرب جوار - آس پاس - اردگرد - قربان - صدقے

ع مومن

قربان تیرے پھر مجھے کہہ لے اسی طرح
وہ تسمہ جس میں ترکش بندھا ہوا پیٹھ پر لٹکتا ہے سے صابر

جان قربان ہے پر مانتا ہے پیر نہیں
یہ وہ قرباں ہے کماں جس میں نہیں تیر نہیں

کسی سے یا کسی چیز سے اجتناب کے معنی بھی دیتا ہے۔ الٹے سر

بچھڑے پہاڑ کے دبی ڈھوسے خدا کی شان
قربان ایسے عشق کے یہ کیسا امتحان

قربان جانا۔ واری جانا۔ صدقے جانا۔ عاشق ہونا۔ جان دینا۔ قربان کرنا۔ نچھاور کرنا۔ نثار کرنا۔ وارنا۔ قربان کروں۔ قربان کیا۔ نفرت کا کلمہ۔ صدقے کروں۔ آگ لگاؤں۔ چولھے میں دوں۔ قربان گاہ (مو) ذبح کرنے کی جگہ۔ قربان گیا۔ دیکھو قربان کیا۔ قربان ہونا۔ صدقے ہونا۔ نثار ہونا۔ قربانی (مو) ذبح۔ وہ جانور جو خدا کی راہ میں ذبح کیا جائے۔ ایثار۔ قربانی دینا۔ ایثار کرنا۔ قربانی کرنا۔ ذبیحہ کرنا۔

قُربَت:۔ (ع۔ مو) نزدیکی۔ پاس۔ قریب کا رشتہ۔ قربت کرنا۔ ہم بستری کرنا۔

قُرّۃُ العَین:۔ (ع۔ مذ) آنکھوں کی ٹھنڈک۔ پیارا بیٹا یا بیٹی۔

قَرح:۔ (ع۔ مذ) زخم۔ گھاؤ۔ وہ زخم جس میں پیپ پڑ گئی ہو۔

قُرص:۔ (ع۔ مذ) ٹکیا چاہے کسی چیز کی ہو۔ آفتاب کا گروہ۔ چاندی کا ایک سکہ جو عرب سے مخصوص ہے۔ گول گول شکر کی سبز ٹکیاں جو ساچق میں آتی ہیں۔

قَرض:۔ (ع۔ مذ) اُدھار۔ مستعار۔ قرض اتارنا۔ قرض بیباق کرنا۔ قرض اٹھانا۔ اُدھار لینا۔ قرض ادا کرنا۔ قرض چکتا کرنا۔ قرض چکانا۔ قرض ادا کرنا۔ قرض حسنہ (مذ) بلا سود اور میعاد کے قرض۔ ہاتھ ادھار۔ قرضخواہ۔ اُدھار دینے والا۔ قرض اکل۔ قرض کی طرح۔ قرضدار۔ اُدھار لینے والا۔ کسی کا حصہ یا سلامی وغیرہ لیکر نہ دینے والا۔ قرضداری (مو) دینداری۔ اُدھار۔ قرض دینا۔ ادھار دینا۔ قرض رکھنا۔ مقروض ہونا۔ قرض کا ڈھنا (عوا) قرض لینا۔ قرض کھانا۔ ادھار کھانا (محاورے کے طور پر اب متروک ہے) قرض نکلوانا۔ کوئی چیز گروی رکھ کر سودی روپیہ لینا۔ قرضہ (مذ) ادھار۔ ادھار لی ہوئی رقم۔ قرضہ چکانا۔ قرض ادا کرنا۔

قِرطاس:۔ (ع۔ مذ) کاغذ۔ قرطاس غلط بردار (مذ) ایک کھردرا کاغذ جس سے غلط لکھا ہوا صاف ہو جاتا ہے۔

قُرعہ:۔ (ع۔ مذ) پانسا۔ قرعہ انداز (مذ) پانسا پھینکنے والا۔ رمال۔ قرعہ اندازی (مو) جب یہ فیصلہ مشکل ہو کہ ایک چیز دو فریق میں سے کس کو دی جائے تو کاغذ کے پرچوں پر ہر فریق کا نام لکھ کر موڑتے ہیں اور کسی سے ایک پرچہ اٹھواتے ہیں۔ جس کا نام نکل آتا ہے اسے وہ چیز دے دی جاتی ہے۔ قرعہ بازی (مو) پانسہ پھینکنا۔ قرعہ پھینکنا۔ پانسے کے ذریعے فال نکالنا۔ قرعہ ڈالنا۔ قرعہ پھینکنا۔ قرعہ اندازی۔

قُرق:۔ (ت۔ مذ) ضبطی۔ بندش۔ روک سے ذرتی

پانی کا قرق خاص ہے مجھ دلفگار پر
کھائے گا کیا نہ کوئی ترس شیر خوار پر

قرق کرنا۔ ضبط کرنا۔ روکنا۔ قرق نامہ (مذ) ضبطی کا پروانہ۔ قرقی (مو) ضبطی۔ روک۔ جمعدانی۔ قرقی اٹھا لینا۔ ضبطی سے واگذاشت کرنا۔ قرقی بٹھانا۔ ضبطی کے مال پر پہرا بٹھانا۔ روک ٹوک کرنا۔ قرقی بھیجنا۔ مال قرق کرنے کے لیے عدالت کے چپراسی کا بھیجنا۔ قرقی کا پروانہ (مذ) ضبطی کا پروانہ۔ ضبطی کا وارنٹ۔

قَرقَرہ:۔ (ا۔ مذ) کلنگ سے چھوٹا پرندہ جس کا گوشت لذیذ اور اس کے نیلے پر امرائے ہند اپنی پگڑیوں پر لگاتے تھے۔

قُرمَم:۔ (ت۔ مذ) بھڑوا۔ کٹنا۔ قرمساق کا مخفف۔ پاجی۔ کمینہ۔

قِرمِزی:۔ (ف) سرخ رنگ۔ لال رنگ۔

قَرن:۔ (ع۔ مذ) زمانہ دراز۔ یمن کے ایک قبیلہ کا نام۔ قرون جمع۔ قرن گذر جانا۔ بہت مدت ہو جانا۔ قرنا (مو) سینگ کا بگل۔ ترہی (باجا)

قَرنبیق:۔ (ع۔ مذ) عرق کھینچنے کا بھبکا۔ قرعہ بیق۔

قَرنفل:۔ (ع۔ مذ) کرن پھول۔ لونگ

قَرولی:۔ (ت۔ مو) شکاری کا چاقو۔ ایک قسم کی چھری جسے کمر میں باندھتے ہیں۔ شکاری کھات میں بازان شکاری کا بیٹھنا۔ قرولی لگانا۔ قرولی باندھنا۔ قرولیاں کرنا۔ فنون سپہ گری دکھانا۔

قَرِیب:۔ (ع) پاس۔ نزدیک۔ نزدیک کا رشتہ دار۔ (عزیز قریب۔ اقربا جمع) تقریباً۔ علم عروض کی ایک بحر کا نام۔ قریب الفہم۔ جلد سمجھ میں آجانے والا۔ قریب المرگ۔ (الف لام غلط ہے) مرنے کے قریب پہنچا ہوا۔ کوئی دم کا مہمان۔ قریب قریب۔ پاس پاس۔ لگ بھگ۔

قُرَیش:۔ (ع۔ مذ) عرب کے ایک مشہور قبیلے کا نام۔ قریشی۔ قریش قبیلہ کا۔ شیخ۔

قَرِین:۔ قریب۔ پاس (قرین قیاس) ملا ہوا۔ ملحق (مذ) مصاحب۔ مثل و مانند۔

قَرِینَہ :۔(ع ۔ مذ) قیاس ۔ اندازہ (قرینہ اس کا مقتضی نہیں کہ آپ وہاں گئے ہوں) ڈھنگ ۔ وضع ۔ شکل ۔ صورت ۔ بسلیقہ ۔ سجاوٹ ۔ ترتیب (قرینے سے) قیاس سے ۔ اندازے ۔ ظاہری مناسبت سے ۔ ترتیب سے ۔ خوش اسلوبی سے ۔ قرینے سے بے قرینے ہونا ۔ بے ترتیب ہونا ۔ قرینہ سے لگانا یا رکھنا ۔ ڈھنگ اور ترتیب سے رکھنا ۔ جوڑ کر رکھنا ۔ قرینے کی بات ۔ موقع کی بات ۔ مناسب بات

قَرِیَہ :۔(ع ۔ مذ) گاؤں ۔

قَزّاق :۔(ت) ڈاکو ۔ دھاڑی ۔ لٹیرا ۔ قزاق اجل (مذ) موت ۔ موت کا فرشتہ ۔ ملک الموت ۔ قزاقی لوٹ ۔ مار ۔

قِزِلباش :۔(ت ۔ مذ) مغلوں کی ایک قوم کا نام جن کا پیشہ سپہ گری تھا ۔ ایران اور افغانستان کے شیعہ

قَساوَت :۔(ع ۔ مو) سخت دلی ۔ بے رحمی ۔

قَسائی :۔(۱) گوشت فروش ۔ بوچڑ ۔ بے رحم ۔ ظالم ۔ قسائی بچہ کبھی نہ سنجا جو سنجا سو کچا ۔ قسائی کی بات کا کبھی اعتبار نہیں ۔ قسائی کا پلا (مذ) موٹا تازہ آدمی ۔ قسائی کے پالے پڑنا یا کھونٹے بندھنا ۔ قسائی کے حوالے ہونا ظالم کے بس میں آنا ۔ قسائی کے کھونٹے سے بندھنا ۔ بے رحم اور ظالم خاوند کے ساتھ بیٹی کو بیاہنا ۔ قسائی کی گھاس کو گدھا کھا جائے ۔ ممکن نہیں کہ کوئی زبردست کی چیز لے لے ۔ قسائی کی بیٹی دس برس کا بیٹا جنتی ہے (مثل) کھاتے پیتے کی لڑکی جلد ہی جوان ہوتی ہے ۔ قسائی کی نظر سے دیکھنا ۔ ظالم کی طرح دیکھنا ۔ قہر کی نگاہ سے دیکھنا ۔ قسائی باڑا یا واڑا ۔ (مذ) قسائیوں کا محلہ ۔ قساکوڑا ۔ تحقیراً قسائی کے بچے کو کہتے ہیں ۔ قسائن (مو) قسائی کی جورو ۔ ظالم ۔ بے رحم عورت

قِس علیٰ ہٰذا :۔(ع) باقی کا اسی پر اندازہ کرو ۔

قِسط :۔(ع ۔ مو) وہ روپیہ جو تھوڑا تھوڑا کر کے حسب قرارداد ادا کیا جائے ۔ مالگزاری کا وہ حصہ جو وقت معین تک سپرد کر دیا جائے ۔ وہ میعاد جو روپیہ طریق مذکور پر دینے کے لیے مقرر کی جائے ۔ قسط باندھنا ۔ کل کا مقررہ حصہ وعدے پر ادا کرنا ۔ قسط بندی (مو) سرکاری روپیہ جو زمیندار لوگ ہر فصل پر حصہ کر کے دیتے ہیں ۔ قسط وار ۔ قسط باندھ کر ۔ بالاقساط ۔

قَسَم :۔(ع ۔ مو) سوگند ۔ حلف ۔ انکار (آپ کو تو ہمارے ہاں آنے کی قسم ہے) قسماً قسمی (مو) باہمی عہد و پیمان ۔ قسم اتارنا ۔ عہد پورا کرنا ۔ سوگند پوری کرنا ۔

قسم اترنا ۔ عہد جو کسی کام کے کرنے نہ کرنے کے متعلق کیا ہو اس کا ٹوٹنا ۔ ختم ہونا ؎

رکنے کو تین روز بہت ہیں شعور سے
مل جائیے گلے سے قسم اب اتر گئی

قسم توڑنا ۔ عہد کے خلاف کام کرنا ۔ سوگند پر نہ رہنا ۔ قسم ٹوٹنا ۔ قول و قرار کے خلاف ہونا ۔ قسم دینا دلانا یا کھلانا ۔ سوگند دلانا ۔ عہد لینا ۔ قسم کھا جانا ۔ بالکل انکار کر دینا ۔ جھوٹی قسم کھانا ۔ قسم کھانا ۔ عہد کرنا ۔ قول دینا ۔ صاف انکار کرنا ۔ قسم کھانے کو بات یا جگہ رہے ۔ سوگند کا موقع ملے ۔ قسم کھا سیکیں ۔ قسم کھانے کو نہ رہنا ۔ نام کو نہ رہنا ۔ بالکل نہ رہنا ۔ قسم کھانے ہی کے لیے ہے (مثل) قسم بے حقیقت چیز ہے ۔ قسم کی لفظیں استعمال ہی کے لیے ہیں ۔

قسم لے لو ۔ (عورتوں کا روزمرہ) ؎ دبیر

جان پہ کھیلی ہوں زنہار نہیں جینے کی
لو قسم کل سے دوا بھی میں نہیں پینے کی

قسم لینا ۔ عہد لینا ۔ بچن لینا ۔ قسم ہو جانا ۔ کسی چیز کا بالکل ترک ہو جانا ۔ بالکل چھوڑ دینا ۔ قسم ہونا ۔ عہد ہونا ۔ بالکل انکار ہونا ۔ قسم ہے ۔ سوگند ہے ۔ مطلق انکار ہے ۔ بالکل ترک ہے ۔ کچھ تعلق نہیں (ان کو سال بھر سے گھر جانے کی قسم ہے) دشوار ہے ۔ ناممکن ہے ع نسیم

کچھ ایسے سوتے ہیں سونے والے کہ جاگنا حشر تک قسم ہے

میں تجھ کو قسم دیتا ہوں ع ناسخ

قاصد تجھے قسم ہے مرے اضطراب کی

قسمیہ ۔ قسم کھا کر ۔

قِسم :۔(ع ۔ مو) نوع ۔ طرح ۔ وضع ۔ ڈھنگ ۔ قسم وار ۔ جنس وار ۔ قسم کے اعتبار سے ۔ (جمع اقسام)

قِسمَت :۔(ع ۔ مو) نصیب ۔ مقدر ۔ علاقہ ۔ صوبہ ۔ تقسیم ۔ نوشتہ تقدیر ۔ قسمت آزمائی ۔ تقدیر کا امتحان ۔ نصیبے کی جانچ ۔ قسمت آزمائی کرنا ۔ اپنے نصیبے کو آزمانا ۔ قسمت الٹنا یا بگڑنا ۔ نصیبے کا خلاف ہونا ۔ برے دن آنا ۔ قسمت پلٹنا ۔ تقدیر بگڑنا ۔ شامت آنا ۔ دن پھرنا ۔ اچھے دن آنا ۔ قسمت پھرنا ۔ بھلے دن آنا ۔ دن پھرنا ۔ قسمت پھوٹنا ۔ برے دن آنا ۔ شامت آنا ۔ قسمت جاگنا یا چمکنا ۔ اچھے دن آنا ۔ قسمت سے ۔ خوش نصیبی سے ۔ بدنصیبی سے ۔ قسمت کا پھیر ۔ (مذ) تقدیر کا بگاڑ ۔ برے دن ۔ قسمت کا دھنی ۔ نصیبے کا بادشاہ ۔ بھاگوان ۔ قسمت راہ پر آنا ۔ تقدیر پلٹنا ۔ قسمت کا لکھا یا دانہ ۔ تقدیر کا رزق ؎ رند

بن جاتا ہوں میں بھی آسمان کے مہمانوں میں
مری قسمت کا بھی ٹکڑا ہے اس کے خوان الوان میں

قسمت کا لکھا (مذ) تقدیر کا لکھا ۔ ماتھے کا لکھا **قسمت کا لکھا پورا ہونا** ۔ وہی ہونا جو قسمت میں لکھا تھا ۔ بُرا حال ہونا ۔ **قسمت پھوٹنا** ۔ **قسمت کا ہیٹا** مذ ۔ بدنصیب ۔ ابھاگی **قسمت کرنا** ۔ بانٹنا ۔ تقسیم کرنا ۔ **قسمت کا ہیٹا** (مذ) بدنصیب ۔ ابھاگی ۔ **قسمت کرنا** ۔ بانٹنا ۔ تقسیم کرنا ۔ **قسمت کھلنا** ۔ دن پھرنا ۔ بھاگ جاگنا ۔ شادی ہونا ۔ **قسمت کے صدقے** ۔ **قسمت** پر افسوس ۔ ذوق

واو رے مرازل صدقے ہم اس قسمت کے
جام عشرت اسے اور داغ تمنا ہم کو

قسمت کے ہاتھ بات ہے ۔ نتیجہ کے بارے میں خطرہ کے موقعے پر ۔ **قسمت لڑنا** ۔ کوئی کام مراد کے موافق بننا ۔ **قسمت والا** ۔ خوش نصیب ۔ بھاگوان ۔

قشقہ : (ف ۔ مذ) ماتھے کی بندی جو ہندو ماتھے پر لگاتے ہیں (کھینچنا لگانا کے ساتھ) **قشقہ کھینچنا** ۔ ماتھے پر چندن لگانا ۔ **قشقہ لگانا** ۔ ماتھے پر چندن لگانا ۔ میر

میں کیا کرو آہ کافر دین کے اکابر دل نے
قشقے لگائے پہنے زنار تیری خاطر

قصاب : (ع ۔ مذ) گوشت کاٹنے اور بیچنے والا ۔ ظالم ۔ بے درد ۔ نقل

خالی عارض ہے جو ہندو نے خدا آرس کو کیا
ہم سیہ بختوں کے حق میں تو ہے قصاب بنا

قصابہ : (ع ۔ مذ) وہ رومال جو عورتیں سر پر باندھتی ہیں **قصابہ باندھنا** ۔ سر پر رومال باندھنا ۔

قِصاص : (ع ۔ مذ) جان کے بدلے جان اور خون کے بدلے خون لینا ۔ اولے کا بدلہ (لینا دینا)

قصائد : (ع ۔ مذ) قصیدہ کی جمع ۔ دیکھو قصیدہ ۔

قصبات : (ع ۔ مذ) قصبہ کی جمع ۔ **قصباتی** ۔ قصبے سے متعلق ۔ قصبے کا رہنے والا ۔ **قصبہ** (مذ) چھوٹا شہر ۔ گاؤں سے بڑی جگہ ۔

قصد : (ع ۔ مذ) ارادہ ۔ نیت ۔ منشا ۔ مرضی (رکھنا ۔ کرنا ۔ ہونا) **قصداً** ۔ ارادے سے ۔ جان بوجھ کر ۔

قصر : (ع ۔ مذ) محل ۔ نماز جو سفر میں معین رکعتوں سے کم کر کے پڑھی جائے (مذ) کمی کرنا (نماز کا قصر مسافر سے مخصوص ہے) ۔

قصور : (ع ۔ مذ) بھول ۔ چوک ۔ خطا ۔ قصر کی جمع بمعنی محلات ۔ **قصور وار** ۔ خطاوار ۔ گنہگار ۔

قصہ : (ع ۔ مذ) کہانی ۔ بیان ۔ لڑائی ۔ جھگڑا ۔ تکرار ۔ **قصہ آخر ہونا** ۔ قصہ تمام ہونا ۔ جھگڑا ختم ہونا ۔ **قصہ اپنے سر مول لینا** ۔ بلا وجہ کی ذمہ داری سنبھال کر زحمت میں پڑنا ۔ **قصہ اٹھنا** ۔ ہنگامہ برپا ہونا ۔ **قصہ برپا ہونا** ۔ ہنگامہ ہونا ۔ جھگڑا ہونا ۔ **قصہ بڑھانا** ۔ جھگڑے کو طول دینا ۔ بات بڑھانا ۔ **قصہ بکھیڑا** ۔ جھگڑا ۔ آفت ۔ **قصہ پاک کرنا یا تمام کرنا** ۔ جھگڑا طے کرنا ۔ حل کر ڈالنا ۔ قرضہ بیباق کر دینا (دے دلا کر قصہ پاک کرو) **قصہ پاک ہونا یا تمام ہونا** ۔ جھگڑا چکنا ۔ خفا دور ہونا ۔ مرجانا ۔ **قصہ پڑنا** ۔ جھگڑا ہونا ۔ **قصہ تمام کرنا** ۔ کہانی ختم کرنا ۔ پاپ کاٹنا ۔ قرضہ بیباق کرنا ۔ مار ڈالنا ۔ **قصہ تمام ہونا** ۔ کام تمام ہونا ۔ جھگڑا طے ہونا ۔ داستان کا ختم ہونا ۔ مرجانا ۔ **قصہ جھوٹا** ۔ **قصہ باندھنا** ۔ دکھڑا رونا ۔ **قصہ چکانا** ۔ جھگڑا طے کرنا ۔ فیصلہ کرنا ۔ **قصہ چکنا** ۔ جھگڑا ختم ہونا ۔ فیصلہ ہونا ۔ **قصہ چھیڑنا** ۔ لڑائی کی لمبی باتیں ۔ داستان شروع کرنا ۔ میر حسن

پھر چھیڑا حسن نے اپنا قصہ
لو آج کی رات سو چکے ہم

قصہ خواں ۔ داستان گو ۔ **قصہ خوانی** (مو) داستان سنانا ۔ **قصہ رہنا** ۔ لڑائی جھگڑے باقی رہنا ۔ **قصہ فیصل ہونا** ۔ جھگڑا طے ہونا ۔ **قصہ کا گھر** ۔ اصل فساد ۔ صبا

قصے کا گھر ہے باعث طول شب فراق
ایسا بھی آسمان مرے سر چڑھے نہیں

قصے کہانی ۔ فضول باتیں ۔ **قصہ لے بیٹھنا** ۔ بے موقع باتیں شروع کر دینا ۔ **قصہ میں پڑنا** ۔ جھگڑے میں دوسرے کی بات میں پڑنا ۔ **قصہ کرنا** ۔ جھگڑا کرنا ۔ **قصہ کوتاہ کرنا** ۔ معاملہ طے کرنا ۔ جھگڑا چکانا ۔ **قصہ کھڑا کرنا** ۔ جھگڑا اٹھانا ۔ شور مچانا ۔ **قصہ مختصر کرنا** ۔ بات کو جلدی ختم کر دینا ۔ **قصہ مختصر ہونا** ۔ خاتمہ ہونا ۔ کام تمام ہونا ۔ **پاپ کٹنا قصہ مول لینا** ۔ جھگڑا خریدنا ۔ جان کو روگ لگانا ۔ **قصہ نامہ ہونا** ۔ دکھڑا بیان کرنا ۔ جھگڑا ڈالنا ۔ **قصہ نکالنا** ۔ جھگڑا کرنا ۔ حیلے حوالے کرنا ۔ **قصہ نکلنا** ۔ لازم ۔ **قصہ ہونا** ۔ جھگڑا ہونا ۔ فساد ہونا ۔ **قصہ یکسو ہونا** ۔ تصفیہ طے ہو جانا ۔

قصیدہ : (ع ۔ مذ) وہ مرتب نظم جس میں کسی کی تعریف یا برائی بیان کی جائے اور اس کے اشعار ستر سے زائد ہوں ۔ **قصیدہ خوانی** (مو) کسی جلسے یا محفل میں قصیدہ پڑھنا ۔ **قصیدہ گو** ۔ قصیدہ کہنے والا ۔ مدح خواں ۔ پُر مبالغہ آمیز ۔

قضا : (ع ۔ مو) خدا کا حکم ۔ مشیت الٰہی ۔ وہ عبادت جس کا وقت گذر گیا ہو ۔ **قضا کی نماز** ۔ موت ۔ **قضا ادا کرنا** ۔ جو نماز وقت پر نہیں پڑھی اس کو پڑھنا ۔ **قضا پھرنا** ۔ تنہا نماز یا روزے پورے کرنا ۔ قضا شدہ فرض ۔

چھوٹی ہوئی نماز پڑھنا۔ **قضادم**۔ تیر تلوار یا خنجر۔ **قضا را**۔ اتفاق سے۔ اچانک۔ **قضا سر پر کھیلنا**۔ موت کا قریب آنا۔ **قضا سے مرنا**۔ اپنی موت مرنا۔ **قضاً عنداللہ** اچانک۔ **قضا کا پیام**۔ موت کے آثار۔ **قضا کار**۔ (اتفاقاً)۔ **قضا کا فرشتہ** (مذ) موت کا فرشتہ۔ **قضا کا کھینچ کر لانا**۔ جب پردیس میں موت آئے تو کہتے ہیں۔ **قضا کا مارا** (مذ) مرنے جوگا۔ اجل رسیدہ۔ **قضا کرنا**۔ مذہبی فرض کو وقت مقررہ پر ادا نہ کرنا۔ مرنا۔ فوت ہو جانا۔ **قضا و قدر** (مذ) خدائے تعالیٰ کا حکم۔ **قضا ہونا**۔ روزے یا نماز کا وقت پر ادا نہ ہونا۔ وقت معینہ پر ترک ہونا۔ فوت ہونا۔ **قضائے الٰہی**۔ خدا کا حکم۔ (اتفاقیہ)۔ **قضائے حاجت کرنا**۔ پاخانہ پھرنا۔ ٹٹی جانا۔ **قضائے عمری** (مو) وہ نماز جو عمر بھر کی قضا شدہ نمازوں کے عوض پڑھیں۔ **قضائے کار**۔ دیکھو قضا را۔ **قضائے مبرم** (مو) نہ ٹلنے والا حکم۔ نہ ٹلنے والی موت۔

قضات :- (ع - مذ) قاضی کی جمع۔

قَضایا :- (ع - مذ) قضیہ کی جمع۔ جھگڑے۔ جھگڑے۔ مطالب۔ احکام۔ مسائل۔ خبریں۔

قَضیب :- (ع - مذ) شاخ۔ مرد کا عضو مخصوص۔ ہاتھ کی چھڑی۔

قَضِیَہ :- (ع - مذ) معاملہ۔ جھگڑا۔ فساد۔ اردو میں عموماً ض کو سکون اور ی کو بغیر تشدید مفتوح پڑھتے ہیں۔

نہ لے اپنے لیے تو مول جھگڑا
نہ پڑ قضیے میں واعظ کے بیان سے — صبا

وہ جملۂ خبریہ جو کل استدلال میں اصول منطق کے تحت بنایا جائے۔ **قضیہ اٹھانا**۔ جھگڑا اکھڑا کرنا۔ فساد مچانا۔ **قضیہ بنانا**۔ منطق کے اصول کے مطابق [illegible] بنانا۔ **قضیہ پاک کرنا یا چکانا**۔ جھگڑا چکانا۔ قصہ چکانا۔ **قضیہ پاک ہونا**۔ جھگڑا چکنا۔ **قضیۂ لال**۔ فسادی۔ تکرار کرنے والا۔ **قضیۂ زمین بر سر زمین**۔ جہاں کی بات ہو وہیں طے ہونا چاہیے۔ **قضیہ کرانا**۔ جھگڑا کرانا۔ **قضیہ کرنا**۔ جھگڑا کرنا۔ بحث کرنا۔ **قضیہ مول لینا**۔ پرائی بلا سر پہ لینا۔ دوسرے کے جھگڑے میں پڑنا۔

قط :- (ع - مذ) قلم کی نوک کو کاٹنا۔ تراشنا (دینا۔ رکھنا۔ لگانا)۔ **قط زن** [illegible] (مذ) وہ چیز جس پر قلم کی نوک رکھ کر کاٹتے ہیں۔ (عام طور پر ہڈی کی بنی ہوتی ہے۔ سند دیکھیے قلم میں مومن کا شعر)

قطار :- (ع - مو) صف۔ ترتیب۔ سلسلہ۔ پرا۔ شمار۔ تار۔ قطار۔ **قطار باندھنا**۔ صف باندھنا۔ [illegible] بہار نوروز میں انڈے لڑانا۔ اس طرح کہ دو آدمی دس دس یا زیادہ انڈوں کی قطاریں لگاتا۔ پھر ہر ایک ایک انڈا نکالتا اور لڑاتا۔ جس کا انڈا ٹوٹ جاتا۔ وہ دوسرے کو سب انڈے دے دیتا۔ — ذوق

برنگ بیضۂ نوروز، توڑے دل اس نے
ہزاروں، ایک ہمارا ہے کس قطار میں دل

قُطاس :- (ت - مذ) دریائی گائے کی دُم جس سے چنور بناتے ہیں — ذوق

نہ ہے خورشید کے طالع کہ شعاع خورشید
دم تزئین تیرے گھوڑے پہ لگے جائے قطاس

قُطّاعُ الطّرِیق :- (ع - مذ) راستہ لوٹنے والے۔ رہزن۔

قُطامَہ :- (ع - مو) فاحشہ اور بے حیا اور بے غیرت عورت۔ (گالی ہے)

قُطب :- (ع - مذ) وہ ستارہ جو ہمیشہ شمال کی طرف معلوم ہوتا ہے۔ وہ کیل جس پر چکی گھومتی ہے۔ قوم کا سردار۔ وہ ولی جس پر دنیا کے انتظام اور نگہبانی کا مدار ہے۔ ہر زمانے میں موجود ہوتا ہے۔ مگر لوگ نہیں پہچانتے۔ افضل۔ عمدہ۔ برگزیدہ۔ محور۔ زمین کا شمالی جنوبی سرا جو زمین کے ساتھ گردش نہیں کرتا اور ہمیشہ ساکن رہتا ہے۔ **قطب جنوبی** (مذ) زمین کے محور کا وہ سرا جو دکھن کی طرف ہے۔ **قطب شمالی** (مذ) زمین کے محور کا وہ سرا جو اتر کی طرف ہے۔ **قطب نما** (مذ) قطبوں کی سمت معلوم کرنے کا آلہ۔ کمپاس۔ **قطبی**۔ قطب سے متعلق۔ **قطبین** (مذ) دونوں قطب۔ قطب شمالی اور قطب جنوبی۔

قُطر :- (ع - مذ) کنارہ۔ طرف۔ وہ سیدھا خط جو دائرہ کے مرکز پر گزر کر اس کے دو برابر حصے کرے۔

قَطرہ :- (ع - مذ) بوند۔ بوند برابر۔ **قطرہ زن**۔ دوڑنے والا۔ تیز رو۔ **قطرے بجھانا**۔ پیشاب کے قطرے آنا۔ کمزوری مثانہ سے یہ بیماری پیدا ہو جاتی ہے۔

قطع :- (ع - مو) تراشش۔ بیونت۔ طور۔ طریق۔ انداز وضع — ظفر

ہے اڑائی فی الحقیقت اس نے میرے گل کی قطع

— ایسی کفن کی قطع پسند آ گئی ہمیں
دل سے ہمارے جامہ ہستی اتر گیا — صبا

قطعاً۔ ہرگز۔ اصلا (میں نے قطعاً نہیں کہا)۔ **قطع برید** (مو) کانٹ چھانٹ (کرنا)۔ **قطع بنانا**۔ انداز اختیار کرنا۔ صورت شکل بنانا۔ **قطع تعلق کرنا**۔ کچھ غرض نہ رکھنا۔ چھوڑنا۔ **قطع تعلق ہونا**۔ واسطہ نہ رہنا۔ چھوٹنا۔ نہ ملنا۔ **قطع راہ**۔ راستہ طے کرنا۔ **قطع رحم**۔ رشتہ داروں سے سلوک نہ کرنا۔ قطع

کرنا۔ کاٹنا۔ تراشنا۔ بیونتنا۔ چھوڑنا (جیسے قطع کرنا) گفتگو اور بات کے بیچ سے کاٹنا۔ رد کرنا۔ **قطع کلام کرنا**۔ بات کاٹنا۔ بات کے بیچ میں بولنا۔ **قطع نظر**۔ علاوہ اس کے۔ **قطع نظر کرنا** کسی بات کو ترک کر دینا۔ خیال چھوڑ دینا۔ **قطع ہونا**۔ کٹنا۔ ترشنا۔ فیصلہ ہونا۔ گزرنا۔ بسر ہونا۔ ختم ہونا (جیسے راہ قطع ہونا)

قطعہ: (ع۔ مذ) ٹکڑا۔ اراضی کا حصہ۔ پرزہ۔ پرچہ۔ دو۔ دو سے زیادہ۔ بے مطلع بیتیں جن کا مضمون ایک سرے سے مسلسل ہو۔ خوشنویسوں کے پارے سے پر جلی لکھے ہوئے وہ شعر جو اکثر فریم کر کے زینت کے لیے لگائے جاتے ہیں۔ ایسے ہی شعر لکھے ہوئے۔ **قطعہ بند** (مذ) وہ اشعار جن کے مضمون مسلسل باقی رکھنے کی صورت میں مکمل ہوں۔ (ق مفتوح عام غلط ہے)

قطعی: (ع) اخیر۔ ناطق۔ کامل۔ یقینی۔ بے شبہ (قصہ مختصر قطعی ہے) بالکل (قطعی غلط) مکمل۔ بالکل کی جگہ (یہ فیصلہ قطعی ہے) (انھوں نے روپیہ دینے سے قطعی انکار کر دیا) **قطعی گز** (مذ) درزیوں کا گز جو عام گز سے کچھ کم ہوتا ہے اور اس سے ناپ کر وہ کپڑے کو کاٹتے ہیں۔

قطمیر: (ع۔ مذ) اصحاب کہف کے کتے کا نام۔ جسے خط پر لکھ کر شگون لیتے ہیں۔

قعدہ: (ع۔ مذ) نماز میں دونوں سجدے کے بعد دوسری یا آخری رکعت میں بیٹھنا۔

قعر: (ع۔ مذ) تھاہ۔ گہرائی۔

قعود: (ع۔ مذ) نشست۔ قعدہ۔ ظفر: مرا کشش حق سجدے میں ہے مرا ہی ساغر قعود میں ہے

قفا: (ع۔ مو) گدی۔ پیچھے۔ شعر:

فغاں جرس کی ہے ایسی جو آج درد انگیز
قفائے قافلہ آ کوئی بے قرار رہا

قفس: (ف۔ مذ) پرندوں کا پنجرا۔ جسم۔ (یونانی کپسوس)

قفل: (ع۔ مذ) تالا۔ **قفل ابجد** (مذ) ایک قسم کا قفل جس میں حروف لکھے ہوتے ہیں۔ جب ان حروف کو ترتیب سے ملا دیتے ہیں تو قفل کھل جاتا ہے۔ **قفل بند ہونا**۔ تالا لگنا۔ **قفل توڑنا**۔ تالا توڑنا۔ چوری کرنا۔ **قفل کھولنا**۔ تالا کھولنا۔ **قفل جڑ دینا**۔ تالا لگانا۔ **قفل چھوٹا ہونا**۔ تالے کا بغیر کنجی یعنی اشارے کے کھل جانا۔ **قفل لگانا**۔ تالا بند کرنا۔ تالا لگانا۔ **قفل میں بند کرنا**۔ حوالات میں بند کرنا۔ قید کرنا۔ **قفل میں بند کر کے رکھنا**۔ سنبھال کر رکھنا۔

قفلی: (ا۔ مو) ڈھکنے دار برتن جیسے برف کی قفلی (دولی) وہ نصف کرایہ جو ملا دار پگڑی کے طور پر لیتے ہیں۔ سر قفلی۔ **قفلی پڑ جانا**۔ پتنگ لڑانا۔ دو پتنگوں کی ڈور میں ایسے پیچ پڑ جانا جن کا چھوٹنا مشکل ہو۔ **قفلی جمانا**۔ شربت یا دودھ وغیرہ قفلی میں رکھ کر جمانا۔ **قفلی آنا**۔ مردے کا دانتوں کو اس طرح بند کرنا کہ پھر نہ کھولیں۔ **قفلی کرنا**۔ مردے کا دانت اس طرح بند کرنا کہ کھل نہ سکیں۔ **قفلی لگ جانا**۔ دو چیزوں میں ایسا پیچ پڑنا کہ پھر چھوٹنا مشکل ہو۔

ققنس: (یونانی۔ مذ) یہ طائر ایک ہزار برس کے بعد مستی میں آتا اور لکڑیوں کا ڈھیر لگا کر پر پھڑپھڑاتا اور گاتا ہے۔ اس کے دیپک راگ سے آگ جل کر لگتی ہے جس میں وہ خود جل کر راکھ ہو جاتا ہے۔ پھر اس راکھ پر پانی برستا ہے جس سے راکھ انڈا بن جاتی ہے اور اسی انڈے سے دوسرا ققنس پیدا ہوتا ہے۔ شعر:

مجھے ابھی ققنس جیسے مرغ جاں ہو رہا
کروں جو صورت ققنس شرر فشاں فریاد

قل: (ع۔ مذ) فاتحہ۔ درویشوں کے سالانہ فاتحہ کا دن۔ سورۂ اخلاص۔ سورۂ فلق۔ سورۂ کافرون۔ سورۂ ناس۔ خاتمہ۔ کام تمام ہو جانا۔ جان نکل جانا۔ **قل اعوذیہ**۔ مردہ کا مال کھانے والا۔ مفت خورا۔ **قل پڑھنا**۔ دیکھو قل کے ڈھیلے۔ **قل کرنا**۔ مار ڈالنا۔ کام تمام کرنا۔ انتظار کرتے کرتے تھکا دینا۔ **قل کے ڈھیلے** (مذ) دفن کرنے کے بعد ڈھیلوں پر قل ہو اللہ پڑھ کر ان کو قبر پر پھینکتے ہیں۔ شعر:

قبر میں بھی سر شوریدہ کو پھوڑے پتھر
قل کے ڈھیلوں کے عوض چاہیے پھوڑے پتھر

قل ہو اللہ پڑھنا۔ بہت بھوک لگنا۔ **قل ہو جانا**۔ فاتحہ ہو جانا۔ تیجا ہو جانا۔ مرنے کے قریب پہنچنا۔ خاتمہ ہو جانا۔ **قل ہونا**۔ عرس ختم ہونا۔ کام تمام ہونا۔

قلابازی: (ا۔ مو) سر نیچے، پاؤں اوپر کر کے اپنے تئیں الٹ دینا۔ نٹ کی طرح کھیل کھانا۔ (کھانا۔ لگانا)

قلابہ: (ع۔ مذ) مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔ حلقہ۔ کڑی۔

قلاچ یا قلانچ: (ا) مفلس۔ بے غیرت۔

قلار: (ت) لال اٹھنگے کالی ٹوپی والے سپاہی جو شاہی سواری کے ساتھ چلتے اور بے ادبوں کو سزا دیتے تھے۔

قَلَاش:- (ت) دیکھو قلاچ -

قَلَاقَنْد:- (ا - مو) ایک قسم کی مٹھائی - برفی -

قُلَانچ:- (ا - مو) چوکڑی چھلانگ - قلانچ بھرنا - چوکڑی بھرنا - چھلانگ مارنا - اُچھلنا - قلانچ لگانا چھلانگ مارنا - قلانچیں بھرنا - چھلانگیں مارنا - چوکڑیاں بھرنا -

قَلْب:- (ع - مذ) دل - من - درمیان - فوج کا درمیانی حصہ - کھوٹا سکہ - اوندھا - عکس اور اُلٹا ہوا - (جیسے رات کو اُلٹو تو تار) قلب ساز - کھوٹا سکہ بنانے والا - قلب سازی مو جھوٹا سکہ بنانا -

قَلَبَہ:- (ع - مذ) ہل - قلبہ رانی (مو) ہل چلانا -

قِلَّت:- (ع - مو) کمی - تنگی - مشکل - دشواری -

قَلْتَبَان:- (ف - مذ) بھڑوا - دیوث - قرمساق -

قُلَّتَین:- (ع - مذ) پانی کے ایسے دو ظرف جن میں سے ہر ایک میں دس دس من پانی آجائے - بیس من پانی کی مقدار - امام شافعی کے نزدیک اتنا پانی اتصال نجاست سے نجس نہیں ہوتا - ناپاک نجس ع میر حسن

نہ دیکھو وہ پیالہ جو ہو قلتین

قلتین کرنا :- پاک کرنا - کھنگولنا - پانی میں ہاتھ ڈالنا -

قُلْزُم:- (ع - مذ) ایک سمندر کا نام - ایک شہر کا نام - نہایت گہرا سمندر -

قَلْع:- (ع - مذ) گرانا - ڈھانا - جڑ سے اکھاڑنا - قلع و قمع (مذ) توڑ پھوڑ - اکھاڑ پچھاڑ - خاتمہ (کرنا - ہونا)

قَلْعَہ:- (ع - مذ) وہ محفوظ عمارت جس میں بادشاہ رہتا ہے - قلعے کی فوج - ایک قسم کی آتشبازی - قلعہ بنانا - کسی جگہ کو ایسا مستحکم کرنا کہ بیرونی حملہ نہ ہو سکے - قلعہ بند - قلعے میں پناہ لینے والا - قلعہ دار (مذ) قلعہ کا نگہبان - قلعہ کا افسر - قلعہ سر کرنا - قلعے کو فتح کرنا - قلعہ شکن توپ (مو) بڑی توپ - قلعہ کو توڑنے والی - قلعہ لڑنا - قلعے کی فوج کا لڑنا -

قَلْعِی:- (ا - مو) رانگ - مکانوں میں پھیرنے کا چونا - جھول - روغن - قلعی اتارنا - قلعی مٹانا - قلعی اڑ جانا یا جاتی رہنا - رنگ کا ملمع اتر جانا - تانبا نکل آنا - قلعی چڑھانا - ملمع کرنا - قلعی دار - وہ ظرف جس پر قلعی ہو - قلعی کا چونا (مذ) پتھر کا چونا - سفیدی - قلعی کا کشتہ - مجموعہ کیا ہوا رانگ - قلعی کرنا - برتنوں پر رانگ چڑھانا - سفیدی پھیرنا - قلعی کھلنا - بھید کھلنا - بھانڈا پھوٹنا - شیخی کرکری ہونا - قلعی کھولنا - بھید کھولنا - چھپا ہوا عیب ظاہر ہونا - قلعی گر - رنگ کا ملمع کرنے والا -

قُلْفِی:- (ا - مو) (قفلی کا تلفظ عوام)

قَلَق:- (ع - مذ) خواجہ ارشد علی خان قلق لکھنوی جن کے اشعار سند ہونے کی وجہ سے ہم نے لکھے ہیں - بے قراری - بے کلی - گھبراہٹ - رنج - غم - فکر - حسرت - پچھتاوا - قلق جانا - افسوس دور ہونا - قلق رہنا - افسوس رہنا - صدمہ رہنا - بے تابی رہنا - قلق گزرنا - برا لگنا - رنج ہونا - قلق ہونا - افسوس ہونا - رنج ہونا -

قِلْقَارِی:- (ا - مو) بے زبان بچوں کی ہنسی جو آواز کے ساتھ ہو - قلقاریاں مارنا - بے زبان بچوں کا آواز کے ساتھ ہنسنا -

قُلْقُل:- (ف - مو) صراحی کے اندر سے پانی کے نکلنے کی آواز -

قَلَم:- (ع - مذ) لکھنے کے آلہ کا نام - تراشا ہوا - کاٹا ہوا - (ہاتھ قلم ہو جائے) (مو) قلم - مصور کا برش (ان معنوں میں اب بالاتفاق مذکر ہے) سودا - میر - مومن - غالب نے مونث بھی لکھا ہے ؎ میر

کسی کو شوق یا حساب اور اس سے جیش کیا ہوگا

قلم ہاتھ آگئی ہوتی تو سو سو خط لکھا ہوگا

؎ مومن

غیر کے خط لکھنے کو تم نے تراشی ہے قلم

ورنہ میرے استخواں کیوں ہو گئے قط گیر سے

؎ غالب "ہے قلم میری ابر گہر بار"

(مذ) وہ چھوٹے چھوٹے تراشے ہوئے بال جو کنپٹیوں کے اوپر چھوڑ دیتے ہیں - حکم ع لوح دل پہ ترا قلم جاری (منیر)

(مو) شاخ یا ٹہنی جو ہری کاٹ کر زمین پر لگاتے ہیں - ایک قسم کی آتشبازی - پھلجھڑی - کسی چیز کی ایک چھوٹی سی قاش (نوشادر کی قلم) شاخ جو ایک درخت سے دوسرے درخت میں باندھتے ہیں - پیوند - شراب یا عطر کی چپٹی سی شیشی - گائے بکری کی پنڈلی کی ہڈی - قلم اٹھا کر لکھنا یا قلم برداشتہ لکھنا - بے سوچے اور جلدی جلدی لکھنا - قلم انداز کرنا - لکھنے میں چھوڑ دینا - قلم باندھنا - ایک درخت کی شاخ دوسرے میں باندھنا - قلم بنانا - قلم تراشنا - کنپٹی کے اوپر کے بالوں کو استرے سے درست کرنا - قلم بند - تحریری لکھا ہوا - شمار کیا ہوا - گنتی کے موافق - قلم بند سنانا - ان گنت گالیاں دینا - خوب گالیاں دینا - قلم بند کرنا - لکھنا - درج کرنا - نوٹ کرنا - قلم بند

لگانا ۔ گن گن جوتیاں مارنا ۔ خوب مارنا ۔ **قلم بند ہونا** ۔ تحریر ہونا ۔ لکھت میں آنا ۔ **قلم پاک** (مذ) قلم صاف کرنے کا کپڑا ۔ **قلم پھیرنا** ۔ لکھے ہوئے کو مٹا دینا ۔ لکھے ہوئے کو کاٹ دینا ۔ **قلم پکڑنا نہیں آتا** ۔ جاہل ہے ۔ لکھنا نہیں آتا ۔ **قلم توڑ دینا** ۔ بے مثال آرٹ بنانا ۔ **قلم تراش** (مذ ۔ مو) قلم بنانے کا چاقو ۔ **قلم تیز کرنا** ۔ قط دینا ۔ **قلم جاری رہنا** ۔ حکم جاری رہنا ۔ (افسری) تاکم رہنا ۔ **قلم چلانا** ۔ لکھنا ۔ لکھنے کا کام کرنا ۔ **قلمدان** (مذ) قلم دوات رکھنے کا صندوقچہ ۔ **قلمدان عنایت کرنا** ۔ وزیر بنانا ۔ پرائیویٹ سیکرٹری بنانا ۔ **قلمرو** (مو) راج ۔ حکومت ۔ ریاست قلم رو شن ہے ۔ (ادبا) قلم جاری رہے ۔ حکم جاری رہے ۔ **قلم زد** ۔ کٹا ہوا ۔ غلط کیا ہوا ۔ **قلم سُرمہ** ۔ پنسل ؎ ذوق

اس نے جو خط قلم سُرمہ سے لکھا ہم کو

لکھا ایمائے خموشی ہے پئے گویا ہم کو

قلم قصائی (مذ) عدالت کا محرر ۔ سرکاری منشی ۔ **قلمکار** (مذ) پڑھنے لکھنے کا کام کرنے والا ۔ کلرک ۔ رنگ بھرنے والا ۔ ایک قسم کا کپڑا جس پر بیل بوٹے کا کام ہوتا ہے ۔ مہر بنانے والا ۔ **قلمکاری** (مو) لکھنا ۔ تحریر ۔ نقاشی ۔ رنگ سازی ۔ مہر سازی ۔ **قلم کرنا** ۔ کاٹنا ۔ تراشنا ۔ الگ کرنا ۔ **قلم کھینچنا** ۔ کاٹ دینا ۔ لکھتے لکھتے چھوڑ دینا ۔ **قلم لگانا** ۔ کسی پھول کے درخت کی شاخ کو زمین میں دبانا ۔ **قلم مارنا** ۔ **قلم پھیرنا** ۔ رد کرنا ۔ **قلم مو** (مذ) بالوں کا قلم ۔ برش ۔ **قلم ہونا** ۔ تراشا جانا ۔ کٹنا ۔ جدا ہونا ۔

قلمی :۔ (ا) ۔ قلم کا لکھا ہوا ۔ تحریری ۔ قلم کا پودا ۔ قلم کا درخت ۔ **قلمی آم** (مذ) پیوندی آم ۔ **قلمی شورا** (مذ) صاف کیا ہوا شورہ ۔ **قلمی کرنا** ۔ لکھنا ۔ تحریر کرنا ۔ **قلمی ہونا** ۔ تحریر ہونا ۔ **قلمیں بنانا** ۔ کنپٹی کے بالوں کو درست کرنا ۔ **قلمیں تراشنا** ۔ کنپٹی کے بال کاٹنا ۔ **قلمیں چھوڑنا** ۔ کنپٹی کے بال بڑھانا ۔ **قلمیں لگانا** ۔ پودے لگانا ۔

قلماقنی :۔ (ا ۔ مو) روسی قوم قلماق کی عورت ۔ بیگمات کی باڈی گارڈ ہوں اور محلات کی حفاظت کرنے والی مسلح عورتیں ۔ جن کو شادی کرنے کی ممانعت تھی ۔

قلندر :۔ (ف) وہ شخص جو اپنے وجود اور دنیا سے بے خبر ہو کر ہمہ تن خدا کی طرف متوجہ ہو ۔ آزاد ۔ رند قلندرا ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۔ جیسے گاڑھا ۔ **قلندری** (مو) ایک قسم کی چھولداری ۔ قلندر کا پیشہ ۔ ایک قسم کا کپڑا ۔

قلوب :۔ (ع) قلب کی جمع ۔ دل ۔

قُلّہ :۔ (ع ۔ مو) پہاڑ کی چوٹی ۔ گھوڑے کا زردی مائل رنگ ۔ قلہ شجرہ ۔ اگر حصنشو ۔ بویا بڑھنا ۔

قلی :۔ (ات) مزدور ۔ بوجھ اُٹھانے والا ۔ **قلی گری** (مو)

قلی کا پیشہ ۔ **قُلیا** (مو) قرآن کی ایک سورت جس کی ابتدا قل یا سے ہوتی ہے ۔ **قلیا تمام کرنا** ۔ خاتمہ کرنا ۔ کام تمام کرنا ۔ **قلیا تمام ہونا** ۔ لازم ؎ اسیر

کرائے بسم اللہ جب اس طفل نے مصحف پڑھا

ہو گیا بس میں منقلب ختم قلیا ہو گئی

قلیان :۔ (ف ۔ مذ) حقہ ۔ نرگلی (دیکھئے خاص قلیان) **قلیان کش** ۔ حقہ پینے والا ؎ ذوق

دل سلگ جائے نہ جب تک اور جگر جل جائے نہ جان

کم نہ ہو قلیان کش سوز محبت کی طلب

قلیل :۔ (ع) کم ۔ تھوڑا ۔ چھوٹا ۔

قلیہ :۔ (ا ۔ مذ) بھنا گوشت ۔ شوربے دار گوشت ۔ **قلیہ چپاتی** ۔ گوشت کا شوربا اور پتلی روٹی ۔ پرہیزی کھانا ۔

قُم :۔ (ع) اٹھ کھڑا ہو ۔ اٹھ بیٹھ تنہا مستعمل نہیں ۔ **قم باذن اللہ** مردوں سے حضرت عیسےٰ کہتے تھے (خدا کے حکم سے اٹھ بیٹھ) **قم باذنی** ۔ میرے حکم سے اٹھ بیٹھ ۔ کہتے ہیں کہ عیسیٰ جی شمس حالت وجد میں یہ کہنے سے مردہ جلا دیتے تھے ۔ یہ کہہ کہنے کی وجہ سے بحکم شرع قتل کئے گئے ۔

قمار :۔ (ع ۔ مذ) جوا ۔ ہار جیت کا کھیل ۔ چالبازی ۔ **قمار باز** ۔ جواری ۔ جوئے باز ۔ **قمار بازی** (مو) جوا کھیلنا ۔ جوا ۔ **قمار بازی کرنا** ۔ جوا کھیلنا ۔ **قمار خانہ** (مذ) جوا کھیلنے کا مکان ۔ **قماریا** ۔ چالاک ۔ عیار ۔

قمار سے پہلے "بد" لگا کر بد قمار یعنی بدنصیب بولتے ہیں ؎

ہم سا بھی اس بساط پہ ہوگا نہ بد قمار

جو چال ہم چلے سو نہایت بُری چلے ؎ ذوق

قماش :۔ (ع ۔ مذ) طرح ۔ وضع ۔ ڈھنگ ۔ جنس ۔ قسم ۔ گنجفے کے ایک پتے کا نام (مذ) ایک ریشمی کپڑا ۔

قمچی :۔ (ف) پتلی چھڑی جو لچکتی ہو ۔ قمچی کرنا ۔ ہاتھ کو دو چار کرتے وقت جھٹکا دینا ۔ **قمچی لگانا** ۔ پتلی سی شاخ کی چھڑی سے مارنا ۔ **قمچی مارنا** ۔ پتلی چھڑی سے مارنا ۔

قمر :۔ (ع ۔ مذ) چاند ۔ کیمیا گروں کی اصطلاح میں چاندی ۔ **قمر پیکر** ۔ **قمر شمائل** ۔ **قمر طلعت** ۔ حسین ۔ **قمر حشم** ۔ تاروں کی طرح کثیر فوج رکھنے والا بادشاہ ۔ **قمر داغ** ۔ تودہ ۔ **قمر در عقرب** ۔ وہ ڈھائی دن جس میں ہر مہینے چاند برج عقرب میں رہتا ہے ۔ یہ وقت منحوس سمجھا جاتا ہے ۔ **قمر محاق میں آنا** ۔ چاند کا مہینے کی آخری تین راتوں میں نظر سے غائب رہنا ۔ **قمر وش** ۔ حسین ۔ خوبصورت ۔ **قمری** ۔ قمر سے متعلق ۔ وہ مہینے جو چاند کی چال کے مطابق مقرر ہیں ۔ عرب کا ایک چاندی کا سکہ

یہ مول لیں تو اِک قمری کو قمر کے
خود مشتری بھی فاختہ کے نام پر بکے
شمیم

قُمری:- (ت - مو) ایک پرندے کا نام - ایک منگتا قوم کی عورتوں کا نام - فاختہ -

قَمع:- (ع - مذ) جڑ سے اُکھاڑنا - توڑنا - اُردو میں قلع کے ساتھ مستعمل ہے - بفتح میم ایک قسم کی بڑی چھڑ کا

قُمقُمہ:- (ع - مذ) ایک چھوٹی قندیل - چھت میں لٹکانے کا ایک شیشے کا گولہ جو مختلف رنگ کا ہوتا ہے -

قَمِیص:- (ع - مذ) کُرتہ - کف دار کرتہ -

قَنات:- (ت - مو) کپڑے کا پردہ - کپڑے کی اوٹ - قنات کھینچنا یا گھیرنا یا لگانا - پردے کی دیوار کھڑی کرنا

قَنادِیل:- (ع - مو) قندیل کی جمع - قندیلیں -

قَناعَت:- (ع - مو) تھوڑی چیز پر خوش رہنا - حرص سے بچنا - قناعت کرنا - کافی سمجھنا -

قَنادِیز:- (ت - مو) ایک قسم کا ریشمی کپڑا -

قَند:- (ع - مذ) کھانڈ - ایک قسم کی دانہ دار مٹھائی - سرخ کچے رنگ کا کپڑا - نہایت میٹھا - قند پارسی - ایک قسم کا لطیف قند - قند کی ڈلی - دیکھو ڈلی - قند گھولنا - پانی میں قند کو محلول کرنا - شیریں سخن ہونا - قند کے ٹکڑے کوئلوں پر مہر قیمتی چیز ضائع ہو اور کم قیمت چیز میں کنجوسی کی جائے - قندِ مکرر - وہ عمدہ کلام جو دوبارہ سُنا جائے -

قِندِیل:- (ع - مو) ایک قسم کا فانوس جس میں چراغ جلا کر لٹکاتے ہیں - کاغذ یا ابرک سے منڈھا ہوا فانوس - قندیلا (مذ) بڑا فانوس - قندیلِ چرخ - چاند یا سورج - (لاطینی کندیلا - انگریزی کینڈل)

قُنُوت:- (ع - مذ) وہ دُعا جو اہل سنت نماز وتر میں پڑھتے ہیں (مذ) وہ دعا جو شیعہ ہر دوسری رکعت میں رکوع سے پہلے ہاتھ اُٹھا کر پڑھتے ہیں -

قُنُوطِیَّت:- (ع - مو) مایوسی - عالم یاس جو دل و دماغ پر چھا گیا ہو - رجعت پسندی -

قُو:- (ا - مو) وہ آواز جو کبوتر باز کبوتر اُڑاتے وقت نکالتے ہیں بچوں کے مکان کے پاس کہہ کر انھیں چونکاتے یا ڈراتے ہیں سے جان صاحب

برسوں بچے کو نہیں پیار کبھی کرتے ہیں
پیار بھی کرتے ہیں تو کان میں قو کرتے ہیں

قُوٰی:- (ع - مذ) قوت کی جمع - طاقتیں - قوتیں -

قَواعِد:- (ع - مذ) قاعدہ کی جمع - دیکھو قاعدہ - قواعدداں قاعدے جاننے والا - صرف و نحو سے واقفیت رکھنے والا - قواعد کرنا - فوج کی ورزش کرنا - پریڈ کرنا - قواعدگاہ (مو) فوجی ورزش کا میدان پریڈ - قواعد لینا - ورزش کرانا - پریڈ لینا -

قَوّال:- (ع - مذ) صوفیانہ اور حقانی چیزیں گانے والا - قوالی (مو) صوفیانہ اور حقانی چیزیں طبلے کی تھاپ پر گانا - قوالی ہونا - مجلس سماع ہونا - گانے کی ایسی محفل جس میں معرفت کے گیت گائے جائیں -

قِوام:- (ع - مذ) چاشنی - شیرہ - پانی میں پکی ہوئی شکر جس میں تار آ جائے - بنیاد -

قَوانِین:- (ع - مذ) قانون کی جمع - دیکھو قانون -

قُوت:- (ع - مذ) خوراک - خورش - روزی - قوت بسری - روکھی سوکھی کھا کر گزارہ کرنا - قوتِ لایموت (مذ) اس قدر خوراک جو زندگی باقی رکھنے کے لیے کافی ہو -

قُوَّت:- (مو) طاقت - زور - مجال (قوتِ جسمانی) بل - سہارا - مدد - سلطنت - ریاست - حس (قوتِ شامہ) قوت آزمانا - طاقت کی آزمائش کرنا - قوتِ بازو - اپنے بازوؤں کی طاقت (مذ) چھوٹا بھائی - قوتِ باہ (مو) شہوت اور جماع کی قوت - قوتِ باصرہ (مو) دیکھنے کی قوت - آنکھ - قوتِ جاذبہ (مو) جذب کرنے والی قوت - قوتِ حافظہ (مو) یادداشت کی قوت - قوتِ دافعہ (مو) فضلہ دفع کرنے کی قوت - قوتِ ذائقہ (مو) چکھنے کی قوت - زبان - قوتِ سامعہ (مو) سُننے یا سُنائی دینے کی قوت - کان - قوتِ شامہ (مو) سُونگھنے کی قوت - دماغ - ناک - قوتِ لامسہ (مو) چھونے اور مس کرنے کی قوت ہاتھ - قوتِ ماسکہ (مو) غذا کو معدہ میں محفوظ رکھنے کی قوت - قوتِ متخیلہ (مو) محسوس چیزوں کی صورت کو ذہن میں محفوظ رکھنے کی قوت - قوتِ مدرکہ (مو) دریافت کرنے اور معلوم کرنے کی قوت - قوتِ ممیزہ (مو) فرق و تمیز کرنے کی قوت - قوتِ ہاضمہ (مو) ہضم کرنے کی طاقت -

قور:- (ت - مو) ناخن کی کور - فیتہ جو کپڑے کے حاشیے پر لگاتے ہیں - خاصے کا ہاتھی - ہتھیار - سلاح - قوربیگی - سلاح خانے کا داروغہ - قورخانہ - اسلحہ خانہ - میگزین - قوروں کا پھٹنا - ہاتھ پاؤں کے ناخنوں کی جڑ سے ریشہ نکلنا -

قورمہ:- (ت - مذ) بھنا ہوا گوشت - بھنے گوشت کا

شوربا۔ قورمہ پلاؤ۔ ایک قسم کا پلاؤ جس میں قورمے کا مسالا ڈالتے ہیں۔ قورمہ پلاؤ اُڑانا۔ مرغن کھانا۔

قوس: (ع ۔ مؤ) کمان۔ دھنک۔ دائرہ کا وہ حصہ جو وتر اور محیط کے کسی حصہ سے گھرا ہوا ہو۔ آسمان کے نویں برج کا نام۔ قوسِ قزح (مؤ) وہ کمان جو بادل میں رنگ برنگ کے رنگوں سے بنی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ دھنک۔ قوس نما۔ محراب دار۔ کمان کی شکل کا۔ قوسی۔ قوس کی وضع کا۔
قوسین۔ دیکھو کتاب قوسین۔

قول: (ع ۔ مذ) بات۔ بچن۔ کہاوت۔ عہد۔ اقرار۔ وہ شعر جو قوال لوگ گاتے ہیں۔ ایک قسم کا راگ۔ قول توڑنا۔ عہد توڑنا۔ کہی ہوئی بات سے پھرنا۔ قول دینا۔ عہد کرنا۔ قسم کھانا۔ زبان دینا۔ قول سے پھرنا۔ وعدے سے انکار کرنا۔ قول قرار (مذ) عہد و پیمان کرنا۔ قول کا پورا۔ بات کا پکا۔ سچا۔ قول کا چھلا (مذ) چھلا جو یادداشت کے طور پر عاشق اور معشوق ایک دوسرے کو دیتے ہیں۔ قول لینا۔ عہد لینا۔ بچن لینا۔ قولِ مرداں جان دارد۔ شریفوں اور مردوں کی بات پکی ہوتی ہے۔ قول و فعل (مذ) چال چلن۔ رنگ ڈھنگ۔ قول و قرار (مذ) عہد و پیمان۔ قول و قرار ہونا۔ عہد و پیمان ہونا۔ قول و قسم (مذ) قول و قرار۔ عہد و پیمان۔ قول ہارنا۔ زبان دینا۔ عہد کرنا۔

قولنج: (ع ۔ مذ) پسلی کے نیچے کا درد۔ (ہندی سول)

قوم: (ع ۔ مؤ) آدمیوں کا گروہ۔ فرقہ۔ خاندان۔ نسل۔ ذات۔ قوم دار۔ اچھی نسل کا۔ خاندانی۔ قومی۔ قوم کے متعلق۔ وطنی۔ دیسی۔ قومی مجلس (مؤ) ہم قوم لوگوں کی جماعت۔ ہم وطنوں کی سوسائٹی۔ قومیت (مؤ) نسل۔ اصل۔ وطنیت۔

قونصل: (ف) سفیر۔ سفارت خانہ۔

قوی: (ع) طاقت ور۔ توانا۔ قوی بازو۔ قوی بال۔ قوی پنجہ۔ طاقت ور۔ طاقت والا۔ قوی جثہ یا قوی ہیکل۔ موٹا تازہ۔ مضبوط جسم کا جوان۔

قہار: (ع) بڑا غالب اور زبردست۔ خدا تعالیٰ کی صفت۔

قہاقا: (۱) متروک۔ قہقہہ ۔ میر حسن

کہیں چٹکیاں اور کہیں تالیاں
قہاقے کہیں اور کہیں گالیاں

برق لکھنوی

کبک کی چال جو دیکھی تو قہاقا مارا

قہر: (ع ۔ مذ) غلبہ۔ زبردستی۔ غصہ۔ جوش۔ دشوار کام۔ زوال۔ بلائے جان۔ مصیبت ۔ ذوق

کیا قہر ہے وقفہ ہے ابھی آنے میں ان کے
اور دم مرا جانے میں توقف نہیں کرتا

بلا۔ آفت۔ شامت ۔ رند

زیادہ ہوئی یاد جانی تمہاری غرض قہر ہے مہربانی تمہاری

آفت کا پرکالہ۔ چالاک۔ فسادی ۔ میر حسن

ارے ایک ہے تو بڑی فتنہ ہے
کہیں قند مصری کہیں زہر ہے

بُرا۔ نامناسب۔ بہت تیز۔ ع صابر

کہتے ہیں قہر ہوتا ہے غصہ حلیم کا

نہایت وضعدار۔ طرح دار ۔ ع آتش

طفلی سے اور قہر ہوا وہ شباب میں

بے حد کی جگہ ۔ ع رنگین

قہر اس بات کا چسکا تجھے در گور پڑا

نامناسب فعل۔ عجیب فعل ۔ ع مجنون

میں نے جو کچھ کہا تو بُرا قہر کون سا

قہر توڑنا۔ غضب ڈھانا۔ نہایت غصے ہونا۔ قہر ٹوٹنا۔ آفت آنا۔ خفگی ہونا۔ ناراضگی ہونا۔ قہرِ درویش بر جانِ درویش۔ غریب کا غصہ اپنے ہی اوپر چلتا ہے۔ غریب پر جیسی پڑے جھیلنا پڑتی ہے۔ قہر قیامت۔ نہایت خوب صورت اور حسین۔ قہر کا۔ آفت کا۔ بلا کا۔ نہایت چالاک اور از حد خوفناک۔ نہایت کڑاکا۔ قہر کا سامنا (مذ) آفت سے مقابلہ۔ بلا سے مٹھ بھیڑ۔ قہر کرنا۔ غضب کرنا۔ برا کرنا۔ ظلم کرنا۔ انوکھا کام کرنا۔ قہر ہونا۔ غضب ہونا۔ قیامت ہونا۔ بلا ہونا۔ نہایت عیار اور چالاک ہونا۔ قہر ہے۔ آفت ہے۔ بلا ہے۔ نہایت چالاک ہے۔ بہت خوب صورت ہے۔ ستم ہے۔ غضب ہے۔ قہراً۔ زبردستی سے۔ ظلم سے۔

قہقہہ: (ف ۔ مذ) ٹھٹھا۔ کھل کھلا کر ہنسنا۔ قہقہہ اُڑانا۔ ٹھٹھا مارنا۔ ہنسی اُڑانا۔ احمق بنانا۔ قہقہہ لگانا یا مارنا۔ ٹھٹھا مارنا۔ ذلیل کرنا۔

قہوہ: (فرنگی) ایک تخم کا نام جسے پانی میں جوش دے کر پیتے ہیں۔ کافی۔ قہوہ خانہ (مذ) وہ مکان یا ہوٹل جہاں قہوہ پیتے ہیں۔

قے: (ع ۔ مؤ) اُلٹی۔ متلی۔ استفراغ۔ وہ چیز جو ابکائی سے گرے۔ قے آنا۔ جی متلانا۔ ابکائی کرنا۔ نفرت ہونا۔ گھن آنا۔ قے کرنا۔ اُلٹی کرنا۔ اُگلنا۔ قے ہونا۔ اُلٹی ہونا۔ زمین دیکھنا۔

قیادت: (ع ۔ مؤ) رہنمائی۔ رہبری۔ لیڈری۔

قِیاس: (ع - مذ) جانچ - اندازہ - تصوّر - اٹکل گمان قیاس دَوڑانا - خیال دوڑانا ؎ غالب

اور دوڑائیے قیاس کہاں
جانِ شیریں میں یہ مٹھاس کہاں

قیاس کرنا - اندازہ لگانا - خیال کرنا - قیاس کُن زگلستانِ مَن بہار مرا - ابتدائی حالت سے آئندہ حالت کا اندازہ ہوتا ہے - قیاس لگانا - رائے لگانا - سوچنا - عقل لڑانا - حساب لگانا - قیاس مع الفارق - کسی چیز کا ایسی چیز پر قیاس کرنا جو اس سے بالکل مختلف ہو اور کوئی یکسانیت نہ ہو - قیاس میں آنا - خیال میں آنا - سمجھ میں آنا - قیاساً - قیاس کی رو سے - اٹکل سے - قیاسی - قیاس سے متعلق - خیالی - وہمی - ذہنی - قیاسی بات - اٹکل پچو بات -

قِیافہ: (ع - مذ) صورت - شکل - چہرہ - ایک علم کا سمجھنا - جس میں خدوخال سے افعال و اقوال پر حکم لگاتے ہیں - قیافہ شناس - قیافہ سے واقف - شگونیا - فالیا - قیافہ شناسی (مو) علم قیافہ سے واقفیت -

قِیام: (ع - مذ) ٹھہراؤ - سکونت - پائداری - نماز میں کھڑا ہونا - قیام کرنا - ٹھہرنا - اُترنا - نماز میں کھڑا ہونا - قیام ہونا - فروکش ہونا - اُترنا - نماز میں کھڑا ہونا - قیام ہونا - فروکش ہونا - اُترنا -

قِیامت: (ع - مو) سب کے مرنے اور فنا ہو جانے کا دن - وہ دن جبکہ مُردے زندہ ہو کر کھڑے ہوں گے روزِ حشر - مدّت دراز - ہمیشہ ؏

رہتا سخن سے نام قیامت تلک ہے ذوق

غضب - آفت - مصیبت ؎ میر

تم تو بیٹھے ہی بیٹھے آفت ہو اُٹھ کھڑے ہو تو کیا قیامت ہو

انوکھی بات - امرِ عجیب ؏ فدوی لاہوری

کیا قیامت ہے کہ برسات میں گھر جلتا ہے

اندھیر - ظلم - ناانصافی ؏ مومن

کیا قیامت ہے مجھی کو سب بُرا کہنے کو ہیں

بکثرت - بدرجۂ کمال ؏

نازک مزاج آپ قیامت ہیں میر جی

شوخ - چلبلا ؏

الاماں داغ قیامت ہے طبیعت تیری

فتنہ انگیز - فسادی ؎ جلیل

اب تو کرتے ہیں قیامت وہ بپا
دیکھیے روزِ قیامت کیا کریں

مشکل - دشوار (انتظار میں ایک ایک دن کاٹنا قیامت ہے) بُرا - مضر ؎

گر نہ فریاد و مشل نے اے دل
مُنہ لگانا ترا قیامت ہے جرأت

غضب ناک - آگ بگولا ؏ داغ

قیامت بن کے اُٹھیں گے بھبھوکا بن کے بیٹھے ہیں

بے تابی - اضطراب ؎ غالب

دم لیا تھا نہ قیامت نے ہنوز پھر ترا وقتِ سفر یاد آیا

قیامت اُٹھانا - حشر برپا کرنا - طوفان مچانا - شور کرنا - قیامت اُٹھنا - آفت برپا ہونا - فساد مچنا - شور ہونا - قیامت آنا - حشر برپا ہونا - آفت آنا - قیامت برپا یا بپا کرنا - دھوم ڈالنا - شور مچانا - فساد مچانا - مصیبت ڈالنا - قہر توڑنا - قیامت پر قیامت لانا یا ڈھانا - آفت پر آفت برپا کرنا - ظلم پر ظلم کرنا - قیامت توڑنا یا ڈھانا - نہایت خفا ہونا - آفت برپا کرنا - شور کرنا - قیامت ٹوٹنا - حشر برپا ہونا - آفت آنا - نہایت خفگی ہونا - قیامت پر اُٹھا رکھنا - ظلم کا بدلہ خدا پر چھوڑ دینا - قیامت کا - آفت ڈھانے والا - غضب کا بنا ہوا - بہت خوب صورت - قیامت کرنا - غضب کرنا - بُرا کرنا - آفت لانا - فساد مچانا - ظلم کرنا - کوئی انوکھا کام کرنا - قیامت کی گھڑی - بہت سخت وقت - قیامت کے بورئیے سمیٹنا - حد سے زیادہ عمر پانا - قیامت گزرنا - سخت مصیبت پیش آنا - قیامت لانا - مصیبت لانا - فساد مچانا - مصیبت میں پھنسنا - قیامت مچانا - ظلم توڑنا - دھوم ڈالنا - واویلا کرنا - قیامت مچنا - سخت واویلا ہونا - شور ہونا - اندھیر ہونا - دھوم پڑنا - قیامت ہو جانا - غضب ہو جانا - بُرا ہو جانا - قیامت ہونا - حشر کا آنا - حشر کا دن آنا - مصیبت ہونا - مشکل ہونا - کٹھن ہونا - شور مچنا - نہایت بُرا ہونا - قیامت ہے - آفت ہے - بلا ہے - شور ہے - ظلم ہے - نہایت خوب صورت ہے -

قَید: (ع - مو) بندی - ممانعت - شرط - پابندی - قیدِ بامشقت (مو) وہ قید جس میں قیدی سے جسمانی محنت لی جائے - قیدِ بلامشقت (مو) صرف قید جس میں محنت نہ لی جائے - قید بھرنا بھگتنا یا کاٹنا - قید خانے میں رہنا - قیدِ تنہائی (مو) وہ قید جس میں قیدی کے پاس کسی کو آنے جانے کی اجازت نہ ہو - قید خانہ (مذ) قیدیوں کے رہنے کا مکان - جیل - قید کرنا - بند کرنا - پکڑنا - قید لگانا - شرط لگانا - پابند کرنا - مشروط کرنا - قیدِ محض - (مو) مشقت کے بغیر قید - قیدی - گرفتار - پکڑا ہوا مجرم -

قَیس: (ع - مذ) عرب کے ایک قبیلے کا نام - لیلیٰ کے عاشق مجنون کا نام -

قَیصَر: (ع - مذ) سلطان - بادشاہ

نگاہ و تیغ دونوں کی دونوں خونریز

کے معنی میں (برس کے برس) افعال حالیہ کے ساتھ (دیکھتے کا دیکھتا رہ گیا) فاعل یا مفعول کے اظہار کے لیے ع غالب

صبح کرنا شام کا لانا ہے جوئے شیر کا

لائق اور قابل کے معنی میں (پینے کا پانی) متعلق کے معنی میں (اس کا انتظام اچھا رہا) مصدر کے بعد مستقبل کے معنی میں (میں نہیں آنے کا۔ وہ نہیں آنے کی ہم نہیں آنے کے) کبھی زائد ہوتا ہے ؎ آتش

ہمیں بھی سمجھے ہو تم پیٹنے کے قابل کا

بعوض یا بجائے کے معنی میں ؎ صبا

واہ رے وعدہ ترا قربان وعدے کے ترے

ایک دن سے ہوگئے اے بے وفا دو چار دن

کابرا :- (ہ) ایک قسم کا رنگ - کبرا - کبوتر کا ایک رنگ -

کابس :- (ہ - مو) وہ مٹی جس سے مٹی کے برتن پر قلعی کرتے ہیں -

کابک :- (ف - مو) کبوتروں کا دڑبہ - کبوتر خانہ (بفتح ب - لکھ) تیتروں کے پالنے کا تیلیوں سے بنا ہوا خوب صورت دڑبا -

کابل :- (مذ) افغانستان کے دارالخلافہ کا نام - کابل میں کیا گدھے نہیں ہوتے - اچھوں میں بُرے بھی ہوتے ہیں - کابلی - کابل کا - ایک قسم کا کبوتر (لکھ) اُبلے ہوئے چنے جن پر نمک مرچ چھڑک کر کھاتے ہیں - کابلی چنا - ایک قسم کا چنا جو سفید ہوتا ہے -

کابلا :- (ا - مذ) پیچ - ڈھبری -

کابوس :- (ع - مذ) ایک مرض کا نام جس میں آدمی کو نیم خوابی میں ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے کسی نے اُسے دبا لیا ہو وغیرہ -

کابین :- ع - مذ وہ روپیہ جو نکاح کے وقت مرد کے ذمے ڈالا جاتا ہے - مہر - کابین نامہ (مذ) وہ کاغذ جس پر مہر کی تعداد اور اقرار لکھا جاتا ہے -

کاپی :- (انگ - مو) نقل - جلد - نسخہ - چند سلے ہوئے ورق - چھاپنے کے لیے کتابت کیے ہوئے ورق جو مخصوص روشنائی سے رنگے ہوئے مسطر پر لکھے جاتے ہیں - کاپی اٹھنا - کتابت شدہ حرفوں کا چھاپے کی پلیٹ یا پتھر پر اُبھرنا - کاپی اُڑنا - حرفوں کا پتھر یا پلیٹ پر نہ اُبھرنا - کاپی جمنا - پتھر یا پلیٹ پر کتابت شدہ صفحوں کا چھپنے کے لیے جمنا - کاپی رائٹ (مذ) حق تصنیف و تالیف - حق ایجاد - کاپی نویس - نقل کرنے والا - خوشنویس - چھاپے کی سیاہی سے کتابت کرنے والا -

کاتا :- (ہ) کاتا ہوا تاگا - سوت (مذ) بانس کاٹنے کا چھرا - کاتا اور لے دوڑی - ہمیشہ ایک نیا مشغلہ اُٹھانے والے کی نسبت بولتے ہیں -

کاتب :- (ع) لکھنے والا - محرر - کاپی نویس - چھپائی کے لیے کتابت کا کام کرنے والا - کاتب ازل - اللہ تعالیٰ - کاتب اعمال مذ فرشتے جو اعمال لکھنے کے لیے مقرر ہیں - کاتب تقدیر - کاتب قدرت - اللہ تعالیٰ -

کاتک :- (مذ) ہندی کا آٹھواں مہینہ - کاتک کی کتیا - (مو) چنچال عورت - جوش میں بھری ہوئی کتیا -

کاتنا :- (ہ) روئی کے دھاگے چرخے کے ذریعے سے بنانا - کاتنا تو آتا نہیں پونی بنانے لگی - بے جانے بوجھے کام میں دخل دینے والے کی نسبت بولتے ہیں - کاتنا تو نہیں آتا پونیاں بانٹنا تو آگئیں - بڑا کام تو نہ ہو سکا مگر دوسرے کام کو آگیا -

کاتی :- (ہ - مو) سناروں کا ایک اوزار جس سے تار یا پتر وغیرہ کاٹتے ہیں - ایک قسم کی کپی جس میں بارود رکھتے ہیں

کاٹ :- (ہ - مو) تلوار کی برش (اس معنی میں مذکر بھی بولا جاتا ہے) ؎ اسیر

کاٹ ہے اس آئینے میں تیغ جوہردار کا

زخم - گھاؤ - چرکا - دفعیہ - تدارک - بیونت - تیزی - روانی - خراش - پانی سے جو غار پڑ جائے یا کنارہ اُڑ جائے - نقصان پہنچانا ع جلال

میری ترقیوں نے بھی میری ہی کاٹ کی

دشمنی - بیر - بدی - ٹکڑا - کاٹنا - ڈسا ہوا - کاٹا ہوا - کاٹ پھانس (مو) توڑ جوڑ - لگائی بجھائی - چالاکی - چغل خوری - سازباز - اجرت یا حق میں کمی بیشی - کاٹ پھانس کرنا - توڑ جوڑ کرنا - بُرائی کرنا - عیاری کرنا - غبن کرنا - مزدوری یا امانت جھوٹے سچے حساب میں وضع کرنا - لگائی بجھائی کرنا - چغلی کھانا - کاٹ چھانٹ (مو) قطع برید - کتربیونت - حساب میں کمی بیشی - چھٹنی اور کٹی ہوئی چیز جو کٹی ہو - ترمیم - تراش خراش - کاٹ دوڑنا - غصے سے جواب دینا (میری بات سن کر وہ کاٹ دوڑے) کاٹ دینا - قطع کرنا - رد کرنا (بات کاٹ دینا) جدا کرنا - (گلا کاٹ دینا) وضع کرنا (بقایا کاٹ دو) ٹکڑے کرنا - پتنگ کی ڈور گھسے سے جدا کر دینا - عمر بسر کرنا (اتنی کٹ گئی - باقی بھی خدا کاٹ دے گا) بے عزت کرنا (ناک کے ساتھ) کاٹ ڈالنا - تراش دینا - قطع کر دینا - ٹکڑے کر دینا - کاٹ کر اُلٹ جانا - ناگن جب کاٹ کر اُلٹ جاتی ہے اس کے منہ کا زہریلا چھالا پھوٹ جاتا ہے اور زہر فوراً اثر کرتا

ہے۔ کاٹ کرنا۔ زخم ڈالنا۔ تردید کرنا۔ توڑ کرنا۔ جواب دینا۔ پانی کا اپنے آپ رستہ کر لینا۔ تراشنا۔ کاٹنا۔ نقصان پہنچانا۔ خراش ڈالنا۔ اثر کرنا۔ **کاٹ کوٹ** (مو) چیر پھاڑ۔ جراحی میں کمی بیشی۔ **کاٹ کوٹ کرنا**۔ کاٹنا۔ چھانٹنا۔ جراحی کرنا۔ **کاٹ کوٹ کے**۔ وضع کر کے۔ کمی بیشی کر کے۔ **کاٹ کھانا**۔ ڈنک مارنا۔ ڈس لینا۔ آدمی یا جانور کا دانتوں سے کاٹنا۔ کمال ناگوار ہونا۔ نقصان پہنچانا۔ **کاٹ کھانے کو دوڑنا**۔ بات بات پر لڑائی کے لیے تیار ہونا۔ گھڑکیاں دینا۔ **کاٹنا**۔ تراشنا۔ پھاند آنا۔ درخت چھانٹنا۔ جڑ سے درخت قلم کرنا۔ کترنا۔ موشتنا۔ ڈسنا۔ دانت مارنا۔ گھاؤ ڈالنا۔ دور کرنا (یہ بلا بھی سر سے کاٹو) الگ کرنا (سر کاٹنا) بسر کرنا۔ مجبوری اور کراہت سے گزارنا۔ (رات کاٹنا۔ عمر کاٹنا) بھگتنا (قید کاٹنا) ذبح کرنا۔ قطع مسافت کرنا۔ بیچ میں سے نکل جانا (بلی نے راستہ کاٹا) دو دھی رگڑ سے گنگوا کاٹنا۔ لکڑی کے تختے بنانا۔ فیصلہ کرنا (جھگڑا کاٹنا) کاٹ کر نکالنا (سڑک کاٹنا) جھاڑی صاف کر کے زمین نکالنا۔ نہر یا دریا کا پانی کاٹ کر لینا (جیسے پانی کاٹنا) چیرنا۔ پھاڑنا۔ چاک کرنا۔ درو کرنا (کھیت یا فصل کاٹنا) منہا کرنا (تنخواہ کاٹنا) منسوخ کرنا۔ قلمزد کرنا۔ دخل دینا۔ (بات کاٹنا) مال اسباب نکال لینا (جیب کاٹنا) ریل کا ڈبہ ٹرین سے جدا کرنا۔ جسم میں چبھنا (یہ کپڑا بدن کاٹتا ہے) مچھر کھٹمل وغیرہ کا خون پینا۔ تاش یا گنجفے میں کچھ پتے بانٹنے والے کے ہاتھ میں سے اٹھا لینا۔ جس کے بعد وہ بانٹنا شروع کرتا ہے۔ کپڑے کا کاغذ یا کپڑے کو کم کرنا یا کاٹنا۔ **کاٹنے کو دوڑنا یا کاٹنے دوڑنا**۔ بات بات پر بگڑنا۔ ناگوار گزرنا۔ ویران اور اجاڑ معلوم ہونا۔ **کاٹو تو خون نہیں یا کاٹو تو لہو نہیں**۔ خوف کے باعث بدن میں لہو کی بوند نہیں رہی۔ **کانی انگلی پر نہ موتنا**۔ تھوڑی سی بھی مدد نہ کرنا۔ ذرا کام نہ آنا۔ **کاٹنے بار دھنا** نام تلوار کا۔ **کاٹنے طور** نام سپاہی کا۔ نوکروں یا اولاد کی نافرمانی سے مالک یا باپ کی نیک نامی۔ **کاٹے کا منتر نہیں**۔ ایذا رسانی اور چالاکی کا وقعیہ ہونے کے موقع پر بولتے ہیں۔ **کاٹے کٹے نہ مارے مرے**۔ نہایت سخت جان ہے کسی طرح پیچھا نہیں چھوڑتا۔ **کاٹے کھاتا ہے**۔ نہایت ناگوار گزرتا ہے۔ **کاٹے نہ کٹنا**۔ دوبھر ہونا۔ اجیرن ہونا۔ کٹھن ہونا۔ دشوار ہونا۔

کاٹھ:

(ا - مذ) لکڑی۔ ایک بھاری لٹھا جسے مجرموں کے پاؤں میں ڈال دیتے تھے۔ **کاٹھ چبانا**۔ تنگی میں بسر کرنا۔ روکھے سوکھے دن کاٹنا۔ **کاٹھ کا اُلو**۔ محض بیوقوف۔ مورکھ۔ احمق۔ **کاٹھ کا گھوڑا** (مذ) لنگڑے آدمی کی لکڑی۔ عکازہ۔ **کاٹھ کاٹنے سے کٹتا ہے**۔ کام کرنے سے ہوتا ہے۔ **کاٹھ کباڑ** (مذ) گھر کا ٹوٹا پھوٹا اسباب۔ **کاٹھ کی گھوڑی**۔ (مو) ارتھی۔ جنازہ۔ **کاٹھ کی مورتی** اور چندن ہار۔ بدشکل آدمی کا بناؤ سنگار۔ **کاٹھ کی ہانڈی بار بار نہیں چڑھتی**۔ بار بار فریب اور جھوٹ نہیں چل سکتا۔ **کاٹھ میں پاؤں ٹھونکنا یا دینا**۔ مجرم کے پاؤں میں کاٹھ ڈالنا۔ قید کرنا۔ سزا دینا۔ **کاٹھ ہو جانا**۔ بالکل بت اور بے حرکت بن جانا۔ اکڑ جانا۔ سخت ہونا۔

کاٹھی:

(ا - مو) جسم۔ ڈھانچہ۔ تلوار کا نیام۔ گھوڑے کا چمڑے کا زین۔ **کاٹھی باندھنا یا کاٹھی کسنا**۔ زین گھوڑے پر رکھنا۔ **کاٹھی خالی کرنا**۔ تلوار کی چوٹ بچانے کے لیے کاٹھی کا ایک رُخ خالی کرنا۔ **کاٹھی گر**۔ نیام بنانے والا۔

کاج:

(ا - مذ) کسی بوڑھے آدمی کے مر جانے کی بڑی بھاری ضیافت۔ شادی کا کاروبار۔ بٹن کا گھر۔ بول کام کے ساتھ بطور تابع مستعمل ہے (کام کاج) **کاج بنانا**۔ بٹن کا سوراخ بنانا۔ **کاج کرنا**۔ مردے کی روٹی کرنا۔ کوئی بڑا کام کرنا۔ بٹن کا گھر بنانا۔

کاجل:

(ا - مذ) چراغ کا دھواں جو ٹھیکرے پر پارتے ہیں۔ سرمہ۔ **کاجل اڑانا**۔ **کاجل پارنا**۔ ٹھیکرے کے نیچے شمع جلا کر دھواں جمانا۔ **کاجل دینا یا سارنا یا لگانا**۔ آنکھوں میں کاجل لگانا۔ **کاجل کا تل** (مذ) وہ خال جو کاجل سے گالوں پر بنایا جاتا ہے۔ **کاجل کی ٹکلی اور جوتوں کا سنگار**۔ جو بدصورت آدمی زیادہ بناؤ سنگار کرتا ہے تو اس کی نسبت بولتے ہیں۔ **کاجل کی کوٹھری** (مو) وہ مکان جہاں کاجل پارا جاتا ہے۔ بدنامی کا گھر۔ عیب لگنے کی جگہ۔ وہ مکان جس میں دھوئیں کی کثرت سے دیواریں کالی ہو گئی ہوں۔ **کاجل لگانا**۔ آنکھوں میں سرمہ کی طرح کاجل استعمال کرنا۔ **کاجل کی کوٹھری میں دھبے کا ڈر**۔ بدنام جگہ میں بدنامی کا خوف۔ **کاجل کی کوٹھری میں جو جائے گا۔ اسے دھبہ لگے گا**۔ **کاجل گھلانا**۔ **کاجل لگانا**۔

کاجو بھوجو:

(ف) نازک اشارے سے ٹوٹ جانے والا پوچ۔

کاجی:

(ف) کام میں مصروف رہنے والا۔ کام کے ساتھ مستعمل ہے ؎ صفی

تیری صحبت میں جو بیٹھا کام کاجی ہو گیا
تیری چوکھٹ جس نے چومی لطف جی ہو گیا

کاچھ:

(ا - مو) دھوتی کا لانگ۔ وہ حصہ جو پیچھے گھرسا جاتا ہے۔ جانگیا۔ بھیس۔ روپ۔ لباس۔ **کاچھ کچھنا**۔ روپ بھرنا۔ سوانگ بھرنا۔ پوشاک بدلنا۔ **کاچھ کھولنا**۔ ننگا ہونا۔ بدنظر ہونا۔ جماع کرنا۔ **کاچھا**۔

(مذ) جانگیا - لنگوٹی - دھوتی (باندھنا کسنا)

کاچھن :- (ک - مو) کنجڑن - مالن - ترکاری فروش عورت - کاچھی (مذ) کنجڑا - مالی -

کاچھنا :- (د) خشخاش کی بوڈی نکالنا - پانی سے چکنائی نکالنا - دودھ سے اوپر کا پھیٹی الگ کرنا - (دیکھیے کریم)

کاخ :- (ف - مذ) بلند عمارت - محل - قصر

کاذِب :- (ع) جھوٹا - باطل (جمع کاذب)

کار :- (ف - مذ) کام - شغل - ہنر - پیشہ - زراعت - کوئی بڑی شادی یا تقریب (مرکبات میں) کرنے والا (جیسے کاشتکار) کار (انگ) موٹر کار - کار آزمودہ - تجربہ کار - واقف کار - کار آمد - کام کا - فائدہ دینے والا - کار بار - کام کاج - لین دین - روزگار - پیشہ - ذریعہ معاش - کاربرآری (مو) مطلب نکالنا - کارروائی - تعمیل - کاربند - عمل میں لانے والا - پیرو - کاربند ہونا - عمل کرنا - تعمیل کرنا - کارپرداز - کسی کا کام کرنے والا - کارکن - منتظم - کارندہ - گماشتہ - کارپردازی (مو) انتظام - سربراہی - گماشتہ ہونا - کارثواب (مذ) نیکی کا کام - کارچوب مذ وہ لکڑیاں جن میں جلاہے تانی پھیلا کر بنتے ہیں - کشیدہ کاڑھنے کا اڈا - کشیدہ کاری - کارچوب کرنا - زردوزی کرنا - زردوزی - کارخانہ (مذ) کام کرنے کی جگہ - بیوپار گھر - کاروبار - کام کاج - حساب - خدا کی قدرت - کارخانہ پھیلانا - کاروبار شروع کرنا - کام پھیلانا - کار خیر (مذ) نیکی کا کام - لڑکی کا نکاح - کاردار - وزیر - کارگزاری - عامل - کاردان - تجربہ کار - واقف کار - استاد - کاردیدہ - تجربہ کار - کارروائی (مو) کام کا اجرا - کام چلانا - کام کا بندوبست - عدالت کا عملدرآمد - عدالت کی روئداد - کاروائی (مو) کام کا اجرا - کام چلانا - عمل کرنا - تدبیر کرنا - کارزار (مو) لڑائی - جنگ - کارساز - کام بنانے والا - کام سنوارنے والا - اللہ تعالیٰ - کارسازی (مو) کام بنانا - کام سنوارنا - کام کی درستی - چالاکی - مکاری - دغابازی - کارشناس - دیکھو کار آزمودہ - کارفرما - کام لینے اور دینے والا - اثر انداز - کارکن - سربراہ - منیجر - مختار - گماشتہ - کارگاہ (مو) کام کرنے کی جگہ - جلاہوں کے کپڑا بننے کا کرگھا - کارخانہ - کارگاہِ فلک - دنیا - کارگر - سریع التاثیر - سودمند - با اثر - کارگر ہونا - مؤثر ہونا - کامیاب ہونا - کارگزار - حکم بجا لانے والا - کام میں چست - چالاک - مستعد - کارگزاری (مو) تعمیل - کام کی مقدار (آج کی کارگزاری دکھاؤ) مستعدی - کارنامہ (مذ) یادگاری کام - بڑا کام جو یاد رہ جائے - کارِ نمایاں - بڑا کام - اہم کام - کاروبار (مذ) کام کاج - تجارت - روزگار - پیشہ - ذریعہ معاش - کارے دارد - مشکل ہے آسان نہیں - کارے نہ مرے مطلب - بلاسبب یوں ہی -

کاربونک :- (انگ - مذ) زہریلا مادہ - کاربن سے منسوب - کاربونک ایسڈ گیس (مو) زہریلی ہوا - کاربن (مذ) وہ زہریلا مادہ جو اکثر کوئلہ وغیرہ میں پایا جاتا ہے -

کاربین :- (انگ - مو) ایک قسم کی بندوق -

کارتوس :- (انگ - مذ) بارود سے بھری ہوئی نلی جو بندوق میں بھر کر چلاتے ہیں -

کارٹون :- (انگ - مذ) مضحکہ خیز تصویر وہ اسکیچ یا خاکہ جس کے ذریعے کسی بات یا کسی شخص کا مذاق اڑایا جائے -

کارج :- (ہ - مذ) کام کاج - مطلب - غرض - پیشہ - بوڑھے کے مرنے کی روٹی - شادی کی تقریب - کارج رچنا - شادی کا کاروبار پھیلانا -

کارد :- (ف - مذ) چاقو - چھری -

کارڈ :- (انگ - مذ) تین پیسہ کا خط جو ڈاک خانہ سے ملتا ہے اور ڈاک میں بھیجا جاتا ہے - ملاقات کا ٹکٹ جس پر ملنے والے کا نام ہو - پتا - ورق (گنجفے کا کارڈ) شادی وغیرہ کا رقعہ جو چھپا ہوا ہو -

کارسپانڈنٹ :- (انگ - مذ) پرچہ نویس - نامہ نگار - خبریں پہنچانے والا - کارسپانڈنس مو خط و کتابت - کارسپانڈنٹ ہونا -

کارستانی :- (ا - مو) چالاکی - مکاری - استادی - شرارت - سازش - کارستانیاں (مو) جمع کرتوت -

کارن :- (ہ - مذ) باعث - خاطر -

کارندہ :- (ف) مزدور - کام کرنے والا منیجر - ایجنٹ - گماشتہ

کارنس :- (انگ - مو) دیوار کی لگر جو نکلی رہتی ہے

کاروان :- (ف - مذ) قافلہ - کارواں سالار میر قافلہ - کارواں سرائے مو قافلے کے اترنے کی جگہ -

کارِہ :- (ع) کراہت کرنے والا۔

کاری :- (ف) پورا پورا (کاری زخم) با اثر۔ کھلا۔ کارگر۔ کاری ضرب یا چوٹ (مو) شدید چوٹ۔ سخت چوٹ۔ کاری ضرب لگانا۔ سخت چوٹ لگانا۔ کاری ضرب لگنا۔

کاریگر :- (ف۔ مذ) دستکار۔ فن کا استاد۔ ہاتھ کا کام کرنے والے (جو) کاریگر جیسے معمار۔ بڑھئی۔ لوہار۔ موچی وغیرہ۔ کاریگری۔ دستکاری پیشہ۔ استادی۔ دانائی۔ ہنرمندی۔ بے شتیقلی۔

کاریز :- (ف۔ مو) کھیت میں پانی دینے کی نالی۔

کاڑھا :- (ہ۔ مذ) وہ گرم دوائیں جو جوش دے کر پلائی جاتی ہیں۔ جوشاندہ۔

کاڑھنا :- (ہ) ہونا۔ باہر کرنا۔ نقش یا جونک کے ذریعہ خون نکالنا۔ پھول بنانا۔ کشیدہ بنانا۔ سوئی کو دھاگے کے ساتھ بار بار کپڑے میں داخل کرکے کپڑے میں داخل کرکے کپڑے سے باہر نکالنا۔ جالی کا صفہ سینا (گنوار ادھار لینے کے معنی میں بھی بولتے ہیں) کاڑھ کوڑھ۔ کاڑھ کر۔

کاسِب :- (ع) کمائی کرنے والا۔ کمانے والا۔

کاست :- (ف) کمی۔ کم کے ساتھ بولا جاتا ہے۔ (بے کم و کاست)

کاسِد :- (ع) کھوٹا۔ غیر خالص۔

کاسِر :- (ع) توڑنے والا (کاسر ریاح)

کاسنی :- (ف۔ مو) ایک دوا کا نام۔ بنفشی رنگ۔

کاسہ :- (ف۔ مذ) پیالہ۔ کٹورا۔ کاسہ باز۔ بازی گر۔ حیلہ گر۔ مکار۔ کاسہ بازی (مو) مکاری۔ عیاری۔ کاسہ سر (مذ) سر کا پیالہ۔ کھوپڑی۔ کاسہ گدائی (مذ) کشکول۔ بھیک کا پیالہ۔ کاسہ لیس۔ جھوٹے برتن چاٹنے والا۔ خوشامدی۔ پیٹو۔ لالچی۔ کاسہ لیسی (مو) خوشامد۔

کاش کہ :- (ف) کاش۔ خدا کرے۔ خدا ایسا کرے۔

کاشانہ :- (ف) محل۔ رئیسوں کا گھر۔

کاشت :- (ف۔ مو) زراعت۔ کھیتی باڑی۔ جوتی ہوئی زمین جو کسی کے قبضے میں ہو (یہ میری کاشت ہے) کاشت کرنا۔ بونا۔ جوتنا۔ کھیتی باڑی کرنا۔ کاشتکار۔ کھیتی باڑی کرنے والا۔ کسان۔ کاشتکاری (مو) کھیتی باڑی۔ زراعت۔ کاشتکاری کرنا۔ بونا۔ جوتنا۔ کھیتی باڑی کرنا۔

کاشِف :- (ع) بھید یا راز ظاہر کرنے والا۔ بات یا بھید کھولنے والا۔

کاشی :- (ہ) بنارس کا نام۔ ع محسن

سمت کاشی سے چلا جانب متھرا بادل

(ف۔ مو) کاشان کی بنی ہوئی۔ رنگین روغنی اینٹ مٹی پر خوبصورت کام جیسے ملتان میں ہوتا ہے۔

کاغذ :- (ف۔ مذ) جس چیز پر لکھتے ہیں۔ پرزہ۔ پرچہ۔ رقعہ۔ خط۔ سند۔ قبالہ۔ دستاویز۔ اخبار۔ اعمال نامہ ع ذوق

کور میں پیش ہو جب دفتر تن کا کاغذ

ہنڈی۔ نوٹ۔ کاغذات (مذ) کاغذ کی جمع۔ کاغذ باد یا بادی (مذ) پتنگ۔ گڈی۔ کاغذ پتر (مذ) چٹھی۔ خط وغیرہ۔ تحریر۔ کاغذ پر چڑھنا۔ لکھا جانا۔ درج رجسٹر کرنا۔ کاغذ سا۔ باریک۔ نہایت پتلا۔ کاغذ سیاہ کرنا۔ بہت زیادہ لکھنا۔ بیکار لکھنا۔ کاغذ کا پتلا (مذ) پتلا اور کمزور آدمی۔ کاغذ کا کھلونا۔ کاغذ کرنا۔ تمسک لکھنا۔ ہبہ نامہ لکھنا۔ کوئی چیز کسی کے نام لکھ دینا۔ کاغذ کھولنا۔ عیب فاش کرنا۔ کاغذ کے گھوڑے (مذ) خط۔ چٹھیاں۔ کاغذ کے گھوڑے دوڑانا۔ بار بار خطوط بھیجنا۔ کاغذ کی ناؤ (مو) جلد فنا ہونے والی اور ناپائدار چیز۔ بے اصل بات۔ بے سود تدبیر۔ کاغذ کی ناؤ آج نہ ڈوبی کل ڈوبی۔ بے اصل بات کو کچھ قیام نہیں ہوتا۔ کاغذ کی ناؤ میں کون پار اترا۔ ناپائدار سہارے کا کیا بھروسہ ہے۔ کاغذ کی نشانی۔ کاغذ کو اس طرح موڑنا کہ سرے پر ایک مثلث بنے اور پیچھے کاغذ مستطیل۔ اس سے نیچے قرآن وغیرہ پڑھتے ہیں تاکہ انگلی سے صفحہ میلا نہ ہو اور حروف قرآن سے جسم مس نہ ہونے پائے۔ قلق

رکھا جب زیر و زبر آپ نے انگشت سیمیں کو

ہوا شک مجھ کو سیپارے میں کاغذ کی نشانی کا

کاغذ لکھنا یا لکھ دینا۔ تمسک کر دینا۔ ہبہ کر دینا۔ کاغذ لکھوا لینا۔ تحریر لے لینا۔ تمسک کرا لینا۔ کاغذ ملانا۔ حساب کا مقابلہ کرنا۔ سامان کو نشان رجسٹر سے ملانا۔ کاغذ نکاح۔ نکاح نامہ۔ نکاح کا کاغذ۔ کابین نامہ۔ کاغذ نکلنا۔ موت کا حکم جاری ہونا۔ ع ناسخ

ضعف سے ہے تن لاغر کاغذ

اب کے نکلیں گے مگر کاغذ

کاغذی - کاغذ بنانے والا - کاغذ بیچنے والا - کاغذ کا بنا ہُوا - پتلے چھلکے کا (کاغذی بادام) ؎ قلق

خط میں جو مضمون لکھا چشم بُت گلفام کا
ہو گیا کاغذ میں عالم کاغذی بادام کا

ایک قسم کا کبوتر - دفتری - حساب دان - سیاہ دان - تحریری - کاغذی پیراہن - کاغذی پوشاک جو ایران میں فریادی لوگ پہن کر بادشاہ کے سامنے جاتے تھے - عاجزی اور بے چارگی ؎

نقش فریادی ہے کس کی شوخیِ تحریر کا
کاغذی ہے پیرہن ہر پیکر تصویر کا غالب

کاغذی ثبوت (مذ) تحریری ثبوت - رکھا ہُوا ثبوت -

کاف:- (مذ) حروف تہجی میں وہ حرف جس کی فصل زیر نظر ہے کاف تازی - ایک مرکز والا کاف - کاف فارسی - گاف - دو مرکز والا کاف - کاف کُن - روز ازل - کاف و لام (مذ) شیخی - لاف و گزاف - کاف و نون - کُن -

کافِر:- (ع) خدا کا منکر - ناشکرا - شوخ - ظالم - بے رحم - معشوق - غضب کا - قہر کا - فتنہ انگیز (کافر ادئیں) پیارا پیاری (کافر آواز) بد - کم بخت ؎

اے ذوق دیکھ دختر رز کو نہ مُنہ لگا
چھٹتی نہیں ہے مُنہ سے یہ کافر لگی ہوئی

نواح کابل میں ایک قوم کا نام جس کی زبان کو "کافری بولی" کہتے ہیں - بجنج ف بھی بولتے ہیں - اور اس سے بڑا کافر مراد لیتے ہیں جیسے در اور خاور کے قافیے میں) ؎

دیکھیو غالبؔ سے گر اُلجھا کوئی
ہے ولی پوشیدہ اور کافر کھلا

نیز وادی کافرستان کا رہنے والا -

کافر آواز - پیاری آواز - کافر ادا - غضب کی ادا - فتنہ انگیز ادا - کافر حربی - وہ کافر جس سے امور دین میں خلل واقع ہو اور اس سے لڑنا واجب ہو جائے - کافر ذمی - وہ کافر جو اسلامی سلطنت کا باجگزار اور مطیع ہو - کافر نعمت - نعمت کا انکار کرنے والا - کافر نعمتی (مو) ناشکری - ناسپاسی - کافری - (مو) کافر صورت - کافر ہو - قسم دلانے کا ایک فقرہ ہے - ع

کافر ہو اے صنم جو خریدے نہ تو اسے آتش

کافر ہونا - دین سے پھر جانا - منکر دین ہونا - سخت دل -

کافُور:- (ع - مذ) ایک تیز خوشبودار دوا - اس درخت کا نام جس سے یہ دوا نکلتی ہے - کافور ہو جانا - اُڑ جانا - بھاگ جانا - فرار ہو جانا - زائل ہو جانا - معدوم ہو جانا (سند میں دیکھیے "دل سوز") کافوری - کافور سے متعلق - کافور کا بنا ہوا - کافور کے رنگ کا - ایک قسم کا پان - کافوری شمع (مو) ایک قسم کی شمع جس میں کافور کی آمیزش ہوتی ہے اور تیز روشنی دیتی ہے -

کافۂ انام:- (ع - مذ) سب لوگ - آدمیوں کا گروہ -

کافی:- (افریقی - مو) قہوہ جو جوش دے کر چائے کی طرح پیا جاتا ہے - کافی (اُردو) ضرورت کے لیے پورا وافر - بہت (مو) ایک راگنی کا نام - کافی وافی - بھرپور - بخوبی - کافی - کافی ہونا - ضرورت بھر ہونا - بہت ہونا -

کاک:- (ا - مذ) ٹکیا جو سُوکھے آٹے میں گھی ملا کر پکائی جاتی ہے

کاکا:- (ف - مذ) وہ شخص جس کی گود میں کسی کے والدین نے پرورش پائی ہو - چھوٹا بچہ (مو) خادمہ - کاکا تو آیا کاکا کوا (مذ) ایک قسم کا سفید اور بڑا طوطا جس کے سر پر سُرخ یا زرد کلغی ہوتی ہے - کاکا توے کا اڈا - پنجرہ کی وہ لکڑی جس پر طوطا بیٹھتا ہے -

کاکریزی:- (ا) ایک سیاہی مائل اُودے رنگ کا نام -

کاکڑا:- (ہ - مذ) ایک ہرن کی قسم کا جانور (مو) ایک قسم کی مچھلی جو بل کھائے ہوتی ہے -

کاکُل:- (ف - مو) سر کے آگے لٹکے ہوئے بڑے بڑے بال - لٹ - زُلف - بعضوں نے اسے مذکر بھی لکھا ہے

ع بلا نازل ہوئی شانے پہ کاکل اس نے چھوڑا ہے رند

کاکل پیچاں (مو) خمدار زلفیں - کاکل چھوڑنا - کاکل بڑھانا زلفیں بڑھانا - کاکل رکھنا - زلفیں بڑھانا -

کاکی:- (ا) کاک کھانے والا - روغنی روٹی کھانے والا -

کاگ:- (ا - مذ) ڈاٹ شیشے اور بوتل کی ڈاٹ - حلق کا وہ گوشت جو تالو سے اندر کے رُخ لٹکتا رہتا ہے - کوا - کاگ اُٹھانا - حلق کے کوے ہو جبکہ وہ لٹک آیا - دبا کر اُوپر چڑھانا - کاگ اُڑنا - تیز اور تند شراب یا اور کسی چیز سے بوتل کے کاگ کا خود بخود کھل جانا -

کاگا:- (ہ - مذ) چھوٹا کوا - کوا - کاگا باسی - ایک قسم کا سیاہ موتی - وہ بھنگ جو (بھارت میں) متھرا کے چوبے روزانہ علی الصباح پیتے ہیں - کاگا رَول - نہایت شور و غل -

کال:- (ہ - مذ) نقلے کا قحط - سکال کی ضد - کمی - کالا کا مخفف - تاریک (کال کوٹھڑی) کال پڑنا - قحط ہونا - کمی ہونا - کال نشین - بہت کالا آدمی - کال جواری - بڑا مشہور جواری - نامی جواری - کال کا توڑا یا مارا - قحط کا ستایا - بھوکا - کنگال - کال کا مارا سب جگ ہارا - بھوک کا مارا نہیں بیٹھتا - کال کوٹھڑی (مو) اندھیری کوٹھری -

قید تنہائی - کنایۃً پیٹ - کال ہونا - قحط ہونا - کمی ہونا - مرنا - فوت ہونا -

کالا: (الف) سیاہ - سیاہ ہرن - کالا سانپ - کالا آدمی - (مذ) حبشی - انگریز لوگ بہ حقارت کے طور پر ہندوستانی کو بھی کہتے تھے - کالا بال - موئے زہار - بے حقیقت شے - **کالا بھجنگ** - حبشی کی طرح کالا - بہت کالا - **کالا بھجنگ** - نہایت کالا - کالا کلوٹا - کالا پانی (مذ) جزائر انڈمان - جہاں ہندوستان کے عمر قیدی بھیجے جاتے تھے - دیس نکالا - عمر قید - شراب ؎ جعفر علی خاں اثر

لیجیے داد یہ ملی ہے اثر
تم نے پیا ہے کالا پانی

کالا پہاڑ (مذ) ہاتھی - ایک قسم کا اسم ہیبت - آفت - کالا چور (مذ) بڑا بھاری اور نامی چور - فرضی آدمی - ایسی جگہ بولتے ہیں جہاں نام بتانا مقصود نہ ہو (تمھیں کیوں بتائیں ہم سے کالا چور کہہ گیا ہے) کالا دانہ (مذ) اسپند - ہرمل - کالا دیو (مذ) بہت کالا اور موٹا آدمی - کالا کلوٹا - نہایت کالا - حبشی - کالا کوا (مذ) بالکل سیاہ - سیاہ زاغ - کالا کرنا - سیاہ کرنا - کلنک لگانا - داغ لگانا - کالا کوئلہ (مذ) نہایت سیاہ - کالا منہ - بد دعا - خدا تجھے بدنام کرے اور کلنک لگے - گوز و نفر - دور ہو - منہ نہ دکھا - کالا منہ کرنا - منہ کو کالک لگانا - کلنک لگانا - بدنام کرنا - دور ہونا - دفع ہونا - سامنے سے ہٹنا - چھوڑ دینا - ترک کرنا - زنا کرنا - برا کام کرنا - کالا منہ نیلے ہاتھ پاؤں - عورتیں اظہار نفرت کے لیے بولتی ہیں - کالا منہ ہونا - بدنام ہونا - ذلیل ہونا - دفان ہونا - کالا ناگ - (مذ) کالے رنگ کا سانپ - موذی - کالی (مو) سیاہ - ایک دیوی کا نام - کالی آندھی - وہ آندھی جس کی گرد سے اندھیرا چھا جائے - کالی بلا (مو) کالی اور بدصورت عورت - چڑیل - بھاری مصیبت - خوفناک مصیبت - کالی پی (مو) بچوں کے ڈرانے کا فرضی نام - کالی تیری (مو) نہایت کالی عورت جو کالے کے موقع پر طنزاً بولتے ہیں - کالی جمعرات - فرضی دن یا رات نہ آنے والا روز - بدعہدی یا دھوکا دینے والے سے کہتے ہیں - (کیا کالی جمعرات کو روپیہ دوگے) - کالی زبان (مو) جس کی زبان کالی ہو اس کی بد دعا بہت جلد اثر کرتی ہے - کالی کلوٹی (مو) نہایت سیاہ - کالی کھانسی (مو) ایک قسم کی کھانسی جو اکثر بچوں کو آتی ہے - کالی گھٹا (مو) نہایت سیاہ ابر - کالی مٹی (مو) سیاہ چکنی مٹی - کالی ہانڈی سر پر دھرنا - بدنام ہونا - بے عزت ہونا - کالا منہ کریل کے دانت - ہر بات بے تکی - کالے - گورے کے مقابل - انگریزوں کی زبان میں ہندوستانی لوگ - کالے آدمی صابن سے گورے نہیں ہوتے - پیدائشی بات کبھی نہیں جاتی - کالے بال - موئے زہار - کالے پانی بھیجنا - جلاوطن کرنا - سمندر پار اتارنا - کالے تل چابنا - بہت برا کام کرنا - کالے پہاڑوں - لکھنؤ کی ایک ویران آبادی جہاں شاہی میں میلہ لگتا تھا ؎ تعشق

لکھنؤ والے تو کیا آگ سے کو چہ نور کا
بانکے ہے کالے پہاڑوں پر بھی عالم نور کا

کالے تل چبوانا - مول لے لینا - غلام بنانا - مطیع بنانا - احسان مند بنانا - ڈبکانا - کالے دن دکھانا - مصیبت میں مبتلا کرنا - کالے سر کا (مذ) جوان آدمی - مرد - کالے سر کا ایک نہ چھوڑا - چھنال عورت کی نسبت بولتے ہیں - کالے کا کاٹا پانی نہیں مانگتا - ظالم اور فریبی آدمی سے بچنا مشکل ہے - کالے کا منتر - سانپ کو قابو میں لانے کی تدبیر - کالے کوس (مذ) کوسوں دور - لمبے کوس - بہت دور کا رستہ ؎ لطافت

جائے اس کوچے میں کیا طاقت دل بیمار کی
کالے کوسوں راہ ہے زلف سیاہ یار کی

کالے کوسوں دور - بہت دور - کالے کوے کھائے ہیں - جب کسی آدمی کے بڑھاپے میں بھی بال سفید نہیں ہوتے تو اس کی نسبت کہتے ہیں - کالے کے آگے چراغ نہیں جلتا - زبردست کے آگے کچھ پیش نہیں جاتی - کالے کی سی لہر آجاتی ہے - کبھی کبھی جنون ابھر آتا ہے - کالے کے کاٹے کا منتر نہ جنتر - ظالم اور فریبی کی شرارت کا کوئی علاج نہیں - کالے کے منہ میں انگلی دینا - خطرے کا کام کرنا - کالے منہ اندھیرے - بہت سویرے - کالیا - بہت کالا

کالا: (ف) جب کہ اضافت کے ساتھ استعمال ہو تو پونجی کے معنی دیتا ہے ؎ رشک

مول لیں گے دے کے کیا اہل خطا اہل ختن
مشک تو بیگانہ کالائے گیسو ہو گیا

کالبد: (ف - مذ) ڈھانچہ - جسم - جوتے کا ما تا -

کالبوت: (ف - مذ) کالبد - کالبوت دینا یا چڑھانا - جوتے کو قالب پر چڑھانا یا کستا جو ڈھیلا ہو

کالج: (مذ - انگ) اعلیٰ تعلیم کا دار العلوم - انٹرنس سے اوپر کی تعلیم گاہ - جامعہ -

کالر: (انگ - مذ) گلے میں باندھنے کی چوڑی سلی ہوئی پٹی جو شیروانی وغیرہ کے گلے کو پسینے سے بچانے کے لیے باندھتے ہیں - کُتے کا پٹا - قمیص وغیرہ کا سکلاد

کالرا: (انگ) ہیضہ

کالک: (ہ - مو) سیاہی - کاجل - رسوائی - دھبا -

عیب - کالک کا ٹیکا - (مذ) سیاہی - بدنامی - دھبا - داغ -

کالکا: (س - مؤ) کالی دیوی - دُرگا بھوانی -

کام: (ف - مذ) مراد - غرض - مقصد - مطلب - فعل - عمل - مزدوری - محنت - مشقت - تاؤ سے

نیش کی جانوں شس ہو دُنبالۂ زنبور میں
کام ہیں انھی کے جو مہرہ بجاتے آپ ہیں ذوق

شغل - دھندا - پیشہ - حرفہ - بیوپار - لین دین - سروکار - تعلق - جماع - روزگار - نوکری - خدمت - زردوزی - کارچوبی - گلکاری - کشیدہ کاری - ہوشیاری - اہم بات - (اس موقع پر لوگوں کو تباہی سے بچا لینا بڑا کام ہے) غرض - خدمت (مجھ کو اپنے دفتر کے کام سے فرصت نہیں رہتی) کارگزاری - حوصلہ - ہمت (یہ میرا ہی کام تھا کہ ضبط کرلیا) اہم - کارِ اہم سے شعر میر

اس کے دل میں کام کرنا کام ہے

خواہش - آرزو - تمنا (کام نکالنا) دھندا - کاروبار - حاجت - ضرورت - شعر ناسخ

کام تو یہ کار نہیں اپنے گنہ گار دل میں

کام آپڑنا - غرض - اٹکنا - کام اتارنا - کوئی چیز بنا کر پوری کرنا - کام اٹکا رہنا - کام - کار رہنا - کام اٹکنا - کام بند ہونا - کام رکنا - کام آپڑنا - کام آخر کرنا - کام پورا کرنا - مار ڈالنا - قتل کر دینا - کام آخر ہونا - کام پورا ہونا - مرنا - کام آنا - مطلب کے لائق ہونا - ٹھکانے لگنا - مددگار - شامل ہونا - خرچ ہونا - کام دینا - غرض نکالنا - کام بتانا - کسی کام کی تعلیم دینا - کوئی شغل بتانا - کام بٹانا - کام میں مدد دینا - کام بر آنا - مقصد حاصل ہونا - پوری ہونا - کام بڑھانا - کام ختم کرنا - کام کو طول دینا - کام کو پھیلانا اور وسعت دینا - کام بگاڑنا - کام خراب کرنا - معاملہ خراب کرنا - کام بگڑنا - کام خراب ہونا - کام بنا رہنا - زمانے کے موافق رہنا - اچھے دن رہنا - کام بنانا - کام درست کرنا - کام تیار کرنا - مطلب نکالنا - کام بن جانا - مطلب حاصل ہو جانا - مراد بر آنا - کام بند ہونا - کام اٹک جانا - کام رک جانا - کام بننا - کام ٹھیک ہونا - مراد پوری ہونا - کام بھگتانا - کام پورا کرنا - کام پر جانا - نوکری پر جانا - مزدوری پر جانا - کام پر لگانا - مزدوری پر لگانا - کسی خدمت پر لگانا - کام پر لگنا - کسی خدمت پر مقرر ہونا - کام میں مشغول ہونا - کام پڑنا - پالا پڑنا - واسطہ پڑنا - غرض ہونا - کام پیارا ہے چام پیارا نہیں (مثل) آدمی کا کام محبوب ہوتا ہے - کام تمام کرنا - کام ختم کرنا - قتل کرنا - مار ڈالنا - کام تمام ہونا - کام ختم ہونا - کام پورا ہونا - مرنا - ہلاک ہونا - کام چڑھانا - مشین وغیرہ پر کام شروع کرنا - کام چلانا - کارروائی کرنا - کام نکالنا - انتظام کرنا - جوں توں کر کے کاروبار چلتا رکھنا - کام چلنا - حاجت روائی ہونا - کام نکلنا - گزر ہونا - بسر ہونا - ہاتھ تنگ نہ رہنا - کام چمکنا - کاروبار میں ترقی ہونا - کام چور - کام سے دل چرانے والا - کام چور نوالہ حاضر - وہ سست آدمی جو کام تو نہ کرے مگر لینے کو موجود رہے - کام چھیڑنا - کوئی کام جاری کرنا - کام دار - گماشتہ - عہدے دار - منیجر - جس کے سپرد خرید و فروخت کا کام ہو - زردوزی یا زری کا کیا ہوا کام - کاڑھا ہوا لباس یا جوتا - کام دولھا دلھن ہی سے پڑتا ہے - گھر کی بات گھر والوں سے ہی طے کرنی پڑتی ہے - کام دھندا - کام کاج - کام دیکھنا - کام کی پڑتال کرنا - کارگزاری دیکھنا - کام دینا - کام آنا - مدد دینا - عہدہ یا منصب دینا - چارج دینا - کام سپرد کرنا - کوئی کام بنانے کے واسطے دینا - کام دیو (مذ) نفسانی خواہش کا دیوتا - خواہش جماع - کام ڈالنا - پالا ڈالنا - کوئی کام متعلق کرنا - **کامران** - کامیاب - کامرانی (مؤ) خوش نصیبی - اقبال مندی - کام روا - کامیاب - کام روائی - کامیابی - کام رہنا - تعلق و مطلب رہنا - کام رکھنا - مطلب رکھنا - غرض رکھنا - کام سپرد کرنا - کام دینا - چارج دینا - کام سکھانا - کوئی ہنر سکھانا - کام سمٹنا - کام اکٹھا اور یکجا ہونا - کام قابو میں آنا - کام سنوارنا - کام بنانا - بگڑا کام درست کرنا - کام سے جاتے رہنا - مطلب کا نہ رہنا - نکما ہو جانا - موقوف ہو جانا - برطرف ہو جانا - کام سے کام رکھنا - اپنے مطلب کے سوا دوسرے کے کام میں دخل نہ دینا - پرائے جھگڑے میں نہ پڑنا - کام سیکھنا - کسی کسب یا ہنر کی تعلیم پانا - کام کا - کام میں آنے والا - مفید - کام کاج (مذ) کاروبار - معاملہ - لین دین - کام کا نہ کاج کا دشمن اناج کا - وہ شخص جو کھانے کے سوا کوئی کام نہ کرے - سست - کام کر جانا - کام دے جانا - کامیابی دکھا دینا - اثر دکھا جانا - کارگر ہو جانا - کام کر چکنا - اثر کر چکنا - کامیاب ہو جانا - کام تمام کر دینا - کام کرنا - کسی شغل میں مصروف ہونا - کوئی پیشہ یا ہنر اختیار کرنا - اثر کرنا - کارگر ہونا - فائدہ دینا - مقصد حاصل کرنا - مطلب نکالنا - نمایاں کام کرنا - اہم کام میں کامیاب ہونا - کام تمام کرنا - غالب

زہر غم کر چکا تھا میرا کام

(نوکھا کام کرنا - کام دینا - کارروائی کرنا - **کام کرے سپاہی** نام ہو سردار کا - محنت کوئی کرے نام کسی کا ہو -

اس ظلم پر شہید ہوا بے نیاز بھی
کانوں پہ ہاتھ رکھ گئی آخر نماز بھی

کان پڑنا۔ سننے میں آنا۔ سنائی دینا ؎ قدر

جب یہ نوشیرواں کے کان پڑی
جان میں اس کی تازہ جان پڑی

کان پڑی آواز سنائی نہ دینا۔ بہت زیادہ شور ہونا
کان پکڑ کے اٹھانا بٹھانا۔ نہایت فرمانبردار بنانا۔ سزا دینا۔
کان پکڑنا۔ کان مروڑنا۔ استاد تسلیم کرنا۔ توبہ کرنا۔ عہد کرنا۔
ترک کرنا۔ تنبیہ کرنا۔ عاجزی کرنا۔ اطاعت کرنا۔ کان پکڑی
باندی۔ (بیگم) فرمانبردار عورت۔ خادمہ۔ لونڈی۔ کان
پھٹ جانا۔ شور سے کانوں میں تکلیف ہونا۔ کان پھڑپھڑانا
چوکنا ہونا۔ ہوشیار ہونا۔ کتے کا دونوں کان ہلانا۔ (اسے سفر
کے حق میں منحوس سمجھتے ہیں) کان پھوٹ جانا۔ سنائی نہ
دینا۔ کان پیارے تو بالیاں جورو پیاری تو سالیاں۔
ایک چیز پیاری ہونے سے دوسری چیز بھی جو اس سے متعلق
ہے پیاری ہونا۔ کان تک جانا (پہنچنا) سننا۔
کان تک نہ ہلانا (پھڑپھڑانا) (کھڑکھڑانا) عذر بھی نہ کرنا۔ کان تلے
کی چھوڑنا۔ بے پر کی کہنا۔ بھید کی کہنا۔ گپ اڑانا۔ کان جھنانا۔
کانوں کی کوئی آواز بری معلوم ہونا۔ کان چھدنا۔ دیکھو
کان بندھنا۔ کان دبا کر چلے جانا۔ چپ چاپ چلے جانا۔
کان دبانا۔ کانوں میں انگلیاں دینا۔ خوف سے سامنے نہ
آنا۔ کان دکھانا۔ کان صاف کرانا۔ کن میلیے کو کان دکھانا۔
کان دھر کر سننا یا کان دے کے سننا یا کان رکھ کر
سننا۔ غور سے سننا۔ دھیان سے سننا۔ کان دھرنا یا رکھنا۔
توجہ دینا۔ غور سے سننا۔ کان دینا۔ غور سے سننا۔ کان
سے لگنا۔ کاناپھوسی کرنا۔ کان سے نکلنا۔ سنی ہوئی بات بھول
جانا۔ کان کا پردہ پھٹنا۔ شور و غل کے باعث کانوں کا
نہایت پریشان ہونا۔ کان کاٹنا (کترنا)۔ حریف سے بڑھ جانا
مات دینا۔ دھوکا دینا۔ کان کا تنکا۔ وہ باریک سا تنکا جو
کان وغیرہ کے سوراخ میں عورتیں ڈال لیتی ہیں کہ وہ
بند نہ ہو۔ کان کا کچا۔ جلد اعتبار کر لینے والا۔ کان کا
میل۔ وہ گندگی جو کان کے اندر سے نکلتی ہے۔ کان کا
میل نکلوانا۔ کان صاف کرانا۔ سماعت کا علاج کرانا۔ کان
کے پڑنا۔ زیور وغیرہ کے بوجھ سے کان کا بہت بھاری ہونا۔
کان کرنا۔ غور سے سننا۔ کان کھانا۔ باتوں سے دماغ
پریشان کرنا۔ بکواس سے ستانا۔ کان کھڑے کرنا۔ چوکنا ہونا
ہوشیار ہونا۔ کان کھڑے ہونا۔ چوکنا ہونا۔ غور سے سننا۔
کان کھلنا۔ ہوشیار ہونا۔ چوکنا ہونا۔ نصیحت پکڑنا۔ کان
کھول دینا۔ جتا دینا۔ خبردار کر دینا۔ سمجھانا۔ نصیحت کرنا۔

کان کھولنا۔ خبردار کرنا۔ متوجہ ہونا۔ کان کے پردے اڑانا
(پھاڑنا) شور و غل سے کانوں کو نقصان پہنچنا۔ کان کے
پردے پھٹنا۔ بہت زیادہ شور ہونا۔ بہرا ہونا۔ کان کے
کیڑے کھا جانا۔ بک بک کرنا۔ کان کی ٹھینٹھیاں نکلوانا۔
کان صاف کرانا۔ بہرے پن کا علاج کرانا۔ کان گوشی (لک)
گوشمالی۔ کان مروڑی۔ سزا۔ کان گنگ ہونا۔ کان بہرے
ہونا۔ بہت زیادہ شور ہونا۔ کان لگا کر سننا۔ غور سے سننا۔
دھیان سے سننا۔ کان لگانا۔ دھیان سے سننا۔ چھپ کر
سننا۔ کان لگنا۔ کان کا پک جانا۔ مصاحب یا راز دار بننا۔
سرگوشیاں کرنا۔ خیال ہونا۔ کان مروڑنا۔ کان کھینچنا۔ سزا
دینا۔ تنبیہ کرنا۔ کان میلیا۔ کان کا میل نکالنے والا۔ کان
میں انگلی دینا۔ کان بند کرنا۔ نہ سننا۔ کان میں بات
ڈالنا۔ خبردار کرنا۔ کان میں باتیں کرنا۔ چپکے چپکے باتیں
کرنا۔ کان میں باتیں ہونا۔ کہی سنی باتیں ہونا۔ کان میں بول
مارنا۔ بات ٹالنا۔ کان میں پارہ بھرنا۔ گونگا بہرہ ہونا۔
کان میں پڑنا۔ سننے میں آنا۔ کان میں پہنچنا۔ اڑتی بات
سننا۔ کان میں بھنک پڑنا (پہنچنا)۔ افواہ سننا۔ کان میں
پھونکنا۔ کان میں کوئی بات کہنا۔ چغلی کھانا۔ بدی سکھانا۔
کان میں تیل ڈال کر سو رہنا یا ہو بیٹھنا۔ غافل و بے پروا
بن جانا۔ کان میں تیل ڈال لینا۔ بے خبر اور غافل بن جانا
چپ سادھنا۔ کان میں جھنجھی کوڑی ڈالنا۔ غلام بنانا۔
کان میں ڈالنا۔ سنا دینا۔ جتا دینا۔ خبردار کر دینا۔ کان
میں ڈھول بجانا۔ شور کرنا۔ کان میں رکھنا۔ یاد رکھنا۔
خیال رکھنا۔ کان میں روئی دینا۔ کچھ نہ سننا۔ غافل ہونا۔
(رکھنا۔ کان میں عطر یا دوا کی پھریری رکھنا) کان میں کھٹکنا۔
کانوں کو برا معلوم ہونا۔ کان میں کہنا۔ چپکے سے کہنا۔ خفیہ
طور سے کہنا۔ کان ہلانا۔ چپ رہنا۔ انکار کرنا۔ چوں نہ کرنا۔
کان ہونا۔ نصیحت حاصل ہونا۔ خبردار ہونا۔ ہوشیار ہونا۔
کانا۔ ٹیڑھی ہونا۔ جو کسی چیز کا ایک گوشہ بڑھا ہوا ہونا۔
کانا باتی (پھوسی)۔ چپکے چپکے کان میں باتیں کرنا۔ کھسر پھسر کرنا۔
کانا گوشی۔ سرگوشی۔ کانوں پر ہاتھ دھرنا یا رکھنا۔
دیکھو کان پہ ہاتھ دھرنا۔ کانوں پڑی بات۔ وہ بات جو
کبھی سنی ہو اور یاد ہو۔ کانوں سے سننا۔ بذات خود سننا۔
کانوں تک رہنا۔ سننے کے بعد کسی سے نہ کہنا۔ کانوں
کا کچا۔ وہ شخص جو سنی سنائی باتوں کو سچ مان لے۔ سریع الاعتقاد۔
کانوں کان خبر نہ ہونا (پہنچنا)۔ اتنی خفیہ بات کہ دوسرے کو بالکل
خبر نہ ہو۔ مطلق خبر نہ ہونا۔ کانوں کی لویں پھرنا۔ موت کی
علامتیں ظاہر ہونا۔ کانوں میں انگلیاں دینا۔ کانوں کو
بند کرنا۔ نہ سننے کی کوشش کرنا۔ کانوں میں تیل ڈال کے

نہ سننا - تغافل کرنا - **کانوں میں رس پڑنا** - کوئی آواز کانوں کو بھلی معلوم ہونا - **کانوں میں روئی ٹھونس لینا** - قصداً کوئی بات نہ سننا - **کانوں میں سر کر دوں گا** - بچے کو دھمکانے کے لیے یہ فقرہ بولتے ہیں - **کانوں میں گونجنا** - سُنی ہوئی بات کانوں میں بھر جانا - **کانوں نہیں سُنا** - ایسا کبھی نہیں سُنا۔

کاں :- (دکنی) لیے - واسطے ؎ احمد دکنی

سو کچھ دان مانس کو کیتا عطا
جو سب کچھ اسی کاں پیدا کیتا

کانا :- ۵ - مذ ایک آنکھ سے اندھا - (۲) عیب دار - وہ پھل جسے کیڑوں نے کھا لیا ہو (کانا بیر) ٹیڑھا ترچھا (۲) کیڑا) پانسے کا ایک نقطہ - **کانا پردہ** - ہلکا پردہ - **کانا تو** بد خوشتر - جس کے پاس کچھ نہ ہو - نہایت مفلس - **کانا کھدرا** - ناقص چیز - وہ پھل جس میں سوراخ ہو گئے ہوں - **کانے چوٹ کر ڈھیے بھینٹ** - جس بات کا ڈر ہو وہی پیش آ جاتی ہے جس شخص سے ملاقات منظور نہ ہو - اس سے یکایک ملاقات ہو جانے پر بھی بولتے ہیں - **کانے کے منہ پر کانا نہیں کہتے** کسی کا عیب اس کے سامنے کہنا اچھا نہیں - **کانی** - کانا کی تانیث -

کانپ :- (۱ - مو) کنکوے کی کمانی - نہایت سفید شدہ چونا - قلعی کا چونا - کانپنا کا امر، مصدر سے پہلے بطور تاکید لا کر - **کانپ اُٹھنا** - خوف سے تھرا جانا - بدن کپکپا جانا - **کانپ جانا** - ڈر جانا - لرز جانا - **کانپنا** - تھرتھرانا - خوف کھانا - لرزنا - تھرتھرانا

کانٹا :- (۵ - مذ) خار - چھوٹی ترازو - ترازو کے دستے کی سوئی - مچھلی پکڑنے کا نوک دار آلہ - کنوئیں سے ڈول نکالنے کا اوزار - پنجے کی شکل کا اوزار جس سے انگریز گوشت وغیرہ کھاتے ہیں - مہمیز جس سے گھوڑے کو ایڑ لگاتے ہیں - مچھلی کے گوشت کی باریک ہڈی - پنجرا لٹکانے کا حلقہ - جھاڑ فانوس لٹکانے کا حلقہ - پلنگ کے نیچے لٹکانے کا آنکڑا - ٹک وہ چمچہ جس میں عورتیں مُرلیاں نکالتی ہیں - تیتر وغیرہ کے پاؤں کا خار - گوشت کا ٹکڑا جو پرندوں کی دم پر ہوتا ہے - پرندوں کا ایک مرض جس میں وہ سوکھ کر کانٹا سے ہو جاتے ہیں - گھاس یا بھوسہ اُٹھانے کا ایک اوزار یا پنجہ - ریل کی لائن تبدیل کرنے کا آلہ - زبان کا کھردراپن - ناگوار خاطر وہ چیز یا شخص جو طبیعت پر بار ہو - شراب کا نشہ جو ہلکا ہو -
؎ بحر

ساقی رہی بہار نہ گلزار رہ گیا
کانٹا لگا نہ پھول کا یہ خار رہ گیا

(اس شعر میں پھول بمعنی شراب ہے)
گھنٹے یا گھڑی کی سوئی - قوام کا تار (چاشنی کا کانٹا دیکھو)

دُبلا - دشمن - علم حساب میں جمع تقسیم - ضرب تفریق کو جانچنے کا گُر (کانٹا کرلو - غلط صحیح معلوم ہو جائے گا) - روک ٹوک - (وہ میرے ہر کام میں کانٹا بنا ہوا ہے) فتنہ پرداز - موذی ؎ شاد

جلسے کا قاصد بھی وہاں غیروں میں شامل ہو گیا
اور اک کانٹا نکل آیا مری تقدیر کا

کبوتر دُم کی طرف اپنا سر کھینچتا ہے تو اسے بھی کانٹا کہتے ہیں۔
کانٹا بدلنا - ریل کا راستہ بدلنا - دوسرا پہلو اختیار کرنا - رُخ بدلنا - **کانٹا چبھنا** - **کانٹا لگنا** - خلش ہونا - **کانٹا چبھونا** - **کانٹا لگانا** - تکلیف دینا - **کانٹا داغنا** - لوہا گرم کر کے گوشت کے اس ٹکڑے کو جلانا جو پرندوں کے جسم پر بڑھ جاتا ہے - **کانٹا ڈالنا** - کنوئیں میں سے کوئی چیز نکالنے کے لیے کانٹا ڈالنا - مچھلی پکڑنا - پھنسانا - **کانٹا سا** - کانٹے کی مانند - نہایت دُبلا - **کانٹا سا آنکھوں میں کھٹکنا** - **کانٹا سا کھٹکنا** - ناگوار گزرنا - بُرا لگنا - **کانٹا سا نکل آنا** - چین پڑ جانا - خلش دور ہو جانا - **کانٹا لگنا** - **کانٹا نکلنا** - مرغ و بلبل وغیرہ کا ایک مرض جس میں وہ کھانا چھوڑ دیتے ہیں - **کانٹا مارنا** - مرغ کا کانٹا مارنا یا کسی خار دار پرند کا اپنے کانٹے سے زخمی کرنا - سونے چاندی کو کم وزن تولنا - **کانٹا نکالنا** - خلش دور کرنا - مصیبت سے بچانا - **کانٹا نکلنا** - تکلیف دور ہونا - پرندوں کی دُم کے نیچے کانٹا نکل آنا - **کانٹا ہو جانا** - دُبلا ہونا - لاغر ہو جانا -
کانٹوں پہ بسر کرنا (ہونا) - سخت تکلیف میں ہونا - **کانٹوں پر کھینچنا یا گھسیٹنا یا لٹانا** - نہایت تکلیف دینا - ستانا - گنہگار بنانا - شرمندہ کرنا - جب کوئی شخص حد سے زیادہ خاطر یا عاجزی یا تعریف کرتا ہے - اس وقت آخر کے دونوں معنی میں بولتے ہیں - **کانٹوں پر لوٹنا** - سخت بے چین ہونا - سخت تکلیف میں ہونا - **کانٹوں میں اُلجھنا** - جھگڑے میں پھنسنا - ایذا رساں مشغلوں میں مصروف ہونا - **کانٹوں میں تُل کر بکنا** - نہایت مہنگا ہونا - **کانٹوں میں گرنا** - آفت میں پڑنا - **کانٹوں میں گھسیٹنا** - دیکھو کانٹوں پر گھسیٹنا - **کانٹے بونا** - اپنے یا کسی کے حق میں بُرا کرنا - بدی کرنا - ؎ امیر

پھول ان کو پہنا پہنا کے اغیار
کانٹے مرے حق میں بو رہے ہیں

کانٹے بوئے ببول کے تو آم کہاں سے ہوں - بدی کر کے نیکی کی اُمید رکھنا بے وقوفی ہے - **کانٹے پر کی اوس** - نہایت ناپائدار اور بے قیام چیز اور **کانٹے کی تول** (مو) بہت ٹھیک - ذرا کم نہ زیادہ - **کانٹے کی تول بکنا** - نہایت مہنگی ہونا -

کانٹی :- ۵ - مو چھوٹا کانٹا جس سے جواہرات یا سونا چاندی تولتے ہیں - سانپ پکڑنے کی لکڑی جس میں لوہے کا آنکڑا لگا ہوتا ہے - بڑی زنجیر - خراب روئی جو دھنے میں نہ سکے۔

روئی کا کوڑا - کانٹی کچلنا - قید بھگتنا -

کانجی:- (ہ) رائی وغیرہ کا کھٹا پانی - گاجر وغیرہ کے اچار کا پانی - چاولوں کی پیچھ - **کانجی ہاؤس** (مذ) وہ سرکاری مکان جس میں آوارہ جانور بند کئے جاتے ہیں -

کانچ:- (ہ - مو) شیشہ - بغیر صاف کیا ہوا شیشہ - کانچ ایک بیماری کا نام جس میں پاخانہ پھرتے وقت مقعد باہر نکل آتی ہے (ہندو) سرکے کا اچار - **کانچ نکال دینا** - بہت مارنا - عاجز کرنا - سخت نقصان پہنچانا - **کانچ نکلنا** - لاغری سے پاخانہ پھرتے وقت مقعد کا باہر نکل آنا - خسارہ اٹھانا - عاجز ہونا - صدمہ برداشت کرنا -

کاندا:- (ہ - مذ) ایک جڑ کا نام جس کی صورت پیاز سی ہوتی ہے اور جولا ہے اس سے تاروں کو کلف دیتے ہیں -

کاندھا:- (ہ - مذ) کندھا - مونڈھا - **کاندھا بدلنا** - کہار کا ڈولی وغیرہ کو اپنے ایک کندھے سے دوسرے کندھے پر رکھنا - جنازہ لے جانے میں ایک شخص کا ہٹنا اور دوسرے کا اپنے کاندھے پر جنازہ لینا ؎ منتظر

کاندھا بدل بدل کے گئے سب مزار تک
کتنا میں دوستوں کے لیے بار دوش تھا

کاندھا دینا - جنازے کو کندھے پر رکھنا - **کاندھی دے جانا** - بہانہ کرنا - ٹال جانا - گھوڑے کا ایک عیب ہے کہ وہ گردن کو آگے کی طرف جھکا کر پشتک مارتا اور پیچھے کی طرف جھکا دیتا ہے تاکہ سوار گر پڑے - **کاندھیاں دینا** - بار بار کاندھی دینا - حیلہ بہانا - ٹالا بتانا -

کانڈا:- (ہ - مذ) ایک جڑ جو پیاز سے مشابہ ہوتی ہے -

کانڈل:- (ہ - مذ) سرسوں کا ساگ -

کانڈلی:- (ہ - مو) خرفے کا ساگ -

کانڑاں:- (ہ - مذ - دلی) کانا - یک چشم - **کانڑاں رگی** (مذ) شریر اور کانا - بدذات کانا - **کانڑاں مجھے بھائے نہیں کانڑے بن سہائے نہیں** - ایک شخص سے نفرت بھی کرنا پھر اس کے بغیر چین بھی نہ آنا - **کانڑی کوڑی** (مو) پھوٹی کوڑی - **کانڑی مشکو** (مو) وہ کانی عورت جو اپنے آپ کو خوب صورت جانے -

کانس:- (ہ - مو) کنگھی - چھپا - کارنس -

کانس:- (ہ - مو) ایک قسم کی لمبی گھاس - ایک قسم کا پیتل جس سے برتن بنتے ہیں - **کانس میں پڑنا** - دھوکے میں آنا - سوچ میں پڑنا - **کانس میں تیرنا** - دھوکا کھانا - غور و فکر میں محو رہنا - جان جوکھوں میں رہنا - **کانسا** (ہ - مذ) ایک دھات جو پیتل اور تانبے سے مرکب ہے - **کانس میں پھنسنا** - مشکل میں پھنسنا -

کانسٹیبل:- (انگ - مذ) چوکیدار - پولیس کا سپاہی -

کانسٹی ٹیوشن:- (انگ - مذ) بناوٹ - ساخت - طبیعت و خصلت - اصول و قوانین دستور -

کانشنس:- (انگ - مذ) ضمیر - وہ قوت جو انسان کو برائی پر ملامت کرتی اور بھلائی کی طرف کرتی ہے -

کانفرنس:- (مو - انگ) اصلاح اور مشورے کی مجلس

کانفیڈنشل:- (انگ) خفیہ - بصیغہ راز -

کانگڑا:- (ہ - مذ) گندم

کانکھنا:- (ہ) براز کے وقت یا بوجھ اٹھانے کے وقت منہ سے آواز نکالنا - کراہنا - سسکنا - آہیں بھرنا -

کانگریس:- (انگ - مو) مجمع - ملک کے باشندوں کی مجلس -

کانگرو:- (انگ - مذ) آسٹریلیا کا ایک جانور جس کے بچے اس کے پیٹ سے نکل کر پھر اسی میں جا رہتے ہیں اس کے پیٹ میں سامنے کی طرف ایک راستہ بنا ہوتا ہے -

کانگڑی:- (کشمیری - مو) مٹی کی انگیٹھی جسے کشمیری ایک ٹوکری میں لگا کر گلے میں لٹکائے رکھتے ہیں ؎ سودا

ان دنوں چرخ پر نہیں ہے مہر
گود میں کانگڑی رکھے ہے سپہر

کاوا:- (ہ - مذ) گھوڑے کو اس طرح چکر دینا جس سے زمین پر ایک دائرہ بن جائے - حلقہ - چکر - **کاوا دینا** - گھوڑے کو چکر دینا -

کاواک:- (ف) بے ڈھنگی چال - بے ڈھنگی چال چلنے والا ؎ میر

اٹھ چل کر آسمان تو کاواک ہو گیا ہے

کاوش:- (ف - مو) تلاش - بیر - دشمنی - رنج - کد - **کاوش رکھنا** - دشمنی رکھنا - حسد کرنا - **کاوش کرنا** - تلاش کرنا - جان کھپانا -

کاوکاو:- (ف - مو) سخت محنت - تکلیف - کاوش - غش ؎ غالب

غصے میں لال ہونا - کباب تیار ہونا - کبابہ (مذ) کباب چینی -
کبابی (مذ) کباب بیچنے والا - صفت - کباب کرنے کے لائق -
کبابن (مو)

کَبادَہ :- (ف - مذ) نرم کمان - مشق کرنے کی کمان - کمزور
کمان - لیزم ؎ ذوق
ہوں یہ لاغر جھک کے قامت ایک خس کے بوجھ سے
ہے کبادہ جو لچک جائے مگس کے بوجھ سے

کِبار :- (ع - مذ) کبیر کی جمع - بڑے آدمی -

کَباڑ :- (ھ - مذ) ٹوٹا پھوٹا اسباب مستعمل و نکما سامان -
کباڑیا - ٹوٹا پھوٹا اسباب بیچنے والا - نیلام کا
مال لایا ہوا بیچنے والا - کباڑی کی چھان بین پر پھوس نہیں
ہوتا - اپنی خبر کوئی نہیں لیتا -

کَبِت :- (ھ - مذ) ہندی نظم - کبتائی (مو) کبت بنانا -
شعری کہنا - شاعری کرنا - (ہندوؤں کا
روزمرہ ہے)

کَبِد :- (ع - مذ) جگر

کَبَڈی :- (ع - مو) لڑکوں کے ایک کھیل کا نام جس
میں دو پالے بنا کر آدھے لڑکے ادھر اور
آدھے اُدھر لنگوٹ کس کر یا جانگیہ پہن کر کھڑے ہوتے ہیں -
ایک طرف کا لڑکا کبڈی کبڈی کہتا ہوا دوسری پال میں جاتا
ہے اور سانس نہیں توڑتا - اور فریق مخالف کے لڑکے کو
چھو کر اپنے پالے میں آجاتا ہے تو فریق مخالف کا لڑکا مرا ہوا
خیال کیا جاتا ہے اور وہ الگ بیٹھ جاتا ہے اور اگر چھو کر
یا بغیر چھوئے مخالف فریق کے لڑکے اسے پکڑ لیتے ہیں اور سانس
ٹوٹنے تک اپنی پالی میں نہیں جانے دیتے تو یہ مر جاتا ہے اور الگ
بیٹھ جاتا ہے - اس طرح دیر تک ہوتا رہتا ہے - جب ایک
طرف کے سب لڑکے مر جاتے ہیں تو وہ پالی ہار جاتی ہے - کبڈی
کھیلتے پھرنا - بیکار پھرنا - آوارہ پھرنا - کبڈی کھیلنا - کبڈی
کا کھیل کھیلنا - دوڑنا - بھاگنا - ستانا -

کِبَر :- (ع - مذ) بزرگی - بڑائی - غرور - تکبر - کِبَر (مذ)
بڑھاپا - پیری - کبرسن - بڑھاپا - پیرانہ سالی

کَبَرا :- چتکبرا - سیاہ اور سفید رنگ کا -

کُبریٰ :- (ع) اکبر کی تانیث - بہت بڑی - بہت بزرگی -

کِبریا :- (ع - مذ) خدا کا نام - کبریائی (مو) اللہ تعالیٰ کی
شان بزرگی -

کِبرِیت :- (ع - مو) گندھک - کبریتِ احمر (مو بلفظ)
لال گندھک جو نہایت کمیاب ہے - عنقا
جس کا ملنا محال ہے -

کُبڑا :- (ھ - مذ) جس کی پیٹھ جھک گئی ہو - کبڑا پن (مو)
جھکی ہوئی کمر ہونا - کبڑی (مو)

کَبڑَن :- (ھ - مو) کاچھن - سبزی ترکاری بیچنے والی عورت -
کبڑیا (مذ) سبزی فروش مرد -

کَبک :- (ف - مذ) ایک قسم کا تیتر - چکور (اس کی رفتار
مشہور ہے) ؎ آتش
چل نہیں سکنے کا ہرگز تیری اٹکھیلی کی چال
پاؤں میں موچ آئے گی کبک ایسی ٹھوکر کھائے گا
کبک دری یا کوہی (مذ) پہاڑی چکور جو نہایت خوبصورت
ہوتا ہے -

کَبُوتَر :- (مذ) ایک مشہور پرند کا نام - کبوتر اٹھا دینا -
اڑا دینا - اونچا اڑا دینا - کبوتر اڑانا - کبوتر
بازی کرنا - کبوتر باز - (مذ) کبوتر پالنے اور اڑانے والا -
کبوتر بازی (مو) کبوتروں کی شرط - کبوتر خانہ (مذ) ڈربا -
کابک - مسافر خانہ - وہ جگہ جہاں آمد و رفت لگی رہے - ناقابل
انتظام جگہ - کبوتر کا گونجنا - کبوتر کا مست ہو کر گردن پھلانا
اور بولنا - کبوتر کی طرح لوٹنا - نہایت تڑپنا - کبوتر لڑانا -
جب دو کبوتر بازوں کے کبوتر اکٹھے اڑتے ہیں تو انھیں کبوتر
لڑانا کہتے ہیں - کبوتر بازی - کبوتر مارنا - کبوتر شکار کرنا -
دوسرے کا کبوتر پکڑنا - کبوتری (مو) کبوتر کی مادہ - ناچنے
والی - خوب صورت عورت -

کَبُود :- (ف - مذ) نیلا رنگ - آسمانی رنگ (چرخ کبود)
کبود چشم - بے مروت - جس کی آنکھ میں ہلکا نیلا
پن ہو - کبودی - نیلا - آسمانی -

کَبھو :- (ھ) کبھی - کسی وقت - اگلے زمانے میں بولتے تھے -
اب متروک ہے ؎ میر
دل سے عشقِ رُخِ نکو نہ گیا
آہ کتنا جھانکنا کبھو نہ گیا

کَبھی :- (ھ) کسی وقت - کسی گھڑی - شاذ و نادر - اتفاقاً
(وہ یہاں کبھی آجاتے ہیں) کسی زمانہ میں - زمانہ
سابق میں - آئندہ زمانے میں - آئندہ زمانے میں (پھر کبھی دیکھا
جائے گا) استفہام انکاری کے واسطے (کبھی تمھارے داوانے
بھی ایسی چیز دیکھی ہے) ہرگز - بالکل (کبھی یہ چیز نہ دوں گا)
کوئی دم - بھولے چوکے - گھڑی میں - دم نہ (کبھی ہنستا کبھی
روتا ہے) کبھی تولہ کبھی ماشہ - کبھی دوست کبھی دشمن دم میں
کچھ دم میں کچھ - کبھی رات بڑی کبھی دن بڑا - زمانہ ایک

حال پر نہیں رہتا - کبھی کا - بہت دیر کا - مدت کا - کبھی کا دن بڑا کبھی کی رات بڑی - زمانہ ایک جیسا نہیں رہتا - کبھی کبھار یا کبھی کبھی - بھولے چوکے - وقت بے وقت - بعض اوقات - گاہے ماہے - کبھی کے دن بڑے کبھی کی رات بڑی - گاہ ترقی گاہ تنزل - کبھی گاڑی ناؤ پر کبھی ناؤ گاڑی پر - زمانے کا انقلاب - کبھی گھوڑے کے بھی دن پھرتے ہیں - کبھی خستہ حالوں کا زمانہ بھی موافق ہوتا ہے - کبھی نہ کبھی - کسی نہ کسی وقت - بھولے بسرے - کبھی نہیں - ہرگز نہیں - بالکل نہیں -

کبیدگی: (ف - مو) رنجیدگی - کبیدہ - غمگین - رنجیدہ - کبیدہ خاطر - ملول - رنجیدہ - آزردہ دل -

کبیر: (ع) بڑا بزرگ - ایک مشہور خدا پرست ہندی شاعر کا تخلص - کبیرہ - کبیر کا مونث جو اُردو میں گناہ کے ساتھ بولا جاتا ہے - (گناہ کبیرہ) کبیر پنتھی (مذ) کبیر کی پیروی کرنے والے لوگ -

کبیسہ: (ع - مذ) لوند کا مہینہ - چوتھے قمری سال کا زائد مہینہ - وہ سال جس کے ایک مہینے میں ایک دن کا اضافہ کیا جاتا ہے -

کُپ: (ہ - مذ) بھُس کا ڈھیر جو بُرج کی شکل کا بنا کر رکھ دیتے ہیں -

کپاری: (ہ - مو) وہ رسی جو گھوڑے کے دہانے پر کستے ہیں کہ قابو میں رہے -

کپاس: (ہ - مو) بنولے والی روئی - روئی کا درخت - کپاسی - کپاس کے پھول کا سا ہلکا زرد رنگ -

کُپّا: (مذ) چمڑے کا بنا ہوا ظرف جس میں گھی یا تیل ڈالتے ہیں - موٹا - کپے کی طرح پھولا ہوا - سوجا ہوا - کپا سا ہو جانا - پھول جانا - سوج جانا - خفا ہونا - غصے سے منہ پھلا لینا -

کپتان: (ا - مذ) کمپنی یا جہاز یا لشکر کا بڑا افسر - رسالدار - پولیس کا بڑا افسر - صحیح انگریزی کیپٹن -

کپٹ: (ہ - مو) فریب - دغا - کھوٹ - دشمنی - بیر - نفاق - کینہ - کپٹ رکھنا - دشمنی رکھنا - بغض رکھنا - کپٹی - دغا بازی - فریبی - دشمنی - بیری -

کپڈھ: (ہ) جاہل - بے علم -

کپڑچھان: (ہ) کپڑے کا چھنا ہوا - خوب باریک چھنا ہوا - (کرنا کے ساتھ) **کپڑچھن** کپڑچھل - کپڑدھول - (مذ) خیمہ - تنبو - کپڑ کوٹ (مذ) ایک طرح کا ریشمی کپڑا - کپڑ گند (مو) کپڑا جلنے کی بو -

کپڑا: (ہ - مذ) پارچہ - لتّہ - لباس - پوشاک - بستر - کپڑا اُتارنا - بدن سے کپڑا علیحدہ کرنا - کپڑا اوڑھنا - کپڑا بدن پر ڈالنا - کپڑا بننا - کپڑا تیار کرنا - پارچہ بافی کرنا - کپڑا پہننا - لباس جسم میں ڈالنا - جسم ڈھانکنا - کپڑا پہنے جگ بھاتا - کھانا کھاوے من بھاتا - کھانا اپنی مرضی اور پسند کا کھانا چاہیے اور کپڑے ایسے پہننے چاہئیں جسے دوسرے لوگ پسند کریں - کپڑا لتّا (مذ) کپڑے - پوشاک - لباس - کپڑا لینا - حیض والی عورت کا لتّا استعمال کرنا - کپڑا اُبل جانا - کپڑا پھٹ جانا - کپڑا اُدھڑ جانا - کپڑا نہ لتّا مستی کے البتہ - مفلسی میں زیب و زینت کی ہوس - وہ بھی غیر مناسب - کپڑوں سے ہونا - حیض سے ہونا - ؎ رنگین

کپڑے اُن کے مجھے آئے نہیں
رسم یہ ہے ہوتے ہیں سب بے نماز

کپڑے اتار لینا - پوشاک بدل ڈالنا - لوٹ لینا - ننگا کر دینا - کپڑے اتارنا - پوشاک بدلنا - کپڑے چھیننا - ننگا کرنا - ننگا ہونا - کپڑے بدلنا - لباس تبدیل کرنا - کپڑے بسانا - عطر ملنا - کپڑے پھاڑنا - لباس کو پھاڑنا - بدحواس ہو جانا - کپڑے پہنانا - پوشاک پہنانا - کپڑے چھننا - لباس میں بھتنے پڑنا - کپڑے چیکٹ ہونا - کپڑے بہت میلے ہونا - کپڑے چھڑانا - مشکل ہونا - مشکل میں پھنس جانا - جان بچانا مشکل ہونا - پیچھا چھڑانا دشوار ہونا - کپڑے رنگنا - کپڑوں پر رنگ چڑھانا - جوگی بننا - کپڑے قطع کرانا - لباس سینے کے لیے کپڑے بیونتنا - کپڑے در گور کر دینا - کپڑے نہایت میلے کر دینا - ط

کپڑوٹی: (ہ - مو) کپڑے پر مٹی لت کر کے کسی مٹی کے برتن میں لپیٹنا - جس کے اندر دوا ہو - گِل حکمت کرنا -

کپڑھ: (ہ) دیکھو کپڈھ -

کپکپانا: (ہ) تھرتھرانا - کپکپاہٹ - کپکپی - تھرتھری - تھرتھراہٹ - کپکپی چڑھنا - تھرتھری چھوٹنا - لرزے سے دوچار ہونا - کپکپی چھوٹنا - لگنا - تھرتھری لگنا - لرزنا - سردی لگنا -

کپلا: (ہ - مو) بھوری گائے -

کپوت: (ہ - مذ) نالائق بیٹا - بدچلن بیٹا -

کپور: (ہ - مذ) ایک خوشبودار چیز کا نام - کافور - کپوری - کافوری پان (ہندوؤں کا روزمرہ)

کپورا :- (ا - مذ) بھیڑ بکرے وغیرہ کا خصیہ -

کپّی :- (ا - مو) وہ چرمی ظرف جو شعبدہ بازوں کے پاس ہوتا ہے (انگ) مٹی یا شیشے کا وہ چھوٹی ڈبیا جس کے ڈھکنے میں بتی لگا کر جلاتے ہیں - ڈبیا - چراغ - خوشبودار تیل رکھنے کا چرمی ظرف - بادبان کی رسی کھینچنے کی لکڑی جو کشتی میں بندھی رہتی ہے - چھوٹا کپا جس میں بارود رکھتے ہیں (لندن کی بان میں تھا اور کوپا کہتا)

کتا :- (مذ) ایک قسم کی تلوار جو آگے سے چوڑی اور دوہری دھار ہوتی ہے -

کتّا :- (ہ - مذ) ایک جانور کا نام جو بھونکتا ہے - غلام مطیع - پیٹ (یہ کتا ایسا ہر آدمی کے پیچھے لگا ہے کہ کہیں سے بھی ہو پہلے اسے بھر دو) بندوق کا گھوڑا - رشوت خوار ملازم - بازی - ذلیل - امیروں کا خوشامدی - طلب کرنے والا - حریص - (دنیا کا کتا) قفل کا کھٹکا - ایک قسم کی گھاس جو کپڑے کو لپٹ جاتی ہے - کتا بھی دم ہلا کر بیٹھتا ہے - اپنے اٹھنے بیٹھنے اور اٹھنے بیٹھنے کی جگہ کتے جیسا جانور بھی صاف کرتا ہے - گندے آدمی کے متعلق بولتے ہیں - کتا دیکھے گا نہ بھونکے گا - دشمن کے سامنے سے ٹل جانا چاہیئے - دیکھ کر بھڑکے گا - کتا گھاس (مو) ایک قسم کی گھاس جو کپڑوں سے چمٹ جاتی ہے - کتے - کتا کی جمع - اکتے تیرا منہ نہیں سائیں کا منہ ہے - اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی کمینے کے کمینہ پن سے کسی شریف کی خاطر درگذر کی جائے - کتے خصی کرنا - بے ہودہ اور ذلیل کام کرنا جھگڑے کا نام - کتے کا بھیجا کھانا - بہت زیادہ بولنا اور بکواس کرنا - کتے کا کتا دشمن - بڑے لوگوں کے دشمن بھی انہی میں پیدا ہو جاتے ہیں - کتے کو بھی نہیں چھتاریہ کھینے کو سمائی نہیں ہوتی - کم ظرف کو حوصلہ نہیں ہوتا - کتے کی دم - (مو) وہ شخص جس پر سمجھانے اور صحبت کا اثر نہ ہو - کتے کی دم سو برس بھی ٹیڑھی - الٹی سمجھ والا کبھی درست نہیں ہوتا - کتے کی موت آتی ہے تو مسجد کی طرف بھاگتا ہے - جب آدمی کی شامت آتی ہے تو جان بوجھ کر خطرناک کام میں پڑتا ہے - کتے کی موت مرنا - نہایت ذلت و خواری سے مرنا - حرام موت مرنا - کتے کی موت مارنا - بری طرح ہلاک کرنا - کتے کی ہڑک (مو) کتے کے کاٹے کی لہر اٹھنا - کسی امر کا شوق ابھرنا - کتے لوٹتے ہیں - ویرانہ ہے - کتیا (مو) کتے کی مادہ - کتیا چوروں مل گئی پہرہ دیوے رکون - جب اعتبار والے آدمی بے ایمان ہو جائیں تو پھر خدا حافظ - کتیا کا پلا (مذ) حرامی - بد ذات - ذلیل آدمی - کتیا کے چھنالے میں پکڑا جانا - دوسرے کے جرم میں گرفتار ہونا -

کتاب :- (ع - مو) لکھے یا چھپے ہوئے اوراق کا مجموعہ - جلد - نسخہ - رسالہ - قانون ؎ داغ

لکھا ہوا ہے پیر مغاں کی کتاب میں

کتاب آسمانی (اضا) خدا کی کتاب جو فرشتے کے ذریعے کسی رسول پر نازل ہوئی - جیسے قرآن پاک - کتاب بند کرنا - کتاب رکھ دینا - پڑھنا بند کرنا - کتاب بینی (مو) کتاب پڑھنا (کرنا) کتاب پر چڑھانا - رجسٹر میں درج کرنا - کتاب چلنا - کتاب کا مقبول ہونا - کتاب کا پڑھا جانا - کتاب خواں - شہدائے کربلا کا حال بغیر الحان کے منبر پر بیٹھ کر نثر میں پڑھنے والا - کتاب خوانی (مو) کتاب رو (با اضا) کتابی چہرے والا - لمبے چہرے والا - کتاب فروش (مذ) کتابوں کا سوداگر - کتاب کا کیڑا (مذ) وہ کیڑا جو کتاب کو چاٹ جاتا ہے - وہ شخص جو ہر وقت مطالعے میں غرق رہتا ہے - کتاب مقدس (اضا) توریت یا انجیل -

کتابت :- (ع - مو) لکھائی - تحریر - خوش نویسی - کتابی - کتاب سے متعلق لکھی ہوئی تحریری - اہل کتاب میں سے وہ شخص جو اسلام کا منکر ہے - کتابی چہرہ (مذ) لمبا چہرہ - کتابی علم (مذ) وہ علم جو کتابیں پڑھنے سے حاصل ہو - کتابی کافر - دیکھو کتابی - آخری معنی -

کتابہ :- (ع - مذ) وہ عبارت جو قبر کی لوح یا کسی عمارت پر کندہ ہوتی ہے ؎ امیر

ملا یا خاک میں ان کو جہاں کی بے وفائی نے

کتابہ خط کوفی میں لکھو گور غریباں کا

وہ نظم یا نثر جو کسی کی تعریف بطور تاریخ پیش طاق پر لکھتے ہیں

کتارا :- (ا - مو) ایک قسم کا پتلا گنا - اڑی کی بیل - خنجر -

کتان :- (ف - مو) السی جس کا تیل نکلتا ہے (مذ) ایک قسم کا باریک کپڑا جو چاند کی روشنی میں پارہ پارہ ہو جاتا ہے - چاک چاک -

کتانا :- (ہ) سوت کتوانا - کتائی (مو) کاتنا - کاتنے کی اجرت - کتائی کرنا - مزدوری لے کر کاتنا -

کتوانا :- (ہ) کاتنا متعدی -

کتب :- (ع - مذ) کتاب کی جمع - کتب خانہ (مذ) کتاب گھر - لائبریری - کتب فروش (مذ) کتابیں بیچنے والا -

کتبہ :- (ع - مذ) وہ عبارت جو پتھروں پر لکھ کر قبروں یا عمارتوں وغیرہ پر لگائی جاتی ہے کتبہ - اس کو لکھا - نقطے کی جگہ

کتخدا :- (ف) جس کی شادی ہو گئی ہو - کتخدائی (مو) لڑکے

پر کٹا ہُوا)

کٹ جانا :- (ف) ترش جانا ۔ ٹکڑے ہو جانا ۔ زخم لگ جانا ۔ خراش آجانا ۔ ڈور کی رگڑ کھا کر ٹوٹ جانا ۔ (پتنگ کٹ جانا) پانی سے مٹی کا بہہ جانا ۔ دریا کا کنارہ کٹ جانا ۔ کسی جگہ سے اصلی سڑک سے ملی ہوئی دوسری سڑک نکل جانا ۔ شرمندہ ہونا ۔ گزر جانا (عمر کٹ جانا) (سند کو دیکھیے دم دیکھنا) ساتھ سے جُدا ہونا ۔ مارا جانا (سب فوج دِن بھر میں کٹ گئی) کسی تیز مرہم وغیرہ سے زخم پڑ جانا ۔ جیب وغیرہ سے مال نکل جانا ۔ ٹھگا جانا ۔ ریل کے ڈبے کا ٹرین سے جُدا ہو جانا ۔ طے ہو جانا ۔ (رستہ خوب کٹ گیا) رنگ پھیکا پڑنا ۔ وضع ہو جانا ۔ منہا ہو جانا ۔ فصل کا کاٹا جانا ۔ خارج اور قلمزد ہو جانا (نام کٹ گیا) **کٹ کٹ جانا** ۔ نہایت شرمندہ ہونا ۔ **کٹ کٹ کے لڑنا** ۔ جان توڑ توڑ کر لڑنا ۔ نہایت بہادری سے لڑنا ۔ **کٹ کٹ کے مرنا** ۔ باہم لڑ لڑ کر مرنا ۔ **کٹ کھنا** ۔ کاٹ کھانے والا ۔ چوٹ کرنے والا ۔ منہ مارنے والا ۔ بہت غصہ ور ۔ **کٹ کھنے** (مذ) چھپن ۔ مکاری ۔ چالبازی ۔ نمونہ ۔ خاکہ ۔ وہ نقش جو کپڑے پر اس غرض سے بنا دیتے ہیں کہ ان پر پھول کاڑھے جائیں ۔ وہ نقش جو تختی پر بے سیاہی کے ادھورے اس لیے بنا دیتے ہیں کہ بچے ان پر قلم پھرا کر لکھیں ۔ **کٹ مرنا** ۔ آپس میں چھُری کٹاری سے لڑنا ۔ سخت جنگ کرنا ۔ بہت شرمندہ ہونا ۔ **کٹ ستا** (مذ) موٹا ۔ تازہ ۔ بے فکرا ۔ توانا و تندرست ۔ **کٹ مستی پن** (مذ) بے باکی ۔ بدکاری ۔ **کٹ ملا** (کٹھ ملا) ۔ (مذ) کم پڑھا ہُوا مسلمان استاد ۔ ناقص ۔

کُٹّا :- (ف ۔ مذ) کبوتر (یا دوسرا پرندہ) جس کی دُم اور پر کتر کر اُڑنے سے معذور کر دیں ۔ اس سے دوسرے اُڑتے ہوئے کبوتر یا پرند کو پھانستے ہیں ۔ **کٹا دینا** ۔ دم پر کٹا ہُوا کبوتر ہاتھ میں لے کر اس غرض سے جنبش دینا کہ اُسے دیکھ کر اور کبوتر آئیں ۔

کٹّا :- (ف) اپنے خیال کا مضبوط اور پکا (کٹا مسلمان) موٹی بڑی جوں (پن) بھینس کا بچہ (ہٹا کے ساتھ) موٹا تازہ تندرست (وہ بیمار نہیں ہٹا کٹا ہے)

کٹا :- (ف) مرکبات میں مستعمل ہے (جیسے دُم کٹا جس کی دُم کٹی ہو) **کٹی** ۔ (مو) (جیسے ادھ کٹی بات) **کٹا جانا** خفیف ہونا ۔ شرمندہ ہونا ۔ ؎ سحر

ابروؤں کا ہے جو سودا تو کٹا جاتا ہوں
دیکھنے کو نہیں دیتا کوئی تلوار مجھے

کٹا چھنی ۔ (مو) لڑائی بھڑائی ۔ قتل و خون ۔ جانی دشمنی ۔ **کٹا چھنی ہونا** ۔ اَن بن ہونا ۔ لڑائی ہونا ۔ **کٹا کٹی** (مو) خونریزی ۔ قتل و غارت ۔ مار پیٹ ۔ **کٹا کرنا** ۔ قتل عام کرنا ؎ قدر

تلوار وہ کٹا نہ کرے پر کئی کرے   بندوق وہ دہانہ کرے پر فنا کرے

کٹار :- (ف ۔ مو) خنجر ۔ مذ ایک درندہ جانور کا نام ۔ **کٹار بھونکنا** ۔ خنجر مارنا ۔

کٹارا :- (ف ۔ مذ) املی کی پھلی ۔ کتارا ۔ **کٹاری** (مو) چھوٹا خنجر ۔ ٹیڑھے نشان جو کپڑے پر ہوتے ہیں ۔ **کٹاریا** ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس میں آڑی سی دھاریاں ہوتی ہیں ۔ **کٹاری دار** ۔ آڑی دھاریوں کا ۔ **کٹاری کی کوڑی** (مو) وہ موٹی نوک جو کٹاری کے سرے پر ہوتی ہے ۔

کٹانا :- (ف) اگلے زمانے کا روزمرہ ہے ۔ آج کل کٹوانا بھی بولتے ہیں ۔ ع آتش

کس خوشی سے دوڑ کر عاشق کٹاتے ہیں گلا

کٹاؤ (مذ) کاٹنا (پانی کا کٹاؤ) (کپڑا سینے میں گلکاری) آرش (آتشبازی کا کٹاؤ) کاٹ کرنا ۔ زخم ڈالنا ۔ **کٹائی** (مو) فصل کٹنے کے دن ۔ کٹائی کرنا فصل کاٹنا ۔ تراشنا ۔ قطع کرنا ۔

کُٹائی :- (ف ۔ مو) کوٹنے کی اُجرت ۔ کوٹنا (مار کے ساتھ) پیٹنا ۔ ایک دوسرے کو مارنا (مار کٹائی)

کٹ پھُڑوا :- (ف ۔ مذ) کھٹ پھوڑا ۔ ایک سبز رنگین خوشنما پرندہ جس کے سر پر کلغی اور دم چھوٹی ہوتی ہے ۔ لکڑی اور درختوں پر رینگتا ہے لکڑی کو چونچ سے بجاتا ہے ۔ کھٹ بڑھئی ۔ ہُدہُد ۔

کٹ پیس :- (مذ ۔ انگ) تھان کے بچے ہوئے ٹکڑے جن میں کوئی عدد تیار نہ ہو سکے ۔

کٹی کٹی باتیں :- طعن طنز کی بات چیت ۔ **کٹی کہنا** ۔ ایسی بات کہنا جس سے دوسرے کی بُرائی نکلے ۔

کٹر :- (ا) بے رحم ۔ کٹھور ۔ سخت دل (لک) متعصب ۔

کُٹر کُٹر :- (ف ۔ مو) کسی سخت چیز کے چبانے کی آواز ۔ **کٹر کٹر چبانا** ۔ چباتے ہوئے کٹ کٹ کی آواز آنا ۔

کٹرا :- (ف ۔ مذ) چھوٹا سا کوچہ ۔ منڈی ۔ چوک ۔ بھینس کا نر بچہ ۔ **کٹری** (مو) دریا کے کنارے کی زمین ۔ بھینس کا مادہ بچہ ۔

کٹکٹانا :- (ف) دانت پیسنا ۔ کچکچانا ۔ کسی پر غصہ کرنا ۔ **کٹکٹی** ۔ (مو) کچکچی ۔ دانت پیسنا ۔

کٹکی :- (ف ۔ مو) ایک کڑوی دوا کا نام ۔ مچھر ۔ پسو ۔ دانتوں سے ڈور وغیرہ کو کاٹنا ۔ ڈور پر دانت کا نشان لگانا ۔ **کٹکی لگنا** ۔ ڈور کا بیچ میں سے کٹ کر کمزور ہو جانا ۔

کٹم :- (ف ۔ مذ) قبیلہ ۔ خاندان ۔ پروار (ہندو روزمرہ)

کُٹنا: مردوں اور عورتوں سے جوڑنے والا - بھڑوا - کٹناپا (مذ) مرد و عورت کو آپس میں ایک دوسرے سے جوڑنا - بھڑوا پن - کٹنی (مو) نیز کُٹنا - کوٹا جانا (قیمہ کُٹنا) پٹنا - مار کھانا - کٹوانا (متعدی) کسی سے کٹنے کا کام لینا - تھپڑ پڑوانا -

کَٹنا: (ہ) ذرشتا - قطع ہونا - قتل کیا جانا (سر کٹنا) کسی دھار سے جسم پر زخم یا نشان پڑنا - دور ہونا - الگ ہونا (جھگڑا کٹا) پانی کے زور یا بہنے سے بہہ جانا - شرمندہ ہونا - ذلیل ہونا - ساتھ سے جدا ہونا - بچھڑنا - گزرنا - وقت گزرنا - تمام ہونا - بسر ہونا (تارے گنتے رات کٹی) طے ہونا - انجام کو پہنچنا (بس دشواری سے راستہ کٹا) جیب میں چوری ہو جانا (جیب کٹ گئی) ریل گاڑی کا ڈبہ ٹرین سے جدا کیا جانا - بٹّہ کا لگنا یا چھپکا پڑ جانا - بے جا صرف ہونا - (اس کام میں ان کا بڑا روپیہ کٹ رہا ہے) وضع ہونا - منہا ہونا - رستہ چھٹنا - راہ کا جدا ہونا - شدت سے پڑنا (غضب کی سردی ہے برف کٹ رہی ہے) کترانا - بچ کر چلنا - حسد کرنا - رشک کرنا - جلنا - پتنگ کا دوسرے پتنگ کی ڈور سے رگڑ کھا کر ٹوٹ جانا - ٹکڑے ہونا (نام کٹنا) نکلنا (اس دریا سے یہ سب نہریں کٹتی ہیں) کٹنا مرنا - بات پر آکے اپنا نقصان کرنا -

کٹواں: کٹے ہوئے - (کٹواں کناروں کی رکابی) جو سود کے حساب سے یا بھاری کم یا زیادہ دیتے ہیں - کٹا پانی جو نالی کے ذریعہ پہنچایا جائے -

کٹوانا: (ہ) کسی سے کٹنے کا کام لینا - بھڑوں وغیرہ کو ڈنک مارنے کا موقع دینا -

کٹوتی: (مو) منہائی - مجرائی - تکرائی وغیرہ کا حق - (کٹوتی کاٹ کر باقی بخش دے جاؤ) -

کٹورا: (ہ - مذ) پانی پینے کا پیالہ - آباد - خوب بسا ہوا (یہ شہر تو جنگل کٹورا بن رہا ہے) کٹورا بجنا یا کھنکنا - نہایت آباد ہونا - رونق ہونا - کٹورا چلنا یا کٹورا آنا - منتر کے زور سے چور معلوم کرنے کے لیے کٹورے میں ناموں کی پرچیاں رکھ کر پھرانا - کٹورا ٹھہرنا - مذکورہ طریقے سے کٹورے کا چور کے سر پر ٹھہر جانا - کٹورا سی آنکھیں (مو) گول اور بڑی آنکھیں - کٹوردان (مذ) وہ ڈھکنے دار برتن جس میں روٹی وغیرہ رکھتے ہیں - کٹوری (مو) چھوٹا کٹورا - جھنڈے کے اوپر کی کلغی - انگیا کا وہ حصہ جس میں چھاتیاں رہتی ہیں - پھول کے ورق کی گول گول گہرائی دار ٹکیاں جو سہاگ پڑے وغیرہ پر ٹکی رہتی ہیں - تلوار کی موٹھ کا وہ حصہ جو پکڑنے کے سرے پر رہتا ہے - کٹورے بجنا یا کھنکنا - دلی میں یہ قاعدہ تھا کہ سقے پانی پلانے کے لیے کٹورے بجاتے تھے - جیسے ہندوؤں کا چھوٹا بجاتے ہیں -

بڑا مجمع ہونا - لطافت لکھنوی

سحر سے کوچہ جاناں میں گرم ہے بازار
کھٹک رہا ہے کٹورا یہاں گجر کی طرح

کٹھ پتلی: (ہ - مو) کاٹھ کی مورتی - تابع - دوسرے کی رائے اور عقل پر چلنے والا - کٹھ پھوڑا (مذ) ایک پرندے کا نام - ہُد ہُد -

کٹھا: (ہ) پانچ سیر تولنے کا پیمانہ - ایک درخت کا نام - زمین کا ایک پیمانہ جو بیگھے کا بیسواں حصہ ہوتا ہے - دیسی آم -

کٹھالی: (ہ - مو) چاندی سونا گلانے کی پیالی - سودا

گداز ایسا ہوا دل دکھا تب و تاب
کٹھالی میں طلا جیسے کہ ہو آب

کٹہرا: (ہ - مذ) لکڑی یا لوہے کی سلاخوں کا احاطہ - جنگلا -

کٹھل: (ہ - مذ) ایک مشہور پھل کا نام جس کی ترکاری بھی پکتی ہے -

کٹھلا: (ہ - مذ) اناج کا گودام - چونا پکانے کی بھٹی - کان کی ہڑی - چھوٹی پٹاری - کوٹھری - کٹھلا چڑھانا - چونا بھٹی میں رکھ کر آگ دینا -

کٹھلا: (ہ - مذ) ایک زیور جو بچے کے گلے میں پہنتے ہیں - وہ شخص جو دوسرے کے ساتھ رہے معشوق و عاشق -

کٹھن: (ہ) سخت مشکل - کڑی - راہ دشوار گزار -

کٹھور: (ہ) سخت سنگدل - بے رحم -

کٹھیا: (ہ) سخت کڑا - ایک قسم کا بادام جس کا پوست سخت ہوتا ہے -

کٹھیا (کٹھار): (ہ - مو) منھ کا بڑا ظرف جو مٹی کا ہو -

کٹی: (ہ - مو) ہندوؤں کا روزمرہ ہے - دو دوستوں کی جھوبری ناراضی - باریک کی ہوئی چیز - کٹیا -

کٹی: (ہن - مو) باریک کٹا ہوا چارہ - کٹا ہوا کاغذ - پر کٹا کبوتر - ایک کلمہ جو لڑکے دوستی قطع کرتے وقت انگوٹھے کے ناخن کو دانتوں سے کھٹک کرکے کہتے ہیں - کٹی کاٹنا - مویشی کے لیے چارہ باریک کاٹنا - کٹی کرنا - یاری توڑنا - خوب مارنا - دوستی ترک کرنا - خوب مارنا -

کٹیا: (ہ - مو) دودھ دوہنے کا برتن - بھینس پکڑنے کا کانٹا - جوان بھینس - بچھڑا بچھڑی - [illegible]

معنی میں بھی بولتی ہیں ۔ (مخاطبے کے وقت)

کٹی انگلی پر پیشاب نہیں کرتا :- ذرا ہمدردی نہیں کرتا ۔

کٹی چھنی (مو) لڑائی جھگڑا ۔ دشمنی ۔ نوک جھونک ۔

کٹیلا :- (ف) دل میں کھبنے والا ۔ دل رُبا ۔ چالاک ۔ بہادر ۔ تیز ۔ کانٹے دار درخت ۔ ایک خاردار گھاس ۔ کٹیلی آنکھ ۔ شوخی بھری آنکھ ۔ دل میں اُتر جانے والی آنکھ ۔

کٹے پر نمک چھڑکنا / نون دینا :- دُکھ پر دکھ دینا ۔ کٹے لگنا ۔ دوسرے کے صرف میں آ جانے کے موقع پر (خفگی اور ہنسی سے) کہتے ہیں (دو روپے بچا رکھے تھے ۔ وہ بھی تمہارے کٹے لگ گئے) کٹے مرنا ۔ لڑے مرنا ۔ آپس میں لڑ لڑ کر مرنا ۔ جھگڑا کرنا ۔

کثافت :- (ع ۔ مو) لطافت کی ضد ۔ گاڑھا پن ۔ گندگی ۔ نجاست ۔ آلودگی ۔ غالب

لطافت بے کثافت جلوہ پیدا کر نہیں سکتی
چمن زنگار ہے آئینۂ باد بہاری

کثرت :- (ع ۔ مو) زیادتی ۔ بہتات ۔ بھیڑ ۔ ہجوم ۔ دُنیاوی تعلقات ۔ وحدت کے مقابل ۔ کثرتِ رائے ۔ رائے کا غلبہ ۔ نصف سے زیادہ کی رائے ۔ کثرت سے ہونا ۔ بہت زیادہ ہونا ۔ کثرت میں ہونا ۔ اکثریت ہونا ۔ زیادہ تعداد میں ہونا ۔

کثیر :- (ع) زیادہ ۔ نہایت ۔ افراط سے ۔ کثیر الاضلاع ۔ بہت سے ضلعوں کی شکل ۔ کثیر العیال ۔ کثیر الاولاد ۔ وہ شخص جس کے بال بچے بہت ہوں ۔ کثیر المعنی ۔ وہ لفظ جس کے بہت سے معنی ہوں ۔

کثیف :- (ع) موٹا ۔ گندہ ۔ ناپاک ۔

کج :- (ف) ٹیڑھا ۔ ترچھا ۔ مرکبات میں معنی بد بھی مستعمل ہے ۔ کج اخلاق ۔ بد مزاج ۔ کج ادا ۔ بے وفا ۔ روکھا ۔ بد خلق ۔ کج ادائی ۔ بے وفائی ۔ بے رُخی ۔ بد خلقی ۔ کج ادائی کرنا ۔ بے مروتی سے پیش آنا ۔ کج باز ۔ بد معاملہ ۔ مفسد ۔ کج بحث ۔ جھگڑالو ۔ نامعقول گفتگو کرنے والا ۔ کج بحثی کرنا ۔ الٹی سیدھی تکرار کرنا ۔ بے ہودہ حجت کرنا ۔ کج پڑنا ۔ ترچھا گرنا ۔ آتش

جب تیر کج پڑے تو اڑے گا نشانہ کیا

کج خرام ۔ ٹیڑھی چال چلنے والا ۔ آسمان ۔ کج خرامی (مو) ٹیڑھی چال ۔ کج خلق ۔ بد مزاج ۔ اکھڑ ۔ کج خلقی (مو) بد مزاجی ۔ اکھڑپن ۔ بے وفائی ۔ کج دار و مریز ۔ ان احکامات کی نسبت بولتے ہیں ۔ جن کی تعمیل مشکل ہو ۔ اُلٹے سیدھے احکام ۔ کج دم (مو) بچھو ۔ کج رائے ۔ جس کی رائے درست نہ ہو ۔ کج رفتار یا کج رو ۔ ٹیڑھی چال چلنے والا ۔ کج فہم ۔ ٹیڑھی سمجھ کا ۔ اُلٹی سمجھ کا ۔ کج کلاہ ۔ ٹیڑھی ٹوپی رکھنے والا ۔ بانکا ۔ معشوق ۔ کج کلاہی (مو) بانکپن ۔ چھیلا پن ۔ ترچھا پن ۔ خود نمائی ۔ کج مج ۔ وہ شخص جو اچھی طرح بات نہ کر سکے ۔ کج مج زبان ۔ وہ شخص جو صاف نہ بول سکے ۔ وہ شخص جس کی زبان بولنے میں اچھی طرح نہ چلے ۔ کج مدار ۔ وہ جو ٹیڑھی چال چلے ۔ (بیشتر فلک کی صفت میں ہے) کج مریز ۔ انکار در پردہ اقرار کی جگہ بولتے ہیں ۔ کج نظر ۔ ٹیڑھی نظر والا ۔ کج نظری (مو) ترچھی نگاہ سے دیکھنا ۔ کج نہاد ۔ بد سرشت جس کی طینت اور فطرت میں کجی ہو ۔ کجی (مو) ٹیڑھا پن ۔ خمیدگی ۔

کجا :- (ف) موقع اور نسبت پر حیرت ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں ۔ جلیل

ہنس دیے سن کے مری موت کجا دلسوزی
پھول تربت پہ چڑھے شمع جلائی نہ گئی

کجات :- (ف) نیچ ذات ۔ کمینہ

کجا :- (ا) مٹی کا بڑا کوزہ (کوزہ کا مونث)

کجاوہ :- (ف ۔ مذ) اُونٹ کی کاٹھی جس پر دو شخص ایک دوسرے کے مقابل بیٹھتے ہیں ۔ کجاوہ کسنا (باندھنا) اُونٹ کی پیٹھ پر دوہری کاٹھی ڈالنا جس میں اِدھر اُدھر دو آدمی بیٹھتے ہیں ۔

کجرانا :- (ف) کجلانا ۔ سانولا ہونا ۔ کجرائی ۔ کاجل ۔ سی ۔

کجری :- (ف) برسات کے ہندی گیت ۔

کجک :- (ف ۔ مو) فیلبانوں کا آنکس ۔

کجکول :- (ف ۔ مذ) زنبیل ۔ بھیک کی جھولی ۔ بھیک کا ٹھیکرا ۔ وہ نوٹ بک جس میں انتخابی شعر یا مضمون وغیرہ درج ہوں ۔

کجلا :- (ف ۔ مذ) کاجل ۔ کجرا ۔ (متروک ہے) کاجل لگانا (متروک ہے)

کجلانا :- (ف) سیاہ پڑ جانا ۔ سانولا ہو جانا ۔ آگ کا بجھ جانا ۔ جب آگ بجھنے لگتی ہے تو اس پر ایک قسم کی سیاہی آ جاتی ہے ۔ اسے کجلانا کہتے ہیں ۔ جھوٹے کوئلے جو پھونکنے سے سرخ ہو جاتے ہیں ۔ جب انھیں پھونکنا بند کر دیں تو ان پر سیاہی

کچل دینا۔ پیس دینا۔ پامال کر دینا۔ موٹا موٹا پیسنا۔ مسل دینا۔ کچل ڈالنا۔ مسل ڈالنا۔ پیس ڈالنا۔ روند ڈالنا۔ کچلنا۔ مسلنا۔ دلنا۔ پیسنا۔ روندنا۔ مارنا۔ پیٹنا۔ بھرکس نکالنا۔ وزنی چیز سے دبا کر یا دھکے سے صدمہ پہنچانا۔ کچلوانا۔ متعدی المتعدی۔

کچلی :۔ (ہ۔ مو) نوکدار دانت جو داڑھوں کے بعد ہوتا ہے (اگلے دانتوں کے پاس) کچلیاں پھوٹنا۔ جب کچل نکلنے والی ہوتی ہے تو اس کے نکلنے کی جگہ درد ہوتا ہے۔ کچلیاں نکلنا۔ کچلیوں کا نمودار ہونا۔

کچوانسی :۔ (ہ۔ مو) بسوانسی کا بیسواں حصہ۔

کچنال :۔ (ہ۔ مو) ایک درخت اور اس کی کلیوں کا نام جو پکانے کے کام آتی ہیں۔

کچور :۔ (ہ۔ مذ) ایک درخت اور اس کی جڑ کا نام۔

کچوری :۔ (ہ۔ مو) ماش کی دال بھری ہوئی پوری جو کڑاہی میں تلی جاتی ہے۔ کچوری سے گال۔ (مذ) پھولے ہوئے موٹے گال۔ کچوری مل۔ موٹا کپڑا۔ چپس۔

کچوکا :۔ (ہ۔ مذ) کوئی نوکدار چیز۔ گوشت میں بھونکنے کی ضرب۔ طعنہ۔ کچوکا دینا۔ کچوکا لگانا۔ خنجر بھونکنا۔ طعنہ مارنا۔ (کُ چ کا)

کچومر :۔ (ا۔ مذ) ایک قسم کا اچار۔ کچومر کر ڈالنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔ تھکا دینا۔ کچومر نکالنا۔ بھرکس نکالنا۔ کچلنا۔ خوب مارنا۔ کچونا۔ چبھونا۔ بھونکنا (سوئی کچونا)

کچھ :۔ (ہ) کسی قدر۔ تھوڑا سا۔ بعض۔ چند۔ قابل عزت۔ صاحب رتبہ ؎ عارف

ایک دو آسمان ڈوبے تو کیا
ہم سمجھتے تھے چشم تر کچھ ہے

کوئی چیز (بھوکا ہوں کچھ کھلوا دیجئے) کوئی بات۔ کوئی مصلحت۔ کوئی راز ؎ غالب

کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے

بالکل۔ مطلق (کچھ خبر نہیں وہ کہاں ہے) اور کوئی بات اور کوئی امر ؎ غالب

کچھ نہیں ہے تو عداوت ہی سہی

(جب مکرر ہو تو) حالت کا جلد جلد بدلنا ظاہر کرتا ہے (گھڑی میں کچھ ہے گھڑی میں کچھ) زہر۔ مہلک چیز (کچھ کھا کر مر گیا) کوئی کی جگہ (ان باتوں سے کچھ کام نہیں نکلے گا) کبھی حسن کلام کے لیے زائد ہوتا ہے ؎

کچھ ایسے سوئے ہیں سونے والے کہ جاگنا حشر تک قسم ہے

کچھ آج سے نہیں۔ ہمیشہ سے۔ کچھ آنسو پچھ گئے۔ کسی قدر تسلی ہو گئی۔ کچھ اتنا فرق نہیں۔ زیادہ فرق نہیں۔ کچھ اصل ہے۔ بے اصل ہے۔ بے حقیقت ہے۔ (دو روپے کی بھی کچھ اصل ہے جو انھوں نے ابھی تک نہیں دیے) کچھ اور۔ اُدھر۔ اِدھر سے چلا آتا ہے اور زائد کے معنی دیتا ہے۔ اور۔ اور بھی۔ اور زیادہ۔ دوسری بات۔ دوسرا امر۔ تازہ۔ نئی طرفہ۔ کچھ اور بات ہے۔ خلاف امید بات ہے۔ ناانصافی کی بات ہے ؎ داغ

وہ اپنے دل میں خوش ہوں یہ ہے بات ہی کچھ اور
شکر جفا و گر نہ شکایت سے کم نہیں

کچھ اور گانا۔ اُلٹا جواب دینا۔ کچھ بسنت کی بھی خبر ہے۔ دُنیا کے حالات سے بھی واقف ہو؟ کچھ کھٹکا تا ہے۔ کثرت اور غفلت کے اظہار کے لیے بولتے ہیں۔ کچھ دال میں کالا ہے۔ کوئی بھید ہے کوئی معاملہ ہے کوئی سبب ہے۔ کچھ نہ کچھ عیب ضرور ہے۔ کچھ دیا ہی آگے آگیا۔ خیر خیرات کے سبب سے بچ گئے۔ کچھ سنا چاہتے ہو۔ کیا گالیاں کھانے کو جی چاہتا ہے۔ کچھ سے کچھ ہو جانا یا ہونا۔ بالکل حالت کا بدل جانا۔ رنگ پلٹ جانا۔ کچھ کا کچھ۔ امید یا خیال کے خلاف۔ کیا سے کیا۔ کچھ کا کچھ سمجھنا۔ اُلٹا سمجھنا۔ کچھ کا کچھ کہنا۔ اُلٹی بات کہنا۔ خلاف کہنا۔ کچھ کا کچھ ہونا۔ بالکل اُلٹی بات ظہور میں آنا۔ کچھ کان میں پھونکنا۔ بہکانا۔ بُرائی کرنا۔ سرگوشی کرنا۔ کچھ نہ کچھ کسی قدر۔ کچھ نہ کر خدا کے غضب سے ڈر۔ اچانک مصیبت کا خیال رکھنا چاہیے خدا جانے کب کوئی بلا آپڑے۔ احتیاط رکھنے کے موقع پر بولتے ہیں۔ کچھ کر دینا۔ کسی قدر کام بنا دینا یا دُور کر دینا۔ کچھ کر لینا۔ بھلائی کما لینا۔ نیکی حاصل کر لینا۔ بدلہ لے لینا۔ کچھ کھا جانا۔ زہر۔ افیون یا سنکھیا کھا جانا۔ کچھ کھا کے سو رہنا۔ زہر کھا کر مر جانا۔ کچھ کھا کے مر جانا۔ خودکشی کرنا۔ زہر کھا لینا۔ کچھ کھانا۔ کوئی زہریلی چیز خودکشی کے لیے کھانا۔ کچھ کہہ بیٹھنا۔ گالی دے بیٹھنا۔ بے ہودہ بات کہہ بیٹھنا۔ کچھ کہنا۔ کوئی بُری بات کہنا۔ گالی دینا۔ تانہ کہنا۔ پیتے ہی لینا۔ کچھ کھو کے سیکھنا۔ نقصان اُٹھا کر تجربہ حاصل کر لینا۔ کچھ گوشہ جھکیے کچھ کمان۔ صلح کے واسطے فریقین سے نرمی چاہیے۔ کچھ گیہوں گیلے کچھ جندرے ڈھیلے۔ بہانہ بازی کی نسبت بولتے ہیں۔ کچھ منہ سے سننا۔ زبان سے گالیاں سننا۔ کچھ منہ سے نکل جانا۔ زبان سے بُرا بھلا نکل جانا۔ کچھ نہ پوچھو یا نہ پوچھیے۔ کہنے کے قابل نہیں۔ شرم خاموشی اختیار کرنے کی بات ہے۔ بڑی قابل تعریف بات ہے۔ کچھ نہ کچھ۔ تھوڑا بہت۔ کوئی نہ کوئی بات۔ کچھ نہ نکلنا۔ اکارت جانا۔ ناکارہ نکلنا۔ کچھ نہ چلنا۔ بس نہ چلنا۔ قابو

میں نہ ہونا - کچھ نہ ہو - کوئی نتیجہ نہ نکلو - کچھ نہیں - خراب ہے - نکما ہے - کوئی بات نہیں - کوئی معاملہ نہیں - ذرا نہیں - بالکل نہیں - کچھ نہیں آتا - بالکل ناواقف اور جاہل ہے - کچھ نہیں گیا - کچھ نقصان نہیں ہوا - کچھ نہیں ہو سکتا - کوئی تدبیر نہیں ہو سکتی - کچھ ہو - جو ہو سو ہو - کوئی پروا نہیں - بہرحال نیک ہو یا بد - کچھ ہو جانا - سایہ یا آسیب ہونا - ولی ہونا - کچھ ہو رہنا - کسی قابل ہو جانا - کوئی ہنر سیکھ لینا - کچھ فیصلہ ہو جانا - کسی قدر کام ہو جانا - کچھ ہیں - کسی قابل ہیں - کسی شمار میں ہیں - کچھ یوں ہی - تھوڑا سا -

کچھار :- (ہ - مذ) دریا کے قریب کی زمین - ترائی جس زمین اکثر شیر رہتا ہے -

کچہری :- (ہ) اجلاس - عدالت - کچہری برخاست کرنا - عدالت بڑھانا - دربار بڑھانا - کچہری چڑھنا - عدالت تک جانا - دربار میں جانا - کچہری کرنا - عدالت میں بیٹھ کر انصاف کرنا - اجلاس کرنا - کچہری کے کتے - عدالت کے ملازم جو رشوت لینے کے لیے کتے کی طرح پیچھے پڑ جاتے ہیں - کچہری گرم کرنا - غل غپاڑا ہونا - کچہری میں اہل معاملہ کا مجمع ہونا - کچہری لگانا - عدالت کرنا - غل مچانا - شور کرنا -

کچھنا :- (ہ - مذ) جانگیا - گھٹنا - کچھنی - مو کچھیا -

کچھوا :- (ہ - مذ) ایک لمبی گردن کے دریائی جانور کا نام - اس کی ہڈی سے ڈھالیں اور کھلونے بناتے ہیں

کچھو کے بچھو :- (ا) بڑوں کی بری اولاد -

کچھیانا :- (ہ - مذ) وہ کھیت جس میں ساگ یا ترکاریاں بوتے ہیں -

کچی :- (ہ - مو) کچا کی تانیث - کچی اسامی - غیر موروثی اسامی - عارضی نوکری - عارضی جگہ - کچی اینٹ (مو) وہ اینٹ جو پزاوے میں نہ پکی ہو - کچی بال - گیہوں یا جو کا سبز خوشہ جس میں دانہ نہ پڑا ہو - کچی بولی - دیہاتی بولی - کچی بہی (مو) وہ بہی جس میں رقم بڑھانے یا گھٹانے کا اختیار ہے - کچی پیشی (مو) مقدمے کی پہلی تاریخ جس میں اپیل کی منظوری یا نامنظوری ہوتی ہے - کچی چاندی (مو) کھری چاندی - کچی شکر - کھانڈ - میلی شکر - کچی رینڈی کی دسترخوان کا ضرر - ناداں اور ناتجربہ کار کی صحبت بدنامی اور بھید کھلنے کا باعث ہوتی ہے - کچی زبان - غیر مستند اور بچے کی بولی - کچی سڑک - وہ سڑک جس پر کنکر نہ کٹے ہوں - کچی سلائی (مو) بنٹو وغیرہ جو پکی سلائی کرنے سے پہلے احتیاطاً کرتے ہیں - کچی سلائی کرنا - لنگر ڈالنا - ٹکیانا - کپڑا کچا کرنا - کچی عمر (مو) لڑکپن - نادانی عمر - کچی کی عمر - کچی کلی (مو) مستورہ کی کنواری لڑکی - کچی کلی توڑنا - کم سن لڑکی سے ہم بستری کرنا - کچی کلی ٹوٹنا - بچپنے میں مرنا - کچی گولیاں کھیلنا - نادان ہونا - بے وقوف ہونا - کچی گھڑی - تھوڑی دیر - کچی لکڑی - کم عمر لڑکا یا لڑکی جو صحبت اور تعلیم کا اثر جلد قبول کرے - کچی نیند - نیند جو پوری طرح بھری نہ ہو - کچے بچے دن (مذ) احتیاط کے دن - حمل کی احتیاط کا زمانہ تاکہ بچہ ضائع نہ ہو جائے - کچے دھاگے میں بندھنا - مطیع و فرمانبردار ہونا - کچے گھڑے پانی بھرنا - نہایت مشکل کام کرنا - مصیبت میں پڑنا - کچے گھڑے کی پینا - نادانی سے کوئی کام کرنا - کچے گھڑے کی چڑھنا - نشے سے مست ہونا - سودائے خام رکھنا -

کچیا :- (ا - مو) کان کی لو - کچیا سی داڑھی - چھوٹی نوک دار بدصورت داڑھی -

کچیا جانا :- (ہ) ہمت ٹوٹنا - جھیپ جانا -

کچیانا :- (ہ) کلا پھوٹنے یا شگوفہ نکلنے کے آثار ظاہر ہونا - کام میں بغیر کسی خاص وجہ کے سستی کرنا -

کچیا ند :- دیکھو کچاہند -

کچیل :- (ہ) میل کا تابع مہمل (میل کچیل) کچیلا - میلا کے ساتھ بولتے ہیں (میلا کچیلا)

کحال :- (ع - مذ) وہ شخص جس کا پیشہ سرمہ بنانا ہو - آنکھوں کا حکیم (اصل عربی لفظ کحال ہے اردو میں کحال بولتے ہیں) جان صاحب

نرگس یہ ڈھیرا دیدہ نہ رو چھیڑو کہیں
آنکھیں بگاڑ دیتا نگوڑا کحال ہے

کحل :- (ع - مذ) سرمہ - انجن - کحل البصر - آنکھوں کا سرمہ - کحل الجواہر (مذ) وہ سرمہ جس میں موتی اور جواہرات ڈالتے ہیں - کحیل - وہ آنکھ جس میں سرمہ لگا ہو -

کد :- (ع - مو) سعی - کوشش - ضد - ہٹ - اصرار - پیچ - کب - کد آ پڑنا - ضد ہو جانا - کسی بات پر اڑ جانا - کد کرنا - ضد کرنا - ہٹ کرنا - کد و کاوش (مو) چھان بین - تلاش - کوشش - کد ہونا - ضد ہونا - پیچ ہونا -

کدارا :- (ہ - مذ) ایک راگ کی راگنی کا نام -

کدال :- (ہ - مذ) زمین کھودنے کا ایک اوزار - کدال بجنا - مکان گرایا جانا - کدال سے فصد کھلواؤ - ہوش میں آؤ - عقل سے کام لو - جب کوئی شخص بے وقوفی کی باتیں کرے

ہے تو اس وقت کہتے ہیں۔ کدال نہ بچاؤڑا کھیت ہمارا۔ زبردستی۔ خالی خولی دعویٰ۔ کدالی (مؤ) چھوٹا کدال۔

کُدانا:۔ دوڑانا۔ اُچھلوانا۔ کدوانا متعدی۔

کَدخدا:۔ (ف) شادی شدہ۔ دیکھیے کتخدا۔

کَدَر:۔ تیرگی۔ کدورت ؎ صبا

مجھ سے نہ تم ملو جو محبت ہے زر کے ساتھ
ممکن نہیں صفائی دل اس کدر کے ساتھ

کَدِر:۔ (ع) میلا۔ تیرہ و تار۔ ؎ رشک

جامۂ تن ہے کدر تب تو وبالِ جاں ہے
کہ بدلوانا ہے پوشاک کو میلا ہونا

کَدَر:۔ (ع۔ مذ) ذلیل۔ کمینے لوگ۔

کُدکڑے لگانا یا مارنا یا کُدکے مارنا:۔ کودتے پھرنا۔ خوب کھیلنا کودنا۔

کُدَکنا:۔ (ا) کودنا۔ اُچھلنا۔ پھاندنا۔

کُدُم:۔ (س) ایک سایہ دار درخت کا نام۔ ایک گھاس۔

کَدُو:۔ (ف۔ مذ) ایک قسم کی گول ترکاری (جسے میٹھا یا گول کدو کہتے ہیں) ایک قسم کی لمبی ترکاری (جسے نمکین کدو یا لوکی کہتے ہیں) طنزاً بڑی نعمت۔ خاک ؎ وزیر

سما گئے مرے سینے میں مثل دل شیشے
تمھارے محتسبو ہاتھ کیا کدو آیا

بچوں کا کاسہ سر (اس معنی میں بہ تشدید دال بولتے ہیں) ذکر۔ عضو تناسل (اس معنی میں بھی بہ تشدید دال مستعمل ہے) کدو دانہ (مذ) پیٹ میں ایک قسم کے کیڑے پیدا ہو جاتے ہیں۔ کدوکش (مذ) ایک آلہ جس پر کدو کو رگڑنے سے اس کے باریک ریشے سے نیچے رکھے ہوئے برتن میں کٹ کر گر جاتے ہیں۔

کُدُورت:۔ (ع۔ مؤ) گدلاپن۔ دھول۔ گرد۔ دل کا غبار۔ ملال۔ دشمنی۔ عداوت۔ سند کے لیے دیکھیے ص ۲۵۸ "میل"۔ کدورت رکھنا۔ کپٹ رکھنا۔ آنا۔ جانا۔ دور

کَدہ:۔ فارسی لاحقہ۔ ظرفیت کے معنی پیدا کرتا ہے۔ (جیسے آتش کدہ۔ غم کدہ) اردو میں مستعمل ہے۔

کِدھر:۔ (ہ) کہاں۔ کس جگہ۔ کس طرف۔ کدھر آیا کدھر گیا۔ آنے جانے کی بھی کچھ خبر نہیں ہوئی۔ کدھر جاؤں کیا کروں۔ کیا تدبیر کروں۔ کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔ مجبوری یا بےکسی کی حالت میں بولتے ہیں۔ کدھر سے۔ کس کام سے۔ کس جگہ سے۔ کدھر کا چاند نکلا۔ جب کوئی دوست مدت کے بعد اچانک آ جائے تو کہتے ہیں کدھر کا چاند نکلا۔ یعنی کہاں سے آ گئے۔

کُڈھب:۔ (ہ) بے ڈھب۔ بے موقع۔ بے طور۔

کُڈھنگ / کُڈھنگا:۔ (ہ) بے ڈھنگا۔ وحشی۔ بداخلاق۔ بدنما

کَذّاب:۔ (ع۔ مذ) نہایت جھوٹا۔ جھوٹوں کا بادشاہ۔

کِذب:۔ (ع۔ مذ) جھوٹ۔ دروغ۔

کَر:۔ (ف) بہرا۔ بہری ؎ ناظم

نہ سنئے اب جو سخن آپ کا وہ گوش ہو کر

کر وہ فعل ماضی کے بعد یہ ظاہر کرتا ہے کہ پہلا فعل پہلے اور دوسرا بعد میں ہوا۔ (وہ آ کر چلا گیا) کبھی رعایت سے اور لحاظ سے کے معنی دیتا ہے۔ (اس معنی کر تمھاری بات صحیح ہے) "کر" مختلف مصادر کے شروع میں آ کر کرنا کے معنی میں تنوع پیدا کر دیتا ہے۔ جیسے "کر بیٹھنا" کسی امر کو بے سوچے سمجھے وقوع میں لانا۔ غلطی سے جلدی میں کوئی کام کر لینا۔ کر جانا۔ کر لینا۔ کر چکنا۔ کوئی فعل اختتام پر پہنچانا۔ کر دکھانا۔ عمل کر کے دکھا دینا۔ کر دھر لینا۔ سب انتظام کر لینا۔ کر دیکھنا۔ آزما کر دیکھ لینا۔ تجربہ کرنا۔ کر رکھنا۔ بس میں لانا۔ انجام دے رکھنا۔ کر گزرنا۔ ضد پر جا رہنا۔ ہٹ سے نہ ہٹنا۔ کسی دشوار کام کو کر کے چھوڑنا۔ کر لینا۔ بیوی بنا لینا۔ (اس نے صالحہ کو کر رکھا ہے) کرنا (کہیں ملازمت کر لو) نقصان پہنچانا (انھوں نے میرا کیا کر لیا؟)

"کر" محصول چنگی۔ خراج۔ مالگذاری۔ ٹیکس۔ جرمانہ۔ تاوان۔ معمول۔ وہ کام جس کا کرنا کسی نے اوپر لازم کر لیا ہو ؎ راسخ

بوسہ دے کر وہ کہتے ہیں
ہمیشہ کو کر نہ ہو جائے

کر باندھنا۔ ہمیشہ کے واسطے کسی بات کا معمول مقرر کر لینا۔ کر بندھ جانا۔ لازم

کَرا:۔ (ہ) کرارا۔ سخت۔

کَرّات:۔ (ع) مرکبات میں مستعمل ہے اور اس کے بعد میں مرّت ضرور لاتے ہیں۔ کرّات و مرّات۔ کئی بار۔ بار بار۔

کَرّار:۔ (ع) بار بار حملہ کرنے والا۔ حضرت علیؓ کا لقب

کَرارا:۔ (ا) سخت۔ کڑا۔ پژمردہ کی ضد (جیسے کرارا پن) کرخت۔ بنا کنا۔ کرکرا۔ جستہ۔ گراں۔ مہنگا۔ ایک مٹھائی کا نام ؎ امیر

خط میں جب ہم نے لکھے اس کے لب شیریں کے وصف
مکھیاں لپٹے بجنے کاغذ کرارا ہو گیا

دلیر۔ جری۔ مزے دار۔ **کراراپن** (مذ) سختی۔ مضبوطی۔ بھربھراپن۔ **کراری**۔ کرارا کا مونث۔ **کراری بات**۔ اور مضبوط بات۔ **کرارے دم**۔ تازہ دم جو تھکا ہوا نہ ہو۔

کَراڑا:۔ (ہ۔ مذ) دریا کا بلند کنارا۔ دریا کے کنارے کا ٹیلہ۔

کِرام:۔ (ع۔ مذ) کریم کی جمع۔ سخی لوگ۔ بزرگ لوگ۔ **کِراماً کاتبین**۔ مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ ہر آدمی کے ساتھ داہنے بائیں دو فرشتے تعینات ہیں جو اس کی نیکیاں اور برائیاں لکھتے ہیں۔

کَرامات:۔ (ع۔ مو) کرامت کی جمع۔ اُردو میں مفرد آتا ہے۔ وہ مافوق العادت بات جو کسی ولی سے ظاہر ہو۔ سرمایہ۔ دولت۔ بڑی چیز۔ عمدگی۔ خوبی۔ بڑائی۔ عظمت۔ ؎ کشتۂ ناز کو کیوں زندہ کریں آ کے مسیح:

تم ہی ٹھکرا دو کہ ہے اس میں کرامات بڑی کیا   داغ

کرشمہ۔ حیرت انگیز بات۔ بادشاہوں اور بزرگوں سے خطاب کا کلمہ ؎ منیر

دے کے چوری بڑھنے کی دولت   دی کرامات نے مجھے عزت

شرم گاہ ؎ شوق

لنگوٹے کو آگے بڑھا لیجئے   کرامات دا آ چھپا لیجئے

کرامات دکھانا۔ معجزہ دکھانا۔ خوبی دکھانا۔ **کراماتی**۔ کرامت والا۔

کَرامَت:۔ (ع۔ مو) بزرگی۔ بڑائی۔ بخشش۔ سخاوت۔ ولی کی مافوق العادت بات۔ انوکھاپن۔ خوبی۔ تعجب انگیز بات۔ **کرامت نامہ** (مذ) بزرگ کا خط۔ والا نامہ۔

کَراں:۔ (ف) تنہا بغیر تنہا اور کنارے کے معنی میں مستعمل ہے۔ بیکراں۔ بے انتہا جس کا کنارہ نہ ہو۔

کَرانا:۔ (ہ) کروانا۔ کام لینا۔ بدوضعی کرانا۔ **کِرانا** (مذ) پنساری کی چیزیں۔ چھاج میں پھٹکنا۔ کوڑا صاف کرنا۔ یا دو جنس کی چیزیں الگ الگ کرنا۔

کِرانچی:۔ (ا۔ مو) اسباب لادنے کی بڑی گاڑی۔

کِرانی:۔ (ا) وہ شخص جو عیسائی ہو گیا ہو۔ کرسٹان (تحقیراً) کرانی۔ اُردو (مو) وہ اُردو جو بگاڑ کر عیسائی بولتے ہیں۔

کِراؤ:۔ (ہ۔ مذ) ایک قسم کا چھوٹا مٹر۔

کُراہ:۔ (ہ) بُرا راستہ۔ ٹیڑھا راستہ۔ ع گر راہ چھوڑ کے تو کچھ بُرے حصین لگے (توبۃ النصوح)

کَراہ:۔ (ہ۔ مو) وہ آواز جو کسی درد کے سبب سے نکلے۔ ہائے۔ آہ۔ **کراہنا**۔ دردناک آواز نکالنا۔

کَراہَت:۔ (ع۔ مو) نفرت۔ بیزاری۔ گھن۔ **کراہتاً**۔ کراہت سے۔ **کراہیت** (مو) کراہت (عوام کا روزمرہ ہے) **کراہت آنا**۔ نفرت آنا۔ بُری لگنا۔ **کراہت کرنا**۔ نفرت کرنا۔ **کراہت کی نظر سے دیکھنا**۔ نفرت کی نظر سے دیکھنا۔

کِرایہ:۔ (ف۔ مذ) بھاڑا۔ مزدوری۔ اجرت۔ **کرایہ اگاہنا**۔ بھاڑا وصول کرنا۔ **کرایہ ادا کرنا**۔ مکان یا سواری کا کرایہ دینا۔ **کرایہ دار**۔ کرایہ کے مکان میں رہنے والا شخص۔ اسامی۔ **کرایہ دار اترنا**۔ مکان میں کرایہ دار کا آ کر ٹھہرنا۔ زندگی کا امید سے ہونا۔ **کرایہ کرنا**۔ کرایہ چکانا۔ بھاڑا ٹھہرانا۔ بھاڑے پر لینا۔ **کرایہ لینا**۔ کرایہ وصول کرنا۔ بھاڑا لینا۔ **کرایہ نامہ**۔ وہ کاغذ جس پر کرایہ کا اقرار لکھا جائے۔ **کرایہ وصول کرنا**۔ بھاڑا وصول کرنا۔ استعمال مکان کی اجرت لینا۔ **کرائے پر چلانا**۔ کرائے پر دینا۔ بھاڑے پر چلانا۔ **کرائے پر دینا**۔ بھاڑے پر دینا۔ **کرایہ کا ٹٹو** (مذ) بھاڑے کا ٹٹو جسے بُری طرح استعمال کیا جائے جو پیار دینے والے کا ساتھی بن جائے۔

کَرب:۔ (ع۔ مذ) غم۔ رنج۔ دُکھ درد۔ تکلیف۔ بے چینی۔

کُربَت:۔ (مو) کرب۔

کَربَڑا:۔ (ہ۔ مذ) سیاہ و سفید رنگ۔ ملی ہوئی شے۔ **کربڑی** (مو) کربڑی ڈاڑھی (مو) سیاہ و سفید ڈاڑھی۔

کَربَلا:۔ (ع۔ مو) عراق کے اس مقام کا نام جہاں امام حسینؑ شہید ہوئے۔ وہ مقام جہاں تعزیے دفن کیے جائیں۔ وہ مقام جہاں پانی میسر نہ آئے۔ قلت۔ کمی۔ (کربلا کر ڈالی رکھی ہے مانگو تو بھی نہیں دیتے) وہ مقام جہاں بہت سے شہید دفن ہوں۔ قربانی۔ عظیم الشان قربانیاں ؎ مولانا محمد علی مرحوم کہ ہر

قتلِ حسین اصل میں مرگِ یزید ہے
اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

کربلا ہونا (دانا): کھانے پینے کی ضروری چیز کی کمی اور پابندی کرنا ہونا ہے اُمانت
ابرو کی دھن میں چاہِ ذقن کا رہا نہ دھیان
پانی کی کربلا ہوئی کعبے کی راہ میں

کربلائے معلّیٰ: تعظیماً وہ کربلا جو عراق میں ہے۔ کربلائی۔ کربلا سے منسوب۔ زائر۔

کربی: (مو) چھوٹی جوار یا باجرے کے پودے (اناج نکل جانے کے بعد)

کرپا: (ہ۔ مو۔ ہندو) مہربانی۔ عنایت۔ دَیا۔ (کرنا)

کرپز: ف حیلہ گر۔ مکار۔ کرپزی (مو) مکاری۔ حیلہ گری۔

کرتا: (ہ) کرنے والا۔ تجربہ کار۔ کرتا دھرتا۔ منتظم۔ نگران۔ بزرگ۔

کرتار: (ہ۔ مذ) پیدا کرنے والا۔ خالق۔

کرتب: کام۔ ہنر۔ سپہ گری کا ہنر۔ تیاری۔ عجیب غریب کام۔ بازی گری۔ مہارت۔ شعبدہ۔ کرتب دکھانا۔ ہنر دکھانا۔ کام دکھانا۔ سپہ گری دکھانا۔ کرتب دیکھنا۔ ہنر دیکھنا۔ فن دیکھنا۔ کرتبی۔ کرتبیا۔ ہنر دکھانے والا۔ فن جاننے والا۔ چالاک۔ شعبدہ گر۔ کرتب کی بنیاد ہے۔ ہر کام مشق سے ہوتا ہے۔

کرتوت: (ہ۔ مذ) بُرے کام۔ حرکات۔ شائستہ بشر جمیع زد و ہشتم ملا ہے۔

کرتہ: (ت۔ مذ) بے کف کی لمبی اور ڈھیلی ہوئی قمیص۔ کرتی (مو) بن آستینوں کا کرتہ۔ جسے عورتیں انگیا کے اوپر پہنتی ہیں۔

کرجانا: (ہ) دھار دار آلے کی دھار کا خراب ہو جانا۔ ٹوٹ جانا ہے شعر
بجلی سی جس پہ سے پڑے شعلہ سیاہ گر گئی
کیا کرکری ہوئی کہ ہر ایک تیغ کر گئی

کرچ: (ترکی۔ مو) ذرا۔ ٹکڑا۔ ریزہ۔ (شیشے کی کرچ۔ پان کی کرچ) (انگ) ایک قسم کی لمبی دو دھاری انگریزی تلوار۔ کرچی۔ ہڈی یا دانت کا چھوٹا سا ریزہ۔ کرچیاں۔ ہڈی۔ چینی یا شیشے کے چھوٹے چھوٹے ریزے۔

کرچھا: (ہ۔ مذ) ایک ڈنڈی والے برتن کا، جس میں گھی پانی گھیتے ہیں۔ کرچھی (مو) چھوٹا کرچھا۔

کرچھلی: (ہ۔ مو) کم قیمت تلوار۔ چھوٹا کرچھا۔

کرخت: (ف) کڑا۔ سخت۔ کرختگی (مو) کڑا پن۔ کرختی (مو) کڑا پن۔ کرخت آواز۔ سخت آواز۔

کردا: (ہ۔ مذ) بٹا۔ دھڑا۔ کٹوتی۔ وہ کمی جو ایک سکے کو دوسرے سکے سے تبدیل کرانے میں ہو۔ نیز پرانی چیزوں کے تبدیل کرانے میں رقم یا وزن کی کمی۔ اناج وغیرہ کے کوڑے کرکٹ کا حق جو کم کیا جائے۔ (نکالنا)

کردار: روشن چلن۔ رول۔ کیرکٹر۔ ڈرامے وغیرہ کے نمایاں افراد۔

کردگار: (مذ) خدائے تعالیٰ۔

کردنی: ف کرنے کے لائق۔ کرنی۔ اعمال۔ کردنی خویش آمدنی پیش۔ برے کام کا برا نتیجہ۔ کردہ۔ کیا ہوا۔ آزمایا ہوا۔ عمل میں لایا ہوا (کا کردہ) کردہ پشیمان ناکردہ ارمان۔ جو کرے وہ پچھتائے جو نہ کرے وہ تمنا کرے۔

کردھنی: (ہ۔ مو) (الگ) سیاہ رنگ وہ ڈورا جو بچوں کی کمر میں ڈال دیتے ہیں کہ پوتڑا نکل جائے۔ ازبند۔ چاندی کی زنجیر جو ہندو لڑکے کمر میں باندھتے ہیں۔ چاندی یا سونے کا گہنا جیسے ہندو عورتیں ساری کے اوپر پیٹ پر پیٹی کی طرح پہنتی ہیں ہے شعر
کافر خطِ ستوا بدن کا
تیری سونے کی کردھنی ہے

کرر کرر: (۱۔ مک) دانت ہلنے کی آواز۔ کُرد کُرد۔

کرڑ کرڑ: (ہ۔ مو) کسی چیز کے چٹخنے کی آواز۔ چرڑ چرڑ۔

کرسٹان: (ا) عیسائی۔ کرسچین۔

کرسمس: (انگ۔ مذ) بڑا دن جو ۲۵ دسمبر کو ہوتا ہے۔ عیسائیوں کا تہوار ہے۔

کرسی: (ع۔ مو) تکیے دار چوکی جس پر دفتر وغیرہ میں بیٹھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا ملک۔ اس کی قدرت اور تخت۔ آٹھواں آسمان۔ حرفوں کے دائروں کا تحریر میں ایک دوسرے کے برابر ہونا۔ مکان یا عمارت کی تہ کی اونچائی۔ خطِ ذاتی۔ پشت۔ پیڑھی۔ زینہ۔ درجہ۔ بلندی جو صحن مکان سے زیادہ ہو۔ بلندی جو چبوترے یا آنگن میں آس پاس کے بالمقابل ہو۔

کرسی دینا مکان کی اونچی دہلیز رکھنا۔ برابر بٹھانا۔ عزت دینی۔ جگہ بخشنا۔ **کرسی زر** - سونے چاندی وغیرہ کے جلوس کی کرسی۔ **کرسی کا احمق** - اردو میں کرسی ایک گالی ہے جس کے معنی بڑے احمق ہوتے ہیں۔ **کرسی نامہ** (مذ) شجرہ نسب۔ شجرہ۔ **کرسی نشین** - دربار میں کرسی پانے والا۔ ذہن نشین (جیسے بات کا کرسی نشین ہونا) مرتبہ اور کامیابی حاصل کرنے والا۔

کرشمہ: (ف - مذ) آنکھ کا اشارہ۔ ناز نخرہ۔ کوئی انوکھی بات۔ شعبدہ۔ کرامات۔ نشان۔ علامت۔

نمونہ ؎ حالی

یہ جھگڑا کوئی ملک و دولت کا تھا وہ
کرشمہ الٰہی حکومت کا تھا وہ

چال۔ حرکت۔ **کرشمہ دکھانا** - انوکھی بات یا عجیب امر کر کے دکھانا۔

کرشن: (س) ہری کرشن مہاراج جو ہندوؤں کے اوتار تھے۔

کرک: (ہ - مو) ٹیس۔ **کرک اٹھنا** - ٹیس اٹھنا۔

کرکٹ: (ہ - مذ) کوڑا۔ گھاس پھوس۔ کوڑے کے ساتھ ملا کر بولتے ہیں (کوڑا کرکٹ)

کرکٹ: (ا - مذ) گیند بلے کا کھیل۔

کرکچ: (ہ - مذ) سمندری نمک۔

کرکر: (ہ - مو) دانتوں کے نیچے ریت آنے کی آواز۔ **کرکر ہونا** - دانتوں کے نیچے ریت آنے کی کیفیت۔ کرکرا۔ کھردرا۔ ریتلا۔ کسکسا۔ نقص۔ **کرکرا کرنا** - کسی چیز میں ریت ملا دینا۔ بگاڑنا۔ بدمزہ کرنا۔

کرکرانا: (ہ) چبانے میں کرکر کی آواز دینا۔ **کرکراہٹ** (مذ) کرکراہٹ۔ **کرکراہٹ** (مو) دانتوں کے نیچے کھردری چیز پسنے کی آواز۔ کرکراپن۔ کرکرا۔ گھی یا تیل میں چنا ہوا خستہ۔ سنکا ہوا خستہ۔ **کرکرانا** - کرکری چیز کھا کر کرکر کی آواز نکالنا۔ چوہے کی طرح آواز نکالنا۔ **کرکراہٹ** (مو) وہ آواز جو کرکری چیز چبانے میں نکلتی ہے۔ خشکی۔

کرکری: (ہ - مو) پیچش۔ مروڑا۔ گھوڑے کے ایک مرض کا نام۔ (کرکرا کا مونث) ملائم اور خستہ ہڈی۔ **کرکری اٹھنا** - پیٹ میں درد ہونا۔ گھوڑے کا پیشاب بند ہو جانا۔

کرکری: (ہ - مو) کھردری چیز۔ ذلت۔ خواری۔ ایک قسم کا ریشمی زرتار کپڑا۔ **کرکری ہونا** - بے عزتی ہونا۔ خواری ہونا۔ بگڑنا۔ **کرکری خانہ** (مذ) جھاڑ فانوس

وغیرہ رکھنے کا مکان۔ وہ مکان جہاں ٹوٹا پھوٹا اور بیکار اسباب رکھا جائے۔

کرکولنا: (ہ) کسی ٹھوس چیز کے اندرونی حصے کو خالی کرنا۔

؎ کبھی کرتے ہیں دل چھلنی خدنگ کی نگاہی سے
کبھی مژگاں کے برموں سے جگر کرکول لیتے ہیں ۔ شاد

کرگا: (ہ - مذ) جلاہوں کے کپڑا بننے کا اوزار یا کارخانہ۔ **کرگا چھوڑ تماشے جائے ناحق چوٹ جلاہے کھائے** - اپنا کام چھوڑ کے اوروں کی ریس میں نقصان ہوتا ہے۔

کرگدن: (ف - مذ) ہاتھی جیسا ایک جانور۔ گینڈا جس کی کھال سے ڈھال بناتے ہیں۔

کرگس: (ف - مذ) ایک گوشت کھانے والا پرندہ۔ گدھ۔

کرم: (ع - مذ) ہمت۔ جوانمردی۔ سخاوت۔ بخشش۔ عنایت۔ مہربانی۔ معافی۔ **کرم پیشہ** - جوانمرد۔ سخی۔ **کرم فرما** - عنایت کرنے والا۔ تشریف لانے والا دوست۔ **کرم فرمانا** - عنایت کرنا۔ تشریف لانا۔ رحم کرنا۔ فضل کرنا۔

کِرم: (ف - مذ) کیڑا۔ کچوا۔ رینگنے والا کیڑا۔ **کرم پیلہ** - ریشم کا کیڑا۔ **کرم خوردہ** - وہ کپڑا جسے کیڑا کھا گیا ہو۔ پھٹا ہوا۔ بوسیدہ۔

کرم: (ہ - مذ) ہندی میں جو اردو میں بھی مستعمل ہے قسمت بھاگ۔ **کرم پھوٹنا** - تقدیر کا پھوٹنا۔ **کرم پھوٹنا** - بدنصیب ہونا۔ برا زمانہ آنا۔ بیوہ ہونا۔ رانڈ ہونا۔ بری جگہ شادی ہونا۔ **کرم سینک** - (ا) [illegible] **کرم ریکھ (ریکھا)** (مو) تقدیر کا لکھا۔ **کرم دھنی** - قسمت کا دھنی۔ زبردست نصیب والا۔ **کرم ہین** - بدنصیب۔ قسمت کا ہیٹا۔ **کرموں کو رونا** - بدقسمتی کو رونا۔ افسوس کرنا۔

کرم اللہ وجہہ: (ع) حضرت علی کے نام کے ساتھ مستعمل ہے۔ اصلی معنی ہیں خدا نے اس کے چہرے کو کرم کیا۔ چونکہ آپ نے قبل اسلام کبھی بتوں کو سجدہ نہیں کیا تھا۔ اس لیے یہ لقب ملا ؎ رشک

ہے بے وجہ کیا کرم اللہ وجہہ
تھی بجز خدا جبہہ سائی علی کی

کرم کرم: (ا - مو) کسی کرکری یا کھرکھری چیز کے چبانے کی آواز۔

کرمک شب تاب: رات کو چمکنے والا کیڑا۔ جگنو۔

کرم کلا: (ا - مذ) ایک قسم کی گوبھی جس میں پھول نہیں ہوتا۔

کَرَل:- (ھ - مذ) کانوں کے نیچے کا ورم - عموماً فعل جمع استعمال کرتے ہیں (ان کے کرل ہو گئے ہیں)

کَرَن پھُول:- (ھ - مذ) کان کے ایک زیور کا نام - آویزہ

کِرَن:- (ھ - مو) شعاع جو آفتاب اور چاند سے نکلتی ہے - (پھوٹنا - پھیلنا - نکلنا) گوٹے کا ریزہ جو بھاری دوپٹوں کے آنچلوں یا کامدار ٹوپی پر لگاتے ہیں - کبھی قبضۂ شمشیر کے کنارے اور جوتی کے حاشیہ پر بھی لگائی جاتی ہے (ٹانکنا - لگانا کے ساتھ)

کَرنا:- بنانا (اس کے دو ٹکڑے کیے) مارنا - چلانا (دو دو ہاتھ کرنا) انتظام کرنا (ایسا کرو کہ سب روپیہ مل جائے) شغل رکھنا (آجکل کیا کرتے ہو) افسوں کرنا - جادو کرنا (ان پر تو کسی نے کچھ کر دیا ہے) کارخانہ یا کاروبار کھولنا (دکان کرنا) حل کرنا (اتنی دیر میں ایک سوال کیا) ٹھہرانا - طے کرنا - (دس روپے میں گاڑی کی ہے) رکھنا - ڈالنا - بھرنا (لوٹے کا پانی پیالے میں کر دو) عوام روشن کرنے کے معنی میں بھی بولتے ہیں - (چراغ کرنا) کاٹنا - ذبح کرنا (آج اس بیلے گھانے کی ہے) جلانا - جھلنا (پنکھا کرنا) ادا کرنا - بجالانا (سلام کرنا - تعظیم کرنا) استعمال میں لانا - اثر کرنا (اس دوا نے یہ کیا کہ نیند آگئی) تیار کرنا - شروع کرنا (دکان کرنا) فرض انجام دینا - مقدمہ سُننا - اجلاس کرنا - (پانچ گھنٹے روزانہ کچہری کرتا ہوں) پکانا - ریندھنا (روٹی کرنا) منت ماننا (خدا سے یہ نذر کی ہے) لوگوں کو کھلانا (دعوت کرنا) جماع کرنا - کر نہ ڈر نہ کر تو بھی ڈر - جب کسی بے گناہ پر کوئی الزام ہو اس وقت بولتے ہیں - خدا تعالیٰ سے ہر وقت ڈرنا چاہیے - کرتے دھرتے بن نہیں پڑتی - کچھ کام نہیں ہو سکتا - کچھ کرتے بن نہیں پڑتا - کرنے کی سب بدیا ہے - عمل کرنے سے کامیابی ہوتی ہے - کر جائے داڑھی والا پکڑا جائے مونچھ والا - کسی کا قصور اور کسی کو سزا - کر سیوا کھا میوہ - خدمت سے عزت ملتی ہے - کر کے - کرنے کے بعد - کرنا خدا کا کیا ہوتا ہے - یہ عجیب واقعہ پیش آتا ہے - کرنا دھرنا - سب انتظام کرنا - کروانا - کرنا کا متعدی - کوئی کام درست کرانا - کام بنوانا - کام لینا - مجامعت کرانا - نقصان پہنچوانا - سزا دلوانا - (کیا کروا لیا شکایت کر کے)

کِرنا:- (ھ) باڑھ مرنا - کرجانا - باڑھ میں دندانے پڑنا -

کَرَنا:- (ف - مو) بگل - نفری ~ ذوق

پہنچی یہ تغنیج کی نوبت کہ نوبت خانے میں
لیتی ہے جی کھول کر کیا کیا ڈکاریں کرنا

کِرَنٹا:- (ا) کرستان - عیسائی - کِرانی -

کَرَنجا:- (ھ) نیلی پتلی کا - بلی کی سی آنکھوں والا - کرنجی آنکھیں - (مو) بلی کی طرح بھوری بھوری آنکھیں -

کَرَنجوا:- (ھ - مذ) ایک خاکی رنگ کا پھل اور اس کا درخت - خاکی رنگ - ایک قسم کی آتشبازی -

کُرَنڈ:- (ھ - مذ) ایک قسم کا پتھر جو ہتھیار تیز کرنے کے کام آتا ہے -

کَرَنڈی:- (ھ - مو) کچے ریشم کا بنا ہوا کپڑا - سر کی چادر

کَرَنسی:- (انگ - مو) نقد - سکہ - روپیہ - پیسہ نوٹ -

کَرَنی:- (ھ - مو) اعمال - افعال - کرتوت - راج کے ایک اوزار کا نام - وہ آلہ جس سے دیوار وغیرہ پر مسالہ لگایا جاتا ہے - کنی

کَرَنیل:- (انگ - مذ) رجمنٹ کا اعلیٰ افسر

کَرَوا:- (ھ - مذ) مٹی کا ٹونٹی دار برتن - بدھنا -

کَرَوبی:- (ع - مذ) فرشتہ مقرب - کروبیاں (مذ) جمع کروبی کی - وہ فرشتے جو بارگاہ خدا میں زیادہ قریب سمجھے گئے ہیں

کَرَوٹ:- (ھ - مو) پہلو - طرف - جانب - ڈھنگ - طور انقلاب - کروٹ بدلنا - ایک پہلو سے دوسرے پہلو لیٹنا - زمانے کا پھر جانا - دشمن سے جا ملنا - کروٹ لینا - اس پہلو سے اس پہلو ہونا - رُخ پلٹنا - منہ پھیرنا - انقلاب ہونا - کروٹ نہ لینا - خبر نہ ہونا - بھول کر بھی یاد نہ کرنا - واپس نہ پھرنا - کروٹوں میں رات کٹنا - بیقراری اور بے چینی میں رات گزارنا - آنکھوں سے نیند اڑ جانا - بستر پر بے قرار رہنا - آرام سے نہ سونا - تڑپنا -

کِرَودھ:- (ھ - مذ) غصہ - غضب - خفگی - تیہ - کرودھی - غصیل - غضبی -

کَرَوڑا بنانا:- (ھ) ترجیح دینا ~ منیر

غیروں کو مجھ پہ آپ کروڑا بناتے ہیں
طالب میں ایک کا ہوں نہ خواہاں کروڑ کا

کَرَوڑ:- (ھ) (ط) سو لاکھ کی تعداد - کروڑپتی - کروڑ روپے کا مالک - بڑا بھاری مالدار - کروڑا - بڑا عہدہ دار - کروڑ کی ایک - وہ بات جو کروڑ باتوں کا خلاصہ ہو - نہایت پتے کی اور کھری بات - کروڑوں - بے شمار -

کَرّوفَر:- (ع - مذ) رعب۔ شان - دھوم - ٹھاٹھ۔

کَرولنا:- (ہ) کھرچنا۔ اندر سے نکالنا۔

کَروندا:- (ہ - مذ) ایک قسم کے کھٹے پھل اور اس کے درخت کا نام - کان کے پاس کی گلٹی۔

کُروی:- (ع) گول کرے کی شکل کا۔

کُرَہ (کُ رَ ہ):- (ع - مذ) ہر گول چیز۔ کرۂ آب - وہ پانی جس نے کرۂ زمین کو گھیر رکھا ہے۔ کرۂ آتش - آگ کا کرہ - وہ کرہ جو ہر وقت گرم رہتا ہے۔ کرۂ ارض/خاک - تمام زمین جو گیند کی طرح گول ہے۔ کرۂ باد/ہوا - زمین کے گرد گردی ہوا۔ کرۂ نار - کرۂ آتش۔

کَرہاً:- (ع) کراہت سے - ناگواری سے - طوعاً کے ساتھ مستعمل ہے (طوعاً و کرہاً ایسا کرنا پڑا)

کُرّی:- (ہ - مو) کرکری۔ خستہ (جیسے کرّی ہڈی) لچک دار۔ نرم ہڈی۔

کڑی:- (ہ) سخت - جو دبانے سے نہ ٹوٹے - مشکل (کڑی بات ہے)

کِریا:- (ہ - مو) ہندوؤں کا روز مرّہ ہے۔ تجہیز و تکفین - مذہبی رسمیں۔ قسم - حلف۔ کریا بگاڑنا۔ کریا خراب کرنا - ستی پید کرنا - ذلیل کرنا۔ کریا کرم کرنا - مُردے کی مذہبی رسوم ادا کرنا - مردے کے عزیزوں کا داڑھی مونچھ سر کے بال منڈانا۔ کریا کھانا - قسم کھانا۔

کُریال:- (ہ - مو) پرندوں کا بے کھٹکے خوشی کی حالت میں بیٹھ کر بازوؤں کو کھجانا - راحت و آرام - بے فکری۔ کریال کرنا - پروں کو کھجانا - پرندوں کا خوش ہونا - مزے میں ہونا۔ کریال میں آنا - مزے میں آنا - پھر پھرانا۔ کریال میں ڈھیلا لگانا - مزے میں کھنڈت ڈالنا۔ کریال میں غلہ لگنا - رنگ میں بھنگ ہونا - عین مزے میں کوئی آفت پیش آنا۔

کَریب:- (انگ - مو) ایک انگریزی ریشمی کپڑے کا نام

کُریت:- (ہ - مو) (ہندوؤں کا روز مرہ ہے) بری رسم - برا دستور۔

کُرید:- (ہ - مو) کھود - چھان بین - تلاش - ڈھونڈھ - جستجو - کاوش - کرید کرید کر پوچھنا - کھود کھود کر دریافت کرنا۔ کرید میں رہنا یا ہونا - کسی کی برائی تلاش کرنے میں رہنا۔ کریدنا - کھودنا - کھرچنا - خالی کرنا - پنجوں یا چونچ یا ناخن سے اوپر کا حصہ کھودنا - خلال کرنا - آگ کو تلے اوپر کرنا۔ ہندی کی چِندی کرنا۔ دانے کی تلاش میں پرندوں کا زمین کو تلے اوپر کرنا۔ کریدنی (مو) وہ اوزار جس سے چولھے یا تنور کی آگ الٹ پلٹ کرتے ہیں - خلال کان۔ کھجانے کا آلہ۔ کھٹکا۔ خلش (کرنا کے ساتھ) کھوج کر کے کسی بات کو پوچھنا (پڑنا کے ساتھ)

کُریز:- (ف - مو) پرندوں کا پرانے پر جھاڑ کر نئے پر نکالنا۔ پرندوں کے پر جھڑنے کی حالت۔ کریز میں غلہ مارنا - عیش میں خلل انداز ہونا۔

کَریل:- (مذ) ایک خاردار جھاڑی کا نام جس کا کانٹا بہت زہریلا ہوتا ہے۔

کَریلا:- (ہ - مذ) ایک کڑوی ترکاری جو پکانے سے مزیدار ہو جاتی ہے وہ دام جو کریلے کی شکل کا ہوتا ہے۔ کریلے کی طرح کڑوا - بہت زیادہ کڑوا۔ برے مزاج کا۔ کریلا اور نیم چڑھا - ایک تو بد مزاج تھا اس پر کسی بات نے بدمزاجی کو ابھار دیا - خرابی میں اور خرابی۔

کُریلنا:- (ہ) کھود ڈالنا - تہ و بالا کر دینا۔

کَریم:- (ع) بخشنے والا - گناہ معاف کرنے والا - مہربان - بزرگ - خدائے تعالیٰ کا نام۔ کریم النفس - نیک دل - نیک مزاج - مہربان - بزرگ۔ کریمی (مو) عنایت - مہربانی - بزرگی۔

کریم:- (انگ - مو) چہرے پر ملنے کی خوشبودار چیز - بالائی یورپ میں اس کا نام ہے کہ دودھ تھوڑی دیر آگ پر رکھا رہے اور جب چکنیت کا سفید اور لطیف حصہ اوپر آ جائے تو اوپر سے الگ کر لیا جائے (گذشتہ لکھنؤ۔ شرر)

کَریہہ:- (ع) جس سے نفرت ہو - بھونڈا - بدشکل۔ کریہہ الصوت - بری آواز والا - کریہہ الفاظ - وہ الفاظ جن کا سننا یا بولنا ناگوار ہو - کریہہ منظر - بدصورت - بدشکل۔

کُڑ کُڑ:- (ا - مو) مرغی کے بلانے کی آواز - کُڑ کُڑ۔

کڑا:- (ہ - مذ) مونث کے لیے - کڑی - نرم کا نقیض (جیسے یہ حلوہ کڑا ہے) سخت گیر (کڑا حاکم) بہادر دلاور - تند و تیز (کڑا جواب) تند مزاج - کڑوا - جھنجھل مزاج - کٹھن - دشوار - مشکل سے مصحفی

بیمار کا تمہارے کل دم الٹ گیا تھا
کہتے ہیں آج اس پر پھر شب وہی کڑی ہے

لوہے کا حلقہ - چھلا (انگلیوں کا کڑا) سونے چاندی کا حلقہ جو عورتیں کلائی میں پہنتی ہیں۔ کٹھن - گول ڈاٹ جو صرف چونے

بھتر سے بنانیو اور دلڑ، ہوا اس میں دخل نہ ہو۔ قید کی ذات (دینا لگانا، کھولنا وغیرہ کے ساتھ) جب کسی برتن کے اوپر ڈھکن ڈھکے اس پر گندھا ہوا آٹا لگا کر بند کر دیتے ہیں تو اسے بھی کڑا کہتے (لگانا کے ساتھ) کمر کا مضبوط۔ جھیلنے والا۔ عوام تھنگا کے معنی میں بولتے ہیں۔ (کڑا بھاؤ) **کڑاپن**۔ سختی۔ مضبوطی۔ بہادری۔ تیزی۔ کرارپن۔ **کڑا تاؤ**۔ بہت غصہ۔ **کڑا جواب**۔ سخت جواب۔ **کڑا دن**۔ منحوس دن۔ **کڑا ڈالنا**۔ بند کرنا۔ دروازے کی کنڈی میں کڑا ڈال کر ہمیشہ کے لیے بند کر دینا۔ **کڑا سماں** (مذ) سخت زمانہ۔ تنگ دستی کا وقت۔ **کڑا کرنا** سخت کرنا۔ مضبوط کرنا (دل کڑا کرنا) برداشت کرنا۔ تھنگا کرنا چست کرنا۔ کسنا۔ ہمت بڑھانا۔ دلیر کرنا۔ **کڑا لگانا**۔ بے لکڑی کے ڈاٹ بنانا۔ **کڑا ہونا**۔ سخت ہونا۔ بدمزاج ہونا تھنگا ہونا۔ دشوار ہونا۔ بے رحم ہونا۔

کَڑاڑا:۔ (ہ۔ مذ) ساحل۔ دریا کا کنارا۔

کَڑاکا:۔ (ہ۔ مذ) کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز۔ بھونک۔ فاقہ سخت شدت کا۔ سخت زمانہ۔ **کڑاکا بیتنا**۔ فاقہ ہو جانا۔ **کڑاکے کا جاڑا**۔ چلے کی سردی۔ سخت سردی۔ **کڑاکے کا فاقہ**۔ وہ فاقہ جس میں کھیل تک اڑ کر منہ میں نہ جائے۔

کَڑاہ:۔ (ہ) حلوہ وغیرہ پکانے کی کڑاہی۔ کڑاہا۔ چاشنی کلاں۔ بڑا کڑاہ۔ **کڑاہی** (مو) لوہے کا برتن جس میں حلوہ وغیرہ پکاتے ہیں۔ **کڑاہی باندھنا**۔ جادو کے زور سے کڑاہی کو گرم نہ ہونے دینا۔ **کڑاہی چڑھانا**۔ پکوان کے لیے پکوان چولھے پر رکھنا۔ **کڑاہی چڑھنا**۔ چولھے پر تلنے کے لیے کڑاہی رکھنا۔ جشن کی تیاری کرنا۔ **کڑاہی کرنا**۔ نذر نیاز کے لیے کڑاہی میں کچھ پکانا۔ **کڑاہی میں ہاتھ ڈالنا**۔ اپنی سچائی اور بے گناہی ثابت کرنے کے لیے جلتے تیل میں ہاتھ ڈالنا۔

کَڑبَڑی داڑھی:۔ (ہ۔ مو) وہ داڑھی جس سفید اور سیاہ بال ہوں۔

کَڑَک:۔ (ہ۔ مو) بجلی کی آواز۔ کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز۔ سخت اور مہیب آواز۔ گھوڑے کی تیز روی۔ پٹے بازی یا تلوار کا وہ ہاتھ جو حریف کے سیدھے پاؤں کے بائیں جانب لگائیں۔ کمان کے چھٹنے کی آواز۔ ع

کڑکا ہوا میدان میں کمانوں کی کڑک ہے انیس

کڑک بانکا۔ (مذ) وہ بانکا جس کی آواز سے لوگ ڈر جائیں۔ **کڑک بجلی** (مو) وہ بندوق جس کی آواز نہایت سخت ہو۔ کڑکے کی آواز والی عورت۔ رعب داب کی عورت۔ **کڑک دوڑنا**۔ سرپٹ جانا۔ **کڑک کر**۔ کڑکے کی آواز کے ساتھ۔ **کڑکنا**۔ گرجنا۔ بادل (کڑکنا) بجلی کی آواز نکلنا۔ غصے میں چیخ کر بولنا۔ باجے کا زور سے بجنا۔ تیزی کے ساتھ روانہ ہونا (وہاں سے کڑکا تو یہاں آ کر دم لیا) کمان کے چھٹنے کی آواز۔ **کڑکو**۔ مذ۔ بدمزاج مرد۔ **کڑکو** مو۔ بدمزاج عورت۔

کُڑَک:۔ (ہ۔ مو) وہ مرغی جو انڈے دینے سے رک گئی ہو۔ وہ شخص جس کا زور شور اور غرہ ختم ہو گیا ہو **کڑک ہونا**۔ مرغی کا انڈے نہ دینا۔

کڑکا:۔ (ہ۔ مذ) بجلی کا شور۔ میدان جنگ میں جوش آور کلمات۔ لمبا قصہ جو راجاؤں، بادشاہوں کی سواری کے آگے کڑکیت سناتا تھا۔ بادشاہ اور امرا کی سواری کے آگے نقیبوں کا آواز لگانا۔ بلند آواز سے بولنا۔ **کڑکیت**۔ نقیب۔ کڑکا سنانے والا نقیب۔ ظریف

سنا ہے بادشاہی میں سواری جب نکلتی تھی
تو اس کے آگے اک کڑکیت کہتا چلتا تھا کڑکا

کَڑکَڑ:۔ (ہ۔ مو) سخت چیز کے چبانے کی آواز۔ سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز۔ انگلیوں کے چٹخنے کی آواز۔ چبانا۔ بولنا۔

کَڑکَڑانا:۔ (ہ) گھی یا تیل کے داغ ہونے کی آواز نکلنا۔ بگھارنا۔ دانتوں کا آپس میں رگڑ کھا کر آواز دینا۔ شکایت کرنا۔ **کڑکڑاتا**۔ شدت کا (کڑکڑاتا جاڑا) **کڑکڑاکے** دم مارنا یا آواز نکالنا گلے کا زور سے دم لگانا۔

کُڑکُڑانا:۔ (ہ) انڈے دینے کے دنوں میں یا انڈے دیتے کے وقت مرغی کا بولنا۔ دبی زبان سے حجت یا تکرار کرنا۔

کڑکنا:۔ (ہ) ترقنا۔ کسی کپڑے کا جابجا سے چیخ جانا۔ برتن میں بال آنا۔ وہ چیز جس میں تڑخنے کی صلاحیت ہو (کڑکنا کا فعل)

کڑکناتھ:۔ (ہ۔ مذ) ایک قسم کا پالو مرغ جس کا تمام جسم سیاہ ہوتا ہے۔

کَڑکی:۔ (ہ۔ مو) وہ چیز جس سے بچے چھوٹی چڑیا یا چوہیا پکڑتے ہیں۔

کَڑنگا:۔ (مذ) سخت لو۔ سخت کلام۔ قوی۔ توانا۔ **کڑنگی** (مو) (لک) وہ کنکیا جس کا کانپ تھڈا سخت اور جھول بڑا ہو کہ گھوم نہ سکے۔

کَڑوا:۔ (ہ) سخت تلخ۔ بدمزہ۔ ناگوار (میٹھا میٹھا ہپ ہپ کڑوا کڑوا تھو تھو) تیز تند (کڑوا تمباکو) جھلا (کڑوا) کھوکرا۔ بدمزاج۔ تند خو (کڑوا آدمی) خفا ناخوش۔ ع

منہ ہوا خنجر کا میٹھا جب وہ کڑوا ہو گیا — تنیر

کڑوا پانی (دلی) دفن کے بعد وارثوں کے لیے کڑوی روٹی - حاضری - **کڑوا تیل** (مذ) سرسوں کا تیل - **کڑوا دل کرنا** - دل سخت کرنا - ہمت باندھنا - سختی برداشت کرنا - **کڑوا زہر** - بہت زیادہ کڑوا - زہر کی طرح کڑوا - تیز نمکین - **کڑوا کریلا** (مذ) نہایت بدمزاج آدمی - **کڑوا کریلا اور اس پر نیم چڑھا** - ایک تو چڑچڑے اور بدمزاج تھے دوسرے غصے کی بات نے اور بھی بدمزاجی بڑھا دی - **کڑوا کسیلا** - تلخ اور ناگوار - **کڑوا لگنا** - برا معلوم ہونا - ناگوار گزرنا - تلخی محسوس ہونا - **کڑوا نیم** - مذ بہت زیادہ کڑوا - **کڑوا ہونا** - تلخ ہونا - ناراض ہونا - خفا ہونا - جھلا ہونا - **کڑوا پن** (مذ) تند مزاجی - مزاج کی تلخی - **کڑوانا** - کڑوا ہونا - تلخ ہونا - خفا ہونا - آنکھوں کا نیند کے خمار کے باعث کھٹکنا - **کڑواہٹ** مؤ تلخی کسیلا پن - **کڑوی** - کڑوا کی تانیث - **کڑوی بات** (مؤ) ناگوار بات - **کڑوی روٹی یا کھچڑی** (جس روز کوئی مر جائے اس روز کا کھانا - دلی اور لکھنؤ میں خمیری یا آبی روٹی - بازار کے کباب اس پر پیاز اور ادرک مولی پودینہ وغیرہ کے ساتھ خرید کر موت کے گھر بھیجے جاتے ہیں - مردے کی حاضری - **کڑوی نگاہ** - (مؤ) غصے کی نظر - **کڑوے کسیلے دن** (مذ) سختی کے دن - وہ دن جن میں موسمی بیماریوں کا زور ہوتا ہے - حمل کا آٹھواں مہینہ جو خطرناک ہوتا ہے - **کڑوے کسیلے دن کاٹنا** - گزارنا - سختی کا زمانہ گزارنا - مصیبت کے دن پورے کرنا - **کڑوے گھونٹ** (مذ) ناگوار بات - کٹھن کام - **کڑوے گھونٹ پینا** - ناگوار کو گوارا کرنا - صبر کرنا - **کڑوے نیم کا توتا** - بڑا ذہین - زبان چلانے والا - ہوشیار۔

کڑھانا: (ف) رنج دینا - کلپانا - **کڑھن** (مؤ) رنج و کلفت - کڑھنا - کلپنا - رنجیدہ ہونا - رحم آنا - ہمدردی کرنا - افسوس کرنا -

کڑھاؤ: - (ف - مذ) بڑی کڑاہی -

کڑھاوا: (ف) کشیدہ - زردوزی وغیرہ کا کیا ہوا کام - جوش دیا ہوا - کھنچا ہوا - معطر کیا ہوا - کڑھنا - زردوزی کا کام کیا ہوا - جالی وغیرہ پر سوئی سے بیل بوٹے بننا - **کڑھوائی** (مؤ) کشیدہ کاری کی اجرت - **کڑھوانا** - کشیدہ کرانا -

کڑھی: (ف - مؤ) ایک سالن کا نام جو بیسن دہی اور ہلدی وغیرہ سے پکاتے ہیں - **کڑھی کا سا ابال** (مذ) جلد چلا جانے والا غصہ یا جوش - **کڑھی میں کوکلہ** - اچھی باتوں میں نقص -

کڑی: (ف) کڑا کی تانیث - سخت چیز - قہر آلود (کڑی نگاہ) سخت بات (اس نے جواب میں بہت کڑی کہی) شہتیر - لوہے کا حلقہ - زرہ کا حلقہ - زنجیر کا حلقہ - متکڑی - بکری بھیڑ کے بچے کی ہڈی - سختی - دکھ تکلیف - کاٹنے والی یا تیز و تند چیز (کڑی تلوار - کڑی دھوپ) دلیر عورت - غلہ یا جنس جو گراں ہو - جریب کا ایک حصہ - کٹھن - دشوار - **کڑی آنا** - مصیبت آنا - **کڑی آنچ** - تیز آنچ - **کڑی اٹھانا یا جھیلنا** - سختی جھیلنا - مصیبت اٹھانا - **کڑی آنکھ پڑنا** - قہر یا غصے کی نظر پڑنا - **کڑی بات** (مؤ) سخت زبان - سیاسی زبان - **کڑی پڑنا** - مصیبت پڑنا - **کڑی ٹھوکر** مؤ لغزش - **کڑی جھیلنا** - سختی اٹھانا - مصیبت اٹھانا - **کڑی چوٹ** (مؤ) سخت چوٹ - شدید صدمہ - **کڑی دھرتی** (مؤ) وہ زمین جہاں کے آدمی مضبوط ہوں - بھوت پریت کے رہنے کی زمین - **کڑی دھوپ** (مذ) شدت کی دھوپ - نہایت تیز دھوپ - **کڑی ڈالنا** - مصیبت ڈالنا - **کڑی سنانا** - سخت اور ناگوار بات کہنا - **کڑی سہنا** - سختی جھیلنا - مصیبت برداشت کرنا - **کڑی کا بولنا** - چھت کی لکڑی کا آواز دینا جو منحوس خیال کیا جاتا ہے - **کڑی آنا** - سختی کرنا - **کڑی کمان کا تیر** - نہایت تیز چلنے والا - **کڑی کمائی کا پیسہ** - بڑی محنت کا پیسہ - **کڑی کہنا** - کوئی سخت یا طعن آمیز بات کہنا - **کڑی منزل** (مؤ) دشوار راستہ - سخت منزل - سخت مرحلہ جس سے عہدہ برآ ہونا مشکل ہو -

کڑے: (ف - مذ) کڑا (ہاتھوں کا زیور) کی جمع - مضبوط - صابر ؎

نہیں دم مارتے ہرگز کڑی میں ہیں کڑے جتنے
لب خنجر سے کب شکوہ سنا تشنہ دہانی کا

کڑے تیور (مذ) غصے یا خفگی کی نگاہ - **کڑے دن** مصیبت کے دن جو کاٹے نہ کٹیں - **کڑے کوس** (مذ) مشکل راستہ ؎ آرزو

کوس کڑے تھے چاؤ کے دھوپ میں تیور آ گئے
ہم یہی سوچتے رہے چھاؤں ملے تو بیٹھ جائیں

کڑیاں: - کڑی کی جمع - چھت کے چھوٹے شہتیر -

کڑیل: - آگ رکھنے کے لیے بڑا ٹھیکرا - طاقتور - کڑیل جوان مذ بہت زور آور جوان - پہلوان آدمی

کزلک: (ف - مؤ) تیز چھری جو اکثر ترکی طرز کی ہوتی ہے -

کژ: - (ف) ٹیڑھا - مرکبات میں مستعمل ہے - کج -

کَثردم :- (ف - مذ) بچھو -

کَثرمَثرزبان :- کج مج زبان -

کُس :- (غ - مو) عورت کی شرم گاہ - کسو - قحبہ - بدکار - چھنال - حرام زادی

کَس :- (ف - مذ) آدمی - نفر (ای کس) کس مپرسی (مو) وہ حالت جس میں کوئی پرساں حال ہو کس نے پرسد کہ بھیا کون ہو - اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی کسی کی بات نہ پوچھے - یا اہل کمال کی ناقدری کی جائے - کس و ناکس (مذ) خاص و عام آدمی - اعلیٰ و ادنیٰ آدمی - چھوٹے اور بڑے آدمی - ہر شخص -

کس (ﷲ - مذ) طاقت - امتحان - آزمائش - چاشنی - جوہر (گھی کا کس - سونے کا کس) تلوار کی خمیدگی جس سے اس کی خوبی معلوم ہوتی ہے - مضبوطی - استحکام - اصل ذات - حقیقت کسی رنگ دار چیز کا نکالا ہوا عرق - کسا دکا مخفف - اصل - ذات - عرق - کس بل (مذ) دم خم - زور - طاقت - تلوار کا دم خم - کمانی کا جھک کر پھر اپنی اصلی حالت پر آجانا - کس دیکھنا - سونے کو پرکھنے کے لیے تپانا -

کِس :- (ﷲ) کلمۂ استفہام - کون - کونسے - کون چیز - استعجاب کے لیے ہے غالب

اسد بسمل ہے قاتل کا کس انداز کا قاتل کہتا ہے
کہ مشق ناز کر خون دو عالم میری گردن پر

کس امید - فضول - رائگاں - کس آسرے پر - کس بات پر - کس بھروسے پر - کس خوبی پر - کس چیز پر - ع انیس

کس بات پہ دنیا میں کوئی ناز کرے گا

کس بات پر بھولا ہے - کس گھمنڈ میں ہے - کس بات پر اتراتا ہے - کس باغ کا بتھوا ہے یا کس باغ کی مولی ہے - یعنی کچھ حقیقت نہیں - کسی حساب میں نہیں - کس برتے پر تتا پانی - کس حوصلے یا حقیقت پر شیخی مارتے ہو - کس پر بھولے ہو - کس پر اتنا مغرور ہے - کس پورے پر - کس امید پر - کس بھروسے پر - کس جانور کا نام ہے - کیا حقیقت ہے کس جنم کے کالے تل چابے ہیں (عو) کس زمانے سے مطیع ہوئے ہو جو ذرا سی بھی سرتابی نہیں کر سکتے - اب تک بال سفید نہ ہوئے - کس خدا نے بنایا - کون سی عقل مندی ہے - کس خیال میں ہو - کیا سوچ رہے ہو : کس غلط فہمی اور اور خام خیالی میں ہو - کس کتاب میں لکھا ہے - بے قاعدہ بات ہے - کس چکی کا پیسا کھایا ہے - کس طرح اتنے موٹے ہو گئے - کس حساب میں ہے - اسے کون پوچھتا ہے - محض بے حقیقت ہے - کس درد کی دوا ہے - کس کام کا ہے - کیا فائدہ دے گا - کس شتر بہتر میں پھرتے ہو - کس فکر میں چکر لگا رہے ہو - کس شمار و قطار (گنتی) میں ہے - کوئی نہیں پوچھتا کہ بے چارہ غریب کون ہے کچھ قدر نہیں - کس کی گور کون دھواں کرے - غریب کی خبر کون لیتا ہے - کس منہ سے - کہاں سے ایسا منہ لاؤں جو تمہاری تعریف کے قابل ہو - کس ثبوت پر - کیا ناک لے کر - کس خوبی پر - کس حوصلے سے - کس نے کہا تھا : ہم نے نہیں کہا تھا - کس نے صلاح دی تھی - کس نیند سوتا ہے - کیا بے خبر پڑا ہے -

کَسا :- (ﷲ) تنا ہوا - سخت تنگ - چست - پھنسا ہوا - زین میں کر (کسا تولو) کسا جانا - سونے چاندی کا کسوٹی پر چڑھنا - زین گھوڑے پر باندھا جانا - چست باندھا جانا کسی چیز کا - کسا کسایا - کھینچا ہوا - تیار - چار جامہ باندھا ہوا گھوڑا - گاڑی میں جتا ہوا گھوڑا -

کُسنا :- (ﷲ - مذ) کدال - پھاوڑا -

کَسا :- (ﷲ - مذ) کیکر کی چھال - وہ شراب جو کیکر کی چھال سے بنائی جائے - ایک قسم کا اناج -

کَساد :- (ع - مو) جنس کا نہ بکنا - بازار کا سرد ہونا - کساد بازاری مو بے رواجی و کمی ہونا - بازار کا مندہ پن

کَسالا :- (ﷲ - مذ) تکلیف - سختی - درد - بپتا - محنت - مصیبت - فاقہ - سستی - کاہلی - کسالا اٹھانا - نقصان برداشت کرنا - تکلیف اٹھانا - کسالا کرنا - سستی کرنا - کسالا کھینچنا - زحمت برداشت کرنا - تکلیف اٹھانا -

کَسالت :- (ع - مو) کاہلی سستی -

کَسامَسی :- (ا - مو) تکلیف

کِسان :- (ﷲ) کاشت کرنے والا کھیتی باڑی کرنے والا -

کَسانا :- (ﷲ) کھرے کھوٹے سونے کا امتحان کرانا - پرکھوانا - تلوانا - کھچوانا - تلوار کا کس دیکھنا (جھکا کر) آزمائش کے لیے بیٹروں کا لڑانا - دشواریوں میں امتحان کا آزمانا - کساؤ (مذ) تناوٹ - کھچاوٹ - بدمزگی - کسیلا پن - کساوٹ (مو) تناؤ - کھچاؤ - چستی - تنگی - کمر باندھنے کا انداز - کسوٹی پر سونے کا آزمانا - تلوار کے خمیدہ ہونے کی طاقت -

کَسب :- (ع - مذ) پیدا کرنا - کمانا - پیشہ - کام - ہنر - کرتب - فن - زن فاحشہ کا پیشہ - کسب کرنا

کُسوانا:- (ہ) بد دعا دلوانا - کوسنے دلوانا - کسوانا - پٹوانا - رُلوانا - پچھڑوانا - گمراہ ڈلوانا -

کِسوَت:- (ع - مو) لباس - پوشاک - پھبت -

کَسَوٹی:- (ہ - مو) وہ پتھر جس سے سونے کی پرکھ کرتے ہیں - جانچ - پرکھ - ہر وہ چیز جس پر آدمی کو یا چیز کو پرکھا جائے - کسوٹی پر رکھنا کسنا یا لگانا - پتھر سے سونے چاندی کا کس دیکھنا - آزمانا - امتحان کرنا -

کُسُوف:- (ع - مذ) زمین اور سورج کے درمیان چاند کا آجانا - سورج گرہن -

کَسُول:- کنجی آنکھ کا گھوڑا -

کَسَونجی:- (ہ - مو) ایک درخت کا نام -

کِسی:- (ہ - تنکیر یا عمومیت کے لیے استعمال ہوتا ہے) کوئی چیز - کوئی آدمی - کوئی بات - کوئی ایک - وہ شخص جس کا علم نہ ہو (کسی نے ایسے ہی کہہ دیا ہے) وہ شخص جس کا نام نہ لیں اور قرینے سے اشارہ کر دیں ؎ مومن

بنتے جو دیکھتے ہیں کسی کو کسی سے ہم
منہ دیکھ دیکھ روتے ہیں کس بیکسی سے ہم

کسی نہ کسی - کوئی نہ کوئی ایک نہ ایک - کسی نہ کسی دن - ایک نہ ایک دن - کبھی نہ کبھی کسی موقع پر - کسی کی سے ساتھ کسی سے بدھائی - کسی شخص سے کچھ وعدہ کسی سے کچھ - کسی طرح - کسی طور - کسی پہلو - کسی عنوان - کسی ڈھب - کسی طور - کسی طرح - کسی قدر - تھوڑا - بہت سا - کسی کا - کسی آدمی کا - کسی خاص آدمی کا - کسی کا دیا نہیں کھاتے - آزاد - خود مختار ہیں ذلیل نہیں - کسی کا سلام نہ مجرا - نوکر نہیں - کسی کا کچھ نہیں جاتا - نقصان اپنا ہی ہے اور کا نقصان نہیں - کسی کا کلمہ پڑھنا - کسی کو ہر وقت یاد کرتے رہنا - کسی پر ایمان لانا - کسی کا گھر جلے کوئی تاپے - ایک کی مصیبت دوسرے کی خوشی - کسی کا منہ چلے کسی کا ہاتھ چلے - اگر طاقت ور مارتا ہے تو کمزور گالیاں دے کر ہی اپنا دل ٹھنڈا کر لیتا ہے - کسی کی زبان - کسی کا ہو رہنا - کسی کا غلام بن رہنا - کسی کا وفادار ہو جانا - کسی کو بےگن بیالے کسی کو کودنے - مال مفت کوئی ہضم کر لیتا ہے - کسی کو نہیں سمجھتا - کسی کو خیال میں نہ لانا - کسی کی پرواہ نہ کرنا - کسی کی آگ میں پڑنا یا گرنا - دوسرے کی مصیبت میں پڑنا - کسی کی آئی مجھ کو آجائے - دوسرے کی موت مجھے آجائے - کسی لائق ہونا - کوئی ہنر یا لیاقت حاصل کرنا - کسی کے کیسے میں ٹکے کے ٹکڑے کسی کے پیسے میں پتھر پڑے - (مثل) قسمت والے اور بدنصیب کے عمل میں اور نتیجے میں فرق ہے - کسی نے منہ آرسی میں دیکھا کسی نے آئینہ میں - مختلف طریقے کے کام کرنے سے اگر ایک ہی نتیجہ ہو تو بات ایک ہی ہوتی ہے -

کیسے:- (کلمۂ استفہام) کس شخص کو - کیسے دماغ کس کو اتنی برداشت ہے - وہ کسے کہتے ہیں - کیا وقعت رکھتا ہے - بے وقعت ہے کیا چیز ہے ؎ صبا

اے واعظو یہ باتیں اچھی نہیں تجاہل کی
کوئی جو کبھی پوچھے ایمان کسے کہتے ہیں

کَسّی:- (ہن - مو) چھوٹا پھاوڑا - دو قدم کے برابر - فاصلے کا ایک پیمانہ -

کسے باشد:- (ف) خواہ کوئی ہو - کوئی کیوں نہ ہو -

کَسیا جانا:- (ہ) کسیلا ہو جانا - بے قلعی کے برتن کی چیز میں کسیلا پن پیدا ہو جانا - کسیانا - کسانا -

کَسیرا:- (ہ - مذ) کانسی - تانبے - پیتل وغیرہ کے برتن بنانے والا

کَسیرُو:- (ہ - مذ) ایک قسم کی گھانس کی جڑ جو پھل کی طرح کھائی جاتی ہے - کسیرو کی طرح چھیلا ہوا سر منڈا ہوا صاف سر (کسیرو کے چھلکے پر چاروں طرف بال سے ہوتے ہیں جنہیں چھیل کر کھاتے ہیں)

کَسیس:- (ہ - مذ) ایک صاف دھات جو لوہے اور گندھک سے بنتی ہے -

کَسیلا:- (ہ) بدمزہ جس کا ذائقہ زبان اور حلق کو پکڑے - کسیلا پن (مذ) کساؤ - زبان اور حلق کو پکڑنے والا مزہ - مضبوطی -

کَش:- (ف) مرکبات میں مستعمل ہے - کھینچنے والا - برداشت کرنے والا - جیسے محنت کش (مذ) حقے کا دم - حقے کا گھونٹ - کش مکش (مو) کھینچا تانی - کشاکش - تذبذب - بحیرہ جس سے نکلنا مشکل ہو - چپقلش اور جگہ کی تنگی - کش مکش میں پڑنا - الجھاؤ میں پڑنا - پریشانی میں مبتلا ہونا -

کُش:- فارسی لاحقہ - جیسے محسن کش - اپنے محسن کے ساتھ برائی کرنے والا

کُشا:- فارسی لاحقہ - جلوہ والا - فراخ کرنے والا - دلکشا - مشکل کشا -

کُشاد:- (ف) کشادہ ؏ ادج

باریک جلد، سینہ کشادہ اور سر بلند

(مذ) حل کامیابی - کشادِ کار - مطلب کا حل ہونا - کامیابی ہونا - کشادگی (مو) فراخی - وسعت - چوڑائی - کشادہ - کھلا ہوا - فراخ - لمبا - چوڑا - وسیع - کشادہ پیشانی - اونچے

مانگنے والا ۔ کشادہ دل ۔ بڑے حوصلہ والا ۔ سخی داتا ۔ کشادہ کف ۔ سخی ۔

کَشّاف :۔ (ع) بہت کھولنے والا ۔ بالکل پردہ اٹھا دینے والا (کشاف راز) علامہ زمخشری کی مشہور تفسیر قرآن کا نام ۔

کَشاکَش :۔ (ف ۔ مو) کھینچا تانی ۔ چھینا جھپٹی ۔ دھکم دھکا ۔ تکلیف ۔ تردد ۔ اُن بَن ۔ کسی چیز کا ایک جگہ سے دوسری جگہ بار بار جانا ۔ جیسے ؂

غل تھا کہ برستی ہوئی آتش نہیں دیکھی
یہ کاٹ یہ کس بل یہ کشاکش نہیں دیکھی

کَشاں :۔ (ف) کھینچتا ہوا ۔ کھینچتے ہوئے ۔ کشاں کشاں ۔ بالجبر کھینچ کر لاتے ہوئے ۔

کِشاوَرز :۔ (ف) کسان ۔ کھیتی کرنے والا ۔ کشاورزی ۔ (مو) کھیتی باڑی ۔

کُشایش :۔ (ف ۔ مو) فراخی ۔ کشادگی ۔

کِشت :۔ (ف ۔ مو) کھیتی ۔ زراعت ۔ شطرنج کے شاہ کو ایسے خانے میں ہونا کہ اگر وہاں دوسرا مہرہ ہو تو مارا جاتا ۔ کشت زار (مذ) کھیتی ۔ زراعت ۔ کھیت ۔ کشتِ زعفران (با مضا) زعفران کا کھیت جو نہایت زرد رنگ کا ہوتا ہے اور جسے دیکھ کر (کہتے ہیں کہ) آدمی ہنسنے لگتا ہے ۔

کشت کی صحنک :۔ (ا) ایک قسم کی نذر ۔ عورتیں مراد پوری ہونے کے بعد تو ر مریا کھیر چند پاؤں پر رکھ کر حضرت فاطمۃ الزہرا کا فاتحہ کراتی ہیں ۔

کُشت :۔ (ف) مرکبات میں مستعمل ہے (مذ) قتل و خونریزی ۔ جیسے کشت و خون ۔ کشتم کشتا (مذ) گتھم گتھا ہونا ۔ لپٹ پڑنا ۔

کُشتہ :۔ (ف) قتل کیا ہوا ۔ مٹا ہوا ۔ ستایا ہوا ۔ کشتۂ فراق ۔ عاشق ۔ مفتون ۔ آرزومند (مذ) مقتول کی لاش ۔ پھکی ہوئی دھات (کشتۂ سیماب) کشتہ کرنا ۔ قتل کرنا ۔ دھات مارنا یا پھونکنا ۔ برباد کرنا ۔ کشتۂ محبت ۔ عاشق ۔ کشتہ ہونا ۔ قتل ہونا ۔ فریفتہ ہونا ۔ دھات کا پھکنا ۔ کشتوں کے پشتے لگ جانا ۔ لاشوں کا ڈھیر ہو جانا ۔ کشتوں کا کھیت ۔ وہ مقام جہاں مقتولوں کی لاشیں پڑی ہوں ۔

کَشتی :۔ (ف ۔ مو ۔ زبر زیر دونوں صحیح) ناؤ ۔ شراب پینے کی ایک قسم کی پیالی ۔ مہریں تیل ڈالنے کی پیالی ۔ چوبی مستطیل تختہ جس کے چاروں طرف کگر ہوتی ہے اور اس میں کوئی چیز رکھ کر لے جاتے ہیں ۔ چائے کی کشتی ۔ کاسۂ گدائی ۔ ؂ رشک

قانع ہو آدمی تو برابر ہے قدر میں
کشتی زر و لباس کی کشتی فقیر کی

کشتی بان ۔ کشتی چلانے والا ۔ فوج کشتی جا لگنا ۔ کشتی کا کنارے تک پہنچ جانا ۔ کشتی کا لنگر کرنا ۔ کشتی کا ٹھہرانا ۔ کشتی گھاٹ پر لگانا ۔ اصل منزل یا اصل مقصود تک پہنچنا ۔ کشتی میں ترتیب سے سامان چن کر رکھنا ۔ ؂ غالب

تاؤ بھر کر ہی پروئے گئے ہوں گے موتی
ورنہ کیوں لائے ہیں کشتی میں لگا کر سہرا

کُشتی :۔ (۱ ۔ مو) دو پہلوانوں کا گتھم گتھا ہونا ۔ باہم پہلوانوں کی زور آزمائی ۔ کشتی باز یا کشتی گیر ۔ کشتی لڑنے والا پہلوان ۔ کشتی برابر رہنا ۔ کسی ایک کا دوسرے پر غالب نہ رہنا ۔ کشتی جیتنا ۔ کشتی مارنا ۔ مقابل کو پچھاڑنا ۔ کشتی کرنا ۔ پہلوانی کرنا ۔ ورزش کرنا ۔ کشتی لڑنا ۔ لپٹنا ۔ زور آزمائی کرنا ۔ کشتی مارنا ۔ پچھاڑنا ۔ دے مارنا ۔

کَشِش :۔ (ف ۔ مو) جذب ۔ کھینچنے کی قوت ۔ کھنچاؤ ۔ (دل کی کشش) حرفوں کا کھنچاؤ (جیسے ب کی کشش) ڈھیل ۔ وقفہ (سینہ کی کشش نے گرمی بڑھا دی) کھنچی ۔ تکلیف (کرلی دن کشش اور ہے اللہ سب آسان کرے گا) اَن بَن (آج کل ان دونوں کی آپس میں کشش ہے) رغبت ۔ رجحان ۔ کششِ اتصال (مو) وہ قوت جو جسموں کے اجزا کو باہم پیوستہ رکھنے میں اثر رکھتی ہے ۔ کشش اٹھانا ۔ مصیبت اٹھانا ۔ چپتا کے دن کاٹنا ۔ کششِ ثقل (مو) اس قوت سے مراد ہے جو اجسام کے فاصلے سے ایک دوسرے کی طرف کھینچنے میں اثر کرتی ہے ۔ کششِ مقناطیسی (با مضا ۔ مو) وہ قوت جس کے اثر سے مقناطیس پتھر لوہے کو کھینچتا ہے ۔

کَشف :۔ (ع ۔ مذ) کھولنا ۔ ظاہر کرنا ۔ شرح ۔ اظہار ۔ وہ درجہ جس پر پہنچ کر اولیا اور صوفیوں کو غیب کے اسرار خود بخود معلوم ہونے لگتے ہیں ۔ کشف و کرامات (مو) معجزہ اور تصرف ۔ غیب کا حال معلوم ہو جانا ۔

کَشکول :۔ (ع ۔ مذ) بھیک مانگنے کا پیالہ جو فقرا کے پاس ہوتا ہے ۔ وہ کتاب جس میں مختلف قسم کے تحت مضامین یا اشعار ہوں ۔

کِشمِش :۔ (ف ۔ مو) ایک قسم کے سوکھے ہوئے انگور ۔ کشمشی رنگ ۔ کشمش کا سا رنگ ۔ کشمش کی طرح تنکے (مو) اصل نسل میں عیب ۔

کَشمیر :۔ ایک سرسبز پہاڑی خطہ کا نام جو پنجاب کے شمال میں واقع ہے ۔ کشمیری ۔ کشمیر سے متعلق ۔ کشمیر کا رہنے والا ۔ ناچنے والا لڑکا ۔ کشمیر کی زبان ۔

کَشمیرا :۔ ایک قسم کا اونی کپڑا جس کی کشیرہ و نیاں ۔ ۔ ۔

کوٹ وغیرہ بناتے ہیں۔

کِرشن:۔(ہ۔ مذ) کرشن کنہیا جی کا وصفی نام ۔ ناسخ

اشنان کرشن جی نے کیا ہے جو مدتوں
اب تک اسی اثر سے ہے رنگِ جمن کبود

کُشِندہ:۔(ف) قتل کرنے والا۔ مارنے والا۔

کِشنیز:۔ (ف۔ مذ) دھنیا۔

کُشود:۔(مو) کھلنا۔ فائدہ۔ کامیابی ۔ ذوقؔ

جو کہ امید وا شدہ نہ ہو دل گرفتہ غنچہ
کہ قبول تنگ رہنا نہیں بے کشود ہوتا

کشودِ کار۔ مطلب حاصل ہونا مشکل حل ہونا۔ کشود و بست۔ انتظام۔

کِشوَر:۔(ف۔ مذ) ولایت۔ دیس۔ ملک۔ کشور کشا۔ کشور گیر۔ فاتح۔ بادشاہ۔

کَشِید:۔(ف۔ مو) عرق کھینچنا۔ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) کشیدگی (مو) کھنچاؤ۔ رکاوٹ۔ تنگ رنجی۔ ملال۔ ناراضی۔ کشیدگی ہونا۔ رنجش ہونا۔ دلوں میں رکاوٹ ہونا۔

کَشِیدہ:۔(ف) ملول۔ وہ جس کے دل میں رنج ہو۔ سوئی تاگے سے کاڑھا ہوا (مذ) گلکاری کا کام سوئی کا کام۔ کھنچا ہوا (ابروئے کشیدہ) بلند آواز (کشیدہ قامت) مرکبات میں برداشت کیا ہوا (محنت کشیدہ) کشیدہ خاطر۔ وہ شخص جس کے دل میں رنج ہو۔ ناراض۔ کشیدہ خاطر۔ وہ شخص جس کے دل میں رنج ہو۔ ناراض۔ کشیدہ خاطر رہنا۔ رنجیدہ رہنا۔ کشیدہ خاطر ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ کشیدہ کاڑھنا۔ سوئی کا کام کرنا۔ باریک کام کرنا۔

کَعب:۔(ع۔ مذ) نرد بازی کا پانسہ۔ عدد کی تیسری قوت۔ جیسے ۵×۵×۵ = ۱۲۵۔ عدد پانچ کا مکعب ہے۔ کعبتین (مذ) دو کعب۔ نرد بازی کے دو پانسے۔ ہر دو قبلے یعنی مکہ معظمہ اور بیت المقدس۔

کَعبہ:۔(ع۔ مذ) اہلِ اسلام کا متبرک مکان جہاں حج کرنے جاتے ہیں اور جس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے ہیں۔ کعبے سے پھرنا۔ مسلمان نہ رہنا۔ قسم ہے کعبے کی۔ طرف ہاتھ اٹھانا۔ کعبہ کی قسم۔ کعبۂ مقصود (با ضا) اصل مطلب۔

کَف:۔(ف۔ مذ) جھاگ۔ پھین جو پانی پر ہوتا ہے۔ یا دیگ میں جوش کے وقت اٹھتا ہے یا غصے میں منہ سے نکلتا ہے یا صابن سے نکلتا ہے۔ لعاب۔ تھوک۔ بلغم قمیص کی آستینوں کا اگلا حصہ (مو)۔ ہتھیلی (مذ) ہاتھ۔ کفِ افسوس ملنا۔ نہایت افسوس کرنا۔ کفِ پائی (بے اضا۔ مو) چپٹی ایڑی کی جوتی۔ سلیپر۔ کفچہ (مذ) چھوٹا کف گیر۔ سانپ کا پھن۔ کفِ دریا۔ دریا کے جھاگ۔ کفِ دست میدان۔ چٹیل میدان۔ لق و دق میدان۔ بیابان۔ کفگیر (مذ۔ لک۔ مو) ہانڈی کے اندر سے نکالنے کا ایک آلہ جو چمچے کی طرح گہرا نہیں ہوتا۔ کف لانا۔ لبوں پر کف آنا۔ زیادہ بولنے یا غصے وغیرہ سے ہونٹوں کے کنارے پر جھاگ آنا۔ غصہ آنا۔

کَفگِیرا:۔(ا۔ مذ) وہ بڑی کفگیر جس میں سوراخ ہوتے ہیں اور حلوائی اس سے کڑھاؤ کی چیزیں نکالتے ہیں کفگیرا ہو جانا۔ گھوڑے کی سموں کا پھٹ جانا۔

کَفا جَفا:۔(ا۔ مو) مشکل سے۔ جوں توں کر کے۔ خدا خدا کر کے۔

کُفّار:۔(ع۔ مذ) کافر کی جمع۔

کَفّارہ:۔(ع۔ مذ) خطا یا گناہ کی وہ سزا جو عذاب کم ہونے کے لیے دنیا میں مقرر کی گئی ہے۔ مثلاً وہ جب روزہ توڑ دینے کا گناہ دو مہینے کے روزے یا ساٹھ آدمیوں کو کھانا کھلانا وغیرہ۔ کفارہ دینا۔ گناہ کا جرمانہ دینا۔ گناہ کا جرمانہ ادا کرنا۔ (جو شریعت نے مقرر کیا ہے)

کَفاف:۔(ع۔ مذ) اندازہ۔ روزمرہ کا خرچ جس سے گزارہ ہو سکے۔ روزی۔ وظیفہ۔ تھوڑی آمدنی

کَفالَت:۔(ع۔ مو) ضمانت۔ ضمانتی۔ ذمہ داری۔ بار اٹھانا۔ کفالت نامہ (مذ) ضمانت کی دستاویز۔

کِفایَت:۔(ع۔ مو) کافی ہونا۔ پورا ہونا۔ کم خرچ کرنا۔ بچت۔ جزرسی۔ کفایت سے۔ واجبی خرچ سے۔ کفایت شعار۔ کم خرچ کرنے والا۔ کفایت شعاری۔ کم خرچ کی عادت۔ کفایت کرنا۔ کافی ہونا۔ پورا ہونا۔ بچت کرنا۔ قیمت میں کمی کرنا۔

کُفر:۔(ع۔ مذ) خدا کو نہ ماننا۔ خدا کی ناشکری۔ ضد۔ ہٹ۔ انکار۔ کفر بکنا۔ دین کے خلاف کہنا۔ زندقہ یا ملحدانہ باتیں کرنا۔ کفر توڑنا۔ بے دینی سے دین میں لانا۔ ہٹ توڑنا ضد توڑنا۔ کوئی بات کسی کو مشکل سے منوانا۔ کفر کا فتویٰ دینا۔ کسی کو شریعت کی رو سے کافر قرار دینا۔ کفر کا کلمہ منہ سے نکالنا دین کے خلاف بکنا۔ دین کی ہتک کرنا۔ کفر کچہری (بے اضافہ۔ مو) بُری صحبت۔ کفرانِ نعمت (با ضا۔ مذ) احسان کو بھول جانا۔ نمک حرامی۔ نعمت کی ناشکری۔

کَفش:۔(ف۔ مو) جوتی۔ پاپوش۔ کفش بردار (مذ) غریب خانہ۔ انکسار اپنا مکان۔ کفش دوز

جوتی بنانے والا - موچی - چمار - کفش کن - درگاہوں کا وہ خادم یا وہ دروازہ جہاں لوگ جوتے اتارتے ہیں (کفش کنی)

؎ نصیحت تک

جیب وہ سر ہوئے ہر زائر حیدر کے پاؤں
کفش کن کے سامنے بہتا ہے دریا نور کا

کفش نشین - جوتیوں میں بیٹھنے والا - کم درجے کا -

کفک :- (ف - مو) ہاتھ کی ہتھیلی - پاؤں کا تلوا ؎

کفک پائے نگاریں نے تری اے گل تر
باغ میں آتے ہی لالے کا چمن پھونک دیا — مصحفی

کفل :- (ع - مذ) آدمی یا حیوان کا سُرین ؎ انیس

تیار کفل تنگ کمر سینہ کشادہ

کفِ لسان :- (باضا - ف) دوسرے کی بدگوئی سے زبان کو روکنا - خاموش رہنا -

کفن :- (ع - مذ) وہ کپڑا جس میں مردے کی لاش لپیٹتے ہیں - کفن پر اٹھنا ختم ہے - کفن پر غرق ہونا - کفن پھاڑ کر بولنا / چیخنا - بہت زور سے بولنا - کفن پھاڑ کر نکل بھاگنا - بیتاب ہو کر نکل بھاگنا - کفن چور - وہ چور جو قبر کھود کر مردے کا کفن چرالے - حرام زادہ - شریر - ظالم - کفن سر سے باندھنا یا پہننا - مرنے کو تیار ہونا - موت کا مقابلہ کرنا - کفن سر سے باندھے پھرنا - جان دینے کے لیے ہر وقت تیار رہنا - کفن کا کفنی کرنا - گور گڑھا کرنا - کفنانا - دفنانا - کفن کو کوڑی نہیں - نہایت غریب اور کنگال ہے - کفن کو لگے - بددعا ہے - کفن کے کام آئے - یہ چیز کچھ پاس نہ ہونے کی نسبت سخت ستم کے وقت کہتے ہیں - کفن کھسوٹ - کفن چور - مردوں کا مال کھانے والا - کفن میلا نہ ہونا - دفن ہوئے اور مرے ہوئے زیادہ عرصہ نہ گزرنا - کفنانا - مردے کو کفن میں لپیٹنا - کفنی (مو) وہ کپڑا جو مردے کے گلے میں دفن کرتے وقت ڈالتے ہیں - ایک قسم کا فقیروں کا لباس کرتہ یا بے سلا ہوا - نوزائیدہ بچے کا وہ کپڑا جو بچے کے گلے میں اس خیال سے ڈالتے ہیں کہ وہ مدت تک زندہ رہے - کفنی پہننا - فقیر ہونا - مرنے کو تیار ہونا -

کفو :- ایک جنس کا ہم قوم - برابر کا - میل کا - (تلفظ کُفْ)

کفیل :- (ع) ذمہ دار - ضمانت لینے والا - کفیل ہونا - ذمہ دار ہونا -

ککر :- (انگ - مذ) باورچی - کھانے پکانے والا -

ککر :- (ہ - مذ) کوکر کتا - ککر بسیرا - تھوڑا آرام -

ککر چالا - دکنی - ککر متا - درختوں کے تنے یا گندی جگہوں پر برسات میں اُگنے والی چھتری - سانپ کی چھتری / جنگلوں کا چھتا - کھمبے دو طرح کے ہوتے ہیں - مہلک اور بے ضرر - بے ضرر ککر متوں کے نام کھمبی دھرتی کے پھول - ککن دھوریا - ککن دھول - بھوپھوڑ - ککر پھول ان میں سے بعض پکا کر کھائے جاتے ہیں -

ککرالی :- (ہ - مو) کھرالی - بغلی پھوڑا جو ایک نکلنے کے بعد پے در پے سات نکلتے ہیں -

ککروندا / ککروندھا :- (ہ - مذ) ایک خودرو پودا جس کے پتے ولایتی پالک کی شکل کے ہوتے ہیں اور گندے مقامات پر اگتا ہے - اس کے عرق میں بو اور زخم کا خون بند کرنے کی تاثیر ہے -

ککڑ :- (ہ - مذ) حقے کا بنا ہوا تمباکو جو بھر بھرا ہو - بے نیچے کا حقہ - مجازاً دبلا پتلا آدمی - حقیر آدمی - ککڑ باز - بہت حقہ پینے والا - ککڑ خانہ (مذ) تکیہ - بھنگڑ خانہ - جہاں عام لوگ بیٹھ کر حقہ پیتے ہیں -

ککڑ :- (ہن - مذ) مرغ - خانگی - ککڑوں کوں (مذ) مرغ کے بولنے کی آواز - ککڑی (مو) کچے سوت کی چھٹی - مکئی کا بھٹا - آک کا ڈوڈا - مرغی - ککڑی ہو جانا - سمٹ کر ذرا سا ہو جانا - اینٹھ جانا -

ککڑی :- (ہ - مو) ایک قسم کی ترکاری - کھیرا - ککڑی کا چور - معمولی سی چیز کا چور - لُٹیا چور - ککڑی کھیرا کرنا - بات بات پر کسنا - ککڑی کے چور کی گردن نہیں مارتے - چھوٹی سی خطا پر بڑی سزا نہیں دیتے -

ککڑی :- (مو) چھتا (مکھی) کا چھتا - شہد کی مکھیوں کا خانہ دار گھر جس کا شہد نچوڑ لیا گیا ہو -

ککیانا :- (ہ) بندر کا چلانا - چیخنا -

ککیرا :- (ہ - مذ) ایک قسم کا پان -

کگر :- (ہ - مو) کنارہ - حاشیہ - سلامی دار چھت کے ...
کنارہ - دھار - باڑھ -

ککن :- (ہ - مذ) آسمان ؎ ولی دکنی

کیوں ہو سکے جہاں میں ترا ہمسر آفتاب
اس حسن کے ککن کا ہے اِک اختر آفتاب

کل :- (ہ) کالا کا مخفف - صفائی سابقہ - کل بوٹیا (مذ) ایک کبوتر جس کا پوٹا کالا ہوتا ہے - کل جبھا (مذ) کالی زبان والا - جس کو کوسنا بہت جلدی لگتا ہے - کل جبھی - مونث کے لیے (لک جبھی کا تلفظ ہی سے کل جبا جبی) کل چڑا

(مذ) ایک خوش آواز پرند کا نام۔ کلچڑی۔ مادہ کے لیے۔ کل چونچا۔ کالی چونچ کا کبوتر۔ کل دُمّہ (مذ) کالی دُم والا پرندہ۔ وہ پتنگ جس کے پیچھے کا حصہ کالا ہو۔ کل سرا۔ کالے سر یا چونچ والا پرندہ۔ کل سری (مو) ایک قسم کی مکھی۔ کل مُنہا (مذ) بہت بدبخت۔ کالے منہ والا۔ کل مُنہی (مو) بدبخت عورت۔ بدنصیب نابکار عورت۔

(۵۔ مو) کام کرنے کا آلہ۔ مشین وہ چیز جس سے دوسرے پر قابو ہو جائے (کل ہاتھ میں ہونا) حکمت عملی۔ کل بگاڑ دینا۔ بیکار کر دینا۔ نکما کر دینا۔ کل بگڑنا۔ کل میں خرابی پیدا ہونا کسی چیز کا نادرست ہونا۔ کل بےکل ہونا بگڑ بچھڑ جانا۔ بے ترتیب ہونا۔ کل پھیرنا۔ کل مروڑنا۔ کل ٹھیک کرنا مشین کو ٹھیک کرنا۔ کل دار (مذ) کل کے ذریعہ بنا ہوا سکہ۔ کل دار بندوق۔ (مو) گھوڑے دار بندوق کل سے بیٹھنا۔ آرام لینا۔ اطمینان سے بیٹھنا۔ کل کا مشین کا بنا ہوا۔ تازہ۔ کل کا پتلا (مذ) کل کے ذریعے سے کام کرنے والا آدمی۔ کل کل۔ توڑ جوڑ۔ بند بند۔ کل کل توڑ دینا۔ جوڑ جوڑ ہلا دینا۔ کل لگانا۔ کسی کام کا آلہ یا اوزار نصب کرنا۔ کل مروڑنا۔ کل موڑنا۔ کل گھمانا۔ مشین چلانا۔ دباؤ ڈالنا۔ کسی کے دل کو ایک طرف سے ہٹا کر دوسری طرف لگا دینا۔ کل ہاتھ میں ہونا۔ کسی پر قابو ہونا۔ کل (مو) آرام۔ چین۔ خوشی۔ طور۔ پہلو۔ ڈھب۔ کل آنا۔ چین پڑنا۔ قرار ہونا۔ اطمینان ہونا۔ کل بےکل ہونا۔ بے چین ہونا۔ کل پانا۔ سکھ پانا۔ اطمینان ہونا۔ کل پڑنا۔ جی ٹھہرنا۔ آرام پانا۔ اضطراب دور ہونا۔ کل نہ ہونا۔ قرار نہ ہونا۔ مضطرب ہونا۔ کل ہونا۔ آرام ملنا۔ چین آنا۔

(۵۔ مو) گذرا ہوا دن۔ آج سے دوسرا دن جو آئے گا۔ قیامت کا دن۔ قریب کا زمانہ۔ کل کا ذکر ہے۔ قریب زمانہ گذشتہ کی بات ہے۔ کل کا لڑکا (مذ) زمانے کا بچہ۔ ناتجربہ کار کلکان کر دیا۔ دق کر دیا۔ کل کس نے دیکھی ہے۔ تاخیر نہ کرو۔ معلوم نہیں۔ کل کیا ہو۔ ابھی کر لو۔ کل کلاں کو۔ آئندہ زمانے میں۔ سنا۔ یا اس کے ہم معنی جملے کے ساتھ بولتے ہیں۔ کل کل کرنا۔ روز کل کے وعدہ پر ٹالنا۔ آج کل کرنا۔ کل کو۔ کل آئندہ۔ پھر۔ کل کیا ہو۔ خدا جانے آئندہ کیا ہو۔ کل کی بات۔ قریب کے گذشتہ زمانے کا ذکر۔ کل کی خبر نہیں۔ خدا جانے آئندہ کیا ہو۔ کل کے جوگی کندھے پر جٹا۔ جب تک کمال نہ ہو وضع اختیار کرنے سے کچھ نہیں ہوتا۔

کُل (ع) تمام۔ سب۔ پورا۔ صوفیوں کے نزدیک خدائے تعالٰے جو واحد مطلق ہے۔ ہر۔ ہر ایک (کل زیور کو دس دس روپے دیئے) صرف۔ فقط۔ سے۔ منبر

ڈھونڈیں نہ رخت تن کو نکیرین قبر میں
کل ایک تار تھا جو شریک کفن ہوا

کُل جمع (مذ) ساری پونجی۔ کل سرمایہ۔ کُل شیٔ یرجع الیٰ اصلہ۔ ہر چیز اپنی اصلیت کی طرف رجوع کرتی ہے۔ کل طویل احمق۔ ہر لمبا بے وقوف ہوتا ہے۔ کل کائنات (مو) ساری دنیا۔ تمام سرمایہ۔ کل بساط۔ کل کلاں۔ سب کا سب۔ کُل مَن علیہا فان۔ ساری کائنات فنا ہوتی۔ کلہم یا کلہم اجمعین۔ مجموعی تعداد ظاہر کرنے کے لیے ہے۔ انیس

سب آزمودہ کار قوی ترجمان ہیں
اور کلہم ادھر تو بہتر جو ان ہیں

کُلیتہً۔ بالکل۔ کُلیّہ۔ عام قاعدہ۔ عام اصول۔ کُلّی۔ پورا پورا۔ مکمل (جس میں کل کا اعتبار ہے) وہ مفہوم جس کے تحت بہت سے افراد ہوں۔ جیسے کتاب۔

کُل (۵۔ مذ) خاندان۔ گھرانا۔ کنبہ۔ ذات۔ قوم۔ کل اُجال۔ خاندان کا نام بدنام کرنے والا۔ کل وَنتی (مو) اچھے گھرانے کی عورت۔

کلا (۵۔ مو) نٹ کی وہ حرکت جس میں سر جھکا کر کے ٹانگیں اوپر کر لیتا ہے (کھیلنا) (ع) انشا

جو کلا کھیلتی تجھ کو تو کسی نٹ سے لپٹ

کلا بازی (مو) ڈھینکلی۔ لوٹنیاں لینا۔ کلّے بازی کھانا۔ نٹ کی طرح لوٹنی کھانا۔ مچلنا۔ بچے کا ہچکیاں کھانا۔ کلا جنگ (مو) کشتی کے ایک داؤں کا نام۔

کلّا (ع) یہ لفظ حاشا کے ساتھ پچھلے کلام کے رد کرنے کے لیے آتا ہے (حاشا و کلا ایسا ہرگز نہیں ہے)

کَلّا (۵۔ مذ) نرخت کی کونپل۔ جبڑا۔ گال۔ لیمپ دلالٹین کا وہ پرزہ جس میں بتی لگاتے ہیں۔ مہرہ۔ بدزبانی۔ زبان درازی (اس کے کلے سے سب ڈرتے ہیں) بلند آواز۔ اس کا بڑا کلا ہے۔ کلا بر۔ کلا لڑنا۔ سامنے ہو کر لڑنا۔ برابری سے جواب دینا۔ کلا پھلانا۔ گالوں میں ہوا بھرنا۔ مغرور ہونا۔ خفگی ظاہر کرنا۔ کلا توڑ۔ قائل کرنے والا۔ دندان شکن۔ کلا توڑنا۔ مغلوب کر دینا۔ کلا کھلا۔ زبان درازی۔ بدزبانی۔ ظاہرداری۔ کلا جبڑا (مذ) رخسارہ۔ گال۔ دعا کی بلند آوازی۔ رعب داب (وہ بڑے کلے جبڑے کا ہے) کلا چلے ستر بلا ٹلے۔ کھانے پینے سے آدمی تندرست رہتا ہے۔ کلا دراز۔ بے ہودہ شور کرنے والا۔ لڑنے والا۔ کلا درازی (مو) شور۔ غوغا۔ بدزبانی۔ گالی گلوچ۔ کلا کرنا۔ شور مچانا۔ بدزبانی کرنا۔ زبان درازی کرنا۔ کلے تلے دبا لینا۔ نگل جانا۔ دوسرے کو دبا لینا۔ کلے پھرنا۔ گول چہرا۔ کلے والی۔ زبان دراز عورت۔ بلند

پیٹ میں قراقر ہونا - کسی نئی بات یا راز پوشیدہ کا دل میں پھرنا - **کلبلاہٹ** - کلبلانے کا اثر -

کُلبَہ: (ف - مذ) چھوٹا گھر - جھونپڑا - کلبۂ احزان (مذ) غموں کا گھر - ماتم خانہ -

کَلَپ: (ا - مذ) وہ اہار جو دھوبی کپڑوں پر لگاتے ہیں - **کلپ دینا** - کپڑے کو اہار دینا - کلف چڑھانا - **کلپ لگانا** - عیب لگانا - کلنک لگانا - کپڑے کو اہار دینا -

کَلَپانا: (ہ) دُکھ دینا - رنج دینا - تڑپانا - کلپ دینا - **کلپنا** - دُکھ پانا - کڑھنا - تڑپنا - کوسنا - بددعا دینا - کلپ دینا -

کِلَٹا: (ہ - مذ) ایک قسم کا کھانچا - وہ لمبا سا ٹوکرا جسے پہاڑی لوگ پیٹھ پر باندھ لیتے ہیں -

کِل جانا: (ہ) منتر سے سانپ کا قابو میں ہو جانا کہ وہ نہ کاٹے - مکان کے کونوں میں منتر پڑھ کے کیلیں گاڑی جانا - تاکہ آسیب کا اثر نہ ہو - جادو کے ذریعہ زبان بندی ہونا - کیلیں جڑی جانا - آنے جانے سے رُک ہو جانا -

کلجگ: (ہ - مذ) وہ زمانہ جس میں گناہ کی کثرت ہو - بہت بُرا زمانہ - کہتے ہیں کہ یہ جگ (زمانہ) حضرت عیسٰے سے تین ہزار دو سو برس پہلے شروع ہوا - **کلجگ آگیا** - چودھویں صدی آگئی - بُرا زمانہ آگیا -

کلچہ: (ا - مذ) چھوٹی خمیری روٹی جو تنور میں پکے - خیمے کا لکڑی کا گٹا جو چوب پر لگا ہوتا ہے - **کلچہ سا** - پھولا ہوا گداز گداز -

کَلَّر: (ہ) بنجر - شور (مو) شور زمین جس میں کچھ پیدا نہ ہو - (مذ) سریہ -

کِلَرک: (انگ) دیکھو کلارک -

کَلَرن: (ہ - مو) جونکیں لگانے والی عورت -

کَلَّڑھ: (ہ) بیوقوف - جاہل (مذ) مٹی کا آب خورہ - کلھیا کا اسم مکبّر -

کَلَس: (ہ - مذ) گنبد کے اوپر کی کلغی - لوہے یا تانبے کا گھڑا - **کلس کا پانی** - لگ دوست دن کا پانی جس سے دلھن کو رخصتی کے وقت نہلاتے ہیں - **کلسا** (مذ) تنگ منہ کا بڑا گھڑا جو تانبے یا پیتل کا ہو - **کلسی** - چھوٹا کلس - (اس مسجد کی کلسی بہت اونچی ہے)

کلغی: (ت - مو) وہ خوشنما پر جو تاج یا ٹوپی میں لگتے ہیں - پرندوں کے سر کا تاج - کلس - طرّہ - فیتہ -

کلف: (ت - مذ) دھوبی کا کلپ - چہرے کی جھائیاں -

چھیپ - چاند کے سیاہ دھبے -

کُلفت: (ع - مو) تکلیف - سختی - بے چینی - کلفت دُور ہونا - تکلیف اور مصیبت جاتی رہنا -

کُلفہ: (ا - مذ) خرفے کا ساگ -

کِلک: (ف - لک - مذ - ولی مو) نیزہ جس کا قلم بناتے ہیں - مطلق قلم - خامہ -

کِلکارنا: (ہ) چیخنا - پکارنا - شور مچانا - **کلکاری** (مو) چیخ - کوک - زور کی آواز - بندر کا چیخ مارنا - **کلکاری مارنا** - چیخ مارنا - چلانا - بندر کا چیخ مارنا -

کلکتہ دکھانا: (ا) بچے کو کھلانے کا ایک طریقہ - اس کے کانوں رکھ کے اپنے سر سے اونچا کر لیتے ہیں اور اسے کلکتہ دکھانا کہتے ہیں - **کلکتیا** - کلکتے کا - **کلکتیا پان** (مذ) ایک قسم کا کڑا پان -

کلکٹر: (انگ - مذ) ضلع کے محکمہ مال کا افسر - حاکم ضلع - **کلکٹری** (مو) ضلع کے مالی افسر کا عہدہ - مالی افسروں کی عدالت - کلکٹر کی کچہری -

کِل کِل: (ہ - مو) بک بک - بے ہودہ حجت - ردّ و کد - تکرار - عورتوں کا بلند آواز سے لڑنا - غل - شور - **کل کل پٹ پٹا** - بکواس - بے ہودہ بک بک - جھگڑا - بکھیڑا - **کل کل کانٹا** (مذ) بچوں کے ایک کھیل کا نام جس میں لکیریں کھینچ کھینچ کر چھپا دیتے ہیں - **کل کل کرنا** - بکواس کرنا - بک بک سے دماغ پریشان کرنا - باہم تکرار کرنا - **کلکلانا** - چڑچڑانا - کاٹ کھانے کو دوڑنا -

کُل کلا: (ا) بہمہ وجوہ لے دے کے - صرف اس قدر -

کَلَکنا: (ہ) بچہ کبوتر کے پرواز میں تیزی کرنا - چوپائے کے بچوں کا میدان میں جست و خیز کرنا - نکلنا - زہرباد کرنا - ~~رنگین~~

تمھاری اشتہا کیا صاف ہے آنا کہ مسہل ہیں
اکیلی اک بھری تم تاب بچھڑی کی کلکتی ہو

کلگی: (ا) دیکھو کلغی -

کلما: (ا - مذ) مسالے ار قیمہ بھری ہوئی بکری کی انتڑی -

کلمات: (ع - مو - مذ) کلمہ کی جمع - کلمہ بات - قول - لفظ - وہ بامعنی لفظ جو آدمی کے منہ سے نکلے - لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ - **کلمۂ الحق** (مذ) سچی بات - کھری بات - **کلمہ بھرنا** - دین اسلام کے رسول کو اعتقاد کے ساتھ زبان سے

نکالنا۔ خدا کا نام لینا۔ کسی کے کمال کا اقرار کرنا۔ بیحد معتقد اور شیدا ہونا۔ **کلمہ پڑھانا**۔ کلمہ زبان سے نکلوانا۔ خدا کا نام لینا۔ اُستاد ماننا۔ اطاعت کرنا۔ نام رٹنا۔ کسی کا نام جپنا۔ بیحد معتقد اور شیدا ہونا۔ توتے کا حق اللہ وغیرہ کہنا۔ **کلمۂ تکبیر** (مذ) وہ کلمہ جس کو خدائے تعالیٰ کو بزرگی کے ساتھ یاد کرتے ہیں۔ **کلمۂ خیر**۔ نیک صلاح۔ نیک بات۔ تعریف کے ساتھ کسی کا ذکر۔ **کلمۂ شہادت** (مذ) وہ کلمہ جس میں خدا کے معبود ہونے اور حضرت محمد صلعم کے بندہ اور رسول ہونے پر گواہی دی جاتی ہے۔ **کلمۂ کفر** (مذ) وہ بات جس سے دین کی مذمت نکلے۔ غرور کی بات۔ **کلمہ گو**۔ مسلمان مومن۔ دعا گو۔ معتقد ؎ امیر

سن لیتے اگر شہرۂ اعجاز بیانی
بُت بھی کلمہ گو تری گفتار کے ہوتے

کلمے کا شریک (مذ) ایک ہی کلمہ پڑھنے والا۔ ہم مذہب۔ دینی بھائی۔ **کلمے کی انگلی** (مو) انگوٹھے کے پاس کی انگلی۔

کلمن
:۔ (ہ۔ مو) ٹیس۔ زخم کا درد۔ درد۔ **کلمنا**۔ کلمن ہونا۔

کلنج
:۔ (ہ) گھوڑے کے ایک عیب کا نام۔ وہ گھوڑا جس کی پچھلی ٹانگیں چلتے وقت آپس میں رگڑ کھاتی ہوں۔ ایک قسم کا شیرازی کبوتر۔

کلند
:۔ (ف۔ مذ) پھاوڑا۔

کلندرا
:۔ (مذ) تربوز۔ ہندوؤں کا روزمرہ ہے۔

کلنک
:۔ (ہ۔ مذ) رسوائی۔ ذلت۔ بدنامی۔ داغ عیب۔ **کلنک کا ٹیکا** (مذ) بدنامی کا دھبا۔ رسوائی کا داغ۔ **کلنک کا ٹیکا لگانا**۔ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔ **کلنک کا ٹیکا لگنا**۔ بدنام ہونا۔ **کلنکی**۔ بدنام۔ داغی عیبی۔ رسوا۔

کلنگ
:۔ (ف۔ مذ) ایک پرند کا نام جس کی ٹانگیں اور گردن لمبی ہوتی ہیں۔ لمبی ٹانگوں والا آدمی۔ اصیل مرغ۔

کلو
:۔ (ہ) کالے رنگ کا آدمی۔ **کلو** (مو)

کلوا
:۔ (ہ) کالا کلوٹا آدمی۔ **کلوا سیر** ایک فرضی کالے رنگ کا مرگھل جسے جادو ٹونا کرنے والا مانتے ہیں۔ **کلوٹا**۔ کالے رنگ کا۔

کلوانا
:۔ (ہ) کھیلنا کا متعدی۔ **کلوائی**۔ کھیلنے کا کام کھیلنے کی اجرت۔

کلوخ
:۔ (ف۔ مذ) مٹی کا ڈھیلا۔ روڑا۔ اینٹ کا ٹکڑا۔ **کلوخ انداز**۔ ڈھیلے مارنے والا۔ وہ سوراخ جو قلعے وغیرہ کی دیوار میں دشمن پر پتھر وغیرہ پھینکنے کے لیے رکھتے ہیں۔ **کلوخ انداز را پاداش سنگ است**۔ خواہ مخواہ چھیڑنے والے کو سخت سزا ملنا چاہیے۔

کلور
:۔ گائے کا بچہ جو جوانی کے قریب ہو۔

کلول
:۔ (مو) جانور کا خوشی سے اُچھلنا کودنا۔ چین۔ مزے۔ **کلول ملنا**۔ مصیبت دور ہونا۔ بلا ٹل جانا۔ **کلول کرنا**۔ جانوروں کا آپس میں خوشی سے اُچھلنا کودنا۔

کلونجی
:۔ (ہ۔ مو) سیاہ بیج جو اچار میں ڈالتے ہیں۔

کلونس
:۔ (ہ۔ مو) کالک۔ سیاہی۔ کلنک۔ داغ۔ بدنامی۔ **کلونس کا ٹیکا** مذ کلنک کا ٹیکا۔ بدنامی۔ **کلونس لگانا**۔ عیب لگانا۔ ہندوؤں کا روزمرہ ہے۔

کلہ
:۔ (ف۔ مو) کلاہ دیکھو کلاہ۔

کلہ شجرہ
:۔ دیکھو کلا شجرہ۔ کلہ۔ دیکھو کلا۔

کلہارنا
:۔ (ہ) دال کا چھلکا جلا کر اتارنا۔

کلہاڑا
:۔ (ہ۔ مذ) ایک اوزار جس سے لکڑی کاٹتے ہیں۔ **کلہاڑی**۔ لکڑی چیرنے کا چھوٹا آلہ۔

کلہڑ
:۔ (ہ) دیکھو کُلھڑ

کلہم
:۔ (ع) دیکھو کل۔

کلھیا یا کلیا
:۔ (ہ۔ مو) چھوٹا سا مٹی کا گول برتن جس میں عطار شربت وغیرہ دیتے ہیں۔ ایک قسم کی آتشبازی۔ چھوٹا سا مٹی کا برتن جس میں پرندوں کا دانہ پانی رکھتے ہیں۔ ننھے چولہے کا برتن جو پاندان میں ہوتا ہے۔ چھوٹی ہانڈی جو بچے پکاتے ہیں۔ **کلھیا سا** صفت۔ ذرا چھوٹا سا۔ **کلھیا لگانا**۔ بھری سینگی لگانا۔ **کلھیا میں گڑ پھوڑنا**۔ چپ چپ کرکے کوئی کام کرنا۔ ناممکن بات کرنا۔ **کلھیاں** (مو) کلھیا کی جمع۔ **کلھیاں بھرنا**۔ ہندوؤں کا دیوی دیوتاؤں کی نذر کے لیے کلھیاں وغیرہ بھر کر کلھیاں دیوی پر چڑھانا۔

کلی
:۔ (ع) دیکھو کل۔ نیز (۱) (مو) منہ بھر پانی ؎ عزم تعریف جناب احمد مختار ہے
آب کوثر تھوڑا کلی کے لیے درکار ہے تعشق

کلی کرنا۔ غرارہ کرنا۔ منہ میں پانی بھر کر اُگلنا

کَلّی:۔ (ف۔ مو) کیل۔ کھونٹی۔ چیخ۔ کلنی۔ چھچڑی۔ چھوٹا پردار کیڑا جو جانوروں کی کھال میں چمٹ جاتا ہے۔

کَلی:۔ (ف۔ مو) بن کھلا پھول۔ غنچہ۔ شگفتی تراش کا کوکا دم کپڑا جو کرتوں اور پاجاموں وغیرہ میں ڈالتے ہیں۔ ایک قسم کا حقہ۔ کنواری۔ پرندوں کے نئے پر۔ چونا قلعی۔ **کلی کھلنا یا پھولنا** غنچے کا شگفتہ ہونا۔ پھول کھلنا۔ خوش ہونا۔ **کلی پوٹس**۔ پرند کا بچہ جس کے کلی نکلی ہو۔ **کلی پھوٹنا**۔ پرند کے بچے کا پر نکلنا۔ ان معنوں میں کلیاں آنا بھی کہتے۔ **کلیاں پڑنا یا ڈالنا**۔ کلیاں سلنا۔ بڑھانا۔ کلیاں پھوٹنا۔ پر نکلنا۔

کلّے:۔ سریاں۔ جبڑے۔ کلے پائے۔ سری پائے بکری وغیرہ کے۔

کُلّیات:۔ (مو) کُلی کی جمع۔ نظم کا مجموعہ جو ایک ہی شخص کی تصنیف ہو۔

کَلّیان:۔ (مذ) ایک راگنی کا نام۔

کَلیانا:۔ درختوں میں کلیاں آنا۔ نئے پر نکلنا۔

کلیجا:۔ (ف۔ مذ) انسان کا جگر۔ ہمت۔ دلیری۔ حوصلہ۔ پیارا۔ عزیز مطلق۔ دل۔ کلمہ تنفر (جیسے یہ کیا ہے تمہارا کلیجہ) چھاتی۔ سینہ (میں نے دوڑ کر کلیجے سے لگا لیا) پونجی۔ کل کائنات (ہم نے اپنا کلیجہ نکال کے دے دیا پھر بھی ہم ہی دشمن ٹھہرے) پیٹ (گھی کہاں گیا کھچڑی میں کھچڑی گئی پیارے کے کلیجے میں) **کلیجا اچھلنا**۔ دل دھڑکنا۔ **کلیجا اُڑ جانا**۔ دل کا نہایت پریشان ہو جانا۔ **کلیجا اُلٹ جانا یا لوٹنا**۔ دل الٹ جانا۔ دیوانہ ہو جانا۔ قے کرتے کرتے جی گھبرا جانا۔ دہشت ہونا۔ **کلیجا امنڈنا**۔ رقت طاری ہونا۔ **کلیجا انچھلنا یا اچھلنا**۔ بہت بے چینی اور اضطراب۔ **کلیجا بڑھ جانا**۔ دل بڑھ جانا۔ باغ باغ ہو جانا۔ ہمت بڑھ جانا۔ **کلیجا بیٹھا جانا**۔ دل ڈوبنا۔ مضمحل ہونا۔ **کلیجا بیندھنا یا چھیدنا**۔ طعنے دینا۔ دل زخمی کرنا۔ **کلیجا پاش پاش ہو جانا**۔ دل کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ نہایت دل دکھنا۔ **کلیجا پانی ہونا**۔ نہایت رحم آنا۔ کمال خوف زدہ ہونا۔ صدمے کی تاب نہ لا کر دل کا رقیق ہو جانا۔ **کلیجا پتھر ہو جانا**۔ دل کا نہایت بے رحم اور سخت ہو جانا۔ **کلیجا پس جانا**۔ قلبی دکھ ہونا۔ **کلیجا پک جانا**۔ عاجز ہو جانا۔ تنگ آنا۔ تکلیف کی بات سنتے سنتے دل کا زخمی ہو جانا۔ جلنا۔ **کلیجا پکڑ کر یا تھام کر رہ جانا**۔ کسی صدمے کی تاب نہ لا کر کلیجے پر ہاتھ رکھنا۔ تڑپ کر رہ جانا ؎ سحر البیان

کلیجہ پکڑ ماں تو بس رہ گئی
اُکلی کی طرح سے بس رہ گئی

اش اش کرنے لگنا۔ متعجب و متحیر ہونا۔ مزے میں آ کر لوٹنے لگنا۔ **کلیجا پکڑ لینا**۔ کسی صدمے کی تاب نہ لا کر دل تھام لینا۔ چھاتی جکڑ دینا۔ (اس دوا نے تو کلیجہ پکڑ لیا) **کلیجہ پکڑے یا تھامے ہوئے آنا**۔ اضطراب اور پریشانی کی حالت میں آنا۔ **کلیجا پکنا**۔ تنگ آ جانا۔ دل جلنا۔ نہایت تنگ آنا۔ کسی کی ایذا دہی سے سخت تکلیف پہنچنا۔ **کلیجا پھٹا جانا**۔ غم یا مصیبت کی تاب نہ لانا۔ صدمے۔ رحم یا دردمندی سے دل ٹکڑے ٹکڑے ہوا جانا۔ **کلیجا پھٹ جانا**۔ دل ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ صدمہ عظیم ہونا۔ دل میں فرق آ جانا۔ باہمی دشمنی اور بیر ہونا۔ عشق و محبت کا گھاؤ ہو جانا۔ رشک و حسد سے جلنا۔ **کلیجا پھٹنا**۔ جگر شق ہونا۔ کسی صدمے کے سننے کی تاب نہ لانا۔ ترس آنا۔ دل بھر آنا۔ حسد کرنا۔ جلنا۔ **کلیجا پھڑکنا**۔ بے تاب ہو جانا ؎ بحر

زلف کے ایک ہی جھٹکے میں کلیجا پھڑکا
بہت ایوب کو دعویٰ تھا شکیبائی کا

کلیجا پھونکنا۔ کلیجا پھنکنا کا متعدی۔ **کلیجا پیپ ہو جانا** (عو) بڑی کوفت ہونا۔ (ج۔ کم بختوں نے میرا کلیجہ پیپ کر دیا) **کلیجا توڑ دینا**۔ دل توڑ دینا۔ دل پر کاری زخم لگانا۔ **کلیجا تر ہونا**۔ دولت کے سبب خوش ہونا۔ **کلیجا تھام کر رہ جانا**۔ تڑپ کر رہ جانا۔ دل پکڑ کر رہ جانا۔ برداشت کی طاقت نہ رہنا۔ صبر کرنا۔ **کلیجا تھام لینا**۔ ضبط کرنا۔ بیتاب ہو جانا۔ **کلیجا تھام کر رونا**۔ بے تاب ہو کر رونا۔ **کلیجا تھام کے رہ جانا**۔ اچانک صدمے کو سہ جانا۔ غم نہ ظاہر کرنا۔ (ج۔ میرے سامنے گھر لٹا مگر کلیجا تھام کے رہ گیا کیا کرتا) **کلیجا ٹول ٹول ہونا**۔ صبر کی طاقت نہ رہنا۔ **کلیجا ٹھنڈا رہنا**۔ جی خوش رہنا۔ چین اور سکھ سے رہنا۔ **کلیجا ٹھنڈا کرنا**۔ تسکین دینا۔ گلے ملنا۔ خوش ہونا۔ **کلیجا ٹھنڈا ہونا**۔ جی خوش ہونا۔ آرام ملنا۔ تسلی ہونا۔ صبر آنا۔ چین پڑنا۔ **کلیجا جلانا**۔ دل جلانا۔ دکھ دینا۔ رنج دینا۔ زیادہ صدمہ پہنچانا۔ **کلیجا جلی** (مو) دل جلی ستم رسیدہ۔ **کلیجا چھلنی ہونا یا کلیجا چھن جانا**۔ دل خون ہو جانا۔ طعنے سن سن کر دل کا پارہ پارہ ہو جانا۔ **کلیجا دھڑکنا یا دھک دھک ہونا یا دھکڑ دھکڑ ہونا**۔ خوف کے سبب سے دل کا کانپنا۔ خوف چھانا۔ اندیشہ ہونا۔ **کلیجا دھک سے رہ جانا یا ہو جانا**۔ دل پر خوف چھا جانا۔ حیرت چھا جانا۔ دنگ رہ جانا۔ **کلیجا دھکڑ دھکڑ کرنا**۔ کلیجہ دہلنا۔ ڈرنا۔ **کلیجا سراہنا**۔ عالی ہمتی کی تعریف کرنا۔ **کلیجا سلگانا**۔ دل جلانا۔ دل کو رنج دینا۔ **کلیجا سنبھالنا**۔ صدمہ عظیم میں دل کی دھڑک تھام کرنا۔ دل قابو کرنا۔ **کلیجا کانپنا**۔ دل کانپنا۔ خوف چھانا۔ بہت ڈرنا۔

وعدہ کرنے کو دو تیار رہتے ہیں دل سے
میں نے کم بخت یہ جانا مجھے دم دیتے ہیں

کم بختی: (مو) بدنصیبی - بدقسمتی - شامت - بُرے دن - کم بختی آنا - مصیبت آنا - شامت آنا - بُرے دن آنا - کم بختی جو آئے اُونٹ چڑھے کتا کاٹے (میرامن نے استعمال کیا ہے) یعنی فساد کے وقت اپنی ہونی ہی ہو جاتی ہے - کم بختی کے دن (مذ) بُرے دن - منحوس وقت - کم بختی نے تو نہیں گھیرا ہے - کم بختی تو نہیں آئی ہے - بُرے دن تو نہیں آئے - شامت تو نہیں آئی ہے کیوں مصیبت میں پھنسنے کا ارادہ ہے - مار کھانے کو جی چاہتا ہے - **کم تر**: بہت کم - بہت تھوڑا - کم توجہی (مو) بے پروائی - غفلت - **کم تولا** (مذ) ڈنڈی مارنے والا - سودا کم تولنے والا - **کم حوصلگی** (مو) کم دلی - اوچھا پن ظاہر کرنا - **کم حوصلہ** - تھوڑے حوصلے والا - کم دلا - اوچھا - **کم حیثیت** - غریب - ٹٹ پونجیا - ذلیل - **کم خرچ** - تھوڑا خرچ کرنے والا - **کم خرچ بالا نشین** - تھوڑے داموں میں بڑا کام نکلنے والی چیز - **کم خوراک** - تھوڑا کھانے والا - کم دلا - ڈرپوک - کنجوس - **کم ذات** - کمینہ - نیچ ذات کا - **کم رَو** - سست رفتار - ہلکی رفتار والا - **کم زور** - تھوڑی طاقت والا - بودا - **کم زور مار کھانے کی نشانی** (مثل) ناطاقت و مجبور کبھی فتحیاب نہیں ہوتا - **کم زور کرنا** - طاقت توڑ دینا - زور کم کر دینا - دُبلا کر دینا - **کم زوری** (مو) دُبلا پن - ضعیف - ناتوانی - بودا پن ظاہر کرنا - **کم سال** - چھوٹی عمر کا بچہ - نوعمر - **کم سخن یا کم گو** - کم بولنے والا - کم سخنی نیز کم گوئی (مو) تھوڑا بولنا - کم بات کرنا - **کم سن** - چھوٹی عمر کا بچہ - **کم سنی** (مو) چھوٹی عمر - بچپن - **کم سننا** - اونچا سننا - دھیان نہ دینا - **کم سے کم** - بہت ہی کم - **کم ظرف** - کم حوصلہ - اوچھا - کمینہ - چھچھورا - **کم ظرفی** (مو) اوچھا پن - تھڑدلی - کمینہ پن - کم حوصلگی - **کم عقل** - بے عقل - نادان - ناسمجھ - **کم عقلی** (مو) بے وقوفی - نادانی - **کم عمر** - نوعمر - کم سن - **کم فرصتی** (مو) فرصت نہ ہونا - عدیم فرصت - **کم فہم** - نادان - ناسمجھ - **کم فہمی** (مو) نادانی - ناسمجھی - **کم قدر** - بے قدر - **کم قسمتی** (مو) بدقسمتی - **کم قیمت** - ارزاں - سستا - **کم کرنا** - گھٹانا - ہلکا کرنا - مختصر کرنا - رفتار کم کرنا - تنہا کرنا - **کم کھائے غم نہ کھائے** - تاکہ اچھے کم قرض لے - حکومت سے عزت و خوشی ہے - قرض بڑی بلا ہے - **کم مایہ** - غریب - ذلیل - **کم مائیگی** - مفلسی - **کم کم** - تھوڑا تھوڑا - کبھی کبھی - آہستہ آہستہ - **کم نگاہی** (مو) بے پروائی - غفلت - نگاہ نہ کرنا - **کم و بیش** - تھوڑا بہت - قریب قریب - لگ بھگ - **کم و بیش کرنا** - تھوڑا بہت کم کرنا - اصلاح کرنا - **کم ہمت** - کم حوصلہ - ڈرپوک - کام چور - **کم ہمتی** (مو) کم حوصلگی - بزدلی - کام چوری - کم ہونا - گھٹنا - وزن کم ہونا - زوال ہونا - ہلکا ہونا - کسر رہنا - گھٹنا - کمی ہو جانا - نقصان - کسر - کمی آنا - قلت ہونا - کوتاہی ہونا - کمی پڑنا - کم پڑنا - کمی کرنا - کوتاہی کرنا - پہلوتہی کرنا - **کم یاب ہونا** - نایاب ہونا - ناپید ہونا - **کم یابی** (مو) ناپید - قلت - میسر نہ ہونا -

کَما: (ع) عربی کا کلمہ ہے جو بطور سابقہ مستعمل ہے جیسے **کما حقہ** - جیسا اس کا حق ہے - جیسا ہونا چاہیے ٹھیک ٹھیک - بخوبی - **کما ہی** - کامل - مکمل - پوری طرح - بخوبی سے اوج

معلوم ہو گیا ما بینت چشم کما ہی
پتلی کی سیاہی میں ضیا نامتناہی

کما ینبغی - جیسا کہ چاہیے جیسا کہ لائق اور مناسب ہے -

کُماج / کُماچ: (ت - مو) وہ روٹی جو کہیں سے موٹی کہیں سے پتلی ہو - موٹی اور گول چیز (کماج سا منہ اب سیب سا گال آیا)

کُمار: (ہ - مذ) ہندوؤں کا روزمرہ ہے - راجہ کا بیٹا شہزادہ - **کماری** (مو) راجہ کی بیٹی - بیٹی -

کَمال: (ع - مذ) پورا - نہایت - بہت - ہنر - گن - لیاقت - خوبی - کوئی انوکھی بات - عجیب کام - کاریگری - استادی - انتہائی ترقی نیز حکیم محمد مہدی ابن فخرالدین جلال مشہوری کا تخلص اُن کے شعر سند ہیں - **کمال حاصل کرنا** - کوئی ہنر یا فن حاصل کرنا - کسی کام میں مہارت رکھنا - **کمال درجے کا** - بے حد - بہت زیادہ - نہایت - **کمال دکھانا** - ہنر - کرتب یا فن دکھانا - کوئی انوکھی بات ظاہر کرنا - **کمال رکھنا** - ماہر ہونا - **کمال کا بنا ہوا** - بڑا ہوشیار - عیار - چالباز - **کمال کرنا** - کوئی عجیب اور انوکھی بات کرنا - استادی دکھانا - لیاقت ظاہر کرنا - غضب کرنا - مبالغہ کرنا - **کمال کو پہنچنا** - کسی بات میں کمال حاصل کرنا - پورا ہونا - ختم ہونا - **کمالات** - کمال کی جمع -

کمالا: (ہ - مذ) پہلوانوں کا صلح سے کرتب دکھانے کے لیے کشتی کرنا جس سے مقصود ہار جیت نہیں ہوتی -

کمانا: (۱) محنت کر کے روزی کمانا - کما لینا - بافت سے کچے چمڑے کو درست کرنا - کسی پیشے یا کام سے روپیہ پیدا کرنا - نجاست وغیرہ صاف کر دینا - کم کر دینا (اسے بیماری نے کما لیا)

کَمان: (ا - مو) حکم - فرمان - حکومت - سرداری اختیار - یہ فوج ایک افسر کی کمان میں ہے - فوج کا کسی معین زمانے میں اپنی جگہ سے باہر پھرنا -
سے محسن

کمتی :- (ا) ہلکا - کم - کمی نے رشک

جس نے منعم کو کیا منعم اُسے کمتی نہیں
مانگنا بندے سے ہے بیجا خدا سے مانگیے

کمخواب :- (ف - مو) ایک قسم کا ریشمی کپڑا - بادلہ - زربفت - تمامی -

کمر :- (ف) جسم کا درمیانی حصہ - پیٹھ - پیٹی - محراب - فوج کا پہلو - دہلی کبوتر کا ہوا پر قلا بازی کھانا - پہلوانی کا ایک داؤ - لباس کا وہ حصہ جو کمر پر رہتا ہے - کمر باندھنا کمر سے پیٹی یا پٹکا وغیرہ باندھنا - سفر کو تیار ہونا - پکا ارادہ کرنا - ہتھیار باندھنا - مستعد ہونا - اُمید رکھنا - بھروسا کرنا ؎

کیا کمر باندھے اُمید وصل پر عاشق ترا
کٹ گئی اس کی تو اب تیغ تغافل سے کمر — ظفر

کمر بستہ - تیار - حاضر - ہتھیار بند - خادم - نوکر - کمر بند (مذ) کمر کے باندھنے کا پٹکا - پیٹی - آزار بند - تیار - مستعد - لیس - کمر بندی (مو) فوج کا ہتھیار اور وردی پہن کر جنگ کے لیے تیار ہونا - کمر بندی کا حکم دینا - لڑنے کے لیے تیار ہونے کا حکم دینا - کمر بندی رشتہ - رشتہ جو بیوی کے سلسلے سے ہو - کمر پکڑ کے اُٹھنا - بڑھاپے یا کمزوری کے سبب کمر تھام کر کھڑے ہونا - کمر پکڑنا یا تھامنا - مدد کرنا - سہارا دینا - ہمت بندھانا - بیٹے یا بھائی کے داغ سے کمر پکڑ لینا - کمر تختہ ہونا - کمر اکڑ جانا - پیٹھ کا سخت ہو جانا - کمر توڑنا - کسی چوٹ سے کمر کو نکما کر دینا - آس توڑنا - کمزور کرنا - عاجز کرنا - کسی کے مددگار کو توڑ لینا - بھائی کا داغ مفارقت دینا - کمر ٹوٹنا - سخت کمزور ہونا - کمر ٹوٹ جانا - مایوس ہونا - بے دم ہو جانا - بڑا بر کا بھائی یا برابر کی اولاد مر جانا - سخت صدمہ پہنچنا - کمر ٹوٹنا - سخت ٹوٹنا - سخت صدمہ ہونا - اولاد یا بھائی کا مر جانا - کمر ٹھوکنا - تھپکنا - تعریف کرنا - سراہنا - اُکسانا - کمر جھکنا - بڈھا ہونا - بہت بوڑھا ہونا - کمر چست باندھنا - کمر کس کر باندھنا - کسی کا پکا ارادہ کرنا - کمر چلانا - کمر کو حرکت دینا - کمر دوال مذ کمر سے باندھنے کا تسمہ - کمر رہ جانا - کمر تھک جانا - کمر کا جھک جانا - فالج گرنا - کمر سیدھی کرنا - کمر کو لیٹ کر آرام دینا - تکان اُتارنا - کھانا کھا کر لیٹنا - کمر کا بل کھانا - کمر کا لچکنا جو ایک معشوقانہ انداز ہے - کمر کرنا - کبوتروں کا آسمان پر ملیٹی کھانا - ؎ ناسخ

کیا ہی اے طفل تری تاب کمر کا ہے اثر
تیری ٹکری کے کبوتر بھی کمر کرتے ہیں

گھوڑے کا چنوں کو اچھالنا - کمر کا ڈھیلا - کمزور - نامرد - کمر کا مضبوط - مالدار - قوت باہ رکھنے والا - ان معنوں میں جان نے استعمال کیا ہے بازاری محاورہ ہے - کمر کس کر باندھنا کسی کام کا پکا ارادہ کرنا - کمر کشائی (مو) کمر کھولنا - پیٹی اُتار کر رکھنا - کمر کمر - کمر تک - کمر کے برابر - کمر کوٹھا (مذ) شہتیر یا کڑی کا وہ حصہ جو دیوار سے باہر کے رُخ نکلا رہے - کمر کوہ (بے اضا - مو) پہاڑ کا بیچ کا حصہ جو اُبھرا ہوا ہوتا ہے - کمر کھول بیٹھنا - کسی کام سے فارغ ہو کر آرام سے بیٹھنا - کوشش چھوڑ دینا - بے فکر ہونا - کمر کھولنا - پیٹی کھولنا - کوشش سے باز آنا - کام سے فارغ - سستانا - ارادہ فسخ ہونا - کمر لچکانا - کمر کو بل دینا - ناز سے چلنا - کمر لچکنا - کمر کا بل کھانا - کمر میں جھٹکا لگنا - کمر لگانا - مشک کمر پر رکھنا - پیٹھ کسنا - کسی چیز پر سہارا لے کر کمر ٹکانا - پلنگ پر لیٹنا - کمر لگنا - پیٹھ میں زخم ہونا - کسی چیز پر کمر ٹکانا - پلنگ پر لیٹنا - کمر مار کر چلنا - گھوڑے کا بوجھ کے مارے کمر کو جھکا کر چلنا - کمر میں چاپ آنا - کمر میں جھٹکا لگنا یا ضرب آنا - کمر میں ہاتھ دینا - ہم آغوش کرنا - گرنے یا لڑنے کے لیے کمر یا کمر بند پکڑنا - کمر ہلانا - کمر کو حرکت دینا -

کمرا :- (ف - مذ) کوٹھا - کوٹھری - ... دالان

کمرکھ :- (ہ - مو) ایک ترش پھل - ... کمرخ

کمری :- (ا - مذ) کبڑا ہو کر چلنے والا گھوڑا - گھوڑے کے ایک مرض کا نام - (مو بسکون م) ایک قسم کی جاکٹ - مرزئی - نیم آستین -

کمسریٹ :- (انگ - مو) فوج کی رسد رسانی کا محکمہ -

کمشنر :- (انگ - مذ) چند ضلعوں کا حاکم جسے عدالت مال کے اختیارات ہوتے ہیں - کمشنری - مو چند ضلعوں کا علاقہ - کمشنر کی کچہری -

کمک :- (ت - مو) مدد - حمایت - وہ فوج جو مدد کے لیے بھیجی جائے - کمک پر ہونا - کسی کا مددگار ہونا - کمک دینا یا کرنا - مدد دینا - سہارا دینا - حمایت کرنا -

کمل :- (ہ - مذ) کمبل - روئی سے بنا ہوا کپڑا جو اوڑھا جاتا ہے - کمل اوڑھے سے فقیر نہیں ہوتا - فقیری لباس سے نہیں باطن صاف ہونا چاہیے - کملی - مو چھوٹا کمل - کملی بچھانا - سوگ یا ماتم کرنا - کملی ڈال کر لوٹ لینا یا کملی ڈالنا - کسی کو فریب دے کر لوٹ لینا - کملی جتنی بھیگے گی بھاری ہوگی - جتنا اسراف کرو گے یا قرض بڑھاؤ گے - اتنی ہی زیر باری ہوگی - کملی کتھری کرنا کہیں چلے جانے کے ارادہ سے سب سامان باندھ لینا - کسی کا تمام

کِن :- (ہ) کس کی جمع - دیکھو کس - کِن آنکھوں سے دیکھوں - یہ بُرا حال مجھ سے نہیں دیکھا جاتا - کِن میں - کس قسم کے لوگوں یا چیزوں میں - کِن وقتوں کی - پرانی - کہنہ - اگلے - کِن کو -

کَنّا :- (ہ - مذ) پتنگ کا وہ جنتہ جس میں ڈورے باندھتے ہیں - جوتی کے نیچے کا کنارہ - کنّا نکل جانا - کنارہ پر سے چر جانا یا پھٹ جانا -

کَنار :- (ف - مذ - مو) کنارہ - کور - حاشیہ - طرف - پہلو - بغل - گود - بغل میں لینا (بوس وکنار) کنار گرم کرنا - ہم بستر ہونا -

کِنارَہ :- (ف - مذ) ساحل - طرف - سرا - گوشہ - ٹکڑا - (دیکھیے دن صاف گذر جانا) انتہا - حد - گھونٹ - جدائی - گوٹ - آنچل - حاشیہ - کنارا کرنا یا کنارہ کش ہونا - علیحدہ ہونا - الگ ہونا - باز آنا - چلے جانا - کنارہ کشی (مو) علیحدگی - جدائی - قطع تعلق کرنا - کنارے اُٹھنا - ساحل پر آ کر ٹھہرنا - کنارے بیٹھنا - الگ بیٹھنا - کنارے پر - ساحل پر - علیحدہ - جدا - کنارے کنارے الگ الگ - سڑک یا راستے کے کنارے - پہلو میں - کنارے لگانا - کشتی یا جہاز کو ساحل پر لا کر کھڑا کرنا - مدد کرنا - کنارے لگنا - ساحل پر پہنچنا - خاتمہ پر پہنچنا - مرنے کے قریب ہونا - کنارے ہو جانا - ایک جانب سے ہٹ جانا - راستے سے بچ جانا -

کِناری :- (ہ - مو) پتلا گوٹا جو عورتیں دوپٹوں وغیرہ پر لگاتی ہیں - **کِناری باف** - کناری بننے والا - کناریا - ایک قسم کے کبوتر کا رنگ -

کَنّاس :- (ع - مذ) مہتر - چوہڑا - پھانسی دینے والا - بخیل اور بد انسان -

کَنّی کاٹنا :- (ا) ایک راستہ چھوڑ کر دوسرا راستہ لینا - دہلی والے کنی کاٹنا بولتے ہیں -

کِنایہ :- (ع - مذ) اشارے سے بات کہنا - رمز - کنایہ اشارہ - پوشیدہ بات - مبہم بات - علم معانی میں کسی لفظ سے ایسی بات مراد لینا جو اس کے معنی کو لازم ہو - کنایتہً - اشارے سے - رمز سے -

کَنبوہ :- (ہ - مذ) ایک قوم کا نام - کمبوہ -

کُنبہ :- (ہ - مذ) قبیلہ - گھرانا - خاندان - بال بچے - کنبہ پرور - اپنے بال بچوں اور رشتہ داروں کی پرورش کرنے والا - کنبہ جوڑنا - رشتہ داروں کو اکٹھا کرنا -

کَنپٹی :- (ہ - مو) دیکھو کن -

کَنٹاپ :- (ا - مذ) جوتی جب کہ ماری جائے - (جیسے ایک کنٹاپ رسید کی) زور کا تھپڑ -

کَنٹَر :- (انگ - مذ) شراب یا عطر رکھنے کا خوبصورت شیشہ -

کَنٹک :- (ہ) کنجوس - شوم - بخیل - کنٹک پنا (مذ) کنجوسی - بخیلی - کنٹک پنا کرنا - کنجوسی کرنا -

کَنٹوپ :- (دیکھو کن) کان ڈھانکنے والی ٹوپی -

کَنٹھ :- (ہ - مذ) حلق - گلا - گلے کی وہ ہڈی جو مرد کے بالغ ہونے پر اُبھر آتی ہے - کنٹھ بیٹھ جانا - موت کی علامت ہے ؎ انیس

طوفاں میں ہے جہاز جناب امیرؑ کا
بے دودھ کنٹھ بیٹھ گیا صغیر کا

کنٹھ پھوٹنا - دیکھو کنٹھ نکلنا - کنٹھ مالا (مذ) خنازیر - گلے کا ایک مرض - لکڑی کے دانے جنھیں تاگے میں پرو کر گلے میں لٹکاتے ہیں - سونے کا ایک دانے والا زیور جو گلے میں باندھا جاتا ہے - کنٹھ نکلنا - لازم - گلے کی ہڈی ظاہر ہونا - بالغ ہونا - جوان ہونا -

کَنٹھا :- (ہ - مذ) سونے کا ایک زیور - موتیوں یا منکوں یا پھولوں کا ہار - چونتیس موٹے دانوں کی تسبیح - ہلالی شکل کا کڑھا ہوا گریبان جو عام طور سے کرتے یا انگرکھے یا انگیا میں ہوتا ہے ؎ صبا

یہ تو اترا ہوا کنٹھا ہے ترے کرتے کا
ہاتھ آیا مہِ نو کیسے یہ گریباں کیونکر

کنٹھا اُٹھا نا / لینا - تسبیح کو قسم کے طور پر اُٹھانا ؎ سحر

ہم سے نہ ہو غبار یہ باور نہیں ہمیں
گو تم نے خاکِ پاک کا کنٹھا اُٹھا لیا

کَنٹھی (مو) گلے میں باندھنے کی لڑی - موتیوں کی لڑی - پرندوں کے گلے کا طوق - کنٹھی باندھنا - کسی کا چیلا ہونا - پارسا اور سادھو ہونا - چیلا بنانا - مرید کرنا - کنٹھی دینا - مرید بنانا - کنٹھے باز - کنایتہً - مکار ؎ سحر

کنٹھے بازوں کی طرح عشقِ صنم پنہاں نہیں
دانۂ تسبیح میں چھپتا ہے کچھ زنار خوب

کَنٹیا :- (ا - مو کٹ یا) چھوٹا کانٹا [illegible]

کُنج :- (ف - مذ) گوشہ - کونہ - کنارہ -

میں زخم پڑ جانا ۔ کندھے چڑھانا ۔ بچے کو مونڈھے پر بٹھانا ۔ کندھے سے لگانا ۔ بچے کو مونڈھے سے لگانا ۔ خاص طور پر سلانے کے لیے ۔

کُنَدْلی : (ہ ۔ مو) لکڑی کا وہ ٹکڑا جس پر دروازے کی چول گھومتی ہے ۔

کُنْدی : (ہ ۔ مو) کپڑوں کو کوٹ کر صفائی کرنے کی موگری ۔ کپڑوں کی صفائی جو موگری سے کی جائے ۔ کُٹ مار پیٹ ۔ کُندی کرنا ۔ زدوکوب کرنا ۔ کپڑوں کو موگری سے کوٹنا ۔ کُندی گر (ا) ریشمی اور عمدہ کپڑوں کو صاف کرنے والا ۔ جلا دینے والا ۔

کُنْڈ : (س ۔ مذ) ہون کی آگ رکھنے کا گڑھا ۔ غار ۔ گڑھا ۔ تالاب ۔ چشمہ ۔

کُنْڈا : (ہ ۔ مذ) کنڈا ہونا ۔ دھوپ سے خشک ہونا ۔ بہت دُبلا ہونا ۔

کُنْڈا : (ہ ۔ مذ) وہ لوہے کا حلقہ ۔ جس میں زنجیر ڈالتے ہیں ۔ برتنوں کا دستہ ج جانے کی پیالی کا کُنڈا ٹوٹ گیا ۔

کَنْڈَل : (ہ ۔ مذ) پیاز کا موٹا چھلکا ۔

کُنْڈَل : (ہ ۔ مذ) حلقہ ۔ چکر ۔ کان کا بالا ۔ چاند کا ہالہ ۔

کُنْڈلی : (ہ ۔ مو) چھوٹا سا حلقہ ۔ جنم کا پترا ۔ سانپ کا مینڈوے کی شکل میں لپٹ کر بیٹھنا ۔ کُنڈلی مارنا ۔ چھوٹا سا حلقہ بنانا ۔

کُنْڈی : (ہ ۔ مو) دروازے کا حلقہ ۔ دروازے کی زنجیر ۔ کُنڈی بند کرنا ۔ دروازے کی زنجیر لگانا ۔ دروازہ بند کرنا ۔ کُنڈی دینا یا لگانا ۔ دروازہ بند کرنا ۔ کُنڈی کھڑکھڑانا ۔ دروازے کی زنجیر ہلا کر دستک دینا ۔ کُنڈی کھولنا ۔ دروازہ کھولنا ۔ کواڑ کھولنا ۔

کُنْڈی : (ہ ۔ مو) ایک قسم کا کھانچے کی وضع کا ٹوکرا ۔ اُپلوں کا جوڑا ۔ میوے کا ہار جو ہندو ہولی کے تہوار میں پہنتے ہیں ۔

کَنْز : (ع ۔ مذ) گنج ۔ خزانہ ۔

کَنْس : (ہ ۔ مذ) ایک ظالم راجہ کا نام جسے سری کرشن نے مارا تھا ۔

کَنَسْتَر : (انگ ۔ مذ) ٹین کا بکس جس میں مٹی کا تیل آتا ہے ۔

کُنِشْت : (ف قاطع میں بضم کاف ۔ فرہنگ آموزگار میں بکسر ہے ۔ سنگلاخ نے بالفتح ۔ رائج بھی یہی ہے) آتشکدہ ۔ یہود و مسیحیوں کا معبد ۔ مجازاً جہنم ۔ کردار ۔ ج ۔ بدکنشت ۔

کَنْعان : (عبد ۔ مذ) شام کے صوبۂ فلسطین کا نام ۔ یہ مقام حضرت یعقوب کا وطن اور حضرت یوسف کی پیدائش کی جگہ تھا ۔

کَنَک : (ہ ۔ مو) گندم ۔ گیہوں ۔ ریزہ کسی چیز کا ۔ کنکی (مک) ٹوٹے ہوئے چاول ۔

کَنْکَر : (ہ ۔ مذ) پتھر جس سے چونا پکاتے اور سڑکیں بناتے ہیں ۔ سنگ ریزہ ۔ پھوڑا جو عورتوں کے سینے پر نکلتا ہے ۔ اور بہت سخت ہوتا ہے ۔ کنکر پتھر ۔ ردی چیزیں ۔ تحقیر سے جواہرات کی نسبت بھی بولتے ہیں ۔ روڑے ۔ کنکر سا ۔ نہایت سخت ۔ بہت ٹھنڈا ۔ کنکری (مو) ٹھیکری ۔ ڈلی ۔ سنگریزہ ۔ کنکری کر دینا ۔ ٹھیکری کر دینا ۔ بے قدری کرنا ۔ دل کھول کر خرچ کرنا ۔ کنکریلا ۔ کرکرا جس میں کنکر ملے ہوئے ہوں ۔ کنکر مٹی (مو) پتھریلی زمین ۔ بنجر زمین ۔

کُنْکُنا : (ہ) نیم گرم ۔ بہتا سہتا گرم ۔

کَنْکَوّا : (مذ) پتنگ کی گڈی ۔ کنکوا اُڑانا ۔ پتنگ اڑانا ۔ کنکوا بڑھانا ۔ پتنگ کو اونچا اڑانا ۔ کنکوا کاٹنا ۔ پتنگ کو ڈور کی رگڑ سے کاٹ دینا ۔ کنکوا لڑانا ۔ پتنگ بازی کرنا ۔

کَن کَھجُورا : (ہ ۔ مذ) ہزار پا ۔ دیکھیے کن ۔

کَنْکَیّا : (ا ۔ مو) (لک) چھوٹا پتنگ ۔ کنکوے کا مونث ۔ (اڑانا ۔ لڑانا ۔ کاٹنا وغیرہ کے ساتھ)

کَنْگال : (ہ) غریب ۔ محتاج ۔ کنگال ۔ کال کا مارا ۔ کنگال کر دینا ۔ مفلس کر دینا ۔ کنگال گھر کا ۔ غریب خاندان کا ۔ کنگال ہو جانا ۔ غریب ہو جانا ۔

کُنْگَرا : (ا ۔ مذ) موٹا تازہ آدمی ۔ کنگری (مو) موٹی تازی ایک قسم کی بین ۔

کُنْگُرہ : (ف ۔ مذ) وہ طاقچے جو قلعے کی دیوار یا دیگر عمارتوں پر خوبصورتی کے واسطے بنا دیتے ہیں ۔

کَنْگلا : (ہ) بھوکا ۔ محتاج ۔ کنگال ۔ کنگلی (مو) بھوک کی ماری عورت ۔ محتاج عورت ۔ تُرسی ملکی

کَنْگَن : (ہ) کلائی کے ایک زیور کا نام ۔ کڑا ۔ کنگنا ۔ کنگن وہ کلاوے کا ڈورا جو دولہا کی کلائی میں باندھتے ہیں ۔ وہ گیت جو کنگن باندھنے کے وقت گاتے ہیں ۔

کَنْگْنی : (ہ ۔ مو) وہ اینٹوں کا ردا جو دیوار کی منڈیر پر باہر نکال کے رکھتے ہیں ۔ ایک چھوٹے دانے کا

کَنْھَیا:- (ہ - مذ) سری کرشن کا نام - خوب صورت لڑکا - معشوق -

کَنی:- (ہ - مو) ٹکڑا - پارہ (ہیرے کی کنی) ٹوٹے ہوئے چاول - چاول کا گلنے سے رہ جانا -

کَنّی:- (ہ - مو) حاشیہ - کور - سنجاف - پتنگ کا بازو - تمباکو کی کونپلیں - کنی باندھنا - پتنگ کے ایک بازو میں دھجی باندھ کر وزن برابر کرنا - کنی دار - کنارہ دار - وہ کپڑا جس کے کناروں پر رنگ دار کنارہ ہو - کنی دبانا - بس میں کرنا - عاجز کرنا - تنگ کرنا - چھپنا - خائف ہونا - کنی دینا - لازم - کنی سے کنی ملا کر سینا - کپڑے کا کنارے سے کنارہ ملا کر سینا - کنی کاٹنا - کترانا - کنی کھانا - پتنگ کا ایک طرف کو جھکنا - ایک طرف کو نکل کر بچ جانا -

کَنّے:- (ہ) پاس - نزدیک (متروک ہے)

کَنّے:- (ہ - مذ) مڈھے سے تقریباً دو ڈھائی انچ نیچے ٹھیک اس مقام پر جہاں کانپ ٹھڈے سے ملتی ہے - دو یا چار خانے اور ٹھڈے کے نیچے حصے میں (جہاں پتا ہوتا ہے) تقریباً چھ انچ کا فاصلہ چھوڑ کر دو سوراخ کر کے بندھی ہوئی دوہری ڈور - کنّوں سے کاٹنا - کنایۃً بالکل قطع کر دینا - کنّے لینا - بری طرح سے پیچھے پڑنا - کنکوے بازوں کی اصطلاح میں پیچ اس طرح لڑانا کہ ڈیل نیچے اوپر کنّوں پر دوسرے کی ڈیل پڑے - کنّے ڈھیلے کرنا / ہونا - (مجازاً) اعضا سست ہونا -

کَنْیا:- (ہ - مو) چھوٹی عمر کی لڑکی - بیٹی - دلہن - برج سنبلہ - کنیا راس - زائچہ کی چھٹی راس - پست اقبالی کی علامت - اس راس والے کے یہاں ہمیشہ لڑکی پیدا ہوتی ہے -

دیا شنکر نسیمؔ

کنیا تھی غرضکہ راس اس کی
پوری نہ ہوئی وہ آس اس کی

کنیا دان (مذ) لڑکی دینا - لڑکی کا بیاہ کرنا - جہیز (ہندوؤں کا روزمرہ ہے)

کَنْیانا:- (ہ) ایک طرف کو جھکنا - ایک طرف ہونا - شرمانا - آنکھ چار نہ کرنا -

کُنْیَت:- (ع - اُردو کتلفظ - کُن یَت - مو) وہ نام جو ماں یا باپ خواہ بیٹا یا بیٹی کی نسبت سے بولا جائے - اس کا عرب میں رواج ہے - جیسے حضرت علی کے بیٹے کا نام حسن تھا - ان کی نسبت سے آپ کی کنیت ابوالحسن ہے (بہ تشدید نون بولنا غلط ہے) ع شمیم

کنیت رسولِ پاک سے پائی خدا سے نام

کَنیر:- (ہ - مذ) ایک زہریلے درخت اور اس کے پھل کا نام - عوام کا خیال ہے کہ جس گھر میں ڈال دیا جائے وہاں جنگ ہو جاتی ہے - کنیر کا پھول (مذ) کنیر کے درخت کا پھول - مجازاً لڑائی کا گھر - شور مچانے والا -

کَنیز:- (ف - مو) لونڈی - باندی - انکسارًا عورتیں اپنے لیے کہتی اور لکھتی ہیں جیسے فدوی یا خاکسار - کنیزی میں دینا - نوکر کے طور پر دینا - لڑکی بیاہنا (ساس یا سسر لڑکے سے کہتے ہیں)

کو:- (ہ) مفعول کی علامت ہے - ارادہ یا قصد ظاہر کرنے کے لیے (وہ جانے کو ہے) لیے - واسطے ع رشک

جن کی صفات پاک سے اہلِ ورع ہیں مست
ہم نے شراب کو وہی انگور تاکے ہیں

سے کے معنی میں ع داغ

مجھ کو کہتے ہیں رقیبوں کی برائی سن کر
وہ نہیں تم سے برے بلکہ کہیں اچھے ہیں

حسنِ کلام کے لیے یا ردیف وغیرہ کی پابندی میں ع منیر

ترچھی نظروں سے نہ دیکھو عاشقِ دلگیر کو
کیسے تیر انداز ہو سیدھا تو کر لو تیر کو

حسبِ ذیل الفاظ کے بعد "کو" کا استعمال خلافِ فصاحت ہے - اِدھر - اُدھر - یہاں - وہاں - کہاں - کدھر - کس طرف - پیچھے - اوپر - اندر - باہر - کہیں - سامنے - طرف - رُخ -

کُو:- (ف - مو) گلی - راہ تنگ (مرکبات میں مستعمل ہے) کُو بکُو - دربدر - کُوچہ (مذ) گلی - کوچہ بکوچہ - گلی گلی - کوچے جھکانا - گلی کے پھیرے کرانا - کوچۂ خموشاں - قبرستان - کوچہ گرد - گلیوں میں مارا مارا پھرنے والا - نکمّا ع ذوق

کتنی وحشت ہے بیاباں کو نہیں چلتا جلال
خاک اڑانے کو ترے بس کوچے جاناں ہو گیا

کَوّا:- (ہ - مذ) مشہور سیاہ پرند - کاگ - گوشت کا ٹکڑا جو حلق کے اندر لٹکا ہوا ہے - کوا پری (مو) کالی عورت - کالی کلوٹی - کوا پھنسانے کی چال ہے - ہوشیار آدمی کو فریب دینے کا ڈھنگ ہے - کوا اڑتا ہی ہے دھان بچتے ہی ہیں - دشمن کی بدخواہی سے کام نہیں رکتا - کوا چلا ہنس کی چال اپنی چال بھی بھول گیا - ادنیٰ اعلیٰ کی طرز اختیار کر کے اپنی پچھلی حیثیت بھی کھو بیٹھا - کوا ناک لے گیا ناک کو نہیں دیکھتے کوے کے پیچھے دوڑے جاتے ہیں - اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص جھوٹی بات کی پیروی کئے جائے اور تحقیقات نہ کرے - کوؤں کی برات - بچوں کی زبان میں کوؤں کا ہجوم - کوّے اڑانی ہے - کوّے کنی - ادنےٰ درجہ کی ملازمہ - ذلیل اور بے عزت عورت - کوّے اڑ جا -

جب کوئی پردیس سے آنے والا ہوتا ہے تو۔ کوا آکر بولتا ہے تو عورتیں یہ جملہ کہتی ہیں۔ اگر اُڑ جائے۔ تو شگون لیتی ہیں کہ پردیسی آجائے گا۔ کوّے کھائے ہیں۔ بہت عمر پائی۔ بال بہت سیاہ ہیں۔

کوارٹر :- (انگ - مذ) چوتھائی حصہ چھاؤنی بمعنی مقام (جیسے کوارٹر) چھوٹا انگریزی وضع کا مکان (عموماً سرکاری مکانوں کے لیے بولا جاتا ہے جو ملازموں کی رہائش کے لیے بنوائے جاتے ہیں) حلقہ (اس کوارٹر سے یہ آواز بلند ہوئی ہے)

کواڑ :- (ھ - مذ) دروازے کا پٹ۔ سینے کی ایک طرف کی پسلیوں کا مجموعہ ؎ قلق

وہ آئی ہے کس بت کی مرے خانۂ دل میں
چھاتی کے کواڑ آج کوئی کھول رہا ہے

کواڑ بند کرنا - بھیڑنا - دروازہ بند کرنا۔ کنڈی لگانا۔ کواڑ بند ہو گیا۔ کوئی نہ رہا۔ گھر تباہ ہو گیا۔ کواڑ کھٹکھٹانا۔ دستک دینا۔ کواڑا (مذ) کواڑ ؎ ناسخ

اور تختوں کو ہماری قبر کی حاجت نہیں
خانۂ محبوب کا کوئی کواڑا چاہیے

کواڑی :- (ھ - مو) قبا کا وہ حصہ جو سینے سے دونوں طرف ہوتا ہے۔ انگرکھے یا شیروانی کا پردہ۔ مرزئی وغیرہ کے دونوں پہلوؤں کا وہ حصہ جو سینے کے اِدھر اُدھر ہوتا ہے۔

کواکب :- (ع - مذ) کوکب کی جمع۔ ستارے۔

کوانا :- (ھ) ترانا - بدحواس ہو جانا۔ گھبرانا۔

کوانچ :- (ھ - مو) ایک درخت اور اس کی پھلی جس کے چھونے سے آدمی کے جسم میں خارشت ہونے لگتی ہے۔

کوائف :- (ع - مذ) نجی زندگی کی حالت۔ اُردو میں بطور واحد مستعمل ہے۔

کوب :- (ف واحد مستعمل ہے) مارنے اور کوٹنے کے معنی میں (جیسے زدوکوب یا زرکوب)۔

کوبانس :- (ا - مذ) کوؤں کو بانس سے اڑانے کی آواز۔ کوبانس کوبانس کرنا۔ مارا مارا پھرنا۔

کوبڑ :- (ھ - مذ) بڑھاپے کی وجہ سے پیٹھ کی ہڈی کا نکل آنا۔

کوبہ :- (ف - مذ) کوٹنے کا آلہ۔ موگری۔ کوبہ کاری (مو) کوبے سے کوٹنا۔ کوب کاری۔ تنبیہ۔ تادیب۔

گوشمالی - مارپیٹ - بہت مارنا۔

کوپل :- (مو) ننھے پھوٹنے والے پتے۔ کوپل پھوٹنا، نکلنا۔ نئے پتے پھوٹنا۔

کوپن :- (انگ - مذ) وہ کاغذ کا حصہ جو اپنے مثنیٰ سے الگ کر لیا جائے۔

کوت :- (ھ - مو) اندازہ۔ تخمینہ۔ کوت میں بندوق نہ کمر میں توشہ۔ بیکاری میں اللہ آرکھی گزران ہے۔ کوتنا - اندازہ کرنا۔ تخمینہ لگانا - جانچنا۔ کوتیا - غلے یا میوے کا اندازہ لگانے والا۔

کوتاہ :- (ف) چھوٹا۔ مقدار کی کمی ظاہر کرنے کے لیے (جامہ کوتاہ۔ قد کوتاہ) مختصر اور تمام ہونے کے معنی میں (قصہ کوتاہ) تنگ (یہ چمن کوتاہ ہے)

کوتاہ اندیش - بے سوچے سمجھے کام کرنے والا۔ کم سمجھ۔ کوتاہ بین۔ کم نظر جو انجام کو نہ سوچے۔ کوتاہ دست۔ ناعاقبت اندیش۔ پست ہمت۔ کوتاہ قلم۔ گھٹیا درجے کا مضمون نگار جو اپنا مطلب اچھی طرح بیان نہ کر سکے۔ کوتاہ کرنا۔ مختصر کرنا۔ بات ختم کرنا۔ کوتاہ گردن۔ چھوٹی گردن والا۔ مفسد۔ شریر۔ کوتاہ نظر۔ ناعاقبت اندیش۔ بخیل۔ کوتاہی - اختصار۔ کمی۔ غفلت۔ دریغ ؎ ناسخ

زندگی کرتی ہے کوتاہی شب فرقت دراز
حشر پر موقوف رکھتا ہوں نظارہ صبح کا

کوتک - کام۔ فعل۔ بچپن۔ بُری حرکت۔

کوتل :- (ف) بن سوار کا گھوڑا۔ جلو کا گھوڑا جو سواری کے ساتھ محض زیبائش کے لیے چلے۔ کوتل گارڈ مذ فوج کا وہ عمدہ مقام جہاں ہر وقت گارڈ کا پہرہ رہتا ہو۔

کوتوال :- (ھ - مذ - کوٹ۔ قلعہ۔ گڑھی۔ وال سے ماخوذ) پولیس کا افسر جو رات کو شہر میں گشت کرتا ہے۔ کوتوالی (مو) کوتوالی کا دفتر۔ بڑا تھانہ۔ کوتوالی چبوترہ (۱) کنایۃً وہ جگہ جہاں جھگڑے پیش ہوں۔ انگریزوں کے ابتدائی دور کی عارضی کوتوالیوں کا نام ہوتا تھا۔ کوتوالی چڑھنا۔ کسی جرم میں کوتوالی تک جانا۔ بدمعاشوں میں نام لکھا جانا۔

کوتہ :- (ف) دیکھو کوتاہ

کوتھا :- (ھ - مذ) کون سا۔ کوتھی (مونث کے لیے)

کوتھمیر :- (ھ - مذ) ہرا دھنیا۔

کوٹھی :- (ھ - مو) وہ لوہا جو پیش قبض وغیرہ کے میان میں شام کے طور پر لگا تا ہے۔

کوٹ :- (انگ - مذ) ایک خاص وضع کا انگریزی جامہ - جو واسکٹ کے اوپر پہنا جاتا ہے (ہ) قلعہ - حصار - چار دیواری - شہر پناہ - **کوٹ اٹھانا** - قلعہ بنانا - دیوار بنانا - **کوٹ گشتی** (مذ) لوگوں کا حال معلوم کرنے کے لیے شہر کے گرد پھرنا -

کوٹ شِپ :- (انگ - مو) لڑکے اور لڑکی کی شادی سے قبل ایک دوسرے سے مانوس ہونے کے لیے اٹھنا بیٹھنا (عیسائیوں کی رسم ہے)

کوٹلا :- (ہ - مذ) گڑھی -

کوٹنا :- (ہ) چھت یا چونے وغیرہ کے پلاسٹر کو تھاپی سے بار بار تھپکنا - ریزہ ریزہ کرنا - موگری یا موسل سے چھڑنا - پیسنا کے معنی میں پیسنا کے ساتھ (کوٹنا پیسنا) زدوکوب کرنا - **کوٹ کر بھرنا** - اتنا بھرنا کہ برتن میں جگہ خالی نہ رہے - **کوٹ کر موتی بھرنا** - چمک کے واسطے کسی چیز میں موتیوں کو چورا کر کے ڈالنا - چمکتی ہوئی جاذب آنکھوں کی تعریف میں بھی بولتے ہیں - **کوٹ کوٹ کر** - خوب ریزہ ریزہ کر کے - کثرت سے - **کوٹ کوٹ کے خوبیاں بھری ہیں** - بہت خوبیاں ہیں - کبھی طنزاً بجز مدح کے طور پر بولتے ہیں -

کوٹھا :- (ہ - مذ) بالاخانہ - کھتا - گودام - معدہ - سینہ - خزانے اور مال متاع کا اندرونی کمرہ - **کوٹھا بدلنا** - بالاخانے کا دروازہ بدلنا - خیال یا دل بدلنا -

ے قلق لکھنوی

بام پر دیکھیں گے اغیار جو ہم کو تم کو
دیکھ لینا کہ بدل جائے گا کوٹھا ان کا

کوٹھری (مو) چھوٹا سا کمرہ - حجرہ - **کوٹھے پر بیٹھنا** - پیشہ کمانا - **کوٹھے پر چڑھنا** - سب کو معلوم ہو جانا - زمانے میں پھیل جانا - **کوٹھے والا روئے چھپر والا سوئے** - امیر اور دولت مند کو فکر رہتی ہے لیکن غریب اور محتاج خوش اور بے فکر رہتا ہے - **کوٹھے والیاں** (مو) رنڈیاں - کسبیاں - **کوٹھی** - وہ پکا مکان جو انگریزی وضع کا اور ہوا دار ہو اور اس کے صحن میں گھر کی طرح اونچی دیواریں نہ ہوں - اناج بھرنے کا بڑا ظرف جس کو پیٹ بڑا اور منہ چھوٹا سا ہو - پختہ اینٹ یا لکڑی کا گول چکر جو کنوئیں کی تہہ میں استحکام کے لیے ڈالتے ہیں - چونے وغیرہ کا گولا جو پل کے نیچے گلایا جاتا ہے - صراف یا ساہوکار کی دکان - کارخانہ (نیل کی کوٹھی) بڑی دکان (کپڑے کی کوٹھی) وہ مکان جو سیٹھ لوگ روپے کے لین دین کے لیے اور تاجر اپنا اسباب تجارت رکھنے کے لیے بناتے ہیں - پرانی وضع کی بندوق کا وہ حصہ جس میں بارود رہتی ہے - **کوٹھی بیٹھنا** - بینک کا دیوالہ نکلنا - خسارہ ہو جانا - **کوٹھی کرنا** - **کوٹھی کھولنا** - صرافی یا ساہوکاری کی دکان جاری کرنا - ہنڈی کا بیوپار شروع کرنا - کارخانہ جاری کرنا - سوداگری کی بڑی دکان کرنا - **کوٹھی گھاٹ** - (مذ) وہ کوٹھی جو دریا پر بناتے ہیں - **کوٹھی گلانا** - کنوئیں میں گولا اتارنا - **کوٹھی وال** - مہاجن - صراف - سیٹھ - ساہوکار -

کوثر :- (ع - مذ) بہشت کی ایک نہر کا نام - جنت کے ایک حوض کا نام - **کوثر کی دھوئی زبان** - شستہ زبان -

کُوچ :- (ف - مذ) روانگی - رحلت - ایک مقام سے دوسرے مقام پر جانا - **کوچ کرنا** - روانہ ہونا - چلنا - دنیا سے گزرنا - مرنا - رخصت ہونا - **کوچ مقام** - سفر میں چلنا اور ٹھہرنا - **کوچ ہونا** - روانگی ہونا - مرجانا -

کُونچ :- (ہ - مو) موٹا پٹھا جو آدمی کی ایڑی کے اوپر یا چوپایوں کے ٹخنے کے نیچے (اس معنی میں زیادہ تر جمع مستعمل ہے) ہوتا ہے جولاہوں کا برش جس سے تانی صاف کرتے ہیں - **کونچیں کاٹنا** - ایڑی کے اوپر سے دونوں پاؤں کے پٹھے کاٹ ڈالنا - پاؤں قلم کرنا -

کوچ :- (انگ - مو) سوفا سٹ کی گدے دار بنچ جس کے نیچے پر بھی نرم گدا چڑھا ہوتا ہے - ایک قسم کی چار پہیوں والی گاڑی - **کوچ وان** (مذ) گاڑی چلانے والا -

کوچا :- (ہ - مذ) کسی نوک دار چیز کا تھوڑا سا زخم جو آر پار نہ ہو - **کوچا دینا** - مارنا - نوک دار چیز سے اس طرح مارنا کہ نشان پڑ جائے - چبھونا - طعنہ دینا - **کوچا کر یلا** - تلخی دور کرنے کے لیے گودا ہوا کریلا - چیچک رو انسان - **کچوکے دینا** - گودنا - چبھونا - طعنے دینا -

کوچنا :- (ہ) چبھونا - چھری یا کانٹے سے گودنا -

کُوچک :- (ف) چھوٹا - ننھا -

کُوچی :- (ہ - مو) برش - سفیدی کرنے کا مونج کا برش - ایک قسم کا برش جس سے جلاہے کرگے پر چڑھے ہوئے دھاگے برابر کرتے ہیں - مُبوتری داڑھی -

کُودانا :- (ہ) کدانا - کودنا کا متعدی - **کود پڑنا** - کسی معاملہ میں از خود بے جا دخل دینا - **کود پھاند** (مو) کودنا پھاندنا - اچھل کود - بچوں کی جست و خیز - **کودوانا** -

کُودک :- (ف - مذ) لڑکا - بچہ - **کودک مزاج** - جس کا مزاج طفلانہ ہو - سادہ لوح - چڑچڑا - طبیعت کا کچا

کودن :- (ف) احمق - کند ذہن

کُوچہ:- (ف - مذ) گلی۔

کُودُون:- (ہ - مو) چاول کی قسم کا ایک سخت غلہ جس کی ایک قسم نشہ آور ہے۔
کودون دَلنا (ک ت) فضول کام کرنا - وقت ضائع کرنا - بہت شور کرنا۔
ق "پڑھا ہے کہ کودون دَلی ہے" یا "ارے کہ چھوٹی سے کودون نہ دلو"۔
کودون دلانا - سخت کام لینا - کٹھن کام کرانا۔
کودوں دے کے پڑھنا - کم خرچ کرکے پڑھنا - مفت پڑھنا اس موقع پر بولتے ہیں جبکہ کوئی تعلیم پانے کے باوجود علمی مسائل سے بے بہرہ ہو۔

کُور:- (ا - مو) کنارہ - حاشیہ - سرا - آنچلے کا جوڑا ناخن کے کنارے کا وہ حصہ جو کاٹنے کے قابل ہو اور کھال میں دبا رہ جائے - ایک قسم کا پتلا فیتہ جس کو لباس کے گرداگرد لگاتے ہیں - کور دبنا - عاجز ہونا - قابو میں آنا - کورکسر (مو) کمی نقص - عیب - قصور۔
کور (فذ) اندھا جسے دکھائی نہ دے - کورانہ - اندھوں کی سی بات - ناسمجھوں کی بات - کور باطن یا کور دل - ناسمجھ - کم ذہن کج طبع کند فہم - دل میں کینہ اور حسد رکھنے والا - کور بخت - بدنصیب - بری قسمت والا - کورده - وہ چھوٹا سا گاؤں جہاں عام جاہل آباد ہوں - کور نمک - جو نمک کا پاس نہ رکھے - نمک حرام - اپنے مالک سے برائی کرنے والا - کور و کر - اندھا اور بہرا۔

کُوز:- (ہ - مذ) لقمہ۔

کورا:- (ہ - مذ) مٹی کا برتن جس میں پانی نہ پڑا ہو - صاف - بے لکھا ہوا بغیر شوب کا کپڑا - بے وقوف - بے پڑھا - وہ شخص جس نے پڑھ لکھ کر یا ہنر سیکھ کر بھلا دیا ہو - کسی ہنر سے ناواقف - صاف - بے داغ - کورا بچ جانا - بال بال بچ جانا - صاف بچ جانا - صدمے یا آفت کا اثر تک نہ ہونا - کورا برتن - نیا برتن - کنواری لڑکی - کورا بنڈا - اچھوتا جسم - بن بیاہی عورت - کورا تہمد و رز - بالکل نیا کپڑا - کورا جانا - بالکل خالی جانا - کورا رکھنا - کچھ نہ سکھانا - محروم رکھنا - کورا رہ جانا - جاہل رہ جانا - محروم رہ جانا - بے لکھا رہ جانا - کورا نکل جانا - بے داغ بچ جانا - کوری - کورا کا مونث جیسے دل کھرا کورا ہوتا ہے - کنواری لڑکی - ایک قسم جو موٹا کپڑا بنتی ہے - کوری آنکھ - وہ آنکھ جس میں شرم و حیا نہ ہو۔

کورے استرے سے سر منڈوانا - تارہ ساں - جیسے نئے استرے سے سر منڈانا - اگر کوئی بال باقی نہ رہ جائے - نہایت رسوا ہونا - ہار ی ماننا - ایک قسم کے شرطیہ الفاظ - کورے استرے سے سر مونڈنا - کند استرے سے سر مونڈنا - تمام مال و متاع لوٹ لینا - نہایت ذلیل کرنا۔

کورٹ:- (انگ - مو) کچہری - عدالت - کورٹ آف وارڈس (مو) محکمہ جو نابالغوں کی جائداد کا انتظام کرتا ہے - کورٹ شپ - دیکھو کوٹ شپ - کورٹ کرنا - کسی جائداد کو کورٹ آف وارڈس کے متعلق کرنا - قرق کرنا - کورٹ ہونا - ضبط ہونا۔

کورس:- (انگ - مذ) نصاب تعلیم - کسی دوا وغیرہ کی کل خوراکیں جو شفا کے حاصل کے لیے معین ہوں۔

کورنش:- (ت - مو) آداب - تسلیمات (بجالانا)

کُورُو:- (س) حضرت عیسیٰ سے تیرہ سو برس پہلے بھارت میں ایک راجہ تھا کورو جس کی اولاد اور راجہ پانڈو کی اولاد کے درمیان وہ عظیم الشان جنگ ہوئی تھی جو مہابھارت کہلاتی ہے۔

کورو:- (ہ - مذ) نئے وغیرہ کی لکڑی یا جھاڑ جس سے معمولی مکانات کی چھتیں پاٹی جاتی ہیں۔

کُوڑا:- (ہ - مذ) گھاس پھوس - کرکٹ - نکمی چیز - بہارن جو جھاڑو دینے سے نکلے - کوڑا کرکٹ (مذ) گھاس پھوس - الابلا - آخور - کوڑا کرنا - کوڑا پھیلانا - خس و خاشاک ادھر ادھر پھیلا دینا۔

کوڑا:- (ہ - مذ) بڑی کوڑی - ٹکا - کوڑے کر ڈالنا - اونے پونے بیچ ڈالنا - پرایا مال بیچ کر اس کا روپیہ اپنے صرف میں لانا۔

کوڑا:- (ہ - مذ) چابک - تنبیہ - کوڑا پھٹکارنا - کوڑا مارنا - کوڑا کرنا - چابک لگانا - تنبیہ کرنا - گوشمالی کرنا - مارنا - پیٹنا - کوڑا لگنا - چابک پڑنا - تنبیہ ہونا - تیزی ہونا - تندی ہونا - کوڑا ہونا - چابک لگنا - تیزی ہونا - اشتعال کا باعث ہونا - تنبیہ ہونا - کوڑے کی چوٹی - ایک قسم کی چوٹی جو کوڑے کی شکل کی گوندھی جاتی ہے اور بہت خوبصورت ہوتی ہے۔

کوڑھ:- (ہ) بے وقوف - گنوار - جاہل - بے تمیز - کوڑھ پن - کوڑھ پنا - غبی - بڑی بے وقوفی - بدسلیقگی - کوڑھ مغز - محض بے وقوف - بالکل احمق۔

کوڑھ:- (ہ - مذ) ایک سخت مرض کا نام - جذام - کوڑھ ٹپکنا - کوڑھ کے زخموں میں سے مواد ٹپکنا

کوڑھ میں کھاج - آفت پر آفت آنا - عیب میں عیب - کوڑھی جیسے کوڑھ ہو - جذامی - کوڑھی کے جوں نہیں پڑتی - مصیبت زدہ کا ساتھی نہیں ہوتا - جو ہمیشہ سے مصیبت میں گرفتار ہے اس پر مصیبت کیا آئے گی -

کوڑی :- (ھ - مو) ایک بیسی - بیس عدد -

کوڑی :- (ھ - مو) ایک قسم کا چھوٹا سا سنکھ جو ادنیٰ سکے کا کام دیتا تھا اور جسے جوا کھیلنے میں بھی استعمال کرتے ہیں - کنارکی موٹی نوک - سینے کی ہڈی کے نیچے کا گڈھا جو انسان کے جسم میں ہوتا ہے - حبہ - پائی - دمڑی نقد کی مقدار قلیل (اس کے پاس اب پھوٹی کوڑی باقی نہیں) سینے کی اونچی ہڈی کا جوڑ - روپیہ - پیسہ - دمڑی - کوڑی بھر - تھوڑا سا - ذرا سا - کوڑی پاس نہ ہونا - کنگال ہونا - پھکڑ ہونا - کوڑی پہ نہیں چلے نرغ کی سیر کو مفلسی میں تفریح کرنے والے کے لیے کوڑی بھرنا (مک) یہ اصطلاح فوجی پیادوں کی تھی - مراد ساٹھ کا نصف ہونا - خطرناک اسکیم بننا - کوڑی چھپ چھپول (زعند) کوڑی کو ہاتھ میں چھپانے کا کھیل -
کوڑی کا مال نہیں - محض نکما ہے - مفت لینے کے لائق بھی نہیں - کوڑی پھیرا کرنا - بات بات پر آنا جانا - بہت پھیرے کرنا - کوڑی کا ہو جانا - نکما ہو جانا - خراب ہو جانا - بگڑ جانا - کوڑی کوڑی ادا کرنا - پائی پائی بے باق کرنا - کوڑی کوڑی بھر پانا - پائی پائی وصول کرنا - کوڑی پر جان دینا / دانت رہنا - بہت کنجوس اور لالچی ہونا ؎

کوڑی کوڑی پر رہا دانت تلاش زر میں
ہڈیاں ہم نے چبائیں سگ دنیا ہو کر

کوڑی کوڑی جوڑنا - تھوڑا تھوڑا کر کے جمع کرنا - کوڑی کوڑی کو حیران ہونا - ایک ایک پیسے کو محتاج ہونا - کچھ پاس نہ ہونا - کوڑی کوڑی لینا - آخری پائی تک وصول کرنا - کوڑی کوس دوڑنا - ایک ایک کوڑی کے لیے دور کا چکر لگانا - نہایت محنت مشقت کرنا - کوڑی کو نہ پوچھنا - نہایت ذلیل ہونا - کوئی قدر نہ رہنا - کوڑی کے تین تین یا کوڑی کے دو دو - نہایت سستا - نہایت مندا - نہایت بے قدر - کوڑی کی عزت ہو جانا یا کوڑی کی بات ہو جانا - کچھ عزت نہ رہنا - ذرا آبرو نہ رہنا - کوڑی کے کام کا - بالکل نکما - کوڑیا غلام - مفت کا نوکر - بے عزت - کوڑیوں کے مول - نہایت سستا - کم قدر - کوڑیوں کے مول بکنا - بہت سستے داموں بکنا - کوڑیوں کے مول لینا - بہت سستے داموں خریدنا - کوڑیوں کے مول نہ لینا - مفت بھی نہ لینا -

کوڑیا :- (ھ - مو) معمولی دروازہ - کواڑ کا اسم مصغر - کوڑیالا - (ھ - مذ) ایک طرح کا سفید چتیوں والا زہریلا سانپ ؎ گویا

زلف نے نقد دل کیے ہیں جمع
اب تو یہ سانپ کوڑیالا ہے

مال دار آدمی جیسے وہاں ہر ایک دلال کوڑیالا (آرائش محفل)

کوژپشت :- (ف - مذ) جھکا ہوا - کبڑا -

کوزہ :- (ف - مذ) ڈونگا - دستہ دار برتن - قلفی (برف کا کوزہ) آبخورے کی شکل کا بنا ہوا مصری کا ڈلا - مٹی کا آب خورہ - کوزہ گر - کوزہ بنانے والا کمہار - کوزۂ نبات (مذ) مصری کا کوزہ - کوزے میں دریا بند کرنا - کسی بہت بڑے مضمون کو نہایت مختصر کر کے بیان کر دینا -

کوس :- (ھ - مذ) تیس ہزار چار سو بیالیس گز کے قریب فاصلہ ($2246\frac{2}{3}$ گز) دو میل کا فاصلہ - فرسنگ کا تیسرا حصہ - آستین کا کف ؎ منیر

ہاتھوں سے ناپتے ہیں راہ جنون
آستینوں میں کوس پڑتے ہیں

کوس چلی نہیں بابا پیاسی - محنت پڑی نہیں فریاد شروع - کوسوں (مذ) کوس کی جمع - بہت دور - کالے کوس - کوسوں بھاگنا یا کوسوں دور بھاگنا - نہایت نفرت کرنا - پاس نہ پھٹکنا -
کوس (ف - مذ) بڑا نقارہ - دھونسا - کوس رحلت - (اضا - مذ) روانگی کا نقارہ -

کوسنا :- (ھ - مذ) بددعا - کوسنا لگنا - بددعا لگنا - کوسنے کا اثر ہونا - کوسا کاٹی (مو) کوسنا - بددعائیں دینا - کوسا کاٹی کرنا - کوسنا - بددعا دینا - نیز بددعا دینا - برا بھلا کہنا - پیٹنا - کوسنا کاٹنا - بددعائیں دینا - برا بھلا کہنا -

کوش :- (س - مذ) لغت کی کتاب - خزانہ - نیام -

کوشش :- ف - مو دوڑ دھوپ - جستجو - قصد - کوشش کرنا - ہاتھ پاؤں مارنا - سعی کرنا -

کوشاں :- (ف) کوشش کرنے والا -

کوشک :- (ف - مذ) محل - اونچی عمارت - راج مندر - ؎ واجد علی شاہ

ڈھونڈھ لائیں گے سب گنجی میں ہم تار کر
مشعل مضمون سے روشن کوشک تاریک ہے

کوفت: (مو) اضطراب ۔ آزار ۔ جلن ۔ تکان ۔ کلفت ۔ کوفتگی ۔ کوفت کھانا ۔ غم کھانا ۔ تکلیف قلبی برداشت کرنا ۔ ؎ اختر شاہ اودھ

کیوں گھوتی ہے جاں کوفت کھا کر
میں لاتی ہوں ماہ رو کو جا کر

کوفت کا کھانا ۔ غم کا جوگ کرنا ۔ ؎ امیر

فرط بیماری سے میں گھٹتا نہیں
کوفت کھائے جاتی ہے بیمار کی

کوفتہ: (ف) بھنی ہوئی چھوٹی چھوٹی بوٹیاں (سند کے لیے دیکھیے خوانچہ) کوفتہ ۔ بختہ ۔ کوٹ پچھاں کر ۔

کوفہ: (مذ) عراق عرب کے ایک مشہور شہر کا نام جو بیوفائی میں ضرب المثل ہے ۔ کوفی ۔ کوفے کا رہنے والا ۔ ظالم ۔ بے رحم ۔ بے وفا ۔ نمک حرام ۔ بے مروت ۔

کوک: (ہ ۔ مو) آواز ۔ بلند آواز ۔ سریلی آواز ۔ کوئل کی آواز ۔ ترانہ ۔ چہچہاہٹ ۔ چیخ ۔ درد بھری آواز ۔ شور ۔ گھڑی یا باجے وغیرہ میں کنجی بھرنا ۔ آواز لگانا ۔ کوک کرنا یا مارنا ۔ چیخ مارنا ۔ کلکاری مارنا ۔ ہانک مارنا ۔ کوکنا ۔ چیخنا ۔ چلانا ۔ کوہنا ۔ گھڑی یا باجے میں کنجی دینا ۔ کوئل کا بولنا ۔ فاختہ یا مور کا بولنا ۔ چیز کو چلانا ۔

کوکا: (ہ ۔ مذ) باریک کیل ۔ کوکا بیلی (مذ) گل نیلوفر ۔ عورتوں کے گلے کا ایک زیور ۔

کوکب: (ع ۔ مذ) روشن ستارہ ۔ بڑا ستارہ ۔ کواکب ۔ جمع ۔

کوکبہ: (ع ۔ مذ) ستارہ ۔ شاہی جلوس ۔ شان و شکوہ ۔

کوکلہ: (ہ ۔ مذ) کوئل ۔

کوکلتاش: (ت ۔ مذ) بادشاہ کا دودھ شریک بھائی ۔

کوکنار: (ف ۔ مذ) پوستی کا ڈوڈا ۔

کوکنی: (ہ ۔ مذ) ایک رنگ کا نام جو شہاب لاجورد پھٹکری سے تیار کیا جاتا ہے ۔ مرغی کی ایک چھوٹی نسل ۔

کوکو: (مو) فاختہ کی آواز ۔ قمری کی آواز ۔

کوکو: (مو) بچوں کے ڈرانے کا ایک فرضی نام ۔ بچے کوے کو کہتے ہیں ۔ کوکو پلاؤ ۔ وہ پلاؤ جس میں سالم کوکے یا انڈے ڈالتے ہیں ۔

کوکہ: (ت ۔ مذ) انا کا بیٹا یا بیٹی ۔ دودھ پلانے والی کا لڑکا یا لڑکی ۔

کوکھ: (ہ ۔ مو) پیٹ ۔ بطن ۔ مجازاً اولاد ۔ کوکھ اجڑنا ۔ اولاد مر جانا ۔ کوکھ بند (مو) بانجھ عورت ۔ کوکھ جلی ۔ مو ۔ وہ عورت جس کی اولاد نہ جیتی ہو ۔ کوکھ ماری جانا ۔ بانجھ ہو جانا ۔ کوکھ مانگ سے ٹھنڈی رہنا ۔ سہاگن اور صاحب اولاد ہونا ۔

کولا: (ہ ۔ مذ) دروازے کے ادھر ادھر کا پہلو یا دیوار ۔ ؎ میر

کولے ٹوٹے ہیں طاق پھوٹے ہیں
پتھر اپنی جگہ سے چھوٹے ہیں

(اناج کی پولی جو کاٹنے کو دی جائے ۔ بغل ۔ گود ۔ چھوٹا سنگترہ ۔ ایک قسم کی نارنگی ۔

کولا: (ہ ۔ مذ) وہ جگہ جہاں کر بند باندھتے ہیں ۔ چوتڑ ۔ کولا اترنا ۔ کولے کا جگہ سے سرک جانا ۔ کولا دکھیاں (مو) اٹھا پانی ۔ دھینگا مشتی (متروک ہے) کولا کاٹنا ۔ سزا دینا ۔ حد سے سپینا ۔ بوٹیاں اڑانا ۔ کولا مارنا یا مار کر چلنا ۔ مٹک کر چلنا ۔ کولا ۔ کوٹلہ ۔

کولھو: (ہ ۔ مذ) تیل نکالنے کی کل ۔ رس پیلنے کی مشین ۔ کولھو پلنا ۔ کولھو میں پڑ کر تیل نکلنا ۔ کولھو میں رس نکلنا ۔ کولھو کا بیل (مذ) وہ بیل جو کولھو میں جوتا جاتا ہے ۔ نہایت محنتی ۔ ہر وقت کام میں لگا رہنے والا ۔ ایک ہی جگہ گھوم پھر کر آجانے والا ۔ کولھو کاٹ کر موگری بنانا ۔ (کنایتہً) قیمتی اور بڑی چیز کو خراب کر کے معمولی چیز بنانا ۔ بے وقوفی کا کام کرنا ۔ کولھو کے بیل کو گھر ہی پچاس کوس ۔ کولھو کے بیل کو گھر ہی میں منزل ہے ۔ غریب مزدور اور مصیبت کے مارے ہوئے کو گھر میں بھی آرام اور قرار نہیں ملتا ۔ کولھو میں پیل ڈالنا یا کولھو میں پیلنا یا کولھو میں ڈال کر پیس ڈالنا ۔ نہایت سخت سزا دینا ۔ شکنجے میں کھینچنا ۔ سخت تکلیف سے مارنا ۔

کولی: (مذ) ایک ادنیٰ قوم کا نام ۔ ہندو جولاہا ۔ ہندی پنے کی سیاہی ۔ تیلی ۔

کولی: (ہ ۔ مو) گود ۔ دونوں ہاتھوں کا حلقہ ۔ کولی بھرنا ۔ بغل میں دبانا ۔ گلے لگانا ۔ چھاتی سے لگانا ۔

کول: نقب ۔ سیندھ ۔ کول لگانا ۔ نقب لگانا ۔

کون: (ع ۔ مذ) ہو جانا ۔ موجود ہونا ۔ دنیا ۔ جہان ۔ کون و فساد (مذ) ہو کر بگڑ جانا ۔ بن کر برباد ہو جانا ۔ موجودات فانی ۔ کون و مکان ۔ مذ ۔ دنیا ۔ جہان ۔

کون: (ف ۔ مو) دبر ۔ پاخانے کا مقام ۔

کَون :-(ہ) سوالیہ کلمہ ۔ ذوی العقول کے لیے ؎

کون آتا ہے بُرے وقت کسی پاس اے داغ

کتنا کے معنی ہیں ؎ ذوق

کون وقت اے وائے گزرا جی کو گھبراتے ہوئے

کیا چیز ہے ۔ بے حقیقت ہے ؎

کیا اے رشک حقیقت انسان کون نمائش کون ثبات

فسانہ کے ساتھ بطور سوال (ہم نہیں سمجھتے تم کون) کون بات ہے ۔ بات نہیں ۔ موقع نہیں ۔ کون جانے ۔ خدا معلوم ۔ کون حقیقت ۔ بے حقیقت ہے ۔ کون دِن گئے ۔ کیسے اچھے دِن تھے ۔ کیا اچھا زمانہ تھا ۔ کون سا سوالیہ کلمہ ۔ غیر ذوی العقول کے لیے (کون سا قلم چاہیے) کون سا درخت ہے جسے ہوا نہیں لگی ۔ (عو) مثل ۔ کسے تکلیف نہیں کس میں عیب نہیں ۔ کون سا زہر مل گیا ۔ کیا برائی (غضب) ہوئی ؎ داغ

جب کہا تم گلے سے مل جاؤ مل گیا زہر کون سا اس میں

کون سنتا ہے ۔ کون پرواہ کرتا ہے ۔ کوئی نہیں سنتا ۔ کس کو فکر ہے ۔ کون سی کسر اٹھا رکھی ہے ۔ کیا کچھ نہیں کیا یا کہا ؎ جلیل

غیر کیوں ہوتے ہیں شامل مری رسوائی میں

کون سی بات مرے دل نے اٹھا رکھی ہے

کون سے قرآن میں لکھا ہے ۔ کس قاعدے سے جائز ہے "دکھا تو کون سے قرآن میں لکھا ہے کہ بچہ پیٹ میں ہو اور بچے والی چلے پھرے اور کام کرے" (بنات النعش) کون سے مرض کی دوا ہو ۔ کس کام کے ہو ۔ بالکل نکمے ہو ۔ کون مدت سے ۔ کتنے زمانے سے ۔ کون وقت ہوا ۔ دیر ہو گئی ۔ مدت ہو گئی ۔ کون وقتوں سے ۔ بڑی دیر سے ۔ کون ہوتا ہے ۔ کیا تعلق ہے ۔ کیا واسطہ ہے ۔ کیا رشتہ ہے

کونا :-(ہ ۔ مذ) گوشہ ۔ طرف ۔ کھونٹ ۔ پہلو ۔ کونا کونا ۔ ہر ایک کونا ۔ کونا کھدرا یا کونا کھترا ۔ سوراخ ۔ بل کونہ ۔ کونہ کونہ جھانکنا ۔ بجد تلاش کرنا ۔ کونے کی خیر منانا ۔ گھر کی بھلائی چاہنا ۔ کونے میں پڑا ہونا ۔ سب سے الگ ہونا ۔ گوشہ گیر ہونا ۔

کونتنا :-(ہ) بگتے وقت زور لگانا ۔

کُونج :-(ہ ۔ مو) کاز ۔ کلنگ ۔

کونج :-(مو) انگریزی کوچ ۔ کونج نکل گیا ۔ کچھ مرحل گیا ۔ تباہ ہو گیا ۔

کُونچا :-(ہ ۔ مذ) گھاس کا پولا یز کوچا ۔

کُونچا :-(ہ ۔ مذ) بجز بھوپنچے کا کرچھا جس سے بال نکالتا ہے ۔

کَوند :-(ہ ۔ مو) بجلی کی چمک ۔ کوندا ۔ بے کڑک کی چمک ۔ (ہونا ۔ پڑنا ۔ لپکنا ۔ لگنا کے ساتھ) ؎ آرزو

کالی گھٹا میں کوندا لپکا رو کے کوئل کوک گئی

جتنے گہری سانس کھینچی تھی اتنی لمبی ہوک گئی

؎ بحر

پکارے ہے کہ وہ کوندا لگا وہ مینھ آیا

پڑی ہے دھوم مرے اشک و آہ کی ایسی

کوندنا ۔ بجلی کا چمکنا ؎ واجد علی شاہ

وہ ابر سیہ کا گھر کے آنا

بجلی کا وہ اس میں کوند جانا

کُونڈا :-(ہ ۔ مذ) آٹا گوندھنے کا مٹی کا برتن چھوٹی ناند ۔ بزرگان دین کی نیاز جو کونڈا بھر کر دلائی جاتی ہے ۔ کونڈا کرنا ۔ نیاز دلوانا (لکھ میں مذکورہ معنوں کے لیے کونڈے کرنا ہی بولتے ہیں) کسی کا ستیاناس کرنا ۔ تباہ کرنا ۔ کونڈا ماننا ۔ نذر نیاز کا عہد کرنا ۔ کونڈی (مو) چھوٹا کونڈا ۔ بھنگ گھوٹنے کا برتن ۔ کونڈی سونٹی بجانا ۔ بھنگ گھوٹنا ۔ کونڈالی (مو) چھوٹا کونڈا ۔ (لکھ)

کَونرا جانا :-(ہ) کاہیں کاہیں سے گھبرا جانا ۔ بدحواس ہونا (کونرا دینا ۔ متعدی)

کَونسل :-(انگ ۔ مو) مشورہ ۔ مل کر رائے سوچنا ۔ کونسل کرنا ۔ مشورہ کرنا ۔

کُوں کُوں :-(مو) کتے کے پلوں کی آواز ۔

کَونین :-(ع ۔ مذ) دونوں جہان ۔ دُنیا اور عقبےٰ (دیکھیے سند میں خونت)

کوہ :-(ف ۔ مذ) پہاڑ ۔ کوہ آتش خیز یا آتش فشاں (مذ) وہ پہاڑ جس سے آگ نکلتی ہے ۔ جوالا مکھی پہاڑ ۔ کوہ آدم ۔ لنکا کے ایک پہاڑ کی چوٹی کا نام ۔ کوہسار (مذ) پہاڑی مقام ۔ کوہستان (مذ) پہاڑی ملک ۔ پہاڑی علاقہ ۔ سلسلۂ کوہ ۔ کوہستانی ۔ پہاڑی ۔ پہاڑ کا رہنے والا ۔ کوہ بے ستون ۔ دیکھو بے ستون ۔ کوہ طور یا سینا (مذ) شام کے پہاڑ کا نام جہاں حضرت موسیٰ نے خدا کا جلوہ دیکھا تھا ۔ کوہ قاف (مذ) بحیرۂ اسود کے شمالی حصے کا پہاڑ ۔ وہ جگہ جو بہت دُور ہو اور جہاں آدمی نہ جا سکے ۔ کوہ کن (مذ) پہاڑ کھودنے والا ۔ فرہاد کا لقب ۔ عاشق صادق ۔ کوہ کندن کاہ

نا آشنا رقیب کہ اس سے خدا بچائے
جاتا ہے پھر نہ راہ وفا یار کی طرف

اسم موصول کے بعد جملے کے طور پر۔ مقابلے کے لیے ؎

تم کہ بیداد کرو اور نہ شرماؤ ذرا
ہم کہ نا کردہ گنہ اور پشیمان بہت — داغ

کرنا۔ کسی امر کا سبب ظاہر کرنے کے لیے ؎ ذوق

اِک باعث ہے دایۂ طفل کو افیون دیتی ہے
کہ تا ہو جائے لذت آشنا تلخیٔ دوراں سے

کَہ :- (ف) کاہ کا مخفف۔ مرکبات میں مستعمل ہے (جیسے کہ رُبا)

کِہ :- (ف) چھوٹا۔ کم رُتبہ۔ کِہتر: بہت حقیر۔ کِہترین: سب سے حقیر۔ کِہ و مِہ۔ چھوٹے بڑے۔

کہہ اُٹھنا :- (ف) بے سوچے سمجھے کہنے لگنا۔ کہہ بیٹھنا۔ کہہ دینا۔ فوراً کچھ کہنا (زیادہ تر بُرا بھلا کہنے کے موقع پر مستعمل ہے) کہتے کی زبان نہیں پکڑی جاتی۔ بولنے والے کو کون روکتا ہے۔ کہہ دینا۔ ظاہر کر دینا۔ بھید کھول دینا۔ جتا دینا۔ عرض کر دینا۔ بتا دینا سمجھا دینا۔ کہہ ڈالنا۔ بیان کر دینا۔ کہہ سنانا۔ بیان کرنا۔ کہہ سن دینا۔ فہمائش کرنا۔ پیغام دینا۔ سفارش کرنا۔ کہہ سن لینا۔ بات چیت کرنا۔ کہہ کے گنہ گار ہونا۔ بے جا بات کہنا۔ بے نتیجہ بات کہنا۔ کہہ گزرنا۔ بیان کر دینا۔ کہہ مکرنی (مو) ایک قسم کی پہیلی جس میں بوجھ بتا دی جاتی ہے۔

کہا (مذ) کہا ہوا۔ کہنا۔ کہا سنا (مذ) خطا قصور۔ جو کچھ بُرا بھلا منہ سے نکلا ہو یا کسی سے سنا ہو۔ کہا کرنا۔ کہا ماننا۔ کہنے پر عمل کرنا۔ کہن (مو) کہنے کا ڈھنگ۔ طرز گفتار۔ کہنا۔ بیان کرنا۔ قرار دینا (تم نے اسے جاہل کہا) نام رکھنا۔ (بندے کو نسیم کہتے ہیں) الزام دینا (خود تو بُری عادت چھوڑتے نہیں ہمیں کہتے ہو کہ ہم بدنام کرتے ہیں) خبر دینا۔ خبر کرنا۔ آگاہ کرنا (ملازم سے کہو کہ گاڑی تیار کرے) موزوں کرنا (شعر کہنا) عرض کرنا۔ التماس کرنا۔ اقرار کرنا۔ (تم مجھ سے کہہ کے مکر گئے) روایت بیان کرنا۔ ظاہر کرنا ؎ رشک

کہہ رہا ہے تمہارا چپ رہنا کہ حسینوں میں لاجواب ہوئے

شکوہ کرنا (میں نے کب کہا کہ تم میرے روپیے نہیں دیتے) اشارہ کرنا ؏ جلیل

آنکھیں تو اپنی دیکھیے وہ کہہ رہی ہیں کیا

یاد کرنا ؏ قدر

ہم بھی کبھی کہیں گے ہم بھی کبھی جواں تھے

کہنا (اسم۔ مذ) بات۔ مقولہ۔ بیان۔ پند۔ وعظ۔ فرمان۔ حکم۔ کہنا سننا۔ کہنا۔ سمجھانا۔ بہکانا۔ ورغلانا۔ بحث کرنا۔ ضد کرنا (آج آپ سے بہت کچھ کہنا سننا ہے) (مذ) رسائی۔ دخل۔ اختیار (اب سارے علاقے میں انھیں کا کہنا سننا ہے) کہنے کو۔ نام کو۔ برائے نام۔ کہنے کی بات ہے۔ غلط ہے۔ بے اصل ہے۔ کہو۔ بتاؤ کی جگہ ؏ انیس

اس سے رونا کہو دن رات کا کیونکر چھوٹے

کہو دن کی سنے رات کی، کہو زمین (کھیت) کی سنے آسمان (کھلیان) کی۔ سوال کچھ جواب کچھ۔ کہی بدی (مو) قول و قرار۔ دو شخصوں کا باہمی عہد و پیمان۔ کہے جانا۔ مسلسل کوئی بات کہنا۔ کہے دینا۔ آگاہ کر دینا۔ خبردار کر دینا۔ کہے سنے سے۔ سمجھانے بجھانے سے۔ کہے سے۔ کہنے سے۔ حکم سے۔ کہے سے دھوبی گدھے پر نہیں سوار ہوتا۔ اس جگہ بولتے ہیں۔ جہاں کوئی شخص کہنے سے کام نہ کرے اور پھر از خود کرے۔ کہے میں ہونا۔ قابو میں ہونا۔ فرمانبردار ہونا۔

کہار :- (ہ) ایک خدمتی فرقہ جس کا کام پانی لانا۔ پانی بھرنا۔ ڈولی یا پالکی اٹھا کر چلنا اور برتن مانجھنا ہے۔ کہارن۔ کہارنی (مو) کہار کی تانیث۔ کہاری۔ کہار کی تانیث۔ وہ عورت جو پالکی وغیرہ اٹھاتی ہے اور ہندوؤں کے یہاں پکانے اور مسلمانوں کے یہاں اوپری خدمت پر نوکر ہوتی ہے۔ کہاروں کی مزدوری۔

کہاں :- سوالیہ کلمہ۔ ظرف مکان کے لیے۔ کس جگہ۔ کس مقام پر۔ کس طرف۔ کدھر۔ بعد۔ فرق۔ دوری۔ اختلاف ظاہر کرنے کے لیے (کہاں وہ اور کہاں میں) نہیں کے معنی میں ؎ داغ

بات کرنی جسے نہ آتی ہو
بات سننے کی اس کو تاب کہاں

کب کی جگہ (مجھے ان باتوں کی کہاں فرصت ہوتی ہے) کہاں تک۔ کب تک۔ کتنی دیر تک۔ کتنی دور تک۔ کس قیمت پر (یہ چیز کہاں سے طے ہو جائے گی) کتنا۔ کس قدر (کہاں تک کوشش کرے) کہاں جاتا ہے۔ کہاں بچ کے جائے گا۔ ضرور سزا پائے گا۔ کس جگہ جاتا ہے۔ کس کے پاس جاتا ہے۔ کہاں جاؤں۔ کیا علاج کروں۔ کیا تدبیر کروں۔ کہاں راجہ بھوج کہاں گنگوا تیلی۔ ادنیٰ کو اعلیٰ سے کیا نسبت۔ کہاں سر پھوڑوں۔ عالم مجبوری ظاہر کرنے کے لیے کچھ تدبیر بن نہیں آتی۔ کہاں سے کہاں۔ بے ٹھکانے۔ بہت دور کی جگہ۔ کہاں کا۔ کس جگہ کا۔ کس طرف کا۔ کس کام کا۔ کس غرض کا۔ بے قدری اور بے وقعتی ظاہر کرنے کے لیے ؏ ظفر

کہاں کا لعل رمّانی ہے یاقوت یمن کس کا

انوکھا۔ بے پروائی ظاہر کرنے کے لیے ؏ داغ

کہاں کا آنا کہاں کا جانا وہ جانتے ہی نہیں یہ رسمیں

قیمت ہونا ۔ قدر و ہونا ۔ ؏ رشک

جب خزاں آئی کہاں کو پھول کیسے زمزمے

کب کا ۔ کہیں زمانے کا نہیں ہے ۔ کہاں کا رہ ۔ بیکار ہو گیا ۔ کہاں کا کہاں ۔ بے ٹھکانے ۔ کہاں سے کہاں ۔ کس مقام سے ۔ کس مقام پر ۔ کہاں کہاں ۔ تعجب اور حیرت سے کہتے ہیں کسی شخص کو کسی طرف جاتے ہوئے دیکھ کر دفعتہ روکنے یا ٹوکنے کے لیے بھی بولتے ہیں ۔ کس کس جگہ ۔ کہاں کی تحقیر کے واسطے ؏ داغ

مجھ سے کہیں کو کہاں صبر کہاں کی تو بہ

بے جا اور بے موقع کی جگہ ۔ کہاں مر رہا ۔ کس جگہ دیر لگائی ۔ کیوں دیر لگائی ۔

کہانت :۔ (ع ۔ مو) غیب کی بات بتلانا ۔ فال گوئی کرنا ۔

کہانی :۔ (ہ) قصہ ۔ داستان ۔ فضول اور لغویات ؎

کہانیاں ہیں حکایات خضر و آب بقا
بقا کا ذکر ہی کیا اس جہان فانی میں ذوقؔ

کہانی جوڑنا ۔ قصہ بنانا ۔ افسانہ جوڑنا ۔ کہانی کہنا ۔ داستان سنانا ۔ قصہ بیان کرنا ۔ فرضی حال سنانا ۔ کہانی ہے ۔ غلط ہے ۔ صرف کہنے کی بات ہے ۔ سب جھوٹ ہے ۔

کہاوت :۔ (ہ ۔ مو) مثل ۔ ضرب المثل ۔

کہر :۔ (ہ ۔ مو) سردی کے موسم میں اکثر صبح و شام ۔ زمین و آسمان کے درمیان جو دھواں سا نظر آتا ہے کہرا (مذ) کہر ۔

کہرا :۔ (ہ ۔ مذ) گھوڑے کا ایک خاص رنگ ۔

کہرام :۔ (ہ ۔ مذ) آہ و زاری ۔ ماتم ۔ رونا پیٹنا ۔ کئی آدمیوں کا مل کر ایک مصیبت پر گریہ و زاری کرنا ۔ (پڑنا ۔ ڈالنا ۔ کرنا ۔ مچنا ۔ ہونا ۔ بقول کئے کہرام سے بنا ہے

کہربا :۔ (ہ ۔ مذ) ایک قسم کا زرد جس کی یہ خاصیت ہے کہ اگر اسے کپڑے یا چمڑے پر رگڑ کر گھاس کے تنکے کے مقابل کریں تو مقناطیس کی مانند اسے اٹھا لیتا ہے ۔ سنہ کے لیے دیکھیے منہ میں تنکا لینا ۔ کہربائی ۔ کہربا سے منسوب (جیسے کشش کہربائی)

کہروا :۔ (ہ ۔ مذ) کہاروں کا ناچ گانا جو صبح کے وقت رنڈیاں ناچا گایا کرتی ہیں ۔

کہف :۔ (ع ۔ مذ) غار ۔ گڑھا ۔ دیکھو اصحاب کہف ۔

کہکشاں :۔ (ف ۔ مو) چند ستارے جو سڑک کی شکل میں آسمان پر نمودار ہوتے ہیں دیکھو کاہکشاں

کہگل :۔ (ف ۔ مو) بھوسے میں ملی ہوئی مٹی جس سے دیوار و پر پلستر کاری کرتے ہیں (کرنا ۔ لگانا) ؎

اس در پہ کوئی جائے تو کیا خاک کو خوش آئے
مجرد دیوار و دروں تک بھی کہگل کی دی سے مصحفیؔ

کہن :۔ (ف) پرانا ۔ اکثر آسمان کی صفت میں مستعمل ہے ۔ کہن سال ۔ بوڑھا ۔ بڑی عمر کا ۔ کہن سالی (مو) بڑھاپا

کہنہ :۔ (ف) پرانا ۔ سال خوردہ ۔ کہنہ مشق ۔ مشاق ۔ تجربہ کار ۔

کہنی :۔ (ہ ۔ مو) بازو اور کلائی کے جوڑ کا پیچھے والا حصہ ۔ کہنی چلانا یا مارنا ۔ کہنی کی ضرب لگانا ۔ کہنی سے ہٹانا ۔ کہنی دار کرسی ۔ وہ کرسی جس کے دائیں بائیں جانب ہاتھ رکھنے کی لکڑیاں لگی ہیں ۔

کہو :۔ (ہ ۔ کو ۔ مو) کوئل کی آواز ؎ شوق

کہیں بھی کوئل کہو بولتی کہ اس وقت کم بخت تو بولتی

کہو کہو ۔ کوئل کی آواز ۔

کہیں :۔ (ہ) کسی جگہ ۔ غیر معین مقام پر ۔ دوسری جگہ ؏

بھیجتی ہوں کہیں جاتی ہے یہ مردار کہیں (جان صاحب)

مبادا ۔ ایسا نہ ہو ۔ استفہام انکاری کے لیے (کہیں بوڑھے طوطے بھی پڑھتے ہیں) ترجیح اور ترقی ظاہر کرنے کے لیے (کہیں صبح ہو تو چلیں) کسی حال میں ۔ صرف ؎ امیر

ارباب کمال چل بسے سب
سو میں کہیں ایک دو رہے ہیں

کہیں اُدھر ۔ کسی اور جگہ ۔ کہیں ڈوبے بھی تیرے ہیں بگڑے ہوؤں کا سنورنا مشکل ہے ۔ کہیں سنا ہے ۔ تعجب کی بات ہے ۔ کہیں سے ۔ کسی جگہ سے ۔ کہیں سے کہیں ۔ فاصلہ دُور دراز ۔ بہت دُور ۔ کہیں کا کہیں ۔ بڑا فاصلہ یا بڑا فرق دکھانے کے لیے ۔ کہیں کا نہ رہنا ۔ کسی خاص کام کا نہ رہنا ۔ محض نکما اور برباد ہو جانا ۔ کہیں کہیں ۔ بعض بعض جگہ ۔ کہیں نہ کہیں ۔ کسی نہ کسی جگہ ۔ ضرور (کہیں نہ کہیں پانی برسا ہے) کہیں نہیں بچے ۔ ضرور سے ہے

کھابدنا :۔ (ہ) ضبط کر جانا ۔ خاموش ہو جانا ۔ جواب نہ دینا (ان کے بار بار کہنے پر بھی کس نے کان نہ ہلائے اور کھا بدے) کھا بیٹھنا ۔ رقم دبا لینا ۔ غبن کرنا ۔ کھا پی کر ۔ نوش کر کے ۔ خرچ کر کے ۔ کھا ڈالنا ۔ اڑا دینا ۔ کھا جانا ۔ نگل جانا ۔ چٹ کر لینا ۔ مال مار لینا ۔

غبن کر لینا - اُٹھ جانا - صرف ہو جانا - چھوڑ جانا - تباہ کر دینا - اجاڑ دینا (نظر کھا گئی) لگ جانا (سردی کھا گئی - زنگ کھا گیا) غصّے سے دیکھنا - سختی سے دیکھنا - مار ڈالنا - قتل کرنا - فضول خرچی کرنا - غائب کر دینا - کھا ڈالنا - صرف کر ڈالنا - کھا کے پچتا تا ہے نہا کے نہیں پچتاتا - نہانے سے بدن چُست رہتا ہے - کھا کے ڈکار نہ لینا - پرایا مال ہضم کر لینا - کھا لینا - نوش کرنا - سیر کرنا (ہوا کھانا) مار لینا - مار ڈالنا - کھا جانا - ڈنک مارنا - ڈسنا - کاٹنا (مچھر، پِسّو اور کھٹملوں کے لیے مستعمل ہے) چاٹ جانا - کھو کھلا کر دینا (چوہوں نے کھا لیا - گھن نے کھا لیا) بھنبھوڑنا - پھاڑ کھانا (شیر نے کھا لیا) نگل لینا - مار ڈالنا - ؎ اشک

رکھا پناہ میں سحر وصل یار نے
کھا ہی لیا تھا دیو شب انتظار نے

کھاتا پیتا (مذ) خوش حال - کھاتی پیتی - مونث کے لیے - کھاتے پیتے لاتیں مارنا - خوش حالی میں شکایت کرنا - ناشکری کرنا - کھاتا دھن (مذ) وہ چیز جس پر کچھ نہ کچھ ہمیشہ خرچ کرنا پڑے -

کھانا:- (ہ - اسم نکرہ - مذ) خوراک - خاصہ - ضیافت - دعوت - (مصدر) حلق سے اتارنا - سہنا (غم کھانا) رشوت لینا (وہ محلے خزانے کھاتا ہے) خوب کھانا - برخاست کرنا (انسپکٹر نے آتے ہی سب سے پہلے ہیڈ کو کھایا) تباہ کرنا - پریشان کرنا (دماغ کھانا) اثر لینا (ہوا کھانا - اوس کھانا - دھوپ کھانا - سردی کھانا) سُننا (گالیاں کھانا) کرنا (ترس کھانا) کھا جانا - کھا لینا (دیکھو دونوں کے معنی) چاٹنا - آنس نکال دینا - کھوکھلا کر دینا (دیمک کا لکڑی کو کھانا) زخم دینا (جوتی کا پاؤں کھانا) کھانا اور غرّانا - جو شخص احسان کرے اسی پر بگڑنا - کھانا پانی حرام کر لینا - قطعاً کچھ نہ کھانا - کھانا پچانا - ورزش وغیرہ سے غذا ہضم کرنا - کھانا پرایا ہے پیٹ تو پرایا نہیں - کوئی شخص کسی دعوت وغیرہ میں بہت سا کھا کر بدہضمی میں مبتلا ہو تو اس موقع پر بولتے ہیں - کھانا پینا (مذ) دانہ پانی - خورد و نوش کا خرچ - کھانا چھاتی پر رہنا - کھانا ہضم نہ ہونا - کھانا دانا (دال سے) وہ دعوت جو برادری کے لوگوں کو دی جاتی ہے - کھانا دینا - دعوت دینا - کھانا زہر مار کرنا - بحتیری کھانا - کھانا کمانا - روپیہ حاصل کر کے گذر اوقات کرنے لگنا - کھانے کمانے کا ٹھیکرا - روزی کا وسیلہ - کھانے کو بسم اللہ کمانے کو استغفر اللہ (یا) کھانے کو چچا کمانے کو ننھا بچہ - اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو کھانے کو تیار ہو اور کام کرنے سے جی چرائے - کھانے کو دوڑنا - بدمزاجی سے پیش آنا -

کھانے کے گال نہانے کے بال چھپے نہیں رہتے - دونوں باتیں چہرے سے معلوم ہو جاتی ہیں - کھاؤں کھاؤں کرنا - غصّے میں بھرا ہونا - کھائے پر کھایا وہ بھی گنوایا - زیادہ حرص کرنے والا شخص اصلی سرمایہ بھی کھو دیتا ہے - کھائے تو منہ لال نہ کھائے تو منہ لال - اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو جرم کرے یا نہ کرے الزام بہرحال اسی پر لگایا جائے

کھابڑ:- (ہ) ناہموار - اونچا نیچا -

کھات:- (ہ - مذ) بانس - کوڑا کرکٹ - انسان اور حیوان کا فضلہ جس میں مٹی ملی ہو - جسے کسان کھیتی میں ڈالتے ہیں (لک دسے)

کھاتا:- (ہ) ساہوکاروں اور تاجروں کے حساب کی کتاب - حساب کا روزنامچہ - بہی - کھاتا پڑنا - لین دین شروع ہونا - کھاتا کرنا - روزنامچے سے چھانٹ کر بہی میں چڑھانا - کھاتے باقی - بقایا واجب الادا رقم - کھاتے میں پڑنا - حساب میں درج ہونا - روزنامچے سے بہی میں چڑھایا جانا -

کھاٹ:- (ہ - مو) چارپائی - کھٹیا - کھاٹ سے لگ جانا - صاحب فراش ہونا - بہت دُبلا ہو جانا - بیمار ہونا - کھاٹ کھٹولا (مذ) بستر بوریا - سامان -

کھاج:- (ہ - مو) کھجلی - کھجلی کے دانے -

کھاجا:- (ہ - مذ) ایک قسم کی بڑی میٹھی روٹی نما مٹھائی - خوراک -

کھاد:- (ہ - مو - لک) کھات -

کھادر:- (ہ - مو) ترائی - نشیب کی زمین جس بلندی سے آکر پانی جمع ہوتا ہے -

کھادی:- ہاتھ کا بنا ہوا دیسی کپڑا جس کے سوت یا بنائی بالکل مشین استعمال نہ کی گئی ہو - کھدر -

کھار:- (ہ - مذ) شور - شوریت - کھی - رکاوٹ کرنے والی چیز - کھارا - نمکین (مذ) رسّی کا جال جس میں گھاس کنڈے اور خربوزے وغیرہ رکھتے ہیں - ایک رسم جس میں نوشہ کے کپڑے بدلوائے جاتے ہیں - کھار لگنا - کلر لگنا - زمین میں شوریت پیدا ہونا - کھاری - نمکین (کھاری پانی) کھاری پن (مذ) کھاری ہونے کا ذائقہ - کھاری کنواں - وہ کنواں جس کا پانی نمکین ہو - بے فیض شخص - کھاری کنوئیں میں ڈالنا - فائدے سے دست بردار ہونا - کھو دینا - ضائع کر دینا - کھاری نمک - ایک قسم کا نمک -

کھپچی: (ہ ۔ کھپ چی ۔ مو) گود ۔ آغوش ۔ کھپچی بھرنا ۔ گود میں لینا ۔

کھپچی: (ہ ۔ کھپچ چی ۔ مو ۔ لک) بانس کا چرا ہوا پتلا ٹکڑا ۔ کمزور ۔ دُبلی لمبی عورت ۔

کھپر: (ہ ۔ مذ) سر کی ہڈی ۔ جوگیوں کی تونبی ۔ وہ برتن جس میں مجرم کا خون اکٹھا کر کے بہایا جاتا یا دیوتا کو چڑھایا جاتا ہے (ہندوؤں کا رواج مردہ ہے)

کھپرا: (ہ ۔ مذ) چھلکا ۔ بکل ۔ پھاٹک ۔ ایک قسم کا کیڑا جو گیہوں میں لگ جاتا ہے ۔ مٹی کا ٹھیکرا ۔ وہ تیر جس کا پھل چوڑا ہو ۔ کھپریل چھانے کا مٹی کا بنا ہوا چوڑا ظرف ۔

کھپریل: (ہ ۔ مو) کھپروں سے چھائی ہوئی چھت ۔ کھپریل ڈالنا ۔ کھپروں کی چھت ڈالنا ۔

کھپنا: (ہ) کھپانا کا لازم ۔

کھتا: (ہ ۔ مذ) گڑھا جس میں اناج بھرا جاتا ہے ۔ گڑھا ۔ ذخیرہ ۔ گودام ۔ کھتی مو ۔ کھتی بھرنا ۔ کھتی میں غلہ بھرنا ۔ کھتی کا غلہ ۔ خراب غلہ ۔ بیر کھتی ۔ خزانہ ۔ دولت ۔ میرے پاس کیا کھتی گڑی ہے ۔ کھتی ۔ قبضہ تلوار کا وہ حصہ جو نیام کے دہانے پر ٹھہرتا ہے (تیغ ہندی کی آبداری اس کا کوٹ ۔ اُبلا ہو خمیر ۔ دم کس میں بے نظیر کھتی سے بیچے تک اجل کا گھاٹ ۔ سرور سلطانی)

کھتیانا: (ہ) ہر روز کا حساب کچی کتاب سے چھانٹ کر کھاتے میں درج کرنا

کھترانی: (ہ ۔ مو) کھتری کی تانیث ۔ کھتری (ہندو ذات کی) عورت ۔ کھتری (مذ) ہندوؤں کی ایک قوم کا نام ۔

کھتونی: (ہ ۔ مو) گاؤں کی زمین کا حساب کتاب اور اس کی تقسیم ۔

کھٹ: (ا ۔ بک) کٹ (کرنا ہونا) کھٹی کرنا ۔ بات چیت بند کرنا ۔

کھٹ: ہ ۔ مو دو چیزوں کے باہم ٹکرانے کی آواز ۔ کھاٹ کا مخفف ۔ چارپائی کھٹ بنا ۔ کھاٹ بننے والا ۔ چارپائی بننے والا ۔ کھٹ پٹ (مو) متواتر ٹاپ پڑنے کی آواز ۔ لڑائی بھڑائی ۔ جھگڑا ۔ بوٹ یا کھڑاؤں وغیرہ کی آواز متواتر دو سخت چیزوں کے ٹکرانے کی آواز ۔ کھٹ پٹ ہونا ۔ لڑائی ہونا ۔ کھٹ سے ۔ فوراً ۔ کھٹ کھٹ (مو) دو چیزوں کے متواتر ٹکرانے یا بجنے کی آواز ۔ کھٹا پٹ (مو) اَن بن ۔ لڑائی ۔ متواتر ٹکرانے کی آواز ۔ کھٹا پٹی (مو) ہتھیاروں کا باہم ٹکرانا ۔ لڑائی جھگڑا ۔ تکرار ۔ کھٹا پٹی رہنا ۔ لڑائی رہنا ۔ کھٹا پٹی ہونا ۔ لڑائی ہونا ۔ تکرار ہونا ۔ کھٹا کھٹ (مو) دو سخت چیزوں کے ٹکرانے کی آواز ۔

کھٹ بڑھئی: (ہ ۔ مذ) ہُد ہُد ۔ مرغ سلیمان ۔

کھٹا: (ہ ۔ مذ) ایک ترش پھل کا نام ۔ ترش ۔ آمل ۔ اونچے پایوں کی بڑی چارپائی ۔ کھٹا چوک ۔ بہت ترش ۔ کھٹا کھانا ۔ زک پانا ؎ ناظم

رنج نارنج سے حاصل ہے یہ حاصل ہے مزہ
منہ لگائے کوئی میٹھے کو تو کھائے کھٹا

کھٹا میٹھا ہونا ۔ جی للچانا ۔ لالچ ہونا ۔ جی چاہنا ۔ کھٹا ہو جانا ترش ہو جانا ۔ سڑ جانا ۔ جی بیزار ہو جانا ۔ (اچار) اٹھ آنا ۔ کھٹاس (مو) ترشی ۔ کھٹائی ۔ ناراضگی (مذ) ایک قسم کا نیولا ۔ کھٹائی (مو) کھٹاس ۔ کچے آم کی سوکھی ہوئی پھانکیں ۔ کھٹائی میں پڑنا ۔ زیور کا صفائی کے لیے کھٹائی کے پانی میں ڈالا جانا ۔ بکھیڑے میں پڑنا ۔ آج کل میں پڑنا ۔ کھٹائی میں ڈالنا ۔ آجکل کرنا ۔ ٹالنا ۔ کھٹی (مو) کھٹا کی تانیث ۔ کھٹی چیز کو جی چاہنا ۔ صفرا کی علامت ۔ حمل کی علامت ۔ کھٹی میٹھی باتیں ۔ سخت سُست ۔ بُری بھلی باتیں ۔ کھٹے چنے ۔ کھٹائی اور نمک مرچ لگے ہوئے چنے ۔ کھٹے میٹھے دن (مذ) بُرے دن ۔ حمل کے دن ۔

کھٹراگ: (س ۔ مذ) ایک قسم کا راگ ۔ جھگڑا ۔ جنجال ۔ کھٹراگ پھیلانا ۔ جھگڑا پھیلانا ۔ جھنجھٹ کرنا ۔ کھٹراگ نکالنا ۔ فیل لانا ۔ شرارت کرنا ۔ کھٹراگ میں پڑنا ۔ بکھیڑے میں پڑنا ۔ جنجال میں پڑنا ۔ لغو باتوں میں پڑنا ۔

کھٹاکا: (ہ ۔ مذ) ٹکرانے یا گرنے یا ٹوٹنے کی آواز ۔

کھٹک: (ہ ۔ مذ) ایک ہندو قوم جو ہر قسم کے جانور پالنے اور رکھنے کا کام کرتی ہے ۔

کھٹک: (ہ ۔ مو) خلش ۔ چبھن ۔ ٹیس ۔ رنج و غم ۔ گلہ شکوہ ۔ دل ۔ کھٹکتے رہنا ۔ بچتے رہنا ۔ جدا رہنا ۔ چبھتا رہنا ۔ کھٹک جانا ۔ سمجھ جانا ۔ دل میں اثر کر جانا ۔ ناگوار ہونا ۔ بُرا لگنا ۔ مشتبہ ہونا ۔ بگاڑ ہو جانا ۔ اَن بن ہونا ۔ کھٹک چلنا ۔ کنارہ کش ہونا ۔ بیزار ہو چلنا ۔ کھٹکنا ۔ چبھنا ۔ کانٹے یا کسی اور نوکدار شے کی خلش کے اثر کا کسی عضو میں ظاہر ہونا ۔ (کانٹا کھٹکنا) درد کرنا (آنکھ کا کھٹکنا) ناگوار ہونا ۔ خار گزرنا (حسد یا عداوت سے) اَن بن ہونا ۔ بگاڑ ہونا ۔ کھڑکنا ۔ بجنا ۔ ڈرنا ۔ دبنا ۔ ہچکچانا ؎ داغ

تیر تیرا بڑھ کے مژگاں سے نہیں
کچھ کھٹکتے ہیں اسی نشتر سے ہم

دل میں ڈرنا ۔ ہوشیار ہونا ۔ بدظن ہونا ۔

کھٹکا: (ہ ۔ مذ) خفیف آواز جو کسی چیز کے گرنے یا چیزوں کے باہم ٹکرانے سے ہوتی ہے ۔ آہٹ ۔ پاؤں کی چاپ ۔ خلش ۔ کھٹک ۔ کھٹ کھٹ ۔ وہ بانس کا ٹوٹنا جو پھل دار درخت میں جانوروں کے ڈرانے کے واسطے باندھ دیتے ہیں اور ہلاتے رہتے ہیں تاکہ اس کی آواز سے کوئی پرند درخت پر بیٹھ کر پھل نہ کھانے پائے ۔ تق

یاد مژہ نے باغِ دلِ داغدار میں
کھٹکا لگا دیا خلشِ نوکِ خار کا

قفل کا کھٹکا ۔ آواز کی کھٹکری ۔ سُریلی آواز کا موزوں جھٹکا جس سے دل پر چوٹ لگتی ہے ۔ اندیشہ ۔ ڈر ۔ تردد ۔ فکر ۔ کھٹکا باندھنا ۔ درختوں کے پھلوں کو پرندوں سے بچانے کے لیے درخت میں پپا وغیرہ باندھنا ۔ کھٹکا پڑ جانا ۔ خوف ہو جانا ۔ کھٹکا لگا رہنا ۔ خوف لگا رہنا ۔ کھٹکے لگنا ۔ فکر رہنا ۔ دروازے کی چٹخنی لگنا ۔ کھٹکا ہونا ۔ آہٹ ہونا ۔ خوف ہونا ۔ کھٹکانا ۔ کھڑکانا ۔ دستک دینا (متروک ہے) ۔

کھٹکار: (ہ ۔ مو) آواز جو مچھلی کے شست کو جنبش دینے سے ہوتی ہے ۔ کھٹکارنا ۔ مچھلی کا شست کو جنبش دینا ۔

کھٹکنا: (ہ) بچے کا انڈے میں چونچ مار کر باہر نکلنے کے لیے دانتوں سے دبا کر چھلکا جدا کرنا ۔ کسی چیز کو گلے دو دانتوں سے توڑنا ۔ ڈور میں کھٹکی دینا ۔ کھٹکی ۔ مو ۔ ڈور کو دانت سے تھوڑا کاٹ دینا تاکہ وہ زور پڑتے ہی ٹوٹ جائے ۔

کھٹکھٹا: (ہ ۔ مذ) جھگڑا ۔ بکھیڑا ۔ کام دھندا ۔ کھٹکا ۔ بانس کو چیرا جس سے پھل دار درختوں کے جانور ہنکائے جاتے ہیں (ک) کھٹکھٹے ۔ جھگڑے کی باتیں ۔ کھٹکھٹانا ۔ کھڑکھڑانا ۔ دستک دینا ۔

کھٹل ۔ کھٹلا: (ہ) وہ چاقو یا اوزار جس کی دھار کند ہو گئی ہو ۔

کھٹلے: (ہ ۔ مذ) کان کے اوپر کے سوراخ جو زیور کے واسطے عورتیں چھدواتی ہیں ۔

کھٹ مٹھا: (ہ ۔ مذ) ترشی مائل میٹھا ۔ کھٹ مٹھی (مو) ۔

کھٹمل: (ہ ۔ مذ) ایک سُرخ رنگ کے کیڑے کا نام ۔ ایک پہاڑی پھل کا نام ۔

کھٹواتی پٹواتی: (ہ) دیکھو اٹوائی کھٹوائی ۔

کھٹولا: (ہ ۔ مذ) چھوٹا پلنگ ۔ پنگوڑہ ۔ کھٹولی (مو) چھوٹی سی چارپائی ۔

کھٹیا: (ہ) چھوٹی کھاٹ ۔ تابوت ۔ جنازہ ۔ کھٹیا پر پڑنا ۔ بیمار پڑنا ۔ کھٹیا نکلنا ۔ جنازہ نکلنا ۔

کھٹیا: (ہ ۔ مو) ریوڑی ۔ کھٹیاں پنجاب میں مسلمان ریوڑی کو کھٹیا ہی کہتے تھے ۔

کھٹیک: (ہ) کھٹک ۔

کھجانا: (ہ) چڑانا ۔ چھیڑنا ۔ ناراض کرنا ۔

کھجانا یا کھجلانا: (ہ) ناخن سے کھرچنا ۔ سہلانا ۔ کھجلی ہونا ۔ چُل ۔ کھجلاہٹ ۔ مو ۔ خارش ۔ کھجلی ۔

کھجلا: (ہ ۔ مذ) ایک قسم کی بڑی خستہ پوری ۔ خستہ ۔

کھجلی: (ہ ۔ مو) خارش ۔ چُل ۔ ایک مرض کا نام ۔ کھجلی اُٹھنا یا ہونا ۔ چُل ہونا ۔ مار کھانے کو جی چاہنا ۔ شامت آنا ۔ شہوت کا زور ہونا ۔

کھجور: (مو) ایک درخت اور اس کے پھل کا نام ۔ ایک شیرینی کا نام ۔ کھجوریا ۔ نر کھجور جس میں پھل نہیں آتا ۔ کھجوری ۔ کھجور کے متعلق ۔ کھجور کی مانند ۔ کھجوری چوٹی ۔ ایک قسم کی بڑی لٹ ۔ اور خوشبو کی گندھی ہوئی ہوتی ۔

کھچا: (ہ) اینٹا ہوا ۔ کسا ہوا ۔ ناراض ۔ تیز ۔ مہنگا ۔ کھچا جانا ۔ تیزی سے کسی مال کا کسی مقام کو چلے جانا ۔ بھاو کا گراں ہو جانا ۔ مائل ہو جانا ۔ کھچا چلا آنا ۔ کشش سے چلا آنا ۔ کھچا رہنا ۔ دُور دُور رہنا ۔ رنجیدہ رہنا ۔ کھچا کھچا ۔ کشیدہ خاطر ۔ کھچا کھچا پھرنا ۔ کش مکش میں مبتلا رہنا ۔

کھچاکا: (ہ ۔ مذ) ضربِ شمشیر کی آواز جو آدمی کے لگے ۔

کھچاکھچ: (ہ) خوب بھرا ہوا ۔ کھچاکھچ ۔ کثرت سے (مو) ہتھیاروں کے چلنے اور گوشت میں گھسنے کی آواز ۔ کھچاکھچ بھرنا ۔ خوب دبا دبا کر بھرنا ۔

کھچاو: (ہ ۔ مذ) تناؤ ۔ کساؤ ۔ کھچاوٹ (مو) تناوٹ ۔ کساوٹ ۔ کشیدگی ۔ رُکاوٹ ۔

کھچ جانا: (ہ) اٹک جانا ۔ آزردہ ہونا ۔ کنارہ کش ہونا ۔

کھچڑا: (ہ) وہ نمکین کھانا جو گیہوں اور سب طرح کی دالیں ڈال کر پکایا جاتا ہے ۔ بیشتر عشرۂ محرم میں پکا کر فقرا کو تقسیم کرتے ہیں ۔

کھچڑی: (ہ ۔ مو) ایک نرم غذا جو چاول اور دال ملا کر پکائی جاتی ہے ۔ بیر کا پھول ۔ ملی جلی چیزیں ۔

خفیہ صلاح مشورہ۔ ملا جلا۔ اناج کی سانی۔ سفید و سیاہ بال۔ **کھچڑی آنا**۔ بیری میں پھول آنا۔ **کھچڑی پکانا**۔ خفیہ صلاح مشورہ کرنا۔ **کھچڑی پکاتے پہنچا اترنا**۔ نہایت نازک اور مرزا پھویا ہونا۔ **کھچڑی ہو جانا**۔ بالوں کا سیاہ اور سفید ہو جانا۔ مل جل جانا۔

کھچ کھچ :- (ہ۔ مو) کیچڑ میں چلنے کی آواز۔

کھچ کے ملنا :- دو آدمیوں کا ایک ہی چیز کو اپنی اپنی طرف کھینچنا۔ کسی چیز کو جلد ہی کھینچنا۔ صاف دل سے نہ ملنا۔ **کھچم کھچا**۔ مذ

کھچنا :- (ہ) تننا۔ کسا جانا۔ جکڑا جانا۔ رگیں کھینچنا۔ گھسیٹا جانا (مجھ سے ڈول نہیں کھچتا) کشید ہونا۔ آزردہ ہونا۔ احتیاط کرنا۔ نکلنا۔ کشید ہونا (عرق کھچنا) طول پکڑنا (عرصہ کھچنا) خارج ہونا (روح کھچنا) نقل ہونا (نقشہ کھچنا) عکس اترنا۔ شبیہ اترنا (تصویر کھچنا) وقت گزرنا ؎

حال بیمار روئے و زلف نہ پوچھ
صبح گر کھچ گئی تو شام نہیں رشک

گراں ہونا۔ مہنگا ہونا۔ چڑھ جانا (اناج پھر کھچ گیا) کشش ہونا۔ کشش سے کسی کا کوئی جانب رجوع ہونا۔ کھچا جانا۔ تیزی کے ساتھ چلا جانا۔ (تمام مال ولایت کھچا جاتا ہے) **کھچوانا** کھینچنا کا متعدی۔

کھدانا :- (ہ۔ مذ) وہ گڑھا جہاں سے چکنی مٹی کھودتے ہیں۔ **کھدائی** (مو) کھودنا۔ کھدوانے کی اجرت۔

کھدبد :- (مو) دال یا چاول وغیرہ پکنے کی آواز۔ پکنے کا شور۔ **کھدبد**۔ **کھدبدی** (مو) ہل چل۔ فکر و اندیشہ جو کسی خوفناک کام کی وجہ سے ہو۔

کھدبدرا :- (ہ۔ مذ) ناہموار۔ وہ چیز جس میں نشیب و فراز ہو اور صاف نہ ہو۔

کھدر :- (ہ۔ مذ) کھادی۔

کھدرا :- (ہ) کھردرا۔ ناہموار۔ اونچا نیچا۔ گوشہ

کھدنا :- (ہ) کھودا جانا۔ نقش کیا جانا۔ **کھدوانا**۔ کندہ کرانا۔ نقش کرانا۔ جڑسے نکلوانا۔ **کھدوائی** (مو) کندہ کرائی۔ کھدوانے کی اجرت۔

کھدنی :- (ہ۔ مو) خلال۔ تلاش۔ جستجو۔ پوشیدہ تحقیقات۔ **کھدنی کرنا**۔ گڑے ہوئے مال کا کھوج لگانے کے لیے زمین کھودنا۔

کھدیڑ :- (ہ۔ مو) تعاقب۔ **کھدیڑنا**۔ بھگانا۔ تعاقب کرنا۔ رگیدنا۔

کھڈ :- (ہ۔ مذ) گھاٹی۔ دو پہاڑوں کے بیچ کی گہرائی۔ کھائی۔

کھڈی :- (ہ۔ مو) قدمچہ جس پر بیٹھ کر پیخانہ پھرتے ہیں۔ دانتوں کا شگاف۔ درمیان سے منڈے ہوئے سر کے بال جن کے منڈنے سے قدمچے کی سی شکل پیدا ہو جاتی ہے۔

کھر :- (ہ۔ مذ) گائے بکری وغیرہ کے ناخن۔ سُم۔ **کھر بندی** (مو) گھوڑے کی نعل بندی۔ **کھر کھانسی تیری دائی کے گلے میں پھانسی**۔ عورتیں کھانسی کی تکلیف میں بچے کا دل بہلانے کے لیے یہ الفاظ بولتی ہیں۔ **کھر کھر کرنا**۔ کھوں کھوں کرنا۔ کھانسنا۔

کھرا :- (ہ۔ مذ) ایک قسم کا کپڑا بننے کا اوزار۔ ایک مسالے کا کام جس سے چھاپنے کے پتھر سے حرف اڑاتے ہیں۔ سخت بد مزاج۔ چلنے کی ضد۔ بے بستر کا پلنگ یا تخت۔ **کھری** (مو) **کھرا اچھا**۔ بالکل بیگانہ اور ناملنسار۔

کھرا :- (ہ۔ مذ) کچا حساب کتاب۔ لمبا خط۔

کھرا :- (ہ) خالص۔ اچھا۔ صاف۔ سچا۔ لین دین کا صاف۔ نقد۔ زیادہ پکا ہوا مٹی کا برتن۔ **کھرا کرنا**۔ پرکھنا۔ برا بھلا دیکھ لینا۔ **کھرا کھوٹا**۔ اچھا برا۔ **کھرا کھوٹا پرکھنا**۔ برا بھلا دیکھ لینا۔ آزمایش کرنا۔ **کھرا کھوٹا ہونا**۔ دل میں بیچ آنا۔ **کھرا کھیل** (مذ) معاملے کی صفائی۔ فوراً۔ **کھرا کھیل فرخ آبادی**۔ دام لیے اور فوراً کام کیا۔ فوراً کام کرنا۔ **کھرا پن** (مذ) صفائی۔ سچائی۔ عمدگی۔ دیانت۔ **کھری** (مو) **کھری بات**۔ بے لگاؤ بات۔ صاف بات۔ **کھری سنانا**۔ برا بھلا کہنا۔ صاف صاف کہنا۔ لگی لپٹی نہ رکھنا۔ **کھری مزدوری چوکھا کام**۔ جب مزدوری جلد ملتی ہے تو کام اچھا ہوتا ہے۔ **کھرے آئے**۔ طنزاً برے آئے۔ **کھرے کھرے** فائدہ میں رہے۔ **کھرے کھرے**۔ نقد۔ بغیر دستوری اور بٹے کے۔ **کھرے ہو جانا**۔ نقد کے برابر ہو جانا۔

کھرا نند / ہند :- (ہ۔ مو) پیشاب کی سی بدبو۔

کھرب :- (ہ۔ مذ) سو ارب۔ پدم سے پہلے کا عدد۔

کھرپا :- (ہ۔ مذ) گھاس کھودنے کا آلہ۔ بے وقوف۔ احمق۔ جاہل۔ **کھرپا جال سنبھالنا**۔ گھاس کھودنے کا کام کرنا۔ **کھرپی** (مو) چھوٹا کھرپا۔ ڈنگیا اور پشواز کے موڈھوں کی تراش

نقشہ ۔ لانبا چہرہ ۔ کھڑا ہونا ۔ ایستادہ ہونا ۔ گھوڑے کا چراغ پا ہونا ۔ اُٹھنا ۔ برپا ہونا ۔ بنیاد پڑنا ۔ ٹھہرنا ۔ ٹھٹا کرنا ۔ نصب ہونا ۔ لڑنے کو مستعد ہونا ۔ میدان میں آنا ۔ حاصل ہونا ۔ (نفع کا کیا ذکر اصلی دام بھی کھڑے نہیں ہوئے) ذکر کا استادہ ہونا ۔ الیکشن میں امید وار بننا ۔ پکی سلائی ہونا ۔ در و دیوار کا نصب ہونا ۔ کھڑی (مو) کھڑی ایڑی ۔ جوتے کی ایسی ایڑی جس میں خم نہ ہو ۔ کھڑی چوٹ ۔ فوراً ۔ اسی وقت ۔ سیدھی چوٹ ہے جان صاحب

لنگڑی جوئی جھولے سے گری پینگ تھی دیتی
بیٹھے پہ نہیں کھائی ہے آئی ہے کھڑی چوٹ

کھڑی سواری ۔ اس سواری پر آنے والے کے لیے بولتے ہیں جو فوراً واپس جائے اور سواری انتظار میں کھڑی رہے ۔ کھڑی لگانا ۔ پاؤں کے ذریعے کھڑے کھڑے پیرنا ۔ کھڑے پانی تہ پینا ۔ ذراسی دیر بھی نہ ٹھہرنا ۔ کھڑے پیر کا روزہ رکھنا ۔ بالکل نہ بیٹھنا ۔ کھڑے ہی رہنا ۔ کھڑے پاؤں ۔ تابع مہمل ۔ کھڑے کھڑے ۔ فوراً ۔ اسی وقت ۔ کھڑے کھڑے ۔ تابع مہمل ۔ فوراً ۔ جلد ۔ اسی وقت ۔ ذراسی ذرا دیر تک کھڑے رہ کر ۔ کھڑے کھڑے آنا ۔ ذراسی دیر کو آنا ۔ کھڑے گھاٹ کپڑے دھلوانا ۔ جلدی کپڑے دھلوانا ۔ گھاٹ پر کھڑے ہو کر اپنے سامنے کپڑے دھلوانا ۔ کھڑے گھاٹ دھونا ۔ فوراً دھونا ۔ کھڑے گھاٹ کلپانا ۔ متعدی فوراً آزمانا ۔ ترت امتحان کرنا ۔ کھڑے کھڑے ہو جانا ۔ ذراسی دیر کے لیے آنا ۔

کھڑاکا: (ہ ۔ مذ) کھٹکا ۔ کھڑکا ۔

کھڑاؤں: (ہ ۔ مو) ایک قسم کی لکڑی کی جوتی ۔

کھڑبڑ: (ہ ۔ مو) گھوڑے کے پاؤں کی آواز ۔ کھٹ کھٹ ۔ کھڑبڑا کر ۔ کھڑبڑ کرکے ۔ گھبرا کر ۔

کھڑپیچ: (ہ ۔ مو) کوئی عیب ۔ حجت (نکالنا) کھڑپنچ ۔

کھڑکا: (ہ ۔ مذ) آہٹ ۔ کھڑکا ہونا ۔ کھٹ کھٹ ہونا ۔ ڈرنا ۔ آہٹ ہونا ۔ کھڑکانا ۔ کنڈی مارنا ۔ جھڑکنا ۔ دروازہ بجانا ۔ ڈرانا ۔ متنبہ کرنا ۔ آواز لگانا ۔ کھڑکنا ۔ درخت کے سوکھے پتوں کا بجنا ۔ دیگوں کا کھنکھنا ۔ بگاڑ ہونا ۔ تلوار چلنا ۔

کھڑکھڑ: (ہ ۔ مو) آواز جو کسی چیز کے چلنے یا گھسٹنے سے نکلے ۔ ہتھیاروں کے ٹکرانے کی آواز ۔ کھڑکھڑانا ۔ کھٹکھٹانا ۔ بجانا ۔ کنڈی بجانا ۔ "دروازے پر آ کر کنڈی کھڑکھڑائی (شریف زادہ) دھمکانا ۔ جھڑکنا ۔ کھڑکھڑاہٹ (مو) پتیلوں یا دیگوں کے باہم ٹکرانے کی آواز ۔ یکے وغیرہ کے چلنے کی آواز ۔

کھڑکی: (ہ ۔ مو) جھروکا ۔ چھوٹا دروازہ ۔ پگڑی کے اوپری حصے میں جو موکھا سا کھلا ہوا ہوتا ہے ۔ کھڑکی دار پگڑی (مو) مارواڑیوں کی پگڑی جس کے آگے کھڑکی سی کھلی ہوتی ہے ۔

کھڑ گنجا: (ہ) وہ شخص جس کے چہرے پر چیچک کے داغ ہوں اور سر سے گنجا ہو ۔ نہایت ہی بدصورت آدمی ۔

کھڑنک: (ہ) بہت سوکھا ہوا ۔

کھڑپنچ: (ہ ۔ مو) اپھٹتا ہوا زخم ۔ گھروندٹ ۔ عداوت ۔ دشمنی ۔

کھڑپنچ رکھنا: (ہ) کینہ رکھنا ۔ کھڑپنچ لگنا ۔ کھوپنچ لگنا ۔ کھڑپنچ نکالنا ۔ عیب نکالنا ۔ دشمنی نکالنا ۔ چھیڑ کرنا ۔ ناحق کی تکرار کرنا ۔

کھس پس / کھسر پسر: (ا ۔ مو) اکانا پھوسی ۔ کانا باتی ۔ چپکے چپکے باتیں کرنا ۔ کھسر پھسر کرنا ۔ چپکے چپکے باتیں کرنا ۔

کھسرا: (ہ ۔ مو) خسرا ۔ ایک قسم کی ہلکی چیچک ۔ بالضم زنخا ۔

کھسکانا: (ہ) ہٹانا ۔ سرکانا ۔ دوسری جگہ بھیج دینا ۔ غائب کر دینا ۔ کھسک جانا ۔ سرک جانا ۔ ہٹ جانا ۔ آنکھ بچا کر نکل جانا ۔ کھسکنا ۔ سرکنا ۔ پھسلنا ۔ ہٹنا ۔ چمپت ہونا ۔ آنکھ کر نکل جانا ۔ کھسکو ۔ چلتے ہو ۔ رخصت ہو ۔

کھس کھس: (ہ ۔ مو) گھاس کاٹنے کی آواز ۔

کھسکھسا: (ہ ۔ مذ) کرکرا ۔ کھسکھسی ۔ مونث کے لیے کھسکھساہٹ (مو) کھسکھسانا ۔

کھسلنا: (ہ) میٹھے بیٹھے اس طرح آہستہ آہستہ حرکت کرنا کہ زمین کی رگڑ لگے ۔ پھسلنا ۔ رپٹنا ۔

کھسنا: (ہ) گرنا ۔ تباہ ہونا ۔ ڈھے جانا ۔

کھسوٹا: (ہ ۔ مذ) کشتی کے ایک داؤ کا نام جس سے حریف کو آگے گھسیٹ لیتے ہیں ۔

کھسوٹنا: (ہ) نوچنا ۔ بال اکھاڑنا ۔ اُتارنا ۔ چھیننا ۔ توڑنا ۔

کھسیانا: (ہ ۔ مذ) رو ہانسا ۔ شرمندہ ۔ نادم ۔ کھسیانا کرنا ۔ شرمندہ کرنا ۔ نادم کرنا ۔ کھسیانا ہو جانا ۔ رونے کے قریب ہو جانا ۔ شرمندہ ہونا ۔ کھسیانی

کِھلائی: (ہ۔ مو) خوراک۔ کھانا کھانے کی اُجرت۔ بچوں کو کھلانے والی عورت۔ کھلائی پلائی (مو) کھانے پینے کی قیمت۔ کھلانا پلانا۔ اچھی خوراک۔

کَھلبَلانا: (ہ) کھولنا۔ اُبلنا۔ جوش میں کرنا۔ کھلبلی (مو) ہل چل۔ ہلڑ۔ فساد۔ گھبراہٹ۔ بے قراری سے کھلبلی پڑنا۔ ہل چل پڑنا۔ جلدی پڑنا۔ تعد۔ پڑنا۔ گھبراہٹ پیدا ہونا۔ کھلبلی ڈالنا۔ ہلڑ مچانا۔ ہل چل ڈالنا۔

کھلَڑ: (ہ۔ مو) وہ بڑھیا جس کے جسم پر گوشت کی جگہ کھال ہو۔ چمڑے کی تھیلی۔ کھلڑی (مو) چمڑی۔ کھال کی تصغیر۔ کھلڑی اُدھیڑنا۔ کھال اُتارنا۔ بید مار کر کھال اُدھیڑ دینا۔

کِھل کِھل: (ہ۔ مو) کھی کھی۔ ہنسنے کی آواز۔ کھل کھل ہنسنا یا کِھل کِھلا کر ہنسنا۔ ٹھٹھا مار کر ہنسنا۔ قہقہہ مار کر ہنسنا۔ کھی کھی کرکے ہنسنا۔ کھِل کھِلا کر ہنسنا۔ پھولوں کا شگفتہ ہونا۔

کھل کھلانا: انتڑیوں کا گڑگڑ بولنا۔ بہت زور سے ہنسنا۔

کَھلنا: (ہ) ناگوار گزرنا۔ دوبھر ہونا۔ ناگوار ہونا۔

کُھلنا: (ہ) دیکھو کھلا کے تحت میں۔

کِھلنا: (ہ) پھول آنا۔ پھلنا پھولنا۔ خوش ہونا۔ ہنسنا۔ دانہ دانہ۔ جدا ہونا (چاولوں کا کھلنا) نشے کے ساتھ سرور ہونا۔ شق ہونا۔ شگفتہ ہونا ؎ مؤلف

نہیں ہے پھولوں کی حاجت تجھے پئے زینت
کھلی ہے صورت گل خود تری ہر اک دیوار

نور افشاں ہونا۔ روشنی پھیلنا (دھوپ کھلنا) زیب دینا۔ موزوں ہونا۔ پارہ پارہ ہونا۔ پھوٹ کا کھلنا۔ بالوں کا بکھرنا۔ زلف کا کھلنا۔ شفق کھلنا۔ کھلا جانا۔ خوشی سے ہنسنے دینا۔ کھل جانا۔ کلی کا شگفتہ ہو جانا۔ خوش ہو جانا۔ شگفتہ ہو جانا۔

کِھلَنڈرا / ری: (ہ) کھیل کود میں مشغول رہنے والا۔ کھلاڑی۔ بے پروا۔ کھلنڈری۔ کھیل کود میں مشغول رہنے والی۔ کھلاڑن۔

کِھلو: مو۔ ہر وقت ہنسنے والی عورت۔ مسخری۔ کھلو باؤلی۔ ہنسوڑ۔ ہر وقت پگلیوں کی طرح ہنسنے والی عورت۔

کُھلوانا: (ہ) کھولنا کا متعدی۔

کِھلوانا: (ہ) کھلانا کا متعدی۔

کِھلونا: (ہ۔ مذ) بچوں کے کھیلنے کی کوئی چیز۔ خوش مزاج اور مسخرہ آدمی۔ نازک اور دکھاوے کی چیز۔

کِھلی: (ہ۔ مو) ہنسی۔ ٹھٹھا۔ چہل۔ ٹھٹول۔ کھلی اڑانا۔ ہنسی اڑانا۔ احمق بنانا۔ مسخرہ بنانا۔ کھلی باز۔ ہنسی مذاق کرنے والا۔ مسخرہ۔ چہل باز۔ کھلی بازی (مو) چھیڑ خانی۔ مذاق۔ ٹھٹھا۔ کھلی پڑنا۔ ہنسی کا پڑنا۔ خوب مذاق ہونا۔ کھلی کرنا۔ ہنسی کرنا۔ چھیڑنا۔ کھلی میں یا کھلیوں میں اڑانا۔ ہنسی میں اڑانا۔ احمق بنانا۔

کَھلی: (ہ۔ مو) تیل نکالنے کے بعد تیل کے بیجوں کا پھوک جو تھا اور سرہ تھونے کے کام آتی ہے۔

کَھلیان: (ہ) غلے کا انبار۔ اناج کا ڈھیر جو فصل کاٹ کر لگایا جاتا ہے۔ ڈھیر۔ انبار۔ کھلیان کر دینا۔ توڑ پھوڑ کر ڈھیر کر دینا۔ تباہ کر دینا۔ کھلیان ہو جانا۔ لاشوں کا ڈھیر ہو جانا۔ شہیدوں کا انبار لگ جانا۔

کھَم: (ہ۔ مذ) تھم۔ لاٹ۔ منارہ۔ ستون۔

کھَمبا

کھَمّاچ: (ہ۔ مو) ایک راگنی کا نام۔

کھُمبی: (ہ۔ مو) ایک سفید رنگ کی نبات جو برسات میں پیدا ہوتی ہے۔ گگرمتا۔

کھَن: (ہ۔ مذ) لکڑی میں سوراخ کرنا (مو) روپیہ بجنے کی آواز۔

کھَنجری: (ہ۔ مو) ایک باجے کا نام۔ ڈفلی۔

کھَنجَن: (ہ۔ مذ) ایک چھوٹی سی چڑیا۔ جس کی دُم حرکت کرتی رہتی ہے۔

کھنچاؤ: (ہ۔ مذ) کشیدگی۔ کساؤ۔ تناؤ۔ کھچنا۔ کشیدہ خاطر ہونا۔ تننا۔ بگڑنا۔ جکڑا جانا۔ کھنچیا ڈھلکنے کی

کھَنڈانا: (ہ۔ مذ) وہ دانت جو تلوار یا چھری وغیرہ کی باڑھ میں پڑ جاتے ہیں۔ لکڑی یا دیوار کا خفیف سا سوراخ۔ کسی چیز کا رخنہ۔

کھنڈل ڈالنا یا مارنا: (ہ) پامال کر ڈالنا۔ روند ڈالنا۔ زیر و زبر کرنا۔ کھنڈلنا۔ پیروں سے روندنا۔ مسلنا۔ کچلنا۔

کھَنڈ: (ہ۔ مو) کھانڈ کا مخفف (مرکبات میں) قطعہ زمین۔ پرگنہ۔ ضلع (بندھیل کھنڈ) ہندوؤں کے روزمرہ میں کتاب کا حصہ۔ مکان کا اندرونی حصہ۔ منزل۔ درجہ۔ ٹکڑا۔ کھنڈسال (مو) جہاں شکر بنائی جائے۔

کھنڈا:- (ہ۔ مذ) چاولوں کا چورا۔ تلوار۔ تیغ۔

کھنڈا:- (ہ) کند۔ کھونڈا جس کی دھار گرگئی ہو۔

کھنڈت:- (ہ) خلل۔ مزاحمت (کرنا۔ ڈالنا۔ پڑنا۔ ہونا) کھنڈت پڑنا۔ کسی کام میں خلل واقع ہونا۔ کھنڈت ہونا۔ ٹوٹ جانا۔ مزے میں خلل آنا۔

کھنڈر:- (ہ) ٹوٹا ہوا مکان۔ ویران مکان۔ ویرانہ۔

کھنڈلا:- (ہ۔ مذ) پیٹھی کا تلنا۔ ہر گوشت کا ٹکڑا (دل) کھانڈا۔

کھنڈلا:- (ہ۔ مذ) لڑکا جس کے آگے کے دو دانت ٹوٹے ہوئے ہوں۔ کھنڈلی (مو)

کھنڈوی:- (ہ۔ مو) ایک قسم کی بیسن کی غذا جو پکا کر ٹکڑے ٹکڑے کی جاتی ہے۔

کھنس:- (ہ۔ مو) دلی عداوت۔ کھنسانا۔ کسی کام سے آزردہ ہونا۔ حسد کرنا۔ دکھا پھیکا ہونا۔ لگائی بجھائی کرنا۔

کھنک:- (ہ۔ مو) روپیہ بجنے کی آواز۔ گانے والے کی اچھی آواز۔ کھنکانا۔ کھنکنا کا متعدی۔ (کھنکتی ہوئی آواز) کھنکنا۔ بجنا۔ کھڑکنا۔ برتنوں کا ٹکرا کر آواز دینا۔ روپے (اشرفی) کا بجنا۔ ٹوٹے ہوئے برتن کی آواز بجنا۔ شیشے یا چینی کے لیے بیشتر مستعمل ہے۔ تانبے وغیرہ کے برتن کا دوسرے برتن سے ٹکرا کر آواز دینا۔

کھنکڑی:- (ہ۔ مو) ایک قسم کا پارچہ۔

کھنکھ:- بہت خشک اور کمزور بوڑھا۔

کھنکار یا کھنکھار:- (ہ۔ مو) بلغم۔ کف۔ کھانسنے کی آواز۔ کھنکھانا یا کھنکارنا۔ کھانسنا۔ کھانسنے کی آواز نکالنا۔

کھنکھجورا:- (ہ۔ مذ) ہزار پا۔ دیکھیے کن۔

کھنگھر:- (ہ) جو چیز خشک ہو کر سخت ہو جائے۔ مرجھایا ہوا۔

کھنکھنا:- (ہ۔ مذ) وہ مٹی کا برتن جس میں دراڑ پڑ جائے اور جب اس پر ہاتھ ماریں تو جھر جھری آواز نکلے۔ کھنکھنی (مو)

کھنکھنانا۔ کھن کھن کرنا:- (ہ) بچے کا بیماری کے باعث ناک میں رونا۔ بچے کے ہونے کی نشانی۔

کھنگالنا:- (ہ) سرسری طور پر دھونا۔ استعمال کرنا۔ جھاڑ کرنا۔ کھنگالا موسل۔ بے حیا۔

کھنگر:- (ہ) اینٹوں کا کھنگر جو زیادہ پکنے سے ہو جاتا ہے ایک قسم کا مسالے سے بنا ہوا پتھر جس سے چھپے کو پتھر صاف کرتے ہیں۔ بعض لوگ کھنگھر بھی بولتے ہیں۔ کھنگھر لگ جانا۔ بدن کا دبلا ہو جانا۔ ہڈی پسلی نظر آنے لگنا۔

کھو:- (ہ۔ مو) غار۔ کھتّا۔ پہاڑ کے اندر کا کھوکھلا حصہ۔

کھوا:- (ہ۔ مذ) مونڈھا۔ کندھا۔ شانے کی ہڈی۔ کھوے رہ جانا۔ مونڈھے تھک کر بیکار ہو جانا۔ کھوے سے کھوا چھلنا۔ بہت بھیڑ ہونا۔

کھو بیٹھنا:- (ہ) کھو دینا۔ ضائع کر دینا۔ کھو جانا۔ گم ہو جانا۔ بدحواس ہو جانا۔ کھو دینا۔ ضائع کر دینا۔ کسی کو خواہ اپنی ذات کو کہیں کا اور کسی کا نہ رکھنا۔ کھو کے سیکھنا۔ نقصان کر کے تجربہ حاصل کرنا۔ کھوا دینا۔ کھو دینا کا متعدی۔ کھوانا۔ ضائع کرنا۔

کھونا:- گم کرنا۔ بھلانا۔ برباد کرنا۔ دور کرنا۔ زائل کرنا۔ (اپنی کھونا) نقصان کرنا۔ نکما کرنا۔

دشمنی نے میری کھویا غیر کو
کس قدر دشمن ہے دیکھا چاہیے — غالب

کھوپرا:- (مذ) ناریل کا مغز۔ کھوپا۔

کھوپڑی:- (مو) سر کی ہڈی۔ چندیا۔ دماغ۔ بھیجا (ابھی کھوپڑی میں نہیں بیٹھی) کھوپڑی چٹخنا۔ سر کی حرارت یا مزاج کی حدت یا درد سے کھوپڑی کا پھٹا جانا۔ کھوپڑی پر پھلانا۔ مار کھانے کو جی چاہنا۔ کھوپڑی کھا جانا۔ ستانا۔ بس کرنا۔ کھوپڑی گنجی کرنا۔ اس قدر مارنا کہ سر کے بال اڑ جائیں۔ خوب مارنا۔ خوب کوٹنا۔

کھوٹ:- (ہ۔ مو) ملاوٹ۔ آمیزش۔ چاندی سونے وغیرہ میں میل ہونا۔ عیب۔ قصور۔ نقصان۔ شرارت۔ فریب۔ کینہ۔ کپٹ (دل کی کھوٹ) کھوٹ ملانا۔ خالص سونے یا چاندی میں کم قیمت کی دھات ملانا۔ کھوٹ نکالنا۔ نقص نکالنا۔

کھوٹا:- (ہ) جس میں ملاوٹ ہو۔ برا۔ جعلی۔ فریبی۔ بدچلن۔ نکما۔ کھوٹا بیٹا (مذ) ناخلف۔ کپوت۔ کھوٹی بیٹی (مو) کھوٹا پیسا بُرے وقت کام آتا ہے۔ نکمی اور ناکارہ چیز بھی وقت پر کام دے جاتی ہے۔ کھوٹا کھرا دیکھنا۔ پرکھنا۔ جانچنا۔ کھوٹا کھرا ہونا۔ نیت بدلنا۔ کھوٹی (مو) کھوٹا کی تانیث نیز بیری (کھوٹی کرنا) جیسے اوکھوٹی کرنا۔ بے فائدہ روکنا۔ کھوٹی کرنا۔

بدی کرنا۔ نقصان پہنچانا۔ **کھوٹی کھری سُنانا** - بُرا بھلا کہنا۔ گالیاں دینا۔ **کھوٹی گھڑی** (مو) بُری گھڑی۔ منحوس گھڑی۔

کھوج :- (ہ - مذ) سراغ۔ پاؤں کا نشان۔ پتا۔ تلاش۔ خبر۔ **کھوج پانا** - خبر پانا۔ پتہ پانا۔ **کھوج لگانا** یا نکالنا - پتہ لگانا۔ سُراغ لگانا۔ نشان معلوم کرنا۔ **کھوج کھونا** - برباد کرنا۔ کسی کام کا نہ رکھنا۔ **کھوج مٹانا** - نام و نشان مٹا دینا۔ **کھوج مٹ جانا** - بالکل برباد ہو جانا۔ پتہ باقی نہ رہنا۔ **کھوج مٹنا** - برباد ہونا۔ نام و نشان مٹ جانا۔ **کھوج مٹا** (مذ) خانہ خراب۔ **کھوج مٹی** (مو) ستیاناس گئی۔ کم بخت سے

شوخ مجھ کھوج مٹی کو ہے جو اس بات کے بیچ
بولتی مجھ سے وہ گو! بے بہت بات سے کم

کھوج ملنا - پتہ معلوم ہونا۔ سراغ ملنا۔ **کھوجڑا** (مذ) کھوج کی تصغیر۔ کھوج۔ نام و نشان۔ **کھوجڑا کھونا** - نام و نشان مٹانا۔ بگاڑنا۔ ستیاناس کرنا۔ **کھوجی** (مذ) کھوج نکالنے والا۔ سراغ لگانے والا۔ پاؤں کے نشان سے پتہ لگانے والا کہ چور کدھر گیا۔

کھود کھود کر پوچھنا :- کرید کرید کر پوچھنا۔ خوب تفتیش کرنا۔ **کھودنا** - گڑھا کرنا۔ جڑ سے اکھاڑنا۔ کھوکھلا کرنا۔ کُریدنا۔ تلاشی کرنا۔ تحقیقات کرنا۔ زک پہنچانا۔

کھوسا :- (ہ) وہ شخص جس کی داڑھی اور مونچھیں جوانی پر بھی نہ نکلے۔

کھوسٹ :- (ہ - مذ) وہ بوڑھا جس کی داڑھی اور مونچھیں بڑھاپے کے مارے گر جائیں۔ نہایت بڈھا آدمی۔ بوڑھا پھوس

کھوکھلا / **کلا** :- (ہ) پولا۔ تھوتھا۔ خالی۔

کھولانا :- (ہ) جوش دینا۔ اُبالنا۔ **کھولن** (مو) جوش۔ اُبال۔ جلن۔ ٹیس۔

کھولنا :- (ہ) ابلنا۔ جوش کھانا۔ زخم میں ٹیس یا جلن ہونا۔ غم کھانا۔ جلنا۔ غصہ کرنا۔

کھولنا :- (ہ) کشادہ کرنا۔ بند توڑنا۔ وا کرنا۔ ظاہر کرنا۔ ہوش میں آنا (آنکھ کھولنا) فصد لینا۔ کسی شرمیلے اور خاموش شخص کو بے تکلف بنانا۔ افشائے راز کرنا۔ ظاہر کرنا۔ پھاڑنا۔ شق کرنا (لاٹھی سے سر کھولنا) ننگا کرنا۔ ادھیڑنا (بخیہ کھولنا) سلجھانا۔ صاف کرنا (سوری کھولنا) جاری کرنا (نہر کھولنا) کھلنا یا بادل کا دُور کرنا (کئی دن بعد اللہ تعالیٰ نے مینہ کھولا ہے) بندھے ہوئے جانور کو چرانے لے جانا۔ بحال کرنا (تنخواہ کھولنا)

ہتھیار کمر سے جدا کرنا۔ کھٹکا بٹھانا۔ قفل کو زنجیر سے دُور کرنا۔ **کھول کر** - واضح کر کے بخوبی جیسا چاہیے۔ **کھول کھال کے** - کھول کے۔ **کھول کیسہ کھا ہر لیسہ** - پیسہ خرچ کرنے سے لطف حاصل ہو سکتا ہے۔

کھونپ :- (ہ کھونپ مو) کپڑے کا طول میں پھٹا ہوا حصہ۔ لمبی معمولی سلائی۔ **کھونپ بھرنا** / **سینا** - کپڑے کو معمولی طرح سے سینا۔

کھونٹ :- (ہ - مو) کونا۔ گوشہ۔ طرف۔ جانب۔ چکی کا ہتا۔

کھونٹا :- (ہ - مذ) میخ۔ جانور کے باندھنے کی میخ۔ کھونٹی لانجھ۔ چکی کا ہتھا۔ **کھونٹا سا گڑ جانا** - جم کر بیٹھ جانا۔ **کھونٹے سے باندھنا** - میخ سے باندھنا۔ کسی بے رحم کے ساتھ لڑکی کی شادی کر دینا۔ **کھونٹے کے بل کودنا** - کسی کی حمایت پر اترانا۔ کسی کے برتے پر گھمنڈ کرنا۔ **کھونٹی** (مو) چھوٹی میخ یا سارنگی یا ستار کے کان۔ بالوں کی جڑ۔ چھوٹے چھوٹے بال جو مونڈنے کے بعد نکلتے ہیں۔ گھوڑے وغیرہ کا قد۔ **کھونٹی لینا** - بالوں کی جڑیں مونڈنا۔ **کھونٹی نہ چھوڑنا** - بہت صفائی سے حجامت بنانا۔ خوب صفایا کرنا۔ کوڑی نہ چھوڑنا۔

کھونچ :- (ہ - مو) کانٹے وغیرہ سے اُلجھ کر کپڑے کی پھٹی ہوئی جگہ۔ **کھونچ آنے لگنا** - کپڑے کا کسی کیل وغیرہ سے اُلجھ کر پھٹ جانا (لکھنؤ میں کھونچا واو مجہول سے)

کھونچا :- (ہ - مذ) ساڑھے کا پہاڑہ۔

کھوندنا :- (ہ) پامال کرنا۔ روندنا۔ پیروں سے مسلنا۔ کسی چیز پر کھڑے ہو کر خوب اُچھلنا کودنا۔

کھونڈا :- (ہ) وہ بچہ جس کے آگے کے دانت ٹوٹ گئے ہوں دانت ٹوٹا شخص۔ **کھونڈی** (مو)

کھونسڑا :- (ہ - مذ) ٹوٹی ہوئی جوتی

کھونسنا :- (ہ) بھرنا۔ ٹھونسنا۔ گھسیڑنا۔

کھوں کھوں :- (ہ) خشک کھانسی کی آواز۔ **کھوں کھوں کرنا** - کھانسنا۔

کھوکھیانا :- (ہ) بندر کا غصے سے بولنا۔ خرخیانا۔

کھوہ :- (ہ - مو) گپھا۔ پہاڑ کا غار۔ دیکھو کہو۔

کھوئی :- (ہ - مو - دلی) گنے کا پھوک

کھویا:- (ہ - مذ) بھنا ہوا دودھ - ماوا - مٹھائیں بنانے کا گارا - کھونا کا ماضی واحد غائب -

کھویّا:- (ہ - مذ) کشتی چلانے والا - ملاح - ناخدا -

کھیپ:- (ہ - مو) بہت سے گدھوں پر بوروں میں بھر کر جو شے یا رسد لاتے ہیں - اس کا ہر پھیرا ایک کھیپ کہلاتا ہے - **کھیپ بھرنا** - بوجھ لادنا - بہت سے چوپاؤں پر

کھیت:- (ہ - مذ) زمین کا وہ ٹکڑا جو بویا جائے یا جس میں اُگی ہوئی شے - چوڑا اور چٹیل میدان جنگ کا میدان - گنوار کا پھل - چاندنی کا تل پر ہونا اور چمکنا (چاند کا کھیت کرنا) سانپوں کی پیدائش کی جگہ ہے داغ

ہر ایک مار سیہ زلف و گیسو کا گل
تمہارے بال میں یا کھیت ہے یہ کالوں کا

کھیت پڑنا - گھمسان پڑنا - بہت سے آدمیوں کا مارا جانا - **کھیت پڑے کسانی** - مثل تدبیر یا تقدیر کے ہاتھ بات ہوتی ہے - **کھیت رکھنا** - مار رکھنا - جیتا نہ جانے دینا - **کھیت رہنا** - قتل ہونا - مارا جانا - لڑائی میں کام آنا - **کھیت کا کھیا بڑھنا** - (مقولہ) گنوار - جاہل - **کھیت کاٹنا** - فصل کاٹنا - **کھیت کرنا** - چاند کا نکلنا - **کھیت ہاتھ ہونا** - پالا جیتنا - فتح ہونا - **کھیتی** - مو زراعت - بویا ہوا کھیت - فصل - اناج - **کھیتی باڑی** (مو) زراعت - کاشتکاری - کسانی - **کھیتی باڑی کرنا** - زراعت کرنا - **کھیتی پھلنا** - کامیابی ہونا - ؎

پلکوں پہ اشک دیکھ کے بولا وہ خضر سے
کھیتی تمہارے عشق کی اے شوق پھل گئی

کھیتی خصم سیتی - کام مالک کی توجہ سے ٹھیک ہوا کرتا ہے - **کھیتی کھائے باڑ کو باڑ رکھے کھیتی کو** - (مثل) جو کسی کی حفاظت کرتا ہے لوگ اس کا خیال بھی کرتے ہیں - **کھیتی کرنا** - بونا - جوتنا -

کھیدا:- (ہ - مذ) ہاتھیوں کے پکڑنے کا وہ گڑھا جس پر پھوس وغیرہ رکھ کر منہ بند کرتے ہیں - زور آور پرندہ جو دوسرے پرندوں کو مار کر نکال دے -

کھیدنا:- (ہ) ہاتھی یا شیر کا شکار (گنوار استعمال کھدیڑنا اور بکھیدنا) نکالنا - باہر کرنا -

کھیر:- (مو) دودھ اور چاولوں کی پکی ہوئی ایک عمدہ اور پتلی خوراک - **کھیر چٹانا** - بچے کو اناج کھلانے سے پہلے کھیر کھلانا - **کھیر چٹائی** (مو) بچے کو کھیر چٹانے کی رسم - **کھیر کا دلیا ہو جانا** - قسمت بگڑ جانا - اقبال جاتا رہنا - بنا بنایا کام بگڑ جانا - **کھیر کھلائی** - سسرال میں دلہن کو دولہا کے ہاتھ سے کھیر کھلانے کی رسم - رنگین ؎

مجھ کو اور اس کو پاس بٹھلا کے
کھیر کھلائی ساس نے آ کے

کھیرا:- (ہ - مذ) ایک مشہور پھل کا نام - **کھیرا ککڑی کرنا** - بے دردی سے کاٹنا - نہایت کاٹنا - **کھیرے ککڑی کی طرح کاٹنا** - بے دردی اور ذلیل دقت سے قتل کرنا -

کھیری:- (ہ - مو) تھنوں کا وہ گوشت جس میں دودھ ہوتا ہے -

کھیڑا:- (ہ - کھے ڑا - مذ) چھوٹا سا گاؤں - بستی - کسی قسم کا بویا ہوا اناج - کھنڈر - **کھیڑا بسانا** - گاؤں آباد کرنا ہے اکبر الہ آبادی

عمارت کا بسایا اس نے کھیڑا
تجارت کا کیا ہے یار بیڑا

کھیڑی:- (ہ - مو) ایک قسم کا سخت اور عمدہ لوہا -

کھیس:- (ہ - کھے س - مذ) ایک قسم کا موٹا کپڑا جو اوڑھنے اور بچھانے کے کام آتا ہے - وہ کھیس جس سے کسی کا بدن مٹے وقت ہاتھ پر چڑھا لیتے ہیں - **کھیسا کرنا** - کھیسے کو جسم پر مل کر بدن صاف کرنا -

کھیس:- (ہ - کھی س - مذ) گاڑھا دودھ جو بچہ پیدا ہونے پر نکلتا ہے -

کھیسیں نکالنا:- (ہ) ایسی ہنسی ہنسنا جس میں دانت نکل آئیں -

کھیل:- (ہ - مو) وہ بھنا ہوا اناج جو پھول گیا ہو - کوئی بھنی ہوئی دھات جو پھول جائے - ذرا سا - بھنا ہوا سہاگا یا پھٹکری - **کھیل ہو کر منہ میں نہ جانا** - بالکل فاقے سے ہونا - **کھیلیں کا دانہ** - ایک کھیل ہے شاد

نادان وہ اک جو موتی چگیں ہنس کی طرح
دانا یہ اک ہیں پائیں جو دانہ نہ کھیل کا

کھیل کھیل کر دینا - ٹکڑے ٹکڑے کر دینا - **کھیل کھیل ہو جانا** - پارہ پارہ ہو جانا - ریزہ ریزہ ہو جانا - **کھیل ہونا** - پھول کر کھیل کی طرح ہلکا ہو جانا - یا ریزہ ریزہ ہو جانا -

کھیلیں بتاسوں کا مینہ برسا تھا (کہاوت) نامعلوم زمانہ - مزاحیہ طور پر گذشتہ زمانہ کہتے ہیں کہ شیخ چلی نے چوری کی اور ڈر کر یہ قبول دے گا - اس لیے اور سے بہت سی کھیلیں بتاسے پھینکے - شیخ چلی کے بارش ہوئی - جب کسی سے اور اپنی چوری کا اقرار کیا تو اُسے یہی وقت بتایا

کھیل:- (ہ - کھے ل - مذ) تماشا - کرتب - دل بہلاوا - سوانگ - آسان - سیر - مشغلہ - اثر - کسی چیز

کے اثر سے پیدا شدہ بات (سب کچھ روپے کا کھیل ہے) عجائبات قدرت (قدرت کا کھیل) **کھیل بگاڑنا** - کام خراب کرنا بنتی میں بھنگ کرنا - **کھیل بھنڈ کرنا** - مزے میں خلل ڈالنا - **کھیل بگڑ جانا** - بنے ہوئے کام کا بگڑ جانا - رنگ میں بھنگ ہو جانا - **کھیل جانا** - ایسے کام کی جرأت کرنا جس میں خوف ہلاکت ہو مر جانا - ہلاک ہو جانا - خواب یا ختم ہو جانا - **کھیل جاننا** - سمجھنا آسان جاننا - تماشا سمجھنا **کھیل کرنا** - تماشا کرنا - کودنا پھاندنا - بیکار کام کرنا **کھیل کھلانا** - تماشا دکھانا - تفریح کرانا - ناز برداری کرنا - نچانا - وقت کرنا - وقت کاٹنے کے لیے کوئی شغل کرنا **کھیل کھیلنا** - بازی کرنا - بے توجہی سے کام کرنا **کھیل نکالنا** - کھیل ایجاد کرنا - نیا شغل نکالنا - **کھیل ہاتھ لگنا** - مشغلہ ہاتھ لگنا - دل بہلاوا ہاتھ آنا **کھیل کود** - مذ - کھیل کود - کودنا پھاندنا **کھیل ہے** - ایک ادنیٰ بات ہے معمولی کام ہے - تماشا ہے - دل لگی ہے - آسان ہے سہل ہے **کھیلا کھایا** - تجربہ کار - بھگتے ہوئے - **کھیلنا** - دل بہلانا کھیل کرنا - بیتنا - جوا کھیلنا - کسی بھوت پریت کے اثر سے ہلنا - کوئی کام کرنا - سانپ کے کاٹے ہوئے کا منتر کے اثر سے باتیں کرنا **کھیلنا کھانا** - لطف اٹھانا (عموماً کم عمروں کے لیے مستعمل ہے جیسے ابھی تو کھیلنے کھانے کے دن ہیں)

کھیم کسل: (ف - مذ) خیر و عافیت - مزاج پرسی کا سوالیہ - تندرستی ؎ محسن

قمریاں کہتی ہیں طوبیٰ سے مزاج عالی
لالہ باغ سے ہندو سے فلک کھیم کسل

کھینا: (ف - کھے نا) کشتی یا بجرا چلانا - **کھیون ہار** ناخدا دیکھیے کھیون

کھینچ: (ف - مو) کھچاو - کشش - کمی - قلت - پتنگ لڑانے کا ایک ڈھنگ جس میں ڈھیل دینے کی جگہ زور زور سے کھینچتے ہیں - **کھینچ بلانا** - زبردستی بلانا - **کھینچ تان کے** - کسی نہ کسی طرح - زبردستی سے - بمشکل (کھینچ تان کے سو روپے بچائے ہیں) **کھینچ کرنا** - کمی کرنا - رکاوٹ کرنا **کھینچ کھانچ** - کھینچ تان کر **کھینچا تانی** (مو) کھینچا تانی - کشاکش **کھینچ لانا** - کھینچ لانا - گھسیٹ لانا - پکڑ لانا **کھینچنا** - گھسیٹنا - تانت کسی چیز کو اپنی طرف زور لگا کر لانا - جذب کرنا - چوسنا (اس معنی میں عموماً کھینچ لینا بولتے ہیں جیسے جاذب نے روشنائی کھینچ لی) کشید کرنا (عطر کھینچنا) غرور کرنا - نخوت کرنا (اپنے آپ کو کھینچنا) گھسیٹ کر جلدی جلدی لکھنا - (اس معنی میں زیادہ تر کھینچ ڈالنا بولتے ہیں) برداشت کرنا - رنج کھینچنا - منت کھینچنا - قلم پر کھینچنا - نقل اتارنا (نقشہ کھینچنا) میان سے نکالنا (تلوار کھینچنا) باہر لانا (برچھی سینے سے کھینچنا) بڑھا کر تلفظ کرنا - اوپر چڑھانا (زیر کی حرکت کو کھینچنا) کمانا (روپیہ کھینچنا) جذب و کشش سے کسی کو اپنی طرف مائل کرنا یا متوجہ کرنا - ٹھنڈی سانس لینا (آہ کھینچنا) لٹکانا - چڑھانا (سولی پر کھینچنا) نشان بنانا - خط دو کرنا (لکیر کھینچنا) نقش بنانا - (زائچہ کھینچنا) پکڑنا (طول کھینچنا) عرصے تک برداشت کرنا ؎

مومن آئیش محبت میں کہ ہے سب جائز
حسرت حرمت صہبا و مزامیر نہ کھینچ

اوپر لانا - اوپر چڑھنا (پانی کھینچنا) جکڑنا - باندھنا (مشکیں کھینچوانا) عدالت میں لے جانا - گرفتار کرانا - مہنگا کرنا - گراں کرنا -

کھیوا: (ف - مذ) ناؤ کا کرایہ - ناؤ کا چلنا - کشتی - بیڑا - کشتی میں بیٹھنے والوں کا گروہ -

کھیوٹ: (ف - مو) سرکاری رجسٹر جس میں گاؤں کی کیفیت لکھی جاتی ہے - خراج کی قسط - گاؤں کے حصوں کی مسل - **کھیوٹ دار** - گاؤں کا شریک -

کھیون ہار: - کشتی بان - کھویا - ملاح -

کھیئی: (ف - مو) سوکھی ہوئی جھاڑی - بیری کے وہ درخت جنھیں کاٹ کر پتے نکال لیے گئے ہوں اور صرف جھاڑ یا کانٹے باقی رہ گئے ہوں -

کئی: (ف) چند - بہت سے - ج "کئی آئے اور گئے" - **کئی ایک** - چند - **کئی بار** - چند مرتبہ - **کئی دن** - بہت دن - **کئی ہاتھ** - چند ہاتھ -

کے: - (ف) استفہام عددی - کتنے - چند ؎ سائل

محتسب میخانے میں تسبیح پر گنتا رہا
کے نئے بچے نے نبی کتنوں کے آگے جام تھا

کے ناقوں میں سیکھے ہو - جب کوئی شخص بدزبانی کرتا یا طعنے دیتا اس سے عورتیں طنزاً کہتی ہیں مطلب یہ ہوتا ہے کہ تم نے یہ بات بڑی مشکل سے سیکھی ہے (ف) **کب کے آدمی کے پیر شدی** - تھوڑے تجربے پر اترانے لگے - ابھی ناتجربے کار ہو -

کی: - (ف) کا کی تانیث - دیکھو کا -

کیا: - (ف) کلمہ استفہام - جب مکرر آتا ہے مساوات ظاہر کرتا ہے (کیا بادشاہ کیا فقیر سب موت سے ناچار ہیں) استفہام انکاری کے لیے (یہ کام کیا منہ کا نوالا ہے) کس قدر - کتنا کونسا - کلونسی (اب دیکھیے کیا شغل نکالتے ہیں) تعلقت کے معنی میں (کتاب کی تصنیف کے لیے ایسی کیا بات ہے جو اتنے پریشان ہیں) اظہار عظمت و تعریف کے لیے (کیا کہنا ہے) ایسا کی جگہ

یہ کیا خیال آپ کے دماغ میں سمایا کہ مجھ سا کوئی مصنف نہیں ہے۔ تحسین و آفرین کے لیے ؎ آتش

غزل یہ تو نے کہی عاشقانہ کیا

کس قدر۔ کتنا زیادہ۔ تحقیر کے واسطے (تم کیا ہو، تمھاری ہستی کیا) کیوں۔ کس لیے۔ کسی کام کی عیب بتانے کے لیے طنز کے طور پر ؎ ریاض

حشر میں ہم کیا سکھانے دامن تر بیٹھے

حیرت، تعجب یا افسوس کے لیے۔ کثرت اور افراط ظاہر کرنے کے لیے (کیا بھیڑ تھی کہ خدا کی پناہ) میرزا کی مسعود ست ہرات

دل آوے مسیر گاہ کے ہمراہ چل چل
کیا ساتھ ہے کیا ساتھ ہے کیا ساتھ ہے کہ

کسی بات کے انکار کے واسطے ؎ مومن

ہاں سے کیا دنیا سے اٹھ جاؤں اگر کہتے ہیں آپ
رک گیا میرا ابھی دم کیوں اس قدر رکتے ہیں آپ

کیا وقت ہے۔ اعتبار کے قابل نہیں۔ کسی امر سے باز رکھنے کے لیے (چپ۔ ہو کیا شور مچا رکھا ہے) کیا حاصل کی جگہ۔ کیا مطلب۔ کیا واسطہ۔ کچھ فائدہ نہیں۔ ہیچ ہے۔ اچھی طرح۔ خوب۔ کیا ادھار کی ماں مری ہے۔ کیا لین دین کا رستہ بند ہو گیا ہے۔ تم نہ دو گے کوئی اور دے دے گا۔ کیا آگ لینے آئے تھے۔ اس شخص کو طنز کے طور پر کہتے ہیں جو فوراً [illegible] جاتا ہے۔ کیا انھیں کے سر سہرا ہے۔ کیا انھیں پر موقوف ہے کہ وہی یہ کام کر سکتے ہیں۔ کیا آئے کیا چلے۔ بہت کم ٹھہرے۔ کیا بات ہے کیا پوچھنا ہے۔ کیا کہنا ہے۔ شاباش۔ واہ وا۔ بہت خوب۔ کیا بھروسہ ہے۔ کوئی بھروسہ نہیں۔ کوئی اعتبار نہیں۔ کیا بھیڑ کیا بھیڑ کی لات۔ بھیڑ کی لات ٹخنوں تک۔ تمھاری تدبیر اور کوشش بے حقیقت ہے۔ کیا پدی اور کیا پدی کا شوربا۔ کسی چیز کی نسبت بولتے ہیں جو کمتر، بے حقیقت اور کسی شمار میں نہ ہو۔ کیا پروا ہے۔ کیا ڈر ہے۔ کچھ خوف نہیں۔ کیا پوچھنا ہے۔ کیا بات ہے۔ کیا کہنا ہے۔ کیا تماشا ہے۔ کیا تعجب ہے۔ تنبیہ کے لیے۔ کیا کھیل بنایا ہے۔ رنج کیا تماشا ہے کہ کام ہی نہیں ہوتا۔ کیا تھا کیا ہو گیا۔ آفت آ گئی۔ انقلاب ہو گیا۔ کام بگڑ گیا۔ کیا ٹوکا کرنے آئی تھیں۔ ابھی تو میں بھی چلیں۔ کیا جاتا ہے۔ کیا بگڑتا ہے۔ کون سا نقصان ہو جاتا ہے۔ کیا جان پائی یا کیا جان سے۔ کیا مجال ہے کیا منہ ہے۔ کیا جانے یا کیا جانیے۔ خدا کو معلوم ہے نہیں معلوم ہے۔ کیا چاہیے۔ کیا ضرورت ہے کیا حاجت ہے کیا کہنا ہے کیا پوچھنا ہے واہ وا۔ کیا چوڑیاں ٹوٹ جائیں گی۔ کون سا نقصان ہو جائے گا کیا بگڑ جائے گا۔ کیا چیز ہے۔ [illegible] سے کیا حقیقت ہے۔ کچھ بھی نہیں۔ کیا خبر۔ کیا معلوم۔ کچھ خبر نہیں۔ کیا خوب۔ واہ وا۔ کیا کہنا ہے۔ شاباش۔ عقل سے بات کرو۔ منہ بنواؤ۔ کیا درزی کا کوچ ہے یا عام آزاد آدمی جہاں چاہے چلا جائے کوئی روک نہیں۔ کیا دن تھے۔ گزرے ہوئے دن کیسے اچھے تھے۔ کیا دوڑ کر رکھی ہے۔ کیا حلیہ کر رکھا ہے کیا درگت کر رکھی ہے۔ کیا حال بنایا ہے۔ کیا ڈر ہے۔ کیا حرج ہے۔ کچھ پروا نہیں۔ کیا رکھا ہے۔ کوئی امید باقی نہیں رہی۔ آس ٹوٹ گئی۔ کیا خصوصیت ہے۔ کیا انوکھا پن ہے۔ کیا شان میں خطے پڑ جائیں گے۔ کون سا عزت اور آبرو میں فرق آ جائے گا۔ کیا غم ہے۔ کچھ پروا نہیں۔ کیا قاضی کی گدی چھن جاتی ہے۔ کیا کم کا قصور کیا ہے۔ کیا پچھلیاں سڑی جاتی ہیں (مثل ہو) کیا جلدی تھی ؎ جان صاحب

کیا چاہ جالے محب جالے سے نوچ گیا
عشق ہے کیا سڑی جاتی تھیں پچھلیاں میری

کیا کام۔ استفہام انکاری۔ کچھ کام نہیں کچھ واسطہ نہیں۔ کیا کچھ۔ کس قدر۔ کتنا۔ بہت کچھ۔ کیا کروں۔ حیران ہوں۔ مجبور ہوں۔ کس کام میں لاؤں۔ کیوں کر کروں۔ کیا کرے گا یا کیا کر لے گا۔ کچھ نہیں کر سکتا۔ کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ کیا کہنا یا کیا کہنا ہے۔ شاباش۔ واہ وا۔ بہت خوب۔ کیا کیا۔ کون کون سا۔ سب کچھ۔ ساری باتیں۔ کیسے کیسے۔ کہاں تک۔ کیا کیا؟ بڑا غضب کیا۔ بڑا قہر کیا۔ بہت برا کیا۔ کون سا برا کیا۔ کچھ غضب نہیں کیا۔ کیا گزری۔ کیا ہوا۔ کیا بیتی۔ کیا گل پھولا ہے یا کھلا ہے۔ کیا فساد برپا ہوا ہے۔ کیا بہتان اٹھا ہے کیا انوکھی بات ہوئی ہے۔ کیا گونگے کا گڑ کھایا ہے۔ کیوں نہیں بولتے۔ کیوں گونگے بن گئے ہو۔ کیا لو گے۔ کیا فائدہ اٹھاؤ گے کیا پاؤ گے۔ کیا مال ہے بولو۔ کیا حقیقت ہے۔ کسی شمار میں نہیں۔ کیا مجال ہے۔ کیا تاب ہے۔ کیا طاقت ہے۔ کیا کر سکتا ہے۔ کیا معنی۔ کیا سبب۔ کیا وجہ۔ کس لیے۔ کیا بات۔ کیا غرض۔ کیا موقع۔ کیا مجال۔ کیا حوصلہ۔ کیا منہ دکھاؤ گے۔ کیا جواب دو گے۔ کیونکر سامنے آؤ گے۔ کیا منہ سے پھول جھڑتے ہیں۔ کیسی اچھی باتیں کرتا ہے۔ کیسا فصیح ہے۔ جب کوئی شخص بدکلامی کرتا ہے تو اسے بھی طنز کے طور پر کہتے ہیں کہ آپ کے منہ سے کیا پھول جھڑتے ہیں۔ کیا منہ لے کر جاؤں۔ کس منہ سے جاؤں۔ سامنے جانے کی ہمت نہیں پڑتی۔ کیا منہ ہے۔ کچھ حقیقت نہیں۔ کیا حوصلہ ہے۔ کیا طاقت ہے۔ کیا مجال ہے یا کیا ناک لے کر بولتے ہو یا بات کرتے ہو۔ کس منہ سے بات کرتے ہو۔ شرم نہیں آتی۔ کیا نام۔ بعض لوگوں کا تکیہ کلام ہوتا ہے یعنی کیا۔ کیا نکل نہانے کی کیا چوڑے گی۔ [illegible] عجیب اور نیاری [illegible]

پاس کیا دھرا ہے ۔ کیا واسطہ ۔ کیا تعلق ۔ کیا سبب ۔ کیوں ۔ کیا ہوا ۔ کیا حال گزرا ۔ کیا پیش آیا ۔ کیا بگڑ گیا ۔ کیا بات ہے ۔ کوئی فکر کی بات نہیں ۔ کیا ڈر ہے ۔ کیا پروا ہے ۔ کیا ہوتا ۔ کیا اثر ہوتا ۔ کیا فائدہ ہوتا ۔ کیا انجام ہوتا ۔ کیا بگڑ جاتا ۔ کیا ہوگا ۔ کیا گزرے گا ۔ کیا بگڑے گا ۔ کچھ نہیں بگڑ سکتا ۔ کیا ہوگیا ۔ حیرت ۔ افسوس اور تعجب کے اظہار کے موقع پر بولا جاتا ہے ۔ کیا ہے ۔ کیا بات ہے ۔ کون سی بات ہے ۔ کیا معاملہ ہے ۔ کون ہے ۔ کیا ہے ۔ کچھ نہیں ہے ۔ کیا ہی ۔ بہت ہی ۔ از حد ۔ نہایت عمدہ ۔ بہت ہی اچھا ۔ کیا ہیجڑے راہ مارتے ہیں (ولی) آنے میں کمی کرنے والے سے طنزاً کہا جاتا ہے ۔ کیا مہندی چھٹ جاتی ہے ۔ کیا یاد رکھو گے یا کیا یاد کرو گے ۔ مدت تک یاد کرتے رہو گے ۔ کیا (کرنا کا مشتق ۔ مذ) کیا ہوا کام ۔ برے کام ۔ کیا آگے سامنے آنا ۔ برے اعمال کیا اور کرنہ جانا ۔ میں ہوتی تو کر دکھاتی (عو) ہماری صلاح پر چلتیں تو نقصان نہ ہوتا ۔ کیا دھرا اکارت جانا ۔ محنت بے کار ہونا ۔ کیے کا پاس ۔ اپنے کام کا لحاظ ۔ نیز "کیا" ف ۔ بادشاہ ۔

کیاری :- (ہ ۔ مو) کھیت کا ہر ایک چھوٹا حصہ جو پانی دینے یا بونے کے لیے بنائیں ۔ کیا ، ری ۔ اری تو کیا کہتی ہے ۔

کیاست :- (ع ۔ مو) دانائی ۔ چترائی ۔ ہوش ۔ عقل ۔

کیانی :- (ف) ایران کے اُن قدیم بادشاہوں سے منسوب جو کے کہلاتے ہیں ۔ کیکاؤس ۔ کیقباد ۔ کیخسرو ۔ کے لہراسپ ۔

کیت :- (ہ ۔ مذ) وہ دار ستارہ ۔ مجرم کو مارنے کا تازیانہ ۔ ایک پھل جو بیل سے مشابہ ہوتا ہے اور اندر سے ترش نکلتا ہے ۔ کیتھا ۔

کیتکی :- (ہ ۔ مو) ایک خوشبودار پودا جس میں انڈے کے برابر پھول لگتا ہے ۔

کیتلی :- (کے ت لی ۔ مو) ایک ڈنٹی دار برتن جس میں چائے کا پانی ابالتے ہیں ۔ غوری ۔ چینک

کیتھا :- (ہ) دیکھو کیت ۔ ایک پھل ۔

کیٹ :- (ہ ۔ مو) چراغ کی گاد ۔ تیل کی گاد ۔ حقے کا میل ہو وہ میل جو روغن کے اثر سے بیٹھ جاتا ہے ۔

کیجا :- (اکے جا ۔ عو) بچے کو یعنی کلیجہ دل ۔ کیجا جان (عو) دائی ۔ دودھ پلانے والی ع رنگین

کیجے سب سے اور میں ہوں قربان اپنی کیجا جان کے

کیجے :- کیجیے کے بجائے نظم میں مستعمل ہے ۔

کیچ :- (ہ ۔ مو) کیچڑ ۔ آنکھوں کا چیپڑ ۔ چپچپٹ ۔ گاد ۔

کیچڑ :- (ہ ۔ مو ۔ لک) کیچ ۔ کیچڑ اچھالنا ۔ دوسروں کو آلودہ کرنا ۔ گندگی اچھالنا ۔ رسوا کرنا ۔ ذلیل کرنے کی باتیں کرنا ۔ کیچڑ میں پھنسنا ۔ دلدل میں پھنسنا ۔ مصیبت میں پڑنا سے آتش

یہ مجھ دیوانے کی زنجیر سے آواز آتی ہے

وہ کیچڑ میں پھنسا ہے جو ہے آب گل کے زنداں میں

کیچل ۔ کیچلی :- (ہ ۔ مو) دیکھو کینچل ۔ کیچلی کا موباف (مذ) ایک قسم کا موباف ۔

کیچوا :- (ہ ۔ مذ) کرم جو پیٹ میں پڑ جاتا ہے ۔ ایک سرخ رنگ کے کیڑے کا نام جو برسات میں پیدا ہوتا ہے

کید :- (ع ۔ مذ) مکر ۔ فریب ۔ دغا

کیرا :- (ہ) صفت ۔ کرنجا ۔ نیلی نیلی آنکھوں والا ۔

کیری :- (ہ ۔ مو) کچا آم ۔ ایک قسم کا زیور ۔ وہ عورت جس کی آنکھیں کرنجی ہوں ۔ کیری آنکھ (امو) کرنجی آنکھیں ۔ بلی جیسی ۔

کیڑا :- (ہ ۔ مذ) کرم ۔ کوڑا ۔ رینگنے والا جانور ۔ سانپ ۔ بچھو ۔ ننھا بچہ ۔ کیڑا سی ۔ دبلی پتلی (بدصورت کے لیے) کیڑا کلبلانا ۔ (علم) خواہش نفسانی ۔ کیڑا لگنا ۔ دیمک لگنا ۔ گھن لگنا ۔ کیڑی (مو) چیونٹی ۔ جونک ۔ کیڑے (مذ) کیڑا کی جمع (کوڑے تابع مہمل ہے) کیڑے بھنا ۔ کرم زخم سے باہر نکلنا ۔ کیڑے پڑنا ۔ جرم میں پڑنا ۔ کیڑے پڑنا ۔ سڑ جانا ۔ نقص ہونا ۔ کیڑے پڑیں یا چلیں ۔ بد دعا ۔

کیس :- (ہ ۔ کے س ۔ مذ) سر کے لمبے بال ۔ پرند کے سر کی چوٹی (انگ ۔ مذ) ڈھکنا ۔ پیٹی ۔ بکس ۔ مقدمہ ۔ معاملہ ۔ سانچا ۔ صورت ۔ فریم ۔

کیسا :- (ہ) کس قسم کا ۔ کس بات کا ۔ کتنا ۔ نہایت کس کام کا ۔ محض بے فائدہ ۔ کس طرح ۔ کس ڈھنگ سے ۔ استفہام انکاری کے واسطے ۔ کیا ذکر ۔ کیا مذکور ۔ کہاں کا ۔ کس کا ۔ کیوں ۔ کس لیے ۔ تعجب کے لیے ۔ مزاج پرسی کے لیے ۔ کیسی (مو) کیسی بنی ۔ کیا صورت پیش ہو ۔ کیا معاملہ پیش آئے ۔ کیسی دھرپت اڑی ۔ خوب پٹا ۔ اچھی طرح ذلیل ہوا ۔ کیسی ہی ۔ چاہے جس طرح کی ۔ کیسے ۔ کیسا کی جمع ۔ کیسے کیسے ۔ کس کس طرح کے ۔ کیا کیا ۔ اچھے ۔ کیسے ہو ۔ مزاج کیسا ہے ۔

کیسر :- (ہ ۔ مو) ایک قسم کا خوشبودار زرد پھول ۔ زعفران

کیسری ۔ زعفرانی زرد ۔ کیسری باناؔ (مذ) کیسری رنگ کا لباس ۔ کیسری باناؔ پہننا ۔ راجپوت جب لڑنے کے لیے نکلتے تھے تو کیسری لباس پہن لیتے تھے مطلب یہ ہوتا یا جیت کر آئیں گے یا وہیں ڈھیر ہو جائیں گے ۔

کیسہ :- (ف ۔ مذ) جیب ۔ پاکٹ ۔ تھیلی ۔ کیسہ بُر ۔ جیب کترا ۔ گٹھ کترا ۔ اُچکا ۔ گرہ کٹ ۔

کیش :- (ف ۔ مذ) مذہب ۔ دین ۔ عادت ۔ ڈھنگ ۔ طریقہ ۔ روش ۔ تیر دان ؎ (اسیخ)

ہے جو موجود خدا پھر بُت بدکیش ہی ہے
زر بھی ہے قوس بھی ہے تیر بھی ہے کیش بھی ہے

کیش :- (انگ ۔ مذ) نقد ۔ روکڑ ۔ نقدی ۔ روپیہ ۔ پیسہ ۔ کیش بک (مو) وہ کتاب جس میں نقد کا حساب لکھا جائے ۔ روکڑ بہی ۔ کیش بکس (مذ) نقدی رکھنے والا صندوق ۔

کَیف :- (ع ۔ مذ) نشہ ۔ خمار ۔ سرور ۔ کیفیت وہ کیفیت جس کی کسی شے کی تمیز صرف عقل کر سکے ۔ جیسے حرارت ۔ برودت ۔ عم (جہل وغیرہ) کیفی ۔ مخمور ۔ سرشار ۔ جیسے "ان کے ساتھ ہی ( ) بھی کیفی ہو کر مردہ سا پڑا" (میر امن باغ و بہار) کیف و کم ۔ کیا اور کتنا ۔

کیفیت :- (ع ۔ مو) حالت ۔ ماجرا ۔ رنگ ڈھنگ ۔ شرح تفصیل ۔ لطف ۔ بہار ۔ رونق ۔ مزہ ۔ نشہ ۔ رپورٹ ۔ اکثر نقشوں میں ایک خانہ کوئی خاص بات لکھنے کے لیے مخصوص ہوتا ہے ۔ اسے بھی کیفیت کہتے ہیں ۔ کیفیت طلب ۔ دریافت طلب ۔ جس کی تفصیلات معلوم کی جائیں ۔

کیفر :- (ف ۔ مذ) سزا ۔ بُرے کام کا بدلہ ۔ کیفر کردار (مذ) کئے کی سزا ۔ بُرے کام کی سزا ۔ کیفر کردار کو پہنچنا ۔ اپنے کئے کی سزا پانا ۔ شرمندگی اٹھانا ۔

کیک :- (انگ ۔ مذ) ایک قسم کی مٹھائی جو میدے اور انڈے وغیرہ سے تنور میں پکائی جاتی ہے ۔

کیکر :- (ہ ۔ مذ) ایک درخت کا نام جس کے بیلے کانٹے ہوتے ہیں ۔ ببول ۔ کیکری (مو) چھوٹا کیکر ایک قسم کی بیل جس میں کنگرے کنگرے ہوتے ہیں ۔

کیکڑا :- (ہ ۔ مذ) پانی میں رہنے والے ایک کیڑے کا نام ۔ سرطان ۔

کیل :- (ہ ۔ مو) لوہے کی میخ ۔ جس کے سر پر ٹوپی چھایا ۔ ناک کے زیور کا نام ۔ پیپ کا ذرہ جو پھوڑا وغیرہ سے نکلتا ہے ۔ بال کی جڑ ۔ کیل کا کھٹکا نہیں ۔ ذرا خوف نہیں ذرا اندیشہ نہیں ۔ کیل ڈالنا ۔ سانپ پر منتر کرنا ۔ قابو میں لانا ۔ کیل کانٹا (مذ) ہتھیار ۔ اوزار ۔ ایک قسم کا زیور ۔ کیل نکالنا ۔ مہاسے وغیرہ کو دبا کر اس میں سے پیپ کا ذرہ نکالنا ۔ کیلا (مذ) کھونٹا بڑی میخ ۔ وحشی جانوروں کے دو بڑے دانت جن سے وہ گوشت کھاتے ہیں ۔ کیلنا ۔ سانپ کے منتر کو زور سے قابو کرنا ۔ جادو سے جن بھوت کو بس میں کرنا ۔ کیلیں لگانا ۔ زبان بند کرنا ۔ روکنا ۔ کیلی (مو) لکڑی کی کھونٹی ۔ لوہے کی لاٹھ ۔ کشتی کے ایک داؤں کا نام ۔ سکرو ۔ کیلی کا کھٹکا نہ ہونا ۔ مطلق ڈر نہ ہونا ۔ ذرا سا بھی اندیشہ نہ ہونا ۔

کیلا :- (ہ ۔ مذ) ایک مشہور درخت اور اس کا پھل ۔ کیلے کی پھلی ۔ کیلے کے درخت کی پھلی ۔

کیلنڈر :- (انگ ۔ مذ) سالانہ تاریخوں کا نقشہ جو دنوں کے حساب سے مرتب کیا جاتا ہے ۔

کیمپ :- (انگ ۔ مذ) چھاؤنی ۔ پڑاؤ ۔

کیموس :- (یو ۔ مذ) رس ۔ وہ مادہ جو معدے میں کھانا ہضم ہونے کے بعد پیدا ہوتا ہے ۔

کیمیا :- (یو ۔ مو) مکر ۔ حیلہ ۔ سونا بنانا ۔ اکسیر ۔ چیزوں کی خاصیت معلوم کرنے ان کے اجزا کو جاننے اور جدا کرنے کا علم ۔ کیمیا گر ۔ کیمیا بنانے والا ۔ کیمیا گری (مو) چاندی سونا بنانے کا علم ۔ کیمیا گری کرنا ۔ کثرت سے روپیہ پاس ہونا ۔ نہایت مفید ۔ بہت فائدہ دینے والا اکسیر ۔

کیمخت :- (ف ۔ مذ ۔ مو) گھوڑے یا گدھے کے پیٹ کی کھال ۔ دانہ دار چمڑا ۔

کین :- (ف ۔ مو) دشمنی ۔ بغض ۔ بیر ۔

کینچل کنچلی :- (ہ ۔ مو) سانپ کی سفید جھلی جو اس کے جسم کے اوپر سے اترتی ہے ۔ کینچلی بدلنا ۔ سانپ کی پرانی کھال اتارنا ۔ نیا روپ نکالنا ۔ نئی وضع کے کپڑے پہننا ۔ کینچلی جھاڑنا ۔ سانپ کو پرانی کھال اتارنا ۔

کینچوا :- (ہ ۔ مذ) دیکھو کیچوا ۔

کینڈا :- (ا ۔ مذ) ڈول ۔ انداز ۔ ڈھانچ ۔

کینہ :- (ف ۔ مذ) دشمنی ۔ کپٹ ۔ حسد ۔ کینہ توز ۔ کپٹ رکھنے والا ۔ حریص ۔ کینہ رکھنا ۔ دل میں دشمنی رکھنا ۔ عداوت رکھنا ۔ کینہ کش ۔ کینہ ور ۔ دشمنی رکھنے والا ۔ کینہ رکھنے والا ۔

کیوان :- (ف ۔ مذ) بہت اونچے ستارے زحل کا نام ۔ ساتواں آسمان ۔

کیوڑی :- (ہ ۔ مو) ملی ہوئی دالیں ۔

کیوڑا: (ہ - مذ) ایک درخت اور اس کے پھول کا نام۔ کیوڑے کا عرق و عطر نکلتا ہے۔

کیوں: (ہ) کلمہ استفہام۔ کس لیے۔ کس سبب سے۔ کیا باعث۔ سوال اور استفسار کے موقع پر جیسے کیوں اب تو آرام آ گیا۔ تاکید کے لیے ؎ رند

ہو گیا اب دم تیغ سے بسمل ٹھنڈا
کیوں ہوا اب تو کلیجہ ترا قاتل ٹھنڈا

کیوں اندھا نیوتا کیوں دو بلائے۔ نہ اندھے کو بلاتے نہ دوسرا آتا۔ نہ پہلے دقت کرتے نہ دوسری مصیبت اٹھاتے۔

کیوں سیر۔ کیجئے سیر (دل) ؎ رنگین

چکاؤ لو دیتی ہے کیوں سیر کا چمن

کیوں کر۔ کس طرح۔ کیسے۔ کس وجہ سے۔ کس لیے کس ڈھنگ سے۔ کیوں کر عرض کروں۔ نہیں عرض کر سکتا۔ نہیں عرض کیا جاتا۔ کیونکہ۔ اس لیے کہ اس واسطے کہ۔ کیوں گولر کا پیٹ پھڑوا تا ہے۔ کیوں راز کھلوا تا ہے۔ کیوں نہ ہو۔ تحسین و آفرین۔ سبحان اللہ۔ واہ وا کیا کہنا۔ کبھی طنز کے طور پر بھی بولتے ہیں کیوں نہیں۔ کلام منفی کے جواب میں جس میں استفہام ہو (کیا میں تمھارا محسن نہیں۔ کیوں نہیں ضرور ہیں) عام طور پر استفہام کے جواب میں (آپ بھی سیر کو چلیے گا! کیوں نہیں) ضرور بالضرور۔ کیوں ہم نہ کہتے تھے۔ آخر وہی ہوا جو ہم کہتے تھے ؎ غالب

بس اب بگڑے پہ کیا شرمندگی جانے دو مل جاؤ
قسم لو ہم سے گر یہ بھی کہیں کیوں ہم نہ کہتے تھے

کیا: (ا - مذ) لوہے کا وہ آلہ جس کو گرم کر کے رانجے پر لگاتے پھر ظروف پر ٹانکا لگاتے ہیں ۞

گ

گ: (مذ) اُردو۔ الف بے تے کا انتیسواں حرف۔ اسے کاف فارسی بھی کہتے ہیں۔ اس کے عدد بیس مانے گئے ہیں

گا: یہ کلمہ مستقبل کے صیغوں کے آخر میں آتا ہے کبھی کلمات کے آخر میں آ کر نسبت کے معنی کا فائدہ دیتا ہے (جیسے اڑنگا)

گابھ: (ہ - مذ) حیوانوں کا حمل۔ کچی فصل۔ خام غلہ۔ گابھ ڈالنا۔ حیوانات کا کچا حمل گرانا۔ رعب داب ڈالنا۔ گابھن (مو) پیٹ والی گائے یا بھینس وغیرہ۔ گابھنی گابھ ڈالتی ہے۔ رعب اور دبدبے سے حاملہ عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہے۔

گابھا: (ہ - مذ) پیڑ کا نیا پتہ۔ لکڑی کا گودا۔ کھڑی کھیتی۔ کچا اناج۔ بڑانی روئی۔ درخت کے پوست کا تازہ حصہ۔ درخت کے اندر کا نرم حصہ۔

گابھی: (ہ - مو) ناؤ اور جہاز کا ایک پردہ جو بادبان کی قسم کا ہوتا ہے۔

گات: (ہ - مو) عورت کی دونوں چھاتیوں کی ہیئت مجموعی۔ ؎ تعشق

اس ہوس میں کف افسوس ملا کرتا ہوں
کہ کسی روز مرے ہاتھ نہ وہ گات آئی

وضع اسلوب۔ جسم کی خوشنمائی۔ معشوق کی پھبن۔ عورت کے اوپر کا دھڑ۔ ؎ تعشق

آمادہ جان لینے پہ میری تھے وہ مگر
کیا جانیں کیوں ابھر کے تری گات رہ گئی

گات ابھرنا یا اٹھنا۔ عورت کے بالغ ہونے پر چھاتیاں ابھرنا۔ گات سے ہونا۔ حاملہ ہونا۔

گاتی: (ہ - مو) چادر یا دوپٹے کو دونوں کاندھوں پر ڈال کر سینے پر باندھنا۔

گاتے گاتے آدمی کلاونت ہو جاتا ہے: کام کرتے کرتے تجربہ ہو جاتا ہے۔ ہر کمال مشق و تسلسل پر موقوف ہے۔

گاج: (ہ - مو) بجلی۔ برق۔ کڑک۔ غضب۔ قہر۔ غصہ۔ گاج گرے۔ کوسنا ہے۔ خدا کا قہر نازل ہو۔ ؎ شوق

ڈھٹائی تو دیکھو کہ آئی نہ لاج
ڈسیں سانپ اس کو گرے اس پہ گاج

گاجنا۔ گرجنا۔ چلانا۔ خروش ہونا۔

گاجا باجا: (ہ - مذ) دھوم دھڑکا۔ دھوم دھام۔ باجہ وغیرہ

گاجر: (ہ - مو) ایک قسم کی میٹھی جڑ۔ حقارتاً کوئی ادنی اور معمولی چیز۔ گاجر مولی (مو) کم قیمت کی سستی اور ادنی چیز۔ (اج - گاجر کی پونگی بجی تو بجی نہیں تو توڑ کھائی)

گاچ: (ہ - مذ) ایک قسم کا جالی دار کپڑا۔

گاد:- (ہ - مو) تلچھٹ - پانی کے نیچے بیٹھی ہوئی گرد - **گاد بیٹھنا** - تلچھٹ کا پانی کے نیچے جمع ہو جانا -

گار:- (ف) فارسی لاحقہ - کرنے والے کے معنی میں (ستمگار ظلم کرنے والا)

گارا:- (ہ - مذ) گوندھی ہوئی مٹی جس سے اینٹیں چنتے ہیں - **گارا کرنا** - بنانا - مٹی میں پانی ملانا **گارا گانا** - لمبی چوڑی کہانی سنانا -

گارد:- (انگ - مذ) پہرے دار - لشکر کے گرد گشت کرنے والا - گروہ - چوکی - چند سپاہیوں کی جماعت -

گارڈ:- (انگ - مذ) ریل گاڑی کا محافظ - ریلوے ٹرین کا نگہبان -

گارڈن:- (انگ - مذ) باغ -

گارجین:- (انگ) وہ شخص جو کسی لڑکے یا لڑکی کا سرپرست اور نگہبان ہو -

گاڑا:- (س - مذ) بندوق کی گولی - کمین گاہ - گھات کا مکان - پوشیدہ جگہ - چھپنے کا مقام - وہ گڑھا جو کمین گاہ میں بیٹھیں - **گاڑے بٹھانا** - پوشیدہ جگہ کسی کی تاک میں بٹھانا - **گاڑا بیٹھنا** - **گاڑے بیٹھنا** - لازم -

گاڑنا:- (ہ) دبانا - دفن کرنا - کھود کر جمانا - کھڑا کرنا - ٹھونکنا -

گاڑھا:- (ہ) جو پتلا نہ ہو - ٹھوک کر بنا ہوا - گہرا - دلی (گاڑھا دوست) چالاک - **گاڑھا پسینہ** - محنت و مشقت - **گاڑھا وقت** مشکل اور مصیبت کے دن - گاڑھی - (مو) گاڑھا کی تانیث - **گاڑھی چھننا** - خوب گاڑھی بھنگ چھننا - گہری دوستی ہونا - گہرا نشہ ہونا - **گاڑھی کمائی** - کمال محنت سے حاصل کیا ہوا پیسہ - **گاڑھے پسینے کی کمائی** - بہت محنت سے حاصل شدہ رقم -

گاڑی:- (ہ - مو) آدمیوں کے سوار ہونے کی بگھی - بیل گاڑی - کار - بہلی - بیل گاڑی - **گاڑیبان یا گاڑی وان** - گاڑی چلانے والا کوچوان - **گاڑی جوتنا** - گاڑی میں بیل یا گھوڑا لگانا - **گاڑی چلانا** - گاڑی ہانکنا - **گاڑی چھوٹنا** - گاڑی کا منزل سے روانہ ہو جانا - **گاڑی خانہ** مذ - بگھی یا گاڑی کے رہنے کا مکان - **گاڑی کاٹنا** - ریلوے ٹرین میں سے ڈبا علیحدہ کرنا - **گاڑی ہانکنا** - گاڑی چلانا -

گازر:- (ف - مذ) کپڑے دھونے والا دھوبی -

گاف:- (ف - مذ) حروف تہجی میں انتیسواں حرف - بے ہودہ باتیں - بکواس - حد سے زیادہ بڑھ جانا -

گاگر:- (ہ - مو) تانبے یا پیتل کا گھڑا - وہ مٹی کا گھڑا جس میں شربت رکھ کر اوپر سے سرخ کپڑا باندھ کر پھولوں کے ہار اس پر ڈالتے ہیں اور مزاروں پر چڑھاتے ہیں ؎ حق

پیر مغاں کے عرس پہ یوں آئیں اہل زہد
گاگر کے بدلے سر پہ سبو ہو شراب کا

گال:- (ہ - مذ) رخسار - **گال بجانا** - بکواس کرنا - ڈینگ مارنا - شیخی بگھارنا - گالوں میں ہوا بھر کر منہ سے بم بم کی آواز نکالنا - **گال پچک جانا یا پٹک جانا یا پچک جانا** - پھولے ہوئے رخساروں کا چہرے سے تنگ جانا - گالوں کا دب جانا - **گال پر گال چڑھنا** - گالوں کا پھول جانا - بہت موٹا ہو جانا - **گال پھلانا** - گالوں میں ہوا بھرنا - موٹا ہونا - کچھ بری سی شکل کرنا - روٹھ جانا - **گال توڑنا** - گال پکڑ کر مروڑنا - گال پر چٹکی لینا - روٹھ جانا -
گال کاٹنا - نقصان پہنچانا - گال کو دانتوں سے دبانا -

گالا:- (ہ - مذ) دھنکی ہوئی روئی کا گولا - **گالے ڈوبے جتنی تریں** اس وقت بولتے ہیں جب چھوٹے کو بچہ اور بچے کو چھوٹا سمجھا جائے - جب کمینے کی عزت اور شریف کی ذلت ہو - **گالا سا** - روئی کی طرح نرم - روئی کی طرح سفید - **گالا سے بال** - بالکل سفید بال -

گالم گلوج:- (مو) گالی گلوج - گالیاں - **گالم گلوج کرنا** - گالیاں دینا - **گالی** - مو - بری بات - فحش بات - بدزبانی - دشنام - **گالی دینا یا سنانا** - بری بات منہ سے نکالنا - بدزبانی کرنا - دشنام دینا - **گالی چڑھانا** - ایسا کلمہ کہنا جس سے کوئی ذلیل رشتہ قائم ہوتا ہو - **گالی کھانا** - دشنام سننا - **گالی گفتا یا گالی گفتار یا گالی گلوج** (مو) گالیوں کی لڑائی - تو تو میں میں - بدزبانی - **گالی گفتار پر اترنا** - گالی دینے لگنا - **گالیاں** - گالی کی جمع - **گالیاں بکنا** - گالیاں دینا - **گالیاں دینا** - دشنام دینا - **گالیاں سہانیاں پیاری** کے منہ سے گالیاں بھی میٹھی معلوم ہوتی ہیں - **گالیوں پر چڑھنا** یا گالیاں دینے لگنا - بکنے لگنا - **گالیوں کا مینہ برسنا** - یا **گالیوں کی بوچھار کرنا** - ؎ ذوق

نہ جھاڑا غیر کو تو نے کہ ہو کر جب ڈپٹا تھا
مجھی پر گالیوں کا جھاڑ تو نے بد زبان باندھا

لگانا - گالیاں دینا - بہت بری گالیاں دئے جانا - **گالیوں کے لچھے** - لگانا - بے شمار گالیاں ؎ شوق

آئینہ دار غیر خموشی نہیں جواب
لچھے ہیں گالیوں کے وہاں بات بات پر

گام: (ف - مذ) قدم چلتے دونوں پاؤں کے درمیان کا فاصلہ ایڑی سے انگوٹھے تک کی لمبائی - آدھا گز لمبا -
گام زن - تیز رو قاصد - تیز رفتار گھوڑا - چلنے والا -
گام زن ہونا - چلنا - **گام فرسائی** مو تیز چلنا -
گامچی: - گھوڑے کے ساز کا ایک ٹکڑا جو اس کی دُم میں لگایا جاتا ہے -
گاں: فارسی لاحقہ حرف لیاقت (شائگاں) تعین عدد کے لیے (دوگاں) جمع کے معنی میں (بندگاں) حرف زائد کے طور پر اعداد کے بعد آتا ہے - (دوگانہ - سہ گانہ)
گانا: (ف) راگ میں کہنا - الاپنا - مشہور کرنا - بیان کرنا - سراہنا (جس کا کھاتے ہیں اس کا گاتے ہیں) اپنے مطلب کی بات کہنا (اپنی اپنی گانا) بجنا ہے ناسخ

کیا اوج دو روزہ ہے تو کیا گاتا ہے
پھر سوئے حضیض آسمان لاتا ہے

گانا بجانا - مذ راگ رنگ - راگ گانا اور طبلہ بجانا -
گانے والے کا منہ نہیں ہوتا - محنتی آدمی خالی نہیں بیٹھ سکتا -
گاؤ بجاؤ کوڑی نہ پاؤ - ہزار خدمت کرو نفع کچھ بھی نہیں -
گاؤ بجاؤ میاں کے وہی نہیں - بڑا پست ہمت ہے - لاکھ کہو اثر نہیں ہوتا - بہت کم ہمت ہے کسی طرح جرأت نہیں کرتا ہوا
گانٹھ: (ف - مو) گرہ - جوڑ - گٹھی - تھلی - بغض - عداوت - قول و قرار - ہاتھ پاؤں کی انگلیوں کی گرہ - گنے کی گرہ - لکڑی کی گرہ - **گانٹھ باندھنا** - گرہ دینا - یاد رکھنا - آپس میں قول و قرار کرنا - جوڑ لگانا - **گانٹھ پڑنا** گرہ لگنا عداوت ہونا - دُم لگانے کا پیچھے بچے بستہ ہونا - **گانٹھ سے جانا** - جیب سے نکلنا - ذاتی نقصان ہونا - **گانٹھ کا پورا** (مذ) مالدار - دولت مند - امیر - **گانٹھ پورا عقل کا اندھا** - بے وقوف مالدار - **گانٹھ کا دینا اور لڑائی کا مول لینا** - اپنا نقصان کرکے لڑائی خریدنا - قرض دینا اور لڑائی خریدنا برابر ہے - **گانٹھ کاٹنا یا گانٹھ کترنا** - جیب کترنا - مال اڑانا - لوٹنا - زیادہ قیمت لینا - **گانٹھ کٹنا** - جیب کتری جانا - **گانٹھ کھولنا** - گرہ دور کرنا - تھیلی کھولنا - خوب خرچ کرنا - کینہ دور کرنا - **گانٹھ گرہ میں ہونا یا گانٹھ میں زر ہونا یا گانٹھ میں ہونا** - نقدی پاس ہونا - **گانٹھ گرہ میں کوڑی نہیں گئے والے بہوت** - (مثل) اپنے پلے خاک نہیں جھوٹی شیخی جتا رہے ہیں - **گانٹھ گٹھیا** (مذ) مضبوط - چاق چوبند - **گانٹھ میں رکھنا** - مالدار ہونا - پلے ہونا - **گانٹھ میں زر ہے تو نر ہے نہیں تو خر ہے** - انسان کے پاس دولت ہے تو سب پر غالب ہے نہیں تو بیوقوف ہے - **گانٹھ میں ہونا** - پلے ہونا - پاس ہونا -

گانٹھنا: (ف) کسی کو ساتھ ملا لینا - متفق کر لینا - طریقہ سے قابو میں لانا - مخالف کی ضرب کسی چیز پر روکنا اور اپنے اوپر نہ آنے دینا - جوتی وغیرہ کی مرمت کرنا - اپنے ذہن میں تیار کرنا - (مضمون گانٹھنا) بُری طرح سینا - جوڑنا - باندھنا -
گانجھا: (ف - مذ) بھنگ کے پھولوں کا بنایا ہوا نشہ جو چلم میں پیتے ہیں - گانجا -
گانجھنا: - (ف) بدتمیزی سے کپڑے کی تہیں توڑ کر مل ڈالنا
گانڈ - گانڑ: (ف - مو) مقعد - **گانڈو** - بولیا - نامرد - بزدل - ڈرپوک - **گانڈو ہاتھی اپنی فوج کو مارتا ہے** - اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو مقابلے میں حریفوں سے بھاگ بھاگ کر اپنی طرف والوں کو نقصان پہنچائے - **گانڑ پھاڑنا** - ناک میں دم کرنا - دق کرنا - **گانڑ پھٹ کر حوض ہو جانا** - کسی سے ڈرنا (خرچ کے باعث دوالہ نکل جانا) **گانڑ پھٹنا** - نہایت ڈرنا - کسی بات سے بہت تنگ ہونا - **گانڑ چاٹنا** - پرلے درجے کا خوشامدی ہونا - **گانڑ چلنا** - دست آنا - **گانڑ دھونا نہ آنا** - بالکل بے تمیز ہونا - ذرا سلیقہ نہ ہونا - **گانڑ رگڑنا** - خوشامد کرنا - سخت محنت کرنا - **گانڑ سے گھوڑا کھولنا** - **گانڑ سے گل کترنا** - ناممکن الوقوع امر کے لیے بے فائدہ محنت کرنا - **گانڑ غلامی** (مو) دن رات کی محنت - **گانڑ کی خبر نہ رہنا** - غافل ہو کر سو جانا - **گانڑ گردن ایک ہو جانا** - محنت کرتے کرتے تھک جانا - بہت بڑھا ہو جانا - **گانڑ میں انگلی کرنا** - دق کرنا - ستانا مارنا - **گانڑ میں گھسا جانا** - خوشامد کرنا - للو پتو کرنا (بازاریوں کی زبان)
گاندر: (ف - مو) ایک قسم کی گھاس جس سے چھپر بناتے ہیں -
گانسا: (ف - مذ) جسم انسان کا وہ حصہ جو انگلیوں اور انگوٹھے کے درمیان ہوتا ہے -
گانسنا: (ف) گھیر لینا - پھنسانا - آزمانا - آرپار سوراخ کرنا - پھوڑنا - **گانسی** (مو) لوہے کا پھل جو تیر میں لگاتے ہیں -
گانگن: (ف - مو) وتیل - ایک قسم کا پھوڑا -
گانوں یا گاؤں: (ف - مذ) چھوٹی بستی جس میں کچے مکانات ہوں - موضع - قریہ -
گاؤں بٹ بانٹ - زمین کی تقسیم - **گاؤں میں گھر نہ جنگل میں کھیتی** (ف) بہت زیادہ غربت -

گانہ: (ف) دیکھیے گمان۔

گاؤ: (ف۔ مو) گائے (ھ۔ مذ) بڑا تکیہ جو صدر مسند پر رکھا جاتا ہے۔ **گاؤ تکیہ** (مذ) بڑا تکیہ جس پر لگا کر فرش پر بیٹھتے ہیں۔ **گاؤ چشم**۔ بڑی آنکھوں والا۔ **گاؤ خورد ہونا**۔ گائے کے چرنے میں آجانا۔ جاتا رہنا۔ برباد ہو جانا۔ **گاؤ دم**۔ گاجر کی وضع کا، گاؤدمی ایک سرے پر موٹا دوسرے پر بتدریج پتلا۔ **گاؤدی**۔ بے وقوف۔ کند ذہن۔ **گاؤ دیدہ** مو ایک قسم کی روغنی روٹی جو تنور میں پکائی جاتی ہے ایک دوا کا نام۔ **گاؤ زمین** بضا۔ مو وہ گائے جس کی پیٹھ پر تمام دنیا ٹھہری ہوئی بتائی جاتی ہے (یہ بہت پرانے زمانے کے لوگوں کا خیال تھا) **گاؤ زور**۔ بڑا طاقت ور پہلوان۔ **گاؤ زوری** (مو) بل۔ طاقت۔ کشتی کے ایک پیچ کا نام۔ **گاؤ زوری کرنا**۔ بہت زور مارنا۔ بہت زور دکھانا۔ **گاؤ کشی** مو گائے کو ذبح کرنا۔ **گاؤ میش** مو بھینس۔ **گاوا** (مذ) گائے کا گوشت۔ **گاوا لمی** (مذ) گائے کا جی۔ **گاؤ گھپ** (مذ) کھاؤ اڑاؤ۔ دغا باز۔ تغین۔ **گاؤ گھپ کرنا**۔ خورد برد کرنا۔ اڑانا۔ تغین کرنا۔

گاہ، گہ: (ف) کبھی ع۔ امیر

گہ کمر تھی لچک گاہ تھی اعضا میں پھڑک

وقت ظرف زماں کے ساتھ بولا جاتا ہے۔ (جمع گاہ) مکان کے معنی میں (شکار گاہ) **گاہ بگاہ**۔ کبھی کبھی۔ کسی کسی وقت۔ **گاہ بیگاہ**۔ وقت بے وقت۔ وقتاً فوقتاً۔ **گاہ گاہ**۔ کبھی کبھی۔ بھولے بسرے۔ **گاہے**۔ کبھی کبھی۔ کسی وقت بھولے بسرے۔ **گاہے بگاہے**۔ کبھی کبھی۔

گاہک: (ھ) خریدار۔ طلب کرنے والا۔ مانگنے والا۔ **گاہکی** مو خریداری۔ مانگ۔ طلب۔ **گاہکی** پٹنا۔ سودا بکنا۔ معاملہ بننا۔

گاہنا: (ھ) ساندنا۔ روندنا۔ اناج پر بیلوں کا پھرانا۔

گائے: (ھ۔ مو) گاؤ۔ غریب۔ بے چارہ۔ گائے کو سینگ بھاری نہیں ہوتے۔ اپنی چیز خواہ تکلیف ہی دینے والی ہو بری نہیں لگتی۔

گائک: (ھ۔ مذ) گانے والا۔ گویا۔ میراثی۔ ڈوم۔ گائکن۔ گانے والی۔ ڈومنی۔ میراثن

گبد: (ھ) بے وقوف۔ مخص۔ کم عقل۔

گبدا: (ھ) موٹا۔ گدرایا ہوا۔ بدن بھرا ہوا۔

گبر: (ف) آگ کی پوجا کرنے والا پارسی۔ کافر۔ آتش پرست

گبرو: (ھ) نوجوان۔ پٹھا۔

گبرون: (ھ۔ مذ) ایک قسم کا موٹا کپڑا۔

گبریلا: (ھ۔ مذ) ایک کیڑے کا نام جو گوبر میں رہتا ہے۔

گبھ: (ھ۔ مذ) گدیلا۔ گدا۔ روئی دار ملائم بچھونا۔

گبھیلن: (ھ۔ مو) ایک پیٹ میں پاؤں پھیلنے کی محبت۔ قرابت۔ قریبی محبت۔

گپ: (ف۔ مو) جھوٹی بات۔ افواہ۔ افسانہ۔ سرگزشت داستان۔ ڈینگ۔ شیخی۔ جھوٹی خبر۔ بکواس۔ بک بک۔ محاورات (اڑانا۔ ہانکنا۔ مارنا) **گپ شپ** (مو) ادھر ادھر کی باتیں۔ جھوٹی سچی بات۔ **گپ شپ مارنا یا ہانکنا**۔ جھوٹ بولنا۔ شیخی بگھارنا۔ **گپی**۔ جھوٹا۔ شیخی باز۔ **گپ گپ کھانا**۔ جلدی جلدی کھانا۔ اندھا دھند کھانا۔ **گپا کھانا**۔ دھوکا کھانا۔ بہانے کرا لینا۔ **گپا گپ**۔ جلد جلد کھانے کی آواز۔ بہ افراط۔ بکثرت۔

گپ: (ھ) اندھیرے کی صفت میں آتا ہے جس کے معنی زیادتی اور بہتات کے آتے ہیں۔ **گپ چپ** (مو) خاموشی۔ چپ چاپ۔ لڑکوں کے ایک کھیل کا نام۔ ایک مٹھائی کا نام۔

گپت: (ھ) چھپا ہوا۔ چھپکے سے۔ چھپے چھپے۔ **گپت دان** (مذ) ایسی خیرات جس کی کسی کو خبر نہ ہو۔ ہندوؤں کا روزمرہ ہے۔ **گپت مار** مو اندرونی چوٹ۔ **گپت مال** (مذ) چھپا ہوا مال۔ گاڑا ہوا خزانہ۔

گپتی: (ھ۔ مو) تلوار جو لکڑی کے اندر چھپی رہے۔ ایک قسم کی تلوار۔

گپڑ چوتھ: (ھ۔ مو) گول مال۔ گڑبڑ۔ وہ بات جو سمجھ میں نہ آئے۔ **گپڑ چوتھ کرنا**۔ گول مال کرنا۔ ایسی بات کرنا جو سمجھ میں نہ آئے۔ **گپڑ شپڑ**۔ بے ہودہ باتیں۔ **گپڑ شپڑ کرنا**۔ بے ہودہ باتیں کرنا۔

گپکنا: (ھ) نگلنا۔ ہوا میں جاتے ہوئے گیند وغیرہ کو تھام لے لینا۔ جھٹ کر روکنا۔

گپنل: (ھ۔ مذ۔ ک) کوڑی ٹھیکرا۔ غیر منقش روپیہ

گپھا :- (ہ - مذ) غار۔ کھوہ۔ گپھا میں بیٹھنا۔ سنیاس لینا۔ دُنیا سے الگ ہو کر کسی غار یا کھوہ میں جا بیٹھنا۔

گپھا :- (ہ مذ) پھندنا۔ گچھا۔ پھولوں کا گچھا۔ گچھے دار۔ پھندنے دار

گت :- (ہ - مو) حالت۔ طرح۔ حرکت (جیسے کپڑے پہن کر کیا بری گت بنا رکھی ہے) سرگم جس سے ناچ اور راگ کا اندازہ ہوتا ہے (بجانا۔ بجنے کے ساتھ) ایک قسم کا ناچ ساز کے بجانے کا طرز۔ ہندوؤں کے مُردے جلانے کی رسمیں۔ گت بجانا۔ سارنگی یا ستار کی لے چھیڑنا۔ کسی باجے پر سُر کو بجانا۔ گت بنانا۔ ڈھنگ بنانا۔ طرز اختیار کرنا۔ ساز درست کرنا۔ خراب حال کرنا۔ مارنا گت بنوانا۔ پٹوانا۔ سزا دلوانا۔ سزا دلوانا۔ گت بھرنا۔ ناچنے کا کوئی ٹھاٹھ کرنا۔ راگ کے اصول کے موافق ناچنا۔ گت کا۔ ڈھنگ کا۔ اچھی وضع کا۔ اچھا۔ گت کرنا۔ کام میں لانا۔ مارنا۔ پیٹنا۔ گتیا۔ طبلچی۔ ڈھاڑی۔

گتکا :- (ہ - مذ) پٹا کھیلنے کی لکڑی۔ چمڑے چڑھی ہوئی ڈانڈ۔ چمڑا

گتھ جانا :- (ہ) بھڑ جانا۔ لڑ جانا۔ ایک دوسرے کو لپٹ جانا۔ ع انیس

دو سانپ گتھ گئے تھے زباں میں نکال کے

گتھم گتھا۔ غت پٹ۔ گتھب۔ کشتم کشتا۔ گتھم گتھا ہونا۔ کشتم کشتا ہونا۔ لپٹ جانا۔ گتھنا۔ باہم لپٹنا۔ غت پٹ ہونا۔ پرویا جانا۔ ٹنکی ہونا۔ محو ہونا۔ جذب ہونا۔ پھنس جانا۔ گتھوان۔ بٹا ہوا۔ ملا ہوا۔ پرویا ہوا۔

گتھی :- (ہ - مو) گرہ۔ اُلجھن۔ کسی معاملے میں پیچ و پیچ پڑ جانا۔ بعض لوگ تھیلی کے معنی میں بھی بولتے ہیں۔ گتھی پڑنا۔ تاگے وغیرہ کا الجھنا۔ معاملہ پیچ در پیچ ہونا۔ دل میں فرق آنا۔ گتھی سلجھانا۔ الجھے ہوئے معاملہ کو سلجھانا۔ کوئی اُلجھن دور کرنا۔

گتی :- (مو) ایک قسم کی چھوٹی پڑی جو سپاہی استعمال کرتے ہیں۔

گٹا :- (مذ) ٹخنا۔ ٹخنے کی ہڈی۔ کلائی کا جوڑ۔ ڈاٹ۔ جھنے کی وہ بندش جہاں پر دونوں نے مل کر پھندے کے اندر لگی ہوتی ہیں۔ ایک قسم کی مٹھائی۔ پکے فرش میں پلاسٹر سے پہلے بچھانے کے کنکر یا روڑی۔ ہاتھ یا پاؤں کی وہ جگہ جو رگڑ لگنے کے سبب سخت ہو جاتی ہے۔ نشان جو سجدوں سے پیشانی پر پڑ جاتے ہیں۔ گٹا سی جان۔ پیاری جان۔ جانِ شیریں۔

گٹا :- (ہ - مذ) کنکر یا اینٹ کا چھوٹا ٹکڑا۔ بونا۔ پست قد

گٹے۔ چھوٹے چھوٹے اینٹ کے گول ٹکڑے جن سے لڑکیاں کھیلتی ہیں۔ گٹے کھیلنا۔ لڑکیوں کا ایک کھیل۔ بیکار بیٹھنا۔

گِٹ پِٹ :- (ا - مو) انگریزی زبان میں بات چیت۔ گٹ پٹ کرنا۔ انگریزی بولنا۔ جھوٹ موٹ انگریزی بولنا۔ ایسی بات کرنا جو سمجھ میں نہ آئے

گٹ پٹ :- (ہ) لڑائی یا پیار سے باہم گتھ جانا۔ گٹ پٹ ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔ گتھم گتھا ہونا۔

گٹخ :- (ا - مذ) بھنگن (ملک) گٹخ دانی نقش سلیمانی۔ بھنگ کی ایک چیز۔ چلم میں تمباکو کے نیچے رکھنے کا (گول) ٹھیکرا۔ دیکھیے گٹکٹ۔

گٹر گوں :- (ہ - مو) کبوتر کے بولنے کی آواز۔

گٹک :- (ہ) ٹھگنا۔ بونا۔ (مذ) مٹی کا چھوٹا ٹکڑا یا تمباکو کا گل یا کوئلہ جو چلم کے سوراخ در تمباکو کے درمیان رکھ دیتے ہیں۔

گٹکا :- (ہ - مذ) دوا کی گولی۔ گولی۔ گوٹ۔ ایک قسم کی مٹھائی۔ ایک قسم کا مصالحہ جو پان کی بجائے کھایا جاتا ہے۔ مہرہ شطرنج۔ چھوٹی سی کتاب۔ جادو منتر کی ڈبیہ۔ گیند۔ ایک طلسمی گولی۔ کہتے ہیں اسے منہ میں رکھنے سے اُڑنے کی طاقت پیدا ہو جاتی ہے۔ ذوق

جان ہوا یوں ہوئی اُس خال کا بوسہ لے کر
جیسے اُڑ جائے دہن میں کوئی گٹکا لے کر

گٹکری :- (ہ - مو) آواز جو گویوں کے گلے سے لہرا کے نکلتی ہے۔ روڑا۔ اینٹ یا کنکری چھوٹا ٹکڑا۔ گٹکری لینا یا نکالنا۔ گانے میں آواز لہرا دینا۔

گٹکنا :- (ہ) نگلنا۔ کھانا۔ گلے سے نیچے اتارنا۔ کبوتر کا بولنا۔ غٹرغوں کرنا۔ گٹکی (مو) چھوٹا گٹا۔

گٹ گٹ :- (ہ - مذ) جلدی جلدی پینے کی آواز۔ چھوٹے منہ کے برتن سے پانی انڈیلنے کی آواز۔ گٹ گٹ پی جانا۔ غٹ غٹ پینا۔ جلدی جلدی گلے سے اتار لینا۔

گٹگنا :- (ہ) مستی میں کبوتر کا بولنا۔

گٹھ :- (مذ) بڑا بقچہ۔ گانٹھ کا مخفف جو مرکبات میں مستعمل ہے۔ گٹھ بندھن (مذ) دولہا دلہن کے کپڑوں کی وہ گرہ جو پھیروں کے وقت لگائی جاتی ہے۔ ہندوؤں کی رسم ہے۔ اسے گٹھ جوڑا بھی کہتے ہیں۔ گٹھ کٹ (مذ) جیب کترا۔ ٹھگ۔ وہ دکاندار جو تول اور مول میں دغا کرے۔ گٹھ کٹی (مو)

گٹھا :- (ہ - مو) گرہ۔ عقدہ (ملک)

گچ پچ :- (ہ) کھچا کھچ - آدمیوں کی کثرت - پاس پاس ہونا

گچھا :- (ہ - مذ) اناج کی بال - پھلوں کا خوشہ - جھرمٹ - جھنڈ - پھندنا - لچھا - چند ستارے جو ایک جگہ نظر آئیں - کسی چیز کا ڈھیر - چند پھلوں کا مجموعہ جو ایک شاخ میں ہو - بنڈل - وہ حلقہ جس میں متعدد کنجیاں ہوں - **گچھے دار** - وہ جس میں گچھے ہوں -

گچھی :- (ہ - مو) گیہوں اور جو ملا ہوا غلہ - چُندھی (گچھی آنکھیں) خمار آلود (نیند کے مارے آنکھیں گچھی ہو رہی ہیں) -

گچھو :- (ہ - لک) گچی -

گچی :- (ہ - مو) چھوٹے منہ کا گڑھا جس میں بچے کوڑیوں سے کھیلتے ہیں - وہ گڑھا جس کو گلی رکھ کر ڈنڈے سے پھینکنے کے لیے بنایا جاتا ہے - (لک) گچو - **گچی پالا** (مذ) ایک کھیل - پل گولی -

گد :- (ہ - مو) زمین پر دے مارنے کی آواز - دھم - مارنے کی آواز - **گدا گد** (مو) پے در پے گرنے کی آواز - لگاتار - اناپ شناپ - **گدبد** (مو) اوپر تلے گرنے کی آواز -

گِد :- (ہ) دیکھو گدھ -

گِدا :- (ہ - مذ) گھریلو گیت - **گدا ڈالنا** - بہت سی عورتوں کا ایک جگہ جمع ہو کر گانا

گدا :- (ف) بھکاری - فقیر - منگتا - **گداگری** (مو) فقیری - بھیک مانگنے کا کام - **گداگری کرنا** - بھیک مانگنا - **گدائی** (مو) بھیک مانگنا -

گدا :- (ہ) (کسی) اناج کا خوشہ جو پک جانے کے قریب ہو - گدیلا - توشک - چیری کی ٹوپی - ہاتھی کا چارجامہ - قیاس (لگانا کے ساتھ) فریب - دھوکا - **گدے بازی** (مو) خیال دوڑانا -

گدا :- (ا - مذ) ڈالا - درخت کی شاخ جو موٹی اور مضبوط ہو - مکا -

گداز :- (ف) موٹا - فربہ (مذ) نرمی (ذکر خدا سے دل کا گداز ہونا) نرم - ملائم ؎ آتش

دل اس قدر گداز ہے برسوں ہی تم لبے
آنسو جو بہتے دیدۂ گریاں سے دور ہوں

(مرکبات میں) پگھلانے والا (جیسے دلگداز) **گداز کرنا** - نرم کرنا - ملائم کرنا - پگھلانا - **گدازی** - پگھلاہٹ - گھلاوٹ - نرمی - ملائمت -

گداکا :- (ا) گد سے گرنے کی آواز - موٹا تازہ معشوق -

گدبدا :- (ہ - مذ) موٹا جسیم - **گدبدی** (مو)

گدر :- (ہ) آدھا پکا آدھا کچا - وہ پھل جو پک جانے کے قریب ہو -

گدرا :- گدر - نیز فربہ آدمی - **گدری** (مو) **گدرانا** - پھل کا پک جانے کے قریب پہنچنا - جوانی میں بھرنا - آنکھ دکھنے کو آنا - **گدراہٹ** (مو) گدرانا کی صفت - **گدرایا ہوا بدن** (مذ) جوانی میں بھرا ہوا جسم -

گدر خیل :- (ا) بدصورت عورت جو دیکھنے میں حقیر معلوم ہو - نیچ قوم کی عورت -

گدڑی :- (ہ - مو) فقیروں کے اوڑھنے کا کپڑا جس میں بہت سے پیوند لگے ہوتے ہیں - پرانی چیزیں بیچنے کا بازار - پھٹا پرانا کپڑا - **گدڑی کا لال** - نہایت عزیز - **گدڑی میں لال نہیں چھپتا** - بُروں میں اچھا نہیں چھپتا - **گدڑیا پیر** (مذ) درخت پر مختلف قسم کے چیتھڑے باندھتے اور اس کو پیر قرار دیتے ہیں - وہ شخص جو پھٹے پرانے کپڑے پہنتے ہو -

گدکا :- (ہ - مذ) دیکھو گتکا

گدالا :- (ہ - مذ) بڑی کدال -

گدگدا :- (ہ - مو) نرم - ملائم - گداز (گدگدا بستر) موٹا تازہ (گدگدا بدن) **گدگدانا** - انگلیوں سے بغلوں، تلوؤں یا پیٹ وغیرہ کو سہلا کے ہنسی دلانا - اکسانا - چھیڑنا - برانگیختہ کرنا - مذاق کرنا - سواری میں گھوڑے کے پیٹ کو پاؤں سے رگڑنا تاکہ جست وغیرہ کرے - **گدگداہٹ** (مو) گدگدی کا اثر - پُل سلاہٹ - **گدگدی** (مو) وہ کیفیت جو بغل یا تلوے وغیرہ سہلانے سے پیدا ہوتی ہے - جوش - شوق - اُمنگ - خود بخود ہنسی کرنا - **گدگدی کرنا** - گدگدانا - چھیڑنا - **گدگدی ہونا** - طبیعت شوخی کی طرف راغب ہونا - شوق پیدا ہونا - خود بخود ہنسی آنا -

گدگدے :- (ہ - مذ) بھنی ہوئی جوار - گھنگنیاں

گدلا :- (ہ) گدلا ہوا - میلا - گاڑھا - گندلا - **گدلاپن** (مذ) کدورت - میل - گاڑھا ہونے کی حالت - **گدلانا** - پانی کا گدلا ہونا - میلا ہونا -

گدما :- (ہ - مذ) ایک قسم کا ملائم پشم دار کمبل -

گڈی (مو) ترکاری۔ ساگ وغیرہ کا مٹھا جو کجا باندھ کر گیا ہے۔ پان وغیرہ کی ایک ڈھیری جو مٹھی میں آ جائے۔ بنڈل۔ پولی مٹھا۔ کاغذوں کا مجموعہ جو ایک مٹھی میں آ جائے۔ آتشبازی کے پراخے جو یکجا ہوں۔

گُڈّا:۔ (ہ۔ مذ) پُتلا۔ بُت۔ گڑیا کا نر۔ جس سے لڑکیاں کھیلتی ہیں۔ بدنامی کا پُتلا۔ **گڈّا بنانا**۔ رسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔ **گڈّے گڑیا کی شادی**۔ مجازاً معمولی اور چٹ منگنی پٹ بیاہ کے موقع پر حقارتاً۔

گڈریا:۔ (ہ۔ مذ) بھیڑوں کا چرواہا۔

گڈس آفس:۔ (مذ۔ انگ) ریلوں کا مال گودام کا دفتر۔ گڈس ٹرین۔ مال گاڑی۔ **گڈس کلرک**۔ مال گودام کا بابو۔ محرر مال۔

گڈیا گڑھ:۔ (ہ۔ مذ) کوٹ۔ قلعہ۔ چھوٹا قلعہ۔ **گڈھی**۔ (مو) چھوٹا قلعہ۔ کوٹ۔

گُڈّی:۔ (ہ۔ مو) ایک قسم کا پتنگ۔ ایک قسم کا حقہ۔ ہڈیوں کے جوڑ۔ پرندے کے پروں کو اس طرح اُلجھا دینا کہ پھر وہ اُڑ نہ سکیں۔

گر:۔ (ف۔ بطور لاحقہ۔ چند معنوں کے لیے مستعمل ہے)۔ (جیسے شیشہ گر) کرنے والا (قلعی گر) رکھنے والا۔ صاحب (توانگر) اگر کا مخفف ؎

آنے والا گر نہیں ہے آفت تازہ امیر
کیوں اُلجھتا ہے مرے سینے میں پھر ہر بار دل

گرچہ۔ دیکھیے اگرچہ۔

گُر:۔ (ہ۔ مذ) کلیہ قاعدہ۔ اصول۔ نکتہ۔ باریکی۔ گردوارہ (مذ) گرو کے رہنے کا مکان۔ پیر کی گدی۔ سکھوں کا دھرم سالہ۔ **گرمکھی** (مو) سکھوں کی مذہبی زبان۔ ہندی کا ایک رسم الخط۔

گُرّا:۔ (ہ) سرخی مائل۔ لاکھی رنگ کا۔ سفیدی جو گھوڑے کی پیشانی پر ایک درم سے زیادہ ہو۔

گِرا:۔ (ہ) گرا ہوا۔ محتاج۔ غریب۔ ذلیل ؎ محسن

گِروں کو زمیں سے اُٹھائے گا کون
بگاڑے کو تیرے بنائے گا کون

گرا پڑا۔ افتادہ۔ زمین پر گرا پڑا۔ ذلیل۔ بے حقیقت۔ کمینہ۔ **گری پڑی** (مو) گرا پڑا۔ ٹوٹا۔ پڑا پا۔ کسی چیز پر حد سے زیادہ رغبت رکھنا۔ **گرا نہیں سنبھلتا**۔ ذلت پاکر پھر وقار نہیں ملتا۔ **گر پڑ کے**۔ گر کے۔ منت سماجت کرکے۔ افتاں خیزاں۔ بہزار محنت و مشقت۔ بہزار ذلت و رسوائی۔ **گرے پڑے کا سودا**۔ وہ سودا جو خوشامد درآمد سے کیا جائے۔ **گرے پڑے وقت کا ٹکڑا**۔ وہ چیز جو مصیبت کے وقت کام آئے۔

گَراب:۔ (ا۔ف) توپ کا وہ گولہ جس میں بہت سی گولیاں لال چھرا وغیرہ بھرا ہوتا ہے۔ چھرے کی گولی جو بندوق میں بھری جاتی ہے۔

گراری:۔ (ہ۔ مو) دھاگہ لپیٹنے کی ریل۔ وہ پہیا جس پر رسی کے ذریعے کنوئیں سے ڈول نکالتے ہیں۔

گراز:۔ (ف) سُور۔ ظالم۔ طاقت ور ؎ نسیم

پھر مردمی کا پاس نہ فکر ستیز کی
شیر موذی گراز نے دن سے گریز کی

گراس کٹ:۔ (مذ۔ انگ) گھسیارا۔ گھاس کھودنے والا۔ **گراس کٹر**۔ گھاس کاٹنے کی مشین۔

گِرام:۔ (ہ۔ مذ) مرکبات میں گاؤں کے معنی دیتا ہے (جیسے گرام سدھار۔ بگرام) (انگ) ایک وزن

گِرامر:۔ (انگ۔ مذ) علم قواعد۔ صرف و نحو۔

گِرامی:۔ (ف) بزرگ۔ عزیز۔ مکرم۔ **گرامی نامہ** (مذ) بڑے کا خط۔

گراں:۔ (ف) بھاری۔ بوجھل۔ ناگوار۔ اجیرن۔ بیش قیمت۔ انمول۔ مہنگا۔ سخت۔ کڑا۔ سست۔ کاہل۔ دشوار۔ مشکل۔ کثرت سے ظاہر کرنے کے لیے (گراں قدر) بدی اور کراہت ظاہر کرنے کے لیے (سرگراں) **گراں بار**۔ بھاری۔ بوجھ سے دبا ہوا ؎ داغ

کیوں مرے بعد اُٹھا یا ستم عشق رقیب
کیا مرے داغ سے ظالم یہ گرانبار نہ تھا

گراں بہا قیمتی۔ انمول۔ عمدہ۔ قدر کے قابل۔ **گراں جاں**۔ نہایت بوڑھا اور بے حیا زندگی والا۔ سخت جاں۔ بیمار۔ جاں سے تنگ۔ **گراں جانی**۔ سخت جانی۔ **گراں خاطر**۔ ناگوار طبع۔ دوبھر۔ اجیرن۔ غمگین ناراض۔ **گراں خواب**۔ جو دیر تک سوئے۔ غافل۔ **گراں سر**۔ متکبر۔ مغرور۔ **گراں سنج**۔ وزنی۔ بیش قیمت۔ **گراں قدر**۔ عالی مرتبہ۔ صاحب اعزاز۔ **گراں کرنا**۔ مہنگا کرنا۔ **گراں گزرنا**۔ ناگوار گزرنا۔ دوبھر ہونا۔ دل کو بُرا لگنا۔ **گراں گوش**۔ بہرا۔ **گراں مایہ**۔ نفیس اور قیمتی۔ بڑا آدمی۔ صاحب قدر و منزلت۔ **گراں ہونا**۔

بھاری ہونا - مہنگا ہونا - دوبھر ہونا - ناگوار ہونا - **گرانی**: (مو) مہنگائی - بدہضمی - کمی - قلت - سر میں بھاری پن ہونا - وزن میں بھاری ہونا - بیش قیمت ہونا - دل کو ناگوار ہونا - **گرانِ خاطر یا گرانیِ طبع** - بیزاری طبیعت کی ناسازی۔

گرا دینا: (ف) پھینک دینا - مسمار کر دینا - مرتبہ کم کرنا - قیمت کم کرنا - بکھیرنا - **گرانا** - نیچے ڈالنا - پھینکنا - ڈھانا - مرتبہ گھٹانا - قیمت کم کرنا - مغلوب کرنا - اسقاطِ حمل کرنا - بہانا - ضبط کرنا (بخار نے اُسے گرا دیا) کھونا (روپیہ کہیں گرا دیا) **گراؤ** - وہ چیز جو گر جاتی ہے۔

گرانٹ: (انگ - مذ) عطیہ - امدادی رقم۔

گراؤنڈ: (انگ - مذ) میدان - بنیاد - تمہید (ابھی اسکیم پر عمل ہونے کے لیے گراؤنڈ تیار کر رہا ہوں - جب اس سے نبٹوں تو تحریر کروں)۔

گرب: (ہ - مذ) غرور - گھمنڈ (ہندوؤں کا روزمرہ)

گربہ: (ف - مو) بلی جو چوہے پکڑتی ہے - **گربہ چشم** - بلی کی آنکھوں والا - نیلی آنکھوں والا - بے مروت - **گربہ کشتن روزِ اول** - عیب پہلے ہی سے مٹانا چاہیے - عیب پہلے ہی دن ترتیب پکڑتا ہے - پہلی ہی خطا پر ٹوک دینا چاہیے - **گربہ مسکین** - دیکھنے میں سیدھا اور باطن میں شریر۔

گربھ: (ہ - مذ) حمل - پیٹ (ہندوؤں کا روزمرہ ہے)

گر پڑ کر: (ف) مشکل سے - تکلیف اٹھا کر - **گر پڑنا** - زمین پر آ پڑنا - نیچے آ رہنا - دیوار یا مکان کا بیٹھ جانا - نہایت کمزور و نحیف ہو جانا - تباہ و برباد ہو جانا - مائل ہو جانا - پرند کا نیچے اتر آنا۔

گرتا پڑتا: (ف) افتاں و خیزاں - جلیل

قطرۂ اشک نہ ٹھہرا کہیں دامن کے سوا
گرتا پڑتا یہ مسافر سرِ منزل آیا

گرج: (ہ - مو) کڑک - بادل کی آواز - شیر کی آواز - ہاتھی کی چنگھاڑ - چیخ - **گرج کر** - کڑک کر - دھاڑ کر - چلا کر - **گرج کر بولنا** - چلا کر بولنا - بلند آواز سے بولنا۔

گرجا: (پرتگا - مذ) عیسائیوں کے عبادت کرنے کی جگہ - **گرجا کرنا** - عیسائیوں کا اپنے عبادت خانے میں نماز پڑھنا

گرجا موتی: (ف - مذ) بال پڑا ہوا موتی - **گرجتے ہیں سو برستے نہیں** - غل مچانے والا کوئی کام نہیں کر سکتا - شیخی بازوں کی سی باتیں ہوتی ہیں - **گرجنا** - کڑکنا - بادل کا آواز دینا - بجلی کا آواز نکالنا - چلا کر بولنا - شیر کا دھاڑنا - شور مچانا - باجے کا زور سے بجنا - موتی میں بال پڑ جانا۔

گرجی دیوار: پھٹی دیوار (اصلاحی - گھڑا وغیرہ) - عزیز لکھنوی

عالمِ پیری میں آئے کون پاس
اے عصا گرجی ہوئی دیوار ہوں

گر جانا: - پچھڑ جانا - نیچے گرنا - تلف ہو جانا۔

گرجی: (ہ) گرجستان سے متعلق - گرجستان کا باشندہ - ایک قسم کا کتا - ایک قسم کا چھوٹا پتھر۔

گرچہ: - (ف) دیکھو گر۔

گرد: - (ف) پہلوان۔

گرد: - (ف - مو) غبار - راکھ - دھول - رنج و ملال - بے اصل (مرکبات میں) پھرنے والا - جہاں گرد - **گردا** (مذ) ریت - غبار - دھول - **گرد آلود** - غبار سے بھرا ہوا - **گرد آباد** - غبار آلودہ - ویران - **گرد اٹھنا** - غبار کا ہوا پر بلند ہونا - خاک اڑنا - **گرد اڑنا** - دھول اڑنا - خاک اڑنا - برباد ہونا - **گرد باد** (مذ) بگولا - ہوا کا چکر۔

گرد برد: - (ف) ناچیز - تباہ - عزیز لکھنوی

زنجیرِ پا کے بجتے ہی سب گرد برد تھا
صحرا جو ایک دفتر اوراق گرد تھا

گرد بیٹھنا - غبار کا بیٹھ جانا - غبار آلود ہونا - آندھی کا کم ہونا - **گرد جھاڑنا** - غبار دور کرنا - دھول دور کرنا - سزا دینا - پیٹنا - **گرد جھڑنا** - دھول نکلنا - سزا پانا - **گرد کرنا** - ماند کرنا - بے رونق کرنا - ہرانا - کپڑے میلے کرنا - **گرد کو نہ پہنچنا** - کسی طرح برابر نہ ہو سکنا - مقابلہ نہ کر سکنا - عاجز رہنا - **گرد نہ پانا** - ہمسری نہ کر سکنا - **گرد و غبار** (مذ) دھول - **گرد ہو جانا** - گرد میں دب جانا - مات ہو جانا - ماند ہو جانا - برابری نہ کر سکنا - ہیچ اور بے رونق ہو جانا - **گرد ہو جانا** - مات ہونا - پست ہونا - بے اثر ہونا - ماند ہونا - نہایت سہل اور آسان ہونا - **گرد ہے** - کچھ حقیقت نہیں رکھتا - **گرد یتیمی** (یا نشا - مو) موتی کی آب داری۔

گرد: (ف) چاروں طرف - آس پاس - پیچھے - سر - درپے - **گرداگرد** - اطراف - آس پاس - **گرد آور** - مفسر - پٹواریوں کے حلقے یا چنگی کا علاقہ دیکھنے والا - **گرد آوری** - گرد آور کا عہدہ - گشت - دورہ - **گرداب** (مذ) بھنور - **گردانی** (ا) نماز کے لیے عورتوں کے چادر یا دوپٹہ اوڑھنے کا طریقہ - **گرد پھرنا** - تصدق ہونا - طواف کرنا - **گرد پھٹکنا** - پاس آنا - قریب آنا - **گرد رہنا** - گھیرے رہنا - **گرد گھمّا** - طفیلی - وہ شخص جو ہر وقت گرد منڈلاتا رہے - مفلس - تماش بین - آوارہ - **گرد و پیش** - گرداگرد - ماحول - **گرد و نواح** (مذ) آس پاس کا علاقہ - پڑوس - قرب و جوار - سوادِ شہر - **گرد ہونا** - درپے ہونا - آس پاس ہونا -

گرداں: (ف) پھرنے والا - گردش کرنے والا (جیسے چرخ گرداں) اُڑتا ہوا - لوٹتا ہوا -

گردان: (ف - مو) ترتیب کے موافق فعل کے صیغوں کو پڑھنا - قرآن شریف کو باری باری سے پڑھنا - (مذ) اُڑنے کا کبوتر جو پھر پھر کر پھر اپنے گھر واپس آجاتا ہے ؎

آدمی کیا جانور بھی یک قلم ہوتے ہیں محو
خط کبوتر لے گیا گردان پورا کیا   رنگ

گردان کرنا - صیغوں کو ترتیب سے پڑھنا -

گرداننا: (ا) کسی فعل کے تمام صیغوں کو مسلسل پڑھنا - دہرانا - ماننا - (ارباب معرفت خدا کے علاوہ کسی کو معبود نہیں گردانتے) پلٹنا - طے کرنا (دامن گرداننا) متوجہ کرنا - (طبیعت گرداننا) کھلی ہوئی کتاب بند کرنا -

گردش: (ف - مو) چکر - پھیر (خون کی گردش) بدنصیبی - ادبار - مصیبت - آفت - انقلاب - تغیر - **گردش کرنا** - گھومنا - چکر لگانا - پھرنا - **گردش میں آنا** - چکر میں آنا - تباہی میں آنا - **گردش میں ہونا** - مصیبت میں ہونا - چکر میں ہونا ؎ غالب

رات دن گردش میں ہیں سات آسمان
ہو رہے گا کچھ نہ کچھ گھبرائیں کیا

گردن: (ف - مو) ناڑ - گلا - **گردن اٹھانا** - اونچی کرنا - سر اٹھانا - **گردن پر احسان ہونا** - اپنے اوپر احسان ہونا - **گردن اڑانا** - گردن کاٹنا - سر اڑانا - قتل کرنا - **گردن اینٹھنا** - گردن کا اکڑ جانا - **گردن اینٹھی رہنا** - اکڑ اور کھنچا رہنا - خفا رہنا - **گردن پر بوجھ ہونا** - ناگوار ہونا - سر پر عذاب ہونا - سر پر احسان ہونا - **گردن پر جوا رکھنا** - بوجھ رکھنا - کوئی بھاری کام ذمے لینا - فرمانبرداری کرنا - **گردن پر خون سوار ہونا** - دیکھو خون گردن پر - **گردن پر خون لینا** - کسی کے قتل کا گناہ لینا - قتل کا پاپ لینا - **گردن پر خون ہونا** - کسی کے ناحق قتل کا گناہ سر ہونا - قتل کے گناہ کا مجرم ہونا - **گردن پر سوار ہونا** - کسی کی گردن پر چڑھنا - سر رہنا - سخت تقاضا کرنا - کڑی نگرانی کرنا - **گردن پکڑ کر نکال دینا** - دھکے دے کر زبردستی نکال دینا - **گردن پھنسانا** - گردن کو پھندے میں پھنسانا - اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنا - ذمہ لینا - **گردن پھیرنا** - منحرف ہونا - سرکشی کرنا - حکم نہ ماننا - **گردن توڑنا** - سخت سزا دینا - بہت مارنا - مغلوب کرنا - **گردن جھکانا** - گردن نیچے کرنا - اطاعت کرنا - شرمندہ ہونا - احسان مند ہونا - اطاعت قبول کرنا - **گردن حلال کرنا** - ذبح کرنا - قتل کرنا - نہایت ستانا - **گردن دبانا** - مغلوب کرنا - زبردستی کرنا - **گردن ڈالنا** - گردن جھکا دینا - نڈھال ہو جانا - غمگین ہو جانا - **گردن ڈھلنا یا ڈھلکنا** - منکا ڈھلنا - مرنے کے قریب ہونا - گردن کا لٹک جانا - **گردن زدنی** - وہ شخص جو قتل کرنے کے قابل ہو - **گردن زمین** (با ضا - مو) خشکی کا وہ قطعہ جو دو بڑے قطعوں کو ملائے - خاکنائے - **گردن سے جوا اتارنا** - آزاد ہونا - اطاعت اور فرمانبرداری سے نجات پانا - **گردن فراز** (بے اضا) سرکش - متکبر - **گردن کا بوجھ** (مذ) سر کا بوجھ - احسان - قرض - ناگوار طبع - قرضے کا بار - **گردن کاٹنا** - سر قلم کرنا - حق تلفی کرنا - **گردن کا منکا** (مذ) پشت کی وہ ہڈی جہاں سے گردن شروع ہوتی ہے - **گردن کا منکا ڈھلنا** - ڈھلکنا - گردن ٹوٹ جانا - مرنے لگنا - **گردن کٹنا** - سر قلم ہو جانا - حق تلفی ہونا - **گردن کش** - باغی - نافرمان - مغرور - گستاخ - فساد برپا کرنے والا - **گردن کشی** (مو) بغاوت - نافرمانی - **گردن گھونٹنا** - گلا دبانا - **گردن مارنا** - قتل کرنا - سر اڑانا - **گردن مروانا** - قتل کرانا - **گردن مروڑنا** - گردن توڑنا - مار دینا - **گردن مینا** (مو) شراب کی صراحی کا گلا - **گردن ناپنا** - گردن پکڑ کر نکال دینا - **گردن نیچی ہونا** - غرور ڈھے جانا - شرمندگی ہونا - **گردن نہ اٹھانا** - شرمندہ ہو کر آنکھ سامنے نہ کرنا - اُف نہ کرنا - دم نہ مارنا - **گردن ہلانا** - انکار کرنا - نکرنا - اقرار کرنا - ذمہ لینا -

گردنا: (ف - مذ) نہایت موٹی گردن - **گردنی** (مو) کشتی کے ایک داؤ کا نام - گھوڑے پر ڈالنے کا کپڑا - ہاتھ کی ضرب جو گردن پر ماریں - **گردنی دینا** - گردن میں ہاتھ ڈال کر دھکا دینا - گدی پر چانٹا لگانا - **گردنی مارنا** - گردن پر ہاتھ مارنا -

گردوں: (مذ) آسمان - رتھ - بہلی - **گردوں اساس** (اقتدار) - بلند مرتبہ - صاحب قدرت - **گردوں بر دماغ ہونا** - آسمان پر دماغ ہونا - بہت مغرور ہونا -

؎ قدر

گرم سرد ۔ برا بھلا ۔ زمانے کے برے بھلے دن ۔ حوادث زمانہ ۔ **گرم سرد اٹھانا یا سہنا یا دیکھنا** ۔ برا بھلا وقت دیکھنا ۔ راحت اور مصیبت کا زمانہ دیکھنا ۔ مشقت اور مصیبت جھیل کر تجربہ حاصل کرنا ۔ **گرم سیر** ۔ وہ ملک جس کی آب و ہوا گرم ہو ۔ گرم ملک ۔ **گرم عنان** ۔ گھوڑے کو تیز دوڑانے والا ۔ **گرم فقرہ** ۔ شوخی کی بات ۔ **گرم کپڑے** ۔ اونی یا روئی کے کپڑے ۔ جاڑے کی پوشاک اور اوڑھنا بچھونا ۔ **گرم کرنا** ۔ سرد کرنا کی ضد ۔ غصہ دلانا ۔ آگ لگانا ۔ گھوڑے کو تیز کرنا ۔ دوڑانا ۔ **گرم گرم** ۔ گرم کی تاکید ۔ تازہ بتازہ ۔ **گرم مزاج** ۔ غصیل ۔ تند مزاج ۔ **گرم مزاجی** (مو) بدمزاجی ۔ سخت غصہ آجانے کی عادت ۔ **گرم مصالحہ** ۔ زیرہ ۔ سیاہ مرچ ۔ لونگ ۔ الائچی وغیرہ مسالا ۔ **گرم ملنا** ۔ رواداری کی ملاقات کرنا ۔ بڑے تپاک اور محبت سے ملنا ۔ **گرم و سرد** ۔ دیکھو گرم سرد ۔ **گرم ہونا** ۔ تپنا ۔ جلنا ۔ جوشش ہونا ۔ ابلنا ۔ غصہ کرنا ۔ بارونق ہونا ۔ آدمیوں کی زیادہ آمد و رفت ہونا ۔ ہجوم ہونا ۔ خوش ہونا ۔

گرما : (ف ۔ مذ) گرمی کا موسم ۔ **گرمابہ** (مذ) نہانے کا گرم مکان ۔ حمام ۔ وہ ظرف جس میں پانی گرم کرتے ہیں ۔ **گرما جانا** ۔ گرم ہو جانا ۔ جوش میں بھر آنا ۔ مستی میں بھر جانا ۔ مستی پر آجانا ۔ **گرما گرم** ۔ تتا تتا ۔ بھاپ اٹھتا ہوا ۔ تازہ تازہ ۔ ابھی کا ۔ پرجوش ۔ رقت خیز ۔ ظریف ۔ چرب زبان ۔ تڑاق پڑاق ۔ برجستہ ۔ شوخ ۔ چلبلا ۔ **گرما گرمی** (مو) شوخی ۔ تیزی ۔ جوشش و ولولہ ۔ **گرمانا** ۔ گرم ہونا ۔ غصے میں بھرنا ۔ جوش میں بھرنا ۔ مستی میں بھرنا ۔ برسات کے موسم میں گرمی ہونا ۔ مادہ چارپائے کو شہوت ہونا ۔ **گرماہٹ یا گرمائی** (مو) گرمی ۔ حرارت ۔ شوخی ۔ **گرمائی آنا** ۔ گرم ہونا ۔ جوشش آنا ۔ تیزی آنا ۔ **گرمی** (مو) تپش ۔ جلن ۔ گرمی کا موسم ۔ تپاک ۔ محبت ۔ خون کی خرابی ۔ سوداویت ۔ شوخی ۔ رونق ۔ تیزی ۔ امنگ ۔ جوشش ۔ غصہ ۔ آتشک ۔ شہوت ۔ **گرمی بڑھنا** ۔ موسم کی شدت بڑھ جانا ۔ غصہ بڑھنا ۔ **گرمی پڑنا** ۔ موسم کی شدت بڑھ جانا ۔ تیز دھوپ پڑنا ۔ **گرمی چڑھ جانا** ۔ دماغ میں خلل آجانا ۔ **گرمی چھانٹنا** ۔ حرارت دور کرنا ۔ **گرمی دانے** (مذ) چھوٹے چھوٹے دانے جو گرمی کے موسم میں ہو جاتے ہیں ۔ **گرمی کرنا** ۔ طبیعت میں حرارت کو بڑھا دینا ۔ شوخی کرنا ۔ شرارت کرنا ۔ عیاشی کرنا ۔ گرمجوشی کرنا ۔ غصہ کرنا ۔ **گرمی کے دن** ۔ گرمی کا موسم ۔ **گرمی کے کپڑے** ۔ موسم گرما میں پہننے اوڑھنے کا لباس ۔ **گرمی نکالنا** ۔ غصہ نکالنا ۔ حرارت دور کرنا ۔ **گرمی ہونا** ۔ موسم میں گرمی پیدا ہو جانا ۔ **گرمیاں** ۔ گرمی کی جمع ۔ گرمجوشیاں ۔ تپاک ۔ موسم گرما ۔ خفگیاں ۔ تندیاں ۔ شوخی ۔ ظرافت ۔ **گرمیاں** یا گرمی کا موسم آنا ۔ **گرمیاں کرنا** ۔ نہایت محبت جتانا ۔ از حد تپاک سے پیش آنا ۔ مذاق کرنا ۔ تعلق

پروانوں سے یہ کرتی ہے ہر بار گرمیاں
محفل میں یار کے نہ کوئی گل کھلائے شمع

گرنا : (لا) اوپر سے نیچے آپڑنا ۔ پھسلنا ۔ مائل ہونا ۔ لالچ کرنا ۔ کمزور ہونا ۔ ہارنا ۔ گھٹنا ۔ عاشق ہونا ۔ جلد کوئی کام اختیار کرنا ۔ قدر نہ رہنا ۔ بیمار ہونا ۔ بھاؤ کم ہونا ۔ برسنا (پانی گرنا) حملہ کرنا ۔ لڑائی میں مارا جانا ۔ کسی مادے کا حملہ ہونا (نزلہ گرنا) حمل ساقط ہونا ۔ ہجوم کرنا (آدمی پر آدمی گر رہا ہے) بے خون ہونا ۔ بے ہوش ہونا ۔ مکان یا تعمیر کا منہدم ہونا ۔

گرنتھ : (س ۔ مذ) مذہبی کتاب ۔ پوتھی ۔ سکھوں کی مذہبی کتاب

گرو : (لا ۔ مذ) پیر ۔ مرشد ۔ علم و فن سکھانے والا ۔ استاد ۔ کامل فن ۔ شریر ۔ مفسد ۔ شہدا ۔ چھٹا ہوا ۔ خرانٹ ۔ بڑا چالاک ۔ شریر ۔ **گرو گھنٹال** بہت چالاک و بدمعاش ۔

گرو : (ف ۔ مذ) رہن ۔ گروی ۔ گرفتار ۔ مبتلا ۔ **گرو دھرنا یا رکھنا** ۔ کسی چیز کو ضمانت کے طور پر دے کر ساہوکار سے نقدی لینا ۔ **گرو نامہ** (مذ) رہن کا تمسک ۔ لکھنے کا کاغذ ۔ **گروی** (لک) رہن ۔ وہ چیز جو گرو رکھی گئی ہو ۔ **گروی سے چھڑانا** ۔ جو چیز گروی رکھی گئی ہو اس پر لیا ہوا قرض دے کر چیز واپس لینا ۔

گروانا : مسمار کروانا ۔ کسی چیز کو گرانے کا کام کسی سے کرانا ۔ منہدم کرانا ۔

گروہ : (ف ۔ مذ) جتھا ۔ جماعت ۔ قسم ۔ ذات ۔ پارٹی

گرویدہ : (ف) عاشق ۔ فریفتہ ۔ مائل ۔ مرید ۔ چیلا ۔ **گرویدہ کرنا** ۔ فریفتہ کر لینا ۔ موہ لینا ۔ **گرویدہ ہونا** ۔ شیدا ہونا ۔ مفتون ہونا ۔

گرہ : (ف ۔ مو) گانٹھ ۔ بندھن ۔ جیب (گرہ میں کچھ ہے یوں ہی سودا خریدنے کے لیے چلے) (گرہ سے ایک پائی خرچ نہیں کی) کسی دوسرے کے مصرعے پر مصرع لگانا ۔ کشیدگی ۔ عداوت ۔ شمیم

گرہ جو پڑ گئی دل میں بڑی مشکل سے نکلے گی
دبے گی ان کے دل میں گر ہمارے دل سے نکلے گی

گز کا سولھواں حصہ ۔ بند ۔ جوڑ ۔ مشکل ۔ عقدہ ۔ مال ۔ دولت ۔ **گرہ باز** ۔ کلا کرنے والا کبوتر ۔ قلابازی لینے والا ۔ **گرہ میں باندھنا** ۔ پلے میں باندھنا ۔ یاد رکھنا ۔ سنبھال کر اور چھپا کر رکھنا ۔ **گرہ پڑنا** یا پڑ جانا ۔ گانٹھ پڑنا ۔ الجھنا

دل میں بل پڑنا - دشمنی ہونا - گرہ دار - بہت سی گانٹھوں والا - گرہ دینا - گانٹھ لگانا - یاد رکھنا - گرہ سے جانا یا گرہ کا جانا - اپنی جیب سے خرچ ہونا - گرہ کا پل (مذ) مال - دولت کا گھمنڈ - گرہ کا دیجئے پر ضامن نہ ہوجیے (مثل) ضمانت سے بچنا چاہیے - گرہ کا دیجئے پر عقل نہ دیجئے - بے سمجھ اور بے مشورہ دینے سے بچنا چاہیے - روپیہ دینے میں اتنا نقصان نہیں جتنا مشورہ دینے میں خطرہ ہے - گرہ کرنا - کبوتر کا کلا کھانا - گرہ کھولنا - گانٹھ کھولنا - دل کا بل نکالنا - گرہ گیر - بل کھائے ہوئے - گرہ دی ہوئی - گرہ لگانا - گانٹھ دینا - کسی دوسرے کے مصرعے پر مصرع لگانا - گرہ میں پیسہ ہونا - مالدار ہونا - گرہ میں رکھنا - امیر ہونا - نقدی پاس ہونا - گرہ میں کچھ ہونا - نقدی پاس ہونا - امیر ہونا - گرہ (مو) نو ستاروں کا مجموعہ - برے دن - گرہ آنا - برا ستارہ ہونا - برے دن آنا - گرہ دیکھنا - زائچہ دیکھنا -

گرہی : (ہ - مو) ایک قسم کی چھوٹی مچھلی

گرہست : (ہ) گھر والا - بال بچے دار - گھر کے کام کاج کا خوب انتظام رکھنے - گرہستن (مو) بیوی - خاوند والی عورت - گھر والی عورت - گھر کا انتظام سلیقے سے کرنے والی عورت - گرہستی (مو) گھر کا انتظام و سلیقہ - گھر داری - گھر کا سامان - [illegible] -

گرہن : (ہ - مذ - ف - گرہن) سورج اور چاند کا گہن - زمین کا چاند اور سورج کے درمیان حائل ہو جانا جس کی وجہ سے ان کا رنگ سیاہ سا پڑ جاتا ہے - اور روشنی جاتی رہتی ہے - گرہن پڑنا - چاند یا سورج کو گہنا۔

گری : (ہ - مو) مغز - گودا - بھیجا - نیز گرا (فعل ماضی) کا (مو) ذلیل - گری پڑی باتیں - ذلیل معمولی و بیہودہ باتیں - گری پڑی چیز - افتادہ اور گری معمولی چیز - دیکھیے گر -

گریاں : (ف) روتا ہوا - رونے والا

گریباں : (ف یائے معروف اردو میں یائے مجہول - مذ) کپڑے یا چولے کا حصہ جو گلے کے نیچے سامنے کی طرف رہتا ہے جس میں بٹن لگتے ہیں - گریباں پکڑ کے لانا - زبردستی لانا - گریباں پکڑنا یا گریباں میں ہاتھ ڈالنا - گردن پکڑنا - سخت تقاضا کرنا - گریباں پھاڑنا یا تار تار کرنا یا چاک کرنا - گریباں ٹکڑے کرنا - دیوانہ اور پاگل ہونا - گریباں تار تار کرنا - گریباں کی دھجیاں اڑانا - گریباں چاک کرنا - گریباں کے ٹکڑے اڑا دینا - بہت زیادہ غم و غصہ کرنا - گریباں ہونا - گریباں پھٹنا - دیوانہ ہونا - گریباں گیر ہونا - گریباں پکڑنا - دعویدار ہونا - گریبان میں سر ہونا - بہت شرمندہ ہونا - گریبان میں منہ چھپانا - شرمندہ ہونا - آنکھیں نیچی کرنا - گریباں میں منہ ڈال کر دیکھنا - اپنے عیب آپ دیکھ کر شرمندہ ہونا - گریباں میں منہ ڈالنا - اپنا قصور دیکھ کر شرمندہ ہونا - شرم سے گردن نیچی کر لینا - گردن جھکا کر غور کرنا -

گریز : (ف - مو) بھاگنا - دوری - علیحدگی - قصیدوں میں تشبیب اور تمہید کے مضمون سے اصل مطلب (مدح یا ہجو) کی طرف آنا - گریز کرنا - بھاگنا - پرہیز کرنا - کنارہ کرنا - کسی چیز سے بچنا - گریزاں - بھاگنے والا - پرہیز کرنے والا - متنفر -

گریل : (ا - مذ) صفت - ایک غیر مشہور - وہ کبوتر جو حریف کے یہاں گر جائے -

گریمر : (انگ - مو) زبان کے صحیح بولنے کا علم - قواعد - صرف و نحو -

گریہ : (ف - مذ) رونا دھونا - گریۂ شادی (اضافت) وہ آنسو جو فرط مسرت سے نکل پڑیں - گریہ و زاری کرنا - رونا پیٹنا - واویلا کرنا - گریہ کناں - روتا پیٹتا - روتا دھوتا - گریہ و زاری (مو) رونا پیٹنا - رونا دھونا - واویلا - گریہ و زاری کرنا - رونا پیٹنا - واویلا کرنا -

گڑ : (ہ - مذ) گنے کا رس جسے پکا کر بھیلیاں بناتے ہیں - گڑانبہ - گڑمبا - کیری کی قاشیں ڈال کر بنا ہوا آم کا میٹھا اچار -

گڑ بھری ہنسیا اگلتے بنے نہ نگلتے - ایسا کام یا بات جس کا کرنا نہ کرنا دونوں مشکل ہو - گو مگو والا قصہ - گڑ کھائی تک گرے بچھے ہیں - گڑ دے مرے تو زہر کیوں دیجیے - جب نرمی سے کام نکل آئے تو سختی کی کیا حاجت ہے - گڑ کھانا گلگلوں سے پرہیز کرنا - چھوٹی برائی سے بچنا اور بڑی برائی کرنا - گڑ نہ دے تو گڑ کی سی بات کرے یا کہے - اگر فائدہ نہیں پہنچا سکتا تو میٹھی بات کرے - میٹھی بات سے دل نہ توڑے - گڑ ہوگا تو مکھیاں بہت آئیں گی - دولت ہوگی تو اہل غرض آپ ہی جمع ہو جائیں گے -

گڑاکو : (ہ - مو) گڑ ملی پینے کی تمباکو -

گڑبڑ : (ہ - مو) پیٹ کے بولنے کی آواز - بکھیڑا - ابتری - گڑبڑ - گھڑ مڑ - درہم برہم - گڑبڑجھالا (مذ) جھگڑا -

بدنظمی۔ مغالطہ۔ **گڑبڑ مچا ڈالنا** ۔ جھگڑا فساد کھڑا کرنا۔ بدنظمی پیدا کرنا۔ **گڑبڑ پیدا کرنا** ۔ جھگڑا کھڑا کرنا۔ گڈمڈ ہونا۔ **گڑبڑ ہونا** ۔ جھگڑا ہونا۔ بدنظمی ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔ **گڑبڑی** ۔ ابتری۔ تباہی تردد۔

گڑپ :۔ (ہ۔ مو) غڑپ۔ جھٹ۔ ڈبکی کی آواز۔ **گڑپ سے** ۔ فوراً۔ جھٹ۔

گڑجانا :۔ (ہ) دھنس جانا۔ دب جانا۔ نہایت شرمندہ ہونا۔ کسی لکڑی وغیرہ کا زمین میں دھنسانے سے دھنس جانا۔

گڑگج :۔ (ہ۔ مذ) قلعے کا وہ حصہ جس پر توپیں چڑھاتے ہیں۔ ڈھیر۔ انبار۔

گڑگڑ :۔ (ہ۔ مو) پیٹ کے بولنے کی آواز۔ حقے کے بولنے کی آواز۔ **گڑگڑی** (مو) ایک چھوٹا حقہ۔ فرشی حقے کا پیندا۔

گڑگڑانا :۔ (ہ) آنتوں کا بولنا۔ پیٹ کا بولنا۔ حقہ پینا۔

گڑگڑانا :۔ (ہ) عاجزی کرنا۔ منت کرنا۔ منت سماجت۔ التجا کرنا۔

گڑگڑانا :۔ (ہ) گرجنا۔ کڑکنا۔ حقے کا بولنا۔ **گڑگڑاہٹ** ۔ (مو) گرج کی آواز۔ کڑک۔ حقہ پینے کی آواز۔

گڑگوڈر :۔ (ہ۔ مو) پچھلے پہر ہے۔ گوڈر کا تابع مہمل کے طور پر گوڈر سے پہلے بولتے ہیں۔

گڑنا :۔ (ہ) دبنا۔ دھنسنا۔ چبھنا۔ قائم ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ دفن ہونا۔ مٹی میں چھپنا ؎ برجیس

فروتنی ہے بشر کے لیے سر افرازی
زمیں میں گڑ گیا جو تخم وہ نہال ہوا

گڑوانا ۔ چبھونا۔ گاڑنا۔ گھسیڑنا۔

گڑنت :۔ (ہ۔ مو) وہ پتلا یا مورتی جو جادوگر تسخیر کے لیے زمین میں گاڑتے ہیں۔ تسخیر وغیرہ کا تعویذ جو گاڑا جائے۔ **گڑنت گاڑنا** ۔ جادو پڑھ کر کوئی چیز زمین میں گاڑنا۔

گڑوا :۔ (ہ۔ مذ) پانی رکھنے کا برتن۔ آبخورہ۔ لوٹی دار ہندوانی لوٹا۔ سرسوں کے پھولوں کا گلدستہ جو بسنت کے دن آبخوروں میں رکھ کر امیروں کے یہاں لے جاتے اور انعام پاتے ہیں ؎ صبا

مژدہ فصل بہاری اے صبا سُننا نصیب
گڑوے لے کر آئیں گلکوں ناچتے گاتے ہوئے

گڑوی (مو) (ہن) چھوٹی لٹیا۔ سوا سیر دودھ۔ **گڑوے کا پان** ۔ وہ پان جو ریت میں رکھ کر لگایا گیا ہو۔

گڑولنا :۔ (مذ) بچوں کے چلنے کی گاڑی۔ گڈولنا۔

گڑھ :۔ (مذ) قلعہ۔ کوٹ۔ لکڑی کا ایک مکان جس سے لڑائی میں سرنگ لگانے کا کام لیتے ہیں۔ **گڑھی** (مو) چھوٹا قلعہ۔ کوٹلہ۔ **گڑھ جیتنا** ۔ قلعہ فتح کرنا۔ کسی مصیبت سے خلاصی پانا۔

گڑھیا :۔ (ہ) چھوٹا قلعہ۔ چھوٹا گڑھا جس میں کوڑا یا پانی جمع ہو۔ **گڑھیا میں منہ دھو ڈالو / رکھو** (بے تکلفی سے) اس قابل تو ہو جاؤ۔

گڑھا :۔ (مذ) غار۔ کھڈ۔ کھائی۔ گڈھا۔ **گڑھا بھرنا** ۔ گڑھے کو مٹی ڈال کر بند کرنا۔ کسی خلا کو پورا کرنا۔

گڑہل :۔ (مذ) ایک درخت اور اس کے پھل کا نام۔

گڑھنا :۔ (ہ) (لکھنؤ کے فصحا کا روزمرہ) جھوٹی بات بنانا۔ زیور وغیرہ بنانا۔ دیکھیے گھڑنا ؎ قلق

اس پری کے گیسوؤں پر ایسے دیوانے ہوئے
گڑھتے گڑھتے بیڑیاں سودا ہوا حداد کو

گڑھت :۔ (ہ۔ مو) شکل۔ صورت۔ بناوٹ۔ گڑھی اور تراشی ہوئی بات۔ گڑھنا کا حاصل مصدر۔

گڑیا :۔ (ہ۔ مو) کپڑے کی بنی ہوئی پتلی جس سے لڑکیاں کھیلتی ہیں۔ لکڑی یا چرخی کی کھونٹی۔ ننھی منی خوبصورت بچی۔ **گڑیاں کھیلنا** ۔ کپڑے کی بنی ہوئی پتلیوں سے کھیلنا۔ لڑکی بن جانا۔ لڑکیوں کی سی باتیں کرنا۔ **گڑیوں کا بیاہ** (مذ) گڈے گڑیا کی شادی۔ غریبوں کی شادی۔ آسان کام۔ **گڑیوں کا کھیل** ۔ آسان کام۔ گڑیوں سے لڑکیوں کا کھیلنا۔

گڑے مردے اکھاڑنا :۔ پرانے جھگڑے تازہ کرنا۔

گز :۔ (ف۔ مذ) جھاؤ کا درخت۔ سولہ گرہ یا تین فٹ کا ایک پیمانہ۔ لکڑی یا لوہے کی سلاخ۔ **گز بن جانا** ۔ بہت سفر کرنا۔ بہت راستہ طے کرنا ؎ انیس

گز بن گیا تھا راہ خدا کی زمین کا

گز بھر کی زبان ۔ نہایت شوخی اور بے باکی سے چلنے والی زبان۔ طرار۔

گزارا :۔ (مذ) روزی۔ گزربسر۔ سمائی۔ گنجائش۔ نباہ۔ ٹھکانا۔ نان نفقہ۔ ناؤ پر ایک کنارے سے دوسرے کنارے پر جا کر اترنا۔ ناؤ کا کرایہ۔ **گزارا کرنا** ۔ دن کاٹنا۔ کفایت سے گزران کرنا۔ نباہنا۔ **گزارا ہونا** ۔ زندگی بسر کرنا۔ کام چلنا۔ **گزارے کا جھونپڑا** (مذ) ایسا مکان جو زندگی گزارنے کے لیے کافی ہو۔ **گزارے کا دعویٰ** ۔ نان نفقہ کی نالش۔ **گزارے کی شکل نکالنا** ۔ معاش کی فکر کرنا۔ بسر اوقات کی صورت پیدا کرنا۔ **گزارے کی ناؤ** (مو) ایک

گھاٹ سے دوسرے گھاٹ پر اتارنے کی کشتی

گزارش :۔ (ف۔ مو) درخواست۔ عرض۔ التماس۔ سوال۔ بیان۔ **گزارش کرنا**۔ درخواست کرنا۔ عرض کرنا۔ گزارنا۔ ادا کرنا۔ بجالانا۔ چھوڑنا۔ مہلت دینا۔ بسر کرنا۔ پیش کرنا۔

گزاشتنی :۔ (ف) چھوڑ دینے کے لائق۔

گزاف :۔ (ف۔ مو) بیہودہ بات۔ بکواس۔ شیخی۔

گزٹ :۔ (انگ۔ مذ) گورنمنٹ کا اخبار۔ **گزٹ ہو جانا**۔ کسی سرکاری کام کا چھپ جانا۔ گزٹ میں درج ہو جانا۔ خبر کا یقینی ہونا۔

گزر :۔ (ف۔ مذ) راستہ۔ گھاٹ۔ دخل۔ باریابی۔ رسائی۔ نباہ۔ گزران۔ رسائی۔ پار جانا۔ شہود۔ (مو) بسر اوقات۔ **گزر بسر** (مو) اوقات بسری۔ **گزر جانا**۔ بیت جانا۔ تمام ہو جانا۔ مر جانا۔ فوت ہو جانا۔ راستے سے نکل جانا۔ **گزر کرنا**۔ اتفاق سے جا نکلنا۔ دن کاٹنا۔ کفایت سے گزران کرنا۔ پار ہو جانا ؎ اوج

سینے سے ڈوب کر سوئے پہلو گزر گیا
دل کو دو نیم کر کے دو پارہ جگر کیا

گزرگاہ (مو) گزرنے کی جگہ۔ راہ راستہ۔ گلی۔ شارع عام۔ **گزر گئی**۔ عمر بسر ہو گئی۔ **گزر گئی گزران کیا جھونپڑی کیا میدان**۔ (مثل) جب عمر کا بڑا حصہ گزر چکا تو اچھا برا سب برابر ہے۔ **گزر ہونا**۔ بیتنا۔ بند ہونا۔ آ نکلنا۔ پہنچ جانا۔ گزرا۔ بار آیا۔ **گزران** (مو) گزارہ۔ نباہ۔ دن کاٹنا۔ **گزران دینا**۔ پیش کرنا۔ جاتا روز مرہ ہے۔ **گزرنا**۔ بیتنا۔ (مرنے ساتھ جیسے دل پر کیا گزری) مرنا ؎ رند

گزرے جس دم دنیا سے
ہم نے جانا شب گزری

جانا۔ اتفاق سے کسی جگہ پہنچنا۔ پیش کرنا ؎ رند

نالہ کیا پر اثر نہیں کی
کیا کیا تجھ پر ایذا گزری

بسر ہونا۔ خیال کرنا (ہر دو معنی کی مثال) ؎ رند

وقت مرگ یہ جی میں گزرا
زندگی اپنی بیجا گزری

نباہ ہونا۔ موافقت آنا۔ زمانہ گزرنا۔ پار ہونا۔ ختم ہونا جیسے

مژہ کے تیر سینے کو توڑ کر گزرے ؎ بحر

ختم ہونا۔ ہو چکنا۔ اترنا۔ دل میں سمانا۔ مرضی ہونا۔

؎ رشک

اور اگر تیری مشیت میں یہی گزرا ہے
حرص دنیا تو نہ دینے کے برابر دینا

پہنچنا۔ ہونا ؎ رند

مر بھی گئے ہم داد رسی غفلت
ان کو خبر نہ اصلا گزری

زیادہ ہو جانا (حد سے گزر گیا) گزرے۔ اگلے زمانہ زمانے میں تھے۔ (سیکڑوں لوگ گزرے) سامنے آئے۔

؎ رند

نہ دیکھے آئینے میں پھر کبھی جمال اپنا
اگر پری کی نگاہوں سے وہ بشر گزرے

مل جانے۔ شریک ہو جیسے

جھنا نیوں میں مبادا نہ کچھ کدر گزرے
ہو چکے ؎ ناظم

دن پھرے اب تو وہ حسرت کے زمانے گزرے
مل گیا ایک قرتمس ستارے گزرے

گزری :۔ (ا۔ مو) پرانی چیزوں کا بازار جو شام کو لگتا ہے (فعل) مصیبت پیش آئی (صفت) مسافر (اس معنی میں زے پر زیر پڑھتے ہیں) ؎ شاد

تانہ بدوش وہ گزری ہوں جو حد گیا
آئینہ بھی بنا تو لیے ساتھ لگ گیا

گزری لگنا۔ بازار لگنا۔

گزشتنی :۔ (ف) ناپائدار۔ گزرنے والا۔ بیتنے والا۔ **گزشتہ**۔ گزرا ہوا۔ بیتا ہوا۔ اگلا۔ **گزشتہ را صلوات**۔ گزری ہوئی باتوں کو جانے دو۔

گزک :۔ (ف۔ مو) کوئی مزے دار چیز جو شراب پینے یا کھانا کھانے کے بعد کھائی جائے۔ ایک قسم کی مٹھائی۔ تشکری۔ ناشتہ۔ نقل۔ **گزک کرنا**۔ چٹ کرنا۔ ناشتہ کرنا۔ گزک کی طرح کھانا۔

گزند :۔ (ف۔ مذ) صدمہ۔ دکھ۔ تکلیف۔ نقصان۔ بری نظر۔ **گزند پہنچانا**۔ نقصان پہنچانا۔ دکھ دینا

گزندہ :۔ (ف) ڈسنے والا۔ کاٹنے والا

گزی :۔ (ا۔ مو) ایک قسم کا موٹا دیسی کپڑا۔ **گزی گاڑھا پہننا**۔ موٹا جھوٹا کپڑا پہننا۔ نہایت غریب ہونا۔

گزیدہ :۔ (ف) کاٹا ہوا۔ ڈسا ہوا۔ لاحقہ بھی ہے جیسے مار گزیدہ۔ منتخب۔

گزیدہ :۔ (ف) چنا ہوا۔ چھانٹا ہوا۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے برگزیدہ۔

گزیں :۔ (ف) لاحقہ ہے اور پسند کرنے والے کے معنی

دیتا ہے جیسے خلوت گزیں۔

گزیر: (ف۔ مذ) چارہ۔ علاج۔ تدبیر۔ تنہا مستعمل نہیں۔ نا کے ساتھ بولتے ہیں (ناگزیر)

گسار: (ف۔ لاحقہ) ہے اور دو معنی دیتا ہے (۱) دُور کرنے والا جیسے غمگسار (۲) پینے والا جیسے میگسار

گستاخ: (ف) شوخ۔ چالاک۔ بے شرم۔ شریر۔ تیز۔ گستاخانہ۔ شوخی کے طور پر۔ بے ادبانہ۔ گستاخ چشم (بفتح اضا) جس کی آنکھ کسی بے حیثیتی یا اشتعال کے باعث نہ جھپکے۔ بہت بے باک اور نڈر۔ گستاخ دست (بفتح اضا) چالاک۔ سبک دست۔ گستاخی (مو) بے ادبی۔ بے شرمی۔ شرارت۔ تحقیر آمیز بات جو کسی کی شان میں کہی جائے۔ گستاخی معاف۔ خلاف ادب بات کرنے پر یہ کلمہ کہہ دیتے ہیں۔ خطا معاف ؎ جلیل

وصل میں کیا ادب اے جان گستاخی معاف
آج لینا ہے مجھے تم سے عوض بیداد کا

گستانگر: (ہ۔ مذ) بدتمیز۔ بیوقوف۔ جانگلو۔

گستر: (ف لاحقہ) جو کسی فعل میں افراط کرنے والے کے معنی دیتا ہے جیسے سخن گستر۔ کرم گستر۔ ستم گستر۔

گسستہ عنان: بے لگام گھوڑا یا دوسرا جانور جس کے مہار وغیرہ نہ ہو۔ آزاد شخص جو اپنی مرضی پر چلے اور دوسرے کی نہ سنے

گسل: (ف۔ لاحقہ) تباہ کرنے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے جان گسل۔

گشت: (ف۔ مذ) سیر۔ ڈول۔ چکر۔ روند۔ دورہ۔ بعضوں نے مؤنث لکھا ہے ؎ اوج

غفلت نہ گشت خیمۂ آل عبا سے کی
حقا نہ بازگشت طریق وفا سے کی

گشت دینا۔ پھرانا ؎ شوق

دیا ہے گشت اُس نے دھوم سے میرے جنازے کو
غرض یہ ہے کہ سارے شہر میں تشہیر ہو جائے

گشت کرنا۔ لگانا۔ گھومنا۔ پہرہ دینا۔ دورہ کرنا۔ سیر کرنا۔ گشت ناچنا۔ برات کے جلوس کے ساتھ ناچنا۔ گشتی۔ گشت کرنے والا۔ پھرنے والا۔ گشتی چٹھی (مو) سرکلر۔ وہ حکم جو دفتر کے ہر شعبے میں یا تمام دفاتر میں بھیجا جائے۔ گشتی حکم جاری کرنا۔ سرکلر جاری کرنا۔

گف: (ا) خوب ٹھونک کر بنا ہوا۔ موٹا۔ گاڑھا۔

گفتار: (ف مو) بات چیت۔ کلام۔ مرکبات میں بولنے والا کے معنی دیتا ہے (تلخ گفتاری)

گفتگو: (ف۔ مو) بات چیت۔ بول چال۔ بیان۔ چرچا۔ گفتگو کرنا۔ بات چیت ہونا۔ بات چیت نکلنا۔ تکرار ہونا ؎ داغ

لوگ سمجھانے لگے یہ دن نہیں تکرار کا
گفتگو اُن سے مری روز شمار آنے کو تھا

گفتگو بڑھ جانا۔ نزاع ہونا۔ تقریر کا طول پکڑنا۔ گفتگو درمیان کرنا۔ بات چیت ہونا۔ ذکر نکلنا۔ گفتگو کرنا۔ بات چیت کرنا۔ گفتنی۔ کہنے کے لائق۔ گفت وشنید (مو) کہا سنی۔ بات چیت۔ لفظی تکرار۔ ذکر اذکار۔ ہنگامہ۔ ردّ و بدل ؎

دانستہ کب کیا گلہ جور میں نے شوق
اک ذکر تھا کہ آ گیا گفت وشنید میں

گگرا: (ہ۔ مذ) پانی رکھنے کا پیتل یا تانبے کا برتن۔ گگری (مو) چھوٹا گگرا

گگن: (س۔ مذ۔ متروک) آسمان۔ فضا۔ موج۔ لہر۔ تموج۔ مینڈ۔ پانی کا اچھلنا ؎ ولی دکنی

اندوہ و غم کی بات ترے باج بن گئی
آواز میری آہ کی پھیر تا گگن گئی

گگن بھیڑ۔ حراس۔ تاز۔ گگن دھول (ہ) کیتلی یا کیوڑے پر کی گرد۔ گگن کھیلنا۔ پانی کا اچھل اچھل کر بلند ہو کر چلنا۔ گگن ہونا۔ اونچا اور بلند ہونا (ہندو)

گل: (ف۔ مذ) گلاب کا پھول۔ مطلق پھول۔ وہ نشان جو دھات گرم کر کے جسم پر دیتے ہیں ؎ سحر

کیا حرارت ہے مری نبض میں سوز و غم سے
ہاتھ پر گل ترے چھونے کے ہیں مرجھانے لگے

چراغ کی بتی کا سرا ؎ مصحفی

عاشق سے بے دماغی اس گل کا ہے وتیرہ

حقے کا جلا ہوا تنباکو۔ وہ سفید یا سرخ پر جو کبوتر اور مور کے اصلی رنگ کے خلاف نکل آتا ہے ؎ قدر

جن کی ظاہر میں ہے زینت نہیں باطن میں کمال
گل کے ہونے سے مٹکتے نہیں بال طاؤس

ناخنہ جو آنکھ میں پڑ جاتا ہے۔ وہ چونے کا گول نشان جو آشوبِ چشم میں کنپٹی پر لگاتے ہیں۔ آگ میں جل جانے کا نشان۔ باعث رونق چیز (آج وہ محفل میں گل بنے ہوئے ہیں) گل اشرفی (مذ) ایک قسم کا لال پھول۔ گل آفتاب (بااضا۔ مذ) سورج مکھی کا پھول۔ گل افشاں۔ پھول بکھیرنے والا۔ خوش بیان۔ چراغ جس سے گل جھڑتے ہوں۔ (مو) آتشبازی۔ گل افشانی (مو) خوش بیانی۔ گل انار (مذ) انار کا پھول۔ سرخ لال۔ گل اندام۔ پھول کے جسم والا

گرم لوہے کا داغ کھانا۔ جگر کا کھانا۔ حسد کرنا۔ رشک سے جلنا۔ نزلے کا پانی روکنے کے لیے کنپٹی پر داغ دینا۔ **گل کھلانا**۔ پھول کھلانا۔ کسی انوکھی بات کا ظاہر کرنا۔ فساد مچانا۔ آفت لانا۔ **گل کھلنا**۔ گل پھولنا۔ انوکھی بات ظاہر ہونا۔ بھید کھلنا۔ **گل گشت** (مو) باغ کی سیر۔ **گل گشت کرنا**۔ باغ میں گھومنا۔ **گل گوں**۔ گلاب کے رنگ کا۔ سرخ۔ لال۔ عمدہ اور چالاک گھوڑا۔ گھوڑا ؎ آتش

بوئے گل کی طرح گرد راہ دکھلائی نہ دی
یار کا گھوڑا نسیم صبح سے چالاک تھا

گل گونہ (مذ) ایک سرخ رنگ جو عورتیں چہرے پر ملتی ہیں۔ **گل گیر** (مو و مذ) وہ قینچی کی شکل کا آلہ جس سے چراغ کا گل کترتے ہیں ؎ ذوق

ذوق حسن و عشق روشن ہو گیا سب بزم پر
شمع کی گلگیر جو منہ میں زبان لینے لگا

؎ اسیر

گردن پہ کیوں وبال لیا سر کو کاٹ کر
تقصیر وار شمع کا گلگیر ہو گیا

گل لالہ (مذ) ایک سرخ رنگ کا پھول۔ **گل لینا**۔ چراغ یا شمع کا گل کترنا۔ **گل مخمل** (مذ) ایک خستہ کا نہایت ملائم سرخ پھول۔ **گل مہندی** (مو) ایک پھول کا نام اور اس کا درخت۔ **گل میخ** (مو) موٹی کیل جس کے اوپر موٹا پھول بنا ہوا ہوتا ہے۔ موٹے سر کی کیل۔ **گلنار**۔ ایک درخت جس میں بکثرت پھول نکلتے ہیں۔ ایک پھول جس کی پنکھڑیاں سفید اور ڈنڈی زرد ہوتی ہے۔ جس سے عورتیں زعفرانی رنگ کے کپڑے رنگتی ہیں ؎

دیکھ کے گلنار کو کہنے لگا باغباں
پھولوں کا گہنا پہن کے نکل آئی بہار ؎ عزیز

گل نافرماں (مذ) ایک اودے رنگ کا پھول۔ **گل نکالنا**۔ باتیں بنانا۔ **گل نیلوفر** (مذ) ایک نیلے رنگ کا پھول جو عموماً دواؤں میں کام آتا ہے۔ **گل ورد** (مذ) گلاب کا پھول۔ **گل وش**۔ معشوق۔ حسین۔ نازک بدن۔ جس کا چہرہ گل کی مثل ہو۔ **گل ہزارہ** (مذ) ایک پھول جس کی بہت سی پنکھڑیاں ہوتی ہیں۔ **گل ہونا**۔ چراغ کا بجھ جانا۔ مجلس کی رونق ہونا۔ **گلی**۔ گل سے منسوب گلدار۔ جس میں پھول بنے ہوئے ہوں۔ ایک قسم کا کبوتر جس کے پروں میں گل ہوتے ہیں ؎ نسیم

مرغ دل داغ کھائے گا جو یوں
مشتبہ ہوگا گلی کبوتر کا

گِل: (ف۔ مو) گارا۔ مٹی۔ کیچڑ۔ دلدل۔ **گلابہ** (مذ) گارا۔ مٹی وغیرہ کا پچارا جو دیوار پر پھیرتے ہیں۔ **گل ارمنی**۔ ایک قسم کی سرخ اور سیاہی مائل مٹی۔ **گل اندازی** (مو) سرنگ وغیرہ پر مٹی ڈالنا۔ مٹی ڈلوانے کی اجرت۔ **گل حکمت** - (مو) کسی دوا وغیرہ کو گلیا میں رکھ کر اس پر خوب کپڑا لپیٹتے ہیں پھر اس پر مٹی لتھیڑتے ہیں۔ تاکہ منہ بند ہو جائے اور آگ میں دبانے کے بعد بھاپ باہر نہ نکلے۔ کپڑوٹی کرنا۔ **گل در گل**۔ مٹی میں مل کر مٹی ہو جانا ؎ شرف

سو رہا ہوں چین سے کھدوا کے تربت دیکھ لو
ہے مری میت امانت نعش گل در گل نہیں

قبر کھود کر اس میں پتلا گارا بھروانا اور پھر مردے کو اس میں ڈال دینا ؎ رند

اہل ایماں کی زمانے میں ابھی باقی ہے قدر
بندۂ مومن نہیں ہوتا ہے گل در گل ہنوز

گَل: (ہ۔ مذ) پھانسی ؎ رشک

گلے پڑیے بت فرنگی کے
واجب القتل ہیں تو گل دے گا

گل بہاں ڈالنا (مو) گلے میں باہیں ڈال کر بغلگیر ہونا۔ **گل**۔ گال کا مخفف۔ **گل تکیہ** (۱) وہ نرم اور چھوٹے تکیے جو گالوں کے نیچے رکھے جاتے ہیں ؎ مثنوی گلزار نسیم

دیکھا تو وہ دونوں کرتے تھے خواب
گل تکیے تھے آفتاب و مہتاب

گلپھڑا: (ہ۔ مذ) مچھلی کا جبڑا جس سے وہ سانس لیتی ہے۔ جبڑے کے نیچے کا گوشت۔ پرندوں کا گوشت جو چونچ کے نیچے لٹکتا رہتا ہے۔ انسان کے منہ کے دونوں گوشے۔ **گل پھڑے پھلانا**۔ منہ پھلانا۔ رنج ظاہر کرنا۔ **گل پھولا**۔ وہ شخص جس کا گلا پھولا ہوا ہو۔ **گل پھیڑ** (مذ) گلے کی گلٹی۔ **گل فرونی**۔ (مو) بیلوں کی گردن کی رسی جو جوتنے کے وقت ڈالتے ہیں۔ نکیل۔ **گل خپ** (مو) ہاتھا پائی۔ باہمی تکرار۔ **گل گوتھنا** موٹے موٹے گالوں والا بچہ۔ **گل بالا** (مذ) گلے کا ہار۔ **گل مچھے** (مذ) داڑھی کے وہ بال جو ٹھوڑی کو منڈوانے کے بعد مونچھوں کے قریب سے کنپٹی تک چھوڑ دیتے ہیں۔

گَلّا: (مذ) دوکانداروں کا وہ برتن جو صندوقچہ وغیرہ اس میں بکری کے دام رکھتا ہے۔ نیز ریوڑ۔

گَلا: گردن۔ حلق۔ حلق کا کوا۔ سُر آواز۔ قمیص یا اچکن وغیرہ کا وہ حصہ جو گلے پر (گولائی میں) میں رہتا ہے (جیسے اس کا گلا تنگ ہے) بوسیدہ (گلا سڑا) گلا ہوا۔ پگھلا ہوا۔ خوب پکا ہوا۔ وہ پھل جس کی جلد پر داغ پڑ جائے اور پیلا ہو جائے۔ **گلا آنا**۔ حلق کے کوے کا لٹک جانا۔ حلق میں چھالے پڑ جانا۔ حلق میں ورم ہو جانا۔ **گلا اٹھانا**۔ حلق کے کوے کو اٹھا کر ٹھیک کرنا۔ **گلا باندھنا**۔ پیٹ کاٹ کر روپیہ جمع کرنا۔ کسی کو

گلا :- (ہندو - عوام کا تلفظ ورنہ غلط کہتے ہیں) دلی تلے والے بہت اُلو کے معنوں میں استعمال کرتے تھے جیب کیسہ - پیچھے کا دالان - اندر کی کوٹھری - گلّہ -

گلّو :- (ا - مو) گلہری کو پیار سے کہتے ہیں۔

گُلو :- (ف - مذ) گلا - حلق - مجازاً آواز - سُر - **گلوبند** (مذ) پٹکا یا رومال جو گلے میں باندھتے ہیں - گلے میں پہننے کا ایک زیور جو سونے کا ہوتا ہے - **گلوخلاصی** (مو) چھٹکارا - نجات - پیچھا چھوٹنا - **گلوسوز** - جو چیز نہایت شیریں اور پُر لذت ہو (حسن گلوسوز) **گلوگیر** - کسیلی چیز جو گلے کو پکڑے - الجھی - دعویدار - گردن پکڑنے والا - الزام لگانے والا - وہ چیز جو گردن میں پڑی ہو اور تکلیف دے - (طوق گلوگیر) **گلوگیر ہونا** - گریباں گیر ہونا - دعویٰ کرنا - حلق میں اٹکنا -

گِلوری :- (ا - مو - کث) پان کا مخروطی شکل کا بنا ہوا بیڑا - بنا ہوا پان - سموسے کی طرح لپٹا ہوا پان (بنانا - بنوانا - لگانا - چبانا)

گلولہ :- (ف - مذ) گولی - گولہ - غلہ

گلوندا :- (ہ - مذ) مہوے کا پھول یا اُس کی کلی -

گِلہ :- (ف - مذ) شکوہ - شکایت - اُلہنا - **گلہ ٹپکنا** (مذ) - سے گلہ ظاہر ہونا - **گلہ شکوہ** (مذ) شکوہ - شکایت - **گلہ کرنا** - شکایت کرنا - **گلہ گزاری** (مو) شکوہ - شکایت (کرنا کے ساتھ)

گَلّہ :- (ف - مذ) جانوروں کا جُھنڈ اور غول - ریوڑ - نیز گلّا - **گلّہ بان** (مذ) چرواہا - ریوڑ والا - گڈریا - **گلّہ بانی** (مو) گڈریاپن - چرواہے کا کام - ریوڑ کی نگہبانی۔

گِلہرا :- (ہ - مذ) گلہری کا نر - پان کی گلوریاں رکھنے کی پٹاری - **گلہری** (مو) چوہے کی مانند جانور کا نام جس کی پیٹھ پر کالی کالی دھاریاں اور لمبی دم بالوں سے ڈھکی ہوتی ہے **گلہریا** - دھاریدار رنگا ہوا -

گُلی :- (ہ - مو) مکئی کا بھٹا جس سے دانے نکال لیے گئے ہوں - کیوڑے کا پھول - مہال کا چھتا جس میں شہد ہوتا ہے - وہ گول اور چھوٹی لکڑی جو خول کے اندر دی جاتی ہے - لکڑی کا وہ ٹکڑا جس کے دونوں طرف نوکیں ہوتی اور جس سے بچے کھیلتے ہیں - چاندی سونے کا ڈلا - تلوار کا زنگ دور کرنے کا ایک آلہ - گھوڑے کے دم کی ہڈی - **گلی بندھنا** - پورا جوان ہونا - شہد کا جمع ہونا - زر و نقد پاس ہونا - **گلیاں گھڑنا** - وقت ضائع کرنا - بیکار کام کرنا - **گلی ڈنڈا** (مذ) گلی سے بچوں کا کھیل -

گَلی :- (ہ - مو) محلے کے اندر کا تنگ راستہ - کوچہ - **گلیارا** (مذ) کوچہ - **گالیاں بکنے والا** - **گلی گلی** - ہر ایک گلی کوچے میں - **گلیاں جھنکانا** - آوارہ پھرانا - **گلیاں چھاننا** - کسی کی تلاش میں مارا مارا پھرنا - **گلیوں کی خاک چھاننا** - مارا مارا پھرنا -

گُلّی :- (ہ) دیکھو گلی جو بچے کھیلتے ہیں (دلی)

گلے :- (ہ) گلا بمعنی گردن و حلق - کی جمع - **گلے باز** - اچھی آواز سے گانے والا - **گلے بندھنا** - خواہش کے خلاف کسی چیز کا سر پڑنا - ذمے پڑنا - **گلے پڑنا** - زبردستی کوئی کام ذمے لینا - خواہ مخواہ کسی سے چمٹے جانا - مرضی کے خلاف نکاح ہونا - **گلے پڑے کا سودا** - زبردستی کا سودا - مجبوری کا کام - **گلے تک بھرنا** - لبالب بھرنا - **گلے چپکنا** - سر منڈھنا - **گلے ڈالنا** - سر کرنا - سر منڈھنا - **گلے سے اتارنا** - نگلنا - **گلے سے بندھنا** - گلے بندھنا - جان صاحب

ساتھ نرگس کا بنفشے نے دیا تنگی میں
ایک کیا دو دو گلے سے مرے بیمار بندھے

گلے سے لگانا - چھاتی سے لگانا - چمٹانا - پیار کرنا - **گلے سے لگائے رکھنا** - محبت کے مارے ہر وقت اپنے ساتھ چمٹا کے رکھنا - **گلے سے لگ جانا** - چھاتی سے لگ جانا - کدورت دور کر دینا - **گلے سے ملنا** - بغل گیر ہونا - چمٹنا - ملال اور کدورت دور کرنا - **گلے کا تعویذ بنانا** - گلے کا ہار بنانا - ہر وقت ساتھ رکھنا - بہت حفاظت کرنا - **گلے کا جوڑا** (مذ) جو لباس بدن پر ہو - **گلے کا ہار** - وہ بچہ جو ہر وقت ماں سے چمٹا رہے - ناگوار خاطر - اجیرن - وہ جو کسی وقت جدا نہ ہو - نہایت عزیز اور پیارا - بحر

یہ چاہنے والے چاہتے تھے گلے کا ہار اپنے کر کے رکھیے
دیے کس کس نے اس کو دھاگے نہ دم میں دکھنڈرا

گلے کا ہو جانے والا (مذ) گلے میں پہننے کا ایک زیور - **گلے کی رگیں پھلانا** - بہت غصہ کرنا - **گلے گلے** - گلے تک - **گلے گلے پانی میں** - ڈوبنے کے قریب - مصائب سے تنگ اور عاجز - **گلے گلے پانی دوں گا** - ضرور ضرور دوں گا - **گلے لگانا** - چھاتی سے لگانا - پیار کرنا - چمٹانا - زبردستی کسی کے سر منڈھنا - جلیل

تیغ بھی اُن سے کمر میں نہیں رکھی جاتی
جو بلا ہے وہ گلے میرے لگا دیتے ہیں

گلے لگ جانا - مل جانا - بغلگیر ہو جانا - ملاپ کر لینا - **گلے لگ کے رونا** - باہم مل کر رونا - **گلے لگنا یا ملنا** - چھاتی سے لگنا - لپٹنا - ملاپ کرنا - سلوک کرنا - ملاقات کرنا - **گلے منڈھنا** - زبردستی کوئی چیز حوالے کرنا - سر کرنا - **گلے میں اٹکنا** - حلق میں پھنسنا - نگلا یا نہ جانا - نیچے یا کسی عزیز کی عدم موجودگی میں کسی عمدہ غذا

کا حلق سے نہ اترنا۔ بہت ناگوار گزرنا۔ گوارا نہ ہونا۔ نسیم اردو ہونا

قطعہ جس سے صاف ٹپکتی ہے وہ شراب
جو شیخ کے گلے میں اٹکتی ہے وہ شراب

گلے میں زنجیر پڑنا۔ پابند ہونا۔ مقید ہونا۔ بیاہ ہونا۔ **گلے میں کانٹے پڑنا۔** حلق خشک ہونا۔ گلا سوکھ جانا۔ بہت پیاس لگنا۔ **گلے میں گھنگرو بولنا۔** حالت نزع ہونا۔

گلیا: (ہ۔ مذ) وہ بیل جو کام کرتے کرتے بیٹھ جائے۔ کام سے جی چرانے والا۔

گلیانا:۔ (ہ) گالیاں دینا۔ **گلیارا۔** گالیاں بکنے والا۔

گلیم:۔ (ف۔ مو) کمبل۔ اونی کپڑا۔ لوئی۔ دھسا ؎

نہ روز ہجر ہی کچھ خوف ہے نہ شام فراق آتش
گلیم بخت سیہ سے سیدھی ہوئے یا الٰہی

گم:۔ (ف) کھویا ہوا۔ چھپا ہوا۔ بھاگا ہوا۔ حیران و پریشان۔ حواس باختہ۔ ضائع و رائگاں۔ دور۔ **گمراہ۔** بھٹکا ہوا۔ منحرف۔ **گمراہی** (مو) کجروی۔ لامذہبی۔ سرکشی۔ **گم شدہ۔** کھویا ہوا۔ چھپا ہوا۔ بھاگا ہوا۔ بھٹکا ہوا۔ حیران۔ پریشان۔ **گم صُم۔** گونگا۔ بہرہ۔ حیران۔ خاموش۔ **گم کرنا۔** چھپانا۔ چرانا۔ بھلانا۔ ضائع کرنا۔ گنوانا۔ **گم گشتہ۔** کھویا ہوا۔ بھٹکا ہوا۔ حیران۔ **گمنام۔** غیر مشہور۔ بے نام و نشان۔ **گم ہونا۔** کھویا جانا۔ بسرنا۔ غائب ہونا۔ بے خبر ہونا۔ بدحواس ہونا۔ کسی خیال میں محو ہونا۔

گما:۔ (ہ۔ مو) ڈلی اینٹ۔ چوکا۔

گماشتہ:۔ (ف) مقرر کیا ہوا۔ وہ شخص جس کے کوئی کام سپرد کیا گیا ہو۔ ایجنٹ۔ منیم۔ کارندہ۔ **گماشتہ گری** (مو) گماشتے کا کام۔ ایجنٹی۔ منیجری۔

گمان:۔ (ف۔ مذ) شک شبہ۔ احتمال۔ وہم۔ خیال۔ قیاس۔ غرور۔ **گمان بھرا۔** مغرور۔ **گمان بھری ہو۔** **گمان غالب۔** وہ خیال جس کو ترجیح ہو۔ قوی خیال۔ **گمان پڑنا۔** شک ہونا۔ **گمان کرنا۔** خیال کرنا۔ شبہ کرنا۔ غرور کرنا۔ **گمان گزرنا یا ہونا۔** شک ہونا۔ شبہ گزرنا۔ خیال میں آنا۔ **گمان لے جانا۔** شبہ کرنا۔ خیال کرنا ؎

کیا کہوں اس کو مری عقل ہے اس جا حیران جانتا جب
اپنے دل میں کبھی ہے جاتی ہوں یہ بھی میں گمان

گمان ہے۔ شک و شبہ ہے۔ خیال ہے۔ **گمانی۔** مغرور۔

گمانا:۔ (ا) گم کرنا۔ کھونا۔ چرانا۔ (غیر فصیح)

گمبھیر: (ہ) بردبار۔ تحمل سے سوچنے والا۔ دور اندیش۔ سودا ؎

اول تو مجھے میرے کیا پنجہ نسبت
نہ شہان گمبھوروں سے نہ پنجہ کریں گمبھیر

بھاری۔ وزنی۔ گہرا۔ عمیق (مذ) ایک پھوڑا جو اکثر پیٹھ یا گردن پر نکلتا ہے۔

گمٹی:۔ (ہ۔ مو) چھوٹا گنبد۔ وہ چھوٹی سی کوٹھری جو ریلوے لائن کے کنارے پر دو اسٹیشنوں کے درمیان بنی ہوتی ہے اور عموماً وہاں ہوتی ہے جہاں کوئی سڑک ریلوے لائن کو کاٹتی ہوئی گزرتی ہے۔

گمک:۔ (ہ۔ مو) ڈھول کی آواز۔ طبلے کی تھاپ۔ گرج۔ کڑک۔ صدمہ۔ تصادم۔ گانے والے کے گلے کی گونجتی ہوئی بھاری آواز۔

گمگٹ:۔ (ہ۔ مو) گانے کی مروتی اور بھاری آواز۔ ڈھول اور زمین کی آواز۔

گملا:۔ (ہ۔ مذ) مٹی کا برتن جس میں مٹی بھر کر پھول کے پودے بوتے ہیں۔

گمنا:۔ (ا) گم ہونا۔ کھویا جانا۔ (غیر فصیح)

گن:۔ (ہ۔ مذ) عادت۔ کرتوت۔ لچھن۔ تعریف۔ اثر۔ ہنر۔ جوہر۔ خوبی۔ بھلائی۔ لیاقت۔ وہ رسی جس سے ملاح کشتی کھینچتے ہیں ؎

نالہ ہو بادباں کہ آہوں کے گن کھینچیں
حسرت ہے بحر پار ہو بیڑا کسی طرح

گن بھرے ہونا۔ خوبیاں اور ہنر ہونا۔ شرارت بھری ہونا۔ **گن کرنا۔** فائدہ دینا۔ اثر کرنا۔ **گن گانا۔** تعریف کرنا۔ **گن ماننا۔** احسان ماننا۔ احسان مند ہونا۔ **گنونتا۔** ہنرمند۔ **گنی۔** ہنرمند۔ ہر فن مولا۔

گن:۔ (مو۔ انگ) توپ۔ بندوق۔ **گن شین** متحرک بندوق۔

گنا:۔ (ہ۔ لاحقہ) چند۔ بار (جیسے دگنا۔ تگنا)

گنا:۔ (ہ۔ مذ) نیشکر۔ ایکھ۔ پونڈا۔

گنانا:۔ (ہ) شمار کرانا۔ حساب لگوانا۔ **گنا گنایا۔** گنا ہوا۔

گناہ:۔ (ف۔ مذ) جرم۔ خطا۔ قصور۔ خدا کی نافرمانی۔ عصیان۔ **گناہ بخشنا۔** قصور معاف کرنا۔ **گناہ بے لذت۔** (مذ) وہ گناہ جس کے کرنے میں کوئی لذت یا خوشی یا فائدہ نہ ہو۔

گناہ سمیٹنا - گناہ کا وبال اپنے سر لینا - گناہِ صغیرہ (مذ) چھوٹا گناہ (وہ گناہ) جو آسانی سے معاف ہو سکتا ہے - گناہ کا وبال پڑنا - گناہ کو خمیازہ بھگتنا - گناہِ کبیرہ (مذ) سخت گناہ بھاری گناہ جس کا معاف ہونا مشکل ہے - گناہ کرنا - جرم کرنا - پاپ کرنا - ایسا فعل جس کے کرنے کی شرعاً ممانعت ہو - گنہ گار - پاپی مجرم - قصوروار - عاصی - بدکار - گناہ گار ٹھہرانا - قصوروار قرار دینا - گنہ گار کرنا - گناہ میں مبتلا کرنا - شرمندہ کرنا - ملزم بنانا - گنہ گار ہونا - عذاب میں پڑنا - ملزم ٹھہرنا - گنہ گاری - (مو) خطا قصور - تاوان - جرمانہ - نقصان - خسارہ - گناہوں کی گٹھری - بہت گناہ کرنے والا - حقوق عباد ضائع کرنے کا بوجھ -

گنبد :- (گُم بَد - مذ) برج - مدور چھت جو مسجد اور مقبروں میں ہوتی ہے - گنبدِ اَزرق (مذ) آسمان - گنبدِ بے در - آسمان - گنبدِ خضرا - آسمان - آنحضرت کے مزار کا گنبد - گنبد کی آواز صدا (مو) وہ آواز جو گنبد میں بولنے سے پیدا ہوتی ہے - جیسا کہنا ویسا سننا ؎ مومن

آوازِ گنبد اس سے شکایت عدو کی ہے
ناچار چپ ہے صورتِ دیوار کی طرح

گنبدِ گرداں (مذ) آسمان - گنبدِ مینائی (با فضا) آسمان -

گنتھوانا :- (۷ - گُنتھ وانا) گونتھنا کا متعدی تلفظ میں پیلا زن نہیں پڑھتے - موٹی سلائی کروانا

گنتی :- (۷ - مو) شمار - تعداد - حساب اندازہ - رسالے وغیرہ کی حاضری لینا - گنتی کرنا - گننا - شمار کرنا - گنتی کے - چند تھوڑے سے - گنتی گنانا - برائے نام شمار کرنا - نمائشی خانہ پری کر کے دکھانا - گنتی لینا - شمار کرنا - گننا - حاضری لینا - گنتی میں لانا - شمار میں لانا - خاطر میں لانا -

گنٹھی :- (۷ - مو) پیاز کی گرہ - لہسن کی گرہ - گٹھی -

گنٹھنا :- (۷) سیا جانا - ہتّھے پر چڑھنا - کسی کا خوب قابو میں آ جانا -

گنج :- (ف - مذ) خزانہ - دفینہ - مال و دولت - جواہرات وغیرہ جو زیرِ زمین پوشیدہ ہوں - گودام - ذخیرہ اناج کی منڈی - انبار - ڈھیر - آباد کیا ہوا محلہ - بہت سے پتوں کا مجموعہ جو ایک دوسرے کو ملا کر رکھے جاتے ہیں اور ایک ساتھ پھڑائے جاتے ہیں ؎ ذوق

اڑتے ہیں آہ میں شرارے ہیں
چھوٹتے گنج کے ستارے ہیں

گنجِ الٰہی (مذ) قرآن شریف مسلمانوں کی مقدس کتاب - گنج بخش - بہت بڑا بخشش کرنے والا - گودڑا - قطب الدین بادشاہ کا لقب - مخدوم علی ہجویری کا لقب جن کا مزار لاہور میں ہے - گنج ڈالنا - (لگانا) بازار لگانا - غلے کی منڈی قائم کرنا - انبار لگانا ؎ عدم کی راہ میں اک گنج ڈالتے اسے مجبر

ہمارے پاس نہ قارون کا خزانہ ہوا

گنجِ رواں (با فضا - مذ) قارون کا خزانہ جو ہمیشہ زمین کے اندر دھنستا چلا جاتا ہے - وہ خزانہ جس کا سلسلہ ختم ہی نہ ہو - گنجِ شائگاں (مذ) بہت بڑا خزانہ جو بادشاہوں کے لائق ہو - خسرو بادشاہ کا خزانہ - گنجِ شہیداں (مذ) وہ جگہ جہاں بہت سے شہید ایک ہی قبر میں دفن ہوں - مُردوں کا ڈھیر ہو - گنجِ قاروں (مذ) دیکھو قارون - گنج کا چاقو - وہ چاقو جس میں ریتی - برما - آری - قینچی بھی لگی ہو - گنج (۷ - مذ) ایک مرض کا نام جس سے سر پر بال نہیں اگتے یا اگے ہوئے گر جاتے ہیں - بال خورا -

گنجا :- (۱ - مذ) وہ شخص جس کے سر پر بال نہ ہوں - پتوں وغیرہ سے خالی درخت - گنجی کرنا - بہت زیادہ مارنا - درخت کے پتے گرا کر اسے ننگا کرنا - بہت زیادہ نقصان کرنا - گنجا ہونا - لازم - گنجے کو خدا ناخن نہ دے جو سر کھجائے - ظالم کو خدا اختیار نہ دے - گنجی (مو) وہ عورت جس کے سر پر بال نہ ہوں - شکر قندی - گنجے کی ایک رگ زیادہ ہوتی ہے - شریر بدذات ہوتا ہے - گنجی کبوتری اور مخملوں میں ڈیرا - بدشعور عورت کا بڑا رتبہ اور شان - کم حیثیت اور شیخی

گنجان :- (ف) گھنا - پاس پاس -

گنجانا :- (۱) ہاتھ کہنیوں سے ملانا - رقیق چیز میں ہاتھ ڈال کے چلانا -

گنجایش :- (ف - مو) سمائی - ٹھکانہ - فائدہ - بچت - مقدور - حوصلہ - گنجایشی - وہ اراضی جس میں اضافہ کی گنجایش ہو -

گنجفہ :- (ف - مذ) ایک کھیل کا نام جو تاش کی طرح کھیلا جاتا ہے - گنجفے کا ورق - گنجفہ اُتر ہونا - گنجفے کے بیکار اور خراب پتے ہاتھ میں آنا - گنجفہ گنجھ جانا - جب بازی میں سر نہیں رہتا تو اس کے پتے اُتر کر کے کھیل سے ایک پتہ مانگ لیتے ہیں - جس کا ورق نکلتا ہے وہ اپنے پتے کھیلتا ہے - گنجفہ کھیلنا - تاش کے پتوں سے ایک خاص کھیل کھیلنا - جس میں شرط بھی لگائی جاتی ہے - گنجفہ کھیل جانا - سرپتوں کا ختم کرنا ؎ رشک

کر گئے خانہ اوراقِ زمانہ ابتر
گنجفہ کھیل گئے پر وہ بڑا کھیل گئے

گنجفہ باز (مذ) گنجفہ کھیلنے والا - چالباز - مکار - فریبی -

حلقہ دار - بیچ میں سے سفید چھوٹا ہوا - **گنڈے دار نماز پڑھنا** کبھی نماز پڑھنا کبھی نہ پڑھنا - روزانہ پابندی سے نماز ادا نہ کرنا -

گنڈیری:- (ہ - مو) چھلے ہوئے گنے کا چھوٹا سا ٹکڑا - حقے کے نیچے کی بناوٹ کی گرہیں - **گنڈیری دار** ایک بر رنگ کی چیز - وہ حقے کا نیچا جس میں گرہیں ہوں -

گنڈاسا:- (ہ - مذ - مک) گنڈاسا -

گنگ:- (ہ - مذ) دریائے گنگا -

گنگ:- (ف) گونگا - وہ شخص جو زبان سے نہ بول سکے - **گنگ محل** (مذ) اکبر بادشاہ نے انسان کی طبعی زبان معلوم کرنے کے لیے اس نام کا ایک محل بنایا تھا - اس محل میں وہ چھوٹے بچے رکھے گئے تا کہ بچوں کے کان تک کوئی لفظ نہ پہنچ سکے - جب یہ بچے سات برس کے ہوئے تو معلوم ہوا کہ وہ کچھ بھی نہ بول سکتے - **گنگ ہو جانا** - کان بند ہو جانا - خاموش ہو جانا -

گنگا:- (ہ - مو) ہندوستان کے ایک مشہور دریا کا نام - **گنگا اترنا** - مشکل کام انجام دینا - **گنگا اٹھانا** - گنگا کی قسم کھانا (ہندوؤں کا روزمرہ ہے) **گنگا اشنان** (مذ) گنگا میں نہانا (ہندوؤں کا روزمرہ) **گنگا بہانا** - دولت لٹانا - کسی کام سے فراغت پانا - **گنگا بہنا** - فیض جاری ہونا - دولت لٹانا - حالی

کھیتوں کو دے لو پانی اب بہہ رہی ہے گنگا
کچھ کر لو نوجوانو اٹھتی جوانیاں ہیں

گنگا پار - گنگا کے پرے کا علاقہ - **گنگا پار اتار دینا یا کر دینا** - دیس نکالا دینا - **گنگا جل** (مذ) دریائے گنگا کا پانی جسے ہندو پاک مانتے ہیں - **گنگا جلی اٹھانا** - ہندو کا قسم اٹھانا یعنی سخت قسم کھانا - **گنگا جمنی** - ملا جلا - دو رنگ کا - وہ وضع کا سونے اور چاندی یا تانبے اور پیتل کا بنا ہوا - **گنگا دہائی** (مو) گنگا جی کی فریاد - گنگا جی کی قسم (ہندوؤں کا روزمرہ) **گنگا نہانا** - گنگا میں غسل کرنا - دشوار کام پورا کرنا - پاک ہونا - پن کمانا - سبکدوش ہونا - (ہندوؤں کا روزمرہ ہے)

گنگنا:- (ہ - مذ) ناک میں بولنے والا - تھوڑا تھوڑا گرم پانی یا دودھ - **گنگنی** (مو)

گنگنانا:- (ہ) ناک میں بولنا - منہ ہی منہ میں بولنا -

گن گن کر کے:- ایک ایک کر کے - شمار کر کے - چھانٹ چھانٹ کے - سنبھال سنبھال کے - بڑی مشکل سے - جوں توں کر کے - داغ

تھا ہمیں ہجر میں ایک ایک مہینہ برسوں
دن گزارے ہیں ترے سر کی قسم گن گن کر

بڑی احتیاط سے گن گن کے قدم رکھنا -

گننا:- (ہ) شمار کرنا - گنتی کرنا - ماننا - سمجھنا - جاننا -

گنیں گے روز قیامت کو سب شب دیجور
حساب دینے اگر میں سیاہ کار آیا - رشک

جانچنا - اندازہ کرنا -

گننا:- (ہ) مشق کرنا - علم پر عمل کرنا - تجربہ حاصل کرنا -

گنگوتری:- (س) دریائے گنگا کا منبع جو کوہ ہمالیہ میں ہے -

گنوار:- (ہ) گاؤں کا رہنے والا - جنگلی - بے وقوف - جاہل - غیر مہذب - پھوہڑ - اناڑی - **گنوارپن** (مذ) بے وقوفی - اناڑی پن - جہالت - بد تہذیبی - **گنوار کا لٹھ** (مذ) ناشائستہ - بدتمیز - غیر مہذب - بونگا - اجڈ - جاہل - احمق - بد اخلاق - **گنوار گوں کا یار** - خود غرض آدمی مطلب کا یار ہوتا ہے - **گنوارو** - گنواروں کا سا - ناموزوں - بدنما - **گنواری** (مو) گاؤں کی رہنے والی عورت - بد وضع - بھدی - گنوار سے متعلق - **گنواری بولی** (مو) دیہاتی بولی - وہ زبان جو گاؤں والے بولتے ہیں - غیر فصیح بولی - خلاف روزمرہ زبان -

گنوانا:- (ہ) شمار کرانا - حساب کرانا -

گنوانا:- (ہ) برباد کرنا - ضائع کرنا -

گنوردل:- (ہ - مذ) گنواروں کا مجمع - **گنوریا** - گنواری کا اسم مصغر - پھوہڑ عورت - دیہاتی عورت -

گنہ:- (ف - مذ) گناہ کا مخفف - دیکھو گناہ - **گنہ گار** - دیکھو گنہگار -

گنی:- (انگ - مو) ایک سونے کا سکہ جو اکیس شلنگ کا ہوتا ہے - اشرفی - مہر

گنی:- (ہ) ہنر جاننے والا - لائق - ہنر کا جاننے والا -

گنیا:- (ہ - مذ) معماروں اور بڑھئی کا ایک آلہ جس سے لکڑی کی سطح وغیرہ جانچتے ہیں -

گنی بوٹی نپا شوربا:- (ا) اس جگہ بولتے ہیں - جہاں ہر چیز بقدر ضرورت ہو یا بقدر ضرورت و کفایت دی جائے

گنیش: (ہ - مذ) ہندوؤں کے ایک دیوتا کا نام جنھیں وہ دانائی کا مہیشت بخشنے والا دیوتا مانتے ہیں۔

گو: (ف) حرف شرط - اگرچہ۔ گو کہ - مانا کہ (و حقہ) کہنے والا کے معنی دیتا ہے (دعاگو - بدگو)۔ **گو کہ** - باوجود اس کے - باوصف اس کے۔ **گو مگو** - تذبذب۔ کشمکش۔

گو: (ہ - مذ) چرک - انسان کا پاخانہ۔ مرغی کی بیٹ وغیرہ۔ - انتہائی گندہ فضلہ بہت بدمزہ اور سڑا ہوا۔ گو پر مردوں کے لئے گوبیٹ بزرگوں کیلئے اگربتی ہے۔ ذرا گال و بیگنی ورنہ ہو رکھتے ہیں۔ **گو اٹھانا** - معلوم ہوتا ہے کہ اگر بہت کے ساتھ کیا ہی ہو چکے ہوتے۔ خراب نہیں گھٹیے چیز ہاتھ لگانا - حد سے زیادہ خدمت کرنا۔ **گو تھاپنا** - گو روٹی پینے کے بجائے غلیظ میں ہاتھ سانا - دماغ خراب ہونا۔ **گو اچھالنا** - بدنام کرنا - بری بات کی شہرت دینا۔ **گو اچھلنا** - رسوائی اور خرابی ہونا۔ **گو در گو مرغی کا گو** - سب سے خراب چیز - خراب چیزوں میں خراب تر چیز۔ **گو سے نکال کر موت میں ڈالنا** - بہت ذلیل کرنا۔ **گو کا پوت موت ور** - ایک زرد ایک بدلا ہوا شتال - دونوں ایک ہی رنگ کے ہیں۔ **گو کا ٹوکرا سر پر اٹھانا** - بڑائی سر پر لینا۔ **گو کا کیڑا** - وہ کیڑا جو گو میں پیدا ہوتا ہے۔ انسان کا بچہ (نزد) - بیہودہ بچہ۔ **گو کا کیڑا گو ہی میں خوش رہتا ہے** - جو جس حال میں ہو وہی اچھا لگتا ہے۔ **گو کر دینا** - حقیر کر دینا۔ **گو کھانا** - جھک مارنا - جھوٹ بولنا - بے ہودہ بکنا۔ الزام کرنا - بدنام کرنا۔ **گو موت کرنا** - بچے کی پرورش کرنا۔ **گو میں ڈھیلا پھینکنا** - ڈالیں چھینٹیں پڑیں - شرارت میں دخل نہ دیں تو کیوں بدنامی ہو - شریر کو نہ چھیڑیں تو کیوں ذلت اٹھانا پڑے۔ **گو میں کوڑی گرے تو دانتوں سے اٹھائے** - بہت بخیل ہے۔ **گو نہیں چھپی چھپی** - بہت ذلت - کسی تھوڑی تو ہوتی بہت بڑی بات نہیں کم بڑی بات۔

گوار: (ہ - مو) ایک غلہ اور اس کا پودا جو مویشیوں کو کھلاتے ہیں۔ **گوار کی پھلی** - گوار کے پودے کی پھلی جس میں دانہ ہوتا ہے۔

گوار: (ف) لاحقہ ذائقہ - ہضم کے لائق - مزاج کے موافق - پسندیدہ وغیرہ کے معنی دیتا ہے (خوشگوار)۔

گوارا: (ف) پسندیدہ - مرغوب - لطیف - خوش ذائقہ - خوش ہو و جذب۔ **گوارا کرنا** - سہنا - مانتا - منظور کرنا - برداشت کرنا۔ **گوارا ہونا** - پسند ہونا - برداشت ہونا - قبول ہونا۔

گوالا: (ہ - مذ) گایوں کو پالنے والا - دودھ بیچنے والا۔ **گوالن** - مو، دودھ بیچنے والی۔

گواہ: (ف) ثبوت - دینے والا - شاہد۔ **گواہ بنانا** - شاہد بنانا - بھیجنا۔ **گواہ تجویز کرنا** - **گواہ ٹوٹنا** - گواہ کا فریق مخالف سے مل جانا - گواہ کا بیان بگڑ جانا۔ **گواہ دینا** - کسی چیز کے ثبوت کے لیے گواہ پیش کرنا۔ **گواہ رویت یا گواہ عینی** - وہ گواہ جس نے اپنی آنکھ سے کوئی معاملہ دیکھا ہو۔ **گواہ سماعی** - سنی سنائی بات کی گواہی۔ **گواہ طلب کرنا** - دعوے کی تصدیق کے لیے گواہ کو بلوایا جانا۔ **گواہ کرنا** - شاہد بنانا - جتانا - آگاہ کرنا۔ **گواہی** - مو، مقدمے میں شہادت - شاہدی۔ **گواہی دینا** - مقدمے میں گواہ کا بیان دینا - شہادت دینا - اظہار دینا۔ **گواہی کرنا** - کسی کاغذ پر بطور گواہ دستخط کرنا۔

گوائی: (ہ - مو) گانے کی اجرت۔

گوبر: (ہ - مذ) گائے بھینس کا فضلہ - چوپایوں کا ہیلا - گوبر کی صورت (مذ) گوبر کا ڈھیر جو ایک دفعہ میں خارج ہو۔ **گوبر کرنا** - مویشی کا گوبر نکالنا - بیٹ چھوڑنا۔ **گوبر گنیش** - بدنما - بدصورت - موٹا بھدا شخص - بے ڈول - سست - کاہل - احمق۔ **گوبری** - مو، پتلی مٹی جس میں گوبر ملا کر پوتا پھیرتے ہیں۔ **گوبری پھیرنا** - کرنا - مٹی میں گوبر ملا کر پوتنا۔

گوبریلا: (ہ - مذ) گوبر کا کیڑا۔

گوبند: (ہ - مذ) کرشن کا لقب۔

گوبھی: (ہ - مو) ایک ترکاری کا نام۔

گوپال: (ہ - مذ) لڑائی کے ایک مہتبر کا نام - گوالا - کرشن جی۔

گوپن - گوپھن: (ہ - مذ) فلاخن - لوہے کا بنا ہوا پھندا جس میں پتھر رکھ کر اور ہاتھوں سے گھما کر پتھر پھینکتے ہیں۔

گوپی: (ہ - مو) گوجری - گوالن - دودھ بیچنے والی - کرشن جی کی محبوبہ - سے لگن کا کردی

دیکھیے ہوگا سری کرشن کا کب تک درشن
بیٹے تک میں دل گوپیوں کا ہے بے کل

گوپیا: (مذ) گوپن چلانے والا - گوپیا چھڑانا چلانا - لوہے سے پرندوں کو اڑانا یا مارنا۔

گوت: (ہ - مذ) خاندان - گھرانا - قوم - **گوتی** - رشتہ دار - ہم جدی - گوتی - ناتی - گوتی - عزیز۔

گوتم: (ہ - مذ) بدھ مذہب کے بانی کا نام جو ایک بہت بڑا رشی منی تھا۔

گوتھنا: (ہ) پیدا کرنا - تحقیق کرنا - لڑائی بنانا - مرغی اور بیٹر کی سیدھی سلائی کرنا - دل میں کوئی بات کی تشویش کرنا۔

گوٹ:- (ہ - مو) سنجاف - حاشیہ - کپڑے کا پارچہ جو تراش کر لباس کے گرداگرد لگاتے ہیں۔ وہ لکڑی جو مسند وتکیے یا تخت کے گرداگرد وصل کرتے ہیں۔ چوسر وغیرہ کی نرد۔ گوٹ مارنا - نرد مارنا - چوسر یا شطرنج میں گوٹ پیٹنا کاربرآری کے لیے موقع کی بات کہنا - جو تیر بہدف ہو۔

گوٹا:- (ہ - مذ) کناری - چاندی یا سونے کے تاروں کی بنی ہوئی لیس - ڈلی، کٹا اور بھنا ہوا کھوپرا اور بھنا دھنیا جو حرم میں پان کے بجائے کھاتے ہیں۔ گوٹا کناری (مو) کناری چوڑی ہوتی ہے اور گوٹا پتلا۔ زر تار لیس جو ریشم کے تانے سے بنی جاتی ہے۔ وہ لباس جس میں گوٹا کناری لگا ہو۔

گوجر:- (ہ - مذ) ایک قوم کا نام - جس کا پیشہ دودھ بیچنا ہے - گوالا - گھوسی - گوجری (مو) گوجر قوم کی عورت - گھوسن۔

گوچنا:- (ہ) کسی چیز کا ہوا کے رخ پر اس طرح تھنوں پر لینا کہ گرنے نہ پائے۔

گود:- (مو) پہلو - کولی - دامن - آنچل - گود بٹھانا - کسی کو متبنیٰ کرنا - بیٹا یا بیٹی بنانا (ہندوؤں کا روزمرہ) گود بھرنا - کنبے والوں کا جمع ہو کر حاملہ کی گود میں سات قسم کا میوہ ڈالنا - گود بھری رہے - دعا - اولاد زندہ سلامت رہے - گود پسارنا یا پھیلانا - کسی چیز کے لینے کو پلا پسارنا - سوال کرنا - مانگنا - گود دینا - اپنا بچہ دوسرے کی گود میں ڈالنا - فرزندی میں دینا - گود کا - وہ بچہ جو ابھی گود میں ہو - دودھ پیتا بچہ - گود کھلا یا گود میں نہیں رہتا - نادان اور نا سمجھ بڑا ہو کر نا سمجھ نہیں رہتا - گود لینا - لے پالک بنانا - فرزندی میں لینا - دیکھو گود بٹھانا - گود میں لینا - آغوش میں لینا - گودی لینا - کولھے پر چڑھانا۔

گوڑ:- (ہ - لک) گیل - کیلوں کا پورا گچھا۔

گودا:- (مذ) مغز - بھیجا - دماغ - کسی چیز کا سب سے بہتر حصہ۔

گودام:- (پرتگالی سے - مذ) ذخیرہ - ذخیرے کا مقام۔

گودڑ:- (ہ - مذ) پھٹا پرانا کپڑا - چیتھڑے - پرانی روئی جو لحاف سے نکالی جائے - ردی - ناکارہ - بوسیدہ۔ گودڑ کا لال (مذ) وہ شریف جو پھٹے پرانے لباس میں ہو - وہ چیز جو خراب حالت میں ہو - گودڑ کا ڈرا (مذ) پھٹے پرانے کپڑے - گودڑ گانٹھنا - پھٹے پرانے کپڑوں کی مرمت کرنا - بہت بری طرح ...نا۔

گودنا:- (ہ) کسی نوک دار چیز سے چھید کرنا - بیندھنا - چبھونا - چھیڑنا - جسم پر سوئی سے نشان ڈال کر سرمہ یا نیل بھرنا - طعنوں سے صدمہ دینا۔

گودھر:- (ہ - مذ) کیلے کی پھل سے لدی ہوئی شاخ۔

گودی:- (ا - مو) دیکھو گود۔

گور:- (ف - مو) قبر - مزار (مذ) بمعنی گورستان (گور غریباں) گور پر چونا پھیرنا - مرے ہوئے کی یاد تازہ کرنا - گور پر گور بننا - ایک پر قابض ہوتے ہوئے دوسرے کا دخل ہو جانا - گور جھانک آنا - خطرناک بیماری سے شفا پانا۔

تعلق

اب کی تو پھر یار میں ہم گور جھانک آئے
بچتے ہیں تو کسی سے نہ پھر دل لگائیں گے

گور جھانکنا - مرنے کے قریب ہونا - (جھانکنا متعدی)

تعلق

واقف ہیں نتیجۂ آزار عشق سے
بے گور کے جھانکے تو یہ جا چکا مرض

گورستان (مذ) قبرستان - گور غریباں (مذ) مسافروں اور غریبوں کا قبرستان - عاشقانِ آوارہ کا مزار - گور کا منہ جھانک کر آنا یا پھرنا - مر مر کر بچنا - از سر نو زندگی پانا - گور کفن یا گور گڑھا (مذ) مردے کو دفنانے یا کفن دینے کا کام - گور کفن یا گور گڑھا کرنا - تجہیز و تکفین کرنا - گورکن - قبر کھودنے والا - گور کنارے - مرنے کے قریب - کوئی دم کا مہمان - گور کنارے آلگنا یا جا لگنا - مرنے کے قریب پہنچ جانا - بہت بوڑھا ہو جانا - گور کے مردے اکھیڑنا - مردوں کو بیان کرنا - پرانے جھگڑے نکالنا - گور گڑھا - تجہیز و تکفین - گور گڑھا کرنا - تجہیز و تکفین کرنا - کفنانا - دفنانا - گور میں انگارے بھرنا - دوزخ میں جانے کے کام کرنا - بدی کرنا - گور میں پاؤں لٹکانا - مرنے کے قریب ہونا - آخیر عمر ہونا - گور میں دھواں اٹھنا - بد دعا ہے - عذاب قبر ہو - گور میں کیڑے پڑیں - بد دعا - قبر میں مردہ سڑ جائے - گور میں لات مار کر کھڑا ہونا - دیکھو گور کا منہ جھانک کر آنا۔

گورا:- (ہ) سرخ و سفید رنگ والا - خوبصورت (مذ) انگریز - فرنگی - یورپین سپاہی جو پست قوم سے ہو - گورا بھبھوکا - بہت گورا - گوراپن (مذ) جسم کی سرخی اور سفیدی - چٹاپن - گورا چٹا - سرخ و سفید - خوب صورت - گورا چمڑا (مذ) بے نمک حسن - گورا شاہی - گوروں کے پہننے کا مضبوط جوتا - گورخر (مذ) جنگلی۔

گورخر:- (ف - مذ) جنگلی گدھا جس کا گوشت اچھا سمجھا جاتا ہے

گورکھ دھندا: (ہ - مذ) ایک آلے کا نام جو بہت مشکل سے کھلتا ہے۔ ایک کھلونے کا نام۔ بکھیڑے اور جھگڑے کا کام۔

گورکھا: (ہ - مذ) نیپال کا پہاڑی باشندہ جو پستہ قد۔ چپٹی ناک کا اور نہایت بہادر ہوتا ہے۔

گورنر: (انگ - مذ) کسی صوبے کا بڑا حاکم۔ گورنر جنرل (انگ - مذ) کسی جمہوری ملک کی مرکزی کابینہ کے بالا تر افسر ؎ محسن

ابر پنجاب کا ظلم میں ہے اعلیٰ ناظم
برق بنگالہ ظلمت میں گورنر جنرل

گورنری۔ گورنر کا عہدہ۔ گورنر کی حکومت۔

گورنمنٹ: (انگ - مو) حکومت۔ راج۔ بادشاہی طرز حکومت۔ گورنمنٹ ہاؤس۔ وہ مکان جس میں گورنر اور اُن کا عملہ رہتا ہے۔

گوری: (ہ - مو) خوب صورت عورت۔ سُرخ سفید رنگ کی عورت (گورا کی تانیث ہے)۔ ایک راگنی کا نام۔ گوری کا جوبن چٹکیوں میں جانا۔ حسن کی بے قدری ہونا۔ خوبی کا بے فائدہ ضائع ہونا۔

گوریا: (ہ - مو) چڑیا۔ کنجشک۔ (دیہاتی)

گوڑ دینا: (ہ) خراب کر دینا۔ ضائع و برباد کر دینا۔ گوڑ کے رکھ دینا۔ گوڑ دینا ؎

وائے قسمت پڑھ نہیں سکتے خط تقدیر کی
رکھ دیا جو کچھ پڑھا لکھا وہ سارا گوڑ کے

گوڑنا۔ ہل چلانا۔ زمین کھودنا۔ اناج کو صاف کر کے بھوسے الگ کرنا۔ گوڑ دینا۔

گوز: (ف - مذ) وہ ہوا جو پیٹ سے بذریعہ مقعد خارج ہوتی ہے۔ پاد۔ پھسکی۔ گوز مارنا۔ پاد مارنا۔ گوز شتر (با ضا) بے وقعت بات۔ لچر۔ بے اثر بات۔ گوز شتر سمجھنا۔ بات کو خاطر میں نہ لانا۔ کوئی وقعت نہ دینا

گوزن: (ف - مذ) بارہ سنگھا ؎ میر

گوزن اور ہرنوں کی کیا دیجے شرح
گئے شیر مارے سو کتوں کی طرح

گوسالہ: (ف - مذ) گائے کا چھوٹا بچہ۔ بچھڑا۔ گوسالۂ سامری۔ وہ بچھڑا جو حضرت موسیٰ کے زمانے میں سامری جادوگر نے بنایا تھا اور وہ بولتا تھا۔ گوسالۂ فلک (مجازاً) برج ثور۔

گوسفند: (ف) بھیڑ۔ دُنبہ۔ بکری۔ بکرا (مذ و مو دونوں کے لیے مستعمل ہے) ؎ برق

نہ پھیر گردن مجروح پر چھری ظالم
زبان صبر و رضا گوسفند رکھتا ہے

گوش: (ف - مذ) کان جس سے آواز سنائی دیتی ہے عموماً اضافت و ترکیب میں مستعمل ہے۔ گوش بر آواز ہونا۔ کسی بات کے سننے کے لیے منتظر ہونا۔ منتظر ہونا۔ گوش بھرنا۔ کان بھرنا۔ سکھا پڑھا (اضافت کے ساتھ مستعمل ہے) ؎ شاد

اُڑے یارب وہ شوخی نکہت برباد ہو رہ کر
بھرے ہوں گوش گُل جس نے برا بلبل کو کہہ کر

گوش زد ہونا۔ سننے میں آنا۔ سنا جانا۔ گوش گزار کرنا۔ سنانا۔ کان میں ڈالنا۔ گوش گزاری (مو) اطلاع۔ خبر۔ رپورٹ۔ گوشمالی (مو) تنبیہ و تادیب۔ کان اینٹھنا۔ گوشوارہ (مذ) کان کا بالا۔ آویزہ۔ بُندا۔ حساب کا خلاصہ میزان جو کسی فہرست حساب میں اوپر یا نیچے لکھا جاتا ہے یا فرد حساب میں منسلک کر دیا جاتا ہے۔ دفتر وغیرہ کی پیشانی جس میں مدات کی سرخیاں درج ہوتی ہیں۔ طرہ۔ بڑا موتی کلابتون یا زردوزی کی پٹی جو پگڑی میں باندھتے ہیں ؎

تری دستار پر عاشق کسی کو
ستم ہے گوشوارہ قہر سرپیچ — آتش

گوشت: (ف - مذ) جسم کا وہ حصہ جو کھال کے اندر ہوتا ہے۔ لحم۔ جانور کے جسم کا وہ حصہ جو کھال اُتارنے کے بعد بوٹیاں بنا کر کھایا جاتا ہے۔ پکے ہوئے گوشت کے سالن کو بھی گوشت کہتے ہیں۔ گوشت خوار۔ گوشت کھانے والا۔ مسلمان۔ گوشت سے ناخن جدا ہونا۔ اپنوں کا چھوٹنا۔ رشتہ داروں کا چھوٹنا۔ کسی امر دشوار یا تکلیف رساں کا پیش آنا۔ گوشت کا لوتھڑا (مذ) بیکار۔ نکما۔ بے ہڈی کا بڑا پارہ گوشت۔

گوشہ: (ف - مذ) کونا۔ کھونٹ۔ تنہائی۔ طرف۔ جانب۔ پہلو۔ کمان کا سرا۔ سب سے الگ تنہائی میں۔ گوشۂ چشم۔ آنکھ کا کویا۔ گوشۂ عافیت۔ امان کی جگہ۔ جہاں کوئی فکر اور جھگڑا نہ ہو۔ گوشۂ عزلت (با ضا) تنہائی۔ گوشۂ کمان۔ کمان کا سرا جس پر تانت اٹکاتے ہیں۔ گوشہ نشین۔ تنہائی میں رہنے والا۔ اکیلا رہنے والا۔ گوشہ نشینی (مو) تنہائی۔ علیحدگی۔ عزلت۔ گوشہ نشینی اختیار کرنا۔ دنیا سے قطع علاقہ کرنا۔ سب کو چھوڑ کر الگ بیٹھ جانا۔

گوکل: (س - مذ) گائے کا ریوڑ۔ گائے کا بچہ۔ برج۔ متھرا کے پاس ایک مقدس گاؤں جہاں سری کرشن جی نے پرورش پائی۔ ک کو زبر بھی پڑھا جاتا ہے۔

ــــ محسن کاکوروی

گھر میں اشنان کریں سروقدان گوکل

جا کے جمنا پہ نہانا بھی ہے اک طول امل

گوکھا: (ہ - مذ) گلنے کا چمڑا - گودن - احمق - بھولا بھالا - گوکھی (مو)

گوکھرو: (ہ) ایک کانٹے کا نام - جس کے تین گوشے ہوتے ہیں - کان کے ایک زیور کا نام - گوکھرو کا پودا یا بیل - لوہے کے کانٹے جو دشمن کی راہ میں چھبنے کے لیے ڈالتے ہیں - حیشن کا ٹکڑا موڑا ہوا گوٹا (بنانا - ٹانکنا - لگانا) ایک قسم کا خاردار بیج - ایک مرض جو چوپایوں کے کھروں میں ہو جاتا ہے -

گوگرد: (ف - مو) گندک - گوگرد احمر سرخ - سرخ گندک جو اکسیر کے کام آتی ہے اور نایاب ہے -

گوگل: (ہ - مذ) ایک درخت کے گوند کا نام

گول: (س) چکردار - پیچیدہ - سمجھ میں نہ آنے والی مبہم - مجہول الحال یا احمق شخص (مو) مٹی کا مٹکا ــــ ظفر

جام و مینا و سبو سے تو بجھی اپنی نہ پیاس

ہم نے ساقی منہ سے اب بھر کر لگائی گول ہے

گول بات مو - پیچدار بات - مبہم بات - مشکوک بات - **گول گھر** (ہ - مذ) جیل ــــ امیر

گول گول ایسے ہیں مونڈھے کہ کریں دل میں اثر

گول گھر میں ہو فلک قید پڑے آنکھ اگر

گول مال - ملا جلا - سازش - غبن - مشتبہ - غائب - **گول مال کرنا** - گڈمڈ کرنا - سازش کرنا - غبن کرنا - تلپٹ کرنا - غائب کرنا - **گول مال ہونا** - گڈمڈ ہونا - سازش ہونا - غبن ہونا - غائب ہونا - چوری ہونا - **گول مٹول** - گول مال ہونا - **گول مرچ** (مو) کالی مرچ - سفید دکھنی مرچ - **گول مول** - نہایت ہی گول - موٹا تازہ اور ٹھگنا آدمی - سمجھ میں نہ آنے والی بات - **گول منہ** (مذ) آفتابی چہرہ - **گول ہو رہنا** - خاموش ہو رہنا - ٹال جانا -

گول: (مو) کھیتوں میں پانی پہنچانے کی چھوٹی نالی -

گولا: (ہ - مذ) گھیرا - منڈل - توپ کا گولہ - ناریل کے اندر کی ثابت گری - اناج کی منڈی - گول لکڑی کا لٹھ - ایک قسم کا کبوتر - تاگوں کی گول پیچک - کرۂ زمین کا گول نقشہ جو گولے کی شکل کا بنا ہوا ہے - ستون کے گرد اگرد ابھرا ہوا حلقہ - پگڑی کا قالب - کنوئیں کی کوٹھی - ایک قسم کی آتشبازی - جلانے کی لکڑی کا کندا جو چیرا نہ گیا ہو - وہ ریح جو پیٹ میں گھومتی ہے اور خارج نہیں ہوتی - پختہ سڑک کا وہ درمیانی حصہ جسے کسی قدر مدور رکھتے ہیں - سوجن - لوہے یا کسی اور دھات یا لکڑی یا مٹی وغیرہ کا بنا ہوا ٹھوس گولا - حلقہ - دائرہ - **گولا اٹھانا** - اپنے آپ کو سچا ثابت کرنے کے لیے تپتا ہوا گولا ہاتھ میں لینا - پرانے لوگوں کا خیال تھا - اگر انسان سچا ہو تو ہاتھ نہیں جلتا - **گولا چلانا** - گولا مارنا - توپ چھوڑنا - کنوئیں میں کوٹھی رکھنا - **گولا دان** بنا ہوا ہے - نہایت موٹا ہو گیا ہے - **گولا لاٹھی کرنا** - ایک سرا ہاتھ پاؤں ملا کر باندھ دینا - بچے کے ہاتھ پاؤں اکٹھے کر کے ایک دم چھوڑ دینا - بچہ گولا لاٹھی کرنے سے خوش ہوتا ہے - **گولائی** مو - دور - چکر - گول پن -

گولر: (ہ - مو) ایک درخت اور اس کے پھل کا نام - روئی کا ڈوڈا - **گولر کا پھول** مذ مجازاً جو چیز مل نہ سکے - نایاب - چڑیا کا دودھ - **گولر کا پیٹ پھٹنا** - بھانڈا پھوٹنا - بھید کھلنا - **گولر کا کیڑا** - وہ شخص جو گھر سے باہر نہ نکلتا ہو - ناقص معلومات رکھنے والا - **گولر گپنا** - چبا چبا کر باتیں کرنا - مری آواز سے بولنا -

گولک: (ہ - مو) وہ سوراخ دار صندوقچہ جس میں دکان دار روزمرہ کی بکری ڈالتے ہیں - غلک

گولنداز: (ہ - مذ) توپ چلانے والا - توپچی - کھیلنے کا گیند - طنزاً بڑا نشانہ باز -

گولہ: (ہ - مذ) گولا - توپ میں چلانے کا گولہ - **گولہ باری** (مو) کثرت سے توپ کے گولے کسی مقام پر پھینکنا - **گولہ چلانا** - گولہ مارنا - گولے کو فتیلہ دکھانا -

گولی: (ہ - مو) بندوق کا چھوٹا گولہ - چھوٹی چھوٹی بٹیاں - چھوٹی سی گول چیز - افیون وغیرہ کا چھوٹا سا گول ٹکڑا - آٹے یا مٹی وغیرہ کا گول بنا ہوا چھوٹا ٹکڑا - فقرہ - **گولی بچا جانا** - آفت سے بچ جانا - کنارہ کشی کرنا - **گولی چلانا** - بندوق میں گولی ڈالنا - **گولی دینا** - دوا کی بتی دینا یا کھلانا - **گولی کان پر سے جانا** - بال بال بچنا - **گولی لگنا** - بندوق کی گولی کا زخم آنا - **گولی لگے** - بددعا - مارا جائے - **گولی مارنا** - گولی چلانا - گولی سے جان لینا - **گولی مارو** - کلمۂ تنفر - آگ لگاؤ - بھاڑ میں ڈالو - دفعہ کرو - نام نہ لو - اس ذکر کو چھوڑ دو - **گولیاں کھیلنا** - گولیوں کا کھیل کھیلنا - بچپن کا زمانہ ہونا -

گومڑا: (ہ - مذ) سوجن جو کسی جگہ جسم پر چوٹ پڑنے سے یکایک ابھر آتی ہے - **گومڑا پڑنا** - چوٹ لگنے سے ورم سا پڑ جانا -

گومگو: (ف) دیکھو گو - شک و شبہ

گوں: (ف) مرکبات میں مستعمل ہے - طرز - روش - رنگ کے معنی دیتا ہے (نیلگوں)

گوں: (ہ - مو) پسند - مطلب - غرض - چال ــــ بحر

گوہَر:- (ف - مذ) موتی قیمتی پتھر - اچھے بڑے اوصاف - خوبیاں کمال - مادّہ - اصل - نسل - ذات (بدگوہر) گوہر گرہ جننا - موتی میں بال پڑ جانا

گوئی:- (ہ - مو) دو بیل جو ایک ہل میں جتے ہوں - روئی کی وہ مقدار جو ایک بار انگلیوں سے اوٹی جائے -

گوئے:- (ف) گیند گوئے سبقت لے جانا - بڑھ جانا - غالب آ جانا -

گوئیاں:- (ہ - گیاں - مو) کھیل کے ساتھی جیسے لڑکے دُوسرے ساتھیوں کو پکارتے ہیں "ہماری ہماری گوئیاں کون ؟" کھیلنے والے دوڑتے آتے ہیں اور مل کر جواب دیتے ہیں "ہم" سہیلی - ہمعصر - وہ عورتیں جو باہم محبت رکھتی ہوں ے جان صاحب

اک دم نہ یاد بھولے گی مرزا تراب کی
گوئیاں یہ عشق خاک میں مجھ کو ملائے گا

گویا:- (ف) بولنے والا - اچھی طرح تقریر کرنے والا - قائل - ظاہرا - حرف تشبیہ - مانند - ہو بہو - بالفرض مانا کہ - فرض کرو - تسلیم کرو - گویائی (مو) بول چال - بات چیت - بولنے کی طاقت -

گَوَیّا:- (ہ - مذ) گانے والا - قوال - کلاونت -

گہہ:- (ہ - مو) مکان یا کمرے کی بلندی - مکان کی ایک سطح پر آگے پیچھے کا طبقہ یا درجہ کسی ہتھیار کی وہ جگہ جہاں سے اسے پکڑا جاتا ہے - قبضہ - دستہ - نیزگاہ کا مخفف - گہہ بیٹھنا - جم کر بیٹھنا - جم کر بیٹھنا - گہہ جانا - سورج یا چاند کو گہن لگنا -

گہر:- (ف - مذ) مخفف گوہر -

گہرا:- (ہ) دبیز - جس کی تہہ بہت نیچے ہو - عمیق جو غار کی طرح ہو (گہرا زخم - گہرا کنواں) گھنا - گاڑھا - نہایت تیز اثر کرنے والا (گہرا نشہ) نہایت تیز رنگ جس میں سیاہی جھلکتی ہو - (گہرا سرخ) پائدار اور باقی رہنے والا (گہرا دوستانہ) سخت زوردار (گہرا ہاتھ) دُور کا - غور و فکر سے سمجھ میں آنے والا (گہرا خیال) حد سے زیادہ گہرا یارانہ - گہرا ساکھ - بہت میل جول - ربط ضبط - اخلاص - پیار - گہراؤ (مذ) صفت - گہرائی (مو) صفت گہرائی (مو) صفت - گہرا ہاتھ مارنا - بہت نفع کمانا - بہت روپیہ جمع کرنا - غبن کرنا - بڑے خاندان سے تعلق پیدا کرنا - گہری (مو) گہری چھننا - نہایت گاڑھی چھننا گھٹ جانا - نہایت میل جول ہونا - سخت لڑائی ہونا - مناظرہ ہونا - گہری سانس بھرنا یا لینا - حسرت و افسوس سے دیر تک ایک سانس لیے جانا - گہری گھٹنا - گاڑھی چھننا - گہری نیند سونا - نہایت بے خبر اور غافل ہو کر سونا - گہرے کرنا - بہت نفع اُٹھانا - خوب مال مارنا - گہرے ہونا - لازم -

گہما گہمی:- (ہ - مو) چہل پہل - رونق -

گہن:- (ہ - مذ) سورج یا چاند کا زمین کے بیچ میں حائل آ جانے کی وجہ سے چمکتے چمکتے سیاہ پڑ جانا اور ویسے نظر سا دکھائی دینا - داغ - عیب - گہنانا - چاند یا سورج کا گہن پڑنے سے ماند ہو جانا - کسی عضو کا بدقطع یا ناقص ہونا (گہنا یا کان یعنی وہ کان جو دوسرے کان سے پیدائشی چھوٹا ہو) گہن پڑنا - گہن لگنا - چاند یا سورج کا گہن میں آنا - گہن چھٹنا - گہن کا دُور ہونا ے جان صاحب

بتاؤں ڈھنگا وہ چھوڑ دیں زندگی کو خود بھیا
تو اپنی بائیں لٹ جھٹکنے لگے جس دم گہن دھرتا

گہن سے چھوٹنا - گہن چھٹنا - گہن لگنا - گہن میں آنا عیب لگنا - رسوائی ہونا ے قدر

یا فلک میں لگ چلا ہے چاند کی صورت گہن
یا زحل کے مثل کالا ہو چلا ہے آسمان

گہن میں ہونا - چاند یا سورج کو گہن لگنا - کسی عضو کا پیدائشی ٹیڑھا یا ناقص ہونا -

گہنا:- (ہ - مذ) زیور (مصدر) گہن لگنا - روئی یا کپڑے سے اُس سوراخ کو بند کرنا جس سے پانی گرتا یا بہتا ہو - زور شور سے کوئی کام کرنا (وہ خوب گہہ کے گرجے)

گہنانا:- (ہ) گہن لگنا - کسی عضو کا پیدائشی طور پر خراب ہونا -

گہوارَہ:- (ف - مذ) جھولا - ہنڈولا - بچّوں کو سلانے یا جھلانے کا جھولا ے شمیم

گیتی غریق صبر و سکوں جھولنے لگی
گہوارۂ فلک میں زمیں جھولنے لگی

گِہوَاں:- (ہ - گیہواں - مذ) رنگ کے ساتھ مستعمل ہے - (گہواں رنگ) گندمی رنگ -

گُہیرا:- (ہ - مذ) ایک چھوٹا سا زہریلا کیڑا جو اکثر جنگلوں یا کھنڈروں میں بل بنا کر رہتا ہے اور مٹیالے رنگ کا ہوتا ہے - ایک طرح کا زہریلا گرگٹ -

گھات:- (ہ - مو) داؤں - تاک - دھوکا - پیچ و خم - جادو ٹونا - قابو - ارادہ - مطلب - انداز - ادا - وہ جگہ جہاں دشمن یا شکار کے انتظار میں چھپ کر بیٹھیں - قتل کا ارادہ - ڈھنگ - گھات پر چڑھنا - قابو پر چڑھنا - بس میں آنا - گھات کرنا - داؤ کرنا - موقع تاکنا - داؤ لگا کر بیٹھنا - گھات میں آنا - قابو پر چڑھنا - دھوکے میں آنا - فریب کھانا -

بد حواسی۔ گھبرائی ڈوئنی بھر بھر ٹہلے گائے۔ گھبراہٹ کے وقت نہ عقل ٹھکانے رہتی ہے نہ حافظہ۔

گھپ: (ہ) اندھیرے کی کثرت دکھانے کے لیے بولا جاتا ہے۔ بہت تاریک۔

گھپلا: گڑبڑ۔ جھگڑا۔ حساب میں گڑبڑ۔ گھپلا پڑنا: حساب میں گڑبڑ پڑنا۔ گڑبڑ ہونا۔ گھپلا ڈالنا یا کرنا۔ گڑبڑ کرنا۔ جھگڑا ڈالنا۔

گھپنا:- (ہ) گھونپا جانا (انڈے کی زردی گھپی یا نہیں)

گھپنا:- (ہ) دھاردار چیز کا چبھنا۔ گھونپنا کا متعدی۔

گھٹ: (ہ۔ مذ) گھاٹ کا مخفف (پن گھٹ) کم (دیکھیے دل کو ڈھانا) گھٹ بڑھ۔ کمی زیادتی۔ قیمت یا تول میں فرق۔

گھٹا: (ہ۔ مو) سیاہ بادل۔ وہ ابر جو تلے اوپر ہوں۔ گھٹا اٹھنا۔ بدلی آنا۔ بادل آنا۔ گھٹا امڈنا یا امنڈنا۔ بادل گھرنا۔ ابر چھانا۔ گھٹا آنا۔ ابر آنا۔ بادل آنا۔ گھٹا جھومنا یا چھانا۔ آسمان پر بادلوں کا چھانا۔ گھٹا ٹوپ۔ (مذ) وہ غلاف جو پالکی یا ہاتھی وغیرہ پر گرد اور بارش سے محفوظ رکھنے کے لیے ڈال دیتے ہیں۔ وہ اندھیرا جو بادلوں کے گھرنے سے ہوتا ہے۔ نہایت سیاہ بادل۔ گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا۔ بہت زیادہ اندھیرا ہونا۔

گھٹانا: (ہ) کم کرنا۔ بھاؤ اتارنا۔ درجہ توڑنا۔ منہا کرنا۔ وضع کرنا۔ تنزلی کرنا۔ دبا کرنا۔ کم تولنا۔ گھٹاؤ (مذ) کمی۔ کسر۔ کوتاہی۔ دریا کا اتار۔ گھٹاؤ بڑھاؤ (مذ) کمی بیشی

گھٹانا: (ہ) سر کے بال صاف کرانا۔ چکنا کرانا۔ دق کرنا۔ تنگ کرنا۔ گھٹاؤ (مذ) امس۔ ضیق۔ حبس۔

گھٹائی (مو) رگڑائی۔ پالش۔ دیگ ٹال کی صفائی۔ کسی دو چیزوں کو گھوٹ کر یک جان کر دینا۔ سر کے بال اس طرح منڈانا کہ سر چکنا ہو جائے۔

گھٹتی: (ہ۔ مو) کمی۔ نقص۔ زوال۔ تخفیف۔ گھٹتی کا پہرہ (مذ) تنزل کا زمانہ۔

گھٹا: (ہ۔ مذ) جسم کے کسی حصے کی کھال کی رگڑ سے موٹا اور سیاہ شدہ نشان۔ نشان سجدہ۔ ~ قلق لکھنوی

جبہ سائی در جاناں سے پایا ہے فروغ
دے رہا ہے شاہدی گھٹا جبین ماہ کا

گھٹس: (ہ۔ مو) تنگ و تاریک جگہ میں سانس کا تنگی کرنا یا بند ہونا۔ گھٹ گھٹ کے۔ سانس رک رک کر۔ ضبط کر کر کے۔ گھٹ گھٹ کے مرنا۔ تنگی اور تکلیف جھیل جھیل کر مرنا۔ ضبط کر کے دم نکلنا۔

گھٹنا: (ہ) مصدر۔ پسنا۔ حل ہونا۔ گھرل ہونا۔ دوسری چیز کے ساتھ خوب گھل مل جانا۔ کسی چیز کے اجزا کا اچھی طرح یک جان ہو جانا۔ پالش ہونا۔ ریگ مال ہونا۔ بالوں کا اس طرح مونڈا جانا کہ کھونٹیاں تک نہ رہیں۔ دم رکنا۔ سانس کا تنگی کرنا۔ بھرنا۔ پُر ہونا۔ (دھواں گھٹنا) گھل مل کر باتیں ہونا۔ (آج کل دونوں میں خوب گھٹتی ہے) خاموشی اور ضبط سے دل تنگ ہونا۔ بھنگ کا گھوٹا جانا۔

گھٹنا: (مذ) پنڈلی اور ران کے بیچ کا جوڑ۔ گھٹنوں چلنا یا گھٹنوں کے بل چلنا۔ رینگنا۔ گھٹنوں کے سہارے چلنا۔ بچوں کا دونوں زانوؤں کے بل چلنا۔ اس معنی میں گھٹنوں چلنا بھی بولتے ہیں۔ گھٹنوں میں سر دے کے بیٹھنا۔ نہایت سوچ یا غم میں گردن جھکا بیٹھنا۔ گھٹنوں میں سر دے لینا۔ مارے شرم کے منہ گھٹنوں میں چھپا لینا۔ گھٹنے سے لگ کر بیٹھنا۔ پاس بیٹھنا۔ ہر وقت پاس رہنا۔ گھٹنیوں چلنا۔ بچوں کا گھٹنوں کے بل پر چلنا۔ رینگنا۔ آہستہ آہستہ کوئی کام کرنا۔

گھٹنا:- (ا۔ مذ) گھٹنا۔ تنگ موری کا پاجامہ۔

گھٹنا: (ہ) کم ہونا۔ تھوڑا ہونا۔ اترنا۔ چڑھاؤ کم ہونا۔ تنزل ہونا۔ دبلا ہونا۔ نرخ کم ہونا۔ نقصان ہونا۔ گھٹنا بڑھنا۔ کمی زیادتی ہونا۔

گھٹوانا: (ہ) گھٹنا کا متعدی المتعدی (دق کرنا کے معنی میں یہ اشتقاق نہیں ہوتا)

گھٹی: (ہ۔ مو) وہ بہت اینے والی دوائیں جو بچے کو پلائی جاتی ہیں۔ گھٹی میں پڑنا۔ خمیر میں ہونا۔ سرشت میں داخل ہونا۔

گھٹیا یا گھٹیل: (ہ) کم درجے کا۔ کم قیمت کا۔ نیچ ذات کا۔ پست۔

گھٹی کرنا:- (ہ) موقع پر کمی کرنا۔ دغا دینا۔

گھچاگھچ: (ہ۔ مو) گھچاگھچ۔ گوشت میں تلوار یا چھری گھسنے کی آواز۔

گھچ پچ: (ہ۔ مو) گھنگھٹ۔ کثرت۔ بھیڑ۔ کشاکش۔ آدمیوں یا چیزوں کا بہت پاس پاس ہونا۔ پاس لگے ہونا۔ گھچ پچ لکھنا۔ ایک لفظ کو دوسرے لفظ میں اس طرح ملا کر لکھنا کہ پڑھا نہ جائے۔

گھر: (ہ۔ مذ) مکان۔ مسکن۔ ٹھکانا۔ کیس [illegible] بھٹ (چیونٹی کا گھر) آشیانہ [illegible] بلے بید [illegible]

گھر برباد کرانا - میاں بیوی میں نا اتفاقی کرانا - **گھر ڈوبنا** - گھر کا تباہ و برباد ہونا - کنبہ کو کلنک لگنا - **گھر سر پر اٹھانا - گھر کو سر پر اُٹھانا** - بہت شور و غل مچانا - **گھر سے** - مکان سے - گرہ سے - پلے سے - **گھر سے (باہر) پاؤں نکالنا** - حد سے باہر کام کرنا - گھر سے باہر کرنا - گھر سے باہر نکال دینا - **گھر سے نکالنا** - گھر سے باہر نہ جانا - ہر وقت گھر میں رہنا - پردے میں رہنا - **گھر سے بے گھر کرنا** - خانہ خراب کرنا - گھرا بنانا - **گھر سے دینا** - اپنے پاس سے دینا - نقصان برداشت کرنا - **گھر سے کھونا** - نقصان اُٹھانا - اپنی جیب سے دینا - **گھر سے لڑ کر آئے ہو** - آتے ہی غصہ کرنے والے سے - **گھر کا** - گھر کے متعلق - گھریلو - اپنا - کنبے کا - قدیمی (گھر کا نائی) **گھر کا آدمی** (مذ) رشتے دار - اپنا ملازم - واقف کار - **گھر چھوٹا نمید جاتا بڑا** - حیثیت سے زیادہ ظاہر کرنے کی کوشش کرنا - **گھر کا اُجالا** (مذ) گھر کی رونق - نہایت لاڈلا اور پیارا - بیٹا - **گھر کا بوجھ اُٹھانا** - گھر کا انتظام اپنے سر لینا - گھر کا خرچ اپنے ذمہ لینا - **گھر کا بوجھ پڑنا** - خانہ داری کا انتظام اپنے سر پڑنا - **گھر کا بھولا** - بہت بے وقوف سیدھا - **گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے** - گھر کا بھید جاننے والے کی دشمنی بڑا نقصان پہنچاتی ہے - **گھر کاٹ کھانے یا کاٹنے کو دوڑتا ہے** - گھر نہایت بھیانک اور ویران معلوم ہو رہا ہے - **گھر کا چراغ** (مذ) دیکھو گھر کا اُجالا - **گھر کا دھندا** (مذ) گھرداری کے کام کاج - **گھر کا راستہ بتانا** - رخصت کرنا - ٹالنا - چلتا کرنا - **گھر کا رستہ لینا** - گھر کو سدھارنا - ناکامیاب واپس پھرنا - **گھر کا رستہ لو** - چلتے بنو - دور ہو - **گھر کا گھر** - سارا گھر - تمام گھر - **گھر کا گھر وا کر دینا** - گھر کو تباہ کر دینا - **گھر کا گھروا ہو جانا** - گھر برباد ہو جانا - **گھر کا مالک** مذ گھر والا - مالک مکان شوہر - **گھر کا نام اُچھالنا یا ڈبونا** - خاندان کی عزت برباد کرنا - **گھر کتی کا ہونا** - (دلی) مفت کا - **گھر کا کاتا بُنا** - **گھر کر** ستر بلا سر دھر - دنیاداری میں ہزاروں جھنجھٹیں ہیں - **گھر کرنا** - سمائی کرنا - جگہ نکالنا - گھسنا - اثر کرنا - سوراخ کرنا - بیاہ کرنا - گھر بنانا - بسنا - **گھر کھونا** - گھر برباد کرنا - خاوند سے نفاق پیدا کرنا - **گھر کی آدھی نہ باہر کی ساری** - گھر کی کم آمدنی باہر کی زیادہ آمدنی سے بہتر ہے - **گھر کی بات** (مو) گھر کا بھید - آپس کی بات - نہایت سہل کام - **گھر کی ٹہل** - گھریلو ضروریات کے لیے آمد و رفت - **گھر کے پاس نہ پھٹکنا** - اصل کے علاوہ مجازاً ضروریات خانہ داری کی طرف توجہ نہ کرنا - **گھر کی پتلی باسی ساگ** (عو) گھر میں خاک اُڑتی ہے باہر شیخی بگھارتے پھرتے ہیں - **گھر کی کھانڈ کرکری چوری کا گڑ میٹھا** - حلال کی چیز میں لوگوں کو مزا نہیں آتا - **گھر کے پیروں کو تیل کا ملیدہ** - گھر کے آدمی تکلیف اُٹھائیں باہر کے آدمی عیش کریں - **گھر کے جالے لینا** -

گھر کی ہر ایک چیز کو ٹٹولنا - **گھر کی طرح رہنا** - بے تکلف ہو کر رہنا **گھر کی لونڈی** - بہت زیادہ فرمانبردار سے ادوچ

کیا تکشر دینے جراُت ہے تیرے گھر کی کنیز
تیری دلیری پر کرتے ہیں اش اش اہل تمیز

معمولی - آسان - بے حیثیت چیز (ج - زبان تو ہمارے گھر کی لونڈی ہے) **گھر کی کھیتی** - اپنی کھیتی - داڑھی مونچھیں اور سر کے بال - اپنا مال - نجی مال - موروثی مال - **گھر کے گھر** - گھر ہی میں - نفع میں نہ نقصان میں برابر (مذ) بہت سے گھر - بہت سے خاندان سے آتش

گردش چشم ہے کیا گردش افلاک سے کم
گھر کے گھر کرتی ہے وہ نرگس شہلا خالی

گھر کے گھر بیٹھ گئے - بہت سے مکان گر پڑے - بہت سے گھر برباد ہو گئے - **گھر کے گھر رہنا** - نہ نفع ہونا نہ نقصان ہونا - برابر برابر رہنا - **گھر کے گھر صاف ہو جانا** - بہت سے گھر برباد ہونا یا خالی ہو جانا - **گھر کی مرغی دال برابر** - گھر کی عمدہ عمدہ چیز کی بھی قدر نہیں ہوتی - **گھر کی مری** - گھر میں کچھ نہیں کیا جاتا - (کاہل سے) - **گھر کی مونچھیں ہی مونچھیں ہیں** (عو) شیخی خورے - (باتونی - کاہل سے) - **گھر کے ہوئے نہ در کے** - کہیں کے نہ رہے نہ ادھر کے رہے نہ اُدھر کے - **گھر گھاٹ** (مذ) چال ڈھال - رنگ ڈھنگ - طور طریق - طرز - وضع - عادت - طبیعت - نشانی - پتا - مقام - ٹھکانا - **گھر گھالنا** - گھر اجاڑنا - لوٹنا - ویران کرنا - **گھر گھر** - ہر ایک گھر میں - سب گھروں میں - چکی کی آواز - **گھر گھسنا** (مذ) وہ مرد جو ہر وقت عورتوں میں گھسا ہے - زن مرید - خانہ نشین - **گھر گئی** (مو) بد دعا - گھر اجڑی - نگوڑی - **گھر گیا** (مذ) بد دعا - اجڑا - بگڑا - خانہ خراب - **گھر لینا** - کرایہ پر مکان خریدنا - **گھر مُوسنا** - گھر کا صفایا کرنا - **گھر میں** - گھر کے اندر - بیوی - زوجہ - **گھر میں آگ لگانا** (عو - لک) گھر کو جھگڑے میں چھوڑنا - تباہ کرنا (ج - اے مجھ ایسے گھر کو آگ لگاؤ اور جھگڑے میں رہو) **گھر میں آنا** - گھر میں داخل ہونا - اپنے ہاتھ آنا - **گھر میں بھونی بھان نہیں اور باہر نیوتے سات** - کھانے کو نصیب نہیں مگر شیخی جتاتے پھرتے ہیں - **گھر میں بیوی کا نام بہو بیگم رکھ لینے سے کیا ہوتا ہے** - اپنے آپ میاں مٹھو بننے سے کیا ہوتا ہے - **گھر میں پڑنا** - کسی عورت کا کسی مرد کے گھر بغیر نکاح کے بیوی کی طرح رہنا - **گھر میں چوہے لوٹتے یا قلابازیاں کھاتے ہیں** - نہایت غریبی ہے - **گھر میں دھان نہ پان بیبی کو بڑا گمان** (عو) غریب و مغرور لڑکی کو ایک طعنہ - **گھر میں ڈالنا** - بغیر نکاح کے کسی عورت کو گھر میں بیوی کی طرح رکھنا [illegible]

لبالب بادۂ گل رنگ سے دل [illegible] ہے
وہ وحشی کش ہوں کہ جس نے دختِ رز کو گھر میں ڈالا ہے [illegible]

گھر میں شیر باہر بھیڑ - (مو) گھر والوں پر ظلم کرنے اور باہر والوں سے ڈرنے والا۔ گھر میں نہ سمانا۔ بہت بڑھ جانا۔ بہت موٹا ہو جانا۔ گھر تیا پار میاں مٹکے دار۔ شیخی خورا۔ بے حیثیت۔ گھروارہ - (ف) ہتیش۔ گھر والا (مذ) خاوند۔ میاں۔ گھر والی (مو) بیوی۔ بیگم۔ گھر والے کا ایک گھر، بے گھرے کے سو گھر۔ (آزاد آدمی جہاں ٹھہر گیا اس کا وہیں گھر ہے)۔ گھر ویران ہونا۔ گھر برباد ہونا۔ گھر اجڑنا۔ میاں بیوی میں نااتفاقی ہونا۔ بیوی کا مرنا۔ گھر ہونا۔ آباد ہونا۔ شوہر راضی ہونا۔ سمائی ہونا۔ قیام ہونا۔ گھریلو۔ گھر کی کوئی چیز یا بات۔ نجی۔ خانگی۔ مرد و عورت جو کسی کے گھر میں پیدا ہو۔ قراتی ؎ جان صاحب

خصمت نہیں بننے کی اگر لاکھ بچھے گی
کسبی کی بہو اور گھریلو سے زیادہ

گھرّا:- (ا - مذ) نحو کی ایک ڈوا کا نام۔ وہ آواز جو گلے میں سانس کے رکنے سے نکلتی ہے۔ گھرّا لگنا۔ مرتے وقت سانس کا رک رک کر نکلنا۔ گھر گھر بولنا۔ سنہ دیکھیے "دوالی"۔ گھرّاٹا (مذ) خرّاٹا۔ وہ آواز جو سوتے میں نکلتی ہے۔ گھر گھر کی آواز۔

گھرامی:- (س - مذ) جھپتر بند۔

گھرانا:- (مذ) خاندان۔ نسل۔ کنبہ۔ قبیلہ۔

گھر آنا:- (ا) اُمنڈ کر آنا۔ چھا جانا۔ ہجوم کر لینا۔ گھر جانا۔ حلقے میں آ جانا۔ محصور ہو جانا۔ کسی رنج وغیرہ میں مبتلا ہو جانا۔ گھر کر آنا۔ چھا کر آنا۔ اُمنڈ کر آنا۔ ہجوم کر کے آنا۔

گھرج:- (ا - مو) وہ لکڑی یا ہاتھی دانت کا ٹکڑا جو ستار میں لگاتے ہیں اور اس پر تار رکھتے ہیں۔

گھرسنا:- (ا) کسی چیز کا تھوڑا سا حصہ دوسری چیز میں دبا کر لگا دینا۔ (کمربند کھٹے یا گھرس دو) ڈھلکنا۔ چھپانا ؎ میر

اک جمع سر کے اوپر روز سیاہ لایا
پگڑی میں بال اپنے نکلا جو وہ گھرس کر

گھرکنا:- (ا) غصہ ور کر آنکھیں دکھانا۔ ڈانٹنا۔ دھمکانا۔ گھرکی (مو) جھڑکی۔ ڈانٹ ڈپٹ۔ گھرکی دینا۔ ڈانٹنا۔ جھڑکنا۔ دھمکانا۔ گھرکی کھانا یا سننا۔ گھرکی برداشت کرنا۔

گھر گھر:- (ا - مو) گھر گھر کی آواز جو چکی پیسنے یا چھنے وغیرہ سے نکلتی ہے۔ گھر گھراہٹ (مو) گھر گھر کی آواز۔

گھرنا:- (ا) حلقے یا نرغے میں آ جانا۔ محصور ہونا۔ گھومنا۔ بچھانا۔ اُمنڈنا۔ گھرا کے گھٹا آئی ہے۔ (رنج والم میں مبتلا ہونا۔)

گھرنائی:- (ہنی) (ا - مو) ایک قسم کی ناؤ جو گھڑوں سے بناتے ہیں ؎ شاد

نصیب میں ہے تو کوثر کے گھاٹ اتریں گے
بنا کے چار عناصر کی ایک گھرنائی

گھرنی:- (ا - مو) چرخی گھمانے کا آلہ۔ ایک آبی پرندے کا نام۔ رسی بٹنے کی کل۔ سر کا چکر۔ لوٹن کبوتر۔ گھرنی کھانا۔ چکر لینا۔ گھومنا۔

گھروندا:- (ا - مذ) چھوٹا سا مٹی کا بنا ہوا گھر۔ ناپائیدار کام ؎ قلق

تو جو چاہے خاک کر دے تیرے آگے کھیل ہے
ہے فلک بھی اک گھروندا تیری بازی گاہ کا

گھریا:- (ا - مو) کٹھالی۔ گھریا مٹی کی بنی ہوئی ٹھلیا۔

گھریلو:- گھر کی چیز۔ نیز دیکھیے گھر۔

گھڑ چڑھا:- (ا - مذ) گھوڑے پر چڑھا ہوا۔ پکا سوار۔ عمدہ سواری جاننے والا۔ گھڑ دوڑ (مو) گھوڑوں کی دوڑ (دیکھیے گھوڑا)۔ گھڑسال (مذ) اصطبل۔ طویلہ۔ گھڑیا (مو) چھوٹی گھوڑی۔

گھڑا:- (ا - مذ) مٹکا جسے کمہار نے بنایا ہو۔ ٹھلیا۔ گھڑوں پانی پڑنا۔ بہت شرمندہ ہونا۔ گھڑے لنڈھانا۔ گھڑوں پانی بہانا۔ کمال شرمندہ کرنا۔

گھڑانا:- (ا) گھڑوانا۔ بنوانا۔ گھڑاؤں (مو) گھڑنے کی اجرت۔ گھڑائی (مو) گھڑنے کی مزدوری۔ زیور بنانے کی اجرت۔ گھڑوائی (مو) گھڑنے کی مزدوری۔ زیور بنانے کی اجرت۔ گھڑت۔ ساخت۔ بناوٹ۔ مارپیٹ۔ گھڑنت (مو) بناوٹ۔ ساخت۔ بنائی ہوئی بات۔

گھڑنا:- (ا) لکڑی کو کاٹ کر ہموار کرنا۔ زیور بنانا۔ کوئی بات بنانا۔ گڑھنا۔ مارنا۔ گھڑوانا۔ متعدی۔

گھڑنال:- (ا - مو) توپ۔ رہکلا۔

گھڑنائے:- (ا - مو) وہ اوندھے گھڑوں کی گردن میں ڈنڈے لگا کر پانی میں تیرنے والی چیز (گھرنائی) ؎ میر حسن

میسر یہاں صاری کیسی ہی آئے
معلق ہے بحر کشتی کے گھڑنائے

گھڑونچی:- (ا - مو - گھڑا اونچی) لکڑی کی بنائی ہوئی تپائی جس پر گھڑے رکھتے ہیں۔

گھڑی: (ہ۔ مو) گھنٹے کا ⅜ حصہ۔ پہر کا آٹھواں حصہ۔ وقت ~ دبیر

جس گھڑی نہر پہ خیمے شہ والا کے ہوئے
اور ستمگار مزاحم لب دریا کے ہوئے

ایک آلے کا نام جو وقت بتاتا ہے۔ گھڑیال کا کٹورا ~

ہجر میں کوب کو وصل کی شب یہ کد تھی
گھڑی ڈوبتے ہی بجاتا گجر تھا

گھڑی بجنا - پرانے زمانے میں ہر گھڑی پر گھنٹہ بجتا تھا۔ گھڑی بنانا - گھڑی کی مرمت کرنا۔ گھڑی بھر - ایک گھڑی۔ لمحہ بھر۔ تھوڑی دیر۔ گھڑی میں تولہ گھڑی میں ماشہ - غیر مستقل مزاج۔ گھڑی میں کچھ گھڑی میں کچھ۔ گھڑی ٹھیک کرنا - گھڑی کی مرمت کرنا۔ تیز یا سست چلنے والی گھڑی کا وقت ملانا۔ گھڑی ساز (مذ) گھڑی بنانے یا درست کرنے والا۔ گھڑی ساعت کا ہونا - کوئی دم کا مہمان ہونا - مرنے کے قریب ہونا۔ گھڑی کوکنا - گھڑی کو چابی دینا۔ گھڑی گھڑی - دم بدم - ہر وقت - بار بار۔ گھڑی میں گھڑی جلے تو گھڑی کا ابھید یا۔ مثل ایک آفت کے بعد دوسری کون جھیل سکے گا۔ گھڑی میں گھڑیال ہے - دم میں کچھ سے کچھ ہو جاتا ہے - مرجاتے دیر نہیں لگتی۔ گھڑیاں گننا - انتظار کرنا۔ گھڑیوں - گھنٹوں تک - دیر تک۔

گھڑیال: (د۔ مذ۔ مو) پیتل کا گھنٹا جو گھڑیوں یا گھنٹوں کے حساب سے بجایا جاتا ہے۔ گھڑیال (مذ) مگرمچھ۔ گھڑیال کا کٹورا۔ وہ بڑا کٹورا جس کے بیچ میں سوراخ کر کے پانی کے ناند میں ڈالا جاتا ہے اور گھڑی بھر کے بعد ڈوبتا تھا۔ اسی حساب سے گھڑیال بجاتے تھے۔ گھڑیال گننا - گھڑیاں شمار کرنا، انتظار کرنا۔ گھڑیالی - گھڑیال بجانے والا۔ ~ ظریف

گھڑیالیوں کو دیکھیے گھڑیال بجا کر
چار آٹھ پہ بارہ پہ بجاتے ہیں گجر بھی

گِھسا: (د۔ مذ) رگڑ۔ ذکر کا فرج میں دخول۔ گھوڑے کو بگھی وغیرہ میں جوتنے کے لیے سدھانے کی لکڑی۔ (دینا۔ لگنا) دھوکا فریب۔ گھسا پٹی - فریب - دغا۔ گھسا میری - بچوں کا ایک کھیل۔

گِھسا ہوا: (د) استعمال کیا ہوا۔ پرانا۔ مستعمل۔ تجربہ کار۔ گھساؤ (مذ) رگڑ۔ فرسودگی۔ گھس پس کے اترے - گھس پس کے پرانا ہو (دعا) لباس کے لیے سزاوار اور مبارک ہونے کی دعا کے لیے بولا جاتا ہے۔ گھس جانا - رگڑ جانا۔ رگڑ کھا کر پس جانا (صندل گھس گیا) پرانا ہو جانا۔ گھس ڈالنا - رگڑ ڈالنا۔ بہت استعمال کرنا۔ گھس کر لگانے کو نہیں - کوئی چیز برائے نام نہیں۔ ذرا بھی نہیں۔ بالکل مفقود ہے۔ گھس گھس کے چلنا - کپڑے یا جوتی وغیرہ کا مدت تک چلنا۔ گھسنا - کسی چیز کو رگڑنا - لباس کا پرانا ہونا۔ کھرل کرنا۔ پتھر پر رگڑنا۔ وزن میں کم ہو جانا۔ گھسوانا - متعدی۔

گھس آنا: (د) اندر آ جانا۔ بغیر اجازت اندر آنا۔ گھسانا - اندر داخل کرنا۔ گھسیڑنا - دباؤ کے ٹھونسنا۔ گھس بیٹھنا - اندر بیٹھ رہنا - ایک دوسرے کے پاس ہو کر بیٹھنا۔ گھس پڑنا - بلاخوف کسی مکان یا جگہ میں داخل ہو جانا۔ گھس پل جانا - جہاں جگہ نہ ہو وہاں زبردستی گھس جانا۔ گھس پل کے - زبردستی زور آزمائی کر کے ~

کئی دن سے بڑا مجمع تھا جان بازوں کا مقتل میں
تلق نقد شہادت لوٹ لائے ہم بھی گھس پل کے

گھس پیٹھ (مو) دخل - رسائی - پہنچ - رسائی پیدا کر کے یار بنا کے - داخل ہو کے۔ ● گھُسنا - اندر جانا - داخل ہونا۔ ہجوم میں بلاخوف چلے جانا - مکان وغیرہ میں بے اجازت داخل ہونا۔ کسی چیز کا کسی چیز میں داخل ہونا - دخل دینا۔ گھسوانا - گھسنا کا متعدی۔

گھِسٹنا: (د) کھنچنا۔ زمین سے رگڑتا ہوا چلنا۔ گھسٹے گھسٹے پھرنا - کھنچے کھنچے پھرنا - پڑے جانا۔ معذور زندگی بسر کرنا۔

گھسڑنا: (د) گھسیڑنا کا فعل لازم۔

گھسم گھسا: (د۔ مذ) ایک کا دوسرے کو زمین پر رگڑ دینا۔ دو پتنگوں کی ڈور کا باہم رگڑا جانا۔

گھس کھدا: (د۔ مذ) گھاس کھودنے والا۔ گھسیارا۔ اونڈے جاہل۔

گھس گھس کرنا: (د) کسی کام میں دیر لگانا۔ ٹال مٹول کرنا۔ کانا پھوسی کرنا۔ کاہلی سے کام کرنا۔

گھسن پٹی: (د) (کرنا - ہونا) مار - زد و کوب۔

گھسیارا: (د۔ مذ) گھاس کھودنے والا۔ گھسیاری (مو) گھاس کھودنے والی عورت۔

گھسیٹ: (د۔ مو) خط شکستہ - جلدی جلدی لکھ دینا جس کے پڑھنے میں دشواری ہو۔ گھسیٹا گھسائی - کھینچا کھانچی - کھینچا تانی۔ گھسیٹن (مو) کسی چیز کے کھینچنے کا نشان جو زمین پر پڑ جاتا ہے۔ گھسیٹنا - زمین سے رگڑتے ہوئے لے جانا۔ جلدی لکھنا - آفت میں پھنسانا - پکڑوا بلانا - جلدی جلدی کھینچنا۔

گھسیڑنا: (د) گھسانا - داخل کرنا - بھرنا - ٹھونسنا - ذکر کا دخول۔

گھگریا: (د۔ مو) چھوٹا گھاگرا - چھوٹا لہنگا۔

گنجان۔ شاخ در شاخ۔ **گھن کا سکہ**۔ سکۂ رائج۔ **گھن کی اشرفی**۔ وزنی اور کھری اشرفی سے تعلق

تری دولت سے ہم اے عشق مالا مال بیٹھے ہیں
زرِ داغِ جنوں دل پر ہے گویا اشرفی گھن کی

گھن کی چوٹ۔ ضربِ شدید۔ **گھنی**۔ گنجان چیزوں کا ایسا پاس پاس ہونا کہ بیچ میں دوسری کسی چیز کی گنجائش نہ رہے۔ **گھن گھور گھٹا** بہت ہی کالی گھٹا۔ کالی اور ڈراؤنی گھٹا۔ (آنا۔ چھانا) **گھن گھور لڑائی**۔ گھمسان کا رن۔ **گھنیرا** (صفت) گھنا ہوا۔ **گھنیری چھاؤں**۔ گھنا سایہ۔

گِھن:- (ف۔ مو) کراہیت۔ نفرت۔ متلی۔ اُلٹی۔ **گھن آنا**۔ نفرت آنا۔ دل خراب ہونا۔ **گھن کھانا**۔ نفرت کرنا۔ **گھنونا**۔ مکروہ۔ میلا۔ جس کو دیکھ کر گھن آئے۔ **گھنیانا**۔ گھن کھانا۔ کراہت اور نفرت کرنا۔ **گھنونا**۔ مکروہ۔ میلا جس کو دیکھ کر گھن آئے۔ **گھنیانا**۔ گھن کھانا۔ کراہت اور نفرت کرنا۔

گُھن:- (ف۔ مذ) ایک قسم کے پردار کیڑے کا نام جو لکڑی یا غلہ وغیرہ کو اندر ہی اندر کھا جاتا ہے۔ پرانا مرض جو اندر ہی اندر جسم کو دبلا کر دے۔ غم۔ فکر۔ دلی رنج۔ **گھن جھڑنا**۔ گھن کھائی ہوئی لکڑی میں سے لکڑی کا برادہ نکل نکل کر گرنا۔ **گھن لگ جانا**۔ کیڑا لگنا۔ روگ لگ جانا۔ فکر لگنا۔ **گھنّا**۔ گھن جانا۔ غلہ یا لکڑی وغیرہ کو برادہ کر دینے والا کیڑا۔

گُھنّا:- (ف) وہ شخص جو بات کو سُنے اور جواب نہ دے۔ دل میں عداوت رکھنے والا۔ کپٹی۔ **گھنّاپن** (مذ) کپٹ پن۔

گھنٹا:- (ف۔ مذ) گھڑیال جسے بجاتے ہیں۔ وقت بتانے کا بڑا آلہ۔ ساٹھ منٹ کا وقت۔ **گھنٹا بجانا**۔ گھڑیال پر چوٹ لگانا۔ گھڑیال بجانا۔ **گھنٹا گھر** (مذ) اونچا مینار جس میں گھنٹے کی مشین اور سوئیاں لگی ہوتی ہیں۔ **گھنٹا ہلانا**۔ بیکار وقت ضائع کرنا۔ **گھنٹی** (مو) گھنٹا کی تانیث۔ دھات کا چھوٹا سا ظرف جو میز وغیرہ پر رکھتے ہیں اور دبانے سے بجتا ہے۔ **گھنٹے مور چھل سے اٹھانا**۔ بوڑھے آدمی کا جنازہ بڑی دھوم دھام سے اُٹھانا۔ (ہندوؤں کا روزمرہ ہے)

گھنڈی:- (ف۔ مو) کپڑے کا بٹن۔ تکمہ۔ دھان کی دوبارہ پھوٹی ہوئی جڑ۔ پونچھی کا وہ حصہ جو گھنڈی کی شکل ہوتا ہے۔ **گھنڈی کھولنا**۔ بٹن کھولنا۔ عقدہ کھولنا۔ دل سے کدورت دور کرنا۔ **گھنڈی لگانا**۔ بٹن لگانا۔ بٹن ٹانکنا

گھنگچی:- (ف۔ مو) رتی۔ گھنگچی۔ ایک قسم کا سُرخ دانہ جس کا وزن ⅛ ماشہ اور منہ سیاہ ہوتا ہے۔

گھنگرالے:- (ف) گھنگر والے بال۔ بل کھائے ہوئے بال۔

گھنگرو:- (ف۔ مذ) ایک قسم کے بجنے والے زیور کا نام۔ چھوٹے گول بجنے والے دانے جو اندر سے خالی ہوتے ہیں اور خلا میں پتھر کے کرکٹ وغیرہ ڈال دیئے جاتے ہیں جو ہلنے سے بجتے ہیں۔ **گھنگرو باندھنا**۔ ناچنے کی تیاری کرنا۔ **گھنگرو بند بھائی**۔ گرُو بچہ۔ ناچنے والے ایک دوسرے کو کہتے ہیں۔ **گھنگرو بولنا**۔ گھنگروؤں کا چھن چھن کرنا۔ مرتے وقت سانس کا رُک رُک کر نکلنا۔ (گھنگرو بجنا بھی) سند کے لیے دیکھیے "گھنگرو"۔ **گھنگرو سا (لدا) ہونا**۔ دانوں یا کسی چیز سے سر تا پا لدا ہونا۔

گھنگھنیاں:- (ف۔ مو) اُبلے ہوئے چنے یا جوار یا گیہوں وغیرہ۔ **گھنگھنیاں مُنہ میں بھر کر بیٹھنا**۔ خاموش بیٹھنا سے تعلق

لایا نہ کچھ جواب پیام او پیام بر
کیا گھنگھنیاں تجھے منہ میں اپنے بھرے ہوئے

گھنگولنا:- (ف) گھولنا۔ خوب ہلانا۔ پانی میں ہاتھ ڈال کر ادھر اُدھر خوب چلانا جس سے وہ گدلا ہو جاتا ہے

گھنگھنانا:- (ف) کسی پیسے کے جلدی جلدی چکر کھانے کی آواز۔

گُھنّی:- (ف۔ مو) گھنّا کی تانیث۔ دیکھو گھنّا۔ **گھنّی سادھنا**۔ خاموشی اختیار کرنا۔ جان کر جواب نہ دینا۔

گھوآ:- (ف۔ مذ) ایک کیڑے کا نام جو پانی کے کنارے رہتا ہو۔ سرکنڈے کے اوپر کا پھول۔ گل مار۔ جنجل کا پھول۔

گھوٹا:- (ف۔ مذ) کا لہ۔ گھوٹنے کا ڈنڈا۔ اُسترے سے سر یا داڑھی کی صفائی۔ چار ابرو کا صفایا۔ **گھوٹا لگانا**۔ رٹنا۔

گھوٹنا:- (ف) رگڑنا۔ حل کرنا۔ باریک کرنا۔ بٹنے میں پیلنا۔ کسی چیز سے رگڑ کے چکنا کرنا۔ رٹنا۔ بار بار پڑھنا۔ دبانا (گلا گھوٹنا) منڈوا کر چکنا کرنا۔

گھورا:- (ف۔ مذ) وہ سایہ دار جگہ جو چرنے والے جانوروں کے لیے بناتے ہیں۔

گھورا:- (ف۔ مذ) کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ۔ گھتا۔ گوبر کا ڈھیر وغیرہ۔

گھورا گھاری:- (ف۔ مو) دیدار بازی۔ آنکھیں لڑانا۔

گھورنا:- (ف) آنکھیں گاڑ کر دیکھنا۔ آنکھیں لڑانا۔ تاکنا۔ نگاہوں سے ڈانٹنا۔ بنظرِ محبت یا فساد دیکھنا۔ **گھور گھور کر دیکھنا**۔ غصے کی نظر سے دیکھنا۔ نظرِ تند سے دیکھنا۔

گھوری:- (ف) وہ شخص جو نہانے دھونے سے کام نہ رکھے۔ گندا۔ پلید۔

گھوڑا:- (ف۔ مذ) سواری کا ایک مشہور جانور۔ شطرنج کے ایک مہرے کا نام۔ بندوق کا گھوڑا

پینا - تھوڑا تھوڑا پینا - گھونٹ لینا - کش لگانا - چسکی لگانا -
گھونٹنا - گلا دبانا - سانس بند کرنا - دم روکنا - کسی کے گلے کو خوب دبانا - تنگ کرنا - بند کرنا (دم گھونٹ) حلق کے نیچے اُتارنا (دال گھونٹنا) (واو مجہول سے) رگڑنا - حل کرنا - کسی چیز سے رگڑ کے کاغذ کو چکنا کرنا - بار بار رٹنا -

گھونسا: (ہ - مذ) مکا - اچانک صدمہ - گھونسا دینا - مکا مارنا - گھونسا جڑنا یا لگانا یا مارنا - مکا رسید کرنا -

گھونسلا: (ہ - مذ) پرندوں کا گھر - تحقیراً چھوٹا سا گھر - گھونسلا اُجاڑنا - پرندے کا گھونسلا توڑنا - گھونسلا بنانا - پرندے کا اپنا گھر بنانا - چھوٹا سا گھر بنانا - گھونسلا نوچنا - گھونسلا توڑ پھوڑ ڈالنا -

گھونگا: (ہ - مذ) ایک قسم کے دریائی کیڑے کا خول - سیپی - خرمہرہ - کان کا وہ حصہ جو گھونگے سے مشابہ ہوتا ہے

گھونگٹ: (ہ - گھوں گٹ - مذ) دُلھن کے مُنہ کا پردہ - اوٹ - شرم - برقع - دوپٹے کا آنچل جو عورتیں مُنہ پر ڈال لیتی ہیں - روک - حجاب - پردہ - دروازے کی اندرونی دیوار - گھونگھٹ اُٹھانا - پردہ ترک کرنا - گھونگھٹ اونچا کرنا - بے حجاب ہونا - گھونگھٹ اُلٹنا - گھونگھٹ کو سر پر ڈالنا - مُنہ دکھانا - پردہ ترک کرنا - سامنے ہونا - گھونگھٹ کا چراغدان - وہ چراغدان جس کے چاروں طرف چھجا ہوتا ہے کہ ہوا سے چراغ نہ بجھے - گھونگھٹ کاڑھنا - دُلھن کا گھونگھٹ نکالنا - گھونگھٹ کرنا - پردہ کرنا - مُنہ چھپانا - فوج کا پسپا ہونا - گھونگھٹ کھانا - فوج کا شکست کھا کر پیچھے ہٹنا - گھونگھٹ کھولنا - مُنہ کا پردہ اُٹھانا - گھونگھٹ کی دیوار (مو) وہ دیوار جو دروازے کے سامنے پردے کے لیے بنائی جاتی ہے - گھونگھٹ نکالنا - دوپٹے کے آنچل سے پردہ کرنا - دوپٹے سے مُنہ چھپانا -

گھونگر: (ہ) بالوں کا قدرتی پیچیدہ ہونا - گھونگریالے بال - پیچ در پیچ سر کے بال -

گھونگھی: (ہ - مو) گھیروں کو روکنے کا وہ گھونگھا نما کڑا جو کنارے پر لگاتے ہیں - ایک چھوٹا سا گیرا

گھوئیاں: (ہ گھیاں - مو) ایک ترکاری جسے پنجاب میں آروی کہتے ہیں -

گھی: (ہ - مذ) آیا ہوا مکھن - گھی داغ کرنا - گھی کڑ کڑانا - گھی گھی سنوارے سالن اور بڑی بہو کا نام - نام کسی کا اور نام کسی کا - گھی کا کُپا لنڈھنا - کوئی بھاری نقصان ہونا - گھی گنوار - گنوار گندل - ایک قسم کا چھوٹا پودا جس کے لمبے پتوں کے دونوں طرف کانٹے ہوتے ہیں - گھی کہاں گیا کھچڑی میں (کھچڑی گئی پیاروں کے پیٹ میں) اپنا مال اپنوں میں کام آیا - نقصان نہیں ہوا - گھی کھچڑی - نہایت ملے جُلے گہرے دوست - گھی کھچڑی لانا - چھٹی میں ننھیال سے گھی کھچڑی آنا - گھی کے ڈبے مجازاً شلجم (دلّی کے ترکاری والوں کی صدا) گھی کھچڑی ہونا - ایک جان دو قالب ہونا - گھل مل جانا - گھی کے چراغ جلنا - مراد پوری ہونا - نہایت خوشی ہونا - گھی گرے پڑا مجھے روکھی بھاتی ہے - اپنی مجبوری اور شرمندگی چھپانے کے موقع پر بولتے ہیں -

گھیا: (ہ - مذ) کدو - ایک مشہور ترکاری - گھیا کش مذ ایک آلے کا نام جس میں گھیا کو گھس کر باریک کرتے ہیں -

گھیتلا: (ہ گھے ت لا - مذ) ایک قسم کا نوک مڑا جوتا - گھیتلی - جوتی جس کی نوک کافی مڑی ہوتی اور ایڑی نہیں ہوتی تھی -

گھیاں: (ہ) دیکھیے گھوئیاں اور گیان -

گھینٹنا: (ہ) کسی رقیق چیز میں کوئی دوسری چیز انگلی یا چمچ سے آمیز کرنا - اس طرح کہ انگلی یا چمچ اُوپر سے نیچے کی طرف نہ ڈالا جائے -

گھیر: (ہ - مذ) محیط - دور - گھیرا - چکر - گھماؤ - حلقہ - دائرہ - احاطہ - شیروانی اور پاجامے وغیرہ کا دَور - برق

تیرے آنے سے جہاں لے گل ہوا ہے باغ باغ
دامن باد بہاری پیرہن کا گھیر ہے

گھیر دار - گھیرے والا - گھیر دار - کشادہ - ڈھیلا ڈھالا -

گھیر گھار: (ہ - مذ) لباس کی چوڑائی اور ڈھیلا پن (مو) روک ٹوک - محاصرہ - گھیر گھار کر - چاروں طرف سے اکٹھا کر کے - ہر طرف سے سمیٹ سماٹ کر - ایک جگہ کر کے - گھیر گھار کرنا - روک ٹوک کرنا - محاصرہ کرنا - مجبور کرنا -

گھیرا: (ہ - مذ) حلقہ - دائرہ - کنارہ (ہانڈی کا گھیرا) نرغہ - محاصرہ - بغیر پلنگ - جنجال - وقت - سحر

غم کے گھیروں میں ہیں گلیوں میں ہے اب گھر اپنا
صف ماتم ہے اب اپنے لیے بستر اپنا

گھیرا ڈالنا - چاروں طرف سے گھیر لینا - حلقہ کر لینا - گھیر لینا گھیرنا - چاروں طرف سے محاصرہ کر لینا - پکڑ لینا - رستہ روک لینا چاروں دیواری بنانا - مجبور کرنا - پیچھے پڑنا - گھیرے میں آنا گھر جانا - محصور ہونا - پھنس جانا -

گھیکوار: (ہ - مذ) ایک قسم کا پودا اور اس کی شاخ جو اُوپر سے چوڑی اور نوکدار ہوتی ہے - داہنی اور بائیں جانب کانٹے ہوتے ہیں وہ چھلکا اُتارنے سے لیس دار کڑوا گودا نکلتا ہے -

گھنٹا :- (ھ - مذ) سور کا بچہ -

گھینگا :- (ھ - گھیں گا - مذ) گھٹے کے ایک مرض کا نام

گھیور :- (ھ - مذ) ایک قسم کی مٹھائی جو میدے اور گھی سے بنتی ہے -

گئو :- (ھ - مو) گائے -

گئی :- (ھ - مو) درگزر - تغافل (کرنا) ؎ امیر

نہ آئے اگر یار پیمان شکن
اجل بھی تو آنے میں کرتا گئی

گیا ہوا مونث دیکھو گیا -
گئی گزری - گئی گزری (مو) بے وقعت - حقیر - پرانی بات -

گئے ورجے :- (ھ) آخرکار - کسے کم - گئے گزرے - بے کار - بدتر - گئے وقت میں -
(اس کے ساتھ) اس بُرے وقت میں - اس غربت و بداقبالی کے زمانے میں -

گی :- (لاحقہ) (کسی لفظ کے آخر میں کبھی مصدر کے معنی دیتا ہے (آسودگی - زندگی) کبھی اسم فاعل کے معنی آتا ہے (خانگی) اردو کے فعلوں میں کبھی مستقبل کی علامت ہوتا ہے (آئے گی) کبھی معنی احتمالی کے ساتھ آتا ہے (بکی ہوگی)

گیا :- (ھ) گذشتہ - گیا - سابق کو - گزرا - جاتا رہا - تباہ ہوا - برباد ہوا ؎ شاد

مجھے بچے جی گیا گرفتار عشق
پھنسا اس میں جو عمر بھر کو گیا

گیا (اسم معرفہ) صوبہ بہار کے ایک شہر کا نام جو ہندوؤں کا تیرتھ ہے - گیا بیتا - گزرا ہوا - نکما - ناقابل استعمال - خراب - گیا گزرا - بیتا ہوا - نکما - بے شرم - بے عزت - برے حال میں - کم حوصلہ - ناچیز - کمزور - مفلس - ناقابل و صول - نالائق - گیا گزرا ہوا - جاتا رہنا - گزر جانا - بیکار ہونا - وصول نہ ہونا - یاد ہونا - گیا وقت (مذ) گزرا ہوا وقت - گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں - مناسب موقع بار بار ہاتھ نہیں آتا -

گیا بھن :- (ھ) حاملہ مویشی - گابھن - گیا بھن ہونا - جانور کا پیٹ سے ہونا -

گیارہ :- (ھ) ایک اور دس کی تعداد (۱۱) گیارھواں - گیارہ سے نسبت رکھنے والا - جو دس کے بعد ہو -

گیان :- (س - مذ) علم - واقفیت - عقل - علم معرفت - گیانی - عالم - فاضل - خدا کو جاننے والا - (ہندو صوفی)

(روزمرہ)

گیاہ :- (ف - مو) ہری یا خشک گھاس -

گیت :- (ھ - مذ) راگ - بھجن - گانا - گیت گانا - راگ گانا - ایک خاص قسم کی نظم گانا - رام کہانی کہنا - گن گانا - تعریفیں کرنا -

گیتا :- (ھ) ہندوؤں کی ایک مذہبی کتاب جس میں معرفت کے مضامین ہیں -

گیتی :- (ف - گے تی - مو) دُنیا - زمانہ - عالم - مجازاً زمین - گیتی آرا - جہان کو سجانے اور آراستہ کرنے والا - (مذ) سورج -

گیٹس :- (انگ - مذ) چمڑے یا کپڑے کی بنی ہوئی پٹی جسے کہ سوار پنڈلیوں پر بٹن یا بندھے کس لیتے ہیں - ربڑ وغیرہ کا جستہ جو موزوں پر چڑھاتے ہیں - تاکہ وہ نیچے کو ڈھلکیں -

گیدڑ :- (ھ - مذ) ایک جانور کا نام جو کتے سے مشابہ ہوتا ہے اور رات کے وقت جنگل میں ہُو ہُو کرتا ہے -
گیدڑ بولنا - بُرے شگون کی علامت - اجڑنا - غیر آباد ہونا - گیدڑ بھبکی (مو) دکھاوے کی دھمکی -

گیدھنا :- (ھ) چسکا پڑنا - حریص ہونا

گیدی :- (ھ) بے شرم - بزدل - احمق - بے غیرت - چیل جس کی نسبت لوگوں کا خیال ہے کہ چھ مہینے نر اور چھ مہینے مادہ رہتی ہے - گیدی خر - بہت بڑا بیوقوف -

گیرائی :- (ف - مو) پکڑ - وہ محکمہ جس میں ٹھگوں کے پکڑنے کا کام ہوتا ہے -

گیرو :- (ھ - مذ) ایک قسم کی لال مٹی - گیروا - گیرو کے رنگ کا - لال رنگ کا - گہرا گلابی -

گیرو دار :- (ف - مو) پکڑ دھکڑ - لڑائی جھگڑا -

گیڑی :- (ھ - مو) وہ لکڑی جس سے لڑکے اس طرح کھیلتے ہیں کہ ایک لڑکا لکیر کھینچ کر اس سے تھوڑے فاصلہ پر لکڑی رکھتا ہے اور دوسرا اس پر اپنی لکڑی کی چوٹ لگا کر لکیر سے پار کر دینے کی کوشش کرتا ہے - گیڑیاں - جمع گیڑیاں کھیلنا - مجازاً نکما ہونا اور فضول وقت ضائع کرنا -

گیسو :- (ف - مذ) لمبے بال جو سر کے دونوں طرف ہوتے ہیں - گیسو بریدہ - فاحشہ - بے حیا عورت -
گیسوئے شمع (با ضا - مذ) شمع کا دھواں -

گیگلا :- (ھ - مذ) بیاہ وغیرہ - بھولا - احمق - بلا - بے سلیقہ - پھوہڑ - گیگلی (مو) بھولی بھالی -

گیل :- (ف - مو) کیلے کی پھلیوں کا گچھا۔ کھجور کا خوشہ

گیلا :- (ہ) بھیگا ہُوا - ترکیا ہُوا - گیلاپن (مذ) تری۔ گیلا کرنا - بھگونا - ترکرنا - گیلا ہونا - بھیگنا - تر ہونا - گیلے سوکھے دونوں جلتے ہیں (مو) اندھیر اور ظلم ہونا - گیلے سُوکھے میں سونا - (مو) بچے کی پرورش میں تکلیف اُٹھانا - گیلا سیلا - گیلا - نم -

گیلڑ :- (ہ) پہلے خاوند کا بچہ - جسے عورت دوسرے خاوند کے گھر لے جائے -

گیلن :- (انگ - مذ) پانی کی قسم کی چیزیں ناپنے کا انگریزی پیمانہ -

گین :- فارسی لاحقہ جو بھرا ہوا کے معنی دیتا ہے - غمگین - سُرگین -

گینا :- (ہ - مذ) چھوٹے قد کا بیل - گینی - چھوٹے قد کی گائے -

گینجنا :- (ہ - گینج نا) ہاتھوں سے مَل ڈالنا -

گیند :- (ہ - مو - مذ) کپڑے یا چمڑے کا چھوٹا سا گولہ جس سے لڑکے کھیلتے ہیں - گول قالب جس پر پگڑی وغیرہ درست کرتے ہیں ("ہماری لال گیند" سخندانِ فارس - نگ میں مذ) گیند بلا کھیلنا - کرکٹ کھیلنا -

گیندا :- (ہ - مذ) ایک زرد پھول کا نام - گُلِ صد برگ - **گیندی** - گیند کے رنگ کا - گیندیا -

گینڈا :- (ہ - مذ) ایک نہایت طاقت ور سینگ والے جانور کا نام جس کی کھال سے ڈھالیں بنائی جاتی ہیں -

گیو :- (ف - مذ) ایران کے ایک مشہور پہلوان کا نام - ناسخ

طاقت میں ہے پشن کی حقیقت نہ گیو کی
اُنگلی سے پھیرتا ہوں کلائی میں دیو کی

گیہاں :- ایک سابقہ جو جہاں کے معنی دیتا ہے (جیسے گیہاں خدیو)

گیہوں :- (ہ - مذ) گندم - کنک - گیہوں کی بال نہیں دیکھی - بہت ناتجربہ کار ہے - گیہوں کی روٹی کو فولادی پیٹ چاہیے - بڑا درجہ پاکر ضبط اور متانت سے کام لینے کے لیے حوصلے اور ظرف کی ضرورت ہے -

ل

ل :- اُردو اب ت کا تیسواں حرف ہے - ابجد کے حساب سے اس کے تیس عدد ہوتے ہیں - اکثر شعراء زلف کو اس سے تشبیہ دیتے ہیں ؎ ظفر

شکل عجب انداز سے ہے رُخ پہ ترے زلف
ایسا خطِ تعلیق میں بھی لام نہ پایا

اُردو کے مصادرِ لازم میں حرفِ اوّل کے بعد بڑھادیں تو تعدیہ (متعدی) کے معنی پیدا کر دیتا ہے (بلنا سے جلانا پینا سے پلانا) مصادر میں الف متعدی سے پہلے زائد ہوتا ہے - (دکھانا - دکھلانا) کے آخر میں کبھی مصدر کے معنی دیتا ہے (بول چال) کہیں نسبت کے لیے آتا ہے (بوجھل - گھٹیل)

لآلی :- (ع - مذ) موتی - اس کا مفرد ہے لؤلؤ -

لا :- (ہ) مرکب مصدروں کے شروع میں "لاکر" کے معنی دیتا ہے - (لا اتارنا یعنی لاکر اتارنا) (ع - مذ) عموماً عربی اسموں کے شروع میں نفی کے لیے آتا ہے - بغیر - نہیں اور نہ کے معنی دیتا ہے (لامذہب جس کا کوئی مذہب نہ ہو) اُردو فارسی کا بھی سابقہ ہے اور نفی کے معنی دیتا ہے - لاسخن - **لااُبالی** - غافل - آزاد - بے پروا - **لااُبالی پن** (مذ) الھڑپن - شوخی - بے پروائی - **لااعلم** - میں نہیں جانتا - **لااُمتی** - جو اُمّت سے خارج ہو - بے دین - بے استاد - **لابُد** - بے شک - یقیناً - بالضرور - **لابدی** - ضروری - لازمی - یقینی - **لاپتا** (ہونا - کرنا) بے نشان - غائب - **لاتحصٰی** - بے شمار - بے حساب - **لاتعد** - بے شمار - بے حساب - **لاثانی** - جس کی طرح کا اور کوئی نہ ہو - یکتا - یگانہ - **لاجواب** - چپکا - خاموش - جس کا ثانی نہ ہو - ہارا ہُوا - مغلوب - عاجز - قائل - **لاجواب کر دینا** - مات کر دینا - ہرا دینا - چُپ کر دینا - جواب بن نہ پڑنا - **لاچار** - مجبور - اپاہج - غریب - مجبور ہو کر - تھک کر (جمع ناچار ہے) **لاچاری** (مو) مجبوری - بے بسی - محتاجی - غریبی (جمع ناچاری ہے) **لاحاصل** - اکارت - بے فائدہ - **لاحل** - جو حل نہ ہو سکے - مشکل - **لاحول** (مو) کلمۂ نفرت - حقارت کا کلمہ - شیطان کے بھگانے کا کلمہ - بری بات پر تاسف کرنے کا کلمہ - لعنت - پھٹکار - **لاحول بھیجنا** - لعنت بھیجنا - دھتکارنا - خیال نہ کرنا - پروا نہ کرنا - نفرت ظاہر کرنا - **لاحول پڑھنا** - شیطان کو دُور کرنا - غصہ - خیال دُور کرنا - **لاحول ولا قوۃ** - اظہار نفرت و بیزاری کے لیے بولتے ہیں - لاحول

ولا قوۃ الا باللہ - کلمۂ نفرت - خدا کے سوا کسی میں کچھ طاقت و زور نہیں - معاذ اللہ ایسا نہیں ہو سکتا - **لاخراج** - وہ زمین جس پر سرکاری محصول نہ ہو - **لادعویٰ** مذ فارغ خطی دست برداری (دینا - لکھنا) ؎ حق

تم نے شہادت لکھ کے لادعوے بھی جب لکھا
ہوئے مہر کی سر نامۂ مکتوب دل پر ہے

لا دوا - جس کی کوئی دوا نہ ہو سکے - **لاریب** - بغیر شک کے - یقیناً - **لازوال** - جس کو زوال نہ ہو - ہمیشہ رہنے والا - **لاسخن** - بدزبانی - گستاخی - گالی ؎ شاد

واسخنی کہہ رہے ہیں اڑتے ہیں
واہ کیا منہ سے پھول جھڑتے ہیں

لاشریک - خدائے تعالیٰ جس کا کوئی شریک نہیں - **لاشے** - معدوم - ہیچ - **لاطائل** - بے سود - **لاعلاج** - لا دوا - ناچار - **لاعلم** - جس کو کوئی بات معلوم نہ ہو - بے خبر - **لافتیٰ** - حضرت علی کی شان میں فرشتے نے کہا تھا لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار یعنی علی کے سوا کوئی بہادر نہیں اور ذوالفقار سے بڑھ کر کوئی تلوار نہیں - **لاکلام** - جس بات میں کچھ گفتگو کی جگہ نہ رہی ہو - یقیناً - ضرور - البتہ - بیشک - **لاکلامی / لاکلام ہونا** - گفتگو کی گنجائش نہ رہنا - خاموش ہو جانا - کچھ کہتے بن نہ پڑنا - **لامحالہ** - یقیناً - بالضرور - **لامذہب** - جس کا کوئی مذہب نہ ہو - بے دین - دہریہ - **لامذہب ہونا** - دہریہ ہونا - کسی مذہب کا پابند نہ ہونا - **لامکان** - وہ منزل قدس جو قدرت کی حد سے باہر ہو - خدا کا عالم قدس - **لاوارث** - جس کا کوئی حقدار نہ ہو - **لاوارثا** (مذ) لاوارث - جس کا کوئی وارث نہ ہو - **لاوارثی** (مو) وہ چیز جس کا کوئی وارث یا مالک نہ ہو - **لاولد** - جس کے اولاد نہ ہو - بے اولاد - **لاولد مرجانا** - کوئی اولاد پیچھے نہ چھوڑنا - **لاولد ہونا** - کوئی اولاد نہ ہونا - **لایزال** - ہمیشہ رہنے والا - دائمی - **لایعنی** - جس کا کوئی فائدہ نہ ہو - لغو اور پوچ بات - **لایموت** - نہ مرنے والا - غیر فانی -

لابھ :- (ﮨ - مذ) نفع - فائدہ - بالائی آمدنی - رشوت - ویہ -

لات :- (ﮨ - مو) پاؤں کی ضرب - ٹھوکر - عرب کے ایک مشہور بت کا نام جو زمانۂ جاہلیت میں پوجا جاتا تھا ؎

اک بت تو سا را دل سنگیں الفت کا فریاد ہم تکیں
صورت لات و شکل منات و رشک عزیٰ و غیرت منے ذوق

لات جانا - گائے بھینس وغیرہ کا دودھ سے ہٹ جانا - دودھ دوہتے ہی لات مارنے لگنا - **لات چلانا** - لات مارنا - دولتی مارنا - **لات لگانا** - ٹھوکر یا گستاخی کرنا - **لات مار کر کھڑا ہونا** - بیماری سے تندرستی کے ساتھ اٹھنا - **لات مارنا** - نفرت ظاہر کرنا - ٹھکرانا - بے عزتی کرنا - گستاخی کرنا - **لات کی مو** - لاتوں اور گھونسوں کی لڑائی - **لاتوں کا بھوت باتوں سے نہیں مانتا** - مار کھانے والا کہنے سے نہیں سمجھتا - **لاتیں چلانا** - لاتیں مارنا - پاؤں چلانا - **لاتیں کھانا** - لاتوں سے مار کھانا - ٹھکرانا - لاتوں سے مارنا

لاٹ :- (ﮨ - مو) بہت اونچا ستون - مختلف چیزوں کے ڈھیر میں ہر ڈھیر ایک لاٹ کہلاتا ہے - نیلام کی بولی مذ صوبے یا ملک کا حاکم اعلیٰ جسے گورنر کہتے ہیں - **لاٹ پادری** (مذ) سب سے بڑا پادری -

لاٹھ :- (ﮨ - مو) بہت اونچا ستون - مینار - کولھو کا لٹھ - موگری - موسل - چرخی کی سب سے لمبی ورزش کی کھونٹی

لاٹھی :- (ﮨ - مو) ہاتھ کی لکڑی - جریب - **لاٹھی یا لٹھی** (مو) مار پیٹ - **لاٹھی پونگا** - مذ لاٹھی دو سونٹا زدوکوب - **لاٹھی ٹیک کر چلنا** - لاٹھی کے سہارے چلنا - بوڑھوں کی طرح چلنا - **لاٹھی چلنا** - ڈنڈوں سے جنگ ہونا - **لاٹھی چارج** - مجمع منتشر کرنے کے لیے پولیس کا لاٹھی گھمانا - **لاٹھی لٹھول** (مو) جھگڑا - مار پیٹ - تکرار - **لاٹھی مارے پانی جدا نہیں ہوتا** - عزیزوں میں فرق ڈالنے سے فرق نہیں پڑتا - رشتے دار جدا نہیں ہوتے -

لاج :- (ﮨ - مو) حیا - شرم - عزت - آبرو - **لاج آنا** - لحاظ آنا - شرم آنا - **لاج رکھنا** - عزت بچانا - شرم رکھنا - **لاج سے مرنا** - بہت ہی شرمندہ ہونا - **لاج کرنا** - شرم لحاظ کرنا - **لاج کھونا** (مو) بے حیا ہونا - **لاج کی اوکھے جہاز سے بھاری** - شرم کی وجہ سے مفلسی ڈرنے کے موقع پر - **لاجوں مرنا** - شرم کے مارے گڑ جانا -

لاجالوجی :- (ﮨ - مو) خوشامد - تملق -

لاجورد :- (ﮨ - مذ) ایک چمکدار نیلا پتھر - ولایتی نیل - **لاجوردی** - لاجورد کے رنگ کا نیلا -

لاجونتی :- (ﮨ - مو) چھوئی موئی کا پودا - باحیا - باعزت -

لاحق :- (ع) پیچھے سے پہنچنے والا - پیچھے سے آنے والا - عارضی (انھیں دو برس سے یہ مرض لاحق ہوا ہے) - **لاحق ہونا** - چمٹنا - ملنا - لاحقہ - گرامر میں وہ حرف کلمات کے آخر میں آتا اور معنوں پر اثر کرتا ہے - بعد کا - پچھلا - پیچھے -

لادچھاند :- (ﮨ - مو) اسباب باندھنا - اسباب بار کرنا - **لادچلنا** - اسباب لاد کر روانہ ہونا - **لادنا** - کسی جانور پر بوجھ رکھنا - چھکڑے یا گاڑی میں اسباب

بھرنا - سر پر بوجھ رکھنا - **لادُو** - وہ حیوان جس پر بوجھ لادتے ہیں - **لادی** (مو) بوجھ - بھار - دھوبیوں کی گٹھری - بہت بڑی گٹھری - **لادے لادے پھرنا** - بوجھل چیز لیے لیے پھرنا - **لاد دے لدا دے لادنے** (لدا) **والا ساتھ دے** - (کہ) ایک تو مدد و ہمدردی پھر کاہلی کا یہ حال کہ سارا بوجھ ہمدرد کے سر -

لاڈ : (ہ - مذ) پیار - محبت - ماستا - **لاڈ پیار** - مذ پیار - محبت - **لاڈ کرنا** - پیار کرنا - ناز کرنا - **لاڈ لڈانا** - لاڈوں سے پالنا - **لاڈ سہنا** - **لاڈلا** - پیارا - وہ بچہ جسے ماں باپ نے نہایت پیار سے پالا ہو - **لاڈلی** مو - پیاری وہ لڑکی جو نہایت پیار اور محبت سے پلی ہو - **لاڈو** (مو) لاڈلی دلھن -

لاالبیری :- (ا - مو) تال مٹول - آلے بالے - حیلہ حوالہ (لگانا - کرنا)

لاری :- (انگ - مو) موٹر گاڑی جس میں کافی آدمی بیٹھتے ہیں -

لاڑھیا :- (ا) بری چیز کو اچھا کر کے بیچنے والا - مکار - دغا باز - **لاڑھیا پن** - کمیشن اور دلالی کی ہوس میں بیچنے والے کے خراب مال کی تعریف کرنا

لازِم :- (ع) پیچھے لگا ہوا - چمٹا ہوا - ضرور - سزاوار - واجب - فرض - وہ فعل جو فاعل ہی پر ختم ہو جائے اور مفعول کو نہ چاہے - **لازم آنا** - ضروری ہونا - یقینی نتیجہ نکلنا - **لازم پڑنا** - ضروری ہونا - مجبوری سے کسی کام پر مجبور ہونا - **لازم جاننا** - فرض جاننا - ضروری سمجھنا - **لازم ملزوم** - ایک دوسرے پر موقوف - وہ دو چیزیں جو جدا نہ ہو سکیں واجب - ضروری - **لازمہ** (مذ) جز لاینفک - سامان ضروری جو کسی آدمی کو چاہیے - سامان - **لازمی** - ضروری - واجب -

لاسا :- (ہ - مذ) ایک درخت کا لیس دار مادہ - عادت - چسکا - جھگڑا - **لاسا لگا رہنا** - اشتیاق رہنا - **لاسا لگنا** - بہت دیر تک بیٹھنا - **لاسا چیکنا** - **لاسا لگانا** - پرندوں کے پکڑنے کے واسطے کسی چیز پر لیس دار چیز لگانا - دو شخصوں میں جھگڑا ڈالنا - پھانسنا سے گلزار نسیم

دے کر تسیا و نے دلاسا
چاہا پھر کچھ لگائے لاسا

لاسا ہو جانا - چپٹ جانا - **لاسے پر لگانا** - پرچانا - ڈھب پر ڈالنا - اپنا گرویدہ بنانا - پارہ بنانا -

لاش :- (ت - مو) مردہ جسم - مردہ - مقتول کا جسم - جنازہ - **لاش پڑنا** - قتل ہونا - ڈھیر ہونا - **لاش ڈالنا** - مار ڈالنا - قتل کر دینا - **لاشہ** (مذ) لاش - لاشہ لانا -

میت لانا -

لاشعُور :- (ع - مذ) عقل خفی - دبی ہوئی حس - ناسمجھ -

لاطِینی :- (ع - مو) روم کی وہ زبان جس میں یونان کی زبان ملی ہوئی تھی -

لاغر :- (ف - مذ) دبلا - پتلا - کمزور - **لاغری** (مو) دبلا پن - کمزوری -

لاف :- (ف - مو) ڈینگ - شیخی - بڑائی - گپ - **لاف زن** - شیخی باز - بڑ مارنے والا - بڑبولا - گپی - **لاف زنی** - شیخی بگھارنا - ڈینگ مارنا - گپ مارنا - **لاف زنی کرنا** - شیخی مارنا - اترانا - **لاف و گزاف** - مو بے ہودہ باتیں کرنا - گپیں ہانکنا - شیخی -

لاک :- (ہ - مذ - انگ) قفل - تالا -

لاکٹ :- (انگ - مذ) گھنڈی - کانٹا - ہُک - ایک زیور کا نام - تعویذ (انگریزی میں یکسر کے ہے)

لاکھ :- (ہ - مذ) سو ہزار کی تعداد - بہتیرا - بہت سا - نہایت - کتنا ہی - ہر چند - مو ایک درخت کا گوند جس کو پگھلا کر کاغذ یا کپڑے پر ٹپکاتے اور اس پر مہر لگاتے ہیں - **لاکھ بسوے** - بے شک - ضرور - یقیناً - **لاکھ چوہے کھا کر بلی حج کو چلی** - بہت گناہ کر کے توبہ کا ارادہ کیا - **لاکھ سر کا ہو جانا** - ہٹ کرنا - کسی کے کہنے سننے کو خیال میں نہ لانا - ڈھیٹ ہو جانا - ایک نہ ماننا - بہت زبردست اور سر پر آوردہ ہونا -
ع آتش

سودائے دل نہ کیجیے گو لاکھ سر کا ہو
جب تک نہ خوب پائے خریدار توڑیے

لاکھ کا گھر خاک ہو جانا - لازم کر دینا - تنگدستی (دولت و عزت پر پانی پھرنا) سند کے لیے دیکھیے خسرو - **لاکھ کو خاک سمجھنا** - بے فکر - ایماندار ہونا - (ع - بے تو غریب مگر لاکھ کو خاک سمجھتی ہے - بنات النعش) **لاکھ لاکھ** - بیحد ع

ہے لاکھ لاکھ شکر خدائے جلیل کا

ہر چند (اس کو لاکھ لاکھ سمجھایا مگر نہ مانا) **لاکھوں میں** - ہزاروں میں - لاکھوں میں - سب کے سامنے - شرط لگا کر - ضرور - یقیناً **لاکھ میں ایک** - چھٹا ہوا - نیز لاکھ (ہ - مو)

لاکھ :- (مو) لاکھ - لاک - ایک سرخ گوند کا نام - **لاکھ کی بتی** (مو) لاکھ گوند کی بتی جس سے مہریں لگاتے ہیں **لاکھ کی چوڑیاں** (مو) لاکھ گوند کی بنی ہوئی چوڑیاں -

لاکھا :- (ہ - مذ) پان کا سرخ رنگ جو عورتیں خوبصورتی بڑھانے کے لیے ہونٹوں پر جماتی ہیں (جمانا - لگانا)

لالوں لال ۔ نہایت سرخ ۔ نہایت شوخ ۔ نہایت پیارا ۔ خوش خون ۔ **لالوں لال بنا پھرنا** ۔ نہایت سرخ بنا پھرنا ۔ نہایت موٹا تازہ اور خوش ہونا ۔ **لالوں کی لال** (مذ) تربوز بیچنے والوں کی صدا ۔ صفت ۔ تربوز کی قاش ۔

لالٹین :۔ (ا ۔ مو) شیشے کی قندیل ۔ فانوس ۔ روشنی۔

لالچ :۔ (ہ ۔ مذ) حرص ۔ بہلاوا ۔ ترغیب ۔ بھلاوا ۔ **لالچ دینا** ۔ پھسلانا ۔ **لالچ کرنا** ۔ حرص کرنا ۔ طمع کرنا ۔ **لالچ میں آنا** ۔ طمع میں پھنسنا ۔ دم میں آنا ۔ **لالچ ہونا** ۔ طمع ہونا ۔ حرص ہونا ۔ **لالچی** ۔ حرص کرنے والا ۔ طامع ۔ حریص ۔ **لالچی بندہ** (مذ) مطلب کا یار ۔ طامع ۔

لالڑی :۔ (ہ ۔ مو) چھوٹا مونگا ۔ چھوٹا لال ۔ یاقوت ۔ تامڑا ۔

لالہ :۔ (ف ۔ مذ) ایک قسم کا سرخ رنگ کا پھول ۔ وہ شمع جو مشاعرے میں گردش کرتی ہے ۔ **لالہ پیکانی** ۔ لالہ کی ایک خاص قسم ۔ **لالہ رخ** ۔ سرخ چہرے والا معشوق ۔ **لالہ زار** (مذ) لالے کا کھیت ۔ **لالہ فام** ۔ **لالہ گون** ۔ لالے کے رنگ کا سرخ ۔ **لالہ** ۔ (ف غلام لالا سے لالہ بناکر اردو ۔ مذ) ہندوؤں سے مخصوص ۔ جناب ۔ مہاجن ۔ بنیا ۔ باپ کے لیے حرف خطاب ۔ بودا ۔ ڈرپوک ۔ **لالہ بھائی** (مذ) لالہ ۔ ہندو ۔ ڈرپوک ۔ **لالہ بھائی کرنا** ۔ پیار کرنا ۔ خوشامد کرنا ۔ **لالہ جی** (مذ) ہندوؤں کا با عزت کا لقب ۔ خسر ۔

لالے :۔ (ہ ۔ مذ) خواہش ۔ نہایت ناامیدی ؎

شام ہوئی تو صبح کے لالے
صبح ہوئی تو شام نہیں ۔ رشک

لالے پڑنا ۔ حسرت ہونا ۔ تمنا ہونا ۔ ؎ جان صاحب

جیسے یعقوبؑ کو یوسفؑ کے پڑے تھے لالے
اس طرح دل مرا اب اس کے پڑا ہے پالے

آس ٹوٹنا ۔ مصیبت میں پھنسنا ۔ مشکل پڑنا ۔ **لالے ہونا** ۔ کسی امر کا مشکل ہو جانا ؎ ناسخ

تجھ پہ اے رشک چمن نرگس اگر بیمار ہے
باغ میں لالے کو اپنی زیست کے لالے ہوئے

لام :۔ (ع) ایک حرف کا نام ۔ (مذ ۔ فرنچ) فوج کا دستہ ۔ بریگیڈ ۔ **لام باندھنا** ۔ چڑھائی کے لیے فوج جمع کرنا ۔ **لام بندی** (مو) فوج اکٹھی کرنا ۔ فوج بھرتی کرنا ۔ **لام بندی کرنا** ۔ فوجیں بنانا ۔ فوج اکٹھی کرنا ۔ **لام پر جانا** ۔ فوج میں بھرتی ہو کر لڑائی پر جانا ۔ **لام کاف** (مذ) گالی گلوج ۔ برا بھلا ۔ لعنت ملامت ۔ **لام کاف بکنا** ۔ گالیاں دینا ۔

لاما :۔ (س ۔ مذ) بودھ مذہب والوں کا پیشوا ۔

لامسہ :۔ (ع ۔ مذ) چھونے کی قوت ۔

لامع :۔ (ع) روشن ۔ درخشاں ۔

لانا :۔ (ہ) ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا ۔ حاضر کرنا ۔ پیش کرنا ۔ سامنے کرنا ؏ رشک

یار آنے میں نہ لائے حیلۂ طوفان کہیں

اٹھانا ۔ برپا کرنا ؎ صبا

تپ الفت کا حرارہ جو مسیحا لائے
آب نظارہ خورشید نہ حربا لائے

مول لینا ۔ خریدنا (تم یہ آم چار آنے سیر لائے ہو) ۔ رہانا (ہاتھ لاؤ) برداشت کرنا ؎ شرف

آنکھوں سے حسن یار کا دیکھا نہ جائے گا
برداشت لا سکیں گے نہ اس کے جمال کی

دکھانا (یہ اقدام اور کچھ رنگ نہ لائے) پیدا کرنا ؏ راسخ

نئے سرے سے لائی جوانی شراب

آنے دینا ۔ دکھانا ؎ شوق

وہ دن فراق کا کہ نہ لائے خدا جسے
اس عشق میں بدا ہے بہر طور دیکھنا

ساتھ لے کر پیدا ہونا ؏ ذوق

تجھ کو سے دیتے ہیں جتنی زندگی لالے میں لوگ

شامل کرنا ۔ جھگڑا کھڑا کرنا (جیسے میل لانا) گنتا پاکرنا (وہ اس کے لیے عورتیں لاتا ہے) ۔ **لاؤ** ۔ دو ۔ مجھے دو ۔ لے آؤ ۔ ساتھ لاؤ ۔ زائد حسن کلام کے لیے (ایک دن میں نے سوچا لاؤ انھیں بھی دیکھتا چلوں)

لانبا :۔ (ہ ۔ مذ) لمبا ۔ دراز قامت ۔

لانگ :۔ (ہ ۔ مو) کھلیان ۔ کٹے ہوئے اناج کا ڈھیر ۔ تیل کی شاخیں اور پتیاں ۔ لنگی کا پیچھے گھرسا جانے والا سرا ۔

لانگن :۔ (ہ ۔ مو) الانگن ۔ روندن ۔ اوپر سے گزرنا (بعض لوگ لانگھن بھی بولتے ہیں) **لانگن میں آنا** ۔ روندن میں آنا ۔ الانگا جانا ۔

لانگنا یا لانگھنا :۔ (ہ) عبور کرنا ۔ اوپر سے گزر جانا ۔ گھوڑے پر پہلے پہل سواری کرنا ۔

لاوہ :۔ (ہ ۔ مذ) بھون کر کھیل کیا ہوا جوار کا دانہ ۔ پھٹکری کا بھنا ہوا ٹکڑا ۔ وہ مادہ جو آتش فشاں پھٹنے

کے بعد نکلتا ہے۔

لاہ :- (مو) کوپل کا بڑا اور کمزور پتا۔

لاہاتھ :- دیکھو لانا ۔ منتر طبدلو

لاہن :- (ہ ۔ مذ) شراب کا خمیر جو ببول، بیری اور بڑ کے درختوں کی چھال سے اٹھایا جاتا ہے۔

لاہوت :- (ع ۔ مذ) اللہ تعالیٰ کا عالم ذات جس میں سالک کو فنا فی اللہ کی منزل حاصل ہوتی ہے۔

لاہی :- (ہ ۔ مو) ایک قسم کی سرسوں ۔ ایک طرح کا ریشمی کپڑا۔

لائبریری :- (انگ ۔ مو) کتب خانہ ۔

لائٹ ہاؤس :- (انگ ۔ مذ) وہ مینار جو سمندر میں چٹان کے اوپر اس لیے بنایا جاتا ہے کہ جہاز راں دور سے اسے دیکھ کر سمجھ پائیں یا چٹان کے خطرے سے بچنے کے لیے جہاز کو اس طرف نہ لائیں۔

لائق :- (ع) قابل ۔ قابلیت رکھنے والا (لائق تدبیر) موزوں ۔ مناسب ۔ ہنرمند ۔ ہوشیار ۔

لائم :- (ع) ملامت کرنے والا ۔

لائن :- (انگ ۔ مو) لکیر ۔ خط ۔ ریل کی پٹری ۔ ڈوری ۔ رسی ۔ وضع ۔ انداز ۔

لاؤ :- (ہ ۔ مو) چرس کھینچنے کی موٹی رسی ۔ اس قدر زمین جو ایک دن میں ایک لاؤ کے ذریعے بھری جائے ۔ لگن ۔ طلب ۔ دیواروں پر پوتنے کی سفیدی ۔ خوشامد ۔ بے ضمانت کا قرضہ ۔ **لاؤ لپیٹ کی باتیں** ۔ طرفداری کی باتیں ۔ گول گول باتیں ۔ **لاؤ لشکر** (مذ) لشکر اور اس کے بھراہی آدمیوں کا ہجوم جو کسی کے ساتھ ہو ۔

لاؤنی کرنا :- (ہ) فصل کاٹنا ۔

لائے :- (ف ۔ مو) شراب وغیرہ کی تلچھٹ ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۔

لائی :- (ہ ۔ مو) فصل کاٹنا ۔ خود رو چاول ۔ بھنا ہوا اناج ۔ مادہ مصدر کے آخر میں اجرت کے معنی دیتا ہے ۔ (دھلائی ۔ سلائی وغیرہ) **لائی لوچی** (مو) خوشامد ۔

لُب :- (ع ۔ مذ) مغز ۔ خلاصہ ۔ ست ۔ **لب لباب** (ع ۔ مذ) خلاصہ ۔ ماحصل ۔

لَب :- (ف ۔ مذ) ہونٹ ۔ کنارہ ۔ طرف ۔ جانب ۔ ساحل ۔ حاشیہ ۔ منقار ۔ لعاب دہن ۔ (مو) مونچھوں کے بال جو ہونٹوں کے اوپر ہوں ۔ (اس معنی میں جمع لبیں ۔ بھی مستعمل ہے) عورت کے مقام مخصوص کے دونوں کنارے ۔ **لب بام** کوٹھے کا وہ کنارہ جہاں سے بال بھر آگے بڑھیں تو وہ گر پڑیں ۔ مجازاً مرنے کے قریب ۔ موت کے منہ میں پہنچا ہوا ۔ **لب بند ہونا** ۔ پیاس کی زیادتی ہونا ۔ خاموش ہونا ۔ **لب تر کرنا** ۔ پانی پینا ۔ تھوڑا سا پانی پینا ۔ **لب چبانا** ۔ حسرت و افسوس کرنا ۔ **لب خشک ہونا** ۔ بہت پیاس ہونا ۔ بہت تعریف کرنا ۔ **لب دریا** ۔ ساحل ۔ دریا کا کنارہ ۔ لبریز ۔ بھرا ہوا ۔ لبالب ۔ پر ۔ **لب ساحل** ۔ کنارا ۔ **لب سڑک** ۔ سڑک کے کنارے ۔ **لب شیریں** (مذ) میٹھے ہونٹ ۔ **لب کھولنا** ۔ بولنا ۔ بات چیت کرنا ۔ **لب گور ہونا** ۔ مرنے کے قریب ہونا ۔ **لب لگانا** ۔ منہ کا لعاب لگانا ۔ تھوک لگانا ۔ مفعول کے مقام مخصوص پر تھوک لگانا ۔ **لب نوشیں** (مذ) لب شیریں ۔ **لب نہ ہلانا** ۔ بالکل خاموش رہنا ۔ بات نہ کرنا ۔ **لب و لہجہ** (مذ) تلفظ ۔ گفتگو کی طرز ۔ **لب ہلانا** ۔ کچھ کہنا ۔ شکوہ کرنا ۔ عذر کرنا ۔ نیز دیکھیے ہونٹ

لَبادہ :- (ف ۔ مذ) ایک ڈھیلا پاجامہ ۔ اوور کوٹ ۔ چوغہ ۔

لَباڑ (ی) :- (ہ) جھوٹ بولنے والا ۔ جھوٹا ۔ گپی ۔

لِباس :- (ع ۔ مذ) پوشاک ۔ بستر ۔ بھیس ۔ روپ ۔

لَبالَب :- (ف ۔ ہمنہ) منہ تک بھرا ہوا ۔ لبریز ۔

لَبدَھڑ :- (ہ ۔ مذ) بھینڈا ۔ گاڑھا ۔ لبدھڑا ۔

لُبدِی :- (ہ) پکے ہوئے پودوں میں شیشہ اور بیج کوٹ چھان کر جاتے ہیں اور گولیاں سی بنا لیتے ہیں ۔ اس سے مانجھا دیتے ہیں ۔ گیلی پسی ہوئی چیز کی گولی ۔ کتھے کا گڑ (لگدی بھی استعمال میں ہے)

لِبرٹی :- (انگ ۔ مو) آزادی ۔ حریت

لِبرَل :- (انگ) آزاد ۔ خودمختار ۔ سب کا بھلا چاہنے والا ۔

لَبرخَندہ :- (ہ) جھوٹا ۔ لپاٹیا ۔ بے ہودہ باتیں کرنے والا ۔ **لبر چپائی کرنا** ۔ ٹال مٹول کرنا ۔ خوشامد کرنا ۔ **لبر خندی** (مو) غل ۔ شور ۔ بدتمیزی ۔ ہنگامہ ۔ تکرار ۔ بے ہودگی ۔ **لبر سٹر** ۔ (مو) بدسلیقگی

لَبلَب: (ا) کم عقل ۔ بے وقوف ۔ لَبلَبا (مذ) لیس دار ۔ چیپ دار ۔ چکدار ۔ لَبلَبی (مو)

لَبلَبی: (ا ۔ مو) بندوق کا پُرزہ جس کے دبانے سے گھوڑا گرتا ہے ۔ لَبلَبی دبانا ۔ بندوق کی کمانی کو دبانا ۔ بندوق چلانا ۔

لَبلُوس: ۔ (ا) اکودن ۔ بے وقوف ۔ بے حیا ۔ ننگا ۔

لَبَن: ۔ (ع ۔ مذ) پینے کا دُودھ ۔

لَبنی: ۔ (ہ ۔ مو) مٹی کی چھوٹی سی ٹھلیا ۔

لُبُوب: ۔ (ع ۔ مذ) لُب ۔ بمعنی مغز کی جمع ۔ معجون ۔

لبوں پر جان آنا یا اٹکنا: (ا) جاں کنی ہونا ۔ لبوں پر جان آنا یا اٹکنا ۔ لبوں پر جان آنا یا اٹکنا ۔ لبوں پر جان یا دم ہونا ۔ لبوں پر جان آنا ۔ **لبوں پر جان یا دم ہونا** ۔ لبوں پر جان آنا ۔ لبوں پر آ ہونا ۔ انتہا کو پہنچنا ۔ **لبوں تک آنا** ۔ نزع کی حالت ہونا ۔ گلہ شکوہ زبان پر آنا ۔

لُبھانا: (ہ) ترغیب دینا ۔ لالچ دینا ۔ اُبھارنا ۔ للچانا ۔ موہنا ۔ عاشق بنانا ۔ پسند کرنا ۔ مائل کرنا ۔ پھسلانا ۔ بہکانا ۔ ورغلانا

لَبی: ۔ (ہ ۔ مو) گنے کا اُجلا ہوا رس ۔

لبیے آجانا: ۔ (ہ) تالو میں وَرم آجانا ۔

لَبیب: ۔ (ع) عقل مند ۔

لَبیرا: (مذ) چیتھڑا ۔ دھجی ۔ **لبیرے لگنا** ۔ کپڑوں کا تار تار ہونا ۔

لَبَّیک: (ع ۔ مو) حاجی مقام عرفات میں پہنچ کر بار بار یہ کلمہ کہتے ہیں ۔ جس کے معنی یہ ہوتے ہیں ۔ میں تیری خدمت میں حاضر ہوں ۔ نقیب بھی یہی کہتے جاتے ہیں ؎ دبیر

نقیب نے کہی لبیک خیر خواہی سے
کہ غش ہوئے یونس دہن ماہی سے

دل و جان سے حاضر ہوں ؎ داغ

جلوہ گر کعبۂ دل میں ہے وہ بُت اے زاہد
کہہ کے لبیک یہاں عشق خدا داد آیا

لَبین: (ا ۔ مذ) مونچھوں کے وہ بال جو ہونٹوں پر آجاتے ہیں (بڑھ جاتا) ۔ لینا

لَپ: ۔ (ہ ۔ مو) دونوں ہاتھوں کو ملا کر جو پیالہ سا بن جاتا ہے اس کی مقدار ۔

لَپا: ۔ (ہ ۔ مذ) تھپڑ ۔ لَپَڑ ۔ چانٹا ۔ **لَپاڈگی** (مو) ڈگ اور تھپڑ کی لڑائی ۔ گھونسم گھونسا ۔ مار پیٹ ۔ چٹوں ۔ چانٹا چٹوں

لَپاڑن: ۔ (ہ ۔ مو) جھوٹی گپ اُڑانے والی ۔ لپاڑی ۔ جھوٹا ۔ لپاڑی ۔ **لَپاڑیا** (مذ) بکواسی ۔ جھوٹا ۔

لَپالَپ: ۔ (ا) جلد جلد ۔ جھپا جھپ ۔

لِپائی: ۔ (ہ ۔ مو) لیپنے کی اُجرت ۔ لیپنا کا حاصل مصدر ۔ **لپائی تپائی** ۔ گھر کی مرمت ۔ چُونا پھیرنا ۔ کہگل ۔

لَپَٹ: ۔ (ہ ۔ مو) شعلہ ۔ آنچ ۔ ہوا کا جھونکا ۔ مہک ۔ وہ خوشبو جو ہوا کے جھونکے کے ساتھ آئے ۔ لُو ۔ گرم ہوا ۔

لَپَٹا: ۔ (ہ ۔ مذ) موٹے آٹے کا حلوا ۔ پتلا گڑ ۔

لِپٹانا: ۔ (ہ) چمٹانا ۔ گلے لگانا ۔ اُلجھانا ۔ چپکانا ۔ **لِپٹنا** ۔ چمٹنا ۔ پیچھے لگنا ۔ چپکنا ۔ اُلجھنا ۔ چھاتی سے لگنا ۔ عاشق ہونا ۔ دوستی ہونا ۔ پھنسنا ۔ بکھرنا ۔ گتھنا ۔ مبتلا ہونا ۔ معروف ہونا ۔ کشتی لڑنا ۔ بل کھانا ۔ کنکوے کا اُلجھنا ۔ ملفوف ہونا ۔ اصرار کرنا ۔ **لپٹنت** (مو) باہم آغوشی ۔ لپٹنا کا حاصل مصدر ۔

لَپ جھَپ: ۔ (ہ ۔ مو) تیزی ۔ پھُرتی ۔ جلدی ۔ (بقہ) چالاکی ۔ چوری ۔ تیز ۔ چالاک ۔ پھُرتیلا ۔ **لَپ جھَپ چال** ۔ تیز بے ڈھنگی رفتار ۔ **لَپ جھپی** (مو) ۔

لَپ لَپ: ۔ (مو) زبان سے چاٹنے یا پوپلے مُنہ سے کھانے کی آواز ۔ جلد جلد ۔ جھپ جھپ ۔ **لپ لپ کرنا** ۔ پوپلوں کی طرح کھانا ۔ بے ہودہ بکنا ۔ چراغ کی لو ۔ سانپ کی زبان کا بار بار ہلنا ۔ **لپ لپ کھانا** ۔ جلدی جلدی کھانا ۔ جلدی جلدی نگلنا ۔

لَپَڑ: ۔ (ہ ۔ مذ) تھپڑ ۔ چانٹا ۔

لَپڑ شَپڑ: ۔ (ا ۔ مو) جلد جلد بات کرنا ۔ آلا بالا ۔ گڈمڈ ۔ گھبراہٹ کا کام ۔ حیلہ حوالہ ۔ بے ڈھنگے ۔

لَپڑ لَپڑ: ۔ (ہ ۔ مو) بے ڈھنگے پن سے کھانے کی آواز ۔

لَپڑی: ۔ (ہ ۔ مو) روغنی آٹے کی گولی ۔ پلستر ۔ لیپ ۔ میدے وغیرہ کی پوٹلی جس سے ٹکور دیتے ۔ تھپیڑ دوسری پڑی (یلال بکسر لام کہتے ہیں) **لپڑی کرنا** ۔ (ا ۔ عو ۔ لک) لوئی ۔ دودھ پینے بچوں پر کھی کا ہوا سخت آنا یا میدہ کا ملنا کر تکلیف سے

سے مارنا - اتنے زور سے مارنا کہ مار کھانے والا زمین پر لوٹنیاں کھائے -

لِٹانا:- کسی کھڑی ہوئی چیز کو زمین پر سیدھا کر کے ڈال دینا۔ بچھانا۔ پسارنا - چت لٹانا - بچے کو سُلانا - مُردے کو قبر میں رکھنا - پچھاڑنا - بیمار ڈال دینا - (یہاں کی آب و ہوا نے اسے بالکل لٹا دیا)

لُٹانا:- (ہ) ضائع کرنا - برباد کرنا - بکھیرنا - تڑپانا - پھڑکانا - فریفتہ کرنا - مبتلا کرنا ؎ جلیل

ترے ناوک تری شوخی کا پتا دیتے ہیں
چٹکیاں لے کے کلیجے میں لٹا دیتے ہیں

بانٹ دینا - زمین پر غلطاں کرنا - لُٹاؤ - خوب لٹانے والا - فضول خرچ -

لَٹَّر:- (ا) بد وضع اور بے ہودہ مرد -

لُٹس:- (ہ - مو) لوٹ کھسوٹ - غارت - (پڑنا - ڈالنا - مچانا - مچنا)

لَٹک:- (ہ - مو) لٹکاؤ - آویزش - کسی چیز کا لٹکنا - بناوٹ - وضع طرح ؎ ذوق

حالی - یہی لفظوں کی لٹک دل سے ہمارے
افسوس کچھ ایسا ہمیں لٹکا نہیں آتا

ترنگ - جنون یا دیوانگی کا اثر - بھوت پریت کا سایہ - عشق و محبت - بے پروائی - بچال - **لٹک کر چلنا** - جھوم کر چلنا - ناز سے چلنا -

لٹکا:- (ہ - مذ) کسی کو اپنے ساتھ اُلجھا لینے کا منتر - چلتا جادو - چالاکی - دل بہلاوا - فریب - چلتا ہوا نسخہ - اوں - لٹکا کرنا - تدبیر معمولی نسخے سے علاج کرنا - دعا - تعویذ - جادو کرنا ؎ حق

پیچ میں کب ہیں کے آتا دیدہ و دانستہ دل
ٹوٹکا آنکھوں نے کچھ، کچھ زلف نے لٹکا کیا

(چلنا - ہونا وغیرہ)

لٹکانا:- (ہ) ٹانگنا - پھانسی دینا - اُلجھانا - امید میں رکھنا - انتظار میں رکھنا - **لٹکن** - (مذ) چھوٹی گھرونجی کے ایک زیور کا نام - کوئی لٹکتی ہوئی چیز - لنگر - گھڑی کا پنڈولم - لٹکنے والا لیمپ - شیشے کے جھاڑ کا لٹکن - **لٹکنا** - ٹنگنا - سولی پر چڑھنا - اُلجھنا - اَٹکنا - اُمیدوار رہنا - دُبلا ہونا - بیمار دیر تک رہنا - آفتاب کا قریب غروب آنا - **لٹکی ہوئی چال** - معشوقانہ چال -

لُٹنا:- (ہ) مٹنا - تباہ ہونا - چوری ہونا - ٹھگا جانا - خاک میں ملنا - خرید و فروخت میں نقصان ہونا - گھر اُجڑنا - دیوالہ ہونا - لُٹوانا - لُٹنا کا متعدی -

لَٹُّو:- (ہ - مذ) لکڑی کے کھلونے کا نام جسے گھماتے ہیں - عمارت کی سیدھ معلوم کرنے کا آلہ - فریفتہ - عاشق - لٹو ہونا - عاشق ہونا - نہایت محو ہونا - چکرانا -

لَٹُورا:- (ہ - مذ) بالوں کی لٹ - ایک پرند کا نام جو فاختہ سے چھوٹا ہوتا ہے اور کنجشک کا شکار کرتا ہے (مو) لٹوری - لٹورے اُپاڑنا - لٹورے لینا - پیچھے پڑنا - سر ہونا - **لٹورے اُترن** - بچے کا مونڈن کرنا - **لٹوریوں والی** (مو) ڈائن - چڑیل - جادوگرنی -

لَٹھ:- ہاتھ کی سوٹی - موٹا سونٹا - موٹی لکڑی - گنوار - **لٹھ باز** (مذ) لاٹھیوں سے لڑنے والا - **لٹھ بازی** (مو) لاٹھیوں کی لڑائی - لٹھم لٹھا - **لٹھ چلانا** - لاٹھی چلانا - لٹھوں سے لڑنا - لٹھ چلنا - لٹھم لٹھا ہونا - لٹھوں کی لڑائی ہونا - **لٹھ سا مار دینا** - نہایت سخت بات کہہ دینا - کھرے پن سے جواب دینا - **لٹھ مارنا** - لاٹھی مارنا - سخت جواب دینا - لٹھیا - چھوٹی لاٹھی - بیساکھی - لٹھیانا - لاٹھیوں سے مارنا - **لٹھیت** - (مذ) بانڈی باز - لٹھ باز - زبردست لٹھی یا بنوٹ کا ماہر

لَٹھا:- (ہ - مذ) شہتیر - گولا - جریب کا دسواں حصہ - ایک سفید سوتی کپڑا -

لُٹیا:- (ہ - مو) چھوٹا لوٹا - **لٹیا ڈبونا** - لٹیا کنویں میں گرا دینا - بات بگاڑنا - بھرم کھونا - نقصان اٹھانا - ہمت ہارنا - لٹیا ڈوبنا - کام بگڑنا - نقصان ہونا - لٹیا چور - معمولی درجہ کا چور -

لُٹیرا:- (ہ) لوٹ مار کرنے والا - دھاڑی - ڈاکو - ظالم -

لَجاجَت:- (ع - مو) عاجزی - منت - چاپلوسی - خوشامد -

لَجالُو:- (ہ - مذ) ایک بوٹی جو آدمی کے ہاتھ لگانے یا گرم ہوا لگنے سے تھوڑی دیر کے لیے مرجھا سی جاتی ہے - شرمیلا - باحیا - چھوئی موئی -

لِجام:- (ع - مو) باگ - لگام - گھوڑے کو قابو میں رکھنے کا ساز -

لَجانا:- (ہ) شرمانا - شرمندہ ہونا - شرمندہ کرنا - لجاؤ - شرم والا - ناک والا -

لِجلِجا:- (ا) پلپلا - ملائم - چیپ دار -

لَجونتی:- (ہ - مو) لاج والی - شرم والی - ایک بوٹی کا نام - دیکھیے لاجونتی -

لُجّہ:- (ع - مذ) پانی کی گہری جگہ - منجدھار -

پیاس سے نڈھال ہونا۔ لخلخانہ۔ بھوک اور پیاس سے نڈھال ہونا۔

لخلخہ: (ف۔ مذ) خوشبوؤں کا مجموعہ جو تقویت دماغ کے لیے مریض کو یا بے ہوش کو ہوش میں لانے کے لیے سنگھاتے ہیں۔ **لخلخہ گرداں۔** چاروں طرف لخلخے کی خوشبو اُڑانے اور پھیلانے والا۔ محشر

کیا عجب کہ مردۂ صد سالہ میں پڑ جائے جان
لخلخہ گرداں ہے زلف عنبر افشاں بہار

لدا پھندا: (ا) اسباب سے خوب لدا ہوا۔ پھلوں سے نہایت بھرا ہوا۔ **لدا دینا۔** لدوا دینا۔ اسباب لادنے میں مدد دینا۔ لدانا۔ گاڑی یا چھکڑے وغیرہ پر اسباب دھروانا۔ **لداؤ** (مذ) وہ بوجھ جو کسی پر لادا جائے۔ بوجھ۔ واؤ معروف کے ساتھ۔ بھاری۔ بوجھل۔ **لداؤ کی چھت** (مو) صرف چونے اور اینٹ کی چھت۔ **لداوا** (مذ) بوجھ۔ بار۔ **لداوا لادنا۔** بوجھ اُٹھانا۔ بیگار کا بوجھ اُٹھانا۔ **لدا ہے۔** بے وقوف ہے۔ جھلا ہے۔ **لد جانا۔** اسباب بھر جانا۔ پُر ہو جانا۔ گزر جانا۔ چلا جانا۔ (وہ زمانہ لد گیا جب خلیل خان فاختہ اڑاتے تھے) مر جانا۔ **لدنا۔** بار ہونا۔ پُر ہو جانا۔ بہت پھل پھول لانا۔ آدمی کا کسی چیز پر مع اسباب کے بیٹھنا۔ **لدو۔** بوجھ اُٹھانے کے قابل۔ بوجھ اُٹھانے والا حیوان۔ **لدوانا۔** بار کرانا۔ **لدی پھندی۔** بہت زیادہ لدی ہوئی۔ بہت زیادہ پھل آئے ہوئے بہت زیادہ گہنا پہنے ہوئے عورت۔

لدالد: (ا۔ مو) درختوں سے پھل گرنے کی مسلسل آواز۔ دیوار گرنے کی آواز۔ اسباب لادنے کی آواز۔ کنویں میں گرنے کی آواز۔

لدنی: (ع) وحی اور قدرتی علم۔

لدھڑ: (ا) بھاری۔ بوجھل۔ موٹا بھدا۔ کاغذ یا کپڑا جو موٹا اور بد وضع ہو۔ بھدی سمجھ کا۔ کند ذہن۔

لڈو: (ا۔ مذ) ایک قسم کی مٹھائی۔ فائدہ اور نفع۔ **لڈو بانٹنا۔** کسی خوشی میں لوگوں میں مٹھائی تقسیم کرنا۔ **لڈو بنانا یا باندھنا۔** کسی چیز کے لڈو بنانا۔ گولے بنانا۔ **لڈو بٹنا۔** مٹھائی تقسیم ہونا۔ خوشی ہونا۔ **لڈو کھلانا۔** مٹھائی کھلانا۔ رشوت دینا۔ منہ بھرنا۔ **لڈو کہے سے منہ میٹھا نہیں ہوتا۔** خالی باتوں سے کام نہیں چلتا۔ **لڈو ملنا۔** فائدہ ہونا۔ **لڈوا** (مذ) لڈو کی تصغیر۔

لذائذ: (ع۔ مذ) لذت کی جمع۔ مزے دار چیزیں۔ ذائقے۔

لذت: (ع۔ مو) مزہ۔ ذائقہ۔ چسکا۔ لطف۔ حظ۔ آنا۔ اُٹھانا۔ پانا۔ چکھنا۔ (دینا۔ ملنا)

لذیذ: (ع) ذائقہ دار۔ مزے دار۔ خوشگوار۔

لر: (ف) احمق۔ بے وقوف (دیکھیے شتر بے عقل) ایک قوم جو حماقت میں مشہور ہے۔ **لرپن یا لرپنا** (مذ) حماقت بے تمیزی۔ اکھڑپن۔

لر: (ہ۔ مذ) زمین ناپنے کی ڈیڑھ فٹ لمبی چھڑی۔

لرز اُٹھنا: (ا) خوف سے کانپ جانا۔ **لرزان۔** کانپنے والا۔ لرزنا۔ لرزنا کا متعدی۔ **لرز جانا۔** کانپ اُٹھنا۔ خوف سے بدن کانپ جانا۔ **لرزش** (مو) رعشہ۔ کپکپی۔ تھرتھراہٹ۔ کپکپی آنا۔ **لرزنا۔** کانپنا۔ تھرانا۔ کپکپانا۔ ڈرنا۔ ہلنا۔ **لرزہ** (مذ) تھرتھراہٹ۔ کپکپاہٹ۔ بھونچال۔ وہ کپکپی جو بخار میں جوڑ ہلا دیتی ہے۔ **لرزہ آنا۔** کانپنا۔ زلزلہ آنا۔ خوف چھانا۔

لڑ: (ہ۔ مو) لڑی۔ ہار۔ ڈور یا رسی کا بل۔ قطار۔ صف۔ دھاگا جس میں موتی پروئے ہوں۔ وسیلہ۔ سلسلہ تعلق۔ سلسلہ۔ زنجیر۔ لڑنا کا فعل امر۔ **لڑ بندھنا۔** واسطہ ہونا۔ تعلق ہونا۔ **لڑ بیٹھنا۔** **لڑ پڑنا۔** خواہ مخواہ لڑنے لگنا۔ **لڑ جانا۔** مقابل ہو جانا۔ **لڑ لگانا۔** کسی جگہ وسیلہ پیدا کرنا۔ تعلق پیدا کرنا۔ **لڑ مرنا۔** لڑ کر مر جانا۔ **لڑ ملانا۔** لڑ لگانا۔ **لڑ ملنا۔** لڑ میں رہنا۔ کسی کا طرفدار بنا رہنا۔ ساتھ دینا۔ کسی کے کہنے میں رہنا۔ **لڑنا۔** جھگڑنا۔ تکرار کرنا۔ نزاع کرنا۔ بھڑنا۔ ٹکرا جانا۔ مقابلہ کرنا۔ زور آزمائی کرنا۔ ایک مصنف کے خیال کا دوسرے کے خیال سے بالکل مطابقت ہو جانا۔ نصیبہ یا در ہونا۔ ایک پتنگ کی ڈور کو دوسرے پتنگ کی ڈور سے ملا کر کاٹنے کی کوشش کرنا۔ کسی کے ساتھ مقابلہ ہونا (دونوں امیدواروں میں خوب ڈٹ لڑے) **لڑنت** (مو) میدانی کشتی۔ زور آزمائی۔ **لڑوانا۔** فساد کرانا۔

لڑا: (مذ) مرکبات میں مستعمل ہے اور لڑنے کے معنی دیتا ہے جیسے بھڑ لڑا۔ نیز لڑنا کا فعل۔ **لڑا کا کے چار کان۔** لڑنے بھڑنے والا مرد یا لڑنے والی عورت ہر بات پر کان لگائے رہتی ہے۔ **لڑا مرتا ہے۔** بلا سبب لڑتا ہے۔ ہر وقت جنگ کرتا ہے۔ لڑنے والے بچوں کو لڑائی سے روکنے کے لیے تنبیہی کلمہ۔ **لڑاکو** (لڑاکن) بہت لڑنے والی عورت۔ لڑاکے فوج کا نام جو سردار کا۔ کام کسی نام اور کسی کا ہو۔

لڑانا: (ہ) لڑنا کا متعدی۔ دیکھو لڑنا۔ **لڑائی** (مو) جنگ۔ دنگا۔ فساد۔ مقابلہ۔ اَن بن۔ دشمنی۔ بیر۔

لڑائی باندھنا - جنگ ٹھہرانا - دشمنی اختیار کرنا - جھگڑا کھڑا کرنا - **لڑائی بڑھانا** - لڑائی کو طول دینا - **لڑائی بھڑائی** (مو) دنگا فساد - **لڑائی پڑ جانا** - لام پڑ جانا - **لڑائی پر چڑھنا** - لڑائی کرنے کے لیے جانا - **لڑائی پیچھے پڑنا** - لڑائی سر مول لینا - **لڑائی ٹھاننا** - لڑائی باندھنا - **لڑائی ڈالنا** - جھگڑا ڈالنا - جنگ کرانا - **لڑائی سر کرنا** - میدان مارنا - دشمن کو ہرانا - فتح - **لڑائی سی لڑائی** (مو) سخت لڑائی - **لڑائی کا بگل** (مذ) لڑنے کا اعلان - **لڑائی کا پچھا بھاری ہوتا ہے** - (کہاوت) لڑائی کا نتیجہ ہر حال میں پریشان کن ہوتا ہے - **لڑائی کا سامان** (مذ) جنگ کا سامان - گولہ بارود - **لڑائی کا گھر** - باعث فساد - بانی فساد - **لڑائی کا گھر ہانسی (ہنسی) روگ کا گھر کھانسی** (کہاوت) مذاق - سبب جنگ اور کھانسی بڑی بیماری کی ابتدا ہے - **لڑائی کا گیت** (مذ) رجز - رزمیہ اشعار - **لڑائی کا میدان** - میدان جنگ - **لڑائی کرنا** - جنگ کرنا - لڑنا - عداوت رکھنا - **لڑائی لڑنا** - جنگ کرنا - جھگڑا کرنا - **لڑائی مارنا** - دشمن کو ہرانا - میدان جیتنا - **لڑائی مول لینا** - خواہ مخواہ جھگڑے میں پڑنا - خواہ مخواہ لڑنا - **لڑائی میں لڈو نہیں بٹتے** - لڑائی کوئی خوشی کا مقام نہیں - **لڑائی ہونا** - جنگ ہونا - ان بن ہونا - پھوٹ پڑنا -

لڑبڑا :- (ا) ڈھیلا - ڈھیلا - **لڑبڑانا** - زبان میں لکنت ہونا - ڈگمگانا - لڑکھڑانا -

لڑت :- (ا - مو) لڑنت - جنگ کرنے کا انداز -

لڑتوں کے پیچھے بھاگتوں کے آگے :- بودا - ڈرپوک -

لڑکا :- (ا - مذ) چھوکرا - بچہ - پوت - نوکر - چھوٹا - بے سمجھ - **لڑکا بالا** (مذ) بال بچہ - اولاد - کوئی بچہ - چھوٹی عمر کا بچہ - **لڑکا بننا** - بے وقوفی کرنا - جہالت ظاہر کرنا - **لڑکا رووے بالوں کو نائی رووے منڈائی کو** - ہر شخص اپنا ہی دکھڑا روتا ہے - **لڑکا گود لینا** - بیٹا بنانا - متبنیٰ بنانا - **لڑکپن** (مذ) بچپن - چھوٹی عمر - بالا پن - اوچھا پن - **لڑکوں کی** - بچوں والی - **لڑکوں کا باوا** (مذ) شریروں کا سردار - نہایت شریر - شوخ - **لڑکوں کا کھیل** (مذ) بچوں کا تماشا - آسان کام - **لڑکوں کا کھیل چڑیوں کی موت** - کسی کی جان جائے دوسرے کی ہنسی اور تماشا ہو - **لڑکوں کا گھروندا** - معمولی چیز - بازیچۂ اطفال -

لڑکھڑا کر چلنا :- (ا) ڈگمگا کر چلنا - اٹھلا کر چلنا - گرتے پڑتے چلنا - **لڑکھڑانا** - پاؤں وغیرہ کا کانپنا - تھرانا - ڈگمگانا - چوکنا -

لڑکی :- (مو) چھوکری - بیٹی - نادان - کنواری - بن بیاہی دلہن - **لڑکی والے** (مذ) دلہن کی طرف کے آدمی - دولہا کے سسرالی رشتہ دار -

لڑکے :- لڑکا کی جمع - **لڑکے والے** (مذ) دولہا کے رشتہ دار اور ساتھی - **لڑکے بالے** (مذ) بال بچے - بیوی بچے - کنبہ - **لڑکے کو منہ لگاؤ تو داڑھی کھسوٹے** (کہاوت) ذلیل سے ذرا سی بے تکلفی نقصان دہ ہے - **لڑکے کے پاؤں پالنے میں پہچانے جاتے ہیں** - ہونہار بچے کی ابتدا ہی شاندار ہوتی ہے - بڑھاپے کا انجام شروع ہی میں معلوم ہو جاتا ہے -

لڑھانا :- (ف) لڑھکانا - ڈھلکانا - گھمانا - گرانا - **لڑھ بڑھ کر** - گرتے پڑتے - بمشکل سے - **لڑھنا** - پڑ لڑھنا - لوٹنا پوٹنا - لڑھکنیاں کھاتا ہوا -

لڑھکنا :- (ف) ڈھلکنا - پھسلنا - ڈھلیا سے اُٹھنا - لیٹ رہنا - لیٹ کر آرام کرنا - **لڑھکنی** (مو) لوٹنی - لوٹ - قلابازی - **لڑھکنی کھانا** - لوٹنی کھانا - پھسلنا - گرنا - قلابازی کھانا -

لڑھی - لڑھیا :- (ا) ایک قسم کی بیل گاڑی -

لڑھیانا :- (ف) تنکی پر سلائی کرنا - مروڑی دے کر سپنا - سیونی سے کور دبانا -

لڑی :- (ا - مو) لڑ - موتیوں کی مالا - جھڑی - سلسلہ - **لڑیانا** - لڑی پرونا - ہار گوندھنا - دھیانا -

لزج :- (ع) لعاب دار - لعیانا - **لزوجیت** (مو) لس - چیپ - لعاب - چسپیدگی -

لزوم :- (ع - مذ) لازم ہونا - واجب - ضرور - کسی بات کو اپنے اوپر واجب و لازم کر لینا -

لس :- (ا) لیس - چیپ - لعاب - **لس لگاؤ** (مذ) واسطہ - تعلق - **لس دار** - چیپ دار - لیس دار - لعاب دار -

لسان :- (ع - مو) جیب - زبان - بولی - **لسان الغیب** (مو) غیب کی آواز (مذ) حافظ شیرازی کا لقب جن کے دیوان سے لوگ فال دیکھتے ہیں -

لسرکا :- (ا - مذ) معمولی تعلق - سلسلہ (ہونا - لگانا - لگا) ہے جو

تعلقات جہاں قطع کر چکا ہوں مگر
ہنوز الفت احباب کے لسرکے ہیں

لسان :- (ع) بہت بولنے والا - تیز زبان - خوش گفتار - میٹھا بولا - چکنی چپڑی باتیں کرنے والا - **لسانی** (مو) بکواس - بہت بولنا - فصاحت - گویائی - تیز زبانی - خوش کلامی -

لَسلَسا: (ا) - لزاچپ دار - لیس دار۔ **لسلسانا** - چپکنا - چپچپانا -

لَسَن: (د - مذ) لہسن - ایک پودے کی جڑ کا نام - سرخ یا سیاہ داغ جو جسم پر ہو اور خوش اقبالی کی علامت سمجھا جائے -

لِسنا: (ہ) لتھڑنا - موزوں ہونا چسپاں ہونا - پِسنا - پلستر کیا جانا -

لَسّی: (ہ - مو) بہت سا پانی ملا ہوا کچا دودھ یا دہی -

لَش: (ا - مذ) کتے کو کسی پر جھپٹانے کے لیے بولتے ہیں - **لش لش ہونا** - چمک کر خوب ہونا - **لشت پشت** ہونا - لش پش ہونا - **لشکارنا** - شکاری کتے کو شکار پر دوڑانے کے لیے شہہ دینا -

لشتم پشتم: جوں توں کر کے بری بھلی طرح مشکل سے وقت گزارنا -

لَشکَر: (ف - مذ) فوج - سپاہ - کیمپ - چھاؤنی - بھیڑ - (مو) شوہر (متروک) **لشکر آرا** - لشکر تیار کرنے والا - **لشکر اترنا** - فوج کا کہیں منزل کرنا - **لشکر پڑنا** - فوج کا کہیں ٹھہرنا - **لشکر ٹوٹنا** - فوج کا حملہ آور ہونا - **لشکر چڑھنا** - فوج کا حملہ کرنا - **لشکر کشی** (مو) چڑھائی - حملہ - یورش - **لشکر کشی کرنا** - چڑھائی کرنا حملہ کرنا - **لشکر کی اگاڑی آندھی کی پچھاڑی** دونوں پریشان کن ہوتی ہے - **لشکر میں اونٹ بدنام** - (مثل مشہور) بعض بلا سبب نام ہوتے ہیں - **لشکر والا** - (دلی) بادشاہ - راجہ - شوہر سے (رنگین)

نکلا عید کا چاند جو گھر سے لشکر والا نکلا آج
کیوں نہ پھیروں میں اپنی محل اوپر والا نکلا آج

لشکر گاہ (مو) کیمپ - چھاؤنی - فوج کا پڑاؤ - **لشکری** (مذ) لشکر سے نسبت رکھنے والا - فوجی سپاہی -

لَطافت: (ع - مو) خوبی - عمدگی - نرمی - پاکیزگی - نزاکت - خوبصورتی - رونق - تازگی - مزہ - ذائقہ - لذت - نیکی - نفقہ - وضاحت -

لَطائف: (ع - مذ) لطیفہ کی جمع - چٹکلے - خوبیاں - مزے ظرافت کی باتیں - **لطائف الحیل** (مذ) وہ حیلے و بہانے جو دوسرے کرتا اور ذکر کریں - **لطائفِ غیبی** (مذ) خدا کی مہربانیاں اور تائیدات -

لُطف: (ع - مذ) مہربانی - عنایت - خوبی - عمدگی - بہار - مزہ - خوشی - ظرافت - لذت (اٹھانا - اٹھنا - جانا - رکھنا - فرمانا - کرنا - کھانا) **لطف یہ ہے** - خوبی یہ ہے - طرفہ یہ ہے - تعجب یہ ہے -

لَطمہ: (ع - مذ) طمانچہ - تھپیڑ - دریا کی موج کا تھپیڑا -

لَطیف: (ع) نازک - نرم - ہلکا - ملائم - صاف شفاف - مزے دار - عمدہ - پاکیزہ - پاک مقدس - خوب - نادر - **لطیف الطبع** - زندہ دل - ہنس مکھ - عمدہ طبیعت کا - **لطیفہ** (مذ) خوبی - نازک اور عمدہ چیز - چٹکلا - ہنسانے والی بات - عجیب انوکھی بات - **لطیفہ چھوڑنا** - کوئی انوکھی بات کہنا - شگوفہ چھوڑنا - **لطیفہ گو** - کوئی انوکھی بات بیان کرنے والا - ظریف - مخول - **لطیفہ گوئی** (مو) بذلہ سنجی - خوش طبعی -

لُعاب: (ع - مذ) تھوک - رال - چیپ دار - لسلسا (لیس دار) - **لعاب نکالنا** - کسی چیز کا رقیق مادہ نکالنا -

لِعان (مذ) شوہر اور زوجہ کا شریعت کے مطابق ایک دوسرے پر لعنت کرنا جس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ مرد جب عورت پر زنا کی تہمت لگاتا ہے تو جا کر شرع کے سامنے چار دفعہ قسم کھاتے ہیں - اور وہ کہتا ہے - اگر میں جھوٹ بولتا ہوں تو مجھ پر خدا کی سخت لعنت اور عورت کہتی ہے - اگر یہ تہمت صحیح ہو تو مجھ پر خدا کی لعنت - لعان کے بعد جس عورت سے تفریق ہو جائے - اس سے پھر نکاح کرنا ہمیشہ کے لیے حرام ہے -

لِعب: (ع - مذ) کھیل - بہلاوا - سیر - تماشا - **لُعبت** (مو) کھلونا - گڑیا - مورت - تصویر - **لعبت باز** - کھلونا کا تماشا دکھانے والا -

لَعل: (ع - مذ) ایک قیمتی پتھر کا نام - معشوق کا ہونٹ - **لعل اگلنا** - خوش گوئی - نکتہ گوئی - **لعل توڑنا** - نقصان یا شان گھٹانا - **لعل ٹکے ہیں** (ٹنکے ہیں) بہت قیمتی ہے - **لعل کو پتھر سے توڑنا** - اچھی چیز کو معمولی بات کے لیے ضائع کرنا - لعل لکھنوی

بہت پچھتاتے ہیں اس سنگ دل کو دے کے دل اپنا
مثل مشہور ہے یہ "لعل کو پھوڑا ہے پتھر سے"

لعل لب - سرخ ہونٹ - سرخ لب - لال ہونٹوں والا معشوق - **لعل ٹپکنا** - انمول ہونا - فقرہ انوکھا پن ہونا - کوئی عجیب بات ہونا -

لَعن: (مو) پھٹکار - نفرین - ملامت - سرزنش - **لعن طعن کرنا** - ملامت کرنا - برا بھلا کہنا -

لَعنَت: (ع - مو) دھتکار - پھٹکار - برا بھلا - ملامت - خدا کی مار (بھیجنا - کرنا) **لعنت کا شوربا پھٹکار کی روٹی** - نہایت بے عزتی کی معاش - **لعنت کا مارا** - لعنتی - پھٹکارا زدہ - لعنتی - **لعنتی** - جس پر لعنت بھیجی جائے - مردود -

لَعُوق: (ع - مذ) چاٹنے کی چیز - دوا - چٹنی

لَعین: (ع) لعنت کا مارا - پھٹکارا ہوا - لعنتی - بدبخت -

کی بات میں بولنا - رشوت دینا - حافظ قرآن کو بھولنے پر ٹوکنا - لُقمہ کر جانا - ہڑپ کر جانا - نگل جانا - نوالہ کر جانا - لقمہ کھانا - پڑھتے پڑھتے چوک جانا - نوالہ توڑنا - دھوکا کھانا -

لَفَنْدَرا :- (ا - مذ) لچا - شہدا - بدمعاش - بدچلن - آوارہ گرد - لفندراپن (مذ) شہدپن - لفندری (مو)

لَقُ وَدَق :- دیکھیے لق -

لَقْوَہ :- (ع - مذ) ایک مرض کا نام جس میں مُنہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے - لقوہ مار جانا - لقوے کے اثر سے مُنہ ٹیڑھا ہو جانا - لقوہ ہو جانا - بلغم کی زیادتی سے لقوے کا مرض ہو جانا - مُنہ ٹیڑھا ہو جانا -

لقمہ :- دیکھو لقا -

لُک :- (ہ - مذ) شعلہ - لَو - روغن - وارنش - چلا (پھرنا - پھرانا - کرنا)

لَکاتَہ :- (ا - مو) زن فاحشہ و بے حیا (ج - وہ تو ایک شغل لکاتہ ہے)

لکان :- (ہ - مذ) کشتی کا ایک داؤ -

لُکانا :- (ہ) چھپانا - پوشیدہ کرنا (دیہاتی زبان)

لُکٹی :- (ہ - مو) چولھے کی آدھ جلی لکڑی جس سے آگ کریدتے ہیں - چغل خور عورت جو لڑائی کرا دے -

لِکچر :- (انگ - مذ) سبق - وعظ - تقریر - زبانی مضمون - لکچرار - زبانی مضمون سُنانے والا - پروفیسر کسی کالج یا یونیورسٹی کا معلم -

لَگَد :- (ف - مو) لات - ٹھوکر - ذلت - لگدکوبی (مو) دولتی مارنا - لات مارنا -

لَگَڑ :- (ہ - مذ) شہتیر - کڑی - لٹھا - لگڑ توڑ - سخت کلام - بھنبوڑ - اور بھاری جوتے وغیرہ کی صفت -

لَگَڑا :- (ہ - مذ) بڑی لکڑی - کندہ - بہت سوکھا ہوا - بہت سخت - لکڑ ہارا (مذ) لکڑیاں پھاڑنے یا بیچنے والا - لکڑی (مو) کاٹھ - چھڑی - لاٹھی - سہارا - مدد - آسرا - سختت - نہایت دُبلا - لکڑی پھینکنا یا کھیلنا - پھکیتی کھیلنا - لکڑی والا (مذ) لکڑہارا - چوب فروش - لکڑیاں کھانا - لکڑیوں سے پٹنا -

لکڑ بگھا :- (ہ - مذ - ل کر بگھا) ایک چوپایہ کا نام - چیتا -

لکشمی :- (س - مو) دولت کی دیوی - دولت - خوبصورتی - بیٹے کی بیوی (ہندوؤں کا روزمرہ ہے)

لُکنا :- (ہ) پوشیدہ ہونا - چھپنا - مخفی ہونا - (دیہاتی زبان)

لُکنت :- (ع - مو) رُک رُک کر بولنا - توتلاپن - لکنت آنا - زبان کا لڑکھڑانا - خوف کے مارے یا اور کسی وجہ سے زبان سے پوری بات نہ نکلنا -

لَکَّہ :- (ف - مذ) پارچہ - ٹکڑا ؎ امیر

مے کشی کی ہے خوشی ہجر میں کس کو ساقی
لکّہ ابر تو اور آگ لگاتے آئے

لکھ :- (ہ - مذ) لاکھ کا مخفف - سو ہزار کی تعداد (لیکن ان معنوں میں بطور مبالغہ مستعمل ہے) لکھ بخش یا لکھ داتا - لاکھوں روپے بخش دینے والا - نہایت سخی - قطب الدین ایبک کا لقب - لکھ پتی - مذ لاکھ روپے کی حیثیت والا - نہایت دولت مند - لکھ لُٹ - نہایت فضول خرچ - کھاؤ اڑاؤ - لکھا (مرکبات میں) لاکھ روپے کی قیمت کا (نو لکھا ہار) لکھی - لاکھ روپے کا -

لِکھا :- (مذ) لکھا ہُوا - قسمت - تقدیر - درجہ - گت - لکھا سامنے آنا - نوشتہ قسمت کا ظہور میں آنا - لکھا پڑھا - جس نے تعلیم حاصل کی ہو - تعلیم یافتہ - لکھا پورا کرنا - کرم بھوگنا - بُرے دن کاٹنا - بُرا درجہ ہونا - تکلیفیں اُٹھانا (متعدی) لکھا پورا ہونا (لازم) لکھا پڑھی (مو) دستاویز - لکھا جانا - رقم کیا جانا - کسی زمرے میں شامل کیا جانا - نوشتہ تقدیر ہونا - طے شدہ ہونا - درج رجسٹر ہونا - لکھانا - لکھنا کا متعدی - لکھائی - لکھنے کا کام - لکھنے کی اُجرت - لکھنے کا انداز - لکھ دینا - تحریر کر دینا - دستاویز کر دینا - نوشتہ تقدیر کر دینا - عمر یا موت معین کر دینا - یقینی ہونا - لکھ رکھو - یاد رکھو - یقینی سمجھو - لکھ لینا - کتابت ختم کرنا - رجسٹر میں درج کرنا - نوٹ کرنا - یاد کر لینا - کسی زمرے میں شامل کرنا - لکھنا - تحریر کرنا - قسمت معین کرنا ؎ شعور

انتظار خط میں جس کی موت خالق نے لکھی
چاہیے کاغذ کا تختہ اس کو نہلاتے ہوئے

(مذ) تحریر کا ڈھنگ - انداز تحریر - لکھوانا - لکھانا کا متعدی - لکھے کو رونا - قسمت کا شکوہ کرنا - لکھے موسیٰ پڑھے خدا (خود آئے) ایسی تحریر کی نسبت بولتے ہیں جو جاہل ہوتے ہوئے علمیت کا مدعی ہو

لَگَّھا :- (ہ - مو) اِدھر کی اُدھر لگانے والی - بیسوا (نو)

لِکھت :- (ہ - مو) تحریر - اقرار نامہ - تمسک - قسمت - لکھت دینا - اقرار نامہ لکھنا - طلاق دینا - لکھت پڑھت ہونا - تحریری اقرار مدار ہونا - دستاویز لکھی جانا -

لَکھَوٹ :- (ہ - مذ) لوکاٹ - ایک پھل کا نام

لَکھوٹا :- (ہ - مذ) وہ سُرخی جو عورتیں ہونٹوں پر جماتی ہیں (سند کے لیے دیکھیے "دل پھیکا ہو جانا")

لَکھوری :- (ہ - مو) ایک قسم کی چھوٹی پختہ اینٹ - ایک قسم کی چھوٹی بھڑ جو مٹی کا گھر بنا کر رہتی ہے اور جسے کمہاری بھی کہتے ہیں -

لَکھیرا :- (ہ - مذ - لَ کے زبر) لاکھ - گوند کی چیزیں بنانے والا -

لکیر :- (ہ - مو) ایک - دھاری - لائن - قطار - سطر - **لکیر پر چلنا** - بنے ہوئے رستہ پر چلنا - پرانے دستور اور رواج پر چلنا - **لکیر پیٹنا** - پرانی وضع اور دستور پر چلنا - افسوس کرنا - **لکیر کا فقیر ہونا** - پرانے دستور پر چلنا - پرانی لکیر پر چلنا بعضوں نے لکیر پر فقیر ہونا بھی لکھا ہے - ظفر

یاں مگر دے کے دل کسی کو ظفر
تم بھی بیٹھے لکیر پر ہو فقیر

لکیر کھینچنا - خط کھینچنا - نشان لگانا - حد باندھنا - قلم پھیرنا - مٹانا - **لکیریا اژدہا** (مذ - لک) وہ اژدہا جس پر گہری کالی لکیریں بنی ہوتی ہیں - **لکیریں کھینچنا / بنانا** - بدخط لکھنا - بچوں کی عادت

لگ بھگ :- (ہ) قریب - پاس - بناجتا - **لگ جانا** - کسی کی طبیعت کسی اور پر آجانا - لازم آجانا - اثر کر جانا - متعدی مرض کا ایک سے دوسرے کو ہو جانا - بھر جانا (کپڑوں میں مٹی لگ گئی) آ جانا (داغ لگ گیا) جل جانا (چاول لگ گئے) شروع ہو جانا (دسواں سال لگ گیا) دیمک یا کیڑے کا لگ جانا - عادت ہو جانا - مائل ہو جانا - (طبیعت لگ گئی) چھو جانا - (پاؤں لگ گیا) مصروف ہو جانا (باتوں میں لگ گئے) پیچھے جانا (چاقو لگ گیا) **لگ چلنا** - ساتھ ہو لینا - ہمراہ کر چلنا - لگا میں آنا - بہت چلنا - عشق جتانا - لپٹنا - **لگ چمٹ کر** - محنت کر کے - کوشش کر کے - مل جل کے - **لگ کے** - پے در پے - مسلسل - **لگ نہ لگنے دینا** - پھٹکنے نہ دینا - قریب نہ آنے دینا -

لگا :- (ہ - مذ) پیار - محبت - برابری - پہنچ - رسائی - تعلق - میں - جھگڑا - تاؤ کھینچنے کا پیچ - ڈھنگ - شروع - ڈھنگ - ڈول - **لگا کھانا** - ٹکر کھانا - برابری کرنا - مقابلہ کرنا - **لگا لگانا** - دوستی پیدا کرنا - حساب کتاب لگانا - یارانہ گانٹھنا - پہل کرنا - ابتدا کرنا - **لگا لگنا** - کام شروع ہونا - ٹکر لگنا - میل ملاپ ہونا -

لگا :- (ہ) ملا ہوا - ساتھ - گلا سڑا - پیوستہ - چسپاں - **لگا کرنا** - بدگوئی کرنا - **لگا بندھا** (مذ) پرانا ملازم یا آشنا - وہ شخص جس کے ساتھ حساب کتاب ہو - قیدی - متعلق - وابستہ - **لگا بیٹھنا** - مارنا - وار کرنا - محبت کرنا - مل کے بیٹھنا - سے داغ

خوب پردہ ہے کہ چلمن سے لگے بیٹھے ہیں
صاف چھپتے بھی نہیں سامنے آتے بھی نہیں

لگاتار - برابر - متواتر - پاس پاس - تابڑ توڑ - **لگا تو تیر نہیں تو تکا** - کارگر ہوا نہ ہو مگر قسمت بندھی ہے - **لگا جانا یا چلنا** - ساتھ ساتھ چلا جانا - پیچھے پیچھے پڑا ہونا - چمٹے جانا - **لگا دینا** - لیپ کر دینا - مل دینا - چپکا دینا - بھڑکا دینا - ترتیب سے رکھ دینا - کھڑا کر دینا - مشغول کر دینا - بٹھا دینا - چغلی کھانا - کسی کام میں خرچ کرا دینا - **لگا رکھنا یا لگائے رکھنا** - کسی غرض سے بچا رکھنا - امیدوار رکھنا - مصروف رکھنا - چمٹائے رکھنا - ساتھ رکھنا - اپنی طرف مائل کر لینا - مسلسل کوئی کام کرائے جانا - **لگا رہنا** - ساتھ رہنا - چمٹے رہنا - مصروف رہنا - جما رہنا - گھات میں رہنا - چھپا موجود رہنا - **لگا لانا** - بھڑکا لانا - بہلا کے لے آنا - دم دلاسہ دے کے لے آنا - **لگا لگایا** - جڑا جڑایا - بنا بنایا - بنا سنوار - صرف شدہ - خرچ کیا ہوا - لگا بندھا - مقررہ - **لگا لینا** - ساتھ کر لینا - ملا لینا - بنا لینا - ڈھب پہ لے آنا (سند کے لیے "خوان گرفتہ") مشغول کر لینا - شروع کر لینا - گنتی میں شامل کر لینا - جوڑا اور کھوٹ کر لینا - حساب کا سوال حل کر لینا - **لگا مارنا** - تہمت دھر دینا - کلنک لگانا - داغ لگانا - **لگا ہوا** - ملا ہوا - جڑا ہوا - پاس پاس - مصروف - آشنا - وابستہ - عادی - سدھا ہوا - دائمی (لگا ہوا کچل) رکھا ہوا (برف میں لگا ہوا پانی)

لگام :- (ف - مو) لوہے کی بنی ہوئی چیز جو گھوڑے کے منہ میں اسے قابو رکھنے کے لیے لگا دیتے ہیں - **لگام اتارنا** - گھوڑے کے منہ سے لگام اتارنا - **لگام چڑھانا** - روکنا - بند کرنا - چپ کرانا - **لگام لیے پھرنا** - گھوڑا ڈھونڈنا -

لگان :- (ہ - مذ) زمین کا سرکاری محصول - مالگذاری -

لگانا :- (ہ) جوڑنا - چپکانا - بھڑانا - جمانا - بھڑکانا - ڈالنا - ملانا - ترتیب سے رکھنا - مصروف رکھنا - سدھانا - الجھانا - تھوپنا - کام میں لینا - تیز کرنا - گھونپنا - کسی سے لڑانا - گھات میں بٹھانا - خرچ کرنا - تہمت دینا - بند کرنا - داؤں پر رکھنا - لیپنا - چغلی کھانا - سواری کو سوار کے قریب لا کر کھڑا کرنا - کسی کا دستر خوان پر چننا - تہمت دھرنا - جماع کرنا - **لگانا بجھانا** - اول بھڑکا کر پھر دھیما کرنا - لڑائی جھگڑا کرانا - بہکانا - **لگانے میں آنا** - دھوکے چغل خوری وغیرہ سے متاثر ہونا - **لگانے والا** - چغل خور - لترا - درانداز - **لگاوٹ** (مو) سازش - لگاؤ - تعلق - نسبت - محبت - دوستی - میل ملاپ - لاڈ - ناز - سازشی طور پر کسی سے ملنا - (سند میں دیکھیے "دم خم") میلان - رجحان - چرب زبانی - **لگاوٹ دکھانا** - التفات ظاہر کرنا - **لگاوٹ کرنا** - محبت جتانا - ناز کرنا - **لگاوٹ کی باتیں** - پھسلانے بہکانے والی باتیں - لگاوٹ

کی گالی۔ نازبھری گالی۔

لگاؤ: (ہ۔ مذ) دستی۔ ایسا برتاؤ جس سے التفات پایا جائے۔ جیسیت کا تعلق جو کسی سے ہوگیا ہو۔ علاقہ۔ نسبت۔ بندش۔ باہمیٔ رسم و راہ۔ میل ملاپ۔ رشتہ ناتہ۔ مناسب جوڑ۔ ہمسری۔ موقع ؎ رشک

نہیں بجی وصل سے چلی خالی
کہ لگے لگنے کا لگاؤ نہیں

آمیزش۔ لاگ۔ سازش۔ شرکت۔ میزان۔ میلانِ طبع۔ ایجاد۔ اشارہ۔ اتصال۔

لگائی: (ہ۔ مو) عورت۔ بیوی۔ آشنا۔ مذ خولہ (ہندو عوام)

لگائی بجھائی یا لگائی لتری: (ا۔ مو) اِدھر کی اُدھر اور اُدھر کی اِدھر کہنا۔ چغل خوری۔ لڑائی کرانا۔ تہمت۔ بہتان۔ لگائی بجھائی کرنا۔ غیبت کرنا۔ اِدھر کی اُدھر کرنا۔ کبھی لڑائی کرانا کبھی صلح کرانا۔

لگتا ہوا: (ا۔ مو) قرینِ قیاس۔ چسپاں۔ مشابہ۔ ملتا جلتا۔ آواز۔ لگتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے۔ قیاس اور اندازے سے سمجھ میں آتا ہے۔ "لگتی" چبھتی۔ کاٹ کرنے والی۔ اثر کرنے والی۔ ملتی جلتی۔ لگتی کہنا۔ چبھتی کہنا۔ ٹھیک ٹھیک کہنا۔ لگے ہاتھ۔ ساتھ کے ساتھ۔ لگے ہاتھوں۔

لگدی: (ہ۔ مو) پیسی ہوئی چیز کی گولی۔ لگدی بنانا۔ کسی چیز کو گیلا کر کے گولا سا بنا لینا۔ لک لبدی

لگڑ: (ہ۔ مذ) شکرے کی قسم کا ایک مشہور پرندہ۔

لگڑا: (مذ) چیتھڑا۔ پھٹا پرانا۔ کپڑا۔ بستر۔

لگڑ بھگا: (مذ) ایک قسم کا چیتا۔

لگ لگ: (ف) ایک پرندہ۔ لق لق۔

لگن: (ول۔ مذ۔ لگ۔ مو) طباق۔ ٹب۔ شمع دان۔ اگردان۔ چلیمچی۔ مو نسبت۔ لگاؤ۔ دھن۔ شوق۔ جوشِ عشق۔ پیار ؎ ولی

اس شوخ شعلہ رنگ سوں جب سوں لگن لگی
جلتے ہیں تب سوں شعلہ صفت اس لگن میں ہم

وقت۔ سماں (ہندوؤں کے روزمرہ میں) شادی۔ شادی کی تاریخ اور وقت کا تقرر۔ آفتاب کے برج حمل میں جانے کی ساعت۔ لگن لگنا۔ محبت ہونا۔ پریت ہونا۔ لو لگنا۔

لگنا: (ہ) جڑنا۔ چپکنا۔ شامل ہونا۔ جمنا۔ اُگنا۔ چھنا۔ پیدا ہونا۔ اٹکنا۔ پڑنا۔ پٹنا۔ چوٹ آنا۔ ٹکرانا۔ چمٹنا۔ معلوم دینا۔ اُلجھنا۔ بند ہونا (آنکھ لگنا) مصروف ہونا۔ ذمہ پڑنا۔ سر پڑنا۔ گھسنا۔ چبھنا۔ تاک میں رہنا۔ خرچ ہونا۔ داؤں پر رکھا جانا۔ قیمت اُٹھنا۔ عادت ہونا۔ بات ٹھہرنا۔ عشق ہونا۔ کاٹ کرنا۔ داغ آنا۔ لتھڑنا۔ برابر ہونا۔ مقابل ہونا۔ آغاز ہونا۔ (آج سے مزدوری لگا) یا آشنائی ہونا۔ کارگر اور مؤثر ہونا (دُعا یا دوا لگنا) ہمبستر ہونا۔ جماع کرنا۔ ترتیب سے رکھا جانا۔ تیز ہونا۔ (چاقو سان پر لگنا) کنارے پر پہنچنا۔ برتا جانا۔ پھیلنا (یہ راستہ پاؤں لگا ہوا ہے) اکثر آنا (یہاں چور لگتے ہیں) محسوس ہونا۔ (ڈر لگنا) باہم رشتہ دار ہونا۔ (تمہارا کیا لگتا ہے) جل جانا (کھیر لگ گئی) اثر پیدا کرنا (بھاگ لگنا، لنگر ڈالنا (یہاں جہاز لگتا ہے) نقصان پہنچانا (گھن لگنا) مشابہ ہونا۔ وہ بالکل تمہارا بھائی لگتا ہے) تشخیص کیا جانا (ٹیکس لگنا) مصادر کے ساتھ شروع ہونا کے معنی دیتا ہے۔ (کہنے لگنا) دھن ہونا (اُسے گھر جانے کی لگ رہی ہے)

لگنی: (ہ۔ مو) چھوٹا سا لگن۔ پاؤں رکھنے کی تھالی جس کے کنارے اونچے ہوتے ہیں۔

لگوانا: (ہ) لگانا کا متعدی۔ نیز نر کا مادہ پر چھوڑنا۔

لگور: (ہ) حملہ کرنے والا۔ چوٹ کرنے والا۔ آشنا۔ یار۔

لگی: (ہ۔ مو) بانس کی لمبی چھڑ۔ مچھلی پکڑنے کی لچک دار چھڑی۔

لگی لگی: (ہ۔ مو) آشنائی۔ خفیہ میل جول۔

لگی: (ہ۔ مو) دل کی کمال خواہش۔ لگی بجھنا۔ خواہش پوری ہونا۔ دل کی آگ بجھنا۔ غصہ کا جاتا رہنا۔ بھڑک دبنا۔ لگی بُری ہوتی ہے یا لگی بُری ہے۔ دل کی آگ بُری ہے۔ عشق بُری بلا ہے۔ لگی کو بجھانا۔ دل کی آگ کو بجھانا۔ عشق کی آگ کو دبانا۔ آرزو پوری کرنا۔ لگی کہنا۔ خوشامد کی کہنا۔ رُخ کی کہنا۔ لگی لپٹی۔ طرف داری کی۔ خوشامد کی۔ لگی لپٹی رکھنا۔ طرفداری کرنا۔ صاف صاف نہ کہنا۔ لگی لپٹی کہنا۔ طرفداری کی بات کرنا۔ صاف صاف نہ کہنا۔ انصاف کی بات نہ کرنا۔ لگی نہ رکھنا۔ لاگ لپیٹ نہ رکھنا۔ طرف داری نہ کرنا۔ ذرا سا یقین باقی نہ رکھنا۔ لگی ہونا۔ دھن یا محبت ہونا۔

لگے: (ہ) قریب۔ پاس۔ ملے ہوئے۔ ساتھ جڑتی یا چھیڑ مارنے کا حکم۔ لگے جانا۔ پیچھے پیچھے چلا جانا۔ پیچھا نہ چھوڑنا۔ لگے دم لگے غم۔ تمنے بازوں کا نعرہ۔ لگے رہنا ساتھ رہنا۔ پیچھے پڑے رہنا۔ مصروف رہنا۔ لگے لگے۔ پاس

لمعہ :- (ع) چمکارا - روشنی - کرن - شعلہ -

لمکنا :- (۱) جھپٹنا - دوڑنا - ایک کر جانا -

لم یزل :- (ع) ہمیشہ رہنے والا - ذات باری - لم یزلی - جس کو زوال نہ ہو - غیر فانی -

لن ترانی :- (ع - مو) ایک آیت کا جز ہے) اصلی معنی ہیں ' تو مجھے ہرگز نہیں دیکھ سکے گا ' اُردو میں خودستائی - بڑائی - شیخی - ڈینگ کے معنی میں مستعمل ہے - لن ترانی کی لینا - ڈینگیں مارنا - فُوں کی لینا - لن ترانیاں - لن ترانی کی جمع - لن ترانیاں ہانکنا - شیخی بگھارنا -

لنج :- (ف - مذ) ٹُنڈا - لولا - لنگڑا - ہاتھ پاؤں کی کجی - لُنجا - ہاتھ پاؤں سے معذور - لنگڑا - لولا - لُنجی (مو)

لنجھاڑا - لنجھیڑا :- (ہ - مذ) بکھیڑا - دُنیا کے جھگڑے -

لُنڈ :- (ہ - مذ) سر کٹا ہُوا - دھڑ بے سر کا - تڑپتا ہوا جسم - بن پتوں اور شاخوں کا درخت - بالفتح آلۂ تناسل - لُنڈ مُنڈ - وہ شخص جس کا سر داڑھی اور مونچھیں منڈی ہوئی ہوں - بن پتوں اور شاخوں کا درخت - غریب - محتاج - لُنڈا - دم کٹا - درخت جس میں پتے اور شاخیں نہ ہوں - محتاج - لُنڈی - بدنام - بے حیا عورت -

لنڈورا :- (ہ) بن دم کا پرند - وہ شخص جس کا کوئی ساتھی نہ ہو - لنڈوری - لنڈورا کی تانیث - لنڈوری فاحشہ - وہ عورت جس کا کوئی سہارا نہ ہو - بیکس - نگوڑی - کنجی -

لُنڈھانا :- (ہ) بہانا - برتن سے پانی گرانا - بے ضرورت صرف کرنا - لُنڈھنا - لازم -

لُنڈھکڑی کھانا :- (ہ - لک) گر کر قلابازی کھانا - لنڈکری (لنڈکریاں ، لک لنڈھکڑیاں)

لُنڈھکنا :- (ہ - لک) گر جانا - لڑھکنا - مر جانا -

لنکا :- (ہ - مو) ایک جزیرے کا نام - فاحشہ عورت - چالاک عورت - لنکا میں جو چھوٹا ہے سو باون گز کا - جس خاندان کا بچہ بچہ فسادی ہو اُس کی نسبت بولتے ہیں - متکبر اور شیخی باز لوگ -

لنگ :- (ف) لنگڑا - لولا - (مذ) لنگڑا پن (مو) قطار - صف - لنگ کرنا - لنگڑانا -

لُنگ :- (ف - مذ) دھوتی - لنگوٹی -

لِنگ :- (س - مذ) آلۂ تناسل -

لُنگارا :- (۱) بے شرم - لُچا - گنڈا - فسادی - لُنگارپن (مذ) بے شرمی - لچاپن - گنڈاپن - شرارت -

لنگر :- (ف - مذ) ناؤ یا جہاز کے ٹھہرانے کا رستہ یا رسّے میں بندھی ہوئی کوئی بھاری چیز - عزت - وہ جگہ جہاں ہر روز کھانا تقسیم کیا جائے - مزار کی چار دیواری - وہ کھانا جو مساکین اور غربا کو دیا جائے - سدا برت - خیرات - پہلوانوں کا لنگوٹا - پتھر کا ٹکڑا اور ڈور جسے بچے آپس میں لڑاتے ہیں - گھٹنے کے نیچے کا حصہ جو کولھے سے سُرین تک ہوتا ہے - بوجھ - وزن - مجرموں کے پاؤں کی زنجیر - لنگر اُٹھانا - کشتی یا جہاز کو چلتا کرنا - کشتی چلانے کی تیاری کرنا - آمادہ ہونا - لنگر باندھنا - لنگوٹ باندھنا - لنگر جاری کرنا - سدا برت جاری - خیرات خانہ کھولنا - خیرات تقسیم کرنا - لنگر خانہ (مذ) سدا برات - ہر روز کھانا تقسیم ہونے کی جگہ - خانقاہ - باورچی خانہ - لنگر دار - سنگین - وزنی - لنگر ڈالنا - جہاز یا کشتی ٹھہرانا - مقام کرنا - ٹھہرنا - بوجھ ڈالنا - مجرم کے پاؤں میں زنجیر ڈالنا - کسی پر ناقابل برداشت بوجھ ڈالنا - دُور دُور بخیہ کرنا - لنگر گاہ (مو) جہازوں کے ٹھہرنے کی جگہ - لنگر لنگوٹا (مذ) کاچھا اور لنگر جو پہلوانی کا جامہ ہے - لنگر لنگوٹا باندھنا یا کسنا - کشتی کے لیے تیار ہونا - لنگر لنگوٹا آگے رکھنا - پہلوان کی شاگردی کرنا - لنگری (مذ) وہ شخص جو محتاجوں کو لنگر خانے میں کھانا تقسیم کرتا ہے -

لنگر :- (ہ - مذ) وہ اینٹ کا ٹکڑا جسے بچے ڈور میں باندھ کر آپس میں لڑاتے ہیں یا ڈور وغیرہ لوٹتے ہیں -

لنگڑا :- (ہ) ایک ٹانگ سے اپاہج - پنگل (مذ) ایک قسم کا مشہور آم - لنگڑا کر چلنا - لنگڑانا - سیدھا پاؤں زمین پر نہ پڑنا - لنگڑانا - لنگ کرنا - ایک ٹانگ پر چلنا - لنگڑی - لنگڑا کی تانیث - لنگڑی کو آسمان پر گھونسلا - اپنی ہمت اور حوصلے سے بڑھ کر کام کرنا -

---

لنگوٹ :- (مذ) کاچھا - لنگوٹے کی نیچے کی طرف لگا ہوا کاغذ - لنگوٹ باندھنا یا کسنا - کاچھا کسنا - کشتی کے لیے تیار ہونا - لنگوٹ بند - لنگوٹ باندھنے والا - کنوارا رہنے والا - لنگوٹ کھولنا - کشتی موقوف کر دینا - لنگوٹا (مذ) کاچھ - لنگوٹی - لنگوٹا باندھنا یا کسنا - کشتی کے لیے تیار ہونا - کاچھ کسنا - لنگوٹا چھیننا - لنگوٹ کسنا - لنگوٹی - لنگوٹا کی تانیث - کپھنی - لنگوٹی باندھے پھرنا - غریبی کے سبب ننگا پھرنا - لڑکپن میں ننگا پھرنا - لنگوٹی بندھوا دینا - ننگا کر دینا - کچھ پاس نہ چھوڑنا - لوٹ لینا - لنگوٹی میں پھاگ کھیلنا - غریبی اور محتاجی میں رنگ رلیاں کرنا -

لنگوٹی میں مست۔ بے فکرا۔ غریب۔ **لنگوٹے کا ڈھیلا** - عیاش (اصطلاح) **لنگوٹے کا سچا** - پارسا۔ مضبوط۔ پہلوان
لنگوٹیا یا لنگوٹیا یار - گہرا اور بے تکلف دوست۔ بچپن کا ساتھی۔ ساتھ کا کھیلا ہوا۔ "لنگوٹیل یار۔
لنگوٹیا۔ ساتھ کا کھیلا۔ بچپن کا یار۔ پرانا یار۔ نہایت گہرا دوست۔

لَنگوچا :- (ہ۔ مذ) بھیڑ بکری وغیرہ کی آنت مسالہ وا قیمے سے بھری ہوئی جسے تل کر کھاتے ہیں۔

لَنگُور :- (ہ۔ مذ) ایک قسم کا بندر جس کا منہ کالا اور دُم لمبی ہوتی ہے۔

لَنگُوری :- (ہ) چوری پکڑوانے میں امداد۔

لَنگھانا :- (ہ) پار اتارنا۔ ندی سے پار کرنا۔ **لَنگھن** (مذ) دریا سے پار اترنا۔ **لَنگھنا** - پار اترنا۔ کسی چیز کے اوپر سے پھلانگ جانا۔

لُنگی :- (ا۔ مو) دھوتی۔ تہ بند۔ سر پر باندھنے کی ایک قسم پگڑی۔

لُنیا :- (ہ۔ مذ) ایک قوم جو بیشتر دیوار اٹھانے اور کنواں کھودنے کا کام کرتی ہے۔

لو :- (ہ۔ واؤ مجہول) صیغۂ امر (دام لے لو) پکڑو۔ سنبھالو۔ کسی کو متوجہ کرنے کے لیے (لو ادھر دیکھو) اظہار تعجب و حیرت کے واسطے ہم لو اس کو بھی ہوتی ہے یہ لیاقت۔ استفسار کے موقع پر (لو کہو کہ تم نے کیا کیا) تنبیہ کے لیے (جواب اس کا نتیجہ دیکھنا) زور و تزئین کلام کے لیے (لو آؤ خدا کو مانو) واہ کیا خوب کے معنی ہیں۔ ~ ذوق

ساون میں دیا لو مہ شوال دکھائی
برسات میں عید آئی قدح کش کی بن آئی

(واؤ مجہول) گرم ہوا جو گرمی کے موسم میں چلتی ہے۔

لَو :- (ہ۔ مو) شعلہ۔ لپٹ۔ شمع کا شعلہ۔ پتھر وغیرہ کی رگڑ سے پیدا شدہ شعلہ۔ دھیان۔ لگاؤ۔ امید۔ شوق۔ کان کے نیچے کی نوک۔ بنا گوش۔ یکسوئی۔ دل کا میلان۔ **لَو اٹھانا** - شعلہ بلند کرنا۔ چرس کا دم لگانا۔ **لَو بجھنا** - شعلہ بجھنا۔ خواہش مٹنا۔ **لَو لگانا** - خیال باندھنا۔ کسی سے دل لگانا۔ **لَو لگنا** - کسی کا دھیان بندھنا۔ کسی سے دل لگنا۔ شوق ہونا۔ امید ہونا۔ کسی چیز کا بار بار ذکر کرنا۔ **لَو نکلنا** - شرارہ اٹھنا۔ شعلہ نکلنا۔

لَوا :- (ہ۔ مذ) ایک قسم کی چھوٹی بٹیر۔

لِوا :- (ع۔ مذ) جھنڈا۔ فوج کا نشان۔ علم۔ اَلْوِیہ - جمع ہے۔

لَواحِق :- (ع۔ مذ) لاحق کی جمع۔ بھائی بند۔ رشتہ دار۔ نوکر چاکر۔ متعلقات۔ **لواحقین** - اُردو میں ہم جمع کے طور پر مستعمل ہے۔

لَوازِم :- (ع۔ مذ) لازم کی جمع۔ چیزیں۔ اسباب۔ **لَوازِمات** - (مذ) لازم کی جمع الجمع۔ سامان۔ اسباب۔ **لوازمہ** - (مذ) لازم کی جمع۔ ضروری چیزیں۔ سامان تکلیف

لِواطَت :- (ع۔ مو) اغلام۔ لونڈے بازی۔

لَوامِع :- (ع۔ مذ) چمکنے والے۔ چمکتے ہوئے۔

لِوانا :- مول لے دینا۔ خرید دینا۔ اٹھوانا۔ بدلوانا۔ (کروٹ لوانا) **لِوا لے جانا** - اٹھوا لے جانا۔ ساتھ لے جانا (دیہاتی عوام)

لوبان :- (ہ۔ مذ) ایک درخت کا خوشبودار گوند۔

لوبھ :- (ہ۔ مذ) حرص۔ لالچ۔ کنجوسی۔ تمنا۔ **لوبھ کرنا** - لالچ کرنا۔ حرص کرنا۔ **لوبھی** - حرص کرنے والا۔ لالچی۔ کسی بات کا بھوکا۔ آرزومند۔ کنجوس۔

لوبیا :- (ہ۔ مذ) ایک قسم کا غلہ۔ ہری ترکاری۔ جس کی پھلی پکا کر کھاتے ہیں۔

لوپ :- (ہ) چھپا ہوا۔ گپت۔ نیست و نابود۔

لوتھ :- (ہ۔ مو) مُردہ جسم۔ لاش۔ جثہ۔ **لوتھ پڑنا** - تھک کر گرنا۔ مردہ ہو کر گرنا ~ سودا

کیا جانے کس کس سے مگر اس کی لڑائی ہے
جس کوچے میں جا دیکھیے اک لوتھ پڑی ہے

لوتھ لوتھ - تھک کر چور۔ بے جان جسم کی طرح۔ **لوتھ ڈالنا** - مار کر گرا دینا۔ جان نکال لینا۔ **لوتھڑا** (مذ) گوشت کا بڑا ٹکڑا۔ جس میں ہڈی نہ ہو۔ منجمد خون کا ٹکڑا۔

لوٹ :- (ہ۔ مو) لوٹنی۔ لڑکنی۔ عشق۔ غش۔ پہلو۔ کروٹ۔ بے قرار۔ پرندوں کے لوٹنے کی جگہ۔ کشتی لڑنے کی جگہ۔ **لوٹ پوٹ** - لوٹنیاں کھاتا ہوا۔ لڑھکتا پڑھکتا۔ بے قرار۔ عاشق۔ غش۔ **لوٹ پوٹ ہونا** - لوٹنیاں کھانا۔ گر جانا۔ تڑپ کر مر جانا۔ عاشق ہونا۔ پھڑکنا۔ **لوٹ جانا** - بچھ جانا۔ لڑھکنیاں کھانے لگنا۔ غش ہو جانا۔ عاشق ہونا۔ پھڑک جانا۔ بچھ جانا۔ نہایت خوش ہونا۔ ~ امیر

بت اس نظر سے، خدا کی پناہ، دیکھتے ہیں
کہ لوٹ جاتے ہیں جو وہ نگاہ دیکھتے ہیں

لوٹ لگانا یا مارنا - لوٹنی لگانا۔ لڑھکنا پڑھکنا۔ سو رہنا۔ لوٹ

ہو جانا - غش ہو جانا - عاشق ہو جانا - نہایت پسند کرنا - قربان ہو جانا - **لوٹ ہونا** - عاشق ہونا - غش ہونا - ریجھنا - قربان ہونا۔

لوٹا لوٹا پھرنا - کسی درد یا صدمے سے اپنے اوپر قابو نہ رہنا - پچھاڑیں کھانا - **لوٹتا ہونا** پچھاڑیں کھانا - بہت بے قرار ہونا۔

لُوٹ :- (ہ - مو) وہ مال جو چھین جھپٹ کر لایا گیا ہو - لوٹ کھسوٹ - غلہ - اندھیر - رشوت - **لوٹ کا مال** (مذ) چوری کا مال - مفت کا مال - **لوٹ کھسوٹ یا لوٹ مار** (مو) غارت - ڈاکہ - قزاقی - **لوٹ کے موسل ہی بھلے یا لوٹ میں چرخہ بھی غنیمت ہے** - مفت کی ادنےٰ چیز بھی اچھی ہے - **لوٹ لینا** - چھین لینا - عاشق کر لینا - موہ لینا - تباہ کر دینا - **لوٹ مچانا یا ڈالنا** - چھینا جھپٹی کرنا - لوٹنا مارنا - **لوٹا لوٹ** - (مو) لوٹ مار - غلہ - اندھیر۔

لوٹا :- (ہ - مذ) ایک قسم کا ٹونٹی دار برتن - **لوٹا اٹھانا یا رکھنا** - نہایت معمولی درجے کی نوکری کرنا - ذلیل خدمت کرنا - **لوٹے ڈالنا** لگ نہانا - جلدی سے معمولی طریقے پر نہانا۔

لَوٹانا :- (ہ) واپس کرنا - پھیرنا - اُلٹانا - **لوٹنا** لازم

لوٹن کبوتر :- (ہ) قلابازیاں کھانے والا کبوتر۔

لُوٹنا :- (ہ) کروٹیں بدلنا - لوٹنیاں کھانا - مچلنا - تڑپنا - عاشق ہونا - سونا - لیٹنا - اچانک مرجانا - نہایت خوش ہونا - عش عش کرنا - **لوٹنا پوٹنا** - سونا سلانا - لیٹنا - لٹانا۔

لُوٹنا :- (ہ) زبردستی چھیننا - تباہ کرنا - اجاڑنا - لینا - نہایت مہنگا بیچنا۔

لوٹنی :- (ہ - مو) لوٹنی - قلابازی - صاف جواب - **لوٹنی لینا** - مکرنا - انکار کرنا - **لوٹنیاں کھانا** - تڑپنا - پھڑکنا۔

لَوٹھا :- (ہ) مرٹا مسٹنڈا - حینگڑا - کندۂ ناتراش - **لوٹھا** - کالوٹھا - کافی بڑا - مرٹا مسٹنڈا - **لوٹھی** - مسٹنڈی۔

لَوث :- (ع - مذ) آمیزش - آلودگی - داغ - دھبا - عیب۔

لوچ :- (ہ - مذ) نرمی - لچک - نزاکت - خوب صورتی - **لوچ دار** - لیس دار - چیپ دار - نرم - ملائم - لچک دار - **لوچ دینا** - گھی دے کر آٹے میں لیس پیدا کرنا۔

لَوح :- (ع - مو) لکھنے کی تختی - پتھر کی چوڑی سل جس پر تاریخ وغیرہ لکھ کر قبر کے سرہانے رکھتے ہیں - کتاب کے اوپر کا صفحہ - **لوح پاک یا لوح سادہ** (مو) وہ تختی جس پر لکھا ہوا نہ ہو - **لوحِ پیشانی** (مو) پیشانی کو لوح سے تشبیہ دیتے ہیں - **لوحِ طلسم** (مو) وہ تختی جس پر جادو وغیرہ لکھا ہوا ہو - **لوحِ قبر مزار** - وہ پتھر جو مزار پر نصب ہوتا ہے اور اس پر کچھ کندہ کرا دیتے ہیں - **لوحِ محفوظ** (با ضا - مو) علم الٰہی - **لوح نویس** - وہ شخص جو کتاب کا سرورق یا ٹائیٹل بناتا ہے - **لوح و قلم** - لوح محفوظ و قلم قدرت - قضا و قدر۔

لوحش اللہ :- (ف) کلمۂ تعریف و تحسین ہے - داغ

بارک اللہ اپنے حسن کو دل ہو بیتاب
لوحش اللہ تجھے جلوہ کر ٹھہرے نہ نگاہ

لودھی :- پٹھانوں کے ایک زبردست خاندان کا نام۔

لَوذعی :- (ع) عقلمند - دانا - زود فہم۔

لوری :- (ہ - مو) پیارا اور سُریلا گیت - جو بچے کے بہلانے یا سلانے کے لیے گایا جائے - **لوری دینا** - بچے کو سلانے یا بہلانے کے لیے دھیرے دھیرے گیت گانا۔

لَوڑا :- (ہ - مذ) آلۂ تناسل - ذکر

لَوڑھنا :- (ہ) کپاس سے بیج الگ کرنا۔

لَوز :- (ف - مو) بادام - بادام کی بنی ہوئی مٹھائی۔

لَوزات :- (ا - مک) ہر مٹھائی کی مثلث کٹائی - **لوزات کی گوٹ** - وہ گوٹ جو پٹاخے کی طرح رنگا رنگ تو ہوتی ہے مگر مثلث رنگین ٹکڑوں کو جوڑا جاتا ہے - مے تق

کس قدر شیریں ادا ہے وہ مرا شیریں دہن
ہے ڈوپٹے میں لپسنہ اب گوٹ بھی لوزات کی

لَوزیات (مو) لوز کی بنی ہوئی چیزیں - بادام کا حلوا - **لوزینہ** (مذ) بادام کا حلوہ۔

لُوط :- (ع - مذ) ایک پیغمبر کا نام جو حضرت ابراہیم کے بھتیجے تھے - ان کی قوم میں لواطت کا بہت رواج تھا - باوجود آپ کی ممانعت کے قوم باز نہیں آئی - **لوطی** - اغلام کرنے والا۔

لُوکا :- (ہ - مذ) شعلہ - لو - جلتی ہوئی لکڑی - **لوکا لگے** (کو) بد دعا - غارت ہو۔

لُوکاٹ :- (ہ - لکاٹ - مذ) ایک پھل کا نام جو کھانے میں کسی قدر ترش رو - زرد رنگ کا ہوتا ہے - لکوٹ۔

لُوکٹ :- (ہ - مو) آدھ جلی لکڑی۔

لوکل :- (انگ) مقامی - **لوکل سیلف گورنمنٹ** (مو) حکومت خود اختیاری۔

لُوکنا :- (ہ) بجلی چمکنا۔

لَوکی:- (ہ - مؤ) گھیا - نمکین کدو -

لوگ:- (ہ - مذ) بہت سے آدمی - خلقت - **لوگ ہنسائی** - (مؤ) جگ ہنسائی -

لولا:- (ہ) لُنجا - لنگڑا - پیروں سے اپاہج - لولی (مؤ)

لَولاک:- (ع) آنحضرتؐ کی شان میں ایک حدیث قدسی ہے جو اس لفظ سے شروع ہوتی ہے "لولاک لما خلقت الافلاک" یعنی اے محمدؐ اگر تو نہ ہوتا تو میں آسمان کو پیدا نہ کرتا -

لُولُو:- (ع - مذ) موتی - گوہر - بچے کا عضو تناسل -

لُولُو:- (ف) ڈراؤنی صورت جو بچوں کے ڈرانے کے لیے بنائی جائے - بجھوت بڑا - احمق - پاگل - **لُولُو بنانا** - احمق بنانا - پاگل بنانا -

لولی:- (ف - مؤ) خوب صورت عورت - ناچنے گانے والی عورت - کنچنی - فاحشہ - بیسوا - **لولیٔ فلک** (مؤ) زہرہ جو آسمان پر ایک مشہور ستارہ ہے -

لَومَہ:- (ع - مؤ) ملامت - ملامت کرنا -

لومڑی:- (ہ - مؤ) ایک شکاری جانور کا نام - روباہ - مکار - **لومڑی کے شکار کو جائیے تو شیر کا سامان کر لیجیے** - تھوڑے سے کام کے لیے بھی پوری طرح تیاری کر لینی چاہیے -

لون:- (ہ - مذ) کھار - نمک - **لون مرچ لگانا** - اپنی طرف سے بات کو بڑھا کر کہنا - بات کو مزے دار بنانا - **لونیا** ایک قسم کا ساگ - نمک بنانے والا -

لُوں:- (ہ - مؤ) گرم ہوا - لُو - سموم - **لُوں چلنا** - گرم ہوا چلنا - سموم چلنا -

لَون:- (ع - مذ) رنگ

لَونجی:- (ہ) کچے آم کی پھانکوں کا اچار - کچومر -

لَوند:- (ہ - مذ) تیرھواں مہینہ جو تیسرے سال ہر سال کی کسرات کو جمع کر کے بڑھایا جاتا ہے - فاضل - زائد - فضول - **لوند سو خصم خدائی** - آزاد و آوارہ عورت کے لیے

لَوندا:- (ہ - مذ) گیلی چیز کا ڈلا یا گڑا - لُبدی -

لَونڈا:- (ہ - مذ) لڑکا - چھوکرا - بیٹا - بے داڑھی مونچھ کا لڑکا - غلام - گھر میں اُوپر کا کام کرنے والا لڑکا - بدفعلی کرانے والا لڑکا - نادان - ناتجربہ کار - سفلہ - چھچھورا - **لونڈا پن** - سفلہ پن - چھچھورپن - لڑکپن - لونڈوں جیسی (حرکات)

لونڈوں کھدیڑی - **لونڈوں گھیری** - زنِ بدکار - وہ عورت جو نوجوانوں کی تلاش میں رہے - **لونڈیا** - آوارہ لڑکوں کی صحبت میں بیٹھنے والا - **لونڈوں باز** - نوجوانوں سے رغبت رکھنے والی عورت - **لونڈھائی صحبت** (تلفظ لَنڈھائی) بازاری لوگوں کی نشست -

لُونڈر:- (انگ) ایک قسم کا خوشبودار گھاس - ایک انگریزی عطر

لَونڈی:- (ہ - مؤ) باندی - ٹہلنی - **لونڈی کا بچہ** (مذ) لونڈی کا بیٹا - لونڈی کا - پرستار زادہ - **لونڈی کا جنا** - ذلیل - کمینہ - غلام - **لونڈی کو لونڈی کہا رو دی، بیوی کو لونڈی کہا ہنس دی** - کمینہ کم ظرف اور شریف باحوصلہ ہوتا ہے - **لونڈی اور کے پیر دھوئے اپنے پیر دھوتے لجائے** - (کہاوت) وہ عورت جو دوسروں کے کام میں پھرتی دکھائے اور اپنے کام نہ کرے - **لونڈی کی خوشامد سے سسرال میں باس** (کہاوت) کارندوں کے خوش رکھنے سے آقا بھی خوش - **لونڈی ہو کر کمایا بیوی بن کر کھایا** - محنتی محنت کے بعد آرام اٹھاتا ہے - **لونڈیا** (مؤ) لڑکی - بیٹی - چھوکری - لونڈے اور لونڈیا تو بہن بھائی ہیں -

لونڈے باز:- اغلام کرنے والا - **لونڈے بازی** (مؤ) اغلام - **لونڈے لاڑیے** - بچے اور بدمعاش بچے - **لونڈے لپاڑیے** - کم سن لونڈے -

لَونگ:- (ہ - مؤ) ایک درخت کی کلی جو خوشبودار ہوتی ہے - ناک کے ایک زیور کا نام - **لونگ چڑے** (مذ) ایک قسم کے کباب - وہ پھلکیاں جو بے نمک مرچ کے بیسن پر پکا کر پانی میں ڈالی اور پھلائی جاتی ہیں - پھر بیسن اور نمک مرچ لگی سے کھائی جاتی ہیں ؂ جرات

آج کل زیرِ فلک گرم ہے مطبخ ان کا
بیچتے لونگ چڑے تھے جو کبھی پانی کے

لونی:- (ہ - مؤ) شور - کھار - **لونی لگنا** - کھار پیدا کرنا - شور لگنا - پلاستر یا اینٹ میں شوریت پیدا ہونا اور اس کا گلنا ؂ حق

تاثیر دیکھو عشقِ بتاں لیج کی
لونی لگی مزار کی ہر ایک خشت میں

لوہ چُون:- (ہ - مذ) لوہے کا چورا

لوہا:- (ہ - مذ) ایک سخت دھات کا نام - بہت مضبوط - سخت

بھاری - استری - لوہا بجانا - تلوار چلانا - لوہا برسنا - تلوار چلنا - کشت و خون ہونا ؎ بحر

بھویں بالوں سے ہیں شمشیر ابزی
کہیں عشاق میں لوہا نہ برسے

لوہا تیز ہونا - تلوار تیز ہونا بس چلنا - زور چلنا - لوہا جانے لُہار جانے دھونکنے والے کی بلا جانے - لوہا دینا یا کرنا - استری کرنا - استری پھیرنا - لوہا لاٹھ - نہایت سخت - نہایت مضبوط - لوہا لاٹ ہو جانا - نہایت سخت ہو جانا - بالکل پیوست ہو جانا - لوہا لوٹ جانا - تلوار کا مڑ جانا - وار خالی جانا - کام بگڑ جانا - لوہا ماننا یا مان جانا - کسی کی بہادری یا دلیری یا کسی اور خوبی کو ماننا - ہار ماننا - لوہار - لوہے کی چیزیں بنانے والا - لوہے کی چیزیں بنانے والے کی قوم - لوہارخانہ (مذ) وہ جگہ جہاں لوہار کام کرتے ہیں - لوہار خانے میں سوئیاں بیچنا - جو چیز جہاں خود تیار ہوتی ہے وہیں لے جانا - بے وقوفی کا کام کرنا - لوہارنی یا لوہاری (مو) لوہار کی بیوی - وہ عورت جو قوم کی لوہار ہو - لوہیا (مذ) لوہے کی بنی ہوئی چیزیں بیچنے والا - لوہے کا پانی - آب شمشیر - لوہے کا دل - پتھر کا کلیجہ - مضبوط دل - لوہے کے چنے (مذ) نہایت سخت اور کٹھن کام - لوہے کے چنے چبانا - نہایت سخت کام کرنا - لوہے کی چھاتی کر لینا - دل مضبوط کر لینا - لوہے کے گھاٹ اُتارنا - دل توڑنا - قتل کرنا - لوہے میں ڈوبا ہُوا - ہتھیار بند - مسلح -

لوہُو:- (مذ) خون - لہو - (اب متروک ہے) ؎ میر

کچھ آج اشک خونیں میں نے نہیں چھپائے
رہ رہ گیا ہوں برسوں لوہو کو اپنے پی کر

لوئی:- (ہ - مو) اُونی چادر - گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا -

لُہار:- (ہ - مذ) لوہار - لہارن یا لہاری مو لہارنی -

لِہاڑا:- (ہ - مذ) نادہند - لین دین کا کھوٹا -

لَہاسں:- (ہ - مذ) موٹا رسّا - جہاز کا رسّا - بڑا ٹوکرا - لہاسی - چھوٹی رسّی جس سے کشتی کھینچتے ہیں -

لُہان:- (ہ) لہو کے ساتھ مستعمل ہے - (لہولہان) خون سے بھرا ہُوا -

لَہبَر:- (ہ - مذ) ایک قسم کا لمبا طول - لبادہ - جُبّہ - چھڑ - نیزہ - علم - لمبا بانس -

لُہٹنا:- (ہ پر کے ساتھ) طبیعت کا مائل ہونا - لٹلوٹ ہونا

لَہجَہ:- (ع - مذ) لفظوں کی آواز - تلفظ - طرزِ کلام - اندازِ گفتگو - لَے - ڈھنگ (اس کا لہجہ خراب ہے)

لِہٰذا:- (ع) اسی لیے - اسی واسطے - پس -

لَہر:- (ہ - مو) پانی کی ہوا سے جُنبش - اُمنگ - شوق - ولولہ - خیال - خبط - پاگل پن - ہڑک - سانپ کا زہر چڑھنے کا نشہ - لہر اُٹھنا یا آنا - موج آنا - ترنگ آنا - جوش اُٹھنا - شوق پیدا ہونا - خیال آنا - لہر آجانا - خیال آجانا - بے اختیار دل چاہنا - لہر بہر ہو جانا - کسی چیز کی کمی نہ رہنا - فارغ البالی - کام بن جانا - خوب بارش ہونا - لہر چڑھنا - سانپ کا زہر چڑھنا - زہر کا دورہ کرنا - لہر لینا - دریا کا موج مارنا -

لَہرا:- (ہ - مذ) طبیعت میں جوش پیدا کرنے والا سُر - کئی سارنگیوں کی ملی جلی ہوئی آواز - لہرانا - موجیں مارنا - لہریں لینا - لہلہانا - ہلنا - شعلہ مارنا - سانپ کا جھومنا - سانپ کے کاٹے کو نشہ یا غنودگی کرنا - ڈگمگانا - لہری - دل چلا - موجی - ظریف - مسخرہ - تُلون - لہریا - لہردار - دھاری دار (مذ) ایک قسم کا کپڑا - لہریں گننا - بیکار کام کرنا - نکما کام کرنا - لہریں لینا - جھومنا - جھولنا - ہلنا -

لَہسَن:- (ہ - مذ) ایک پودے کی جڑ کا نام - لہسنیا (مذ) ایک قیمتی جواہر کا نام جو بلی کی آنکھ کے مانند ہوتا ہے۔

لَہک:- (ہ - مو) لہر - لہلہاہٹ - سبزے کی حرکت - شعلہ - چمک ؎ بحر

خضر کو بھی ہو تمنا گُل جراحت کی
جو اس کے سبزۂ شمشیر کی لہک دیکھیں

لہک کر بولنا - زور سے بولنا - بے باکانہ کلام کرنا - لہکانا - اُکسانا - بھڑکانا - آگ سلگانا - چمکانا - لہکنا - نغمہ سرا ہونا - گانا - بھڑکنا - لہلہانا - لہرانا - چمکنا - گھاس یا سبزے کا افراط سے اُگنا -

لَہلَہا:- (ہ) تر و تازہ - لہراتا ہوا - پھلا پھولا - لہلہانا - موج مارنا - لہرانا - سرسبز ہونا - پھلنا پھولنا - لہلہاہٹ (مو) لہر - موج - شادابی -

لَہنا:- (ہ - مذ) قسمت - نفع - حصّہ - حاصل ؎

غالب کچھ اپنی سعی سے لہنا نہیں مجھے
خرمن جلے اگر نہ ملخ کھائے کشت کو

لہنا بہنا (مذ) قسمت کا ساجھا - حاصل - حصول - نصیب -

لَہنڈا:- (ہ - مذ) گائے بھینس کا گلّہ

لَہنگا:- (ہ - مذ) گھگرا - ڈھیلا - لہنگا پہننا - زنانہ

لباس پہننا ۔ عورت کا سوانگ بھرنا ۔ عورت بن جانا ۔

لَہُو: (ھ ۔ مذ) خون ۔ یگانہ ۔ لہو اترنا ۔ خون جمع ہو جانا ۔ سخت غصہ آنا ۔ لال ہونا ۔ لہو اترنا ۔ سرخ ہونا ۔ لال ہونا ۔ لہو آنا یا لگنا ۔ خون کے دست آنا ۔ لہو اوٹنا ۔ خون کا جوش کھانا ۔ بہت زیادہ غصہ کرنا ۔ لہو برسنا ۔ آنکھوں سے خون ٹپکنا ۔ غصے میں آنکھیں سرخ ہو جانا ۔ خون کی کثرت ہونا ۔ بہت خونریزی ہونا ۔ لہو بگڑ جانا ۔ خون خراب ہو جانا ۔ کوڑھ ہو جانا ۔ سوداویت ہو جانا ۔ لہو بولنا ۔ خون اور قتل کا ثبوت ہونا ۔ لہو بہانا ۔ خون نکالنا ۔ جان سے مارنا ۔ جان دینا ۔ لہو بھرا ۔ لہو سے بھرا ہوا ۔ خون آلود ۔ لہو پانی ایک کرنا یا لہو پانی کرنا ۔ سخت محنت اٹھانا ۔ جان ہلکان کرنا ۔ نہایت غصے میں آنا ۔ کسی کو سخت رنج یا غصہ دلانا ۔ لہو پانی ہونا ۔ خون کا پتلا ہونا ۔ جان ہلکان ہونا ۔ نہایت رنج ہونا ۔ لہو پسینا ایک ہونا ۔ نہایت محنت اور سخت میں پڑنا ۔ سختی اٹھانا ۔ لہو پی کر رہ جانا ۔ غصے کو برداشت کر کے خاموش رہنا ۔ جی ہی جی میں جلنا ۔ لہو پی جانا ۔ مار کر خون پی جانا ۔ مار ڈالنا ۔ لہو پینا ۔ خون پینا ۔ قتل کرنا ۔ جان لینا ۔ نہایت دق کرنا ۔ لہو تھوکنا ۔ خون کی قے کرنا ۔ سل کا مرض ہونا ۔ لہو ٹپکنا ۔ لہو گرنا ۔ نہایت سرخ و سفید رنگت ہونا ۔ کوڑھ ہونا ۔ شخص کا غصے میں سرخ ہو جانا ۔ لہو خشک ہو جانا ۔ خون سوکھ جانا ۔ غم یا خوف سے جسم میں خون نہ رہنا ۔ لہو دینا ۔ خون چھوڑنا ۔ رگ سے خون نکلنا ۔ لہو ڈالنا ۔ خون کی قے کرنا ۔ سل یا دق ہونا ۔ لہو رونا ۔ آنسوؤں کی بجائے آنکھوں سے خون نکلنا ۔ بہت افسوس ہونا ۔ لہو سفید ہو جانا یا ہونا ۔ خون کی حرارت جاتی رہنا ۔ محبت نہ رہنا ۔ رحم نہ رہنا ۔ بے مروت ہو جانا ۔ لہو سوکھ جانا ۔ غم یا خوف سے بدن میں خون نہ رہنا ۔ لہو کا بگاڑ ۔ فساد خون ۔ کوڑھ ۔ سوداویت ۔ لہو کا پیاسا ۔ جانی دشمن ۔ جان کا لاگو ۔ لہو کا پیاسا ہونا ۔ جان کا دشمن ہونا ۔ سخت دشمن ہونا ۔ لہو کا جوش (مذ) ایک خون ہونے کی محبت ۔ یگانگت کی وجہ سے محبت ۔ لہو کا جوش کرنا یا کھانا یا مارنا ۔ رگ محبت پھڑکنا ۔ یگانگت کا جوش پیدا ہونا ۔ لہو کا کڑوا ہونا ۔ کسی کا خون کڑوا ہونا تو اسے کھٹمل پسو نہیں کاٹتے ۔ خون کا تلخ ہونا ۔ لہو کا میٹھا ہونا ۔ خون کا شیریں ہونا ۔ ایسے آدمی کا جگر ۔ پسو یا کھٹمل خوب کاٹتے ہیں ۔ لہو کا ہلکا ۔ وہ شخص جو ذرا سے صدمے کی بھی تاب نہ لا سکے ۔ نہایت رقیق دل ۔ وہ شخص جو خون دیکھ کر بیکل ہو جائے ۔ ناسخ ۔ جسیں ۔ قول

الفی چشم زخم و ہر سے کھتری سے رکتا

مجھ ڈر ہے لہو ہلکا بہت ہے میرے قاتل کا

لہو ملنا ۔ محبت ہونا ۔ رشتہ ہونا ۔ لہو ہلکا ہونا ۔ بہت رقیق دل ہونا ۔ لہو گنگن ۔ خون کے دست آنا ۔ لہو کرنا ۔ خون میں ڈبو دینا ۔ بہت صدمہ دینا ۔ خاک کر دینا ۔ لہو کے گھونٹ پینا یا گھونٹنا ۔ غصے کو برداشت کرنا اور پی جانا ۔ لہو کے نالے بہا دینا ۔ لہو کی ندیاں بہا دینا ۔ بہت خون بہانا ۔ بہت کشت و خون کرنا ۔ لہو لگا کر شہیدوں میں ملنا یا داخل ہونا ۔ ذرا سا کام کر کے اپنے آپ کو بڑے آدمیوں میں شمار کرنا ۔ لہو لہان ۔ خون میں لتھڑا ہوا ۔ خون میں لتھڑا ہوا ۔ لہو لہان کرنا ۔ خوب گھائل کرنا ۔ لہو لہان ہونا ۔ خون ہی خون ہو جانا ۔ سارا خون میں لتھڑ جانا ۔ لہو لینا ۔ فصد کھلوانا ۔ لہو میں ڈوبنا ۔ خون میں نہانا ۔ خون میں غرق ہونا ۔ بہت زخمی ہونا ۔ لہو میں لتھڑنا ۔ خون میں بھرنا ۔ خون میں تر ہونا ۔ لہو میں نہلانا ۔ خون آلود کرنا ۔ لہو لہان کرنا ۔ لہو میں ہاتھ رنگنا ۔ کسی کے خون سے ہاتھوں کو رنگنا ۔ کسی قتل کرنا یا قتل میں شریک ہونا ۔ لہو نکالنا ۔ فصد کھلوانا ۔ خون جاری کرنا ۔ لہو ہونا ۔ زخمی ہونا ۔ لال ہونا ۔

لَہو: (ع ۔ مذ) کھیل تماشا ۔ عیش ۔ واہیات کام ۔ لہو و لعب ۔ مذ کھیل کود ۔ سیر تماشہ ۔ دل لگی ۔ لہو و لعب میں پڑنا ۔ کھیل میں وقت ضائع کرنا ۔ بے ہودہ باتوں میں مشغول ہونا ۔

لَئیق: ۔ (ع) لائق ۔ لیاقت مند ۔

لَئیم: ۔ (ع) کنجوس ۔ بخیل ۔

لَے: (ھ ۔ مو) سُر ۔ لہجہ ۔ شوق ۔ دھن ۔ رٹ ۔ تسلسل ۔ عادت ۔ لے بڑھانا ۔ شوق بڑھانا ۔ عادت ڈالنا ۔ لے بڑھنا یا پڑنا ۔ شوق زیادہ ہونا ۔ عادت پڑ جانا ۔ لے لگا دینا ۔ شوق لگا دینا ۔ دھن لگا دینا ۔ لے لگنا ۔ دھن لگنا ۔ شوق لگنا ۔ لے لینا ۔ سُر نکالنا ۔ الاپنا ۔ گانا ۔

لے: ۔ صیغہ امر ۔ پکڑ ۔ سنبھال (یہ کتاب لے) ۔ متوجہ ہو شروع سے ۔ اوّل سے ۔ آغاز سے لے کر تک ۔ بس ۔ جان معلوم (لے وہ خفا ہو گیا) دیکھو لیس ۔ اب ۔ ۔ ۔

کہتی ہے امیر اس کی ادا تیغ قضا سے

دعویٰ ہے چلکنی کا تو لے روک مری چوٹ

لے اڑنا ۔ لے کر چل دینا ۔ بڑھا دینا ۔ نہایت متوالا کر دینا ۔ نشے میں ہوش و حواس کھو دینا ۔ مزے دار بنا دینا ۔ مزا دوبالا کر دینا ۔ کسی چیز کو بہت رونق دینا ۔ لے جانا ۔ پہنچا دینا ۔ نقل اڑا لینا ۔ کسی کا طرز اپنا لینا ۔ شہرت دینا ۔ لے آنا ۔ وہ اٹھا لانا ۔ جا کر لانا ۔ لے بھاگنا ۔ لے کر چل دینا ۔ بھگا کر لے جانا ۔ کسی کی عزت کو اڑانا ۔ بے سکھائے بڑھاپے سیکھ جانا ۔ لے بھاگو ۔ لے بھگو ۔ ٹھگیا ۔ اچکا ۔ لے بھاگی ۔ سنو بھائی بڑا عجب ہے ۔ لے بیٹھنا ۔ ساتھ لے کر ڈوبنا ۔ اپنے ساتھ دوسرے کو بھی تباہ کر دینا ۔ ساتھ لے کر گرنا ۔ دبا بیٹھنا ۔ عورت کو گھر میں ڈالنا ۔ کوئی کام شروع کرنا (انھیں آتے دیکھا تو کتاب

لے بیٹھے) بے محل ذکر چھیڑنا۔ **لے پالک** ۔ وہ لڑکا یا لڑکی جسے لے کر پال لیا ہو۔ **لے جانا** ۔ لے کر چلے جانا ۔ برباد کرنا ۔ مار ڈالنا۔ چھین لینا ۔ لے چلنا ۔ ساتھ لے جانا ۔ ہمراہ لے جانا ۔ **لے دوڑنا** ۔ لے بھاگنا ۔ بھاگ کر لے جانا ۔ **لے دے** مو لینا دینا۔ کوشش ۔ دوڑ دھوپ ۔ لعنت ملامت ۔ **لے دے کرنا** ۔ کوشش کرنا ۔ دوڑ دھوپ کرنا ۔ لعنت ملامت کرنا ۔ ڈانٹنا ۔ **لے دے ہونا** ۔ لتاڑ پڑنا ۔ بحث ہونا ۔ تکرار ہونا ۔ کوشش ہونا ۔ **لے دے کے** ۔ نہایت کوشش سے ۔ نہایت مشکل سے ۔ **دے دلاکر لے دینا** ۔ دلوا دینا ۔ مول لے دینا ۔ خرید دینا ۔ **لے ڈالنا** ۔ مول لے لینا ۔ تھکا دینا ۔ ختم کر دینا ۔ مار ڈالنا ۔ شامل کرنا ۔ عاجز کر دینا ۔ برا حال کر دینا ۔ آڑے ہاتھوں لینا ۔ **لے ڈوبنا** ۔ اپنے ساتھ دوسرے کو بھی تباہ کر دینا ۔ غرق کر دینا ۔ **لے بیٹھنا** ۔ **لے رکھنا** ۔ خرید کر رکھ چھوڑنا ۔ مول لے رکھنا ۔ جمع کر رکھنا ۔ **لے رہنا** ۔ لے مرنا ۔ لے ڈوبنا ۔ کما لینا ۔ حاصل کرنا ؎ داغ

یقین ہے وہ آخر کو کچھ لے رہیں گے

پہنچ جانا ۔ رسائی حاصل کر لینا ۔ چھپا رہنا ؎ امیر

تفاوت اس قدر ہے زاہدوں میں اور رندوں میں
کہ وہ کچھ دل میں لے رہتے ہیں یہ سب کہہ گزرتے ہیں

لے لینا ۔ چھین لینا ۔ دبا لینا ۔ خرید لینا ۔ پھیر لینا ۔ پکڑ لینا ۔ حاصل کر لینا ۔ **لے لے ہونا** ۔ پکڑو پکڑو کا شور ہونا ۔ **لے مرنا** ۔ لے ڈوبنا ۔ اپنے ساتھ سان لینا ۔ بہتان لگانا ۔ حاصل کر لینا ۔ کما لینا ۔ دبا لینا ۔ مار لینا ۔ **لے نکلنا** ۔ لے بھاگنا ۔ کامیاب ہو جانا ۔ سیکھ جانا ۔

لیا :۔ (ف) پکڑا ۔ وصول کیا ۔ شرمندہ کیا ۔ کمایا ۔ **لیا جانا** ۔ مغلوب ہونا ۔ پکڑوانا ۔ **لیا دیا** (مذ) کیا کرایا ۔ کرنی ۔ نیکی ۔ نیک کاموں کا پھل ۔ **لیا دیا آگے آنا** ۔ نیکی کا پھل ملنا ۔ نیکی کام آنا ۔

لیاقت :۔ (ع ۔ مو) قابلیت ۔ گُن ۔ مقدور ۔ طاقت ۔

لَیَا :۔ (ان ۔ د ۔ لک ۔ لَیَا ۔ مو) کھیلیں ۔ عام طور سے بھنے ہوئے مرمرے یا رام دانے اور گڑ کی مٹھائی جسے بچے کھاتے ہیں ؎

جوانی زور پر ہے اور مہاسوں کی بھی کثرت ہے
بُت کافر کا چہرہ ہے کہ لَیَا رام دانے کی

لیبر :۔ (انگ ۔ مو) مزدوری (مذ) مزدور ۔ مزدوروں کی جماعت ۔

لیبڑ :۔ (ا ۔ مذ) آنکھوں کی کیچڑ ۔

لیپ :۔ (ف ۔ مذ) دوا جو پانی یا روغن میں ملا کر مل جائے ۔ پلستر ۔ ضماد (کرنا ۔ لگانا ۔ لگنا) ؎ مصحفی

جب ستایا درد عشق دخت رز نے ساقیا
لیپ دل پر بادہ گلگوں کی تلچھٹ کا کیا

لیپ پوت (مو) مکان کی لپائی پتائی ۔ جرم کی صفائی جو کردہ ہو ۔ **لیپا پوتا** (مذ) لیپا اور پوتا ہوا ۔ پلستر کیا کرایا ۔ بنایا بنایا کیا کرایا ۔ **لیپنا** ۔ پوتنا ۔ قلعی کرنا ۔ چوکا کرنا ۔ **لیپنے کا نہ پوتنے کا** ۔ نکما ۔ بالکل بے کار ۔

لیتا بھولے نہ دیتا :۔ (ف) نقد لین دین ۔ پختہ بات ۔

لیترا :۔ (ا ۔ مذ) گھونسٹرا ۔ پرانا ۔ ٹوٹا جوتا ۔ **لیترے پڑنا** ۔ ٹوٹے پھوٹے جوتوں سے پٹنا ۔ نہایت ذلیل ہونا ۔ **لیترے چیتھڑے** (مذ) ٹوٹی جوتی اور پھٹے پرانے کپڑے ۔ **لیترے کھانا** ۔ نہایت ذلت اٹھانا ۔ جوتیاں کھانا ۔ **لیترے لگانا یا مارنا** ۔ جوتے مارنا ۔ نہایت ذلیل کرنا ۔

لَیتُ و لَعَل :۔ (ع ۔ مو) ٹال مٹول ۔ آج کل ۔ حیلہ بہانہ (کرنا ۔ ہونا ۔ میں ڈالنا) ؎ آتش

وعدۂ وصل کہاں عاشق بے صبر کہاں
کام محتاج کا کیا لیت و لعل میں ہوتا

لیتھو :۔ (یا لتھو ۔ مذ) پتھر ۔ **لیتھو پریس** ۔ وہ کارخانہ جہاں پتھر سے چھپائی ہوتی ہو ۔

لیٹ :۔ (انگ) دیر کر کے ۔ تاخیر سے ۔ وقت کے بعد ۔

لیٹ جانا :۔ (ف) پڑ جانا ۔ پسر جانا ۔ ہمت ہار دینا ۔ آگے نہ چل سکنا ۔ قدموں میں گر پڑنا ۔ سو جانا ۔ کھڑی کھیتی کا زمین پر گر جانا ۔ گر پڑنا ۔ لیٹنا ۔ لیٹ جانا ۔ **لیٹے جانا** ۔ ہمت ہار دینا ۔ بہت خوشامد کرنا ۔

لیٹر :۔ (مذ ۔ انگ) خط ۔ حرف ۔ **لیٹر بکس** ۔ مراسلات ڈالنے کا بکس جس سے ڈاکیہ خطوط وغیرہ نکالتا ہے ۔

لیجس لیٹو کونسل :۔ (انگ لے جس لِ لیٹو کاؤن سِل مو) مجلس واضعان قانون ۔

لیجیو :۔ (ف) پکڑیو ۔ جانے نہ دینا ۔ روکنا ۔

لیچڑ :۔ (ا) دیر میں قرضہ ادا کرنے والا ۔ کنجوس ۔ **لیچڑ پن** ۔ کنجوسی ۔ بدمعاملگی ۔

لیچی :۔ (ف ۔ مو) ایک پھل کا نام ۔

لید :۔ (ف ۔ مو) گھوڑے گدھے ۔ خچر وغیرہ کا فضلہ ۔ **لید کرنا** ۔ ہگنا ۔ گوبر کرنا ۔ ہمت ہارنا ۔

لیڈر :۔ (انگ) سرگروہ ۔ گروہ کا سرغنہ ۔ سیاسی رہنما ۔ (مذ) اداریہ ۔ ایڈیٹر کا لکھا ہوا نوٹ ۔

لیول :- (انگ - مذ) سطح - سطح کی ہمواری - زمین کا نشیب و فراز دیکھنے کا آلہ -

لیھی :- (ھ - مو) میدے کی پکی ہوئی لیس دار چیز جس سے کاغذ وغیرہ چپکاتے ہیں - لئی

لئی :- (ا - مو) لک - لیھی

لیے :- (ھ) واسطے - اس غرض سے - لیے ہوئے سنبھالے

لیے بیٹھنا - ضد کرنا ع جلیل

بیکار لیے بیٹھے ہو اب شرم و حیا کو

لیے پڑا ہونا - ساتھ لے کر لیٹے ہونا - ہمبستری کرتے ہونا - لیے پھرنا - تذکرہ کرنا - ذکر کرنا - کہنا - بار بار کہنا - ساتھ لے کر پھرنا - لیے جانا - کسی کو ساتھ لیے ہوئے کہیں جانا - لیے جایا کرو - بیکار چیز کے واسطے بولتے ہیں - لیے دیے پاس آبرو رکھنا - خودداری کرنا - لیے مرنا - الزام دینا ؎ جلال

کشتہ ناز کے خون کا دعویٰ کس کے - لیے مرتا ہے یہ تو لے دل شیدا کس پر

م

م :- اردو اب ت کا اکتیسواں حرف - اس کے اعداد بحساب ابجد چالیس ہوتے ہیں - بعض کے نزدیک مذکر ہے ؎ امیر

جو آنکھیں ہوں تو نام پاک سے پیدا ہے یکتائی

کہ آغوش احد میں جلوہ گر ہے میم احمد کا

بعض ادیب تانیث کے قائل ہیں ؎ رشک

خوشنویسو ہیں وہ آنکھیں میم طغریٰ کا جوڑ

لکھو سکو ایسی اگر دو ایک میمیں لطف ہے

ما :- (عربی سابقہ) جیسے مابعد - بعد میں - بعد کو - مابقی - بچا ہوا - جو کچھ باقی رہ گیا ہو - مابہ الاحتیاج جس چیز کی ضرورت ہو - مابہ الامتیاز - فرق کرنے والی بات یا علامت - مابہ النزاع - جھگڑے کی بنا - باعث فساد - مابین - درمیان - دوران - ماتحت - زیر حکم - تابع - نائب - ماتقدم - وہ چیز جو پہلے گذر چکی - ماجرا - سرگذشت - واقعہ - واردات حالت - ماحصل - نتیجہ - خلاصہ - پیداوار - نفع - ماحضر - جو کھانا موجود ہو - موجودہ طعام - طعام - ماحول - گرد و پیش کی مجموعی حالت و کیفیت - مادام - ہمیشہ ؎

مادام لکھنؤ رہے آباد اے منیر

مجمع ہے اس دیار میں اہل کمال کا

ماسبق - گذشتہ - جو پہلے گزر چکا ہو - ماسلف - گزرا ہوا - بیتا ہوا - ماسوا - بجز - علاوہ - علاوہ بریں - ذات باری کے علاوہ تمام کائنات ؎ مؤلف

اک سوائے جناب ختم رسل

ماسوائے سوا علیؑ و لی

ماشاءاللہ - چشم بد دور - کلمۂ تحسین و آفرین - سبحان اللہ کیا کہنا - طنزاً بھی بولتے ہیں ؎ امیر

خوب انصاف کیا آپ نے ماشاءاللہ

آنکھ سے آنکھ لڑی چھین لیا دل میرا

مافات - جو فوت ہوا جو گزر گیا - مافوق - اعلیٰ - ممتاز - اونچا - بلند - برتر - فائق - مافی الضمیر - دل کی بات - نیت - مطلب و مقصد - مافیہا - جو کچھ اس (دنیا) میں ہے ؎ ناظم

سحر نظارہ ہوا اس صنم رعنا کا

ہوش دنیا کا رہا مجھ کو نہ مافیہا کا

ماقبل (مذ) جو پہلے ہو - وہ حرف جو کسی حرف سے پہلے ہو - ماقبل الذکر - مذکورہ بالا - ماقل و دل - تھوڑا کلام جس کے معنی بہت ہوں اور وہ معنی واضح بھی ہوں ع محسن

تیری صورت سے کھلے معنی ماقل و دل

مالاکلام - جس میں کچھ شبہ و اعتراض کی گنجائش نہ ہو - مالایطاق - طاقت سے باہر چیز یا کام - مالاینحل - جو حل نہ ہو سکے - وہ گرہ جو کھل نہ سکے - جو مسئلہ ناقابل حل ہو - مامضیٰ - جو کچھ ہو چکا - جو گزر گیا - ماوجب - دعا و سلام وغیرہ - ماورا - بجز - سوا - اس کے علاوہ - ماوراءالنہر موجودہ ایران (قدیم توران) کا وہ حصہ جو رود جیحون کے دوسری طرف واقع ہے - مایحتاج - بقدر ضرورت - ضروریات - مایقرء - جو بمشکل پڑھا تو جا سکے مگر بدخط ہو - اس لفظ کا استعمال تحریر تک محصور ہے - ما (ف) ضمیر جمع متکلم - ماچہ سے سرائیم و طنبورۂ ما چہ می سرائید - بے تکی باتوں کے واسطے مستعمل ہے - ما در چہ خیالیم و فلک در چہ خیال - خلاف امید کسی امر کے پیش آنے کے لیے بولتے ہیں - مارا چہ ازیں قصہ کہ گاؤ آمد و خر رفت - کسی کے آنے جانے یا کسی کام میں دو دخل رہنے سے بے پروائی ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں - ماوشما - ہر کس و ناکس - معمولی لوگ - ماومن - خود پسندی - خودستائی ع رشک

اللہ رے عجب ما و من و نخوت و غرور

اے رے غیرے

؎ نذیر احمد

بنا دینا (اس کا اگلے زمانے میں رواج تھا)

ماتھوں: ماتھا کی جمع۔ **ماتھے بیتنا**۔ کسی کے سر جانا۔ آفت آنا۔ **ماتھے پر افشاں چننا**۔ خوبصورتی کے لیے عورتوں کا ماتھے پر ابرک کے ریزے لگانا۔ **ماتھے پر الف کھینچنا**۔ ماتھے پر نشان یا قشقہ لگانا۔ آزاد و فقیر ہونا ؎ بحر

انگشت نما کون ہو حاجت طلبی میں
ماتھے پہ الف کھینچتے ہیں چھوڑ کے گھر بار

ماتھے پر شکن ہونا۔ رنج وا ندوہ یا رنجش اور ناگواری پیشانی پر بل پڑنا۔ **ماتھے پر صندل لگانا یا ملنا**۔ درد سر کا علاج ہے۔ ؎ قدر

درد سر اس کے ہوا اُس کے صدائے طاؤس
برق نے ابر کے ماتھے پہ لگایا صندل

ماتھے ٹیکا ہونا۔ کسی امر کا کسی پر منحصر ہونا۔ **ماتھے جانا**۔ ذمہ پڑنا۔ بھتینا۔ کسی امر قبیح کا کسی کی طرف عائد ہونا۔ نقصان ہونا۔ **ماتھے چاند بھوڑی تارا**۔ ماتھا چاند سا روشن ہے۔ **ماتھے کا گھٹا**۔ وہ نشان جو سجدہ کرتے کرتے پیشانی پر پڑ جاتا ہے۔ **ماتھے مارنا**۔ خفا ہو کر واپس کر دینا۔ **ماتھے مڑھنا**۔ ذمے ڈالنا۔ **ماتھے ہونا**۔ فرض ہونا۔ ذمے ہونا۔

ماٹ:۔ (ہ۔ مذ) مٹی کا بڑا مٹکا۔ نیل کا حوض۔ **ماٹ کا ماٹ بگڑا ہے**۔ سب کی عقل جاتی رہی ہے۔ سب کو داغ لگ گیا۔

ماٹھ:۔ (مذ) بھٹی۔

ماٹھا پھولام:۔ (ہ۔ مذ واو غیر ملفوظ) ایک قسم کا کپڑا جو ہندوستان میں بنا جاتا تھا۔

ماٹھو:۔ (ہ۔ واو معروف) مسخرا۔ ایک قسم کا بندر۔ بے وقوف۔ بھولا۔

ماٹی:۔ (ہ۔ مو) مٹی۔ خاک۔ زمین (قدیم روزمرہ ہے)

ماٹی میں رُلنا۔ بدن کا مٹی میں ملنا۔ فنا ہو جانا۔ خراب ہو جانا۔ تباہ ہونا۔ بگڑ جانا۔

ماثور:۔ (ع) مقبول۔ یہ لفظ درود وظیفہ کی دعاؤں کے ساتھ صفت کے طور پر مستعمل ہے جیسے دعائے ماثور۔ ادعیۂ ماثورہ۔

ماجد:۔ (ع) بزرگوار۔ لفظ والد کے ساتھ صفت کے طور پر مستعمل ہے۔ والدہ اور جدّہ (دادی) کے ساتھ "ماجدہ" بولتے ہیں۔

ماجرا:۔ (ف۔ مذ) دیکھیے "ما"

ماجو:۔ (ہ۔ مذ) ایک دانہ۔ بیج۔ جس کا مزا کسیلا ہوتا ہے۔ ؎ جان صاحب

مسّی خراب ہوتی ہے کوکا تو ڈھونڈ لا
سوسن کو طاق میں نہیں ماجو نظر پڑا

ماجوج:۔ (ع۔ مذ) ایک قدیم قوم کا نام جو حضرت یافث ابن نوح کی اولاد سے تھی۔ تاتاری لوگ۔

ماجور:۔ (ع) اَجر و ثواب دیا گیا۔ اجر و ثواب یافتہ۔

ماجھی:۔ (ہ۔ مذ) ملاح کشتی چلانے والا۔

ماچا:۔ (ہ۔ مذ) اونچی اور بڑی چارپائی۔ وہ اونچی مچان جس پر بیٹھ کر کھیت کے پرندوں کو اُڑاتے ہیں۔ ماچی مو پلنگڑی۔ جالی دار تھیلا جو گاڑی کے پیچھے اسباب وغیرہ رکھنے کے لیے ہوتا ہے۔ لکڑی کا آلہ جو قلبہ رانی کے وقت بیلوں کے گلے میں ڈالتے ہیں۔

ماحی:۔ (ع) مٹانے والا۔ محو کرنے والا۔

ماخذ:۔ (ع) اصل بنیاد۔ جڑ۔ وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز نکلے۔ مادہ۔ مبداء۔ حوالے کی کتاب

ماخوذ:۔ (ع) گرفتار۔ پھنسا ہوا۔ پکڑا ہوا۔ اخذ کیا ہوا مضمون وغیرہ۔ مبتلا۔ پٹا ہوا (کرنا ہونا کے ساتھ)

ماخولیا:۔ (ف) مرض جنوں۔ خام خیال۔ بے وقوف۔ مالیخولیا۔

مادر:۔ (ف۔ مو) ماں۔ والدہ۔ **مادرانہ**۔ ماؤں کی طرح۔ ماں کی طرف منسوب۔ **مادر بخطا** بغیر اضافہ حرامی۔ ولد الزنا۔ **مادر پدر کرنا**۔ **مادر خواہر کرنا**۔ ماں باپ اور بہن وغیرہ کی گالیاں دینا۔ **مادر بزاد** (بغیر اضافہ) پیدائشی اندھا۔ برہنہ۔ **مادرِ رضاعی** (بہ اضافہ) بچے کو دودھ پلانے والی عورت جو ماں نہ ہو۔ **مادرِ علاتی** (بہ اضافہ) سوتیلی ماں۔ **مادرِ گیتی**۔ کنایہ کے طور پر زمین۔ **مادرِ وطن** بہ اضافہ تشبیہی **مادری**۔ پیدائشی۔ فطری۔

مادہ:۔ (ف) دال بغیر تشدید (مو) نر کی نقیض۔

مادّہ:۔ (ع بہ تشدید دال۔ مذ) ہر چیز کی اصل۔ وہ شے جس سے کوئی چیز بنائی جائے۔ (جیسے فساد کا مادہ ٔلوں میں موجود تھا) قابلیت۔ صلاحیت۔ استعداد۔ ماخذ۔ اصل۔ جڑ۔ منبع۔ عقل۔ تمیز۔ ادراک۔ جسم۔ وجود۔ مواد۔ پیپ۔ روح کی نقیض۔ وہ حرف یا لفظ جن سے کوئی لفظ بنا ہو۔ **مادہ بر عضوِ ضعیف می ریزد**۔ اس وقت بولتے ہیں جب کسی ضعیف کو نقصان پہنچے۔ **مادّی**۔ منسوب بہ جسم و جسمانیت۔

ماشہ (اف - مذ) آٹھ رتی کا وزن - ایک تولے کا بارھواں حصہ - **ماشہ بھر** - ایک ماشے کی مقدار - تھوڑا سا - **ماشہ تولہ ہونا** - ایک حالت پر قیام نہ رہنا - بہت نازک مزاج ہونا -

ماضی (ع) گزشتہ - گزرا ہوا زمانہ (نحو) مصدر کا وہ صیغہ جس سے گزرا ہوا زمانہ پایا جائے - **ماضی احتمالی** - (مو) وہ ماضی جس سے گزرے ہوئے زمانے میں کام کے متعلق شک اور تمام رہنا پایا جائے - **ماضی استمراری** (مو) وہ ماضی جس سے گزرے ہوئے زمانے میں کام کا جاری اور تمام رہنا پایا جائے - **ماضی بعید** (مو) وہ ماضی جس سے دور کے گزرے ہوئے زمانے میں کام کا ہونا یا نہ ہونا پایا جائے - **ماضی تمنائی یا ماضی شرطی** (مو) وہ ماضی جس سے گزرے ہوئے زمانے میں کسی کام کی تمنا یا شرط پائی جائے - **ماضی شکّی** - دیکھو ماضی احتمالی - **ماضی قریب** - وہ ماضی جس سے قریب کے گزرے ہوئے زمانے میں کسی کام کا ہونا یا نہ ہونا پایا جائے - **ماضی مطلق** (مو) وہ ماضی جس سے بغیر کسی قید کے گزرے ہوئے زمانے میں کام کا ہونا یا نہ ہونا پایا جائے -

ماضیہ (مو) [illegible] - گزشتہ - پیشترہ -

ماغ (اف - مذ) ایک قسم کا کبوتر -

ماکول (ع کھایا ہوا) کھانے کی چیز - **ماکول اللحم** - وہ جانور جس کا گوشت کھایا جائے - **ماکولات** - کھانے کے لائق چیزیں -

ماکیان (اف - مو - واحد) مرغی -

ماگھ (ہ - مذ) ہندی سال کا گیارھواں مہینہ -

مال (ہ - مو) وہ ڈور جو چرخے میں تکلے کو متحرک کرتی ہے - (ع - مذ) ملکیت - دولت - اسباب - جائداد - جنس - مالگزاری - لگان - پیداوار - آمدنی - کائنات - اصل حقیقت اور حیثیت ؎ بحر

مال کیا ہے میری نظروں میں جمال آفتاب
تیرے آگے ہے حقیقت زرد لال آفتاب

بیش قیمت شے ؎ داغ

دل ہوا خاک تو اکسیر کسی نے پایا
تھا یہ جب مال تو کوئی بھی خریدار نہ تھا

تیل کی تیار کچیاں جو بیچی جاتی ہیں - **مال اڑانا** - مزے سے چیزیں کھانا - روپیہ خرد برد کرنا - غبن کرنا - روپیہ صرف کرکے عیش کرنا - **مالا مال** - بھرا پرا - زرخیز - قابل پیداوار - خوش حال -

مال بچا بیٹھنا - غبن کرنا - خیانت کرنا ؎ داغ

تم بچا بیٹھے جو پرایا مال
دل کی نالش کریں گے عاشق ہے

مال پر زکوٰۃ ہے - آمدنی پر خرچ ہوتا ہے - آمدنی ہی پر خیرات منحصر ہے - **مال پرست** (بے اضا) بندۂ سیم و زر - **مال پڑا پانا** - بے محنت کوئی چیز ہاتھ آنا - **مال تال** (مذ - بے اضا) روپیہ پیسہ - مال متاع - **مال چکھنا** - کسی کا مال کسی کے کھانے پینے میں خرچ کرنا یا ہونا ؎ ظہیر

کھو دیتے ہیں دولت دنیا شراب میں
چکھاتے ہیں مال جو اس پیر زال کا

مال چیرنا - مال ہضم کر جانا - غبن یا غصب کرنا - **مال حرام** (مذ - بے اضا) حرام سے کمائی ہوئی دولت - چوری کا مال - **مال خانہ** (مذ - بے اضا) وہ مکان جس میں مال وغیرہ جمع رکھتے ہیں - گودام - خزانہ - جنس کا اسٹور - کوٹھی - **مال دار** (بے اضا) دولت مند - **مال داری** (مو) صفت مالدار - **مال دھنی** - مالک - داتا - **مال ڈھالنا** - تنہا مستعمل نہیں - **کوڑیوں کے مول مال ڈھالنا** - سستا بیچ دینا ؎ شاد

وہ مال جو دیکھے وہ دل بیچ ڈالتے ہیں
کوڑیوں کے مولوں یہ مال ڈھالتے ہیں

مال زادہ - (بے اضا - مذ) حرام کا بچہ - پیشہ ور عورت کا بچہ - ترم ساق - بھڑوا - **مال زادی** (مو) وہ لڑکی - کسبی - حرامزادی - بچی - زن بے حشمت - قحبہ - عورت کے لیے گالی - **مال سستے پر ڈھالنا** - سستا بیچنا - **مال سمجھنا** - بہ وقعت سمجھنا - **مال ضامن** (بے اضا) اللہ کی ضمانت دینے والا - کسی کا لیا ہوا روپیہ ادا کرنے کا ذمہ دار - **مال ضامنی** (بے اضا - مو) صفت مال ضامن - **مال عرب پیش عرب** - اپنا مال اپنی ہی آنکھوں کے سامنے محفوظ رہتا ہے - **مال غنیمت** (بے اضا) لوٹ کا مال - مفت کا مال - دشمن یا کافروں کا مال جو جنگ میں ہاتھ آئے - **مال کٹنا** - مال کا چوری ہو جانا - مال کا کثرت سے بکنا - **مال کھانا** - مال ہضم - **مال کھلانا** - اچھے سے اچھا کھلانا - **مال کھینچنا** - مال کمانا - مال جمع کرنا - **مال گاڑی** (بے اضا - مو) وہ ریل گاڑی جس میں مال روانہ کیا جاتا ہے - **مال گزار** (بے اضا) مال گزاری ادا کرنے والا - **مال گزاری** (بے اضا - مو) خراج - زمین کا سرکاری محصول - **مال کل ہے** - مال کثرت سے صرف ہوتا ہے - **مال گننا** - بہ وقعت سمجھنا - **مال گودام** (بے اضا - مذ) مال خانہ - ریلوے اسٹیشن کا وہ حصہ جہاں مال گاڑی سے مال اتار کر رکھا جاتا ہے - **مال لاوارث** (بے اضا) وہ مال جس کا کوئی دعویدار یا وارث نہ ہو - **مال لٹے سرکار کا مرزا کھیلیں پھاگ** - کسی کا نقصان ہو کوئی مزے اڑائے - **مال مارنا** - کسی کا مال اپنے تصرف میں لانا

لوٹ لینا۔ بے محنت و مشقت دولت حاصل کرنا ~ آتش

سامنے آنکھوں کے پہروں ہی بٹھایا یار کو
مال مارا ہم نے لوٹا لذّت دیدار کو

مال مارُو۔ (ہ او معروف) غبن کرنے والا۔ خائن۔ غاصب۔ **مال متاع**۔ (بے اضا۔ مذ) دولت و اسباب۔ **مال محمولہ**۔ (بہ اضا۔ مذ) وہ مال جو ایک جگہ سے دوسری جگہ کسی سواری وغیرہ پر لاد کر لے جائیں۔ **مال مست** بے اضا دولت کے نشہ میں مخمور۔ دولت پر مغرور۔ بے فکر۔ **مال مستی** (صفت) **مال مفت** (مذ۔ بہ اضا) محنت یا کوشش کے بغیر حاصل کیا ہوا مال۔ **دلِ بے رحم**۔ اس موقع پر بولتے ہیں۔ جب پرایا مال بے دریغ صرف کیا جائے۔ **مال منقولہ** (با ضا) وہ جائداد یا ملکیت جو ایک جگہ سے اٹھا کر دوسری جگہ لے جائی جا سکے۔ **مالِ موذی نصیب غازی**۔ بخیل کا مال جلنے کے موقع پر بولتے ہیں

مالا :- (ہ۔ مو و مذ دونوں طرح مستعمل ہے) ہار۔ گجرا۔ پھولوں یا موتیوں کا ہار۔ ہندوؤں اور سادھوؤں کی تسبیح۔ وہ نشان جو تیغ ہندی یا تیغ فولادی کے دونوں جانب ہوتا ہے۔ **مالا پھیرنا یا جپنا**۔ تسبیح پڑھنا۔ سمرن جپنا۔

مالتی :- (ہ۔ مو) ایک بوٹی کا نام۔ ایک قسم کی بیل۔ ایک طرح کا پھول۔ چنبیلی۔ جوان عورت۔ دریا۔ چاندنی رات۔ **مالتی بسنت** (مو) ایک کشتہ جو سونے کے ورقوں اور موتیوں سے تیار کیا جاتا ہے۔

مالسری :- (س۔ مو) ایک راگنی جو دوپہر کے بعد گائی جاتی ہے

مالش :- (ف۔ مو) ملنا۔ رگڑنا۔ تیل وغیرہ کا جسم پر ملنا مٹھی۔

مالِک :- (ع) آقا۔ خدائے تعالیٰ۔ کسی چیز یا صنعت کا رکھنے والا یا والی۔ شوہر۔ قابض و متصرف مختار۔ منتیب والا۔ حاکم۔ وہ فرشتہ جو دوزخ کا موکل ہے۔ وہ سوداگر جس نے یوسفؑ کو مصر میں بہت سستا بیچ ڈالا تھا ~ میر

کیا پانی کے مول آ کر مالک نے گھر بیچا
ہے سخت گراں سستا یوسفؑ کا بکا جانا

مالکانہ۔ مالک کے طور پر۔ زمینداری کا حق جو کاشتکار نقد یا جنس کی صورت میں ادا کرتا ہے۔ **مالکُ الملک** (مذ) خدا تعالیٰ بادشاہ۔ **مالک علی الاطلاق** (باضا) ہر کام کا مالک یعنی خدا تعالیٰ مالک کرنا۔ مالک بنانا۔ قبضہ دینا۔ **مالک ہونا**۔ وارث ہونا۔ والی ہونا۔ قابض یا مختار یا مجاز یا سرپرست و مربی ہونا۔ **مالکی** امام مالک کا مقلد یا پیرو۔

مالکنگنی :- (ہ۔ مو) ایک خوشبودار دانہ کا نام۔

مالکوس :- (ہ۔ مذ) ایک راگ کا نام۔

مالن :- (ہ۔ مو) مالی کا مونث۔ دیکھو مالی۔

مالوف :- (ع) مانوس۔ خوگر۔

مالی :- (ہ۔ مذ) باغبان (دیکھیے "شاخسانہ") ایک قوم کا نام جو باغ میں پھلواری وغیرہ کا کام کرتی ہے (صفت) مال سے متعلق جیسے مالی نقصان۔ عدالت مال یا مالگذاری سے منسوب

مالیت :- (ع۔ مو اُردو میں بغیر تشدید کی بھی مستعمل ہے) سرمایہ۔ پونجی۔ دولت۔ قیمت۔ مول۔ مول اصل۔ جانچ۔

مالیخولیا :- (یو مال خول یا۔ مذ) خفقان۔ خیال خام۔ جنون۔

مالیدہ :- ف۔ مذ ایک قسم کا پشمینہ کپڑا جو مل کر ملائم کیا جاتا ہے ملیدہ۔

مام :- (ہ۔ مذ) مقدرت۔ استطاعت۔ بساط۔ طاقت۔ بل بوتا۔ (ف) ماں

ماما :- (ہ۔ مذ) ماں کا بھائی۔ ماموں۔ (ا۔ مو) خادمہ۔ ملازمہ۔ دائی۔ **ماما پختریاں کھانا**۔ ناز و نعمت میں پلنا۔ مفت کا مال اڑانا۔ **ماماگیری**۔ کھانے پکانے کی ملازمت جو عورت نے کی ہو۔ عورت کا خدمتگاری کا پیشہ اختیار کرنا۔

مامتا :- (ہ۔ مو) ماں کی محبت۔ محبت و الفت۔

مامن :- (ع۔ مذ) امن کی جگہ۔ پناہ کا ٹھکانا۔

مامور :- (ع) مقرر۔ متعین۔ جس کو حکم کیا گیا ہو۔ (کرنا۔ ہونا)

مامول :- (ع) وہ چیز جس کی اُمید ہو۔ اُمید

مامون :- (ع باعلان نون) محفوظ۔ بے خوف (مذ) ہارون رشید عباسی خلیفہ بغداد کے بیٹے کا نام۔

ماموں :- (ا۔ ن غنہ۔ مذ) ماں کا بھائی۔ عورتیں رات کو سانپ کا نام نہیں لیتیں اور ماموں کہتی ہیں (سند دیکھیے ص ۲۹۵ "توتو") نیز ایک مہذب گالی۔ باپ کا سالا۔

مامی :- (ہ۔ مو) ماموں کی بیوی۔ ممانی۔ طرفداری۔ **مامی پینا**۔ کسی کی طرف داری کی بات کرنا۔ بے جا حمایت کرنا۔

ماں :- (ا۔ مو) والدہ۔ کلمہ خطاب۔ میاں کا مخفف ہے

اُٹھو قدر اُن پہ نہ جان دو ابھی جان ہے تو جہان ہے
کوئی کام ایسا بھی کرتا ہے ارے ماں نہیں ارے ماں نہیں

ماں بہن کرنا - ماں بہن کی گالی دینا - **ماں بہن کی لڑائی ہوئی لوگوں نے جانا بیر پڑے** - اپنوں کی لڑائی دیرپا نہیں ہوتی -

ماں پنہاری بجلی باپ گھوڑے سوار نہیں اچھا (مثل) ماں کیسی ہی غریب ہو - پھر بھی اولاد کو راحت پہنچاتی ہے - **ماں ٹینی باپ کلنگ بچے نکلے رنگا رنگ** - دوغلے کی نسبت بولتے ہیں - **ماں جائی** (مو) بہن - ہمشیرہ - **ماں جایا** (مذ) بھائی - **ماں ڈومنی باپ طنبورہ** - کلاونت بچہ جس کی ماں ڈومنی اور باپ ڈوم ہو - میراثی - **ماں سے سوا چاہے سو پھاپھا کٹنی کہلائے** - ماں سے زیادہ پیار کسی خاص غرض پر مبنی ہوتا ہے - **ماں فقیرنی پوت فتح خان** - کم اصل اور نیچ خاندان شخص کے لیے بولتے ہیں جو مالدار ہو گیا ہو - **ماں کا پیٹ کمہار کا آوا کوئی کالا کوئی گورا** - اس موقع پر بولتے ہیں جب ایک ہی ماں کی اولاد میں کوئی بدشکل ہو کوئی خوب صورت - **ماں کا دودھ** (مذ) شیر مادر - حلال - بے شبہ ترین - **ماں کے پیٹ سے لے کر نکلنا** - کسی صفت کا ہمیشہ سے یا انتہائی کمال کے ساتھ ہونا -

ماہیران (ا-ف - مذ) ایک ہلدی کی شکل جڑی بوٹی -

مان :- (ف - مذ) گھرانا - مکان (جیسے خانمان) اسباب خانہ - (۲) اشارہ (ھ) ماننا کا امر - تسلیم کر - راضی ہو - اجازت دے - **مان لینا** - منظور کر لینا - اقرار کر لینا - راضی ہو جانا - منت کرنا - میں نے مان لیا ہے کہ تم نوکر ہو جاؤ تو نذر دلواؤں گی - **مان نہ مان میں تیرا مہمان** - اس شخص کے لیے بولتے ہیں جو بے بلائے کسی کے یہاں جائے - یا خواہ مخواہ کسی کی بات میں دخل دے - **مان** (س - مذ) قدر - عزت - آؤ بھگت - گھمنڈ - ناز و تمکنت - نخرہ - نازیبا - ارمان - آرزو - شوق - **مان بھری** - مشتاق - پُر ارمان - مغرور - متکبر - دماغ دار - **مان پان** (مذ) عزت - آبرو - **مان تان** (مذ) مان - **مان ان** کسی رسم پر عمل کرنا - **مان ڈھینا** - تکبر و غرور مٹنا - **مان رکھنا** - بات رکھنا - خاطر مدارات کرنا - عزت قائم رکھنا - تمنا پوری کرنا - بات ماننا - **مان رہنا** - عزت آبرو رہنا - زیر سایہ اور تابع رہنا - **مان کا پان بہت ہوتا ہے** - عزت کے ساتھ تھوڑا ملنا بہت ہے - **مان کا ہونا** - اختیار کا ہونا - قابو کا ہونا - **مان کرنا** - تعظیم و تکریم کرنا - تکبر کرنا - دماغ کرنا - اترانا - **مان گمان** (مذ) گھمنڈ - **مان گونا** (مذ) ناز و نیاز - ارمان - نازبرداری - عزت - قدر و منزلت -

مان گون رکھنا حسب خواہش مراد پوری کرنا - **مان گون والی** - آن تان، ناز نخرے یا عزت والی - **مان لینا** - دیکھو ماننا - **مان مرجانا** - تکبر نہ رہنا - دل مرجانا - امنگ نہ رہنا -

مانا :- (ھ) فرض کیا - تسلیم کیا جانا - بالفرض (ف) مشابہ - ؎ غالب

خاتم دستِ سلیماں کے مشابہ لکھیے
سرِ پستاں پری زاد سے مانا لکھیے

مانا منت - غل شور (مچانا کے ساتھ) ؎ شوق

جب وہاں بھی پتہ نہ پائیں گے
کو بکو مانا منت مچائیں گے

ماننا :- (ھ) تسلیم کرنا - قائل ہونا - اعتراف کرنا - منت یا نذر کرنا - اپنے اوپر کسی بات کا فرض کر لینا - عقیدہ یا اعتقاد رکھنا - عزم کرنا - نیت کرنا - تعظیم و تکریم کرنا - قدردانی کرنا - **مانتا ہوں** - قائل ہوں - ہوشیاری تسلیم کرتا ہوں - کیا کہنا ہے - کیا بات ہے -

مانج (ا-ھ - مو) دلدل کی زمین - کچھار - ترائی -

مانجنا :- (ھ) برتن صاف کرنا - اُجالنا - جلا کرنا - صیقل کرنا - سُوتنا - بٹی ہوئی ڈور یا تاگے کو تر کپڑے سے صاف کرنا - کسی کام میں مشق کرنا -

مانجھا :- (ھ - مذ) کوٹا اور کپڑ چھان کیا ہوا شیشہ جس میں پختہ چاولوں کی لیئی ملا کر اور کوئی رنگ ڈال کر ڈور کو سوتتے ہیں (لگ) مسالے دار ڈور جو بہت تیز ہوتی ہے اور سادی سے آگے باندھی جاتی ہے - (سوتنا اور دینا کے ساتھ) ؎ آتش

دے اُسی کا کوٹ کر مانجھا تو اپنی ڈور کو
شیشۂ دل میرے پہلو میں جو چکنا چور ہے

وہ دعوت جو دولھا کی جانب سے قبل شادی دی جاتی ہے زرد رنگ کی پوشاک جو دولھا دلہن کو مانجھے میں پہناتے ہیں - وہ میدان جو دریا کے دونوں جانب ہو اور طغیانی کی حالت میں اس پر پانی گزرے - نکاح سے چند روز پیشتر دولھا دلہن گھر سے باہر کی آمد و رفت موقوف کر کے گوشے میں بیٹھتے ہیں اسے بھی مانجھا کہتے ہیں -

مانجھی (ا-ھ - مذ) ملاح - ناخدا -

مانجی :- (ھ - مو) گلڑونچی کی شکل کا آلہ جو کسم کا رنگ ٹپکانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے -

ماند :- (ف - صفت) وہ چیز جس کی آب و تاب اور چمک جاتی رہی ہو - دوسری چیز کے مقابلہ میں بے آب (مو) خشک گوبر کا ڈھیر جسے اُپلوں کی طرح جلاتے ہیں - غبار - گھورا - بھٹ - **ماند پڑ جانا** - آب و تاب نہ رہنا - رنگ کی شوخی جاتی رہنا - **ماند**

کرنا یا ہونا۔ بے رونق کرنا یا ہونا۔ **ماند مهد مجھ سے نہیں اُٹھ سکتا** ۔ رنگین نے فرہنگ محاورات بیگمات میں لکھا ہے یعنی نازبے جا مجھ سے نہیں اُٹھ سکتی۔

ماند و بود:۔ (ف ۔ مو ۔ مَند و بُو د) رہنے بسنے کا طرز ۔ معاشرت ۔

ماندا:۔ (ا ۔ مذ ۔ لک) علیل ۔ بیمار ۔ تھکا کا تابع ۔ تھکا ماندا ۔

ماندگی:۔ (ف ۔ مَن دَ گی ۔ مو) تھکان ۔ کسل ۔ سستی ۔ بیماری ۔ تھکن ۔

ماندہ:۔ (ف ۔ مَن دہ ۔ صف) تھکا ہوا ۔ خستہ ۔ لاحقے میں بچا ہوا کے معنی ۔ جیسے باقی ماندہ) کبھی تھکا ہو کے معنی میں بھی مستعمل ہے (جیسے درماندہ)

مانڈ:۔ (ہ) تلفظ میں "ڈ" کی جگہ "ڑ" بھی ادا کرتے ہیں۔ (مذ) پیچ ۔ اُبلے ہوئے چاولوں کا پانی ۔ کلف ایک قسم کا مارواڑی گیت ۔ **مانڈی** (مو)

مانڈا:۔ (ہ ۔ مذ) ایک قسم کی نہایت پتلی اور بڑی روٹی جو میدے میں گھی ملا کر تنور میں پکائی جاتی ہے ۔ پوری ۔ پُھلکی ۔ جیسے شب برات کا مانڈہ حلوہ حرام عید کی سویاں حرام (از بنات النعش) "حلوہ" کے ساتھ تابع مہمل کے طور پر بھی بولتے ہیں ۔ سفید جالا جو آنکھ کی پتلی پر آجاتا ہے ۔

مانڈل:۔ (ہ ۔ مو) لوہے کا حلقہ جو پانی کے چرس کے منہ پر لگا رہتا ہے ۔

مانس:۔ (س ۔ مذ) انسان ۔ آدمی ۔

مانسون:۔ (انگ ۔ مذ) موسمی ہوا جو چھ مہینے تک ایک سمت چلتی رہتی ہے ۔

مانع:۔ (ع ۔ روکنے والا منع کرنے والا سد راہ ۔ حائل ۔ رکاوٹ ڈالنے والی شے (آنا اور ہونا کے ساتھ) خدائے تعالیٰ کا نام

مانک:۔ (ہ ۔ مذ) جواہر ۔ گوہر ۔ **مانک ٹیکا** ۔ ایک قسم کا زیور جو ماتھے پر لٹکایا جاتا ہے ۔

مانگ:۔ (ہ ۔ مو) سر کے بالوں کے بیچ کی سیدھی لکیر جو بالوں میں کنگھی کرکے نکالی جاتی ہے ۔ وہ کنواری جس کی نسبت ہو گئی ہو ۔ شوہر ۔ شادو مذ ۔ انگیا کی دونوں کٹوریوں کے بیچ کی سلائی ۔ **مانگ اُجڑنا** ۔ عورت کا بیوہ ہو جانا ۔ **مانگ بھرنا** ۔ مانگ میں موتی یا سیندور بھرنا جو اکثر شادی کے موقع پر بھرتے ہیں ۔ **مانگ بھری** ۔ سہاگن ۔ شادو مذ والی ۔ **مانگ پٹی** کنگھی چوٹی کرنا ۔ سنگار ۔ **مانگ جلی** ۔ بیوہ عورت ۔ **مانگ سنوارنا** ۔ مانگ کر کنگھی کرکے درست کرنا ۔ **مانگ سے ٹھنڈی رہے** ۔ سہاگن عورت کے لیے ایک دعا ۔ شوہر جیتا رہے ۔ **مانگ کوکھ** ۔ شوہر اور اولاد ۔ **مانگ کھلنا** ۔ منگیتر کے مر جانے سے رشتہ باقی نہ رہنا ۔ بیاہی عورت کا مر جانا ۔ **مانگ میں آگ لگنا** ۔ سہاگن عورت کے لیے کوسنا ۔ **مانگ میں سیندور یا صندل یا موتی بھرنا** ۔ دیکھو مانگ بھرنا ۔ **مانگ نکلوانا** ۔ متعدی ۔

مانگ:۔ (ہ ۔ مو) مانگنا کا حاصل مصدر) خواہش ۔ چاہ ۔ طلب ۔ ضرورت ۔ حاجت ۔ خریداری ۔ زود طلبی ۔ تقاضا ۔ **مانگ تانگ کر** ۔ **مانگ جانچ کر** ۔ اِدھر اُدھر سے لے کر ۔ **مانگ کھانا** ۔ بھیک مانگ کر زندگی بسر کرنا ۔ **مانگ لینا** ۔ عاریتہً لے لینا ۔ **مانگ ہونا** ۔ ضرورت ہونا ۔ طلب ہونا ۔ **مانگا** ۔ مستعار لیا ہوا ۔ **مانگی** (مو) **مانگا کرنا** ۔ مانگتے رہنا ۔ **مانگنا** ۔ چاہنا ۔ طلب کرنا ۔ درخواست کرنا سوال کرنا ۔ نسبت کی درخواست کرنا ۔ دعا یا التجا کرنا ۔ اُدھار چاہنا ۔ قرض طلب کرنا ۔ تقاضا کرنا ۔ **مانگے** ۔ مستعار ۔ **مانگے تانگے کا** ۔ صفت ۔ عاریت لیا ہوا ۔

ماننا:۔ (ہ) تسلیم کرنا ۔ قبول کرنا ۔ قیاس کرنا ۔ فرض کرنا ۔ پروا کرنا ۔ ع انیس

چار آئینہ و خود کو کب مانتی تھی وہ

مغفر کو حباب لب جو جانتی تھی وہ

تعظیم و تکریم کرنا ۔ بڑا ماننا ۔ ادب کرنا ۔ لحاظ و پاس کرنا رضامند ہو جانا ۔ کسی کے ہنر یا کمال کا اعتراف کرنا ۔ پرستش کرنا ۔ اعتقاد رکھنا ۔ بزرگوں کی روحوں کے واسطے کچھ دینے کا عہد کرنا ۔ (نیاز ماننا ۔ منت ماننا) اقرار کرنا ۔ قبول کرنا ۔ تابع ہونا ۔ مطیع ہونا ۔ کہا کرنا ۔ حکم بجا لانا ۔ خیال کرنا ۔ جاننا (وہ تم کو بڑا شاعر مانتا ہے) بھروسا اور اعتماد کرنا ۔ ہاتھ پاؤں کے شل یا زخمی ہونے کے باعث جی چرانا ۔ **مانو تو ایشر نہیں تو پتھر** ۔ **مانو تو دیوتا نہیں پتھر** ۔ اعتقاد ہی سے کسی کی عزت و حرمت کی جاتی ہے ۔ بلا اعتقاد کچھ بھی نہیں **مانو نہ مانو** ۔ تمہیں ماننے نہ ماننے کا اختیار ہے ۔

مانند:۔ (ف ۔ مذ) نظیر ۔ مثل ۔ مشابہ ۔

مانوس:۔ (ع) خوگر ۔ انس کیا ہوا ۔ ہلا ملا (ہونا کرنا) ۔

مانی:۔ (ف ۔ مذ) ایک مشہور رومی نقاش کا نام جو نبوت کا جھوٹا دعویٰ کرتا اور نقاشی کو اپنا معجزہ بتاتا تھا ارژنگ نامی کتاب اس کی تصنیف ہے ۔ ۔ یا مصور کا نام ۔

مانی: (د۔ مو) گھر میں جو عورت دار و غہ کا کام کرتی ہے۔ وہ چھوٹی سی سوراخ دار لکڑی جو چکی کی کیل میں ڈال دو پر کے پاٹ میں ڈالی جاتی ہے کہ پاٹ گردش کرسکے۔ تسیم ربنی۔

مانیٹر: (انگ) مدرسے میں جماعت کا وہ لڑکا جسے ماسٹر تمام لڑکوں میں سے چن کر جماعت کے کام اس کے سپرد کرتا ہے۔

ماوا: (ف۔ مذ) مادہ۔ اصل۔ جوہر۔ بھنا ہوا دودھ۔ کھویا۔ مانڈی۔ کلف۔ سرشت۔ خمیر۔ انڈے کی زردی۔ صندل کا ماوا۔ ع جائے پناہ۔ اس معنی میں عموماً اس طرح ماویٰ لکھتے ہیں۔

ماہ: (ف۔ مذ) چاند۔ قمر۔ مہینہ۔ ماہانہ۔ ماہواری۔ **ماہ بماہ** - ہر مہینے۔ **ماہ پارہ** (بے اضا) چاند کا ٹکڑا۔ حسین۔ **ماہتاب** - چاند۔ چاندنی۔ چاندنی کی روشنی۔ چھت کو وزیر امو ایک قسم کی آتشبازی۔ **ماہتاب دینا** - آپ کے قلعے میں آگ دینا۔ **ماہتابی** (مذ) ایک قسم کا کپڑا جس پر سنہری دھاریاں منقش ہوتی ہیں۔ مو۔ ایک قسم کی آتشبازی جس کے چھوٹنے سے چاند جیسی روشنی ہو جاتی ہے۔ عمارت کو چبک جو سیر ماہتاب کے واسطے پانی کے کنارے بنائی جاتی ہے۔ **ماہ چاردہ** - پورنما۔ چودھویں رات کا چاند۔ پورا چاند۔ **ماہ چہار ہفتہ** - چاند جو اٹھائیس روز میں ایک ہو جاتا ہے۔ معدوم ہے۔ **ماہ ختنی** محبوب۔ **ماہ دو ہفتہ** (بے اضا) دیکھو ماہ چاردہ۔ **ماہ کامل** پورا چاند۔ چودھویں کا چاند۔ **ماہ کنعان**۔ **ماہ مصر** - حضرت یوسف علیہ السلام۔ **ماہ نخشب**۔ **ماہ مقنع** (بے اضا) وہ چاند جو حکیم ابن عطا معروف بہ مقنع نے ماوراالنہر کے مقام نخشب میں پارے کے اجزا کو ترکیب دے کر بنایا تھا۔ **ماہ نو** (بے اضا) پہلی رات کا چاند۔ **ماہ نیم ماہ** (بے اضا) چودھویں کا چاند۔ **ماہوار** - ہر مہینے۔ ماہ بماہ۔ **ماہواری** (مو) ماہانہ۔ وظیفہ جو نوکروں کو دیا جاتا ہے۔ خون حیض جو عورتوں کو ہر مہینے آتا ہے۔

ماہر: (ع) کامل فن۔

ماہو: (د۔ مو) کنسلائی۔ ایک برساتی کیڑا۔

ماہوں: (ہ۔ مذ) ایک کیڑے کا نام جو کپاس کو کھا جاتا ہے۔

ماہی: (ف۔ مو) مچھلی۔ وہ مچھلی جس کی نسبت یہ خیال تھا کہ زمین اس کی پیٹھ پر رکھی ہے۔ ایک برج کا نام جسے مچھلی کا ہم شکل سمجھتے ہیں۔ منسوب بہ دو فری۔ **ماہی بے آب** - بے آب و بے قرار۔ **ماہی پشت** - گنبد کی محدب۔ تپہ دار۔ وہ چیز جو درمیان سے اونچی اور آس پاس سے نیچی ہو۔ بڑا ٹیلا۔ ایک قسم کا کام جو چھت کی پشت سے مشابہ ہوتا ہے۔ **ماہی تو** - ایک قسم کا توا جس میں مچھلی و کیلوں کے کباب تلتے ہیں۔ **ماہی خوار** (مذ بے اضا) مچھلی کھانے والا بگلا۔ **ماہی دندان** (بے اضا۔ مذ) ایک خاص قسم کی مچھلی کا دانت جس سے تلوار کے قبضے بناتے ہیں۔ **ماہی زرین** - ایک قسم کی مچھلی جو ریت میں ہوتی ہے۔ **ماہی زیر زمین** (بے اضا) ماہی زیر زمین سے دا غ

ماہی زیر زمیں بھی جو لگائے غوطہ
نکلے اس کو تہہ بحر سخاوت کی تہہ

ماہی گیر (بے اضا۔ مذ) وہ اعزازی نشان جو بشکل سیہ رات بادشاہوں کی سواری کے آگے ہاتھیوں پر چلتے تھے۔ تزک شاہی کا ساز و سامان۔ **ماہیانہ** (مذ) تنخواہ۔ مہینہ مشاہرہ ماہواری۔ مہینے کا۔

ماہیت: (ع۔ مو) حقیقت۔ کیفیت۔ اصل۔ وہ جوہر۔

ماء: (ع۔ مذ) پانی۔ عرق (اس لفظ جو آب کے معنی دیتے) **ماء الجبین** (مذ) دودھ کو پھاڑنے کے بعد بچا ہوا پانی۔ **ماء الحیات** (مذ) آب حیات۔ ایک مرکب دوا جس میں شہد۔ شراب وغیرہ بھی ہوتی ہے اور اس مرکب کو دھات کے کشتے میں ملاکر آگ پر رکھتے ہیں جس سے دھات اصل حالت پر آجاتی ہے۔ **ماء الشباب** (مذ) وہ آب و تاب جو جوان کے چہرے پر ہوتا ہے۔ **ماء اللحم** مذ گوشت کا عرق جو کشید کرکے نکالا جاتا ہے۔ **ماء الورد** (مذ) گلاب کا عرق۔ **ماء معین** (بے اضا۔ مذ) جاری پانی۔ صاف اور پاکیزہ پانی۔ **مائی** - پانی سے نسبت رکھنے والا۔ آبی۔ **مائیات** بمعنی وہ آبی چیزیں جو پانی کی مثل رقیق ہوں۔

مائدہ: (ع۔ مذ) دسترخوان جس پر کھانا وغیرہ چنا ہوا ہو۔ قرآن پاک کی ایک سورت کا نام۔

مائع: (ع) بہنے والا۔ بہنے والی چیز۔

مائل: (ع) متوجہ۔ راغب۔ میلان رکھنے والا۔ عاشق۔ خمیدہ۔ جھکا ہوا۔ ڈھلوان۔ تھوڑا سا جیسے سبز سیاہی مائل۔ **مائل کرنا** - متوجہ کرنا۔ آمادہ کرنا۔ جھکانا۔ **مائل ہونا** - لازم۔

ماؤف: (ع) عضو کی صفت میں مستعمل ہے جس کو صدمہ پہنچا ہو۔ پاگل۔

مائی: (د۔ مو) ماں۔ ضعیفہ۔ بڑھیا۔ سن رسیدہ عورت کے لیے کلمۂ خطاب۔

مائیوں بٹھانا :- دُلھن کو زرد یا اور کسی رنگ کے کپڑے پہنا کر شادی سے چند روز پہلے کسی ایسی جگہ بٹھانا جہاں اس کی ہمسنوں کے علاوہ اوروں کے جانے کی اجازت نہ ہو۔ **مائیوں بیٹھنا** - لازم ۔

مَایُوس :- (ف) نا اُمید - شکستہ دِل ۔ **مَایُوسی** (مو) نا امیدی - ناکامی - شکستہ دلی ۔

مَایا۔ مایہ :- (ف - س - مذ) سرمایہ - جمع - اصل - رأس المال - مادّہ - جوہر - دستگاہ - سامان - مال - دولت - **مایہ دار** - مالدار - **مایہ داری** - مال دار ہونا - ؎ رشک

مایہ داری بلائے مبرم ہے
پھل سے ہوتا ہے سنگسار درخت

مایۂ ناز (بہ اضافت) فخر و ناز کا سبب ۔ کسی کی بہترین چیز یا صفت یا اولاد وغیرہ جس پر اسے ناز ہو ۔ معشوق ؎ مصحفی

ہو شش کا اس کی ہیں کشتہ ہوں کہ وہ مایۂ ناز
شب رہا گھر مرے اور غیر نے جانا نہ رہا

مُبَاح :- (ع) جائز - روا - حلال - درست - پاک ۔

مَبَاحِث :- (ع - مذ - مبحث واحد) تکرار - بحث مناظرہ - جواب و سوال - بحث کے قابل مقامات - موضوعات کلام ۔ **مُبَاحِثہ** - بحث کرنا (ہونا - کرنا کے ساتھ)

مَبَادا :- (ف) ایسا نہ ہو - خدا نہ کرے - خدا نخواستہ ۔

مُبَادِرَت :- (ع - مو - مغالطہ کے ذہن پر آنے والے مصادر فارسی و اُردو میں بکسر عین زبان زد فصحا ہیں) جلدی ۔ شتابی - تیزی - سرعت - سبقت - دلیری چالاکی ۔

مُبَادِلَہ :- (ع - مذ) بدلہ - عوض - ادل بدل ۔

مَبَادِی :- (ع - مذ - مبدء کی جمع) ابتدائی امور - شروع میں سکھانے کی باتیں ۔ **مبادی العلوم** :- وہ ابتدائی باتیں جن پر کسی علم کے مسائل کا سمجھنا موقوف ہو - **مبادیِ عالیہ** - (ع - باضافت) فرشتے - عقول عشرہ ۔

مُبَارَزَت :- (ع - مو) لڑائی کے واسطے حریفوں کا صف سے باہر آنا ۔

مُبَارَک :- (ع) باعث برکت - خوش قسمت - نیک - سعید - موافق - لائق - جب کسی کو خوشی ہوتی ہے تو کہتے ہیں "مبارک" مژدہ - خوشخبری - طنزاً منحوس کی جگہ بھی مستعمل ہے - ؎ شعور

یہ دل ہے تو جان نہیں سلامت
ہے ذات شریف کیا مبارک

مبارکباد (مو) تہنیت - خوش خبری - مژدہ - شادیانہ - دُعائے خیر - خدا برکت دے - برکت نصیب ہو - **مبارک باد دینا** - شادی وغیرہ تہنیت دینا - **مبارکبادی** (مو) باہم ایک دوسرے کو کسی شادی کی تہنیت دیتے وقت یہ کلمات استعمال کرتے ہیں - **مُبارکی** (بسکون را - مو) مبارکبادی - تہنیت - دعائے خیر - نیکی - ایک مرض کا نام جس میں نیند بہت کم آتی ہے ۔

مُبَاشَرَت :- (ع - مو) جماع کرنا - ہمبستری ۔

مُبَالِغَہ :- (ع - مذ) حد سے بڑھ کر کسی بات کی صفت (خوب یا بد) بیان کرنا - اصل کے خلاف (بڑھا کر) کہنا - زیادہ گوئی کرنا - علم بدیع کی اصطلاح میں کسی وصف کو اس انداز سے بیان کرنا جو عقلاً یا عادتاً یا عقلاً و عادتاً دونوں طرح پر محال ہو ۔

مُبَاہَات :- (ع - مو) فخر - بڑائی - شیخی - شان و شوکت ۔

مُبَاہَلَہ :- (ع - مذ) باہم ایک دوسرے کے لیے بد دعا کرنا - ۲۴ ذی الحجہ کا دن کہ جس دن آنحضرت نجران کے عیسائیوں کے مقابلے پر علیؓ فاطمہؓ حسنؓ و حسینؓ کو لے کر بد دعا کرنے تشریف لے گئے تھے اور فتح پائی تھی ۔

مُبتَدا :- (ع - مذ) شروع - ابتدائے کلام - علم نحو کی اصطلاح میں جملہ اسمیہ کا وہ جزو جو مسند الیہ واقع ہو ۔

مُبتَدِی - ابتدا کرنے والا - نو آموز ۔

مُبتَذَل :- (ع) عام - روزمرہ کی چیز - ذلیل - حقیر - پست - کمینہ ؎ آتش

رقیب مبتذل اس گلعذار کے ہوں گرد
یہ خار خس نہیں آتش کے حال سے واقف

مُبتَلا :- (ع) گرفتار - پکڑا ہوا - ماخوذ - پھنسا ہوا - اُلجھا ہوا - گھرا ہوا - مفتون - شیدا - دلدادہ - مصروف - مشغول (کرنا - ہونا)

مَبحَث :- (ع - مذ) بحث - مسئلہ - معاملہ - موضوع بحث ۔

مَبدَء :- (ع - مذ) مبادی جمع - ظاہر اور شروع ہونے کی جگہ - سرچشمہ - **مبدء فیاض** (مذ) مجازاً خدائے تعالیٰ ۔

مُبدِع :- (ع) ایجاد کرنے والا - بے مادہ کسی چیز کا بنانے والا - موجد ۔

مُبَدَّل :- (ع) تبدیل شدہ - بدلا ہوا - متغیر - پلٹا ہوا ۔

مُبَذِّر:- (ع) اسراف کرنے والا - فضول خرچ -

مُبذول:- (ع) مصروف - منعطف (آپ کی توجہ اس امر کی جانب مبذول کراتا ہے)

مُبَرّا:- (ع) پاک - بیزار - دُور - بری -

مُبَرِّد:- (ع) مبردات جمع - اُردو میں جمع ہی زیادہ مستعمل ہے) ٹھنڈائی - ٹھنڈی تاثیر رکھنے والا -

مَبرَز:- (ع - مذ) مقعد - پاخانے کا مقام -

مُبرَم:- (ع - قضا کے ساتھ صفت کے طور پر مستعمل ہے) مضبوط - مستحکم - استوار - وہ قضا جس سے بچنا ممکن نہ ہو -

مَبرُور:- (ع) پاک - مقدس - گناہوں سے بری - مقبول (جیسے حج مبرور)

مَبرُوص:- (ع) سفید داغوں والا - جس کو برص ہو - کوڑھی -

مُبَرہَن:- (ع) مضبوط دلیلوں سے ثابت - صحیح - روشن

مَبسُوط:- (ع) پھیلا ہوا - کشادہ - فراخ (مضمون اور کتاب کی صفت کے طور پر) طولانی - واضح اور طولانی

مُبَشِّر:- (ع) خوش خبری دینے والا - بشارت پہنچانے والا -

مُبَصِّر:- (ع) دیکھنے والا - بینا - پرکھنے والا - کھرا کھوٹا دیکھنے اور سمجھنے والا - صراف -

مُبطِل:- (ع) باطل کرنے والا -

مَبعُوث:- (ع) بھیجا گیا - پیدا کیا گیا (نبی کی صفت) (دیکھیے "سَن" ص ۵۰۳)

مَبغُوض:- (ع) قابل نفرت - جس سے بغض کیا جائے

مُبکی:- (ع) رُلانے والا - جس پر رونا آجائے -

مُبَلِّغ:- (ع) تبلیغ کرنے والا -

مَبلَغ:- (ع - مذ) حد و نہایت کمال (آپ کا مبلغ علم کیا ہے)

مَبلَغ:- (ع) اُردو میں نقد روپے کی تعداد سے پہلے مستعمل ہے -

مَبنی:- (ع) قائم - جس پر بنیاد رکھی گئی ہو - منحصر - موقوف علم نحو کی اصطلاح میں وہ لفظ جس کے حرف آخر میں اختلاف عوامل سے تغیر نہ ہو

مَبنیٰ:- (ع - مذ) کسی چیز کی بنیاد - مبانی جمع)

مُبہَم:- (ع) مشتبہ - مشکوک - گول بات - وہ کلام جس کا مطلب صاف نہ ہو اور کسی طرح دریافت نہ ہو سکے -

مَبہُوت:- (ع) حیران - متحیر - ہکا بکا -

مُبَہّی:- (ف - مذ) قوت بڑھانے والا - مُبَہّیات جمع (مذ)

مَبِیع:- (ع - مذ) خرید کی ہوئی شے - بکا ہوا اسباب -

مُبِین:- (ع) صریح - آشکارا -

مَت:- (ہ) نفی کا کلمہ - مت پوچھو - اکراہ کے معنی میں مستعمل ہے - کبھی رغبت اور تعریف کے لیے بولتے ہیں - اتنا اچھا ہے کہ قابل بیان نہیں - ایسی سخت مصیبت ہے کہ کہنے کے لائق نہیں - **مَت** (س - مو) سمجھ بوجھ - خرد - عقل - انداز - وضع ؎ شوق قدوائی

اور ہی مت ہے کچھ ان عشق کے متوالوں کی
طاق نسیاں پہ یہاں عقل دھری رہتی ہے

رائے (مذ) مذہب - عقیدہ - مت الٹنا یا الٹی ہونا - عقل جاتی رہنا - مت بدلنا - سمجھ کا کچھ سے کچھ ہو جانا - طرز بدلنا - مت پلٹنا - رائے تبدیل ہو جانا - سمجھ الٹی ہو جانا - مت پھرنا - مت پھٹنا - مت کھو جانا - عقل زائل ہونا - مت مار دینا - عقل زائل کر دینا - مت ماری پڑنا - عقل زائل ہو جانا - مت ماری جانا - عقل ماری جانا - بیوقوف بننا - مت ہونا - سمجھ ہونا -

مُتابَعت:- (ع - مو) پیروی - فرمانبرداری -

مُتاثِّر:- (ع) اثر لینے والا - اثر پذیر - متاثر ہونا - اثر لینا - متاثر کرنا - اثر کرنا -

مُتاخِّر:- (ع) بعد میں آنے والا - بعد والا شخص یا بات - متاخرین جمع

مُتاذِّی:- (ع) تکلیف پانے والا -

مُتاس :- (ہ - مو) پیشاب کرنے کی حاجت - مُتاسیا (مذ) وہ شخص جسے پیشاب کی حاجت ہو - مُتاسی مو

مُتَاسِف :- (ع) افسوس کرنے والا -

مَتاع :- (ع) پونجی - سرمایہ - اثاثہ - بعض نے مذکر لکھا ہے ؎ نسیم دہلوی

کی گھر ریزی ہمارے اشکوں نے لوٹ کر
تھا متاعِ عمر جو وقفِ بیاباں ہو گیا

اکثر کے نزدیک مونث ہے ؎ ظفر

بلا غارت گری آئی ہے ظالم تیرے غمزے کو
متاعِ صبر و طاقت سب مری اک پل میں غارت کی

مُتالی :- (ہ - مو) گھوڑوں کے پیشاب کرنے کی جگہ - کوڑا کرکٹ - آخور - طویلے کی وہ گھاس جس پر گھوڑوں نے موتا ہو -

مُتاعی :- (ع - مو) وہ عورت جس سے مُتعہ کیا گیا ہو - دیکھو مُتعہ - نکاحی سے کم درجہ عورت -

مُتَاَلِم :- (ع) غمگین - دکھیا -

مُتَاَمِّل :- (ع) تامل کرنے والا - غور کرنے والا - سوچنے والا - کسی کام میں قدم اٹھانے سے ہچکچانے والا - فکر مند -

مُتانا :- (ہ) بچے کو پیشاب کرانا -

مَتَانت :- (ع - مذ) سنجیدگی - تہذیب - خیالات کی راستگی - زبان کا بیہودہ الفاظ و خیالات سے پاک ہونا -

مُتَانی :- (ہ - مو) اصطبل میں گھوڑے کی پیشاب کی جگہ - گھوڑے کا پیشاب -

مُتَاہِل :- (ع) بیاہا ہوا - بیوی بچے والا - کنبہ دار -

مُتَبَادِر :- (ع) ذہن میں جلد آجانے والا - متبادر ہونا - ذہن میں جلد آجانا - فوراً کسی معنی کی طرف انتقالِ ذہن ہونا -

مُتَبَادِل :- (ع) وہ شے جو دوسری شے کا بدل ہو - متبادلہ - (مذ) دو خطوط متوازی پر جب تیسرا خط آ کر گرتا ہے تو اس خط کے دونوں طرف کے داخلی زاویے متبادلہ کہلاتے ہیں - بشرطیکہ متصلہ نہ ہوں -

مُتَبَائِن :- (ع) وہ ایسے مخالف مفہوم جو ایک دوسرے پر صادق نہ آسکیں - باہم جدا - علمِ ریاضی میں دو عدد جس کے اجزاء ضربی نہ ہوسکیں -

مُتَبَحِّر :- (ع) بہت بڑا عالم فاضل - دریائے علم کا پیرا ہوا -

مُتَبَدِّل :- (ع) تبدیل (زمان کے خیالات اس قدر متبدل ہوگئے ہیں کہ پھر پہلی روش پر آنا محال ہے)

مُتَبَرِّک :- (ع) مقدس - پاک - برکت والا - معزز - بزرگ - قابلِ تعظیم - مُتبرکہ (مو) برکت والی چیز یا چیزیں - پاک چیز یا چیزیں -

مُتَبَسِّم :- (ع) مسکرانے والا - کھلا ہوا - شگفتہ -

مُتَتَبِّع :- (ع) پیروی کرنے والا -

مُتَبَنّٰی :- (ع - مذ) لے پالک جسے بیٹا بنا لیا ہو - گود لیا ہوا -

مَتبُوع :- (ع) پیروی کیا گیا - پیشوا - افسر -

مُتَجَاوِز :- (ع) اپنی حد سے گزر جانے والا - تجاوز کرنے والا -

مُتَجَسِّس :- (ع) ڈھونڈنے والا - تلاش کرنے والا -

مُتَجَلِّی :- (ع) چمک دار - روشن -

مُتَحَجِّر :- (ع) ورم یا پھوڑا وغیرہ جو پتھر کی مثل سخت ہو -

مُتَّحِد :- (ع) اتحاد رکھنے والا - مُتّحِدُ البَطن - ایک پیٹ کا - سگا - مُتّحِدُ المفہوم - ایک معنی کے دو لفظ یا فقرے -

مُتَحَرِّک :- (ع) حرکت کرنے والا - چلتا ہوا - رواں - وہ حرف جس پر زیر، زبر یا پیش ہو -

مُتَحَقِّق :- (ع) تحقیق شدہ - درست - ٹھیک -

مُتَحَلّی :- (ع) آراستہ ہونے والا - زیور پہننے والا -

مُتَحَمِّل :- (ع) بردبار - مستقل مزاج - برداشت کرنے والا

مُتَحَیِّر :- (ع) حیران - حیرت زدہ - متعجب - ہکا بکا - مُتحیرہ - اصطلاح علم ہیئت میں وہ پانچ ستارے جو خمسہ متحیرہ کہلاتے ہیں اور وہ یہ ہیں - عطارد - زہرہ -

مریخ، مشتری، زحل۔

مُتَخَاصِم:۔ (ع) باہم خصومت رکھنے والا۔ جھگڑالو۔ متخاصمین۔ مدعی اور مدعا علیہ۔

مُتَخَلخِل:۔ (ع۔مو) وہ عورت جو پاؤں میں خلخال (پازیب) پہنے ہو۔ (صفت) پولا۔ اندر سے خالی۔

مُتَخَلِّص:۔ (ع) تخلص رکھنے والا۔

مُتَخَلِّل:۔ (ع) خلل انداز۔

مُتَخَیَّلَہ:۔ (ع۔مذ) ایک دماغی قوت جس کی مدد سے انسان غیر حاضر چیزوں کا نقش دل میں بناتا ہے وہم۔ خیال۔ قیاس۔

مُتَدَارِک:۔ (ع۔مو) علم عروض میں ایک بحر (وزن) کا نام جس کا وزن فاعلن چار بار ہے۔

مُتَدَاوِل:۔ (ع) مروج۔ رائج۔ متداولہ (مو) عموماً جمع کے بعد الفاظ کی صفت میں مستعمل ہے۔ جیسے علوم متداولہ (رائج الوقت علوم)

مُتَدَیِّن:۔ (ع) دیانت دار۔ مومن۔ ایمان دار معاملے اور بات کا سچا اور پورا۔ امانت دار۔

مُتَذَبذَب:۔ (ع) تذبذب میں پڑنے والا۔ متذبذب۔ تذبذب میں پڑا ہو۔

مُتَذَکِّرَہ:۔ (ع۔مو) مذکورہ۔ جن کا ذکر کیا گیا۔

مُتَرَادِف:۔ (ع) دو ایسے لفظ جن کے معنی ایک ہوں۔

مُتَرَتَّب:۔ (ع) ترتیب دیا ہوا۔ درست کیا ہوا۔

مُتَرجَم:۔ (ع) ترجمہ کیا گیا۔ مترجِم۔ ترجمہ کرنے والا۔

مُتَرَدِّد:۔ (ع) فکرمند۔ متفکر۔ پس و پیش کرنے والا مضطرب۔ پریشان۔

مُترس از بلائے کہ شب درمیان است (ف) (کہاوت) آئی مصیبت ابھی نہیں آئی۔ اس سے ڈرنے کی کیا ضرورت ہے

مُتَرَسِّل:۔ (ع) خط بھیجنے والا۔

مُتَرَشِّح:۔ (ع) (انداز یا عنوان وغیرہ سے) ٹپکنے والا ظاہر۔ آشکارا۔ عیاں۔

مُتَرَصِّد:۔ (ع) امیدوار۔ منتظر۔

مُتَرَقِّبَہ:۔ (ع) اُمید کی ہوئی چیز جس کا انتظار ہو۔ عموماً غیر کے ساتھ صفت کے طور پر مستعمل ہے۔ جس کی توقع یا امید نہ ہو۔

مُتَرَنِّم:۔ (ع) گانے والا۔ گنگنانے والا۔

مَترُوک:۔ (ع۔مذ) جسے چھوڑ دیا گیا ہو۔ وہ مال جو مُردے کی وراثت میں باقی رہے۔ وہ کلمہ یا جملہ وغیرہ جسے اہل زبان پہلے استعمال کرتے ہوں اور اب نہ کریں۔ متروکات (مذ) ترک کی ہوئی چیزیں۔ متروکہ۔ متروک۔ میراث۔

مُتَزَایِد:۔ (ع) بڑھنے والا۔ زیادہ ہونے والا۔

مُتَزَلزِل:۔ (ع) جنبش کرنے والا۔ ڈگمگانے والا۔ غیر مستقل۔

مُتَسَاوِی:۔ (ع) باہم برابر۔ ایک دوسرے کے مساوی۔

مُتَسَلِّط:۔ (ع) غلبہ پانے والا۔ قبضہ کرنے والا۔ مُتَسَلَّط۔ وہ شخص جس پر غلبہ پائیں۔ مقرر کیا ہوا۔

مُتَسَلِّی:۔ (ع) خوش اور بے غم۔

مُتَشَابِہ:۔ (ع) ہم شکل۔ مشتبہ۔ مشکوک جس کے معنی میں کچھ ابہام یا شبہ ہو۔ (مذ) بھول چوک۔ شبہ۔ وہ شبہ جو قرآن شریف کے حافظ کو ہوتا ہے یعنی وہ ایک مقام کی آیت دوسرے مقام پر پڑھنے لگتا ہے۔ متشابہات۔ (مو) وہ آیتیں جن کے معنی سوائے خدائے تعالیٰ اور راسخون فی العلم کے کوئی نہیں جانتا۔ متشابہ لگنا۔ شبہ پڑنا۔ کہیں سے کہیں پڑھنے لگ۔

مُتَشَدِّد:۔ (ع) تشدد کرنے والا۔ سخت گیر۔

مُتَشَرِّع:۔ (ع) پابند شریعت۔ پارسا۔ پرہیزگار۔

مُتَشَکِّر:۔ (ع) شکرگزار۔

مُتَشَکِّل:۔ (ع) شکل اختیار کرنے والا۔ کوئی صورت اختیار کرنے والا۔

مُتَصَادِم:۔ (ع) ٹکرا جانے والا۔ جنگ کرنے والا

مُتَصَاعِد:۔ (ع) اوپر چڑھنے والا۔

مُتَصَدِّع :- (ع) تکلیف دینے والا۔

مُتَصَدِّی :- (ع) پیشکار۔ کسی کام کا ذمہ دار۔ مہتمم کوشش کرنے والا۔ کاتب۔ محرر۔ نائب۔ محاسب۔ گماشتہ۔

مُتَصَرِّف :- (ع) قابض۔ تصرف کرنے والا۔ مُتَصَرَّفہ (مو) جو شے تصرف میں آگئی ہو۔ مقبوضہ۔

مُتَّصِف :- (ع) جس میں کوئی وصف ہو۔ صفت یا وصف رکھنے والا۔

مُتَّصِل :- (ع) پاس۔ قریب۔ نزدیک۔ برابر۔ ملنے والا۔ متواتر۔ لگاتار۔ پے درپے (مو) وہ حدیث جس میں درمیان کا کوئی راوی نہ رہ جائے۔

مُتَصَنِّع :- تصنع کرنے والا۔ بناوٹ کرنے والا۔

مُتَصَوَّر :- (ع) تصور کیا گیا۔ خیال کیا گیا۔ محفوظ۔

مُتَضَاد :- (ع) منافی۔ برعکس۔ وہ بات یا وصف جو دوسری بات یا وصف کے ساتھ جمع نہ ہو سکے۔

مُتَضَرِّع :- (ع) گریہ وزاری کرنے والا۔ گڑگڑانے والا۔

مُتَضَمِّن :- (ع) شامل۔ مشتمل۔ داخل۔ مشمولہ۔

مُتَظَلِّم :- (ع) دادخواہ۔ فریادی۔

مُتَعَارِض :- (ع) خبر یا کوئی اور چیز یا مضمون جو ایک دوسرے کے مخالف ہو۔

مُتَعَارِف :- (ع) معروف و مشہور۔ مُتَعَارِفہ عموماً عربی کے جمع الفاظ کی صفت میں مستعمل ہے۔ جیسے "علوم متعارفہ" مشہور علوم۔

مُتَعَاقِب :- (ع) پیچھے دوڑنے والا۔ بعد کا۔

مُتَعَالِی :- (ع) برتر۔ خدائے تعالیٰ کا نام جو مخلوقات کے صفات سے بالاتر ہے۔

مُتَعَجِّب :- (ع) تعجب کرنے والا۔ حیران۔ متحیر۔ دنگ۔ ششدر۔

مُتَعَدِّد :- (ع) بہت۔ کئی۔ بہتیرے۔ متفرق۔ مختلف جدا جدا۔

مُتَعَدِّی :- (ع) اُڑ کر لگنے والی بیماری۔ حد سے متجاوز۔ (اصطلاح صرف میں) وہ فعل جو مفعول کو چاہے۔

مُتَعَذِّر :- (ع) دشوار۔ مشکل۔ محال۔ قریب۔

مُتَعَرِّض :- (ع) مانع۔ مزاحم۔ درپے۔ روکنے والا۔ مخالفت کرنے والا۔

مُتَعَسِّر :- (ع) دشوار۔ مشکل۔

مُتَعَصِّب :- (ع) تعصب کرنے والا۔ خیال یا عقیدہ وغیرہ کے اختلاف کی بناپر دشمنی رکھنے والا۔

مُتَعَفِّن :- (ع) سڑا ہوا۔ بدبودار۔

مُتَعَلِّق :- (ع) لگاؤ رکھنے والا۔ شامل۔ منسلک۔ وابستہ۔ متعلق کرنا۔ ملحق کرنا۔ شامل کر دینا۔ چسپاں کر دینا۔ ساتھ لگانا۔ سپرد کرنا۔ مُتَعَلِّقَات (مذ) وہ چیزیں جو کسی دوسری چیز سے وابستہ ہوں۔ مُتَعَلِّقِین (مذ) بال بچے۔ اہل و عیال۔

مُتَعَلِّم :- (ع) تعلیم پانے والا۔ طالب علم۔ شاگرد۔

مُتْعَہ :- (ع) مُتَّع۔ مذ۔ طے شدہ مدت کے لیے نکاح۔ نکاح منقطع۔

مُتَعَہِّد :- (ع) ذمہ دار۔ کام میں مشغول۔ عہد کرنے والا۔

مُتَعَیَّن :- مقرر۔ کسی چیز پر یا بات پر لازم و مقرر ہونے والا۔ مُتَعَیَّن کرنا۔ مقرر کرنا۔ نوکر رکھنا۔ کام پر لگانا۔ نامزد کرنا۔ تعینات کرنا۔ تاریخ یا وقت مقرر کرنا۔ مُتَعَیَّنہ (مو)

مُتَغَایِر :- (ع) الگ۔ جدا (یہ امر فطرت سے بالکل متغائر ہے)

مُتَغَیِّر :- (ع) بدلنے والا۔ ایک حال سے دوسرے حال پر ہو جانے والا۔ غیر مستقل۔ بے ثبات۔

مُتَفَاوِت :- (ع) فرق رکھنے والا۔ جدا۔ مختلف۔ دُور۔

مُتَفَتِّش :- (ع) تفتیش کرنے والا۔ ڈھونڈنے والا۔ تلاش کرنے والا۔

مُتَفَحِّص :- (ع) متفتش۔ کریدنے والا۔ محقق۔

مُتَفَرِّد :- (ع) تنہا۔ یگانہ۔ ع رشک
نفی کثرت میں بلاشک متفرد ہیں ہم

مُتَفَرِّع: (ع) کسی چیز سے اس کی شاخ کی طرح نکلنے والی بات یا چیز۔

مُتَفَرِّق: (ع) پراگندہ۔ جدا جدا۔ منتشر۔ **متفرقات** (مذ) مختلف چیزیں۔ حساب کی مختلف رقمیں۔

مُتَّفِق: (ع) اتفاق کرنے والا۔ رضامند۔ موافق۔ ہم خیال۔ ہم صلاح۔ ہم مشورہ۔ **متفق الرائے** ہم رائے۔ ہم صلاح۔ **متفق اللفظ** یک زبان ہو کر۔ **متفق علیہ** جس پر سب کا اتفاق ہو۔ سب کی رائے ہو۔ مرضی کے مطابق۔

مُتَفَکِّر: (ع) فکرمند۔ مغموم۔ اُداس۔

مُتَفَنِّی: (ا۔ مذ) مکار۔ عیار۔ فریبی۔ دھوکے باز۔

مُتَقابِل: باہم مقابلہ کرنے والا ← غالب

متقابل ہے مقابل میرا رُک گیا دیکھ روانی میری

مُتَقارِب: (ع) علم عروض کی اصطلاح میں ایک بحر کا نام جس کا وزن فعولن چار بار ہے۔

مُتَقاضی: (ع) تقاضا کرنے والا۔ مانگنے والا۔

مُتَقاطِع: (ع) ایک دوسرے کو کاٹنے والا۔

مُتَقاطِر: (ع) قطرہ قطرہ ٹپکنے والا۔

مُتَقَدِّم: (ع) آگے بڑھنے والا۔ پرانا۔ اگلے زمانے کا۔ **متقدمین** جمع

مُتَّقی: (ع) پرہیزگار۔ خداترس۔ خداشناس۔

مُتَکَبِّر: (ع) غرور کرنے والا۔ خود پسند۔ اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ اس کے معنی کمال بزرگی رکھنے والے کے ہوتے ہیں۔

مُتَکَفِّل: (ع) ذمہ اٹھانے والا۔ کفیل۔ ضامن

مُتَکَلِّف: (ع) رنج و مشقت برداشت کرنے والا۔ اس کا استعمال سج دھج والا کے معنی میں غلط ہے۔

مُتَکَلِّم: (ع) کلام کرنے والا۔ علم کلام کا ماہر یعنی مذہبی امور کو عقلی دلیلوں سے ثابت کرنے کی مہارت رکھنے والا۔ **متکلمین** جمع

مُتَلاشی: (ف) تلاش کرنے والا کے معنی میں اس کا استعمال غلط عام ہے۔ اس کے معنی "گم کر دینے والا" کے ہیں۔ مگر یہ اُردو میں مستعمل نہیں۔ پہلے معنی میں "تلاشی" صحیح ہے۔

مُتَلاطِم: (ع) موجزن جس کی موجیں آپس میں ٹکراتی ہوں۔ باہم طمانچے مارنے والا (یہ لفظ اکثر پانی کی صفت میں مستعمل ہے)۔

مَتْلانا: (ا) قے کرنے کو جی چاہنا۔ متلی ہونا۔

مُتَلَذِّذ: (ع) لذت اٹھانے والا۔ ذائقہ چکھنے والا۔ لطف اٹھانے والا۔

مُتَلَوِّن: (ع) وہ شخص جس کے مزاج میں استقلال نہ ہو۔

مَتْلی: (ا۔ مو) طبیعت کا مالش کرنا۔ ابکائی۔

مُتَمائِز: (ع) باہم فرق رکھنے والا۔ ممتاز

مُتَمَتِّع: (ع) فائدہ اٹھانے والا۔ مستفید۔ حج تمتع کا عمرہ ادا کرنے والا۔

مُتَمَرِّد: (ع) سرکش۔ نافرمان۔ باغی۔ بپھرا ہوا۔

مُتَمَکِّن: (ع) کسی جگہ قرار پکڑنے والا۔ قائم۔

مُتَمَلِّق: (ع) خوشامدی۔ ہاں میں ہاں ملانے والا۔

مُتَمِّم: (ع) تمام کرنے والا۔

مُتَمَنّی: (ع) تمنا کرنے والا۔

مُتَمَوِّج: (ع) موجزن۔ لہریں مارنے والا۔

مُتَمَوِّل: (ع) دولت مند۔ مالدار۔ امیر۔

مُتَمَیِّز: (ع) جدا ہونے والا۔

مَتْن: (ع۔ مذ) کتاب کی اصل عبارت۔ درمیانی حصہ شال یا لحاف وغیرہ کا وہ حصہ جس کے گرد حاشیہ بیل وغیرہ ہو۔

مُتْنا: (ا۔ مذ) وہ بچہ جو بستر پر پیشاب کر دیا کرے۔ متنی (مو)

مُتَنازِع: (ع) وہ چیز جس پر جھگڑا ہو۔ **متنازع فیہ** وہ چیز جس میں نزاع ہو۔ **متنازعہ** جس چیز

کی بابت جھگڑا ہو۔

مُتَناسِب:- (ع) تناسب رکھنے والا - باہم نسبت رکھنے والا۔

مُتَناقِض:- (ع) باہم نقیض رکھنے والا - مخالف - ایک دوسرے کی نقیض - ضد۔

مُتَناہی:- (ع) حد کو پہنچا ہوا - انتہا کو پہنچنے والا۔

مُتَنَبِّہ:- (ع) خبردار - چوکس - ہوشیار (کرنا - ہونا)

مُتَنَبّی:- نبوت کا دعویٰ کرنے والا - عربی زبان کا ایک شاعر جس نے دعوائے نبوت کیا تھا۔

مُتَنجَن:- (ف - مذ) ایک قسم کا میٹھا پلاؤ جس میں ترشی بھی ہوتی ہے

مُتَنَزِّہ:- (ع) جو عیب سے دور ہو۔

مُتَنَفِّر:- (ع) نفرت کرنے والا - بیزار - کراہت کرنے والا۔

مُتَنَفِّس:- (ع) جان دار - سانس لینے والا - انسان آدمی - بشر - نفر۔

مُتَواتِر:- (ع) یکے بعد دیگرے - لگاتار - جاری - مسلسل ہو وہ حدیث جسے تمام راویوں نے بیان کیا ہو - اسے حدیث نبوت بھی کہتے ہیں۔

مُتَوازی:- (ع) ایک دوسرے کے برابر فاصلے پر آنے والا علم اقلیدس میں جو خطوط ایک سطح میں ہوں اور خطوں کو دونوں جانب خواہ کتنی ہی دور بڑھائیں - مگر آپس میں نہ ملیں۔

مُتَواضِع:- (ع) تواضع کرنے والا - عاجزی کرنے والا - خاطر مدارات کرنے والا

مَتْوالا:- (ہ) مخمور - نشہ میں چور - متوالی (مو) متوالا (مذ) وہ گول بڑا پتھر جس کو دشمن کے دفع کرنے کے لیے دیوار حصار اور دیوار قلعہ سے لڑھکاتے ہیں ؎

میکشو خوب آج متوالے لگانا چاہیے
محتسب آتا ہے تو رہ لیے آؤ تیر کو — ناسخ

متوالی کو دوال۔ دونوں واؤ مجہول، ایک قسم کی کو دوال جو زمین ہو جاتی ہے اور اس کو کھانے والا باؤلا ہو جاتا ہے : کہیں گھر والوں نے متوالی کو دوں تو نہیں کھالی - (توبۃ النصوح)

مُتَوالی:- (ع) پے درپے آنے والا - وہ عدد جو بار بار آئے

مُتَوَجِّہ:- (ع - بضم ث و فتح جیم) توجہ کرنے والا - راغب مخاطب - مہربان - نظر - عنایت رکھنے والا (کرنا - ہونا)

مُتَوَحِّش:- وحشت میں ڈالنے والا - وحشت میں پڑنے والا - نفرت کرنے والا - گھبرا اٹھنے والا۔

مُتَوَرِّع:- (ع) پارسا - پرہیزگار - عابد۔

مُتَوَرِّم:- (ع) سوجنے والا۔

مُتوڑا:- (ہ) وہ شخص جو زرشن خواب پر سوتے سوتے پیشاب کر دے - مُتوڑی (مو)

مُتَوَسِّط:- (ع) بیچ کا - درمیانی - میانہ - متوسط الحال وہ شخص جس کی حالت اوسط درجے کی ہو۔

مُتَوسِّطِین - متوسط لوگ - درمیانی درجے یا طبقے کے لوگ

مُتَوَسِّل:- ع وسیلہ ڈھونڈنے والا - نزدیکی ڈھونڈنے والا - عزیز و قریب - کسی کے نزدیکی اور رابطہ خاص رکھنے والا - مُتوسلین - جمع

مُتَوَطِّن:- (ع) اصلی باشندہ - وطن رکھنے والا۔

مُتَوَفّی:- (ع) مرا ہوا - وفات یافتہ (انسان کے لیے مستعمل ہے : "متوفی" بولنا غلط ہے)

مُتَوَقِّع:- (ع) امید رکھنے والا - آس رکھنے والا - متوقع وہ بات جس کی پہلے سے توقع ہو

مُتَوَکِّل:- (ع) توکل اور بھروسا رکھنے والا - متوکلاً علی اللہ اللہ پر بھروسہ کرکے۔

مُتَوَلِّد:- (ع) پیدا ہونے والا۔

مُتَوَلّی:- (ع) ملکیت وقف کا منتظم - نابالغ بچے کی جائداد کا شرعی یا قانونی منتظم اور سرپرست اور درستی سے رشک

چراغ عقل کا دربار عشق میں گل ہے
کہ پگڑیاں متولی اتار لیتے ہیں

مُتَوَہِّم:- (ع) وہم کرنے والا - وسواسی۔

مُتونا:- (ہ - مذ) دیکھو "متوالی کودوال"۔

مُتَوَہِّمات:- (ہ - مذ) وہماوہ وسوسے اوہام۔

مَتھّا:- (ہ - مذ) ماتھا - متھا کچھوٹی (مو) محول حصہ - والا مرتت۔

مُتھانی:- (ہ) وہ لکڑی جس سے دودھ متھتے ہیں

مُتَہاوِن :- (ع) سستی کرنے والا - خوار - حقیر -

مُتھرا :- (ہ - مذ) اگند - بیشتر چاقو کے لیے مستعمل ہے - **مُتھری** (مو) -

مُتہری :- (ہ - مو) وہ مقام جو گھوڑوں کے اصطبل میں پیشاب کے واسطے بنتے ہیں -

مُتَّہَم :- (ع) ملزم - جس پر تہمت لگائی جائے (کرنا - ہونا) -

مِتھُن :- (ہ - مذ) برج - جوزا جو تیسرا آسمانی برج ہے -

مُتھنا :- (ہ) بلونا - مسکہ نکالنے کے واسطے دہی کو متھنی سے یا کسی اور آلے سے بلونا - کسی بات کو بار بار سوچنا -

مُتھنی :- (ہ - مو) دیکھو متھانی -

مَتّی :- (عبر - مذ) حضرت عیسے کے ایک حواری کا نام جن کی انجیل مشہور ہے -

مُتَیَقَّن :- (ع) وہ امر جس کا یقین ہو - یقینی -

مَتِین :- (ع) سنجیدہ - مضبوط - استوار - خدائے تعالی کا نام - دین کی صفت بمعنی مستحکم - مستقل مزاج - سنجیدہ -

مُٹاپا :- (ہ - مذ) فربہی - تنومندی - جسامت - **مٹاپا چڑھنا** - بیماری آنا - فربہ ہونا - جسم کو پھول جانا -

مِٹانا :- (ہ) معدوم کرنا - نابود کرنا - کسی چیز کے موجودہ آثار کو مٹانا - بے نشان کرنا - زائل کرنا - کھرچنا - چھیلنا - تباہ کرنا - برباد کرنا - رد کرنا - منسوخ کرنا -

مُٹائی :- (ہ - مو) فربہی - تیاری - جسامت - دبیزپن -

مُٹ بھیڑ / **مُٹھ بھیڑ** :- (ہ - مو) مقابلہ - آمنا سامنا - مقابلہ - دو بدو ہونا - آپس میں گتھ جانا - لڑنا - اتفاقیہ ملاقات -

مِٹ جانا :- (ہ) تباہ و برباد ہونا - نشان باقی نہ رہنا - عاشق ہو جانا - محو ہو جانا - زائل ہو جانا - فنا ہو جانا - **مٹ کے کوئی کام کرنا** - نہایت محنت اور مشقت سے کام کرنا - **مٹ گیا** (مذ) کوسنا - دعائے بد - اُجڑا - خانہ خراب - **مٹ گئی** (مو) -

مَٹر :- (ہ - مذ) ایک قسم کا غلہ - **مٹر گشت** (مذ) ہوا خوری - سیر سپاٹا - آوارہ گردی (کرنا - لگانا) - **مٹر ملا چنا** (مذ) چنا جس میں مٹر ملا ہوا ہو - **مٹری** (مو) چھوٹا مٹر -

مُٹر مُٹر :- (ہ) چھوٹے بچوں کے جلد جلد کام کرنے اور جلد جلد دیکھنے کے لیے مستعمل ہے -

مُٹری :- (ہ - مو) گٹھری -

مَٹک :- (ہ - مو) مٹکنا کا حاصل مصدر - ناز نخرہ - چوچلا - **مٹک چال** - ناز نخرے کی چال - **مٹک چٹک** (مو) باتیں کرنے میں سر اور اعضا کو حرکت دینا - باتیں (مذ) کے ساتھ - **مٹکانا** - گھمانا - پھرانا - چمکانا - گردش دینا (آنکھیں مٹکانا - بلانا - نچانا - ہاتھ مٹکانا) - تمسخر آمیز حرکتیں کسی کے ساتھ کرنا - **مٹک کے چلنا** - ناز سے اٹھلا کے چلنا - **مٹکنا** - سر یا اعضا کو تعجب - غصہ یا خوشی سے حرکت دینا - ناز و نخرہ کرنا - معشوقانہ ادا دکھانا - تمسخر آمیز حرکتیں کرنا - **مٹکو** - ناز سے مٹک مٹک کر چلنے والی -

مَٹکا :- (ہ - مذ) ایک قسم کا بڑا گھڑا جس کا منہ چوڑا ہوتا ہے - **مٹکی** (مو) چھوٹا گھڑا - بڑے منہ کی گھڑیے کے برابر ٹھلیا - شراب کا گھڑا - دہی جمانے کا برتن - چاٹی - **مٹکنیا** (مذ) آبخورہ - مٹی کا کوزہ -

مُٹکنا :- (ہ) چھوٹا اور خوب صورت -

مِٹنا :- (ہ) ناپید ہونا - معدوم ہونا - محو ہونا - بے نشان ہونا - زائل ہونا - چھلنا - تباہ و برباد ہونا - عاشق ہونا - منسوخ ہونا - رد ہونا - **مٹوانا** - متعدی المتعدی -

مَٹھ :- (ہ - مذ) دھرم شالا - بت خانہ - ہندو فقیروں کی جھونپڑی - کٹی - مذہبی مدرسہ - نیل کا حوض -

مَٹھا :- (ہ - لکھنؤ میں ٹ پر تشدید ہے) پتلا دہی جو مسکہ نکل جانے کے بعد بچ رہتا ہے - چھاچھ -

مَٹھا :- (ہ - مذ) سست - ڈھیلا - وہ گھوڑا جو چلنے میں سست ہو - بمعنی کند ذہن - موٹی بھدا - کند دھار کا - **مٹھاپن** - صفت

مُٹھا :- (ہ) مٹھی بھر لمبی چیز - مٹھی بھر کا بنڈل - چند چیزیں جنھیں لپیٹ کر یکجا کیا ہو - گٹھا - دستہ - گرفت - موٹھ - بل کا وہ حصہ جس میں بیل کے پٹے رہتے ہیں - ایک قسم کا گندہ بڑا جسے سی کر بازوؤں پر رکھتے ہیں تاکہ بازو موٹے اور خوشنما معلوم ہوں -

مٹھار مٹھار کر باتیں کرنا :- (ہ) مزے لے لے کر باتیں کرنا - ملنت کے

کے ساتھ بولنا۔

مَٹھارنا:۔ (ہ) گول کرنا۔ مُدوّر بنانا۔ لس پیدا کرانا آٹے میں لوچ دینا۔ کَلّی دینا۔ بنا بنا کر باتیں کرنا۔ باتیں بنانا۔ پھیلانا۔ چوڑا کرنا۔ مفصل بیان کرنا۔ شرح کرنا۔ تفسیر کرنا۔ پھسلانا۔ ہر تیز چیز کی تیزی کو کند کرنا۔

مِٹھاس:۔ (ہ۔ مو) شیرینی۔ مٹھائی۔ رس۔

مِٹھائی:۔ (ہ۔ مو) شیرینی۔ شکر۔ دودھ۔ میدے وغیرہ سے بنی ہوئی چیز (لڈو پیڑے وغیرہ) میٹھاپن ؎

حسرت بوسہ سے ہونٹوں کو چباتا ہوں میں
زہر بنتی ہے مٹھائی مرے دانتوں کے تلے

مٹھائی بٹنا۔ شیرینی تقسیم ہونا۔ نعمت ملنا۔ فائدہ ہونا۔ مٹھائی چڑھانا۔ قبروں اور مزاروں پر شیرینی چڑھاتے ہیں۔ مٹھائی چڑھنا۔ لازم۔ مٹھائی سے منہ بھر دینا۔ دِل خوش کر دینا۔ مٹھائی کی ڈلی۔ مٹھائی کا ٹکڑا۔

مَٹھری:۔ (ہ۔ مو) میٹھی۔ نمکین۔ تلی ہوئی خستہ ٹکیہ۔

مِٹھیاں:۔ (ہ۔ مو) وہ ہچکیاں جو دودھ پیتے بچوں کو فطری طور پر انتڑیوں میں دودھ کی گنجائش پیدا ہونے کے واسطے آتی ہیں (آنا)

مِٹھلونا:۔ (ہ) کم نمک کا۔ پھیکا۔

مِٹھو:۔ (ہ۔ مذ) ہندوستان کا طوطا جو خوب بولتا اور باتیں کرتا ہو۔ اُسے میاں مٹھو بھی کہتے ہیں۔ پیاری پیاری باتیں کرنے والا بچہ۔ حافظ

مُٹھور:۔ (ہ۔ مو) خم دراز گولی

مَٹھوس:۔ (ہ) وہ شخص جو ساکت ہو اور اپنے دل کا حال کسی سے نہ کہے (بھول) مٹھوسا۔ وہ شخص جو کسی فکر یا رنج میں خاموش ہے اور کسی سے بات چیت نہ کرے وہ شخص جو اپنے دل کا حال کسی سے نہ کہے۔ مٹھوسی (مو) مٹھوساپن (مذ) صفت

مَٹھولا:۔ (ہ۔ مذ) جلق۔ مشت زنی۔ ہاتھوں سے منی نکالنا (لگانا۔ مارنا)۔

مِٹھی:۔ (ہ۔ مو) بچوں کا پیار۔ مٹھی لینا۔ بچوں کے گال پر بوسہ دینا۔

مُٹھی:۔ (ہ۔ مو) مشت۔ قبضہ۔ چنگل۔ کَی۔ سمٹا ہوا ہاتھ کا پنجہ۔ ایک مشت کے برابر مقدار۔ لپ بھر۔ پُڑ گرفت۔ بند۔ ہاتھ کی مقدار جو ناپنے میں آتی ہے۔ وہ مٹھی بھر غلہ جو بطور خیرات نکالتے ہیں۔ بندھا ہوا جوڑا۔ مٹھی باندھنا ہاتھ کا پنجہ بند کرنا۔ مٹھی بھر۔ لپ بھر۔ ایک مشت مقدار کے برابر۔ جو چیز ایک مٹھی میں آجائے۔ مٹھی بھر کی جان کمسن بچہ کے واسطے مستعمل ہے۔ مٹھی بھرنا مٹھیاں بھرنا۔ چپی کرنا۔ پاؤں دبانا۔ بدن کی مالش کرنا۔ مٹھی کھلی ہونا سوال کرنا۔ مٹھی گرم کرنا۔ رشوت دینا۔ نقد دینا۔ ناجائز فائدہ اٹھانا۔ مٹھی مٹھی۔ ایک ایک مٹھی (جب کوئی شے چند لوگوں میں ہر ایک کو یا ہر ایک سے ایک ایک مٹھی ملے اس موقع پر بولتے ہیں) مٹھی ملنا۔ رشوت پہنچنا۔ مٹھی میں قبضہ میں۔ قابو میں۔ مٹھی میں دل لینا۔ دل کو قابو میں کرنا۔ مٹھی میں دھرا ہونا۔ پاس موجود ہونا۔ مٹھی میں ہوا بند کرنا۔ ناممکن کام کرنا۔ مٹھی میں ہونا۔ مٹھی میں کرنا کا لازم مٹھیوں۔ کثرت ظاہر کرنے کے لیے ؎ شعور

مہندی لگا کے ہاتھ وہ اپنے کرے جو بند
کیوں مٹھیوں نہ خاک پڑے آفتاب پر

مُٹھیا:۔ (ہ۔ مو) ہل کی موٹھ۔ کمان کی وہ جگہ جہاں ہاتھ رہتا ہے۔ موٹھ۔ قبضہ۔ گڑ کی بھیلی۔ ایک قسم کا زیور جو قلم کے شکل ہوتا ہے اور اس میں تعویذ رکھ کر بازو پر باندھتے ہیں۔ مٹھیا قلم (مذ) چھوٹا قلم جو مٹھی سے چھوٹا ہو۔ مٹھیانا۔ ہاتھ میں پکڑنا۔ کسی کو موٹھ کرنا۔ قبضہ میں لانا۔ مٹھی میں لینا۔ مٹھیانا۔ ہر چیز کا مٹھی میں رکھنا عموماً اور آلۂ تناسل کا خصوصاً۔ جلق لگانا۔

مٹی:۔ (ہ۔ م کا فتحہ اور کسرہ دونوں درست۔ کسرہ زیادہ فصیح ہے (مو) زمین۔ گیلی مٹی۔ کیچڑ۔ کرۂ ارض دنیا۔ گرد و غبار۔ خاک دھول۔ ریت۔ راکھ۔ خاکستر۔ میلا کرنا۔ ہونا۔ خمیر۔ سرشت۔ مادہ۔ میت۔ بے رونق۔ بے کار۔ مردہ دِل اور افسردہ طبیعت۔ بیکار چیز۔ مٹی اُٹھنا۔ لاش اٹھنا۔ مٹی اڑانا۔ خاک اڑانا۔ کہیں بار بار آنا جانا۔ مٹی برباد کرنا۔ ذلیل کرنا۔ مٹی برباد ہونا۔ لازم ؎

غیر کا خرقہ بچھانا مری تربت پہ ضرور
آبرو دار کی مٹی کہیں برباد نہ ہو — داغ

مٹی پانا۔ دفن ہونا۔ مٹی پر لڑنا۔ زمین پر جھگڑا کرنا۔ مٹی پکڑ لینا۔ جگہ پکڑنا۔ جم جانا۔ مقام کرنا۔ مٹی پکڑے سونا ہوتا ہے۔ ایسا صاحب اقبال ہے جس کے ہر کام میں نفع ہی نفع ہوتا ہے۔ مٹی پلید کرنا۔ ذلیل و رسوا کرنا۔ برا حال کرنا۔ درگت بنانا۔ ستانا۔ ہنسی اڑانا۔ مٹی پلید ہونا یا خراب ہونا یا خوار ہونا۔ ذلیل ہونا۔ برباد ہونا۔ نہایت دکھ میں ہونا۔ مٹی تباہ کرنا۔ مٹی پلید کرنا۔ مٹی

ہوتی ہو۔ تین ضلعوں کی شکل۔ تین تین مصرعوں کا بند ؎ اسیر

معمار ترے گھر کا تھا شاید کوئی شاعر
کیا خوب کیا نظم مثلث سہ دری کا

تکونا۔ سہ گوشہ۔ وہ علم جس میں مثلث بنا کر سطح پیمائش کی جاتی ہے۔ زاویوں کی پیمائش کا علم۔ علم عروض میں بحر کا وہ وزن جس میں تین خانے ہوتے ہیں۔ **مثلث حادُّ الزّاویہ** - ایک تکون جس کے سب زاویے حادّے ہوں۔ **مثلث قائمۃُ الزّاویہ** - ایک زاویے قائمے والا تکون۔ **مثلث متساوی الاضلاع** - برابر ضلعوں کا تکون۔ **مثلث متساوی السّاقین** - وہ تکون جس کے دو ضلعے برابر ہوں۔ **مثلث مختلفُ الاضلاع** جس کے ضلعے برابر نہ ہوں۔ **مثلث منفرجۃُ الزّاویہ** - ایک زاویہ منفرجہ والا تکون۔ **مثلثی** - تکونا۔ تکھونٹا۔

مثلی اُچکّا چور / بدمعاش :- (ا۔ مذ) وہ جسے سزا مل چکی۔ نمبری بدمعاش۔

مثمر :- (ع) پھل دینے والا۔ سود مند۔ نتیجہ خیز۔

مُثمّن :- (ع صفت) ہشت پہلو۔ آٹھ ضلعوں کا (مذ) آٹھ ضلعوں کی شکل (مو) علم عروض میں وہ بیت جس میں آٹھ رکن ہوں۔ آٹھ آٹھ مصرعوں کی نظم۔

مُثنّیٰ :- (ا۔ مذ) دوسری نقل۔ نقل مطابق اصل۔ دوسری پرت۔

مثنوی :- (ف۔ مو) وہ مسلسل نظم جس کا ہر شعر جداگانہ قوافی میں ہو۔ جلال الدین رومی کی ایک طویل عارفانہ کتاب منظوم۔

مُجادِلہ :- (ع۔ مذ) جنگ۔ ہنگامہ۔ باہمی جھگڑا۔ عداوت۔ دشمنی۔ حجت۔ تکرار۔ مباحثہ۔

مَجاز :- (ع) اُردو میں بفتح استعمال ہے۔ جس کو کسی کی جانب سے کسی کام کا اختیار دیا گیا ہو ؎ داغ

دل کی بری جبلی کو سمجھ لیں پیام ہو
کیا دخل دیں کہ ہو کے نہیں ہیں مجاز ہم

عوام اس معنی میں بفتح م غلط بولتے ہیں۔

مَجاز :- (ع۔ مذ) حقیقت کے برعکس جو حقیقت نہ ہو۔ وہ کلمہ جو اپنے حقیقی معنی کے خلاف مستعمل ہو قرائن سے حقیقی موضوع معنی متروک نہ ہوتے ہوں۔ **مجاز مرسل** (مذ۔ اضافہ۔ مذ) کسی لفظ سے حقیقی معنی کے بجائے کوئی دوسرے معنی مراد لیے جائیں اور دونوں معنوں میں تشبیہ کے علاوہ کوئی اور تعلق ہو۔ مثلاً سبب سے مسبب یا ظرف سے مظروف یا کل سے جز مراد لیں۔ **مجازی** - غیر اصلی۔ غیر حقیقی۔ فرض کیا ہوا۔ فرضی۔ عارضی۔ مصنوعی۔ نقلی۔

مَجال :- (ع۔ مو) قدرت۔ طاقت۔ بساط۔ حوصلہ۔ بس۔ مقدور (رکھنا۔ ہونا) (جائے گردش)

مَجالِس :- (ع۔ مذ نیز مو) مجلس کی جمع۔ وہ نشست جس میں ذکر حسین و تذکرہ شہدائے کربلا کیا جائے۔ انجمن۔ بزم نشست۔

مُجالَست :- (ع۔ مو) ہم نشینی۔ مل جل کر بیٹھنا۔

مُجامَعت :- (ع۔ مو) جماع۔ ہم بستری۔

مُجانَست :- (ع۔ مو) ہم جنس ہونا۔ ہم جنسی

مَجانِین :- (ع۔ مذ) دیوانے۔ پاگل۔ مجنون۔ واحد۔

مُجاوِر :- (ع۔ مذ) پاس رہنے والا۔ پڑوسی۔ درگاہوں اور متبرک مقامات کا خادم۔ **مجاوری** (مو) مجاور ہونا۔ مجاور کا منصب یا حق۔ **مُجاوَرت** (مو) ہمسائیگی۔

مُجاہِد :- (ع) جہاد کرنے والا۔ کافروں سے جنگ کرنے والا نفس سے لڑنے والا۔ کوشش کرنے والا۔ **مُجاہَدہ** (مذ) جانفشانی۔ نفس کشی۔ محنت و مشقت۔ ریاضت **مجاہدین** (مذ) مجاہد کی جمع

مجبُور :- (ع) لاچار۔ بے بس مجبور ہو کر کی جگہ ؎ داغ

مجبور میرے دل کو بھی نفرت سی ہو گئی
نقش وفا جہاں سے اب کالعدم ہوا

مجبوراً - تنگ کر۔ جبر سے۔ عاجز ہو کر۔ بے اختیاری کی حالت میں۔ **مجبوری** (مو) عاجزی۔ بے بسی۔ لاچاری۔

مُجتَبیٰ :- (ع) منتخب۔ چنا ہوا۔ برگزیدہ پیغمبر خدا اور امام حسن کا لقب

مُجتَث :- (ع۔ مو) علم عروض میں ایک بحر کا نام جس کا وزن ہے۔

مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلاتن
مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلاتن

مُجتَمَع :- اکٹھا کیا ہوا۔ جمع کیا ہوا۔ **مجتمعاً** - مجموعی حالت میں۔ مجموعی حالت کے اعتبار سے۔

مُجتَنِب :- پرہیز کرنے والا۔ علیحدگی اختیار کرنے والا۔ دور رہنے والا۔

مُجتَہِد :- (ع) کوشش کرنے والا۔ جد و جہد کرنے والا۔ عمدہ اور ٹھیک راستہ نکالنے والا۔ فرقہ شیعہ کے نزدیک وہ فقیہ جس میں قرآن۔ سنت۔ اجماع اور عقل پر روشنی

میں استدلال کرنے مسائل شرع اخذ کرنے کی قوت پیدا ہو جائے۔

مَجد :- (ع - مذ) بزرگی - عظمت - شرف

مُجدِّد :- (ع) تجدید کرنے والا - پرانے کو نیا کرنے والا - (از میر ز) پرانی بات میں نئی رُوح پھونکنے والا مُجدِّدا - (از میر ز) -

مَجذُوب :- (ع) جذب کیا گیا - کھینچا گیا - صاحب جذبہ - خدا کی محبت میں غرق - (۲) اصطلاح میں کچھ فقیروں کی ایک قسم جو اکثر بے سروپا باتیں کیا کرتے ہیں - دیوانہ - سڑی - پاگل - سودائی - مجذوب کی بڑ - بے معنی باتیں - بے سرو پا باتیں - مجنونانہ بکواس -

مَجذُور :- (ع - مذ) وہ حاصل ضرب جو ایک عدد کو اسی عدد میں ضرب دینے سے پیدا ہو (جیسے چار کا مجذور سولہ)

مَجذُوم :- (ع) کوڑھی - جسے جذام کی بیماری ہو -

مَجرا :- (ع - مذ) جاری ہونے کی جگہ -

مُجرا :- (ف - مذ) کٹوتی - منہائی - محسوب کیا گیا - منظور ہوا (جیسے "خدمت حضور میں مجرا ہوئی" - دربار اکبری) ادب کے ساتھ کسی کو سلام کرنا - رنڈیوں اور ڈوموں کا ناچ وغیرہ کی محفل میں بیٹھ کر گانا - باریابی - بادشاہوں کو امراء کا سلام - غزل کے طرز پر شہدائے کربلا کی شان میں جو اشعار کہے جاتے ہیں اُن کے مطلع میں لفظ مجرا یا سلام یا مجرائی لاتے ہیں - مجرا کرنا - (۱) منہا کرنا - سلام یا تسلیم کرنا (ہونا) مجرا لینا - کاٹ لینا - سلام کا جواب دینا - مجرائی - درباروں کے وہ ملازم جو صرف سلام کرنے کی تنخواہ پاتے تھے - مجرے کو جھکنا - سلام کرنے کو جھکنا - ادب بعرض کرنا - بادب سلام کرنا - مجرائی - وہ پیچھے والا جو بیٹھ کر گائے - سلام کرنے والا - انیس

واجب الرحم تھے زنداں کے سزاوار نہ تھے
مجرئی اہل حرم تھے بازار نہ تھے

مُجَرَّب :- (ع) آزمودہ - تجربہ کیا ہوا - تیر بہدف - کارگر - مؤثر - مجربات (مذ) آزمائے ہوئے نسخے یا دوائیں -

مُجَرَّد :- (ع) تنہا - اکیلا - بن بیاہا - آزاد - تارک الدنیا - سنیاسی - وہ شے جو مادہ سے پاک ہو - مجردات (مذ) غیر محسوس وجود - غیر مادی وجود - وجود بے جسم - ملائک - ارواح - مجردی - تنہائی - آزادی - تجرد -

مُجرِم :- (ع - مذ) جرم کرنے والا - قصوروار - ملزم - (ٹھہرانا - قرار دینا - ہونا وغیرہ)

مَجرُوح :- (ع) زخمی - گھائل - ناقابل بیان - غیر مدلل بات جو قابل اعتراض ہو -

مجسٹریٹ :- (ع - انگ) فوجداری کا حاکم - مجسٹریٹی (مؤ) مجسٹریٹ کا عہدہ - اختیار - حکومت -

مِجسطی :- (یو - مؤ) فلکیات و ہیئت کی قدیم ترین کتاب جسے بطلیموس نے یونانی میں لکھا تھا - حنین بن اسحاق نے عربی میں ترجمہ کیا -

مُجَسَّم :- (ع) جسم والا - وہ چیز جس میں طول و عرض و عمق ہو - سراپا - مسطح - مجسمہ (مذ) بُت - پُتلا -

مُجَلّیٰ :- (ع) جلا کیا ہوا - چمکایا ہوا -

مُجَلَّد :- (ع) جلد بندی کیا ہوا - جلد باندھا ہوا -

مَجلِس :- (ع - مؤ) مجالس جمع - دیکھو مجالس - مجلس سیدھو(؟) مجلس میں تہلکہ ڈالنا - پوری بزم کو رُلا دینا - (امیر)

کہانی مرے درد کی کچھ نہ تھی
مگر ساری مجلس کو رُلا گئی

مجلس پڑھنا - مجلس میں تذکرۂ حسینؑ یا ذکر شہدائے کربلا کرنا - مجلس خیواں (بے اضا) ایک قسم کی نہایت عمدہ دستی جو عورتیں ہونٹوں پر ملتی ہیں - مجلس خانہ (بے اضا) وہ جگہ جہاں ذکر حسینؑ کے لیے لوگ جمع ہوتے ہیں - مجلس کرنا - ذکر حسینؑ کی بزم منعقد کرنا - مجلس گرم ہونا - مجلس میں رونق ہونا - مجلس کا شباب پر آنا - مجلسی - اہل مجلس - وہ شخص جو شریک جلسہ ہو - آداب نشست و برخاست سے تعلق رکھنے والی بات -

مِجمَر :- (ع - مذ) وہ ظرف جس میں خوشبو کی چیزیں جلاتے ہیں - عود دان - انگیٹھی -

مَجمَع :- (ع - مذ) ہجوم - جلسہ - بھیڑ - انبوہ - ہنگامہ - مجموعہ (جیسے مجمع اخلاق) مجمع چھٹنا - بھیڑ کم ہونا -

مُجمَل :- (ع) مختصر - خلاصہ - اختصار - مجملاً -

مَجمُوع :- (ع) جمع - تمام - سب - میزان کل - مجموعہ اکٹھا کیا گیا - کلیات - ذخیرہ - خزانہ - مخزن - بنڈل - پشتارہ - وہ عطر جس میں بہت سے عطر یا خوشبوئیں ہوں - حاصل جمع - مجموعی - اجمالی - تمام - جملگی - کل -

مُجنُشن :- (ا - مؤ) مجیٹھ - مجیٹھی - پرانے زمانے کی سرخی - ایک لکڑی جس سے سرخ رنگ بناتے ہیں (ذیل)

عطر پان - پھول - مہندی - سُرمہ مِسّی - لاکھا مجنّش اور جتنا یہی عورتوں کی ضرورت کی چیزیں ہیں ۔ (توبۃ النصوح)

مَجْنُون :- (ع) پاگل - دیوانہ - باؤلا - سڑی - قیس عامری کا لقب جو لیلا کا عاشق تھا - شیدا - مفتون - فریفتہ - نہایت دُبلا پتلا اور کمزور شخص - ایک درخت کا نام جس کی شاخیں جھکی ہوتی ہیں اور اسے بید مجنوں بھی کہتے ہیں ۔

مُجَوِّز :- (ع) تجویز کرنے والا - فیصلہ دینے والا - جائز کرنے والا - واضع اور بنانے والا (جیسے مجوّز قانون) **مُجَوَّزہ** - تجویز شدہ - معیّنہ - مقررہ ۔

مَجُوس :- (ع) مجوسی کی جمع آتش پرست ۔

مَجُوسا :- (ا - مذ) لکڑی جو چھت کے نیچے کھڑی کرتے ہیں - وہ لکڑیاں جو قبر کے پٹڑوں کو روکنے کیلئے طول میں رکھتے ہیں ۔

مُجَوَّف :- (ع) اندر سے خالی - کھوکھلا - پولا - جوف دار ۔

مُجھ :- (ہ) اپنی ذات سے خطاب کرنے کے موقع پر بطور ضمیر بولتے ہیں - مجھ کو پاتا ہے تو طوارہ نہیں پاتا - جانی دشمن ہے مگر بس نہیں چلتا - مجھ میں آیا (حکم ولی) - میں ذمے دار ہوں - مجھ کو پیٹے - میرا ماتم کرے (عوام) کی ایک قسم دینے کا جملہ ۔

مَجْہُول :- (ع) نامعلوم - غیرمعلوم - وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو - سست - کاہل - (اردو) طلب نکتا - جبر و مقابلہ [illegible]

مَجْھولا :- (ہ) منجھولا - وسطی - درمیانی - منجھلا - میانہ - متوسط (مذ) بڑا دیگچہ - چھوٹی دیگ - **مجھولی** (مو) منجھلی - وسطی - درمیانی - ایک قسم کی چھوٹی بہلی [illegible] بیچ میں جوتے کو دیکھ کر ہم نقد دل ۔
چل گئی چھتی [illegible] چالیں مجھولا آپ [illegible]

مُجھے :- (ہ) مجھ کو - میری ذات کو - مجھے اور نہ تجھے ٹھور - (د - عو) مجھے تیرے بغیر - تجھے میرے بغیر چین ہے - **مجھے پیٹو** - ایک قسم کی [illegible]
[illegible] سو سے کو مجھے پیٹو اگر جاؤ کہیں
- [illegible]

مُجھی سے - میری ذات سے [illegible]
[illegible] آپ بھی خائف مجھی سے ہو گئے

مُجھیلا :- [illegible]

مُجیب :- [illegible] **مجیب الدعوات** - [illegible]

کرنے والا ۔

مَجِیٹھ :- (ہ - مو) ایک قسم کی سُرخ لکڑی جس کے سُرخ رنگ سے کپڑے رنگے جاتے ہیں - دیکھیے مجنّش ۔

مَجِید :- (ع) بزرگوار - بزرگ (جیسے کلام مجید) خدا تعالیٰ کا نام ۔

مَجِیرا :- (ہ - مذ) پیتل کی بنی ہوئی چھوٹی چھوٹی کٹوریاں جو ٹھیکے کے ساتھ تال دینے کے واسطے دونوں ہاتھوں سے بجاتے ہیں ۔

مُچا :- (ا - مذ) گوشت کا بڑا ٹکڑا جس میں ہڈی نہ ہو ۔

مَچامَچ :- (ا - مو) لبریز - کھچاکھچ ۔

مَچان :- (ہ - مذ) وہ لکڑیاں جو اسباب وغیرہ رکھنے کے لیے دیوار میں زمین سے اونچی لگا دیتے ہیں (ناند) - **مچانا** - چار بانس یا لکڑیاں زمین میں لگا کر اوپر پٹڑے یا لکڑیاں وغیرہ رکھ کر بیٹھنے یا چھپنے کی جگہ جہاں رہ کر کھیت کی حفاظت (اگر کھیت میں ہو) اور شیر کا شکار کھیلتے ہیں - نیز عمل میں لانا - کرنا - برپا کرنا - گاڑی میں بیل یا گھوڑے جوتنا ۔

مُجَرَّب :- (ا) چڑچڑا ۔

مَچَک :- (ہ - مو) لچک - مچکانا - لچکانا - ہلانا - مچکنا - لچکنا ۔

مِچکانا :- (ہ) مچیکانا - آنکھ مارنا - جلدی جلدی آنکھیں کھولنا بند کرنا ۔

مَچَلا :- (ہ) ڈھیٹ - ضدی - کاہل - مچلی (مو) مچلاپن (مذ) ضد - ہٹ - مچلانا - ٹال مٹول کرنا - ہٹ کرنا - ضد کرنا - مچلائی (مو) ضد - شوخی - مچل پڑنا - مچل جانا - ہٹ کرنا - ٹوٹ جانا - مچل جانا - بپھر جانا - ہٹ پر آنا - مچلنا - ضد کرنا - اصرار کرنا - ڈھٹائی کرنا - کھیل کرنا - [illegible] - تجاہل عارفانہ کرنا - رونا - بلکنا - کسی چیز کے دینے کی ہٹ کرنا [illegible] داغ
لے کے دل کہتے ہو کیوں دل اس کو مچلنے کے لیے
مل گیا خوب بہانا یہ مچلنے کے لیے

مُچَلکا :- (ت - مذ) وہ عہد نامہ جو مجرم سے لیا جاتا ہے - وہ عہد جو کسی ایسے شخص سے لیا جاتا ہے - جیسے حاضری یا قانون پر قائم رہنے کا - [illegible] - مچلکا لینا - مجرم یا گواہ سے تحریری اقرار نامہ [illegible] لینا

مُچمچانا :- (ہ) مچمچانا - جوانی کی مستی میں آنا - چارپائی کا ہلنا - **مچماہٹ** (مو) مچمچاہٹ - جوانی کی [illegible]

سستی -

مچنا:- (ف) بند ہونا - مُندنا - (غیر فصیح میچنا کا لازم)

مَچنا:- (ف)- ہونا - عمل میں آنا -

مچنگڑ:- (۱) موٹا روٹ - ہاتھی کی روٹی -

مُچھ:- (ف - مذ) بڑی مچھلی - **مچھر نگا** - رام چڑیا ماہی خوار پرندہ -

مچھر:- (مذ) ایک نہایت چھوٹا اُڑنے والا جانور جو جسم کا خون چوستا ہے **مچھر کی جھول** (مذ) نہایت ادنیٰ اور کم قیمت چیز -

مچھلی:- (ف - مو) پانی کا ایک مشہور جانور - مچھلی یا پنڈلی یا بازو کا اندرونی گوشت - کان کے ایک زیور کا نام - ایک پتنگ جو مچھلی کی شکل کا ہوتا ہے جو بادشاہوں کے نشان میں بنی ہوتی ہے - بچوں کا ایک کھیل جس میں مچھلی کی شکل بالوں میں گوندتے اور اسے نچاتے ہیں - **مچھلی پکڑنا** - مچھلی کا شکار کرنا - **مچھلی کا بجرا** - وہ بجرا جو مچھلی کی صورت کا ہوتا ہے - رشک

سیر دریا کا تجھے ہے شوق تیرے شوق میں
اے پری مچھلی کا بجرا ماہی بے آب ہے

مچھلی کا چارا - وہ چیز جسے شکاری کانٹے میں لگا کر مچھلی پھانستے ہیں **مچھلی کی نانا** - حضرت سلیمان کی وہ نیاز جس میں شوربے دار مچھلی پیالے میں اور مچھلی کے کباب بچھے ہوئے چاولوں پر رکھے جاتے ہیں - **مچھلی کا کانٹا** (مذ) خار ماہی - **مچھلی کی جائے کو تیرنا کون سکھاتا ہے** (کہاوت) اپنے خاندانی کام سے ہر شخص واقف ہوتا ہے - **مچھلی کی طرح تڑپنا** - بہت زیادہ تڑپنا - **مچھلی کتنا پانی** - ایک کھیل کہ بچے حلقہ باندھ کر ایک بچے کو بیچ میں بٹھاتے ہیں اور اس سے پوچھتے ہیں "مچھلی مچھلی کتنا پانی" جھک کر ہاتھوں سے بچوں کو چھوتا ہے اور کہتا ہے "اتنا پانی" اس طرح وہ آہستہ آہستہ ہاتھ اوپر لاتا ہے - گھٹنے کو پھر کمر کو پھر سینے کو پھر گردن کو دونوں ہاتھوں سے پکڑتا جاتا ہے اور پھر دونوں ہاتھ اٹھا کر کہتا ہے "اتنا پانی" اور حلقہ توڑ کے نکل جاتا ہے - جعفر علی خان اثر

نکلا مزا چاہت کا اے دل
مچھلی مچھلی کتنا پانی

مچھلیاں سڑنا - (مو) کام خراب ہونا - لڑکی کا بے بیاہ کے رہنا کی حالت میں منتظر سوت بیٹھے کہتے ہیں کیا مچھلیاں سڑ جائیں گی لڑکی ہے مچھلیاں تو نہیں رکھ جائیں (مچھلیاں پکڑنا) -

ورزش کے باعث زانوؤں یا بازوؤں کا بھر جانا -

مچھوا:- (ف - مذ) مچھلیاں پکڑنے والا - ماہی گیر - بچوں کا بوسہ - مچھلی -

مُچھندر:- (ف - مذ) بڑی بڑی مونچھوں والا - بد صورت اور مسخرا آدمی - مچھیا -

مچھی:- (ف - مذ) مچھلی (مو) بوسہ - **مچھی بھون** - (مذ) امرائی یا بادشاہوں کا مچھلی والا تالاب - شہر کا ایک محل جو شجاع الدولہ کے بیٹے کے پٹھانوں نے بنایا تھا - (مو) **مچھی ٹول** - بوسے بازی - **مچھیاں لینا** - مک - بوسہ لینا

مُچھیل:- (ف - مذ) بڑی بڑی مونچھوں والا -

مُحابا:- (ف - مذ) مروّت - لحاظ - صلح - نگرانی - خوف سے

محابا کیا ہے میں ضامن ادھر دیکھ
شہیدانِ نگہ کا خونبہا کیا ہے غالب

مُحاذی:- (ع - مذ) مقابل - برابر - روبرو -

مُحاربہ:- (ع - مذ) لڑائی - گھمسان -

مَحارِم:- (ع - مذ) جمع محرم کی بیرازدار - پردہ دار -

مُحاسِب:- (ع - مذ) حساب جاننے یا کرنے والا - جانچنے والا - **مُحاسَبہ** (مذ) حساب - شمار - کسی سے حساب لینا - باز پرس (کرنا - لینا - طلب ہونا)

مَحاسِن:- (ع - مذ) خوبیاں - بھلائیاں - خصائل (مو) داڑھی -

مُحاصرہ:- (ع - مذ) گھیر ڈالنا - چاروں طرف سے بند کرنا - گھیر لینا - **محاصرہ اٹھانا** - دشمنوں کو چاروں طرف سے ہٹا لینا - **محاصرہ توڑنا** - گھیر توڑنا - گھیرے سے نکل جانا - **محاصرہ کرنا** - چاروں طرف سے گھیر ڈالنا - بند کرنا - **محاصرہ ہٹانا** - فوجوں کو چاروں طرف سے ہٹا لینا - **محاصرے میں لینا** - چاروں طرف سے گھیر لینا -

مَحاصِل:- (ع - مذ) آمدنی - پیداوار - بھرتی - نفع - نتیجہ -

مُحافِظ:- (ع) حفاظت کرنے والا - رکھوالا - **مُحافظِ تن** (مذ) باڈی گارڈ - **محافظ خانہ** - وہ دفتر جس میں مثلیں یا اور سرکاری رجسٹر وغیرہ محفوظ رکھے جاتے ہیں - **محافظت** (مو) نگہبانی - حفاظت - چوکیداری -

مَحافِل:- (ع - مو) محفل کی جمع مجلس سبھائیں - انجمنیں میلاد وغیرہ کا غریب کے جلسے -

مُحافہ:- (ف - مذ) پالکی - ڈولی - عورتوں کی پردے دار سواری -

مُحاق:- (ع - مذ) چاند کا گھٹنا - چاند کے گھٹنے کے دن جن کی ابتدا پندرھویں رات سے ہوتی ہے - قمری مہینے کے آخری دن جن میں چاند نظر نہیں آتا -

مُحاکات:- (ع - مذ) آپس میں بات چیت کرنا کسی کیفیت یا منظر کی سچے الفاظ میں تصویر کشی -

مُحاکَمہ:- (مذ) انصاف چاہنا - منصف بن کر جھگڑا چکانا - انصاف طلبی -

مَحال:- (ع - مذ) محل کی جمع - مکانات - مقامات - رقبہ اراضی جس پر مستقل مالگزاری تشخیص ہو -

مُحال:- (ع) قریب قریب ناممکن - آن ہوت - کٹھن - سخت دشوار - **مُحالات** - جمع

مَحامِد:- (ع - مذ) خوبیاں - نیک خصلتیں -

مُحاوَرات:- (ع - مذ) محاورہ کی جمع - **محاورہ** (مذ) آپس میں گفتگو - بول چال - وہ کلام جو لغوی معنی کی مناسبت یا بغیر مناسبت سے کسی خاص معنی کے لیے مخصوص کر لیا گیا ہو - اور سب لوگ روزمرہ میں مرادی ہی معنی میں بولتے ہیں - مشق - مہارت - عادت - ڈھب - **محاورہ پڑنا** - بیکار پڑا - عادت ہو جانا - **محاورہ ڈالنا** - عادت ڈالنا - مہارت پیدا کرنا - **محاورہ ہونا** - عادت ہونا - مہارت ہونا -

مُحِب:- (ع - مذ) پیار رکھنے والا - دوست -

مَحَبّت:- (ع - مو) پریم - مودت - پیار - دوستی عشق لگن **محبت اچھلنا** - محبت کا جوش مارنا - **محبت آمیز** پیار سے ملی ہوئی محبت کی محبت بھری **محبت جتانا** - اظہار محبت کرنا **محبت رکھنا** - پیار کرنا - عزیز رکھنا - **محبت کا بھوکا** محبت کا آرزومند - **محبت کا دم بھرنا** - محبت کا دعویٰ کرنا - عشق جتانا - **محبت کرنا** - پیار کرنا - چاہنا **محبت کی نظر ڈالنا** - محبت بھری نگاہ سے دیکھنا - **محبت نامہ** (مذ) خط - **محبتانہ** - محبت سے -

مَحبَس:- (ع - مذ) جیل خانہ - قید خانہ -

مَحبُوب:- (ع - مذ) پیارا دوست - معشوق - **محبوبہ** (مو) محبوبہ - محبت - پیارا ہونا -

مُحتاج:- (ع) حاجت مند - ضرورت مند - دوسرے کا ہاتھ تکنے والا - کنگال - اپاہج - **مُحتاج الیہ** وہ شخص جس کا کوئی دست نگر ہو - **محتاج خانہ** (مذ) وہ جگہ جہاں غریبوں کو پرورش کے لیے رکھتے ہیں - **محتاج کرنا** - غریب کرنا - اپاہج بنانا - **محتاج ہونا** - غریب ہونا - لاچار ہونا - اپاہج ہونا - **محتاجگی یا محتاجی** (مو) مجبوری - ضرورت - غریبی - دوسرے کی دست نگری - (کج میم تلفظ روزمرہ ہے)

مُحتاط:- (ع) وہ شخص جو احتیاط رکھے - ہوشیار - **محتاط رہنا** - احتیاط برتنا - احتیاط رکھنا - **محتاط ہونا** - احتیاط کرنا - وہمی ہونا -

مُحتَرِز:- (ع) پرہیز کرنے والا - بچنے والا -

مُحتَرَم:- (ع) عزت کیا گیا - قابل احترام - جناب -

مُحتَسِب:- (ع - مذ) حساب لینے والا - حاکم جو خلاف شرع باتوں کی ممانعت کرے - محاسبہ کرنے والا

مُحتَشَم:- (ع) لاؤ لشکر والا - نواب - رئیس - صاحب جاہ و جلال -

مُحتَکِر:- (ع) غلے کو گران فروختی کا وقت آنے کی امید پر جمع رکھنے والا - اسٹاکسٹ -

مُحتَلِم:- (ع - مذ) وہ شخص جس کو احتلام ہو جائے - جسے سوتے میں نہانے کی ضرورت ہو جائے -

مُحتَمَل:- (ع) مشتبہ - احتمال کیا گیا - جس میں شبہ یا احتمال ہو - (بفتح میم دوم)

مُحتَوی:- (ع) محیط ہونے والا - شامل - گھیرنے والا -

مَحجُوب:- (ع) شرمندہ - پوشیدہ - جس پر پردہ پڑا ہو - **محجوب کرنا** - شرمندہ کرنا - **محجوب ہونا** - شرمندہ ہونا -

مُحَدَّب:- (ع) ابھرا ہوا - کبھ دار - ابھرواں مقعر کی ضد -

مُحَدِّث:- (ع - مذ) حدیث کا علم جاننے والا -

مَحدُود:- (ع) مختصر - حد کیا گیا - گھیرا گیا - گھرا ہوا - **محدود کرنا** - حد مقرر کرنا - روکنا - حد باندھنا -

مَحذُوف:- (ع) وہ لفظ یا حرف جو گرا دیا گیا ہو علم عروض میں وہ رکن جس کا سبب خفیف گرا دیا جائے -

مِحراب:- (ع - مو) وہ قوس یا کمان جو مسجد میں قبلے کی طرف امام کے کھڑے ہونے کے لیے بنی ہوتی

ہے - گھر - طاق - ڈاٹ - حجرہ - مجلس کا صدر - **محرابی** (مو) مسجد - ایک قسم کی تلوار - **محراب دار** - کمان کی مانند -

مُحَرِّر :- لکھنے والا - منشی - **محرران فلک** - ساتواں سیارہ - **محرری** (مو) تحریر کے کام کا عہدہ - منشی گری - **محرری کرنا** - کلرکی کرنا - منشی گری کرنا -

مُحَرِّف :- (ع) تحریف کرنے والا - **مُحَرَّف** - ٹیڑھا - کج جس میں تحریف کی گئی ہو -

مُحْرِقَہ :- (ع) جلا دینے والی شے -

مُحَرِّک :- (ع) حرکت دینے والا - اکسانے والا - کسی بات کی تحریک یا ابتدا کرنے والا -

مَحْرَم :- (ع - مذ) بہت قریب کا رشتہ دار جس سے نکاح ناجائز ہو - بھید جاننے والا - رازدار - (جمع محارم) انگیا - انگیا کی کٹوری - ماہر - تجربہ کار - **محرم راز** - راز دار - دلی دوست - **محرم ہونا** - واقف ہونا - وہ شخص جس کے سامنے ہونا شرعاً جائز ہو اور اس سے نکاح نہ ہو سکتا ہو -

مُحَرَّم :- (ع - مذ) عربی سال کا پہلا مہینہ - کربلا کے شہیدوں کے سوگ کا مہینہ - غم کا زمانہ - ناظم

عیش میں تھیں گریہ ماتم ہم کو
ہر مہینے ہو گئیں عید محرم ہم کو

محرم کا سپاہی - بعض عورتیں نذر کر لیتی ہیں کہ اگر ان کا لڑکا زندہ رہے تو اسے محرم میں سبز کپڑے پہنا کر مولا کے نام پر سپاہی بنائیں گی - مجازاً وہ شخص جو چند دن کے لیے کوئی وضع اختیار کرے - **محرم کی پیدائش** - رونی صورت - ہمیشہ سوگ رکھنے والا - چڑچڑا -

مُحَرَّمَات :- (ع - مو) حرام چیزیں -

مُحَرَّمَات :- (مو) ایک قسم کا کپڑا جس پر لال لال دھاریاں ہوتی ہیں - گوٹے کا گھرا لہریا سلمے ستارے سے مرصع کپڑا -

مَحْرُور :- (ع) حرارت کیا گیا - گرم - **محرور المزاج** جس کے مزاج میں حرارت ہو - غصہ ور -

مَحْرُوسَہ :- (ع) نگرانی اور حفاظت میں لیا گیا - مقبوضہ -

مَحْرُوم :- (ع) روکا گیا - بے نصیب - ناامید - جسے اس کا حق نہ ملے - **محروم الارث** - جسے میت کے مال میراث سے حق اس وجہ سے نہ ہو کہ اس سے بہتر طبقے کا وارث موجود ہو - **محروم رکھنا** - بے بہرہ رکھنا - مایوس رکھنا - حق نہ دینا - **محروم رہنا** - بے بہرہ رہنا - خالی رہنا - **محروم کرنا** - حق نہ دینا - حق مار لینا - **محروم ہونا** - حق نہ ملنا - **محرومی یا محرومیت** (مو) بدنصیبی - ناامیدی - ناکامی -

مَحْزُون :- (ع) جس کو غم لگا ہوا ہو - رنجیدہ - غمگین -

مُحْسِن :- (ع) احسان کرنے والا - بھلائی کرنے والا - سخی مددگار - معاون - سرپرست - **محسن کش** - بے احسان - وہ شخص جو اپنے احسان کرنے والے کے ساتھ برائی کرے - حق ناشناس -

مَحْسُوب :- (ع) حساب کیا گیا - حساب میں لگایا گیا - گنا - مجرا دیا ہوا - وضع شدہ - **محسوب ہونا** - حساب میں شمار ہونا -

مَحْسُود :- حسد کیا گیا - جس سے حسد کیا جائے - اہل معرفت -

مَحْسُوس :- (ع) جو کسی حس کے ذریعہ سے معلوم ہو - ظاہر - معلوم - **محسوس کرنا** - معلوم کرنا - جس کی مدد سے پہچاننا - **محسوس ہونا** - معلوم ہونا - کسی کی مدد سے پہچاننا - **محسوسات** (مو) محسوس کی جمع - وہ چیزیں جو کسی حس سے معلوم ہو سکیں -

مَحْشَر :- (ع - مذ) قیامت کے دن لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ - مجازاً قیامت کا دن - حشر - ہنگامہ - بڑا جانکاہ حادثہ - **محشر برپا کرنا** - قیامت اٹھانا - بہت شور مچانا - **محشر برپا ہونا** - بہت شور ہونا - بہت دنگا فساد ہونا -

مَحْشُور :- (ع) قیامت کے میدان میں اٹھایا گیا - حشر کے دن شامل

مُحَشّٰی :- (ع) حاشیہ چڑھا ہوا - شرح لکھا ہوا -

مُحَصِّل :- (ع) حاصل کرنے والا - محصول وصول کرنے والا - تحصیل کا سپاہی - **مُحَصَّل** - خلاصہ - حاصل

مَحْصُور :- (ع) گھیرا ہوا - گھیرے میں آیا ہوا - گھرا ہوا - **محصور کرنا** - گھیرنا - گھیر ڈالنا - **محصور ہونا** - چاروں طرف سے گھر جانا - قلعہ بند ہونا - **محصورین** (مذ) گھرے ہوئے - گھیرے میں آئے ہوئے - قلعہ بند لوگ -

مَحْصُول :- (ع) حاصل کیا گیا - (مذ) لگان - خراج - کرایہ - ٹیکس - **محصول ادا کرنا** - ٹیکس ادا کرنا - **محصول دینا** - ٹیکس ادا کرنا - چنگی دینا - **محصول لینا** - ٹیکس وصول کرنا - چنگی لینا - **محصولی** (مو) وہ زمین جس کی مالگزاری ادا کی جائے - محصول لینے کے قابل - بیرنگ خط -

محض :- (ع) خالص - نرا - فقط - تابع فعل - بالکل - تمام -

مَحضَر :- (ع - مذ) شرعی حکم نامہ - وہ کاغذ جس پر شہادتیں لکھی جائیں - سامنے - روبرو - **محضر تیار کرنا** - ایسی عرضداشت جس میں بہت سے لوگوں کی شہادت درج ہو - تیار کرنا - **محضر خون** (مذ) وہ کاغذ جس کے اوپر کسی کے قتل کئے جانے کی تصدیق کی گئی ہو - **محضر نامہ** (مذ) بہت سے لوگوں کے دستخطوں سے تصدیق کیا ہوا کاغذ یا عرضداشت -

محظوظ :- (ع) خوش - مگن - مسرور - (کرنا - ہونا) لطف اندوز

مَحفِل :- (ع - مو) آدمیوں کے جمع ہونے کی جگہ - جلسہ - خوشی کا جلسہ - میلاد وغیرہ کا جلسہ - گانے ناچ کا جلسہ - **محفل گرم ہونا** - محفل کا تیزی سے ہونا - محفل کا بارونق ہونا -

محفوظ :- (ع) حفاظت کیا ہوا - بچا ہوا - **محفوظ کرنا** - حفاظت سے رکھنا - **محفوظ ہونا** - بچ جانا - حفاظت سے ہونا

محقِّق :- (ع - مذ) وہ شخص جو بات کو دلیل سے ثابت کرے - فلاسفر - تحقیق کرنے والا - **محقَّق** - بہ تحقیق دل ثابت - پایۂ تکمیل کو پہنچی ہوئی بات -

مِحَک :- سونے کا کس دیکھنے کا پتھر - کسوٹی -

مُحکَم :- (ع) مضبوط - اٹل - ثابت قدم - **محکمات** - قرآن پاک کی وہ آیتیں جن کے معنی صریح ہوں -

مَحکَمہ :- (ع - مذ) انصاف کرنے کی جگہ - کچہری - سررشتہ - ڈیپارٹمنٹ -

محکوم :- (ع) حکم کیا گیا - ماتحت - رعایا - نوکر - چاکر - **محکوم ہونا** - رعایا ہونا - ماتحت ہونا - نوکر ہونا -

محل :- (ع) جگہ - عالی شان مکان - قصر - موقع - موزوں وقت - رانی یا بیگم - **محل خاص** (مو) بڑی رانی - ملکہ - **محل داری** - حرم سرا کی چوکیداری - چکلے کی نگہ - چودھراہٹ - **محل سرا** - (مو) بادشاہ یا امیر کا زنانخانہ - **محلات** (مذ) محل اور محلہ کی جمع - **محل اٹھنا** - عالی شان مکان بنانا - **محل پانا** - موقع پانا - **محل نظر** - جو کہ تامل و غور و فکر - قابل اعتراض -
محلہ - (مذ) شہر کا حصہ - وہ حصہ جس کا کوئی خاص نام ہو - **محلہ دار** - پڑوس میں رہنے والا - محلہ کا چودھری - میر محلہ - **محلہ کمانا** - مہتر کا اپنے علاقہ کے پاخانے صاف کرنا -

مُحلّے :- (ع - مذ) زنخہ - دیکھیے مہلا -

مُحَلِّل :- (ع) حل کر دینے والی چیز - گلا دینے والی چیز - تین طلاقوں کے بعد کا شوہر - **محلول** - حل کیا ہوا - گلا ہوا -

مُحَمَّد :- (ع - مذ) پیغمبر اسلام کا نام نامی - **محمدی** - حضرت محمد کا پیرو - مسلمان - **محمدی دسترخوان** (مذ) وہ دسترخوان جس پر سب برابر بیٹھ کر بے تکلف کھائیں - **محمدی فرش** (مذ) وہ فرش جس پر سب برابر بیٹھ جائیں -

مَحمِل :- (ع - مذ) اونٹ کا ہودہ - کجاوہ - لیلیٰ کی سواری - وہ جلوس جو خانہ کعبہ کا غلاف لے کر چلتا ہے -

محمود :- (ع) قابل تعریف (مذ) غزنی کے ایک بادشاہ کا نام - **محمودی** (مو) ایک قسم کی باریک ململ - ایک چاندی کا سکہ -

محمول :- (ع) لدا ہوا - گمان کیا گیا - قیاس -

مِحَن :- (ع - مذ) محنت کی جمع - رنج - غم - دکھ

مِحنَت :- (ع - مو) رنج - دکھ - مشقت - مزدوری - کوشش - **محنت اکارت / برباد جانا** - کوشش رائگاں جانا - **محنت وصول ہونا** - **محنت ٹھکانے لگنا** - **محنت سوارت ہونا** - کوشش میں کامیاب ہونا - **محنت اٹھانا** - تکلیف اٹھانا - دکھ سہنا - **محنت ٹھکانے لگنا** - محنت کا پھل ملنا - کوشش میں کامیاب ہونا - **محنت شاقہ** (مو) سخت محنت - کٹھن کام - **محنت کرنا** - مزدوری کرنا - کوشش کرنا - بہت پڑھنا - **محنت مزدوری** (مو) محنت مشقت - کام کاج - **محنت نہ ملنا** - کام نہ ملنا - مزدوری نہ ملنا - **محنتانہ** (مذ) اجرت - مزدوری - وکیلوں کی فیس - **محنتی** - سختی اٹھانے والا - محنت سے کام کرنے والا (مذ) مزدور - قلی - بہت پڑھنے والا - (اسم محنتی اور ع بھی تلفظ ہے دوسرا صحیح ہے)

مَحو :- (ع) زائل - معدوم - مٹا ہوا - گم - کسی خیال میں مستغرق - متحیر - حیران سے - مصحفی

اس نے جب بند قبا وا کر دیا
خلق کو محو تماشا کر دیا

محو کر دینا - بھلا دینا - مٹا دینا - **محو کر لینا** - موہ لینا - **محو ہو جانا** - بھول جانا - فریفتہ ہو جانا - گم ہو جانا - مٹ جانا - گم سم ہو جانا - **محو ہونا** - مٹ جانا - گم ہونا - نہایت عاشق ہونا - بیکار ہونا - **محویت** - محو ہونا (بلا تشدید بھی)

محوَر :- (ع - مذ) وہ کیلی جس پر پہیہ گردش کرتا ہے - وہ فرضی خط جس کے گرد کرۂ زمین کو گردش ہے

مُحوّلہ :- (ع) جس کا حوالہ دیا گیا -

مُحِیط: (ع) گھیرنے والا (مذ) گھیرا۔ چکر۔ محیط ہونا۔ غالب ہونا۔ چھانا۔

مَخَارِج: (ع۔ مذ) مخرج کی جمع۔ خارج ہونے کی جگہیں۔ نکاس۔

مُخَاصَمَت: (ع۔ مو) بیر۔ دشمنی۔ لاگ۔

مُخَاطَب: (ع۔ مذ) سامنے بولنے والا۔ روبرو گفتگو کرنے والا۔ متوجہ۔ مخاطب کرنا۔ خطاب کرنا۔ متوجہ کرنا۔ مخاطب ہونا۔ متوجہ ہونا۔ متوجہ ہونا۔ مخاطَب (مذ) وہ شخص جس سے بات کی جائے۔

مُخَاطَرہ: (ع۔ مذ) ڈر۔ اندیشہ۔ وہ بات جو کہ ذہن میں آجائے۔

مُخَالَطَت: (ع۔ مو) میل جول۔ دوستی۔

مُخَالِف: (ع۔ مذ) خلاف ہونے والا۔ دشمن۔ بیری۔ برخلاف۔ برعکس۔ مخالف ہونا۔ برخلاف ہونا۔ اختلاف کرنا۔ مخالفت (مو) دشمنی۔ خلاف۔ اختلاف۔ مخالفت کرنا۔ برخلاف ہونا۔ اختلاف کرنا۔ مخالفت ہونا۔ دشمنی ہونا۔ اعتراض ہونا۔ کشیدگی ہونا۔

مُخْبِر: (ع۔ مذ) خبر دینے والا۔ جاسوس۔ مخبری (مو) جاسوسی۔ خبر دینے کا کام۔ مخبری کرنا۔ خفیہ طور پر خبر دینا۔

مَخْبُوط: (ع) جس کے حواس ٹھکانے نہ ہوں۔ مخبوط الحواس۔ دیوانہ۔ پاگل۔ سڑی۔

مُخْتَار: (ع) پسند کیا گیا۔ اختیار والا۔ آزاد (مذ) گماشتہ۔ ایجنٹ۔ مختارِ خاص۔ وہ گماشتہ جسے کسی خاص کام کا اختیار دیا گیا ہو۔ مختارِ عام (مذ) وہ گماشتہ جسے اپنے عام کاموں کا اختیار دیا گیا ہو۔ مختارِ کار۔ سربراہ کار۔ سررشتہ۔ مختار بنانا۔ کرنا۔ اختیار دینا۔ اجازت دینا۔ مختارِ کل یا مختارِ مطلق (مذ) وہ گماشتہ جسے پورا پورا اختیار دیا گیا ہو۔ مختار ہونا۔ با اختیار ہونا۔ مالک ہونا۔ مجاز ہونا۔

مُخْتَرِع: (ع) کوئی نئی بات یا نئی چیز نکالنے والا۔ موجد۔ بانی۔ (بفتح را) ایجاد۔ ایجاد شدہ۔

مُخْتَرَعَات: (ع۔ مو) وہ چیزیں جو نئی نکالی گئی ہوں۔ ایجادات۔

مُخْتَصَر: (ع) خلاصہ۔ انتخاب۔ تھوڑا۔ مختصر کرنا۔ خلاصہ کرنا۔ کم کرنا۔

مُخْتَص: (ع) خاص کیا گیا۔ مخصوص۔ مختص ہونا۔ مخصوص ہونا۔ خاص تعلق ہونا۔

مُخْتَفِی: (ع) چھپا ہوا۔ خفیہ ؎ عاشق

کاٹے سر جو حبابوں کے بہا کرتے ہیں
مختفی دامنِ دریا میں ہے جلاد کوئی

مُخْتَل: (ع) پریشان۔ بگڑا ہوا۔ درہم برہم۔ حواس اور دماغ کی صفت میں مستعمل ہے۔

مُخْتَلِف: (ع) اختلاف کرنے والا۔ بےمیل۔ جدا۔ مختلف فیہ۔ اختلافی بات۔

مَخْتُوم: (ع) مہر لگایا گیا۔ بند کیا گیا۔ سربمُہر۔

مَخْتُون: (ع) ختنہ کیا گیا جس کا ختنہ کیا گیا ہو۔

مُخَدِّر: (ع) سن کر دینے والی چیز یا دوا۔ نیند لانے والی دوا۔ مُخَدَّرات۔ جمع مخدرہ۔ پردے میں بیٹھنے والی عورتیں۔ مخدراتِ قدسیہ۔ اسرار الٰہی۔ شہزادیاں۔

مَخْدُوش: (ع) خدشے میں بھرا ہوا۔ خطرناک۔

مَخْدُوم: (ع۔ مذ) خدمت کیا گیا۔ بزرگ۔ آقا۔ مخدومہ (مو) مخدوم کی تانیث۔ معظمہ۔ مخدومی۔ میرے مخدوم۔ القاب میں لکھتے ہیں۔

مُخَرِّب: (ع) تخریب کرنے والا۔ خراب اور ویران کرنے والا۔

مَخْرَج: (مذ) نکلنے کی جگہ۔ نکاس۔ جڑ۔

مَخْرُوط: (ع) تراشا گیا۔ گاجر کی شکل۔ مخروطی۔ گاجر کی شکل کا۔ گاؤدم۔

مَخْزَن: (ع۔ مذ) خزانہ کی جگہ۔ مال گودام۔ میگزین۔

مَخْصُوص: (ع) خاص کیا گیا۔ نامزد کیا گیا۔ مخصوص کرنا۔ خاص کرنا۔ ریزرو کرنا۔ نامزد کرنا۔ مخصوص ہونا۔ ریزرو ہونا۔ نامزد ہونا۔ خاص ہونا۔

مُخَضَّب: (ع) خضاب کیا ہوا۔ رنگین کیا ہوا۔

مُخَطَّط: (ع) لکیروں والا۔ دھاری دار۔

مَخْطُوبہ: (ع) وہ عورت جس کی نسبت آئی ہو۔

مَخْظُور: (ع) اندیشہ کیا گیا۔ وہ چیز جس میں خوف اور ڈر ہو۔ وہ بات جو دل میں گزرے۔

مُخَفَّف:- (ع) اختصار کیا گیا۔ کم کیا گیا۔ وہ لفظ جس میں سے کوئی حرف کم کیا جائے۔

مُخْفِی:- (ع) چھپا یا ہوا۔ گپت۔ پوشیدہ۔ مخفی کرنا یا رکھنا۔ چھپانا۔ ظاہر نہ کرنا۔ مخفی ہونا۔ چھپا ہونا۔ پوشیدہ ہونا۔

مُخِل:- (ع) خلل ڈالنے والا۔ مخل ہونا خلل ڈالنے والا۔ رکاوٹ ڈالنا۔

مُخْلِص:- (ع) سچا۔ کھرا۔ وفادار۔ پُرخلوص سچا دوست پکا دوست۔

مَخْلَصِی:- (ا۔ مو) رہائی۔ چھٹکارا۔ مخلصی پانا۔ رہائی پانا۔ نجات پانا۔

مَخْلُوط:- (ع) ملا جلا۔ گڈمڈ۔ مخلوط انتخاب (مذ) الیکشن جس میں دو قومیں یا دو جماعتیں مل کر نمائندہ چنیں۔ مخلوط النسل۔ دوغلا۔

مَخْلُوق:- (ع) پیدا کیا ہوا (مو) دنیا۔ سنسار۔ ہجوم۔ بہت زیادہ آدمی۔ مخلوقات (مو) مخلوق کی جمع۔

مُخَلَّع:- (ع) خلعت یافتہ۔

مُخَلّٰی:- (ع) خالی کیا گیا۔ رد کیا گیا۔ آزاد کیا گیا۔ مخلی بالطبع خالی الذہن۔ صاف طبیعت والا۔ بے تکلف۔ وہ شخص جسے اس کی طبیعت پر آزاد چھوڑ دیا جائے۔ برہنہ۔

مُخَمَّر:- (ع) خمیر اٹھایا ہوا۔ فطرتی۔

مُخَمَّس:- (ع) پنج گوشہ کیا ہوا (مذ) پانچ ضلعوں کی شکل۔ ایک قسم کی نظم جس میں ایک بند پانچ مصرعوں کا ہوتا ہے۔

مَخْمَصَہ:- (ع۔ مذ) نہایت غم جس سے طبیعت بے قرار ہو جائے۔ مشکل۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔ مخمصے میں پڑنا۔ الجھن میں پڑنا۔ مصیبت میں پڑنا۔ جھگڑے میں پڑنا۔ مخمصے میں ہونا۔ بکھیڑے میں پڑنا۔ متردد ہونا۔

مَخْمَل:- (ف۔ مو) ایک قسم کا نرم کپڑا۔ ایک پھول کا نام۔ بہت نرم اور ملائم۔ مخمل میں لپیٹ کے مارنا۔ توریہ و اشارے میں تہذیب کے ساتھ طنز و تشنیع کرنا۔

مَخْمُور:- (ع) متوالا۔ مست۔ نشہ میں محو۔ مخمور ہونا۔ مست ہونا۔ نشے میں ہونا۔

مُخَنَّث:- (ع۔ مذ) زنانہ۔ ہیجڑا۔

مَخَوْل:- (ا۔ مو) ٹھٹھا۔ مذاق۔ چھیڑ خانی۔ مخول بنانا۔ مذاق بنانا۔ مخول کرنا۔ مذاق کرنا۔ ہنسی ٹھٹھا کرنا۔ مخولیا۔ مخول کرنے والا۔ ٹھٹھے باز۔

مُخَیَّر:- (ع) نہایت نیک۔ خیرات کرنے والا۔ سخی۔

مُخَیِّلَہ:- (ع۔ مذ) خیال کرنے کی قوت۔

مَدّ:- (ع۔ مذ) دریا کے پانی کی افزونی۔ الف ممدودہ کو کھینچ کر پڑھنے کی علامت (اس معنی میں بعضوں نے مؤنث کہا ہے) (مو) وہ لمبا خط جو حساب میں کھینچ کر اس کے نیچے سے حساب لکھنا شروع کرتے ہیں۔ وہ خط جو عرضی میں کھینچ کر اس کے نیچے سے مضمون لکھتے ہیں۔ عنوان۔ سرنامہ۔ محکمہ۔ دفتر۔ شعبہ۔ مدامانت بطور امانت۔ مدزائد۔ بیکار۔ فضول۔ مد ظلہٗ ظلہم۔ طول عمر کی دعا۔ خدا ان کے سایہ کو بڑھائے۔ مد و جزر۔ سمندر کا اتار چڑھاؤ۔ مد فاضل۔ بے کار۔ مد کھینچنا۔ خط کھینچنا۔ مد مقابل (مذ) برابر کا خط۔ برابر کی چوٹ۔ مد و۔ برابر کا دعویدار۔ رقیب۔ مد نظر (مو) وہ چیز جو نظر کے سامنے ہو۔ ارادہ۔ منصوبہ۔ منظور نظر۔ (ف) شراب۔ نشہ۔ خوشی۔ غرور۔ مد بھری۔ نشیلی۔ آنکھ۔ مد پر آنا۔ مست ہونا۔ جوبن پر آنا۔ مدماتا۔ متوالا۔ مست۔ جوبن پر آیا ہوا۔ مغرور نفس پرست۔

مُدّ:- (ع) ایک وزن جو ڈھائی پاؤ کے قریب ہوتا ہے۔

مَدّا:- (ف۔ مذ) ارزاں۔ سستا (پڑنا۔ ہونا) کساد بازاری ہونا

مَدّاح:- (ع) تعریف کرنے والا۔ گن گانے والا۔ مداحی مو تعریف کرنا۔ گن گانا۔ مداحی کرنا۔ تعریف کرنا۔ گن گانا۔

مَدَاخِل:- (ع۔ مذ) مدخل کی جمع۔ آمدنی۔ معاملہ۔ محل وغیرہ پر کیا ہوا طلائی کام۔

مُدَاخَلَت:- (ع۔ مو) دخل۔ مزاحمت۔ قبضہ۔ قابو۔ مداخلت کرنا۔ دخل دینا۔ بیچ میں پڑنا۔

مِدَاد:- (ع۔ مو) دوات کی سیاہی۔ روشنائی

مَدَار:- (ف۔ مذ) آک جو ایک مشہور درخت ہے۔ مدار کا بڈھا۔ آک کے بیج کی گول مدور داڑھی چھوٹے کی اس شکل کو بڑھیا کہتے ہیں۔ یہ فضا میں اڑتی ہے۔ ناسخ

آوارہ یوں ہوا و ہوس میں ہیں شیخ جی
جس طرح اڑتی پھرتی ہے بڑھیا مدار کی

مدار کا ڈنڈا۔ مدار پر بیٹھنے والا رنگین کیڑا۔ مدار (ا۔ مذ) ماہ جمادی الاول۔ مدار شاہ۔ ایک مجذوب کا نام۔ ان کے مرید مداریے کہلاتے ہیں ۔ میر

دفن ہونا - پوشیدہ ہونا -

مَدقُوق :- (ع) وہ شخص جسے دق ہو گئی ہو - زرد و لاغر

مَدَک :- (ہ - مو) افیم اور آٹے کی بھوسی وغیرہ کا مرکب جس کی گولی بنا کر ایک نَے میں سوراخ کر کے اس پر رکھتے اور آگ دکھا کر چرس کی طرح پیتے ہیں - ایک قسم کا نشہ جو چلم سے پیتے ہیں - مَدک باز - وہ آدمی جو مدک کا نشہ کرے - مَدکی - مدک کا نشہ پینے والا - "مَدکیا" (لک)

مُدَلّل :- (ع) دلیل سے ثابت کیا ہوا - درست -

مُدَمّغ :- (ف) دماغ والا - غرور کرنے والا - متکبر

مَدن بان :- (ہ - مذ) بیلے کی قسم کا ایک پھول - مَدن گور - ایک قسم کی توتی -

مَدَنیّت (ع، مؤنث) شہریت - علم تمدن -

مَدَد :- (ہ - مذ) کوہان - سانڈ کی پیٹھ کا ابھرا ہوا حصہ - وہ زخم جو گھوڑے کے شانے پر ہوتا ہے - مَدَد شاہی پیسا - ایک قسم کا پرانا موٹا پیسا جس پر دعا وغیرہ پڑھ کر باندھتے تھے -

مُدَوَّر :- (ع) گول - دائرہ کی شکل کا - حلقہ -

مُدَوَّن :- (ع) مرتب - منظم -

مَدھ :- (س) شربت - عنفوان شباب - مستی - دیکھیے مد -

مَدُھر :- (س) میٹھا - پیارا - نرم -

مَدھرا :- (ہ) میانہ - درمیانہ - مدھری ہیٹھی - مرغوب - مدھری چال - دل کش رفتار - خرام ناز -

مَدھم :- (س) دھیما - آہستہ - دو مرا نہ - ہلکا - بے دوب - ماند - سست - مدھم کرنا - گھٹانا - کم کرنا -

مَدہوش :- (ع) حیران - ہکا بکا جو ہوش میں نہ ہو - متوالا - بے ہوش - مدہوش ہونا - بے ہوش ہونا - مدہوشی (مو) بے ہوشی - متوالا پن -

مَدِید :- (ع) لمبا - دراز - طولانی - ایک عروضی بحر جس کا وزن ہے - فاعلاتن فاعلن فاعلاتن فاعلن
فاعلاتن فاعلن فاعلاتن فاعلن

مُدِیر :- (ع) اخبار کا ایڈیٹر - کسی نشر کی تالیف کا نگران یا سکرٹری -

مَدیرا :- (س - مو) ایک قسم کی شراب - ایک قسم کی مرغابی کا نام -

مَدِینہ :- (ع - مذ) شہر - نگر - عربستان کے ایک شہر کا نام جہاں حضرت محمدؐ کا روضہ ہے - یثرب -

مَدیُون :- (ع) قرض دار - مقروض -

مَڈاسا :- (ہ - مذ) سر کا معمولی صافہ - ڈوپٹہ - پگڑی -

مِڈلچی :- (ا) تحقیراً مڈل پاس -

مُڈھ بھیڑ :- (ہ - مڈھ بھیڑ - مو) اتفاقی ملاقات - ٹکر - جھڑپ -

مَذاق :- (ع - مذ) مزہ - سواد - دلچسپی - فطری رجحان - آپس کی چہل - ہنسی - رغبت - میلان - مادہ - مذاق اڑانا - شرمندہ کرنا - مذاق سخن (با ضا) شعر و ادب کا سلیقہ - مذاقاً - مذاق سے - مذاق کا آدمی - صاحب شعور - ادب شناس - مذاقیہ - ہنسی سے - ٹھٹھے سے -

مَذبَح :- (ع - مذ) کمیلا - جہاں جانور ذبح کیے جاتے ہیں -

مُذَبذَب :- (ع) وہ شخص جس کو ایک حال اور ایک جگہ پر قرار نہ ہو - غیر مستقل مزاج - مذبذب ہونا - ایک حال پر قرار نہ ہونا - شک میں ہونا -

مَذبُوح :- (ع) حلال کیا ہوا - قتل کیا ہوا - مذبوحی حالت - (مو) اضطرابی حالت - اضطراری حالت -

مُذَکّر :- (ع) نر - مرد - مؤنث کی ضد -

مَذکُور :- (ع) ذکر کیا گیا - بات چیت - چرچا - تذکرہ - آنا - نکلنا - ہونا کے ساتھ - ؎ رشک

لے فلک رفعت وہاں نقار خانے بجتے ہیں
جس جگہ مذکور آتا ہے مری فریاد کا

؎ امانت

دونوں ہاتھوں کو گلے میں سے ڈالا اس نے
پھر اسی ذکر کا مذکور نکالا اس نے

مذکورۂ بالا - مذکورۃ الصدر - جس کا ذکر اوپر آچکا ہے -

مَذَلّت :- (مو) بدنامی - خواری - اہانت - مذلت کے گڑھے میں ڈھکیلنا - رسوا کرنا - بدنام کرنا -

مَذَمّت :- (مو) برائی - بدی - ہجو - مذمت کرنا - برائی کرنا - برا بھلا کہنا -

مَذمُوم: جس کی بُرائی کی جائے ۔ بُرا ۔ مذمومہ ۔ مؤ ۔ بُری ۔ خراب ۔

مُذنِب: (ع) گنہگار ۔

مَذہَب: (ع ۔ مذ) راستہ ۔ دھرم ۔ دین ۔ مذہب بدلنا ۔ دھرم تبدیل کرنا ۔ دوسرا مذہب لینا ۔ مذہب میں لانا ۔ دین میں شامل کرنا ۔ مذہبی ۔ مذہب سے منسوب ۔

مُذہَب: (ع) جس پر سونے کا ملمع ہو ۔

مَذی: (ع ۔ مو) وہ مادہ جو شہوت کے غلبے میں نکلتا ہے ۔

مِرآت: (ع مرات ۔ مذ) منہ دیکھنے کا شیشہ ۔ آرسی ۔

مَراتِب: (ع ۔ مذ) مرتبہ کی جمع ۔ درجے ۔ رتبے ۔ مراتب حاصل کرنا ۔ درجے پانا ۔ عہدے پانا ۔ مراتب طے کرنا ۔ درجے طے کرنا ۔ منزلیں طے کرنا ۔

مَراثی: (ع ۔ مذ) مرثیہ کی جمع ۔ (بکسر میم) ایک قوم ۔

مُراجَعَت: (ع ۔ مو) واپس آنا ۔ واپسی ۔ مراجعت کرنا ۔ واپس ہونا ۔ لوٹنا ۔

مَراحِل: (ع ۔ مذ) مرحلہ کی جمع ۔ منزلیں ۔ درجے ۔ مراحل طے کرنا ۔ منزلیں طے کرنا ۔ دقتوں میں سے گزرنا ۔

مَراحِم: (ع ۔ مذ) مرحمت کی جمع ۔ مہربانیاں ۔

مَرا: (ف) مرا کا ۔ فعل ۔ مرنا سے (مرا ہوا) ۔ میرا ۔ میرا کا مخفف ۔ مرے یار ۔ مرے عزیز ۔ میرے دوست ۔ مرے ہوتے ۔ میرے سامنے ۔ میری موجودگی میں ۔ مرانا ۔ بدفعلی کرنا ۔ مروانا ۔

مُراد: (ع ۔ مو) مطلب ۔ ارادہ ۔ منت ۔ مقصد ۔ معنی ۔ مفہوم ۔ مراد آنا ۔ مراد پوری ہونا ۔ مقصد حاصل ہونا ۔ مراد بر آنا ۔ خواہش پوری ہونا ۔ مراد پانا ۔ مدعا حاصل ہونا ۔ مراد پر آنا ۔ جوان ہونا ۔

مراد پوری کرنا ۔ مطلب پورا کرنا ۔ کام نکالنا ۔ مراد حاصل ہونا ۔ مراد پوری ہونا ۔ کام بننا ۔ مراد لینا ۔ فرض کرنا ۔ نتیجہ نکالنا ۔ قیاس کرنا ۔ مقصد پورا کرانا ۔ مراد مانگنا ۔ منت ماننا ۔ دعا مانگنا ۔ مراد ماننا ۔ منت ماننا ۔ عہد کرنا ۔ مراد مند ۔ محتاج ۔ خواہش رکھنے والا ۔ مرادوں کے دن ۔ امنگوں کے دن ۔ جوانی کے دن ۔ مرادی ۔ منشا کے مطابق ۔ مجازی ۔ فرضی ۔ وہ بچہ جو بڑی مرادیں ماننے کے بعد پیدا ہوا ہو ۔

مُرادِف: (ع ۔ مذ) کسی کے پیچھے سوار ہونے والا ۔ ہم معنی ۔

مُراسَلات: مراسلہ کی جمع ۔ چٹھیاں ۔ مراسلت ۔ باہم میں خط و کتابت ۔ (ہونا ۔ کرنا)

مُراسِلہ: (ع ۔ مذ) چٹھی ۔ رقعہ ۔ خط ۔

مَراسِم: (ع ۔ مو) رسمیں ۔ نشانیاں ۔ تحفہ ۔

مُراعات: (ع ۔ مو) لحاظ ۔ توجہ ۔ سلوک ۔ رعایت ۔ مراعاۃ النظیر ۔ صنعت تناسب ۔ ایک سلسلے کی مناسب چیزوں کا ایک جگہ استعمال کرنا ۔ جیسے

خواہاں تھے نخل گلشن زہرا جو آب کے
شبنم نے بھر دیے تھے کٹورے گلاب کے

مُرافِعہ: (ع ۔ مذ) دعویٰ پیش کرنا ۔ اپیل ۔ دوبارہ نالش ۔ مرافعہ کرنا ۔ اپیل کرنا ۔ بڑی عدالت میں چھوٹی عدالت کے فیصلے کے خلاف درخواست دینا ۔

مُرافَقَت: (ع ۔ مو) باہمی میل جول ۔ سنگت ۔ نرمی کا برتاؤ ۔ مرافقت کرنا ۔ ساتھ دینا ۔ رفاقت کرنا ۔

مَراق: (ع ۔ مذ) مالیخولیا ۔ مراق اٹھنا ۔ خوف پیدا ہونا ۔ مالیخولیا ہونا ۔

مُراقَبہ: (ع ۔ مذ) دھیان گیان ۔ سوچ ۔ گردن جھکا کر بیٹھنا یا کسی خیال میں محو ہونا ۔ مراقبے میں ہونا ۔ گردن جھکا کر ہمہ تن خدا کی یاد میں محو ہونا ۔

مُرَبّا: (ف ۔ مذ) وہ میوہ جو خاص ترکیب سے پکا کر شیرے میں رکھا گیا ہو ۔ (ڈالنا)

مَرام: (ع ۔ مذ) مقصد ۔ مطلب ۔

مُرَبَّع: (ع ۔ مذ) وہ سطح جس کے چاروں ضلعے برابر ہوں اور چاروں زاویے قائمے ہوں ۔ چوکھونٹا ۔ ایک قسم کی نظم جس کے ہر بند میں چار مصرعے ہوتے ہیں ۔

مَربُوط: (ع) بندھا ہوا ۔ مسلسل ۔ مربوط ہونا ۔ مسلسل ہونا ۔ ربط ہونا ۔

مَرَبھکا: (ہ) وہ شخص جو کھانے سے سیر نہ ہو ۔

مُرَبّی: (ع ۔ مذ) پرورش کرنے والا ۔ مددگار ۔ محسن

مَرتا:- (ہ) نیم جاں۔ جاں بلب۔ مرتا کیا نہ کرتا۔ اس شخص کے لیے بولتے ہیں جو عاجز آ کر سب کچھ کر گزرے۔

مُرتاض:- (ع) محنت و مشقت جھیل کر یادِ خدا کرنے والا۔ نفس کشی کرنے والا۔

مُرَتَّب:- (ع) ترتیب دیا گیا۔ اکٹھا کیا گیا۔ درست۔ باقاعدہ (کرنا۔ ہونا) (بکسرت اسمِ فاعل) ترتیب دینے والا۔

مَرتَبان:- (ہ۔ مذ) ایک قسم کا چینی یا مٹی کا روغن کیا ہوا ظرف جس میں مربا یا اچار وغیرہ رکھتے ہیں۔

مَرتَبَت:- (ع۔ مذ) درجہ۔ رتبہ۔ عموماً مرکبات میں مستعمل ہے۔ جیسے فلک مرتبت۔ گردوں مرتبت۔

مَرتَبہ (مذ) درجہ۔ رتبہ۔ منصب۔

مُرتَد:- (ع) مذہب اسلام سے پھرا ہوا۔ کافر۔

مُرتَشی:- (ع) رشوت لینے والا۔

مُرتَضٰے:- (ع۔ مذ) پسند کیا گیا۔ مقبول۔ حضرت علیؓ کا لقب۔ مرتضوی۔ منسوب بہ مرتضٰے۔ صحیح بفتح ت (ع) بضم ت (ا)

مُرتَعِش:- (ع) لرزاں۔ رعشے والا۔

مُرتَفِع:- (ع) اونچا کیا گیا۔ اٹھایا گیا۔ جگہ سے دور کیا گیا۔ (اب یہ شبہ مرتفع ہو گیا) بفتح

مُرتَکِب:- (ع) کوئی فعل کرنے والا۔ فاعل۔

مُرتَہِن:- (ع) رہن رکھنے والا۔ گرو رکھنے والا۔

مَرتے:- (ہ) مرتا کی جمع۔ مرتے جیتے۔ بُری بھلی طرح۔ ہوں توں کر کے۔ مرتے جیتے (عو) تحقیراً کہنے والے۔ نیز عاشق۔ چاہنے والے ؎ داغ

تجھ کو عشاق پہ نظر بھی ہے

مرتے جیتوں کی کچھ خبر بھی ہے

مرتے دم۔ حالتِ نزع میں۔ مرتے کو مارنا۔ جو شخص پہلے ہی سخت تکلیف میں ہو۔ اُسے اور زیادہ تکلیف دینا۔ مرتے کو ماریں شاہ مدار۔ کمزور پر اور زیادہ زور ڈالتے ہیں۔ مرتے مرتے۔ آخر دم۔ مرتے وقت۔ عین وفات کے وقت۔ مرتے مرتے مر گیا۔ حد ہو گئی۔

مَرثِیَہ:- (مذ) مُردے کا وہ بیان جس سے رحم اور درد پیدا ہو۔ وہ نظم جس میں کسی کی وفات کا بیان درج ہو۔ شہدائے کربلا کا تذکرہ درد ناک لہجے میں جو شکل مسدس میں نظم کیا جائے۔ مرثیہ پڑھنا۔ مرثیہ خوانی کرنا۔ شہدائے کربلا کا منظوم حال پڑھنا۔ مرثیہ خواں۔ مرثیہ پڑھنا۔ نوحے پڑھنا۔ مرثیے۔ (مذ) مرثیہ کی جمع۔ مراثی۔

مَرَج:- ع۔ مذ تباہی۔ خرابی۔ بے چینی۔ کام کا بگڑنا۔ عموماً "ہرج" کے ساتھ مستعمل ہے۔

مَرجان:- (ع۔ مذ) مونگا۔ چھوٹا سُرخ سمندری موتی۔ سمندری سُرخ رنگ کی ایک نباتی قسم کی چیز۔

مَرجانا:- (ہ) دُنیا سے چلا جانا۔ مر مٹنا جانا۔ عاشق ہونا۔ برباد ہو جانا۔ نہایت شرمندہ ہو جانا۔ دب جانا۔ بھوک کا زائل ہو جانا۔ دل کا افسردہ ہو جانا۔ آرزو کا مٹ جانا۔ تر دو غیرہ کی گوٹ کا پٹ جانا۔

مُرَجِّح:- (ع) ترجیح دینے والا۔ مُرَجَّح۔ ترجیح دیا گیا۔ افضل۔ غالب۔ فائق۔

مُرَجَّز:- (ع) نثر کی تینوں قسموں (مرجز۔ مسجع۔ عاری) میں سے ایک قسم ہے۔ ایسی نثر جس میں دو فقروں کے کلمات مقابل باہم ہموزن ہوں اور قافیہ نہ رکھتے ہوں۔

مَرجَع:- (ع۔ مذ) رجوع کرنے کی جگہ۔ ٹھکانا۔ جس طرف ضمیر پھرے۔ پناہ لینے کی جگہ۔ مرجعیت۔ (مو) مرجع ہونا۔ کمزور ہونا۔

مَرجُوح:- (ع) کمزور۔ کم وزن۔

مُرجھانا:- (ہ) کملانا۔ بے رونق ہونا۔ سوکھنا۔ دبلا ہونا۔ اداس ہونا۔ افسردہ ہونا۔

مَرجِیا:- (مذ) وہ شخص جو مر مر کر بچا ہو۔

مَرجِیونی:- (ہ) بہت کمزور۔

مِرچ:- (ہ۔ مو) ایک کڑوی چیز جو سالن میں ڈالی جاتی ہے۔ نہایت تیز۔ تند۔ مرچیں لگنا۔ ناگوار گزرنا۔ بُرا لگنا۔ مرچ کی تیزی محسوس کرنا۔

مُرچِڑا:- (ہ) ضدی۔ ایک قسم کے فقیر جو اپنا سر زخمی کر کے بھیک مانگتے ہیں۔ مرچڑا پن دکھانا۔ سرزوری کرنا۔

مُرچَنگ:- (ہ۔ مذ) ایک باجے کا نام۔

مَرحَبا:- (ع) شاباش۔ کیا کہنا ہے۔ مرحبا کہنا۔ داد دینا۔ شاباش دینا۔

مَرحَلہ:- (ع۔ مذ) منزل کی جگہ۔ درجہ۔ مرتبہ۔ کوچ۔ آخر۔ مرحلہ طے کرنا۔ درجہ طے کرنا۔ مشکل میں سے گزرنا۔ مرحلے میں سے گزرنا۔ آفت میں سے گزرنا۔

مشکل میں سے گزرنا - منزل میں سے گزرنا -

مَرْحَمَت: (ع - مو) رحم - مہربانی - دیا - **مرحمت کرنا** - عنایت کرنا - بخشنا - رحم کرنا - دینا -

مَرْحُوم: (ع - مذ) وہ مسلمان مرد جو مر گیا ہو - مستحق رحمت - **مرحومہ** (مو) مجازاً مری ہوئی -

مُرَخَّص: (ع) رخصت کیا گیا - روانہ کیا گیا - **رخصت مرخص ہونا** - روانہ ہونا - رخصت ہونا -

مُرَخَّم: (ع) وہ کلمہ جس کا آخری حرف گرا دیا جائے -

مَرْد: (ف - مرد عورتوں کا تلفظ - مذ) نر - آدمی - شخص - خاوند - شوہر - اونچے گھرانے کا - شریف - بہادر - **مرد آدمی** (با ضا) بھلا آدمی - شریف آدمی - **مرد افگن** (بے اضا) قوی - پُر زور - **مردانہ** - مردوں کی طرح - وہ جگہ جہاں زنانہ نہ ہو - پردہ نہ ہو - **مردانگی** (مو) مردپن - بہادری - دلیری - حوصلہ - **مردانہ وار** - مردوں کی طرح - **مرد بچہ** (بے اضا) دلیر - جواں مرد - **مرد بننا** - حوصلہ کرنا - **مرد خدا** (با اضا) پہنچا ہوا - خدا رسیدہ - شریف - **مرد مرے نام کو نامرد نان کو** - شریف شہرت و ناموری اور کمینہ پیسہ چاہتا ہے - **مرد میداں** (با اضا) بہادر - شور ما - **مرد معقول** (با اضا) بھلا مانس - شریف آدمی - **مرد کا نام مرد سے بہتر ہے** - مرد سے زیادہ اس کے نام کا رعب ہوتا ہے - **مرد کی صورت نہ دیکھنا** - عورت کا مجرد اور باکرہ ہونا - **مرد کی موت نامرد کے ہاتھ** - کبھی کمزور بھی زبردست کو مار لیتا ہے - **مرد مانس** (بے اضا) مرد کی ذات - مرد ہونا - بہادر ہونا - دلیر ہونا - **مردی** (مو) بہادری - دلیری - **مردوا** (مذ) مرد کی تصغیر - مردک - بعض عورتیں شوہر کے معنی میں بولتی ہیں - **مرد و زن** - ساری خلقت - تمام لوگ -

مُرْدَار: (ف) اپنی موت سے مرا ہوا - ناپاک - حرام - مُردہ - فاحشہ - کسبی - مذ - وہ جانور جو اپنی موت سے مر گیا ہو - **مردار سنگ** (بے اضا - مذ) ایک دوا کا نام - مرداسنگ - **مردار ہو جانا** - حرام ہو جانا - بے جان ہو جانا - **مُرداری** (مو - مو) کسبی -

مَرْدَان: (ف - جمع مرد) **مردان خدا** (با اضا) مردان راہ - سالک - بہادر - نڈر -

مَرْدَک: (ف - مذ) ٹھگنا - بونا - ادنیٰ آدمی -

مُرْدَگَان: (ف) مُردہ کی جمع - مرے ہوئے لوگ -

مَرْدُم: (ف - مذ) عام لوگ - آدمی (مو) آنکھ کی پتلی -

مردم آبی (مذ) پانی کا آدمی کی شکل کا ایک سمندری حیوان - **مردم آزار** (بے اضا) لوگوں کو دکھ دینے والا - **مردم خوار** (بے اضا - مذ) جو آدمی کو کھا جائے - آدم خور - **مردم خیز** (بے اضا - مو) آدمیوں کی کھیتی - **مردمک** (مو) آنکھ کی پتلی - **مردمی** (مو) وفا - مروت - بہادری -

مِرْدَنگ: (ف - مو) ایک قسم کی لمبی ڈھولک - ایک قسم کا روغن نما آلا -

مُرْدَنی: (ف - مو) چہرے پر موت کی علامتیں - **مردنی چھا جانا** - چہرے کا رنگ زرد پڑ جانا - قریب مرگ ہونا -

مَرْدُود: (ع) رد کیا ہوا - نکالا گیا - پاجی - نالائق - لعنتی - **مردود ہو جانا** - ہونا - نکالا جانا - برا سمجھا جانا -

مُرْدَہ: (ف) مرا ہوا - مجازاً کمزور - مرجھایا ہوا - دبلا - لاش - لوتھ - **مردہ اٹھانا** - گور گڑھا کرنا - میت کی رسمیں ادا کرنا - **مردہ بھاری ہونا** - لاش کا بھاری یا دوبھر ہونا - کمزوری میں بھی اپنے زبردست حریف پر غالب آنا - **مردہ جلانا** - مردے کو پھونکنا - **مردہ خراب ہونا** - مردے کی مٹی پلید ہونا - مردے کی رسوائی ہونا - **مردہ دل** (بے اضا) اداس - بے آرزو - پست - **مردہ دیکھنا** - مرا ہوا دیکھنا - عورتوں کی قسم - **مردہ شو** - مردے کو نہلانے والا - **مردہ کر دینا** - نہایت کمزور کر دینا - قتل کر دینا - **مردوں سے شرط باندھ کر سونا** - قیامت تک سونا - بہت سونا - **مردے کا مال** (مذ) لاوارث مال - ورثہ - **مردوں کا اوندھا ڈال رکھنا** (دلی - عو) مرنے والوں کی فاتحہ نہ کرنا - شب برات نہ کرنا - **مردوں کی ہڈیاں** - بزرگوں کی یادگار (بیچنا - کھودنا وغیرہ) **مردوں کی ہڈیاں اکھیڑنا** - مردوں کو برا کہنا - برائے مضامین باندھنا - گڑے مردے اکھیڑنا - **مردے پر تین دن بھاری** - قبر کے تین سخت دن - **مردے پر جیسے سو من (مٹی) ویسے سوا سو من** - جب مصیبت زدہ مصیبت جھیلنے پر تیار ہو تو اسے کم اور زیادہ کی کوئی پروا نہیں - **مردے سے بدتر** - بہت لاغر اور بدحال - **مردے کو بیٹھ کر روتے ہیں اور روزی کو کھڑے ہو کر** (مثل) روزی کا غم مرنے سے زیادہ ہوتا ہے -

مِرْدھا: (ہ - مذ) شاہی چوبداروں اور قاصدوں کا سردار - ایک ادنیٰ قوم جو پیادوں کا کام کرتے تھے -

مَرْ رَہنا: (ع) مر جانا - جہاں جانا [illegible] کا ہو رہنا -

مَرْز: (ف - مذ) زمین - سرحد - **مرزبان** - سرحدار -

محافظ سرحد۔ **مَرز بوم** (ف۔ بے اضا۔ مذ) وطن۔ پیدائش گاہ۔ ے رنگ

اب بے ننگ و عار چغد و بوم اپنا مرز بوم
ہجر جاناں میں یہ معمورہ خراب ہو گیا

مِرزا:۔ (ف۔ مذ) میر زادہ۔ (۲) چغتائی مغلوں کا لقب۔ **مرزا پھویا** (مذ) نہایت نازک۔ چھوٹی موٹی۔ **مرزائی**۔ (مو) بزرگی۔ شہزادہ پن۔ غرور۔ سرداری۔ مرزا غلام احمد قادیانی کا پیرو۔ قادیانی مذہب رکھنے والا۔ مرزئی۔

مِرزئی:۔ (۱)۔ مو) کرتی۔ جاکٹ۔ احمدی۔

مُرسَل:۔ (ع۔ مذ) بھیجا ہوا۔ پیغمبر۔ (وثار) **مُرسِل**۔ بھیجنے والا۔ ارسال کرنے والا۔ **مُرسَلہ**۔ بھیجا ہوا۔ ارسال کیا ہوا خط وغیرہ۔ **مُرسَلین**۔ جمع مرسل پیغمبر۔

مَرسُوم:۔ (ع) رسم ڈالا گیا۔ نشان کیا گیا۔ مجازاً تنخواہ۔ وظیفہ۔ رسم۔

مُرشِد:۔ (ع۔ مذ) ہدایت کرنے والا۔ گرو۔ پیر۔ چالاک۔ فریبی۔

مُرَصَّع:۔ (ع) جڑاؤ۔ جواہرات جڑا ہوا۔ **مُرَصَّع کار** (بے اضا) زیور میں نگینے جڑنے والا۔ **مرصع کاری** (بے اضا۔ مو) نگینے جڑنے کا کام۔

مَرَض:۔ (ع۔ مذ) روگ۔ آزار۔ لت۔ عادت۔ **مرض الموت** (مذ) وہ بیماری جو جان لیکر جائے۔

مَرضی:۔ (ع۔ مو) رضامندی۔ خوشی۔ منظوری۔ اجازت۔ ضرورت۔ **مرضی مولیٰ از ہمہ اولیٰ**۔ خدا کی مرضی سب سے بہتر ہے۔ مالک کی مرضی سب سے افضل۔ **مرضی کے موافق**۔ خاطر خواہ۔ حسب منشاء۔ **مرضی ملنا**۔ ایک من ہونا۔ اتفاق رائے ہونا۔ **مرضی ہونا**۔ ارادہ ہونا۔ پسند ہونا۔ اجازت ہونا۔

مَرطُوب:۔ (ع) گیلا۔ بھیگا ہوا۔ تر۔

مَرعُوب:۔ (ع) خوف زدہ۔ ڈرا ہوا (ہونا۔ کرنا)

مُرغ:۔ (ف۔ مذ) پرند۔ اڑنے والا جانور۔ مرغا۔ **مرغباز** (مذ) مرغ لڑانے والا۔ **مرغبازی** (مو) مرغ لڑانا۔ **مرغ سحر یا صبح** (بے اضا۔ مذ) وہ مرغا جو صبح کو بانگ دیتا ہے۔ بلبل۔ فاختہ۔ **مرغ سلیمان** (بے اضا۔ مذ) ہدہد۔ **مرغ قبلہ نما** (بے اضا۔ مذ) وہ مرغ جس سے قبلہ کی سمت ظاہر ہوتی ہے۔ قطب نما۔ **مرغ کی ایک ٹانگ**۔ (کہاوت) اپنی بات کی ہٹ۔ **مرغ لڑانا**۔ مرغوں کی لڑائی کرانا۔ لڑائی کرنا۔ **مرغ مسیحا**۔ چمگادڑ ے بحر

شب فرقت بزنگ تو دو بار دو پھینک جاتے
تجھے اے مرغ عیسیٰ آج موسیقار ہونا تھا

مرغ مقبلی (بے اضا۔ مذ) ظاہر میں نیک مگر باطن میں مکار۔ **مرغ مسلم**۔ وہ مرغ جو ذبح کرنے کے بعد سالم پکایا جائے۔ **مرغا** (۱۔ مذ) خروس۔ مرغ۔ **مرغان**۔ مرغ کی جمع۔ طیور۔ **مرغان اولی اجنحہ**۔ کنایۃً۔ ملائکہ۔ فرشتے ے انشا

مرغان اولی اجنحہ مانند کبوتر
کرتے سدا عجز سے غوں غوں ہے آگے

مرغوں کی پالی (مو) وہ جگہ جہاں مرغ لڑائے جاتے ہیں۔ **مرغوں کے خواب میں دانہ ہی دانہ**۔ جو دل میں خیال ہوتا ہے ویسا ہی نظر آتا ہے۔ **مرغی** (مو) مرغ کا مونث۔ ایک پالتو پرند جس کے انڈے کھائے جاتے ہیں۔ **مرغی اپنی جان سے گئی کھانے والے کو مزہ نہ آیا**۔ غریب نے تو جان مار کر کام کیا مگر دوسرے نے قدر نہ کی۔ **مرغی انڈے کی بحث** بیکار بحث۔ یہ بحث کہ مرغی پہلے پیدا ہوئی یا انڈا۔ **مرغی خانہ** (مذ) وہ جگہ جہاں مرغیاں پلی ہوں۔ مرغیوں کے بند کرنے کی جگہ۔ ڈربا۔ **مرغی کو تکلے کا گھاؤ بہت ہوتا ہے**۔ غریب کو تھوڑا نقصان بھی بہت ہوتا ہے۔ **مرغی کی بانگ کون سنتا ہے**۔ عورت کی بات کا اعتبار نہیں۔

مُرغابی:۔ (ف۔ مو) ایک قسم کا دریائی پرندہ جو بگلے کی مثل ہوتا ہے۔ سرخاب۔

مَرغزار:۔ (ف۔ مذ) وہ جگہ جہاں گھاس بہت اگی ہو۔ سبزہ زار (مرغ سبزۂ خودرو۔ زار لاحقہ بمعنی مکان)

مُرغن:۔ (ف) وہ کھانا جس میں گھی بہت پڑا ہو۔

مَرغُوب:۔ (ع) دل پسند۔ پسندیدہ۔ من بھاتا۔ پیارا۔ دل کش۔

مَرغُولہ:۔ (ف) پیچ دار۔ مڑا ہوا (مذ) گول۔ خم۔ پیچ دار آواز۔ کنگرے دار محراب۔

مَرفُوع:۔ (ع) بلند کیا گیا۔ اٹھایا گیا۔ وہ حرف جس پر پیش ہو۔ **مرفوع القلم** مست۔ پاگل۔ وہ شخص جس کی حرکات قابل گرفت نہ ہوں۔

مُرَفَّہ:۔ (ع) خوش حال۔ کھاتا پیتا۔ **مرفہ حال**۔ روزی کے فکر سے آزاد۔ (مرفہ الحال)

مَرقَد:۔ (ع۔ مذ) قبر۔ مزار۔

مُرَقَّع: (ع - مذ) تصویروں کی کتاب - قطعات رکھنے کی کتاب - کسی معزز کی تصویر - فقیروں کی گدڑی - لاجواب - شرف
کس سیما نے لکھا ہے یہ مرقع نسخہ
ہر ورق میں نظر آتی ہے انوکھی صورت
مرقع اُتارنا - تصویر بنانا یا لینا - اُتروانا - مرقع اُلٹ جانا - نقشہ بدل جانا - انقلاب آنا - مرقعِ عبرت (اضا) عبرت و نصیحت کے قابل - مرقع کھینچنا - تصویر کھینچ دینا - اس طرح لکھنا یا کہنا کہ واقعہ کی تصویر کھنچ جائے -

مَرقُوم: (ع) لکھا گیا - لکھا ہوا - مرقوم ہونا - لکھا جانا - مرقومہ - (مو) لکھا ہوا - تحریر کیا ہوا - خط -

مَرکَب: (ع - مذ) سواری جس پر سوار ہوں - گھوڑا - مرکبِ چوبین (اضا) جنازہ رکھنے کا صندوق یا تختہ - تابوت - کاٹھ کا گھوڑا -

مُرَکَّب: (ع) ملایا ہوا - ترتیب دیا ہوا - دوات کی سیاہی - روشنائی ۔ ناسخ
سوجھے مضمون جو بیاض رخ جاناں کے مجھے
ہو گیا رنگ مرکب دم تحریر سفید
مرکب کرنا - ملانا - ترتیب دینا - مرکبات (مذ) مرکب کی جمع - ملی جلی دوائیں - ترکیبیں وغیرہ -

مَر کے: جان جوکھوں سے - تکلیف اُٹھا کر - مرپٹ کر - مصیبت سے - محنت کر کے - مرکے بچنا - بہت مشکل سے بچنا - دوبارہ زندگی پانا - مر کر چھوٹنا - بہت مشکل سے نجات پانا - مرنے کے بعد چھٹکارا پانا - مر کے رہ جانا - مرجانا - آنے میں دیر لگانا (بستی معصوم کو ہونے کی تھی دیر مر کر رہ گئی) - مر کھپ جانا - مرکے خاک میں مل جانا - مرگیا مردود جس کی فاتحہ نہ درود - منحوس و بدقسمت مرنے والا - ناقابلِ ذکر مردہ -

مَرکَھنا: (ہ) سینگ مارنے والا جانور - خواہ مخواہ مارنے کھانے والا - مرکھنی (مو)

مَرکَز: (ع - مذ) کسی چیز کے ٹھہرا کرنے کی جگہ - بیچوں بیچ - صدر مقام - وہ آڑی لکیر جو ہدف یا کاغذ پر کھینچی جاتی ہے - کیلی - دھری - (اقلیدس میں) دائرے کے اندر کا وہ نقطہ جس سے محیط تک جتنے سیدھے خط کھینچے جائیں وہ سب باہم برابر ہوں -

مَرکُوز: (ع) گڑا ہوا - منضبط کیا ہوا - چھپایا ہوا -

مُرکی: (ہ - مو) کان کے ایک زیور کا نام -

مَرگ: (ف - مو) موت - مرگِ انبوہ جشنے دارد - مثل - عام مصیبت کا غم کم ہوتا ہے - مرگ پیچ - پگڑی کا وہ پیچ جو موت کی تیاری ظاہر کرنے کے لیے دیا جاتا ہے - مرگِ مفاجات - اچانک موت - ناگہانی حادثہ - مرگِ ناگہانی - اتفاقی موت -

مِرگ: (ہ - مذ) ہرن - چکارا - مرگ چھالا (مذ) ہرن کی کھال جو سادھو لوگ اپنے پاس رکھتے ہیں -

مَرگھٹ: (ہ - مذ) مردے جلانے کی جگہ - مسان -

مِرگی: (ہ - مو) ایک مرض کا نام جس میں اچانک غشی آجاتی ہے اور منہ سے جھاگ نکلتے ہیں - مرگی آنا - اُٹھنا - غشی کے مرض کا دورہ پڑنا -

مُرلی: (ہ - مو) بانسری - مرلی بجانا - بانسری بجانا - مرلی بجنا - بانسری بجنا - عیش ہونا - دست آنا -

مَرَمَّت: (ا - مو) ٹوٹی ہوئی چیز کو سنوارنا - کسی کو مارنا پیٹنا - مرمت طلب (بے اضا) درست کرنے کے قابل - ٹوٹا پھوٹا - مرمت طلب ہونا - مرمت کی ضرورت ہونا - ٹوٹا پھوٹا ہونا - مرمت کرانا - درست کرانا - پٹوانا - مرمت کرنا - درست کرنا - پیٹنا -

مَرمِٹنا: (ہ) فنا ہو جانا - تباہ ہو جانا - عاشق ہو جانا - قتل کیا جانا -

مَرمَر: (ف - مذ) ایک قسم کا سفید چکنا پتھر -

مَر مَر کے: (ہ) جان جوکھوں سے - بڑی مشکل سے - مر مر کے جینا - مشکل سے زندہ رہنا - سخت بیماری سے بچنا - مر مر کے بچنا - مرنے کے قریب پہنچ کر جانبر ہونا - مہلک مرض سے رہائی پانا - مر مر کے دن گزارنا - بڑی مشکل سے دن کاٹنا -

مُرمُرا: (ہ - مذ) بھنے ہوئے چاول جنھیں چبانے وقت مرمر کی آواز نکلتی ہے - مُرمُروں کا تھیلا - بڑا موٹا بھسپھس آدمی -

مُرمُرانا: (ہ) دو سخت جسموں کو ٹکرانے کی آواز - جوتی کی آواز -

مُرَمِّم: (ع) ترمیم کرنے والا - مرمّمہ - ترمیم شدہ -

مَرمُوئے: (ہ - عو - مذ) مر جاوے - غارت ہو - تجھے خدا کی مار (مرے ہوئے)

مَرّان: (ہ - مو) موت - مصیبت ۔

وہ سنگ راہ وصل ہے یہ ننگ بزم عشق
مرنا کٹھن ہوا مجھے جینا مرن ہوا — داغ

مرنا:- (ہ) دُنیا سے گزرنا - عاشق ہونا - نہایت محنت کرنا - مرجھانا - بجھنا - تباہ ہونا - مصیبت سے رشک

کیا کہوں باعث پژمردگی اے مایۂ زیست
غیر مرتے ہیں جو تجھ پہ مجھے مرنا ہے یہی

سو جانا - شرمندہ ہونا — امیر

ہمت غم میں ہے جیتے پڑا ہو سخت جانی کا
نہ آئی موت اس غیرت کے مارے ہم تو مرتے ہیں

مرنا بھرنا - جیتے جی پناہ دینا - مرنا تو سبھی کو ہے - فکر یا غم تو فقط اس کا ہے - مرنے تک کی فرصت نہیں - مرنے کی بھی فرصت نہیں - بالکل وقت نہیں - مرنے جائیں ملازمیں گاہیں - آزاد طبع مست اور قلندری کا بیان - مرنا جینا - شادی غمی - مرنے جوگا (مذ) مر جائے - مرنے کے قابل - مرنے سے بدتر ہونا - بہت کمزور ہونا - مرنے کو بیٹھا ہے - بہت بوڑھا ہے - قبر میں پیر لٹکائے ہے - مرنے کو چلے کفن کا ٹوٹا - کم اوقات - مرنے سے بچنے کا بہانہ - مرنے کو تیار ہیں لیکن کفن نہیں ملتا - مرنے کے نام سے موت آتی ہے - بزدل ہے - مرنے کی ٹھاننا - جان دینے کا ارادہ کرنا - مرنے کی فرصت نہ ہونا - بالکل فرصت نہ ہونا - بہت کام ہونا - مرنے مٹنا - عاشق ہونا - مرنے کو تیار ہونا - مرنے والا (مذ) وہ شخص جو مر گیا ہو - مرنے کے لیے تیار - عاشق - سورما - بہادر -
مرے بیٹھنا - آمادہ ہونا - مرے پر سو دُرّے - جب کوئی پہلے سے کسی مصیبت میں مبتلا ہو اور اس پر دوسری مصیبت آئے - مرے پیچھے - مرنے کے بعد - مرے تو شہید مارے تو غازی - ہر حالت میں اچھائی - مرے جانا - مضطرب ہونا - جلدی کرنا - فریفتہ ہونا - مرے کو مارنا - مصیبت زدہ کو اور ایذا پہنچانا - مرے کو ماریں شاہ مدار - غریب کے سب بدخواہ ہوتے ہیں - مرے مُردے اکھیڑنا - اگلی پچھلی باتوں کو بیان کرنا - مرے ہوئے ہونا - فریفتہ ہونا - مری (مو) طاعون - وبا - مُردہ شے - ماری تھی (پڑنا) پھسلنا - مری بھیڑ خواجہ خضر کے نام - خراب و ناکارہ ہدیہ بڑے کے لیے - مری جوں - نہایت کاہل اور سست - مری مٹی کی نشانی - مُردے کی یادگار - یتیم - نواسے - پوتے وغیرہ

مرنجان مرنج:- (ف) وہ شخص جو ہر حالت میں خوش رہے -

مرنڈا:- (ہ - مذ) بھنے ہوئے گیہوں کے میٹھے لڈو - سوکھا ہوا - مرنڈ کرنا - گٹھری بنانا - بھونا - موڑ لینا - مروڑنا - گٹھری کر دینا - مرنڈا ہونا - سوکھ جانا - فریفتہ ہونا -

مرَدا:- (ہ - مذ) ایک خوشبودار پودا

مرَوا:- (ہ - مذ) وہ لکڑی جو دیوار پر رکھ کر اس پر مٹی کے کھپڑے رکھتے ہیں -

مرَوارِید:- (ف - مذ) موتی - مروارید ناسفتہ - (مذ) اَن بندھا موتی -

مروانا:- (ہ) قتل کرنا - ہلاک کرانا - مرد کا اغلام کرانا -

مُروَّت:- (ع - مو) بہادری - رعایت - خُلق - بھلمنسائی - سخاوت - لحاظ - مُروّت برتنا - لحاظ و خلق سے پیش آنا - مُروّت کرنا - رعایت کرنا - لحاظ کرنا -

مُروّج:- (ع) رواج دیا گیا - چلایا گیا - جاری - معمولی - رائج ہونا - رواج ہونا -

مِروَحہ:- (ع - مذ) پنکھا - مروحہ جنبان - پنکھا جھلنے والا - خادم -

مُرور:- (ع - مذ) گزرنا - چلا جانا -

مروڑ:- (ہ - مُروڑ بھی تلفظ ہے - مو) پیچ - بل - موڑ توڑ - پیچش - مروڑباز (مو) اکڑباز - چالباز - مروڑبازی (مو) اکڑبازی - چالبازی - مروڑ پھینکنا - موڑ توڑ کر پھینک دینا - مروڑ دینا - بل دینا - توڑ دینا - مروڑ ڈالنا - موڑ دینا - مروڑ کر پھینک دینا - توڑ موڑ کر پھینک دینا - مروڑ کی بات (مو) ایچ پیچ کی بات - طعنے کی بات - مروڑا (مذ) پیچش - گڑگڑی - مروڑا اٹھنا - مروڑ اُٹھنا - آنتوں میں زخم کی وجہ سے بل پڑنا - مروڑنا - موڑنا - پھیرنا - اینٹھنا - بھینچنا - مروڑی (مو) بل - آٹے کی مسل یا بتی - گنجلک - پیٹ - مروڑی دینا - بل دینا - مروڑی کھانا - بل کھانا - مروڑے اُٹھنا - پیٹ سے درد ہونا - مروڑے کے درد - سخت پیچ کے درد - جننے کے وقت کے درد -

مَروی:- (ع) ذکر کیا گیا - بیان کیا گیا - روایت کیا گیا -

مرہٹہ:- (ہ - مذ) ہندوستان کی ایک ہندو قوم کا نام - مرہٹہ قوم کا آدمی - مرہٹی (مو) مرہٹہ قوم سے متعلق - مرہٹہ قوم کی بولی -

مرہم:- (ف - مذ) چکنی دوائی جو پھائے پر لگا کر زخم پر چپکائی جاتی ہے - باعث تسکین دل - مرہم پٹی (مو) زخم کی دوا دارو - تدارک - مرہم پٹی کرنا - زخموں کا علاج کرنا - مرہم پٹی (مو) پٹی باندھنا - مرہم پٹی ہونا - زخمی کا علاج ہونا - زخمی کو طبی امداد دینا - مرہم لگانا - زخم

پر مرہم لگانا۔

مَرہُون: (ع۔ا) رہن رکھا گیا۔ گرو رکھا گیا۔ **مرہون منت** (ب۔اضا) احسان مند۔ شکر گزار۔ **مرہون ہونا**۔ احسان مند ہونا۔ **مرہونہ**۔ گروی رکھی ہوئی شے۔

مِری: (ف۔ا) میری کا مخفف۔

مُرّی: (ہ۔مو) بٹے ہوئے تاگے کی گولی گرہ۔ پھندا جو خود سے پڑ جائے۔ پیچ۔ گرہ (پڑنا) ؎ مگر
ہم بھی کر جاتے تھے جب تنگ جگہ میں دل رکھتے تھے تم
اب وہ مُرّی کھل گئی اُلفت کا ڈورا کھل گیا

مِرّیخ: (ع۔ا) ایک ستارے کا نام جس کو عوام نحوس اور جلاد فلک کہتے ہیں۔ منگل تارا۔

مُرید: (ع۔ا) ارادت کرنے والا۔ چیلا۔ بیعت کرنے والا۔ دینی شاگرد۔ **مُرید کرنا**۔ چیلا بنانا۔ تابع کرنا۔ **مرید ہونا**۔ چیلا بننا۔ تابع ہو جانا۔

مَرِیض: (ع۔صفا) بیمار۔ روگی۔ **مریضہ** (مو) بیمار عورت۔

مَرِیل: (ہ۔صفا) نہایت دبلا اور لاغر۔ **مریل ٹٹو**۔ نہایت سست ٹٹو۔

مَریم: (ع۔ا) حضرت عیسیٰ کی ماں۔ **مریم کا پنجہ** (مذ) ایک خوشبودار گھاس جو بالکل انسان کے پنجے کی سی ہوتی ہے اگر اسے پانی میں ڈال کر حاملہ عورت کے سامنے رکھ دیں تو بچہ بغیر تکلیف کے پیدا ہوتا ہے۔

مَرِینہ: (ا۔انگ۔مؤنث۔مذ) ایک بہت ہی نرم کپڑے کا نام۔

مَرئی: (ع۔صفا) جو چیز دکھنے میں آئے جس کو دیکھ سکیں۔

مُڑ آنا: (ہ) واپس آنا۔ لوٹ آنا۔ **مُڑ جانا**۔ لوٹ جانا۔ واپس چلے جانا۔ خم کھانا۔ **مُڑک** (مو) خم۔ گھات۔ ہوشیار ہو۔ **مڑ کر نہ دیکھنا**۔ دوبارہ نہ دیکھنا۔ پھر کر نہ دیکھنا۔ بات نہ پوچھنا۔ توجہ نہ کرنا۔ **مڑ کے کروٹ نہ لینا**۔ کچھ خبر نہ لینا۔ **مڑ مڑ کر دیکھنا**۔ بار بار پھر کر دیکھنا۔ جدائی کا بہت احساس کرنا۔ **مڑ تڑنا**۔ ٹوٹنا۔

مَڑنا: (ہ) خم ہونا۔ بازو کا کند ہونا۔ واپس ہونا۔ لوٹنا۔ دوسری طرف متوجہ ہونا۔ چھچک کے داغوں کا مرجھانا۔ بیٹھ جانا۔ **مڑوانا**۔ متعدی۔

مَڑوا: (مذ) ایک ادنیٰ قسم کا غلہ۔ **مرُٹھنا**۔ منڈھنا۔ لفافہ سے پر کھال چڑھانا۔ پوشش کرنا۔ زبردستی کسی کے حوالے کرنا یا کسی کے ذمہ ڈالنا۔ **مڑھوانا**۔ متعدی۔

مڑھی (مو) فقیر کی جھونپڑی۔ کٹیا۔

مِزاج: (ع۔مذ) آمیزش۔ بناوٹ۔ ترکیب۔ خاصیت۔ عادت۔ فطرت۔ انسان کی طبیعت۔ غرور۔ ناز۔ مادہ۔ اصلیت۔ **مزاج کو آنا**۔ طبیعت کا مائل ہونا۔ **مزاج اُٹھنا**۔ لازم۔ **مزاج اُٹھانا**۔ بدمزاجی برداشت کرنا۔ ناز و انداز سہنا۔ فرمائشیں پوری کرنا۔ **مزاج اصلاح پر آنا**۔ طبیعت ٹھیک ہونا۔ روبصحت ہونا۔ **مزاج اعتدال پر آنا**۔ **مزاج بحال ہونا**۔ صحت پانا۔ **مزاج بدلا ہونا**۔ **مزاج بدلنا**۔ رنگ بدلنا۔ **مزاج بدمزہ ہونا** (بڑوں کے لیے) بیمار ہونا۔ **مزاج بے جا ہونا**۔ بدفطرت ہونا۔ **مزاج برہم کرنا**۔ ناخوش کرنا۔ **مزاج برہم ہونا**۔ **مزاج بگڑنا**۔ ناراض ہونا۔ **مزاج بگڑنا**۔ حالت خراب ہونا۔ بداخلاق ہونا۔ غصہ ہونا۔ **مزاج بننا**۔ **مزاج بنا دینا** کا لازم۔ اصلاح مزاج کرنا۔ خاصیت پیدا ہونا۔ **مزاج بہکنا**۔ دماغ میں خرابی ہونا۔ دماغ بہکنا۔ فتور ہونا۔ **مزاج آل کرنا**۔ طبیعت میں حرارت پیدا کرنا (ہونا) غصہ دلانا۔ **مزاج پانا**۔ توجہ پانا۔ عادت کو پا جانا۔ **مزاج پُچھوانا**۔ مزاج پوچھنا کا متعدی۔ خیریت معلوم کروانا۔ **مزاج پُرسی**۔ امر خیریت دریافت کرنا۔ **مزاج پُرسی کرنا**۔ خیریت پوچھنا۔ حال دریافت کرنا۔ مزہ دینا۔ دھوکا۔ **مزاج پہچاننا**۔ افتاد طبع سے واقف ہونا۔ **مزاج پھر جانا**۔ دیوانہ ہونا۔ طبیعت ہٹ جانا۔ **مزاج پھڑک جانا**۔ طبیعت خوش ہو جانا۔ مزاج کا پشیمان ہونا۔ **مزاج پھیرنا**۔ طبیعت اُلٹ دینا۔ **مزاج تیکھی**۔ دماغ دار۔ مدمغ۔ مغرور۔ **مزاج تو اچھا ہے**۔ اصلی معنی کے علاوہ تنبیہ کے موقع پر بھی بولتے ہیں۔ **مزاج تولہ ماشہ ہونا**۔ تلون مزاج ہونا۔ **مزاج تیز ہونا**۔ غصہ ور ہونا۔ **مزاج ٹیڑھا ہونا**۔ بدمزاج۔ نازک دماغ ہونا۔ **مزاج چل جانا**۔ دماغ خراب ہونا۔ **مزاج (چوتھے) فلک پر ہونا**۔ مغرور ہونا۔ **مزاج دار**۔ مغرور۔ خودپسند۔ **مزاج داں**۔ کسی کی عادت پہچاننے والا۔ **مزاج درست رکھنا**۔ طبیعت قابو میں رکھنا۔ **مزاج دیکھنا**۔ طبیعت کا رنگ دیکھنا۔ **مزاج راہ پر آنا** (لانا) طبیعت ٹھیک ہونا (کرنا)۔ **مزاج رنگین ہونا**۔ شوقین ہونا۔ **مزاج ساتویں آسمان پر ہونا**۔ **مزاج سامان میں نہ ہونا**۔ طبیعت قابو میں نہ ہونا۔ **مزاج سودائی ہونا**۔ دماغ خراب ہونا۔ پاگل پن ہونا۔ **مزاج سیدھا ہونا**۔ **مزاج درست ہونا**۔ خفگی دور ہونا۔ سزا پا کر درست ہو جانا۔ **مزاج شریف یا مزاج عالی یا مزاج مبارک**۔ آپ کی طبیعت اچھی ہے۔ آپ خیریت سے تو ہیں۔ **مزاج شناسی**۔ **مزاج شناس**۔ افتاد طبیعت سے واقفیت۔ **مزاج شناس**۔ طبیعت کا رنگ پہچاننے والا۔ **مزاج عرش سے پرے ہونا**۔ انتہائی مغرور ہونا۔

مزاج قابو میں نہ ہونا۔ طبیعت بے چین ہو جانا۔ مزاج قائم نہیں۔ طبیعت میں استقلال نہیں۔ مزاج قوی ہونا۔ خلطے کا سخت ہونا۔ مزاج کا تیز مٹھے ور۔ مزاج کا نقشہ بدلنا بگڑنا مشتعل ہونا۔ مزاج کرنا۔ اترانا۔ ناز۔ غرور۔ بد دماغی دکھانا۔ مزاج کلفت ہونا۔ طبیعت ناخوش ہونا ؎ صبا

درگذر سے بت کدے سے حرم کو کیا سلام
پاکر کلفت کافر و دیندار کا مزاج

مزاج کھوٹا ہونا۔ دل میں فتور ہونا ؎

دکھا کے انداز تن بدن کا دکھی کے بل زلف پر شکن کا
بٹھاتا ہے سکہ بانکپن کا، مزاج کھوٹا ہے سیم تن کا

مزاج کے موافق آنا ہونا۔ دوا یا آب و ہوا کا راس آنا۔ مزاج کی رفتار۔ رنگ طبیعت۔ مزاج کی لینا۔ ڈینگیں مارنا۔ بے پروائی کرنا۔ اترانا۔ مزاج کے مارے۔ تکبر سے۔ مزاج لڑجانا۔ طبیعت بل جانا۔ مزاج ملنا۔ طبیعت کا ایک ہونا۔ مزاج میں آنا۔ ٹکنت میں، دل میں یا سمجھ میں آنا۔ مزاج میں دخل ہونا۔ در خور مزاج ہونا۔ کسی پر اثر ہونا۔ مزاج نہ ملنا۔ بہت مغرور ہونا۔ اترانا۔ بد دماغ ہونا۔ مزاج والا۔ دماغ دار۔ خود پسند۔ مزاج ہونا۔ غرور ہونا۔ مزاج ہاتھ سے جاتا رہنا۔ طبیعت بے قابو ہونا۔ مزاج ہوا پر ہونا۔ بہت غرور ہونا۔ مزاجاً مزاج کی روسے۔ طبیعت کی روسے۔ مزاجا۔ مزاج دار عورت۔ مزاجو۔ مغرور اور دماغ دار عورت۔

مِزَاح:۔ (ع۔ مذ) ہنسی ٹھٹھہ۔ خوش طبعی۔

مُزَاحِم:۔ (ع) روکنے والا۔ اٹکانے والا۔ مزاحم ہونا۔ مانع ہونا۔ حائل ہونا۔ روکنا۔ مُزَاحمت۔ مو۔ روک ٹوک۔ مزاحمت کرنا۔ رکاوٹ ڈالنا۔ روکنا۔

مَزَار:۔ (ع۔ مذ) قبر۔ کسی بزرگ کا مقبرہ۔

مُزَارِع:۔ (ع۔ مذ) کھیتی کرنے والا۔ کسان۔

مَزَامِیر:۔ (ع۔ مذ) مزمار کی جمع۔ بانسریاں۔ ساز۔ مرلی۔ باجا۔

مُزَاوِجت:۔ (ع۔ مو) میاں بیوی کا رشتہ ہونا۔ شادی

مُزَاوِلت:۔ (ع۔ مو) کسی کام کو ہمیشہ کرنا۔ مشق و مہارت ہونا۔ ملکہ۔

مَزْبَلَہ:۔ (ع۔ مذ) وہ جگہ جہاں نجاست ڈالتے ہیں۔

مَزْبُور:۔ (ع) اوپر لکھا ہوا۔ لکھا ہوا۔

مُزَخْرَف:۔ (ع) جھوٹی بات جو سچ کی طرح آراستہ کی گئی ہو۔ مُزخرفات (مو) واہیات باتیں۔

مُزْد:۔ (ف۔ مو) مزدوری۔ اجرت۔

مُزْدُور:۔ (ف) مزدوری کرنے والا۔ اجرت پر کام کرنے والا۔ مزدوری (مو) اجرت۔ کام کا صلہ۔ محنت مشقت۔ مزدوری پر جانا۔ کام پر جانا۔ مزدوری کرنا۔ محنت کرنا۔ کام کرنا۔ مزدوری کنڈوری۔ مزدوری کبھی ملتی ہے اور کبھی نہیں ملتی۔

مَزْرَع:۔ (ع۔ مذ) کھیتی۔ کھیت۔

مَزْرُوعَہ:۔ (ع۔ مذ) بویا ہوا۔ جوتا ہوا۔

مُزَعْفَر:۔ (ع۔ مذ) زردہ۔ زعفران میں رنگے ہوئے میٹھے چاولوں کا پلاؤ۔

مِزْمَار:۔ (ع) بانسری۔ مرلی۔

مُزْمِن:۔ (ع) پرانا۔ کہنہ۔

مُزَمَّہ:۔ (ع۔ مذ) وہ چمڑے کا حلقہ جو گھوڑے کی گامچی میں پچھاڑی کی رسی کے ساتھ لگایا جاتا ہے۔ اونٹ کی گردن کی مہار (لگانا)۔ مزمے لینا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔ ٹھیک بنانا۔

مُزَوِّر:۔ (ع) چالباز۔ مکار۔

مَزَہ:۔ (ف۔ مذ) ذائقہ۔ لذت۔ لطف۔ حظ۔ چاٹ۔ چسکا۔ عیش۔ خوشی۔ جوبن۔ شباب۔ لت۔ سیر تماشا۔ حالت۔ کیفیت۔ گت۔ جزا۔ سزا۔ مزہ آنا۔ (مذ) لطف آنا۔ سزا پانا۔ مزہ اٹھانا۔ لطف حاصل کرنا۔ برے کام کی سزا پانا۔ مزہ آجانا۔ لطف آجانا۔ مصیبت میں پھنس جانا۔ مزہ اتر جانا۔ بدمزہ۔ بے لطف ہو جانا (ج۔ دا کا بچا ہوا باسی کھانا کسی کو نہیں بھاتا اور اس کا مزہ بھی اتر جاتا ہے (رویائے صادقہ) مزہ اڑانا۔ رنگ رلیاں اڑانا۔ لطف حاصل کرنا۔ مزے بھولنا۔ سخت مصیبت پڑنا۔ ہوش و حواس غائب ہونا۔ ذائقہ فراموش ہونا (بھلانا متعدی)۔ مزہ پانا۔ لطف اٹھانا۔ سزا پانا۔ مزہ پڑنا۔ عادت پڑنا۔ چسکا پڑنا۔ مزہ تو یہ ہے۔ اصل بات پر لطف یہ ہے۔

مزہ ٹپکنا - لطف نمایاں ہونا ؎ امیر

زبانِ تیغ نہ چاٹے دہانِ زخم کو کیوں
ٹپک رہا ہے مزہ خون سے شہیدوں کے

مزہ چکھانا - ذائقہ چکھانا - کیے کی سزا دینا **مزہ چکھنا** - مزہ معلوم کرنا - سزا پانا **مزہ دکھانا** - بہار دکھانا - لطف دکھانا - سزا دینا - **مزہ دیکھنا** - ذائقہ معلوم کرنا - تماشا دیکھنا - سزا پانا - **مزہ دینا** - لطف دینا - لذت دینا **مزہ زہر ہونا** - تلخ و بدذائقہ ہونا ؎ قدر

رخسار لب یار کی یاد آ گئی جس دم
جنت میں مزہ زہر ہوا نہر عسل کا

مزہ کرکرا کرنا - بے لطف کرنا - طبیعت منغص کرنا -
مزے کرنا - مزے کا کھیل - انوکھی بات کرنا - عیش کرنا
مزہ کھٹا ہونا - ناگوار گزرنا ؎ رشک

ہجر جاناں میں کہیں جینے سے مرنا بہتر
زندگانی کے مزے کر دیں ہیں کھٹے دیکھا

مزہ کھنڈت کرنا - (متعدی ہونا - لازم) رنگ میں بھنگ ڈالنا - بے لطف کرنا - مزاح میں سب بات کہہ دینا - **مزہ کھنچنا** - لطف اٹھانا ؎ رشک

ان سے تصویر لب و دنداں کا کھنچتا تھا مزہ
پر کہاں یہ بات رنگ لال و رنگ شیر میں

مزہ لٹ جانا - لطف اٹھا چکنا - **مزہ لگا ہونا** یا **مزہ لگ جانا** - چسکا پڑنا - **مزہ لوٹنا** - مزہ اڑانا - لذت حاصل کرنا - عیش کرنا - **مزہ لینا** - لذت چکھنا - لطف اٹھانا - عیش کرنا - **مزہ ملنا** - لذت آنا - سزا ملنا **مزہ ہونا** - لطف ہونا - عیش ہونا - **مزے** - مزہ کی جمع - لطف - عیش - **مزے اڑانا** - عیش کرنا - **مزے آنا** - لطف آنا - سزا ملنا **مزے چکھانا** - ذائقہ چکھانا - سزا دینا - **مزے چکھنا** - مزے اڑانا - سزا پانا - **مزے دار** - سواد دار - لطف دینے والا -
مزے داری (مو) لطف - مزہ - لذت - **مزے دینا** - لطف دینا - مزہ دکھانا - **مزے دیکھنا** - لطف حاصل کرنا - **مزے سے گزرنا** - مزے میں گزرنا - آرام و عیش میں گزرنا - **مزے کرنا** - عیش کرنا - لطف اڑانا - **مزے کی بات** - ہنسی کی بات - لطف کی بات - **مزے لوٹنا** - عیش منانا - لطف اڑانا - بہار لوٹنا **مزے میں آنا** - چاؤ میں آنا - نہایت خوش ہونا - ناز کرنا - مستی میں ہونا -

مزیب : (ف) زیبا ؎ آتش

خوش نما ہے پاؤں کے اندام پہ جولاں بیڑی میں
روح کو جیسے مزیب جسم کا ملبوس ہے

مزید : - زیادہ - زائد - فالتو ؎ رند

قیمت دل میں لوں گا خاطر خواہ
مال مفلس نہیں مزید نہیں

مزید برآں - اس کے سوا - **مزید حیات** (مو) آتش جاں - بادشاہ کے پانی پینے کے بعد مصاحبین کا یہ دعائیہ کلمہ (ج - جب بادشاہ آب حیات پی چکے تو سب نے مزید حیات کہا یعنی عمر زیادہ)

مزین : (ع) سجایا گیا - سنوارا گیا - **مزین کرنا** - سجانا - سنوارنا - آراستہ کرنا - **مزین ہونا** - سجایا جانا - آراستہ ہونا -

مژدہ : (ف - مذ) خوشخبری - مبارکباد - **مژدہ پہنچانا** - خوشخبری دینا - **مژدہ سنانا** - اچھی خبر کا کر دینا - خوشخبری دینا -

مژگان : (ف - مو) مژہ کی جمع - پلکیں - **مژہ** (مو) - پلک -

مس : (ف - مذ) تانبا جو مشہور دھات ہے - **مس گر** - ٹھٹھیرا - تانبے کے برتن بنانے والا -

مَس : (ع) چھونا - ہاتھ لگانا (کرنا - ہونا)

مِس : (انگ - مو) جوان لڑکی - کنواری -

مسا : (ع - مذ) شام کا وقت - شام - **مسا کرکے** - (عو) زیادہ سے زیادہ - مشکل سے (ج مسا کرکے پاؤ سیر ہوگا (اس نے مسا کرکے دو نوالے کھائے)

مسا یا مَسّا : (ہ - مذ) بڑا ابھرا ہوا تل - ہندوؤں کی چوٹی - کھونڈی - مستے پر بال باندھنا - مسا خشک کرنے کی ایک تدبیر ؎ ذوق

اس نزاکت سے بسر کرتے ہیں وہ رشک پری
بال بھی باندھے جو مسے پر تو زلف خود کا

مسا بالتشدید کے لیے دیکھیے ذوق میں خرابی زبر کا شعر

مِسا : - (ہ - مذ) غریبوں کے کھانے کا برتن - دودھ پی کا نیمہ

مساجد : (ع) مسجد کی جمع -

مساح : (ع) پیمائش کرنے والا (مو) زمین ناپنا - پیمائش -

مساحت : (ع) پیمائش -

مَسَاس :- (لا - مذ) عورت کے کسی حصہ جسم کو ہاتھ سے ملنا

مُسَاعِد :- (ع) مددگار - ساتھ دینے والا - موافق - مُسَاعدت (مو) مدد - یاری - موافقت - مُسَاعدت کرنا - مدد کرنا - موافقت کرنا -

مَسَاعِی :- (مذ) کوششیں - مساعیِ جمیلہ - کامیاب یا قابلِ پسند کوششیں -

مَسَافت :- (ع - مو) دُوری - فاصلہ - سفر کی تکان - مَسَافت اُٹھانا - سفر کی تکان ہونا - مسافت طے کرنا - فاصلہ طے کرنا -

مُسَافِر :- (ع) سفر کرنے والا - مُسَافِر خانہ - مُسَافروں کے ٹھہرنے کی جگہ - سرائے - مُسَافِرانہ - مُسَافروں کی طرح - مُسَافِرانہ گزران کرنا - مسافروں کی طرح گزارہ کرنا - سادہ زندگی بسر کرنا - مُسَافَرت (مو) پردیس - سفر - سفر کرنا - مسافری (مو) سفر - پردیس - مُسَافری میں ہونا - پردیس میں ہونا - سفر میں ہونا -

مَسَاکِن :- (ع - مذ) مسکن کی جمع - رہنے کی جگہیں -

مَسَاکِین :- (ع - مذ) مسکین کی جمع - غریب - کنگال -

مَسَالا :- (ا - مذ) سامان - نمک - مرچ وغیرہ جو سالن میں ڈالا جاتا ہے - گوٹا کناری - وہ مضامین اور کتابیں جن سے کسی تصنیف یا تالیف میں مدد لی گئی - ایک قسم کا مرکب جس میں بھنا ہُوا دھنیا اور ناریل وغیرہ ہوتا ہے - اور پان کی جگہ کھاتے ہیں - مَسَالا ٹانکنا - کپڑوں میں گوٹا پٹھا وغیرہ ٹانکنا - مسالا ڈالنا - کھانے میں گرم مسالہ ڈالنا - مسالے دار - وہ چیز جس میں مسالا ملا ہو - مسالے کا تیل - ایک قسم کا خوشبودار مرکب تیل جس کی مہک بہت تیز ہوتی ہے مسالے کی شاعری - چٹپٹی شاعری -

مَسَالِک :- (ع - مذ) مسلک کی جمع - رستے - سڑکیں - طریقے -

مَسَام :- (ع - مذ) بدن کے باریک سُوراخ جن میں سے پسینہ نکلتا ہے - مسامات (مذ) مسام کی جمع -

مُسَامحت :- (ع - مو) کسی شے کو حقیر سمجھ کر اس کی طرف خیال نہ کرنا - چشم پوشی کرنا - بزرگوں کی غلطی -

مَسَان :- (لا - مذ) وہ جگہ جہاں مُردے جلائے جاتے ہیں - ایک بیماری کا نام - کالا علم - مرگھٹ -

مُسَاوات :- (ع - مو) برابری - یکساں کرنا - کم توجہی - کاہلی -

مُسَاوی :- (ع) برابر - یکساں -

مُسَاہلت :- (ع - مو) تساہل - سُستی کرنا -

مُسَاہمت :- (ع - مو) شرکت - ساجھا -

مَسَائِل :- (ع - مذ) مسئلہ کی جمع - سوالات - موضوعات -

مُسَبَّب :- (ع) سبب کیا گیا - سبب - مُسَبِّب - سبب پیدا کرنے والا - مُسَبِّبُ الاسباب (مذ) کسی کام کے بننے کا سبب پیدا کرنے والا -

مُسَبِّح :- (ع) سُبحان اللہ کہنے والا - تسبیح خواں -

مُسَبَّع :- (ع - مذ) سات برابر ضلعوں کی شکل - سات مصرعوں کے بند والی نظم - ہفت پہلو شے -

مَسبُوق :- (ع) گزرا - سابق -

مَست :- (ف) متوالا - نشے میں چُور - جوبن پر آیا ہُوا دیوانہ - بے پرواہ - غرور کرنے والا - مجذوب - خوش - مَستِ اَلَست یا مستِ اَزل - قدرتی مست - کامل مست - مَست بوک (مذ - دلی) مست بکرا - مَست مہینا (مذ) پھاگن کا مہینہ - مَست مولا - بے پروا آدمی - مست آدمی - مَست ہوجانا - پھُول جانا - مستا جانا - بے ہوش ہوجانا - مگن ہوجانا - مَست ہونا - نشے میں مست ہونا - بے ہوش ہونا - اِترانا - مغرور ہونا - جوانی میں بھرنا - خوش ہونا - دیوانہ ہونا - مخمور ہونا - دیکھیے مستی -

مُستَاجِر :- (ع) زمیندار - کاشتکار - ٹھیکیدار - اسامی - مُستَاجِری (مو) ٹھیکہ داری -

مُستَاصِل :- (ع) جڑ سے اکھیڑنے والا - برباد کرنے والا - مُستَاصَل - جڑ سے اکھڑا ہوا - برباد -

مُستَامِن :- (ع) پناہ مانگنے والا -

مَستَان :- (ف) مجذوب - مَست - مَستان شاہ (ا) غریب مَست آدمی - مجذوب فقیر - مَستانا یا مَستا جانا - مَست ہونا - شباب پر آنا - مَستانہ - مَست کی طرح - متوالے کی مانند (مذ) وہ شخص جس کی چال سے مستی ظاہر ہو - مجذوب - مَستانہ چال - مست چال - لڑکھڑاتی ہوئی چال - مَستانی (مو) شباب پر آئی ہوئی عورت - دیوانی -

مُستَتِر :- (ع) پنہاں - پوشیدہ -

مُستثنےٰ: (ع) الگ کیا گیا۔ چُنا گیا۔ گر۔ (علم نحو میں) وہ چیز جسے باقی چیزوں سے الگ کیا گیا ہو۔
مستثنےٰ منہُ۔ وہ چیز جس کے حکم میں سے مستثنےٰ کو الگ کیا گیا ہو۔

مُستجاب: (ع) قبول کیا گیا۔ مقبول۔

مُستحب: (ع) پسند کیا گیا۔ رسُولِ مقبولؐ کا پسندیدہ۔

مُستحسن: (ع) پسند کیا گیا۔ پسندیدہ۔ مُستحق۔ حق رکھنے والا۔ لائق۔ حقدار۔ مُستحق ٹھہرانا۔ حقدار قرار دینا۔ مستحق ہونا۔ حقدار ہونا۔ لائق ہونا۔

مُستحکم: (ع) مضبوط۔ پکا۔ اٹل۔ مستحکم ہونا۔ مضبوط ہونا۔

مُستبعد: (ع) دُور از عقل (ج) یہ بات اس کی ذات ستودہ صفات سے مستبعد معلوم ہوتی ہے۔ (توبتہ النصوح)

مُستحضر: (ع) یاد۔ (ج) درسی کتابیں بھی ان کو خوب مستحضر تھیں۔ (محصنات)

مُستدعی: (ع) خواہش کرنے والا۔ درخواست کرنیوالا۔

مُسترد: (ع) رد کیا گیا۔ واپس کیا گیا۔ مُسترد کرنا۔ رد کرنا۔

مِستری: (پرتگال) کسی پیشہ کا کاریگر۔

مُستزاد: (ع۔ مذ) بڑھایا گیا۔ عروض میں وہ شعر جس کے ہر مصرعے کے بعد ایسا ٹکڑا لگا ہو جو کسی مصرعے کے رکنِ اوّل اور رکنِ آخر کے برابر ہو۔

مُستسقی: (ع) وہ شخص جسے استسقا کی بیماری ہو۔

مُستطاب: (ع) خوش۔ عمدہ۔ خوب۔ اچھا۔ مبارک۔ بامزہ۔

مُستطیع: (ع) استطاعت رکھنے والا۔ صاحب قدرت۔

مُستطیل: (ع۔ مذ) وہ چار ضلعوں کی شکل جس کے چاروں زاویے قائمے اور مقابل کے ضلعے برابر ہوں۔

مُستعار: (ع) مانگا ہوا۔ چند روز کے لیے اُدھار لیا ہوا۔ مُستعار دینا۔ مانگے پر دینا۔ اُدھار دینا۔ چند روز کے لیے دینا۔ مستعار لینا۔ مانگے پر لینا۔ اُدھار لینا۔

مُستعجل: (ع) جلدی کرنے والا۔

مُستعد: (ع) تیار۔ چالاک۔ لائق۔ آمادہ۔ باہمت۔ مُستعد رہنا۔ تیار رہنا۔ کمر بستہ رہنا۔ موجود رہنا۔ مُستعد کرنا۔ تیار کرنا۔ موجود کرنا۔ مستعد ہونا۔ تیار ہونا۔ موجود ہونا۔

مُستعفی: (ع) استعفا دینے والا۔ نوکری چھوڑنے والا۔ مستعفی ہونا۔ استعفیٰ دینا۔ نوکری چھوڑنا۔

مُستعمل: (ع) کام میں لایا ہوا۔ جاری۔ برتا ہوا۔ مستعمل ہونا۔ مروّج ہونا۔ برتا ہوا ہونا۔

مُستعین: (ع) مدد چاہنے والا۔

مُستغاث: (ع) وہ جس کے آگے فریاد لے جائیں۔

مُستغرق: (ع) ڈوبا ہوا۔ مصروف۔ کسی کام میں محو۔ مستغرق ہونا۔ بہت زیادہ مصروف ہونا۔

مُستغنی: (ع) آزاد۔ بے پروا۔ سیر۔ آسودہ حال۔ مستغنی ہونا۔ بے نیاز ہونا۔ آزاد ہونا۔ محتاج نہ ہونا۔

مُستغیث: (ع) دعویٰ کرنے والا۔ فریادی۔

مُستفاد: (ع) حاصل کیا ہوا۔ جو شے فائدے میں حاصل ہو (نیز) فائدہ۔ حاصل۔

مُستفسر: (ع) پوچھنے والا۔

مُستفید: (ع) فائدہ چاہنے والا۔ فائدہ اُٹھانے والا۔ مستفید کرنا۔ فائدہ پہنچانا۔ مستفید ہونا۔ فائدہ اُٹھانا۔

مُستفیض: (ع) فیض چاہنے والا۔ بھلائی چاہنے والا۔ فیض حاصل کرنے والا۔ مستفیض کرنا۔ فیض پہنچانا۔ مستفیض ہونا۔ فیض پہنچنا۔

مُستقبل: (ع) آگے آنے والا۔ آنے والا زمانہ۔ علم صرف میں وہ فعل جو آنے والے زمانے سے تعلق رکھے۔

مُستقر: (ع۔ مذ) ٹھہرنے کی جگہ۔ ٹھکانا۔ قرارگاہ۔ منزل۔

مُستقل: (ع) مضبوط۔ اٹل۔ ہمیشہ۔ دائمی۔ وہ ملازم جو عارضی اور قائم مقام نہ ہو۔ مستقل کرنا۔ کسی ملازم کو ہمیشہ کے لیے نوکر رکھنا۔ مستقل رہنا۔ (ارادے وغیرہ پر) قائم رہنا۔ برقرار رہنا۔ مستقل ہونا۔ ملازمت پکی ہونا۔

ارادے پر قائم ہونا۔ مستقل مزاج ۔ وہ شخص جو ارادے کا پکا اور مضبوط ہو۔

مُسْتَقِیم :- (ع) سیدھا ۔ درست ۔ مضبوط ۔

مَسْتَک :- (ہ ۔ مو) ہاتھی کا ماتھا ۔ پیشانی ۔

مُتَکَبِّر :- (ع) مغرور ۔ گھمنڈی ۔

مُسْتَلَذَّات :- (ع ۔ مو) مرغوب چیزیں جن سے لذت حاصل ہو ۔

مُسْتَلْزِم :- (ع) کوئی کام اپنے اوپر لازم کرنے والا ۔

مُسْتَمِر :- (ع) ہمیشہ رہنے والا ۔ مضبوط ۔ مستقل ۔

مُسْتَمِع :- (ع) سننے والا ۔ غور سے سننے والا ۔

مُسْتَمَنْد :- (ف) حاجت رکھنے والا ۔ اداس ۔

مُسْتَنَد :- (ع) سند پایا ہوا ۔ اعتبار کے قابل ۔ مستند ہونا ۔ سند یافتہ ہونا ۔ قابل اعتبار ہونا ۔

مُسْتَنْبَط :- (ع ۔ مس ۔ تم ۔ ربط) اخذ کیا گیا ۔ کسی بات سے نکالی ہوئی اور اخذ کی ہوئی بات یا مفہوم ۔

مُسْتَنِیر :- (ع) روشنی طلب کرنے والا ۔

مُسْتَوْجِب :- (ع) واجب ۔ لازم ۔ قابل ۔ مستوجب ہونا ۔ سزاوار ہونا ۔ قابل ہونا ۔

مَسْتُور :- (ع) چھپا ہوا ۔ مستورات (مو) پردے میں بیٹھنے والیاں ۔ مجازاً عورتیں ۔

مُسْتَوفی :- (ف) حساب کی جانچ پڑتال کرنے والا ۔ اکاؤنٹنٹ جنرل ۔ میر منشی ۔

مَسْتُول :- (پرتگا ۔ مذ) جہاز یا کشتی کا کھمبا ۔ بادبان ۔

مُسْتَوَلی :- (ع) غالب ۔ قابض ۔ زور آور ۔

مُسْتَوِی :- (ع) برابر ۔ ہموار ۔

مُسْتَہام :- (ع) سرگشتہ ۔ حیران ۔

مَسْتی :- (ہ) نشہ ۔ متوالا پن ۔ جوبن ۔ بے ہوشی ۔ خوشی کی حرکات ۔ وہ پانی جو جوش مستی میں درخت ، پہاڑ یا حیوانات سے ٹپکتا ہے ۔ مستی کرنا ۔ خوش فعلیاں کرنا ۔ مستی جھاڑنا یا نکالنا ۔ نشہ اتارنا ۔ شرارت نکالنا ۔ ٹھیک بنانا ۔ مستی نکالنا ۔ انسان بنانا ۔ درست کرنا ۔ مستیاں (کرنا ۔ ہونا وغیرہ)

مَسْٹ :- (ا ۔ مو) سکوت ۔ مسٹ مارنا ۔ سونا بن جانا ۔ (لک)

مِسْٹَر :- (انگ ۔ مذ) حضرت ۔ جناب ۔ صاحب

مُسْٹَنْڈا :- (ہ) ہٹا کٹا ۔ بہت موٹا ۔ مسٹنڈی (مو)

مَسْجِد :- (ع ۔ مو) مسلمانوں کی عبادت کرنے کی جگہ ۔ مسجد ٹھنڈی کرنا ۔ مسجد کو گرانا ۔ مسجد ڈھانا ۔ مسجد گرانا ۔ سخت گناہ کرنا ۔ مسجد کا مینڈھا ۔ مفت کی کی روٹیاں توڑنے والا ۔ ملا ۔ مسجد میں اینٹ الٹ کر رکھنا چونا لگانا ۔ اپنی سچائی ثابت کرنے کی دو رسمیں ۔ خیال کیا جاتا ہے کہ مسجد میں اینٹ الٹ کر رکھنے سے بربادی اور چونا لگانے سے نابینائی حاصل ہوتی ہے ۔

مُسَجَّع :- (ع) قافیہ ۔ بند ۔ وہ عبارت جس قافیہ ہو ۔ ایک صنعت کا نام ۔

مُسَجَّل :- (ع ۔ مذ) وہ کاغذ جس پر حاکم کی مہر لگی ہو ۔ درست آراستہ ۔

مَسْجُود :- (ع) جسے سجدہ کیا جائے ۔

مَسَح :- (ع ۔ س کو زبر ۔ مذ) ہاتھ پھیرنا ۔ کسی چیز کو چھونا ۔ وضو یا غسل کرتے وقت گیلا ہاتھ کسی عضو پر پھیرنا ۔ مسح کرنا ۔ وضو کے وقت یا غسل میں کسی حصہ جسم پر ہاتھ پھیر کر اسے تر کرنا ۔

مَسْخ :- (ع) اچھی صورت بدل کر بری صورت ہو جانا ۔ مسخ ہو جانا ۔ صورت بگڑ جانا ۔ خراب ہو جانا ۔ منحوس ہونا ۔

مُسَخَّر :- (ع) فتح کیا گیا ۔ تابع کیا گیا ۔ مغلوب ۔ مطیع ۔

مَسْخَرَہ :- (ف ۔ مذ) ٹھٹھول ۔ ٹھٹھے باز ۔ مسخرہ پن (مذ) ہنسی ٹھٹھا ۔ مخول ۔ مسخرگی (مو) مسخرہ پن ۔

مُسَدَّس :- (ع ۔ مذ) چھ کونیا ۔ چھ ضلعوں کی شکل ۔ نظم کی ایک قسم جس میں چار ہم قافیہ مصرعوں کے بعد دو مصرعے دوسرے قافیے کے ہوتے ہیں اور چھ مصرعے مل کر ایک بند کہلاتے ہیں ۔

مَسْدُود :- (ع) بند کیا گیا ۔ روکا گیا ۔ بند ۔

مُسَرَّت: (ع-مو- زبر و پیش دونوں صحیح۔ تکیہ میں زیر) خوشی۔ آنند۔ مسرت ہونا۔ خوشی ہونا۔

مُسرِف: (ع) فضول خرچ۔ بے فائدہ خرچ کرنے والا۔

مَسرُور: (ع) خوش۔ مگن۔ شاد۔ مسرور کرنا۔ خوش کرنا۔ مسرور ہونا۔ خوشش ہونا۔

مَسرُوق: (ع) چوری کیا ہوا۔ چرایا ہوا۔ مسروقہ (مو) چرائی ہوئی چیز۔

مُسَطَّح: (ع) پھیلا ہوا۔ چوڑا۔ بچھا ہوا۔ ہموار۔

مِسطَر: (ع-مذ) کاغذ کی وصلی جس پر سطریں کھینچنے کے لیے ڈورے سی لیتے ہیں۔ خط کھینچنے کا آلہ۔ مسطر کرنا۔ خط کھینچنا۔ لکیریں کھینچنا۔

مَسطُور: (ع) سطر بندی کیا گیا۔ لکھا گیا۔

مَسعُود: (ع) نیک۔ اچھی قسمت والا۔

مُسَقَّف: (ع) جس پر چھت ڈالی گئی ہو۔ مسقف کرنا۔ چھت ڈالنا۔ پاٹنا۔

مَسک: (د-مو) کسی ڈورے کے سبب کپڑے کا ذرا پھٹ جانا۔ ٹوٹنے کی آواز۔ دھچکا۔ دبانا۔ بھینچنا۔

منیر

مرے غنچ کو غم فرقت سے دو پاتنگ ہوتے ہیں
شگفتہ ہوتی ہے بجھ کو مسک خوش ساحل کی

مَسکانا۔ کپڑے کو اس طرح پھاڑنا کہ اس کے تار الگ نہ ہوں۔ نوچنے والوں کا اپنے بدن کو ٹپک ٹپک کر ٹیڑھا سیدھا کرنا۔ مسک جانا۔ تڑق جانا۔ پھٹ جانا۔ ٹوٹ جانا۔

مُسکا: (د-مذ) وہ چھینکا جو جانوروں کے منہ پر چڑھاتے ہیں کہ فصل خراب نہ کریں۔

مُسکِت: (ع) چپ کرا دینے والا۔

مُسکِر: (ع) نشہ پیدا کرنے والی چیز۔ مسکرات (مذ) وہ چیزیں جو نشہ پیدا کرتی ہیں۔

مُسکرانا: (د) ہونٹوں میں ہنسنا۔ مسکراہٹ (مو) ہونٹوں میں ہنسی۔

مَسکَن: (ع-مذ) رہنے کی جگہ۔

مَسکنا: (د) دیکھو مسک جانا۔ حرکات کا جواب دینا۔ کچھ کچھ ملنا۔ دبانا۔ جنبش کرنا۔ اپنی جگہ سے ہلنا۔

کپڑے کا کھنچاؤ یا گھسنے کی وجہ سے کمزور ہونا۔ سخن سے قلق

مجھے جوشش بہار باغ سے ہر دم یہ کھٹکا ہے
کہیں داماں گل مسکے نہ غنچے کی قبا مسکے

مَسکوٹ: (د-مو) صلاح۔ مشورہ۔ پنچایت۔ مسکوٹ کرنا۔ آپس میں صلاح مشورہ کرنا۔ مسکوٹ ہونا۔ آپس میں صلاح مشورہ ہونا۔

مَسکوڑا: (د-مذ) کروٹ کا دھچکا۔ کروٹ کا۔ مسکوڑا لینا۔ جسم کو جھٹکا دے کر کروٹ بدلنا۔ مسکوڑا مارنا۔ دھچکے سے کروٹ لینا۔

مَشکُوک: (ع) شبہ لگا ہوا۔ سرکاری چھاپ کا سکہ۔

مَسکہ: (د-مذ) تازہ نکالا ہوا گھی۔ جھاگ۔ مکھن۔

مِسکِین: (ع) غریب۔ بھوکا۔ کنگال۔ مسکین صورت۔ بے زبان۔ غریب۔ مسکین۔ غم کا مسکین مزدور سے مزدات اور سیدھا۔ مسکین طبع بے ایذا۔ غریب طبیعت کا۔ مسکینی (مو) غریبی۔ کنگلاپن۔ بیچارگی۔

مِسَل: (ا-مو) مقدمے کے کاغذات کی فائل۔ روداد مقدمہ کی فائل۔ (دیکھیے مثل)

مَسَل ڈالنا: (د) پیس دینا۔ کچل ڈالنا۔ توڑنا۔ مروڑنا۔ مسل کر رکھ دینا۔ کچل دینا۔ توڑ مروڑ دینا۔

مُسَلَّح: (ع) وہ شخص جو ہتھیار لگائے ہوئے ہو۔ مسلح کرنا۔ ہتھیار لگانا۔ کیل کانٹے سے لیس کرنا۔ مسلح ہونا۔ کیل کانٹے سے لیس ہونا۔ ہتھیار بند ہونا۔

مَسلَخ: (ع-مذ) جانوروں کی کھال اتارنے کی جگہ۔ بوچڑ خانہ۔

مُسَلسَل: (ع) سلسلہ وار۔ پے در پے۔ متواتر۔ ایک قسم کا کپڑا۔ سے جیسی

بیچارے گرگ کا ڈوپٹہ مجھے ہے جوش
اور آپ اوڑھے بیٹھیں مسلسل کی اوڑھنی

مُسَلَّط: (ع) وہ جو کسی پر غالب کر دیا جائے۔ تعینات۔ سر پر سوار۔ مسلط کرنا۔ تعینات کرنا۔ مسلط ہونا۔ تعینات ہونا۔

مَسلَک: (ع-مذ) راستہ۔ قاعدہ۔ طریقہ۔ دستور۔ مذہب۔

مُسَلَّم: (ع) برقرار رکھا گیا۔ مانا گیا۔ پورا۔ بحال۔ وہ جو سالم ہو۔ درست۔ ٹھیک۔ ضرور۔ واجب۔ سونپا گیا۔ اعتبار کیا گیا۔ چھت پاٹنے کا تختہ۔

مُسلِمہ (مو)

مُسلِم:- (ع) مسلمان۔ مُسلِمہ۔ مسلمان عورت۔ مُسلِمِین۔ مُسلِم کی جمع۔ مُسلِمات۔ مُسلِمہ کی جمع۔

مُسَلمان:- (ف۔ مذ) حضرت محمد صلعم کے پر ایمان لانے والا۔ مُسلمان کرنا۔ دین اسلام میں لانا۔ مسلمان ہونا۔ مذہب اسلام قبول کرنا۔ مسلمانی۔ مسلمان سے متعلق۔ اسلام۔ دین۔ ختنہ۔ مسلمانی اور آنا کانی: ایک قوم کے ہو کر آپس میں جدائی۔ مسلمانی کرنا۔ مسلمانی ہونا۔ ختنے کرنا۔

مَسَلنا:- (ہ) ہاتھوں سے ملنا۔ روندنا۔ دبانا۔ کچلنا۔ رگڑنا۔ آٹا گوندھنا۔

مَسلُوب:- (ع) چھینا ہوا۔ مٹایا گیا۔ مسلوب العقل۔ مسلوب الحواس۔ وہ شخص جس کے ہوش حواس ٹھکانے نہ ہوں۔

مَسلُوک:- (ع) جاری کیا گیا۔ آمد و رفت کیا گیا۔ سلوک اور احسان کیا گیا ہو۔

مَسلُول:- (ع) سل کی بیماری والا۔ وہ شخص جسے سل کی بیماری ہو گئی ہو۔ نیام سے باہر نکلی ہوئی تلوار۔

مُسَمّاۃ:- (ع۔ مو) یہ لفظ عورت کے نام سے پیشتر مستعمل ہے۔ جس کا نام ہے۔ نامی۔

مِسمار:- (ع) منہدم۔ تہس نہس۔ مسمار کرنا۔ ڈھانا۔ گرانا۔ تباہ کرنا۔ مسمار ہونا۔ ڈھینا۔ گرنا۔ برباد ہونا۔

مِسمِریزم:- (انگ۔ مذ) آسٹریا کے ڈاکٹر فریڈرک باشندہ میزمر کا ایجاد کیا ہوا علم۔ جس میں تصور یا خیال کی قوت سے انسان یا حیوان کو بے ہوش کرتے ہیں۔

مُسَمسی:- (ا) دیکھنے میں غریب۔ گھُنّی۔ گربہ مسکین۔ مُسَمسی صورت (مو) مسکین صورت۔ ظاہر و غریب طبع لیکن دل سے شریر اور فسادی۔

مُسَمَّط:- (ع۔ مذ) ایک قافیے کے ۳ مصرعے سے لے کر ۱۰ مصرعوں تک کی نظم کا بند۔ مثلث۔ مربع۔ مخمس۔ مسدس۔ مسبع۔ مثمن۔ متسع اور معشر سب اسی کی قسمیں ہوتی ہیں۔

مَسمُوع:- (ع) سُنا گیا۔ قبول کیا گیا۔

مَسمُوم:- (ع) زہر دیا گیا۔ زہر آلود۔ زہر خوردہ۔

؎ ناسخ

سبز آتے ہیں نظر اشجار مسموموں کی طرح
فرقت جاناں میں یہ آیا فصل گل کا سم ہوا

مسموم کرنا۔ سم دینا۔ زہر ملا کر دینا۔

مُسَمّیٰ:- نام رکھا گیا۔ نامی۔

مُسِن:- (ف) بوڑھا۔ پُرانا۔ دانا۔ عمر رسیدہ۔ مُسِن ہونا۔ عمر رسیدہ ہونا۔ دانا۔ تجربہ کار ہونا۔

مُسنا:- (ہ) لٹ جانا۔ لوٹا جانا۔

مَسنَد:- (ع۔ مو) گاؤ تکیہ۔ گدی۔ تخت۔ امرا کے بیٹھنے کا فرش۔ مسند آرا (بے اضا۔ مذ) مسند کو سجانے والا۔ مسند لگا کر بیٹھنے والا۔ مسند کا گدھا۔ بے وقوف امیر۔ مسند نشین (بے اضا) گدی پر بیٹھنے والا۔ مسند نشینی (بے اضا۔ مو) گدی پر بیٹھنا۔

مُسنَد:- (ع) (تالیف احمد بن حنبل) حدیث کی ایک کتاب کا نام۔ عربی کا ایک پرانا طرز تحریر جو حمیری جمیر کے یہاں رائج تھا۔ علم نحو کی اصطلاح میں مبتدا کی خبر۔ مُسنَد الیہ۔ خبر کا مبتدا۔

مَسنُون:- (ع) وہ فعل جس کا کرنا شرع میں سنت ہو اور جسے آنحضرت نے خود کیا ہو۔

مِسواک:- (ع) دانت صاف کرنے کی ریشہ دار لکڑی۔ دتون۔ مسواک کرنا۔ دانتوں کو مسواک سے صاف کرنا۔

مُسوانا:- (ہ) لٹوانا۔ چوری کروانا۔

مُسَوَّدہ:- (ف۔ مذ) وہ عبارت جو سرسری لکھی جائے اور جس کے صاف کرنے کی ضرورت پڑے۔ مسند میں دیکھیے "پرداز"۔ منصوبہ۔ بعض اساتذہ نے اس کا تلفظ "مسوّدہ" کیا ہے۔ ؎ داغ

پورا ہوا نہ ایک بھی اس دل کا مسودہ
فرسودہ لاکھ بار قلم ہو کے رہ گیا

مسودہ بنانا یا کرنا۔ سرسری طور پر لکھنا۔ مسودہ گانٹھنا۔ مضمون بنانا۔ منصوبہ گانٹھنا۔

مَسُور:- (ہ۔ مو) ایک قسم کا غلہ جس کی دال بنا کر کھاتے ہیں۔

مَسوس:- (ہ۔ مو) مروڑ جو آنتوں میں ہوتی ہے۔ مسوسنا۔ مروڑنا۔ ملنا۔ دبانا۔ دکھ کر غم کرنا۔ صبر کرنا۔

مَسُوڑا:- (ہ۔ مذ) گوشت جس میں سے دانت نکلتے ہیں۔ مسوڑھا۔

مَسوسا:- (ا۔ مذ) افسوس۔ پچھتاوا۔ مسوسا ہونا۔ پچھتاوا ہونا۔ افسوس ہونا۔

عاشق کا جنازہ ہے ملا راہ میں پیارے
تو بھی تو مشیت کوئی دو گام کیے جا

مَشّائین:- (ع) وہ فلسفی جو ایک دوسرے کے پاس جا کر تحصیل علم کیا کرتے تھے۔ بخلاف اشراقین کے کہ وہ بیٹھے بیٹھے معلوم کر لیتے تھے۔

مُشَبَّک:- (ع) بجرو۔ جالی دار سوراخ سے سوراخ

کیوں کر نہ ہو مشبک بھشر سا دل ہمارا
اس شوخ کی نگاہیں پتھر میں دھنستیاں ہیں

مُشَبَّہ:- (ع) جس کو تشبیہ دی جائے۔ مُشَبَّہ بہ۔ جس چیز سے تشبیہ دی جائے۔

مُشت:- (س۔ ف) یہ لفظ تذکیر و تانیث میں مضاف الیہ کا تابع ہوتا ہے جیسے "مشت پر" (مذ) "مشت خاک" (مو) پنجہ کی انگلیاں جب بند ہوں۔ وہ مقدار جو ایک مٹھی میں آئے۔ تھوڑی جماعت۔ تھوڑی چیز۔ مشت استخواں (مذ) مٹھی بھر ہڈیاں۔ کمال لاغر۔ وہ جس کے بدن پر گوشت نہ ہو۔ ہڈیاں ہی ہڈیاں ہوں۔ مشت پر (مذ) تھوڑے سے پر۔ مشت خاک۔ دنیا۔ انسان۔ کرہ ارض۔ مشت خاک (مو) مٹھی بھر خاک۔ مُشت زن (ب ے اضا) مکا مارنے والا۔ کشتی کرنے والا۔ جلق لگانے والا۔ مشت زنی (مو) مکے مارنا۔ جلق لگانا۔ مشت غبار (ب ا ضا) تھوڑا غبار۔ انسان مجاز۔ مشت و مال (بے اضا۔ مو) مالش جو پہلوان جسم کے سخت ہونے کے لیے کرتے ہیں۔ مشتے نمونہ از خروارے۔ کسی ڈھیر کا جزو دیکھ کر کل کا اندازہ لگایا جاتا ہے۔ بطور نمونہ

مُشتاق:- (ع) آرزومند۔ شوق رکھنے والا۔ خواہش رکھنے والا۔ مشتاق بنانا۔ آرزومند بنانا۔ مشتاق ہونا۔ آرزومند ہونا۔ طالب ہونا۔ مشتاقانہ۔ مشتاق کی مانند۔ نہایت شوق سے۔

مُشتَبہ:- (ع) جس میں شک ہو۔ مشکوک۔

مُشتَرک:- (ع) ساجھے کا۔ ملا ہوا۔ شامل۔ وہ لفظ جو دو معنی رکھتا ہو۔ مشترکہ۔ ملا ہوا۔ ساجھے کا۔

مُشتَری:- (ع) مول لینے والا۔ گاہک (مو۔ مذ) ایک ستارے کا نام جو چھٹے آسمان پر ہے اور سعد اکبر سمجھا جاتا ہے۔ کیمیاگروں کی اصطلاح میں رانگا۔ قلعی

مُشتَعِل:- (ع) بھڑکتا ہوا۔ جلتا ہوا۔ مشتعل کرنا۔ غصہ دلانا۔ بھڑکانا۔ مشتعل ہونا۔ بھڑکنا۔ شعلہ اٹھنا۔ غصے میں آنا۔

مُشتَق:- (ع) نکلا ہوا۔ وہ لفظ جو کسی دوسرے لفظ سے نہ نکلا ہو۔ جامد کی ضد۔

مُشتَمِل:- (ع) شامل۔ شریک۔ مشمول۔

مُشتَہر:- (ع) مشہور کیا گیا۔ شہرت دینا۔ ڈھنڈورا پیٹنا۔ اشتہار دینا۔ مُشتَہِر۔ مشہور کرنے والا۔ اشتہار دینے والا۔ منادی کرنے والا۔

مُشتَہی:- (ع) خواہش کرنے والا۔ آرزومند۔ بھوک لگنے والا۔

مَشٹ:- (ھ) مونا چپ۔ خاموشی۔ کم گوئی۔ مشٹ مارنا۔ سنی ان سنی کر دینا۔ خاموش رہنا۔ بہانہ کر کے خاموش پڑا رہنا۔ مشٹ مارا جانا۔ چپکے سے کھسک جانا۔ چلا جانا (فرخ آبادی روزمرہ)

مُشَجَّر:- (ف۔ مذ) وہ کپڑا جس پر بیل بوٹے بنے ہوئے ہوں۔

مَشحُون:- (ع) بھرا ہوا۔ پر۔

مُشَخَّص:- (ع) جانچا گیا۔ پڑتال کیا گیا۔ معین۔

مُشَدَّد:- (ع) جس پر تشدید کی علامت ہو جو دو دفعہ پڑھا جائے۔ جکڑ کر باندھا گیا۔

مَشرَب:- (ع۔ مذ) پانی پینے کی جگہ۔ چشمہ۔ جھیل۔ مذہب۔ دین۔ ڈھنگ۔ ملت۔

مُشَرَّح:- (ع) تشریح کیا گیا۔ صاف۔ مفصل۔ واضح۔

مُشَرَّف:- (ع) مشرف دیا گیا۔ بزرگ۔ معزز (کرنا۔ ہونا)

مُشرِف:- (ع) بلند جگہ۔ بلندی پر چڑھ کر چاروں طرف نگاہ ڈالنے والا۔ لب

مَشرِق:- (ع۔ مذ) سورج نکلنے کی جگہ۔ پورب مشرقی۔ مشرق سے متعلق۔ پورب کی طرف کا۔ مشرقی خیالات۔ ایشیائی خیالات۔ دقیانوسی خیالات۔ مشرقی علوم۔ ایشیائی علم۔ فارسی و عربی وغیرہ۔

مُشرِک:- (ع) وہ شخص جو خدا کو ایک نہ مانے بلکہ کسی اور کو بھی خدا کا شریک کرے۔ کافر۔

مَشرُوط:- (ع) شرط کیا گیا۔ کسی شرط پر موقوف۔

مَشرُوع:- (ع) شرع کے مطابق (مذ) ایک قسم کا عمدہ کپڑا۔

مُشعِر: (ع) خبر دینے والا۔ ظاہر کرنے والا۔

مَشعَرُالحَرام: (ع۔ مذ) مزدلفہ۔ یہ وہ مقام ہے جہاں مکہ معظمہ میں حج کے زمانے میں ایک شب قیام کرتے ہیں۔

مَشعَل: (ع۔ مو) کپڑے کی بڑی بتّی تیل سے تر کر کے لکڑی پر پٹیاں کرتے ہیں۔ مشعل جلانا۔ مشعل روشن کرنا۔ روشنی کرنا۔ مشعل جلا کر ڈھونڈنا۔ بہت زیادہ تلاش کرنا۔ مشعل دکھانا۔ روشنی دکھانا۔ رہنمائی کرنا۔ مشعلچی۔ مشعل جلانے یا دکھانے والا۔ برتن مانجھنے والا۔ مشعلچی آپ ہی اندھا ہے۔ جو دوسروں کو راہ بتائے اور خود گمراہ رہے۔

مَشغَلہ: (ع۔ مذ) کام۔ دل بہلاوا۔ کھیل۔ ہنسی ٹھٹھہ۔ مشغلہ ہاتھ آنا۔ دل بہلاوا ہاتھ آنا۔ مصروفیت ہاتھ آنا۔

مَشغُول: (ع) کام میں لگا ہوا۔ مشغولی (مو) کام میں لگا ہوا ہونا۔ مصروف ہونا۔

مُشفِق: (ع) مہربان۔ دوست۔ پیارا۔ مشفقانہ۔ دوستی کے طور سے۔ دوستانہ ہمدردی سے۔

مَشق: (مو) کسی کام کو بار بار کرنا۔ مہارت۔ وہ تختہ یا کاغذ جس پر مشق کی ہو۔ وہ سوالات جو کسی سبق کے بعد لکھے جاتے ہیں۔ مہارت (بڑھنا۔ بڑھانا۔ رہنا۔ رکھنا کے ساتھ) مشق چڑھی ہونا۔ بہت مہارت ہونا (ان دنوں احکام نجوم کی مشق بڑھی ہوئی تھی۔ آزاد) مشق سخن (بہ اضافہ) شعر کہنا۔ مشق کرنا۔ مہارت پیدا کرنا۔ لگاتار کوئی کام کرنا۔ مشق ہونا۔ مہارت ہونا۔ مشقی۔ تختی جسے لکھنے کے بعد دھو ڈالتے ہیں۔

مَشَقّت: (ع۔ مو) محنت۔ تکلیف۔ مزدوری۔ مشقت کرنا۔ محنت کرنا۔ مزدوری کرنا۔

مَشک: (ف۔ مو) پانی بھرنے کی کھال۔ مشک چھوڑنا۔ مشک کا پانی بہانا۔ چھڑکاؤ کرنا۔ مشکیزہ (مذ) چھوٹی مشک۔ مشکیں چھوٹنا۔ پانی سے دست آنا۔

مُشک: (ف۔ س۔ مذ) ایک قسم کی خوشبو جو تاتاری ہرن کے نافے سے نکلتی ہے۔ کالا۔ سیاہ۔ مشک چھڑکنا۔ کنایۃً زخم کو ہرا کرنا۔ مشک زخم کو نقصان پہنچاتا ہے۔ مشک بیز۔ خوشبودار۔ مشکیں۔ سیاہ۔ خوشبودار۔ مشک نافہ۔ سیاہ رنگ کا گھوڑا۔ کستورے کی ناف اور مشک کی بو۔ مشکبو۔ مشک کی خوشبو والا۔

مُشَکَّل: (ع) تصویر (کرنا۔ ہونا)۔

محمل سے تھی کے بجرے آنکھیں ہوا سے تند
اٹھتے تھے یا ہوئی تھی مشکل ہوا سے تند — ذوق

مُشکِل: (ع) سخت۔ کٹھن (مو) سختی۔ مصیبت۔ مشکل آسان کرنا۔ مشکل دور کرنا۔ جان بچانا۔ مشکل آسان ہونا۔ مشکل دور ہونا۔ بپتا سے چھوٹنا۔ جان بچنا۔ مشکل آ پڑنا یا آ بننا یا پڑنا۔ مصیبت پڑنا۔ جان پر بننا۔ مشکل پسند۔ باریک بین۔ آسمانی خیال و الفاظ استعمال کرنے والا ادیب۔ مشکل سے۔ دقت سے۔ مشکل سے نکالنا۔ مصیبت دور کرنا۔ مصیبت سے بچانا۔ مشکل کٹ جانا۔ مصیبت ختم ہو جانا۔ مشکل کشا۔ مشکل دور کرنے والا۔ حضرت علیؓ کا لقب۔ مشکل کشائی (مو) مشکل دور کرنا۔ مصیبت دور ہونا۔ مشکل کشائی کرنا۔ مشکل حل کرنا۔ کام بنانا۔ مشکلوں سے۔ دقت سے۔ دشواری سے۔ مشکلے نیست کہ آساں نہ شود۔ مصیبت کی حالت میں ڈھارس بندھانے کے لیے مستعمل ہے۔ مشکلات (مو) مشکل کی جمع۔

مُشکوئے: (ف۔ مذ) شاہی محل۔ خلوت خانہ۔ بالاخانہ۔ بت خانہ۔

مَشکُور: (ع) پسند کیا گیا۔ پسندیدہ۔ عوام احسان مند کے معنوں میں بولتے ہیں مگر یہ غلط ہے۔ کبھی کامیاب کے معنی بھی دیتا ہے۔ جیسے سعی مشکور (بہ اضافہ)

مَشکُوک: (ع) شک کیا گیا۔ گمان کیا گیا۔ جس میں شک ہو۔ مشکوک ہونا۔ مشتبہ ہونا۔

مُشکیں: (ا۔ مو) دونوں بازو۔ دونوں شانے۔ مشکیں باندھ کر مارنا۔ دونوں ہاتھ پیچھے باندھ کر مارنا۔ بہت زیادہ مارنا۔ مشکیں باندھنا۔ دونوں ہاتھ شانوں سے باندھنا۔ پکڑنا۔ مشکیں بندھوانا۔ پکڑوانا۔ دونوں ہاتھ شانے سے بندھوانا۔ مشکیں کسنا۔ دونوں ہاتھ شانوں سے باندھنا۔ پکڑنا۔ مسین کی طرح مشکیں کا مفرد مستعمل نہیں۔

مَشمُول: (ع) اشتمال کیا گیا۔ چاروں طرف سے گھیرا گیا۔ شریک کیا گیا۔ ملایا گیا۔ مشمولہ۔ شامل۔ ملا ہوا۔

مِشن: (انگ۔ مذ) پادریوں کے رہنے کی جگہ۔ مشنی۔ وفد۔ سفارت۔ پیغمبری۔ ایلچی گری۔ مشنری۔ پادری لوگ جو مذہب کے پھیلانے کے پیچھے جائیں۔ مشن مقصد۔

مَشوَرت: (ع۔ مو) صلاح۔ مشورہ۔ پنچایت۔ کمیٹی۔ مشورت کرنا۔ مشورہ کرنا۔ صلاح کرنا۔ مشورت ہونا۔ مشورہ ہونا۔ صلاح ہونا۔ مشورہ (مذ) صلاح۔ تجویز۔ مشورہ دینا۔ صلاح دینا۔ مشورہ کرنا۔ صلاح کرنا۔ مشورہ لینا۔ صلاح لینا۔ رائے لینا۔

مُشَوَّش :- (ع) پریشان۔ مضطرب۔ حیران۔

مَشوِی :- (ع) بھُنا ہوا۔ بریان۔

مَشہَد :- (ع۔ مذ) حاضر ہونے کی جگہ۔ ایران کا ایک شہر جہاں حضرت علیؑ رضا کا مزار مقدس ہے۔ شہیدوں کا قبرستان۔ شہید ہونے کی جگہ ہے آتش

مشہد پروانہ میں اکثر جلائی ہم نے شمع

نام بلبل پہ لٹایا بارہا گلزار کو

مَشہُور :- شہرت دیا گیا۔ نامی۔ مشہور کرنا۔ شہرت دینا۔ بدنام کرنا۔ مشہور ہونا۔ شہرت پانا۔ بدنام ہونا۔ مشہور و معروف۔ شہرت رکھنے والا۔ جانا بوجھا۔

مَشِیَّت :- (مو) خواہش۔ مرضی۔ ارادہ۔ خدائی مرضی۔ خدا کا ارادہ۔ مشیت ایزدی (مو) خدا کی مرضی۔

مَشِیخَت :- (ع۔ مو) بزرگی۔ شیخی۔ غرور۔ مشیخت پناہ۔ شیخی خورا۔ مشیخت جھاڑنا۔ بزرگی جھاڑنا۔ مشیخت کرکری ہونا۔ شیخی خاک میں ملنا۔ مشیخت مآب۔ مشیخت پناہ۔ صوفی کیلئے تعظیمی خطاب۔

مُشِیر :- (ع) مشورہ دینے والا۔ وزیر۔ ایڈوائزر۔ مشیر خاص۔ مخصوص مشورہ دینے والا۔ پرائیویٹ سکرٹری۔

مَشِین :- (انگ۔ مو) کل۔ پرزہ۔ ہر قسم کی کل۔

مُشتَیَن :- (ف) شاندار (بڑا مشتین ہے)

مَصَابِیح :- (ع۔ مذ) مصباح کی جمع۔ چراغ۔

مُصَاحِب :- (ع) ساتھی۔ خاص دوست۔ پاس بیٹھنے والا۔ مصاحبت (مو) پاس بیٹھنا۔ سنگت۔

مَصَادِر :- (ع۔ مذ) مصدر کی جمع۔ مآخذ۔ حوالوں کی کتابیں۔

مَصَارِف :- (ع۔ مذ) مصرف کی جمع۔ بہت سے خرچ اخراجات۔ مصارف اٹھانا۔ اخراجات برداشت کرنا۔ مصارف برداشت کرنا۔ اخراجات اٹھانا۔

مَصَاف :- (ع۔ مذ) صف کی جمع۔ صف باندھنے کی جگہیں۔ لڑائی کا میدان۔

مُصَافَحہ :- (ع۔ مذ) ملاقات کے وقت ہاتھ سے ہاتھ ملانا۔ مصافحہ کرنا۔ دونوں ہاتھ ملانا۔

مَصَالِح :- (ع۔ مذ) مصلحت کی جمع۔ مصلحتیں۔ مصالحہ دیکھو مسالا۔

مُصَالَحَت :- (ع۔ مو) آپس میں صلح کرنا۔ میل ملاپ۔ مصالحت کرنا۔ صلح صفائی کرنا۔ میل ملاپ کرنا۔ مصالحت ہونا۔ صلح صفائی ہونا۔ رنجش دور ہونا۔

مُصَاہَرَت :- (ع) خسر کرنا۔ داماد بنانا۔ سسرالی رشتہ۔

مَصَائِب :- (ع۔ مو) مصیبت کی جمع۔ تکلیفیں۔ مصیبتیں۔ بعض استادوں نے مذکر استعمال کیا ہے۔ مصائب ٹوٹنا۔ مصیبتیں نازل ہونا۔ آفتیں آنا۔ مصائب میں مبتلا ہونا۔ مصیبتوں میں پھنسنا۔

مِصبَاح :- (ع۔ مذ) دیا۔ لیمپ۔ صبح کے وقت شراب پینے کا پیالہ۔

مُصَبَّر :- (ع۔ مذ) مشہور کڑوی دوا۔ ایلوے سے مرکب دوا۔

مُصَحِّح :- (ع) درست کرنے والا۔ صحیح کرنے والا۔

مُصحَف :- (ع۔ مذ) وہ کتاب جس میں رسالے اور صحیفے جمع ہوں۔ مراد قرآن شریف۔ مصحف اٹھانا۔ قرآن اٹھا کر قسم کھانا۔ مصحف بغلی (برا ضا) چھوٹی تقطیع کا قرآن۔ مصحّف تصحیف شدہ۔ بگڑا ہوا۔ تغیر یافتہ عبارت۔

مَصحُوب :- (ع۔ مذ) ہمراہ۔ ساتھ۔

مِصدَاق :- (ع۔ مذ) وہ شے جس پر کسی معنی کا اطلاق ہو۔

مَصدَر :- (ع۔ مذ) نکلنے کی جگہ۔ چشمہ۔ جڑ۔ اصل۔ بنیاد۔ وہ کلمہ جس سے فعل اور صیغے مشتق ہوں۔

مصدر لازم (مذ) وہ مصدر جو صرف فاعل ہی پر تمام ہو جائے۔ مصدر متعدی (مذ) وہ مصدر جو فاعل کے علاوہ مفعول کو بھی چاہے۔

مُصدِع :- (ع) تکلیف دینے والا۔ دردِ سر پیدا کرنے والا۔

مُصَدِّق :- (ع) تصدیق کرنے والا۔ ثبوت دینے والا۔ مُصَدَّق جس کی تصدیق کی جائے۔ تصدیق شدہ۔ مصدقہ۔ تصدیق کیا ہوا۔

مِصر :- (ع۔ مذ) شہر۔ نگری۔ ایک مشہور ملک کا نام۔ مصری۔ مصر سے منسوب (مصری تلوار) مصر کا باشندہ (مو) مصر کی زبان۔ نبات سفید۔ مصری کا کوزہ۔ نہایت میٹھا کوزہ نبات۔ مصری کھلانا۔ تلوار مانگنا۔

مُضَاعَف :- (ع - مذ) دونا - دوچند - دوہرا۔ علمِ صرف کی اصطلاح میں وہ کلمہ جس کے آخر میں ایک قسم کے حرف آئیں۔

مُضَاف :- (ع - مذ) اضافت کیا گیا۔ نسبت کیا گیا۔ اسناد میں دیکھیں "راجع" متعلق کیا گیا۔ ملایا گیا (ج - آب مضاف) غیر خالص (مذ) (نحو) وہ اسم جو کسی دوسرے اسم کے ساتھ لگایا جائے۔ مُضاف الیہ (مذ) وہ اسم جس کے ساتھ کوئی دوسرا اسم لگایا جائے۔

مُضَافَات :- (ع - مذ) کسی شہر کے آس پاس کے گاؤں اور قصبے۔

مَضَامِین :- (ع - مذ) مضمون کی جمع۔ مطالب۔ معانی۔

مُضَائِقَہ :- (ع - مذ) تنگی۔ قباحت۔ حرج۔ ڈر۔ پروا۔

مَضْبُوط :- (ع) جس پر قبضہ کیا گیا ہو۔ پکا۔ سخت۔ شاکا۔ کڑا۔ طاقت ور۔ قوی۔ پائدار۔ مضبوطی (مو) سخت ہونا۔ طاقت۔ ہمت۔ پختگی۔ جسارت۔ اطمینان۔ دلجمعی۔ تسلی۔

مُضْحِک :- (ع) ہنسانے والا۔ ہنسانے والی بات۔ مضحکات (مذ) لطیفے۔ ہنسانے والی باتیں۔ مضحکہ (مذ) ہنسی۔ مذاق۔ تمسخر۔ ٹھٹھا۔ مضحکہ اڑانا۔ ہنسی اڑانا۔ مذاق کرنا۔ ذلیل کرنا۔ مضحکہ کرنا۔ ہنسی کرنا۔ کسی پر ہنسنا۔ مضحکہ خیز۔ جسے دیکھ کر ہنسی آئے۔ مہمل

مُضِر :- (ع) نقصان پہنچانے والا۔ مُضِر ہونا۔ نقصان دہ ہونا۔ ضرر رساں ہونا۔

مِضْرَاب :- (ع - مو) ستار بجانے کا آلہ۔ ضرب لگانے کا آلہ۔

مَضَرَّت :- (ع - مو) نقصان۔ مضرت پہنچانا۔ نقصان پہنچانا۔ تکلیف دینا۔ مضرت رسانی۔ ضرر رسانی۔

مَضْرُوب :- (ع) زخمی جسے چوٹ آئی ہو۔ وہ عدد جسے ضرب دیں۔ مضروب ہونا۔ زخمی ہونا۔

مُضْطَر :- (ع) بے اختیار۔ بے چارہ۔ بے بس جسے چین نہ ہو۔ بے قرار۔

مُضْطَرِب :- بے چین۔ گھبرایا ہوا۔ حیران۔ بے قرار۔ مضطرب رہنا۔ بے چین رہنا۔ بیقرار رہنا۔ مضطرب ہونا۔ بیقرار ہونا۔ بے کل ہونا۔

مُضْغَہ :- (ع - مذ) گوشت کا ٹکڑا۔ لوتھڑا۔ پیٹ کا وہ بچہ جس میں ابھی جان نہ پڑی ہو۔

مِضْمَار :- (ع - مذ) وہ میدان جہاں گھوڑے دوڑاتے ہیں۔

مُضِل :- (ع) گمراہ کرنے والا۔

مُضْمَحِل :- (ع) سست۔ تھکا ہوا۔ کمزور۔ دبلا۔ اداس۔ مضمحل کر دینا۔ تھکا دینا۔ کمزور کر دینا۔ مضمحل کرنا۔ کمزور کرنا۔ تھکانا۔

مُضْمَر :- (ع) دل میں پوشیدہ رکھا گیا۔ چھپا ہوا۔ پنہاں۔ مضمر ہونا۔ پوشیدہ ہونا۔

مَضْمُوم :- (ع) وہ حرف جس پر پیش ہو۔

مَضْمُون :- (ع - مذ) مطلب۔ بیان۔ بات۔ جواب۔ مضمون۔ آرٹیکل۔ مضمون لڑنا۔ مضمون ملنا۔ ایک مضمون کا دوسرے سے مطابق ہونا۔ مضمون لکھنا۔ مقالہ لکھنا۔ مضمون نگار (ابے اضا) مضمون لکھنے والا۔ مضمون نگاری (ابے اضا - مو) مضمون لکھنے کا کام۔ مضمون واحد ہونا۔ ایک ہی مطلب ہونا۔ ایک ہی حال ہونا۔ شریک حال ہونا۔

مَضَىٰ مَامَضَىٰ :- (ع) جو کچھ ہوا سو ہوا۔ جو بیت گئی سو بیت گئی۔ جو ہونا تھا ہو چکا۔

مَطَابِع :- (ع) مطبع کی جمع۔ پریس۔ چھاپے خانے۔

مُطَابِق :- (ع) موافق۔ برابر۔ مانند۔ تابع فعل۔ مناسب۔ لحاظ۔ مطابق کرنا۔ ملانا۔ موافق کرنا۔ ایک جیسا کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ مطابق ہونا۔ یکساں ہونا۔ برابر ہونا۔ مقابلہ ہونا۔ مطابقت (مو) برابری۔ مانند ہونا۔ مشابہت۔ مطابقت رکھنا۔ برابر ہونا۔ یکساں ہونا۔ مطابقت ہونا۔ برابر ہونا۔ مانند ہونا۔

مُطَاع :- (ع) وہ شخص جس کی اطاعت کی جائے۔ حاکم

مَطَالِب :- (ع - مذ) مطلب کی جمع۔ مرادیں۔ مقاصد۔

مُطَالَبَہ :- (ع - مذ) اپنا حق چاہنا۔ دعویٰ۔ مانگ۔ طلبی۔ مطالبہ کرنا۔ طلب کرنا۔ تقاضا کرنا۔ مانگنا۔ مطالبہ ہونا۔ طلب ہونا۔ تقاضا ہونا۔

مُطَالَعَہ :- (ع - مذ) دھیان۔ بچار۔ غور۔ کتاب بغور پڑھنا۔ مطالعہ کرنا۔ پڑھنا۔ دیکھنا۔ سبق پڑھنے سے پہلے خود اگلا سبق دیکھنا۔

مُطَائِبَہ :- (ع - مذ) ہنسی۔ مذاق۔ ظرافت۔ مطائبات۔ جمع مطائبہ کی۔ ہنسی مذاق کی باتیں۔ خوش طبعی کی باتیں۔ لطیف۔ مزاحیہ نثریں۔

مَطَب: (ف - مذ) ڈاکٹر یا حکیم کے بیٹھنے کی جگہ - مطب جمنا - مطب چلنا - مریضوں کا کافی تعداد میں آنا - مطب سرد ہونا - مریضوں کا کم آنا - گرم ہونے کی ضد - مطب کرنا - کسی مخصوص جگہ میں بیٹھ کر مریضوں کو دیکھنا -

مَطبَخ: (ع - مذ) کھانا پکانے کی جگہ - باورچی خانہ -

مَطبَع: (ع - مذ) چھاپنے کی جگہ - چھاپہ خانہ -

مَطبُوخ: (ع) آگ پر پکائی ہوئی چیز -

مَطبُوع: (ع) چھاپا گیا - پسند کیا گیا - مرغوب - مطبوع ہونا - پسند ہونا - مرغوب - مطبوعہ - چھپا ہوا -

مَطَر: (ع - مذ) بارش -

مُطرِب: (ع - مذ) گویا - گانے والا -

مَطرُود: (ع) نکالا ہوا - دھتکارا ہوا -

مَطعُون: (ع) جس پر عیب یا الزام لگایا جائے - طعنہ دیا گیا - مطعون کرنا - طعنہ دینا - بدنام کرنا - برا بھلا کہنا - ملامت کرنا - مطعون ہونا - رسوا ہونا - الزام دیا جانا -

مُطَلّا: (ع) ملمع کیا گیا - سنہری -

مَطلَب: (ع - مذ) غرض - منشا - خواہش - مطلب اٹکنا - غرض وابستہ ہونا - مطلب الٹ دینا - غرض بدل دینا - الٹ جانا - لازم - مطلب بر آنا - مراد بر آنا - مطلب بر آری ہونا - کام نکالنا - مقصد پورا کرنا - مطلب بر آری ہونا - کام نکلنا - مقصد پورا ہونا - مطلب پر آنا - اصل بات شروع کرنا - مطلب پورا کرنا - مراد پوری کرنا - ہونا - مطلب چبا جانا - اصل بات بیان نہ کرنا - مطلب چلنا - مراد کا کچھ تدر پورا ہونا - مطلب خبط ہونا - مطلب نا قابل حل ہونا - مطلب غلط ہونا -

مطلب سعدی دیگر است - اصل بات کچھ اور ہی ہے - مطلب گانٹھنا - غرض رکھنا - مطلب سے مطلب ہونا - اپنے کام سے کام - دوسری چیز سے بے توجہی -

مطلب کا یار یا مطلبی یا مطلبیا - گوں کا یار - وہ شخص جو مطلب نکلنے تک دوست ہے - مطلب کو پہنچنا یا پہنچانا - مراد کو پہنچنا - غرض حاصل کرنا - مطلب نکل جانا - مطلب (نکل جانا) ختم ہونا - مطلب کہنا - سبق کا خلاصہ - مراد بیان کرنا - مطلب کی بات (سننا سنانا) اصل بات سنانا - مطلب کی سوجھنا - مطلب کی بات خیال میں آنا - فکر ہونا - مطلب کی گھات چلنا - غرض کی تدبیر کرتے رہنا - مطلب نکال رکھنا - سبق وغیرہ کو خود سے صحیح یا غلط سمجھ لینا - مطلب نکالنا - غرض پوری کرنا - مطلب ہو جانا - مراد پوری ہونا -

مَطلَع: (ع - مذ) سورج نکلنے کی جگہ - پورب - غزل یا قصیدے وغیرہ کا شعر جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں - مطلع صاف ہونا - آسمان کا گرد یا بادل سے صاف ہونا - دشمنوں سے مقام پاک ہونا - کوئی روک ٹوک یا جھگڑا نہ ہونا -

مُطَّلَع: (ع) اطلاع دیا گیا - جتایا گیا - باخبر - مطلع کرنا - خبر دینا - آگاہ کرنا - مطلع ہونا - آگاہ ہونا - خبردار ہونا -

مُطلَق: (ع) بالکل - قطعی - نفی کی تاکید کے لیے بالکل کی جگہ بھی مستعمل ہے - جیسے انھیں مطلق پروا نہیں - (مذ) قرآن شریف کی وہ آیت جہاں ٹھہرنا لازم ہے - مطلق العنان - جس کی باگ چھوٹی ہوئی ہو - بے لگام - آزاد - اختیار والا - مطلق العنان ہونا - بے لگام ہونا - خود مختار ہونا - مطلقاً - بالکل - قطعی -

مُطَلَّقہ: (ع - مو) وہ عورت جسے طلاق دی گئی ہو - طلاقن - طلاق یافتہ -

مَطلُوب: (ع) چاہا گیا - مقصود - محبوب - مطمح نظر - (مذ - اضا - مذ) نظر پڑنے کی جگہ - لالچ کی جگہ - مقصد - مرکز نگاہ - مقصد اصلی -

مُطمَئِن: (ع) خاطر جمع رکھنے والا - بے فکر - مطمئن کرنا - خاطر جمع کرنا - تسلی دلانا - مطمئن ہونا - بے فکر ہونا - خاطر جمع ہونا -

مُطَہَّر: (ع) پاک کیا گیا - صاف و پاک - معصوم - مطہر - پاک کرنے والا -

مُطِیع: (ع) اطاعت کرنے والا - حکم ماننے والا - تابع - مطیع کرنا - تابع کرنا - زیر کرنا - قابو میں لانا - مطیع ہونا - تابع ہونا - مغلوب ہونا - قابو میں آنا -

مَظالِم: (ع - مذ) سختیاں - بے انصافیاں - ظلم - مظالم توڑنا - ظلم کرنا - سختیاں کرنا - مظالم ہونا - ظلم ہونا - بے انصافیاں ہونا -

مَظاہِر: (ع - مذ) مظہر کی جمع - نظارے -

مُظاہرہ: (ع - مذ) کسی خواہش کے اظہار یا تائید کے لیے مجمع کرنا - مجمع کر کے گشت کرنا -

مُظَفَّر: (ع) جیتا ہوا - جس کو فتح نصیب ہوئی ہو - کامیاب -

مَظلُوم: (ع) جس پر ظلم کیا گیا ہو - دُکھی - ستایا ہوا - مظلوم ہونا - دُکھی ہونا - ستم رسیدہ ہونا -

مَظنُون: (ع) گمان کیا گیا - شک کیا گیا -

مَظِنَّہ: (ع) گمان کرنے کی جگہ - گمان کرنے کا موقع - شک - گمان - خیال - قیاس -

مَظہَر: (ع - مذ) ظاہر ہونے کی جگہ - اسٹیج - اکھاڑہ - تماشا گاہ - مُظہِر - بیان کرنے والا - ظاہر کرنے والا

مَع: (ع) ساتھ - سمیت - ہمراہ - مع ہذا یا معہذا - اس کے ساتھ - علاوہ ازیں - معاً - فوراً - اسی وقت

مَعابِد: (ع - مذ) معبد کی جمع - وہ جگہیں جہاں عبادت کی جائے

مَعابِر: (ع - مذ) دریا سے پار اترنے کی جگہیں - گھاٹ

مَعاد: (ع - مذ) لوٹ کر جانے کی جگہ - قیامت مجازاً - دوسرا جہان

مُعادَلت: (ع - مو) برابری - انصاف -

مَعادِن: (ع - مذ) معدن کی جگہ - کانیں

مَعاذَ اللہ: (ع) اللہ کی پناہ - خدا بچائے -

مُعارِض: (ع) جھگڑا کرنے والا - حریف - مخالف

مُعارَضہ: (ع - مذ) جھگڑا - مناقشہ -

مَعاش: (ع - مو) روزی - خوراک - گزران -

مُعاشَرت: (ع - مو) آپس میں مل کر زندگی گزارنا

مُعاصِر: (ع) اپنے زمانہ کا - اپنے عہد کا - معاصرین (مذ) معاصر کی جمع

مَعاصی: (ع - مذ) گناہ - خطائیں

مُعاف: (ع - کا ف) بخشا گیا - بری - آزاد - معاف کرنا - بخشنا - درگزر کرنا - پیچھا چھوڑنا - جانا - معاف کرو (محاورہ ہے) جاؤ - رخصت ہو - معاف ہونا - بری ہونا - آزاد ہونا - عفو ہونا - مُعافی (مو) بخشش - رہائی - چھوٹ - انعامی جاگیر - معافی چاہنا - معافی چاہنا معذرت کرنا - قصور سے درگزر کرنے کی درخواست کرنا - معافی نامہ معاف ہونے - خلاصی دینے - عفو تقصیر کی سند - معافی ہونا - معاف ہونا - خلاصی دینا - گناہ معاف کرنا -

مُعالِج: (ع) علاج کرنے والا - حکیم - ڈاکٹر وغیرہ -

مُعالَجہ: (ع - مذ) دوا دارو - علاج - مُعالَجہ کرنا - علاج کرنا -

مُعامَلات: (ع - مذ) معاملہ کی جمع - کاروبار - امور -

مُعامَلہ: (ع م ل) (یعنی کبھی م ساکن اور کبھی مکسور میم مفتوح بہت شاذ ہے جیسے دوسرے کلمات بر مفاعلة کے وزن پر ہیں) (مذ) کام کاج - کاروبار - لین دین - قول قرار - فیصلہ - جھگڑا - بات - معاملہ باندھنا - (اصطلاح ادب) عاشق و معشوق کے نجی واقعات بیان کرنا - معاملہ بند - وہ شاعر جو معاملات عشق نظم کرے - ج - مومن جرأت کی طرح معاملہ بند ہیں - معاملہ بنانا - کام بنانا - سودا بنانا - مطلب حاصل کرنا - راضی کرنا - معاملہ بننا - کام بننا - سودا بننا - چکنا - معاملہ پڑنا - کام پڑنا - واسطہ پڑنا - معاملہ پکا کرنا - سودا پکا کرنا - بات پکی کرنا - معاملہ داں یا معاملہ شناس یا معاملہ فہم - اعتبار معاملہ جاننے والا - کاروبار سے واقف - معاملہ کا سچا - کھرا - ایمان دار - ہاتھ کا سچا - معاملہ کا کھوٹا - بے ایمان - خائن - معاملہ کرنا - کسی امر کی نسبت طے کرنا - سودا کرنا - فیصلہ کرنا - قول و قرار کرنا - مل جل کر کام کرنا - معاملہ ہونا - لازم -

مُعانِد: (ع) دشمن - مخالف - معاندت (مو) دشمنی - جھگڑا - باہمی عداوت - معاندین - دشمن - معاند کی جمع

مُعانَقہ: (ع - مذ) گلے ملنا - بغلگیر ہونا -

مَعانی: (ع - مذ) معنی کی جمع - مقاصد - مطالب - مرادیں - ایک علم کا نام جس سے الفاظ کے استعمال صحیح اور معانی کو درست یا نادرست ہونا معلوم ہوتا ہے

مُعاوَدت: (مو) معاودت - واپسی - لوٹنا - لوٹ کر آنا - ہونا

مُعَاوِضہ: (ع - مذ) بدلہ - تاوان - ہرجہ (دینا - پانا - دینا کے ساتھ)

مُعَاوِن: (ع) مدد کرنے والا - سہارا دینے والا - حمایتی - اسسٹنٹ - **معاون ہونا** مددگار ہونا - حمایتی ہونا - **مُعَاوِنت** (مو) مدد - حمایت - سہارا - **معاونت کرنا** - مدد کرنا - سہارا دینا -

مُعَاہِد: (ع) عہد کرنے والا - قول و قرار کرنے والا - **مُعَاہَدہ** (مذ) سمجھوتہ - عہد نامہ - اقرار مدار - **معاہدہ کرنا** - سمجھوتہ کرنا - عہد کرنا - اقرار کرنا - **معاہدہ ہونا** - سمجھوتہ ہونا - اقرار مدار ہونا -

مَعَایِب: (ع - مذ) عیب کی جمع - برائیاں - خرابیاں -

مُعَایَنہ: (ع - مذ) اپنی آنکھوں سے دیکھنا - جانچ پڑتال - **معاینہ کرنا** - دیکھنا - جانچنا - امتحان لینا - انسپکشن کرنا - **معاینہ ہونا** - امتحان ہونا - انسپکشن ہونا -

مَعْبَد: (ع - مذ) عبادت کرنے کی جگہ - مسجد - مندر -

مَعْبَر: (ع - مذ) گھاٹ - پل -

مَعْبُود: (ع - مذ) جس کی عبادت کی جائے - اللہ تعالیٰ -

مُعْتَاد: (ع) عادی - خوگر - وہ شخص جس کی عادت ہو -

مُعْتَبَر: (ع) جس پر اعتبار کیا جائے - قابل اعتبار - درست - **مُعْتَبَری** - قابل اعتبار ہونا -

مُعْتَدّبہ: (ع) معقول - تعداد میں زیادہ - مقدار میں زیادہ -

مُعْتَدِل: (ع) اوسط درجے کا - درمیانی - مناسب حال - نہ زیادہ گرم نہ زیادہ سرد - موافق -

مُعْتَرِض: (ع) اعتراض یا روک ٹوک کرنیوالا - مزاحم -

مُعْتَرِف: (ع) اقرار کرنے والا - اقبال کرنے والا - اقبالی - مقر ہونا -

مُعْتَزِلہ: (ع - مذ) مسلمانوں کا ایک فرقہ جو اس بات کا قائل ہے کہ خدائے تعالیٰ کا دنیا و آخرت میں دیکھنا ممکن نہیں اور نیکی خدا کی طرف سے اور بدی نفس کی طرف سے ہے - **مُعْتَزِلی** - فرقہ معتزلہ کا پیرو -

مُعْتَقِد: (ع) دل سے ماننے والا - مرید - چیلا - **معتقد ہونا** - ماننا - ایمان لانا -

مُعْتَقَدَات: (ع - مذ) وہ باتیں جن پر دل ایمان لایا ہو - عقائد - خیالات -

مُعْتَکِف: (ع) عبادت کرنے کے لیے کونے میں بیٹھنے والا - دنیا سے الگ رہنے والا - گوشہ نشین - **معتکف ہونا** - اعتکاف میں ہونا - گوشہ نشین ہونا -

مُعْتَل: (ع - مذ) صرف کی اصطلاح میں وہ کلمہ جس میں حرف علت (الف - واو - ی) ہو -

؎ محسن

حذف ہوں میرے گناہ ان تقلیل و تخفیف
آئیں میزان میں جب افعال صحیح و معتل

مُعْتَمَد: (ع) بھروسہ کیا گیا - جس پر اعتماد کیا جائے - سیکرٹری -

مَعْتُوب: (ع) وہ شخص جس پر عتاب ہو -

مُعْجِزَات: (ع - مذ) جمع معجزہ کی - **مُعْجِزہ** (مذ) وہ بات جس کے کرنے کی انسان طاقت نہ رکھتا ہو - کرامات - وہ خرق عادت بات جو نبی یا امام سے ظاہر ہو - **معجزہ دکھانا** - کرشمہ دکھانا - اعجاز دکھانا - کوئی انوکھی بات کر دکھانا - **معجزہ ہونا** - کوئی انوکھی بات جو قانون قدرت کے خلاف ہو ظہور میں آنا - [illegible]

مُعْجِز بیان: (ص) کمال فصاحت سے تقریر کرنے والا یا شعر کہنے والا - خوش بیان - **مُعْجِز بیانی** (مو) صفت

مُعَجَّل: (ع) جس کام میں جلدی کی جائے - (فق) - وہ مہر جو بروقت نکاح ادا کیا جائے -

مُعْجَمہ: (ع) نقطے والا حرف - وہ حرف جو نقطہ رکھتا ہو -

مَعْجُون: (ع - مو) وہ دوائیں جو پیس کر اور ملا کر آٹے کی طرح گوندھی جائیں - گوندھی ہوئی چیز - ملی ہوئی -

مُعَدَّلُ النَّہار: (ع - مذ) وہ دائرہ جس پر آفتاب کے پہنچنے سے دن رات برابر ہوتے ہیں -

مَعْدِلَت: (ع - مو) انصاف - عدل -

مَعْدَن: (ع - مو) کان - کھان - **مَعْدَنی** - کان سے نکلی ہوئی دھات وغیرہ - کان سے منسوب - **مَعْدَنیات** (مذ) کان سے نکلی ہوئی چیزیں - دھاتیں - فلزات -

مَعْدُود: (ع) شمار کیا گیا - گنتی کے - چند - **معدودے چند** - گنتی کے - تھوڑے سے -

مَعدُولہ: (ع - مذ) وہ حرف جو لکھنے میں آئے اور پڑھنے میں نہ آئے (جیسے خواب کا واوٴ) عام طور سے اس واو کے نیچے لبا سید ھا ڈیش ہوتا ہے۔ (و)

مَعدُوم: (ع) مٹایا گیا۔ فنا کیا گیا۔ گم۔ معدوم کرنا۔ مٹا دینا۔ فنا کرنا۔ معدوم ہونا۔ ناپید ہونا۔ فنا ہونا۔

مِعدَہ: (مذ) پیٹ اوجھ جس میں کھانا ہضم ہوتا ہے (اوجھ غیر مستعمل ہے)

مَعذِرَت: (ع - مو) عذر۔ بہانہ۔ حیلہ۔ معذرت کرنا۔ عذر خواہی کرنا۔ معافی مانگنا۔ مَعذُور۔ عذر کیا گیا۔ بہانہ کیا گیا۔ ناچار۔ معاف کیا گیا۔ اپاہج۔ معذور رکھنا۔ معاف رکھنا۔ معذور ہونا۔ قابل معافی ہونا۔ محتاج ہونا۔ اپاہج ہونا۔ معذوری (مو) صفت۔

مُعَرّا: (ع) ننگا۔ خالی۔ پاک۔ آزاد۔ وہ کتاب جس پر حاشیہ نہ چڑھا ہو۔ وہ قرآن جس کے ساتھ ترجمہ نہ ہو۔ وہ شعر جو مقفیٰ نہ ہو سے اوج

لب سخن ہوں جو ہم نغمہ عار کی جا ہے
کہ نثر بلبل شیراز کی معرّا ہے

مِعراج: (ع - مو) آنحضرتؐ کا عالم ملکوت میں انوار الٰہی دیکھنا یا دیکھنے کے لیے تشریف لے جانا۔ انتہائی عروج (ملنا۔ پانا۔ ہو جانا) معراج کی رات (مو) رجب کی بائیسویں یا ستائیسویں رات۔ وہ رات جس میں پیغمبر اسلام علیہ السلام آسمانوں کی سیر کا شرف پر حاصل ہوا۔

مُعَرَّب: (ع - مذ) وہ لفظ جسے عربی بنا لیا گیا ہو جیسے پیل سے فیل

مَعرِفَت: (ع - مو) شناخت۔ پہچان۔ خدا کی حقیقت پہچاننا۔ علم الٰہی۔ وہ کلام جو ذریعہ معرفت الٰہی۔ ذریعہ۔ بسبب۔ وسیلہ (تحتی راشط اسلم کی معرفت پہنچا)

مَعرِفَہ: (ع - مذ) وہ اسم جو ایک معین شے کے لیے وضع

مَعرِکَہ: (ع - مذ) جنگ کا میدان۔ لڑائی۔ جنگ۔ جھگڑا۔ بھیڑ۔ انبوہ (گرم ہونا۔ گرم ہونا۔ مارنا) معرکہ آرا۔ لڑائی کرنے والا۔ جنگ آور۔ جھگڑا پر زور جیسے اُس نے معرکہ آرا غزل کہی ہے۔ معرکۃ الآرا۔ وہ مسئلہ جس پر عقلا و علما میں اختلاف رائے اور بحث و مباحثہ ہو۔ پر زور معرکہ آرا۔ معرکہ آرا ہونا۔ دنگل جمانا۔ صف آرا ہونا۔ معرکہ آرائی (مو) جنگ کرنا۔ لڑائی کرنا۔ معرکہ آرائی کرنا۔ ہنگامہ آرا ہونا۔ جنگ کرنا۔ جنگ آزمائی کرنا۔ معرکے کا مشکل۔ ترجمہ۔

کے قابل۔ بھاری۔ دھوم دھام کا۔ دھڑلے کا۔

مَعرُوض: (ع) عرض کیا گیا۔ درخواست۔ معروضہ۔ عرض کیا گیا۔ عرضی۔ عرضی لکھنے کی تاریخ۔

مَعرُوف: (ع) مشہور۔ ظاہر۔ نیکی اور طاعت۔ جیسے امر بالمعروف۔ (صفت) وہ واوٴ جس سے پہلے ضمہ ہو اور بخوبی پڑھا جائے جیسے بُو۔ وہ ی جس سے پہلے کسرہ ہو اور بخوبی پڑھا جائے۔ جیسے تیس۔ (مو) وہ حدیث جس کی روایت مخالف اس حدیث کے ہو جسے ثقات نے روایت کی ہو۔

مُعِزّ: (ع) خدائے تعالیٰ کا نام۔ سب پر غالب ہے اور سب کو عزت دیتا ہے۔

مُعَزَّز: (ع) عزت دار۔ باوقعت۔

مَعزُول: (ع) عہدے سے برطرف کیا گیا۔ بیکار۔ معزول کرنا۔ برطرف کرنا۔ نوکری سے ڈسمس کرنا۔ معطل کرنا۔ معزول ہونا۔ برطرف ہونا۔ معطل ہونا۔ ڈسمس ہونا۔ مَعزُولی (مو) موقوفی۔ برطرفی۔

مَعشُوق: (ع - مذ) جس سے عشق کیا جائے۔ پیارا۔ عزیز۔ نازک جسم والا۔ معشوقانہ۔ معشوق سے متعلق۔ معشوق کی مانند۔ دلفریب۔ دلکش۔ معشوقانہ انداز (مذ) دلفریب ادائیں۔ مَعشُوقہ۔ وہ عورت جس سے عشق کیا جائے۔ پیاری۔ معشوقی (مو) دوستی۔ محبت۔ معشوق پن۔ معشوقیت (مو) دلفریبی۔

مَعصُوم: (ع) گناہ سے بچا ہوا۔ بھولا بھالا۔ جو ہر قسم کے گناہ سے پاک و صاف ہو۔ انبیا اور آئمہ اہل بیت جن کی طرف گناہ کی نسبت ہی نہیں کی جا سکتی۔ چھوٹا اور بے سمجھ بچہ جسے بُرے بھلے کی تمیز نہ ہو۔ معصوم ہونا۔ بے گناہ ہونا۔ بے سمجھ ہونا۔ کم سن ہونا۔ معصومیت (مو) بے گناہی۔ بھولا پن۔ بال پن۔

مَعصِیَت: (ع - مو) گناہ۔ قصور۔ حکم نہ ماننا۔ سرکشی۔

مُعَطَّر: (ع) خوشبو میں بسا ہوا۔ معطر کرنا۔ خوشبودار کرنا۔ مہکانا۔ معطر ہونا۔ خوشبودار ہونا۔

مُعَطَّل: (ع) کام سے خالی۔ نکما۔ سست۔ ملازمت سے کسی جرم کے باعث عارضی طور پر کچھ دن کے لیے ہٹایا ہوا۔ معطل کرنا۔ کچھ دنوں کے لیے کام چھین لینا۔ بیکار ہونا۔ معطل۔ کچھ دنوں کے لیے کام سے ہٹا دینا۔ بیکار ہونا۔ معطلی۔ (مو) بیکاری۔ کچھ دنوں کے لیے موقوفی

مَعطُوف : (ع) پھیرا گیا۔ پلٹا ہوا (جیسے عنانِ توجہ اس طرف معطوف ہوئی)
(مذ) وہ کلمہ یا کلام جو عطف کے بعد آئے۔ **معطوف عَلَیہ** (مذ) وہ کلمہ یا کلام جو حرفِ عطف سے پہلے واقع ہو۔

مُعطِی : (ع) عطا کرنے والا۔ خدائے تعالیٰ۔

مُعَظَّم : (ع) بڑائی دیا گیا۔ بزرگ۔ **معظمہ** (مو)

مَعقُول : (ع) عقل میں لایا گیا۔ ٹھیک۔ لائق۔ کافی۔ مناسب۔ بجا۔ موزوں۔ پسندیدہ۔ شائستہ۔ مہذب۔ سنجیدہ۔ ماننے والا۔ جس سے کوئی جواب نہ بن پڑے مقابلے سے عاجز۔ **معقول کرنا** - منوانا۔ بند کرنا۔ ہرا دینا۔ قائل کرنا۔ **معقول ہونا** - قائل ہونا۔ مان لینا۔ مناسب و موزوں ہونا۔ **معقولات** (مو) معقول کی جمع۔ حکمت کا علم۔ **معقولیت** (مو) سمجھ بوجھ۔ مناسبت۔ پسندیدگی۔

مَعکُوس : (ع) اُلٹا۔ ٹیڑھا۔ اوندھا (طالع کیلئے) بُرا

مُعَلّٰی : (ع مُعلّا) بلند کیا گیا۔ اونچا۔ بزرگ۔

مُعَلَّق : (ع) لٹکایا ہوا۔ لٹکا ہوا۔ آویزاں۔ وہ موت جو کسی تدبیر سے ٹل جائے۔ **معلقہ** (مو) وہ عورت جو بیچ میں لٹکی ہو نہ اُسے شوہر طلاق دے اور نہ اس سے تعلق رکھے۔

مُعَلِّم : (ع - مذ) علم سکھانے والا۔ اُستاد۔ ملاح۔ مکہ مدینہ و کربلا وغیرہ میں وہ شخص جو دعائیں اور زیارات پڑھاتا ہے۔ **معلم الملکوت** (مذ) شیطان جو پہلے فرشتوں کو تعلیم دیا کرتا تھا۔ **معلم اوّل** - ارسطو۔ **معلم ثانی** - حکیم ابونصر فارابی۔ **معلم ثالث** - حکیم بوعلی سینا۔ **معلمہ** (مو) پڑھانے والی عورت۔ اُستانی۔ **معلمی** (مو) پڑھانے کا پیشہ۔ مدرسی۔ ماسٹری

مُعلِن : (ع) اعلان کرنے والا۔

مَعلُول : (ع) وہ شے جس کا کوئی باعث و سبب ہو (مذ) علم منطق میں۔ حاصل۔ ثمرہ۔

مَعلُوم : (ع) جانا گیا۔ ظاہر۔ مشہور۔ تمیز کیا گیا۔ روشن۔ واضح۔ مشہور و معروف۔ بجائے نفی۔ نہیں۔ ہو چکا۔ ناممکن ؎ امیر

چلنوں تک تو کسی کی بھی رسائی معلوم
رفتہ رفتہ یہ بندھا رنگ کہ چھپکے مقدوم

معلوم کرنا - کھوج لگانا۔ پتہ چلانا۔ سمجھنا۔ پہچاننا۔ امتحان کرنا۔ **معلوم ہونا** - ظاہر ہونا۔ بھید کھلنا۔ مصیبت پیش آنا۔ سزا پانا۔ نظر آنا۔ خیال میں آنا۔ محسوس ہونا۔ **معلومات** (مو) معلوم کی جمع۔ واقفیت۔ تجربہ۔ علم۔ لیاقت۔ **معلومات حاصل کرنا** - بہم پہنچانا۔ واقفیت حاصل کرنا۔ پتہ چلانا۔ **معلومہ** - جس کا حال پہلے سے معلوم ہو۔ (معرفت)

مُعَمّا : (ع - مذ) وہ چیستان جس کے اشارے واضح ہوں۔ (دیکھیے چیستان) وہ بات جس میں کوئی پیچ ہو۔ پہیلی۔ مخفی۔ تہہ کی بات۔ **معما حل کرنا** - گتھی سلجھانا۔ کسی پیچ دار مسئلہ کو سلجھانا۔ **معما حل ہونا** یا کھلنا - بھید کھلنا۔ مشکل حل ہونا۔

مِعمار : (ع - مذ) عمارت بنانے والا۔ مستری۔ **معماری** (مو) عمارت بنانے کا کام۔

مُعَمَّر : (ع) بوڑھا۔ بڑی عمر کا۔

مَعمُور : (ع) بسا ہوا۔ بھرا ہوا۔ بند۔ مقفل ؎ انیس

تھے شہر کے دروازے سرِ شام سے معمور

معمور کرنا - آباد کرنا۔ پُر کرنا۔ **معمور ہونا** - آباد ہونا۔ بھرا پُرا ہونا۔ **معمورہ** (مذ) آبادی۔ بستی۔ آباد زمین۔

مَعمُول : (ع) عمل کیا گیا۔ وہ بات جو ہر روز کی جائے (مذ) عادت۔ دستور۔ ریت۔ ربط۔ **معمولات** (مذ) روزمرہ کی باتیں۔ وہ باتیں جن کی عادت ہو۔ وہ رقمیں جن کے لینے دینے کا دستور ہو۔ **معمول باندھنا** - دستور بنانا۔ **معمول ہونا** - روز کا طریقہ ہونا۔ عادت ہونا۔ قاعدہ مقرر ہونا۔ **معمول سے ہونا** (مو) ماہواری آنا۔ معمول کے دن۔ حیض کے دن ؎ رنگین

ہر مہینے میں گزر جاتے تھے مجھے معمول کے دن
بارے اب کی تو مرے ٹل گئے معمول کے دن

معمولی - رسمی۔ جس کا رواج ہو۔ عادت کے مطابق۔ **معمولی بات** - ادنیٰ بات۔ غیر اہم کام۔ **معمولی کارروائی** - قانونی کارروائی۔ سرسری عمل۔

مُعَنبَر : (ع) عنبر کی خوشبو سے بسا ہوا۔ **معنبر ہونا** - خوشبو میں بسا ہوا ہونا۔ عنبر آمیز ہونا۔

مُعَنوَن : (ع - مذ) عنوان کیا گیا۔ ڈیڈی کیٹ۔ نامزد شدہ (کرنا - ہونا) کسی کتاب کا کسی کے نام کرنا۔ ہونا

مَعنَوی : (ع) معنی کے متعلق۔ ذاتی۔ اصلی۔ حقیقی۔

مَعنی : (مذ) ہر لفظ کا وہ مطلب جس میں وہ استعمال کیا جائے۔
معنے : مضمون۔ مطلب۔ منشا۔ مراد۔ علم بیان۔ سبب۔ وجہ۔ باعث۔ خوبی۔ لطف ہے شعر۔

آئینہ خانے میں وہ دیکھے اپنے حسن سے
خوبی یہ حسن کی ہے یہ معنی حیا کے ہیں

باطن۔ اصلیت۔ ماہیت۔ حقیقت۔ **معنے الٹ دینا** مطلب بدل دینا۔ **معنی بیان کرنا**۔ مطلب بیان کرنا۔ ترجمہ کرنا۔ **معنی پہنانا** یا معنی پیدا کرنا۔ دلالت کرنا۔ قائل کے منشے کے خلاف اس کے الفاظ کا مطلب بیان کرو۔ **معنے دینا**۔ مطلب نکلنا۔ بیان کرنا۔ **معنے رکھنا**۔ پی رکھنا غرض و مطلب رکھنا۔ **معنے مطلب**۔ غرض غایت۔ واسطہ مطلب۔ **معنی** : تلفظ معنا۔ معنوں کے لحاظ سے۔

مَعُونَت : (ع۔ مو) مدد۔ مدد کرنا۔

مُعوَّذَتَان : (ع) معوذتان (قرآن پاک کی دونوں آخری سورتیں یعنی سورۂ ناس اور سورۂ فلق)

مَعہود : (ع) عہد کیا ہوا۔ مشروط۔ مقررہ۔ معمول۔ پرانا۔ قدیم۔ معروف۔ نامی۔ نامور۔ خاص۔ **معہود خارجی** (ا۔ اصطلاح۔ مذ) وہ نکرہ جو کسی خاص وجہ سے ذات معین پر دلالت کرے۔ جیسے خلیل سے ابراہیم اور کلیم سے موسیٰ مراد لیتے ہیں۔ **معہود ذہنی** (ا۔ اصطلاح۔ مذ) وہ اسم نکرہ جو متکلم یا مخاطب کے ذہن میں معین ہو۔

مِعیار : (ع۔ مذ) کسوٹی۔ ترازو۔ پیمانہ۔ اسٹینڈرڈ۔ پیمانہ۔ **معیار مقرر کرنا**۔ اسٹینڈرڈ بنانا۔ اندازہ قائم کرنا۔

مَعِیّت : (ع۔ مو) ہمراہی۔ ساتھ۔

مَعِیشَت : (ع۔ مو) زندگی۔ روزی۔ عیش۔ معاش۔

مُعِین : (ع) مدد کرنے والا۔ مددگار۔

مُعَیَّن : (ع) مقرر کیا گیا۔ معہود۔ مقررہ۔ مقرر شدہ۔ اقلیدس میں وہ شکل جس کے چاروں ضلعے تو برابر ہوں لیکن زاویے قائمے نہ ہوں۔ مقررہ۔ **معین کرنا**۔ مقرر کرنا۔ **معین ہونا**۔ مقرر ہونا۔

مَعیُوب : (ع) عیب والا۔ برا۔ عیبی۔ قابل شرم۔ **معیوب ہونا**۔ برا ہونا۔ برائی پائی جانا۔

مُغ : (ف۔ مذ) آگ کی پوجا کرنے والا۔ آتش پرست۔ مجوسی۔ بھٹیارا۔ **مغاں**۔ مغ کی جمع۔ **مغ بچہ** (مذ) آگ کی پرستش کرنے والے کا لڑکا۔ خوب صورت لڑکا۔ شراب بیچنے والے کا لڑکا۔ وہ خوب صورت لڑکا جو شراب خانے میں شراب پلاتا ہے۔ کم سن ساقی۔

مُغالَطَہ : (ع۔ مذ) غلطی میں ڈالنا۔ بھول چوک۔ فریب۔ **مغالطہ دینا**۔ دھوکا دینا۔ **مغالطہ ڈالنا یا مغالطے میں ڈالنا**۔ شبہ ڈالنا۔ غلطی ڈالنا۔ **مغالطہ ہونا**۔ دھوکا ہونا۔ غلط فہمی ہونا۔ غلط خیال دل میں جما ہونا۔

مُغایَرَت : (ع مغایرت۔ مو) بیگانگی۔ ناموافقت

مُغتَنَم : (ع) غنیمت۔ شعر

کل مراد ملا کس کو باغ دنیا میں
ہمیں تو پھول بھی آج اپنے مغتنم ٹھہرے

مغتنمات۔ مغتنم چیزیں (آپ کا دم بھی مغتنمات سے ہے)

مَغرِب : (ع۔ مذ) سورج کے چھپنے کی جگہ۔ پچھم۔ سورج کے چھپنے کا وقت۔ شام۔ وہ ملک جو پچھم کی طرف واقع ہیں۔ یورپ کے ممالک۔ **مغرب کا وقت**۔ شام کی نماز کا وقت۔ **مغربی**۔ مغرب کا۔ پچھمی۔ یورپ کے ممالک سے منسوب۔

مُغَرَّق : سونے چاندی میں ڈوبا ہوا۔ چمکتا ہوا۔

مَغرُور : (ع) غرور کرنے والا۔ گھمنڈی۔ **مغرور ہونا**۔ متکبر ہونا۔ اترانا۔ **مغروری** (مو) غرور۔ گھمنڈ۔

مَغز : (ع۔ مو) گودا۔ **مغز** (مذ) دماغ۔ گری۔ گودا۔ مجازاً عقل۔ سمجھ۔ جرأت۔ اصل۔ غرور۔ تکبر۔ ایک قسم کا عمدہ موتی۔ **مغز اڑانا**۔ دماغ پریشان کرنا۔ **مغز اڑنا**۔ دماغ پریشان ہونا۔ دماغ پھٹنا۔ **مغز پھٹانا**۔ بدبو سے دماغ اڑ جانا۔ سر پکرانا۔ **مغز بھنکانا**۔ سر مارنا۔ دیر تک سمجھانا۔ **مغز تر ہونا**۔ بات کرنا۔ قوت گویائی ہونا۔ بہت غافل ہو کر سونے کا مرض ہے۔ میر

پائی عالم کے تا یہ سر ہے گا
خشک مغزوں کا مغز تر ہے گا

مغز پچی کرنا یا مغز چاٹنا۔ بک بک کرنا۔ سر مارنا۔ دماغ کھا جانا۔ **مغز چلنا**۔ اترانا۔ بہکنا۔ پاگل ہونا۔ **مغز خالی کرنا**۔ بہت زیادہ دماغ کھپانا۔ سر مارنا۔ بہت سمجھانا۔ **مغز سے اتارنا**۔ دماغ سے سوچ کر نئی بات پیدا کرنا۔ **مغز سے نکالنا**۔ بہت سوچ سمجھ کر بات کرنا۔ دماغ سے

درکرنا۔ **مغز کو چڑھنا** - نشہ ہونا - غرور ہونا - پاگل ہونا - بسی بو یا دھسک کا اثر دماغ تک پہنچنا۔ **مغز کھانا یا مغز کے کیڑے اُڑانا** - بک بک سے دماغ پریشان کرنا - **مغز کے کیڑے جھڑنا یا مغز کی کیل نکلنا** - غرور نکلنا۔ سزا پانا۔ **مغزی** (مو) پتلی گوٹ -

مَغفِرت :- (ع- مو) گناہ کی بخشش - رہائی - چھٹکارا۔ **مغفرت کرنا** - گناہ بخشنا - **مغفرت ہونا** - بخشا جانا - خلاصی ہونا **مغفور** - بخشا گیا - جنتی - مجازاً مرا ہوا -

مُغل :- (ف) ترکوں کے ایک فرقے کا نام - **مغل بچہ** - خاندانی مغل - سخت گیر - ضدی آدمی - **مغل پٹھان لڑنا** - زبردست لوگوں کی جنگ ہونا - پکتی ہانڈی میں سے جو کھد بد کی آواز آتی ہے - اُسے بھی مغل پٹھان لڑنا کہتے ہیں - **مغلا** (مذ) تحقیر کے لیے مغل کو مغلا کہتے ہیں - **مغلانی** (مو) مغل قوم کی عورت - کپڑے سینے والی عورت - ماما - **مغلائی** - مغلوں کی طرز رہائش کا - **مغلئی** - مغلوں کی وضع کی کوئی چیز - **مغلئی ٹوپی** - دو پٹے کرنوں کی ٹوپی - **مغلئی** (مو) ایک بیماری جو بچپن کو ہوتی ہے - **مغلئی پیچ** (مذ) مغلوں کا سا داؤ - **مغلیہ** - مغل قوم سے متعلق -

مُغَلَّظ :- (ع- ص- لظ) موٹا - سخت - سیلا - گاڑھا - ناپاک - **مغلظات** مو مغلظ کی جمع - موٹی موٹی گالیاں - **مغلظات بکنا** - موٹی موٹی فحش گالیاں دینا **مغلظات سنانا** - موٹی موٹی گالیاں دینا (لام کو زیر) اسم فاعل مغلظ سخت کرنا -

مُغلَق :- (ع) وہ کلام جس کے معنی مشکل سے سمجھ میں آئیں - بند کیا ہوا دروازہ

مُغلِم :- (ع) اغلام کرنے والا -

مَغلوب :- (ع) دبا ہوا - ہارا ہوا - عاجز - زیر - **مغلوب الغضب** - وہ شخص جسے جلد غصہ آجائے - بدمزاج - تند مزاج - **مغلوبیت** (مو) عاجزی - دباؤ - اطاعت - فرمانبرداری -

مَغموم :- (ع) جسے کوئی غم ہو - اداس - آزردہ - **مغموم کرنا** - رنجیدہ کرنا - پریشان کرنا **مغموم ہونا** - اداس ہونا - غمگین ہونا -

مُغَنّی :- (ع - مذ) گانے والا - گویا - **مغنیہ** (مو) گانے والی - ڈومنی -

مُغنی :- (ع) بے نیاز کرنے والا - اللہ تعالیٰ کا نام

مُغَیلاں :- (ع - مذ) کیکر جو ایک مشہور درخت ہے -

مُفاجات :- (ع) اچانک - یکایک - دفعۃً ہونے والا -

مَفاخِر :- (ع) مفخرہ کی جمع - مذ - فخر کے قابل باتیں - بزرگیں - **مفاخرت** (مو) بڑائی - شیخی - فخر -

مَفاد :- (ع - مذ) فائدہ -

مُفارِقت :- (ع - مو) جدائی - علیحدگی - **مفارقت ہونا** - جدائی ہونا -

مَفاسِد :- (ع - مذ) مفسدہ کی جمع - خرابیاں - جھگڑے -

مَفاصِل :- (ع - مذ) مفصل کی جمع - بدن کے جوڑ - گرہ -

مُفاوضہ :- (ع - مذ) خط - چٹھی - مکتوب - وہ خط جو اعلیٰ کی طرف سے دیا گیا ہو - **مفاوضات** - جمع (مذ) خطوط شاہی - محضر -

مُفت :- (ف) بغیر قیمت کے - بے فائدہ - ناحق - رائگاں - بے سبب - بغیر محنت کے - **مفت بر** - **مفت خورا** - بلا قیمت حاصل کرنے والا -

> وہ گو تاک میں ہے لیس ان مفت بروں سے
> ابھی تک تو ہم دل بچائے ہوئے ہیں

مفت بھی نہ پوچھنا - بے وقر و کم قیمت ہونا - **مفت خدا** (یا خدا) خدا واسطے - بیکار - بیکار ہے استاد

> حسن کی دولت سے جولے ہر جوبن بے نیاز
> دیکھے دل مفت خدا اس بت سے ہم پائیں گے کیا

مفت خورا - بغیر قیمت یا محنت کے مال کھانے والا - **مفت خور** - **مفت دینا** - بغیر قیمت لیے دینا - یونہی دینا - **مفت را چہ گفت** - مفت کی چیز میں عذر معذرت کیسی - **مفت کا دردِ سر** - بیکار کی پریشانی - زحمت - **مفت کی ٹھائیں ٹھائیں** - بیکار و بلا سبب کا جھگڑا - **مفت کی شراب قاضی کو بھی حلال ہے** - بن داموں لینے میں حلال یا حرام کا خیال نہیں - **بِکنا** - **مفت میں** - بے قیمت - ناحق - بیکار - میں - ضائع - **مفت میں کام کرنا** - بغیر مزدوری لیے کام دینا - بیکار رہنا - **مفت میں گنہ گار ہونا** - کرنا - خواہ مخواہ کی الجھن - زحمت - **مفت ہاتھ آنا** - بلا محنت - بلا کوشش - بغیر پیسہ خرچ کیے ہاتھ لگنا -

مِفتاح :- (ع - مو) کنجی - چابی -

مُفتِح: (ع) کھولنے والا - وہ دوا جو سُدّوں کو خارج کرے -

مُفتخِر: (ع) فخر کرنے والا - مُفتخِر فرمانا - عزت دینا -

مُفترَضات: (ع - مذ) وہ چیزیں جو فرض کی گئی ہوں -

مُفتَرِی: (ع) بہتان لگانے والا - دغا بازی - فریبی -

مُفتِش: (م فُتّ تِش) ڈھونڈنے والا - تفتیش کرنیوالا -

مَفتُوح: (ع) کھولا گیا - فتح کیا گیا - وہ حرف جس پر زبر ہو - مفتوحہ (مو)

مَفتُون: (ع) فریفتہ - عاشق - لٹو - مفتون کرنا - موہ لینا - فریفتہ کرنا - مفتون ہونا - عاشق ہونا - لٹو ہونا -

مُفتی: (ع - مذ) فتویٰ دینے والا - قاضی - مذہبی احکام جاری کرنے والا -

مَفَر: (ع - مذ) بھاگنے کی جگہ - چارۂ کار - بعضوں نے اسے مونث لکھا ہے - ؎ تسلیم

مر کے بھی اسباب دُنیا سے مفر ہوتی نہیں
بے کفن زیرِ لحد لاشِ بشر ہوتی نہیں

مُفَرِّح: (ع) فرحت دینے والا - خوش کرنے والا - مُفرِّحات (مذ) مفرح کی جمع - طبیعت کو فرحت دینے والی دوائیں -

مُفرَد: (ع) اکیلا - تنہا - ایک - جمع کی ضد - مفردات - (مذ) مفردہ کی جمع - حروف تہجی جو الگ لکھے جاتے ہیں - وہ کتاب جس میں مفرد دوائیوں کا حال ہو -

مُفَرَّس: (ع) غیر زبان کا لفظ جسے فارسی بنا لیا گیا ہو -

مُفرِط: (ع) افراط سے - زیادتی سے - کثرت سے -

مَفرُور: (ع - مذ) بھاگا ہوا - فراری - مفرور ہونا - فراری ہونا - روپوش ہونا - فراری ہونا

مَفرُوض: (ع) فرض کیا گیا - مانا گیا - واجب -

مُفسِد: (ع) فساد کرنے والا - بغاوت کرنے والا - مُفسِدانہ - فساد کرنے والوں کی طرح - مفسدہ (مذ) فساد - جھگڑا - تباہی - مفسدہ برپا کرنا - فساد کھڑا کرنا - ہنگامہ کرنا - مفسدہ پرداز - ایسے اشخاص فساد کرنے والا - دنگئی - شریر -

مُفَسِّر: (ع) تفسیر کرنے والا - معنی بیان کرنے والا -

مَفصَل: (ع - مذ) بدن کا جوڑ - مفاصل کا واحد -

مُفَصَّل: (ع - مذ) تفصیل کیا گیا - کھلا ہوا - واضح - مفصل بیان کرنا - کھول کر بیان - مفصّلات (مذ) اردگرد کے گاؤں - مفصلۂ ذیل - جس کی تفصیل نیچے لکھی ہوئی ہے -

مَفعُول: (ع) کام کیا گیا (مذ) وہ اسم جس پر کوئی فعل واقع ہو - برا کام کرانے والا -

مَفقُود: (ع) کھویا ہوا - غائب - نادر - مفقودُ الخبر ہونا - لاپتہ ہونا - گم ہونا - مفقود ہونا - گم - معدوم ہونا -

مُفَکِّر: (ع) فکر کرنے والا - سوچنے والا - فلسفی -

مُفلِس: (ع) غریب - جس کے پاس پیسہ نہ ہو - مفلس بنا دینا - محتاج کر دینا - غریب کر دینا - مفلس کر دینا - محتاج کر دینا - مفلسی مو غریبی - محتاجی - مفلسی میں آٹا گیلا ہونا - غریبی میں خرچ پڑ جانا - تکلیف میں تکلیف ہونا - مفلسا بیگ - (ا) غریب - نادار - پھکڑ - ؎ انشا

میم بھی نون ہے اور نون کے اندر نقطہ
مفلسا بیگ ہے یہ واؤ بھی اور چھوٹی ہے

مَفلُوج: (ع) وہ شخص جس کو فالج یا جھولے کی بیماری ہو - مفلوج ہونا - فالج کا مریض ہونا - اپاہج ہونا -

مفلوک - غریب - کنگال - تباہ حال - مفلوکُ الحال - غریب - تباہ حال -

مُفَوَّض یا مُفَوَّضہ: (ع) سپرد کیا ہوا - امانت رکھا ہوا -

مَفہُوم: (ع) سمجھا گیا - دل میں جانا گیا (مذ) منشا - مدعا - عقل - مطلب - سمجھ -

مُفِید: (ع) فائدہ دینے والا - مفید پڑنا - فائدہ مند ہونا - موافق ہونا - مفید ہونا - فائدہ بخش ہونا -

مُفِیض: (ع) فیض پہنچانے والا -

مُقابا: (ا - مذ - ہند) سنگار دان - ایک گول اور گنبد نما ڈھکنے کا ظرف جس میں عورتیں زیور یا مسی سرمہ وغیرہ بھی رکھتی ہیں -

مَقابِر: (ع - مذ) مقبرہ کی جمع -

برگشتہ ہونا۔ قسمت بگڑنا۔ مقدر پھرنا (۱) قسمت پلٹنا ؎

جذبِ اُلفت تجھے گھر تک بھی نہ جانے دے گا
ہار سے یار پھرے گا جو مقدر نہ پھرا (رند)

مقدر پھوٹنا۔ قسمت خراب ہونا۔ مقدر پھوڑنا۔ ہلاک کرنا۔ نقصان یا کمی میں قسمت آزمانا۔ مقدر جاگنا۔ خوش قسمت ہونا۔ مقدر چمکنا۔ دن پھرنا۔ نصیبہ یاور ہونا۔ مقدر دھیلوں سے پھوڑنا۔ بہت زیادہ کام ہونا۔ مقدر سامنے ہونا۔ اقبال مند ہونا۔ مقدر سو جانا۔ نصیبہ خراب ہونا۔ مقدر رستے پر آنا۔ مقدر سیدھا ہونا۔ مقدر کا کروٹ لینا۔ نصیبہ یاوری ہونا۔ مقدر کا لکھا۔ نصیب کی بات۔ مقدر سے زور آزمائی کرنا۔ ناکامیوں کے باوجود کوشش کرنا۔ مقدر سے زور نہیں چلتا۔ بدقسمتی کا علاج نہیں۔ مقدر کا ہیٹا (ہیٹی)۔ بدنصیب۔ مقدر کے آگے کسی کی نہیں چلتی۔ قسمت کا لکھا کسی طرح نہیں مٹتا۔ ؎ داغ

حاصل ہوئی ہے عقل فلاطوں اگر تو کیا
چلتی نہیں کسی کی مقدر کے روبرو

مقدرت :۔ (ع) (مو) طاقت۔ قوت۔ بساط۔ حیثیت۔

مقدس :۔ (ع۔ مذ) پاک۔ بزرگ۔ پارسا۔ پاک مقام۔ پاک چیز۔ مقدسہ (مو)

مقدم :۔ (ع) آگے کیا گیا۔ آگے بڑھا ہوا۔ پہلا۔ ضروری۔ لازم۔ ترجیح دیا گیا۔ (مذ) سر کا اگلا حصہ۔ گاؤں کا چودھری۔ مقدم جاننا یا سمجھنا۔ سب سے اوّل خیال کرنا۔ اچھا جاننا۔ ضروری سمجھنا۔ مقدم ہونا۔ کسی کام کا سب سے پہلے واجب ہونا۔ مقدمات (مذ) مقدمہ کی جمع۔ مقدمہ (مذ) شروع۔ تمہید۔ وہ عبارت جو کتاب شروع کرنے سے پہلے لکھی جاتی ہے۔ دعویٰ۔ نالش۔ واردات۔ معاملہ۔ مسئلہ۔ بات۔ مقدمہ بازی۔ مو) باہم نالش کرنا۔ مقدمے بنانا۔ مقدمہ بنانا۔ اٹھانا یا کھڑا کرنا۔ جھگڑا اٹھانا۔ دعویٰ کرنا۔ جھوٹا مقدمہ کرنا۔ مقدمہ جیتنا۔ مقدمے میں کامیاب ہونا۔ مقدمہ لڑنا۔ مقدمہ بازی کرنا۔ مقدمہ ہارنا۔ مقدمے میں ناکامیاب ہونا۔

مَقدم :۔ (ع) آنا۔ تشریف لانا۔ (خیر مقدم)

مُقدمہ :۔ (ع) آگے چلنے والا۔ مقدمۃ الجیش۔ لشکر کا وہ حصہ جو آگے بھیج دیا جاتا ہے۔ ہراول۔

مقدور :۔ (ع۔ مذ) وہ چیز جس پر قدرت ہو۔ طاقت۔ قابو۔ بہنچ۔ قابلیت۔ دولت۔ پونجی۔ چارہ۔ تدبیر۔ مقدور بھر (۱) تاحدِ امکان۔ ج "انشاء اللہ ان کے بتانے میں اپنے مقدور بھر دریغ نہ کروں گا" (بنات النعش) ل مقدور چلنا۔ بس چلنا۔ زور چلنا۔ مقدور سے باہر پاؤں رکھنا۔ اپنی حیثیت سے بڑھ کر خرچ کرنا۔ مقدور نہ رکھنا۔ مجال نہ ہونا۔ غریب ہونا۔ بس نہ رکھنا۔ حیثیت نہ ہونا۔ پال ہونا۔ بساط ہی ہونا۔ مقدور والا۔ صاحب حیثیت (ہونے کے ساتھ

مُقِر :۔ (ع) اقرار کرنے والا۔ ملنے والا۔ مَقَر (ع) قرارگاہ۔ مکان۔ منزل۔ سقر کے ساتھ زیادہ مستعمل ہے۔ ج۔ سقر مقر، زاویہ زاویہ (غالب) ؎ دبیر

کہتے تھے سقر جس کو وہ اعدا کا مقر تھا
جنت کی طرف پشت تھی رُخ سوئے سقر تھا

مِقراض :۔ (ع) قینچی۔ کترنے کا اوزار۔

مُقرّب :۔ (ع) قریب کیا گیا۔ بزرگی دیا گیا۔ قریب بیٹھنے والا۔ خاص دوست۔ ہمراز۔ مقرب بنانا۔ مصاحب بنانا۔ خاص دوست بنانا۔

مُقرّر :۔ (ع) قرار دیا گیا۔ چکایا گیا۔ کسی کام پر لگایا گیا۔ قول دیا گیا۔ تعینات۔ مامور۔ ضرور۔ بے شک۔ مقرر کرنا۔ قرار دینا۔ ٹھہرانا۔ جگہ دینا۔ چکانا۔ لگانا۔ مقرر ہونا۔ قرار پانا۔ نوکر ہونا۔ مقررہ۔ قرار دیا گیا۔ تجویز کیا گیا۔ ٹھہرایا گیا۔ متعینہ۔ یقینا۔ مقرری (مو) تقرر۔ مال گزاری۔ وظیفہ۔ تنخواہ۔

مُقرِّر :۔ (ع) تقریر کرنے والا۔

مقروض :۔ (ع) وہ شخص جس پر قرض ہو۔ مقروض کرنا۔ قرض دار کرنا۔

مُقرنس :۔ (ع) صفت۔ بیچ کار عمارت۔ بلند و مدور ؎ اوج (۱) استعمال بترکیب زیادہ ہے۔

اوج میں رشک وہ چرخ مقرنس تو ہے
مصرع ثانوی بیت مقدس تو ہے

مُقرّض :۔ (ع) قینچی سے کترا ہوا۔

مُقرون :۔ (ع) قریب۔ ملا ہوا۔ وہ عدد جس کا معدود بھی اس کے ساتھ ہو۔

مقسوم :۔ (ع) بانٹا ہوا۔ تقسیم کیا گیا (مذ) وہ عدد جس کو بانٹا ہو۔ مقسوم پر پتھر پڑنا۔ نصیبہ خراب ہونا ؎ صبا

مُکابَرَہ: (ع - مذ) تم کابرہ، خواہ مخواہ جیتنے کے لیے بحث کرنا - سینہ زوری - بحث میں ضد کرنا۔

مَکاتِب: (ع - مذ) مکتب کی جمع - مدرسے - **مُکاتِبَت** (مو) آپس میں خط پتر لکھنا - **مَکاتیب** - (مذ) مکتوب کی جمع چٹھیاں - خطوط۔

مَکّار: (ع) فریبی - دغاباز - جھوٹا - **مکّار ہونا** - فریبی ہونا - دغاباز ہونا - **مکّارہ** (مو) مکر کرنے والی عورت - فریبن - **مکّاری** (مو) فریب - دھوکے بازی - چالاکی - **مکّاری کرنا** - فریب کرنا - دھوکا دینا - چترائی کرنا۔

مَکارِم: (ع - مذ) مکرمت کی جمع - بزرگیاں - مہربانیاں - خوبیاں۔

مَکارِہ: (ع) جمع - مکروہ - ناپسند باتیں مصیبتیں۔

مُکافات: (ع - مو) عوض - بدلہ - ڈنڈ - کیے کا پھل

مُکالَمَہ (ع - مذ مستعمل بکسر لام) بات چیت گفتگو، ڈرامہ باہم بات چیت - سوال و جواب۔

مَکان: (ع - مذ) رہنے کی جگہ - گھر - جگہ - **مکان بدلنا** - جگہ بدلنا - مکان تبدیل کرنا - دوسرا مکان لینا - **مکان بیٹھنا** - مکان گرنا - **مکان دار** - مالک مکان - گھر والا - **مکان دینا** - مکان کرایہ پر دینا - مکان مانگے پر دینا - **مکان لینا** - مکان خریدنا - مکان کرایہ پر لینا - **مکانات** (مذ) مکان کی جمع۔

مَکائِد: (ع) مکیدہ کی جمع - مکر - دھوکے

مُکَبِّر: (ع) تکبیر کہنے والا - **مُکَبِّرُ الصَّوت** - لاؤڈ اسپیکر

مُکت: (ہ - مو) نجات - رہائی - چھٹکارا - **مُکتی** (مو) نجات (یہ دونوں ہندی کے الفاظ ہیں)

مَکتَب: (ع - مذ) لکھنے پڑھنے کی جگہ - مدرسہ - **مکتب پڑھانا** - مدرس ہونا - لڑکوں کو پڑھانا - **مکتب خانہ** (بڑے اضا - مذ) لڑکوں کے پڑھانے کی جگہ اسکول۔

مُکتَحِل: (ع) جس کی آنکھ میں سرمہ لگا ہو

مُکتَسِب: (ع) حاصل کرنے کی کوشش کرنے والا - نفع حاصل کرنے والا - (بفتح سین مفعول)

مُکتَفی: (ع) بس کرنے والا کافی

مَکتُوب: (ع - مذ) لکھا ہوا - خط چٹھی - لمبا لکھا ہوا کاغذ - **مکتوب الیہ** - جس کو خط بھیجا ہے۔

مُکُٹ: (ہ - مذ) تاج - وہ تاج جو ہندو دولہا کے سر پر باندھتے ہیں۔

مُکث: (ع - مذ) دیر - توقف - تامل - ٹھہرنا۔

مُکَدَّر: (ع) گدلا - میلا - ناخوش - غمگین - ملول

مَکر: (ع - مذ) دھوکا - فریب - بہانہ - جھوٹ - چالاکی - **مکر چاندنی** (مو) پچھلی رات کی دھندلی چاندنی - **مکر کرنا** - فریب کرنا - دھوکا دینا۔

مکردھج: (ہ - مذ) دمدار ستارہ۔

مُکرنا: (ہ) جھٹلانا - جھوٹے کو سچا بنانا - مکر جانا - انکار کرجانا - امانت میں خیانت کرینا۔

مُکَرَّر: (ع) دوبارہ - پھر - بار بار - **مکرّر سہ کرر** - دوبارہ تبارہ - بار بار (یہ عوام کا روزمرہ ہے)

مُکَرَّم: (ع) عزت دیا گیا - بزرگ۔

مَکرُمَت: (ع - مو) بزرگی - مہربانی۔

مُکرنا: (ع) قول سے پھرنا - بے ایمانی۔

مَکرُوہ: (ع) جس سے نفرت کی جائے - گھناؤنا - ناگوار - مصیبت - **مکروہات** (مو) مکروہ کی جمع ایسی چیزیں جن سے نفرت کی جائے - مصائب۔

مَکری: (ہ - مو) ایک قسم کی ہندی پہیلی - مکریاں - جمع - **مکرنی** - مکڑی۔

مکڑا: (ہ - مذ) بڑی مکڑی - مکڑی - ایک کیڑے کا نام - مکڑی کی مادہ - مکڑی کی طرح جھاڑ ڈالنا (ع) عیب - برائیاں بیان کرنا سے نواب مرزا شوق

موے جیتے اکھاڑ ڈالوں گی
مکڑی کی طرح جھاڑ ڈالوں گی

مٹکا کر چلنا: (ہ) اکڑ کر چلنا - اترا کر چلنا - **مٹکانا** - اترانا - غرور کرنا - **مٹکنا** - اکڑنا - ٹوٹا ہوا شکستہ

مُکَسَّر: (ع) حساب - لمبائی چوڑائی اور اونچائی کا حاصل ضرب

مَکسُور (ہ): (ع) وہ حرف جس کے نیچے زیر ہو - منزور کسرہ

مکشوف :- (ع) کھولا گیا - ظاہر -

مکعب :- (ع) چار گوشے کیا ہوا - وہ شکل جس کا طول عرض یکساں ہو - (مذ) کسی عدد کے تین دفعہ ضرب دینے سے جو عدد حاصل ہو -

مکفول :- (ع) ضمانت میں رکھا گیا - آڑ رکھا گیا - گرو - مکفول کرنا - آڑ میں دینا - ضمانت میں دینا -

مُکلاوہ :- (ہ - مذ) ہندو دلھن کا شادی کے بعد دولھا کے گھر جانا - گونا - بہوڑ - چالا - (ہندو)

مُکلف :- (ع) تکلیف دینے والا - مکلف - بالغ و عاقل شخص - پُر تکلف - آراستہ -

مُکلّل :- (ع) جڑاؤ - آراستہ - جواہرات سے مرصع -

مکمّل :- (ع) پورا - تمام - کُل - کامل -

مکنت :- (ع - مو) طاقت - قُدرت -

مکنون :- (ع) چھپا ہوا - ڈھکا ہوا - پوشیدہ - مخفی -

مکو :- (ہ - مو) ایک بوٹی اور اس کے پھل کا نام - حب الثعلب -

مکوڑا :- (ہ - مذ) بڑا کیڑا - نیز کیڑا کا تابع -

مکوکب :- (ع) روشن - وہ چیز جس پر ستارے جڑے ہوں - وہ چیز جس پر سونے چاندی کی کیلیں لگی ہوں -

مکوّن :- (ع) مخلوق - پیدا کیا گیا - ہستی میں لایا گیا - مکوّن - خالق -

مکھ :- (ہ - مذ) منہ - مکھ تال (مو) وہ آواز جو گویے منہ سے نکالتے ہیں - مکھ میں رام بغل میں چھری - ظاہر میں بڑے نیک اور دل میں کپٹ - منہ پر کچھ دل میں کچھ -

مکھا :- (ہ - مذ) بڑی موٹی مکھی - نیلے رنگ کی ایک بڑی مکھی -

مکھانہ :- (ہ - مذ) کنول کا بیج - تال مکھانہ -

مکہ :- (ع - مذ) عرب کے ایک مشہور اور مقدس شہر کا نام جہاں کعبہ واقع ہے -

مکھڑا :- (ہ - مذ) پیارا مُنہ - پیارا پیارا چہرہ - مکھڑا دکھانا - صورت دکھانا - مکھڑا دیکھنا - شکل دیکھنا -

مکھن :- (ہ - مذ) کچا گھی - بن تایا گھی - مکھن کا ڈلا - (مذ) مکھن کا پیڑا - سُرخ و سفید جوانی میں بھرا آدمی - مکھن نکالنا - دہی بلو کر اس میں سے مکھن الگ کرنا - مکھن ملنا - جسم پر مکھن لگانا - خوشامد کرنا -

مکھنا :- (ہ - مذ) بہت بڑا ہاتھی - بے دانت کا یا وہ ہاتھی جو بہت جھوم جھوم کر چلتا ہے -

مکھی :- (ہ - مو) ایک مشہور اڑنے والا کیڑا - جنس - بندوق کے گھوڑے کے قریب کا وہ نشان جس سے شست باندھتے ہیں - مکھی جھلنا - مکھیاں اڑانا - چوری بلانا - مکھی چینی کی خدمت - چنور ہلانے اور پیر دابنے کی نوکری - مکھی چوس - نہایت کنجوس - بہت کنجوس - مکھی چھوڑنا ہاتھی نگلنا - چھوٹی باتوں میں ایمانداری - بڑی باتوں میں بے ایمانی - مکھی اسی اڑانا - غرور یا بددلی سے سلام کرنا - مکھی کی طرح نکال ڈالنا - بالکل کوئی ربط نہ رکھنا - مکھی پر مکھی مارنا - جوں کی توں نقل کرنا - مکھی کا باپ - وہ شخص جس سے نہایت گھن آئے - جوں کی توں نقل کرنے والا - ایک جانور کا نام جو مکھیاں مارتا ہے - مکھی ناک پر نہ بیٹھنے دینا - کسی کا احسان نہ اٹھانا - بہت مغرور ہونا - مکھی نگلنا - جان بوجھ کر کوئی بری بات کرنا - مکھیاں اڑانا - مکھیوں کو دور کرنا - خوشامد کرنا - بیکار بیٹھے رہنا - مکھیاں بھنکنا - مکھیوں کا کسی چیز پر بھن بھن کرنا - سرد بازاری ہونا - گندہ ہونا - مکھیاں مارنا - ہاتھ پر ہاتھ دھرے رہنا - بیکار رہنا - سستی و کاہلی سے وقت کاٹنا -

مکھی :- (ہ - مذ) ایک قسم کا گول دُم اُٹھا کبوتر -

مکھیا :- (ہ) سردار - بانی - پیشوا -

مکئی :- (ہ - مو) ایک قسم کا غلہ جسے بڑی جوار بھی کہتے ہیں -

مکّی :- (ہ - مو) مُٹھی - انگلیاں ہتھیلی پر بند کی ہوئیں - مکی سے پاؤں دابنا - مکی دینا - ۲ - گوندھنا - مکی لگانا آٹے کو مکی لگا کر نرم کرنا - مکیانا - مکی دے کر آٹا گوندھنا - مکے لگانا -

مکیال :- (ع - مذ) ناپنے کا پیمانہ -

مکینکس :- (انگ - مذ) علوم کا علم - جر ثقیل - مکینیکل - علم جر ثقیل کے متعلق -

مکین: (ع) مکان میں رہنے والا۔ مکان دار۔ صاحب خانہ۔ مکین ہونا۔ ٹھہرنا۔ قیام کرنا۔ رہنا۔

مگدر: (ہ) ایک قسم کی دو دم خرادی ہوئی بڑی موگری جس سے پہلوان ورزش کرتے ہیں۔ **مگدر ہلانا**۔ موگری سے ورزش کرنا۔ موگری پھرانا۔ (اٹھانا۔ پھرانا)

مگدھ: (س۔ مذ) پٹنہ بہار کا علاقہ۔ **مگدھی**۔ مگدھ سے منسوب۔

مگدمبر: (ہ۔ مذ) شاہان اودھ کی ایک سواری کا نام جو ایک مربع کوٹھری نما خوب صورت شکل کی ہوتی تھی اور ہاتھی لے کر چلتے تھے اور پنیس کی طرح ڈنڈے کہاروں کے کاندھے پر کر حرکت نہ ہو۔ اونچی خیمہ کا نند کی آرائشی مصور چیز جو ہندوؤں کی برات میں اکثر ہوتی ہیں۔ دیکھئے میگھ ڈمبر۔

مگر[1]: (ہ۔ مذ) آسمان کے ایک برج کا نام۔ گھڑیال۔ مگرمچھ کان کا ایک زیور۔ **مگرمچھ**۔ گھڑیال (ف) حرف استثنا ماسوا۔ الا۔ بجز۔ پر۔ لیکن۔ غالباً کی جگہ ؎

دل سوز ال کے پختوں آدن لے زنگ جلتا ہونا
مگر ہے شعلۂ نار جہنم میرے پہلو میں

کیا کی جگہ ؎

میں نے مانا کہ تو ہے حلقہ بگوش
غالب اس کا مگر نہیں ہے غلام

مگر پھر: اس پر۔ باایں ہمہ

مگرا: (ہ) مکار۔ مغرور۔ ڈھیٹ۔ **مگراپن** (مذ) ڈھٹائی مکاری۔ غرور۔ کام چوری

مگری: (ہ۔ مو) چھپر کے اوپر کا حصہ جو ماہی پشت ہوتا ہے

مگس: (ف۔ مو) مکھی۔ **مگس ران** (مذ) چوری چنور۔ مورچھل **مگس رانی** (مو) مکھیاں اڑانے کی خدمت۔ چوری کرنا۔

مگن: (س) خوش۔ مست۔ **مگن ہونا**۔ مست ہونا۔ خوش ہونا۔ آنند ہونا

مگھم: (ا) گول مول بات۔ مبہم۔ **مگھم رہنا**۔ جواریوں کی اصطلاح میں راز فاش نہ ہونا۔ عزت بچی رہنا۔ برابر سرابر رہنا۔ نہ ہارنا نہ جیتنا۔ **مگھم میں کہنا**۔ اشاروں میں کہنا۔ **مگھم میں سمجھا دینا**۔ اشاروں میں سمجھانا۔

مگھی: (ہ۔ مذ) قسم کا پان۔ ایک صحرائی کبوتر۔

مُل: (ف۔ مو) شراب۔ مے۔ واد

مَل: (ہ۔ مذ) کپڑے وغیرہ کی کل۔

مَل: (ہ۔ مذ) ایک کلمہ لاحقہ جو نسبت کے واسطے آتا ہے جیسے مخمل۔

پہلوان۔ بہادر۔ شجاع

ملا: (ع) بھرا ہوا۔ ظاہر۔ خلا کا نقیض۔ اشراف کا گروہ۔ ملا اعلیٰ (اعلا۔ مذ) عالم بالا کے رہنے والے فرشتے وغیرہ

مُلّا: (ف) بہت لکھنے والا۔ بہت پڑھا ہوا۔ مسجد میں رہنے والا۔ مسلمانوں کی مذہبی رسوم ادا کرنے والا۔ مکتب پڑھانے والا۔ **ملا کی دوڑ مسجد تک**۔ ہر شخص اپنی پہنچ تک تدبیر کرتا ہے۔ **ملا کی داڑھی تبرک میں**۔ کسی قابل لحاظ چیز کا بے فائدہ مذاق میں ضائع کرنا۔ (ہونا) **ملا کی ماری خلال**۔ بڑے آدمی کا برا کام بھی اچھا۔ **ملاگری**۔ مو ملا کا کام۔ لڑکے پڑھانا۔ **ملانا**۔ سیدھا آدمی۔ مسجد کی روٹیاں کھانے والا۔ **ملانی** مو ملا کی جورو۔ وہ عورت جو لڑکیوں کو سینا پرونا سکھاتی ہے۔

مِلاپ: (ہ۔ مذ) میل جول۔ صلح۔ دوستی۔ سلوک۔ **ملاپ رکھنا**۔ صلح رکھنا۔ **ملاپ کرنا**۔ رنجش دور کرنا۔ صلح کرنا۔ **ملاپ کروانا**۔ صلح کرانا۔ **ملاپ ہونا**۔ صلح ہونا۔

ملا جلا: (ا) آپس میں ملا ہوا۔ خلط ملط۔ **ملا جلا دینا**۔ صلح کرا دینا۔ خلط ملط کر دینا۔ **ملا جلا رہنا**۔ مل جل کر رہنا۔ محبت سے رہنا۔

ملاح: (ع۔ مذ) ناؤ چلانے والا۔ **ملاحی** (مو) ملاح کا کام۔ ناؤ کی مزدوری۔ گالی گلوچ۔ **ملاحی سنانا**۔ گالی دینا۔ لعنت ملامت کرنا۔ **ملاحی کی ملاحی** (دی) (اور) بانس کے بانس (کھائے) دوہرا نقصان۔ محنت بھی اور ذلت۔ **ملاحی گالی** (مو) سخت گالی۔ **ملاحیاں سنانا**۔ طنز و تشنیع۔

ملاحت: (ع۔ مو) سلونا پن۔ سانولاپن۔ خوبصورتی۔ نمکینی

ملاحِد: (ع) ملحد کی جمع۔ ملاحدہ۔ بہت سے ملحد۔

ملاحظہ: (ع۔ مذ) دیکھنا۔ غور۔ لحاظ۔ طرف داری۔ **ملاحظہ سے گزرنا**۔ نظر سے گزرنا۔ دیکھنا۔ **ملاحظہ کرنا**۔ دیکھنا۔ معائنہ کرنا۔ **ملاحظہ میں آنا**۔ دیکھنے میں آنا۔ لحاظ میں آنا۔ **ملاحظہ میں ہونا**۔ زیر نظر ہونا۔ **ملاحظہ والا** (مذ) لحاظ دار۔ **ملاحظہ ہونا**۔ معائنہ کرنا۔ لحاظ ہونا۔

ملا دلا: (ا) جو ملنے مسلنے سے خراب ہو گیا ہو۔ استعمال کیا ہوا۔

مَلار :- (ہ - مذ) برسات کے موسم کا گیت ۔ ملار گانا ۔ برسات کے گیت گانا ۔ خوشی منانا ۔

مُلازِم :- (ع - مذ) پاس رہنے والا ۔ نوکر ۔ ملازم رکھنا ۔ نوکر رکھنا ۔ ملازم ہونا ۔ نوکر ہونا ۔ ملازمت (مو) نوکری ۔ خدمت ۔ ملازمت اختیار کرنا ۔ نوکر ہونا ۔ ملازمت پیشہ ۔ نوکری کرنے والا ۔ ملازمت حاصل کرنا ۔ نوکری حاصل کرنا ۔ باریاب ہونا ۔ حاضر ہونا ۔

مُلاطفت :- (ع - مو) نیکی ۔ بھلائی ۔ مہربانی ۔ نرمی ۔

مُلاقات :- (ع - مو) ملنا جلنا ۔ میل ملاپ ۔ دوستی ۔ ملاقات پیدا کرنا ۔ صاحب سلامت کرنا ۔ جان پہچان نکالنا ۔ میل جول پیدا کرنا ۔ ملاقات کرنا ۔ ملنا ۔ دوستی کرنا ۔ ملاقات رکھنا ۔ میل جول رکھنا ۔ ملاقات کروانا ۔ تعارف کرانا ۔ ملوانا ۔ جان پہچان کروانا ۔ ملاقاتی ۔ ملنے والا ۔ ملاقات رکھنے والا ۔ ملاقی ۔ ملنے والا ۔ ملاقات رکھنے والا ۔ ملاقی ہونا ۔ ملاقات ہونا ۔ ملنا ۔

ملاگیر :- (مذ) دکن کے ایک پہاڑ کا نام

ملاگیری :- (ا) صندل کے رنگ کا ۔ اگری ۔

مَلال :- (ع - مذ) رنج ۔ غم ۔ طبیعت کا گھٹاؤ ۔ ملال کرنا ۔ رنج کرنا ۔ غم کرنا ۔ ملال ہونا ۔ رنج ہونا ۔ (ف) جانا ۔ دینا ۔ کھینچنا ۔ لینا ۔

ملا لینا :- (ف) گانٹھ لینا ۔ شامل کر لینا ۔ مقابلہ کر کے مطابقت کر لینا ۔

مَلام :- (ع - مذ) ملامت ۔ پھٹکار ۔ ملامت (مو) لعنت ۔ ڈانٹ ۔ دھتکار ۔ ملامت کرنا ۔ ڈانٹنا ۔ دھتکارنا ۔ جھڑکنا ۔ برا بھلا کہنا ۔ ملامت ہونا ۔ ڈانٹا جانا ۔ لعن طعن ہونا ۔ ملامتی ۔ جس کو ملامت کی جائے ۔ لعنتی ۔

مِلان :- (ہ) مذ مقابلہ ۔ ملاپ ۔ فیصلہ ۔ میزان ۔ آمیزش ۔ ملانا ۔ مطابق کرنا ۔ گڈمڈ کرنا ۔ ملاقات کرانا ۔ ملاپ کرانا ۔ مرکب کرنا ۔ ساز کو ہم آواز کرنا ۔ گانٹھ لینا ۔ ملاوٹ ۔ (مو) میل جول ۔ سازش ۔

ملوانا :- (ف) سلوک کرانا ۔ ملاقات ۔ آمیزش کرنا ۔

مَلائک :- (مذ) ملک کی جمع فرشتے ۔
ملائکہ

ملائی :- (ا - مو) دودھ کے اوپر کی پپڑی ۔ مالش ۔ ملائیاں اڑانا ۔ چٹ کرنا ۔ کسی کا مال کھانا ۔

مُلائم :- (ع) لائق ۔ جوگ ۔ نرم ۔ کومل ۔ رحم دل ۔ ملائم کرنا ۔ غصہ دور کرنا ۔ نرم کرنا ۔ بھاؤ گھٹانا ۔ ملائم ہونا ۔ نرم ہونا ۔ کم غصہ ہونا ۔ سستا ہونا ۔ ملائمت (مو) مناسب ہونا ۔ مجازاً نرمی ۔ نزاکت ۔ موافقت ۔ عاجزی ۔ نرمی ۔ ملائمت برتنا ۔ نرمی کا سلوک کرنا ۔

مَلبا :- (ہ - مذ) کوڑا کرکٹ ۔ اینٹیں اور مٹی وغیرہ ۔ ملبا اٹھانا ۔ اینٹیں ۔ مٹی اور کوڑا اٹھانا ۔

مُلَبَّب :- (ف) لبالب ۔ لبریز ۔

مَلبوس :- (ع) پہننے کے کپڑے ۔ پوشاک ۔ ملبوسات (مذ) ملبوس کی جمع ۔ پوشاکیں ۔

مل بیٹھنا :- (ا) سلوک سے بیٹھنا ۔ صلح کر لینا ۔ ہم صحبت ہونا ۔

مِلَّت :- (ع - مو) دین ۔ دھرم ۔ پنتھ ۔ قوم ۔ میل جول ۔ سنگت ۔ ملت رکھنا ۔ میل جول ۔ ملت ہونا ۔ میل جول ہونا ۔

مُلَت :- (ہ - مذ) گھسا ہوا سکہ ۔ ملتا ۔

ملتا جلتا :- (ہ) مشابہ ۔ مؤنث کے لیے ملتی جلتی ۔

مُلتانی :- (ہ - مو) ملتان کی مٹی ۔ ملتان سے متعلق ۔ ملتان کا کوئی باشندہ ۔ ایک راگنی کا نام ۔

مُلتَبِس :- (ع) پوشیدہ کیا گیا ۔ اشتباہ کیا گیا ۔

مُلتجی :- (ع) ڈھونڈنے والا ۔ منت سماجت کرنے والا ۔ درخواست کرنے والا ۔ ملتجی ہونا ۔ درخواست کرنا ۔ التجا کرنا ۔

مُلتَزِم :- (ع) اپنے پر لازم جاننے والا ۔ ساتھ رہنے والا ۔ ملتزم (ع - مذ) بیت اللہ میں رکن یمانی کے سامنے ایک مقام ہے ۔ جہاں دعائیں مقبول ہوتی ہیں ۔

مُلتَفِت :- توجہ کرنے والا ۔ ملتفت کرنا ۔ متوجہ کرنا ۔ ملتفت ہونا ۔ متوجہ ہونا ۔

مُلتَمِس :- (ع) عرض کرنے والا ۔ درخواست کرنے والا ۔ ملتمس ہونا ۔ عرض کرنا ۔ درخواست کرنا ۔

مُلتَوی :- (ع) دیر کرنے والا ۔ رکنے والا ۔ ٹال مٹول ۔ نبض کی ایک حرکت کا نام ۔ ملتوی رکھنا ۔ ٹال جانا ۔ کچھ دنوں کے لیے ٹھہرنا ۔ موقوف رکھنا ۔ ملتوی رہنا

موقوف رہنا۔ ٹھہر جانا۔ رُک جانا۔ مُلتوی کرنا۔ روکنا۔ کچھ دنوں کے لیے ٹھہرانا۔ ملتوی ہونا۔ رُکنا۔ ٹل جانا۔ موقوف ہونا۔

مَلَٹ :- (ھ۔ مذ) موٹا کاغذ۔ گتّا۔ دفتی۔ وہ ہتھوڑی کے قسم کا خشبی آلہ جس سے خیمے کی میخ ٹھونکتے ہیں۔

مِلِٹری :- (انگ۔ مو) فوج۔

مَلجا :- (ع) پناہ ملنے کی جگہ۔ ملجا ہونا۔ جائے پناہ ہونا۔ ٹھکانا ہونا۔ ملجا و ماویٰ۔ ٹھور ٹھکانا۔

مِل جانا :- (ھ) جُڑ جانا۔ صلح ہو جانا۔ گھُل مِل جانا۔ شامل ہو جانا۔ حاصل ہو جانا۔ دو چار ہونا۔ ملاقات ہونا۔ وصول ہونا۔ دستیاب ہونا۔ سازش کر جانا۔ مِل جل کے متفق ہو کے۔ بالاتفاق۔ بالاشتراک۔ اتحاد سے۔ سلوک سے۔

مِل چلنا :- (ھ) سلوک اور محبت سے رہنا۔ لگ چلنا۔

مَلیچھ :- (س) وہ آدمی جو ایسے افعال کرے جن سے لوگوں کو گھن آئے۔ (ہندو مسلمانوں کو کہتے ہیں)

مِلح :- (ع۔ مذ) نمک۔ کھار۔

مُلحِد :- (ع) خدا سے پھرنے والا کافر۔ ملحد ہونا۔ خدا سے پھر جانا۔ بے دین ہونا۔

مُلحَق :- (ع) جڑا ہوا۔ ملا ہوا۔ قریب۔ چپکایا ہوا۔ مُلحق پیچھے لگ چلنے والا۔ شامل۔ مُلحق کرنا۔ شامل کرنا۔ ملانا۔ ملحق ہونا۔ شامل ہونا۔ ملنا (بکسرۂ ح بفتح مفعول)۔ ملحقات (مذ) وہ چیزیں جو بعد میں ملا دی گئی ہوں۔

ملحوظ :- (ع) لحاظ کیا گیا۔ ملحوظ رکھنا۔ خیال میں رکھنا۔ ملحوظ ہونا۔ خیال میں ہونا یا دھوکا۔ ملحوظ خاطر (بُشنا) دلی خیال۔ دلی توجہ۔ منظور نظر۔

مَلَخ :- (ف۔ مو) ٹڈی (اکثر مور و ملخ کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے۔

مُلَخَّص :- (ع۔ مذ) خلاصہ۔ اختصار۔ مُلخّص کرنا۔ خلاصہ کرنا۔ مختصر کرنا۔

مُلَذِّذ :- (ع) لذت بڑھانے والا۔

مُلزِم :- (ع) مجرم۔ گنہگار۔ قصوروار۔

مَلزُوم :- (ع) لازم کیا گیا۔ بر جدا نہ ہو سکے۔ شریک حال۔

مُلصَق :- (ع) پیوست ہونے والا۔

مُلَطِّف :- (ع) رقیق کرنے والی دوا۔

ملعُون :- (ع) لعنت کیا گیا۔ پھٹکارا ہوا۔ مردود۔ ملاعین۔ جمع۔

ملغوبا :- (ت۔ مذ) الا بلا۔ بھیٹ۔ مواد۔ وہ چیز جو مختلف چیزوں سے مل کر گاڑھی ہو گئی ہو۔

ملفوظ :- (ع۔ مذ) بزرگوں کے مقولے۔ وہ کتاب جس میں کسی بزرگ کے حالات لکھے گئے ہوں۔ ملفوظات (مذ) ملفوظ کی جمع۔

ملفوف :- (ع) لفافہ میں بند کیا ہوا۔ لپیٹا ہوا۔ ملفوف ہونا۔ چھپا ہونا۔ بند ہونا۔ ملفوف کرنا۔ لفافہ میں بند کرنا۔

مُلقَّب :- (ع) لقب دیا گیا۔ معروف۔

مَلَک :- (ع۔ مذ) فرشتہ۔ دیوتا۔ مَلک الموت (مذ) موت کا فرشتہ۔ ملک سیرت۔ بے اضا فرشتے کی سی سیرت رکھنے والا۔ نیک۔ خوش کردار۔

مِلک :- (ع۔ مو) ملکیت۔ جاگیر۔ مال اسباب۔ حقیقت ملکیت۔ مال جس شے پر قبضہ ہو۔ کسی شے کا قبضے میں ہونا۔ قبضہ۔

مُلک :- (ع۔ مذ) دیس۔ راج۔ علاقہ۔ ولایت۔ خلقت لوگ۔ ملک ستانی یا ملک گیری (بے اضا ہو) ملک لینا یا فتح کرنا۔ بادشاہی۔ ملک بدر کرنا۔ دیس نکالا دینا۔ جلاوطن ہونا۔ ملک خدا (بااضا) عالم دنیا۔ ملک خموشاں (باضا) قبرستان۔ ملکی، ملک سے متعلق۔

مَلِک :- (ع۔ مذ) بادشاہ۔ راجہ۔ ملک التجار۔ سوداگروں کا بادشاہ۔ بہت بڑا سوداگر۔ ملک الشعرا۔ شاعروں کا بادشاہ۔ بہت بڑا شاعر۔ ایک سرکاری خطاب۔

مَلکانا :- (ھ) بنا بنا کر بولنا۔ بناوٹ کی باتیں کرنا۔ ملک ملک کی باتیں کرنا۔ مٹک مٹک کر باتیں کرنا۔ اترا اترا کر باتیں سنانا۔ ملک ملک کر چلنا۔ اترا اترا کر چلنا۔ ملکنا۔ اترانا۔ مٹکنا۔ اٹھلانا۔

مَلِکہ :- (مَل کا۔ مِل کا۔ ع۔ مو) بادشاہ کی بیوی۔ رانی۔ بیگم۔ حکمران عورت۔ مہال کے چھتے کی نگراں مکھی جو سب سے بڑی ہوتی ہے۔

مَلَکات :- (ع) دیکھو ملکہ۔

ملکوت:- (ع - مذ) بادشاہی قبضہ - فرشتوں کا جہان - عالم ارواح -

ملکہ:- (ع - مذ) لیاقت - ہنر - مشق و تجربے سے حاصل شدہ قوت - ملکہ حاصل ہونا - کسی بات کا کمال تجربہ ہونا - مہارت ہونا -

ملگجا:- (ہ) کچھ میلا کچھ اجلا - کچھ صاف - کچھ نہیں - وہ کپڑا جس میں ملنے سے شکنیں پڑ گئی ہوں - ملگجاپن - میلا پن - صفت - ملگجی - صفت (مو) ؎
آہ بے پروا نہیں کچھ حسن کو
خوب رویوں کو مزیب ملگجی پوشاک ہے (آتش)

مِلل:- (ع - مذ) ملت کی جمع - مذاہب - فرقے -

مُلّو:- (الف - ہ - مذ) مُلّا (دلی) وہ پرندہ جس کے پیچھے باندھ کر جال وغیرہ میں ڈال دیتے ہیں کہ شکار آ کے پھنسا -

مَلمَس:- (ع - مذ) بدن کا اوپری حصہ ؎ ذوق
توقع کیا ہو جینے کی ترے بیمار ہجراں کی
نہ جنبش نبض میں جس کی نہ گرمی جس کے مَس میں

مُلمّع:- (ع - مذ) سونے یا چاندی کا پانی - قلعی - زر دکھاوا - ظاہری ٹیپ ٹاپ - بناوٹ - ایک زبان کی پوری نظم میں دوسری نظم کا مصرع یا بیت ملا دینا - ملمع ساز: ملمع کرنے والا - جھول پھیرنے والا - ملمع کرنا: چمکانا - جلا دینا - سونا چاندی چڑھانا -

ململ:- (ہ - مو) نہایت باریک سوتی کپڑا -

مل مل کر دھونا:- (ہ) خوب اچھی طرح سے یا کسی چیز سے رگڑ کر دھونا -

مل مل کر رونا:- (ہ) گلے لگ کر رونا -

ململانا:- (ہ) افسوس کرنا - پچھتانا - ململاہٹ (مو) افسوس - رنج - پچھتاوا -

ملنا:- (ہ) ملحق ہونا - پیوستہ ہونا - چسپاں ہونا - ایک ذات ہو جانا - مرکب ہونا - دو چیزوں کا یکجا ہونا - کسی سے ملاقات کرنا - اکٹھا ہونا - گڈمڈ ہونا - مجتمع کے ذرّوں کا مل جانا - حاصل ہونا ؎ قمر
کیا تجھ کو ملے گا دل دکھا کر
ملے تو خدا خدا کر کے
کسی چیز کا ہاتھ پہنچنا - دستیاب ہونا - رخصت کے وقت معانقہ کرنا - کسی سے کسی کے خلاف سازش کرنا - مشابہ ہونا - مطابق ہونا - عطا ہونا - عنایت ہونا - سازوں کا آپس میں ہم آواز ہونا - کسی کا موقع ملنا - دکھائی دینا - نظر آنا - ملنا جلنا - میل جول رکھنا - کسی سے رسم و راہ و ملاقات کرنا - ملنا ملانا - ملاقات کرنا - بغلگیر ہونا -

مَلنا:- (ہ) رگڑنا - مالش کرنا - چمکانا - ملنا دلنا - مسل کرنا - خراب کرنا - رگڑنا - مسلنا - مانجھنا -

ملنسار:- (ہ) محبت والا - ہر ایک سے ملنے والا - ملنساری (مو) میل جول - خوش خلقی - محبت -

مَلنگ:- (ف - مذ) مست فقیر - بے خود آدمی - موٹا تازہ جوان آدمی - بے پروا آدمی - ناؤ کی دیوار کا تختہ - (مو) ایک چڑیا -

مِلنی:- (ہ - مو) ملاقات - پیشوائی - شادی کے بعد کی ایک رسم کا نام - استقبال (ہندو روزمرہ)

مَلوانا:- (ہ) مالش کرنا - ملوانا -

مِلوانا:- (ہ) ملاقات کرانا - صلح کرانا - شریک کرانا -

مُلوّث:- (ع) لتھڑا ہوا - آلودہ - گنہگار -

مُلوک:- (ع - مذ) سلاطین - ملک کی جمع - ملوکانہ شاہانہ -

مَلول:- (ع) اداس - غمگین - رنجیدہ - ملول کرنا - رنجیدہ کرنا - ملول ہونا - اداس ہونا - غمگین ہونا -

مَلولا:- (ہ - مذ) افسوس - ملال - رنج - پچھتاوا - ملولا آنا - افسوس آنا - رنج آنا -

مِلونی:- (ہ - مو) ملاوٹ - آمیزش - مقابلہ -

مُلہٹی:- (ہ) ایک دوا کا نام جو جوشاندہ میں پڑتی ہے -

مُلہِم:- (ع) الہام کرنے والا - خدا - مُلہَم - جس پر الہام ہو - پیغمبر یا امام یا ولی -

مُلّھو:- (ہ - مذ) مُلّو -

مَلیا:- (ہ - مو) مٹی یا لکڑی کا چھوٹا برتن جو ہانڈی کی شکل ہو -

ملیامیٹ کرنا:- (ہ) برباد کرنا - تباہ کرنا - نام و نشان مٹانا - ملیامیٹ ہونا - نام و نشان مٹنا - برباد ہونا - نابود ہونا -

مَلی بھگت :- (ہ - مو) سازش - باہمی - خفیہ مشورہ -

مَلے پنج :- (ہ - اصطلاح چابک سواران) آٹھ سال سے زیادہ عمر کا گھوڑا -

مَلیح :- (ع) نمکین - سانولا -

مَلیدہ :- (ف - مذ) ملی ہوئی روٹی جس میں گھی شکر ملاتے ہیں ایک قسم کا پشمینہ - بھُنا میدہ اور شکر -

مُلَیِّن :- (ع) نرم کرنے والا قبض دور کرنے والا -

مِلیَن :- (انگ - مذ) دس لاکھ -

مَلینہ :- (ا - مذ) ایک نرم اور گرم کپڑا -

مَم - مَمّا :- (ہ - مذ) بچے پانی کو مم یا ممّا کہتے ہیں -

مَمات :- (ہ - مو) موت -

مُماثِل :- (ع) ایک جیسا - مشابہ - برابر -

مُماثَلت :- (ع - مو) ایک جیسا ہونا - مشابہت -

مُمارَست :- (ع - مو) مشق - تجربہ -

مَمالِک :- (ع - مذ) بہت سے ملک - (مملکت کی جمع) ممالک محروسہ (پادشاہ) سرکاری علاقے ممالک مفتوحہ - سپُرد کردہ علاقے -

مُمانَعَت :- (ع - مو حاصل مصدر) روک - بندش -

مُمانی :- (ع - مو) ماموں کی بیوی -

مَمبَر :- (انگ) رکن کسی کمیٹی یا جلسے کا معاون -

مُمتاز :- (ع) تمیز کیا گیا - نامور - انتخاب کیا گیا - معزز - ممتاز کرنا - مرتبہ بڑھانا - عزت دینا - ممتاز ہونا - عزت بڑھنا - سرفراز ہونا -

مُمتَحِن :- (ع) امتحان لینے والا - (بفتح ح مفعول)

مُمتَد :- (ع) دراز -

مُمتَنِع :- (ع) روکا گیا -

مُمِد :- (ع) مدد کرنے والا - ممد ہونا - مددگار ہونا - معاون ہونا -

مَمدُوح :- (ع - مذ) جس کی تعریف کی جائے - ممدوحہ (مو)

مَمزُوج :- (ع) ملایا ہوا - آمیختہ -

مُمسِک :- (ع) کنجوس - بخیل (دیکھئے دن صاف گذر جاتا) امساک بڑھانے والی دوا یا غذا -

مُمکِن :- (ع) جو بات ہو سکے - طاقت - مقدور - مجال - ممکنات مو ممکن کی جمع - قابل امکان -

مَملَکَت :- (ع - مو) بادشاہی -

مَملُو :- (ع) بھرا ہوا - پُر - لبریز -

مَملُوک :- (ع) ملک - غلام - قبضے کی چیز - مملوکہ (مو)

مَمنُوع :- (ع) جس سے منع کیا جائے -

مَمنُون :- (ع) احسان مند - ممنون کرنا - شکر گزار بنانا - ممنون ہونا - احسان مند ہونا -

مَموریَل :- (انگ - مذ) عرضی - درخواست -

مَمولا :- (ہ - مذ) ایک پرندے کا نام -

مَمیا خُسر :- (ا - مذ) شوہر کا ماموں - ممیا ساس - (مو) شوہر کی ممانی -

مَمی :- (مذ) مسالا لگی ہوئی لاش جو ہزاروں برس بجنسہ رہتی ہے -

مِمیانہ :- (ہ) بکری کا بولنا میں میں کرنا - ناک میں بولنا

مَمیرا :- (ف) بینائی کو فائدہ دینے والی ایک دوا

مُمیرا :- (ا مے را) ماموں زاد - ممیری بہن - ماموں زاد بہن -

مُمَیِّز :- (ع - مرمی یز) برے بھلے کو پہچاننے والا - اچھے کو برے سے جدا کرنے والا - ممیزہ - ممتاز - ممیزہ - پہچاننے کی قوت -

مَناظِر: (ع) مناظرہ کرنے والا۔ بحث کرنے والا۔ مُناظرہ۔ بحث۔ جھگڑا۔ مذہبی بحث۔ مناظرہ کرنا۔ مذہبی بحث کرنا۔ بحث کرنا۔ مناظرہ ہونا۔ مذہبی بحث ہونا۔

مَناظِر:۔ (ع) مَنظر کی جمع۔ نظارے۔

مَنافِذ:۔ (ع۔ مذ) مسامات۔ چھوٹے چھوٹے سُوراخ۔

مَنافِع: (ع۔ مذ) منفعت کی جمع۔ فائدے۔ مُنافع۔ اُردو میں بمعنی نفع۔

مُنافِق: (ع) دل کا کچھ زبان کا کچھ۔ مکّار۔ ریاکار۔ منافق ہونا۔ ریاکار ہونا۔ کافر ہونا۔

مُنافِی:۔ (ع) ضد۔ خلاف۔

مَناقِب:۔ (ع۔ مذ) بزرگان دین کی مدح۔ تعریف۔ جمع منقبت کی۔

مُناقشہ:۔ (ع۔ مذ) جھگڑا۔ نزاع۔ بحث۔

مُناقِض:۔ (ع) مخالف۔ ناموافق۔

مُناقضہ:۔ (ع) ایک دوسرے کی بات توڑنا۔

مُناکحت:۔ (ع۔ مو) نکاح۔ ازدواج۔

مَنال:۔ (ع۔ مذ) مال و اسباب۔ جاگیر۔

مَنّان:۔ (ع) نہایت احسان کرنیوالا۔ خدائے تعالیٰ کا نام۔

مَنانا: (ہ) منانا۔ روٹھے کو راضی کرنا۔ رضامند کرنا۔ چاہنا۔ (خوشی منانا) منت ماننا۔ چاہنا۔ دُعا کرنا۔ (ہم تو خدا سے تمہاری خیر مناتے ہیں) نام لینا۔ یاد کرنا۔ (اللہ بیر منانا)

مَناہِی: (ع) بُرے کاموں سے روکنے والے احکام۔ روک ٹوک۔ ممانعت (مذ) ناجائز امور۔ خلاف شرع کام۔ مناہی کرنا۔ ممانعت کرنا۔ منع کرنا۔ مناہی ہونا۔ ممانعت ہونا۔ منہی کی جمع۔

مُنَبَّت:۔ (ف) اُبھرا ہوا نقش۔ منبّت کاری (مو) بیل بوٹے بنانا۔

مِنبَر: (ع) ممبر۔ مذ) وعظ کہنے کا زینہ جو عموماً مسجد میں ہوتا ہے۔ مرثیہ پڑھنے کا لکڑی کا بنا ہوا زینہ۔

مَنبَع:۔ (ع۔ مم) پانی اور دریا نکلنے کی جگہ۔ چشمہ۔ سوتا۔ مرکز۔

مِنّت:۔ (ع۔ مو) احسان۔ خوشامد۔ عاجزی۔ مِنّت اُٹھانا۔ احسان اُٹھانا۔ ممنون ہونا۔ منت سماجت (مو) خوشامد۔ عاجزی۔ منت سماجت کرنا۔ بہت خوشامد کرنا۔ عاجزی ظاہر کرنا۔ منت کرنا۔ بہت خوشامد کرنا۔ مِنت کش (ف) احسان مند۔ منت کھینچنا۔ احسان اُٹھانا ؎ رند

نازکا فرنہ اُٹھا منت دیدار نہ کھینچ
صدمۂ کش مکش سبحہ و زنار نہ کھینچ

منت گزار۔ شکر گزار۔ منت لینا۔ احسان لینا۔
؎ داغ

لیتے ہیں جاں نثار کوئی منت مسیح
جو ہو شہید عشق اُسے تم سے کیا غرض

مَنّت:۔ (۱) کسی مراد کے واسطے مانی ہوئی بات۔ نذر۔ نذر نیاز۔ منت بڑھانا۔ مراد پوری ہونے پر نذر نیاز کرنا۔ مراد پوری ہونے پر طوق بیڑی وغیرہ اتارنا۔ منت کا چراغ۔ مراد پوری ہونے پر عورتیں منت کا چراغ مسجد وغیرہ میں جلاتی ہیں اور جب تک وہ خود جل کر ختم نہ ہو۔ اس کا بجھنا بُرا سمجھتی ہیں۔ منت کا چھلا۔ عورتیں چاندی کا چھلا دھو کر اُٹھاتی ہیں اور منت پوری ہونے پر اس کو فروخت کر کے نذر نیاز کرتی ہیں۔ منت کا طوق۔ منت کی بیڑی۔ منت کی ہنسلی۔ منت کا گنڈا۔ عورتیں بچوں کو چاندی کا طوق یا بیڑی یا ہنسلی وغیرہ پہناتی ہیں اور ان کے جوان ہونے پر یا پروان چڑھنے پر اُسے اتارتی ہیں اور نذر نیاز کرتی ہیں۔ منت کے بال یا چوٹی۔ نذر کے طور پر مائیں عقیقہ کے وقت لڑکوں کے سر پر چوٹی یا بال چھوڑ دیتی ہیں۔

؎ نیاز نار چلا لے کے نازپروردہ
کہ منتوں کی ہے چوٹی سر کبوتر پر

منت مانگنا کسی کی نذر نیاز کر کے مراد مانگنا۔ منت ماننا۔ نذر کرنا ؎ رشک

کہتے ہیں مے فروش سے سو بار
منتیں مان لے برائے شراب

مُنتِج:۔ (ع) نتیجہ دینے والا۔ ثمر دینے والا۔

مُنتَخَب:۔ (ع) انتخاب کیا گیا۔ چھانٹا ہوا۔ چنا ہوا۔ منتخب کرنا۔ چننا۔ چھانٹنا۔ پسند کرنا۔ منتخب ہونا۔ نہایت عمدہ ہونا۔ چنا جانا۔

مَنتَر:- (ع - مذ) سفلی عمل - جادو - ٹونا - منتر پڑھنا - سفلی عمل پڑھنا - منتر پھونکنا - جادو کے کلمات پڑھ کر دم کرنا - منتر جنتر (مذ) جادو ٹونا - جھاڑ پھونک - منتر چلانا - ٹونا کرنا - منتر چلنا - منتر کرنا - منتر کا کارگر ہونا - منتر مارنا - ماش وغیرہ پر پڑھ کر جادو کرتے ہیں - منتری - پیر مرشد - وزیر - جادوگر -

مُنتَشِر:- (ع) متفرق - پراگندہ - تتر بتر - پریشان -

مُنتَظِر:- (ع) راہ دیکھنے والا - منتظر رکھنا - انتظار میں رکھنا - آس میں رکھنا - منتظر رہنا - انتظار کرنا - آس میں رہنا - منتظر ہونا - انتظار میں ہونا - آس میں ہونا - منتظَر - جس کا انتظار کیا جائے -

مُنتَظِم:- (ع) انتظام کرنے والا - اہتمام کرنے والا - کفایت شعار اور سلیقہ مند - منیجر - مدار المہام - منتظَم - باقاعدہ - مرتب -

مُنتَفِع:- (ع) نقصان اُٹھانے والا -

مُنتَقِل:- (ع) ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا - مکان بدلنے والا - منتقل کرنا - انتقال کرنا - بدلنا - دوسرے کے حوالے کرنا - بیچنا - سونپنا - منتقل ہونا - بدلا جانا - انتقال ہونا - سونپا جانا -

مُنتَقِم:- (ع - مذ) بدلہ لینے والا - اللہ تعالیٰ کا نام -

مُنتَہیٰ:- (ع) انتہا کو پہنچا ہوا (مذ) حد - انجام - مُنتَہی - انتہا کو پہنچنے والا - فاضل - لائق -

مِنَٹ:- (انگ - مذ) لمحہ - پل - گھنٹے کا ۱/۶۰ - منٹ بھر - دم بھر - منٹ گننا - ایک ایک لمحہ گننا - سخت انتظار کرنا -

مَنثُور:- (ع) (مذ) ناسفتہ - پراگندہ - متفرق - کلام جو نظم نہ ہو -

مَنجا:- (ھ) جو زیادہ مشق کی وجہ سے قابو میں ہو - رگڑا ہوا - صاف کیا ہوا - تجربہ کار - منجی (مو) منجی ہوئی آواز - گویے کی سیدھی اور مشاقانہ آواز - منجی ہوئی بات - وہ کام جس کی مشق ہو (لفظ دونوں جگہ جھ کی آواز میں بولا جاتا ہے - مَن جھا - من جھی - مجھا)

مَن جانا:- (ھ) کسی کا کسی کے منانے سے رضامند ہو جانا -

مَنجدھار:- (ھ - مو) سمندر یا دریا کے بیچ کی دھار طوفان کی لہریں جس میں کشتی پھنس جائے - مصیبت - بھاؤ -

مُنجَر:- (ع) کھنچا گیا - کھینچنے والا - (نزاع منجر بہ فساد ہوا) منتہی -

مُنجَلی:- (ع) روشن -

مُنَجِّم:- (ع) نجومی - جوتشی - نجوم جاننے والا -

مُنجَمِد:- (ع) جما ہوا - سردی سے بستہ - ٹھوس - منجمد رہنا - جما رہنا - یخ بستہ رہنا - منجمد کرنا - جمانا - یخ بستہ کرنا - منجمد ہونا - جم جانا - یخ بستہ ہونا -

مَنجَن:- (ھ - مذ) دانت کی دوا - دانت صاف کرنے کا سفوف - منجن کرنا - دانتوں کو منجن لگانا - منجن کرنا - دانتوں کو منجن سے صاف کرنا - منجن لگانا - دانتوں کو منجن ملنا -

مَنجنا:- (ھ) صاف ہونا - صیقل ہونا - ماہر ہونا - مشاق ہونا -

مَنجَنِیق:- (ع) بڑے بڑے پتھر پھینک کر قلعہ توڑنے کی کل - منجنیق چلانا - بھاری پتھر پھینکنے کی کل چلانا - بھاری پتھر منجنیق کے ذریعے پھینکنا -

مَنجھلا:- (ھ - مذ) بیچ کا - درمیانی - منجھلا روزہ - (مذ) چودہ رمضان کا روزہ (صفت بھائی بہن - اولاد کے لیے بہت مستعمل ہے - منجھلی (مو)

مَنجھنا:- (ھ) صاف ہونا - تجربہ کار ہونا - مشاق ہونا

مَنجھولا:- (ھ - مذ) درمیانہ - بچلا - اوسط درجے کا - منجھولی (مو) نیز ایک قسم کی چھوٹی بیل گاڑی - منجھلی -

مَنجھیلا:- (ھ - مذ) ڈھیل - دیر - تعویق - منجھیلے

مَنجیرا:- (ھ - مذ) پیتل کی کٹوریاں جو طبلے اور ساز کے ساتھ بجائی جاتی ہیں -

مُنحَرِف:- (ع) پھرا ہوا - برگشتہ - برخلاف - باغی - منحرف رہنا - پھرے رہنا - باغی رہنا - سرکش رہنا - منحرف کرنا - سرکش بنانا - ورغلانا - منحرف ہونا - پھر جانا - سرکش ہو جانا - باغی ہونا -

مُنحَصِر:- (ع) انحصار کیا گیا - کسی بات پر موقوف - مشروط - منحصر رکھنا - موقوف رکھنا - وابستہ رکھنا - منحصر رہنا - موقوف رہنا - وابستہ رہنا - منحصر

ہونا - موقوف ہونا - وابستہ ہونا -

مُنحنی :- (ع) دُبلا - کمزور - کُبڑا - قوسی خط -

مَنحُوس :- (ع) بدبخت - سبز قدم - شوم - منحوس ہونا - نحس ہونا - شوم ہونا -

مَندا :- (ہ - مذ) بے رونق - سستا - مندا بِکنا - سستا بِکنا - مندا پڑنا - دھیما پڑنا - ارزاں ہونا - مندا ہونا - دھیما ہونا - ارزاں ہونا -

مَندِر :- (ہ) ہندوؤں کا بُت خانہ

مُندَرِج :- (ع) لکھا ہُوا - تحریر - مندرج کرنا - درج کرنا - لکھنا - مندرج ہونا - داخل ہونا - درج ہونا - مندرجۂ بالا - جو اُوپر لکھا گیا - مندرجۂ ذیل - جو نیچے لکھا گیا - ترکیب اضافی ہے عوام مُن درجہ بولتے ہیں -

مُندری :- (ہ - مو) انگوٹھی -

مُندنا :- (ع) بند ہونا - آنکھیں بند ہونا -

مُندمِل :- (ع) گھاؤ بھرنا - مندمل ہونا - گھاؤ بھرنا - زخم اچھا ہونا -

مُندِیل :- (ف - مو) رومال - پگڑی - دستار خاص قسم کی گول ٹوپی - مندیل اُترنا - پگڑی اُترنا - عزت جاتی رہنا ؎ رند

نہ جایا کرو بزمِ رنداں میں شیخ
یہ مندیل اک دن اُتر جائے گی

مندیل باندھنا - پگڑی باندھنا -

مُنڈ :- (ہ - مذ) اُستاد - پیر - گروگھنٹال - کھوپڑی - منڈ چرا - فقیروں کا ایک گروہ جو اپنا سر بھیک لینے کے لیے زخمی کر ڈالتا ہے - ضدی - اڑیل - منڈ چراپن (مذ) ضد - زبردستی وصول کرنے کی عادت -

مُنڈا :- (ہ - مذ) بے نوک کا جوتا - سر منڈا - چیلا - بے پتوں کا درخت -

مُنڈاسا :- (ہ - مذ) (تحقیرا) پگڑی - بڑا اگڑ منڈاسا باندھنا - پگڑی باندھنا -

مُنڈانا :- (ہ) اُسترا پھروانا - منڈائی (مو) مونڈنے کی مزدوری -

مُنڈکری مارنا :- (ہ) اُوانی کھٹوانی لے کر پڑ رہنا - گھٹنوں میں سر دے کر سونا -

مَنڈل :- (س - مذ) دائرہ - گھیرا - حلقہ جتھا - منڈل باندھنا - حلقہ باندھنا - اندھیرا چھانا - منڈلی - جماعت -

مَنڈلاتے پھرنا :- (ہ) چکر کاٹنا - بار بار ایک جگہ آنا اور جانا - منڈلانا - اردگرد پھرنا -

مُنڈنا :- (ہ) لُٹ جانا - حجامت بنوانا - دھوکے میں آ کر نقصان اٹھانا - مُنڈو (مو) سر منڈی عورت - مصیبت زدہ - بدنصیب - رانڈ - منڈوانا - بال صاف کرانا - لٹوانا - ٹھگوانا -

مَنڈوا :- (ہ - مذ) عارضی جھونپڑا - ایک ادنیٰ قسم کا اناج - مڑوا -

مَنڈھا :- (ہ - مذ) شامیانہ - وہ گیت جو لڑکی کو وداع کرتے وقت گایا جاتا ہے - منڈھا گانا - رخصتی گیت گانا -

مَنڈھنا :- (ہ) ڈھانپنا - پرشش چڑھانا - کاغذ یا چمڑہ وغیرہ چڑھانا - سر ڈالنا - ذمہ ڈالنا - منڈھوانا - چڑھانا - پرشش کرانا

مَنڈی :- (ہ - مو) مارکیٹ - خرید و فروخت کی جگہ - منڈی لگنا - بازار لگنا - مارکیٹ کا کام شروع ہونا - منڈی لگانا - بازار لگانا -

مُنڈی :- (ہ - مو) گردن - منڈیا (مو) سر - گردن - اکثر تحقیر کے موقع پر بولتے ہیں -

مُنڈیر :- (ہ - مو) چھت کا کنارا - سر دیوار - پشتہ - منڈیری (مو) سر دیوار - مینڈھ - پشتہ -

مَنزِل :- (ع - مو) پڑاؤ - مکان کا ایک درجہ - مرحلہ - ایک دن کا سفر - بام کام - چاند کا گھر - قرآن کے سات حصوں میں سے ایک - بڑی مسافت - منزلِ اوّل - پہلی منزل - سفرِ آخرت - موت - منزل بہ منزل - درجہ بدرجہ - بتدریج - منزل بہ منزل جانا - ہر پڑاؤ پر قیام کرتے ہوئے جانا - منزل پر پہنچانا - اصلی مقام پر پہنچانا - منزل دینا - مُردے کو قبر میں رکھنے سے پہلے ذرا دیر تک ایک یا دو جگہ رکھنا - منزل طے کرنا - پڑاؤ پر پہنچنا - سفر پورا کرنا - منزل کاٹنا - سفر طے کرنا - منزل کرنا - پڑاؤ کرنا - سفر میں ٹھہرنا - منزل کھوٹی کرنا - دیر لگانا - سفر میں رکاوٹ ڈالنا - منزل پر پہنچ نہ سکنا - دیر ہونا - منزل مارنا - منزل طے کرنا - سفر کرنا - منزلِ مقصود - جہاں کا ارادہ ہو - جہاں جانا ہو - جو اصل مدعا ہو - منزل نرم ہونا - مرحلہ طے کرنا - معاملے کا آسان ہونا ؎ جلیل

کٹے گی نرم ہو کر منزل اپنی
یونہی گر ہمت قاتل کی لڑی ہے

مَنزِلت :- (ع - مو) رتبہ - قدر - عزت -

مُنَزَّہ :- (ع) پاک و صاف - عیب سے بری -

مُنسلِک :- (ع) پرویا ہوا - نتھی کیا ہوا - وابستہ - منسلک کرنا - شامل کرنا - پرونا - نتھی کرنا - منسلک ہونا - شامل ہونا - نتھی ہونا -

مَنسُوب :- (ع) نسبت کیا گیا - منگنی کیا گیا -

مَنسُوخ :- (ع - مذ) بند کیا ہوا - رد کیا ہوا - ہٹایا ہوا - مٹایا ہوا - منسوخ کرنا - مٹانا - خارج کرنا - باطل ہونا - منسوخ ہونا - خارج ہونا - باطل ہونا -

مَنِش :- (ف - مو) طبیعت - مزاج - انسان جیسا آدمی ؛

مَنشا :- (ع - مذ) ارادہ - مراد - منشا ہونا - ارادہ ہونا - مرضی ہونا -

مَنشُور :- (ع - مذ) بادشاہی حکم - فرمان -

مُنشی :- (ع - مذ) لکھنے والا - مضمون نگار - مدرس - کارندہ - منشی گری (مو) کلرکی - محرری - مدرسی - منشیانہ - منشیوں کی وضع کا - منشیوں کی قسم جو وکیلوں کے منشی لیتے ہیں -

مُنشی :- (ا) نشہ والی چیز - نشہ آور -

مَنصَب :- (ع - مذ) مرتبہ - درجہ - منصب دار - عہدہ دار - وظیفہ خوار -

مُنصَرِم :- (ع) انتظام کرنے والا - منیجر - ایک عہدہ -

مُنصِف :- (ع) انصاف کرنے والا - منصف مزاج - انصاف پسند - کھرا - عادل - منصفی (مو) انصاف کی جگہ - عدالت - منصفی کرنا - انصاف کرنا -

مَنصُوبہ :- (ع - مذ) ارادہ - اسکیم جو بنائی جائے - منصوبہ باندھنا - ارادہ کرنا - عزم کرنا - اسکیم بن جانا - منصوبہ کرنا - ارادہ کرنا - منصوبے باز - (مذ) تدبیریں سوچنے والا - منصوبے بندی - اسکیم بنانا -

مَنصُور :- (ع) جس کی مدد کی جائے - المظفر - فتح مند - فتح یاب - ایک بزرگ صوفی کا نام جنہوں نے حالت وجد میں انا الحق کہہ دیا تھا اور اس جرم میں وہ سولی پر چڑھائے گئے تھے -

مَنصُوص :- (ع) کمال تحقیق کو پہنچا ہوا - وہ بات جو آیت یا حدیث میں مذکور ہو -

مِنَصَّہ :- (ع - مو) نص یا ظاہر ہونے کی جگہ - عروس کے بٹھائے جانے کا تخت - اردو میں منصۂ شہود ہے جو مستعمل ہے اور معنے ہیں دنیا

مُنضِج :- (ع - مذ) مواد کو پکانے والی دوا جو جلاب سے پہلے پلائی جاتی ہے - منضج لینا - جسم کے مواد کو پکا کر نکالنے والی دوا کھانا -

مُنضَم :- (ع) ملا ہوا - شامل - پیوستہ -

مُنطَبِق :- (ع) برابر - موافق - یکساں - منطبق کرنا - برابر کرنا - یکساں کرنا - منطبق ہونا - برابر ہونا -

مَنطِق :- (ع - مو) وہ علم جو قطعی دلائل سے حق کو حق اور ناحق کو باطل ثابت کرتا ہے - نطق - گویائی - گفتگو - بات - لہجہ - لفظ - خوش کلامی - فصاحت - منطق بگھارنا - الٹی سیدھی دلیلیں دینا - باتیں بنانا - منطق چھانٹنا - حجت بازی کرنا - منطقی - منطق داں - حجت باز - خوش گو -

مِنطَقہ :- (ع - مذ) کمر کا پٹکا - وہ خط جو زمین کے گرد مثل پٹکے کے فرض کیا گیا ہے - حلقہ - دائرہ
منطقۃ البروج (ع) وہ دائرہ جو آسمان پر فرض کیا گیا ہے اور فلک کی تنصیف کرتا ہے - اسی دائرہ پر وہ بارہ برج ہیں جن میں سے آفتاب ہو کر گزرتا ہے - (مو) پٹکہ (اس کی اضافت باردہ - جنوبی - شمالی - حارہ - محرقہ - معتدلہ وغیرہ کی طرف دی جاتی ہے - جس سے مراد طبعی جغرافیائی تقسیم ارضی ہے منطقہ باردہ - ٹھنڈا علاقہ جو جنوب و شمال میں ہے جہاں آفتاب کے مسلسل نہ پہنچنے کی وجہ سے کم و بیش برفستان ہے -
حارہ یا محرقہ - بہت گرم علاقہ - خط سرطان سے جدی تک یہاں دن رات کم و بیش برابر رہتے ہیں - افریقہ اور جنوبی امریکہ کا اکثر حصہ - منطقہ معتدلہ - برابر کی گرمی اور سردی کا علاقہ -

مَنطُوق :- (ع - مذ) بات - مضمون -

مَنظَر :- (ع - مذ) دیکھنے کی جگہ - سین - منظر عام - برملا - کھلی جگہ - شارع - گزرگاہ - منظر عام پر لانا - کھلم کھلا ظاہر کرنا -

مَنظُور :- (ع - مذ) پسند کیا گیا - دیکھا گیا - منظور کرنا

قبول کرنا - اجازت دینا - منظور ہونا - قبول ہونا - اجازت ہونا
منظورِ نظر - (بالضا) مقبول - پسند خاطر - محبوب - منظورِ نظر ہونا - پسندیدہ ہونا - مرغوب ہونا - محبوب ہونا - منظوری (مو) اجازت - رضامندی -

مَنظُوم :- (ع) نظم کیا گیا - پرویا گیا - شعر -

مَنع :- (ع - مذ) باز رکھنا - روکنا - منع کرنا - روکنا - ممانعت کرنا -

مُنعطِف :- (ع) پھرنے والا - متوجہ - منعطف کرنا - موڑنا - پھیرنا -

مُنعقِد :- (ع) انعقاد پانے والا - جیسے جلسہ منعقد ہوا - منعقد کرنا - قائم کرنا - ٹھہرانا - اکٹھا کرنا - منعقد ہونا - قائم ہونا - ٹھہرنا - قرار پانا - اکٹھا ہونا -

مُنعکِس :- (ع) انعکس قبول کرنے والا - وہ شعاع جو پلٹ کر آگئی ہو - الٹا - اوندھا - سرنگوں -

مُنعِم :- (ع) مال دار - نعمت والا - آقا - سخی -

مُنغَّص :- (ع) مکدر - تیرہ - ناخوش (لوگ غص بولتے ہیں)

مَنفَذ :- (ع - مذ) راستہ - سوراخ - مسام -

مُنفرِج :- (ع) وسیع - کشادہ - منفرجہ - قائمہ سے بڑا زاویہ -

مُنفرِد :- (ع) اکیلا - یکتا - یگانہ -

مُنفصِل :- (ع) الگ - جدا - منفصلہ - فیصلہ کیا گیا - فیصل شدہ -

مُنفعِل :- (ع) اثر قبول کرنے والا - نادم - شرمندہ - منفعل کرنا - شرمندہ کرنا - منفعل ہونا - شرمندہ ہونا -

مَنفعَت :- (ع - مو) فائدہ - نفع -

مُنفک :- (ع) کٹا ہوا - الگ (کرنا - ہونا) ادوج

جب سلسلۂ فوج ہوا راہ سے منفک
آیا نظر اک زین ڈھلا گھوڑا یکایک

مَنفی :- (ع) نفی کیا گیا - رد کیا گیا - خارج کیا گیا (مذ) علم صرف میں وہ فعل جس سے کسی کام کا نہ ہونا پایا جائے -

مِنقار :- (ع - مو) چونچ -

مَنقبَت :- (ع - مو) تعریف - وہ نظم جو اہل بیت کی مدح میں ہو - مناجات -

مُنقبِض :- (ع) سمٹا ہوا - سکڑا ہوا - مکدر - ناراض - منقبض کرنا - مکدر کرنا - ناخوش کرنا - منقبض ہونا - مکدر ہونا - افسردہ ہونا -

مُنقسِم :- (ع) بانٹا ہوا - تقسیم شدہ -

مُنقّش :- (ع) بیل بوٹے دار - کندہ - نقشین

مَنقصَت :- (ع - مو) کمی - نقصان - عیب -

مُنقضی :- (ع) گزرنے والا - گزرا ہوا - گذشتہ -

مُنقطِع :- قطع ہونے والا - منقطع - کٹا ہوا - منقطع ہونا - فیصل ہونا - تصفیہ ہونا - جاتا رہنا - ٹوٹنا - کٹنا -

مِنقَل :- (ع - مو) انگیٹھی - منقلات - ہراول دستہ -

مُنقلِب :- (ع) الٹنے والا - لوٹنے والا - گردش کھانے والا - پھر جانے والا - اوندھا - منقلبات - اصطلاح نجوم میں برج حمل و سرطان و میزان و جدی -

مَنقُوش :- (ع) لکھا گیا - نقش کیا گیا - منقوش ہونا - نقش ہونا - کھدا ہونا -

مَنقُوط :- (ع) نقطے والا - منقوطہ - نقطے دار حرف - (اصطلاح فن معانی میں) ایسے الفاظ لانا جن کے سب بانقطہ ہوں بخلاف مہملہ کے انشا (دوسرا مصرع)

آہ کل دل کو ہوا درد کہ دکھا ہم کو
جنبشِ چینِ جبینِ بتِ چین نے بے چین

مَنقُول :- (ع - مذ) ذکر کیا ہوا - نقل کیا ہوا - بیان کیا ہوا - ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا ہوا - منقولہ - اثاثہ - ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کے قابل مال - منقولات (مو) وہ کتابیں یا تقاریر جن میں قول سے بحث ہو اور عقلی دلائل نہ بیان کئے جائیں -

مُنقّٰی :- (ع - مذ) بڑی کشمش - صاف کیا ہوا - واضح -

مَنکا :- (ہ - مذ) مالا یا تسبیح کا دانہ - عقیق وغیرہ کا دانہ - گردن کا مہرہ - وہ مہرے جنھیں فقرا گردن میں ڈالے رہتے ہیں - منکا ڈھل جانا - مرنے کے قریب ہونا -

مُنہ اُٹھا کر چلنا - راستے کو دیکھے بغیر چلنا - بے پروا ہو کر چلنا۔ مُنہ اُٹھا کے کہنا - بے سوچے سمجھے کہنا - مُنہ اُٹھانا - کسی طرف جانا - مُنہ اُدھر جانا - رُخ ہو جانا - بلا ارادہ کسی طرف چل دینا - مُنہ اُجالے - ادلی - علی الصبح سویرے دن نکلے - مُنہ اُجلا ہونا - عزت رہنا - مُنہ اداس ہونا - رنجیدہ و غمگین ہونا - مُنہ اس قابل نہیں - میں اس لائق نہیں - ؎ انیس

نعمت سے زیادہ ہمیں یہ نانِ جویں ہے
مُنہ اپنا تو اس کھانے کے قابل ہی نہیں ہے

مُنہ آنا - گرمی سے مُنہ میں چھالے پڑنا - طنز کی بات کہنا - برابری کرنا - مُنہ اندھیرے - علی الصباح - مُنہ اوندھا کرکے لیٹنا - ناراض ہو کر لیٹنا - رنج یا فکر میں پڑ رہنا - مُنہ اوندھا کر چلنا - آنکھیں بند کرکے بے فکر ہو کر چلنا - ج " کافر مُنہ اوندھا کر چلتا ہے - اس لیے اس کو راستہ نہیں سُوجھتا اور مومن سر اُٹھا کر چلتا ہے اور اس کو راستہ سُوجھ پڑتا ہے - (ترجمۃ القرآن) مُنہ بانا (عو) جمائی لینا - اپنی طاقت پر ہنسنا - مر جانا - مُنہ باندھے ہوئے بیٹھنا - فاقے سے ہونا ؎ جان

بی بی گھر والے کو بستی ہوں گی دل میں سمدھنیں
سب کے سب بیٹھے ہیں مُنہ باندھے نئے مہمان ہے

مُنہ باندھ کے بیٹھنا - چُپ چاپ ہونا - مُنہ باندھنا - مُنہ بند کرنا - خاموش کرنا - مُنہ بسورنا - مُنہ بنانا - رونی صورت بنانا - مُنہ بگاڑ دینا - مُنہ کی شکل بگاڑنا - طمانچہ مارنا - لقوہ ہونا - مُنہ بگاڑنا - ناراض ہونا - کسی کا چہرہ زخمی کرنا - مُنہ بگڑ جانا - صورت خراب ہو جانا - مُنہ بدمزہ ہو جانا - تیوری چڑھ جانا - مُنہ بننا - بن جانا - مُنہ بگڑنا - خفا ہونا - مُنہ بنا کر بیٹھنا - ناراض ہو کر بیٹھنا - خفا ہو کر بیٹھنا - مُنہ بنا لینا - خفا ہو جانا - ناراض ہونا - مُنہ کا مزہ خراب ہونا - مُنہ بناؤ - ہوش میں آؤ ؎ امیر

واہ رے زور یہ شوخی یہ تیی گرمی ہے
مُنہ بناؤ کہ زباں خوب ہی چل نکلی ہے

مُنہ بنوا رکھیے - اس قابل ہو جاؤ ؎ واجد علی شاہ

کچھ خیر ہے اپنا مُنہ تو بنواؤ
کیا خوب ذرا جو اس میں آؤ

مُنہ بند کر لینا - خاموش ہو جانا - مُنہ بند کرنا - چُپ کرانا - خاموش کرانا - چُپ ہونا - مُنہ بنانا - غصے ہونا - مُنہ بند کلی - کنواری لڑکی - مُنہ بند ہو جانا - چُپ ہو جانا - زخم بھر جانا - مُنہ بنوانا - قابلیت پیدا کرنا - مُنہ بولا (مذ) فرضی زبان سے کہہ کر بھائی وغیرہ بنایا ہوا - مُنہ بھر آنا - مُنہ میں رطوبت آنا - متلی ہونا - مُنہ بھر آنا - متلی ہونا - لالچ آنا - مُنہ بھر دینا - رشوت دینا - مُنہ کو پُر کرنا - سیر کر دینا - مُنہ بھر کے کوسنا - بے دردی سے کوسنا - مُنہ بھر کے گالی دینا - سخت گالی دینا - مُنہ پانا - توجہ پانا - مُنہ پر سامنے - مُنہ پر آنا - زبان پر آنا - مقابلے پر آنا - مُنہ پر بسنت کھلنا - شرمندہ ہونا - کمزور ہونا - مُنہ پر پانی پھر جانا - چہرہ بحال ہونا - رونق آنا - تندرستی و صحت کے آثار دکھائی دینا - مُنہ پر پھٹکار برسنا - نفرت زدہ ہونا - مُنہ پر پھینک مارنا - مُنہ پر مارنا - کسی کی چیز واپس کرنا - مُنہ پر تھوکنا - بے عزت کرنا - مُنہ پر جانا - لحاظ کرنا - مُنہ پر چڑھنا - گستاخ ہونا - بے ادب ہونا - مُنہ پر چھپا دینا و چپ کرنا - مُنہ پر خاک اڑنا - قابل نفرت ہونا - چہرے پر پھٹکار برسنا - مُنہ پر دانا نہ رکھنا - فاقے سے ہونا - افلاس کی انتہا ظاہر کرنے کے لیے بھی بولتے ہیں - مُنہ پر زردی چھا جانا - خون کی کمی سے چہرے کی سُرخی جاتی رہنا - ڈر جانا - شرمندہ ہو جانا - چہرے کا بے رونق ہو جانا - مُنہ پر سب کچھ دل میں خاک نہیں - ظاہری باتیں ہیں - مُنہ پر فاختہ اڑنا (دل) ہوائیاں اڑنا - مُنہ پر کچھ پیٹھ پیچھے اور - مُنہ پر کچھ - دل میں کچھ - منافقت - مُنہ پر شفق پھولنا - عزت رہ جانا - سرخرو ہونا - مُنہ پر کھانا - جوانمردی دکھانا - مُنہ پر کہنا / کہہ دینا - سامنے کہنا - مُنہ پر کہنا خوشامد ہے - (کہاوت) جو کچھ کہہ رہا ہوں واقعہ اور حقیقت ہے - مُنہ دیکھے کی نہیں بلکہ اس کا تو ہمیشہ سے اقرار و اعلان کرتا ہوں - مُنہ پر کے سو موچھ کا بال - سچائی یا بہادری تو یہی ہے کہ عیب یا بُری بات سامنے کہے - مُنہ پر لانا - بیان کرنا - جتانا - مُنہ پر لکھا ہونا - چہرے سے ظاہر ہونا - مُنہ پر مارنا - ہدیہ و تحفہ واپس کرنا - بے دلی سے قبول کرنا - مُنہ پر مُردنی چھانا - چہرہ زرد ہونا - قریب مرگ ہونا - مُنہ پر مُنہ رکھنا - پیار کرنا - بڑی محبت سے چمٹنا - مُنہ پر مہتاب / بیان چھوٹنا - ہوائیاں اُڑنا - چہرہ فق ہو جانا - مُنہ پر مہر لگنا - خاموش ہونا - مُنہ پر ناک ہونا - شرم و غیرت ہونا / نہ ہونا - مُنہ پر نمک ہونا - ملیح ہونا - حُسن ہونا - مُنہ پر ہاتھ پھیر کر کہتا ہوں - پورے یقین سے کہتا ہوں - مُنہ پر ہاتھ پھیرنا - آگاہ کرنا - کسی چیز کے لینے کا ارادہ / دعوے کرنا - مُنہ پر ہاتھ رکھنا - (رکھ دینا) نہ بولنے دینا - مُنہ پر ہوائیاں / پیلی پھر جانا / اُڑنا / چھوٹنا - ڈرنا - چہرے کا رنگ اُڑ جانا - حواس باختہ ہونا ؎

خورشید رو نے جس گھڑی آنکھیں دکھائیاں
مہتاب کے پھر گئیں مُنہ پہ ہوائیاں

مُنہ خشک ہونا - پیاس لگنا - مُنہ سوکھ جانا - مُنہ در مُنہ
آمنے سامنے - مُنہ در مُنہ خالہ نانی پیٹھ پیچھے دشمن جانی -
(عو) ظاہر بظاہر محبت دل میں کپٹ - مُنہ دکھائی / دکھاونی - دُلہن کو
پہلی مرتبہ دیکھ کر جو رقم دی جاتی ہے - مُنہ دکھانا - ملنا - ملاقات
کرنا - مُنہ دکھانے کے قابل / کی صورت نہ رہنا - بہت رسوا ہونا -
مُنہ دھواں ہونا شرمندگی سے چہرہ اتر جانا -
مُنہ دھو رکھو / ڈالو - اس قابل ہو لو - غصہ ٹھنڈا کر لو -
ے مرزا شوق

دیکھو نہ اتنا جوش میں آؤ
منہ کو دھو ڈالو ہوش میں آؤ

مُنہ دھونا - چہرے پر پانی ڈالنا - تیار ہونا - منہ دے
کے بات کرنا (عو) توجہ سے باتیں کرنا - ڈھٹائی سے بولنا -
منہ دیکھ کے بات کرنا - خوشامد کرنا - موقع کے موافق بات
کہنا - مُنہ دیکھنا - صبح اُٹھ کر پہلی نظر سے کسی کی صورت
دیکھنا - حیران ہونا - حوصلہ و ہمت پر نظر کرنا ے سحر

ہوگا ہم چہرہ روئے انور کا
منہ کوئی دیکھے ماہ انور کا

اُمید رکھنا - کسی کو دیکھے جانا اور کام نہ کرنا - مُنہ دیکھو
(طنز سے) تمیز - حوصلہ - لیاقت دیکھو - مُنہ دیکھتے رہ
جانا - حیران رہ جانا - مُنہ دیکھی - مُنہ دیکھے کی بات
خوشامد کی گفتگو - مُنہ دیکھی سب کہتے ہیں خدا لگتی کوئی
نہیں کہتا (عام طور سے اظہار مظلومیت کے لیے - عو) سچائی
کا خیال کسی کو نہیں - مُنہ دیکھے کی الفت / چاہ - (محبت) ظاہری
محبت - مُنہ دینا - جانور کا کسی چیز میں منہ ڈالنا - توجہ
کرنا - وعدہ کرنا ے رشک

منہ نہیں دیتا نہیں وہ غنچہ لب
کس سے کہیے حال اس روداد کا

مُنہ ڈالنا - جانور کا کسی برتن کو جھوٹا کرنا - منہ ڈالنا -
مُنہ ڈھانپ کے / ڈھاپ کر رونا - بہت رونا - مُنہ ڈھانکنا
چہرہ پر پردہ ڈال کر رونا - پرسا دینا - رونا - مُنہ ذرا
سا نکل آنا - ذرا سا مُنہ نکل آنا (دیکھو) مُنہ رکھنا - لحاظ
کرنا - مُنہ زبانی - حفظ - یاد - زبانی - خالی خولی - مُنہ
زرد ہو جانا - خون کم ہو جانا - ڈر جانا - مُنہ زور - مُنہ
پھٹ - بکواسی - بدزبان - بدلگام گھوڑا - مُنہ زوری -
بدکلامی - بدلگامی - شرارت (کرنا کے ساتھ) مُنہ زہر
ہو جانا - مُنہ کا مزہ تلخ ہونا ع عاشق

سوز غم فراق سے مُنہ زہر ہو گیا

مُنہ سُت جانا - چہرے کا دُبلا ہو کر لمبا معلوم ہونے لگنا -
مُنہ سڑے (عو) بددعا مُنہ سجانا - رُوٹھنا - غصے ہونا -

مُنہ سرخ ہو جانا - سخت غصہ آنا - جوانی یا نشے یا صحت
کا زور پر ہو جانا - مُنہ سفید ہو جانا - خوف سے رنگت
بدل جانا - مُنہ سکڑ (جا) نا - چہرے پر جھریاں پڑنا -
مُنہ سکوڑنا / سکیڑنا - تیوری چڑھانا - ناراضگی - ناپسندیدگی
ظاہر کرنا - مُنہ سنبھالنا - زبان روکنا - مُنہ سلونا کرنا -
مٹھائی کے بعد نمکین چیز کھانا - مُنہ سوکھنا - پیاسا ہونا
ڈرنا - کمزور ہونا - مُنہ سوئی پیٹ کوئی (مثل) دیکھنے
میں سینک سلائی کھانے میں جانا - مُنہ سیا جانا - مُنہ
بند ہو جانا - مُنہ سیاہ کرنا - مُنہ کالا کرنا (عو) اچھو تا دینا -
کلنگ کا ٹیکا لگانا - مُنہ سے بات اُچکنا / چھیننا - (اُچک لینا / چھین لینا)
دُوسرے کے مُنہ یا دل کی بات کہہ دینا -
کسی کے کہنے سے پہلے اُس کے مطلب کی بات کہنا - مُنہ
سے بولنا - (طنز - استدعا - تہدید) جواب دینا - بات
کرنا - مُنہ سے بھاپ نہ نکلنا / نکالنا - بالکل چپ رہنا -
مُنہ سے پھوٹنا - جواب دینا - کچھ کہنا - مُنہ سے پھول
جھڑنا / کرنا - خوش کلامی سے بولنا - گالیاں دینا - مُنہ سی دینا -
خاموش کر دینا - رشوت دینا - منہ سے دودھ
ٹپکنا / کرنا - للچانا - مُنہ سے رنگ اُڑ جانا - چہرہ فق ہو
جانا ے ذوق

یوں کرے جست کہ جیسے سر میدان نبرد
منہ سے اُڑ جائے حریفوں کے ترے خوف سے رنگ

منہ سے سیاہی دُھل جانا / دھو - بدنامی دُور کرنا - مُنہ سے
شرمندہ ہونا - دیکھے سے شرم آنا ے انیس

شرمندہ ترے مُنہ سے ہیں اے جزدلاور
اتنا نہیں ممکن کہ کریں پانی سے لب تر

مُنہ سے کلیجہ نکل پڑنا - بہت گھبرانا - دم اُلٹنا - مُنہ سے
لعل / موتی اُگلنا - فصیح و بلیغ گفتگو کرنا - مُنہ سے لگنا - عادی ہونا
مُنہ سے نام لینا - دعویٰ کرنا - کسی خاص بات کا تذکرہ
کرنا - مُنہ سے نکلنا / نکالنا - ناگفتنی بات کہنا - دعویٰ کرنا - بُرا
بھلا کہہ جانا - بھولے سے کہنا -
مُنہ سے نکلی پرائی ہوئی / کو ٹھوں چڑھی - مُنہ سے نکل کر راز نہیں
رہتا - مُنہ سیدھا کرنا - گال پر زور سے تھپڑ مارنا - مُنہ
فق ہونا - زرد ہونا - گھبرانا - ڈرنا - خوف کھانا - مُنہ قبلے
کی طرف پھر جانا (کنایہ) باایمان ہونا - دیکھیے قبلے کی طرف
منہ پھرنا - مُنہ کا پھوہڑ - بدزبان - مُنہ کا نور اُڑ جانا -
چہرے کا بے رونق ہونا - بے حیا - پھٹکار زدہ - رُو دعن

منہ کا سچا - بات کا دھنی - منہ کا کچا - جھوٹے وعدے کرنے والا - وہ گھوڑا جو لگام کا جھٹکا نہ کھائے - (سیل مرغ) - منہ کا کڑوا - بدزبان - وہ پھل جس کی باڑھ نہ مرے - منہ کا کہا ہونا - پیشین گوئی یا بددعا پوری ہونا - منہ کالا ہو (عورتیں) - منہ کالا ہونا - بدنامی رسوائی ہونا - منہ کا میٹھا - لچھے دار باتیں، خوشامد کرنے والا - منہ کا میٹھا پیٹ کا کھوٹا - ابتر - خوشامدی - منہ کا نوالہ منہ میں ہاتھ کا نوالہ ہاتھ میں - انتہائی وحشت حیرت غم یا تعجب کا بیان کہ کھانا بھی نہ کھا سکے - منہ کرنا - زخم کا پھوٹنے کے قریب ہونا - سوراخ کرنا - خیال یا لالچ کرنا - سامنے ہونا - منہ کیلنا - زبان بند ہونا - جادو سے منہ بند ہونا - (منہ کیلنا کا لازم) منہ کو آنا / لگنا (یا لو کا) لگنا - عورتیں مثل جو لا پھینکنا منہ کو بنانا - کسی قابل ہونا -

منہ کو سات توون کی سیاہی / کالک لگنا - (لگانا متعدی) بہت بدنام ہونا (چھوڑ دینا) منہ کو سنبھالنا - بیہودہ بات نہ کرنا - منہ کو قفل لگانا - زبان بند کرنا - منہ کو لگنا - عادت پڑنا - منہ کو لہو لگنا - درندے کا کسی جانور کو کھانے کے بعد دوسرے کی فکر ہونا - حرام خوری کی عادت پڑنا -

منہ کھل جانا / کھلنا - چہرہ کشادہ یا بدزبان ہونا کہنے لگنا سیون کھلنا - زخم کا سوراخ بڑھنا کہنے لگنا - منہ کھلوانا - کوئی راز یا بات کرنے پر مجبور کرنا - منہ کھول کے رہ جانا - کہتے کہتے رکنا - سسک کے جان دینا - منہ کی آنا - سامنے - رو برو - چوٹ یا طنز کرنا - منہ کی ٹکیا - چہرہ - منہ کی سچی - نہ ٹوٹنے والی باڑھ (تلوار کی صفت) منہ کی کھانا - شکست فاش ہونا - دھوکا کھانا - شکست جواب پانا - شرمندہ ہونا -

منہ کی کھلانا / کھانا - شرمندہ کرانا ؎ جلیل

ادب سے وقت سے تجھے کھانا نہ چاہیے
منہ کی کھلائے تجھ کو نہ تیری زبان کہیں
؎ جان صاحب
اندھیرے! ہونٹوں کی مرے چوس لی مسّی
کھلوائے گی منہ کی یہ تصیں سو کو دھڑی چوٹ

منہ کیلنا / کیل دینا - چپ کرنا - سانپ وغیرہ کا منتر سے منہ بند کرنا - رشوت دینا - منہ کی لولی اترنا - بے غیرت ہونا - آنکھ کا پانی مرنا - منہ کی کٹی جو لوٹی تو پیا کر لیا کوئی (دیکھیے اوڑھنی) منہ کی کھا اٹھا - بہت شکست - بے حد کمزور - بہت

کو بال ہونا - منہ کے آگے خندق ہے - بڑا باتونی بہت بڑے بڑے وعدے کرنے والا - منہ کے بل گرنا - اوندھے منہ گرنا سجدہ کرنا تعظیم کے لیے جھکنا - منہ کے ٹکڑے - (ہونا کرنا - اڑانا - اڑنا) جوتے سے منہ پٹنا - منہ کے لائق نہیں - تمہارے قابل نہیں - منہ کے کچن جھڑنا - چہرے کی آب اترنا - بے غیرت ہونا - منہ لال کرنا - چہرہ سرخ کرنا غصے سے یا تمانچوں سے گال سرخ کرنا - منہ لال ہو جانا - غصے یا تپ یا بخار کا اثر نمایاں ہونا - چہرہ تمتمانا - منہ لپیٹ کر پڑنا - پڑ رہنا - ناراض یا غمگین ہو کر لیٹ جانا - منہ لگانا - توجہ یا محبت یا بات یا جواب کرنا - بے ادب یا بے تکلف بنانا - منہ لگائی ڈومنی - سر چڑھی لڑکی یا عورت (منہ لگائی ڈومنی گاوے تال بے تال (مثل) کمینہ ذرا منہ لگا اور سر چڑھا - منہ لگنا - (لگانا کا لازم) سر چڑھنا - پانی یا برتن وغیرہ کا جھوٹا ہونا - تکرار یا حجت کرنا - منہ لے کے رہنا - شرمندہ یا مایوس یا ناکام ہونا - منہ مارا - مزے دار چیزیں نہ کھانے والا - منہ مارنا - چونچ یا دانت لگانا - کاٹنا - جلدی جلدی گھاس یا چارہ کھانا - حرام مال کا کھانے لگنا (دلی) طعنہ دینا - مزے دار چیز سے محروم رکھنا - منہ مانگا - مرضی کے مطابق - منہ مانگا بچہ / بچھڑا پایا - جو دل چاہتا تھا - وہ ملا (حسرت کے موقع پر - منہ مانگے کے معنی مراد ہوتے ہیں) منہ مانگی موت - منہ مانگی مراد - حسب خواہش مدعا (پانا - ملنا - بر آنا) اس کا استعمال ترکیب میں دو ہی جگہ ہے۔ منہ مانگی مراد نہیں ملتی۔ منہ مانگی موت مل جاتی ہے یا منہ مانگی موت ملتی ہے مراد نہیں ملتی - جیسے ماجرے کے وقت عورتیں اپنے لیے بددعا کے طور پر کہتی ہیں منہ مسل ڈالنا - (مسلنا) منہ کو زور سے دبانا - سخت جواب دینا - منہ ملانا - ہمسری کرنا - منہ موڑنا - مڑنا - پہلو تہی کرنا - باغی ہونا - جدا ہونا - شکست پانا - منہ میٹھا کرنا - (کرانا متعدی) مٹھائی کھانا - مٹھائی کھلانا - انعام یا نذرانہ دینا ؎ تلق

سخت جانی کہتی ہے گر جان شیریں جائے گی
آج منہ میٹھا کریں گے خنجر سفاک

منہ میٹھا ہونا - مٹھائی کھانا - انعام یا نذرانہ پانا - دھار کا کند ہونا ؎ رشک

یہ شہادت کا ہے شوق اے قاتل شیریں دہن
خوف یہ ہے کہ منہ میٹھا نہ ہو تلوار کا

منہ میں آنا - زبان پر بات آ جانا - منہ میں بولنا - بڑبڑانا - منمنانا - صاف نہ بولنا - منہ میں پان پھیکا ہونا - صبح ہونا (کہ پان کا مزہ خراب ہو جاتا ہے) منہ میں پانی بھر آنا -

لالچ کرنا - خواہش ہونا - مُنہ میں پانی ٹپکانا - آخری وقت کی خدمت انجام دینا - نزع میں حلق تر کرنا - مُنہ میں پڑنا کسی وقت کے بعد کھانا - مشہور ہونا - مُنہ میں تنکا لینا - ہار ماننا - عاجزی ظاہر کرنا ؎ شوق

نہ تاب روکشی جب جذبۂ دل سے ہوئی اس کو
لیا آخر کو تنکا کہربا نے ڈر کے منہ میں

مُنہ میں تھوک بلونا - بے ہودہ باتیں کرنا - مُنہ میں تھوکنا - ذلیل کرنا - بُرا کہنا - نفرین ولعنت کرنا (اگر میرا کہنا نہ ہو تو مُنہ میں تھوک دینا) مُنہ میں خاک (مو) بیکار - بے ہودہ سوال کرنے والے سے ؎ داغ

یہ نہ کہہ ہم سے تیرے مُنہ میں خاک
اس میں تیری زبان جلتے ہیں

(مو) بُری بات یا فال بد نکالنے والے کو چپ کرنے کا ایک جملہ ؎ انیس

آگے میرے یہ بے ادبی مُنہ میں تیرے خاک
بے کس ہوا ، ایسا پیمبر سید لولاک

(اسی موقع پر مُنہ میں خاک بھرنا بھی مستعمل ہے) مُنہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت - مثل (بہت بوڑھا) - مُنہ میں دانت ہونا - ہمت ہونا - مُنہ میں ڈالنا - (عاجزی ، غربت کے ساتھ کھانا) کھانا کھانا - مُنہ میں روٹی سر پر جوتی (مو) بے عزتی سے روزی ملنا - مُنہ میں زبان نہ ہونا - خاموش - گونگا یا کم سخن ہونا - مُنہ میں زبان نہیں رکھتا - بے زبان - سیدھا یا غریب ہے - مُنہ میں صابن گھلنا - بدمزہ ہونا - مُنہ میں قفل لگنا - چپ لگنا - مُنہ میں کالک لگنا - رسوا ہونا -

مُنہ میں کے کتنے دانت ہیں؟ کیا ہمت وحوصلہ ہے -

مُنہ میں گھنگنیاں بھرنا - چپ ہونا - مُنہ میں نام پھرنا - دل میں ہونا اور زبان سے نہ نکلنا ؎ داغ

تعریف پر مری یہ اُلجھنا سخن میں کیا
پھرتا ہے نام غیر کا تیرے دہن میں کیا

مُنہ نکل آنا - دبلا ہونا - مُنہ نوچ لینا - ناخنوں سے چہرہ زخمی کرنا - بد زبانی کی سزا دینا - مُنہ نہ پڑنا - ہمت جرأت نہ ہونا - مُنہ نہ دیکھنا - شکل سے بیزار ہونا - مُنہ نہ کرنا - رُخ نہ کرنا - توجہ نہ کرنا - لحاظ نہ کرنا - مُنہ نہ لگانا - بات نہ کرنا - خاطر میں نہ لانا - مُنہ نہ ہونا - طاقت نہ ہونا - حوصلہ نہ ہونا - مُنہ ہاتھ ٹوٹنا - لڑائی ہونا مار کٹائی ہونا - مُنہ ہاتھ دھونا - ہاتھ اور منہ صاف کرنا - مُنہ ہی مُنہ میں کہنا - آہستہ بولنا - مُنہا مُنہ بھرنا - لبالب بھرنا - مُنہا مُنہ ہونا - لبریز ہونا -

مِنْہا :- (ع) تفریق - مجرا - وضع - مِنہائی (مو)

مِنْہاج :- (ع - مذ) کشادہ راہ - راستہ -

مُنْہَدِم :- (ع) گرا ہوا مکان - مسمار - ویران - برباد -

مِنْہدی :- (س - مو) ایک قسم کا درخت اور اس کی پتی جسے پیس کر لگانے سے ہاتھ سرخ ہو جاتے ہیں - (گلنا - لگانا - چھڑانا - رچانا) ایک رسم کا نام جس میں شادی سے قبل دولہا کے گھر سے دلھن کے یہاں مہندی کے ساتھ سنگار کی چیزیں بھیجی جاتی ہیں - وہ نظم جو مہندی کی رسم کے موقع پر ہی اور پڑھی جاتی ہے - وہ جلوس جو محرم کی ساتویں تاریخ حضرت قاسم ابن حسن کے عقد کی یادگار کے طور پر اُٹھایا جاتا ہے - وسمہ خضاب مہندی بچھنا (مو) نقصان ہونا - پیر گھسنا - مہندی رچانا - رچنا - مہندی کا اچھی طرح رنگ دینا - مہندی کا چور - وہ سفیدی جو مہندی لگانے کے بعد مٹھی بند کرنے سے جا بجا ہتھیلی وغیرہ میں رہ جاتی ہے - مہندی کی ٹٹی - وہ باڑھ جو مہندی کے درختوں سے بنائی جاتی ہے - مہندی کی مچھلی - مہندی کا چور - مہندی لگی ہے (مو) کام نہ کرنے بہانہ - عذر لنگ -

مُنْہَزِم :- (ع) شکست کھانے والا -

مُنْہَضِم :- (ع) ہضم ہونے والا -

مَنْہنگ مول :- (ہ - مک) گراں فروشی -

مَہنگا :- (ہ - مذ) گراں قیمت - زیادہ مول کا - مہنگی (مو)

مُنْہَمِک :- (ع) کسی کام میں مصروف مشغول -

مَنْہِیات :- (ع - مذ) وہ افعال بد جن کا کرنا شرع میں حرام ہے -

مَنْہیار :- (ہ - مذ) کانچ کی چوڑیاں بنانے والا بیچنے والا - منہیاری (مو)

مَنی :- (ع - مو) وہ سفید رطوبت جو عضو تناسل سے اُچھل کر انزال کے وقت نکلتی ہے - دھات - نطفہ - بیرخرد - ذکبر - (امنگ) رد بیہ -

مَنی آرڈر :- (تلفظ منی آڈر - انگ) روپے کا حکم - (وہ روپیہ جو منی آرڈر فارم کے ساتھ ڈاکخانہ کے ذریعے ادا کرنا - بھیجنا - منا وغیرہ)

مُنی :- (س - مذ) ہندوؤں کا روزمرہ - زاہد - رشی - مرتاض -

مُنّی :- (ہ - مو) پیار سے چھوٹی لڑکی کو کہتے ہیں - چھوٹی چیز -

مُنیا :- (ہ - مو) لال چڑیا کی مادہ - مُنیا ہونا - نیک شگون ہونا -

مُنیب :- (ع) جس کی کوئی نیابت کر رہا ہو -

مَنیجر :- (انگ - مذ) مہتمم - منتظم - کارندہ - مینجمنٹ - انتظام - بندوبست -

مُنیر :- (ع) روشن کرنے والا - روشن -

مُنیم :- (ہ - مذ) محاسب - حساب کتاب رکھنے والا - محرر - اکونٹنٹ -

مُو :- (ف - مذ) بال - وہ خط جو برتن میں ٹوٹنے سے پڑ جاتا ہے - **مُوباف** (مذ) چٹلا - وہ فیتہ یا دھجی جس سے عورتیں چوٹی گوندھتی ہیں - **مُوبمُو** - بالکل - ذرا ذرا - بال بال - ہو بہو - **مُوتراش** (مذ) استرہ - **مُوشگاف** - نکتہ رس - بال کی کھال اتارنے والا - **مُوشگافی** (مو) بال کی کھال اتارنا - باریک بینی - **مُوشگافی کرنا** - بال کی کھال اتارنا - چھان بین کرنا - **مُوقلمِ مصور** - (ف) باریک بال کے قلم سے تصویر کھینچنے والا تصویر کش - بہت زیادہ تیز مصور - **موئے زہار** - زیر ناف کے بال - **موئے مبارک** - وہ بال جو آنحضرت کی طرف منسوب ہو - **موئے کمر** - باریک کمر -

مُوا :- (س - مذ) ایک درخت جس کی چھال کی شراب بنائی جاتی ہے -

مُوا :- (ہ - مذ) مرا ہوا - نامراد - کم بخت (مؤنث مری) مر گیا - **موا بادل** (مذ) ابر مردہ - اسفنج - **موا ہوا** - مرا ہوا - عاشق - فریفتہ -

مَواثیق :- (ع) عہد و پیمان - میثاق و واحد -

مَواج :- (ع - صفت) موجیں مارنے والا - نہایت تیز رو - تند - طوفان خیز -

مَواجب :- (ع - مذ) تنخواہ - مزدوری -

مُواجہہ :- (ع - مذ) سامنے - روبرو -

مُواخات :- (ع - مو) بھائی چارہ - (پیدا) کرنا -

مُواخذہ :- (ع - مذ) گرفت - جواب دہی - بازپرس - نکتہ چینی - **مواخذہ دار** - ذمہ دار - جوابدہ - **مواخذہ کرنا** - پکڑنا - جواب طلب کرنا -

مَواد :- (ع - مذ) سامان - مسالا - مادہ - پیپ -

مُوازنہ :- (ع - مذ) باہم وزن کرنا - برابری کرنا - مقابلہ کرنا - **موازنہ کرنا** - دو چیزوں کا مقابلہ کرنا -

مُوازی :- (ع) برابر - جیسے موازی دو آنہ - آنوں کی قدر کے ساتھ استعمال کرتے ہیں -

مُواسات :- (ع - مو) ہمدردی - کسی کو تکلیف میں دیکھ کر اس کا شریک غم ہو جانا - ایثار - آپس کی مدد -

مَواشی :- (ع) جمع ماشیہ کی - جانور -

مُواصلت :- (ع - مو) ملنا - ملاقات کرنا -

مَواضع :- (ع - مذ) موضع کی جمع - جگہیں -

مَواطن :- (ع - مذ) موطن کی جمع - وطن -

مَواعظ :- (ع - مذ) موعظت کی جمع - نصیحتیں - وعظ -

مَواعید :- (ع - مذ) اقرار - وعدہ - میعاد کی جمع -

مُوافق :- (ع) برابر - مناسب - ٹھیک - لائق - سزاوار - **موافق آنا** - راس آنا - طبیعت کے مطابق ہونا - **موافقت** (مو) دوستی - مطابقت - سازش - ساجھا - **موافقت رکھنا** - دوستی رکھنا - سازباز رکھنا - **موافقت ہونا** - اتفاق ہونا - مزاج ملنا - سازباز ہونا - میل ہونا -

مُوافی :- (ع) کامل - مکمل - ~~ذوق~~

روح مجسم ، عقل مکرم ، نفس مقدس ، جسم مطہر
باتن صافی ، جان موافی ، پردہ بہ دنیا ، جلوہ بہ عقبے

مَواقع :- (ع - مذ) موقع کی جمع

مَواقف :- (ع - مذ) موقف کی جمع - ٹھہرنے کی جگہ - مقامات

مُوالات :- (ع) دوستی - اتحاد - میل - پے در پے ہونا -

مَوالی:- (ع - مذ) مولی کی جمع - دوست - نوکر چاکر -

مَوالید:- (ع - مذ) جمع مولود کی - بچے - لڑکے - مَوالیدِ ثلاثہ - (بہ اضا) حیوانات و نباتات و جمادات -

مُوانَسَت:- (ع - مو) باہم دوستی - اتحاد - اخلاص -

مَوانِع:- (ع - مذ) مانع کی جمع - رُکاوٹیں -

مَواہِب:- (ع - مذ) مَوہبت کی جمع بخششیں - عطائیں -

مُوبَد:- (ف - مذ) پارسیوں کا مُلّا - حکیم - فلاسفر -

مُوت:- (ا - مذ) پیشاب - منی - لڑکا - اولاد - بُری اولاد - بدچلن لڑکا - مُوت سے نکال کر گُو میں ڈالنا - نہایت ذلیل کرنا - خوب خبر لینا - مُوت کا چلّو ہاتھ میں دینا - بُرائی دینا - نیکی کے بدلے بدی کرنا - نیکی برباد گناہ لازم - خدمت کو بھلا دینا اور اس کے بدلے بُرائی دینا - مُوت کا ریلا (مذ) پیشاب کی دھار یا زور - مُوت کرنا - پیشاب کرنا - موت کی دھار پر مارنا - حقیر و ذلیل سمجھنا - مُوت لگنا - پیشاب کرنے کی ضرورت محسوس ہونا - پیشاب آنا - مُوت نکلنا - پیشاب خطا ہونا - بہت ڈرنا -
مُوتنا - پیشاب کرنا (نفی کے ساتھ) توجہ نہ کرنا -

مَوت:- (ع - مو) قضا - اجل - مرگ - مَوت آجانا - مرجانا - دیر کرنا - جان نکلنا - شامت آنا - ناگوار گزرنا - موت آنکھوں میں پھرنا - موت کا خیال رہنا ؎ رشک

رہتا ہے یادِ خرامِ قاتل
موت آنکھوں میں پھرا کرتی ہے

موت بھلی کہ جان کندنی - کئے دن کی تکلیف سے موت اچھی - موت پڑے - کوسنا ہے - مَوت چاہنا - مرنے کی آرزو کرنا - شامت چاہنا - موت ذبح ہونا - فرشتہ موت کا مرنا - کہتے ہیں کہ قیامت کے دن اُسے ذبح کیا جائیگا -
موت سر پہ سوار / کھیل رہی ہے - شامت آئی ہے - سزا کھانے کو جی چاہتا ہے - مَوت کا بازار گرم ہونا - اموات میں زیادتی ہونا - مَوت کا پسینہ مذ وہ ٹھنڈا پسینہ جو مرتے وقت آتا ہے - موت کا پیام - موت کا نشان - آثارِ مرگ - موت کا ڈھلکا - وہ آنسو جو مرتے وقت نکلتا ہے - موت کا سامان - مصیبت کے آثار ؎ آتش

موت کا سامان ہے بے یار سامانِ نشاط
لب تو ساغر نوش ہیں پر دل مرا خوں نوش ہے

موت کا سامنا - مصیبت سے سابقہ ہونا پڑنا - موت کا سر پر کھیلنا یا سوار ہونا - شامت آنا - موت کا تماچہ - صدمۂ موت - موت کا فرشتہ - ملک الموت - دشمنِ جان - موت کا کھانا - فاتحہ وغیرہ کا کھانا - موت کا مرض (مذ) وہ مرض جس میں انتقال ہو - مَوت کا ہنسنا - قضا کا غفلتِ انسان پر تعجب کرنا - ؎ امانت

خاک عاشق کی زندگانی پر
موت ہنستی ہے عشق فانی پر

موت کی گھڑی - وقتِ موت - موت کی ہچکی آنا - جاں لب - نزع ہونا - موت کے دن پورے کرنا / کاٹنا - بمشکل زندگی گزارنا - موت کے کنارے - مرنے کے قریب - موت کے گھاٹ اتارنا - قتل کرنا - مارنا - موت کے منہ میں جانا - خطرے میں پڑنا - موت نہیں زحمت ہے - حق مارا نہیں جاتا - دیر سویر سے ڈرنا بیکار ہے - موت نے گھر دیکھ لیا ہے - موت یا مصیبت کو گھر کا راستہ معلوم ہو گیا ہے - اس لیے وہ سیدھی اسی گھر میں آئے گی - مری پڑ گئی ہے - موت ہونا - میت ہونا - انتقال ہونا - خرابی ہونا - جنازہ ہونا - موتیٰ مذ میت کی جمع - مُردے - (ملک) موت -

مُوتھا:- (ا - مذ) ایک گھاس کی جڑ جس میں سے دانے دانے نکلتے ہیں -

مُوتھرا:- (ا - مذ) گھوڑوں کی ایک بیماری - جس میں گھوڑے کے پچھلے پاؤں میں غدود نکل آتے ہیں یا ورم ہو جاتا ہے - کنڈ (چا تو موتھرا ہو گیا) موتھری (مو)

موتی:- (ا - مذ) دُر - گوہر - صاف شفاف - آب دار - موتی اُگلنا - منہ سے موتی باہر نکالنا - شیریں گفتار - موتی بندھنا / چھیدنا - موتی میں سوراخ کرنا - موتی جھیل - عیش باغ لکھنؤ کا ایک تالاب جو اب نہیں ہے ؎ ناسخ

جب سے پنہاں ہے نظر سے عیش باغ
چشم گوہر بار موتی جھیل ہے

موتی چُور پاک (مذ) ایک قسم کی مٹھائی جس کے اوپر موتی سے بھرے ہوئے ہوتے ہیں - موتی پرونا - کوئی کام عمدگی سے کرنا - موتی ٹھنڈے ہونا - موتیوں کا ٹوٹ جانا - صبح کی لطافت (صبح کو موتی ٹھنڈے ہو جاتے ہیں) موتی چگنا - دولت مند

ہونا (چگانا) مقتدی سے بحر
صدف اِک بوند کو دریا میں ترسے ہے محروں
چگائے ہنس کو موتی مقدّر ہو تو ایسا ہو
(کہتے ہیں ہنس موتی چگتا ہے)
موتی چھیدنا - موتی بیندھنا (مو) ازالۂ بکارت کرنا - موتی خاک میں رول دینا - جواہرات کی قدر نہ کرنا - مٹی میں ملانا - موتی چور - ایک قسم کی مٹھائی - موتیوں کے چُورے کی طرح چھیدار - چمکیلی آنکھیں - موتی رولنا - فائدہ اُٹھانا - موتی جمع کرنا - دولت سمیٹنا - موتی زبان سے جھڑنا - مُنہ سے پھول جھڑنا ع ظفر
جھڑتے ہیں وقتِ سخن اس کی زباں سے موتی
موتی کا چونا - جیسے موتی سے چُونے کی بجائے پان میں ڈال کر کھاتے ہیں سے ناسخ
آب خجلت سے نہ ہوں کیوں میرے گردا ید تنک
تب ملا دے وہ صنم موتی کا چونا پان میں
موتی کی (سی) آب - عزت موتی کی چمک - نہایت نازک آب - موتی کی سی آب اُتر جانا - عزت جاتی رہنا - موتی کی لڑی (مو) موتی کا ہار - دانتوں کی چمک اور تسلسل کی تعریف - موتی لُٹنا - موتی میں بال پرونا - موتیوں سے مانگ بھرنا - مانگ میں موتی کی لڑی ٹکنا - موتیوں سے منہ بھرنا - بخشش کرنا - موتیوں میں تولنا - بڑی قدر کرنا - موتیوں میں لدنا - موتی ہی موتی ہونا - موتیوں کا نوالہ (مذ) نہایت قیمتی خوراک - موتیوں کا ہار (مذ) موتیوں کی مالا -

مُوتیا:- (ہ - ک - مذ - دلی - مو) ایک بہت خوشبودار اور خوب صورت پھول اور اس کا درخت - موتیا بند (مذ) آنکھوں کی ایک بیماری - پانی اُترنا - موتیا دانت - خوب صورت دانت سے بحر
موتیا دانت ہوں ، لب برگ گل خوبی ہوں
کاہی دونوں صدف گوہر محبوبی ہوں

مُوٹ:- (ہ - مذ) چمڑے کا بڑا ڈول - چرسا -

موٹا:- تیار - فربہ - موٹا اناج ، غریبوں کے کھانے کا اناج جیسے جوار - باجرا - مکئی - چنا - جو وغیرہ - موٹا ہونا (مذ) مٹاپا - موٹا تازہ - فربہ - تنومند - موٹا جھوٹا (مذ) گھٹیا چیز - موٹا دکھائی دینا - کم دکھائی دینا - نظر کمزور ہونا - موٹا سا طوفان لینا - بڑا عیب یا الزام لگانا - موٹا قلم (مذ) جلی قلم ، موٹا لکھا ہوا - موٹی (مو) فربہ - دبیز - مضبوط - قوی - سکت - نحش - موٹی اسامی (مو) مالدار آدمی - موٹی بات - سادہ بات -

آسان کام موٹی بھجی - کم زور دماغ - موٹی گالی (مو) سخت گالی فحش گالی - موٹی نظر - کمزور بینائی - موٹے خان (مذ) ابراہیم عادل شاہ کا ایک منصوبہ -

مُوٹر:- (انگ - مو) موٹر کار (مذ) مشینوں کا انجن -

مُوٹھ:- (ہ - مو) قبضہ - دستہ - موٹ - ایک اناج - موٹھ چلانا - جادو کرنا - ٹونا ٹوٹکا - موٹھ کرنا - بیڑہ کو مٹھی میں رکھنا کہ لڑنے میں تیزی آئے - موٹھ مارنا (مو) جیتی لگانا - جادو ٹونا کرنا -

موٹھرا:- (ہ - مذ) ایک قسم کا موٹا دھاری دار سوتی کپڑا - سونے چاندی کا وہ کام جو تلوار یا ڈھال وغیرہ پر بناتے ہیں سے رشک
موٹھرا اس نے جو بنوا یا سپر کے چاند میں
پڑ گئے ہیں تشبیہ کہ تب ماہ نو کا بڑھ گیا
زنجیر کا کام جو زیور پر بنتا ہے -

مُؤثِّر:- (ع مُ اَث ثِر) اثر کرنے والا -

مُؤثّق:- (ع م اَث ثَق) مضبوط مستحکم - قابل اعتماد -

مَوج:- (ع - مو) لہر - خیال - وہم - ولولہ - موج آنا - ترنگ اُٹھنا - ولولہ پیدا ہونا - لہر آنا - خیال آنا - موج اُمڈنا - موجوں کا زور میں آنا ع قدر
چال وہ اُلڈی چلی آتی ہے موج کوثر
موج بیٹھنا (باضا) چاندی کا لہردار نقش جو زمین پر بن جاتا ہے - تنسیر موج پر ہونا - زور پر ہونا - مستی پر ہونا - موجیں - لہریں - موجیں اُڑانا - خوشیاں منانا - پانی کی لہر اُڑانا - مچھلنے کھیلنا - مزے کرنا - موجیں کرنا - مزے کرنا -
موجیں دکھانا - زور - جوش و ولولہ ظاہر کرنا سے
اے بحر دہ موجیں ہمیں زلفوں نے دکھائیں
آگے نہ بڑھے مانگ کو منجدھار سمجھ کر
موج زن ہونا - لہریں مارنا - متلاطم ہونا - موج کرنا - عیش کرنا - مزے اُڑانا - موج مارنا - لہریں مارنا - عیش کرنا - موج میں آنا - ترنگ میں آنا - مزے میں یا لطف میں آنا - موجۂ باف (مذ) موج سے امیر
خلیل اللہ پہ کیسی گلستاں ہو گئی آتش
ہوا مشکل کشا موجۂ نسیم باغ احمد کا
موجی - زندہ دل - خوش باش - اپنی خوشی پر چلنے والا - موجی جیوڑا (مو) موجی بندہ -

مُوجب: (ع - مذ) سبب - باعث - وجہ - مُوجب ہونا - باعث ہونا - سبب ہونا -

مُوجِد: (ع) ایجاد کرنے والا - مُوجِد ہونا - بانی ہونا - صاحب ایجاد ہونا -

مُوَجَّل: (ع مُ اَجَ جَلَ) مہلت دیا گیا - مُعجّل کی ضد - مہر کی ایک قسم جس کا فوراً ادا کرنا طے نہ ہوا ہو - معین مدت -

مَوجُود: (ع) حاضر کیا گیا - اب کا زمانہ - قائم - برقرار - میسّر - حاضر - پاس - دستیاب - مَوجُود رہنا - حاضر رہنا - پاس رہنا - مَوجُود کرنا - حاضر کرنا - پیش کرنا - پیدا کرنا - تیار کرنا - مَوجُودات - موجودہ کی جمع - مخلوقات - کل کائنات عالم - موجودات لینا - گنتی، شمار، حاضری، فوج کی حاضری لینا - (جب فوج کی موجودات لی تو معلوم ہوا - دربار اکبری) مَوجُودگی (مو) حاضری - سامنے مَوجُودہ - اس وقت کا - حال کا -

مُوَجَّہ: - مُدلّل - پسندیدہ -

موچ: (ہ) پاؤں - کمر - ہاتھ - گردن وغیرہ کا اونچی نیچی جگہ پڑ جانے سے مُڑ جانا اور درد کرنا - (آنا کے ساتھ)

موچرس: (ہ - مچ رَس - مو) ایک دوا - سنبل کے درخت کا گوند (مذ) کنجوس

مُوچَن: (ہ - مو) چماری - موچی کی عورت - موچی (مذ) موچی کے موچی رہے (کہاوت) چلے کی طرح ذلیل وخوار ہی رہے -

موچنا: - (ہ - مذ) بال نوچنے کا اوزار -

مُوچھ: (ہ) مرد کے لبوں کے بال - مُوچھ کا بال - (مذ) نہایت مقرب - مُنہ پر کہہ دینے والا - کھرا سچا - مُوچھ مروڑا (مذ) موچھوں پر تاؤ دینے والا - شیخی باز - رعب داب والا - مُوچھیں مروڑوں میں آنا - رعب میں آنا - مُوچھ مُنڈا (مذ) وہ شخص جس کی موچھیں نہ ہوں - ناقابل اعتبار - مُوچھاڑے (مذ) بڑی بڑی موچھیں - مچھّے - مچھندر (مذ) بڑی بڑی مُوچھوں والا - مُوچھوں پر تاؤ دینا - گھمنڈ کرنا - شیخی میں آنا - بڑا عزم کرنا - عیش وعشرت میں دن گزارنا - مُوچھوں سے چنگاریاں نکلنا - نہایت خونخواری اور غصہ ظاہر ہونا - مُوچھوں کا کونڈا - جب لڑکے کے موچھیں نکلتی ہیں تو حضرت فاطمہؓ کی نیاز دلوائی جاتی ہے - موچھیں اکھڑوا دینا - ایک سزا - کسی سزا میں موچھیں منڈوانا - ذلیل کرنا - مُوچھیں چڑھانا - مردانگی ظاہر کرنا - غصہ کرنا - موچھیں منڈوانا - مُوچھوں پر استرا پھروانا - اپنی ذلت قبول کرنا - شکست کا اعتراف کرنا -

مُوَحِّد: - (ع) خدا کو ایک جاننے والا مسلمان -

مُوحِش: - (ع) وحشتناک جسے دیکھ کر ڈر لگے - ڈراؤنا -

مُؤَخَّر: - (ع) پچھلا - اخیر کا - مقدم کی ضد -

مُؤَدَّب: (ع) تمیزدار - باسلیقہ - مُؤَدِّب - ادب سکھانے والا - اتالیق -

مَوَدَّت: (ع - مو) دوستی - محبت -

مودھو: - (ا) بُدھو - احمق - مُورکھ -

مُودی: - (ا) اناج کا تاجر - بنیا - مودی خانہ (مذ) ذخیرہ کرنے کی جگہ - اناج گھر -

مُؤَذِّن: - (ع - مذ) اذان دینے والا - ندا بلند کرنے والا -

مُوذِی: - (ع) دکھ دینے والا - شریر - موذی پن - تکلیف پہنچانا ؎ رشک

موذی پنے میں قلبیں زیادہ ہیں زلفوں سے
باور نہ ہو تو سانپ کے بچوں کو پال دیکھ

موذی کا چنگل - ظالم کا قبضہ - موذی کا مال - کنجوس وظالم کی دولت -

مور: - (ف - مو) چیونٹی (مذ) ایک خوب صورت پرند - چکروحاری طاؤس - مور پنکھی (مو) ایک قسم کی کشتی - ایک قسم کا پنکھا - چھتنار سرو کا درخت جو پھیلا زیادہ اور لمبا کم ہوتا ہے - مور چال (مو) ایک قسم کا ناچ - ٹانگیں اونچی کرکے دونوں ہاتھوں کے بل چلنا - مور چہ - چیونٹی - زنگ - صف (دیکھو مورچا) مورچھل (مذ) مور کے پروں کا پنکھا - مور کا جھنکارنا - مور کا بولنا - مور کی سی گردن (مو) صراحی دار اور لمبی گردن - مور مکٹ - (مذ) مور کا سا تاج - مور ناچتا ہے ناچتا ہے جب اپنے پاؤں کی طرف دیکھتا ہے تو رو دیتا ہے مور کے پاؤں بدقطع ہوتے ہیں - خوب صورت میں ذرا سا عیب بھی نکلے تو رنجیدہ ہو جاتا ہے - ساری امنگیں اور حوصلے مفلسی اور ناداری سے زائل ہو جاتے ہیں - مورنی مور کی مادہ -

مَور :- (ہ - مذ) آم کا پھول - بور (متروک) (ع) درخت - اس کا باغ کی آرائش اور مورکی بو باس دماغ کی آسائش (آرائش محفل از شیر علی افسوس دہلوی ثم لکھنوی)

ع تنق

ڈھاک پھولا ہے مور آیا ہے
سبزۂ کوہ رنگ لایا ہے

موَرانا - آم کے درخت میں پھول آنا - بور آنا (پھول پھل بہت اقسام کے پھولتے پھلتے ہیں آم موَرتے ہیں - (آرائش محفل)

مُورا :- (ہ) میرا - پورب کے دیہاتی بولتے ہیں -

مُورَت :- (ہ - مذ) تصویر - بُت - مورتی (مو) بُت - پتلی -

مُورِث :- (ع) وہ شخص جس کا ورثہ یا ترکہ ملے - باعث - مورثِ اعلیٰ (ب - اضا) سب سے بڑا دادا - مورث فاسد - نانا -

مُورچا :- (ا - مذ) وہ گڑھا جو لڑائی میں بچاؤ کے لیے کھودا جاتا ہے - محاذ (محاذ) ، صف جنگ - چیونٹی - زنگ - مورچابندی کرنا - لڑائی کے لیے جگہ جگہ خندقیں بنانا اور چوکیاں تعمیر کرنا - مورچا جیتنا - دشمن کے مورچے پر قبضہ کرنا - دشمن کو ہرانا - مورچا دوڑنا - زنگ لگ جانا - مورچا لینا - سامنا کرنا - مورچا جیتنا - مورچا مارنا - دشمن پر فتح پانا - مورچا لگنا - زنگ آنا - محاذ قائم ہونا - مورچہ - چیونٹی - مورچے پر رکھنا - نشانے پر رکھنا - مقابلے پر رکھنا -

مُؤَرِّخ :- (ع) تاریخ لکھنے والا - مُؤَرَّخہ - تاریخ ڈالا ہوا - لکھا ہوا - مرقومہ -

مَورِد :- (ع - مذ) وارد ہونے کی جگہ - چشمہ - جگہ - مرکز -

ع تنق

ذلّت میں صبر و ہوش تو سب کوچ کر گئے
پر جان ایک موردِ آفات رہ گئی

مُورَکھ :- (ہ) بے وقوف - نادان - جاہل - مُورکھ پن (مذ) حماقت - احمق پن -

مَورُوثی :- (ع) جدّی - ورثہ میں ملی ہوئی - پشتینی -

موری :- (ہ - مو) نالی - دہانہ - پائجامے کا نچلا سرا - نالی - موری کا کیڑا - موری میں خوش - (دلی) گوکا کیڑا گو میں - موری کی ایک اینٹ چوبارے چڑھ گئی - کم حیثیت کو بڑا رتبہ مل گیا - موری میں پتھر ڈالوگے تو چھینٹیں اُڑیں گی (دلی) بدمعاش کو چھیڑنا بُرا ہے - گوہ میں اینٹ ڈالنے یا بُرے کو چھیڑ دے - بدی کے قریب جاؤگے تو بُرے بنوگے

موڑ :- (ہ - مذ) گھماؤ - پھیر - خم - بل - موڑ توڑ (مذ) ہیر پھیر - چکر - بل - موڑ دینا - بل دینا - پھیر دینا - ٹیڑھا کر دینا - واپس کر دینا - موڑنا - پھیرنا - واپس کرنا - لوٹانا - بچانا - خم دینا -

مُوڑھا :- (ہ - مذ) سرکنڈے کی بنی ہوئی کرسی - مونڈھا -

مَوزُوں :- (ع) مناسب - عمدہ - ٹھیک - حسبِ حال - وہ مصرع یا شعر جس میں وزن ہو - موزوں کرنا - درست کرنا - ٹھیک کرنا - شعر کو وزن میں لانا - موزوں ہونا - مناسب ہونا - درست ہونا - لائق ہونا - زیب دینا - شعر کا کہا جانا - موزونیت (مو) ترتیب - زیبائش - سجاوٹ - شعر میں وزن کا ہونا - سنجیدگی -

موزہ :- (ف - مذ) جراب - موزے کا گھاؤ یا چھالا - جانے یا پاؤں - اپنی تکلیف آدمی خود ہی جانتا ہے -

موسا :- (ہ - مذ) خالو - موسی (مو) خالہ (ہندو)

مُوسائی :- (ع) حضرت موسیٰ کا پیرو - یہودی -

مُوس کے کھا جانا :- (ہ) لوٹ کر کھا جانا - ٹھگ لینا - مُوسنا - کسی کا مال اسباب چرانا - لوٹ لینا -

مُوسَل :- (ہ - مذ) اناج کوٹنے کا آلہ - کوبہ - مُوسلا (مذ) سونٹا - ڈنڈا - کوبہ - موسلا دھار - زور سے برسنے والا مینہ - موسلا دھار برسنا یا پڑنا - بہت زور شور سے بارش ہونا - موسلوں ڈھول بجانا - زیادہ شہرت کرنا - مُوسلی (مو) ڈنڈا - چوب -

مَوسِم :- (ع) عام تلفظ مُسم - (مذ) اگرچہ صحیح موسِم ہی ہے - رُت - سماں - وقت - موقع - موسمی - موسم کا -

مَوسُوم :- (ع) ملقّب - نام رکھا گیا -

مُوسَوی :- (ع) موسیٰ والی (مذ) امام موسیٰ کاظم سے منسوب - امام موسیٰ کاظم (شیعوں کے ساتویں امام) کی اولاد -

مُوسیٰ :- (عبرانی) ایک پیغمبر کا نام جن پر توریت نازل ہوئی تھی - امام کاظم کا نام جو شیعوں کے

ساتویں امام تھے ۔ فرزند امام رضاؒ ۔

مُوسیرا :- (ہ - مذ) خالہ زاد بھائی ۔ خالہ کا بیٹا ۔ موسیری (مو)

مُوسیقار :- (ف - مذ) ایک پرندے کا نام ہے ققنس بھی کہتے ہیں اس کی چونچ میں بہت سے سوراخ ہوتے ہیں اور ان میں سے طرح طرح کی آوازیں نکلتی ہیں ۔ جب یہ پرندہ بڈھا ہو جاتا ہے تو بہت سے تنکے جمع کرتا ہے اور ان پر بیٹھ کر گاتا ہے ۔ ان لکڑیوں میں اس کے نغموں سے آگ لگ جاتی ہے اور وہ جل کر خاک ہو جاتا ہے ۔ اس خاک سے موسیقار کا انڈا پیدا ہوتا ہے اور اس میں سے پھر موسیقار پیدا ہوتا ہے ۔ نیز ایک باجے کا نام ۔ ماہر موسیقی ۔

وجد اہل حال سے یہ منکشف ہم کو ہوا
پردے کی آواز سن لیتے ہیں موسیقار سے آتش

مُوسیقی :- (ف - مو) راگ کا علم ۔ گانا بجانا ۔

مُوش :- (ف - مذ) چوہا ۔

مَوصُوف :- (ع - مذ) جس کی تعریف کی جائے ۔ مذکور ۔ موصوفہ (مو) جس عورت کی تعریف کی گئی ہو ۔ مذکورہ نام بردہ ۔

مَوصُول :- (ع - مذ) ملا ہوا ۔ ملایا گیا ۔ صرف و نحو میں وہ اسم ناتمام جو کسی جملے میں دوسرا جملہ کے بغیر پورے معنی نہیں دیتا ۔ موصول ہونا ۔ ملنا ۔

مُوصی :- (ع - مذ) وصیت کرنے والا ۔ موصیہ (مو) وصیت کرنے والی عورت ۔ مُوصیٰ ۔ وہ بات یا چیز جو وصیت کی گئی ہو ۔ موصیٰ لہٗ ۔ وہ شخص جس کے لیے وصیت کی گئی ۔ موصیٰ بہ ۔ وہ شے جس کے بارے میں وصیت کی گئی ۔

مَوضَع :- (ع - مذ) جگہ ۔ مکان ۔ گاؤں ۔

مَوضُوع :- (ع - مذ) مضمون وضع کیا گیا ۔ اصل مقصود عنوان

مَوطِن :- (ع - مذ) زاد بوم ۔ وطن ۔

مَوعِظت :- (ع) نصیحت ۔ وعظ ۔

مَوعُود :- (ع - مذ) جس کا وعدہ کیا گیا ہو ۔

مُوقَّر :- (ع) عزت دار ۔ معزز ۔ باوقار ۔

مُوَقَّت :- (ع - مذ) جس کا وقت مقرر کیا گیا ہو ۔

مَوقَع :- (ع) مقام ۔ جگہ ۔ محل ۔ موقع بموقع ۔ جگہ جگہ ۔ موقع تکنا ۔ دیکھنا ۔ وقت کے انتظار میں رہنا ۔ داؤ پر رہنا ۔ موقع دینا ۔ مہلت دینا ۔ وقت دینا ۔ موقع لگنا ۔ ملنا ۔ بننا ۔ مناسب وقت ہاتھ آنا ۔ وقت ملنا ۔ موقع نکل جانا ۔ وقت گذر جانا ۔ موقع ہاتھ سے چلا جانا ۔ موقع واردات (ب ۔ اضا ۔ مذ) وہ جگہ جہاں کوئی واردات ہوئی ہو ۔

مَوقُوف :- (ع) بند ٹھہرایا گیا ۔ برخاست کیا گیا ۔ منحصر ۔ مشروط ۔ موقوف رکھنا ۔ ملتوی رکھنا ۔ منحصر رکھنا ۔ موقوف کرنا ۔ برخاست کرنا ۔ ملتوی کرنا ۔ منحصر کرنا ۔ موقوف ہونا ۔ برخاست ہونا ۔ منحصر ہونا ۔ ملتوی ہونا ۔ موقوفی (مو) برطرفی ۔ التوا ۔ موقوفی میں آنا ۔ برخاست ہونا ۔

مَوکِب :- (ع - مذ) لشکر ۔ فوج ۔

مُوَکَّد :- (ع) تاکید کیا گیا ۔ مؤکدہ (مو)

مُوَکِّل :- (ع - مذ) سپرد کرنے والا ۔ محافظ ۔ روح یا جن جسے عامل مسخر کرتے ہیں ۔

موکو، نہ توکو لے چولھے میں جھونکو :- (۱) کہاوت نہ ہم فائدہ اٹھائیں نہ تم فائدہ اٹھاؤ اور چیز برباد ہو جائے ۔

موکھا :- (ہ - مذ) روشن دان ۔ سوراخ دیوار کا چھوٹا سا کا خانہ ۔

موگرا :- (ہ - مذ) ایک پھول ۔ بڑا بیلا ۔ بڑی موگری لکڑی بندوق کا گز ۔ ایک قسم کا چاول ۔ جو ہاتھ میں پہننے کے کڑوں کی سرے والی دو گھنڈیاں ۔ وہ بڑی موگری جس سے دھوبی کپڑے کوٹتے یا گھڑیالی گھنٹا بجاتے ہیں ۔ موگری (مو) مٹی کوٹنے کا آلہ ۔

مُول :- (ہ - مذ) جڑ ۔ بنیاد ۔ سرمایہ ۔ مول سے بیاج پیارا ۔ اصل رقم کی نسبت اس کی آمدنی زیادہ پیاری ہوتی ہے ۔ کیونکہ اسی پر گزران ہوتی ہے ۔ بیٹے سے زیادہ اس کی اولاد پیاری ہوا کرتی ہے ۔

مول :- (ہ - مذ) قیمت ۔ دام ۔ مول بڑھانا ۔ دام زیادہ کرنا ۔ مہنگا کرنا ۔ بیچنے والے کو ٹھکانا ۔ مول بننا ۔ قیمت طے ہونا ۔ سودا ہونا ۔ مول تول (مذ) قیمت ٹھہرانا ۔ مول توڑنا ۔ نرخ کم کرنا ۔ مول لینا ۔

(ولی) بھاؤ کرنا ؎ ذوق

صاف باطن کی ہر جب قدر کہ ظاہر ہو درست
مول بھی ٹوٹ گیا صاف جو ٹوٹا گوہر

مولوان - (دام) - مول ٹھہرانا - قیمت چکانا - سودا کرنا - مول چکانا - سودا کرنا - نرخ ٹھہرانا - مول دینا - دام دے کر دینا - قیمت ادا کرنا - مول گھٹانا - قیمت کم کرنا - مول لگانا - قیمت لگانا - دام لگانا - مول لے کے چھوڑ دینا - غلامی میں بھی نہ رکھنا - حقیر سمجھنا - مول لینا - خریدنا - غلام بنانا -

مَولیٰ - مَولا: (ع - مذ) آقا - مالک - دوست - عربی میں غلام کو بھی کہتے ہیں - یہ لفظ لغات اضداد میں سے ہے - مولا بخش (مذ) اکبر بادشاہ کے زمانے میں ایک بڑا چرخا تھا جس سے بدمعاشوں کی مرمت کی جاتی تھی - ڈنڈا - بہادر شاہ کے ایک ہاتھی کا نام - مولا علی مدد - ملنگوں کا سلام "یا علی مدد" کا جواب - مولانا (مذ) بہت بڑا فاضل - علماء کا اعزازی خطاب - مولوی دیکھو مولانا -

مَولِد: (ع - مذ) جائے پیدائش - جنم بھومی -

مَولسری: (ع - مو) ایک قسم کا پھول - ایک درخت اور اس کا پھل -

مُؤلِّف: (ع) جمع کرنے والا - کتاب میں مضامین جمع کرنے والا - مؤلفہ جمع کی ہوئی - تالیف کی ہوئی -

مَولُود: (ع - مذ) بچہ - اس مجلس کو بھی کہتے ہیں جس میں پیغمبر اسلام کے حالات سنائے جائیں -

مُولی: (ہ - مو) مشہور سبزی ہے - مولی گاجر کی طرح - نہایت حقارت سے - نہایت عام -

موم: (ف - مذ) مشہور چیز ہے جو شہد کے چھتے سے نکلتا ہے - موم بتی (مو) شمع - موم تو نہیں ہو کہ پگھل جاؤ گے - مرد ہو - نازک نہ ہو - موم جامہ (مذ) مومی کپڑا - جس پر پانی اثر نہیں کرتا - موم دل ہونا - نہایت رحم دل ہونا - رحم کھانا - موم روغن - (بے اضافہ - مذ) ایک قسم کا تیل جس میں موم ملاتے ہیں - موم کا - نہایت نرم - نہایت نازک - موم کا کھلونا - کمزور و نازک اندام چیز - موم کا ہو جانا - نہایت نرم ہو جانا - نازک بن جانا - موم کرنا - نرم کرنا - تابع کرنا - پگھلانا - موم کی مریم - جو نہایت نازک عورت جس کو ہاتھ بھی نہ لگا سکیں - موم کی ناک - کمزور آدمی - غیر مستقل مزاج - وہ شخص جو ہر ایک کے کہنے پر چلے "ج" مولویوں کے بتانے سمجھانے سے بیچارے عوام تو موم کی ناک ہیں - (ادھر چاہو) موم کی ناک جدھر چاہو پھیر دو - سیدھا سادھا ہے - بے وقوف ہے - موم ہو جانا - نرم ہو جانا - پگھل جانا - مومی - موم کی بنی ہوئی - مومی موتی (مذ) وہ جھوٹے موتی جن کے اندر موم بھرا ہوتا ہے -

مُؤمِن: (ع - مذ) ایماندار - صاحب ایمان - احکام شرع پر دل سے عمل کرنے والا - شیعہ - مومن بھائی - مسلمان بھائی - تخلص ہے ایک مشہور اردو شاعر کا جو ۱۲۱۵ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۲۶۸ھ میں فوت ہوگئے - مومنہ (مو) مومنیت - مومن ہونا - مومنین (مذ) مومن کی جمع - ایماندار لوگ - مومنات (مو)

مومیا: (ف - مو) مومیائی - مومیائی (مو) ایک سیاہ رنگ کی دوا جو چوٹ کے مقام پر لگائی جاتی ہے (سند دیکھیے اعضا) مومیائی نکالنا - کچومر نکالنا - خوب مارنا پیٹنا - تیل نکالنا

موَن: (ہ - مذ) الہڑ پن - بڑا گھڑا - ؎ سحر

مونیں تاڑی کی اس طرح بھری رہتی تھیں
ڈبیاں یاقوتوں سے نہ بھری رہتی تھیں

مونا - پٹاری - بڑا برتن - مٹکا - ٹوکرا - وہ پٹارا جس میں سانپ بند کرتے ہیں -

مُونج: (ہ - مو) ایک قسم کی گھاس جس سے بان بٹتے ہیں -

مُونچھ: (ہ - مذ) لبیے اور گھوڑے وغیرہ کا ایک مرض جس میں گلے کے قریب سے کو [illegible] خون بہتا ہے

مُونچھ: (ہ) دیکھو مونچھ -

مُوندنا: (ہ) بند کر لینا ؎ میر

عہد جوانی رو رو کاٹا پیری میں لیں آنکھیں موند

مُونڈنا: (ہ) حجامت کرنا - دھوکا دینا - شاگرد بنانا - مونڈ کر کھانا - کنجوسی کرنا - ناک کے دم [illegible] کرنا - مونڈن (مذ) عقیقہ - بچے کے سر کے بال مونڈنے کی رسم -

مُونڈی: (ہ - مو) سر - مونڈی کاٹی - بدنصیب عورت - مونڈی کاٹا (مذ) سر کٹا ہوا - بدمعاش

مونڈھا: (ہ - مذ) کاندھا - تیلیے کا منہ - لباس کا وہ حصہ جو شانے پر رہتا ہے - ایک قسم کی تکیہ دار کرسی جو عموماً سرکنڈے سے بنتی ہے - [illegible] سرکنڈوں سینکوں اور بانوں سے بنا ہوا اسٹول جس پر بیٹھتے ہیں - مونڈھے پر بٹھانا - دکان پر کسب کرانا - مونڈھے والی - رنڈی -

کسبی - معمولی پیشہ ور عورت -

مُونِس :- (ع) اُلفت کرنے والا - دوست -

مُونگ :- (ا - مذ) ایک قسم کا اناج جس کی دال کھاتے ہیں - مونگ پلاؤ (مذ) ایک قسم کا پلاؤ جس میں گوشت کے بجائے مونگ ڈالتے ہیں مونگ پھلی - (مو) ایک سبزی جسے خشک پھل اور میوہ کی طرح استعمال کرتے - بھون کے کھاتے ہیں - اس کا پودا زمین پر بیل کی طرح پھیلتا یا سیدھا استادہ ہوتا ہے - زمین کے اندر پھل لگتا ہے - جس کے دبیز چھلکے کے اندر ایک، دو یا تین چار دانے کاغذی چھلکے میں لپٹے ہوتے ہیں (مو) پھلی جیسا بادام - مونگ کی دال کھانے والا - کمزور - بزدل - مونگ مانگتے پھرنا - فریاد کرنا - مونگ کو مٹھ میں چھوٹا بڑا کون - برادری میں سب برابر -

مُونگا :- (ا - مذ) مرجان - ایک قسم کا پتھر - مونگیا (مذ) ایک پتھر کا ہلکا سبز رنگ -

موہ :- (ا - مو) محبت - دوستی - لاڈ - ناز - عشق - لالچ - خواہش - جادو - ٹونا - منتر - موہ جانا - فریفتہ ہو جانا - عاشق ہونا - موہ لینا - لبھا لینا - مائل کر لینا - موہنا - موہ لینا - موہن - موہنے والا - کرشن جی کا لقب - خوبصورت - موہن بھوگ (مذ) حلوا - پرشاد - موہنی (مو)

مَوہِبَت :- (ع - مو) بخشش - عطا - انعام -

مَوہُوم :- (ع) وہم کیا گیا - وہمی - قیاسی - موہے اور تجھے ٹھور (کہاوت) نہ مجھے کوئی اور مل سکتا ہے اور نہ تجھے کوئی اور ٹھکانا مل سکتا ہے -

مُوئی :- (ا - مو) بدنصیب - مردی - کم بخت - مری ہوئی - موئی بچھیا بامن کو دان کے نام بیکار چیز دینے والے سے کہتے ہیں (موئی جوان - مٹی - مری جوان مٹی - دیکھیے) بہت زیادہ تعریف کرنا (موئے پر تین دن دیکھیے مرے پر) کے موئی جان ہار (ع) نفرت ظاہر کرنے کا جملہ - موئی بھول کی سانس نہ آیا (کہاوت) سانس ہے تو آس ہے - جب سانس نکل گیا آدمی مر گیا - موئی مٹی (مو) لاش - مرحوم - موئی مٹی کی نشانی (مو) مرے ہوئے (ماں باپ) کی اولاد - موئے باپ کی بڑی بڑی آنکھیں (کہاوت) مرے ہوئے عزیز کی بہت تعریفیں کی جاتی ہیں - موئے پر سو دُرّے - (محاورہ) آفت پر آفت - ناجائز ظلم مصیبت پر مصیبت - موئے جیتے - مرے جیتے - رشتے دار - حمائتی - موئے جیتے اکھاڑ ڈالنا (ع) خاندان بھر کو برا کہنا - موئے شیر سے جیتی بلی بھلی - کمزور عزت دار طاقت ور شہزور سے اچھا - موئے کا کوئی نام نہیں جیتے کا سب کوئی (مثل) روپے طاقتور کے سبھی یار - موئے کی قبر اور جیتے کا گھر - ہر ایک کو اپنے گھر میں آرام ملتا ہے -

مونیا :- (ا - مذ) سوت کی انٹی - مونیا سا پیٹ مذ نہایت نرم پیٹ -

مُؤَنَّث :- (ع) مادہ - عورت - مجازاً بزدل -

مُؤَیَّد :- (ع) تائید کرنے والا - قوت دینے والا - مُؤَیَّد - تائید یافتہ -

مَوِیز :- (ع - مذ) آب جوش - سوکھے ہوئے بڑے انگور - مویز منقی (مذ) وہ منقی جس کے بیج نکال ڈالے گئے ہوں -

مَوَیشی :- (ف - مذ) چوپائے - ڈھور - ڈنگر - مویشی چرانا - ڈنگر چرانا - ڈھور چرانے کے لیے باہر لے جانا - مویشی خانہ (مذ) جہاں ڈھور باندھے جاتے ہیں -

مِہ :- (ف) بزرگ - بڑا - سردار - مہتر - فارسی میں سردار قوم (اردو میں بھنگی - مہتری مو) سرداری - مہترانی (مو) خاکروب کی عورت - مہترائن - بہین - بزرگ تر -

مَہ :- (ف - مذ) سردار - افسر - چاند - مہینہ - (دیکھو ماہ) مہ پارہ - چاند کا ٹکڑا - نہایت خوبصورت - چاند سی شکل والا -

مَہا :- (ا) بڑی - بڑا - معزز - کلاں - مہا اُوت - نہایت بے وقوف - مہا آتما - روح اعظم (ہند) بڑے مذہبی پیشواؤں کا خطاب - مہاتما گاندھی - بدھ وغیرہ - مہابلی - نہایت طاقتور - اکبر اعظم کا خطاب - مہابھارت (مذ) وہ جنگ عظیم جو کورو پانڈو میں ہوئی تھی - کورو پانڈو کی لڑائی کی ایک تاریخی کتاب - مہابیر بہت بہادر - ہنومان کا خطاب - مہاپاپ (مذ) بڑا بھاری گناہ - گناہ کبیرہ - مہاپاپی - نہایت گنہگار فاسق فاجر - مہاپرساد (مذ) حلوہ - تبرک - مہاپرش مذ مہاتما - نہایت مقدس - بہت بڑا آدمی - مہاتما مذ نہایت نیک آدمی - مہاجنی پرچہ (چٹھی - ہنڈی) چک - وہ کاغذ جس پر روپیہ دینے کا حکم لکھا ہو - مہاجن (مذ) بڑا صراف - بینکر - دولت مند - مہاجنی (مو) سوداگری - ساہوکارہ

جو حضرت فاطمہؓ کا مہر تھا۔ **مہرِ مؤجّل** (بہ اضا۔ مذ) وہ مہر جو نکاح کے بعد کسی وقت ادا کیا جائے۔ **مہرِ معجّل** (بہ اضا۔ مذ) وہ مہر جو بوقت نکاح ادا کیا جائے۔ **مہر نامہ** (بے اضا۔ مذ) نکاح نامہ۔ نکاح کے کاغذ۔ کابین نامہ۔

مُہر:۔ (ف۔ مو) انگوٹھی۔ اشرفی۔ کسی چیز پر لکھا ہوا یا ابھرا ہوا نام۔ **مہر اٹھنا**۔ مہر کا نقش نمایاں ہونا۔ مہر بردار (بے اضا۔ مذ) وہ شاہی ملازم جس کے پاس مہر خاص رہا کرتی تھی۔ **مہر بر لب**۔ خاموش۔ چپ چاپ۔ **مہرِ خاص** (بہ اضا۔ مو) بادشاہ یا حاکم کی انگوٹھی کی مہر۔ مہرِ دہن (بہ اضا) خاموشی۔ **مہر ثبت کرنا**۔ مہر لگانا۔ **مہرِ دستی**۔ مہرِ خاص۔ انگوٹھی کی مہر۔ **مہرِ سجدہ**۔ مہر نماز۔ لکڑی یا خاک کربلا کا وہ ٹکڑا جس پر شیعہ سجدہ کرتے ہیں۔ سجدہ گاہ۔ **مہرِ سلیمانؑ** (بہ اضا۔ مو) حضرت سلیمانؑ کے پاس ایک انگوٹھی تھی۔ جس پر اسم اعظم کندہ تھا۔ کہتے ہیں اس کے اثر سے تمام جنات۔ پریاں اور دیو ان کے زیرِ فرمان تھے۔ **مہر کرنا**۔ لگانا۔ تصدیق کرنا۔ مہر ثبت کرنا۔ شہادت ڈالنا۔ **مہرکن** (بے اضا) مہر کھودنے والا۔ **مہرِ نبوت**۔ (بہ اضا۔ مو) وہ نشان جو رسول اکرمؐ کے شانۂ مبارک پر تھا۔ **مُہری**۔ مہر شدہ۔ دستخطی۔ سربستہ۔ **مہریں لٹیں کوئلوں پر مہر**۔ بڑا فضول خرچیاں ہوں لیکن ضرورت کے وقت کفایت شعاری اور کنجوسی۔

مَہرا:۔ (ہ۔ مذ) کہاروں کا افسر کہار۔ حمّال۔ **مہری** (مو) مہرا زو (عوا۔ ہندو) بیوی۔

مُہرا:۔ (ہ۔ مذ) سامنا۔ آگا۔ مقابلہ۔ **مہرا آنا**۔ کسی کو طنز کی بات کہنا ؎ اسیر

ششدر ہوں کہ ہے مہرِ دہن کیسی خموشی

مہرا بھی کبھی وہ مہ الوبہ نہیں آتا

مہرا دینا۔ **روکنا**۔ سامنے سے راستہ روکنا۔ **مہرا لینا**۔ پیش پیش ہونا ؎ جان

ہو جو سوار باؤ کے گھوڑے پہ اس قدر

مہرا لیا لڑائی کا ہے کس بساط پر

مہرے پر رکھنا۔ سامنے رکھنا۔ نشانے پر رکھنا۔ **مُہری**۔ بد رو۔ موری۔ نالی۔ پاجامے اور آستین کا منہ یا سرا۔

مہربان:۔ (ف) پیار کرنے والا۔ دوست۔ **مہربان کرنا**۔ رحم ڈالنا۔ رحم دل بنانا۔ خوش کرنا۔ **مہربان ہونا**۔ رحم دل ہونا۔ دردمند ہونا۔ راضی ہونا۔ **مہربانی**۔ عنایت۔ توجہ۔ **مہربانی سے پیش آنا**۔ عنایت فرمانا۔ لطف آنا۔ **مہربانی کرنا**۔ عنایت کرنا۔ نوازش کرنا۔

مُہرہ:۔ (ف۔ مذ) منکا۔ کوڑی۔ گوٹ۔ شطرنج کا گھونگا۔ **مہرہ کرنا**۔ مہرے سے گھونٹنا چمکانا۔ **مہرۂ مار** (با ضا) سانپ کے کاٹنے پر چپک کر زہر کھینچ لینے والا پتھر۔ **مہرۂ نماز**۔ سجدہ گاہ۔ مہرے کی تختی۔ کوڑی سے صاف کیا ہوا کاغذ۔

مَہک:۔ (ہ۔ مو) خوشبو۔ **مہک جانا**۔ معطر ہو جانا۔ خوشبو کی لپٹیں آنا۔ **مہکانا**۔ خوشبودار کرنا۔ معطر کرنا۔ **مہکنا**۔ معطر ہونا۔ خوشبو دینا۔ **مہکیلا**۔ خوشبودار۔ مہکتا ہوا۔

مُہلت:۔ (ع۔ مو) فرصت۔ چھٹکارا۔ **مہلت دینا**۔ فرصت دینا۔ موقع دینا۔ ڈھیل دینا۔ **مہلت ملنا**۔ موقع ملنا۔ وقت ملنا۔ (لینا۔ مانگنا وغیرہ)

مُہلک:۔ (ع) ہلاک کرنے والا۔ **مہلک بیماری**۔ مرگ۔ ہلاک کرنے والا روگ۔

مَہلا:۔ (ا۔ مذ) خواجہ سرا۔ زنخا۔

مُہم:۔ (ع۔ مو) دشوار کام۔ اہم کام۔ معرکہ۔ جنگ۔ **مہم جیتنا**۔ میدان مارنا۔ سخت مشکل کو سر کرنا۔ **مہم سر کرنا**۔ لڑائی جیتنا۔ میدان مارنا۔ **مہمات** (مذ) مہم کی جمع۔ امورِ عظیمہ۔ معرکے۔ بڑے بڑے کام۔ بڑی جنگیں۔

مہمان:۔ (ف) باہر سے کسی کے گھر آیا ہوا آدمی۔ پیٹ کا بچہ۔ **مہمان جانا**۔ کسی کے گھر رہنا۔ **مہمان خانہ** (بے اضا۔ مذ) مہمانوں کے ٹھہرنے کا خاص مکان۔ **مہمان داخل**۔ مہمان کی طرح (آج پہلے تو اکثر میکے میں رہتی تھی۔ چوتھے پانچویں مہمان داخل سسرال آگئی تو آگئی۔ محصنات) **مہمان دار**۔ (بے اضا۔ مذ) مہمان بلانے والا۔ میزبان۔ **مہمان داری** (مو) دعوت۔ مہمان نوازی۔ **مہمان رکھنا**۔ کسی آئے ہوئے شخص کو اپنے گھر ٹھہرانا۔ **مہمان سرا**۔ (بے اضا۔ مذ) مہمان خانہ۔ **مہمان کرنا**۔ دعوت دینا۔ گھر بلانا۔ **مہمان ہونا**۔ کسی کے گھر جا کر ٹھہرنا یا کھانا کھانا۔ **مہمان نواز** (بے اضا) مسافر نواز۔ فیاض۔ مہمانوں کی خاطر تواضع کرنا۔ **مہمانی** (مو) مہمانداری۔ دعوت۔ تواضع۔ مہمانی کرنا۔ دعوت دینا۔ مہمان بلانا۔ خاطر تواضع کرنا۔ **مہمانی ہونا**۔ خاطر تواضع ہونا۔ ضیافت ہونا۔ آنے والے پر ظلم ہونا۔

مُہمل:۔ (ع) بے معنی۔ بے ہودہ۔ لغو۔ **مُہملہ**۔ بے نقطے والا حرف۔ (مثال میں دیکھیے منقوط مصرع اول)

مہمیز:۔ (ف۔ مو) لوہے کی میخ جو سواروں کے جوتے میں

ہوتی ہے۔ گھوڑے کو ایڑ لگانے کی چیز۔ مہمیز کرنا۔ لگانا۔ گھوڑے کو ایڑ لگانا۔

مِہنا: (ہ۔ مذ) طعنہ۔ طنز (عموماً طعنے کے ساتھ استعمال کرتے ہیں۔ مہنا دینا۔ طعنہ دینا۔

مُہنال: (۱۔ مو) چاندی یا پیتل کی نلی جو حقے کی نے پر لگاتے ہیں۔

مَہنت: (ہ۔ مذ) جوگی۔ بیراگی۔ فقیروں کا سردار۔ بہت بڑا آدمی۔ خاک میں اٹا ہوا شخص۔

مُہنّد: (ع) وہ لفظ جو کسی دوسری زبان سے لے کر اردو بنا لیا گیا ہو۔ ہندی تلوار۔

مُہندِس: (ع) علم ہندسہ جاننے والا۔ نجومی۔

مہندی: (ہ۔ مو) دیکھو مہندی۔

مَہنگا: (ہ۔ مذ) گراں۔ زیادہ داموں کا۔ مہنگا ہونا۔ زیادہ دام پانا۔ گراں ہونا۔ مہنگائی مو گرانی۔ قحط۔ کال۔ مہنگائی کا بھتا۔ قحط کا الاؤنس۔ وہ رقم جو گرانی کے زمانہ میں دی جائے۔ مہنگ مول والا۔ زیادہ دام لینے والا دکاندار۔ گراں فروش۔

مَہُوا: (ہ۔ مو) مُہُوا) ایک درخت کا نام جس کے پھل کھاتے ہیں۔ پھولوں کی شراب اور بیج کا تیل نکالتے ہیں۔

مَہوبا: (ہ) ایک مقام کا نام ہے جہاں کے پان مشہور ہیں۔

مُہورَت: (ہ۔ مو) ستاروں کی چال سے کسی کام کی مناسب اور موافق گھڑی۔ مہورت دیکھنا۔ اچھی گھڑی دیکھنا۔ سگون دیکھنا۔

مُہوس: ہوس کرنے والا۔ نقیب۔ کیمیاگر۔ دیکھئے ہوس۔ مہوسی مو کیمیا گری۔ ہوسناکی۔

مُہیّا: (ع) تیار۔ حاضر۔ مہیا کرنا۔ موجود کرنا۔ فراہم کرنا۔ حاضر کرنا۔ مہیا ہونا۔ فراہم ہونا۔ بہم پہنچنا۔

مُہیب: (ع) خوفناک۔ ڈراونا۔

مَہین: (ہ) پتلا۔ باریک۔ مہین آواز۔ باریک آواز۔ سریلی آواز۔

• **مَہینہ**: (ہ۔ مذ) تیس دن۔ (۲) تنخواہ۔ مہینا بھاری ہونا۔ مہینے کا پریشانی کی وجہ سے لمبا معلوم ہونا۔ مہینہ بھر۔ پورا مہینہ۔ مہینہ چڑھنا۔ تنخواہ آنے کے وقت ہو جانا۔ (دن پورا ہوا)۔ عورت کو مہینے بھر تک عادت کے مطابق ایام نہ آنا۔ مہینے سے ہونا۔ عورت کا ایام سے ہونا۔ مہینے کے مہینے۔ ہر مہینے۔

مَئی: (انگ) عیسوی سال کا پانچواں مہینہ جو اپریل کے بعد اور جون سے پہلے ہوتا ہے۔ اس مہینے میں سخت گرمی پڑتی ہے۔ ؎ (نقیل)

مئی کا آن پہنچا ہے مہینہ
بہا چوٹی سے ایڑی تک پسینہ

مَے: (ف۔ مو) شراب۔ مے آشام۔ شرابی۔ بادہ خوار۔ مے پرست۔ شرابی۔ شراب کا رسیا۔ مے پرستی مو مے نوشی۔ شراب خوری۔ مے خانہ (مذ) شراب خانہ۔ شراب کی بھٹی۔ مے خوار۔ مے گسار۔ شرابی۔ رند۔ مے خواری (مو) شراب نوشی۔ مے ڈھلنا۔ شراب نکلنا ؎ (امیر)

بوتلوں سے رات دن ڈھلتی ہے مے
یہ نئی بدلی نئی برسات ہے

مے طہور۔ آب کوثر ؎ (صبا)

مے طہور ملے گی واعظ خدا دے گا
وہ جانتا ہے کہ رند شراب خوار ہوں میں

مے فروش۔ کلال۔ شراب بیچنے والا۔ مے فروشی (مو) شراب بیچنا۔ شراب بیچنے کا کام۔ مے کش۔ شرابی۔ شراب خوار۔ مے کشی مو شراب خواری۔ بادہ پرستی۔

مَیّا: (ہ۔ مو) ماں۔ اماں۔

مِیاں: (۱) جناب۔ صاحب۔ شریف انسان۔ چھوٹے عزیز یا محبوب سے خطاب کر۔ میاں آدمی۔ شریف آدمی۔ میاں بی بی۔ خاوند۔ عورت۔ میاں بھائی۔ عزت محبت۔ برابر والے کو مخاطب کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔ میاں بیوی راضی کیا کرے گا قاضی۔ جب فریقین میں اتفاق ہو تو کوئی کیا کر سکتا ہے۔ (۲) میاں جی مذ استاد کو کہتے ہیں۔ میاں کی جوتی۔ میاں کا سر۔ اپنے کرتوت سے آپ ہی نقصان اٹھانا۔ میاں مٹھو۔ طوطا۔ بے وقوف آدمی۔ اپنی تعریف آپ کرنے والا۔ میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا۔

مِیان: (۱۔ مذ) تلوار کا غلاف۔ نیام (ف) بیچ۔ وسط۔ (سند دیکھئے درم) میان سے باہر ہونا۔ بہت خفے ہونا۔ میان سے کھینچنا۔ تلوار سونتنا۔ میان سے نکالنا۔ تلوار کھینچنا۔ خونریزی کے لیے تیار ہونا۔ میان میں کرنا۔ تلوار میں رکھنا۔ صلح کرنا۔

میان (ف) مرکبات میں درمیان کے معنی دیتا ہے جیسے ؎

دنیا تک کبھی یہ جیسکر میں گر گئی
ہوئے کمر کی طرح میان کمر گئی (ذوق)

کرا جیسے موٹے میاں)

میانا :- (ا - مذ) پالکی - محافہ - نفس -

میانہ :- (ف) بیچ کا - درمیان کا - درمیانہ - میانہ رو - متوسط چال چلنے والا - میانہ روی (مو) بیچ والی چال - متوسط چال - میانہ روی اختیار کرنا - متوسط طریقوں سے زندگی بسر کرنا - میانہ قد - جو نہ دراز ہو نہ کوتاہ - میانی (مو) رومالی - دونوں پائنچوں بیچ کا رومال -

میاؤں :- (ھ) بلی کی آواز -

میت :- (ھ) دوست - عاشق - پیارا - میتا (ھ - مذ) بھیک کا ٹھیکرا -

مَیّت :- (ع - مو) مُردہ - لاش - بے حس - میت اُٹھانا - جنازہ اُٹھانا - میت اُٹھنا - جنازہ اُٹھنا - میت ہونا - موت ہونا -

میتھی :- (ھ - مو) مشہور سبزی - ایک ساگ کا بیج -

میٹ :- (انگ) مزدوروں کا جمعدار -

میٹنا :- (ھ مے ٹ نا) بگاڑنا - چھپانا - مٹانا -

میٹنگ :- (انگ - ھ) مجلس - جلسہ - اجتماع - میٹنگ کرنا - جلسہ کرنا - میٹنگ ہونا - جلسہ ہونا -

میٹھا :- (ھ) شیریں - مٹھاس والا - حلوا - ہلکا - بُردبار - لبھانے والی باتیں کرنے والا - میٹھا اور کڑوا بھر کٹو ۔ مزے کی چیز اور زیادہ - با ذائقہ تھوڑی چیز کی شکایت کرنے والے سے - میٹھا برس سال - اٹھارھواں سال - چودھواں سال - میٹھا بولنا - نرمی سے بات کرنا - میٹھا پونیا - اچھی پویا چال چلنے والا گھوڑا - میٹھا تمباکو - وہ تمباکو جس میں شیرہ زیادہ اور تیزی کم ہو - میٹھا تیلیا - ایک قسم کی زہریلی دوا - میٹھا تیل - تلوں کا تیل - میٹھا ٹھگ - مکار - فریبی - جھوٹا دوست - میٹھا درد (مذ) ہلکا ہلکا درد - میٹھا زہر - ایک قسم کا زہر - میٹھا تیلیا - میٹھا کدو یا میٹھا کھیا (مذ) میٹھا پھل - گول کدو جس کا گودا زرد ہوتا ہے - میٹھا میٹھا درد - عجیب طرح کا درد - ہلکا اور خفیف اور معمولی درد (آج نصیبن کے پیٹ میں میٹھا میٹھا درد تھا جو عرق پودینہ پینے سے گیا)

میٹھا میٹھا ہپ کڑوا کڑوا تھو (کہاوت) اچھی چیز شوق سے لینا - بُری کو ہاتھ نہ لگانا - میٹھا ہونا - ہلکا ہونا - بُردبار ہونا - قابل برداشت ہونا - شیریں ہونا - میٹھی (مو) شیریں - بُردبار - ہلکی - پیاری - میٹھی آنکھوں / نظروں سے دیکھنا - محبت کی نظر سے دیکھنا ؎ زند

میٹھی آنکھوں سے نہ دیکھا ایک دن لِلّٰہ نے
کر دیئے شوریدہ بختی نے مرے بادام تلخ

میٹھی بات - مزے کی بات - میٹھی باتیں کرنا - مزے کی یا چکنی چپڑی باتیں کرنا - میٹھی باڑھ - موٹی اور کسی قدر کند دھار - میٹھی بولی (مو) فصاحت بھری زبان - شیریں زبان

میٹھی پوئیوں / پویوں - معتدل پویا چال ؎ منیر

میٹھی پوئی پہ اگر باد بہاری کو دکھائے
شہد جنت سے سوا میٹھا ہو پھولوں میں گلاب

؎ ناسخ

جس جگہ چلتا ہے میٹھی پوئیوں تیرا فرس
ذائقے میں واں برابر خاک کے شکر نہیں

میٹھی چھری - ظاہر کا اچھا - دل کا بُرا - میٹھی زبان (مو) دل لبھانے والی بولی - میٹھی گالی (مو) سہالی - وہ گالی جو ناگوار نہ ہو - میٹھی مار (مو) گپت مار - وہ مار جو ظاہرا دکھائی نہ دے - میٹھی مار دینا - دل کو تکلیف پہنچانا - گجھی مار مارنا - میٹھی میٹھی آنچ - ہلکی آنچ - میٹھی میٹھی آواز - سُریلی آواز - میٹھی میٹھی پھوار - ہلکی ہلکی پھوار - میٹھی میٹھی باتیں کرنا - چکنی چپڑی باتیں کرنا - میٹھی نگاہ - محبت کی نظر - میٹھی نیند - بے فکری کی نیند - غفلت کی نیند -

میٹھے کے واسطے / لالچ جھوٹا کھاتے ہیں (مثل) مزے یا فائدے کے لیے سخت زبانی اور تکلیف بھی اُٹھانا پڑتی ہے - میٹھے کے واسطے نہ سلونے کے واسطے - بے غرض و طمع - میٹھے میں سلونا ملانا - بد مزگی کرنا ؎ راسخ

جان نہ تڑپا نمک خندہ سے وقت کشتن
نہ ملا میٹھے میں سفاک سلونا نہ ملا

میٹھے والے - وہ ٹھگ جو میٹھا تیلیا کھلا کے مارتے ہیں - میٹھے ہیں - بزدل - بے وقوف ہیں ؎ انشا

اس سیٹھوے پن پہ میٹھے کس قدر ہیں شیخ جی
تو ند تم ان کی نہ سمجھو ہے یہ مٹکا آب کا

مِیثاق :- (ع - مذ) قول و قرار - سمجھوتہ - معاہدہ - عہد

میچنا :- (ھ) آنکھ بند کرنا - سکیڑنا -

میچ (انگ - مذ) کھیل میں مقابلہ - میچ کرنا، میچ کھیلنا - دو ٹیموں کا آپس میں کھیلنا - کھیل میں مقابلہ کرنا - میچ ہونا - کھیل ہونا - مقابلہ ہونا -

میخ (فا - مث) کیل - کھونٹی - میخ اکھاڑنا - کیل اکھاڑنا - گھڑ سواروں کا ایک کھیل - میخ ٹھونکنا - کیل گاڑنا - ایک قسم کی سخت سزا دینا جس کا پرانے زمانے میں رواج تھا - میخ چلانا (عو) انگلی کرنا - کالی - مراد - بہت زیادہ تکلیف دینا - ستانا - میخ دی، کچھ نہیں دیا - (مثل) اب کچھ دیا - مگر معمولی سی چیز پر لعنت -

میخچو (ا - مذ) ہتھوڑی - میخ ٹھونکنے کی موگری

میدان (ع - مذ) وسیع اور ہموار زمین - تمہید (اول میدان ہموار کر لوں پھر کچھ کہوں گا) میدان جنگ (مجاز) حملہ کا میدان یعنی کوشش - جوہری جوہر کے پتھر کا طول و عرض مراد لیتے ہیں - میدان بولنا - جنگاہ میں شور ہونا - میدان جانا (عو) جنگل جانا - پاخانے کے لیے میدان میں جانا - میدان جیتنا - فتح کرنا -
میدان دینا / چھوڑنا - جنگاہ سے بھاگ جانا - رستہ دینا - جگہ دینا - میدان خالی ہونا - موقع ہونا - دشمن حریف کا نہ رہنا - میدان روکنا - میدان پر قبضہ کرنا - میدان رہنا - لڑائی رہنا - میدان صاف کرنا - دشمنوں کو ختم کرنا - پریشانیاں دور کرنا - راستہ ہموار کرنا (ہونا - لازم) میدان قلم یا زبان قلم - میدان کا وحشی - بہادر - میدان کرنا - لڑنا - منہدم کرنا - میدان مارنا - لڑائی جیتنا - میدان میں اترنا - مقابلہ پر آنا - لڑنے کے لیے آنا - میدان مانگنا - مقابلہ چاہنا - میدان میں آنا - مقابلہ کرنا - میدان ہاتھ میں آنا - میدان ہاتھ رہنا - فتح پانا - میدان جیتنا - میدان ہاتھ سے جانا - ہارنا - شکست کھانا - میدان ہونا - جنگ ہونا - لڑائی ہونا - میدانی - صحن میں کی ہوئی الٹنیں (مذ) نقیب -

میدنی (س - مث) زمین - سرباز - وہ قافلہ جو کسی مقدس جگہ کی زیارت کو جائے -

میدہ (ف - مذ) بہت باریک آٹا جس کا حلوہ وغیرہ بناتے ہیں - میدہ سا - نہایت باریک یا بہت نہایت سفید - میدہ لکڑی - ایک دوا کا نام - میدہ و شہاب - نہایت سرخ و سفید - گورا چٹا -

میر (ف - مذ) امیر کا مخفف - سردار - افسر - سید - تاش کا بادشاہ - میر آتش (اب اضا - مذ) بارود بنانے کا داروغہ - میر آخور (اب اضا - مذ) اصطبل کا داروغہ - میر بھجوی (اب اضا - مذ) ہیجڑوں کے پیر کا نام - کہتے ہیں اگر ان کی نیاز کوئی کھائے تو ہیجڑوں کی طرح حرکتیں کرتا ہے - میر بھجوی کی کڑھائی (مذ) ہیجڑوں کے پیر کی نیاز کا پکوان - میرجی - مراثی کا خطاب - میردہ - سردہ - جریب کش - میر حاج - سردار قافلہ حجاج - میر دیوان - نائب پیشکار - میر عرض - عرض بیگی - فوج کا وہ سردار جو سالانہ فوج کا معائنہ اور محاسبہ کرتا اور بادشاہ کے سامنے پیش کرتا تھا - وہ ہیڈ کلرک جو بادشاہ کے سامنے عرضیاں پیش کرتا تھا - میر فرش (اب اضا - مذ) پتھر کے ٹکڑے جو قالین یا فرش کے کنارے دبانے کے لیے رکھے جاتے ہیں - میر مجلس (اب اضا - مذ) پریذیڈنٹ - سبھاپتی - صدر - میر محلہ (اب اضا - مذ) محلے کی نگرانی اور دیکھ بھال کرنے والا - محلے کا سردار - محلے کا چودھری - میر مشاعرہ - صدر مشاعرہ - میر منزل - شاہی قیام گاہ اور پڑاؤ کا مہتمم - میر منشی (اب اضا - مذ) منشی پیش کار - سپرنٹنڈنٹ -

میرا (ا) ضمیر متکلم - اپنا - ذاتی - میری ملکیت - میرا باپ بھی تھا - بڑے بڑوں سے آزاد کرتا تھا - (مثل) بزرگوں پر فخر کرنے والے شخص کی نسبت سے - میرا بھائی ہے - (جو) دوست و عزیز ہے - میرا تیرا - اپنا پرایا - غیر میرا جی - میرا دل - میری خوشی - میں مختار ہوں - میرا حلوہ کھائے - اگر ایسا نہ کرو تو مجھے مردہ دیکھو - میرا شیر - نہایت بہادر - ضدی - بزدل - میرا سلام ہے - میں جاتا ہوں - مجھے منظور نہیں - میرا کیا گیا - مجھے کیا نقصان ہوا - میرا کیا بگڑا - میرا کیا تیرا اپنا گیا - بگاڑ دیا - میرا لہو پیے (عو) میرے خون کی قسم - میرا ماتھا پہلے ہی ٹھنکا تھا - اسی وقت اندیشہ ہوا تھا - میرا مردہ اب بھی تیرے مردے پر بھاری ہے - اس گئی حالت میں بھی کیا گزرا نہیں - میرا مرا منہ دیکھے (عو) میرا جنازہ دیکھے - قسم - میرا منہ نہیں - مجھ میں طاقت نہیں - میرا یار - میرا دوست - میرا غیر

سے آسمان ٹل جائے پر ہرگز نہیں ٹلتا ہے قدر
ڈٹ گیا ڈیوڑھی پہ اب اٹھتا ہے میرا یار کب

میرے آگے نام نہ لو - نفرت ظاہر کرنے کے لیے - میرے اللہ (عو) اللہ کی پناہ - میرے بچول کرے (عو) قسم - میرا مردہ دیکھے - میرے دونوں بیٹے - دونوں عزیز - دونوں سے فائدہ - میرے ساتھ ضد ہے - مجھ سے بیر ہے -

بسنج

اس ستمگر کو بھلا کب تو میرے ساتھ ہے ضد
میں نے گھر چھوڑا تھا تو وہ گھر چھوڑ دیا

میرے فرشتے خاں کو بھی خبر نہیں ـ میرے فرشتے (منکر ونکیر) بھی اس راز سے ناواقف ہیں ـ بہت خفیہ بات ہے ـ **میرے مُنہ سے** (مو) میری وجہ سے ـ **میرے مُنہ میں خاک** (مو) چشم بد دُور ـ **(جو) میرے بے سود اجاگے نہیں** ـ **راجا میرا منگتا** (مو ـ مثل) شیخی خورے کے لیے ـ دُنیا کی ہر چیز میرے پاس ہے ـ یہاں تک کہ اچھی چیزوں کا مالک بھی میرا ہے ـ **میری** (مو) میری آنکھوں سے دیکھو ـ میری طرح دیکھو یا ڈھونڈو ـ **میری بلی اور مجھی سے میاؤں** (مثل) میرا زیر دست ہو کر مجھ ہی سے مقابلہ ـ **میری بھتی کھائے** (مو) قسم میرا مردہ دیکھے ـ **میری بلا سے یا پیزار** ـ میری بلا سے میری جوتی میرے ہی سر ـ میرا زیر دست میرے ہی سر چڑھے ـ **میری دائی کو کوستی ہے** (مو ـ دلی) مجھے دُعا دیتی ہے میری ہی میرے آگے تیری سی تیرے آگے (مو ـ کہاوت) کوئی رائے نہیں رکھتا ـ **میری طرف بھی دیکھنا** ـ میرا خیال بھی رکھنا ـ **میرا لہو پیے** ـ قسم ہے میرے خون کی قسم ـ

میراث :ـ (ع ـ مو) ماں باپ وغیرہ کی جائداد ـ ترکہ ـ **میراثی** (مذ) ڈوم ـ باپ دادا کا **میراثن** (مو) میراثی کی عورت ـ ڈومنی ـ

میراں جی :ـ (ا) خواجہ معین الدین چشتی کا لقب ـ آپ کی وفات کے مہینے کا نام ـ عورتیں ربیع الآخر کو میراں جی کہتی ہیں ـ **میراں کا بکرا** (مذ) شیخ سدو کا بکرا ـ

میرزا :ـ (ف ـ مذ) امیرزادہ کا مخفف ـ مغلوں کا لقب ـ **میرزائی** (ف ـ مو) شہزادگی ـ شرافت ـ گھمنڈ ـ سخت گیری ؎

فقر میں بھی وہی دماغ ہے رِند
بو نہیں جاتی میرزائی کی

میری :ـ (ف) بازی جیتنے والا ـ امیری ـ سرداری ـ

میڑا :ـ (ہ ـ مذ) سُہاگا ـ کھیت کے ڈھیلے توڑنے اور زمین ہموار کرنے کا بیڑا ـ **میڑا پھیرنا** ـ کھیت کی زمین ہل چلانے کے بعد ہموار کرنا ـ

میز :ـ (ف ـ مو) کتابیں رکھنے یا کھانے کا تختہ یا ٹیبل ـ **میز لگانا** ـ میز پر کھانا چُننا ـ

میزبان :ـ (ف) مہماندار ـ صاحبِ خانہ جس کے ہاں کوئی مہمان آیا ہو ـ **میزبانی** (مو) مہمانوں کی خدمت ـ مہمان داری ـ

میزان :ـ (ع ـ مو) ترازو ـ ایک برج کا نام ـ جمع ـ مجموعہ ـ عددوں کا جوڑ ـ **میزان پٹنا** ـ معاملہ بننا ـ سودا ہونا ـ رائے ملنا ـ موافقت ہونا ـ ؎

دل تو دیا میزان نہیں پٹتی نظر آتی
نظروں میں وہ خوش چشم مجھے تول رہا ہے ــ تعلق

میزان دینا یا لگانا ـ جمع کرنا ـ جوڑنا ـ **میزان کل** (بااضافت) ٹوٹل ـ تمام عددوں کا حاصل جمع ـ **میزان ملنا** ـ رائے ملنا ـ سودا پٹنا ـ ٹوٹل ملنا ـ

مُیسّر :ـ (ع) حاصل ـ موجود ـ دستیاب ـ **مُیسّر آنا** ـ جڑنا ـ ملنا ـ بن پڑنا ـ **مُیسّر ہونا** ـ حاصل ہونا ـ مقدور ہونا ـ بن پڑنا ـ (لگ تلفظ ـ مَ یَس سَرا

مَیسَرہ :ـ (ع ـ مذ) بائیں بازو کی فوج ـ

میش :ـ (ف ـ مو) بھیڑ ـ مینڈھے کی مادہ ـ **میش چشم** ـ بے اضا شرمیلا ـ نیچی نظریں رکھنے والا ـ بیٹا ـ بھیڑ یا بکری کے بچے کا چمڑا ـ

میعاد :ـ (ع ـ مو) وعدہ کا دن ـ مقرر کردہ دن ـ **میعاد بڑھانا** ـ وقتِ مقررہ کو زیادہ کرنا ـ **میعاد بولنا** ـ (عوا) قید کرنا ـ حکم حبس دینا ـ **میعاد تمام ہونا** ـ مہلت کا وقت ختم ہونا ـ مقررہ وقت پورا ہونا ـ **میعاد گاہ** ـ میدانِ حشر ـ وعدہ کی جگہ ـ **میعاد گزرنا** ـ وقت مقررہ ختم ہونا ـ **میعادِ مقررہ** (بااضافت) وقت معین ـ **میعادی** ـ وقت معین سے متعلق ـ **میعادی ہُنڈی** ـ مُدّتی ہُنڈی ـ مدت معینہ والی ہنڈی ـ

میکا :ـ (ہ ـ مذ) بیوی کے ماں باپ کا گھر ـ **میکا بسانا** ـ عورت کا ماں کے گھر رہنا ـ شوہر کے گھر آباد نہ ہونا ـ **میکے والے** ـ دُولھا دُلھن کے رشتہ دار ـ

میکائیل :ـ (مذ) اہل دُنیا کو رزق تقسیم کرنے والے فرشتے کا نام ـ

میگڈمبر :ـ (ہ ـ مذ) ہاتھی کی شاہانہ عماری ـ ؎ میر حسن

وہ فیلوں کی اور میگڈمبر کی شان
جھلکتے وہ مقیش کے سائبان

شادیانہ بودج ـ ایک قسم کا بڑا خیمہ ـ دَل بادل ـ نگڈمبر ـ

میگزین :ـ (انگ ـ مذ) جنگی اسباب رکھنے کی جگہ ـ بندوق وغیرہ کی گولیاں ـ ماہانہ رسالہ ـ ماہنامہ ـ

میگھ :ـ (س ـ مذ) بادل ـ بدلی ـ بارش ـ **میگھ راج** ـ (مذ) مینہ برسانے والا دیوتا ـ اندر دیوتا ـ **میگھ راگ** ـ وہ راگ جو ساون بھادوں میں گایا جاتا ہے ـ

میل :ـ (انگ) ڈاک ـ ڈاک کا تھیلا ـ ڈاک گاڑی ـ (ہ ـ مذ) میل ـ آمیزش ـ مخلوط ہو جانا ـ قرابت ـ رشتہ داری ـ مناسبت ـ مشابہت ـ موافقت

نوع قسم : یہ میل ہماری دکان پر موجود نہیں ۔ میل دینا ۔ ملانا ۔ ے ظفر

ملا یا خوں مرے اشکوں میں عشق نے میرے
اتھی آگ کا پانی سے کیونکہ میل دیا

میل کرانا ۔ صلح کرانا ۔ میل کرنا کا متعدی ۔ میل کا ۔ ہمدرد ۔ ہم خیال ۔ ہم جنس ۔ ہم مذہب ۔ میل کرنا ۔ ملنا ۔ لڑائی کے بعد صلح کرنا ۔ آمیزش کرنا ۔ میل کھانا ۔ مناسب ہونا ۔ موزوں ہونا ۔ مطابق ہونا ۔ میل ملاپ (مذ) میل جول ۔ اتحاد ۔ اختلاط ۔ میلی ۔ ہم جنس ۔ ہم خیال ۔

مِیل :۔ (انگ) ۔ ۱۷۶۰ گز لمبائی ۔ ع سلائی ۔

مَیل :۔ (ع ۔ مذ) رغبت ۔ جھکاؤ ۔ توجہ ۔ خواہش ۔ میل خاطر (بہ اضافہ) دلی توجہ ۔

میل (ہ ۔ مذ) چرک ۔ کیچڑ ۔ گاد ۔ بدن کا میل ۔ کان کی کثافت (ناسخ نے ایک جگہ مونث بھی لکھا ہے) ے

بُو تری زلفوں کی جاتی ہے جو اکثر کان میں
میل ہو جاتی ہے رشک مشک عنبر کان میں

لیکن شاید کاتب کی غلطی ہو اور "جاتی" کی جگہ "جاتا" ہو ۔ رنج جو دل میں کسی کی طرف سے پیدا ہو ۔ میل چھپانا یا کاٹنا ۔ میل دور کرنا ۔ میل چھٹنا ۔ لازم ۔ میل خورا ۔ رنگین لباس جس میں میل چھپ جائے ۔ میل کا بیل بنانا ۔ بات کا بتنگڑ بنانا ۔ میل کچیل (مذ) میل ۔ میل کی بتی (مو) وہ بتی جو بدن کو رگڑنے سے نمایاں ہوتی ہے ۔ میل لانا ۔ رنجیدہ ہونا ۔ میل میل ۔ فیلبان ہاتھی کو چلانے کے لیے یہ کلمہ بولتے ہیں ۔ میلا (مذ) گندہ ۔ غلیظ ۔ ناپاک ۔ کوڑا ۔ گوہ ۔ میلا چکٹ ۔ (ہ ۔ مذ) بہت زیادہ میلا (مو میلی چکٹ) میلا چکٹا بھی مستعمل ہے ۔ میلا پن (مذ) آلودگی ۔ غلاظت ۔ میلا کرنا ۔ گندہ کرنا ۔ گدلا کرنا ۔ میلا کچیلا (مذ) گندہ ۔ غلیظ ۔ میلا ہونا ۔ گندہ ہونا ۔ چکٹ ہونا ۔ مکدر ہونا ۔ میلے سر سے ہونا ۔ ایام سے ہونا ۔ غسل حیض ہونا ے رنگین

غضب ہے وہ تو میلے سر سے تھی آج
حق کی کیوں پنجیری اس نے بچائی

میلے کا بھائی نوشادر (مثل) گندگی میں دونوں برابر ۔ میلی ۔ میلا کا مونث ۔

میلہ :۔ (ہ ۔ مذ) تماشا ۔ انبوہ ۔ کسی خاص جگہ پر خاص دن میں لوگوں اور دکانوں وغیرہ کا اجتماع ۔ میلہ ٹھیلہ (مذ) میلہ ۔ میلہ لگنا ۔ سیر تماشے کے لیے خلقت کا جمع ہونا ۔ تماشا لگنا ۔ میلہ ہونا ۔ انبوہ کثیر جمع ہونا ۔ تماشا ہونا ۔

مِیلاد :۔ (ع ۔ مذ) پیدا ہونے کا دن ۔ مولود ۔ محفل پیدائش ۔ مو پیدائش ۔ میلاد ہونا ۔ رسول خدا کی پیدائش کی خوشی میں محفل ہونا ۔

مَیلان :۔ (ع ۔ مذ) توجہ ۔ رخ ۔ رجحان ۔ خواہش ۔ میلان ہونا ۔ رجحان ہونا ۔ رغبت ہونا ۔

میم :۔ (ع ۔ مو) میڈم ۔ انگریز عورت ۔ میم (ع) (مذ) حرف ابجد میں ایک حرف ۔

میمنا :۔ (ہ ۔ مذ) بکری کا بچہ ۔

مَیمنَت :۔ (ع ۔ مو) سعادت ۔ برکت ۔ خوشی ۔

مَیمنَہ :۔ (ع ۔ مذ) فوج کا دایاں بازو ۔

مَیمون :۔ (ع) مبارک ۔ بہرہ مند ۔ کامیاب ۔ مسعود ۔ نیک بخت ۔ اقبال مند ۔

میں :۔ (ہ ۔ مو) بکری کی آواز ۔ میں میں (مو) بکری کی آواز ۔ کم سن بچوں کی زبان میں بکری کا نام ۔ حرف بمعنی ظرفیت (مجمع میں اپنے جرم کا اقرار کیا) کے معنی میں (درخت میں بازھ دو) کو کے معنی میں (یہ گھڑی کتنے میں خریدی) ظرف مجازی کے معنی میں (ہنسی ہنسی میں رو دیے)

مَیں :۔ (ہ) ضمیر متکلم ۔ خود ۔ آپ ۔ میں پھروں سرکار کے میرے بھرے سقّہ ۔ جو شخص خود تو دوسروں کا کام کرتا ہے لیکن اپنا کام اوروں پر ڈال دے اس کی نسبت بولتے ہیں ۔ میں بھی رانی تو بھی رانی کون ڈالے سر پر پانی ۔ احدیوں اور کاہلوں کی نسبت بولتے ہیں ۔ میں بھی ہوں پانچوں سواروں میں ۔ کسی چیز میں زبردستی اپنا شمار کرانا ۔ میں تھکی تو نا خوش کوئی مشقت کرے اور دوسرے کو پسند نہ ہو ۔ میں تیرے صدقے ۔ قربان جاؤں ۔ واری جاؤں ۔ خوشامد اور پیار کے موقع پر عورتیں بولتی ہیں ۔ میں جب جانوں ۔ مجھے جب یقین آئے ۔ میں خوب سمجھتا ہوں ۔ میرے ذہن میں سب کچھ آتا ہے ۔ میں خوش میرا خدا خوش ۔ میری عین خوشی ہے ۔ میں ڈال ڈال تو وہ پات پات ۔ دیکھیے ڈال ڈال ۔ میں راضی میرا خدا راضی ۔ میں سچے دل سے خوش ہوں ے اوج

کہا کر مجھ سے ہوئے شاد کربلا راضی
وہ بولے تجھ سے میں راضی مرا خدا راضی

میں کچھ نہیں جانتا ۔ مجھے کوئی تعلق نہیں ۔ میں کچھ

نہیں کہتا۔ میں دخل نہیں دیتا۔ کوئی شکایت نہیں کرتا۔ میں کہاں تم کہاں۔ دونوں میں بہت دوری ہے۔ میں کیا میری اوقات کیا۔ عاجزی اور بے مائیگی ظاہر کرنے کے لیے۔ داغ

دل دو یں لے کے بھی راضی نہ ہوئے آپ کبھی
یہ تو فرمائیے میں کیا مری اوقات ہی کیا

میں کے گلے میں چھری۔ مغرور کی گردن جھکتی ہے۔ میں میں (مو) غرور۔ نخوت۔ انانیت۔ خودی۔ خودستائی۔ میں میں تو تو (مو) گالی۔ گلوچ۔ جھگڑا۔ میں نے کیا بکس ہلا دیا۔ میں نے کون سی بُری بات کہی جس کو بُرا مانا۔ میں نے تمہاری چرائی ہے (دلی) تمہارا قصور کیا۔ میں نے معاف کیا میرے خدا نے معاف کیا۔ (عو) معاف کیا اور سچ سچ معاف کیا۔ میں ہارا تم جیتے۔ عاجزی اور بحث سے پہلوتہی کرنے کے لیے۔ میں طول یا خدا کی ذات۔ اکیلا ہوں۔

میں میخ نکالنا:۔ (۱) عیب نکالنا۔ (۲) میں پہلا اور میکھ آخری برج آسمان۔ یعنی ساعت دیکھنا)۔

مَینا:۔ (ہ۔ مو) ایک پہاڑی چڑیا جو طوطے سے اچھا بولنا بولتی ہے۔

مِینا:۔ (ف۔ مذ) شیشہ۔ مرصع کاری۔ آسمان۔ شراب کی صراحی۔ مینا بازار۔ زنانہ بازار۔ وہ بازار جو بادشاہوں کی سیر کے لیے لگایا جاتا تھا۔ میناکار۔ جڑاؤ کا کام کرنے والا سنار۔ میناکاری (مو) مرصع سازی۔ نگینے کا کام۔ میناکاری۔ چھانٹنا۔ میں میخ نکالنا۔ مینائے لاجورد۔ آسمان (ہ) راجپوت نسل کی ایک قوم جس کا پیشہ چوری ہے۔

مینار:۔ (ا۔ مذ) لاٹ۔ برج۔ منار۔ ستون۔ منارا (مذ) مینار۔ ستون۔ لاٹھ۔

مَینیجر:۔ (انگ تلفظ م ن ی جر اصل میں نے جر) منتظم۔ مہتمم۔

مینیجنگ:۔ (انگ م ن ی جنگ۔ مذ) مہتمم۔ انتظامی (بورڈ کمپنی۔ پروپرائٹر (مالک) ڈائرکٹر کے ساتھ)

مینڈ:۔ (ہ۔ مو) کنارہ۔ حد۔ کھیت کی ڈولی (مذ) ستار کا ایک پرزہ جو اکثر ہاتھی دانت کا ہوتا ہے۔ جان صاحب

نقش برسن کر ستار بنکو کا چھینک کر مینڈ ہیں کا رگرے

مینڈ پڑنا۔ (ہ) موجیں اٹھنا۔ لہریں پڑنا۔ مینڈ بندی کرنا۔ کھیت کی حد بندی کرنا۔ کھیت کے گرد ڈولے بنانا۔

مینڈک:۔ (ہ۔ مذ) مشہور پانی کا جانور۔ مینڈک چھوڑا (ہ) تلوے کا پھوڑا۔ مینڈکی (مو) مینڈک کی مادہ۔ مینڈکی چلی مدار (ولی) کو۔ ذلیل نے بھی اپنے سے اونچوں کی ریس کی۔ نواب مرزا شوق

ساتھ لے دے کے اپنے یاروں کو
مینڈکی بھی چلی مداروں کو

مینڈکی کو زکام ہونا۔ وہاں بولتے ہیں جب کوئی آدمی اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام کا دعوی کرے۔

مینڈھا:۔ (ہ۔ مذ) بھیڑ کا نر۔ لہر۔ موج تلاطم۔ آسمان کا بارھواں برج۔ موٹا تازہ آدمی۔ مینڈھا اُچھلنا۔ موجیں اُچھلنا۔ مینڈھا لڑانا۔ دو مینڈھوں کی لڑائی کرانا۔ دو آدمیوں کو لڑانا۔

مینڈھی:۔ (ہ۔ مو) عورتوں کے سر کے گندھے ہوئے بال۔ مینڈھیاں گوندھنا۔ بالوں کی جدا جدا لٹیں گوندھنا (مینڈی)

مینگنی:۔ (ہ۔ مو) بھیڑ بکری کا پاخانہ

مینو:۔ (ف) عالم علوی۔ بہشت۔

میونسپل:۔ (انگ م یو ن سپل) شہری۔ میونسپل بورڈ۔ میونسپلٹی۔ وہ انتظامیہ ادارہ جو شہر کی ترقی کا ذمے دار ہوتا ہے۔ میونسپل کمشنر۔ میونسپلٹی کا ممبر۔

مینوفیکچرر:۔ (انگ) صناع۔ بنانے والا۔

مینہ:۔ (ہ۔ مذ) بارش۔ برکھا۔ مینہ آنا۔ بارش ہونا۔ مینہ برسنا۔ (کنایہ) افراط ہونا۔ مینہ برسے گا تو بوچھار آ رہی ہے گی۔ مینہ برسے گا تو اولتی ٹپکے ہی گی۔ عزیز کو فائدہ ہوگا تو تجھ کو کچھ ملے ہی گا۔ مینہ کا جھمکا لگنا (دلی۔ عو) جھڑی لگنا۔ مینہ کا انکھ نہ کھولنا۔ مینہ کی آنکھ نہ کھلنا۔ پانی کا نہ رکنا۔

کل تو ستانے سے برسا ہی کیا ساری رات
آنکھ کم بخت نہیں کوئی گھڑی مینہ کی لگی (انشا)

مینہ کھلنا۔ پانی رکنا۔ مینہ نکل جانا۔ بارش نہ ہونا۔

میو:۔ (ہ۔ م ے۔ مو) علاقہ میوات کی ایک قوم۔ میو کو جب جانئے جب وا کا تیجا ہو لے۔ میو ایسا بے اعتبار ہے کہ اس کے مرنے کو بھی سچ نہ مانو۔

میواڑی:۔ ہندوستان کے علاقہ میواڑ کا باشندہ۔ میواڑی پگڑی۔ ایک چھوٹی سی پگڑی۔

میوزیم :- (انگ - مذ) عجائب گھر -

میاؤں :- (ہ - عو) میاؤں کا مخفف - بلی کی آواز - میاؤں بلائی - سیدھا غریب - (مذکر و مونث) منتو بلائی -

میوہ :- (ف - مذ) پھل - ثمر - حاصل - مجازاً - اولاد - میوہ جات (مذ) میوے - میوہ دار - پھل دار - میوۂ دل (بہ اضافہ) بیٹا - میوہ فروش - پھل بیچنے والا - سبزی ترکاری بیچنے والا -

میہمان :- (ف) دیکھو مہمان -

ن

ن :- (مذ) اُردو اب ت کا بتیسواں حرف - اس کے اعداد ابجد کے حساب سے پچاس ہوتے ہیں -
(ن) ہندی سابقہ - نفی کے لیے آتا ہے جیسے نڈر - آخر میں کبھی مصدر کے معنی دیتا ہے (جیسے اُٹھن - اینٹھن) کبھی نسبت کا فائدہ دیتا ہے (جیسے سہاگن - ناگن) کبھی تانیث ظاہر کرتا ہے جیسے دھوبن - تیلن (جن مونث الفاظ کے آخر میں 'یا' ہو - ان کے بعد جمع کے معنی دیتا ہے (جیسے چڑیاں - ڈبیاں) 'ی' اور 'و' کے ساتھ مل کر لفظوں کے آخر میں جمع کے معنی پیدا کرتا ہے (جیسے کتابوں کتابیں)

نا :- (ف - مذ) فعل امر کے آخر میں مصدر کی علامت ہوتا ہے (جیسے لکھنا - دیکھنا) لفظ کے شروع میں نہ اور نہیں کے معنی دیتا ہے - تاکید کے لیے ضرورتاً کی جگہ بولا جاتا ہے

شعر: بڑا رونے والا یہ بچہ ہے نا
اناڑی ہے نا دل کا کچا ہے نا - شوق

نفی کی تاکید کے لیے آتا ہے (نا) بابا ہمارا تو اسی وقت سے ان کو سلام ہے (نفی صفات کے لیے - نااتفاقی - پھوٹ - ان بن - رنجش - نااتفاقی ہونا - ناچاقی ہونا - پھوٹ ہونا - ناآزمودہ - بغیر تجربہ کیے - جسے کوئی تجربہ نہ ہو - اناڑی - **ناآشنا** - انجان - بے وفا - طبیعت کا روکھا - ناآشنا ہونا - ناواقف ہونا - انجان ہونا - ناآشنائی (مو) ناواقفیت - بے وفائی - ناملنساری - ناآشنائے محض (ف) بالکل ناواقف ج "ناآشنائے محض دنیا کے بیاں سے ہوں" ناآگاہ (ف) ناواقف -

شعر: بلکہ جتنا پڑھے وہ ناآگاہ
ہوتا جائے اسی قدر گمراہ - قدر

ناالتفاتی (مو) توجہ نہ کرنا - بے پروائی - ناالتفاتی برتنا - بے پروائی کرنا - متوجہ نہ ہونا - ناامید - نراس - ناکام - ناامید کرنا - آس توڑنا - دل توڑنا - ناامید ہونا - آس ٹوٹنا - مایوس ہونا - ناامیدی (مو) نراسی - ناکامی - ناامیدی ہونا - مایوس ہونا - ناکامی ہونا - ناانصاف جس میں انصاف نہ ہو - ناانصاف ہونا - ظالم ہونا - حق ناشناس ہونا - ناانصافی (مو) انصاف نہ ہونا - بے انصافی - ناانصافی کرنا - ظلم کرنا - بے انصافی کرنا - ناانصافی ہونا - ظلم ہونا - عدل نہ ہونا - انصاف نہ ہونا - نااہل - جو قابل نہ ہو - نالائق - نابالغ - جو پوری عمر کا یعنی جوان نہ ہو - نابالغی (مو) بالپن - لڑکپن - نابر (ع) صفت - انکار کرنے والا - عذر خواہ (وہ اس کام میں نابر نہیں) نابکار - نکما - خراب - بدکار - شریر - خراب -

نابلد - گنوار - انجان - کسی بات سے ناواقف -

نابود - نیست - فنا ہونے والا - ناپید - فانی - نابود کرنا - مٹانا - نام و نشان مٹانا - اجاڑنا - ناپید کرنا - نابود ہونا - نشان مٹ جانا - اُجڑنا - ناپید ہونا -

نابھارت - وہ لڑکا جس کے زیر ناف بال نہ ہوں جو نحوست سے - نابینا - اندھا - نابینا ہونا - اندھا ہونا - بینائی جاتی رہنا - **ناپاک** - پلید - گندا - مجنب جس پر نہانا فرض ہو - ناپاک کرنا - گندہ کرنا - نجس کرنا - پلید کرنا - ناپاک ہونا - گندہ نجس ہونا - ناپاکی (مو) گندگی - پلیدی - ناپائدار جو دیر تک نہ رہ سکے - فنا ہونے والا - کمزور - فانی - چند روزہ - ناپائدار ہونا - کمزور ہونا - فانی ہونا - چند روزہ ہونا - غیر مستقل ہونا - ناپدید - چھپا ہوا جو دکھائی نہ دے - غائب - ناپسند - جو پسندیدہ نہ ہو - ناگوار - ناپسند کرنا - قبول نہ کرنا - ناپسند ہونا - مرغوب نہ ہونا - نامنظور کرنا - ناپسندیدگی - ناپسندی - ناپسندیدہ - جو ناگوار گزرے - جو پسند نہ ہو - ناپید - جو ابھی تک پیدا نہ کیا گیا ہو - فنا - معدوم - نیست - ناپید کرنا - گم کرنا - فنا کرنا - چھپانا - برباد کرنا - ناپید ہونا - تباہ ہونا - گم ہونا - غارت ہونا - کمی ہونا - ناپیدا - جو ظاہر نہ ہو - چھپا ہوا - غائب - ناپیدا کنار - بہت ہی بڑا - سمندر جس کا کنارہ دکھائی نہ دیتے - ناتجربہ کار - انجان - اناڑی - کچا - ناتراش - ناہموار - بن چھلا -

جاہل۔ گستاخ۔ **ناتراشیدہ**۔ ناتراش۔ **ناتمام**۔ جو ابھی پورا نہ ہوا ہو۔ ادھورا۔ **ناترس**۔ نڈر۔ **ناتواں**۔ کمزور۔ دبلا۔ عاجز۔ ضعیف۔ بے اثر ؎ انشا

ادب گر حضرت جبریل کا مانع نہ ہو مجھ کو
تو شاخ سدرہ سے میری یہ آہ ناتواں الجھے

ناتواں ہونا۔ کمزور ہونا۔ ضعیف ہونا۔ **ناتوانی** مو کمزوری۔ عاجزی۔ ضعف۔ نقاہت۔ **ناجائز**۔ جو جائز نہ ہو جو منع کیا گیا ہو۔ خلاف شرع۔ **ناجائز ہونا**۔ نادرست ہونا۔ خلاف شرع ہونا۔ نامناسب ہونا۔ **ناجنس**۔ غیر جنس۔ بے میل۔ بے ادب۔ غیر مہذب۔ **ناچار**۔ مجبور۔ عاجز۔ زوری۔ غریب۔ اپاہج۔ نراس۔ ہارکر۔ مجبور ہو کر۔ **ناچار کر دینا**۔ مجبور کرنا۔ عاجز کرنا۔ **ناچار ہونا** مجبور ہونا۔ عاجز ہونا۔ **ناچاری** مو مجبوری۔ عاجزی۔ بیچارگی۔ **ناچاری ہونا**۔ مجبوری ہونا۔ عاجز ہونا۔ **ناچاقی** مو بیماری۔ اَن بَن۔ بگاڑ۔ **ناچاقی ہونا**۔ نااتفاقی ہونا۔ ناراضی ہونا۔ **ناچیز**۔ جو کوئی چیز نہ ہو۔ نکما۔ ہیچ پوچ (انکسارًا اپنے لیے بولتے ہیں)۔ **ناحق**۔ بے انصافی سے۔ بے سبب۔ حق کے خلاف۔ بے فائدہ۔ **ناحق شناس**۔ جو حق کو نہ پہچانے۔ ناسپاس۔ بے وفا۔ **ناحق شناسی** (مو) بے انصافی حق نہ پہچاننا۔ ظلم۔ **ناحق کو**۔ بلا سبب۔ **ناحق کہنا**۔ حق کے خلاف کہنا۔ جھوٹ کہنا۔ غلط کہنا۔ **ناخلف**۔ نالائق بیٹا۔ کپوت۔ **ناخواندہ**۔ بن بلایا ہوا۔ اَن پڑھ۔ جاہل۔ **ناخواندہ ہونا**۔ اَن پڑھ ہونا۔ جاہل ہونا۔ بغیر بلائے مہمان ہونا۔ **ناخوش**۔ ناراض۔ بیزار۔ بیمار۔ **ناخوش کرنا**۔ ناراض کرنا۔ خفا کرنا۔ **ناخوش گوار**۔ ناپسند۔ تکلیف دہ۔ **ناخوش ہونا**۔ خفا ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ **ناخوشی** (مو) بیزاری۔ ناراضگی۔ **نادار**۔ غریب۔ خالی ہاتھ۔ مفلس۔ **نادار بازی**۔ نادار۔ گنجفہ میں کھلاڑی کے پاس حکم کا پتا نہ آنا ؎

نام کو بھی کوئی محتاج نہیں دنیا میں
گنجفہ کھیلیں تو آتی نہیں بازی نادار — نسیم

نادار ہونا۔ غریب ہونا۔ مفلس ہونا۔ **ناداری** (مو) غریبی۔ اَن ہوت۔ **نادان**۔ ناسمجھ۔ انجان۔ چھوٹی عمر کا۔ **نادان بننا**۔ انجان بننا۔ بچہ بننا۔ **نادان پن** (مذ) بے وقوفی۔ بچپنا۔ **نادانستگی**۔ نادانی۔ ناواقفیت۔ جہالت۔ بے خبری۔ لاعلمی۔ **نادانستہ**۔ نہ جان کر۔ انجان پنے سے۔ **نادانی** مو بے وقوفی۔ ناسمجھی۔ **نادانی کرنا**۔ بے وقوفی کرنا۔ حماقت کرنا۔ **نادانی ہونا**۔ بے وقوفی ہونا۔ چوک ہونا۔ **نادرست**۔ جو ٹھیک نہ ہو۔ غلط۔ **نادرست کہنا**۔ برا بھلا کہنا۔ نادان بات کرے دانا قیاس کرے (کہاوت) عقلمند ذرا میں سمجھ جاتا ہے۔ **نادان دوست سے دانا دشمن بہتر ہے** (کہاوت) بے وقوف زیادہ نقصان پہنچاتا ہے۔ **نادان کی دوستی بالو کی بھیت**۔ بے وقوف کی دوستی بے اعتبار ہے۔ **نادان کی دوستی جی کا زیان**۔ بیوقوف دوست خطرۂ جان ہے۔ **نادہند**۔ قرض لے کر نہ دینے والا۔ **نادہندی** (مو) قرض لے کر نہ دینا۔ **نادیدہ**۔ جو دیکھا نہ ہو۔ ندیدہ۔ لالچی۔ **نادیدہ عاشق ہونا**۔ بغیر دیکھے عاشق ہونا۔ **نادیدنی**۔ نہ دیکھنے یا نہ بیان کرنے کے قابل۔ ان دیکھی۔ **ناراستا**۔ جو سیدھا نہ ہو۔ ٹیڑھا۔ کجی ؎ رشک

کرکے محو قد نہ کرنا راستی
عاشقوں کو رکھ کے سولی پہ نہ چھیڑ

ناراض۔ جو راضی نہ ہو۔ بیزار۔ **ناراض کرنا**۔ خفا کرنا۔ رنجیدہ کرنا۔ **ناراض ہونا**۔ بیزار ہونا۔ خفا ہونا۔ **ناراضی**۔ ناراضگی مو خفگی۔ بیزاری۔ **ناراضی ہونا**۔ خفا ہونا۔ **نارسا**۔ نہ پہنچنے والا۔ بے اثر۔ خام۔ نامراد ؎ وزیر

پہنچی نہ اس کے کان تک آہ نارسا
کیا فائدہ زمین سے اگر تا فلک گئی

نارسائی (مو) پہنچ نہ ہونا۔ دخل نہ ہونا۔ **ناروا**۔ شرع اور مذہب کے خلاف۔ ناجائز۔ نامناسب۔ جو پسند نہ ہو۔ ایک شعر میں تو اور تم یا آپ کا مخاطب ایک ہی کو قرار دینا۔ **ناروا سننا**۔ بھلا برا سننا۔ خفگی برداشت کرنا۔ **ناروا کہنا**۔ برا بھلا کہنا۔ ڈانٹنا۔ **ناروا ہونا**۔ ناجائز ہونا۔ نامناسب ہونا۔ **نازیب**۔ برا لگنے والا۔ بے میل۔ بدزیب۔ **نازیبا**۔ بدنما۔ برا۔ نامناسب۔ **ناساز**۔ جو موافق نہ ہو جو راس نہ آئے۔ بیمار۔ بے مزہ۔ **ناسازگار**۔ جو راس نہ ہو۔ غیر موافق۔ بدنصیب۔ منحوس۔ **ناسازگاری** (مو) راس نہ آنا۔ مخالفت۔ اَن بَن۔ بدنصیبی۔ **ناسازگار ہونا**۔ ناموافق ہونا۔ برخلاف ہونا۔ منحوس ہونا۔ **ناسازی**۔ مخالفت (بخت وطبیعت کے ساتھ استعمال عام ہے)۔ **ناسازی لشکر** (یا) فوج کی افراتفری ؎ اوج

دیکھ اپنی طرف غور سے کیا مائل کین ہے
ناسازی لشکر سبب ساز نہیں ہے

ناسپاس۔ وہ شخص جو کسی کا احسان نہ مانے۔ ناشکرا۔ **ناسپاسی** (مو) احسان نہ ماننا۔ ناشکری۔ **ناسزا**۔ نازیبا۔ نامناسب۔ ناواجب۔ بیجا۔ کمینہ۔ سفلہ۔ **ناسزا کہنا**۔ بے جا کہنا۔ سننا۔ ڈانٹنا۔ **ناسزاوار**۔ ناسزا۔ **ناسفتہ**۔ جو پرویا نہ گیا ہو۔ ان بندھا۔ کنواری۔ **ناسمجھ**۔ نادان۔ احمق۔ کم عمر۔ **ناسمجھ ہونا**۔ نادان ہونا۔ احمق ہونا۔ بچہ ہونا۔ **ناسمجھی** (مو) نادانی۔ مورکھ پن۔ **ناسمجھی کی بات کرنا**۔

ناواقف - جو مشہور نہ ہو - انجان - مجہول الاسم - جس سے واقفیت نہ ہو ~ شاد

اسیر جسم ہوں میعاد قید نامعلوم
یہ کس گناہ کی پاداش ہے خدا معلوم

نا ملائم - سخت - کڑا - نامناسب - نازیبا - **نا ملائم باتیں کرنا** یا کہنا - بُرا بھلا کہنا - ڈانٹنا - **ناممکن** - اَن ہونی - خارج از امکان - **نامناسب** - جو لائق اور واجب نہ ہو - بیہودہ - ناموزوں - ناپسندیدہ - نامعقول - **نامنظور** - انکار کیا گیا - ناپسند - نامقبول - **نامنظور کرنا** - نہ ماننا - منظور نہ کرنا - **نامنظور ہونا** - مسترد ہونا - منظور نہ ہونا - **نامنظوری** (مو) منظور نہ کرنا - انکار - **ناموافق** - جو موافق یا مناسب نہ ہو - خلاف - ناسازگار - **ناموافق کرنا** - خلاف کرنا - **ناموافق ہونا** - خلاف ہونا - موافق نہ ہونا - راس نہ آنا - **ناموافقت** (مو) مخالفت - اَن بَن - مطابق نہ ہونا - **ناموافقت ہونا** - اَن بن ہونا - ناچاقی ہونا - اختلاف ہونا - **ناموزوں** - نازیبا - بے میل - بے جوڑ - بے سُرا - وہ مصرعہ یا شعر جو وزن سے خارج ہو - **ناموزوں ہونا** - بحر میں نہ ہونا - نازیبا ہونا - بے میل ہونا - بے سُرا ہونا - **نامہربان** - جو رحم نہ کھائے - ظالم - بے درد - دشمن - مخالف - **نامہربانی** (مو) بیرحمی - دشمنی - بے مروتی - **ناٹکر کرنا** (مو) انکار کرنا - حیل حجت کرنا - **ناواجب** - جو مناسب نہ ہو - بیجا - نازیبا - **ناواقف** - انجان - جاہل - نامحرم - ناتجربہ کار - **ناواقف ہونا** - انجان ہونا - ناتجربہ کار ہونا - **ناواقفیت** (مو) انجان پن - جاہل ہونا - ناتجربہ کاری - **ناوقت** - بے وقت - بے محل - بے موقع - **ناہموار** - اونچا نیچا - غیر مسطح - نالائق - ناشائستہ - نااہل - **ناہمواری** (مو) برابر نہ ہونا - اونچ نیچ - کھردرا پن - نالائقی - **ناہنجار** - بدچلن - بدذات - کمینہ ~ مصحفی

حق اگر دیتا مجھے مسند نشینی کا دماغ
سامنے آنے نہ دیتا چرخ ناہنجار کو

نایاب - جو کم پایا جائے - عمدہ - نادر - زیادہ قیمت کا وہ چیز جو کم میسر آئے - **نایاب ہونا** - عنقا ہونا - کہیں نہ ملنا - بیش قیمت ہونا -

ناب :- (ف) خالص - بے آمیزش ~ شمیم

ساقیا آ گئے ہو حق کے مچانے والے
بے مئے ناب پیئے یہ نہیں جانے والے

(مو) تلوار کی نالی جو نوک سے قبضے تک دو طرفہ ہوتی ہے ~ مصحفی

اتنا تو بتا کس کو کہاں ذبح کیا ہے
جو خون سے تر ہیں تری تلوار کی نابیں

نابدان :- (مو) (ف) نالی دیوار کی یا زمین دوز پرنالہ -

ناپ :- (ہ - مو) ماپ - ماپنا - پیمانہ - اندازہ - **ناپ کا پورا** - (ہ - صفت) وہ گھوڑا یا جوان جو فوجی قد رکھتا ہو - **ناپنا** - گز یا پیمانے سے اندازہ کرنا - پیمایش کرنا -

ناتا :- (مذ) رشتہ - تعلق - قرابت - **ناتا ٹوٹنا** - رشتہ ٹوٹنا - قطع تعلق ہونا - **ناتا جوڑنا** - رشتہ گانٹھنا - رشتہ جوڑنا - **ناتے دار** - اقربا - اعزہ - **ناتے داری** (مو) قرابت - **ناتے والے** - اقربا - وہ لوگ جن سے قرابت ہو - **ناتی** - (ہ - مذ) نواسی (دیہاتی استعمال کرتے ہیں) - **ناتی نواسے والی** - پورے خاندان والی - بزرگ عورت -

ناتھ :- (س - مذ) مالک - خاوند - جوگیوں کا لقب (مو) وہ رسّی جو بیلوں کی ناک میں ڈالتے ہیں - **ناتھنا** - سوراخ کرنا - قابو کرنا - بیل کی ناک میں رسّی ڈالنا -

ناٹا :- (ہ) پست قد - ٹھگنا - بونا -

ناٹک :- (س - مذ) نٹ کا تماشا - ڈراما - سوانگ - **ناٹکیا** :- (مذ) ناٹک کرنے والا - ایکٹر -

ناٹھا :- (س) وہ شخص جو اعزہ و اقربا نہ رکھتا ہو - **ناٹھی** (مو) عموماً یہ لفظ نگوڑا کے ساتھ بولا جاتا ہے (نگوڑا ناٹھا)

ناثر :- (ع) نثر لکھنے والا -

ناج :- (ہ - مذ) اناج - غلہ - **ناج پاتی** - ساری گھر گرہستی -

ناجی :- (ع) نجات پانے والا - معاف کیا ہوا - جنتی -

ناچ :- (ہ - مذ) خوشی میں اچھلنا کودنا - رقص - **ناچ رنگ** (مذ) گانا بجانا - رقص و سرود - **ناچ دکھانا** - رقص دکھانا - کسی کے آگے ناچنا - **ناچ گھر** (مذ) وہ جگہ جہاں ناچ رنگ ہوتا ہے - **ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا** - آپ تو کام نہ کرسکنا اور دوسرے پر الزام دھرنا - **ناچ نچانا** - دق کرنا - حیران کرنا - ہیرا پھیری کرنا - ستانا - قواعد کرانا - **ناچنا** - رقص کرنا - خفگی یا غصے میں تلملانا - **ناچنے لگے تو گھونگھٹ کیسا** - پست کام اختیار کیا تو پھر شرم کیسی -

ناخدا :- (ف - مذ) کشتی چلانے والا - ملاح - مجازاً رہنما - **ناخدا بنانا** - رہنما بنانا - کشتی کی کمان سپرد

کرنا - ناخدائی کرنا - رہنمائی کرنا - کشتی چلانا -

ناخن: (ف - مذ) انگلیوں کے سروں کی سخت مضراب جو رو کی طرح - ناخنوں پر لکھا ہونا - (کنایہ) اچھی طرح یاد ہونا - ناخن تدبیر - تدبیر استعارہ ہے - تدبیر سے

حل تھا اگر کھلے بھی تو تدبیر سے کھلے
کیا بند ہیں ناخن تدبیر سے کھلے اوج

ناخن تراش (مو) ناخن تراشنے کا نہرنا - ناخن سے گوشت جدا کرنا - رشتہ داروں کو جدا کرنا - ناخن گڑونا - اختیار ہونا - بات جمنا - ناخن گڑونا - ناخن گوشت میں گاڑنا - ناخن گھسنا - ناخن کے کناروں کو گھس جانا - حد سے زیادہ کوشش کرنا - ناخن گیری (مذ) ناخن لینے کا اوزار - نہرنی - ناخن دیکھنا - ہنسی رونے کا ایک ٹوٹکا ہے ذوق

ذکر کچھ چاک جگر سینے کا سن سن اپنے
کرکے ہیں ضبط ہنسی دیکھوں ہیں ناخن اپنے

ناخن لگانا - ناخن مارنا - ناخن لینا - ناخن تراشنا - گھٹنے کا ٹھوکر کھانا - ناخن میں پڑے ہیں - ناخنوں میں پڑے ہیں جس کے لیے کوئی کام بہت آسان ہو اس کی نسبت بولتے ہیں -
مصرع: مرتا میری تری شمشیر کے ناخن میں پڑی ہے (مرزا)
ناخن نیلے ہونا - زہر چڑھنے یا مرنے کی علامت - ناخنوں میں لکھ رکھنا - خیال میں رکھنا - یاد رکھنا - ناخون - ناخن - ناخونوں میں ہونا - چالاکیوں سے واقف ہونا - خوب واقف ہونا -

ناخنہ: (ف - مذ) ستار بجانے کا مڑا ہوا تار - آنکھ کی بیماری جس میں سفیدی کی گوشت مشابہ بہ ناخن آنکھ کے کونے میں پیدا ہوتا ہے - وہ سرخ سلتے جو گھوڑے کی آنکھ میں پیدا ہو جاتے ہیں - ناخنے کا کھیدن - ایک قسم کا کھیدن کیڑا

نادر: (ع) جو کم پایا جائے - انوکھا - عمدہ - تحفہ - عجیب - نادر بات - ایک قسم کا بڑے عرض کا کپڑا -
نادر شاہ (مذ) ایران کے ایک بادشاہ کا نام جو ہندوستان پر حملہ آور ہوا تھا اور جابر مشہور ہے - نادر گردی یا نادر شاہی (مو) ظلم کا زمانہ - بڑا انقلاب - اندھیر - نادر کار - وہ جس سے عجیب کام وقوع پذیر ہو - وہ جس سے عجیب و غریب کام بنتا ہوا ہو - نادرہ - عجیب - انوکھا - عجوبہ - نادری - (مو) ایک قسم کی صدری - جیکٹ کا انگا - نادر شاہ سے منسوب - نادری حکم (مذ) جابرانہ حکم - سخت حکم - نہ ٹلنے والا حکم

نادعلی: (ع - مو) ایک دعا جو چاندی کی تختی یا پتھر پر کھود کر بچوں کے گلے میں ڈالتے ہیں - نادعلی کے معنی ہیں - علی کو پکار - یہ الفاظ ایک جنگ میں اللہ تعالیٰ کی جانب سے جبرئیل نے رسالت مآب صلعم سے کہے تھے - حضرت علی اس جنگ میں موجود نہ تھے - اوج

اب ان کے وصف میں ہے جو سخنوں کلک رسا
زباں پہ نادعلی ہے تو گاہ صل علیٰ

نادم: (ع) شرمسار - شرمندہ - نادم کرنا - شرمندہ کرنا - نادم ہونا - شرمندہ ہونا - خفیف ہونا -

نار: (ہ - مو) ناری - عورت - امیر خسرو

ایک نار دو دانت رنگیلی
پتلی دبلی چھال چھبیلی

جلاہوں کا ایک تکلی نما آلہ جس میں سوت کی نلکی رکھتے ہیں - جوڑنے کا تسمہ یا رسّی - گردن - نار (ف) انار - (ع) آگ - آنچ - نار نمرود (مذ) وہ میلوں پھیلی ہوئی آگ جو نمرود بادشاہ نے حضرت ابراہیم کو اس میں ڈالنے کے لیے جلائی تھی اور جب حضرت ابراہیم اس میں ڈال دیے گئے تو وہ خدا کے حکم سے گلزار بن گئی - نار سعیر - دوزخ کی آگ - نار جہنم - ناری - دوزخی - آگ کا -

نارجیل: (ع - مذ) ناریل - کھوپرا - گری - حقہ -

نارمل: (انگ) اعتدال پر - درست - ٹھیک - اردو مدرسوں کا ایک امتحان جس میں [illegible] جاتے ہیں -

نارنجی: (ف - مذ) زرد و آل بہ سرخی - نارنگی کے رنگ کا -

نارنگی: (ف - مو) ایک پھل کا نام - چھوٹا سنگترہ -

نارو یا ناروا: (ہ - مذ) مرض رشتہ - زخم سے ایک تاگا نکلتا ہے اور کسی طرح ختم نہیں ہوتا -

ناریل: (ہ - مذ) دیکھو نارجیل - ناریل توڑنا - اول معلوم مسلمانوں کی ایک رسم جو حمل کے ایام میں ادا کی جاتی ہے - اگر ناریل خراب نکلے تو لڑکا ہوتا ہے اور اچھا نکلے تو لڑکی ہوتی ہے - ناریل کا پانی یا دودھ (مذ) وہ پانی جو ناریل توڑنے سے نکلتا ہے - ناریل کا تیل (مذ) کھوپرے کا تیل -

ناڑا: (ہ - مذ) ازار بند - کمربند - کلاوا - گنڈے دار زرد اور سرخ رنگا ہوا سوت - ناڑا کھلنا - جماع کیا جانا - ناڑا کھولنا - زنا کرنا - جماع کرنا - ازاربند کھولنا - ناڑی (مو) [illegible] کی نالی - نبض - ایک قسم کی آتش بازی -

ناز: (ف - مذ) لاڈ - چوچلا - نخرہ - پیار - غرور - فخر - بھروسا - بڑائی - عزت - ناز اٹھانا - مزاج اٹھانا - نخرے برداشت کرنا - ناز بردار (مذ) نازو نخرے

اُٹھانے والا - لاڈ برداشت کرنے والا - **نازبرداری** (مو) لاڈ اور چوچلے برداشت کرنا - نازبرداری کرنا - چوچلے برداشت کرنا - **نازپرور** - نازپروردہ - ناز اور لاڈ کا پلا ہوا - **ناز سے چلنا** - ٹھُمک کر چلنا - انداز سے چلنا - معشوقانہ ٹھُمک سے چلنا - **ناز کرنا** - نخرہ کرنا - چوچلا دکھانا - غرور کرنا فخر کرنا - **ناز میں آنا** - اِترانا - **ناز نخرہ** (مذ) چاؤ چوچلا - لاڈ - **ناز و نعمت میں پلنا** - نازوں سے پلنا - لاڈ پیار میں پرورش کرنا - **نیاز و نیاز** (مذ) لاڈ پیار - چاؤ چوچلا - **نازوں کا پالا** - کمال لاڈ اور پیار سے پالا ہوا - **ناز ہونا** - فخر ہونا - گھمنڈ ہونا - **نازاں** - ناز کرنے والا - فخر کرنے والا - **نازاں ہونا** - فخر کرنا - گھمنڈ کرنا - **نازبالش** (مذ) نرم - پہلو کا تکیہ - **نازبو** مو ایک قسم کا خوشبودار پودا - **نازش** (مو) اترانا - فخر - ناز - گھمنڈ - بے پروائی -

نازک : نفیس - (نازک خیال) ہلکا پھلکا - دُبلا پتلا - خوب صورت - نرم - پتلا (جو بھدا نہ ہو) (نازک بدن) کمزور - بودا - باریک - دقیق - دقت طلب - (نازک معاملہ) تیز - تند - تنک (نازک مزاج) خطرناک - پیچیدہ - **نازک اندام** - نازک جسم والا - دُبلا پتلا - **نازک بدن** - پتلے بدن کا - نازک بدن کا معشوق ع اَمانت

پریوں میں بھی وہ مرا نازک بدن ملتا نہیں

ایک قسم کی بیری جس کا بیر نہایت شیریں اور چھلکا نازک ہوتا ہے - **نازک خیال** - عمدہ خیالات رکھنے والا - عالی خیال - **نازک دماغ** - نازک دماغ والا - کمزور کرنے والا - چڑچڑا - معشوق - **نازک دماغی** (مو) بد مزاجی - چڑچڑاپن - **نازک کام** - مشکل کام - وہ کام جس میں بڑی احتیاط سے چلنا پڑے - باریک کام (جیسے باریک سلائی کا - شیشے وغیرہ کا کام) - **نازک مزاج** - بدمزاج - چڑچڑا - غرور کرنے والا - اونچے دماغ والا - **نازک مزاجی** (مو) دیکھو نازک دماغی - **نازک مسئلہ** - مشکل امر - ٹیڑھی بات - **نازک وقت** (مذ) خطرے کا وقت - امتحان کا وقت - مصیبت کا وقت - جان جوکھوں کا وقت - **نازکی** (مو) نزاکت - نرمی - ملائمت - خود پسندی - غرور - عمدگی - خوبی - تنک مزاجی - لطافت - نفاست -

نازل : (ع) اُترنے والا - نیچے آنے والا - وارد ہونے والا - گزرنے والا - **نازل کرنا** - اُتارنا - نیچے بھیجنا (قرآن نازل کیا) **نازل ہونا** - اُترنا - وارد ہونا - نیچے آنا -

نازنین : (ف) ناز و ادا سے موہ لینے والا - خوب صورت اور نازک -

ناس : (ہ) - مذ) خرابی - بربادی - غارت - نابود - معدوم - (مو) نسوار - ہلاس - **ناس دانی** (مو) نسوار رکھنے کی ڈبیا - **ناس لینا** - نسوار سونگھنا - نسوار لینا - **ناس کر دینا** - بگاڑ دینا - ویران کر دینا - تباہ کر دینا - **ناس کھو دینا** - برباد کر دینا - تباہ کرنا - **ناس ہو جانا** - خراب ہو جانا - فنا ہو جانا - بگڑ جانا -

ناسپال : (مذ) انار کا چھلکا - کچا انار - ایک قسم کی آتشبازی - **ناسپالی** - ناسپال کے رنگ کا - زرد مائل -

ناستک : (س) خدا کو نہ ماننے والا - ملحد -

ناسخ : (ع - مذ) لکھنے والا - کاتب - رد کرنے والا - مٹانے والا - شیخ امام بخش کا تخلص (م ۱۲۵۴ھ) جن کے اشعار ہم نے سند میں پیش کئے ہیں -

ناسک : (ع) عابد - قربانی دینے والا راہِ خدا میں -

ناسک : (ہ - مو) دیوار - عمارت پختہ کی برآمدگی -

ناسوت : (ع - مذ) دُنیا - شریعت - ظاہری عبادت -

ناسور : (ع - مذ) وہ زخم جو ہمیشہ رستا ہے - دیرینہ زخم کا سوراخ جس سے پیپ نکلتی رہے - دیرینہ دلی تکلیف - **ناسور بھرنا** - دیرینہ زخم کا اندمال پذیر ہونا - **ناسور بہنا** - ناسور سے مواد جاری ہونا - **ناسور پڑنا** - ایسا زخم پڑنا جو کبھی اچھا نہ ہو سکے - **ناسور ڈالنا** - زخم ڈالنا - گھاؤ ڈالنا - **ناسور کی بتی** - مرہم وغیرہ سے تر کی ہوئی بتی جو زخم ناسور کے اندر رکھتے ہیں ع ناسخ

وادیٔ ایمن ہے اِک مدت سے تاریک اے کلیم
رکھ چراغ طور میں بتی مرے ناسور کی

ناسور ہونا - نہ مندمل ہونے والا زخم -

ناشپاتی : (ف - مو) ایک پھل کا نام -

ناشتہ : (ف - ناشتا - مذ) نہاری - صبح کا تھوڑا سا کھانا - **ناشتہ کرانا** - صبح کے وقت کچھ کھلانا - منہ جُھٹالنا -

ناصح : (ع - مذ) نصیحت کرنے والا - صلاح کار - پند گو - واعظ - **ناصح مشفق** - از رہِ ہمدردی نصیحتیں کرنے والا -

ناصر : (ع - مذ) مدد کرنے والا - حامی - معاون -

ناصیہ:- (ع - مذ) پیشانی - ماتھا - جبین - ناصیہ سائی - ناصیہ فرسائی (مو) ماتھا رگڑنا - کسی کے ہاں غرض سے کر بار بار جانا -

ناطق:- (ع - مذ) بولنے والا - عقل رکھنے والا (حیوان ناطق) دوسرے کو خاموش اور لاجواب کرنے والا - (حجت ناطق) قطعی - مضبوط - مستحکم (فیصلہ ناطق) **ناطقہ** (مذ) بولنے کی قوت - بولنا - بات چیت کا ملکہ - **ناطقہ بند کرنا** - قوت گویائی سلب کرنا - کسی کا بولنا بند کرنا - دم تنگ کرنا - بہت تنگ کرنا - بولنے کی جرأت باقی نہ چھوڑنا - **ناطقہ بند ہونا** - لازم -

ناظر:- (ع - مذ) نظر کرنے والا - دیکھنے والا - محافظ و نگران - دفتر کا محافظ - خواجہ سرا - **ناظرہ** (مذ) دیکھنے کی قوت - حافظے کے خلاف دیکھ کر کلام پاک پڑھنا - **ناظرہ پڑھنا** - دیکھ کر پڑھنا - **ناظرہ خواں** - دیکھ کر قرآن شریف پڑھنے والا - **ناظرین** (مذ) دیکھنے والے - پڑھنے والے - مطالعہ کرنے والے -

ناظم:- (ع) نظم لکھنے والا - انتظام کرنے والا - کارکن - سربراہ کار - سیکرٹری -

ناظورہ:- (ع - مذ) افسر - سردار - (مو) باغ کے مالنوں کی سردار -

ناعول:- (ف - مو) چھوٹی کوٹھری جو زینے کے نیچے بناتے ہیں -

ناغہ:- (ت) غیر حاضری - تعطیل - خالی - ناغہ کرنا - حاضر نہ ہونا - چھٹی کرنا - کام پر نہ آنا - **ناغہ ہونا** - غیر حاضر ہونا - کام پر نہ آنا یا نہ کرنا -

ناف:- (ف - مو) سونڈی - تونڈی - درمیان - بیچ - مرکز - ہر شہر کا وسط (ناف شہر) ناف ٹلنا - جانا - ناف کا بے جگہ ہو جانا - ناف زمین (مو) زمین کو مرکز خانہ کعبہ - **ناف ٹلنے** ٹل جانا - ناف اور تلی کا اپنی جگہ سے سرک جانا -

نافذ:- جاری ہونے والا حکم - صادر ہونے والا حکم - **نافذ کرنا** - حکم جاری کرنا - **نافذ ہونا** - حکم جاری ہونا -

نافر:- (ع) نفرت کرنے والا - متنفر (اردو میں متنفر ہی مستعمل ہے -

نافلہ:- (ع - مذ) وہ نماز جو واجب نہ ہو - نوافل - جمع -

نافع:- (ع) نفع دینے والا - فائدہ دینے والا - **نافع ہونا** - مفید ہونا - فائدہ مند ہونا -

نافہ:- (ف - مذ) مشک کی تھیلی جو آہو کے ناف کا جما ہوا خون ہوتا ہے -

ناقد:- (ع - مذ) پرکھنے والا - صاحب نظر

ناقص:- (ع) ادھورا - جس میں ابھی کمی ہو - عیبی - کھوٹا - کم - **ناقص الخلقت** - وہ شخص جس کا کوئی عضو پیدائشی بگڑا ہوا ہو - **ناقص العقل** جس کی عقل کم یا پوری نہ ہو - عورت - **ناقص کرنا** - کم کرنا - بگاڑنا - **ناقص ہونا** - عیبی ہونا - کم ہونا - بگڑنا - ناقص العقل ہونا - بگڑنا -

ناقل:- (ع) نقل کرنے والا - روایت بیان کرنے والا

ناقوس:- (ع - مذ) سنکھ جو ہندو پوجا کے وقت بجاتے ہیں - **ناقوس بجانا** - پھونکنا - سنکھ بجانا

آتش

دریا میں غسل کے لیے اترا جو وہ صنم
ناقوس مچھلیوں نے بجایا حباب کا

ناقہ:- (ع - مذ) اونٹنی - سانڈنی - **ناقہ سوار** (مذ) قاصد - سانڈنی سوار -

ناک:- (ہ - مو) ایک مشہور عضو ہے - نمود کی چیز - ناک آنا - ناک سے آلائش کرنا - ناک بہنا - ناک اڑا دینا - ناک کاٹنا - کسی کو ذلیل کرنا - ناک اونچی ہونا - عزت بڑھنا - سرخروئی ہونا - ناک بند (مذ) گھوڑے کی پوزی - ناک بند ہونا - زکام ہونا - خوشبو یا بدبو کا محسوس نہ ہونا - سانس کی تنگی سے آنا جانا - ناک بہنا - ناک سے ریزش کرنا - ناک بھوں چڑھانا - ناک بھوں سکیڑنا - آزردہ ہونا - بدمزہ ہونا - ترشرو ہونا - ناراض ہونا - تیوری چڑھانا - ناک پھیننا - چپٹی ناک چپٹی ہونا - چوٹ یا کسی مرض سے ناک بیٹھ جانا - ناک بندھنا - ناک چھیدنا - ناک کے نتھنوں میں سوراخ کرنا - ناک پاک کرنا - ناک صاف کرنا - ناک پر انگلی رکھ کر بات کرنا - عورتوں کی طرح باتیں کرنا - ناک پر پہیا پھیرنا - ناک چپٹی ہونا - ناک پر نکار رکھنا - فوراً اجرت ادا کرنا - (ق) جس کی ناک پر نکار رکھ دیا جیب چاہا سلوا لیا - (بنات النعش) ناک پر رکھ دینا - کسی چیز کی قیمت یا دام فوراً ادا کر دینا - ناک پر غصہ ہونا - بات بات پر بگڑنا - ناک پر مکھی نہ بیٹھنے دینا - کسی کا ذرا احسان نہ اٹھانا - ناک پر مکھی نمک نہ دینا - بہت کابل ہونا - (سند کے لیے دیکھیے نانی جی کا گھر) ناک پکڑے دم نکلتا ہے - طنزاً بہت نازک ہے - مریل ہے - ناک پھلانا - غرور کرنا - ناک تو کٹی پر وہ بھی مر لیے (مو) دلی ہمارا تھوڑا نقصان ہوا تو دوسرے کا دیوالہ ہو گیا - ناک تک بھرنا - بہت کھانا - لبالب بھرنا - ناک چڑھانا - ناک چڑھانا - تیوری

چڑھانا - ناراض ہونا - نفرت کرنا - **ناک چڑھی رہنا** کسی وقت مزاج درست نہ ہونا - ہر وقت تیوری چڑھی رہنا - **ناک چنے چبوانا** - نہایت تنگ اور عاجز کرنا - **ناک چوٹی پر آفت آنا** - (عو) عزت کا خطرے میں ہونا - **ناک چوٹی کا ڈر** - آبرو کا خیال - **ناک چوٹی کاٹ کر ہاتھ دینا** - عورت کو بڑی ذلت کر کے نکالنا - **ناک چوٹی کاٹنا** - عورت کو نہایت رسوا اور بدنام کرنا - **ناک چوٹی کٹوانا** - عورت کو رسوا کرنا - بدکاری کی سزا دینا - **ناک رکھ لینا** - عزت رکھ لینا - آبرو بچا لینا - **ناک رکھنا** - عزت رکھنا - غیرت والا ہونا - **ناک رگڑنا** - نہایت منت سماجت اور عاجزی کرنا - **ناک رگڑنے کا بچہ** - وہ بچہ جو بہت منتوں دعاؤں کے بعد پیدا ہوا ہو - **ناکڑا** - بہت بڑی پکوڑا سی ناک - ناک کا اندرونی زخم نیز عوام ناک کو بھی کہتے ہیں - **ناک سکیڑنا** - دیکھو ناک بھوں سکیڑنا - **ناک سنکنا** - ناک صاف کرنا - **ناک قلم ہونا** - عزت جانا - **ناک کا بال** - نہایت عزیز - منہ چڑھا آدمی - **ناک کا بانسا** - (مذ) ناک کی ہڈی - **ناک کا بانسا پھر جانا** - ناک ٹیڑھی ہو جانا - علامت مرگ ظاہر ہو جانا - **ناک کا تنکا** (مذ) وہ تنکا جو ناک کی چھید میں اس لیے عورتیں ڈالتی ہیں کہ چھدی ہوئی ناک بند نہ ہو جائے - **ناک کاٹ کے** (چوتڑوں تلے رکھنا) (عو) بے غیرتی لادنا - **ناک کاٹنا** - ناک اتارنا - بے عزتی کرنا - بدنام کرنا - **ناک کان کاٹنا** - بے عزتی کرنا - سخت سزا دینا - سخت ذلیل کرنا - **ناک کٹنا** - رسوا ہونا - بدنام ہونا - **تمہاری ناک کٹی ہمارا کان کٹے سلامت** - ڈھیٹ اور بے حیا کا اپنی ذلتیں بیان کرتے وقت کہتے ہیں - **ناک کٹی ہونا** - بدنامی ہونا - رسوائی ہونا - **ناک کے رستے نکل جانا** - شیخی کرکری ہو جانا ۔ زبیر

بختے بخشتے ہو گیا اسے گل اگر وہ بد دماغ
ناک کے رستے نکل جائے گا سارا اختلاط

ناک کی پھنگی - ناک کی نوک - **ناک کے پھیر سے بیان کرنا** - سیدھی بات کو گھما کر کہنا - **ناک گھسنا** - ناک رگڑنا - منت سماجت کرنا - عاجزی دکھانا ۔ قلق

جن و بشر زمین پہ فلک آسمان پر
سب ناک گھس رہے ہیں ترے آستان پر

ناک گھسنی (مو) عاجزی وجبین سائی - **ناک لگا کر بیٹھنا** - معزز بن کر بیٹھنا - عزت بنا کر بیٹھنا - **ناک مارنا** - نفرت کرنا - حقارت کی نظر سے دیکھنا - **ناک مار کر کھانا** - ناپسندیدگی سے کھانا - **ناک میں بولنا** - منمنانا - غن غن کر کے بولنا - **ناک میں تیر دینا** - تنگ کرنا - دق کرنا - **ناک میں جی آنا** - نہایت تنگ یا عاجز ہونا - **ناک میں دم کرنا** - نہایت دق کرنا - **ناک میں دم لانا** - نہایت تنگ کرنا - **ناک میں دم ہونا** - نہایت تنگ ہونا - عاجز آنا - **ناک نہ دی جانا** - سخت بدبو ہونا - **ناک نہ رہنا** - عزت نہ رہنا - غیرت نہ رہنا - **ناک والا** - عزت غیرت والا - **ناک نہ ہو تو گوہ کھائیں** (مثل) عزت کا خیال نہ ہو تو کسی بات سے نہ ڈریں - بے وقوف ہیں (عورتوں کے لیے)

ناکوں ناک :- (۱) سیر ہو کر - لبالب - لبریز - **ناکوں ناک کھانا** - خوب سیر ہو کر کھانا -

ناکا :- (ہ - مذ) چنگی کی چوکی جہاں محصول لیا جاتا ہے - گلی کوچے کا ابتدائی حصہ - شہر کا دروازہ یا ابتدائی حصہ - راستے کی حد - پہرا - راستہ ۔ محسن

وحدت کا کھلا ہوا وہ ناکا
جس میں نہیں دخل ما سوا کا

گھڑیال - گرمچھ - سوئی کا چھید - **ناکا بندی** (مو) راستہ یا داخلہ بند کرنا - **ناکے میں سے نکالنا** - سوئی کے چھید میں سے نکالنا - بہت دق کرنا - تنگ کرنا -

ناکح :- (ع) وہ شخص جس کا نکاح پڑھا جائے -

ناگ :- (س - مذ) سانپ - کالا سانپ - **ناگ پھنی** (مو) ایک قسم کا تھوہڑ جس کے پتے سانپ کے پھن کے مشابہ ہوتے ہیں - **ناگ کھلانا** - نہایت خطرے کا کام کرنا - **ناگن** - **ناگنی** - ناگ کی تانیث - **ناگن کا رستہ کاٹنا** - کنایہ - بدشگونی ہونا - **ناگن کا سونگھ جانا** - کنایہ ناگن کا کاٹ جانا -

ناگا :- (ہ - مذ) فقیروں کا ایک گروہ جو ہمیشہ ننگا رہتا ہے - جوگی - ایک وحشی قوم جو آسام کے جنوبی پہاڑوں میں رہتے ہیں -

ناگری :- (مو) ہندی زبان

ناگل :- (ہ - مذ) جوئے کے بیل جوڑنے کی رسی -

ناگوری بیل :- (۱) (مذ) خوب ڈٹا تازہ بیل - بے نوڑ - فقط ناگوری - ناگور کے جوتے کو کہتے ہیں -

ناگیسر :- (ہ - مذ) ایک خوشبودار پھول اور اسکا پودا -

نال :- (ف - ہ - مو) ریشہ جو قلم تراشتے وقت اس کے اندر سے نکلتا ہے - بندوق کی نلی (مذ و مو) وہ آنت کے مانند چمڑا جو دائی بچے کے ناف سے کاٹتی ہے ۔ منیر

کسی ویرانے میں پھر پھر کے رہا کرتا ہے
دل میں کیا نال گڑا ہے بت ہرجائی کا

(مذ) چوسر یا گنجفے کا ایک بڑا آڑا جو وزنی ہوتا ہے اور پوری قوت سے اچھلتا ہے۔ مو قمار بازی کا وہ حق جو اس شخص کو دیا جاتا ہے جس کے ہاں بیٹھ کر جوا کھیلتے ہیں۔ **نال کٹائی** (مو) آنول کاٹنے کا حق۔ حق دایہ گری۔ **نال گڑنا** بچے کی آنول زمین میں دبانا۔ کسی جگہ پر دعویٰ ہونا۔ تعلق ہونا۔ استحقاق ہونا۔ خصوصیت ہونا ؎ شوق

اس کوچے میں گرنے کو مری لاش پڑی ہے
کہتا ہے کہ دمن کی یہاں کیا نال گڑی ہے

مسکن ہونا۔ وطن ہونا۔

نالا: (ھ) (مذ) کمین۔ گنڈے دار سوت۔ آزار بند۔ برساتی ندی۔ بڑی نالی (دیکھئے نالہ)

نالاں: (ف) (صفت) روتا ہوا۔ فریاد کرنے والا۔ عاجز۔ تنگ۔ بیزار۔

نالش: (ف۔ مو) فریاد۔ جبر و ظلم کی شکایت۔ دعویٰ جو حق طلبی کے لیے کیا جائے۔ **نالش داغنا**۔ کرنا۔ دعویٰ کرنا۔ مقدمہ کرنا۔ **نالشا نالشی** (مو) مقدمہ بازی۔ عدالت بازی۔ نالشی (مذ) دعویٰ کرنے والا۔ فریادی۔

نالکی: (ھ۔ مو) ایک قسم کی کھلی پالکی۔ ایک سواری جس میں امیر لوگ سوار ہوتے تھے۔ تام جھام۔

نالوٹ: (ھ۔ مذ) مکر جانے والا۔

نالہ: (ف۔ مذ) فریاد۔ رونا۔ ہائے وائے۔ شور فغاں۔ غل غپاڑا۔ **نالہ سر کرنا**۔ آہیں بھرنا۔ آہ کھینچنا۔ **نالہ کرنا**۔ آہیں بھرنا۔ فغاں کرنا۔ **نالہ کھینچنا**۔ آہ و گریہ زاری کرنا۔ **نالۂ گرم**۔ وہ نالہ جو کمال جوش سے نکلے۔ **نالۂ مرغ سحر** (مذ) صبح کے وقت مرغ کا اذان دینا۔ **نالی** (مو) آوری۔ ورزش کرنے کا گڑھا۔ مرد کے سینے کا بیچ کا حصہ جو گہرا ہوتا ہے۔ نالی کی صورت کا کھپرا۔

نام: (ف۔ مذ) اسم۔ لقب۔ خطاب۔ شہرت۔ دھاک۔ عزت۔ یادگار۔ اولاد۔ ذات (خدا کا نام سب کو)۔ برائے نام صرف کہنے کو۔ ذکر (ساری برائی ہمارے ہی نام ہے)۔ **نام ابھرنا**۔ مہر پر کھدے ہوئے نام کا نقش صاف نظر آنا۔ مہر کے نقش کا صاف پڑھا جانا۔ **نام اچھالنا**۔ رسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔ **نام اچھلنا**۔ بدنامی کے ساتھ مشہور ہونا۔ بدنامی ہونا۔ **نام آور**۔ برائی یا بھلائی میں مشہور۔ **نام آوری** (مو) شہرت۔ دھاک۔ **نام آوری پیدا کرنا**۔ شہرت حاصل کرنا۔ **نام باقی رکھ جانا**۔ بدنام ہونا۔ **نام باقی رہنا**۔ **نام قائم رہنا**۔ نام کے سوا کچھ باقی نہ رہنا (جیسے اب وجود نہیں نام باقی رہ گیا ہے)۔ **نام بتانا**۔ اپنا نام ظاہر کرنا۔ واقفیت ظاہر کرنا۔ نام لینا۔ **نام بدل ڈالنا**۔ شرط ہارنا۔ **نام بڑا ہے**۔ بدنام ہے۔ **نام بدنام کرنا**۔ رسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔ **نام بد ہونا**۔ رسوا ہونا۔ عیب لگنا۔ **نام بڑا درشن چھوٹے**۔ نام و نمود بہت ہے لیکن اتنی شان نہیں۔ **نام بکنا**۔ کسی نام کی شہرت سے کسی چیز کا مشہور و مقبول ہونا۔ **نام بگاڑنا**۔ نام کو بٹا لگانا۔ نام کو بگاڑ کر بولنا۔ **نام بنام**۔ ہر ایک کو۔ ہر ایک کا نام لے کر۔ **نام بھی نہ لینا**۔ نفرت کرنا۔ **نام بھی نہیں**۔ کچھ بھی نہیں۔ **نام پانا**۔ نیک نامی حاصل کرنا۔ شہرت پانا۔ **نام پر**۔ واسطے۔ (جیسے خدا کے نام پر۔ شہرت کے لیے) نام کی تقسیم یا خیرات کے لیے ع سو سو درود پڑھتا ہوں ساقی کے نام پر۔ **نام پر بیٹھنا**۔ بھروسا کرنا۔ کسی عورت کا خاوند کے مرنے کے بعد اور نکاح نہ کرنا۔ **نام پر جوتی نہ مارنا** یا جوتی نہ مارنا۔ نام سے بیزار ہونا۔ سخت متنفر ہونا۔ **نام پر جان دینا**۔ شہرت کا عاشق ہونا۔ بہت زیادہ دلدادہ ہونا۔ **نام پر جانا**۔ کسی کی شہرت پر بھروسہ کرنا۔ نام ہی کے خیال سے دھوکا کھانا۔ **نام پر کٹورا پھر جانا**۔ فال نکلنا ؎ شاد

دور ساغر کا لیا جس دم شگون
نام پر میرے کٹورا پھر گیا

نام پر گالیاں پڑنا۔ نام نفرت ہونا۔ **نام پیدا ہونا**۔ نام زد ہونا۔ **نام پڑ جانا**۔ کسی نام یا صفت سے مشہور ہونا۔ **نام پکارنا**۔ نام لے کر آواز دینا۔ **نام جپنا**۔ نام پکڑ لینا۔ **نام پیدا کرنا**۔ شہرت حاصل کرنا۔ **نام [illegible] لینا**۔ نام ورد کرنا۔ **نام جاگنا**۔ شہرت ہونا۔ **نام جپنا**۔ کسی کے نام کی مالا پھیرنا۔ وظیفہ پڑھنا۔ **نام جو**۔ ناموری کا خواہشمند۔ **نام چڑھنا**۔ رجسٹر میں نام درج ہونا۔ **نام جھنڈے پر چڑھانا**۔ بدنام ہونا۔ کرنا۔ **نام چار کو**۔ برائے نام۔ ذرا سا۔ **نام چمکنا**۔ مشہور ہونا۔ **نام چلنا**۔ نام یادگار رہنا۔ **نام خاک میں ملنا**۔ (لازم ملانا متعدی) بدنام ہونا۔ **نام خدا**۔ کلمۂ دعا۔ خدا بری نظر سے بچائے۔ **نام خدا دینا**۔ خیرات دینا۔ **نام خراب کرنا**۔ نام بدنام کرنا۔ **نام دار**۔ مشہور۔ نامور۔ **نام دینا**۔ عزت دینا۔ **نام دھرنا**۔ نام مقرر کرنا۔ عیب لگانا۔ الزام لگانا۔ تہمت مقرر کرنا۔ **نام دھرانا**۔ نام رکھوانا۔ برا کہلانا۔ **نام ڈبونا**۔ عزت کھونا۔ بدنام کرنا۔ **نام ڈوبنا**۔ رسوا ہونا۔ بے عزت ہونا۔ **نام رٹنا**۔ نام جپنا۔ ایک ہی لفظ کو بار بار کہنا۔ **نام رکھنا**۔ اگلا نام دھرنا۔ نقص نکالنا۔ **نام روشن کرنا**۔ شہرت پانا۔ طنزاً بدنام کرنا۔ **نام روشن ہونا**۔ نیک نامی ہونا۔ طنزاً رسوا

ہونا۔ نام رہ جانا۔ صرف نام باقی رہنا۔ یادگار رہ جانا۔
نام زد کرنا۔ منسوب کرنا۔ موسوم کرنا۔ نام زد ہونا۔
مشہور ہونا۔ موسوم ہونا۔ منسوب ہونا۔ نام زندہ کرنا۔
نام روشن کرنا۔ نام برقرار رکھنا۔ نام سُننا۔ شہرت
سُننا۔ فقط نام سے واقف ہونا۔ نام سے آشنا ہونا۔
بالکل اجنبی نہ ہونا۔ نام سے بکنا۔ نسبت سے بکنا۔ نام کی
قدر ہونا۔ نام سے جَل کے ~~نکالے~~ چڑھنا۔ بہت حسد کرنا۔ ڈرنا۔
نام سے بھاگنا / بیزار ہونا۔ کنارا کشی۔ متنفر ہونا۔ نام کا روادار نہ ہونا۔
نام سے چڑھنا۔ بہت نفرت کرنا ؎ رند

مُنہ بنا لیتے ہو جب سُنتے ہو ذِکر عاشق
نام بیمار سے چڑھتے ہو مسیحا ہو کر

نام سے / سن کر کان پکڑنا۔ استادی ماننا۔ نام سے کانپنا
کِسی کا اثر و خوف ہونا۔ نام سے کانوں پر ہاتھ دھرنا۔
نام سے بیزار ہونا۔ نام کا۔ فِدوی۔ غیرت دار ؎ داغ

بھلا دیکھیں تو بازی کون لے جائے محبت میں
تم اپنے نام کے دلبر یہ اپنے نام کا دِل ہے

نام کا۔ نام کا چراغ روشن کرنا / جلانا۔ کِسی خاص جگہ نذر یا دعا کے
لیے روشنی کرنا۔ نام کا تخم رکھنا۔ دوست کے نام سے تخم کے
پتے رکھنا یا کھینا ؎ راحت

اپنے ہاتھوں میں نشانی مری تم رکھو گے
تخفے میں بھی مرے نام کا تخم رکھو گے

نام کا دشمن۔ معمولی دشمن۔ حد سے زیادہ مخالف۔ نام کا
سکّہ جاری ہونا / چلنا۔ بہت اثر ہونا۔ نام کا کتا نہ پالنا۔ بہت
نفرت کرنا۔ **نام کا وظیفہ** (یا **نام کی تسبیح**)
پڑھنا۔ بہت ذکر کرنا۔ کِسی کے لیے عمل کرنا۔ یاد رکھنا۔
نام سے نفرت ہونا۔ سخت نفرت ہونا۔ نام سُننا گوارا نہ ہونا۔
نام کر جانا۔ نہایت شہرت پا کر دُنیا سے جانا۔ نام کرنا۔
شہرت حاصل کرنا۔ نیک نامی پانا۔ بدنام ہونا۔ دوسرے
کا نام لگانا۔ کِسی پر الزام لگانا۔ کِسی کے ذمّے ڈالنا۔ کِسی کے
لیے مخصوص کرنا۔ (جائداد بیٹے کے نام کر دی) نام کو۔ برائے
نام۔ اپنے نام کے لیے۔ نام کو بٹّہ / دھبّا لگانا۔ نام بدنام
کرنا۔ عیب لگانا۔ نام کو مرنا۔ عزت کے لیے جان دینا۔
عزت کی پاسداری کرنا۔ نام کو نہ چھوڑنا۔ بالکل نہ چھوڑنا۔ بالکل
ناپید کر دینا۔ نام کو نہ رہنا۔ بالکل نہ رہنا۔ ختم ہو جانا۔ نام
کو نہ ہونا۔ ذرا نہ ہونا۔ نام کو نہ مِلنا۔ بالکل نہ مِلنا۔ نام کو
نہیں۔ بالکل نہیں۔ نام کی چیز۔ کہنے کی چیز یا بات۔ نام کی
رَٹ۔ نام کی تسبیح۔ نام کی نوبت بجانا۔ شہرت کرنا۔ ڈنکا ؎ رند

یہ آج صاحب طبل و علم ہے کل وہ ہے
ہے اپنے نام کی نوبت ہر اک بجا جانا

جلال و شان دِکھانا۔ نام لگانا۔ تہمت لگانا۔ دوش
لگانا۔ تھوپنا۔ نام لگنا۔ الزام لگنا۔ تہمت لگنا۔ نام لیے
جانا۔ بار بار نام لینا۔ نام لے بیٹھنا۔ بے سوچے سمجھے کسی کا
نام لینا۔ نام لے دینا۔ کِسی کا نام بتا دینا۔ کِسی کے ذمے الزام
لگانا۔ نام لے کر۔ نام سے۔ نام کی بدولت تعظیم یا برکت کے
لیے کِسی کامل کا نام لے کر یا کِسی کو استاد اور کامل مان کر۔ نام
لے کر پکارنا۔ کِسی کو اس کے معروف نام کے مخاطب کرنا۔ نام
لے کر نمک کھانا۔ بزرگوں کے نام سے مانگ کر گزارہ کر لینا۔
نام لینا۔ نام کی مالا جپنا۔ نام پکارنا۔ تہمت لگانا۔ ذکر کرنا۔ تعریف
کرنا۔ استادی کا قائل ہونا۔ کوئی چیز کِسی کے نام سے مول لینا۔
واسطہ دینا ؏ انیس

لازم ہے ترحم کہ یہ لیتے ہیں مرا نام

نام لیوا۔ نام لینے والا۔ یادگار۔ اولاد۔ نام لیوا رہا نہ پانی
دلوا۔ سب مر گئے۔ نام لیوا نہ رہے۔ بددُعا۔ کوئی نہ رہے
نام نکالنا۔ بُرائی کے ساتھ مشہور کرنا۔ شہرت حاصل کرنا۔ کِسی
منتر یا جادو کے ذریعے سے چور کا نام معلوم کرنا۔ نوزائیدہ بچے
کا نام کِسی مقدس کتاب میں سے تجویز کرنا۔ نام نکلنا۔ بُرائی یا بھلائی
سے مشہور ہو جانا۔ لقب پڑنا۔ فال کے ذریعے چوری میں نام
نکلنا۔ نوزائیدہ بچے کا نام رکھتے وقت کتاب پاک سے اس کا نام
برآمد ہونا۔ لاٹری وغیرہ میں کِسی کے نام انعام آنا۔ قرعے میں کِسی
کا نام برآمد ہونا۔ نام نکلوانا۔ فال کے ذریعے چور کا نام معلوم
کرانا۔ بدنام کرانا۔ نوزائیدہ بچے کا کتاب پاک سے نام تجویز کرانا
نام نمود (نمو) ظاہری ٹھاٹھ۔ نام نہاد۔ برائے نام۔
نام مِٹنا۔ گمنام ہونا۔ نام نہ رہنا۔ نام میرا گاؤں تیرا۔
ہوشیاری سے مال ضائع کرنا اور فریق کو بھی مطمئن رکھنا۔ نامی
نامی۔ آپ کا نام کیا ہے؟ مشہور نام (کبھی طنز سے بھی)
نام نہ رکھوں۔ نام بدل دوں ؎

گر تم کو کر اپنا نہ دل آرام رکھیں گے
تو آج سے جرأت ہی نہ ہم نام رکھیں گے

نام نہ لو۔ خاموش رہو۔ ذکر نہ کرو۔ نفرت۔ خفگی ظاہر کرنے
کے لیے۔ نام نہ لینا۔ ذکر نہ کرنا۔ پاس نہ جانا۔ نام نہ ہونا۔
بالکل نہ ہونا ؎ انیس

رُخ زرد، دل میں درد، بدن سرد تشنہ کام
طاقت نہ قلب میں نہ بدن میں لہو کا نام

پتا نہ ہونا۔ نام نہیں۔ پتہ نہیں۔ نام نہ رکھوں کی جگہ ؎

پڑا فلک کو کبھی دل جلوں سے کام نہیں
اُتار لوں جو نہ غصہ میں تو سحر نام نہیں

نام ور۔ مشہور۔ معروف۔ نام ور ہونا۔ مشہور ہونا۔
ناموری (ہو) شہرت۔ دھاک۔ ناموری پیدا کرنا۔

مشہور ہونا - ناموری ہونا - شہرت ہونا - نام ونشان (مذ) پتہ - ٹھکانا - نام ونشان باقی نہ رہنا یا مٹ جانا - نیست ونابود ہوجانا - نام نہ رہنا - نام وہ ہے جو خدا کہلوائے - (مقولہ) عزت خدا دیتا ہے اپنے منہ میاں مٹھو بننے سے کیا ہوتا ہے - نام ہوجانا - شہرت ہونا - واہ واہ ہونا - نام ہونا - شہرت ہونا - الزام لگنا - نام پرچڑھنا - ذمہ ہونا - شرکت ہونا - نام ہی نام ہے - بے حقیقت ہے -

نامی: (ف) مشہور ومعروف - نامور - نامی چور مارا جائے نامی دکاندار کھائے یا نامی شاہ کھائے نامی چور مارا جائے - جو شخص بدنام ہوتا ہے وہ کوئی (بدی) کرے یا نہ کرے الزام اسی پر لگایا جاتا ہے - نامی کامی - مشہور - بارونق - نامی گرامی - مشہور ومعروف -

ناموس: (ع - مذ) حرم - اہل خانہ - شرم - لاج - آبرو - راز پوشیدہ جو موجب عزت ہو - ناموس اکبر (بالضم) شریعت - حضرت جبرئیل - ناموس بگاڑنا - آبرو لینا - ناموسی - بے عزتی - بدنامی - شرم -

نامہ: (ف - مذ) خط - چٹھی - کتاب - نامۂ اعمال - (مذ) وہ رجسٹر جس میں آدمی کے اچھے یا برے عمل درج ہوں (دو فرشتے ہر شخص پر متعین ہیں جو اس کے نیک بد کاموں کی یادداشت رکھتے ہیں جس کے مطابق روز قیامت فیصلہ ہوگا - اس یادداشت کو بھی نامۂ اعمال کہتے ہیں) نامہ بر - چٹھی لے جانے والا - ڈاکیہ - قاصد - نامہ کھلا (آنا) غم یا موت کی خبر (آنا) (دینا) - نامہ نگار (مذ) خبر لکھ کر بھیجنے والا - خبرنویس - نامہ وپیام (مذ) خط وکتابت - پیغام سلام -

نامیہ: (ع - مو) نشوونما کی قوت - نشوونما -

نان: (ف - مو) یہ لفظ تنہا بولا جائے - تو تنور کی روٹی مراد ہوتی ہے - مطلق روٹی - نان بائی (مذ) روٹی سالن بیچنے والا - تنور کی روٹی پکانے والا - نان پاؤ (مذ) ڈبل روٹی - نان تافتان - تفتان - بھر - اس دن تمہاری نان تافتان بھی بازار سے منگائی :: (آب حیات) نان تنکی - (بالضم) پتلی اور بڑی روٹی - چپاتی - نان جویں - جو کی روٹی - غریبانہ روٹی - نان خطائی - ایک مٹھائی کا نام جو شکر میدے اور گھی سے بنتی ہے - نان فطیری - عمدہ قسم کی روٹی (ایران میں اس روٹی کو کہتے ہیں جس کے آٹے میں خمیر اچھی طرح نہ آیا ہو) اُردو میں وہ روٹی جس کا آٹا سخت گوندھ کر رکھتے پانی میں کپڑے میں باندھ کر ڈالتے پھر نکال کر گرم گوندھ کر چھلے پکاتے ہیں - نان کار - وہ زمین جو بے دی جائے ؎ بحر

داغ حسرت کے سوا کچھ نان کار اپنی نہیں
فقر وفاقے کا علاقہ ہے مری جاگیر کا

نان ونفقہ (مذ) بیوی کا گزارہ - روٹی کپڑا - نان ونفقہ دینا - روٹی کپڑا دینا - گھر بار کا خرچ دینا -

نانا: (ہ - مذ) ماں کا باپ - کنایۃً - استاد - پرکھا - ؎ جان صاحب

میرے دیدے ہیں سمندر کے بھی نانا دادا
سینکڑوں ندیاں پیدا ہوئیں ان نالوں سے

آنڈیانا کے معنے میں (ریاں نادو) نانی (مو) ماں کی ماں - بڑھیا عورت - بڑے بوڑھوں کی سی باتیں کرنے والی لڑکی - نانی اماں - نانی - نانی جی کا گھر - (دلی) بے تعلقی اور دلیٹے کی جگہ (ایک خالہ جی کا گھر بھی ہوتا ہے) یہ جانا ہو کہ تم تاک پر کی کشتی تک نہ اُتر آؤ تو جنت نانی جی کا گھر نہیں کہ دوڑتا جا گھسے - (اتھار) نانی کے آگے ننھیال کی باتیں - ایک عزیز کی دوسرے عزیز کے سامنے شکایت یا واقف کار کے آگے شیخی بگھارنا - نانی کے ٹکڑے کھائے دادا کا پوتا کہلائے - خرچ کسی کا نام کسی کا - نانی نے خصم کیا نواسی چٹی بھرے - قصور کسی کا سزا کسی کو - نانی یاد آنا - مصیبت میں پھنس کر راحت وآرام کا زمانہ یاد آنا - بہت دق ہونا -

ناند: (ہ - مو) ایک قسم کا بڑا کونڈا - تغار - ناندا (مذ) کھملا -

ناندھنا: (ہ) شروع کرنا - چھیڑنا - جوتنا - جوڑنا - بیلوں کی گردن پر جوا رکھنا - پابند کرنا - غلام بنانا -

نانک: (ہ - مذ) سکھ مذہب کے مشہور بانی - سری گورونانک دیوجی مہاراج - نانک پنتھی - سکھ - نانک شاہی (مذ) سکھوں کے وقت کا پیسا - فقیروں کا ایک گروہ -

نانگا: (ہ - مذ) وہ قوم جو برہنہ زندگی بسر کرتی ہے - ننگ دھڑنگ آدمی -

نانگھنا: (ہ - لک) پھاندنا جو راگند میں حائل ہو اس کو پھلانگنا -

نانوں: (س - ناؤں - مذ - متروک) نام -

ناواں یا نانوہ: (ہ - مذ) نامہ - قرضہ - خوردہ - نام لکھا قرضہ - (برسوں کا ناواں اور روج کی ٹال مٹول (توبۃ النصوح)

نانھیال: (ہ) ننیال نانا کا گھر - نانا کا کنبہ -

ناوک: (ف - مذ) تیر - خدنگ - ناوک انداز - تیر مارنے والا - ناوکِ دلدوز - دل میں بیٹھ جانے والا تیر - دل میں چبھنے والی بات - ناوک فگن - ناوک انداز

ناول: (انگ - مذ) نثر میں لکھا ہوا دلچسپ طولانی قصہ جس میں عموماً فرضی واقعات فطرت کے سانچے ڈھال کر لکھے جاتے ہیں - بڑا افسانہ - داستان -

ناو: (ف - ۃ - مو) کشتی - ڈونگی - وہ زیادہ لمبی اور کم چوڑی غیر مدور چیز جس میں کھانا یا اور کوئی تحفہ کسی کے سامنے لاتے ہیں - لکھنؤ میں کشتی کہتے ہیں - ذوق نے بھی کشتی لکھی ہے ؎ غالب

ناؤ بھر کر ہی پروئے گئے ہوں گے موتی
ورنہ کیوں لائے ہیں کشتی میں لگا کر سہرا

ناؤ خشکی میں نہیں چلتی - بغیر کام کے نام نہیں ہوتا - ناؤ کس نے ڈبوئی - خواجہ خضر نے - مددگار اور معتمد کا دھوکا دینا اور نقصان پہنچانا - ناؤ کنارے لگانا - (الٹا) مشکل کو حل کرنا - ناؤ کھینا - مشکل میں مدد کرنا - ناؤ خاک میں اڑانا - صاف جھوٹ بولنا - جھوٹا الزام لگانا - ناؤ منجدھار میں پھنسنا - سخت مشکل ہونا -

ناو نوش: (ف - مذ) عیش و عشرت - رنگ رس - شراب اور گانا ؏ داغ

کیفیت انجمن میں رہے ناؤ نوش کی

نائے: نے - نرسل - دیکھیے ناسخ کا شعر "سری" میں - لیکن مستعمل نہیں -

ناہار: (ف) وہ شخص جو نہار منہ ہو -

ناہرسانس: (ۃ - مذ) گھوڑے کا ایک مرض جس کے باعث سواری میں اس کے منہ سے گھر گھر کی آواز نکلتی ہے -

ناہرو: (ۃ - مذ) نارو - مرضِ رشتہ - دیکھو نارو -

ناہید: (ف - مذ) ایک ستارے کا نام - مطربۂ فلک - زہرہ -

نائی: (ۃ - مذ) حجامت بنانے والا - حجام - نائی نائی بال کتنے ہیں - جحمان جی آگے ہی آتے ہیں - جو بات عنقریب ظاہر ہونے والی ہے اس کا پوچھنا کیا - نائی کی برات میں سب ہی ٹھاکر - غریب کے یہاں سب غیر جا کر بڑے بن جاتے ہیں - اپنے گھر میں ہر ایک معزز ہے کسی جگہ میں ہر ایک کے کام چور ہونے پر کہتے ہیں - نائن (مو)

نایاب: دیکھو "نا"

نائب: (ع - مذ) ڈپٹی - ایجنٹ - منیم - جانشین - کسی کا کام اس کی عدم موجودگی میں انجام دینے والا -

نائرہ: (ع - مذ) شعلہ - لو - لپٹ ؎ قدر

جلسے ہوتے بجنے لگا دائرہ
خرمنِ دولت میں پڑا نائرہ

حروفِ قافیہ میں آخری حرف کا نام -

نایک: (ۃ - مذ) قافلے کا سردار - سرتاج - راگ کا ماہر - نائکا (مو) کسبی - رنڈیوں کا سردار -

نِب: (انگ - مذ) ہولڈروں یا فونٹین پن کی زبان جو دھات کی ہوتی ہے -

نبات: (ع - مو) گھاس پات - سبزہ (ف) مصری (نبات سفید) نبات چنوانا (ا) (تلفظ اُن بات) مصری کی توڑلیاں - دلہن کے دونوں مونڈھوں - کہنیوں پیٹھ اور ہاتھوں پر رکھ کے بطور رسم دولہا کے منہ سے اٹھوا کر کھلانا - نباتات (مذ - مو) نبات کی جمع - پودے - ترکاریاں - نباتی - گھاس پات کا (مذ) ایک قسم کا رنگ -

نباش: (ع) کفن چور - قبر کھودنے والا -

نباض: (ع - مذ) نبض کا جاننے والا حکیم - حقیقت کو پہچاننے والا - نباضی (مذ) نبض دیکھنے کی مہارت - حقیقت پہچاننے کی مہارت -

نباہ: (ۃ - مذ) کسی کام کی اس کی انتہا تک پہنچانا - کسی کے ساتھ مواصلت سے بسر کرنا - نباہ دینا - خوش اسلوبی سے کسی کے ساتھ بسر کر لینا اور گزار دینا - انجام تک پہنچانا - نباہ کرنا - کسی کے ساتھ خوش اسلوبی سے گزارا کرنا - انجام تک پہنچانا - نباہنا - کسی کے ساتھ بسر کرنا - انجام تک پہنچانا - گزارنا - نباہو (مذ) نباہ کرنے والا - وفادار -

نبٹانا: (ۃ) چکانا - ادا کرنا - فیصلہ کرنا - بھگتانا - نبٹاؤ (مذ) فیصلہ - بے باقی - بھگتان - نبٹ جانا - دیکھو نبٹنا - نبٹنا - بے باقی ہونا - پورا ہونا - ختم ہونا - جھگڑا طے ہونا - فیصلہ ہو جانا - تکرار باقی نہ رہنا -

نبختا: (ا) برے نصیب والا - ابھاگی - نبختی (مو) برے نصیب والی - ابھاگن -

نبرد: (ف - مو) لڑائی - جنگ - نبرد آزما - بہادر - سورما - جنگ کرنے والا - نبرد آزمائی (مو) جنگ - لڑائی - نبرد آزمائی کرنا - جنگ کرنا - لڑنا - نبرد آزما ہونا -

لڑنا - نبرد گاہ - (مو) میدانِ جنگ -

نبڑ جانا: - ختم ہو جانا - تمام ہو جانا - خرچ ہو جانا - باقی نہ رہنا - نبڑنا - نمٹنا - دیکھیے نبیڑ لینا -

نبض: - (ع - مو) کلائی کی وہ رگ جس کی حرکت سے انسان کی صحت و مرض کا حال معلوم کرتے ہیں -
نبض ابھرنا - معمولی سی حالت سنبھلنا - نبض انتشار میں ہونا - حالتِ نزع سے بچھ
مریضِ عشق میں ڈھونڈو نہ انتظامِ حواس
کہ نبض کو بھی یہاں انتشار میں دیکھا
نبض پہچان لینا - حالت معلوم کرنا - نبض چلنا - جان ہونا - نبض دیکھنا - نبض پر ہاتھ رکھ کر مریض کی کیفیت دیکھنا - مزاج پوچھنا - خبر لینا - نبض ڈوبنا - نبض ساقط ہونا - نبضوں کا چلنا - نبضوں کا تیزی کے ساتھ حرکت کرنا - حرارت کا بڑھ جانا - نبضیں - نبض کی جمع - نبضیں چھوٹنا - نبضوں میں حرکت نہ رہنا - مرنے کے قریب ہونا - گھبرا جانا - غش کھا جانا - نبضیں نہ ملنا - حالت نازک ہونا - رفتارِ نبض کا اتنا ہلکا ہونا کہ محسوس نہ ہو -

نبل: - (ف) کمزور - ناطاقت - ناقص - خراب - بیکس - بے یار و مددگار -

نبوّت: - (ع - مو) پیغمبری - رسالت - خدا کے حکموں کا پہنچانا -

نبولی: - (ف - مو) نیم کا پھل - نمکولی -

نبوی: - (ع) نبی سے نسبت رکھنے والا امر -

نبھاگا: - (ف) برے نصیب والا - نبھاگی (مو) برے نصیب والی -

نبھانا: - (ف) دیکھو نباہنا - نبھاؤ (مذ) دیکھو نباہ - نبھنا - لازم -

نبی: - (ع - مذ) خدا کی طرف سے بندوں کا ہادی - پیغمبر جو خود صاحبِ شریعت نہ ہو (ہر رسول نبی بھی ہوتا ہے - مگر ہر نبی رسول نہیں ہوتا) نبی جی بھیجو - توتے کا بول -

نبیرہ: - (ف) نواسہ - پوتا - پوتی یا نواسی -

نبیڑ لینا: - (ف) ختم کر لینا - گزار لینا - بسر کر لینا - نبیڑنا - نمٹانا - پورا کرنا - گزارنا - تمام کرنا - طے کرنا - خالی کرنا ع ذوق
تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو

نبیسہ: - (ف - مذ) پوتا - پروتا -

نپا تلا: - (ف) پیمانے یا وزن میں پورا اترا ہوا - ناپی تلی (مو) نپت (مو) ماپ - پیمائش - ناپ -

نپٹ: - (ف) سراسر - بالکل - نرا - بہت - پوری طرح سے

نپٹارا: - (ف - مذ) فیصلہ - رفع
مرے اعمال کے دفتر کھلے میدانِ محشر میں
کہا کھاتا اس جھگڑے کا نپٹارا مقدمیں

نپٹانا: - (ف) مکمل کرنا - فیصلہ کرنا - نپٹنا - لازم - طے ہونا -

نپنا: - پیمائش ہونا - ناپا جانا - جیل بھیج دیا جانا - دو برس کے لیے نپ گئے -

نپوتا: - (مذ) بے اولاد - نکھٹو - نپوتی (مو) بے اولادی -

نت: - (ف) ہمیشہ - سدا - ہر روز - نت کھودنا نت پانی پینا - جتنا کمانا اتنا ہی کھانا - روز مزدوری کرنا - روز کھانا - نت نت جیو - ہمیشہ جیتے رہو - نت نیا - ہمیشہ نیا - نو بنو -

نتارنا: - (ف) دیکھو نتھارنا - مقطر کرنا -

نتھ: - (ف - مو) ناک میں پہننے کا ایک زیور - سہاگ - نتھ بڑھانا - نتھ اتارنا - سہاگ اتارنا - بیوہ ہونا - نتھ چڑھانا - دلہن کو نتھ دینا - نتھ جوڑی - سہاگ -

نتھارنا: - (ف) پانی کو تھرا کر صاف کرنا - پانی ٹھہرا کر اس طرح دوسرے برتن میں لینا کہ جو نیچے میٹھ تلی نہ آنے پائے - نتھرا - صاف - میل دور کیا ہوا - نتھری (مو) نتھرنا - نتھارنا کا لازم - مقطر ہونا -

نتھنا: - (ف - مذ) ناک کا سوراخ (نتھنا کا لازم) نتھنوں (مذ) نتھنا کی جمع - نتھنوں پھڑکنے جیسا نا (غرور) ناک میں دم کرنا - بہت ستانا - چھانا - لازم - نتھنوں کی پھڑک معشوقوں کی شوخی - نتھنوں میں تیر دینا - بہت زیادہ تنگ کرنا - نتھنوں میں دم کرنا - نہایت ستانا - نہایت دق کرنا - نتھنوں میں دم ہونا - نہایت تنگ ہونا - زندگی ہونا (جب تک نتھنوں میں دم ہے - تجھ سے ناامید نہیں ہوتی - (باغ و بہار) نتھنے پھلانا - ناراض ہونا - خفا ہونا - نتھنے چڑھانا - تیوری پر بل ڈالنا - ناراض ہونا -

نتھنی: - (ف - مو) چھوٹی نتھ - تلوار کے قبضے کی کڑی - بیل کے ناک کی رسی - نتھنی اتارنا - ازالہ بکر کرنا - نتھنی اترنا - (کسبیوں کی اصطلاح میں) کنوار پن دور ہونا -

نتھی: (ہ ۔ مو) کاغذ ٹانکنے کی ڈور ۔ کاغذ کو اور کاغذوں کے ساتھ شامل کر دینا ۔ شامل مثل ۔ شامل ۔ وہ سب کاغذ جو ایک دھاگے میں پروئے ہوئے ہوں ۔ نتھی کرنا ۔ کاغذ کو ایک طریقے سے تاگے کے ساتھ باندھنا ۔ کاغذ منسلک کرنا ۔ شامل کرنا ۔ نتھی ہونا ۔ ساتھ شامل ہونا ۔ منسلک ہونا ۔

نتیجہ: (ع ۔ مذ) حاصل ۔ ماحصل ۔ مطلب ۔ غرض ۔ ثمرہ ۔ پھل ۔ اخیر ۔ انجام ۔ خاتمہ ۔ نتیجہ دیکھنا ۔ کئے کی سزا پانا ۔ ثمرہ پانا ۔ ؎ شعور

فشار قبر دکھانا نہ اے خدا ہم کو
یہیں نتیجہ بوس و کنار دیکھ چکے

نتیجہ نکالنا ۔ ماحصل نکالنا ۔ خلاصہ اور لب لباب نکالنا ۔ حالات پر نظر کر کے انجام اخذ کرنا ۔ نتیجہ نکلنا ۔ لازم ۔

نٹ: (ہ ۔ مذ) ایک قسم کے تماشہ کرنے والے لوگ ۔ قلاباز ۔ بازی گر ۔ وہ لوگ جو ڈھول بجا کر بانس اور رسی پر چڑھ کر تماشہ دکھاتے ہیں ۔ نٹ بدھیا ۔ (ہ ۔ ملفظ لک بدھیا) بازی گری ۔ دغا بازی ؎ بحر

اہل دنیا کی سمجھ نٹ بدھیا
وا منصور پہ کرتا ہے تماشا جھوٹ سچ

نٹ کھٹ ۔ فتنہ پرداز ۔ شریر ۔ شوخ ۔ ڈھیٹ ۔ نٹ کھٹی ۔ (مو) شوخی ۔ چالاکی ۔ فریب ۔ شرارت ۔ دغا بازی ۔ دنگا ۔ نٹ کھٹی کرنا ۔ شرارت کرنا ۔ فساد کرنا ۔ نٹو ۔ (ہ ۔ ہندو) ایک قوم جو پگڑی وغیرہ پہن کر ناچتی ہے ۔ معمولی ناچنے والا والا لڑکا ۔ نٹیا مونث ۔ معمولی ناچنے والا نیز چھوٹے قد کا بیل ۔ نٹنی (مو) نٹ قوم کی عورت ۔

نٹھلا: ۔ (ہ) خالی ۔ بیکار ۔ نٹھلی (مو)

نثار: (مذ) نچھاور ۔ بکھیر (کرنا ۔ ہونا) صدقے ۔ قربان ۔ عاشق ۔ فریفتہ ۔

نثر: ۔ (مو) وہ عبارت جو نظم نہ ہو ۔

نثار: (ع) نثر نگار ۔ وہ ذاکر جو مقفے مسجع عبارت اور نظم بلا کر واقعات کربلا بیان کرتے ہیں ۔ ج نجم الحسن نثار پر یہ فن ختم ہے)

نج: (ہ) ذاتی ۔ پرائیویٹ ۔ خاص ۔ گھر کا خانگی ۔ نج کا ملازم ۔ اپنا نوکر ۔ خاص ملازم ۔ نج کا کام ۔ ذاتی کام ۔ نج کی بات ۔ راز ۔

نجابت: ۔ (ع ۔ مو) شرافت ۔ اصالت ۔

نجات: ۔ (ع ، اردو میں بالکسر مستعمل ہے (مو) رہائی ۔ چھٹکارا ۔ بریت (پانا ۔ دینا ۔ ملنا ۔ ہونا)

نجار: ۔ (ع) بڑھئی ۔ لکڑی کا کام کرنے والا ۔ نجاری (مو) بڑھئی کا کام ۔

نجاست: ۔ (ع ۔ مو) پلیدی ۔ گندگی ۔ میلا ۔ نجاست دور کرنا ۔ ناپاکی دور کرنا ۔ پاک کرنا ۔

نجبا: ۔ (ع ۔ مذ) نجیب کی جمع ۔ شریف لوگ ۔

نجس: ۔ (ع) گندہ ۔ پلید ۔ ناپاک ۔ نجس کرنا ۔ ناپاک کرنا ۔ گندہ کرنا ۔ نجس ہونا ۔ ناپاک ہونا ۔ نجس العین جو چیز کبھی پاک نہ ہو سکے جیسے کتا ۔

نجف: ۔ (ع ۔ مذ) عراق کے ایک مشہور شہر کا نام جہاں حضرت علیؓ مدفون ہیں ۔ اسے نجف اشرف بھی کہتے ہیں ۔

نجم: ۔ (ع ۔ مذ) ستارا ۔ تارا ۔ نجوم (مذ) نجم کی جمع ۔ ستارے ۔ ستاروں کی گردش سے حالات دریافت کرنے کا علم ۔ نجومی ۔ نجوم جاننے والا ۔ ستاروں کی گردش کا علم رکھنے والا ۔

نجھول: ۔ (ہ ۔ مذ) ہاتھی کی سبک رفتار ۔ ج "ہاتھی ہو تو ایسا نجھول کہ معلوم ہوتا ہے تخت پر بیٹھے ہیں" بے جھول کا ۔

نجیب: ۔ (ع) بزرگ ۔ شریف ۔ بھلا مانس (دلی) نیلی وردی کے محافظ محل سپاہی ۔ مغلوں کے آخری دور میں ان کی پلٹن بھی تھی ۔ نجیب الطرفین ۔ ماں باپ دونوں کی طرف سے اصل نسل کا اچھا ۔

نچا کھچا: ۔ (ا) نچا ہوا اور سرا پا کھونچے پڑا ہوا ۔ جس کو اوپر سے نیچے تک نوچ لیا گیا ہو ۔ نچی کھچی ۔ (مو)

نچان: ۔ (ہ) ڈھلان ۔ اتار ۔ نچائی ۔

نچا مارنا: ۔ (ہ) بہت دق ۔ بہت ادھر سے ادھر پھرانا ۔ نچانا ۔ ناچ کرانا ۔ ستانا ۔ دق کرنا ۔ کڑھانا ۔

نچڑنا: ۔ (ہ) ٹپکنا ۔ دینے یا بھینچنے سے عرق نکلنا ۔ دبلا ہونا ۔ نچڑوانا ۔ نچڑنا کا متعدی المتعدی ۔

نچلا: ۔ (ہ) خاموش ۔ چپ چاپ ۔ نیچے کا ۔ نچلی (مو) نچلا بیٹھنا ۔ آرام سے بیٹھنا ۔ چپکا بیٹھنا ۔ نچلا رہنا ۔ آرام سے رہنا ۔ بغیر حرکت کے بیٹھے رہنا ۔ نچلا نہ بیٹھنا ۔ آرام سے نہ بیٹھنا ۔ چلبلا ہونا ۔ نچلا نہ رہنا ۔ آرام سے نہ بیٹھنا ۔ شرارت کرنا ۔

نچنا: ۔ (ہ) نوچا جانا ۔ کھسوٹا جانا ۔ چھٹنا (یہ کپڑا نچا ہوا ہے)

نچنت: (ہ) فارغ - بے فکر - مطمئن - نچنت ہونا - بے فکر ہونا -

نچنیا: (ہ - مذ) ناچنے والا - بھانڈ - ناچنے والا لڑکا - زنخا -

نچوانا: (ہ) ناچنا کا متعدی المتعدی -

نچوانا: (ہ) نوچنا کا متعدی المتعدی -

نچوڑ: (ہ - مذ) رس - عرق - خلاصہ - اصل - اخیر - نچوڑ لینا - عرق نکال لینا - چوس لینا - مفلس کر دینا - لاغر کر دینا - دبا کر لہو نکال دینا - نچوڑنا - دبا کر یا بھینچ کر عرق نکالنا - سوتنا - چوسنا - کنگال کرنا - لاغر کر دینا - مفلس کر دینا -

نچھاور: (ہ - مذ) نثار - بکھیرا - آثار - (اتارنا - کرنا)

نچھتر: (س - مذ) ستارا - نصیبا - برج -

نحاس: (ع - مذ) تانبا -

نحافت: (ع - مو) دبلاپن - لاغری ع امیر
جوڑ ہے تیری نزاکت کا نحافت میری

نحس: (ع - صفت) برے شگون کا بھونڈا - کم بخت - نحس ہونا - منحوس ہونا - مبارک نہ ہونا - نحس ستارے - وہ ستارے جن کے اثرات منحوس ہیں - زحل اور مریخ -

نحر: (ع - مذ) اونٹ کو ذبح کرنا -

نحل: (ع - مو) شہد کی مکھی -

نحن اقرب: (ع) قرآن پاک کی آیت کی طرف اشارہ جس میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے - ہم تمہاری رگ گردن سے بھی زیادہ قریب ہیں -

نحو: (ع - مو) طور - ڈھنگ - راستہ - وہ علم جس میں صرف و نحو وہ علم جس میں کلام کی ترکیب کے اصول پر گفتگو ہوتی ہے -

نحوست: (ع - مذ) نامبارکی - بدنصیبی - ولدر - نحوست پھیلانا - بدحالی سے فضا مکدر ہونا - (یعنی بدحالی سے دوسروں کو متاثر کرنا) سستی اور گندگی پھیلانا - نحوست کی نشانی - بدشگونی کی علامت - بدحالی کی نشانی -

نحیف: (ع) دبلا پتلا - کمزور - نحیف و نزار - کمزور - ناتواں - نحیف و نزار - کمزور - ناتواں - نحیف و نزار ہونا - نہایت کمزور و ناتواں ہونا -

نخ: (ف - مو) کچا ریشم - ریشم کا تار یا سوت - پتنگ کی ڈور - تانت -

نخاس: (ع - مذ) چوپایوں یا غلاموں کا بازار - ؎ ذوق

یوں ترا حاسد بدفال ہے عالم میں حقیر
اسپ بدفال کوئی جیسے میان نخاس

بازار - منڈی - نخاس کھنچنا - بازار میں بکنے کے لیے بھیجنا - نخاس چڑھنا - بازار میں بکنے جانا - رسوا ہونا - نخاس کی گھوڑی - رنڈی کسبی - نخاس والی - بازاری عورت -

نخالص: (ا) جو خالص نہ ہو - ملاوٹ کا - عوام خاص کے معنوں میں بولتے ہیں -

نخچیر: (ف - مذ) شکار - صید - شکار کیا ہوا جانور -

نخرا: (ف - مذ) ناز - لاڈ - غمزہ - عورتوں اور معشوقوں کے حرکات و سکنات - بعض تر ان حرکات و سکنات کو کہتے ہیں جو مکر و فریب - حیلے اور چالاکی پر مبنی ہوں - نخرے باز - ناز نخرے دکھانے والی عورت - اترانے والی یا ادا والی - نخرے بازی مو ناز نخرے کرنا - لاڈ چونچلا - نخرا بگھارنا - حیلہ کرنا - بہانہ کرنا - نخرا تلا - مذ چاؤ چونچلا - لاڈ پیار - نخرا تلا کرنا - نخرا لانا - نخرا کرنا - چاؤ چونچلا کرنا - نخرا نکالنا - چونچلا کرنا - لاڈ میں آنا - حیلہ حوالہ کرنا - نخرے پیٹی - وہ عورت جو اپنے غرور میں مری جانے - نخرے میں آنا - دھوکے میں آنا - ناز دکھانے لگنا - (آرا دی ایسی نادان تھی کہ میاں کو ذرا تیور دیکھ کر نخرے میں آجاتی) (آیاتی)

نخشب: (ف - مذ) ترکستان کے ایک شہر کا نام جہاں حکیم مقنع نے چاہ نخشب سے ایک چاند بنا کر نکالا تھا جو دو ماہ تک غروب نہیں ہوتا تھا اور چار فرسنگ تک اس کی روشنی پہنچتی تھی -

نخل: (ع - مذ) کھجور کا درخت - مطلق درخت - قامت قد اور تمنا سے استعارہ کرتے ہیں - نخل بند (ف) باغبان - مالی - نخل تابوت (باضا - مذ) مردے کو سجا ہوا جنازہ - نخل ایمن یا نخل طور - وادی ایمن میں ایک درخت تھا - جس پر حضرت موسیٰ کے لیے انوار الٰہی کا ظہور ہوا تھا - نخل ماتم (مذ) ارتھی - نخل تابوت - نخل مریم - مذ ایک سوکھا ہوا کھجور کا درخت جس کے نیچے مادر عیسے حضرت مریم وقت ولادت حضرت عیسے بیٹھی تھیں اور وہ ان کی برکت سے ہرا بھرا ہو گیا تھا - نخلستان (مذ) کھجور یا دیگر درختوں کا جنگل -

نخوت: (ع - مو) غرور - گمان - تکبر - خود بینی - نخوت کی ہوا بھرنا - کمال مغرور ہونا - نخوت سمانا -

تکبر ہونا۔ نخوت سے بھرا۔ متکبر۔

نخود :- (ف ن خُد - مذ) چنا۔

نخین :- (ا - مو) باریک چوڑیاں کانچ کی ہوں یا لاکھ کی۔ -لانت۔

ندا :- (ع - مو) آواز - صدا - ندائیہ - وہ جملہ جس میں ندا کا حرف ہو۔

ندارد :- (ف) کورا - خالی - نہیں - غیر حاضر - گم - ندارد کرنا - گم کرنا - اُڑا دینا - غائب کرنا۔ ندارد ہونا - گم ہونا - غائب ہونا۔

نداف :- (ع - مذ) روئی دھنکنے والا - دُھنیا - ندافی (مو) روئی دُھنکنے کا پیشہ۔

ندامت :- (ع - مو) شرمندگی پشیمانی (کرنا - ہونا) ندامت زدہ - پشیمان۔

ندان :- (ک) آخرکار - بعد میں (اب متروک ہے)

ندبہ :- (ع - مذ) فریاد - وہ حروف جو کسی کو یاد کرکے رونے کے لیے بولتے ہیں (جیسے ہائے فلاں)

ندرت :- (ع - مو) کمیابی - کمی - عمدگی - انوکھا پن - ندرت پیدا کرنا - انوکھا پن پیدا کرنا۔

ندما :- (ع - مذ) ندیم کی جمع - مصاحب لوگ۔

ندولا :- چھوٹی ناند - چھوٹا کونڈا (تک - نندولا)

ندی یا نَدّی :- (ک - مو) چھوٹا دریا - جل دھارا - ندی اُترنا - ندی کا پانی کم ہو جانا - ندی چڑھنا - ندی میں طغیانی آنا ؎ داغ

طبیعت کوئی دن میں بھر جائے گی
چڑھی ہے یہ ندی اُتر جائے گی

ندیدہ :- (ا - مذ) لالچی - وہ شخص جس نے عمدہ چیز نہ کھائی ہو اور کسی کو کھاتے دیکھ کر گھورے - کمال خواہشمند - ندیدہ پن (مذ) خواہشمندی - لالچ کھانے والے کو گھورنا - ندیدی (مو)

ندیم :- (ک - مذ) پاس بیٹھنے والا - ساتھی - مصاحب۔

نڈر :- (ک) جو نہ ڈرے - بے خوف - دلیر - نڈر ہونا - بیباک ہونا - دلیر ہونا - بے خوف ہونا - نڈھال - سُست - تھکا ماندہ - کمزور - نڈھال کرنا - تھکا ڈالنا - مضمحل کرنا - نڈھال ہونا - تھک جانا - مضمحل ہونا - کمزور ہونا۔

نذر :- (ع - مو) منت - چڑھاوا - نیاز - فاتحہ - پیش کش - تحفہ (اس معنی میں مذکر و مونث دونوں طرح مستعمل ہے) نذر پکڑنا - ہدیہ دینا - پیش کش کرنا - نذر چڑھانا - کوئی چیز بطور چڑھاوے کے قبر وغیرہ پر چڑھانا - نذر دِکھانا - نقدی ہاتھ یا رومال پر رکھ کر بوقت ملاقات کسی نواب یا زمیندار وغیرہ کے روبرو پیش کرنا - نذر دینا - بطور تحفہ کسی بڑے کے سامنے پیش کرنا - رشوت دینا - فاتحہ کرنا ؎ انیس

کس کو ہے نظر تشنہ دہانی پہ ہماری
دے گا نہ کوئی نذر بھی پانی پہ ہماری

نذر کا پنجہ چڑھانا - علم پر منت کے لیے پنجہ چڑھاتے ہیں ؎ صبا

چڑھاؤں نذر کا پنجہ جو دیکھوں اس کے بازو کو

نذر کرنا - پیش کرنا - بھینٹ دینا - رشوت دینا - حوالہ کرنا - سپرد کرنا - نذر گزراننا - نقدی پیش کرنا (کسی امیر یا نواب کے سامنے) نذر ماننا - نذر گزراننا - کسی بزرگ دین یا متبرک شخص یا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں یہ عہد کرنا کہ اگر میرا فلاں کام پورا ہو گیا تو فلاں چیز فلاں جگہ چڑھاؤں گا یا دوں گا - نذر و نیاز (مو) ورود فاتحہ - شیرینی - بھینٹ - نذر نیاز دینا - کسی بزرگ کی نیاز یا فاتحہ دینا - نذر ہے - آپ کے لیے حاضر ہے - لے لیجیے - موجود ہے - نثار ہے - نذرانہ (مذ) بھینٹ - تحفہ - ہدیہ - نذرانہ دینا - بطور تحفہ پیش کرنا - بھینٹ چڑھانا - نذریں گزرنا - معزز کے سامنے تحفے رکھنا (دینا) نذریں ہونا - منتیں ماننا ؎ تعشق

ہر دم دُعا تھی احمد ثانی کے واسطے
نذریں ہوئی تھیں ان کی جوانی کے واسطے

نذیر :- (ع) ڈرانے والا - عذاب آخرت سے خوف دلانے والا - آنحضرت کا لقب۔

نر :- (س - ف - مذ) مرد - مادہ کا نقیض - نرگاؤ (مذ) بیل بلد - نرمادگی (مو) چپٹی کا ہُک اور حلقہ - کواڑ یا صندوق کا قبضہ - بازو - نرمادہ - نرمادین - پرند کا جوڑا - طبلے کا دایاں یا بایاں ہاتھ - نرمیش (مذ) مینڈھا - دُنبہ - نرینہ - نر (فرزند نرینہ - لڑکا)

نر :- (س) حرف نفی - نہیں - مرکبات میں بولا جاتا ہے - جیسے نراس (مو) نا اُمیدی - مایوسی - نراسا - (مذ) نا اُمید - نراسی (مو) نراس کرنا - نا اُمید کرنا - نراس ہونا - مایوس ہونا - نربل - کمزور - بودا - ماندا - نردوش - بے قصور - بے گناہ - نردوش ٹھہرانا - بے قصور ٹھہرانا۔

بری کرنا۔ نرودش ہونا۔ بے قصور ہونا۔ نرگن۔ پاک ذات۔ بے ہنر۔ نرمل۔ صاف۔ اُجلا۔ شفاف۔ نرنکار۔ جس کی کوئی شکل و صورت نہ ہو۔ پرماتما۔

نرا:۔ (ہ) اکیلا۔ صاف۔ محض۔ خالص۔ بے میل۔ سراسر۔ بالکل۔ نری (مو)

نرالا:۔ (ہ) انوکھا۔ عجیب۔ اچھوتا۔ جدا۔ علیحدہ۔ نرالی (مو)

نربسی:۔ (ہ۔ مو) ایک دوا۔ جدوار۔

نرت:۔ (ہ۔ مذ) ناچ میں بھاؤ بتانا۔ نرت کار۔ (ہ) بھاؤ بتانے والا۔ رقاص۔

نرتی ؎ میر حسن

نگاہیں جو نہ پڑتی تمام
کہاں تک میں لوں نرتکاروں کے نام

نرخ:۔ (ف۔ مذ) بھاؤ۔ مول۔ قیمت۔ نرخ بندی۔ قیمت کا تصفیہ۔ نرخ مقرر کرنا۔ نرخ توڑنا۔ بھاؤ گھٹانا۔ نرخ تیز ہونا۔ بھاؤ چڑھنا۔ نرخ چڑھانا۔ بھاؤ بڑھانا۔ نرخ چڑھنا۔ لازم۔ نرخ گھٹانا۔ بھاؤ کم کرنا۔ نرخ مقرر کرنا۔ کسی چیز کا بھاؤ نکالنا۔ نرخنامہ (مذ) بھاؤ کی فہرست۔

نرخرا:۔ (ا۔ مذ) گلے کی نی۔ سانس کی نی۔ نرخرا بولنا۔ گھرا چلنا۔ سانس کی آواز نکلنا۔ مرنے کی علامت ہے۔

نرد:۔ (ف۔ مو) چوسر یا شطرنج کی گوٹ۔ ایک بازی کا نام جسے تختہ نرد بھی کہتے ہیں (یعنی نرد) میں تختہ مارنا۔ مرنا۔ پیٹنا۔ پٹنا کے ساتھ۔

نردبان:۔ (ف۔ مو) سیڑھی۔ زینہ

نرزہ:۔ (مذ) چھوٹی ترزدو۔

نرس:۔ (مو۔ انگ) دایہ۔ بچہ پیدا کرانے والی۔ مریضوں کی تیمارداری کا فن جاننے والی۔

نرسنگا:۔ (ہ۔ مذ) ایک قسم کا بجانے کا سینگ۔ تُرہی۔ صور۔ نرسنگا بجانا۔ کرنا بجانا۔ جھگڑا بجانا۔

نرسوں:۔ (ہ۔ مو) پرسوں کے بعد کا دن۔ پرسوں کے قبل کا دن۔

نرغا (نرغہ):۔ (ت۔ مذ) آدمیوں کا حلقہ جو کسی کو گھیرنے کے لیے بنایا جائے۔ (امو) بھیڑ۔ دشواری۔ مشکل۔ نرغا کرنا۔ گھیرنا۔ چاروں طرف سے سخت شور کرنا۔ نرغا ہونا۔ گھرنا۔ محصور ہونا۔ نرغے میں آجانا۔ مصیبت میں گھر جانا۔ جان عذاب میں ہونا۔ نرغے میں جان ہونا۔ سخت مصیبت میں گرفتار ہونا۔ نرغے میں ڈالنا۔ گھیرنا۔ چاروں طرف سے گھیر لینا۔ نرغے میں ہونا۔ چاروں طرف سے گھر جانا۔

نرک:۔ (ہ۔ مذ) پاپیوں کے رہنے کی جگہ۔ دوزخ۔ (ہندوؤں کا روزمرہ ہے۔ نرکی۔ دوزخی۔ جہنمی۔

نرکل:۔ (ہ۔ مذ) نے۔ نرسل۔

نرگس:۔ (ف۔ مو) ایک قسم کا پھول جو آنکھ سے مشابہ ہوتا ہے۔ نرگس بیمار (مو) مراد مست آنکھ۔ نیم از چشم۔ نرگس شہلا (مو) نرگس کا وہ پھول جس کی کٹوری سیاہ ہوتی ہے۔ نرگسی۔ نرگس سے نسبت رکھنے والی ایک قسم کا کپڑا۔ ایک قسم کا تلا ہوا انڈا۔ ایک قسم کے کوفتے۔

نرم:۔ (ف) اردو میں عموماً اور بعض محاورات میں خاص و عام سب رے پر زبر بولتے ہیں۔ ملائم۔ گدگدا۔ پلپلا۔ وجھ لوچدار۔ سست۔ ڈھیلا۔ سہل۔ بردبار۔ نازک۔ غصہ کا ٹھنڈا ہو جانا۔ نرم آواز۔ ملائم اور مہین آواز۔ نرم بولی۔ شیریں زبانی و انکسار۔ نرم چارا۔ کنایہ۔ کمزور آدمی۔ زود ہضم غذا۔ نرم کوس۔ دو میل سے۔ نرم لگام۔ سبک وعنان۔ نرم خو۔ پسندیدہ خو۔ نیک مزاج۔ نرم دل۔ رحم دل۔ موم دل۔ نرم رو۔ نرم رفتار سے چلنے والا۔ نرم کرنا۔ ملائم کرنا۔ دھیما کرنا۔ ہلکا کرنا۔ نرم گرم۔ برا بھلا۔ زمانے کے رنج و راحت۔ نرم گرم اٹھانا۔ سہنا۔ سختی برداشت کرنا۔ برا بھلا سننا۔ نرما یا نرمہ (مذ) ایک قسم کا روئی کا درخت ایک قسم کا کپڑا۔ نرمانا۔ نرم کرنا۔ ملائم کرنا۔ دھیما کرنا۔ نرمی (مو) کسی معاملے میں آہستگی۔ نرماہٹ۔ نرمائی (مو) نرمی۔ ملایمت۔ نرمی (مو) ملایمت۔ نازکی۔ گدگدا پن۔ دھیما پن۔ پلپلا پن۔ ہلکا پن۔ مہربانی۔ نرم دلی۔ سہار۔

نروٹھا:۔ (ہ) بدشکل۔ بدصورت۔ نروگا۔ تندرست۔ بیماری سے بچا ہوا۔

نری:۔ (ہ۔ مو) بکری یا بکرے کا رنگا ہوا چمڑا۔

نرینہ:۔ (ف) دیکھو نر۔

نزار:۔ (ف) دبلا۔ کمزور۔ مفلس۔

نزاع: (ع - مو) جھگڑا - فساد - دشمنی - تکرار - تنازع - **نزاع لفظی** - (با خفا) بیکار کی بحث - لفظوں میں تکرار جس میں کوئی فائدہ نہ ہو -

نزاکت: (ا - مو) نازک ہونا - نازک پن - باریکی - خوبی - لطف - نفاست - کمزوری - ناتوانی - نازک مزاجی - دشواری (اس معاملہ میں بڑی نزاکت ہے - جسے تم نہیں سمجھتے) - **نزاکتیں دکھانا** - ناز و انداز دکھانا - نازک مزاجی دکھانا -

نزاہت: (ع - مو) پاکیزگی - پاکی - عیب سے پاک ہونا -

نزدات: (ا - مو) بقیہ مطالبہ - تحویل جو باقی ہو -

نزد: (ف) تابع فعل - نزدیک - پاس - آگے -

نزدیک: (ف) قریب - پاس - حساب میں - بارے میں - **نزدیک آ پہنچنا** - قریب آ جانا - **نزدیک پھٹکنا یا جانا** - قریب جانا - **نزدیک ہونا** - قریب ہونا - **نزدیکی** - قربت - پاس -

نزع: (ع - مو) جان کنی - دم توڑنا - **نزع کا عالم** - **نزع کی حالت** (مذ) جان کنی کی حالت - آخری وقت -

نزلہ: (ع - مذ) زکام - رطوبتوں کا آنکھوں پر یا بالوں پر یا دماغ وغیرہ پر گرنا اور اثر انداز ہونا - **نزلہ بر عضو ضعیف می ریزد** - مصیبت ہمیشہ کمزور پر آتی ہے - **نزلہ گرنا** - نزلہ زکام کا کسی خاص طرف رجوع ہونا - آفت کا آنا - شامت آنا - **نزلہ ہونا** - زکام ہونا -

نزول: (ع - مذ) اترنا - فروکش ہونا - قرآن کا اترنا - وہ پانی جو آنکھوں میں آ جاتا ہے - سرکاری زمین - ضبطی بری زمین - **نزول اجلال** - بڑے مرتبے والے کا آنا - **نزول وحی** - پیغمبر پر فرشتے کا پیغام الٰہی لانا - **نزول کرنا** - آشوب چشم میں مبتلا کرنا - ع شرف

آنکھیں نزول کیں مری پا کے انتظار میں

نزول ہونا - اترنا - فروکش ہونا - وحی آنا - **نزولی** - وہ چیز جو کہ سرکار ضبط ہو جائے -

نزہت: (ع - مو) خوش حالی - تر و تازگی - خوشی -

نزیل: (ع) مہمان - مسافر - پردیسی جو کسی سرائے میں جا کر اترے -

نژاد: (ف - مو) نسل - خاندان - نسب -

نژند: (ف) رنجیدہ - خفا - ذلیل -

نس: (ہ - مو) رگ - پٹھا - **نس پھڑکنا** - رگ یا پٹھہ اپنی جگہ سے بے جگہ ہو جانا - **نس دار** - رگ دار ریشہ دار - **نس کٹا** - (ہندو مسلمان کو کراہتہً کہتے ہیں) خواجہ سرا

فولاد خان گزرنے لگے ہم پہ دن کڑے
آیا نظر جب سے نس کٹا جو ہمارے پاس

نس مرنا - رگ یا پٹھے کا بے حس و حرکت ہو جانا - نفو - کمزور ہو جانا -

نس دن: (ہ) دن رات - ولی

عشق رنگین میں دیکھی ہے نس دن
جس نے دیکھی ہے تجھ خنا کی ادا

نساجال: (ہ - مذ) وہ جگہ جہاں بہت سی رگیں ہوں - بڑا جال جس سے نکلنا مشکل ہو - ج ابھر جبکہ سلطنت کا امن یا باہمی ارتباط آمد و رفت کے نساجال پھیلائے اور تعلیم و تربیت عام ہو جائے - سخندان فارس -

نساب: (ع) نسب نامہ جاننے والا - نسب ناموں کا علم رکھنے والا - نسب نامہ سنانے والا -

نساج: (ع) جلاہا - دروغ گو - سخن باز

نسا: (مو) عورتیں - بیبیاں - (خلاف قاعدہ امراۃ کی جمع)

نسب: (مذ) خاندان کا سلسلہ - اصل - **نسب نامہ** - (مذ) خاندان کا شجرہ - **نسب نما** (مذ) وہ عدد جس سے معلوم ہو کہ ایک عدد کے اتنے برابر حصے کئے گئے ہیں - **نسبی** - خاندان -

نسبت: (ع - مو) تعلق - لگاؤ - مشابہت - منگنی - حوالہ - نظیر - **نسبت آنا** - رشتہ آنا - بات آنا - **نسبت ٹھہرنا** - منگنی ہونا - رشتہ ہونا - **نسبت دینا** - تعلق ظاہر کرنا - تشبیہ دینا - **نسبت کرنا** - منگنی کرنا - سگائی کرنا - **نسبت ہونا** - مناسبت ہونا - تعلق ہونا - مشابہت ہونا - منگنی ہونا - **نسبتی** - (مو) نسبت رکھنے والا - رشتہ دار - **نسبتی بھائی** (مذ) سالا - بہنوئی -

نسترن: (ف - مو) ایک قسم کا خوشبودار سفید پھول - سیوتی - سیوتی کا پھول -

نستعلیق: (ع - مذ) فارسی اور اردو کا خط - مہذب - متین - **نستعلیق آدمی** - نہایت خلیق

مہذب آدمی۔ نستعلیق گفتگو۔ نہایت شستہ اور مہذب بات چیت۔ نستعلیق کو (مذ) فصیح آدمی۔ خوش بیان آدمی۔

نسخ (ع۔ مذ) تردید۔ منسوخی۔ رد کرنا۔ عربی کا خط۔ نسخ ہونا۔ منسوخ ہونا۔

نسخہ (ع۔ مذ) کتاب۔ رسالہ۔ کاغذ جس پر حکیم دوائیاں لکھ کر دیتا ہے۔ ترکیب۔ چٹکلا۔ ڈھنگ۔ نسخہ باندھنا۔ عطار کا لکھے ہُوئے پرچے کے مطابق دوائیاں باندھ کر دینا۔ نسخہ لکھنا۔ نسخہ تجویز کرنا۔ دواؤں کے نام پرچے پر لکھنا۔

نسر (ع۔ مذ) گدھ جو ایک مشہور پرندہ ہے۔ نیز ایک برجِ آفتاب۔

نسرین (ف۔ مذ) ایک قسم کا سفید پھول۔

نسق (ع۔ مذ) دستور۔ ترتیب۔ بندوبست۔ انتظام۔ روش۔

نسل (ع۔ مو) بال بچے۔ خاندان۔ اصل۔ قوم۔ نسل بڑھانا۔ پود بڑھانا۔ نسل زیادہ کرنا۔ نسل بڑھنا۔ اولاد زیادہ ہونا۔ پود بڑھنا۔ نسل بڑھنا۔ اولاد زیادہ ہونا۔ پود بڑھنا۔ نسل دار۔ اچھی نسل کا۔ نسلاً بعد نسل۔ پشت در پشت۔ نسل لینا۔ مادہ جانور کو کسی اصیل نر سے جفتی کرانا۔ مجازاً کسی پودے کی پود لگانا۔

نسناس (ع۔ مذ) ایک قسم کا حیوان جو انسان سے مشابہ ہوتا ہے۔

نسوار (ف۔ مو) سونگھنے کا پسا ہوا تمباکو۔ ناس۔ ہلاس۔ نسوار سونگھنا۔ نسوار لینا۔ نسوار ناک میں لینا۔

نسوان (ع۔ مو) نساء کی جمع۔ عورتیں۔ مستورات۔ بیویاں۔

نسوت (ف) نتھرا ہوا۔ خالص پانی یا شوربا جس میں کام کو بوٹی نہ ہو۔

نسیاً منسیاً (ع) فراموش۔ بالکل بھولا ہوا یا زیادہ جستہ۔

نسیان (ع۔ مذ) بھول۔ چوک۔ خطا۔ نسیان ہونا۔ بھول کا مرض ہونا۔

نسیم (ع۔ مو) نرم اور دھیمی ہوا۔ صبح کی ہوا۔ ٹھنڈی ہوا۔ نسیمِ سحر یا نسیمِ صبح (مو) صبح کی خوشگوار ہوا ہے۔ داغ

مژدہ اے شوق کہ کچھ خوش خبری لاتی ہے
جھومتی آج نسیمِ سحری آتی ہے

نسیہ (ع۔ مذ) اُدھار۔ وہ چیز جو نقد نہ ہو۔

نشاتِ ثانیہ (ع۔ مذ) دوبارہ۔ از سرِ نو پیدا ہونا۔ مستقبل۔ تہذیب و تمدن کو زندہ ہونا اور ترقی پانا۔

نشاتین (ع۔ مذ) دونوں جہان۔ دنیا و آخرت۔ ع
نشہ یہ ہے کہ ہوش نہیں نشاتین کا ۔ شمیم

نشاطِ خاطر (ف) مو) دل جمعی۔ اطمینان۔ تسلی۔ اچھا کرنا۔

نشاستہ (ف۔ مذ) چھانا ہُوا مغزِ گندم۔ گیہوں کا ست یا سار۔ ماندی۔ کلف۔ پیچ۔

نشاط (ع۔ مو) خوشی۔ لطف۔ عیش۔ مزہ۔ نشاط پرست۔ مست۔ نشاطِ کار۔ تمناؤں کی اُمنگ۔

نشان (ف۔ مذ) آثار۔ علامت۔ کھوج۔ سراغ۔ یادگار۔ جھنڈا۔ علم۔ پھریرا۔ ایڈریس۔ داغ۔ دھبا۔ نقشِ قدم۔ بادشاہ کا فرمان۔ تمغا۔ اثر۔ نشان اُٹھنا۔ علم اُٹھنا۔ نشان باقی نہ رہنا۔ یادگار نہ رہنا۔ نیست و نابود ہو جانا۔ نشان بردار یا نشانچی (مذ) جھنڈا لے کر چلنے والا۔ نشان بنانا۔ علامت بنانا۔ نشانِ پا۔ نقشِ قدم۔ نشان پانا۔ پتا پانا۔ سراغ پانا۔ نشان پڑنا۔ دھبا پڑنا۔ چوٹ کی علامت باقی رہنا۔ نقش بن جانا۔ نشان چڑھانا۔ منگنی کی تقریب میں انگوٹھی یا چھلا دلہن کو پہنانا۔ نشان دینا۔ سراغ دینا۔ بتا دینا۔ کوئی علامت بتانا۔ تصدیق کرنا۔ صحیح کرنا۔ نشان ڈالنا۔ نشان پڑنا کا تعدی۔ نشان رہ جانا۔ علامت یا یادگار باقی رہ جانا۔ نشان سے گزر جانا۔ ناموری حاصل کرنے کی خواہش نہ رہنا۔ نشان کرنا۔ دھبا ڈالنا۔ داغ دینا۔ نمبر ڈالنا۔ صحیح کرنا۔ علامت بنانا۔ نشان گاڑنا۔ جھنڈا گاڑنا۔ نشان مٹانا۔ علامت مٹانا۔ یادگار مٹانا۔ نشان مٹنا۔ لازم۔ نشان ملنا۔ سراغ ملنا۔ نشان نہ رکھنا۔ نیست و نابود کر دینا۔ تباہ و برباد کر دینا۔ نشان نہ ہونا۔ پتا نہ ہونا۔ نشان ہونا۔ پتا ہونا۔ نشان پڑنا ہے۔ آتش

فرشِ گل پر وہ نزاکت سے نہیں سو سکتے
تنِ نازک پہ رگِ گل سے نشاں ہوتا ہے

نشانہ (ف۔ مذ) وہ علامت جو تیر یا بندوق کی گولی مارنے کے واسطے بنا دیں یا وہ جگہ جہاں نشانہ مارا جائے۔ نشست۔ زد۔ گولی یا تیر کے لگنے کی جگہ۔ نشانہ اڑا دینا۔ ٹھیک نشانہ لگانا۔ نشانے کی جگہ کو تیر تفنگ یا غلے سے

غائب کر دینا۔ **نشانہ انداز**۔ ٹھیک نشانہ لگانے والا۔ نشانہ باندھنا۔ ٹھیک ٹھیک لگانا۔ نشانہ بنانا۔ نشانہ کرنا۔ شست یا مشق کی جگہ بنانا۔ نشانہ جوڑنا۔ نشانہ تاکنا۔ نشانہ چوکنا یا نشانہ خالی جانا۔ وار خالی جانا۔ ٹھیک نشانہ نہ پڑنا۔ نشانہ کرنا۔ نشانہ بنانا۔ وار کرنا۔ شکار کرنا۔ نشانہ لگانا۔ شست باندھ کر نشانہ مارنا۔ نشانہ مارنا۔ شست باندھ کر نشانہ اڑانا۔ نشانہ ہونا۔ شکار ہونا۔ مارا جانا۔ مقام شست ہونا۔ **نشانی** (مو) کوئی یادگار۔ پہچان۔ علامت۔ **نشانی کا چھلا** (مذ) وہ چھلا جو اپنی یاد تازہ رکھنے کے لیے دیا جائے۔ نشانی دینا۔ بطور یادگار کوئی چیز دینا۔ نشانی مانگنا۔ بطور یادگار کوئی چیز مانگنا۔

نشتر:- (ف۔ مذ) (بفتح زیر مستعمل زبر) زخم چیرنے یا فصد کھولنے کا دو دھار اوزار۔ ڈنک۔ کوئی چبھنے والی چیز۔ نشتر چبھونا۔ نشتر مارنا۔ طعنہ دینا۔ نشتر لگانا۔ نشتر مارنا۔ طعنے دینا۔

نشٹ:- (ف میں بفتح نون اور آخر میں ت۔ س میں بکسر نون اور آخر میں ٹ) تباہ۔ برباد۔ خراب۔ نشٹ کرنا۔ برباد ہونا۔ خراب ہونا۔

نشر:- (ع) اشاعت۔ کسی بات کو پھیلانا اور شائع کرنا۔ منتشر کرنا۔ حشر کے ساتھ ہو تو اس کے معنی زندہ کرنے کے ہوتے ہیں۔ نشر کرنا۔ مشہور کرنا۔ براڈ کاسٹ کرنا۔ بدنام کرنا۔ شائع کرنا۔ نشر ہونا۔ بدنام ہونا۔ براڈ کاسٹ ہونا۔ شائع ہونا۔

نشرہ:- (ا۔ مذ) بچے کے قرآن ختم کرنے کی خوشی۔ وہ اب ت جو زعفران وغیرہ سے استاد طالب علم کی تختی پر مکتب نشینی کے دن لکھتا ہے۔

نشست:- (ف۔ مو) بیٹھک۔ کرسی۔ صحبت۔ کسی چیز کا موزونیت کے ساتھ کسی جگہ چسپاں ہو جانا۔ الفاظ کی نشست۔ کمرے کے سامان کی نشست۔ نشست برخاست (مو) اٹھنا۔ بیٹھنا۔ مجلس کے آداب۔ نشست برخاست ہونا۔ کسی جگہ اٹھنا بیٹھنا ہونا۔ نشست گاہ مو بیٹھنے کی جگہ۔ بیٹھکا۔

نشو:- (ع۔ مذ) بالیدگی۔ بڑھنا۔ بڑا ہونا۔ نشوونما۔ (مو۔ نیز مذکر) بڑھنا اور اگنا۔ پرورش پانا۔ نشوونما ہونا۔ پھلنا۔ پھولنا۔

نشور:- (ع۔ مذ) حشر۔ مردے کا زندہ ہونا۔ (قیامت کے دن)

نشہ:- (ف۔ اکثر نشّا۔ کمتر نشَا) اکثر اساتذہ قدیم نے نشہ ہی لکھا ہے۔ وہ کیفیت سرور جو مسکرات کے استعمال سے ہوتی ہے۔ ؎ ناسخ

جو کچھ کہ دل میں ہے وہ ہے جاری زبان پر
نشہ ہے مجھ کو بادۂ خم غدیر کا

گھمنڈ۔ غرور۔ نشہ اتارنا۔ نشہ دور کرنا۔ غرور مٹانا۔ نشہ اترنا۔ لازم۔ **نشے باز**۔ شراب خوار۔ نشہ بود ہونا۔ ایسا نشہ ہونا جس میں جرأت و ہمت جاتی رہے۔ نشہ پانی۔ نشے کی چیز کھانا پینا۔ رشوت اڑانا۔ کرنا کے ساتھ۔ نشہ جمنا۔ نشے کا پائدار ہونا۔ نشہ پیدا ہونا۔ نشہ جوان ہونا۔ نشے کا تیز ہونا۔ نشہ چڑھنا۔ مسرور ہونا۔ بیہوشی چھانا۔ مسرت ہو جانا۔ نشہ چھانا۔ نشے کی کیفیت طاری ہونا۔ **نشہ کا اتار**۔ نشے کا زوال۔ خمار۔ نشہ مٹی یا کرکرا کرنا۔ عیش میں خلل ڈالنا۔ رنگ میں بھنگ۔ نشہ کرنا۔ نشہ پیدا کرنا۔ نشہ لانا۔ نشہ پینا۔ نشے کی ترنگ خمار کی دھن۔ مستی کا جوش۔ غرور۔ نشہ مستی کر دینا۔ مزا خراب کرنا۔ نشۂ مردانگی۔ (باضا) قوت کا گھمنڈ۔ نشے میں جھنگ ہونا۔ نشے میں غرق ہونا ؎ آتش۔ (اشعر میں شا مشدد نہیں)

دل مرا پی کر محبت کی شراب
نشے میں جھنگ رہا کرتا ہے

نشہ ہونا۔ غرور۔ گھمنڈ۔ خمار ہونا۔ نشے میں غین ہونا۔ نشے کی زیادتی میں بدحواس ہونا۔ نشہ ہرن کرنا۔ نشہ دور کر دینا۔ بے ہوشی سے ہوش میں آجانا۔ غرور دور ہونا۔ نشہ ہرن ہونا۔ لازم

نشیب:- (ف۔ مذ) پست زمین۔ پستی۔ **نشیب و فراز**:- (مذ) اونچ نیچ۔ زمانے کا نفع نقصان۔ نشیب و فراز دکھانا۔ اونچ نیچ سمجھانا۔ کسی بات کی برائیاں اور بھلائیاں جتانا۔

نشیلا:- (ا۔ مذ) نشے میں بھرا ہونا۔ متوالا۔ مست۔ نشہ آور۔ نشیلی۔ (مو) نشہ میں بھری ہوئی۔ متوالی۔ نشہ آور۔ نشیلی آنکھ۔ مخمور آنکھ۔ چشم مست۔ نشیلی چیز۔ نشہ آور چیز۔ زہریلی چیز۔

نشیمن:- (ف۔ مذ) آرام کی جگہ۔ حویلی۔ پرندوں کا گھونسلا۔ نشیمن اڑ جانا۔ گھونسلا برباد ہونا۔ نشیمن بنانا۔ گھونسلا بنانا۔ آرام کی جگہ بنانا۔ نشیمن کرنا۔ آشیانہ بنانا۔

نص:- (ع۔ مو) قرآن شریف کی آیت۔ حدیث شریف۔ وہ حکم جو صاف اور صریح ہو۔

نصاب:- (ع۔ مذ) سرمایہ۔ اتنا مال جس پر زکوٰۃ دینی واجب ہو۔ پڑھائی کا کورس۔ جانچ

قول - اندازہ - نصاب میں داخل کرنا - کورس میں شامل کرنا -

نَصَارےٰ :- (ع) عیسائی - مسیحی -

نَصَائِح :- (ع - مو) نصیحت کی جمع -

نَصْب :- (ع) - مذ) کھڑا کرنا - گاڑنا - قائم کرنا - زبر - نصب العین - مذ) نظر - مقصد اصل - نظریہ

نَصْر :- (مو) یاری - مدد - حمایت -

نَصْرانی :- (ع - مذ) عیسائی مذہب کا آدمی -

نُصْرَت :- (ع - مو) فتح - مدد - یاری - جیت -

نِصْف :- (ع) آدھا - نصف النہار (مذ) خط نصف النہار جو ایک قطب سے دوسرے قطب تک چلا گیا ہے - دوپہر کا وقت - نصفا نصف - آدھوں آدھ ٹھیک آدھا - نصفا نصفی - آدھوں آدھ - تنصیف کرنا - آدھا کرنا - نصفا نصف کرنا - آدھا آدھا کرنا - تقسیم کرنا -

نَصَفَت :- (ع - مو) عدالت - انصاف -

ع ذوق

ہے تیری فرد قربی فرد فردوں کا نشاں
نصفت کو تیری دیکھ کر کسرے کو بھی ہو کسریں

نَصُوح :- خالص - سچی توبہ کرنے والا - ایک مومن تائب کا نام - نصوحا کی توبہ - وہ توبہ جو ہمیشہ کے لیے ہو -

نُصُوص :- (ع - مذ) نص کی جمع -

نَصِیب :- (ع - مذ) قسمت - تقدیر - حصہ - حاصل میسر - بخت کے قسمت کے ع عاشق

کیسا گھلا دیا شب تار فراق نے
شاید نصیب ہجر اعضا بدن کے ہیں

نصیب آزمانا - قسمت کے بھروسے پر کوئی کام کرنا - قسمت کا امتحان لینا - نصیب اعدا - کلمۂ دعا - دشمنوں کو نصیب ہو - خدا نہ کرے - نصیب الٹنا - مقدر بگڑنا - نصیب بگڑنا - شامت آنا - قسمت پھوٹنا - نصیب پانا - خوش قسمتی یا بد نصیبی ہونا - نصیب پھرنا - اقبال کو زمانہ آنا - اچھے دن آنا - نصیب پھوٹنا یا پھوٹ جانا - تقدیر بگڑنا - بُرے سے پالا پڑنا - بُرے شوہر سے بیاہا جانا - نصیب ٹیڑھا ہونا - بد قسمت ہونا -

نصیب جاگنا - قسمت چمکنا - اقبال کا زمانہ آنا - نصیب چمکنا - نصیب پلٹنا - اچھے دن آنا - نصیب دشمناں - دعا کلمہ نصیب اعدا - نصیب سیدھے (یا سیدھی) ہونا - حالات قسمت کا مرضی کے موافق ہونا - نصیب سونا - بد قسمت ہونا - نصیب کا برائی کو آجانا - مقدر خراب ہو جانا - نصیب کا ستارا چمکنا ڈوبنا - طالع - مقدر - نصیب کا دکھانا - آئندہ کے خطرے پیش آنا - نصیب کا لکھا پورا ہونا - مصیبت نازل ہونا - مصیبتیں پڑنا - نصیب کرنا - میسر ہونا - عنایت ہونا - نصیب کو رونا - تقدیر کا گلہ کرنا - مصیبتوں پر ماتم کرنا - نصیب کھلنا - نصیب پھرنا - قسمت جاگنا - نصیب کی شامت - بدبختی - نصیب کی قسم کھانا - کسی کی خوش نصیبی پر رشک کرنا - قسمت لڑنا - قسمت آزمائی کرنا - قسمت لڑانا - اتفاقاً خوش قسمتی سے کچھ ملنے کی امید ہونا - دو شخصوں کی امید ایک سے وابستہ ہونا - اقبال مند کامیاب ہونا - نصیب ملنا - حصہ ملنا - مقدر ہونا ع ناسخ

نہ کوئی مال دُنیا کا اٹھائے جائے گا سر پر
زمانے میں نصیب ایسا ملا بس ایک قارون کو

نصیب ہونا - میسر ہونا - ہاتھ لگنا - نصیبا یا نصیبہ - (مذ) حصہ - قسمت - تقدیر - نصیبا پھوٹنا - مقدر ہونا سو جانا - سیدھا ہونا - کھل جانا (کم مستعمل ہے) نصیبا پھرنا - جاگنا - چمکنا) اچھے دن آنا - اقبال مند ہونا - نصیبوں جلا - بدبخت - بد قسمت - نصیبوں جلی - بد قسمت عورت - نصیبوں سے ملنا - قسمت سے ملنا - خوش قسمتی سے حاصل ہونا - نصیبوں کا لکھا پورا ہونا - دیکھو نصیب کا لکھا پورا ہونا - نصیبوں کی شامت - بدبختی - نصیبوں کی گرہ کھلنا - بد قسمتی نہ رہنا - نصیبے کا پھیر - قسمت کا چکر - نصیبے کا دھنی - نصیبے ور - مقدر ع اوج

تھی ان دلیروں سے کس کو مجال تیغ زنی
نصیبے کے بھی دھنی ایک بات کے بھی دھنی

نصیبوں کو رونا - بد قسمتی کو رونا - قسمت کے لکھے پر افسوس کرنا - نصیبوں کی خوبی - خوش قسمتی - طنزاً بد قسمتی - نصیبہ کھلنا - تقدیر جاگنا - اچھے دن آنا - نصیبہ کھل جانا - دن پھرنا - قسمت کا یاور ہونا - نصیبے میں ہونا - قسمت میں ہونا - نصیبے ور - صاحب قسمت - خوش قسمت -

نَصِیحَت :- (ع - مو) صلاح نیک - پند - نیک مشورہ - تنبیہ - عبرت - سزا - نصیحت آمیز - وہ بات جس میں کوئی نیک صلاح ہو - نصیحت پانا - نیک صلاح ملنا - عبرت پکڑنا - سزا پانا - نصیحت دینا - بھانا - عبرت دلانا - نصیحت کرنا - سمجھانا - تنبیہ کرنا - نصیحت گو -

نیک صلاح دینے والا۔ نصیحت ہونا۔ کان ہونا۔ سمجھ جانا۔ عبرت حاصل ہونا۔ تنبیہ ہونا۔

نَصِیر: (ع۔ مذ) مدد کرنے والا۔ دوست۔

نُصَیری: (ع) نُصَیر کے پیرو۔ نُصَیر وہ عرب جو حضرت علیؓ کو خدا کہتا تھا۔ حضرت علیؓ نے اُسے قتل کرکے اپنی کرامت سے پھر زندہ کیا اور پوچھا "میں کون ہوں؟" اس نے کہ خدا۔ اسی طرح اُسے کئی بار قتل کیا گیا۔ مگر اس اپنا عقیدہ نہ بدلا۔ اس کے عقیدے پر جو لوگ اب بھی قائم ہیں۔ وہ نصیری کہلاتے ہیں۔

نَضَارت: (ع۔ مو) تازگی۔ آب و تاب۔

نُضج: (ع۔ مذ) میوے کی پختگی۔ خلط فاسد کو بذریعہ دوا غلیظ یا رقیق کرکے نکالا جانا۔ انضج جو مسہل سے پہلے طبیب پلاتے ہیں۔ وہ اسی سے بنا ہے۔

نَطع: (ع۔ مذ) وہ چمڑے یا ٹاٹ کا استر جو چاندنی یا دسترخوان کے نیچے بچھایا جائے۔ (دیکھو نطع)

نُطفَہ: (ع۔ مذ) منی۔ اولاد۔ نطفۂ بے تحقیق۔ حرامی۔ نطفۂ حرام۔ حرامی۔

نُطق: (ع۔ مذ) بولنے کی طاقت۔ بات۔ گویائی۔

نُطُول: (ع۔ مذ) گرم پانی سے دھارنا۔ بخار میں نطول مفید ہوتا ہے۔

نِظَارت: (ع۔ مو) دیکھنا۔ نگہبانی۔ ناظر کا عہدہ۔ نظّارگی (مو) نظارہ دیکھنا نیز دیکھنے والا (مذ) کر ہو یا مونث۔

نَظَّارہ: (ف۔ مذ) نظر ڈالنا۔ دیدار۔ نظر۔ تماشہ۔ سیر۔ نظارہ بازی (مو) دیدار بازی۔ گھور اگھاری۔ نظارہ دیکھنا۔ جلوہ دیکھنا۔ حسین دیکھنا۔ تماشا کرنا۔ نظارہ کرنا۔ دیکھنا۔ دیدار کرنا۔ نظارہ مارنا۔ نظارہ کرنا (اہل دکن کا لفظ نظارا۔ و۔ نظارا) سے حاتم

چھپا نہیں جا بجا حاضر ہے پیارا
کہاں وہ چشم جو مارے نظارا

نِظَام: (ع۔ مذ) بند و بست۔ انتظام۔ سلسلہ۔ روش۔ طریقہ۔ ترتیب۔ آراستگی۔ باقاعدگی۔ نظام بطلیموسی۔ بطلیموس یونانی کا فلسفہ جس میں زمین کو مرکز عالم قرار دیا ہے۔ نظام شمسی۔ فیثا غورث یونانی کا نظام جس میں زمین کو مرکز عالم قرار دیا ہے۔ نظام بگڑنا۔ انتظام میں خلل آنا۔ بدامنی ہونا۔ نظام درست ہونا۔ امن ہونا۔ بدنظمی دور ہونا۔ نظامت (مو) بند و بست۔ ناظم کا محکمہ یا کام

نَظَائر: (ع۔ مو) نظیر کی جمع۔ مثالیں۔

نَظَرا: (ا۔ مذ) صاحب نظر۔ جوہری یا تلوار کی پہچان کرنے والا۔ نظرا جانا۔ نظر آ جانا۔ نظر لگنا۔ سے رند

باغ میں اد گل تو نظرا گیا
خون بلبل سے تجھے نہلایئے

نَظَر: (ع۔ مو) غور سے دیکھنا۔ نگاہ۔ چتون۔ آنکھ۔ آنکھ کی روشنی۔ نگرانی۔ دیکھ بھال۔ تعلق۔ نسبت (اس نظر سے کبھی تم نے سوچا) تمیز۔ جانچ۔ شناخت۔ پرکھ۔ (ان باتوں کے سمجھنے کو نظر درکار ہے) اندازہ۔ تخمینہ۔ قیاس۔ اُمید۔ توقع۔ نظر بد۔ جن اور پری کا سایہ۔ غور و فکر و توجہ و تامل۔ نظر اتارنا۔ بُری نظر کا دفعیہ کرنا۔ صدقہ دینا۔ نظر اٹھانا۔ نگاہ اونچی کرنا۔ نظر آجانا۔ دکھائی دینا۔ نظر آنا۔ دکھائی دینا۔ ملنا۔ نظر انداز کرنا۔ دیکھنے سے چھوڑ جانا۔ توجہ نہ کرنا۔ نظر انداز ہونا۔ بھول جانا۔ ٹالنا۔ بھولے سے چھوڑ جانا۔ نظر اندازی۔ نگاہ ڈالنا۔ صفت جانچ۔ نظر باز۔ تاڑنے والا۔ تاکنے والا۔ چالاک۔ مردم شناس۔ حسن پرست۔ نظر بازی (مو) دیدار بازی۔ نظر بازی کرنا۔ تاڑنا۔ گھورنا۔ آنکھیں لڑانا۔ نظر باندھنا۔ جادو کے زور سے کچھ کا کچھ دکھانا۔ نظر بچا جانا۔ آنکھ بچانا۔ بچ کر نکلنا۔ کترانا۔ نظر بد (مو) بُری نظر۔ بُری نظر کا اثر۔ نظر بد لگنا۔ بدنگاہی کا اثر ہونا۔ نظر لگنا۔ نظر بدلنا۔ تیور بدلنا۔ نظر میں فرق آنا۔ ارادہ بدلنا۔ نظر بڑھنا۔ روشنی تیز ہونا۔ بصیرت و مطالعہ زیادہ ہونا۔ نظر بند۔ وہ شخص جس کی نگرانی کی جائے۔ گرفتار۔ نظر بند کرنا۔ نگرانی میں رکھنا۔ قید کرنا۔ پابندی لگانا۔ نظر بند ہونا۔ نگرانی میں ہونا۔ حراست میں ہونا۔ نظر بندی (مو) حراست میں کرنا۔ نگرانی میں رکھنا۔ جادوگری۔ نظر بھر کر دیکھنا۔ نہایت غور سے یا سیر ہو کر دیکھنا۔ نظر پر چڑھنا۔ نظر میں جچنا یا ممتاز ہونا۔ دل کو بھانا۔ اندازہ کیا جانا۔ نظر پڑ جانا۔ دکھائی دینا۔ دھیان میں آجانا (نظروں اور چڑھانا بھی)، نظر پڑنا۔ دیکھنے میں آنا۔ اتفاقاً نظر آنا۔ دکھائی دینا۔ دھیان میں آنا۔ بنظر خواہش دیکھنا۔ نظر پھر جانا۔ رُخ پھر جانا۔ ناراض ہو جانا۔ وہ مہربانی نہ رہنا۔ نظر پھسلنا۔ نہایت صاف شفاف ہونا۔ نگاہ نہ ٹھہرنا۔ نظر پھیر کنا۔ نظر بد اتارنے کے لیے جو کپڑا جلے اس سے شعلے کی مہک۔ نظر پھیر لینا۔ سرسری طور سے گزرنا۔ بے توجہی و بے رخی برتنا

پھیر لیتے ہیں نظر وہ تو زمانے کی طرح
کس طرح الفت جلیل آنکھ لگائے کوئی ؎

نظر پھینکنا - چاروں طرف دیکھنا - **نظر دوڑانا** - **نظر تو بشر میں اثر کرتی ہے** - نظر بد بری بلا ہے - **نظر ٹھہرنا** - نظر جمنا - نظر کم ہونا - **نظر تاڑ لینا** - (امالہ) سے سمجھ لینا ؎ بحر

سب کے آگے تری مجھ سے ہے یہ چشمک بازی
تاڑ لے گا کوئی عیار یہ چتون یہ نظر

نظر تیز پڑنا - غصے کی نگاہ پڑنا - **نظر ثانی** (مو) یہ نظر اصلاح دوبارہ دیکھنا - پڑتال - ترمیم - **نظر جانا** - نگاہ پہنچنا - **نظر خیرہ ہونا** - چکا چوند ہونا - آنکھ کا تیز روشنی یا شرمندگی سے جھکنا - **نظر جلانا** - (جنتا لازم) چھوت جھاڑنا - بری نظر کا دور کرنا - **نظر جمانا** - نظر جما کر دیکھنا - غور سے دیکھنا - **نظر جمنا** - نگاہ ٹھہرنا - نگاہ قائم ہونا - **نظر جھاڑنا** - منتر کے زور سے بری نظر کا اثر دور کرنا - **نظر چرا کر دیکھنا** - چوری سے دیکھنا - دوسروں سے نظر بچا کر دیکھنا - **نظر چرانا** - آنکھ چرانا - جھینپنا - کترانا - **نظر چڑھنا** - خاطر میں آنا - دیکھنے میں آنا - پرکھا جانا - قیمت پانا - پسند آنا - **نظر گرنا** - معزز ہونا - حقیر ہونا - رسوا ہونا - زور پر آنا ؎ انیس

چاہا جو تو اور بڑھ گئی عزت کس کی
بے سر ہوئی وہ صف جو نظر چڑھ گئی اس کی

نظر درست ہونا - اچھے انداز ہونا ؎ مصحفی

کچھ مجھ سے ان دنوں نہیں اس کی نظر درست
پہنچی ہے میرے عشق کی اس کو خبر درست

نظر دکھانا - بجائے آنکھ دکھانا - غصے سے دیکھنا ؎ [illegible]

وہ اتر جائے سب کی نظروں سے
تو جسے قہر کی دکھائے نظر !

نظر دوچار ہونا - آنکھ سے آنکھ لڑنا - آمنا سامنا ہونا - **نظر دوڑانا** - ڈھونڈنا - ادھر ادھر دیکھنا - **نظر ڈالنا** - سرسری طور پر دیکھنا - دیکھنا - **نظر رکھنا** - توجہ رکھنا - میل رکھنا - نگرانی رکھنا - دھیان رکھنا - نیت رکھنا - شناخت رکھنا - **نظر سے اتارنا** - نظر سے گرانا - قدر کم کرنا - **نظر سے اترنا** - بے قدر ہونا - حقیر ہونا - **نظر (وں) سے پہچاننا** - انداز نگاہ دیکھ کر سمجھ جانا ؎ مصحفی

کیا فراست ہے کہ نظروں سے وہ پہچان گیا
دل میں عاشق کے اگر حرف تمنا گزرا

نظر سے ٹپکنا - چہرے سے ظاہر ہونا - **نظر سے گرانا** - دل سے اتارنا - حقیر کرنا - **نظر سے گرنا** - بے قدر ہونا - سبک ہونا - ذلیل ہونا - **نظر سے نظر ملانا** - آنکھیں ملانا - **نظر سے نظر ہونا** - آنکھیں چار ہونا - دوچار ہونا - **نظر سے نکلنا** - **نظر سے گزرنا** - دیکھنے میں آنا - **نظر سے غائب ہونا** - **نظر سیدھی ہونا** - توجہ مہربانی ہونا - **نظر غلط انداز** (مو) وہ جب عاشقوں کو دھوکہ دینے والی نظر کہ معشوق کسی کو دیکھ رہا ہے - **نظر فریب** - نظر کو لبھانے والا - **نظر کا تعویذ** - وہ تعویذ جو نظر بد سے بچائے یا نظر دور کرنے کے لیے لکھا جاتا ہے - **نظر کرنا** - دیکھنا - اشارہ کرنا - توجہ کرنا - [illegible] کرنا ؎ مصحفی

کرتا نہیں کسی میں زر و مال پر نظر

جس شخص کا نام دفتر سے کاٹ دیا جاتا ہے تو کہتے ہیں اس کے سر پر نظر کر دی گئی - **نظر کا کھا جانا** - **نظر لگ جانا** - بری نظر کے اثر سے نقصان پہنچنا - کسی کی ٹوک سے تباہ ہو جانا - **نظر گڑنا** - نگاہ جمنا - **نظر گزر** (مو) بری نظر کا اثر ؎ ذوق

جلا رہے ہیں سویدا سے دل کو ہم اپنے
نظر گزر کو تم اسپند کیا جلاتے ہو

نظر گزر کا - وہ کھانا جسے کسی ندیدے نے دیکھا ہو - تھوڑی سی کھانے کی چیز پھینکنا - دینا ؛ نظر گزر کا دودھ پھینک دو یا ہم کو نظر گذر کا دیا خود سب رکھ لیا (**نظر گذر کا ٹیکا** (مو) خوب صورت تندرست بچوں کے ماتھے یا گالوں میں کاجل کا ٹیکا نظر سے بچانے کے لیے لگایا جاتا ہے - **نظر گزر ہونا** - نظر لگنا - جن یا بھوت کا اثر ہونا - **نظر لڑنا** - نگاہ چار کرنا (عوا) نظر بازی - عشق کرنا - **نظر لڑانا** - ایک نگاہ سے نگاہ دوچار ہونا - **نظر لگا** - نگاہ بد سے متاثر - **نظر لگانا** - گھورنا - نظر بد سے دیکھنا - ٹوکنا - **نظر لگنا یا لگ جانا** - بری نظر کا اثر کرنا - عشق ہونا - **نظر مارنا** - آنکھ مارنا - اشارہ کرنا - آنکھ سے اظہار عشق کرنا - **نظر ملانا** - آنکھ سامنے کرنا - آنکھ لڑانا - **نظر ملنا** - آنکھ سامنے ہونا - دوچار ہونا - **نظر میں** - نگاہ میں - سامنے - خیال میں - شناخت میں - **نظر میں آنا** - معلوم ہونا - خیال میں آنا - ٹوک میں آنا - نظر چڑھنا - **نظر (وں) میں بھانپنا** / بھانپ جانا - دیکھتے ہی سمجھ جانا - ؎ منیر

بوسہ جو مانگتا ہوں اشاروں میں کہتے ہیں
نظروں میں لوگ بھانپ رہے ہیں ارے نہیں

نظر (وں) میں بھرنا - با عزت ہونا ؛ "میں حسین ہوں اور میری بیوی نظروں میں بھرتی نہیں" (محصنات) **نظر میں پھر جانا** - آنکھوں کے سامنے تصور یا خیال آ جانا - **نظر (وں) میں پھرنا** - خیال میں رہنا - تصور میں آنا - **نظر میں تولنا** - نظر سے جانچنا - **نظر (وں) میں جہان اندھیر ہونا** - بہت غم اندھیر ہونا ؎ واجد علی شاہ

دل غم نے لیا ہجر [illegible] کا گھر
نظروں میں ہوا جہان اندھیر

نظر میں چڑھنا - نگاہ میں جچنا - پیش نظر ہونا - **نظر (وں) میں حقیر ہونا** - دوسرے کے سامنے ذلیل ہونا - **نظر (وں) میں سبک (سبکی) ہونا** - حقیر ہونا - ع امانت

ہو سبک میری نظروں میں تیری پستاں کا ابھار

نظر میں ضعف آنا - نگاہ کمزور ہونا - بڑھاپا آنا ؎ عاشق

مر جائیں گے سفر میں پہنچیں گے خاک گھر میں
ضعف آ گیا نظر میں بھولے پتا وطن کا

نظر (وں) میں کھبنا (لک) نگاہوں میں سمانا - **نظر میں بھرنا** - **نظروں میں خار ہونا** - آنکھوں کو بُرا لگنا - نگاہ کو کھٹکنا - **نظروں میں سمانا** - **نظر میں گھر کرنا** - بھلا لگنا - **نظر میں عالم سیاہ ہونا** - بہت غم ہونا - کچھ سجھائی نہ دینا - **نظر میں کھٹکنا** - نظروں کو بُرا لگنا - **نظر میں نہ ٹھہرنا** - خاطر میں نہ آنا - قدر نہ پانا - **نظر میں ہونا** - خیال میں ہونا - پہچان میں ہونا - **نظرہایا** (مذ) نظر لگانے والا - ندیدہ - **نظرہائی** (مو) نظر لگانے والی - ندیدی - **نظر ہو جانا** - نظر بد لگنا - **نظر آنا** - **نظر ہونا** - پرکھ ہونا - تمیز ہونا - امید ہونا - **نظر لگنا** - آسرا ہونا - توجہ ہونا - خیال ہونا - ایک ستارے کا دوسرے ستارے پر اثر ہونا ؎ شعور

کھنچا زر نجمہ جب ہوا مجھ کو روشن
مرے ماہ پر مشتری کی نظر ہے

نظروں (مو) نظر کی جمع - **نظروں سے اترنا** - دیکھو نظر سے اترنا - **نظروں سے گرانا** - گرا دینا - ذلیل سمجھنا - پہلے جیسا عزیز نہ رکھنا - **نظروں سے گر جانا** - ذلیل ہو جانا - بے قدر ہو جانا - **نظروں سے گرنا** - دیکھو نظر سے گرنا - **نظروں میں آنا** - نظر لگنا - پونسا ہونا - **نظروں میں بھانپنا** - دیکھ کر تاڑ جانا - نظروں سے اصلیت معلوم کر لینا - **نظروں میں تولنا** - **نظروں میں تاڑ لینا** - دیکھ کر اندازہ کر لینا - **نظروں میں چڑھنا** - دیکھو نظر میں چڑھنا - **نظروں میں رکھنا** - نگرانی میں رکھنا - **نظروں میں سمانا** - پسند ہونا - بھانا - عزت بڑھنا - **نظروں میں غائب ہونا** - دیکھتے دیکھتے غائب ہو جانا - **نظروں میں کھا جانا** - آنکھوں سے دم خشک کرنا - غضب آلود نگاہوں سے دیکھنا - **نظروں نظروں میں** - نگاہوں کے سامنے - آنکھوں کے دیکھتے - **نظری** (مو) نامنظور - سند کے لیے دیکھیں "طبق" تیرے وقت نظروں سے گرا ہوا - بدیہی کا مقابل یعنی وہ چیز جس کے سمجھنے کے لیے غور و فکر اور استدلال کی ضرورت ہو - **نظری فرد** - وہ رجسٹر یا نقشہ یا فہرست جس میں کانٹ چھانٹ کی گئی ہو ؎ آتش

دفتر عشق بھی کیا دفتر خوش طالع ہے
نظری فرد نہیں اس میں کوئی صاد نہیں

نظریں (مو) نظر کی جمع - نگاہیں - آنکھیں - **نظریں چرا کر دیکھنا** - کنکھیوں سے دیکھنا - دزدیدہ نگاہوں سے دیکھنا - **نظریں چرانا** - نظر چرانا - اغماض کرنا - بچنا -

نَظم :- (ع - مذ) بندوبست (مو) موزوں کلام - شعر - **نظم و نسق** (مذ) انتظام - بندوبست (کرنا - ہونا)

نَظیر :- (ع) مانند - مثل (مو) مثال - تمثیل - عدالت ہائے اعلیٰ کا فیصلہ جو ماتحت عدالتوں کے لیے حجت ہو - **نظیر دینا** - مثال دینا - حوالہ دینا - **نظیر نہ ہونا** - بے مثل ہونا -

نَظیف :- (ع) حلال - پاک و پاکیزہ - صاف -

نِعال :- (ع - مذ) نعل کی جمع - جوتیاں - گھوڑے کے سموں میں لگانے میں لوہے کے حلقے -

نَعت :- (ع - مو) نظم میں آنحضرتؐ کی تعریف - **نعتیہ** - وہ نظم جو حضور (صلعم) کی مدح میں ہو -

نَعرہ :- (ع - مذ) زور کی آواز - للکار - درد کی آواز - **نعرہ زن** - نعرہ مارنے والا - **نعرہ زنی** - نعرے مارنا - **نعرہ کرنا** - مارنا - لگانا - للکارنا - زور کی آواز نکالنا - فریاد کرنا - **نعرۂ حیدری** - زور شور کا نعرہ - دلیرانہ للکار - یا علی کا نعرہ -

نَعش :- (ع - مو) تابوت - مُردے کا جنازہ - میت - **نعش اٹھانا** - تابوت اٹھانا - جنازہ اٹھانا -

نَعل :- (ع - مذ) جوتی - گھوڑے کے پاؤں میں لگانے کا حلقہ - نالا - جوئے کے مکان کا کرایہ جو جیتنے کے وقت مالک مکان کو دیا جاتا ہے - ایک لکڑی جو نعل کی شکل کی ہوتی ہے اور اسے کشتی گیر سر اور گردن پر پھیر لیتے ہیں - جوتے کی ایڑی میں لگانے کا لوہے کا ہلالی حلقہ - **نعل باندھنا** - گھوڑے وغیرہ کے نعل جڑنا - **نعل بند** (مذ) چوپایوں کے سموں میں نعل لگانے والا - **نعل بندی** (مو) نعل باندھنے کا کام - **نعل بہا** (مذ) مصارف جنگ - فوج یا بادشاہ یا امیر کی آمد میں سفر خرچ کا نام جسے نعل بندی کا روپیہ بھی کہتے ہیں - اس فوج کے اخراجات جو کسی دوسرے بادشاہ کے ملک کی حفاظت کرے - باج - ٹیکس - **نعل در آتش** - بیقرار - مضطرب - **نعلین** - دونوں جوتیاں - جوتی کا جوڑا - **نعلین در بغلین** - جلسے وغیرہ میں جوتیاں ہمیشہ اپنے پاس ہی رکھنی چاہئیں -

نِعَم :- (ع - مو) نعمت کی جمع - نعمتیں -

نِعمُ البَدَل :- (ع - مذ) اچھا بدلہ - نیک اولاد - نیک معاوضہ ؎ جرأت

شکستہ دل نہ ہو انسان عوض ہر شے کا ملتا ہے
مُوافق فرزند اگر تو داغ دل نعم البدل پایا

(دینا - ہونا - مِنا کے ساتھ)

نِعمت: (ع - مو) مال - دولت - بخشش - لذیذ چیزیں - آسائش - **نعمت الوان** - گوناگوں نعمتیں - **نعمت خانہ** - وہ لکڑی کی الماری جس میں جالی لگا کر کھانا رکھتے ہیں - ناشتہ دان - **نعمت عظمیٰ** - بڑی نعمت - **نعمتِ غیر مترقبہ** (مو) وہ نعمت جس کے ملنے کا خیال تک نہ ہو - دولت خداداد - **نعمت کی ماں کا کلیجہ** (مثل) کوئی عمدہ اور اچھی چیز -

نعوذ باللہ: (ع) خدا کی پناہ - خدا بچائے - نفرت ظاہر کرنے اور کسی دینی بزرگ یا شے سے بے ادبی ہو جانے کے موقع پر بولتے ہیں -

نعوظ: (ع - مذ) عضو تناسل کا کھڑا ہونا - شہوت -

نعیم: (ع) نعمت - نعیم بہشت - نعمتُ الٰہی

آخر کو ہو گیا وہ در خلدِ نعیم بند — داغ

نفّاخ: (ع) پھلانے والا - پیٹ میں ہوا پیدا کرنے والا - پیٹ اپھارنے والا -

نفاختا / نفاختہ: (۱) (عو) منافق - دوغلا - مکار - چالیا - (۲) ← جان صاحب

زناخی نوج کسی کو ہیں آجکل ال دوار
نفاختے جو ہیں دین کی تباہ کرتے ہیں

نفاختی (مو) بے وقعت - تھوڑی چیز -

نفاذ: (ع - مذ) پروانہ یا فرمان کا جاری ہونا - ایک چیز کا دوسری چیز میں سے نکلنا -

نِفاس: (ع) بچہ جننے کی ناپاکی - وہ خون جو عورت کو بچہ جننے سے چالیس روز تک آتا رہتا ہے -

نفاست: (ع - مو) صفائی - خوبی - پاکیزگی - لطافت - نفاست دکھانا - خوبی دکھانا - لطافت دکھانا - نفاست ہونا - خوبی ہونا - لطافت ہونا -

نِفاق: (ع - مذ) عداوت - پھوٹ - بگاڑ - ظاہر میں کچھ باطن میں کچھ - نفاق پڑنا - پھوٹ پڑنا - بگاڑ ہونا - نفاق رکھنا - دل میں کھوٹ یا کپٹ رکھنا - نفاق ڈالنا - پھوٹ ڈالنا - نفاق ہونا - نااتفاقی ہونا - بگاڑ ہونا -

نفائس: (ع - مذ) نفیس کی جمع - نفیس چیزیں - نفائس جمع کرنا - نفیس چیزیں جمع کرنا -

نَفَت: (ف - مذ) مٹی کا تیل - بارود -

نفخ: (ع - مذ) اپھار - پیٹ پھولنا - نفخ کرنا - پیٹ میں ہوا پیدا کرنا - نفخ ہونا - پیٹ کا پھول جانا - پیٹ میں ہوا بھرنا -

نفر: (ع - مذ) آدمیوں کا گروہ جو تین سے دس تک ہو - عدد - انسان کے لیے - ج - فی نفر دس روپے - پیادہ - نوکر - چاکر - مزدور - ایک آدمی - نوکر - سائیس - اس معنی میں درست نفرانی ہے - مگر غیر مستعمل - نفروں - ذلیلوں سے

اب اسے رشک آدمیت ہر وہ ہیں
نفروں سے بار سے انھیں نفرت ہوئی

نفری (مو) مزدور کی دن بھر کی اجرت - دن بھر کا کام - **نفری بجانا** - پوری ڈیوٹی دینا - نفری پوری کرنا - مزدور کی ڈیوٹی کو پوری طرح سے انجام دینا - مزدوری وصول کرنا - نفری میں بخرہ کیسا - واجبی حق دینے میں احسان نہیں ہوتا -

نفرت: (ع - مو) گھن - بیزاری - ناگواری - نفرت انگیز - نفرت بڑھانے والا - نفرت کرنا - نفرت کھانا - ذلیل کرنا - گھن کھانا - نفرت ہونا - بیزار ہونا - کراہت آنا - ناگوار ہونا -

نفرین: (ف - مو) کوسنا - ملامت - پھٹکار - لعنت - نفرین کرنا - برا بھلا کہنا - ملامت کرنا - نفرین ہونا - ملامت ہونا - پھٹکاریں برسنا -

نَفَس: (ع - مذ) سانس - دم - گھڑی - لمحہ - ساعت - دقیقہ - نفس بازپس - نفس واپسیں - حالت نزع میں آخری دم جو جا کر پھر نہ آئے - نفس تنگ کرنا - نہایت تنگ کرنا - دق کرنا - عاجز کرنا - نفس شماری (مو) سانس گننا - مرنے کے قریب ہونا - نفسِ واپسیں (مذ) مرتے وقت کی سانس -

نَفس: (ع - مذ) جان - روح - ذات - وجود - حقیقت - اصلیت - لب لباب - ذکر - عضو تناسل - عورت کا جسم - وہ خواہش جو انسان کو برے کاموں پر آمادہ کرے - نفس الامر - اصلی بات - اصل مدعا - درحقیقت - نفس امارہ (مذ) وہ انسانی خواہش جو بری عادتوں کی طرف مائل کرے - نفس پرست - نفس کی پرستش کرنے والا - عیاش - نفس پرستی (مو) عیش کرنا - رنگ رلیاں منانا - نفس پرور - دیکھو نفس پرست - نفس کش - بری خواہشوں کو مارنے والا - پرہیزگار - نفس کشی - بری خواہشوں کو مارنے والا - پرہیزگاری - نفس کشی کرنا - خواہشات کو مارنا - نفس مارنا - من مارنا - بری خواہشوں کو مارنا -

نفسِ مطلب (مذ) اصل مقصود - مدعا - **نفس ناطقہ** (مذ) رُوح - وہ شخص جو کسی دوسرے کی ناک کا بال ہو - **نفس نفیس** (مذ) بذاتِ خود بدولت - اپنے آپ (عموماً بنفسِ نفیس کی ترکیب سے مستعمل ہے) **نفسا نفسی** (مو) آپا دھاپی - اپنی اپنی فکر - **نفسا نفسی پڑنا** - آپا دھاپی پڑنا - اپنی اپنی فکر ہونا - **نفسانی** - نفس سے متعلق - اپنا - ذاتی - **نفسی نفسی** - اپنے اپنے نفس کی فکر - اپنا اپنا بھلا چاہنا - آپا دھاپی (پڑنا - کرنا - ہونا)

نفع :- (ع - مذ) فائدہ - لابھ - پھل - **نفع اُٹھانا** - فائدہ اُٹھانا - **نفع کرنا** - فائدہ کرنا - مفید ہونا - **نفع نقصان** مذ بھلائی بُرائی - اونچ نیچ - فائدہ اور گھاٹا - حساب کا ایک قاعدہ جس سے تجارت کا نفع اور نقصان معلوم کیا جاتا ہے - **نفع نقصان برابر ہونا** - فائدہ اور گھاٹا برابر ہونا - **نہ نفع نہ نقصان** - **نفع ہونا** - فائدہ ہونا - بافت ہونا -

نفقہ :- (ع - مذ) بال بچوں کا خرچ - گھر کا خرچ (تلفظاً دو نفقہ)

نفل :- (ع - مذ) زائد عبادت جو ثواب کی نیت سے ادا کی جائے - **نفل ادا کرنا** - پڑھنا - فرض نماز سے زائد نماز بطور شکرانہ ادا کرنا - **نفل ماننا** - کسی مقصد کے لیے نفل کی نیت کرنا -

نفوذ :- (ع - مذ) سرایت کرنا - اندر اثر کرنا (کرنا)

نفور :- (ع - مذ) نفرت کرنا - دُور بھاگنا - **نفور** - نفرت کرنے والا -

نفوس :- (ع - مذ) نفس بمعنی رُوح کی جمع - رُوحیں - ذاتیں - (انسانوں کی تعداد بیان کرنے میں) مذ

نفی :- (ع - مو) انکار - نہیں - **نفی میں جواب دینا** - انکار کرنا - نامنظور کرنا - **نفی و اثبات** - ہاں نہیں - بحث - ضد -

نفیر :- (ع) آواز جو سونے کی حالت میں نکلتی ہے - **نفیری** - شہنائی - **نفیری** مو تُرہی - شہنائی - **نفیری بجانا** - شہنائی بجانا - **نفیرچی** - نفیری بجانے والا -

نفیس :- (ع) - عمدہ - قیمتی - پسندیدہ -

نقاب :- (ع - مذ - مو) بُرقع - پردہ جو عورتیں مُنہ پر ڈالتی ہیں - مرد ڈال لے تو اُسے بھی نقاب کہیں گے - **نقاب اُٹھانا** - مُنہ کھولنا - مُنہ پر سے پردہ ہٹانا - (اُٹھنا لازم) **نقاب اُلٹنا** گھونگھٹ یا پردہ اُٹھانا - **نقاب اُتارنا** - پردہ اُتارنا - **نقاب پوش** - وہ آدمی جو مُنہ پر پردہ ڈالے ہو - پردہ دار - **نقاب چھوڑنا یا ڈالنا** - مُنہ پر پردہ ڈالنا - (تلفظاً نقاب بفتح ن)

نقاد :- (ع) پرکھنے والا - کھوٹا کھرا دیکھنے والا - تنقید نگار (ادیب)

نقارچی :- (ف - مذ) نقارہ بجانے والا - **نقار خانہ** - (مذ) نوبت بجانے کا مکان - نوبت خانہ - **نقار خانے میں طوطی کی آواز کون سنتا ہے** - ایک آدمی کی رائے ہزار آدمیوں کے سامنے نہیں چلتی - **نقارہ** (مذ) دھونسا - دمامہ - نوبت - **نقارہ بجاتے پھرنا** - ڈونڈی پیٹتے پھرنا - مشہور کرنا - **نقارے کی چوٹ** - کھلم کھلا - ڈونڈی پیٹ کے - **نقارہ ہو جانا** - پیٹ پھول جانا - اپھر جانا -

نقاش :- (ع) نقش بنانے والا - گُل بوٹے بنانے والا - مصوّر - **نقاشِ اوّل** - خدائے تعالیٰ - **نقاشی** مو نقش کرنے کا کام - بیل بوٹے بنانا - **نقاشی کرنا** - نقاش کا کام - نہایت باریک کام کرنا -

نقال :- (ع) نقل کرنے والا - بھانڈ - مسخرا - بہروپیا - **نقالی** (مو) نقل کرنے کا پیشہ - بھانڈپنا - **نقالی کرنا** - نقل کرنے کا کام کرنا - بھانڈ کا کام کرنا -

نقاہت :- (ع - مو) کمزوری - لاغری - ضعف ناتوانی جو بیمار کو ہو - **نقاہت ہونا** - کمزوری ہونا -

نقائص :- (ع - مذ) عیوب - بُرائیاں - خرابیاں - کھوٹ - کمزوریاں (نقیصہ کی جمع)

نقب :- (ع - مو) دیوار میں شگاف کرنا - سیندھ - سُرنگ - **نقب زن** - سیندھ لگانے والا - چور - **نقب زنی** (مو) سیندھ لگانا - **نقب لگانا** - دیوار توڑ کر بِل لگانا -

نقد :- (ع - مذ) روپیہ پیسہ - سکّہ سونے چاندی کا - اُدھار کی ضد - وہ رقم جو فوراً ادا کی جائے - پونجی - سرمایہ - **نقدِ دم** - تن تنہا - اکیلا - **نقدِ جان** (مو) رُوح جان - **نقد و تبصرہ** - (مذ) کسی کلام پر اظہار رائے کرنا - **نقد و جنس** - (مذ) مال و اسباب - دھن دولت - **نقدا نقد** - ہاتھوں ہاتھ - سردست - **نقدہ** (ذ) **حُرمتہٗ** (عو) **نقد مال** - روپیہ - **نقدی** (مو) روپیہ پیسا - روکڑ - **نقدی بنانا** - نقد رقم حاصل کرنا - کمانا - **نقدی نکالنا** - روپیہ نکالنا - جمع کیا ہوا پیسہ خرچ کرنا -

نقرہ :- (ف) چاندی - ہر چیز جو سفید ہو - سفید رنگ کا گھوڑا - **نقرۂ خام** (مذ) خالص چاندی - **نقرئی** - چاندی کا - سفید - **نقرئی آواز** (مو) نہایت عمدہ آواز -

نِقرِس :- (مستعمل کی ع - مذ) پیر کے پنجے خصوصاً انگوٹھے کا درد -

نَقش :- (مذ) صورت - تصویر - بیل بوٹے - کندہ کاری - (دل پر نقش ہونا) وہ نام یا عبارت جو مہر میں کندہ ہو - مہر - ٹھپا - نشان جو اُبھرا ہوا ہو - نام و نشان - تعویذ جس میں اعداد یا خانے ہوں - پاؤں کا نشان - وہ ہلکے نشان جو تحریر کی تختی پر کھینچتے ہیں جس پر وہ سیاہی کا قلم پھیر کر لکھنا سیکھتے ہیں - **نقش بر آب** مذ پانی پر کا نقش - فنا ہونے والا - مٹ جانے والا - **نقش اُبھرنا** - تحریر وغیرہ کا نمایاں ہونا - **نقش اُٹھانا** - کوئی تحریر پانی میں بھیگی ہوئی کپڑے کی پٹی سے اس طرح دھونا کہ آس پاس کے حروف محفوظ رہیں - **نقش بٹھانا** - رُعب جمانا - دل میں گھر کرنا - اثر کرنا - رسوخ پیدا کرنا - **نقش بدیوار یا نقش بر دیوار** - حیران - ہکا بکا - ساکت - **نقش بدیوار ہو جانا** - بالکل ساکت ہو جانا - حیران رہ جانا - گم سم ہو جانا - **نقش بر آب** - جلد فنا ہو جانے والا - **نقش بر آب ہونا** - بالکل بے ثبات ہونا - **نقش بند** - نقاش - چترکار - گلکار - **نقشبندی** - گلکاری - رنگ سازی - چترکاری - طریقت میں خواجہ بہاؤالدین نقشبند کا پیرو - **نقش بیٹھنا** - دل پر اثر ہونا - نشان پڑنا - رُعب جمنا - **نقش اوّل** - مسودہ - پہلی تحریر - کسی چیز کا ابتدائی خاکہ - **نقش بھرنا** - تعویذ کے خانے پُر کرنا - **نقش پا** (مذ) پاؤں کا نشان - کھوج - **نقش تسخیر** - ذ بس میں کرنے والا جنتر - **نقش حُب** (مذ) معشوق کو بس میں کرنے کا جنتر - **نقش دل ہونا** - یقین - یاد کرنا - ہونا - **نقش دیوار** - حیران - پریشان - خاموش - ساکت - **نقش دیوار ہونا یا بن جانا** - حیران و پریشان ہونا - گم صم ہونا - **نقش قدم** - پیر کا نشان - **نقش قدم پر چلنا** - کسی کی پیروی کرنا - شکل نقل کرنا - **نقش کالحجر** - پتھر کے نقش کی مانند - پتھر کی لکیر - اَٹل - **نقش کالحجر ہو جانا** - پتھر کی لکیر ہو جانا - اٹل ہو جانا - **نقش کرنا** - چھاپنا - بیل بوٹے بنانے - نشان کرنا - دل میں بٹھانا - **نقش کھینچنا** - بچوں کی تختی پر پنسل یا قلم کی نوک سے حروف یا لفظوں کے نشان بنانا - **نقش کی چال** - تعویذ کے خانوں کو پُر کرنے کا طریقہ - **نقش گھولنا** - تعویذ پانی میں گھولنا - تعویذ کے خانوں میں نقش لکھنا - ابھارنا - کندہ کرنا - کرنا - منانا بھی مستعمل ہے - **نقش مٹانا** - نام و نشان مٹانا - **نقش و نگار** (مذ) بیل بوٹے کا کام - گلکاری کا کام - **نقش ہو جانا** - دل میں بیٹھ جانا - کندہ ہو جانا - **نقش ہونا** - کھود جانا - دل پر جمنا - لکھا جانا -

نَقشہ :- (ف) تصویر - شبیہ - روپ - منیر

نقوش پا بھی اس سے خود کا نقشہ دکھاتے ہیں

صورت - شکل - چہرہ ؎ امیر

تھا دھیان میں نقشہ جو تری جلوہ گری کا
مُنہ پھیر لیا دیکھ کے رُخ ہم نے پری کا

ڈول - ساخت - چہرے کی بناوٹ - طرز - انداز - دھج - وضع قطع ع

یہ نقشہ ہو گیا داغ اب تو ان کی محفل کا

حلیہ - خد و خال - دُنیا کی ہیئت - سطح زمین کی تصویر - (نقشے میں ان شہروں کا محل وقوع دکھاؤ) نمونہ - مثال - خاکہ - چربہ - عمارت یا اور کسی چیز کی صورت جو نقشہ کش یا معمار بطور خاکہ بناتے ہیں ع ناسخ

کیسے کے نقشے کا مجھ کو کوئی زندان چاہیئے

سانچہ - قالب - ڈھانچ - حال - کیفیت - عالم - بُرا حال - بُرا درجہ ع داغ

اب تو یہ نقشہ ہے تیرے عاشق ناشاد کا

طور طریق - ڈھنگ ؎ داغ

نقشے ہیں یہ اب دیدہ دیدار طلب کے
رہ جاتی ہے پلکوں میں نظر ضعف سے دب کے

فہرست - فرد - اسم نویسی - اصول کا دستور - چالان - مال کی فہرست - شطرنج کے چند مہرے رکھ کر یہ کہتے ہیں کہ اس نقشے میں اتنی چالوں میں مات ہونا چاہیئے - چہرے کی ہیئت مجموعی ؎ ناسخ

زرد کا تو نقشہ ہو چکا
اب شفق کی بھی دکھا لالی کھلنا

نقشہ اُتارنا - تصویر کھینچنی - ڈول بنانا - خاکہ لینا - **نقشہ اڑانا** - طرز اُڑانا - نقل کرنا ؎ جلیل

دہن یار کا نقشہ نہ اُڑانا بہزاد
رنگ تصویر سے اُڑ جائے گا غنچہ بن کر

نقشہ بن کر بگڑنا - رنگ جم کر حالت سنبھل کر خراب ہونا - ؎ رشک

تیرے بگڑے ہوؤں کا قدرت سے
نقشہ بن بن کے بگڑ جاتا ہے

نقشہ بگاڑنا - شکل بگاڑنا - روپ بگاڑنا - بُرا حال کرنا - **نقشہ بگڑ جانا** - شکل بگڑ جانا - بُرا حال ہونا - بد انتظامی ہونا - **نقشہ بگڑنا** - حالت خراب ہونا - بد انتظامی کرنا - **نقشہ بنانا** - شکل بنانا - تصویر بنانا - خاکہ بنانا - تدبیر کرنا - **نقشہ تیز ہونا** - دَور دَورہ ہونا - اقبال یاور ہونا - **نقشہ جات** جمع - **نقشہ جمانا** - دوستی پیدا کرنا - رُعب لگانا - بنیاد ڈالنا - **نقشہ جمنا** - بات بننا - بنیاد پڑنا - رسوخ ہونا - خیال بندھنا - **نقشہ کھنچ جانا** - تصویر سامنے آ جانا - **نقشہ کھینچنا** - تصویر کھینچنا - **نقشہ مٹانا** - تصویر و طرز بگاڑنا (مٹنا لازم)

نقشہ نکالنا (عو) طریقہ نکالنا۔ الزام لگا کر بدنام کرنا (فعل لازم) **نقشہ نویس** - نقشہ بنانے والا - ڈرافٹس مین۔ **نقشی** جس پر نقش و نگار بنے ہوئے ہوں **نقشیں** نقش کیا ہوا گلکاری کیا ہوا برتن -

نقص :- (ع - مذ) کمی - خامی - عیب - داغ - بُرائی۔ **نقص نکال لینا** - عیب نکالنا - نکتہ چینی کرنا۔ **نقص ہونا** - عیب ہونا - کمی ہونا -

نقصان :- (ع - مذ) کمی - کوتاہی - کسر - خسارہ - ٹوٹا۔ تباہی - ضائع - خلل - تکلیف - دُکھ - **نقصان اُٹھانا** - گھاٹا برداشت کرنا - تکلیف اُٹھانا۔ **نقصان برداشت کرنا** - تکلیف اُٹھانا - **نقصان برداشت کرنا** - تکلیف اُٹھانا - گھاٹا برداشت کرنا - **نقصان بھرنا** - کسی کے نقصان کی تلافی اپنے پاس سے کرنا - تاوان دینا۔ **نقصان پہنچانا** - دُکھ دینا - خسارہ دینا - **نقصان دینا** - تکلیف دینا - خسارہ دینا - **نقصان رساں** - تکلیف دہ - ضرر رساں - **نقصان رسانی** (مو) ضرر رسانی - **نقصان کرنا** - ضرر پہنچانا - کھونا - ضائع کرنا - تکلیف دینا **نقصان گوارا کرنا** - خسارہ برداشت کرنا - **نقصان ہونا** - خسارہ ہونا - خرابی ہونا -

نقض :- (ع - مذ) ٹوٹ پھوٹ - بگاڑ - توڑنا **نقض عہد** (مذ) بدعہدی - عہد سے پھر جانا - عہد کے خلاف عمل کرنا -

نقط :- (ع - مذ) نقطہ کی جمع - صفر - مرکز **نقطہ** (ع - مذ) نشانہ (ج نقطہ جوڑنا) **نقطہ جوڑنا** - نشانہ اڑانا ۔ قدر

گولہ انداز بھی مشتاق ہیں سبحان اللہ
سب کو یوں جوڑ کے نقطے کو اڑائیں وہ مل

نقطۂ تقاطع - وہ نقطہ جو کسی خط کو دوسرے کے کاٹنے سے پیدا ہو - **نقطۂ پرکار** - دائرے کا مرکز - **نقطہ دینا** صفر بنانا۔ **نقطے اور شوشے کا فرق** - معمولی فرق - ج امتحان میں جا کر بیٹھے تو ایک نقطے اور شوشے کا فرق نہ تھا - بڑی ناموری کے ساتھ پاس ہوئے (رویائے صادقہ) **نقطہ لگانا** - عیب لگانا - **نقطۂ مقابل** - حریف ۔ میر

خط میں کیسا ہی کامل ہو
اس کا کب نقطۂ مقابل ہو

نقاط - نقطے -

نقل :- (فیہ مذ) کوئی چیز جو نشہ پینے کے بعد ذائقہ تبدیل کرنے کے لیے کھائی جائے - ایک قسم کی شیرینی - وہ بیان جو ہنسانے کی غرض سے کیا جائے - وہ چیز جو یاران ہم صحبت بیٹھ کر کھائیں **نقل کرنا** - نقل کی طرح کھا لینا **نقل مجلس** (مذ) مسخرہ - مجلس کے لیے باعث تفریح **نقل مجلس بنانا** - مسخرہ بنانا - سب کے لیے مسرت کا باعث بنانا - **نقل مجلس بننا** - مجلس کے لیے باعث شادمانی بننا **نقل مجلس ہونا** - مجلس کے لیے باعث رونق ہونا - **نقل** - شادی کے لڈو (جنکا بنانا دعوت دی)

نقل :- (ع - مو) تبدیلی - کوچ - ایک جگہ سے دُوسری جگہ جانا - ایک کاغذ سے دُوسرے کاغذ پر اُتارنا - اصل کا اُتارا ہوا نسخہ - نمونہ - نظیر - مثل - لطیفہ - چٹکلہ - ذکر - حکایت - بیان - سوانگ - روپ جو بھانڈ وغیرہ بھرتے ہیں - حاضر جوابی - (ناٹک میں خوب خوب نقلیں ہوئیں) - مقدمے کی کاپی جو عدالت سے حاصل کی جائے **نقل اُتارنا** - کاپی کرنا - **نقل راچہ عقل** - کاغذ کی نقل کرنے کے وقت اپنی طرف سے اصلاح و ترمیم کی ضرورت نہیں نقل کے لیے اس کی ضرورت نہیں کہ نقل کرنے والا اس کا مطلب بھی سمجھتا ہو **نقل کرنا** - کاپی کرنا - سوانگ بھرنا - ذکر کرنا - ایک جگہ سے دُوسری جگہ جانا - **نقل کفر کفر نباشد** - اس بیجا امر کی نقل نقل کرنے والے کو گنہگار یا قصور وار نہیں ٹھہراتی - **نقل لینا** - کسی فیصلے یا شہادت وغیرہ کا ضابطہ حاصل کرنا - دوسرے کاغذ پر اصل کے مطابق لکھوانا - **نقل مکان** (مذ) ایک مکان کو چھوڑ کر دوسرے مکان میں جانا - **نقل نویس** - نقل لکھنے والا - عدالت کا محرر - **نقل نویسی** (مو) نقل کرنے کا کام - محرری - **نقل ہونا** - دُوسری کاپی تیار ہونا - کاپی کرنا - منتقل ہونا - **نقل ہے** - کہتے ہیں منقول ہے - روایت ہے - **نقلی** - جھوٹا - جعلی - کھوٹا - وقتی - زبانی - سماعی - **نقلی ہونا** - اصل نہ ہونا - جعلی ہونا - بناوٹی ہونا - **نقلیں اُتارنا / کرنا** - کاپی کرنا - عبارت - عادت یا واقعے کو لکھنا - یا اپنے طور پر ظاہر کرنا **نقلچی** - تصغیر (۱) نقال -

نقود :- (ع - مذ) نقد کی جمع - نقدیاں - **نقوش** (مذ) نقش کی جمع (دیکھو نقش)

نقول :- (ع - مذ - مو) نقل کی جمع - نقلیں -

نقی :- (ع) پاک - صاف - خالص (فرقہ امامیہ کے بارہ اماموں میں سے دسویں امام علی بن محمد کا لقب)

نقیب :- (ع) بھاٹ - جس کو خاندان کا سلسلہ یاد ہو - منادی کرنے والا - خبر کرنے والا - تعریف کرنے والا - چوبدار - وہ شخص جو کسی کی سواری کے آگے آواز بلند کرتا ہے (کڑکیت اور دیکھیے روشن)

نقیض :- (ع) وہ دو باتیں جو نہ باہم جمع ہو سکیں اور نہ دونوں معدوم ہوں (بلکہ ایک نہ ایک کا پایا جانا ضروری ہو (جیسے موت و حیات - وجود و عدم) (مو) ضد - ذات - بیر -

پڑنا اور ہونا کے ساتھ)

نقیہ :- (ع) ناتواں - کمزور - ضعیف -

نک :- (ہ - مو) ناک کا مخفف - بطور سابقہ مستعمل ہے - نک بال - ناک کا بال - نک بھنا - نک بہنی - جس کی ناک بہتی ہو - نک توڑا - ناز نخرہ - احسان رکھنا - نک توڑے اٹھانا - ناز بیجا برداشت کرنا - نک توڑا برداشت کرنا - نخرے اٹھانا ؎

آبرو کو نہیں کم ظرف کی صحبت کا دماغ
کس کو برداشت ہے ہر روز کے نکتوڑوں کی

نک توڑے توڑنا - ناز کرنا - تیوریاں چڑھانا - نک چڑھا - گھمنڈی جو کسی کو خاطر میں نہ لائے - نک چڑھی - (مؤ) بدمزاج عورت - نک چھکنی - ایک دوا جس سے چھینکیں آتی ہیں - نک کٹا (مذ) جس کی ناک کٹی ہوئی ہو - بے غیرت - نک کٹی (مؤ) بے غیرت - جس کی ناک کٹی ہوئی ہو - نک کٹی ہونا - بے غیرت ہونا - رسوائی ہونا - نک گھسنی (مو) ناک رگڑنا - منت سماجت کرنا - نک گھسنی کرنا - ناک رگڑنا - منتیں کرنا -

نکا :- (ہ - مذ) کوڑی - پانسا -

نکّا :- (ہ - مذ) نکیلا - نوک دار - گیڑی کی مار جس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ ایک خط زمین پر کھینچ کر ایک سیدھی لکڑی رکھتے ہیں - اور لکڑی کے کنارے پر دوسری لکڑی اس طرح مارتے ہیں کہ وہ اس خط سے باہر چلی جائے - اور اس مار کو نکا کہتے ہیں - نکا مارنا - کسی ہوتے کام کو بیچ سے کوئی نکال کر یا کوئی بات جوڑ کر رکھ دینا - نکے مارنا - بجی - نکے دار ٹوپی - پتلی چندیلے چکی دوپلی ٹوپی (نکے دار ماشہ بھر کی نخو سی ٹوپی الٹی سے چپکائے) (فسانۂ آزاد)

نکات :- (مذ) نکتہ کی جمع - نکتے - باریکیاں - اسرار و خوشیں -

نکاح :- (مذ) عقد - بیاہ - شادی کرنا - ہونا - بندھنا - نکاح پڑھنا - عقد کے صیغے پڑھنا - نکاح پڑھنی (مو) نکاح پڑھنے کا نذرانہ - نکاح نامہ (مذ) عقد کے وقت کی تحریر جس میں مہر وغیرہ درج کرتے ہیں - نکاحتا - نکاحی (مو) نکاح کرکے لائی ہوئی عورت -

نکاس :- گھر سے باہر جانے کی راہ - پانی کے باہر نکلنے کی جگہ - کسی سے روپیہ وصول کی صورت - نکاسی (مو) مال و اسباب کا فروخت ہونا - روانگی - برآمد - شہر سے باہر جانا - کسی سے روپیہ وصول ہونا - چھٹکارا - اس لگان کی میزان جو کاشتکار سے زمیندار کو وصول ہوتا ہے -

نکالا :- (مذ) اخراج - جلاوطن - نکالا ملنا - دھتکارا - نکال دیا جانا - نکال بیٹھنا - کہہ بیٹھنا - (آپ ایسا لفظ کیوں نکال بیٹھے) نکال بیٹھال کے دن - فصل کی تبدیلی کا زمانہ - نکال دینا - جدا کر دینا - موقوف کر دینا - باہر کر دینا - کوئی چیز گھر سے دے دینا - خارج کرنا - (جراح نے تراب دو دبا کر نکال دی) دور کرنا - (ساری شیخی نکال دی) کھینچ لینا (پچانس نکال دو) کھیانا ہونا (دانت کے ساتھ جیسے دانت نکال دیے) نکال لانا - کسی عورت کو یا کسی اور شخص کو بھگا لانا - خطرے میں سے نکال کر لے آنا - کوئی چیز اندر سے باہر لے آنا - نکال لے جانا - نجات دلانا - کسی چیز یا شخص کو کسی جگہ سے نکال کر لے جانا - چرا لے جانا - نکال لینا - حل کر لینا (میں نے سوال نکال لیا) - بچا لینا - کوئی چیز کسی جگہ سے برآمد کرنا - نکالنا - باہر کرنا - خارج کرنا - (اسے گھر سے نکالو) چھانٹنا - منتخب کرنا - منہا کرنا - ایجاد کرنا - ایجاد کرنا - دل سے کوئی بات پیدا کرنا - حل کرنا - باہر لانا - سلجھانا - اکھاڑنا (درخت کو جڑ سے نکالنا) کاڑھنا - بیل بوٹے بنانا - سدھانا - گھوڑے کو گاڑی میں جوتنے کے قابل بنانا - اُدھیڑ لانا - باہر لانا - (میں نے تو ایسا حرف بھی منہ سے نہیں نکالا) برطرف کرنا - موقوف کرنا - ظاہر کرنا (درخت کا کونپل نکالنا) برآمد کرنا ؎

اے رشک دل زار جو ہے مورد آفات
اندوہ نے کس دن کی ملاقات نکالی

شروع کرنا - عوض لینا - بدلہ لینا (جیسے کسر نکالنا)

نکانا :- (ہ) نلانا - نلائی کرنا - نکائی (مو) کھیت کی صفائی - نلائی کی اجرت - نلائی

نکبت :- (ع - مو) افلاس - بدحالی - غریبی - ادبار -

نکتہ :- (ع - مذ) تہ کی بات - باریکی - باریک بات - بھید - لطیفہ - گھوڑے کے منہ کا چھڑا - نکتہ باقی نہ چھوڑنا - کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کرنا - نکتہ بین - باریکی پر نظر رکھنے والا - نازک خیال - نکتہ پرور یا نکتہ پرداز - خوش گفتار - عقلمند - ہوشیار - سخن فہم - نکتہ چیں - عیب نکالنے والا - نکتہ چینی (مو) عیب نکالنا - نکتہ چینی کرنا - اعتراض کرنا - عیب نکالنا - نکتہ چینی ہونا - اعتراض ہونا - عیب نکالا جانا -

نکتہ رس۔ باریک بات کو پہچان جانے والا۔ دانا۔ ذہین
نکتہ سنج۔ ہوشیار۔ عقل مند۔ نپی تلی ہوئی بات کہنے والا۔
نکتہ سنجی (امو) سخن فہمی۔ تلی ہوئی بات کہنا۔ خوش بیانی۔
نکتہ شناس یا نکتہ دان۔ تیز فہم۔ ذہین۔ دانا۔ سیانا۔ عقل مند۔ **نکتہ گیر**۔ نکتہ چیں۔ **نکتہ نواز**۔ ادنیٰ بات پر مہربانی کرنے والا۔ **نکتے کی بات**۔ نازک یا تہ کی بات ~

کہتا ہے عشق خال میں نکتے کی بات دل
لے لینے دے جگہ مجھے تل بھر نگاہ شوق ۔ ناسخ

نکتے چننا۔ عیب نکالنا ~

ہم شکستوں کو دیکھ نستعلیق
نکتے چن چن کے عیب دھرتے ہیں

نکتی: (امو) ایک قسم کی مٹھائی جو چنے کی دال میں کر بنائی جاتی ہے۔
نکٹا: (ہ۔ مذ) ایک پہاڑی پرند جو برسات میں نظر آتا ہے۔ کھمری کی قسم۔ جوا کھیلنے کی کوڑی۔ وہ شخص جس کی ناک کٹی ہو۔ بے شرم۔ بے لحاظ۔ رسوا۔ کمینہ۔ **نکٹا بیچے بُرے احوال** (عو) نکٹے کی زندگی بھی کوئی زندگی ہے۔ نکٹی بکری کی نیت۔ **نکٹے کا کھائے (مگر) ادھ کچے کا نہ کھائے**۔ ذلیل کا احسان اٹھا لو مگر طعنہ دینے والے سے کھیل بھی نہ لو۔ **نکٹے کی ناک کٹی سوا گز اور بڑھی**۔ ذلیل اپنی رسوائی سے اور باہمت ہوتا ہے۔ **نکٹے کی ناک نہیں کٹتی**۔ بہت کند دھار ہے۔ **نکٹے کا جنا** (عو) گالی۔
نکٹائی: (انگ۔ مو) ایک قسم کا رومال یا عمدہ مڑا ہوا خاص رومال جیسے گلے میں قمیض پر بھی ہوتا ہے۔
نکرہ: (ع اور اسم) جو ایک قسم کی بہت سی چیزوں کا مشترک نام ہو جیسے کتاب۔ قلم۔
نکڑ: (ہ۔ مذ) کونا۔ موڑ۔ وہ جگہ جہاں ایک راہ تمام ہو کر دوسری شروع ہو۔
نک سک: (ا۔ مو) دیکھیے نکھ سکھ۔ سراپا۔ حلیہ ~

سب سے گفتار جدا سب سے نرالی نک سک
دانت تصویر میں مسّی کی چھاوٹ خاصی رنگین

نک سک سے ٹھیک یا درست۔ سر سے پاؤں تک خوشنما
نکسیر: (د۔ مو) ناک سے خون گرنا۔ **نکسیر پھوٹنا**۔ ناک سے خون جاری ہونا۔ **نکسیر نہ پھوٹنا**۔ ذرا سی بھی گزند نہ پہنچنا۔
نکل: (انگ۔ مو) ایک قسم کی سخت دھات جس کا رنگ سفید ہوتا ہے۔

نکل آنا: (ہ) باہر آنا۔ ظاہر ہونا۔ پیدا ہونا۔ پھوٹنا۔ زمین سے باہر آنا۔ **نکل بھاگنا**۔ فرار ہو جانا۔ اپنے آپ کو چھڑا کر بھاگ گیا۔ بچ کر نکل جانا۔ **نکل پڑنا**۔ کثرت سے نکل آنا۔ ظاہر ہو جانا۔ پوشیدہ مقام سے دفعتہً باہر آنا۔ باہر آ جانا۔ گر جانا۔ نکل جانا (اپنے جیب سے نکل پڑے) ٹپک پڑنا۔ چونے لگنا۔ ابل پڑنا۔ باہر چلا جانا۔ (وہاں کوئی روزگار نہ تھا اِس لیے گھر سے نکل پڑے اور کراچی آ گئے)
نکل جانا۔ کہیں چلا جانا۔ دور ہونا۔ دور چلا جانا۔ شہر کے باہر یا کہیں چلا جانا۔ جاتا رہنا۔ زائل ہونا۔ (جیسے گھمنڈ نکل گیا) ہار جانا ~ سحر

بختا جو میرے بلبل دل سے تو دیکھنا
دو زمزموں میں مرغ گلستاں نکل گیا

قابو سے باہر ہو جانا۔ قبضے سے چلے جانا۔ ہاتھ سے جاتا رہنا۔ وقت گزر جانا۔ چلا جانا۔ گزر جانا۔ وعدہ خلافی کرنا۔ قول سے پھر جانا۔ کپڑوں وغیرہ کا پھٹ جانا (آستین نکل گئی ہے۔ اسے سی دینا)۔ بھاگ جانا۔ رفاقت سے الگ ہو جانا۔ ساتھ چھوڑ دینا۔ کسی شکنجے سے نجات پانا۔ قید خانے یا کسی قید کے مقام سے باہر جانا ~ ذوق

احاطے سے فلک کے ہم تو کب کے
نکل جاتے مگر رستہ نہ پایا

آگے چلے جانا ع داغ

کوسوں میں آپ اپنی نظر سے نکل گیا

چلنے میں کسی کا کسی پر سبقت لے جانا۔ انکار کرنا۔ کسی کا کسی امر سے روگردانی کرنا ~ برق

جب تو نے اپنے گھر سے نکالا نکل گیا
کس روز تیرا چاہنے والا نکل گیا

پھسل جانا۔ ہو چکنا (اب جاڑا نکل گیا۔ گرمی آئی) **نکل چلنا**۔ شہر کے باہر یا گھر کے باہر چلنا۔ کسی سے کسی امر میں سبقت لے جانا۔ اپنی حد اور بساط سے بڑھ چلنا۔ **نکل کھڑا ہونا**۔ نکل جانا۔ باہر جانا (خدا کا نام لے کر کھڑے ہو)
نکلنا: اگنا۔ پھوٹنا۔ سیر کے لیے برآمد ہونا ع

نکلے جو ہوا دار پہ وہ برق تجلی ۔ ناسخ

بہنا۔ جاری ہونا (آنسو نکلنا) پیدا ہونا۔ جنم لینا (اس وطن سے بڑے بڑے نامور لوگ نکلے) عیاں ہونا۔ ظاہر ہونا۔ نمودار ہونا ~ صبا

جنوں میں باغ عالم کو جو دیکھا
عجب صحرائے وحشتناک نکلا

باہر چلا جانا (تم میرے گھر سے نکلو) طلوع ہونا۔ بلند ہونا۔

(آفتاب نکلنا) ثابت ہونا ع ناسخ

ساغرے سے سوا نکلا اثر میں آئینہ

سبقت لے جانا - بڑھ جانا - بڑا ہونا (اس کا قد اپنے باپ سے بھی کچھ نکلنے لگا ہے) چلا جانا - بھاگ - خارج ہونا - باہر ہونا ع آتش

جو چیرا تو اک قطرۂ خون نہ نکلا

زائد ہونا - کسی چیز کا کسی چیز پر زیادہ ہونا - ایجاد ہونا - نئی بات ظاہر ہونا - مسکن (کرتہ شانے سے نکل گیا) پھٹ جانا ع جلیل

جنوں کے جوش میں دامن گریباں سے یہ کہتا ہے

کہ دیکھیں تم نکلتے ہو کہ پہلے ہم نکلتے ہیں

بر آنا - حاصل ہونا ع داغ

کچھ مدعا دعائے سحر سے نکل گیا

کسی کے ذمہ کچھ رقم فاضل برآمد ہونا - باہر آنا (گھر سے نکلنا) اُبھرنا ع رشک

چھاتیاں نکلیں گی کرو باتیں

پھول جس نے دیے ہیں پھلنے کو

دُور ہونا ع قدر

غش کھا کے گرا میں شعلۂ طور

پردے سے تیرا حجاب نکلا

واضح ہونا - سمجھ میں آنا ع صبا

بے احادیث نہیں مطلب قرآن نکلا

ترجیح رکھنا - بڑھا ہوا ہونا - ع بحر

مری رانوں سے مجنوں کے کہیں بازو نکلتے ہیں

لے لیا جانا - کسی کام کو وقت جاتا رہنا - نکلنا بیٹھنا - آنا جانا - اٹھنا بیٹھنا - سیر کرنا - فصل بدلنا ع رشک

اجل کو کب خبر دل میں اسیروں کے جو ارمان تھا

نکلتے بیٹھتے دن سے بہار آنے کو ساماں تھا

نکلا پڑتا - بے چین ہونا - آپے میں نہ رہنا - بے اختیار ظاہر ہوا جانا - نکلوانا - نکالنا کا متعدی - نکلی ہونٹوں چڑھی کوٹھوں - منہ سے بات نکلی اور مشہور ہوئی - نکلے ہوئے دانت پھر (اندر) نہیں جاتے (بیٹھتے) جو عیب ظاہر ہو جائے پھر نہیں چھپتا -

نِکمّا: د - بے کار - ناکارہ - خالی - حقیر - بُرا - نکما بال (مر) موئے زہار ع جان صاحب

نکما چھٹا نہیں بڑھا کے بال کا

بالو ل کے ذوقی پا تو رنگا چنال کا

نکما ٹھہرانا - ناکارہ قرار دینا - نکما کرنا - بے کار کرنا - ناکارہ کرنا - نکما ہو جانا - بیکار ہو جانا - خراب ہو جانا -

نکما ہونا - خراب ہونا - ناکارہ ہونا -

نکو: (ھ) ناک والا - عزت والا - بدنام - بڑی ناک والا - نکو بنانا - بدنام کرنا - انگلیاں اٹھوانا - نکو بننا (ہونا) بدنام ہونا - انگلیاں اٹھنا -

نِکو: (ف) نیک - صفتی سابقہ - نکوکار - اچھے کام کرنے والا - نیک چال چلن کا - نکو محضر - نیک خصلت والا -

نکوا: - (ھ - مذ) سوئی کا ناکہ - سوئی کا سوراخ -

نکوہش: - (ف - مؤ) سرزنش - دھمکی -

نکھ: (ھ - مذ) ناخن (اب مستعمل نہیں) ایک خوشبودار جڑ کا نام - ابریشم خام -

نکھ سکھ: (ھ -) دیکھو نک سک (ہندو)

نکھاد: - (ھ - مؤ) ایک بلند اور اونچے سر کا نام -

نکھار: - (ھ) صفائی - اُجلاپن - زیب زینت - نکھارنا - صاف کرنا - میل دُور کرنا -

نکہت: - (ف - مؤ) پھولوں کی خوشبو - مہک - مذ بر جیٹھ کے پندرہ روز جس سے بارش کا حساب کرتے ہیں ع رشک

رونے کی چوبیس گھڑیاں دو دو دھنتے کی تھیں

آیا جو نکہت رلایا مجھ کو ساون کی طرح

نکھٹّر: (ھ) بدمزہ - ناقص (دوسرے کو کیا الزام دوں میں آپ ہی سب سے بدتر نکھٹر ہوں)

نکھٹّو: - (ھ - مذ) وہ شخص جو کچھ کما کر نہ لائے - احمق - سست - ناکارہ

نکھد: - (ھ) خراب - بُرا - نکما - بدتر -

نکھرا ہوا: - (ھ) نہایت صاف ستھرا - رنگ روپ والا - اُجلا کیا ہوا - نکھرنا - صاف ہونا - اُجلا ہونا - رُوپ نکالنا - بدم - مجلس محفل کی صفت -

نکھنڈ: - (ھ) آدھا ج نکھنڈ آدھی رات -

نکی: - (ھ) ناک کی تصغیر (مؤ) جوئے کی کوڑی - ایک کا جوا - نکی مُونٹھ - نکی میں بولنا - گنگنانا - ناک میں گانا -

نکّی آوے :- بچوں کا کھیل جس میں کھیلنے کو سُن کر دوسرا شریک ایک پیر اُٹھا کر کھڑا ہو جاتا ہے
مولا بخش ہاتھی کو دلی کے لڑکوں نے سکھا دیا تھا اور اسے دیکھ کر کہتے "مولا بخش - نکی آوے" -

نکیر :- (ع - مذ) قبر میں سوال و جواب کرنے والا فرشتہ - **نکیرین** - وہ دونوں فرشتے جو قبر میں مُردے سے سوال و جواب کرتے ہیں -

نکیسا :- (ف) ایک مشہور ایرانی گویا - دیکھیے 'خیل' -

نکیل :- (ہ) وہ کیل جو اونٹ کی ناک میں ڈال کر رسّی باندھ دیتے ہیں - اونٹ کی مہار - **نکیل ہاتھ میں ہونا** - قابو میں ہونا - اختیار میں ہونا -

نکیلا :- (ہ) نوک دار - گاؤ دُم - مخروطی - اُبھرا ہُوا - بانکا - ترچھا - خوب صورت - **نکیلا پن** (مذ) بانکپن - خوب صورتی - **نکیلی** (مو) نوک دار - وضع دار - بانکی -

نگ :- (ہ - مذ) نگینہ - **نگ جڑنا** - لگانا - نگینے جمانا - نگینے جڑنا - **نگ کی چوڑیاں** - ایک طرح چوڑیاں جن میں نگینے جڑے ہوتے ہیں -

نگار :- (ف - مذ) نقش - تصویر - بیل بوٹا - بُت - مورت - خوب صورت - آدمی - معشوق - محبوب - آرائش - زیبائش - مہندی - **نگار خانہ** مذ تصویروں کا مکان - **نگارین** - نگار سے متعلق - مہندی لگا ہُوا -

نگارِش :- (ف - مو) تحریر - لکھنا - نقش کشی -

نگالی :- (ہ - مو) حقّے کی نے کا سرا - وہ حصّہ جہاں مسال لگاتے ہیں -

نگاہ :- (ف - مو) نظر - چتون - تیور - آنکھ - شناخت - توجہ - مہربانی - نظارہ - نگرانی - نظر بندی - اُمید بھروسا - خیال - **نگاہ اُٹھا کر نہ دیکھنا** - آنکھ اُٹھا کر نہ دیکھنا - خیال میں نہ لانا - **نگاہ اُچٹی ہونا** - نگاہ بلند ہونا ؎

ان دنوں اُچٹی ہوئی ہے کچھ مری ایسی نگاہ
ڈرتے آتے ہیں نظر صورت ا نجم مجھ کو — جلال

نگاہ ایک سی ہونا - برابر کی توجہ ہونا - **نگاہ بدلنا** - رُخ پھیرنا - بے مروّت ہونا - **نگاہ بھر کر دیکھنا** - غور سے دیکھنا - **نگاہ بکھرنا** - نظر پھیلنا - کسی چیز کو اچھی طرح دیکھنا - **نگاہ پر چڑھنا** - نظر پر چڑھنا - تصوّر میں رہنا ؎

تم تو چڑھے ہوئے ہو ہماری نگاہ پر
آنکھوں میں جب سمائے تو پردہ کہاں رہا

نگاہ پڑنا - نظر پڑنا - دیکھنے میں آنا - **نگاہ پلٹنا** - دوستی چھوڑنا - بے مروّت ہونا - **نگاہ پہچاننا** - اندازِ نگاہ سے پہچاننا - تیور پہچاننا - **نگاہ پھرنا** - توجہ نہ رہنا - بے رُخ ہونا - **نگاہ پھیرنا** - آنکھیں بدلنا - رُخ بدلنا - بے توجہ ہونا - **نگاہ پھسلنا** - بہت صاف شفاف ہونے کی وجہ سے نگاہ نہ جمنا - **نگاہ پار جانا** - نگاہ کا کسی چیز میں سرایت کر جانا - **نگاہ چرانا** - نظر بچانا - کترانا - ٹالنا - **نگاہ چڑھنا** - نظر میں جچنا - خاطر میں سمانا - **نگاہ رکھنا** - توجہ رکھنا - دیکھتے رہنا - شناخت رکھنا - **نگاہ سے گرنا** - دیکھو نظر سے گرنا - **نگاہِ قہر** (مو) غضب آلود نظریں - غصّے کی نظریں - **نگاہِ قہر ڈالنا** - قہر بھری نظروں سے دیکھنا - **نگاہ کرنا** - دیکھنا - آنکھ ڈالنا - خیال کرنا - جانچنا - پرکھنا - **نگاہ لڑانا** - آنکھیں لڑانا - گھورا گھاری نظر بازی کرنا - **نگاہ لڑنا** - آنکھیں چار ہونا - آنکھ لڑنا - ملانا - آنکھیں چار کرنا - نظر ملانا - **نگاہ ملنا** - نظر ملنا - دوچار ہونا - **نگاہ میلی ہونا** - آنکھوں میں کدورت آنا - بے لطفی - تکلیف ہونا - **نگاہ میں آنا** - دکھائی دینا - جچنا - **نگاہ میں جچنا** - خیال میں باوقعت ہونا - جانچ میں باوقعت ہونا - **نگاہ میں چڑھنا** - دیکھو نگاہ چڑھنا - **نگاہ میں خار ہونا** - نظروں میں کھٹکنا - ناگوار ہونا - **نگاہ میں رکھنا** - خیال میں رکھنا - دیکھتے رہنا - نگہبانی کرنا - نظر بند رکھنا - **نگاہ میں سُبک ہو جانا** - نظر میں بے وقعت ہو جانا - **نگاہ میں سمانا** - دیکھیے نگاہوں میں - **نگاہ میں کُھبنا** - دل کو بھانا - خوشنما معلوم ہونا - **نگاہِ ناز** (مو) نازوں بھری نظر - شرمیلی نظر - **نگاہ نہ ٹھہرنا** - بہت چمک ہونا - بہت صاف شفاف ہونا - **نگاہ نہ کرنا** - نہ دیکھنا - نظر نہ ڈالنا - **نگاہ نہ ملانا** - متوجہ نہ ہونا - شرم کرنا - خائف ہونا - **نگاہ نیچی کرنا** - شرمانا - شرمندہ ہونا - لحاظ کرنا - **نگاہ نیچی ہونا** - شرمندہ ہونا - شرمانا - ممنون ہونا - **نگاہ ہونا** - توجہ ہونا - نظر ہونا - پرکھ ہونا - اُمید ہونا - **نگاہ داشت** (مو) حفاظت - نگرانی - ہوشیاری - **نگاہ داشت کرنا** - حفاظت کرنا - دیکھ بھال ہونا - **نگاہبان** - چوکیدار - سنتری - پہرے دار - **نگاہبان ہونا** - محافظ ہونا - **نگاہبانی** مو چوکیداری - نگرانی - **نگاہبانی کرنا** - حفاظت کرنا - چوکیداری کرنا - **نگاہوں پر چڑھنا** - نظروں میں جچنا - **نگاہوں سے اُترنا** - جی سے اُترنا - حقیر ہونا - **نگاہوں میں باتیں کرنا** - اشاروں سے مطلب سمجھانا - **نگاہوں میں تُلنا** - بڑی قدر ہونا - **نگاہوں میں تولنا** - اندازہ لگانا - اندازے سے سمجھ جانا ؎ داغ

پھولوں میں کبھی تلتے تھے اللہ ری نزاکت
اب ان کو نگاہوں میں بھی تولا نہیں جاتا

نگر :- (ہ - مذ) شہر - بستی - قصبہ ؎ رند
اُجڑی جاتی ہے یہ بستی نگر بستا ہے

(اب صرف مرکبات میں مستعمل ہے (۲) خزر نگر لکھنؤ کا نام۔ **نگری**: (مو) نگر کی تصغیر۔

نگراں:- (ف) دیکھنے والا۔ نگہبان۔ محافظ۔ **نگراں ہونا**۔ محافظ ہونا۔ **نگرانی** (مو) دیکھ بھال۔ نگہبانی۔ زیر نظر رکھنا۔ **نگرانی کرنا**۔ حفاظت کرنا۔ دیکھ بھال کرنا۔ نظر میں رکھنا۔ **نگرانی میں ہونا**۔ حفاظت میں ہونا۔ حراست میں ہونا۔

نگلنا:- (ف) حلق سے اتارنا۔ ہڑپ کرنا۔ غبن کرنا۔ ہیر جانا۔ نگلانا متعدی۔

نگندہ:- (ا۔ مذ) رضائی یا لحاف کی سیون جو روئی میں ڈال جاتی ہے۔ **نگندے ڈالنا**۔ روئی دار چیز میں ڈورے ڈالنا ٹانکے بھرنا۔

نگوڑا:- (ہ۔ مذ) نکما۔ ناکارہ۔ کم بخت۔ یہ لفظ عورتیں عموماً کسی مصیبت زدہ یا خلاف طبع آدمی کے لیے بولتی ہیں جو اپنے حق سے محروم کر دیا گیا ہو یا مبتلائے مصیبت ہو۔ **نگوڑا ناٹھا**۔ لاوارث۔ بے اولاد۔ جس کے آگے پیچھے کوئی نہ ہو۔ **نگوڑی** (مو)

نگوں:- (ف) اوندھا لٹکایا ہوا۔ نیچے کو لٹکا ہوا۔ الٹا۔ **نگوں بخت**۔ بدنصیب۔ بری قسمت والا۔ **نگوں سار**۔ اوندھا۔ الٹا۔ سر جھکائے ہوئے۔ **نگوں ہمت**۔ بے ہمت۔ کم ہمت۔

نگہ:- (ف) دیکھو نگاہ۔

نگہبان:- دیکھو نگاہبان۔

نگہت:- (ف) دیکھو نکہت یعنی خوشبو۔

نگھرا:- (ہ) خانہ بدوش۔ خانہ ویران۔ جس کے گھر بار نہ ہو۔ **نگھری** (مو)

نگیں:- (ف۔ مذ) نگ۔ نگینہ۔ جواہر۔ **نگینہ** (مذ) نگ۔ قیمتی پتھر۔ جواہر۔ **نگینے جڑنا**۔ انگوٹھی یا زیور میں نگ جڑنا۔ کسی چیز کو بہت خوبصورتی کے ساتھ کسی دوسری چیز میں چسپاں کرنا۔ الفاظ کا نہایت برمحل نثر و نظم میں استعمال کرنا۔ **نگینہ ساز**۔ نگینے بنانے والا۔

نل:- (ہ۔ مذ) اندر سے کھوکھلی اور لمبی چیز چاہے لوہے کی ہو یا اور کسی چیز کی جیسے پانی کا نل۔ پانی کی ٹونٹی۔ نیچے کی نے۔ نرکل۔ **نل کھونچا** (ہ) ماسا۔ وہ پھنر جس کی نوک پر کوئی چپک دار چیز لگا کر پرندے پکڑتے ہیں۔ **نل کھولنا یا چھوڑنا**۔ پانی کی ٹونٹی کھولنا۔ نلکا کھولنا۔ **نل لگانا**۔ پانی کا نل فٹ کرنا۔

نلا:- (ہ۔ مذ) کوکھ کے پاس کی انتڑی۔ ایک پتلے کا نام۔ پیشاب کی نالی۔ **نلا آمنا ٹلنا**۔ **نلا ڈگنا**۔ بیٹھ جانا۔ ناف کا اپنی جگہ سے ہل جانا۔ تھے کا اپنی جگہ سے سرک جانا۔ **نلے ٹلنا**۔ دیکھو نلا آمنا۔

نلانا:- (ہ) کھیت میں سے گھاس پھونس دور کرنا۔ **نلائی** (مو) کھیت میں سے گھاس پھونس دور کرنا یا دور کرنے کی اجرت۔ **نلائی کرنا**۔ کیاری یا کھیت میں سے گھاس پھونس دور کرنا۔

نلوا:- (ہ) چھوٹا نل۔ بانس کا نل۔ **نلوانا**۔ نلائی کرانا۔ کھیت کی گھاس پھونس دور کرانا۔ **نلوائی**۔ کھیت میں سے گھاس پھونس دور کرنے کی مزدوری۔

نلوہ:- (ا۔ ن لو ہ۔ واو مجہول۔ ہ) بے لوث۔ بے مشقت۔ خالص۔ بے زحمت۔ بے خرخشہ۔

شعر: ملی نہ بزم میں آکر کسی کی آنکھ سے آنکھ
نلوہ تم کو بچ گئی تمہاری شرم

وہ کام جو بے اعانت و شرکت غیرے کیا جائے۔ خدشے اور نقصان سے محفوظ۔ وہ روپیہ جو دوسرے سے ملے اور اس میں سے کچھ بھی صرف نہ ہو۔

نلی:- (ہ۔ مو) نال۔ پنڈلی کی ہڈی۔ بندوق یا جلاب کی نال۔ نے۔ نرکل جو بیچ سے خالی ہو۔

نم:- (ف۔ مذ) تری۔ گیلا پن۔ تر۔ گیلا۔ مرطوب۔ صفت۔ تر۔ گیلا۔ نم دیدہ۔ نم رسیدہ۔ نم خوردہ۔ **نمناک**۔ بھیگا ہوا۔ گیلا۔

نما:- فارسی لاحقہ جو دکھانے والا، ظاہر کرنے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے قبلہ نما۔ کبھی مثل و مانند کے معنی بھی دیتا ہے۔ جیسے حیوان نما۔ حیوان کی مثل۔

نماز:- (ف۔ مو) مسلمانوں کی مخصوص پنجگانہ عبادت۔ **نماز آنا**۔ دعا و طریقہ نماز وغیرہ حفظ ہونا۔ **نماز استسقا**۔ وہ دو رکعت نماز جو خاص شرائط کے ساتھ شہر سے دور بارش کی دعا کے لیے ادا کی جاتی ہیں۔ **نماز پر کھڑے ہونا**۔ نماز کے لیے تیار ہونا۔ نماز پڑھنا۔ بچے کا نماز سیکھنا۔ **نماز ادا کرنا**۔ نماز پڑھنا۔ **نماز باجماعت**۔ وہ نماز جو جماعت سے ادا کی جائے۔ **نماز پر کھڑے ہونا**۔ نماز کے لیے تیار ہونا۔ بچے کا نماز سیکھنا۔ نماز پڑھنے لگنا۔ **نماز پڑھنا**۔ بطریق اسلام عبادت پنج وقتہ کرنا۔ **نماز پنجگانہ**۔ پانچوں وقت کی نماز۔ **نماز پیشیں**۔ نماز ظہر۔ **نماز توڑنا**۔ نماز پڑھنے میں کوئی ممنوع کام کرنا۔ نماز باطل کرنا۔ **نماز ٹوٹنا**۔ لازم۔ **نماز دیگر**۔ عصر کی نماز۔ **نماز جانا**۔ قضا ہونا۔ وقت نماز ختم ہونا۔

نمازِ جماعت پیش نماز کی اقتدا میں ہونے والی نماز۔ **نمازِ جنازہ** ۔میت کو غسل و کفن دینے کے بعد اس کے سامنے کھڑے ہو کر کچھ دعائیں پڑھنا۔ **نمازِ خسوف** (با ضا) چاند گہن کی نماز۔ **نمازِ شکر** (با ضا) وہ نماز جو شکرانے کے لیے پڑھی جائے۔ **نمازِ صبح** ۔طلوع آفتاب سے پہلے صبح صادق کے وقت دو واجب رکعتیں۔ **نمازِ ظہر** ۔ وہ چار رکعت نماز جو زوال کے وقت فرض ہے۔ **نمازِ عشا** ۔ وہ چار رکعت نماز جو دو پہر گئے رات فرض ہے۔ **نمازِ عصر** وہ چار رکعت جو سہ پہر کو (بعد ظہر) فرض ہے۔ **نمازِ عید** ۔ دوگانہ۔ **نمازِ قضا** ۔ وہ نماز جو وقت پر نہ پڑھی ہوئی نماز کے عوض میں پڑھی جائے۔ **نماز قضا ہونا** ۔ نماز کا وقت برداشتہ ہونا۔ **نمازِ کسوف** ۔ وہ نماز جو چاند یا سورج گرہن کے وقت پڑھی جائے۔ **نماز کھڑی ہونا** ۔ نماز جماعت شروع ہونا۔ **نماز کو گئے روزے گلے پڑے** ۔ ایک کام سے پیچھا چھڑانا چاہا اس سے سخت بلا میں پھنس گئے۔ **نماز گزار** نماز ادا کرنے والا۔ پابند نماز۔ **نمازِ مغرب** ۔ وہ تین رکعت نماز جو غروب آفتاب کے بعد فرض ہے۔ **نمازِ میت** ۔ دیکھو نماز جنازہ۔ **نماز ہونا** ۔ نماز پڑھی جانا۔ نماز کا صحیح ہونا۔ **نمازِ ہدیہ میت** ۔ وہ دو رکعت نماز جو شب دفن میت کے لیے پڑھتے ہیں ۔ قلق

نماز ہدیہ میت ہوتا ہو روح ان کی شاد
بھیریاران عدم کچھ فکر کر سوغات کی

نمام : (ع) چغل خور۔ اِدھر کی اُدھر لگانے والا۔ **نمامی** (مو) چغل خوری۔ اِدھر اُدھر کی کہنا۔

نمانی : (ا۔ عو) بے شعور۔ سہیلی۔ دیکھیے ننسناح میں رنگین کا شعر۔

نمائش : (ف۔ مو) دکھاوا۔ نمود۔ تزئین۔ وہ میلا جو قسم قسم کی چیزیں دکھانے کے لیے کیا جائے۔ **نمائش کرنا** ۔ نمود کرنا۔ دکھانا۔ میلا لگانا۔ **نمائش گاہ** (مو) وہ جگہ جہاں نمائش کا میلہ لگایا جائے۔ **نمائش ہونا** ۔ لازم۔ **نمائشی** ۔ دکھاوے کا۔ نئی ہر میں اچھا۔ برائے نام ۔ تسلیم

ظہور باغ جہاں خود ظہور باری ہے
نمائشی فقط آنکھوں کی پردہ داری ہے

نمائی : (ف۔ مو) مرکبات بطور لاحقہ مستعمل ہے۔ اظہار۔ اعلان۔ ظہور۔ اشاعت (جیسے خود نمائی)

نمایاں : (ف) ظاہر۔ کھلا۔ مشہور۔ اُبھرا ہوا۔ آشکارا واضح۔ **نمایاں کرنا** ۔ ظاہر کرنا۔ اُبھارنا۔ **نمایاں نظر آنا** ۔صاف نظر آنا۔ اُبھرا ہوا دکھائی دینا۔ **نمایاں ہونا** ۔ ظاہر ہونا۔ فاش ہونا۔

نمبر : (انگ۔ مذ) تعداد۔ درجہ۔ باری۔ نوبت۔ گنتی۔ نشان۔ **نمبر بڑھ جانا** ۔سبقت لے جانا۔ شرارت میں تمہارا نمبر ان سے بڑھ گیا۔ **نمبر چھیننا** ۔ نمبر بڑھ جانا (دیکھیے نمبر) **نمبر دینا** ۔ امتحان میں تحتی کا مفروضہ نمبروں میں سے نمبر دینا۔ **نمبر ڈالنا** ۔ نمبر کا نشان ڈالنا۔ **نمبر لگانا** ۔ نمبر کا نشان ترتیب سے لگانا۔ **نمبر لگنا** ۔ لازم۔ **نمبری** ۔ نمبر سے نسبت رکھنے والا (جیسے کتاب نمبری وغیرہ) مشہور جیسے نمبری بدمعاش (عموماً بد کے معنوں میں مستعمل ہے)

نمٹانا : (ہ) بھگتانا۔ چکانا۔ فراغت پانا۔ کام پورا کرنا۔ **نمٹنا** ۔ فارغ ہونا۔ بھگتنا۔ بھگتان کرنا۔

نمد : (ف۔ مذ) اُون یا پشم کا بستر۔ پٹو۔ ملایم بالوں کا بستر۔ **نمد پوش** ۔ کمبل پوش۔ وہ شخص جو پٹو یا پوستین پہنے ہو۔ **نمدہ** (مذ) دیکھو نمد۔ **نمد بندھ جانا** ۔ دیوالہ نکل جانا۔ لٹ جانا۔ **نمدا بندھوا دینا** ۔ غریب و مفلس کر دینا۔

نمرود : (ع۔ مذ) ایک کافر بادشاہ کا نام۔ دیکھو نادر۔ نمرود۔ مجازاً کافر۔ ظالم۔

نمستے : (ہ۔ مو) پرنام۔ بندگی۔ آداب۔ آریہ مذہب کا سلام۔ **نمستے کرنا** ۔ سلام کرنا۔ پرنام کرنا

نمسکار : (ہ۔ مو) پرنام۔ بندگی۔ سلام **نمسکار کرنا** ۔ سلام کرنا۔ رام رام کرنا۔

نمش : (ا۔ مذ) فارسی نمشک۔ دودھ کا جما ہوا میٹھا جھاگ جو سردیوں میں جمتا اور بکتا ہے۔ بموا مونث

نمط : (ع۔ مذ) طریقہ۔ ڈھنگ ۔ ذوق

ہے جی میں آ بکو نمط لے سرو خوش خرام
دھو دھو پیا کریں ترے سب بے دماغ پا

نمک : (ف۔ مذ) نون۔ کھار۔ کھاری پن۔ سلونا پن نمکینی۔ روزینہ۔ تنخواہ (تم نے جس کا نمک کھایا۔ اُسی کو نقصان پہنچاتے ہو) سلونی چیز کا ذائقہ۔ شوخی کلام۔ کلام کا لطف۔ **نمک افشاں** ۔ نمک چھڑکنے والا۔ **نمک آلود** ۔ وہ چیز جس میں نمک ملا ہوا ہو۔ جیسے نمک میں غلطاں کیا گیا ہو۔ **نمک پاشی** (مو) نمک چھڑکنا۔ ستانا۔ **نمک پاشی کرنا** ۔ زخموں پر نمک چھڑکنا۔ بہت زیادہ تکلیف دینا۔ **نمک پاشی ہونا** ۔ نمک چھڑکا جانا۔ نہایت تکلیف پہنچانا۔ **نمک پلکوں سے چننا** ۔ نمک چھینٹنے والے سے نمک کی اہمیت جتانے کے لیے (اسے نمک کیوں پھینکتا ہے۔ پلکوں سے چننے گا) یہ عورتوں کے عقیدے سے

سے چکھنا پڑے گا۔ **نمک پروردہ** ۔ روٹیوں کا پلا ہوا۔ نوکر۔ ملازم۔ **نمک پھوٹ پھوٹ کر نکلنا** ۔ نمک حرامی کی سزا قدرت کی طرف سے ملنا۔ نمک حرامی کی سزا میں تمام جسم گل سڑ جانا۔ **نمک چشی** (مو) نمک چکھنا۔ بچے کو پہلی بار نمک چٹانا۔ **نمک چشی کا کھانا** ۔ وہ کھانے جو دولہا کے یہاں سے برات کے دن دلہن کے یہاں جاتے ہیں۔ منگنی کے بعد کی رسم۔ **نمک چھڑکنا** ۔ نمک پاشی کرنا۔ بہت جلانا۔ دکھ دینا۔ **نمک چکھنا** ۔ نمک چکھ کر دیکھنا۔ **نمک حرام** ۔ نیکی کے عوض بدی کرنے والا۔ ناشکرا۔ کافر نعمت۔ **نمک حرام ہونا** ۔ ناشکرا ہونا۔ نمک کھا کر دغا بازی کرنا۔ کور نمک ہونا۔ **نمک حرامی** (مو) ناشکری۔ بے وفائی۔ کافر نعمتی۔ **نمک حلال** ۔ اپنے آقا کا شکر گزار۔ وفادار۔ خیر خواہ۔ **نمک حلال کرنا** ۔ نوکر کا خیر خواہی کرنا۔ **نمک حلال ہونا** ۔ نوکر کا خیر خواہ ہونا۔ **نمک حلالی** (مو) خیر خواہی۔ شکر گزاری۔ آقا کی طرف داری۔ **نمک خوار** ۔ روٹیوں کا پلا ہوا۔ غلام۔ ملازم۔ **نمک دان** ۔ نمک رکھنے کا برتن۔ **نمک دانی** (مو) نمک رکھنے کا ظرف۔ **نمک کا حق ادا کرنا** ۔ اپنے آقا کی طرف داری کرنا۔ **نمک رواں ہونا** ۔ ملاحت پڑھنا۔ **نمک زہر کرنا / ہونا** ۔ نا قابل برداشت نمکین کرنا (ہونا)۔ **نمک شیر ہونا** (دلی) نمک جیسے تیز ہونا۔ **نمک کا اثر** ۔ پرورش کی تاثیر (ناشکر گزاری اور نمک حرامی کے لیے)۔ **نمک کا پاس** ۔ کسی کے احسانات کا خیال۔ **نمک کی ڈنگری** (سہارا) غریب روزی کا سہارا۔ (خدا کا شکر کرو۔ نمک کا سہارا بہت ہوتا ہے۔ پانچ روپے بہت ہیں۔ شریف زادہ) **نمک کھا کے نمک دان توڑنا** ۔ نمک خوردن و نمک دان شکستن۔ محسن کشی کرنا ۔ رند

اپنے محسن کے نہ احسان کو فراموش کروں

وہ نہیں میں کہ نمک کھا کے نمک داں توڑوں

نمک کی قسم ۔ حقوق و احسانات کی قسم۔ **نمک کی ڈنگری تک حرام ہے** ۔ نمک تک نہیں چکھا۔ ذرا بھی نہیں کھایا۔ فاقہ ہے۔ **نمک کی مار پڑنا** ۔ نمک حرامی کی سزا ملنا۔ **نمک مرچ لگانا** ۔ مبالغہ کرنا۔ چھیڑنا۔ جلانا۔ اکسانا۔ بھڑکانا۔ چٹپٹا بنانا۔ **نمکین** ۔ نمک سے متعلق۔ سلونا۔ چٹ پٹا۔ کھاری۔ سانولا۔ گندمی رنگ کا خوب صورت۔ دلکش۔ تیز۔ **نمکینی** (مو) سلونا پن۔ خوبی۔ ملاحت۔ سانولا پن۔

نمکولی : (۔) (مو) نیم کے درخت کا پھل۔

نمگیرہ : (۔ مذ) وہ کپڑا جو اوس یا دھوپ کی تپش سے محفوظ رہنے کے لیے شامیانے کی طرح لگاتے ہیں۔ شامیانہ ۔ مصحفی

دم صہبا کشی وہ دند ہیں رحمت برستی ہے

کھڑا ہے ابر کا نمگیرہ ہم مستوں کی محفل پر

نمن : (۔ ق) مثل۔ مانند۔ طرح ۔ ولی

کیوں نہ مومن ضعیف نہ ہوں غم سے اے صنم

تیری کمر نے مجھکوں دیا پیچ و تاب آج

نمناک : (۔ ف) نم دار۔ گیلا۔

نمو : (۔ مذ) بڑھنا۔ اُگنا۔ بالیدگی۔

نمود : (۔ مو) ظاہر ہونا۔ عیاں ہونا ۔ داغ

نمود صبح نمک کیا جانے کیا کیا رنگ بدلے گی

نمائش۔ بھڑک۔ دھوم دھام ۔ آتش

اے آسماں نمود نہیں ہم کو چاہیے

ظہور۔ بالیدگی ۔ امیر

کبھی اس چاند سے چہرے پہ نہ ہو خط کی نمود

شہرت۔ ناموری۔ صورت۔ شکل۔ ہیئت۔ ہستی ۔ امیر

ان کی بھی نمود ہے کوئی دم

وہ بھی نہ رہیں گے جو رہیں گے

ظاہری۔ خوبی۔ رونق ۔ صبا

اس کی قدِ نگار سے ساری نمود مٹ گئی

نمود بندھنا ۔ دھاک بندھنا۔ رعب جمنا۔ **نمود بے بود** ۔ وہ نمائش جس کی کوئی اصلیت نہ ہو۔ **نمود کرنا** ۔ ظاہر ہونا۔ دھوم دھام کرنا۔ نمائش کرنا۔ ایسی بات کرنا جس سے شہرت ہو۔ **نمود کی لینا** ۔ شیخی بگھارنا۔ تعلی کرنا۔ **نمود ہونا** ۔ ابھرنا۔ دکھائی دینا۔ اُگنا۔ ظاہر ہونا۔ وجود ہونا۔ شہرت ہونا۔ نشان موجود ہونا۔ شیخی ہونا۔ فروغ ہونا۔ **نمودی** ۔ نمود والا۔ نامی۔ **نمودیں بندھنا** ۔ کسی کو زبردستی مشہور کرکے اثر جمانا ۔ صبا

باندھو نہ رقیبوں کی نمودیں میرے آگے

بندہ بھی تو ایسا کوئی گم نام نہیں ہے

نمودار : (ف) ظاہر۔ عیاں۔ آشکارا۔ نظر آنے والی چیز۔ شخص۔ افسر۔ سردار۔ رہبر۔ نمایاں شخص۔ افسر۔ رہبر۔ نمایاں شخص ۔ انیس

اس شیر نے لشکر کے نمو داروں کو مارا

نمودار کرنا ۔ ظاہر کرنا۔ آشکارا کرنا۔ نمایاں کرنا۔ **نمودار ہونا** ۔ ظاہر ہونا۔ سامنے آنا۔

نمونہ : (۔ ف۔ مذ) وہ چیز جو دکھانے کے لیے پیش ہو۔

نظیر - مثال - نقشہ - سانچا - وضع -

نمونیا:- (انگ - مذ - انگ) ذات الجنب - سینے کا درد -

نموہا:- (ہ - مذ) کم گو - چُپ چپ - خاموش - غریب - نیک بخت - نموہی (مو) نمہی

نمی:- (ف - مو) تری - گیلاپن -

نمیقہ:- (ع - مذ ن ی قہ) خط - نوشتہ - تحریر - خط - نوشت (نمیقۂ انیقہ)

ننانواں:- (ہ - مذ) کسی بدشگونی کے خیال سے جس کا نام نہ لیں - ہیضہ - پلیگ - وہ شخص جس کا نام نحوست یا بدی کے سبب نہ لیں - مُنہ کا چھالا - دردِ سر -

ننانوے:- (ہ) نوّے اور نو - سو سے ایک کم - ننانوے کے پھیر میں آنا یا پڑنا - روپیہ بڑھانے کی فکر میں پڑنا - لالچ میں پھنسنا - مصیبت میں پھنسنا - نقصان اُٹھانا - ننانوین (مو) منحوس نام - ۸ وبا کے بعد - چڑیل بھٹنی - کنجوس -

نند:- (ہ - مو) خاوند کی بہن - نندوئی (مذ) نند کا شوہر -

نندا سا:- (ہ) خواب آلودہ -

نندولا:- (ہ - مذ) مٹی کا کُونڈا - چھوٹی ناند -

نندیا:- (ہ - مو) نیند کی تصغیر -

ننگ:- (ف - مذ) شرم - لحاظ - کلنک - بدنامی (رکھنا - رہنا - ہونا) ننگِ خاندان ہونا - خاندان کے لیے باعثِ بدنامی ہونا - ننگِ خلائق ہونا - دنیا کے باعثِ عار ہونا - ننگ دھڑنگ - بالکل ننگا - بے حیا - لُچا - کنگال - ننگ و ناموس یا ننگ و نام (مو) لحاظ - شرم - غیرت - عزت - عصمت - عفت - ننگا (مذ) جس کے بدن پر کپڑا نہ ہو - بے شرم - بے عزت - کنگال - غریب - ننگا الف (یا چم) (مذ) ننگا - مادر زاد ننگا - ننگا بھوکا - نکما حریص - ننگا دھڑنگا (مذ) ننگا منگا - الف ننگا - ننگا منگا (مذ) بالکل ننگا - عریاں - ننگا کرنا - کپڑے اُتارنا - زیور اُتارنا - لوٹ لینا - راز کھول دینا - ننگا لُچا (مذ) شہدا - بدمعاش - ننگا مادر زاد (مذ) ننگا چم - بالکل عُریاں - ننگوں کا شہر (کنایہ) وہ آبادی جہاں کوئی قانون نہ ہو ؎ زند

ملک عدم ہے یا کوئی ننگوں کا شہر ہے
ہر روز واں سے آتے ہیں عریاں نئے نئے

ننگوں نے بھوکوں کو لوٹا - چور کے گھر مور - چالاک اور دغا باز کی نسبت بولتے ہیں - ننگے پاؤں - پا برہنہ - پریشان حال - ننگے پاؤں پھرنا - بغیر جوتی پہنے پھرنا - ننگے پاؤں ہونا - پا برہنہ ہونا - بغیر جوتی کے ہونا - ننگے پاؤں ننگے سر - بے حواس - پریشان - ننگی (مو) عریاں - کنگال - بے زیور - ننگی بچی (مو) وہ عورت جس کے پاس گہنا نہ ہو - ننگی تلوار - شمشیرِ برہنہ - بے خوف - نڈر - ننگی تلواروں کا پہرہ ہونا - سخت پہرا ہونا - ننگی دھڑنگی (مو) بالکل عُریاں - ننگی کیا نہائے گی کیا نچوڑے گی - بیمار اور غریب کو کسی بات کی جرأت نہیں ہوتی -

ننھا:- (مذ) چھوٹا - بھُنگا - بچہ - ناسمجھ - نادان - ننھا بچہ - ننھا گھُنسوا - ناتجربہ کار - بھولا - سیدھا - ننھا بننا - انجان بننا - ناواقف بننا - ننھا بھولا - نادان - کم عقل - ننھا سا - چھوٹا سا - نہایت چھوٹا - چھوٹا اور موزوں - ننھا سا جیوڑا - بچے سے مستعمل ہے - ننھا سا کلیجہ - بچے کا دل - ننھا کاتنا - باریک سوت کاتنا - کمال جز رسی ہونا - کفایت شعاری کرنا - حیلہ حوالہ کرنا - ننھا منا - بہت چھوٹا سا - ننھے بڑوں کو بہکانا - کہنے والوں کو بُرا بھلا کہنا - ننھے میاں - چھوٹے میاں - چھوٹے آقا - مالک کا لڑکا یا مالک کا چھوٹا لڑکا - عورتوں کا ایک فرضی جن - شیخ سدّو - ننھی (مو) ننھے ننھے - چھوٹے چھوٹے - ننھی ننھی - چھوٹی چھوٹی - (بعض جگہ ہ نہیں بولتے)

ننھیال:- (ہ - مو) نانی کا گھر - ماں کا گھرانا -

نو:- (ہ) آٹھ اور ایک - دس سے ایک کم - نوتری - نوتیرا، نو سیزدہ - ایک جوا جو پانسوں سے کھیلا جاتا ہے - نو تیرہ بائیس بتانا - ٹالنا - حیلہ حوالہ کرنا - نورتن - نو طرح کے جواہرات - ایک جڑاؤ زیور - نو عقلمندوں کی جماعت جو اکبر کے درباری تھے - بیربل - فیضی - ابو الفضل - بیرم خان - ٹوڈرمل - مان سنگھ - ملا دو پیازہ - حکیم ہمام - ابوالفتح شیرازی - ایک قسم کی عمدہ چٹنی - نو سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی - تمام عمر گناہ کرتے رہے اور آخر میں پرہیزگار بنے - یا پرہیزگاری جتانے لگے - نوگنجی - ایک کھیل جس سے زمین پر

(کہا) ؛ - **نوالہ نہ توڑنا** کسی کام کی ابتدا نہ کرنا ۔ **نوالہ ہونا** ۔ کسی ظالم کے ظلم کا شکار ہونا ؎ ذوق

پھنسے نہ حلقہ گیسوئے تابدار میں دل
بلا سے گر ہو نوالہ دہانِ مار میں دل

نَوان :- (ہ) نو سے نسبت رکھنے والا ۔ جس کا نمبر آٹھ کے بعد ہو ۔ نہمین

نِوانا :- (ہ) جھکانا ۔ خم کرنا ۔ موڑنا ۔

نَواہی :- (ع ۔ مذ) نہی کی جمع ۔ غیر مباح اور ناجائز ۔ منع کی ہوئی باتیں ۔

نَوائب :- (ع ۔ مذ) نائبہ کی جمع مصیبتیں ۔ حادثے ۔

نو باتیں چنوانا :- (ا) دیکھیے نبات ۔

نَوبَت :- (ہ ۔ مو) کسی چیز کا وقت ۔ باری ۔ حالت عالم ۔ نقارہ ۔ دمامہ ۔ مہلت ۔ موقع ۔ مرتبہ ۔ مدت ۔ عرصہ ۔ دفعہ ۔ مرض بخار کی باری ۔ **نوبت آنا** ۔ باری آنا ۔ وقوع کا وقت آنا ۔ **نوبت باینجا رسید** ۔ حد ہے ۔ **نوبت بجانا** ۔ نقارہ بجانا ۔ **نوبت بجنا** ۔ نقارہ بجانا ۔ **نوبت بنوبت** ۔ باری باری سے ۔ **نوبت پہنچنا** ۔ باری آنا ۔ حالت یا درجہ پہنچنا ۔ **نوبت خانہ** (مذ) نوبت بجنے کی جگہ ۔ **نوبت رکھنا** ۔ نقار خانہ بجانا ۔ شان نوابی دکھانا ۔ **نوبت کا بخار** (مذ) باری کا بخار ۔ **نوبت کا پہنچنا** ۔ حالت کا پہنچنا ۔ گت ہونا ۔ **نوبت کی ٹکور** (مو) نوبت بجنے کی آواز ۔ **نوبت گاہ** (مذ) پہرے کی جگہ ۔ نوبت خانہ ۔ **نوبت نام ہونا** ۔ (کنایہ) سرسہرا ہونا ؎

ہے ہمارے نام نوبت شاعری کی اے منیر
اپنی خوش گوئی کا ہے آفاق میں آوازہ آج

نوبت نشان ۔ شاہی اعزاز اور شان شوکت ۔ **نوبتی** ۔ باری کا ۔ نوبت بجانے والا ۔ سنتری ۔ پہرے دار ۔ **نوبتی بخار** (مذ) باری کا بخار ۔

نوٹ :- (انگ ۔ مذ) وہ سرکاری کاغذ جو سکے کی بجائے کام دیتا ہے ۔ حاشیہ ۔ تشریح ۔ یادداشت ۔ ٹانک لینا ۔ پرچہ ۔ دستاویز ۔ اشارے کے طور پر جو کچھ لکھ لیا جائے ۔ **نوٹ بک** ۔ یادداشت کی کتاب ۔ **نوٹ کرنا** ۔ یادداشت کے طور پر لکھنا ۔ **نوٹ کر لینا** ۔ دیکھ لینا ۔ لکھ لینا ۔ **نوٹ لینا** ۔ یادداشت کے لیے کسی جگہ کی ضروری باتیں پوچھنا اور لکھنا ۔

نوٹس :- (انگ ۔ مذ) اعلان ۔ اطلاع ۔ اشتہار ۔ وہ خبر جو کسی مطالبے کے بارے میں قبل از وقت آگاہ کرنے کے لیے بھیجا جاتا ہے ۔ سرکاری اطلاع نامہ ۔ **نوٹس لینا** ۔ کسی واقعے کو خاطر میں لانا ۔ پروا کرنا ۔

نَوج :- (ا ۔ عو) خدا نہ کرے ۔ ایسا نہ ہو (نعوذ باللہ کو بگاڑ لیا گیا ہے) نوج دور پار بھی کہتی ہیں ۔ نصیب اعدا ۔

نوچ :- (ہ ۔ مو) خراش ۔ **نوچ کھسوٹ** (بدن) بدن کو نوچنا کھسوٹنا ۔ زبردستی مال حاصل کرنا ۔ لوٹ مار ۔ **نوچ ناچ** (مو) نوچنا ۔ پریشان کرنا اور برباد کرنا کسی چیز کو ۔ **نوچا ناچی** (مو) چھینا جھپٹی ۔ **نوچ کھانا** ۔ آڑے ہاتھوں لینا ؎ شوق

اسے نوچ کھائیں تو میں جانتی
لٹو بی کے آئیں تو میں جانتی

نوچنا ۔ کھسوٹنا ۔ پنجہ مارنا ۔ کھرچنا ۔ پنجہ مارنا ۔ چٹکی لینا ۔ بال اکھاڑنا ۔ دانت کاٹنا ۔ شاخ سے پتیاں اکھاڑنا ۔ پتیاں سونتنا ۔ موسنا (یہ کپڑا کس نے نوچا) آڑے ہاتھوں لینا ۔ پھاڑ کھانا ۔ (کتے نے بلی کو نوچا) شکاری پرند کا چونچ سے گوشت اکھاڑنا ۔ ناخن سے کھرچنا ۔ نوچنا کھسوٹنا لوٹنا مارنا ۔ پنجہ مارنا ۔ چھینا جھپٹی کرنا ۔ **نوچ کھانا** ۔ جو شے پاس دیکھنا کسی نہ کسی طرح لے لینا ۔ حرص و طمع سے باز نہ آنا ؎ ناسخ

نوچ کھاتے ہیں زندوں کو کانپور کے لوگ
کہ جیسے کھاتے ہیں مردہ کو زاغ گنگا میں

نَوچی :- (ا ۔ مو) بازاری عورت کی لونڈی جس سے وہ کسب کما کر کھاتی ہیں ۔

نُوح :- (ع ۔ مذ) ایک مشہور پیغمبر کا لقب ۔ جن کی بددعا سے دنیا میں پانی کا طوفان آگیا تھا ۔ **نوح کا طوفان** (مذ) وہ بھاری طوفان جو حضرت نوح کی بددعا سے آیا تھا ۔ بے اتھاہ رونا ۔

نَوحَہ :- (ع ۔ مذ) ماتم ۔ رونا پیٹنا ۔ ایسا سلام جو بصورت مستزاد ہو یا نہ ہو مگر بین کے شعر یا زیادہ ایسے ہی ہوں ، یہ شعر درد انگیز اسلوب میں نظم اور اسی درد سے پڑھے جاتے ہیں ، پھر سینہ کوبی کرتے ہیں ۔ **نوحہ پڑھنا** ۔ مذکورہ بالا نظم پرسوز لہجہ میں پڑھنا ۔ **نوحہ خوان** ۔ باقی وسیٹ کا صاحب بیاض ۔ **نوحہ خوانی** ۔ نوحہ پڑھنا ۔ **نوحہ کرنا** ۔ غم کرنا رونا پیٹنا ۔ بیان کرنا ۔ **نوحہ گر** ۔ نوحہ یا ماتم کرنے والا ۔ رونے پیٹنے والا ۔ **نوحہ گری** (مو) رونا پیٹنا ۔ ماتم

نُور :- (ع ۔ مذ) روشنی ۔ چمک ۔ اجالا ۔ رونق ۔ روپ (مو) آنا ۔ برسنا ۔ چھلکنا ۔ چمکنا ۔ چھانا ۔ چھننا جھلکنا کے ساتھ ۔ قرآن پاک کی ایک سورت کا نام ۔

نورالعین (مذ) آنکھ کا نور - بیٹا - فرزند - **نورباف** کپڑا بُننے والا - جولاہا - **نوربافی** (مو) کپڑا بُننے کا کام - جولاہے کا پیشہ - **نور آنا** - رونق آنا - چہرے کا پُرنور ہونا - **نور اُڑنا** - چہرے کا بے روپ ہونا - **نور برسنا** - چہرے کا بارعب ہونا - چہرہ چمکنا - روشنی ہونا - زہد و تقویٰ چہرے پر ٹپکنا - **نور جانا** - رونق نہ رہنا - رنگ پھیکا پڑ جانا -
نورجہاں (مو) مہرالنسا متوفیہ ۱۶۴۵ء جہانگیر کی بیگم کا نام - **نور جھلکنا** - چمکنا - **نورِ چشم** - **نور دیدہ** - آنکھوں کا نور - بیٹا - فرزند - **نورِ ظہور کا وقت** (مذ) صبح کا وقت
نور علیٰ نور - نور پر نور - کیا کہنا ہے - خوبی پر خوبی -
نورِ عین (مذ) نورالعین - نورِ چشم - بیٹا - **نور کا تڑکا** - حسین - **نور کا** - پتلا - گلا - منہ - **نور کا تڑکا** (مذ) بہت سویرا - منہ اندھیرے کا وقت - **نور کے بول** - شیریں و دلکش ترانے سے منیر

سے ستاروں میں بجنے لگے ہیں نور کے بول

نور کے سانچے میں ڈھلنا - نہایت خوبصورت ہونا (ڈھالنا متعدی)
نوری - آواز - ذہین - بزم - آئین - چادر (صورت کے ساتھ) **نورانی** - چمکیلا - روشن - گورا چٹا - روپ دار - آسمانی - **نورانی چہرہ یا صورت** - نہایت پُرنور چہرہ - پاکیزہ شکل -

نورہ :- (ع - مذ) بال صاف کرنے کی دوا - بال صفا جو چونے اور ہڑتال سے بنتے ہیں - **نورہ لگانا** - بال صفا لگانا -

نوش :- (ف - مرکبات میں) پینے والا جیسے شراب نوش (پینا) جیسے خورد و نوش (خوشگوار مزہ - شہد - گوارا) ع امیر

بجنے پیچے مزے تیش وہ سب نوش ہو گئے

نوشا نوش - پے در پے پینا - **نوش جان فرمانا یا کرنا** - کھانا تناول فرمانا یا کرنا - **نوشخند** (مذ) خندہ شیریں -
نوش دارو (مو) تریاق - زہر مہرہ - شراب - **نوش فرمانا** - کھانا پینا - تناول فرمانا - **نوشین** - خوشگوار - خوش مزہ -

نوشادر :- (ف - مذ) ایک دوا کا نام -

نوشت :- (ف - مو) لکھائی - عبارت - کتابت - **نوشت و خواند** (مو) لکھنا - پڑھنا -
نوشتہ (مذ) تقدیر کا لکھا - **نوشتہ لینا** - تحریری اقرار لینا - **نوشتہ دینا** - تحریری سند دینا - **نوشتہ ہونا** - اقرار نامہ لکھا جانا -

نوشہ :- (ف - مذ) دولہا -

نوشیرواں :- (ف - مذ) ایک نہایت عادل اور سخی بادشاہ کا لقب -

نوع :- (ع - مو) جنس - قسم - وضع - طور - ڈھنگ - شکل - وہ کلی جو اپنے سے زیادہ عام کے تحت میں ہو اور ایک قسم کی بہت سے افراد کے لیے یکساں طور پر بولی جائے - جیسے "دیوان" کتاب کے تحت میں ہے اور خود ہر دیوان کے لیے یکساں طور پر بولا جاتا ہے -
نوعِ دگر - دوسری طرح کا - بگڑا ہوا - خراب - **نوعیت** - قسم کی حالت - **نوع ہونا** - صورت حال -

نوک :- (ف - مو) بچال - ڈنک - چونچ - سرا - وضعداری - بانکپن - شیخی - چھیڑ خانی - عزت - آبرو - آن انداز سے منیر

بچپن میں اس قدر خلشیں اسے پری وش
رکھ چھوڑ دو کرانی نوک جوانی کے واسطے

نوک اُڑنا - **نوک چھپنا** - **نوک پلک** (مو) آنکھ ناک کی موزونیت - وضع اور انداز کا تناسب اور دلفریبی - حروف کتابت کی موزونی اور حسن - **نوک پلک سے درست** ہر طرح ٹھیک - استوار - **نوک جھوک** (مو) طعنہ زنی - چھیڑ چھاڑ - شوخی - **نوک جھوک کرنا** - چھیڑ چھاڑ کرنا - طنز کرنا - **نوک جھوک ہونا** - چھیڑ چھاڑ ہونا - نیش زنی ہونا -
نوک چوک (مو) نوک جھوک - طعنہ زنی - شرارت - **نوک چوک ہونا** - طنزیہ باتیں ہونا - شوخی شرارت ہونا - **نوک دار** - نکیلا - انی دار - **نوک دُم بھاگنا** - دم دبا کر بھاگنا - بے تحاشا بھاگنا - **نوک زباں** (مو) زبان کی نوک - حفظ - زبانی یاد - **نوک زباں کرنا** - ازبر یاد کرنا - زبانی یاد کرنا - **نوک زباں ہونا** - حفظ ہونا - زبانی یاد ہونا - **نوک سے ہونا** - حسین سے ہونا - حسین ہونا - بہت موزوں اور جاذب نظر ہونا -
ع نسیم

کوئی کانٹا بھی ہے جنت میں تو اک نوک سی ہے

نوک کی لینا - اترانا - بڑھ کر کام کرنا - وضعداری نبھانا - نخرہ و شوخی کرنا - لن ترانی کرنا - **نوکا جھوکی یا نوکا چوکی** - (مو) چھیڑ چھاڑ - طعن و تشنیع -

نوکر :- (ف - مذ) ملازم - خدمت گار - **نوکر آگے چاکر** - جیسے نوکر (ویسا) کاہلی اور دوسرے کام لینے والے کام کے لیے - **نوکر رکھنا** - ملازم رکھنا - **نوکر ہونا** - ملازم ہونا - **نوکرانی** (مو) نوکر کی بیوی - خادمہ - ماما - **نوکری** (مو) خدمت - شغل - ملازمت - نوکر کا کام - نوکر کا دھندا - تنخواہ -

نوکری ازندگی جڑ (مثل) ملازمت کا کیا اعتبار - **نوکری بانٹنا** - خدمت تقسیم کرنا - کثرت سے ملازمت دینا - تنخواہ دینا - **نوکری بجانا** - خدمت - ڈیوٹی پوری کرنا - **نوکری برطرف روزی ہر طرف** - (مثل) اچست و قانع و با ہمت کے لیے نوکری ختم کرکے زیادہ ترقی رہتی ہے - **نوکری بڑی کیمیا ہے** - ملازمت بڑی مفید چیز ہے - **نوکری بولنا** - کام مامور کرنا - **نوکری پیشہ** - نوکری کرنے والا - **نوکری خالہ جی کا گھر نہیں** - نوکری میں آرام طلبی نہیں رہتی - **نوکری دینا** - ملازمت کا فرض پورا کرنا - **نوکری سے اتارنا** - ملازمت سے الگ کرنا - **نوکری لگ جانا** - ملازم ہونا - ملازمت مل جانا - **نوکری کرنا** - ملازمت کرنا - **نوکری کی جڑ زبان پر ہے** - نوکری زبان کے سہارے ہے جب جواب مل جائے - ملازم کی زبان اچھی تخیر بد زبان ہے تو آج ہے کل نہیں -

نورگڑہی :- (ا - مو) ایک پورا کا نام - ہاتھوں کی تہنچیاں -

نوم :- (ع - مو) نیند - خواب - **نومی** (ا - مو) نویں تاریخ ہندی مہینے کی -

نون :- (مو) عربی کا پچیسواں حرف - اُردو کا بتیسواں حرف - **نون غنہ** - نون غیر متحرک جو ناک میں بولا جاتا ہے - **نون قطنی** - وہ چھوٹا سا نون جو قرآن پاک میں تنوین کے بعد الف کے نیچے بنا رہتا ہے -

نون :- (ا - مذ) نمک - **نون تیل** - ضروریات زندگی - گرہستی کا سامان - **نونیا** - نمک بنانے والا - ایک قسم کا ساگ - نمک سے منسوب چیز (لفظ واو مجہول کر بولو و معروف کم)

نونا :- (ا - مذ) وہ مٹی جو کھار کے باعث دیواروں سے جھڑنے لگتی ہے - **نونا چماری** (مو) بنگالے کی ایک مشہور جادوگرنی کا نام -

نونی :- (ا - مو) بچوں کا عضو تناسل -

نونی :- (ہ - مو) مکھن - کھار - شور -

نوید :- (ف - مو) خوشخبری - بشارت - کسی تقریب میں بلانے کا پیغام -

نویس :- (ف) لکھنے والا - محرر - (خوش نویس) **نویسندہ** - لکھنے والا - محرر - **نویسی** لکھنے کا کام - محرری -

نویلا :- (ا - مذ) نیا - تازہ - انوکھا - نرالا - بانکا - البیلا - **نویلی** (مو) نئی - انوکھی - نرالی - بانکی - کنواری - (نوبیلی)

نہ :- عدد (وصف) نو - دس سے ایک کم - نہم - نواں جس کا نمبر آٹھ کے بعد ہو - **نہ بام** - **نہ سپہر** - **نہ طارم** - **نہ ورق** (اند) نو آسمان -

نہ :- ف - لاحقہ میں لیاقت اور نسبت کے معنی دیتا ہے (جیسے شاہانہ - مردانہ - **نہ** - نہیں - مت - کیوں نہیں (آؤ وغیرہ کے ساتھ) - غالب

کیا فرض ہے کہ سب کو ملے ایک سا جواب
آؤ نہ ہم بھی سیر کریں کوہ طور کی

فعل دوام کے بعد کبھی تاکید کے معنی دیتا ہے کبھی فضیلت ظاہر کرتا ہے - حالی

بدی سے نہیں مومنوں کو مضرت
تمہارے گنہ اور نہ اوروں کی طاعت

کبھی کلام میں زائد آتا ہے اور بہت فصیح ہوتا ہے -

اے صنم بتوں میں ہوتی ہے یہ کرامت
دل پھر گیا نہ آخر تیرا خدا سے دیکھا

دو چیزوں کی نفی میں دوسری چیز پر لاتے ہیں اور پہلے کی نفی خود بخود ہو جاتی ہے (پہننے کو کپڑا نہ کھانے کو روٹی) - **نہ آؤ دیکھا نہ تاؤ** - بغیر موقع محل دیکھے کام کر بیٹھے - **نہ ادھر کا نہ اُدھر کا** - کسی کام کا نہیں - بیکار - **نہ اللذی نہ اللذی** - نہ ادھر کے نہ اُدھر کے - بے مصرف - بے کار - دونوں کی طرف نامقبول - **نہ ایک ہنستا بھلا نہ روتا** - مرگ انبوہ جشنے دارد - ہر بات کا مزہ حریفوں میں ہے - **نہ (اگو میں) اینٹ ڈالے نہ چھینٹ پڑے** - **نہ بڑا کہوگے نہ سنوگے** - **نہ باسی بچے نہ کتا کھائے** - نہ زیادہ ہوگا نہ اکارت جائے گا - **نہ بولی نہ بولی، بولی تو ایک پتھر کھینچ مارا** (مو) کم سخن مغرور بد مزاج ہے - **نہ پانی کے اوپر نہ پانی کے نیچے** - اوندھی سمجھ والے کے لیے بولتے ہیں - **نہ پائے رفتن نہ جائے ماندن** - اس جگہ بولتے ہیں جہاں انسان کش مکش میں مبتلا ہو اور جو راستہ بھی اختیار کرے اس میں نقصان ہی نقصان ہو - **نہ پانا** - حاصل نہ کر سکنا - **نہ پوچھا جانا** - بے قدر ہونا - **نہ پوچھو** - بیان سے باہر ہے - **نہ تھوکنا** - خاطر میں نہ لانا - **نہ جاڑے دھوپ نہ گرمی چھاؤں** - کسی چیز کے لیے مستعمل ہے - **نہ جانے** - (نہ جانے) معلوم نہیں - میں نہیں جانتا - شاید - **نہ جنتی نہ ڈھول بجتا** - بد آدمی کی نسبت بولتے ہیں (اگر اس کی ماں اسے پیدا نہ کرتی تو اس قدر رسوائی نہ ہوتی) **نہ جینے کی خوشی مرنے کا غم** - مردہ دلی کا عالم ہے - **نہ چھیڑے گا نہ کرے گا** - کام کیوں کیا جائے جس میں نقصان کا احتمال ہو - **نہ خدا کا دیدار نہ محمد کی شفاعت** - (کنایہ) دین مذہب سے بے واسطہ ہونا - (ذرا ایسا نہ ہو کہ تو نے جا مدرسے میں نام لکھوایا جہاں نہ خدا کا دیدار نہ محمد کی)

نہفتہ :- (ف) چھپا ہوا - پوشیدہ -

نہلا :- (ہ - مذ) آتش کا پتا جس پر نو بندیاں ہوتی ہیں - نہلے پر دہلا لگانا - بڑھ چڑھ کر چوٹ لگانا - سبقت لے جانا - **نہلانا** - (ہ) غسل دینا - مردے کو غسل دینا - شور بور کرنا - تر کر دینا - نہلانا دُھلانا - غسل کرانا - صاف ستھرا کرنا - نہلائی مو غسل کرائی - نہلانے کی اُجرت - نہلوانا - غسل کرانا -

نہم :- (ف) دیکھو نُہ -

نہنگ :- (ف - مذ) مگرمچھ - گھڑیال - تن تنہا - نگوڑا - نا تھا - آزاد - بے حیا -

نہوت :- (مو) نہ ہونا - غریبی - تنگی -

نہوڑا :- (ہ - مذ) منت سماجت - تلو تو - ناز نخرہ - احسان رکھنا ؎ میر حسن

کہا شاہزادے نے ہنس کر کے یوں
بیوں میں کسی کے نہوڑے ہے کیوں

نہوڑا ماننا - احسان ماننا - نہوڑے کا کھاؤں احسان سے پیٹ بھر دوں -

نہوڑانا :- (ہ) خمیدہ کرنا - کج کرنا - کسی چیز کو جھکانا -

نہ ہو :- (ہ) شُبہ اور احتمال ظاہر کرنے کے لیے ؎

وہ داغ بے وفا تو نہ ہو آج دھوم ہے
کوئی غلام آپ کے گھر سے نکل گیا

نہیں - نہیں ہے کی جگہ ؎ امیر

مست عالم کو کرتی ہے یہ آنکھ
مے فروشی کی یہ دکان نہ ہو

نہ ہوا - موجود نہ ہو کی جگہ - گویا ؏ شوق
نہ نظر کوئی جادو بھری نظر نہ ہوئی

نہ ہوا پر نہ ہوا - کسی طرح نہ ہوا - ہرگز نہ ہوا -

نہی :- (ع - مو) ممانعت - روک - وہ حکم جو کام نہ کرنے کے لیے کسی کو دیں - نہی عن المنکر - ان چیزوں کو روکنا جن کی شرعاً ممانعت ہو - منکرات سے منع کرنا -

نہیب :- (ع - مذ) خوف - ڈر - دہشت -

نہیں :- (ہ) انکار - نہ - نفی - اونہہ ہوں - بجائے حرف شرط - ورنہ - وگرنہ - نہیں تو - ورنہ (جیسے یہ کام کرو - نہیں تو میں ناراض ہوں گا - نہیں سہی - کچھ پروا نہیں - نہیں کرنا - انکار کرنا - نہیں معلوم - پتہ نہیں خبر نہیں - نہیں نہیں - انکار کی تاکید - نہیں نہیں کرنا - بار بار انکار کرنا -

نئی :- (ہ - مو) تازہ - جدید - نئی بات - انوکھی بات (کرنا - کہنا) نئی بات نکالنا - ایجاد کرنا - نئی وضع اختیار کرنا - نئی پود (ہو) نئی وضع اختیار کرنے والے نوجوان (مرد ہوں یا عورتیں) نئی جوانی - ابتدائی انشباب - نئی جوانی مانجھا ڈھیلا - جوانی میں سست اور کاہل اور کم ہمت - نئی چیز - نیا گیت - نئی بات - جدید مضمون - نیا خیال - نئی دُنیا - امریکہ - نئی آبادی - نیا عالم - انوکھی کیفیت - نئی دولت - اعلیٰ قسم کی نعمت - دولت مندی - نئی روح پھونکنا - تازہ رونق پیدا کرنا - ازسرِ نو ولولہ پیدا کر دینا - نئی روشنی - نئی تہذیب - نئے رجحانات کا زمانہ - نئی سوجھی - انوکھی بات ذہن میں آئی - نئی سیر - نیا مزہ - نیا لطف - نئی ناؤن بالنس کی نہرنی - نئے شوقین کی ہر بات نرالی ہوتی ہے - ناتجربہ کار اُلٹے سیدھے کام کرتا ہے - نئی نویلی - چند روز کی بیاہی دلھن - نئی ہوئی - انوکھی بات ہوئی - نئے - انوکھے - نئے پیچ (مذ) اصطلاح چابک سواراں ہیں چار برس کا بچھڑا - کم سن گھوڑا - نئے نواب آسمان پر دماغ - مغرور نو دولتیا - نئے سر سے - نئے سرے سے - ازسرِ نو -

نیا :- (ہ) تازہ - ابھی کا - انوکھا - اجنبی - نیا پرانا ہونا - نئے پن کی لذت جاتی رہنا - پُرانا ہونا - نیا پھل (مذ) موسم کا پہلا پھل - موسم کی ابتدا کا پھل - نیا حکیم خطرے ایمان - ناتجربہ کار سے نقصان ہی ہوتا ہے - نیا راگ الاپنا - نئی بات نکالنا - انوکھی ضد کرنا - نیا رنگ لانا - نئی بات کرنا - نیا جھگڑا نکالنا - نیا شگوفہ چھوڑنا - دیکھو شگوفہ چھوڑنا - نیا فتنہ اُٹھانا - نیا جھگڑا کھڑا کرنا - نیا فتنہ اُٹھنا - نیا گل کھلنا - نیا جھگڑا کھڑا ہونا - نیا کرنا - موسم کی چیز پہلے پہل کھانا - نیا گل کھلانا - نیا جھگڑا کھڑا کرنا - انوکھی بات کرنا - نیا گل کھلنا - نیا فتنہ اُٹھانا - انوکھی بات ہونا - نیا مُلا مسیت کو دوڑ دوڑ جائے - نیا مسلمان قصائی کی دکان - نیا آدمی اپنی ناموری کے طریقے خوب نکالتا ہے - نیا نو دن پُرانا سو دن - نئی چیز کی بھڑک چند روز ہی ہوتی ہے اور پُرانی چیز مدت تک قائم رہتی ہے - نیا نوکر ہرن کا شکار - نیا نوکر شروع میں خوب بھاگ دوڑ اور محنت کرتا ہے - نیا نویلا - نوعمر - بانکا ترچھا - ناتجربہ کار - نیا ہونا - ناواقف ہونا - اجنبی ہونا -

آنکھیں جھکا لینا۔ شرمندہ ہونا۔ حیا کرنا۔ نیچی نظر سے دیکھنا۔ کن انکھیوں سے دیکھنا۔ آنکھیں نیچی کر کے دیکھنا۔ نیچی نظر ہونا۔ آنکھ اونچی نہ ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ احسان مند ہونا۔ نیچی نیچی نظروں سے دیکھنا۔ شرما کر دیکھنا۔ کن انکھیوں سے دیکھنا۔

نیّر:۔ (ع۔ مذ) آفتاب۔ نیّر آفتاب۔ چادر۔ نیّر اعظم۔ سورج۔ نیّرین۔ چاند سورج۔

نیرنگ:۔ (ف۔ مذ) مکر۔ فریب۔ چالاکی۔ جادو۔ طلسم۔ تغیّر۔ نیرنگ زمانہ مذ انقلاب زمانہ۔ نیرنگ ساز۔ جادوگر۔ بازی گر۔ مکّار۔ نیرنگ سازی (مو) جادوگری۔ مکّاری۔ بازی گری۔ نیرنگی۔ جادوگری۔ دغا۔ فریب۔ طلسم۔ چالاکی۔ غیر مستقل مزاجی۔ عجائبات۔ تماشا۔ آرائش۔ تغیّرات۔ نیرنگیٔ زمانہ۔ انقلاب زمانہ۔ (نیرنگیاں)

نیرو:۔ (ف۔ مذ) طاقت۔ قوت۔ زور آزمائی۔

نیز:۔ (ف) حرف عطف۔ بھی۔ اور۔ دیگر۔

نیزہ:۔ (ف۔ مذ) بھال۔ نوک۔ بھالا۔ برچھا۔ سرکنڈا۔ قلم کی چھڑی (مارنا۔ ہلانا۔ کھانا) نیزہ باز بھالا چلانے والا۔ (قلم برداری) نیزہ بازی (مو) بھالے یا نیزے کے داؤں پیچ۔ نیزۂ خطّی۔ خطّ ایک مقام ہے (بحرین میں) جہاں کا سیدھا نیزہ بہت اچھا ہوتا ہے۔ نیزوں اڑانا۔ گھوڑے کو بہت تیز دوڑانا۔ نیزوں پانی چڑھ جانا۔ پانی کی طغیانی ہونا۔ لڑائی جھگڑے میں طوالت ہونا۔ نیزے کے ہاتھ کرنا۔ نیزے کے وار کرنا۔

نیسان:۔ (ف۔ مذ) رومیوں کے ساتویں مہینے اور اس مہینے کی بارش کا نام جس کے قطرات سے موتی بنتے ہیں۔ ہندی میں بیساکھ۔ انگریزی میں اپریل کے مہینے میں ایسا ہوتا ہے۔

نیست:۔ (ف) نابود۔ فنا۔ نیست کرنا۔ مٹانا۔ نابود کرنا۔ برباد کرنا۔ نیست و نابود کرنا۔ بالکل فنا کرنا۔ دنیا سے کھونا۔ نیست و نابود ہونا۔ ملیامیٹ ہونا۔ بالکل معدوم ہونا۔ نیست ہونا۔ فنا ہونا۔ نیستی (مو) فنا۔ عدم۔ ناس۔ مفلسی۔ بدنصیبی۔ دلدر۔ نحوست۔ نیستی بھرا (مذ) بدنصیب۔ منحوس۔ نیستی بھری (مو)۔ نیستی چھانا۔ نحوست چھانا۔ دلدر آنا۔ نیستی کا مارا (مذ) بدبخت۔ منحوس۔ نیستی کی ماری (مو)

نیستان:۔ (ف۔ مذ) سرکنڈوں یا بانسوں کے جنگل۔ ہر جنگل (نیشیر نیستان)

نیش:۔ (ف۔ مذ) نوک۔ انی۔ ڈنک۔ زہر۔ نیش زنی (مو) ڈنک مارنا۔ بھالا بھی مارنا۔ برائی کرنا۔ نیش زنی کرنا۔ ڈنک مارنا۔ طعنہ مارنا۔ بدگوئی کرنا۔ نیش عقرب۔ بچھو کا ڈنک۔ ایذا رسانی۔ شرارت۔ نیش مارنا۔ ڈنک مارنا۔ برائی کرنا۔

نیشتر:۔ (ف۔ مذ) فصد کھولنے کا اوزار۔ نشتر (لگانا۔ مارنا)

نیشکر:۔ (ف) نے شکر۔ (مو) گنّا۔ پونڈا۔

نیشن:۔ (مذ۔ انگ) قوم۔ نیشنل۔ قومی۔ نیشنلٹی (مو) قومیت۔

نیفہ:۔ (ف۔ مذ) پاجامے کا گھیر جس میں آزار بند رہتا ہے۔ نیفے میں اڑسنا۔ نیفے میں رکھ کر لپیٹ لینا۔ نیفے میں رکھ لینا۔ نیفے میں اڑس لینا۔ چھپا لینا۔

نیک:۔ (ف) بھلا۔ اچھا۔ عمدہ۔ سعادت مند۔ پارسا۔ رحم دل۔ شریف۔ اچھے چال چلن والا۔ خوش اخلاق۔ نیک اختر۔ اچھے نصیبے والا۔ بھاگوان۔ پرہیزگار۔ سچا۔ عورت کی طرف خطاب کرنے کا فقرہ یعنی مسماۃ۔ نیک بختی (مو) بھاگوان ہونا۔ پرہیزگاری۔ سعادت مندی۔ بھلائی۔ نیک چلن۔ جس کا چال چلن اچھا ہو۔ نیک چلنی (مو) چال چلن اچھا ہونا۔ بھلمنسائی۔ نیک خصلت۔ اچھی خصلت اور طینت کا۔ نیک خواہ۔ بھلائی چاہنے والا۔ نیک راہ (لگنا۔ لگانا۔ چلنا) اچھی روش۔ نیک زنیں (ع) تحریک کھلنے والی عورتیں۔ نیک ساعت (گھڑی) آنا۔ قسمت کا یاور ہونا۔ نیک صلاح کا پوچھنا کیا۔ نیک کام میں صلاح اور مشورے کی کیا ضرورت۔ نیک فرجام۔ نیک انجام۔ نیک قدم۔ مبارک قدم۔ نیک محضر۔ وہ شخص جو ہر ایک کو اچھے لفظوں سے یاد کرے۔ نیک منش۔ اچھی خصلت کا۔ نیک منظر۔ خوب صورت۔ حسین۔ نیک نام۔ جس کا نام بھلائی کے ساتھ مشہور ہو۔ نیک نامی (مو) نام کا بھلائی کے ساتھ مشہور ہونا۔ شہرت۔ نیک نہاد۔ اچھی خصلت اور طینت والا۔ نیک نیّت۔ اچھی نیّت اور نیک ارادے والا۔ نیک نیّتی (مو) اچھی نیّت۔ نیکی نیک راہ (ہ) بدی ایک بد راہ (ہ) نیکی کا بدلہ نیک کو بدی کا بدلہ برے کو ملتا ہے۔ نیک و بد (مذ) برا بھلا۔ برائی بھلائی۔ اونچ نیچ۔ نیکو۔ عمدہ۔ اچھا۔ خوب صورت۔ نیکوکار۔ اچھے کام کرنے والا۔ نیکوں کو سُول بدوں کو پھول۔ دنیا میں نیکوں کے ساتھ برائی ہوتی ہے اور بدوں کے ساتھ بھلائی۔ نیکوئی۔ نیکی (مو) بھلائی۔ خوبی۔ احسان۔ سعادت مندی۔ پرہیزگاری۔ کار خیر

کیا پکا۔ **نیم بسمل**۔ گھائل۔ ادھ موا۔ **نیم جان**۔ مرنے کے قریب۔ آدھ موا۔ مضطرب۔ **نیم جوش**۔ آدھا جوش۔ ہلکا سا جوش۔ **نیمچہ** (مذ) چھوٹی تلوار۔ **نیم حکیم**۔ ادھورا حکیم۔ ناتجربہ کار معالج۔ عطائی معالج۔ **نیم حکیم خطرۂ جان**۔ ناتجربہ کار سے ہمیشہ نقصان ہی پہنچتا ہے۔ **نیم خوردہ**۔ پس خوردہ جھوٹا۔ **نیم راضی**۔ آدھا رضامند۔ **نیم راضی کرنا**۔ تھوڑا سا رضامند کر لینا۔ **نیم راضی ہونا**۔ آدھا راضی ہونا۔

نیم روز (مذ) دوپہر۔ **نیم سوختہ**۔ ادھ جلا۔ **نیم کش**۔ جو پوری کھچی ہوئی نہ ہو۔ آدھا اندر آدھا باہر۔ وہ تیر وغیرہ جسے چلاتے وقت وار کرنے والے نے پورا زور صرف نہ کیا ہو۔ جس کی وجہ سے ادھورا وار پڑے۔ غالب

کوئی میرے دل سے پوچھے ترے تیر نیم کش کو
یہ خلش کہاں سے ہوتی جو جگر کے پار ہوتا

نیم گرم۔ سہتا ہوا گرم۔ کنکنا۔ **نیم ملا** جو پورا ملا نہ ہو۔ **نیم ملا خطرۂ ایمان**۔ ناتجربہ کار اور ناقص آدمی سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ **نیم نگاہ**۔ یونہی سا دیکھنا۔ تھوڑا سا دیکھنا۔

نیمہ: (ف۔ مذ) آدھا۔ نصف۔ رشک

نیمۂ شعبان میں امام نبی پیدا ہوا
عید کرنا چاہیے خیر البشر کے چاند میں

ایک قسم کا اونچا پاجامہ۔ **نیمہ آستین** (مو) نیم آستین۔ آدھی آستینوں کی صدری۔

نین: (ہ۔ مذ) آنکھ۔ نظر۔ نگاہ۔ **نین سکھ**۔ ایک قسم کا کپڑا۔ **نین گنوانا**۔ آنکھیں کھونا۔ اندھا ہونا۔ **نین مٹکی** (مو) بات بات پر زور دینے والی عورت۔ چرچڑی۔ **نیناں**۔ جمع۔ امیر خسرو

نیند نیناں، نہ انگ چینا، نہ آپ آویں، نہ بھیجیں پتیاں

نیند: (ہ۔ مو) خواب۔ اونگھ۔ **نیند آ جانا یا آنا**۔ سو جانا۔ آنکھ لگ جانا۔ **نیند اچاٹ ہونا یا اچٹنا یا اچٹ جانا**۔ نیند جاتی رہنا۔ آنکھ کھل جانا۔ **نیند اڑ جانا**۔ نیند اچاٹ ہونا۔ **نیند بھر سونا**۔ پوری نیند سونا۔ **نیند بھرنا**۔ نیند پوری ہو جانا۔ **نیند جانا**۔ **نیند میں فرق** آجانا۔ **نیند حرام کرنا**۔ سوتے سے جگا دینا۔ سوتے میں دق کرنا۔ **نیند حرام ہونا**۔ نیند خراب ہونا۔ نیند میں فرق آنا۔ **نیند کا ماتا**۔ نیند میں بھرا ہوا۔ خواب میں مست۔ **نیند کی جھپکی**۔ غنودگی۔ **نیند میں ہونا**۔ سوتے ہونا۔ محو خواب ہونا۔ **نیندڑی** (مو) نیند کی تصغیر۔

نینو: (ہ۔ مذ) ایک قسم کا سوتی کپڑا۔ جس پر آنکھ کی طرح آلے بنے ہوتے ہیں۔

نیو: (ہ۔ بن سے مو) بنیاد۔ اصل۔ شروع۔ قیام۔ آغاز۔ **نیو رکھنا**۔ جمانا۔ ڈالنا۔ بنیاد رکھنا۔ ابتدا کرنا۔ **نیو کھودنا**۔ بنیاد اکھاڑنا۔ بنیاد کھودنا۔ ابتدا کرنا۔ **نیو کھودنا**۔ بنیاد اکھاڑنا۔ بنیاد کھودنا۔

نیو: (انگ) نیا۔ **نیو فیشن** (مذ) نئی طرز۔ نئی وضع۔

نیوتا: (ہ۔ مذ) بلاوا۔ دعوت نامہ۔ وہ نقدی جو اعزہ بیاہ شادی کے موقع پر دیتے ہیں۔ **نیوتا دینا**۔ بلاوا دینا۔ بیاہ کے موقع پر نقدی دینا۔ **نیوتا لینا**۔ بیاہ کے موقع پر عزیزوں سے نقدی لینا۔ **نیوتنا**۔ بلاوا بھیجنا۔ دعوت دینا۔ آتش

حلقہ اپنی بزم کا انصاف سے خالی نہیں
شمع روشن کی تو نیوتا مرغ آتش خوار کو

نیوز: (ن کی حرکت سکون و فتحہ کے بین بین۔ انگ۔ مو) خبریں۔ **نیوز پیپر**۔ اخبار۔ روزنامہ۔ **نیوز پرنٹ**۔ اخباری کاغذ۔ رف پیپر جس پر اخبار چھپتے ہیں۔

نیولا: (ہ۔ مذ) ایک جانور کا نام جو گلہری کی شکل کا اور اس سے بڑا ہوتا ہے۔ سانپ کو مار ڈالتا ہے۔ **نیولے کی پھانسی**۔ (ہ۔ دلی۔ عو) ہنسائی۔ چھینکے بیچنے والے پر آوازہ کسا جاتا اور کہا جاتا ہے "ارے نیولے کی پھانسی بھی ہے"۔

نیولی: (ہ۔ مو) روپے رکھنے کی لمبی سی تھیلی۔ ہمیانی۔

نیہہ: (ہ۔ مذ) محبت۔

و

و :- (مذ) اُردو ا ب ت کا چھتیسواں حرف ۔ اس کے عدد (ابجد کے حساب سے) چھ ہیں ۔
اس کی چار قسمیں ہیں (۱) وہ جو پیش کے بعد کھینچ کر پڑھا جاتا ہے ۔ (جیسے تو اور طور کا واؤ) اسے واؤ معروف کہتے ہیں (۲) وہ جو پیش کے بعد کھینچ کر نہیں پڑھا جاتا ۔ اس کے نیچے ایک نشان (ـ) بنایا جاتا ہے ۔ (جیسے شو اور ترو کا واؤ) اسے واؤ مجہول کہتے ہیں (۳) الف کے بعد واقع ہو اور اس پر ہمزہ پڑھا جائے (جیسے جاؤ اور بتاؤ کا واؤ) یہ واؤ موقوف کہلاتا ہے (۴) وہ جو لکھنے میں آتا ہے اور بولنے میں نہیں آتا (جیسے خود اور خوش کا واؤ) اسے واؤ معدولہ کہتے ہیں ۔

و ۔ اُردو میں فارسی الفاظ کے ساتھ کئی معنی میں مستعمل ہے معیت یعنی ایک کے ساتھ دوسرے کا لزوم ظاہر کرنے کے لیے (جیسے بی بی وصد عیب) بولنے اور بیانات میں بعض حروف سے پہلے زائد بھی استعمال ہوتا ہے (جیسے لیکن اور لیک کی بجائے ولیکن اور ولیک) واللہ کے شروع میں قسم کے معنی دیتا ہے ۔ دو الفاظ کے درمیان عطف کے لیے (جیسے کتاب وقلم) ہندی الفاظ کے آخر میں واؤ معروف نسبت کے معنی دیتا ہے جیسے کتاب وقلم (ہندی الفاظ کے آخر میں واؤ معروف نسبت کے معنی دیتا ہے (جیسے بند سے بندو) واؤ معروف علامت تذکیر ہے (جیسے بدھو ۔ کلو) واؤ مجہول علامت تانیث ہے (جیسے بدھو کلو)

وا :- (ف) ایک سابقہ ۔ کھلا ہوا ۔ کشادہ (اب تحریت وا اور روا مستعمل ہیں) (۱) سے کا مخفف (۲) جیسا ۔ جانے سے بیت (وا کرنا ۔ کھولنا ۔ وا ہونا ۔ کھلنا)
وابستگان ۔ متعلقین ۔ رشتے والے ۔ تعلق والے ۔
وابستہ ۔ متعلق ۔ بندھا ہوا (کرنا ۔ ہونا) واپس ۔ لوٹا ہوا ۔ لوٹایا ہوا ۔ واپس آنا ۔ لوٹنا ۔ واپس کرنا ۔ لوٹا دینا ۔ واپس لینا ۔ پھیر لینا ۔ لوٹا لینا ۔ واپس ملنا پھر مل جانا ۔ دوبارہ ملنا ۔ واپس ہونا ۔ لوٹنا ۔ اُلٹا پھرنا ۔ واپسی پھری ہوئی چیز ۔ واپس شدہ چیز ۔ واپس پلٹنے کی حالت ۔ واپسیں ۔ آخری ۔ حالت نزع ۔ وا پھرے ۔ قدیم ادب میں مقام آخری واجب مستعمل تھا ۔ وا حسرتا ۔ اظہار حسرت و افسوس کے لیے ۔ واویلا ۔ ہائے ۔ وارستگی ۔ آزادی ۔ فارغ البالی

وارستہ ۔ آزاد ۔ فارغ البال ۔ وارستہ طبع ۔ وارستہ مزاج ۔ آزاد طبع ۔ بے پروا ۔ وارفتگی ۔ بے خودی ۔ شیفتگی ۔ وارفتہ ۔ آپے سے باہر ۔ بے خود ۔ واشد ۔ کھلنا ۔ دور ہونا ۔ واغیا ۔ عجب اور افسوس کے موقع پر ۔ واگزار ۔ ضبطی سے چھوٹی چیز ۔ چھوڑ دینا (کرنا اور ہونا کے ساتھ) ۔ واماندگان ۔ واماندہ کی جمع ۔ پیچھے رہ گئے ۔ باقی رہ ہوا ۔ و ۔ جیسا ۔ کسی حادثے اور مصیبت کے ظہور پر واویلا ۔ مو ۔ فریاد ۔ زاری ۔ گریہ وزاری (کرنا ہونا کے ساتھ) ۔ ع

ہر رنگ ہے جہاں میں واویلا

واثق :- (ع) مضبوط ۔ پکا ۔ مستحکم ۔

واجب :- (ع) لازم ۔ ضرور ۔ لائق ۔ سزاوار ۔ مناسب ۔ وہ جو اپنے وجود میں دوسرے کا محتاج نہ ہو ۔ خدا تعالےٰ ۔ وہ فعل جس کا چھوڑنے والا عذاب کا مستحق ۔ تنخواہ ۔ مشاہرہ ۔ ماہانہ ۔ واجب الادا ۔ ادا کرنے کے قابل ۔ ایسی رقم جس کا ادا کرنا واجب ہو ۔ واجب الاظہار ۔ بیان کرنے کے قابل ۔ ذکر کرنے کے لائق ۔ واجب التعزیر ۔ سزا کے قابل ۔ لائق سزا ۔ واجب التعظیم ۔ عزت کرنے کے لائق ۔ تعظیم کے قابل ۔ بزرگ ۔ واجب الرحم ۔ رحم کرنے کے قابل جس پر رحم کرنا ضروری ہو ۔ واجب المطلب ۔ طلب کرنے کے لائق ۔ واجب الغرض ۔ غرض کرنے کے قابل ۔ ادا کرنے کے لائق ۔ واجب الوجود ۔ جس کی ذات بالکل الگ اور غیر کی محتاج نہ ہو ۔ خداوند تعالےٰ ۔ واجب الوصول ۔ قابل وصول ۔ وصول ہونے کے قابل ۔ واجب جاننا ۔ فرض خیال کرنا ۔ فرض خیال کرنا ۔ فرض سمجھنا ۔ واجب و لازم ہونا ۔ نہایت ضروری ہونا ۔ واجب ٹھہرانا ۔ لازم ٹھہرانا ۔ فرض سمجھنا ۔ واجب ہونا ۔ ضروری ہونا ۔ فرض ہونا ۔ لازم ہونا ۔ واجبات (مذ) واجب کی جمع ۔ فرائض ۔ ضروریات ضروری چیزیں ۔ بچی ہوئی تنخواہیں ۔ واجبی ۔ درست یا واجب ۔ بجا ۔ معقول ۔ لائق ۔ ضروری ہو ضروری ۔ لائق مناسب ۔ تھوڑی سی ۔ واجبی بات ۔ حق بات ۔ درست بات واجبی خرچ ۔ ضروری خرچ ۔ ٹھیک خرچ ۔ متوسط خرچ ۔ واجبی سا ۔ تھوڑا سا ۔ واجبی واجبی ۔ یوں ہی سا ۔ تھوڑا سا ۔

واچ :- ا ۔ انگ ۔ جو گھڑی ۔ جیب گھڑی ۔

واحِد :- (ع) واحد - ایک - اکیلا - صرف - تنہا - خدا تعالیٰ - **واحِد شاہد** - واقف - باخبر - پانے والا - (میں کبھی اس روپیے سے بھی واحد شاہد نہیں) **واحد شاہد ہونا** - واقف ہونا - کوئی چیز پانا - (عموماً قسم کی جگہ بولتے ہیں)

وَادِی :- (ع - مذ) گھاٹی - درۂ کوہ - جنگل - بیاباں - صحرا - نشیبی زمین - **وادیِ ایمن** - وہ صحرا جہاں حضرت موسیٰ اپنی بیوی کو چھوڑ کر آگ لینے بڑھے تھے اور یہاں سب سے پہلے انھیں تجلی نظر آئی تھی - **وادی پر آنا** - اپنی ہٹ پر آنا -

وار :- (ف) لاحقہ جو کبھی فاعلیت کے معنی پیدا کر دیتا ہے - (جیسے امیدوار - سوگوار) کبھی مثل و مانند کے معنی دیتا ہے (دیوانہ وار) کبھی مقدار کے معنی میں ہوتا ہے (جیسے حساب دار) کبھی لائق اور شائستہ کے معنی دیتا ہے (مثنا ہوار - سزاوار) کبھی بوجھ کے معنی میں (جیسے غم دار) کبھی نسبت کے لیے آتا ہے (جیسے بزرگوار)

وار (ہ - مذ) تلوار کی ضرب - حملہ - چوٹ - داؤں سے

کم نصیبی اس کو کہتے ہیں کہ میرے وار پر
دست ساقی سے اِدھر شیشہ اُدھر ساغر گرا — داغ

موقع - گھات - فرصت ع رشک

تلوار لگانے کا کہاں وار ملے گا

اودھر کے معنی بھی دیتا ہے ع ناسخ

بھاگا دریا بھی مرے اشکوں سے
ہو گئے وار جو تھے پار درخت

وار بچانا - چوٹ بچانا - ضرب خالی دینا - **وار پار ہونا** - آر پار ہونا - اِدھر سے اُدھر نکل جانا - **وار چلنا** - داؤں چلنا - ہاتھ لگنا - **وار خالی جانا** - ضرب نہ پڑنا - ہاتھ نہ بیٹھنا - **وار خالی دینا** - چوٹ سے بچ جانا - ضرب نہ پڑنے دینا - **وار کرنا** - داؤں کرنا - ضرب لگانا - **وار لینا** (عو) دم لینا - ٹھہرنا - **وار ملنا** - موقع ملنا - باری ملنا -

وارا :- (ہ - مذ) بچت - جز رسی - فائدہ - نفع - افاقہ - خاتمہ (ایک ہی وار میں وارا نیارا ہو گیا) **وارا نیارا** (مذ) بہت زیادہ فائدہ - **وار و رو** (مو) فائدہ - میزان - **وارا ورو برابر ہونا** - نفع نقصان برابر ہونا - **وارے نیارے ہونا** - خوب فائدہ ہونا -

وارِث :- (ع) ترکہ پانے والا - خاوند - حامی و مددگار - سرپرست -

وَارِد :- (ع) آنے والا - مسافر - غریب الوطن - قاصد - **وارد و صادر** - آیا گیا مہمان - **وارد ہونا** - اترنا - صادر ہونا - نازل ہونا -

وارِدات :- (ع - مو) وارِدہ کی جمع - انسان پر گزرنے والا حال - سرگزشت - حادثہ - وقوعہ - ناگہانی آفت - دنگا - فساد (اِن معنوں میں یہ لفظ عربی میں مستعمل نہیں ہے اُردو میں یہ بصیغہ واحد ہی بولا جاتا ہے) - **وارداتِ خفیف** (مو) چھوٹا سا جھگڑا یا واقعہ - **وارداتِ سنگین** (مو) سخت حادثہ یعنی خون قتل وغیرہ - **واردات کرنا** - دنگا فساد کرنا - مار کٹائی کرنا - چوری کرنا - **واردات ہونا** - دنگا فساد ہونا - حادثہ ہونا - چوری ہونا -

وارڈ :- (انگ - مذ) حلقہ - علاقہ - وہ نابالغ لڑکا جو کسی کی سرپرستی میں ہو - اپنے سرپرست کا وارڈ ہوتا ہے -

وَارَن :- (ہ - مو) صدقہ - بھینٹ - نچھاور - چڑھاوا - **وارن پھیرن** (مو) صدقہ - **وارنا بھیجنا** - کرنا - قربان کرنا -

وَارَنٹ :- (انگ - مذ) گرفتاری کا حکمنامہ - فرمان - طلب نامہ - حکم - پروانہ - **وارنٹ جاری کرنا** - گرفتاری کا حکم جاری کرنا - **وارنٹ جاری ہونا** - گرفتاری کا حکم جاری ہونا - **وارنٹ کٹنا** - وارنٹ گرفتاری جاری ہونا -

وارنش :- (انگ - مو) قلعی - روغن جو پھیرا جائے - **وارنش کرنا** - پالش کرنا - روغن کرنا -

واری :- (ہ) صدقے - قربان - نثار - **واری جانا** - قربان ہونا - صدقے ہونا - **واری ہونا** - قربان ہونا - نثار ہونا -

واڑا :- (ہ - مذ - لاحقہ) محلہ - کوچہ - علاقہ -

واژگون :- (ف) سرنگوں - منحوس - نامبارک - اُلٹا - اوندھا - معکوس - **واژوں بخت** - بدنصیب - بدبخت -

وَاسِط :- (ع - مذ) عراق کے ایک شہر کا نام جہاں کے قلم مشہور ہیں - **واسطہ** (مذ) ربط - علاقہ - لگاؤ - ذریعہ - وسیلہ - موقع - کام - سروکار - غرض - طفیل - صدقہ - رشتہ داری کا تعلق - کسی اور قسم کا خاص تعلق - پیر و مرشد کی صورت - جو ذکر کرنے والے اپنے دھیان میں رکھتے ہیں وہ بات جو دو شخصوں یا چیزوں کے درمیان وسیلہ ہو (جیسے شرکت یا کچھ اور) **واسطہ پیدا کرنا** - ذریعہ نکالنا - موقع نکالنا - **واسطہ پڑنا** - پالا پڑنا - کام پڑنا - **واسطہ دینا** - دہائی دینا - بیچ میں ڈالنا - واسطہ

ڈالنا - کام ڈالنا - **واسطہ رکھنا** تعلق رکھنا - **واسطہ ہونا** - تعلق ہونا - لگاؤ ہونا - مطلب ہونا - **واسطی** - واسط کا باشندہ - واسط کا قلم -

وَاسطے :- (۱) لیے

وَاسکَٹ :- (انگ - مو) بے آستینوں کی فتوحی -

وَاسِع :- (ع) پھیلنے والا - کشادہ -

وَالسَّلام :- (ع) خط کے خاتمہ پر لکھتے ہیں - خاتمہ - آخری بات ؎ اوج

واجب ہے سب پہ بعد نبی طاعت امام
جوان کا حکم ہے وہ بجا لائے والسلام

وَاسوخت :- (ف - مو) وہ مسدس یا کسی اور قسم کی نظم جس میں عاشق عشق و معشوق سے بے تعلقی کا اظہار کرتے ہوئے جلی کٹی سناتا ہے -

وَاصِل :- (ع) ملنے والا - شامل ہونے والا - وصول ہونے والا - ملاقات کرنے والا - پہنچنے والا - **واصل ہونا** - ملاقی ہونا - داخل ہونا - **واصل باقی** (مو) وصول شدہ اور باقی رقم - **واصلات** (مو) جائداد غیر منقولہ کی مدنی جائداد غیر منقول کا منافع جو جائداد کے ناجائز قابض نے حاصل کیا ہو

وَاضِح :- (ع) روشن - آشکار - کھلا ہوا - عیاں - منکشف - **واضح کرنا** - جتانا - ظاہر کرنا - **واضح ہونا** - ظاہر ہونا - **واضح ہو** - آگاہ کرنے اور جتانے کے لیے مستعمل ہے -

وَاضِع :- (ع) کسی شے کو بنانے والا - ایجاد کرنے والا - **واضع قانون** - قانون بنانے والا - مقنن -

وَاعِظ :- (ع - مذ) وعظ کرنے والا - منبر یا اسٹیج سے مذہبی تقریر کرنے والا -

وَافِر :- (ع) بہت - کثیر - کثرت سے - زیادہ -

وَافِی :- (ع) پورا - کامل - کافی - مکتفی -

وَاقِع :- (ع) ہونے والا - حادث ہونے والا - **واقع ہونا** - پیش آنا - ظاہر ہونا - موجود ہونا - **واقعات** - واقعہ کی جمع (مذ) حادثے - **واقع میں** - حقیقت میں - **واقعی** - درحقیقت - سچ مچ - ٹھیک -

وَاقِعہ :- (ع - مذ) حادثہ - واردات - حال - ماجرا - **واقعہ نویس** مذ خبر نویس - پرچہ نویس - **واقعہ ہونا** - حادثہ پیش آنا - موت ہونا -

وَاقِف :- (ع) جاننے والا - آگاہ - ماہر - **واقف الحال** یا **واقفِ حال** - رازدان - ہمراز - باخبر - **واقفِ کار** - کام سے واقف - شناسا - **واقف** - کام جاننے والا - تجربہ کار - **واقف کاری** (مو) جان پہچان - شناسائی - آگاہی - استعداد - **واقفیت پیدا کرنا** - تجربہ حاصل کرنا - شناسائی یا ملاقات پیدا کرنا - **واقفیت ہونا** - تجربہ ہونا -

وال :- (ف - مذ) والا کا مخفف جیسے دلی وال یعنی دہلی کی رہنے والا - لاحقہ جو بائے نسبتی کا قائم مقام ہے

والا :- (ف) علامت فاعل و نسبت - بلند - اونچا - عالی - بزرگ جیسے والا جاہ - بلند مرتبے والا - **والاشان** - بڑی شان والا - عالی شان - **والاقدر** - عالی قدر - عالی مرتبہ - **والا گہر** - عالی خاندان - **والا نامہ** (مذ) بزرگ کا خط - نوازش نامہ - **والا نژاد** - عالی خاندان - **والا ہمت** - بلند ہمت - (فارسی سابقہ)

وَاِلاَّ فَلاَ :- (ع) اور اگر ایسا نہ ہو تو پھر نہیں -

وَالِد :- (ع - مذ) باپ - **والد ماجد** - محترم باپ - پدر بزرگوار - **والدین** مذ ماں باپ - مادر پدر -

وَالنٹیئر :- (انگ - مذ) رضاکار - وہ لوگ جو ملک کی خدمت کے لیے بلا تنخواہ سپاہی کی حیثیت سے کام کیا کرتے ہیں -

وَاللہ :- (ع) خدا کی قسم - **واللہ اعلم بالصواب** - خدا ہی بہتر جانتا ہے - خدا کو خوب معلوم ہے - **واللہ باللہ** - دوہری قسم - تاکیدی قسم -

والی :- (ف - مو) علامت فاعل و نسبت - (ع - مذ) آقا - وارث - دوست - مددگار - **والی وارث** - آقا - سرپرست - مالک - شوہر -

وَام :- (ف - مذ) قرض - ادھار - ؎ منیر

تیر ستم سے دل کے اڑا جانب عدم
پر آپ کے خدنگ سے میں دام لے گیا

وَامِق :- (ع) عذرا کے عربی کے عاشق کا نام -

وان :- (ف) لاحقہ جو علامت فاعل - جیسے بھگوان دن ہند صفت عددی اور نسبت ظاہر کرنے کے لیے (جیسے جیوان) فاعل یا مفعول کی علامت کے طور پر جیسے پھیلاؤ ان (گھسٹوان) وہاں کا مخفف -

واہ :- (ف) کلمہ تحسین - کیا بات ہے - کیا کہنا - کلمہ تعجب

کلمۂ تحقیر و طنز - واہ پیر علیا پکائی تھی کھیر ہو گیا دلیا - (۱) کسی کی وجہ سے کوئی کام بگڑ جانا - کہتے ہیں کہ پیر علی نے پوچھا بڑی بی کیا پکایا - اُس نے سوچا کہ اگر بتائے دیتی ہوں تو یہ مانگ لیں گے - کہہ دیا "ہا دلیا!" اب جو دیکھا تو کھیر سچ مچ دلیا تھی - بڑھیا کی زبان سے یہ جملہ نکلا - واہ رے میں - میری کیا بات ہے - واہ کیا بات ہے - طنز و تحقیر - واہ وا - سبحان اللہ - شاباش (طنز و تحسین) واہ وا کرنا - تعریف کرنا - واہ واہ گرگٹ کا بچہ تاتا شاہ - کمینہ آدمی اور دماغ ایسا شاہانہ - واہ واہ میاں بانکے تیرے ڈھنگے میں سو سو ٹانکے - غربت کے باوجود ترچھا پن - فیشن اور بد دماغی - واہ واہ مچنا - تعریف ہونا - شہرت ہونا - خوب داد ملنا -

واہِب :- (ع) بخشنے والا - عفو کرنے والا - سخی -

وَاہِمَہ :- (ع - مذ) وہم کی قوت - قوت متخیلہ - تخیل کی قوت -

وَاہِی :- (ع) بے ہودہ - لغو - آوارہ - ناکارہ - واہی تباہی - بے ہودہ - بے معنی - آوارہ - اوباش - واہی تباہی بکنا - بے ہودہ باتیں کرنا - لغو باتیں کرنا - (سند کے لیے دیکھیے "خواہ") واہی تباہی پھرنا - آوارہ پھرنا - وَاہِیات (مو) واہی کی جمع - بے ہودہ اور لغو باتیں - خرافات -

وائِس :- (انگ - مو) جب ہمزہ کسرہ مائل بیائے مجہول پڑھیں - تو اس کے معنی (آواز - شنوائی -) اور جب کسرہ مائل بیائے معروف پڑھیں تو) قائم مقام نائب - وائس پریذیڈنٹ (انگ - مذ) نائب صدر - وائسرائے - (انگ) بادشاہ کا نائب جو برطانیہ کی طرف سے متحدہ ہند میں رہتا تھا -

وائِن :- (انگ - مو) انگوری شراب - شراب -

وَائے :- (ف - مو) کلمۂ افسوس - کلمۂ حسرت - کلمۂ نفرین (وائے ہو تجھ پر) وائے بر حال - حالت پر افسوس ہے - وائے تقدیر - وائے قسمت - وائے نصیب - قسمت کا گلہ کرنے کے لیے - وائے رے - وائے کی جگہ ؂ داغ

دل دے کے لیا رنج و الم وائے رے قسمت

وَبا :- (ف - مو) موت - بیماری پھیلنے والی بیماری - وبا آنا - مری پڑنا - مرگ عام پڑنا - وبا پھیلنا - مری پڑنا - مرگ عام کا بازار گرم ہونا - ہیضہ کی ہوا چلنا -

وَبال :- (ع) مصیبت - قہر - عذاب جان - سختی - گرانی - بوجھ - کیے کی سزا - وبال پڑنا - ظلم کی سزا ملنا - صبر پڑنا - وبال ہونا - مصیبت ہونا - بار ہونا - وبالِ جان - دوبھر - اجیرن - جان کا عذاب - وبالِ جان ہونا - اجیرن ہونا - وبال ہونا - وبالِ دوش - ناگوار طبع - وجہ گرانی خاطر - بار دوش -

وَتَد :- (ع - مذ) علم عروض کی اصطلاح - سہ حرفی کلمہ - اگر وہ متحرک متصل ہوں اور آخر ساکن ہو تو "وتد مجموع" کہتے ہیں اور اگر طرفین متحرک اور درمیان کا ساکن ہو تو وہ "وتد مفروق" کہلاتا ہے -

وَتَر :- (ع - مذ) وہ خط جو دائرے کے کسی حصے کو گھیرے اور قطر سے چھوٹا ہو -

وِتر :- (ع - مو) وہ مستحب نماز جو عشا کے بعد پڑھتے ہیں -

وِتنا :- (ک) آشنائی جگہ - وتنی - آشنی کی جگہ (اب تو بیوی میں سرکار معلوم ہوتے ہیں مگر داڑھی وتنی نہیں - نذیر احمد)

وَتیرہ :- (ف - مذ) طریقہ - شیوہ - دستور - عادت ؂

یاد کرنا کھا جانے کا وتیرہ ہو گیا
دعوت لب خوں ناحق کا ذخیرہ ہو گیا تنویر

وتیرہ اختیار کرنا - دستور بنانا - ڈھنگ اختیار کرنا - عادت بنانا -

وُثوق :- (ع - مذ) مضبوطی - اعتماد - بھروسا - وثوق پیدا کرنا - بھروسا پیدا کرنا - وثوق سے کہنا - بھروسے کے ساتھ کہنا -

وَثیقَہ :- (ع - مذ) معاہدہ - عہدنامہ - سند - دستاویز - (ک) وہ سالانہ یا ماہانہ رقم جو پرامیسری نوٹ کے منافع سے کسی کو بطور حق و اعزاز دی جاتی ہے - وثیقہ دار - وظیفہ دار - وہ شخص جس کا روپیہ گورنمنٹ کے پاس جمع ہو اور اس کا منافع اسے ملتا ہو -

وِجاہَت :- (ع - مو) خوب رونق - رعب - توقیر - عزت - حرمت -

وَجد :- (ع - مذ) بے خودی - سرمستی - حال - وجد آنا - حال آنا - جھومنا - وجد میں آنا - حالت ذوق شوق میں مست ہونا -

وِجدان :- (ع - مذ) دریافت اور جاننے کا ذوق سلیم جو ایک قلبی قوت ہے -

وَجَع: (ع - مذ) درد - دُکھ - ٹیس - وجع مفاصل (مذ) جوڑوں کا درد - گٹھیا - (مفرد مستعمل نہیں)

وُجُوب: (ع - مذ) واجب ہونا - لازم ہونا - فرض

وُجُود: (ع - مذ) پایا جانا - ظاہر ہونا - نمائش - ہستی - حیات - بدن (نیز دیکھو باوجود) وجود پانا یا پکڑنا - ہستی میں آنا - ہست ہونا - پیدا ہونا - وجود میں لانا - پیدا کرنا - ظہور میں لانا -

وُجُوہ: (ع - مو - مذ) وجہ کی جمع - اسباب - دلائل - ثبوت - اموال (وجوہ زکوٰۃ) وُجوہات - وجوہ کی جمع - اسباب - دلیلیں -

وَجہ: (ع - مو) رُخ - چہرہ - صورت (فتح ع سبب - باعث - طور - طریقہ - تنخواہ - جانب - نقدی - معاش - پیدا کرنے کا سبب - وجہ تسمیہ - نام رکھنے کی وجہ - وجہ قوی - مضبوط سبب - وجہ معاش - گزارے کا ذریعہ - آمدنی - وَجیہہ - خوب صورت - خوش وضع - صورت شکل کا اچھا -

وَحدانیت: (ع - مو) یکتائی - ایک ہونا - یگانگی -

وَحدت: یگانہ ہونا - یکتائی - یگانگت - توحید - وحدت الوجود ع صوفیوں کی اصطلاح میں تمام موجودات کو صرف اعتباری اور فرضی ماننا اصل میں تمام چیزیں وجود خدا ہی ہیں جیسے کہ پانی کہ وہی بلبلا لہر اور سمندر

وَحشت: (ع - مو) جنون - دیوانگی - سودا - گھبراہٹ - اُداسی - وحشت اثر - وحشت ناک - ایسی خبریں جن سے وحشت پیدا ہو - وحشت اچھلنا - جنون ہونا - جنون اُٹھنا - وحشت انگیز - ڈراونا - ہولناک - وحشت برسنا - وحشت ٹپکنا - اُداسی ظاہر ہونا - بھیانک معلوم دینا - وحشت زدہ - حواس باختہ - اُداس - گھبرایا ہوا - وحشت ناک - بھیانک - ڈراؤنا - وحشت بھرا - وحشت ہونا - جنون ہونا - گھبرانا - وحشت کی لینا - وحشت ظاہر کرنا - وحشت کی باتیں کرنا - وحشی - جانوروں ایسا - جنگلی - بد تہذیب - پالتو کی ضد - صحرائی جانور (واحد)

وُحُوش: (ع - مذ) وحش کی جمع - صحرائی جانور -

وَحی: (ع - مو) خدا کا حکم جو پیغمبروں کو فرشتے کے ذریعے ملتا ہے - وحی آنا یا نازل ہونا - پیغام خداوندی پیغمبر کے پاس فرشتے کا لانا -

وَحید: (ع) یکتا - یگانہ - تنہا - بے نظیر - وحید عصر - وحید العصر - یکتائے روزگار - لاثانی -

وِدَاد: (ع - مو) دوستی - محبت - انس -

وِداع: (ع - مو) (فتح ع مو) رخصت - روانگی - دلہن کی اپنے گھر سے رخصت -

وَدائع: (ع - مذ) ودیعت کی جمع - امانتیں -

وَدُود: (ع - مذ) خدائے تعالیٰ کا نام (نیک بندوں کو دوست رکھنے والا)

وِدیا: (ہ - مو) علم - فن - ہنر -

وَدِیعت: (ع - مو) امانت - سپردگی (رکھنا - کرنا - ہونا) ودیعت ایزدی - خدائے تعالیٰ کی امانت - مجازاً زندگی -

وَر: (ف - مرکبات میں) کلمۂ نسبت و قابل (جیسے ہنرور) غالب - فائق ع - انیس
کشتی میں بہتر تھے کہ اولاد پیمبر تھے

وَرَا: (ع) سوا - علاوہ - پیچھے کی طرف (ورائے حجاب)

وِراثت: (ع - مو) ورثہ - ترکہ - میراث - وراثت نامہ (مذ) وارث ہونے کی دستاویز - وراثتہً ورثے میں - بطور ورثہ -

وَرَثہ: (ع - مذ) وارث کی جمع - میراث پانے والے لوگ - وَرثہ (مذ) ترکہ - میراث - ورثہ بٹنا تقسیم ہونا - ترکہ تقسیم ہونا - ورثہ پانا - ترکہ پانا - میراث پانا - ورثے میں آنا - ورثے میں ملنا - ترکے میں آنا - میراث بٹنے پر حصے میں آنا -

وِرد: (ع - مذ) ہر روز کا کام - معمول - وظیفہ - ورد رکھنا - بلاناغہ کسی کام کو کرنا - ورد زبان ہونا - ہر وقت زبان پر ہونا - ہر وقت جپنا - ورد کرنا - معمول باندھنا - وظیفہ پڑھنا - ورد ہونا - لازم -

وَردی: (ا - مو) سپاہی کا مقررہ لباس - نوبت نقارہ جو فوج میں یا شاہی عمارات میں بجے - وردی بجانا - شاہی محل یا نوبت بجانا - فوجی کیمپ یا چھاؤنی میں باجا بجانا - وردی بجانا - لازم ع صفی لکھنوی
پیٹی چھڑا دو تو روزی مبارک بزم افروزی
چمن میں وردیاں کتنی ہیں یا غنچے چٹکتے ہیں
وردی بولنا - کسی واقعے کی خبر دینا - رپورٹ کرنا - اطلاع دینا - جاسوسی یا مخبری کرنا -

وَرزِش:- (ف - مو) کسرت - ریاضت - ورزش کرنا - کسرت کرنا - ورزش ہونا - ریاضت ہونا - ورزشی - ورزش کیا ہوا - کسرتی - ورزشی بدن (مذ) ورزش سے بنا ہوا بدن - سڈول -

وَرطَہ:- (ع - مذ) ہلاکت کا مقام - بھنور - گرداب - غار - ورطۂ حیرت - حیرت کا گرداب - نہایت حیرت -

وَرَع:- (ع - مو) زہد - پارسائی - پرہیزگاری - تقویٰ -

وَرغَلانا:- (ف سے اُردو مصدر) بہکانا - اُکسانا - بھڑکانا - اغوا کرنا ؎ قلق

سر اُٹھایا تھا جانِ بسمل نے
ورغلایا تھا حضرتِ دل نے

ورغلانے میں آنا - بہکانے میں آنا -

وَرَق:- (ع) کاغذ کا پرچہ - پھول کی پنکھڑی - وہ سونے یا چاندی کا ٹکڑا جو رنگ اور چمک دمک بڑھانے کے لیے لعل اور یاقوت کے نگین کے نیچے رکھتے ہیں - بجنفے کا پتہ - چاندی یا سونے کا باریک کٹا ہوا ٹکڑا (ورق نقرہ و طلا) باریک اور چوڑی تراشی ہوئی چیز - ورق اتارنا - باریک قاش اُتارنا - صفر اُتارنا - ورق اُلٹنا - کنایہ - انقلاب ہونا / کرنا ؎ بحر

کہاں وہ نغمے اب مرغِ چمن فریاد کرتے ہیں
ہوا بدلی سبق بھولے ورق اُلٹا گلستاں کا

ورق بکھر جانا - تتر بتر ہو جانا - شیرازہ کھل جانا - نا اتفاقی ہو جانا - ورق داغ - عددِ صفر - ورق سا - نہایت باریک - ورق ساز (مذ) چاندی سونے کے ورق کوٹنے اور بنانے والا - ورق کوٹنا - چاندی سونے کا ورق بنانا - ورق گردانی کرنا - بے کار ورق اُلٹنا - کتاب میں کچھ ڈھونڈنا - ورقہ (مذ) کتاب کا ورق -

وَرلا:- (ہ) ادھر کا - اس طرف کا - (غیر مستعمل - غیر فصیح)

وَرَم:- (ع - مذ) سوجن - بیماری یا چوٹ سے جسم کا پھول جانا - ورم آنا - سوجنا - سوجن آنا - ورم چڑھنا - سوج جانا - ورم ہونا - ہو جانا - سوج جانا -

وَرنَہ:- (ف) وگرنہ - نہیں تو - پھر ؎ غالب

تب ہوئے ہے ثمر نشاں یہ نخل
ہم کہاں ورنہ اور کہاں یہ نخل

وُرُود:- (ع - مذ) نزول - اُترنا - تشریف آوری ہونا - آنا - ٹھہرنا -

وَرے:- (ہ) اِدھر - پاس - نزدیک (متروک)

وَریاں:- (ہ) واری کی تصغیر - اکثر عورتیں واری جاؤں کی جگہ وریاں جاؤں بولتی ہیں -

وِزارَت:- (ع - مو) وزیر کا عہدہ - وزیر کا کام - وزیر کا دفتر - وزارت بنانا - کیبنٹ بنانا - کابینہ بنانا - وُزَرا مذ وزیر کی جمع -

وَزن:- (ع - مذ) بوجھ - بار - پیمانہ - اندازہ - تول - شعر کا وزن اور بحر - وقعت - عزت - قدر - سنجیدگی - متانت - وزن دار - بوجھل - بھاری - قیمتی - باوقعت - عالی ظرف - وزن رکھنا - وزنی بات - باوقعت بات - پائے کی بات - وزنی گالی - سخت گالی -

وَزیر:- (ع - مذ) منسٹر - بادشاہ یا حکومت کا نائب - وزیرِ اعلیٰ - صوبے یا اسٹیٹ کا بڑا وزیر - وزیرِ اعظم - چیف منسٹر - مملکت کا بڑا وزیر -

وِساطَت:- (ع - مو) درمیان ہونا - وسیلہ - واسطہ - ذریعہ - وساطت سے - ذریعے سے -

وَساوِس:- (ع - مذ) وسواس کی جمع - وسوسے - توہمات - ڈبدے -

وَسائِل:- (ع - مذ) وسیلہ کی جمع - وسیلے - ذریعے -

وَسَط:- (ع - وس - مفتوح - مذ) کسی چیز کا ٹھیک بیچوں بیچ ؎ رشک

صفا ہے بے وسط آئینہ کمر تیری

(س - ساکن - مذ) کسی چیز کا درمیانی حصہ (ٹھیک بیچوں بیچ کی سی نہیں) جیسے وسط ماہ یعنی کم و بیش ۱۲ سے ۱۷ تک - وُسطیٰ - میانہ - اوسط درجے کا - بیچ کا (قرونِ وسطیٰ) بیچ کی انگلی -

وُسعَت:- (ع - مو) چوڑائی - گنجایش - وُسعتِ اخلاق (مو) ہر ایک سے خاطر داری کے ساتھ پیش آنا - وُسعت دینا - فراخی دینا - گنجایش دینا - بڑھانا -

وِسکی:- (انگ - مو) ایک قسم کی شراب -

وَسمَہ:- (ع - مذ) خضاب - نیل کے پتے جن سے خضاب کیا جاتا ہے - وسمہ لگانا / کرنا - خضاب لگانا -

وَسواس:- (ع - مذ) وہم - خوف - اندیشہ - برا خیال جو دل میں آئے - وَسواس آنا - وہم آنا - شک پیدا ہونا - ڈرنا - وَسواسی - وہمی شکی

وَسوَسَہ:- (مذ) وہم۔ شبہ۔ ظن۔ وسوسہ پیدا ہونا۔ شک پیدا ہونا۔ وہم ہونا۔

وَسِیع:- (ع) چوڑا۔ کشادہ۔

وَسِیلہ:- (ع۔ مذ) ذریعہ۔ وساطت۔ آسرا۔ سہارا۔ طفیل۔ دستگیر۔ حمایت۔ حکام میں رسوخ۔ وسیلہ پیدا کرنا۔ ذریعہ نکالنا۔ راہ نکالنا۔ وسیلہ ہونا۔ آسرا ہونا۔ ذریعہ ہونا۔ حکام میں ہونا۔ جمع وسائل۔ وسیلے۔

وَسِیم:- (ع) خوبصورت۔

وَش:- (ف۔ مرکبات میں) علامت تشبیہ۔ (جیسے ماہ وش) مانند ماہ۔

وَصّاف:- (ع) بہت تعریف کرنے والا۔ ع رشک

تری وصّاف ہے سوسن تری مداح ہے نرگس

وِصال:- (ع۔ مذ) ملاقات۔ ہم بستری۔ بزرگانِ دین کی موت۔ انتقال۔ وحدت میں فنا ہو جانا۔ وصال کا دن۔ یوم انتقال۔ وصال ہونا۔ ملاقات ہونا۔ مرنا۔ ہمبستری ہونا۔ مر جانا۔

وَصایا:- (ع۔ مذ) وصیّت کی جمع۔ وصیّتیں۔

وَصف:- (ع۔ مذ) تعریف۔ خوبی۔ عمدگی۔ خاصیت۔ خصلت۔ کمال۔ سلیقہ۔ پہچان۔ وصف پیدا کرنا۔ خوبی پیدا کرنا۔ وصف رکھنا۔ خوبی ہونا۔ ہنر رکھنا۔ وصف ہونا۔ خوبی ہونا۔ سلیقہ ہونا۔

وَصل:- (ع۔ مذ) ملاقات۔ ہم بستری۔ چسپاں ہونا۔ جوڑ سے جوڑ ملنا۔ وصل کرنا۔ ملا دینا۔ ایک جان کر دینا۔ جوڑ دینا۔ وصل ہونا۔ ملاقات ہونا۔ خوب مل جانا۔ وصلی (مو) دو جڑے ہوئے موٹے کاغذ۔ خوشخطی کی مشق کرنے کے کاغذ۔ وصلیاں لکھنا۔ موٹے کاغذ پر مشق کے لیے لکھنا۔

وُصلیچہ:- (ف۔ مذ) کاغذ یا کپڑے کا ٹکڑا۔ "ایک تھان کے وصلیچے ہیں" یعنی سب ایک طرح کے ہیں۔

وُصُول:- (ع۔ مذ) پہنچنا۔ حاصل۔ آمد۔ پہنچا ہوا۔ بے باق۔ جمع۔ وصول پانا۔ بھر پانا۔ وصول کرنا۔ حاصل کرنا۔ لینا۔ وصول ہونا۔ حاصل ہونا۔ ملنا۔ وصولی (مو) قابل وصول۔ وصول شدہ۔ وصولی ہونا۔ وصول ہونا۔ وصولیابی (مو) جمع شدہ۔ تحصیل شدہ۔

بھر پایا ہوا۔

وَصی:- (ع) جس کو وصیّت کی گئی ہو۔ جس کی بابت وصیّت کی گئی ہو۔ وصیّت پر عمل کرنے والا۔ منتظم۔ نیابت کرنے والا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ وصی رسول۔ وصیّت (مو) مرنے والے یا سفر کو جانے والے شخص کا نصیحت کرنا۔ کہ میرے بعد ایسا ایسا کیا جائے۔ وصیّت کرنا۔ مرتے وقت یا سفر پر جاتے وقت کچھ نصیحتیں کرنا۔ وصیّت نامہ۔ مرتے وقت یا سفر کو روانہ ہوتے وقت جو ہدایتیں لکھ کر دی جاتی ہیں۔

وِضاحت:- (ع) تفصیل۔ تشریح۔

وَضع:- (ع وضا۔ مو) بنانا۔ رکھنا۔ ترتیب کرنا۔ بناوٹ۔ ساخت۔ طرز۔ روش۔ صورت۔ شکل۔ فیشن بچنا (وضع حمل) وصول۔ مجرا (اتنے روپے وضع کیے گئے)۔ وضع بدلنا۔ طرز بدلنا۔ روش اختیار کرنا۔ وضع حمل (مذ) بچہ پیدا ہونا۔ وضع دار۔ ایک روش پر رہنے والا۔ اس وانداز والا "دلی میں اب بھی وضع داری سے بانکپن و حسن مراد لیتے ہیں" (سخندانِ فارس۔ آزاد) وضع داری (مو) طرح داری۔ خوش اسلوبی۔ سلیقہ۔ پابندی وضع۔ وضع کرنا۔ بنانا۔ مرتب کرنا۔ منہا کرنا۔ حساب میں لگانا۔ وضع ملنا۔ طور طریقے۔ صورت شکل انداز ملنا۔ وضع نبا ہنا۔ رہن سہن میل جول کا طریقہ نہ بدلنا۔ ؎

قریب مرگ ہیں عاشق مگر نہ چھوڑا عشق
اخیر وقت میں ہم وضع کو نباہ چلے

وَضعِیّن / وَضعِین (ع۔ مو۔ وضعائین) جمع وضع۔ وضع نکالنا۔ ڈھنگ ایجاد کرنا۔ فیشن نکالنا۔ رنگ روپ نکالنا۔ وضع ہونا۔ مجرا ہونا۔ منہا ہونا۔ ایجاد ہونا۔

وُضو:- (ع۔ مذ) نماز کے واسطے ہاتھ منہ وغیرہ مقررہ طریقے سے دھونا۔ وضو تازہ کرنا۔ پہلے وضو سے کچھ دیر کے بعد بلا ضرورت دوبارہ وضو کرنا۔ وضو توڑنا۔ تقوی توڑنا۔ وضو فاسد کرنا۔ وضو ٹوٹ جانا۔ وضو نہ رہنا۔ نیت میں فرق آنا۔ وضو ٹوٹنا۔ وضو نہ رہنا۔ نیت سالم نہ رہنا۔ وضو ٹھنڈے / ڈھیلے کرنا (ہونا) ہمت ہارنا۔ نیت بدلنا۔ ؎ سحر

یہ ادنے سے چھینٹے ہیں استاد کے
وضو ڈھیلے ہوتے ہیں استاد کے

وضو سے ہونا۔ باوضو ہونا۔ وضو قائم ہونا۔ وضو شکست ہونا۔ وضو ٹھنڈا ہونا۔ ؎ بحر

جنھیں غرور بہت تھا نماز روزے پر
گئے جو قبر میں سارے وضو شکست ہوئے

وضو کرنا - بطریق مجوزہ منہ ہاتھ نماز کے لیے دھونا -

وُضُوح :- (ع - مذ) کسی مطلب کی وضاحت ہونا - ظہور - ظاہر معلوم - واضح - اظہار -

وَضیع :- (ع) رذیل - کمینہ - ادنیٰ - وضیع و شریف اعلیٰ و ادنیٰ - ہر قسم کے لوگ -

وَطَن :- (ع - مذ) رہنے اور قیام کرنے کی جگہ - اپنا دیس - وطن بنانا - وطن اختیار کرنا - سکونت اختیار کرنا - وطنِ مالوف (مذ) پیارا وطن - وہ جگہ جہاں رہنے کی عادت پڑی ہو - وطنی - ایک وطن کا - وطن کا -

وَظائِف :- (ع - مذ) وظیفہ کی جمع - وظیفہ (مذ) روزمرہ پڑھنے کی دعا - وہ چیز جو ہر روز کے واسطے مقرر ہو - پنشن - درماہہ - تنخواہ - طالب علم کا درماہہ جو گھر کے علاوہ کہیں سے ملے - جاگیر - کسی بات کی رٹ - وظیفہ بند کرنا - روزینہ روک دینا - مدد بند کرنا - وظیفہ پڑھنا - روز کوئی دعا پڑھنا - کسی کو روز یاد کرنا - کسی بات کی رٹ لگانا - وظیفہ جاری کرنا - معمول کے مطابق کام کرنا - ورد - تنخواہ ملنا - دینا - وظیفہ بجانا - ورد کرنا - طنز و تحقیر سے - رشک

شیخ ہیں پہروں وظیفہ بجاتے
کام آجاتا جو ڈورا بجاتے

وظیفہ خوار - وظیفہ لینے والا -

وَعدَہ :- (ع - مذ) اقرار - قول و قرار - عہد و پیمان - مرنے کا دن - موت - وعدہ آپہنچا - موت کا وقت آنا - وعدہ آ(جا)نا - زندگی پوری ہونا - وعدہ برابر ہونا - موت کا وقت آنا - وعدہ پورا ہونا - موت آنا - اقرار پورا ہونا - وعدہ ٹالنا - وعدہ پورا نہ کرنا - آجکل کرنا - وعدہ ٹلنا - وعدہ وقت پر پورا نہ ہونا - وعدہ ٹھہرنا - قول و قرار ہونا - مصحفی

جو تم سے وعدۂ دیدار یار ٹھہرے گا
تو کب تک یہ دل بیقرار ٹھہرے گا

وعدہ خلاف - وہ شخص جو وعدہ تو کرے مگر پورا نہ کرے - وعدہ خلاف ہونا - بدعہد ہونا - قول کا پکا نہ ہونا - وعدہ خلافی (مو) عہد پورا نہ کرنا - وعدہ خلافی کرنا - عہد شکنی کرنا - وعدہ پورا نہ کرنا - وعدے سے دم زیادہ نہ کم - موت کا وقت ٹالنے سے نہیں ٹلتا - وعدہ فراموش - عہد کر کے بھول جانے والا - بدعہد - وعدہ فراموشی (مو) بدعہدی - وعدہ خلافی - وعدہ کرنا - اقرار کرنا - قول دینا - وعدہ لینا - اقرار لینا - قول لینا - وعدہ وعید (مذ) قول و قرار - لیت و لعل و ٹال مٹول - حیلہ حوالہ - وعدہ وعید کرنا - آجکل کرنا - ٹالنا - وعدہ وفا کرنا - عہد پورا کرنا - وعدہ وفا ہونا - اقرار ہونا - قول و قرار ہونا - وعدہ ہونا - اقرار ہونا - قول و قرار ہونا -

وَعظ :- (مذ) مذہبی لیکچر - مذہبی نصیحت جو زبانی کی جائے - وعظ کرنا - مذہبی لیکچر دینا - زبانی نصیحت کرنا جو مذہب سے متعلق ہو -

وَعَلَیکُمُ السَّلام :- اور تم پر بھی سلام ہو - سلام علیکم کے جواب میں کہتے ہیں -

وَعِید :- (مذ) سزا دینے کا وعدہ - دھمکی -

وَغا :- (ع - مو) لڑائی - جنگ - شور و غل - انیس

نانا کی طرح دونوں نواسوں نے وغا کی
بچوں کی نہ تھی جنگ یہ قدرت تھی خدا کی

وَغَیرہ :- (ع) اور بھی - اور بھی اس کے سوا - جب کسی حکم میں چند چیزیں شامل ہوں اور ان کی تفصیل لکھنا چاہیں تو ایک آدھ کا نام لکھنے کے بعد یہ کلمہ لکھ دیتے ہیں -

وَفا :- (ع - مو) دوستی اور عہد کا پورا کرنا - نباہ کرنا - ساتھ دینا - تکمیل و تعمیل - خیر خواہی - عقیدت مندی - وفا پرست - وفا شعار - وفادار - وفا کرنا - عہد دوستی نباہنا - ساتھ دینا (عمر نے وفا نہ کی) وفادار - وفا کرنے والا - ساتھی - سچا دوست - وفاداری (مو) اخیر تک نباہنا - نمک حلالی - وفاداری کرنا - نمک حلالی کرنا - اخیر تک نباہنا - وفا شعار - جس کی طبیعت اور عادت میں وفا ہو - وفا شعاری (مو) حلالی - دیانت داری -

وَفات :- (ع) مرنا - فوت ہو (پانا - ہونا)

وِفاق :- (ع - مذ) صلح - ہم آہنگی - مشترک - نظم و نسق - اکائی

وَفد :- (ع - مذ) چند آدمیوں کا مقصد واسطے کہ کسی حاکم وغیرہ کے پاس متحدہ طور پر جانا -

وُفُور :- (ع - مذ) افراط - زیادتی - بہتات - دبیر

بڑھتی تھی پیاس رنج و الم کا وفور تھا

وَقار :- (ع - مذ) حلم - بردباری - متانت - قدر و منزلت - جاہ و جلال -

وَقَائِع : (ع - مذ) وقیعہ کی جمع - واقعات - حادثات - خبریں - حالات - **وقائع نگار** - نامہ نگار - مخبر - اخبار نویس - سوانح نگار - رپورٹر -

وَقت : (ع - مذ) زمانہ - عرصہ - موسم - فرصت - فصل - موقع - عہد - زمانہ - عمر - زندگی - باری - نوبت - حالت - گت - مدت - میعاد - موت کا وقت - گھڑی - ساعت ع غالب

مہرباں ہو کے بلا لو مجھے چاہو جس وقت

مصیبت (وقت تو پیغمبروں پر بھی پڑتا ہے) - دشواری (وقت مرکبات میں) زمانے کی جگہ مستعمل ہے (بر سر وقت) - وقت آ پہنچنا - موت کا وقت آ جانا - کسی کام کا وقت قریب آنا - **وقت آ جانا** - موت کا وقت آنا - موسم آنا - صحیح وقت آ جانا - **وقت برابر ہونا** - وقت ختم ہونا - زندگی ختم ہونا - **وقت بے وقت** - ہمیشہ - ہر وقت - برابر - بلا موقع - **وقت پانا** - موقع پانا - مہلت پانا - **وقت پر بھاگ جانا** - بی مروا آتی ہے جس بزدلی کی انتہا ہے - **وقت پر پہنچنا** - ٹھیک موقع پر آنا - **وقت پر گدھے کو باپ بنانا** - ضرورت کے موقع پر بیجا خوشامد کرنی روا سمجھنا - **وقت پر گولی بچانا** - وقت پر کام نہ آنا - **وقت پڑنا** - مصیبت پڑنا - ضرورت ہونا - **وقت تاکنا** - موقع کو دیکھنا **وقت تنگ ہونا** - زمانے - موقع یا فرصت کا کم ہونا - **وقت جانا** - ساعت یا موقع ختم ہونا - **وقت دیکھنا** - موقع دیکھنا - نازک دیکھنا - **وقت کاٹنا** - وقت گزارنا و دل بہلانا - **وقت کھونا** - وقت برباد کرنا - موقع سے فائدہ نہ اٹھانا - **وقت کی چیز** (میوہ) موقع کی بات - موسم کا پھل وغیرہ **وقت کی خوبی ہے** - بدقسمتی کا اثر ہے - زمانے کی گردش ہے **وقت کے وقت** - (ف) عین وقت پر - **وقت نا وقت** - وقت بے وقت - بے محل - بے موقع - **وقت نکالنا** - فرصت نکالنا - وقت کاٹنا - ضرورت پوری کرنا - **وقت نکل جاتا ہے بات رہ جاتی ہے** - کسی کا کام نہیں رکا کرتا - لیکن جو شخص مدد نہ دے اس کی شکایت دل میں رہ جاتی ہے - **وقت وقت کا راگ** یا وقت وقت کی راگنی - جیسا موقع ویسا سلوک یا کام - **وقت ہاتھ سے جانے نہ دینا** - وقت کا فائدہ اٹھانا - موقع کا فائدہ اٹھانا - **وقت ہونا** - موقع یا مصیبت ہونا - **وقتاً فوقتاً** - کبھی کبھی - کسی کسی وقت -

وَقر : (ع - مذ) عظمت - بزرگی - عزت - قدر و منزلت - **وقر اٹھ جانا** - عزت باقی نہ رہنا - **وقر پانا** - عزت پانا - **وقر کھونا** - عزت کھونا -

وَقِس عَلیٰ ہٰذا : (ع) کسی بات کی ایک مثال لکھ کر یا کئی کئی باتوں میں ایک بات کی مثال دے کر یہ جملہ لکھتے ہیں جس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اسی پر اور باتوں کو قیاس کر لو -

وَقعت : (ع - مو) عزت - اعتبار - ساکھ - **وقعت جاتی رہنا** - عزت نہ رہنا - اعتبار نہ رہنا - **وقعت کھونا** - عزت کھونا - اعتبار نہ رہنا - ساکھ گنوا بیٹھنا -

وَقف : (ع - مذ) خدا کے نام پر کسی چیز کو خاص کر کے مستحقین پر چھوڑ دینا - رفاہ عام کی چیز جس استعمال کا ہر شخص کو یکساں حق ہو - منہمک - کسی کام میں مشغول و مصروف (وہ اس کام کے لیے آج کل وقف ہو گیا ہے) - حرف ساکن کے بعد دوسرا ساکن - قرآن پاک میں بعض جگہ ٹھہرنے کا حکم ہے - اسے بھی وقف کہتے ہیں **وقف علی الاولاد** - جو چیز اولاد کے لیے وقف ہو - **وقف کرنا** - خدا کے نام پر یا رفاہ عام کے لیے مخصوص کرنا - **وقف نامہ** (مذ) وہ دستاویز جو کسی چیز کو وقف کرنے کے لیے لکھی جائے - **وقف ہونا** - کسی کی ملکیت نہ ہونا - عام فائدے کے لیے ہونا -

وَقفہ : (ع - مذ) تھوڑی سی دیر - ڈھیل - مہلت - درنگ - کلام مجید پڑھنے میں وقف پر ٹھہرنا - **وقفہ دینا** - مہلت دینا - ٹھہرنا - موقع دینا - فرصت دینا -

وُقوع : (ع - مذ) ظہور - واقع ہونا - **وقوع میں آنا** - واقع ہونا - ظہور میں آنا - **وقوعہ** (مذ) حادثہ - فساد - واردات - سانحہ - ہنگامہ - فساد - **وقوعہ ہونا** - واردات ہونا - حادثہ ہونا -

وُقوف : (ع - مذ) جاننا - واقفیت - شعور - تمیز - حاجیوں کا حج کے موقع پر عرفات میں ٹھہرنا - مطلق ٹھہرنا - **وقوف نہ ہونا** - شعور نہ ہونا - تمیز نہ ہونا - واقفیت نہ ہونا -

وَقیع : (ع) بلند - صاحب عزت - وزنی بات - قابل اعتبار -

وِکالت : (ع - مو) نیابت - قائم مقامی - کسی دوسرے کا کام کرنا - وکیل کا پیشہ - **وکالت کرنا** - نیابت کرنا - وکیل کرنا - **وکالت نامہ** (مذ) مقدمے میں وکیل کو پیروی کا حق دینے کی تحریر - **وکالتہ** - وکیل کی معرفت - **وکالتہً یا اصالتہً** - وکیل کے ذریعے یا خود -

وَکیل : (ع) قانون دان - ایجنٹ - کارندہ - **وکیل سرکار** - سرکاری وکیل - وہ وکیل جو

سرکار کی طرف سے عدالت میں حاضر ہو۔ **وکیل کرنا** کسی کو اپنی طرف سے پیروی کے لیے وکیل بنانا۔

وَگر:- (ف) اور اگر - اور جو - **وگرنہ** - ورنہ - اَور اگر نہیں تو ؎ ذوق

آنے سے مرے ٹھہر گئے آپ وگرنہ
جانے کا ارادہ تو کہیں ہو ہی چکا تھا

وِلا:- (ع - مو) محبّت - دوستی - بزرگانِ دین کی محبّت ؎ نفیس

حُبِّ وصیِ نبی حشر میں کام آئے گی
خُلد میں اِن کی وِلا کھینچ کے لے جائے گی

وِلادَت:- (ع - مو) پیدائش ؎ تسلیم

اوّل ہے ساری خلق سے خلقت رسُول کی
آخر ہوئی اگرچہ ولادت رسُول کی

وِلادت ہونا - پیدائش ہونا۔

وِلایت:- (ع - مو) ایک حکومت - غیر ملک - کسی کام کی ذمّہ داری - کفالت - خدا کی بارگاہ میں تقرب کا ایک درجہ (صاحبِ ولادت ہونا) کسی کا ولی و سرپرست ہونا - قدیم ادبیات میں ایران و افغانستان اس کے بعد کے ادبیات میں انگلستان (یہ ولایت کا دال ہے) **ولایت پانا** - ولی ہونا - **ولایتی** - ولایت کا رہنے والا (ایرانی یا افغانی یا انگریزی) ولایت کی چیز - **ولاتی بینگن** - ٹماٹر - **ولایتی پانی** - سوڈا واٹر۔

وَلَد:- (ع - مذ) بیٹا - **وَلَدُالحَرام** - حرامی - **وَلدیت** (مو) باپ کا نام - خاندان - گھرانا۔

وَلندیزی گفتگو:- (ا - مو) ڈینگ اور شیخی کی باتیں۔

وَلوَلہ:- (ع - مذ) جوش و خروش - اُمنگ - **وَلولہ اُٹھنا** - جوش پیدا ہونا۔

وَلی:- (ع) والا اور صاحب و مالک (جیسے ولی عہد، ولی نعمت بغیر اضافت) نابالغ کی جائداد وغیرہ کا نگران - مقرب الٰہی بندہ جو ولایت کے درجے پر فائز ہو - حضرت علی کا لقب جیسے (علی ولی) **ولی آدمی** - احمق اور بے وقوف - **ولی عہد** - حاکم وقت کا وارث جس کے وارث بننے کا اعلان ہو چکا ہو - **ولی کو ولی پہچانتا ہے** - اپنی قسم کے آدمی کو انسان بہت جلد پہچان لیتا ہے - **ولی لنگوٹا** - (طنزاً) سرپرست - حمایتی - جھوٹا ولی ؎ کامل نہیں ایک اور ولی لنگوٹا لاکھ (شرق یک یا خنگ ابھی) **ولی کے گھر شیطان** - اچھے لوگوں کی بُری اولاد - **ولی نعمت** -

مربّی - پرورش کرنے والا - صاحبِ دولت - **وَلیہ** - سرپرست خاتون - ولی کی تانیث۔

وَلے:- (ف) لیکن۔

وَلیکن:- (ف) دیکھو و

وَلِیمہ:- (ع - مذ) بیاہ کی دعوت - نکاح کی ضیافت - **ولیمہ کرنا** - لڑکے کی شادی کے موقع پر مہمانوں کو کھانا کھلانا - **ولیمہ ہونا** - ولیمہ کی دعوت ہونا۔

وَنت:- ہندی لاحقہ جو صاحب و مالک کے معنی دیتا ہے جیسے کلاونت۔

وَند:- فارسی لاحقہ - صاحب و مالک کے معنی دیتا ہے جیسے 'خداوند'

وُو:- (ا) وہ (اب نہیں بولتے) ؎ ناسخ

ہر صبح وو ہی صبح ہے ہر شام وو ہی شام
انسان پر ہے زور فقط انقلاب کا

ووٹ:- (مذ - انگ) وہ رسمی اظہارِ رائے جس کے ذریعے ووٹر پرچے لکھ کر یا نشان لگا کر یا زبانی بول کر یا ہاتھ اُٹھا کر یا علیحدہ کھڑے ہو کر کسی شخص یا قانون یا کسی ایسے اقدام کے بارے میں اپنی پسندیدگی کا اظہار کرے جس میں دُوسروں کے ساتھ مشترک مفاد رکھتا ہو۔

وُوں:- (ا) اُس طرح - ویسا (یوں بھی مرنا ووں بھی مرنا) ؎ ذوق

یوں بھی دیکھا جہاں کو ووں بھی دیکھا

وُوں کا ووں نہیں - جوں کا توں - ویسا ہی - **وُو نہیں** - (جوں ہی کے بعد) فوراً - فی الفور۔

وَہ:- (ف) کلمۂ نفرت - کلمۂ افسوس (وہ یہ کیا کیا!)

وُہ:- (ہ) ضمیر غائب (وہ ابھی تک نہیں آئے) اشارۂ بعید (وہ کتاب اٹھا لاؤ) کثرت ظاہر کرنے کے لیے (یہاں تو وہ غل ہے کہ خدا کی پناہ) ایسا - اس قسم کا ؎ آتش

کام وہ کرتے ہو تم جس میں کسی کا کام ہو
لوگوں کو متوجّہ کرنے کے لیے ؎ جلیل

بولے تیور وہ دل نشانہ ہُوا
اس ورنے کا ؎ داغ

احسان ترحّم وہ انداز عتاب ایسا
حُسن کلام کے لیے زائد ؎ جلال

چلو وہ ہم نے بھی وعدے کا اعتبار کیا

پہلا سا (اب وہ بات نہیں رہی) بعض عورتیں شوہر کے معنی میں استعمال کرتی ہیں (وہ ابھی دفتر سے نہیں آئے) درجہ اور مرتبہ ظاہر کرنے کے لیے ہے امیر

ہم وہ ہیں اسے تعلیم کرشمہ کا تو ذکر کیا
مجھکے نہ آنکھ برق جمالوں کے سامنے

جب کوئی ایسا واقعہ یاد دلاتا ہو۔ جس سے مخاطب واقف ہے ؎

مر گیا پھوڑ کے سر غالب وحشی ہے ہے
بیٹھنا اُس کا وہ آ کر تری دیوار کے پاس

پوشیدہ بات کی طرف اشارہ کرنے کے لیے جسے مخاطب جانتا ہے۔ وہ آنکھ نہیں۔ اب ویسی محبت نہیں۔ ویسا سلوک اب نہیں کرتے۔ وہ اور آج کا دن۔ اس دن سے آج تک۔ ایک مدت کے بعد۔ وہ بات۔ وہ مرتبہ۔ وہ مقبولیت۔ وہ نامقبولیت۔ وہ بھی دن ہو۔ خدا کرے ایسا وقت آئے۔ وہ بوند ولایت گئی۔ خبر مشہور ہو گئی۔ وہ پانی ملتان بہہ گیا۔ موقع گذر گیا۔ وہ زمانہ ختم ہو گیا۔ وہ بات اب کہاں ؎

تھا ذوق پہلے دلّی میں پنجاب کا سا حسن
پر اب وہ پانی کہتے ہیں ملتان بہہ گیا

اسی طرح تھوڑے فرق سے یہ محاورہ ہے۔ وہ دریا ہی چل گیا۔ وہ چھکے ہی اُلٹ گیا۔ گاؤخورد ہو گیا۔ وہ دن ڈبا کر گھوڑی چڑھا گیا۔ وہ دن (دُور) گئے جب خلیل خاں فاختہ اُڑاتے تھے۔ (اقبال کا زمانہ گذر گیا۔ شیخی مارنے کا وقت نہیں رہا۔ اب تو بدنصیبی ہی ہے۔ وہ گلی ہی نہیں جس میں گل بندھے تھے۔ وہ بات ہی نہیں۔ جس کی وجہ سے شہرت تھی۔ وہ کون سی خوشی جس میں نشاط نہیں۔ ہر ایک میں کوئی نہ کوئی عیب ہوتا ہے۔ وہ مارا۔ دم مارا۔ فتح حاصل ہونے پر خوشی کا نعرہ۔ وہ نہیں تو اس کا بھائی سہی۔ ایک نہیں تو دوسرا اسی پر کیا موقوف ہے۔ وہ تو کہیے۔ غنیمت یہ ہے کی جگہ وہ تو وہ۔ اس کا بڑا مرتبہ ہے کی جگہ۔ وہ جانے اور اس کا ایمان جانے۔ کسی معاملے کو دوسرے کے ایمان اور نیت پر چھوڑ دینے کے لیے مستعمل ہے۔ وہ بات گدھے کی لات (محو) بچوں کا آپس میں کوئی بات یاد دلانا۔

وَہّاب :- (ع) بہت بخشنے والا۔ خدائے کریم۔

وَہّابی :- (ع - مذ) مسلمانوں کا ایک فرقہ۔ اہل حدیث

وہاں :- (ہ) اس جگہ۔ اُس حد۔ اس طرف۔ وہاں تک گڑگڑائیے جہاں تک دوسرا نہ روٹھے یا وہاں تک ہنسائیے جو رو نہ دے۔ حد سے زیادہ ستانا یا مذاق بُرا ہے۔ وہاں مارے جہاں پانی نہ ملے۔ بہت زیادہ اور سخت سزا دے ہے بھاؤ بخشش

رحم کرتا ہے تجھ پہ نادانی
وہاں مارے جہاں نہ ہو پانی

وَہَب :- (ع - مذ) سخاوت۔ بخشش۔ وہبی۔ قدرت کی طرف سے عطا کیا ہوا کوئی ملکہ۔

وَہم :- (ع - مذ) گمان۔ خیال باطل۔ شک۔ وہم کی دوا لقمان کے پاس بھی نہیں۔ وہم لاعلاج مرض ہے۔ وہمی۔ وہ شخص جسے وہم ہو۔ شکّی

وُہی :- (ہ) وہ ہی۔ اسی۔ خاص کر وہ۔ اسی طرح جیسا سابق۔ وہی بھول جو تھیں تو نہیں بھول وہی دیکھیے۔ وہی تو کہوں۔ مجھے خود خیال آیا۔ وہی تین جیسی وہی ساتھ یا وہی من وہی چالیس سیر یعنی مطلب دونوں کا ایک ہی ہے۔ وہی کا سہرا وہی آتش (مذمت) ایک ہی حالت ہے۔ رشک

دل نہ رکھوگے قابو میں تو غم کھاؤگے
پھر تحریص وہی کاسہ ہے وہی آتش تھیں

وَہیں :- (ہ) اسی جگہ۔ اسی وقت۔ فوراً۔ وہیں کا ہو رہنا۔ بہت دیر کرنا۔ جلدی واپس نہ آنا۔ وہیں کا وہیں۔ فوراً۔ اسی جگہ۔

وُئی :- (ا - مؤ) عورتیں یہ کلمہ تعجب اور اچانک خوف کے موقع پر بولتی ہیں۔

وَے :- (ہ) وہ کی جمع (متروک)

وی۔پی :- (انگ) وہ پارسل یا رجسٹرڈ لفافہ جو اس شرط کے ساتھ بھیجا جائے کہ ڈاک خانہ اس کے اتنے دام جتنے بھیجنے والے نے مقرر کیے ہیں پانے والے سے وصول کر کے اس کو پارسل یا لفافہ دے۔

وَید :- (س) بھارتی طب کا حکیم۔

وِید :- (س - مذ) ہندوؤں کی مقدس کتاب کا نام۔ ویدانت (مذ) ویاس دیو جی کا بنایا ہوا شاستر جو علم توحید سے بھرا ہوا ہے۔ ویدانتی۔ ویدانت کا پیرو۔ وِدوان۔ عالم۔

وِیران :- (ف) اُجڑا ہوا۔ غیر آباد۔ تباہ۔ خراب۔ ویران کرنا۔ تباہ کرنا۔ اجاڑنا۔

ہونا - اُجڑ جانا - تباہ ہونا -

ویرانہ :- (ف - مذ) جنگل - اُجاڑ - غیر آباد جگہ اداسی - پریشانی - **ویرانہ نشین** - جنگل میں بیٹھنے والا - **ویرانی** (مو) اجاڑپن - تباہی - بربادی - پریشانی - پراگندگی - ابتری - **ویرانی برسنا** - اداسی برسنا - بھیانک معلوم ہونا -

ویسا :- (ھ) اس کی مانند - اس طرح کا - **ویسی** (مو) **ویسا کا ویسا** - جوں کا توں - جیسے کا تیسا - **ویسا ہی** - اُسی جیسا - **ویسے** - اُسی طرح - مُفت - **ویسے تو** - یوں تو - **ویسے کا ویسا** - اسی طرح - جوں کا توں - **ویسے ہی** - یونہی - مُفت - اُسی طرح - بغیر کسی خاص وجہ یا کام کے -

ویسٹ :- (مذ - انگ) مغربیہ - مغربی -

ویسٹ کوٹ :- (انگ - مو) واسکٹ - صدری - جاکٹ -

ویش :- (ھ - مذ) ہندوؤں میں تیسرے درجے کی ذات کے لوگ جیسے بنیا - مہاجن سوداگری کا پیشہ کرنے والا -

ویفر :- (مذ - انگ - وافر) گوند کی ٹکیا (متروک) ؎ جان صاحب

خط بند کروں گی میں لیے بیٹھی ہوں کب سے
الماری سے اب تک اری ویفر نہ نکالا

ویل :- (انگ - مو) ایک بہت بڑی مچھلی -

ویلکم :- (انگ ویلکم - مذ) خوش آمدید (کرنا)

ہ

ہ :- (مو) اُردو ابت کا چونتیسواں لفظ - اس کے اعداد ابجد کے حساب سے پانچ ہوتے ہیں -

ہا :- (ف) کلمہ تاسف - افسوس - حیف اور دریغ کے معنی دیتا ہے - (ہا! بڑا غضب ہوا) کسی امر سے روکنے کے لیے ؎ انجم

یوں کوئی آپ سے گزرتا ہے
ہا! کوئی ایسا کام کرتا ہے

اکثر دانت میں انگلی داب کر ممانعت کرتے ہیں (ہا) کہتے ہیں - ؎ انیس

دانتوں میں انگلی داب کے ماں نے کہا کہ ہا

ہابوڑا :- (ھ - مذ) ایک وحشی لوٹ مار کرنے والی قوم -

ہابیل :- (ع - مذ) حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے کا نام جسے قابیل نے مار ڈالا تھا -

ہاتف :- (ع - مذ) غیب کی آواز - غیبی فرشتہ - سروش -

ہاتھ :- (ھ - مذ) دست - پنجہ - ہتھیلی - کف - آدھ گز کی مقدار - ہاتھ بھر - بس - قابو (یہ میرے ہاتھ کی بات نہیں یا میرے ہاتھ میں نہیں) باعث - وسیلہ ع اس دل کے ہاتھ چین سے گزرا نہ ایک دن (ناسخ) حفاظت - حمایت (اس کے سر پر خدا کا ہاتھ ہے) تجربہ دار - دانوں - قدرت - طاقت (خدا کے ہاتھ بڑے بڑے ہیں) پاس اور نزدیک کی جگہ (ان کے ہاتھ رہن رکھ دیا ہے) معرفت (نیچے کے ہاتھ خط بھیجا ہے) شناوری یا کسرت میں ہاتھ ہلانے کو (دو ہاتھ میں کنارے سے جاتا ہوں - آج چار ہاتھ مگدر ہلائے) **ہاتھ اُتر جانا** - ہاتھ کی ہڈی کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا - **ہاتھ اُٹھا کر** - ہاتھ اونچا کرکے - ہاتھ بڑھا کر - **ہاتھ اُٹھا اُٹھا کر دعا دینا** - نہایت شوق اور آرزو سے دعائے خیر کرنا - **ہاتھ اُٹھا کر بددعا دینا یا کوسنا** - بہت سختی سے کوسنا - **ہاتھ اٹھا لینا** - دست بردار ہونا - ترک کر دینا - بالکل بے تعلق ہو جانا - **ہاتھ اُٹھانا** - دست بردار ہونا - ہاتھ اونچا کرنا - مارنا - وار کرنا - سلام کرنا - کوسنا - دعا دینا - **ہاتھ اُٹھنا** - ہاتھ اونچا ہونا - مارنا - الگ ہونا - سلام کرنا - **ہاتھ ادھار** (مذ) قرض دستگرداں - **ہاتھ اُکھاڑنا** - ہاتھ کا جوڑ سے جدا کرنا - **ہاتھ اینٹھنا** - ہاتھ کو مروڑنا - **ہاتھ آنا** - ہاتھ لگنا - حاصل ہونا - گرفت میں آنا - فائدہ ہونا - **ہاتھ اُوپر کے تلے ہو جانا** - دونوں ہاتھ ملا کر باندھے جانا - گرفتار ہونا ؎ آتش

دامن کا خیال آتا ہے جب جیب دری میں
دیوانوں کے ہو جاتے ہیں اُوپر کے تلے ہاتھ

ہاتھ اوچھا پڑنا - بھرپور وار نہ پڑنا - اُچٹتا ہوا ہاتھ پڑنا -

ہاتھ کی پوری گرفت نہ ہونا۔ ہاتھ اونچا رہنا۔ سخی رہنا۔ بول
بالا رہنا۔ ہاتھ باندھے رہنا۔ ہاتھ جوڑنا۔ منت کرنا۔ ہاتھ
کسنا۔ تصفیہ کرنا۔ ہاتھ باندھے۔ دست بستہ۔ کمال
اطاعت اور فرمانبرداری سے۔ ہاتھ بٹانا۔ کام میں مدد
دینا۔ سہارا دینا۔ مل کر کام کرنا۔ شریک کار ہونا۔ ہاتھ
بٹھانا۔ ہاتھ کی اکھڑی یا ٹوٹی ہڈی کو درست کرنا۔ ہاتھ
بچانا۔ وار سے محفوظ رکھنا۔ ہاتھ بڑھانا۔ سوال یا پیش قدمی
کرنا۔ اپنی حد سے آگے بڑھنا۔ ہاتھ بکنا۔ ہاتھوں بکنا۔
کسی کے ہاتھ فروخت ہونا۔ غلام بننا۔ تابع ہونا۔ نوکر ہونا۔
؎ شرف

کس کے ہاتھوں بک گیا کس کے خریداروں میں ہوں
کیا ہے کیوں مشہور سودائی میں بازاروں میں ہوں

ہاتھ بھر۔ ایک ہاتھ کے برابر۔ چھوٹا سا۔ ہاتھ بھر کا آدمی ہے
بہت دراز۔ بڑا۔ ہاتھ بھر کی زبان۔ ہاتھ بھر کا دل ہو جانا۔
دل بڑھ جانا۔ بہت خوش ہونا۔ ہاتھ بھر کی زبان۔ بہت
زبان دراز ہونا۔ ہاتھ بھرا ہونا۔ خالی ہاتھ نہ ہونا۔ ہاتھ
سچے ہونا۔ ہاتھ بھر پور پڑنا۔ بھر پور اور پوری چوٹ
پڑنا۔ ہاتھ بھر جانا۔ ہاتھ کا تھک یا شل ہونا۔ خون اتر
آنا۔ تھر جانا۔ ہاتھ بہکنا۔ ہاتھ چوکنا ؎ داغ

بہکا تمہارا ہاتھ ہمارا قصور کیا
خالی تمہیں نے وار کیا ہم نے کیا کیا

ہاتھ بیٹھنا۔ وار جمنا۔ ضرب کاری لگنا۔ مشق ہونا۔ ہاتھ پیچھے
ہیں ذات نہیں پہنچی۔ خدمت کے لیے آگئے ہیں۔ کولیاں
گننے کو تیار نہیں ؎ جان صاحب

مثل ہے ہاتھ بچانے نہیں کچھ ذات بچی ہے
مجھے نرم کوئی تجھ کو بچی ہوں کرانے کی

ہاتھ پانی لینا۔ آبدست لینا۔ طہارت کرنا۔ ہاتھ پاؤں
باندھنا۔ ہاتھ پاؤں رسی سے جکڑ دینا۔ ہاتھ پاؤں بچانا۔
چوٹ سے بچاؤ کرنا۔ ہاتھ پاؤں پڑنا۔ خوشامد کرنا۔ منت
سماجت کرنا۔ قدموں پر گرنا۔ ہاتھ پاؤں پھلا دینا۔ گھبرا
دینا۔ بدحواس کر دینا۔ ہاتھ پاؤں پھولنا یا پھول جانا۔
ہاتھ پاؤں سوج جانا۔ حواس باختہ ہونا۔ بھکا بکا ہونا۔
سراسیمہ ہونا۔ ہاتھ پاؤں پھیلانا۔ کاروبار بڑھانا۔
کام کو طول دینا۔ تھوڑا لے کر بہت لینے کی خواہش کرنا۔
ہاتھ پاؤں پیٹنا۔ بے فائدہ کوشش کرنا۔ ہاتھ پاؤں
توڑ ڈالنا۔ توڑنا۔ لنگڑا لولا کر دینا۔ ہاتھ پاؤں بیکار
کر دینا۔ ہاتھ پاؤں تھر تھر کانپنا۔ بہت زیادہ خوف زدہ
ہونا یا سردی سے کانپنا۔ ہاتھ پاؤں تھیلا کرنا۔ مار کر لولا
کر دینا۔ ہاتھ پاؤں تھکانا۔ طاقت صرف کرنا۔ تھکن۔

مضمحل ہونا۔ ہاتھ پاؤں ٹوٹنا۔ اعضا میں درد ہونا۔
بخار چڑھنے کی کیفیت ہونا۔ ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہونا۔
علامت کمزوری یا علامت مرگ ظاہر ہونا۔ ڈرنا۔ ہاتھ پاؤں
جھوٹے پڑ جانا۔ اعضا کا پوری طرح کام نہ کرنا۔ فالج کا اثر
ہو جانا۔ ہاتھ پاؤں چلنا۔ ہاتھ پاؤں میں کام کرنے کی
طاقت ہونا۔ چھلاوا بننا۔ پتے بازی میں پھرتی کرنا۔ کشتی یا
شناوری میں تیزی کرنا ؎ شاد

بحر غم پیر کر سمجھتے ہیں
کہ ابھی ہاتھ پاؤں چلتے ہیں

ہاتھ پاؤں چومنا۔ نہایت تعظیم کرنا۔ استادی کا قائل
ہونا۔ ہاتھ پاؤں بچا لینا۔ قابو سے نکل جانا۔
مالک ہو جانا۔ ہاتھ یا ہاتھ پاؤں دابنا۔ دبانا۔ چپی
کرنا۔ مشت مالی کرنا۔ ہاتھ پاؤں دھو کے پیچھے پڑ
بیٹھنا۔ اچانک حملہ یا عرض کرنا۔ عورت کی عصمت لینا۔ ہاتھ
پاؤں رانگا رانگا ہو جانا۔ تھکن سے ہاتھ پیروں کا
سرد و سست ہو جانا۔ ہاتھ پاؤں دھننا۔ ہاتھ پاؤں
میں سنسناہٹ ہونا ؎ شوق

کوشش فریاد کو جو سننے لگے
خود بخود ہاتھ پاؤں دھننے لگے

ہاتھ پاؤں رہ جانا۔ بہت تھک جانا۔ ہاتھ پاؤں
ناکارہ ہو جانا۔ فالج ہو جانا۔ ہاتھ پاؤں سنبھالنا۔
بچے کا تندرست ہونا۔ چلنے کے قابل ہونا۔ ہاتھ پاؤں قابو
میں رکھنا۔ ہاتھ پاؤں سنسنانا۔ بھوک یا کسی اور وجہ
سے اعضا کا سست ہونا۔ ہاتھ پاؤں سے چھوٹنا۔ تو
تندرستی کے ساتھ بچہ جننے سے فراغت پانا۔ ہاتھ پاؤں
سیدھے کرنا۔ تھکن مٹانا۔ لیٹ کر آرام لینا۔ ہاتھ پاؤں
شل ہونا۔ تھک کر مضمحل ہو جانا۔ ہاتھ پاؤں کاٹنا۔
سخت سزا دینا۔ ہاتھ پاؤں کھیلے ہونا۔ اعضا میں
قوت اور چستی ہونا ؎ صبا

ہو گئے تم ٹھوک کر دیو خزاں کے سامنے
کیا کھیلے ہیں جوانان چمن کے ہاتھ پاؤں

ہاتھ پاؤں ٹھنڈے میں نہ ہونا۔ کمزوری یا ضعیفی کی وجہ سے
بے قابو ہونا۔ ہاتھ پاؤں کی کاہلی اور منہ میں مونچھیں
جائیں (مثل)۔ اس شخص کے لیے جو کاہلی کی وجہ سے بھوکا رہ
اور بدسلیقہ بنے یا نقصان اٹھائے۔ ہاتھ پاؤں مارنا۔
ہاتھ پاؤں چلانا۔ تگ و دو کرنا۔ مضطرب اور بے قرار ہونا۔
جان کنی کے عالم میں ہونا۔ ہاتھ پاؤں نکالنا۔ قد آور
اور خوب صورت جوان ہونا۔ گستاخ ہونا۔ سر چڑھنا۔
کہنے سے باہر ہونا۔ پر پرزے نکالنا۔ ہاتھ پاؤں مارنا۔

طاقت نہ رہنا - ہمت ہارنا - ہاتھ پاؤں ہلانا - کوشش کرنا - ہاتھ پاؤں کو حرکت دینا - محنت کرنا - ہاتھ پاؤں ہونا - شباب قریب آنا ؎

یہ کل کی بات ہے اے قدر بوٹا سا قد تھا
جو ہاتھ پاؤں ہوئے پائمال کرنے لگے

ہاتھ پتھر تلے دینا/آنا - مجبور ہونا - پھنس جانا - بے بس ہونا - ہاتھ پر چلنا - قاعدے کے مطابق ٹریفک کا دائیں یا بائیں (صحیح راستے) پر چلنا - ہاتھ پر دھرا ہونا - کسی چیز کا تیار اور موجود رہنا - ہر وقت پاس رہنا - ہاتھ پر سانپ کھلانا - جان جوکھم میں پڑنا - خطرے کا کام کرنا - ہاتھ پر سرسوں جمانا - کسی سخت کام کو نہایت خوبی سے سرانجام دینا جس سے حیرت ہو - شعبدہ بازی کر دکھانا - ہاتھ پر سودا اُچھالنا - نہایت امن ہونا - ہاتھ پر طوطا پالنا - ہاتھ کا زخم اچھا نہ ہونے دینا - زخم کی وجہ سے ہاتھ الگ رکھنا - ہاتھ پر قرآن رکھنا یا دھرنا - قرآن کی قسم دینا - قرآن کی قسم کھانا - ہاتھ پر گرم پیسا رکھنا - پرانے زمانے کی ایک سزا ؎ قدر

برہم ہوئے یہ بوسۂ رخسار و خال پر
اک گرم پیسا رکھ دیا دستِ سوال پر

ہاتھ پر گنگا جلی دھرنا/رکھنا - ہندو سے قسم لینا (قسم کھانا) حلف اُٹھوانا (اُٹھانا) - ہاتھ پر ہاتھ دھر کر یا رکھ کر بیٹھنا - بے شغل رہنا - بے کار بیٹھے رہنا - مایوس ہو کر بیٹھنا - ہاتھ پر ہاتھ رکھنا - بے کار بیٹھنا - ہاتھ پر ہاتھ مارنا - قول دینا - عہد کرنا - بچن ہارنا - شرط لگانا - ہاتھ پڑنا - ہاتھ آنا - کُٹس پڑنا - دست درازی ہونا - گرفت میں آنا - اتفاقیہ حاصل ہونا - ہاتھ پسارنا - ہاتھ پھیلانا - مانگنا - ہاتھ پکڑنا - سہارا دینا - مدد کرنا - گرتے ہوئے کو بچانا - مارنے والے کو روکنا - ہاتھ پکڑ کے پہنچا پکڑنا - تھوڑا سہارا پا کر قدم جمانا - اور ہاتھ صاف کرنا - ہاتھ پکڑوا دینا - کسی کی نگرانی میں دینا - لڑکی کی شادی کرنا - ہاتھ پکڑتے پہنچا اُترنا - نہایت نازک ہونا - ہاتھ پورا پڑنا - زور کا ہاتھ پڑنا - کاری ضرب لگنا - ہاتھ پھرنا - ہاتھ مُڑ جانا - کسی چیز سے کفِ دست کا مَس ہونا - ہاتھ پہنچنا - رسائی ہونا - پہنچ ہونا - ہاتھ پھیرنا - چمکارنا - پچکارنا - لوٹنا - ٹھگنا - پیٹنا - سینے سے لگانا - ہاتھ پھیلانا (پسارنا) دستِ سوال دراز کرنا - بھیک مانگنا - گدائی کرنا - ہاتھ پھیلا کر مانگنا - عاجزی سے گڑگڑا کر مانگنا - ہاتھ پھیلنا - دستِ سوال دراز ہونا - ہاتھ پھینکنا - وار کرنا - ہاتھ مارنا - جلد جلد کھانا - پٹے بازی کرنا - ہاتھ پیلے کرنا - (ہندو) لڑکی کی شادی کرنا - ہاتھ تکنا - دستِ نگر ہونا - محتاج ہونا - ہاتھ تلنا - سزا کے طور پر جلتے تیل میں ہاتھ ڈال دینا ؎ رشک

کرنے قاتل میں یہ پکوان سے کھاتا ہے
بھونتے دیکھے جگر ہاتھوں کو تلتے دیکھا

ہاتھ تلے آنا - قابو میں آنا - ہاتھ میں یا قبضے میں آنا - ہاتھ تنگ ہونا - تنگ دست ہونا - روپیہ پیسہ کی کمی ہونا - ہاتھ توڑ توڑ کے کھانا - مزے لے لے کھانا - (اچھے کھانے کی تعریف میں) ہاتھ توڑنا - ہاتھ کو بیکار کرنا - ہاتھ پر کاری چوٹ لگنا - ہاتھ تولنا - ہاتھ کو وار کرنے کے لیے ٹھیک اندازے سے اُٹھانا - ہاتھ توڑ کر رکھ دینا - ہاتھ توڑ ڈالنا - ہاتھ تہِ سنگ ہونا - پتھر تلے ہاتھ ہونا - عاجز ہونا ؎ امیر

تنگ دستوں کے فقط ہاتھ نہیں ہیں تہِ سنگ
صاحبِ دولت و اقبال بھی جینے سے ہیں تنگ

ہاتھ تھامنا - گرتے ہوئے کو سنبھالنا - ہاتھ میں ہاتھ لینا - دستگیری کرنا - ہاتھ تھرکانا - ہاتھ مٹکانا - ہاتھ نچانا - بھاؤ بتانا - ہاتھ ٹھکیں (عو) بددعا - ہاتھ ٹوٹیں - ہاتھ ٹھٹھرنا - ہاتھ سردی سے سُن ہو جانا - ہاتھ جڑنا (عو) وار کرنا - لاٹھی - تلوار - طمانچہ مارنا - ہاتھ جمنا - مشق ہونا - ہاتھ بیٹھنا - ہاتھ جوڑ کر کھڑا ہو جانا - دست بستہ یا سب کچھ خرچ - ہاتھ جوڑ کر کہنا - نہایت منت سے کہنا - نہایت ادب سے کہنا - ہاتھ جوڑنا - منت سماجت کرنا - دست بستہ ہونا - خوشامد درآمد کرنا - پناہ مانگنا - ہاتھ جھاڑ کے جانا - خالی ہاتھ جانا - ہاتھ جھاڑ کے کھڑا ہونا - خالی ہاتھ اُٹھنا - سب کچھ دے جانا - ہاتھ جھاگ کرنا - ہاتھ صاف رکھنا - ہاتھ مارنا - ہاتھ سے مارنا - ہاتھ خالی کرنا - مایوس ہونا - ہاتھ جھٹکنا - زور سے ہاتھ چھڑانا - جھٹکا دینا - ہاتھ جھلانا - چلتے میں ہاتھ کو ہلانا - ہاتھوں کو ہلاتے ہوئے چلنا - ہاتھ جھلائی (مو) وہ نقدی جو چوری ایک حد سے دوسری حد میں جانے کے لیے ملازمین کو دیتے ہیں - ہاتھ جھوٹا پڑنا/ہونا - خالی وار جانے سے ہاتھ میں جھٹکا آنا - قرض کا وعدہ پورا نہ ہونا - ہاتھ جھوٹا کرنا (دلی) منہ جھٹالنا - پورا وار نہ کرنا - ہاتھ جھوٹا ہو جانا - ہاتھ کا سُست یا بے کار ہو جانا - وار کرنے میں ہاتھ پر صدمہ پہنچنا یا بہکنا - ہاتھ جھول پڑنا/جانا - ہاتھ کی ہڈی ٹوٹ یا اُکھڑ جانے سے ہاتھ کا لٹک جانا - ہاتھ چاٹنا - نہایت ہی مزے دار چیز کھانا - ہاتھ چالاک - چور -

اُچکا۔ چیر تیلا۔ تیز دست۔ ہاتھ چالاکی۔ چوری۔ چابک دستی۔ چھیڑ چھاڑ۔ ہاتھ چڑھا ہونا مشاق ہونا۔ ہاتھ چڑھنا۔ قابو میں آنا۔ ہاتھ آنا۔ مشاق ہونا۔ ہاتھ چلانا۔ مارنے یا پیٹنے کو ہاتھ بڑھانا۔ چوری کرنا۔ دست درازی کرنا۔ ہاتھ چل جانا۔ ہاتھ سے جلدی جلدی کام کرنا۔ وار کرنا۔ ہاتھ چلنا۔ مارنا۔ دست درازی کرنا۔ ہاتھ کا نچلا نہ رہنا۔ چوری کی عادت پڑنا۔ ہاتھ کا مشاق ہونا۔ چیرنے پھاڑنے کی خوب مشق ہونا تلوار کا وار ہونا۔ ہاتھ چمکانا۔ طعن و تشنیع کے لیے ہاتھ بلند کرکے انگلیاں مٹکانا۔ ہیجڑوں عورتوں کا ہاتھ اٹھا اٹھا کے لڑنا۔ تلوار کو غلاف سے نکال کر جنگ میں چلانا۔ ہاتھ چومنا۔ تعظیم کرنا۔ ہاتھوں کو بوسہ دینا۔ استاد ماننا۔ ہاتھ چھاؤں کرنا (رکھنا)۔ (دلی) حفاظت کرنا۔ ہاتھ چھڑا لینا۔ ہاتھ جھٹک دینا۔ گرفت سے نکل جانا۔ ہاتھ چھوٹا ہونا۔ ہاتھ چھٹ مارنے میں بے دھڑک ہونا۔ ہاتھ چھوڑنا۔ وار کرنا۔ ہاتھ کو چھوڑ دینا۔ ہاتھ حمائل کرنا۔ گلے میں ہاتھ ڈالنا (ہونا لازم)۔ ہاتھ خالی جانا۔ وار خالی جانا۔ کچھ ہاتھ نہ آنا۔ ہاتھ خالی نہ ہونا۔ مصروف ہونا۔ ہاتھ تنگ ہونا۔ پاس پیسا نہ ہونا۔ ہاتھ خشک ہونا۔ خون نہ ہونے سے ہاتھ کا بیکار ہونا۔ ہاتھ دانتوں سے کاٹنا۔ سخت غصہ کرنا۔ افسوس کرنا پچھتانا۔ ہاتھ دراز کرنا۔ ہاتھ آگے کرنا۔ ہاتھ پھیلانا۔ مانگنا۔ ہاتھ دکھانا۔ نجومی کو ہاتھ کی لکیریں دکھانا۔ نبض دکھانا۔ دلاوری اور فن دکھلانا۔ ہاتھ دکھنا۔ ہاتھ میں تکلیف ہونا۔ ہاتھ دوڑانا۔ ہاتھ چلانا۔ ہاتھ روان کرنا۔ مال چرانا۔ پکڑنے کی کوشش کرنا (دوڑنا)۔ ہاتھ دھرنا۔ کسی چیز پر ہاتھ رکھنا۔ یہ کام چند وجوہ و اسباب سے ہوتا ہے۔ (۱) روکنے تھامنے کے لیے ؎ داغ

خوف زنداں سے یہ ہے بزم میں زنداں کا حال
سب کے سب ہاتھ دھرے بیٹھے ہیں ستاروں پر

(۲) کسی کی حمایت کے لیے (سر پر ہاتھ دھرنا)۔ (۳) کسی متبرک مقدس چیز پر قسم کھانے کے لیے؛ قرآن پر ہاتھ دھرنا۔ کبھی منع کرنے یا خاموش کرنے کے لیے ؎ ذوق

ظالم نے دھر دیا دہن نامہ بر پہ ہاتھ

کبھی نذر یا تحفے کو قبول کرنے کے لیے اس پر ہاتھ دھرتے ہیں۔ ہاتھ دھلانا۔ شادی کی ایک رسم جو سالیاں انجام دیتی ہیں۔ کسی کے ہاتھوں پر پانی ڈالنا۔ ہاتھ دھلائی (مو) ہاتھ دھلانے کا انعام جو دولھا سے لیا جاتا ہے۔ ہاتھ دھو بیٹھنا یا دھو کے بیٹھنا۔ مایوس ہو جانا۔ ناامید ہو جانا۔ ہاتھ دھو کر پیچھے پڑ جانا۔ بہت زیادہ تنگ کرنا۔ در پے آزار ہونا۔ پیچھے پڑ جانا۔ ہاتھ دھونا۔ پانی سے ہاتھ صاف کرنا۔ ناامید ہونا۔ کھونا۔ ہاتھ دے دے مارنا۔ غصے یا نزع میں ہاتھوں کو بار بار پٹخنا۔ ہاتھ دیکھنا۔ نبض دیکھنا۔ ہاتھ کی لکیر یا دیکھنا۔ محتاج ہونا۔ بھیک کو ہاتھ پھیلانے۔ ہاتھ دیکھنا۔ ہاتھ دینا۔ ہاتھ مارنا۔ زبان دینا۔ عہد کرنا۔ حوالے کرنا۔ کپڑے کے اندر ہاتھ ڈال کر خفیہ طور پر گھوڑے کا معاملہ کرنا۔ نکال دینا۔ ہاتھ ڈالنا۔ دخل دینا۔ ہاتھ داخل کرنا۔ دست درازی کرنا۔ چھیڑنا۔ بے آبرو کرنا۔ لوٹنا۔ ہاتھ لگانا۔ کسی کام کو شروع کرنا۔ علاج شروع کرنا۔ خوشامد کرنا (ٹھوڑی کے ساتھ)۔ ہاتھ رکھنا۔ سہارا دینا۔ ہاتھ سے کسی چیز کا منہ بند کرنا۔ قسم کھانے کے لیے کسی چیز پر ہاتھ رکھنا۔ ہاتھ سے چھونا۔ محافظت کرنا۔ ہاتھ کو روکنا ؎

تا چند کرے گا تو رقم سوز دل آتش
رکھ ہاتھ نکلتا ہے دھواں شمع قلم سے

ہاتھ رنگنا۔ رشوت لینا۔ مال مارنا۔ خون یا مہندی سے ہاتھ رنگین کرنا۔ لڑائی میں لوث ہونا۔ ہاتھ روان کرنا۔ مشق بہم پہنچانا۔ ہاتھ صاف کرنا۔ قتل کرنا۔ ہاتھ رواں ہونا۔ مہارت ہونا۔ ہاتھ کا مشاق ہونا۔ ہاتھ چلنا۔ ہاتھ روکنا۔ سنبھل کر خرچ کرنا۔ مالی امداد سے دست کش ہونا۔ وار دبانا۔ مارنے سے باز آنا۔ ہاتھ رہ جانا۔ ہاتھ میں جان نہ رہنا۔ ہاتھ تھک جانا۔ ہاتھ مفلوج ہو جانا۔ ہاتھ سانا۔ ہاتھ بھرنا۔ ہاتھ لتھڑنا۔ ملوث ہونا۔ ہاتھ سر پر رکھنا۔ سرپرست بننا۔ پیار کرنا۔ سر پر ہاتھ رکھ کر قسم کھانا۔ ہاتھ سن ہو جانا۔ ہاتھ سو جانا۔ ہاتھ بے حس ہو جانا۔ ہاتھ میں خون کا دورہ بند ہو جانا۔ ہاتھ سے۔ گرفت۔ قابو یا ذریعے سے۔ ہاتھ سے تنگ آنا۔ افعال سے عاجز آنا۔ ہاتھ سے جاتا رہنا۔ کھو جانا۔ قابو میں نہ رہنا۔ ہاتھ سے توتے اڑنا۔ گھبرانا۔ حیران ہونا ؎ بحر

ہاتھ سے مشاطہ کے توتے اڑے
آئینہ بھی دیکھ کے حیران ہوا

ہاتھ سے جانا۔ ضائع ہونا۔ قابو سے جانا۔ مرنا۔ ہاتھ سے چلنا (دلی) ہاتھ سے جانا ؎ داغ

دو آتی گھٹا جھوم کے للچانے لگا دل
واعظ کو بلاؤ کہ چلی ہاتھ سے توبہ

ہاتھ سے چھوٹنا۔ نکل جانا۔ بھاگ جانا۔ سہو قلم ہونا۔ ہاتھ سے سلام لینا۔ سلام کا جواب ہاتھ سے دینا۔ ہاتھ سے چھوڑنا۔ ہاتھ سے جاتا رہنا۔ ہاتھ سے دے بیٹھنا۔ کھو بیٹھنا۔ قابو نہ رکھنا۔ ضائع کر دینا۔ ہاتھ سے دینا۔ عنایت کرنا۔ ترک کرنا۔ چھوڑنا۔ جانے دینا۔

شعر آبرو ہاتھ سے دینا نہیں اچھا اے رشک
کھونا۔ گنوانا۔ ضائع کرنا ؎ ذوق

نہ دینا ہاتھ سے تم راستی کو عالم میں
عصا ہے پیر ہے اور سیف ہے جواں کیلئے

ہاتھ سے کھونا۔ گنوانا۔ ضائع کرنا۔ ہاتھ سے نہ جانے دینا۔ قابو سے باہر نہ ہونے دینا۔ قبضے اور قابو میں رکھنا۔ ہاتھ سے ہاتھ ملنا۔ مصافحہ ہونا۔ ہاتھ صاف کرنا۔ لوٹنا۔ ہاتھ پونچھنا۔ خط سنوارنا۔ مشق کرنا۔ ہاتھ قلم کرنا۔ ہاتھ کاٹنا۔ ہاتھ قلم ہونا۔ ہاتھ کٹنا۔ اختیار سے باہر ہو جانا۔ ہاتھ کاٹ دینا۔ ہاتھ قلم کرنا۔ دستاویز لکھ دینا۔ اختیار ختم کر دینا۔ ہاتھ کاٹ کر دے دینا۔ تحریری اقرار کر لینا۔ ہاتھ کاٹنا۔ ہاتھ قلم کرنا۔ بچانا۔ نہایت غصے میں آنتوں سے ہاتھ پکڑنا بطور قسم کے بھی مستعمل شعر رند

کانوں میں اپنے ہاتھ جو صورت ذرا دیے

ہاتھ کا جھوٹا۔ نادہند۔ بد معاملہ۔ ہاتھ کا چالاک۔ تیز دست۔ معمولی چیزوں کو چرانے والا۔ ہاتھ کا دیا ساتھ کھانے لگا۔ کمینہ مقابل میں آ گیا۔ ہاتھ کا دیا کام آتا ہے۔ دی ہوئی خیرات کا صلہ ملتا ہے۔ ہاتھ کا سچا۔ لین دین کا کھرا۔ ہاتھ کا لکھا (مذ) اپنے قلم کی تحریر۔ ہاتھ کا میل (مذ) وہ میل جو ہاتھ سے اترے۔ روپیہ پیسا بے حقیقت چیز۔ ہاتھ کان سے ننگی۔ وہ عورت جس کے بالکل زیور نہ ہو۔ ہاتھ کانوں پر رکھنا۔ بالکل لاعلمی ظاہر کرنا۔ کسی کام کے نہ کرنے کا عہد کرنا۔ پناہ مانگنا۔ ہاتھ کٹ جانا۔ ہاتھ قلم ہو جانا۔ تحریر دے دینا۔ ہاتھ میں زخم آ جانا۔ اختیار باقی نہ رہنا۔
؎ مولف

ورنہ یہ دیکھ لیتے کہ طبقے الٹ گئے
محضر پہ دستخط جو کیے ہاتھ کٹ گئے

ہاتھ کرنا۔ وار کرنا ؎ رند

صدمے سے پائے رند کے تھرّاتی ہے زمیں
نیزے کے کر رہا ہے کوئی شہسوار ہاتھ

ہاتھ کشیدہ آسماں پر دیدہ (مو) اس لڑکی یا عورت کے لیے جو شوخ چشم اور کام میں بے فکری ظاہر کرے۔ ہاتھ کمر پر رکھے پھرنا۔ خالی گھومنا۔ بے فکرا ہونا۔ ہاتھ کمر میں ڈالنا۔ گلے لگنا۔ لڑنا۔ ہاتھ کنگن کو آرسی کیا ہے۔ جو بات بالکل ظاہر اور واضح ہے۔ وہ دلیل کی محتاج نہیں ابھی امتحان کرکے دیکھ لو۔ ہاتھ کو ہاتھ پہچانتا ہے۔ جس سے قرض لیں۔ اسی کو دیا جاتا ہے۔ ہاتھ کو ہاتھ نہیں سوجھتا۔ نہایت اندھیرا گھپ ہے۔ ہاتھ کھانا۔ ضرب یا وار برداشت کرنا۔ ہاتھ کھجانا۔ ہاتھ میں خارش ہونا۔ کچھ ملنے کی امید ہونا۔ مارنے کو جی چاہنا۔ ہاتھ کھلنا۔ ہاتھ رواں ہونا۔ مار پیٹ کرنے کی عادت ہونا۔ روپے پیسے کی تنگی دور ہونا۔ ہاتھ کھولنا۔ بندھے ہوئے ہاتھ کھولنا۔ فضول خرچی کرنا۔ فیاضی کرنا۔ ہاتھ کھینچنا۔ دست کش ہونا۔ دست بردار ہونا۔ باز آنا۔ ہاتھ اٹھانا۔ ترک کر دینا۔ ہاتھ کی ابی بھی گئی۔ قابو میں آئی چیز بھی گئی۔ ہاتھ کی صفائی۔ وار کرنے میں ہاتھ کی مشاقی۔ ہاتھ کے طوطے اڑ جانا۔ سُن ہو جانا۔ حواس باختہ ہو جانا۔ پاؤں تلے سے زمین نکل جانا۔ ہاتھ کی لکیریں تقدیر کا لکھا۔ ہاتھ کی لکیریں مٹ جانا۔ لہو سفید ہو جانا۔ رشتہ ٹوٹ جانا۔ ہاتھ کی لکیریں نہیں مٹتیں۔ اپنے کسی طرح غیر نہیں بنتے۔ ہاتھ کی ہتھیلی۔ ہتھیلی کا گوشت۔ مہندی کے نقش۔ ہاتھ کے نیچے آ جانا۔ قبضے میں آ جانا۔ قابو چڑھ جانا۔ ہاتھ گاڑی یا ہاتھ گاڑی (مو) ٹھیلا۔ ہاتھ گریبان تک جانا۔ گریبان پھاڑنا۔ وحشت شروع ہونا۔ قابو میں آنے کے لائق ہونا۔ (قش) مشہور ہے کہ اس سے ملے جس کے گریباں تک ہاتھ جا سکے۔ ہاتھ گھسانا۔ بے فائدہ محنت کرنا۔ لاحاصل کام کرنا۔ ہاتھ گھسائی (مو) مفت کی محنت۔ ہاتھ گھنگھولنا۔ پانی میں ہاتھ ڈال کر ہلانا۔ ہاتھ لانا۔ کلمۂ تعریف۔ کسی خوشی کی بات یا داد خواہی کے موقع پر بے تکلف دوست سے کہتے ہیں۔ ہاتھ لپک۔ چور۔ اُچکّا۔ ہاتھ لگانا چھونا۔ مس کرنا۔ چھیڑنا۔ تھپڑ مارنا۔ علاج کرنا۔ سہارا دینا۔ قول دینا۔ مدد کرنا۔ کام شروع کرنا۔ تلوار کا وار کرنا۔ بازی لگانا۔ ہاتھ لگائے کملانا۔ نہایت ہی نازک ہونا۔ چھوئی موئی ہونا۔ ہاتھ لگائے (بدن) میلا ہونا۔ بہت صاف شفاف ہونا۔ نہایت گورا ہونا۔ ہاتھ لگ جانا۔ دستیاب ہو جانا۔ ہاتھ آ جانا۔ ہاتھ لگنا۔ ہاتھ مَس ہونا۔ میسر آنا۔ قابو چڑھنا۔ مدد ملنا۔ کام شروع ہونا۔ ہاتھ لگے۔ حاصل ہوئے (ج) بیس میں سے دس نکالے ہاتھ لگے دس۔ ہاتھ میں لیا کاسا تو بھیک کا کیا سانسا۔ (عو) جب بھیک مانگی تو شرم کا ہے کی۔ ہاتھ مارنا۔ وار کرنا۔ چوری کرنا۔ اڑا لینا۔ بہ جلد نوالے کھانا۔ شرط لگانا۔ رشوت لینا۔ قبضہ کرنا۔ حل کرنا۔ قول دینا۔ دروازہ کھٹکھٹانا۔ سر و سینہ پیٹنا۔ ہاتھ مروڑنا۔ ہاتھ کول دینا۔ ہاتھ ملانا۔ مصافحہ کرنا۔ کشتی سے پہلے ایک دوسرے سے ہاتھ مَس کرنا۔ ہاتھ ملتے پھرنا۔ کف افسوس ملتے پھرنا۔ پچھتاتے پھرنا۔

ہولنا - ہاتھی کو چلانا - ہاتھی کو آگے بڑھانا - ہاتھی کے پاؤں میں سب کا پاؤں - بڑے آدمیوں کے سب متبع ہوتے ہیں۔ سخی کی کمائی میں سب کا حصہ۔ امیروں کے ساتھ غریبوں کو بھی فائدہ ہوتا ہے - ہاتھی کے دانت کھانے کے اور ہیں دکھانے کے اور - ظاہر سے باطن بالکل مختلف ہے - ہاتھی چک - (آرٹی چک انگ سے اُردو) ایک ترکاری جس کی جڑ کھاتے ہیں - ہاتھی کا بوجھ ہاتھی ہی ~~سنبھالے~~ اٹھاتا ہے - زبردست کا مقابلہ زبردست ہی کر سکتا ہے - ہاتھی کا پاٹھا (مذ) ہاتھی کا نر بچہ یا جوان ہاتھی - ہاتھی کا پر آنکس - مار اور ڈنڈے سے بڑے بڑے رام ہوتے ہیں - بہادر اور طاقت ور کا ہر جوڑا اور عضو قوی ہوتا ہے -

ہاتھی کا دانت گھوڑے کی لات - نصیب اعدا -

ہاتھی نال - بڑی توپ جسے ہاتھی گھسیٹا کرتے تھے -

ہاتھی وان مذ فیل بان - مہاوت - ہاتھی کو چلانے والا -

ہاتھی ہزار ~~مرے~~ لٹے پھر بھی سوا لاکھ ~~ٹکے~~ من کا - امیر آدمی کتنا ہی غریب ہو جائے - پھر بھی اس کے پاس بہت کچھ ہوتا ہے -

ہاتھیوں سے گنے کھانا - زبردست سے مقابلہ کرنا اپنے سے زیادہ حیثیت والے سے معاملہ کرنا -

ہاٹ :- (ہ - مو) دُکان - سودا بیچنے کی جگہ - بازار -

ہاجرہ :- (ع - مو) حضرت اسمٰعیلؑ کی والدہ ماجدہ کا نام -

ہاجی :- (ع - مذ) ہجو کرنے والا - مذمت گو ؎ شمیم

یہ ہجر وہ ہے کہ پیراک جس سے ڈرتے ہیں
جو چھوٹی ناؤ کے ہیں حاجی وہ یاں اترتے ہیں -

ہادی :- (ع - مذ) ہدایت کرنے والا - رہنما - پیشوا - رہبر - لیڈر -

ہار :- (ہ - مو) شکست - تکان - ماندگی - ہار جانا یا ہار بیٹھنا - بازی دے بیٹھنا - مات ہو جانا - شکست کھا جانا - ہار جیت (مو) شکست و فتح - نفع نقصان - ہار جیت کرنا - بازی بدنا - جُوا کھیلنا - داؤں پر لگانا - ہار دینا - بازی پر لگا کر مات کھانا - بازی میں دے دینا - ہار جانا - ہار کر - تھک کر - مجبور ہو کر - مجبوراً - آخر کار - ہار کے جھک مار کے - ناچار ہو کر - عاجز آ کر - ہار ماننا - شکست تسلیم کرنا - ناکام رہنا - عاجز ہو جانا - تنگ آنا - شرط میں ہار جانا - ہار ے درجے - مجبور ہو کر - تھک کر - ہارا (مذ) تھکا ماندہ - کمزور - شکست خوردہ -

ہاری (مو) ہار (ہ - مذ) وہ تاگا جس میں مسلسل کوئی چیز گوندھی گئی ہو - وہ تاگا جس میں موتی گوندھے گئے ہوں - پھولوں یا موتیوں کی مالا - جواہرات کا گلوبند ؎

تم جاتے جاتے کس لیے پھر آئے خیر ہے
چھپا گلی کے موتیوں کا ہار رہ گیا — رند

زخموں کی بدھی ؎ شرف

ہوتے ہیں عشق باز شہادت ہی سرفراز
بجتے ہیں سر فروشی کو زخموں کے ہار آج

ہار پڑنا - گلے میں ہار ڈالا جانا - ہار پہنانا - گلے میں ہار ڈالنا - ہار پھول - خوشی کی محفلوں میں ہار بانٹتے ہیں اور پھول بکھیرتے ہیں - ہار چڑھانا - بزرگوں کے مزار پر ہار لے جانا اور قبر پر یا تعویذ وغیرہ پر رکھنا - ہار ڈالنا - گلے میں ہار پہنانا - ہندوؤں میں شوہر پسند کرنے کی رسم - سوئمبر - ہار گوندھنا - پھول پرونا - پھولوں لڑی یا مالا بنانا - ہار سنگار (مذ) ایک درخت کا نام - جس کے پھولوں کی ڈنڈیوں سے زرد اور سنہری رنگ نکالتے ہیں -

ہارمونیم :- (انگ - مذ) ایک قسم کا انگریزی باجا -

ہاروت :- (ع - مذ) ایک فرشتے کا نام جو زہرہ کا عاشق تھا - اللہ نے اُسے دُنیا میں بھیجا وہ پھسل گیا - اس لیے اس پر عذاب الٰہی نازل ہوا اور اُسے چاہ بابل میں اُلٹا لٹکا دیا گیا -

ہارونی :- (ا) نافرمان - سرکش - ڈھیٹ (مو) ہارونی ہے - کسی کی بھی نہیں سنتا)

ہاڑہ :- (ہ - مذ) ہڈیاں - ڈھانچا (بڑے چوڑے ہاڑ کا آدمی ہے - ہاڑنا - ایک باٹ کے برابر دوسرا باٹ بنانا - وزن سے وزن برابر کرنا - وزن کا مقابلہ کرنا - اندازہ کرنا - امتحان کرنا -

ہاضم :- (ع) ہضم کرنے والا - ہضم ہونے والا تحلیل کرنے والا - ہاضمہ (مذ) ہضم کرنے کی قوت -

ہاف :- (انگ) آدھا - نصف -

ہال :- (انگ - مذ) گول کمرہ - بڑا کمرہ - بڑا دالان -

ہال :- (ہ - مو) حرکت - جھٹکا - لوہے کا وہ چکر جو پہیے کے گرد اگرد چڑھایا جاتا ہے - ہالوں کا تعزیہ - جو کا تعزیہ بناتے ہیں جو جنبش کرتا رہتا ہے -
؎ شاد

ہا ہا ہی کرنا۔ ہنسنا۔ قہقہے لگانا۔ ہاؤ ہو کرنا۔ شور مچانا۔

ہائی:۔ (ا۔ مو) حالت۔ کیفیت۔ طور۔ وضع۔ ڈھنگ۔ بدنامی۔ رسوائی۔ ع۔ شاد

عشق میں بدنامی گل قیس کی ہائی ہوئی

ہائی:۔ (انگ) بالا۔ اونچا۔ بڑا۔ اونچے درجے کا۔ ہائی اسکول۔ ثانوی مدرسہ۔ میٹرک تک کا مدرسہ۔ ہائی کورٹ۔ عدالت عالیہ۔ وہ عدالت جہاں آخیر اپیل ہوتی ہے۔

ہائے:۔ (ف) افسوس۔ تاسف وغیرہ کے موقع پر بولتے ہیں۔ بیماری یا دکھ کی آواز۔ آہ۔ فریاد (غریب کی ہائے بڑی بری ہوتی ہے) ہائے اللہ۔ اے خدا۔ یا اللہ۔ کلمہ درد و بکا و اندوہ (ہائے اللہ اب میں کیا کروں) ہائے رے۔ کلمۂ افسوس۔ ہائے غضب۔ ہائے افسوس۔ بڑا ستم ہوا۔ ہائے قسمت۔ وائے تقدیر۔ ہائے پڑنا۔ صبر پڑنا۔ ہائے کرنا۔ افسوس کرنا۔ لمبی سانس لینا۔ ہائے مارنا۔ ہائے کرنا۔ ہائے ہائے (مو) تکلیف اور تنگ دستی میں یہ کلمہ زبان پر آتا ہے۔ پکار۔ مانگ۔ طلب۔ توڑا اور کمی کی جگہ بولتے ہیں۔ ہائے ہائے پڑنا۔ تراہ تراہ ہونا۔ واویلا مچنا۔ نہایت افسوس اور غم ہونا۔ درد سے بہت بے تاب ہونا۔ ہائے ہائے کرنا۔ درد سے بلبلانا۔ آہیں بھرنا۔ واویلا کرنا۔ بڑی منت کرنا۔ کسی چیز کی نہ ہونے کی پکار مچانا۔

ہائلہ:۔ (ع) خوفناک۔ ہولناک۔

ہائیں:۔ (ا) کلمہ تنبیہ و تہدید (ہائیں تم نہیں مانتے)

ہباڈبا:۔ (ا۔ مذ) بچوں کا ایک مرض۔ لڑکوں کو شدت کی کھانسی۔ مسان کی بیماری۔

ہبر دھبر:۔ (ھ) جلدی جلدی (گھر میں ٹکوا نہیں ٹکتا۔ ہبر دھبر آئیں پھر باہر جائیں) ہبڑا مذ بدوضع۔ بدشکل۔ بڑے بڑے دانتوں والا۔ ہبڑی مو

ہبک دھبک:۔ (ھ) کام کرنے کی چالاکی اور پھرتی۔

ہبنق:۔ (ع) چھوٹے قد کا۔ مرٹی۔ احمق۔ جانگلو۔

ہبوط:۔ (ع) نیچے اترنا۔ ؎ مولف

گو مجھے یاد تھا جنت سے ہبوط آدم
شوق پھر بھی چمن خلد کا ہوتا نہ تھا کم

ہبہ:۔ (ع۔ مذ) عطا۔ بخشش۔ ہبہ کرنا۔ بخشنا۔ عطا کرنا۔ ہبہ نامہ (مذ) عطا نامہ۔ وہ دستاویز یا کاغذ جس پر مال عطا کرنے کا اقرار لکھا جائے۔

ہپ کر جانا:۔ (ا) سب کھا جانا۔ نگل جانا۔ ہپ ہپ کرنا۔ پوپلوں کی طرح منہ چلانا۔ ہپیا (مذ) بچوں کے کھانے کی نرم کھچڑی۔ ہپو مذ بچے افیون کو ہپو کہتے ہیں۔ ہپو پوپلی صورت۔ ہپ ہپانا۔ ہانپنا۔ ہپڑ ہپڑ۔ (ا) پوپلے کا یا کسی درندے کا کسی چیز کو جلدی جلدی کھانا۔

ہت:۔ (ا) نفرت کا کلمہ۔ دور ہو۔ الگ ہو۔ پرے ہٹ۔ سرک۔ سدھارو۔ نکلو۔ ہت تری یا ہت تیرے کی۔ ہت تیری ایسی تیسی کا مخفف۔ دعائے بد کے طور پر بولتے ہیں۔ خدا تیرا خانہ خراب کرے۔ ہت تری دم میں نمدا۔ ایک مزاحیہ ڈانٹ۔

ہتا:۔ (ا۔ مذ) دستہ۔ ریل کا سگنل۔ موٹھ۔ ہتا مارنا۔ چرانا۔ اڑانا۔ ہاتھ مارنا۔ ہتے سے کٹنا۔ رکاٹنا متعدی، کنکیا کا چٹکی کے قریب سے کٹنا۔ بالکل ختم کرنا (اڑانا)

ہتڑی:۔ (ھ۔ مو) ہاتھ کی تصغیر۔ موٹھ۔ دستہ۔

ہتک:۔ (ع۔ مو) رسوائی۔ بے عزتی۔ پردہ دری (کرنا۔ ہونا) ہتک عزت (مو) عزت اتارنا۔ بے عزتی۔

ہتوڑا:۔ (ھ۔ مذ) لوہاروں کا ایک اوزار جس سے لوہا کوٹتے ہیں۔ ہتوڑا چلانا۔ ہتوڑا چلانے کا کام کرنا۔ کوٹنا۔ ہتوڑا مارنا۔ کاری ضرب لگانا۔ کوٹنا۔ ہتوڑی (مو) چھوٹا ہتوڑا۔ چھوٹی سی لوہے کی موگری۔

ہتھ:۔ (ھ) ہاتھ کا مخفف۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے ہتھ ادھار (مذ) دستگردان قرض۔ قرض حسنہ۔ ہتھ پھیری (مو) ہاتھ پھیرنا۔ ہتھا۔ ہاتھ کی چالاکی۔ ہتھ پھیری کرنا۔ ہاتھ صاف کرنا۔ ہاتھ پھیرنا۔ ہتھ چلا۔ عیار۔ ہاتھ کا چالاک۔ ہتھ چھٹ۔ وہ شخص جس کو فوراً ہاتھ چلانے کی عادت ہو۔ دست دراز۔ ہتھ رس۔ جلق۔ ہتھ کٹی (مو) وہ ضرب جو تلوار وغیرہ سے حریف کے ہاتھ پر مارتا ہے (دیکھیے ہٹ کٹی) اور تلوار جڑنا (ص ۲۸۶) کپڑے کے تاگے نکال کر نازک اور خوب صورت سوراخ بنانا۔ ہتھ کڑی (مو) وہ زنجیر جو مجرم کے ہاتھ میں ڈالی جاتی ہے۔ ہاتھ کی زنجیر۔ ہتھ کنڈا۔

ہِجرَت: (ع - مو) ایک جگہ چھوڑ کر دوسری جگہ آباد کرنا - وطن کو ہمیشہ کے لیے چھوڑنا (کرنا)
ہجری (مو) وہ سنہ جو رسولِ خدا صلعم کے مدینے سے ہجرت فرمانے کے وقت سے شروع ہوا

ہَجمَہ: (ع - مذ) چالیس سے سو تک کے اونٹوں کا گلہ ۔ تسلیم
ہجمہ اشتران بغدادی
مثلِ ریگ رواں رواں دیکھا

ہَجو: (ع - مو) مذمت - برائی - بدگوئی نظم میں برا کہنا - ہجو کرنا - مذمت کرنا - بدگوئی کرنا - ہجو کہنا یا لکھنا - نظم میں کسی کی مذمت کرنا -

ہُجُوم: (ع - مذ) کسی پر دفعتہً ٹوٹ پڑنا - بھیڑ بھاڑ - انبوہ - ازدحام - ہجوم کرنا - ازدحام کرنا - بھیڑ کرنا - ہجوم ہونا - ازدحام ہونا - بہت لوگوں کا جمع ہونا -

ہِجّے: (ا - مذ) زیر زبر وغیرہ حرکات سے الفاظ ادا کرنا - اعراب کو حرفوں سے ملا کر لفظ بنانا (کرنا) ہجے نکالنا - مین میکھ نکالنا - عیب نکالنا -

ہِچر مِچر: (ا - مو) پس و پیش - جھجک - تامل - بہانہ - ٹال مٹول - ہچر مچر کرنا پس و پیش کرنا - جھجکنا - ٹال مٹول کرنا -

ہُچکا: (ہ - مذ) ڈور کی چرخی - دیکھیے اُچکا - ہچکا - دھکا - ہچکولا -

ہِچکچانا: (ہ) پس و پیش ہونا - کشمکش و پیچ کرنا - تامل کرنا - ہچکچاہٹ ہچکی (مو) ہچکچانے کا فعل - ہچکچنا جھجکنا - پس و پیش کرنا - متردد ہونا - تامل کرنا -

ہِچکولا: (ہ - مذ) دھچکا - سواری کی جنبش کا صدمہ -

ہِچکی: (ہ - مو) وہ ہوا جو گلے سے رک رک کر نکلتی ہے - جانکنی کی علامت - ہچکی آنا - سانس کا رک رک کر نکلنا - جب کسی کو ہچکی آتی ہے تو کہتے ہیں کوئی یاد کرتا ہے - ہچکی بندھ جانا - زیادہ رونے سے سانس اٹکنے لگنا ہچکی لگنا - سانس رک کر آواز کے ساتھ نکلنا - اخیر وقت آنا - کسی کا یاد آنا - ہچکیاں آنا - کسی عزیز کا یاد آنا - سانس اکھڑنا - ہچکیاں بندھ جانا - بہت زیادہ رونے سے سانس رک رک کر نکلنا - ہچکیاں لے کر رونا - بہت زیادہ رونا کہ سانس رک رک کر نکلنے لگے - ہچکیاں لینا کسی کا یاد آنا - بہت زیادہ رونا - حالت نزع ہونا - ہچکیاں لینے لگنا - بہت زیادہ رونا - مرنے کا آخری وقت کا آنا - ہچکی اور ہچکیاں دونوں ایک دوسرے کی جگہ بولتے ہیں -

ہُچنا: (ہ - لک - عو) ٹھیک نشانہ نہ لگنا - معاملہ بن کر بگڑ جانا -

ہُدا: (ع) اضافت کے ساتھ استعمال ہوتا ہے بمعنی ہدایت (رسولِ ہدا)

ہَدایا: (ع - مذ) ہدیہ کی جمع - تحفے - نذریں - پیش کش -

ہِدایَت: (ع - مو) رہنمائی - رہبری - راہِ راست - ہدایت پانا - راہِ راست پر لگنا - صراطِ مستقیم پر چلنا - ہدایت کرنا - رہنمائی کرنا - سمجھانا - راستہ بتانا - ہدایت نامہ (مذ) دستور العمل - قواعد نامہ - ایسی کتاب جس میں کسی امر کے متعلق تمام طریقے درج ہوں -

ہَدَف: (ع - مذ) نشانہ - زد - مار - تختۂ مشق - ہدف بنانا - نشانہ بنانا - تختۂ مشق بنانا - ہدف مارنا - نشانا مارنا - نشانے پر تیر لگانا - کوئی بڑا کام کرنا -

ہُدہُد: (ع - مذ) مرغِ سلیمان - کھٹ بڑھئی -

ہَدیَہ: (ع - مذ) تحفہ - پیش کش - نذرانہ - انعام - قیمت - قرآن شریف کی قیمت - ختمِ قرآن کی وہ تقریب جس میں بچہ اچھا لباس پہن کر مسند پر بیٹھتا استاد ایک (نظم) سناتا - جس کے بعد لڑکا استاد کو سلام کرکے جوڑا وغیرہ ہدیہ دیتا تھا - ہدیہ کرنا - قرآن شریف فروخت کرنا -

ہَڈّا: (ہ - مذ) بڑی ہڈی - گودکا ہڈا - گھوڑے کے پچھلے پاؤں کے گھٹنوں میں جوڑ کے پاس کی ہڈی سے گھوڑا لنگ کرنے لگتا ہے -

ہُڈرا: (ہ - مذ) (ولی عو) بری گت (کرنا کے ساتھ)

ہَڈی: (ہ - مذ) استخوان - اصلی نسل - کالبد کے اندر کا سخت حصہ - ہڈی بٹھانا - جگہ سے سرکی ہوئی ہڈی اس کی جگہ پر لانا - ہڈی بولنا - ہڈی چٹخنا - ہڈی پسلی توڑنا - مار مار کے بھرکس نکال دینا - ہاتھ پاؤں توڑنا - ہڈی توڑنا - ہڈی شکستہ کرنا - ہڈی پر ضرب لگانا - ہڈی دیکھنا (عو) خاندان حسب نسب دیکھنا - ہڈی گھلنا تپ دق ہونا - ہڈی میں ہڈی پیوند میں پیوند ملنا -

ہرا ہونا - سبزہ کا بیاب ہو جانا - ہری (مو) بھگوان - نیز بخشت از
رسوا
یہ کیا ہوا کہ تمھیں سب سے رہ گئے پیچھے
جو ہیں غیور کبھی مانتے نہیں وہ ہری
ہری ہو جانا - دیکھو ہرا ہو جانا - نیز مزاج ٹھکانے آنا - غرّہ ڈھتے جانا - سزا پانا (طبیعت ہری ہوگئی بچہ کی)

ہراس :- (ف - مو - مذ) خوف - ڈر - دہشت - ناامیدی - مایوسی - ہراساں - ڈرا ہوا - خوف زدہ - ناامید - مایوس - ہراساں ہونا - پریشان ہونا - گھبرانا - ڈرنا -

ہرانا :- (ہ) مات کر دینا - داؤں جیتنا شکست دینا - تھکانا

ہرانْد :- (ہ - مو) کچی ہلدی کی سی بُو - کچے مصالحہ کی بُو - ہرائی جتائی - وہ بات جو حیران اور عاجز کرنے کے لیے کی جائے - ہرائی جتائی کرنا - دق کرنا - تنگ کرنا -

ہراول :- (ت - مذ) لشکر کا پیش خیمہ - آگے کی فوج کا سردار -

ہرائی :- (ہ - لگ - مو) ہرانا کا حاصل مصدر - ہرائی جتائی (ہونا - کرنا) دیکھیے ہرائی جتائی

ہربونگ :- (ہ - مذ) اودھم - خلفشار - ابتری - ہنگامہ بلوہ - افراتفری - آج کل ہر بونگ لگ رہتے ہیں - ہربونگ کا راج ہے - حاکم ظالم اور بے انصاف ہے - طوائف الملوکی پھیلی ہوئی ہے - ہربونگ مچانا - غل شور مچانا - اودھم مچانا - ہنگامہ برپا کرنا - غل غپاڑا ہونا -

ہر پھر کے :- (ہ) پھر پھرا کے - ناچار - مجبور ہو کر ع بحر
مجھی کو گردشیں دیتا ہے ہر پھر کے زمانے میں
باربار - ہر دفعہ ع رشک
ہر پھر کے تجھ سے پوچھتے ہیں تیرے گھر کی راہ

ہرتال :- (ہ - مو) ایک زرد رنگ کی دھات جو نورد بنانے کے بھی کام آتی ہے - تمام دکانوں کو بند کرنا - احتجاج یا غم کے اظہار کے طور پر کاروبار بند کر دینا - ہرتال کرنا - دکانیں بند کرنا - کاروبار بند کرنا - (مستعمل ہڑتال)

ہرتے پھرتے :- (ہ) کبھی کبھی - گاہے ماہے - چلتے پھرتے - ہرتی پھرتی چھاؤں (مو) آتی جاتی چھاؤں جس چیز کو قیام اور استقلال نہ ہو - دولت -

ہرج :- (ع - مذ) ہنگامہ - شورش - بلوہ - خلل نقصان - وقفہ - ڈھیل ع تعشق
اتنے ہرج میں اور بدن سرد ہوگیا
پھر آنکھیں بند ہوگئیں منہ زرد ہوگیا
بعضوں نے بفتح بھی لکھا ہے جیسا کہ مذکورہ شعر میں ہے
ہرج مرج مذ نقصان - فتنہ و فساد - بدنظمی -
ہرج مرج ہونا - نقصان ہونا - گڑبڑ ہونا - بدنظمی ہونا

ہرجانا :- (ہ) ہار جانا - بازی میں چلا جانا - ہرجانہ (ا - مذ) زرِ نقصان - ہرج کرنے کا معاوضہ - خسارہ - تاوان - ہرجانہ بھرنا - نقصان بھرنا - ہرج کا معاوضہ دینا - ہرجانہ پڑنا - ہرج کرنے کا معاوضہ پڑنا - ہرجانہ دینا - ہرج ہونے کا معاوضہ دینا - ہرجہ (مذ) نقصان - خسارہ - ٹوٹا - زرِ نقصان - ہرجہ خرچہ (مذ) نقصان اور اخراجات - ہرجہ خرچہ کا ذمہ دار ہونا - ہرج اور نقصان کا ذمہ دار ہونا

ہردا :- (ہ - مذ) دل - من - قلب - ضمیر - ہردا کھل جانا - ہمت بڑھ جانا - روشن دل ہو جانا (ہندوؤں کا روزمرہ ہے) عموماً ہردا کے بجائے ہردے بولتے ہیں -

ہرزہ :- (ف) بے ہودہ - لغو - پوچ - ہرزہ سرا - یاوہ گو - بے ہودہ گو - ہرزہ سرائی (مو) بے ہودہ گوئی - یاوہ گوئی - بکواس - ہرزہ سرائی کرنا - بے ہودہ بکنا - بکواس کرنا - ہرزہ گرد - آوارہ گرد - ہرزہ گرد ہونا - آوارہ ہونا - ہرزہ گردی (مو) بیہودہ پھرنا - آوارہ گردی - وارفتگی - ہرزہ گردی کرنا - آوارہ پھرنا - ہرزہ گو - بے ہودہ بکنا - یاوہ گوئی

ہرمجسٹی :- (انگ - مو) ملکہ معظمہ - مہارانی - علیا حضرت -

ہرگز :- (ف) بالکل نہیں - کبھی نہیں - زنہار -

ہرمزی :- (ف - مو) ایک طرح کی سرخ مٹی - گیرو - ایک سرخ پھول جس سے کپڑے رنگتے ہیں - ایک قسم کا رنگ -

ہرن :- (ہ - مذ) آہو - ایک تیز رفتار خوبصورت جنگلی چوپایہ جس کی دوڑ اور آنکھ مشہور - ہرن کا چوکڑی بھرنا - ہرن کا چھلانگ مارنا - ہرن کا چاروں ٹانگیں اٹھا کر کلانچ مارنا - ہرن کا چوکڑی بھول جانا - گھبرا جانا - حواس باختہ ہونا - ہرن کا کالا ہونا - نہایت تیز و مضطرب ہونا - ہرن (کا) کالا ہونا

تیز گرمی اور دھوپ (کا کنایہ) جس سے ہرن سست ہو جاتے ہیں۔ ؎ ناسخ

گرمیٔ رخسار سے بیمار ہوگی چشم یار
دھوپ کی شدت سے آہو کا برا ہو جائیگا

ہرن کھری۔ ایک قسم کی بیل جس کے پتے ہرن کے کھر جیسے ہوتے ہیں۔ ایک قسم کا زنانہ اونچی ایڑی کا جوتا۔ ہرن کھری رانگا۔ عمدہ اصلی رانگا (چاندی بھی) ؎ قدر

بہت کھرا ہے تری حسن سیم کیا کہنا
ہرن کھری سے ملی ہے ابرو و جبین کے عوض

ہرن ہو جانا یا ہونا۔ ہرن کی طرح جلد بھاگ جانا۔ ہوا ہو جانا۔ کافور ہو جانا۔ وحشی بن جانا۔

ہَرَنا:۔ (ہ۔ مذ) نر ہرن۔ ہرن کا رنگا ہوا چمڑہ۔ زین کا اُٹھا ہوا اگلا حصہ۔ جوئے میں کسی چیز کا ہار جانا۔ بازی ہار جانا ؎ شاد

وہ جواری ہیں کہ نقد دل وجاں
عشق بازی میں ہرے بیٹھے ہیں

ہَرَنوٹا: (ہ۔ مذ) ہرن کا بچہ۔ ہرنی (مو) ہرن کی مادہ۔

ہَرواہا:۔ (ہ۔ مذ) وہ شخص جو زمین جوتنے کے لیے ہموار کرے۔ ہلواہا۔ کسان۔

ہَرَوتی:۔ (ہ) ایک قسم کے عمدہ بانس کی مضبوط اور بھاری لکڑی جو ہاتھ میں رکھی جاتی ہے۔

ہُرولنا:۔ (ہ۔ فک) نکٹے کو ہاتھ سے صاف کرنا۔

ہَرَول:۔ (ہ) زر تقاوی جو کاشتکار کو دیا جائے۔

ہَریالا: (ہ) سرسبز۔ خوش وخرم۔ نوعمر شگفتہ۔ ہریالا بنا۔ خوب صورت دولھا۔ ہریالی (مو) سبزی۔ ہریاول۔ شادابی۔ خوبصورت عورت۔

ہَریانا:۔ (ہ) ہرا ہونا۔ سرسبز ہونا (مذ) اونچی زمین۔

ہَریاول:۔ (ہ۔ مو) سبزی۔ سبزہ۔ طراوت۔ چراگاہ۔ مرغزار۔

ہری چُگ:۔ بے وفا۔ ہرجائی۔ وہ جانور جو ہریاول میں رہتا ہو۔

ہَریسہ: (ع۔ مذ) ایک قسم کا کھانا جو گیہوں کے آٹے گوشت کی یخنی اور دودھ سے پکاتے ہیں۔ نہایت گاڑھا۔ گھلا ملا۔

ہَرِیل: (ہ۔ مذ) ایک ہرا پرند جو جنگلی کبوتر یا طوطے کے برابر ہوتا ہے۔ ؎ قدر بلگرامی

کچھ نظر کام نہیں کرتی ہے بڑھاپے میں
پاس سے بھی نظر آتے نہیں طوطے ہریل

ہَرِیوا:۔ (ہ) ایک خوش آواز پرندہ۔

ہَڑ:۔ (ہ۔ مو) ہلیلہ۔ ایک قسم کے کسیلے پھل کا نام۔ وہ گھنڈی جو ازاربند وغیرہ کے سروں پر بناتے ہیں۔

ہڑبڑا جانا:۔ (ہ) گھبرا جانا۔ بے اوسان ہو جانا۔ بدحواس ہو جانا۔ ہڑبڑانا۔ گھبرانا۔ بولانا۔ مضطرب و مضطرب ہونا۔ بوکھلانا۔ ہڑبڑی (مو) اضطرار۔ جلدی۔ کھلبلی۔ گھبراہٹ۔ افراتفری مچنا۔ ہڑبڑی پڑنا۔ بھاگڑ پڑنا۔ افراتفری پڑنا۔ ہڑبڑیا۔ مضطرب۔ گھبرایا ہوا۔ جلدباز۔ تعجیل کار۔ (نیز دیکھیے ہڑبونگ)۔

ہَڑَپ:۔ (ہ۔ مو) بغیر چبائے نگل جانا۔ جلدی سے حلق سے نیچے اتار لینا۔ ہڑپ کر جانا۔ نگل جانا۔ تغلب کرلینا۔ کھا جانا۔ غپ کر جانا۔ ہڑپ کرنا۔ کھا جانا۔ نگل جانا۔ تغلب کرنا۔ ہڑپا (مذ) ایک دفعہ کی بہت کچھ کھا جانا۔ بڑا سا لقمہ۔ ہڑپا لگانا یا مارنا۔ ایک دم منہ میں ڈالنا اور ہڑپ کرجانا۔

ہَڑتال:۔ (ہ۔ مو) دیکھو ہرتال۔

ہُڑدنگا:۔ (ہ) آوارہ۔ مارا مارا پھرنے والا (مذ) لڑکیوں کا اچھلنا کودنا۔ ہڑدنگی۔ بدسلیقہ۔ پھوہڑ۔ آوارہ۔ بے ہودہ۔ ہڑدنگے کرنا۔ شرارت کرنا۔ کھیلنا۔ کودنا۔

ہُڑک:۔ (ہ) باولے کتے کا زہر اثر کرجانا۔ اور کتے کی طرح بولنا اور کاٹنے کو دوڑنا۔ اُمنگ۔ ولولہ۔ ہڑک اٹھنا۔ شوق چرانا۔ جوش آنا۔ باولاپن۔ جوش میں آنا۔ ہڑک چڑھنا۔ کتے کے کاٹے کا زہر چڑھنا۔ ہڑک لگنا۔ ضد چڑھنا۔

ہُڑکا:۔ (ہ۔ مذ) کسی چیز کی جدائی کا غم جس سے بچے بیمار پڑ جاتے ہیں۔ ہڑکا کرنا۔ بچے کا کسی کو یاد کرکے غم کرنا۔ ہڑکانا۔ جوش میں لانا۔ بھڑکانا۔ ترسانا۔ ہڑکائی (مو) پگلی۔ دیوانی۔

ہُڑکنا:۔ (ہ) بچے کا دایہ یا ماں وغیرہ کی جدائی محسوس کرنا۔ جھڑکنا۔ روک دینا۔ جیسے توڑ دینا۔

ہُڑواڑ:۔ (ہ۔ مو) قبرستان۔ خاندانی قبرستان۔

ہزار:- (ف) (دس سینکڑے (۱۰۰۰)) ہر چند۔ کتنا ہی۔ کثرت تعداد ظاہر کرنے کے لیے۔ **ہزاراں ہزار۔ ہزارہا** کثرت ظاہر کرنے کے لیے۔ **ہزاروں بات کی ایک بات** مختصر اور عمدہ بات۔ **ہزار بار۔ ہزار دفعہ۔ بارہا۔ بار بار۔ ہزار پا۔** کنکھجورا۔ **ہزار پر بھاری ہونا۔** بہت سے لوگوں سے زیادہ طاقت ور۔ بارعب۔ باہمت ہونا۔ **ہزار جان سے قربان نثار یا صدقے۔** کسی کا بہت زیادہ عاشق۔ فریفتہ اور دلدادہ ہونا۔ **ہزار چشم**۔ کیکڑا۔ **ہزار چند۔ ہزار گنا۔ ہزار حیف**۔ ہزار افسوس۔ حیف صد حیف۔ نہایت افسوس۔ **ہزار دانہ** تسبیح کی صفت۔ ہزار دانوں کی مالا۔ **ہزار دل سے قربان ہونا۔** نثار ہونا۔ بہت ہی شیفتہ و قربان ہونا۔ **ہزار داستان** (مذ) ایک قسم کا بلبل جو ہزاروں بولیاں بولتا اور نہایت خوش الحان ہوتا ہے۔ عندلیب خوش بیان و خوش الحان۔ **ہزار رنگ** بدلنا۔ مختلف صورتیں اختیار کرنا۔ کسی بات پر قائم نہ رہنا۔ ہزار لاٹھی ٹوٹے گی تو بھی گھر بار کے **باسن توڑنے کو** بہت ہے۔ خاوند لاکھ کمزور۔ اچھا ہتھیار کتنا ہی خراب ہو پھر بھی کام آتا اور خطرناک ہوتا ہے۔ **ہزار منہ ہزار باتیں۔** جتنے منہ اتنی ہی باتیں۔ **ہزار نعمت اور ایک تندرستی**۔ تندرستی ہزار نعمتوں سے بہتر ہے۔ **ہزاروں گھڑے پانی پڑ گیا**۔ بہت زیادہ شرمندگی اور ندامت ہوئی۔ شرم کے مارے پسینہ پسینہ ہو گیا۔ **ہزاروں باتیں سنانا**۔ بہت برا بھلا کہنا۔ بہت طعنے دینا۔ **ہزاروں میں ایک ہونا**۔ ہزاروں سے بہتر ہونا۔ بہت ہی خوب صورت ہونا۔ **ہزارہا**۔ ہزاروں۔ بے شمار۔ **ہزار ہا تھہ**۔ ضرور بالضرور۔ ؎ آتش

اُونچا ہو لاکھ تاڑ سے بھی سرو جار ہاتھ
رُتبہ بلند ہے ترے قد کا ہزار ہاتھ

ہزار ہاتھ کا ہو کر آئے (عو) کتنا ہی بھاری ہو کر، باوقار ہو کر آئے۔ **ہزاری** (مو) ہزار آدمیوں کا افسر۔ شاہی زمانے کا ایک عہدہ۔ **ہزاری بازاری**۔ ہزار قسم کے آدمیوں سے ملنے والا۔ اور بازار میں بیٹھنے والا۔ کمینہ سفلہ۔ **ہزاری روزہ** (مذ) ۲۰ رجب کا روزہ ہزار روزوں کے برابر ہے۔

؎ انشا

میں نہ کہتی تھی نہ رکھ اے مری پیاری روزہ
بندی رکھ لے گی ترے بدلے ہزاری روزہ

ہزارہ:- (ا۔ مذ) پاکستان کی شمالی سرحد کے ایک علاقے کا نام۔ ایک قسم کا بڑا لالہ اور گیندا (۲) جالی دار چوڑی ٹونٹی کا بڑا برتن جس سے چھڑکاؤ کرتے ہیں اور اس کی گول جالی جسے ٹونٹی پر لگاتے ہیں کہ پانی کی دھاریں اُچھلیں اور پھیلیں تو خوب صورت معلوم ہوں۔ فوارہ ؎ قلق

کب میں خس خانے میں سویا کہ نہ آیا تو یاد
کب رواں دیدۂ گریاں سے ہزارے نہ چھٹے

ہز ایکسیلنسی:- (انگ ۔ مذ) گورنر کا تعظیمی خطاب وائسرائے کا تعظیمی خطاب۔

ہِزَبر:- (ع ۔ مذ) شیر۔ درندہ۔ بہادر۔ شجاع۔

ہَزَج:- (ع ۔ مو) علم عروض کی ایک بحر کا نام۔

ہَزَل:- (ع ۔ مو) بے ہودہ باتیں۔ تمسخر فحش باتیں۔ وہ نظم جس میں مسخرے پن کے مضامین ہوں۔ ہزل گو۔ بے ہودہ گو۔ مذاقیہ نظم کہنے والا۔ **ہزل گوئی**۔ (مو) ہزل کہنا۔

ہز ہائینس:- (انگ ۔ مذ) خطاب جو نواب راجاؤں کے نام سے قبل آتا تھا۔

ہَزِیمت:- (ع ۔ مو) شکست۔ بھاگڑ۔ لشکر کا منتشر ہو جانا۔ **ہزیمت اُٹھانا**۔ شکست کھانا۔ پسپا ہونا۔ پیٹھ دکھانا۔ **ہزیمت کھانا**۔ شکست کھانا۔ پیٹھ دکھانا۔ پسپا ہونا۔

ہَست:- (ف ۔ مو) ہستی۔ ہونا۔ وجود۔ حیات۔

ع سب جا ہیں جس کی ہست وہ شیر ژیاں مرے ؎ انیس

ہست کرنا۔ پیدا کرنا۔ معرض وجود میں لانا (جیسے نیست سے ہست کرنا)۔ **ہست نیست**۔ ہاں نہیں۔ **ہست و بود** (مو) قیام وجود۔ حیات و بقا۔ **ہست و ممات**۔ (مو) جینا مرنا۔ موت زندگی۔ **ہست ہونا**۔ پیدا ہونا۔ وجود میں آنا۔ **ہستی** (مو) ہست بود۔ وجود۔ موجودگی۔ دُنیا۔ کائنات۔ موجودات۔ بساط۔ حیثیت۔ حقیقت۔ مجال۔ تاب۔ طاقت۔ دولت۔ ثروت۔ خود بینی۔ خود پسندی۔ انانیت **ہستیِ جاوداں** (مو) حیات جاوداں۔ حیات ابدی۔ عمر جاوداں۔

ہتھنی:- (ک ۔ مو) عورتوں کی ایک قسم جو ہتھنی کی طرح جوش مستی میں جھوم جھوم کر چلتی ہے۔

ہسٹری:- (انگ ۔ مو) تاریخ۔ حالات۔ عیوب۔ (ساری ہسٹری آپ کو معلوم ہے)۔ **ہسٹری شیٹ**۔ ملزم کا تفصیلی جرم نامہ الکوٹا کے ساتھ

داہنی طرف ٹانکتے ہیں دوسرا بائیں طرف۔

ہَکّا :- (ہ - لک) دھکا۔ ہکّا بکّا۔ سراسیمہ۔ حیران و پریشان۔ حواس باختہ۔ بھوچکا۔ ہکّا بکّا رہنا یا ہونا۔ متعجب رہنا۔ متحیر ہونا۔ بھوچکا رہ جانا۔

ہَلا پتی :- (عو) ہل چل۔ بھگدڑ۔

ہَک دَک :- (ا) متحیر۔ متعجب۔ سکتے کا عالم۔ ہک دک رہ جانا۔ متحیر رہ جانا۔ حیرت میں رہ جانا۔ سکتے کے عالم میں ہو جانا۔

ہَکلا :- (ہ - مذ) لکنت کرنے والا جو رک رک بات کرے۔ جس کی زبان میں گرہ ہو۔ ہکلی (مو) ہکلاپن (مذ) زبان کی لکنت۔ ہکلا کر بات کرنا۔ لکنت سے بات کرنا۔ اٹک اٹک کر بولنا۔ ہکلانا۔ زبان کا لکنت کرنا۔

ہَگاس :- (ہ - مو) ہگنے کی حاجت۔ ہگاس لگنا۔ پیخانہ لگنا۔ ہگاسا۔ وہ جس کا پیخانہ نکلنے کے قریب ہو۔ ہگاسی (مو) ہگانا۔ پیخانہ کرانا۔ ہگ بھرنا۔ ہگ مارنا۔ ہگ دینا۔ پیخانہ پھر دینا۔ ڈر کے مارے پیخانہ پھر دینا۔ نہایت خائف اور ہیبت زدہ ہونا۔ خوف زدہ و لرزاں ہونا۔ ہگتے پادتے آنا۔ ڈرتے ہوئے آنا۔ مجبوراً آنا۔ ہگنا۔ پیخانہ کرنا۔ ہگو ہگوڑا۔ بار بار ہگنے والا۔ وہ بچہ جس کا پیخانہ نکل جائے۔ ہگو ہگوڑی۔ ہگوا اور ہگوڑی کی تانیث۔ ہگے دینا۔ بہت ڈرنا۔ ڈر سے پیخانہ نکلے جانا۔ بزدلی دکھانا۔

ہَل :- (ہ - مذ) زمین جوتنے کا آلہ۔ زمین کھودنے کا اوزار۔ ہل برارہ (مو) ہلوں کی تعداد پر مالگذاری۔ ہل جوتا۔ ہل چلانے والا۔ ہل جوتنا۔ زمین جوتنا۔ ہل چل جانا۔ کھیت میں ہل سے کام ہونا۔ بالکل برباد ہو جانا۔ کسی آبادی کا تہ و بالا اور تباہ ہو جانا۔ ہل چلنا۔ زمین کا جوتا جانا۔ ہل وار۔ ہل کا مالک۔ ہل ہانکتے کودوں پھانکتے۔ گھبراتے بوکھلاتے ہوئے آنا۔

ہَلّا یا ہَلّہ :- (ف - مذ) یورش۔ دھاوا۔ چڑھائی۔ غل۔ شور (بولنا کرنا) ہلاپتی یا ہلاچلی (مو) ہل چل۔ بھاگڑ۔ ہلاپتی یا ہلاچلی پڑنا۔ بھاگڑ مچنا۔ بے چینی پھیلنا۔

ہلا دینا :- (ہ) لرزاں کرنا۔ متزلزل کر دینا۔ جھنجھوڑنا۔ ہلا مارنا۔ ہلکان کرنا۔ پریشان کر دینا۔

ہُلاس :- (ہ - مو) نسوار۔ ہلاس لینا۔ نسوار لینا۔

ہَلاک :- (ع) آرزومند۔ مشتاق ؎ غالب

مشہد عاشق سے کوسوں تک جو اگتی ہے حنا
کس قدر یا رب ہلاک حسرت پابوس ہے

قتل۔ فنا۔ مضمحل۔ تھکا ہوا۔ ہلاک کرنا۔ تباہ و برباد کرنا۔ مارنا۔ قتل کرنا۔ تھکانا۔ ہلاک ہونا۔ لازم۔ ہلاکت (مو) نیست ہونا۔ موت۔ مرگ۔ محنت۔ مشقت۔ تھکاوٹ۔

ہَلاکو :- (ت) ظالم۔ جلاد۔ خونریز۔ چنگیز خان کا ظالم جانشین۔

ہِلال :- (ع - مذ) ماہ نو۔ پہلی رات کا چاند۔ ہلالی۔ ہلال کی وضع کا۔

ہِلا مِلا :- (ا - مذ) مانوس۔ ہلی ملی (مو)

ہِلانا :- (ہ) حرکت دینا۔ جنبش دینا۔ ہلا ہلا کر بھرنا۔ خوب اچھی طرح بھرنا۔

ہَلاہِل :- (س - ف - مذ) زہر قاتل۔ سم۔ کڑوا۔ مہلک۔

ہلا ہونا :- (ا) مانوس ہونا ؎ انیس

شاہ کو روتی سکینہ تو یہ کہتی بالو
موت ہے باپ سے بچہ جو ہلا ہوتا ہے

ہَلبَلانا :- (ہ) گھبرانا۔ بڑبڑانا۔ بولانا۔ ہلبلاہٹ (مو) جلدی گھبراہٹ۔ ہلبلی (مو) جلدی۔ بوکھلاہٹ۔ ہل جانا۔ متحرک ہو جانا۔ مانوس ہو جانا۔ ربط بڑھا لینا۔

ہَلچَل :- (مو) افراتفری۔ بھاگڑ۔ کھلبلی۔ گھبراہٹ ہنگامہ۔ ہل چل پڑنا۔ بھاگڑ مچنا۔ کھلبلی ہونا۔ گھبراہٹ ہونا۔ بلوہ ہونا۔

ہَلدی :- (ہ - مو) ہلد۔ ہلدا۔ ہلدو۔ ہلجہ۔ ہنجل پوپو۔ (ہندی نام) زرد چوبہ (فارسی) قرقم عبدانی۔ ادرک کی طرح کا ایک مسالہ جس کا رنگ زرد ہوتا ہے اور رنگ بدلنے ہی کے لیے ڈالتے ہیں۔ ہلدی کی گرہ لے کر پنساری بن بیٹھا۔ تھوڑی سی چیز پر بہت شیخی مارنا۔ ہلدی لگا کر بیٹھنا۔ چوٹ کا بہانہ کر کے بیٹھ جانا۔ ہلدی لگے نہ پھٹکری رنگ چوکھا آئے۔ مفت میں کام بن جانا۔ بغیر زحمت کے کسی کام میں کامیاب ہونا۔ ہلدیا (مذ) ایک قسم کا زہر جو ہلدی میں پایا جاتا ہے یرقان۔ زرد۔ بسنتی۔

ہُلڑ :- (ہ - مذ) شور و غل۔ شور و شغب۔ غل غپاڑہ

بلڑ مچانا۔ ہنگامہ برپا کرنا۔ شور و غل کرنا۔ بلڑ مچنا، ہنگامہ ہونا۔ غل شور کرنا۔

بلسانا: (ف) خورش کرنا۔ جی بہلانا۔ پرچانا۔ شوق دلانا۔ اکسانا۔ بلسا بلسا کے میں آنا۔ بہکانے میں آنا۔

ہلکا: (ف) سُبک۔ کم وزن۔ سبکسار۔ اوچھا۔ کم ظرف۔ حقیر۔ کم قیمت۔ گھٹیا۔ پھیکا۔ کم گہرا۔ لطیف۔ جلد اثر قبول کرنے والا۔ زود ہضم۔ آسان۔ وہ سوال جس کا جواب مشکل نہ ہو۔ ہلکا پانی۔ زود ہضم پانی۔ ہلکا پن (مذ) سبکی۔ خفت۔ کم ظرفی۔ کمینگی۔ اوچھا پن۔ ہلکا پھلکا۔ نہایت سبکسار۔ نہایت کم وزن۔ نازک۔ کمزور۔ نحیف۔ آسانی اور راحت کے ساتھ۔ رشک

وصلت میں ہلکے پھلکے گزرتے ہیں روز و شب
فرقت میں مثل کوہ ہیں لیل و نہار بار

نیز ہلکا پھلکا یعنی چلبلا چنچل۔ ہلکا جاننا، سمجھنا۔ حقیر سمجھنا۔ کم وزن جاننا۔ کم ظرف سمجھنا۔ آسان جاننا۔ ہلکا جوڑا (مذ) کم قیمت پوشاک۔ وہ پوشاک جو بھاری نہ ہو۔ ہلکا خون۔ وہ بچے جن کو نظر بد جلدی لگے۔ ہلکا رنگ (مذ) پھیکا رنگ۔ ہلکا کرنا۔ بوجھ کم کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ سبکدوش کرنا۔ ہلکا گلابی جاڑا۔ خفیف سردی کا موسم۔ ہلکا لہو (مذ) لطیف خون جس کو بہت جلدی نظر لگ جائے۔ ہلکا ہلکا۔ خفیف خفیف۔ ہلکا ہونا۔ سُبک ہونا۔ ذلیل ہونا۔ تازہ دم ہونا۔ خفیف ہونا۔ تکان اترنا۔ پھیکا پڑنا۔ گرانی جاتی رہنا۔ گھٹیا ہونا۔ ذمہ داری اترنا۔ ہلکی (مو) بھاری کا نقیض۔ کم وزن۔ اوچھی۔ دھیمی۔ لطیف۔ گھٹیا۔ زود ہضم۔ پھیکے رنگ کی۔ کم اثر کرنے والی۔ کم بکنے والی۔ (ہلکی بات کہنا) اوچھی بات کہنا۔ چھچھوری بات منہ سے نکالنا۔ ہلکی پھلکی (مو) دیکھو ہلکا پھلکا۔ ہلکی چوٹ پڑنا۔ ہلکی چوٹ پڑنا۔ اوچھی ہوئی ضرب پڑنا۔ ہلکے سے۔ آہستہ سے۔ آسانی سے۔ ہولے سے۔ ہلکے ہلکے۔ ہولے ہولے۔ آہستہ آہستہ۔

ہلکارنا: (ف) کتے کو شکار پر دوڑانا۔ کسی کو جنگ و فساد پر آمادہ کرنا۔

ہلکان: (ا) (مو) مشتعل۔ تھکا ماندہ۔ ہلکان کرنا۔ تھکا دینا۔ مشغول کرنا۔ ہلکان ہونا۔ مشغول ہونا۔ تھکنا۔ عاجز و حیران ہونا۔

ہلکم: (ا) ہلچل۔ شور و شغب۔ تہلکہ۔ ہلکم ڈالنا۔ شور مچانا۔ اودھم مچانا۔

ہلکورا: (ف۔ مذ) لہر۔ موج۔ ہلکورنا۔ ہلانا۔ جھنجھوڑنا۔ ہلکورے لینا یا مارنا۔ لہرانا۔ موجیں مارنا۔

ہل کر پانی نہ پینا: (ا) نہایت کاہل و سست ہونا۔ اپنے ہاتھ سے کوئی کام نہ کرنا۔

ہل جانا: (ف) عادی ہو جانا۔ چسکا پڑ جانا۔ چاٹ لگ جانا۔ ہل مل جانا۔ آپس میں مانوس ہو جانا۔ گھل مل جانا۔

ہل من مزید: (ع) (ا) کچھ اور ہے؟ قیامت کے دن جہنم یہ نعرہ لگائے گا۔ جب سب دوزخی دوزخ میں ڈال دیے جائیں گے۔ تو دوزخ پکار پکار کر کہے گا کہ کوئی اور بھی ہو تو لاؤ۔ بیت عاشق

یارب صراط پر ہو توقف مرا قلیل
آئے صدا نہ کان میں ہل من مزید کی

ہلنا: (ف) حرکت کرنا۔ لرزنا۔ مانوس ہونا۔ عادی ہونا۔ مزے میں آنا۔

ہلوانا: (ف) کسانا۔ ہروانا۔

ہلوڑا: (ف۔ مذ) موج۔

ہلورنا: (ف) ہلکورنا۔ ہلورے لینا۔ ہلوریں لینا۔ موجیں مارنا۔

ہلہلا: (ف۔ مذ) جھگڑا۔ شگوفہ۔ فتنہ انگیز بات۔ امنگ۔ اوچھی بات۔ بہتان۔ ہلہلا اٹھانا۔ جھگڑا اٹھانا۔ شگوفہ چھوڑنا۔ فتنہ اٹھانا۔ ہلہلا اٹھنا۔ جھگڑا کھڑا کرنا۔ شوق چرانا۔

ہلہلا کر بخار چڑھنا: (ا) زور سے بخار ہونا۔ یکایک لرزے کے ساتھ بخار ہونا۔ ہلہلانا۔ بخار میں تھرتھرانا۔ بخار میں لرزنا۔

ہم: (ف) (ض) جمع۔ یعنی ایک سے زیادہ متکلم۔ میں کی جگہ بھی بولتے ہیں۔ ہم بھی کوئی ہیں۔ ہم سے بھی کوئی دشمنی اور خصومت ہے؟ ہمارا بھی کچھ مرتبہ ہے۔ ہم بھی کیا یاد کریں گے۔ کسی کی بے پروائی اور بے توجہی کا شکوہ۔ ہم بھی ہیں پانچوں سواروں میں۔ کسی بات میں بڑوں کا مقابلہ کرنا۔ ہم پر پنسل پڑے۔ زبردست کو چھوڑ کر زیردست پر غصہ اتارنے کے موقع پر بولتے ہیں۔ ہم جانیں یا تم جانو۔ ہمارے تمہارے سوا دوسرا واقف نہ ہو۔ ہم چوڑے بازار سکڑا۔ اپنے آپ کو بڑا دوسروں کو حقیر جاننا۔ ہم سے اڑتے ہو۔ ہمیں چل دیتے ہو۔ ہمیں فریب دیتے ہو۔ ہم سے کب چل سکتے ہو۔ ہمیں کب فریب دے سکتے ہو۔ ہم تمہارے فریب میں نہیں آ سکتے۔ ہم کو پوچھے۔ ہم کو کون پوچھے۔ ہماری ہستی کیا ہے۔ ہم کو بڑے بڑے کرتے۔ ان سب

کلمات میں غور تمیں قسم دلاتی ہیں - ہم کون ہیں - اِس لائق نہیں۔ اِس بات میں ہمیں کیا دخل - ہم کہاں - ہم نہ ہوں گے کی جگہ - ہم نہ کہتے تھے ؟ وہی ہوا جو ہم نے کہا تھا -

ہم - فارسی کا کلمہ شمولیت جو فارسی الفاظ کے ساتھ اُردو میں بھی مستعمل ہے - یہ اُردو میں اکثر حسب ذیل الفاظ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے - ہم آغوش - بغل گیر - گلے ملنے والے - ہم آغوش ہونا - ہمکنار ہونا - بغل گیر ہونا - معانقہ کرنا - ہم آغوشی (مو) بغل گیری - ہمکناری - ایک دوسرے کے گلے ملنا - ہم آواز یا ہم آہنگ - یک سخن - ہم نوا - رائے میں شریک - شریکِ رائے میں شریک - رفیق - ساتھی - ہم آواز ہونا - ایک ہی رائے کا ہونا - ایک جیسی آواز کا ہونا - ہم پایہ - ایک ہی مرتبہ کا - برابر کی چوٹ - ہم پایہ ہونا - برابر کی چوٹ ہونا - ہم مرتبہ ہونا - ہم پلہ - برابر کی ٹکر کا - برابر کا - ایک جوڑ - ہم پہلو ہونا - ساتھی ہونا - رفیق ہونا - ہم پہلو - پہلو میں بیٹھا ہوا - ساتھی - رفیق - ہم صحبت - ہم پیالہ - گہرا دوست - دانت کاٹی روٹی - دسترخوان کا شریک - ہم پیالہ ہونا - گہرا دوست - ہم پیالہ و ہم نوالہ ہونا - گہرا دوست ہونا - جگری دوست ہونا - ہم پیشہ - ایک پیشہ اور ایک ہی کام کرنے والا حریف - ہم پیشہ ہونا - ایک پیشے کا ہونا - ہم ہمتا - برابر - مثل - مانند - شریک - ہم ترازو ہم پلہ - ہم وزن - ہم جماعت - کلاس فیلو - ہم مکتب - ہم سبق - ہم جماعت ہونا - کلاس فیلو ہونا - ایک ہی جماعت کے ہونا - ہم جنس - ایک صنف اور ایک ہی قسم کا - ہم ذات - یکساں - ایک نمونے کا - ہم جنس ہونا - ایک ہی جنس کے ہونا - ایک طرح کا ہو - ہمجولی - ہم سن - ساتھ کا کھیلا - ہم رتبہ - ہم جولی ہونا - ساتھ کے کھیلے ہونا - ساتھی ہونا - ہم سن ہونا - ہم چشم - ہمسر - ہم رتبہ - برابر والا - ہم چشم ہونا - ہم مرتبہ ہونا - برابر کے رتبے کا ہونا - ہم چشمی (مو) برابری - ہمسری - ہم چشمی کرنا - برابری کرنا - برابر کا دعویٰ کرنا - ہم خرما ہم ثواب - وہ فعل جس میں لذت ہو اور کارِ خیر بھی ہو - ہم داستان - ہم زبان - ہم کلام - ہم صحبت - ہم راز - ہم داستان ہونا - ہم کلام ہونا - ہم زبان ہونا - ہم صحبت ہونا - ہمراز ہونا - ہمدرد - دردمند - دکھ درد کا ساتھی - غمخوار - ہم درد بنانا - شریک درد کرنا - ہم درد ہونا - دکھ درد کا شریک ہونا - ہم دست - ہمراہ - برابر - برابر کا شریک - ہم دست بھیجنا - کسی کے ہاتھ بھیجنا - ہم دِگر - باہم - آپس میں - دونوں - ہم دم - دم کا ساتھی - ہر وقت ساتھ رہنے والا - رفیق - دوست - زوجہ - شوہر - ہم دوش - ہم قدر - برابر - ہمسر - ساتھی - ہم دیوار - پڑوسی - ہمسایہ - ہم دیوار ہونا - پڑوسی ہونا - ہم ذات - ہم قوم - ہم ذات ہونا - ایک ہی ذات کا ہونا - ہمراز - رازدار - دِل کے بھیدسے واقف - بھیدی - محرم اسرار - زوجہ شوہر - ہمراز کرنا - رازدار بنانا - ہمراز ہونا - گہرے دوست ہونا - رازدار ہونا - زوجہ ہونا - شوہر ہونا - ہم راہ - ہم رکاب - ہم قافلہ - شریک سفر - ہمراہ کرنا - ساتھ جانا - شریک سفر ہو - ہم راہ کرنا - ساتھ کرنا - ہم راہ ہونا - ساتھ ہونا - ہم راہی (مذ) ہم طریق - ساتھی - ہم مسلک - ہم رو (ف) ہم سفر - پانچ سال کا - پورے دانتوں کا گھوڑا - ہم سایہ - پڑوس کا شریک - پڑوس میں ہمدردی لازم ہے - ہم رنگ - یک رنگ - یکساں - ہم رنگ کرنا - ایک رنگ کا بنا دینا - ہم رنگ ہونا - ایک ہی رنگ کا ہونا - ایک ہی طرح کا ہونا -

ہم زاد - جو ایک ساتھ توام پیدا ہوئے ہوں - شیطان یا جن جو انسان کے ساتھ پیدا ہوتا ہے - ہم زانو - ہم پہلو - پاس بیٹھنے والا - برابر کا - ہم زبان - ہم کلام - ہم قول - رائے کا ساتھی - ایک زبان بولنے والا - ہم زبان کرنا - اپنے ساتھ ملانا - اپنے قول سے متفق بنانا - ہم زبان ہونا - ایک بولی بولنے والا - ایک رائے کا ہونا - ہم زلف (مذ) ساڑھو - سالی کا خاوند - ہم ساز - موافق - دوست - دمساز - ہم سایہ (مذ) پڑوسی - پڑوس - پاس کے مکان میں رہنے والا - ہم سائی ہو پڑوسن - ہم دیوار - ہم سائیگی (مو) پڑوس - قربت مکانی - ہم سایہ ہونا - پڑوسی ہونا - پڑوس میں آکر رہنا - ہم سبق - ساتھ سبق پڑھنے والا - سبق کا شریک - ہم سبق ہونا - کلاس فیلو ہونا - ہم جماعت ہونا - ہم سخن - ہم زبان - ہم سخنی کرنا - مقابل ہو کر بولنا - مقابلہ کرنا - ہمسر - برابر کا - ہم رتبہ - ہم چشم - ہمسر ہونا - برابر کا ہونا - مد مقابل ہونا - ہمسری (مو) برابری - ہم چشمی - رقابت - ہمسری کرنا - برابری کرنا - مساوات کا دعوے کرنا - ہم سفر - مل کر سفر کرنے والا - رفیق مسافرت - ہم سفر ہونا - شریکِ سفر ہونا - ساتھ ساتھ سفر کرنا - ہم سن - ہم عمر - ہم سال - ہمجولی - برابر عمر کا - ہم سن ہونا - ایک ہی عمر کا ہونا - ہم سنگ - سمدھی - بیٹی بیٹے والے - ہم سنگ - برابر وزن کا - برابر کا - ہم سنگ ہونا - برابر وزن کا ہونا - برابر کا ہونا - ہم شکل - ایک شکل کا - ایک صورت والا - ہم شکل ہونا - ملتی جلتی شکل والا ہونا - ایک جیسی شکل کا ہونا - ہم شہر - ایک شہر کا - ایک شہر کا رہنے والا - ہم شیر یا ہمشیرہ (مو) بہن - خواہر - ہمشیر زادہ (مذ) بھانجا - بہن کا

اُوڑنا۔ **ہمشیرزادی** (مؤ) بھانجی۔ بہن کی بیٹی۔ **ہم صحبت**۔ ہم نشین۔ صحبت میں رہنے والا۔ ساتھی۔ مصاحب۔ **ہم صحبت ہونا**۔ مصاحب ہونا۔ ہم بستر ہونا۔ **ہم صفیر**۔ ہم آواز۔ وہ پرندے جو ایک قسم کی بولی بولتے ہیں۔ ہمدم۔ **ہم طالع**۔ ہم نصیب۔ ایک ہی جیسی قسمت والا۔ **ہم طالع ہونا**۔ ہم نصیب ہونا۔ ایک جیسی قسمت کا ہونا۔ **ہم عصر**۔ ہم عہد۔ ایک وقت کا۔ ہم زمانہ۔ **ہم عصر ہونا**۔ ہم زمانہ ہونا۔ ایک ہی زمانے میں ہونا۔ **ہم عمر**۔ ہم سن۔ برابر کی عمر کا۔ **ہم عمر ہونا**۔ ایک جتنی عمر کا ہونا۔ **ہم عنان**۔ ہم رکاب۔ ساتھی۔ رفیق۔ **ہم عنان ہونا**۔ ہم رکاب ہونا۔ ہمراہ ہونا۔ **ہم عہد**۔ ایک زمانہ کا۔ ہم عصر۔ ہم زمانہ۔ **ہم عہد ہونا**۔ ہم عصر ہونا۔ ایک ہی زمانے میں ہونا۔ **ہم قدم**۔ ہم سفر۔ سفر کا ساتھی۔ **ہم قوم**۔ ہم ملت۔ ایک قوم کا۔ **ہم کاسہ**۔ ہم نوالہ۔ ساتھ کھانے پینے والا۔ **ہم کفو**۔ ایک ہی خاندان کا۔ ایک ہی نسب کا۔ **ہم کلام**۔ ہم سخن۔ بات کرنے والا۔ مخاطب ہونے والا۔ **ہم کلام ہونا**۔ کسی سے بات کرنا۔ بولنا۔ **ہم کنار**۔ بغلگیر۔ ہم آغوش۔ گلے سے ملنا۔ **ہم کنار ہونا**۔ ہم آغوش ہونا۔ گلے ملنا۔ **ہم مذہب**۔ ہم ملت۔ ایک ہی ملت کا۔ **ہم مذہب ہونا**۔ ایک ہی مذہب کے ہونا۔ **ہم مرکز**۔ وہ دائرہ جن کا مرکز ایک ہی ہو۔ **ہم مشرب**۔ ایک ہی مسلک کا پیرو۔ ایک ہی مذہب کا۔ **ہم مکتب**۔ اسکول فیلو۔ ایک مکتب یا مدرسے میں پڑھنے والا۔ **ہم نام**۔ ایک ہی نام کا۔ ہمنام۔ **ہم نسل**۔ ایک ہی نسل کا۔ ایک خاندان کا۔ **ہم نشین**۔ مصاحب۔ جلیس۔ ساتھی۔ رفیق۔ **ہم نفس**۔ ہمدم۔ ساتھی۔ دوست۔ رفیق۔ **ہم نوالہ**۔ ہم کاسہ و ہم پیالہ۔ **ہم نوالہ ہونا**۔ گہرے دوست ہونا۔ ساتھی ہونا۔ **ہم وطن**۔ ایک دیس کا۔ ایک دیس کا۔ ایک ملک کا۔ ایک شہر کا۔ **ہم وطن ہونا**۔ ایک وطن کا ہونا۔

ہَم (ع) غم کے ساتھ آکر رنج اور فکر کے معنی دیتا ہے (غم و ہم)۔

ہُما
(ف۔ مذ) ایک مشہور پرندہ کا نام ہے جس کے متعلق مشہور ہے کہ جس پر اس جانور کا سایہ پڑ جائے وہ بادشاہ ہو جاتا ہے۔

ہمارا
(ضم) ہم سب کا۔ میرا۔ جیسے دوست اور یگانگت ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں۔ (جیسے ہمارا دوست، ہمارا بھی خدا ہے۔ جس طرح بولتے ہیں۔ ہمارا تمہارا خدا بادشاہ۔ فقرہ جب کسی بادشاہ کا ذکر کرتے ہیں تو یہ فقرہ بولتے ہیں۔) ہمارا ذمہ۔ ہم اس دعوے کے ذمہ دار ہیں۔ ہمارا سلام ہے۔ بیزاری ظاہر کرنے کے لیے۔ ہمارا کیا ہے۔ ہمارا کیا بگڑتا ہے۔ ہمارا کچھ نقصان نہیں۔ ہمارا لہو پیو۔ ہمارا حلوہ کھاؤ۔ عورتیں اس طرح قسم دلاتی ہیں۔ ہمارا پرسہ دو۔

ہمارے۔ ہمارا کی جمع۔ ہمارے بڑے پرانے بڑے آزاد کرتے تھے۔ اشل جنس سے شیخی خورے کے لیے۔ ہمارے فرشتوں کو بھی خبر نہیں۔ ہمیں پتہ بھی نہیں۔ ہمیں بالکل نہیں معلوم۔ ہمارے منہ میں بھی زبان ہے۔ ہمارا منہ بھی بند نہیں ہے۔ ہم بھی بول سکتے اور جواب دے سکتے ہیں۔ ہمارے ہاں سے آگ لائی نام رکھا ہے بسنترا۔ پرائی چیز پر اترانے والی۔

ہماری۔ ہمارا کی تانیث۔ ہماری بلی ہمیں سے میاؤں۔ ہماری ہی کھائے ہمیں پر غرائے۔ ہماری بندگی پہنچے۔ ہم باز آئے۔ ہمیں معاف رکھیے۔ ہماری جان کو جلاد ہے۔ ہمارے لیے جلاد کی شکل ہے۔ ہماری دادی نے گھی کھایا ہمارا ہاتھ سونگھو۔ شیخی خورے کی نسبت۔

ہمانسا
(ف) کسی وزنی چیز کو اس لیے اٹھانا کہ اس کے نیچے کوئی چیز کھیں۔

ہماشما
(ا۔ ف) اپنے بیگانے۔ عام لوگ۔ اونے اور ادنیٰ سب۔

ہمالہ یا ہمالیہ
(مذ) ہندوستان کے شمالی پہاڑی کوہستان کے نام۔

ہمال
(ف) بے کے ساتھ مستعمل ہے (بے ہمال) بے مثل۔ بے نظیر۔

ہماں آتش در کاسہ
(ف) وہی پرانی دن وہی اگلی حالت۔ (ان سے گفتگو کسی طرح راہ پر نہیں آتی۔ اب تک ہماں آتش در کاسہ ہے)

ہماہمی
(مؤ) خود پسندی۔ انانیت۔ سینہ زوری۔

ہمایوں
(ف) مبارک۔ خجستہ۔ مسعود۔ مغلیہ خاندان کا ایک مشہور بادشاہ۔

ہمت
(ع۔ مؤ) ارادہ۔ قصد۔ اولوالعزمی۔ جرات۔ ڈھارس۔ دلیری۔ شجاعت۔ توفیق۔ بہادری۔ **ہمت بندھنا**۔ جرات ہونا۔ ڈھارس بندھنا۔ حوصلہ بڑھنا۔ (باندھنا متعدی) **ہمت پڑنا**۔ حوصلہ پڑنا۔ جرات ہونا۔ **ہمت توڑنا**۔ حوصلہ ختم کرنا۔ **ہمت جوان ہونا**۔ حوصلہ زیادہ ہونا۔

مضبوط ہونا ۔ **ہمت سرد ہونا** ۔ حوصلہ جاتا رہنا ۔ **ہمت کرنا** ۔ دلیری کرنا ۔ جرأت کرنا ۔ بخشش کرنا ۔ **ہمت مرداں مدد خدا** ۔ کام میں کوشش شرط ہے پھر خدائے تعالیٰ ضرور مدد کرتا ہے ۔ **ہمت مردانہ** (مو) بہادروں کی سی ہمت ۔ **ہمت والا** ۔ عالی حوصلہ ۔ جری ۔ دلیر ۔ بہادر ۔ **ہمت ہارنا** ۔ جی چھوڑنا ۔ حوصلہ پست کرنا ۔ ڈھارس نہ رکھنا ۔ **ہمت ہونا** ۔ جرأت ہونا ۔ حوصلہ ہونا ۔

ہَمزَہ :- (ع ۔ مذ) اب ت میں ایک حرف جو بعض جگہ اضافت کا کام دیتا ہے (جیسے کوزۂ نبات)

ہَمَساوان :- (مذ ۔ عو) جمادی الثانی ۔

ہُمَسنا :- (ہ) کسی بھاری چیز کا زمین سے ذرا اٹھنا ۔ (ہمسانا متعدی)

ہُمکارا :- (ہ ۔ مذ) وہ ہاں ہوں جو کہانی سننے میں کی جاتی ہے (بھرنا) ہمکاری (مو)

ہُمکنا :- (ہ) بچے کا ہاتھ پاؤں مار کر ایک کی گود سے دوسرے کی گود میں جانے کا ارادہ ظاہر کرنا ۔ **ہمک کر** ۔ بچے کا دوسرے کے پاس جانے کی نیت سے ہاتھ پاؤں مار کر جانا ۔ **ہمک ہمک کے چلنا** ۔ ٹھنک ٹھنک کے چلنا ۔ پھدک پھدک چلنا ۔ اچھل اچھل کے چلنا ۔

ہِمَم :- (ع ۔ مو) ہمت کی جمع (جیسے عالی ہمم)

ہَموار :- (ف) برابر ۔ یکساں ۔ چورس ۔ کسی بات کے لیے راضی اور تیار ۔ **ہموار کرنا** ۔ برابر کرنا ۔ چورس کرنا ۔ خیالات درست کرنا ۔ راضی اور تیار کرنا ۔ **ہموار ہونا** ۔ برابر ہونا ۔ چورس ہونا ۔ خیالات درست ہونا ۔ راضی اور تیار ہونا ۔

ہَمَہ :- (ف) فارسی کا لفظ ہے ۔ جس کے معنی سب اور کل کے ہیں ۔ اردو میں بھی فارسی الفاظ کے شروع میں استعمال ہوتا ہے ۔ **ہمہ تن** ۔ سراپا ۔ سب کا سب ۔ بالکل ۔ **ہمہ دان** ۔ ہر بات سے واقف ۔ ہر علم و فن کا جاننے والا ۔ ہر فن مولا ۔ **ہمہ دان ہونا** ۔ ہر فن مولا ہونا ۔ بہت بڑا عالم ہونا ۔ **ہمہ دانی** (مو) ہر بات میں مہارت ۔ استادی ۔ **ہمہ دانی کا دعویٰ کرنا** ۔ ہر بات میں استادی کا دعویٰ کرنا ۔ **ہمہ شما** ۔ دیکھو ہما شما ۔ **ہمہ صفت موصوف** ۔ ساری خوبیوں والا ۔ **ہمہ وقت** ۔ ہر وقت ۔

ہَمہَمَہ :- (ع ۔ مذ) بھاری آواز ۔ شیر کی گرج ۔ بہادروں کا نعرہ ۔ بیل یا گھوڑے کی اونچی آواز ع اوج
توسن کے ہمہمے نے مٹا دی ہما ہمی

ہِمیانی :- (ف ۔ مو) روپیوں کی تھیلی ۔ وہ پٹکا جس میں روپے باندھے جاتے ہیں ۔

ہَمیشگی :- (ف ۔ مو) قدامت ۔ دوام ۔ قیام ۔ بقا ۔ ہمیشہ دائم ۔ مدام ۔ سدا ۔

ہَمیں :- (ہ) ضمیر مفعول ۔ ہم کو ۔ مجھے کی جمع ۔ **ہمیں کیا سمجھا ہے** ۔ ہمیں یونہی سمجھتے ہو ۔ ہم بہت کچھ ہیں ۔

ہَمِیں :- (ا) ہم ہی ۔ ہمیں ہم ۔ صرف ہم ۔ تنہا ہم ۔ ہمیں کو ۔ **ہمیں چوگان** ۔ ہمیں گو ۔ ہمیں کا مدد ہوئے ۔

ہُن :- (ہ ۔ مذ) دکن اور بنگال کے ایک سکے کا نام ۔ اشرفی ۔ دکنی ہن ساڑھے تین ماشے کا بھی ہوتا تھا ۔ یہ سکے اسلامی عہد دکن سے پہلے کے ہیں ۔ سلطان حیدر علی اور ٹیپو نے بھی یہ سکہ چلایا ۔ جس کا نام بہادری اور سلطانی ہن تھا ۔ ریزۂ زر ۔ **ہن برسانا** ۔ دولت برسانا ۔ **ہن برسنا** ۔ کثرت سے دولت ہونا ۔ دولت برسنا ۔ دولت میں کھیلنا ۔ سنہری چمک پھیلنا ع شمیم
پرتو نور سے ذروں کے لیے ہن برسا

ہَنٹر :- (انگ ۔ مذ) چابک ۔ کوڑا ۔

ہَنجار :- (ف) طرز ۔ روش ۔ قاعدہ ۔ (نا ہنجار)

ہِند :- (ع ۔ مذ) ہندوستان ۔ بھارت ۔ **ہندنی** ۔ ہندو عورت ۔ **ہندو** ۔ غلام ۔ ہندوستان کی غیر مسلم قوم ۔ **ہندوانی** ۔ ہندوؤں کی وضع کا ۔ ہندوؤں کا ۔ **ہندی** ۔ ہندوستان کا ۔ ہندوؤں کی ایک زبان ۔ ہندوستان کی تلوار ۔ ہندوستان کی چیز ۔ **ہندی کی چندی** (مو) تفصیل سے تشریح کرنا ۔ نکتہ چینی ۔ چھان بین ۔ **ہندی کی چندی کرنا** ۔ خوب سمجھانا ۔ آسان کر کے یا دو دو آسان کر کے سمجھانا ۔ خوب چھان بین کرنا ۔ فضول کام کرنا ۔ **ہندی کی چندی نکالنا** ۔ بال کی کھال نکالنا ۔ حجت کرنا ۔ **ہندی نژاد** ۔ وہ جو ہند کا اصلی باشندہ ہو ۔

ہِندسَہ :- (ع ۔ مذ) علم ریاضی کی ایک شاخ کا نام ۔ عدد کی شکل ۔ رقم ۔ **ہندسہ دان** علم ہندسہ کا جاننے والا

ہَنڈا :- (ہ ۔ مذ) بڑی ہانڈی ۔ مٹی کا برتن ۔ مٹکا ۔ خم ۔

ہَنڈانا :- (ہ) جلا وطن کرنا ۔ گشت کرانا ۔ پھرانا ۔

ہَنڈکُلیا :- (ہ ۔ مو) بچوں یا لڑکیوں کا کھانا پکانے کا کھیل ۔ بچوں کی چھوٹی ہانڈی جو کھیل میں بناتے

اُتری ہوئی ہنسلی کی مالش کرانا تاکہ اپنی جگہ پر آجائے۔

ہَنسیا:- (ہ۔ مو) گھاس اور کھیتی وغیرہ کاٹنے کا ایک اوزار۔ ہسیا۔

ہُنکار:- (ہ۔ مو) ہوں کی آواز۔ ہوں۔ ہاں۔ ہنکارا۔ مذ۔ ہنکاری (مو) دیکھو ہمکارا۔ ہمکاری۔

ہَنکوا:- (ہ) شکار کو کسی خاص جگہ لانے کے لیے شور و غل۔

ہَنگام:- (ف۔ مذ) وقت۔ زمانہ۔ موقع۔ ہنگامی وقتی۔ چند روز کا۔ خاص وقت تک کا۔ عارضی۔

ہَنگامہ:- (ف۔ مذ) مجمع۔ انبوہ۔ اژدحام۔ شورش۔ فساد۔ غوغا۔ غل غپاڑا۔ ہلچل۔ ہنگامہ آرا۔ فتنہ انگیز۔ فتنہ برپا کرنے والا۔ جنگ کرنے والا۔ ہنگامہ برپا کرنا۔ سخت جھگڑا کرنا۔ فساد کرنا۔ شور و غل کرنا۔ ہنگامہ برپا ہونا۔ جھگڑا کھڑا ہونا۔ لڑائی دنگا ہونا۔ فساد ہونا۔ ہنگامہ پرداز۔ ہنگامہ آرا۔ فسادی۔ فتنہ برپا کرنے والا۔ ہنگامہ پردازی (مو) شورش۔ بلوہ۔ فساد۔ لڑائی۔ ہنگامہ پرور۔ مفسدہ پرداز۔ ہنگامہ کھڑا کرنے والا۔ فتنہ انگیز۔ ہنگامہ کرنا۔ ہجوم کرنا۔ شور و شر کرنا۔ بلوہ کرنا۔ اودھم مچانا۔ ہنگامہ گرم ہونا۔ شور و شر کا انتہائی زور پر ہونا۔ افراتفری کرنا۔ ہنگامۂ محشر یا قیامت۔ قیامت کے روز کا ہجوم۔ شورِ قیامت۔ غضب کا شور و شغب۔ ہنگامہ ہونا۔ جھگڑا ہونا۔ فساد ہونا۔ نہایت شور ہونا۔ اودھم ہونا۔

ہُنود:- (ف۔ مذ) ہندو کی جمع۔ دیکھو ہندو۔

ہَنوز:- (ع) ابھی تک۔ ابھی ؏ غالب

دم لیا تھا نہ قیامت نے ہنوز
پھر ترا وقتِ سفر یاد آیا

ہنوز دلی دور است۔ ابھی تکمیل مقصد میں دیر ہے۔ ابھی اس کام میں عرصہ ہے۔

ہَنومان:- (س۔ مذ) ہندوؤں کے ایک دیوتا کا نام۔ بندر۔

ہِنہنانا:- (ہ) گھوڑے کا بولنا۔ ہنہنانا۔ ہنہناہٹ۔ (مو) گھوڑے کی آواز۔ ہنہنانا۔

ہُو:- (ہ۔ س۔ مو) ہلانے۔ پکارنے کی آواز۔ بعض جنگلی جانوروں کی آواز۔ ہو نا منہ سے ہو۔ (بمعنی پروا نہیں) ایک سابقہ جو فوری یا اچانک وغیرہ کے معنی دیتا ہے۔ ؏

گل ہے رنگین، ہو میں اپنے رنگ کا دیوانہ ہوں

ہو آنا۔ کہیں جا کر واپس آنا۔ ہو لینا۔ سرسری طور پر گزر جانا۔ چلے جانا۔ پورا ہونا۔ کسی راستے کی طرف جانا۔ ہو نکلنا۔ کسی طرف سے گزر جانا۔ ہو نہ ہو۔ ایسے شک کے لیے بولتے ہیں جو یقین کے قریب ہو۔ غالباً یقیناً کی جگہ (یہ انسان تو نہیں ہو نہ ہو فرشتہ ہے) ہو یا نہ ہو کی جگہ ؎ امیر

تمہارا ہو نہ ہو اس کی خبر کیا
ہمارے ہاتھ سے جاتا رہا دل

ہو، ہو اچکنا۔ ختم ہو جانا۔ ہو چکنا۔ ہو ہُوا کر۔ ہو کر۔

ہُوَ:- (ع) عربی کی ضمیر واحد غائب ہے جو اردو میں بعض الفاظ کے ساتھ مستعمل ہے۔ ہوالشافی۔ نسخوں میں بسم اللہ کی جگہ حکیم لکھتے ہیں (معنی، وہی اللہ شفا دینے والا ہے)۔ ہو بہو۔ بجنسہ ہو بہو ؎ شرف

خدائی میں وہ پیرو خدائی کرتا ہے
ہو بہو ہے اسے ایک اک بشر کی خبر

ہُو:- (ع۔ مذ) اللہ تعالیٰ کا اسم ذات۔ خطوں میں اور بعض پرانے زمانے کی کتابوں میں اوپر بسم اللہ کی جگہ تبرکاً لکھ دیتے ہیں (مو) غل۔ ہنگامہ۔ وہ آہ جو حالت شوق و مستی اور ولولے میں منہ سے نکلے ؏ امیر

دیوانے کو اک ہو بہت ہے

خوف اور ڈر اور سناٹا۔ (ہو کا میدان۔ ہو بول رہی تھی) ہو بہو۔ بجنسہ۔ بعینہ۔ کسی چیز سے اتنا مشابہ کہ ذرہ فرق نہ ہے۔ ہو حق (مو) نعرۂ مستانہ جو وجد میں لگاتے ہیں۔ شور و غل۔ ہو حق کرنا۔ ہو حق کا نعرہ مارنا۔ شور و غل مچانا۔ ہو حق ہونا۔ شور و غل ہونا۔ ہو حق کے نعرے لگنا۔ ہو کا عالم۔ ہو کا مقام۔ ہو کا مکان۔ ہو کا میدان۔ عالم لاہوت۔ اجاڑ۔ سنسان جگہ۔ ویرانہ۔ عالم تنہائی۔ خوفناک اور بھیانک جگہ۔ ہو کرنا۔ ڈر کر چیخنا۔ چیخ کر بھاگنا۔ ہو ہو جانا۔ عالم ہو ہو جانا۔ ویرانہ ہو جانا۔ خاموشی چھانا۔

ہَوّا:- (ہ) وہ بھیانک خیالی شکل جس سے بچوں کو ڈراتے ہیں۔ ڈھنی بن۔ بھوت پریت۔

ہَوا:- (ع۔ مو) باد۔ آرزو۔ شوقِ نفس امارہ کی خواہش۔ تلوار وغیرہ کی ضرب ؏ عاشق

ناتواں ہوں مجھ کو کافی ہے ہوا تلوار کی

حقیقت۔ مشابہت۔ ادنیٰ نسبت (اسے ان کی ہوا بھی نہیں لگی) سانس۔ دم۔ روح۔ بھوت پریت۔ وبا۔ ہیضہ

گھوڑے پر سوار ہونا۔ نہایت تیز رفتار اور گرم مزاج ہونا۔ جلد باز ہونا۔ متکبر ہونا۔ **ہوا لگ جانا**۔ ہوا کا اثر کر جانا۔ فالج یا لقوہ ہو جانا۔ زکام ہو جانا۔ مزاج بہک جانا۔ غرور میں آجانا۔ کسی کا جھپٹے میں آجانا۔ صحبت کا اثر ہونا۔ خواہش ہونا۔ دشمن ہونا ؎ نسیم

صدقے ہو کر کہا خوشی آئے
جس گل کی ہوا لگی تھی لائے

خفیف سا اثر ہونا (بیشتر نہ کے ساتھ مستعمل ہے۔ یعنی ہوا نہ لگنا۔ نہیں ان کی باتوں کی ہوا بھی نہیں لگی) **ہوا لگنا یا لگ جانا**۔ جسم سے ہوا کا مس ہونا۔ جسم اکڑ جانا۔ وہ نیچ چل جانا۔ مزاج بہک جانا۔ اترانا۔ رنگ بدلنا۔ کسی صحبت کا اثر ہونا۔ ہوا میں آجانا۔ مغرور ہونا۔ جھپٹے میں آنا۔ ہوا میں بھرنا۔ مغرور ہونا۔ ترنگ میں آنا۔ ہوا بھرنے سے پھول جانا۔ ہوائیں گرہ دینا۔ لگانا۔ نہایت دشوار کام کرنا۔ ہوا نکلنا۔ دم نکلنا۔ ترکی تمام ہونا۔ گوز نکلنا۔ غرور ڈھینا۔ ہوا نہ رہنا۔ پہلی سی رونق اور شہرت نہ رہنا۔ ہوا نہ لگنے دینا یا نہ لگنا۔ بہت بچائے اور چھپائے رکھنا۔ پاس نہ پھٹکنے دینا۔ **ہوا و ہوس** (مو) حرص اور لالچ۔ شہوت پرستی۔ **ہوا ہو**۔ چل دو۔ ہوا ہونا۔ تیز رفتار ہونا۔ کافور ہونا۔ دھار کا تیز ہو جانا۔ فنا ہو جانا۔ نابود ہونا۔ ہوائے نفس۔ لذائذ نفسانی کا غلبہ۔ عیش و نشاط۔ نفسانی خواہشات۔

ہُوا: (ف) جب ہو کے بعد آئے تو مستعمل ہوا۔ اور آمادہ ہوا کے معنی دیتا ہے ؎ ناسخ

گریانی کو دیکھ کر جو پینے کو میں ہوا
تیوری چڑھائی آپ نے کپڑے اٹھا لئے

ہوا جو ہوا۔ ہوا سو ہوا۔ جانے دو۔ خیال نہ کرو۔ پروا نہیں۔ ہوا چاہتا ہے۔ عنقریب ہوگا۔ ضرور ہوگا۔ ہونے والا ہے۔ ہوا کرے۔ کچھ پروا نہیں۔ بلا سے ہوا۔ ہونے کے بعد بطور تابع مہمل (ہونا ہوانا) ہوا نہ ہو۔ اب ایسا نہیں اور آئندہ بھی ایسا نہیں ہوگا۔ ہوا نہ ہوا۔ موجود ہوا نہ موجود ہوا۔ ہونا نہ ہونا دونوں برابر۔ زندہ رہا یا مر گیا۔

ہواؤ: (ا۔ مذ) حوصلہ۔ ہمت۔ جرأت (کسی کو کچھ کہنے سننے کا ہواؤ نہیں پڑا)۔ حجاب (توڑنا ٹوٹنا کے ساتھ)

ہَوائی: (ا) آسمانی۔ ہوا سے نسبت رکھنے والا۔ بالائی فضائی۔ ایک قسم کی آتشبازی (رک) ہوا بستہ اور بادام۔ ہوائی آنکھ۔ ڈھیٹ۔ گستاخ۔ **ہوائی اڑنا**۔ بے سروپا خبر اڑانا۔ افواہ ہو جانا۔ منہ فق ہو جانا۔ منہ زرد اور لب خشک ہو جانا۔ **ہوائی تیر**۔ وہ تیر جو ہوا کے رخ چلایا جائے۔ اور جس کا کوئی نشانہ نہ ہو۔ **ہوائی خبر**۔ بازاری گپ۔ افواہ۔ بے سروپا خبر۔ **ہوائی چھوٹنا**۔ رنگ فق ہونا۔ بدحواس ہونا۔ ہوائی آتشبازی کا تیزی سے چلنا۔ **ہوائی دیدہ**۔ شوخ چشم۔ بے حیا۔ وہ آنکھ جو ایک جگہ نہ ٹھہرے۔ بے وفا۔ **ہوائیاں** (مو) ہوائی کی جمع۔ پٹاخے۔ ایک قسم کی آتشبازی (دیکھو ہوائی) **ہوائیاں اڑنا یا چھٹنا**۔ چہرے کا رنگ زرد اور لب خشک ہونا۔ منہ فق ہونا۔ ایک رنگ آنا اور ایک رنگ جانا۔

ہو آنا: (ف) جا کر واپس آنا۔

ہُوبہُو: (ا) بعینہ (دیکھو ہو)

ہو بیٹھنا: (ف) بن بیٹھنا۔ بن جانا۔ ہو جانا۔ کسی سے ہو جانا۔ کسی مرد کے ساتھ نکاح کر لینا۔

ہوت: (ا۔ مو) مقدور۔ دولت۔ پونجی۔ فارغ البالی۔ ثروت۔ حیثیت۔ پکارنے کا کلمہ (برابر والے چھوٹے کے لیے) **ہوت جوت والا** (مذ) صاحب دولت۔ ہوت کی جوت ہے۔ ساری رونق روپے کی ہے۔ **ہوت والا**۔ مال دار۔ ہوت والی (مو)

ہوتا: (ف) نہیں ہو سکتا تھا ؎ امیر

مجھ سے ہوتا کہ میں جلاد کو رسوا کرتا

ہوتا سوتا (مذ) قرابتی۔ حمایتی۔ ہوتے ساتے۔ موجود میں ہوتے ہوئے۔ ہوتے سوتے۔ مرتے جیتے۔ جاتے ہوتے ہوتے۔ آہستہ آہستہ۔ بتدریج۔ ہوتی آئی ہے۔ محاورہ۔ قدیم رسم ہے۔

ہوٹل: (انگ۔ مذ) کھانا اور چائے پینے کی جگہ۔ کھانا۔ آرام اور قیام کی جگہ۔

ہوجانا: (ف) تکمیل ہونا۔ کام بن جانا۔ آ کر واپس جانا۔ بن جانا۔ ختم ہو جانا۔ لڑائی ہو جانا۔ نکل جانا۔ کام ہو جانا (لائق ہونا) محنت کی جائے تو کچھ ہو جائے گا۔ بھوت پریت کا اثر (کچھ کے ساتھ۔ جیسے بچے کو کچھ ہو گیا)۔ دم چڑھ جانا (اب بہت قرض ہو گیا) جمع ہونا۔ صرف میں آجانا (بہت خرچ ہو گیا) چاند نظر آنا (آج چاند ہو گیا) گزر جانا ؎ ناسخ

عہد اب تیرا ہے یوسف کا زمانہ ہو گیا

وقت گزارنا - ہنسی کھیل میں وقت گزارنا -

ہویدا :- (ع) ظاہر - آشکارا - عیاں - واضح - صریح -

ہتی :- (ہ - مو) شور - ہنگامہ - تہلکہ - ہتی پڑنا - شور کرنا - دھوم پڑنا - ہتی مچنا - غلغلہ پڑنا -

ہی :- (ہ) لفظ کے آخر میں آکر انحصار کے معنی دیتا ہے - صرف اور محض کی جگہ - ع غالب

دکھا کے جنبشِ لب ہی تمام کر ہم کو

بالکل - ذرا ع جلال

جس کا جواب ہی نہیں یہ وہ سوال ہے

ضرور - لامحالہ ع جلال

دولتِ وصل سے ہووے ہی گی اک روز فتوح

خصوصیت ظاہر کرنے کے لیے ع امیر

دل میں لا لے کے رہا داغ ہی تنہائی کا

فوراً کی جگہ (یہ کہتے ہی) ذریعہ کی جگہ (اور اب ہی سے سرفراز ہے)

ہے :- (ہ) کلمۂ ربط - ہوتا ہے ع

کبھی اس طرح بھی ہے دورِ زماں

افسوس - ہائے کی جگہ - ہے تو یہ - اصل بات یہ ہے - ہے تو یوں - اصل بات اس طرح ہے - ہے غضب - غضب ہوا - ستم ہوا - ہے ظالم - ہائے ظالم - ہائے افسوس - ہائے کم بخت - ہیگا - ہے کی جگہ پہلے بولتے تھے - اب متروک ہے - ہیا (مذ) دل - جگر - ہوش حواس - ہمت - حوصلہ - جرأت - (شاباش تیرا ہیا تو نے مردوں جیسا کام کیا) ہیا کھلنا - ہمت بڑھنا - جرأت ہونا - ہیے کی پھوٹنا - کور باطن ہونا - ناعاقبت اندیش ہونا - قوتِ ممیزہ سے بے بہرہ ہونا - (اس کی تو ہیے کی پھوٹ گئی ہیں - برا بھلا کیا جانے) ہیے کی پاسی پھوٹی ہیں - نہایت بے عقل ہے -

ہیاؤ :- (ہ - مذ) حوصلہ - ہمت - جرأت - ہیاؤ پڑنا - جرأت ہونا - حوصلہ ہونا - ہیاؤ کھلنا - حوصلہ بڑھنا - جرأت ہونا - حوصلہ پڑنا - جھجک ہونا -

ہیبت :- (ع - مو) خوف - رعب - دہشت - ڈر - ہیبت زدہ - خوف زدہ - خوف کا مارا ہوا - ڈرپوک - ہیبت ناک - خوف ناک - دہشت ناک - بھیانک -

ہیٹ :- (مو - انگ) انگریزی ٹوپی -

ہیٹا :- (ہ - ہے) چھوٹا - کم رتبہ - ناقص - گھٹیا - کمینہ - کم تر - کم مرتبہ - کم درجے کا - ہیٹا پن - مذ کمینہ پن - سفلہ پن - اوچھاپن - بزدلی - پست ہمتی - ہیٹا ہونا - کمتر ہونا - نیچا ہونا - کمزور ہونا - ہیٹی - مو سبکی - خفت - بدنامی - ہیٹی کرنا - لٹیا ڈبونا - ہنسی اُڑانا - بات نیچی کرنا - ہیٹی ہونا - سبکی ہونا - ذلت ہونا - ناک کٹنا -

ہیجان :- (ع - مذ) جوش - اُبال - تیزی - شدتِ غلبہ

ہیجڑا :- (ہ - مذ) آختہ - خصی - خواجہ سرا - نامرد - زنخہ - مخنث - ہیجڑے کے گھر بیٹا ہوا غیر ممکن بات کے واقع ہونے کے موقع پر بولتے ہیں

ہیچ :- (ف) بے حقیقت - لاشے - کچھ نہیں - کم قلیل - ذرہ - ہیچ کارہ - نالائق - بے فائدہ - زبون - ناکارہ - ہیچ مداں - نادان - بے علم - اپنے لیے انکسار کے طور پر بولتے اور لکھتے ہیں - ہیچ مدانی مو نادانی - بے علمی - ہیچ و پوچ - لغو - بے ہودہ - لایعنی اور فضول

ہیڈ :- (ا) سردار - سرگروہ - بڑا - صدر - ہیڈ آفس - دفترِ اعلیٰ - بڑا دفتر - مرکزی دفتر - ہیڈ کوارٹر - صدر مقام - مرکز - صدر - ہیڈ ماسٹر - اسکول کا بڑا ماسٹر - صدر الاساتذہ -

ہیر :- (مؤنث) پنجاب میں رانجھا کی معشوقہ - صاف - شفاف - خالص - جوہر - مغز - درخت کا وہ مغز جو چھال کے نیچے ہوتا ہے -

ہیرا :- (ہ - مذ) ایک قسم کا قیمتی پتھر - الماس - عمدہ - نفیس - ہیرا آدمی ہے - نہایت کھرا آدمی ہے - معاملے کا سچا اور قابلِ تعریف آدمی ہے - بہترین آدمی - ہیرا چاٹنا - زہر کھانا - زہرِ قاتل کھانا - ہیرامن - مذ طوطا - ہیرا ہینگ (مو) اعلیٰ قسم کی ہینگ - ہیرے کی پرکھ جوہری جانے - ہنر کی قدر ہنرمند ہی کرتا ہے - ہنر کو قدر دان ہی پہچانتا ہے - ہیرے کی کنی - ہیرے کا ریزہ - ہیرے کی کرچ - زہرِ قاتل - زہرِ ہلاہل - ہیرے کی کنی کھانا - ہیرے کا ریزہ کھا لینا جو زہرِ قاتل ہوتا ہے -

ہیراپھیری :- (ہ - مو) کوئی سودا لانا اور اسے بار بار پھیرنے جانا - آنا جانا - ہیراپھیری کرنا - بار بار آنا جانا - کسی چیز کو بار بار واپس کرنا اور لانا - چکر -

ہیر پھیر :- (ہ - مذ) گردش - دورہ - چکر - انقلاب - راستے کا خم و پیچ - فتور - کج - مکر -

ی

ی :۔ (مو) اُردو ابجد کا پینتیسواں حرف۔ اِس کے اعداد ابجد کے حساب سے دس ہوتے ہیں۔ "ی" دو طرح کی ہوتی ہے۔ ایک وہ جس سے پہلے کا زیر خوب کھینچ کر پڑھا جائے۔ (جیسے امیر اور فقیر کی ی) اِسے یائے معروف کہتے ہیں۔ دوسری وہ جس سے پہلے کا زیر خوب کھینچ کر نہ پڑھا جائے (جیسے دیر اور شیر کی ی) یہ یائے مجہول کہلاتی ہے۔ "ی" تنہا کچھ معنی نہیں دیتی (مرکبات میں) فارسی و عربی الفاظ کے ساتھ آکر کبھی نسبت کے معنی دیتی ہے جیسے دہلوی۔ نفسانی۔ نورانی (کی ہی) کبھی مصدر کے معنوں میں ہوتی ہے (جیسے پالی۔ دانائی) کبھی کسی اسم کے بعد اُس کے کرنے والے اور فاعل کے معنی میں آتی ہے۔ (جیسے فریبی۔ فریب دینے والا۔ کسبی۔ کسب کرنے والی) کبھی فارسی مصدر کے ساتھ آکر لیاقت اور استعداد کے معنی پیدا کر دیتی ہے (جیسے کشتنی، مار ڈالنے کے لائق۔ خوردنی، کھانے کے لائق) کبھی اسماء اور القاب کے آخر میں ضمیر متکلم میرا، میری کے معنی دیتی ہے (استادی، میرے استاد۔ الٰہی میرے اللہ) کبھی اسم کو مفعول کے معنی میں کر دیتی ہے۔ (جیسے سندی جو سند ہو۔ مُہری جس پر مہر کر دی گئی ہو)

(لاحقہ میں) ہندی الفاظ کے ساتھ آکر کبھی معنی مصدری پیدا کر دیتی ہے (جیسے چڑھائی۔ لبائی) کبھی فاعلیت کے معنی دیتی ہے۔ (جیسے تیلی۔ ڈھولی) کبھی نسبت کا فائدہ دیتی ہے۔ (جیسے دیہاتی۔ بستی) کبھی مونث کی علامت ہوتی ہے (جیسے گدھی۔ گھوڑی۔ دیبی ستی)

یا :۔ (ع) حرف ندا (جیسے یا اللہ) خواہ، چاہے (یہ لوگ یا وہ لوگ) شک کے معنی میں بھی آتا ہے (یا تو آتا ہے یا نہیں آتا)

یا (ہ) الفاظ کے آخر میں بھی آتا ہے اور متعدد معنی دیتا ہے۔ کبھی فعل امر کو ماضی مطلق کے معنی میں کر دیتا ہے (جیسے "لا" سے "لایا" اور "کھا" سے "کھایا") کبھی تصغیر کے معنی بھی دیتا ہے (جیسے انگیا۔ ڈبیا) کبھی نسبت کے معنی میں ہوتا ہے۔ (جیسے لاہوریا، مونگیا) کبھی فاعل کے معنی دیتا ہے (جیسے ڈھیا) کبھی صفت کے معنی پیدا کر دیتا ہے (جیسے گھٹیا۔ بڑھیا) کبھی تانیث کا فائدہ دیتا ہے (جیسے چڑیا)

یا اللہ۔ حیرت اور تعجب ظاہر کرنے کے لیے ۔ ناظم

ہے یہ سارا تیری قدرت کا تماشہ اللہ
آدمی ایسے بھی آفاق میں ہیں یا اللہ

دعا مانگنے یا مدد کے واسطے پکارنے کے لیے بھی بولا جاتا ہے۔ **یا الٰہی**۔ دعا مانگنے کے لیے۔ **یا استاد** (ا) پہلوانوں کا کشتی سے پہلے ایک نعرہ ۔ سودا

میرے سنگ مزار پر فرہاد
رکھ کے تیشہ کہے ہے یا استاد

یا بھینسا بھینسوں میں یا قصائی کے کھونٹے ۔ یہ کام کرنا ضرور ہے چاہے کچھ ہی نتیجہ ہو اچھا یا برا۔

یا تو ہنسا موتی چگے یا لنگھن ہی کر جائے ۔ (ہ) ۔ ہنس، شریف یا عزت کی روٹی کھاتا یا جان دے دیتا ہے۔

یا جائے ہزاری یا جائے بزاری ۔ خرید و فروخت کی جگہ میلے میں جانے سے انکار کرتے وقت ۔ **یا خدا** ۔ یا اللہ (دعا کے لیے) **یا خدا تو دے تو میں دوں** بخیل کی نسبت بولتے ہیں ۔ **یا رب** ۔ حیرت اور تعجب کے لیے ۔ میر حسن

جینے کا یہ خواب دیکھا جو واں
لگا کہنے یا رب میں آیا کہاں

(مو) فریاد ۔ داغ

تم نے بھی کچھ سنا کہ تا بفلک
شور پہنچا ہے میری یا رب کا

یا سر نہیں یا سروہی نہیں ۔ سپاہی کا چیلنج ۔ اب دیکھیں وار کیسے خالی جاتا ہے ۔ سروہی تلوار کا خاصہ ہے کہ ذرا سی لچ ہوئی اور ٹوٹی ۔ دیکھیے سروہی ۔ **یا علی** ۔ تعظیمی طلب مدد کے لیے۔ شیخی مارنے کے واسطے بھی بولتے ہیں

ہو گئے باتوں میں کرامات نہ تم کرتے تھے
یا علی کہہ کے کبھی بات نہ تم کرتے تھے ۔ امیر

نعرۂ حیدری کی صدا۔ گرتے وقت چوٹ سے بچنے کے لیے ایک جملۂ تبرک۔ ملنگوں اور سپاہیوں اور پہلوانوں کا نعرۂ اظہار جوش ۔ ملنگوں کا سلام ۔ جس کا جواب مولا علی کی مدد کہہ کر دیا جاتا ہے۔

یا قسمت یا نصیب ۔ حسرت و افسوس کے موقع پر ۔ بدقسمتی کا گلہ کرنے کے لیے ۔ قسمت آزمائی کے لیے ع

چلتا ہوں اب تو کوچۂ قاتل کو یا نصیب ۔ امیر

بدقسمتی کے موقع ع ۔ سودا

ہماری آہ دل تیرا نہ تڑپا دے تو یا قسمت

یا کھائے گھوڑا یا کھائے روڑا (مثل) مکان اور گھوڑے کا خرچ مشہور ہے ۔ **یا مرے اللہ** ۔ حیرت اور تعجب کی

ہو جانا۔ ہونا۔ اُمید نہ رہنا۔ آس ٹوٹ جانا۔

یاسمن یا یاسمین :- (ف۔ مو) چنبیلی۔ ایک قسم کا خوشبودار پھول اور اس کا پودا۔

یاسا :- (ت۔ مذ) فرمان۔ اعلان۔ قانون۔

یاسین :- (ع۔ مو) قرآن کی ایک سورت کا نام۔ یہ سورت مرتے وقت مرنے والے کے سرہانے پڑھی جاتی ہے۔ اس کی برکت سے دم آسانی سے نکل جاتا ہے۔ (مذ) آنحضرت کا لقب۔ یاسین سنانا۔ آخری وقت یاسین پڑھنا تاکہ دم آسانی سے نکل جائے۔ وقتِ نزع ہونا۔

یافت :- (ف۔ مو) آمدنی۔ آمد۔ کمائی۔ بالائی آمدنی۔ کمیشن۔ رشوت۔ یافت ہونا۔ آمدنی ہونا۔ فائدہ ہونا۔ یافتنی۔ قابلِ وصول۔

یاقوت :- (ع۔ مذ) ایک قسم کا قیمتی جواہر جو اکثر سرخ۔ نیلا۔ زرد اور سفید ہوتا ہے۔
یاقوت رقم۔ ایک مشہور خوش نویس کا خطاب جو بادشاہ کا وظیفہ خوار تھا۔ یاقوتِ رمانی (مذ) ایک نہایت سرخ یاقوت جو رنگ میں انار کے دانے سے ملتا ہے۔ یاقوت لب (مذ) لعل لب۔ معشوق کے لب۔ معشوق۔ یاقوتی۔ یاقوت سے نسبت رکھنے والا۔ ایک قسم کی مقوی معجون جس کا جزو اعظم یاقوت ہے ایک قسم کی مٹھائی جو نشاستے میں قند اور زعفران ملا کر کھیر کی طرح پکاتے ہیں۔

یال :- (ف۔ مو) ایال گھوڑے کی گردن پر کے بال۔

یاں :- (د) یہاں کا مخفف جو شعروں میں اکثر وزن کی پابندی کے باعث استعمال کرتے ہیں ؎ مؤلف

بے پردہ ہے موجود تجلی ہو میں نہاں ہے
یاں بھی وہاں بھی نہ یہاں ہے نہ وہاں ہے

یانا :- (ہ) بچہ۔ ایانا۔

یاور :- (ف۔ مذ) یار۔ مددگار۔ معاون۔ حمایتی۔ دستگیر۔ یاوری (مو) مدد۔ حمایت۔ دستگیری۔ امداد۔ یاوری کرنا۔ مدد دینا۔ امداد کرنا۔ ساتھ دینا۔

یاوہ :- (ف) بے ہودہ۔ لغو۔ لچر۔ پوچ۔ یاوہ گو۔ فضول گو۔ بیہودہ گو۔ واہی تباہی بکنے والا۔ یاوہ گوئی (مو) ہرزہ سرائی۔ بیہودہ گوئی۔ بکواس۔ یاوہ گوئی کرنا۔ بیہودہ بکنا۔ بکواس کرنا۔

یائے تحتانی :- (ف۔ مو) وہ یٔ معروف جو کسی لفظ کے آخر میں ہو۔ شعرا اس کا وزن شعر میں گرانا جائز سمجھتے ہیں۔ جیسے ؎ ناسخ

قمری ہے تیرے قد کے گرداب سرو
دوسرا طوق حلقۂ در کے لیے رکا رہے

(قمری کی ی وزن میں گر گئی۔ اس کے بجائے اگر قمر پڑھیں جب بھی وزن نہیں ٹوٹے گا) یائے معکوس (مو) بڑی ے۔

یبس :- (ع۔ مذ) سوکھا پن۔ خشکی۔ روکھا پن۔ یبوست (مو) خشکی۔ روکھا پن۔

یتیم :- (ع) بے پدر۔ بن باپ کا۔ بن ماں باپ کا۔ بے مثل و بے نظیر جواہر۔ بڑا موتی جو بیش بہا ہو۔ (درِّ یتیم) یتیم ہونا۔ باپ مر جانا۔ بے وارث ہونا۔ یتیمی (مو) بے پدری کی حالت۔ یتیم کی حالت۔

یثرب :- (ع۔ مذ) مدینہ منورہ کا قدیم نام۔

یجروید :- (س۔ مذ) چاروں ویدوں میں سے دوسرا وید۔

یخ :- (ف۔ مو) جما ہوا پالا۔ برف۔ جمی ہوئی برف۔ نہایت سرد۔ یخ ہونا۔ ٹھنڈا برف ہونا۔ بہت ہی ٹھنڈا ہونا۔

یخنی :- (ف۔ مو) آبِ گوشت۔ اُبلے ہوئے گوشت کا پانی۔ یخنی پلاؤ (مذ) وہ پلاؤ جس میں یخنی ڈالتے ہیں۔ یخنی نکالنا۔ گوشت کا رس نکالنا۔ یخنی تیار کرنا۔

ید :- (ع۔ مذ) ہاتھ۔ دست۔ کف دست۔ یداللہ۔ خدا کا ہاتھ۔ خدا کی طاقت۔ حضرت علی علیہ السلام۔ یداللّٰہی۔ یداللہ ہونا ؏ انیس

زورِ یداللّٰہی سے بھری ہیں کلائیاں

کرامات۔ خرقِ عادات۔ یدِ بیضا (مذ) حضرت موسیٰؑ کا ہاتھ جسے بغل میں دبا کر آپ نکالتے تھے تو چراغ کی طرح ہتھیلی سے نور کی شعاع نکلتی تھی۔ یہ آپ کا معجزہ تھا۔ یدِ طولےٰ (مذ) مہارتِ کامل۔ مکمل دسترس۔

یراق :- (ت۔ مذ) لڑائی کا سامان۔ ہتھیار۔ اسلحہ۔ مطلق سامان و اسباب کے لیے بھی مستعمل ہے۔

یرغا :- (ت۔ مذ) گھوڑے کا ایک [illegible]۔

یرغمال :- (ت۔ یرغ مال) کسی کا وہ رشتے دار جسے بطور ضمانت و سزا طورہ چنگیز خانی کے مطابق روک لیا کرتے تھے (یرغو ترکی میں ضبط و نظم، قانونی جھگڑا) یرغمال میں پکڑنا۔ بطور ضمانت کے پکڑ لینا۔

یرقان: (ع - مذ) ایک بیماری کا نام ہے جس میں تمام جسم عموماً اور دونوں آنکھیں اور چہرہ خصوصاً زرد ہو جاتا ہے اور پیشاب بھی زرد آتا ہے۔ یرقان ہونا۔ مرض یرقان میں مبتلا ہونا۔ تمام جسم اور آنکھیں زرد ہو جانا۔

یزدان: (ف - مذ) خدائے تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام۔ **یزدان پرست**۔ آتش پرست دو خدا مانتے تھے۔ ایک یزدان (نیکی کا خدا) دوسرے شیطان (بدی کا خدا) اس لیے آتش پرستوں کو "یزدان پرست" بھی کہتے ہیں۔ **یزدانی**۔ ربانی۔ خدائی۔

یزید: (ع - مذ) امیر معاویہ کا بیٹا جس نے امام حسین کو شہید کرایا تھا۔ ایک گالی کے طور پر مستعمل ہے۔ ع جوش

نام یزید دا قتل دشنام ہو گیا

یزید کا بچہ۔ گالی ہے۔ **یزیدی**۔ قابل مذمت۔ لعنتی۔ ؎ ذوق

بجائے حق تعالیٰ اس یزیدی۔ شمر مشرب ہے
کہ خون سید کا جس نے ستم سے خون کیا دے

یسار: (ع - مذ) بایاں ہاتھ۔ بائیں جانب۔ ع

دشمن ہزار شہر کے یمین و یسار تھے — دبیر

یساول: (ت - مذ) نقیب۔ چوبدار۔ قاصد۔

یسر: (ع - مذ) تونگری۔ اقبال مندی۔ آسانی۔

یسیر: (ع) صفت۔ آسان۔ تھوڑا۔ چھوٹا۔ (۲) وہ بچہ جس کی ماں نہ ہو۔

یسین: (ع) یاسین۔

یشب: (ع - مذ) ایک قیمتی پتھر کا نام جو سبزی مائل ہوتا ہے اور یہ بھی مشہور ہے کہ جس کے پاس یشب ہو اس پر بجلی نہیں گرتی۔

یعقوب: (ع - مذ) حضرت یوسفؑ کے والد کا نام جنہیں اسرائیل بھی کہتے ہیں اور ان کی اولاد بنی اسرائیل کہلاتی ہے۔

یعنی: (ع) مراد یہ ہے۔ مطلب یہ ہے۔ کسی بات کی توضیح کے لیے درمیان میں لاتے ہیں۔

یعوق: (ع - مذ) قوم نوحؑ اور عربوں کا ایک بت۔ ؎ ذوق

کہ بت تو سا ... بادل سنگین۔ لعنت کافر بد ...
صورت بت و شکل منات رشک یعوق و غیرت ...

یغما: (ت - مو) لوٹ۔ مال غنیمت۔ **یغمائی**۔ لوٹا ہوا مال۔ وہ مال جو لوٹ سے ملا ہو۔

یقین: (ع - مذ) کسی بات پر دل کا اعتبار۔ اطمینان۔ بھروسا۔ **یقین آنا**۔ اعتبار کرنا۔ ماننا۔ **یقین جاننا**۔ سچ ماننا۔ درست سمجھنا۔ **یقین کرنا**۔ اعتبار کرنا۔ درست جاننا۔ **یقین لانا**۔ باور کرنا۔ **یقین ہونا**۔ اطمینان ہونا۔ **یقیناً**۔ ضرور۔ بے شک۔ بلاشبہ۔ **یقینی**۔ یقین کیا ہوا۔ بالتحقیق۔ البتہ۔

یک: (ف) ایک۔ اکیلا۔ **یک انار صد بیمار**۔ ایک چیز کے بہت سے خواہاں۔ **یک بار**۔ ایک بار۔ ایک مرتبہ۔ دفعتہ۔ ناگہاں۔ **یک بارگی**۔ دفعتہ۔ یکایک۔ اکا ایکی۔ **یک بیک**۔ دفعتہ۔ ایک دم سے۔ **یک پشتہ**۔ ایک طرف لکھا یا چھپا ہوا کاغذ۔ **یکتا**۔ بے نظیر۔ نرالا۔ نیز اللہ تعالیٰ جو لاشریک ہے۔ **یک تارا**: (ف - مذ) ایک تار کا بنا ہوا ایک قسم کا طنبور۔ **یک جا**۔ ایک جگہ۔ اکٹھے۔ **یک جا کرنا**۔ ملانا۔ اکٹھا کرنا۔ **یک جا ہونا**۔ ایک جگہ اکٹھا ہونا۔ **یک جان**۔ شیر و شکر۔ خوب ایک دل۔ **یک جان کرنا**۔ خوب اچھی طرح سے ملا کر ایک کرنا۔ **یک جان ہونا**۔ خوب شیر و شکر ہونا۔ خوب مل جانا۔ **یک جان دو قالب**۔ دلی دوست۔ ہمراز۔ نہایت گہرے دوست۔ **یک جان دو قالب ہونا**۔ دانت کاٹی روٹی ہونا۔ نہایت دوست ہونا۔ **یک جدی**۔ ایک دادا کی اولاد۔ **یک جہت**۔ متفق۔ ہمزبان۔ **یک جہتی** (مو) ایک دلی۔ اتحاد۔ اتفاق۔ دوستی۔ **یک جہتی ہونا**۔ اتحاد ہونا۔ **یک چشم**۔ کانا۔ ایک آنکھ کا۔ **یک در گیر محکم گیر**۔ استقلال اور تحمل ضروری ہے ایک کا ہو رہے۔ **یک دل**۔ متفق و متحد۔ **یک دل ہونا**۔ متحد ہونا۔ **یک دلی** (مو) اتحاد۔ اتفاق۔ **یک دلا ہونا**۔ ایک نظر اور ایک خیال ہونا۔ ع شمیم

یک دلے ہو کے چلے جاتے ہیں [illegible] کی طرح

یک رخی۔ یک طرفہ۔ ایک طرف۔ دو طرف سے ایک ہی شکل۔ **یک رنگ**۔ سچا دوست۔ بے ریا دوست۔ ظاہر و باطن کو یکساں۔ **یک رنگی** (مو) ایک طرح کا ہونا۔ دوستی۔ محبت۔ ظاہر و باطن کی یک جہتی۔ **یک رو**۔ یک جہت۔ یک دل۔ یک زبان۔ وہ دوست جو حاضر و غائب ایک سے۔ **یک زبان**۔ ایک بات بولنے والا۔ بات کا پکا۔ ثابت قدم۔ متفق۔ **یکساں**۔ ایک سا۔ ہموار۔ یک رنگ۔ مشابہ۔ برابر۔ **یکسر**۔ بالکل۔ سر تا سر۔ سراسر۔ **یک سر ہزار سودا**۔

ایک دماغ اور ہزار طرح کے خیالات - ایک آدمی کے ذمے بہت سے کام - **یک سُو** - ایک طرف - ایک جانب - سب سے الگ جو کوئی - تیغ و دشمن - **یک سُو کرنا** - چکانا - فیصلہ کرنا - **یک سُو ہونا** - مطمئن ہونا - ایک طرفی معاملہ ہونا - **یکسُوئی** (مو) استقلال - اطمینان - دلجمعی - خاطر جمع - فرصت - **یکسُوئی ہونا** - خاطر جمع ہونا - اطمینان ہونا - **یک شنبہ** (مذ) اتوار - **یک طرف** - ایک طرف - یکسُو - الگ - علیحدہ - **یک قلم** - بالکل - تمام - سراسر - سرتاسر - **یک لخت** - بالکل - تمام - سارا - سب - ذرا - بلا توقف - **یک مُشت** - ایک دفعہ - اِکٹھا - کل - سب - **یک مشت ادا کرنا** - ایک دم ادا کرنا - ایک دفعہ ہی دینا - **یک منزلہ** - ایک منزل والا مکان - **یک نہ شُد دو شُد** - ایک مصیبت یا شرارت کے ساتھ دوسری مصیبت یا شرارت کے موقع پر بولتے ہیں - **یکایک** - دفعتہً - یک بارگی - فوراً - یک بیک - **یکایک آنا** - ایک دم آنا - اچانک آنا - **یکّہ** (مو) تیلی ... - **یکّہ** - اکیلا - تنہا - ایک قسم کی گاڑی جسے ایک جانور کھینچتا ہے - لاثانی - بے نظیر - **یکّہ تاز** - وہ بہادر جو اکیلا دشمنوں سے مقابلہ کی ٹھان لے - بہادر - جری - **یکے بعد دیگرے** - ایک دوسرے کے بعد - پے در پے -

یگانگت :- (ف - مو) قرابت -

یگانہ :- (ف) رشتہ دار - ایک کنبے کا - اکیلا - واحد - فرد - بے نظیر - بے مثل ۔ آتش

دو نا زمیں یہ فلاکت میں کچھ یگانہ ہوا
جو بہنی کیچولوں کی بدحتی تو دردشانہ ہوا

یگانے - عزیز - دوست - قرابت دار (یگانہ کی جمع)

یل :- (ف - مذ) پہلوان - بہادر ۔ انیس

نیزہ بڑھا کے جانب قاسم بڑھا وہ یل
دولہا نے مسکرا کے ندا دی سنبھل سنبھل

فربہ - موٹا - جسیم - مسنڈا (مرکبات میں) صیغہ امر وغیرہ کے آخر میں فاعلیت کے معنی دیتا ہے - (جیسے اڑیل - اڑ جانے والا) - **یل تنل** - خوب موٹا - فربہ اندام -

یلدا :- (ف - مو) بہت اندھیری اور لمبی رات -

یلغار :- (ت - مو) حملہ - دھاوا - تاخت - **یلغار کرنا** - حملہ کرنا - دھاوا بولنا -

یم :- (ع - مذ) دریا - سمندر - ۔ رشک

یہ خون موجزن آنکھوں سے دم چند رہا

یمان - یمانی :- (ع) یمن سے نسبت رکھنے والا - یمن کا باشندہ -

یُمن :- (ع - مذ) برکت - سعادت -

یمن :- (ع - مذ) عرب کا ایک ملک - یمنی - یمن سے منسوب - (عقیق یمنی)

یمین :- (ع - مذ) دست راست - سیدھا ہاتھ - الٹی قوت - قسم - حلف - عہد - **یمین و یسار** - (مذ) دائیں بائیں - چپ و راست - فوج کا دایاں اور بایاں بازو -

یوحی :- (1) ایک قسم کا سانپ جس کے لیے مشہور ہے کہ ہزار برس کا ہو جائے تو جو شکل چاہے اختیار کرے ۔ صبا

یوحی بنا جو سانپ کہن سال ہو گیا

یوحا (ہ - مذ) (اکثر اس کا املا 'یوحی' دیکھا ہے لیکن عربی لغات خالی ہیں) لالچی - کھاؤ - قلق سے تنگ

یوحی (کذا) کی طرح اس کا بھی بھرتا نہیں ہے پیٹ
جاتی نہیں حریص کی بھی عمر بھر طمع

یوحی پیٹ میں اترانا - حواصل ہونا -

یورپ :- (انگ) مغرب کا براعظم - **یوروپین** - یورپ کا باشندہ -

یورش :- (ت - مو) حملہ - بلا - دھاوا - تاخت - فساد - بلوہ - غلبہ - **یورش کرنا** - دھاوا کرنا - حملہ کرنا - بلوہ کرنا -

یوسف :- (ع - مذ) حضرت یعقوب کے ایک بیٹے جو حسن میں لاثانی تھے - مراد نہایت حسین و جمیل - **یوسف لقا** - یوسف جیسا حسین - سند دیکھیں "زاہ"

یوم :- (ع - مذ) دن - روز - **یوم الحساب** (مذ) حساب کا دن - قیامت کا دن - **یوماً فیوماً** - روز بروز - **یوم النشور** - قیامت کا دن - **یومیّہ** (مذ) روزینہ - روز کی مزدوری - روزمرہ کا خرچ - روزانہ -

یوں :- (کا) اس طرح - ایسا - اس ڈھنگ سے - اشارے کے واسطے "یہ" کی جگہ (یوں کہو کہ تم کو بات کرنا نہیں آتی) مفت - بے کار کی جگہ ۔ مؤلف

گر کہیے کہ یوں لیتے ہو تم دل کو تو وہ شوخ
کس ناز سے کہتا ہے یوں دیتے ہیں یاؤں

پُوچھا کرو یہاں نہیں فرصت جواب کی

خاندان ۔ گھر (گھرانا) کی جگہ ۔ جیسے ہمارے یہاں ۔ اکثر ادیب اِس موقع پر ہمارے ہاں بولتے ہیں ؎

رواج پائے نہ پائے کچھ اس سے بحث نہیں
وفا کی رسم نہیں ان کے ہاں نکلتی ہے

یہاں اُلٹی گنگا بہتی ہے معمول کے خلاف اور قاعدے کے برعکس ہونے کے موقع پر بولتے ہیں ۔ یہاں تک ۔ اس وقت تک ۔ اس جگہ تک ۔ اِس قدر ۔ یہاں سب کان پکڑتے ہیں ۔ اِس جگہ کسی کی استادی نہیں چلتی ۔ سب سر جھکاتے ہیں ۔ یہاں سے ۔ اس جگہ سے ۔ اس طرف سے ۔ یہاں فرشتوں کے بھی پَر جلتے ہیں ۔ یہاں پرندہ پر نہیں مار سکتا ۔ اس جگہ کسی کی رسائی نہیں ۔ یہاں کا باوا آدم ہی نرالا ہے یہاں کی ہر بات ہی انوکھی اور نرالی ہے ۔ یہاں کا یہیں ۔ اسی جگہ کا اسی جگہ ۔ دُنیا کا دُنیا ہی میں ۔ یہاں وہاں کا ذکر ۔ اِدھر اُدھر کی باتیں ۔

یہود ۔ (ع ۔ اِ) حضرت موسیٰ کی اُمت کے لوگ ۔ یہُودَن (مونث) یہودی عورت ۔ یہُودی (مذ) موسائی حضرت موسیٰ کی اُمت کا آدمی ۔ اسرائیلی ۔

یہی ۔ (ف ۔ ا) یہ ہی کا مخفف ۔ خاص یہ ۔ یہی ، یہ ہی ۔ بعض جگہ قریب کی طرف اشارہ کرنے کے لیے خصوصیت ظاہر کرنے کے لیے ؏ جان صاحب

تھی یہی عید جو وصال ہوا

ایسا ۔ اِسی قسم کا ؏ حالی

تو نے دیکھا تھا یہی اسلامیوں کا حال ۔

صرف کی جگہ ؎ ذوق

رہتا ہے سخن سے نام قیامت تلک ہے ذوق
اولاد سے تو ہے یہی دو پشت چار پشت ۔

یہی سہی ۔ یوں ہی سہی ۔ یہی گو یہی میدان ۔ اسی وقت امتحان ہو جائے ۔ ابھی سہی ۔ یہی لیل و نہار ہے ۔ یہی گردش زمانہ ہے ۔ ایسا ہی زمانے کا رنگ ہے ۔ یہی نا ۔ صرف اتنی ہی بات ۔ کی جگہ ؏ اوج

ہاں یہی نا داغ ہے فدوی کا ناگوار

یہیں ۔ (ف ۔ ا) اسی جگہ ۔ اسی مقام پر ۔ اسی طرف ۔ اِدھر ہی ۔ اسی دُنیا میں ۔ اسی جہان میں ۔ یہیں سے سلام کرتے ہیں ۔ بیزاری ظاہر کرنے سے کنایہ ہے ؎ صبا

طاق ابرو سے ان کے درگزرے
ہم یہیں سے سلام کرتے ہیں

یہیں کہیں ۔ اسی جگہ کسی مقام پر ؎ مؤلف

تیری یہ سرزمیں حقیقت کی کان ہے
پنہاں یہیں کہیں بشریت کی جان ہے

ختم شد